مرکزِ انسانیت

شجرۂ طیّبہ
واقعاتِ کربلا

الفقیہ الحکیم السیّد محمد احسن زیدی (مجتہد)
ڈاکٹر آف ریلیجنز اینڈ سائنس

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيمِO

نام کتاب: مرکزِ انسانیت (حصہ اول و دوم)

مصنف: الفقیہ الحکیم السیّد محمد احسن زیدی(مجتہد)
ڈاکٹرآف ریلیجنز اینڈ سائنس

ناشر: عابد حسین

تعداد: 500

طبع: سوم

قیمت: روپے

www.insaaniat.org

التماس!

معزز قارئین! ''مرکزِ انسانیت'' ایک ٹھوس حقیقت کی حامل کتاب ہے۔جس طرح حسینؑ اور حسینیت تمام بنی نوع انسان کو دعوتِ فکر وارتقاد دیتے ہیں اُسی طرح یہ کتاب نہ صرف اہلِ تشیّع کو ملحوظ رکھتی ہے بلکہ تمام بنی نوع انسان کو ملحوظ رکھ کر ایک بین الاقوامی ریکارڈ کی حیثیت رکھتی ہے۔اس تحقیقی کاوش ''مرکزِ انسانیت'' میں خانوادہِ رسوؐل اور خانوادہِ ابراہیمؑ واسماعیلؑ کے متعلق غلط بیانیوں، غلط فہمیوں اور فریب کاریوں کا پردہ چاک کیا گیا ہے۔کیونکہ بعد والوں نے ان اظہارات و بیانات وواقعات پر تاویلات کی مقدس چادریں ڈال کر عوام کو فریب دیا اور آج دن تک فریب دے رہے ہیں۔مگر جناب امام حسین علیہ السلام نے ان ازلی وابدی دشمنانِ خدا اور رسوؐل کے چہروں سے اس طرح اسلامی نقاب نوچ کر پیروں سے مسل دی کہ تاویلات وعذرات و اختراعات کا دَم نکل گیا۔''مرکزِ انسانیت''، میں وہ تمام اُلجھنیں سلجھائی گئی ہیں جو سرکاری تاریخ وروایات نے صدیوں کی محنت سے پیدا کی تھیں اور جن کی وجہ سے تصویر کا رخ خانوادہ نبوؐت سے ہٹا کر کفارِ قریش کی طرف پھرا رہتا ہے۔کربلا کا سانحہ اور اس کا عنوان اسی محاذ کی خونی داستان ہے۔لہٰذا قاری کے سامنے کربلا کے واقعات آئیں گے تو محض واقعاتِ کربلا سمجھ کر نہ پڑھے بلکہ اسے تاریخ کربلا سمجھتے ہوئے ملاحظہ فرمائے کیونکہ ''مرکزِ انسانیت'' نے تاریخِ کربلا پر ڈالے ہوئے تمام سرکاری وقومی مصلحتی پردے اُٹھا کر صحیح حالات مومنین کے سامنے رکھ دیئے ہیں۔

کتاب ہٰذا میں قرآن کریم کی آیات واحادیثِ معصومینؑ حوالہ کے طور پر درج کی گئی ہیں۔کوئی مسلمان ان میں کمی بیشی کے ارتکاب کا سوچ بھی نہیں سکتا۔اسلئے ہر ممکن کوشش کئی گئی ہے کہ کتاب غلطیوں سے پاک رہے۔پھر بھی انسانی ومشینی غلطی کا امکان باقی رہتا ہے۔غلطی کی صورت میں قارئین سے پیشگی معذرت چاہتے ہیں۔اسلئے قارئین ان حوالہ جات کو اپنے اصل مقام پر ملاحظہ فرمائیں اور کوتاہی کے بارے میں مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کو دور کیا جاسکے ہم قارئین کے تہہ دل سے شکر گزار رہیں گے۔قرآن مجید کی آیات کے حوالہ میں سورۃ کا نمبر اوپر اور آیت کا نمبر نیچے رکھا گیا ہے مثلاً 5/45 میں 5 سورۃ کا نمبر یعنی سورۃ المائدہ اور 45 آیت کا نمبر ہے۔متعلقہ آیت کا حوالہ نہ ملنے پر ایک دو آیت آگے یا پیچھے دیکھ لیں اسلئے کہ بعض مترجمین نے قرآن مجید کے نسخوں میں آیات کے نمبر آگے پیچھے درج کر دیئے ہیں۔حوالہ جات کی کُتب مثلاً اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات، تاریخ ارض القرآن، تاریخِ طبری، شہیدِ انسانیت وغیرہ کے حوالہ جات ملاحظہ کرنے کیلئے ایک بات خاص طور پر ملحوظِ خاطر رہے کہ تمام حوالہ جات کیلئے اوائل کے ایڈیشن ملاحظہ فرمائے جائیں۔کیونکہ بعد میں آنے والے ایڈیشنوں میں صفحات کی تبدیلی کی وجہ سے حوالہ جات تلاش کرنے میں دقت ہوسکتی ہے۔ والسلام

فہرست ”مرکزِ انسانیت حصہ اوّل و دوم“

شجرۂ طیبہ

حضرت آدم علیہ السلام

تا

امام حسین علیہ السلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ○

مرکزِ انسانیت سے تعارف

1۔ علامہ اقبال کی نظر میں

اللّٰہ اللّٰہ بائے بسم اللّٰہ پدرؑ — معنیٔ ذبحِ عظیم آمد پسرؑ
آں امامِ عاشقاں پُورِ بتولؑ — سروِ آزادے زبستانِ رسولؐ
موسیٰؑ و فرعون وشبیرؑ و یزید — این دوقوت از حیات آمد پدید
بہر حق درخاک وخون غلطیدہ است — پس بنائے لا اِلٰہ گردیدہ است

2۔ حضرت معینؒ الدین کی زبانی

شاہ ہست حسینؑ بادشاہ ہست حسینؑ — دین ہست حسینؑ دیں پناہ ہست حسینؑ
سرداد نہ داد دست در دستِ یزید — حقّا کہ بنائے لا اِلٰہ ہست حسینؑ

یعنی:۔

حسینؑ ابن علیؑ

نوعِ انسان کا سرمایۂ حیات ہیں

کتاب کا تعارف اور تمہید

(1) وہ عظیم المرتبہ انسانؑ جس کی مدح وثنا قرآن کریم کرے، نوع انسان کا وہ نمائندہ جس کے بچپن کی یہ قدر ومنزلت کہ اللہ کا محبوب ترین رسولؐ اور تمام صحابۂ رسولؐ نماز جماعت کو روک کر سجدہ میں رضا مندی وخوشنودی کا انتظار کرنے پر مامور ہوں۔ جسکے ہاتھوں میں زمامِ کائنات گیسوئے رسولؐ بنا کر پکڑا دی جائے۔ وہ مقبول بارگاہِ خداوندی جس کیلئے جنت سے لباس آئے۔ جس کی زبان حرکت میں آئے تو تقدیر بدل جائے۔ لوحِ محفوظ پر دوبارہ قلم کاری کی جائے۔ جسکے مداحوں میں رسولؐ ہوں، علیؑ وبتولؑ ہوں۔ جن کی خاکِ قدم کی برکات پر روایات ہوں۔ جن کے حالات پر لاکھوں صفحات ہوں اُن کے لئے ہم کیا لکھیں؟ یہ سوال ہے جس کا جواب دینے کے بجائے ہم قارئین کرام کو بہلانے کیلئے وہ باتیں سنا رہے ہیں جو انہیں تیرہ سو سال سے معلوم ہیں۔

(2) امام حسین علیہ السلام اوران کی بے مثل قربانی پر جہاں لاکھوں جانیں قربان ہوئیں وہیں کروڑوں انسان ان کے غم میں خون کے آنسو روتے رہے۔ سینکڑوں تحریکیں قدم ملا کر چلتی رہیں، ہزاروں ہاتھ، ہاتھ ملا کر ماتم کرتے رہے، تعزیے بنتے رہے، جلوس نکلتے رہے، زنجیریں اور ہتھکڑیاں کھنکتی رہیں، بیڑیاں ٹوٹتی رہیں۔ سرتن سے، روح بدن سے، شوہر دلہن سے جدا ہوتے رہے، فدا ہوتے رہے، فداکاروں کے خون کا گارا بنتا رہا۔ دیواروں میں چنوائے جاتے رہے مگر حریّت آگے بڑھتی رہی۔ مخالف حکومتیں فنا ہوتی رہیں، اقتدار واستبداد دم توڑتا رہا۔ ہر وہ مذہب اور مکتبِ فکر مٹتا چلا گیا جو حسینیؑ تحریک کے مقابلہ میں آیا۔ ہر اس تصورِ حیات پر حملہ ہوا جس میں استحصال اور حریّتِ انسانی پر پابندی لگانے کا شبہ تک ہوا۔ آج فلاح و بہبود پر جتنی انجمنیں، ادارے اور تحریکیں کام کر رہی ہیں، جتنی حکومتیں انسانیت کے فروغ کی دعویدار ہیں، خواہ وہ مسلم ہوں یا غیر مسلم ہوں، بامذہب ہوں یا لا مذہب ہوں، خواہ ان میں مسٹر ہوں یا مُلا جی ہوں، وہ سب حسینیؑ تحریک کے قدم بقدم چل رہی ہیں اور روزانہ ان لوگوں سے خود کو پاک کر رہی ہیں جن میں حسینیؑ مقاصد کے خلاف جذبات وتصورات کا پتہ چل جاتا ہے۔ انسانوں کی یہ تطہیر کبھی چادر اوڑھا کر کی جاتی ہے تو کبھی چراغ بجھا کر کی جاتی ہے اور کبھی غداری اور مخالف حکومتوں سے سازش کا پتہ لگا کر کی جاتی ہے۔ نام میں خواہ محمد ہو یا لفظ نورانی ہو، علی کی آڑ لی گئی ہو یا ولی کا روپ دھار لیا ہو، حسینیؑ تطہیر جاری ہے۔ حقائق ابھر کر انسانیت کو بلند کر رہے ہیں۔ ہم بھی جو کچھ کر سکتے ہیں وہ یہی تطہیر ہے۔

(3) واقعاتِ کربلا پر جس قدر لکھا گیا ہے وہ بھی اپنی مثال آپ ہی ہے۔ اس مقدار کے برابر کسی واقعہ پر نہیں لکھا جا سکا۔ ہم ان تمام حضرات کو خراجِ تحسین وآفرین پیش کرتے ہیں۔ جنھوں نے حسینی تحریک کا ریکارڈ مرتب کیا اور اپنی فرصت کے قیمتی لمحات امامؑ کی تائید و نصرت میں صرف کئے اور انہیں بلا تفریقِ مذہب وملت مبارکباد اور خوشخبری سناتے ہیں کہ نصرتِ امام حسین علیہ السلام ان کی نجات کی ضامن ہے۔ انہیں دوہری مبارکباد ملنا چاہئے کہ انہوں نے جس بگڑے ہوئے اور فریب خوردہ ماحول میں یہ خدمات انجام دیں وہ نہ چاہتا تھا کہ یہ تحریک جاری رہے۔

(4) ہمیں جو زمانہ ملا ہے وہ روشن خیالی کے دعویٰ کے باوجود ایک تقلیدی دور ہے۔ عوام تو عوام ہیں اِس دور میں علما سے بھی جبراً تقلید

کرائی جارہی ہے، یعنی جو کچھ لکھا جاچکا ہے بس اس کو حرفِ آخر سمجھئے۔ اسکے خلاف نہ زبان کھولئے نہ قلم اُٹھائیے۔ قرآن کے ساتھ جو چاہے کیجئے لیکن نام نہاد سلف صالحین کی ہر حال میں تائید کیجئے، تصدیق کیجئے اور سر جھکا کر آواز دبا کر بات کیجئے ورنہ کفر کے فتوے کا انتظار کیجئے۔ آج نہیں تو کل یعنی سوسال تک کبھی نہ کبھی ہمارے سامنے سر جھکانا پڑیگا اور کفر کا کوٹھو چلانا پڑے گا اور ہمارے قابو میں آنا پڑے گا۔

(5) ہم حسینیؑ تحریک کے ممبر ہیں سر جھکانے سے سر کٹا دینا بہتر سمجھتے ہیں۔ اس لئے ہم نہ صرف تقلید کے خلاف بولیں گے بلکہ حسین اور خانوادۂ حسین علیہم السلام اور ان کی تحریک کے سلسلے میں جو لکھا گیا ہے اس کی باقاعدہ تطہیر کریں گے۔ وہ تمام پردے اُٹھادیں گے جن کے پیچھے چھپے ہوئے حقائق اگر سامنے ہوتے تو اہل قلم اسباب ونتائج کو دوسرے انداز میں ترتیب دیتے۔ وہ تمام چہرے بے نقاب کردیں گے جن کو پہچان لیا ہوتا تو انہیں اس خانوادے کے حامیوں، طرفداروں اور اقربا کی فہرست میں شمار نہ کیا گیا ہوتا۔ ہم گورکن کو بُلا کر وہ گڑے مُردے اُکھاڑیں گے اور اُن سے ایسے بیان قلمبند کریں گے جن سے یہ معلوم ہوگا کہ خاندان بنی اُمیہ تنہا مجرم نہیں ہے۔ خاندان بنی اُمیہ بھی ایک پردہ ہے۔ بہت موٹا، بہت چھپا ہوا، ایک تاریخی یا قومی پردہ جس کے پیچھے کچھ اور روحیں بھی برسرکار ہیں۔ حسین اور خانوادہ حسین علیہم السلام نے ابلیسی تاریخ کے منہ پر کئی طمانچے ایسے رسید کئے ہیں کہ جن کے نشان قیامت تک مٹ نہیں سکتے۔ مگر تاریخ کا منہ گھما کر دیکھئے، آپ کو پتہ نہیں وہ آپ کے سامنے وہ رخ ہی نہیں کرتی۔ تاریخ کو دھوکہ دیکر، بہلا کر، کسی طرح اُس کا دوسرا گال، دوسرا رُخ دیکھئے تو آپ کو پانچوں اُنگلیوں کے اُبھرے ہوئے نشان ملیں گے۔ مگر افسوس کہ آپ تو خود دھوکہ کھا جاتے ہیں۔ ماہرین کی سیاسی دقیقہ رسی اور حالات کی مشرکانہ یا مشترکہ ترتیب واقعات کا فریب کارانہ تطابق (Circumstantial Evidence) بڑے بڑے محققین کو غلط فہمی میں مبتلا کرتا رہا ہے۔ بعض باطل مفروضے مُسلّمات کی صورت اختیار کر کے زبان زدِ خلائق ہوگئے ہیں۔ جن کی بنا پر بڑے بڑے مُفتِش غلط نتائج اور باطل اسباب ترتیب دینے پر مجبور ہوئے ہیں۔

ہم قرآن کریم اور نہج البلاغہ اور اُسکے اہلؑ خاندان کے طالب علم ہیں۔ اسلئے مشرکینِ عرب کے مزاج شناس اور اُن کے منصوبوں پر مطلع ہیں۔ لہٰذا ہم اُن کی ترتیب کو تاریخ سے الگ کر کے اُس کا پورا چہرہ دکھائیں گے۔ اس کے تمام بَل نکال دیں گے اور ضرورت پڑے گی تو تاریخ کو سر کے بل اُلٹا کھڑا کر دیں گے۔ اُس کی جامہ تلاشی اُسی طرح لیں گے جیسے آج سونا اسمگل کرنے والوں کی تلاشی لی جاتی ہے۔ ہمیں مجتہدین ہی کو نہیں بلکہ تاریخ کو بھی جلاب دینے کا نسخہ معلوم ہے۔ ہم اُن کے پیٹ میں پوشیدہ سامان اگلوا کر دیکھیں گے۔ لہٰذا ہم یہی کچھ کر سکتے ہیں کہ جو حقائق ہمارے بزرگ علما سے پوشیدہ رہ گئے یا جو بعض قومی وجوہ کی بنا پر نظر انداز کر دئے گئے یا ادھورے اور غلط لکھ دئے گئے۔ اُن کی تفصیل میں جائیں اور علامہ شبلی و علامہ ابن خلدون سے بہتر طرز استدلال اختیار کریں۔ یہاں ایک غیر متعلق بات سنئے، حالات و واقعات سے جب یہ یقین ہوگیا کہ خارجی فرقے کے لوگ جھوٹ نہیں بولتے تو محدثین نے ان کی بیان کردہ روایات کو دھڑا دھڑ اپنی کتب حدیث میں جگہ دینا شروع کی اور ہزاروں روایات حدیث کے نام پر اپنی کتابوں صحاح ستہ وغیرہ میں جمع کر دیں۔ اس سے یہ اصول بن گیا کہ مستقل عادت و کردار جب ثابت ہو جائے تو اس کے خلاف کچھ نہ سنا جائیگا۔ لہٰذا ہم اس نفسیاتی اصول کو بھی اقوام ونسل وخاندان وافراد کے لئے استعمال کریں گے اور وہ تمام سازش ٹھکرا دیں گے جو اس سلسلے میں کی گئی

ہے۔لیکن ہر صورت میں حق وانصاف سے وابستہ رہیں گے۔

(6) یہاں ایک اور غیر متعلق بات کہنا ہے کہ اس کتاب کے پڑھنے میں ان احباب کو زیادہ لطف ویقین فراہم ہوگا جو ہماری دیگر تصنیفات پڑھ چکے ہیں۔خصوصاً۔ 1۔**مذہب شیعہ، ایک قدیم تحریک وہمہ گیر قوت** 2۔**اسلام اور علمائے اسلام** 3۔**اسلام اور جنسی تعلقات**۔وجہ یہ ہے کہ ان کتابوں میں عرب کے مشرکانہ منصوبوں اور انتظامات کی پول کھولی گئی ہے۔جس کو ہر کتاب میں دُہرانا طوالت اور بوریّت کا سبب ہوسکتا ہے۔یہاں (ہماری کتاب) مذہب شیعہ کا ایک پیراگراف سن لیں جس سے ہماری فکر اور مندرجہ بالا تاریخی آپریشن پر روشنی پڑے گی۔

(7)۔ اہلِ انصاف سے اپیل اور دشمنانِ حق کو چیلنج

''قارئین سے درخواست ہے کہ وہ سوچیں اور اپنے ماحول میں سوچنے کی اپیل کریں اور ہمیں بتائیں کہ کیا آپ مندرجہ بالا اصولوں اور طرزِعمل کو پسند نہیں کرتے؟ اور کیا ان میں سے کوئی ایک اصول یا ایک بات بھی اسلام کے خلاف ہے؟لیکن دشمنانِ اسلام نے جس مذہب کو اسلام کہہ کر دنیا میں جبر وطاقت سے پھیلانے کی کوشش کی ہے،اس میں ہر قدم پر ترجیحات ہیں، جانبداری ہے، جبر وتشدد ہے،اپنے مخالفوں کیلئے رحم وکرم ورعایت کا فقدان ہے،مخالفوں سے ہر فریب وبدعہدی جائز ہے۔جو اعمال یہ لوگ دن رات صدیوں سے کرتے چلے آئے ہیں،اسی قسم کے اعمال اگر مخالف کرلیں تو کہیں مجددی شور اور واویلا ہوتا ہے اور کہیں کوئی محی الدین چیخنے چلانے لگتا ہے۔روزِ اوّل سے اُن میں یہ احساس موجود تھا کہ ہمارے اعمال تاریخ کے آئینہ میں نہ دیکھے جاسکیں گے۔اُن کے راہنما اپنی دُم کے پیچھے جھاڑ اور ٹریکٹر (Tractor) باندھ کر ظلم وجبر کی راہ پر چلے تاکہ اُنکے پاؤں کے غلط نشان مٹتے چلے جائیں۔اپنے مؤرخین کو قصیدہ خوانی اور حقائق کو توڑ موڑ کر پیش کرنے کیلئے،پشت کی طرف منہ گھما کر بٹھادیا تاکہ وہ ماضی پر نظر جمائے اور زمانہ حال کو اُن کی منشا کے مطابق ڈھالتے، پچھلے پاؤں ہٹتے چلے آئیں۔آگے آگے قتل عام ہوتا رہا، پیچھے پیچھے جہاد فی سبیل اللہ اور انصاف پروری کے نقشے بنتے رہے۔آلِ رسوؐل کو تہہ تیغ کردیا جائے لیکن مؤرخین باغیوں اور بے دینی کے جدوَل بناتے رہیں۔اگر تحریکِ تشیّع نے اُن کا محاصرہ نہ رکھا ہوتا تو آج تاریخ میں صرف مقدس افسانے ہوتے۔مگر اس تحریک نے اس منافق محاذ میں پھوٹ ڈال دی، اُن پر تحریک کا چھومنتر پڑھ دیا، اُنکے حواس گم کردیئے، جو چیز ایک نے چھپائی دوسرے نے ظاہر کردی۔علما کو علما سے لڑادیا، مؤرخین، مؤرخین سے دست وگریبان کردیئے گئے۔حکومتوں کو حکومتوں کے سامنے تیغ بکف لاکر کھڑا کردیا اور یوں اُنکے دل میں پوشیدہ کفر اُبل اُبل کر سامنے آنے لگا۔غور فرمائیں کہ رسولؐ اللہ نے وہ نسخہ بتانا چاہا جس میں یہ ذمہ داری لے رہے تھے کہ اگر تم نے قرآن واہل بیتؑ سے تمسّک رکھا تو پوری اُمت ہرگز گمراہ نہ ہوگی تو دانشورانِ قوم نے کہہ دیا کہ رسوؐل قرآن کو چھوڑے دے رہا ہے۔ہم قرآن کے مطابق خود عمل کرلیں گے۔یعنی قولِ رسوؐل کی ہمیں ضرورت نہیں۔اسی اصول کی خلاف ورزی کرنے والے صحابہ کو دُرّوں سے پیٹا گیا۔صحابہؓ کے منہ بند رکھنے کیلئے انہیں مدینہ میں نظر بند رکھا گیا اور اطمینان کرلیا گیا کہ حدیثِ رسوؐل گم ہوکر رہ جائے گی۔جن صحابہ نے حدیثِ رسوؐل کا ذخیرہ رسولؐ اللہ کے زمانہ میں لکھ کر جمع کیا تھا اُن میں سے بعض نے اعلانیہ اور بطور نمونہ اپنی اپنی کتابوں کو پھاڑ دیا اور مدت دراز تک کہا جاتا رہا کہ قرآن کی

موجودگی میں کسی اور چیز کی ضرورت نہیں ہے۔آخر حالات نے اُن کے منہ سے اقرار کرالیا اور برسرِ منبر اعلان کرنے پر مجبور کیا کہ وہ قرآن کو مدینہ کی بوڑھی عورتوں سے بھی کم جانتے ہیں (اور یہ بھی کہ قرآن تو جمع شدہ صورت میں موجود ہے ہی نہیں، اس کو جمع کرنے کیلئے کمیشن مقرر کیا جائے)۔ پھر وہ وقت بھی آیا کہ اب اعلانیہ حکومت کی سطح پر اور حکومت کے آرڈیننس کے ماتحت تازہ بتازہ احادیث تیار کرنے کا حکم جاری ہوا اور آنے والے ادوار میں تین چار سو سال تک جاری رہا۔ یہ بھی سوچیے کہ مخالف محاذ کی ہم مذہب حکومتیں جب ایک دوسرے کے مقابلہ پر آئیں تو دونوں فریق نے ایک ہی مذہب کے ممبر اور پیرو ہوتے ہوئے ایک دوسرے کو کافر و ملحد قرار دیا۔ جناب خلیفہ ششم حضرت یزید اور انکی فوج و رعایا نے باغی خلیفہ عبداللہ ابن زبیر کو ملحد کافر اور بدعتی قرار دیا اور جناب خلیفہ ششم ثانی عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ اور اُن کی فوج کے نزدیک یزید، اُس کی فوج اور رعایا کافر و ملحد و بدعتی تھے۔ خلیفہ معاویہ رضی اللہ عنہ خلیفہ چہارم حضرت علیؑ اور اُن کے پورے خاندان پر لعنت کرنا دینی فریضہ خیال کرتے ہیں اور ایک صدی تک آنے والے تمام مسلمانوں نے منبروں سے علیؑ و اولاد علیؑ پر لعنت جاری رکھی۔ مگر ذرا تلاش کیجئے کہ کہیں جناب علیؑ مرتضٰی اور اُن کے جانشین آئمہ علیہم السلام نے بھی کبھی کہیں صرف اپنی مخالفت کی بنا پر اُن میں سے کسی خلیفہ کو، کسی خلیفہ کی فوج اور رعایا کو کافر کہا؟ اُن پر لعنت بھیجی؟ لعنت کی رسم جاری کی؟ آپ تلاش کے بعد بھی مایوس ہوں گے۔ بصرہ میں عورتیں اُن کو اُن کے سامنے گالیاں دے رہی ہیں۔ آپؑ خاموشی سے سنتے گزرتے چلے جارہے ہیں۔ کسی صحابی نے عورتوں کو جواب دینا چاہا تو ڈانٹ کر کہا کہ خبردار یہ مسلمان خواتین ہیں۔ اُن کا اکرام ضروری ہے۔ ہم تو رسولؐ اللہ کے زمانہ میں کافر عورتوں کی بھی عزت کرتے تھے۔ خلیفہ معاویہ نے علیؑ کے لشکر پر پانی بند کیا۔ جب لڑ کر دریا چھین لیا تو معاویہ کی فوج پر علیؑ نے پانی بند نہیں کیا۔ مخالف خلفا نے کبھی بھی فتح یاب ہونے کے بعد؛ مخالف فوج کو خواہ وہ مسلم تھی یا غیر مسلم لوٹے بغیر نہ چھوڑا۔ اور اس لوٹ کو ہر حال میں مالِ غنیمت قرار دیا اور جو کچھ کیا وہ سب سامنے آچکا ہے۔ سوال یہ ہے کہ علیؑ و آل علیؑ نے بھی کبھی کسی کے ساتھ زیادتی کی؟ کسی کا حق چھینا؟ نام بتائیے! دس سال کی تلاش کے بعد بتائیے؟ ایسے مظلوم لوگ جو اپنے قاتلوں کو دُعائیں دیں شربت پلائیں (اُن پر لعنت کرنے والے یقیناً ملعون ہیں)۔ تیرہ سو سال گزر چکے شیعوں کے لئے کلمہ خیر نکالتے ہوئے آج تک مُلا حضرات کی کثرت کو بخار چڑھتا ہے۔ اس صبر و تحمل کا مظاہرہ، قوت و حکومت کی موجودگی میں بھی پیروانِ علیؑ و آلِ علیؑ ہی کرتے رہے ہیں۔ ذرا سوچیے کہ اگر ہندوؤں کی حکومت ہو اور آپ بھی وہاں آباد ہوں۔ آپ کو اذان دینے کی اجازت نہ ملے، نماز پڑھتا دیکھ کر آپ کو قتل کر دیا جائے، جاسوس کی اطلاع پر آپ کی گردن اُڑا دی جائے، مسلمان ہونے کی بنا پر آپ کا گھر لوٹ لیا جائے، آپ کے بچوں کو فروخت کر دیا جائے، عورتوں پر جبراً تصرف کر لیا جائے تو بتائیے کہ کیا یہ ظلم نہیں ہے؟ اگر یہ سب کچھ آپ کو ناپسند ہے؟ اگر یہ ظلم ہے؟ تو پھر آپ اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھئے اور خدا کیلئے آج تو اقرار جرم کر لیجئے، کبھی تو حق بات کہہ لیجئے۔'' (مذہب شیعہ، ایک قدیم تحریک و ہمہ گیر قوت۔ صفحہ 343)

(8) کتاب ''مذہب شیعہ'' کا یہ اقتباس مشرکانہ تاریخی انتظام پر سرسری اور مختصر سا جائزہ ہے۔ اس میں اُس تحریف کا تذکرہ نہیں ہے جو نزول قرآن کے ساتھ ساتھ جاری رہی اور قرآن کریم کے بیان کے مطابق حیاتِ رسولؐ ہی میں مشرکین عرب نے قرآن کو قرآن ہی کے ذریعہ سے بے دخل کر دیا تھا۔ یہ بڑے دلچسپ حیرت انگیز اور حقیقت ساز عنوانات ہیں۔ جو شخص ہماری اس گفتگو سے واقف نہیں ہے

وہ ہمیشہ مذکورہ بالا مغالطوں میں مبتلا رہتا چلا جائیگا اور حقیقت سے کبھی دوچار نہ ہوگا۔ یہ ایسے کامیاب فریب ساز مجتہد گروہ کے تیار کئے ہوئے مغالطے ہیں جنکو ابلیس کی پوری بصیرت، توانائی اور نصرت حاصل تھی۔ یہ وہ دانشور تھے جنکے مقابلہ میں اللہ ہی خیر الماکرین ہے۔ یعنی اُنکی چالوں سے انسان اس وقت تک محفوظ نہیں ہوسکتا جب تک اللہ مددگار نہ ہو۔ اب سوچئے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام اور اُنکا خانوادہ (سلام اللہ علیھم) کس قدر قوتِ قدسیہ کا حامل تھا کہ ایسے ہمہ گیر انتظام کے باوجود ساری دُنیا سے اپنا کلمہ پڑھوانے میں کامیاب ہوا۔ دُنیا میں اپنی ہمدردی، محبت، حق پرستی اور پیروی گھر گھر پہنچا دی۔ اپنے مخالفوں کو بلا کسی ظلم و استبداد کے دُنیا سے مٹا دیا۔ اپنے اثر سے ایسے انسان پیدا کئے جو موت سے پیار کرنے لگے۔ اُنکا دردناک قصہ سن کر اپنے محبوب جسم کا خون اور گوشت کا قیمہ چھڑکنے لگے۔ جنکے خیال سے حکومتوں کے محلات میں زلزلہ آجاتا تھا۔ محفوظ خوابگاہوں میں شاہانِ وقت خوف سے بیدار رہتے تھے۔ خوابوں میں ڈر کر مسہری سے نیچے گر پڑتے تھے۔

(9) آج دُنیا میں تمام خودساختہ مذاہب نے، اُن کی عبادات و رسومات نے دم توڑ دیا ہے۔ مذہبی ٹھیکیداران دن رات اپنے اپنے حلقوں میں مذہب کی طرف سے سردمہری اور لاپرواہی کا شکوہ کر رہے ہیں۔ اُن کے اخبارات و مذہبی جرائد اور کتابیں اس حقیقت کا اعلان کرنے میں مصروف ہیں کہ تمام نوجوان طبقہ مذہب سے باغی ہوگیا ہے۔ عبادت سے متنفر ہے، مولوی، پنڈت اور پادری کے نام سے چڑتا ہے، لہو و لعب کی محفلوں کو پسند کرتا ہے، مسجدوں، مندروں اور گرجا سے دور دور رہتا ہے۔ بعض بڑے علما اپنی اپنی حکومتوں کے خلاف مذہب کے نام پر ملی جلی سیاسی و مذہبی مہم چلانے میں مصروف ہیں۔ تاکہ اپنی اپنی حکومت کو عیسائی، ہندو یا مسلمان بنالیں۔ حالانکہ وہ حکومتیں پہلے ہی اپنے منشور و دستور اور نام کی رُو سے مسلمان، عیسائی یا ہندو ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ حکومت مولویانہ طرز حکومت اختیار کرے، اُن کے دباؤ سے کفر سازی کرے، مخالفین کو بے دست و پا کرے، اُن کی زبان بندی کرے، انہیں ارتداد کے جرم میں قتل کرے، پھانسیاں دے، جیلوں کو بھر دے۔ اور اِس طرح مذہب کی مُردہ لاش میں پھونک بھر کر اُسے ایوانِ مذہب کی بلندی پر کھڑا کردے کہ لوگ احترام مذہب کرنے لگیں۔ بہر حال ہر دیکھنے والی آنکھ اور ہر غور کرنے والا دماغ علماؤں اور مجتہدین کے مذہب کو بے نتیجہ اور نوعِ انسان کے لئے ایک زہر قاتل اور موت کی نیند سلا دینے والی افیون سمجھ رہا ہے۔ مگر ساتھ ہی ساتھ وہ دیکھ رہے ہیں کہ نوجوانوں اور طلبا کا وہ طبقہ جسے مولانا مردود قرار دے چکے جو مساجد سے بھاگتا ہے وہی طبقہ روزمرہ امام باڑوں کی رونق بنتا جارہا ہے۔ محرم میں آج تین ماہ باقی ہیں۔ لیکن نوجوانوں میں محرم کی تیاریاں شروع ہوگئی ہیں۔ ماتم کرنے کے لئے زنجیروں اور چھریوں کے آرڈر لوہاروں کو ملنے لگے ہیں۔ کشیدہ کاری کے اداروں اور دکانوں پر مرصع کاری کے لئے علموں کے پٹکے اور ڈیزائن مشینوں میں چڑھے ہوئے ہیں۔ ہر گھر میں عزاداری کے لئے روپیہ پس انداز کرنے پر بحثیں ہو رہی ہیں۔ مختصراً یہ کہ وہ لوگ جنہیں بدمذہب اور باغی جوان قرار دیا جاتا ہے، عزاداری اور ماتمِ امام حسین علیہ السلام کی تیاری میں مصروف ہیں۔ وہ نوجوان جو بال بڑھانے پر مُصر تھے جو والد کا حکم نہ مانتے تھے، بالوں پر اعتراض سن کر دست و گریبان ہوجاتے تھے، جنہیں اپنے بال دُنیا کی ہر چیز سے پیارے تھے، وہ پنچائتیں کر رہے ہیں کہ محرم میں سر کے بال منڈے ہوئے ہونا چاہئیں یا نہیں؟ معلوم ہے کیوں؟ اس لئے کہ سر پر چھری کا ماتم بالوں کے اُلجھاؤ وغیرہ سے آزاد رہے۔ ہے کوئی

مولوی صاحب یا حجۃ اللہ ؟ جو اللہ و رسولؐ یا کسی اور عزیز ترین چیز کے لئے سرتو سرہے اپنی ران میں چھری مار کر اُن کے نام پر خون دینے کو تیار ہو؟ لاحول پڑھیئے اور اُن سے کہیئے کہ تم اور تمہارا مذہبی ڈھونگ اب ڈھکے چھپے نہیں ہیں۔ یہ دنیا کا سب سے بڑا جھوٹ ہے کہ نوجوانوں یا کسی اور نے مذہب کو چھوڑ دیا ہے۔ انہوں نے جس چیز کو چھوڑا ہے وہ مولوی، مجتہد، پنڈت اور پادری کا خودساختہ مذہب ہے۔ لیکن اسلام جسے تمام انبیا علیہم السلام نے پیش کیا اُس پر آج بھی جانیں قربان کی جارہی ہیں۔ یہ حسینؑ کی عظمت ہے جس نے اسلام کو درد بنا کر دلوں میں بسا دیا۔ حُسن بنا کر نظروں میں سمو دیا، بصیرت کی شکل دے کر دماغوں کو آباد کر دیا، محبت بنا کر ہر دلعزیز کر دیا۔ وہ تمام عبادتیں، ریاضتیں، رسومات نظروں سے گرتی چلی گئیں جن کو حسینیتؑ اور حسینیؑ مقاصد کو ختم کرنے کے لئے بطور حربہ استعمال کیا گیا تھا۔ نماز یعنی حقیقی نماز وہی تو ہے جسے درمیان میں، سجدے میں اس لئے روک دیا گیا تھا کہ حسینؑ، پیش نماز یعنی رحمۃ للعالمینؐ، سرور کائناتؐ، ختم الرسلؐ، اپنے نانا کی پشت پر سوار ہو گئے تھے اور اُنہیں اُتار کر نماز جاری رکھے جانے کو اللہ نے پسند نہ کیا۔ وحی اُتری یعنی جبرئیلؑ امین فضاؤں کو تہہ و بالا کرتے ہوئے زمین پر اُترے اور غالباً خود سجدہ کر کے رسولؐ اللہ کے کان میں کہہ دیا کہ حضرتؐ حرکت نہ کریں یہاں تک کہ حسینؑ اپنی مرضی سے اُتر جائیں۔ بتایئے اور سمجھ کر بتایئے کہ حقیقی نماز کو جس کے لئے روک دیا گیا، اس کے مشن کو روکنے کے لئے ملاؤں اور مجتہدوں کی اپنی تبدیل کردہ نماز کہاں ٹھہرتی؟ جس نے آگے چل کر بنیادِ اسلام کا لقب لینا تھا۔ جس نے سجدہ میں طول دے کر سر کو کٹانا تھا۔ جس نے سجدہ میں گنہگار انسانوں کے لئے اپنی دعاؤں کو اپنے خون سے رنگین کرنا تھا۔ اُس کے خلاف دین کی، حقیقی دین کی کس بات میں اثر رہ سکتا تھا۔ لہٰذا نماز سے نفرت قدرتی تھی اس کا سبب مولوی صاحب خود ہیں۔ حسینؑ سے معافی مانگیں، باہر نکلیں ماتم کریں، جلوس اور عزاداری کی تائید کر کے نماز پڑھیں۔ پھر دیکھیں نماز میں جان ہے یا نہیں۔ رسوؐل کا دیا ہوا کوئی سامان رسولؐ ہی کے خلاف استعمال کرنا تو اختیار کے اندر ہے مگر اس میں اثر برقرار رکھنا اختیار میں نہیں ہے۔ اسی لئے نماز و روزہ، حج و زکوٰۃ مسلمانوں کی دشمن ہو گئیں۔ جو جتنا زیادہ پابند ہے اتنی ہی اس کے خلاف مصیبت آتی ہے اور جو جتنا دُور رہتا ہے وہ اُسی تناسب سے قہر و غضبِ خداوندی سے محفوظ رہتا ہے۔ یہ تاریخی اور روزمرہ مشاہدہ سے ثابت حقیقت ہے کہ مجتہدین نے چونکہ اپنے خودساختہ تصورِ حیات کا نام اسلام رکھ لیا تھا۔ اور طاقت و قوت سے اُسے اسلام کہہ کر نافذ کرنے میں کوشاں رہے تھے تو اس کی سزا یہ ملی کہ اُس مصنوعی اور خانہ ساز اسلام کے خلاف چاروں طرف محاذ قائم ہو گئے اور ہر محاذ پر مولوی کے اسلام کو شکست و ریخت کا سامنا کرنا پڑا اور رفتہ رفتہ دنیا میں اس نام سے بھی نفرت پیدا ہو گئی۔ چاروں طرف سے اللہ اور انسانوں نے اُس باطل مذہب کے پیرؤوں کو گھیر لیا۔ آج دنیا میں ساری اقوام کے مقابلہ میں اُن کو پس ماندہ لوگ یا حد سے حد غیر مسلموں کی امداد سے ترقی کر سکنے کے قابل لوگ قرار دیا گیا ہے۔ گیہوں کے ساتھ گھن کا پس جانا مشہور ہے۔ عذاب، انصاف و عدل کی ترازو ہمراہ لے کر نہیں آتا جو سامنے آئے رگڑ دیا جاتا ہے۔ یہ جو کچھ ذرا ورا سی عزت باقی ہے محض حسینؑ اور عزاداری حسینؑ کے صدقہ میں باقی ہے۔ اور سُن لو مانو یا نہ مانو کہ عزاداری حسینؑ ہی وہ وسیلہ ہے جسکے واسطے دنیا کی اقوام متحد ہو سکتی ہیں اور ہو کر رہیں گی۔ جس کی وجہ سے حقیقی اسلام دوبارہ دلوں میں داخل ہو سکتا ہے۔ یہی وہ چیز ہے جس پر تمام دنیا میں ہر قوم، دُور دراز بعید ترین مقامات پر متفق و متحد ہے۔ جنگلوں، بیابانوں اور وحشیوں میں بھی عزاداری اسلامی شعور پیدا کرنے میں مصروف ہے۔ یہی

وہ روح ہے جس کے باہر نکل آنے سے مذہب ایک لاش بن کر رہ گیا۔ اور اس کے تمام اعضا و جوارح گل سڑ کر ناقص ہو گئے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ اسلام دوبارہ تمہیں اس دنیا میں سرفراز کرے تو بلا پس و پیش اپنے شرک و کفر کے فتاویٰ کو شیطان کے حوالے کر کے بارگاہِ حسینیؑ میں وہ سجدہ کیجئے جو ابلیس کو بہت ناپسند ہے۔ اور سنئے آپ کی نمازوں کی پوزیشن یہ ہے کہ اگر روزمرہ بلا ناغہ مولوی صاحب تمام قسم کی نمازیں پڑھیں جن کی کل رکعات اُنکے حساب سے چونتیس اور پینتیس ہوتی ہے۔ اُن کو بڑھا کر چالیس رکعات کر لیں اور ہر رکعت کو ڈیڑھ منٹ دے دیں تو روزانہ ایک گھنٹہ میں یہ کام ہو جاتا ہے۔ سال بھر میں تین سو ساٹھ گھنٹے اور کل پندرہ (15) روز بنتے ہیں۔ آدھا گھنٹہ روزانہ نماز تہجد کو شامل کر لیں تو سال بھر میں کل بائیس تیئیس روز گویا مولوی صاحب اللہ کے لئے صَرف کر کے، گیارہ ماہ اور آٹھ دن دُنیا میں صَرف کرتے ہیں۔ اُن سے کہہ دو کہ عزادارانِ حسین علیہ السلام یہ کام بھی کرتے ہیں اور اس کے ساتھ سیروں خون اور ہر آدمی سینکڑوں روپے اور چھٹانکوں آنسو اور دو ماہ آٹھ روز دن رات بھوکے پیاسے گرد و غبار میں اَٹے ہوئے صَرف کرتے ہیں۔ ہر تیسرے چوتھے دن شب بیداریاں رات بھر سینہ زنی کرتے ہیں۔ قومی حیثیت سے ہر سال کئی کروڑ روپیہ، کئی من خون اور کئی جانیں قربان کر دیتے ہیں۔ اپنے بچوں کا پیٹ کاٹ کر بیماروں کے علاج کو ملتوی کر کے فروغِ حُسینیت پر لگا دیتے ہیں۔ اور اگر دیگر آئمہؑ اور اُن کے بزرگوں کو شامل کر لیں تو اُن کے غم و مسرت کے اظہار و اعلان پر اُن کے انتقال اور ولادت پر ہر سال اتنا سرمایہ خرچ کر دیتے ہیں کہ مخالفین کی طرف سے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام پر یا اسلام کے دوسرے تہواروں اور شعائر پر ایک سو سال میں بھی خرچ نہیں کیا جاتا ہے۔ کوئی ہے؟ جو حساب فہمی کو تیار ہو اور حق قبول کرنے کی جرأت کرے؟ اس سلسلے کی آخری بات یہ ہے کہ جس طرح ایک گھڑی (Watch) کی مضبوطی اور پائیداری کے لئے ضروری ہے کہ وہ واٹر پروف ہو، شاک پروف ہو، میگنٹ پروف ہو اور خود بخود چابی والی یعنی آٹو میٹک ہو۔ اُسی طرح ایک مجتہد کی بلندی و بزرگی کی شناخت اور صفت یہ ہے کہ وہ حق پروف ہو، عقل پروف ہو، وفا پروف ہو اور خود بخود آٹو میٹک طریقے پر دین تیار کرتا چلا جائے نہ خدا سے حاصل کرے نہ قرآن و رسولؐ سے واسطہ رکھے۔

(10) وہ مسلّمات جن پر ہم تنقید کرینگے مدت دراز سے فریقین نے تسلیم کئے ہوئے ہیں اور ہم اُن سب کو اُنکے ہاتھوں غلط ثابت کرینگے۔

(i) سب سے پہلے اُس شجرہ پر بات ہوگی جو آنحضرتؐ کے مقدس بزرگوں کا ہے۔ اس میں وہ لوگ الگ کر دئے جائیں گے جن کو عرب کے بھانڈوں یا عربی زبان میں نسابوں کی آڑ میں داخل کر دیا گیا تھا۔ پھر لفظ قریش پر بات ہوگی اور بتایا جائے گا کہ قریش کون ہے اور کون نہیں ہے۔ پھر مختصر طور پر رسولؐ اور قرآن کا مشن سامنے لایا جائیگا۔ تا کہ اُس روشنی میں حسینؑ اور مخالف گروہ کے خدّ و خال اُبھر کر سامنے آئیں۔ اس سے فراغت کے بعد امام حسین علیہ السلام کے قبل کا زمانہ، حکومتیں اور اُن کے مختصر حالات و مقاصد پر سے گزرنا ہو گا۔ تب جا کر کہیں امامؑ کی مدینے سے روانگی، سفر، منزلیں اور کربلا کی خونی داستان سامنے آئیگی اور اس قربانی کے بعد خاندانِ رسولؐ کی گرفتاری، سفر اور دربارِ ابن زیاد اور دربارِ خلیفہ میں حاضری، قید اور رہائی۔ پھر سفر اور مدینہ میں واپسی پر شاید کتاب ختم ہو جائے ورنہ دو قدم اور آگے کو بڑھنا ہوگا اور قاتلان حسین سے انتقام اور یزید کی حکومت کے خاتمہ تک چلنا پڑیگا اور یہاں تک یہ ثابت ہو جائیگا کہ قرآن کی جگہ ایک اور گھریلو کتاب تیار کر لی گئی مگر سامنے اسی قرآن کو رکھا۔

(ii) رسولؐ کی عظمت وحقیقت کو گرد آلود کر کے ایک دوسرا نبی تیار کیا گیا جو جماعت شوریٰ کا ایک فرد تھا اور جس پر عربی بصیرت کے ماتحت رہنا لازم تھا۔ مگر نام وہی محمدؐ مصطفیٰ، سرور کائنات وغیرہ القاب کے ساتھ رہنے دیا اور اُسی طرح لفظ اسلام کو برقرار رکھ کر ایک نیا جمہور پسند اسلام تیار کر لیا گیا۔ خانوادۂ رسولؐ کو پہلے اُن کے بلند مقام سے نیچے اتار کر رعایا کے عام آدمیوں کے برابر لایا گیا۔ پھر اُن کے خلاف بغاوت وفتنہ وفساد پھیلانے کے ثبوت تیار کئے گئے اور آخر انہیں باغی قرار دے کر اُس خاندان کو تلوار کے گھاٹ اُتار دیا گیا۔

(11) قارئین کو یہیں یہ بات سمجھ لینا چاہئے کہ مندرجہ بالا گفتگو میں گرمی محفل اور زبان کے چٹخارے بمشکل جگہ پا سکتے ہیں۔ یہ ایک ٹھوس حقیقت کی حامل کتاب ہوگی، نہ ناول ہوگا نہ افسانوی لذت۔ ایک ریکارڈ ہوگا جو نہ صرف شیعوں کو ملحوظ رکھے گا بلکہ تمام انسان ملحوظ رکھے جائیں گے۔ جس طرح حسینؑ اور حسینیت تمام نوعِ انسانی کو دعوتِ فکروارتقا دیتے ہیں اسی طرح یہ کتاب بین الاقوامی حیثیت رکھے گی۔ لہٰذا جو صاحبان محض واقعہ کربلا دیکھنا چاہیں وہ ابواب پلٹ کر مطلوبہ جگہ پڑھ لیں۔ جو تحقیق کرنا چاہیں وہ ہر بحث اور گفتگو میں سے گزریں، غور کریں، تنقید کر کے تائید یا تردید کریں۔

(12) اور سب سے آخری بات یہ ہے کہ ہم موجودہ تاریخ کے اُن مسلّمات کو بلا بحث وتنقید اختیار کر لیں گے جن سے اسلام کے اصول اور محمدؐ وآل محمدؐ کی تنقیص نہ ہوتی ہو اور جو مخالف محاذ کی مخالفت کرتے ہوں۔ مثلاً تاریخ وحدیث کی تیاری سب سے پہلے حضرت معاویہ نے اپنے حکم سے شروع کرائی۔ ہم اُسے بلا دلیل تسلیم کر لیں گے۔ اس لئے کہ اُس تاریخ میں ہر وہ بات ناقابل قبول ہوگی جو حکومت کے حق میں ہو اور ہر وہ حقیقت بصد شوق قابل قبول ہوگی جو حکومت کے خلاف ہو اور حکومت کے خلاف محاذ کے حق میں ہو۔ یعنی ہم عدالت کی طرح چور یا قاتل کی بات اس کے خلاف تو بلا گواہی قبول کرتے جائیں گے۔ لیکن چور اور چوری اور قتل وقاتل کے حق میں ہر بات پر ایسی شہادت اور دلیل طلب کریں گے جو چور یا قاتل یا اُن کے طرف دار پیشہ وروں کے مخالفین دیں، چور وقاتل کے بھائی، باپ اولاد وازواج واعزہ کو عدالت سے باہر نکال دیں گے۔

والسلام

احسن

مرکزِ انسانیت

1۔ عربوں سے تعارف کا دوسرا رُخ

کل تک عربوں کے تعارف میں جو کچھ لکھا یا کہا گیا ہے وہ سب یہاں لکھنا مقصود نہیں ہے۔ بلکہ جو کچھ چھپایا گیا ہے اُس میں سے چند بنیادی باتیں سامنے لا کر، اُس مجموعی تصور کو جھٹکا دینا ہے جو لفظ عرب یا عربی سُنتے ہی سامنے آ کھڑا ہوتا ہے۔ تاکہ وہ آئندہ سامنے آتے ہوئے جھجکے اور شرمائے۔

(1) عرب سب کے سب نہ جاہل تھے نہ اَن پڑھ تھے۔ نہ تہذیب وتمدن سے نا آشنا تھے، نہ مشرک نہ بت پرست و لا مذہب تھے۔ نہ بہادر تھے نہ متواضع، نہ کینہ پرور تھے۔ نہ حافظہ میں ممتاز تھے، نہ وفادار تھے، نہ غدار تھے۔ نہ متعصب تھے، نہ روادار تھے، نہ ظالم تھے۔ نہ لٹیرے تھے، نہ سب خیموں اور جنگلوں میں رہتے تھے، نہ سب مکانات میں بستے تھے، البتہ؛

(2) اُنکی کثرت جاہل تھی، اَن پڑھ تھی، غیر مہذب تھی، غیر متمدن اور دشمن تمدن تھی۔ مشرک تھی مگر مشرک کے معنی اشترا کیت کرتی تھی۔ انکی کثرت لیڈر پرست تھی، ڈرپوک اور بزدل تھی۔ کینہ پرور تھی، کل کے نتیجہ سے ڈر کر آج ہی ظلم کرنا ضروری سمجھتی تھی۔ انتقام کے معاملہ میں متعصب تھی۔ اپنے تحفظ کیلئے ہر فریب ودغا اور غدر و رہزنی اور ڈاکہ ومکر کو جائز سمجھتی تھی۔ نہ باقی نوعِ انسان کے خلاف اُن کو کوئی خاص دماغ ملنا ثابت نہ اُن کا حافظہ اور قوتِ یاداشت کسی خاص قسم کی ہونا چاہیئے اور نہ تھی۔ ہوا یہ کہ احادیث کا انبار لگانے اور اُسے قول رسولؐ یا قول صحابہ منوانے کیلئے یہ ضرورت پیش آئی کہ عربوں کا حافظہ آہنی یا سنگی لوح بنا دیا جائے تاکہ یہ اعتراض بھی ختم ہو جائے کہ برسہا برس تک بلکہ صدیوں تک لوگوں کو کیسے یاد رہ سکتا تھا۔ اسی قسم کی دوسری قومی، ملکی یا مذہبی ضرورتوں نے بعد والوں کو مجبور کیا اور انہوں نے مختلف خصوصیات گھڑنا اور منسوب کرنا اور متعلقہ پروپیگنڈا شروع کر دیا ورنہ قرآن کریم نے اُس عربی کثرت کو کَالْاَنْعَام (سورہ اعراف 7/179) جانوروں کی مانند ہی نہیں بلکہ اُن سے بھی زیادہ حقیر اَضَلّ (فرقان 25/44) قرار دیا ہے۔ لہٰذا ہم عربی کثرت کو، اصول مسلّمہ کی رُو سے بھی ہر اُس صفت وخصوصیت سے محروم کرتے ہیں جو عام نوع انسان کے خلاف خواہ مخواہ فرض کر لی گئی ہے۔ بلکہ یہاں یہ بھی قرآنی اصول ہے کہ اسلام لانے کے بعد بھی یہ کثرت مندرجہ بالا آیات کے دائرہ سے باہر نہیں نکلی۔ بلکہ قرآن نے جگہ جگہ اسکی مذمت کی ہے۔ لہٰذا اس کثرت کیلئے قرآن نے دو دفعہ جو کچھ فرما دیا ہے وہ ہر وقت سامنے رکھ کر اس سلسلے میں بات کیا کریں اور انہیں بتائیں کہ قرآن کریم نے تو یہ کہا ہے۔

اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا o (فرقان 25/44)

اوّل۔ کیا تم (اے رسولؐ) یہ حساب لگاتے ہو کہ تیرے مخاطبوں کی کثرت سنتی ہے اور پھر عقل سے کام لیتی ہے؟ جناب یہ تو جانوروں کی مانند بلکہ اُن سے بھی پرلے درجہ کے بے راہ ورسم ہیں۔ اس سے پہلے آیت (اعراف 7/179) میں تمام جنوں اور انسانوں کی کثرت کو

جہنمی اور جانوروں سے اُسی طرح بدتر قرار دیا ہے جس طرح مفصل لکھی ہوئی آیت میں عربوں کی کثرت کو عقل وسماعت سے محروم فرمایا ہے۔ بتایئے وہ کس قدر صاحبان کمال لوگ ہوں گے؟ جنھوں نے ساری دنیا سے فرضی اور عقل وتجربہ کے خلاف باتیں منوائیں اور دنیا میں پھیلا دیں اور اس قدر ڈھنڈورا پیٹا کہ اس شوروغوغا میں کسی نے دلیل نہ مانگی۔ چونکہ یہ تمام مکاتیب فکر کی ضرورت تھی۔ سب کو روایات کی ضرورت تھی۔ سب نے قصوں اور کہانیوں پر اپنے منہ بولے اسلام کی بنیاد رکھنا تھی۔ لہٰذا سب نے غنیمت سمجھا اور اختلاف کے بجائے تائید میں اپنی کامیابی دیکھی۔ لیکن؛

(3) یہ صحیح ہے کہ عربوں میں بھی دوسری اقوام وممالک کی طرح بعض لوگ نہایت عاقل و بابصیرت تھے، مہذب تھے۔ بلکہ یہ یقین کیجئے کہ اُس وقت کی ساری دنیا نے اُن سے تہذیب سیکھی اور تمدن حاصل کیا۔ جہاں بانی وحکمرانی کے اصول سیکھے۔ قوم عاد وثمود، بادشاھان بابل ومصر تمام کے تمام عرب تھے۔ یہ قلت تعلیم یافتہ ہی نہ تھی بلکہ صاحب تصنیف تھی۔ عرب میں کتابیں موجود تھیں، مصنف موجود تھے۔ ظہور اسلام کے وقت عربوں میں جس بصیرت کے لوگ تھے اس کا ثبوت وتفصیل قرآن میں ریکارڈ کی گئی ہے۔ اُس قلت میں شریف بھی تھے، موحد بھی تھے، لا مذہب بھی، منجم وستارہ شناس بھی تھے، بہادر بھی تھے، وفادار ومتواضع بھی تھے، چالاک و مکار بھی تھے۔ دانشور مقنّن یعنی قانون دان، سیاسی ماہرین، مذہبی راہنما اور مجتہدین بھی تھے۔ اُن میں سوشلزم یا کمیونزم کے بہت ابتدائی تصورات رکھنے والے افراد وراہنما بھی تھے جو یونانی اشتراکیت اور افلاطونی جنسی شرکت کے ہمنوا بھی تھے۔ رؤسا بھی تھے غربا بھی تھے۔ اِس اقلیت میں تمام دُنیا کے تمدّن وتہاذیب اور مذاہب کے ماہرین بھی تھے، سرمایہ دار واجارہ دار بھی تھے اور اُن ہی میں ورثہ دارانِ انبیا علیھم السلام بھی تھے۔ عظمت دین ودُنیا کے علمبردار بھی تھے۔

(4) عربوں کی مجموعی حالت اور اُن کا دوسری اقوام اور ممالک کے مقابلہ میں صحیح مقام متعین کرنے کیلئے ایک نہایت قابل فہم معیار موجود ہے کہ (معاذ اللہ) اگر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک عام نبیؑ تھے تو عربوں کی حالت اور مقام بھی عام تھا۔ لیکن اگر رسولؐ اللہ کا وہ مقام تسلیم کرلیا جائے جو قرآن کریم نے اُنؐ کو دیا ہے تو عربوں کی حالت اور مقام بھی وہی تھا جو ایسے رسوؐل کی بعثت کا تقاضہ اور مقصد ہو لہٰذا وہ سب سے بڑے ہادیؐ تھے تو عرب ساری دنیا سے زیادہ گمراہ تھے۔ اگر آپؐ تمام انبیا علیھم السلام کی کتابوں اور شریعتوں اور علوم کے حامل بھی تھے تو لازم ہے کہ عربوں میں وہ تمام مذاہب اپنی بگڑی ہوئی صورت میں موجود ہوں جو سابقہ انبیاؑ نے قائم کئے تھے۔ اور یہ بھی ضروری ہے کہ تمام کتابیں بھی موجود ہوں اور اُنکے علما ومجتہدین بھی عربوں میں موجود ہوں تاکہ انہیں مخاطب کر کے اصل ونقل اور صحیح وغلط مذہبی احکام پر مطعون ومطمئن کیا جاسکے۔ اور اگر آنحضرتؐ تمام علومِ خداوندی کا مخزن اور قرآن کی رُو سے کائنات اور اُس کی ہر ہر چیز کی تفصیل (نحل 16/89) اور بیان ووضاحت (یونس 10/37) کے حامل تھے تو عربوں کو ساری دُنیا سے زیادہ پیچیدہ مسائل اور ابلیس کے انتہائی منصوبوں کا حامل سمجھنا ہوگا۔ اسلئے کہ جاہلوں کے لئے معمولی علم کا نبی کافی تھا۔ پہلی جماعت یا پرائمری جماعتوں کیلئے کسی خاص اور بلند وہمہ گیر اسناد والے ماسٹروں کی ضرورت نہیں ہوتی۔ لہٰذا عرب نہ جاہل تھے، نہ وحشی اور نہ سادہ زندگی بسر کرتے تھے۔ بلکہ ساری دنیا کے ممالک اور اقوام میں جس قدر علوم ومکروفریب وسیاسی جوڑتوڑ اور قوانین اور اُن کو بے اثر کرنے کے طریقے، مذاہب میں اجتہادی

موشگافیاں اور تحریف، سازشیں وغیرہ موجود تھیں وہ سب عرب دانشوروں میں ثابت ہوتی ہیں۔ یا یوں کہیئے کہ جس طرح ہدایت واصلاح کیلئے آنحضرؐت منتہائے کمال پر تھے اُسی طرح ابلیسی گمراہی اور فریب سازی کیلئے عرب دانشور اپنے منتہائے کمال پر تھے۔ عربوں کی کثرت اُس ابلیسی گروہ کے ہاتھ میں اس قدر مضبوطی سے گرفتار تھی کہ اُن کو رہا کرانے کیلئے خدا کا بزرگ ترین نبیؐ مبعوث ہوا۔

اب ذرا اس فطری قرآنی اور تاریخی صورتِ حال میں کسی شخص کو اُس زمانہ میں ''**عربی**'' کہنا کیا کسی عزت ووقار کو ظاہر کرسکتا ہے؟ اہل عقل تو اس وقت کے ''**عربی**'' ہونے سے خودکشی کو زیادہ بہتر سمجھیں گے۔ یہاں یہ کمال دیکھیئے کہ اُس زمانہ کے مذکورہ گروہ نے لفظ عربی یا عرب سے نسبت کو عزت وعظمت کا ایک نشان بنا کر خود آنحضرؐت کے ساتھ چسپاں کردیا۔ جنہیں قرآن میں مذکورہ عظمت کے بعد کسی طفیلی لقب وعظمت کی احتیاج نہیں ہے۔ لوگ بڑے فخر سے؛ رسولؐ عربی، مکی ومدنی کہتے چلے گئے۔ حالانکہ مکہ ہو یا مدینہ اور کعبہ ہو یا بیت المقدس، عجم ہو یا عرب، اُن سب کو آنحضرؐت کے صدقے میں عزت وعظمت ملی۔ لہٰذا صورتحال یہ ہے کہ اگر کوئی شخص سمجھ کر ہمیں عزت دینے کے خیال سے **عربی** کہہ دے تو ہم نہایت بُرا محسوس کریں گے اور پھر اگر ضرورت ہوئی تو اپنی کوئی کتاب پڑھنے کیلئے اسکے حوالے کردیں گے۔ ہم اس لقب کو عظمت کی علامت نہیں سمجھتے ہیں۔ لہٰذا اُس زمانہ کے عربوں کیلئے مجموعی تصور کی ترجمانی کرنے کیلئے طاغوت سے زیادہ کوئی ایک لفظ موزوں نہیں ہے۔ اس کے برعکس مذکورہ بالا ورثہ داران نے لفظ عرب اور عربی کو دُنیا میں علامتِ عظمت بنا کر جاری کرنے میں اپنے کمال دانش وفریب کا ثبوت فراہم کردیا ہے اور ہم نے انہیں ہمیشہ داد دی ہے۔

2۔ لفظ ''عرب'' اُس کے معنی، اُس کی ابتدا اور مشرکین کی چالاکی

آپ کو بڑا تعجب ہوگا اگر ہم عرض کریں کہ آنحضرؐت اور اُن کا خاندان علیھم السلام ہرگز عرب نہ تھے؟ الحمدللہ کہ محبوبؐ خدا ہرگز اُس قوم اور اس کی خباثتوں میں ملوث نہیں ہوئے ورنہ اُن کے شجرہ کے ساتھ الفاظ طیبہ وطاہرہ کا استعمال اِن الفاظ کی توہین ہوجاتا۔ آیئے اپنے زمانہ کے ایک نامور مؤرخ کی بات سنئے جو نہ صرف علوم مشرقیہ پر عبور رکھتے تھے بلکہ علوم مغرب اور مستشرقین پر پوری اطلاع رکھتے تھے۔ وہ اپنی کتاب ارض القرآن میں لکھتے ہیں کہ:

(1) لفظ ''عرب'' کے معنی '' لفظ ''**عرب**'': عرب کو ''**عرب**'' کیوں کہتے ہیں؟ اسکے مختلف جواب دیئے گئے ''**عرب**'' اعراب سے مشتق ہے جس کے معنی زبان آوری اور اظہار مافی الضمیر کے ہیں، چونکہ عرب کی قوم نہایت زبان آور اور فصیح اللسان تھی، اس لئے اس نے اپنا نام عرب رکھا۔ اور اپنے سوا اُس نے تمام دنیا کو عجم یعنی ''بے زبان'' (گونگے) کے نام سے پکارا۔ لیکن حقیقت میں یہ صرف نکتہ آفرینی اور دِقّت رسی ہے۔ دُنیا میں ہر قوم اپنی زبان کی اسی طرح جوہری ہے جس طرح عرب۔''

(تاریخ ارض القرآن جلد اوّل صفحہ 57 علامہ سید سلیمان ندوی طبع چہارم مطبع معارف اعظم گڑھ۔ سیرۃ النبی، مصنف: علامہ شبلی نعمانی)

یہ بات طے ہوگئی کہ بعد کے مشرکین نے نہایت چالاکی سے لفظ عرب کے خود کاشتہ معنی تیار کیئے پھر خود ساختہ زبان آور اور فصیح اللسان قوم بنے۔ یعنی اپنے منہ میاں مٹھو بن کر تمام دُنیا میں خود کو مشہور کیا۔ چنانچہ آج تک لغات یعنی عربی ڈکشنریوں میں وہی غلط معنی

لکھے ہوئے چلے آ رہے ہیں۔ بتایئے اس تاریخی جعلسازی کے بعد ہم اُس قوم کی کس بات کا اعتبار کریں؟ ظہور اسلام کے بعد بھی یہ کام برابر جاری رہا۔ اور جس زبان کو خانوادۂ اسماعیل علیہ السلام نے نزول قرآن کے لئے تیار کیا تھا اُس کے ہر لفظ کے دس دس بیس بیس غلط معنی میں استعمال سے پوری زبان کو مشکوک و بے معنی بنا دیا۔ تا کہ قرآن کے احکام میں اختلاف و اجتہاد کی گنجائش پیدا ہو جائے۔

(2) ''عرب'' کے صحیح معنی اور عرب کے علمائے انساب کی فریب سازی

مصنف مذکور نے مندرجہ بالا تحقیق میں مسلسل لکھا ہے کہ:۔

''علمائے انساب کہتے ہیں کہ اس ملک کا پہلا باشندہ یَعْرَب بن قحطان تھا۔ جو یمنی عربوں کا پدرِ اعلیٰ ہے۔ اسلئے اس ملک کے باشندوں کو اور نیز اس ملک کو عرب کہنے لگے۔ لیکن یہ بالکل خلافِ قیاس اور معلوماتِ تاریخی کے مخالف ہے۔ نہ یعرب اس ملک کا پہلا باشندہ تھا اور نہ لفظ عرب کسی قاعدۂ لسانی کے مطابق یعرب کی طرف منسوب ہوسکتا ہے۔ اور سب سے عجیب بات یہ ہے کہ یعرب کا مسکن یمن تھا۔ اسلئے سب سے پہلے خود یمن یعنی جنوبی عرب کو عرب کہنا چاہیئے۔ لیکن اسکے بالکل برخلاف ''عرب'' کا لفظ پہلے شمالی عرب کیلئے مستعمل ہوا تفصیل آگے آتی ہے۔ اہل جغرافیہ کہتے ہیں اور بالکل صحیح کہتے ہیں کہ عرب کا پہلا نام عَرَبَۃ اور عربۃ تھا۔ جو تخفیفاً بعد کو عموماً عرب بولا جانے لگا۔ اور اسکے بعد ملک کے نام سے خود قوم کا نام بھی قرار پا گیا۔''

(تاریخ ارض القرآن جلد اوّل صفحہ 57 علامہ سید سلیمان ندوی)

یہاں قارئین یہ نوٹ فرمالیں کہ عرب خاندانوں اور باشندوں اور اقوام کے سلسلے میں عرب کے نسّابوں کا سو فیصد اعتبار ہرگز نہیں کیا جا سکتا۔ اور جن لوگوں نے عرب کے غلط معنی مشہور کرنے میں ایڑی چوٹی کا زور لگایا ہو وہ بھی غلط واقعات کو پھیلانے اور مشہور کرنے کیلئے علمائے انساب کی آڑ لے سکتے ہیں۔ لہٰذا نہ وہ قابل اعتبار ہیں نہ نساب پر اندھا دھند بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔

(3) عرب اور عربۃ پر مزید تفصیل

علامہ موصوف نے آگے چل کر زمانہ قدیم اور آنحضرتؐ کے زمانے کے شعرا اور جناب ابوطالب علیہ السلام کے قصیدہ کے اشعار سے ثابت کیا ہے کہ پہلے عرب کو عربۃ کہا جاتا تھا۔ اور آنحضرتؐ کے زمانہ تک کہا جاتا رہا پھر وہ بتاتے ہیں کہ:۔

''دوسرا سوال یہ ہے کہ اس ملک کا نام عربۃ کیوں قرار پایا؟ اصل یہ ہے کہ تمام سامی زبانوں میں ''عربہ'' صحرا اور بادیہ کا مفہوم رکھتا ہے۔ عبرانی میں ''عربا'' (ערבה) بیابان اور میدان کو کہتے ہیں۔ اور خود عربی زبان میں اس مفہوم قدیم کے بقایا موجود ہیں۔ عرابۃ کے معنی بدویت کے ہیں اور اَعْرَاب اہل بادیہ (جنگلیوں) اور صحرا نشینوں کیلئے اب تک مستعمل ہے۔'' (ارض القرآن۔ جلد اوّل صفحہ 58)

پھر یہ اعلان کیا ہے کہ:۔ ''چونکہ عرب کا ملک زیادہ تر ایک بیابان بے آب و گیاہ ہے۔ اور خصوصاً وہ حصہ جو حجاز سے بادیہ عرب و شام اور سینا تک پھیلا ہوا ہے۔ اسلئے اسکا نام ''عربا'' قرار پایا اور پھر رفتہ رفتہ وہاں کے باشندوں کو ''عرب'' کہنے لگے۔'' (ارض القرآن۔ جلد اوّل صفحہ 58)

یہ بیانات صرف علامہ سید سلیمان ندوی ہی کے نہیں ہیں۔ بلکہ یہ تو عرب اور دیگر ممالک کے اُن محققین کے بیانات ہیں جنہوں نے بقول شخصے عرب کی کھال اُتار کر تحقیق کی ہے۔ جنہوں نے قدم قدم پیدل چل کر، کھدائیاں کر کے، کتبات اور آثار قدیمہ کو سامنے رکھ کر تحقیق کی ہے۔ علامہ کی کتاب کو اس لئے اختیار کیا گیا ہے کہ ننانوے فیصد قاریوں کی رسائی اُن مختلف زبانوں کی کتابوں تک نہیں ہو سکتی جہاں سے ہم اور علامہ خوشہ چینی کرنے پر مجبور ہیں۔ ملک عرب اور عربوں کے پوشیدہ اور چھپائے ہوئے حالات ابھی بہت باقی ہیں۔ جن پر وہ سانپ بن کر بیٹھے ہوئے ہیں۔ اور نہیں چاہتے کہ دنیا کے محققین اُن کا پردہ کھولیں۔ مگر کہاں تک، وہ دن آئیں گے جب قرآن کریم سے ہمارا لکھا ہوا ہر ایک لفظ پورا ہو کر رہے گا۔ ہم اُن کے پیرو ہیں جو زمین سے پوچھیں گے کہ تجھے کیا ہو گیا ہے تو زمین اپنا حال سناتی جائے گی اور ثقلین علیہما السلام سے متعلق تمام اثقال پیش کر کے دامن خالی کر لے گی۔ اور یہ کام جس کے ہاتھوں انجام دیا جائے گا اسی کو یداللہ اور ابوتراب فرمایا گیا ہے۔ بہرحال ہم عربوں سے بھی اور بعد والوں سے بھی قرآن سے دلیل طلب کرتے ہیں۔ قرآن کریم نے غلط بات نہ کہی ہے نہ اس سے باطل کو کسی مقدار میں تائید مل سکتی ہے۔ اِذَا زُلۡزِلَتِ الۡاَرۡضُ زِلۡزَالَهَا o وَاَخۡرَجَتِ الۡاَرۡضُ اَثۡقَالَهَاo وَقَالَ الۡاِنۡسَانُ مَالَهَا o یَوۡمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخۡبَارَهَاo (سورۃ الزّلزال 99/1-4)

(4) <u>قرآن کریم لفظ عرب کو قطعاً نظر انداز کرتا ہے</u>

علامہ اس بحث و تحقیق کو آگے بڑھاتے ہوئے مسلسل لکھتے ہیں کہ:۔

''قرآن مجید میں لفظ ''عرب'' ملک عرب کیلئے کہیں نہیں بولا گیا ہے۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی سکونت کے ذکر میں '' وَادٍ غَیۡرِ ذِیۡ زَرۡعٍ '' یعنی ''وادی ناقابل کاشت'' اس کو کہا گیا ہے۔ اکثر لوگ اس نام کو عرب کی حالت طبعی کا بیان سمجھتے ہیں۔ لیکن اوپر جو تحقیقی بیان ہے (ہمارا پیرا سابق) اُس سے واضح ہے کہ یہ لفظ عرب کا بعینہ ترجمہ ہے۔ چونکہ اس عہد میں اس غیر آباد ملک کا کوئی نام نہ تھا۔ اسلئے خود لفظ ''غیر آباد ملک'' اس کا نام پڑ گیا۔ (صفحہ 59 جلد اوّل ارض القرآن)

پھر علامہ نے توریت کی سند سے ثابت کیا ہے کہ اصل نام عربہ اور عرابا تھا۔ اور صرف اس لئے کہ یہ غیر آباد ملک تھا۔ یہ بھی ثابت ہو گیا کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی آمد یعنی 2200 قبل مسیح تک اس ملک کا نام عرب نہ تھا۔ اور یہ حقیقت ساری دنیا جانتی ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ملک بابل کی پیدائش اور سکونت رکھتے تھے۔ لہٰذا نسل ابراہیمی کو عرب کہنا یا عربی قرار دینا نہ صرف غلط اور بہت بڑا اتہام ہے۔ بلکہ ایک ایسی سازش ہے جو مشرکین یا عرب کے اشتراکین نے تیار کر کے پھیلائی ہے۔

(5) <u>لفظ ''عرب'' کی ابتدا کا تاریخی زمانہ</u>: ''لفظ <u>عرب</u> سب سے پہلے 1000 ق م میں حضرت سلیمٰان کے عہد میں سننے میں آتا ہے۔ اور پھر اسکے بعد عام طور پر اس کا استعمال عبرانی، یونانی اور رومانی تاریخوں میں نظر آتا ہے۔'' (ارض القرآن۔ جلد اوّل صفحہ 59)

(6) <u>یہ سب نام و الفاظ وجود ہی نہ رکھتے تھے</u>: یعنی قرآن کریم کی جس دلیل سے حضرت ابراہیم علیہ السلام نہ یہودی تھے نہ عیسائی۔ اسی دلیل سے نسل اسماعیلی نہ عربی ہے نہ حجازی، نہ مکی تھے نہ مدنی تھے۔ یعنی جس طرح لفظ اسرائیل اور یہود و نصاریٰ یا عیسائی

ابراہیمؑ کے بعد کے ہیں۔اُسی طرح لفظ عرب وحجاز ومکہ وغیرہ بعد کے ہیں۔

''اوّل یہ سمجھنا چاہئے کہ عرب، حجاز، مکہ، کعبہ یہ جتنے الفاظ و اسماء ہیں اس وقت تک پیدا ہی نہ ہوئے تھے، لفظ عرب دسویں صدی قبل مسیح میں پیدا ہوا ہے۔حجاز کا لفظ اس سے بھی زیادہ مستحدث (یعنی بہت بعد کا، نیا) ہے۔مکہ کا نام دوسری صدی مسیحی میں بیطلیموس کے ہاں مکاربا کی شکل میں نظر آتا ہے۔اسی لئے تورات نے اس مقام (مکہ) کا نام اولاً صرف ''مِدْبار'' یعنی بادیہ بتایا ہے۔اورقرآن نے اُسی کو وادی غیرذی زرع (بن کھیتی کی زمین) کہا کہ اسکے سوا اس کا اُس وقت کوئی دوسرا نام نہ تھا۔ مُدت کے بعد یہی لفظ بادیہ وصحرا اور وادی غیرذی زرعِ اس ملک کا نام قرار پا گیا۔لفظ عرب کے لغوی معنی بادیہ اور صحرا کے ہیں۔مدبار (بادیہ) وادی غیرذی زرع اور عرب ہم معنی لفظ ہیں۔اس لئے توراۃ کا یہ کہنا کہ اسماعیل نے بادیہ میں سکونت کی اس کے بالکل یہ معنی ہیں کہ اُس نے عرب میں سکونت کی۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 47)

یہاں اس گفتگو کو ختم اور مکمل ہو جانا چاہئے کہ نسل ابراھیمی عربی یا عرب تھی یا یہ کہ عرب وعربی ہونا کسی قسم کی عزت وافتخار کی بات ہے۔اس کے برعکس کم ازکم عرب یا عربی کہنے سے کسی کا جنگلی، غول بیابانی، غیرمہذب، اجڈ اور گنوار ہونا تو لغوی حیثیت سے ہمیشہ سامنے رہنا چاہئے۔اور ایسا کہنے والے کی گوشمالی کرنا ہر سننے والے مخاطب پر لازم ہے۔

3۔ اصلی عرب اور مخلوط النسل عرب

(1) چونکہ مذکورہ بالا پیچیدہ ترین قوم کا تذکرہ کرنا ہے۔اس لئے غلط بیان سے بسم اللہ کرتا ہوں اور اصل قصہ سُنانے سے پہلے یہ دکھاتا ہوں کہ مسلمانوں کے محققین کس بےدردی اور بےتکلفی سے ایک خاندان یا ایک شریف نسل کو دوسری نسل یا خاندان میں ملا دینے یا الگ کر دینے کا کاروبار کیا کرتے تھے۔سُنئے علامہ شبلی نعمانی فرماتے ہیں کہ:۔

''قبائل قضاعہ:۔عام علمائے انساب قضاعہ کو بنو قحطان میں داخل کرتے ہیں۔اور ہم بھی یہاں اُن کی پیروی کرتے ہیں۔ورنہ ازروئے تحقیق وہ بنو اسماعیلؑ ہیں۔'' (سیرۃ النبیؐ۔جلد اوّل صفحہ 108-107)

قارئین کرام ہماری طرف دیکھئے!! اور ایمانداری سے بتایئے کہ یہ کیا تماشہ ہے؟ کہ علامہ شبلی تحقیق شدہ ایک حقیقت کو قبول کرنے کے بعد اپنے سلف صالحین کی غلط بات کی اعلانیہ پیروی کر رہے ہیں اور نسل اسماعیلی کو ایک غیر نسل بنانے میں اُن کی تائید فرما رہے ہیں۔اسی قسم کے لوگ یہ کہہ دیا کرتے ہیں کہ بنی امیہ اور بنی ہاشمؑ ایک ہی خاندان کی دو شاخیں تھیں۔اگر خدانخواستہ معاذ اللہ ایسا ہوتا اور بنی امیہ نسلِ اسماعیل علیہ السلام سے ہوتے تو یقیناً نسل اسماعیلی پر اس طرح کھلّم کُھلّا ھاتھ صاف نہ کیا جاتا۔اس لئے کہ یہ علمائے انساب بنی امیہ کے وظیفہ خوار وملازم تھے۔خاندان بنی امیہ اُن کی کھال اُتار لیتا۔لیکن اُن سب کا نسل اسماعیل کو خلط ملط کرنے میں حضرت شبلی تک متفق ہونا، اس بات کا بولتا ہوا بلکہ چیختا ہوا ثبوت ہے کہ یہ سب ماشاءاللہ اسماعیلی نسل کے بنیادی اور روزِازل سے دشمن تھے۔اور اُن کا نسل اسماعیل سے کوئی تعلق نہیں تھا۔وہ اس لئے مختلف اور متضاد روایات کی ہمت افزائی کر رہے تھے کہ اس اُلٹ پلٹ، ادل بدل اور

الحاق واخراج کے ہنگاموں میں جس خاندان اورنسل کو چاہیں بنی اسماعیل کہہ کر پیش کر دیں اور جس خاندان کو چاہیں اسماعیلی نسل سے خارج کر دیں اور کسی کو کوئی اعتراض نہ ہو سکے۔

(2) بنی اسماعیل برابر نشانہ بنائے جاتے رہے

سید سلیمان صاحب نے ایک نسلی مخمصہ اور الٹ پلٹ کا جھگڑا لکھنے کے بعد اپنا فیصلہ یوں سنایا ہے کہ:۔

''لیکن ہمارے نزدیک قبیلہ ہمدان، قبیلہ اشعر اور بعض دیگر قبائل کا قحطانی الاصل ہونا مشکوک ہے۔قبیلہ قضاعہ،خزاعہ اور لخم کو تو عموماً محققینِ انساب نے اسماعیلی وعدنانی کہا ہےخزاعہ کو، حدیث صحیح میں ہے کہ، آنحضرتؐ نے بنی اسماعیل کہا، اَوس وخزرج کا اسماعیلی النسب ہونا بھی بخاری کی حدیث سے ثابت ہے۔اور خود اَوس وخزرج کو بھی اس کا دعویٰ تھا۔بنی کندہ کے شاعر خود اپنے کو معد (یعنی بنی اسماعیل) کہتے ہیں۔غسان کا بھی اسماعیلی ہونا شعرائے عرب کے کلام سے ثابت ہے۔اصل یہ ہے کہ عام علمائے انساب کو صرف تین سلسلے معلوم تھے۔(1)عرب بائدہ (2)قحطانی سبا اور (3)اسماعیلی قیدار (عدنان) اس بنا پر جب کسی قبیلہ کی نسبت یہ ثابت ہو جاتا تھا کہ وہ بائدہ اور عدنانی نہیں ہے،تو لامحالہ اُس کو قحطانی فرض کر لیتے تھے۔حالانکہ توراۃ اور تاریخ کی رُو سے عرب میں (عرب بائدہ، قحطانی اور اسماعیلی کے علاوہ) اور بہت سے سلسلے ثابت ہیں۔'' (ارض القرآن جلد اوّل صفحہ 272-271)

اس بیان سے عرب کے علمائے انساب کی معلومات کا نہایت حقیر و نا قابل اعتبار ہونا دلیل قطعی کے ساتھ ثابت ہے۔چند سطور کے بعد سید صاحب علمائے حدیث کو بھی بے اعتبار قرار دیتے ہیں۔اس لئے کہ وہ غریب بھی علمائے انساب کی پھیلائی ہوئی روایات کو لکھنے پر مجبور تھے ملاحظہ ہو:۔

(3) علمائے انساب اور علمائے حدیث کا نسلِ اسماعیلؑ میں گڑ بڑ کرنا

''اس نکتہ کے سمجھنے کے بعد یہ عُقدہ خود بخود حل ہو جاتا ہے کہ بعض علمائے انساب وعلمائے حدیث خود قحطان کو بنی اسماعیل کیوں کہتے ہیں؟ امام محمد اسمٰعیل بخاری کا میلانِ طبع بھی اُدھر ہی نظر آتا ہے (یعنی وہ کسی وجہ سے قحطانیوں کو اسماعیلی بنا دینا چاہتے ہیں)۔چنانچہ انہوں نے صحیح بخاری میں ایک باب ''نِسبَة الیمن اِلٰی بنی اسماعیلؑ'' مستقل باندھا ہے۔علمائے انساب میں زبیر بن بکار کی اور ابن اسحاق کی بھی یہی روایت ہے،علامہ ابن حجر بھی فتح الباری شرح صحیح بخاری میں اسی پہلو کو راجح قرار دیتے ہیں۔اس مبالغہ میں اصل حقیقت صرف یہ ہے کہ بعض قحطانی شاخیں اسماعیلی ہیں۔اور یمن میں سکونت کے باعث یا کسی اور سبب سے اُن کو قحطانی فرض کر لیا گیا ہے۔'' (ارض القرآن۔جلد اوّل صفحہ 272)

(4) یہاں تک کی گفتگو اور قبائل کا نتیجہ

یہاں سلسلہ کلام کو روک کر قارئین چند باتیں نوٹ کر لیں۔سب سے پہلی اور اہم ترین بات تو وہی ہے کہ عرب کے علمائے انساب اور علمائے حدیث چند نامعلوم اسباب کی بنا پر نسلوں اور خاندانوں میں گڑ بڑ کرتے رہے ہیں اور یہ گڑ بڑ زیادہ تر نسل اسماعیل کو

مشکوک کرنے کیلیئے کی جاتی رہی ہے۔یعنی وہ کچھ لوگوں کواسماعیلی ہوتے ہوئے قحطانی بنادینا چاہتے ہیں اور کچھ قحطانیوں کواسماعیلی بناتے اور بتاتے رہے ہیں۔دوسری بات یہ کہ جناب محمد اسماعیل بخاری اوراہلسنت والجماعت کی سب سے معتبر حدیث کی کتاب بخاری اوراس کی شرحیں اورعلمائے انساب مل کر کچھ قحطانی قبیلوں کواسماعیلی بنانے پر پورا زور لگاتے ہیں۔تیسری بات یہ ہے کہ بعض قحطانی شاخیں جو پہلے قحطانی مشہور کردی گئی تھیں یا حقیقتاً قحطانی تھیں،ان کواسماعیلی بنانے کی کوشش سید صاحب کے خیال میں اس لئے کی گئی ہے کہ وہ یمن میں رہتے تھے۔یعنی ملک یمن میں سکونت رکھنا بھی قحطانی یا پھراسماعیلیوں کی شناخت ہے۔چوتھی بات یہ ہے کہ وہ لوگ جن کوانصار کہا جاتا ہے جورسولؐ اللہ کومکہ سے مدینہ لائے اوردن رات اسلام کی نصرت کی۔وہ دونوں قبیلے یعنی اَوس اور خزرج بھی یقیناً رسولؐ اللہ کے ہم نسب اسماعیلی تھے۔یہ بات خاص طور سے برابر یاد رکھیں۔اس لئے کہ اس سے تاریخ پر ڈالے ہوئے کئی پردے اُٹھ جائیں گے۔پانچویں بات یہ کہ قبیلہ قضاعہ کواسماعیلی مانتے ہوئے قحطانیوں میں شمار کیا گیا ہے۔

اب ہم عرض کرتے ہیں کہ مندرجہ بالاصورتِ حال یہ یقین پیدا کرنے کیلیئے کافی ہے کہ علمائے انساب اورعلمائے حدیث وتاریخ جس گروہ کے طرفدار ووظیفہ خواراورتنخواہ دار تھے وہ گروہ ہرگز اسماعیلی نہ تھا۔بلکہ وہ سب کے سب قحطانی تھے۔مگر نبوت ورسالت چونکہ بنی اسماعیل میں تھی اوراُس میں حصہ نہ مل سکتا تھا اسلیئے اسماعیلی بن جانا بہت ضروری تھا۔لہٰذااس حاکم گروہ نے تمام اہل قلم اوردانشورانِ قوم کو اس فہم میں اپنے ساتھ شامل کرلیا کہ جس طرح ہو سکے نسل ابراہیم و اسماعیل میں شمار کیا جائے۔لہٰذا قلم اور زبان و ذہن مصروف ہوگئے۔قدیم کہانیاں اوراشعار گھڑے گئے،روایات چسپاں کی گئیں،یاد کرنیوالوں اوراشاعت کرنیوالوں کیلیئے وظائف اور بجٹ مقرر ہوئے۔درسگاہوں نے کام شروع کیا اورتین سوسال کی محنت سے وہ ڈھانچہ بنا کر کھڑا کر دیا جسے آج اسلامی لٹریچر کہا جاتا ہے۔اورہم جس کی اوورھال (OVER HAUL) کرتے چلے آتے ہیں۔یہ بھی کام آنے والی بات ہے کہ یمن سے اسماعیلیوں کا خاص رشتہ ہے۔یہی وہ علاقہ ہے جہاں سے تحریک تشیّع کی بھرپورامداد جاری رہی۔(دیکھئے کتاب ''**مذہب شیعہ،ایک قدیم تحریک وہمہ گیرقوت**'')

یہ بات بھی ناقابل فراموش ہے کہ علمائے عرب،عرب کی سینکڑوں نسلوں اور ہزاروں قبیلوں کو یہ کہہ کر غائب کر دینا چاہتے ہیں کہ وہ ظہورِاسلام سے پہلے ہی صفحۂ ہستی سے یکسر مٹ گئی تھیں اورصرف اسماعیلی اورقحطانی اورعرب بائدہ باقی رہ گئے تھے۔یاکُل یہی تین اقوام عرب کی اقوام تھیں۔اس انکاراوراقرار سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ یہ منکرین اُن کے وجود کواپنے لئے خطرناک سمجھتے ہیں۔کہیں ایسا تونہیں کہ یہ قوم اُن ہی اقوام کے باقیات کی مخلوط نسل ہو؟ اوراسماعیلی بن جانے کے لئے اپنا راستہ صاف کررہی ہو۔

(5) علمائے انساب جن اقوام کوغائب کرنا ضروری سمجھے

قبل اس کے کہ ہم اُن عرب اقوام وقبائل کے نام اوردیگر تفصیلات لکھیں۔یہ عرض کردیں کہ خدا نے کبھی کسی قوم کے تمام افراد کو تباہ وبرباد نہیں کیا۔بلکہ ہرقوم کے اچھے لوگوں کومحفوظ رکھااورقوم نوحؑ اس کی مثال ہے۔لہٰذا یہ ایک فریب ہے کہ فلاں قوم یا قبیلہ قطعاً ختم ہو گیا تھا یا ہوجائے گا۔یہ بات دوسری ہے کہ وہ قوم اور وہ قبیلہ کسی دوسری قوم یا قبیلہ میں مدغم ہوجائے اور بھول جائے کہ وہ کس قوم و قبیلے سے تعلق رکھتا ہے۔یا یہ کہ اُسے معلوم تو ہومگر قومی بدنامی کی بنا پر اپنا قبیلہ یا اپنی قوم نہ بتائے۔جیسے آج کل کوئی بھی یہ نہیں کہتا کہ وہ اولادِ

یزید وشمر یا معاویہ یا عمر بن سعد یا مروان سے ہے۔ حالانکہ یہ سب اولادیں موجود ہیں۔ مگر اب وہ ایک وسیع لفظ قریشی کی پناہ میں پوشیدہ ہیں۔ اور چونکہ اچھی اقوام بھی اب تو شجرہ نسب نہیں لکھتیں لہٰذا سیّدوں کے علاوہ اس دستور کو بھی دقیانوسی سمجھ لیا گیا ہے۔ اور مشکل سے ایسے چند لوگ ملیں گے جن کو اپنے دادا یا پردادا سے آگے کے نام معلوم ہوں۔ لہٰذا اس بھری دنیا میں اب شجرہ نسب کو حماقت سمجھا جانے لگا ہے۔ حالانکہ ایک آدمی کو اپنے شجرہ نسب میں صرف اپنی اولاد کے چند نام کا اضافہ کرنا پڑتا ہے۔ اور یوں صحیح نسب اور نسبی حالات مرتب و مدوّن ہوتے چلے جاتے ہیں۔ چونکہ رسولؐ اللہ کا خاندان برابر شجرہ برقرار رکھتا چلا آ رہا تھا۔ اور عرب کے کسی خاندان میں شجرہ مرتب کرتے رہنے کا دستور نہ تھا۔ ہندوستان کی طرح رئیسوں کے گھروں پر میراثی یا بھانڈ آتے اور فلاں بن فلاں بن فلاں کی ایک راگنی الاپتے اور صرف چند موٹے موٹے نام لے کر سخاوت وشجاعت کی من گھڑت یا صحیح داستان کے صدقہ میں چند پیسے لیتے اور دوسرا دروازہ کھٹکھٹاتے۔ جس قوم کا شجرہ یوں چلا ہو اور جن کا دارومدار پیسوں اور بھانڈوں پر ہو وہ جب چاہے جس سے چاہے الحاق کر سکتی ہے۔ ہر نیا بھانڈ نئے ناموں کا اضافہ کر سکتا تھا۔ بیوی کے ساتھ آئے ہوئے بچے، گھر کے پلے ہوئے غلام، جہاں بیٹے بنا کر خاندانوں میں شامل کر لینے کا رواج ہو وہاں شجرۂ طیبہ کی دال کیا گلتی۔ وہ تو وہ زمانہ تھا۔ ہمارے دیکھتے دیکھتے لوگ پہلے علوی بنے پھر سیّد بن گئے۔ اب ذرا وہ سلسلہ سامنے لائیے جس سے ملک عرب کی اقوام اور شجروں کا پتہ چلے اور عرب کے مؤرخین کی کارگزاری معلوم ہو جائے۔

(الف)۔ عرب کی اقوام، مؤرخین عرب کے نزدیک چار ہزار سال کی تاریخ

جناب علامہ سید سلیمان ندوی سامی اُمتوں کی تفصیل کے بعد عرب مؤرخین کے مسلّمات لکھتے ہیں:۔

"اُممِ سامیہ کی جو تفصیل اوپر بیان ہوئی اسکی بنا پر اُممِ سامیہ اُولیٰ سے مقصود وہ قدیم سَامی قبائل ہوں گے، جو عرب کے سب سے پہلے اور ابتدائی باشندے تھے اور مختلف اغراض سے یہاں سے نکل کر بابل، مصر اور شام وغیرہ کے ملکوں میں پھیلے۔ عرب مؤرخین اُن کو اُمم بائدہ یعنی برباد ہو جانے والے قبائل کہتے ہیں۔ کہ وہ اپنے ملک عرب سے نکل کر برباد ہو گئے۔ یا انقلابات وحوادث سے مٹ گئے۔ بعض لوگ ان کو عرب عاربہ (خالص اور غیر مخلوط عرب) کہتے ہیں کہ وہ عرب کے خالص اور غیر مختلط النسل باشندے تھے۔ اور نیز یہودیوں کی غلط پیروی میں اُنکو عمالق بھی کہا گیا ہے۔ اہل عرب اپنے ان قدیم ہموطنوں کا ایک ایک کر کے ہر قبیلے کا نام بتاتے ہیں۔ اُن میں سے عاد، ثمود، جرھم، لحیان، طسم اور جدیس وغیرہ مشہور قبائل ہیں۔" (ارض القرآن۔ جلد اوّل صفحہ نمبر 124)

اس بیان سے ظہور اسلام کے وقت عاد وثمود، جرھم، لحیان اور طسم وجدیس اقوام کا مٹ جانا مان لیا گیا ہے جو بہت بڑا جھوٹ ہے اور ہم یہ جھوٹ کھول کر دکھانے والے ہیں۔

(ب)۔ اُممِ سامیہ یا عرب بائدہ کی مزید تفصیلات

علامہ ندوی صاحب نے (ارض القرآن میں) بڑی تفصیل سے مندرجہ بالا اقوام وقبائل کے حالات لکھے ہیں جن میں سے ہم ضروری حالات نوٹ کر کے آپ کو دکھاتے ہیں:۔

(1)۔ عاد سب سے بڑا اور سب سے وسیع قبیلہ تھا۔ اور تمام عرب بائدہ میں قوت حاکمہ تقریباً اسی کو حاصل تھی۔" (جلد اوّل صفحہ 124)

(2)۔عربوں کی روایت کے مطابق عرب پر اور عرب سے باہر بابل اور مصر میں یہ عظیم الشان حکومت کا بانی تھا۔ (صفحہ 124)

(3)۔تحقیقاتِ جدیدہ نے فیصلہ کیا ہے کہ عرب کے تمام قدیم باشندے یعنی (اُمم سامیہ) ایک کثیر الافراد باعظمت جمعیت تھی۔جس نے بابل ومصروشام میں بڑی حکومتیں قائم کیں۔ (ارض القرآن۔جلداوّل صفحہ 126)

(4)۔قوم نوح کی بربادی کے بعد عرب میں جوسب سے پہلی مقتدر اور حکمران جماعت ظہور پذیر ہوئی،قرآن کی زبان میں اسی کا نام عاد ہے۔ (ارض القرآن۔جلداوّل صفحہ 127)

(5)۔عاد مسیح سے دو ہزار سال قبل مصرو بابل پر قابض تھے۔اوران کا نام اس زمانہ میں چوپان یا ہیک سوس (چرواہے بادشاہ یعنی بدوی بادشاہ) تھا۔(ارض القرآن۔جلداوّل صفحہ 127)

(6)۔عاد کی مرکزی آبادی،عرب کے بہترین حصے یمن وحضرموت میں سواحل خلیج فارس سے حدود عراق تک تھی۔دراصل حکومت کا مرکز ملک یمن تھا۔لیکن خلیج فارس کے کنارے کنارے وہ عراق تک وسیع تھی۔جس سے نہایت آسانی سے وہ راہ معلوم ہوسکتی ہے جدھر سے قوم عاد عرب سے عراق میں اور عراق سے دیگر ممالک میں پھیلی۔ (ارض القرآن۔جلداوّل صفحہ 130)

(7)۔بیرون عرب عاد کا زمانہ 4000 ق م سے 1900 قبل مسیح تک بابل مصر اور دیگر ممالک میں۔ (ایضاً صفحہ 132)

(8)۔عاد ہی میں سے عمالیق ہیں۔یہ متعدد قومیں ہیں جوملکوں میں منتشر ہوگئی تھیں اور انہی میں سے مصرو بابل کے بادشاہ ہیں۔(ایضاً صفحہ 132)

(9)۔عاد اور عمالیق عراق کے بادشاہ ہوگئے تھے(ابن خلدون)۔کہا جاتا ہے کہ یہ لوگ بابل سے جزیرہ عرب میں اس وقت چلے آئے جب بنوحام نے اُنکی مزاحمت کی،یہ لوگ عراق سے نکلنے کے زمانہ میں بنوحام کے بادشاہ سے بھاگ کر حجاز چلے آئے۔(صفحہ 133)

(10)۔ مصر کے فرعون عمالیق میں سے تھے۔اُن ہی میں سے حضرت ابراہیمؑ کا فرعون تھا۔ان ہی میں سے حضرت یوسفؑ کا فرعون تھا اوراُن ہی میں سے موسٰیؑ کا فرعون تھا۔ (ارض القرآن۔جلداوّل صفحہ 146 اور معجم یاقوت حموی)

(11)۔مورخ طبری اور ابن خلدون اور مصری مؤرخین کی سندات سے دو ہزار سال قبل عرب چرواہوں یاھیک سوس بادشاہوں کی حکومت مصر پر ثابت کی ہے۔ (ارض القرآن۔جلداوّل صفحہ 148-147)

(12)۔مصر کے بادشاہ کا نام اسیس ہے جوقرآن میں عزیز ہے۔ (ایضاً صفحہ 149)

(13)۔حضرت ابراہیمؑ کو بادشاہ مصر نے اپنی بیٹی دی تھی۔ان واقعات سے نسبی تعلق کا پتہ چلتا ہے۔(ایضاً صفحہ 150-149)

(14)۔یوسفؑ کی تاکید کہ اُن کے بھائی بادشاہ سے خودکو چرواہے بتا کر تعارف کرائیں۔ (ایضاً صفحہ 150)

(15)۔تاریخ یعقوبی سے لکھا کہ اس کے بعد عمالقہ میں سے ایک اور بادشاہ ہوا جس کا نام ریان بن ولید تھا۔وہ حضرت یوسفؑ کا فرعون ہے۔پھر حضرت موسٰیؑ کا فرعون بادشاہ ہوا جس کا نام ولید بن مصعب ہے۔(ایضاً صفحہ 152)

(16)۔اسماعیلیوں کی ماں ہاجرہؓ مصری تھیں۔حضرت اسماعیلؑ کی بیویؑ بھی مصریہ تھیں۔حضرت یوسفؑ کو دربارِ مصر تک پہنچانے والے اسماعیلی تھے۔(ایضاً صفحہ 153)

(17)۔حضرت یوسفؑ کے عہد میں جو قحط پڑا تھا۔اس وقت یمن کی شہزادی جو عادو عمالیق سے تھی ،غلّہ منگوایا تھا۔(صفحہ 153)

(18)۔ان کی سلطنت کا نام ہیک سوس کی سلطنت ہے۔یہ بادشاہ چرواہے بادشاہوں کے نام سے مشہور ہیں۔اسلامی تاریخوں میں ان کا نام عمالقہ ہے۔ (ارض القرآن۔جلداوّل صفحہ 156)

(19)۔علامہ نے یہاں تک پوری تحقیق کا خلاصہ نمبر دے کر گیارہ حقائق میں پیش کیا ہے جو ہمارے نزدیک مندرجہ بالا جملوں کی تصدیق مزید ہے۔ (ارض القرآن۔جلداوّل صفحہ 159-158)

(20)عرب سامیہ کا اسیریا۔ایران فینیقیہ،قرطاجنہ،کریٹ اور یونان تک جانا۔بسنا اور قوت حاصل کرنا۔(صفحہ 162-160)

(21)۔اسیرین نسلاً عرب تھے۔ (ارض القرآن۔جلداوّل صفحہ 161-160)

(22)۔سامی عربوں نے یعنی عرب بائدہ نے ہزار برس ایران پر حکومت کی۔ (ایضاً صفحہ 161)

(23)۔اسلامی مؤرخین کی رو سے ضحاک یمن کے بادشاہ کا نام تھا(صفحہ 161)۔اور یہی ضحاک وہ تھا جس نے ایران فتح کیا اور حکومت قائم کی اور وہ یہی یمن ہے جس کا باشندہ ہونا قحطانی یا اسماعیلیوں کی شناخت ہے۔

(24)۔ایران پر عرب بائدہ نے 600 ق م تک حکومت کی۔(ارض القرآن۔جلداوّل صفحہ 161)

(25)۔اسیریا پر امم سامیہ جن کا ذکر ہوتا چلا آرہا ہے اور جن کو برباد کرنے کی اسکیم تھی۔وہ 600 قبل مسیح تک ایران کے حاکم اور 600 ق م تک اسیریا کا حاکم رہنا ثابت ہے۔(ایضاً صفحہ 161)

(26)۔فنیشی اہل عرب ہیں۔یورپ تک تجارت کرتے تھے۔(ایضاً صفحہ 161)

(27)۔قرطاجنہ : جہاں اب تونس ہے وہاں پر بھی فنیش یا ارامی عربوں کی آبادی ہے جس کو اب کارتہج کہتے ہیں۔ان آرامی عربوں نے عظیم الشان حکومت کی بنیاد ڈالی۔جس سے رومۃ الکبریٰ کی حکومت بھی لرز گئی۔(ایضاً صفحہ 162-161)

(28)۔یونان میں وہی سامی عرب آباد ہوئے۔یونان کے علوم اُنہی کا ورثہ ہیں قوم معین نے یہاں حکومت کی۔(صفحہ 162)

(29)۔قوم عاد اور قرآن کی ذیل میں عاد زبردست عظیم الشان کثیر التعداد قوم ساری دنیا کی تہذیب کی بانی اور عبرت انگیز تھی۔

(ارض القرآن۔جلداوّل صفحہ 163)

(30)۔عادارم بن سام سے تھے۔بے نظیر قوم۔(ایضاً صفحہ 163)

(31)۔ھود پیغمبرؑ عاد کی طرف مبعوث ہوئے تھے۔(ایضاً صفحہ 166)

(32)۔عام طور پر مشہور ہے کہ عذاب کے بعد قوم عاد میں پھر کوئی زندہ نہ بچا۔یہ غلط خیال قرآن کی اُن آیات سے سمجھا گیا ہے (پھر آیات لکھیں)۔(ایضاً صفحہ 176)

(33)۔عذاب سے بچ جانے والوں (سورہ نجم میں عاد اولیٰ کی ہلاکت ہے) کو عاد ثانی قرار دیا گیا ہے۔(ایضاً صفحہ 176)

اس کے بعد علامہ کی سرخی اندرونِ عرب ہے یعنی عرب کے اندر قوم عاد کا حال۔

(34)۔مندرجہ بالا تمام جملوں کیلئے فرمایا کہ یہ اُن قبائل کی سرگزشت تھی جو ملک سے باہر جا کر آباد ہوئے ،خود اندرونِ ملک میں بھی بہت سی قومیں رہ گئی تھیں۔جن میں ثمود سب سے زیادہ مشہور اور جن کی ترقی کا زمانہ عاد اولیٰ کے بعد ہے،امم سامیہ کا جو حصہ باہر سے شکست کھا کر پھر عرب واپس آیا۔اس نے ڈیڑھ سو برس یہاں بھی اپنے عروج کو قائم رکھا۔اُس کی صحیح مثال مسلمانوں کی ہے۔فتنہ تاتار کے بعد بھی کئی سو برس تک وہ جیتے رہے۔لیکن اُن کی رُوح اُسی دن مر چکی تھی۔ بہر حال خواہ باہر سے منہ زمانہ واپس آ کر یا خود عرب میں رہ کر جن قبائل نے اندرون ملک میں حکومتیں قائم کیں وہ یہ ہیں۔'' (ایضاً صفحہ 177)

(35)۔حضر موت سے عراق تک عاد ثانیہ۔عرب میں حجاز سے حدود سینا تک ثمود۔ یمامہ میں طسم وجدیس۔یمن میں اہل معین۔

(ارض القرآن۔جلد اوّل صفحہ 177)

(36)۔عاد اولیٰ کے باقیات میں سے حضرت ھودؑ اور اُن کے صحابہ اور جناب لقمان اور اُن کی حکومت ہے۔(ایضاً صفحہ 177)

کئی کئی سو برس کی عمر کا مطلب نسلوں میں اُن کی حکومت ہے۔(ایضاً صفحہ 178-177)

(37)۔حضرت لقمان عاد کے بیٹے اور شداد کے بھائی تھے۔(عرب کا سب سے پہلا مورخ اپنی کتاب التیجان میں لکھتا ہے)

(ارض القرآن۔جلد اوّل صفحہ 178)

(38)۔لقمان یمن کے باشندے اور ایک قبیلے کے مالک تھے۔اُن کا صحیفہ حکمت عرب میں موجود تھا اور لوگ اس کو پڑھتے تھے۔

(ایضاً صفحہ 179)

(39)۔عاد کا ایک کتبہ جو 1834 عیسوی میں ملا تھا۔اس پر لکھا ہے کہ؛

شریعت ھودؑ:۔ہم پر وہ بادشاہ حکومت کرتے ہیں جو کمینہ خیالات سے بہت دُور اور شریروں کو سزا دینے والے تھے۔اور ھودؑ کی شریعت کے مطابق ہمارے واسطے پیدا ہوتے تھے۔اچھے فیصلے ایک کتاب میں لکھے جاتے تھے۔ (ایضاً صفحہ 180-179)

(40)۔ اُن فیصلوں کو لقمان کی کتاب قرار دیا ہے۔(ایضاً صفحہ 180)

(41)۔ کتبہ مندرجہ (39) پورا لکھا ہے (صفحہ 182 پر)۔آخری حصہ شامل کر لیں۔یعنی اچھے فیصلے ایک کتاب میں لکھے جاتے تھے۔

اور ہم معجزات کا یقین رکھتے تھے۔قیامت کے راز اور نتھنون کے راز پر ایمان تھا۔(ایضاً صفحہ 182)

(42)۔ یہ کتبہ معاویہ کے زمانہ میں پڑھا گیا تھا۔(ارض القرآن۔جلد اوّل صفحہ 183)

(43)۔ یونانی وعربی تاریخ اور بطلیموس کی رو سے قوم عاد کا وجود دوسری صدی عیسوی تک ثابت ہے۔(ایضاً صفحہ 184)

(44)۔ عاد کے بعد شہرت اور سیاسی جانشینی ثمود کو حاصل ہے۔(ایضاً صفحہ 185)

(45)۔ قوم ثمود کے پیغمبر صالحؑ تھے۔(ایضاً صفحہ 188)

(46)۔ قوم ثمود اور عاد کے صالحین کو اللہ نے اپنی سنت کے مطابق محفوظ رکھا۔(ارض القرآن۔جلد اوّل صفحہ 194)

بقایائے ثمود کو ثمود ثانیہ کہتے ہیں۔ (ارض القرآن۔جلد اوّل صفحہ 195)

(47)۔ بطلیموس نے 140 عیسوی میں ثمود کے وجود و حالات لکھے ہیں۔(ایضاً صفحہ 196)

(48)۔ قوم ثمود انباط(نبطیوں) کے پہلو میں آباد تھی۔(ایضاً صفحہ 197)

(49)۔ قوم ثمود کے تین ہزار جنگجو بہادر تھے بادشاہ قیصر روم جسٹینین کی فوج میں داخل تھے 483ء سے 565ء تک۔
(ارض القرآن جلد اوّل صفحہ 197)

(50)۔ اولاد مدین یعنی اہل مدین نے ثمود کے علاقے فتح کر لئے۔کچھ نبطیوں نے چھین لئے اسلیئے وہ روم کے طرف دار تھے۔
(ارض القرآن جلد اوّل صفحہ 197)

(51)۔ قبیلہ جرھم 2200 (دو ہزار دو سو) قبل مسیح میں جب حضرت اسماعیلؑ حجاز مکہ میں آئے تو یہ یہاں رہتے تھے(ایضاً صفحہ 198)

(52)۔ بعض نے امم سامیہ اولی میں سے کہا بعض نے قحطانی کہا۔بعض جرھم اولی و جرھم ثانیہ کی صورت نکال کر اوّل کو امم سامیہ اور دوم کو قحطانی قرار دیا۔(ایضاً صفحہ 198)

(53)۔ حقیقتاً جرھم قحطانی نہیں امم سامیہ اولیٰ کی قوم ہے جو مکہ میں حضرت اسماعیلؑ سے ملی تھی۔(ایضاً صفحہ 199)

(54)۔ یہ کہنا بھی صحیح ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی شادی امم سامیہ کے خاندان جرھم میں ہوئی اور یہ بھی صحیح ہے کہ حضرت اسماعیلؑ کی بیوی مصر سے تعلق رکھتی ہے۔''(ایضاً صفحہ 200) یعنی مصر میں بھی امم سامیہ کا راج تھا۔

(55)۔ ظہور عہد اسلام میں جرھمیوں کی جمعیت باقی نہ تھی۔تاہم اس کے منتشر افراد باقی تھے۔عبید ابن شریہ جرھمی ایک شخص اس زمانہ میں یمن میں موجود تھا۔وہ آنحضرتؐ کے ہاتھ پر اسلام لایا تھا۔حضرت معاویہ کے زمانہ میں زندہ تھا اور اُن کے حکم سے عہد قدیم کی تاریخ اور داستانیں اس کی زبانی قلمبند کی گئیں۔(ایضاً صفحہ 200)

(56)۔ طسم و جدیس یمامہ میں آباد تھے۔بحرین۔عمان میں پھیلے ہوئے تھے۔یہ قوم عاد کے چھوٹے چھوٹے قبیلے تھے۔پہلے حکومت طسم کے ہاتھ میں تھی۔عملوق بادشاہ کے مظالم سے جدیس کی ایک عورت عردس نے مہم چلائی۔شاہ یمن کی مدد سے اس عورت اور جدیس کی مہم کو طسم نے دبا دیا اور یوں دونوں قبیلوں میں پھوٹ پڑ گئی اور ملک غیروں کے ہاتھ میں چلا گیا(صفحہ 201)

(57)۔ اہل معین دراصل قوم عاد ثانیہ سے ہیں۔800 قبل مسیح ان کا ذکر اسفار یہود میں 200 قبل مسیح یونانی مؤرخ ذکر کرتا ہے۔
79 عیسوی پھر 80 عیسوی اور پھر 140 عیسوی میں بھی ان کا وجود ہے۔(ایضاً صفحہ 205-204)

(58)۔ معینی یا قوم عاد کی حکومت یا بادشاہان کا زمانہ 1400ق م سے 700ق م تک تھا۔فرنچ اور انگریز محققین کے نزدیک 800ق م سے شروع کرتے ہیں۔(ایضاً صفحہ 208)

(59)۔ معین قوم یا قوم عاد کا آخری زمانہ یونانی شہادتوں کی بنا پر سو برس قبل مسیح تک قائم تھا۔پہلی صدی میں بھی ایک دو لفظ ملتے ہیں۔لیکن زیادہ تر قوم سبا کی عظمت سے یہ روایات پُر ہیں(صفحہ 211)اس سے ثابت ہوتا ہے کہ معین قبیلہ قوم سبا میں مدغم ہو گیا تھا۔

(60)۔ 196ق م کا یونانی مؤرخ معین قوم کا وجود بیان کرتا ہے۔(ایضاً صفحہ 211)

(61)۔ یونانی مؤرخ قوم سبا کا وجود 196ق م میں لکھتا ہے۔حضر موت کا وجود بھی ساتھ ہی ساتھ مانتا ہے۔(صفحہ 212)

(62)۔ مورخ پلینی کی رو سے قوم معین 79ق م تک موجود مگر سبا کے مقابلہ میں گم نام ہو چکی تھی۔(ایضاً صفحہ 213)

(63)۔ سبا کے مقابلہ میں پہلی صدی عیسوی تک موجود مگر شہرت نہ تھی۔(ارض القرآن۔جلداوّل صفحہ 213)

(64)۔ 200ق م سے 200ء تک قوم معین تاجر کی صورت میں موجود تھی۔(ارض القرآن۔جلداوّل صفحہ 216)

(65)۔ قوم معین وثمود کے بادشاہوں کا ذکر عرب کے نسابوں مؤرخوں کو معلوم نہیں لیکن علمائے آثار نے تئیس (23) بادشاہوں کے نام ثابت کر دئے ہیں۔(ارض القرآن۔جلداوّل صفحہ 217-216)

(66)۔ قوم معین عرب سامیہ اولی یا عاد اولیٰ کی بقایا نسل تھی۔(ارض القرآن۔جلداوّل صفحہ 218)

(67)۔ بنی لحیان کو عربوں نے جرہم کی ایک شاخ بتایا ہے ابن خلدون بھی یہی کہتا ہے۔(ایضاً صفحہ 218)

(68)۔ امم سامیہ کا طبقہ ثانیہ بنو قحطان یا یقطان یا جقطان۔حجاز سے یمن تک بنو قحطان آباد تھے۔(قحطان کے تیرہ بیٹے۔صفحہ 222)

(69)۔ عرب نساب قحطان کے تیرہ بیٹوں میں سے صرف یارح حصار موت اور سبا سے واقفیت ظاہر کرتے ہیں(صفحہ 222)

(70)۔ بنو شلف بن قحطان حجاز میں آباد تھے۔المو داد کی نسل سواحل بحر فارس پر۔ہدورام کی نسل نے حجاز کی سمت اختیار کی اور بنو شلف کی طرح حجاز مدینہ اور کوہ ذامس کے اطرف میں آباد ہوئے۔حضر مہ کی نسل یمن میں۔اوزال کی نسل وسط یمن میں۔وقلاہ کی نسل یمن میں۔عوبال کی نسل کا پتہ نہیں ملتا۔ابی مائل حجاز کے آس پاس آباد ہوئے۔اوفر کی نسل یمن کے سواحل پر۔حویلہ کی نسل یمن میں شمالی جانب آباد ہوئی۔یوباب کی نسل یمن کے جنوب میں آباد ہوئی۔یارح اور حضر موت اور سبا کا ذکر مستقل ہے۔(ارض القرآن۔جلداوّل صفحہ 224-222)

(71)۔ <u>یارح یا یعرب</u>۔عربوں کے نزدیک تمام اہل یمن کو یارح کا قبیلہ بتاتے ہیں۔اور شبا یا سبا کو بھی یعرب کا بیٹا سمجھتے ہیں۔اور یہی رائے ہمارے یہاں متفقاً تمام علمائے ادب وانساب کی ہے۔(ایضاً صفحہ 225)

(72)۔ یمن کا سب سے پہلا بادشاہ یعرب تھا۔سب سے فصیح عربی اُس سے منسوب ہے۔عربوں نے یعرب کیلئے غلط اولادیں لکھی ہیں۔(ایضاً صفحہ 226-225)

(73)۔ فرزندان حضر موت اکثر برباد ہو گئے جو بچے وہ قبیلہ کندہ میں مل گئے۔(ایضاً صفحہ 229)

(74)۔ اسلام کے بعد حضر موت قبیلے کے لوگ تجارت جہاز رانی کرتے رہے۔(ایضاً صفحہ 229)

(75)۔ جاوا سماٹرا حیدر آباد دکن وغیرہ میں یہ نسل موجود ہے۔(ایضاً صفحہ 229)

(76)۔ حضر موتی قبیلہ کی رشتہ داری قوم معین سے تھی۔لہٰذا معینی حضر موتیوں میں مدغم ہو سکتے تھے۔(ایضاً صفحہ 231)

(77)۔ قوم سبا امم قحطانیہ کی سب سے مشہور شاخ ہے۔(ایضاً صفحہ 233)

(78)۔ عرب روایت کے مطابق اس جدّ قبیلے کا نام عمر عبد شمس ہے اور لقب سبا تھا۔(ایضاً صفحہ 233)

(79)۔ تمام مؤرخین اور اہل نسب نے عبد شمس سبا کو قحطان کا پوتا لکھا ہے۔(ایضاً صفحہ 234)

(80)۔ قوم سبا ظہور اسلام کے وقت موجود تھی۔(ارض القرآن۔جلد اوّل صفحہ 237)

(81)۔ بنو کہلان کیا قحطانی ہیں۔قحطان کے دو بیٹے حمیر اور کہلان۔(ارض القرآن۔جلد اوّل صفحہ 271)

(82)۔ کہلان کا قبیلہ ایک خواب کی بنا پر سد مارب کے بہاؤ سے بچنے کے لئے حجاز، یمن، نجد، بحرین، عمان، یمامہ، مدینہ، عراق اور شام میں جا کر آباد ہو گئے۔(ارض القرآن۔جلد اوّل صفحہ 271)

(83)۔ کہلان کے مختلف قبائل کہاں کہاں آباد ہوئے۔یمن میں ہمدان اور اشعر۔نجد میں کندہ اور قضاعہ۔حجاز میں خزاعہ (مکہ)، اوس وخزرج (مدینہ)۔عمان میں ازد۔شام میں عاملہ، غسان۔عراق میں لخم، جزام۔(ایضاً صفحہ 271)

(84)۔ یہی جگہ ہے جہاں عربوں نے کئی اسماعیلی قبائل کو قحطانی بنایا ہے۔(ایضاً صفحہ 272-271)

(85)۔ قوم سبا کے تیسرے اور چوتھے طبقوں میں اقوام تُبّع اور اصحاب اخدود، ان سکو قوم حمیر کہا جاتا ہے۔(ایضاً صفحہ 273)

(86)۔ جب حمیری قبیلوں نے قوت وحکومت پر قبضہ کر لیا تو سبا کے برسر اقتدار قبائل سمٹ کر مغربی عرب یعنی یمامہ، حجاز، عراق اور شام کے علاقوں میں آ بسے اور رزق ومعاش کے حصول میں کوشاں ہو گئے۔(ایضاً صفحہ 273)

(87)۔ خاص طور پر یہ نوٹ کرنے کی بات ہے کہ حمیری قبائل کی تمام شاخیں قوم سبا ہی کی شاخیں اور قبائل ہیں۔جو انہیں الگ الگ اقوام قرار دیتے ہیں وہ غلط کار ہیں۔(ایضاً صفحہ 273)

(88)۔ قوم سبا کی حمیری شاخ کی عربوں پر حکومت پچاس سال قبل مسیح سے شروع ہو کر 525 عیسوی پر ختم ہوتی ہے (ایضاً صفحہ 277)

(89)۔ قحطانی اقوام کے لئے عربوں نے تسلیم کیا کہ فرزندان قحطان میں سے سب سے پہلے جو بادشاہ ہوا وہ حمیر بن سبا ہے۔یہ آخر وقت تک بادشاہ رہا تا آنکہ بڈھا ہو کر مر گیا۔پھر حکومت اس کی نسل میں وراثتاً جاری رہی۔اور اُن کے ہاتھ سے نہیں نکلی۔ تا آنکہ چند صدیاں گزر گئیں پھر حارث الرائش بادشاہ ہوا جو پہلا تبع بادشاہ ہے۔اُس سے پہلے دو بادشاہ ہوتے تھے۔ایک سبا میں اور ایک حضر موت میں۔تمام یمنی ایک کی اطاعت پر متفق نہ ہوتے تھے۔لیکن جب یہ بادشاہ ہوا تو اُس کی بادشاہی پر متفق ہو گئے پھر اُس کی اطاعت کر لی اس لئے اُس کا لقب تُبّع ہوا۔ (صفحہ 278)

(90)۔ **اہل حبش**۔عربی میں حبش کے معنی اختلاط وامتزاج کے ہیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ایک مخروج النسل اور مختلط النسب قوم تھی اسی قسم کا ایک قبیلہ مکہ کی پہاڑیوں میں آباد تھا۔عرب اس کو بھی احابیش کہا کرتے تھے۔(صفحہ 299)

(91)۔ بہرحال سبائی قومِ عرب نے اولاد حام بن نوحؑ کی افریقی شاخ سے اختلاط وامتزاج سے جو نئی قوم پیدا کی اس کا نام عربی زبان میں قوم حبش ہے۔" (ایضاً صفحہ 302)۔ان ہی کو اصحاب الفیل کہا گیا ہے۔(ایضاً صفحہ 298)

(92)۔ اسلام کی عمر ابھی چھ سال کی ہوئی تھی کہ ستر آدمیوں نے ملک حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی۔(ایضاً صفحہ 301)

(93)۔ ابرھہ نے پورے ملک عرب اور قوم سبا کو زیر کیا۔ سد مارب کی دوبارہ تعمیر کی، ایک کلیسا بنا کر اس کا نام کعبہ رکھا، چاروں طرف عیسائیت پھیلادی، مکہ پر حملہ کیا۔(صفحہ 313-309)

(94)۔ چار ہزار قبل مسیح کے بعد جب قوم عاد کی بابلی حکومت ختم ہوگئی اور بڑے حاکم خاندان حجاز واپس چلے آئے تو اسی زمانہ میں باقی قوم عاد کے عوام یا خواص نے بنو حام میں شادی بیاہ اور اختلاط شروع کر دیا تھا۔ جس کے نتیجہ میں حبش قوم وجود میں آئی اور جہاں جگہ ملی آباد ہوتی پھیلتی چلی گئی۔

(95)۔ مدینہ 2200 قبل مسیح سے لے کر 1600 قبل مسیح تک کسی زمانہ میں قوم عمالقہ نے آباد کیا۔ جو کہ مصر کی حکومت چھن جانے کے بعد مدینہ میں آباد ہونے والے سب سے پہلے لوگ تھے۔(ارض القرآن۔ جلد اوّل صفحہ 99-98)

(96)۔ اولادِ حضرت اسماعیلؑ نے مکہ میں اقتدار حاصل کیا۔ ان کی پیشوائی برابر جاری رہی۔ یہاں تک کہ قبیلہ قحطان کے مختلف خاندان مکہ اور گردونواح پر قابض ہوگئے اور بنی اسماعیل سے بالا دستی چھین لی۔ حتّٰی کہ جناب قصیؑ نے از سر نو اقتدار حاصل کیا۔ (ارض القرآن۔ جلد اوّل صفحہ 99)

(97)۔ قصیؑ قریش کا پدرِ اعلیٰ تھا۔ آخر زمانہ میں یہاں کے مالک قریش تھے۔(ارض القرآن۔ جلد اوّل صفحہ 98)

جو لوگ آخر زمانہ میں مکہ اور کعبہ کے مالک تھے ان کا پتہ لگانے کے لئے ہی تو یہ عنوان لکھا جا رہا ہے۔(اس کی تفصیل کے لئے عنوان نمبر 11 ملاحظہ فرمائیں جو آگے آنے والا ہے۔)

(98)۔ ظہور اسلام کے وقت بنو قحطان اور بنو اسماعیل جن کو عدنانی قبائل بھی کہتے ہیں ملک عرب کے اصلی باشندے تھے۔" (سیرۃ النبیؐ صفحہ 107)

(99)۔ علامہ شبلی کی تحقیق کے مطابق ظہور اسلام کے وقت مکہ و مدینہ اور دیگر عرب کے شہروں میں حسب ذیل خاندانوں کی کھچڑی موجود تھی:۔(سیرۃ النبیؐ صفحہ 109-107)

اوّل : بنو قحطان کی شاخیں

نمبر 1: قبیلہ قضاعہ	نمبر 2: قبیلۂ کہلان	نمبر 3: قبیلۂ اُزد حمیر (لقب)
بنو کلب	بنو بجیّلہ	بنو اُزد
بنو تنوخ	بنو خثعم	بنو اوس
بنو جرم	بنو ہمدان	بنو خزرج
بنو جہینہ	بنو کندہ	بنو خزاعہ
بنو نہد	بنو مذحج	بنو غسان
بنو عذرہ	بنو طے	بنو دُوس

بنواسلم	بنولخم	
بنوبلی	بنوجذام	-
بنوسلیح	بنوعاملہ	-
بنوضجعم	-	-
بنوتغلب	-	-
بنونمر	-	-
بنوتیم اللات	-	-

دوم: بنوخندف کی شاخیں

1۔بنوتیم	2۔بنوہون	3۔بنوکنانہ	4۔رباب ، 5۔بنوہذیل، 6۔بنواسد، 7۔بنوضبہ، 8۔بنومزنیہ
بنومقاعس	بنوقارہ	بنودول	-
بنوقریع	-	بنوقریش	-
بنوبہدلہ	-	-	-
بنویربوع	-	-	-
بنوریاح	-	-	-
بنوثعلبہ	-	-	-
بنوکلیب	-	-	-

سوم: بنوقیس کی شاخیں

1۔بنوہوازن	2۔بنوغطفان	3۔بنواعصر	4۔بنوعدوان، 5۔بنوسلیم
بنوسعد	بنوعبس	بنوغنی	-
بنونصر	بنوذبیان	بنوباہلہ	-
بنوجیثم	بنوفزارہ	-	-
بنوثقیف	بنومرہ	-	-
بنوسلول	-	-	-
بنوعامر	-	-	-
بنوہلال	-	-	-
بنومیر	-	-	-
بنوکعب	-	-	-

(100) ۔ علامہ شبلی نے عربوں کے اس سرمایہ کا تذکرہ کیا جس سے عربوں نے آئندہ چل کر وہ تاریخ لکھی جس پر ہم قطعاً اعتبار نہیں کرتے اس پر نظر ڈال لیں:۔

اوّل۔ زمانہ جاھلیة کی بعض تصنیفات جو سلاطین حیرہ کے کتب خانے میں محفوظ تھیں اور جو ابن ہشام کو ہاتھ آئی تھیں۔ اور جن کا ذکر علامہ نے کتاب التیجان میں کیا ہے۔ (سیرۃ النبیؐ۔ جلد اوّل صفحہ 106)

دوم۔ زبانی روایتیں جو قدیم سے چلی آرہی تھیں۔ (سیرۃ النبیؐ۔ جلد اوّل صفحہ 106)

سوم۔ اشعار جاہلیت۔ جن میں سے اکثر سلاطین واقوام اور عمارات عرب کا ذکر ہے۔ (سیرۃ النبیؐ۔ جلد اوّل صفحہ 106)

(6)۔ پانچ ہزار سالہ تاریخ کو تین سوسالہ حکومت نے اُلٹا کر کھڑا کر دیا تھا

گزشتہ صفحات نہایت پھیکے اور خشک تاریخی حقائق کا ضروری خلاصہ تھے اور اُن کے بغیر بات تو کی جا سکتی تھی۔ لیکن بعض اذہان میں اطمینان پیدا نہ ہوتا۔ اس لئے قارئین کو بڑی زحمت کا سامنا کرنا پڑا۔ پھر بھی آپ شکر کریں کہ آپ کو چند ہزار صفحات کے بجائے چند صفحات پڑھنا پڑے۔ یہ ایک صد (100) جملے تو وہ ہیں جو مسلمانوں کے مؤرخین کے مسلّمات میں سے انتخاب کئے گئے ہیں۔ ورنہ اگر دنیا کے حقیقی محققین و مؤرخین کے مسلّمات سامنے رکھ لئے جائیں تو باطل کے تمام قلعے مسمار ہو جاتے ہیں۔ بہر حال اس انتخاب سے بھی حق کی کافی تائید حاصل ہوتی ہے۔ اور جب اُن ایک سو مسلّمات کو بیک نظر دیکھا جاتا ہے تو حسب ذیل حقائق مشرکانہ پردوں سے باہر نکل آتے ہیں اور رنگ محفل قطعی طور پر بدل جاتا ہے۔ اور وہ سازش برہنہ ہو جاتی ہے جسے دنیا کے مدبرترین دانشوروں نے اسلام کے خلاف برپا کی تھی۔ اور جس قدر سابقہ ریکارڈ موجود تھے سب غائب اور تباہ کر دئے گئے۔ جس پر قرآن کریم بھی گواہ اور ہماری مندرجہ بالا ایک سو شہادتوں نے بھی ثابت کیا ہے۔ اس سلسلے کی آخری شہادت علامہ شبلی کے قلم سے لکھی گئی ہے (شہادت نمبر 100)۔ ذرا سوچئے کہ ابن ہشام دوسری صدی کا ایک مصنف ہے جو تیسری صدی کے اوائل میں وفات پاتا ہے۔ اسے تو شاہان حیرہ کی تصنیفات مل جاتی ہیں لیکن اس سے پہلے نہ کوئی دو سو سال تک اُن کتابوں کا ذکر کرتا ہے نہ وہ کتب خانہ کسی اور کو ملتا ہے۔ یہ بات خود ثابت ہو جاتی ہے کہ اگر شاہانِ حیرہ جو سابقہ حکومتوں کے مقابلہ میں نہایت کمزور، بے علم اور گھٹیا لوگ تھے، ایک کتب خانہ ورثہ میں چھوڑتے ہیں تو اُن سے زیادہ دیندار و سمجھدار بادشاہوں کے یہاں اُن سے بہتر کتب خانے کیوں نہ ہوں گے۔ اور وہ سب خود بخود کیوں غائب ہو جائیں گے؟ کہاں چلے جائیں گے؟ اور پھر اُن کتب خانوں میں شاہان حیرہ کا کتب خانہ دو سو سال بعد صرف ابن ھشام کو کیوں مل جائے گا؟ کسی اور کو دو سو سال تک اس کا پتہ کیوں نہ چلے گا؟ اور پھر وہی علامہ شبلی اینڈ کمپنی جو زمانہ تصنیف و تالیف کی اُن ہزاروں روایات کا انکار کرتے ہیں جنہیں مسلمان علما نے کتابوں میں لکھا۔ یا اسلام کے زمانہ میں زبانی روایات سے کتب حدیث میں جمع کیا تو بتائیے کہ ہم کیوں اُن زبانی روایات کو قبول کریں گے جو بقول شبلی اینڈ کمپنی عہد جاہلیت میں زبانی گھڑا جاتا رہا۔ اور ایک سازشی اور حاکم گروہ نے اپنے حق میں تاریخ کہہ کر لکھوا ڈالا؟ بات دراصل یہ ہے کہ جس طرح ہم نے سازش کے اس قلمی انبار کو سامنے رکھا، ٹٹولا، پرکھا اور اُس کی تمام کڑیاں الگ الگ کر کے دکھائیں۔ اور نہ قارئین سے ہماری طرح رابطہ قائم کیا۔ نہ اُن کو اس سازش پر متوجہ کیا نہ اُن سے غور و فکر کی اپیل کی۔

بہرحال ہمارا کام اس سے زیادہ کچھ نہیں کہ تمام متعلقہ حقائق قارئین کے روبرو پیش کر کے اُن پر تمام دنیا کے مسلّمہ قواعد کے مطابق نتائج کو ترتیب دیتے اور حق و باطل کو الگ الگ کرتے چلے جائیں۔ یہ قارئین کا کام ہے کہ وہ حق کو حق سمجھ کر اختیار کریں اور باطل کو باطل سمجھ کر ترک کریں یا نہ کریں۔

چنانچہ ہم عربوں اور اُنکے منصوبے کے خلاف اس حقیقت کو ہرگز فراموش نہ کریں گے کہ جو شاہی خاندان عوام میں مل کر عمداً زیر پردہ چلے گئے تھے۔ اُنکے پاس عرب کی قدیم تاریخ اور سابقہ کتبہائے خداوندی کا ذخیرہ بالکل محفوظ تھا اور عرب کے متعلق صرف اُن ہی کی باتیں صحیح ہوسکتی ہیں اور وہ خاندان وہی ہیں جن پر قرآن نازل ہوا اور سابقہ عالمی تاریخ کا حوالہ دے دے کر زمانہ قدیم و جدید کے انکشافات کئے۔ اور تمام عرب کو چیلنج کیا کہ تمہارے پاس اگر ہمارے ریکارڈ کے خلاف کوئی کتاب ہو تو پیش کرو (فَأْتُوا بِكِتَابِكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ) اگر تم سچے ہو تو اپنی وہ کتاب پیش کرو جس میں تمہارے مسلّمات لکھے ہوئے ہیں (صافات 37/157)۔ وقت آنے پر ہم قرآن کریم سے اس خاندان کے پاس اللہ کی نگرانی میں مرتب کردہ مسلسل ریکارڈ ثابت کرینگے۔ لہٰذا یہ ثابت ہوگیا کہ وہ ریکارڈ جو جناب امیر معاویہ نے عبید ابن شریہ وغیرہ کی زبانی ترتیب دلوایا تھا (شہادت نمبر 55) سراسر غلط اور سازشی ہے اور اس جعلی تاریخ سے جو کچھ مشہور کیا اور تمام دنیا کے مؤرخوں کو مغالطات میں مبتلا کیا وہ حسب ذیل عنوان میں از سرتاپا تاریخی حقائق کے خلاف ہے۔ اور اسکے غلط ہونے پر ایک سو شہادتیں لکھی جا چکی ہیں۔ آیئے اور نئی نئی حقیقتیں دیکھ کر تاریخ کو از سرِ نو مرتب کیجئے اور مشرکین کے مسلّمات کو ٹھکرا دیجئے۔

(7)۔ خانوادۂ حسینؑ نے مشرک تاریخ کا پردہ چاک کردیا

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جن لوگوں کو مخاطب کیا تھا۔ اُن کو جاہل وغیر متمدن وغیرہ قرار دینا ایک سوچا سمجھا فریب ہے۔ آنے والے اہل قلم اور مؤرخین کو اس طرح ابتدا کرنی ہوگی کہ رسولؐ اللہ کے مخاطب اُن لوگوں کے ورثہ دار ہیں جنھوں نے دنیا کو لکھنا پڑھنا سکھایا، دنیا میں علوم وفنون کی ابتدا کی اور تحقیقات علمیہ کو معراج کمال پر پہنچایا تھا۔ یہی وہ لوگ تھے جنھوں نے بابل ویونان اور روم و ایران کو علوم وفنون وتہذیب وتمدن، صنعت وحرفت، سائنس اور سیاست کی روشنی عطا کی۔ اُن پر ہزاروں سال کی حکومت کی، انہیں قوانین وشریعتیں عطا کیں، اصول جہاں بانی اور ضابطہ حکمرانی کے ڈھیر لگا دئے۔ کتابیں لکھیں، کتبات لکھے، قلعے بنائے، پہاڑوں کو تراش کر ایسے محلات تیار کئے جن میں کوئی جوڑ اور تیڑ نہیں تھی۔ ایک سینکڑوں فٹ بلند و وسیع پتھر کو کاٹ تراش کر، کھود کر، عالی شان مکان تیار کرنا سکھا گئے۔ زمین دوز اور فلک بوس اور خود بولنے والی ایک ایسی تاریخ لکھ کر چھوڑ گئے جسے آج کی زبان میں آثارِ قدیمہ کہتے ہیں۔ اور تمام سابقہ تاریخی فریب کا تارپود بکھیر رہی ہے۔ جن کو دنیا میں خدا سمجھ کر پوجا گیا۔ جن میں خدا کے پسندیدہ انبیاءؑ ورسلؑ بھی تھے۔ جن میں مجسم شیاطین بھی تھے۔ فراعنہ مصر بھی اور نمارید بابل بھی تھے۔ مگر نہ ہر فرعون بُرا تھا، نہ ہر نمرود اچھا تھا۔ اُن ہی میں بے نظیر و بے مثال فلاسفر تھے۔ لاجواب ماہرین قوانین وسیاسیات و مذہبیات تھے۔ ان ہی کے اندر ابلیس سے رابطہ رکھنے والے مجتہدین بھی تھے۔ اُن ہی میں وحی و علوم خداوندی کے حاملین تھے۔ اُن ہی میں وہ صاحبانِ علوم تھے جن پر براہِ راست شیطانی وحی اور نوازشات نازل ہوتی تھیں۔ ان ہی میں وہ لوگ تھے جنھوں نے بنی نوع انسان کو بولنا سکھایا، مختلف زبانیں جاری کیں، تصنیف وتالیف سکھائی، کاغذ ایجاد کیا، کتب خانے قائم

کیے،نسلوں اورقبائل کے نسب نامے شجرے مرتب کئے اور دنیا میں اعلیٰ درجے کی نسلیں تیار کرنے کا انتظام کیا اور ساری دنیا پر چھا جانے والے افراد تیار کئے۔اُن ہی میں وہ لوگ تھے جنہوں نے نسلوں کو مخلوط کیا، دوغلی نسلیں تیار کیں۔ بنی آدمؑ میں تفریق کو مٹانے کے لئے تمام نسلوں کو خلط ملط اور گڈ مڈ کر کے طبقہ واریت کو مٹانے کا کام کرتے رہے۔اُن لوگوں کو قرآن کریم نے ہر جگہ مخاطب کیا ہے۔اُن کی جنسی بے راہ روی کی مذمت کی ہے۔اُن کے نظام شرکت واجتہاد کا منصوبہ واضح کیا ہے۔اور جو کچھ وہ کرنے والے تھے یا کر رہے تھے،اس کی تفصیلات پہلے سے مسلمانوں کو بتا دی تھیں۔

(8)۔ مشرکین عرب نے عرب کی اقوام وقبائل اور خاندانوں میں چار سوبیس کی ہے

ایک سوشہادتوں سے یہ حقیقت ثابت ہوگئی ہے کہ رسولؐ اللہ کے مخاطبوں میں جناب حام اور سام کی ہرنسل اور ہر قبیلے اور ہر خاندان کے لوگ موجود تھے۔یعنی اُن میں امم سامیہ یا عاد اولیٰ؛ عاد ثانیہ؛ثمود اولیٰ؛ثمود ثانیہ؛قبیلہ جدیس اور طسم وقحطان وسبا اور اُن کی تمام شاخوں کے افراد،سنت اللہ کے مطابق،مسلسل بلاانقطاع نسل،موجود رہتے ہوئے آنحضرتؐ کے مخاطب قرار پائے۔مشرک تاریخ کا یہ کہنا غلط ثابت ہوا کہ ظہور آنحضرتؐ کے وقت صرف نسل اسماعیل علیہ السلام باقی اور چند اکا دُکا لوگ قحطان اور عدنان کے بھی باقی تھے۔انہوں نے یہ چاہا ہے کہ مکہ معظّمہ کے تمام باشندوں کو نہیں تو کم ازکم اُن کی کثرت کو نسلِ اسماعیل سے ثابت کر دیا جائے۔حالانکہ مکہ میں جن لوگوں کی کثرت تھی وہ سب کے سب قحطانی یا جرہمی قبائل کی شاخوں کے لوگ تھے۔اور جناب اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں گنتی کے مشہور لوگ موجود تھے۔ اُن کی تعداد متعین کرنے کے لئے سب سے واضح طریقہ یہ ہے کہ جس قدر لوگ تین سال تک شعب ابوطالبؑ میں محصور ومجبور رکھے گئے۔اُن کے علاوہ کوئی بھی جناب قصی علیہ السلام کی اولاد میں سے نہ تھا۔جس طرح مشرک تاریخ نے تمام عرب بائدہ کا مٹ جانا،تمام جرہمی قبائل کا ختم ہو جانا دکھایا ہے اُسی طرح ہم نے مندرجہ بالا ایک سوشہادتوں سے یہ ثابت کر دیا ہے کہ مشرک تاریخ سر سے پیر تک نہ صرف جھوٹی ہے بلکہ مکر وفریب کا ایک ایسا پلندہ ہے جس میں سے صرف وہی باتیں قابلِ قبول ہیں جو مشرک منصوبے کے خلاف ہوں۔ساری دنیا جانتی ہے کہ کبھی بھی کوئی قوم یکسر فنا نہیں ہوئی۔ بلکہ اُس کے صالح افراد ہمیشہ باقی رہے۔اور وہ تمام لوگ مٹتے چلے گئے جو نا قابل اصلاح تھے۔قرآن اس پر گواہ ہے۔حضرت ھودؑ اور جناب صالحؑ ایسے پیغمبر علیھما السلام اس کا زندہ ثبوت ہیں۔قانون ارتقا یعنی بقا للاصلح روزانہ مشاہدہ کے لئے موجود ہے۔لیکن مشرک منصوبہ بلا تکلف یہ راگ الاپتا چلا گیا کہ فلاں فلاں اقوام یکسر فنا ہوگئیں اور صفحہ ہستی سے مٹ گئیں۔تاکہ وہ اپنے مشرک راہنماؤں کو اولاد اسماعیلؑ بنا سکے۔ ہوتا یہ رہا ہے کہ قوم عاد نے اقتدار حاصل کیا اور اس کے دانشوروں نے تمام معلومہ ممالک میں پھیل کر اپنی حکومتیں قائم کیں۔مقدر آزما قسم کے خاندان بھی عرب سے باہر نکلے۔اپنی حکومتوں کے زیر سایہ دوسرے ممالک میں آباد ہوئے۔مملکتی فوائد ورعایات سے مالا مال ہوئے،بڑھے، پھلے اور پھولے۔ جب اقتدار نے ظلم وجبر کی راہ اختیار کی تو مظلوم اقوام وقبائل،خواہ حاکم قوم سے تھے یا دیگر اقوام سے،سب مل کر انقلاب کیلئے اُٹھے۔اُدھر ظلم وجبر نے پوری شدت اختیار کی۔عسکری طاقت نے مخالف کا سر کُچلنے میں جب سارا زور لگا دیا تو تھک کر انقلاب کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے۔حاکم طبقہ چن چن کر،ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر تلوار کے گھاٹ اتار دیا گیا۔قوم کے سر برآوردہ لوگوں پر بھی مصائب آئے۔حاکم قوم

کی کثرت جہاں جہاں آباد تھی اُس نے سر جھکا کر نئے انقلاب کی اطاعت کی۔عوام جہاں جہاں اور جس جس ملک میں تھے پہلے ہی وہاں کے باشندہ اقوام وقبائل میں گھل مل گئے تھے۔محکوم اقوام نے حاکم قوم سے فائدہ اُٹھانے کیلئے اُن سے رشتہ داریاں قائم کر لی تھیں۔اُن کے قریب پہنچ کر اُنکے راز معلوم کر لئے۔خفیہ اسکیمیں بنانا اور کامیاب ہونا شروع کر دیا تھا۔رفتہ رفتہ اُنکے خلاف مظلوموں کو بیدار کر دیا تھا۔یہی لوگ تھے جنہوں نے اب نیا انقلاب پیدا کیا۔

اب اسی فطری راہ سے حاکم قوم کے دانشوروں نے چلنا شروع کیا اور اب یہ لوگ جب دوبارہ اقتدار حاصل کر لیں گے تو اُن کا نام عاد اولیٰ کی جگہ عاد ثانیہ ہو جائے گا۔یعنی قوم عاد کی پہلی حکومت فنا ہو کر اب عاد ثانیہ کے نام سے حکمران ہوئی۔اس کا یہ مطلب کہاں ہوا کہ قوم عاد یا عرب بائدہ یا امم سامیہ اولیٰ دنیا سے مٹ گئی؟ مگر مشرکوں نے ہر حکومت کے خاتمے پر ہر حاکم قوم کے فنا ہو جانے کا اعلان کر دیا۔حالانکہ قوم کی کثرت موجود رہتی اور بڑھتی اور مختلف سر برآوردہ افراد کے ناموں سے مختلف قبائل میں پھیلتی چلی آئی۔اسی ایک نسل کا نام کبھی ثمود ہوا، اُسی کو کبھی طسم کہا گیا، وہ جدیس کی شکل میں سامنے آئی۔اسی نے اپنا نام قحطانی رکھا، کسی درجہ میں وہی جرہمی تھے۔اسی قوم نے مختلف قومی یا شخصی ناموں سے دنیا بھر پر حکومت کی۔وہی قوم مختلف لوگوں کی بداعمالیوں سے مختلف ناموں کے ساتھ بدنام ہوئی، کبھی ذلیل وخوار ہوئی، کبھی نشانہ عذاب خداوندی بنی۔دنیا کی تماشہ گاہ میں تاریخ کے پردہ پر وہی قوم ہیرو بن کر آئی۔غلام کی صورت میں نمودار ہوئی۔ظالم وجابر کے روپ میں جلوہ افروز ہوئی۔مسند نبوت وخلافت کی آن بان اور شان سے چمکی۔دعوائے خدائی کرتی ہوئی دکھائی دی۔بُرے لوگ یا ذلیل کر دئے جانے والے لوگ نام آور اقوام وقبائل وافراد کے پاس مظلوموں، بے کسوں اور بے سہارا لوگوں کی صورت میں حاضر ہوئے۔اور دن رات خدمت کی۔خلوص ووفاداری کے حقیقی یا مصنوعی ثبوت فراہم کئے۔اُسی قوم یا قبیلے یا اُن ہی افراد کی اقوام وقبائل کے افراد کہلانے لگے۔اُن ہی ایسے نام رکھے۔بعض ہمیشہ وفادار واحسان مند رہے۔بعض نے اُن ہی اقوام وقبائل وخاندانوں کے نام رکھتے ہوئے اپنے سرپرستوں سے حسب موقعہ غدّاری کی اور زمام اقتدار سنبھال لی۔یہ غدر ووفا، یہ مکر ودغا مسلسل جاری رہا، رہتا چلا گیا۔ظالم وجابر لوگ ذلیل وخوار ہو کر دور دراز علاقوں میں نکل جاتے۔نام بدلتے، میک اپ کرتے، بہروپ بدلتے۔اپنی خباثتوں کو صبر وشکر کا نام دیکر تہہ در تہہ پردوں میں چھپاتے اور کسی عالی نسب، رحم پرور، بامذہب، ہمدرد خلائق خاندان یا قوم کا سہارا لیتے رہے اور موقعہ ملنے پر نام کے سوا سارے پردے ہٹا کر سامنے آتے۔اور تمام احسانات کو اپنی عقلمندی اور بصیرت کا نام دے کر تمام ممکنہ مظالم کرتے۔احسانات ومظلومی کے سب سے بڑے ہیرو بنی اسماعیلؑ ہیں۔اور ظلم وخباثت کی سب سے بڑی مثال کربلا ہے۔جو اچھائیاں ساری دنیا کی اقوام نے اجتماعی صورت میں کیں وہ تمام اور اُن پر اضافہ خانوادۂ حسینؑ نے تنہا کیا اور جو مظالم دنیا کی ساری اقوام وقبائل وخاندان وافراد پر ہوئے وہ تمام اور کچھ اضافہ کے ساتھ حسینؑ اور خانوادۂ حسینؑ پر ہوئے۔

اور سب سے بڑا ظلم اور ہمیشہ کے لئے جاری رہ سکنے والا ستم یہ کہ تاریخ کا رُخ موڑنے کے لئے ایک مسلسل اسکیم چلائی گئی۔مخالف اقوام وقبائل اور خاندانوں نے اپنا انفرادی اور اجتماعی سارا زور، پوری قوت، ہمہ قسمی بصیرت، ہر مکر وفریب، ہر جعلسازی اور ہر دغابازی اس اسکیم پر صرف کر دی۔اُنہوں نے اپنے محسنوں کے ساتھ کیا کیا؟ یہ قرآن سے لکھا جانا چاہئے۔محسنوں نے اُن کے ساتھ کیا

کیا؟اور کیا کرنے کا ارادہ رکھتے تھے؟ قرآن کریم گواہی دے گا۔مخالفین اور بے وفا لوگ ہمیشہ بیٹا بن کر دغا کرتے رہے۔ یہاں تک کہ قرآن نے جھٹک کر اس راستہ کو آئندہ کے لئے بند کر دیا۔محمدؐ تمہارے لوگوں میں سے کسی ایک کا بھی والدنہیں ہے (احزاب۔33/40) تم لوگ اُس کے بیٹے نہیں ہو۔اس سورہ کا نام ہی اقوام وقبائل و خانوادوں کی جمعیت کو ظاہر کرنے کے لئے احزاب رکھا گیا ہے۔ ہماری کتاب ''**اسلام اور جنسی تعلقات**'' کی بنیاد اسی سورہ کی تفاصیل پر رکھی گئی ہے۔ یہ سورہ خانوادہ حسین علیہ السلام کوعرب کے دیگر قبائل کے اختلاط سے پاک کرتی ہے۔اُسی میں آیت تطہیر ہے۔قرآن میں جونمبراس سورہ کوملا ہے(33) وہی نمبر آیت تطہیرکو دیا گیا ہے تا کہ یاد رکھنے میں سہولت ہو یعنی ''**33/33**'' کوئی نہیں بھول سکتا۔یہی سورہ ہے جس میں اس خانوادہ کی مستورات کو قیامت تک کے لئے غیر جنس پر یعنی اس خانوادے کے علاوہ باقی تمام اقوام و قبائل و خانوادوں اور افراد پر حرام کر دیا گیا (احزاب۔33/53)۔یہی سورہ ہے جس نے حسین اور خانوادہ حسین علیھم السلام کی معزز مستورات کوتمام باقی خانوادوں کی ماں کا درجہ دے کر آئندہ اُن سے جنسی تعلقات کی تمام راہیں بند کر دیں۔اور اس طرح اولا د حضرت اسماعیل علیہ السلام کی کریم وعظیم ترین شاخ کو اُس اختلاط والحاق وتلبیس کی تمام صورتوں سے محفوظ کر دیا۔اس سورہ کواوّل سے آخر تک پڑھیں تو حزب الشیطان کے تمام گروہوں کی کمر ٹوٹی ہوئی ملے گی۔مگر ساتھ ہی ساتھ یہ بھی نوٹ کرلیں کہ اس سورہ کے نزول یا اعلان کے بعد ہی سے مشرکین نے اپنی مہم کو تیز تر کر دیا۔اور کوشش کی کہ خانوادۂ رسولؐ کی عظمت و بزرگی ہی کو نہیں بلکہ اُس کے وجود کو دنیا سے مٹا دیا جائے۔یہی سورہ تھی جس کے نزول یا اعلان کے بعد ماہرین سیاسیات و مذہبیات نے وہ منصوبہ تیار کیا جس کا ایک نتیجہ کربلا میں نمودار ہوا۔اختلاط نسل تو اوپر سے چلی آرہی تھی۔اب نسلی رقابت کا پردہ ڈال کر اور قرآن و رسولؐ کے تصورات کے خلاف تصورات رکھنے اور اقتدار وحکومت حاصل کرنے کا الزام لگا کر اس خانوادے کے خلاف محاذ آرائی شروع ہوگئی۔یہیں سے گزشتہ وآئندہ تاریخی جعلسازیوں کی ابتدا ہوئی۔

(9)۔ تاریخی دباؤ سے جولوگ خانوادۂ رسولؐ کی آڑ میں پوشیدہ تھے برسرِ پیکار ہوگئے

اُنہوں نے کہا کہ عرب کی تمام ظالم و جابر و حاکم نسلیں تباہ ہوگئی تھیں۔عرب میں جہلا و جہالت کے ڈیرے لگے ہوئے تھے۔ یہاں نہ کوئی شریعت تھی نہ خدا کا نام لیا جاتا تھا نہ عرب میں کوئی نبیؑ گزرا تھا نہ یہاں کوئی خدائی کتاب موجود تھی۔عرب کے اس دور کوایام جاہلیت قرار دیا گیا۔لیکن ہم نے ایک سوشہادتوں سے یہ ثابت کر دیا کہ عرب گہوارہ علوم وفنون تھا۔یہاں شریعت کے احکام بادشاہان عرب کی سطح سے نافذ ہوا کرتے تھے۔یہاں الہامی کتابیں موجود تھیں۔یہاں سے قوانین ساری دنیا میں پھیلائے گئے۔یہاں مسلسل بلا انقطاع حکومتیں قائم رہتی چلی آئی تھیں۔حتّٰی کہ آنحضرتؐ نے بادشاہانِ عرب کوخطوط لکھے اُن کے پاس وفود بھیجے۔اُن کے ممالک میں پہلی ہجرت کے لئے مسلمانوں کواُن کی پناہ میں بھیجا۔مشرک گروہ نے کہا کہ نہ عرب کبھی حکومت سے واقف ہوئے تھے نہ محکوم رہے تھے۔ایک سادہ زندگی بسر کرنے والی وحشی اور بدوی قوم تھے۔یہ سب سورہ احزاب کے بعد تیار کی جانے والی کہانیوں کی تمہید ہے۔انہیں کتنا بھروسہ تھا کہ کوئی اُن کی خودساختہ داستان پرحرف گیری نہ کرے گا۔اس لئے جہاں یہ لکھا کہ اُمم سامیہ اولیٰ اور قحطانی وسبائی اقوام مٹ چکی تھیں وہاں یہ بھی مان لیا کہ وہاں قبیلہ جرہم مکہ میں اُس وقت آباد تھا جب حضرت ابراہیم، جناب اسماعیل اور جناب ہاجرہ (سلام اللہ علیھم) کومکہ

میں چھوڑ گئے تھے۔اور محققین کی ایک سوشہادتوں سے ثابت ہو چکا ہے کہ بنو جرہم ہوں یا بنو قحطان ہوں، اہل سبا ہوں یا عاد وثمود کی اقوام ہوں، یہ سب کے سب عموماً حجاز و مکہ و مدینہ میں مستقلاً آباد رہتے چلے آئے اور اقوام کے برسر اقتدار خاندان، خاندانی حکومتوں کے زوال پر مکہ و مدینہ ہی کی طرف بھاگ آتے اور سابقہ باشندگان میں مدغم ہوتے چلے جاتے رہے۔ یہاں تک کہ آخری زمانہ کی سبائی وحمیری حکومتیں یا حیرہ وغیرہ کے صاحبان اقتدار کا رُخ بھی حجاز ہی کی طرف رہتا تھا۔اور آنے والے قبائل گوھزیمت کھا کر اس علاقہ میں آتے تھے مگر حاکم قوم ہونے کی بنا پر اُن کے پاس وسائل وقوت بہر حال مکہ کے باشندوں سے زیادہ ہوتی تھی۔اس لئے اکثر آنے والے کعبہ کے متولی خاندان کو برطرف کر کے خود کنجیاں سنبھال لیتے تھے۔ یہ کام مکہ میں بار بار اور ہر انقلاب پر ہوتا رہا۔لہٰذا مشرک تاریخ کی یہ بات بھی غلط ہے کہ مکہ اور کعبہ پر ابتدائی زمانہ سے ظہور اسلام تک حضرت اسماعیل علیہ السلام کا خاندان حاکم یا مسلسل برسر اقتدار رہتا چلا آیا تھا، ہرگز نہیں۔ بلکہ بار بار اور کئی بار بنو اسماعیل سے یہ اقتدار چھینا جاتا رہا۔ بلکہ کئی دفعہ خاندان حضرت اسماعیلؑ کو مکہ چھوڑ کر ادھر اُدھر پناہ لینا پڑی۔اور جب حالات سازگار ہو گئے تو انہوں نے واپس آکر اپنا اقتدار بحال کیا۔ چنانچہ جناب قصی علیہ السلام قدیم دور کی آخری مثال اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دور جدید یا ظہور اسلام کی اوّلین مثال ہیں۔جنھوں نے خانوادۂ اسماعیل کے دشمنوں سے بزور بازو اقتدار حاصل کیا۔مگر ان دونوں (سلام اللہ علیہما) نے اپنے قحطانی اور جرہمی مخالفوں پر ظلم واستبداد نہیں کیا۔انہیں معاف کیا، پناہ دی اور ان کی خطاؤں اور پرفریب اسکیموں کو بطور اصلاح حال اپنے رحم وکرم کے پردوں سے ڈھانک دیا۔لیکن وہ حضرات تو نہ اللہ کے احکام کے بغیر قدم اُٹھاتے تھے، نہ بات کرتے تھے اور نہ اپنی ذاتی وقومی وخاندانی مصالح کی رُو سے فیصلہ کر سکتے تھے۔ وہ ظالم و جابر کو معاف کرتے رہے۔لیکن اُن کے احسانات کو ظالم و جابر اپنی حکمت عملی کے نتیجہ پر محمول کرتے رہے۔ سازشیں اور جوڑ توڑ کرتے رہے اور موقعہ پا کر ہر جائز و ناجائز مظالم و جبر وستم کرتے رہے۔ مگر ہم نہ نبی ہیں نہ معصوم، نہ الہام ہوتا ہے نہ ہم پر وحی ہوتی ہے اور نہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہم پر کوئی منصبی جبر عائد ہے۔لہٰذا ہم اُن ظالموں، غاصبوں اور فریب سازوں کے جرائم پر کیوں پردہ ڈالیں۔ہم کیوں نہ اُن کی قبل از ضرر رسانی جڑیں نکال لیں۔ہم اُن کے ساتھ اور اُن کی راہ چلنے والوں کے ساتھ وہ تمام سلوک کریں گے جو انبیاؑ و معصومین علہیم السلام کے شایان شان نہ تھا۔اُن کے فریب کو ایسے فریب سے باطل کریں گے جو بے پناہ ہو۔اُن کے مکر کا توڑ اس مکر سے کریں گے جو صرف ہمیں خَیـرُ الْمٰکِرِیْن (آل عمران 3/54) اور امکر الناس (نہج البلاغہ) سے ملا ہے۔ہم انہیں قبل وقوعِ جرم سزا دیں گے۔ مہلت کا دور کربلا کے ساتھ ختم ہو گیا تھا۔اُس کے بعد تحریک تشیّع برسر کار ہے۔اُن کے ساتھ رعایت حرام ہے، اُن پر رحم وکرم گناہ کبیرہ ہے۔البتہ عوام الناس اور دیگر اقوام و مذاہب کے لئے تحریک حسینیؑ کی جان و مال سب قربان ہونے کے لئے حاضر ہیں۔

(10)۔ تاریخِ عرب ہی سے نہیں ہمارا موقف تاریخِ عالم وآثار قدیمہ سے بھی ثابت ہے

جس شجرۂ ملعونہ نے تمام انبیا و اوصیا و اولیا اور معصومین علیھم السلام کے خلاف محاذ قائم رکھا، اُس شجرہ کو وجود میں لانے والا بڑا ہی قدیم شخص ہے۔حضرتِ آدم علیہ السلام سے زیادہ قدیم اور زیادہ مشہور یعنی ابلیس جس کا قدیم نام عزازیل تھا۔ یہ وہ شخص ہے جو حضرت آدمؑ کی تخلیق کے وقت تک ہزار ہا سال سے عبادتوں میں مصروف تھا۔مقرب بارگاہِ خداوندی تھا۔ملائکہ کی ہم نشینی اُس کا طُغرائے امتیاز

تھا۔ وہ زبردست توحید پرست تھا۔ غیر خدا کو حتّٰی کہ انبیاؑ کو بھی سجدہ کرنا شرک سمجھتا تھا۔ توحید پرستی کی انتہا یہ تھی کہ اُس نے آدمؑ کو سجدہ کرنے سے بھی انکار کر دیا اور خدا کے حکم کے بعد سجدہ کو شرک سمجھا۔ اللہ نے اس نافرمانی پر اُسے لعنتی اور جہنمی قرار دے دیا۔ اُس نے اللہ کو چیلنج کیا کہ میں آدم کی ذریت یعنی اولاد میں سے اپنے حصہ کے آدمی نکال لوں گا (نسآء۔ 119-4/118) اور ساری نوع انسان کو اغوا کروں گا (صٓ۔ 38/82)۔ اللہ نے اُسے وقت معلوم تک عمر عطا کی۔ تمام ضروری سامان واختیار دیا (بنی اسرائیل۔ 63-17/62)۔ یہی ابلیس وہ شخص تھا جس نے فراعنہ اور نماریدا یسے طاغوت پیدا کیئے۔ جس نے جمہور ساز خوشنما نعرے دے کر نوع انسان کو بغاوت پر اُبھارا۔ حسین مقاصد مگر بدترین اقدامات سکھائے۔ نعرہ یہ کہ نوع انسانی کا معیار زندگی بلند کیا جائے گا، غربت مٹادی جائے گی، خوراک و پوشاک ورہائشی سہولتوں کے انبار لگا دئے جائیں گے۔ مگر نتیجہ اور کام ایسے کہ ایک ایک صوبے سے ہر ہفتہ ایک ایک ہزار انسانوں کے بھوک سے ایڑیاں رگڑ کر مر جانے کی اطلاعات ملتی رہیں۔ دعوائے خدائی کرتے کرتے بغاوت وطغیانی کے سمندر میں ڈوبنا پڑا۔ ابلیس نے جس شجرہ ملعونہ کو معراج کمال پر پہنچایا وہ انبیاؑ کے مقابلہ پر آیا۔ یہاں تک کہ ظہورِ اسلام کے وقت یا یہ کہئیے کہ جب اسلام اپنے معراج کمال پر آیا تو ابلیسی خاندان بھی اپنے منتہائے ترقی پر تھا۔ ابلیس کو مہلت ملنے کے یہ معنی تھے کہ نبیؑ کے مخالفین کو مہلت واختیارات ملتے جائیں تاکہ شیطانی کشتی بھر کر ڈوبے۔ یہ کشتی بار بار ڈوبی۔ کبھی قوم عاد کو عروج پر لیجا کر ڈوبی، کبھی عاد ثانیہ کے سرکشوں کو لے کر ڈوبی، کبھی ثمود وقحطانی کے باغیوں کو لے کر ڈوبی، مگر ابلیس باقی رہا۔ اُس سے مخلوط نسل بڑھتی گئی۔ ایک حزب شیطان ڈوبا تو دو شیطانی گروہ ابلیسی کمین گاہوں سے باہر نکل آئے۔ یہ کمین گاہ انبیا علیھم السلام کے گھروں میں، پیرووں کے لباس میں، عبادتوں کی آڑ میں، دوست داران دین کی صورت میں بنائی جاتی تھیں۔ یہ لوگ اسلام کا کلمہ پڑھتے مگر کفر کی خدمات انجام دیتے۔ یہ لوگ اگر نماز نہ پڑھیں تو دو نقصان۔ ایک نقصان یہ کہ پہچان لئے جائیں گے۔ دوسرا نقصان یہ کہ پیش نماز یا امامتِ نماز، بےنمازی کو کیسے مل سکتی ہے۔ حج نہ کریں تو امیر حج بننے کی امید حماقت ہو کر رہ جائے۔ جس ملک میں اقتدار کے لئے عمدہ نسلی خصوصیات کو سامنے رکھا جا تا رہا ہو۔ وہاں اعلیٰ درجہ کی نسل میں الحاق وانتساب کے بغیر حقِ وراثت وحکومت وامارت کس طرح ممکن ہے؟ لہٰذا ابلیسی گروہ ہر نبیؑ کے اوّلین وسابقین میں شامل ہوتا۔ روزہ اور نماز میں موقعہ شناسی اور دانشوری ملحوظ رکھتا۔ دوسرا ابلیسی گروہ للکار کر سامنے آتا۔ للکارنے والا تباہ ہو جاتا تو اسلامی لباس والا گروہ باقی رہتا اور موقعہ پر اپنے سر پر اقتدار کا تاج رکھ لیتا۔ اور اعلان کر دیتا کہ تاج وتخت واقتدار اُن تمام لوگوں میں مشترک ہے جو انقلاب لانے میں مشترک تھے۔ اس پر کسی خاص خاندان کی اجارہ داری نہیں ہے۔ خاندان نبوتؐ ہو یا خاندانِ اسماعیلؑ ہو وہ سب عام آدمیوں کے برابر ہیں ورنہ وہ مخالفین نوع انسان ہیں۔ یقیناً ایسا اعلان جو خانوادہ ابراہیم علیہ السلام کے خلاف ہو کوئی اسماعیلی نہیں کر سکتا۔ ایسا یا اس قسم کا اعلان کرنے والا بلاشبہ کوئی بھی ہو وہ دشمنانِ خاندانِ ابراہیمؑ واسماعیلؑ میں سے ہوگا۔

اس دشمنی اور نسلی مخالفت پر کسی اور گواہی کی ضرورت نہیں ہے۔ ملک عرب میں تاریخ عالم آثار قدیمہ کی رُو سے ایسی حکومتوں کا سلسلہ برابر جاری رہا ہے جو شریعت خداوندی کو نافذ کرتی تھیں جو شرعی قوانین کی کتابیں تصنیف کر کے رعایا میں پھیلاتی تھیں (شہادت نمبر 41-39)۔ یہ سب اعلیٰ درجہ کی نسلوں میں نسلی حکومتیں ہوتی تھیں۔ ظاہر ہے کہ جو حکومت میں نسلی امتیاز کو ختم کر دے وہ حکمران نسل کا حقیقی

فرد نہیں ہوسکتا۔ وہ اُن لوگوں میں سے یا اُن نسلوں کا ایک فرد ہوسکتا ہے جو اعلیٰ درجے کی نسل کا نہ صرف مخالف بلکہ کسی گھٹیا درجہ کی نسل سے ہو جو حکومت و اقتدار کے لئے ترستی چلی آئی ہو۔ اور جس کے پاس کبھی کسی اعلیٰ درجے کی نسل سے الحاق یا دغا و فریب کر کے حکومت رہی ہو۔ یہ بھی نوٹ کر لیں کہ عرب کی اعلیٰ درجے کی نسلیں ہرگز گھٹیا نسل والوں کو داماد نہ بنایا کرتی تھیں۔ مبالغہ کے طور پر یہ تو کہا گیا ہے کہ مجبوری میں شرفا اپنی لڑکیوں کو دفن کر دیا کرتے تھے۔ اس کے برعکس گھٹیا نسل کے لوگ اقتدار کے لالچ میں اپنی بیٹیاں اعلیٰ درجہ کے لوگوں کو دے دیا کرتے تھے۔ اور خود اپنے پاس سے روپیہ بھی دے دیتے تھے۔ ایسا الحاق کبھی کبھی اقتدار کے لئے ضروری رہا ہے اور کبھی کبھی کامیاب بھی ہوا ہے۔ یہ بھی ہوا ہے کہ اقتدار کے چھن جانے کے بعد جب الحاق اور نفاق کے دروازے بند دیکھ کر عرب کی اقوام دوسرے ممالک کی مخالف اقوام سے ساز باز کر کے اپنی قوم کی برسر اقتدار جماعت کے خلاف فوج کشی کرایا کرتے تھے۔ یا دشمن کی فوج میں ہزاروں کی تعداد میں بھرتی ہو جاتے تھے۔ چنانچہ اقوام عاد و ثمود کے وہ قدیم ترین قبائل جو حکومت و اقتدار سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے برابر اپنی حاکم جماعت کے خلاف غیر مسلم حکومت کی فوج میں شامل عرب پر حملہ آور پائے جاتے ہیں (شہادت نمبر 49)۔ اس سے قوم عاد و ثمود کی موجودگی اور بقا 565 عیسوی تک ثابت ہے۔ یعنی مشرک محاذ کے منہ پر یہ ایک تاریخی گھونسا ہے۔ اور اپنی قوم کے خلاف 483 عیسوی سے 565 عیسوی تک (بیاسی سال، تقریباً ایک صدی تک) سازش اور قطع رحمی ثابت ہے۔ یہاں سے بنی اسماعیل اور خانوادۂ رسولؐ کے خلاف سازشیں اور مکر و غدر و دغا و فریب نا قابل تعجب ہو جاتا ہے۔ یعنی غیر اسماعیلی قبائل کی سنت و عادت ہے کہ محسنین سے مکر و فریب و غدر و ظلم کو جائز سمجھیں۔ اور یہ خبیث سنت و عادت اُن ہی قبائل میں بار پا سکتے ہیں۔ جن میں ابلیس کی جنسی شرکت و مخالطت پوری طرح جاری ہو۔ اور قرآن کی رو سے ابلیس کا حصہ (نسآء۔ 4/118) اور حزب الشیطان بن چکے ہوں۔ یہی اقوام دن رات اپنی نسلیں اور قبیلے بدلتے رہتے تھے۔ کبھی جرھمی بن جاتے، کہیں قحطانی بن کر نظر آتے تھے۔ مکہ میں کثرت اُن ہی کی آباد رہتی چلی آئی تھی (شہادت نمبر 52-53) اور یہی لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مخاطب تھے۔ اُس تمام جھمگٹے کو سازش نے اسماعیلی بنا دیا۔ چونکہ اب اقتدار کا رُخ مڑ چکا تھا اور اقتدار خانوادۂ اسماعیلؑ کے قدم چوم رہا تھا اور انہیں اس نسل و قبیلہ میں داخلے کے بغیر اقتدار کا ورثہ نہ مل سکتا تھا۔ لہٰذا بہت پہلے سے قحطانی و جرھمی اور سبائی قبیلوں نے یہ الحاق اختیار کر لیا۔ جس زمانہ میں یہ الحاق ہوا ہے قوم سبا یہاں غالب اور حاکم تھی۔ لہٰذا اس الحاق پر کوئی معترض نہ ہوسکتا تھا (شہادت نمبر 86 تا 88)۔ اور چونکہ الحاق اور قبیلے میں مدغم ہوتے رہنا مشرکین کا قدیم اور مذہبی دستور تھا (شہادت نمبر 73) اس لئے دوسروں کا بیٹا بن جانا عرب مشرکین میں قابل فخر تھا۔ ایک بات اور یاد رکھیں کہ عبد شمس نام کا ایک عرب معزز شخص تھا جو قحطان کا پوتا تھا۔ اسکی قحطانی نسل و قوم حجاز و مکہ میں بستی تھی۔ لہٰذا بنو عبد شمس کو ہرگز فراموش نہ کریں۔ اس سلسلے کی نہایت اہم بات یہ ہے کہ جس عربی فوج نے مخالف اور غیر مسلم حکومت کے ساتھ مل کر حملہ کیا تھا وہ یہی مخالف قوم تھی جو ظہور اسلام کے زمانہ میں مکہ پر اقتدار رکھتی تھی۔ اور اُس نے جس قبیلے پر حملہ کرایا تھا وہ **نبطی تھا**۔ نبطی ہی وہ قبیلہ ہے جس سے خانوادہ حسینؑ و رسولؐ ہیں۔ اور اب اُن ہی کا ذکر خیر ہوگا۔ چنانچہ خاندان رسوؐل کو جس نے ٹھیک سے سمجھنا ہو وہ آنے والے عنوان کو لفظ بلفظ کلمہ کی طرح پڑھے اور سمجھ کر ایک بہت بڑی اور شرمناک سازش کا پتہ لگائے اور دیکھے کہ نساب و مؤرخ و محدث اور محقق حضرات رسولؐ اللہ کے ساتھ کیا کیا کرتے رہے ہیں۔

(11)۔ اقتدار کے لئے اسماعیلی وقریشی بننے کے لئے خاندانِ رسولؐ کو بھی بدل دیا

آپ کو شاید حیرانی ہوگی کہ عرب کے موٴرخین اور نسابوں نے جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جناب اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں تو رہنے دیا مگر اُن کے شجرہ کو اُسی قدر مشکوک کر دیا جس قدر اُن کے سرپرستوں یعنی حاکموں اور تاریخ لکھوانے والوں کے حسب ونسب اور شجروں میں شکوک وشبہات تھے۔ یعنی ہم تو ڈوبے ہیں صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے۔ اور یہی وجہ ہے اور یہی لوگ ہیں جنہوں نے بعد میں یہ بحثیں نکالیں اور کھل کر کہہ دیا کہ (معاذ اللہ) آنحضرتؐ کے باپ دادا سب اُن کے اپنے باپ دادوں کی طرح کافر وبت پرست تھے۔ یعنی وہ اسماعیلی بن کر بھی خانوادہ رسولؐ اور بنو اسماعیلؑ کے دشمن رہے۔ یعنی برائے نام اور بظاہر اسماعیلی رہے لیکن قلباً اور اقداماً قحطانی اور کہلانی اور سبائی وجرہمی رہے۔ اور جب تک اُن کا اقتدار کسی صورت میں بھی باقی رہا نسل اسماعیل وابراہیم ومحمد علیہم السلام کے فنا کر دینے میں پورا زور اور ساری ابلیسی بصیرت استعمال کرتے رہے۔ یہاں تک کہ تحریک تشیّع نے اُن کی ابلیسی عمارت و امارت وحکومت کو جڑ سے اُکھیڑ کر پھینک دیا۔

(الف)۔ رسولؐ اللہ کا مورث اعلیٰ کون ہے؟ یعنی اسماعیلؑ کا کونسا بیٹا ہے؟

عربوں نے اور عربی موٴرخین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جناب قیدار یا قیذر بن اسماعیلؑ کی نسل میں شمار کیا جو غلط اور محض ایک سازش کا اُلجھاوٴ ہے۔ پھر شیعہ مجتہدین ہی نہیں بلکہ کل تک تمام علمائے شیعہ آنحضرتؐ کو قیداری کہتے اور لکھتے رہے۔ یعنی جو لوگ مخالف گروہوں کی طرف سے تحریک تشیّع کا دھارا موڑنے کی غرض سے شیعہ لبادہ پہن کر لعنت وتبرا کے طوق اپنی گردنوں میں ڈال کر ملت شیعہ میں داخل ہوئے اور رفتہ رفتہ مجتہدین کے ابلیسی لقب سے روشناس ہوئے۔ انہوں نے آنحضرتؐ کے شجرے کو اپنے سرپرستوں کے اشارہ پر ملت شیعہ میں بھی غلط شہرت دے دی۔ چنانچہ قارئین مسلمانوں کے کسی بھی عالم یا کسی بھی مکتب فکر کا لکھا ہوا شجرہ دیکھیں تو پہلی اور عام بات تو یہ ملے گی کہ وہ شجرہ جناب عدنان علیہ السلام پر ختم کر کے یہ لکھ دیا جائے گا کہ اس سے آگے کا شجرہ مشکوک ہے۔ اس میں عرب کے بھانڈ اور موٴرخ ومحدث مشکوک ہیں متفق نہیں ہیں۔ اور اگر کہیں پورا شجرہ لکھا ہوا ملے گا تو اس میں چلتے چلتے آخری پشت میں قیدار بن اسماعیل بن ابراہیم علیہما السلام ملے گا جو قول معصومؑ اور صحابہ علیہم السلام کے بیانات کے خلاف ہے۔ اور ذرا دیر بعد وہ شجرہ اور اُس کے اختلافات اور شکوک وشبہات اور ہمارے بیانات کی تصدیقات آپ کے سامنے آجائیں گی۔ یہاں تو یہ دیکھئے کہ خود آنحضرتؐ نے اپنے مورث اعلیٰ کے متعلق کیا فرمایا ہے؟

(ب)۔ رسولؐ وحسینؑ کا مورثِ اعلیٰ رسول اور علی علیہم السلام کی زبانی

تفصیل ذرا دیر بعد ملے گی یہاں بطور نمونہ اور بطورِ سلسلہ عرب کے منصوبہ سازوں کے خلاف یہ سن لیں کہ:۔

اوّل۔ ''ام المومنین اُمِّ سلمہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ صلعم کی بیوی فرماتی ہیں کہ میں نے رسولؐ اللہ کی زبانی سنا کہ معد بن عدنان بن اُدَد بن زَند بن یری بن اعراق الثریٰ۔ ام سلمہؓ فرماتی ہیں۔ کہ زند ھمیسع ہے۔ یری نبت ہے۔ اور اعراق الثری خود اسماعیلؑ بن ابراہیمؑ

ہیں۔''(تاریخ طبری جلداول صفحہ 54)

دیکھنے کی بات یہ ہے کہ آنحضرتؐ حضرت اسماعیلؑ کے بیٹے نبتؑ کی اولاد میں ہیں نہ کہ قیدار بن اسماعیلؑ کی اولاد میں۔

دوم۔'' مقداد بن اسود البہرانی کی بیٹی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ معد بن عدنان بن اُدد بن ریی بن اعراق الثری''(طبری جلداوّل صفحہ 54) یہاں جناب ام سلمہؓ کی تصدیق اور ہماری تائید مزید ہوگئی۔

سوم۔'' بعض نسّاب کہتے ہیں کہ عدنان بن اُدَد بن مقوّم بن ناحُور بن تیرح بن یعرب بن یشجب بن نابت بن اسماعیلؑ۔''

(طبری جلداوّل صفحہ 54)

اب فی الحال ایک آخری شہادت جولسان اللہ علیہ السلام کی زبانی ہے۔اور ثبوت میں سلیمان صاحب کی ارض القرآن بھی ہے۔

چہارم۔''حضرت علیؑ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے اُن کا نسب پوچھا تو اُنہوں نے کہا کہ ''ہم کوثی واقع عراق کے نبط ہیں۔''

اور یہ بالاتفاق معلوم ہے کہ علیؑ اسماعیلی قریشی عرب تھے۔اس سے یہ ثابت ہوگا کہ نبط اسماعیلی عرب ہیں جوعراق تک پھیلے تھے۔''(ارض القرآن جلد دوم صفحہ 57و59 مصنفہ سید سلیمان ندوی طبع چہارم معارف پریس اعظم گڑھ)

(ج)۔ عرب کی وہ نسلیں جن کو رسولؐ اللہ نے مخاطب کیا نبطیوں کو عرب نہیں سمجھتیں

جیسا کہ ہم نے ابتدا میں عرض کیا کہ نہ عرب اور اس کے وہ قبیلے جن کو رسولؐ اللہ نے مخاطب کیا ایسے تھے کہ آنحضرتؐ اور اُن کے خاندان کو عرب کہنا یا اُن قبیلوں سے منسوب کرنا قابل فخر ہو۔اور نہ وہ قبائل رسولؐ اللہ کے خاندان کو عربوں میں شمار کرتے تھے۔یعنی رسولؐ اللہ اور اُن کے قبیلے کا اُن نام نہاد خاندانوں سے کوئی رشتہ نہ تھا، نہ تعلق تھا اور نہ وہ عرب تھے۔اسی لئے رعایت کے ساتھ اُس خاندان کو جو جناب اسماعیل علیہ السلام سے عرب میں پھیلا تھا، مؤرخین عرب مستعربہ یعنی وہ لوگ جنہیں غیر ملکی ہونے کے باوجود عرب سمجھ لیا گیا تھا (تمام تواریخ) اور سنئے:۔

اوّل۔اس عبارت کے ساتھ حمزۂ اصفہانی کی عبارت ضم کرو:۔

'' **اَلْاَرْمَانِیُّوْنَ نبط الشام وَالْاُ رْدَوَانیون نبط العراق** ۔ارمانی شام کے نبطیوں کا نام ہے۔اور اردوانی عراق کے نبط کا۔انباط نے چونکہ ایک متمدن وغیر بدوی زندگی اختیار کرلی تھی۔اسلئے عربوں کے محاورے میں'' **اَمَّا النَّبْطُ فَکُلٌّ مَنْ لَمْ یَکُنْ رَّاعِیًا اَوْ جُنْدِیًّا عِنْدَالْعَرَبِ من ساکنی الارضیین** ۔نبط عرب کے نزدیک ہر وہ شخص ہے جو چرواہا یا سپاہی نہ ہو۔

اہل عرب عموماً نبط کو قوماً واصلاً غیر عرب سمجھتے ہیں۔اُن کے نزدیک عرب وعجم جس طرح دو متقابل (ومتضاد) نام (واقوام) ہیں اسی طرح نبطی اور عربی کو بھی باہم متقابل (ومتزاحم اقوام) سمجھتے ہیں۔اس کا سبب صرف معاشرت، طرز زندگی اور زبان کا اختلاف ہے۔ورنہ درحقیقت نبط بھی اسماعیلی عرب ہیں۔(ارض القرآن جلد۔دوم صفحہ 57)

یہاں قارئین کورک کر عربوں اور نبطیوں کا فرق نوٹ کر لینا چاہئے۔

دوم۔ **خانوادۂ رسولؐ کے خلاف عربوں کے قدیم تصورات**

(i) رسولؐ اللہ کا نبطی خاندان بدّو نہ تھا بلکہ متمدن اور مہذب تھا۔

(ii) تہذیب وتمدن وعلم واعلیٰ درجہ کی معاشرت کی بناپر اُنہیں عجمیوں کی طرح ایک مخالف قوم سمجھا جاتا تھا۔ یہاں یہ سمجھ لیں کہ عجمیوں اور متمدن اور مہذب دنیا نے کیوں عربوں کے خلاف اور آل رسولؐ کی تائید میں محاذ قائم کئے تھے۔

(iii) یہ مسلّمات میں سے ہے کہ خاندان رسولؐ کی زبان عربی مبین تھی۔لہٰذا عربوں کی زبان جو کچھ بھی ہو وہ عربی مبین نہ تھی بلکہ آرامی، کلدانی، سبائی، حمیری زبانوں کا مرکب وغیرہ تھی۔

(iv) یہ بھی معلوم ہو گیا کہ عرب، چرواہے اور سپاہی کا لقب پسند کرتے تھے اور نبطیوں سے اس کی نفی کرتے تھے۔یعنی آگے چل کر معلوم ہوگا کہ عربوں نے یہ القاب غصب کر لئے تھے۔

(v) یہ بات سو فیصد صحیح ہے کہ رسولؐ اللہ اور اُن کا خاندان نہ بدّو تھا، نہ وحشی وغول بیابانی عرب تھا۔ وہ بابل سے آیا ہوا ایک ایسا خاندان تھا جو روز ازل سے گہوارہ نبوت ورسالت وامامت وخلافت اور حامل وامین وحی وعلوم خداوندی تھا۔

(vi) مشرکین عرب خاندان رسولؐ یعنی نبطیوں کے نسب میں بھی عیب نکالتے تھے۔تاکہ اُن کے اپنے نسب میں عیب وشرک کا الزام پھیکا پڑ جائے سنئے ایک تہمت پر غور کیجئے:۔

''لیکن چونکہ انہوں نے عموماً حدودِ عرب اور حدودِ عرب سے باہر غیر قوموں میں اپنا مسکن بنایا اس لئے وہ (نبط) اپنا نسب محفوظ نہ رکھ سکے۔ حضرت عمر فرماتے ہیں۔**تعلّموا النّسب ولا تکونوا کنبط السّواد اِذَا سُئِلَ احد هم عن اصله قَالَ من قریة کذا۔** عقد الفرید جلد 3 صفحہ 37۔نسب نامہ سیکھو عراق کے نبط کی طرح نہ ہو جاؤ کہ جب اُن میں سے کسی سے پوچھا جائے کہ تم کس خاندان سے ہو تو جواب دیتے ہیں کہ ہم فلاں شہر کے ہیں۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 57)

گو علامہ صاحب نے اس ترجمہ میں خیانت کی ہے۔مگر ہم اس خیانت کو کیوں ظاہر کریں۔ بلکہ ہم نبطیوں پر اس فیصلے کی سنگینی کو زیادہ روشن اور حافظہ میں محفوظ رکھنے کے لئے علامہ کا ایک ایسا قول جو ابھی ابھی ہم نے لکھا تھا آپ کے سامنے لاتے ہیں۔تاکہ دو تاریخی ہیرو آمنے سامنے کھڑے ہوئے نظر آئیں۔

حضرت علیؑ نے فرمایا کہ ہم عراق کے نبطی ہیں، حضرت عمر نے فرمایا کہ عراق کے نبطی مجہول النسب ہوتے ہیں۔'' **سبحان اللّٰہ ولا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم** پڑھ کر ایک ایسی رباعی سُنئے جس کو سمجھ لینے والے کے لئے ہم ایک سو روپیہ انعام مقرر کرتے ہیں۔دل چاہے تو اس مذکورہ مرد اور عورت کے نام اور اُن کے آپس کا رشتہ ہمیں لکھئے اور منی آرڈر وصول کر لیجئے۔

بھائی یہ بھتیجا یہ　　　سگی سوت کا جایا یہ
جن یہ جایا اُن میں جائی　　　اِس کا باپ میرا بھائی

اس ہندی کی اردو یہ ہے کہ یہ شخص جو میرے ساتھ ہے۔ یہ میرا بھائی بھی ہے۔ میرا بھتیجا بھی ہے۔ اور میرے شوہر کی دوسری بیوی کا یعنی میری سوکن کا بیٹا بھی ہے۔ اور کیا کہوں کہ جس کے نطفہ سے یہ پیدا ہوا اُسی کے نطفے سے میں بھی پیدا ہوئی ہوں۔ اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ جو اس کا باپ تھا وہ میرا بھائی بھی تھا۔ یہ ہیں وہ مجہول و مخلوط النسل لوگ جو اس رباعی کے جنسی اشتراک کے نظام کے سپوت ہیں۔ جو طبقہ واریت کا خاتمہ چاہتے تھے۔ جن کا تفصیلی حال قرآن کریم سے اسلام میں جنسی تعلقات والی کتاب میں لکھا گیا ہے۔ یہاں پہیلیوں کی بات ہوگئی تو ایک شریف زادی کی پہیلی بھی نوٹ کرلیں۔ مگر انعام عصمت فروشی والی پہیلی پر مقرر ہے۔ سُنئے۔ ایک مرد آگے آگے پیدل جا رہا تھا۔ اُس کے پیچھے ایک عورت سمٹی سمٹائی گھونگھٹ نکالے چلی جا رہی تھی۔ ایک شخص نے دیکھا اور نہ معلوم کیوں اُن دونوں کا آپس کا رشتہ جاننا چاہا۔ لہٰذا عورت نے اُسے جواب دیا کہ:۔

نام تو میں اِس کا لیتی نہیں کہتی ہوں میں اس کو جی
اس کی ماں اور میری ماں دونوں ماں اور دِھی

''میں احتراماً اُن کا نام نہیں لیا کرتی بلکہ اُن کو ''جی'' کہا کرتی ہوں۔ رشتہ کی دوسری بات یہ ہے کہ اُن کی والدہ اور میری والدہ دونوں آپس میں ماں بیٹی ہیں۔'' اس جگہ یہ دکھا کر عنوان بدل دینا چاہتا ہوں کہ عرب کی مؤرخ و محدث اور نسّاب کی پوزیشن خود زمانہ حال کے محققین کی نظر میں کیا ہے۔

(12)۔ عرب کی تاریخ اور مؤرخ ناقابل اعتماد ہیں۔ زمانہ حال کے علما

عرب اقوام ہی میں اُن حضرات نے غلط بیانی نہیں کی بلکہ ملکِ عرب کو بھی چھوٹا کر کے اور اپنی مرضی کے مطابق بنا کے دنیا کو دکھایا سُنئے:۔

(i)۔ آپ نے دیکھا کہ عرب جغرافیہ نویسوں کا عرب، عبرانی یونانی اور رومانی جغرافیہ نویسوں سے چھوٹا ہے،... بات یہ ہے کہ یونانیوں نے جن حصوں پر قبضہ کر لیا تھا، اور اسلام کے آنے تک عرب اُن پر قابض نہ ہو سکے تھے۔ اس بنا پر عربوں نے اُن کو عرب سے خارج سمجھ لیا۔ (ارض القرآن۔ جلد اوّل صفحہ 84)

یعنی اُن عربوں اور اُس زمین کو عرب سے خارج کر دیا۔ بات یہ ہے کہ جو بات، جو چیز، جو قوم، جو خاندان عربوں کو پسند نہ ہو وہ دُنیا سے نیست و نابود کر دینا مشرکین عرب کی سنت اور مذہب تھا۔

(ii)۔ قرآن کو جھٹلانے کی کوشش: ''مؤرخین عرب نے ایک بڑی غلطی یہ کی ہے کہ حمیری بانی حکومت سے حمیر بن سبا تک جتنے آبائے نسب تھے۔ اُن سب کو بادشاہ قرار دے کر وہیں سے حمیری حکومت قائم کر دی'' (انکی تحقیق قرآن کیلئے لکھا کہ)

(iii)۔ '' عرب مورخین کے اصول کے مطابق خاص سبا کے نام پر کوئی مستقل حکومت نہ تھی۔ لیکن یہ قرآن کی تصریح کے مخالف ہے۔ اور تمام عبرانی و یونانی اور اثری شہادات قرآن کے مطابق ہیں۔'' (ارض القرآن۔ جلد اوّل صفحہ 236)

(iv)۔ '' عرب مؤرخین نے چونکہ سبا اور حمیر میں کوئی تفریق نہیں کی ہے۔ اسلئے سلسلۂ حمیر سے الگ انہوں نے کسی بادشاہ کا ذکر نہیں کیا۔'' (تاریخ ارض القرآن۔ جلد اوّل صفحہ 238)

(v)۔ ''عرب کے مسلمان مورخین ہر قدیم عمارت کو سلیمان کی تعمیر کردہ کہنے کے عادی ہیں۔اس لئے وہ سد مارب کو بھی بنائے سلیمانی قرار دیتے ہیں۔'' (ایضاً جلد اوّل صفحہ 251)

(vi)۔ عرب مؤرخین و مفسرین مصلحتاً اقوام کو چھپاتے رہے ہیں۔''لیکن کتب حدیث اور تفسیر کی عام روایات میں مذکور ہے کہ تمام آبادی جل کر راکھ ہوگئی تھی۔لیکن یہ صحیح نہیں۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں نجران میں عیسائی آبادی موجود تھی۔وہاں اسلام کے مبلغ بھیجے گئے اور وہاں سے عیسائی راہب مناظرہ کیلئے آئے تھے۔''(ایضاً صفحہ 297)

(vii)۔ سید سلیمان صاحب نے مسلمان مفسرین کو تفصیل سے اور قرآنی آیات کے ساتھ سامی قبائل سے ناواقف و جاہل ثابت کیا ہے۔اور قرآن کی آیات کی غلط تعبیریں کرنا ثابت کر دیا ہے۔(ارض القرآن۔جلد دوم صفحہ 13 تا 17)

ان تمام حوالہ جات میں یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ جس زمانے میں مشرک یا اشترا کی تاریخ گھڑی جارہی تھی،اس وقت اُنکو یقین تھا کہ اس پر کوئی شک نہ کیا جائیگا اور جس طرح ہم لکھوادینگے اُسے بے چوں و چرا قبول کر لیا جائیگا۔اسی اعتماد و طرز تحریر کی بنا پر اُسکی نقلیں چاروں طرف پھیلا دی گئیں اور علمائے مشرق و مغرب نے اُسے اسی صورت میں اختیار کر لیا۔لیکن علمائے یوروپ نے اسلئے عرب اور عربوں کی تحقیق جاری رکھی کہ توریت میں اقوام عرب کا اور عرب کے شہروں کا تفصیلی تذکرہ ہوا ہے۔اور جناب اسمٰعیلؑ و اسحاقؑ دونوں حقیقی بھائی تھے اور عرصہ دراز تک دونوں کے خاندانی تعلقات استوار رہے۔مگر بہت جلد علمائے یوروپ کو اس تاریخ پر شبہ ہو گیا۔اُدھر ہمارے حقیقی علما نے یوروپ کو صحیح حالات پر مطلع کرنا شروع کیا۔یہاں تک کہ اس تاریخ کی حجامت کرنا طے کر لیا گیا۔اور رفتہ رفتہ یہ معلوم ہو گیا کہ یہ تاریخ نہیں بلکہ ایک حاکم گروہ کے اعمال پر پردہ ڈالنے کا جاہلانہ مگر عیارانہ انتظام ہے۔یوروپ کے محققین لباس بدل کر عرب میں آئے اور تحقیق کرنے لگے اور رہا سہا باقی راز بھی کھل گیا۔

4۔ آنحضرتؐ کا شجرہ اور عربوں کے شکوک وشبہات

قارئین کرام عربوں کے بیانات کو دل لگا کر اس طرح پڑھیں کہ ہماری تنقید و تقابل پر فیصلہ کرنا آپ کے لئے آسان ہو جائے۔ہم جناب علامہ طبری کی تاریخ سے آنحضرتؐ کے وہ تمام اختلافی شجرے آپ کے سامنے رکھتے ہیں۔جن کے بعد آپ کو کسی اور کتاب کی ضرورت ہی نہ رہے گی چنانچہ ملاحظہ فرمائیں:۔

''معد بن عدنان تک ہمارے نبی محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے نسب نامہ میں کسی نسّاب کو کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اور وہ اُسی طرح ہے جس طرح کہ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں۔

(الف) ابوالاسود وغیرہ نے رسولؐ اللہ کا یہ نسب بیان کیا ہے۔محمدؐ بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی بن کلاب بن مرّہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان بن اُدد۔اس کے اوپر نسب میں اختلاف ہے۔''(طبری۔جلد اوّل صفحہ 54)

شجرۂ نسب

(1) اُم المومنین اُم سلمہ (رضی اللہ عنہا) رسول اللہ صلعم کی بیوی فرماتی ہیں کہ میں نے رسولؐ اللہ کی زبانی سنا ہے کہ:
'' معد بن عدنان بن اُدَد بن زند بن یری بن اعراق الثری ۔ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ زند ھمیسع ہے۔یری نبت ہے۔اور اعراق الثری خود اسماعیلؑ بن ابراہیمؑ ہیں۔'' (صفحہ 54۔مسلسل لکھتے ہیں)

(2) مقداد بن اسود البہرانی کی بیٹی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ معد بن عدنان بن ادد بن یری بن اعراق الثری۔''
(طبری جلد اوّل صفحہ 54،مسلسل)

(3) بعض نسّاب کہتے ہیں کہ:۔عدنان ابن اُدد بن مقوّم بن ناحور بن تیرح بن یعرب بن یشجُب بن ثابت (نابت) بن اسماعیلؑ بن ابراہیم ہے۔'' (ایضاً صفحہ 54۔مسلسل جاری)

(4) ایک نسّاب نے کہا کہ عدنان بن اُدد بن ایتحب بن ایوّب بن قیذر بن اسماعیل بن ابراہیم ہے۔اور یہی نسّاب کہتا ہے کہ خود قصی بن کلاب نے اپنے شعر میں قیذر کی طرف نسبت کی ہے۔'' (طبری۔جلد اوّل صفحہ 54۔مسلسل)

(5) کسی اور نے کہا کہ عدنان بن مسیدع بن نبیع بن اُدد بن کعب بن یشجب بن یعرب بن الھمیسع بن قیذر بن اسماعیلؑ بن ابراہیمؑ ہے۔راوی کہتا ہے کہ یہ چونکہ زمانہ قدیم کی بات ہے۔اس لئے عہد عتیق سے ماخوذ کی گئی ہے۔'' (طبری جلد اوّل صفحہ 54۔مسلسل)

(6) ھشام کہتا ہے کہ ایک شخص نے مجھ سے میرے باپ سے حسبِ ذیل نسب کی روایت کی حالانکہ میں نے خود اُن کی زبانی یہ نسب نہیں سُنا تھا۔وہ یہ ہے:۔معد بن عدنان بن ادد بن الھمیسع بن سلامان بن عوص بن یوز بن قموال بن اُبی بن العوام بن ناشد بن حزا بن بلداس بن یدلاف بن طابخ بن جاحم بن تاحش بن ماخی بن عیفی بن عبقر بن عبید بن الدعا............بن حمدان بن سنبر بن یثربی بن یحزن بن یلحن بن ارعوٰی بن عیفی بن دیشان بن عیصر بن اقناد بن اِیہام بن مقصر بن تاحث بن زارح بن شمّی بن مزّی بن عوص بن عرام قیذر بن اسماعیلؑ بن ابراہیم صلوات اللہ علیہما۔'' (طبری جلد اوّل صفحہ 55۔مسلسل)

(7) ہشام بن محمد کہتا ہے کہ اہل تدمر کے ایک شخص نے جس کی کنیت ابو یعقوب تھی ۔اور جو بنی اسرائیل سے تھا۔اور مسلمان ہو گیا تھا۔ اور اُس نے یہودیوں کی کتابیں اور علوم پڑھے تھے۔بیان کیا کہ ارمیّا کے کاتب بروخ بن تاریّا نے معد بن عدنان کا نسب اچھی طرح مکمل معلوم کر کے اپنے پاس لکھ لیا تھا۔اُس سے یہودی اخبار بخوبی واقف ہیں۔وہ اُن کی کتابوں میں مرقوم ہے۔وہ نام مذکورہ بالا ناموں سے ملتے جلتے ہیں۔بظاہر جو اختلاف معلوم ہوتا ہے۔وہ اختلاف زبان کی وجہ سے ہے۔کیونکہ یہ نام عبرانی سے ترجمہ کئے گئے ہیں۔''
(طبری جلد اوّل صفحہ 55)

(8) ہشام نے اپنے باپ سے قصی کا یہ شعر نقل کیا ہے:۔ **فلست لحاضنٍ ان لم تاثّل بہا اولاد قیذر و النبیت۔**

ترجمہ: میں کسی ماں کو نہیں مانتا اگر اس سے قیذر اور نبیت کی اولاد ثابت نہ ہوتی ہو۔
اس سے مراد نبت بن اسماعیل ہے۔'' (طبری جلد اوّل ترجمہ صفحہ 55۔مسلسل)

(9) ابن شہاب کہتا ہے۔معد بن عدنان بن اُدّ بن الھمیسع بن اسحب بن نبت بن قیذار بن اسماعیلؑ۔

(10) ایک نساب نے یہ نسب بیان کیا ہے۔''معد بن عدنان بن اُدد بن امین بن شاجب بن ثعلبہ بن عتد بن مرح بن المحلّم بن العوام بن المحتمل بن رائمہ بن العیقان بن علہ بن الشحد ود بن الظر یب بن العیقر بن ابراھیم بن اسماعیل بن یزن بن اعوج بن المطعم بن الطمح بن القسور بن عبود بن دعدع بن محمود بن الزائد بن ندوان بن امامہ بن دوس بن حصن بن النزال بن التعمیر بن المحشر بن معدمر بن صیفی بن نبت بن قیذار بن اسماعیلؑ بن ابراھیم خلیل الرحمٰن۔'' (طبری۔جلد اوّل صفحہ 55۔مسلسل)

(11) ایک دوسرے نساب نے کہا:۔

معد بن عدنان بن ادد بن زید بن یقدر بن یقدم بن ھمیسع بن نبت بن قیذر بن اسماعیلؑ بن ابراہیمؑ۔

(12) دوسرا کہتا ہے:۔

معد بن عدنان بن اُدّ بن الھمیسع بن نبت بن سلمان (یہی سلامان ہے) بن حمل بن نبت بن قیذر بن اسماعیلؑ بن ابراہیمؑ۔

(13) دوسرے کہتے ہیں۔

معد بن عدنان بن المقوم بن ناحور بن مشرح بن یشجب بن ملک بن ایمن بن النبیت بن قیذر بن اسماعیلؑ بن ابراہیمؑ۔

(14) اور دوسرے کہتے ہیں۔معد بن عدنان بن اُدّ بن اُدد بن الھمیسع بن اسحب بن سعد بن مرح بن نفیر بن حمیل بن منخم بن لافث بن الصابوح بن کنانہ بن العوّام بن نبت بن اسماعیل ہے۔'' (طبری۔جلد اوّل صفحہ 56۔مسلسل)

(15) ہم سے ایک نسّاب نے بیان کیا ہے کہ علمائے عرب کی ایک جماعت نے عربی میں حضرت اسماعیل تک معد کے چالیس آبا کے نام محفوظ رکھے ہیں اور اُن سب پر اُنہوں نے عرب کے اشعار سے سند لی ہے۔میں نے اُن کے بیان کا دوسرے اہل کتاب کے اقوال سے مقابلہ کیا تو تعداد میں اتفاق معلوم ہوا مگر لفظ مختلف معلوم ہوئے۔اس نے وہ نام مجھے پڑھ کر سُنائے میں نے ان کو لکھ لیا اور وہ یہ ہیں۔

1۔ معد بن 2۔عدنان بن 3۔ادد بن 4۔ھمیسع بن (یہی سلمان ہے جس کے معنی امین ہیں۔)

5۔ ھمیتع بن (یہی ہمیدع ہے۔جس کے معنی غمگین ہیں)

6۔ سلامان بن (یہی منجر نبیت ہے، اسے منجر اسلئے کہتے ہیں کہ یہ عربوں کو نجیرہ کھلاتا تھا اور اسکے عہد میں لوگ قحط کے زمانے میں موت سے بچ گئے، اس پر تعب بن عثّاب ریاحی کا یہ شعر شہادت میں پیش ہے۔ تُنا شِدُنِی طیٌّ وطیٌّ بَعِیْدَ ۃ وتذکرنی بالوذازمان نبیت
ترجمہ: تو مجھے طے کا واسطہ دیتا ہے۔حالانکہ وہ بہت دُور ہے۔اور تو مجھے نبیت کے زمانے میں بالوذ کو یاد دلاتا ہے)

7۔ نبیت بن، 8۔عوص بن (یہی ثعلبہ ہے۔ثعلبیّہ اسی کی طرف منسوب ہیں۔)

9۔ بورا بن (یہی بور ہے۔یہ خاندانوں کی اصل ہے۔سب سے پہلے اسی نے عرب میں خاندان کی بنیاد ڈالی۔)

10۔ شوحا بن (یہی سعد رجب ہے۔اسی نے سب سے پہلے عرب میں رجبیّہ کی بنیاد ڈالی)

11۔ لحما ما بن (یہی قموال ہے۔اور اسی کا نام مرح الناصب ہے۔یہ حضرت سلیمان کے عہد میں تھا۔)

12۔ کسدانا بن (یہی محلّم ذوالعین ہے)،13۔حراما بن (یہی عوام ہے)،14۔بلدان بن (یہی محتمل ہے)

15۔ یدلانا بن (یہی یدلاف ہےاوراسی کا نام رائمہ ہے۔)

16۔ طہبا بن (یہی طاہب ہے۔اوراسی کا نام عیقان ہے۔)

17۔ جہمی بن (یہی جاحم ہے۔اوراسی کا نام علہ ہے۔)

18۔ محشیٰ بن (یہی تاحش ہے۔اوراسی کا نام سحدود ہے۔)

19۔ معجالی بن (یہی ماحی ہےاوراسی کا نام ظریب ہے۔جس کے معنی ہیں آگ بجھانے والا۔)

20۔ عقارا بن (یہی عافی عبقر ابوالجن ہیں،جنّیۃ عبقر اسی سے منسوب ہے۔)

21۔ عاقاری بن (یہی عاقر ابراہیم جامع الشمل ہے۔یہ نام اسلئے ہوا کہ اس نے اپنے ملک میں ہرخوفزدہ کو پناہ دی۔مسافر کو اُس کے گھر پہنچا دیااورلوگوں کی حالت درست کردی)

22۔ سداعی بن (یہی دعا اسماعیل ذوالمطانج ہے۔یہ نام اس لئے ہوا کہ بادشاہ ہونے کے بعد اُس نے عرب کے ہرشہر میں سرکاری مہمان خانہ قائم کیا)

23۔ ابداعی بن (یہی عبید یزن الطّعان ہے۔چونکہ سب سے پہلے نیزے سے یہی لڑا تھا۔اس لئے نیزوں کواس سے منسوب کیا گیا۔)

24۔ ہمادی بن (یہی ہمدان اسمٰعیل ذوالاعوج ہے۔اعوج اُس کے گھوڑے کا نام تھا۔اُسی سے عوجی گھوڑے منسوب ہیں۔)

25۔ بشمانی بن (یہی بشین ہیں۔جس کے معنی ہیں قحط میں کھلانے والا)

26۔ یثرابی بن (یہی یثرم ہے۔جس کے معنی ہیں مدارج اعلیٰ پرنظر رکھنے والا۔اوراُن کے لئے کوشش کرنے والا۔)

27۔ یحزانی بن (یہی یحزن ہے۔جس کے معنی جابر ہیں۔)

28۔ ملیجانی بن (یہی ملیجن اورعبود ہے۔)

29۔ رعوانی بن (یہی رعوٰی ہے۔جس کے معنی ہیں کمزوری سے آہستہ آہستہ چلنے والا۔)

30۔ عاقاری بن (یہ عاقر ہے۔)،31۔داسان بن (یہ زائد ہے)

32۔ عاصار بن (یہی عاصر ہےاوراسی کا نام نیدوان صاحب مجالس ہے۔اُسکے عہد مملکت میں بنوالقاذور،یہی قاذور ہے۔پراگندہ ہو گئے۔اورحکومت نبیت بن القاذور کی اولاد سے نکل کر بنو جاوان بن القاذور میں چلی گئی۔مگر دوبارہ ان میں (یعنی نبیت بن قاذور میں)عود کرآئی۔

33۔ قتادی بن (یہی قتاد ہےاور یہی امامہ ہے۔)

34۔ ثامار بن (یہی بہامی دوس العتق ہے۔یہ اپنے زمانہ میں حسین ترین شخص مانا گیا ہے۔اُسی سے عرب یہ مثل بولتے ہیں۔اعتق من دوس۔ اب اسکی وجہ یا اسکا حسن اورشرافت ہے یا اُسکا قدم۔اُسکے عہد مملکت میں جرہم بن فالج اورقطورا ہلاک ہوئے۔اسکی وجہ یہ ہوئی کہ

انہوں نے حرم میں فسق وفجور وفتنہ وفساد برپا کر دیا۔ دوس نے اُن کو قتل کر دیا۔ جو اُن میں بچے تھے اُنکے آثار کو دیمک نے کھا کر فنا کر دیا۔)

35۔ مقصر بن (یہی مقاصری ہے۔ جس کے معنی ہیں قلعہ۔ اُسے ناحث بھی کہتے ہیں۔ جس کے معنی ہیں اُترنا)

36۔ زارح بن (یہی قمیر ہے۔)

37۔ سمی بن (یہی سما اور مجشر ہے۔ یہ ایک نہایت ہی عادل منتظم اور مدبر بادشاہ تھا۔ امیہ بن ابی صلت ہرقل بادشاہ روم کو خطاب کرتے ہوئے اِسی کی طرف اپنے اس شعر میں اشارہ کیا ہے:۔

کن کا لمجشراذ قالت رعیته کان المحبشر او فانا بما حملًا

ترجمہ: تم بھی مجشر ایسے بنو۔ اُس کی رعیت نے کہا تھا کہ مجشر ہم میں سب سے زیادہ اپنے عہد کا ایفا کرنے والا ہے۔)

38۔ مزرا بن (اُسے مرھر بھی کہا جاتا ہے۔)

39۔ صیقا بن (یہی سمر ہے جو صیفی ہے۔ یہ سب سے بہتر بادشاہ تھا جو روئے زمین پر پیدا ہوا۔

اُسی کے متعلق امیہ بن ابی صلت نے یہ شعر کہا:۔

اِن الصفّی بن النبیت مملوکًا۔ اَعلٰی واجود من هرقل وقیصرًا

ترجمہ: بیشک صفّی بن النبیت ایسا بادشاہ ہوا ہے جو ہرقل اور قیصر سے زیادہ سخی اور بہتر تھا۔)

40۔ جشم بن (یہی عرام ہے نبیت اور قیذر ہے۔ قیذر کے معنی صاحب ملک کے ہیں۔ اسماعیلؑ کی اولاد میں سب سے پہلا فرمانروا یہی ہوا ہے۔)

41۔ اسماعیلؑ بن (سچے وعدے والے)، 42۔ ابراہیمؑ بن (خلیل الرحمٰن)

43۔ تارح بن (یہی آذر ہے)

44۔ ناحور بن، 45۔ ساروع بن، 46۔ ارغوا بن

47۔ بالغ بن (سریانی میں بالغ کے معنی تقسیم کرنے والے کے ہیں۔ اس کا یہ نام اس لئے ہوا کہ اس نے زمینوں کو اولادِ آدمؑ میں تقسیم کر دیا تھا۔ اُسی کا دوسرا نام فالج ہے)

48۔ عابر بن، 49۔ شالخ بن، 50۔ ارفخشد بن،

51۔ سام بن، 52۔ نوحؑ بن، 53۔ لمک بن، 54۔ متوشلخ بن،

55۔ اخنوخ بن (یہی حضرت ادریس ہیں۔)

56۔ یرد بن (یہی یارد ہے۔ جسکے زمانے میں پہلے پہل بت بنائے گئے)

57۔ مہلائیل بن، 58۔ قینان بن، 59۔ انوش بن، 60۔ شیث بن (یہی ھبۃ اللہ ہیں)

61۔ آدمؑ (صفی اللہ علیہ السلام)

(16) **ہمارامنتخب شجرۂ طیبہ**: 1۔محمدؐ بن علیؑ بن

2۔عبداللہؑ بن ابوطالبؑ بن

3۔عبدالمطلبؑ بن (زوجہ سلمہ بنت عمرو بن زید بن لبید الخزرجی)

4۔ہاشمؑ عمرو بن 5۔مغیرہؑ (عبدمناف) بن 6۔قصیؑ زید بن 7۔کلاب بن

8۔مرّہ بن 9۔کعب بن 10۔لوی بن 11۔غالب بن

12۔فہر بن 13۔مالک بن 14۔نضر بن 15۔کنانہ بن

16۔خزیمہ بن 17۔مدرکہ بن 18۔الیاس بن 19۔مضر بن

20۔نزار بن 21۔معد بن 22۔عدنان بن 23۔اُدَد بن

24۔ھمیسع بن 25۔ھمتیع بن 26۔سلامان بن 27۔نبیت بن

28۔عوص بن 29۔بورا بن 30۔شوحا بن 31۔لحماما بن

32۔کسدانا بن 33۔عوّام حراما بن 34۔بلدان بن 35۔یدلانادائِمہ بن

36۔طھباعیقان بن 37۔جاھم بن 38۔محشیٰ بن 39۔معجالی ماحی بن

40۔عقاراعبقر بن 41۔عاقرابراہیم بن 42۔سداعی طابخ بن 43۔ابداعی بن

44۔ہمادی ہمدان بن 45۔بشمانی بن 46۔یثرابی یثرم بن 47۔یحزانی بن

48۔ملیحانی بن 49۔رعوانی بن 50۔عاقاری عاقر ثانی بن 51۔داھان زائِد بن

52۔عاصار بن 53۔قنادقنادی بن 54۔ثامار بہامی بن 55۔مقصر بن

56۔زارح قمیر بن 57۔سمی سماء بن 58۔مزرامرھر بن 59۔صیقاصفی بن

60۔جعشم نبیت بن (عرام وقیذر) 61۔حضرت اسماعیلؑ بن 62۔حضرت ابراہیمؑ بن 63۔تارح آدار بن

64۔ناحور بن 65۔ساروع بن (سروج) 66۔ارغوا بن (رِعُو) 67۔بالغ فالج بن

68۔عابر بن 69۔شالخ بن (شالح) 70۔ارفخشد بن (اَرفکشد) 71۔سام بن

72۔نوحؑ بن 73۔لمک بن (لامَک) 74۔متوشلخ بن (مَتُوشالح) 75۔اخنوخ ادریس بن (حُنُوک)

76۔یردیارد بن 77۔مہلائیل بن (مَحْلَلِی ایل) 78۔قینان بن 79۔انوش بن

80۔شیثؑ بن 81۔آدم علیہ السلام

اس شجرۂ طیبہ میں نبوت ورسالت وخلافت وولایت ووصایت ونیابت وبادشاہت برابر جاری رہتی چلی آئیں۔ یہاں تک کہ جناب ابراہیم علیہ السلام سے عہدہ امامت بھی جاری ہوگیا۔ پوری نوع انسان کی مرکزی راہنمائی وسربراہیٔ اسلام اسی سلسلہ کے ہاتھوں

میں رہی۔اُن کی دوسری شاخوں میں بھی انبیؑا ورسلؑ گزرتے رہے جو ہمیشہ مرکز کے ماتحت رہتے تھے۔بقول جناب علی مرتضیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام خانہ کعبہ ہر زمانہ میں اسلام کا مرکز رہتا چلا آیا ہے۔

5۔ آنحضرتؐ کے شجرۂ نسب کے اختلافات پر ایک نظر

آپ نے پھر خشک صفحات کا دورہ کیا ہے۔اورطبع نازک پر ایک بارِگراں برداشت کیا۔مگر ہم یہ بتائے بغیر نہیں رہ سکتے کہ اگر آپ اس کتاب کو تحقیق حق یا اپنا محسن خانوادہ سمجھ کر پڑھ رہے ہیں اور حق کو قبول کرتے جا رہے ہیں تو آپ کا یہ محنت کرنا اور صبر وضبط ایسے وقت پر کام آئیگا جب اور کوئی چیز آپکی مدد وحمایت کیلئے نہ ہوگی۔آپ کوئی بھی ہوں،آپ کا لیبل مسلم ہو یا غیر مسلم،آپ ھندو ہوں یا عیسائی،آپ یہودی ہوں یا بے مذہب،وہ وقت سب پر آنا ہے۔اور یہ حضرات جن کا خاندان زیرِ نظر ہے،پوری نوع انسان کا راہبر و ہمدرد ہے۔اسکے بعد نمبر وار شجرہ پر نظر ڈالیں اور کہیں سوال کرتے اور کہیں جواب سنتے ہوئے چلیں۔کہا گیا ہے کہ جناب عدنان علیہ السلام کے اوپر والے شجرہ میں اختلاف ہے۔یہ کہتے ہی عرب کے نسّابوں یا بھانڈوں یا شعرا اور عرب کے لوگوں کے مخصوص حافظہ کا بھانڈا پھوٹ جاتا ہے۔یعنی اگر حافظہ واقعی ویسا ہی تھا جس کا ہر باطل پرست نے دعویٰ کیا ہے۔اگر نسابوں کا نظام ویسا ہی بھول چوک پروف اور باقاعدہ تھا تو کسی قسم کے نہ اختلاف کی گنجائش تھی نہ شک وشبہ کو دخل ہوسکتا تھا اور جو حضرات ان مشرکانہ غپوں پر یقین کر لیتے ہیں کہ اُس آہنی حافظہ کے لوگوں کو یہ کیوں بلا اختلاف یاد نہ رہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتقال کس دن ہوا تھا؟ کیا تاریخ تھی؟ یہ کیوں یاد نہ رہا کہ سرکار نماز میں ہاتھ کہاں رکھا کرتے تھے؟

قارئین نوٹ کریں کہ عربوں نے ہر اس تاریخ،واقعہ یا حقیقت کو مشکوک کرنے میں اپنی خیر سمجھی جو اگر بلا اختلاف باقی رہ جاتی تو ابلیس کا سارا کاروبار خطرے میں پڑ جاتا۔سُنئیے ہم عرض کر چکے ہیں اور تفصیل میں سے گزریں گے کہ خاندان نبوت ورسالت میں ہمیشہ سے علم ووحی موجود رہتی چلی آئی اور دین ودنیا کا تمام ریکارڈ قلم سے مرتب ہوتے اور نسل درنسل آگے بڑھتے چلے جاتے تھے۔یہی خاندان تھا جن کے پاس از اوّل تا آخر وحی خداوندی اور تعلیمات اسلام کا سارا ذخیرہ قسط وار موجود تھا۔چونکہ یہ خاندان حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بڑے بیٹے اور پھر حضرت اسماعیلؑ کے بڑے بیٹے کا خاندان تھا۔اس لئے مرکز نبوت ورسالت تھا۔دوسرے بھائی خواہ نبیؑ ہوں یا وصی،بادشاہ ہوں یا خلیفہ بہرحال اپنے باپ کے اوّلین جانشینوں کے ماتحت تھے۔لہٰذا یہ گھرانا دونوں طرف کی نبوت ورسالت وامامت کا امامؑ تھا۔لہٰذا یہاں سابقہ کتابوں کے علاوہ صحف ابراہیمؑ اور توریت وزبور وانجیل وغیرہ ہر کتاب موجود تھی۔یہی گھرانا حضرتِ یعقوبؑ کے خاندان کا ملجا وماویٰ تھا۔ضرورت پڑنے پر وہ حضرات اس خاندان میں چلے آتے تھے۔لیکن اسماعیلی یا نبطی خاندان اپنے اختلافات حل کرانے کے لئے اُدھر نہ جا سکتا تھا۔اُدھر سے اِدھر آنا پناہ اور اصلاح کہلاتا تھا۔مگر اِدھر سے اُدھر جانا بغاوت وفساد کہلاتا تھا۔لہٰذا دونوں خانوادوں بنواسماعیلؑ وبنواسرائیلؑ کے تمام اچھے اور بُرے افراد نے اس مرکزی اصول کی خلاف ورزی نہیں کی۔

یہی نہیں بلکہ اولادِ آدم علیہ السلام میں جتنی نبوتیں،رسالتیں اور خلافتیں قائم ہوتی رہیں سب اسی مرکز اور خانہ کعبہ سے متعلق

رہیں۔ یہی خانوادہ تھا جہاں سے دنیا کے تمام علاقوں میں علوم خداوندی اور رموزِ کائنات پہنچے۔ عرب کے نساب ہوں یا عجم کے علما ہوں، سب کے لئے اس خاندان سے راہنمائی کی سند لینا ضروری تھا۔ دنیا کی تمام علمی کتابوں اور الہامی صحیفوں کا ماخذ یہی افراد تھے۔ یہ تو ممکن ہے کہ کوئی شخص یا اشخاص ہمارے ان بیانات کا انکار کر دے۔ لیکن دنیا کے کسی بھی انسان کے لئے یہ ممکن نہیں ہے، ممکن نہیں تھا اور ممکن نہیں ہوسکتا کہ وہ ایک ایسا شجرۂ طیبہ اور سلسلہ افرادِ خاندان پیش کر سکے اور وہ دعاوی کر سکے جو اس خانوادے نے کئے اور کتبہائے خداوندی نے تصدیق کی۔ اس عظمت کا منکر وہی ہوسکتا ہے جو چلچلاتی دھوپ میں کھڑا ہو کر سورج کے وجود کا انکار کر سکنے کی حد تک بے بصیرتی کا مظاہرہ کرنے کی جرأت کر سکے۔ لہٰذا جس قدر اختلافات کئے گئے ہیں وہ سب اُن لوگوں کی سازش ہے جن کی مائیں **مُختَلِفُ الشیاطین** تھیں۔ جن کے نطفوں میں قرآن کی رُو سے ابلیس کی شرکت تھی اور آسان و مشہور زبان میں جو مشرک تھے۔

(2)۔ شجرہ طیبّہ میں اختلاف بھی بے نتیجہ ہو کر اتفاق ثابت ہے

اگر آپ شجرہ طیبّہ کے بیان کو نمبروار دیکھتے چلیں تو حضرت ام سلمہؑ اور مقدادؓ کے بیانات کے مطابق یہ شجرہ، نبت بن اسماعیلؑ بن ابراہیمؑ تک پہنچتا ہے۔ (شجرہ نسب حوالہ (1)، (2) پھر (3) میں بھی اوّل و دوم کی تائید ہے۔ اور نمبر (14) میں نبت بن اسماعیلؑ ہی ہے۔ اِن چار شہادتوں میں یہ کھل کر ثابت ہے کہ یہ شجرۂ طیبہ حضرت اسماعیلؑ کے بڑے بیٹے نبتؑ کی اولاد میں ہے۔ پھر آخری بیان (15) میں جہاں نام بنام مکمل شجرہ لکھا گیا ہے اس میں حضرت اسماعیلؑ کے بیٹے کا نام جعثمؑ لکھا (نمبر 40) اور بتایا کہ جعثمؑ ہی کا نام عرامؑ و نبیتؑ اور قیذرؑ ہے۔ اس کے بعد باقی نمبروں میں جناب نبیتؑ کے دوسرے القاب کو الگ الگ افراد بنا لینے کی غلطی صاف نظر آتی ہے۔ کہیں نبیت بن قیذر بن اسماعیلؑ بنا دیا جیسا کہ نمبر (9)، (10)، (11)، (12) اور (13) میں۔ اور نمبر (6) میں عرام و قیذر کو ایک نام کہہ کر اسماعیلؑ کا بیٹا کہہ دیا۔ اسی طرح نمبر (8) میں نبیتؑ اور قیذرؑ کو ایک فرد سمجھا، یا بنایا گیا۔ اور نمبر (4) و (5) میں جناب نبیتؑ کے لقب قیذر کو لے کر اُسے نبیتؑ سے الگ ایک فرد سمجھ کر اسماعیلؑ کا بیٹا کہا گیا ہے۔ یعنی مجہول و غیر معروف لوگوں نے ایک ہی شخص کو کہیں تین اور کہیں دو اشخاص سمجھنے یا بنانے کی غلطی کی ہے۔ لیکن اُن سب بیانات سے جو حقیقت مُتفِقاً ثابت ہے، وہ یہ ہے کہ یہ شجرہ بہر حال جناب اسماعیلؑ کے بڑے فرزند جعثمؑ سے چلتا ہے اور جعثمؑ کے القابات میں سے ایک نبتؑ یا نبطؑ یا نبایوطؑ ہے۔ دوسرا عرامؑ یا عیرامؑ ہے۔ تیسرا لقب قیذرؑ ہے۔ اور چونکہ حضرت اسماعیلؑ کے ایک بیٹے کا نام قیدار ہے۔ اسلئے لوگوں نے قیذر کو قیدار بنا کر فریب دینے کی کوشش بعد میں کی ہے۔ لیکن مذکورہ بالا شجروں میں متفقاً قیدار کہیں موجود نہیں ہے۔ لہٰذا شجروں کا یہ اختلاف محض القابات اور زبان کے تلفظ کا اختلاف ہے۔ جس سے فریب ساز دشمنانِ خانوادۂ رسولؐ نے دھوکا دینے کی کوشش کی تھی جو آج کے بعد بے حد ذلیل و کمینہ کوشش کہلائے گی۔ لہٰذا خانوادۂ رسولؐ قیداری نہیں بلکہ نبطی ہے۔ اور اس پر سب سے بڑے شاہد رسولؐ اور خلیفہ رسولؐ جناب محمد و علی صلوٰۃ اللہ علیھما ہیں۔ اُن کے خلاف بولنے والے کذّاب ہیں۔ دشمنانِ خدا اور ملعون ہیں۔ جس کا دل چاہے مخالفت کرے۔

(3)۔ شجرہ طیبہ خاندان نبوتؐ و رسالت کی دوسری شاخ میں بھی محفوظ تھا

یہ شجرہ طیبّہ اگر صرف عرب مؤرخین اور نسّاب اور دانشوروں کے سہاروں پر ہوتا تو آج اس کا نام و نشان ڈھونڈے نہ ملتا۔

چنانچہ مشرکین عرب مجبور ہوئے کہ یہ شجرہ مٹایا نہ جاسکتا تھا۔انہیں معلوم تھا کہ یہ مرکزی خانوادۂ نبوت یہود ونصاریٰ میں بھی مقبول ہے اور وہاں مکمل شجرہ جگہ جگہ لکھا ہوا محفوظ ہے۔لہٰذا اُن کے سامنے صرف ایک راستہ تھا اور وہ تھا شجرہ مشکوک کرنے کے لئے اختلاف کی بھٹی میں جھونک دینا۔آپ نے شجروں کے بیان نمبر (7) میں دیکھا ہے کہ ابویعقوب اسلام لانے سے پہلے ہی اپنے اہل کتاب علما کے یہاں سے اس شجرہ طیبہ سے واقف اور اُن بزرگوں کے ناموں کا محافظ تھا۔ایک خاص بات یہاں یہ نوٹ کرلیں کہ قرآن میں جن یہود ونصاریٰ کی مذمت، تحریف یا دشمنی مذکور ہے، اس لئے نہیں تھی کہ یہود ونصاریٰ مذہباً آنحضرتؐ کے مشن کے مخالف تھے، ہرگز ہرگز اور ہرگز نہیں۔ بلکہ اس لئے کہ وہ مشرکین عرب کے خاندانوں اور اقوام میں سے تھے۔اور جو دشمنی آنحضرتؐ کے بعد بیرونی ممالک کی طرف سے ظہور میں آئی وہ اسلام دشمنی نہ تھی بلکہ وہ عربوں اور اُن کے اعمال سے دشمنی تھی۔ورنہ یہود ونصاریٰ تو ہمیشہ نصرت محمدؐ وآل محمدؐ کرتے چلے آرہے ہیں۔اس کتاب میں مناسب مقام پر یہ تذکرہ دوبارہ آنے والا ہے۔یہاں تو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ یہ شجرۂ طیبّہ مکمل طور پر توریت کی پہلی ہی کتاب میں لکھا ہوا چلا آرہا ہے۔اور جب تک توریت کو دنیا سے نہ مٹا دیا جائے یہ شجرہ مخلوط النسل لوگوں کے لئے سوحانِ روح بنا رہے گا۔اُن پر ذلت ورسوائی کا خاموش اور منہ بولتا طنز بنا رہے گا۔اور دنیا اور اُس کا سب کاروبار وسامان لٹ جائے مگر توریت وزبور وانجیل و قرآن مجید اور محمد وآل محمد علیھم السلام ہمیشہ باقی رہیں گے۔اور جو اُن کے دامن سے وابستہ ہوں گے وہ بھی محفوظ ومامُون رہیں گے۔

(4)۔ حضرت اسماعیلؑ کے بیٹوں سے حضرتِ آدمؑ تک مکمل شجرہ توریت میں موجود ہے

توریت میں حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر مسلسل بائیس (22) طویل ترین عمریں رکھنے والی نسلوں کا شجرہ نام بنام موجود ہے۔اور وہ یہی نام ہیں جو ہم نے نمبر 60 جعثمؑ سے لے کر حضرت آدمؑ تک لکھے ہیں۔جن ناموں کے تلفظ میں فرق ہے وہ توریتی نام ہم نے ہر نام کے نیچے بریکٹ میں لکھ دیئے ہیں۔یہاں ہم توریت سے جناب اسماعیل علیہ السلام کے بیٹوں کے نام لکھتے ہیں۔تاکہ یہ معلوم ہوجائے کہ اُن کے بڑے بیٹے کی نسل میں شجرہ طیبّہ ہے اور یہ کہ جناب قیدار چھوٹے بیٹے تھے۔اور نبایوطؑ یا نبیتؑ بڑے تھے۔

(5)۔ حضرت اسماعیلؑ کے بیٹے اور قیداری نسل کی تباہی

جن حضرات نے توریت کو یہود ونصاریٰ کی کتاب سمجھ کر نہیں پڑھا تھا، آج اُس میں سے چند جملے خدا کی کتاب سمجھ کر پڑھ لیں۔خاص بات یہ ہے کہ توریت بھی اُس مرکزی فہرست کا حوالہ دے کر بات کرتی ہے جس میں نسلوں اور قبائل کے نام لکھے ہوئے ہیں۔اور توریت میں کسی اور جگہ وہ فہرست کہیں نہیں ہے۔یعنی وہ فہرست مرکز نبوت ورسالت کے ریکارڈ میں رہتی ہے غور کیجئے ارشاد ہے کہ:۔

(الف)۔''یہ نسب نامہ ہے۔اور مطابق اُن ناموں اور نسلوں کی فہرست کے ہے، اسماعیلؑ کے بیٹوں کے نام یہ ہیں۔اسماعیل کا پہلوٹا نِبایُوتؑ اور قیدار اور ادبئیل اور مِبسام اور مِشماع اور دُومہ اور مَسّا اور حَدَد اور تیما اور یطُور اور نافیش اور قدمہ۔یہ اسماعیل کے بیٹے ہیں۔اور اُن کی بستیوں اور پڑاؤں میں اُنکے یہی نام ہیں اور وہ اپنے قبیلوں میں بارہ رئیس تھے۔''

(توریت کتاب تکوین باب 25۔آیت 12 تا 17)

(ب) حضرت اسماعیل علیہ السلام کی نسل کے تمام نسلوں سے زیادہ پھلنے پھولنے اور بڑھنے کا وعدہ کیا گیا تھا جو بعینہٖ پورا ہوا۔لیکن اُن

میں کے اکثر نا ہنجار لوگ تباہ کردئے گئے اور جس قبیلے نے زیادہ سرکشی کی مٹتا اور دوسروں میں مدغم ہوتا چلا گیا۔اس سلسلے میں جناب اشعیا نبیؑ کی پیشگوئی سنئے۔اسکے ابتدائی حصے کو بعض علما نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہجرت کے وقت کی پیشگوئی کے طور پر کتابوں میں لکھا ہے۔یہ پیشگوئی 769 سے 693 قبل مسیح میں ملک عرب کے حق میں کی گئی تھی۔

وَافُوْ ابِلْمَاءِ لِلِقَاءِ العَطْشَانِ یَا سکان ارض تَیمَاء استقبلوا المنهزم بخبزه فانهم قد الهزموا من اَمَامِ السیوفِ مِن اَمَام السَّیف المسلول والقوس الموطوءة وشدة القتال (الخ)

''عرب: عرب کی بابت بارنبوت:۔اَے ددانیو کے قافلو! تم جو بیابان کے بن میں خیمہ زن ہو۔پانی لے کر پیاسوں کے ملنے کو آؤ۔اَے تیما کی سرزمین کے باشندو! روٹی لے کر ہزیمت خوردہ بقیۃُ السیف کے استقبال کو نکلو۔یقیناً یہ مظلوم بھوکے پیاسے بے دریغ چلتی ہوئی تلواروں اور کڑکتی ہوئی تیر کمانوں اور شدید قتل عام سے ہَرا دئے گئے ہیں۔خدا نے یہ فرمایا ہے کہ ایک برس یعنی مزدور کے ایک برس کے اندر قیدار کی تمام شوکت فنا ہو گی۔اور تیر اندازوں کا بقیہ قلیل ہو گا۔قیدار کے جنگجو تھوڑے سے رہ جائیں گے۔یقیناً خداوند اسرائیل کے خدا نے فرمایا ہے۔'' (کتاب المقدس۔اشعیا نبیؑ باب نمبر 21۔آیات 13 تا 17)

(ج) اگر قارئین نے غور فرمایا ہے؟ تو انہیں اس بیان میں کربلا کے باقی ماندہ مظلوم بچے اور خاندان کی معزز خواتین نظر آئی ہوں گی۔رسولؐ اللہ کسی میدان جنگ میں ہزیمت پا کر یوں بھوکے پیاسے کہاں رہے تھے؟ کہ اُن کے لئے خانہ بدوشوں اور شہریوں کو روٹی اور پانی لیکر آنے کی تاکید کی جاتی؟ یہ تو جناب امام حسین علیہ السلام کا وہ استغاثہ ہے جو قدیم زمانہ سے مندرجہ بالا انداز میں چلا آرہا تھا۔بہر حال یہاں آپ نے یہ دیکھ لیا کہ بنو قیدار کی حکومت و شوکت آنحضرتؐ کی بعثت سے ہزار بارہ سو سال پہلے ختم ہو گئی تھی۔لیکن حضرت نبایوطؑ یا نبیت کی اولاد عرب میں سات سو سال قبل مسیح سے پہلے سے ہی چھائی ہوئی تھی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی غیبت کے بعد پانچ سو سال تک عظیم الشان قوم کی حیثیت سے حکمران تھی۔رومۃ الکبریٰ، یونان وایران کی حکومتیں اس کے سامنے لرزہ براندام اور مدد کی طالب رہتی تھیں۔یعنی خانوادہٗ رسولؐ کو قیداری بنا کر ان مداریوں نے اس عظیم المرتبت قوم و قبیلے کی توہین کرنا چاہی تھی۔جس کی عزت و حرمت کا اللہ نگہبان اور ذمہ دار ہے۔لہٰذا آنحضرتؐ کا خاندان قیداری نہیں تھا بلکہ نبطی تھا اور سادات کا نبطی ہونا قابل فخر ہے۔یہاں تک کی گفتگو میں نسل قیدار سے خانوادہ رسولؐ کا علیحدہ اور ایک مستقل نبطی النسل ہونا ثابت ہے۔اور اس کے بعد کوئی نہ بتا سکے گا کہ جناب قیدار کی نسل کہاں گئی؟ ان کے شجرہ میں سے کون کون حضرات ظہور اسلام کے زمانہ میں کہاں کہاں تھے؟ یعنی مشرک نظام نے آخر ایک خاندان کو لاپتہ کر دیا۔یا ایک شاندار نسل کا سہارا لے کر پرائے سہاروں اور ناموں سے اسے زندہ کرنا چاہا تھا۔اقوام وقبائل اور خانوادوں کے ساتھ مشرکین عرب کا فریب ایک دفعہ پھر سُن کر اس عنوان کو آگے بڑھائیں۔علامہ سید سلیمان ندوی فرماتے ہیں کہ:۔

(د) ''قبائل بائدہ کا سلسلہ نسب عموماً مورخین عرب نے ارم بن سام اور اُس کی مختلف شاخوں سے ملا دیا ہے۔لیکن کس قبیلے کو ارم بن سام کی کس شاخ سے تعلق تھا؟ علمائے انساب کی رائیں اس بارے میں ایک دوسرے کی مخالف ہیں۔یہاں تک کہ صحیح فیصلہ کرنا ممکن ہی نہیں ہے۔'' (ارض القرآن جلد اوّل صفحہ 124، 125)۔اسی صفحہ پر دو عدد قدیم وجدید عربی اور مؤرخین کے قلم سے دکھایا ہے کہ

لوگوں کو غلط باپ کے بیٹے بتاتے رہے ہیں اور پھر تنگ آ کر یہ لکھا کہ:۔

''ان انساب کی تحقیق بظاہر بہت مشکل ہے۔مورخ ابن خلدون نے ان مشکلات کو کسی قدر حل کرنا چاہا ہے۔لیکن انسان کے لئے بیکار ہوگا کہ وہ ظلمت کدہ میں روشنی کی تلاش کرے۔'' (ارض القرآن جلد اوّل صفحہ 125)

یعنی قبائل کے معاملہ میں عربوں نے بالکل ہی اندھیر مچا دیا تھا۔مگر خدا نے انہیں خانوادہ رسولؐ کے معاملہ میں کس قدر نا کام کیا۔اسکا اندازہ مذکورہ شجروں اوراب آنیوالے حالات سے واضح ہوگا اور باطل پرست وفریب کار لوگ آئندہ دست تاسف ملیں گے۔

(6)۔ محمدؐ مصطفیٰ اور علیؑ مرتضیٰ کا کوثی نبطی ہونا کس قدر اہمیت رکھتا ہے؟

علمائے انساب اور مورخین کے پیدا کردہ گھٹا ٹوپ اندھیروں کو نورِ خداوندی نے منور کرنے کی ذمہ داری لے رکھی ہے۔چنانچہ سب کچھ لکھنے اور جاننے کے باوجود جناب علامہ سلیمان ندوی نے قیدار کو بلاثبوت قریش کا پدر اعلیٰ قرار دیا ہے۔اور جناب نابط علیہ السلام کو انصار (مدینہ والے) کا پدر اعلیٰ لکھا ہے۔(ارض القرآن۔جلد اوّل صفحہ 123)

اب ہم اُنکی مجبوریاں اور حقیقت بیانیاں دکھا کر یہ ثابت کریں گے کہ خانوادہ رسولؐ مدینہ کے اوس وخزرج یعنی قبائل انصار خاندان نابط سے ہیں۔اور مدینہ کی ہجرت اور خاندانِ رسولؐ کے بزرگوں کی بیویاں مدینہ کی کیوں تھیں۔اور حضرت اسماعیلؑ کی والدہ اور بیوی علیھم السلام مصر کی کیوں تھیں۔مختصر جواب یہ ہے کہ وہ سب ایک ہی خاندان کے افراد تھے۔تصدیق کیلئے حسب ذیل حقائق ملاحظہ ہوں۔

(الف)۔ حضرت اسماعیلؑ کے بعد سربراہِ اسلام اور تولیت کعبہ کا مالک نابط علیہ السلام ہے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قیدار کی نسل سے کہنے والے آنکھیں کھول کر تاریخ عالم وتاریخ عرب پڑھیں۔کچھ اور نہ ملے تو تاریخ ارض القرآن کی دونوں جلدیں ہی دیکھ لیں۔سہولت کے لئے ان ہی سے حوالے دئے جا رہے ہیں۔

(i) حضرت اسماعیلؑ کی اولاد

حضرت اسماعیلؑ کی تیرہ اولادیں تھیں۔بارہ بیٹے اور ایک بیٹی۔''بارہ بیٹوں کے نام یہ تھے۔ 1۔ نبایوطؑ 2۔قیدار 3۔ادبائیل 4۔مبشام 5۔مشماع 6۔دوما 7۔مشا 8۔حدد 9۔تیما 10۔ یطور 11۔نفیس 12۔قیدماہ ان میں سب سے بڑے نبایوتؑ تھے۔اور اُن سے چھوٹے قیدار تھے۔یہ تمام بھائی باپ کے زمانہ میں اور ایک عرصہ بعد تک حجاز ہی میں آباد رہے۔یمن وحجاز سے شام ومصر تک تجارت کے قافلوں کے ساتھ سفر کیا کرتے تھے۔اور دیگر عرب تاجروں کی طرح خوشبودار چیزوں کی تجارت کرتے تھے۔'' (ارض القرآن۔جلد دوم صفحہ 49)

(ii) سربراہی خاندان۔تولیت کعبہ

''نبایوطؑ کو اہل عرب عموماً نابتؑ کہتے ہیں۔عربوں کی روایتوں کے مطابق خانہ کعبہ کی تولیت حضرت اسماعیلؑ کے بعد سب سے بڑے بیٹے نابتؑ کے حصے میں آئی۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ نبایوطؑ (نابت) نے حجاز ہی میں قیام کیا۔لیکن بعض حوالوں

سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ فرزندان نبایوطؑ عراق میں موجود تھے۔اصل یہ ہے کہ بدویانہ زندگی کے ساتھ وہ حجاز سے عراق تک خانہ بدوشانہ پھیلے ہوئے ہوں گے۔'' (ارض القرآن۔جلد دوم صفحہ 56)

(iii) قارئین تمام تواریخ کا اور خصوصاً تاریخ ارض القرآن کا چپّہ چپّہ چھان ماریں۔مگر قیدار کے قبیلے کا حال کہیں اگر ملے گا تو نہایت مجہول اور غیر معروف حالت میں نظر پڑے گا۔لیکن اسی جلد دوم میں نبایوّط کی اولادوں ،حکومتوں اور شاندار تاریخی وسیاسی حالات لبریز ملیں گے۔اس کے بعد یہ سوچئے کہ جب حضرت اسماعیلؑ کی جگہ جناب نبایوتؑ یا نابت جانشین ہو گئے اور تولیت کعبہ سنبھال لی تو اب خاندانی یا اسماعیلیؑ قیادت تو کسی طرح بھی قیدار کے خاندان میں نہیں جاسکتی ۔چونکہ نابتؑ کے بعد ان کا بڑا بیٹا جناب نابطؑ اور جناب اسماعیلؑ کا جانشین ہوگا۔اُس کے بعد اُس کا بڑا بیٹا جانشین ہوگا۔لہٰذا قیدار وخاندان قیدار بالکل آؤٹ (out) رہتا چلا جائے گا۔لیکن یہ مسلّمات عرب اور تمام دنیا کا متفقہ فیصلہ ہے کہ رسولؐ اللہ کا خاندان ہمیشہ کعبہ کا متولی اور مکہ کی ریاست کا حامل رہا ہے۔لہٰذا ثابت ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام قیدار سے نہیں بلکہ جناب نابت علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں۔اور یہی جناب مقداد وام سلمہ رضی اللہ عنھما اور جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام نے فرمایا تھا کہ: ''ہم کوثی یعنی عراق کے نبطی ہیں۔''

پھر یہ بھی سب کو تسلیم ہے کہ حضرت اسماعیلؑ کے بعد آنحضرتؐ تک کوئی بھی اس اسماعیلی نسل میں نبیؑ ہونے والا نہیں تھا۔یعنی حضرت اسماعیل علیہ السلام کے بعد صرف خلافت ووصایت وامامت کے دینی عہدے باقی رہنے والے تھے۔لہٰذا جب حضرت نابت علیہ السلام حضرت اسماعیلؑ کے جانشین ہو گئے تو وہ تینوں عہدے اُن میں مرکوز ہو کر رہ گئے۔اور اُن کے خاندان میں جاری رہے۔تو قیدار کے خاندان میں رسولؐ اللہ کو گھسانے کا مطلب سوائے غصب خلافت ووصایت وامامت کے اور کیا ہوا؟ یعنی اوّلین مقصد یہ تھا کہ آنے والی نبوت ورسالت کو ایک مجہول خاندان میں دکھا کر چند مجہول خاندان اس کے وارث بن جانے کا موقعہ پا سکیں؟ قارئین یہ نوٹ کر لیں کہ جہاں کہیں اُنہیں قیدار کے قبیلے کا ذکر ملے گا۔وہ توریت ہے اور توریت عربوں کے لئے منسوخ یعنی کنڈم کتاب ہے۔

(ب)۔ معنیٔ ذبح عظیم آمد پسرؑ کا تذکرہ توریت میں بھی ہے

علامہ سید سلیمان صاحب کے نزدیک نبطیوں کا تاریخی ریکارڈ بعثتِ حضرت عیسیٰؑ سے سات سو سال قبل سے شروع ہوتا ہے۔اور وہ صرف اس لئے کہ سید صاحب نے کسی کتاب میں ایک پیشین گوئی پڑھ لی۔چونکہ اس کتاب میں حوالہ غلط تھا لہٰذا آپ نے تصدیق کئے بغیر نقل ماردی اور لکھ دیا کہ حزقیال نبیؑ نے اپنی کتاب ساٹھویں باب کی ساتویں آیت میں یہ فرمایا ہے کہ:۔''نبایوطؑ کی بھیڑیں نذر لی جائیں گی (7:60)۔'' (ارض القرآن۔جلد دوم صفحہ 56) بہر حال ہم صحیح عبارت اور صحیح حوالہ لکھے دیتے ہیں۔علما سے غلطیاں مقدر ہیں۔

کُلّ غنم قیدار تجتمع اِلَیکِ وَ کِبَاشُ نَبَایُوت تخد مکِ تَصعَدُ
عَلٰی مذ بحی المرضی لَدَیّ۔ (اشعیا فصل ساٹھ آیت نمبر 7)

''تیرے پاس قیدار کی تمام غنیمت یا بھیڑیں جمع ہوں گی۔اور نبایوت کے تمام مینڈھے
تیری خدمت میں میری پسندیدہ قربانی کیلئے میری قربان گاہ پر چڑھانے کیلئے منظور ہیں۔''

یہ ہے وہ قربانی جو نابت کے خاندان کے لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ سے منظور و مذکور چلی آ رہی ہے۔اور جسے اب غلط حوالوں میں پوشیدہ رہ جانے کے لئے بھول چوک کے پردوں میں چھپایا جا رہا ہے۔یہاں بھی قیدار کی بھیڑوں کا ذکر ہوا۔مگر قربانی سے ان کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

(7)۔ حضرت اسماعیلؑ کا جانشین خاندان، تحریری ریکارڈ میں کب آیا

علامہ قبول کرتے ہیں کہ:۔

(i) ''یوسیفوس یہودی جو پہلی صدی عیسوی میں تھا لکھتا ہے کہ ملک بحر احمر (حجاز) سے نہر فرات (عراق) تک اسماعیل کے بارہ(12) بیٹوں کے قبضے میں ہے۔جن کے سبب سے اس کا نام نباطینہ پڑ گیا ہے۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 56)

ذرا سوچئے کہ کیا اس کے واضح طور پر یہ معنی نہیں کہ بارہ بیٹوں کی نسلیں وہاں ہونا مشہور تھا۔لیکن اقتدار نبطی خاندان کے ہاتھ میں تھا۔اس لئے ملک کا نام نبایوط یا نبطیوں کی وجہ سے نباطینہ ہو گیا تھا۔یعنی جہاں نبطی رہتے اور قابض ہیں۔اُن کی عظیم الشان حکومت وہاں قائم تھی۔

(ii) پھر لکھتے ہیں کہ:۔''اُسی زمانہ میں جب رومی شام پر قبضہ کرنا چاہتے تھے۔تو نبطی عربوں سے اُن کی مڈبھیڑ ہوتی تھی۔اور شام و عرب کے حدود پر نبطیوں کی ایک عظیم الشان حکومت نظر آتی ہے۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 56) اور سنئے:۔

(iii) ''انباط ایک مدت تک دیگر عرب قبائل کی طرح بحر احمر سے بحر فرات تک مستقل وادیوں میں بدویانہ زندگی کے ساتھ آوارہ پھرتے رہے۔اس بدویت کا زمانہ 2000 قبل مسیح (عہد اسماعیل) سے 700 ق م تک قرار دیا جا سکتا ہے۔توراۃ نے نبایوط کا فرزندانِ اسماعیل کے ضمن میں 2000 دو ہزار سال قبل مسیح میں پہلی بار نام لیا ہے۔اور آخرہٗ حزقیال نبیؑ نے جو کم و بیش 700 ق م تھے، نبایوط کا ذکر کیا ہے کہ نبطؒ (نبایوت) کی بھیڑیں نذر لی جائیں گی (7:60)۔'' (ارض القرآن۔جلد دوم صفحہ 59)

یہاں پھر اشعیا نبیؑ کے غلط حوالے کو دہرایا ہے جو 740 قبل مسیح میں تھے۔ہم نے عربی عبارت میں ذرا دیر پہلے دکھایا تھا کہ مینڈھے (کباش) نذر دئے جانے والے ہیں۔یعنی قربان ہونے والوں میں سب مرد یا نر ہیں مادہ نہیں۔پھر بار بار نہر فرات اور بحر فرات پہ غور کرنے کا تقاضہ کرتی ہے کہ نہر فرات کو حضرت فاطمہ علیہا السلام کے مہر میں کیوں کہا گیا تھا۔یعنی یہ نہر اور اس کے پورے ملک پر اُن کے بزرگوں کی عظیم الشان حکومت رہی تھی۔اور عربوں کو یہ اُن ہی کے ورثہ میں ملی تھی جو محمدؐ و آل محمدؐ کی موروثی جائیداد تھی۔اب نبطیوں کے زریں عہد پر ایک کتبہ کی شہادت لکھتے ہیں۔

(iv) کتبات میں نبطؒ کا نام اشور بانیپال، شاہ اسیریا کے کتبے میں تقریباً اُسی عہد یعنی 700 قبل مسیح میں نظر آتا ہے۔وہ اپنے کتبہ میں ناتاں نام کے نبطی بادشاہ کا ذکر کرتا ہے۔یہ کتبہ 700 قبل مسیح میں ایک نبطی حکومت کا وجود بتاتا ہے۔بہرحال نبطی حکومت کی تاریخ از روئے تاریخ یونان و کتبات نبطی 400 قبل مسیح سے پہلے نظر نہیں آتی اور نبطی حکومت کی آخری تاریخ 106 عیسوی ہے۔جب کہ رومی حکومت نے ان کی حکومت کو اپنے اندر ضم کر لیا تھا۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 59)

قارئین نوٹ کریں کہ یونانی حکومت کی لکھی ہوئی تاریخ نبطی حکومت کو اُس روز سے شمار کریگی جب اسکو نبطی حکومت سے

واسطہ پڑے گا۔ یہ بھی غلط ہے کہ نبطی حکومت 106 عیسوی میں ختم ہوگئی تھی۔ اسلئے کہ نبطیوں کے ایک حکمران طبقہ کی کمزوری سے نہ نبطی حکومت ختم ہوتی ہے نہ نبطی خاندان ختم ہوتا ہے۔ البتہ یہ صحیح ہے کہ نبطیوں کا ایک حکمران خاندان کمزور ہوکر رومیوں سے مغلوب ہوگیا۔ لیکن دوسرے نبطی خاندان نے غسانی نام سے دوبارہ شاندار حکومت اسی زمانہ میں قائم کر لی۔ اور 7 ہجری تک قائم رہی۔ اور جہاں دوسرے بادشاہوں کو رسولؐ اللہ نے اسلام کی دعوت دی وہاں اس نبطی غسانی بادشاہ کو بھی مدعو کیا تھا۔

یعنی کم از کم نبطی حکومت کا زمانہ 700 قبل مسیح سے لے کر 630 عیسوی تک کم وبیش ڈیڑھ ہزار سال تک حکومت کی۔ یہاں عربوں کا وہ خوف قطعاً واضح ہوجاتا ہے جو اُنکو اُسی نبطی خاندان میں نبوت ورسالت وامامت کے قائم ہونے سے فطری طور پر ہونا چاہئے تھا۔ یعنی عرب کے چاروں طرف جس خاندان کی حکومت ڈیڑھ ہزار سال سے چلی آ رہی ہے۔ اگر اب وہ حکومت قلب عرب اور مکہ میں نبوت کے نام سے قائم ہوگئی تو رہتی دنیا تک اُس سے نجات نہ ملے گی۔ یہی خوف تھا جس نے کبھی شرک وکفر کے نام سے مخالفت کی، کبھی دب کر منافق محاذ کے نام پر قسمت آزمائی کی۔ لیکن ہر محاذ شکست پر شکست کھاتا رہا۔ مگر داخلی محاذ اسلام واسماعیلی ہونے کی آڑ لے کر شخصی حکومت کے خلاف جمہوری حکومت کے بہانے کامیاب ہوا۔ اور آمریت واستبداد کے وہ نمونے دکھائے کہ فرعون ونمرود وشداد وابلیس بھی شرما کر رہ گئے۔ کربلا کا سانحہ اور اس کا عنوان اسی محاذ کی خونی داستان ہے۔

(v) یہاں قارئین یہ بھی سمجھ لیں کہ رومۃالکبریٰ کی عیسائی حکومت برابر نبطیوں کی حامی ومددگار رہی ہے۔ جس بناپر قرآن کریم نے رومیوں کو دوبارہ غلبہ پا کر مجوسی حکومت کو شکست دینے اور اور اپنے مقبوضات یا عربی علاقے دوبارہ حاصل کر لینے کی خوشخبری سنائی تھی۔ وہ دراصل قرآن نے یا رسولؐ نے اپنے نبطی خاندان کی حمایت کا اعلان کیا تھا۔ اور سورہ روم اُسی کی یادگار میں نازل ہوئی تھی۔ اس سورہ میں جگہ جگہ ایسے اشارے موجود ہیں جن پر بعد میں تحریک تشیّع نے اپنے منصوبے کے اصول مرتب کئے۔ ہم ان سولہ آیات کا مفہوم اس وقت کی تاریخ کے لحاظ سے لکھیں گے سنئے فرمایا گیا کہ:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ o الٓمّٓ o غُلِبَتِ الرُّوۡمُ o فِىۡۤ اَدۡنَى الۡاَرۡضِ وَهُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ غَلَبِهِمۡ سَيَغۡلِبُوۡنَ o فِىۡ بِضۡعِ سِنِيۡنَ لِلّٰهِ الۡاَمۡرُ مِنۡ قَبۡلُ وَمِنۡۢ بَعۡدُ وَيَوۡمَئِذٍ يَّفۡرَحُ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ o بِنَصۡرِ اللّٰهِ يَنۡصُرُ مَنۡ يَّشَآءُ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الرَّحِيۡمُ o وَعۡدَ اللّٰهِ لَا يُخۡلِفُ اللّٰهُ وَعۡدَهٗ وَلٰـكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُوۡنَ o يَعۡلَمُوۡنَ ظَاهِرًا مِّنَ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَهُمۡ عَنِ الۡاٰخِرَةِ هُمۡ غٰفِلُوۡنَ o .... (سورہ روم آیات 1 تا 16 تک پڑھیں۔ 30/1-16)

اللہ رحمٰن ورحیم کے نام سے الف لام میم یعنی آلِ محمدؐ وخانوادہ محمدؐ کی طرفدار روم کی عیسائی حکومت مغلوب ہوگئی اور اُسکے عربی مقبوضات میں سے تھوڑے سے علاقے مجوسی حکومت نے چھین لئے ہیں۔ مگر وہ رومی مذہبی حکومت اس غلبے کے بعد بہت جلد مجوسی حکومت پر گنتی کے چند سالوں میں غالب آجائیگی۔ آج سے پہلے بھی اور آج کے بعد بھی حقیقتاً یہ اللہ ہی کی حکومت وحکم ہے۔ لہٰذا جب اللہ کی حکومت غالب آئے گی اس روز حقیقی علم رکھنے والے مومنین خوشیاں منائیں گے۔ اسلئے کہ فتح مندی خدا کی طرف سے جس کو ملتی ہے۔ اُس پر خوشی ہونا ہی چاہئے۔ وہ فتح دینے والا ہمیشہ ہر حال میں سب پر غالب ورحیم ہے۔ اللہ کا ہر وعدہ یقینی ہوتا ہے۔ کیونکہ وہ اپنے وعدہ کے خلاف ہرگز نہیں

کرتا۔ چنانچہ لوگوں کی کثرت یہ نہیں جانتی کہ یہ وعدہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دوسری شاخ اور مذہبی حکومت سے کیا جارہا ہے۔ یہ تو ظاہری طور پر اُسی کو حقدار وعدہ وحکومت سمجھتے ہیں جو ظاہری لیبل کے ماتحت آتا ہو۔ چنانچہ وہ یہ نہیں جانتے کہ خواہ حکومت نبطی شاخ میں ہو یا اسرائیلی شاخ میں، وہ ہر حال میں اللہ کی حکومت ہوتی ہے۔اور وہ اُس آخری نتیجہ سے غافل ہیں جو اسلام کا اندرونی دشمن محاذ برآمد کریگا۔ کیا یہ لوگ اپنے گریبان میں منہ ڈال کر اور لوگوں کے قلب واذ ھان میں پوشیدہ منصوبے پر غور وفکر نہیں کرتے کہ اندر ہی اندر کیا ہو رہا ہے۔ اللہ نے یہ زمین وآسمان اور جو کچھ معہ تمہارے اور حکومتیں اور منصوبہ ساز و نبوت وخلافت کے راز و رموز اثباتِ حق اور ابطال باطل کے سوا کسی اور غرض سے پیدا نہیں کئے ہیں۔اور ہر اقدام وفکر وعمل واشیا کی ایک خاص مدت مقرر کر رکھی ہے۔ بات دراصل یہ ہے کہ انسانوں کی کثرت اپنے پالنے والے اور کائناتی انتظام کرنیوالے کے حاکم اور حاکمانہ نظارے پس پردہ چھپانے کی فکر میں ہیں۔ چنانچہ اگر تم اور وہ اس اندرون خانہ سازشی پردہ کو سمجھنا چاہتے ہو تو اُن لوگوں کے منصوبوں پر نظر ڈالو جو تم سے پہلے بڑی بڑی قوتوں کے مالک گزرے ہیں۔ جنھوں نے تم سے بہتر دنیا بنانے کی کوششیں کی تھیں اور بڑی بڑی تہذیب وآثار قائم کئے تھے۔ لیکن جب اُنکے پاس تعلیمات خداوندی لے کر اُن کے پیغامبر پہنچے تو انہوں نے خلاف ورزیاں کر کے اپنے اوپر مظالم کو جائز کر لیا۔ ہم نے اُنکے کردار پر مواخذہ میں ظلم نہیں کیا۔ انہوں نے جیسا کیا تھا اسکی سزا پائی۔ بہت بُری صورتحال سے دوچار ہونا پڑا عاقبت تباہ ہوئی۔ وہ حکومت کو حق کی شناخت سمجھ کر دین کا مذاق اڑانے اور کھلی ہوئی آیات کی تکذیب کرنے لگے تھے۔ یہ سمجھ لو کہ اللہ حکومتوں کی تخلیق کی ابتدا کرتا ہے اور تمام مخلوق کو اُسی کے مقررہ نتائج کی طرف پلٹنا پڑتا ہے۔ لہٰذا تم بھی ہوشیار ہو جاؤ اور اُن سے عبرت حاصل کرو۔ اسلئے کہ جب مقررہ گھڑی سامنے آکھڑی ہوگی تو آج کے حکومت سازی کرنیوالے مجرم مایوس اور بے بس ہو جائیں گے۔اور جو لوگ آج حکومت بنانے کے منصوبے میں شریک ورفقائے کار ہیں وہ سب اپنی اسکیم کو چھپائیں گے اور ذرہ برابر سفارش نہ کرسکیں گے اور یہ ظاہر ہو جائے گا کہ وہ خدا کے احکام نہیں بلکہ اپنے مصالح کو ملحوظ رکھتے تھے۔ دینی نہیں بلکہ کافرانہ اور خدا ورسولؐ کے خلاف حکومت قائم کرنا طے کر چکے تھے۔ لیکن وقت سامنے آنیوالا ہے کہ وہ سب متفرق اور حکومت پراگندہ ہو کر رہ جائیں گے۔ رہ گئے وہ لوگ جو خلافت وحکومت پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور اصلاح حال میں مصروف ہیں وہ باغات میں خوشی منائیں گے۔اور جن لوگوں نے اپنی دانشوری کو حکومت الٰہیہ کے چھپانے اور جھٹلانے میں صرف کیا تھا۔ اور آخری نتیجے کے سامنے آنے کی جھوٹی تاویلیں اور تحریف کی تھی اُن کو شدید عذاب کے شکنجے میں آنا پڑے گا۔

یہاں قارئین یہ نوٹ کرلیں کہ یہ مفہوم تاریخ کو ہی نہیں بلکہ قرآن کی کئی متعلقہ آیات کو سامنے رکھ کر پیش کیا گیا ہے۔ یعنی وہ پورا منصوبہ سامنے رہا ہے جو قرآن نے مختلف مقامات پر بیان کیا ہے۔اور جو لوگ اُس سے واقف نہیں ہیں وہ اس مفہوم کو غلط قرار دینے میں معذور ہیں۔ اللہ نے جو کچھ فرمایا ہے ہم نے نہایت اختصار سے پیش کیا ہے۔ اگر آپ نے یہ سُنا ہے کہ قرآن خود اپنی آیات کی تفسیر و توضیح کرتا ہے تو یاد رکھیں کہ یہاں وہی تفسیر وتوضیح ہے۔اور یہ بتا دیا گیا ہے کہ اگر تم نے اسلام کے نام پر بے دین حکومت قائم کی تو خدا کی دوسری حکومتیں تمہاری جڑیں اکھاڑ دیں گی۔ اور واضح کیا کہ رومی عیسائی حکومت کو اللہ فتح دے گا۔ وہ اللہ کے مقاصد کی طرفدار حکومت ہے۔ اسکی فتح سے جو مومنِ حقیقی ہونگے ہمیشہ خوشی منائیں گے۔ بلکہ ایسی عیسائی حکومت کی طرفداری ونصرت کرنا اسلامی فریضہ اور حمایت

خداوندی سمجھیں گے۔ یہاں پھر یاد کریں کہ اہل کتاب اسلام کے دشمن نہ تھے۔ بلکہ مشرکین عرب قرآن گلے میں لٹکا کر اور اسلام کے نعرے مار مار کر اسلام سے دشمنی کرتے رہے اور اُسی گروہ نے کربلا تک پورے دین کو تباہ کر کے رکھ دیا تھا۔ اسی لئے تو اسلام کے اولیا نے حسین علیہ السلام کو بنائے لا اِلٰہ قرار دیا ہے۔ ورنہ قاتلان حسینؑ تو تمام قسم کے کلمے اور نمازیں پڑھتے تھے، تہجد گزار تھے، محرم کی دسویں کو روزہ رکھتے تھے، عید مناتے تھے، حافظانِ قرآن تھے، حاجی تھے، جہاد فی سبیل اللہ کرتے تھے اور خلیفہ وقت کے مطیع تھے۔ اُنہوں نے تو اُس نبطی خاندان کو تہہ تیغ کیا تھا جو خلیفہ رسولؐ یعنی یزید کا مخالف اور باغی تھا۔ انہوں نے اُس شخصی حکومت کے طرفدار خانوادے کو تباہ کیا تھا۔ جسکی شخصی حکومت پندرہ سو سال سے عربوں کو رعایا بنائے ہوئے تھی۔ اُنہوں نے اُس تصورِ حیات کو فنا کرنا چاہا تھا جو انبیائے سابقہ کی طرح خدائی احکام نافذ کرنا اور آزادی جمہور چھین لینا چاہتا تھا۔ اُنہوں نے اُن لوگوں کا قلع قمع کیا تھا جو قرآن کی تفسیر میں اپنا فیصلہ آخری قرار دیتا تھا اور دانشورانِ قوم کو اندھی تقلید پر مجبور کرنے کے بعد برسرِ اقتدار رہنا چاہتا تھا۔ اُنہوں نے اُس خاندان کی جڑیں کاٹی تھیں جو قیامت تک اپنی خاندانی امامت وحکومت کا قائل تھا۔ جو اپنی مخالف ہر حکومت وخلافت کو باطل کہتا چلا آرہا تھا۔ الغرض وہ مطمئن تھے۔ وہ اپنے بزرگوں کو آوازیں دے رہے تھے کہ آؤ، دیکھو ہم نے اُس غیر ملکی نبطی خاندان کو کس طرح قتل کر کے فنا کے گھاٹ اتار دیا جس نے رسالت ونبوت کی آڑ میں تمہارے سامنے سر اُٹھایا تھا۔ جس نے ایک دفعہ تمہیں کعبہ میں ذلیل کیا تھا۔ جس نے تمہاری بیٹیوں کو ٹھکرایا تھا۔ جس نے تمہاری حکومت کو حقیر سمجھا تھا جو بات بات پر بھیڑ کی ناک سے نکلی ہوئی غلاظت کو تم پر حکومت سے بہتر کہا کرتا تھا۔ جسکے روبرو تم نے بیٹیاں پیش کیں، اپنی دولت وسرمایہ دینا چاہا اور اپنا بادشاہ بنانا چاہا مگر اس نے یکسر ٹھکرا دیا۔ ہم نے اسکی نسل کو تباہ کرنے میں جو محنت وقربانی کی ہے اس پر تمہاری دعاؤں اور شاباش کے متمنی ہیں۔ کہو کہ اَے خلیفہ رسولؐ۔ تیرے ہاتھ کبھی کمزور نہ ہوں۔

مطلب یہ ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کو لا الٰـہ کی بنیاد کس دلیل سے قرار دیا گیا ہے؟ جب کہ سارا دین، پورا قرآن اور حافظان دین وقرآن موجود تھے۔ خلافت اور خلیفہ موجود تھا۔ نمازیں، عبادتیں اور تمام رسومات ادا کی جارہی تھیں۔ تاریخ وحدیث وتفسیر لکھی جارہی تھی۔ علمائے مجتہدین ومفسرین ومحدثین ومؤرخین دن رات اسوۃ الرسولؐ مرتب کررہے تھے۔ دینی احکام وعدالت وقانون نافذ تھا۔ غیر مسلم اقوام کے ساتھ جہاد ہورہا تھا۔ اسلام پھیلایا جارہا تھا۔ رہ گیا کچھ لوگوں کے انفرادی اعمال تو زمانہِ نزول قرآن ورسوؐل میں بھی ایسے لوگ موجود تھے۔ خلفائے سابقہ اپنے مخالفوں کے ساتھ جنگ کر چکے تھے۔

ایسے اسلامی ماحول سے اسلام کی نفی کر کے حسینؑ کو اسلام یا لا الٰـہ کی بنیاد قرار دے دینا معمولی سی بات نہیں ہے۔ اس سے تو حسینؑ اور طرفداران حسینؑ کے علاوہ باقی سب سے اسلام کی نفی اور کفر کا اثبات ہوتا ہے۔ اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ گویا ازسرنو بعثت رسوؐل ہوئی ہے۔ یعنی بعد رسولؐ رفتہ رفتہ دین اسلام مٹا دیا گیا تھا۔ حالانکہ قرآن وحدیث دونوں موجود تھے۔ دونوں مل کر اسلام کو محفوظ نہ رکھ سکے۔ دونوں اُمت کو کفر کی طرف جانے سے نہ روک سکے بلکہ لوگوں نے قرآن وحدیث کے سہارے ہی سے کفر اختیار کر لیا تھا۔ اسی صورت حال سے گھبرا کر بعض حقیقی مسلمانوں نے یہ رُخ اختیار کیا ہے کہ یہ رباعی جناب معین الدین چشتی کی ہے ہی نہیں۔ اور یہ جعلساز حقیقی مسلمان چار پانچ سو سال بعد اقبال کے لئے بھی یہی کہیں گے اور لکھیں گے کہ درج ذیل شعر علامہ اقبال کا نہیں ہے۔

بہرِ حق درخاک وخون غلطیدہ است　　　پس بنائے لا الٰہ گردیدہ است

باطل پرست گروہ کا پیشہ اور انکا مذہبی فریضہ ہے کہ حدیث وتاریخ واشعار وتفسیر میں جہاں جہاں اہلبیتؑ کی مدح وثنا ملے، جہاں جہاں ایسا حق اور حقیقی واقعہ ملے جس میں دشمنان خدا ورسولؐ کی مذمت ہوتی ہو، اُنکی سازشوں اور منصوبوں کی نقاب کشائی ہوتی ہو، اُسے بدل دو۔ اُن سب کتابوں کو اگر فنا نہ کرسکو تو کمزور کرنیوالے صفحات نکال دو۔ اسطرح دوبارہ شائع کرو کہ تمام مضر عنوانات غائب ہو جائیں اور ایک نئی کتاب بن جائے۔ ضرورت ہو تو کتاب ہی کا انکار کردو، نام بدل دو۔ چنانچہ یہ کام تیرہ سو سال سے برابر ہوتا چلا آرہا ہے اور گزشتہ دوصدیوں میں تقریباً ساری تاریخ کو بدل دیا گیا ہے اور آج پاکستان میں تو دن دھاڑے آنکھوں میں دھول جھونکی جارہی ہے۔ جولوگ پچھلی صدی میں یعنی چودھویں صدی (ہجری) کے اوائل میں کافر بنائے گئے تھے، جنہوں نے معجزات وجنات وملائکہ کا انکار کیا تھا، آج مردود مُردوں کو اپنا راہنما اور امام بنایا جارہا ہے۔ ایک ایسی تاریخ یاد کرائی جارہی ہے جس میں ناموں کے سوا کوئی کردار صحیح اور واقعی نہیں ہے۔ کتابوں کے سرورق پر کذب، بہتان اور جھوٹے دعوے سرخ رنگ روشنائی اور جلی قلم سے لکھے ہوئے پڑھے جاسکتے ہیں۔

(8)۔ رسولؐ اللہ کے نبطی خاندان کو مٹانے، چھپانے اور مشکوک کرنے کی کوشش

مندرجہ بالا کوششیں بہت قدیم مؤرخین نے شروع کی تھیں۔ اُس وقت یہ مقصد سامنے تھا کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کے خاندان کی حکومت جو کسی نہ کسی طرح نبایوت ہی کے گھرانے میں چلی آرہی تھی، باہر نکال کر قحطانی نسل میں لایا جائے۔ اس مقصد میں ناکامی نے یہ سکھایا کہ نبطیوں کے ساتھ سازش کی جائے اور نبطی بن کر یا کسی دوسرے قبیلے کو نبطی مشہور کر کے اقتدار وحکومت کو کروٹ دی جائے۔ یہ بھی نہ ہوا تو پھر نبطی خاندان کا نام ہی بدل دیا جائے۔ یا نبطیوں کے عرب ہونے کا انکار کر دیا جائے یا کم از کم نبطی قبیلے کی اصلیت کو مشکوک کر دیا جائے۔ چنانچہ خاندان کے پدراعلیٰ یعنی نابت کو اسماعیلؑ کا بیٹا کہنے کے بجائے بعض شجروں میں انہیں قیذر کا بیٹا یعنی نابتؑ بن قیذر بن اسماعیل لکھ کر دال اور ذال کے فرق سے دھوکہ دینا چاہا۔ لیکن نتیجہ یہ ہوا کہ قیدار کا اپنا شجرہ نسب غائب ہو کر رہ گیا۔ اس سلسلے میں علامہ سید سلیمان ندوی کی تحقیق سامنے لایئے اور سازشی تاریخ کا پردہ چاک کر کے اُسے ردّی کی ٹوکری میں پھینک دیجئے۔ مؤرخین چاہتے تو یہ تھے کہ لفظ نابتؑ، نبایوطؑ اور نبطؑ دنیا میں کہیں نہ بولا جائے۔ مگر نبطی خاندان کی حکومت اور ہمہ گیر شہرت عرب کے اندھیرے ہی میں نہیں چمکی بلکہ اس کا شہرہ یونان وروم وایران تک جا پہنچا اور سیاسی حالات نے وہاں کے مؤرخین کو اُن کی تاریخ لکھنے پر اُبھارا تاکہ اُن کی اقوام بھی نبطیوں کے ذکرِ خیر کے ساتھ دنیا میں شہرت پائیں۔ اس حقیقت نے عربی مؤرخین کو مجبور کیا کہ نبطیوں کے کچھ نہ کچھ حالات لکھے جائیں۔ مگر اُن حالات کا کہیں انکار کیا جائے، کہیں تجاہل عارفانہ برتا جائے، جہاں موقعہ ملے انکار کر دیا جائے۔ علامہ کے بیانات دیکھیں:۔

(i)　　”اہل عرب بھی اُن نبطیوں سے واقف تھے۔ اس لفظ نبط کی جمع عربی میں انباط ہے۔“ (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 56)

اس اقرار کے بعد دوسرے صفحہ پر مسلسل فرمایا کہ:۔

(ii)　　”مؤرخین عرب فرزندان نبایوط یا انباط سے زیادہ واقف نہیں ہیں۔ وہ صرف انباط کے نام اور اُن کے تخمینی مسکن سے البتہ

واقف ہیں۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 57-)

یہاں تجاہل عارفانہ اور اقرار و انکار جمع ہو گیا اب شکوک پھیلانا ملاحظہ ہو۔

(iii) ''اُنکا نام کبھی انباط اور کبھی آرامی بتاتے ہیں اور اُنکا مسکن شام و عراق ظاہر کرتے ہیں'' (ایضاً جلد 2 صفحہ 57) یعنی اُنہیں ارم بن عاد کے پرانے قبیلے سے جا کر ملا دیتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اسماعیلی قبیلہ سے دور تر کر دیا جائے۔ دوسرا مؤرخ کہتا ہے؛

(iv) ''ارمانی شام کے نبطیوں کا نام ہے۔ اور اردونی عراق کے نبط کا۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 57)

ایک اور ترکیب یہ کی گئی کہ اس نام کو اتنی وسعت دو کہ ہر وہ شخص نبطی کہلانے لگے جو مہذب زندگی بسر کرتا ہو۔ یا یہ کہ گڈریا یا چپڑاسی نہ ہو وہ نبطی ہے چنانچہ؛

(v) ''عربوں کے نزدیک ہر وہ شخص نبطی ہے۔ جو چرواہا یا سپاہی نہ ہو۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 57)

یہ بھی لکھا گیا کہ نبطی نہ عرب کے باشندے تھے۔ نہ عربی قبائل میں سے تھے۔

(vi) ''اہل عرب عموماً نبط کو قوماً و اصلاً غیر عرب سمجھتے ہیں۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 57)

اس سلسلے میں خلیفہ دوم نے واضح الفاظ میں نبطیوں کے نسب پر شکوک و شبہات کی مہر لگا دی۔ چنانچہ عربوں میں عجمی اور نبطی ایک ہی بنا دیئے گئے تھے۔ اُنہوں نے اس نام کو گالی بنانے کی کوشش کی۔ اور یہ سب کچھ خانوادہ اسماعیلؑ اور خاتم النبین علیھما السلام کے ساتھ کیا جا رہا تھا۔

پانچویں ترکیب کو پھر ایک نئی بات کہہ کر لکھتے ہیں کہ:۔

(vii) یاقوت حموی (مؤرخ) نے ایک نئی بات لکھی ہے (حالانکہ علامہ صفحہ 57 پر پہلے لکھ چکے ہیں) کہ عرب ہر اس قوم کو نبط کہتے ہیں۔ جو گلہ بان اور سپاہی نہ ہو۔ دوسرے الفاظ میں اس کا مفہوم یہ ہے کہ جو قوم غیر بدوی زندگی بسر کرتی ہو (یعنی جو بدّو نہ ہو)۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ چونکہ نبط نے عراق کے تاثر سے متمدن زندگی اختیار کر لی تھی۔ اس لئے بادیہ نشینانِ عرب نے ہر غیر بدوی قوم کو نبط کا مترادف سمجھ لیا۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 58)

(9)۔ رسولؐ اللہ کے نبطی خاندان کی وہ شاخیں جنہیں عرب منصوبے نے انباط سے خارج کیا

یہ تذکرہ ہو چکا ہے کہ آنحضرتؐ کے خاندانِ انباط کا جب ایک حکمران گروہ کمزور ہو گیا تو اس خاندان کے ایک اور گروہ نے حکومت قائم کی اور آنحضرتؐ کی دعوت کے وقت تک حکومت کرتا رہا۔ اس خاندان کی بابت علامہ سلیمان لکھتے ہیں کہ:۔

(i) ''آل غسان۔ نابت بن اسماعیل کی ایک اور شاخ۔ انباط (کے پہلے حاکم خاندان) کے مٹنے کے بعد ایک اور عرب خاندان نے ظہور کیا۔ جس کو عموماً آل غسان یا غساسنہ کہا جاتا ہے۔ اور کبھی بانی خاندان کے نام سے آل جفنہ کہتے ہیں۔''

''آل غسان کا نسب'' ''عام علمائے انساب کی تشریح کی بنا پر آل غسان، قحطانی سبا کے خاندان کہلان سے تھے۔ کہلان کے سالار خاندان عمر فریقیاء کو پہلے سے معلوم ہو چکا تھا کہ سدِّ عرم ٹوٹے گا اور سبا (قبیلے کے افراد) برباد ہو جائیں گے۔ اس لئے وہ یمن سے نکل کر حجاز کی راہ سے شام آیا۔ بعض حجاز اور تہامہ میں رہ گئے۔ اور وہ قبیلہ اوس و خزرج وغیرہ ہیں۔ اور بقیہ حصہ شام و عراق چلا گیا۔ لیکن اصول

تحقیق کی رُو سے یہ تمام تر افسانہ ہے۔گزشتہ ابواب میں قحطانی و اسماعیلی خاندانوں کی تشخیص وتمیز کی اتنی علامتیں بیان کی جا چکی ہیں کہ ان کے ذریعہ سے بآسانی دونوں (قحطانی اور اسماعیلی) سلسلوں میں امتیاز کیا جا سکتا ہے۔جس سے کلبی اور ابن ہشام علمائے انساب کے اکاذیب کا انبار **دفعةً** جل کر خاکستر ہو جاتا ہے۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 78)

قارئین یہاں صرف اس قدر نوٹ کرلیں کہ مؤرخین اور عرب کے علمائے انساب نہایت اطمینان اور بے خوفی سے جھوٹے نسبوں،غلط خاندانوں اور قبیلوں کو دوسرے قبیلوں میں بدلنے کے لئے باقاعدہ جھوٹے قصوں اور افسانوں کے انبار لگاتے چلے جاتے تھے۔پھر سوچئے کہ ہونا تو یہ چاہیے کہ جیسے ہی یہ معلوم ہو کہ یہ مشرکین عرب کا مؤرخ ہے،اُس کی کسی بات کا اعتبار نہ کیا جائے۔جس طرح انہوں نے نبطی وعجمی اور........کو مترادف بنا دیا تھا اور دلیل کوئی نہ تھی۔اُسی طرح اگر ہم مشرک مؤرخ اور کذب وافترا اور..........کو ہم معنی قرار دینے پر دلائل قائم کر دیں تو کیا حرج ہے؟ لہٰذا ہمارے نزدیک یہ لوگ کاذب وغاصب اور مفتری اور......... ہیں۔ان لوگوں نے نابتی خاندان کو خصوصاً اور بنی اسماعیل کی دوسری شاخوں کو عموماً قحطانی بنا کر خود قحطانی اور سبائی سے اسماعیلی بن جانے کی کوشش کی۔لہٰذا اُن لوگوں کا حقیقی معنی میں اسماعیلی یا قریشی ہونا ایک خانہ ساز سیاہ جھوٹ ہے۔یہ سب قحطانی تھے،سبائی تھے۔اِن لوگوں نے اپنا ایک ہیرو عبداللہ ابن سبا کے نام سے گھڑا تھا۔علامہ نے طرح طرح سے ثابت کیا ہے کہ آل غسان نبطی تھے جیسا کہ فرمایا کہ:۔

(ii) ''آل غسان کے ناموں کو قحطانی اور نبطی اسماء کے درمیان رکھ کر دیکھ لو تم فوراً کہہ دو گے کہ یہ یقیناً اسماعیلی تھے۔اور اسماعیلیوں میں بھی نابتی تھے۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 78)

(iii) ''آل غسان کی زبان اور خط تحریر دونوں اسماعیلی ہیں۔زبان،شمالی عربی زبان ہے اور خطِ تحریر نبطی ہے۔اگر یہ قحطانی خاندان ہوتا تو زبان اور خط دونوں حمیری ہوتے۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 79)

یہ نوٹ کریں کہ حمیری قحطانی قبیلے سے ہیں۔بہت سے دلائل کے بعد علامہ کہتے ہیں کہ:۔

(iv) ''یہ وہ دلائل ہیں جو مستشرقین یورپ اس موضوع کے متعلق پیش کرتے ہیں،لیکن ہم اس سے بھی زیادہ واضح دلیل پیش کرتے ہیں۔ابوطاہر مقدسی،مصنف کتاب البدر والاخبار جو ایک قدیم مصنف ہے۔ایک موقعہ پر لکھتا ہے'' (ایضاً)

اسکے بعد علامہ نے عربی کی عبارت اور ترجمہ لکھا ہے۔اس کو دیکھنے سے پہلے یہ نوٹ کرلیں کہ عربوں کا کام حقائق کو چھپانا تھا اور علمائے یورپ کا کام سازشی پردوں کو ہٹا کر حقائق کو باہر لانا تھا۔مقدسی کی عبارت کا ترجمہ یوں کیا ہے:۔

(v) ''حسان بن ثابت کا دادا منذر بن حزام جو خالص زمانہ جاھلیة میں تھا اُنکا (اوس وخزرج) نسب غسان تک اور غسان سے نابت بن مالک تک اور نابت بن مالک سے نابت بن اسماعیل بن ابراہیم (علیھما السلام) تک پہنچتا ہے۔'' (ایضاً صفحہ 79)

اس کے بعد علامہ نے حسان بن ثابت کے دو شعروں سے ثبوت لکھا اور کہا کہ:۔

(vi) ''شاعر خود غسانیوں کا ہم نسب ہونا ظاہر کرتا ہے۔اور خود غسانیوں کے عہدِ وجود میں یہ قصیدہ لکھا گیا ہے۔اس بنا پر آل غسان کے لئے اس سے زیادہ قابل اعتبار شہادت نہیں مل سکتی۔'' (ارض قرآن جلد دوم صفحہ 79)

پھر علامہ نے قحطانی، حمیری اور اسماعیلی بادشاہوں کے ناموں کو بطور ثبوت لکھنے سے پہلے اعلان کیا کہ:۔

(vii) ”آخری فیصلے کے لئے ہم قحطانی، حمیری اور اسماعیلی نبطی بادشاہوں کے نام پہلو بہ پہلو لکھتے ہیں۔ اس مقابلہ سے قومیت کا راز خود بخود فاش ہو جاتا ہے۔“ (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 80)

یہاں تک یہ ثابت ہو گیا کہ آلِ غسان نبطی تھے اور اسی لئے سازشی تاریخ نے انہیں قحطانی بنانے پر زور لگایا۔ مگر بعد کے علما بھی برابر خانوادۂ رسولؐ کے نسب کو برابر چھپاتے رہے۔ اور قحطانی نسل کے لوگوں کو اسماعیلی اور قریشی کہنے، لکھنے اور مشہور کرنے کا دن رات ڈھنڈورا پیٹتے رہے۔ اور آنحضرتؐ کے زمانہ میں ہی ایسے حالات پیدا کر دئے تھے کہ لوگوں نے اسلامی مقاصد کی خاطر اس پہلو کو سامنے رکھنے سے احتراز کیا۔ ورنہ اسی کو بہانہ بنا لیا جاتا اور کربلا اپنے وقوع سے اکسٹھ سال پہلے ہی سامنے آجاتی۔ لیکن ہم اور بہت سے رازوں کے ساتھ یہ راز بھی کھول دیں گے۔ یہاں تو یہ دیکھیں کہ مدینہ کے انصار رضی اللہ عنھم بھی خانوادۂ رسولؐ میں داخل ہیں، وہ بھی نبطی ہیں۔ جنہوں نے دل و جان سے، مال و اولاد سے قحطانیوں کے مقابلہ میں اپنے خاندانی رسولؐ کی مدد و نصرت کی۔ اور یہ کہ قحطانی سازشوں نے ان کو بھی قحطانی بنانے کی کوشش کی تھی۔ علامہ نیا عنوان قائم کر کے لکھتے ہیں:۔

(viii) ”اَوس وخزرج“ ”نابت بن اسماعیل کی ایک اور شاخ انصارؓ“ ”وَالَّذِیْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْا“ اوس وخزرج عرب کے دو مشہور قبیلوں کے نام ہیں، جو اسلام کے پہلے سے مدینہ میں سکونت پذیر تھے۔ اسلام آیا تو وہ اس کے پرزور دست و بازو تھے۔ اور انصار اُن کا خطاب تھا۔“

”اَوس وخزرج کا نسب۔ عام طور سے اُن کو بھی قحطانی الاصل اور کہلان کے خاندان سے قرار دیا گیا ہے۔ لیکن ہمارے نزدیک یہ رائے بھی صحت سے تہی مایہ ہے۔ زبان، مذہب اور اخلاق قومی کے علاوہ روایات سے بھی اُن کے اسماعیلی ہونے پر مستحکم دلائل قائم ہیں۔“ (ارض قرآن جلد دوم صفحہ 85)

اخلاق کی گفتگو میں ہم بھی قحطانی اور مکی باشندوں اور مدنی اسماعیلی نبطی حضرات کا ذکر کریں گے۔ یہاں صرف دو جملے سن لیں یعنی انصار کی عورتیں مکے سے آنے والے مسلمانوں سے شرع کے مطابق نکاح تو کر لیتی تھیں۔ مگر بے ڈھنگے اور کوکشاشتری جنسی تعلق سے تنگ آکر آنحضرتؐ کے حضور میں شکایت کرتی تھیں کہ ہمارے ساتھ حیوانی سلوک کیا جاتا ہے۔ تفصیل کتاب ”اسلام اور جنسی تعلقات“ میں موجود ہے۔ اسلام کی کتابیں ان کی بداخلاقیوں سے بھری پڑی ہیں۔ حیاسوز وگھناؤنے کردار خود قرآن کریم نے ریکارڈ میں محفوظ رکھے ہیں۔ ہم نے اُن کو کبھی بھول کر بھی اسماعیلی تو اسماعیلی تھے، صحیح النسب و شریف الاصل نہیں سمجھا۔ وہ ویسے ہی تھے جیسے قرآن کریم نے بتایا ہے۔ بہر حال انصار کا خاندانِ رسولؐ سے نابطی ہونا احادیث سے بھی ثابت ہے ملاحظہ ہو:۔

(ix) بخاری میں روایت ہے کہ ابو ہریرہ نے انصار کے ایک مجمع کو مخاطب کر کے حضرت ہاجرہ علیہا السلام کا قصہ سنایا تو آخر میں کہا تِلْکَ اُمُّکُمْ یابنی ماء السَّماء۔ ”اے پاک نسبو! یہ تمہاری ماں“ محدثین کو اس حدیث کی تاویل میں نہایت دقتیں تھیں۔ لیکن آج جدید تحقیق نے تاویل واشتباہ کا پردہ چاک کر دیا۔“ (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 85)

محدثین کواس لئے دقت پیش آئی کہ گزشتہ تین سو سال سے کانوں میں یہ شور گونج رہا تھا کہ مدینہ کے انصار قحطانی ہیں۔ لیکن حضرت ابو ہریرہ نے باوجود مخالفت کے یہ اعلان کر دیا کہ آنحضرتؐ اور انصار کی والدہ حضرت ہاجرہؑ ہیں۔ سوچیئے کہ تاریخ میں کیسی بے رحمانہ تلبیس وتحریف کی گئی ہے؟ اور سُنیں :۔

(x) ''تمام علمائے انساب اس پر متفق ہیں کہ اَوس وخزرج، غسان کے ہم نسب ہیں۔ اور خود اوس وخزرج کا بھی یہی دعویٰ ہے۔ اس بنا پر اگر ہمارے دلائل غسان کے نابتی الاصل ہونے پر صحیح ہیں۔ تو وہی بعینہ اوس وخزرج کے نابتی ہونے پر بھی حجت ہیں۔''

(ارض القرآن جلد دوم صفحہ 86-85)

ہمیں یہ بتانا ہے کہ علامہ کے دلائل صحیح ہوں یا غلط اس سے انصار کا شجرۂ نسب نہیں بدلتا۔ علاوہ ازیں مؤرخین وعلمائے انساب کی اکاذیب اور سازش واضح ہوجانے کے بعد اُن کا کسی ایسے امر میں متفق ہونا جو خود انہوں نے بطور سازش گھڑا اور تیار کیا ہو ہمارے لئے دلیل حق نہیں ہے۔ وہ تو اس لئے انصار کے غسانی ہونے پر متفق ہیں کہ وہ پہلے غسانی قبیلے کو قحطانی بنا چکے تھے۔ لہٰذا وہ ایک باطل اور بہتان پر متفق ہوئے ہیں نہ کہ حق پر؟ علامہ کی ایک اور دلیل :۔

(xi) ''اوس وخزرج کے اسماعیلی ہونے پر ایک اور دلیل یہ ہے کہ قریش سے اُن کے رشتے ناتے تھے۔ وہ ہر سال پابندی سے حج کو آتے تھے۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 86)

اگر علامہ یہ کہتے کہ آنحضرتؐ کے خاندان سے رشتے ناتے تھے تو بات بلا کسی گنجلک کے صحیح ہوتی۔ قریش تو ھاشم سب بن گئے تھے اسلئے بات صاف نہیں ہے۔ رہ گیا حج پابندی سے کرنا، یہ نابتی ہونے کی بے شبہ شناخت نہیں ہے۔ بہت سے غیر اسماعیلی قبائل کے افراد آتے تھے، میلہ ہوتا تھا، تاجر بھی آتے تھے، موسیقار وشعرا بھی آتے تھے۔ اور ہم اسلئے لکھے چلے جا رہے ہیں کہ علامہ ایک زبردست مؤرخ ہیں مسلمانوں میں مستند ہیں اور بدقسمتی سے حقیقی مسلمان ہیں۔ یعنی آنحضرتؐ کو، حضرت علیؑ کو، غسانیوں اور انصار کو نبطی یعنی نابت بن اسماعیل کی اولاد مان کر بھی بلا دلیل اور بلا ثبوت آنحضرتؐ کو قیدار بن اسماعیلؑ کی اولاد میں لکھ دیا ہے۔ لہٰذا ہم اُنکو اسلئے سند مانتے ہیں کہ قیداری کہتے ہوئے وہ اپنے اور اپنے بزرگوں کے خلاف علیؑ ومحمدؐ وانصارؓ وغسانیوں کو زور وقوت ودلیل وبرہان سے نابطی ثابت کرتے چلے آئے ہیں۔ مندرجہ بالا ساتویں (vii) دلیل کو پھر دہراتے ہوئے لکھتے ہیں کہ :۔

(xii) ''منذر بن حزام حضرت حسان بن ثابت کا دادا جو زمانہ جاہلیت میں اور خزرج کے قبیلہ سے تھا۔ اپنا نسب نابت بن اسماعیل تک پہنچاتا ہے اور اس پر فخر کرتا ہے۔ **ورثنا من البهلول عمرو بن عامر و حارثة الغطريف مجدا موثلا**

موارث من ابناء نبت بن مالک ونبت بن اسماعیلؑ ما ان تحولا

عمرو بن عامر اور حارثہ، دونوں غسانی اور اوس وخزرج کے پدر اعلیٰ تھے۔ غسان نے شام کا رخ کیا اور اوس وخزرج نے حجاز کے شہر یثرب (مدینہ) میں سکونت اختیار کی......... آنحضرتؐ کی آمد پر نبیؐ کا شہر یعنی مدینة الرسولؐ نام ہوا۔ طیبہ کا اضافہ ہوا۔ پہلے یہاں عرب سامیہ اولیٰ آباد تھے پھر یہود آئے، پھر اوس وخزرج آئے۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 86)

یہاں تک رسولؐ اللہ، علیؑ مرتضیٰ اور انصار کا ہر حیثیت سے نابطی یا نابت بن اسماعیلؑ کی اولاد ہونا ثابت ہو گیا۔ یہاں اس قدر اور نوٹ کر لیں کہ یثرب جسے رسولؐ اللہ کی ہجرت کے بعد مدینہ کہا گیا ہے حضرت اسماعیلؑ کے زمانہ 2200 قبل مسیح میں عرب کی قوم سامیہ اولیٰ (یعنی جس زمانہ میں اس کا نام عاد اولیٰ تھا) نے آباد کیا تھا۔ وہی یہاں آباد و حاکم تھے۔ ان ہی میں سے حضرت ابراہیمؑ اور اُن کے بھائی تھے۔ اُن کی ہی اولاد میں سے اسماعیل و اسحاق علیہما السلام تھے۔ اور نبوت و رسالت کی یہی دو شاخیں تھیں۔ اور یہ دونوں شاخیں مل کر کام کرتی تھیں۔ ابتدا ہی سے حضرت عیسوؑ جو حضرت یعقوبؑ کے بھائی تھے۔ ناراض ہو کر حضرت اسماعیلؑ کے پاس چلے آئے تھے۔ ان دونوں کی اولادیں یہاں یثرب یا مدینہ میں آباد چلی آتی تھیں۔ مدینہ کے یہود حضرت عیسو ہی کی اولاد میں سے تھے۔ اور اوس و خزرج نابت بن اسماعیلؑ کی اولاد تھے۔ گویا مدینہ میں چچا (عیسوؑ) تایا (اسماعیلؑ) کی اولادیں یعنی بھائی بھائی آباد تھے۔

(10)۔ رسولؐ اللہ کا نبطی خاندان کہاں کہاں پھیل کر آباد ہوا اور پندرہ سو سال حکومت کی

یہاں یہ بتا کر چلیں گے کہ نابت بن اسماعیل علیہما السلام کی اولاد نے ملک عرب و شام و مصر و یمن و عراق و حجاز و نجد میں چپہ چپہ پر حکومت کی۔ تمدن و تہذیب کو منتہائے کمال کی طرف رواں دواں رکھا۔ یہ حکومت نامعلوم زمانہ سے شروع ہوئی لیکن اس کی دھوم دھام اور شہرہ حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش سے سات سو سال قبل سے ریکارڈ میں آیا۔ اور 630 عیسوی میں اپنے خاندان کے سرتاج محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدم چوم کر آپ کے مشن کی ایک لازوال مُمِد و مددگار بن گئی۔ اور آئندہ سر جھکا کر اسلام اور سربراہانِ اسلام کے اشاروں پر قربانیاں پیش کرتی رہی۔ اور کربلا کے بعد وہی نبطی قیادت تحریک تشیّع کے نام سے مخالف محاذ کے مدمقابل ہو گئی۔ مخالف محاذ کو گھیر کر قرآن وصاحبِ قرآن علیہم السلام کی طرف لانا، باطل نظام کی پول کھولنا اور بنی نوع انسان کا صحیح ریکارڈ مرتب کرتے چلے جانا اس کے منصبی فرائض تھے۔ تحریک تشیّع نے مخالف محاذ کو ہر میدان میں شکست دی۔ اس کی قوت وسطوت وحکومت واقتدار کی چولیں ہلائیں۔ اُن کے جنازے نکالے، زیرزمیں اور اعلانیہ محاذوں نے اسلام کا پورا پورا تحفظ کیا۔ یہ مشن قیامت تک جاری رہے گا۔ ایک لمحہ کیلئے ابلیس اور ابلیسی نظام کو نظروں سے اوجھل نہیں ہونے دیتا۔ مخالف محاذ کے ہر دانشور اور ہر منصوبے کو ہر رنگ میں پہچانتا ہے۔ ہر مخالف اسکیم، ہر مخالف نظام، ہر مخالف حکومت، ہر مخالف گروہ اور ہر مخالف منصوبے پر نظر رکھنا، اور اس کے باطل ومضر نتائج کو وقوع میں آنے سے پہلے ہی ضائع کر دینا تحریک تشیّع کا اوّلین فرض ہے۔ اُس کے یہاں نماز و روزہ، حج و زکوٰۃ، خمس و جہاد و عبادات وہ ذریعہ اور وسیلہ ہیں جن سے احقاقِ حق و ابطال باطل کیا جاتا ہے۔ اُن کی ہر اسکیم نماز کے ماتحت رہتی ہے۔ وہ ایسی نمازوں کے قائل نہیں جو دن رات چاروں طرف بلا سمجھنے کے یعنی نشے کی حالت میں بطور رسم وریا پڑھی جا رہی ہیں۔ جانتے ہو کہ کربلا کے میدان میں نماز کو آغاز کار میں رکھا، نماز ہی پر اُس کا شباب آیا اور نماز کے سجدہ ہی میں انجام کار آیا۔ اس روز سے ہمارے لئے نماز ایک پناہ گاہ بن گئی، ہماری محافظ ہو گئی۔ اُس نے ہمارے ہر مجاہد کے ساتھ، آگے پیچھے اور چاروں طرف حصار بنا لیا۔ معلوم ہے کیوں؟ وہ دیکھو! نماز جماعت کھڑی ہونے سے پہلے دو مجاہد امامؑ سے بھی آگے کھڑے ہیں۔ خبر نہیں کیوں مسکرا رہے ہیں۔ امامؑ اُٹھے، صفیں قائم ہوئیں، دشمن کے تیراندازوں نے کمانیں سنبھالیں، امامؑ کو نشانہ بنایا، تیروں کی بارش ہونے لگی۔ وہ دونوں مجاہد داہنے بائیں جھک جھک کر، تن تن کر تیر روکنے لگے۔ نماز جاری رہی، تیر برستے

رہے، نماز اور امامؑ کے محافظ تیر کھاتے رہے۔ اُن دونوں کی نماز، امامؑ و نماز کی حفاظت تھی۔ پہلو چھلنی ہو گئے، سینہ کہاں بچتا۔ امامؑ و نماز ہمیشہ کے لئے محفوظ ہو گئے۔ امامؑ کے سامنے دونوں مجاہد پڑے تھے۔ دماغ و دل بکھیر کر رخصت ہو چکے تھے، یہ ہے ہماری نماز، ہمارا زنجیر زن، ہمارا قمع کا ماتم کرنے والا۔ اُن دونوں بے نمازوں، نماز کے محافظوں میں شامل ہونا چاہتا ہے۔ کس کس کر سر و سینہ کو چھریوں سے غربال (چھلنی) بنا دینا چاہتا ہے۔ اور امامؑ کے پیچھے نہیں، آگے والی نماز اور آگے والے مجاہدوں کے ساتھ کھڑا ہونا چاہتا ہے۔ وہ امامؑ کے بعد، امامؑ کی اجازت اور امامؑ کے نام سے تحریک تشیّع کی قیادت و امامت سنبھالنا چاہتا ہے۔ وہ نماز کو اپنے خون سے ہر لمحہ، ہر روز و ہر ماہ و ہر سال دلھن کی طرح سرخپوش دیکھنا چاہتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ کربلا ہو یا نجف، کوفہ ہو یا بصرہ، خیبر ہو یا فدک، مکہ ہو یا مدینہ، تبوک ہو یا ربذہ؛ ام القریٰ ہو یا صحرا، تیما ہو یا حجر یہ سب رسولؐ اللہ کے بزرگوں کی موروثی جائیداد تھی۔ اس پر اُن کے خاندان انباط کا قبضہ تھا۔ اُن کا راج تھا۔ اُن کو رسولؐ نے پھر سے اپنے دشمنوں سے حاصل کیا تھا۔ دشمنانِ خدا و رسولؐ نے سازشوں سے اُن تمام ممالک اور علاقوں کو اسلام کے نام پر پھر چھین لیا۔ ہر عہد کو توڑا، ہر دستاویز کو پھاڑا، ہر ریکارڈ کو مٹایا اور تبدیل کیا۔ اب اُن کے حصول میں خون پانی کی طرح بہانا پڑے گا۔ اپنی اور مخالف محاذ کی نمازوں اور عبادتوں کا فرق دکھانا پڑے گا۔ اور انہیں اس میدان سے کافر بنا کر بھگانا پڑے گا۔ اور گلی گلی، کوچہ کوچہ، شہر در شہر، ساری دنیا کو، ساری اقوام کو خانوادۂ حسین علیہ السلام کا قصہ درد و الم سنانا پڑے گا۔

(i) ہم علامہ سید سلیمان ندوی کی تحقیق سے یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ مذکورہ بالا تمام ممالک اور شہر و علاقے حضرت اسماعیلؑ کے زمانے سے نبت بن اسماعیل علیہما السلام کی رعایا تھے۔ اور اُن تمام علاقوں میں نبطی ہر جگہ برسر اقتدار رہتے چلے آئے تھے۔ مگر علامہ ہوں یا کوئی اور مؤرخ ہو، تاریخ میں جن چیزوں کو درج کرتا ہے وہ ہنگامے ہوتے ہیں، انقلابات ہوتے ہیں، شور و غوغا ہوتا ہے، حکومتوں کے تذکرے ہوتے ہیں۔ جیسے ہی کسی قبیلے یا خاندان کی حکومت پر زوال آتا ہے، تاریخ پلٹ کر اُس کی طرف دیکھنا گناہ سمجھتی ہے۔ مؤرخ کے نزدیک گویا حکومت کیساتھ ہی کروڑوں افراد پر مشتمل وہ قوم و قبیلہ بھی مٹ جاتا ہے۔ اب تاریخ کا دوسرا صفحہ پلٹتا ہے تو سینکڑوں سال پر پردہ ڈال دیا جاتا ہے۔ اگلے صفحے پر اب اس حکومت کا تذکرہ شروع ہو جاتا ہے جو پہلی حکومت کے بعد برسر اقتدار آتی ہے۔ یعنی بیچ کی ساری اقوام غائب، تمام واقعات و حالات و ایّام تاریکی کے پردوں میں لپیٹ دئے جاتے ہیں۔ کڑیاں ملانے میں سینکڑوں حلقے اور سلسلے چھوڑ دئے جاتے ہیں۔ دو تین پشتیں گزر جاتی ہیں تو برسر اقتدار لوگوں کی نسل و قوم کا پتہ لگنا مشکل ہو جاتا ہے۔ ایسے مواقع پیدا کر کے سازشی مؤرخ نام کے ساتھ قوم بدل دیتے ہیں۔ غلط قبیلوں کو بیچ میں لے آتے ہیں۔ ننانوے اعشاریہ نو فیصد (99.9%) تاریخیں اور مؤرخ کسی نہ کسی حکومت اور اقتدار کے وظیفہ خوار ہوتے ہیں۔ اس لئے اپنے حاکم کی رضا جوئی، خوشنودی اور بالا دستی کو مدّ نظر رکھ کر واقعات کو لکھتے ہیں۔ پھر صدیاں گزر جانے کے بعد والے محققین کو نقل مارنا پڑتی ہے۔ جو چیزیں امتداد زمانہ، لمبی مدتیں گزر جانے کی وجہ سے مشہور اور مقدس قرار پا جاتی ہیں اُن کے خلاف لکھتے ہوئے قلم ڈرتا ہے، محقق کی زبان رکتی ہے۔ یقین ہو جانے کے باوجود، زبردست و لاجواب ثبوت و دلائل فراہم کر دینے کے باوجود مشہور و مقدس چیزوں کو بادلِ ناخواستہ بحال رکھنا پڑتا ہے۔ چنانچہ علامہ کی مثال اور ثبوت موجود ہے۔ دونوں جلدیں دیکھ جایئے کہ علامہ نے جس شدّ مدّ و لاجواب دلائل سے نبت بن اسماعیلؑ کی اولاد کا ذکر کیا ہے کسی اور شجرہ کا

اس سے آدھا بھی تذکرہ نہیں ہے۔مگر پھر بھی آنحضرتؐ اور قریش کو قیدار بن اسماعیل کی اولاد میں لکھ دیا ہے۔صرف اس لئے کہ ماحول میں صدیوں سے غلط انتساب چلا آ رہا ہے۔حالانکہ قبیلہ قیدار کا سلسلہ نسب معد بن عدنان سے ملانے کے باوجود دس نام بھی اوپر کو نہیں لکھے کہ پتہ چلتا کہ یہ قیدار کی اولاد ہے۔لہٰذا اس پہلو کو کمزور چھوڑ جانے سے پتہ چلتا ہے کہ علامہ مجبور تھے۔اسی اصول پر علامہ کی بے جوڑ باتوں کو ہمیں مکمل کرنا ہوگا۔جہاں خلا رہ گیا یا چھوڑ دیا گیا اُسے پُر کرنا ہوگا۔لہٰذا ہم اُن کے مسلّمات کو اپنے الفاظ میں، مگر اُن کے صفحات کے حوالے سے جلد جلد پیش کرتے چلیں گے وہ مانتے ہیں کہ:۔

(ii) نبایوتؑ، نابطؑ، نابتؑ، اور نبیتؑ حضرت اسماعیلؑ کے بڑے فرزند اور اُنکے جانشین تھے۔اور اُنکی اولاد کو نبط، نابتی اور انباط کہا جاتا ہے۔اور قبیلہ اوس وخزرج یعنی انصار اور حضرت علیؑ اور آنحضرتؐ نبتؑ بن اسماعیلؑ کی اولاد یعنی نبتی تھے۔وہ مانتے ہیں کہ:۔

(iii) اُمم سامیہ اولیٰ یعنی ابراہیمؑ و اسماعیلؑ کے دادا پر دادا کی نسل نے مدینہ کو 2200 قبل مسیح اور 700 قبل مسیح کے دوران کبھی آباد کیا۔(ارض القرآن۔جلد اوّل)

انہوں نے مدینہ میں تین قبائل کے نمبروار ہونے کو مانا جو غلط ہے۔ بلکہ امم سامیہ کی نبطی شاخ مسلسل آباد رہی نہ عمالق باہر سے آئے نہ نبطیوں سے الگ تھے۔نہ یہود باہر سے تھے نہ کوئی اور قوم تھے بلکہ وہ ایک ہی قبیلہ تھا جسے صدیوں پہلے امم سامیہ پھر عمالیق پھر یہود پھر اَوس وخزرج اور پھر انصار کہا گیا ہے۔البتہ اُن میں گاہے ماھے دوسرے قبائل کے افراد بھی آ کر آباد ہوتے اور جاتے رہے۔لیکن نبطیوں کی کثرت ہمیشہ قائم رہی اور یہ دو ہزار سال قبل مسیح سے آباد تھے اور آباد رہے۔

(iv) نابت بن اسماعیل کی اولاد حجاز میں (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 3 اور 49) آباد چلے آئے۔پھر یمن وشام تک پھیلے (جلد دوم صفحہ 50)۔مؤرخین عرب کا بیان ہے کہ مکہ اور حجاز میں جب اسماعیل کی اولاد بہت زیادہ ہوگئی تو نجد اور حدودِ عراق وغیرہ ممالک میں پھیل گئی'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 51)۔بادیہ عراق وشام اُن سے لبریز ہوگیا (جلد دوم صفحہ 51)۔بادیہ عراق کی اسماعیلی آبادی کو بنواسرائیل نے نہر فرات سے بے دخل کر دیا (جلد دوم صفحہ 51) جو حجاز سے عراق تک پھیلے ہوئے تھے (جلد دوم صفحہ 56)۔ملک حجاز سے لے کر نہر فرات تک سارا علاقہ اُن کے قبضے میں تھا (جلد دوم صفحہ 56)۔قبیلہ کندہ عدنانی یعنی اسماعیلی قبیلہ ہے اور نجد میں حاکم اور آباد تھا۔امرالقیس زبردست شاعر اور بادشاہ اُن ہی میں سے ایک بادشاہ ہے (جلد دوم صفحہ 96-95)۔مکہ و مدینہ میں نبطی آباد اور حاکم رہے۔مدینہ کے اطراف میں بھی بنوکلاب یعنی نبطی آباد تھے (ارض القرآن جلد اوّل صفحہ 99-98)۔ربذہ۔تبوک اور عوالی میں یہی خاندان آباد تھا (ارض القران جلد اوّل صفحہ 99)۔شام میں اُن کی ریاست تھی (ارض القران جلد اوّل صفحہ 99)۔جوف ثمود، تبوک، خیبر اور وادیٔ القریٰ تمام نبطیوں سے آباد اور زیرنگین تھا۔حجر اُن کا دارالخلافہ تھا اور مدین شہر بھی ماتحت تھا۔(ارض القرآن جلد اوّل صفحہ 100 اور جلد دوم صفحہ 61)

ہم نے جو کچھ اوپر (عنوان 10) میں رواں دواں لکھ دیا ہے۔اس کی صفحہ وار تصدیق کی جاسکتی ہے۔اور یہ یقین ہو جاتا ہے کہ نبطیوں کی حکومت کی شہرت پھیلنے سے پہلے وہ ملک عرب وشام ویمن وحجاز وعراق وغیرہ کے تمام علاقوں میں آباد چلے آرہے تھے۔اور تمام اقوام میں اُن کی عزت و وقعت قائم تھی۔اب ہم علامہ کے قلم سے انباط کے خاص عنوانات دکھائیں گے۔تا کہ رسولؐ اللہ کے بزرگوں کی

عظمت پر چند تاریخی ثبوت آپ کے پاس جمع ہو جائیں۔

(الف)۔ خانوادہ رسولؐ کا رقبۂ حکومت۔ یعنی انباط کا رقبۂ حکومت

ہم علامہ کے بیانات میں سے چند کو پیش کریں گے تا کہ نبطی خاندان کی حکومت سے تعارف ہو سکے۔تفصیلات دینے سے طول ہو جائیگا۔

(i) انباط کی حکومت کے حدود داوّلاً وہ قطعہ ملک تھا۔جس کو یونانی مؤرخ عرب سنگستان (عربیا پٹرا) کہتے ہیں۔اور عبرانی ادوم اور سعیر (سراۃ) یعنی خلیج عقبی سے بحرمیت تک۔مؤرخ ڈائیڈورس 80 قبل مسیح میں بیان کرتا ہے کہ انباط خلیج ایلہ (عقبہ) پر رہتے ہیں۔ مؤرخ اسٹرابو 24 عیسوی میں لکھتا ہے کہ ادوم کے رہنے والے انباط ہیں۔لیکن اب وہ ادوم سے آگے بڑھ کر عرب آبادان پر بھی قابض ہو گئے ہیں۔'' (ارض القرآن صفحہ 60-59 جلد دوم) پھر لکھتے ہیں کہ:۔

(ii) ''ان شہادتوں سے ظاہر ہوگا کہ انباط کا ملک مغرب میں بحر احمر اور مشرق میں خلیج فارس تک وسیع تھا۔اور اسکے درمیان کے تمام ممالک یعنی عربِ سنگستان، عرب ریگستان، بعض قطعہ عرب آبادان پر قابض تھے۔لیکن اس طویل وعریض ملک میں انباط (کے حاکم گروہ) کی اصل آبادی خلیج عقبہ کے اطراف میں تھی۔'' (ارض القرآن۔جلد دوم صفحہ 60)

ڈائیڈورس کا بیان لکھا ہے کہ:۔

(iii) ''اوپر گزرتے ہوئے تم خلیج عقبہ (ایلہ) میں داخل ہو گے۔جس کے حدود پر اُن عربوں کی بہت سی آبادیاں ہیں جن کو لوگ نبط کہتے ہیں۔یہ لوگ نہ صرف سواحل کے بڑے حصّے پر قابض ہیں۔ بلکہ وہ اندرون ملک میں بھی دُور تک پھیل گئے ہیں۔کیونکہ زمین آباد اور نہایت سرسبز ہے۔'' (ارض القرآن۔جلد دوم صفحہ 60)

یہاں مؤرخ نے یہ سمجھا ہے کہ یہ کوئی بیرونی قوم ہے۔جیسا کہ عربوں نے مشہور کرنے کی ناہنجار کوشش کی تھی۔اور اس بنا پر کہا کہ حکومت قائم کرنے کے بعد اندرون ملک میں پھیل گئے ہوں گے۔حالانکہ وہ تو صدیوں سے عرب کے تمام نمایاں مقامات پر آباد چلے آرہے تھے۔اب یونانی مؤرخین کی زبان میں ان شہروں کے نام سُنیئے جن پر عربی رنگ نہیں ہے اور جو یونانیوں (مؤرخین) نے اپنی تواریخ میں لکھے۔مگر عرب مؤرخ نہ ان ناموں کو سمجھے نہ اُن کو اہمیت دی۔چنانچہ یوسیفوس کی سند سے یہ نام لکھے ہیں۔

(iv) 1۔میدابا 2۔بنالو 3۔لیبیس 4۔ثرابسہ 5۔غالہ 6۔اثون 7۔صور 8۔اوروں 9۔مریسہ 10۔رڈہ 11۔لوسہ 12۔عروبہ۔ان کے رقیم پٹرا و حجر مشہور شہر تھے۔(ارض القرآن۔جلد دوم صفحہ 61)

(ب)۔ رسولؐ اللہ کے خاندان کے نبطی بادشاہ اور حکومت

''اشوری کتبہ کی رو سے شاہان نبط کا سلسلہ سات سو سال قبل مسیح سے شروع ہوتا ہے۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 61)

چونکہ عرب مؤرخین تو خاندان رسوؐل کو تبدیل کرنے کی مہم کے ماتحت نبطی خاندان کا نام لینا پسند نہ کرتے تھے۔لیکن انکشاف جدیدہ اور مؤرخین روم و یونان کی مدد سے ایک فرانسیسی مؤرخ نے ایک فہرست تیار کی ہے۔لہٰذا اس مقدس خاندان کے ماتحت رہنے

والے نبطی بادشاہوں کے نام سُنیں۔

نمبر شمار	نام بادشاہ	مدتِ حکومت
1	حارث اوّل	169 قبل مسیح
2	زید بابل	146 قبل مسیح
3	مالک اوّل	قبل مسیح
4	حارث ثانی	110 قبل مسیح- 96 قبل مسیح
5	عبادہ اوّل	90 قبل مسیح
6	ریبال اوّل بن عبادہ اوّل	87 قبل مسیح
7	حارث ثالث بن ریبال	87 قبل مسیح 62 قبل مسیح
8	عبادہ ثانی بن حارث ثالث	61 قبل مسیح 47 قبل مسیح
9	مالک دوم بن عبادہ ثانی	47 قبل مسیح 30 قبل مسیح
10	عبادہ ثالث بن مالک دوم	30 قبل مسیح 9 قبل مسیح
11	حارث رابع بن مالک دوم	
12	خلدو (خالدہ) زوجہ حارث شقیلہ زوجہ حارث	9ق م 40 عیسوی
13	مالک سوم بن حارث شقیلہ زوجہ مالک	40 عیسوی 75 عیسوی
14	ریبال ثانی بن مالک ثانی	75 عیسوی 101 عیسوی
15	مالک چہارم	101 عیسوی 109 عیسوی

(ارض القرآن ۔جلد دوم، صفحہ 63-62)

قارئین نے یہ نوٹ کرلیا ہوگا کہ حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش سے سات سو سال قبل شروع ہونے والی حکومت اور 109 عیسوی تک قبیلے کے ایک نام سے چلنے والی آٹھ سو سالہ حکومت میں یقیناً اس تعداد سے زیادہ بادشاہ گزرنا چاہئیں۔ بہرحال ریکارڈ سے یہی کچھ ملتا ہے اور یہ بھی اُن لوگوں کا احسان ہے جن کو یہ مسلمان کافر قرار دیتے ہیں۔

(ج)۔ خاندان رسولؐ کا نبطی تمدن اور ترقی و تہذیب

مؤرخ ڈائیڈورس کی زبانی لکھا ہے کہ:۔

''ملک میں نہ کوئی دریا ہے نہ چشمہ۔ جس سے حملہ آور دشمن فائدہ اٹھا سکیں۔ انباط کھلی ہوا میں زندگی بسر کرتے ہیں اور ناقابل سکونت علاقوں میں رہتے ہیں۔ ان کا قومی آئین یہ ہے کہ وہ نہ غلے کی زراعت کریں، نہ درخت لگائیں نہ شراب پئیں اور نہ گھر بنائیں۔ جو شخص اس کے خلاف کرتا ہے۔ اس کو سزائے موت دی جاتی ہے۔ بعض لوگ اونٹ کے گوشت پر گزر کرتے ہیں اور بعض بکری اور بھیڑ کے گوشت پر۔ صحرا میں بہت سے قبائل رہتے ہیں۔ لیکن دولت میں انباط سب سے زیادہ ہیں۔ اور اپنے ہمسایوں میں ان کو امتیاز حاصل ہے۔ گو کہ ان کی تعداد دس ہزار آدمی سے زیادہ نہیں ہے۔ اُن کا ملک پانی سے خالی ہے۔ اپنے لئے پہاڑوں میں بڑے بڑے حوض کھود کر بناتے ہیں۔ جن کا منہ باہر سے تنگ اور اندر سے چوڑا رہتا ہے۔ چوڑائی دو سو پچاس فیٹ ہوتی ہے۔ ان حوضوں میں بارش کا پانی جمع کر کے ان کو چھپا دیتے ہیں۔ اور ان پر کوئی نشانی بنا دیتے ہیں۔ جب سفر کرنا چاہتے ہیں تو اپنے جانوروں کو تین روز کا فی پانی پلاتے ہیں۔ انباط گوشت، دودھ اور بعض جنگلی سبزی کھاتے ہیں۔ جنگلی شہد بھی ان کو ملتا ہے۔ جس کو پانی میں گھول کر پیتے ہیں۔ اُن میں عرب کے غیر

نبطی قبائل بھی شامل ہیں۔جن میں سے بعض شامیوں کے ساتھ گھروں میں رہنے کے علاوہ اورتمام عادات میں مماثل ہیں۔
(ارض القرآن جلد دوم صفحہ 64-63)

یہاں قارئین نوٹ کریں کہ جناب نابت بن اسماعیل علیہما السلام کی اولا داوراُن کے زیر سایہ رہنے والے قبائل میں شراب اور اسکے تمام متعلقات حرام رہتے چلے آئے اورصدیوں تک اس خاندان نے مذکورہ بالا زندگی کے ساتھ مما لک پرحکومت کی۔یہی وجہ ہے کہ اُن کا نام ھیک سوس یعنی چرواہے بادشاہ پڑ گیا۔اورتاریخ وتوریت میں یہ لقب نشان عظمت بن گیا۔لیکن رفتہ رفتہ مملکتی ضرورتوں کے دباؤ سے انہیں متمدن زندگی اورشہروں اورقلعوں میں آباد ہونے کی ضرورت پیش آئی۔لیکن اس کے بعد بھی وہ بادشاہ مرکزی احکام کی پابندی کرتے تھے اورخود کودائرہ شریعت سے باہر نہ نکلنے دیتے تھے۔چنانچہ اسٹرابو سے نقل کرتے ہیں جو 24 عیسوی میں انباط کا ہم زمانہ تھا۔

(ii) ''شہر پٹرااوررقیم جوعمدہ قوانین رکھتا ہے۔اُن پرشاہی خاندان میں سے ایک بادشاہ ہوتا ہے۔اوراُن پرحکومت کرتا ہے۔وزیر ہمیشہ اس بادشاہ کے ساتھیوں میں سے ایک ہوتا ہے۔اسلئے اس کو''بھائی'' کہہ کر پکارتے ہیں۔انباط کفایت شعارانہ ذخیرۂ ملکیت کے شائق ہیں۔جماعت ان پر جرمانہ کرتی ہے جواپنی دولت ضائع کرتے ہیں۔اور جواپنی دولت بڑھاتا ہے اس کوانعام دیتی ہے۔انباط کے پاس غلام کم ہیں۔اکثر اُن کی خدمت اُنکے متعلقین کرتے ہیں۔یا ایک دوسرے کی خدمت کرتے ہیں۔یا ہر شخص اپنا نوکر آپ ہوتا ہے۔یہ طریقہ بادشاہوں تک میں جاری ہے۔جو جمہور کی رضامندی کے اس قدر آرزومند ہیں کہ وہ اپنی رعایا کی خدمت کرتے ہیں۔بادشاہ کو انتظام ملکی کے متعلق بیانات لوگوں کودینے ہوتے ہیں اوروہ اکثر اپنے بادشاہ کے ذاتی حالات وعادات بھی دریافت کرتے رہتے ہیں۔لوگ غیرسرکاری صحبتوں میں تیرہ تیرہ (13،13) آدمی مل کرکھاتے ہیں۔بادشاہ بھی لوگوں کو بڑی بڑی عمارتوں میں عام دعوتِ جشن دیتا ہے۔مکانات عالیشان اورسنگین ہیں۔آبادیوں میں شہر پناہیں نہیں ہوتیں۔'' (بقدرِضرورت) (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 65)

اس بیان میں دوخاص باتیں نوٹ کرنے کی ہیں کہ آنحضرتؐ نے نبوت کے پہلے اعلان پر یہ فرمایا تھا کہ تم میں سے کون ہے جو اس کارِنبوت ورسالت میں میراہاتھ بٹانے کے لئے میراوزیراورمیرا بھائی بنے اورمیرا خلیفہ قرار پائے۔یہ وہی طریقہ ہے جونبطیوں کے یہاں جاری تھا؟ دوسری بات یہ کہ مکہ کے قحطانیوں کی طرح نبطی غلام بازوغلام ساز نہ تھے۔قطعی یہی طریقہ خانوادۂ رسولؐ وآل رسولؐ کا تھا کہ وہ غلام کوآزاد کرکے گھر کا فرد سمجھتے اور برابر کام کرتے،کسی سے خدمت نہ لیتے تھے۔اس سلسلے کی وہ تمام کہانیاں غلط ہیں جوقحطانیوں نے بزورحکومت رائج کیں۔

(د)۔ کربلائی عزم واستقلال ایک موروثی اورخاندانی ورثہ ہے۔خطابت اُن کا حصہ ہے

آنے والے واقعہ کا پس منظر یہ ہے کہ خاندان نبوت نہ بے دینی کو پسند کرسکتا ہے۔اورنہ ایران وعرب والی جنسی بے راہ روی اُنکے خدائی مزاج سے لگّا کھاتی ہے۔ایران ویونان میں یہ بے دینی اورجنسی شرکت ترقی کرتے چلے آرہے تھے۔اس لئے خاندان نبوت اُن کی حمایت نہ کرتا تھا۔بنولحیان یعنی قحطانی برابر مجوس یعنی ایرانیوں کے حمایتی اورطرفدار رہتے۔نبطیوں کی حمایت اور مدد رومیوں کو حاصل ہوتی رہتی تھی۔یہ تینوں حکومتیں دست وگریبان رہتی تھیں اورنبطی حکومت سے تینوں ہی ایک دوسرے کے خلاف مدد کی طالب رہتی

تھیں ۔ایک دفعہ سکندر کے بعد اس کے جانشینوں انٹی گونس اور بیطلیموس میں جنگ ٹھن گئی ۔دونوں نے مدد مانگی ۔نبطی حکومت بیطلیموس سے وعدہ کرچکی تھی ۔انٹی گونس نے اچانک نبطی دارالخلافہ (رقیم) پر شدت سے حملہ کر دیا ۔یہاں کوئی تیاری نہیں تھی ۔اللہ نے ایک سبق بھی دینا تھا۔مقاومت اور کامیابی کی صورت نہ ہونے کی بنا پر نبطی حاکم قلعہ بند ہو گئے ۔اور یونانی فوج نے چاروں طرف سے شہر کا محاصرہ کرلیا۔اور نبطی قید ہو کر رہ گئے ۔محاصرہ نے بہت طول کھینچا۔رعایا کی تکلیف سے متاثر ہو کر ایک نبطی مجاہد نے کیا کیا تھا؟ وہ سُنئیے :۔

''اس قید سے تنگ آ کر ایک نبطی عرب نے سردار فوج ڈیمیٹر یوس کو یوں مخاطب کیا۔'' اَے بادشاہ ڈیمٹر یوس تو کس غرض سے اور کس کے حکم سے مجھ سے لڑتے ہو؟ ہم صحرا میں رہتے ہیں ۔جہاں پانی ہے نہ غلہ ہے، نہ شراب ہے ۔نہ اور ضرورت کی کوئی چیز ہے ۔ہم نے صرف اپنی آزادی کی خاطر اس صحرا کی سکونت اختیار کی ہے ۔اور تمام آسائش کی چیزیں دوسروں کے لئے چھوڑ دی ہیں ۔اور ہم نے اس حیوانی زندگی پر قناعت کی ہے ۔تمہیں ہم نے ستایا نہیں ۔تم ہمیں کیوں ستاتے ہو؟ تم ہمیں اپنا دوست سمجھو ورنہ یاد رکھو کہ تم اس طرح یہاں زیادہ دن تک نہیں ٹھہر سکتے ۔تم کو پانی اور دوسری چیزوں کی ضرورت ہوگی اور تم ہم کو اپنے طرزِ زندگی کے بدلنے پر مجبور نہیں کر سکتے ۔اگر تم نے قلعہ پر قبضہ بھی پا لیا۔تو تم تڑپتی ہوئی لاشوں اور چند غمزدہ قیدیوں کے سوا جو کبھی دوسروں کے سامنے سر نہیں جھکا سکتے، کچھ نہیں پاؤ گے ۔''

ڈیمیٹر یوس اس گفتگو سے بے حد متاثر ہوا۔اور صلح قبول کر لی ۔اس اچانک حملے نے نبطی عربوں کو ایک منظّم سیاسی جمیعت کے قالب میں بدلنے پر مجبور کر دیا۔چنانچہ اس انقلاب نے اس بدوی قوم کو وہ اہمیت بخشی کہ یونان عظمٰی، رومۃ الکبریٰ اور خاندان اسرائیل کی گردنیں بھی اُس کے آگے کبھی کبھی جھک جاتی تھیں ۔'' (ارض القرآن ۔جلد دوم صفحہ 68-67)

یہاں یہ معلوم ہو گیا کہ اس مقدس قبیلہ کے افراد کسی حال میں کسی انسانی قوت کے سامنے سر نہیں جھکایا کرتے تھے ۔اور اپنے مقدس مقاصد پر قربان ہو جانے کے لئے اپنی تڑپتی لاشیں پیش کرنے کو تیار رہتے تھے ۔یہ بادشاہ ہو جانے کے بعد بھی دنیا کی تمام لذتوں سے کنارہ کش رہتے تھے ۔یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کردار جو کربلا میں پیش کیا گیا،اس خاندان کا سرمایہ تھا۔اس کی مستقل سنت تھی ۔اور اسی خاندان کے نقشِ قدم پر چلنے کا حکم دیا گیا تھا ۔جہاں قرآن کریم نے آنحضرتؐ اور تمام مسلمانوں کو حکم دیا تھا کہ ملت ابراہیمؑ کی پیروی کرو (آل عمران 3/95)۔اگر آنحضرتؐ کے زمانہ تک ملت ابراہیمؑ یعنی قوم ابراہیمؑ موجود نہ تھی اور وہ دین ابراہیمؑ واسماعیلؑ پر عمل پیرا نہ تھی اور مخاطبین قوم ابراہیم ودین ابراہیمؑ پر مطلع نہ تھے تو یہ حکم ہی غلط اور عبث ہے ۔اس صورت میں تو یہ کہنا چاہئے تھا کہ قرآن کے احکامات کی اتباع کرو۔بہرحال یہاں بھی ثابت ہے اور ہم قرآن سے دکھائیں گے کہ حضرت آدمؑ سے خاتمؐ تک ایک اُمت مسلمہ یعنی ملت ابراہیمؑ بلا انقطاع موجود چلی آ رہی تھی جس کی بنیاد پر انتہائی تعمیر کا نام کربلا ہے ۔جس میں تمام انبیا اور مکمل تعلیمات اسلام کا خلاصہ اور منتہائے نظر پیش کر دیا گیا ہے ۔جس میں اپنے خاندان کی پوری شان وشوکت، بلند ترین عزم واستقلال اور صبر وضبط وتحمل کا مظاہرہ کیا گیا ہے ۔جس میں شہداؑ کی شان وعظمت،مظلومی وبے چارگی کے عالم میں شرافت انسانی کا معراج کمال پیش کیا گیا ہے ۔اور جس طرح وہاں نبطی حکومت نے آئندہ نیا پروگرام بنا کر عظیم الشان حکومتوں کے سر جھکائے تھے ۔یہاں بھی کربلا کے بعد تحریک تشیّع نے تمام حکومتوں سے

اپنے سامنے سجدے کروائے ۔ ہر باطل قوت کو پاش پاش کر دیا۔بس ایک فرق رہ گیا کہ وہاں قوم نبط کے ایک عام فرد کے خطبہ کا یہ اثر ہوا کہ دشمن نے صلح کر لی، جارحانہ اقدام روک کر واپس چلا گیا۔ یہاں نور دیدۂ رسولؐ کے خطبات کا اثر نہ لیا گیا۔وجہ یہ تھی کہ وہ لوگ باضمیر تھے گو غیر مسلم تھے۔مگر یہاں جن سے واسطہ پڑا تھا وہ بڑے پکے مسلمان تھے۔انہوں نے ضمیر و شرافت وحمیت کو بھی اپنے جیسا مسلمان بنا لیا تھا۔انہوں نے یہود ونصاریٰ کے ساتھ ساتھ شرافت انسانی کو بھی ملک بدر کر دیا تھا۔وہ لوگ طاغوت وابلیس کے اُسی طرح ورثہ دار تھے جس طرح سالارِ کربلا، مجسمہ شہادت، نبطی خاندان اور سرورِ کائناتؐ کے وارث تھے۔اُن میں اسی طرح قحطانی خون ابلیسی شرکت کے ساتھ موجزن تھا جس طرح حسینؑ اور اُن کے خانوادےؑ کی رگوں میں ابراہیمؑ واسماعیلؑ کا نبطی خون حضرات علیؑ وفاطمہؑ اور محمد مصطفیٰؐ کا خون نورِ خداوندی کی شرکت اور پریشر (Pressure) کے ساتھ دوڑ رہا تھا۔یعنی ایک طرف ابلیس کی پوری کمائی، ساری بصیرت ومحنت محاذ آرا تھی اور اس کے مقابلہ میں دوسری طرف تمام انبیا علیہم السلام اور تعلیمات خداوندی کا ثمرہ تھا۔

قارئین نوٹ کر لیں کہ مندرجہ بالا نبطی حکومت کا واقعہ 312 قبل مسیح میں پیش آیا تھا (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 67)۔لیکن بادشاہان نبط کے پہلے بادشاہ حارث اوّل کا زمانہ 169 قبل مسیح دکھایا گیا ہے۔یعنی تاریخ اور مؤرخین دو تین سو سال کا زمانہ چھوڑ جانا ایک معمولی بات سمجھتے ہیں۔لہٰذا اس سلسلے میں ہر وہ بیان ناقابل اعتماد سمجھنا چاہئے جس پر مؤرخین زور دیں۔لہٰذا خاندان رسولؐ کی نبطی حکومت درحقیقت دو ہزار (2000) سال قبل مسیح سے برابر قائم تھی۔ یہ دوسری بات ہے کہ ابتدا میں اس کا دائرہ حکومت مکہ، مدینہ اور حجاز و نجد وعراق سے باہر نہ نکلا تھا۔یعنی تاریخ یونان وروم وایران نے جب تک اُس حکومت کا دباؤ محسوس نہ کیا اس وقت تک یہ حکومت بیرونی ریکارڈ میں نہ آئی۔ رہ گیا عرب کا اپنا ریکارڈ وہ مشرکین کے منصوبے کی نظر ہو گیا۔اور وہ نبطیوں کو قیداری بنانے اور خود قحطانی سے اسماعیلی بن جانے کے جنون میں مصروف ہو کر رہ گئے۔

(ہ)۔ رسول اللہؐ کے شاہی خاندان کی قدامت؛ قیداری خاندان کو پناہ؛ قیداری فرار

اولاد حضرت اسماعیلؑ وابراہیمؑ ابتدائی زمانہ میں ایک ہی علاقہ میں آباد رہی۔فرزندان ابراہیمؑ اور اُنکی تمام اولادیں قاعدہ کے مطابق حضرت اسماعیلؑ کے ماتحت رہتے رہے۔اور ترقی کے ساتھ ساتھ دوسرے ممالک میں آباد ہوتے اور پھیلتے گئے۔اسی طرح حضرت اسماعیلؑ کے بارہ بیٹوں کا مل کر ایک جگہ رہنا ثابت ہو چکا ہے۔ یہ بھی سب جناب نابت علیہ السلام کے ماتحت رہتے چلے گئے۔ اُنکا تذکرہ یونانی مؤرخ نے شہر نباطینہ کے ماتحت کیا تھا۔چونکہ جناب نابت کے خاندان میں حکومت رہتی تھی اور باقی بھائیوں کی اولادیں سے قابل افراد کو امور حکومت میں حصہ دیا جاتا تھا۔اسلئے حضرت قیدار کی اولاد میں بھی بعض افراد رعایا کے حاکم وسردار مقرر کئے جاتے تھے۔اُن میں سے بعض کے دماغوں میں خود مختاری کی بدہضمی بھی پیدا ہو جاتی تھی۔بعض کو مرکزی حکومت کی طرف سے خود مختاری دے بھی دی جاتی تھی۔ چھوٹے بھائی کا خاندان تھا۔خانوادہ رسولؐ اپنے چھوٹوں کا ہمیشہ سے اکرام کرتا آیا ہے۔ چنانچہ قیدار کی اولاد کو برابر کے حقوق اور مواقع دئے جاتے تھے۔یہی وجہ ہے کہ بہت سے لوگ اُن کو بھی نابطی سمجھنے لگے تھے۔اسی لئے توریت میں انہیں شاہزادے بھی کہا گیا ہے۔توریت کی بنا پر بعض اہل کتاب مؤرخین نے بھی انہیں شہزادے لکھا ہے۔مگر شاہزادگی اور شخصیت سے آگے وہ نہیں

بڑھے ہیں۔اور جب تک خاندان قیدار میں سیاسی سوجھ بوجھ رہی، انہیں نبط کے شاہی خاندان نے برابر حکومت میں حصہ دیا۔لیکن رفتہ رفتہ اُن لوگوں میں بدعنوانیاں بڑھتی گئیں جن کی وجہ سے اُن پر زوال آتا گیا۔زوال پذیر ہو جانے اور بدحالی کے زمانہ میں بھی خانوادہ رسولؐ حسب موقعہ و درخواست اُن کی مدد کرتا رہا۔لیکن جس روز قیداریوں نے شاہی خاندان کے ایک بادشاہ کو تنہا چھوڑ کر راہ فرار اختیار کی اور بادشاہ گرفتار ہوگیا۔اسکے بعد خاندان قیدار کو تباہ و برباد ہو جانے کیلئے آزاد چھوڑ دیا اور چند سو سال کے اندر ہی اندر یہ خاندان تاریکی کی چادریں اوڑھ کر سوگیا۔اُن کو بنی اسرائیل کے انبیاؑ نے بھی تنبیہہ کی اور آفات سے بچانے میں کوشاں ہوئے لیکن زوال کے مسلسل جھٹکوں نے اس قبیلے کو بکھیر کر سبائی قحطانیوں میں ضم کر دیا۔جنھوں نے حضرت نابطؑ کے خاندان کو قیدار کا خاندان بنادینے کی مہم چلا رکھی تھی اور خود کو بنی اسماعیل کہہ کر نبطی حکومت سے فائدہ اٹھا رہے تھے۔قیداریوں کے ساتھ مل جانے سے اس سازش کو بعد میں کافی تقویت پہنچی۔لیکن حق باطل کے پردوں میں کبھی بھی مستقل طور پر پوشیدہ نہیں رہتا۔باطل کے مزاج میں استقلال واستحکام نہیں ہوتا۔اسلئے اسکے پردوں میں شگاف پیدا ہو جاتے ہیں اور حق چمکنے لگتا ہے۔یہاں پہلے یہ دیکھئے کہ مؤرخین نے تاریخ کے کئی غلط صفحات پلٹ کر نبطی حکومت کے پہلے بادشاہ حارث اوّل کو حضرت عیسیٰؑ علیہ السلام کی پیدائش سے صرف ایک سو اُنہتر (169) سال پہلے دکھایا تھا۔پھر ہم نے گزشتہ عنوان میں نبطی حکومت کا وجود اس سے دوسو سال قبل دکھایا۔اور اب پھر ایک نظر اُس کی قدامت پر ڈالنا ہے۔پھر یہ دکھانا ہے کہ حضرت قیدار کی اولاد مصائب کے وقت ہمیشہ نبطی بادشاہوں کی پناہ لیتی تھی اور بعض حالات میں اپنے محسنوں کو دغا دے کر میدان جنگ سے فرار کر جاتی تھی۔پھر یہ دکھائیں گے کہ قیدار کا قبیلہ بنی اسرائیل اور نبطی حکومت کی مدد کے باوجود آخر صفحۂ ہستی پر حرف غلط کی طرح بن کر رہ گیا۔

اوّل۔ **نبطی حکومت کی قدامت** پر نبطی خاندان کے آغاز میں اُس کتبے کا ذکر ہوا ہے جو اسیریا کے بادشاہ بانیپال نے لکھا تھا۔اُس میں بادشاہ مذکور نے ایک نبطی بادشاہ ناتان شاہ کے قید ہونے کا ذکر کیا ہے۔اور سید سلیمان صاحب نے حزقیال نبیؑ کے غلط حوالے سے فریب کھا کر تعجب کا اظہار کیا ہے(ارض القرآن جلد دوم صفحہ 59)۔حالانکہ اگر وہ توریت پڑھنے اور تلاش کی زحمت فرماتے تو اس واقعہ کو حزقیال نبیؑ کے ذمہ نہ لگاتے اور نبطی حکومت کا وجود 740 قبل مسیح سے مانتے۔یہ واقعہ قیداری غداری کے تذکرہ میں پھر آتا ہے جس سے دوبارہ قدامت ثابت ہوگی۔

دوم۔ خاندان قیدار کا تذکرہ جہاں جہاں ملے گا وہاں اُن کی حیثیت طفیلیوں کی پائی جائے گی۔چونکہ سلیمان ندوی صاحب بھی دبی زبان سے آنحضرتؐ کو قیدار کی اولاد میں لکھ چکے ہیں اور سلف صالحین کا تقدس انہیں ملحوظ ہے۔لیکن پھر بھی اُن کے بیانات میں نہ جان ہے نہ کوئی شان ہے۔بلکہ تحریری ریکارڈ میں بجائے کسی مرد کے دو عورتوں کا تذکرہ ملتا ہے جو غالباً کسی نبطی بادشاہ کی بیوہ عورتیں ہوں گی اور غالباً خاندان قیدار سے ہوں گی۔ہم علامہ کے واسطے سے تمام اہم تعارف کراتے ہیں۔آپ یہ دیکھتے چلیں کہ قیدار کا نام کہاں کہاں آتا ہے؟ کس حیثیت سے آتا ہے؟ یا خود ہی تک بندی کر لی جاتی ہے ملاحظہ ہو:۔

''تحریری ریکارڈ سے دوسو برس کے بعد پھر قیدار کا نام اسیریا کے کتبات میں ملتا ہے۔ملک عرب کا نام ان کتبات میں ''عربی'' ہے۔اوّل ''زبیبی'' اور ''سمسی'' دو شاہزادیوں کا ذکر ہے۔زبیبی کی اصل غالباً زباء اور سمسی کی ''شمسیہ'' ہو۔ذیل

میں ہم ان کتبات کا اقتباس لکھتے ہیں۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 91)

یہاں سے آپ یہ دیکھیں کہ آیا کتبہ کے اقتباس میں لفظ شہزادیاں اور قیدار کی اولاد سے اُنکا ہونا مذکور ہے یا نہیں؟ اقتباس یہ ہے:۔

(ii) ''ملکہ زبیبی (یا زباء) تفلات پلاسر سوم، شاہ اسیریا 745 قبل مسیح سے 737 ق م کی معاصر (ہم زمانہ) تھی۔تفلات پلاسر پہلی بار'' زبیبی ملکہ عربی'' کو صرف مفتوحین اور باجگذاروں کی فہرست میں ذکر کرتا ہے۔زبیبی نے 738 ق م میں خراج ادا کیا تھا۔اُسکے بعد سے پھر عرب سے خراج وصول نہیں ہوا۔اب بجائے زبیبی کے ملکہ سمسی یعنی شمسیہ تخت نشین تھی۔سمسی نے خراج دینے سے انکار کردیا۔اسیریا کی فوج کو ناکام واپس کردیا۔ناچار وہ لڑنے پر مجبور کی گئی۔اسیریا والے غالب آئے اور سمسی کی ملکیت کے اونٹ اور بیل لوٹ لئے گئے۔ایک اسیری سردار خراج وصول کرنے کیلئے تعینات کیا گیا۔اس فتح کا اثر یہ ہوا کہ (قحطانی) سبا نے بھی شاہ اسیریا کو نذریں پیش کیں۔713 ق م میں سرجون ثانی اسیریا کے بادشاہ نے شمالی عرب پر فوج کشی کی۔خیفہ ایک قبیلہ تھا جس نے سرکشی کی تھی۔قوم ثمود اور عبادیدی اور مرسینی قبائل قبیلہ خیفہ کے طرفدار تھے۔قبیلہ خیفہ انتہائی شمال میں موجود شہر مدینہ کے متصل اور بقیہ قبائل کی طرف مکہ سے نیچے آباد تھے۔شیعمر سبا اور سمسی ملکہ عرب نے، جس کا ملک انتہائے شمال میں واقع معلوم ہوتا ہے، نذریں پیش کیں۔'' (ایضاً۔جلد دوم صفحہ 92-91)

یہاں رک کر سوچئے کہ جن کو شہزادیاں کہا گیا وہ اب ملکہ بتائی جارہی ہیں۔یہ کہیں پتہ نہیں کہ اُنکا خاندان قیدار سے کیا تعلق ہے؟ اور ملکہ زبیبی کو لوٹ میں بھیڑ بکریاں اور بیل ملے یعنی وہ ملکہ وَلکا کچھ نہیں ہے بلکہ کسی بڑے بدّو خاندان کی بیوہ ہے جس نے چراگاہ کا سالانہ ٹیکس نہ دیا ہوگا۔یہی حال ملکہ سمسی کا معلوم ہورہا ہے اور پھر جن قبائل کا ذکر ہورہا ہے یہ تمام قحطانیوں کی سبائی شاخیں ہیں۔اور یہ معلوم ہے مکہ اور مدینہ کے آس پاس اور علاقوں میں قحطانی بدّو بھی کافی تھے اور گھر بنا کر بھی رہتے تھے۔ابھی اقتباس مسلسل جاری ہے آگے پڑھئے:۔

(iii) ''اشور بیناپال اسیریا کے بادشاہ کے عہدِ حکومت 675 تا 626 قبل مسیح میں یوتع ابن ہزایل عربی کا بادشاہ تھا اور عادیہ بادشاہ کی بیگم تھی۔یوتع نے اپنے حدود حکومت میں عرب، اُدوم، بیت عمون، حوران، موآب، سعیر.....داخل کر لئے تھے۔اور ان مقامات کے حدود میں عربوں کی چوکیاں مقرر کیں۔یوتع نے بنی قیدار کی ایک فوج دو عرب شیخوں ابی تبع، اور ابا مو کے ماتحت روانہ کی بنی قیدار کی یہ فوج بابل سے پیچھے ہٹادی گئی۔اور کم از کم ان میں سے ایک شیخ گرفتار کرلیا گیا۔عرب جو اسیریا میں آباد تھے۔جراً اس فوج کی شرکت سے باز رکھے گئے تھے۔اسلئے متوقع کمک عربوں کو نہیں پہنچ سکی۔یُوتع (بادشاہ عربی) نبطیوں (نابتیوں) کی چھوٹی سی ریاست میں پناہ گزیں ہوا۔یویط (uaita) یوتع کا بھتیجا تخت پر قابض ہوگیا۔اور بہادری کے ساتھ اسیریوں کی فوج سے مدافعت کرتا رہا۔آخر اسیریا کی فوج کے ہاتھوں میں گرفتار ہوگیا اور پابہ زنجیر اسیریا لایا گیا۔اور دروازہ پر نگہبان کتے کی طرح پاسبانی کی خدمت اس کیلئے مقرر کی گئی۔اسی سلسلے میں قیدار کا ایک اور سردار عم العدی بھی قابل مواخذہ سمجھا گیا۔وہ فلسطین جا کر پناہ گزیں ہوا۔لیکن وہاں بھی اس کو امان نہ ملی۔فلسطین بھی فتح کرلیا گیا۔اور وہ قید ہوگیا۔ملکہ عادیہ (یوتع کی زوجہ) بھی گرفتار ہوگئی اور اب ابی شیع عربی کا بادشاہ ہوا۔ابوشیع کی مدت حکومت بہت کم معلوم ہوتی ہے۔اور یکا یک تخت عویط بن بیردوا کو دے کر تاریخ

سے غائب ہوجاتا ہے۔اور پھرایک زمانہ کے بعد ''شیخ بنی قیدار'' کی صورت میں نظرآتا ہے۔اب نتنو (ناتان) رئیس انباط،اور یوئتع (وہی یوتع جو پناہ انباط میں مذکورہوا ہے۔احسن) رئیس عربی اور ابی شیع رئیس قیدار اسیریا کے مقابلے میں اُٹھتے ہیں۔لیکن سُوءِ قسمت سے ناتان گرفتار ہوجاتا ہے۔اور سب بچ کر نکل جاتے ہیں۔کتبات مذکورہ کے بیانات سے یہ صاف صاف نہیں واضح ہوتا کہ زیبی اور سمسی بنی قیدار سے تھیں یا نہیں؟ بلکہ آخری فقروں سے قیاس غالب یہ ہوتا ہے کہ یہ خاندان قیدار ہی تھا۔ان کتبات سے یہ بھی واضح ہوتا ہے۔کہ نابت اور قیدار کی اولادیں اس وقت الگ الگ ہوگئی تھیں۔اور شمالی عرب کے مختلف گوشوں میں اُنکی متفرق ریاستیں قائم ہوچکی تھیں۔'' (ایضاً جلد دوم صفحہ 93-91)

(iv) **خاندانِ قیدار مشکوک رہا ہے**۔اسلیئے کہ اُن کتبات کے نام پر جو کچھ کہا گیا ہے وہ خاندان قیدار کے متعلق محققین کی نظر میں بھی محض ایک قیاس ہے۔لیکن جو چیزیں ان سے ثابت ہیں اور جن میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے وہ یہ ہیں کہ 693 قبل مسیح میں آنحضرؐت کے خاندان انباط کی ایک ریاست یا حکومت اس قابل موجود تھی کہ قبیلہ قیدار کا ایک سردار نبطی حکومت کی پناہ لیتا اور محفوظ رہتا ہے اور اسیریا کا بادشاہ اور اسکی افواج تمام مجرموں کو گرفتا کرلیتی ہیں۔حتّٰی کہ عورتیں یعنی ملکہ وغیرہ بھی قید کرلی جاتی ہیں۔مگر شاہ اسیریا اور اسکی افواج نبطی حکومت سے تعارض کرنے کی جرأت نہیں کرتیں۔پھر نبطی بادشاہ ناتان اپنی افواج کی مدد سے اُن قیدیوں کو چھڑانے کیلیئے بادشاہ اسیریا پر حملہ آور ہوتا ہے اور جن کی طرفداری اور حمایت میں یہ دردسر مول لیتا ہے۔وہ اُسے گرفتار کراکے بھاگ نکلتے ہیں۔بہرحال نبتی حکومت کی قدامت اور احسان وحمایت ثابت ہے۔شاہ انباط سے بے وفائی غداری روز روشن کی طرح عیاں ہے۔اور اگر یہ لوگ واقعی خاندان قیدار سے تھے تو قیداری خاندان کے طرفداروں کے لئے بڑی ہی ذلت و بے شرمی کی بات ہے۔اگر یہ خاندان واقعی بادشاہ اور ملکہ وغیرہ سب صحیح ہے تو اُنکی بے کسی، بے بضاعتی، بزدلی اور ذلت ورسوائی کی حد ہوگئی ہے۔برسرِحکومت آنے کے قابل پورے قیداری خاندان میں کسی مردکا نہ ہونا، مرداگر کسی طرح بادشاہ بن بھی گئے تو دشمن کے آگے بھاگتے پھرنا، دوسروں کی پناہ میں زندگی گزارنا اور اپنے محسن کو گرفتار کراکے بھاگ نکلنا، یہ باتیں اگر خاندان قیدار کی مدح وثنا ہیں تو قارئیں بتائیں کہ اُنکی مذمت کے لئے الفاظ کون سی ڈکشنری اور کس زبان سے لائے جائیں گے؟

ہم عرض کر چکے ہیں کہ نہ خاندان قیدار کی کوئی حکومت تھی، نہ اُن میں کوئی اس قابل تھا کہ بادشاہت کرسکے۔البتہ بڑے بھائی یعنی حضرت نابت علیہ السلام کی اولاد اپنی بادشاہت میں چھوٹے بھائی یعنی جناب قیدار کی اولاد کیساتھ سلوک کرتی چلی آتی تھی۔اگر کوئی قابل مرد اُس قیداری قبیلے میں ملتا تھا تو اسے سرداری، گورنری دے دی جاتی تھی۔اور بڑے بھائی کے خاندان کی حکومت کی بنا پر لوگ اُن کو شہزادے اور اُن کی اولاد کو شہزادیاں سمجھتے تھے۔یعنی نبطی بادشاہ کا سلوک اس قدر واضح تھا کہ رعایا کو یہ تک معلوم نہ ہوتا تھا کہ فلاں مرد یا عورت نبطی ہے یا قیداری ہے۔اس سے زیادہ قیداری خاندان کے متعلق لنگڑے اور بے جوڑ بے تکے افسانے ہیں اور کچھ نہیں ہے۔قیدار کے لوگوں کا یہاں پناہ کیلیئے بھاگ کرآنا بھی اسی حقیقت کا ثبوت ہے کہ میں تمہارا مقرر کیا ہوا حاکم ہوں، تمہارا بھائی ہوں، جس طرح ہو سکے مجھے پناہ دو۔کیا قارئین اسے پسند کرتے ہیں؟ اور کیا یہ ممکن ہے کہ خُلق عظیم پر فائز ہونے والا رسولؐ ایسے خاندان سے ہوجسکے تمام

اخلاق مشرکین مکہ کے قحطانی قبائل سے ملتے ہوں؟ اُن کتبات سے قبیلہ حیفہ، عبادبین اور سبا کی کئی قحطانی شاخوں کا علم ہوا جو قیداری بن جانے یا قیداریوں کو اپنے اندر ضم کر لینے میں کوشاں نظر آتے ہیں۔

سوم۔ خاندان قیدار کو چمکانے کے لئے فریب کھایا اور دھوکا دیا گیا ہے

مندرجہ بالا نام نہاد کتبے کے ذریعے خاندان قیدار کو نمایاں کرنے کیلئے چند باتیں توریت کے حوالے سے لکھی گئی ہیں۔ یہ جرأت اس لئے کی گئی ہے کہ توریت کس کو ملے گی، ملے گی تو اسے کون پڑھے گا اور پڑھے گا تو قیداری خاندان کے خلاف کون منہ کھولے گا۔لیکن ہم آنحضرتؐ اور خانوادہ ابراہیمؑ واسماعیلؑ کے متعلق کسی غلط گو اور ہر غلط فہمی اور فریب کا پردہ چاک کر دیا جانا اپنا فرض منصبی سمجھتے ہیں۔سید صاحب نے لکھا ہے کہ:۔

(i) ''اشعیا نبی جو تقریباً اُسی زمانہ میں تھے۔یعنی آٹھویں صدی قبل مسیح میں وہ بیان کرتے ہیں کہ قیدار ایک شاندار اور بہادر قوم ہے۔ (16:21 (ارض القرآن۔جلد دوم صفحہ 93)

ہمیں بڑے افسوس سے پھر لکھنا پڑتا ہے کہ محقق ہو کر کسی کتاب کو بذات خود پڑھے بغیر حوالہ لکھنا اور پھر غلط بیان دینا سید صاحب کے لئے موزوں نہ تھا۔ہم قیدار کے خاندان کی تباہی کے سلسلے میں یہ حوالہ توریت سے لکھ چکے ہیں۔اب دوبارہ اردو اور عربی تورات سے دکھاتے ہیں کہ نہ وہاں قیدار کی ساری قوم کا ذکر ہے، نہ اسے شاندار قوم کہا، نہ بہادری کا کہیں تذکرہ موجود ہے۔جو کچھ ہے وہ یہ ہے کہ:۔

(ii) ''خداوند نے مجھے یوں فرمایا ہے کہ ایک برس یعنی مزدور کے ایک برس کے اندر قیدار کی تمام شوکت فنا ہو گی۔اور تیر اندازوں کا بقیہ قلیل ہو گا۔قیدار کے جنگ جُو تھوڑے سے ہوں گے۔یقیناً خداوند اسرائیل کے خدا نے فرمایا ہے۔''
(توریت کتاب اشعیا نبی باب 21۔آیت نمبر 17-16)

(iii) عربی کی توریت کے الفاظ یہ ہیں کہ:۔ قال لی السیدُ بَعْدَ سَنَةٍ كَسَنَةِ الْاَجِيْرِ يفنى كُلُّ مَجْدِ قِيْدَ ار۔ وَبَاقِى عَدَدَ اَصْحَاب القَسِيّ مِنْ جَبَا بِرَةِ بَنِى قِيْدَار يضحِىُ قَلِيْلًا لَاَنَّ الرَّبَّ بَنِىُ اِسْرَائيل قَدْ تكلم۔(حوالہ مندرجہ بالا)
مجھ سے میرے سید نے کہا ہے کہ ایک ایسے سال کے اندر جس میں چھٹیاں شمار نہ کی جائیں۔(مزدور کو چھٹی کی مزدوری نہیں ملتی اس لئے مزدور کا سال تقریباً دس ماہ کا ہوتا ہے۔احسن) قیدار کی عزت فنا ہو جائے گی۔اور اُن میں سے چند تیر انداز اور تھوڑے سے مسلح افراد باقی رہ جائیں گے۔بنی اسرائیل کے خدا نے یہ حکم جاری کر دیا ہے۔

اگر مولانا یا کوئی اور ہماری طرح اللہ اور توریت پر ایمان رکھتا ہے تو اسے ماننا پڑے گا کہ حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش سے آٹھ سو سال پہلے ہی خاندان قیدار کی عزت خاک میں مل چکی تھی۔اور جو چند لوگ اس قبیلے کے باقی رہ گئے تھے وہ مجہول اور نا قابل ذکر حالات میں رہتے ہوئے مٹ مٹا گئے ہوں گے۔عزت فنا ہو جانے کے بعد یہ کہنا کہ پھر عزت پیدا ہو گئی تھی، توریت ہی سے دکھانا پڑے گا۔ورنہ یہ ایک فریب ہو گا اور خدا اور رسوؐل کی اور توریت کی تکذیب ہو گی۔غالباً اسی لئے ہمارے مخالفین نے توریت وانجیل کو منسوخ قرار دیا تھا کہ خاندان

قیدار کی عزت کے افسانے گھڑے جاسکیں۔اس کے بعد توریت سے دو ایک حوالے اور لکھے ہیں حالانکہ اُن میں خاندان قیدار کی نہ کوئی مدح وثنا ہے، نہ اُن میں اس قبیلے کی کوئی عظمت ہے۔مگر پھر بھی یہ دکھاتے ہیں کہ وہ حوالے بھی جھوٹے ہیں دیکھئے:۔

(iv) ''گاؤں میں خاندان قیدار کی بہت سی آبادیاں ہیں'' (11:42) ارض القرآن صفحہ 93 جلد دوم۔توریت کی عبارت پڑھیئے:۔

''اے تم جو قیدار کے خیموں میں سکونت پذیر ہو۔'' (اشعیا 11:42)

بتائیے کہاں ہیں وہ گاؤں اور آبادیاں یہاں تو خانہ بدوش بدوؤں کا ذکر ہے۔جو پھٹے پرانے کپڑوں کو تان کر جنگلوں میں پڑے رہا کرتے ہیں۔سچ ہے تعصب سے آدمی کا دل بھی اندھا ہو جاتا ہے۔علامہ کا تیسرا حوالہ بھی دیکھ لیں:۔

(v) ''بھیڑ بکری اُن کی دولت ہے اُسی کی وہ تجارت کرتے ہیں'' (70:60)۔(ارض القرآن جلد دوم صفحہ 93)

یہ حوالہ غلط ہے دراصل باب 60 کی ساتویں آیت ہے عبارت یہ ہے:۔

''قیدار کے سب گلّے (ریوڑ) تیرے پاس جمع ہوئے۔'' (اشعیا نبی۔باب 60 کی 7 آیت)

یہاں ایک سرسری اور تابعدارانہ ذکر ہے۔نہ تجارت کی بات ہے نہ قیدار کی حکومت کا تذکرہ ہے اور زیادہ سے زیادہ یہی معلوم ہوتا ہے کہ جنگلی بدوؤں کا بیان ہے جو کسی وجہ سے اپنی بھیڑ بکریاں ہانکتے ہوئے یہاں آئے ہیں۔اگلے صفحہ پر قیدار کی تباہی تسلیم کر لی وہی حوالہ جس میں قیدار کی بہادری اور شاندار قوم ہونے کا ذکر کیا تھا۔اب صفحہ 94 پر اپنے پہلے بیان کے خلاف لکھ دیا۔

الغرض یہ ایک ڈھونگ ہے۔مقدس مگر خود ساختہ افسانہ ہے اور کچھ نہیں ہے۔بلا کسی بحث وثبوت وتحقیق کے یہ کہہ کر آنحضرتؐ کے خاندان کو قیداری نسل سے لکھ دینا کہ عدنان قیدار کی اولاد میں سے ہیں، ایک بہتان ہے اتہام ہے۔

(و)۔ آنحضرتؐ کے نبطی خاندان کی حکومت وعظمت کی چند جھلکیاں

خاندان رسولؐ کی عظمت یہ ہے کہ ہمیشہ بیرونی اور غیر ملکی حکومتیں اُن کی مدد واعانت کی محتاج نظر آتی ہیں چنانچہ ملاحظہ ہو کہ:۔

(i) یہ تاریخ تمام تر نبطی عربوں سے گونا گوں تعلق رکھتی ہے۔ملکِ یہود یہ ملکِ نباطیہ سے ہم سرحد تھا۔دونوں صوبوں میں تقریباً ایک ہی قسم کے سیاسی حالات رونما ہوتے تھے۔سلوقی خاندان ابھی صرف سو سال شام پر حکومت کرنے پایا تھا کہ 166 ق م میں یہودا مکابی، بانی خاندان یہود، نے بغاوت کی۔یہود خود عرب گئے اور نبطی عربوں (کی حکومت) سے اعانت اور شرکت کی درخواست کی کہ ہم لوگ متحدہ طاقت سے ان بیرونی قوموں کو نکال دیں۔سلوقیوں نے جب یہ دیکھا تو انہوں نے بھی اُن نبطی عربوں (کی حکومت) کی طرف ہاتھ پھیلایا۔اس وقت غالباً حارث اوّل انباط کا بادشاہ تھا۔جسکا زمانہ 169 ق م ہے۔''
(ارض القرآن جلد دوم صفحہ 69)

بتائیے کہ خاندان قیدار کہاں اور خاندانِ رسولؐ کہاں؟ ہمارے سب سے پہلے زید کا حال سُنیے:۔

(ii) زید بابل نبطی بادشاہ کے عہد میں سکندر سلوقی اور ڈیمٹریوس میں منازعت (جھگڑا) شروع ہوئی۔ڈیمٹریوس کے طرفدار شاہان نبط تھے اور یہودی سکندر کے حامی تھے۔سکندر سلوقی نے شکست فاش کھائی۔اس وقت نبطی حکومت کی آزاد سرزمین کے

علاوہ اُسے کوئی دوسرا ضامن نظر نہ آیا (اور اس حکومت کو حمایت پر مجبور کرنے کیلئے نبطی حکومت پر حملہ کر دیا۔) سکندر سلوقی کا بیٹا نطیا خوس اس معرکہ میں قید ہوا۔جس کی دیکھ بھال اور تربیت نبطی حکومت نے شروع کی اور زید بابل نے سکندر کا سر کٹوا کر بطلیموس کو بھجوا دیا۔یونانیوں نے جو سکندر کے طرفدار تھے۔زید بابل کے جانشین مالک اوّل سے درخواست کی کہ سکندر کے بیٹے نطیا خوس کو رہا کر کے سکندر کی جانشینی کا موقعہ دیا جائے۔سخت منت سماجت اور اصرار کے بعد مالک اوّل شاہ انباط نے یہ درخواست منظور کر لی اور دشمن کے بیٹے کو رہا کر دیا۔'' (ارض القرآن۔جلد دوم صفحہ 70-69)

قارئین کرام یہ ہے خانوادہ رسوؐل کی ازلی و ابدی سُنت کہ اپنے دشمن کے بیٹے کو اسلئے رہا کر دے کہ وہ کل مخالف حکومت کی قیادت کرے۔قیدار کا خاندان تو کسی شمار میں نہیں ہے۔پوری تاریخ میں کوئی اور خاندان ایسا نہ ملے گا جو یہ جرأت و اخلاق پیش کر سکے۔اور ملاحظہ ہو کہ وہی یونانی شہزادہ جسے کل شاہ انباط نے رہا کیا تھا لشکر جرار کے ساتھ نبطی حکومت پر فوج کشی کرتا ہے۔اور قحطانیوں کی طرح نبطی خاندان کا نہ صرف احسان بھول جاتا ہے بلکہ مکے کے مشرکوں کی اولاد کی طرح غداری بھی کرتا ہے سُنئے :۔

(iii) ''حارث سوم 87 ق م تا 62 ق م حکومت انباط کا سلطان اعظم ہے۔انطیا خوس اور ڈیانیسوس سلوقی اس وقت ملک عرب پر حملہ آور تھے۔حارث کی طرف والی افواج، خالص نبطی شجاعت سے یونانیوں کا مقابلہ کر رہی تھیں۔لیکن پہلے حملہ میں پسپا ہونے لگیں تو حارث خود دس ہزار سواروں کے ساتھ اچانک میدان جنگ میں نمودار ہوا۔نطیا خوس بہادری کے ساتھ لڑتا رہا۔اور عین اس وقت جب کہ جلوہ فتح کی جھلک نظر آ رہی تھی میدان کارزار میں کام آیا۔اس کے مرنے کے ساتھ فوج کے پاؤں اکھڑ گئے۔حارث کے لئے اب یہاں سے دمشق تک جو سلوقین کا پایۂ تخت تھا۔کوئی روک نہ تھی۔چنانچہ خود اہل دمشق کی دعوت پر حارث دمشق پہنچا۔اور سکندر اعظم کے جانشینوں کا تخت اس کے پاؤں کے نیچے تھا۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 71-70)

آپ نے دیکھا کہ آخر کار غداری اور بے وفائی کرنیوالوں کا تخت حکومت، خانوادۂ رسولؐ کے پاؤں چومنے کی عزت حاصل کرتا ہے۔قارئین دمشق کا نام آتے ہی کیسے کیسے لرزہ خیز نظارے سامنے پھر جاتے ہیں۔یہاں رسولؐ زادیاں قید ہونے والی تھیں۔حارث کو کیا خبر کہ یہاں اُسکے خاندان کی مقدس شہزادیاں قید و بند میں رکھی جائیں گی۔بہرحال دمشق ہو یا شام، کوفہ ہو یا کربلا یہ سب ہماری اپنی حکومت کے زیر نگیں رہے ہیں۔اُن پر بڑے بڑے احسان کئے گئے ہیں۔مگر افسوس قحطانی مشرکین نے اسلام کی آڑ میں مظالم کئے۔یہ ہیں وہ ثبوت جن سے خانوادہ اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں نبوت و حکومت کا وہ وعدہ پورا ہوتا چلا آیا ہے۔جو اُدھر توریت میں اور اِدھر قرآن مجید میں بڑی واضح آیات میں مذکور ہے اور جو انشاءاللہ قرآن مجید سے خانوادہ رسولؐ سے تعارف کی ذیل میں آنے والا ہے۔فی الحال تو اس مقدس خانوادے کی قدامت اور قدیم بزرگوں سے تعارف مقصود ہے۔اِن اعزازات میں سے ہزارواں حصہ (1/1000) بھی خاندان قیدار کیلئے ثابت نہیں ہے اور جب یہی تاریخ سے معلوم نہیں ہوتا کہ قیدار کے بیٹے پوتے کون تھے؟ وہ کہاں کہاں گئے، ان کے ناموں کا اباً و جداً بطور شجرہ کہیں نشان نہیں ملتا تو باقی اور کیا مل سکتا تھا؟ یہ تو جو ذرا و را سا ذکر کہیں اِدھر اُدھر ملتا ہے، خاندان نابت بن اسماعیل علیہما السلام کے طفیل سے ملتا ہے اور اسی بے نام و نشان رہ جانے کی بنا پر تو اہل قحطان نے یہ مشہور کر دیا کہ عدنان بن معد کے بعد

رسولؐ اللہ کا شجرہ یقینی نہیں ہے۔تا کہ کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ آپؐ قیدار کی نسل سے نہیں ہیں۔مگر ہم جانتے ہیں کہ جس شجرہؑ طیبہ کو محفوظ رکھنے کا تذکرہ قرآن میں ہو،جس کو بات بات پر ہر میدان میں رجز خوانی میں فخریہ پیش کیا گیا ہو،وہ ہرگز مجہول ومشکوک ومختلف فیہ و متنازع نہیں ہوسکتا۔چنانچہ یہ وہ شجرۂ نبوت ورسالت ہے جوتوریت میں مفصل موجود ہے۔جوتواریخ روم و یونان میں ریکارڈ کیا گیا،جواس خانوادے کے بزرگوں نے سنگی اور آہنی ریکارڈ کی صورت میں زمین کوسپرد کر دیا تھا،جوآج نکل نکل کر مشرکین عرب اور دشمنانِ خانوادۂ رسوؐل کومنہ چڑارہاہے۔اللہ نے اس شجرہ طیبہ کیلئے اسی بناپر یہ فرمایا تھا کہ اُسکی بنیادیں یا جڑیں زمین میں ہیں اور شاخیں آسمانوں میں پھیلی ہوئی ہیں۔اور ہم پہلے جڑ و بنیاد ہی کی بات کررہے ہیں۔زمین کے بعداُن کا مقدس تعارف وحی اور آسمانوں سے کرایا جائے گا۔اور اُس کے بعد ہم جناب امام حسین علیہ السلام کے دروازہ کی چوکھٹ پر سجدہ کے لئے حاضر ہوں گے۔چند باتیں اس مقدس سلسلہ کی اور سنیں:۔

(iv) پہلی صدی قبل مسیح کے اواسط میں سکندر مکابی کے دو بیٹوں میں تخت یہودیہ کیلئے جھگڑا ہوا۔ایک نے بھاگ کرشاہ نبط حارث کے دامن میں پناہ لی اور وعدہ کیا کہ اگر وہ تخت نشین کرادیا گیا تو جن بارہ نبطی شہروں کو اسکے باپ نے دبا لیا تھا نبطی حکومت کو دے دیگا۔ حارث پچاس ہزار کی سپاہ کیساتھ رقیم (دارالخلافہ) سے نکلا اور یہودی حکومت کو میدان میں شکست دی۔یہودی افواج یروشلم میں قلعہ بند ہوگئیں،حارث نے یروشلم کا محاصرہ کرلیا۔رومیوں کی نوشباب تازہ دم فوج بادشاہ حارث پر حملے کیلئے آگئی اور 300 ٹالنٹ (پچیس لاکھ روپے) یہودیوں سے لیکر حارث سے جنگ کا ٹھیکہ لے لیا۔اس پر حارث اپنی افواج لیکر واپس چلا آیا۔(ایضاً جلد دوم صفحہ 71)

یہاں دو باتیں نوٹ کرلیں کہ نبطی حکومت بیرونی بادشاہوں کی پناہ گاہ تھی اور یہ کہ ساری حکومتوں کی نظر میں نبطی حکومت کا اقتدار کھٹکتا رہتا تھا۔اور تمام ہی حکومتیں اُن سے خوفزدہ رہتی تھیں۔اب یہ دیکھئے کہ نبطی حکومت سے دوسری حکومتیں فوجی وسیاسی مدد کے علاوہ قرض روپیہ بھی لیا کرتی تھیں۔

(v) ''۔یہودیہ کا حاکم ہیروڈ شاہ رومی حکومت کو روپیوں کی تھیلی دے کراس سے بادشاہ کا لقب خریدنا چاہتا تھا اور اسی ضرورت سے نبطی بادشاہ مالک ثانی (47 تا 30 ق م) کے پاس جانا چاہا کہ اُس سے کچھ رقم بطور قرض یا دوستانہ طور سے حاصل کر لے۔لیکن مالک نے ملاقات سے انکار کردیا اور کہلا دیا کہ ایرانی حکومت ان تعلقات کو ناپسند کرتی ہے۔ہیروڈ رنجیدہ ہوکر روم چلا گیا۔لیکن نبطی حکومت،جن کی مدد کی ضرورت ہر قدم پر ہمسایہ حکومتوں کو ہوتی تھی؛اُس سے کب تک اعراض ہوسکتا تھا۔چنانچہ چند ہی روز کے بعد ایک فوج کشی میں پانی کیلئے نبطی حکومت کی اعانت کی ضرورت محسوس ہوئی۔''

(ارض القرآن۔جلد دوم صفحہ 72)

ہمسایہ حکومتوں کی پوزیشن کے بعد اس خاندان کے ایک وزیر کا حال بھی ملاحظہ کرتے چلیں:۔

(vi) ''عبادہ ثالث کا وزیر نہایت ہوش منداور چالاک تھا۔یونانی تلفظ میں اس کا نام سالیوس مذکور ہے۔اصلی نام شاید سائل یا سئیل ہو۔سالیوس ہمیشہ اپنی دانشمندانہ پالیسیوں سے یہودی اور رُومی حکومتوں کو زک دیتا تھا۔ 18 ق م میں رومیوں کو جوفتح

عرب کے خواب دیکھ رہے تھے۔عرب کے بے آب صحرا میں جس طرح اُن کی ہمتیں توڑ کراور نیم مردہ کرا کے واپس کیا۔وہ اب تک ہراُدومی اور یورپین مورخ کے قلم کیلئے سرمایہ غم وندامت ہے۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 73)

آپ نے دیکھا تھا کہ وزیر اسی مقدس خاندان کا فرد ہوتا تھا لہٰذا یہ بھی اس خاندان کی بصیرت کا ایک جیتا جاگتا اور بولتا ہوا ثبوت ہے۔

(11)۔ آنحضرتؐ کے نبطی خاندان کا دوسرا سلسلہ حکومت یعنی تمہید نبوت

اب ہم خاندانِ رسالت کی اُس نبطی حکومت کا تذکرہ کرتے ہیں۔جس کو آلِ غسان کے نام سے اس لئے شہرت دی گئی کہ نبطیوں کا تسلسل ختم کر کے اس حکومت کو بھی قحطانی مشہور کیا جا سکے۔مگر ہائے رے مشرکین قحطانی کی بدقسمتی کہ وہ یونانی اور رومی تاریخوں سے اور کتبات کے ذخیروں سے جاہل رہ گئے۔انہیں یہ معلوم ہی نہ ہوسکا کہ جس نے ذکر اور صاحبان ذکر علیھم السلام کونور بنا کر نازل کیا تھا اور جس نے اُن کی حفاظت کا وعدہ کیا تھا؛ وہ عرب سے باہر بھی اس شجرہ طیبہ کی حفاظت کی نگرانی کرتا چلا آرہا ہے۔اُس نے توریت و زبور میں بھی اُسے محفوظ کر دیا ہے۔اُسے یہود و نصاریٰ بھی سینے سے لگائے ہوئے ہیں۔انہوں نے یہ سمجھا تھا کہ چند پرانے شعر گھڑو، چند بھانڈوں کو ساتھ ملاؤ، چند حجاموں اور موچیوں کی مدد حاصل کرو، چند روایات تراشو، چند پرانے ناموں سے عرب کی کہانیاں تیار کراؤ، چند روز صحابہ رضی اللہ عنھم کو ملک میں گھیر کر رکھو، چند روز احادیث رسولؐ پر پابندی رکھو، رسولؐ کے زمانے کے تیار کردہ ریکارڈ کو جلاؤ بس میدان مارلیا۔نہ رہے بانس نہ بجے بانسری۔اُن کو خدائی انتظام کا علم نہ تھا۔وہ ابلیسی اسکیموں میں ماہر تھے۔انہوں نے اپنے حساب سے بڑا پکا، مستحکم اور ہمہ گیر انتظام کیا تھا۔مگر منصوبۂ نبوتؐ و رسالتؐ و امامتؑ نے اُن کے انتظام کو مکڑی کے جالے کی طرح لپیٹ کر فنا کر دیا۔آج وہ لوگ خود بلا شجرہ، بلا تحقیق نسب اور بلا باپ کے رہ گئے۔اور خدا نے انہیں ''کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا - بھان متی نے کنبہ جوڑا'' بنا کے رکھ دیا۔قرآن کریم سے مشرکین کا نسب اور شجرہ دیکھنے کے لئے ہماری کتاب ''اسلام اور جنسی تعلقات'' کا مطالعہ اشد ضروری ہے۔اور اُس نسب کا قرآنی نام شجرہ ملعونہ ہے (17/60) یعنی وہ ایسا شجرۂ نسب ہے جس میں ایک بھی تو ایسا آدمی نہیں ہے جو ملعون و مردود و خبیث نہ ہو۔یعنی شجرۂ طیبہ کی بالکل اور سو فیصد ضد ہے۔وہاں کوئی فرد ایسا نہیں جو طیب و طاہر نہ ہو اور یہاں کوئی فرد ایسا نہیں جو نجس و ناپاک و ناہنجار نہ ہو۔یعنی وہ قحطانیوں میں سے بھی ایک ایسی شاخ ہے جس کو ابلیس نے اپنا حصہ بنانے کے لئے خاص طور پر تیار کیا تھا۔جس میں ابلیس کی پوری پوری ممکنہ شرکت تھی۔اور اُس شاخ کی قابل مشاہدہ محسوس پہچان یہ تھی کہ اس کا ہر فرد شجرہ طیبہ کے ہر فرد سے برسرِ پیکار رہے۔ظہور آنحضرتؐ کے بعد انصار کا دشمن یقیناً اسی شجرہ ملعونہ کا فرد ہے۔آل رسولؐ کا دشمن یقیناً اولاد ابلیس ہے۔اور ہر وہ شخص جس کے دل میں یہ الفاظ چبھتے ہوں یقیناً اُسی شجرہ کے ساتھ محسوب ہوگا۔

(الف)۔ حضرت نابتؑ بن اسماعیلؑ کی اولاد نے مسلسل حکومت کی ہے

توریت و انجیل و زبور و قرآن کی رُو سے حضرت اسماعیلؑ کے خاندان میں مسلسل بلا انقطاع مرکزی حکومت رہنا چاہئے۔اور تاریخی و مصری شہادتوں سے بھی یہ تسلسل ثابت ہوتا چلا آرہا ہے۔گزشتہ عنوانات و حالات سے ظاہر ہوا ہے کہ نبطی حکومت نے قیدار کے

قابل افراد کوبھی برابر اقتدار میں ہاتھ بٹانے کا موقعہ دیا۔لیکن وہ اپنی گھریلو ذہنیت کے پیروں میں آکر کچلے گئے۔اُسی طرح لازم تھا کہ نبطی قبیلے کے تمام صاحبان بصیرت کو مسلسل عہدے،حکومتیں اور ذمہ داریاں سونپی جاتیں۔لہٰذا نبطی خاندان کے جن افراد نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور نام پیدا کیا،ان میں دوسرا نبطی خاندان آل جفنۃ یا آل غسان کے نام سے تاریخ کے پردہ پر آتا ہے۔اس خاندان کے افراد برابر شاہان نبط کے دست و بازو تھے۔جب یہودی،رومی،یونانی اور ایرانی حکومتوں کے انقلابات سے نبطی حکومت کا مرکزی نقطہ کمزور ہوا تو جہاں جہاں آل جفنۃ کے لوگ برسر کار تھے انہوں نے دوبارہ نبطی حکومت کو سنبھالا اور اب بھی بادشاہت کو اُن ہی ناموں کے ساتھ چلایا جو خاندان کے اوّلین بادشاہوں کے نام تھے تاکہ اُنکے نقش قدم پر چلنے کا خیال تازہ رہے۔چنانچہ انہوں نے قدم جماتے ہی تمام سابقہ پروگرام وہیں سے شروع کئے جہاں پر کام رکا تھا۔

(ب)۔ خاندانِ رسولؐ کی دوسری شاخ کی حکومت،اُس کا زمانہ

نبطی خاندان کی پہلی حکومت میں اُنکے تمام خاندانوں کے افراد برسر اقتدار تھے۔چنانچہ انباط کا قبیلہ قضاعہ کی شاخوں تنوخ اور سَلیح ضجم اور آل جفنۃ نے ہر جگہ مخالف حملہ آوروں کو روکا۔اُنکے پسپا کرنے کے دوران حکومت قضاعہ اور غسانیوں نے مل کر برقرار رکھی اور دوسری عیسوی کے اواخر میں آل غسان کی نبطی شاخ کی حکومت کا اعلان ہوا۔اور پھر انباط کی یہ حکومت اپنے رسول محمد مصطفیٰؐ کے زمانہ تک برقرار رکھی۔یعنی اس کا زمانہ حکومت چار سو سال سے زیادہ تھا۔اور یوں نبطی حکومت کی مدتِ حکومت ایک ہزار پانچ سو سال سے کچھ زیادہ ہے۔اس نئی حکومت نے وہ تمام مقبوضات رفتہ رفتہ واپس لے لئے جو پچھلی حکومت سے دشمنوں نے چھین یا دبا لئے تھے۔اسی خاندانی حکومت کا زمانہ تھا جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابی طالب علیہ السلام کے ساتھ بصرہ آئے تھے اور دونوں چچا بھتیجے بحیرا راہب سے ملے تھے۔یہی شہر بصرہ نبطی حکومت کا دارالخلافہ تھا۔یہیں سب سے پہلے نبوت کی اسرائیلی شاخ کے بزرگ ترین راہب مذکور نے حضورؐ کی نبوت تسلیم کی اور چند احتیاطی تدابیر حضرت ابی طالبؑ کو بتائیں۔تاریخ یہ کیوں اور کیسے بتاتی کہ آنحضرؐت اور اُنکے سرپرست ابی طالب علیہ السلام اپنے ماتحت رہنے والی اپنی خاندانی حکومت کے بادشاہ سے ملے تھے یا نہیں۔لیکن تقاضائے وقت اور دینی ضرورت اور خاندانی تعلقات کو کوئی صاحب عقل نظر انداز نہیں کرتا۔لہٰذا لازم تھا کہ آئندہ کے پروگرام زیرِ غور لائے جاتے۔قومی و ملکی لیڈروں کی مخالفت کا تخمینہ کیا جاتا،اُن سے دفاع پر بات ہوتی،اپنی حکومت کو اسکے اقدامات بتائے جاتے،اُنکو سفارتی ذرائع کے طور پر کام کرنے کی ہدایات دی جاتیں۔بحیرا راہب کو اسقف اعظم کی سطح سے اور شاہ انباط کو حکومت کی سطح پر غیر ملکی دینی اداروں میں،اس ظہور خداوندی اور تکمیل دین و نبوت،رابطہ اور حسب ضرورت سابقہ کتب کے احکام کی تعمیل پر توجہ دلانے کا کام سونپا جانا چاہئے تھا۔یہ سب کچھ عقلاً وشرعاً لازم تھا اور ہمارا ایمان ہے کہ خاندان نبوت ہر لازم و واجب چیز کو بہترین طریقوں سے انجام دینے کا عادی تھا۔یہ ضروری اور لازم و واجب نہیں کہ ہر بات اور ہر اقدام کو شہرت دیکر عام کیا جائے۔یہ بات ناقابل فہم ہے کہ جس ظہور اور جس نبوّت کا اعلان اور منادی تمام انبیاؑ واوصیاؑء اور تمام کتب ہائے خداوندی روز اوّل سے برابر کرتے چلے آئے ہوں،جسے لوگ اپنی ذات اور اپنی اولاد سے زیادہ یقین سے پہچانتے ہوں،اُسے عین ظہور کے وقت بھول جائیں۔جسکا پورا پروگرام الہامی کتابوں میں موجود اور زبان زدِ خلق ہو،کاہن و راہب اور ہر

مکتب فکر کے نجومی جس کیلئے پیشگوئیاں کرتے رہے ہوں، جسکے بعد کی سیاسی حکومت نام بنام بتادی گئی ہو، جس کیلئے مدبرین ودانشوران سیاست اپنا پروگرام بنا چکے ہوں، وہ نظام اسلام کوئی اقدام ہی نہ کرے، کسی کو نہ بتائے اورا یکدم مشرکین کے نرغہ میں پہنچ کر آنکھ کھولے۔ ہمارے یہاں ہر وہ بات نا قابل قبول ہے جو تقاضائے دین و دانش کے خلاف اور ابلیسی نظام کے حق میں ہو۔ جن لوگوں نے اس بادشاہت پر قبضہ کا پروگرام بنا رکھا ہوا اور جو صاحب اقتدار و اختیار بھی ہوں، بتایئے وہ کیسے اور کیوں موجودہ تاریخ سے زیادہ لکھواتے؟

(ج)۔ نبطیوں کی حکومتِ جدیدہ کے کارنامے، جاہ وجلال اور دیگر حالات

(i) **حکومت کا پیش منظر** اور ہمسایہ حکومتوں سے تعلق پر یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ مختلف مؤرخین نے حسب ضرورت نبطی بادشاہوں کی تعداد میں اختلاف کیا ہے۔ حمزہ نے بتیس (32) بادشاہوں کو مانا تو بعض نے کہا کہ مستقل بادشاہ اُنّیس (19) تھے۔ یہ جناب مسعودی صاحب ہیں۔ ابن قتیبہ صرف دس بادشاہ ظاہر کرنا چاہتے ہیں۔ یعنی جتنے منہ اتنی باتیں یا بکواس۔ اسکندر کے بعد ایران میں 324 ق م میں جو بحران پیدا ہوا تھا اور سرداران حکومت آپس میں دست وگریبان تھے۔ اُس کا خاتمہ اردشیر بن بابکان نے 226 ق م میں کیا۔ نظم و نسق درست کرنے کے بعد سابقہ ادوار کی طرح پھر ایران اور روم کی حکومتوں میں زور آزمائیاں ہونے لگیں جو برابر تین سو سال تک جاری رہیں۔ علامہ سید سلیمان صاحب نے بتایا ہے کہ:۔

(ii) **ہمسایہ حکومتوں کا مدد لینا:** ''یہی مواقع تھے جن میں ایرانی و رومی دونوں حکومتیں نبطی حکومت کی اعانت کے لئے محتاج تھیں۔ شاہان حیرہ یعنی حکومت عراق اُن معرکوں میں ایران کی طرف تھے۔ اور غسانی نبطی حکومت رومیوں کا ساتھ دیتی تھی۔ ایرانی حکومت کے مقابلہ میں جب بھی رومی حکومت کو کامیابی ہوئی وہ صرف نبطی حکومت کی مدد سے ہوتی تھی۔ اور اسی بنا پر اس غسانی نبطی حکومت کی تاریخ دراصل ایران وروم کی تاریخ کا خلاصہ ہے۔'' (ارض القرآن۔ جلد دوم صفحہ 82-81)

چونکہ نابت بن اسماعیلؑ کا خاندان اور خود حضرت اسماعیلؑ، حضرت اسحاقؑ کی اولاد کی بھی قدر ومنزلت کرتے تھے۔ چنانچہ نبطی حکومت بھی نبوت کی دوسری شاخ اور دیندار لوگوں کا برابر اکرام کرتی تھی۔ اسی حکومت کی وجہ سے عرب میں اسرائیلی نبوت کا مذہب پھیلا تھا۔ یہ حکومت ہر دینی ادارہ کے ساتھ تعاون کرتی تھی۔ اسی بنا پر رومی حکومت کی مدد بھی کرتی تھی۔ اور باقی قحطانی وسبائی قبائل اس رویہ کو ناپسند کرتے تھے۔ حیرہ کی حکومت ہمیشہ نبطیوں کے خلاف برسر مخاصمت اور ایرانی مجوسی حکومت سے ارادت ومودت رکھتی تھی۔ اور نبطیوں پر عیسائی ہوجانے کا الزام لگاتی تھی۔ چنانچہ بعض قحطانی مؤرخین نے یہ مشہور کیا ہے کہ نبطی حکومت نے عیسائی مذہب اختیار کرلیا تھا۔ حالانکہ خاندان انباط کے متعلق یہ وہم بھی نہیں کیا جاسکتا کہ انہوں نے ایک لمحہ کے لئے بھی حضرت ابراہیمؑ واسماعیل علیہما السلام کا مذہب چھوڑا ہو گا۔ مگر قحطانیوں کا ابلیسی بغض روز اوّل سے آخرت تک باقی ہے۔ انہوں نے یہ بھی مشہور کیا تھا کہ جب نبطی حکومت کے آخری بادشاہ جبلہ غسانی کو آنحضرتؐ نے دعوت اسلام دی تو وہ بہت ناراض ہوا اور مدینہ پر حملہ کی تیاری کا حکم دے دیا۔ سید صاحب نے بھی یہ دونوں مغالطے کھائے ہیں۔ اس اتہام میں بادشاہ کا نام جبلہ لکھنا ہی اُن کی جہالت اور عداوت کا ثبوت ہے۔ جبلہ بن ایہم تو آنحضرتؐ کے انتقال کے بعد 636 عیسوی مطابق 14 ہجری بادشاہ ہوا تھا۔ وہ باقاعدہ اسلام لایا تھا۔ حج کے لئے آیا تھا۔ اور مسلمانوں کے حالات پر کما

حقہ مطلع ہوکر واپس چلا گیا۔اس کے متعلق کئی غلط کہانیاں مشہور کر رکھی ہیں جو محض اس خاندان سے عداوت کی بنا پر گھڑوائی گئی تھیں۔اِن لوگوں نے اُن رئیسوں کا تذکرہ قطعاً چھپا لیا جواُن کے اپنے قحطانی وسبائی قبیلوں سے تھے۔

(iii) چند شاہان انباط کے کارنامے علامہ صاحب سے سُنئے :۔

''رومیوں کی تاریخ میں سب سے پہلے جبلہ بادشاہ کا نام آتا ہے۔497 عیسوی کی ملکی بغاوت میں اس بادشاہ نے رومیوں کی بڑی مدد کی تھی۔جبلہ کے بعد حارث بن جبلہ رومیوں کی نظر میں عرب کا سب سے بڑا ہیرو ہے۔یہ نہایت مہیب،شجاع اور پُر دل بادشاہ 528 عیسوی میں حیرہ کی اور 531 عیسوی میں رومیوں کی ایرانیوں کے ساتھ لڑائی میں اس نے نہایت ناموری حاصل کی۔563 عیسوی میں قیصر روم سے ملاقات کے لئے قسطنطنیہ گیا۔اوراسی بادشاہ حارث بن جبلہ کی وساطت سے قبیلہ کندہ کا نبطی شہزادہ اورعرب کا مشہور شاعر امراءالقیس قیصر روم تک پہنچا تھا۔حارث بادشاہ نے 569 عیسوی میں وفات پائی۔حارث کے بعد منذر تخت نشین ہوا۔بہادری اور رومیوں کی اعانت میں یہ بھی اپنے پیشرو بادشاہوں سے کم ثابت نہیں ہوا۔580 عیسوی میں قسطنطنیہ گیا۔رومی حکومت نے اُسے تاج پہنایا۔'' (ارض القرآن۔جلد دوم صفحہ 82)

یہ ہے وہ خاندان جس میں دین ودنیا کے بادشاہ اور تمام بنی نوع انسان کے نجات دہندہ حضرت محمد مصطفیٰ اور جناب علی مرتضیٰ اور جناب امام حسین صلی اللہ علیہم پیدا ہوں گے۔یہ ہے وہ نابتؑ بن اسماعیلؑ کا خانوادہ جس کیلئے قیصر روم تاج پوشی کی رسم ادا کر کے اپنی قوم اوراپنے ملک اور رعایا کو بتاتا ہے کہ اس خاندان کے ہاتھ میں دین ودنیا کی کنجیاں ہیں۔یہ جہاں ہوں اُنکا احترام حضرت اسماعیل واسحاق وابراہیم علیہم السلام کا احترام ہے۔یہ مرکزی خاندان نبوت ورسالت وحکومت وخلافت وامامت ہے۔یہی سبب تھا کہ اللہ نے قرآن کریم میں سورہ روم نازل کر کے حکومت روم کو دوبارہ اقتدار حاصل کرنے کی خوشخبری دی تھی۔اور 616 عیسوی تک رومی اور نبطی حکومت نے وہ تمام علاقے ایرانیوں سے دوبارہ چھین لئے جو قحطانی مدد سے ایرانیوں نے دبا لئے تھے۔(ارض القرآن۔جلد دوم صفحہ 83)

یہاں یہ سمجھ لیں کہ عیسائی، یہودی دیندار لوگ ہمیشہ نبطی خاندان کے ہمدرد رہے۔نبوت کی یہ دونوں شاخیں مذہباً ہمیشہ متفق رہیں۔جس شخص نے یہود ونصاریٰ اور دین ابراہیمی کے خلاف نفرت پھیلائی اور ایک نیا قحطانی ٹائپ کا فرقہ بنایا وہ پولوس تھا۔جو نبطیوں کے قید خانے سے کمند لگا کر فرار ہو گیا تھا(44 عیسوی میں) اُسے سینٹ پال کہا جاتا ہے۔(ایضاً صفحہ 74)

سینٹ پال ہی وہ شخص ہے جس نے عیسوی مذہب میں تین خدا ہونے کا عقیدہ پیدا کیا۔ختنہ کو بند کیا۔بت پرستی کی طرح ڈالی۔شراب اورفسق وفجور کو جائز کیا تھا۔یہی تھا جس نے ہمارے قحطانی مسلمانی لیڈروں کی طرح تمام مذہبی تعلیم کو اجتہاد کی بھینٹ چڑھایا۔

(د)۔ آنحضرتؐ کے نبطی خاندان پر علامہ شبلی کا بیان

ہندوستان کے علما کا وہ گروپ جس نے ماڈرن انداز میں مسلمان حکمرانوں کی لکھوائی ہوئی تاریخ کی تطہیر کا بیڑا اٹھایا تھا اور طے کیا تھا کہ جو چیزیں حکومت کے مخالف علمانے پکڑ لی ہیں اور جن سے اُن کے مذہب کو خطرہ لاحق ہے۔وہ سب تاریخ سے نکال کر سابقہ حکمرانوں کی برائیوں کی عمدہ تاویلات کی جائیں۔علامہ شبلی اسی گروہ کے سالار کاروان تھے۔ماشاءاللہ شبلی صاحب نے کھلے میدان میں

سورج کے وجود کو مشکوک کرنے کی کوشش مرتے دم تک جاری رکھی تھی۔ یہاں تک کہ مرزا عابد علیؑ بیگ قزلباش کی کتاب الفرق نے ان کا ہارٹ فیل کر کے ان کو مزید اکاذیب سے محفوظ کر دیا۔ آنجہانی خاندان رسولؐ کے انتہائی مخالف اہل قلم تھے۔ انہوں نے نابت بن اسماعیل علیہما السلام کا تذکرہ نہایت خفیف انداز میں لکھا ہے۔ مگر اللہ کی سنت یہ ہے کہ وہ معاندین کے قلم سے کچھ نہ کچھ حق باتیں لکھوا کر چھوڑتی ہے۔ چنانچہ شبلی نعمانی بھی مجبور ہوئے کہ چند جملے مؤرخ فارسٹر کے قلم سے لکھ دیں۔ چنانچہ علامہ نے لکھا کہ:۔

(i) ''نابتی حکومت جو شام کے حدود سے متصل تھی اور جو قوم ثمود کی مرادف یا اُن کی قائم مقام تھی۔ اس کی نسبت فارسٹر صاحب اپنے جغرافیہ میں لکھتے ہیں'':۔ ''ان مختصر بیانات سے معلوم ہوا ہوگا کہ زمانۂ قدیم میں نابتؑ کا نام اور اثر نہ صرف ریگستانی اور صحرائی عرب پر غالب اور چھایا ہوا تھا بلکہ حجاز و نجد کے صوبہ ہائے عظیمہ پر بھی حاوی تھا۔ نابتی جہاں ایک طرف منافع تجارت میں بہرہ اندوز ہونے میں درجہ کمال رکھتے تھے وہاں دوسری طرف بطور سچے بنو اسماعیل کے خطراتِ جنگ کے لئے بالکل مستعد رہتے تھے۔ فلسطین اور ملک شام کے دشمنوں پر اُن کی غارت گریوں اور خلیج عرب میں دشمن کے مصری جہازوں پر اُن کی تاخت و تاراج نے بارہا تاجدارانِ مقدونیہ کو اُن کی شکست اور دشمنی پر آمادہ کیا۔ مگر سلطنت روما کی مجموعی قوت سے پیشتر کوئی طاقت انہیں روک نہ سکی۔'' (سیرۃ النبیؐ جلد اوّل صفحہ 113)

(ii)۔ علامہ شبلی نے دیدۂ نیم باز اور کج ادائی سے مجبوراً مدح کی ہے

یہ لوگ یہ نہیں چاہتے کہ نبتی خاندان کا مفصل تذکرہ کر کے اپنے قحطانی راہنماؤں کی سازش فاش کر دیں۔ اس لئے یہ لکھنے کے بجائے کہ نابت بن اسماعیل علیہما السلام کی اولاد ملت ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام اور اُن کے صحیفوں پر عامل تھی۔ اور مکہ و مدینہ و حجاز و عراق و نجد و شام سب پر حکمران تھی۔ یہ لکھا کہ ''نابتی حکومت شام کے حدود سے متصل تھی۔'' یعنی کہیں ایک خیمہ تان کر بیٹھی ہوگی۔ بہرحال غیر مسلم حق پوشی نہیں کرتے اور وہ قحطانیوں کی ہر سازش کا اتا پتا بتانے میں تحریک تشیّع کے مددگار رہے ہیں۔ فارسٹر صاحب نے نبطیوں کو سچے اور حقیقی اسماعیلی کہہ کر نہ صرف علامہ کی گول بات کو سیدھا کر دیا اور یہ بتا دیا کہ نابتی حکومت خانوادۂ اسماعیلؑ کی حکومت تھی بلکہ یہ بھی بتا دیا کہ عرب میں ایک گروہ جھوٹے اور خود ساختہ اسماعیلیوں کا بھی تھا۔ جو نہ ملت ابراہیمؑ سے تعلق رکھتے تھے نہ بہادر و شجاع تھے۔ علامہ شبلی نے نبتی حکومت کو ثمود کی قائم مقام حکومت جس غرض سے بھی لکھا ہو۔ مگر یہ ثابت ہو گیا کہ جناب ابراہیمؑ و اسماعیلؑ قوم عاد و ثمود کے صالحین کی اولاد میں سے تھے۔ اور جناب ھود و صالح علیہما السلام کی نبوت اور کتابوں کے وارث تھے۔ اور اللہ نے اُن کو قوم عاد و ثمود کی عظیم الشان مملکت و حکومت کا قائم مقام بنایا تھا۔ اور پھر جناب نابت بن اسماعیل علیہما السلام کی اولاد اپنے باپؑ دادا اور قوم عاد و ثمود کی قائم مقام ہو کر دنیائے عرب و عجم پر حاکم و بادشاہ مقرر ہوئی اور اُس وقت (2000 ق م) سے مسلسل دو ہزار چھ سو (2600) سال تک حکومت کرتی رہی۔ یہاں تک کہ ظہور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور سجدہ ریز ہوئی اور قیامت تک کے لئے حضرت عبداللہ بن عبدالمطلب علیہما السلام کے بڑے بھائی کی اولاد کی امامت کے قیام میں مصروف ہوگئی۔ یہ ہے وہ شجرہ طیبہ جو طوفانِ نوحؑ کے بعد بھی خدا کی طرف

سے پوری نوع انسان کا حاکم وراہنما اور وارث تعلیماتِ خداوندی رہتا چلا آیا اور تا قیامت نوع انسانی کی عزت وحریّت وترقی ونجات کا ضامن ہے۔اُسی خانوادے کی سمیٹی ہوئی صورت کا نام حسین علیہ السلام ہے۔اسی کے لئے قرآن کہتا چلا آ رہا ہے کہ:۔

اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًاo(4/54)

کیا خانوادہ رسولؐ کے ساتھ غیر خاندان والے لوگ ہماری اُس مسلسل دادودہش پر حسد سے اب تک جلے جا رہے ہیں جو ہم نے اُس خاندان پر اپنے فضل سے مسلسل جاری رکھی ہے۔سنو کہ بلا شک وشبہ ہم نے حاسدوں کے حسد سے بے پرواہ رہ کر آل ابراہیمؑ واسماعیلؑ و محمد مصطفیٰ صلوٰۃ اللہ وعلیٰ آلھم کو قرآن کریم اور حکمت اور مملکت عظیمہ دے دی ہے۔

یہاں قارئین یہ نوٹ کرلیں کہ عرب میں خانوادہ رسولؐ کی حکومت دو ہزار پانچ سو (2500) سال سے چلی آ رہی ہے۔اب اُسی خانوادے میں اللہ نے نبوت وخلافت ورسالت وامامت کو ایک نقطہ کمال پر جمع کر کے قرآن بھی عطا کر دیا۔اس شان وعظمت اور اِس خاندان سے حسد کرنیوالے لوگ موجود ہیں۔جن کو سنا کر مندرجہ بالا آیت نے اعلان کیا تھا۔یہ اعلان 3 ہجری سے 5 ہجری کے دوران ہوا۔اُس وقت اللہ کی یہ حکومت اور اُسکا حاکم مدینہ میں ہیں۔مدینہ میں انصار تو خود اُسی شاہی نبطی خانوادے کے افراد ہیں۔اُنکا جلنا اور حسد کرنا تو ناممکن ہے۔ظاہر ہے کہ انکے علاوہ جو بھی غیر نبطی ہے اس پر حسد کرنے اور جلنے کا یقین ہوگا۔پھر قرآن کریم نے اُن کم بخت حاسدوں کے ناموں کو مصلحتاً پردے میں رکھا ہے۔لہٰذا اب اُن کو پہچاننا دانشوروں کا کام ہوگا۔جو بھی اپنی داڑھی میں تنکا تلاش کرتا ہوا ملے، جو بھی اس خاندان کے خلاف کسی اور کو حاکم بنانے کی فکر میں مصروف ملے، جو بھی اس خاندان کے حاکم بننے کی راہ میں رکاوٹ ڈالے وہ سب قرآن کی مذکورہ آیت کے مخاطب ہیں۔اس حسد وبغض وعناد وعداوت کا طرح طرح اظہار ہوتا چلا گیا۔مگر بعد والوں نے ان اظہارات وبیانات وواقعات پر تاویلات کی مقدس چادریں ڈال کر عوام کو فریب دیا اور آج تک فریب دیتے ہیں۔مگر جناب امام حسین علیہ السلام نے اُن ازلی وابدی دشمنانِ خدا ورسولؐ کے چہروں سے اس طرح اسلامی نقاب نوچ کر پیروں سے مسل دی کہ تاویلات و عذرات واختراعات کا دم نکل گیا۔تمام دنیا نے اس ابلیسی محاذ کے ہر فرد کو از اوّل تا آخر پہچان لیا۔اور تحریک تشیّع نے رسومات عزاداری سے اس ملعون محاذ کے مظالم ساری دنیا کو بتائے حفظ یاد کرا دیئے۔آج ہر قلب اُن حاسدوں پر نفرین کر رہا ہے۔اور مؤرخین ومجتہدین نے جو خامیاں پیدا کی تھیں وہ ہماری تصنیفات نے دور کر دی ہیں۔ہم نے مشرکین کے منصوبے کی ہر کڑی کو اس طرح ڈھیلا کر دیا ہے کہ اب طاغوت کی پوری جماعت وطاقت اُسکی مرمت نہیں کر سکتی ہے۔اُسی طرح یہ عزت بھی خدا نے ہمارے لئے ہی محفوظ رکھی تھی کہ ہم واقعاتِ کربلا کا منظر وپس منظر اسکے صحیح اور حقیقی خدّ وخال اور بے پناہ عظمت وجلال سے پیش کریں اور تاریخ کے چہرے سے وہ تمام میک اَپ دھو ڈالیں جسکے پیچھے ابلیس کی مخلوط النسل قوم کا اَلَدُّ الْخِصَامِ (2/204) راہنما پوشیدہ چلا آ رہا ہے۔جو ابلیس کے کاروبار اور اسکی طولانی عمر میں شریک ہوگیا ہے اور جس کا تذکرہ حضرت علی علیہ السلام نے اپنے خطبے ''عرب کا منصوبہ ساز'' میں فرمایا ہے۔(شائع کردہ علوم الاسلام)

(12)۔ خاندانِ اسماعیلؑ کے متعلق توریت کی پیشگوئیاں یعنی خدائی احکام

اللہ تعالیٰ نے آل ابراہیمؑ کیلئے نبوت ورسالت کیساتھ جس ملک عظیم وبلا انقطاع بادشاہت کا ذکر کیا ہے وہ بادشاہت سابقہ کتابوں میں بھی

موجود ہے۔اللہ نے جناب اسماعیلؑ کی پیدائش سے پہلے ہی سے اُس حکومت الٰہیّہ کا اعلان کرنا اور خوشخبریاں دینا شروع کر دی تھیں۔

(الف)۔ حضرت ھاجرہ علیہا السلام کو اللہ نے بتایا تھا کہ:۔**وقال لها ملاک الرّب لَا کثرنَّ نَسلَکِ تکثیرًا حتّٰی الا یحصی لکثرته وقال لها ملاک الرَّب ها انت حاملٌ وستلدین ابنًا و تُسمّینه اسماعیل ویکون رجلًا وحشیًا یده علی الکُلّ ویدا لکل علیه۔وامام جمیع اخوته یسکن۔**(کتاب تکوین فصل 16 آیات 10 تا 11)

ھاجرہ سے پروردگار کے فرشتے نے کہا کہ اللہ تیری نسل میں اس قدر کثرت عطا کرے گا کہ اس کا شمار میں لانا مشکل ہو جائے گا۔ پھر فرشتے نے کہا کہ سنو تم حاملہ ہو۔تمہارے بہت جلد ایک بیٹا پیدا ہوگا۔تم اُس کا نام اسماعیل رکھنا۔وہ ایک خوفناک انسان ہوگا۔اور تمام لوگوں پر حاوی ہو جائے گا اور سب اس کے خلاف دست درازی کریں گے۔اور وہ تمکن اور آبادکاری میں اپنے تمام بھائیوں کا امام ہوگا۔

قارئین غور فرمائیں کہ توریت کی اِن ہی آیات کی تائیدِ مزید کے لئے سورہ کوثر نازل ہو کر **اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَر** کی بشارت دے کر کہا گیا کہ یقیناً تجھے ہمہ قسمی کثرت دے چکے ہیں۔توریت کی آیات حضرت ھاجرہؑ کی اولاد کی کثرت پر حکم قطعی ہے تو قرآن نے جناب فاطمہؑ زہراء کی اولاد کی کثرت کو بھی مخصوص کر دیا ہے۔

(ب)۔ اب حضرت ابراہیمؑ کی اولاد کی کثرت اور بادشاہت کا مکرّر سہ کرّر معاہدۂ عام ہو چکا تھا

آج سے تقریباً پانچ ہزار سال پہلے اللہ نے اپنی قدرت یاد دلاتے ہوئے حضرت ابراہیمؑ سے فرمایا تھا کہ:۔

''اے ابراہیمؑ میں تیرا قادر و توانا اللہ ہوں۔میں چاہتا ہوں کہ تو میری تعلیمات کو آگے بڑھانے میں میری طرف سے امامت کرے اور تکمیل تک پہنچائے۔تیرے اور میرے درمیان ایک معاہدہ کیا جاتا ہے۔چنانچہ میں تیری اولاد میں سے اُمتیں اور بادشاہ پیدا کرونگا۔ اور یہ معاہدہ میرے تیرے درمیان اور تیرے بعد تیری نسل کے درمیان برقرار رہتا چلا جائیگا اور اُن امتوں اور بادشاہوں کی حکومتوں کی عمریں بڑھتی چلی جائیں گی اور میں تیرا اور تیرے بعد تیری نسل کا مستقلاً اور خصوصاً معبود رہتا چلا جاؤں گا۔(تفصیل خود ملاحظہ فرمالیں)

اَنَا اللّٰهُ الْقَدِیْرُ اَسْئَلُکَ اَمَامِی وَکُنْ کامِلًا ۔فاجعل عهدی بینی وبینک ......واجعلک اُمَمًا وّ ملوکًا مِنْکَ تخرجون ۔ وَ اقیم عهدی بینی و بینک و بین نَسْلِکَ مِنْ بَعدکَ وَمَدَی اجالهم عهد الدهر لا کون لک الهًا وَلِنَسْلِک مِنْ بعدک..... الخ(تکوین فصل 17۔آیات 1 تا 8)

یہاں اس خاندان میں بادشاہت و امامت بظاہر نظر عام معلوم ہوتی ہے۔آخری آیت یہ اشارہ کر دیتی ہے کہ جن سے حکومت و بادشاہت کا معاہدہ ہے وہ وہی لوگ ہو سکتے ہیں جو نسل ابراہیم علیہ السلام میں صرف اللہ کو اپنا معبود سمجھ کر اس کی عبادت کریں گے۔یعنی مشرک و کافر و ملحد و بت پرست نہ ہوں گے۔

(ج)۔ قرآن کریم نے اِن آیات کی وضاحت اور ایک معصوم قیادت کا اعلان کر دیا تھا

اِس گنجلک کو دور کرنے کے لئے کہ خاندان ابراہیمی میں امامت کیسے لوگوں کو ملے گی، اللہ نے قرآن میں پوری تفصیل دے کر توریت والے معاہدہ کی تجدید و توضیح یوں کی ہے کہ:۔

اور جب ابراہیمؑ کواس کے پروردگار نے چند معجزنما انسانوں کے سلسلے میں آزمایااوروہ اس آزمائش میں کامیاب ہوگیا تو ہم نے کہا کہ اَے ابراہیمؑ میں تجھے نوع انسان کی امامت وحکومت دیتا ہوں۔ اِس پر ابراہیمؑ نے سوال کیا کہ کیا میری ذریت میں بھی امامت اور حکومت جاری رہے گی یا مجھ ہی پر ختم ہوجائے گی۔اللہ نے جواب میں فرمایا کہ میراامامت وحکومت کا معاہدہ اُن لوگوں سے ذرہ برابر تعلق نہیں رکھتا جوکسی حال اورکسی مقدار میں کوئی بے محل کام کرسکتے ہوں یا کرتے رہے ہوں۔

وَاِذِ ابۡتَلٰٓى اِبۡرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ قَالَ اِنِّىۡ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا

قَالَ وَمِنۡ ذُرِّيَّتِىۡ قَالَ لَا يَنَالُ عَهۡدِى الظّٰلِمِيۡنَ o (سورہ بقر آیت۔2/124)

توریت نے کہا تھا کہ وہ عہد ذریتِ ابراہیمی کے اُن افراد سے متعلق ہے جو ہر حال میں اللہ کو اپنا معبود سمجھتے رہیں اور یہاں ظالمین کہہ کر یہ واضح کردیا کہ وہ افراد خدا کیطرف سے نہ امام بن سکتے ہیں نہ حکومت الٰہیہ کے حاکم کہلا سکتے ہیں جو قطعاً غلط کاری سے محفوظ و مامون ومعصوم نہ ہوں۔یعنی اس عہد سے ہر وہ شخص خارج ہے جس کیلئے ظالم وظلم کسی طرح اورکسی حال میں بھی صادق آتا ہو۔

قارئین یہاں وہ خطبہ یادکریں جو ایک نبطی مجاہد نے ڈیمٹر یوس کو مخاطب کرکے دیا تھا۔اورکہا تھا کہ ہم نے تمام عیش وعشرت اور سامان تعیش ومسرت اورآرام وراحت چھوڑ رکھا ہے۔ہمارے یہاں تمہیں کوئی ایسی چیز نہ ملے گی جس کی ضرورت بادشاہوں یا دنیاداروں کو ہوتی ہے۔وہ اثری ریکارڈ بھی یادرہنا چاہیئے جس میں اِن حکومتوں کے شرعی قوانین کی اطاعت کی تفصیل درج ہے۔الغرض تمام حقائق اور واقعات شہادت دیتے ہیں کہ ابراہیم واسماعیل علیہما السلام کی نبطی شاخ کی حکومتیں دوہزار چھ سوسال تک احکام خداوندی کی اطاعت کرنے اور اسلامی تعلیمات کو نافذ کرنے میں برابر کوشاں رہتی چلی آئی تھیں۔یہ ایک ازلی حقیقت ہے کہ ابلیس اوراس کے تیار کردہ مجتہدین اور سیاسئین ہمیشہ سے موجود رہتے آئے ہیں۔اورانہوں نے کبھی ایک لمحہ کے لئے بھی بے دینی پھیلانے اور بے دینی کو دین بنا کر پیش کرنے سے تغافل نہیں برتا۔

چنانچہ ابلیس کے مجتہدانہ نظام کو جب بھی موقعہ ملا حکومت الٰہیہ کے مقابلہ میں سیاسی اور جمہوری حکومت قائم کرتے رہے ہیں۔ یہ کوشش بھی آپ کے سامنے آنے والی ہے تاکہ علامہ اقبال کے تعارفی اشعار میں مذکور دوسری متصادم قوت بھی سامنے کھڑی ہوجائے اور اس کی تصدیق ہوجائے کہ:۔ موسیٰؑ و فرعون ، شبیرؑ و یزید ایں دو قوت ازحیات آمد پدید

(ii)۔ توریت میں بھی اللہ نے ابراہیمؑ واولادِ ابراہیمؑ اوراُن کی نسل میں عصمت کا وجود بتایا ہے

توریت بھی ہمیں یہ بتاتی ہے کہ اللہ نے اولادونسل ابراہیمؑ کے ساتھ جو کچھ پیش آنے والا تھا وہ سب حضرت ابراہیمؑ کو بتادیا تھا۔ چنانچہ فرمایا گیا کہ ’’پروردگار عالم نے یہ فیصلہ کرلیا کہ جو کچھ میں ابراہیمؑ اوراس کی اولادونسل کے ساتھ کرنے والا ہوں وہ ابراہیمؑ سے چھپانے کے بجائے ظاہر کردے۔اسلئے کہ اللہ کے سامنے ابراہیمؑ کا دنیا کی ایک بڑی بھاری اورعظیم قدرتوں والی امت بن جانا آ گیا۔ اور مستقبل کا یہ علم اُبھر آیا کہ وہ بہت ہی جلد اپنے بیٹوں اورتمام خاندان کو اپنے بعد کے لئے یہ تاکیدی وصیت کرے گا کہ وہ سب کے سب دین خداوندی کے محافظ رہیں گے۔اورجو اقدام کرینگے وہ محض نیکی اورفلاح پر مبنی ہوگا۔اورخالص عدل کو برقرار رکھیں گے تاکہ ابراہیمؑ کے

ساتھ جو وعدے اللہ نے کئے ہیں وہ سب اُنکے حق میں پورے کردیئے جائیں۔''

فقال الرّب أ اُکتُم عن ابراهیم ما انا صانعه؟ و ابراهیم سیکون اُمَّةً کبیرة مقتدرة و یتبارک به جمیع اُمم الارض۔وقد علمت اَنَّهُ سیوصی بَنِیْهِ وَ اَهْلَهُ مِنْ بعده بِاَنَّ یَحْفَظُوْا طَرِیْقَ الرّبِّ لِیعملوا بِالْبِرِّ و العدل حتّٰی ینجزالرب لِا برٰهیم ما وعده به (کتاب تکوین فصل 18۔آیت 19-17)

توریت کا یہ بیان قطعاً واضح ثبوت ہے کہ نسل ابراہیمؑ واسماعیلؑ نے مسلسل دنیا پر حکومت الٰہیہ قائم رکھی اور تعلیماتِ خداوندی کو نافذ کرتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور پہنچے۔ تحفظ اسلام کی انتہائی اور آخری جدوجہد ہی کا نام حسینؑ ہے۔ یہی حسینؑ ہے جس نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کا عظیم الشان فدیہ بن کر اُن کی جان اس لئے بچائی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہمہ گیر نبوت ورسالت کے لئے اڑھائی ہزار سالہ تمہیدی نبوتیں اور رسالتیں ،خلافتیں ،حکومتیں ، بادشاہتیں اور امامتیں قائم ہوکر ارتقائی ترقیاں کرکے دین اسلام کو اس منزل میں لاسکیں جہاں سے نبوت محمدیؐ کا الف شروع ہوتا ہے۔ یہ سب کچھ حسینؑ کے صدقہ میں ہوا۔اُن کے بھروسے پر ہوسکا۔ورنہ نہ اسماعیلؑ ہوتے نہ اسحٰاقؑ کی ضرورت رہتی۔نہ نبوت رہتی نہ رسالت کا نام ونشان بچتا۔نہ امامت کی باری آتی۔ الغرض نہ اسلام ہوتا ، نہ توریت وزبور وانجیل ہوتی ، نہ قرآن ہوتا نہ احادیث ہوتیں۔ وہ لوگ اس حقیقت کو سمجھ گئے تھے اور بلاتکلف کہا تھا اور آج آپ کی بھی سمجھ میں آکر جم جائے گا کہ حسینؑ مجھ سے پیدا ہوا ہے۔یعنی یہ کوئی انوکھی اور قابل تعجب بات نہیں۔مگر میں حسینؑ سے پیدا ہوا ہوں۔ یہ بات وہی ہے کہ نہ حسینؑ ذبح عظیم بنتے ، نہ اسماعیلؑ بچتے ، نہ رسولؐ اللہ ہوتے ، نہ عبدؑاللہ ہوتے ، نہ علیؑ ہوتے ، نہ ابی طالبؑ۔ یہ ہے وہ ذات والاصفات کہ جس پر انبیاؑ اور آئمہؑ اور تمام نوع انسان جتنا فخر کرے اتنا ہی کم ہے۔

1۔حُسَیْنٌؑ مِنّی وَاَنَا مِنَ الْحُسَیْنؑ 2۔ بنائے لا اللہ ہست حسینؑ 3۔پس بنائے لا اللہ گردیدہ است

(iii)۔ <u>قرآن کریم ،اولادِ ابراہیمؑ اور اُن کے اسلامی عمل درآمد کو ابراہیمؑ ہی کا مجسمہ کہتا ہے</u>

اِنَّ اِبْرٰهِیْمَ کَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِیْفًا وَلَمْ یَکُ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَo شَاکِرًالِّاَنْعُمِهٖ اِجْتَبٰهُ وَهَدٰهُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍoوَاٰتَیْنٰهُ فِی الدُّنْیَاحَسَنَةً وَاِنَّهٗ فِی الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَo ثُمَّ اَوْحَیْنَآ اِلَیْکَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا وَمَا کَانَ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَo(سورۃالنحل ۔ 123-16/120) چنانچہ فرمایا گیا کہ:۔

درحقیقت ابراہیمؑ ایک ایسی اُمت کا بانی ہے جو اپنے آپ کو اللہ کی سپردگی میں رکھتی چلی گئی۔اور ہر قسم کی لگاوٹوں اور ملاوٹوں سے پاک رہی۔اور کبھی نظام اشتراک سے ملوث نہیں ہوئی۔اور اُن تمام نعمتوں کا شکر بجالاتی رہی جو اُسے دی جاتی رہیں۔چنانچہ ہم نے اُسے مجتبیٰ بنایا اور مقام علوی کی طرف جانے اور برقرار رہنے والے راستے پر چلایا اور صدیوں کی اس مسافت میں اسے دنیا میں تمام حسنات عطا کیں اور وہ آخرۃ میں بھی صالحین کے گروہ میں رہے گی۔ جب تمہارا نمبر آیا تو ہم نے تمہیں یہ وحی کی کہ تم ابراہیمؑ کی اِسی ملت واُمت کی پیروی میں اُسی بےلوث دین کی تنفیذ کو اپنے مقام سے آگے بڑھاؤ۔ یہ سمجھ لو کہ جو ابراہیمیؑ ملت صراط مستقیم پر چلتے چلتے تم تک پہنچی ہے اس میں نہ کسی قسم کی ملاوٹ ہے اور نہ ابلیسی شرکت ہے۔

قارئین سوچیں کہ کیا توریت اورقرآن بالکل ایک ہی نظام پیش نہیں کرتے۔ کتنے واضح الفاظ ہیں وہاں امۃً کبیر ۃ مقتد ر ۃ فرمایا گیا، یہاں اُمّۃً.... قَانِتًا حَنِیْفًا کہا گیا۔ وہاں بار بار لفظ عہد آیا تو قرآن نے بھی اسی عہد کو دہرایا اور تصدیق کی۔ وہاں محض اللہ کو اپنا اللہ اور معبود سمجھنا اس امت کی شناخت بتائی، یہاں حنیفاً کہہ کر شرک کی نفی کر کے واضح کیا گیا۔ اور اگر ہم طوالت سے لاپرواہ ہو کر کہیں احادیث اہل بیتؑ بھی توریت وقرآن کے ساتھ شامل کر دیں تو حضرات ابراہیمؑ ومحمدؐ اور اسماعیلؑ وحسینؑ (صلوٰۃ اللہ علیھم) میں فرق ہی کوئی نہ رہے۔ اور یہ ڈھائی تین ہزار سال کا مادی فاصلہ یکسر ختم ہو جائے۔ لہٰذا سنو اور نوٹ کرلو! جہاں ابراہیمؑ کا ذکر ہو وہ محمدؐ ہی کا تذکرہ ہے اور جہاں اسماعیلؑ کی بات ہو وہ امام حسین علیہ السلام ہی کی بات ہے۔ اسی لئے اور اسی بات کو ظاہر کرنے کے لئے ہر نماز میں ابراہیمؑ و آل ابراہیمؑ اور محمدؐ وآلِ محمدؐ پر درود بھیجنا لازم کیا گیا ہے۔ اور درود کے بغیر کوئی نماز ہو یا عبادت قابل قبول نہیں ہے۔ ہمیں معلوم ہے کہ جن خبیث لوگوں نے خاندان رسولؐ میں داخل ہو جانے کے لئے نسب کو بدلا اور اپنے ماں باپ کے منہ کو کالا کیا تھا۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ نماز میں درود پڑھنا ایک سازش کے ماتحت شروع ہوا تھا۔ وہ مردود لوگ نماز میں درود کو شرک قرار دیتے ہیں۔ اُن کی ایک پرانی کوشش یہ بھی تھی کہ خود ساختہ ڈکشنری کو سر پر رکھ کر اور اُس کی دُہائی دے کر یہ کہیں کہ ساری اُمت آل محمدؐ ہے (**لعنة اللّٰه علی الکاذبین والمحرفین الغاصبین**)۔ حالانکہ قرآن نے اُن تمام لوگوں کو جو محمدؐ وآل محمدؐ سے الگ ہیں یہ حکم دیا ہے کہ اَے وہ لوگو جو پہلے سے مومن نہ تھے اور اب ایمان لائے ہو، محمدؐ پر صلوات بھیجو اور اُسے اس طرح سلام کرتے رہو جو دل سے سپردگی ومحبت کے ساتھ ہو۔

یٰۤاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًاo (سورۃ الاحزاب۔ 33/56)

بتایئے! اگر جن کو حکم دیا گیا ہے وہ سب آل محمدؐ ہیں تو کس پر صلوٰت وسلام بھیجا جائے گا۔ پھر اللہ نے تو اپنا اور اپنے فرشتوں کا بھی ذکر کیا ہے کہ وہ دونوں اس نبیؐ پر برابر درود وسلام بھیجتے چلے آرہے ہیں (احزاب۔ 33/56) اور اگر اس حکم کی وجہ معلوم کرنا ہو تو 33/55 سے پہلے والی اور 33/56 کے بعد والی آیات پڑھ لیں۔ جہاں اُسی نانہجار گروہ کا ذکر اور اُن کے ناپاک ارادوں اور کوششوں کی تفصیل دی ہے جو محمدؐ وآل محمدؐ میں مخلوط ہو جانا چاہتے تھے۔ اور حضرت اسماعیلؑ سے لے کر نزول قرآن تک کوشاں رہے تھے۔ جنہوں نے نابتؑ بن اسماعیلؑ کے نبطی خاندان کو مجہول النسب اور غیر ملکی خاندان بنانے میں ساری تاریخ کو بدلا تھا۔ اور پھر اسی کوشش میں سارا اسلام اور قرآن بدل دیا تھا۔ ہم اُن کا ذکر بھی کرنے والے ہیں۔ یہاں ایک بات اور سُن لیں کہ شیعہ وسنی دونوں ماشاءاللہ نماز میں رسولؐ اللہ اور اُن کی آل پر درود تو پڑھتے ہیں۔ یعنی وہ ''صلّو'' کی تعمیل تو کرتے ہیں۔ مگر دونوں فرقے ''سَلِّمُوْا تَسْلِیْما'' پر آدھا عمل کرتے ہیں۔ یعنی نماز کے سلام سے آل محمد صلوٰۃ اللہ علیھم کو باہر نکال کر کھڑا کر دیتے ہیں۔ حالانکہ یہ روایت سینہ تان کر بیان کرتے ہیں کہ حسین علیہ السلام کی وجہ سے نماز کو روک کر سجدہ کو طول دیا گیا تھا۔ تاکہ حسینؑ کی خوشنودی حاصل ہو۔ مگر ماشاءاللہ ہمارے زمانہ میں ہماری وضاحتوں سے شیعہ اور سنیوں میں اُن لوگوں کی تعداد روزانہ بڑھ رہی ہے جو سلام میں قائم آل محمد صلی اللہ علیہ وابائہ وا مھاتہ کو شامل کرتے اور نماز سے حقیقی استعانت حاصل کرتے جا رہے ہیں۔ اور شیعوں میں اُن لوگوں کی تعداد روز افزوں اور بڑے جوش سے بڑھ رہی ہے جو تشہد میں شہادت ثالثہ کا بھی اعلان کرتے ہیں۔ یعنی سازش تو وہ تھی جس نے نماز کو بدلا تھا اور محمدؐ وآل محمدؐ کو نماز ہی سے نہیں بلکہ اسلام سے نکال

دیا تھا۔اُن کوشامل کرنا تو منشائے قرآن وتعلیماتِ خداوندی ہے۔

(iv)۔ حضرت اسماعیلؑ کی اولا دنبطیوں کے سوا کوئی اور خاندان مستقلاً بادشاہ نہ رہا

جیسا کہ قارئین کرام دیکھ چکے ہیں کہ جناب نابت بن اسماعیل علیہما السلام کی اولاد مسلسل آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک بادشاہت کرتی رہی ہے۔اور اس بادشاہت نے ملکی وغیر ملکی تمام حکومتوں کو زیرنگر اور لرزہ براندام رکھا اور غیر ملکی وغیر مسلم مؤرخین اور حکومتیں اپنی تواریخ میں اُن کی شجاعت واستقلال وبلند ہمتی کے واقعات لکھتی رہی ہیں۔اس کی مثال کسی اور نسل میں نہیں ملتی۔کسی کی سو سال حکومت رہی،کسی کے دوتین بادشاہ گزرے،کسی کو چند سال کے لئے اقتدار ملا اور پھر غلام بنالئے گئے۔خصوصاً اولادِ اسحاقؑ یا بنی اسرائیل میں چند بادشاہ قابل ذکر ہیں۔ورنہ اُن کی ذلت ورسوائی،غلامی اور بے دینی سے توریت وقرآن دونوں بھرے پڑے ہیں۔ہم لکھ چکے ہیں اور توریت گواہ ہے کہ حضرت عیسوؑ جناب یعقوبؑ کے بڑے بھائی اور دیگر خاندان حضرت اسماعیل اور نابت علیہما السلام کی پناہ میں آکر آباد ہوئے اور کبھی واپس نہ گئے۔نبطی خاندان چونکہ مسلسل حکومت کرتا رہا اس لئے اِدھر سے اُدھر جانا تو دین ودنیا دونوں میں گھاٹے کا سودا ہوتا۔اس صورتِ حال کا تقاضہ یہ ہے کہ اللہ نے جناب ابراہیم علیہ السلام سے جتنے معاہدے کئے اور جس قدر وعدے کئے وہ سب نابتؑ بن اسماعیلؑ کے لئے تھے۔اور دوسری شاخ یعنی حضرت اسحاقؑ کی اُس اولاد پر بھی صادق آئے جو مرکزی خاندان یعنی نبطیوں کے ماتحت اور اسلام پر برقرار رہے۔یعنی بنی اسرائیل میں جو بھی قابل پسندیدگی حکومت قائم ہوئی،اس میں بھی اسماعیلی خاندان کا ہاتھ تھا۔اُن کی توجہ اور وسیلہ ومہربانی تھی۔اسماعیلؑ کا نبطی خاندان صاحب تاج ومعراج تھا۔اس لئے کہ خدا نے فرمادیا تھا کہ:۔

''وہ ساری دنیا میں ستاروں کی طرح چمکیں گے۔ساری دُنیا پر چھا جائیں گے۔''

(v)۔ حضرت اسماعیلؑ کا خاندان توریت میں بھی اللہ کا پسندیدہ خاندان ہے

جس طرح ہمارے یہاں نظام اجتہاد کے مشرک منصوبے نے قرآن کے تبدیل کرنے کی درخواست کی اور رسولؐ نے اللہ کے حکم سے انہیں مایوس کردیا۔اور سارا قرآن ایک دم دینے سے بھی انکار کردیا۔اور تلاوت بھی اس انداز سے شروع کی کہ جو پڑھ دیں وہ ساتھ ساتھ حفظ کرلیا اور لکھ لیا جائے۔اور قرآن کے الفاظ اور متن میں داخلی تحریف نہ ہوسکے۔جیسا کہ سابقہ کتابوں میں زمانہ کے مجتہدین ومشرکین کرتے رہے تو اُن لوگوں نے معنوی تحریف کرکے قرآن کریم کا حال توریت سے بھی بدتر کردیا۔مگر اللہ ورسولؐ کے انتظام نے قرآن کے الفاظ اور متن بـجنسـہٖ پہنچادیا۔جس سے توریت کی داخلی تحریف بے کار ہوکر رہ گئی۔یہ سب کچھ ہم نے اس لئے لکھا ہے کہ توریت کے محرفین نے حضرت ھاجرہؑ کو کنیز بنانے اور حضرت اسماعیلؑ کو ورثہ ابراہیمؑ سے محروم قرار دینے کی کوشش کی تھی۔لیکن قرآن نے انہیں ناکام کردیا۔اگر قرآن نہ آیا ہوتا تو توریت پڑھنے والے کیسے سمجھتے کہ اللہ نے اسحاقؑ کو نہیں بلکہ اسماعیل علیہ السلام کو قربان کرنے کا حکم دیا تھا۔محرفین کی کوشش کے بعد بھی اس عبارت میں ایک لفظ رہ گیا جس نے سارا بھانڈہ پھوڑ دیا۔یعنی اللہ نے ابراہیمؑ سے پہلوٹے بیٹے کی قربانی مانگی تھی۔یعنی جب قربانی کا حکم ملا تو اُس وقت تک حضرت ابراہیمؑ کے یہاں دوسرا بیٹا تھا ہی نہیں یعنی حضرت اسحاق کی

پیدائش سے کہیں پہلے کا واقعہ ہے۔ چنانچہ توریت سے سُنئے اور ایمان تازہ کیجئے ساتھ ہی نابتی حکومت کی عظمت نوٹ کیجئے:۔

''اور خداوند کے فرشتے نے دوسری دفعہ آسمان پر سے ابراہیمؑ کو پکارا اور کہا کہ خداوند یوں فرماتا ہے۔ اس لئے کہ تو نے یہ امر کیا اور اپنے اکلوتے بیٹے کو دریغ نہ رکھا۔ میں اپنی ذات کی قسم کھاتا ہوں کہ میں تجھے برکت دوں گا اور تیری نسل کو بڑھاتے بڑھاتے آسمان کے ستاروں اور سمندر کے ساحل کی ریت کی مانند بناؤں گا۔ تیری نسل اپنے دشمنوں کے دروازوں پر قابض ہوگی۔ روئے زمین کی کل اقوام تیری نسل میں برکت پائیں گی۔ کیونکہ تو نے میرا کہا مانا۔'' (کتاب تکوین فصل 22۔ آیت 19-15)

(vi)۔ توریت نے قیامت تک نابت بن اسماعیلؑ کی اولاد کا ذکر کیا ہے

یہاں غور طلب بات یہ ہے کہ آسمان کے ستارے اور ریت کے ذرّات یقیناً ناقابل شمار ہیں۔ اور اُنکی جو بھی تعداد اللہ کے علم میں ہے اُس تعداد تک جناب نابت علیہ السلام کی اولاد کا پہنچنا یا جناب اسماعیل علیہ السلام کی ساری اولاد کی اولاد کا اُس تعداد پر پورا اترنا ابھی تک ہرگز وقوع میں نہیں آیا۔ مگر یہ خدائی اعلان اپنے الفاظ کی ظاہری معنی میں پورا ہوکر رہنا لازم ہے۔ اُدھر سورہ کوثر نے پیشگوئی کو اولادِ رسول میں تبدیل کر دیا یہ اور بھی مشکل صورت حال ہے۔ لہٰذا یہ بات تو بلا شک و شبہ یقینی ہے کہ مجتہدین کے وہ افسانے غلط ہیں کہ چودھویں صدی ختم ہوتے ہی قیامت آجائے گی۔ لہٰذا دنیا کا خاتمہ اس وقت تک ناممکن ہے جب تک توریت کی یہ پیشگوئی اور معصومین کی وہ تمام پیشگوئیاں پوری نہ ہو جائیں جو قائم آل محمدؐ بن حسن عسکری علیہما السلام کے متعلق ہیں۔ اور ساری دنیا کی اقوام کا آل اسماعیلؑ سے برکت لینا بھی ظہور حضرت حجۃ علیہ السلام کے دور حکومت کی بات ہے۔ البتہ پیشگوئی کے باقی اجزاء پورے ہو چکے اور وہ صرف انباط کے ہاتھوں اور نبطی حکومت کے ذریعہ سے پورے ہوئے ہیں۔

6۔ خانوادۂ حسین علیہ السلام کے نبطی سلسلہ کا قرآن سے تعارف، اُمتِ مُسلمہ

اس عنوان میں ہم وہ ریکارڈ پیش کرینگے جو قرآن کریم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے لیکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ تک مرتب کیا ہے۔ اور یہ کہ حضرت ابراہیمؑ سے آنحضرتؐ تک برابر بلا انقطاع ایک خدا کی پسندیدہ ایک مسلم اُمت برابر جاری رہی ہے جس میں آنحضرتؐ پیدا ہوئے تھے۔ یعنی دشمنان قرآن نے یہ اتہام قرآن کے واضح بیان کے سراسر خلاف لگایا ہے کہ آنحضرتؐ کے والدین اور بزرگ (معاذ اللہ) کافر تھے۔ یہی وہ گروہ تھا جس نے نبطیوں کو قیداری بنانے اور خود اسماعیلی بن جانے کی کوشش جاری رکھی۔ جس نے نزول قرآن کے دوران قرآن کے خلاف قرآن کے نام پر مفاہیم پھیلائے یعنی معنوی تحریف کی تھی۔ یہی وہ سیاسی مدبرین تھے جنہوں نے واقعات کربلا کی بنیاد رکھی اور مسلمانوں کو اس قابل بنایا کہ وہ حسینؑ کو باغی کہہ کر اُنکے مقابلہ میں آئیں اور وہ کچھ کر گزریں جسے دنیا جانتی ہے۔ اور ہم اُسی حادثہ کے عوامل و معانی بیان کر رہے ہیں اور اُسی قربانی سے گرد و غبار صاف کر رہے ہیں۔

(i)۔ حضرت ابراہیمؑ و اسماعیلؑ و ھاجرہؑ کی مکہ میں آمد۔ دُعا اور رُخصت

آپ نے توریت کی آیت کا وہ جملہ پڑھا تھا جہاں اللہ نے کہا کہ کیا وہ سب کچھ جو ابراہیمؑ پر گزرنا ہے اسے بتا دوں یا اُس سے

پوشیدہ رکھوں؟ (فقال الرّبُّ ءَ اَکتم عن ابراھیم مَا اَناصانعہ) یہاں جو کچھ اللہ نے ظاہر کرنا ابراہیمؑ کے لئے نا قابل برداشت سمجھا تھا وہ توریت میں کہیں نہیں ہے۔ مگر قرآن نے اُس کو ذبحِ عظیم کے الفاظ سے ظاہر کیا ہے۔ ہم وہیں سے بات شروع کریں گے۔ اس لئے کہ یہ تو سب مانتے ہیں اور توریت و قرآن میں تفصیل موجود ہے کہ اللہ نے ضعیفی کی عمر میں انہیں شاہزادی مصر کے ذریعہ سے ایک بیٹا عطا کیا اور اللہ کے حکم سے اُن کا نام اسماعیلؑ رکھا گیا۔ یہ بھی مسلّمات میں سے ہے کہ بحکم خداوندی حضرت اسماعیلؑ اور اُن کی والدہ سلام اللہ علیہما کو جناب ابراہیمؑ مکہ کے قرب و جوار میں پہنچا گئے تھے۔ جانے سے پہلے وہ تصورات قابل فہم ہیں جو اِدھر جناب ہاجرہ کے قلب و ذہن کو بر مار رہے تھے۔ اُدھر ابراہیمؑ کے سامنے یکے بعد دیگرے گزر رہے تھے۔ اُس غریب نازوں کی پالی شہزادی کو کیا معلوم کہ اللہ نے ایک عظیم الشان بادشاہ سے اپنی بیٹی کا نام ھاجرہؑ کیوں رکھوایا تھا؟ اُسے کیا خبر تھی کہ وہ ایک عظیم المرتبہ مہاجر کی مقدس زوجہ بنے گی۔ جس نے اپنے وطن بابل سے رخصت ہوتے ہوئے فرمایا تھا کہ اَے میری پیدائش و بچپن و جوانی دیکھنے والے وطن اور اَے وہ سرزمین جہاں مجھے آگ میں پھینک دیا گیا تھا اور اَے وہ لوگو جنہوں نے آگ کو گلزار دیکھا تھا۔ مجھے رخصت کرو کہ میں اپنے پالنے والے کی طرف ہجرت کر رہا ہوں۔ (اِنِّیۡ مُهَاجِرٌ اِلٰی رَبِّیۡ۔ العنکبوت 29/26)۔ یعنی روزِ ازل سے جناب ھاجرہؑ کا سنجوگ ایک مہاجرؑ کے ساتھ مقرر تھا۔

بہرحال آخر اُسے بھی ہجرت کرنا پڑی۔ مگر اب بھی وہ یہ تو نہیں جانتیں کہ اُن کی یہ ہجرت یہاں ختم ہونے والی نہیں تھی۔ اُنہیں نہیں معلوم تھا کہ وہ ایسی نسل کی ماں ہیں جس میں قدم قدم پر ہجرتیں ہوں گی۔ کوئی مہاجرؐ جا کر دین و دنیا کی حکومت قائم کرے گا اور بڑے تزک و احتشام سے واپس آئے گا۔ اور اُن ظالم دشمنوں کو یہ کہہ کر معاف کر دے گا کہ جاؤ تم آزاد ہو، آج تم سے کوئی باز پرس نہیں ہے۔ حضرت ھاجرہؑ کو کیا پتہ کہ آپؑ ہی لوگوں کی وجہ سے آپؑ کی نسل کا ایک خاندان (مدینہ سے) ہجرت کرے گا۔ کئی بھرے گھر خالی ہو جائیں گے۔ کئی گھروں کے چراغ اس طرح بجھیں گے کہ پھر کبھی نہ جلیں گے۔ انہیں روشن کرنے والے واقعی ہمیشہ کے لئے اور حقیقتاً اللہ کی طرف ہجرت کر جائیں گے۔ یہی وہ حضرات ہوں گے جو ھاجرہؑ کو دی ہوئی خوشخبری کو اپنے خون سے مکمل کر کے پوری کریں گے۔ انہیں اپنے شوہر کی جدائی اور جنگل بیابان میں چھوڑ دئے جانے کا ذرہ برابر رنج نہ ہوتا، انہیں وہ شام اور وہ رات جو حضرت ابراہیمؑ کے واپس چلے جانے کے بعد آئی، بالکل گراں نہ گزرتی، ایک آنسو بھی نہ ٹپکتا اگر انہیں وہ شام غریباں معلوم ہوتی جو اُن کے مہاجر بچوں نے ایسے ریگستان میں گزاری تھی جہاں سامنے اُن کے بزرگوں اور جوانوں کی لاشیں پڑی تھیں جو انہیں اپنے سینے پر سلایا کرتے تھے، اُن کی ضد پوری کیا کرتے تھے۔ اُنہیں کیا خبر تھی کہ تین چار روز سے نہ اُن کے خیموں میں پانی تھا، نہ کھانے کا نام و نشان تھا۔ جن کی شام اُس وقت آئی جب خاندان کے سب بزرگ، سب نوجوان اور تمام انصار و مددگار و شیرخوار تک اللہ کی راہ میں قربان کر کے ذبحِ عظیم مکمل کر دی گئی۔ ھاجرہؑ کو کون بتائے کہ یہ سب کچھ کیوں ہوا؟ تمہارے اسی بچہ اسماعیلؑ کے عیوض میں تو اُن میں کا ہر فرد کافی تھا۔ یہ لاشوں سے میدان کو کیوں پاٹ دیا؟ یہ ہر سن و سال کے معصوم و غیر معصوم کیوں قربان کر دئے گئے۔ کیوں اس قربانی میں اپنے اور پرائے، آزاد و غلام مسافر و مقیم، قاصد و مقصود، ملکی و غیر ملکی سب کو حصہ دیا گیا؟ شہزادی!! آپ کے ساتھ تو ایک بچہ ہے۔ ذرا اُدھر دیکھئے کتنی شہزادیاں رات کے اندھیرے میں کتنے چھوٹے چھوٹے بچوں کو بہلانے میں مصروف ہیں۔ کوئی خاتون جنگل میں کسی بچی کو تلاش کرتی اور سکینہؑ ہائے سکینہ

پکارتی ہوئی دوڑتی پھرتی ہے۔ اُن میں ایران کی شہزادیاں بھی ہیں، حبش کی شہزادی بھی ہے۔ تم اتنی سی بات سے گھبرائی ہو کہ تم اور تمہارا بچہ جنگل میں تنہا رہ جاؤ گے۔ لیکن تمہیں تو اللہ نے یہ بتا دیا ہے کہ اسماعیلؑ کی شادی ہوگی، تم سہرا باندھو گی، اُن کے بارہ بیٹے اور ایک بیٹی زندہ رہنے اور پھلنے پھولنے کے لئے پیدا ہوں گے، آپ سب کی خوشیاں دیکھو گی۔ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ اللہ اپنے وعدوں کے پورا کرنے کا خود ذمہ دار ہے۔ وہ اس جنگل میں چہل پہل کر دے گا، وہ اور اس کا انتظام تمہارے ساتھ ہیں۔ تمہارا شوہر نہ صرف خود نبیؑ و رسولؑ و امامؑ ہے، خدا کا پسندیدہ ہے، بشیر و نذیر و مستجاب الدعوات ہے۔ بلکہ اُن کے اور تمہارے ساتھ رحمۃً للعالمین ہے، یداللہ ہے، اللہ کی بولتی ہوئی زبان ہے۔ تم سنبھلو، اللہ کے احکام پورے ہونے کا موقعہ دو۔ ایسا نہ ہو کہ تمہارا شوہر تمہاری نسوانی بے بسی کو غور سے دیکھ کر اپنے ارادوں میں کمزوری محسوس کرے اور معیاری پوزیشن سے نیچے اتر آئے۔ اُن کا دل خود بھر بھر کر آ رہا ہے۔ وہ نبوت و امامت اور خود تمہاری ہمت و بصیرت اور اطاعت کے سہاروں سے یہ دردناک مہم انجام دے رہے ہیں۔ تم دل تھوڑا کرو گی تو نہ صرف حضرت ابراہیمؑ کمزوری و ناتوانی محسوس کریں گے بلکہ خود اللہ کی رحمت تمہاری رضامندی کے لئے التوا کے احکام نافذ کر دے گی۔ وہ دیکھو! ملائکہ اور ابلیس اور اس کا نظام اس امتحان پر انگشت بدندان ہیں۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ اُن میں سے کوئی حضرت ابراہیمؑ پر جمی ہوئی نظر ہٹا کر تمہیں دیکھ لے۔ سنو ذرا غور سے سنو! تمہارے شوہر کی آواز ڈگمگا رہی ہے۔ غالباً شدتِ فطرتِ انسانی اپنی انتہا تک جا پہنچی ہے۔ وہ شدتِ غم میں اس بات سے بے نیاز ہو چکے ہیں کہ اُن کی آواز کوئی دردبھرا دل نہ سن لے یا یہ کہ تمہیں سنانا چاہتے ہیں کہ خدا سے کیا کہہ رہے ہیں اور یہ کہ وہ تمہارا اور بچہ کا کیا انتظام چاہتے ہیں۔ انہیں سارہ کا نہیں آپ کا خیال ہے۔ اُن کی جسمانی روح اور روح نبوت و رسالت و امامت تمہارے چاروں طرف منڈلاتی رہے گی۔ وہ تو تمہارا مرتبہ بڑھانے، تمہارے امتحان میں کامیاب ہونے کے لئے حکم خداوندی کی تعمیل کے لئے برائے نام واپس جائیں گے۔ سنو! آواز سنبھل چکی ہے سننے کے قابل ہوگئی ہے۔ وہ فرما رہے ہیں کہ ''اے میرے اللہ اس صورت حال کی نظارہ کشی مجھے بے چین و کمزور کر دے گی تُو سب کچھ دیکھ رہا ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ تو نے میرے ہی سلسلے کو مخاطب کر کے یہ فرمایا ہے کہ:۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِیَ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ o وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَیْنِ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ o وَاٰتٰكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ o وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِیْ وَبَنِیَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ o رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ فَمَنْ تَبِعَنِیْ فَاِنَّهٗ مِنِّیْ وَمَنْ عَصَانِیْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ o رَبَّنَآ اِنِّیْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ بِوَادٍ غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ عِنْدَ بَیْتِكَ الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِیُقِیْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِیْٓ اِلَیْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ یَشْكُرُوْنَ o رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِیْ وَمَا نُعْلِنُ وَمَا یَخْفٰی عَلَی اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ o اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَهَبَ لِیْ عَلَی الْكِبَرِ اِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ o رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ o رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ o (سورہ ابراہیمؑ 14/32-41)

اللہ تو وہ ہستی ہے۔ جس نے یہ زمین و آسمان پیدا کئے اور پھر دنیا میں بارشیں برسائیں جن سے نباتات و حیوانات و پھل پھول اور کھیتیاں پیدا ہوئیں۔ اور تمام مخلوق کیلئے رزق و سامان بقا فراہم کر دیا۔ لہٰذا تیرے اس انتظام اور ربوبیت کا واسطہ

دے کر تیرا بندہ ابراہیمؑ تجھ سے یہ التجا کرتا ہے کہ اَے پروردگار میرے اس دیہات کو میرے بچے اور بے کس شریک حیات کیلئے اور جو اُنکو اپنا سمجھیں اُن کیلئے بھی ایک محفوظ و مامون اور ایمان لانے کی جگہ بنادے اور مجھے اور اس بیٹے اور اُسکے بیٹوں کو بتوں کی عبادت سے مخالف جانب رکھتا چلا جا۔اَے پالنے والے تو جانتا ہی ہے کہ صنم پرستی ہی نے انسانوں کی کثرت کو گمراہ رکھا ہے۔ چنانچہ جو بھی بتوں کی مخالفت میں میری پیروی کرے وہی میرے ساتھ شمار ہو۔اور جو میری نافرمانی کرے تو تیری مغفرت و رحمت جانے۔اَے ہم تینوں کے پالنے والے میں نے اپنی ذریت میں سے ایک حصہ کو اُس ناقابل کاشت وادی میں سکونت کیلئے یکّہ وتنہا اور بے سہارا چھوڑ نا ہے جو تیرے محترم گھر کے پاس ہے تا کہ وہ تیرے اس گھر سے قیام صلاۃ جاری کریں۔اَے ہم تینوں کے پروردگار تو ایسا انتظام کر کہ لوگوں کے دل اور میلانات اِن دونوں کی تائید کیلئے اُن کی طرف جھکتے چلے جائیں۔اور اِن دونوں کو شکر ادا کرنے کا موقعہ دینے کیلئے اُنہیں رزق عطا کر اور پھلنے پھولنے اور پھیلنے کا بندوبست کردے۔اَے ہم تینوں کے پرورش کرنے والے تو بلا شبہ اُس حالت سے واقف ہے جو میں اپنی دُعا کے پیچھے چھپائے ہوئے ہوں اور جو کچھ بلند آواز سے عرض کر رہا ہوں۔لہٰذا ہماری اس پوشیدہ حالت کو اس دُعا کے مطابق مسرت انگیز کر کے دکھا دے۔میں جانتا ہوں کہ میرے اللہ سے دل تو دل ہیں، زمین اور آسمانوں کی وسعتوں میں بھی کوئی صورت حال پوشیدہ نہیں رہ سکتی۔میری تمام ستائش اور حمد وثنا اس اللہ پر قربان ہو جائے جس نے مجھے ضعیفی اور ناتوانی کی حالت میں اپنی قدرت سے اسماعیلؑ اور اسحٰقؑ دو بیٹے ھبہ کر دئے۔وہی میرا پالنے والا یقیناً میری اس دعا کو بھی سنے گا اور کما حقہ پورا کرے گا۔آخر میں پھر درخواست ہے کہ مجھے اور میری ذریت کو قیام صلوٰۃ کا نمونہ بنا دے۔اَے ہمارے پروردگار اس دعا کو ہمارے لئے قبول فرمالے۔اور اَے پیدا کر کے پالنے والے اور تربیت دے کر منتہائے کمال تک پہنچانے والے، مجھے مع میری آئندہ نسل کے اور میرے ماں باپ اور میرے اباواجداد کے اور ہم پر ایمان لانے والوں کے اُس روز کے لئے مغفرت عطا فرمادے جس دن تمام مخلوقات کو حساب کیلئے کھڑا کیا جائے گا۔'' (آمین)

یہ دُعا سنتے ہی آمین آمین کہتے ہوئے ھاجرہ علیھا السلام جتنا روئیں، وہ نہ بے صبری کا اظہار ہوگا، نہ دعا کی آڑ میں فطری کمزوری ظاہر ہوگی۔چنانچہ اُس سرزمین پر یہ پہلا رونا تھا جو خانوادہِ حسینؑ بلند آواز سے رویا۔آنسوؤں کے ساتھ تمام خوف وہراس ورنج والم بہہ گیا۔ تینوں نے مسکراتے ہوئے چہروں اور بھیگی ہوئی پلکوں سے ایک دوسرے کو رخصت کیا۔مجھے رخصت کی رسومات اُسی قدر معلوم ہیں جس قدر اپنے ماحول سے سیکھی ہیں۔ہمارے یہاں تو یوں ہوتا ہے کہ دانشمند بیٹا کسی بہانے سے والدین کو تنہائی کا موقعہ دینے کے لئے اجازت مانگتا ''میں ذرا فطری ضرورت رفع کرنے جارہا ہوں۔'' ہم اپنی اولاد کے تیوروں سے اصل حقیقت بھانپ کر دل میں خوش ہو کر دُعا دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ '' بیٹے جلدی آجانا مجھے رخصت ہونا ہے۔'' ہمارے یہاں تعلیماتِ خداوندی سے مالا مال حیادار عصمت مآب خواتین ایسے دل خراش حال میں چپ سادھ لیا کرتی ہیں۔آنکھ ملاتے ہوئے ڈرتی ہیں کہ بے صبری اُن کے سرتاج کی ہمت پر اثر انداز نہ ہو۔شرم وحیا کی یہ تصویریں بولتی نہیں ہیں۔سرتاج نے دونوں طرف سے بات کرنا ہوتی ہے۔گھبرانا نہیں، میں جلد آؤں گا،قسم

کھاؤ، ہمارے سر پر ہاتھ رکھ کر کہو کہ میں تنہائیوں میں رویا نہ کروں گی، دیکھو بچہ کا دل دکھے گا، اُسے ہمت دلانا، دُنیا کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا اب تم ہی نے سکھانا ہے۔ خود ہی بے قرار ہوگی تو وہ بھی ہمت ہار دے گا۔ اس قسم کی باتیں اور بھی بے تاب کر دیا کرتی ہیں۔ آرزو صاحب کا ایک شعر سن کر اس عنوان سے رخصت ہو جایئے فرمایا تھا کہ:۔

جاتے ہو تم اگر تو جاؤ دل بہل ہی جائے گا   دو گے اگر تسلیاں پھر نہ قرار آئے گا

(ii)۔ <u>کعبہ کو مرکز بنانا؛ تطہیر کعبہ؛ تعمیرات کے دوران اُمتِ مسلمہ کا اعلان ورسالت</u>

اختصار کی غرض سے تاریخ وحدیث کی تفصیلات کو ترک کر کے ہم صرف قرآن کریم سے بات کر رہے ہیں تا کہ کسی مکتب فکر کو مجالِ انکار نہ رہے اور حضرت اسماعیلؑ اور اُن کے جانشین فرزندِ بزرگ جنابِ نابت بن اسماعیل بن ابراہیم علیہما السلام کے مُسلم شجرے کے ساتھ ساتھ یہ واضح ہو جائے کہ توریت میں مذکور معاہدے اُسی خانوادے سے متعلق تھے جس میں حسنین وفاطمہ، علی اور محمد سلام اللہ علیہم نے پیدا ہونا تھا۔ چنانچہ خانوادہ حسینؑ کا تاریخی مرکز قائم کرنے کا اعلان اِن الفاظ میں کیا گیا کہ:۔

وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِىَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِo وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗٓ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُo (سورۃ البقرۃ۔126-2/125)

اور جب ہم نے اس بیت نبوت ورسالت کو جائے امن اور مرکز ثواب بنا دیا تو اب تم بھی مقام ابراہیمؑ کو مقام دُعا بنالو۔ اور ہم نے ایسا کرتے ہوئے ابراہیمؑ واسماعیلؑ سے ایک معاہدہ کیا تھا۔ جس کی ہم پر عائد ہونے والی ذمہ داری کے ساتھ اُن دونوں پر یہ ذمہ داری تھی کہ وہ بیت نبوت ورسالت کی پاکیزگی اس حد پر لے جائیں کہ طواف کرنے اور رکوع وسجود بجالانے اور عبادت کے لئے چلہ کشی کرنے والوں کے معیار پر پوری اُترتی چلی جائے۔ ہماری ذمہ داری کے سلسلہ میں ابراہیمؑ نے کہا تھا کہ اس پورے دیہات کو جائے امن وایمان بنادے۔ اور جو لوگ اس دیہات کے باشندے اور متعلقین ہوں اور اللہ اور قیامت پر ایمان بھی رکھتے ہوں تو اُن کو رزق اور دیگر ثمرات عطا فرماتا رہے۔ ہم نے کہا کہ ہم کافر باشندوں کو بھی تھوڑے سے فوائد سے محروم نہ رکھیں گے۔ لیکن پھر انہیں بے بس کر کے بہت بُرے ٹھکانے اور عذاب جہنم سے وابستہ کر دیں گے۔

قارئین نوٹ کریں کہ <u>یہ تذکرہ خانہ نبوتؐ ورسالتؐ کا ہے لوگوں نے یہاں بیت سے یہ سمجھا ہے کہ یہ بیت اللہ کی بات ہو رہی ہے</u>۔ یعنی انہوں نے اس بیت الرسول کی صفات واغراض کو خانہ کعبہ سے ملتا جلتا دیکھ کر مغالطہ کھایا ہے۔ حالانکہ کعبہ کی تعمیر کا تذکرہ اگلی آیات میں کیا جائیگا۔ سوال یہ ہے کہ جو گھر ابھی تعمیر بھی نہیں ہوا اُسکی تطہیر قبل از تعمیر، گھر کی تطہیر نہیں البتہ اُس جگہ یا پلاٹ کی تطہیر ہو سکتی تھی جہاں کعبہ کی تعمیر ہونا تھی۔ مغالطہ کو تقویت اُس آیت سے پہنچتی ہے جو سورہ ابراہیم کی مذکورہ آیات میں گزری ہے۔ جس میں حضرت ابراہیمؑ یہ فرما رہے ہیں کہ میں تیرے محترم گھر کے پاس اپنی ذریت کو آباد کر رہا ہوں۔ لیکن یہ آیات تو خود یہ بتاتی ہیں کہ حضرت ابراہیمؑ اپنی زوجہؑ اور بیٹے کو چوڑے میدان میں چھوڑے جا رہے ہیں اور دراصل یہ فرما رہے ہیں کہ اس پتھریلی زمین پر میں اُن کو اُس مقام کے نزدیک چھوڑ رہا ہوں

جہاں سے تیرا گھر بے نام ونشان مگر نزدیک ہے۔ یہ آباد ہوجائینگے تو تیرا گھر اسکے بعد ہم دونوں مل کر تلاش کرینگے اور پھر اس کی تعمیر جدید کریں گے۔ لہٰذا فی الحال اس قطعہ زمین پر نہ تیرا گھر ہے نہ تیرے رسولوں کا مکان ہے۔ رہ گیا خانہ نبوت کا مرکز ثواب ہونا، قابل طواف و رکوع سجود ہونا، یہ کوئی قابل تعجب وتشکک بات نہیں۔ جب ساری زمین پر ہر جگہ رکوع وسجدہ کیا جاسکتا ہے تو بیت نبوت سے اُن ہی لوگوں کو چڑ ہوسکتی ہے جو نبیؑ کو سجدہ کرنا شرک سمجھتے ہوں اور وہ یقیناً ابلیسی گروہ کا عقیدہ ہے۔ پھر نہ کعبہ میں کعبہ کو سجدہ کیا جاتا ہے نہ بیت الرسوؐل میں ایسا ہوگا۔ سجدہ تو خدا کو ہوتا ہے۔ جہاں وہ حکم دے دے ہم ایک لاکھ سجدے کرینگے۔ خواہ یہ حکم نبی کو سجدہ کا ہو یا اس کی درگاہ کو سجدہ کا حکم دیا جائے۔ ہم شیطان والی توحید کے منکر و کافر ہیں۔ ہم سجدہ کے دوران بھی رسوؐل کو مخلوق اور عبدہٗ و رسولہٗ سمجھتے ہیں۔ اور بس نہیں کرتے۔ بلکہ خود کو بندہ اور غلام رسوؐل سمجھتے ہیں۔ اللہ قبول فرمالے تو زہے نصیب کہ ہمہ قسمی گناہ، محمدؐ کا بندہ بن جانے سے معاف کرنے کا وعدہ اللہ نے کیا ہے (39/53)۔ مشرک لوگ سن لیں کہ بندہ ہونے اور بندہ بننے میں بڑا فرق ہے۔ لہٰذا بیت الرسوؐل کی تطہیر کے معنی یہ ہیں کہ اُس میں جو جو افراد اہل بیتِؑ رسولؐ ہوں، اُن سب کو ہر ظاہری و باطنی نجاست سے محفوظ رکھنے کا انتظام کریں۔ یہ ہر رسوؐل کی ذمہ داری ہے کہ خانوادہ نبوت کو عصمت وطہارت کے اس مقام کی طرف بڑھاتے چلیں کہ اُنکے سینوں میں قرآن کریم پیوست ہوجائے اور آیت تطہیر نازل ہوکر اُن کا تعارف کرائے۔ قارئین اِن آیات میں یہ بات نوٹ کریں کہ اُن لوگوں کی نشاندھی پہلے ہی کردی گئی تھی جو مکہ میں مخالف گروہ ہوگا۔ اور اُن کو فوائدِ قلیلہ دیئے جانے اور انجام کار جہنم میں پہنچانے اور بے بس کردینے کا اعلان ہوچکا تھا۔

(iii)۔ تجدید وتعمیر کعبہ اور خانوادۂ محمدؐ وآل محمدؐ کا تسلسل اور اُمت مُسلمہ کا محمدؐ کو جنم دینا

حضرت علی علیہ السلام نے کعبہ کو تمام انبیا علیہم السلام کا مرکز فرمایا ہے اور قرآن کریم نے یہ بتایا ہے کہ:۔

اِنَّ اَوَّلَ بَيۡتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیۡ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلۡعٰلَمِيۡنَ o

فِيۡهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبۡرٰهِيۡمَ وَمَنۡ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا..... الخ (آل عمران 97-3/96)

’’یقیناً ہم نے انسانوں کے لئے سب سے پہلا گھر بکّہ میں قرار دیا تھا۔ اور اُسے تمام عالمین کے لئے برکت وہدایت کا مرکز بنادیا تھا۔ اور ابراہیم کا مقام واضح آیات اور معجزات کا مقام ہے۔ اور جو اس مرکز میں داخل ہوجائے اُسے امان دی جاتی ہے۔‘‘

لہٰذا تصدیق ہوگئی کہ مکہ میں اُس زمانہ سے یہ گھر موجود تھا۔ جب کہ مکہ کا نام بھی بکّہ تھا۔ اُسی زمانہ سے یہ بیت چلا آرہا تھا۔ لیکن رفتہ رفتہ اُس کے نشانات تک مٹ گئے تھے۔ حضرت ابراہیمؑ جب دوبارہ تشریف لائے تو اُن بنیادوں کا پتہ لگایا اور اُن ہی پر کعبہ کی تعمیر کی تجدید کی۔ سنئے کہ دورانِ تعمیر دونوں باپ بیٹے اللہ سے کیا کیا دعائیں اور تمنائیں پوری کرنے کی درخواست کرتے ہیں۔ اور کس طرح قیامت تک پھیلنے اور بڑھنے والی اپنی مقدس ذریت کو سامنے رکھتے ہوئے اللہ سے خاتم النبیین محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت کی دُعا کی ہے قرآن سے سُنئے:۔

وَاِذۡ يَرۡفَعُ اِبۡرٰهٖمُ الۡقَوَاعِدَ مِنَ الۡبَيۡتِ وَاِسۡمٰعِيۡلُ رَبَّنَا تَقَبَّلۡ مِنَّا اِنَّكَ اَنۡتَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ o رَبَّنَا وَاجۡعَلۡنَا مُسۡلِمَيۡنِ لَكَ وَ مِنۡ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسۡلِمَةً لَّكَ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبۡ عَلَيۡنَا اِنَّكَ اَنۡتَ التَّوَّابُ الرَّحِيۡمُ o رَبَّنَا وَابۡعَثۡ فِيۡهِمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡهُمۡ

يَتْلُوا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَ يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ o وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ o اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ o وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ۔الخ (سورۃ البقرۃ۔ 132-127)

''اور جب ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ دونوں بیت اللہ کی بعض بنیادوں کو بلند کر رہے تھے تو دعا کرتے جاتے تھے کہ اَے ہمارے پالنے والے ہماری محنتوں، ارادوں اور تمناؤں کو قبول فرمالے۔ تُو ہماری دُعائیں سننے اور دعاؤں کی حقیقت جاننے والا ہے اَے ہمارے پروردگار تُو ہم دونوں کو اپنا پسندیدہ مسلم بنالے۔ اور ہماری ذریت میں سے ایک جماعت کو مستقلاً مسلم اُمت کی حیثیت سے قائم رکھ اور اسی مسلم اُمت میں سے اُس مسلم اُمت کے اندر ایک ایسا رسولؐ مبعوث کرنا جو تیری آیات اس مسلم اُمت پر پڑھا کرے اور اُس مسلم اُمت کا تزکیہ کردے۔ انہیں مکمل تعلیمات کتبہائے الہامی اور حکمت کی تعلیم دے۔ اور اَے ہمارے پروردگار ہمیں اور اس امت مسلمہ کو ہماری ذمہ داریاں اور داخلی قوانین آنکھوں سے دکھاتے رہنا اور ہماری ہر قدم پر اصلاح کے لئے پلٹ پلٹ کر توجہ دیتے رہنا۔ اس لئے کہ تو رحیم اور سب سے زیادہ پلٹ پلٹ کر اصلاح کے لئے متوجہ رہنے والا ہے اور ہر حال میں زبردست حکیم ہے۔ اور جو کوئی ملت ابراہیمیؑ کے خلاف کسی اور طرف رغبت کرے وہ بے وقوف ہی ہوسکتا ہے۔ اور یقیناً ہم نے ابراہیمؑ کو دنیا میں بھی مصطفیٰ بنایا اور آخرت میں بھی صالحینؑ کے ساتھ رہنے والا ہے۔ جب ہم نے اُس سے صرف اسلام کے اعلان کے لئے کہا تو اُس نے جواب دیا تھا کہ میں تو تمام کائنات کے پالنے والے پر اسلام لایا ہوں اور جب اس تمام اسکیم کے لئے ابراہیمؑ نے اپنے بیٹوں کو وصیت کی کہ دیکھو تمہیں موت اس حال میں آئے کہ تم ہماری دُعا کے معیار پر مسلم پائے جاؤ یہی وصیت یعقوبؑ نے بھی کی تھی۔''

(iv)۔ دُعائے خلیلؑ و نویدِ مسیحؑا قرآن کی مندرجہ بالا آیات کا منشا و مُدعا

اس پر تمام مسلمانوں کا اتفاق ہے کہ مندرجہ بالا دعائے ابراہیمؑ پوری ہوئی اور آنحضرتؐ اُن ہی کی دُعا کا نتیجہ ہیں مثلاً کہا گیا کہ:۔

ہوئی پہلوئے آمنہؑ سے ہویدا   دعائے خلیلؑ و نویدِ مسیحؑا

مسلمانوں کو اتفاق ہو یا اختلاف ہمارے لئے یہ دونوں باتیں نہ دلیل ہیں نہ سند ہیں۔ سب سے بڑی سند قرآن کریم کو مانا جاتا ہے۔ اور اُس میں حضرت ابراہیمؑ واسماعیل علیہما السلام کی دُعا سامنے آچکی ہے اُس میں دعا کا پہلا حصہ یہ ہے کہ ہماری ذریت میں ایک مسلم اُمت قائم کر اور اس اُمت مُسلمہ میں سے ایک رسوؐل کو مبعوث کر۔ لہٰذا اگر یہ ماننا لازم ہے کہ محمد مصطفیٰؐ رسولؐ تھے تو اُس سے بھی پہلے یہ ماننا لازم وواجب ہے کہ وہ اُمت مسلمہ میں سے تھے۔ یعنی انہیں جنم دینے اور نبوت تک پہنچانے والے مسلم تھے۔ لہٰذا وہ تمام لوگ جو محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والدینؑ اور ابآؑ واجدادؑ واعزہ کو کافر کہتے ہیں۔ خود کافروں کی اولاد ہیں اور آنحضرتؐ کو (معاذ اللہ) کافروں کی اولاد کہہ کر اپنے کافر بزرگوں کو رسولؐ اللہ کے آباواجداد کے برابر کرنا چاہا ہے۔ لیکن قرآن کریم نے طرح طرح آنحضرتؐ کے بزرگوں اور عزیز واقربا سب کو واضح الفاظ میں مومنین قرار دیا ہے۔

چنانچہ دوسری جگہ فرمایا کہ:۔   لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ

وَ یُزَکِّیۡھِمۡ وَ یُعَلِّمُھُمُ الۡکِتٰبَ وَالۡحِکۡمَۃَ... .. الخ (آلِ عمران 3/164)

''یقیناً اللہ نے مومنین پر اُس وقت بطورِ مِنّت احسان کیا تھا۔ جب مومنین میں، مومنین ہی میں سے وہ رسولؐ مبعوث کیا جو اُن مومنین پر اللہ کی آیات پڑھتا ہے۔ اُن مومنین کا تزکیہ کرتا ہے اور انہیں تمام کتبہائے خداوندی اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے۔''

یہ دونوں مقام ایسے واضح ہیں کہ ان کے بعد کسی شخص کو یہ شبہ بھی نہیں ہوسکتا کہ معاذ اللہ رسولؐ اللہ کافروں میں سے مبعوث ہوئے یا کافروں میں پیدا ہوئے تھے۔ رہ گئے مشرکین و مجتہدینِ عرب وہ جو بھی اتہام لگائیں وہ اس لئے ناقابل شکایت ہے کہ وہ تو دشمنانِ اسلام وقرآن اور خاندانِ رسولؐ ہیں۔ اور یہ چاہتے ہیں کہ وہ خود رسولؐ کے خاندان کے افراد سمجھے جائیں۔ اور پھر خاندانی ہونے کی وجہ سے اُن کی ہر بکواس رسولؐ و خاندان رسولؐ کے لئے قابل اعتبار سمجھی جائے۔ چنانچہ ثابت ہو گیا کہ حضرت ابراہیمؑ نے جس اُمت مُسلمہ کے تسلسل اور بقا کے لئے دعا کی تھی وہ مسلم ملت برابر قائم رہتی چلی آئی اور ملت کے سربراہِ خاندان جناب عبدالمطلبؑ سے نبوت و رسالت وامامت نے جنم لیا اور ساری دنیا کو اپنے نور سے منور کر دیا۔

قارئین کے سوچنے کی بات یہ ہے کہ جسکے ماں باپ مسلمان ہوں کیا اُس بچہ کو پیدائشی مسلم نہیں کہتے ہیں؟ کیا آپ نے پیدا ہونے کے بعد کبھی کسی عمر میں کوئی ایسی رسم ادا کی تھی جیسے کسی کافر کو مسلمان کرنے میں کی جاتی ہے؟ اب یہ سوچئے کہ یہ کتنی بڑی سازش اور کتنی ستم ظریفی ہے کہ یہ بحث جاری کی گئی کہ خیر عبداللہ بن عبدالمطلب علیہما السلام تو اسلام سے پہلے ہی انتقال کر گئے تھے۔ مگر ابو طالبؑ تو اعلانِ نبوت کے بعد زندہ تھے۔ وہ ایمان لائے تھے یا نہیں؟ اور اُن علمائے شیعہ کی بے بصیرتی پر رونا چاہئے جنہوں نے ان بحثوں کو قبول کر کے حضرت ابو طالب علیہ السلام کے ایمان لانے یا ایماندار ہونے پر کاغذ کالے کئے اور مذکورہ آیات میں سے کسی کو نہ لکھا۔ حقیقت یہ ہے کہ اس بحث میں اعتراض کرنیوالے اور بحث کو قبول کر کے جواب دینے والے دونوں ایک ہی گروہ کے علما تھے۔ محض لیبل مختلف لگا رکھے تھے۔

7۔ مخزنؑ ومعدنِؑ نبوتؑ ورسالتؑ اور امامتؑ یعنی خانوادۂ حسین علیہ السلام

احادیث وتواریخ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ بیان موجود ہے کہ میرا نور، اصلاب طاہرہ و پاکیزہ سے ارحام طیّبہ و مطہرہ میں منتقل ہوتے ہوتے عبداللہ وآمنہ علیہما السلام تک پہنچا۔ اور یہ کہ میں ایسی پاک نسل سے پیدا ہوا ہوں جس میں کفر وشرک والحاد و فسق وزنا کبھی نہیں داخل ہوا۔ قارئین سوچیں کہ کیا مندرجہ بالا آیت نے یہی کچھ نہیں کہا ہے۔ یہاں ہم اپنی کتاب ''اسلام اور جنسی تعلقات'' کا ایک اقتباس پیش کرتے ہیں جس میں اُس ملت مسلمہ کا ازلی وابدی اور آنحضرتؐ تک وجود و مقام سامنے آ کھڑا ہوتا ہے۔ سُنئے کتاب مذکور کی ضرورت کے مطابق یہ عنوان تھا:۔

(1)۔ خاطی وخطا کار قیادت وعقیدے کو عصمت کا آئینہ دکھادو

''قرآن کریم اور عقل سلیم سے ثابت کیا جا چکا ہے کہ خلاق عالم اپنے علم وقدرت کی بنا پر تمام نقائص وعیوب اور احتیاج سے پاک ومنزّہ ہے۔ اور غلطی، خامیاں، قصور وخطائیں اور لغزش وکوتاہیاں اور بھول چُوک علم وقدرت کے فقدان سے ظہور میں آتے ہیں اور

نقائص، عیوب اور احتیاج میں شامل ہیں۔ لہٰذا اللہ ان سے بھی پاک و منزّہ ہے۔ چنانچہ خالقِ حق علم و قدرت کا ہر فعل اور ہر قول حقِ محض اور عصمتِ مطلق ہونا لازم ہے۔ اسی بنا پر قرآنی قول کی حیثیت سے کائنات اور خصوصاً سرورِ کائنات مجسمۂ حقِ محض اور عصمتِ مطلق ہیں۔ جو اللہ کے اوّلین افعال و اعمال ہیں اور ترتیب کی حیثیت سے اللہ نے تخلیقِ کون و مکان و عرش و کرسی سے کہیں بہت پہلے نورِ محمدؐی کو پیدا کیا۔ اور اپنے انوارِ قدس میں لپیٹ کر اُسےؐ اپنے علم و قدرت و عصمت، عظمت و صفات کا محسوس و مشہود مجسمہ بنا دیا۔ اور اُسے اپنے تعارف کیلئے تیار کیا۔ اس تعارف کے سلسلے کی تمام چیزیں مثلاً عقل و ایمان و ہدایت کاری و ادراک و علم و قدرت و لوح و قلم وغیرہ کو بیدار کرنا شروع کیا۔ تاکہ وہ مجسمہ انسانیت مخصوص انسانؐ کائنات کے ذرّہ ذرّہ کا علم حاصل کر لے (عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ۔ سورۃ العلق۔ 96/5) اور ہر چیز کی تخلیق پر بصیر و نذیر و شہید بنتا چلا جائے (سورۃ نجم 53/56، سورۃ الفرقان 25/1) اور تمام مخلوقات کو عبادت سکھائے اور متعلقہ ھدایت کا باعث بنے اور اُن سب کے لئے صفاتِ خداوندی کو جذب کرنے میں مدد و معاون رہے۔ تخلیق کائنات معصوم رفتار سے بڑھتی گئی۔ عصمت کے سایہ میں یہ ارتقا جاری رہا۔ کہیں معصوم ملائکہ وجود میں آنے کے لیے مجبور ہوئے۔ کہیں جنات کو وجود و آزادی ملی۔ مسلسل اور بلا فصل وہ تمام سامان عالمِ وجود میں آ گیا جس کے بعد اللہ نے خلافت الٰہیّہ کے قیام کی بنیاد رکھنا طے فرمایا تھا۔ اب ایک نا قابل شمار مدت میں اور عقل و وہم و بیان سے بلند و بالا قوانینِ تخلیق سے اللہ نے اس مجسمۂ انوار و علم و قدرت کو، اس ھادی و نذیر، رحمت للعالمین کو ایک گوشت پوست و اعضا و جوارح رکھنے والے جسم میں محفوظ کرنے کا سرو سامان کیا تا کہ وؐہ ساری کائنات سے پہلا مسلمؐ و عابؐد، ایک مسلم و عبادت گزار مخلوق کی تخلیق و اصلاح و ھدایت میں مدد و معاون رہے۔ اعلان ہوا، خلیفۃُ الارض نے اس خلاصۂ انوارؐ ربانی سے منور ہوتے ہی آنکھیں کھولدیں تو دیکھا کہ ملائکہ اور تمام وسائط خداوندی سجدہ سے اُن کی تعظیم بجالا رہے ہیں۔ یہی وقت تھا جب ایک عابد و زاہد و مطیع و فرمانبردار اور کروڑھا سجدے کر چکنے والی مخلوق نے آدمؑ کے اندر نہ معلوم کیا کیا دیکھ لیا کہ اُسکی حالت میں انقلاب شروع ہوا۔ اُس پر ایک رنگ آ رہا تھا تو دوسرا جا رہا تھا۔ کبھی وہ اغوا اور مغالطے کے تصورات سے دوچار ہوتا تو کبھی خطا و فریب میں اُلجھ جاتا۔ کہیں اس سے گناہ و کوتاہیاں جنم لے رہی تھیں۔ کہیں غلطیاں اور لغزشیں برآمد ہو رہی تھیں۔ کہیں خباثت و غلاظت گلے میں بانہیں ڈال رہی تھیں۔ کہیں مکر و کید بغل گیر ہو رہے تھے۔ کہیں فرمانبرداری کی کوتاہیاں اور قصور سامنے آ رہے تھے۔ کہیں خیانت و حماقت و جہالت اجتہاد کر رہے تھے۔ القصہ جتنی دیر میں آدمؑ کی تعظیمی رسومات پوری ہوئیں۔ یہ مخلوق تمام خامیوں اور خرابیوں کا نمائندہ بن کر ابلیس کے نام سے پکارا گیا پھر کیا ہوا۔ قارئین اسکے بعد کا ٹوٹا پھوٹا اور بگاڑا ہوا قصہ اکثر سنتے رہے ہیں۔ مختصراً یہ ہوا کہ حضرت آدم علیہ السلام کو خلافت ارضی کیلئے تیار کیا گیا۔ ملائکہ کو علوم اور خلافت کے متعلق تعلیم و ہدایت دلائی گئیں۔ آدمؑ و ابلیس کو آس پاس رہنے کا موقعہ دیا گیا۔ حضرت آدمؑ کو وصول وحی، حق و باطل کا فرق، اچھا بُرا، گناہ و ثواب، فرمانبرداری و نافرمانی سے متعارف کرا کے عصمت کا امتحان لیا گیا۔ مصطفٰی بنا کر دنیا میں بھیجا اور تخلیقِ انسانی و تربیتِ انسانی کے عظیم کام میں اپنا شریک کار بنایا گیا۔ نسلِ انسانی کو عصمت و علم و قدرت عطا کرنے اور ابلیس اور اسکے مذکورہ بالا سامان سے پاک و منزہ رکھنے کی ذمہ داری سونپی گئی۔ اور زمین پر ایک با بصیرت، آزاد و مختار اور جہاں گیر و جہاں ساز بنی نوع آدم کو جنم دیا، پھیلایا، علم و قدرت کے خزانوں کے منہ کھولدئے۔ جنہیں اللہ نے اپنی وحی و الہام و مشاہدات و

مکالمات سے لبریز کیئے رکھا۔ اُدھر جناب ابلیس نے اپنی اجتہادی غلطی اور آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کرنے کی راہ سے نوع انسانی کے ساتھ راہ ورسم واختلاط کی غرض حاصل کر لی۔ اور انسانوں کی خود ارادیت اور عقلی و عملی آزادی سے فائدہ اُٹھانا شروع کیا۔ اور اپنے لیے ذریت آدم میں سے وہ لوگ چننا شروع کیئے جو اپنے اوپر کسی قسم کی پابندی نہ چاہتے تھے۔ جو عقل و تجربہ و تقاضائے وقت کے علاوہ کسی تصوراتی راہنمائی کو غیر مفید یا آہستہ خرام سمجھتے تھے۔ بہرحال انبیا علیھم السلام نے انسانوں میں وہ جماعت یا ذریت تیار کرنا شروع کی جس پر ابلیس اور ابلیس سے متعلقہ مذکورہ بالا سامان کا ذرہ برابر اثر و تسلط نہ ہونے پائے۔ اللہ نے اُس جماعت کے موجود رہنے کا وعدہ کیا تھا (الحجر۔ 15/42) اور شیطان نے اسی جماعت کے موجود ہونے کا اقرار کیا تھا۔ جس پر اُسے کوئی قابو حاصل نہ ہوگا (الحجر۔ 15/40)۔ یہ وہ معصومؑ اور ابلیس سے محفوظ جماعت تھی جس میں سے انبیا علیھم السلام پیدا ہوتے تھے۔ جو انبیاؑ کے بچپن میں اُنکی اس تجربہ وعلم سے تربیت کرتی تھی جو حضرت آدمؑ سے اس وقت تک اللہ وانبیاؑ نے عطا کیا تھا۔ وہ تمام کتبہائے خداوندی کی حامل و حافظ و وارث ہوتی تھی۔ اُدھر ہر نبیؑ کے پروگرام و ہدایات کا عملی نمونہ بن کر انسانوں کو انبیاؑ کی راہ چلنے میں مدد دیتی تھی۔ ان کی تمام کمزوریاں، خامیاں، کوتاہیاں، غلطیاں اور لغزشیں واضح کرتی اور ان کی اصلاح میں مدد دے کر انہیں اپنی اور اپنے نبیؑ کی عصمت کی طرف لاتی۔ اور ان کی گمراہی کو ہدایت سے، غلطی کو صواب سے، خامی کو تکمیل سے، لغزش کو استحکام سے، گناہ کو ثواب سے بدلنے کا انتظام سکھاتی چلی آتی تھی۔ تمام انبیاءؑ اس ذریت کے ثمر تھے۔ سب نے اس کے بقا اور ترقی کیلئے دعائیں مانگیں، عملاً انتظامات کیئے۔ ان کی تعظیم و تکریم واطاعت کیلئے اپنی اپنی امتوں کو حکم دیا۔ ان کی اتباع کی تاکید کی۔ انہیں بتایا کہ یہ شجرہ نبوت ورسالت کی جڑیں ہیں، شاخیں و پتے ہیں، ثمر ہیں، یہ وہ صاحبان ارحام واصلاب ہیں جو طاہر ومطہر ہیں۔ جن سے نبوت ورسالت جنم لیتی ہے، جن کے گوشت پوست اور خون سے نبوت ورسالت کا وجود ذی جود بنتا ہے۔ جن کے دودھ سے اور جن کی گود میں نبوت ورسالت وامامت پلتی ہے، پروان چڑھتی ہے۔ جو نبوت ورسالت و وحی خداوندی کے امین ہوتے ہیں۔ جو انہیں انگلی پکڑ کر نبوت ورسالت کی راہ چلاتے ہیں۔ آدمؑ سے لے کر خاتمؐ تک تمام انبیا علھیم السلام اور اللہ کی تیار کردہ ذریت ایک معصوم اُمت مسلمہ موجود تھی۔ جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنم لیا (آل عمران۔ 3/164) اور اُسی طرح تیار ہوئے جس طرح انبیاءؑ تیار ہوئے تھے۔ روح القدس ہوں یا جبرئیل امین ہوں ہمیشہ کی طرح ساتھ ساتھ، صفات نبوت کی طرح جُزو لاینفک، اب لوح وقلم سب یکجا۔ تمام تعلیمات ایک مرکز پر مجتمع۔ تمام عصمتیں مجسمہ علم وقدرت وعصمت کے اندر۔ انسان کی صورت میں وہ محیر العقول ہستی جو نہ صرف آگے دیکھتی ہے بلکہ پیچھے بھی برابر دیکھتی ہے۔ جو دیکھنا چاہے کائنات میں حجاب نہیں۔ دودھ یا پانی کے پیالہ میں انگلیاں ڈال دیں تو وہ برکت ملے کہ کبھی ختم نہ ہو۔ کھاری کنویں میں تھوک دیں تو قیامت تک میٹھا پانی کم نہ ہو۔ جو برق وبراق پر قدرت عطا کرے، جو زمین پر رینگنے والے انسانوں کو فلک الافلاک وقاب قوسین وسدرۃ المنتہیٰ تک بلندی کا عملی نمونہ اور تصور دیں۔ تسخیر کائنات کی راہیں اور ابواب السماوات چوپٹ کھول دیں۔ انگلی کے اشارے سے شموس واقمار کو راہیں بدلنے والا بنا کر دکھایا۔ ایسے انسان تیار کیئے کہ اللہ نے انہیں اپنے قرآنی ریکارڈ میں علم ما کان و ما یکون و ما ھو کائن کا عالم ہونے کی سند عطا کی (کافی۔ کتاب الحجۃ باب، ان الائمۃ یعلمون علم ما کان وما یکون، سورۃ البقرۃ 2/151) اور اُسی سند میں یہ پیش گوئی بھی

کردی کہ وہ اس بے حدوحساب تعلیم کو برابر جاری رکھے گا۔ یہاں تک کہ پچھلے اگلوں سے ملحق ہو جائیں گے۔'' (اقتباس ختم ہوا)

(2)۔ انبیاؑ اگر پھل ہیں؟ تو وہ اُن درختوں کے رہینِ منّت ہیں جنہوں نے پیدا کیا

قارئین کرام ذرا سا اپنے پیارے گھر اور گھر والوں پر نظر ڈالئے کیا یہ صحیح نہیں ہے؟ کہ آپ خواہ ایم اے ہوں، چوکیدار یا تھانیدار ہوں، کوئی منسٹر ہوں یا صدر مملکت ہوں۔ آپ رانی ہوں یا راجہ ہوں، ملکہ ہوں یا بادشاہ ہوں۔ آپ اپنے پالنے والوں، اپنے لئے تکلیفیں اُٹھانے والوں، راتوں کو دس دس دفعہ اُٹھ کر دودھ پلانے اور معصوم ضروریات پوری کرنے والے، آپ کو منتوں، مرادوں اور دعاؤں کے سایہ میں پال کر جوانی کے منتظر رہنے والے، قرض ادھار لے کر، دقتیں اُٹھا کر، محنت و مزدوری کر کے پڑھانے والے ماں باپ کے ساتھ آپ کا کیا رویّہ ہوگا؟؟

ہمیں آپ کا حال معلوم نہیں لیکن ہم جانتے ہیں کہ شریف و مہذب غریب و امیر، مسلم و غیر مسلم تمام خاندانوں میں ماں باپ کے قدم چھوئے جاتے ہیں۔ انہیں صبح و شام جھک کر بڑے پیار اور ادب سے مناسب مواقع پر سلام کرتے ہیں۔ اُنکے سامنے چھوٹا سا بچہ بن جانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اُن سے دھیمی اور پسندیدہ آواز اور لب ولہجہ میں بات کرتے ہیں۔ اُنکا اس قدر ادب کرتے ہیں کہ اُنکے روبرو اپنے پیارے بچوں اور اپنی عزیز ترین شریکِ حیات کو پیار نہیں کرتے۔ وہ اپنے بچوں کو کہتے ہیں کہ تمہارے ابا وہ ہیں جنہیں ہم ابّا کہتے ہیں۔ اپنے لئے بھائی جان یا کوئی لفظ سکھاتے ہیں تاکہ بچوں کو عادت پڑ جائے اور غلطی سے بھی اپنے دادا اور دادی کے سامنے اپنے ماں باپ کو ابّا اور امّی نہ کہہ سکیں۔ یہ عمل درآمد ہر ملک و ملت و مذہب میں جاری رہتا چلا آیا اور آج بھی جاری ہے۔ گو آج کل مشرکین عرب کے نظام اشتراک نے اس ادب و تعظیم کو کافی مجروح اور کم کر دیا ہے۔ اور اُنکا نظام کنبہ کو مٹا کر، ماں باپ اور بہن بھائی کی تفریق ختم کر کے، ہر عورت کو ہر مرد کی بیوی اور ہر بچے کو پورے ملک کا بچہ بنا کر اسے وسیع خاندان میں تبدیل کر دینا چاہتا ہے۔ یہ تفصیلات کتاب ''اسلام اور جنسی تعلقات'' میں ملاحظہ ہوں۔ بہرحال مندرجہ بالا رویہ ہر قوم و مذہب کے بنیادی احکامات میں سے ہے۔ قرآن کریم نے بھی اس پر بڑا زور دیا ہے اور خود رسولؐ اللہ کو والدین کی تعظیم و تکریم اور ادب و خدمت کا حکم دیا گیا ہے۔ تاکہ تمام اُمت پر یہ حکم واجب ہو جائے۔ اور قرآن میں بار بار والدین کیلئے یہی احکام اُمت کو الگ سے مخاطب کر کے دئے گئے ہیں۔ رسولؐ پر والدین کے کیا واجبات تھے بطور نمونہ ملاحظہ ہوں۔

اللہ نے حکم دیا ہے کہ:۔ لَا تَجۡعَلۡ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقۡعُدَ مَذۡمُوۡمًا مَّخۡذُوۡلًاo وَقَضٰی رَبُّکَ اَلَّا تَعۡبُدُوۡۤا اِلَّاۤ اِیَّاهُ وَبِالۡوَالِدَیۡنِ اِحۡسَانًا اِمَّا یَبۡلُغَنَّ عِنۡدَکَ الۡکِبَرَ اَحَدُهُمَاۤ اَوۡ کِلٰهُمَا فَلَا تَقُلۡ لَّهُمَاۤ اُفٍّ وَّلَا تَنۡهَرۡهُمَا وَقُلۡ لَّهُمَا قَوۡلًا کَرِیۡمًاo وَاخۡفِضۡ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحۡمَةِ وَقُلۡ رَّبِّ ارۡحَمۡهُمَا کَمَا رَبَّیٰنِیۡ صَغِیۡرًاo (بنی اسرائیل 24-17/22)

''جس طرح تجھ پر یہ واجب ہے کہ تو اللہ کے سوا کسی اور کو معبود کا درجہ نہ دے کیونکہ تیرے پروردگار نے یہ فیصلہ کیا ہوا ہے کہ تم اللہ کے سوا کسی اور کی عبادت جاری نہ کرو گے اُسی طرح تجھ پر یہ بھی واجب ہے کہ اپنے والدین کیساتھ ہر حال میں احسان سے پیش آئے اور اُن دونوں میں سے کوئی ایک یا دونوں ہی تمہارے سامنے بوڑھے ہو جائیں تو تو اُن کی کسی بھی بات پر انکار تو انکار ہے بلکہ اُف تک نہ کرے

گا۔اور اُن سے ہمیشہ ایسی بات کیا کرے گا کہ جس میں رحیمی اور کریمی کی شان گھلی ہوئی ہو۔اور ہرگز اُن سے جھڑک کر بات نہ کرے گا۔اور اُن کے روبرو ایک حقیر و ذلیل آدمی کی طرح رہ کر رحمت و محبت سے اُنہیں اُسی طرح اپنے بازوؤں میں محفوظ رکھے گا جس طرح مرُ غانِ ہوا، اپنے بچوں کو خطرے کے وقت اپنے بازوؤں اور پروں میں سمیٹ کر چھپا لیا کرتے ہیں۔اور تُو اُن کے لئے ہم سے یوں دعا کرتا رہے گا کہ اَے میرے پالنے اور ربوبیت کرنے والے تو بھی اُن پر اپنا رحم و کرم اُسی طرح جاری رکھ جس طرح انہوں نے میرے بچپن اور بے کسی کے زمانہ میں مجھے پالا اور میری ربوبیت کی تھی۔''

یہ احکام آپ ذرا پچھلے عنوان سے مسلسل کر کے بات سُنیں کہ ہر رسولؑ، ہر نبیؑ، ہر خلیفہ اور ہر امامؑ کا سر جن کے حضور جھکنا عین حکم خداوندی ہو۔جن کو روزانہ ادب سے سلام کرنا نبوتؑ و رسالتؑ کے فرائض میں سے ہو۔جن کے روبرو سرورِ کائنات کو اطاعت و فرمانبرداری کرنا واجب ہو۔جہاں ساری کائنات سے افضل اور تمام عالمین کا سردار ایک ذلیل و حقیر غلام کی طرح رہنے پر مامور ہو۔ جنہوں نے نبوتؑ و رسالتؑ کو جنم دیا ہو۔جو تمام سابقہ تعلیمات خداوندی ہر نبیؑ کو سکھانے اور سونپنے کا مادّی و محسوس ذریعہ ہوں۔جو انبیاؑ و رُسلؑ کے معلم و ہدایت کار ہوں۔جو ورثہ دارانِ کتبہائے خداوندی ہوں۔جن کے گھروں کا طواف کرنا ملائکہ پر واجب ہو۔وہ لوگ افضل ہیں یا انبیاؑ و رسلؑ و آئمہؑ و خلفا افضل ہیں؟سُنو! مانو یا نہ مانو، یہ ہے خانوادہ حسین علیھم السلام، یہ ہے بیت نبوتؑ و رسالتؑ۔نبیؑ و رسولؑ و امامؑ تو گنتی کے تھے۔اور اسی خانوادہ میں سے تھے۔خانوادہ کے ہر فرد کو نبیؑ یا رسولؑ یا امامؑ نہیں بنایا جا سکتا تھا۔انتظامِ خداوندی یہ تھا کہ کچھ حضرات نبی یا امام یا رسول بنائے جائیں اور کچھ حضرات وہ ہوں جو نبوت و رسالت و امامت کا مادّی و محسوس سامان اور خمیر بنائیں اور پھر اپنے گوشت و پوست اور خون سے کسی کو نبی بنائیں، کسی کو رسالت کے لئے تیار کریں، کسی کی ربوبیت اس طرح کریں کہ وہ عہدہ امامت سنبھالے۔عقلی حیثیت یہ ہے کہ بنانے والا، بنائے جانے والے سے افضل و برتر ہوتا ہے۔جھک کر سلام کرنے والا مفضول ہوتا ہے۔ حسینؑ کی ماںؑ کو جب رسولؐ اللہ تعظیم و سلام پیش کرتے تھے تو تمام انبیاؑ اور ملائکہ سلام کرتے تھے۔اگلے عنوان میں ہم قرآن سے اس ذریت کی افضلیت ثابت کر کے مشرکین کے منہ میں تالا ڈال دیں گے۔انشاءاللہ والا امام علیہ السلام۔

(3)۔ آیئے ذریت طاہرہ کی افضیلت پر نظر ڈالیں

حقیقت اس قدر ہے کہ ایک نور سے پیدا ہونے والے حضراتؑ سب مرتبہ میں برابر ہیں۔ چونکہ ابلیسی نظام کے سب سے بڑے حربوں میں ایک حربہ طبقہ واریت کو مٹانے کا حربہ ہے اور یہ حربہ روزانہ جہلا اور تہی مایہ لوگوں میں مقبول ہوتا اور ترقی کرتا چلا آرہا ہے۔اور آج اس زمانہ میں سوشلزم کے اونچے نعروں میں شمار ہے۔اور یہی حربہ انبیاؑ کے خلاف سب سے زیادہ کارگر ہوتا اور لوگوں کو گمراہ کرتا رہا ہے۔لہٰذا تعلیماتِ انبیاؑ میں اُس حربے کو بے اثر بنانے کیلئے بہت سی ایسی باتیں بیان ہوئی ہیں جو انتظامی حیثیت رکھتی ہیں اور جن کی حقیقت ایمان کے کئی مدارج سے گزر جانے اور بہت سے دینی فوائد و نتائج کے برآمد ہونے کے بعد سمجھ میں آتی ہیں۔اور جب سمجھ میں آجاتی ہیں تو پھر مومن کو اپنی ابتدائی پوزیشن پر ہنسی آتی ہے۔لہٰذا اسلامی احکام میں ایسی ہزاروں باتیں بھری پڑی ہیں جن کا ظاہر کچھ اور ہے اور باطن کچھ اور ہے اور یہ خدائی تعلیم ہونے کی بنا پر اپنے ظاہر میں بھی حق و صحیح ہیں اور باطن میں بھی حق و صحیح ہیں۔لیکن جو شخص محض

ظاہر کو اختیار کر کے باطن کا انکار کرے یا باطن کا اقرار کر کے ظاہر کا انکار کر دے وہ اسلامی حقائق کا منکر اور اسلام سے خارج ہے۔لہٰذا یہ بات سمجھ کر آگے بڑھیں کہ بعض باتیں صرف ابلیس کا راستہ روکنے کیلئے کہی گئی ہیں۔مثلاً تمام کتب حدیث میں یہ حقیقت ثابت ہے کہ رسولؐ اللہ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا کہ اگر مجھے یہ خیال نہ ہوتا کہ تیری قوم دوبارہ گمراہ ہو جائیگی تو میں کعبہ کو مسمار کر کے دوبارہ اُن بنیادوں پر تعمیر کرتا جن پر حضرت ابراہیمؑ نے تعمیر کیا تھا۔یعنی ابلیس کا نظام فوراً رسولؐ اللہ پر فتویٰ لگا دیتا کہ یہ نبیؑ نہیں ہوسکتا۔یہ تو خدا کے گھر کو ڈھائے دے رہا ہے۔اِن چیزوں کو سامنے رکھئے اور ایک لطیفہ سُنئے !کسی بڑھیا کے بیٹوں کو قتل کے مقدمہ میں ماخوذ کر لیا گیا۔تحقیقات کے بعد جج کو معلوم ہوا کہ محض شک کی بنا پر انہیں گرفتار کیا گیا تھا۔لہٰذا جج نے فیصلہ کی تاریخ کا اعلان کر دیا۔بُڑھیا ماں گرتی پڑتی فیصلہ سُننے کیلئے عدالت میں کھڑی آنسو بہا رہی تھی۔پولیس اور تمام ملزمان حاضر تھے۔ذرا دیر بعد جج صاحب نے اجلاس فرمایا۔اصل مجرموں کو سزائے موت سُنائی گئی اور بڑھیا کے بیٹوں کو بری کر کے رِہا کر دیا۔بڑھیا کی سمجھ میں جب اصل معاملہ آ گیا تو اُس نے چلّا کر کہا کہ ’’میری دُعا ہے کہ ’’جج صاحب اللہ تجھے جلدی سے پٹواری بنا دے‘‘ جج صاحب بُڑھیا کی سادگی اور خُلوص پر مسکرائے،سارا مجمع قہقہے لگا رہا تھا اور آپ بھی مسکرا رہے ہیں۔آپکے نزدیک ہنسی کی بات یہی ہے نا؟ کہ بُڑھیا بے چاری کو پٹواری ہی سب سے بڑے عہدے کا آدمی معلوم تھا اور جج کو پٹواری بنانے کی دُعا دراصل بظاہر اُسے ذلیل وخوار کر کے ایک بدترین تنزل سے دوچار کرنے کی بددعا ہے لیکن بباطن بڑھیا یہ چاہتی ہے کہ جج کا عہدہ اور بڑھے کہ وہ زیادہ لوگوں کو فائدہ پہنچا سکے۔بڑھیا کی نادانی،سادگی اور خلوص نے ظاہر کو ناگوار نہیں رہنے دیا۔اب ذرا سنجیدہ ہو جایئے اسلئے کہ اب اللہ،قرآن اور انبیاورُسل علیہم السلام کی ایسی ہی باتیں سامنے آئیں گی جو بظاہر نظر بڑھیا کی بات یا دعا کی طرح مضحکہ خیز مگر بباطن حقیقت ساز اور فضیلت انگیز ہونگی۔

(4)۔ نبوت،رسالت اور خُلّت کے بعد امامت کا دیا جانا کیا معنی؟

حضرت ابراہیم علیہ السلام نبی بھی تھے رسول بھی تھے اور خلیل بھی تھے اور ساتھ ہی کم از کم دو نبیوں دو رسولوںؑ کے والد بھی تھے۔ اِس کے بعد اللہ نے فرمایا کہ چونکہ تم آزمائش میں کامیاب ہو گئے ہو اس لئے’’اب میں تمہیں تمام انسانوں کا امام بناتا ہوں‘‘(بقرۃ 2/124)۔قارئین اب آپ کیوں نہیں مسکراتے؟ یہ بھی آپ جانتے ہیں کہ نبوت و رسالت وخُلّت ملنے کے وقت ابراہیمؑ نے اپنی ذریت کو اُن میں سے عہدے کے دئے جانے کی درخواست نہیں کی۔مگر امامت ملتے ہی آپ نے جھٹ سے سوال کر لیا اور آپ دیکھ چکے ہیں کہ اللہ نے پہلے امامت اور امام کو ایک عہد قرار دیا۔پھر اس عہد سے ہر ظالم کی نفی کر کے عصمت کی شرط کے ساتھ ذریتِ ابراہیمؑ میں عہدہ امامت جاری کر دیا۔یہاں خود بخود یہ فیصلہ کرنا پڑتا ہے کہ تعلیمات خداوندی کو نوع انسان میں نافذ کرنے کے لئے نبوت وخلافت و رسالت کے بعد امامت کا درجہ آتا ہے۔اب ناظرین چاہیں تو درجہ امامت کو سب سے اعلیٰ وافضل عہد سمجھ لیں یا بڑھیا والا لطیفہ سمجھ کر مسکرائیں اور نظر انداز کر دیں۔مگر ہم نہایت اطمینان کے ساتھ امامت کو خلافت ونبوت ورسالت سے افضل سمجھتے ہیں۔ذرا دیر بعد اس کی دوسری مثالیں سامنے آئیں گی۔

(5)۔ یہ نظامِ اجتہاد کے تصورات ہیں جو دل میں بیٹھ کر قرآن کو مضحکہ خیز بنادیتے ہیں

ذرا دیر بعد ہم امامت کی طرف پھر آئیں گے۔ ذرا پہلے فاجرانہ اور مجتہدانہ تصورات کے ماتحت امامت سے بھی گھٹیا بلکہ ایک ادنیٰ ترین ٹھہرائی چیز کا مقام پہلے دیکھ لیں۔ اور خود ایک ایسے زندہ اور زبردست مجتہد کے قلم سے دیکھ لیں جو اس زمانہ کا معنوی تحریف کرنے میں سب سے کامل شخص ہے۔ اور جو مفاہیم قرآن کو اُلٹ پلٹ کرنے میں تاویل و توجیہہ اور بریکٹ بے دریغ استعمال کرتا ہے۔ اُس کا بریکٹ سے شروع ہونے والا ترجمہ ملاحظہ ہو:۔

''(اس کے بعد ابراہیمؑ نے دُعا کی) اَے میرے رب مجھے حکم عطا کر اور مجھ کو صالحوں کے ساتھ ملا۔ اور بعد کے آنے والوں میں مجھ کو سچی ناموری عطا کر۔ اور مجھے جنت نعیم کے وارثوں میں شامل فرما۔'' (تفہیم القرآن جلد 3 صفحہ 505-503)

رَبِّ هَبْ لِیْ حُکْمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَo وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَo
وَاجْعَلْنِیْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِo الخ (سورۃ الشعرآء۔26/83-85)

اس تحریف شدہ ترجمہ میں بھی یہ حقیقت موجود ہے کہ جناب ابراہیمؑ ایک نبیؑ ہو کر تین چیزیں مانگ رہے ہیں۔ اوّل حکم، دوم صالحین کے ساتھ الحاق، سوم جنت کے وارثوں میں شمولیت۔ اس ترجمہ میں ایک چیز اور بھی ہے جس کے تصور سے علامہ مودودی اعلیٰ اللہ مقامہ بہت گھبراتے ہیں۔ اس لئے علامہ حضور نے قرآن کے الفاظ ہی کو نہیں بلکہ عربی زبان کے تمام قواعد اور ڈکشنری کو نظرانداز کرکے ابلیسی الہام کے ذریعہ سے خودساختہ معنی کردئے۔ حضرت ابراہیمؑ نے فرمایا کہ:۔

وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ o (سورۃ الشعرآء۔26/84)

ترجمہ رفیع الدینؒ : ''اور کر واسطے میرے زبان راستی کی بیچ پچھلوں کے۔'' (مترجم قرآن)

ترجمہ علامہ مودودی صاحب: ''اور بعد کے آنے والوں میں مجھ کو سچی ناموری عطا کر۔''

بتایئے علامہ کے ترجمہ کا قرآن کے الفاظ سے کیا تعلق ہے؟ اس لئے ہم نے لکھا کہ اس زمانہ میں مودودی سے بڑھ کر قرآن کی غلط ترجمانی کرنے والا کوئی دوسرا نہیں ہے۔ لہٰذا قرآن کے الفاظ کے معنی یہ ہیں کہ:۔

اَے اللہ آخری زمانہ میں میرے لئے ایک ایسی زبان بنادے جو حق گوئی اور صداقت کے لئے مُسلّم حیثیت رکھے۔ یعنی جو کہے وہ سچ ہو حق ہو۔ یعنی حضرت ابراہیمؑ رسول اللہؐ کے مبعوث ہونے کی دعا تو کر چکے تھے۔ اس دعا میں کوئی اور فرد ہے جس کے پیدا کرنے کی دعا ہو رہی ہے۔ اور قرآن مجید کی رو سے جناب علی مرتضٰی علیہ السلام ہیں۔ چنانچہ سورہ مریم میں حضرت ابراہیمؑ کی دعا کا قبول کرلینا بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ ہم نے ابراہیمؑ کو اسحاقؑ اور یعقوبؑ بھی عطا کئے اور ہم نے اُن دونوں کو بھی نبی بنایا اور اُن سب کو ہم نے اپنی رحمتؐ میں سے حصہ دیا اور ہم نے اُن سب کے لئے علیؑ کو سچائی کی زبان بنادیا۔''

..... وَهَبْنَا لَهٗ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَکُلًّا جَعَلْنَا نَبِیًّاo وَ وَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِیًّاo

(سورہ مریم۔19/49-50)

یہ تھا وہ نام جس سے ابلیس اور اس کا شاگرد لاحول کی طرح دور دور رہتا ہے۔ بہر حال جو چیزیں سابقہ آیات میں طلب کی گئی تھیں لازم ہے کہ وہ دُعا کے وقت حضرت ابراہیمؑ کو حاصل نہ ہوں۔ اسلئے کہ دُعا اُسی حالت میں کی جاتی ہے جب ہمیں کوئی چیز درکار ہو اور اس کے بغیر ہمارا کوئی کام یا مقصد نامکمل رہتا ہو۔ لہٰذا یہ ماننا پڑے گا کہ اگر یہ دعا بڑھیا والا لطیفہ نہیں ہے تو جناب ابراہیم علیہ السلام نہ تو اُس وقت تک صاحب حکومت یا بادشاہ ہیں اور نہ صالحین میں داخل ہیں نہ وہ ان لوگوں میں شامل ہیں جو خدا کی طرف سے ورثہ دارانِ جنت ہیں۔ چوتھی درخواست تو ظاہر ہے کہ آخری نبوت و رسالت و امامت والے لوگوں سے متعلق ہے جو دُعا کے دن کے تین ہزار سال بعد قائم ہونے والی ہے۔ لہٰذا تین ہی باتیں قابل غور وفہم ہیں۔ پہلی چیز '' **حکومت** '' ہے اور حکومت بھی اپنی ظاہری صورت میں درکار ہے۔ ورنہ ہر نبیؑ اور رسولؑ و امامؑ دینی حیثیت سے دینداروں پر حاکم ہوتا ہی ہے۔ لہٰذا یہ ظاہری حکومت وہی ہے جو نابت بن اسماعیل علیہم السلام سے شروع ہو کر قیامت تک جاری رہنے کی صورت میں ظاہر ہونے والی تھی۔ اس کے بعد دو چیزیں رہ جاتی ہیں۔ یقیناً ہر نبیؑ، رسولؑ اور امامؑ خود صالح ہوتا ہے اور دوسروں کو صالح بن جانے کی تعلیم دیتا ہے۔ اور اُس طرح پوری پوری اتباع کرنے والے انسان صالحین ہوتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا حضرت ابراہیمؑ اس دُعا میں یہ کہنا چاہتے ہیں کہ میرے مشن کو پھیلا دے، لوگوں کو صالحین بنا دے اور پھر مجھے اُن صالحین سے ملحق کر دے یا ملا دے؟ یہ وہم اس لئے غلط ہے کہ اُن کے ساتھ اُن کی اتباع کرنے والے دو نبیؑ موجود تھے۔ یعنی حضرات اسماعیل اور لوط علیہما السلام اور دو عدد بیویاں اُن کی متبع اور صالح تھیں۔ لہٰذا لفظ صالحین کا پیٹ بھرنے کے لئے تین صالح آدمیوں کی موجودگی درکار تھی۔ اور یہاں چار صالح افراد کم از کم موجود ہیں اور حضرت ابراہیمؑ سے ملحق بھی ہیں۔ لیکن اسکے بعد بھی آپ کا دعا مانگنا بتاتا ہے کہ جن صالحین میں شامل ہو جانے کی دعا کی جارہی ہے وہ صالحین کوئی مخصوص اور انتہائی محترم و افضل ترین گروہ ہے اور اس گروہ کا صالح بننا اُس طریقے سے مختلف اور مکمل ہے۔ جس طریقے سے عموماً اسلام لانے والے افراد یا دیگر انبیؑا و رُسلؑ اور امامؑ صالح بنتے ہیں اور یہ بھی معلوم اور قرآن سے ثابت ہے کہ تمام ایمان لانے والے عالم صالح افراد جنت میں جانے کی وجہ سے جنت کے اسی طرح وارث کہلائے گئے ہیں جس طرح تمام صالح اعمال کرنیوالے لوگوں کو صالحین کہا جاتا رہا ہے۔ مگر جن معنوں میں مذکورہ صالحین کا گروہ صالح اور ورثہ دارِ جنت ہے کوئی اور شخص، خواہ نبیؑ ہو، رسولؑ ہو یا امامؑ ہو، نہ صالح ہے اور نہ وارث جنت ہے۔ اس صورتِ حال میں یہ ماننا پڑیگا کہ اُس گروؔہ کی صالحیت ازلی ہے، حقیقی و ابدی ہے، وہ صالحیتِ مطلقہ ہے۔ یعنی ایک لمحہ بھی اس گروہ پر ایسا نہیں گزرنے دیا گیا کہ وہ صالح نہ رہا ہو۔ اور یہ بات اس بات کو سمجھنے والوں کیلئے نہ مشکل ہے نہ پیچیدہ ہے کہ جن ذواتِ مقدسہ کو اللہ نے اپنے مخصوص نور سے پیدا کیا ہو اُن میں کسی قسم کی ظلمت کا امکان کیسے ہوسکتا ہے؟ یہی وہ لوگؑ ہیں جو خلافت و نبوت و رسالت و امامت و بادشاہت و حکومت و صلاحیت و صالحیت و رحمت و نعمت و برکت کے مالک ہیں۔ اور خدا کا وہ ذریعہ ہیں جن سے اللہ اپنی مخلوقات کو نوازتا ہے اور یہ بیان قرآن و احادیث معصومین علیہم السلام سے بوضاحت ثابت ہے۔ تمام مخلوقات اس گروہ کیلئے پیدا کی گئیں۔ تمام انبیؑا کی نبوتیں رسالتیں اور امامتیں اسی گروہ کے تعارف کیلئے ظہور پذیر ہوئیں۔ اور ہم اس کتاب میں اب تک مختلف انداز میں اُن ہی حضراتؑ کا تعارف کرانے کی کوشش کررہے ہیں۔ اور یہی حضراتؑ ہیں جو تمام انبیا علیہم السلام کے مُربی ہیں۔ لفظ افضل کہنے سے بات ادھوری رہتی

ہے یہ کہئے کہ:۔ ؎ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

(6)۔ مجتہدین نے مسلمانوں کا زاویہ نظر بدل کر رکھ دیا ہے

قارئین کو جہاں بھی قرآن کی کوئی بات عجیب معلوم ہوتی ہے یا گراں گزرتی ہے اس کی وجہ وہ تصورات ہیں جو شیعہ اور سنی لیبل کے مجتہدین نے صدیوں سے پھیلائے، گھر گھر پہنچائے اور دلوں میں بسائے۔ جتنی حکومتیں نظام اجتہاد کے ماتحت قائم ہوئیں، اُن سب نے اپنے تمام وسائل اور طاقت قرآن کے خلاف مگر اسلام وقرآن کے نام پر صرف کیں۔ بچے پیدا ہوئے مجتہدانہ تصورات کے دامن میں پلے، اُن ہی کی درسگاہوں میں پڑھے اور جوان ہوئے۔ نسلوں کے بعد ہر نسل ورثہ میں یہی سامان پاتی چلی آئی۔ خرد کا نام جنوں ہوگیا، بے دینی دین بن گئی۔ ایک یا دو الفاظ کے اضافہ سے حرام کو حلال کرلیا گیا۔ مثلاً ثقافت کہہ کر کیا کیا حلال ہے؟ سوچیں! حقیقی ومجازی کے پیچھے کتنے حقائق چھپادئے گئے؟ ظلّی وبروزی کی بکواس نے باطل کے کتنے انبار لگائے۔ اصطلاحی کافر یہاں کچھ اور ہوتا ہے اور کافر کچھ اور چیز کہلاتی ہے۔ بہرحال ہم نے اس تمام انبار کو چھان ڈالا ہے۔ ہر روز ایک کثیر تعداد حقیقت پسندوں میں شمار ہونے کو تیار ہوجاتی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ قرآن کریم کے وہ معنی اختیار کرو جو اسکے مصدر کیلئے پہلے سے مقرر ہیں اور جن سے کسی عربی دان کو اختلاف نہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ عربی کے ہر لفظ کے ایک ہی معنی ہیں۔ ہر دوسرے مفہوم ومعنی کیلئے ایک ایک مستقل لفظ مقرر ہے۔ <u>ہمارا تقاضہ یہ ہے کہ قرآن کے ایک ہی لفظ کو زبردستی کئی معنی میں اور قرآن کے کئی کئی الفاظ کو زبردستی ایک ہی معنی میں استعمال کرنا حرام ہے۔</u> ہر ہر لفظ کے صرف وہ ایک معنی کرو جو مصدری معنی ہیں۔ <u>لیکن اُنکے نظام اجتہاد کو دو قدم بھی چلنا نصیب نہ ہوا ہوتا اگر انہوں نے قرآن کے الفاظ کو اُنکے مستقل معنی میں قائم رکھا ہوتا۔</u> یہ سبب ہے کہ آج ایک ہی قرآن سے سینکڑوں فرقے سہارا لیکر جاری ہوگئے۔ جس کا جو دل چاہتا ہے قرآن کے الفاظ کے معنی بدل کر جائز وناجائز، حلال وحرام کرلیتا ہے۔ اسی قرآن سے آنحضرتؐ کے بعد نبوت کا ختم ہوجانا ثابت کیا جاتا ہے اور اسی قرآن سے بابی وبہائی اور احمدی حضرات نبوت ورسالت کے جاری رہنے پر دن رات کتابیں لکھتے اور ایک دوسرے کو چیلنج کرتے رہے ہیں۔ لیکن ہمیں کوئی چیلنج نہیں کرتا۔ چیلنج تو چیلنج ہے، کوئی کسی بات پر اعتراض وجواب کیلئے قلم نہیں اُٹھاتا۔ بلکہ ہم خط لکھتے ہیں، رجسٹری بھیجتے ہیں جواب کیلئے ٹکٹ بھیجتے ہیں تب بھی جواب نہیں دیا جاتا اور ہمارے بھیجے ہوئے ٹکٹ بھی شیر مادر کی طرح ہضم کر لئے جاتے ہیں۔ پرویز صاحب ہماری کتاب ''**مواخذہ**'' حصہ اوّل ''قرآن اور پرویز'' پر تبصرہ کرنے کا وعدہ کر کے بھی تبصرہ نہ کرسکے۔ مودودی صاحب کا یہی حال ہوا۔ احمدی جماعت بھی ہمارے مضامین اور خطوط پر خاموشی میں اپنی نجات سمجھتی رہی ہے۔ یہ صرف اسلئے کہ ہم قرآن کے الفاظ کے معنی بحال رکھ کر بات کرنا چاہتے ہیں اور وہاں سارا کاروبار قرآن کو بدل بدل کر پیش کرنے سے چلتا ہے۔ ویسے اُن کی گاڑی اسٹارٹ (START) ہی نہیں ہوتی۔ چنانچہ عرصہ دو تین ماہ سے طلوع اسلام پرویز اور معارف الاسلام کے درمیان بحث جاری ہے اور دونوں طرف سے نظام اجتہاد کے بتائے ہوئے فرضی دلائل جاری ہیں۔ مگر دونوں ہم سے بات نہیں کرتے کہ کہیں سارا گھروندہ زمین پر نہ آرہے۔ معارف الاسلام، مذہب شیعہ کے بنیادی عقائد کے خلاف لکھتا جاتا ہے اور پرویز نہایت ہی چابکدستی سے اسے دانہ ڈال ڈال کر جال کی طرف بڑھاتے جارہے ہیں۔ مگر دونوں طرف جو کچھ ہورہا ہے وہ قرآن وحدیث کا انکار ہے، معنوی تحریف ہے اور برسوں

کے عیاشی پسند دماغ بہت خوش ہیں کہ دین کی خدمت ہو رہی ہے۔لیکن مسلمانوں کا لکھا پڑھا اور روشن خیال طبقہ اور دانشورانِ قوم اُن کی اس دینی خدمت کو بکواس سے زیادہ کچھ نہیں سمجھتے۔یہی وہ صدیوں پرانی بکواس ہے جس نے غیر مسلموں کو عموماً اور مسلمانوں کو خصوصاً مذہب سے متنفر کر کے اس میدان سے بھاگ کھڑا ہونے پر مجبور کر دیا۔اب ناول اور ریڈر ڈائجسٹ کو اسلامی کتابوں سے زیادہ پسند کیا جاتا ہے۔لیکن اس رجحان کے برعکس ہماری مذہبی تصنیفات اور مضامین ہر طبقہ کے نوجوان اور بوڑھے نہایت شوق سے پڑھتے ہیں۔اور اُنکا یہی شوق اور تقاضہ ہے جس کی وجہ سے ہم نے اپنے نظامِ تبلیغ سے باہر بھی اپنے چند مضامین اور کتابیں شائع ہونے کیلئے دے دی ہیں۔ورنہ ہم تو تمام علما سے الگ رہ کر اپنے نظام تحریک تشیّع سے باہر کوئی چیز نہ جانے دیتے تھے۔ہم نے جس چیز پر پورا زور دیا ہے وہ نظام اجتہاد کی پول کھولنا ہے اور اُنکے بگاڑے ہوئے زوایائے نظر کو درست کر کے پوری آزادیٔ فکر کے ساتھ مذہبی تعلیم کے ہر پہلو کو بیباک تنقید کیلئے پیش کر دینا ہے۔تاکہ قومی و مذہبی تقدس کو بالائے طاق رکھ کر جو سو فیصد صحیح ہو اُسے اختیار کیا جائے اور ہر اُس غلط بات کو ٹھکرا دیا جائے جو صرف مصنوعی تقدس کے دباؤ سے تسلیم کی جا رہی ہو۔

(7)۔ نبوت ورسالت کے بعد صالحینؑ میں شرکت کا اعزاز کن کو دیا گیا ہے

سارا قرآن دیکھ جائیں آپ کو ہر نبیؑ یہ تمنا کرتا ملے گا کہ اُسے اُمتؑ مسلمہ اور ذریتؑ طاہرہ کے صالحین اور مومنین میں شامل کیا جائے۔اور جگہ جگہ آپ یہ دیکھیں گے کہ اللہ اپنے انبیاؑ اور رُسلؑ کو اس ذریتؑ میں شامل کئے جانے کی خوشخبریاں دیتا جا رہا ہے جو ہر نیکی کا معیار ہے جو ہر رسولؑ اور ہر نبیؑ کیلئے ایک ازلی وابدی نمونہ ہے۔اور یہ وہی فطری صورتِ حال ہے کہ ہر بچہ اپنے ماں باپ اور ماحول کے معیار پر پورا اُترنا چاہتا ہے۔بلکہ اُن سب سے آگے بڑھ جانے اور بلند تر ہو جانے کی تمنا کرتا ہے۔اور روزمرہ تجربہ ہوتا ہے کہ آنے والے لوگ اپنے پہلے والوں سے درجات میں بڑھتے جاتے ہیں۔مگر انبیاؑ اور رُسلؑ کا معاملہ اس سے اتنا مختلف ہے کہ یہ حضراتؑ مذکورہ صالح گروہؑ اور اُس ذریتؑ طاہرہ سے بڑھ جانے کی دعا اور تمنا نہیں کرتے بلکہ صرف اُنکے معیار پر پورا اُترنے اور اُن میں شریک کر لئے جانے کی دعا کرتے ہیں۔اسلئے کہ وہ جانتے ہیں کہ اللہ نے اُس مخصوص گروہ کو اپنی قدرت کے انتہائی ظہور کا ذریعہ بنایا ہے،انہیں پوری کائنات کی ارتقائی ترقی کا منتہا مقرر کیا ہے۔اُنکے مقامِ بلند سے بلندتر اور کوئی مقام ہی نہیں ہے،اُنکی پسند اور معیار تک جا پہنچنا وہ امکانی ترقی ہے جو کوئی انسان کر سکتا ہے۔

(i)۔ انبیاؑ ورُسلؑ کا وہ گروہ جسے صالحینؑ میں شامل ہونے کی اطلاع دی گئی

جن آیات کا ہم نمبر لکھیں گے اُن کی تفصیل قرآن کریم سے آپ خود ملاحظہ فرمائیں تاکہ ہمارے مختصر بیان کی تصدیق ہوتی چلی جائے اور آپ کو قرآن پڑھنے کا ثواب بھی ہو۔ وَوَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ كُلًّا هَدَيْنَا وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ..... وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ..... وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ o وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ o ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِىْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ..... اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا

بِکٰفِرِیْنَo اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ ھَدَی اللّٰہُ فَبِھُدٰ ھُمُ اقْتَدِہْ ۔(6/84-90)

ہم نے ابراہیمؑ کو اسحاؑق اور یعقوبؑ عطا کئے اور سب کو ھدایت کی اور نوحؑ کو اُن سے پہلے ہدایت کر چکے تھے اور اُسی کی ذریت میں سے داوٗدؑ اور سلیمانؑ وایوبؑ ویوسفؑ وموٰسٰیؑ اور ہارونؑ اور زکریاؑ ویحیٰؑ والیاسؑ یہ سب کے سب صالحین میں شمار ہیں۔ اور ہم احسان کرنے والوں کو اُن ہی کی طرح جزا دیا کرتے ہیں۔ پھر اسماعیلؑ اور الیسعؑ اور یونسؑ ولوطؑ بھی صالحین میں سے تھے اور اِن تمام انبیاؑ کو ہم نے ساری کائنات پر فضیلت دی ہے اور اُن انبیاؑ کے باپ دادوں اور اُن کے بھائیوں اور اُن کی ذریت میں سے ہم نے مجتبیٰ بنائے اور انہیں صراط مستقیم کی ہدایت کی۔ یہ وہ ذخیرہِ ہدایت ہیں کہ جس طرف ہم جسے چاہتے ہیں ہدایت سے نواز دیتے ہیں۔ یہ انبیاؑ اور اُن کے آباوٗاجداد اور بھائی بند اور ذریت ہی تو وہ لوگ ہیں جن کو ہم نے اپنی تعلیمات کی کتابیں اور حکومتیں اور نبوتیں دی ہیں۔ اب اگر یہ مکہ کے لوگ اُن کی کتابوں، نبوتوں اور حکومتوں سے کفر کرتے ہیں تو کیا پرواہ ہے۔ یقیناً ہم اِن کافروں پر ایک ایسی قوم کو وکیل بنانے والے ہیں جو اُن کتابوں، نبوتوں اور حکومتوں کا ہر گز کفر کرنے والی نہیں ہے۔ چنانچہ اَے (محمدؐ) نبیؐ مذکورہ گروہ انبیاؑ اور اُن کے بھائی بند اور آباوٗاجداد اور اُن کی ذریت ہی وہ لوگ ہیں جو اللہ سے ہدایت یافتہ تھے۔ چنانچہ تم بھی اُن ہی لوگوں کی ہدایت کی اقتدا اور پیروی کرو۔''

یہ ہے وہ گروہ انبیا علیھم السلام جن کو مذکورہ صالحینؑ میں شرکت کا اعزاز ملا۔ اور یہی ہے وہ ذریتؑ طاہرہ جس کی راہنمائی مستقل اور پسندیدہ خداوندی ہے۔ اور جس کی اقتدا اور پیروی کا ہر رسولؑ کو حکم ہوا اور خود آنحضرتؐ بھی نبوت و رسالت دینے والوں کی اقتدا اور پیروی پر مامور ہوئے ہیں۔ اور آپؐ نے ازاوّل تا آخر مقاصد خداوندی کو پورا کیا ہے۔

(ii)۔ **نبوت کے بعد صالحین میں شمار ہونے کی عزت ملنے کا ایک اور ثبوت** یہ ہے کہ جناب یحیٰؑ کو تمام بزرگی وسرداری و نبوت کے بعد یہ کہا گیا ہے کہ اَے زکریاؑ اللہ تجھے ایک ایسے فرزند یحیٰؑ کی بشارت دیتا ہے جو اللہ کے کلمہ کی تصدیق کرے گا۔

وَسَیِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِیًّا مِّنَ الصّٰلِحِیْن۔ سردار اور ضابط النفس اور صالحینؑ میں سے ایک نبیؑ ہوگا۔ (آل عمران 3/39)

(iii)۔ **حضرت مریمؑ کو یہ بشارت دی گئی** کہ اَے مریمؑ اللہ تمہیں اپنے ایک خاص کلمہ کی بشارت دیتا ہے جس کا نام مسیحؑ ہوگا۔ جو دنیا اور آخرۃ میں نہایت وجیہ اور اللہ کا بہت مقرب ہوگا۔ وَیُکَلِّمُ النَّاسَ فِی الْمَھْدِ وَکَھْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِیْنَo اور لوگوں سے گہوارہ میں اور جوانی میں باتیں کرے گا اور صالحینؑ میں شریک ہوگا۔ (آل عمران 3/46)

(iv)۔ **انبیاؑ کو امام بنایا اور صالحینؑ میں شریک کیا** ۔حضرت ابراہیمؑ اور لوطؑ کے تذکرہ میں پھر حضرت اسحٰقؑ اور یعقوبؑ کی بات ہوئی اور فرمایا کہ: وَوَھَبْنَا لَہٗٓ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ نَافِلَۃً وَکُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِیْنَ o وَجَعَلْنٰھُمْ اَئِمَّۃً یَّھْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَیْنَآ اِلَیْھِمْ فِعْلَ الْخَیْرٰتِ..... وَاَدْخَلْنٰہُ فِیْ رَحْمَتِنَا اِنَّہٗ مِنَ الصّٰلِحِیْنَo (انبیاء۔75-21/72)

اور ہم نے ابراہیمؑ کو اسحاؑق اور یعقوبؑ ہبہ کئے اور ان کو امام بنایا۔ اور صالحینؑ میں داخل کیا۔ پھر حضرت لوطؑ کو محفوظ رکھنے کا تذکرہ کر کے کہا کہ ہم نے اسے اپنی رحمت میں داخل اور صالحینؑ کے ساتھ شمار کیا۔

(v)۔ **حضرت ادریسؑ اور ذالکفلؑ کو بھی صالحینؑ میں شامل کیا تھا**۔ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِدْرِیْسَ وَذَا الْکِفْلِ کُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِیْنَo

وَاَدۡخَلۡنٰهُمۡ فِىۡ رَحۡمَتِنَا ؕ اِنَّهُمۡ مِّنَ الصّٰلِحِيۡنَ o (انبیاء 86-21/85)

اوراسماعیلؑ وادریسؑ اورذاالکفلؑ سب صابر تھے۔اورہم نے اُن کو اپنی رحمت میں اور صالحینؑ میں داخل کرلیا تھا۔

(vi)۔ حضرت ابراہیمؑ نے صالحینؑ کا تیار کردہ بیٹا مانگا تھا۔ رَبِّ هَبۡ لِىۡ مِنَ الصّٰلِحِيۡنَ o فَبَشَّرۡنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيۡمٍ o

''اے میرے پالنے والے مجھے صالحینؑ میں ایک بیٹا عطا کر چنانچہ ہم نے ابراہیمؑ کو ایک بڑے نرم رو بچہ کی خوش خبری سنا دی تھی'' (صافات 101-37/100)۔ یہاں بھی صالحین کا وجود موجود وثابت ہوتا ہے۔اور نبیوںؑ کا اُن ہی میں سے تقرر ہونا اور اُن ہی میں شرکت کرنے کی عزت پانا ثابت ہوتا چلا آ رہا ہے۔

(vii)۔ حضرت ابراہیمؑ کو بھی مومنین کے گروہ میں سے ایک نبیؑ بتایا گیا۔اور اُن کو حضرت اسحٰاق بھی صالحینؑ ہی کے گروہ میں سے دیئے گئے تھے۔سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبۡرٰهِيۡمَ o كَذٰلِكَ نَجۡزِى الۡمُحۡسِنِيۡنَ o اِنَّهٗ مِنۡ عِبَادِنَا الۡمُؤۡمِنِيۡنَ o وَبَشَّرۡنٰهُ بِاِسۡحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيۡنَ o ابراہیمؑ پر ہمارا سلام ہو۔وہ بھی ہمارے مومن گروہ میں سے تھا۔یوں ہی ہم احسان پیشہ لوگوں کو بدلہ دیا کرتے ہیں۔کہ ہم نے ابراہیمؑ کو بشارت دی کہ تمہیں صالحینؑ میں سے ایک اسحٰقؑ بطور نبیؑ دیں گے۔(112-37/109)

(viii)۔ حضرت موسیٰؑ وھارونؑ بھی اُسی ازلی مومن گروہ سے تھے ۔وَلَقَدۡ مَنَنَّا عَلٰى مُوۡسٰى وَهٰرُوۡنَ o ....اِنَّهُمَا مِنۡ عِبَادِنَا الۡمُؤۡمِنِيۡنَ o یقیناً ہم نے موسیٰؑ اور ہارونؑ پر منّت پوری کرنے کا احسان کیا............بلاشبہ وہ دونوں بھی ہمارے مومن گروہ ہی میں سے تھے۔(سورہ صافات آیت 114 سے 122 تک پڑھیں۔)

(ix)۔ الیاسینؑ بھی مومن بندوں میں سے تھے۔ (سورۃ صافات 132-37/130)

قارئین یہاں رک جائیں اور سوچیں کہ خالق کائنات کیلئے لازم تھا یا نہیں؟ کہ ایک ایسا معیاری گروہ تیار رکھے جسے تمام جن و ملک اور تمام انبیا علیھم السلام کیلئے بطور معیار سامنے رکھا جائے۔مادہ پرستوں یا نظام اجتہاد کے نمائندوں کا یہ تصور کہ کائنات میں انسان کو بھی گھاس پھونس اور جمادات ونباتات کی طرح اور اُن ہی میں سے پیدا کر دیا تھا۔اور انسانوں کی کئی ابتدائی نسلیں حیوانوں کی طرح، جنگلی جانوروں کی مانند، نہ بولنا جانتی تھیں نہ حواس خمسہ اور عقل و وجدان رکھتی تھیں۔رفتہ رفتہ انہیں اتفاقاتِ زمانہ اور تجربات سے یہ چیزیں حاصل ہوئیں۔قرآن کریم کی رو سے نہایت غلط، عقل وتجربہ کے خلاف اور بدیہات کا کھلا انکار ہے۔مذہب اور قرآن کا تصور یہ ہے کہ سب سے پہلا انسان اتنا بڑا عالم بنا کر وجود میں لایا گیا کہ اُسے کائنات کی ہر شے کا پورا تعارف حاصل تھا۔پھر اُسے کچھ عالی مرتبت بزرگوں سے متعارف کرایا گیا۔جنت کو بطور نمونہ پیش کیا گیا تاکہ وہ خود اعلیٰ مرتبہ تک جائے اور دنیا کو رشکِ جنت بنانے میں کوشاں ہو۔اس کے لئے داخلی وخارجی ایسا انتظام کیا گیا کہ وہ ترقی کی ہر منزل کے لئے اپنے روبرو بلند ترین نمونہ وہدایت موجود پائے۔اور آنے والوں کے لئے خود بھی ضروری سامان کا اضافہ کرے تاکہ اُس کا ہر جانشین بلند تر اور افضل تر ہوتا چلا جائے۔چنانچہ جو حضرات تمام انبیاؑ کی محنتوں کا مادّی نتیجہ تھے، جن کو اللہ نے روز ازل سے اپنی قدرتوں کا نمونہ بنایا تھا، وہی پچھلے عنوانات میں آپ کے سامنے لائے گئے ہیں۔

8۔ نورانی تخلیق و تعلیم کے بعد انبیاؑ کے ساتھ ساتھ خانوادہ حسین علیہ السلام کا سفرِ حیات

کروڑوں، اربوں یعنی لامحدود زمانہ تک وہ نورانی اجسام اللہ کے زیرتربیت رہنے اور نورانی تکمیل کے بعد حضرت آدمؑ کے اندر و باہر اس طرح آراستہ کئے گئے کہ حضرت آدمؑ کی نورانی راہنمائی کرتے ہوئے ہر نبیؑ کے ساتھ چلیں اور از آدمؑ تا عبدالمطلبؑ تمام مادی و محسوس علوم و تجارب حاصل کریں۔ تاکہ جب اُن کا اپنا مادی و محسوس ظہور ہو تو وہ تمام محسوس و غیر محسوس اور نوری و مادی علوم و تجربات کا مجسمہ بن چکیں۔ تمام کتبہائے خداوندی کے عالم و حامل و حافظ و قاری ہوں۔ اور سینوں اور قلوب و اذھان میں لبریز قرآن کریم حسب موقعہ زبان پر جاری ہو۔ چنانچہ حضرت آدمؑ سے خاتمؐ تک یہ بلا انقطاع قرآن کے معجز نما بیان میں یوں ریکارڈ کیا گیا ہے کہ یہ ایک ہی خانوادہ نبوتؐ و رسالتؐ و امامتؑ ہے۔

(i)۔ شجرہ طیّبہ کا قرآنی تسلسل اور تحفظ اور ایک خاندان ہونا

اللہ نے فرمایا کہ:۔اِنَّ اللّٰـهَ اصۡـطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوۡحًا وَّاٰلَ اِبۡرٰهِيۡمَ وَاٰلَ عِمۡرٰنَ عَلَى الۡعٰلَمِيۡنَo ذُرِّيَّةً بَعۡضُهَا مِنۡۢ بَعۡضٍ‌ؕ وَاللّٰهُ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ o حقیقت یہ ہے کہ اللہ نے حضرت آدمؑ اور حضرت نوحؑ کو اور آلؑ ابراہیمؑ و آل عمرانؑ کو پوری کائنات کیلئے منتخب و ممتاز حیثیت دی۔ یہ سب ایک سلسلے کے حضراتؑ تھے جو ایک دوسرے کی ذریت تھے اور اللہ نے اس سلسلے میں اپنی سماعت اور علم کا پورا پورا مظاہرہ کیا تھا۔(آل عمران 3/33-34)

(ii)۔ یہ ذریت آدمؑ سے لے کر برابر انعامات پاتی اور آیات اللہ پر جھکتی چلی آئی ہے

اُولٰٓـئِكَ الَّـذِيۡنَ اَنۡعَمَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنۡ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ وَمِمَّنۡ حَمَلۡنَا مَعَ نُوۡحٍ وَّمِنۡ ذُرِّيَّةِ اِبۡرٰهِيۡمَ وَ اِسۡرَآءِيۡلَ وَمِمَّنۡ هَدَيۡنَا وَاجۡتَبَيۡنَا‌ ؕ اِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُ الرَّحۡمٰنِ خَرُّوۡا سُجَّدًا وَّبُكِيًّاo (مریم 19/58)

مندرجہ بالا وہی حضراتؑ ہیں جن پر اللہ نے پے در پے انعامات کئے۔ جو ذریتِ آدمؑ کے انبیاؑ ہیں اور وہ ذریت مستقلہ ہے جس کو ہم نے نوحؑ کے ساتھ کشتی میں سوار کیا تھا۔ اور جو آگے چل کر ابراہیمؑ و اسرائیلؑ کی ذریت کہلائی۔ اور جن کی ہم نے مسلسل ہدایت کاری کی اور جنہیں ہم نے انتخاب در انتخاب ایسا بنا دیا کہ وہ رحمٰن کی تمام آیات و معجزات کو جانتے ہیں اور اسی طرح جب ان کے روبرو آیات کی تلاوت ہوتی ہے تو وہ فوراً روتے ہوئے سجدہ میں گر پڑتے ہیں۔

قارئین یہ دیکھیں کہ نہ کسی عمر کی قید و شرط ہے نہ کسی عہدے اور منصب کا بیان ہے۔ اور چونکہ یہاں اللہ تعالیٰ اُس خانوادہ کی مدح و ثنا فرما رہا ہے۔ اسلئے لازم ہے کہ یہ تسلیم کیا جائے کہ اُس خاندان کا ہر فرد ہر سن و سال میں تمام آیاتِ خداوندی کو سمجھتا اور متاثر ہوتا تھا اور سجدے بجالاتا تھا۔ اور یہی ہمارا احادیث کا ریکارڈ کہتا ہے کہ آلؑ محمدؐ کا ہر بچہ پیدا ہوتے ہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرح گہوارہ ہی میں تلاوتِ قرآن و توریت و انجیل کیا کرتا تھا۔ ورنہ اللہ نے قرآن میں اُن لوگوں کی مذمت کی ہے جو بلا سمجھے آیات سن کر سجدہ میں گر جائیں۔ اور اُن لوگوں کی مدح کی ہے جو بلا سمجھے سجدہ نہ کریں۔(فرقان۔25/73)

(iii)۔ خانوادہ رسولؐ قرآن کریم اور دیگر کتبہائے خداوندی کا عالم تھا

یہاں یہ ملاحظہ کرنے کی چیز ہے کہ آنحضرتؐ کے ساتھ اہل بیتؑ کو بھی صاحبان کتاب فرمایا گیا ہے اور اس کی تشریح دوسری آیت میں وہی کی ہے کہ قرآن اور تمام آیاتِ خداوندی اُن کے سینوں میں محفوظ تھیں۔ پہلی آیت میں فرمایا کہ:۔

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ o

''جس طرح ہم نے اہل کتاب کو کتاب دی تھی اُسی طرح ہم نے تم پر بھی کتاب نازل کی ہے۔ چنانچہ جن لوگوں کو ہم نے یہ کتاب دی وہ اس پوری کتاب پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور ان اہل کتاب یہود و نصاریٰ میں سے بھی کچھ لوگ مانتے ہیں۔ اور ہماری آیات کا کھلا انکار کافروں کے سوا کوئی اور نہیں کرتا۔'' (عنکبوت 29/47)

یہاں نظامِ اجتہاد نے یہود و نصاریٰ مراد لیا ہے۔ حالانکہ اُن کی مخالفت بیان ہوتی ہوئی چلی آ رہی تھی۔ اور اُن میں سے بعض کے ماننے کا ذکر کر دیا گیا ہے۔ لہٰذا اہل کتاب کے علاوہ جن کو کتاب ملنے میں رسولؐ اللہ کا شریک قرار دیا گیا ہے، وہ خانوادۂ رسولؐ ہے۔ اگلی آیات اس آیت کو واضح کر دیتی ہیں جن میں فرمایا کہ:۔

وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ o بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ o وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ o اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ o قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ o

(عنکبوت 29/48-52)

ہماری آیات پر اس جھگڑے اور انکار سے پہلے نہ تو تم اُن کے روبرو قرآن کی تلاوت کیا کرتے تھے اور نہ ہی تم اُن کے سامنے اپنے داھنے ہاتھ سے قرآن لکھا کرتے تھے۔ اگر ایسا کیا ہوتا تو تعلیماتِ خداوندی کو باطل قرار دینے والا گروہ لوگوں کو شش و پنج اور مخمسوں میں اُلجھا دیتا۔ لیکن قرآن صرف لکھنے اور تلاوت کرنے پر منحصر نہیں ہے بلکہ وہ تو اُن لوگوں کے سینوں میں محفوظ ہے۔ جن کو علومِ خداوندی مرحمت ہوئے ہیں۔ بات وہی ہے کہ مخالف محاذ نے حقیقت کو چھپانے (کفر) اور بے محل (ظلم) ثابت کرنے کا پروگرام بنا رکھا ہے۔ اُس محاذ کے سوا کوئی بھی ہماری اِن تلاوت شدہ آیات میں جھگڑا نہیں کرتے۔ قرآن کی مذکورہ تلاوت سُن لینے کے بعد بھی مخالف محاذ یہ کہتا ہے کہ اپنے گھریلو اور رٹے ہوئے تصورات پیش کرنے کے بجائے ہم چاہتے ہیں کہ کیوں نہ اُس کے رب نے آیات کو ہمارے معیار کے مطابق اُتارا۔ اُن سے جواباً کہہ دو کہ آیات زیرِ بحث بلا شک و شبہ اللہ ہی کے پاس سے آئی ہوئی آیات ہیں اور میں تو ایک کھل کر تنبیہہ کرنے والے کے سوا اور کچھ نہیں ہوں۔ یا تو وہ یہ اعتراض کریں کہ جو قرآن ہم نے تم پر نازل کیا ہے اور جس کو اُن کے سامنے پڑھا جا رہا ہے۔ وہ ناقص ہے اور اُن کی ہدایت کے لئے کافی نہیں ہے۔ حالانکہ قرآن میں ایمان لانے والی ہر قوم کے لئے رحمتیں اور ہر قسم کی تذکیر و عمل درآمد موجود ہے۔ اُن کو بتا دو کہ سنو تمہارے اور میرے درمیان وہ اللہ بطور حاضر و ناظر گواہ موجود ہے۔ جو تمہاری اس چالبازی ہی سے نہیں بلکہ

ہر اُس چیز سے واقف اور عالم ہے جو زمین اور آسمانوں میں کہیں بھی ہو۔ یہ بھی بتادو کہ جو گروہ پہلے ہی سے ایک باطل اسکیم پر متفق ہو جانے کی بنا پر نظام خداوندی کو چھپا دینا چاہتے ہیں۔ وہ گھاٹے میں رہنے والے ہیں۔(سورۃ عنکبوت۔52-29/48)

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا o وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا o قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا o وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا o وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا o (بنی اسرائیل 109-17/105)

اور ہم نے تو قرآن کو حقیقی طریقہ پر نازل کردیا ہے۔ اور وہ بالکل حقیقی صورت میں نازل ہو چکا ہے۔ تمہارے رسولؐ مقرر کرنے کا اس کے سوا اور کوئی مقصد نہیں ہے کہ آپ بشارتیں دینے اور برے نتائج سے ڈراتے رہنے والے کا کام انجام دو۔ رہ گیا قرآن تو ہم اُسے لوگوں کے سامنے اُسی قدر پڑھوانا چاہتے ہیں۔ جس قدر ساتھ کے ساتھ محفوظ و موثر ہوتا چلا جائے۔ اور اُس کا نزول تو جس انداز میں ہوا ہے۔ اُس سے بہتر اور کوئی طریقہ ہو ہی نہیں سکتا تھا۔ اور اُس مخالف، جھگڑا کرنے والے اور حق پوشی (کفر) اور ظلم کرنے والے محاذ کو بتادو کہ خواہ تم ایمان لاؤ یا نہ لاؤ تمہاری ذرہ برابر پرواہ اس لئے نہیں کہ قرآن کی تلاوت اور تمہارے جھگڑا شروع کرنے سے کہیں پہلے ہی جن لوگوں کو اللہ نے قرآن کا پورا علم (العلم) دے رکھا تھا۔ جب یہی تلاوت جس سے تم انکار کرتے ہو۔ اُن کے سامنے ہوتی ہے۔ تو ٹھوڑیوں کے بل زمین پر سجدے میں گر جاتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ سبحان اللہ۔ ہمارا پالنے والا بڑا ہی شان والا ہے۔ یقیناً جو وعدہ اُس نے ہم سے کر رکھا تھا۔ اور جس کے ہم منتظر چلے آتے تھے۔ وہ تو ضرور بالضرور ہمارے پالنے اور قرآن کی ترسیل کرنے والے نے پورا کرنا ہی تھا۔ پھر اُس وعدہ کا دردناک پہلو انہیں بے چین کر دیتا ہے۔ وہ روتے ہوئے پھر سجدہ کرتے ہیں۔ اور اِس سے اُن کا جذبہ نیازمندی بڑھتا ہی چلا جاتا ہے۔(بنی اسرائیل109-17/105)

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ o(2/121)

یہ لوگ وہی تو ہیں جنہیں ہم نے پوری کتاب (الکتاب) دے رکھی ہے۔ جو قرآن کا حقِ تلاوت ادا کرتے ہیں۔ اور یہی تو وہ حضرات ہیں جو قرآن پر پورا ایمان و یقین رکھتے ہیں۔ اور جو لوگ اس قرآنی حقیقت کو چھپا دینا (یکفر) چاہتے ہیں۔ وہی تو خسارہ میں رہنے والے لوگ ہیں۔(سورۃ البقرۃ 2/121)

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَ اِسْرَآءِيْلَ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا o (مریم 19/58)

اور یہی تو وہ لوگ ہیں جو ذریت آدمؑ و ابرہیمؑ کے نبیوںؑ میں سے ہیں جن پر اللہ نے مسلسل انعامات کئے ہیں۔ جن کو ہم نے نوحؑ کے ساتھ طوفان سے بچانے کے لئے سوار کیا تھا۔ اور ہم نے ذریت ابراہیمؑ و اسرائیل میں سے جن کو ہدایت پر قائم رکھا اور مجتبٰی بنایا تھا۔ جب اُن کے روبرو رحمٰن کی آیتوں کی تلاوت ہوتی ہے تو وہ روتے ہوئے سجدہ میں گر جاتے ہیں۔(مریم 19/58)

اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ o ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ o

یقیناً اللہ نے آدمؑ اور نوحؑ کو جیسا مصطفیٰ بنایا تھا ویسا ہی آلِ ابراہیمؑ اور آلِ عمرانؑ کو تمام کائنات پر منتخب وممتاز رکھا۔ یہ سب حضرات ایک ہی مجتبیٰ اور مصطفیٰ سلسلے کے لوگ ہیں اور آپس میں ایک دوسرے کی ذریت طاہرہ ہیں۔ اور اس سلسلے پر اللہ کا علم وسماعت شاہد ہے۔(آل عمران 34-3/33)

اَلَمْ تَـرَ اِلَی الَّذِینَ اُوْتُوا نَصِیبًا مِّنْ الْکِتٰبِ یُؤْمِنُونَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَیَقُوْلُوْنَ لِلَّذِیْنَ کَفَرُوْا ھٰؤُلَآءِ اَھْدٰی مِنَ الَّذِینَ اٰمَنُوْا سَبِیلًاo اُوْلٰٓئِکَ الَّذِیْنَ لَعَنَھُمُ اللّٰہُ وَمَنْ یَّلْعَنِ اللّٰہُ فَلَنْ تَجِدَ لَہٗ نَصِیْرًاo اَمْ لَھُمْ نَصِیبٌ مِّنَ الْمُلْکِ فَاِذًا لَّا یُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِیْرًا o اَمْ یَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰی مَآ اٰتٰھُمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ فَقَدْ اٰتَیْنَآ اٰلَ اِبْرٰھِیْمَ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَۃَ وَاٰتَیْنٰھُمْ مُّلْکًا عَظِیْمًا o فَمِنْھُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِہٖ وَمِنْھُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْہُ وَکَفٰی بِجَھَنَّمَ سَعِیْرًاo (نسآء 55-4/51)

اور کیا آپؐ نے اُن لوگوں پر نظر نہیں رکھی ہے۔ جنہیں پوری کتاب میں سے دو قسطیں توریت وزبور وانجیل کا حصہ ملا ہوا ہے۔ جو آج کل جمہوریت اور مرکز اجتہاد پر ایمان رکھتے ہیں۔ جو مسلمانوں سے زیادہ کافروں کو ہدایت یافتہ یا اپنے نظام سے قریب تر سمجھتے ہیں۔ وہی صاحبانِ توریت وزبور وانجیل وہ لوگ ہیں۔ جن پر اللہ نے لعنت کی ہے۔ اور جس کسی پر خدا لعنت کرتا ہے۔ اُسے اللہ کے مقابلہ میں کوئی مددگار نہیں ملا کرتا ہے۔ کیا اب ان ملعون اہل کتاب کو کسی مملکت کی خداداد حکومت حاصل ہے۔ اگر کہیں ایسا ہوتا بھی تو یہ کسی کو ذرہ برابر مدد نہ دیتے۔ کیا یہ سب مخالف گروہ کے لوگ خدا کے اُس عطیہ سے حسد کررہے ہیں جو اللہ نے اپنے فضل سے آلِ ابراہیمؑ کو دیا ہوا ہے۔ اور ہم نے آلِ ابراہیمؑ میں برابر نبوت ورسالت وکتاب وحکمت اور بادشاہت ومملکت آج تک جاری رکھی ہے۔ چنانچہ اُن ہی مخالفوں میں سے وہ بھی ہیں جو تمہاری نبوت ورسالت وامامت اور کتاب وحکمت اور خاندانی بادشاہت پر ایمان لے آئے ہیں اور اُن ہی میں وہ لوگ بھی ہیں جو روڑے اٹکا رہے ہیں۔ یعنی ابراہیمؑ واسماعیلؑ کی اولاد کی حکومت واقتدار نہیں چاہتے۔(نساء 55-4/51)

(iv)۔ مندرجہ بالا اکیس (21) آیات اگر اسی ترتیب سے ایک ہی جگہ مسلسل ہوتیں؟ تو نظام اجتہاد ہرگز بھولے بھالے لوگوں کو دھوکا دے کر اپنا نظام اور طرز حکومت جاری نہ کرسکتا تھا۔ اب سوال یہ ہے کہ پھر خدا نے ایسا کیوں نہ کیا؟ کیوں نظام ابلیسی کو قائم ہونے کا موقع دیا؟؟ یہ بڑا سنجیدہ اور نہایت گمراہ کن سوال ہے۔ اور اپنی شکلیں بدل بدل کر طرح طرح کے سوالات کی صورت میں آج تک برابر شیعوں اور سنیوں کی زبان پر آتا رہتا ہے۔ اور جو جواب دئے جاتے ہیں وہ سب مجتہدانہ ہوتے ہیں۔ یعنی جن سے ڈاکٹری علاج کی طرح اُس بیماری یا سوال سے سائل یا بیمار کو وقتی چھٹکارہ مل جائے۔ لیکن چند ہی روز میں وہ دوا یا جواب کئی دوسری بیماریوں یا سوالات کی صورت بدل کر پھر سائلوں اور بیماروں کو حاضر خدمت کردے۔ اگر مجتہد یا ڈاکٹر لوگوں کو سوالات اور بیماریوں سے قطعی نجات دلا دیں تو پھر وہ غریب کھائیں کہاں سے؟ اور نتیجتاً میڈیکل کالج اور اجتہاد کے درسی ادارے ہی نہ بند ہو جائیں گے بلکہ نظام حکومت میں ایک دراڑ پڑ جائے گی۔ ٹیکس متاثر ہوگا، امپورٹ ایکسپورٹ پر ضرب پڑے گی، جھوٹی چھٹیاں لینے کیلئے میڈیکل سرٹیفکیٹ نہ ملیں گے، پھر صحت مند لوگوں کی فکر بھی صحت مند ہوگی، وہ مجمعوں میں، تنہائیوں میں سرمایہ داران نظام کے خلاف صحیح علاج سوچیں گے۔ الغرض نظام باطل کا تختہ اُلٹ جائے گا۔ لہٰذا یہ جتنے ادارے آپ کو نظر آتے ہیں اُن میں سے کسی بھی مقدس نام کا ادارہ ایسا نہیں ہے جو کسی نہ کسی طرح نظام ابلیسی

کا ممد ومعاون نہ ہو۔ہم اس قسم کے سوالات کا مختتم اور دندان شکن اور مُسکّت جواب ہر مکتب فکر اور ہر طبقہ کی عقل وفہم کے مطابق مختلف دیا کرتے ہیں ۔ چنانچہ اس کتاب کے قارئین کو مختصراً یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اگر اللہ نوع انسانی کے گمراہ ہو جانے سے ذرہ برابر بھی ڈرا ہوتا تو اس نے گمراہی کا سب سے بڑا ادارہ ہی قائم نہ کیا ہوتا۔یعنی ابلیس کو پیدا ہی نہ کیا ہوتا۔اور اگر معاذ اللہ ابلیس کو پیدا کرنے کی کوئی مجبوری آ پڑی تھی تو اُسے عقل وقوتِ ارادی نہ دی ہوتی۔اور پھر معاذ اللہ۔اگر یہ بھی کوئی مجبوری تھی؟ تو آدمؑ اور اولادِ آدم کو ہی نہ پیدا کیا ہوتا۔اور اگر یہ بھی کسی نے زبردستی کی تھی تو نوع انسان کو عقل وارادہ دینے کے بجائے اُنہیں گدھوں اور دوسرے جانوروں کی طرح بنادیا ہوتا۔ پھر اگر یہ بھی ممکن نہ تھا تو ابلیس کو سجدہ نہ کرنے کے جُرم میں فی النار و السقر کرکے نیست ونابود کردیا ہوتا۔اور طویل ترین عمر اُس کے نصیب میں نہ کی ہوتی ۔اچھا یہ سب کچھ بدرجہ مجبوری اگر کر ہی لیا تھا تو اُس کو وہ قدرت واختیار کیوں دے دیا جو انسانوں کو حاصل نہیں ہے۔وہ طویل عمر ہی کا مالک تو نہیں، وہ تو اس زمین کے طول وعرض میں ہر جگہ، ہر انسان کے ساتھ ساتھ رہنے کی قدرت بھی رکھتا ہے۔وہ کسی کو نظر نہیں آتا اور سب کو بیک وقت دیکھتا رہتا ہے۔ یہاں رک کر کسی مشرک یا مجتہد سے دریافت کرو کہ تجھے اس غیر خدا کی ہر جگہ حاضری وناضری تسلیم کرنے میں تو کسی شرک باللہ کا خطرہ محسوس نہیں ہوتا۔لیکن اگر کوئی مسلمان یہ کہہ دے کہ اللہ کے انتظام کی قوت سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تمام سربراہان اسلام سلام اللہ علیہم بھی شیطان اور ہر انسان کو دیکھتے ہیں اور اُن کی باتیں سنتے ہیں تو تجھ پر چاروں طرف سے شرک باللہ کی بجلیاں گرنے لگتی ہیں۔اور سُنو !ابلیس کو طویل عمر کے ساتھ ساتھ ہی یہ قدرت بھی دی گئی کہ وہ انسانوں کے مال واولاد اور خون ونطفہ میں شریک ہو جائے۔اسی قدر نہیں بلکہ انسانوں کو جنوں میں سے تعلیم دیکر اور الیکشن کے ذریعہ ایک گروہ (نصیبًا مفروضًا) تیار کرلے۔اور انہیں پختہ مجتہد یا شیطان بنادے، اُن کو اپنی آنکھیں، اپنی بصیرت اور اپنا دل ودماغ دے دے، اُن کو اپنی سواری اور آلہ کار بنالے، فطری تخلیق کو بدل کر اپنی ضرورت کے مطابق خلق اللہ کو استعمال کرلے۔اللہ نے یہی سب کچھ نہیں کیا بلکہ جب ابلیس نے اللہ کو یہ کہہ کر ڈرانا چاہا کہ میں نوع انسان کو گمراہ کرکے چھوڑوں گا تو نہایت اطمینان سے فرمادیا کہ میں تجھے بھی اور تیرے گمراہ کئے ہوئے تمام انسانوں کو بھی جہنم میں جھونک دوں گا۔ یہ جو کچھ ہم نے طویل العمر ابلیس کے لئے لکھا ہے غپ شپ نہیں ہے۔ یہ تو قرآن کریم اور احادیث صحیحہ کے مفصل بیانات کا مختصر سا خاکہ ہے۔لہٰذا ناظرین پہلے نمبر پر یہ سُنیں کہ اللہ نے جو کچھ پیدا کیا ہے وہ صرف اورصرف خالص حق ہے، حق مطلق وحق محض ہے۔ادارہ ابلیس اتنا ہی ضروری تھا جتنا ادارہ نبوت و رسالت و امامت ضروری ہے۔تفصیلات ہماری تصنیفات میں دیکھیں۔ یہاں اس قدر سُن لیں کہ اللہ کو تمہاری ہدایت اور گمراہی کی ذرہ برابر پرواہ نہیں ہے۔تم سب گمراہ ہو جاؤ تو جہنم بہت بڑا ہے۔تم سب ہدایت پاجاؤ تو جنت چھوٹی جگہ نہیں ہے۔اللہ نے صرف اس قدر چاہا ہے کہ جو گمراہ ہو وہ سمجھ بوجھ کر پورے اطمینان سے گمراہ ہو اور جو ہدایت حاصل کرے وہ بھی پورے عقلی معیار پر ہدایت پائے۔یعنی نہ کوئی اتفاقاً گمراہ ہونے پائے اور نہ کوئی اتفاقاً ہدایت حاصل کرسکے۔بس جناب ابلیس کا ادارہ یہی کام کرتا ہے کہ ہدایت کی طرف بڑھنے والوں کو روک کر انہیں ایک متبادل راہ، ہدایت پانے کا ایک دوسرا عقلی طریقہ سُجھا دیتا ہے۔ادارہ نبوت کی بتائی ہوئی راہ کے مقابلہ میں ایک سہل، عام فہم اور جلد پہنچنے والی خوبصورت وآرام دہ راہ پر ڈالنا چاہتا ہے۔جو شخص نفع ونقصان اور غلط وصحیح، آسان ومشکل، مصلحتِ ذاتی یا قومی، تقاضائے وقت و

ضرورتِ زمانہ کی وجہ سے قرآن یا احکام نبویؐ میں اپنی عقل و بصیرت سے کوئی راہ نکالتا ہے، وہ ابلیسی اجتہاد کے جال میں پھنس جاتا ہے۔ جو فلسفۂ خوف وطمع سے واقفیت کے بعد عقلی حیثیت سے یہ فیصلہ کرتا ہے کہ خالق کائنات اللہ اور ماہر کائنات رسولؐ غلط اور مضر حکم دے ہی نہیں سکتے۔ اور خواہ نقصان ہو یا فائدہ ہو مجھے اپنی ذاتی متعلقات کی پرواہ کرنا ہی نہیں ہے۔ میں اور میری ساری دُنیا سب اللہ و رسوؐل کیلئے ہیں۔ میں ہر حال میں تعمیل کرونگا۔ جیسا کہ: ۔ بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق عقل ہے محوِ تماشہ لب بام ہنوز

وہ ایسا شخص ہے کہ جو تمام جال توڑ دیتا ہے۔ نظام اجتہاد کی تمام راہیں بند ہو جاتی ہیں۔ اس قسم اور ذہنیت کے افراد کا تیار کرنا ادارۂ نبوتؐ ورسالتؐ اور امامتؑ کا کام ہے۔ اور نبوت ورسالت کے لئے نبیؑ ورسولؐ اور امامؑ تیار کرنا اُس ذریتِؑ طاہرہ کا کام ہے جس کا تعارف مندرجہ بالا آیات میں ہوا ہے۔ جسے قدیم ادوار میں ذریتِ آدمؑ ونوحؑ کہا گیا، پھر اُسی کو آل ابراہیمؑ واسماعیلؑ فرمایا گیا اور آخری دور نبوتؐ میں اُسی کو آلِ محمدؐ اور آلِ یاسینؑ کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ چونکہ یہ ادارہ نبوتؐ ورسالتؐ وامامتؑ کی مکمل ترین اور انتہائی صورت ہے۔ اس لئے ضروری تھا کہ نزول قرآن اور اُس کی تلاوت اور کتابی صورت میں تحفظ اس انداز سے کیا جائے کہ اُس میں تحریف کامیاب نہ ہوسکے اور اُس کے الفاظ ومتن اور عنوان بجنسہٖ برقرار رہتے چلے جائیں۔ لہٰذا ہر عنوان کو بہترین عملی صورت میں اس طرح تلاوت کیا گیا کہ جب تک عنوان کے متعلق تمام آیات تلاوت نہ ہو جائیں مجتہدین بات ہی نہ سمجھیں۔ اور جب بہت سے مختلف عنوانات کے اجزاء بیان ہوتے ہوتے مکمل کرنے والا جز بیان ہوتو اُدھر سابقہ اجزاء دُور اور الگ ہونے کی وجہ سے سامنے نہ رہیں۔ اِدھر اس وقت تک متعلقہ حصہ لوگوں کو یاد ہو جائے اور تحریری طور پر بھی مرتب ہو جائے۔ اس طرح مجتہدین کو یہ پتہ لگانا ناممکن ہو گیا کہ اس کے بعد کون سی آیات آئیں گی؟ اور اُن میں نئے وپرانے عنوانات کے متعلق کیا ہوگا؟ اس سے یہ فائدہ ہوا کہ نظام اجتہاد کو اپنی کامیابی کی اُمید بندھی رہی۔ وہ اسلامی لباس میں مسلمانوں میں چلے آئے۔ خود کو پوشیدہ رکھنے کے لئے دینی اعمال نماز، روزہ وغیرہ بجالانے پڑے۔ بعض بعد میں دل سے اسلام لے آئے۔ بعض آج نہیں تو کل کی اُمید پر اپنا کام کرتے رہے۔ لیکن اُن سب کی اولادیں دل سے یا رسماً اسلام لے آئیں۔ اگر مندرجہ بالا آیات کی طرح تلاوت کردی ہوتیں تو یہ مخالف محاذ قطعاً مایوس ہو جاتا۔ اور یہ لوگ چونکہ اپنی قوم و قبیلے اور خاندان میں وفاداری، اعتماد اور دانشوری میں مقبول ومشہور تھے۔ اُن کی مایوسی کا نتیجہ یہ ہوتا کہ اُن کے ساتھ اُن کی قوم بھی اسلام سے الگ رہتی۔ جیسا کہ آج دُنیا کی تمام اقوام بڑے اطمینان سے غیر مسلم رہتی چلی جارہی ہیں، یہ بھی مایوس ہیں۔ اِنکی مایوسی کا سبب یہ ہے کہ نظام اجتہاد سے بہتر اُنکے اپنے نظام ہیں اور وہ دیکھ رہے ہیں کہ مسلمانوں کا نظام خود غیر مسلموں کی پیروی میں مصروف ہے۔ لہٰذا اللہ نے یہ انتظام کیا کہ اس وقت کا مخالف محاذ اپنی کامیابی کی گنجائش دیکھ کر آگے بڑھے۔ اور اپنی تمام جدّ وجہد اور سارا تجربہ استعمال کرے تاکہ اسلام تیزی سے پھیلے۔ اور اُدھر نبوتؐ ورسالتؐ وامامتؑ اور اسکی محافظ ذریتؑ کو بھی اپنی پوری بصیرت ومحنت وقربانیاں پیش کرنا پڑیں اور لوگ صحیح معنی میں ہدایت وگمراہی اختیار کرسکیں۔ یہ ان ہی مکرم ومعظم ہستیوںؑ کی خداداد قدرت وصبر واستقامت اور جذبہ قربانی تھا کہ اللہ نے اپنے ہاتھ سے ابلیسی شراروں کو پیدا کیا اور ہمیشہ اُسے ترقی کا سامان دیتا چلا آیا تاکہ اس کے شعلوں میں کمی نہ ہونے پائے اور وہ بھڑک بھڑک کر بلند تر ہوتے جائیں۔ اور مذکورہ وموصوفہ حضراتؑ دین کی شمعیں بڑھاتے اور تاریکیوں میں چراغاں کرتے

چلے جائیں تاکہ ابلیسی مزاحمت بھی اُن کی خدمت کرے۔ اور اُسے ڈنڈے سے خاموش نہ کر دیا جائے۔ یہ مشیت خداوندی کا احسان ہے کہ:۔ ؎ ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز چراغ مصطفویؐ سے شرارِ بولھبی

دراصل ابلیس بے وقوف اور احمق بن کر رہ گیا۔ اُسے اور اُس کے تمام اداروں کو مسلسل شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ اور نبوتؐ و امامتؑ نے بنی نوع انسان کو زمین سے اُٹھا کر فلک الافلاک تک بلند کر دیا۔ اور آج ساری دنیا حقیقت حال پر مطلع ہو چکی ہے۔

9۔ خانوادہ حسینؑ کے بزرگوں پر تاریخی نظر

یہاں تک خانوادہ حسین علیہ السلام کا شجرہ نسب حضرت آدم علیہ السلام تک محفوظ کر دیا گیا۔ اُس کی تاریخی اور قرآنی عظمت اور اُس کے وجود میں لانے کے مقاصد بیان ہو چکے۔ اس خاندان کے بادشاہوں اور اُن کے دستورِ حیات اور کارنامے گزر چکے۔ یہ معلوم ہو چکا کہ جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیدار کی نسل سے نہیں ہیں۔ اور یہ کہ یہ ایک مغالطہ تھا جو قحطانیوں نے خود اسماعیلی بن جانے کے لئے دیا تھا۔ اور یہ بھی دیکھ لیا کہ قیدار کی نسل کا کوئی شجرہ نسب کہیں ریکارڈ نہیں کیا گیا۔ اور یہ بھی کہ قیداری نسل میں نہ کوئی حکومت قائم ہوئی نہ کوئی بادشاہ ہوا۔ نہ تمدن وترقی میں اُن کا کوئی حصہ معلوم ہوا۔ اس کے برعکس آنحضرتؐ، حضرت اسماعیلؑ کے فرزندِ بزرگ جناب نابت علیہ السلام کی براہ راست یعنی اُن کی اور اُن کے بیٹوں کی بڑی اولاد میں سے ہیں۔ یہاں تک کہ حضرت عبدالمطلبؑ کے چھوٹے بیٹے سے پیدا ہوئے اور حضرت علیؑ بدستورِ خداوندی براہ راست اوپر تک بڑے بیٹوں کی اولاد میں سے پیدا ہوئے۔

اس عنوان میں پہلے یہ سُن لیں کہ حضرت نابت علیہ السلام اولادِ اسماعیلؑ میں پہلے فرمانروا ہیں۔ اُن کے بعد یہ طریقہ جاری رہا کہ ہر جانشین کا جانشین بڑا بیٹا ہوتا اور عہدہ امامت کے فرائض انجام دیتا تھا۔ اور اکثر ایسا ہوتا رہا کہ امامؑ زمانہ اپنے ماتحت انتظام مملکت کے لیے ایک یا چند حاکم و بادشاہ مقرر کرتا رہتا تھا۔ البتہ مخصوص حالات میں خود ہی عنانِ حکومت سنبھال لیتا تھا۔ جیسا کہ جناب نابت اور پھر اُن کے بیٹے جناب صفی علیہما السلام دونوں نے امامت کے ساتھ بادشاہت بھی اپنے ہاتھ میں رکھی تھی۔ یہ بھی بتا دیا گیا کہ حضرت اسحاق علیہ السلام کی اولاد میں قائم ہونے والی نبوتیں اور تمام نبیؑ بھی حضرت اسماعیلؑ کی نابتی امامت کے ماتحت رہتے تھے۔ اور وہ سب امامت و ملّت ابراہیمؑ کی تائید وتوضیح کرتے تھے۔ اُن پر کوئی کتاب ملت ابراہیمؑ کے خلاف نازل نہیں ہو سکتی تھی۔ نبوتؐ و رسالتؐ کا امامتؑ کے ماتحت رہنا قرآن کریم سے ثابت کیا جا چکا ہے۔ اللہ نے رسولؐ اللہ کو خواہ مخواہ بطور تفریح یہ حکم نہیں دیا کہ:۔

''فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ o اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰهُمُ اقْتَدِهْ۔

اگر یہ مشرکین عرب تم پر ایمان نہیں لاتے تو پرواہ نہ کرنا۔ ہم اُن کو ایک ایسی قوم کے حوالے کریں گے جو کسی حال میں تمہارے اقتدار وحکومت کا کفر کرنے والی نہیں ہے۔ اُسی قوم کے لوگ تو وہ حضراتؑ ہیں جن کو اللہ نے آدمؑ سے لے کر آپؐ تک اپنی ہدایت کا نچوڑ بنایا ہے۔ چنانچہ آپؐ اُن کی ہدایت یافتگی کی اقتدا کریں۔'' (انعام 6/89-90)

اُسی گروہ کو ملت ابراہیم قرار دے کر یہ حکم دیا گیا کہ:۔

ثُمَّ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡکَ اَنِ اتَّبِعۡ مِلَّۃَ اِبۡرٰہِیۡمَ حَنِیۡفًا۔(16/123)''پھر ہم نے تم پر یہ وحی کی کہ تم ملت ابراہیمؑ کی پیروی کرو۔''

لہٰذا یہ احکام خداوندی واضح الفاظ میں نبوتؐ ورسالت کو انتظامی طور پر امامتؑ کے ماتحت رکھتے ہیں۔ لہٰذا وہ تمام انبیاؑ ورسلؑ جو جناب اسماعیل علیہ السلام کے چھوٹے بھائیوں کی نسل میں گزرے۔وہ سب حضرت نابت علیہ السلام کی نسلی امامت کے ماتحت تھے۔اسی بنا پر جناب عیسیٰ علیہ السلام بھی حضرت قائم آل محمدؐ کے ماتحت اور اُن کی اقتدا اور پیروی کریں گے۔یہ آخری یعنی قُربِ قیامت والا ثبوت ہے جس پر تمام کلمہ گو متفق ہیں۔اور یہاں تک بار بار یہ ثابت ہو چکا کہ نبوتؐ وخلافت ورسالت ہمیشہ عہدہ امامتؑ کے ماتحت رہی ہیں۔

اور یہ کہ یہ بڑھیا کے پٹواری والا لطیفہ نہیں،سنجیدہ احکام اور فطری تدریج ہے۔بات یہ ہو رہی تھی کہ یہ ضروری نہیں ہے کہ نبیؑ یا امامؑ خود ہی بادشاہت بھی سنبھالے۔چنانچہ جس طرح تمام انبیاورُسل علیہم السلام خود بادشاہ نہیں تھے۔اُسی طرح ہر امامؑ کے لئے ضروری نہیں ہے کہ وہ ضرور بادشاہت بھی سنبھالے۔مگر وہ اُسی بادشاہ یا خلیفہ یا مَلک یا حاکم یا سلطان کے ذمہ دار ہوں گے۔جو اُن کے حکم سے اور اُن کے ماتحت دین کے احکام وتعزیرات نافذ کریں۔جو اُن کی مرضی کے خلاف خود بادشاہ بن بیٹھیں وہ غاصب کہلائیں گے۔اُن کی اطاعت گناہ ہوگی۔چنانچہ نبوت کی دوسری شاخ میں بہت سے انبیاؑ گزرے مگر وہ گنتی کے نبیؑ یا رسولؑ تھے جو خود بادشاہ بھی ہوئے۔ورنہ بادشاہ اُنکے ماتحت بنانے کا ذکر قرآن کریم میں موجود ہے۔جہاں بنی اسرائیل کی درخواست موجود ہے کہ:۔

ابۡعَثۡ لَنَا مَلِکًا نُّقَاتِلۡ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ (2/246)۔وَقَالَ لَھُمۡ نَبِیُّھُمۡ اِنَّ اللّٰہَ قَدۡ بَعَثَ لَکُمۡ طَالُوۡتَ مَلِکًا(2/247)ہمارے لئے ایک بادشاہ قائم کردو۔پھر جناب سموئیلؑ نبی نے طالوت علیہ السلام کو بنی اسرائیل پر اپنی اور اللہ کی طرف سے مَلک یعنی بادشاہ بنایا۔

یہاں نظام اجتہاد کی مخالفت اور اُن کا معیارِ بادشاہت بھی مذکور ہے۔جس پر مشرکین عرب نے اپنا منصوبہ بنایا تھا۔یہی جگہ ہے جہاں تحریک تشیّع کے شعبہ تصوف کا اور آئمہ اہل بیت علیہم السلام کے اُس تعاون کی وجہ کو سمجھا جا سکتا ہے جو اُن حضرات نے اپنے اپنے زمانہ کے بادشاہوں سے کیا تھا۔اور چاہا تھا کہ وہ اُن کے مشورہ پر عمل کر کے احکام خدا اور رسولؐ نافذ کریں اور عذاب جہنم سے بچ جائیں۔ یعنی اگر وہ اُن کی مرضی اور اجازت سے بادشاہ بنتے اور اُن کے ماتحت رہ کر اُن کے احکام نافذ کرتے تو ہمیں اُن کے خلاف تحریک تشیّع نہ چلانا پڑتی اور وہ خدا کے روبرو ذلیل وخوار اور معذّب ہونے سے بچ جاتے۔اور یہ بھی نوٹ کرلیں کہ ہمارے مخالف علمانے عوام کو ہمیشہ یہ تاثر دیا ہے کہ وہ بادشاہ اہل بیتؑ رسوؐل کی بڑی عزت کرتے تھے۔اُن سے محبت کرتے تھے۔اُن کے غلام کہلانے پر فخر کرتے تھے۔اُن کیلئے تختِ خلافت چھوڑ دینے کو تیار رہتے تھے۔اور یہ کہ آئمہؑ اہل بیتؑ کی رضامندی سے اُن لوگوں نے حکومت قائم کی تھی۔اُن ہی کے مشوروں سے وہ حکومت وخلافت کرتے تھے۔اگر کہیں عوام اہل سنت کو اصلیّت معلوم ہو جائے تو وہ ایک لمحہ کے لئے اُن علما کے مذہب میں نہ ٹھہریں۔ہمارا کام اسی قدر ہے کہ جس طرح ہو سکے نظام اجتہاد کے فریب کا پردہ چاک کریں اور سیدھے سادے عوام مسلمانوں کو صحیح صورت حال پر متوجہ کریں۔اُنہیں بتائیں کہ اُن بادشاہوں نے جس طرح سیاسی نعرے لگائے۔جو کچھ پبلک میں مشہور کیا اور جس طرح خاندان رسوؐل کو تباہ وبرباد کرنے کا انتظام کیا وہی تو امام حسین علیہ السلام نے منظر عام پر رکھا ہے۔اور سابقہ ہر فریب ومکر وعیاری نے چیخ چیخ کر اعلان کیا ہے کہ وہ تمام بہانے بازیاں تھیں اور انہوں نے محض اسلام کی نقاب پہن رکھی تھی۔وہ خالص مشرک وکافر محاذ تھا،انہوں

نے کلمہ کو اپنی آڑ بنایا تھا، انہوں نے کبھی قرآن کے خلاف عمل سے پرہیز نہیں کیا تھا۔

(i) حضرت نابتؑ اور جناب صفی علیہما السلام کے بعد تمام آل ابراہیمؑ حضرت نابتؑ کی نسلی امامت کے ماتحت چلتی رہی۔ نبوتیں، رسالتیں اور بادشاہتیں اُن کے ماتحت جاری رہیں۔ جناب طبری نے اپنی تاریخ میں نبطی شاخ کے ہر امام کا نام بنام ذکر کیا ہے وہ لکھتے ہیں کہ:۔ جناب صفی ہی کو صیقا اور سمر کہا گیا ہے۔ دنیا کے تمام بادشاہوں میں یہ سب سے بہتر بادشاہ تھا۔ اس کے متعلق امیہ بن صلت شاعر نے یہ شعر کہا تھا:۔ اِنَّ الصَّفِی بن انبیت مملّکاً اَعْلٰی وَاَجْوَد من هر قل و قیصرا

بیشک صفی بن النبیت ایسا بادشاہ گزرا ہے جو ہرقل اور قیصر سے بھی زیادہ سخی اور بہتر بادشاہ تھا۔ (طبری جلد اول صفحہ 58)

اِس کے بعد طبری نے حضرت صفی علیہ السلام کے پوتے کی بادشاہت کا تذکرہ یوں لکھا ہے کہ:۔

(ii) ''سمیؑ بن صفیؑ ہی کو سما کہا گیا ہے اُن کا لقب مجشر کہا گیا ہے۔ یہ ایک نہایت ہی عادل اور منتظم اور مدبّر بادشاہ تھے۔ اُمیہ بن صلت نے ہرقل بادشاہ روم کو مخاطب کرتے ہوئے اُسی کی طرف اپنے اس شعر میں اشارہ کیا ہے:۔

کُن کالمجشر اذقَالت رعیته + کان المجشراوفانا بما حملا

''تم بھی مجشر ایسے بنو اُس کی رعیت نے کہا تھا کہ مجشر ہم میں سب سے زیادہ اپنے عہد کا ایفا (پورا) کرنے والا ہے۔''

(طبری جلد اوّل صفحہ 57,58)

پھر جناب مجشر کے پوتے کا حال یوں لکھا ہے کہ:۔

(iii) ''ثامار (بن مقدمہؑ بن زارحؑ بن سمیؑ) ہی کو بہامی دُوس العتق کہا گیا ہے۔ اپنے زمانے کے حسین ترین شخص مانے گئے ہیں۔ اُنہی پر عربوں میں یہ ضرب المثل بن گئی کہ ''اَعتق من دُوس'' (دُوس کی طرف سے آزاد چھوڑا ہوا)۔ اب اس کی وجہ یا تو اُن کا ذاتی حسن وشرافت ہے یا پھر اُن کا قدم ہے۔ اُن کے عہد مملکت میں جرہم بن فالج اور قطورا ھلاک ہوئے۔ اس کی وجہ یہ ہوئی کہ اُنہوں نے حرم کعبہ میں فسق وفجور اور فتنہ وفساد برپا کر دیا اور جناب دُوسؑ نے اُنہیں قتل کر دیا۔ جو اُن میں کم سن تھے۔ اُن کے آثار کو دیمک نے کھا کر ختم کر دیا۔'' (طبری جلد اوّل صفحہ 57)

قارئین یہاں نوٹ کر لیں کہ جرھم قحطانی ہیں اور یہی جگہ ہے جہاں سے قحطانیوں کے مختلف گروہوں نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی نبطی شاخ سے دشمنی اور انتقام کا رویہ اختیار کیا تھا۔ اور رفتہ رفتہ خود کو اسماعیلی مشہور کرنا شروع کیا۔ نبطیوں کے خاندانوں کی پناہیں لیں، خادموں کی حیثیت سے داخل ہوئے، اپنی عورتوں اور بچوں کو خانوادہ رسولؐ کے بزرگوں کی خدمت میں بطور غلام وکنیز بھیجا۔ تاکہ جن کو موقع ملے انتقام لے اور اس نسل سے الحاق کر لے تاکہ اسماعیلی بن سکے۔ یہی لوگ ہیں جن کی اولاد بعد میں لفظ قریش کو مشکوک کر کے قریشی وغیرہ بن بیٹھی تھی اور پھر خاندان رسوؐل کو مٹانے اور اسلام کو کفر میں تبدیل کرنے میں کوشاں رہی۔

جناب دوس علیہ السلام کے پوتے کا حال ملاحظہ ہو:۔

(iv) عاصار (بن قنادی بن ثامار دوس) ہی کو عاصر کہا گیا ہے۔ اُن کا ایک نام نیدوان بھی مشہور ہے۔ اُن ہی کا لقب قاذور ہے۔ اُن

کے بھی ایک بیٹے کا نام نبیت تھا۔اور دوسرے کا نام جادان تھا۔عاصار کو صاحب مجالس بھی کہا گیا ہے۔اُنکی عہد مملکت میں حکومت کچھ دن کے لئے جادان کیلئے قبضے میں چلی گئی تھی لیکن پھر نبیت کی اولاد میں آ گئی تھی'' (طبری جلد اوّل صفحہ 57)

اِن ہی کے ایک پوتے کا تذکرہ یہ ہے:۔

(v) ''سداعؑ ہی کو دعائے اسماعیل کہا گیا ہے۔اُن ہی کا لقب ذوالمطانج ہے۔ذوالمطانج لقب اسلئے ہوا کہ بادشاہ ہوجانے کے بعد انہوں نے عرب کے ہر شہر میں ایک ایک مہمان خانہ قائم کیا تھا۔'' (جلد اوّل صفحہ 57)

اب اُن کے بیٹے کا ذکر سنیں:۔

(vi) ''عاقاریؑ کو ہی عاقر ابراھیمؑ کہا جاتا ہے۔اُن ہی کو جامع الشمل بھی کہا گیا ہے۔یہ لقب اس لئے ہوا کہ انہوں نے اپنی مملکت میں ہر خوفزدہ اور مظلوم کو پناہ دی۔مسافروں کو زادِراہ دینے اور منزل تک پہنچانے کا انتظام جاری کیا۔اور تمام رعایا کی حالت درست کر دی۔'' (طبری جلد اول صفحہ 57)

حضرت اسماعیل علیہ السلام خلیفہؑ خداوندی بھی تھے۔نبیؑ اور رسوؑل بھی تھے،امامؑ بھی۔آپ کا سارا دور عبادت اور خانہ بدوش عرب کے مجہول قبائل کو آدمی بنانے اور دنیا میں جم کر رہنے،ترقی کرنے کے طریقے سکھانے میں گُزرا۔اُنہوں نے اِن وحشیوں اور درندوں کو مل جل کر رہنے اور منظّم ہو کر رہنے کے فوائد بتائے اور اُنکے مختلف گروہوں میں تعلیمات خداوندی سے دلچسپی پیدا کی۔خانہ کعبہ کو مرکزی حیثیت دی۔حضرت اسماعیلؑ سے حضرت عدنان علیہ السلام تک چالیس آئمہ علیھم السلام گزرے ہیں۔عرب کے نسابوں اور مورخوں کا حال سامنے لایا جاچکا ہے۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد جو بغاوتیں ظہور پذیر ہوئیں انہوں نے وہ تمام ریکارڈ ضبط و ضائع اور تبدیل کیا جو سابقہ ادوار کی حکومتوں کی لائبریریوں سے لوٹا اور قابو میں کیا گیا تھا اور وہ تمام نشانات مٹادئے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اسماعیلی و نبطی خاندانوں نے چھوڑے تھے۔جن لوگوں کے یہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ سلم کے چالیس سالہ حالات ہی نہ ملتے ہوں اُن سے یہ امید کرنا کہ اس تین ہزار سال کے شاندار دور میں گزرنے والے حالات صحیح معلوم ہو جائیں ایک احمقانہ امید ہے۔بہر حال غیر عرب مؤرخین اور توریت اور انجیل کی مدد سے جو کچھ ملتا ہے وہ آپکے سامنے رکھ دیا گیا ہے۔قحطانیوں اور سبائیوں کے پھیلائے ہوئے اس گھٹاٹوپ اندھیرے ہی کو ایام جاہلیت یا ڈارک ایجز (Dark Ages) کہا جاتا ہے۔لیکن اس عربی ظلمات میں بھی اسماعیلیؑ امامت کے چاند اور سورج برابر چمکتے ہوئے نظر آتے ہیں اور اُن کے روشن کئے ہوئے چراغ برابر روشن چلے آئے ہیں۔اس دھاندلی اور اس بے رحمانہ بے ایمانی کے باوجود چھ آئمہ علیھم السلام کا بادشاہت کرنا اور اپنی مملکت کی رعایا کو عدل و انصاف اور خوشحالی سے مالا مال رکھنا بہر حال ثابت ہوگیا۔اور تمام ذیلی نبوتیںؑ اور رسالتیںؑ اور بادشاہتیں اپنی شان اور عظمت کے ساتھ تاریخ و توریت و انجیل میں موجود و مُسلّم ہیں اور جس قدر باتیں مخالفین نے کہی ہیں وہ سب بعد کی گھڑنت ہے اور خود مخالفوں کو اپنی اُن مزخرفات پر اتفاق نہیں ہے۔

10۔ خانوادہ حسینؑ کے جناب عدنان علیہ السلام کے بعد والے بزرگ

آپ جس متعلقہ کتاب کو اُٹھا کر دیکھیں گے اُس میں یہ لکھا ہوا ملے گا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شجرہ نسب میں جناب عدنانؑ تک کسی قسم کا شک وشبہ اور اختلاف نہیں ہے چنانچہ تمام مؤرخین اور نسّاب کی طرف سے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ: ''عدنان تک سلسلہ نسب حرف بحرف صحیح اور نا قابل شک ہے۔ احادیث میں مروی ہے۔ اشعار عرب میں مذکور ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سلسلہ نسب بھی ان ہی واسطوں سے عدنان تک پہنچتا ہے۔'' (ارض القرآن جلد دوم صفحہ 97)

لیکن ہم قارئین کو یہ بتاتے آرہے ہیں کہ عرب کے حکومت زدہ مؤرخوں، نسّابوں اور راویوں اور مفسروں ومحدثین کسی چیز میں اختلاف نہ کریں، کسی چیز کو مشکوک نہ کریں اور کسی حقیقت کو بگاڑ کر پیش نہ کریں ناممکن ہے۔ ہماری ساری زندگی گزر گئی کہ ہمیں کوئی ایسی اہم حقیقت مل جائے جس پر واقعی یہ مشرک محاذ متفق ہوا ہے۔ لا واللہ یہ لوگ اپنے اقرار میں بھی انکار اور اتفاق واتحاد واجماع میں بھی اختلاف کے خلیّات چھپا دیا کرتے ہیں جو صرف اُن لوگوں کو نظر آتے ہیں جو بالغ النظر ہوں، جن کی بصیرت اور بصارت پر عصمتؑ کا سایہ رہتا ہو۔ ورنہ ٹائم بم کی طرح وہ پوشیدہ انکار واختلاف اُنکی مقرر کردہ مدت کے بعد ظاہر ہوا کرتا ہے۔

جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے کہ مشرکین عرب نے شجرہ طیبہ کو مشکوک کرنے کی جان توڑ کوشش کی اور خود اسماعیلی بن جانے کے لئے اسماعیلیوں کو کبھی جرہمی بتایا کبھی قحطانی قرار دیا۔ قبیلے کے قبیلے غلط باپ دادا کی اولاد مشہور کردیئے گئے۔ اور بعد کے مؤرخین، خصوصاً شبلی صاحب نے غلطی معلوم ہو جانے اور خود غلطی کا اعلان کردینے کے بعد بھی محض قدیم مؤرخین کی مقدس سنت کا نام لے کر واشگاف الفاظ میں غلط شجرہ لکھ دیا۔ یہاں ہم جناب عدنان علیہ السلام سے بعد والے بزرگوں کا ذکر کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن ذکر اس وقت تک شروع کرنا درست نہیں جب تک یہ بات ثابت نہ ہو جائے کہ خود عدنان کے اباواجداد کون تھے؟ آیا وہ عربوں کے یہاں متفقہ طور پر حضرت اسماعیلؑ کی اولاد سے تھے؟ اور اگر تھے تو حضرت اسماعیلؑ کے کون سے بیٹے کی اولاد تھے؟ ہم ہر حیثیت سے ثابت کر چکے اور آپ نے پورے شجرہ کو نام بنام پوری شہرت کے ساتھ دیکھ لیا کہ امام حسینؑ علیہ السلام اور حضرت محمد مصطفیٰ صلوٰۃ اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سلسلہ نسب جناب عدنانؑ سے گزرتا ہوا جناب نابت بن اسماعیلؑ تک واقعی بلا شک وشبہ پہنچتا ہے۔ اور عربوں کے تمام بیانات جو اُس کے خلاف ہیں وہ خود مشکوک اور سازش کے ماتحت ہیں۔ یہ دوسری بات ہے کہ مقلِّد قسم کے علمائے شیعہ نے بھی دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؑ کی تقلید میں وہ بیانات تسلیم کر لئے جو مشرکین کی سازش نے تیار کئے تھے۔ چنانچہ جناب علی نقی صاحب نے اپنی کتاب شہید انسانیت میں لکھ مارا کہ:

''حضرت کا نسب نامہ آپ کی ذات سے لے کر عدنان تک معتبر کتب تواریخ وسیَر میں موجود ہے۔'' (شہید انسانیت صفحہ 31)

اسکے بعد علامہ نے جناب عدنانؑ سے نیچے عبداللہؑ بن عبدالمطلبؑ تک شجرہ لکھا ہے۔ جناب عدنانؑ کے لئے لکھا کہ:۔

''اسمعیل کے بارہ فرزند تھے۔ ان میں سے قیدار کی اولاد حجاز میں آباد ہوئی اور بہت پھیلی۔ قیدار کی اولاد میں عدنان بہت مشہور ہیں۔ اور پیغمبر اسلام اُن ہی کی اولاد میں سے تھے۔'' (صفحہ 31 طبع اوّل)

لیجئے چُھٹی ہوگئی۔ یعنی یہ ثابت کرنے کی ضرورت ہے،ہی نہیں کہ آیا جناب عدنان قیدار کی اولا د میں سے ہیں یا نہیں؟ یعنی علامہ علی نقی نہ یہ جانتے ہیں کہ ام سلمہ اور حضرت علی علیہما السلام نے آنحضرتؐ اور حضرت علیؑ کا قیدار کی اولا د سے نہ ہونا اور حضرت نابتؑ بن اسماعیلؑ کی اولا د سے ہونا فرمایا ہے۔ نہ اُنہیں یہ معلوم کہ خاندان قیدار کے تباہ ہو جانے کی پیشگوئی توریت میں موجود ہے۔ نہ انہیں یہ خبر کہ امامت و جانشینی ابراہیمؑ واسماعیلؑ سے اُن کے بڑے بیٹے نابتؑ بن اسماعیل میں آئی ہے۔ اور اس طرح آنحضرتؐ وحضرت علیؑ ورثہ داران ابراہیمؑ ہیں۔ نہ یہ خبر کہ قیدار کے کتنے بیٹے تھے اور پھر سلسلہ وار اُن کا شجرہ عدنان تک کن کن ناموں سے پہنچا۔ اور حد ہوگئی کہ علامہ کو یہ بھی معلوم نہیں کہ جہاں جہاں پیغمبرؐ اسلام، ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ لکھا جاتا ہے وہاں درود وسلام نہ سہی کم از کم صواد (ؐ) یا عین (ؑ) ہی لکھا جاتا ہے۔ علامہ جس قسم کا ایمان لائے ہیں، اس میں یہ گنجائش تو کہاں ہوتی کہ وہ حضرت عدنانؑ پر سلام لکھتے۔ انہوں نے تو انبیا علیہم السلام کے نام بھی اس طرح لکھے جیسے وہ اپنے بھائی بندوں کے نام لکھا کرتے ہیں۔

(10/2)۔ مشرکوں کے یہاں عدنانؑ قحطانی جرھمی ہیں

علامہ طبری نے آنحضرتؐ کے تمام اجداد کے عدنانؑ تک مختصر حالات لکھتے ہوئے معدؑ بن عدنانؑ کے لئے لکھا ہے کہ:۔

''معد بن عدنان کی ماں مہدو بنت اللّھم تھی ..... معد کے حقیقی بھائیوں میں سے ایک عدن بن عدنان تھا ..... اور ایک بھائی اَبَین بن عدنان تھا۔ اور دو اور بھائی اُدّ بن عدنان اور الٰہی بن عدنان تھے۔ اور دو بھائی ضحاک اور العی بن عدنان تھے۔ اُن سب بھائیوں کی ماں وہی ماں تھی جو معد بن عدنان کی ماں تھی۔ اُسی ماں مہدو سے معد بن عدنان کا ایک بھائی دیت بن عدنان بھی تھا۔ اُسی کو عَک بھی کہا جاتا ہے۔ بعض نسابوں نے کہا ہے کہ عک یمن کے علاقہ سمران کو چلا گیا تھا۔ اور اُس نے اپنے بھائی معد کو چھوڑ دیا تھا۔ اِس کی شہادت اس واقعہ سے ملتی ہے کہ جب اہل حضور نے شعیب بن ذی مہدم الحضوری کو قتل کر دیا۔ اللہ نے اُن کو سزا دینے کے لئے اُن پر بخت نصر کو متعین کر دیا۔ ارمیا (نبیؑ) اور برخیا (نبیؑ) برآمد ہوئے۔ انہوں نے معد کو اپنے ساتھ سوار کر لیا۔ اور جب لڑائی فرو ہوئی انہوں نے معد کو مکے واپس کر دیا۔ اُس نے یہاں آکر دیکھا کہ اس کے بھائی جو عدنان کے بیٹے تھے اور چچا وطن چھوڑ کر یمن کے قبائل میں جا ملے ہیں۔ اور اُن ہی میں انہوں نے بیاہ کر لئے ہیں۔ چونکہ بنو عدنان (یعنی عدنان کی اولاد) جرھم کی اولاد میں سے تھے۔ اس وجہ سے اُن کے ساتھ یمنیوں نے شفقت کا سلوک کیا۔ اس واقعہ پر کسی شاعر کے یہ شعر شہادت میں پیش کئے گئے ہیں:۔

ترکنا الدیت اخوتنا وعَکّا اِلٰی سِمران فانطلقوا سراعًا

وکانوا من بنی عد نان حتیّٰ اضاعوا الامر بینھم فضاعًا

ترجمہ۔ ''ہم نے اپنے بھائی دیت اور عک کو سمران جانے کی اجازت دے دی اور وہ تیزی سے ادھر چل دئے۔ وہ بنو عدنان تھے مگر جب انہوں نے اپنی بات آپس میں خراب کر لی تو اُن کی بات بگڑ گئی۔'' (تاریخ طبری جلد اوّل صفحہ 54-53)

قارئین حضرات غور فرمائیں۔ اس حوالہ میں بنو عدنان کو جرھم کی اولاد قرار دیا ہے۔ یعنی معد بن عدنان بنی اسماعیلؑ نہیں ہیں۔ اب دیکھئے جرھم کس خاندان کو کہتے ہیں۔

(10/3)۔ جرھم خاندان ابراہیمؑ واسماعیلؑ سے پہلے موجود تھا

’’قبیلہ جرھم حجاز میں آباد تھا۔تقریباً دو ہزار دوسو قبل مسیح میں جب حضرت اسماعیلؑ اس ملک میں آئے تو یہ قبیلہ ان ہی اطرف میں موجود تھا۔‘‘(ارض القرآن جلداوّل صفحہ 198)

معلوم ہوا کہ جرھم قبیلہ حضرت اسماعیل کی اولاد نہیں بلکہ انکی اور اُنکے والد ابراہیم علیہما السلام کی پیدائش سے بھی پہلے چلا ہوا آرہا تھا۔ہم اب اس بحث میں آگے بڑھنا نہیں چاہتے ورنہ ارض القرآن نے مؤرخین کی ایک بڑی اہم چالا کی یہاں بیان کی ہے جس پر ہمیں بہت کچھ لکھنا اور عنوان سے ہٹنا پڑیگا۔آپ تو اتنا سمجھ لیں کہ آنحضرتؐ کے نسب کو مشکوک کرنے اور خود اسماعیلی بن جانے کیلئے مشرکین عرب نے ہر بے ایمانی کی ہے، ہر جھوٹ بولا ہے، ہر فریب دیا ہے اور آج تک علی نقی ہوں یا علی متقی سب فریب خوردہ علما و مؤرخین ہیں اور اُن کی سوائے اُس بات کے جو اُن کے خلاف ہو کسی بات کا اعتبار کرنا گناہ کبیرہ ہے۔طبری صاحب کی ہمت ملاحظہ ہو کہ عدنانی خاندان کو جرھمی خاندان بنانے کے جملے کا آخری لفظ لکھتے ہی مسلسل یہ بھی اعلان کردیا کہ:۔

’’عدنان بن اُدَد کے دو بھائی نبت اور عمر تھے۔معد بن عدنان تک ہمارے نبی محمد صلعم کے نسب میں کسی نساب کو کوئی اختلاف نہیں ہے۔اور وہ اُسی طرح ہے جس طرح کہ ہم اوپر بیان کرچکے ہیں۔‘‘(تاریخ طبری جلداوّل صفحہ 54)

قارئین کرام ہم سب کو سر پکڑ کر رونا چاہئے کہ جناب طبری کی پہلی جلد کے پہلے صفحہ سے صفحہ 54 تک ایک ایک جملہ اور ایک ایک لفظ پڑھ جائیے۔آپ دیکھیں گے کہ علامہ نے آنحضرتؐ سے لے کر عدنان تک نام بنام شجرہ لکھا ہے۔اور اس کے بعد اس خاندان کو جرہمی کہہ کر یہ لکھ دیا کہ اس خاندان کے جرہمی ہونے میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔انا للّٰہ و انا الیہ رٰجعون۔

(10/4)۔ عربوں نے آنحضرتؐ کو اسماعیلی خانوادہ سے خارج کرنے کا بھی سامان کیا

قارئین سے امید ہے کہ مشرکین عرب کی مشہور کردہ اور پروپیگنڈا کے ماتحت روایات و بیانات کا فریب ہونا سمجھ گئے ہوں گے۔ان لوگوں نے خود اسماعیلی اور قریشی بننے کیلئے ایسی ایسی چالیں چلیں اور ایسے ایسے خطرناک انتظامات کئے کہ یتیم قسم کے علما و محققین نے ڈر کر آنحضرتؐ کو قیدار کی نسل میں اور اُن مجہول النسب لوگوں کو اسماعیلی یا قیداری اور قریشی مان لینے ہی میں اپنی اور خانوادہ رسولؐ کی خیریت سمجھی۔یہی وہ جاہل علما تھے جنہوں نے یہ اصول بنایا اور اس قسم کی روایات گھڑیں کہ جب دو خطرے سامنے ہوں یا دو کمزور روایات یا احادیث سامنے ہوں تو اُن میں سے کم خطرہ والی چیز یا ذرا بہتر روایت کو اختیار کرلو۔اس اصول کو اپنا کر ہمارے شیعہ سنی مؤرخین نے آنحضرتؐ کے خاندان کو اس خطرہ سے بچانا چاہا جو مشرکین عرب کے وظیفہ خوار نسابوں اور مؤرخین نے تیار کیا تھا۔سنئے علامہ شبلی یہ سمجھ کر اقرار کررہے ہیں کہ دنیا میں کوئی محمد احسن پیدا ہونے والا نہیں ہے۔جو میرے اس اقرار سے مشرک بزرگوں کا ستیاناس کرسکے۔چنانچہ علامہ شبلی آنحضرتؐ کو بلا دلیل وثبوت قیدار کی نسل میں سے بتانے کے بعد مسلسل اُسی جملے میں رقم طراز ہیں کہ:۔

’’عرب کے نسب دان تمام پشتوں کو محفوظ نہیں رکھتے تھے۔چنانچہ اکثر نسب ناموں میں عدنان سے حضرت اسماعیلؑ تک صرف آٹھ نو (9-8) پشتیں بیان کی ہیں۔لیکن یہ صحیح نہیں ہے۔عدنان سے لے کر حضرت اسماعیلؑ تک اگر صرف نو دس پشتیں ہوں تو

یہ زمانہ تین سو برس سے زیادہ نہ ہوگا۔اور یہ امر بالکل تاریخی شہادتوں کے خلاف ہے۔'' (سیرۃ النبیؐ۔جلد اوّل صفحہ 160)

سوال ہے کہ عرب نسابوں کا حال اور اُن کے بیانات بھی تو آپ ہی کی تاریخ میں ہیں۔اور جن تاریخی شہادتوں سے یہ بیانات غلط ثابت ہوتے ہیں۔وہ بھی الہامی نہیں۔بلکہ آپ ہی کی تاریخ میں ہیں۔تو آپ کو کیا حق ہے کہ تاریخ کی کسی بات کو غلط اور کسی بات کو صحیح قرار دیں؟ کیوں نہ ساری تاریخ کو بکواس کہہ کر الگ پھینک دیں؟ یا پھر ایسا معیار پیش کریں جس پر تاریخی اور مشرکی بیانات کو جانچا جا سکے؟ بہرحال یہ معلوم اور ثابت ہے کہ عربوں کے پاس جو تواریخ ہیں وہ معاویہ کے زمانہ سے پہلے کی نہیں ہیں اور وہ سب نا قابل اعتبار ہیں۔اُن میں ہی وہ خطرات پیش کئے گئے جن سے بچنے کے لئے بعد کے لوگ چپ چاپ آنحضرتؐ کو قیداری اور دشمنان خدا اور رسولؐ کو اسماعیلی یا قریشی یا دونوں مان لیں۔لیکن جب معلوم ہوگیا کہ عرب مؤرخین،نسابوں کے محتاج تھے اور نساب اپنے بیان کردہ نسب ناموں میں سلسلہ وار لوگوں کے نام محفوظ نہ رکھتے تھے تو یہ کیسے معلوم ہوگا کہ اُن خبیثوں نے بیچ میں کس کس کے نام چھوڑ دئے تھے؟ اور کون شخص حقیقتاً کس خاندان یا نسل سے تھا؟ بہرحال علامہ شبلی آگے چل کر فرماتے ہیں کہ:

''علامہ سہیلی (روض الانف) نے بہت سے تاریخی حوالوں اور شہادتوں سے ثابت کیا ہے۔کہ عدنان سے حضرت اسماعیل تک چالیس پشتوں کا فاصلہ ہے۔'' (سیرۃ النبیؐ۔جلد اوّل صفحہ 161)

کوئی سہیلی ہو یا یارِ غار ہو،چونکہ اُن پر الہام نہ ہوتا تھا۔اسلئے انکے تاریخ کے بعض بیانات کو قبول کرنے اور بعض کو غلط قرار دینے سے جو بھی نتیجہ نکلتا ہو۔اس کو نظر انداز کر کے یہ تو بہرحال تسلیم شدہ حقیقت ہے کہ آنحضرتؐ کے بعد باغی حکومتوں نے تاریخ و تفسیر و کتب حدیث کو اس ترکیب سے تیار کیا کہ قیامت تک لوگ محقق بننے کیلئے اُن کتابوں کی الٹ پلٹ میں لگے رہیں۔کوئی محقق اُن ہی کتابوں میں رسولؐ اللہ کو قیداری کہے اور کوئی نبطی بنانے کا انتظام کرے،کوئی رسولؐ اللہ کے والدین اور بزرگوں کو اسی انبار سے (معاذ اللہ) کافر ثابت کرے تو کوئی مومن بنانے میں لگا رہے،کوئی رسولؐ اللہ کو اَن پڑھ کہے،کوئی اُن کی تین بیٹیوں کا ہونا اور کافروں کی بیویاں ہونا لکھے،کوئی خبیث کافروں کو رسولؐ اللہ کا داماد قرار دے کر اپنے بزرگوں پر فخر کرے۔یہ ملعون تاریخ ملعون نظام نے جاری کی تھی جس میں ساری دنیا الجھی چلی آرہی ہے اور نجات کی راہیں بند ہیں۔یقین واطمینان کے دروازوں پر تالے لگے ہوئے ہیں۔سنئے علامہ صاحب اُسی تاریخ سے یوروپ کے علما پر الزام لگاتے ہیں کہ:۔

''اس غلطی نے بعض عیسائی مؤرخوں کو اس بات کا موقع دیا کہ سرے سے اس بات کے منکر ہوگئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خاندان ابراہیمؑ سے ہیں۔'' (سیرۃ النبیؐ۔جلد اوّل صفحہ 161)

قارئین علامہ شبلی اور عیسائی مؤرخین کو مشرکانہ تاریخوں میں اُلجھانے والوں پر لعنت بھیج کر یہ سوچیں کہ انہوں نے وہ تمام مواقع پیدا کئے تھے جن سے اسلام کفر بن جائے۔کفر کو اسلام کہنے لگیں۔اور حرام سے پیدا شدہ لوگ حلال زادے بن جائیں۔اور مجہول النسب قحطانیوں اور سبائیوں کو اسماعیلی و قریشی بنا دیا جائے۔ابولہب ملعون رسولؐ کا چچا کہلائے۔یزید ملعون اسماعیلی شہزادہ لکھا جائے اور پھر اُسی خبیث انبار میں چند مقطوع النسل لوگ آگے بڑھیں۔اور یزید پر سلام و درود بھی بھیجنے لگیں۔ایک مذہب میں لاتعداد مذہب اور فرقے

اُسی تفسیر و تاریخ میں سے بنے اور سب جہنم کی طرف رواں دواں ہنستے کھیلتے چلے جا رہے ہیں۔لیکن سنو کہ میں جس مذہب اثنا عشری میں ہوں اُس کا تعلق اور ثبوت نظام اجتہاد اور اُس کے شیعہ سُنی مجتہدین کے بیانات پر نہیں ہے۔ یہ تو سب طاغوتی ٹولہ ہے۔ ہمارا مذہب سو فیصد قرآن کریم، توریت وانجیل اور رسولؐ اللہ اور اُنکے بارہ معصومؑ جانشینوں کی معصومؑ احادیث پر ہے۔ یہی علامہ شبلی رسولؐ کے نسب نامہ کا عنوان قائم کر کے لکھتے ہیں کہ: ''صحیح بخاری (باب مبعث النبیؐ) میں یہیں (عدنان) تک ہے۔لیکن امام بخاری نے اپنی تاریخ میں عدنان سے حضرت ابراہیمؑ تک نام گنائے ہیں یعنی عدناں بن عدد (اُدد) بن المقوم بن تارح بن یشجب بن یعرب بن نابت بن اسماعیلؑ بن ابراہیم'' (سیرۃ النبیؐ جلد اوّل صفحہ 160)

قارئین یہ آخری بار نوٹ کر لیں کہ اہل سنت والجماعت کے سب سے بڑے اور سب سے معتبر امامِ حدیث، صحیح بخاری کے مولف کے نزدیک رسولؐ اللہ، علی مرتضیٰؑ اور امام حسینؑ اور اُن کا خانوادہ علیھم السلام قیدار کی اولاد میں نہیں بلکہ وہ جناب نابت بن اسماعیل بن ابراہیم علیھم السلام کی اولاد میں سے ہیں۔اب جھوٹوں پر لعنت بھیج کر قرآن کے حکم کی تعمیل کریں اور پھر حضرت عدنان علیہ السلام سے نیچے والے بزرگوں کی خدمت میں حاضر ہوں اور بخاری یعنی محمد بن اسماعیل اور اُسی قسم کے علما کے لئے کہیں کہیں حق گوئی پر دُعا کریں۔

(10/5)۔ قحطانی یا جرھمی بادشاہوں اور خاندانوں میں حرامی اولاد بھی رہتی رہی

حضرت معد بن عدنانؑ کا ذکر ہو چکا ہے۔ جہاں بنو عدنان کو قحطانی یا جرھمی بنانے کی کوشش دکھائی تھی۔(پیرا نمبر 10/2)

اب یہاں جرھم خاندان کا حال سُنیں۔علامہ طبری نے جناب عدنانؑ کے پوتے جناب نزارؑ کے بیٹوں کے متعلق ایک بڑی دلچسپ صورتِ حال لکھی ہے۔جس میں اس خاندان کی بصیرت اور دُور بینی کا ثبوت ملتا ہے، وہ لکھتے ہیں کہ:۔

''اثنائے راہ میں مضر (بن نزار بن معد بن عدنان) نے کہیں خشک گھانس چری ہوئی دیکھی۔اُسے دیکھ کر اُس نے کہا جس اونٹ نے اسے چرا ہے وہ کانا ہے۔ربیعہ (نزار کا بھائی) نے کہا وہ بھینگا ہے۔ایاد (تیسرے بھائی) نے کہا کہ اسکے دُم نہیں ہے۔ انمار نے کہا کہ وہ بھگوڑا ہے۔یہ اُس مقام سے تھوڑا ہی آگے بڑھے تھے کہ اُن کو ایک شخص ملا جسے اُس کا اونٹ چھوڑ بھاگا تھا۔اُس نے اِن سے پوچھا کہ تم نے میرا اونٹ دیکھا ہے؟ مضر نے کہا وہ کانا ہے؟ اس نے کہا ہاں۔ربیعہ نے کہا وہ بھینگا ہے؟ اس نے کہا ہاں۔ایاد نے کہا اسکی دُم نہیں ہے؟ اس نے کہا ہاں۔انمار نے کہا وہ بھگوڑا ہے؟ اس نے کہا ہاں بیشک میرے اونٹ میں یہ تمام باتیں موجود ہیں۔تم مجھے بتاؤ کہ وہ اونٹ کہاں ہے؟ انہوں نے قسم کھائی کہ ہم نے اُسے دیکھا بھی نہیں ہے۔وہ شخص نہ مانا اور اُن کے پیچھے پڑ گیا۔ کہنے لگا تم نے میرے اونٹ کا پورا پتہ دیا ہے۔میں کیسے مانوں کہ تم نے اُسے دیکھا بھی نہیں ہے؟ یہ سب چل کر نجران آئے اور افعی الجرھمی (قاضی القضات) کے یہاں مقیم ہوئے۔اونٹ والے نے چلا کر کہا کہ ان لوگوں نے میرا اونٹ لیا ہے۔ان لوگوں نے اس کا پورا پتہ اور نشان بتایا ہے۔اور پھر بھی کہتے ہیں کہ ہم نے اُسے دیکھا بھی نہیں ہے۔جرہمی (قاضی) نے اُن سے پوچھا کہ جب تم نے اُسے دیکھا بھی نہیں تو پھر کیوں کر اس کی واقعی صفات بیان کر دیں؟ مضر نے کہا کہ میں نے دیکھا کہ اس نے گھانس کو صرف ایک طرف سے چرا تھا اور دوسری سمت یوں ہی چھوڑتا چلا گیا۔اس لئے میں نے قیاس کیا کہ وہ ضرور کانا ہے۔ربیعہ نے کہا میں نے دیکھا کہ اس کے اگلے پیروں میں سے ایک کا

نشانِ قدم پورا پڑتا ہے اور دوسرے کا نشان ناقص پڑتا ہے۔اس لئے میں نے قیاس کیا کہ وہ بھینگا ہونے کی وجہ سے وہ ایک پاؤں پر دباؤ دے کر چلتا ہے۔ایاد نے کہا چونکہ اُس کی مینگنیاں ایک ہی جگہ پر ڈھیر تھیں۔میں نے قیاس کیا کہ اس کی دُم نہیں ہے۔ورنہ دُم اُن کو بکھیر کرگراتی۔انمار نے کہا کہ میں نے جب دیکھا کہ وہ صرف گھنی جھاڑی میں چرتا تھا اور جلدی سے وہاں سے گزر کر دوسرے ایسے مقام کو چلا جاتا تھا جہاں کا چارہ زیادہ نرم اور کمزور ہوتا۔میں نے قیاس کیا کہ وہ اپنے مالک کو چھوڑ کر بھاگتے بھاگتے چرتا جارہا ہے۔اس گفتگو کوسن کر (قاضی) جرہمی نے اونٹ والے سے کہا کہ انہوں نے تمہارا اونٹ نہیں لیا۔تو جا کر تلاش کر۔اوراب جرہمی (قاضی) نے اُن (نزار کے بیٹوں) سے پوچھا کہ آپ کون ہیں؟ انہوں نے اپنا پتہ بتایا۔اُس نے اُن کو خوش آمدید کہا اور کہا کہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ میرے پاس کسی ضرورت سے آئے ہیں۔پھر اُس نے اُن کے لئے کھانا منگایا اور سب نے مل کر کھانا کھایا اور شراب پی (معاذ اللہ)۔مضر نے کہا اس سے بہتر شراب میں نے کبھی نہیں پی۔مگر معلوم ہوتا ہے کہ انگور قبر پر پھلے تھے۔ربیعہ نے کہا میں نے آج سے بہتر گوشت کبھی نہیں کھایا۔مگر معلوم ہوتا ہے کہ جس جانور کا یہ گوشت ہے۔اس نے کُتیا کا دودھ پیا ہے۔ایاد نے کہا کہ ہمارے میزبان سے زیادہ فیاض آدمی میری نظر سے نہیں گزرا۔مگر یہ اُس باپ کا بیٹا نہیں ہے جس کا یہ مدعی ہے۔انمار نے کہا کہ میں نے آج سے پہلے اس سے زیادہ مفید گفتگو نہیں سنی تھی۔جرہمی (قاضی) نے بھی یہ گفتگوسن پائی اور اُسے بڑی حیرت ہوئی۔اُس نے جا کر اپنی ماں سے اپنا نسب پوچھا۔اُس نے کہا بے شک میں ایک بادشاہ کی بیوی تھی۔اس کے اولاد نہیں ہوتی تھی۔میں نے اپنے ایک مہمان کو موقعہ دیا اور اُس سے میں حاملہ ہوئی۔اس کے بعد اُس نے اپنے داروغہ سے دریافت کیا کہ شراب کہاں کی ہے؟ اس نے کہا یہ اُس انگور کی بیل کی ہے جو میں نے تمہارے باپ کی قبر پر بوئی ہے۔اب اس نے چرواہے سے گوشت کی حقیقت پوچھی۔اس نے کہا بے شک ایسی بکری کا ہے جس نے کتیا کے دودھ پر پرورش پائی تھی۔اوراس وقت تک گلے میں کوئی اور بکری جنی نہ تھی (یعنی بچہ والی نہ تھی) کہ اس کا دودھ پلایا جاتا۔جرہمی نے مضر سے پوچھا کہئے آپ نے کیوں کر شراب اوراس کے پھل کو شناخت کیا کہ یہ قبر پر پھلا ہے۔اس نے کہا کہ مجھے اُس کے پینے سے سخت پیاس معلوم ہوئی۔ربیعہ سے پوچھا تم نے گوشت کو کیونکر شناخت کیا۔اس کی بھی اس نے کوئی توجیہہ کردی۔اب اس نے پوچھا کہ اچھا آپ یہ بتایئے کہ میرے پاس کیوں آئے ہیں۔اُنہوں نے اپنا سارا واقعہ بیان کیا کہ ہمارے باپ نے ہمیں یہ وصیت کی تھی کہ وراثت کی تقسیم میں آپ لوگوں کو اختلاف ہوتو جرہمی سے فیصلہ کرانا۔'' (تاریخ طبری۔جلد اوّل صفحہ 52-51)

(10/6)۔ مشرکین عرب کی تاریخ کی ہروہ بات صحیح ہے جو سچ مچ اُن کے خلاف ہو

مشرکین عرب نے بڑی دانش مندی کے ساتھ مندرجہ بالا احمقانہ واقعہ گھڑا ہے۔احمقانہ اس لئے کہ کسی بھی مذہب وملت کے انسان کو، خواہ وہ بھنگی اور مردار خور ہی کیوں نہ ہو۔جب یہ پتہ چل جائے کہ جو گوشت وہ کھا رہا ہے۔وہ کتیا کے دودھ سے بنا ہے۔تو وہ قے کرتا، اُبکائیاں لیتا، دسترخوان سے اُٹھ جائے گا۔اور ہرگز نہ کہے گا کہ وہ گوشت تمام گوشتوں سے لذیذ تر ہے۔پھر عملاً واتفاقاً یہ بھی ناممکن ہے کہ ایک ہی دن اور ایک ہی وقت اس قسم کی تمام چیزیں اس دسترخوان پر جمع ہوجائیں جو فوراً بچھایا گیا ہو اور پہلے سے اس کی کوئی تیاری نہ کی گئی ہو۔پھر داروغہ کو یا چرواہے کو اُن انگوروں کی شراب بنانے، اس بکری کے ذبح کا ذمہ دار بھی ماننا پڑے گا جو ناممکن اور غلط ہے۔پھر

پیاس لگنے کے لئے دوسری بہت سی علامات واسباب موجود ہیں۔ یہ بھی ناممکن ہے کہ میزبان کوحرامی کہنے والی بات اتنی بلند آواز سے پکار کر کرنا، دانشمندوں کا کام نہیں ہے۔اور یہاں دانشوروں کی دانش ہی کا ذکر ہو رہا ہے۔پھر بادشاہ کے اس بیٹے کو بھی بادشاہ ہونا چاہئے تھا۔ پھر وہ توجیہہ غائب ہے جوایاد نے کی تھی۔اس واقعہ میں دانش مندی یہ ہے کہ دانش مندی کی آڑ میں خانوادہ رسولؐ کے بزرگوں کو شراب وحرام خوراور باپ کے نافرمان ثابت کر دیا۔اورلوگوں نے فضیلت کی آڑ میں اس نانہجار کہانی کوقبول کرلیا۔بہرحال اس کہانی میں جو چیز بلا شک وشبہ صحیح ہے وہ وہی ہے جو عربوں کے خلاف ہو۔اور دوسرے واقعات سے ثابت ہو۔مثلاً یہ کہ سبائی ،قحطانی اور جرھمی خاندانوں میں بے تکلف حرام کی اولاد پیدا کرا کے اپنے خاندان میں شمار کر لی جاتی تھی۔اس پر عربوں کی تاریخ اور قرآن وحدیث و مشاہدات گواہ ہیں۔اُن میں حرام خوری برابر جاری تھی ،حرام برابر جاری تھا، یہاں تک کہ قرآن نے مسلمانوں کوحرام وخبائث کھانے سے اور زنا اور وہ بھی اپنی ماں اور بہنوں سے زنا کوروکا (دیکھو کتاب، اسلام اور جنسی تعلقات)۔رہ گیا خانوادہ رسولؐ تو قرآن وحدیث کی رُو سے اس شاخ میں کوئی زانی ،حرام کار وحرام خور ہو ہی نہیں سکتا تھا۔اور ہم اسی بنا پر کسی نبیؑ کے والدووالدہ کو غیر معصوم نہیں مانتے اور رہ گئیں مشرکین عرب کے زیرانتظام تیار ہونے والی کتابیں، اُنکا نا قابل اعتبار ہونا بار بار ثابت ہو چکا ہے۔اُن کا ہر وہ قصہ غلط ہے، ہر وہ روایت باطل ہے، ہر وہ تفسیر شیطانی ہے،جس سے آنحضرتؐ کے بزرگوں اور اُن کی اولاد کی حکومت،عصمت واختیارات ومنزلت وغیرہ پر ظاہر و باطن حرف آئے یا جن سے ابلیسی اور طاغوتی خانوادے یا شجرہ ملعونہ کے افراد کو اسماعیلی قریشی یا ہاشمی وغیرہ بنانے کی بدبُو تک محسوس ہو۔

(10/7)۔ جاہلیت کے اندھیرے اور مشرکانہ گردوغبار میں قحطانی خاندانوں کا خانوادۂ رسولؐ سے الحاق

یہاں تک ہم جس پہلو پر زیادہ زور دیتے چلے آئے ہیں وہ یہی ہے کہ قحطانیوں کی مختلف شاخوں نے مکہ اور خانہ کعبہ پر اقتدار حاصل کرنے کیلئے ہر خفیہ اور اعلانیہ کوشش کی۔خواہ سبائی حکومتیں ہوں یا شاہان حیرہ (عراق) ہوں،شاہانِ حمیر ہوں۔ چونکہ قحطانی یا جرھمی حضرت اسماعیلؑ کی آمد سے پہلے ایک دفعہ حجاز اور مکہ پر قابض تھے۔لہٰذا انہوں نے اپنے مقبوضہ کو حاصل کرنے اور اس پر قابض رہنے کیلئے خاندانِ اسماعیلؑ کے سربراہانِ ملت کو بار بار اور کئی بار مکہ سے نکل جانے پر مجبور کیا اور اُن سے عظیم الشان نبطی حکومت نے مندرجہ بالا تمام قحطانی حکومتوں سے اسی تنازعہ کی بنا پر محاذ جنگ قائم رکھا اور بار بار حیرہ،حمیر اور سبائی حکومتوں سے مکہ کو واپس لے کر اپنے سربراہوںؑ کے سپرد کیا۔اسلئے قحطانی قبائل کی ساری حکومتیں اور اُنکے قبائل کا بچہ بچہ حضرت اسماعیلؑ کی سربراہ اور شاہی ذریت کا دشمن رہا۔قحطانی قبیلے کی ہر شاخ کے بادشاہ سے لے کر عام فرد تک اسماعیلیوں کو مٹانے کی پالیسی پر قائم رہے۔ چنانچہ یہ لوگ اسماعیلی خاندان کی نبطی اور غسانی حکومتوں سے نبرد آزما رہے۔حکومتیں ختم ہو جانے کے بعد یہ لوگ آنحضرؐت کے مقابلے پر آئے اور برابر خاندانِ رسولؐ سے برسرِ پرخاش رہتے چلے گئے۔ دشمنان خاندانِ اسماعیلؑ یا قحطانیوں کا گھریلو یا خفیہ محاذ برابر کوشاں رہا کہ اگر ہمارے تیغ بکف محاذ کو کامیابی نہ ہو تو ہم اپنی خدمات اور قرب کے ذریعہ اسماعیلیوں میں شامل ہو جائیں۔لہٰذا دشمن کے دونوں محاذوں نے پہلے یہ کوشش کی کہ حضرت نابت بن اسماعیلؑ کی نسل کو غیر عرب، غیر ملکی اور اجنبی قوم ثابت کیا جائے اور اُن کی دوسری حکومت یعنی غسانی شاخ کو قحطانی مشہور کیا جائے۔

چنانچہ اس سلسلے میں انہوں نے قبیلہ قضاعہ اور قبیلہ اوس وخزرج یعنی انصار تک کو قحطانی مشہور کر دیا۔ یہ گفتگو اور ثبوت گزر چکا

ہے۔اور قحطانی خفیہ محاذ نے رفتہ رفتہ بطور پناہ، بطور حلف، بطور خدمت و غلامی اسماعیلی بننا اور کہلانا شروع کیا۔ یہاں تک کہ اُنہوں نے اپنے بعض ماہرین کو نسابوں اور اہلِ قلم کی صورت میں چاروں طرف پھیلا دیا۔اور زبانی چلنے والے شجروں میں الحاق کرنے، نئے نام، القابات کی آڑ میں شامل کرنے، بعض صحیح اور مشہور نام چھوڑ کر چند پشتوں کے اوپر الحاق شدہ نام دہرانے کا ہنگامہ برپا کر دیا۔ یہ لوگ گھر گھر جاتے، بازاروں اور دکانوں اور جلسہ گاہوں میں پہنچتے اور نسب ناموں میں کتر و بیونت کے ہنر دکھاتے۔انعام و اکرام کیلئے ایک خاندان کے افراد کے ساتھ دوسرے خاندان کے افراد کا جوڑ لگاتے۔کبھی ابن فلاں بن فلاں کی گردان کرتے۔کبھی کہتے زید و بکر و عمر و صخر و سعد و نوفل سب ہی اپنا جواب نہ رکھتے تھے۔کوئی سوال یا اعتراض کرتا تو کہتے کہ جناب ہم نے ابن فلاں بن فلاں نہیں کہا ہے یہ تو وہ لوگ تھے جو فلاں خاندان کے وفادار دوست تھے۔بے بدل حلیف تھے۔بیٹوں سے زیادہ پیار سے پالے ہوئے لے پالک فرزند تھے۔کوئی اپنا پڑھایا ہوا وظیفہ خوار بڈھا کھوسٹ اُٹھتا اور کہتا کہ تم کہاں سے نسّابی سیکھے ہو۔تم کل کے بچے ہو۔ہمیں عمر گزر گئی اُن بزرگوں کو فلاں خاندان کے بزرگوں میں ابن فلاں بن فلاں کے ساتھ سنتے ہوئے۔نسّاب اکڑ جاتا۔چیلنج کرتا اور اِدھر اُدھر سے پارٹی کے نسّاب اور بڈھے جمع ہوتے۔مناظرہ ہوتا آخر وہ سب متفق ہو جاتے کہ جی یہی صحیح ہے۔آئندہ ہم یوں کہا کریں گے۔کعب بن سعد بن عمرو بن تیم و عدی بن مرہ بن کعب۔ہمیں افسوس ہے کہ ہم انہیں حلیف اور دوست سمجھتے رہے۔بس اب اجماع ہو گیا۔قحطانی اسماعیلی اور اسماعیلی قحطانی بنائے جاتے رہے۔کسی نے کہا کہ عبدالدار بیٹا تھا۔دوسرے نے خم ٹھونک کر کہا تم بکتے ہو وہ غلام تھا۔تیسرے نے کہا کہ نہ وہ بیٹا تھا، نہ غلام تھا۔وہ تو لے پالک تھا۔چوتھا محقق اُٹھا۔اس نے کہا کہ بھائیو تم سب صحیح کہتے ہو الفاظ کا فرق ہے۔ارے بھائی وہ بیٹا ہو کر تمام بیٹوں سے زیادہ خدمت کرتا تھا۔ایک دن باپ نے دوسرے بیٹوں کو سبق دینے کیلئے اُسے غلام کہہ کر مخاطب کیا تھا اور ایسا کوئی بیٹا ہوتا ہی نہیں جو لے پالک نہ ہو۔ارے خدا سے لے کر پالنا ہی تو لے پالک کے معنی بھی ہیں۔ویسے بھی شریف لوگ چھوٹے بچوں کو بیٹا اور بچیوں کو بیٹی کہتے ہی ہیں اور اگر ہم گھر میں رکھیں تو بیٹا بیٹی کہنے کے ساتھ اُن کی پرورش بھی اپنے بیٹوں کی طرح کرتے ہیں۔اور دل دکھ جانے سے ڈر کر لوگوں کے روبرو بھی، سوال کرنے پر بھی اپنا ہی بیٹا یا بیٹی کہتے ہیں۔اور جوان ہو جانے پر اُن کی شادیاں کرتے ہیں اور اگر شرافت کے اُس ماحول میں کوئی قحطانی مشرک داخل ہو جائے تو وہ نہایت آسانی سے شجرہ میں ردّ و بدل بھی کر سکتا ہے۔چنانچہ قرآن میں اُس بیٹے کا ذکر ہے۔جسے قحطانی اصول توڑنے اور اُس مشرکانہ الحاق کو ہمیشہ کیلئے خاندانِ رسولؐ سے جدا رکھنے کیلئے فرمایا گیا کہ:۔

''محمدؐ تمہارے مردوں میں سے کسی ایک کا بھی باپ نہیں ہے۔'' (احزاب 33/40)

اور یہ کہ ''ان کی ازواج تم سب کی مائیں ہیں۔'' (احزاب 33/6)

اور تم لوگوں کو اُن سے نکاح کرنا قیامت تک حرام ہے۔یعنی اُن کی لڑکیوں سے بھی تم لوگ نکاح نہیں کر سکتے ورنہ اَبَدًا کی لفظ بلاضرورت ہو کر رہ جائے گی (33/53)۔یہاں سے خاندان رسولؐ کی عورتوں کی معرفت بھی الحاق کا دروازہ بند کر دیا۔ورنہ کہا جاتا کہ میں ماں کی طرف سے سید ہوں۔لہٰذا اب کوئی سید نہیں ہے۔سوائے اُس کے جس کا باپ سید ہو۔(اس سلسلہ میں ہماری کتاب ''اسلام اور جنسی تعلقات'' نہایت ضروری ہے)۔بہرحال خاندان اسماعیل میں ایرے غیرے لوگ داخل ہونے کی مہم چلاتے رہے۔اور اس مہم کو

کامیاب بنانے کے لئے جناب عدنان علیہ السلام کے بعد والی سولہ نسلوں کے مفصل حالات کو تاریخ سے چاٹ گئے۔سید بزرگوں کے لئے دو دو چار جملے مشہور کئے اور قحطانیوں کے افراد کو اُن کے بیٹوں میں شمار کرنا شروع کیا۔اور ظہورِ قرآن کے وقت دس بارہ قحطانی خاندان پکے اسماعیلی مشہور ہو چکے تھے۔اور اوس وخزرج وقضاعہ اور نبطی وغسانی خاندان قحطانی بتا کر اطمینان کر لیا گیا تھا۔مگر تمام الحاقی قحطانیوں کو اُس شجرۂ طیبہ سے نکال کر دور کرنا ہمارا کام ہے۔جس طرح یہ لوگ نبطیوں،غسانیوں،بنو قضاعہ اور اوس وخزرج کو قحطانی بنانے میں فریب ساز ہیں اُسی طرح اولاد اسماعیلؑ میں قحطانیوں کو داخل کر کے اسماعیلی یا قیداری یا قریشی کہلانے میں جھوٹے ہیں۔اُن کے حالات و واقعات وصفات وعادات وتصورات کہیں بھی حضرت اسماعیلؑ کے خاندان کے افراد سے نہیں ملتے۔اُن کا اچھے سے اچھا اور کریم سے کریم فرد بھی متفنی اور کمینہ اعمال سے پاک نہیں ملتا۔پھر اُن کی اعلانیہ اور پوشیدہ تین ہزار سالہ دشمنی بتاتی ہے کہ یہ ضرور ابلیسی اشتراک سے پیدا ہونے والے لوگ تھے۔اور جب اُن کو قرآن کی مدد سے پہچان لیا گیا تو پھر اُنہوں نے اسی خاندان کو دنیا سے مٹا کر چھوڑنے کا پروگرام بنا لیا،جس کے ممبران بننے کے لئے صدیوں تک تاریخ کے چاروں طرف دُھول اور گرد وغبار اُڑایا تھا۔یہاں سے آگے اُن کی چند کُھلی کُھلی کوششیں آپ کے سامنے آنے والی ہیں۔

11۔ حضرت قُصیؑ؛قریش اور لفظ قریش کی آڑ میں پوشیدہ قحطانی

اس عنوان میں آپ کو وہ تمام کوشش نظر آئے گی جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانۂ حیات اور اُنکے انتقال کے بعد کیلئے قحطانی ذریت نے کی تھی۔حضرت عدنان علیہ السلام کے بعد رسول اللہ اور علی مرتضیٰ علیہما السلام تک اکیسویں (21) پشت ہے۔جناب قصی علیہ السلام اُن دونوںؑ حضرات کے اوپر پانچویں پشت میں ہیں۔اور جناب قصیؑ ہی وہ بزرگ ہیں جو تمام قحطانیوں کی اڑائی ہوئی دھول اور مکر وفریب کے گرد وغبار میں پوری آب وتاب سے چمکتے چلے آئے اور یہی وہ پاکیزہ خصلت اور دھڑلّے کے انسان ہیں جن سے چمٹ جانے اور ملحق ہو جانے کیلئے مشرکین ومومنینِ عرب نے پورا زور لگایا۔اور جو کسی طرح اُن کے پہلے بزرگوں سے اپنا الحاق اور مصنوعی نسب نامہ مشہور کرا چکے تھے۔اُنہوں نے یہ ترکیب کی کہ جس جس سے اپنا نسب چپکا یا اُن کو قریش کے القاب سے پکار کر خود قریشی اور پھر اسماعیلی بن جانے کی مہم جاری کر دی۔لیکن ہم ان تمام ترکیبوں کا پردہ فاش کر کے تمام غلط خاندانوں سے قریشیت کا لیبل اُتار کر اُن کو قحطانی الاصل دکھائیں گے۔اور پھر یہ لفظ قریش بھی ایک دھوکے کی ٹٹی کی طرح اُن ہی کے حوالے کر دیں گے۔اس لئے کہ خانوادۂ رسولؐ کے لئے یہ لفظ دراصل توہین کا نشان بنا دیا گیا ہے۔

(11/2)۔ قریش کے معنی میں اختلافات اور بے تکی باتیں

لوگوں نے اپنا نسب خانوادۂ رسولؐ سے ملانے کیلئے لفظ قریش کو مروڑ مروڑ کر اُسکی جان نکال دی۔علامہ سید سلیمان ندوی لکھتے ہیں کہ:۔

(i) ''لفظ قریش کے عربی میں متعدد معنی ہیں۔اُسکا ایک ماخذ تقریش وتقرش ہے۔جس کے معنی اکتساب وتحصیل ہیں۔خیال ہے کہ چونکہ اس خاندان کا اصل پیشہ تجارت تھا۔اس لئے قریش کے نام سے موسوم ہے۔''(ارض القرآن جلد دوم صفحہ 97)

اگر علامہ کی یہ توجیہہ جو بقول اُن کے خیالی ہے، صحیح مان لی جائے تو عرب میں قحطانی حضرت اسماعیل علیہ السلام کی پیدائش سے بھی پہلے سب سے بڑے تاجر تھے اور اصل پیشہ تجارت تھا۔ لہٰذا لفظ قریش ایک قحطانی لقب ہے جو برابر قحطانیوں کا ٹائٹل تھا۔ اور انہوں نے نہایت چابکدستی سے خاندان اسماعیلؑ میں اس لفظ کو مختلف بزرگوں سے چپکا کر خود اسماعیلؑ کی اولاد میں شریک ہو جانے کے لئے راہ نکالی اور ملاحظہ ہو:۔

(ii) ''قریش ایک دریائی درندہ جانور کا بھی نام ہے۔ جو دریائی جانوروں کا شکار کرتا ہے۔'' (ارض القرآن جلد اول صفحہ 97)

یہاں قارئین لاحول پڑھ کر کہہ دیں کہ لفظ قریش کو رسولؐ اور خاندان رسولؐ کے ساتھ لقب کے طور پر استعمال کرنا ایسی توہین و جسارت ہے جو قحطانی مشرکین ہی کو زیب دیتی ہے۔ ہمیں اور ہمارے رسولؐ کو اس لقب سے معاف رکھیں۔ یہ واقعی اُن لوگوں کا لقب تھا۔ جنہوں نے خود کو رسولؐ اللہ کی قوم مشہور کر رکھا تھا۔ اور پھر قرآن کے خلاف محاذ بنا کر اُس سے ہجرت کر گئی تھی اور رسولؐ نے اللہ سے شکایت کی تھی کہ: یٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِی اتَّخَذُوْا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ مَھْجُوْرًا○ (فرقان 25/30)

اَے میرے پالنے والے میری اس قوم قریش نے اس پورے قرآن کو چھوڑ کر ایک الگ قانون کو راہنما بنالیا ہے۔

علامہ شبلی فرماتے ہیں کہ:۔

(iii) ''قریش کی وجہ تسمیہ میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ قریش کے معنی جمع کرنے کے ہیں۔ قصی نے لوگوں کو ایک رشتے میں منسلک کیا۔ اِس لئے قریش کہلائے۔ بعض کہتے ہیں کہ ایک مچھلی کا نام ہے۔ جو تمام مچھلیوں کو کھا جاتی ہے۔ چونکہ قصی بہت بڑے سردار تھے۔ اس لئے اُن کو اُس مچھلی سے تشبیہ دی۔ عام خیال یہ ہے کہ قریش، قصی یا کسی اور شخص کا نام ہے۔ لیکن سہیلی کی تحقیق یہ ہے کہ یہ قبیلے کا نام ہے۔ جس طرح قبائل عرب جانوروں کے نام پر نام رکھتے تھے۔ جیسے اسد (شیر) نمر (چیتا) وغیرہ۔ مورخین یورپ کا خیال یہ ہے کہ یہ قبائل جانوروں کی پرستش کرتے تھے۔ اور اُن ہی جانوروں کے نام سے وہ قبائل مشہور ہو جاتے تھے۔ لیکن عربی تاریخوں میں اس کا پتہ نہیں ملتا۔'' (سیرۃ النبیؐ جلد اوّل صفحہ 164 حاشیہ)

یہاں قارئین یہ سمجھ لیں کہ اختلاف تو اس لئے ہے کہ بعض لوگوں پر جب اس مشرکانہ شہرت کے متعلق اعتراضات کی بوچھاڑ ہوئی تو جس سے جو بن پڑا بکتا اور توجیہات کرتا چلا گیا۔ پھر یہ بھی ایک جھوٹ ہے کہ عربی میں قریش کے متعدد یا بہت سے معنی ہیں۔ عربی میں ہر ایک لفظ کے ایک معنی ہوتے ہیں۔ البتہ جن جہلا کو ہر تصور کے لئے الگ الگ لفظ معلوم نہیں ہوتا وہ ایک ہی معلوم لفظ کو جگہ جگہ بولے گا۔ یا پھر مشرکین عرب قرآن کو بے وزن اور موم کی ناک بنانے کے لئے ایک ایک لفظ کو مختلف معنی میں رگڑیں گے۔ تاکہ آیات و احکام کے معنی جدھر چاہیں موڑتے چلے جائیں اور تمام کافرانہ تصورات اسلامی بن جائیں۔

قارئین خود بتائیں کہ آپکو درندہ ہونے کا لقب دیا جائے، مچھلی بنا دیا جائے تو کیا آپ خوش ہونگے؟ ہم اگر واقعی بڑے سردار ہوتے تو ہرگز یہ برداشت نہ کرتے کہ درندہ یا درندہ مچھلی کہا جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ قحطانی مشرکین نے خانوادہ رسولؐ کی توہین کرنے اور لوگوں کو یہ بتانے کیلئے درندہ قرار دیا ہے کہ عرب کی دوسری اقوام کو جب اُنکا دل چاہے آنحضرتؐ کی نسل کُشی کیلئے متحد کر سکے۔ ذرا سوچئے

جس بزرگ نے اُن پر احسانات کیئے، انہیں نئی زندگی بخشی، اُن کے بچوں اور ناموس کو عربی بدّوؤں اور ڈاکوؤں سے محفوظ کیا۔ یہ احسان فراموش گروہ اسی بزرگ کو درندہ مشہور کرتا ہے۔ اور اس بدباطنی پر فخر بھی کرتا ہے۔ اور آخری بات یہ کہ قریش کسی اور قبیلے کا نام تھا جو درندہ مچھلی کی پوجا کرتا تھا۔ اس سے پھر یہ ثابت ہوا کہ مشرکین کے زیر اہتمام لکھی ہوئی تاریخ از سرتا پا جھوٹ اور افترا کا ایک بڑا بدبودار بنڈل ہے۔ جسے اُن کے محققین و مؤرخین روزانہ جھوٹی تاویلات و توجیہات لکھ لکھ کر کاغذوں میں لپیٹ لپیٹ کر تعفّن کو کم کرنے میں مصروف رہتے چلے آئے ہیں۔ اور نہیں سمجھ پاتے کہ بدبو اور نفرت ساری دنیا کا دماغ پھاڑے دے رہی ہے۔ رہ گئی یہ بات کہ علامہ شبلی یا کسی اور مشرکین عرب کے تاریخی انبار میں بعض چیزیں نہیں ملتیں یہ قابل تعجب نہیں ہے۔ اسلیئے کہ ہر وہ حقیقت اور ہر وہ نشان مٹا دیا گیا تھا جو مسلمانوں کی باغی حکومتوں کو پسند نہ تھا۔

جناب علامہ طبری نے قریش کی وجہ تسمیہ کی تحقیق کی۔ بسم اللہ ہی میں قریش کی نقاب نوچ لی ہے وہ لکھتے ہیں کہ:۔

(iv) ''ابن الکلبی کہتا ہے کہ قریش کے معنی نسب کا دیوان (یعنی شجرہ نسب کی کتاب) ہیں۔ قریش نہ کسی کا باپ ہے نہ ماں ہے نہ کسی کا تربیت کرنے والا ہے نہ کسی کو پالنے والی ہے۔'' (تاریخ طبری۔ جلد اوّل صفحہ 47)

لیجئے جھگڑا ختم ہو گیا کہ وہ ساری توجیہات و تاویلات محض مشرکانہ بکواس تھیں۔ قریش سرے سے کسی مرد یا عورت کا نہ نام تھا نہ لقب تھا۔ بلکہ قریش تو کسی ایسی کتاب کا نام تھا جس میں کوئی خاص نسب نامہ لکھا ہوا تھا۔ ہم اس بکواس میں ایک قرین قیاس اضافہ کرتے ہیں کہ یہ کوئی ایسی کتاب تھی جو مارکس، لینن یا افلاطون کی طرح حسب و نسب کو مٹانے اور عورت کو ماں، بہن اور بیٹی کے رشتوں کی پابندیوں سے آزاد کر کے نسبی تفریق اور ترجیحات کو دنیا سے ختم کرنے والی تھی۔ یہ اس دلیل سے صحیح قیاس ہے کہ آگے چل کر عربوں نے اس پر عمل کیا۔ یہاں تک کہ قرآن کریم اور رسول کریمؐ نے ماں اور بیٹی اور بہن سے نکاح کو حرام ٹھہرا دیا۔

(11/3)۔ قریش اگر لقب تھا؟ تو کس کا لقب تھا؟ مشرکین کوئی مستقل بات نہیں کہا کرتے

اس عنوان میں ہم یہ دکھائیں گے کہ جب بعض خاندانوں نے یہ دیکھا کہ اُن کی محنت اور پروپیگنڈا خوب پھیل گیا اور قریش لوگوں کی زبانوں اور خود ساختہ کہانیوں میں دہرایا جانے لگا تو انہوں نے اپنے اپنے مورث اعلیٰ کو قریشی بنانے کے لئے یہ بحث شروع کی کہ قریش کس کا لقب تھا؟ تا کہ اس فرضی تعین کے ساتھ اُن کا خاندان بھی قریش بن جانے سے محروم نہ رہے۔ بات بھی صحیح تھی۔ اس لئے کہ قحطانیوں کی ہر شاخ کے ہر فرد نے اسماعیلی بن جانے میں تعاون اور محنت کی کمی نہ چھوڑی تھی۔ اس لئے ضروری تھا کہ خاندان رسوؐل کی اس دشمن قوم کے تمام افراد کو اس محنت کا پھل ملے۔ چنانچہ قارئین کو عرب کی تاریخ میں یہ بھی ملے گا کہ اولاد ابراہیمؑ اتنی بڑھی تھی کہ عرب کے تمام قبائل ابراہیمؑ ہی کی اولاد میں سے تھے۔ اور عرب کے تمام قدیم باشندے یعنی عاد اولیٰ، عاد ثانیہ، ثمود اولیٰ اور ثمود ثانیہ، قبیلہ سبا، قحطانی لحیانی اور جرھم وغیرہ سب مٹ گئے تھے۔ گویا رسوؐل اللہ کی بعثت کے وقت سارے ملک میں اسماعیلؑ نسل ہی باقی تھی۔ اور خصوصاً مکہ میں تو کوئی ایسا خاندان تھا ہی نہیں جو قریشی نہ ہو۔ یعنی بعثت سرورؐ دو عالم تک تمام قحطانی قریش کے پردوں میں پوشیدہ ہو چکے تھے۔ اب ہم قحطانیوں کا جال واپس اُن ہی پر ڈالیں گے تا کہ اُن کے علاوہ کوئی اور شریف خاندان لفظ قریش سے داغدار نہ رہے۔ اور

صرف قحطانی ہی لفظ قریش سے مُلقب رہ جائیں۔اور خاندان رسولؐ کا شجرہ طیبّہ قریشی فریب سے باہر نکل آئے۔آیئے ایک قریشی سید سلیمان ندوی کے قلم سے ابتدائی نفی سُنئے:۔

(i) ’’قریش دنیا کی تاریخ میں کب ظاہر ہوئے؟اور اس خاص خاندان کی کب بِنا پڑی؟ تاریخوں میں اسکا ذکر نہیں،اس قدر معلوم ہے کہ (حضرت) عبدالمطلبؑ چھٹی صدی عیسوی کے اواسط (درمیان) میں موجود تھے۔(حضرت) عبدالمطلبؑ سے فہر (علیہ السلام) تک دس پشتیں ہوئیں۔ایک پشت کیلئے پچیس (25) برس کا زمانہ اگر فرض کیا جائے تو ڈھائی سو برس کی مدت قرار پاتی ہے۔اس بنیاد پر قریش کے اعاظم رجال (بڑے لوگوں) کے حسب ذیل تقریبی سنین ہم متعین کر سکتے ہیں۔‘‘(ارض القرآن جلد دوم صفحہ 101)

یہ طے ہو گیا کہ دنیا کی تاریخ میں یہ کہیں نہیں ہے کہ قریش اور قریشی کب وجود میں آئے۔لہٰذا علامہ نے یہ تُک لگائی ہے کہ جب سے حضرت فہر علیہ السلام دنیا میں ہیں اسی وقت سے قریش بھی دنیا میں ظاہر ہوئے اور فہر کو اسلئے اختیار کیا گیا ہے کہ زیادہ سے زیادہ قحطانی قریش بنائے جاسکیں۔اس سے پہلے وہ اُن تمام مؤرخین کو جھوٹا ثابت کر چکے ہیں جنہوں نے حضرت نضر بن کنانہ کو قریش لکھا ہے اور اُن کو غلط گو قرار دے چکے ہیں جنہوں نے حضرت قصیؑ کو لفظ قریش سے منسوب کیا تھا۔انہوں نے لکھا تھا کہ:۔

(ii) ’’قریش ایک دریائی درندہ جانور کا بھی نام ہے جو دریائی جانوروں کا شکار کرتا ہے۔(حضرت) فہرؑ نے اپنے استیلا یعنی غلبہ و قوت کے اظہار کے لئے یہ لقب اختیار کیا۔‘‘(ارض القرآن۔جلد دوم صفحہ 98-97)

مطلب یہ ہے کہ حضرت فہرؑ کو درندہ سے بہتر کوئی لفظ معلوم ہی نہ تھا۔اور معاذ اللہ انہیں درندگی پسند تھی۔پھر علامہ نے صفحہ 99 پر قریش کے شجرہ کو بھی حضرت فہرؑ ہی کے نام سے نیچے تک لکھا ہے۔جس میں اُن تمام موٹے موٹے خاندانوں کو جناب فہرؑ کی نسل میں لکھا ہے جو اسماعیلی بنائے جارہے تھے۔اور کھل کر لکھا ہے کہ ’’فہر کا لقب قریش تھا۔‘‘(صفحہ 97)

اب علامہ شبلی کا بیان سنئے اور دیکھئے کہ سید سلیمان ندوی اپنے استاد کے خلاف فہرؑ کو قریش بنا گئے اور بات پکی کرنے کے لئے کسی اختلاف کا ذکر تک نہ کیا۔یہی طریقہ ہے کہ ہر بعد میں آنے والا قحطانی مؤرخ پچھلے اختلاف پر پردہ ڈالنے کو اپنا مذہبی فریضہ اور خدمت اسلام سمجھتا رہا ہے سنئے ارشاد ہے کہ:۔

(iii) ’’آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خاندان اگرچہ اباً عن جدٍّ معزز وممتاز چلا آتا تھا۔لیکن جس شخص نے اس خاندان کو قریش کے لقب سے ممتاز کیا وہ نضر بن کنانہ (علیہما السلام) تھے۔بعض محققین کے نزدیک قریش کا لقب سب سے پہلے فہرؑ کو ملا۔اور اُن ہی کی اولاد قریش ہے۔‘‘(سیرۃ النبیؐ۔جلد اوّل صفحہ 163-162)

اس بیان سے وہ ہزاروں افراد اس خود ساختہ لقب سے محروم ہو گئے جو جناب نضر اور مالک علیہما السلام سے متعلق تھے۔لیکن یہ اختلاف ہی ان تمام بیانات کو باطل کرتا ہے اور بات وہی صحیح ہے کہ قریش نہ کسی باپ کا نام ہے،نہ کسی بیٹے کا،نہ کسی ماں کا نام ہے،نہ کسی خاندان کا،یہ تو ایک جھوٹے نسب کی داستان ہے جو کسی زمانہ میں کسی دیوان یا رجسٹر میں لکھی گئی تھی۔آگے چل کر علامہ شبلی نے حضرت قصی علیہ السلام کے نظم وضبط واقتدار وحکومت کی مدح وثنا کی ہے اور لکھا ہے کہ:۔

(iv) ''اور بعض لوگوں کا بیان ہے کہ قریش کا لقب اوّل (حضرت) قصی ہی کو ملا۔'' (سیرۃ النبیؐ۔صفحہ 164)

اس سے پہلے قارئین نے سیرۃ النبیؐ ہی سے یہ دیکھا تھا کہ قریش کا لقب قصی ہی کو ملا تھا۔ (پیرا نمبر 11/2 کا iii)

جناب طبری فرماتے ہیں کہ یہ لقب نضر کا نہیں اُن کی اولاد کا تھا۔

(v) ''دوسرے اربابِ سیَر کہتے ہیں کہ بنو النضر بن کنانہ کا (یعنی نضر بن کنانہ کی اولاد کا) نام قریش یوں ہوا کہ ایک دن نضر بن کنانہ اپنی قوم کی چوپال میں آیا جو لوگ وہاں تھے اُن میں سے کسی نے دوسرے سے کہا نضر کو دیکھو وہ ایک بڑا زبردست اونٹ معلوم ہوتا ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ قریش کا یہ نام ایک بحری جانور کے نام پر رکھا گیا ہے۔ جسے قرش کہتے ہیں۔ اور وہ تمام دوسرے بحری جانداروں کو کھا لیتا ہے۔ اور چونکہ وہ تمام بحری جانوروں میں سب سے زیادہ قوی اور زیادہ طاقتور ہوتا ہے۔ اس لئے بنو نضر بن کنانہ (نضر کی اولاد) کو اس سے مشابہت دی گئی ہے۔ یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ چونکہ نضر بن کنانہ لوگوں کے حالات کی تفتیش کر کے اپنے مال سے اُن کی حاجت براری کرتا تھا۔ اور قریش کے معنی اُن کے بیان کے مطابق تفتیش کے ہیں۔ اور اُس (نضر) کے بیٹے بھی حاجیوں کے حالات کی تفتیش کر کے اپنی استطاعت کے مطابق اُن کی حاجت براری کرتے تھے۔ اُن کا یہ لقب ہوا۔ انہوں نے قریش کے معنی جو تفتیش کے لئے ہیں۔ اس پر وہ کسی شاعر کا یہ شعر شہادت میں پیش کرتے ہیں۔

ایُّھا الناطق المقرش عنا عند عمرو فھل لھنّ انتھاء

ترجمہ: اَے شخص جو ہمیں عمرو کے یہاں دریافت کر رہا ہے۔ کچھ ہماری محبوباؤں کی بھی خبر ہے۔

یہ بھی کہا گیا ہے کہ نضر بن کنانہ کا نام ہی قریش تھا۔ یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ جب تک قصی بن کلاب نے تمام بنو نضر بن کنانہ کو ایک جا جمع نہیں کر دیا۔ یہ بدستور بنی نضر ہی کہلاتے رہے۔ جب یہ سب جمع ہو گئے تو اب اُن کو اس لئے قریش کہا جانے لگا کہ تجمع ہی تقرّش ہے۔ اس بنا پر عرب کہنے لگے۔ '' تَقَرَّش بَنُو ا لنَّضَر '' یعنی بنو نضر جمع ہو گئے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ بنو نضر کو قریش اس لئے کہا گیا ہے کہ اب انہوں نے غارت گری چھوڑ دی۔'' (طبری۔ جلد اوّل صفحہ 48-47)

(vi) اس بیان میں لفظ قریش پر جو اختلاف کا ہنگامہ سامنے آیا ہے اُس پر زیادہ توجہ کی ضرورت نہیں ہے۔ اسلئے کہ اس سے پہلے اس تمام جعل سازی کا پردہ چاک ہو چکا ہے۔ یہاں تو یہ دیکھئے کہ بار بار جو جملہ استعمال ہوا ہے یعنی ''یہ بھی کہا گیا ہے'' یا ''یہ بھی بیان کیا گیا ہے'' اور یہ کہ ''بعض محققین نے یہ کہا ہے'' اور یہ کہ ''بعض مؤرخین کی یہ تحقیق ہے۔'' یہ سب کچھ کسی ایک ہی زمانہ کی بات نہیں ہے، نہ ہی یہ سب کچھ کسی ایک شخص نے کہا تھا۔ بلکہ اس بکواس کی تکمیل اس طرح ہوئی کہ سب سے پہلے کسی واقعہ کو گھڑنے والے نے جو موزوں سمجھا کہہ دیا یا لکھ دیا۔ آگے چل کر جب اُس پہلی گھڑنت پر اعتراض ہوا تو دوسرے فریب ساز نے ایک دوسری صورت سے اُس پہلے جھوٹ کو لکھا اور کہہ دیا کہ یوں بھی کہا گیا ہے۔ اس طرح آج 1394 ہجری تک یہ جعلسازی آ پہنچی ہے۔ فرق اس قدر ہو گیا ہے کہ اب یہ فریب ایک فن اور ابلیسی سائنس بن چکا ہے۔ چنانچہ آج کے مؤرخین و محققین جو کچھ کر رہے ہیں اُس کی مکمل تصویر جناب شبلی، جناب سر سید احمد خان، مسٹر پرویز، مولانا مودودی کے یہاں موجود ہے۔ اور چند دوسرے اہل قلم تو اس حد پر جا پہنچے ہیں کہ انہوں نے لکھ

دیا کہ محمد اسماعیل بخاری ہی نہیں بلکہ تمام عجمی محدثین، جیسے ترمذ کے ترمذی سب کے سب شیعہ تھے۔تمام مؤرخین شیعہ تھے۔اس قسم کے حدود فراموش اہل قلم کھل کے اعلان کر چکے ہیں کہ یزید اور معاویہ حقیقی اسلام کے راہبر تھے۔اور اُن کے تمام مخالف باغی تھے۔اور اُن کی سزا اس سے زیادہ تھی جو کربلا وغیرہ میں دی گئی۔ہم دراصل اسی گروہ کو مخاطب کرتے ہیں اور اُن کے تمام مددگاروں کو آڑے ہاتھوں لیتے ہیں۔اس بیان میں قریش کے معنی ایک قوی ھیکل اونٹ بھی بتائے گئے ہیں۔یعنی چند خبیث لوگوں نے جناب نضر علیہ السلام کو اونٹ قرار دیا اور پھر نضر کی اولاد نے خود اونٹ ایسا جانور ثابت کرنے کے لئے یہ لقب اختیار کر لیا۔حالانکہ زیادہ سے زیادہ جو ماننا ممکن تھا وہ بات یہ ہوسکتی تھی کہ خانوادہ رسوؐل کو اُن کے دشمن طرح طرح کے بُرے اور بدنام کن القاب اور ناموں سے مشہور کیا کرتے تھے۔حالانکہ یہ سب کچھ بعد میں گھڑا گیا ہے۔یہ سب القاب اور حیلے محض اسلئے تیار کئے جاتے رہے کہ جس طرح ہو سکے قحطانی وسبائی گروہ خانوادۂ رسولؐ میں شمار ہوسکیں۔چنانچہ جب یہ دیکھا گیا کہ ہمارا قریشی جال کمزور ہے،اس کی بعض کڑیاں بہت ڈھیلی ہیں تو پھر ایک اور طریقہ اختیار کیا گیا تاکہ لفظ قریش کو جس طرح بھی ہو قبول کر لیا جائے۔لہٰذا ایک عام چھوٹ دی گئی جس سے لوگوں کو یہ موقعہ ملے کہ فلاں فلاں قبائل قریش نہ تھے صرف ہم قریش ہیں۔اس سلسلے میں علامہ سید سلیمان صاحب کا بیان پڑھیں:۔

(vii) **''قریش کی ایک اور تقسیم''** ''قریش کی جن شاخوں کا اوپر ذکر ہوا۔وہ طرزِ زندگی کے لحاظ سے دو جماعتوں میں منقسم تھے۔

(1) قریش الظواہر''۔(2) قریش البطائح''۔قریش ظواہر دیگر بادیہ نشین قبائل کی طرح مکہ کے آس پاس صحرا میں خانہ بدوشانہ زندگی بسر کرتے تھے۔قریش البطائح شہری زندگی کے عادی تھے۔''

اسکے بعد علامہ نے بنوتیم وغیرہ بہت سے قبائل کو نام بنام ظاہری قریش لکھا ہے اور آخر میں ابن خلدون کے حوالہ سے بتایا کہ:۔

''ابن خلدون نے لکھا ہے کہ بنوقصی اور بنوکعب بن لوی کے سوا قریش کی اور تمام شاخیں قریش ظواہر تھیں۔اصل یہ ہے کہ تمام تاریخیں اس پر متفق ہیں کہ قریش کی سیاسی عظمت وجلال کا بانی قصی (علیہ السلام) تھا۔قصی سے پہلے قریش میں کسی قسم کا نظام قومی نہ تھا۔مکہ ایک مرکز تھا اور اسکے دائرہ میں قریش کے تمام خاندان چکر لگاتے تھے۔قصیؑ سب سے پہلا شخص ہے جس نے قریش میں قومی ہیرو کی حیثیت پیدا کی۔''(ارض القرآن۔جلد دوم صفحہ 101-100)

یہاں تک بار بار حضرت قصی علیہ السلام کا قریش ہونا اور اُن سے قبل لفظ قریش کا وجود نہ ہونا ثابت ہوا ہے۔اس کو مان لینے سے صرف وہ لوگ قریش رہ جائیں گے جو جناب قصی کی اولاد میں ہوں۔اور جناب ابوبکر وعمر دونوں خاندان قریش سے خارج ہو جائیں گے۔اس فریب میں آ کر علمائے شیعہ نے اس لفظ کو اختیار کر لیا اور اس بحث میں اُلجھ گئے کہ جناب قصی اور آنحضرتؐ اصلی قریش تھے۔لیکن ہم لفظ قریش کی خانوادہ رسولؐ وحضرت اسماعیلؑ کی اولاد سے نفی کرتے ہیں۔اور عقلی ونقلی یعنی تاریخ وحدیث سے اُن کا قریش نہ ہونا بلکہ قحطانیوں کا قریش ہونا ثابت کرتے ہیں۔اور قحطانیوں کے کسی فریب میں نہیں اُلجھتے ہیں۔علامہ خلدون یا دیگر علما کا قریش ظواہر اور قریش بطائح کہنا بھی ایک چال ہے۔تاکہ سارے خانہ بدوش اور تمام شہری باشندے قریش کی چادر اوڑھ لیں اور قحطانی بھی اُن میں گم ہو جائیں۔مگر ہم کہتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ کچھ تو اصلی قریش تھے اور کچھ بظاہر قریش یعنی بناوٹی قریش تھے۔یعنی قحطانی بباطن بھی

قریش تھے اور بظاہر بھی۔ باقی اُن کے حوالی موالی بناوٹی قریش تھے۔ تاکہ بغاوتوں میں اصلی قریش کا ساتھ دینے کے لئے تیار رہیں۔

(11/4)۔ قریش کی تحقیقِ مزید، یہ کون لوگ تھے؟

قارئین اور ساری دنیا جانتی ہے کہ آنحضرتؐ بنی ہاشمؑ اور بنی عبدالمطلبؑ سے ہیں۔ اور اُن کو خدا نے نبوت و رسالت و امامت و حکومت عطا کی تھی۔ اور اُن کے بعد وہی حکومت غیر بنی ہاشمؑ و غیر بنی عبدالمطلبؑ میں چلی گئی۔ اس لئے ضروری ہوا کہ بعد کی حکومت خود کو خانوادۂ رسولؐ میں سے بتائے۔ تاکہ وراثتِ کتاب و نبوت و رسالت و امامت اور حکومت چسپاں ہو جائے۔ اُن کے لئے یہ تو ناممکن تھا کہ وہ بنی ہاشم یا بنو عبدالمطلب بن جاتے۔ لہٰذا جناب معاویہ کے زمانہ میں لفظ قریش کی ایجاد کی گئی اور تمام خلفا کے خاندانوں کو خانوادہ رسولؐ میں شامل کرنے کے لئے جناب نضر و فہر و قصی علیھم السلام کو قریش کہہ کر اُن سے خلفا کے قبائل کا الحاق کیا گیا۔ اور خود ہی اختلاف و حزب اختلاف پیدا کر کے لوگوں کو اس بحث میں الجھا دیا گیا کہ قریش کی لفظ یا لقب تو ہر اختلاف کنندہ تسلیم کرلے۔ مگر بحث اس پر ہو کہ قریش تھا کون۔ اور ہر شخص قریش بن جانے کی کوشش میں مصروف ہو کر یہ بھول جائے کہ درحقیقت لفظ قریش ہی ایک فریب ہے۔ یہ وہی ترکیب تھی جو ہم بتایا کرتے ہیں کہ دو جاہل آدمی کیسے بڑے مفسر و محدث و صاحب تصنیف بن جایا کرتے تھے۔ یعنی ایک فاروق نامی شخص کسی جریدے میں لکھے کہ:۔

''جناب عثمان نے اپنی کتاب ''مصباح المسالک'' کی بارہویں جلد کے صفحہ 875 پر لکھا ہے کہ جناب عیسیٰ علیہ السلام افلاطون سے مناظرہ کے لئے یونان آئے اور اس سے سوال کیا کہ...............۔'' ذرا سوچیے کہ جناب عثمان صاحب کو یہ بھی پتہ نہیں کہ افلاطون اور حضرت عیسیٰؑ کے درمیان ہزاروں سال کا فرق ہے۔''

اس کے بعد ثانی الذکر یعنی عثمان صاحب مذکورہ بالا اعتراض کا جواب ایک ماہنامہ میں لکھتے ہیں کہ:۔

''جناب فاروق صاحب نے یہ غور نہیں کیا کہ میں نے یہ عبارت خود نہیں لکھی بلکہ جناب علامہ عبدالقادر کے احمقانہ اقوال کی ذیل میں نقل کی تھی۔ یہ غلطی اس لئے ہوئی کہ فاروق صاحب نے اس تحریر کا اوّل و آخر نہ پڑھا۔ بہرحال ہم بتاتے ہیں جناب علامہ فاروق نے اپنی کتاب زوال امت جلد چوبیس صفحہ 561 پر متعہ کی بحث میں نہ صرف غلط حوالے دیئے بلکہ قرآن کریم کی آیات بھی غلط لکھی ہیں۔''

اب ان دونوں بیانات کو پڑھنے والے یہ نہیں سوچتے کہ آیا دونوں نام نہاد علما نے مصباح المسالک اور زوال امت لکھی بھی ہے یا نہیں۔ اور آیا اُن کی 36 جلدیں ہیں بھی یا نہیں؟ وہ تو فوراً اس بحث پر طبع آزمائی شروع کر دیتے ہیں کہ جو اُن چابکدست مکاروں نے پیش کی ہے۔ لہٰذا اُدھر دو جعلساز آدمی علامہ بن گئے اِدھر دو ضخیم کتابیں مان لی گئیں۔ مدبرین عرب نے اس قسم کے بہت سے کام کئے۔ جن میں بعد کے علما الجھے چلے آئے اور مصباح المسالک اور زوال امت کی طرح لفظ قریش کا وجود خم ٹھونک کر سامنے کھڑا ہو گیا۔ پھر فریقین نے قریش کی فضیلت میں روایات گھڑ گھڑ کر کتابوں میں لکھوائیں۔ لکھنے والوں اور یاد کر کے بیان کرنے والوں کی تنخواہ اور وظائف مقرر ہوئے اور ایک جھوٹی عمارت سامنے کھڑی ہو گئی۔ مگر ہم جانتے ہیں کہ یہ سب کچھ بہت بعد میں ہوا۔ آنحضرتؐ کے زمانہ کے

لوگوں کوخبر تک نہ تھی کہ بعد میں قریش اوراس پر کتنی بڑی عمارت بنے گی؟ چنانچہ تواریخ وتفاسیر واحادیث کی کتابوں میں عبدالملک بن مروان کا قصہ بھی لکھ دیا گیا ہے کہ:۔

اِنَّ عَبْدَ الملک بن مروان سال محمد بن جبیر متٰی سَمّیت قریش قریشًا؟قال حین اجتمعت اِلَی الحرم من تفرقھا فذلک التجمّع التقرش فقال عبدالملک ما سَمِعْتُ ھذا ولکن سَمِعْتُ ان قصّیًا کان یقال لہ القرشی ولم تسمی قریش قبلہ ۔لَمّا انزل قصی الحرم وغلب علیہ فعل افعال جمیلۃ فقیل لہ القرشی ۔(تاریخ طبری جلددوم مطبوعہ مصر صفحہ 188)

''یقیناً عبدالملک بن مروان نے محمد بن جبیر سے یہ سوال کیا تھا کہ اہل قریش کا نام قریش کب اور کیسے پڑ گیا؟ اس نے کہا کہ جب وہ لوگ حرم مکہ میں مجتمع ہو گئے ۔اسلئے کہ یہ اجتماع ہی قریش بننے کی دلیل ہے ۔عبدالملک نے کہا کہ یہ بات میرے علم میں نہیں آئی ہے ۔البتہ میں نے جو کچھ سُنا وہ یہ ہے کہ قصی کو قرشی کہا جاتا تھا۔اور قصی سے پہلے قریش کا یہ نام نہیں ہوا کرتا تھا''اور مسلسل لکھا کہ''جب قصی حرم میں آکر اترے اور وہاں سب پر غالب آ گئے اور نہایت عمدہ کردار بجالائے تو انہیں قرشی کہا جانے لگا۔''

چونکہ عبدالملک بن مروان خود تخت بنی امیہ 65ھ سے 86ھ تک اکیس سال حاکم و بادشاہ رہا اور جناب معاویہ ویزید کا جانشین ہوا۔لہٰذا اسکے اس پروپیگنڈے میں یہ کوشش شامل ہے کہ کم ازکم قصیؒ سے قریش کا وجود اور اُنکے اپنے خاندان کا قریشی ہونا ثابت ہو جائے۔خواہ خلیفہ اوّل ودوم اس فیض سے محروم ہو جائیں۔لیکن ہم صرف اس قدر مانیں گے کہ حکومت بنی امیہ نے یہ تاریخ لکھواتے ہوئے قریش کی ایجاد کی تھی۔نہ اس وقت تک یہ لفظ متعین ہوا تھا نہ اس سلسلے کی احادیث گھڑی گئی تھیں اور نہ سابقہ ادوار میں اس لفظ سے کوئی قوم مراد تھی۔ ہر تاجر، ہر مکی و ہر خانہ بدوش خود کو قریش کہہ لیا کرتا تھا اور اُنہی کے قول کو مان کر ہم نے اُن لوگوں کی مذمت اور بے دینی کے ثبوت کیلئے استعمال کیا ہے اور ق، ر، ش سے بننے والے گروپ کے الفاظ کو قرآن سے دور رکھا ہے۔لہٰذا یہ لفظ صرف قحطانیوں کی ایجاد ہے اور اگر لقب ہے تو اُن ہی لوگوں کا جو کعبہ کے رب کی عبادت نہ کرتے تھے۔اور سردی گرمی بادیہ پیمائی کرتے تھے(سورۃ قریش)۔خانوادہ رسولؐ سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔رہ گیا اس قسم کے اتہامات اور بیانات کا ہر فن کی کتابوں میں ہونا، وہ حکومتوں کے انتظام کا ثبوت ہے۔اس سلسلے میں علامہ شبلی نعمانی کا بیان کافی ہے۔

(11/5)۔ مشرکانہ تاریخ وکتب کلیتًا ناقابل اعتبار واعتماد رہتی آئی ہیں

علامہ نے لکھا ہے کہ:۔ ''قسطنطنیہ میں کتابوں کے چھپنے سے پہلے یہاں کے جانچ کے محکمہ میں ،جس کا نام معارف ہے۔اصل کتاب پیش کی جاتی ہے اور جو عبارت اس محکمہ کے افراد قلمزد کر دیتے ہیں وہ نہیں چھاپی جاسکتی ہے۔میرے سامنے ایک مطبع میں شرح عقائد نسفی چھپ رہی تھی۔معارف نے اس کتاب کی وہ تمام عبارت قلمزد کر دی تھی جس میں خلافت کی بحث ہے اور اَلْاَ ئِمّۃ مِنْ قریش کی حدیث مذکور ہے۔میں نے اصل نسخہ جس میں معارف نے یہ تصرف کیا تھا۔دیکھا اور مجھے یاد ہے کہ میں اس وقت رنج وغصہ کی وجہ سے بے اختیار ہو گیا تھا۔''(علامہ کا سفرنامہ صفحہ 97)

قارئین یہ کام مسلسل جاری رہتا چلا آیا ہے اور آج حکومتوں کی سرپرستی میں کتابوں کی حجامت کی جارہی ہے۔لیکن اب خدا کا

شکر ہے کہ ان کی دستبرد محدود و مذموم ہے۔اس لئے کہ تمام اہم کتابیں علم کے قدردانوں کے یہاں محفوظ ہوتی جارہی ہیں۔نہ معلوم اُس خبیث گروہ نے اس ملعون تاریخ کو کتنے ہزار دفعہ بدلا ہے۔اور خود ہمارے مجتہد اس سازش میں شریک کار رہتے چلے آئے ہیں۔مگر قرآن کریم اُن کے لئے سب سے بڑی مصیبت اور تحریک تشیّع ان کے لئے ایک بولتا چالتا نگراں اور محاسب رہے ہیں۔اور اب اُن کا ہر راز کھل چکا ہے، ہر نقاب اتر چکی ہے۔

(11/6)۔ حضرت قصی علیہ السلام کے حالات اور اقتدار

عنوان نمبر 11 میں حضرت عدنان علیہ السلام کی اولاد کے بزرگوں کا جس قدر ذکر مل سکا ہم نے پیش کیا ہے۔اور آخر قریش کی تفصیلات کی ذیل میں حضرت قصیؑ کا بار بار تذکرہ ہوتا رہا ہے۔اب ہم باقاعدگی کے ساتھ اُن حضرت کا حال پیش کریں گے۔مؤرخ طبری نے لکھا ہے کہ:۔

(i)۔ ''**قصیؑ بن کلابؑ**۔ آپ کا اصلی نام زیدؑ ہے۔'' (طبری جلد اوّل صفحہ 39)

یہاں یہ نوٹ کرنے کی بات ہے کہ قحطانی حکومتوں نے اپنے آباؤ اجداد کے ناموں کی طرح خانوادہ رسولؐ کے بزرگوں کے اصل ناموں کو پوشیدہ کر کے چند مکروہ قسم کے نام مشہور کئے جو نا قابل فہم وقبول ہیں۔آپ نے نبطی حکومتوں کے بادشاہوں کے نام ملاحظہ کئے تھے۔اُن میں ہر نام پسندیدہ ہے لہٰذا یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ عربوں کے مشہور کئے ہوئے مکروہ نام خود رسولؐ اللہ کے بزرگوں نے رکھے ہوں۔چونکہ عنان حکومت و قلمی اقتدار دشمنوں کے ہاتھوں میں رہا اس لئے جو چاہا مشہور کیا۔حضرت قصی علیہ السلام کا ابھی دودھ بھی نہ چھوٹنے پایا تھا کہ آپؑ یتیم ہوگئے۔جنابؑ کی والدہ معظّمہ فاطمہ بنت سعد بن سیل آپ کو کم سنی میں لے کر شام کے علاقہ میں آگئیں جہاں اسماعیلی شاخ بنو قضاعہ کا قبیلہ بنی عذرہ آباد تھا۔اپنے اُن ہی ہم نسبوں میں آپ نے دوسری شادی ربیعہ بن حرام سے کرلی۔اور جناب زیدؑ قبیلہ قضاعہ کے اس معزز اسماعیلی خاندان میں پرورش پانے لگے۔یہاں تک کہ آپ سنّ بلوغ کو پہنچے۔(طبری جلد اوّل صفحہ 39)

یہاں یہ بات واضح ہے کہ حضرت زیدؑ (قصیؑ) کی یتیمی کے وقت جناب کے لئے اور آپ کی والدہ کے لئے سرپرست موجود ہوتا تو آپؑ کو بنی قضاعہ کی سرپرستی میں نہ جانا پڑتا۔لہٰذا یہ قصہ بعد کا گھڑا ہوا ہے کہ حضرت کلاب کے دو بیٹے تیم اور یقظہ بھی تھے۔اگر سچ مچ جناب زید علیہ السلام کے دو چچا ہوتے تو یقیناً وہ خاندانی روایت کے مطابق جناب قصیؑ کو اپنی تحویل میں رکھتے اور اُن کی والدہ کو اس دوسرے نکاح کی ضرورت ہی نہ پڑتی۔لہٰذا بعد کے ادوار میں جناب سے تیم اور یقظہ کا الحاق کیا گیا جو خلیفہ اوّل کے مورث اعلیٰ ہیں۔بہرحال یہاں یہ بھی ثابت ہے کہ جناب تیم اس زمانہ میں موجود تھے۔اور انہیں بنی اسماعیل کی قصی والی شاخ سے ذرہ برابر دلچسپی اور تعلق نہ تھا۔اور یہ کافی ہے ان کے اسماعیلی خاندان سے لاتعلقی کے لئے۔ورنہ مکہ ایک چھوٹی سی جگہ تھی جس میں چند گھروں سے زیادہ اسماعیلی ہو ہی نہ سکتے تھے۔اس لئے کہ یہاں اس زمانہ میں بنی خزاعہ کا دور دورہ تھا۔کعبہ کی تولیّت دو صدی سے خزاعہ یعنی قحطان مکہ پر راج کر رہے تھے۔ایسے عالم میں جناب قصیؑ کی والدہ محترمہ یہاں رہ کر کیا کرتیں۔لہٰذا تیم اور یقظہ نام کے اگر دو آدمی یہاں تھے بھی تو یقیناً وہ قحطانی تھے نہ کہ اسماعیلی؟ ورنہ وہ ضرور اس اسماعیلی بیوہ اور یتیم بچے کی حمایت کرتے جو شریف خاندانوں کا شعار تھا۔

بہرحال جناب زیدؑ عرف قصی شام کے علاقہ میں جوان ہوئے۔ وہ اسماعیلی قبیلہ تھا۔ دن رات خاندانی جاہ وجلال اور تولیت کعبہ کی واپسی پر گفتگو رہتی تھی۔ چونکہ جناب قصی علیہ السلام خاندان انباط کے سربراہ تھے۔ اُن کی جوانی کا انتظار پورا نبطی خاندان اور حکومت انباط کررہے تھے۔ چنانچہ حالات کے سازگار ہوتے ہی آپ مکہ واپس تشریف لائے اور یہاں آ کر آپ نے وہ بنیادیں استوار کیں جن پر امارت کعبہ کو دوبارہ حاصل کیا جاسکے۔ چونکہ قحطانی تاریخ نبطیوں کا تذکرہ اس سلسلہ میں کرنا نہیں چاہتی تھی۔ اس لئے وہ یہ کیوں بتائے کہ تولیت مکہ حاصل کرنے اور ایک قدیم دشمن اور حاکم خاندان کو بے دخل کرنے میں نبطی حکومت نے کیا پارٹ ادا کیا۔ لیکن وہ دبی زبان سے یہ بتاتی ہے کہ جب جناب قصیؑ سن بلوغ کو پہنچے تو ایک قضاعی شخص نے یہ راز کھول دیا کہ قصیؑ حضرت اسماعیل علیہ السلام کے جانشین ہیں اور تولیت کعبہ اُن کا حق ہے۔ چنانچہ انہوں نے اپنی والدہ سے مشورہ کیا۔ اور حج کی موسم میں حاجیوں کے قافلے کے ساتھ مکہ میں داخل ہوئے۔ یہاں طبری کے بقول والدہ گرامی کا ایک جملہ نوٹ کرنے کے قابل ہے۔

''اُسکی ماں نے اُس سے کہا کہ عجلت نہ کرو۔ ماہ حرام آنے دو۔ جب عرب حاجی مکہ جائیں۔ تم بھی اُن کے ہمراہ ہوجانا اِس وقت جانے میں تمہاری جان کا خطرہ ہے۔ قصی نے اپنی ماں کا مشورہ مان لیا اور وہ وہیں ٹھہرا رہا۔'' (طبری جلداوّل صفحہ 40)

یہاں سوال یہ ہے کہ اگر واقعی حضرت قصی علیہ السلام کے نام نہاد دوعدد چچا یعنی تیم اور یقظہ مکہ میں موجود تھے؟ اور بقول قحطانی تاریخ، حضرت قصیؑ کا ایک حقیقی بھائی زہرہ نامی بھی معہ اپنے بال بچوں کے مکہ میں موجود تھا؟ تو قصیؑ کو جان کا خطرہ کیوں تھا؟ اور وہ کون سا ایسا دشمن تھا؟ جس کے متعلق جنابؑ زید کی والدہ کو پختہ یقین ہے؟ اور جس کی اطلاع پر خود حضرت زیدؑ بھی اپنا سفر ملتوی کرتے ہیں۔ مکہ تو دارالامان تھا۔ وہاں حضرت اسماعیل علیہ السلام کے اس جانشین کا جان لیوا دشمن کون تھا؟ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کے تمام آباؤ اجداد کے قتل کے درپے رہنے والے مکہ کی حرمت کا خیال بھی نہ کرتے تھے۔ اب قارئین کی سمجھ میں آجانا چاہئے کہ حضرت زیدؑ کی والدہ انہیں مکہ سے دور دراز محفوظ مقام پر کیوں لے گئی تھیں۔ یہ بات اسماعیلی امامت کے ہر امامؑ کیلئے ضروری تھی کہ لوگ اس سلسلہ کو منقطع کرنے کی فکر میں رہیں اور امامت کا سرپرست اپنے ہونے والے امامؑ کی حفاظت کرتا رہے۔ لہٰذا ماننا پڑے گا کہ مکہ میں حضرت قصی علیہ السلام کا کوئی ہم نسب وطرفدار موجود نہ تھا۔ تیم، یقظہ اور زہرہ سب بعد کے تیار کردہ ہیرو ہیں۔

(ii)۔ قصیؑ کا مکہ میں قیام علامہ طبری کی زبانی

''جب ماہِ حرام میں بنوقضاعہ (اسماعیلی) کے حاجی حج کیلئے روانہ ہوئے تو یہ اُنکے ہمراہ مکہ میں آیا۔ اور حج سے فارغ ہوکر اب یہیں مستقل طور پر قیام پذیر ہوگیا۔ چونکہ وہ بڑا بہادر اور شریف تھا۔ اُس نے حلیل بن حبشیة الخزاعی کے یہاں اُس کی بیٹی حُبّی سے منگنی کرنا چاہی۔ حلیل نے اُسکے نسب سے اطمینان کرکے اپنی بیٹی سے اُسکی شادی کردی۔ اُس زمانہ میں حلیل کعبہ کا متولی اور مکہ کا امیر (حاکم) تھا۔ ابن اسحاق کی روایت کے مطابق شادی کے بعد قصی اپنے خسر حلیل کے ساتھ رہنے لگا اور اُسکی بیٹی حُبّی کے بطن سے قصی کے بیٹے عبدالدار۔ عبدمناف۔ عبدعزّیٰ اور عبدقصی پیدا ہوئے۔'' (طبری۔ جلداوّل صفحہ 40)

یہاں قارئین پھر ایک دفعہ تیم، یقظہ اور زہرہ کو سلام رخصت پیش کردیں۔ اس لئے کہ جناب زید علیہ السلام حلیل کے یہاں

رشتہ اور نکاح کی رسومات میں اپنے اُن جعلی بزرگوں کو نہ تو بلاتے ہیں نہ اُن کے یہاں قیام کرتے ہیں اور نہ اُن کا دشمن یہ پہچانتا ہے کہ وہ اپنی بیٹی کس کو دے رہا ہے؟ نہ اُسے یہ خطرہ محسوس ہوتا ہے کہ کعبہ کے حقیقی وارث کو اپنے پورے قبیلے اور حکومت حمیر وحیرہ کے خلاف متولی بنانے کی بنیاد اپنے ہاتھ سے رکھ رہا ہوں جو چند ہی ماہ میں پورے قحطانی قبیلے کو مکہ سے جلاوطن کرنے کا یا بے دست و پا ہو کر محکوم رہنے کا اعلان کرنے والا ہے۔ یہاں بھی طبری نے دھوکہ کھایا ہے کہ حبّی کے بطن سے عبدالدار اور عبدالعزیٰ کا ہونا قبول کرلیا ہے۔ حالانکہ اس خاندان حضرت اسماعیلؑ میں نہ کوئی بت پرست داخل ہوسکتا تھا نہ اس شاخ کے بزرگ اپنے کسی بچہ کا نام کسی بُت کے نام پر رکھ سکتے تھے۔ لہٰذا جناب قصی کے صرف دو بیٹے تھے۔ ایک جناب ابراہیمؑ جن کو بعد والوں نے عبدمناف مشہور کیا۔ اور دوسرے اسماعیلؑ جن کو عبد قصی کہا گیا ہے اور جن کا انتقال چھ سات سال کی عمر میں ہوگیا تھا۔

(iii)۔ مکہ پر اقتدار کے لئے جناب زیدؑ کی کوشش

چونکہ اُس زمانہ میں خانوادۂ رسولؐ یا آلِ اسماعیلؑ مکہ میں موجود نہ تھے۔ اسلئے جناب زید علیہ السلام کو مکہ پر اقتدار حاصل کرنے کیلئے اُن تمام عربوں سے مدد حاصل کرنا ضروری تھا جو قحطانی قبیلے بنی خزاعہ کے خلاف تلوار اٹھا کر اسماعیلی امامت وقیادت کی نصرت کرنے پر آمادہ ہوسکیں۔ یہ وہ موقعہ تھا جہاں ایک دفعہ پھر تیم اور یقظہ اور زہرہ کا جناب قصی کے مددگاروں میں پایا جانا ضروری تھا۔ مگر یہ تینوں نام جو بعد میں قریشیوں کو جنم دینے والے بتائے جاتے ہیں، کہیں نظر نہیں آتے۔ اور جو لوگ اس نازک موقعہ پر آگے بڑھتے اور تاریخ میں چمکتے نظر آتے ہیں، اُن میں لیڈنگ پارٹ لینے والے جناب زیدؑ کے ایک ماں جائے بھائی جناب رِزاحؑ جو دوسرے سرپرست والد ربیعہؑ سے تھے۔ اور اُنکے تین سوتیلے بھائی حسنؑ بن ربیعہ، محمود بن ربیعہ اور جلھمہ بن ربیعہ جو ربیعہ کی پہلی زوجہ سے تھے۔ یہ نبطی خاندان کے چشم و چراغ دور دراز، شامی علاقے سے مدعو کئے گئے تا کہ وہ اپنے دادا جناب اسماعیل علیہ السلام کی امامت واقتدار بحال کرنے کیلئے مکہ آئیں اور دوز بردست حکومتوں حمیر وحیرہ، کے لواحقین سے مکہ کو پاک کریں۔ یہ قصہ قحطانی انداز میں مؤرخ طبری یوں سناتے ہیں:۔

> ''**قصی اور رزاح بن ربیعہ**۔ جب اُس (قصی) کے بیٹے دور دراز ملکوں میں چلے گئے اور اُس (قصی) کی دولت اور عزت بڑھ گئی۔ حلیل بن حبشیہ مرگیا۔ قصی نے سوچا کہ قبیلہ خزاعہ اور بنی بکر کے مقابلہ میں خود وہ کعبہ کی تولیت اور مکہ کی امارت کا مستحق ہے۔ نیز یہ کہ قریش اسماعیلؑ بن ابراہیمؑ کی اولاد اور اُن کی خالص نسل سے ہیں ۔ اس غرض کے لئے اُس نے قریش اور بنی کنانہ کے بعض لوگوں سے گفتگو کی اور کہا کہ ہم سب مل کر بنوخزاعہ اور بنوبکر کو مکہ سے نکال باہر کریں۔ جب انہوں نے اُس کی یہ بات مان لی۔ اُس نے اپنے اخیافی بھائی رزاح بن ربیعہ بن حرام کو جو اپنی قوم میں تھا اپنی نصرت اور شرکت کی دعوت دی۔ رزاح نے اپنی قوم بنو قضاعہ میں کھڑے ہو کر ان سے اپنے بھائی کی امداد کی درخواست کی اور کہا کہ آپ لوگ میرے ساتھ ہوں۔ انہوں نے اس کی دعوت قبول کی اور چلنے پر آمادگی ظاہر کی۔'' (طبری۔ جلد اوّل صفحہ 40)

(iv)۔ **تاریخ کے اس قحطانی بیان کی بے سروپائی، بے حیائی اور** ساری دنیا کو بے وقوف سمجھنے کی پالیسی پر ہمارے ساتھ ساتھ نظر ڈالیں۔ اور دیکھیں کہ یہ فریب ساز ٹولہ کسی کہانی کو گھڑنے کے زمانہ میں کس قدر مطمئن تھا۔ اسے ذرہ برابر یہ خیال نہیں کہ حضرت قصیؑ کے متعلق یہ

سوال کیا جائیگا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بعد مسلسل یکے بعد دیگرے پچپن (55) امامؑ جس کے خاندان میں گزرے ہوں۔اور وہ خود اب اُن آئمہ علیہم السلام کا جانشین ہو۔اُسے تو بچپن ہی سے یہ معلوم ہونا چاہئے کہ وہ حضرت ابراھیم علیہ السلام کا چھپنواں (56) متولی و جانشین ہے۔اور یہ کہ کعبہ پر دشمنانِ خدا ورسوؐل کا ناجائز قبضہ ہےاور یہ کہ مکہ میں اُنکے خاندان کا کوئی شخص نہیں ہے۔سب جلاوطنی کی زندگی گزار رہے ہیں۔وہ خود شیر خوارگی کے زمانہ سے اپنے ہم نسب قبیلے بنی قضاعہ کے دامن عاطفت میں پلےاور جوان ہوئے ہیں۔ اُن کو مکہ میں آکر حبّی سے نکاح کر کے بقول طبری چوتھائی درجن بچے پیدا کر کے اُنکے جوان ہوجانے کے بعداور پھر ستم ظریفی یہ کہ جب وہ نام نہاد مصنوعی بیٹے اس فرضی باپ کو چھوڑ کر دور دراز ممالک میں جا کر آباد ہو چکے تو یہ خیال آیا کہ وہ (قصیؑ) بنوخزاعہ اور بنوبکر کے مقابلہ میں کعبہ کی تولیت کے زیادہ حقدار ہیں؟ سوچیئے کہ دن دھاڑے قارئینِ تاریخ کی آنکھوں میں دُھول جھونکی جارہی ہے۔تاکہ کوئی یہ سوال نہ کر بیٹھے کہ اُس وقت عبدالدار اور عبدالعزی کہاں تھے۔وہ اس اہم مہم میں کیوں باپ کے ساتھ کعبہ اور مکہ کو دشمنوں سے خالی کرانے میں شامل نہیں ہیں۔اسلیئے عبدالدار اور عبدالعزیٰ کو نہایت دبے پاؤں دور دراز ممالک میں چلے جانے کا اشارہ کردیا اور وہ چلے گئے تب جناب قصی اپنی مہم کا آغاز کرتے ہیں۔مگر سوال یہ ہے کہ جب باپ مکہ میں پھول پھل رہا ہے۔کعبہ کے متولی کا داماد بنا ہوا ہے۔کعبہ کے غاصب متولی کی بیٹی اُنکے باپ کے پاؤں دبانا اپنی عزت کا نشان سمجھتی ہے۔جبکہ عبدالدار وعبدالعزیٰ کو کوئی دقت درپیش نہیں ہے۔اُنکے فرضی باپ یا ماں کے خصم کی دولت وعزت دن رات بڑھ رہی ہے تو وہ مکہ کو چھوڑ کر کیوں چلے گئے۔تاریخ کی اس کہانی میں کوئی جھوٹا سچا عذر کیوں نہ لکھا گیا؟ ہم یوں کہیں کہ اگر واقعی عبدالدار اور عبدالعزیٰ نام کے دوشخص اس زمانہ میں مکہ میں موجود تھے؟ تو وہ یقیناً دشمنانِ اولاد اسماعیلؑ تھے۔اور خصوصاً نبطی خاندان کے چشم و چراغ حضرت زید علیہ السلام کی تولیت کعبہ کے اور اسماعیلی امامت کے سخت مخالف تھے۔اسلیئے کہ جب تک وہ اپنی سر پرست اور قومی حکومت حمیر کے دور دراز ممالک میں نہ گئے، جناب قصی خاموشی سے اُنکے جانے کا انتظار کرتے رہے۔اور اُنکے خطرہ کے ٹل جانے کے بعد آپ نے کعبہ ومکہ کو واگزار کرانے کی مہم کا آغاز کیا۔اور اگر واقعی وہ حضرت زیدؑ کی جائز اولاد ہوتے تو سوتیلے بھائیوں کی مدد کیلیئے بلانے کے ساتھ ہی انہیں بھی واپس آنے اور اس کارخیر میں باپ کی اور تمام انبیاؑ کی نصرت کرنے کی دعوت دیتے۔لہٰذا ثابت ہوا کہ عبدالدار ہو یا کوئی عزیٰ کا بندہ ہو۔وہ کم ازکم حضرت قصیؑ کی اولاد نہ تھا اور نہ وہ اسماعیلی خاندان کے کسی اور قبیلے سے تھا، نہ انہیں کعبہ اور مکہ سے ہمدردی تھی، نہ وہ دیندار لوگ تھے۔

پھر یہ جو کہا گیا کہ جناب قصیؑ نے مکہ میں قریش اور بنی کنانہ سے گفتگو کی اور انہیں اپنا ساتھ دینے پر اُبھارا۔یہ بات اگر اسی صورت میں صحیح مان لی جائے تو یہ ضرور ماننا پڑیگا کہ اُن نام نہاد قریش کی طاقت اس قابل نہ تھی کہ حضرت قصیؑ کے بھائی اور بنوقضاعہ مدد نہ کریں تو یہ لوگ کعبہ کو واگزار کرا لیتے۔یعنی اگر کوئی قریش نام کا جاندار وہاں موجود تھا بھی تو نہایت حقیر وذلیل صورت رکھتا تھا۔یہ مردہ بحث دوبارہ زندہ کرنا اب فضول ہے کہ نام کی ابتدا تو جب ہوگی جب جناب قصیؑ کعبہ اور مکہ سے قحطانی قبیلہ کے بنوخزاعہ کو نکال کر مکہ کے گردونواح کے خانہ بدوش عربوں کو بنوخزاعہ سے چھینے ہوئے مکانات میں آباد کردینگے اور تمام اُن لوگوں کو اپنے چاروں طرف جمع کرلیں گے جو قحطانی حکومتوں یعنی حمیر وحیرہ کے بادشاہوں کے مظالم کے خلاف اب امامت اسماعیلی کی حمایت کرینگے۔اس تجمّع کے بعد

تَقَرُّش کی ہنڈیا چڑھے گی اور پھر وہ حمایت کرنیوالے مختلف قبائل قریش کہلائیں گے۔ بہرحال اگر مکہ میں قریش نام کے کچھ جاندار موجود تھے بھی تو یہ تو اور بھی بُری صورتحال ہے اور اُس برائی کو سمجھنے کیلئے آپ بھی ایک بُری بات کریں یعنی کہیں بہت پہلے لکھے ہوئے ایک اقتباس کو پڑھنے اور اُس بُری بات کو سمجھنے میں اپنے دومنٹ ضائع کریں۔ سنئے علامہ شبلی قحطانی طرز تحقیق کو ماتم کیلئے یوں پیش فرماتے ہیں کہ:۔

''**قبائل قضاعہ**۔ عام علمائے انساب قضاعہ کو بنی قحطان میں داخل کرتے ہیں۔ اور ہم بھی یہاں اُن کی پیروی کرتے ہیں۔ ورنہ ازروئے تحقیق وہ (قضاعہ) بنو اسماعیل ہیں بہرحال اُن کی حسب ذیل شاخیں ہیں: (1) بنوکلب (2) بنوتنوخ (3) بنوجرم (4) بنوجہنیہ (5) بنونہد (6) بنوعذرہ (7) بنواسلم (8) بنو بَلِی (9) بنوسلیح (10) بنوضجعم (11) بنوتغلب (12) بنونمر (13) بنواسد (14) تیم اللّات۔'' (سیرۃ النبیؐ۔ جلد اوّل صفحہ 108)

وعدہ والی بُری بات سے پہلے یہ بُری بات سامنے آگئی کہ قحطانی حکومت کے مؤرخین اور علمائے انساب بلاتحقیق محض دشمنی خدا و رسولؐ کو ٹھنڈا کرنے کیلئے حضرت اسماعیل علیہ السلام کے ان چودہ قبیلوں کو اسلئے خانوادہ رسولؐ سے خارج کر دیتے ہیں کہ اُن لوگوں نے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دوسو سال پہلے مکہ اور کعبہ کو قحطانیوں سے چھین کر آنحضرتؐ کے دادا جناب قصی علیہ السلام کی امامت و امارت وحکومت کے قیام میں نصرت کی تھی۔ یعنی خانوادۂ رسولؐ کی حکومت قائم کرنا اتنا بڑا جرم ہے کہ جسے کسی طرح قحطانی الاصل لوگ معاف نہیں کرتے۔ نام بدل لیتے ہیں، غیروں کو اپنا باپ بنا لیتے ہیں، انتقام کیلئے داماد بنا لیتے ہیں، بیٹیاں سپرد کرنے کو تیار رہتے ہیں، ہر مکروفریب وغداری واحسان فراموشی کر لیتے ہیں۔ کعبہ میں آگ لگا دیتے ہیں، مسجد میں گھوڑے باندھ کر اُسے اصطبل بنا لیتے ہیں، مذہب بدل کر کلمہ اور نمازیں پڑھنے لگتے ہیں۔ مگر انتقام لئے بغیر نہیں چھوڑتے ہیں۔ افسوس ہے علامہ شبلی ایسے دعویدار تحقیق پر کہ وہ اقبال جرم کرنے کے بعد بھی پیروی قحطانیوں ہی کی کرتے ہیں۔ بس جناب وہ بری بات بالکل صاف ہے کہ طبری کے بیان کا یہ جملہ کہ:۔

''رزاح نے اپنی قوم بنو قضاعہ میں کھڑے ہو کر ان سے اپنے بھائی کی امداد کی درخواست کی اور کہا کہ آپ لوگ میرے ساتھ ہوں۔ انہوں نے اس کی درخواست قبول کی اور مکہ چلنے پر آمادگی ظاہر کی۔'' (طبری۔ جلد اوّل صفحہ 40)

مطلب یہ ہے کہ حضرت زیدؑ (قصیؑ) کے بھائی کی قوم قضاعہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی نسل سے اسماعیلی تھی۔ مگر قریش نہ تھی اور جن قریش کا اُس زمانہ میں مکہ میں موجود ہونا لکھا وہ قریش ہوں یا قحطانی ہوں مگر وہ بنواسماعیلؑ نہ تھے۔ یعنی قریش بنواسماعیل نہیں ہوتے۔ اور بنواسماعیل قریش نہیں ہوتے۔ اور اُس وقت مکہ والے قریش حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہوتے تو حضرت قصیؑ کو اور اُن کی والدہ کو ہرگز مکہ سے نہ جانے دیتے۔ اپنے خاندانی امامؑ، جانشینِ ابراہیمؑ واسماعیلؑ کے لئے اپنی جان تک نثار کر دیتے۔ لہٰذا وہ ویسے ہی قریش تھے جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں تھے۔ جن کو نہ یتیموں پر رحم آتا تھا، نہ بیواؤں پر ترس کھاتے تھے، نہ پڑوسی کی رعایت کرتے تھے، نہ مہمان سے دغا کرنے سے چُوکتے تھے، نہ انہیں پردیسی کی بےکسی متاثر کرتی تھی، نہ بھوکے پیاسے بچوں کی بھوک پیاس پر اُن کا دل پسیجتا تھا۔ وہ نمازیوں کو بے جرم وخطا قتل کرتے، اُن کے سروں کو کاٹ کر اُن کے بیوی بچوں کے سامنے اُن کے سروں کو اینٹوں کی جگہ رکھ کر اپنی ہنڈیا پکاتے تھے۔ وہ مظلوم اور ستم رسیدہ عورتوں کو اُن کے معصوم بچوں کے سامنے تصرف میں لاتے

تھے۔ بتائیے ایسے درندہ صفات، انسان نما حیوان کس بے رحمی کے ساتھ خانوادہ رسولؐ کے ساتھ شمار کر لئے گئے۔ اس ہی کا جواب علامہ شبلی نعمانی نے دیا ہے کہ ہم وہ لوگ ہیں جو حقیقت و تحقیق کے باوجود نسل اسماعیل کو قحطانی بنانے کی پیروی کرتے رہیں گے۔ اس قسم کے محققین و مؤرخین و مفسرین و محدثین و مجتہدین کو بتادو کہ ہم بھی تمہاری تمام اسکیموں کی کھال اتارے بغیر اور تمہاری اسلامی نقاب نوچ کر تم سے کفر کا اقرار کرائے بغیر نہ چھوڑیں گے۔ تمہیں اپنا اصلی مذہب بتانا پڑے گا۔ تمہیں اپنی صحیح ولایت کا اعلان کرنا ہوگا۔ لہٰذا زیر بحث بیان میں یہ جملہ سراسر بکواس اور خدا اور رسولؐ پر اتہام ہے کہ:

''نیز یہ کہ قریش اسماعیلؑ بن ابراہیمؑ کی اولاد اور اُن کی خالص نسل سے ہیں۔'' (طبری۔ جلد اوّل صفحہ 40)

اولاد اور خالص تو بڑی چیزیں ہیں وہ تو بنی نوع انسان میں سے ایسے لوگ بھی نہ تھے جو ایک شیر خوار یتیمؐ اور بے سہارا بیوہ کی سرپرستی اور مدد کر دیا کرتے ہیں، جو ظالم سے مظلوم کا حق دلوایا کرتے ہیں۔ اور سنو کہ اس تمام بیان میں بھی جناب قصیؑ کے الحاقی اور نام نہاد چچاؤں تیم اور یقظہ کا پھر کہیں ذکر نہیں ہے۔ یعنی وہ دونوں اس وقت کے قریش میں بھی موجود نہ تھے۔ پھر یہ سوچئے کہ اُن قریش میں سے کسی ایک کا نام تک نہ لکھنا جو مکہ میں موجود تھے اور جن سے کعبہ کو واگزار کرانے کی گفتگو ہوئی تھی، صاف بتاتا ہے کہ یہاں بھی لفظ قریش ایک بے نام ونشان فراڈ وفریب ہے۔ لہٰذا سنئے اور ہمیشہ یاد رکھئے کہ وہ قحطانی گروہ تھا جو مناسب مواقعہ کی تلاش میں رہا کرتا تھا۔ اور دبے پاؤں بنی اسماعیلؑ کی اسکیموں میں داخل ہو کر انڈر گراؤنڈ محاذ کا کام کرتا تھا۔ دشمنوں کے مرکز کو تازہ بتازہ خفیہ راز بتانے اور مومنین میں اختلاف وافتراق پھیلا کر انہیں خانوادہ اسماعیلؑ کا مخالف بنانے اور اپنے ساتھ ملا کر نبوت ورسالت وامامت وحکومت الٰہیّہ پر قبضہ جمانے کی تاک میں لگا رہتا تھا۔ وہ نمازیں پڑھتا، تہجد بجالاتا، روزے رکھنے کی زحمت برداشت کرتا، ہر عقیدہ اور مسئلے کی بے چوں و چرا تصدیق کرتا، سمجھنے اور سمجھانے کی آڑ میں نہایت دانش مندی سے بحث بھی کرتا، موقعہ ملنے پر ڈانٹ بھی دیتا، سابقہ کتب پر بھی جانچتا، زکوٰۃ وخیرات خوب خوب اعلان کر کے نکالتا، اوّلین وسابقین میں شامل رہتا، اور رفتہ رفتہ پورے دین کی اساس بدل ڈالتا تھا۔ اس گروہ کا نام قاف سے ہو یا میم سے ہو، کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اللہ کی کتاب قرآن کریم میں یہ ابلیس کا گروہ ہے۔ یہ **حزب الشیطٰن** ہے جو روزِ ازل سے تمام انبیا وآئمہ علیہم السلام کا مدمقابل رہا ہے۔

(v)۔ حضرت زیدؑ (قصیؑ) کے حالات قحطانی تاریخ کے پُرفریب پردہ پر

اگر قحطانیوں کو یہ لالچ نہ ہوتا کہ وہ قریشی نقاب میں ملبوس ہو کر آنحضرؐت کے خانوادے سے اپنا پیوند لگا سکیں گے تو وہ ہرگز جناب قصیؑ اور اُن کے اگلے پچھلے بزرگوں کا تذکرہ تاریخ میں نہ کرتے۔ لہٰذا جو کچھ انہوں نے اس سلسلے میں بیان کیا ہے۔ اس سے یہ مقصود نہیں کہ وہ اُن بزرگوںؑ کے فضائل اور کارنامے بیان کرنا چاہتے ہیں۔ بلکہ اصلی مقصد یہ ہے کہ جس طرح بھی ہو سکے ایسے واقعات سامنے لے آؤ جن میں اسماعیلی بن سکنے کی گنجائش نکالی جا سکے۔ چنانچہ علامہ طبری کا بیان صفحہ مذکورہ بالا سے مسلسل پڑھیں۔ آپ یہ عنوان قائم کرتے ہیں: ''بنوخزاعہ کا مکہ سے اخراج۔'' (طبری۔ صفحہ 40 جلد اوّل)

یعنی اب یہ بھول جانا چاہئے کہ بنو بکر بھی مکہ میں تھے۔ اور اُن کو بھی مکہ سے بنوخزاعہ کے ساتھ ساتھ مکہ سے نکالنے کے لئے بنو

کنانہ اور نام نہاد قریش سے گفتگو ہوئی تھی۔ یہی نہیں بلکہ اب جو بھی بیان دیا جائے گا۔اس میں قریش کو زیر پردہ رکھ کر اب بنونضر کو سامنے لایا جائے گا اور بنو کنانہ کو غائب کر دیا جائے گا، دیکھئے پردہ اٹھتا ہے۔

''ہشام اپنے پہلے بیان کے سلسلے میں کہتا ہے کہ قصی اپنے بھائی زہرہ اور خاندان کے پاس چلا آیا۔ چند ہی روز بعد اُسے سرداری مل گئی۔ چونکہ مکہ میں بنوخزاعہ کی تعداد بنونضر سے زیادہ تھی۔اس لئے قصی نے اپنے بھائی رزاح (بن ربیعہ) سے مدد مانگی۔اُس کے تین اور بھائی دوسری ماں سے تھے۔وہ اُن کو اور دوسرے بنو قضاعہ کو جنہوں نے اُس کا ساتھ دینے کا وعدہ کیا تھا لے کر قصی کے پاس مکہ آیا۔ یہاں قصی کی حمایت کے لئے بنونضر تھے۔اُن سب نے مل کر بنوخزاعہ کو مکہ سے نکال دیا۔اس کے بعد قصی نے حُبّی بنت حلیل بن حبشیۃالخزاعی سے شادی کی جس کے بطن سے اُس کے چاروں بیٹے پیدا ہوئے۔حلیل بیت اللہ کا آخری متولی تھا۔ جب اُس کا وقت آخر ہوا تو اُس نے کعبہ کی ولایت اپنی بیٹی حبّی کے سپرد کی۔اُس نے کہا کہ آپ جانتے ہیں کہ مجھ سے یہ کام نہیں ہوسکتا کہ خود کعبہ کا دروازہ کھولوں اور بند کروں۔حلیل نے کہا کہ اچھا میں اس کام کے لئے ایک دوسرا شخص مقرر کئے دیتا ہوں جو اس منصب کو تمہارے نائب کی حیثیت سے انجام دے۔ چنانچہ اس نے ابوغبشان سلیم بن عمرو بن بوی بن ملکان بن قصی کو یہ خدمت سپرد کر دی۔قصی نے ایک مشک شراب اور ایک عود کے عوض میں اُس سے کعبہ کی تولیت خرید لی۔اس پر خزاعہ بگڑے اور وہ قصی پر چڑھ آئے۔تب اُس نے اپنے بھائی سے مدد مانگی۔اور اس کے ساتھ وہ (قصی) خزاعہ سے لڑا۔اصل حقیقت اللہ جانتا ہے۔مگر بیان کیا جاتا ہے کہ اُن (بنی خزاعہ) کو خسرہ (ٹائیفائیڈ) نکل آئی اور قریب تھا کہ اس مرض سے وہ سب کے سب ہلاک ہو جائیں۔اُنہوں نے خود ہی مکہ کو خیرباد کہہ دیا اور سب ترک وطن کر کے چل دیئے۔بعض نے اپنے مکان بلا معاوضہ لوگوں کو دے دیئے۔بعض نے اُن کو بیچ دیا اور بعض پھر بھی رہ پڑے۔مگر اب قصیؑ بلاشرکت غیر کعبہ کا متولی اور مکہ کا حاکم ہوگیا۔اُس نے قریش کے تمام قبیلوں کو پھر اکٹھا کیا اور اُن کو مکہ کے پہاڑ پر آباد کیا۔جن میں سے بعض اب تک گھاٹیوں میں اور پہاڑ کی چوٹیوں پر سکونت رکھتے تھے۔اُس نے خزاعہ کے مکان قریش میں تقسیم کر دیئے۔اس لئے اب اس کا نام مجمّع ہوا۔اُسی کے متعلق مطرود یا حذافہ بن غانم نے یہ شعر کہا ہے ؎

اَبُوکم قصی کان یدعٰی مجمّعًا به جمع اللّٰه القبائل من فهر

ترجمہ: ''تمہارا باپ قصی ہے۔جسے مجمّع کہتے تھے۔اس کے ذریعہ اللہ نے بنوفہر کے قبائل کو پھر ایک جا جمع کر دیا۔قریش نے اسی کو اپنا حاکم بنالیا۔''(طبری۔جلداوّل صفحہ 41-40)

(vi)۔ قحطانی فریب کو ہٹا کر حضرت زیدؑ کے صحیح حالات

آپ نے شجروں کے بیانات میں اور قریش کی نقاب کشائی میں یہ دیکھا تھا کہ جب تک قصی علیہ السلام نے بنونضر اور بنوفہر کو مکہ میں جمع نہ کر دیا،اس وقت تک لفظ قریش وجود ہی میں نہ آیا تھا۔اور اُن سب قبیلوں کو اُن کے اصل نام یعنی بنونضر وغیرہ کہہ کر پکارا جاتا تھا۔ اور قصیؑ کے جمع کر دینے کے بعد تمام جمع ہونے والے قبائل کو قریش کہا جانے لگا تھا۔لہٰذا چونکہ نزول قرآن کے وقت تک بعض قبائل قریش

مشہور ہو چکے تھے۔ بعد کے مؤرخین نے خود اپنی طرف سے بنونضر اور بنوفہر وغیرہ کو قریش لکھنا شروع کر دیا۔ اسی اصول کو مدنظر رکھ کر سابقہ بیان نمبر (iii) میں مکہ کے اندر قریش کا وجود لکھ دیا گیا تھا۔ یعنی انہیں خیال یہ رہا کہ ہو نہ ہو وہاں بنونضر و بنوفہر موجود ہوں گے۔ لہٰذا لکھ مارا کہ جناب قصی نے قریش سے بنوخزاعہ اور بنوبکر کو مکہ سے نکال باہر کرنے کی بات کی ہوگی۔ لیکن ہم یہ ثابت کر چکے کہ مکہ میں نہ بنونضر تھے نہ بنوفہر تھے۔ جہاں یہ لوگ تھے وہیں جناب قصیؑ کی والدہ گئی تھیں۔ وہیں جناب زیدؑ نے پرورش پائی تھی اور وہی بنونضر و بنوفہر و بنوقضاعہ کی صورت میں مکہ میں مدد کے لئے آئے تھے۔ اور مکہ کو قحطانیوں سے پاک کیا تھا۔ لہٰذا تاریخ میں یہ الفاظ کی اَدَل بَدَل اور قریش و بنونضر کی ہیرا پھیری بعد کی ایجادات ہیں۔ اصل واقعات سے قریش یا قحطانی نصرت کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ لہٰذا جہاں اور جب تاریخ میں لفظ قریش آئے یا لایا جائے اُسے قحطانی سازش کا ایک داؤ یا دام بلکہ ہم رنگِ زمینِ تاریخ جال سمجھنا چاہئے۔ اور دیکھنا چاہیئے کہ اُس جال کے نیچے، آگے یا پیچھے جو چارہ یا دانہ ڈالا گیا ہے اُس سے بچ کر گزرا جائے۔ یہ وہ دانہ ہے جس کے لالچ میں بڑے بڑے محقق و مدقق قحطانی جال میں پھنسے اور نہایت اطمینان سے خود کو آزاد و بے لاگ محقق سمجھتے ہوئے مر گئے۔

اس بیان نمبر (v) میں جہاں ایک پورا قبیلہ بنوبکر غائب کر دیا گیا ہے وہیں بنونضر کو کھینچ کر مکہ میں آباد کر دیا گیا ہے۔ مگر نام پھر بھی کسی کا نہیں لکھا۔ اُدھر اب مکہ میں وہی زہرہ نام کا قصیؑ کا ایک فرضی بھائی بھی آباد دکھایا گیا ہے۔ لیکن اوّل تو ہم ایسے بھائی کو صحیح اولاد نہیں سمجھتے جو اپنے حقیقی شیر خوار یتیم بھائی اور اپنی حقیقی ماں کی سرپرستی نہ کرے اور وہ دور دراز کا سفر کر کے اپنے ہم نسب خاندان میں پناہ لیں۔ دوسرے وہ اس لئے بھی بھائی نہیں ہو سکتا کہ قصی کی والدہ محترمہ یہ نہیں جانتیں کہ اُن کا ایک بیٹا مکہ میں موجود ہے۔ لہٰذا قصی کی جان کو خطرہ نہیں ہو سکتا۔ مدد کے لئے وہ حقیقی بھائی اور اولاد اسماعیل بنونضر موجود ہیں جو مدد کریں گے۔ لہٰذا یہ ایک بکواس ہے کہ جناب قصی اپنے بھائی زہرہ اور اپنے خاندان کے پاس مکہ میں چلے آئے تھے۔ یہ بات اس لئے بھی غلط ہے کہ زہرہ کو اُس وقت جوان بتایا گیا ہے جب جناب قصیؑ ابھی شیر خوار تھے۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ زہرہ کلاب علیہ السلام کا بڑا بیٹا تھا یا کم از کم قصی سے تو بڑا بیٹا تھا ہی۔ اب سوال یہ ہے کہ زہرہ مکہ میں جوان ہوئے تھے۔ پھر جب تک قصی علیہ السلام مکہ میں دوبارہ واپس آئیں زہرہ کو مکہ میں رہتے ہوئے تقریباً آدھی صدی گزر چکی تھی اور اس دوران نام نہاد قریش اور بنونضر بھی مکہ میں موجود تھے تو سوال یہاں مکمل ہوتا ہے کہ زہرہ صاحب کو مکہ میں سرداری کیوں نہ ملی؟ جب کہ وہ قحطانی تاریخ کی رو سے جناب کلاب کے بڑے بیٹے بھی ہیں اور اسماعیلی خاندان میں حضرت اسماعیل کا جانشین بڑا بیٹا ہی ہوتا چلا آیا ہے۔ پھر جناب زید مکہ آتے ہی چند روز میں کیسے سرداری حاصل کر سکے۔؟ زہرہ کیوں سرداری سے محروم رہے؟ سردار کس نے بنایا؟ قصی کس گروہ پر سردار بنائے گئے؟ بنوخزاعہ نے مزاحمت کیوں نہ کی؟ اِن سوالات کے جوابات قحطانی گروہ کے اگلے پچھلے سب مل کر بھی نہیں دے سکتے۔ اُن سب کا جواب وہی ہے کہ جناب زید علیہ السلام کا نہ کوئی بھائی تھا، نہ وہ مکہ میں تھا، نہ مکہ میں بنو اسماعیل کا کوئی فرد تھا، وہاں سب قحطانی تھے۔ خواہ قبیلہ خزاعہ کے نام سے ہوں یا بنی بکر وعمر کے نام سے مشہور ہوں۔ اور یہ سب دشمنانِ خاندانِ اسماعیل عموماً اور دشمنانِ زیدؑ و زیدیان خصوصاً تھے۔ یہ ہے وہ زیدی درایت جو قحطانی تاریخ کے پرخچے اڑا دیتی ہے۔ یہ ہے وہ زیدی قلم جو حقائق کو قحطانی فریب کے انبار سے چھان کر الگ کر لیتا ہے۔ زید وہ نام ہے جو عمر و بکر و ایکس وائی زیڈ (XYZ) کے ماتحت

نہیں رہتا۔ ماتحتی اور غیروں کی اطاعت پر وہ موت کو ترجیح دیتے ہیں۔

پھر یہ تازہ بیان (V) کہتا ہے کہ جناب زید علیہ السلام نے بنوقضاعہ اور اپنے ایک ماں جائے بھائی اور تین سوتیلے بھائیوں کو اپنی نصرت کیلئے مکہ بلایا اور بنوخزاعہ کو مکہ سے نکال دیا۔ اور یہ بھی کہہ دیا کہ جب قصی کعبہ کے متولی ہو گئے تو بنوخزاعہ چڑھ دوڑے۔ سوال یہ ہے کہ جب اُنکو مکہ سے بے دخل اور بے دست و پا کر کے نکال دیا گیا تو اب وہ کیسے اور کیوں ناراض ہو گئے۔ پہلے کیوں بلا جنگ و جدل نکل کر چل دیئے تھے؟ یہاں اُن کا جھوٹ اس بات سے کھل جاتا ہے کہ جب بنوخزاعہ کو مکہ سے نکال دیا تو کعبہ کی تولیت حلیل کے قبضے میں کیسے رہتی رہی؟ اور بنی خزاعہ کو نکالنے والے شخص سے حبّی یعنی اپنی بیٹی کا نکاح کیوں کر دیا؟ جس طاقت کے سہارے وہ کعبہ کا متولی اور مکہ کا حاکم تھا اُس طاقت کے ہوتے ہوئے دشمن کو بیٹی کیوں دینا پڑی؟ اور جب بیٹی دے دی تھی تو مرتے وقت داماد ہی کو کیوں متولی نہ بنا دیا؟ اور بیٹی کو متولی بنایا تھا تو حبّی نے تولیت جناب زید کو کیوں نہ سپرد کر دی؟ اور کرایہ کا نائب بنانے یا بنوانے کی کیا ضرورت تھی؟ کیا جناب زید علیہ السلام نے تولیت قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا؟ اور اگر جناب قصیؑ کو بنوخزاعہ کو نکال دینے کے بعد بھی کعبہ کی تولیت نہ ملی تھی؟ تو اُنکی اس سرداری کے کیا معنی ہیں جس کا ملنا قحطانیوں نے لکھا ہے؟ پھر یہ کیسے ممکن ہوا کہ حُبّی کا نائب اس تولیت کو فروخت کر دیتا ہے۔ اور حبّی نہ خفا ہوتی ہے نہ اپنے ماتحت نوکر ابوغبشان سے باز پرس کرتی ہے۔ نہ اپنے شوہر کو خاندانی عہدہ اور میراث ملنے پر مبارکباد دیتی ہے۔ بلکہ خفا ہوتے ہیں تو وہ لوگ جو مکہ میں موجود ہی نہیں بلکہ بنوقضاعہ کی مدد سے جلاوطن ہو کر نہ معلوم کہاں دفع ہوئے ہیں۔ قارئین مسلمان علما سے اگر ڈرتے ہیں تو خود اپنی ذات اور اپنی ضمیر سے تو خوفزدہ نہیں ہیں۔ اُن سے یا خود سے دریافت کرو کہ یہی وہ تاریخ ہے؟ یہی وہ لٹریچر ہے؟ جس سے تم باضمیر انسانوں کو اپنے ہم نوا بنانا چاہتے ہو؟ اور پھر سوچو کہ اگر حضرت زیدؑ یا زیدی قسم کے لوگ نہ ہوتے تو کیا آج یہ پتہ چلتا کہ اسلام کیا ہے؟ اسلام کے راہنما کون ہیں؟ کیا یہاں خانوادہ یزید کا مذہب نہ ہوتا؟ وہ بے حیا لوگ کیسے سنگدل اور شیطان کے نمائندے انسان ہیں جو یزید کو لعنت کی بجائے درود وسلام سے یاد کرنا چاہتے؟ سنو تمام دنیا یزیدی ہوتی، چاروں طرف یزید و شمر و عمر سعد و ابن زیاد ہی چھائے ہوئے ہوتے اگر ذوالفقار حیدری اور خانوادۂ ابوطالب اور حضرت امام حسین علیہم السلام نہ ہوتے۔

اس بیان میں شراب کا ذکر بھی کیا گیا۔ خدا شرابیوں پر لعنت کرے۔ قحطانیوں کی گھٹی میں شراب دی جاتی تھی۔ سنو اور غور سے سنو وہ تمام اجسام جہنم میں تپائے جانے والے ہیں جو شراب و حرام خوراک سے بنے تھے۔ جن کی ہڈیوں کا گُودا شراب و خنزیر و حرام و خبائث کھا کھا کر مردار اور خون پی پی کر بنا ہو، وہ سب جہنمی ہیں۔ انہیں اگر قسمت نے کلمہ پڑھ لینے کا موقعہ دیا تھا تو اُنہیں چاہئے تھا کہ اس نجات دہندہ خانوادہ کے پسینے پر اپنا خون بہاتے، اُن کی خدمت میں سروقد کھڑے رہ کر ہڈیوں کے اُس جہنمی گودے کو پگھلاتے، اُن کے نام پر اُن کے غم میں اپنا جسم گھلاتے اور اپنا گوشت قیمہ کی صورت میں نثار کرتے تو اُمید تھی کہ وہ خدا کی طرف سے پاک کر دیئے جاتے اور جہنم میں جھونکے جانے سے بچ جاتے۔ لیکن جن خبیثوں نے خود ہی اپنے اور اپنے بزرگوں کے ساتھ طیب و طاہر و طاہرہ لکھنا شروع کر دیا۔ حالانکہ قرآن نے انہیں منع کیا تھا کہ اسلام و ایمان لے آنے کے بعد بھی خود کو تزکیہ شدہ نفوس نہ کہیں اور نہ اس غلط فہمی میں مبتلا ہوں۔ پانی سے نجاست دور ہو جاتی ہے اور وہ ہاتھ پیر عارضی طور پر پاک ہو جاتا ہے۔ ہڈیوں میں پیک (Pack) شدہ ناپاکی پانی سے اور زبانی

بکواس سے نہیں دھلتی۔کھال کے اندر کا سامان پاک نہیں ہو جاتا۔اس کو پاک کرانے کے لئے اہل بیت علیھم السلام کی توجہ اور اُن پر جان فدا کرنے کے عملی مظاہرہ کی احتیاج ہے۔اُن کی راہ میں جان دینے والے،اُن کے نام پر خون بہانے والے ہی پاک اور جنت کے مستحق ہو سکتے ہیں۔خدا ہمیں اور ہمارے قارئین کو یہ توفیق عطا کرے آمین۔

زیرِنظر بیان میں اللہ کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔یعنی پورے بیان کی سچائی یا جھوٹ کو اللہ کے حوالے کر کے قارئین کو آزاد کر دیا۔ چاہیں تو تسلیم کر لیں ورنہ رد کر دیں۔اِسی جگہ معجزہ کی چاشنی بھی دی گئی ہے۔مطلب یہ ہے کہ اللہ بھی جناب قصی علیہ السلام کی مدد پر آمادہ تھا۔مگر سوال یہ ہے کہ جب خسرہ یا چیچک کے خطرے سے ڈر کر؛

''انہوں نے خود ہی مکہ کو خیر باد کہہ دیا۔اور سب ترک وطن کر کے چل دئے۔''(طبری۔جلد اوّل صفحہ 41)

جب تمام بنوخزاعہ مکہ سے چلے گئے۔تو اِس کا کیا مطلب ہے کہ بعض نے مکہ ہی میں رہنا طے کر لیا؟ کیا جناب قصیؑ نے اُن دشمنوں کو اجازت دی تھی؟ یا یہی وہ گروہ ہے جو اُس زمانہ کے قریشی پردہ میں چھپ گیا تھا۔اور داخلی ریشہ دوانی اور تخریب کا پلان بنایا تھا۔پھر جب کچھ لوگوں کو یہ موقعہ مل گیا کہ وہ اپنے مکانوں کو فروخت کر سکیں اور بعض اپنے مکانات مفت دوسروں کو دے سکیں تو یہ کہنا غلط ہے کہ جناب زیدؑ نے بنوخزاعہ کے مکانات میں اپنے پسندیدہ لوگوں کو آباد کیا۔ہم یہ عرض کریں گے کہ جن لوگوں نے بنوخزاعہ سے مکانات خریدے اور جن لوگوں کو خوشی سے بنوخزاعہ نے اپنے مکان دے دیئے۔یہ دونوں قسم کے لوگ یقیناً جناب قصیؑ اور تمام بنی اسماعیلؑ اور اُن کی حکومت کے مخالف تھے۔اور مستقبل میں بنی خزاعہ کی حکومت اور اقتدار قائم کرنے کی پالیسی پر عمل کریں گے۔ قارئین اس مقام کو اس وقت تک نہ بھولیں جب تک ہم حضرت قصیؑ کے بعد اُن کے چوتھے پوتے حضرت ابو طالب علیہ السلام کی خدمت میں حاضر نہ ہو جائیں۔اس لئے کہ قصی کے زمانہ میں جو قحطانی قریشی پردہ کے پیچھے چھپ گئے تھے وہ ہی وہ گروہ ہوگا جو رفتہ رفتہ خانوادہ رسولؐ میں گھل مل جائے گا۔اعتماد حاصل کرے گا،امارت کعبہ میں شریک ہو کر بنو اسماعیلؑ کے اقتدار کو ڈھیلا کرے گا۔یہی وہ لوگ ہوں گے جو حضرت قصی،عبد مناف، ہاشم،عبد المطلب،ابو طالب اور پھر جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وابائِہ کے ساتھ حسب موقعہ وقوت مزاحمت کرتے رہیں گے۔یہی وہ لوگ ہوں گے جن کو خانوادۂ اسماعیلؑ کی مختلف شاخوں کے بیٹے،بھائی اور بھتیجے بتایا جائے گا۔یہ ہے وہ شرارِ بولہبی جو حضرت کعب ومرہ اور عبد مناف کی اولاد بن کر بیتِ رسولؐ کو جلانے کی کوشش میں آگے بڑھتا چلا جائے گا۔یہاں تک کہ کربلا کے میدان میں اُس کی دشمنی کچھ ٹھنڈی پڑے گی۔جہاں سورج کے بندے کا شعلہ بجھ جائے۔اور پھر یہ عرب کا سورج سبئی خاندان ہمیشہ کے لئے ننگِ انسانیت بن کر لعنت کے پردوں میں چھپ جائے گا۔اس بیان کی تنقید کو اس جملے کے ساتھ ختم کر کے آگے بڑھیں کہ حضرت زید علیہ السلام نے جن عربوں کو مکہ میں اور اس کے گردونواح میں آباد کیا تھا وہ کوئی ایک قبیلہ نہ تھا۔بلکہ مخلوط قبائل جو سلطنت حمیر اور حیرہ کے ستائے اور برباد کئے ہوئے تھے یہاں جمع کر دئے گئے تھے۔اُن میں چند خاندان بنی اسماعیل میں سے بھی تھے۔لیکن حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے وہ شاخ جس میں کتاب ونبوت ورسالت وحکومت اور امامت بطور ورثہ چلی آرہی تھی اس میں سے صرف حضرت قصی علیہ السلام ہی تھے اور اُن کے فرزند جناب ابراہیم علیہ السلام تھے۔جن کو ایک قحطانی عبد مناف نامی شخص سے صوری مشابہت کی بنا پر سازشاً عبد مناف

کہنا شروع کیا گیا تھا۔حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے حضرت ہاشم، مطلب علیھم السلام ہوئے تھے۔وہ جم غفیر جس میں رسولؐ کے اعمام وغیرہ مشہور کیا گیا، سب قحطانی الاصل خزاعہ، عدی، تیم و بنو بکر و جرھم وغیرہ تھے۔

(vii)۔ حضرت قصیؑ قحطانی تاریخ میں ذرا اور اُبھارے گئے

قحطانی دروغ بافی کے اُس انبار میں سے حق وحقائق کو باطل سے الگ کرنا بڑی دِقت نظر چاہتا ہے۔اور ادھر قارئین کے بور ہو جانے کا دھڑ کا لگا رہتا ہے۔ بہرحال جس قدر ممکن ہے ہم حضرت زیدؑ (قصیؑ) کے حالات قسط وار کھود کھود کر نکال رہے ہیں۔ چنانچہ جناب طبری گو وظیفہ خوار تھے لیکن انہوں نے اُلٹ پلٹ کر کافی اطلاعات فراہم کر دی ہیں۔اُلٹ پلٹ کو سمجھنے والا محقق صحیح نتیجے پر پہنچ جاتا ہے۔ اُن کا ایک اور بیان سنئے فرماتے ہیں کہ:۔

''ابن اسحاق نے بیان کیا ہے کہ رزاحؑ نے قصیؑ کی طلب نصرت کی استدعا کو قبول کیا اور وہ اپنے تینوں بھائیوں اور قبیلہ والوں کو لے کر عرب حاجیوں کے ساتھ قصی کی مدد اور اُس کا ساتھ دینے کے لئے مکہ راونہ ہوا۔یہی راوی کہتا ہے کہ بنوخزاعہ اس بات کے مدعی ہیں کہ جب قصی کی اولاد منتشر ہوگئی تو خود حلیل نے کعبہ کی تولیت قصی کے سپرد کر دی تھی۔اور کہا تھا کہ تم خزاعہ کے مقابلہ میں کعبہ کی تولیت اور مکہ کی حکومت کے زیادہ اہل ہو۔اس کی وصیت کی بنا پر قصی نے اُن تمام حقوق کا مطالبہ کیا تھا۔ جب سب لوگ مکہ میں جمع ہوئے اور موقف کو چلے اور حج سے فارغ ہو کر مِنٰی میں آئے۔اس وقت قصی نے اپنے تمام مددگار، اپنے ہم قوم قریشی متبعین، اور بنو کنانہ اور بنوخزاعہ کے حامیوں کو اپنے پاس جمع کر رکھا تھا۔تمام مناسک حج ادا ہو چکے تھے صرف واپسی باقی تھی۔۔۔(یہاں رَمی یعنی کنکریاں مارنے کا ذکر کر کے کعبہ کے پجاریوں کی ہٹ دھرمی اور بالا دستی لکھ کر فرمایا کہ) کنکریاں مارنے کے بعد جب حاجی لوگ مِنٰی سے واپس ہوتے تو کعبہ کے پجاری سب سے پہلے گھاٹی کے سروں پر آجاتے۔اور لوگوں کو گزرنے سے روک دیتے اور کہتے کہ پہلے ہم پجاری حضرات گزر لیں تب باقی لوگ گزریں گے۔ چنانچہ پہلے وہ گزر جاتے تب دوسروں کو گزرنے کی راہ ملتی تھی۔اِس سال بھی حسبِ دستور جاریہ پجاریوں نے حاجیوں کے ساتھ یہی برتاؤ کیا۔یہ طریقہ اُن میں بنو جرہم اور بنوخزاعہ کی تولیت کے عہد سے چلا آتا تھا۔اور اس طریقہ سے تمام عرب واقف تھے اور اسے تسلیم کرتے تھے۔ جب اس سال بھی انہوں نے ایسا کیا تو قصیؑ بن کلاب اور اپنی قوم قریش اور بنو کنانہ اور قضاعہ کے ساتھ گھاٹی پر آیا۔اور انہوں نے ان پجاریوں سے کہا کہ اس تمام بندوبست کے ہم تم سے زیادہ اہل ہیں۔ پجاریوں نے اس دعویٰ کو نہ مانا۔قصی نے اُن کی بات نہ مانی۔نتیجہ یہ ہوا کہ تلوار چلی اور نہایت شدید اور خونریز لڑائی کے بعد پجاریوں کو شکست ہوئی۔قصی نے اُن کے تمام حقوق پر قبضہ کر لیا اور گھاٹی سے اُن کو بے دخل کر دیا۔اس لڑائی کے بعد بنوخزاعہ اور بنوبکر، قصی بن کلاب سے دستکش ہو گئے۔اور ان کو یہ بات معلوم ہوگئی کہ جس طرح قصی نے پجاریوں کو گھاٹی سے بے دخل کر دیا ہے۔اُسی طرح وہ انہیں کعبہ کے انتظام اور مکہ کی حکومت سے بے دخل کر دے گا۔اُن کی علیحدگی کے بعد خود قصی نے اُن پر جارحانہ کاروائی کی۔اور اب وہ اُن سے لڑنے کے لئے پوری طرح تُل گیا۔اُس کا بھائی رزاح بن ربیعہ اپنی قوم قضاعہ کے ہمراہیوں کے ساتھ اُس کی مدد کے لئے جما رہا۔اُس کے مقابلہ میں بنوخزاعہ اور بنوبکر

لڑنے کے لئے برآمد ہوئے۔لڑائی چھڑی اورنہایت شدید ہوئی۔فریقین کے بے شمار آدمی کام آئے۔اورتقریباً سب ہی زخمی ہوگئے۔یہ رنگ دیکھ کرفریقین نے عارضی صلح پر یہ قرارداد کرلی کہ وہ اپنے اس قضیہ کوکسی عرب کے سامنے قطعی طور پر فیصلے کے لئے پیش کردیں۔ چنانچہ انہوں نے یعمر بن عوف کوحکم بنایا۔اُس نے یہ فیصلہ کیا کہ کعبہ کی تولیت اور مکہ کی حکومت کے لئے خزاعہ اور بنوبکر کے مقابلہ میں قصی زیادہ اہل ہے۔اور یہ کہ بنوخزاعہ اور بنوبکر کے جن جن لوگوں کوقصی نے قتل کیا ہے وہ اُن کے سروں کواپنے پیروں سے کچل دے۔اس کے برعکس قریش، کنانہ اور قضاعہ کے جن لوگوں کوخزاعہ اور بنوبکر نے قتل کیا ہے۔وہ اُن کی دیت (خون بہا) ادا کریں۔نیز یہ کہ کعبہ کی تولیت اور مکہ کی حکومت قصی بن کلاب کودے دیں۔چونکہ اس فیصلے میں یعمر بن عوف نے خزاعہ وغیرہ کے سروں کوقصی کے پیروں سے کچلوایا تھا۔ اس وجہ سے اس کا نام شدّ اخ ہوگیا۔اب قصی بلاشرکت غیرے کعبہ اور مکہ کا متولی اوررئیس ہوا۔جہاں جہاں اُس کی قوم آباد تھی۔اُس نے اُن سب کووہاں سے پھرمکہ بلایا۔اوراس نے اپنی قوم اوراہل مکہ کی سیادت طلب کی۔جسے اس کی خواہش کے مطابق سب نے منظور کرلیا۔اس طرح کعب بن لوی کی اولاد میں قصی پہلا شخص ہے جسے حکومت ملی۔اوراُس پراس کی قوم نے دل سے اطاعت کی۔اب کعبہ کی حجابت، سقایہ، رفاوہ، ندوہ اورلواء سب اُسی سے متعلق ہوگیا۔اس طرح مکہ کی تمام شرافت اُسے مل گئی۔اُس نے مکہ کوچار حصوں میں تقسیم کرکے اُن کواپنی قوم قریش کودے دیا۔اورپھرقریش کے ہرخاندان کوعلیحدہ علیحدہ مکہ کے اُن مکانات میں جن پراُن کا قبضہ ہوا تھا۔فروکش کردیا۔'' (طبری۔جلداوّل صفحہ 41 تا43)

(viii)۔ طبری کےاس بیان کی تطہیروتنقید

سب سے پہلے قارئین اس بیان میں وہ سازشی لفظ نکال دیں تاکہ قحطانی قریش کی چادرنہ اوڑھ سکیں۔پھراس طویل بیان پر اس طرح نظرڈالیں کہ اس میں پہلے نمبر پرایک سادہ اورفطری صورتِ حال بیان ہوئی ہے۔جس میں بلاکسی جنگ وتنازع کے حلیل نے از خودکعبہ کی تولیت اور مکہ کی حکومت جناب قصی علیہ السلام کوسونپ دی تھی اور یہ زیادہ مناسب حال ہے۔قصیؑ حلیل کے داماد تھے۔دامادی کے لئے جوصفات درکارتھیں وہ حلیل کے معیار پر پوری موجود تھیں۔حلیل کے یہاں کوئی اوراولاد نہ تھی۔ظاہر ہے کہ اس صورت میں تولیت کعبہ اورامارت مکہ قصیؑ ہی کوملنا تھی۔اگر یہ صحیح ہے تو پھر باقی تمام جنگ وجدل وغیرہ ایک خانہ ساز اورقریشی قسم کی سازش ہے۔اور اگر بعدوالی پچاریوں سے جنگ کے بعد یا بنوخزاعہ سے لڑائی کے بعد فیصلہ والی کہانیوں میں سے کوئی ایک سچی ہے؟ تودونوں کہانیوں کو بہر حال غلط ماننا پڑے گا۔لہٰذا ہم اوّل الذکرصورت حال کوقبول کرکے یہ کہتے ہیں کہ تولیت وحکومت توحُبّی اوراُنکے والد نے سونپ دی تھی۔مگر بنوخزاعہ اور بنوبکراور دیگرتمام قحطانی قبائل کوجب یہ معلوم ہوا کہ کعبہ ومکہ کی حکومت دشمن خاندان کے حقیقی وارث کے ہاتھوں میں جاپڑی ہے تواس پرمخالفت اورتدارک کی دونوں طرف سے کوشش ہونے لگی۔چونکہ مکہ میں جناب زیدعلیہ السلام کے خاندان یاقوم کا کوئی فرد نہ تھا۔اسلئے آپ نے اپنی قوم سے مددونصرت کا جوانتظام کررکھا تھا وہ برسرکارآ گیا۔اورمیدان حج میں مناسک حج ادا کرنے کی رسومات بزور بازو جناب قصی نے انجام دیں اوروہ تمام لوگ جوبنوخزاعہ کی طرف سے ان خدمات کیلئے متعین چلے آرہے تھے، جنہیں

پجاری کہہ کر ایک مسلح فوج ہونے کا شاخسانہ گھڑا گیا ہے۔ اُنکو ڈانٹ کر راہ سے ہٹا دیا گیا۔ اس واقعہ کے بعد ضروری تھا کہ بنوخزاعہ اور بنو بکر جنگ کیلئے با قاعدہ میدان میں نکلیں۔ چنانچہ صرف بنوقضاعہ اور جناب قصی علیہ السلام کے بھائی مقابلہ کیلئے میدان میں آئے اور انہیں فتح حاصل ہوئی۔ بنوخزاعہ وغیرہ تمام قحطانی جو مقابلہ پر آئے تھے مکہ اور گردونواح سے رخصت ہو گئے۔ جو قحطانی یا دوسرے لوگ پہلے سے مخالف نہ تھے اور جنگ میں قحطانی افواج کا جنہوں نے ساتھ نہ دیا تھا۔ اُن سے تعارض کی کوئی وجہ نہ تھی۔ دشمنوں سے فراغت کے بعد جناب زیدؑ نے ہر اس فرد یا قبیلے کو مکہ ونواح مکہ میں آباد ہونے کی دعوت دی جو اُن سے ہمدردی اور اُنکی حکومت سے دل چسپی رکھتا ہو۔ یہ ہے سارا واقعہ۔ رہ گیا جگہ جگہ لفظ قریش اور جنابِ قصیؑ کی قوم کی بھرمار یہ بعد کی گھڑی ہوئی الحاقی باتیں ہیں۔ ہم تو یہ جاننا چاہتے ہیں کہ اگر قریش بنی اسماعیل ہی کا لقب یا نام ہے تو انہوں نے قصیؑ کے حقیقی اور بڑے بھائی کو اپنا سربراہ کیوں نہ بنایا۔ بلکہ زہرہ کے نام نہاد بزرگ تیم اور یقظہ کو تولیت و امارت کیوں نہ دی؟ اور زیرِ نظر طویل بیان کے آخر میں جہاں فیصلہ کن جنگ اور ثالث کا فیصلہ لکھا ہے وہاں قریش کا ذکر کیوں نہیں ہے۔ اور پھر اُن میں سے کسی سر برآوردہ یا گھٹیا درجے کے آدمی کا نام تک نہ لکھنا بتاتا ہے کہ یہ لفظ قریش ضرورتِ وقت کے طور پر بعد میں بڑھایا گیا ہے۔ حقیقتاً اُس زمانہ میں نہ کوئی قریش تھا نہ ایسی کوئی ضرورت تھی ورنہ یہ قصہ اتنا بے ڈھنگا اور بے سروپا نہ ہوتا۔

اس بے سروپا بیان میں یہ بھی ہے کہ پجاریوں کی شکست کے بعد بنوخزاعہ اور بنوبکر رعب وخوف سے تولیت اور مکہ کی حکومت سے کنارہ کش ہو گئے۔ اس لئے کہ انہیں یقین ہو گیا کہ ہمارا بھی قصیؑ کے سامنے وہی حال ہوگا جو پجاریوں کی فوج کا ہوا۔ اور یہاں جناب قصی کو جارحانہ جنگ کرنے کا خاموش الزام دیا ہے جو غلط ہے۔ پھر ثالث والا فیصلہ اور اس میں مقتولین کے سروں کو کچلنا لکھ کر قصیؑ پر اتہام لگایا گیا ہے۔ اور اس اتہام کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ بعد والے قحطانیوں کو خانوادہ قصی کے خلاف جب چاہیں نفرت کی آگ بھڑکا کر تیغ بکف کر سکیں۔ اور جب ضرورت پڑے آنے والی قحطانی نسل اپنے اِن کافر بزرگوں کو یاد کر کے خانوادہ رسالت کے افراد کو قتل کرنے، مُردوں کے کلیجے چبا جانے اور لاشوں پر گھوڑے دوڑا کر کچلنے کے لئے آمادہ ہو سکے۔ اُن کی جلاوطنی کو یاد کر کے خانوادہ رسوؐل کو وطن سے نکال سکیں۔۔ لہٰذا یہ سب کہانیاں اسی زمانہ میں گھڑی گئیں جب آل رسوؐل کو مٹانے کی ضرورت پیش آئی تھی۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ جناب اسماعیل علیہ السلام کی اُس شاخ نے کبھی بے رحمی، بے انصافی اور ظلم وستم کی راہ اختیار نہیں کی۔ جس میں کتاب ونبوت ورسالت وامامت اور حکومت ودیعت کی گئی تھی۔ قرآن کریم اُس طیب وطاہر نسل سے ظلم اور ظالمین کی نفی کرنے کے لئے آج بھی موجود گواہ ہے۔ لیکن عرب کے مشرک محاذ نے خانوادہ رسوؐل کی مخالفت اور تباہی کے لئے اشتراک کر لیا تھا۔ اور مشرک کے اوّلین اور سادہ معنی ظلم میں شریک رہنے ہی کے ہیں۔

اس بیان میں یہ بھی دکھایا گیا ہے کہ جناب قصیؑ جب مکہ وکعبہ کو واگزار کرا چکے۔ جب سب کو آباد کر چکے تب انہوں نے اپنی قوم اور دیگر لوگوں سے اپنی حکومت طلب کی۔ اس سے اُن کا صرف یہ مطلب ہے کہ قصی اپنی اور بنوقضاعہ کی طاقت کے باوجود اور تمام دشمنوں کو مفتوح کر چکنے کے بعد بھی اپنی نام نہاد قوم یعنی قریشی گمنام قوم سے حکومت مانگ کر لے رہے ہیں۔ یہ کہتے ہوئے شرم آتی رہی ہے کہ وہ اپنی قوت وبصیرت اور وراثت سے حاکم ومتولی بنے تھے۔ اگر اس سلسلے میں کسی کی نصرت کا احسان تھا تو وہ بنوقضاعہ یعنی اُن کی اپنی حقیقی

قوم تھی۔ اُس کی موجودگی میں کسی فرضی قریشی نامی قوم سے اپنی موروثی حکومت مانگنا ایک احمقانہ اور بے سُرا راگ ہے جو قحطانی تاریخ کا خصوصی معیار ہے۔

اس بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ کعب بن لوی کی اولاد میں سب سے پہلے حضرت قصیؑ کو حکومت ملی۔ یعنی باقی بزرگ یوں ہی گزرتے رہے۔ یہ اس لئے غلط ہے کہ حکومتِ خداوندی ہر جانشین کو حاکم مانتی ہے۔ خواہ بظاہر وہ تخت و تاج نہ رکھتا ہو۔ اور صاحبانِ ایمان اُسے ہمیشہ اپنا ایسا حاکم مانتے ہیں کہ جس کا ہر حکم واجب الاطاعت ہوتا ہے۔ جس سے سرکشی کفر ہوتی ہے۔ لہٰذا مومنین کے نزدیک حضرت اسماعیل علیہ السلام سے لے کر جناب قصیؑ تک چھپن (56) حاکم واجب الاطاعت گزرے تھے۔ رہ گئے کفار وہ تو رسولؐ اللہ کو بھی حاکم علی الاطلاق نہیں مانتے۔

(ix)۔ حضرت زید علیہ السلام طبری کی مومنانہ نظر میں

اب ہم اُن تصورات والفاظ کو الگ کر کے جناب قصیؑ کے مزید حالات سناتے ہیں جو طبری صاحب کو حقِ نمک کی بنا پر شامل کرنا پڑے ہیں۔ وہ مسلسل لکھتے جارہے ہیں کہ جناب قصی علیہ السلام کے زیر فرمان لوگ اس حد تک اُنکے مطیع تھے۔ کہ ہر کام اُنکی اجازت سے کرتے تھے۔ اُنکے نام سے اپنے کاموں میں خدا سے برکت چاہتے۔ امن کی بات ہو یا جنگ کی بات جناب قصیؑ سے حکم حاصل کرتے۔ اعلان جنگ انکے نام سے کرتے تھے۔ جنگ کا پرچم جناب عبد مناف سے بندھواتے تھے۔ مکہ میں ہر شادی و نکاح اُنکی سرپرستی اور اُنکے دارالامارہ یا ندوہ میں ہوا کرتا تھا۔ اُنکے حضور کوئی سر بلند نہ ہوتا تھا کوئی آواز اونچی نہ ہوتی تھی۔ انہوں نے اپنی حکومت میں قوانین اور مکمل نظامِ حکومت نافذ کر دیا تھا۔ تمام احکام کی تنفیذ اور مقدمات کے فیصلوں کیلئے ایک وسیع و عریض عمارت دارالنّدوہ کے نام سے بنادی تھی جو ظہور محمدیؐ تک موجود تھی۔ انہوں نے مناسک ورواسم حج میں کوئی دخل اندازی نہ کی تھی۔ جس طرح مکہ کا انتظام چار حصوں میں تقسیم کر دیا تھا۔ اُسی طرح کعبہ کے مختلف محکمے تقسیم کر دئے تھے۔ طبری نے بڑی فراخدلی سے یہ لکھ دیا ہے کہ جناب عبد مناف (ابراہیمؑ) قصیؑ کی زندگی ہی میں اور اُن کے سامنے ہی بڑا معزز انسان بن چکا تھا۔ اور اُسے دنیا کا ہر طرح کا تجربہ تھا۔ اور دبی زبان سے یہ بھی اقبال کیا ہے کہ عبدالدار قوم میں ایک حقیر پوزیشن رکھتا تھا۔ لیکن طبری نے اسکے باوجود اس کہانی کو تسلیم کر لیا ہے کہ عبدالدار اور عبدالعزیٰ جناب قصی کے بیٹے تھے۔ اور یہ کہ نالائق و حقیر ہونے کے باوجود عبدالدار کو کعبہ کی تولیت سونپ دی تھی۔ اور اُسے اہل مکہ پر جان بوجھ کر مسلط کر دیا تھا۔ اور یہ بھی لکھ دیا کہ خود قصیؑ بھی عبدالدار کے انتظام میں دخل نہ دیتے تھے۔ (طبری جلد اوّل صفحہ 45-43)

لیکن کوئی احمق سے احمق شخص بھی اس بات کو تسلیم نہ کریگا کہ جناب قصی علیہ السلام ایسا امام زمانہ اور حاکم مطلق کسی بیوقوف و حقیر شخص کو ایسی حالت میں لوگوں پر مسلط کریگا جب کہ اس کا ایک معزز اور پوری رعایا میں قابل قدر بیٹا بھی موجود ہو۔ بہر حال ہم دلائل سے ثابت کر چکے ہیں کہ عبدالدار وغیرہ سے خاندان اسماعیلؑ کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ سوائے اسکے کہ قحطانیوں نے چند ناموں کا بعد میں اس خاندان سے الحاق ضروری سمجھا، تاکہ اُن کو نبوت و رسالت و امامت و حکومت میں شرکت کا بہانہ اور موقعہ مل سکے۔ لہٰذا اگر اس قسم کے ناموں والے لوگ موجود تھے تو وہ وہی لوگ تھے جنہوں نے تولیت کعبہ اور حکومت مکہ کو خانوادۂ رسولؐ سے نکالنے کی کوششیں جاری رکھیں۔

چنانچہ جب یہ نام تاریخ میں آتے ہیں تو اُن ہی دونوں عہدوں کے غاصبین کی تصریحات کیساتھ آتے ہیں۔ یہ دوسری بات ہے کہ غاصبینِ ولایت یا حکومت کو جائز قرار دینے کیلئے جہاں موقعہ ملے انہیں بیٹا بنا دیا جائے یا رشتہ داری و دوستی کے پردے ڈال دئے جائیں۔ لیکن قرآن پر ایمان لانیوالے کسی ایسے شخص کو منجانب خدا حاکم نہیں مان سکتے جو خاطی وظالم کی ذیل میں آجائے۔ اسی مار سے بچنے کیلئے قحطانی مشرکین تمام انبیؑا سے خطا اور غلطی و گناہ اور سہو ونسیان کا جواز مانتے ہیں تا کہ اپنے بزرگوں کے شرک فی الدین اور شرکت فی الرسالت و امامت پر جواز کا پردہ ڈال کر مسلمانوں کو فریب میں مبتلا کرتے رہیں۔ لیکن جو لوگ اللہ کے فرمان لَایَنَالُ عَھْدِی الظّٰلِمِیْنَ (2/124) میرا عہد امامت ظالمین سے کوئی تعلق نہیں رکھتا، سے واقف ہیں وہ کسی خاطی کی حکومت کو ہرگز حکومت الٰہیہ نہ سمجھیں گے۔ بلکہ ایسے مدعی کو کاذب وغاصب قرار دیں گے۔

(11/7)۔ حضرت ابراہیمؑ عرف مغیرہ قحطانی آئینہ میں

قحطانیوں نے آپ کو عبد مناف مشہور کر دیا تھا۔ آپ کے متعلق لکھا ہے کہ:۔ ''مغیرہ آپ کا اصلی نام تھا۔ آپ کے حسن و جمال کی وجہ سے انہیں چاند کہا جاتا تھا۔ قصی کہا کرتا تھا کہ میرے چار بیٹے ہوئے۔ ان میں سے دو کے نام میں نے اپنے بتوں کے نام پر رکھے اور ایک کا نام اپنے گھر کے نام پر رکھا اور ایک کا نام خود اپنے نام پر رکھا۔'' (طبری جلد اوّل صفحہ 38)

اس بیان سے قحطانی کفر اور دشمنی ٹپک رہی ہے۔ لہٰذا اس کی تصدیق کوئی کافر یا بت پرست ہی کر سکتا ہے۔ ہم اس چار سو بیس کو دلائل اور درایت سے مردود و باطل ثابت کر چکے ہیں۔ اس روایت کی تکذیب میں لکھا ہے:۔

''ھشام بن محمد اپنے باپ کی روایت بیان کرتا ہے کہ عبد مناف کا لقب قمر ہے اور نام مغیرہ تھا۔ اُسکی ماں حبّی تھی۔ اُس نے اُسے مکہ کے سب سے بڑے بت مناف کو اپنے اظہار عبودیت میں حوالے کر دیا تھا۔ اِسی وجہ سے یہی نام مشہور ہو گیا۔'' (طبری۔ جلد اوّل صفحہ 39)

(i) پہلے کہا گیا کہ جناب قصیؑ نے یہ نام خود رکھا تھا۔

(ii) پھر یہ لکھا گیا کہ یہ نام نہ قصیؑ نے رکھا نہ حبّی نے رکھا۔ بلکہ بت کی خدمت میں پیش کرنے کی وجہ سے یہ نام عبد مناف خود بخود مشہور ہو گیا۔

(iii) ہم کہتے ہیں کہ یہ قحطانی تاریخ جھوٹ کا پلندہ ہے۔ یہ سب ایک دوسرے کو جھٹلانے میں ماسٹر لوگ ہیں۔ اس لئے کہ منافقوں میں اتحاد ناممکن ہے۔

(iv) اور یہ بھی جھوٹ ہے کہ کفار عرب بتوں کو اپنا خالق اور خود کو بتوں کا بندہ یا عبد سمجھتے تھے۔ قرآن نے بتایا کہ وہ اللہ ہی کو اپنا خالق جانتے تھے۔

(v) چونکہ قحطانیوں نے آگے چل کر خود رسولؐ اللہ کو (معاذ اللہ) بتوں کی حمد وثنا کرنے میں ابلیسی اغوا کے ساتھ مصروف دکھانا اور معتبر ترین کتابوں میں لکھنا تھا۔ لہٰذا وہ رسولؐ بھی اُسی خاندان سے مانیں گے (معاذ اللہ) جو اُنکے عقیدے میں بت پرست خاندان

سے ہو۔ لہٰذا عبدالدار، عبدالعزیٰ اور عبدالشمس قحطانی بت پرستوں کے نام ہیں۔ اُنکا خانوادہ رسولؐ سے کوئی نسبی رشتہ ممکن ہی نہیں ہوسکتا۔ بت پرست مشرک و کافر و نجس و ناپاک اور ظالم ہوتے ہیں اور رسولؐ اللہ کے والدین و ابا وٗ اجداد تمام مومنین و پاکیزہ لوگ تھے۔

(11/8)۔ جناب ہاشم علیہ السلام کے حالات زندگی

مؤرخین کے مسلّمات میں سے چند عمدہ خصائل و حالات لکھنا ضروری ہیں۔ اُن کا اسم گرامی عمرو بتایا گیا ہے۔ ہاشم مشہور ہونے کی متفقہ وجہ یہ ہے کہ اُن کے زمانہ میں عرب و حجاز میں سخت قحط پڑا اور مخلوق خدا فاقوں سے دوچار ہوگئی۔ آپ نے فلسطین کا سفر کیا اور وہاں سے کثیر مقدار میں کھانے کی اجناس لے کر آئے اور لوگوں کو گوشت اور شوربے میں روٹیاں چُور چُور کر دونوں وقت کھلانے کے لئے ضروری تعداد میں لنگر کھول دئے۔ طبری کے بقول مطرود بن کعب الخزاعی یا ابن الکلبی کے قول کے مطابق ابن الزبعری نے یہ شعر کہا:۔

عمرو الذی هشم الثرید لقومه و رجال مكة مسنتون عجاف

وہ عمرو تھا جس نے اپنی قوم کو روٹی چُور کر کھلائی اس حال میں کہ مکہ کے لوگ قحط سالی میں مبتلا ہوگئے تھے۔

ہاشمؑ ہی وہ شخص تھا جنھوں نے مکہ سے ہر سال موسم سرما اور گرما میں تجارت کے محفوظ قافلے روانہ کرنے کی ذمہ داری لی۔ آپ نے خاندان نبط کی شاخ کے غسانی بادشاہ سے مکہ والوں کو تجارت کی سہولتیں دلائیں۔ شاہانِ روم و حبشہ اور ایران وغیرہ سے عربوں کیلئے ویزا اور رعایات سفر و تجارت و سکونت کے پروانے حاصل کئے۔ اور یثرب (مدینہ) اور حجاز کے باشندوں کو بیرون ملک جانے اور دوسری مملکتوں میں آباد ہوکر وہاں کی رعایا کی تمام سہولتیں حاصل کرنے کے اختیار ملے تو عرب میں تمدن و ترقی پھر ایک بار شروع ہوگئی۔ لوگ ادھر سے اُدھر اور اُدھر سے اِدھر آ کر آباد ہونے لگے۔ تجارت کی تمام راہیں کھل گئیں۔ تبادلہ خیالات و مذہبی تصورات جاری ہوئے۔ اور ایک دفعہ پھر نبطی حکومتوں کے ادوار کا روشن چہرہ سامنے آیا۔ قحطانیوں نے بھی اپنا حسد و بغض اور ریشہ دوانیاں جاری رکھیں۔ بنی ہاشمؑ کے اقتدار پر ہاتھ ڈالنے کی کوششیں پھیلنے لگیں۔ جناب ہاشم علیہ السلام نے اپنی نبطی شاخ سے از سر نو رشتہ داری کو استوار کیا۔ اور ملک شام کے سفر کو جب بھی جاتے تو ضرور اپنے ہم نسب قبیلہ اوس و خزرج میں قیام فرماتے۔ چنانچہ آپ نے اپنے آخری سفر میں عمرو بن زید بن لبید الخزرجی کے یہاں مدینہ میں قیام کیا۔ اور اُن کی بیٹی سلمٰی (بنت عمرو بن زید بن لبید الخزرجی) سے نکاح کیا۔ مگر کسی مصلحت سے خلوت کئے بغیر ملک شام تشریف لے گئے۔ اور واپسی پر باقاعدہ اپنے سسرال میں قیام کیا۔ جناب سلمٰی علیھا السلام میں وہ نور منتقل ہوا۔ جس سے سرور کائنات اور مولائے کائنات علیھما السلام نے ظہور فرمانا تھا۔ اور جس طرح اوس و خزرج کے نبطی ہونے کو راز میں رکھا جاتا رہا تھا اور آنحضرتؐ کے زمانہ تک خانوادہ رسولؐ کا یہ راز، راز رہتا چلا گیا کہ اوس و خزرج قریب ترین عزیز اور حضرت نابت بن اسماعیل علیھما السلام کی اولاد ہیں۔ اُسی طرح جناب ہاشمؑ نے مکہ کے قحطانیوں سے اس بات کو محفوظ رکھا کہ نورِ مصطفیؐ و مرتضیؑ مدینہ کے اندر جناب سلمٰیؑ میں منتقل ہو چکا ہے۔ تاکہ جناب قصی علیہ السلام کی طرح جناب عبدالمطلبؑ قحطانیوں سے دور اور محفوظ رہ کر آغوشِ مادر اور اپنے حقیقی نبطی خاندان میں پرورش پائیں اور جوان ہوکر مکہ میں آئیں۔ لہٰذا حضرت ہاشمؑ نے جناب سلمٰیؑ کو وضع حمل کے لئے مکہ سے مدینہ پہنچا دیا اور خود

ملک شام چلے گئے اور وہیں انتقال فرمایا۔اس انتقال کے بعد سید البطحا جناب شیبہ عرف عبدالمطلبؑ پیدا ہوئے اور عنفوان شباب تک اپنے حقیقی بزرگوں میں پرورش پائی۔اوراس دوران مکہ کے کسی فرد کو پتہ نہ چلنے پایا کہ نورِ مصطفیٰؐ و مرتضیٰؑ کا حامل مدینہ میں ہے۔غالباً خانوادہ رسولؐ کے عوام کو بھی یہ حقیقت نہ بتائی گئی تھی۔

(11/9)۔ حضرت شیبہ عرف عبدالمطلب علیہ السلام

آپ کا نام شیبہ اسلئے رکھا گیا تھا کہ آپکے سر میں سفید بالوں کا ایک بھنور بنا ہوا تھا۔عبدالمطلبؑ کہلانے اوراس لقب کے عام طور پر پھیل جانے کا سبب یہ ہے کہ بنوالحارث بن عبدمناۃ کا ایک شخص مدینہ میں کسی کام سے آیا۔راہ سے گزرتے ہوئے اُس نے چند نوجوانوں کوایک نشانہ میں تیراندازی کرتے دیکھا۔ایک نوجوان کا تیرنشانے پرٹھیک لگا تو اُس نے بطور فخر یہ نعرہ کے پکارا میں ہاشم کا نور نظر ہوں۔میں سید البطحا کا فرزند ہوں۔وہ شخص اُن کے حسین چہرے اور جاہ وجلال کو دل بھر کر دیکھنے کیلئے رک گیا۔چنانچہ اس نے دیکھا کہ شیبہؑ کا ہر تیر صحیح نشانہ پر بیٹھتا ہے۔اوروہ ہر دفعہ اپنے والد پر فخر کرتے ہیں۔وہ شخص پاس آیا۔استفسار حال کیا توانہوں نے بتایا کہ میں شیبہؑ بن ہاشمؑ بن مغیرہؑ بن قصیؑ ہوں۔وہ حارثی عرب جب واپس مکہ میں آیا تو اس نے جناب ہاشم علیہ السلام کے حقیقی ماں جائے بھائی جناب مطلبؑ سے بتایا کہ آپ کا بھتیجا مدینہ میں مجھے ملا ہے۔جو بڑا حسین وجمیل وقادر انداز ہے اور جناب ہاشم علیہ السلام کا نام لے کر فخر یہ نعرہ مارتا ہے۔حضرت مطلبؑ اشتیاق سے بے چین ہو گئے اور فرمایا کہ بخدا اپنے بھتیجے کو لائے بغیر اب میں اپنے گھر میں قدم نہ رکھوں گا۔حارثی نے کہا کہ اگر اس قدر عجلت ہے تو یہ میرا ناقہ حاضر ہے، روانہ ہو جاؤ۔چنانچہ آپ عقاب ایسی تیزی کے ساتھ مدینہ آئے اور حارثی کے بتائے ہوئے پتہ پر پہنچے۔یہاں نبطی قبیلہ کی شاخ بنی عدی بن النجار کی چوپال تھی۔چند لڑکے گیند کھیل رہے تھے۔ٹھہرے اور پہلی نظر میں اپنے بھائی کی نشانی کو پہچان لیا۔گلے ملے خوشی سے اور بھائی کی یاد میں دل بھر آیا۔اپنے باپ کے تنہا بیٹے تھے۔بھائی کی یادگار سے اپنے گھر کو رونق دیں گے۔خوب روئے اپنا تعارف کرایا۔بھاوجہ محترمہ سے ملے۔حالات اور وصیتیں معلوم کیں، خاندانی امانتیں لیں، اجازت لے کر، شیبہؑ کو لے کر مکہ آئے اور اترنے سے پہلے سارے شہر کا گشت کرایا۔پکارتے جاتے تھے۔میرے بھائی ہاشم کا بیٹا، خاندان امامت کا چشم و چراغ میرے ساتھ ہے۔جناب شیبہؑ کہتے تھے کہ میں اپنے چچا کا غلام ہوں۔چچا کا پیار وخلوص مشہور کرنے کے لئے عبدالمطلبؑ کا لقب اختیار کرلیا۔یہاں سے قحطانیوں کی نظروں نے محمد وعلی علیہما السلام کے نور کی جھلک دوبارہ دیکھی تو ہاشمؑ کے ساتھ جو حسد ودشمنی تھی اُس کا رخ جناب عبدالمطلب کی طرف موڑ دیا۔جس کا تذکرہ دشمنانِ خانوادہ رسولؐ کی ذیل میں ہونے والا ہے۔

الغرض جناب عبدالمطلب علیہ السلام نے دشمنوں سے تھوڑی سی فراغت پائی تو زمزم کے کنویں کو تلاش کیا۔جسے جرہمیوں نے اپنے زوال کو محسوس کر کے پاٹ دیا تھا۔اور کعبہ کے خزانہ کی بعض چیزیں بھی اُس کنویں میں دفن کر کے اُسے قطعاً گم کر دیا تھا۔اور تقریباً ایک ہزار سال سے کسی کو معلوم نہ تھا کہ زمزم کا کنواں کہاں گیا۔طرح طرح کی کہانیاں گشت کرتی رہتی تھیں۔مثلاً اللہ نے جرہمیوں کے فسق وفجور کی سزا میں چاہ زمزم کو خشک کر دیا تھا۔بہر حال خاندان نبوت وامامت کے افراد وہ مقام جانتے تھے۔آخر جناب شیبہؑ نے دوبارہ چاہ زمزم کو کھدوایا۔صاف کرایا اُس میں از سر نو پانی نکلا جو آج تک موجود ہے۔کنویں میں سے جو چیزیں نکلیں اُن میں قابل ذکر دو عدد

سونے کے بنے ہوئے ہرن تھے۔ کچھ یادگار تلواریں تھیں۔ چند زرہیں تھیں۔ جناب عبدالمطلبؑ نے اُن تلواروں سے کعبہ کا ایک دروازہ بنایا اور ہرنوں کے سونے کو پتروں کی صورت میں تبدیل کرا کے اُس کو دروازوں پر چڑھوا دیا۔ اس سے فارغ ہو کر آپ نے پھر قحطانیوں کی مخالفانہ سرگرمیوں کو روکنے کی کوشش شروع کی۔ قحطانی گروہ نے چاہ زمزم کو دوبارہ برآمد کر لینے کے سلسلے میں بھی ٹانگ اڑائی تھی۔ خیال یہ تھا کہ اگر زمزم کا نشان مل گیا تو اس میں وہ خزانہ برآمد ہو جائے گا جو اُن کے بزرگوں یعنی جرہمیوں نے پوشیدہ کیا تھا۔ اور اس طرح خانوادہ اسماعیلؑ کو نہ صرف قومی اعزاز حاصل ہو گا بلکہ دولت بھی بے شمار مل جائے گی۔ لیکن جناب عبدالمطلبؑ کو قحطانی ٹولہ کی سخت مخالفت نہ روک سکی اور لوگ اُن کے طرف دار ہو گئے۔ جب خزانہ کی افواہوں کا غلط ہونا ثابت ہو گیا تو قحطانیوں نے زمزم پر اپنا قبضہ کرنا چاہا تھا۔ حضرت عبدالمطلبؑ نے قحطانیوں کے دوسرے قبائل سے مدد مانگی تو لوگوں نے قحطانی سرگروہ نوفل کے مقابلہ پر اُٹھنے سے انکار کر دیا تھا۔ آخر حضرتؑ کو اپنی ننہال سے مدد لینا پڑی تھی ورنہ نوفل اینڈ پارٹی آپ کی تمام جائیداد پر قبضہ جمانے کی فکر میں تھی۔ اُسی تنہائی کے زمانہ میں جنابؑ نے خدا سے یہ منت مانی تھی کہ خدایا مجھے بہت سے بیٹے عطا کر جو میری زندگی ہی میں جوان ہو جائیں۔ تو میں اُن میں سے ایک بیٹے کو اپنے دادا حضرت ابراہیمؑ کی طرح تیری راہ میں قربان کروں گا۔ اور جب دعا قبول ہو گئی تو جناب عبداللہ علیہ السلام کی قربانی کا حکم ہوا۔ لیکن آپؑ کو معلوم تھا کہ عبداللہ علیہ السلام میں نور محمدیؐ منتقل ہوا ہے۔ اس لئے آپ نے خدا سے چاہا کہ جناب عبدؑ اللہ کے بدلے میں بھی فوری قربانی، دنبہ یا اونٹ کی صورت میں منظور کر لی جائے۔ تا کہ خدا کا وہ وعدہ پورا کرنے میں حضرت عبدالمطلبؑ بھی شامل ہو جائیں۔ جس میں حضرت اسماعیلؑ کے لئے ذبح عظیم واقع ہونا تھی۔ یعنی اگر جناب اسماعیلؑ خود ذبح ہو جاتے تو بھی اور اگر جناب عبداللہ ذبح ہو جاتے تب بھی ذبح عظیم کیسے واقع ہوتی۔ نہ حضرت محمدؐ ہوتے نہ فاطمہؑ ہوتیں نہ حسینؑ ہوتے۔ لہٰذا نجات نوع انسانی کے لئے جناب اسماعیل و عبداللہ علیہما السلام کا زندہ رکھا جانا ضروری تھا تا کہ **مرکزِ انسانیت** مادی وجود میں آئے اور تمام انسانوں کی نجات کی راہ نکلے۔ لہٰذا حضرت عبداللہ علیہ السلام کے بدلے میں ایک سو اونٹوں کی قربانی منظور ہوئی۔ نہایت شکر و عقیدتمندی کے ساتھ یہ قربانی پیش کی گئی۔ مکہ اور گرد و نواح مکہ کے باشندوں کی ضیافتیں ہوئیں۔ جشن منائے گئے۔ غربا و فقرا کو مالا مال کیا گیا۔ عبادتیں کی گئیں، منت بڑھائی گئی۔ جناب عبداللہ علیہ السلام سب سے چھوٹے بیٹے تھے۔ لہٰذا اُن سے بڑے تمام بھائی جوان ہو چکے تھے۔ قحطانیوں کا زور ٹوٹتا جا رہا تھا۔ اب جناب عبدالمطلبؑ کو جناب عبداللہ علیہ السلام کی شادی کی فکر تھی باقی تمام بیٹوں کی شادیاں بہت پہلے ہو چکی تھیں۔

(ii)۔ قحطانی کیریکٹر اور رسالت کو منتقل کرنے کی شرمناک اور آخری کوشش

علامہ طبری نے وہ نظارہ پیش کیا ہے۔ جب جناب عبدالمطلب علیہ السلام ایک سو اونٹوں کی قربانی کر کے فارغ ہوئے اور جناب عبداللہ علیہ السلام کو ہمراہ لے کر کعبہ سے چلے تھے لکھا ہے کہ:۔

''اُم قتال اور عبداللہ'' ''قربانی کے بعد وہ اپنے بیٹے عبداللہ کا ہاتھ پکڑے ہوئے کعبہ سے واپس جانے لگے۔ ایک عورت ام قتال بنت نوفل بن اسد بن عبدالعزیٰ یعنی ورقہ بن نوفل بن اسد کی بہن کے پاس سے، جو کعبہ میں موجود تھی اُن کا گزر ہوا۔ اُس نے عبداللہ کے چہرے کو دیکھ کر کہا۔ تم کہاں جاتے ہو۔ عبداللہ نے کہا میں اپنے باپ کے ساتھ ہوں۔ اُس عورت نے کہا کہ جس قدر اونٹ تمہارے فدیہ

میں ذبح کئے گئے ہیں۔ وہ میں تم کو دیتی ہوں۔ تم اسی وقت مجھ سے ہم بستر ہو جاؤ۔ عبداللہ نے کہا میرے ساتھ میرے باپ ہیں۔ اُن کی خلاف مرضی کوئی بات نہ کروں گا۔ اور نہ اُن سے جدا ہونا چاہتا ہوں۔'' (طبری۔ جلد اوّل صفحہ 39)

قارئین کرام! پسینہ پونچھئے اپنی جبیں سے نہ ہم نے کچھ لکھا نہ تم آئے کہیں سے؟

یہ ایک قحطانی اور بقول طبری ایک قریشی خاندان کی معزز خاتون تھیں۔ آپ صرف پڑھ کر شرما گئے۔ کیا حال ہوا ہوگا جناب عبداللہ علیہ السلام کا؟ کل سترہ یا اٹھارہ سال کی عمر ہے۔ والد ساتھ ہی نہیں بلکہ ہاتھ پکڑے ہوئے ہیں۔ یعنی دامن عصمت تھامے ہوئے ہیں۔ عصمت وعفت وشرافت کا ذخیرہ یعنی نورِ محمدؐی پیشانی سے جھلک رہا ہے، آنکھوں سے ٹپکنے کو ہے۔ اُس بے حیا نظامِ شرک و اشتراکیت کی پروردہ عورت کا یہ بے محابا، بلا تکلف اور سرِ راہ جنسی تعلق کی دعوت دینا، سو اونٹوں کا لالچ دے کر ابلیس کے دوھرے حربے استعمال کرنا، بجلیاں گر جانے سے کم محسوس نہ ہوا ہوگا۔ یہ تمام انبیا و آئمہ علیھم السلام کا وارث صرف اس قدر کہہ کر آگے بڑھ گیا کہ ہمارے یہاں امامؑ وقت کی مرضی کے خلاف نہ زبان کھولی جاتی ہے نہ عمل کیا جاتا ہے۔ اور امامؑ زمانہ میرا باپ میرے ساتھ ساتھ مجھے سنبھالنے کو موجود ہے۔ کل وہ وقت آنے والا ہے کہ اسی قحطانی خاندان کا سب سے بڑا فرعون اپنی پوری قوم کے عمائدین کے روبرو اسی عبداللہؑ کے نور نظر محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے سر جھکا کر اپنی اور اپنی پوری قوم کی کنواری بیٹیاں پیش کرے گا۔ سارا زر و جواہر و اثاثہ اور قومی حکومت قدموں میں رکھ دے گا۔ مگر عبدؑ اللہ اور عبد المطلبؑ کی لاج رکھنے والا، پوری نوع انسان کو شرافت وعفت وعزت وشرم وحیا کا تاج پہنانے والا کہہ دے گا کہ اگر تم چاند اور سورج بھی لا کر دے دو تب بھی مرضی خداوند کے خلاف کوئی کام نہ کروں گا۔ یہ ہے خانوادہ رسولؐ اور خاندان نابت بن اسماعیل اور آل ابراہیم سلام اللہ علیھم اجمعین۔ جن کا نورِ نظر اور شجرِ نبوت و رسالت کا ثمر حسین ابن علی علیھما السلام ہے۔ جس کے حضور ساری کائنات سربسجود ہے۔ آگے چل کر جناب طبری اُس مشرکہ عورت کا عذر یوں لکھتے ہیں کہ:۔

(iii)۔ قحطانی مشرک، محمدؐ کی رسالت و حکومت کو ہڑپ کرنے کی تیاریاں کر رہے تھے

''واقعہ یہ تھا کہ یہ عورت اپنے بھائی ورقہ بن نوفل سے جو عیسائی ہو گیا تھا اور جس نے نصرانیوں کی مذہبی کتابوں کے مطالعہ سے اُس مذہب میں بڑا مرتبہ حاصل کر لیا تھا۔ اور آئندہ کی خبروں سے واقف تھا، سے سُنا کرتی تھی کہ قریش میں اولادِ اسماعیل میں سے ایک نبیؐ پیدا ہونے والا ہے (اس سے پہلے یہ لکھا تھا کہ) اُس عورت نے کہا کہ آج تمہاری پیشانی پر وہ نور نہیں ہے جو کل تھا۔ وہ جاتا رہا۔'' (طبری۔ جلد اوّل صفحہ 30)

علامہ طبری اس سلسلہ میں ایک اور قحطانی عورت کا ذکر کرتے ہیں جو یہودی المذہب اور غیب دان تھی۔

(iv)۔ ''ابن عباس کی روایت ہے کہ جب عبد المطلبؑ، عبدؑ اللہ کو لے کر اس کی شادی کرنے چلے تو وہ بنی خثعم کی ایک کاہنہ فاطمہ بنت مر کے پاس سے گزرے۔ جس نے یہود کی بہت کتابیں پڑھی تھیں۔ اُس نے عبداللہ کے چہرے میں ایک خاص نور دیکھا اور عبداللہ سے کہا کہ اے نوجوان اگر تو اِسی وقت مجھ سے مباشرت کرتا ہے تو میں تجھے سو اونٹ دیتی ہوں۔ عبداللہ نے کہا:۔

اَمَّا الحرام فالممات دونه	''حرام ہم سے ہو نہیں سکتا اُس سے مر جانا بہتر ہے
وَ الْحِلّ لاحَلّ فاستبلينه	اور حلال کی یہ صورت نہیں ہو سکتی۔
فكيف بالا مر الذی تبغينه	چنانچہ جو بات تم چاہتی ہو وہ کیسے ممکن ہو سکتی ہے۔''

(طبری نے عورت کا جواب یہ لکھا کہ) ''اے شریف زادے میں بدکار عورت نہیں ہوں۔ میں نے تمہارے چہرے میں ایک نور دیکھا تھا۔ میری خواہش تھی کہ وہ نور میرے اندر آ جائے۔ مگر اللہ کو یہ بات منظور نہ تھی کہ یہ سعادت مجھے نصیب ہو۔ اُس نے جہاں مناسب سمجھا اُسے ودیعت کر دیا۔'' (طبری جلد اوّل صفحہ 31-30)

(v)۔ نورانی نظام کی کھلی مخالفت کے ساتھ ساتھ داخلی اور پوشیدہ مخالفت کا محاذ

نورِ محمدؐ و علیؑ کے منکر ساری عمر سایہ کی طرح ساتھ ساتھ لگے رہے اور فوراً ظاہری ایمان لائے۔ قارئین یہاں مشرکین عرب کی جنسی بے حیائی سے بلند ہو کر چند اہم چیزوں پر غور کریں:۔

اوّل یہ کہ جو نور عورتوں تک کو جناب عبدؑ اللہ کی پیشانی میں نظر آ رہا تھا وہ تو اس سلسلے کے ہر باپ کی پیشانی میں رہتا چلا آیا تھا۔ اور حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر اِس وقت تک یعنی حضرت عبدؑ اللہ تک اَسّی (80) ایسے باپؑ گزرے جن میں رہتا، چمکتا، چمکاتا اور دھکتا ہوا یہ نورؑ حضرت عبدؑ اللہ تک پہنچا۔ اب سوا ل یہ ہے کہ کیا ہر زمانے کے لوگوں نے اِس حقیقتِ روشن کو نہ دیکھا ہوگا؟ اور کیا اُس نوؔر نے خود بخود لوگوں کو اپنی طرف مذکورہ عورتوں کی طرح متوجہ نہ رکھا ہوگا؟ پھر اُس نورؑ اور اس کے صفات وظہور کی خبریں ہر نبیؑ اور ہر کتاب نے دیں۔ اور آج تک توریت وانجیل وزبور اور دیگر الہامی کتابوں میں بشارتیں موجود ہیں۔ اب یہ سوچئے کہ دشمنانِ نبوت ورسالت کیلئے اپنا پروگرام بناتے رہنا کتنا آسان تھا۔ وہ خاندان جس میں اُس چہرے مہرے اور نور کا حامل انسان ہو۔ ابلیس اور خاندانِ ابلیس کیلئے کتنا نمایاں رکھا گیا۔ انہیں پوری چھوٹ اور سارے وسائل دیئے گئے کہ اس نوؔر سے برسرِ پیکار رہ سکیں۔ اُسے بجھانے کی کوشش کریں۔ کیا یہ ماننے کی بات نہیں کہ ابلیس اور اس کی تمام افواج ایسے حاملانِ نوؔرِ محمد کے خلاف اپنی پوری قوت صرف کر دیں؟ اور کیا یہ کمال تائیدِ الٰہی نہیں کہ یہ اسی (80) نبیؑ، رسوؐل، امامؑ برابر قائم رہے۔ اور تعلیماتِ خداوندی کو روز افزوں اور ہمہ گیر کرتے چلے گئے؟ پھر یہ سوچئے کہ ابلیسی گروہوں کو بار بار اور لگاتار شکستوں کے بعد یہ نہ سوچنا چاہیئے کہ اس نورانی نظام کی کھلی مخالفت کے ساتھ داخلی اور پوشیدہ مخالفت کا محاذ بھی ساتھ ساتھ چلنا چاہیئے۔ کیا ابلیس کے دانشوروں اور ماہرین کے لئے ضروری نہیں کہ اُن میں سے چند کامیاب علمائے مذاہب وسیاسیات اُس نوؔر کے ساتھ ساتھ چلیں اور اگلی نسل میں ظہور کے فوراً بعد کلمہ پڑھ کر اسلام کا اعلان کریں۔ سایہ کی طرح ساتھ ساتھ لگے رہیں۔ رسوؐل کی تنہائیوں اور خلوتوں میں، رات کے اندھیروں اور گھر کی چار دیواریوں میں ہمراہ رہنے والے اپنے موزوں شکل وصورت کے جاسوس پہنچائیں۔ جو بدن کا لمس، سانس کی آواز، دل کی دھڑکنیں اور نبض کی جنبشیں تک شمار کر سکیں۔ چہرے کا اُتار چڑھاؤ اور خواب میں سرزد ہونے والے کلام کو سننے کا حق حاصل کر سکیں۔ یہی تو چاہتی تھیں وہ دونوں قحطانی عورتیں؟ کہ وہ مقام حاصل کر سکیں کہ

تمام مادی وشرعی پردے اور حجاب اٹھ جائیں ۔ساتھ سوئیں ،ساتھ کھائیں ،گھر کا بھیدی بن کر لنکا ڈھائیں اور آئندہ نسلوں میں اہل بیتؑ کہلائیں ۔ چنانچہ نظام ابلیس کے لئے یہ دینی و دنیاوی ضرورت تھی ۔ یہ تقاضائے وقت تھا۔اُس نے نہایت دانشمندی سے اپنے خاص شاگردوں کو ہر رسولؐ کے اوّلین مومنین ومصدقین میں داخل کیا۔قرآن کی رو سے ابلیس کا یہ حربہ بہت کامیاب تھا۔عوام الناس کو دل کا حال کیسے معلوم ہوسکتا ہے۔ظاہری اعمال،نماز،روزہ،تہجد گزاریاں،زبانی قربان ہوجانے کے دعوے۔ فدا ابِی وَ اُمِی کی صدائیں،ظاہری زھد وتقویٰ بڑی موٹی چادریں تھیں جو یہ دشمنانِ خدا اور رسول کہتے عوام فوراً قبول کرتے ۔ یہ مزاج شناس نبوت ہیں ۔ یہ کتاب کی عملی تنفیذ کے دیکھنے والے ہیں ۔جوں جوں دنیا ختمِ نبوت کی طرف بڑھتی گئی ۔شریعت وطریقت وبصیرت وحکمت مکمل ہوتی گئی ۔اُدھر ابلیسی نظام بھی برابر ترقی کرتا رہا۔اور تکمیل دین کے مقابلہ میں ابلیس کا مکمل محاذ سامنے آیا اور جو کچھ ہوا وہ جلیبی یا امرتی کی طرح گول گول چلتا رہا۔

قرآن کی تعبیرات اعتماد کی آڑ میں بدل کر مشرکانہ نظام پر فٹ (FIT) کر لی گئیں ۔کہانیاں گھڑ کر حدیث وروایت کے نام پر پھیلا دی گئیں ۔ یہاں تک کہ اسلام کا صرف نام اور قرآن کے صرف الفاظ رہ گئے ۔آخر مرکزِ کائناتؐ نے اٹھ کر لوگوں کو از سرِ نو اسلام کی تعلیم دی ۔کتنا زبردست تھا یہ خانوادہؑ کہ ابلیس کے نظام کے سامنے کوئی روک نہ کھڑی کی ۔ جو گھر میں آیا آنے دیا، جو احباب میں داخل ہوا ہونے دیا،وسیع دامن پھیلا دیا۔جس کا دل چاہا زیرداماں چلا آیا اور ایسا حسین وبے نظیر انتظام کیا جو آیا پھر نہ جاسکا۔دل چاہے نہ چاہے نمازیں پڑھنا پڑیں ،روزے رکھنا پڑے،اولاد کو دل سے مسلمان ہوتے دیکھنا پڑا۔بیٹیاں مومنین کو دینا پڑیں ، بڑی بڑی داڑھیاں رکھنی پڑیں ،پانچ وقت میناروں پر چڑھ کر اِس خانوادےؑ کا کلمہ پڑھنا پڑا۔اب یہ سوچئے کہ نظامِ ابلیس کو یہ غیر مشروط آزادی دے کر کیا یہ ضروری نہیں کہ ابلیس کے پورے نظام پر،اس کے ہر منصوبے اور اقدام پر نظر رکھی جائے؟ اور اُن کے ہر تخریب کار کو نوٹ کیا جائے۔ ایمان ایمان،اسلام اسلام پکارنے والوں کو جانچا جائے۔ جو جتنا بڑا دعویٰ کرے اُس پر اُسی معیار کی نظر اور تنقید کی جائے۔اور اُنکے تمام اقدامات کو بے نتیجہ بنا کر انہیں اُنکے مقاصد سے محروم کر دیا جائے۔یہی لعنت کے معنی ہیں ۔ اُنکی ہر فکر، ہر عمل، ہر طریقہ کار سے مشکوک اور الگ رہا جائے ۔یہی تبرا کے معنی ہیں ۔اور اِن تمام فرائض کو انجام دینے والی جماعت ہی تو تحریکِ تشیّع ہے جو دشمن کو امت سے روشناس کرائے ۔یعنی قوم میں تخریب کاروں کی اشاعت وتعارف پیش کرے کہ لوگ اُنکی چالوں سے قبل از وقت مطلع ہوکر اسلام پر عامل اور کفر و طغیان سے دور رہیں ۔ پھر یہ سوچئے کہ آج جو لوگ محمدؐ کے نور کا انکار کر رہے ہیں وہ کہیں قحطانی قسم کے مسلمان تو نہیں ہیں؟ یہ کہیں اُن ہی لوگوں کے پیرو تو نہیں جو پہلے تو اُس نور کو ہڑپ کرنے اور بُجھا دینے کی چھ سات ہزار سالہ کوشش میں لگے رہے ۔کہیں اسماعیلی بن جانے کی جدّ وجہد کی ،کہیں قریشی لباس پہننے میں کوشاں ہوئے اور جب دیکھا کہ وہ نور روکا نہ جاسکا۔اس کا ظہور ہوکر رہا تو اب یہ طے کیا کہ اُس نور کا کھلا انکار کر دیا جائے ،معجزات کی تکذیب کی جائے ،اُسے ایک عام آدمی بنا کر قریش کے مجمع میں غائب کر دیا جائے ۔خطا کار و گناہگار بنانے پر بحثیں کی جائیں ۔اور دین کو مشرکانہ سُنّت کے ماتحت کر کے وہ چیز قبول کی جائے جو بصیرتِ ملکی اور تقاضائے قومی کے مطابق ہو۔ورنہ آیت ہو تو منسوخ،حدیث ہو تو ضعیف قرار دے کر خیر باد کہہ دیا جائے۔اُن لوگوں کو پہچانئے ورنہ ایمان کا خطرہ ہے۔

(vi)۔ حضرت عبدالمطلبؓ کا معجزہ اور قرآن کریم کی تصدیق

جس زمانہ کی بات ہورہی ہے وہ آج سے ٹھیک چودہ سو سال پہلے سرزمین عرب پر گزر رہا تھا۔حضرت عبدالمطلبؓ اُس زمانہ میں ایک دفعہ تمام قحطانیوں کو مایوس کر چکے تھے۔کڑیل جوان بیٹے ایمان وعمل وصورت وسیرت میں سامنے موجود تھے۔حضرت عبداللہ کا سہرااور سرورِ کائناتؐ ایسے پوتے کے دیدار کا انتظار تھا۔معلوم تھا کہ رسالتؐ اُن کی گود میں پلے گی۔معلوم ہونا ہی تو انتظار کو اور شدید کر دیتا ہے۔ایسے عالَم میں اللہ کی طرف سے ایک نہایت خوفناک آزمائش،ایک لرزہ براندام کر دینے والا امتحان،دُور یمن کی فضاؤں میں تیار ہو رہا تھا۔بھرتی جاری تھی،فوجیں مُسلح کی جارہی تھیں،ریگستان میں سفر اور جنگ کی مشقیں ہو رہی تھیں،فوج کو بھوک اور پیاس کی تکلیف اور شدید جھلسا دینے والی گرمی کے لئے تیار کیا جا رہا تھا۔ایران سے بُل ڈوزر (Bull Dozer) کی جگہ بڑے سے بڑے خونخوار ہاتھی منگائے جارہے تھے۔ایک ایسا بے خوف اور جنگ آزمودہ اور فاتح بادشاہ مکہ پر حملہ کی تیاری کر رہا تھا۔جس نے تمام قحطانی حکومتوں کو خاک میں ملا دیا تھا۔جس کے دربار جشنِ سدِ مارب کے وقت شاہانِ روم وایران وغسان ویونان کے سُفرا شریک ہوئے تھے۔پِٹی ہوئی حکومتوں کے سیاسئین اور مذہب نصارا کے مجتہدین چاہتے تھے کہ مکہ کے پُر امن حاکم حضرت عبدالمطلبؓ پر حملہ ہو،کعبہ کی بے حرمتی ہو۔یہ لوگ ہر ممکن اشتعال انگیزیاں کرتے تھے۔یہاں تک کہ بادشاہ کے کلیسا یعنی گرجا کے اندر پاخانہ کر دیا گیا۔اور ایک موقع پا کر کسی متفنی شخص نے گرجا میں آگ لگادی۔تاریخ کہتی ہے کہ یہ کام قریش نے کیا تھا۔اگر سچ مچ ایسا ہوا تو گویا قریش ہی کعبہ پر حملہ کے لئے اشتعال پیدا کر رہے ہیں۔بہرحال ہم تو صرف اس قدر کہیں گے کہ قحطانیوں نے خود اپنے ہاتھ سے منجنیقیں اور گولے برسائے۔کعبہ کو جلایا اور جب بھی موقعہ ملا اور اقتدار نے ساتھ دیا،مساجد اور عبادت خانے جلانے میں ذرّہ برابر تکلف نہ کیا۔الغرض ابرھہ بادشاہ کو مشتعل کر دیا گیا۔اس نے قحطانی راہنما ساتھ لئے اور مکہ کی طرف ساٹھ ہزار کی مسلح و مستعد و تجربہ کار فوج کے ساتھ بڑھا۔یہ 569 عیسوی یا 570 عیسوی کا زمانہ ہے۔یہ طوفانِ بلا جس علاقے اور جس زمین سے گزر جائے بتایئے کیا اس علاقے کا حُلیہ نہ بدل جائے گا؟فصلیں، باغات وحیوانات ختم ہوتے نہ چلے جائیں گے۔لوگوں کے گھروں میں رکھا ہوا اناج،رقوم و کپڑے ہی ختم نہ ہو جائیں گے۔بلکہ مرد،عورتیں اور بچے بھی بیگار اور مختلف خدمات کے لئے پکڑے جائیں گے۔چیلوں،کوّوں اور کرگسوں (گِدھ) کا غول اس امید پر کہ جنگ ہوگی تو لاشیں اور قیام ہوگا تو پھینکا ہوا کھانا،گوشت وہڈیاں کھانے کو ملیں گی۔کالے بادلوں کی طرح ساتھ ساتھ مصروفِ پرواز۔یہی تو حملہ تھا جس سے اُس دانشور نے سبق سیکھا تھا جو رسولؐ اللہ کو قسمیں کھا کر مشورہ دیا کرتا تھا۔جس کی پالیسی یہ تھی کہ فصلیں اور نسلیں تباہ کر دی جائیں۔زمین کو فوجوں کی جولان گاہ بنا دیا جائے (بقرہ 2/204-205)۔اِسی حملہ نے قحطانیوں کو جگایا تھا۔بہرحال یہ سیلابِ بلا بڑھا جو سامنے آیا بہالے گیا۔اِدھر اُدھر چند قبائل نے مزاحمت کی اور گرفتار ہو کر خدمت گار بن گئے۔مکہ میں خبریں پہنچنے لگیں تو بڑے بڑے پھنّے خانوں کے پتّے پگھل گئے۔لوگ پہاڑوں پر چڑھ چڑھ کر صبح سے شام تک اپنی اس لوٹ کو دیکھنے کی کوشش کرتے۔چند کوّے سروں پر سے گزر جاتے تو کلیجے منہ کو آجاتے۔حضرت عبدالمطلبؓ نے اعلان کر دیا کہ تمام مرد اور عورتیں اور بچے مکہ سے نکل کر دُور دُور جا کر محفوظ مقامات پر پناہ لیں اور شہر خالی کر دیا جائے۔صِرف وہ لوگ مکہ میں رہ جائیں جو حقیقی طور پر کعبہ کے محافظ اور آل اللہ اور آلِ

پیغمبرانؑ سلف ہیں۔ جب یہ فوج طائف کے قریب پہنچی تو وہاں کے سرداروں نے حاضر ہو کر بتایا کہ حضور مکہ شہر آگے ہے وہیں کعبہ ہے۔ ہمارے راہبر حاضر ہیں جو ٹھیک راہ سے جلد پہنچا دیں گے۔ آلِ حام کا یہ بادشاہ آلِ سام کی بے بسی پر مسکراتا چلا جا رہا تھا۔ وہ با مذہب تھا۔ اسرائیلی شاخ کے انبیاؑ پر ایمان رکھتا تھا۔ اور پانچ سو سال کے بگاڑے ہوئے عیسائی مجتہدین کے احکام پر عامل تھا۔ وہ سمجھتا تھا کہ کعبہ کو گرا کر اُسی ملبے سے کعبہ یمن میں بنانا خدا کو پسند آئے گا۔ مکہ والوں نے تو نہ معلوم اس میں کن لوگوں کے مجسمے یا بُت رکھے ہیں۔ وہ حضرات موسیٰ و عیسیٰ و مریم علیہم السلام کے مجسمے رکھے گا۔ مگر اُسے یہ معلوم نہیں تھا کہ جس دین میں جان ہے وہ دینِ ابراہیمیؑ ہے۔ اور جو اس زمین پر خدا کا جانشین و خلیفہ و امام و ورثہ دار نبوت و رسالت و کتبہائے خداوندی ہے وہ مکہ میں موجود ہے۔ اُسے نہیں معلوم تھا کہ مکہ بیت النبوۃ ہے۔ اُسے کیسے معلوم ہوتا کہ اہلبیتؑ کا ایک چھوٹا سا بچہ دنیا کو قیامت کا میدان بنا سکتا ہے۔ اُن کے ایک اشارے پر ساری کائنات تہہ و بالا ہو سکتی ہے۔ وہ کیا جانے کہ اس بیت النبوۃ و رسالت میں نورِ محمدیؐ کے محافظ رہتے ہیں۔ بہرحال وہ چلا اور چند میل دُور فوجوں نے اُترنا شروع کیا۔ گھوڑوں کی ہنہناہٹ، ہاتھیوں کی چنگھاڑیں دوھری ہو کر پہاڑوں میں گونج رہی تھیں، منزل سامنے آ چکی تھی۔ لشکروں میں چہل پہل اور خوشیوں کے نعرے لگائے جا رہے تھے۔ عرب کے بہادر سہمے ہوئے جھاڑیوں، پہاڑیوں اور پتھروں کی پناہ میں بیٹھے تھے۔ یہ وہی بہادر تھے جن کی بہادر اولاد نے رسولؐ اللہ پر مظالم کئے تھے۔ جو چھوٹے چھوٹے بچوں کو روتا دیکھ کر قہقہے لگاتے تھے۔ یہ وہی شیر دل جوان تھے جنہوں نے بنی ہاشمؑ کو اس لئے تین سال مقید رکھا کہ وہ حضرت محمدؐ مصطفیٰ کو کیوں پال رہے ہیں؟ یہ اُس محسنؑ کے پوتے اور خاندان پر بہادری کی تان توڑ رہے تھے جس نے اس موجودہ فوج سے بچایا تھا۔ اور ابھی چند ہی سال پہلے بچایا تھا۔ بہرحال جناب عبدالمطلبؑ اور اُن کے اہل خاندان مصروفِ دعا تھے۔ مکہ کے گردونواح میں جس قدر اونٹ، بھیڑ، بکریاں، گدھے اور گھوڑے ملے وہ سب فوج لے گئی۔ حضرت عبدالمطلبؑ کے دوسو اونٹ بھی فوج کے قبضے میں چلے گئے۔ اچانک مکہ میں ابرھہ کا قاصد پکارتا ہوا نظر آیا کہ اَے اہلِ مکہ بادشاہ کو ہر اُس آدمی سے کوئی سروکار نہیں ہے جو کعبہ کو مسمار کرنے میں مزاحمت سے باز رہے۔ تمہیں سب کو امان ہے۔ تم جہاں بھی ہو بےفکر ہو جاؤ۔ کتنی لمبی اور اطمینان کی سانس لی ہوگی اُن لوگوں نے جن کے نزدیک کعبہ کو توڑنا اور پھر چند پتھروں سے بنانا۔ اُسے جلانا اور پھر صاف کر کے نیا غلاف پہنا دینا جائز تھا۔ اور کبھی تکلیف و ہراس ہوتا بیت النبوۃؐ اور خاندانِ رسالتؐ میں اگر اُنہیں تازہ بہ تازہ الہام نہ ہو رہا ہوتا۔ جس طرح دنیا جانتی ہے کہ حسین علیہ السلام پر اُس فوج کا ذرّہ برابر ہراس نہ تھا جو ابرھہ کی فوج سے کئی گنا بڑی فوج تھی اور ہر لمحہ اُنؑ کا چہرہ چمکتا جا رہا تھا۔ اُسی طرح جناب عبدالمطلبؑ اور اُن کا خانوادہٗ اطمینان سے حضرت عبداللہ علیہ السلام کے اندر پوشیدہ قرآن مجید پر نظریں جمائے ہوئے تھا وہ پڑھ رہے تھے کہ:۔

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِo اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍo وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَo تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍo فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍo (سورۃ الفیل۔ 105/1-5)

ترجمہ:۔ ’’اَے محمدؐ کیا تم نے نہیں دیکھا تھا کہ تیرے پالنے والے اور پرورش کرنے والے نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا؟ کیا تمہیں نہیں معلوم کہ ہم نے اُن کی پوری اسکیم کو بےنتیجہ کر کے رکھ دیا تھا اور اُن پر ابابیل جیسے پرندوں کو مسلّط کر دیا تھا جو اُن پر پُختہ مٹی سے تیار

شدہ پتھر برسا رہے تھے اور آخر کار تمام لشکر کو ایسا کر کے رکھ دیا جیسے بھُو سے کو جُگالی کیلئے تیار کیا جاتا ہے۔'' (الفیل 5-105/1)

رسول اللہ کا نور سامنے ہو تو ہراس کیسا؟ لہٰذا عبداللہ علیہ السلام مرکز نگاہ تھے۔ جہاں نورِ مرتضویٰ سامنے ہو وہاں فوجوں سے خطرہ محسوس کرنا ناممکن۔ لہٰذا جناب عمرانؑ یعنی ابو طالبؑ بولتی چالتی فتح پر کان لگائے ہوئے تھے۔ قاصد نے صرف ایک گھر سے تلاوت اور زندگی کے آثار دیکھے۔ نور کے دونوں میناروں کی سمت روانہ ہوا۔ سلام کیا عبدالمطلبؑ باہر نکلے۔ کہا۔ بادشاہ نے سردار مکہ کو آنے کی دعوت دی ہے۔ آپ تشریف لے گئے۔ یہاں دو جملے ایسے شخص کے سُنیں جو (معاذ اللہ) عبدالمطلبؑ تو عبدالمطلبؑ تھے خود عبدؑاللہ اور جناب ابوطالبؑ کو بھی کافر سمجھتا ہے اور پھر اِن ہی کافروں کی اولاد کہلاتا ہے۔

''ایلچی نے کہا کہ آپؑ میرے ساتھ ابرھہ کے پاس چلیں۔ وہؑ اس پر راضی ہو گئے اور اسکے ساتھ چلے گئے۔ وہؑ اس قدر وجیہ اور شاندار شخص تھے کہ اُنؑ کو دیکھ کر ابرھہ بہت متاثر ہوا اور اپنے تخت سے اُتر کر اُنؑ کے پاس آکر بیٹھ گیا۔'' (تفہیم القرآن۔ جلد 6 صفحہ 465)

دیکھا آپ نے یہ ہے وہ جبّار وقہّار بادشاہ جو صرف چہرہ دیکھ کر تخت سے اُترا اور جناب کے قدموں میں آکر بیٹھ گیا۔

سوچئے یہ کیوں؟ ابھی تو نہ بات ہوئی ہے نہ صفات معلوم ہوئے ہیں، نہ اس خالی ہاتھ انسان کے ساتھ توپ خانہ ہے، نہ سوار ہیں اور نہ فوج ہے۔ آخر اُن کے چہرہ میں کیا چیز تھی؟ ابرھہ نے کیا دیکھ لیا تھا؟ بہر حال ابرھہ چاہتا تھا کہ آنجنابؑ کی رضامندی حاصل کرے۔ اُنؑ کی مرضی کے خلاف کچھ نہ کرے۔ اس نے عرض کیا کہ میں بڑا دشوار گزار سفر کر کے آیا ہوں۔ میرا مقصد رضائے خدا حاصل کرنا ہے۔ بہت اصرار کے بعد حضرت عبدالمطلب علیہ السلام نے کہا کہ:۔'' آپ ہمارے اونٹ واپس کر دیں۔''

ابرھہ کچھ دیر منتظر رہا۔ لیکن حضورؑ نے کچھ اور نہ کہا۔ ابرھہ کو یقین تھا کہ آپ کعبہ کو بحال رکھنے کی درخواست کرنے کیلئے بے چین ہونگے اور اسی کو پہلا نمبر دینگے۔ آخر ابرھہ نے تعجب اور طنز کے ملے جلے لہجے میں کہا کہ میرے قلب میں آپ کی اس بات سے ٹھیس لگی ہے کہ آپ نے محض اپنے ذاتی مال کی پرواہ کی ہے۔ لیکن کعبہ کی حفاظت کیلئے آپ نے کچھ کہا ہی نہیں؟

حضرت عبدالمطلبؑ نے ابرہہ کے مذہبی اور دانشورانہ سوال کا مختصر اور پُر از معرفت جواب دیا کہ؛

میں اونٹوں کا مالک ہوں۔ کعبہ کا مالک نہیں بلکہ متولی ہوں۔ چنانچہ میں نے اپنے مال کی حفاظت کا ثبوت دے دیا ہے۔

کعبہ کا مالک اللہ ہے تو وہ خود اپنے کعبہ کی حفاظت کرے گا۔

مطلب واضح ہے کہ اگر اللہ کو کعبہ کی اتنی فکر بھی نہیں ہے جتنی مجھے اپنے اونٹوں کی فکر وضرورت تھی تو ایسی چیز کی تولیّت بھی خدا کے نزدیک کوئی اہمیت نہ رکھتی ہوگی۔ اور میں نہیں چاہتا کہ ایسے مواقع پر ہمارے خاندان کا کوئی اقدام اللہ کے اہم معاملات کو مشکوک کر دے۔ یعنی لوگ بجائے یہ کہنے کے کہ کعبہ کو اللہ نے بچایا، یہ کہنے کی گنجائش نکال لیں کہ عبدالمطلبؑ کی منت سماجت سے ابرھہ نے رحم کھا کر کعبہ کو چھوڑ دیا تھا۔ خدا کا مٹی کے گھر سے کیا تعلق ہوسکتا ہے؟ فلسفیانہ بدہضمی رکھنے والے کلمہ گو علما بھی اسی قسم کا تصور رکھتے ہیں۔ لیکن وارثِ کتاب ونبوت اور جانشینِ خداوندی چاہتا تھا کہ ساری کائنات اور تمام انسان اور تمام انبیاؑ کا خالق و مالک مکہ کے اس چند پتھروں کے ساتھ اور انسانوں کے ہاتھ سے بنائے ہوئے گھر کی کچھ زیادہ پرواہ کرے گا۔ چنانچہ اُس نے ظاہری و جمہوری صورتِ حال کو اختیار کیا۔ یعنی

عبدالمطلبؑ ایسا بزرگ اپنے اونٹ لے کر خوش ہو گیا۔ اور کسی گھر سے کسی شخص کی طرف سے بھی مزاحمت کا علم نہیں ہوا ہے۔ یعنی جمہوری رضامندی اُس سے ہم نوا ہے۔ لہٰذا اُدھر جناب عبدالمطلبؑ واپس چلے اور اِدھر کعبہ کو ہاتھیوں سے گرانے اور تمام متعلقہ ملبہ وسامان جمع کر کے لے جانے کا حکم صادر ہو گیا۔ اس کے بعد کیا ہوا؟ پھر علامہ مودودی سے سنئے اور اُن کے قحطانیت کی نفی اور اسلامیت کے اضافہ کے ساتھ نتیجہ نکالتے چلیں فرماتے ہیں کہ:۔

''دوسرے روز ابرھہ مکہ میں داخل ہونے کیلئے آگے بڑھا۔ مگر اُس کا خاص ہاتھی محمود نامی جو آگے آگے تھا یکا یک بیٹھ گیا۔ اُس کو بہت تبر مارے گئے۔ آنکسوں سے کچوکے دیئے گئے۔ یہاں تک کہ اُسے زخمی کر دیا گیا مگر وہ نہ ہلا۔ اُسے جنوب، شمال اور مشرق کی طرف چلانے کی کوشش کی جاتی تو وہ دوڑنے لگتا۔ مگر مکہ کی طرف موڑا جاتا تو وہ فوراً بیٹھ جاتا اور کسی طرح آگے بڑھنے کیلئے تیار نہ ہوتا۔ اتنے میں پرندوں کے جُھنڈ کے جُھنڈ اپنی چونچوں اور پنجوں میں سنگریزے لئے ہوئے آئے اور اُنہوں نے اس لشکر پر سنگریزوں کی بارش کر دی...... کنکری گرتی اور اُس فوجی کو سخت کھجلی لاحق ہو جاتی اور کھجاتے ہی جلد پھٹتی اور گوشت جھڑنا شروع ہو جاتا..... گوشت اور خون پانی کی طرح بہنے لگتا اور ہڈیاں نکل آتی تھیں۔ خود ابرھہ کے ساتھ بھی یہی ہوا۔ اُس کا جسم ٹکڑے ٹکڑے ہو کر گر رہا تھا اور جہاں سے کوئی ٹکڑا گرتا وہاں سے پیپ اور لہو بہنے لگتا۔ افراتفری میں ان لوگوں نے یمن کی طرف بھاگنا شروع کیا نفیل بن حبیب خثعمی کو جسے یہ لوگ بدرقہ (راہبر) بنا کر بلادِ خثعم سے پکڑ لائے تھے، تلاش کر کے انہوں نے کہا کہ واپسی کا راستہ بتاؤ مگر اس نے صاف انکار کر دیا۔

این المفرّ والا له الطَّالب والا شرم المغلوب لَيس الغَالبُ

''اب بھاگنے کی جگہ کہاں ہے جب کہ خدا تعاقب کر رہا ہے اور نکٹا (ابرھہ) مغلوب ہے، غالب نہیں ہے۔''

اس بھگدڑ میں جگہ جگہ یہ لوگ گر گر کر مرتے رہے...... کچھ لوگ تو اُسی جگہ ہلاک ہو گئے اور کچھ لوگ بھاگتے ہوئے راستہ بھر گرتے چلے گئے۔ ابرھہ بھی بلادِ خثعم پہنچ کر مرا۔'' (تفہیم القرآن جلد 6 صفحہ 467)

یہ جو عرض کیا گیا تھا کہ علامہ کے بیان سے قحطانیت کو نفی کر دینا۔ اسکی مثال یہ ہے کہ قحطانی تصور چونکہ معجزہ کا منکر ہوتا ہے اسلئے وہ معجزات پر عقلی پردہ ڈال کر اُسے ایک عام فطری واقعہ بنانے پر زور دیا کرتے ہیں۔ چنانچہ یہاں بھی ایک قحطانی راوی کی زبانی علامہ نے اس عذاب کو چیچک بنانے کی کوشش کی ہے۔ لیکن ان دشمنانِ عقل سے پوچھئے کہ چیچک کی مرض کے لئے پرندوں اور کنکریوں کی بارش کا کیا عقلی جوڑ ہے؟ بہر حال دشمنانِ خدا اور رسولؐ کے تصورات کی نفی کر دینے کے بعد حق باقی رہ جاتا ہے۔ اور ہم اس نفی کو واجب سمجھ کر اس پر عمل کرتے ہیں۔ یہ قحطانی اسلامی حقائق کو مسخ کرنے کو فرض جان کر اس پر عمل کرتے ہیں۔ ہم اس واقعہ کو اللہ تعالیٰ کا ایک ایسا معجزہ کہتے ہیں جو عقل وفہم اور انسانی انتظام سے ارفع واعلیٰ اور فیصلہ کن ہے۔ لیکن کافر اُسے عام ناگہانی حادثہ قرار دیتے ہیں۔ اور یہ نتیجہ ہے اس دعا کا جو جناب عبدالمطلبؑ کعبہ کے دروازے کے باہر کھڑے ہو کر مانگ رہے تھے۔ اور جس میں علامہ اینڈ کمپنی نے حضرت عبدالمطلبؑ کے ساتھ چند قحطانی لوگوں کو بھی دعاؤں میں شریک لکھ دیا ہے۔ مگر قحطانیوں کا مکہ میں اس وقت ہونا اسلئے قابل قبول نہیں کہ اُن سے یہ ہمت نہ ہوتی کہ وہ حضرت عبدالمطلبؑ کے ساتھ ابرھہ کے پاس جاتے۔ پھر اُن میں سے نہ کسی کا نام بتایا کہ کون کون دعا کرنے میں شریک تھا۔ نہ

یہ بتایا کہ اُن میں سے کس نے کیا دُعا کی تھی؟ اسکے برعکس جناب عبدالمطلبؑ کے یقین واطمینان کا یہ عالم ہے کہ خدا کے تمام احسانات سامنے ہیں۔آدمؑ سے اپنے زمانہ تک خدا نے جتنے وعدے کئے پورے کئے۔جو جو معجزات دکھا کر ناموسِ نبوت ورسالت وامامت کا تحفظ کیا سب آنکھوں کے روبروایک ایک کر کے گزر رہے ہیں۔خطرناک اور نازک ترین آزمائشوں کے نظّارے دکھائی دے رہے ہیں۔دل میں احساس تشکر سے رِقّت وشعریت اُمنڈ آتی ہے۔حواس وشعور ایک نقطہ پر مجتمع ہوجاتے ہیں اور زبان پر یہ دعا آتی ہے کہ:۔

(1) لا ھُمَّ اِنَّ العَبْدَ یمنع رجلہ فامنع حلا لک — خدایا جس طرح تیرا ہر بندہ اپنے گھر کی حفاظت کرتا ہے۔تو بھی اپنے گھر کی حفاظت کر

(2) لا یغلبن صلیبھم و محالھم غد وا محالک — کل ان کی صلیب وتدبیر، تیری تدبیر کے مقابلے میں غالب نہ آنے پائے

(3) اِنْ کنت تارکھم و قبلتنا فامرھا بذالک — اگر تو اُن کو اور ہمارے قبلہ کو اُن کے حال پر چھوڑ دینا چاہتا ہے تو جو تُو چاہے حکم کر

(4) وانصرنا عَلٰی آل الصلیب۔ وعا بدیہ الیوم ا لک — صلیب کی آل اور صلیب کے پرستاروں کے مقابلہ میں آج اپنی آل کی مدد کر

<u>دوسری طرز میں یہ دعا کی</u>:۔

(1) یا ربّ لا ارجو لَھُم سوا کا۔ یا رب فامنع منھم حما کا — اے رب تیرے سوا میں اُنکے مقابلہ میں کسی سے امید نہیں رکھتا۔اے میرے رب اُن سے اپنے حرم کی حفاظت فرما۔

(2) اِنَّ عدّ والبیت من عاداکا۔امنعھم ان یخرابوا قرا کا — یقیناً اس گھر کا دشمن تیرا دشمن ہے۔اپنی بستی کو تباہ کرنے سے روک دے۔

قارئین یہ تھی وہ دُعا جس کا درگاہِ خداوندی میں انتظار کیا جارہا تھا۔اور جسے سورۂ فیل کی صورت میں نازل کر کے اُنکی اُس تدبیر اورکوشش کو بے نتیجہ بنا کر دکھانا تھا(اَ لَمْ یَجْعَلْ کَیْدَ ھُمْ فِیْ تَضْلِیْلٍ)۔جس کا ذکر جناب عبدالمطلبؑ اپنے دوسرے شعر میں کرتے ہیں۔چنانچہ اشعار کو گن کر اور تمناؤں کا شمار کر کے آیات میں جواب دیا ہے۔یہاں یہ بات ذہن نشین ہوجانا چاہئے کہ جو چہرہ کافروں اور دشمنوں پر اثر انداز ہوتا تھا کیا وہ قریشی مشرکین پر اثر انداز نہ ہوتا ہوگا؟ یقیناً اثر انداز ہوتا تھا ورنہ کوئی بھی دل سے اسلام نہ لایا ہوتا۔لیکن اصل بات جو بعد کے پٹھوؤں نے گول مال کرلی وہ یہ ہے کہ اُن قحطانی سرداروں نے نبوتؐ ورسالتؐ اور امامتؑ کی حکومت کو محض خاندانی اور قومی اقتدار کی آنکھوں سے دیکھا۔اور اقتدار وحکومت کو مادی طریقوں سے قحطانی گروہ میں منتقل کرنے میں کوشاں رہے۔اور نبطی خاندان کے جانشین کو نسلِ ابراہیمؑ واسماعیلؑ سمجھتے اور امام مان کر ہر امام کی اطاعت کرنے کے بجائے اُنہیں عام لوگ سمجھ کر، اجارہ دار خیال کر کے اُنکے خلاف محاذ بنائے رکھا اور بار بار کی ناکامیوں کے بعد مایوس ہوکر پھر اُس خاندان سے پیوند جوڑنے اور الحاق کرنے میں لگ گئے۔تا کہ مغالطہ دہی کے ماتحت اقتدار یا اقتدار میں حصہ مل جائے۔یہ عمل درآمد رسولؐ اللہ کے زمانہ میں بھی جاری رہا اور قرآن کریم نے فرمادیا کہ: یَظُنُّوْنَ بِاللّٰہِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاھِلِیَّۃِ یَقُوْلُوْنَ ھَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّہٗ لِلّٰہِ یُخْفُوْنَ فِیْٓ اَنْفُسِھِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَکَ یَقُوْلُوْنَ لَوْ کَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا ھٰھُنَا۔ (آل عمران 3/154)

وہ لوگ اب بھی حسب سابق نبوت ورسالت کے احکام کی تنفیذ میں اپنا حصہ مانگتے ہیں۔اور کہتے ہیں کہ اگر ہم احکام میں شامل کئے جاتے تو یہاں اس بری طرح شکست نہ ہوتی نہ قتلِ عام ہوا ہوتا۔

اور دوسری چیز جس نے قحطانیوں کو بے خوف کر دیا تھا اور وہ رسولؐ اور آلِ رسولؐ پر بے دریغ مظالم کرتے رہے۔وہ یہ تھی کہ انہیں پانچ چھ

ہزار سالہ تجربہ تھا کہ بیت النبوتؐ اور آل رسالتؐ کا ہر فرد رحیم وکریم و ہمدردِ انسانیت ہوتا ہے۔اور کسی حال میں اپنی خوشی سے، آزادانہ رائے سے، نوع انسان کو تکلیف نہیں پہنچاتا۔ اپنے قاتل پر بھی رحم کرنا چاہتا ہے۔لیکن اللہ کے حکم کے روبرو سر جھکا لیتا ہے۔مگر نوعِ انسان پر عذابِ خداوندی کے باوجود خوش نہیں ہوتا۔ بلکہ آنسو پیتے رہتے ہیں اور نوعِ انسان کو بچانے کے لئے لب پر دُعائیں ہوتی ہیں۔اور یہ طے شدہ سُنتِ خداوندی ہے جب تک وہ موجود رہے اور الگ نہ ہو جائے عذاب نازل نہیں ہوتا (انفال 8/33)۔یہی وجہ ہے کہ جناب عبدالمطلبؑ کے جدا ہوتے ہی عذابِ خداوندی نے اُمنڈنا شروع کر دیا تھا۔اور یہی وجہ تھی کہ قحطانی لشکر کربلا میں عذاب سے محفوظ رہا۔ ورنہ خدا کے پاس نہ ابابیل کی کمی ہوگئی تھی نہ کنکر و پتھر ختم ہو گئے تھے۔یہ کمینہ اور ذلیل ترین لوگ تھے کہ ہر احسان کرنے والے پر ظلم کرنا اس ابلیسی قوم کا پیشہ تھا۔

(11/10)۔ جنابِ عبداللہ بن عبدالمطلب علیہما السلام

جناب عبداللہ علیہ السلام کے لئے مشیت ایزدی کچھ اس طرح جاری ہوئی کہ اُن کی اولاد میں صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی عالم وجود میں آئیں اور ایک ہی اکلوتا بیٹا اُن کے نام کو تا قیامت زندہ رکھے۔ پھر اس کے برعکس جناب محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے مشیت ایزدی نے یہ چاہا کہ اولاد نرینہ پیدا ہو لیکن وہ سب آپ کی زندگی ہی میں خدا کو پیارے ہو جائیں اور اللہ یہ کہہ سکے کہ اُمت میں سے کوئی مرد آنحضرتؐ کا بیٹا نہیں ہے۔تاکہ نسبی الحاق ہمیشہ کے لئے بند کر دیا جائے۔اور جہاں حضرت عبداللہ کو محمدؐ ایسا بیٹا دیا، وہیں جناب محمدؐ کو اکلوتی بیٹی دے کر حضورؐ کی نسل کو حضرت فاطمہ زہراء علیہا السلام کے بیٹوںؑ سے جاری کیا۔یعنی نورِ نبوت ورسالت عبداللہ اور محمدؐ کی راہ سے حضرت فاطمہؑ میں منتقل ہوا۔اور نورِ خلافت و امامت اُن کے بیٹوںؑ سے جاری کیا۔یعنی نورِ خلافت و امامت حضرت ابوطالبؑ کے واسطے سے جناب علیؑ مرتضٰی میں مرکوز ہو گیا۔اور علیؑ و فاطمہؑ سے دونوں نور دوبارہ جمع ہو کر سلسلہ امامت آگے بڑھا۔

جناب عبداللہ علیہ السلام کو حضرت عبدالمطلبؑ نے مدینہ اپنے ننہیال بھیج دیا تاکہ وہ خود ملک شام کی تجارت بھی سنبھالیں۔ چنانچہ آپؑ نے ایک تجارتی قافلہ تیار کیا اور خود ساتھ رہے تاکہ خود وہاں رہ کر کھجوریں اور دیگر اجناس مکہ روانہ کرتے رہیں۔آپؑ نے اپنا ہیڈ کوارٹرز زیادہ تر اپنی نبطی شاخ میں رکھا اور اپنی خاندانی ذمہ داریوں کو نہایت خوش اسلوبی سے سنبھال لیا۔اسی قیام میں آپؑ علیل ہوئے اور انتقال فرمایا۔جب یہ خبر عبدالمطلبؑ علیہ السلام کے خاندان میں جو مدینہ میں رہتے تھے پہنچی تو انکو نہایت صدمہ ہوا۔

(11/11)۔ حضرت عمرانؑ عرف ابوطالب علیہم السلام

جناب ابوطالب علیہ السلام کے نام عمرانؑ سے قحطانی گروہ کو اسلئے بخار چڑھتا تھا کہ قرآن کریم میں حضرت عمرانؑ اور اُنکی آلؑ پاک کو حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ سے مسلسل مصطفٰی ذرّیت قرار دیا گیا ہے۔ اِنَّ اللّٰـهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَo ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِن بَعْضٍ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌo (آل عمران۔34-3/33)

قرآن کریم میں اس سلسلے کے اوّلین بزرگ حضرت آدم علیہ السلام، پھر جناب نوحؑ جن سے دوبارہ نسل انسانی شروع ہوئی۔ اُنکے بعد حضرت ابراہیمؑ جن سے نبوت ورسالت کی اسماعیلی اور اسرائیلی شاخیں چلیں اور آخر میں جناب عمران علیہ السلام جن پر خلافت و

رسالت ونبوت وامامت وحکومت الٰہیہ درکتبہائے خداوندی کا سنگم واجتماع ہوا۔اُن سب کو مصطفٰی قرار دیا گیا۔سارے عالمین پر فضیلت دی گئی۔اور حضرت عبدالمطلب علیہ السلام نے جناب عبداللہؑ کے انتقال کے بعد اور اپنے انتقال سے پہلے حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پرورش وتربیت کی ذمہ داریاں حضرت ابوطاؔلب کو سونپ دیں۔یعنی حضرت نابت بن اسماعیل علیہما السلام سے جاری ہونے والا سلسلہ امامت سیدھا جناب ابو طالبؑ تک پہنچا۔اور اُن کے چھوٹے بھائی جناب عبداللہ علیہ السلام کے ذریعہ سے نبوت ورسالت کا خاتم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مبعوث کر کے مذکورہ امامت کے لئے ایک قانون ساز ہستی بھی مرکزِ انسانیت کو سونپ دی گئی۔قحطانی یہ سب کچھ سمجھتے تھے اس لئے اُن کے مغالطے کے لئے آل عمران کی اگلی آیت میں حضرت موسیٰ اور حضرت ھارون علیہما السلام کے والد کا ذکر اس انداز سے کیا گیا کہ مودودی کے زمانہ تک علما مغالطہ میں مبتلا رہے۔یہاں تک کہ حضرتؑ کی پیدائش کا ذکر اس انداز سے کیا گیا ہے کہ یہ معلوم ہونے لگتا ہے کہ حضرت عمرانؑ کی زوجہ منت مان رہی ہے اور منت حضرت مریمؑ کی پیدائش سے پوری ہو جاتی ہے (آل عمران 3/35-36)۔پھر سورہ مریمؑ میں حضرت مریمؑ کے باپ کا نام عمرانؑ بتا کر حضرت مریمؑ کا ذکر کیا گیا ہے (تحریم 66/12)۔قحطانی اس جھمیلے میں اُلجھا دئے گئے اور وہ یہ پتہ نہ لگا سکے کہ عمران سے قرآن میں ابوطالبؑ اور اُن کی آلؑ کا اظہار مراد ہے۔اور چونکہ آیت میں آل عمرانؑ کا ذکر آلِ ابراہیمؑ کے فوراً بعد ہوا۔لہٰذا انہوں نے بھی اس عمران کو حضرت ابراہیمؑ کے بعد والا کوئی عمران سمجھا اور بے فکر ہو گئے۔اور اُلجھاؤ میں توریت بھی شامل تھی۔یعنی وہاں حضرت موسٰیؑ وہارونؑ کے باپ کا نام عمرام ہے (خروج باب 6 آیت 22-18) اور عمرام کی ایک بیٹی جو حضرت موسٰیؑ وہارونؑ کی حقیقی بہن ہیں کا نام مریم ہے۔لہٰذا اگر عمرام کو عمران بنا دیا جائے اور قرآن سے ملا کر پڑھا جائے تو بات یہ بن جاتی ہے کہ عمران کی زوجہ نے اللہ سے اولاد کی منت مانی اور اللہ نے منت کے بدلے میں مریمؑ کو پیدا کر دیا۔یہاں تک بات ٹھیک بن گئی۔یعنی قرآن کے دونوں مقامات (3/35-36 اور 66/12) اور توریت کہتے ہیں کہ عمران کی بیٹی مریم تھیں اور عمران کی زوجہ نے اولاد کے لئے منت مانی تھی۔مگر توریت اور قرآن اس بات کو بننے نہیں دیتے اس لئے کہ:۔

اوّل:۔توریت میں عمران نہیں بلکہ عمرام ہے۔

دوم:۔توریت میں عمرام کی بیٹی مریم حضرت موسٰیؑ وہارونؑ کی بہن ہے۔اور یہ زمانہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ مریم علیہا السلام سے سولہ سو (1600) سال قبل کا ہے۔

سوم:۔حضرت عیسیٰؑ سے سولہ سو سال پہلے کوئی اور عیسیٰؑ پیدا نہیں ہوئے۔لہٰذا قرآن کریم جس عمرانؑ کو مریمؑ کا باپ کہتا ہے (تحریم 66/12) وہ عمران نہیں جسے توریت نے عمرام فرمایا ہے (خروج باب 6 آیت 22-18)۔

توریت وقرآن کے ان بیانات کو بھی بلا صاحبانِ کتاب کے جس قدر سلجھانے کی کوشش کی لوگ اور اُلجھتے گئے۔چنانچہ حضرت عمرانؑ کے تعین میں اختلافات وتضادات کا وہ ہنگامہ مچایا کہ خود علما گم ہو کر رہ گئے۔بات سیدھی سی تھی اور حضرت ابراہیم واسماعیل علیہما السلام کی دعاؤں سے ثابت کی جا چکی ہے۔یہ وہی ذریت طاہرہ ہے جو آنحضرتؐ کو جنم دیتی ہے۔یہ وہی اُمتِ مُسلمہ ہے جس پر اللہ نے آنحضرتؐ کو مبعوث کر کے مِنّتی احسان کیا ہے۔یہ وہی آلؑ عمران ہے۔جسے نبوّت ورسالت وامامت اور کتبہائے خداوندی کا وارث اور حکومت

الٰہیہ کا حاکم بتایا گیا ہے۔حضرت عمرانؑ اس آلؑ کے وہ بزرگ ہیں جو رسالتؑ و امامتؑ کو اپنے آغوش میں پالنے والے ہیں۔جو رسوؐل اللہ کے ملجاو ماویٰ ہیں، ھادی و سرپرست ہیں اور اُن ہی کی آل ،اولادِ آلِ رسولؐ ہے۔اسی بزرگ کے پروردہ آلِ کساء ہیں۔انہی کی شان میں آیت تطہیر نازل ہوئی۔وہ ہی اہل بیتؑ وعترتِ رسولِؐ کائنات جناب امام حسین علیہ السلام ہیں جو نہ صرف تمام سابقہ انبیاؑ اور ابراہیمؑ و اسماعیلؑ اور خود سرورِؐ کائنات کے درجات کو بلند تر اور کامل تر کرنے والے، بلکہ تمام نوع انسان کی فلاح ونجات کی راہیں کھولنے کیلئے ذمہ دار ہیں جو دینِ خداوندی کی بنیاد اور خلاصہ ہیں جو تمام کتبہائے خداوندی کی منہ بولتی تفسیر ہیں۔جس طرح عبدالمطلب علیہ السلام کی شان میں سورہ فیل نازل ہوئی تھی۔اسی طرح جناب عمران علیہ السلام کی منزلت بیان کرنے کیلئے سورہ آل عمرانؑ عمومی حیثیت سے اور سورۂ الضحیٰ خصوصاً نازل ہوئی (الضحی 11-93/1)۔جس میں رسوؐل کو جناب عمران علیہ السلام کا مقامِ بلند اور اُنکے وہ حقوق بتائے جو محمدؐ و علیؑ پر واجب تھے۔انہیں مستقبل کی ضمانت دی گئی اور آخر کار کامیابی کا ذمہ لیکر اعلان کیا گیا۔مستقبل قریب میں آنحضرؐت کو وہ کچھ دینے کا حتمی وعدہ کیا گیا اور ایسی بشارت دی گئی جس سے رسولؐ اللہ کی مکمل رضا اور خوشنودی حاصل ہو جائیگی۔ابوطالب علیہ السلام کی ہدایت کاری کو بھی اپنی ذات سے منسوب کیا۔اُنکی پرورش، حسن تربیت اور آغوشِ محبت پر فخر کرنا سکھایا۔یتامیٰ اور ضرورت مندوں کو فارغ البال اور خوش کرنے کا معیار بتایا۔قہر وغضب اور کمزوروں کو ڈانٹ ڈپٹ نہ کرنیکی تاکید کی۔وہ حضرت ابوطالبؑ ہی ہیں جو سرکارِؐ دوعالم کے رُوبرو کبرِ سنی کو پہنچے۔وہ فاطمہؑ بنت اسد ہی ہیں جو والدہ کی جگہ ناز برداریاں کرتی تھیں۔اور یہ دونوں رسوؐل کی کمسنی سے اُن کی ربوبیت کر رہے تھے۔یہی دونوں ہیں جنکے سامنے تاجدارِ دوعالم ،شہنشاہِ کونین، نذیرللعالمین اور رحمۃ للعالمین کو غلاموں اور بیکسوں کی طرح جھک کر رہنے کا حکم دیا گیا۔جن کو آنحضرؐت کا سرپرست و والی قرار دیا گیا۔(بنی اسرائیل 24-17/23)

حضرت عمران علیہ السلام کی اس منزلت کا اتا پتا قحطانی بیانات سے بھی چلتا ہے۔چنانچہ علامہ شبلی نے حضرت عبدالمطلبؑ کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:۔

''عبداللہ اور ابوطالبؑ ماں جائے بھائی تھے۔عبدالمطلبؑ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ابوطالبؑ ہی کے آغوش تربیت میں دیا۔'' (صفحہ 177 سیرۃ النبیؐ) جناب طبری لکھتے ہیں کہ:۔

''واقعہ فیل کے آٹھ سال بعد عبدالمطلبؑ انتقال کر گئے۔چونکہ ابوطالبؑ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے باپ عبداللہ حقیقی بھائی تھے۔اسلئے عبدالمطلبؑ نے اپنے بعد رسولؐ اللہ کی پرورش اور ولایت ابوطالبؑ کے سپرد کی تھی اور حسن سلوک کی وصیت کی تھی۔چنانچہ اس کے بعد ابوطالبؑ رسولؐ اللہ کے ولی تھے۔آپؐ اُنہی کے پاس اور ساتھ رہتے تھے۔''(طبری جلد 1 صفحہ 59)

قارئین حضرات نوٹ کریں کہ قحطانی تاریخ سے یہ ثابت ہو جانا بہت بڑی بات ہے کہ حضرت عمران علیہ السلام رسولؐ اللہ کے ولی تھے۔اور یہ ولایت حضرت نابت بن اسماعیل علیہما السلام سے نسلاً بعد نسلاً چلی آرہی ہے۔کیونکہ اس اقرار کے بعد ہمیں اُن لوگوں کے کسی بیان کی احتیاج نہیں رہ جاتی۔اس لئے کہ باقی تمام مراتب کے لئے قرآن کریم کافی ہے۔وہاں اللہ اور رسولؐ اللہ اور رکوع میں

زکوٰۃ دینے والے مومن تمام بنی نوع انسان کے ولی ہیں (مائدہ۔5/55) اور ظاہر ہے کہ جو ذات خود رسولؐ کی ولی ہو اس کا مرتبہ کیا ہوگا؟ یعنی حضرت عمرانؑ نہ صرف تمام نوعِ انسانی کے ولی ہیں بلکہ خود شہنشاہ کونینؐ کے بھی ولی ہیں اور ولی کے معنی والی وخیرخواہ حاکم کے ہوتے ہیں۔لہٰذا جناب ابوطالب علیہ السلام تمام انسانوں، تمام انبیاؑ، تمام رسلؑ اور تمام آئمہ علیھم السلام پر ولی ووالی وحاکم ہیں۔اور یہ بھی ایک وجہ ہے کہ آنحضرتؐ کو اُنؑ کے سامنے جھکنے کا حکم دیا گیا ہے۔

(ii)۔ حضرت ابوطالبؑ تمام راہنمایانِ مذاہب سے رسولؐ کا تعارف کراتے ہیں

حضرت عبدالمطلبؑ کی وصیّت میں جو چیز عام طور پر معلوم ہوئی وہ محبت اور حسن سلوک ہے۔اس سلسلے میں ساری دنیا جانتی ہے اور مانتی ہے کہ جناب ابوطالب علیہ السلام کو جس قدر محبت حضرت محمدؐ مصطفیٰ سے تھی دنیا میں اس کی دوسری مثال ناممکن ہے۔تمام تاریخیں متفقہ طور پر بتاتی ہیں کہ جناب عمرانؑ راتوں کو کئی دفعہ آنحضرتؐ کے سونے کی جگہ بدلتے رہتے تھے۔یعنی انؐ کی جگہ اپنے بچوں میں سے کسی کو لٹا دیتے تھے اور حضورؐ کو اُٹھا کر دوسری جگہ سُلا دیتے۔تاکہ اگر کوئی قحطانی دشمن کسی خطرناک ارادہ سے آئے تو اُن کا اپنا بیٹا قتل ہو جائے مگر رسولؐ اللہ کو گزند نہ پہنچے۔شبلی نعمانی سے دو جملے سُنئے:۔

''ابوطالبؑ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس قدر محبت کرتے تھے کہ آپؐ کے مقابلہ میں اپنے بچوں کی پرواہ نہیں کرتے تھے۔ جب سوتے تو آنحضرتؐ کو ساتھ لے کر سوتے اور باہر جاتے تو ساتھ لے کر باہر جاتے۔'' (سیرۃ النبیؐ جلد اوّل صفحہ 177)

جو چیز وصیت میں منظر عام پر نہیں لائی گئی وہ یہ ہے کہ جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نبوت اور رسالت کی دوسری شاخ کے مومنین اور علما سے تعارف تھا۔تاکہ وہ یہ دیکھ لیں کہ وہ تمام پیشگوئیاں نبوت ورسالت کی بڑی شاخ میں ظہور پذیر ہو چکی ہیں۔اور اب تمام اختلافات وتنازعات کے خدائی فیصلے کا وقت سامنے ہے۔یہ مقصد بھی سامنے تھا کہ قحطانی مشرکین کے سامنے بیرونی ممالک کے علمائے مذاہب وورثہ دارانِ توریت وزبور وانجیل کی تصدیق کے ساتھ نبوت ورسالت محمدیؐ کو پیش کرایا جائے۔تاکہ اُن کے پاس انکار کے لئے کوئی دلیل نہ رہے۔ اُدھر ہم بتا چکے ہیں کہ خانوادۂ اسمٰعیل کی نابتی امامت بنی اسرائیل والی شاخ کی بھی سرپرست تھی۔اور اُن کے یہاں یہود ونصاریٰ سے وہ بُعد نہ تھا جو بعد میں قحطانی مسلمانوں نے قحطانی یہودیوں کی ضد میں قائم کیا تھا۔تاریخی ثبوت ہے کہ حضرت عیسو کی اولاد حضرت اسماعیل علیہ السلام کے زمانے سے بنی اسماعیلؑ کی نبطی حکومت کے یہاں گھل مل کر رہتی چلی آتی تھی۔مرکزی احکام دونوں شاخوں میں اسماعیلی امامت کی طرف سے نافذ ہوتے تھے۔عقائد میں کوئی اختلاف نہ تھا نہ دونوں شاخوں کے اصول جدا تھے۔البتہ جغرافیائی بنیادوں پر اور موسمی حالات وملکی تقاضوں کی بنا پر مالیانہ ٹیکس اور پیشوں کے اختلافاتِ عقلی لازم تھے۔بہرحال آنیوالے تاریخی بیان کو آپ اسماعیلی واسرائیلی دوستی اور خاندانی رشتوں اور محبت کے پس منظر میں مطالعہ کریں گے تو آپ اس اُلجھاؤ سے ہنستے کھیلتے اور ایمان بڑھاتے ہوئے گزر جائیں گے جس میں قحطانی ذھنیّت جگہ جگہ خود اُلجھتی اور دوسروں کو مغالطے میں مبتلا کرتی ہے۔

(iii)۔ حضرت عمرانؑ رسولؐ اللہ کو بحیرا راہب سے ملک شام میں ملاتے ہیں

جناب طبری نے اس واقعہ کو اس طرح بیان کیا ہے کہ:۔

''چنانچہ وہ رسولؐ اللہ کوساتھ لے کرقافلے میں روانہ ہوگئے۔ یہ قافلہ شام کے علاقہ میں بصریٰ کے مقام پرفروکش ہوا۔ یہاں بحیرانامی ایک راہب اپنی خانقاہ میں رہا کرتا تھا۔ یہ نصرانیوں کا بڑاعالم تھا۔ ہمیشہ اس خانقاہ میں جوراہب ہوتا تھا اُسے وراثتاً علمِ کتابی ملتارہتا تھا۔ جب یہ قریش کا قافلہ اُس سال اس کے ہاں فروکش ہواتو بحیراراہب نے اُن کیلیئے بہت ساکھانا پکوایا۔اور یہ اسلئے کہ اُس نے اپنے صومعہ میں سے رسولؐ اللہ کودیکھا تھا کہ اورتمام لوگوں کوچھوڑ کرصرف آپؐ پرایک بدلی سایہ فگن چلی آتی ہے۔ جب یہ قافلہ اُس کے قریب آکرایک درخت کے سایہ میں اُترا۔اُس نے اُس بدلی کودیکھا کہ اُس نے درخت کی شاخوں کورسولؐ اللہ پرسایہ ڈالنے کیلیئے جھکادیا ہے۔اوراب وہ پورے سایہ کے نیچے فروکش ہیں۔ یہ دیکھ کربحیرااپنی خانقاہ سے اُترااوراُن سب کواُس نے اپنے پاس بلابھیجا۔رسولؐ اللہ پرنظرپڑتے ہی اُس نے آپؐ کوغور سے دیکھناشروع کیا۔اوراُن نشانیوں کی مطابقت کرنے کیلیئے جواُسے پہلے سے معلوم تھیں وہ آپکےجسم کی بعض چیزوں کو بغور دیکھنے لگا۔جب تمام قافلہ کھانے سے فارغ ہوکر چلا گیا اُس نے رسولؐ اللہ سے اُن کی حالت بیداری اورخواب کی کیفیت دریافت کی۔آپؐ نے اُسے بتاناشروع کیا۔ یہ باتیں اُن صفات کے عین مطابق تھیں جواُسے پہلے سے معلوم تھیں۔اُس کے بعداُس نے آپؐ کی پیٹھ دیکھی تو دونوں شانوں کے بیچ میں اُسے مُہرِنبوت نظرآئی۔اُس نے ابوطالبؑ سے کہا کہ یہ لڑکا تمہارامعلوم نہیں ہوتا۔انہوں نے کہا یہ میرابیٹاہے۔بحیرانے کہا یہ ہرگزتمہارابیٹانہیں ہےاوراس بچے کاباپ تواب زندہ بھی نہ ہوناچاہئے۔ابوطالبؑ نے کہا یہ میرا بھتیجا ہے۔بحیرانے پوچھااس کاباپ کیاہوا؟ابوطالبؑ نے کہا کہ یہ لڑکاابھی بطن مادرہی میں تھا کہ اُس کاانتقال ہوگیا۔بحیرانے کہا بالکل ٹھیک ہےاچھااسےتم اپنے گھرلےجاؤ۔اور یہودیوں سے اسکی حفاظت کرنا۔اگروہ اسے دیکھ پائیں گےاوروہ علامات جن کومیں نے شناخت کرلیاہےانہوں نے بھی شناخت کرلیا تو وہ ضروراسےنقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ یہ ایک عظیم الشان انسان ہونے والا ہےتم فوراًاس کوگھرلےجاؤ۔ یہ سن کرابوطالبؑ آپؐ کے چچاآپؐ کولے کرفوراًروانہ ہوگئے۔اوراُن کومکہ لےآئے۔جب ابوطالبؑ رسولؐ اللہ کولےکربصریٰ علاقہ شام آئے تھے۔اس وقت آپ کا سِن شریف نوسال کا تھا۔''(طبری۔جلداوّل صفحہ 60-59)

(iv)۔ چالیس سالہ عمرانی دورِرسالتؐ چھپادینے کی کوشش ناکام ہوگئی

جس نورکودیکھ کردس سال پہلے دوقحطانی عورتوں کوناکامی ہوئی تھی،اُن دونوں نے حضرت زلیخا کی طرح کیا کچھ نہ کیا ہوگا؟ اُن کے منہ سے نکلی ہوئی باتیں آگ کی طرح چاروں طرف پھیلتی جانی چاہئیں۔اور جوکچھ دوعورتیں دیکھ سکتی تھیں وہی کچھ دوسری عورتیں کیوں نہ دیکھ سکیں گی؟اورجوحقیقت مادی آنکھ دیکھ سکتی ہےاُسے صرف عورتوں ہی کی آنکھ تک کیسے محدودرکھا جاسکتا ہے؟ یہ کون ساقحطانی فارمولا ہے؟ یہ کون سی تھیوری (Theory) ہے؟ پھر یہ سوال کہ کیاقحطانیوں کے انتظام میں یہ قوت ہے کہ وہ تمام دانشمندوں کوسوچنے سے روک دیں؟اورپندرہ سوسال بعد کی نسلیں بھی نہ سوچ سکیں؟اورسب اندھی تقلید کرتے چلے جائیں؟ چنانچہ سنئے کہ رسولؐ اللہ ہوں یا اُن کے خانوادے کا کوئی اورمورث وجانشین ہوخواہ وہ نبیؐ ہواہو یارسولؐ رہاہو یاوہ خلیفہ خداوندی کہلایا ہو یاامامؑ زمانہ ہواہو۔وہ ابلیس کے زمانے کے آدمؑ ہوں یاقحطانی دور کے خاتمؐ ہوں۔اُن میں کا ہرفرد ہرزمانہ میں مشہورومعروف ونمایاں رہتا چلاآیا۔ یہ کیسے ممکن ہوسکتا ہے کہ اس زمین پرہمیشہ اورہرلمحہ حجت خداچمکتی ودمکتی اورہردیکھنے والےکوروشن کرتی رہےاورقحطانی کہہ دے کہ چالیس سال تک آنحضرت صلی اللہ

علیہ وآلہ وسلم کے متعلق کوئی نہ جانتا تھا کہ محمدؐ اللہ کے رسولؐ ہیں۔ اور قرآن کہتا ہے کہ آنحضرتؐ کا اس قدر تعارف ہو چکا تھا کہ قحطانی مشرک ہوں یا عرب کی یہود و نصاریٰ کی شاخوں کے قحطانی، سب کے سب آنحضرتؐ کو اس طرح جانتے پہچانتے تھے جس طرح وہ اپنے صلب سے پیدا ہونے والے اور پھر انہیں پال کر دن رات دیکھتے رہنے کی وجہ سے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں؛ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَo (سورہ بقرہ 2/146)

یعنی جس طرح وہ اپنے بچوں کی رگ رگ اور اُن کے جسم کے تمام اعضاء سے کما حقہٗ واقف ہو جاتے ہیں۔ اُسی طرح محمدؐ کے شجرہ نسب سے، اُس کے ماں باپ سے، اُن کی تمام صفات و عادات سے، اُن کے متعلق تمام پیشگوئیوں اور تمام علامات سے، تمام کتابوں اور الہامات سے، اپنے بزرگوں کی روایات سے، سابقہ کتب اور تورات سے، اپنے بیٹوں کے پھسلے ہوئے اقدامات و اعلانات سے، پھر خانوادۂ رسولؐ کے بیانات سے، ابرھہ جیسے سینکڑوں معجزات سے اور محمدؐ و آل محمدؐ کی نبوت و رسالت و حکومت سے قطعاً واقف و عالم ہیں۔ مگر بات یہ ہے کہ وہ قحطانی جان بوجھ کر ایک مسلسل چلے آنے والے ابلیسی پلان (PLAN) کے دباؤ سے اس تمام حقیقت باھرہ کو چھپا دینے کا پروگرام چلا رہے ہیں۔ بتایئے کہ بحیرا راہب کو جو کچھ نظر آیا اور جو کچھ اس نے بیان کیا، وہ کوئی نئی بات ہو سکتی ہے جو اچانک کسی چھومنتر سے وجود میں آ گئی ہو؟ بھائی جان! یہ نہ کچھ منتر جنتر کا معاملہ ہے نہ یہ کوئی معجزانہ کارروائی ہے۔ یہ تو ایک ذریت طاہرہ کی چھ سات ہزار سالہ کمائی ہے جو اس کے ہر فرد نے دن رات محنت اور قربانیاں کر کے خدا سے بتدریج حاصل کی ہے۔ یہ تو ایک خدائی اسکیم یا دین ہے جس پر عمل کرنے والوں نے ہزار سال میں یہ معصوم، بے خطا اور تجربات کی ٹھوکریں کھانے سے محفوظ رہ کر ارتقائی ترقی کی ہے۔ اس کا ہر پہلو عقل و فہم کے دائرے کے اندر ہے، چھومنتر کہیں نہیں ہے۔ خلاف عقل و فہم تو یہ ہے کہ جو بحیرا کی آنکھیں یا قحطانی عورتوں کی آنکھیں دیکھ سکتی ہوں وہ کسی اور قحطانی، ایرانی یا تورانی کو نظر نہ آئے۔ اور جب یہ مان لیا کہ بحیرا اور اس کے گرجا میں تمام راہب کتبہائے خداوندی سے غیب اور مستقبل کی خبریں صحیح دے سکتے تھے تو محمدؐ و آل محمدؐ کے صحیح اخبار اور علم غیب کا کیوں انکار کیا جائے؟ بدلی کا سایہ صرف گرجا کے آس پاس ہی تو سرِ اقدسؐ پر نہ ہوا تھا؟ دُھوپ تو تمام راستہ بھر ساتھ ساتھ تھی۔ یہ کیسے مانا جائے کہ راستہ بھر کسی اہل قافلہ کو نہ بدلی نظر آئے نہ سایہ دکھائی دے؟ پھر اگر اللہ کو رسولؐ اللہ کا آرام مدّنظر تھا تو صرف آج ہی سایہ کرنے کی کیا ضرورت پیش آئی؟ روزانہ دھوپ سے بچانے کا انتظام کیوں نہ کیا ہوگا؟ اور اگر آج یہ ضرورت تھی کہ واقف و عالم ماننے والے شخص سے تعارف کرا دیا جائے۔ اسلئے اس بوڑھے راھب کو متوجہ کرنے کے لئے بدلی اور سایہ اور درخت کی شاخ کا جھکانا ضروری ہو گیا تھا تو یہ تعارف تو ہر منکر و جاہل کیلئے بھی لازم تھا۔ لہٰذا اللہ کے اس لطف و کرم و نظر آنے والے انتظام کو مستقل مان لینے میں ابلیس کے سوا کس کے ایمان میں کمزوری یا خرابی پیدا ہو سکتی ہے؟ مُہرِ نبوت بھی مادی چیز تھی۔ یعنی ہر دیکھنے والے کو نظر آ سکتی تھی۔ ہم کیوں نہ کہیں جن حضرات نے بچپن سے لے کر آخر عمر تک آنحضرتؐ کی کمر دیکھی تھی وہ سب جانتے تھے کہ یہ نشان مُہر نبوت ہے۔ کیا وہ خود ساختہ کہانی بھی بُھلا دی گئی جس میں انتقاماً کوڑا مارنے کیلئے حضورؐ کا کرتہ اُتروا تا ہے اور بڑھ کر مہر نبوت چوم کر پیروں میں گر جاتا ہے۔ ساری دنیا جانتی تھی کہ اس چمکنے والے چہرہ پر اللہ کی نوازشات کا مستقل سایہ ہے۔ رضائے خداوند نے اپنی مہر ثبت کر دی ہے۔ قحطانی اسکیم، ابلیسی محاذ اور مشرکانہ منصوبے کا تقاضہ تھا کہ آنے والی تاریخ میں ہر بات

بدل کراور اپنی پالیسی کے مطابق بنا کر لکھی جائے۔ تاکہ آنے والی نسلیں اس خانہ ساز دین کو اختیار کریں جو مشرکانہ قحطانی اشتراک سے تیار کیا جاتا رہے۔ رسول اللہؐ کے وہ تمام حالات جو چالیس سال کی عمر تک گزرے عمر عیّار کی زنبیل میں چھپ گئے۔ تاریخ یعنی قحطانی تاریخ زمانہ طفولیت کی چند باتیں کہہ کر ایک زقند لگاتی ہے۔ اور یہ ذکر اور قصہ شروع کر دیتی ہے کہ سب سے پہلے کون مشرک ایمان لائے اور پھر مکہ کے تیرہ سالہ دور کو دواڑھائی صفحات میں ختم کر کے مدینہ کے دس سالہ دور پر سارا زور خرچ کر دیا جاتا ہے۔ وہ اس لئے کہ یہی وہ دور ہے جب نظامِ اشتراکیت وقحطانیت کی رگ حیات کٹنے سے بچانا ہے۔ جب اسلام کے لئے ایک مشرکانہ سوٹ سلوانے کیلئے ایک قحطانی ٹیلرز (درزی) کا کمیشن بٹھانا ہے۔ اجتہادی فیکٹری کا تیار کردہ عمامہ بنوانا ہے۔ نظامِ مشاورت کی عطا کردہ عِبا و قبا پہنانا ہے۔ جبر وتشدد اور استیلا کا دُرّہ اور عصا ہاتھ میں تھمانا ہے۔ قحطانی شُو فیکٹری سے تیار کر کے مُڑی ہوئی نعلین پہنانا ہیں۔ اور اس رحمۃؐ للعالمین اور نذیرؐ للعالمین کو سمیٹ کر رسولؐ عربی، قرشی، مکی ومدنی بنا دینا ہے۔ سینکڑوں من کاغذ کالے کئے گئے۔ قرآن وحدیث کی رگ وریشہ کو زیر تبر رکھ دیا گیا۔ اور آج بھی قحطانی یہ نہیں چاہتا کہ قرآن سے رسول اللہؐ کا صحیح تعارف ہوسکے۔ جہاں رسولؐ کا ذکر ہو فوراً رسُولؐ کو آڑ میں کر کے کعبہ کا پردہ ڈال دیتا ہے۔ اور رسُولؐ کو دکھانے کے بجائے کعبہ کا کوٹھڑا دکھا دیتا ہے۔ آؤ آپ کی ملاقات ایک مسلمان عالم اور قحطانی عالم نما جعل ساز سے کرائیں۔ ذرا دیر پہلے ہم نے جو آیت (بقرہ 2/146) مع عربی متن کے لکھی تھی اس کا ترجمہ ملاحظہ ہو:۔

1۔ **ترجمہ جناب حضرت مولانا شاہ محمد احمد رضا خان صاحب بریلویؒ**:۔ ''جنہیں ہم نے کتاب عطا فرمائی وہ اس نبی کو ایسا پہچانتے ہیں جیسے آدمی اپنے بیٹوں کو پہچانتا ہے۔ اور بے شک اُن میں ایک گروہ جان بوجھ کر حق کو چھپاتے ہیں۔''
(مترجم قرآن صفحہ 34 آیت 2/146)

2۔ **ترجمہ جناب السید ابوالاعلیٰ مودودی قبلہ وکعبہ**:۔ ''جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس مقام کو (جسے قبلہ بنایا گیا ہے) ایسا پہچانتے ہیں، جیسا اپنی اولاد کو پہچانتے ہیں، مگر اُن میں سے ایک گروہ جانتے بوجھتے حق کو چھپا رہا ہے۔''
(تفہیم القرآن جلد نمبر 1 صفحہ 123 آیت 2/146)

علامہ سرکار نے یہاں اہل کتاب ہوتے ہوئے حق پوشی کی ہے۔ یعنی قرآن کے بیان کی تصدیق کی ہے کہ جن لوگوں کو قرآن دیا گیا ہے وہ جان بوجھ کر حق کو چھپاتے ہیں۔ علامہ نے یہ دیکھ کر کہ یہیں چونکہ قبلہ کا تذکرہ ہوا تھا۔ لاؤ '' یَعْرِفُوْنَهٗ '' سے نبیؐ کی جگہ قبلہ مراد لے لو۔ کون پوچھے گا؟ اور جب کہ قبلہ کا ذکر بھی ہو رہا ہے تو پوچھنے والے کو ڈانٹ کر سیاق وسباق کے چکر میں ڈال دوں گا۔ اور پھر میری جماعت میں ماشاء اللہ ایسا کون ہے جو قواعد اور صرف ونحو کی بکواس کرے گا؟ اور کہے گا کہ جناب عالی لفظ '' قبلة '' مونث ہے اور خود قبلہ والی آیت میں اللہ نے فرمایا ہے کہ:۔ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا (سورہ بقرہ 2/144)

''پس البتہ پھیریں گے ہم تجھ کو اس قبلہ کی طرف کہ پسند کرے تو اس کو۔'' (علامہ رفیع الدین مرحوم کا ترجمہ)

یہاں لفظ قبلہ کی ضمیر اللہ نے مونث یعنی ''ھا'' خود بتائی ہے۔ لہٰذا آیت زیر بحث میں اگر محمدؐ مراد نہ ہوتے اور قبلہ کو پہچاننے اور اپنے بیٹوں کی طرح جاننے کا ذکر ہوتا تو یعرفونہ کی جگہ یَعْرِفُوْنَهَا ہونا لازم تھا۔ پھر کعبہ یا قبلہ کو بیٹوں کی طرح پہچاننے کی مثال دینا اس لئے غلط

ہے کہ اُس مکان کی مرکزی حیثیت سے کافر ومشرک وقحطانی اور یہود ونصاریٰ سب واقف تھے۔ انکار تو محمد ؐ مصطفیٰ کا ہو رہا تھا۔ اور وہ انکار بھی خانوادۂ رسول ؐ میں داخل ہو کر قریش بن کر کیا جا رہا تھا۔ یہاں اہلِ کتاب سے جناب مودودی اور اُن کے مکتبِ فکر کے منکرین مقصود ہیں۔ بہرحال یہ ثابت ہو گیا کہ یہ رسالتِ خلق، یہ نبوت آخری اور یہ امامت مصطفیٰ ؐ اور مرتضیٰ ؑ روزِ اوّل سے تمام اقوام میں مشہور ومعروف چلی آرہی تھی۔ اس کے آخری ظہور کی تمنائیں اور دعائیں ہو رہی تھیں (بقرہ 2/89)۔ لیکن یہ قحطانی قریش تھے جنہوں نے اس نبوت ؐ و رسالت ؐ وامامت ؑ کو خاندانی کہہ کر جمہوریت کا لالچ دے کر تاریخ کا منہ کالا کیا۔ تاریکی کے پردے لٹکائے اور نورِ محمدی ؐ کی آب وتاب کو دھندلا کرنے کی کوشش علامہ مودودی تک برابر جاری ہے۔

(v)۔ بحیرا راہب سے ملاقات پر مزید اطلاعات اور حضرت عمران ؑ

طبری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:۔ ''ابوموسیٰ سے روایت ہے کہ ابوطالب ؑ شام روانہ ہوئے۔ رسول ؐ اللہ قریش کے اور شیوخ کے ساتھ اُسکے ساتھ ہوئے۔ جب اُن کو وہ راہب نظر آیا یہ اُتر پڑے۔ اور انہوں نے اپنے کجاوے کھول دئے۔ اس مرتبہ وہ راہب ان کے پاس آیا۔ حالانکہ اس سے پہلے وہ اس کے پاس سے گزرتے تھے وہ راہب نہ اُن کے پاس کبھی آتا تھا اور نہ التفات کرتا تھا۔ یہ اپنے کجاوے کھول رہے تھے کہ وہ راہب اُن میں آکر مل گیا۔ اور لوگوں کو دیکھنے لگا۔ یہاں تک کہ اُس نے رسول ؐ اللہ کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہنے لگا یہ تمام عالم کا سردار ہے۔ یہ رب العالمین کا رسول ؐ ہے۔ اسے اللہ تعالیٰ رحمۃ للعالمین کر کے مبعوث فرمانے والا ہے۔ قریش کے شیوخ نے اس سے پوچھا کہ یہ بات کیسے معلوم ہوئی؟ اس نے کہا کہ جب تم اس گھاٹی سے برآمد ہوئے تو کوئی درخت یا پتھر ایسا نہ تھا جو سجدے میں نہ گر پڑا ہو۔ اور جمادات ونباتات صرف نبی ؑ کے سامنے سجدہ کرتے ہیں۔ دوسرے میں اُس مہرِ نبوت سے بھی جو سیب کے برابر اُن کے شانے کے جوڑ کے نیچے واقع ہے۔ اس بات کو جانتا ہوں۔'' (طبری جلد اول صفحہ 61-60)

(vi)۔ حضرت عمران ؑ نے مکی اور قحطانی عیب جُو بڈھوں کا منہ بند کر دیا

اس بیان میں جو بات نہایت اہم ہے وہ یہ ہے کہ جس بحیرا راہب کی طرف سے پہلے بیان میں رسالت محمد ؐ یہ کو صیغہ راز میں رکھنا گھڑا گیا تھا وہ یہاں غلط ثابت ہو گیا اور یہ حقیقت سامنے آگئی کہ جناب عمران علیہ السلام رسول ؐ اللہ کا عمومی تعارف کرانے کیلئے آپ ؐ کو اس مذہبی مرکز میں لائے تھے۔ اور نبطی وغِسانی ورُومی ویونانی حکومتوں کے سفارتی ذرائع سے تمام دنیا کو اس حقیقت سے روشناس کرنے کا در پردہ انتظام فرما رہے تھے۔ اور جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا آپ چاہتے تھے کہ جن جن ممالک میں بعثت کا انتظار کیا جا رہا ہے، اُن سب کی توجہ مکہ کی طرف مرکوز ہو جائے تاکہ قحطانی ٹولے کا انکار بے اثر بن کر رہ جائے اور طرفدارانِ مذہب وملت بیرونی نصرت اور تصدیق و تائید بہم پہنچا سکیں۔ اس طرح مکہ کا مخالف محاذ اُٹھنے سے پہلے ہی باطل وخود غرض ثابت ہو کر بیٹھ جائے۔ یہ ہے وہ عمرانی ؑ اسکیم جسکے ماتحت آپ ؐ اپنے بزرگوں ؑ کی طرح بیرونی ممالک کا سفر کر رہے ہیں اور یہ ہے وہ چوٹ جو سیدھی ٹکر کی طرح قحطانی ناک پر مسلسل لگتی چلی گئی۔ ان سفروں کا ایک سوچی سمجھی پالیسی ہونا اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ راہب کو مقررہ جگہ پر دیکھتے ہی آپ نے قافلہ کو پڑاؤ کا حکم دے دیا اور راہب سیدھا قافلے میں تحقیق کیلئے چلا آیا۔ اور پھر راہب کا مقررہ دن اور متوقع وقت پر نظر براہ ملنا اور اس سے پہلے قحطانیوں یا قریشیوں

اور مکیوں کی طرف کبھی ملتفت نہ ہونا بتاتا ہے کہ مندرجہ بالا پروگرام دوطرفہ طے شدہ حیثیت رکھتا تھا۔ پھر یہ بھی واضح ہے کہ جناب ابوطالبؑ نے یہ چاہا تھا کہ راہب اپنی معلومہ علامات سے آنحضرتؐ کو اپنی کتابی بصیرت سے شناخت کرے۔ لہٰذا سرکارؐ دو عالم کو الگ سے نہیں ملایا۔ اسلیئے راہب کو خود آنحضرتؐ کو تلاش کرنا پڑا۔ اور راہب نے ہاتھ پکڑ کر سب سے پہلے وہ بیعت کی جو برسہا برس بعد عربوں نے شروع کی تھی اور بیعت کے دوران آپؐ کیلیئے اللہ کا رسولؐ ہونا، سردارِؐ دو جہان ہونا اور رحمتؐ للعالمین ہونا تمام شیوخ عرب اور تمام قافلہ کو بتایا۔ عرب کے مکی شیوخ نے طرح طرح کے سوالات کر کے یہ ظاہر کرنا چاہا ہے کہ انہیں رسالتؐ اور امامتؑ کی نہ تو کوئی علامت معلوم ہے نہ انہوں نے وہ نور کبھی دیکھا جو اُنکی عورتیں تک دیکھتی اور گرتی رہی تھیں۔ نہ انہیں بدلیوں کے سایہ کا علم، نہ انہیں کوئی ایسا وہم وگمان، یعنی بفضل خدا کورے، اندھے، بہرے، دوسرے الفاظ میں انکار کرنے والی اسکیم سے باخبر اور اس پر کافی قوت کے ساتھ عمل پیرا تھے۔ گویا جناب عمران علیہ السلام نے رسولؐ اللہ کو مادی طور پر مشرکین عرب کی اسکیم اور قلبی جذبات اور رجحانات سے مطلع کر دیا۔ یہ بہت ضروری تھا کہ ان شیوخ کے نام معلوم ہو جاتے جن کو اس سفر میں ہمراہ لایا گیا تھا یا جو خود ساتھ ہو گئے تھے۔ بہرحال قحطانی تاریخ نے اُن کو صیغہ راز میں رکھا ہے۔ مگر آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اُس وقت مکہ میں کون کون ایسے تھے جن کو سردارانِ مکہ میں شمار کیا جا سکتا ہے۔ لہٰذا تاریخ کے دوسرے مقامات بتا دینگے کہ 10 عام الفیل میں کون لوگ مکہ میں شیوخ یا سرداروں میں شامل تھے اور اُن میں سے کون کون ایمان لائے؟ اور کس کس نے انکار اور دشمنی کی راہ اختیار کی تھی؟ راہب نے اُن شیوخ کو جہاں دوسرے دلائل سے لاجواب کیا وہاں ایسی بات بھی بتائی جو ہر آنکھوں والے کو جب چاہے چوبیس گھنٹے نظر آ سکتی تھی۔ یعنی مُہر نبوّت کا مستقل اور روز پیدائش سے موجود رہنا۔ راہب نے جو چیز کفر و شرک کی رگِ حیات کاٹنے کیلیئے بتائی، وہ وہی ہے جسے مسلمانوں میں دو فیصد علما بھی نہیں مانتے اور وہ یہ حقیقت ہے کہ ہر درخت اور تمام نباتات اور جمادات ہر نبیؐ کو سجدہ کرتے ہیں۔ قرآن کی رو سے ملائکہ اور تمام کائنات اور جنّ وانس اللہ کے حکم سے سجدہ بجالائے تھے۔ مگر مشرک علما کے نزدیک یہ بات آج بھی شرک ہے اور اُن مشرک علما کی بدقسمتی یہ ہے کہ انہوں نے قرآن ہی سے اپنی گمراہی کا سامان اپنے اجتہاد کی روشنی یا تاریکی میں جمع کیا ہے۔ لیکن اُنکا یہ شرک محض اُنکے دماغوں اور اُنکی کتابوں میں دفن ہے۔ عوام میں آج بھی محمدؐ مصطفٰی کا وہی مقام ہے جو ہمارا عقیدہ ہے۔

(vii) نبوّت کی خوشخبری حاصل کرنے کیلیئے بحیرا راہب کے پاس رومی وفد کا آنا، بحیرا کا حضرت ابوطالبؑ کو قریشی یہود سے خبردار کرنا

علامہ طبری کا ایک اور معنی خیز بیان سن کر قریش کی دشمنی کی گہرائی اور شہرت دیکھیں ساتھ ہی بحیرا کی محتاط تنبیہہ پر غور فرمائیں لکھا ہے:۔

''**رومی وفد اور بحیرا۔** راہب اپنی خانقاہ سے آیا۔ یہاں آ کر اُس نے اِن کیلیئے کھانا پکوایا اور اُسے اُنکے پاس لے کر آیا۔ اس وقت رسولؐ اللہ اونٹ چرا رہے تھے۔ راہب نے قریش سے کہا اُسے بلواؤ۔ جب آپؐ آ رہے تھے، اس وقت بھی ایک بدلی آپؐ پر سایہ فگن تھی۔ راہب نے کہا دیکھو بدلی آپؐ پر سایہ کر رہی ہے۔ جب آپؐ اپنی جماعت کے پاس آئے، آپؐ نے دیکھا کہ درخت کا تمام سایہ قریش نے اپنے قبضہ میں کر لیا ہے۔ مگر جب آپؐ بیٹھے تو درخت کا سایہ بڑھ کر آپؐ پر بھی آ گیا۔ راہب نے کہا دیکھو درخت کا سایہ بھی آپؐ پر جُھک پڑا ہے۔ راہب اب تک کھڑے کھڑے اُن کو اللہ کا واسطہ دے کر سمجھا رہا تھا کہ تم اس بچے کو رُوم نہ لے جاؤ۔ کیونکہ اگر وہ

اِسے دیکھ پائیں گے تو شناخت کر لیں گے اور قتل کر دیں گے۔ یہ کہہ کر اُس نے مڑ کر دیکھا تو وہاں سات آدمی رُوم کے فرستادے موجود تھے۔ راہب نے خود ہی سبقت کر کے اُن سے پوچھا تم کیوں آئے ہو؟ اُنہوں نے کہا ہم اسلئے آئے ہیں کہ ایک نبیؐ اس ماہ خروج کرنے والا ہے۔ ہر راستے کے ناکہ پر پہرے متعین کر دئے گئے ہیں۔ اور ہم کو اچھا سمجھ کر آپکی اس سمت بھیجا گیا ہے۔ راہب نے کہا کہ کیا جن لوگوں کو تم پیچھے چھوڑ آئے ہو اُن میں کوئی تم سے بہتر رہ گیا ہے؟ اُنہوں نے کہا کہ نہیں ہمیں سب سے بہتر سمجھ کر ہی آپ کے اس راستے پر بھیجا گیا ہے۔ راہب نے کہا کہ اچھا تم اس بات سے واقف ہو کہ اگر اللہ کسی کام کے کرنے کا ارادہ کر لے تو کسی میں یہ مجال ہے کہ اُسے نہ ہونے دے؟ انہوں نے کہا ہر گز نہیں۔ اور اب وہ اس راہب کے تابع ہو گئے اور اسی کے پاس ٹھہر گئے۔'' (مسلسل لکھا)

''**حضرت محمدؐ کی واپسی**۔ راہب قریش کے پاس آیا اور اس نے خدا کا واسطہ دے کر پوچھا کہ اِس لڑکے کا ''**ولی کون ہے۔؟**'' اُنہوں نے کہا کہ ابو طالبؑ۔ اب وہ ابو طالبؑ کو خدا کا واسطہ دے کر اصرار کرتا رہا کہ تم اس بچہ کو واپس لے جاؤ اور جب تک اُسے واپس نہ بھجوا دیا اُس نے ابو طالبؑ کا پیچھا نہ چھوڑا۔ واپسی کے لئے ابو بکر نے بلال کو آپؐ کے ساتھ خدمت کے لئے کر دیا اور اُس راہب نے زادِراہ کے لئے بسکٹ اور زیتون آپؐ کو دیا۔'' (ترجمہ طبری۔ صفحہ 60)

قریش رسولؐ اللہ کا قتل چاہتے تھے: قارئین غور فرمائیں کہ راہب نے مسلسل آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کا اعلان کیا۔ بدلی کے سایہ کرنے اور درخت کے اپنے سائے کو آگے بڑھانے کے معجزات پر متوجہ کیا۔ وہ بار بار یہود کی دشمنی اور حضورؐ کی جان کے خطرے میں ہونے کا تذکرہ کرتا رہا۔ اُس نے ہر طرح واضح کیا کہ حضورؐ کو رُوم نہ لے جائیں۔ رومیوں سے آپؐ کو اور آپؐ کی نبوت کی اطلاع کو پوشیدہ رکھیں۔ ورنہ اُن کے قتل کا یقین ہے۔ مگر قریش دیکھ رہے ہیں کہ سات رومی سپاہی مسلح حالت میں اُن کی طرف بڑھتے چلے آ رہے ہیں۔ وہ بحیرا کو اُن کی آمد کی نہ اطلاع دیتے ہیں نہ یہ کہتے ہیں کہ تم خاموش ہو جاؤ۔ ایسا نہ ہو یہ سپاہی سُن لیں اور سارا کام ہی خراب ہو جائے۔ قارئین یہ غور کرنے کا مقام ہے کہ ایسے خطرناک مواقع پر غیر اور بے تعلق لوگ بھی ہمدردی کا اظہار کیا کرتے ہیں۔ مگر قریش ٹس سے مس نہیں ہوتے۔ بحیرا مصروف گفتگو۔ ابو طالبؑ اور محمدؐ محوِ حیرت اور پریشان۔ مگر قریش دشمن کو سر پر پہنچ جانے دیتے ہیں۔ ذرہ برابر متاثر نہیں ہوتے اور چاہتے ہیں کہ رومی ابھی ابھی محمد و ابو طالب علیہما السلام کو قتل کر دیں۔ لہٰذا اس قافلہ میں نہ کوئی محمدؐ و ابو طالبؑ کا عزیز و رشتہ دار ثابت ہے، نہ کوئی اسماعیلی خاندان کا فرد ہے، نہ کوئی خانوادہ رسولؐ کا ہمدرد ہے۔ ورنہ یہ لوگ گوش بر آواز رہتے اور کسی بھی غیر شخص کو حدِ نگاہ کے فاصلے پر دیکھتے ہی راہب کو مطلع کرتے کہ وہ پلٹ کر دیکھے اور غلط آدمی کے سامنے ایسا راز فاش نہ کرے جو رسولؐ اللہ کی جان کو خطرے میں ڈال دے۔ اس کے برعکس وہ رومی باوردی جوانوں کو دور سے آتا دیکھ رہے ہیں اور خوش ہیں کہ جھگڑا آج ہی ختم ہو جائے تو اچھا۔ قریش کی عداوت اور بے رحمی اس سے بھی ثابت ہے کہ آنحضرتؐ کو چھاؤں میں بیٹھنے کی جگہ بھی نہیں دیتے ہیں۔ رومی حکومت چونکہ عیسائی اور اہل کتاب حکومت ہے۔ لہٰذا اس راہب کی طرح بلکہ اس سے بڑے علما خود دارالسلطنت میں موجود تھے۔ لہٰذا وہاں یہ بات طے شدہ حقیقت تھی کہ اصحاب فیل کے واقعہ کے بعد دسویں سال جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ خروج فرمائیں اور ماہِ مذکور میں بحیرہ راہب کے یہاں اعلان نبوت و رسالت ہو جائے۔ اسی لئے رومی حکومت نے تمام اُن راہوں پر پہرے بٹھا دئے جن سے

مسافر یا قافلے ملک روم وشام کی حدود میں داخل ہوتے تھے۔تا کہ اُس رسولؐ کی بعثت کی اطلاع بروقت مل سکے۔اگر یہ پہرے دشمنی کی بنا پر بٹھائے گئے ہوتے تو وہ سات سپاہی ہرگز بحیرہ راہب اور ابوطالبؑ اور آنحضرتؐ علیھم السلام کو گرفتار کر کے حکومت تک لے جائے بغیر نہ چھوڑتے۔اس لئے کہ یہ جرم سزائے موت کا مستحق بنا تا ہے۔اور جرم ہرگز چھپنے والا نہ تھا۔اور بحیرا راہب ہرگز اُن کو نہ بچا سکتا تھا۔پھر خود بحیرا راہب بھی رومی عیسائی حکومت کا ماتحت ہے اور اسقف اعظم یعنی پاپائے روم کا وفادار ہے۔پھر یہ بہانہ نکالنا کہ صرف اچھے سے اچھے آدمی بحیرا راہب والے راستے پر بھیجے گئے تھے۔اس حیثیت سے تو بالکل صحیح ہے کہ مشرکین عرب کو مغالطہ دے دیا جائے۔ورنہ حقیقتاً ایسے آدمیوں کو اچھے سمجھ کر بھیجنا جو حکم عدولی ہی نہیں بلکہ حکومت کو دھوکہ دے سکیں، بہت ہی غلط اور بُرے آدمیوں کا بُرا انتخاب ہے۔بات وہی ہے کہ یہ وہ اچھے، معتبر اور قابل وثوق لوگ ہیں جو بحیرا راہب کے کلیسا کو بھیجے گئے تا کہ وہ خود رسولؐ کی زیارت کریں، اعلان بعثت سنیں اور جب واپس آ کر حکومت اور رعایا کو وہاں کی رُوداد سنائیں تو اُن کی بات پر پورا یقین حاصل ہو کر ہر شخص مطمئن ہو جائے۔پھر بحیرا راہب سپاہیوں سے یہ نہیں کہتا کہ یہ نبوت کوئی راز ہے۔حکومت روم رسول اللہؐ کی دشمن ہے، قتل کرنا چاہتی ہے۔اس لئے تم میرے ہی پاس رہ جاؤ حکومت کی پرواہ نہ کرو۔اس راز کو پوشیدہ رکھنا، کسی سے نہ کہنا۔اگر بحیرا یہ باتیں کہتا تو سپاہی حیران ہو کر کہتے کہ جناب حکومت نے قتل وگرفتاری کا نہ حکم دیا ہے نہ وہاں کوئی اس نبوت کا دشمن ہے یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں۔اس سوال وجواب سے قحطانیوں کو مغالطہ دینے اور اُن کے قلبی اثرات کو جانچنے والی اسکیم کھل جاتی۔لہٰذا بحیرا نے سپاہیوں کے متقی ہونے کی آڑ لی، سپاہیوں کو باتوں میں لگایا، صورت حال سمجھائی اور اُن کے قیام کا بندوبست کر کے واپس آیا۔اور پھر باقی پارٹ ادا کیا۔مگر قریش نے جب کوئی اثر نہ لیا تو انہیں سنا کر جناب عمرانؑ کو بتایا کہ بس اب حضورؐ کو واپس لے جایا جا سکتا ہے۔یعنی پروگرام مکمل ہو گیا ہے۔اور یہ خیال رکھنا کہ قحطانی الاصل یہود ونصارا سے حضور کو گزند نہ پہنچے۔اور یہ دشمنانِ خدا اور رسولؐ خود مکہ ہی میں رہتے ہیں۔

اس بیان میں یہ بھی کہنا ضروری سمجھا کہ ابوبکر کو آپؐ کی اس قدر خاطر منظور تھی کہ اپنے غلام بلال کو خدمت کے لئے ساتھ کر دیا۔ معلوم نہیں کہ زادِ راہ کی فراہمی راہب کی طرف سے کیوں لکھ دی گئی۔کیوں نہ یہ لکھا کہ بلال کے ساتھ تین اونٹ خشک میوے اور دیگر اجناس کے بھی ارسال کئے تھے تا کہ راہ بھر کوئی دقت نہ ہو۔یہ بھی نہیں بتایا کہ ابوطالبؑ نے بلال کی قوت وفراست پر اس قدر اعتماد کیا کہ خود ساتھ نہ گئے۔حالانکہ حضرت ابوطالب علیہ السلام کا ایک لمحہ کے لئے آنحضرتؐ کو تنہا نہ چھوڑنا ثابت اور متواتر معلوم ومشہور ہے۔لہٰذا گرمیِ محفل وزیبِ داستان کے لئے یہ سب کچھ نظر انداز کر دیا۔

قارئین ذرا قحطانی جرأت کو داد دینے کی تیاری کرلیں تو ایک بات کہوں:۔

(viii)۔ یہ تاریخ بازیچۂ اطفال بنا دی گئی تھی

طبری کے بیان میں غلط بات ہضم ہو جاتی اگر منافقوں میں اتحاد ممکن ہو جاتا۔ سنئے علامہ سیوطی نے تاریخ الخلفاء میں لکھا ہے کہ:۔

"ولد بعد مولد النبی بسنتین واشھروانہ مات ولہ ثلث وستون سنۃ۔"

جناب ابوبکر رسول اللہؐ کی پیدائش کے دو سال اور چند ماہ بعد پیدا ہوئے۔

یقیناً جب حضرت ابوبکر نے وفات پائی تو ان کی عمر تریسٹھ سال کی تھی۔ (تاریخ الخلفاء صفحہ 21)

علامہ ابن حجر نے لکھا ہے کہ:۔''وَلَدَ بعد الفیل بسنتین و ستة اشهر۔''

حضرت ابوبکر واقعہ فیل کے دو سال اور چھ ماہ بعد پیدا ہوئے تھے۔'' (اصابہ جلد 4 صفحہ 101)

اور علامہ ابن اثیر نے لکھا ہے کہ:''کان مولدہ بعد الفیل بثلاث سنین۔''

حضرت ابوبکر واقعہ فیل کے تین سال بعد پیدا ہوئے تھے۔ (تاریخ کامل جلد 2 صفحہ 161)

قارئین جمع تفریق ضرور جانتے ہونگے۔ واقعہ فیل 570 عیسوی کے اواخر سے شروع ہو کر 571 عیسوی کی ابتدا میں ختم ہو گیا اور حضور محمدؐ مصطفیٰ واقعہ فیل کے بعد اُسی سال کے اندر پیدا ہوئے، اس پر سب کا اتفاق ہے۔ بحیرہ راہب سے ملاقات کا واقعہ فیل کے نو یا دس سال بعد پیش آیا۔ یعنی حضرتؐ کی عمر اس وقت نو یا دس سال کی تھی تو ابوبکر صرف سات سال یا آٹھ سال کے تھے اور ابن اثیر کے حساب سے کل چھ یا سات سال کی عمر رکھتے تھے۔ لیکن اس کم سنی میں کمال یہ ہے کہ تجارت کیلئے ملک شام آئے ہوئے ہیں۔ باپ بھی ساتھ نہیں ہے۔ اور پھر بلال کا کمال یہ ہے کہ وہ تین سال کی عمر کا بچہ ہو کر تن تنہا محمدؐ مصطفیٰ کی خدمت اور حفاظت کرتا ہوا مکہ میں لیکر پہنچا۔ یہ وہ کمالات ہیں جو قحطانی تاریخ کی قدر و قیمت بڑھاتے ہیں۔ اور اگر تاریخ کو باریک چھان لیا جائے تو کمال یہ ہوگا کہ جناب بلال کو حضرت ابوبکر نے اُن کی پیدائش سے بھی کئی سال پہلے رسولؐ اللہ کے ساتھ محافظ و خدمت گار کی حیثیت سے بھیجا تھا۔ وہ شعر پڑھیئے:۔

بازیچۂ اطفال ہے دنیا میرے آگے ۔۔۔ ہوتا ہے شب و روز تماشہ میرے آگے

واقعی یہ بات صحیح ہے کہ عقیدت مندی انسان کو اندھا اور بہرا کر دیتی ہے۔ بہرحال یہ بات ہرگز ماننے کے قابل نہیں ہے کہ جناب ابوطالب علیہ السلام آنحضرتؐ کو یوں اپنے سے جدا کر دیں جب کہ خطرہ خود قحطانیوں ہی سے ہو۔ اور پھر یہ خطرہ نیا نہیں ہے، اچانک سامنے نہیں آیا ہے۔ یہ تو صدیوں سے ہر نبیؐ اور ہر رسولؐ اور ہر امامؑ کے ساتھ ساتھ چلا آ رہا ہے۔ یہ تو وہ لوگ ہیں جن کو اپنی ہی نہیں دوسروں کی عمریں معلوم ہیں، بشارتیں معلوم ہیں۔ یہ کیسے مان سکتے ہیں کہ کوئی ملعون قحطانی، رسولؐ اللہ کو قتل کر سکتا ہے البتہ انتظامی معاملات اور ہیں۔ اپنی محبت و محنت کا مادی ثبوت اور تاریخی مواد چھوڑنا اور بات ہے۔ راتوں کو چار پائی پر جگہ بدلنا اور علیؑ کو خطرے میں سو جانے کی عادت ڈالنا اور بات ہے۔ حقیقت تو وہی ہے جو علم خداوندی نے صدیوں پہلے سے بتا رکھی ہے۔ بلال بے چارے تو پیدا ہی نہ ہوئے تھے۔ حضرت ابوبکر ابھی چھ سات سال کے بچے تھے اور سفر میں ہمراہ تھے ہی نہیں۔ مگر بنتی نہیں ہے بات گل و بلبل کہے بغیر۔ اب ذرا موجودہ زمانہ کے ایک محقق اور مؤرخ کے یہاں چلئے اور اُنکی تحقیق سے فائدہ اُٹھایئے۔

(ix)۔ رسولؐ اللہ؛ بحیرا راہب اور ابوطالبؑ؛ شبلی کے قلم سے

جناب علامہ اس واقعہ کو مجبوراً اور بادل نخواستہ لکھ رہے ہیں۔ اس لئے اُن کے الفاظ اور جملوں کی بندش اور ترکیب پر ضرور نظر رہنا چاہئے۔ فرمایا کہ: ''عام مؤرخین کے بیان کے مطابق بحیرا کا مشہور واقعہ اسی سفر میں پیش آیا۔ اس واقعہ کی تفصیل اس طرح بیان کی گئی ہے کہ جب ابوطالبؑ بصریٰ میں پہنچے تو ایک عیسائی راہب کی خانقاہ میں اُترے۔ جس کا نام بحیرا تھا۔ اس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ و

وسلم کو دیکھ کر کہا کہ یہ ''سید المرسلین'' ہیں۔ لوگوں نے پوچھا تم نے کیوں کر جانا؟ اس نے کہا کہ جب تم لوگ پہاڑ سے اُترے تو جس قدر درخت اور پتھر تھے سب سجدے کے لئے جھک گئے۔'' (سیرۃ النبیؐ جلد اوّل۔ صفحہ 178)

شبلی صاحب نے اس واقعہ کو پر تکلف الفاظ میں لکھ کر وہ تمام کرتب اور داؤ پیچ دکھائے ہیں جو حقائق کی زد سے بچ نکلنے کیلئے قحطانی نظام اجتہاد نے تیار کئے ہیں۔ مگر اس اُستادانہ فرار کے دوران اُنکے قلم سے کچھ اور حقائق ٹپک پڑے۔ انہوں نے بیان کی ابتدا میں لکھا تھا کہ ''عام مؤرخین کے بیان کے مطابق بحیرا کا مشہور واقعہ اسی سفر میں پیش آیا۔'' یہاں علامہ کے نزدیک عام مؤرخین نے یہ واقعہ غلط لکھا ہے۔ مطلب یہ کہ کچھ خاص مؤرخین، ایسے نہیں ہیں جو اس واقعے کو مانتے ہوں۔ ہمارے لئے یہی کافی ہے کہ مؤرخین نے عمومی حیثیت سے اس واقعہ کو مان لیا ہے۔ رہ گئے وہ خاص خاص مؤرخ جو یہ جانتے ہوئے کہ نبو قضاعہ حضرت اسماعیلؑ کی اولاد ہیں۔ اسکے باوجود اس حقیقت کا اعلان کر کے یہ لکھ دیں کہ ہم کو پیروی اُن ہی مؤرخین کی کرنی چاہئے جو اسماعیلی خاندان کو قحطانی بناتے اور لکھتے چلے آئے ہیں۔

ہم ایسے مؤرخین و محدثین و مفسرین کو ملعون سمجھتے ہیں جو حق کو جان بوجھ کر چھپائیں۔ لہٰذا اُن کا اس قدر قبول کر لینا کہ (1) عام مؤرخین متفق ہیں۔ (2) اور یہ کہ چند مخصوص خبیث علما کے علاوہ تمام مسلمان اس واقعہ کو مانتے اور اس سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ (3) اور یہ کہ اس واقعہ کو بیان کرنے والی روایات ابن حجر کے مطابق بخاری کے معیار پر پوری اترتی ہے۔ (4) اور یہ کہ عام مؤرخین ہی نہیں بلکہ عام محدثین نے بھی کتب احادیث میں اس بحیرا والے واقعہ کو صحیح لکھا ہے۔ (5) اور یہ کہ خود شبلی اور تمام علمائے محدثین و محققین نے اس سفر میں ابوبکر اور بلال کا موجود نہ ہونا اور اس جملے کو بعد میں اضافہ کر دیا جانا مان لیا ہے۔ رہ گئے باقی بہانے اور اُن کے عذرات، وہ اُسی قسم کے ہیں جو کوئی مجرم جرم سے بچنے کے لئے کیا کرتے ہیں۔ (سیرۃ النبیؐ۔ صفحہ 178 تا 181)

اہل کتاب کا بنی اسماعیل سے ہم خیال ہونا ملاحظہ ہو:۔

(x)۔ عربوں کی مشرکانہ مخالفت سے پہلے تمام عیسائی علما و بادشاہ اسماعیلیوں کے ہمنوا تھے

شبلی صاحب کا سب سے بڑا اور قابل غور عذر یہ ہے کہ بعض یورپین عیسائی علما نے بحیرا راہب کو حضرت محمد مصطفیٰؐ کا استاد اور اسلام کو بحیرا کی دی ہوئی ہدایات کی تفصیلات قرار دیا ہے۔ یعنی نبوت محمدیؐ کا انکار کیا گیا ہے۔ قارئین اس عذر اور بہانے کیلئے پہلے یہ سنیں کہ مسلمانوں کو عموماً دوسروں سے متنفر رکھنا قحطانی علما کا سب سے بڑا حربہ رہا ہے۔ یعنی قحطانی نظام حقائق پر نہیں بلکہ تنفر و تعصب کی بنیادوں پر استوار ہوتا ہے۔ کبھی اہل کتاب کے خلاف نفرت پھیلا کر خلاف واقعہ باتیں اور بے دلیل تصورات منوائے جاتے ہیں۔ کبھی بنو اسماعیل اور قحطانی الحاق کر کے یہ لکھ دیا جاتا ہے کہ فلاں بچے جڑواں پیدا ہوئے اور دونوں کا جسم آپس میں جُڑا ہوا تھا۔ آپریشن سے دونوں کو جدا کیا اسلئے دونوں کی نسل میں نفرت جاری رہی۔ حالانکہ بات وہی تھی۔ یعنی ایک دشمن خاندان کو اسماعیلی بنا کر یہ کہہ دیا گیا کہ خود اسماعیلیوں کے اندر سے نفرت اُبھری تھی۔ یہ شیعوں سے سنیوں کو متنفر رکھنا، یہ احمدیوں سے نفرت، یہ وہابی اور بریلوی قصے، یہ ابوبکر و علیؓ کے جھگڑے، صرف روٹی کمانے، روزی حاصل کرنے اور موقعہ ملے تو حکومت پر قبضہ جمانے کیلئے ہیں۔ اُنکا کام لڑاؤ اور حکومت کرو۔ غلط سے غلط بات کہو مگر پہلے سننے والے کے دماغ کو نفرت کے جذبہ سے بھر دو۔

اس عام قاعدے کوسمجھ لینے کے بعد یہ سوچئے کہ غلط قسم کے لوگ تو ہر قوم اور ہر مذہب اور ہر ملک میں ہوتے ہیں۔ اگر اہل سنت میں کوئی شبلی ہوسکتا ہے تو شیعوں میں شبلی کیوں نہ ہو؟ آنکھوں میں ڈھول ڈالنے والے اگر مسلمانوں میں ہو سکتے ہیں؟ تو عیسائیوں اور یہودیوں میں کیوں نہ ہوں؟ لہٰذا جس طرح علامہ شبلی نے سیرۃ النبیؐ اور الفاروق میں حقائق کومنہ چڑایا ہے اور تمام مسلمانوں کے مسلمات کا انکار کیا ہے۔ اور بخاری ایسی معتبر کتاب کے خلاف لکھا ہے (تفصیلات ملاحظہ ہوں کتاب الفرق اور کتاب اسوۃ الرسولؐ میں)۔ اسی طرح علمائے یورپ میں بھی کئی ایک شبلی گزرے ہیں۔ فرق یہ ہے کہ ہندوستانی شبلی نے جو کچھ لکھا وہ حقائق ومسلمات کے خلاف اور خود یورپی شبلیوں سے سیکھ کر لکھا اور اقرار کیا۔ لیکن یورپین شبلیوں اور ندویوں نے جو کچھ لکھا وہ سب ایسا اجتہادی مواد تھا جو اسلامی تاریخ و حدیث وتفسیر میں مسلمان شبلیوں، ندویوں، ڈھکوؤں، اور یارمحمدیوں نے جمع کیا تھا۔ ہماری کسی تحریر سے یورپ کے علما تو الگ خود مجتہدین کوئی سہارا لے کر دکھائیں۔ جب لکھنا ہی حق ہے، جب باطل سے سروکار ہی نہیں رکھنا ہے تو کوئی ایسی غلطی کیسے ہوگی جو اسلام یا رسوؐل اسلام یا بزرگانؑ اسلام پر حرف آئے۔ البتہ ایسی غلطی ہم سب سے ہوگی اور ہوتی ہے جس سے ہماری کم علمی کا اظہار ہو اور صرف ہم پر اور ہماری ذات پر اعتراض ہو۔ ہم معافی مانگ کر تلافی کرنے کو تیار رہتے ہیں۔ مگر اسلام پر حرف نہیں آنے دیتے۔ اور جن لوگوں نے اسلام کو بدنام کیا ہے اُن کو معاف نہیں کرتے۔ خواہ وہ شیعہ لیبل لگائے ہوئے ہو یا اہل سنت کو گمراہ کر رہا ہو۔

ہم عرض کر چکے اور دلائل سے ثابت کر چکے اور قرآن سے آج تک ثابت ہے کہ حضرت موسیٰؑ وحضرت عیسیٰ علیہما السلام کے حقیقی پیرو ہمیشہ آل ابراہیمؑ واسماعیلؑ کے ہمدرد وہمنوا رہے۔ اور اُن دونوں میں تعاون و دوستی ظہور محمدؐ مصطفیٰ تک برابر موجود و باقی تھی۔ چنانچہ نابتؑ بن اسماعیلؑ کی حکومت خواہ نبطی نام سے رہی ہو یا آخر میں اُسے غسانی کہا گیا ہو، مسلسل اڑھائی ہزار سال سے عیسائیوں اور یہودیوں کی فلاح و بہبود میں حصہ دار رہی۔

یہ بھی بتایا جا چکا اور تمام مسلمان علما نے تسلیم کیا ہے کہ اسلام کی مختلف شاخوں یا قسطوں میں بھی ایک ہی دین آیا اور ہر قسط ترقی یافتہ نوع انسانی کو مخاطب کرتی اور احتیاج وضروریات انسانی کے تدارک کیلئے بڑھتی چلی گئی۔ لہٰذا اگر کوئی عیسائی یا یہودی عالم یہ کہے کہ قرآن کی تعلیمات تو وہی تعلیمات ہیں جو سابقہ کتب میں بیان ہوئی ہیں تو اس پر ہمیں خوش ہونا چاہئے کہ دین اسلام کے تسلسل اور ایک ہونے کی گواہی مل رہی ہے۔ لیکن اگر کوئی عیسائی یا یہودی مجتہد یہ کہے کہ قرآن صرف اُسی قدر ہے جس قدر توریت وغیرہ میں تھا تو اب اُسے یہ دکھانا چاہئے کہ فلاں فلاں احکام اور پالیسیاں قرآن میں ایسی ہیں جن کا کسی سابقہ کتاب میں اشارہ تک بھی نہیں ہے اور وہ آج کی دنیا میں تمام انسانی ضروریات میں سے ہیں۔ یعنی یہ دکھانا ہمارے ذمہ ہوگا کہ قرآن ایک کامل کتاب ہے اور توریت وغیرہ کی تکمیل و تصدیق کیلئے نازل ہوئی ہے۔ قحطانی چونکہ قرآن کومکمل اور ہر انسانی ضرورت کیلئے کافی نہیں سمجھتے اور دن رات نئے نئے اجتہادات کرنا اُن کا مذہب ہے اور جو اُنہوں نے ابتدا ہی میں عرب کے قحطانی عیسائی ویہودی مجتہدین سے سیکھا تھا۔ اسلئے وہ یہ شور شروع کر دیتے ہیں کہ علمائے یہود ونصاریٰ قرآن کا انکار کرتے ہیں اور ساتھ ہی یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ عرب میں آیا ہوا اسلام یعنی اُن کا اپنا بنایا ہوا مذہب ساری دنیا سے الگ اور انوکھا ہے اور اب وہ اُن تمام باتوں کا انکار کر دیتے ہیں جو اُنکے خانہ ساز مذہب کے خلاف ہو۔ لہٰذا جناب شبلی نے

عیسائی مؤرخین کے اعتراض کا مسکت جواب تو نہ دیا، بحیرا راہب کے واقعہ کا انکار کر دیا۔ تا کہ نہ سہی چودہ سو سال تک، چودھویں صدی میں تو قحطانیوں کے اعمال پر پردہ پڑ جائے۔ آج کے روشن خیال لوگوں کو تو بہکایا اور مطمئن کیا جا سکے۔ لیکن ہم بتاتے آ رہے ہیں اور اسی لئے بتا رہے ہیں کہ خاندان نبوتؐ و رسالتؐ ایک تھا، تمام پالیسیاں ایک تھیں، یہ ایک اُمۃ واحدہ تھی، اسکے اصول و فروع ایک تھے۔ اُنکی تعلیم ایک تھی، اُن کی شروع سے آخر تک کتاب ایک تھی۔ جو کچھ ایک نے پانچ ہزار سال پہلے کہا وہی کچھ بعد والوں نے پانچ چھ ہزار سال بعد کہا۔ ہمیں یہ طعنہ، طعنہ نہیں معلوم ہوتا کہ بحیرا راہب نے جو کچھ کہا وہ اسلام کی تعلیمات بن کر سامنے آ گیا۔ اسلئے کہ بحیرہ راہب نے جو کچھ کہا وہ تھا ہی اسلام۔ وہ اسلام بنا نہیں بلکہ وہ تو تھیں ہی اسلامی تعلیمات۔ پھر جو لوگ نائیوں، دھوبیوں اور حجاموں کی باتوں کیلئے کہہ دیں کہ وہی باتیں آیت بن کر نازل ہو گئی تھیں اور پھر سینہ ٹھونک کر، ڈھیٹ بن کر کہانیاں گھڑ کر دکھائیں اور کہیں، یہ بات فلاں بن فلاں نے کہی تھی، اللہ نے پسند کی اور قرآن میں آیت بنا کر نازل کر دی۔ یہیں تک نہیں، اُن مشرکین نے یہ بھی کہا کہ معاذ اللہ رسولؐ اللہ نے ایک غلط ارادہ کیا تھا۔ ایک مشیر نے غلطی واضح کی اور وہ وضاحت قرآن میں آ کر رسوؐل کیلئے ہدایت بن گئی سوچیئے ایسے لوگوں کو کیا حق ہے کہ وہ یورپی علما پر اعتراض کریں۔ بحیرا بہر حال تمام قحطانیوں سے زیادہ عالم، زیادہ ذی عزت اور زیادہ مقبولِ خدا اور سولؐ تھا۔ لہٰذا یہ علمائے سُو، یہ خبیث و ملعون لوگ، اُمت کو فریب اندر فریب میں مبتلا رکھتے آئے ہیں۔

ہم کہتے ہیں اور اِس پر فخر کرتے ہیں کہ اسلام ایک ایسی تحریک ہے جو ابلیس کو مایوس کر کے نوع انسانی کو منتہائے کمال پر پہنچانے کیلئے خدا نے جاری کی ہے۔ تا کہ اطاعت شعار انسان لامحدود قوت و حیات حاصل کرے اور اسکے ''کُن'' کہتے ہی ''فیکون'' ہو جائے۔ قرآن میں اور صاحبانِ قرآن صلوٰۃ اللہ علیہم کے علم میں وہ سب کچھ بھی ہے جو بحیرا نے کہا یا نوحؑ نے فرمایا یا کسی سابقہ انسان کے ذہن میں گزرا، زبان سے نکلا۔ اور وہ سب کچھ بھی ہے جو قیامت تک پیدا ہونے والوں کی زبانوں پر آئے یا ذہن میں گزرے۔ اگر قرآن کا بیان کردہ یہ مقام کوئی نہیں مانتا تو یقیناً وہ قحطانی ہے، مجتہد ہے، مشرک ہے۔ خواہ اس نے شیعیت کا لیبل لگا رکھا ہو یا وہ سنّیت کا جامہ پہنے ہوئے ہو۔ لہٰذا شبلی ذہنیت کو بتا دو کہ بحیرا ایک خدائی مصیبت تھا جو قحطانی تصورات کو اعلان نبوت سے تیس سال پہلے سے بھانپ کر باطل کر گیا تھا۔ اور ہاشمؑ و عبدالمطلبؑ و ابو طالبؑ وہ راہنمایانِ رسالت عظمیٰ تھے۔ جنھوں نے ابلیس کی تمام راہیں بند کر کے صرف ایک راہ، یعنی انکار و ہٹ دھرمی اور ظلم و ستم کی راہ کھلی چھوڑ دی تھی اور مشرکین عرب کو مجبوراً اسی راہ پر چلنا پڑا۔ مگر اُس راہ کے دونوں جانب انہوں نے جگہ جگہ اور ہر موڑ پر ستون نصب کئے اور اُن پر عدل و انصاف؛ رواداری؛ فلاح انسانی؛ بھوک اور غربت کے خلاف محاذ وغیرہ کے بڑے بڑے بورڈ اور نعرے لٹکا دئے۔ تا کہ اُنکا ظلم و ستم، جبر و استبداد، بے رحمی و قساوت قلبی اور مکر و فریب دین کا نقاب پہنتا چلا جائے لیکن تحریک تشیّع اور اُسکے راہنمایانِ دین نے ہر نقاب نوچ دی۔ ابلیس مع طولِ عمر دستِ تاسف مل رہا ہے۔ قحطانی مفکرین و مدبرین قلم اٹھاتے ہیں۔ سوچنے کیلئے دانتوں میں دباتے ہیں اور ہم پر غصہ میں قلم چبا کر پھینک دیتے ہیں۔ کئی ایک ابلیس کے شریعت کدوں میں یہ پریکٹس روزانہ جاری ہے۔ اب اُنکی سمجھ میں کوئی نیا داؤ پیچ کوئی نیا کرتب نہیں آ رہا ہے، دم بخود تَبَّتْ یَدَا اَبِی لَھَب کا ورد کر رہے ہیں۔

(xi)۔ عیسائی بادشاہ اور حضرت ابوطالبؑ کے دادا ہاشم علیہ السلام

قارئین حضرات ہمیشہ کے لئے نوٹ کریں کہ قحطانی نسل حضرت ابراہیمؑ سے قبل شروع ہوئی۔ اُس میں بڑے بڑے جابر وظالم بادشاہ گزرے۔ ملک سبا کی حکومت قحطانی تھی۔ جرھم قحطانی تھے۔ حمیر وحیرا کی حکومتیں قحطانی تھیں۔ یہ نسل عموماً دشمنِ دین اور مخالفان انبیاؑ رہتی چلی گئی۔ اُس کے مظالم سے دنیا کی ہر قوم و ہر مذہب وملت متنفر رہتی چلی آئیں۔ زوال کے بعد انہوں نے نسل اسماعیلؑ بن جانے کی کوشش کی۔ لیکن یہ جہاں رہے اور جس حال میں بھی رہے شرفا کی نظروں میں مستقلاً حقیر و ذلیل رہے۔ اس لئے انہیں شرافت سے دشمنی ہوگئی۔ چونکہ قحطانیوں نے دنیا کو یہ فریب دیا کہ معاذ اللہ رسولؐ اللہ کا خاندان بھی قحطانی تھا۔ اس لئے اس مغالطہ میں اُلجھ جانے والے رسولؐ کے مذہب سے بھی تنفر کرنے لگے۔ اور چونکہ قحطانی حکومتوں نے اسلام کے نام پر مسلسل مظالم کئے، اس لئے ساری دنیا اُن سے متنفر ہوگئی۔ اس سب کے باوجود جب بھی خانوادہ رسولؐ کے کسی فرد کا ذاتی سوال سامنے آیا تو قحطانیوں کے سوا دنیا کی تمام اقوام نے تمام مذاہب کے علمانے اور تمام مذہبی وشریف بادشاہوں نے خانوادہ رسوؐل کی شہنشاہیت کے روبرو سر جھکا دیا۔ یہی خاندان تو ہے جہاں مصرو ایران کی شہزادیاں، حبش و روم کی شہزادیاں کنیزیں بن کر رہیں۔ یہ خبیث لوگ عیسائیوں اور یہودیوں کو اسلام کا دشمن قرار دیتے ہیں۔ حالانکہ وہ قحطانی مذہب کے دشمن ہیں۔ اسلام اور راہنمایانِ اسلام پر تو انہیں فخر رہا ہے۔ سنئے اور ہر گز آئندہ ایسی بات پر توجہ نہ دیجئے جس میں یہ کہا جارہا ہو کہ ظہور اسلام کے وقت عیسائی اور یہودی حکومتیں یا عوام اسلام کے دشمن تھے۔ اُن سے کہہ دو کہ جو عیسائی اور یہودی قرآن کی رو سے اسلام اور رسولِؐ اسلام کے دشمن تھے، وہ تو عرب ہی کے باشندے اور قحطانی الاصل لوگ تھے۔ جن میں سے کچھ روز اوّل سے اسلام کا نقاب پہن کر مومنین ومصدقین میں داخل ہوئے تاکہ داخلی تخریب کریں اور کچھ تیغ بکف نکلے اور میدان کارزار میں مقابلہ کیا۔ بعد میں سنگم بن گیا تو داخلی گروہ نے خارجی گروہ کی مذمتیں کی اور ادھر قرآن نے اُن دونوں گروہوں کے حالات قلم بند کئے۔ لہٰذا وہ عیسائی اور یہودی دشمن بھی درحقیقت قحطانی الاصل ہی ہیں۔ اور اس ابلیسی گروہ کے علاوہ کوئی اور قوم ہر گز اسلام اور رسولِؐ اسلام اور خانوادہ رسوؐل کی دشمن نہیں رہی ہے۔ البتہ قحطانی حکومت جس نام سے بھی دنیا میں رہی اس سے ہمیشہ دشمنی کی گئی اور ہم خود مذہباً اس حکومت کے دشمن رہتے چلے آئے ہیں۔ سنو اور دیکھو جوں جوں ظہور ختم المرسلؐ نزدیک ہوتا گیا بیرونی حکومتوں کا تعاون بڑھتا گیا۔ رشتے استوار ہوتے گئے۔ حضرت ہاشم علیہ السلام 525 (سن پانچ سو پچیس) عیسوی میں برسرِ امامت تھے۔ یعنی آنحضرؐت کی پیدائش سے صرف چھیالیس سال پہلے کے انسان ہیں۔ اس وقت کی دو ایک باتیں سنیں اور خانوادہ رسوؐل کا مقام اور عیسائی بادشاہوں خصوصاً بادشاہِ روم کا سلوک دیکھیں۔ اور قحطانی ڈھونگ کی دھجیاں بکھیر دیں۔

کان هاشم افخر قومه و اعلاهم ۔ وفد اليه قبائل العرب و وفود الاحبار يحمولن بنا تهم يعرضون عليه لِيتزوج بِهِنَّ حتّٰى بعثت اليه هرقل ملك الروم وقال اِنَّ لِی بِنتًالم تلد النساء اجمل منها ولا اَبهٰی وجهًا ۔ فاقدم اِلَیَّ حتیّٰ ازوجكها فقد بلغنی جودك و كرمك و كان هاشم يابی۔ (تاریخ الخمیس۔ جلد اوّل صفحہ 178)

”جناب ہاشم علیہ السلام اپنی قوم میں سب سے زیادہ قابل فخر وعزت تھے۔ اور تمام لوگوں سے اعلیٰ مرتبہ پر فائز تھے۔ عرب کے

قبائل اور اہل کتاب کے راہنمایانِ دین کے وفد حضرتؑ ہاشم کے پاس سرداران قوم وعلما کی بیٹیوں کو لے کر آتے اور جناب ہاشمؑ کے سامنے پیش کیا کرتے تھے کہ وہ حضرت اُن سے شادی کرلیں۔ یہاں تک کہ شہنشاہ روم نے اُن کی خدمت میں پیغام بھیجا کہ میری ایک بے مثل ونظیر بیٹی ہے کہ جس سے حسین وجمیل اور سیرت کی بلندی سے بڑھ کر آج تک عورتوں نے کسی اورلڑکی کو جنم نہیں دیا ہے۔ اگر آپ یہاں قدم رنجہ فرمائیں تو میں اس کی شادی آپ سے کردینا چاہتا ہوں۔ اس لئے کہ میرے علم میں آپ مجسمہ جود وسخا اور کرم وحیا ہیں۔ مگر حضورؑ ایسی درخواستوں پر متوجہ نہیں ہوا کرتے تھے۔''

قارئین بتائیں کہ جو خانوادہؑ 525 عیسوی سے 550 عیسوی (عہد عبدالمطلبؑ) تک ہر دل عزیز ہو، جو بادشاہان عالم کے لئے باعثِ حصول عزت وافتخار ہو، جن کے ناموں سے برکتیں حاصل کی جاتی ہوں، جن کو داماد بنانے کے لئے یوں رسہ کشی ہوتی چلی آرہی ہو، جنہیں منت سماجت کر کے بیٹیاں قبول کرنے پر رضا مند کیا جاتا رہا ہو، جن کو چاندی سونا دے کر داماد بنالینے پر ریس (Race) لگتی ہو۔ اُن سے دشمنی اور اُن کے مذہبی تصورات سے مخالفت محض قحطانی ہی کرسکتے ہیں۔ بیٹیوں کو اپنی عزت سمجھنے والے، ناز ونعمت سے پالنے والے باضمیر لوگ تو جسے داماد بنالیتے ہیں، اُس داماد کے شہر والوں کی بھی عزت واحترام کرتے ہیں۔ البتہ جو لوگ لڑکیوں کو زندہ دفن کرنے والے مشہور قصاب ہوں۔ وہ تو یہ سوچ سکتے ہیں کہ چلو زمین میں دفن نہ کیا کسی داماد کے گھر میں دفن کردیا۔ اور اس طرح قتل کی ہوئی لڑکی سے دنیاوی فائدہ بھی اُٹھالیا۔ آپ نے حضرت عبداللہ علیہ السلام کے حالات میں بھی یہی کچھ دیکھا تھا۔ قحطانی اگر ناپسند کرتے تھے تو خود اُن کی بیٹیاں دلہن بن جانے کی فکر میں رہتی تھیں۔ عربی تاریخ کے بعد جناب ہاشم علیہ السلام اور اُن کے خانوادے کی منزلت وہمہ گیر مقبولیت کے لئے جناب ڈپٹی اور مولوی نذیر احمد صاحب شمس العلما دہلوی کا تائیدی بیان بھی ملاحظہ ہو:۔

''ہاشمؑ کو فیاضی اور سیر چشمی کے علاوہ ذاتی وجاہت ووقار وتمکنت بھی حاصل تھی۔ اور قدرت نے اُن کی جسمانی ساخت میں بھی ایک خاص قسم کا اعتدال ودیعت کیا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ قبائل عرب کے عمائدین اور وفودِ احبار اپنی لڑکیاں اُن کے نکاح میں دینے کی غرض سے پیش کیا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ بادشاہ روم ہرقل نے ایک مرتبہ ہاشمؑ کے پاس اس مضمون کا پیغام بھیجا کہ میری ایک لڑکی ہے۔ نہایت حسین وجمیل ہونے کے علاوہ لطیفہ گو اور بذلہ سنج بھی ہے۔ اگر تم یہاں آجاؤ تو میں اس کی شادی تمہارے ساتھ کردوں۔ کیونکہ تمہارے مکارم اخلاق اور جود وسخا کا شہرہ سنا ہے۔ ہاشمؑ نے صاف لفظوں میں انکار کردیا۔ اور بادشاہ روم کے پیغام کی مطلق پرواہ نہیں کی۔'' (اُمہات الامہ مطبوعہ دھلی صفحہ 37)

ہم بار بار عرض کر چکے ہیں کہ اس نوری خاندان سے دنیا کی کسی قوم وملک وملت ومذہب کی دشمنی نہ تھی سوائے قحطانیوں کے۔ جنہوں نے ہر حال میں مخالفت کی۔ قحطانی رہ کر قحطانی نام سے مخالفت، جرھمی عنوان کے ساتھ مخالفت، بنوخزاعہ کی صورت میں مخالفت، اسماعیلی اور قریشی بن کر مخالفت، بھائی بن کر، جنوائی بنا کر مخالفت اور ایمان لاکر کلمہ پڑھ کر مخالفت، احسان ورحم وکرم اور وفا کے صلے میں مخالفت۔ اُن لوگوں پر ایسا ایک لمحہ، ایک ثانیہ بھی نہ گزرا جس میں مخالفت سے دستکش ہونے کا تصور تک آیا ہو۔

(xii)۔ چند نئے پرانے دشمنانِ خانوادۂ رسولؐ

ساری دنیا جانتی ہے کہ جب حضرت اسماعیل اور جناب ہاجرہ علیہما السلام مکہ میں لائے گئے تو یہاں قحطانیوں کی جرھمی شاخ خیموں میں رہا کرتی تھی۔ یہیں سے قحطانی دشمنی کا آغاز ہوتا ہے۔ یعنی جب کعبہ بنایا جاچکا اور آب زمزم (جو حضرت اسماعیلؑ کے لئے خدا نے جاری کیا تھا) کی وجہ سے کعبہ کے اردگرد چہل پہل شروع ہوگئی۔ پھل پھول کی افراط ہوئی اور مختلف خانہ بدوش مشرف بہ اسلام ہونے لگے۔ اور جناب اسماعیل علیہ السلام کی اولاد مرجع خلائق بن گئی۔ حضرت نابت علیہ السلام کو جناب اسماعیلؑ نے اپنا جانشین امام بنادیا۔ اور حضرت نابتؑ کی اولاد نے مکہ سے باہر کے ممالک میں اپنی حکومتیں قائم کرلیں اور حکومت کی بنا پر نبطی خاندان زیادہ تر عراق و یمن و شام میں جابسے تو مکہ کی نگرانی اور تولیت کا انتظام صرف رسومات حج اور مناسک تک رہ گیا۔ اور سیاسی قوت اور فوج کا یہاں رکھنا ضروری نہ رہا تو ایک دفعہ اور پہلی دفعہ قحطان کی جرھمی شاخ نے مکہ پر قبضہ جمالیا۔ اعتراض کرنے والوں سے کہہ دیا کہ ہم حضرت اسماعیل کی سسرال کے لوگ ہیں وہ ہمارا داماد تھا، ہمارا بیٹا تھا۔ لہٰذا ہم مکہ و حجاز کی حکومت کے حق دار ہیں اور یہ تو ایک دینی خدمت ہے جسے کوئی بھی مسلمان انجام دے سکتا ہے۔ ضروری نہیں کہ موروثی طریقے پر مکہ کی حکومت و امامت ایک ہی خاندان میں رہے۔ یہ پہلا واقعہ ہے جہاں خانوادۂ رسولؐ کی مذہبی قیادت اور دینی حکومت پر سسرالی رشتے والی قوم نے غاصبانہ قبضہ کیا۔ قحطانی تاریخ بھی اس خشتِ اوّل کو پوشیدہ نہ رکھ سکی۔ لہٰذا جناب طبری سے چند اشارے نوٹ فرمالیں۔ لکھتے ہیں کہ:۔

''حضرت نوحؑ کے عہد سے کعبہ کا کوئی ولی نہ تھا۔ اُسے اٹھالیا گیا تھا۔ چونکہ اللہ تعالیٰ نے رسولؐ اللہ کو اسماعیلؑ کی اولاد میں مبعوث فرما کر اُن کو یہ سعادت دینا چاہا تھا۔ اُس نے حضرت ابراہیمؑ کو حکم دیا کہ تم اپنے بیٹے اسماعیلؑ کو یہاں آباد کرو۔ چنانچہ حضرت نوحؑ کے بعد اب حضرت ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام کعبہ کی تولیت انجام دیتے تھے۔ اس وقت مکہ بالکل غیر آباد چٹیل میدان تھا۔ البتہ اس کے اطراف و اکناف میں جرھم اور عمالقہ بود و باش رکھتے تھے۔ جرھم کی ایک عورت سے حضرت اسماعیلؑ نے نکاح کیا۔ اس کی طرف عمرو بن الحارث بن مضاض نے اس شعر میں اشارہ کیا۔ (اور شعر قحطانیوں میں آیت کے برابر ہوتا ہے)

ومَصَاهرنا من اکرم الناس ولدًا فَاَبْنَاهُ منا و نحن الاصاهرُ

ہمارے یہاں اُس شخص نے شادی کی جو اپنے باپ کی وجہ سے معزز ترین شخص تھا۔ اُس کی اولاد ہم سے ہے اور ہم اُس کی سسرال والے لوگ ہیں۔ حضرت ابراہیمؑ کے بعد حضرت اسماعیلؑ کعبہ کے متولی ہوئے۔ اُن کے بعد نبتؑ متولی ہوا، اس کی ماں جرھمیہ تھی۔ پھر نبتؑ مر گیا۔ اور چونکہ حضرت اسماعیلؑ کی اولاد زیادہ نہ تھی۔ اس لئے پھر جرھم نے کعبہ کی تولیت پر قبضہ کرلیا۔ اور اسی طرف عمرو بن الحارث بن مضاض نے اپنے اس شعر میں اشارہ کیا ہے:۔ (پھر شعر ہی جانشینیٔ رسولؐ کی دلیل و سند بن جاتا ہے)

وَکُنَّا ولَّاۃُ البیت من بعد نَابتٍ تَطُوفُ بذا ک البیت و الخیر ظَاھِر

نابتؑ کے بعد ہم کعبہ کے ولی ہوئے۔ اب ہم اس گھر کے چاروں طرف طواف کرتے ہیں۔

اور ہماری اس خوبی کو سب جانتے ہیں۔ (طبری۔ جلد اوّل صفحہ 65)

قارئین پہلے یہ نوٹ کرلیں کہ مکہ اور کعبہ کی ولایت وحکومت حضرت اسماعیلؑ کے بعد جناب نابت علیہ السلام کو ملی تھی۔اور قیدار چونکہ حضرت نابتؑ کے چھوٹے بھائیوں میں سے ہیں۔لہٰذا حسب دستور جانشینی اور امامتِ جناب اسماعیل علیہ السلام سے باہر رہ جاتے ہیں۔ یہ بھی قحطانی دشمنی ہے کہ اُنہوں نے خانوادہ رسولؐ اور خود رسوؐل کو تو محروم کرنے کے لئے یہ دوسرا انتظام بھی کرر کھا تھا کہ اُن کو بجائے نابتؑ بن اسماعیلؑ کے،قیدار کی اولاد میں شامل کرنے کے لئے شجرہ ہی بدل دیا تھا۔تا کہ اگر مناسب صورت حال پیدا ہو جائے تو کہہ دیا جائے کہ وہ تو جناب اسماعیلؑ کی جانشین شاخ میں تھے ہی نہیں۔یہ ماہرین سیاسیات کی نہایت دوراندیش پالیسی کا ثبوت ہے جو قحطانیوں کے لئے قدم قدم پر ثابت ہے۔پھر یہ دیکھیں کہ ایک دو شعر گھڑ کر اور سسرالی رشتہ کا اعلان کر کے رسالت وامامت کی جانشینی پر قبضہ کرلیا گیا۔اور یہ بھی ضرورت محسوس نہ ہوئی کہ خاندان رسولؐ اور جانشین خاندان کی رضامندی بھی حاصل کر کے ایک آدھ شعر اُن کی طرف سے بھی گھڑ دیا جائے۔یہاں یہ بات خاص طور پر نوٹ کرنے کی ہے کہ خانوادہ رسوؐل کی حکومت اور ولایت پر قبضہ کرلیا گیا۔کوئی دلیل شرعی یا عقلی قائم نہیں کی گئی۔مظلوم خاندان کی اجازت یا رضامندی حاصل نہیں کی گئی۔اس کے باوجود ملک عرب کا جمہور یا عوام ذرہ برابر ردّعمل ظاہر نہیں کرتے۔کوئی احتجاج نہیں ہوتا،کوئی بغاوت اور تصادم پیش نہیں آتا اور نہایت ہنسی خوشی خاندان رسولؐ سے اقتدار منتقل کر کے قحطانی حضرات جانشینِ رسولؐ بن جاتے ہیں۔ساری عرب پبلک مطمئن ہے،مشاعرے ہو رہے ہیں،جشن منائے جارہے ہیں۔جو لوگ اُس زمانہ کی عوامی عربی،سردمہری اور حق وانصاف کے خلاف قومی کثرت کی اس اندھی اطاعت سے واقف ہوں۔وہ سوچیں کہ پچیس سو سال(1900 ق م تا 600 عیسوی)بعد آنحضرؐت کے زمانہ کی وہی قوم اپنی عادات اور سنت قومی میں کس قدر ترقی کرگئی ہوگی؟ حد یہ تھی کہ اپنا حق مانگنا،لوگوں سے اپنے غصب شدہ حق اور اپنی مظلومی کا ذکر کرنا،اُن کی زبان میں فتنہ وفساد پھیلانے کا جرم تھا۔اور اس طرح مظلوموں کو باغی کہہ کر قتل کر دینا اسلام کی اور نوع انسانی کی خدمت بن گئی تھی۔اور اِسی جرم میں واقعہ کربلا میں خانوادہ رسوؐل کو تہہ تیغ کیا گیا تھا۔یعنی قحطانی مذہب ورسوم ودستور وسنت نے دو ہزار پانچ سو سال میں جو ترقی اور قوت حاصل کی تھی اُس کا سارا زور امام حسینؑ اور اُن کے رفقائے کار علیھم السلام کے خلاف خرچ کر دیا گیا تھا۔لہٰذا اُس سسرالی رشتے داروں کی سنت اس طویل زمانہ میں بھلائی نہیں گئی۔ بلکہ اُسے مضبوط تر کر کے،دوہرا چوہرا کر کے اس پر سو فیصد عمل کیا گیا۔اور اس طویل سفر میں شجروں اور خاندانوں کا بدلنا،قحطانیوں کا اسماعیلی بن جانا اُس سنت پر مزید اضافہ تھا۔اور راز کھل جانے کی صورت میں یہ انتظام بھی قدیم سے ساتھ ساتھ چلا آرہا تھا کہ محمدؐ اور اُن کے آباؤاجداد اور خود عدنان(علیھم السلام)معاذ اللہ جرھمی تھے۔چنانچہ علامہ طبری نے یہ بھی لکھ دیا ہے کہ:۔

''معاد بن عدنان نے مکہ میں آکر دیکھا تو اُس کے بھائی اور چچا جو عدنان کے بیٹے تھے۔وطن چھوڑ کر یمن کے قبائل میں جا ملے ہیں۔اور یمن والوں ہی میں انہوں نے بیاہ کر لئے ہیں۔چونکہ بنو عدنان جرہم کی اولاد میں سے تھے۔اس وجہ سے یمنیوں نے اُن کے ساتھ مہربانی اور شفقت کا سلوک کیا۔''(طبری۔جلد اوّل صفحہ 53)

یہ تھا قحطانی جرہمیوں کا دوہرا دوہرا انتظام جس سے بچ کر نکل جانا ممکن ہی نہ تھا۔لہٰذا یہ ماننا ہی پڑا کہ ظہور محمدؐی کے وقت مکہ میں بڑے بڑے تمام قحطانی گھرانے اسماعیلی ہی ہونگے۔چونکہ بہت جلد اقتدار وقوت حاکمہ نے قحطانی قدموں پر سر رکھ دیا۔اسلئے خزانوں کے منہ کھل گئے

جاننے والے دماغ لالچ سے بھر گئے۔ بولنے والی زبانیں بولنے کے بجائے عمدہ ذائقہ دار نعمتوں سے لطف اندوز ہونے لگیں یہ کہنا موت کے منہ میں کودنا تھا کہ یہ کریہہ المنظر، یہ بدشکل اور منحوس صورتیں، یہ شیطان خصلت لوگ ہرگز اُس حسین وجمیل وخلیق خاندان کے افراد نہیں ہوسکتے۔جن کو بادشاہان روم وشام وعرب وایران اپنی بیٹیاں دینا فخر سمجھتے تھے۔جن سے راتوں کی تاریکی میں روشنی ہوجاتی تھی۔

(xiii)۔ خانوادہ رسولؐ سے حکومت کا دوبارہ چھینا جانا

حضرت نابت علیہ السلام کی اولاد کو جرہمیوں نے خاندانی وخداوندی حکومت سے محروم کردیا تو جرہمیوں نے قبضہ کر لینے کے بعد تقریباً تمام اسماعیلیوں کو مکہ وگردونواح مکہ سے جلاوطن کردیا اور وہ بلاشرکت غیرے حکمراں ہوئے تو اپنی قومی کردار یعنی ظلم وستم، مار دھاڑ اور لوٹ کھسوٹ مچادی۔مکہ اور آس پاس کے لوگوں میں خانوادہ رسوؐل کی یاد تازہ ہونے لگی۔اللہ اور کعبہ کے نام پر جرمانے، ٹیکس اور کرائے بڑھے تو لوگوں کی چیخیں نکل گئیں۔جرہمیوں کے خلاف نفرت وانتقام کا جذبہ اُبھرا۔آخر خانوادہ اسماعیلؑ کے ساتویں جانشین حضرت ثامادبہامی دوس العتق کو اُن کی مملکت سے بلایا گیا۔انہوں نے بنو جرہم اور بنوقطورہ کو مکہ سے نکالا اور تمام سرکشوں کو قتل کر دیا (طبری۔جلد اوّل صفحہ 57 پر شجرہ کا چونتیسواں فرد) دوس العتق نے امن وامان اور اپنے نائب مقرر کردیئے۔

(xiv)۔ مکہ پر دوبارہ جرھمیوں کا قبضہ اور فسق وفجور کا زور

علامہ طبری کے مطابق جس شخص نے سب سے پہلے بنواسماعیلؑ کی جگہ حکومت قائم کی تھی وہ مضاض نام کا شخص تھا۔اُسکے بعد اُس کے خاندان میں کعبہ اور مکہ کی حکومت وتولیت موروثی حیثیت سے جاری رہی۔مندرجہ بالا شکست کے بعد غالباً بنوجرہم نے رفتہ رفتہ دوبارہ اسماعیلی خاندان کو مکہ اور کعبہ سے بے دخل کردیا۔اسلئے کہ جب جناب معاد بن عدنان مکہ واپس آئے تو انہیں یہاں کوئی شخص بھی اپنے خاندان کا نہ ملا تھا اور یہاں جرہمیوں کا راج اور تسلط تھا۔جرہمیوں کا یہ قبضہ جناب دوسؑ کے بعد چونتیسویں پشت میں ثابت ہوتا ہے۔دوبارہ قبضہ کے بعد جرہمیوں نے اس طویل مدت میں جو کچھ کیا وہ طبری سے سنئے:۔

’’پھر جرھم نے مکہ میں بدمعاشی اور فسق وفجور شروع کیا۔بیت اللہ کی حرمت کو باطل کردیا۔اس مال کو جو کعبہ کو بطور نذر کے بھیجا جاتا تھا کھانے لگے۔جو مکہ میں آتا اُس پر ظلم کرتے۔پھر انہوں نے اسی پر اکتفا نہیں کی۔بلکہ نوبت یہاں تک پہنچی کہ اگر اُن کے کسی شخص کو کوئی دوسری جگہ زنا کے لئے نہ ملتی تو وہ خود کعبہ میں آکر بدکاری کرتا۔اس سلسلے میں بیان کیا گیا ہے کہ اساف نے نائلہ سے کعبہ میں زنا کیا۔اس کی پاداش میں اللہ نے دونوں کو مسخ کر کے پتھر بنایا۔‘‘ (طبری۔جلد اوّل صفحہ 66-65)

قحطانیوں کے اس قبیلے نے جو کچھ کیا وہی کچھ اڑھائی ہزار سال بعد کے قحطانی شاہزادے کے زمانہ میں ہوا تھا۔یعنی یہ بھی قحطانیوں کی قدیم سنت اور تمنا تھی۔اور یہی وہ فحاشی کا نظام تھا جو ظہور قرآن تک ان میں جاری تھا۔

(xv)۔ حضرت اسماعیلؑ نے مصری شہزادی سے شادی کی تھی

قحطانی عربوں نے جناب اسماعیلؑ کو اپنا داماد کہنے اور اُن کی مقدس نسل کو اپنی بیٹی کی اولاد بنانے کے لئے یہ مشہور کردیا تھا۔

ورنہ ازروئے توریت، حضرت اسماعیلؑ کی شادی اُن کی والدہ نے اپنے خاندان یعنی بادشاہ مصر کے خانوادے میں کی تھی۔اس سلسلے میں ارض القرآن کے چند جملے سن لیں اور سمجھ لیں کہ قحطانی عربوں کی یہ عادت ہے کہ وہ اپنی مختلف اغراض کے لئے غلط رشتے، غلط شجرے مشہور کرتے رہتے ہیں۔ رشتہ داری کے بیانات اور نسبی جوڑتوڑ میں ہرگز مشرکین عرب کا اعتبار نہیں کیا جاسکتا۔اسماعیلؑ تو بہت دور کی بات ہیں، وہ تو یہاں تک مشہور کر گئے کہ خود محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چار بیٹیاں تھیں۔اور صرف اسی جھوٹ پر اکتفا نہیں کیا بلکہ یہ اتہام بھی لگایا کہ (معاذ اللہ) آنخضرتؐ نے اپنی تین صلبی بیٹیوں کا نکاح تین مشرکوں سے کیا۔حالانکہ آنخضرتؐ اپنے بزرگوں، شجرے اور نسب پر یہ کہہ کر فخر کرتے رہے کہ میرے آباؤ اجداد میں کوئی مشرک اور زانی نہ تھا۔علامہ سید سلیمان ندوی لکھتے ہیں کہ:۔

''اُسی جرہم کے گھرانے میں عربوں کی روایت کے مطابق حضرت اسماعیلؑ نے شادی کی تھی (بخاری کتاب الانبیاؑ)۔لیکن تورات میں ہے کہ اُن کی ماں نے جو مصریہ تھیں، ایک مصری عورت سے اُن کا بیاہ کر دیا تھا (تکوین 21/21)۔اس اختلاف پر علمائے نصاریٰ کی اکثر انگلیاں اُٹھی ہیں۔لیکن اگر انہیں یہ معلوم ہوتا کہ اُس وقت عرب سامیہ اولیٰ خود مصر پر قابض تھے۔اور اُنکا سلسلہ تعلق مصر سے جاری تھا تو کبھی اس اختلاف سے اُن کو حیرت نہ ہوتی۔'' (ارض القرآن جلد اول صفحہ 200)

اِس سے پہلے صفحہ 153 پر لکھا تھا کہ:''تورات کے بیانات سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ اُمَم سامیہ میں سے عربوں کے تعلقات مصر سے سب سے زیادہ تھے۔اسماعیلی عربوں کی ماں ہاجرہؑ مصر کی تھیں۔عربوں کے قافلے برابر مصر کو آتے جاتے تھے۔حضرت اسماعیل کی ماں کے سوا اُن کی بیوی بھی مصریہ تھیں۔'' (ارض القرآن جلد اوّل صفحہ 153)

یہاں تک یہ بات ثابت ہے کہ قحطانیوں نے صرف حکومت پر قبضہ کرنے کے لئے جناب اسماعیلؑ کو اپنا داماد بنالیا تھا۔

(xvi)۔ خانوادہ رسولؐ کی حکومت قحطانی قبیلے بنی خزاعہ نے چھین لی

جب جرھمیوں کا فسق و فجور حد کو پہنچا تو اللہ نے اُن کو تباہ کرنے کا یہ انتظام کیا کہ بنو خزاعہ جو قحطانیوں کی ایک اور شاخ تھی۔ خانوادۂ اسماعیلؑ کے مدد کے وعدہ پر جرھمیوں سے جنگ کی۔لیکن جرھمی قحطانیوں کو نکال کر بنو خزاعہ کا پہلا حاکم عمرو بن الحارث الغبشانی القحطانی بن بیٹھا۔طبری سے اس کا شعر بھی سن لیں:۔ **ونحن ولینا البیت بعد جرھم لنعمرہ من کل باغٍ و ملحد**

''جرہم کے بعد ہم بیت اللہ کے ولی ہوئے تاکہ اُسے ہر باغی اور بے دین سے بچا کر آباد رکھیں؛

اس طرح اب بنو خزاعہ بیت اللہ کے متولی ہوئے البتہ دوسرے قبائل مضر میں تین خدمتیں باقی رہیں۔'' (جلد اول صفحہ 67-66)

یعنی قحطان کے اس قبیلے نے جن لوگوں کو چند خدمات پر باقی رکھا اُن سے کوئی خطرہ نہیں ہوسکتا تھا۔اگر وہ واقعی بنو مضر یعنی حضرت اسماعیلؑ کی حاکم شاخ ہوتے تو خدمت تو خدمت ہے، انہیں مکہ میں ٹھہرنا بھی نصیب نہ ہوتا۔چنانچہ یہ وہ مصنوعی بنو مضر ہیں جو رفتہ رفتہ قحطانی سے اسماعیلی بن چکے تھے اور بنو جرھم یعنی اپنے اصلی خاندان کے طرفدار تھے۔چنانچہ ارض القرآن کا ایک شعر یہ راز فاش کرتا ہے۔

واحلف بالبیت الذی طاف حولہ اُنَاس بنوہ من قریش و جرھمٍ

''میں اس گھر کی قسم کھاتا ہوں جس کے چاروں طرف قریش اور جرھم طواف کرتے ہیں۔''

ایام جاہلیت کا نصرانی شاعر زھیر بن ابی سلمٰی (ارض القرآن۔جلد اوّل صفحہ 200)

یہی وہ لوگ ہیں جن کو برابر جرھمیوں، خزاعیوں الغرض قحطانیوں کی ہر شاخ جانتی تھی کہ وہ درحقیقت قحطانی ہیں۔لیکن مستقبل کے لئے بنو اسماعیل سے پیوند جوڑ لیا ہے۔تاکہ تولیت کعبہ اور حکومت مکہ پر نظر رکھیں اور جب اور جتنا موقعہ ملے متعلقہ اقدامات کرتے چلیں۔ پوری حکومت نہ ملے تو جس قدر مناصِب ملیں لے لئے جائیں۔یہی خاندان اور بنو خزاعہ تھے جس زمانہ میں جناب قصیؑ مکہ میں آئے اور اس قحطانیت سے مکہ کی حکومت واپس لی جس کی تفصیل گزر چکی ہے۔اُس بحث میں جہاں جہاں ہم نے یہ بحث کی ہے کہ مکہ میں جناب قصیؑ کی آمد پر کوئی اسماعیلی خاندان کا فرد نہ تھا اور تاریخ نے بار بار لفظ قریش استعمال کیا ہے وہ یہی قحطانی تھے ۔جنہیں بعد والوں نے قریش کی چادر اور بحث میں لپیٹ کر اسماعیلی بنانے کی کوشش کی ہے۔اب آپ بھی اُن لوگوں کو بلا تکلف قریش کے لقب سے یاد کریں۔اسلئے کہ وہ یہاں تک خانوادہ رسولؐ سے قطعی الگ ثابت ہو چکے ہیں اور جو کچھ شبہات باقی ہوں وہ آئندہ جلد دُور ہو جائیں گے۔

(xvii)۔ حضرت قصیؑ اور اُن کے بعد خانوادہ رسولؐ سے اقتدار کا جھگڑا

علامہ طبری نہایت دبی زبان سے دو چار جملوں میں ان قریشیوں کا ذکر کرتے ہیں جو جناب قصیؑ کے حسن سلوک کے باوجود اس خانوادہ سے کشیدہ خاطر تھے سنئے:۔

''قصیؑ اپنی پوری عزت وشرافت کے ساتھ بغیر کسی مخالف ومعارض کے مکہ میں رہنے لگا۔البتہ مناسک حج میں اس نے کوئی تبدیلی نہیں کی اس لئے کہ وہ اُسے مذہبی رسم سمجھتا تھا۔کعبہ کے پجاری بھی حسبِ دستور قدیم باقی رہے۔البتہ جب وہ ختم ہو گئے تو پھر اُن کی خدمت وراثتاً صفوان بن الحارث بن شجنہ کی اولاد کو دے دی گئی۔اس جھگڑے کی وجہ سے جو عداوت پیدا ہوگئی تھی۔ وہ بدستور چلی آتی تھی۔ بنو مالک بن کنانہ اور مرہ بن عوف سے بے تعلقی تھی۔یہ کشیدگیاں اسلام کے شائع ہونے تک برقرار تھیں۔'' (طبری۔جلد اوّل صفحہ 44)

یہاں صرف اس قدر نوٹ کرنا ہے کہ جناب قصیؑ اور خانوادہ رسولؐ کے باقی بزرگوں کی طرح باقی عرب حج کو مذہبی حیثیت نہ دیتے تھے۔ بلکہ اُس میں اجتہادی کتر بیونت کرتے رہنا قومی اختیار سمجھتے تھے۔پھر یہ کہ جن اشخاص کا نام لیا گیا وہ دراصل قریش تھے۔اور قصیؑ کے قبضے کو روز اوّل سے ناپسند کرتے تھے اور اسلام کے شائع ہونے تک وہ برابر کشیدہ خاطر اور دشمنی کے موڈ میں تھے۔حالانکہ سابقہ پجاریوں کی جگہ خالی ہونے پر برابر اُن ہی نام نہاد خاندانوں کے افراد کو مختلف مناصب اور خدمات سونپتے جاتے تھے۔مگر خاندانی بغض و حسد کی آگ برابر سلگتی رہی۔اُن ہی لوگوں کی مدد اور اشارے سے قصی علیہ السلام کی ضعیفی میں عبدالدار نامی ایک قریشی نے بھی اُن خدمات میں شمولیت حاصل کی اور قصیؑ کے بیٹے جناب عبد مناف نے کوئی نوٹس نہ لیا۔خدمت ہے جس کا دل چاہے کرے۔ بہرحال حاکم اور ولی اپنے مقام پر ہے۔اس کا کام تنازعات اور مہمات، امور کا فیصلہ کرنا ہے۔مگر اس وسیع القلبی سے دشمن ذہنیت کمزوری کی فال نکالا کرتی ہے اور یہی ہو رہا تھا۔اکثر مرکزی امور میں یہ لوگ مداخلت کرنے کی یکجائی کوشش کرتے رہتے تھے۔اور خانوادۂ رسولؐ کے مخالفوں کو اپنی پشت پر مجتمع کر رہے تھے۔بعض لوگ لوگوں کو دکھانے کے لئے وقت بے وقت ضیافتیں بھی کرتے رہتے تھے۔اور جناب قصی علیہ

السلام کے بعد طرح طرح کی افواہیں اڑاتے رہتے تھے۔اس طرح ایک محاذ تیاری کر رہا تھا۔جس میں قریش کے بڑے بڑے یہود صفت تاجر شامل ہوگئے تھے۔بہرحال جناب مغیرہؑ (ابراہیمؑ) نے نہایت صبر وضبط سے قریش کے سرکشانہ عمل در آمد کو برداشت کرلیا۔اور اپنے دونوں بیٹوں جناب عمرو عرف ہاشم اور جناب مطلب علیہما السلام کو بھی رواداری اور نرمی و تالیف قلوب کی وصیت و نصیحت جاری رکھی اور بغاوت پر آمادہ لوگوں سے خبردار کیا۔جناب قصیؑ کے بعد جناب ہاشم علیہ السلام جانشین ہوئے۔اُن کی عزت ووقار کا شہرہ چاروں طرف پھیلا ہوا تھا۔اور یہ مقبولیت ہی قریش کے لئے تکلیف دہ اور مایوس کن تھی۔وہ دیکھ رہے تھے کہ اُن کے تمام قحطانی منصوبے خاک میں ملتے جارہے ہیں۔نورِ خداوندی کی شہرت چاروں طرف پھیلتی جارہی ہے۔قریشیت کی چادر بھی قحطانی دیو کو چھپانے سے قاصر رہتی جا رہی ہے۔عبدالدار اور عبدالشّمس ایسے قحطانی سرداروں کی پالیسیاں بے نتیجہ ہوتی جارہی ہیں۔بیرونی اقوام اور حکومتیں، مذہبی راہنما، یہود و نصاریٰ کے سردار و علما جناب ہاشمؑ کی مالا جپ رہے ہیں، سر آنکھوں پر بٹھاتے ہیں۔اپنی بیٹیاں پیش کررہے ہیں، مراسلت ہورہی ہے، وفود آرہے ہیں۔ان حالات سے قحطانی قریش کا دانشور طبقہ بوکھلا اُٹھا۔کعبہ کی مختلف خدمات اور انتظامات پر قبضے کے باوجود قوم و ملت میں اُن کا کوئی مقام نہ تھا، کوئی پسند نہ کرتا تھا۔کوئی اس مشرک اور بت پرست غول کو گھاس نہ ڈالتا تھا۔لوگ اُن کی دی ہوئی ضیافتیں دعوتیں کھا کر چل دیتے، زبانی تعریف کر دیتے۔مگر سَر ھاشمؑ اور خانوادہ رسولؐ کے سامنے جھکاتے۔آخر ایک چال چلی گئی اور سوچا گیا کہ دولت کے سہارے ہاشمؑ کو نیچا دکھایا جائے۔چونکہ وہاں دولت جمع نہ ہوتی تھی۔بلکہ پبلک کی احتیاج، خانہ کعبہ کی رسومات، حج و مناسک حج، مسافروں اور غیر ملکی وفود وزائرین پر صرف ہوتی چلی جاتی تھی۔اِدھر یہودی ذہنیت تھی، سودخوری تھی۔ہر شرابی، ہر رنگین مزاج آدمی قحطانی قریش کا مقروض تھا۔لہٰذا خیال یہ آیا کہ ہاشمؑ کے مقابلہ پر ایک دعوت کی جائے۔اور پھر پنچایت بٹھا کر اپنی دعوت کے زیادہ شاندار ہونے پر ووٹ لیا جائے۔ظاہر ہے کہ ہمارے مقروض لوگ تو ضرور ہمیں ووٹ دیں گے۔اور یوں پالا ہمارے ہاتھ رہے گا۔ہاشمؑ کو شکست ہوگی اور اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ قریش شرافت واخلاق وعزت میں ہاشمؑ سے بڑھ کر ہیں۔لہٰذا پنچایتی فیصلے سے قریش اور خانوادہ رسولؐ میں فضیلت کا مقابلہ طے کرلیا گیا۔مگر افسوس کہ نور کے مقابلہ میں شرک کو شکست ہوئی۔

(xviii)۔ <u>خانوادہ رسولؐ سے قریش کی نفرت وعداوت کا پنچایتی فیصلہ</u>

عبدالشّمس کے صاحبزادے اُمیہ نے تمام جوڑ توڑ اور اپنے خاندان اور اپنے حلقہ اثر کو آنے والی پنچایت کیلئے تیار کرنے کے بعد جو کچھ کیا وہ طبری سے سن لیں۔اور یہ دیکھ لیں کہ یہی اُمیہ ہے جس کا پوتا ابوسفیان تھا۔اُسی کا پوتا معاویہ تھا جس نے یزید کو جنم دیا تھا۔طبری نے لکھا:۔

(xix)۔ <u>''ھاشمؑ اور اُمَیّہ میں منافرت''</u> ''جب ہاشمؑ نے <u>اپنی قوم</u> کی دعوت کی تو اس پر امیہ بن عبدالشّمس کے دل میں اُن کی طرف سے حسد پیدا ہوا۔یہ بھی دولت مند تھا۔اُس نے اگرچہ بڑے اہتمام سے <u>اپنی قوم</u> کی ویسی ہی دعوت کی مگر وہ بات نہ ہوسکتی جو ہاشمؑ سے بَن آئی۔قریش کے بعض لوگوں نے اُس کا مضحکہ کیا۔وہ سخت برہم ہوا اور ہاشمؑ کا <u>دشمن</u> ہوگیا۔اور (ہاشمؑ سے) مطالبہ کیا کہ اِس کے متعلق

پنچایت سے فیصلہ لیا جائے۔ ہاشمؑ نے اپنی بزرگی اور عزت کی وجہ سے اُس بات کو بُرا سمجھا۔ مگر قریش (قحطانیوں) نے اُن کا پیچھا نہ چھوڑا اور اُنہیں جوش دلا کر اس بات پر آمادہ کر دیا۔ ہاشمؑ نے کہا میں اس شرط پر اس مقابلہ کو پنچایت کے سپرد کرتا ہوں کہ تم کو سیاہ گردن کی پچاس اونٹنیاں مکہ کی تلہٹی میں ذبح کرنا پڑیں گی۔ اور دس سال کے لئے مکہ سے ترک سکونت کرنا پڑے گی۔ اُمیہ نے یہ شرط مان لی۔ اور اب دونوں نے کاہن الخزاعی کو اپنے درمیان حکم بنایا۔ اُس نے ہاشمؑ کے حق میں فیصلہ کیا۔ ہاشمؑ نے اُمیہ سے اُونٹ لے کر اُن کو ذبح کیا۔ اور حاضرین کی اس سے دعوت کی۔ اُمیہ شام چلا گیا۔ دس سال وہ وہاں رہا۔ ھاشمؑ اور امیہ میں عداوت کا یہ پہلا واقعہ ہے۔''

(طبری جلد اوّل صفحہ 38-37)

(xx)۔ طبری کے بیان کی تطہیر؛ ملک شام اور دشمنانِ خانوادہ رسولؐ کا تعلق

اس بیان میں ہاشمؑ کی قوم اور اُمیہ کی قوم کا الگ الگ ذکر ہے۔ پھر قریش اُن کو بھی کہا جنھوں نے اُمیہ کا مذاق اُڑایا تھا۔ اور وہ لوگ بھی قریش ہی بتائے گئے جنھوں نے حضرت ہاشم علیہ السلام کا پیچھا نہ چھوڑا۔ قارئین یقیناً اب اس قابل ہیں کہ وہ اُس لفظ قوم اور قریش کا صحیح تعین کر سکیں۔ دراصل ہر جگہ قحطانی اور دشمن گروپ از خود پہچان لیا جاتا ہے۔ حضرت ھاشمؑ ہی نہیں بلکہ پنچایت کے فیصلوں کو اسلام نے کوئی مقام اگر دیا ہے تو وہ طاغوتی فیصلہ کا مقام ہے۔ جسکی اطاعت منع اور جس کا انکار اور کفر واجب ہے۔ علاوہ ازیں جناب ھاشمؑ یہ نہیں چاہتے تھے کہ وہ اُس دشمن خاندان اور مخالف قوم کے سربراہ کو منہ لگائیں۔ اور پبلک کو یہ تاثر دیں کہ یہ دونوں خانوادے ایک دوسرے کی ضد میں نیک اعمال کرتے ہیں۔ اس لئے حضرت ہاشمؑ اور اُنکے بزرگ ہر ایسے موقعہ پر پیچھے ہٹ جاتے تھے جہاں خلوص اور دینی جذبہ پر ریاکاری اور ضد کا شبہ تک ہو سکتا ہو۔ یہی جذبہ تھا جس کی بنا پر کعبہ کی اکثر خدمات اور عہدے اُن قریشیوں نے قبضا لئے تھے۔ لیکن قریش کے دانشور سیاسئین نے یہ چاہا کہ جس طرح ہو سکے ایک دفعہ جناب ہاشمؑ کو امیہ کے مقابلہ کیلئے تیار و ہموار کر لیا جائے۔ تاکہ منطقی اور سیاسی حیثیت سے یہ کہا جا سکے کہ اگر امیہ و ھاشمؑ دونوں برابر کے فریق نہ ہوتے تو مقابلہ کیسے ہوتا؟ دونوں فریق جانتے تھے کہ امیہ اینڈ کمپنی کو شکست فاش ہوگی۔ مگر قریش آئندہ چل کر برابری کے دعویٰ کے لالچ میں سب کچھ ہار جانے کو تیار تھے۔ یہی دن ہے کہ تاریخ میں ایک ذلیل ترین قوم و خاندان، خانوادۂ رسولؐ کا مدمقابل اور برابر کا کہلانے میں کامیاب ہوا۔ اُدھر جناب ھاشمؑ اگر صاف انکار کر دیں تو پبلک میں یہ تاثر لیا جاتا کہ خانوادہ رسولؐ کا اثر ورسوخ اور قدر کم ہوتی جا رہی ہے۔ اور جناب ہاشمؑ کو معاذ اللہ یہ یقین ہے کہ ملکی و قومی معیار پر اُنکو ضرور شکست ہوگی۔ یعنی مشرک مدبرین نے یہ دو دھاری تلوار جناب ہاشمؑ کے سامنے پیش کی تھی۔ جس سے اقرار و انکار دونوں ہی صورتوں میں مشرکین قریش کی گوٹ آگے بڑھے اور خانوادہ رسولؐ مجروح ہو۔ اور مالی نقصان اور پھر سربراہ خاندان کا دس سال تک جدا رہنے پر مجبور رہنا بعد والی نسل یعنی ابوسفیان و یزید تک کے دلوں میں خانوادہ رسولؐ سے نفرت میں شدت اور استقلال پیدا کرے۔ اور ملک شام سے وہ محبت اور مستحکم ہو جائے جو حمیر و حیرہ کی اپنی قحطانی حکومتوں کے زمانہ سے چلی آرہی تھی۔ جو برابر بنی اسماعیلؑ کی نبطی وغسانی حکومتوں سے برسر پیکار رہتی چلی آئی تھیں۔ تاکہ ملک شام میں قائم ہونے والا اسماعیلیؑ اثر زائل کیا جائے اور اُنکے خلاف وہاں کی پبلک کو قبل از وقت تیار کر لیا جائے۔ یہی وجہ ہے کہ ملک شام کی گورنری اور حکومت حاصل کرنے پر قحطانی حکومت کو آمادہ کیا گیا۔

وہ ملک شام ہی تو تھا جہاں خانوادۂ رسولؐ کی مخدراتِ عصمتؑ و یتیموں پر مظالم کی انتہا کر دی...، لفظ شام ہی تو تھا کہ اَلشَّام اَلشَّام کہہ کر دل تڑپ اٹھتا تھا۔ وہ شام ہی تو تھا جہاں بیٹھ کر قحطانی حاکم نے مکہ کو تاراج کرنے اور کعبہ کو گولہ باری سے خاک سیاہ کر دینے کا حکم دیا تھا۔

یہ قطعاً غلط ہے کہ پنچایت کا فیصلہ سب سے پہلی دشمنی تھی۔ یہ دشمنی تو ابلیس کی عمر کے برابر طویل و قدیم ہے۔ اور ہمارے اس عنوان سے اڑھائی ہزار سال پرانی ہے۔ یہ بھی غلط ہے کہ پنچایت کے حاضرین کی دعوت میں پچاس اونٹنیوں کا گوشت کھلا دیا گیا۔ اس مقدار کے لئے مکہ کی اور گرد و نواح کی پوری آبادی کی دعوت کی گئی اور سب نے مل کر مشرکین قریش کی دشمنی پر نفرین کی۔ حضرت ہاشمؑ نے اُس مشرک سے اونٹنیوں کو اس لئے ذبح نہ کرایا کہ اُن کے ہاتھ کا ذبیحہ حرام ہوتا تھا۔

(xxi)۔ خانوادہ رسولؐ کے بزرگ جناب عبدالمطلبؑ سے قریشِ مکہ کی دشمنی

حضرت ھاشمؑ کے جانشین امام جناب شیبہ عرف عبدالمطلب علیہ السلام ہوئے تو مکہ میں اُن کے خاندان کے خلاف مشرکین قریش کی سازشوں اور گٹھ جوڑ کا زور تھا۔ اُدھر ظہور حضرتؐ ختمی مرتبت کی تیاریاں تھیں۔ پوری خاندانی توجہ مبذول کرنے کی غرض سے کعبہ کے انتظام کو آہستہ آہستہ مخالفین کی طرف کھسکایا جا رہا تھا۔ چونکہ اب پھر خزاعی قسم کے قحطانی قریشی لبادہ میں کعبہ کے نظم و نسق میں دخیل تھے۔ لہٰذا کعبہ میں وہ تمام بت واپس آ گئے جو جناب قصی علیہ السلام نے بنو خزاعہ کے ساتھ مکہ سے نکال دئے تھے۔ اب جرھمی و خزاعی زور قریشی ہاتھوں میں تھا۔ اب وہ سابقہ فسق و فجور بنی اسماعیل کے نام پر کیا جا رہا تھا۔ خانوادہ اسماعیلؑ سب طرف سے فارغ ہو کر اُس امانتِ خداوندی اور اُس ثمرۂ نبوت و رسالت و امامت کی طرف متوجہ تھا جو آ کر نہ صرف کعبہ کو بتوں اور مشرک قریش سے پاک کر دیگا بلکہ اُن قحطانیوں کو اُنکا صحیح مقام دیگا، جو اولا دحام یعنی حبشیوں کو قریش پر فضیلت دیکر اُن پر سردار و حاکم مقرر کریگا۔ جسے بادشاہِ حبش سجدہ تعظیم بجا لائے گا۔ اور اسلام لانے والوں کو پناہ دیگا۔ لہٰذا ہاشمؑ ہوں یا عبدالمطلبؑ ہوں، اُنہوں نے مکہ کی حکومت و ولایت و نظم و نسق سے در پردہ اور عملی لاتعلقی اختیار کر لی تھی۔ اور قریش اس مغالطہ میں اُلجھے ہوئے تھے کہ بس اب میدان مارا اور کل ساری دنیا میں ہماری ملکی حکومت چمکی۔ مگر یہ ایک خواب تھا جس کی تعبیر ذلت و خواری تھی، جہنم و رسوائی تھی۔ لیکن وہ اس خواب میں حد سے بڑھتے جا رہے تھے۔ کعبہ پر قبضہ اُن کیلئے کافی نہ تھا۔ وہ تو خانوادۂ رسولؐ کو بے دست و پا اور مجبور کر کے مکہ سے اُسی طرح جلا وطن کرنے کی ٹھانے ہوئے تھے جس طرح اُنکے بزرگ جناب قصیؑ نے قریش کے قحطانی بزرگوں جرھم و خزاعہ کو مکہ سے نکالا تھا۔ اور اپنی غصب شدہ املاک و مکانات پر اپنا قبضہ کر لیا تھا۔ چنانچہ جناب عبدالمطلبؑ کی ذاتی املاک پر یکے بعد دیگرے قبضہ کیا جا رہا تھا۔ اور دوسرے لالچی اور صاحبانِ قوت کو قبضہ کر لینے پر اُکسایا جا رہا تھا۔ اور تمام قریش مل کر ایسے لوگوں کی مدد کرتے تھے جو خانوادۂ رسولؐ کی املاک و جائیداد پر قبضہ کر لیں یا لگان اور مالیانہ ادا کرنے سے انکار کر دیں۔ چنانچہ علامہ طبری کے قلم سے وہ کمزور بیان سُن لیں جو قحطانی دباؤ کے باوجود جتنا مناسب ہوا لکھا گیا ہے۔

(xxii)۔ خانوادۂ رسولؐ مکہ میں نہیں مدینہ میں تھا۔ یہاں تو حاکم خاندان کے چند افراد تھے

علامہ طبری اُس زمانہ کی بات کر رہے ہیں جب جناب عبدالمطلبؑ کو جناب مطلبؑ اُن کے نانا کے یہاں سے مکہ لائے۔

مدینہ سے آنے کے وقت وہ طبری کے مطابق آٹھ سال کے بچے تھے۔لہٰذا اس یتیم بچہ پر قریش کا ظلم سنئے:۔

''مکہ آ کر مطلبؑ نے اسے اس کے باپ کی املاک کی نشان دِہی کی اور ان املاک کو اُن کے سپرد کر دیا۔نوفل بن عبدمناف نے ایک کنویں کے بارے میں عبدالمطلب سے تنازعہ کیا۔اور زبردستی اُسے غصب کرلیا۔عبدالمطلبؑ نے اپنی (نام نہاد) قوم کے کئی آدمیوں کے پاس جا کر اُس (غاصب) کی شکایت کی اور اپنے (نام نہاد) چچا کے مقابلہ میں مدد مانگی۔مگر اُن لوگوں نے اُس کی مدد کرنے سے انکار کر دیا۔اور اُس سے کہا کہ ہم تمہارے اور تمہارے (اس فرضی) چچا کے درمیان نہیں پڑتے۔اس جواب پر عبدالمطلبؑ نے اپنی حالت اپنی ننہیال کو لکھی اور خط میں چند ایسے شعر بھی لکھے جس میں نوفل کی شکایت کی تھی۔چنانچہ اس خط کے موصول ہونے کے بعد ابو اسعدؑ ابن عدس النجّاری اَسّی (80) ناقہ سواروں کے ساتھ یثرب سے روانہ ہو کر ابطح آیا۔عبدالمطلبؑ کو اُس کے آنے کی اطلاع ہوئی۔وہ اُس کے استقبال کو آئے اور انہوں نے کہا کہ ماموں صاحب قیام فرمایئے۔ابو اسعدؑ نے کہا جب تک نوفل سے میری مڈبھیڑ نہ ہو جائے گی میں فروکش نہ ہوں گا۔عبدالمطلبؑ نے کہا میں نوفل کو قریش کی بیٹھک میں قریش کے مشائخ کے ساتھ بیٹھا ہوا چھوڑ کر آیا ہوں۔ابو اسعد حجر آیا۔نوفل کے سرہانے آ کر کھڑا ہوا۔اور اُس نے اپنی تلوار نیام سے نکال لی۔اور پھر نوفل سے کہا کہ ربّ کعبہ کی قسم ہے۔یا تو میرے بھانجے کو اُس کا کنواں واپس دیدے۔ورنہ میں ابھی اس تلوار سے تیرا کام ختم کر دیتا ہوں۔نوفل نے کہا ربّ کعبہ کی قسم ہے میں نے وہ کنواں اُسے واپس دے دیا۔اس پر تمام حاضرین قریش کی شہادت (گواہی) ہوگئی۔اس کے بعد ابو اسعدؑ نے کہا اے میرے بھانجے اب میں تمہارا مہمان بنتا ہوں۔تین دن اُس نے عبدالمطلبؑ کے یہاں قیام کیا۔اور اسی اثناء میں اُس نے عمرہ (چھوٹا حج) بھی کیا۔اس واقعہ کے بیان میں عبدالمطلبؑ نے چند شعر کہے۔اور سمرہ بن عمیر ابو عمرو الکنانی نے بھی کچھ شعر کہے۔اس واقعہ کا خود نوفل پر یہ اثر ہوا کہ اُس نے تمام بنی عبدالشّمس سے بنی ہاشمؑ کے خلاف ایک سمجھوتہ کرلیا۔'' (طبری۔جلد اوّل صفحہ 35-34)

(xxiii)۔ مکہ میں دشمنانِ خدا اور سولؐ رہتے تھے۔خانوادہ رسالت کی پوری قوت مدینہ میں تھی

قارئین کرام سُنیں کہ یہ ایسا واقعہ ہے کہ جو قحطانیوں، جرہمیوں اور قریشیوں کے تمام راز کھول دیتا ہے۔دُنیا کو جس قدر فریب دیا گیا تھا وہ ہماری اس کتاب سے کھل کر سامنے آ جائے گا۔طبری صاحب جس حکومت کے زمانہ میں تاریخ لکھ رہے ہیں اس حکومت کی مرضی کے خلاف کچھ نہیں لکھ سکتے۔وہ قومی پالیسی کے خلاف بھی نہیں لکھ سکتے۔وہ ملکی مسلمات کے خلاف لکھنے سے بھی ڈریں گے۔وہ بھی ان مغالطّوں کو حقائق سمجھتے ہیں جو مشرک نظام نے ورثہ میں دئے تھے اور جس میں شیعہ سنی تمام اہل قلم الجھے بغیر نہ رہ سکے۔لیکن ان تمام مشکلات کے باوجود انہوں نے سب کچھ لکھ دیا۔یہ دوسری بات ہے کہ قسطوں پر لکھا، یا واقعہ کو توڑ توڑ کر اور بکھیر کر لکھا۔لہٰذا آپ خود غور کریں کہ جو مؤرخ بلا تکلف ہر گھٹیا سے گھٹیا شعر لکھتا چلا آیا ہو، جس نے مضاض کے لگوں سگوں کے وہ شعر بھی لکھ دئے ہوں، جن میں مکہ کی تولیت اور حکومت غصب کرنے کا ذکر تھا۔وہی مؤرخ یہاں عبدالمطلبؑ کے اشعار کیوں نہیں لکھتا؟ ظاہر ہے کہ اُن سے مکہ کے فرضی اور کافر بزرگوں کی پول کھلتی ہے۔اُن میں اُن الحاقی خاندانوں کی مذمت ہوتی ہے جو بڑی ہنرمندی سے اسماعیلی اور چچا، تایا اور رشتے دار بن بیٹھے تھے۔اس قسم کے خبیث لوگوں کو اسلئے چچا مشہور کیا گیا تھا کہ بعد میں کہہ سکیں کہ فلاں چچا ایمان نہ لایا تھا۔فلاں چچا نے یہ ظلم کیا

تھا۔لہٰذا سنئے اوراس کتاب کے آغاز سے یہاں تک کے عملی دلائل سے سمجھئے کہ ابولہب جیسے چچا کافروں کو مبارک ہوں۔اُنکا خانوادہ رسوؐل سے کوئی نسبی،حسبی اور سسرالی رشتہ نہیں تھا۔ یہ سب مشرکین عرب کی جعلسازی،سیاست و پروپیگنڈا ہے،یہ کافروں یا کافرزادوں کی سازش تھی۔اگرکسی کو کافرزادہ کہلانا پسند نہیں ہے تو اُسے چاہئے کہ وہ ہمارے آقا، ہمارے جدامجد حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کافر زادہ کہنے والوں پر لعنت کرے ورنہ اپنی اس سعادت پر جہنم کیلئے تیار رہے۔شریف لوگ تو اندھے کو بھی اندھا نہیں کہتے۔مگر شرافت اور شرک کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

آپ نے دیکھا کہ اس بیان میں جس گروہ کے ساتھ نوفل نے خانوادہ رسولؐ کے خلاف معاہدہ کیا ہے وہی گروہ حقیقی قریش ہے۔وہی قریش رسولؐ اللہ کے خاندان کے وہ ازلی دشمن ہیں جنہیں قحطانی لکھتے اور ثابت کرتے چلے آئے ہیں۔آخراس معاہدہ سے یہ لوگ بنی اسماعیل سے الگ ایک دشمن قوم اور بنواسماعیل کا مخالف خاندان ثابت ہوگیا جو خانوادہ رسولؐ کے یتیموں اور بے یارومددگار بچوں پر بھی رحم نہ کرے گا۔قحطانی تاریخ اس معاہدہ کی تفصیلات اور شرائط کیوں لکھے؟ جب کہ ماہرین سیاسیات و مذہبیات خود سمجھ سکتے ہیں کہ(1) اگر آئندہ خانوادہ رسوؐل کی املاک یا اموال پر صاحبان معاہدہ میں سے کوئی قبضہ کرے؛ (2) یا خانوادہ رسولؐ کے کسی فرد کو قتل کرے تو جائز و ناجائز کا سوال اٹھائے بغیر قریش کے تمام خاندان اُس غاصب وقاتل کی منظّم ومستحکم مدد کریں گے۔خواہ مقابلہ مکہ کے اندر رہنے والوں سے ہو یا مدینہ کے نبطی اسماعیلیوں سے ہو۔(3) قریش حلف اٹھاتے ہیں کہ وہ اپنی جان ومال، دین وایمان، اولاد وازواج سب کو خانوادۂ رسولؐ کے خلاف استعمال کرنے میں دریغ نہ کریں گے۔ یہ تھا وہ معاہدہ جو ظہور محمدؐی سے پہلے کیا گیا۔اور جسے قریش نے ہر حال میں اور ہر زمانے میں اعلانیہ یا خفیہ برابر پورا کیا۔ایک خلیفہ وقت جب اپنے بزرگوں کو پکار کر یاد کررہا تھا تو اس معاہدہ والے بزرگ بھی اس کے سامنے تھے۔وہ چاہتا تھا کہ اس کے تمام بزرگ جمع ہوکر وہ کچھ دیکھتے جو اُس نے اس معاہدہ کی تعمیل میں خانوادہ رسولؐ کے ساتھ کیا تھا۔وہ اُن مشرک بزرگوں کی خوشنودی اور دعائیں اور برکتیں چاہتا تھا۔(دیکھئے اسی کتاب کا حصہ۔واقعاتِ کربلا)

بتایئے کل جو لوگ نوفل کے ساتھ ایسا معاہدہ کرنے والے تھے۔وہ حضرت عبدالمطلبؑ کی مدد کیسے کرتے۔ بڑا خوبصورت بہانہ تھا کہ بھائی اُس سن رسیدہ شخص کو اور کچھ نہیں تو چچا سمجھ کر بات ٹال جاؤ ایک کنویں کو یا ایک باغ کو واپس لے کر کیا تیر ماروگے؟ یہاں یہ نوٹ رکھنے کی بات ہے کہ قریش خانوادہ رسولؐ کے املاک واموال کو غصب کریں تو یہ اسی مندرجہ بالا معاہدہ کی تعمیل ہوگی اور قریش اور اُن کے ہمنوا، اگر رسولؐ اللہ کی حکومت ووراثت کے غاصبوں کے خلاف نہ اُٹھیں اور ایسے مظالم پر خاموش رہیں بلکہ قریش کی مدد کریں اور خانوادہ رسوؐل کو دبانے میں کوشاں ہوں تب بھی اسی معاہدہ اور سنت پر عمل سمجھا جائے گا۔

یہاں وہ بات پھر یاد کریں کہ آنحضرؐت اور مدینہ کے اوس وخزرج جناب نابت بن اسماعیلؑ کی اولاد سے نبطی یا نابتی ہیں۔اور اسی بنا پر جناب ہاشم علیہ السلام نے قیصر روم کی دُختر سے نکاح نہ کیا تھا کہ نور محمدؐی کو اپنے خاندان کے ارحام طاہرہ میں منتقل کرنا تھا۔اُسی طرح جناب عبدالمطلبؑ نے اپنے اُسی نبطی خاندان میں شادی کی تھی۔جن سے جناب عبداللہ اور ابو طالب علیہما السلام پیدا ہوئے تھے۔ چنانچہ سید سلیمان صاحب ندوی اوس وخزرج کے نمایاں افراد کی فہرست دیتے ہوئے لکھتے ہیں۔

''عمرو بن خزرج بنونجار آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ننہیالی لوگ ہیں۔'' (ارض القرآن جلد 2 صفحہ 87)

یہی وہ خاندان ہیں جنھوں نے آخرکار اپنے قبیلے کے رسولؐ کی نصرت میں سردھڑ کی بازی لگادی اور مکہ کے قحطانی قریشیوں سے اُسی طرح ہتھیار رکھوا لئے جس طرح جناب ابواسعدؑ نے مکہ میں مسلح آکر نوفل کو اپنی تلوار دکھائی تو تمام قریشیت اور ظلم واستبداد بھول گیا۔اور سارے مشائخ قریش دم دبا کر چپ سادھ گئے اور صرف اَسّی نبطیوں کے سامنے سر نہ اٹھا سکے۔ چنانچہ کبھی نہ بھولئے کہ مکہ مکرمہ میں بنوعبدالمطلبؑ کے سوا کوئی بھی شخص بنی اسماعیلؑ میں سے موجود نہ تھا۔ یہ سب بزدل اور کمینہ خصلت دشمن تھے۔محض مکہ کی تولیت کی بنا پر خانوادہ رسولؐ مکہ میں رہنا چاہتا تھا۔

طبری کے اس بیان میں یہ بتانے کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی کہ جب جناب ابواسعدؑ نواح مکہ میں پہنچے تو جناب عبدالمطلبؑ کو اس مسلح جماعت کے پہنچنے کی اور استقبال کرنے کی اطلاع کیسے ہوئی؟ اور باقی مکہ کے کسی باشندہ کو اس مسلح جماعت کے پہنچنے اور بیرون مکہ انتظار کرنے کی اطلاع کیوں نہ ہوئی؟ اس سے خانوادہ رسولؐ کی عسکری بصیرت کا ثبوت ملتا ہے۔ یہاں وہ بات بھی یاد کیجئے کہ جناب قصیؑ نے بھی اپنے ہم نسب قبیلے بنی قضاعہ کو اپنی نصرت کیلئے بلایا تھا اور اُس زمانہ میں بھی قحطانی قریش مکہ میں جمے ہوئے تھے اور کچھ فرضی بھائی اور چچا بھی وہاں موجود بتائے جاتے تھے۔یعنی خانوادہ رسولؐ کے چچا اور بھائی وہ لوگ بننے کی کوشش کیا کرتے ہیں جو اس خاندان سے زیادہ موثر طریقہ پر انتقام کی اسکیم بناتے ہیں۔ پھر طبری یہ تذکرہ بھی مناسب نہیں سمجھتے کہ جب نوفل نے ہاتھ جوڑ کر قریش کی گواہی لکھوا کر کنواں واپس کر دیا تو کیا ابواسعدؑ اکیلا جناب عبدالمطلبؑ کا مہمان ہوا تھا۔اور باقی اَسّی سواروں کو بھوکا پیاسا واپس چلتا کر دیا تھا۔ یہاں یہ سمجھنے کی بات ہے کہ جناب عبدالمطلبؑ کے پاس پوری فوج کو ٹھہرانے اور اُن کیلئے طعام اور گھوڑوں اور ناقوں کیلئے چارہ کا باقاعدہ انتظام تھا۔اس موقعہ پر عبدالمطلبؑ کی جگہ کوئی قریشی ہوتا تو حجرہ (بیٹھک) میں موجود تمام لوگوں کو معہ نوفل اینڈ کمپنی کے قتل کروا دیتا۔اور اُن کے گھر بار لوٹ لیتا۔مگر یہ تو وہ لوگ ہیں جو رسولؐ اللہ کے بزرگ ہیں۔جن سے خود بادشاہ دوعالم کو مکارم اخلاق ورحم وکرم ورثہ میں ملنے والا تھا۔یہ کیسے دشمن کو قتل کر دیتے۔ یہ تو قاتل کو شربت پلایا کرتے ہیں۔ پھر یہ بھی دیکھئے کہ مکہ آکر یہ چھوٹی سی فوج محض تفریح نہیں کرتی بلکہ عمرہ بجالاتی ہے۔اور اُسی کے رعب سے نوفل بجائے بتوں کے، رب کعبہ کی جوابی قسم کھاتا ہے۔تاکہ حضرت ابواسعدؑ کے غصے کو ٹھنڈا کر سکے اور اپنی جان کھنچی ہوئی تلوار سے بچا سکے۔ پھر یہ کتنی شاندار بات ہے کہ جب تک اپنے سفر کی غرض پوری نہ کر دی، مظلوم کو ظالم سے اس کا حق نہ دلایا، مہمانی قبول نہ کی۔ یہ ہیں وہ پہلو جو طبری اور دیگر مؤرخین نے آنیوالے اہل قلم کیلئے چھوڑ دیئے تھے۔

(xxiv)۔ خانوادہ رسولؐ کی املاک غصب کرنے کی دوسری صورت

قریشی شیخ نوفل کے متعلق صرف ایک کنواں غصب کرنے کا ذکر کیا گیا تھا لیکن حقیقت صرف اِسی قدر نہ تھی۔خانوادہ رسولؐ کی املاک کے ساتھ وہی کچھ کیا جاتا رہا جو ہم نے عنوان (xxi) میں لکھا ہے۔مگر چونکہ دشمنانِ خدا اور رسولؐ صورت وشکل اور نام والقاب بدل کر برابر باقی رہے۔تاریخ اور مؤرخین پر اُن کا قبضہ رہا۔اس لئے اُن کے مظالم اور جرائم کا ہم تک پہنچ جانا خداوندِ قدیر کا معجزہ اور خانوادۂ رسولؐ کا زبردست انتظام ہے۔ بہرحال ایک کنویں کے بجائے چند تالابوں اور چند بڑے کنوؤں کا دبا بیٹھنا ایک دوسری روایت سے

ملاحظہ فرمائیں۔طبری لکھتے ہیں:۔

''واقعہ یہ ہوا تھا کہ نوفل بن عبد مناف نے عبدالمطلبؑ کے کچھ جوہڑ (تالاب) زبردستی لے لئے۔عبدالمطلب کی ماں سلمٰی بنت عمر والنجار قبیلہ خزرج کی تھیں۔عبدالمطلبؑ نے نوفل سے انصاف کی درخواست کی مگر نوفل نہ مانا۔عبدالمطلبؑ نے اپنے ماموؤں سے شکایت کی اور اُن سے مدد مانگی۔اَسّی (80) شتر سوار یثرب سے مکہ آئے اور انہوں نے اپنے اونٹ کعبہ کے صحن میں لاکر بٹھائے۔نوفل نے جب اُنکو دیکھا تو اُسکے دل میں اُنکی جانب سے شبہ پیدا ہوا۔اُس نے سلام کیا۔انہوں نے کہا کہ تم جب تک ہمارے بھانجے کا حق واپس نہ دوگے ہم تمہارے سلام کا جواب نہیں دیتے۔اُس نے کہا کہ میں آپ لوگوں کی تعظیم وتکریم کے خیال سے ایسا کئے دیتا ہوں۔اور اُس نے وہ باؤلیاں عبدالمطلبؑ کو واپس کردیں۔اس تصفیہ کے بعد وہ لوگ اپنے گھر چلے گئے۔''(طبری جلد اوّل صفحہ 36-35)

(xxv)۔ خاندان رسولؐ کے ساتھ قریش نے کبھی عدل وانصاف روا نہیں رکھا

یہاں یہ معلوم ہو گیا کہ جناب عبدالمطلبؑ نے نہ صرف قریش کے باقی لوگوں سے حق وانصاف کی اپیل کی تھی۔بلکہ یہ اپیل اُس وقت کی تھی جب نوفل نے انصاف کرنے اور مقبوضات واپس کرنے سے انکار کردیا تھا۔اور جب کوئی اصلاحی راستہ اور طریقہ نہ رہا تب اپنے خاندان سے مدد طلب کی تھی کہ مدینہ میں ظلم وتعدی سے نپٹنے والے لوگ رہتے تھے۔یہی تو رسولؐ اللہ نے اپنے زمانہ میں کیا تھا۔جب قریش کسی طرح حق اور انصاف پر آمادہ نہ ہوئے تو حضورؐ نے مدینہ سے اپنے خاندان کی مدد طلب کی تھی۔اور قریش جانتے تھے کہ اگر محمدؐ اپنے اہل خاندان تک جا پہنچا تو پھر مکہ کے مشرک قریش کی خیریت ختم ہوجائے گی۔اس لئے انہوں نے آپؐ کو قتل کرڈالنے کی اسکیم بنائی تھی لیکن وہ ناکام رہے۔ناکام صرف قتل میں رہے۔اور اس ناکامی کا دوسرا سبب یہ ہوا کہ حضرتؐ ختمی مرتبت نے ایک نگران دوست کو اپنے ساتھ چپکالیا۔

اس تازہ بیان میں جو بات زیادہ غور طلب ہے وہ نوفل کا ڈر کر سلام کرنا۔یعنی اس کے دل میں چور تھا۔مگر وہ کافر سیاسی بصیرت کا ثبوت دیتا ہے۔یعنی اگر یہ مسلح لوگ خود اُس کے خلاف ہتھیار بند ہوکر آئے ہیں تو یقیناً یہ سلام کا جواب نہ دیں گے۔لہٰذا اُس نے صرف ایک عدد منافقانہ سلام کرکے مخالف گروہ کے دل کا حال معلوم کرلیا۔اسکے بعد وہی ہوا جو آپ نے پڑھ لیا ہے۔دوسری چیز یہاں یہ حقیقت ہے کہ کفار ومنافقین اور دشمنانِ رسوؐل وہ تمام عادات وخصلتیں جانتے تھے جو اسلام کے پابند لوگوں میں پیدا ہونا ضروری تھیں۔اور اُن کی دشمنانہ کاروائیوں کی کامیابی کا راز یہی عادات اور خصلتیں تھیں۔یعنی یہ لوگ اپنے ہر اقدام کا ردِعمل پہلے سے جان لیتے تھے۔اُنہیں برابر صدیوں سے اُس مستقل اُسوۂ حسنہ کا تجربہ تھا۔وہ جانتے تھے کہ اہل اسلام اُس اسوہ کے خلاف نہیں کرسکتے۔لہٰذا یہ کفار اپنے منصوبوں میں اس اسلامی ردِعمل کو مدنظر رکھتے۔اور اُدھر سے وہی قدیم سلوک ہوتا۔یہ دوسرا اقدام کرتے پھر پہلے سے معلوم شدہ ردِعمل ہوتا۔یوں یہ اپنے مظالم اور قتل ونہب میں کامیاب ہوتے چلے جاتے تھے۔یہاں بھی نوفل کو یقین تھا کہ اگر اُس کے منافقانہ سلام کے جواب میں اُس مشکوک، خطرناک اور مسلح گروہ نے وعلیکم السلام (اور تم پر بھی سلامتی ہو) کہہ دیا ہوتا تو پھر اُن کی تلواریں اُس کے خلاف نہ اُٹھیں گی۔وہی ہوا کہ مخاطب گروہ نے سلام کا جواب نہ دیا اور چونکہ فریقین ایک دوسرے کو پہچانتے تھے اس لئے اپنا مقصد بلاتمہید بیان کردیا۔اور نوفل

کے پاس سوائے سر جھکانے کے اور کوئی سہارا نہ تھا۔ اُس ملعون کافر کا یہ قول نوٹ کرنے اور آخری فیصلہ کرنے کے لئے کافی ہے کہ یہ شخص ہرگز خانوادہ رسولؐ کا فرد نہیں ہے۔ ورنہ یہ نہ کہتا کہ اس پر خانوادہ رسولؐ کے اُن افراد کی تعظیم وتکریم واجب ہے۔ جن کو کبھی بھی کسی بزرگی سے منسوب نہ کیا گیا تھا۔ بلکہ اہل مکہ انہیں قحطانی بناتے اور بتاتے چلے آئے تھے۔

اس روایت میں ایسے قرائن موجود ہیں جن سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ سابقہ کنویں پر قبضہ کا قصہ اس واقعہ کے بعد کا ہے۔ اسلئے کہ اُس میں پہلے نمبر پر بات چیت اور مصالحت کی جگہ پہلے تلوار کھینچ لی گئی تھی۔ تاکہ یہ ظالمانہ قبضہ کرتے رہنے والا گروہ مسلح مدافعت کا یقین کرلے اور آئندہ ایسا نہ کرے۔ بہرحال یہ تو ثابت ہوگیا کہ محمدؐ وآل محمدؐ کی املاک، جائیداد اور مقبوضات کو غصب کرنا نئی بات نہ تھی۔ بلکہ عرب کے قحطانی قریش کی یہ پرانی سنت تھی۔

اس بیان میں ایک لفظ ''باؤلیاں'' بھی آیا ہے۔ نئی نسل کے جوان اس کے معنی نہیں جانتے۔ لہٰذا ایسا کنواں جس میں دیوار کے ساتھ ساتھ سیڑھیاں بنادی جاتی ہیں۔ تاکہ پانی بھرنے والے لوگ اندر جاکر اپنا برتن پانی میں ڈبو کر بھرلیں اور اوپر چلے آئیں باؤلی کہلاتا ہے۔ ایسے بہت سے کنویں تھے جن پر نوفل اور اُس کے ٹولے والے لوگوں نے قبضہ کرلیا تھا۔ اُن کو باؤلیاں کہا گیا ہے۔ باؤلا یا باولی پاگل کو کہتے ہیں۔ ایک نیا آدمی جب اُن سیڑھیوں پر گھومتا ہوا اور گہرائی پر نظر جمائے اترتا ہے تو واقعی اُس کی دماغی کیفیت چکروں میں الجھ جاتی ہے۔ اور نیچے پہنچتے پہنچتے وہ پاگل سا ہوجاتا ہے۔ ہم نے ایسی باؤلیاں سب سے پہلے حیدرآباد دکن میں دیکھی تھیں۔

(xxvi)۔ قریش کے جارحانہ معاہدہ کے جواب میں عبدالمطلبؑ نے بھی دفاع کیا

نوفل اور بنوعبدالشمس یعنی یزیدی خاندان نے جب خاندانِ رسولؐ کے خلاف معاہدہ کرلیا تو جناب عبدالمطلب علیہ السلام نے ایسے لوگ تلاش کئے جو ضرورت پڑنے پر فوری مدد کا دباؤ ڈال سکیں۔ یعنی قریش یہ نہ سمجھ لیں کہ جب تک رسول اللہ کا مدنی خانوادہ مدد کے لئے پہنچے گا ہم جو چاہیں گے کرلیں گے۔ لہٰذا ظاہر ہے کہ قریش کے خلاف جو لوگ جھوٹ موٹ کو بھی مدد کا وعدہ کرلیں وہ قریش کے مخالف ہی ہوسکتے ہیں۔ جناب طبری اپنی مجبوریوں کے سایہ میں یوں رقم طراز ہیں کہ:۔

''اِس واقعہ سے عبدالمطلبؑ کے دل میں اپنی مدد کے لئے دوسروں کو حلیف بنانے کا خیال پیدا ہوا۔ اُسؑ نے بسر بن عمرو، ورقہ بن فلاں اور بنوخزاعہ کے بعض دوسرے اشخاص کو معاہدہ کے لئے دعوت دی۔ یہ سب کعبہ میں آئے اور یہاں انہوں نے ایک معاہدہ لکھ لیا۔''

(طبری۔ صفحہ 36 جلداوّل)۔ اس سے پہلے صفحہ پر لکھا تھا کہ:۔

''زیاد بن علاقۃ التغلبی نے جس نے جاہلیت کا زمانہ پایا تھا۔ یہ بات کہی ہے کہ اُس معاہدے کی وجہ سے جو اُس واقعہ کے بعد جو بنی ہاشم اور خزاعہ میں چلا آتا تھا۔ رسول اللہ صلعم نے مکہ فتح کیا تو اُسی وجہ سے رسوؐل اللہ نے بنوکعب کی مدد فرمائی تھی۔'' (طبری جلداوّل صفحہ 35)

ان دونوں بیانات سے جس قدر ہمارا تعلق ہے وہ یہ ہے کہ جناب عبدالمطلبؑ نے قریش کے مستبدانہ گٹھ جوڑ سے بچنے اور فوری مدد لینے کیلئے جن لوگوں سے معاہدہ کیا ہو اُن کو قریش کا مخالف اور انصاف دوست سمجھنا پڑے گا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ اُن لوگوں میں سے کوئی شخص یا اشخاص بطور سیاسی حفظ ماتقدم کے لئے قریش نے بھی شامل کردیئے ہوں۔ دوسری چیز یہ کہ جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اُن تمام اقدامات اور معاہدات کے ذمہ دار تھے جو اُن کے بزرگوں، عبدالمطلبؑ وغیرھم، نے کبھی بھی کئے ہوں۔

یہی مقام ہے جہاں طبری کی اس تحریر کو یاد کرنا چاہئے جہاں جناب عبدالمطلب علیہ السلام زمزم کی کھدائی کے سلسلہ میں اور پھر بعد کے ظلم و غصب سے تنگ آ کر اور مکہ میں اپنا کوئی مددگار نہ پا کر خدا سے دعا کرتے ہیں اور نذر مانتے ہیں۔طبری کا بیان ملاحظہ ہو:۔

''جب عبدالمطلبؑ کا زمزم کے کھودنے کے وقت قریش سے جھگڑا ہوا۔اور عبدالمطلبؑ کو دبنا پڑا تو انہوں نے نذر مانی کہ اگر اُن کے دس بیٹے پیدا ہوئے اور وہ اُن کی زندگی میں سنّ بلوغ کو پہنچ کر اُن کی حمایت کے قابل ہوگئے تو وہ اُن میں سے ایک کو کعبہ میں اللہ کے لئے قربان کر دیں گے۔چنانچہ جب اُن کے دس بیٹے ہو گئے اور اُن کو اطمینان ہو گیا کہ وہ اب اُن کی حمایت اور مدافعت کریں گے تو انہوں نے اُن بیٹوں کو جمع کیا اور اپنی منت سے اُن کو اطلاع دی۔اور کہا کہ تم میری اس نذر کو پورا کرو۔انہوں نے باپ کی خواہش کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا۔'' (طبری جلد اوّل صفحہ 26)

یہاں دو باتیں خاص طور پر نوٹ کرنے کی ہیں۔اوّل یہ کہ اس منت یا نذر کو خدا نے منظور کیا تھا۔لہٰذا عبدالمطلبؑ کے بیٹوں میں سے کسی بیٹے کو ہرگز خدا کا دیا ہوا بیٹا نہ سمجھا جائے گا اگر اسکے متعلق یہ معلوم ہو کہ وہ عبدالمطلبؑ کی حمایت اور مدد کے بجائے قریش کی مدد اور طرفداری کرتا تھا۔اس لئے کہ یہ نذر ایسے بیٹوں کے لئے مانی گئی ہے جو ہمیشہ ہر حال میں قریش کے خلاف عبدالمطلبؑ اور اُن کے مقاصد پر جان لڑا دیں۔دوسری بات یہ ہے کہ جب نابتؑ بن اسماعیلؑ کی حکومت کو غصب کرنے کیلئے دکھانا ضروری تھا کہ جناب اسماعیلؑ کی اولاد بہت نہ تھی تو یہ لکھا تھا کہ:۔

''اور چونکہ حضرت اسماعیلؑ کی اولاد زیادہ نہ تھی اس لئے جرھم نے کعبہ کی تولیت پر قبضہ کر لیا تھا۔'' (صفحہ 65 جلد اوّل طبری)

یعنی جس کی اولاد میں بارہ بیٹے تھے (توریت تکوین باب 25 آیت 12 تا 16) اُس اولاد سے حکومت غصب کرنے کیلئے بہت کم اولاد بتا دی گئی۔اور جب حکومت کو غصب کرنے کی ضرورت پڑی تو عبدالمطلبؑ کے دس بیٹے گھڑ کر تیار کر دیئے گئے۔اسی قسم کی ضرورتیں سامنے تھیں کہ خانوادۂ رسولؐ میں الحاق جاری کیا اور بعد کے چھ سات بزرگوں کی اولاد میں دو دو چار چار مطلب کے ناموں کا اضافہ کیا۔جو بعد والوں نے قبول کیا، شہرت دی، قصے گھڑے اور یوں بنی اسماعیلؑ بن گئے۔دیہاتی کہتے ہیں کہ:۔

پہلے تھے ہم دُھنے جُلاھے پھر ہو گئے تھے درزی　　　اُلٹ پلٹ کے ہو گئے سیّد دیکھو رب کی مرضی

بہر حال حق کو دبایا اور چھپایا تو جا سکتا ہے۔مگر اُس کا مٹا دینا ناممکن ہے۔چنانچہ صدیوں تک اس قحطانی فریب نے صورتحال کو بدلے رکھا۔اور اس میں اپنے پرائے سب شعوری یا لاشعوری حیثیت سے اس پروپیگنڈے میں شریک رہتے اور مددگار بنتے چلے آئے ہیں۔مگر ہماری تحریر و تصنیف میں چالیس سال سے مشرکین عرب کے منصوبے بیان ہوتے چلے آ رہے ہیں۔ہمیں یہ خیال رہا ہے کہ قحطانی تصورات کی کثرت اجتماعی قوت سے ہماری تصانیف کو ضبط کرنے یا بلیک آؤٹ کرنے کی کوشش کرے تو ناکام ہو جائے۔اسلئے ہم ہر تحریر کی نقلیں جگہ جگہ محفوظ ہاتھوں میں پہنچانے کا نظام چلاتے آئے ہیں۔چنانچہ یہ تصنیف بھی ایسی جگہ محفوظ ہوتی جا رہی ہے۔جہاں طاغوتی ہاتھ نہیں پہنچ سکتا۔اگر ایک کاپی ضبط ہو جائے تو تمام ممالک سے کئی کاپیاں سر اُٹھا کر سامنے آ کھڑی ہونگی اور پھر بات عالمی (International)

سطح پر جا پہنچے گی۔اور ظالم وظلم واستبداد پر چاروں طرف سے نفرین وملامت ہوگی اور شہرہ بلند ہوگا۔لہٰذا عقل مندی اور اسلامی طریقہ یہی ہے کہ حق کو دبانے کی کوشش نہ کی جائے۔ بلکہ حق کو قبول کیا جائے اور اُس کی مدد کر کے مستحق نجات قرار دیا جائے۔اہل ایمان، ایمان کا ساتھ دیتے ہیں اور کافر کفر ونفاق کے مددگار رہوتے ہیں۔رسولؐ اللہ پر ایمان لانے والے ہرگز نہیں چاہتے کہ اُنکے رسوؐل کو کوئی کافر (معاذ اللہ) کافرزادہ کہے، کوئی انہیں خطا کار و گناہ گار ٹھہرائے۔ہم خانوادہ رسول صلی اللہ علیہ وعلیھم کی عظمت بیان کرتے ہیں۔اور اُن کے خلاف محاذ کی پول کھولتے ہیں۔یہ اگر جرم ہے؟ تو ہم اس جرم کو جاری رکھیں گے اور کسی قیمت پر اس جرم سے باز نہ آئیں گے۔اگر ہمیں مار دیا جائے تو کم ازکم بہتر (72) ایسے افراد تیار ہیں جو ہمارے نظام سے کما حقہ واقف اور ہمارے رفقائے کار ہیں۔جنہیں اس نظام کی سربراہی کے لئے تیار کیا گیا ہے۔جن میں تین ایسے افراد ہیں جو قابلیت میں ہم سے بھی آگے نکل چکے ہیں۔وہ ہمارے بعد فوراً اسی جگہ سے کام شروع کر دیں گے جہاں ہم ختم کریں گے۔لہٰذا قحطانی محاذ ابلیس کی طرح مایوس ہو جائے کہ یہاں اس کا تسلط نہیں پہنچتا۔

(xxvii)۔ عبدالمطلبؑ اور قریش کی دشمنی نجاشی بادشاہ تک پہنچی

آپ نے پڑھا ہوگا کہ جب قریش نے اسلام لانے والوں کو ایذا دینا شروع کی اور پانی سر سے اونچا ہو گیا تو آنحضرتؐ نے مسلمانوں کو ملک حبشہ بھیجنا شروع کیا تھا۔اور آپ نے جناب جعفرؑ بن ابی طالبؑ کو اُن کا نمائندہ بنا کر بادشاہ حبش کو پیغام بھیجا تھا۔یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ظہور کا انتظار کرنے والوں میں سے نجاشی بادشاہ بھی تھا۔جس سے مسلسل خانوادہ رسولؐ کے تعلقات چلے آرہے تھے۔قریش نے اُس تجارت کے کاروبار میں بھی دخل دینا چاہا جو بیرونی ممالک سے حضرت ہاشم علیہ السلام کے ویزا کے مطابق ہوتی تھی۔اُس نزاعی مسئلہ سے نجاشی بادشاہ کو بھی اطلاع ہوئی۔لیکن وہ اُس غیر ملکی نزاع میں دخیل نہ ہوسکتا تھا۔صرف اپنے ملک کے اندر روک تھام کرسکتا تھا۔جناب طبری کو جو کچھ معلوم ہوا وہ سنئے:۔

> ''یہ واقعہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ عبدالمطلبؑ اور حرب بن اُمیہ نے اپنے تعلقات کے تصفیہ کیلئے نجاشی الحبشی (بادشاہ) سے کہا مگر اُس نے دخل دینے سے انکار کر دیا۔'' (طبری جلد اوّل صفحہ 38)

اِس کے بعد طبری نے جس نزاع کا ذکر کیا ہے وہ ہم ابھی لکھتے ہیں۔لیکن اس سے پہلے یہ بتانا ضروری ہے کہ حضرت ہاشمؑ کے ساتھ اُمیہ نے محاذ بنائے رکھا۔اور پنچائتی فیصلہ سے دس سال کے لئے ملک شام میں جلاوطن ہوا۔اُس کے سعادت مند بیٹے حرب نے جناب ہاشمؑ کے بیٹے عبدالمطلبؑ سے محاذ آرائی جاری رکھی۔حضرت عبدؑ اللہ، جناب عبدؑ المطلب کی حیات میں انتقال فرما گئے۔اُن کے بعد حرب کا بیٹا ابوسفیان رسوؐل اللہ کے ساتھ زندگی بھر برسرپیکار رہا۔رسولؐ اللہ کے بعد جناب علی مرتضٰی علیہ السلام کے ساتھ ابوسفیان کا بیٹا معاویہ تلوار بکف ستیزہ کار رہا۔اور پھر آتے ہیں معاویہ کے جانشین خلیفۃ المسلمین یزید جنہوں نے مرکز انسانیتؑ سے مقابلہ کیا۔ہم نے خانوادہ رسولؐ سے دشمنی کا یہ عنوان اس لئے الگ سے قائم کیا تھا کہ رسولؐ اور ان کے خاندان سے دشمنی اور عداوت وانتقام کی ایک سوچی سمجھی مسلسل داستان سامنے آجائے۔تاکہ یہ مغالطہ رفع ہو جائے کہ آنحضرتؐ اور اُن کے خاندان کے ساتھ یہ تمام مظالم اتفاقی اور ناگہانی اور بلاکسی مخصوص پروگرام کے پیش آگئے تھے۔لہٰذا جو حضرات اس کتاب کو عموماً اور اس عنوان کو خصوصاً تلاش حق کے لئے پڑھیں وہ اقبال کے

اس شعر کی لفظ بلفظ اور مسلسل اور بلا انقطاع تصدیق کریں گے کہ: ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز چراغِ مصطفویؐ سے شرارِ بولہبی یہ معاملہ فِـلْتَۃً (اتفاقی و ناگہانی) نہیں ہے۔ اُسکے پس پشت عرب کے بہترین سیاسی دماغ و دانش ہے۔ بڑے بڑے نابغہ اور **دُھـــاۃ الـعـرب** اُس ابلیسی منصوبے میں شریک و ہم آہنگ رہتے چلے آئے ہیں۔ البتہ نام، لیبل اور القاب و مذاہب و مکاتیب فکر بدلتے آئے ہیں تا کہ ہر زمانہ میں زیادہ مؤثر مخالفت کی جا سکے۔ یہ کفر و نفاق و ایمان و اسلام ایسے الفاظ ایسے سیاسی نعرے ہیں جو مختلف ادوار میں اُمت کو مصروف رکھنے کیلئے ماہرین نظامِ اجتہاد بہانگ بلند مارتے چلے آئے ہیں۔ جب ضرورت ہوئی ایمان کا اعلان کیا، جب مفید ہوا منافق بن گئے۔ اب وہ جھگڑا سامنے لاتے ہیں جو طبری تک مشہور کر کے پہنچایا اور اُن سے لکھوایا گیا تھا۔

(xxviii)۔ جناب عبدالمطلبؑ اور حرب بن اُمیہ اور حضرت عمر کے دادا

یہاں آپ یہ دیکھیں گے کہ خلیفہ دوم کے بزرگوں کی نظر میں خانوادہ رسولؐ کے بزرگوں کا کیا مقام تھا۔ اور یہ کہ قریش اُن کے مقابلہ میں کیسے لوگوں کی اولاد تھے۔ طبری نے لکھا ہے کہ:۔

''اُن دونوں نے نفیل بن عبدالعزیٰ کو پنچ بنایا۔ اُس نے حرب بن اُمیہ سے کہا کہ اے ابو عمرو تم اُس شخص سے تنافر (نفرت) اور تنازع کرتے ہو۔ جو تم سے قد میں بڑا ہے۔ اُس کا سر تمہارے سر سے بڑا ہے۔ تم سے زیادہ وجیہ (خوبصورت) ہے۔ جسکی اولاد تم سے زیادہ ہے۔ جو تم سے زیادہ سخی ہے۔ اور زیادہ طاقتور ہے۔ یہ کہہ کر اُس نے عبدالمطلبؑ کے حق میں فیصلہ کر دیا۔ حرب نے کہا یہ بھی شومیٔ وقت ہے کہ ہم نے تجھے حَکم بنایا۔'' (طبری۔ جلد اوّل صفحہ 38)

حرب کا مطلب یہ تھا کہ یہ ایسا وقت ہے کہ جنہیں دوست سمجھتا ہوں وہ بھی ساتھ نہیں دیتے۔ بتایئے اس قسم کے جھگڑے کا بادشاہ حبش سے کیا تعلق ہوسکتا ہے؟ اور وہ اس خاندانی عزت و ذلت کا فیصلہ کر بھی دے تو قابل قبول کیسے ہوسکتا ہے۔ بہرحال وہ جھگڑا بین الممالکتی تھا۔ مگر قحطانی تاریخ نے غائب کر دیا ہے۔

(xxix)۔ حضرت عبدالمطلبؑ اور خانوادہ رسولؐ کا یہود و نصاریٰ سے سلوک

یہ چیز بار بار سامنے آچکی ہے کہ خانوادۂ رسولؐ اور نبوت کی اسرائیلی شاخ ہمیشہ ایک دوسرے کے مُمد و مددگار رہے۔ یہود و نصاریٰ سے ہمیشہ دوستی رہی۔ اس کا ایک ثبوت اُس ظلم و قتل و غارت کے ہنگامہ میں ملاحظہ ہو جو قریش کی طینت میں پڑا تھا۔ جس کی وجہ سے قریش قریشی مشہور ہوئے تھے۔ یعنی وہ شکاری بحری جانور جو تمام سمندری جانوروں سے بڑا ہوتا ہے۔ جو پھنسے اُسے چٹ کر جاتا ہے سنئے:۔ علامہ ابن اثیر جزری نے مندرجہ بالا واقعہ یعنی عزت و ذلت کے مقابلہ کی وجہ یہ بتائی ہے کہ:۔

وکان لعبد المطلبؑ جارٍ یھودی یقال لہ اذینۃ یتجر و لہ مال کثیر فغاظ ذلک حرب بن اُمیّہ، وکان ندیم عبدالملطب فاغری بہ فتیانًا من قریش لیقتلوہ ویاخذ وا مالہ؛ فقتلہ عامر بن عبدمناف بن عبدالدار و صخر بن عمرو بن کعب التیمی جدّ ابی بکر رضی اللّٰہ عنہ ۔فلم یعرف عبدالمطلب قاتلہ فلم یزل یبحث حتٰی عرفھما ۔واذا ھما قد استجارا بحرب بن اُمیّہ ، فأتی حربًا ولا مۃ و طلبھما منہ فاخفاھما فتغالظا فی القول حتٰی تنا فرا اِلَی النجاشی ملک الحبشۃ ۔فلم یدخل بینھما ؛

فجعل بينهما نفيل بن عبدالعزی العدوی جدّ عمر بن الخطاب۔فقال لحرب: یا ابا عمرو (یعنی اے حرب) أ تنافر رَجُلًا ھو اطول منک قامة، و اوسم وسامة واعظم منک حامة واقل منک ملامة، واکثر منک ولدًا و اجزل منک صفدًا واطول منک مددًا؟ وانیّ لا قول ھٰذا و انک لبعیدا الغضب۔ رفیع الصوت فی العرب ،جلد المریرة لحبل العشیرة۔ ولٰکنّکَ نافرت منفرًا۔ فغضب حرب وقال: مِن انتکاس الزمان ان جعلت حکمًا ۔فَتَرک عبدالمطلب منادمة حرب، و نادم عبداللّٰہ بن جدعان التیمی واخذ من حرب مائة ناقة۔فدفعھا الی ابن عم الیھودی، وارتجع مالہ الاشیأً ھلک فغرمه من مالہ۔‘‘(تاریخ کامل مطبوعہ مصر جلد دوم)

حضرت عبدالمطلبؓ کے پڑوس میں ایک یہودی رہتا تھا جس کا نام اذینہ لیا جاتا تھا۔وہ تجارت کرتا تھا۔جس سے بہت دولت مند ہوگیا تھا۔ یہ بات حرب بن اُمیہ کو بہت گراں گزرتی تھی ۔اُسے غیظ آ گیا۔ یہ حرب بن امیہ حضرت عبدالمطلبؓ کا مصاحب بھی تھا۔ اُس نے قریش کے کچھ جوانوں کو بھڑکایا کہ اُس یہودی کو قتل کر دیں اوراس کا مال لوٹ لیں ۔لہٰذا عامر بن عبد مناف بن عبدالدار اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے جد بزرگوار صخر بن عمرو بن کعب تیمی نے مل کر اس یہودی کو قتل کر ڈالا۔حضرت عبدالمطلبؓ کو جب رپورٹ ہوئی تو انہوں نے اس کی تفتیش شروع کی۔مگر ان کو قاتلوں کا پتہ نہ چلا۔لیکن وہ برابر تحقیق حال کرتے رہے۔ یہاں تک کہ قاتل شناخت کر لئے گئے۔مگر وہ دونوں قاتل حرب بن اُمیہ کی پناہ میں تھے۔عبدالمطلبؓ حرب کے پاس آئے قاتلوں اورلٹیروں کو پناہ دینے پر اُسے ملامت کی اور قاتلوں کوطلب کیا۔لیکن اُس نے حوالہ کرنے کے بجائے ان دونوں کو چھپا دیا۔اس پر عبدالمطلبؓ اور حرب بن امیہ میں سخت کلامی ہوئی اورایک دوسرے کی مذمت کی گئی۔ جب بات طے نہ ہوئی تو منافرت کی حد کو بات پہنچ گئی۔اور حبش کے بادشاہ سے فیصلے کے لئے کہا گیا مگر اس نے دونوں کے درمیان دخل نہ دیا۔ چنانچہ اس کے بعد جناب عمر رضی اللہ عنہ کے دادا نفیل بن عبدالعزی عدوی کو ثالث بنایا گیا۔اُس نے حرب سے کہا کہ تم ایسے شخص سے مقابلہ کرنا چاہتے ہو جو تم سے قد وقامت میں بڑا ہے۔اور خوبصورتی میں تم پر فوقیت رکھتا ہے۔جس کا سر تم سے بڑا ہے اور تم سے برائی میں کم ہیں۔جن کی اولاد تم سے زیادہ ہے۔اور جن کی سخاوت تم سے زیادہ ہے۔ میں یہ سب اقرار کر رہا ہوں اور جانتا ہوں کہ تم غیظ وغضب سے دور ہو۔عرب میں اپنی قوم کی طرفداری میں مشہور اور اُن کی مدد کی باگ ڈور ہو۔ تمہاری آواز بہت دور تک پہنچتی ہے۔لیکن جس سے تم نے مقابلہ اور مفاخرت کا مقابلہ کرنا چاہا ہے وہ تم سے بہت رفیع المنزلت ہے۔ یہ فیصلہ سن کر حرب بن امیہ غصے سے بے چین ہوگیا اور بولا کہ یہ بھی اس منحوس زمانہ کا انقلاب ہی ہے کہ تم ایسا شخص بھی ایسے معاملہ میں پنچ بنا لینا پڑا ہے۔اس کے بعد عبدالمطلبؓ نے حرب بن امیہ کو نکال دیا۔اور اُس کی جگہ عبداللہ بن جدعان کو اپنا مصاحب بنا دیا۔ نیز حرب بن امیہ سے تاوان میں ایک سو اونٹنیاں وصول کیں اور اُن سب کو اس مقتول یہودی کے چچازاد بھائی کے حوالہ کر دیا۔اور اُس یہودی کا لوٹا ہوا مال بھی واپس کرایا۔البتہ چند چیزیں نہ مل سکیں۔عبدالمطلبؓ نے ان کی قیمت بھی اپنے مال سے ادا کر دی۔‘‘

اسی واقعہ کو مختصراً علامہ حلبی نے یوں لکھا ہے:۔فلما علم عبدالمطلب ذلک ترک منا دمة حرب ولم یفارقه حتی اخذ منه مائة ناقة دفعھا لا بن عم الیھودی حفظا لجوارہ (سیرۃ حلبیہ جلد اوّل صفحہ 4)

اور جب حضرت عبدالمطلب کو یہ علم ہوا تو انہوں نے حرب بن امیہ کو اپنی ندیمی سے الگ کر دیا۔اور اُسے نہ چھوڑا جب

تک اس سے تاوان میں ایک سواونٹنیاں لے کراس یہودی کے چچازاد بھائی کو نہ دلوا دیں۔ یہ پڑوس کا لحاظ تھا۔

اِن واقعات پر کسی خاص تنقید کی ضرورت نہیں ہے۔ اسلئے کہ ہر بات واضح ہے اور قریش کی سنت وخصلت کے عین مطابق ہے۔ دیکھنا صرف اس قدر رہے کہ یہودیوں کو اُن لوگوں سے کیوں دشمنی تھی اور خانوادہ رسولؐ سے کیوں محبت تھی۔

(xxx)۔ خانوادۂ رسولؐ کے مرتبہ اور حالات کو چھپانے کی سازش پکڑی گئی

یہاں قارئین کو یہ دکھانا ہے کہ قریش یہ نہ چاہتے تھے کہ رسولؐ اللہ اور مدینہ کے اوس وخزرج قبائل کو ایک خاندان سمجھا جائے اور اس واقعہ کو غائب کر جانا چاہتے تھے کہ جناب عبدالمطلبؑ نے قریش کے خلاف مدینہ سے اپنے خاندان کی مدد بلا کر نوفل سے اپنی جائیداد واپس لی تھی۔ طبری لکھتے ہیں کہ:۔

''محمد بن ابی بکر کہتا ہے کہ میں نے یہ قصہ موسیٰ بن عیسیٰ سے بیان کیا تو وہ کہنے لگا کہ ہاں چونکہ اللہ نے ہمیں دولت وامارت عطا فرمائی ہے۔ اس لئے ہمارے ہاں تقرب جتانے کے لئے انصار یہ قصہ بیان کرتے ہیں۔ حالانکہ عبدالمطلبؑ اپنی قوم میں اس قدر معزز تھے کہ انکو قطعی اس بات کی ضرورت نہ تھی کہ بنونجار مدینہ سے اُن کی حمایت کے لئے آتے۔ میں نے کہا کہ جناب والا اہل مدینہ کی نصرت کی اُس شخص کو بھی ضرورت ہوئی۔ جو عبدالمطلبؑ سے بہتر تھا۔ موسیٰ بن عیسیٰ جواب تک تکیہ کے سہارے بیٹھا ہوا تھا میرے جواب سے برافروختہ ہو کر سیدھا ہو بیٹھا۔ اور اُس نے پوچھا۔ عبدالمطلبؑ سے بہتر کوئی ہے؟ میں نے کہا محمد صلعم اس نے کہا بے شک تم سچے ہو۔ اب وہ پھر تکیے کے سہارے ہو گیا اور اُس نے اپنے بیٹوں سے کہا کہ اس واقعہ کو ابن ابی بکر کی روایت سے قلم بند کرلو۔'' (طبری جلد اوّل صفحہ 35)

مطلب واضح ہے کہ جناب عبدالمطلبؑ کو معزز کہہ کر نوفل اینڈ کمپنی کے غاصبانہ اور جدی وقریشی دشمنی کو چھپا دینا مقصود تھا۔ مگر محمد بن ابی بکر نے اُس ڈانٹ ڈپٹ اور رعب وداب کا ذرہ برابر اثر نہ لیا اور واقعہ کو ریکارڈ میں شامل کرا کے چھوڑا۔ اور بتایا کہ مدینہ والے خانوادہ رسولؐ کے لوگ تھے۔ اور اُن سے خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کو مدد لینا پڑی۔ یہاں یہ بھی نوٹ کرلیں کہ جب یہ مشہور کر دیا گیا کہ حضرت علیؑ جانشینی رسولؐ اور حکومت کے لئے دوڑ دھوپ کرنے پر آنحضرتؐ کے غسل وکفن اور تدفین کو مقدم کر رہے ہیں تو مدینہ کے خانوادۂ رسولؐ نے چاہا تھا کہ قریش کو بزور باز وحکومت پر قبضہ کرنے سے روک دیا جائے۔ جس کیلئے وہ سُقیفہ میں جمع ہوئے تھے۔ اور قریش ہرگز حکومت پر قبضہ نہ کر سکتے تھے اگر انصار کو حضرت علی علیہ السلام کی رضامندی حاصل ہو جاتی۔ اور اُن کا قبضہ ہو جانے کے بعد بھی اُن کا صفایا کیا جا سکتا تھا، اگر کہیں ابوسفیان کی پیش کش منظور کر لی جاتی۔ لہٰذا اڑھائی ہزار سالہ جدوجہد ایک دن پھر کامیاب ہوگئی اور اب تحریک تشیّع کی تیاری شروع ہوگئی۔

نوٹ: یہاں سے قارئین جناب ابوطالب علیہ السلام کے متعلق ہمارا ایک پرانا مضمون پڑھیں گے جو برسوں پہلے سید یاور حسین صاحب کی فرمائش پر لکھ دیا تھا۔ جس کا نام اُس وقت اُلٹی گنگا رکھا گیا تھا۔ چونکہ اُس میں مجتہدین کے تصورات کو اُلٹا کر دینا مقصود تھا۔ اور اب فاضل مشرقیات کی سفارش سے اُسے مرکز انسانیت میں ابوطالبؑ کے پہلو میں جگہ دی جا رہی ہے ملاحظہ ہو:۔

12۔ اُلٹی گنگا

آپ سوچ رہے ہیں کہ (ادارہ علوم الاسلام لاہور کے رسالہ ماہ ستمبر 1964) ''ابوطالبؑ'' نمبر میں یہ الٹی گنگا کیوں بہائی جارہی ہے؟ اس عنوان سے جناب ابوطالب علیہ السلام کا کیا تعلق ہے؟

(12/1)۔ پہلا جواب یا وجہ تو یہی ہے آپ کو متوجہ کیا جائے اور دعوتِ فکر دی جائے۔ چنانچہ نتیجہ میں ہم کامیاب ہیں کہ آپ توجہ کے ساتھ غور وفکر بھی فرمارہے ہیں۔ موسمی یا رسمی عنوانات اور مضامین کی نقل در نقل بھرمار نے آپ کے ذوقِ نظر کو کُند کر دیا ہے۔ سانچے میں ڈھلے ہوئے کھوکھلے مگر رنگیلے الفاظ نے رفتہ رفتہ مذہبی جذبات واحساسات پر گراں باری کے پہرے بٹھا دیئے ہیں۔ چنانچہ آج اہلِ نظر قلم اُٹھاتے ہی پہلے یہ سوچتے ہیں کہ اپنا مضمون کس انداز میں پیش کریں کہ قارئین کی پوری توجہات حاصل ہوسکیں۔ اور اُن کے جذبات و احساسات سے قلب وذہن کا براہِ راست رابطہ قائم کیا جاسکے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ گنگا ہو یا جمنا، فرات ہو یا دجلہ، اُن کا بہاؤ اُلٹا ہو یا سیدھا، انہیں بہرحال سمندر کے وسیع آغوش کی تلاش ہے۔ جب تک وہ اپنی منزل پر نہ پہنچ جائیں انہیں چین وسکون نہیں مل سکتا۔ بالکل یہی حال ہے بنی نوع انسان اور اس پوری کائنات کی تگ ودو اور سفر حیات کا۔ وہ اُلٹا چلیں یا سیدھا، کفر کریں یا شکر، انہیں چلتے رہنا ہے۔ اُنکا ہر قدم اُنہیں کشاں کشاں حضرت ابیطالبؑ و خانوادہ ابیطالب سلام اللہ علیھم کے حضور لئے چلا جارہا ہے۔ ہم اور آپ مانیں یا نہ مانیں، سمجھیں یا نہ سمجھیں مگر حقیقت یہی ہے۔ مقصدِ کائنات سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وابستہ ہے۔ یہ کائنات اور اس کائنات کا ہر ذرہ اور یہاں کی ہر مخلوق روز ازل سے میثاق محمدیؐ کے قانون کی ذمہ دار ہے۔ اُن میں کا کوئی فرد اس قانون اور میثاق کی زد سے باہر نہیں نکل سکتا۔ ان سب کو اُنکے حضور میں پلٹ کر جانا پڑے گا۔ بعثتِ سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، اللہ کا سب سے بڑا احسان ہے اور یہ احسان خاص طور پر مومنین سے متعلق ہے، مومنین پر جتلایا گیا ہے (3/164)۔ اقرباءِ محمدیؐ سے رشتۂ محبت واطاعت بھی مومنین پر واجب ہے (الشوریٰ۔ 42/23) وہ انسانؑ جس کو تمام سابقہ انبیاءؑ ورسلؑ اور آنحضرتؐ کے درمیان واسطہ بنایا گیا، جسے تمام نبوتوں، رسالتوں، اماموں اور ولایتوں کیلئے آخری امانت دار چنا گیا۔ جس نے پہاڑوں سے برداشت نہ ہونے والی امانت خداوندی کو سرکارؐ دوعالم کو سپرد کیا۔ جس نے نبوت ورسالت کو اپنے آغوش میں پرورش کیا اور انگلی پکڑ کر چلنا سکھایا۔ جس نے نبوت ورسالت کے اقدام کو ڈانواں ڈول ہونے سے بچا کر خدا سے وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَھَدٰی o (93/7) کہلوایا۔ جسکی ہدایت کاری وراہنمائی کو خدا نے اپنی راہنمائی اور ہدایت قرار دیا۔ جسکی کارکردگی کو خدا نے فخریہ اپنی طرف منسوب کیا (مَاوَدَّعَکَ رُبُّکَ وَمَا قَلٰی o ۔ 93/3) جس کی ربوبیت وتربیت کو رب الارباب نے اپنے لئے دلیل بنایا۔ جس نے کائنات کے ملجا وماویٰ کو امن وپناہ دی تو خدا نے جتلایا اَلَمْ یَجِدْکَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی o (93/6) جس نے زمان و مکان کی حدود وقیود سے ناآشنا نبوت کی تائید وحمایت کے لئے ایک ایسا ناصر ومددگار عطا کیا، ایک ایسے خاندان کی بنیاد رکھی جو ہر مزاحمت کے لئے قیامت تک سینہ سپر رہے۔ اسی لئے خدا نے فرمایا کہ۔ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی o (93/5) تیرا پالنے

والاعنقریب تجھے وہ..... دیگا۔ کہ پھر تو خوش رہیگا۔ اُس مبارک انسان پر ہمارے ماں باپ فدا ہوں۔ اُس کا نام ہے **ابو طالب علیہ الصلوٰۃ والسلام**۔ جب سرور کائنات پیدا ہوئے تو جناب فاطمہ بنت اسد سلام اللہ علیہا موجود تھیں۔ اس وقت حضرت آمنہ علیہا السلام کو ایران و شام کے محلات نظر آئے۔ حدیث سنئے جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ:۔ لَمَّا وُلِدَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللّٰہ علیہ و آلہ فَتَحَ لِاٰ منۃ بیاض فارس وقصور الشّام، فَجَاءَ تْ فَاطمۃ بنت اَسد اُمُّ امیر المؤمنین اِلٰی ابی طالب ضاحکۃ مُسْتَبْشِرَۃٌ فاعلمتہ مَاقَالَتْ آمنۃ فقال لَھَا ابو طالب و تَتَعَجَبِیْنَ مِن ھٰذَا اِنَّکِ تَحْبلِیْنَ و تَلْدِیْنَ بِوَصِیِّہٖ وَوَ زِیْرِہٖ۔

(کافی کتاب الحجۃ باب مولد امیر المؤمنین صلوات اللہ علیہ۔ حدیث نمبر 3)

''جب رسولؐ اللہ پیدا ہوئے تو حضرت آمنہ (سلام اللہ علیہا) کو ایران کی سفیدی اور شام کے محلات کھلے ہوئے دکھائے گئے۔ چنانچہ حضرت فاطمہ بنت اسد (رضی اللہ عنہا) امیر المومنینؑ کی والدہ ہنستی اور خوشخبری سناتی ہوئی آئیں اور جناب ابو طالب (علیہ السلام) کو جناب آمنہؑ کا مکاشفہ سنایا۔ اس پر جناب ابو طالبؑ نے اُن سے فرمایا کہ تمہیں اتنی سی بات پر تعجب ہو رہا ہے۔ بتحقیق تم خود بھی اس کے وصی اور وزیر کا حمل رکھنے اور اُسے جنم دینے والی ہو۔''

یہ حدیث واضح کر دیتی ہے کہ حضرت ابو طالب علیہ السلام کو قبل از وقت سب کچھ معلوم تھا اور نہ صرف معلوم تھا بلکہ آپ اُن مقاصد کے لئے ذمہ دار تھے جو نبوت و رسالتِ ختمی مرتبتؐ اور اُن کی وصایت و ولایت سے متعلق تھے۔ اُنہوں نے ولادتِ علی مرتضٰی علیہ السلام کا زمانہ اور مقام مرتضوی بھی بیان کر دیا تھا چنانچہ ابو عبداللہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ:۔

اِنَّ فاطمۃ بنت اسد جاءَ ت اِلٰی اَبِیْ طالبؑ لِتَبَشَّرَہٗ بِمولد النبی صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم فقال ابو طالبؑ: اصبری سَبَتًا اُبَشِّرکَ بِمِثْلِہٖ اِلَّا النبوۃ، وقال: السَبْتُ ثَلا ثُونَ سَنَۃ وکان بین رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و آلہٖ وسلم و امیر المؤمنین علیہ السلام ثَلا ثون سنۃ۔'' (ایضاً۔ حدیث نمبر 1)

''بتحقیق فاطمہ بنت اسدؑ ابو طالب علیہ السلام کو ولادت نبیؐ کی بشارت دینے آئیں تو ابو طالبؑ نے فرمایا کہ ایک سبت صبر کرو۔ میں تمہیں نبوت کے علاوہ ہم مثل محمدؐ کی بشارت دیتا ہوں۔ فرمایا کہ ایک سبت تیس (30) سال کا ہوتا ہے اور رسولؐ اللہ و علیؑ کی پیدائش کے درمیان تیس سال تھے۔''

معلوم ہوا کہ حضرت ابو طالب علیہ السلام اپنے عہدۂ وصایت و امامت کی بنا پر مقامِ محمدیؐ و مقام علویؑ پر کماحقہٗ مطلع تھے اور دوسرے متعلقین کو بتانا اور متعلقہ اقدامات کرنا آپؑ کی ذمہ داری تھی۔ سرکار ابو طالب علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پوزیشن قرآن کریم، حدیث شریف اور علما صالحین کے نزدیک کس قدر عظیم ہے، اگر وقت ملا تو اپنے طریقہ پر آپکی خدمت میں بیان کرونگا۔ فی الحال؛

(12/2)۔ تیسری وجہ اُلٹی گنگا کی یہ ہے کہ مشرکانہ منصوبہ سازوں کو ہم کسی قیمت پر نظر انداز نہیں کر سکتے اس لئے کہ انہوں نے نہایت حُسنِ تدبر کے ساتھ ہر ایک حقیقت اسلامی کو کافرانہ اور اپنا پسندیدہ لباس پہنایا ہے۔ چنانچہ قرآن کریم، تاریخ اسلام اور احادیث ہرگز سمجھ میں نہیں آ سکتیں اور آپ کسی طرح صحیح نتیجہ پر نہیں پہنچ سکتے جب تک اس عربی منصوبہ کو نہ سمجھ لیں۔ چنانچہ جناب علی مرتضٰی علیہ السلام نے

فرمایا ہے کہ:۔ وَ اعْلَمُوْا اَنَّكُمْ لَنْ تَعْرِفُوا الرُّشْدَ حتّٰی تَعْرِفُوا الَّذِیْ تَرَکَهٗ، وَلَنْ تَاْخُذُوْا بِمِیْثَاقِ الْكِتَابِ حَتّٰی تَعْرِفُوْا الَّذِیْ نَقَضَهٗ، وَلَنْ تَمَسَّكُوْا بِهٖ حَتّٰی تَعْرِفُو االَّذِیْ نَبَذَهٗ ۔(نہج البلاغہ خطبہ نمبر 145۔مفتی جعفرحسین)

''اور آگاہ ہو جاؤ کہ تم ہدایت سے ہرگز متعارف نہیں ہو سکتے جب تک کہ تم ہدایت کو ترک کر دینے والوں سے متعارف نہ ہو جاؤ۔اور تم قرآن کریم کے عہد و میثاق پر ہرگز قائم نہیں رہ سکتے جب تک کہ قرآن کے عہد کی خلاف ورزی کرنے والوں کی معرفت حاصل نہ کرلو۔ اور قرآن سے تمسک ہرگز نہیں رکھ سکتے جب تک قرآن کو پس پُشت پھینکنے والوں کی شناخت نہ کرلو۔''

اور اپنے زمانہ کے منصوبہ سازوں کے لئے اسی خطبہ میں ذرا پہلے فرمایا تھا کہ:۔

كَاَنَّهُمْ آئِمَّةُ الْكِتَابِ وَلَیْسَ الْكِتَابُ اِمَامَهُمْ فَلَمْ یَبْقَ عِنْدَهُمْ مِنْهُ اِلَّا اسْمُهٗ وَلَایَعْرِفُوْنَ اِلَّا خَطَّهٗ وَ زَبْرَه......الخ

''گویا وہ لوگ کتاب (قرآن) کے امام ہیں اور قرآن اُن کا پیشوا نہیں ہے۔اُن کے پاس اب قرآن کا صرف نام ہی نام رہ گیا ہے اور وہ اُسے کوئی اہمیت نہیں دیتے سوائے اس کی خلاف ورزیوں کے۔''

(12/3)۔ فرمان مرتضویؑ کے مطابق ہم عربوں کے ہر بیان کو بڑی احتیاط اور دقّت نظر کے ساتھ جانچ کر قبول کرتے ہیں اور تمام دنیا کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ وہ اُن کی تیار کردہ تاریخ، تفسیر وحدیث کو بلا تنقید وتبصرہ کبھی قبول نہ کریں۔اُنہوں نے اسلام کی ہر ہر تعلیم کو بدل دیا، ہر عنوان میں رنگ آمیزی کی ہے۔چنانچہ جن حقائق کو وہ بدل نہ سکے اُنہیں کم از کم مشکوک ضرور کر دیا ہے۔اور یہ کام اُنہوں نے اس خوبصورتی اور تدریج کے ساتھ کیا ہے کہ ہم قدم قدم پر انہیں داد دیتے ہیں۔اور علما کی کثرت نے اُن کے بیانات اور انتظامات میں اکثر مغالطہ کھایا ہے۔

(12/4)۔ ذرا اس ترکیب کو ملاحظہ فرمائیں کہ محبان محمدؐ و آل محمدؐ سے یہ سوال کیا جاتا ہے کہ کیا ابی طالبؑ، آنحضرتؐ پر ایمان لائے تھے؟ اور ہمارے جلد باز وسادہ لوح افراد فوراً اس سوال کا جواب شروع کر دیتے ہیں اور قرآن وحدیث وتاریخ سے جناب ابوطالبؑ کا ایمان لانا ثابت کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور خرچ کر دیتے ہیں۔لیکن اُنہوں نے اس سوال کو قبول کرنے میں غلطی کی ہے اور اس سوال کا جواب اُس کے ذمہ ہے جو عقل کا دشمن ہو۔یہ سوال اس شخص سے ہونا چاہیے جو ابوطالبؑ کو (معاذ اللہ) کسی وقت کافر مانتا ہو۔ چنانچہ ہم اُن کفار سرشت انسانوں سے معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ وہ دلیل پیش کریں کہ ابوطالبؑ مومن نہ تھے۔اور ساتھ ہی اُن کو بتا دو کہ تمہارے صاحب ایمان نہ ہونے کی دلیل خود قرآن ہے:۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِیْ نَزَّلَ عَلٰی رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ مِنْ قَبْل .....الخ (نسآء 4/136)

مولانا رفیع الدین صاحب کا ترجمہ ہے کہ:۔''اے لوگو جو ایمان لائے ہو۔ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے اور رسولؐ اس کے کے اور کتاب کے جو اُتاری ہے اوپر رسولؐ اپنے کے اور کتاب کے جو اُتاری ہے پہلے اس کے۔''

یہاں ایسے مومنین کا تذکرہ ہے جو نہ اللہ پر ایمان رکھتے ہوں، نہ رسولؐ اللہ پر، نہ وہ قرآن پر ایمان رکھتے ہوں، نہ سابقہ کتابوں پر۔حضرت ابوطالب علیہ السلام یقیناً ایسے مومن نہ تھے جن کا ایمان صرف دو لفظوں پر یعنی ''میں ایمان لایا'' کہنے پر مکمل ہو

جائے۔ایسے مومنین دراصل کافر ہوتے ہیں۔الغرض گزارش یہ تھی کہ ہم سے یہ سوال غلط کیا جاتا ہے۔قارئین کرام خود اپنے متعلق سوچیں کہ وہ کس دن ایمان لائے تھے؟ اَرے صاحب! جس کا باپ مسلمان، جس کی ماں مسلم، اس کے بچوں کو مسلمان ہونے یا ایمان لانے کی ضرورت نہیں ہے وہ تو پیدائشی مسلم ہیں۔البتہ اگر وہ کافر بننا چاہیں تو انہیں اعلان کرنا پڑے گا۔بہر حال جس طرح چالا کی سے وہ ہم سے سوال کرتے ہیں اُسی طرح ہم اُن سے بات کرتے ہیں۔وہ پوچھتے ہیں کہ ابو طالبؑ ایمان لائے تھے یا نہیں؟ ٹھیک۔یعنی اُن کے نزدیک ابو طالب علیہ السلام کا ایمان مشکوک ہے۔وہ تحقیق کرنا چاہتے ہیں۔اُن کے نزدیک ایک فرد مشکوک ہے۔لیکن ہمارے نزدیک تمام قریش مشکوک ہیں۔اورہمیں اُنکی مرتب کردہ تاریخ نے مشکوک کیا ہے۔لہٰذا ہمارا سوال یہ ہے کہ کیا قریش ایمان لائے تھے؟ دوسرا سوال یہ ہے کہ کیا بنی ہاشم بھی قریش تھے؟ ہم نے ابو طالب علیہ السلام کے ایمان وعمل پر ہزار ہا مضامین وکتب پیش کی ہیں۔اب آپ ہمیں مندرجہ بالا دونوں سوالوں کا جواب دیں۔

یہاں سے ''اُلٹی گنگا'' شروع ہوتی ہے اور معترضین کو لینے کے دینے پڑتے ہیں۔ہم اس اُمت کے ایک حجت الملة والدّین علامہ شبلی نعمانی رحمت اللہ علیہ اور ایک سید صاحب سلیمان ندوی اور مسٹر پرویز کے قلم سے دکھاتے ہیں کہ رسولؐ اللہ کے زمانہ میں قریش و کفر ایک ہی چیز کا نام تھا۔اوراس کے برعکس بنی ہاشم (ابو طالبؑ سمیت) اور ایمان بھی ایک ہی چیز کے دونام تھے۔وہ سب کافر تھے اور کافر رہے۔یہ سب مومن تھے اور مومن رہے کہیئے؟ یہ الٹی گنگا ہے کہ نہیں؟ یہ وہ الٹی گنگا ہے جو پورے کفر کو مع کافروں کے ڈبو دے گی اور فرعون کی طرح اُن کی چیخ وپکار تک نہ سُنی جائے گی۔ابو طالبؑ اور خانوادہ ابو طالب علیہم السلام سے کفر اور کافروں، نفاق اور منافقوں اور عربی منصوبے والے مومنوں کو بڑا خطرہ رہتا چلا آیا ہے۔کیوں نہ ہو؟ وہ دین پناہ تھے، خود دین تھے، خود ایمان تھے۔ایمان سے کافر کا یہ سوال کہ تو کب ایمان لایا؟ اس کے کفر کی بیّن دلیل ہے۔اس کے ایمان نا آشنا ہونے پر حجت ہے۔آیئے مولانا شبلی کی بات سُنیئے اور یہ بھی سُنیئے کہ تحقیق وتفتیش میں بڑی دقتیں پیش آتی ہیں۔کدو کاوش کرنا پڑتی ہے۔بیانات کو بار بار پڑھنے اور سننے اور غور وفکر کرنے سے جان چرانے والے تحقیق نہیں کرسکتے۔لہٰذا یہاں پر آپ مضمون سے دماغی تفریح کی اُمید نہ کریں۔بلکہ ایک سخت جان بن جائیں، تمام ہوش و حواس، عقل وتدبر کو جمع کرلیں۔سنجیدہ ہو جائیں تاکہ اُلجھے ہوئے اور جان بوجھ کر اُلجھائے ہوئے حقائق کو سلجھا سکیں۔

(12/5)۔ سب سے پہلے آپ جناب شبلی نعمانی کی سیرۃ النبی طبع چہارم جلد اوّل صفحہ 212 پر نظر ڈالیں اور دیکھیں کہ اعلان نبوت کے وقت قریش کی پوزیشن کیا تھی؟ یہاں سے مولانا وہ اسباب ووجوہات لکھنا شروع کرتے ہیں۔جن کی وجہ سے قریش نے آنحضرتؐ کی مخالفت کی تھی۔دیکھئے شبلی، پرویز اور سلیمان صاحبان کے بیانات **ابجد** میں ہوں گے:۔

(الف)۔ قریش کی مخالفت اور اُس کے اسباب

''مکہ کی جو عزت تھی کعبہ کی وجہ سے تھی۔قریش کا خاندان جو عرب پر مذہبی حکومت رکھتا تھا اور جسکی وجہ سے وہ ''ہمسائیگان خدا'' بلکہ ''آل اللہ''، یعنی خاندان الٰہی کہلاتے تھے، اسکی صرف یہ وجہ تھی کہ وہ کعبہ کے مجاور اور کلید بردار تھے۔اس تعلق سے قریش کا کاروبار زیادہ پھیلتا گیا۔یہاں تک کہ متعدد محکمے اور بڑے بڑے مناصب (عہدے۔احسن) قائم کئے گئے۔جن کی تفصیل یہ ہے:۔

نمبر شمار	منصب	منصب کی تفصیل	کس خاندان کو کونسا منصب حاصل تھا	آنحضرتؐ کے زمانہ میں کون لوگ ان مناصب پر ممتاز تھے
1	حجابة	کعبہ کی کلید برداری اور تولیّت	x	عثمان بن طلحہ
2	رفادہ	غریب حجاج کی خبر گیری	خاندان نوفل	حرث بن عامر
3	سقایة	حجاج کو پانی پلانے کا انتظام	خاندان ہاشمؑ	حضرت عباسؓ
4	مشورہ	x	خاندان اسد	یزید بن ربیعة الاسود
5	دیات	خون بہا کا فیصلہ	خاندان تیم	حضرت ابو بکرؓ
6	عقاب	علم برداری	خاندان اُمیّہ	ابوسفیان
7	قبة	خیمہ وخرگاہ کا انتظام اور سواروں کی افسری	خاندان مخزوم	ولید بن مغیرہ
8	سفارت	سفیر ہو کر جانا اور جن قبائل میں یہ نزاع پیش آئے کہ شریف تر کون ہے فیصلہ کرنا	خاندان عدی	حضرت عمرؓ
9	ازلام و یسار	محکمہ مال کا انتظام	خاندان جمح	صفوان بن اُمیّہ
10	اموال	مہتمم خزانہ	خاندان سہم	حارث بن قیس

یہ جدُوَل آپ نے دیکھ لی۔اسی سلسلہ کی ایک اہم بات اور سنئے فرمایا ہے کہ:۔

(ب)۔ ’’آغازِ اسلام میں جو لوگ قریش کے رؤسائے اعظم تھے۔اور جنکی عظمت واقتدار کا اثر تمام مکہ پر تھا۔اُنکے نام یہ ہیں۔‘‘

1۔ابوسفیان بن حرب (حضرت معاویہ کے باپ)

2۔ابولہب۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا چچا (معاذ اللہ۔احسن)

3۔ابوجہل

4۔ولید بن مغیرہ (حضرت خالدؓ کا باپ)

5۔عائل بن وائل سہمی (حضرت عمرو بن العاص کا باپ)

6۔عتبہ بن ربیعہ (امیر معاویہ کا نانا) (سیرۃ النبی طبع چہارم جلد اوّل صفحہ 213)

(12/6)۔ آپ نے دونوں فہرستیں دیکھ لیں۔ اِن صاحبانِ مناصب و مالکانِ اقتدار میں جس قدر نام آئے ہیں انہیں خاص طور پر نوٹ کرلیں اور یہ دیکھ لیں کہ دو ایک نام، جن کی ہاشمیت مشکوک ہے، کے سوا کوئی شخص بنی ہاشمؑ سے نہیں ہے۔خصوصاً جناب ابوطالبؑ سربراہِ خاندان بنی ہاشم اس فہرست میں نہیں ہیں۔اور ہمیں فخر ہے اُنکے اس تدبر و تدریج پر جس سے انہوں نے اپنے دامن کو بُت پرستی اور اُنکی نگہداشت سے پاک رکھا اور کعبہ کے انتظامات سے الگ ہوگئے۔ یہ مقام یاد رکھیں۔ہم اس کا حوالہ دیں گے۔ یہاں ایک اصول

ملاحظہ ہو۔شبلی صاحب مخالفت کا ایک فطری سبب لکھتے ہیں ۔(**مخالفت کا پہلا سبب ملاحظہ ہو:۔**)

(ج)۔ ''ناتربیت یافتہ اور تندخو قوموں کا خاصہ ہے کہ کوئی تحریک جواُن کے آبائی رسم وعقائد کے خلاف ہواُن کو سخت برہم کر دیتی ہے۔ اس کے ساتھ اُنکی مخالفت محض زبانی مخالفت نہیں ہوتی ۔اوراُنکی تشنگیٔ انتقام کوخون کے سوا کوئی چیز بجھانہیں سکتی ۔'' (صفحہ 213)

مخالفت کا دوسرا سبب ملاحظہ ہو:۔

(د)۔ عرب ایک مدت سے بُت پرستی میں مبتلا تھے۔خلیل بت شکن کی یادگار کعبہ تین سوساٹھ معبودوں سے مزیّن تھی۔جس میں ھُبل خدائے اعظم تھا۔یہی بُت ہرقسم کے خیروشر کے مالک تھے۔ پانی برساتے تھے۔اولادیں دیتے تھے۔معرکہ ہائے جنگ میں فتحیں دلاتے تھے۔خدا۔ یا تو سرے سے نہ تھا۔یا تھا تو وجودِ معطل تھا۔اسلام کا اصل فرض اس طلسم کو دفعتاً برباد کر دیتا تھا۔لیکن اس کے ساتھ قریش کی عظمت واقتداراور عالم گیراثر کا بھی خاتمہ تھا۔اس لئے قریش نے شدت سے مخالفت کی اوراُن میں سے جن لوگوں کوجس قدر زیادہ نقصان پہنچنے کا اندیشہ تھا۔اُسی قدر مخالفت میں زیادہ سرگرم تھے۔''

(12/7)۔ یہاں ٹھہر جائیں اور یہ سمجھ کر آگے بڑھیں کہ مندرجہ بالا (ج) و(د) سے یہ ثابت ہوگیا کہ:۔

1: اسلام کی تحریک یا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دعوائے نبوت اور تبلیغ اسلام جناب ابوطالب علیہم السلام کے آبائی دین کے عین مطابق تھی۔2: اُدھر یہ ثابت ہوگیا کہ کعبہ میں رکھے ہوئے بتوں سے جناب ابوطالبؑ کوکسی قسم کی دلچسپی نہ تھی۔ 3: بلکہ وہ سوچ سمجھ کر اپنے مذہب کے مطابق اورخصوصاً حضرت خلیلؑ بت شکن کے عین مطابق اُن بتوں کے ساتھ ساتھ قریش کی عظمت واقتدار کے بربادکرنے کی پوری اسکیم کے ملجاو ماؤی اور سر پرست وحامی وناصر و مددگار تھے۔بتایئے کافر اگرانہیں ایماندار نہ مانیں تواورکیا کہیں؟ یاد رکھئے کہ ابوطالبؑ عرب کے مذکورہ صاحبانِ اقتدار کیلئے ایک مصیبت تھے۔ایسی مصیبت کہ جوآج بھی زندہ وتوانا ہے۔جس نے اُن کی حکومت واقتدار کے جنازے نکالے۔جس نے اُنکے دلوں میں ایسے زخم لگائے جوکبھی نہ بھرے،ناسور بنے اور رستے رہے۔پوری جبروت وسطوت کے باوجود،پہروں اورنگہبانوں کے ہجوم میں یہ لوگ خانوادۂ ابوطالبؑ کے نحیف سے نحیف فرد کے خوف سے لرز اُٹھتے تھے،خواب گاہوں میں چیخیں بلند ہوجاتی تھیں،خواب میں کوئی ابوطالبؑ کا جایا قیدی دیکھا تو شہنشاہ وقت چارپائی سے گرجاتا تھا۔گھنٹوں گھگی بندھی رہتی تھی۔بے چاروں کے پاس لے دے کرایک ہی توالزام رہ گیا ہے۔آپ اس سے بھی چیں بجیں ہوجاتے ہیں۔قرآن اورحدیث کے ساتھ مقابلہ میں آجاتے ہیں۔ذرا انصاف کرو،تم تو عدل کو پسند کرتے ہو۔ابوطالب علیہ السلام کو(معاذ اللہ) کافر کہنے کیلئے انہیں اپنی عادت وخصلت،اپنے دین وملت،اپنے آباؤ اجداد کی سنت کے خلاف کیسی مہنگی اوررُسوا کن قیمتیں ادا کرنا پڑیں۔یعنی 1:اسلام کالبادہ پہننا پڑا۔2: جسے سوچ سمجھ کرپاگل،مجنوں،دیوانہ،کاذب اورسحر زدہ قرار دیا تھا اُسی کا کلمہ دن میں پانچ دفعہ بلند میناروں سے سننا اور پڑھنا پڑا۔ہائے افسوس انہیں یہ بھی سننا پڑا،سنناہی نہیں بلکہ کہنا پڑا کہ ابوطالبؑ کی اولاد کی محبت ومودّۃ واطاعت وحرمت و عزت ووقار واجب ہے۔اُنکا دشمن،براچاہنے والا،اُنکوخفا کرنیوالا جہنمی ہے... ہائے ہائے عرب کے غیور وعظیم وجلیل انسان یوں ذلیل و خوار ہونا اختیار کرلیں۔اورآپ انہیں ذراسی بات بھی نہ کہنے دیں۔یقین کیجئے کہ اگرابوطالب علیہ السلام کی نصرت ناکامیاب ہوجاتی

اور کفار غالب آ جاتے تو یقیناً ابوطالبؑ کو ہرگز کافر شمار نہ کرتے بلکہ کفر کا مخالف ہونیکی وجہ سے اُنکے ساتھ وہی سلوک کرتے جو کربلا میں کیا گیا۔ وہ لوگ کافروں کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر انعام دیتے اور کسی طرح ابوطالبؑ کا نام کافروں کی فہرست میں برداشت نہ کرتے۔ ہزاروں گواہیاں گزرتیں کہ ابوطالبؑ پکا مومن اور مسلم تھا۔ کفر کیخلاف تمام ذمہ داری اسی پر عائد کرتے۔ دوستو شکر کرو کہ ابوطالب علیہ السلام کو کافر کہنے کیلئے انہیں مسلمان تو ہونا پڑا۔ ورنہ وہ وہی لوگ تھے جنہوں نے جب موقعہ ملا تو صاف کہا کہ نہ کوئی وحی آئی تھی نہ فرشتہ نازل ہوا تھا۔ ہماری نصیحت ہے کہ انہیں زیادہ تنگ نہ کرو۔ ایسا نہ ہو کہ وہ اس دفتر سے بالکل ہی نام کٹوا لیں۔ اُس وقت تو خانوادہ ابوطالب علیہم السلام نے چاروں طرف سے گھیر کر مجبور کر دیا تھا۔ اُن کی قربانیاں، حق پرستی، اللہ کے نام پر فدا کاریاں اُن لوگوں کا سر جھکا گئیں۔ یہ مقام بہت ہی مناسب ہوگا جہاں آپ کو تمام عرب اور قریش کی طرف سے ابوجہل کی زبانی مگر پرویز کے قلم سے ایک نوحہ وفریاد سناتے ہیں۔

معارف القرآن جلد چہارم صفحہ 255 طبع اوّل میں پرویز صاحب نے لکھا کہ:۔

(12/8)۔ (ہ) ''وہ اس تعلیم کے فروغ میں اپنی موت مضمر دیکھتے تھے۔ اس لئے وہ اُسے آسانی سے کس طرح قبول کر لیتے۔ اس آنے والے انقلاب کے تصور سے اُن کی روح کانپتی تھی۔ اِسی لئے ابوجہل غلافِ کعبہ تھام تھام کر فریاد کرتا تھا۔

(نوٹ:۔ پرویز نے یہ اشعار اقبال کی کتاب جاوید نامہ ''طاسینِ محمدؐ... رُوح ابوجہل درحرمِ کعبہ'' سے منتخب کئے لیکن اِن کا ترجمہ نہیں لکھا۔ کیونکہ اُس دور میں اکثر قارئین فارسی زبان سے بخوبی واقف تھے۔ موجودہ دور میں فارسی سے کم آگاہی کی وجہ سے قارئین کے لئے ترجمہ شامل کر دیا گیا ہے جو اقبالیات پر کام کرنے والے ایک مستند ادارے کے پیش کردہ ترجمہ سے لیا گیا۔ ناصر)

سینۂ ما از محمدؐ داغ داغ !   از دمِ اُو کعبہ را گُل شد چراغ !

ساحر و اندر کلامش ساحریست   ایں دوحرف لا الہ خود کافریست

تا بساطِ دین آبا در نورد   با خداوندانِ ما کرد آنچہ کرد

☆ ہمارا سینہ محمدؐ کی وجہ سے داغ داغ ہے۔ آپؐ کی پھُونک (سانس) سے کعبہ کا چراغ بُجھ گیا (حرمِ کعبہ کی رونق ختم کر دی)۔

☆ آپؐ جادوگر ہیں اور آپؐ کے کلام میں جادوگری ہے۔ یہ جو لا اللہ کے دو الفاظ ہیں بجائے خود کافری ہے۔

☆ جب آپؐ نے ہمارے آبا کے دین (بت پرستی) کی بساط لپیٹ دی ہے تو آپؐ نے ہمارے خُداؤں کے ساتھ وہ کیا جو ناقابلِ بیان ہے۔

وہ چلاتا تھا کہ:۔

مذہب اُو قاطع ملک ونسب   ازقریش و منکر از فضلِ عرب

درنگاہِ اویکے بالا و پست   با غلامِ خویش بریک خواں نشست

☆ آپکا مذہب (اسلام) مُلک اور خاندان کی جڑیں کاٹ دیتا ہے۔ آپکا تعلق قریش سے ہے اور آپؐ عرب کی فضیلت کے منکر ہیں۔

☆ آپؐ کی نگاہ میں اعلیٰ وادنیٰ سبھی ایک برابر ہیں۔ آپؐ اپنے غلام کے ساتھ دستر خوان پر بیٹھے ہیں۔

اس کے نزدیک یہ سانحہ قیامتِ صغریٰ سے کم نہ تھا:۔

قدرِ احرارِ عرب نشناختہ　　　　باکلفتانِ حبش در ساختہ

احمراں با اسوداں آمیختند　　　　آبروئے دودمانے ریختند

☆ آپؐ نے عرب کے آزادلوگوں کی قدر نہیں پہچانی۔آپؐ نے حبشہ کے سیاہ فام لوگوں (حبشیوں) سے موافقت اختیار کرلی۔

☆ آپؐ نے گوروں کو کالوں سے ملادیااور خاندان کی وقعت ختم کردی۔

اس لئے وہ حجراسود کو پکار کر کہتا تھا:۔

باز گو اے سنگِ اسود باز گو　　　　آنچہ دیدیم از محمدؐ باز گو

☆ تُو پھر کہہ اے سنگِ اسود پھر کہہ۔ہم نے محمدؐ سے جو کچھ دیکھا ہے پھر کہہ۔

اور کبھی کعبہ کے سب سے بڑے خدا سے فریاد کرتا تھا:۔

اے ھُبل اے بندہ راپوزش پذیر　　　　خانۂ خود را از بے کیشاں بگیر

گلّۂ شاں رابگرگاں کُن سبیل　　　　تلخ کن خرمائے شاں را برنخیل

☆ اے ہبل،توجو بندوں کی معافی ومعذرت قبول کرنے والا ہے، بے دینوں سے اپنا گھر واپس لے۔

☆ ان کے بھیڑوں کے ریوڑ کو بھیڑیوں کے سپرد کردے اور کھجور کے درخت پر جو کھجوریں ہیں اُن کو اُن کے لئے کڑوی بنادے۔

اوراس نالہ وفریاداور سب وشتم سے اپنے دل کی آگ ٹھنڈی کرتا تھا۔''(صفحہ 256)

(12/9) علامہ پرویز کا بیان ختم ہو گیا لیکن یہ نوحہ ابھی جاری ہے اور قیامت تک جاری رہے گا۔الفاظ بدل لئے گئے ہیں، راگ مختلف ہو گیا ہے، الفاظ واصطلاحات سے رخ بدل لیا ہے۔لیکن کفرو اہل کفر برابر نوحہ کناں ہیں۔ذرا غور فرمایئے کہ جس انقلاب میں اُن کی اور اُن کے مذہب کی موت مضمر تھی اُس کو کس نے پالا؟ کس نے پرورش اور تربیت کی؟ کس نے اسے مستقیم بنا کر قریش وعرب کی طرف متوجہ کیا (وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَهَدٰی)۔ارے سرکار یہی تو ابوطالب علیہ السلام ہیں جو اس انقلاب کو انگلی پکڑ کر چلنا سکھا رہے ہیں۔جو اُسے اپنے سینے پر سُلاتے ہیں کہ سینہ میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کے بعد 2500 سال سے کافروں کی بھڑ کائی ہوئی آگ جمع ہے۔ابلیس کے خلاف انتقام کے شعلے بھڑ کتے ہیں۔وصایائے انبیا علیہم السلام کا ہجوم ہے۔اس سینہ کی گرمی پہنچاتے ہیں سرکار دوؐ عالم کو۔اس قلب سے اُبھری ہوئی لوریاں دیکر سلاتے ہیں۔محبوب خدا کو دشمنانِ خدا سے روشناس کراتے ہیں۔عربوں کی ذہنیت، خصلت اور سنت کے راز بتاتے ہیں۔تاکہ سرکارؐ رسالت تنفیذ قرآن کی تدریج قائم کریں اور اپنے لامحدود وہبی علم کے عملی پہلو متعین ومشخص کر لیں۔حضرت ابوطالب علیہ الصلوٰۃ والسلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے وہ مادی بصیرت و بصارت تھے۔جسکے ذریعہ حضورؐ مادی حیثیت سے نبوت ورسالت کی اسماعیلی واسرائیلی دونوں شاخوں کے تمام احوال وواقعات ونشیب وفراز دیکھ سکیں۔ابوطالب علیہ السلام الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ o عَلَّمَ الْاِ نْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ o(96/4-5) کے مادی ومحسوس ذرائع میں سے ایک ذریعہ تھے اور عَلَّمَکَ مَالَمْ تَکُنْ تَعْلَمُ (4/113) کی تعلیم میں منجانب خداوند کریم فضل اللہ تھے۔جسکی وجہ سے قریش اور اہل کتاب باوجود کوشش کے آنحضرتؐ کو

ڈگمگا نہ سکے اور خدا نے فرمایا کہ:۔

وَلَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَ رَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ... الخ (نسآء 4/113 ، پوری آیت اپنے مقام پر دیکھیں)۔

بہر حال ابوجہل کا نوحہ قریش کی بے چارگی کا اعلان عام ہے۔ یاد رکھیئے کہ ابوطالبؑ اور خانوادۂ ابوطالبؑ کو قریش کے مذہب اور سُنت سے ذرہ برابر ہمدردی نہ تھی۔ وہ غلاموں، حبشیوں اور عجمیوں کو عربوں سے اور قریش کے زعما سے بدر جہا بہتر سمجھتے تھے۔ اُن کے نزدیک غُربا، قریش کے امرا ورؤسا سے زیادہ قابلِ احترام تھے۔ حضرت علی علیہ السلام عربوں کی حکومت کو ایک ٹوٹی ہوئی جوتی کے ٹوٹے ہوئے تسمہ سے حقیر فرمایا کرتے تھے۔ بھیڑ کی ناک سے لگی ہوئی گندگی سے بدتر قرار دیا کرتے تھے۔ یہ وہ حقارت تھی جو عربوں نے کبھی فراموش نہ کی۔ ابوجہل اور قریش کو اس نوحہ میں اسی قسم کی شکایت تھی۔ قریش اور عربوں نے آنحضرتؐ کو اپنا سلطان و بادشاہ بنانے کی، لڑکیاں دیکر داماد بنانے کی، ساری دولت نچھاور کر دینے کی پیش کش کی۔ لیکن اِن تمام چیزوں کو ٹھکرا دیا گیا۔ اِن زخموں کی گہرائی میں اگر ہمالہ پہاڑ جھونک دیا جائے تو بھی نہ بھریں گے۔ گھر گھر ابوطالبؑ و خانوادۂ ابوطالبؑ کا پیدا کردہ سوگ تھا، نوحے تھے، آہ وبُکا تھی، نہانا دھونا، عمدہ لباس پہننا، آرام و استراحت ترک کر دئے گئے تھے۔ اور صرف ایک ہی فکر تھی کہ کسی طرح بنی ہاشمؑ کو صفحۂ ارض سے مٹا دیا جائے۔ کعبہ کے منصب داروں کو کعبہ کے چھن جانے کا یقین ہو گیا تھا۔ اس لئے ھُبل سے فریاد ہوتی تھی تو کبھی لات ومنات سے التجائیں تھیں۔ پورے بنی ہاشم کو بھیڑیں قرار دے کر بھیڑیئے کا نوالہ بنانے کی فکر تھی۔ حضرت ابوطالبؑ کو نخل قرار دے کر اس پر محفوظ کھجوروں یعنی آنحضرتؐ اور متعلقین کو تلخ کرا دینے کی دُعائیں تھیں۔ محمدؐ مصطفٰے جس مذہب کو پیش کر رہے تھے وہ قریش کی طرح بنی ہاشمؑ کے نسب کو قطع نہ کرتا تھا۔ ورنہ ابوطالبؑ بھی اُسی طرح دشمن ہوتے جس طرح ابولہب دشمن تھا۔ مذہب وطریقہ محمدیؐ میں عربوں کا کوئی فضل واکرام وخصوصیت ہرگز نہ تھی۔ اگر ابوطالبؑ کا مذہب بھی وہی ہوتا جو قریش اور عربوں کا تھا تو یقیناً ابوطالبؑ ابوسفیان کا ساتھ دیتے۔ اگر قریش وعرب کے مزعومہ خداوندوں کو بنی ہاشمؑ یا ابوطالبؑ کے دِلوں میں رسائی حاصل ہوتی تو یقیناً حضرت ابوطالبؑ اور تمام بنو ہاشمؑ (معاذ اللہ) رسولؐ اللہ کی مخالفت کرتے۔ مگر بات تو یہ ہے کہ آنحضرتؐ وہ مذہب پیش کر رہے ہیں جو محمدؐ اور ابوطالبؑ اور تمام بنی ہاشمؑ کا اپنا اور اُنکے باپ دادؤں کا مذہب ہے۔ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ هُوَسَمّٰكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ (الحج 22/78) میں اَبِیْکُم صرف محمدؐ مصطفٰے کیلئے نہیں ہے۔ یہ صیغہ جمع ہے۔ اس میں وہ تمام حضرات داخل ہیں جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی صحیح اولاد تھے۔ یعنی جنہوں نے ہرگز شرک نہیں کیا، ہرگز حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نافرمانی نہیں کی۔ بلکہ ہمیشہ ہر حالت میں انؑ کی اتباع ہی کرتے رہے۔ جن کا قول یہ تھا کہ:۔ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِ یْ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ مَاكَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ

بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا.... الخ (یوسف 12/38)

''میں تو اپنے آباؤ اجداد حضرت ابراہیم واسحٰق ویعقوب علیہم السلام کی پیروی کرتا ہوں۔ ہمارے لئے تو یہ بات ہے ہی نہیں کہ ہم (اولاد ابراہیمؑ) اللہ کے ساتھ کسی قسم کا بھی شرک کرسکیں۔ اللہ کے افضال میں سے یہ بھی ہم پر ایک فضل ہے۔''

جن مبارک ہستیوںؑ کا تذکرہ ہو رہا ہے۔اُن کے لئے یہ طے ہو چکا تھا جبکہ:۔

وَاِذْقَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِىْ وَ بَنِىَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَo رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ فَمَنْ تَبِعَنِىْ فَاِنَّهٗ مِنِّىْ وَ مَنْ عَصَانِىْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌo (ابراھیم۔36-14/35)

''اور جب ابراہیمؑ نے کہا اَے میرے پالنے والے اس شہر کو امن دینے والا بنادے اور مجھے اور میرے بیٹوں کو صنم پرستی سے مجتنب رکھ۔ پالنے والے ان بتوں نے واقعی انسانوں میں سے کثرت کو گمراہ کر دیا ہے۔ چنانچہ جو میری اتباع کرے وہی مجھ سے ہیں۔اور جو میری نافرمانی کرے تو تُو یقیناً غفور اور رحیم ہے۔''

چنانچہ بنی ابراہیمؑ یا ابراہیمؑ کی اولاد صرف وہی لوگ ہیں جو شرک سے جُدا رہے اور اُن کی اتباع کی ۔رہ گئے نافرمان اور بتوں کے پجاری یا محافظ و منتظم و منصب دار اُن کو انبیاؑ ء کرام علیہم السلام ہمیشہ غفور اور رحیم کے حوالے کرتے چلے آئے۔اس آیت کی رو سے قریش اور تمام عرب نمرود و فراعنہ کی شاخیں ہیں۔وہ شجرۂ ابراہیمیؑ میں اگر کبھی کسی طرح تھے بھی تو منقطع کر دیئے گئے تھے۔انہی کے نمائندوں کی فہرستیں مولانا شبلی نعمانی نے پیش کی ہیں۔اُن ہی کے متعلق ہم اُلٹی گنگا بہانے چلے ہیں۔اُن کے آباؤ اجداد میں اگر ابراہیم علیہ السلام ہوتے تو اُن کا آبائی مذہب بھی وہی ہوتا۔عربوں نے اپنے اپنے آبائی مذہب کو جس مضبوطی سے پکڑے رکھا اس کی مثال خود عرب ہی ہیں۔چنانچہ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ سے قریش اور عرب یعنی بنی ہاشمؑ کے مخالفین کا کوئی رشتہ نہ تھا۔نہ ملت و مذہب سے،نہ خود نسب ابراہیمیؑ سے۔البتہ اقتدار و حکومت کے بل بوتہ پر بار بار ایسا ہوتا رہا ہے کہ لوگوں نے اپنے شجرۂ نسب کو کسی بزرگ شجرہ سے ملا دینے کی کوشش کی۔لیکن قرآن کریم و احادیث اور خود طرفدارانِ اقتدار کے بیانات سے یہ راز فاش ہوتے چلے آئے ہیں۔ ہر مجرم سے جرم کے دوران ایک غلطی کا ہو جانا مقدّر رہے۔اور مُفتش و محقق کے لئے وہ غلطی سرمایہ تحقیق و تفتیش بن جاتی ہے۔خصائل ابراہیم و اسماعیل علیہم السلام جن لوگوں میں یکسر مفقود ہوں۔نہ صورت ملتی ہو نہ سیرت کا شائبہ ہو وہ کیسے اُن کے بیٹے ہو سکتے ہیں؟ تاریخ نے اُن لوگوں کے حلیے لکھے ہیں۔باوجود احتیاط کے اُن کی صورتیں مکروہ اور سیرتیں بھیانک رہتی چلی آئی ہیں چنانچہ؛

(12/10)۔ جناب شبلی سے قریش کی عداوت کا ایک اور سبب ملاحظہ ہو لکھتے ہیں کہ:۔

(و) ''ایک بڑا سبب یہ تھا کہ قریش میں سخت بداخلاقیاں پھیلی ہوئی تھیں ۔ بڑے بڑے ارباب اقتدار نہایت ذلیل بداخلاقیوں کے مرتکب تھے۔''اس کے بعد چند بدمعاشیوں اور بدمعاشوں کا نام بنام ذکر کر کے لکھا ہے کہ:۔

(ز) ''اسی طرح اکثر ارباب جاہ مختلف قسم کے اعمال شنیعہ میں گرفتار تھے۔آنحضرت صلی اللہ علیہ (وآلہ) وسلم ایک طرف بت پرستی کی برائیاں بیان فرماتے تھے تو دوسری طرف اِن بداخلاقیوں پر سخت دارو گیر کرتے تھے۔جس سے اُن کی عظمت و اقتدار کی شاہی متزلزل ہوتی جاتی تھی۔'' (سیرۃ النبیؐ۔جلداوّل صفحہ 218)

(12/11)۔ اس بیان سے ایک دفعہ پھر واضح ہوا کہ جن کو قریش کہا جارہا ہے، بنی ہاشمؑ اُن کی طرح نہ بت پرست تھے۔نہ اعمال شنیعہ اور ذلیل بداخلاقیوں میں ملوث تھے۔ورنہ ظاہر ہے کہ وہ بھی اپنی مذمت پر چراغ پا ہوتے اور قریش کی طرح آنحضرتؐ کے خلاف

محاذ قائم کرتے ۔معلوم ہوا کہ بنی ہاشمؑ کا طرز زندگی اور عملدر آمد عین اسلام کے مطابق تھا۔ چنانچہ بنی ہاشمؑ کے پورے خاندان کے لئے ماننا پڑے گا کہ اُن کا ہر فرد مسلم ومومن، صالح اور متقی تھا۔اوراس سب کا سہرا جناب ابو طالب علیہ السلام کے سر تھا۔ وہ بنی ہاشمؑ کے سربراہ تھے اور پورا قبیلہ اُن کے اُسوۂ حسنہ پر عامل تھا۔ یہ زمین وآسمان، کفر وایمان اور سیاہ وسفید کا فرق تھا جس کو قریش نے مشکوک کرنے کیلئے صدیوں تاریخ کو بگاڑا۔تاریخ کو بگاڑنے کی ایک مثال بھی سن لیں مولانا شبلی کہتے ہیں:۔

(ح) ''**ایک ضروری نقطہ** گو یہ امر اب قطعی طور پر ثابت ہوگیا کہ غزوۂ بدر کا سبب کاروانِ تجارت پر حملہ کرنا نہ تھا۔تاہم اس گرہ کا کھولنا ضروری ہے کہ ایسے صاف اور صریح واقعہ کے متعلق تمام ارباب سیٔر نے متفقاً کیوں غلطی کی؟ اور صحیح بخاری وغیرہ میں یہ تصریحات کیوں پائی جاتی ہیں؟ کہ بدر کی ابتدا قافلہ ہی پر حملہ کرنے کی غرض سے ہوئی تھی۔''

(12/12)۔ مولانا شبلی یہ بیان نہ بھی دیتے تب بھی ثابت شدہ حقیقت ہے کہ عربی منصوبہ کی مصلحتوں کے تحت تمام مؤرخین و محدثین واقعات میں ہر ممکن رنگ آمیزی کرنے سے نہ چوکتے تھے۔ بخاری کی ایسی معتبر کتاب بھی یہی کہتی ہے کہ رسولؐ اللہ نے (معاذ اللہ) اہل مکہ کے ایک تجارتی پرامن قافلہ کو لوٹنے اور قتل وغارت کردینے کا حکم دیا تھا۔اسی کے نتیجہ میں جنگِ بدر پیش آئی۔(انا للّٰہ و انا الیہ راجعون) ۔ ایک زمانہ تھا جب یہ امید کی جاتی تھی کہ رفتہ رفتہ رسولؐ اللہ کے نام پر اورانہی کا اُسوہ اور عمل بتا کر لوٹ مار اور قتل و غارت ہمیشہ جاری رکھی جاسکے گی۔ چنانچہ اس پر باقاعدہ عمل ہوتا رہا۔غیر مسلموں کا حال تو معلوم ہے۔لیکن تاریخ بتاتی ہے کہ عین حالتِ نماز میں نمازیوں کو گرفتار کیا جاتا تھا اور گاؤں کے گاؤں قتل وغارت لوٹ مار سے تباہ کردیئے جاتے تھے۔تاریخ سے مالکؓ بن نویرہ اور اُسکے گاؤں کا واقعہ مٹایا نہیں جاسکتا۔مسلمان نمازیوں کو قتل کیا گیا۔اُنکے ناموس کی حرمت کو ضائع کیا گیا۔اُنکی عورتوں اور بچوں کو کنیزیں اور غلام بنایا گیا۔اسی مسئلہ کی رو سے جس کو جناب شبلی نعمانی نے باوجود بخاری ومسلم جیسی کتابوں میں ہوتے ہوئے باطل ثابت کیا ہے۔ چنانچہ مؤرخین کا اتفاق اور محدثین کی وثاقت سے باطل اور حرام فعل کو حق و جائز نہیں کہا جاسکتا۔اس قسم کے ہزارہا حقائق ہیں جن کو عربی منصوبہ سازوں کے اشارہ پر پوشیدہ کرلیا گیا یا اُن کی صورت کو بدل دیا گیا یا کم ازکم مشکوک کردیا گیا۔ بالکل اُسی طرح، قطعی اُسی انداز سے اور عین اُسی قسم کے مقاصد کے ماتحت حضرت ابوطالبؑ ایسی عظیم ترین ہستی، محسن رسولؐ، ماوائے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پوزیشن کو مشکوک کرنے کی انتہائی کوشش کی گئی۔لیکن یہاں مؤرخین کے درمیان اتفاق نہ ہوسکا۔اسلئے کہ بعض مؤرخ اس معاملہ میں خریدے نہ جاسکے۔خود مولانا شبلی ہی کو لے لو۔وہ اس روایت کو غیر معتبر قرار دیتے ہیں جس پر حضرت ابی طالبؑ کا ایمان نہ لانا منحصر کیا گیا ہے (صفحہ 248)۔مگر افسوس کہ سید سلیمان ندوی اپنی سیادت کے ثبوت میں اپنے اُستاد یعنی شبلی نعمانی کے خلاف اپنے جدامجد کو کافر ماننے پر مُصر ہیں (حاشیہ صفحہ 248)۔ہم انہیں مبارک باد پیش کرتے ہیں کہ آخر وہ اپنے جدّ کو پہچان لینے میں کامیاب ہوگئے اور ساتھ ہی اُستاد (جو باپ کے برابر ہوتا ہے) کا حق ادا کردیا۔

(12/13)۔ آپ نے دیکھ لیا کہ آج چودھویں صدی میں بھی حضرت ابوطالب علیہ السلام کے ایمان کی بحث اتنی خطرناک حد تک محسوس کی جاتی ہے کہ شاگرد اُستاد کا منہ نوچ لینے میں تکلف نہیں کرتا۔ بہرحال بتایا یہ جارہا تھا کہ تاریخی بیانات آج چودہ سو سال کے

بعد غلط ثابت کئے جا رہے ہیں۔ واقعی مولانا شبلی نے نہایت شاندار طریقہ پر جنگ بدر کی بخاری و مسلم وغیرہ میں مذکورہ وجہ کو باطل ثابت کیا ہے۔ لہٰذا سوچ سمجھ کر یہ کہنا چاہئے کہ تاریخ سے ابو طالب علیہ السلام کا ایمان لانا ثابت نہیں ہے۔ اسی لئے ہم نے الٹی گنگا شروع کی اور کفار عرب کے ہتھکنڈے آپ کے سامنے رکھتے چلے جانا ضروری خیال کیا ہے۔ اسکے بعد آپ یہ دیکھیں کہ شبلی صاحب وہ سبب بیان کرتے ہیں۔ جس کی بنا پر بعض تاریخی بیانات کا غلط ہو جانا ضروری تھا۔ ناظرین سے التماس ہے کہ اس پہلو کو نہایت غور و فکر کے ساتھ مطالعہ فرمائیں، لکھتے ہیں کہ:۔

(ط) ''اصل یہ ہے کہ اصولِ جنگ کے موافق، اکثر غزوات میں یہ ظاہر نہیں کیا جاتا تھا کہ کدھر جانا اور کس غرض سے جانا مقصود ہے؟ صحیح بخاری میں حضرت کعب بن مالک جو مشہور صحابی ہیں اُن کا قول نقل کیا گیا ہے:۔

وَلَمْ یَکُنْ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و آلہٖ وسلم یُرِیْدُ غَزْوَۃَ اِلَّا وَرَّی بِغَیْرِھَا۔

''اور آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم جب کسی غزوہ کا ارادہ فرماتے تھے تو کسی اور موقعہ کا توریَّہ فرماتے تھے۔'' (صفحہ 364)

(12/14)۔ اس کے بعد مولانا توریہ کے معنی بتاتے ہیں سنئے:۔

(ی)۔ ''توریہ کے معنی شارحین بخاری نے یہ لکھے ہیں کہ آپ ایسے موقعہ پر مبہم اور محتمل المعنین الفاظ استعمال فرماتے تھے۔ گو میرے نزدیک یہ کلیّہ اس معنی میں صحیح نہیں، تاہم واقعات کے استقصاء سے یہ ضرور ثابت ہوتا ہے کہ بعض موقعوں پر واقعہ اس طرح مبہم رکھا جاتا تھا کہ لوگ مختلف قیاس پیدا کرتے تھے۔'' (سیرۃ النبیؐ جلد اوّل صفحہ 364)

(12/15)۔ بعض نوجوان شبلی صاحب کے اس بیان کو ٹھیک سے سمجھ کر لطف اندوز نہ ہو سکیں گے۔ اُن کے لئے ہم چند وضاحتی سطریں لکھنا ضروری سمجھتے ہیں۔ تَوْرِیَّۃٌ مصدر ہے۔ اس کے معنی ہیں ''چُھپانا'' کسی مفہوم کو پوشیدہ اور محفوظ کرنا۔

(To conceal), (To hide To), (To dissemble), (To allude ambiguously To)

ترکیب سے مفہوم پوشیدہ کر جانا، ساتھ ہی جھوٹ نہ بولنا۔ یہ ہیں اصطلاحی معنی۔ مثلاً آپ دریافت کرتے ہیں کہ آپ نے کتنا لکھا پڑھا ہے؟ جواب ملتا ہے۔ بھائی گزارہ کر لیتا ہوں۔ اس جواب سے آپ سمجھے کہ معمولی اردو وغیرہ پڑھا لکھا شخص ہے۔ لیکن اُس کے جواب میں لکھنے پڑھنے کیلئے ایک لفظ بھی نہیں ہے۔ آپ نے خود ہی سمجھ لیا کہ گزارہ کر لیتا ہوں کا مطلب ہے کہ اتنا لکھا پڑھا ہوں کہ اپنے معمول کے کام چلا لیتا ہوں۔ لہٰذا توریہ کا مطلب یہ ہے کہ کلام ایسا کیا جائے جس سے کذب نہ ہو اور اصل بات بھی معلوم نہ ہونے پائے اور متعلقین کا اطمینان بھی ہو جائے۔ یاد رکھئے کہ توریہ تقیہ کے مبادیات میں سے ایک علمی طریقہ ہے جس سے مصلحت نافذ کی جا سکتی ہے۔ لہٰذا مولانا شبلی نے مان لیا کہ دشمنوں یا نا اہلوں سے کسی عمل کو پوشیدہ رکھنا تاکہ عمل سے غلط فائدہ نہ اٹھایا جا سکے سنت نبویؐ ہے۔ اور ہر بات کو کھول کر بیان نہ کرنا مصلحتاً جائز ہے۔ لہٰذا ہمیں اُن جہلا سے یہ شکایت ہے کہ جناب ابو طالب علیہ السلام کے متعلق انہیں کسی مصلحت کا خیال کیوں نہیں آتا؟ وہ کیوں چاہتے ہیں کہ اس طریقہ کو انبیاء علیہم السلام اس کے موزوں ترین مواقع پر بھی استعمال نہ کریں؟ یہ پہلو ہم مناسب جگہ پر دوبارہ سامنے لائیں گے۔ یہاں یہ دیکھیں کہ تقیہ اور توریہ کیوں ضروری ہے؟ یہ بھی مولانا کے قلم سے ملاحظہ ہو:۔

(ک)۔ ''آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ کی تیاریاں کیں۔ اتحادی قبائل کے پاس قاصد بھیجے کہ تیار ہو کر آئیں۔ احتیاط کی گئی کہ اہل مکہ کو خبر نہ ہونے پائے۔ حضرت حاطبؓ بن ابی بلتعہ ایک معزز صحابی تھے۔ اُنہوں نے قریش کو مخفی خط لکھ بھیجا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ مکہ کی تیاریاں کر رہے ہیں۔ آنحضرتؐ کو اس واقعہ کی اطلاع ہوگئی۔ حضرت علیؓ (اور حضرت زبیرؓ، حضرت مقدادؓ اور حضرت ابو مرثد غنوی) کو بھیجا کہ قاصد سے خط چھین لائیں۔ خط آنحضرتؐ کی خدمت میں پیش ہوا تو تمام لوگوں کو حاطب کے افشائے راز پر حیرت ہوئی۔ حضرت عمر بیتاب ہو گئے اور عرض کی کہ حکم ہو تو اسکی گردن اڑا دوں۔''
(سیرۃ النبیؐ۔ صفحہ 512-511)

(12/16)۔ ہم جناب شبلی سے یہ دریافت نہ کریں گے کہ سرکار آپ نے جب حاطب کا نام پہلے لکھا تو اُن کے ساتھ حضرت بھی لکھا اور رضی اللہ عنہ کا ''رضؓ'' بھی لکھا اور انہیں ایک معزز صحابی بھی بتایا۔ لیکن آخر میں جب نام آیا تو بے چارے حضرت صاحب نہ معزز رہے نہ خدا اُن سے راضی رہا۔ صرف حاطب لکھ کر آپ نے اُن کو کیوں چھوڑ دیا 2۔ قاصد کو پکڑنے اور خط چھین لانے کیلئے حضرت علی علیہ السلام کے بعد یہ بریکٹ کیوں چپکا دیا۔ کیا تمہارے خیال میں وہ تنہا کافی نہ تھے؟ بہر حال ہم مولانا کو مذہبی رعایت دیتے ہیں۔ جس قدر وہ حق بیان کریں اس پر اُن کے مشکور ہیں۔

(12/17)۔ ناظرین مندرجہ بالا حادثہ آپ نے دیکھ لیا۔ یہ ایک معزز صحابی کا حال تھا۔ وہ واقعی معززین میں داخل رہا ہوگا۔ ورنہ اُس سے راز رکھا جاتا۔ اس سے آپ چند باتیں سیکھیئے۔ اوّل یہ کہ معزز صحابہ میں ایسے لوگ موجود تھے جو موقعہ ملنے پر کفار کو آنحضرتؐ کے راز بتا دیا کرتے تھے۔ یعنی قریش کی طرف سے جاسوسی کے لئے معزز مقام حاصل کرنا ضروری تھا، کہ راز معلوم ہوتے رہیں۔ دوم یہ کہ قرآن کریم میں مسلمانوں کو بتایا گیا ہے کہ اگر تمہیں، تمہارے ماں باپ، عزیز واقارب، اولاد واموال وغیرہ اللہ اور رسولؐ سے زیادہ عزیز ہیں تو جہنم کیلئے تیار رہو۔ سوم یہ کہ اگر یہ خط کسی دشمن پارٹی کی طرف سے جاتا اور ترسیل خط میں ایسی غلطی کی جاتی جس سے خط بھی پکڑا جائے اور پارٹی بھی ظاہر ہو جائے تو یقیناً پارٹی کی طرف سے ایسے بد احتیاط شخص کی سزا، سزائے موت ہوتی۔ جس نے اِدھر اپنے فرائض میں کوتاہی کی اور اُدھر پوری قوم کو تباہ کرانے کا باعث بنا۔ چہارم یہ کہ اگر جناب ابو طالب علیہ السلام کے متعلق ہمیں ایسی ایک بھی حرکت معلوم ہو جاتی جیسی کہ اُن رضی اللہ عنہ حضرت صاحب نے کی تھی تو قسم بخدا میں اُنہیں دشمنانِ اہل بیتؑ کی اُسی فہرست میں شمار کرتا جو ہمارے یہاں معروف و مشخص ہے۔ پانچویں یہ کہ اگر اس تمام کے بعد بھی وہ حضرت رضی اللہ عنہ ہیں تو جناب ابی طالبؑ بلاشبہ صلواۃ اللہ علیہ ہیں۔ چھٹی یہ کہ یہاں دیکھئے کہ حضرت ابی طالب علیہ السلام کی فداکاریاں مانی جاتی ہیں اور ان کے لئے ہر ایسے عمل وقول کا انکار کیا جاتا ہے کہ جس سے آنحضرتؐ یا مسلمانوں کا نقصان مدنظر ہو۔ اسکے باوجود اُنہیں (معاذ اللہ) مومن تسلیم کرنے میں ایک مخصوص ذہنیت کو تکلف ہوتا ہے۔ لیکن حاطب کو مومن کہنے اور اللہ کو اس سے زبردستی راضی کرنے پر ایڑی چوٹی کا زور لگایا جاتا ہے۔ یہاں تلاش کرو، یہیں کہیں کفر پوشیدہ ہے۔

(12/18)۔ تبلیغِ اسلام کے لئے تقیہ و توریہ جیسے بے پناہ شرعی اصول

دیکھا آپ نے توریہ کیوں ضروری ہے؟ تقیہ کیوں لازم ہے؟ تا کہ کفار و منافقین اور عربی قسم کے مسلمین کے خطرات سے محفوظ رہ کر دین کو تیزی و کامیابی سے نافذ کیا جا سکے۔ چونکہ توریہ اور مصلحت کی بات ہو ہی گئی اس لئے آپ کے روبرو یہ بھی پیش کر دیں کہ اوّلین مسلمانوں کو ممانعت تھی کہ وہ ایک خاص حالت کے سوا خود کو مسلمان ظاہر نہ کریں۔ خاموشی سے حکمت کے ساتھ دعوت اسلام دیں اور یہ کام اپنے اعتماد کی نسبت سے کریں۔ تا کہ قریش کو تدارک کا موقعہ نہ ملے اور مذہب اسلام بلا مزاحمت پھیل جائے اور اسلام کا پھیلنا بھی انہیں بے ڈھنگے طریقہ پر منظور نہ تھا۔ حضرت ابو طالب علیہ السلام اپنے انتقال سے پہلے ایسے داخلی انتظامات کرا دینا چاہتے تھے کہ جو اُن کی وفات کے بعد آنحضرتؐ کی فطری حمایت و صیانت کا سبب بن جائیں۔ لہٰذا نہایت محنت و احتیاط سے تبلیغ کی جاتی تھی۔ تا کہ قریش اس پروگرام اور اس کے نتائج پر مطلع ہو کر تدارک نہ کرنے پائیں۔ اسلام لانے والے ایسے لوگ ہوں جو قریش کے خلاف جم کر کھڑے ہو سکیں۔ ساتھ ہی تہذیب و اخلاق اور مصلحت کے تحت قریش کو چڑایا نہ جائے۔ انہیں ایک دم خطرہ محسوس نہ ہونے پائے۔ یہ سب کچھ تقیہ و توریہ جیسے بے پناہ شرعی اصولوں کی مدد سے کیا جا رہا تھا۔ اس سلسلہ کی دو ایک چیزیں شبلی صاحب سے سنئے لکھا ہے کہ:۔

(ل)۔ ''یہ امر واقعی طور پر ثابت ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نبوت سے پہلے ہی بت پرستی کی برائی شروع کر دی تھی اور جن لوگوں پر آپؐ کو اعتماد تھا اُن کو اس سے منع فرماتے تھے۔'' (صفحہ۔192)

(12/19)۔ نبوت اور رسالتِ محمدؐیہ روزِ ازل سے غیر منقطع صورت میں چلی آ رہی ہے

یہاں آپ نوٹ کریں کہ اعلانِ نبوت سے نبوت شروع کرنا اور اُسی روز سے آنحضرتؐ کو نبیؐ ماننا بھی تاریخ میں جہاں کہیں ملے اُسے کفارِ قریش کے منصوبہ سازوں کی کارفرمائی سمجھنا چاہئے۔ ورنہ حقیقتاً نبوت محمدؐیہ کائنات کی ابتدا کے پہلے سے شروع ہوتی ہے۔ مگر اپنی آخری اور مکمل صورت میں پیدائشِ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ساتھ ماننا پڑیگی۔ اور ہم تو **اَوَّلُنَا مُحمدٌ و اوسطنا مُحمدٌ و آخرنا مُحمدٌ** کے اصول سے حضرت آدم علیہ السلام اور اُن کے بعد تمام انبیاء علیہم السلام اور اُن کے ادوار میں اُن کے تمام اوصیا و آئمہ علیہم السلام کو روزِ ازل سے قیامت تک محمدؐ ہی محمدؐ مانتے چلے آتے ہیں۔ دوسری چیز یہ نوٹ کر لیں کہ مولانا شبلی اعلانِ نبوت سے پہلے کی تبلیغ کو اعتماد اور بھروسہ سے مشروط قرار دیتے ہیں۔ یعنی اُس زمانہ میں تبلیغ صرف اُن لوگوں کو کی جاتی تھی جن پر آنحضرتؐ کو کامل اعتماد اور بھروسہ تھا کہ وہ نہ صرف غور و خوض کریں گے بلکہ اُس تبلیغِ اسلام کو راز میں بھی رکھیں گے اور قبل از وقت اُس راز کو فاش نہ کریں گے اور ہرگز ہرگز کسی طرح اُن لوگوں پر ظاہر نہ ہونے دیں گے جو نا قابلِ اعتبار ہیں یا بنو ہاشمؑ کے دشمن، حریف اور بدخواہ ہیں۔ اور چونکہ تاریخ کی رُو سے عوام کا یہی عقیدہ قائم ہوا کہ آپؐ اعلانِ نبوت کے روز سے نبی ہیں اور برابر جموری (جمہوری) عقیدہ یہی رہتا چلا آیا ہے۔ اس سے یہ ثابت ہے کہ اعلان نبوت سے پہلے پہلے جن لوگوں کو اپنی نبوت اور تعلیمات اسلام کی تبلیغ کی گئی، وہ واقعی قابل اعتماد بلکہ جان نثارانِ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے۔ یہ قابل بھروسہ اور قابل یقین لوگ وہی ہو سکتے ہیں جن کو سابقہ تعلیمات خداوندی مسلسل

معلوم ہوں۔ جو مصلحت انبیاء سے آگاہ ہوں۔ جن کو اصول تدریج کے فوائد وقواعد پر یقین ہو اور جو کسی طرح بھی ان مصالح کی خلاف ورزی نہ کریں۔ پھر یہ وہ لوگ ہونا چاہیں جن کو نہ صرف تعلیمات انبیاء علیہم السلام کا ربط وتسلسل معلوم ہو بلکہ اس وقت کے عربوں اور دشمنان تعلیمات خداوندی پر بھی مطلع ہوں تاکہ اس راز کو اُن سے محفوظ رکھیں۔ اس کے بعد یہ نوٹ کریں کہ یہ راز چونکہ محفوظ رہا اور آج تک نبوت کی ابتدا پر بحثیں ہوتی ہیں اور اکثر کم علم لوگ یا منصوبہ ساز حضرات کا عقیدہ یہی ہے کہ اعلان نبوت کے بعد سے نبوت شروع ہوئی۔ اس سے پہلے وہ آنحضرتؐ کو نبی نہیں مانتے۔ اس سے ان لوگوں کی عظمت ثابت ہوگئی جنہوں نے باوجود تبلیغ ہوتے رہنے، باوجود تعلیمات نبوت سے فیض یاب ہوتے رہنے کے ناقابل اعتبار لوگوں کو اس راز کی ہوا تک نہ لگنے دی۔ ورنہ حریفانِ بنی ہاشم، بدخواہانِ ابوطالبؑ اور دشمنانِ خدا ورسولؐ، اعلانِ نبوت کو صرف ڈھونگ نہ کہتے بلکہ اُسے بہت پرانا ڈھونگ قرار دیتے اور روزِ اوّل ہی سے مخالفت، مزاحمت اور شرارت شروع کر دیتے۔ اور کسی قیمت پر وہ اعزاز نہ کرتے جو بنی ہاشمؑ اور خصوصاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلق عظیم کا فطری نتیجہ تھا۔ سیدؐ بطحا ویثرب نہ کہتے، امین کا لقب نہ دیتے اور دشمنی کا ایک ہلّڑ مچ جاتا۔ (معاذ اللہ) اُن کو بُت پرست مشہور کرنے کی کوششیں ہوتیں، شرابخوری کا ثبوت فراہم کیا جاتا، ہر ممکن اتہام اور الزام لگایا جاتا۔ اس سے آپ حضرت ابوطالب علیہ السلام کی اور شرعی اصول تدریج وحکمت نیز توریہ کی اہمیت کا اندازہ لگائیں۔ عرب کے تمام گھرانے، شیوخِ قریش کا ہر فرد سر آنکھوں پر بٹھاتا رہا۔ قریش نے اعلان نبوت سے پہلے پہلے آنحضرتؐ کی ہر ہر حیثیت سے تعظیم وتکریم کی اور انہیں پتہ نہ چلا کہ ابوطالبؑ کے گھر میں ایک انقلاب پرورش پا رہا ہے جو عرب وقریش کی مذہبی حکمرانی کو خس وخاشاک کی طرح بہالے جائے گا۔ یہ نتیجہ محض جناب ابوطالب علیہ السلام کی اس بصیرت کا تھا جو تمام سابقہ انبیا واوصیا وآئمہ علیھم السلام سے انہیں وصیت اور ورثہ میں ملی تھی۔ اور اسی کو خدا نے فَھَــدٰی کہہ کر جتلایا۔ اسی انتظام کی پختگی کی بنا پر فَاَغْنٰی فرمایا۔ فاٰوٰی ارشاد ہوا۔ قیام واستحکام نبوت ورسالت کے انتظامات کے دوش بدوش قیامت تک نبوت ورسالت کی حفاظت وصیانت کا مادی انتظام بھی ہوگیا تو خدا کا وعدہ (فَتَرْضٰی) پورا ہوگیا۔ اور خدا نے محمدؐ وابی طالب علیھما السلام کو راضی کر دیا۔ یہاں یہ بھی نوٹ کرلیں کہ اعلان نبوت کے بعد یہ راز رفتہ رفتہ کُھل گیا کہ نبوت اور رسالتِ محمدؐ یہ روزِ ازل سے غیر منقطع صورت میں چلی آرہی ہے۔ کبھی انبیّاء ورسلؑ لگاتار ایک دوسرے کے وصی وولی وخلیفہ وامام بنتے رہے۔ اور کبھی ایک نبیؑ سے دوسرے نبیؑ تک آئــمۃ کا سلسلہ جاری رہتا اور تعلیمات خداوندی کو پہنچاتا رہا ہے۔ اور آخر میں یہ راز بھی کھل گیا کہ اب قیامت تک خاندان ابوطالب علیہ السلام کے چشم و چراغ بارہ آئمہؑ کی شکل میں اس مکمل دین کو حوض کوثر تک لے کر جانے کے ذمہ دار ہیں۔ اس پر بعض ناعاقبت اندیش منصوبہ سازوں نے ایسی روایات بھی تیار کی تھیں جن میں (معاذ اللہ) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قبل نبوت بُت پرستی وغیرہ کی طرف اشارے پائے جاتے ہیں۔ اُن کو ہم نے ناعاقبت اندیش اس لئے لکھا کہ انہوں نے خاندانِ بنو ہاشمؑ کی عداوت میں خود اپنے مزعومہ مذہب کی رعایت بھی ملحوظ نہ رکھی۔ اور دنیا پر جس کو اپنا نبیؐ ظاہر کیا اس کی تنقیص کو خود اپنے مزعومہ مذہب کی تنقیص نہ سمجھا۔ یہ بھی سمجھ لیں کہ جو لوگ خود آنحضرتؐ کو (معاذ اللہ) بُت پرستی، شراب نوشی، نماز میں بتوں کی مدح وثنا، بتوں کا چڑھاوا کھانا، اور قبل اعلان نبوت نبی نہ ہونا، بعد اعلان نبوت سینکڑوں غلطیاں کرنا، غلطی کو اُن سے ممکن ماننا وغیرہ بطور مذہب اختیار کرلیں تو وہ اگر حضرت ابوطالب علیہ السلام کو مومن و

مسلم نہ مانیں تو کوئی تعجب نہ ہونا چاہئے۔اس سلسلہ کا ایک اور بیان مولانا شبلی کے قلم سے دیکھئے،فرماتے ہیں کہ:۔

(م)۔ ''آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب فرضِ نبوت ادا کرنا چاہا تو سخت مشکلیں پیشِ نظر تھیں۔اگر آپ کا فرض اسی قدر ہوتا کہ مسیح علیہ السلام کی طرح صرف تبلیغِ دعوت پر اکتفا فرمائیں یا حضرت کلیمؑ کی طرح اپنی قوم کو لے کر مصر سے نکل جائیں تو مشکل نہ تھی۔لیکن خاتم انبیاء(صلی اللہ علیہ وسلم) کا کام خود سلامت رہ کر عرب اور نہ صرف عرب بلکہ تمام عالم کو فروغ اسلام سے منور کر دینا تھا۔اس لئے نہایت تدبر و تدریج سے کام لینا پڑا۔سب سے پہلا مرحلہ یہ تھا کہ یہ پُر خطر راز پہلے کس کے سامنے پیش کیا جائے؟اس غرض کے لئے صرف وہ لوگ انتخاب کئے جا سکتے تھے جو فیض یاب صحبت رہ چکے تھے۔جن کو آپ کے اخلاق وعادات کی ایک ایک حرکات وسکنات کا تجربہ ہو چکا تھا جو پچھلے تجربوں کی بنا پر آپ کے صدقِ دعویٰ کا قطعی فیصلہ کر سکتے تھے۔یہ لوگ حضرت خدیجہؓ آپ کی حرم محترم تھیں۔حضرت علیؑ تھے جو آپؐ کے آغوشِ تربیت میں پلے تھے۔'' وغیرہ وغیرہ(سیرۃ النبیؐ۔جلد اوّل صفحہ 205)

(12/20)۔ اعلان نبوت سے پہلے پہلے تمام بنی ہاشمؑ میں تبلیغ ہو چکنا لازم ہے

گو مولانا کا یہ منشا نہیں ہے۔یہاں تو وہ بعد اعلانِ نبوت کی بات کر رہے ہیں۔مگر ہم کہتے ہیں کہ اگر مولانا کا بیان (ل) صحیح ہے تو نمبر (م) کا تعلق اعلان نبوت سے بہت پہلے سے ہے۔یعنی آپ نے خدیجہ وعلی علیہما السلام کو روز اوّل سے تبلیغ اسلام شروع کی تھی اور تمام اہل عقل مع مسلمانوں کے مانتے ہیں کہ جناب ابو طالبؑ سے زیادہ آپؐ کو نہ کسی دوسرے پر اعتماد تھا نہ ہو سکتا تھا۔اور نہ آنحضرؐت کی ایک ایک عادت بلکہ ایک ایک بال،خون و گوشت،ہڈیاں،خصلت ومزاج وغیرہ سے کوئی دوسرا شخص،جناب ابو طالبؑ کے بالمقابل زیادہ علم وتجربہ رکھتا تھا نہ کسی اور کے لئے ممکن تھا۔لہٰذا جناب ابو طالب علیہ السلام سے زیادہ آنحضرؐت کی پوزیشن کو کوئی شخص نہیں جانتا تھا۔چنانچہ مولانا کے مسلمہ قاعدے کی رُو سے سب سے پہلے ابی طالب علیہ السلام کو وہ تازہ تعلیمات خداوندی بتانا لازم ہو جاتا ہے جو پہلے انبیاورُسل سلام اللہ علیہم پر نازل ہونے کی بنا پر جناب ابو طالبؑ کو معلوم نہ تھیں۔اُن کے بعد جناب خدیجہ سلام اللہ علیہا کا نمبر ہوگا۔پھر جناب علی مرتضیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام۔یہ نہ صرف فطری پوزیشن تھی بلکہ مولانا بھی اس سے متفق ہیں۔اس کے بعد دوسرے معتبر حضرات کا نمبر آئے گا اور یہ نمبر بنی ہاشمؑ سے باہر نہ نکلے گا جب تک وہ سب روشناس نہ ہو جائیں۔اُنکے بعد دیگر افراد کا نمبر آئے گا۔اور بہرصورت بعد اعلانِ نبوت آئیگا۔اعلان نبوت سے پہلے پہلے تمام بنی ہاشمؑ میں تبلیغ ہو چکنا لازم ہے۔پھر اعلان کے بعد بھی تبلیغ میں تدریج برابر قائم رہے گی۔تاکہ بقول مولانا یہ''پُر خطر'' راز دشمنان قدیم پر بلا ارادہ ظاہر نہ ہونے پائے۔یہاں مولانا نے جناب عیسیٰ علیہ السلام وموسیٰ علیہ السلام کی در پردہ توہین کی ہے۔یہ سراسر واقعات کے خلاف ہے کہ اوّل الذکر نے صرف دعوت پر اکتفا کی اور ثانی الذکر اپنی قوم کو صرف لیکر نکل گئے۔اور یہ بات کہ آنحضرؐت اپنی قوم کو بلا کسی مشکل کے عرب سے لیکر نکل سکتے تھے،بہت مضحکہ خیز ہے۔غالباً مولانا یہ بھی نہیں جانتے کہ آنحضرؐت کی قوم کون تھی؟کیا تھی؟کہاں تھی؟کتنی بڑی اور کیسی تھی؟رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قتل پر آمادہ ہونا قریش کیلئے نہایت آسان تھا۔لیکن وہ جانتے تھے کہ بنو ہاشمؑ خون کا انتقام نہ چھوڑیں گے۔اور سلسلہ بہ سلسلہ تمام مکہ جنگ میں مبتلا ہو جائیگا۔بہت سے لوگ اسلام لا چکے تھے اور قریباً کوئی قبیلہ ایسا باقی نہ تھا جس میں دو ایک شخص اسلام نہ لا چکے ہوں۔اس لئے اسلام اگر

جرم تھا تو صرف ایک شخص اس کا مجرم نہ تھا۔ بلکہ سینکڑوں تھے۔ اور سب کا استیصال کرنا ممکن نہ تھا۔ (سیرۃ النبیؐ۔ جلد اوّل صفحہ 220) (12/21)۔ یہ اسی تدریج و مصلحت عمرانؑ کا نتیجہ تھا جس میں اسلام کی تبلیغ اس اصول کو سامنے رکھ کر کی جارہی تھی کہ میرے بعد دشمنان دین کی مزاحمت صفر سے ضرب کھا کر رہ جائے۔ اور اس مقصد کے حصول کے لئے حضرت ابو طالب علیہ السلام نے بہت محنت و کاوش سے کام کیا۔ گویا تمام قبائل کو ان خبیثوں کے بالمقابل لاکر کھڑا کر دیا گیا۔ جس طرح بنی ہاشمؑ کو اسلام کی تفصیلات سے قبل اعلان نبوت مطلع کر دیا گیا تھا، بالکل اُسی طرح قبائل عرب میں سے چن چن کر لوگوں کو اسلام کی تبلیغ کی گئی۔ حضرت عمران علیہ السلام نے اس مقصد کے لئے بار بار سفر کئے۔ وہ آنحضرتؐ کو ہمراہ رکھتے تھے۔ علمائے یہود و نصاریٰ سے ملاقات کراتے تھے۔ ان کی کتابوں میں مذکورہ پیش گوئیوں کی طرف متوجہ کرتے تھے۔ وہ لوگ ان کا خاتم الرسل ہونا مان کر اعلان کر دیتے تھے۔ چنانچہ اسی تاریخ میں بہت سے احبار و رہبان و علمائے یہود و نصاریٰ کا آنحضرتؐ کو پیغمبر آخر الزمان بتانا موجود ہے۔

اُلٹی گنگا کے سلسلے کی آخری بات سنئے اور خوب غور سے سوچئے اور قرآن کے الفاظ میں وہ تصویر بنایئے اور اسے کبھی اوجھل نہ ہونے دیجئے۔ یہ بہت کام کی باتیں ثابت ہوں گی اور ایمان میں پختگی کا باعث بنیں گی۔ بہر حال نہایت مختصر طور پر عرض کروں کہ وہ نبیؐ جس کے علم کی یہ انتہا تھی کہ کوئی ایسی بات نہ گزری، نہ موجود اور نہ آئندہ ہوگی جس کا علم محمدؐ کو نہ ہو۔

وَعَلَّمَکَ مَا لَمْ تَکُنْ تَعْلَمُ۔ "اور سکھایا تجھ کو جو کچھ کہ نہ تھا تو جانتا۔" (نسآء 4/113) (ترجمہ رفیع الدین)

ایسے "العلمؐ" کو کائنات کے ہر شخص کے ساتھ ساتھ رکھا۔ حضرت آدمؑ سے لے کر (بلکہ اس سے بھی بہت پہلے سے شروع ہو کر) اپنے زمانہ تک کے لوگوں کے لئے راہِ ہدایت دکھاتے رہے۔ نہ صرف یہ کہ اپنے ہی زمانہ کی مخلوق کے لئے ہادی تھے بلکہ قیامت تک کی مخلوق کے پیشوا تھے۔ وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا کَآفَّۃً لِّلنَّاسِ (سبا 34/28) اور وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ o (انبیآء 21/107) اور نہیں بھیجا ہم نے تجھ کو مگر رحمت واسطے عالموں کے۔ نیز سورۃ اعراف 7/156 بھی ملاحظہ فرمائیں۔ ایسا نبیؐ جب مادی طور پر بلند ہوا تو قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی o سے آگے نکل گئے (نجم 53/9)۔ اور غیر معین اور لامحدود مقام پر پہنچے۔ جہاں کوئی ملک مقرب ہو یا کوئی نبیؐ ہو یا مرسلؑ نہ پہنچ سکا ہو۔ اس ہی نبیؐ کے لئے قرآن نے ایسی حکومت کا اعلان کیا کہ اگر کوئی شخص اُنؐ کو حاکم تسلیم نہ کرے تو اس کا ایمان ہی قبول نہیں فَلَا وَرَبِّکَ لَا یُؤْمِنُوْنَ حَتّٰی یُحَکِّمُوْکَ (نساء 4/65) "پس قسم ہے پروردگار تیرے کی نہیں ایمان لاویں گے یہاں تک کہ حاکم بدیں تجھ کو" (ترجمہ رفیع الدین)

ایسے نبیؐ کے ساتھ ہم کلام ہونے کا طریقہ قرآن کی زبان میں یوں بیان ہوا ہے پوری آیت سنئے:۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا اَصْوَاتَکُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ کَجَهْرِ بَعْضِکُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُکُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ o (حجرات 49/2)

"اے لوگو جو ایمان لائے ہو۔ مت بلند کرو آوازیں اپنی کو اوپر آواز نبیؐ کے اور مت آواز بلند کرو اوپر اس کے بیچ بولی کے جیسا بلند کرتے ہیں بعضے تمہارے واسطے بعضے کے ایسا نہ ہو کہ کھوئے جائیں عمل تمہارے اور تم نہ سمجھتے ہو۔" (ترجمہ رفیع الدین)

یہاں پر یہ نوٹ کر کے آگے بڑھیں کہ اگر کسی شخص نے مخالفت تو بجائے خود، صرف آواز اور لہجہ بھی نبیؐ سے بلند کیا تو تمام اعمال ضائع ہو جائیں گے۔ سوچیئے کہ جب پلیٹ فارم ہی صاف ہو گیا تو نماز، روزے، زکوٰۃ اور حج و زواری اور خیر خیرات کہاں گئے؟ میں نے جلدی جلدی چند آیات پیش کر کے جان چھڑائی ہے ورنہ سینکڑوں آیات کا مطالبہ ہے کہ اُن کو دلیل بنایا جائے۔

بہر نوع یہاں پر کچھ کڑوی باتیں بھی سنیں اور برداشت کریں کہ وہ بھی قرآن ہے۔ ابھی ابھی آپ نے سنا تھا۔ ایسے نبیؑ کو جسے کَآفَّةً لِّلنَّاسِ (سبا 34/28) رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِيۡنَ o (انبیاء 21/107) لِلۡعٰلَمِيۡنَ نَذِيۡرا o (فرقان 25/1) کہا ہو۔ اگر اُسے یہ کہا جائے کہ مَا عَلَيۡکَ مِنۡ حِسَابِهِمۡ مِّنۡ شَیۡءٍ (انعام 6/52) ''نہیں اوپر تیرے حساب اُن کے سے کچھ۔''

یعنی تو اُن کے حساب کتاب کا ذمہ دار نہیں ہے۔ سوچ کر بتایئے کہ وہ کون اور کیسے لوگ ہوں گے؟ شوق سے آپ کسی X-Y-Z کا نام لے دیں مگر ذمہ دار رہیں۔ بہر حال اتنا تو واضح ہو گیا کہ یہ کوئی معمولی آدمی نہیں ہونا چاہئیں۔ یقیناً اُن کی پوزیشن اللہ کی نگاہ میں بہت بلند ہے۔ سنئے اسی گروہ کو سلام کرنے کا محمدؐ کو حکم یوں دیا جا رہا ہے:۔

قُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيۡنَ اصۡطَفٰى۔ ''کہہ سب تعریف واسطے اللہ کے ہے اور سلام اوپر بندوں اُس کے کے جن کو برگزیدہ کیا'' (النمل 27/59)۔ بات کو مزید واضح کرنے کے لئے قرآن کا ایک اور مقام دیکھئے:۔

وَإِذَا جَآءَکَ الَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلۡ سَلٰمٌ عَلَيۡکُمۡ (6/54) ''اور جب آویں تیرے پاس وہ لوگ کہ ایمان لاتے ہیں ساتھ نشانیوں کے ہماری کے پس کہہ سلامتی ہے اوپر انعام۔'' (ترجمہ رفیع الدین)

بات کھل گئی کہ وہ مومن جب بھی محمدؐ کے پاس آئیں تو اُن کو سلام علیکم کہنا ہے۔ اور یہ محمدؐ پر واجب ہے کیونکہ قُل صیغہ امر ہے۔ اور وہ اللہ کے مصطفیٰ بندے ہیں (نمل 27/59)۔ دیکھا آپ نے کہ اُن مومنین کی پوزیشن کس قدر مستحکم ہو گئی؟ سوچو اور بار بار سوچو اور بتاؤ کہ وہ کون ایسی ہستیاں ہیں جن کو محمدؐ جیسا رسول سلام کرے گا؟ ایک اور مقام دیکھیں:۔

إِمَّا يَبۡلُغَنَّ عِنۡدَکَ الۡکِبَرَ أَحَدُ هُمَا أَوۡ کِلٰهُمَا فَلَا تَقُلۡ لَّهُمَآ أُفٍّ... الخ۔ (بنی اسرائیل 17/23)

''اگر پہنچے نزدیک تیرے بڑھاپے کو ایک ان میں سے یا دونوں (ماں اور باپ) پس مت کہہ اُن کو اُف۔''

نوٹ: بریکٹ ہم نے خود دی ہے کہ یہ ذکر ہی ماں باپ کا ہو رہا ہے۔ بہر حال محمدؐ سے کہا جا رہا ہے کہ جب تیرے ماں باپ تیرے سامنے بڑھاپے کو پہنچیں تو تم کسی بات پر اُن کو اف نہ کہنا۔ اور پھر ذرا آگے:۔

وَاخۡفِضۡ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحۡمَةِ (بنی اسرائیل 17/24) ''اور بچھا واسطے اُن دونوں کے باز و ذلت کا مہربانی سے''

محمدؐ کی ذمہ داریوں میں ایک یہ بھی ہے کہ ماں باپ کے سامنے ذلیل ہو کر کھڑے ہونا ہے۔ اور ہر لمحہ مہربان رہنا ہے۔ بتایئے محمدؐ کے ماں اور باپ تو دونوں فوت ہو چکے تھے۔ اب ان آیات کو نازل کرنے کا اللہ کا کیا مقصد ہو سکتا ہے؟ کیا اللہ سے (معاذ اللہ) بھول ہو گئی؟ اور اگر ایسا نہیں ہے تو پھر محمدؐ کے سامنے بڑھاپے کو پہنچنے والے دونوں یا دونوں کی جگہ ایک ایسا قائم مقام ہونا چاہئے۔ جن سے یا جس سے مطلوبہ سلوک کیا جا سکے؟ یہ یقیناً وہؑ ہی ہستی ہے جس کا نام لینے سے قریش کو بخار چڑھتا تھا۔ بہر حال جلدی جلدی ایک اور مقام دیکھ لیں

فرمایا: ثُمَّ أَوْحَيْنَآ إِلَيْكَ أَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ إِبْرٰهِيمَ حَنِيفًا (النحل 16/123) ''پھر وحی بھیجی ہم نے طرف تیری یہ کہ پیروی کر دین ابراہیمؑ حنیف کی'' بات بالکل سیدھی اور واضح ہے کہ ''اے رسولؐ ملت ابراہیمؑ کی اتباع کرو'' یاد رکھیئے اتباع جان دار کی ہوتی ہے بے جان کے نقش قدم پر چلا ہی نہیں جا سکتا۔ (دیکھو ہماری تفسیر احسن التعبیر) لہٰذا وہ ملت ابراہیمیؑ موجود ہو جنکے نقش قدم کی پیروی ہو سکے۔ نسلِ ابراہیمؑ میں نہ عبدالمطلبؑ موجود ہیں نہ حضرت عبداللہؑ ہیں۔ اُس وقت اگر موجود ہیں تو صرف حضرت ابوطالبؑ ہیں۔ سابقہ بیانات کی رو سے بھی اور اس تازہ آیت سے بھی حضرت محمدؐ نے حضرت ابوطالب علیہ السلام کی اتباع کرنی ہے نہ کہ ابوطالبؑ نے محمدؐ پر ایمان لانا ہے؟ اور یہ حکم ہے۔ اس سے سرتابی ناممکن ہے۔ کہیئے جناب! ہے نہ ''اُلٹی گنگا''؟

(12/22)۔ حضرت عمران علیہ السلام کا نکاح اور خطبہ

جناب ابوطالب علیہ السلام کی شادی آپ کی چچازاد فاطمہؑ بنت اسدؑ سے ہوئی تھی۔ آپ نے جو خطبہ پڑھا تھا وہ یہ تھا کہ:۔

''دُنیا کی تمام خوبیاں اس خدا کے لئے مخصوص ہیں جو تمام عالموں کا پالنے والا ہے۔ جو عرش عظیم و مقام کریم اور مشعر و حطیم کا رب ہے۔ وہ خدا جس نے ہمیں سردار کی حیثیت سے منتخب کیا۔ ہم کو عارفین اور مخلصین میں شمار کیا اور راہبر بنایا۔ ساتھ ہی اُس نے ہم کو فحش اور شک و اذیت و نجاست اور عیب سے محفوظ رکھا۔ اُس نے ہمارے لئے مشاعر قائم کئے اور ہم کو قبائلِ عالم پر فضیلت دی۔ ہم خاصہ خاندان ابراہیمیؑ ہیں۔ جو ہر صفاتِ خلیلیؑ ہیں۔ ہم ہی حضرت اسماعیلؑ کی کھیتی ہیں۔ میں نے فاطمہؑ بنت اسدؑ سے اپنا نکاح کیا ہے۔ اُن کا مہر ادا کر دیا ہے۔ اور امر تزویج نافذ کر دیا ہے۔ حاضرین اس امر کو دریافت کرلیں اور اس عقد پر گواہ رہیں۔ اِس کے بعد آپؐ کے چچا جناب اسدؑ نے جواب دیا۔ ہاں ہم نے اپنی بیٹی فاطمہؑ سے تمہاری تزویج کر دی ہے۔ اور ہم اس تزویج پر تم سے راضی ہو چکے ہیں۔''

اِس تقریب نکاح کے بعد جناب ابوطالبؑ نے سات دن تک مسلسل دعوت ولیمہ جاری رکھی۔ جس میں اونٹ اور بکرے کثرت سے ذبح کئے گئے۔ تمام مکہ و گردونواح مکہ کے باشندوں نے دعوت میں شرکت کی۔ اُمیہ بن الصلت نے اپنے اشعار میں اس دعوت کا پورا نقشہ کھینچا تھا۔ چند اشعار دیکھئے:۔

اغمر نا عرس ابی طالبؑ — وکان العرسا لین الحانِب

اقراؤه الضیف باقطارها — من رجل خف و من راکِب

فنازلوه سبعة اَحْصَیْتُ — ایا مها للرجل الحاسِب

''ابوطالبؑ نے اپنی شادی میں دعوت ولیمہ سے ہم سب کو ڈھانپ لیا۔ یہ ایک ایسا عرس تھا جسکا آغوش شفقت و نرمی سے پھیلا ہوا تھا، انہوں نے اس ضیافت میں سواروں اور پیادوں سب کو شامل رکھا۔ سات دن تک برابر اس دعوت کا قیام وطعام جاری رہا۔''

13۔ حضرتِ عمرانؑ اور آنحضرتؐ کی پرورش وتربیت

جیسا کہ اِس رسالت عظمیٰ کا تقاضہ تھا جناب ابوطالب علیہ السلام بھی قطعاً اُس کے مطابق تیار کئے گئے تھے۔ وہی نہیں بلکہ اُس خانوادہ کے تمام افرادرسوؐل اللہ کی پرورش اورتربیت کے لئے ایک مکمل نظام کی صورت رکھتے تھے۔ یہ ایک ایسا ادارۂ عصمت تھا جسے تیار کرنے کے لئے اِس ذریتؑ طاہرہ نے کئی ہزار سال سے پیہم تمنائیں، محنتیں، قربانیاں اور خدا سے دعائیں کی تھیں۔ یہ سب حضرات جناب ابوطالبؑ کی نگرانی اور راہنمائی میں سرکارِ دوعالم کی تیاری کے لئے اپنی اپنی متعلقہ خدمات انجام دے رہے تھے۔ اس گھر میں صبح سے شام تک اور شام سے صبح تک صحف مطہرہ کی تلاوت ہورہی تھی۔ یہاں ہر لحہ ملائکہ کا ھجوم رہتا تھا۔ برکات ونعمات خداوندی نازل ہو رہی تھیں۔ کعبہ کی تولیت میں قریش کوالجھا کر یہ لوگ اب تربیت محمدؐی میں مصروف تھے۔ لوگ اپنے اپنے دنیاوی جھمیلوں میں اُلجھے ہوئے تھے۔ کعبہ میں بت پرستوں، مشرکوں، فلسفیوں کا راج تھا۔ نئے نئے بت اور مشہور ومعروف مجسمے کعبہ میں سجائے جارہے تھے۔ جرھمی و خزاعی وقحطانی فسق وفجور اور جنسی بے راہ روی زور وشور سے پھیلتی جارہی تھی۔ حضرت قصی علیہ السلام کی عائد کردہ مذہبی وقانونی پابندیاں ختم ہوکر اب قریشی دستور پر عمل ہورہا تھا۔ ہر مرد وعورت اپنی رائے، تقریر وتحریر میں آزاد تھا۔ ایک نیا قریشی معاشرہ تیار کیا جارہا تھا۔ خانوادہ رسوؐل کو شکست خوردہ، عزلت گزیں اور آؤٹ آف ڈیٹ (Out of Date) سمجھ کر نظر انداز کر دیا تھا۔ سب تعارض اور جھگڑے طے کر کے اپنے نظام شرک میں ہمہ تن مصروف ہو گئے تھے۔ بیت النبوۃ کے مدبرین یہی چاہتے تھے۔ اُنہیں کہاں فرصت کہ وہ مشرکانہ حماقتوں اور بدعتوں میں دخل دیں۔ اُنہیں تو ایک عالم گیر انقلاب کو پال کر جوان کرنا ہے۔ اُنہیں تمام کتبہائے خداوندی کو مدنظر رکھ کر محمدؐ کو اُس معیار پر لے جانا ہے کہ جہاں اللہ خُلقِ عظیم کی سند عطا کرے۔ اُنہیں اپنے بیت الرسالت میں اُن تمام چیزوں کا داخلہ بند کرنا ہے جن سے قساوت قلبی پیدا ہوتی ہے۔ جو بے حیائی اور بے حسی کو جنم دیتی ہیں۔ تاکہ اُن کے پروردہ کو قرآن روف ورحیم کہہ کر پکارے (9/128) اور انہیں ہر قسمی غلاظت قلبی سے منزہ اور پاک قرار دے (آل عمران 3/159)۔ وہ ایسی زبان بولیں گے جو دل میں اُتر کر ذہن میں بس جائے۔ وہ تصورات کو اس طرح راسخ کر کے چھوڑیں گے کہ خلاّقِ عالَم خود اپنی ذمہ داری پر یہ گارنٹی دے کہ نہ وہ گمراہ ہوسکتا ہے نہ اسے اغوا (بہکایا) کیا جاسکتا ہے۔ وہ جو کچھ بھی کہتا ہے وہ تو ہماری ارسال کردہ وحی ہوتی ہے۔ (نجم 53/2-4) اُس میں کسی ذاتی میلانِ طبع سے تعلق نہیں ہوتا ہے۔ اِدھر تو ادارۂ عصمتؐ نہایت خاموشی سے نبوتؐ ورسالتؐ وامامتؑ وحکومت کی تکمیل میں مصروف تھا۔ اُدھر بیت الرسالتؐ سے باہر قریش اور اُن کے حلیف ادارے نہایت اطمینان سے اپنی پالیسیاں مرتب کر رہے تھے۔ حالات یہ سوچنے کا تقاضہ کر رہے تھے کہ غالباً بنو ہاشمؑ تھک چکے ہیں۔ مقابلہ کی طاقت ختم ہوچکی ہے اس لئے صدیوں پرانی کشمکش سے دست بردار ہوگئے ہیں۔ یا یہ کہ اس مشہور ومعروف پیغمبرؐ کی برکت اور روایتی امن وسلامتی کے نتیجے میں اُس قدیم رسہ کشی کو اللہ نے اپنی قدرت سے روک دیا ہے۔ اگر یہ آخری صورت صحیح ہے؟ تو یقیناً اب عبدالمطلبؑ کا یہ رویہ مستقلاً دوستانہ رہے گا۔ لہٰذا اس کی جانچ کے لئے ایک ماہر کمیشن تعینات کیا جانا چاہئے۔ اور تصدیق ہوتے ہی ہمارا رویہ بھی قطعاً موافقت میں تبدیل ہوجانا چاہئے۔ لیکن اس احتمال کو نظر

انداز کر دینا نہایت مہلک اور تباہ کن ہوگا کہ تھکے ہارے ابو طالبؑ دوبارہ طاقت فراہم کرنے کی فکر میں نہیں ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ اس پُر امن سکوت کی تہہ میں کوئی طوفان وانقلاب سرگرمِ کار ہو؟ ہوسکتا ہے کہ اُن کی نبطی وغسانی حکومت سفارتی لیول (سطح) پر کسی بیرونی اور غیر ملکی فوج کشی کا تانا بانا تیار کر رہی ہو اور اچانک مدینہ والی کمک کی طرح ہمیں نوکِ نیزہ پر ڈانس (ناچ) کرایا جائے۔ اور یہ امکان بھی زیرِ نظر رہنا لازم ہے کہ خاندانی اقتدار کے لالچ سے اور قدیم روایتی جاہ وجلال کی تمنائیں خاندان میں اُبھر رہی ہوں۔ اور یہ لوگ اِس صُلحِ کل اور پیغامبرِ اَمن وسلامتی کو غلط راہ پر ڈالنے کی کوشش کر رہے ہوں۔ اُس کے بچپن کے معصوم ذہن میں خاندانی روایات اور قحطانی طرزِ حیات کا زہر گھول رہے ہوں؟ اور آخر نبوت ورسالت کی سطح سے اپنا کھویا ہوا اقتدار وحکومت وولایت حاصل کرنے میں کوشاں ہوں؟ اور پہلے احتمال کی طرح یہ پہلو بھی قطعی انسانی اور فطری ہے۔ ایک بچہ کو جیسا بناؤ بن جاتا ہے۔ انسان ذاتی تحفظ کو پہلا نمبر دیتا ہے۔ جذبات و میلانات ہر لمحہ ساتھ ساتھ اور اُسی قلب وذہن میں رہتے ہیں جہاں وحی والہام کا نزول ہوتا ہے۔ قلب وذہن میں کوئی ایسی دیوار یا ادارہ نہیں ہوتا جو وحی اور الہام کو ذاتی، خاندانی اور قومی جذبات ومیلانات سے نہ ملنے دے۔ وحی اور الہام کے الفاظ اُسی کے قلب وذہن سے تیار ہو کر نکلیں گے۔ اُسی کی زبان پر جاری ہوں گے اور یوں اُسے خود کو بھی پتہ نہ چلے گا کہ وحی یا الہام کی عبارت میں کون سا لفظ، کون سا پہلو جذباتی میلانات سے تعلق رکھتا ہے؟ اور خالص تصور وحی کہاں اور کس لفظ میں ہے؟ لہٰذا قریش کے ماہرین شرکیات و مذہبیات و سیاسیات دن رات حضرت عمران علیہ السلام اور اُن کے خاندان کے بدلے ہوئے رویہ اور مستقبل میں پیش آنے والے حالات کا تجزیہ کرتے رہتے تھے اور ہر عقلی امکانی صورتِ حال سے عہدہ برآ ہونے کے لئے متعلقہ ماہرین کی حلفیہ ڈیوٹی لگاتے جارہے تھے۔ اس سلسلے میں وہ مکمل لائحہ عمل اور پروگرام مرتب کرلیا جو پیش آمدہ حالات میں برسرِ کار رکھا جائے گا۔ اُس پروگرام کے لئے اور مندرجہ بالا پالیسی کا پتہ لگانے کے لئے قرآن کریم اور نہج البلاغہ لبریز ہیں۔ یہ وہ اہم مشاورت اور مشرکانہ بصیرت تھی جس کا ذکر ہر اُس آیت یا بیان میں موجود ہے جہاں آپ یہ سمجھتے ہیں کہ قرآن نے یہاں ایک غیر متعلقہ سی بات کہی ہے۔ دعا کریں کہ ہمیں اتنا وقت اور مل جائے کہ ہم قرآن کریم کی اس تفسیر کو جو اپنے داخلی نظام کے لئے مختلف پروگراموں سے بکھری ہوئی ہے۔ ایک جگہ جمع کر کے پیش کرسکیں۔ اُس کے منظرِ عام تک آنے سے پہلے یہ چیز نہایت مشکل ہے کہ قرآن کی اسپرٹ اور طرزِ بیان قلب وذہن تک پہنچ سکے۔ بہر حال نظام اجتہاد کے ماہرین کے اقدامات حسبِ ذیل تھے:۔

<u>13/1۔اوّل</u>: ہر کلیدی مقام پر کم از کم ایک ماہر تعینات کیا جائے جو حالات واقدامات اور اگر ہوسکے تو بیت النبوّۃ کے جذبات و تصورات پر نظر رکھے۔ وہاں سازگار حالات پیدا کرے اور مرکز یعنی طاغوت کو مطلع کرتے رہنے کی ذمہ داری لے۔

<u>دوم</u>: قوم میں یہ مشہور کیا جائے کہ قریش اور ابو طالبؑ میں کوئی جھگڑا اور اختلاف نہیں ہے۔ یہ سب ایک ہی خاندان کے افراد ہیں۔ غلط فہمیاں ہی نہیں بلکہ اُن شرارت پسندوں کو بھی دور کر دیا گیا ہے جو قریش اور خانوادۂ امامت وحکومت میں مسلسل تنازعہ کو اپنے مفاد کیلئے استعمال کر رہے تھے۔ لہٰذا عوام کو ابو طالبؑ اور اُنکے خاندان سے نہایت پیار اور احترام کا سلوک کرنا چاہئے۔

<u>سوم</u>: ادارہ تحریر اور اُس کا پورا پروپیگنڈا اسٹاف (STAFF) ضروری روایات، کہانیاں اور متعلقہ اشعار و واقعات مرتب کرے

اور ملک وقوم میں زبان زدِعوام کرے۔

چہارم: محکمہ مال ادارہ تحریری کی روایات کی نشر واشاعت کے لئے مالی امداد دے کر سارے ملک میں وظائف کا انتظام کرے۔تاکہ ہر میلہ، ہر بازار اور ہر جلسہ اور ہر بیٹھک میں قومی شعراء، نسّاب، کاہن اور قصہ گو پہنچیں اور اختلاف وتو اترُ نقد ونظر کے ساتھ ساتھ مرکزی تصور ذہن نشین ہوتا چلا جائے۔یعنی ''وہ عالمی شہرت کا رسولؐ، وہ ساری اقوام کو شِیر وشکر کرنے والا نبیؐ ہماری قوم میں سے ہے۔قریش اُس کے سرپرست ہیں۔کعبہ کی حکومت وتولیت اور اقوام عالم کی امامت قریش کے لئے مقدر ہے۔وہ ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک، ہمارے آسمان شہرت کا چاند اور سورج ہے۔ساری دنیا کی طرح ہم خود اُس کے منتظر رہتے چلے آئے ہیں۔وہ ہرگز قریش کے مفاد اور فلاح و بہبود کے خلاف ایک لفظ نہ کہے گا۔اور جو شخص اُس میں اور قریش میں یا اُس کے قریبی عزیزوں میں اور قریش میں کسی جھگڑے، تنازعہ یا اختلاف کی افواہیں پھیلائے وہ یقیناً قریش کا ہی نہیں بلکہ سارے عرب وعجم کا دشمن ہوگا۔اسلئے کہ نبیؑ ہرگز کسی قوم کے خلاف مہم نہیں چلایا کرتا۔وہ کسی مذہب یا مکتب فکر کی مذمت نہیں کیا کرتا۔وہ تو سابقہ تنازعات اور اختلافات کو بھی مٹانے کے لئے آتا ہے۔دشنام طرازی اس کے شایانِ شان نہیں ہوتی۔وہ سلف صالحین اور مشہور بزرگوں کے خلاف تمام رجحانات کی مذمت کیا کرتا ہے۔وہ توڑ پھوڑ اور سابقہ نظام وتمدن کو درہم برہم نہیں کرتا۔نہایت حکیمانہ تدریج اس کی اوّلین ذمہ داری ہوتی ہے۔مفاد عامہ، مصالح ملکی اُس کی شریعت کے ستون اور اساسی اصول ہوتے ہیں۔وہ ماہرین اور علمائے قوم سے مشورہ کے بعد مفید ترین احکام دیا کرتا ہے۔وہ ہمارے ہی ایسا ایک منتخب انسان ہوا کرتا ہے۔اُس میں وہ تمام جذبات واحساسات ومیلانات ہوتے ہیں جو تمام بنی آدمؑ میں اللہ نے ودیعت کئے ہیں۔ہم کوشش کریں گے کہ اُسے مافوق الفطرت شخص کہیں، فرشتہ قرار دیں۔لیکن اگر وہ سچا نبیؑ ہوگا تو یہ قومی اور غلط اعزاز قبول نہ کرے گا، بلکہ اُلٹا ڈانٹ دے گا اور ہماری مثل ایک بشر ہونے پر اصرار کرے گا۔اُس سے بھول چوک اور خطا ہر وقت ممکن ہے۔مگر اُس پر آنے والی وحی اُس کی ہر غلطی کی اصلاح کرتی جاتی ہے۔وہ عقلِ اجتماعی سے استفادہ کرتا ہے۔قومی اجتہاد کے خلاف قدم نہیں اٹھاتا ہے۔اُس پر خاندانی دباؤ ڈالا جاسکتا ہے۔اُسے متاثر کیا جاسکتا ہے۔اُس کو اس قدر جذباتی بنایا جاسکتا ہے کہ وہ کسی گروہ یا خاندان کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے کوئی اعلان کردے۔لیکن یہ نبوت ورسالت کے مزاج شناس قریش کی ذمہ داری ہے کہ رسول کے ہر ایسے بیان کی صحیح ترجمانی کرے جو مرکزی خیال وصورتِ حال کے خلاف جاتا ہو۔

پنجم: یہ نہایت اہم اور ہر لحہ سامنے رکھنے اور حفظ ما تقدم کرتے رہنے کی بات ہے کہ مقام نبوت کو انسانی سطح سے بلند کرنے کی ہر کوشش اور ہر بیان کو بے دریغ مٹا دیا جائے۔یہ وہ خطرناک صورتِ حال ہے جو ہمارے تمام بزرگوں کو پیش آتی اور مشکلات میں مبتلا کرتی آئی ہے۔اور جب بھی ہمارا نظام ناکام ہوا ہے اُس کا سبب یہی ہوا ہے کہ جمہور نبیؑ کو انسانی سطح سے بلند مان کر مفسدہ پردازوں کے ہمنوا بن گئے اور ہمارا محاذ پٹ گیا۔لہٰذا ہمیں اُلوہیّت کا تحفظ اپنے اوّلین اصول میں رکھنا ہوگا۔جہاں کہیں کوئی ایسی بات ہو جو اُلوہیّت کے مرکزی تصور کے خلاف شائبہ تک پیدا کرے۔اُسے فوراً شرک والحاد کی طاقت سے دبا دینا ہوگا۔ہمارا سب سے پہلا مُوحّد اور سب سے بڑا توحید پرست بزرگ کسی غیر خدا کی بزرگی اور عظمت کو استقلال نہیں دیتا۔

ششم : اِن اصولوں کو مدنظر رکھ کر قریش اور اُن کے حلیف قبائل وشعوب اور موالی سب کو حکم دیا جاتا ہے کہ ابوطالبؑ اور اُن کے خاندان والوں سے ہر تعاون کریں۔ شیر وشکر ہو جائیں۔ اُن میں گھل مل جائیں مگر مرکزی ہدایات کے خلاف نہ جائیں۔

(13/2)۔ حضرت عمران علیہ السلام نے قریشی اصول پر اعلان رسالت میں دیر کی

ادارۂ نبوتؑ، ادارۂ اجتہاد سے روز ازل سے واقف تھا۔ اور یہ واقفیت وحیٔ خداوندی کی بنیاد پر غلطی اور تخمینوں سے پاک ہوتی تھی۔ ادارہ اجتہاد کا بزرگ حالانکہ اپنا ذاتی نظام وحی رکھتا ہے اور چوری چھپکے آسمانوں سے خبریں بھی لے سکتا ہے اور تمام نوع انسان کو نظروں کے سامنے رکھ سکتا ہے۔ مگر ادارۂ ابلیسی کی رسائی نہ وحی تک ہوتی ہے نہ اس کے مجتہدین ادارۂ عصمت ونبوتؑ پر تسلط رکھتے ہیں۔ اس لئے قریش کے لئے صرف عقلی اور اجتہادی میدان ہی کھلا تھا۔ تخمینے اور تک بندیاں اور سیاسی جوڑ توڑ اور جاسوسوں اور مخبروں کی صحیح و غلط اطلاعات ہی اُن کا سامان تھا۔ بہر حال ادارۂ عصمت نے وہ تمام اقدامات شروع کئے جو کامیاب اعلان نبوّت کیلئے ضروری تھے۔ انہوں نے قریشی تعاون کو خوش آمدید کہا اور ہر شرعی تعاون کیا۔ اور دونوں فریق اپنے اپنے پروگرام میں مصروف ہو گئے۔ حضرت عمران علیہ السلام اور اُن کے اقربا سب لکھے پڑھے اور اپنے زمانے کے انتہائی علوم وفنون کے ماہر لوگ تھے۔ اُس گھر میں ہر وقت علمی سرگرمیاں رہتی چلی آئی تھیں۔ بادشاہان عالم سے راہ ورسم تھی۔ یہ لوگ بلا ترجمان کی احتیاج کے یونانی، عبرانی وغیرہ زبانیں بولتے تھے۔ اس گھر میں تمام کتبہائے خداوندی کا حقیقی قلمی ریکارڈ موجود تھا۔ یہاں ہر بچہ خاندانی ماحول کی بنا پر مختلف زبانیں بولتا ہوا جوان ہوتا تھا۔ یہی حال آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھی تھا۔ مگر حالات کا تقاضہ تھا جس کی بنا پر کبھی کسی غیر آدمی نے حضوؐر کو نہ لکھتے ہوئے دیکھا نہ پڑھتے ہوئے پایا۔ یہاں تک کہ صلح حدیبیہ میں یہ بات کھل گئی کہ آپؐ لکھنا پڑھنا باقاعدہ جانتے تھے۔ اس اعتراض سے بچنے کے لئے کہ یہ لوگ کہیں ادھر اُدھر سے کچھ لکھ لکھا کر قرآن پیش کر رہے ہیں، وہ طرزِ عمل اختیار کیا کہ قحطانی ٹولہ ناراضگی کے بعد یہ سمجھے کہ قرآن اسی وقت اُترتا ہے جس وقت تلاوت کیا جاتا ہے۔ حالانکہ بعد میں معلوم ہوا کہ اُن کا تو ہر بچہ پیدا ہوتے ہی قرآن پڑھتا تھا۔ لٰہذا ہر وہ بات مؤثر انداز میں پیش کی جس کے انکار یا مشکوک کرنے کی اُمید تھی۔ اور قحطانیوں نے اس انتظام کے باوجود بھی طرح طرح کے اعتراض کئے۔ لیکن جب انہوں نے مخالفت اور اعتراض شروع کئے اس وقت تک کامیابی بیت الرسالتؐ کے قدم چوم چکی تھی۔ اُن کے تمام اعتراضات پادر ہوا ہو کر باطل ہو گئے۔ بہر حال رسولؐ اللہ کا بچپن قریشی تعاون کے ساتھ گزرتا چلا گیا۔ وہ جس غرض سے تعاون کر رہے تھے اسی سے محروم ہوتے جا رہے تھے۔

ماحول اور معاشرے پر حضوؐر کے اثرات

رسوؐل اللہ سب کی نظروں میں پیارے تھے۔ ہر پارٹی اُن سے اپنے مستقبل کی تمنائیں وابستہ کر کے اُن کے ساتھ شاد اور پیارا سلوک کر رہی تھی۔ لوگ آنکھوں پر بٹھاتے تھے، سینے سے لگاتے تھے۔ اُن کے منہ سے نکلی ہوئی بات پر عمل کرتے تھے، ہر طبقہ کے لوگ اُن سے اپنی اپنی فلاح و بہبود کی امیدیں لگائے ہوئے تھے۔ آپؐ جس راہ سے گزر جاتے وہ کافی دیر تک مہکتی رہتی تھی۔ لوگ پہچان لیتے تھے کہ حضوؐر ادھر سے گزرے ہیں۔ آپؐ قوم کے افراد کے حالات کو اُن ہدایات کی روشنی میں دیکھتے تھے جو جناب ابوطالب علیہ السلام اور

خانہ رسولؐ کے بزرگوں سے ملتی رہتی تھیں۔نبض شناسی اور امراض کی تشخیص فرماتے تھے۔غیر محسوس طور پر دلوں کی گہرائی میں اُتر کر قومی معالج کا معیار متعین فرما رہے تھے۔اجتماعی قوت برداشت کا پتہ لگاتے تھے۔دماغوں میں بسے ہوئے تعصب،بغض وحسد،کینہ وجذبات انتقام کا وزن تولتے تھے۔دلوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے کی تمہید قائم فرماتے تھے۔آپ جس محفل میں جا بیٹھتے لوگ آپؐ کو عزت کے بلند مقام پر بٹھاتے اور جام وسبو اور فحش گانے بند کر دیئے جاتے۔جنسی اشتعال کی تمام حرکتیں،غمزے اور ادائیں رُکتی چلی جاتی تھیں۔آپؐ کے چہرے پر ایک ایسی مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی جس سے ناپاک دلوں میں ناپاک جذبات ندامت محسوس کرتے۔رحم وشفقت سے لبریز نگاہیں جدھر اُٹھ جاتیں لوگوں کے دلوں میں توبہ کے جذبات اُمنڈنے لگتے۔لوگ آپؐ کی زبان پر حرف شکایت آنے سے پہلے پہلے اپنی حالت سدھارنے میں لگ جاتے۔برہنگی جلدی جلدی چھپاتے۔ساقی جام وسبو زمین پر رکھ کر اُنہیں پوشیدہ کرنے کے لئے گھبرا کر ادھر اُدھر چھپنے کی کوشش کرنے لگتے۔گانے والوں کے الفاظ دانتوں میں اُلجھ کر رہ جاتے۔ناچنے والے اجسام بے حس وحرکت ہو جاتے۔آپ دو چار ہمدردی اور اصلاح کے ابتدائی جملے کہہ کر رخصت ہو جاتے۔اُن کے جانے کے بعد ہر فحاشی وشراب نوشی کی محفل اُجڑ جاتی۔لوگوں کے سامنے اُن کا ماضی اور ٹھکرائی ہوئی ذمہ داریاں آ کر کھڑے ہو جاتے۔منتظمین ایسی محفلوں کے انعقاد کے مقامات بدلتے تاکہ سرکارؐ وہاں پہنچ کر محفل کی گرمی کو تبدیل نہ کر دیں۔ہر دل میں اپنے گناہوں اور بداعمالیوں کو حضورؐ سے چھپانے کا جذبہ بیٹھتا جا رہا تھا۔ایسے جذبات کو آپؐ محسوس کرتے،عادات دیرینہ کے ترک کرنے کے لئے موقع دینا ضروری سمجھتے۔ڈنڈے،دھمکی اور مصنوعی طریقوں سے ہدایت کو احمقانہ فعل سمجھتے۔وہ ہر شخص کو احساس ذمہ داری،عاقبت اندیشی اور انسانیت کے مقام بلند پر متوجہ کرتے رہنے کو اصلاح کی بنیاد بناتے تھے۔اور اس سے آگے نہ بڑھتے تھے۔قوم اُن کے وجود میں رسالتؐ کے تمام جوہر وخصائل دیکھ رہی تھی۔دُور دُور سے مرد عورتیں آپؐ کی مدح وثنا سن کر آتے اور ایک نظر دیکھنے کے لئے زحمتیں اُٹھاتے اور خوش ہوتے تھے۔مکہ والوں کی ایسی عوامی فضا میں آنحضرتؐ کا بچپن جوانی کی طرف بڑھتا چلا جا رہا تھا۔اُدھر حضورؐ کی شہرت حکومتوں اور مذہبی اداروں اور غیر ملکی دانشوروں میں پھیلتی جا رہی تھی۔باہر سے آنے والے وفود آپ سے مل کر جاتے اور اپنے ملک وقوم میں تشریف لانے کی دعوت کرتے اور واپس جا کر آپؐ کے نورانی اخلاق سے اپنی اقوام کو مطلع کرتے۔اور بتاتے کہ وہ رسولؐ جس کا انتظار ساری دنیا کر رہی تھی۔مکہ میں اپنے اخلاقِ حمیدہ اور نورانی خصائل سے مخلوق پر ضیاباری کر رہا ہے۔

(13/3)۔ محمدؐ کی تجارتی سفارت اور ابو طالب علیہ السلام

بحیرا راھب سے ملاقات کرانے کے بعد جناب ابو طالبؑ کے ساتھ حضورؐ نے یمن اور اندرون ملک کے کئی ایک سفر کئے۔آپؐ جہاں بھی جاتے تھے،علمائے یہود ونصاریٰ علاماتِ نبوت ورسالت سے آپؐ کو شناخت کر کے تصدیق کرتے تھے۔ایک مرتبہ جناب ابی طالب علیہ السلام کی رضامندی سے عباس بھی آپؐ کو اپنے ہمراہ لے کر یمن کی تجارت پر گئے تھے۔(روضۃ الاحباب جلد اوّل صفحہ 73)

سن بلوغ سے پہلے ہی پہلے تمام بڑے بڑے تاجروں کو یہ یقین ہو گیا تھا کہ جس تجارتی قافلہ میں آپؐ ہوتے ہیں وہ خلاف توقع منافع سے مالا مال ہو کر آتا ہے۔لہٰذا اللہ نے آپؐ کے مسلسل تعارف کے لئے یہ راہ نکال دی کہ بڑے بڑے تاجر آپؐ کو اپنا نائب

التجارت بنا کر ملک شام اور یمن وغیرہ بھیجتے۔اس طرح آپؐ تجارت کے انتظام کے ساتھ ساتھ نبوتؐ ورسالت کی اشاعت اور تعارف میں بھی پوری طرح کامیاب ہوئے۔اور قبل اس کے کہ لوگ عرب میں اُن پر ایمان کی ابتدا کریں ملک شام ویمن میں اسلام پھیلنا اور مومنین کا بڑھتے جانا شروع ہو گیا۔اور بحیرا راھب کے بعد تمام گرجاؤں اور خانقاہوں میں آپؐ پر ایمان لانے والوں کی تعداد بڑھتی گئی۔ تاجروں میں اور عوام میں آپؐ کی دیانت وامانت، حق گوئی اور عفت مآبی، حُسنِ عمل، بلا کسی عبوست اور ترش روئی کے خطاؤں کا معاف کر دینا، نہایت ہی باقاعدگی کے ساتھ تجارتی حساب کا ریکارڈ رکھنا۔اور کسی قسم کی فضول خرچی نہ ہونے دینا اتنا مشہور ہوا کہ آپؐ کا لقب امین وصادق قرار پا گیا۔آپؐ کی دیانت اور امانت اور منافع میں برکت کا یہی شہرہ تھا۔جس کی بنا پر جناب خدیجہ علیھا السلام نے بھی آپؐ سے درخواست کی اور اپنے تمام کاروبارِ تجارت وسفارت حضورؐ کو سونپ دیئے۔آپؐ نے اس ذمہ داری کو بھی سربراہِ خاندان جناب عمران علیہ السلام کی رضامندی اور اجازت کے بعد قبول فرمالیا۔اور جس خوش اسلوبی سے انجام دیا،اُس نے جناب خدیجہؑ کے سارے خاندان کو گرویدہ کر لیا اور چاہا کہ حضورؐ کو اپنا سرپرستِ خاندان بنالیں ۔ چنانچہ خدیجہ علیھا السلام نے نکاح کی درخواست کی اور جناب ابوطالب علیہ السلام نے خود ولی کی حیثیت سے خطبہ نکاح اور دوسری شرعی رسومات ادا کیں ۔اور آپؐ کو خدیجہؑ کے ولی (چچا زاد بھائی) ورقہ بن نوفل نے اپنے خطبہ میں اس تزویج پر مبارک باد دی۔اس وقت جناب خدیجہؑ کی عمر چالیس سال تھی اور آنحضرتؐ کی عمر کا پچیسواں سال تھا۔دونوں طرف دعوت ولیمہ وغیرہ بڑی دھوم دھام سے انجام دی گئیں ۔اور تمام عمائدین شہر اور عوام نے شرکت کی خوشیاں منائیں ۔شادی کے بعد بھی آپؐ حضرت ابوطالب علیہ السلام کی سپرد کردہ تمام ذمہ داریاں بدستور بجالاتے رہے۔اُدھر قریش اور تمام عمائدینِ مکہ اپنی تمام قومی وسیاسی مشکلات میں حضورؐ کو اپنا حاکم بناتے رہتے تھے۔اور جن جھگڑوں پر تلواریں میان سے نکل آتی تھیں اور سالھا سال آپس میں جنگ وجدَل ہوتا رہتا تھا اُن کے فیصلے آپؐ سے کراتے تھے۔ ہر بڑا نزاع رسولؐ اللہ کے سامنے لایا جاتا تھا۔ یہ تھا وہ مقصد جس تک پہنچانے کے لئے جناب عمران علیہ السلام کعبہ کی تولیت اور تمام ذمہ داریوں سے دستکش ہو کر رسولؐ اللہ کی تعلیم وتربیت میں لگ گئے تھے ۔تاکہ قریش اور تمام دشمنانِ خاندانِ رسولؐ اپنے ہاتھ سے یہ عہدہ آنحضرتؐ کی خدمت میں پیش کر دیں ۔حضرت ابوطالب علیہ السلام کی دانشوری کا یہ کمال ہے کہ بلا کسی مسلح تصادم کے تولیت کعبہ ہی نہیں بلکہ پوری قوم کی حکومت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے ہاتھ جوڑے کھڑی تھی۔آپؐ کے فیصلے کے بعد کوئی سرتابی نہ کرتا تھا۔

(13/4)۔ رسالت کے اصلاحی سائے میں قریشی دانشور ایمان کی راہ پر

(i) اُدھر آنحضرتؐ اور جناب عمران علیہ السلام کا پروگرام اپنی نورانی تاب کاری سے دلوں کو اپنی طرف مائل کر رہا تھا۔لوگوں میں طرح طرح کی امنگیں اور تمنائیں پھیل رہی تھیں ۔ ہر دل وہ دن دیکھنا چاہتا تھا جس دن خانوادۂ رسالت کے تمام سابقہ بزرگوں سے بھی بہتر نظام برسرِکار آئے گا۔**1** : غربت وافلاس اپنا منہ چھپانے کے لئے سرمایہ داروں میں پناہ لینے پر مجبور ہو جائے گا۔**2** : لیڈروں اور اُن کے مجسموں کے قدموں سے اُٹھا کر انسانیت کا سر بلند کر دیا جائے گا۔**3** : جب ظالم وجابر، غربا اور بے کسوں سے رحم اور معافی کی بھیک مانگیں گے۔**4** : جب نوع انسانی کی دعا بارگاہ خداوندی سے محروم نہ پلٹیں گی۔**5** : جب نعماتِ خداوندی کی بارشیں شروع ہوں

گی۔**6** : جب فخر وعزت وبزرگی اور فضیلت کا معیار خدمت نوع انسان قرار پا جائے گی۔**7** : جب شخصی، خاندانی، ملکی اور قومی دباؤ اور تفریق انسانی ترقی کی راہ سے ہٹادی جائے گی۔**8** : ہر بڑے مرتبہ کا شخص، ہر بزرگ خاندان، ہر معزز قوم اور ہر ترقی یافتہ ملک پس ماندہ اشخاص اور کمزور خاندان وقوم اور ملک کو بلند کرنے میں اپنا سب کچھ قربان کر دینے کے لئے آمادہ ہو جائے گا۔**9** : جب انسانی فکر اور اظہار خیال پر کسی قسم کی پابندی نہ رہے گی۔**10**: جب پوری نوع انسانی کو ایک عظیم اور قابل توقیر جسم سمجھ کر اُس کے ساتھ ہر شخص وہی سلوک کرے گا جو وہ خود اپنے جسم کے ساتھ کرتا ہے۔**11** : جب انسانوں کو تجربہ کی ٹھوکروں میں وقت اور محنت ضائع کرنے سے محفوظ کر کے اُس کے سامنے ہر وقت قائم رہنے والا اور بے خطر پروگرام (صراط مستقیم) رکھ دیا جائے گا۔**12** : جب ہر انسان کا ہر خیال اور ہر عمل مقصد تخلیق انسان میں اپنے حصہ کا نتیجہ برآمد کرے گا۔**13**: جب پوری کائنات اور اس کے تمام متعلقات انسان کی ہمنوائی میں تعاون کریں گے۔**14** : جب انسان مادی پابندیوں سے آزاد ہو کر زوال وفنا پر قابو پا سکے گا۔

(ii) یہ وہ تمنائیں تھیں جو نظام رسالتؐ وامامتؑ کے ساتھ ساتھ نظام ابلیسی بھی انسانوں میں پیدا کرتا چلا آ رہا تھا۔اِن کے حصول کے بھی دو الگ الگ طریقے اور پروگرام تھے۔ایک کا نام اِسلام تھا۔دوسرے کا نام طاغوت (یا اسلام بٹا اجتہاد) تھا۔طاغوتی ادارہ بھی وحی پر ایمان رکھتا تھا۔مگر وحی کا مفہوم اور مقصد متعین کرنے کے لئے صاحب وحی یعنی نبیؐ کو مطلقاً مختار نہ سمجھتا تھا۔وحی کا کسی ایک ہی شخص پر اترنا تو قدرتی اور عقلی ہے۔وحی اترنے سے پہلے، نزول وحی کے دوران اور وحی کی تلاوت کے بعد بھی نبیؐ کو انسان ہی سمجھنا عقلی ہے۔ لہٰذا وحی سنا کر وہ تمام انسانوں کی صف میں کھڑا ہو جائے گا۔اور اب تمام دانشوران قوم اور وہ نبیؐ مل کر اپنے تجربے اور بصیرت سے وحی کا مفہوم، مقصد اور طریق عمل متفقہ طور پر تجویز کریں گے۔قلت کے اختلاف کو نظر انداز کر کے کثرت رائے پر جو فیصلہ کریں اُسی کو منشائے خداوندی سمجھیں۔اور جو اس کے خلاف سوچے یا عمل کرے اُسے خدا کا نافرمان سمجھیں یا مغالطہ کا شکار قرار دیں۔وہ اپنے فہم پر ضد کرے تو اس کے ساتھ تعزیری سلوک کریں۔حد سے بڑھے تو معاشرے کو فتنہ وفساد سے پاک کرنے کے لئے اُسے اور اس کے ساتھیوں کو ٹھکانے لگا دیں۔ٹھکانہ جیل ہوگا یا جہنم؟ قبرستان ہوگا یا جلاوطنی؟ یہ بھی وہی دانشور طے کریں گے جو وحی کے مفاہیم کا تعین کرنے والے ہیں۔یہ قانون اُن چھ نکات میں دستوری شکل میں آچکا ہے جو عنوان نمبر **13/1** میں بڑی تفصیل سے بیان کر دیا ہے۔اُن دانشوروں کا متفقہ فیصلہ پوری اُمت کا اجماعی فیصلہ کہلائے گا۔اللہ کا یہ فیصلہ اُس وقت تک نافذ العمل اور واجب الاطاعت رہے گا جب تک کہ وہ ہی دانشوران قوم یا اُن کے جانشین، اُسی مقام کے رکھنے والے دانشوران قوم اُس فیصلے میں خطا اور غلطی محسوس نہ کر لیں۔اس قسم کی غلطی کو **خطائے اجتہادی** قرار دیا جائے گا۔اور اس کے بعد وہی مجتہدین اس کی جگہ دوسرا اجماعی حکم نافذ کریں گے۔اب سابقہ حکم کی جگہ یہ دوسرا حکم واجب الاطاعت اور خدائی حکم ہوگا۔

اس نظام کو برقرار رکھنے کیلئے ادارۂ اجتہاد ہر نبیؐ کے ساتھ ساتھ سائے کی طرح لگا رہے گا۔اور تمام ذمہ داریاں سنبھالے گا جو مذکورہ چھ نکات عائد کرتے ہیں۔اس نظام کو قائم کرنے اور مخالف محاذ کو مٹانے کے سلسلے میں لفظ نفاق، کفر والحاد و بدعت وفتنہ فساد وظلم و عدل وانصاف وخلوص وایمان کو سیاسی حیثیت دی جائے گی۔اِن الفاظ سے ڈرنے کے بجائے مقصد زیرِ نظر کے ضائع ہو جانے سے

خوف زدہ رہا جائے گا۔اُن الفاظ کے معنی مقصد زیرِنظر کے لحاظ سے کئے جائیں گے۔اطاعت کی صورت میں یہ تمام الفاظ پسندیدہ ہوں گے اور مخالفت کی حالت میں یہ سب مذموم ہوں گے۔لہٰذا کوئی مومن کہے یا کافر،کوئی مخلص قرار دے یا منافق،تم اپنا کام ہر مفید ترین صورت میں کئے جاؤ۔بلکہ ضرورت پڑے تو کہدو کہ قسم بخدا اے دوست میں منافق ہوں (بـاالـلّـه يا حذيفه انا من المنافقين)۔ اَے حُذیفہ اپنے مخالف محاذ کو تہہ و بالا کرنے والے منافقین میں سے بخدا میں بھی ایک منافق ہوں جس نے اسلام کی غلط تعبیرات کو روکنے کے لئے اپنی تمام بصیرت و بضاعت کو داؤ پر لگا دیا تھا۔یعنی میں مخالفوں کے یہاں منافق اور مومن محاذ میں پکا مومن و مخلص تھا،اور ہوں۔

(13/5)۔ حضرت ابوبکرؓ اور بہت سے لوگ اعلانِ نبوت سے پہلے ہی ایمان لا چکے تھے

یہ سمجھ کر بات سنیں کہ ہر ایمان لانے والا یقیناً ایمان لانے سے پہلے مومن نہیں ہوتا اور عموماً کافر ہوتا ہے۔کبھی کبھی یہ بھی ہوتا ہے کہ وہ ایمان لانے سے پہلے نہ مومن ہو نہ کافر ہو، بلکہ محقق ہو،مُذبذِب ہو یا خود ایسی ذات ہو جس پر دوسروں کو ایمان لانا چاہئے۔ مطلب یہ ہے کہ ہر وہ شخص جو مومن نہیں ہے ضروری نہیں کہ وہ کافر ہی ہو۔پھر دیکھنا یہ ہوگا کہ مومن اور ایمان ہوتا کیا ہے؟ اِیمان کسی بھی بات کو مان لینا ہوتا ہے اور مومن کسی بھی بات کے ماننے والے کو کہتے ہیں۔چنانچہ قرآن کی رُو سے کچھ لوگ طاغوت کو مان لینے کی بنا پر طاغوت کے مومن کہلاتے ہیں (نسآء 4/51)۔لہٰذا کسی کو صرف مومن کہنے سے کوئی بات نہیں بنتی۔دیکھنا یہ ہوتا ہے کہ وہ کس چیز کو مانتا ہے یا کس حقیقت پر ایمان لایا ہے۔لہٰذا جس طرح ہر حال میں منافق گالی اور مذموم نہیں،اُسی طرح لفظ مومن ہر حال میں قابلِ مدح وثنا اور پسندیدہ نہیں۔پھر یہ دیکھنا ہوگا کہ کوئی شخص کسی چیز یا حقیقت پر ایمان کیوں لایا ہے؟ اگر اُس ایمان میں اُس کی اپنی کوئی غرض یا مطلب شامل ہے تو وہ خود اپنی غرض اور مطلب پر ایمان لایا ہے نہ کہ متعلقہ حقیقت یا چیز پر۔یعنی اُس نے اُس بات کو اس لئے مانا ہے کہ اس کی غرض دوسری طرح سے پوری نہ ہوسکتی تھی۔پھر وہ غرض اچھی بھی ہوسکتی ہے،بُری بھی۔1: مثلاً غرض یہ ہے کہ خدا کے روبرو سُرخرو ہوکر نجات پائے اور اس نجات کے لئے ایمان لائے یہ اچھی غرض ہے۔2: یا یہ کہ مفادِ دُنیا حاصل کرے اور خدا سے کوئی تعلق نہ رکھے یہ بُری غرض ہے۔پہلی غرض سے دین و دنیا دونوں مل جاتے ہیں اور دوسری سے دین نہیں ملتا۔یہ سب کچھ سمجھ کر اور دل کو تعصب اور بے انصافی سے پاک کرکے یہ دیکھیں کہ شیعہ علما نے آج تک کبھی بھی جناب ابوبکر کے لئے یہ نہیں لکھا کہ وہ سب سے پہلے ایمان لائے تھے۔اور ہم نے صدقِ دل سے لکھ دیا کہ وہ اعلانِ نبوت سے بھی پہلے ایمان لائے تھے۔اور ہم اس بات پر قائم رہتے چلے آئے ہیں۔اور مستقبل میں بھی اُن کو مومن لکھتے اور مانتے چلے جائیں گے۔ہم شیعہ مجتہدین کی طرح مومن و کافر و منافق کی بحثوں میں بالکل نہیں اُلجھتے۔ہم تو یہ دیکھتے ہیں کہ کسی کا مقصد کیا تھا؟ اُس نے اُس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے کیا اعمال اور اقدامات کئے؟ اور اُن اعمال و اقدامات کا نتیجہ کیا نکلا؟ لہٰذا مقاصد،اعمال اور نتائج پر گفتگو کرتے ہیں۔حق و انصاف سے اِدھر اُدھر نہ ہٹتے ہیں نہ ہٹنے دیتے ہیں۔قرآن اور قولِ معصومؑ کو بلا ہیر پھیر اور اجتہادی کرتبوں کے سامنے رکھتے ہیں۔اس کے بعد جو پٹ جائے پرواہ نہیں کرتے۔کسی شخص یا مسئلے یا عقیدے کو تنقید سے ارفع و اعلیٰ نہیں سمجھتے۔جو سامنے آئے قرآن اور قولِ معصومؑ کی کسوٹی پر دھر رگڑتے ہیں۔جو مرتبہ اور اہمیت میں جتنا بڑا ہو،اُسی تناسب سے سخت تر جانچ اور تنقید کرتے ہیں۔یہاں یہ دیکھئے کہ جناب ابوبکر،کب،کیسے اور کیوں ایمان لائے تھے۔

(ii) حضرت ابوطالبؑ کی رکھی ہوئی بنیادوں پر ابوبکر ایمان لائے اور دل میں پلان بنائے

جناب عمران علیہ السلام نے بحیرا راہب سے اعلان رسالتؐ ونبوتؐ وامامتؑ وحکومت کرا کے وہ تمام دروازے کھول دیئے تھے جو افراد واقوام عالم کو محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں پہنچانے والے تھے۔ بحیرا راہب اتنے بلند مقام پر فائز تھا کہ عرب وعجم کے لوگ اس سے تصدیق سن کر آنحضرتؐ پر ایمان لا رہے تھے۔ پھر صرف بحیرا راہب ہی نہ تھا بلکہ روم وشام وعرب وعراق کے تمام علمائے اہل کتاب اعلان ختم رسالت اور ظہور محمدیؐ کی اطلاعات وتصدیقات وعلامات کو چاروں طرف پھیلا رہے تھے۔ اُن ممالک اور علاقوں میں جانے والے تمام عرب قافلے، تمام تاجر یہ غلغلہ سُنتے تھے اور جس کا دل چاہتا تھا، جس کا کوئی تعلق یا مقصد اس رسالتؐ سے وابستہ ہوتا تھا وہ جگہ جگہ تصدیق بھی کرتا پھرتا تھا۔ چنانچہ سنئے:۔ قال ابوبکر انه خرج الی الیمن قبل ان یبعث النبیؐ۔ قال فنزلت علی شیخ من الازد عالم قد قرء الکتب وعلم من علم الناس کثیرًا۔ فلما رانی قالءَ حَسُبُک حرمیًا؟ قال ابوبکر قلت نعم انا من اهل الحرم۔ قال وَاَحُسَبُکَ قرشیًّا؟ قال قلت نعم انا من قریش۔ قال وَاَحُسَبُک تیمیًّا؟ قال قلت نعم وانا من تیم بن مرّه۔ انا عبداللّٰه بن عثمان من ولد کعب بن سعد بن تیم بن مرّه۔ قال بقیت لی فِیُکَ واحدة۔ قُلُتُ وما هِیَ؟ قال تکشف لی عن بطنک۔ قُلُتُ لا افعل او تخبرنی لِمَا ذَاک؟ قال اَجِدُ فی علم الصحیح الصادق ان نبیًّا یبعث فی الحرم یعاونه عَلٰی امره فتیً وکهل۔ اَمّا الفتٰی فخواض غمرات ودفاع معضلات۔ واَمَّا الکهل ابیض نحیف علی بطنه شامة وعَلٰی فخذه الیسری علامة وما علیک ان ترینی ماسالتکَ فقد تکا ملت لی فیک الصفة اِلَّا ما خفی علیَّ۔ قال ابوبکر فکشفت له بطنی فرای شامة سوداء فوق سرتی۔ فقال انت هو۔ ورب الکعبة وانی متقد م الیک فی امرفا حذره۔ قال ابوبکر قلت وما هو ؟قال اِیَّا کَ والمیل عن الهُدٰی۔ وتمسّک بالطریق الوسطٰی وخف اللّٰه فی ماحولک وما اعطاک۔ (تاریخ الخمیس جلد اوّل صفحہ 324 اور اسد الغابہ)

''ابوبکر نے کہا میں نبیؐ کے مبعوث ہونے سے پہلے یمن گیا۔ اور وہاں قبیلہ اُزد کے ایک شیخ کا مہمان ہوا۔ یہ شیخ عالم تھا۔ کتب سماویہ پڑھے ہوئے تھا۔ علاوہ ازیں دوسرے انسانی علوم پر بھی مطلع تھا۔ اُس نے مجھے دیکھتے ہی کہا کہ کیا تم حرم کے رہنے والے ہو۔ ابوبکر کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ جی ہاں میں حرم کے باشندوں میں سے ایک ہوں۔ شیخ نے سوال کیا کہ میں ایسا سمجھتا ہوں کہ تم قریشی بھی ہو؟ میں نے کہا کہ جناب میں قریشی بھی ہوں۔ اُس نے کہا کہ میرے حساب سے تم خاندان تیم سے ہو۔ میں نے جواب دیا کہ جی ہاں میں تیم بن مرہ کی اولاد سے ہوں۔ اور میرا نام عبداللہ بن عثمان ہے۔ میں کعب بن سعد بن تیم بن مرہ کے بیٹوں میں سے ہوں۔ شیخ نے کہا کہ اب صرف ایک بات میرے جاننے کی اور رہ گئی ہے۔ میں نے پوچھا کہ وہ کیا بات ہے۔ کہنے لگا کہ تم مجھے اپنا پیٹ کھول کر دکھا دو۔ میں نے کہا کہ میں جب تک پیٹ نہ دکھاؤں گا کہ جب تک تم یہ نہ بتاؤ کہ کس لئے میرا پیٹ دیکھنا چاہتے ہو؟ اس نے بیان کیا کہ مجھے میرے علم صحیح اور صادق سے یہ معلوم ہوا ہے کہ حرم میں ایک نبیؐ مبعوث ہونے والا ہے۔ اُس کے کام میں ایک نوجوان اور ایک ادھیڑ عمر کا شخص مدد کریں گے۔ نوجوان تو اس نبیؐ کی مشکلات میں ڈوبنے والا اور اُسکی مصیبتوں کو ہٹانے والا ہوگا۔ اور ادھیڑ عمر والا آدمی سفید رنگ کا دبلا پتلا ہوگا۔ اس کے پیٹ پر ایک کالا تِل (خال) اور بائیں ران پر ایک نشانی ہوگی۔ تمہارا کیا حرج ہے۔ اگر تم اپنا پیٹ مجھے دکھا دو۔ کیوں کہ اور سب باتیں تو تم میں موجود ہیں۔ صرف یہی ایک بات مجھ پر پوشیدہ رہ گئی ہے۔ ابوبکر کہتے ہیں کہ یہ سن کر میں نے اپنا پیٹ کھول دیا۔ اُس نے

دیکھا کہ ناف کے اوپر ایک سیاہ تِل (خال) تھا۔ اُس نے کہا کہ رب کعبہ کی قسم وہ ادھیڑ عمر کے شخص تم ہی ہو۔ مگر میں تمہیں قبل از وقت ایک تاکید کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ اُس سے بچ کر رہنا پڑے گا۔ ابوبکر نے پوچھا وہ کیا نصیحت ہے؟ اُس نے کہا کہ تجھ پر لازم ہے خبردار ہدایت کے خلاف گمراہی کی طرف میلان نہ کرنا۔ اور راہ راست کو اختیار کئے رہنا۔ اور تمہیں جو کچھ اپنی فراست سے دولت وانتظام ملے اُس میں اللہ سے ڈرتے رہنا۔'' (اسدالغابہ جلد 5 صفحہ 282 اور تاریخ الخمیس جلد اوّل صفحہ 324)

(iii) خانوادہ رسوؐل کا غیر معصوم عالم ابوبکر کی راہنمائی کرتا ہے

قارئین مندرجہ بالا بیان میں سب سے پہلے یہ نوٹ کرلیں کہ قبیلہ اُزد، نابت بن اسماعیل علیہ السلام کی وہی شاخ ہے جو انصار کہلاتی ہے اور وہی قبیلہ ہے جس میں رسولؐ اللہ اور اُن کے بزرگوں کی ننہیال تھی۔ لہٰذا اس قبیلہ میں جانشینانِ جناب اسماعیل کے علاوہ بھی ایسے علما کا ثبوت مل گیا جو صورت دیکھ کر غیب کی صحیح وصادق اطلاع دے سکتے تھے۔ اب سوچئے کہ اُس سلسلہ کے جانشین آئمہ علیہم السلام کا علم کس قدر رہوتا ہوگا۔ اور سلسلہ اسماعیلؑ کے آخری امام جناب ابوطالب علیہ السلام کا علم کس درجہ کا ہوگا۔ اور کیا اُس بشارت میں کوئی شبہ ہوسکتا ہے جو انہوں نے جناب فاطمہؑ بنت اسدؑ کو حضرت علی علیہ السلام کی پیدائش کے لئے دی تھی؟ سنو اور یاد رکھو! اُسی قسم کے علما اس خاندان کی امامتؑ ونبوتؐ کا تعارف وعلامات فراہم کرتے چلے آرہے تھے۔ اور عربوں کے ایمان لانے یا نہ لانے کی محمدؐ مصطفیٰ کو احتیاج نہ تھی۔ یہی وہ قوم تھی جس سے کفر ناممکن تھا اور جو تمام ممالک میں پھیلی ہوئی تھی۔ دوسری بات یہ نوٹ کریں اس روایت میں یہ ذکر نہیں ہے کہ جناب ابوبکر، ازدی عالم کے سامنے ایمان لے آئے تھے یا نہیں۔ پھر یہ دیکھیں کہ اُزدی عالم مروَتاً یہ نہیں کہتا کہ تم ہدایت کو چھوڑ کر گمراہ ہوجاؤ گے بلکہ یہ کہتا ہے کہ خبردار تم ہدایت کے خلاف گمراہی کی طرف نہ جھک جانا۔ اور جو کچھ اپنی فراست سے تمہیں مل جائے اُس میں خدا سے ڈرتے رہنا، حد سے نہ بڑھ جانا۔ یہاں قرآن کی آیت یہ تصریح کرتی ہے کہ قیامت کے دن ایک شخص اپنے ہاتھوں کو چبا چبا کر یہ کہہ رہا ہے کہ ہائے افسوس! اے کاش! میں نے رسولؐ اللہ کا طریقہ اختیار کیا ہوتا اور فلاں شخص کو اپنا دوست نہ بنایا ہوتا (فرقان 25/27-31)۔ ثابت ہوا کہ اُزدی عالم حضرت ابوبکرؓ کو ازراہِ ہمدردی مستقبل کی اطلاع دے رہا ہے اور بتارہا ہے کہ اپنے اختیار کو غلط استعمال نہ کرنا۔ ایک دوسری روایت میں شاہ ولیؒ اللہ اور مُحب طبری نے ابوبکرؓ کا ذکر کیا ہے۔ جس میں انہوں نے بحیرا سے اپنے خواب کی تعبیر دریافت فرمائی تھی۔ ملاحظہ فرمالیں:۔

(iv)۔ بحیرا راہب خلیفہ اوّل کو وزارت وخلافت کی اطلاع دے کر بڑھاتا ہے

علامہ حلبی سیرۃ الحلبیہ جلد اوّل میں (صفحہ 274) لکھتے ہیں:۔

(1) اِنّهُ كان تاجرًا بالشام فراى رويا فقصَّهَا عَلٰى بحيراء الراهب ـ فقال له مِنْ اَيْنَ اَنت؟ قال من مكة ـ فقال من ايُّها؟ قال من قريش ـ قال فائُ شيءٍ انت؟ قال تاجر ـ قال ان صدق اللّٰه روياک؟ فانه يبعث نبیؐ من قومک تكون وزيره فى حياته وخليفته من بعد وفاته ـ فاسرّ ذلک ابوبكر فى نفسه حتى بعث فجاء ه۔

''ابوبکر شام میں تجارت کے دوران ایک خواب دیکھتے ہیں اور بحیرا راہب کو وہ خواب سناتے ہیں۔ بحیرا نے ابوبکر سے کہا تم کہاں کے

رہنے والے ہو۔انہوں نے جواب دیا کہ مکہ کا ہوں ۔اس نے پوچھا کس قوم سے ہو؟ کہا قریش سے ہوں ۔ پوچھا گیا کہ تم کیا کاروبار کرتے ہو۔ جواب دیا کہ تاجر ہوں۔ بحیرا نے کہا کہ اگر خدا نے تمہارا خواب سچا کر دیا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ تیری قوم میں یقیناً ایک نبیؐ مبعوث ہوگا۔تم اس کی زندگی میں اس کے وزیر اوراس کے مرنے کے بعد اس کے خلیفہ ہو جاؤ گے۔ ابوبکر نے اس بات کو اپنے دل میں چھپائے رکھا۔ یہاں تک کہ جب نبیؐ مبعوث ہوگئے تو ان کے پاس چلے آئے۔''

اس روایت کے بعد علامہ نے ایمان لانے کا قصہ لکھا ہے۔ پھر دوسری روایت لکھی کہ:۔

(2) ان ابا بکر رَای رویا ء فقصّھا عَلٰی بحیرا ء ۔ فقال له ان صدقت رویاک فانه سیبعت نبیؐ من قومک فتکون انتَ وزیره فی حیاته و خلیفته بعد مماته۔

''ابوبکر نے ایک خواب دیکھا اور بحیرا راہب کو سنایا۔ اُس نے کہا کہ اگر تمہارا خواب سچا ہے تو بات یہ ہے کہ عنقریب تیری قوم میں ایک نبیؐ مبعوث ہوگا۔تم اُس کی زندگی میں اُس کے وزیر اور اُس کے مرنے کے بعد اُس کے خلیفہ ہو جاؤ گے۔''

اِن ہی روایتوں کی بنا پر تیسری روایت لکھی گئی ہے کہ:۔

(3) واخرج ابو نعیم عن بعض الصحابة انّ ابا بکرؓ آمن بالنبیؐ قبل النبوة ۔ای عَلِم انه النبیؐ المنتظر لما مرعن بحیرا ء الراھب ولما سمعهُ من شیخ عالم من الازد۔

''ابونعیم نے بعض صحابہ سے روایت کیا ہے کہ ابوبکرؓ نبیؐ پر قبل نبوت ہی ایمان لے آئے تھے۔یعنی یہ جانتے تھے کہ آپؐ ہی وہ نبیؐ ہیں جن کا انتظار ہے۔ کیونکہ بحیرا راہب نے اُن سے کہہ دیا تھا اور یمن کے اُزدی شیخ اور عالم سے بھی آپؐ کی نبوت کے متعلق سن چکے تھے۔''
(علامہ حلبی سیرۃ الحلبیہ جلد اوّل صفحہ 274)

(v)۔ بحیرا راہب نے قریشی محاذ کی جدّ وجہد کا نتیجہ ابوبکر کو سُنا دیا تھا

چونکہ علم غیب اور مستقبل کی صحیح پیشگویوں کا مرکز خود اللہ ہے۔اسلیئے پیشگویوں میں ہر وہ بات خدا کی طرف سے نہیں ہوسکتی جس میں اختلاف یا تضاد ہو۔ایسی باتوں کو جن میں اختلاف یا تضاد ہو، بیان کرنیوالے یا سمجھنے والے یا لکھنے والے کی غلطی یا اضافہ قرار دیا جاتا ہے۔شیخ ازدی اور بحیرا کی طرف سے جو اطلاعات دی گئی ہیں وہ رسولؐ اللہ کی زندگی میں وزیر ہونے کے علاوہ لفظ بلفظ اُسی طرح وقوع میں آئی تھیں جس طرح بیان کی گئی تھیں ۔یعنی ہم سب مسلمان یہ مانتے ہیں کہ رسولؐ کے انتقال کے بعد رسوؐل کی حکومت خاندانِ رسوؐل کو نہیں ملی بلکہ ابوبکر پہلے خلیفہ ہوگئے یا بن گئے تھے۔ دوسرے نمبر پر عمر آئے اور تیسرے پر عثمان خلیفہ ہوگئے ۔یعنی اگر اُن پیشین گوئیوں میں یہ دونوں نام بھی شامل ہوتے تب بھی وہ صحیح ہوتیں ۔لہٰذا گفتگو اِس میں نہیں ہوتی کہ رسولؐ اللہ کے بعد خلیفہ کون ہوا؟ بلکہ بحث اس پر ہوتی ہے کہ اللہ ورسولؐ نے اپنا خلیفہ یا جانشین کس کو بنایا؟ چنانچہ یہ خدا کی شان ہے کہ تین سو سال تک تمام وسائل ہاتھ میں ہوتے ہوئے کوئی ایک روایت بھی ایسی نہ گھڑی جاسکی جس میں رسولؐ اللہ نے ابوبکر کو مخاطب کر کے یا لوگوں سے خطاب کے دوران یہ کہا ہوتا کہ میں اپنے بعد اپنا جانشین یا خلیفہ جناب ابوبکر کو بناتا ہوں اور تم سب اس حکم کی تعمیل میں آج اُسکے ہاتھ پر بیعت کرو اور اُسے اس تقرر پر مبارکباد دو۔

ایسی روایت کی ضرورت بہت لیٹ محسوس ہوئی اُس زمانہ میں موقع ہاتھ سے نکل چکا تھا۔ بہرحال زیرِنظر پہلی اور دوسری روایت میں جولفظ رکھی جاسکی وہ ہے'' **تکُونُ** ''جس کے معنی ہیں کہ''تو ہوجائیگا'' یا '' تُو بن جائیگا''۔تو واقعی ابوبکر خلیفہ اوّل بن بھی گئے تھے۔اور ہو بھی گئے تھے۔لیکن خلیفہ بننے کے حالات نے بات کواس طرح بگاڑا کہ اُس کا سنوارنا آج تک ممکن نہ ہوسکا۔ پہلا وہ نظارہ ہے جہاں خلافت کا جھگڑا سامنے آتا ہے۔سارا قصہ نظرانداز کر کے بھی جو کچھ بچتا ہے وہ یہ ہے کہ حضرت عمر اور ابوعبیدہ جراح دونوں ابوبکر کو خلیفہ بناتے ہیں اور وہ خلیفہ ہوجاتے ہیں۔اس میں یہ تو صحیح ہے کہ انہیں آنحضرتؐ کے بعد خلیفہ بنادیا گیا اور وہ خلیفہ ہوگئے ۔مگر وہی سوال سامنے کھڑا ہے کہ کیا اللہ و رسولؐ نے ایسا حکم دیا تھا؟ کیا اُن کی رضامندی سے یہ خلیفہ بنے تھے؟ اُدھر ازدی عالم کی طرف سے حق سے انحراف اور خوفِ خدا سے بے پرواہی کی اطلاع بھی ایک بُری اور مخالف بات ہے۔ پھر ازدی عالم کی اطلاع پر کسی خوشی کا اظہار نہ کیا، نہ رسالت پر ایمان لانے کی بات کی، نہ بحیرا راھب کی اطلاعات پر کوئی ایمانی ردعمل ظاہر ہونے دیا۔ پھر بحیرا کی پہلی روایت میں پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے اُسکی دی ہوئی اطلاعات کو قطعاً صیغہ راز میں دفن کردیا۔اور مکہ میں آکر کبھی بھی رسولؐ اللہ سے بحیرا کی باتوں کا ذکر نہ کیا۔

(vi)۔ بحیرا راھب کی بیعت پر خاموشی اور نبوت کو ایک ناگہانی حادثہ بنانے کی قحطانی اور قریشی سازش

جب یہ معلوم ہوگیا تھا کہ جس کی نبوت کا انتظار ہورہا ہے وہ محمدؐ ہی ہیں،تو اُن سے اُس خواب کی تعبیر کیوں نہ دریافت کی اور کیوں اپنی وزارت اور خلافت پر رسولؐ اللہ کی سند یا رائے نہ لی۔اور تمام راویوں اور تاریخ نے اس خواب کو بیان کرنے میں کیا خطرہ محسوس کیا؟ اگر وہ خواب ایک بدترین قسم کا پلان اور سازش ظاہر نہ کرتا تھا تو اُسے چھپانے کے بجائے بڑے زوردار الفاظ میں جلی قلم سے لکھا جاتا۔ یقیناً انہوں نے خواب میں وہ تمام جوڑتوڑ اور قریشی سازش دیکھی تھی اور نتیجہ میں خود کو وزیر و جانشین دیکھا تھا۔اس لئے خواب کا پہلا حصہ چھوڑ کر صرف نتیجہ کو تاریخ میں آگے بڑھا دیا گیا۔مگر بدقسمتی سے یہ سارا خواب اور قریش کی پوری سازش قرآن میں موجود ہے اور ہم اُسے بھی لکھیں گے۔ پھر یہ سوچے بغیر بھی نہیں رہا جاسکتا کہ جونور مکہ کی عورتوں اور مردوں کو مسلسل متوجہ کرتا چلا آیا تھا ابوبکر اس سے کیوں واقف نہ ہوں گے؟ اور جس بحیرا نے ابوبکر کے خواب سے بیس سال پہلے ابوطالبؑ اور مکی قافلے کی موجودگی میں رسالت محمدؐ یہ کی تصدیق کے ساتھ اعلان کیا تھا،جس نے تمام قافلے والوں اور رومیوں کو رسولؐ اللہ کے سر پر بادل کا سایہ اور درختوں اور پتھروں کا سجدے کرنا دکھایا تھا، وہ بحیرا یہ کیوں کہے گا کہ تیری قوم میں ایک نبیؐ مبعوث ہوگا۔وہ تو یہ کہے گا کہ محمدؐ وہ رسولؐ ہے۔ میں اس کی تصدیق کر چکا ہوں۔اُن سے مل چکا ہوں۔ جاؤ اور جا کر اُن کی بیعت کرو۔اُن کی رسالت کی چاروں طرف منادی کرو۔لوگوں کو تیار کرو کہ وہ اُن پر ایمان لائیں۔کیا بحیرا اپنی تصدیق اور چشم دید معجزات کو بھلاسکتا تھا؟ کیا یہ بھلائے جانے کے قابل کوئی معمولی بات تھی؟ اور کیا اہل قافلہ نے مکہ میں آکر بحیرا کی تصدیق اور اپنے چشم دید معجزات کو گھر گھر مشہور نہ کردیا ہوگا؟ اس کے باوجود حضرت ابوبکر کا سکوت معنی خیز ہے۔ اور یہی وہ پختہ یقین ہے جس کی بنیادوں پر قریش نے نہایت قلیل تعداد اور بہت حقیر قوت کے باوجود اپنی سازش اور پھر میدان جنگ اختیار کیا تھا۔جس طرح ہمیں غیبی اطلاع سے یہ یقین ہے کہ ابلیس جہنم میں جائے گا۔حقیقی مومنین جنت میں جائیں گے۔اُسی طرح قریش کو یقین تھا کہ وہ اپنی سازش میں کامیاب ہوں گے۔مگر اس کامیابی سے وہ سازش اور وہ اعمال جائز نہیں ہوجاتے۔فراعنہ ونماردہ

نے کامیابی حاصل کی، کامیاب حکومت بنائی مگر اُن کی کامیابی اُن کے حق پر ہونے کی دلیل نہیں ہے۔اللہ نے تو خود کہا ہے کہ ہم کافروں، منکروں اور سرکشوں کو بھی حکومت دیتے رہتے ہیں۔ پھران دونوں روایتوں کو معتبر کتابوں بخاری، مسلم وترمذی میں کیوں جگہ نہ ملی؟ کیوں محققین نے اُن کا انکار کیا۔ کیوں اُن کو قصہ گو لوگوں کے لئے چھوڑ دیا؟ کیوں ان کو خلافت کی بحثوں میں دلیل قطعی نہ بنایا گیا؟ اس لئے کہ موجودہ صورت میں بھی ان روایتوں سے قحطانی اور قریشی تصورات کی عمارت مسمار ہوجاتی ہے۔یعنی اُن روایات سے آنحضرؐت کا اچانک رسولؐ بنادیا جانا غلط ہوجاتا ہے۔فرشتہ کو دیکھ کر ڈرجانا باطل ہوجاتا ہے۔ چالیس سال تک (معاذ اللہ) کافر و ناپاک رہنا اور فرشتوں کا سینہ چیر کر دل کو کفروشرک سے پاک کرنا غلط ہوجاتا ہے۔

وہ تو یہ چارسوبیس کرنا چاہتے ہیں کہ اس نبوت کو ایک ناگہانی حادثہ بنا کر دکھائیں۔جس کا نہ کسی کو پتہ تھا، نہ ایسی کوئی خبر پہلی کسی کتاب میں آئی تھی سب ناواقف تھے۔خود رسولؐ اللہ کو خبر نہ تھی کہ میں رسولؐ ہوں یا رسولؐ بننے والا ہوں۔ورنہ انہیں فرشتہ سے ڈر کر بھاگتا ہوا کیسے دکھاتے۔ورقہ بن نوفل سے تصدیق حالات کی ضرورت کیسے پیدا کرتے؟ ہروحی کے وقت حضور کا کانپنا، بےحس ہوجانا کہاں سے لاتے؟ پورے قرآن سے جاہل کیسے قرار دیتے؟ اِس فراڈی نظارہ میں یہ باتیں کیسے ہضم ہوں گی کہ رسولؐ اللہ دس سال کی عمر ہی میں رسوؐل تھے۔بحیرا نے بیعت کی تھی۔اعلان وتصدیق کے لئے سارے مکی قافلے کی دعوت کی تھی۔سب کو معجزات پر متوجہ کیا تھا اور آنکھوں سے دکھایا تھا۔اُس وقت تو زوروں میں آکر ابوبکر کو اُس قافلہ میں موجود لکھ دیا جس کو بحیرا نے سب کچھ بتایا تھا۔اور بلال کو پیدا ہونے سے کئی سال پہلے حضرت ابوبکر نے آنحضرؐت کا خدمت گار بنا کر واپس مکہ میں بھیجا۔لیکن خواب دیکھ کر بحیرا کے پاس پہنچ گئے۔چاہئے یہ تھا کہ بحیرا کو خود تعبیر سناتے۔یا کہتے کہ جناب میں تو اس روز قافلہ میں موجود تھا۔جب آپ نے اعلان رسالت کیا تھا۔اُس کو ٹوکتے کہ اب تم اَنجان کیوں بن رہے ہو۔تمہیں اس رسوؐل کا، اُن کے باپؑ کا بھی نام معلوم ہے، تم تو ابو طالبؑ کو بھی جانتے پہچانتے ہو، پھر قوم میں کیوں کہتے ہو۔صاف بات کرو، نام اور ولدیت کے ساتھ مجھے بتانا چاہئے تھا۔پھر بحیرا یہ نہیں کہتا کہ تم اس پر ایمان لاؤ گے۔یعنی بحیرا کے علم میں یہ تو ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ رسولؐ اللہ کے وزیر اور خلیفہ بن جائیں گے مگر اُن کے علم میں ابوبکر کا ایمان لانا نہیں ہے۔ بتایئے اور سوچ کر بتایئے کہ کیا ان روایات سے قریشی طرزِ حیات اور اُن کی چارسوبیس کو کوئی فائدہ پہنچتا ہے۔اسی لئے اُن کے محققین اور محدثین نے ایسی روایات کو جگہ نہیں دی۔ یہ خدا کی شان ہے کہ چند حقائق لکھنے پر اُن لوگوں کو اُس نے مجبور کردیا اور آج وہی حقائق اُن لوگوں کے لئے ایک مصیبت عظمٰی بن کر رہ گئے ہیں۔ یہ قدرت کی ستم ظریفی ہے کہ پہلے ایسے حالات پیدا کئے کہ مجتہدین کو چند حقائق لکھنے میں مفر نظر آیا۔ پھر ایسے حالات سامنے رکھ دیئے کہ اُن مجتہدین کو اُن حقائق کے خلاف لکھنا پڑا۔اس میں اختلاف ہوا۔بعض نے کہا نہیں، بعض نے کہا ہاں یہ صحیح ہے۔الغرض اُن سے اُن کے خلاف لکھوا لیا۔ہم یہاں نہ خلافت کی بحث کررہے ہیں نہ حضرت ابوبکر کے ایمان پر گفتگو ہے۔اصل گفتگو یہ ہے حضرت ابی طالب علیہ السلام نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کو اُن کی دس سال کی عمر میں ثابت کردیا تھا۔اور ملک روم، شام وعراق وعرب میں اُس کی شہرت پہنچادی تھی۔یعنی ظہور محمدؐی ایک ناگہاں حادثہ نہ تھا۔روز ازل سے اس نبوت کا اعلان ہوتا چلا آیا۔تمام کتب سماوی نے اس ریکارڈ کو محفوظ رکھا۔ساری اُمتوں نے اس ظہور کا انتظام وانتظار کیا۔تمام انبیاءؑ اس پر ایمان

لائے اور اُمتوں کو بشارتیں دیں۔تمام علما اس کو خوب تفصیل سے جانتے تھے۔خاندان اسماعیلؑ کی نابتی شاخ میں یہ ظہور امامتؑ کی صورت میں ہر جانشین کے چہرہ میں دمکتا اور لوگوں کو متوجہ کرتا رہا۔حتّٰی کہ:۔

ہوئی پہلوئے آمنہؑ سے ہویدا　　　دعائے خلیلؑ و نوید مسیحؑا

14۔ ظہورِ محمدؐی کے وقت عربوں کی تہذیب وتمدن وتحریکِ عقلی اور نظامِ حیات

عربوں کے متعلق جو تصورات قحطانی تاریخ نے عوام میں پھیلائے وہ یہ ہیں کہ مشرکین عرب ظہورِ محمدؐی سے پہلے قطعاً جاہل تھے۔لکھنا پڑھنا نہ جانتے تھے۔بڑی سادہ زندگی بسر کرتے تھے۔حکومت وتمدن وترقی سے قطعی طور پر لاعلم تھے۔نہ اُن پر کسی نے حکومت کی تھی نہ وہ کسی پر حاکم ہوئے تھے۔دین و مذہب سے بے بہرہ اور بالکل ناواقف تھے۔سیدھے سادے فطری زندگی بسر کرنے والے لوگ تھے۔چھل فریب اور مکر و دغا سے اُن کا واسطہ نہ تھا۔اُن کے ملک میں نہ تحریر وتقریر کا رواج تھا۔نہ کوئی کتاب تھی،نہ کوئی قانون تھا،نہ ضابطہ حیات تھا۔سب بُت پرست اور مشرک تھے۔توحید کا نام ونشان نہ تھا۔حیوانات ونباتات و جمادات کی پوجا کرتے تھے۔سب بدّو تھے۔لڑتے بھڑتے رہنا اور لوٹ مار کرنا اُن کا کام تھا۔وغیرہ وغیرہ

لیکن یہ تمام ایک فریب ہے،جھوٹ ہے،تہمت ہے اور خود قحطانی تاریخ سے یہ سب ایک سازش اور بڑی دُوررس سازش ثابت ہے۔ہم نے اپنی تصانیف میں تفصیل اور مستحکم دلائل سے ثابت کیا ہے کہ عرب کی اقوام نے اس دنیا کو تہذیب سکھائی،تمدن سے روشناس کیا،اِس دنیا کو مہذب ومتمدن دنیا بنایا اور حکومت کرنا سکھایا۔سب سے پہلے عرب نے دنیا کو عمرانی،اقتصادی،سیاسی اور مذہبی قوانین دیئے۔اور آج کی متمدن اور ترقی یافتہ دنیا بھی عرب ہی کی رہینِ مِنّت ہے۔یہ دوسری بات ہے کہ جن لوگوں نے دنیا کو مذکورہ نعمتیں دیں وہ انبیاؑء ورسلؑ اور اُن کے جانشینؑ آئمہؑ وحکام تھے۔لہٰذا عربوں کی وہ تصویر جو قحطانیوں نے پیش کی ہے وہ نہ صرف تاریخ بلکہ قحطانی تاریخ ہی کی رو سے غلط ہے۔بلکہ قرآن کریم کے مفصل بیانات اُن کے خلاف ہیں۔لہٰذا جس زمانے میں حضرت ابوطالب علیہ السلام رسولؐ اللہ کو پال رہے تھے۔اُس زمانہ کے عربوں میں بھی ساری دنیا سے بزرگ مدبرین و ماہرین موجود تھے۔خانوادہ رسولؐ کے علاوہ بہت سے خاندانوں میں تہذیب وتمدن اُس انتہا کو پہنچا ہوا تھا جو آج بھی رشک وتمنا کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔عربوں کی دین ودنیا کی سرکشی اور خدا سے سرتابی جہالت کی بنا پر ہوتی تو وہ معذور ہوتے۔اُن کی سرکشی علم وبصیرت ودانش وبینش کی بنا پر تھی۔وہ فراعنہ مصر سے بڑھ کر عالم تھے۔وہ نمارید بابل سے اعلیٰ تر باغی وطاغی تھے۔افلاطون و بقراط اُن کے ناخنوں میں پڑے تھے۔وہ،وہ لوگ تھے جن پر سیاست وتدبر اور منصوبہ سازی کو ناز تھا۔یہ وہ لوگ تھے جن کو ابلیس نے اپنے پورے نظام کا سربراہ بنادیا تھا۔جو ابلیسی بصیرت کے پروردہ اور ابلیسی تجربہ کے حامل تھے۔جو انبیا علیہم السلام کی مخالفت اور اسلام کے متوازی مذہب تیار کرنے میں درجہ کمال پر تھے۔اور جن کے نظام حیات کی بلندی وعظمت کا یہ ثبوت ہے کہ اُن کے نظام کو باطل کرنے کے لئے اللہ کا سب سے بزرگ رسولؐ اور تمام رسوؐلوں کے خاندانوں سے بزرگ خانوادہ متعین کیا گیا۔لہٰذا جس پیمانے سے آنحضرؐت کی رفعت،مرتبہ اور عظمت علمی کو جانچا جائے گا۔اُسی پیمانے کو اُلٹا کر کے

مشرکین عرب کی عظمت ناپنا پڑے گی ۔معمولی بیماری کی صورت میں ایک ادنیٰ درجے کے ڈاکٹر سے رجوع کیا جا سکتا ہے ۔ یہ سراسر احمقانہ فعل ہے کہ زکام کے علاج کے لئے چار آنے کے جوشاندہ کی جگہ امریکہ کا سفر کر کے سب سے بڑے ڈاکٹر کو دکھایا جائے ۔لہٰذا عقلاً اور قرآناً یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ قحطانی راہنمایانِ قوم، خدا کے مقابلے میں ایسی قوت سے اپنا نظام شرک چلا رہے تھے اور اِس حُسن تدبر سے بے دینی کو دین بنا کر دکھا رہے تھے اور اس قدر نوع انسان پر اثر انداز ہو چکے تھے کہ اللہ نے انسانوں کو اُن سے بچانے کیلئے پوری کائنات کا عالم رسولؐ ارسال کیا تھا۔ یہ چند سطور بطور حوالہ علامہ شبلی کے قلم سے سن لیں تا کہ مُلا کا دیا ہوا عربی تصور سامنے سے ہٹ جائے۔

(14/2)۔ عربوں کا تمدن اوج کمال پر پہنچ چکا تھا

علامہ شبلی نے سیرۃ النبیؐ جلد اوّل میں عنوان ''**تہذیب وتمدن**'' میں لکھا کہ:۔

(i) ''مانسیو لیبان فرنسادی نے اصول عمران کی بنا پر یہ رائے ظاہر کی ہے کہ اسلام سے پہلے عرب کا تمدن کسی زمانہ میں اوجِ کمال تک پہنچ چکا تھا۔ کیونکہ اصول ارتقا کی رُو سے کوئی قوم وحشت کی حالت سے دفعتاً اعلیٰ درجہ کی تہذیب وتمدن تک نہیں پہنچ سکتی۔'' (سیرۃ النبیؐ ۔جلد اوّل صفحہ 114)

(ii) ''یہ ایک قیاسی استدلال ہے۔تاریخ سے اس قدر ضرور ثابت ہوتا ہے کہ عرب کے بعض حصے مثلاً یمن کسی زمانہ میں انتہا درجے کی ترقی تک پہنچ چکے تھے۔'' (صفحہ 114)۔علامہ نے تجربہ اور مشاہدے اور بدیہی استدلال کو قیاسی فرما کر اپنی حماقت اور تعصب کا ثبوت دیا ہے۔اور اگلے جملے میں اپنی تردید خود کر دی ہے۔

(iii) ''یاقوتِ حموی نے معجم میں عربوں کے قدیم آثار عجیبہ کا ذکر کیا ہے۔''

(iv) ''مؤرخین عرب کا دعویٰ ہے کہ یمن نے ایک زمانہ میں اس قدر ترقی کی تھی کہ وہاں کے سلاطین نے ایران کو فتح کر لیا تھا۔'' (سیرۃ النبیؐ ۔جلد اوّل صفحہ 114)

(v) ''عظیم الشان قلعوں اور عمارتوں کے آثار جواب تک موجود ہیں، اس بات کی قطعی شہادت دیتے ہیں کہ اس ملک (عرب) میں کبھی اعلیٰ درجہ کا تمدن تھا۔'' (سیرۃ النبیؐ ۔جلد اوّل صفحہ 115)

(vi) ''آج کل یوروپ کے محققین نے اُن مقامات پر جا کر جو تحقیق کی ہے اُس سے بھی حیرت انگیز تمدن کی تحقیق ہوتی ہے۔'' (سیرۃ النبیؐ ۔جلد اوّل صفحہ 116)

(14/3)۔ آج ثقافت کے نام پر جو کچھ ہوتا ہے وہ مشرکین عرب کی نقل ہے

شبلی صاحب نے جو کچھ لکھا اُسے ظہور محمدیؐ سے پہلے کا بنا کر لکھا ہے ۔حالانکہ عرب کی حکومتوں کی ذیل میں بہت ساری حکومتوں کا وجود آنحضرتؐ کے عہد میں تسلیم کیا ہے۔کوئی پوچھے کہ جناب جن حکومتوں نے ماضی میں اَوجِ کمال تک ترقی کی تھی۔اُن کی جانشین حکومتیں مسلسل رسولؐ کے زمانے تک چلی آئی تھیں۔تو ترقی کا کمال بھی مسلسل آنحضرتؐ کے زمانے تک کیوں نہیں مانتے؟ صرف

اس لئے ناں؟ کہ آپ کے قحطانی بزرگ عربوں کو جاہل اور سیدھا سادا دکھا کر چند فوائد اُٹھانا چاہتے ہیں؟ اب سنئے کہ مسٹر پرویز اپنی کتاب معارف اسلام جلد چہارم میں عربوں کے اخلاق کے عنوان میں وہ سب کچھ لکھ ڈالتے ہیں جو آج کی ترقی یافتہ دنیا میں پندرہ سو سال بعد بھی پوری طرح نافذ العمل کرنے میں جھجک محسوس کی جارہی ہے۔اور جس کی طرف یہ آزاد زمانہ للچائی ہوئی نظروں سے دیکھ رہا ہے۔اور جنسی اشتراک کا وہ بلند ترین معاشرہ جس کا خواب دیکھتے ہوئے مارکس اور لینن مرگئے اور جس کے قیام کے لئے آج مسلم و غیر مسلم ممالک کوشاں ہیں۔عربوں نے ڈیڑھ ہزار سال پہلے اپنے یہاں رائج کر رکھا تھا۔ملاحظہ ہوں چند نظارے اور چند اشارے۔

(i) ''باپ کے مرنے کے بعد اس کی تمام بیویاں، بجز حقیقی ماں کے، بیٹے کی وراثت میں آجاتیں۔اور اُس کی جائز بیویاں سمجھی جاتیں۔بیویوں کی تعداد کی کوئی حد ہی نہ تھی۔'' (معارف القرآن۔جلد چہارم صفحہ 136)

پرویز صاحب نے شرما کر حقیقی والدہ کو مستثنیٰ کر دیا ہے۔مگر قرآن نے عربوں کے جنسی اشتراک میں ماؤں بہنوں اور بیٹیوں سب کو شامل دکھایا ہے۔یعنی جو کچھ یونان میں افلاطون نے ترقی یافتہ معاشرہ کی ذیل میں لکھا تھا۔اور جس پر کمیونزم نظر رکھتا ہے وہ نظام عرب میں ثابت ہو گیا ہے۔

(ii) ''شجاعت اور بہادری میں کسی کی شہرت سنتے تو اپنی بیوی کو اس کے پاس بھیج دیتے تا کہ اس سے شجاع اور بہادر بچہ پیدا ہو۔ زنا کی اولاد کے متعلق عورت جس کی طرف انگلی اٹھا دیتی وہی اُس کا باپ قرار پاجاتا۔اس پر طُرفہ یہ کہ فسق و فجور کی اُن فواحش پر فخر کرتے۔............شرم و حیا کا یہ عالم کہ حج کعبہ میں ہزاروں لوگ جمع ہوتے اور سب مرد و عورت مادر زاد ننگے ہو کر طواف کعبہ کرتے۔جب حج کے وقت برہنگی کا یہ عالم تھا۔تو غسل یا جائے ضرورت.........میں پردہ کی کیا ضرورت تھی۔چنانچہ کھلے میدان میں کھلے بندوں نہاتے اور ضروریات............سے فارغ ہوتے۔'' (معارف القرآن۔جلد چہارم صفحہ 137)

یہاں نوٹ کرنے کی پہلی بات یہ ہے کہ بقول عربوں کے یہ سب کچھ اللہ کا حکم اور سنت سلف صالحین تھی (اعراف 7/28) اور پرویز کی رو سے مذہبی حیثیت سے برہنگی وغیرہ جائز تھی۔دوسری بات پھر جنسی تعلق میں نکاح کی قید و بند سے آزادی ثابت ہے۔جو جناب مارکس اور اینجل کی کتاب سیلیکٹڈ ورکس (SELECTED WORKS) میں ساری دنیا کو ایک خاندان بنا دینے اور ہر بچہ کو پوری دنیا کا بچہ قرار دینے کی اسکیم ہے۔تا کہ لوگ اپنے اپنے بچوں کی فکر میں دوسروں کا استحصال نہ کریں۔اس لئے عربوں نے ماں، بیٹی، بہن وغیرہ رشتوں کی تفریق مٹا دی تھی۔پھر عورتوں کی آزادی کی مثال قائم کر دی تھی۔وہ جس سے چاہے جنسی تعلق قائم کرے اور جس کو چاہے بچہ حوالے کر دے۔اس لئے کہ بچہ بہر حال پوری قوم کا بچہ ہوتا ہے۔ایسے بلا باپ کے چند بزرگ صحابہ میں بھی شامل تھے جن میں سے ایک کا نام زیاد ہے۔جس کا بیٹا ابن زیاد خانوادہ رسوؐل کو مٹانے اور قتل کرانے کا ذمہ دار بنایا گیا تھا۔اور کئی ایک ایسے بہادر لوگ بھی مسلمانوں میں موجود تھے جن کا پرویز نے ذکر کیا ہے۔اور آخری بات یہ ہے کہ جس طرح ماڈرن ممالک میں لبِ سڑک، اسٹیشنوں پر، چوراہوں پر بہت سی ایسی چیزیں عام اور جائز ہیں۔جن کو بیک ورڈ (Backward) یعنی پس ماندہ لوگ فحاشی کہتے ہیں عربوں میں پندرہ سو سال پہلے عام طور پر ہوتی تھیں۔یہ اُن کی ثقافتی ترقی کا انتہائی مقام تھا۔جہاں آج کی دنیا پہنچنے کی کوشش کر رہی ہے۔نہ معلوم کتنی صدیاں لگیں جب

جنسی ضرورت مجمع عام میں پوری کرسکنے کی آزادی ہوگی۔ بتائیے ایسے معاشرہ کے لئے کیسا رسولؐ درکار ہے؟ ہے کوئی پہلے رسولوںؑ میں جسے ایسا معاشرہ اور ملک ملا ہو اور اُس نے اُسے درست کر دیا ہو؟

(iii) ''شراب پانی کی طرح بے تکلفی سے پی جاتی تھی۔گھروں میں شراب کی مجلسیں قائم ہوتیں۔اور عورتیں و بچے ساقی گری کرتے۔اس کے بعد نشے کے عالم میں جو بدمستیاں ہوتیں وہ ظاہر ہیں۔شراب سے تو ایام جاہلیت کے عربوں کو عشق سا نظر آتا ہے۔اُن کے شعر کیا ہیں:۔

تاکستان کی لچکتی جھومتی شاخیں ہیں کہ ہوا بھی اُن کو چھُو جائے تو لڑکھڑاتی پھرے

لٹریچر میں شراب کی محبوبیت کا یہ عالم ہے کہ عربی زبان میں شراب (کی مختلف اقسام) کے اڑھائی سو نام ہیں'' فردوس بیک خوشۂ انگور فروشم'' کی آپ کے نزدیک ایک مخمور کی ترنگ سے زیادہ حیثیت نہیں لیکن تاریخ نے یہ کیف انگیز واقعہ بھی اپنے دامن میں محفوظ کر رکھا ہے کہ خانہ کعبہ کے (قحطانی) متولی ابن غبشان خزاعی نے خود کعبہ کی تولیت کو قریش کے جدامجد قصی ابن کلاب کے ہاتھوں ایک مشکیزہ شراب کے عیوض بیچ دیا تھا۔'' (معارف القرآن۔جلد نمبر 4 صفحہ 137)

(iv)۔ پرویز نے شراب کے ذکر سے مخمور ہو کر خلفائے اوّل و دوئم کو قریش سے خارج کر دیا

عربوں کے حالات سے پہلے جناب پرویز کا یہ حال ہوا کہ نشے میں یہ لکھ گئے کہ قصی علیہ السلام قریش کے جدامجد تھے۔یعنی چلے تو تھے خانوادہ رسولؐ کے ایک عظیم الشان بزرگ کو شراب سے ملوث کرنے مگر پہنچے وہاں جہاں کا خمیر تھا۔ جناب ابوبکر کو قریشی بنانے کے لئے اُن کے خاندان کے ساتویں دادا کو جناب قصی علیہ السلام کے دادا جناب مرّہ علیہ السلام کا بیٹا بنانا پڑے گا۔اور جناب عمر کو اگر قریشی بنانا ہو تو ان کے نویں دادا کو جناب قصی علیہ السلام کے (چوتھے دادا) پردادا جناب کعب علیہ السلام کے نطفے سے ماننا پڑے گا۔

اس قریشی مصیبت کے بعد اُن کی شعر و شراب کی محفلوں کو آج کے ترقی یافتہ دور کے کلبوں، ظہرانوں، عصرانوں اور عشائیوں پر فوقیت دینا پڑے گی۔اس لئے کہ وہاں عورتوں اور بچوں کو برابر کے حقوق حاصل تھے۔وہ ایک عالمی منصوبے کے ماتحت ملک میں ایسی نسل تیار کرتے چلے آرہے تھے جو آغوشِ شعر و شاعری اور شراب و کباب و شباب میں آنکھ کھولے۔تربیت پائے، پلے بڑھے، جنسیات و نفسیات کا بے حجاب مطالعہ کرے، سمجھے اور اس پر روز اوّل سے عمل کرتے ہوئے جوان ہو۔تاکہ اس کے قلب و ذہن سے وہ تمام مصنوعی الفاظ حرف غلط کی طرح مٹ جائیں جن کی آڑ میں نوع انسان میں ہزاروں اقسام کی تفریق برقرار رکھی جاتی ہے۔بہن کو بھائی سے الگ رکھنے کی تفریق، باپ اور بیٹی میں تفریق، ماں بیٹے میں تفریق۔پھر اپنے اپنے بچوں کی آڑ میں تفریق، خاندانوں میں تفریق، پھر قبیلوں اور نسلوں کی تفریق.......اور اقوام و مِلل میں تفریق اور ممالک میں تفریق، زبان اور رنگ کی تفریق، غریب و امیر کی تفریق.......پیشوں میں بڑھئی اور لوہار کی تفریق، حجام اور جراح کی تفریق، شاہ و گدا کی تفریق، اعلیٰ و ادنیٰ کی تفریق......نبیؑ اور رسولؐ کی تفریق اور مطیع اور مطَاع کی تفریق، نبیؑ اور اُمتی کی تفریق، گناہ اور ثواب کی تفریق، نیک اور بد کی تفریق، فرض اور سنت کی تفریق.....جائز اور ناجائز کی تفریق، حقیقت و مجاز کی تفریق، دین و دنیا کی تفریق.......پھر مذہب و سیاست کی تفریق۔نتیجہ ایک ہی ہوتے ہوئے زنا اور نکاح میں

تفریق، حلال وحرام کی تفریق۔ وہ ایسی نسل تیار کر رہے تھے جو انسانوں کی گردنوں میں بندھی ہوئی تفریق کی ان تمام زنجیروں کو توڑ ڈالیں جو فطری زندگی اختیار کریں۔ وہ سب ایک آدمی کی اولاد ہیں۔ ایک اللہ کی مخلوق ہیں۔ وہ سب ایک جسم کے اعضاء ہیں۔ اُن کے راستے میں جو رکاوٹ آئے گی، وہ اُسے اُٹھا کر پھینک دیں گے۔ خواہ وہ مذہب کا نام لے کر آئے یا دین کی نقاب میں منہ چھپائے۔ خواہ کسی چیز سے فحش کہہ کر تفرقہ پیدا کرے یا کوئی اور بُرا نام دَھرے۔

قارئین یہ تھا وہ فرق جو آج کے ترقی یافتہ دور میں اور عرب کی قریشی تہذیب وتمدن میں نمایاں ہے۔ آج اس تمام تفصیل کو یہ کہہ کر ایک جملہ میں سمو دیا جاتا ہے کہ ہم ایک ایسا معاشرہ تیار کرنا چاہتے ہیں جو طبقہ واریت، درجہ بندی اور تفریق سے پاک ہو۔ اس خوبصورت جملے پر تمام مسلم وغیر مسلم ممالک واقوام بلا سمجھے ریس لگا رہے ہیں۔ اُدھر بڑھنے اور بڑھانے کیلئے اُس قریشی نظام کے موجودہ ماہرین نے ایک خوبصورت لفظ میں اس جملے کو مختصر کر کے سوشلزم نام رکھ دیا ہے۔ جسے مارکس اور لینن کی زبان میں کمیونزم کی طرف لیجانے کا عبوری دور یا درمیانی نظام قرار دیا ہے۔ پھر اس سارے قصے کو کمیونزم کے ماہرین نے یوں سنایا ہے کہ بنی نوع انسان کی ترقی میں تین مستقل رکاوٹیں ہیں۔ جب تک اُن تینوں میں سے کوئی ایک رکاوٹ بھی باقی رہے گی مذکورہ معاشرہ قائم نہ ہو سکے گا۔ اور وہ تین رکاوٹیں ہیں:۔ **مذہب و مناکحت اور ملکیت**۔ یہ اصول مارکس، اینجلز، لینن وغیرھُم نے اپنی کتابوں میں کھول کر لکھ دیئے ہیں۔ لیکن عوام بھڑک نہ جائیں اسلیئے سوشلزم کی چادر اوڑھ کر کام کیا کرتے ہیں۔ بہر حال یہ دیکھا جاسکتا ہے کہ ان اصولوں کے راہنما بھی قحطانی یا قریشی مشرکین یا اشترا کیئین ہی ہیں۔ اشترا کی معاشرہ مشرک معاشرہ ہی کا نام ہے۔ دونوں الفاظ کا مادہ ایک ہے، مصدر ایک ہے، معنی ایک ہیں۔

(v)۔ ماڈرن زمانے کے تفریحی اور ثقافتی پروگراموں کے موجد مشرکین قریش تھے

''شراب نوشی کے ساتھ ساتھ قمار بازی بھی کچھ لازم وملزوم سی نظر آتی ہے۔ عصرِ حاضر کی غازہ بہ رخسار شام ہو۔ یا ازمنہ قدیمہ کی کاکُل بدوش رات ہو۔ ہر محفل میں یہ توام (جڑواں) بہنیں یکجا رہزن ایمان وہوش نظر آتی ہیں.......... یہ رسومات اس قدر تقدس حاصل کر چکی تھیں کہ خانہ کعبہ میں جناب ابراہیمؑ واسماعیلؑ کے مجسموں کے ہاتھوں میں جوئے کے پانسوں والے تیر پکڑا رکھے تھے۔''
(معارف القرآن۔ جلد چہارم صفحہ 138-137)

دیکھنا یہ ہے کہ مشرک نظام ظہور محمدؐ کے زمانے میں جو کچھ کر رہا تھا وہ سب کا سب مذہب ابراہیمؑ واسماعیلؑ وسابقہ تعلیماتِ خداوندی کے مجتہدانہ فیصلوں کے مطابق تھا۔ وہ اسے بے دینی یا گمراہی نہ سمجھتے تھے۔ بلکہ احکامات خداوندی کی تعمیل کہتے تھے۔ (وَاللّٰہُ اَمَرَنَا بِهَا) ''اللہ نے ہمیں اس پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے۔'' (اعراف 7/28)

(vi)۔ قریش کا وہ نظام جس سے خوفزدہ کر کے سوشلزم کی طرف لایا جا رہا تھا

بڑے بھولے ہیں وہ لوگ جو سوشلزم کے پروپیگنڈے، مقاصد اور نعرے سن کر یہ سمجھنے لگتے ہیں کہ بس چند روز، چند ماہ یا چند سال میں سرمایہ داری اور اجارہ داری اور غربت وافلاس ختم ہو جائے گا۔ انہیں کون سمجھائے کہ کمیونزم ہو یا سوشلزم ہو۔ مُلا ازم ہو یا ابلیسزم ہو۔ یہ ازم اُن مقاصد کیلئے نہیں ہوتے جن کا یہ نعرہ مارتے ہیں۔ اُن کا حقیقی مقصد تو یہ ہوتا ہے کہ انبیاء علیھم السلام کی بتائی ہوئی راہوں کے

متبادل ایک دوسری راہ پیش کرتے جائیں تا کہ وہ نظام باقی رہے جسے انبیاؑ حضرات مٹانے کا اعلان کرتے ہیں۔لہٰذا نظام شرک انبیاؑ کی ہمنوائی کو بطور حربہ اختیار کرکے وہی نعرے مارتا ہے جو انبیاؑ کا مقصد ہوتا ہے۔مگر اس مقصد کو فنا کرنے کیلئے انبیاؑ کے احکام میں اجتہاد کر کے اُدھر لے جاتا ہے جو ابلیسی سرپرستی میں چلنے والا نظام ہوتا ہے۔اور جسے برقرار رکھنے کیلئے نظام شرک یا اشتراکیت کام کرتا ہے۔اب یہ دیکھئے کہ وہ نظام بھی قحطانی ٹولے نے برقرار رکھا ہوا تھا۔اور بڑے بڑے لیڈر و سرداران قوم اسکی خصوصی سرپرستی کرتے تھے۔

''یہ تو تھی اُن کی معاشرتی زندگی۔معاشی زندگی میں سودخوری جیسی لعنت عام تھی۔اور اُس کی وسعتیں اس حد تک ہمہ گیر ہو چکی تھیں کہ عورتوں اور بچوں تک کو رہن رکھوا لیا جاتا تھا۔اگر رہن رکھنے والا معینہ مدت کے اندر اندر رہن شدہ عورتوں، بچوں، زمین یا زیورات کو واگزار نہ کرا سکتا تھا تو سرمایہ دار اُن سب کا مالک ہو جاتا تھا۔جیسا کہ ظاہر ہے، مزدوروں اور کاشتکاروں اور محنت کشوں کا طبقہ سودخواروں کے پنجۂ آہنی میں سب سے محکم طور پر گرفتار تھا۔اور سرمایہ دار طبقہ جس میں اکثر (قحطانی) یہود تھے (اور قلت سرداران قریش و دیگر قبائل کی تھی) انسانیت سوز طریقوں سے اُن کا خون چوس لیتے تھے۔معاشی نظام کی اس بنیادی خرابی کا لازمی نتیجہ تھا کہ سرکش طبیعت کے لوگ لوٹ مار پر اُتر آتے تھے۔چنانچہ رفتہ رفتہ ملک عرب میں یہ کیفیت پیدا ہو چکی تھی کہ بعض قبائل میں ایسے منظم گروہ موجود تھے جن کا ذریعہ معاش ہی راہزنی اور غارتگری تھا۔ان پیشہ ور ڈاکوؤں کے علاوہ عام طور پر ایک قبیلہ دوسرے قبیلے کے مال اور مویشی پر ڈاکہ زنی کرنے کیلئے ہر وقت تیار رہتا تھا۔حتّٰی کہ اُن کی عورتوں اور بچوں تک کو لوٹ کر دوسری جگہ فروخت کر دیا جاتا تھا۔اس پر طُرفہ یہ کہ اِن حرکات مذمومہ کو معیوب نہیں سمجھا جاتا تھا۔بلکہ اُن کارناموں کا تذکرہ بڑے فخر و ناز سے کیا جاتا تھا۔جو جرأت اور بے باکی میں دوسروں سے پیچھے ہوتے وہ اعلانیہ ڈاکہ اور قتل و غارت کی جگہ خفیہ چوری پر اُتر آتے۔اور تو اور خود خانہ کعبہ کے خزانے میں چوری کرنے سے بھی نہ چوکتے تھے۔مردوں سے گزر کر یہ زہر عورتوں تک میں سرایت کر چکا تھا۔'' (معارف القرآن۔جلد 4 صفحہ 138)

(vii)۔ خانوادہ رسولؐ اور خود رسولؐ کا مخالف محاذ؛ یہی سرمایہ دار و سود خور ٹولہ تھا

قارئین اس جگہ سرمایہ دارانہ نظام اور اُس کے لیڈروں کے متعلق یہ سمجھ لیں کہ اُن کے سرمائے اور سود نے جو جماعتیں تیار کر رکھی تھیں اُن میں سے غربا اور ناتوان و بیکس لوگوں نے رسولؐ اللہ کا سہارا لینا شروع کیا تھا۔یعنی لوگ سود، قرض اور بھوک اور سختیوں سے بچنے کے لئے ایمان لا رہے تھے۔گویا اس قسم کا ہر ایمان لانے والا، سرمایہ دار مہاجن کی ایک سنہری تھیلی ہوتا تھا جو رسولؐ اللہ کی طرف ڈھلک جاتی تھی۔بتایئے کہ یہ سرداران قوم کو اپنے سرمائے کی ان رُوپہلی اور سنہری بوریوں کا رسولؐ اللہ اور ابوطالبؑ کی طرف آہستہ آہستہ کھسکتے اور لڑھکتے جانا کتنا ناگوار اور خطرناک معلوم ہو رہا ہوگا۔دوسرا گروہ جو لوٹ مار اور غارتگری کے لئے تیار کیا گیا تھا، وہ درحقیقت اُن قریشی سرداروں کی افرادی قوت تھا۔یہ سواروں اور پیادوں کی ایسی بے لگام فوج تھی کہ اُسے جدھر اشارہ کر دیا جائے تو وہ بے خوف و خطر ہر نتیجہ سے لاپرواہ ہو کر ایک طوفان بلا کی طرح اس طرح بڑھے کہ تباہی و بربادی پناہ مانگ لے۔یہی وہ سوار و پیادے تھے جن سے مدینہ کی گلیوں کو بھر دینے کا وعدہ ابوسفیان کر رہا تھا اور حضرت علیؑ نے انکار کر دیا تھا۔اگر کوئی مہذب فوج ہوتی جو حق و انصاف کی پابندی کرتی، ظلم و زیادتی سے باز رہتی تو انکار نہ کیا جاتا۔یہی وہ سوار اور پیادے تھے جو استحکام خلافت کیلئے ابوسفیان نے استعمال کئے تھے اور اس

افرادی طاقت کا رخ موڑ دیا تھا جس نے پورا ایک سال ملک میں قتل عام اور غارتگری کا طوفان مچائے رکھا۔ مسلم و غیر مسلم، نمازی اور بے نمازی، الغرض ہر قسم کی تفریق مٹا کر حکومت کو استحکام بخشا اور اس کے بعد منظّم افواج کی صورت میں بیرون ملک نکل کر فتوحات کی طرح ڈالدی۔ علیؑ کو ایسی حکومت درکار نہ تھی جس کی بنیاد میں لاکھوں مردوں، عورتوں اور بچوں کی لاشیں چُنی جائیں۔ بہرحال یہی قریش کی وہ افرادی طاقت تھی جو بدر و احد و خندق وغیرہ میں روز بڑھتی گئی اور تکمیل دین کے ساتھ ساتھ اُس حد کو پہنچ گئی کہ اللہ نے بھی قرآن میں اُن افواج کے داخلہ کا ذکر کیا ہے۔ (وَرَاَیۡتَ النَّاسَ یَدۡخُلُوۡنَ فِیۡ دِیۡنِ اللّٰہِ اَفۡوَاجًاo النصر 110/2)

یہاں اللہ نے یہ نہیں فرمایا کہ یہ افواج ایمان لا کر دین میں داخل ہونگی یا ایمان لانے کی غرض سے دین میں داخلہ لیں گی۔ بلکہ یہ بتایا ہے کہ قریش کی افرادی قوت بھی اُدھر سے اِدھر آ جائیگی۔ اور وہ بے بس ہو کر خود بھی ادھر آنے پر مجبور ہو جائینگے۔ یعنی یہ ایک لانگ مارچ (Long March) ہوگا جو قریش کی قسمت میں لکھ دیا گیا ہے۔ یہاں یہ بھی یاد رکھیں کہ قریش کی یہ افرادی قوت ہمیشہ ہر حال میں محض لوٹ مار اور غارتگری ہی کو اپنا مقصد حیات سمجھتی تھی۔ ہر اُس شخص کے ساتھ ہو جاتی تھی جو اُسے قتل و غارت اور لوٹ مار کی آزادی دیتا تھا۔ اور ہر اُس شخص سے روگردان ہو جاتی تھی جو قتل و غارت اور لوٹ مار پر عدل و انصاف و رحم و کرم کی پابندیاں لگائے۔ یہی افرادی قوت وہ راز ہے جس کے پیچھے مخالف اسلام حکومتوں کی کامیابی پوشیدہ ہے۔ معاویہ کی کامیابی کیا ہے؟ یہی افرادی قوت۔ یزید نے کعبہ کو کیسے جلا دیا۔ مدینہ کی عورتوں اور مردوں کو تین روز تک کیسے حلال کرا دیا؟ اور کربلا میں جو کچھ ہوا وہ کس طرح ممکن ہوا۔ جواب ہے وہی افرادی قوت جسے ظہور اسلام کے وقت تک نظام شرک کا سرمایہ دار گروپ تیار کر چکا تھا۔ جو اللہ، رسولؐ، حق، انصاف و عدل، رحم و کرم وغیرہ الفاظ کو بے معنی اور سیاسی حربے سمجھتی تھی۔ جس کا دین و ایمان اللہ و رسولؐ اور تلوار تھا۔ شراب تھی جُوا تھا، شعر و شاعری تھی۔ یہ تھا ملک عرب اور یہ تھے قحطانی نسل کے راہنمایانِ مُلک اور یہ تھی ابلیس کی ساری کمائی اور اس طویل ترین عمر کا پورا تجربہ اور بصیرت۔ یہ تھے وہ لوگ جن کی آنکھوں سے ابلیس دیکھتا تھا۔ یہ تھے وہ مشرک دانشور جن کے تدبر و تفکر و منصوبہ بندی پر ابلیس کو اعتماد اور ناز تھا۔ اور یہ تھا خانوادہ رسولؐ جس کا اس بے پناہ گروہ سے مقابلہ تھا۔ جسے رحم و کرم و شفقت و فداکاری کا سبق دینے کے لئے خاتم النبینؐ و خیر المرسلینؐ اور رحمۃؐ للعالمین کو تیار کیا جا رہا تھا۔ اور یہ تھے جناب ابوطالب علیہ السلام جو اسلامی انقلاب کو نہایت خاموشی سے اندرون و بیرون ملک پھیلا رہے تھے۔ اور سلسلہ امامت محمدؐیہ کی ابتدا کرنے کیلئے وہ انتظامات کر رہے تھے کہ جن کے نتیجے میں امامؑ الاوّلین و آخرین، ید اللہ فی تخلیق العالمین، لسانُ صدق النبین و مرسلین، آنحضرؐت کی نبوت و رسالت پر مہر تصدیق و شہادت کے لئے وجود اختیار کرلے۔ اور اللہ یہ کہہ سکے کہ:۔

قُلۡ کَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیۡدًا بَیۡنِیۡ وَبَیۡنَکُمۡ وَمَنۡ عِنۡدَہٗ عِلۡمُ الۡکِتٰبِo (الرعد 13/43)

اے محمدؐ قریش کو بتا دو کہ تمہارے اور میرے درمیان اللہ اور قرآن کا مکمل عالم بطور شہید و شہادت کافی ہے۔

(viii)۔ باقاعدہ اعلان رسالتؐ سے پہلے یداللہ، لسان اللہ اور عین اللہ کا انتظار

یعنی دنیا میں وہ وجود جسے دیکھا جا سکتا ہے، تنفیذِ نبوتؐ و رسالتؐ و امامتؑ کے لئے ذمہ دار ہے۔ اور جہاں جہاں وقت پیش آئے اللہ کی قوت اس کے ساتھ موجود رہے گی۔ لہٰذا رسولؐ اور خانوادہ رسولؐ، یداللہ و لسان اللہ اور عین اللہ کا انتظار کر رہے تھے۔ تاکہ اسلام کو اللہ کے ہاتھ مِلیں، خدا کی زبان مِلے اور خالق کائنات کی بصیرت اور بصارت مل جائے تو باقاعدہ اعلان رسالت کر دیا جائے۔ یہ انتظار تھا جو ساری رسالتوں اور تمام نبوتوں و اماموں کے خلاصہ کو روکے ہوئے تھا۔ اور ظہور امامت اُخریٰ کی تمہیدات میں پوری کائنات اور سرورِ کائناتؐ اور ابی طالبؑ کی ذات بابرکات تن من دھن سے دن رات مصروف تھے۔

15۔ ظہور امام الاوّلین و آخرین، لِسَانُ الصِّدق فِی الآخرین

یہ حضرت عمرانؑ کی بصیرت و تربیت و انتظام کا کمال تھا کہ ایک دفعہ مشرکوں کا وہ ابلیسی گروہ بھی آنحضرتؐ کو اپنا نجات دھندہ سمجھ بیٹھا۔ اور اپنی قحطانی بصیرت سے یہ سمجھنے پر مجبور ہو گیا کہ اِس رسالت کو اپنے مقاصد کے لئے استعمال کیا جا سکے گا۔ ابلیس کو روزِ ازل سے معلوم تھا کہ یہ نبوت آخری ہوگی۔ اِس کے بعد نبوت و رسالت ختم اور مکمل ہو جائے گی۔ اُس کے بعد رسولؐ اور نبیؐ جیسے محترم و جذباتی اور مخصوص الفاظ کا استعمال بند ہو جائے گا۔ ہمارا راستہ روکنے کے لئے اب کوئی نبیؐ یا رسولؐ بن کر سامنے نہ آئے گا۔ رہ گئی لفظ امامت و خلافت! یہ تو عام الفاظ ہیں۔ اُن کے ساتھ تقدس اور جذباتِ مذہبی وابستہ نہیں ہیں۔ نہ ہی وحی کے نام سے ہم پر دباؤ ڈال سکتے ہیں۔ رہ گئی اس آخری نبیؐ کی آخری کتاب، اُس کا اور اُس کی تشریحات و توضیحات کا بندوبست کر دینا ہے اور بس باقی کام خود بخود ہوتا چلا جائے گا۔ نزول و اظہار کتاب و نبوت تک ہمارا ماہر طبقہ نبیؐ کے حلقہ میں اپنا خاطر خواہ رسوخ و اعتماد قائم کر لے گا۔ اور نبوت پر ہمارے عقائد کی روشنی میں ایمان و تصدیق کی مہر ثبت کر دے گا۔ پبلک میں گھل مل کر رہے گا، لوگوں کو بھٹکنے سے بچائے گا، تحفظ نبوت کرے گا، نبیؐ کے راستے سے جذبات و خاندانی ملحوظات کے کانٹے صاف کرے گا۔ جس کے لئے اساسی منشور و دستور بیان ہو چکا ہے۔ نظر اس بات پر رکھنا ہے کہ نبیؐ کا کوئی قول یا اقدام ہماری ہزاروں سال کی قائم کردہ تمدن و تہذیب کے خلاف برسرکار آتا ہے یا نہیں۔ فی الحال ابو طالبؑ اور اُن کے عزیز و اقارب اور خود رسولؐ اللہ امن و عافیت و محبت و خلوص کی راہ پر گامزن ہیں۔ نبوت کی شہرت و اشاعت اور اثر و رسوخ خود ہمارے لئے بھی مفید ہے۔ اسی لئے ہم اُس میں با بصیرت تعاون بھی کر رہے ہیں۔ اور مخالفت کی گنجائش بھی برقرار رکھ رہے ہیں۔ ہمارے کچھ لوگ قطعاً خاموش اور تماشائی بھی ہیں۔ نبیؐ کے حلقہ اثر تک بھی پہنچ رہے ہیں اور کام ٹھیک چل رہا ہے۔ اِدھر دن گزر رہے تھے قدرت اپنا کام کر رہی تھی۔ آنحضرتؐ کی عمر کا تیسواں سال یعنی ایک سبت مکمل ہونا تھا کہ جناب فاطمہ بنت اسد علیہا السلام کے بطن سے جناب ابراہیم و ابی طالب علیہما السلام کی بشارت نے دنیا کو منور کر دیا۔ آپ کا ازلی نام عــلـیؑ رکھا گیا۔ فاطمہؑ بنت اسد کا آغوش وہی تھا جس میں رسولؐ اللہ نے بھی پرورش پائی تھی۔ اب نبوت کا سارا وقت علیؑ کی دیکھ بھال اور پرورش پر مرکوز ہو گیا۔ حضرت ابو طالبؑ اور حضرت خدیجہؑ کی پوری توجہ اس طرف مبذول ہو گئی۔ اگر ہم ولادت جناب علی علیہ السلام اور متعلقہ معجزات و خرقِ عادات کی طرف متوجہ

ہو جائیں تو اس کتاب کی گنجائش ختم ہو جائے گی۔ ہم تو ہر واقعہ کو ضروری اختصار کے ساتھ سامنے لا رہے ہیں۔ تمام اہل سنت والجماعت کا جناب کے نام نامی کے ساتھ کرم اللہ وجہ کہنا اور لکھنا وہ تنہا اور مخصوص فضیلت ہے جو اس دنیا میں کسی کو نصیب نہیں ہوئی۔ اس جملہ کے پیچھے آپ کا مولود کعبہ ہونا، دیوار کعبہ کا شق ہو کر جناب فاطمہؑ بنت اسد کو پہلو میں لینا، تین روز تک مہمان خانہ خدا رہ کر برآمد ہونا اور جناب علی علیہ السلام کا آنحضرتؐ کی گود میں آ کر پہلی دفعہ آنکھیں کھولنا اور آپؐ کے چہرے کو دنیا میں ہر چیز سے پہلے دیکھنا سب اِسی جملے میں شامل ہے۔ یہی وہ ہستی ہیں جن کی ولایت کی تنفیذ کے لئے تمام نبوتیں اور رسالتیں تمہید بنائی گئی تھیں۔ یہی وہ دروازہ فیوض خداوندی ہے جو آج تک پوری اُمت پر کھلا ہے۔ یہی وہ دروازہ ہے جس سے تمام نوع انسان کو علوم محمدؐیہ تک رسائی ہوتی ہے۔ اسی کی چوکھٹ پر مذہب وسیاست وحقیقت وطریقت اور تصوف سجدہ کرتے ہیں۔ یہی وہ ولایت ہے جس کے وسیلے سے اُمت میں اولیاء اللہ کو کرامات ومعجزات ملنے تھے۔ یہی وہ ذات پاک ہے جس سے مرکز انسانیت جناب امام حسین علیہ السلام پیدا ہونے والے ہیں۔ یہی وہ شخصؑ ہے جو غربا و مساکین کی خوراک کو اپنا معیار بناتا ہے، جو غربت وافلاس کو دنیا سے سرمایہ داری کو مٹانے کا حربہ بناتا ہے، جو غربا اور مساکین اور بے کس و ناتوان انسانوں کو پہاڑوں سے ٹکرا کر انہیں پاش پاش کرنے کی ہمت وطاقت عطا کرتا ہے۔ یہی ہے جس پر فقر وفاقہ ناز کرتے ہیں، یہی ہے جس کی ٹوٹی ہوئی جوتی کا ٹوٹا ہوا تسمہ دنیا بھر کی حکمرانی اور حکومت سے زیادہ قیمتی ہے۔ وہی ہے جسے عربوں کے زعما اور شجاع اور صف شکن بہادروں کی ناک میں نکیل ڈالنے کے لئے تیار کیا جا رہا ہے۔ یہی تو ہے جس کی وفات پر حضرت عائشہ نے ھائے افسوس کا نعرہ مار کر کہا تھا کہ اب عرب آزاد ہیں۔ وہ مر گیا جس نے اُن کی ناک میں نکیل ڈال رکھی تھی۔

الغرض آپ کو پالنا پرورش کرنا اور امامت کی ذمہ داریوں کیلئے تیار کرنا اب رسولؐ اللہ کی ذاتی ذمہ داری بن گئی۔ وہ اُس تمام محبت وقوت سے انہیں پالیں جو انہیں ابو طالبؑ سے ملی تھی۔ جو ہر لمحہ فیضان خداوندی سے نازل ہو رہی تھی۔ اب آغوشِ رسولؐ میں اسلام علیؑ کی صورت میں پرورش پا رہا تھا۔ جس کی پرورش اور تربیت، خدا اور رسولؐ خود کریں اس میں کسی خامی کا رہ جانا ناممکن ہے۔ جہاں ملائکہ اور ارواح مدد ومعاون ونگران ہوں وہاں کسی کمزوری ولغزش کا رہ جانا تصور میں بھی نہیں آ سکتا۔ جسے مکمل ایمان وعلم وحق کہنا ہو اُس میں خطا کا گزر کہاں ہو سکتا ہے۔ جہاں پر تمام سابقہ نبوتوں اور رسالتوں کا سنگم بنتا ہو وہاں کونسی ایسی صفت ہو سکتی ہے جو سمٹ کر اُس مولود مسعود میں مرتکز نہ ہو جائے۔ آپ کو وحی والہام ورحمت خداوندی کے سائے میں پالا گیا۔ جسم کا ہر ذرہ رسولؐ کے لعاب دہن اور اللہ کے فضل سے نورانی ہوتا گیا۔ ہر گود آپکو ذرا دیر کے لئے اُٹھانے کی تمنا کرتی تھی، ہر آغوش آپ کے لئے پھیلا ہوا تھا۔ ماحول اتنا پیارا تھا کہ تمام قریش اظہار محبت واقرار وفا میں مصروف، خاندانی حکومت بخوشی واپس دے دی گئی ہے۔ تمام خاندانی اعزاز کو سب نے از سرِ نو قبول کر لیا ہے۔ حضرت ابراہیم واسماعیل اور جناب نابت علیھم السلام کی تین ہزار سالہ عظمت اور پورے عرب پر حکومت تسلیم کی جا رہی ہے۔ مذہبی اقتدار اور باعثِ رحمتِ کردگار ہونا ثابت ہو چکا۔ اب جناب عبدالمطلبؑ کا وہ مقام ہر زبان پر جاری ہے جو ابرھہ اور اسکے ساٹھ ہزار فوجیوں اور ہاتھیوں کو تباہ کر کے اللہ نے دکھایا تھا۔ آج کھل کر جناب اسماعیل وحضرت عبداللہ علیھما السلام کو ذبیح راہ خدا کہا جا رہا ہے۔ اب قریش اور ہر قبیلے نے اُن تمام احسانات کو مان لیا ہے جو جناب قصی اور ہاشم علیھما السلام کی سفارتی کوششوں کے نتیجے میں عربوں پر ہوئے تھے۔ آج

وہ سب مانتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبائل کی خانہ جنگیاں صلح اورامن سے بدل دی ہیں۔وہ دیکھ رہے ہیں کہ اب مسافروں کو کوئی نہیں لوٹتا۔دُورونزدیک کا ہر باشندہ خانوادہ رسولؐ کے ہر فرد کا رہین منت ہے۔حضرت علیؑ اس ماحول میں دس سال کی عمر کو پہنچے تو اللہ نے مزید انتظار سے روک دیا۔اورحکم ہوا کہ قُمْ فَاَنْذِرْ (مدثر 74/2) اَے رسولؐ اٹھ اورتنذیر شروع کر۔

16۔ اعلان نبوتؐ واخوت ووزارت وخلافت اورامامتؑ کر دیا گیا

وہ تمام قصے باطل ہیں جن میں یہ کہا گیا ہے کہ اعلان نبوت پر قریش بگڑ گئے تھے اور نبیؐ ماننے سے انکار کر دیا تھا۔نبیؐ تو وہ بحیرا راہب کے زمانے سے مان رہے تھے۔اعلان نبوت قریش کو کیسے شاق گزر سکتا تھا؟ وہ دو ایسے گروہوں میں سے ایک تھے جو آج سے تیس سال پہلے یعنی بحیرا راہب کی تصدیق اور اطلاع سے آج تک آپ کو نبیؐ ،امین،صادق اور رسولؐ مانتے چلے آ رہے تھے۔یا تیس سال سے اُن کی نبوت کے اعلان کے منتظر تھے۔چنانچہ یہ دو گروہ قریش اور دیگر قبائل میں موجود تھے۔اعلان نبوت کسی طرح کسی نئی اور عجیب بات کا اعلان نہ تھا۔مگر جو بات دلوں میں کھٹک پیدا کر رہی تھی وہ اعلان خلافت وامامت تھا۔اس بات کو ماہرین اور راہنمایان قریش نے خاص طور پر نوٹ کیا۔علیؑ کو اپنا وزیر،اپنا خلیفہ کہنا اور پھر زندگی ہی میں نہیں انتقال کے بعد خلیفہ قرار دینا،وہ بات تھی جو قریشی منشور کے تمام چھ نکات کو اُلٹ پلٹ کر دیتی تھی۔اس اعلان سے خاندانی اقتدار قائم کرنے اور سابقہ تین ہزار سالہ نبطی وغسانی شخصی آمرانہ نظام بحال کرنے کی بُو آ رہی تھی۔یعنی جن نبطیوں کو مجہول النسب غیر ملکی قرار دیا تھا اور جن کی غسانی حکومت ابھی اس اعلان کے بعد تک مسلسل چلی آ رہی تھی ،قریش کی گردن پر اُن کو سوار کر دینے کی اسکیم معلوم ہو رہی تھی۔ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ نبیؐ ،عبدالمطلبؑ اور ابو طالبؑ کا حق نمک ادا کرنے کے لئے ابو طالبؑ کے بعد حکومت کو اُن کی اولاد کو سونپنے کی فکر کر رہا ہے۔اس قسم کی عملی ،واقعی اور تاریخی صورتیں سامنے آ کر ڈرا رہی تھیں۔متحمل مزاج اور زیادہ سنجیدہ لوگ تو مزید غور وفکر کرنے اور مزید موقعہ دینے کے خیال سے خاموش رہے۔لیکن بعض عجلت پسند سرداروں نے ابو طالبؑ پر پھبتی کس دی کہ لیجئے آج تک تو آپ سربراہ خاندان تھے،قوم بھی آپ کا حکم مانتی تھی ،اب کل سے تم اپنے بیٹے علیؑ کی بات غور سے سننا اور بے چوں وچرا اس کی اطاعت کرنا۔بس اعلان نبوت پر اس سے زیادہ اختلاف کرنا خود قحطانی تاریخ کے مسلمات کے بھی خلاف ہے۔ہمارا کہنا یہ ہے کہ رسم بیعت کی نہ ابھی ضرورت تھی نہ جاری ہوئی تھی۔لہٰذا بلا اختلاف سب کا چلا جانا اور انکار نہ کرنا معنوی حیثیت سے نبوت پر ایمان لانا یعنی نبی مان لینا ہی ہے اور چونکہ اعلان کے وقت آپ نے اپنے کسی قانون یا خاص قواعد وضوابط پیش نہ فرمائے تھے اس لئے بھی کسی اختلاف کی گنجائش نہ تھی۔رہ گیا لفظ نبیؐ ،رسولؐ یا نذیر یہ کوئی نئے الفاظ نہ تھے۔بلکہ موعود ومتوقع تھے،کان تیس سال سے مانوس تھے۔پس ایک ہی بات ذرا گڑبڑ کرتی تھی تو اُس کا تدارک جب ہی ممکن تھا جب باقاعدہ علیؑ کی پوزیشن واضح ہو جائے۔یہ غلطی بھی اُن کی اپنی تھی کہ جب دعوت عام دی گئی تو اس وقت علیؑ کے سوا کوئی اور کیوں نہ کھڑا ہوا۔یہاں قابل غور یہ ہے کہ جناب ابوبکر اس روز کہاں تھے؟ غیر حاضر تھے تو کوئی بات نہیں۔حاضر تھے تو انہوں نے اس دعوت عام پر کھڑے ہو کر کیوں نہ کہا کہ جناب یہ غلام بحیرا راہب کی بشارت کے مطابق آپ کی زندگی میں آپ کا وزیر اور آپ کے انتقال پر آپ کا خلیفہ پہلے ہی بتا دیا گیا ہے۔

میں تمام ذمہ داریاں اپنے سر لیتا ہوں۔ غیر حاضری کی صورت میں یہ سوال ہے کہ اعلان کے بعد بھی آپ برابر خاموش کیوں رہے؟ کیا یہ خیال تھا کہ رسولؐ اللہ، اللہ کی منشا کے خلاف خاندانی دباؤ میں آ کر خدا کے حکم کو قبول نہ کریں گے؟ یا جس طرح وہ خواب قابل بیان اور پسندیدہ نہ تھا اُسی طرح یہ تعبیر بھی ایک مجرمانہ سازش کا قہری نتیجہ تھی؟ ورنہ کوئی دینی، اخلاقی اور قومی ضرورت ایسی نہ تھی جس کا یہ تقاضہ ہوتا کہ آنحضرتؐ سے اُس ذمہ دارانہ پوزیشن کو چھپا کر رکھا جائے۔ اور پھر یہ بات تو علیؑ کی پیدائش سے بیس سال پہلے کی ہے۔ اس مدت میں تو آپ کی وزارت اور خلافت سارے عرب میں مقبول ہو چکی ہوتی۔ اور ہرگز علیؑ کو وزیر و خلیفہ بنانے کی نوبت نہ آئی ہوتی۔ مگر مصلحت خویش خسروان دانند۔ بہرحال اور بہرطور یہ ماننا ہی پڑتا ہے اور اس کے سوا کوئی دوسری صورت سمجھ میں نہیں آتی کہ جس وزارت وخلافت کی قبل از وقت اطلاع دی تھی، وہ یوں ملنے والی ہرگز نہ تھی۔ ورنہ ہر حیثیت سے رسولؐ اللہ پر ظاہر کرنا اور اُن کے کام میں کھل کر، جتلا کر ہاتھ بٹانا ضرورت وحالات کا عین تقاضہ تھا۔ البتہ آنحضرتؐ کے ساتھ ساتھ رہنے اور اکثر و بیشتر نمایاں ہونے کی کوشش یہ بتاتی ہے کہ اس عمل درآمد کا محرک وہی خواب اور وہی تعبیر تھی تاکہ بعد میں وزارت وخلافت کے سرے آپس میں ملائے جاسکیں اور احتمالات کے زور پر لوگ یہ باور کرسکیں کہ ممکن ہے ذہنی طور پر آپ وزیر ہی ہوں۔ اور خلیفہ بھی بنانا چاہتے ہوں مگر کچھ موانع اور مصالح حائل ہو گئے ہوں۔ اور ہاں دیکھو کہتے ہیں کہ نماز جماعت کا امام بنا دیا تھا۔ لہٰذا اغلب ہے کہ یہ وزارت اور خلافت ہی ہو۔ مگر سوال وہی ہے کہ ان خوش فہمیوں کی کیا ضرورت تھی؟ اعلان وزارت وخلافتِ خداداد کی رسولؐ اللہ سے پوشیدگی کیوں ضروری تھی۔ اُس میں کیا دینی یا دنیاوی فائدہ تھا۔ یہ وہ سوالات ہیں جن کا جواب نہ تاریخ سے بن پڑتا ہے نہ گھریلو اور صحیح روایات طرفداری کرتی ہیں۔ یہ تو بہت ہی بڑا نقصان ہے جو جناب ابوبکر نے اُس خواب کو، پھر اُس تعبیر کو پوشیدہ رکھ کر دین کو پہنچایا۔ خود رسولؐ کو اپنے بیس سالہ وزارتی اور خلافتی تعاون سے محروم کیا۔ اور پھر اُمت میں ابوبکر و علیؑ کا جھگڑا پیدا کرنے کی ذمہ داری اور نقصان بھی تو اُن ہی کے سر ہے۔ صرف ایک صورت رہ جاتی ہے جو بہت بُری اور ناپسندیدہ صورت ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ لیڈرانِ قوم اُس خواب سے واقف ہو گئے ہوں اور اُنہوں نے حضرت ابوبکر کو یہ پورا معاملہ صیغہ راز میں رکھنے کا دباؤ ڈالا ہو۔ اور وہ اُس دباؤ میں آ گئے ہوں۔ لیکن یہ پھر بھی ماننا پڑے گا کہ رسولؐ اللہ کے سامنے اعلان کر کے وزیر وخلیفہ بننے کے مقابلہ میں قومی لیڈروں کے طریقہ پر وزیر وخلیفہ بننے میں زیادہ افادیت تھی۔ ورنہ جب یہ معلوم ہو گیا کہ ایک دن رسولؐ اللہ نے غالب آنا ہے، اُن کی حکومت قائم ہونا ہے تو کسی قومی دباؤ میں آنے کی احتیاج نہ تھی۔ رسولؐ اللہ کے سامنے اعلان وزارت وخلافت کرتے، قوم کی پرواہ نہ کرتے۔ رفتہ رفتہ قومی لیڈر رپٹ جاتے اور ٹھاٹ سے آنحضرتؐ کے بعد عنان حکومت سنبھالتے اور قومی لیڈروں کو پھر دبا کر رکھتے۔ معلوم ہوتا ہے کہ دباؤ تو ضرور دیا گیا تھا۔ مگر وہ دباؤ خود ابوبکر صدیق کے اپنے مقاصد کے مفاد میں تھا۔ ورنہ قومی لیڈروں کو ٹھینگا دکھا کر آنحضرتؐ کے ساتھ ہو جاتے۔ لہٰذا پھر وہی بات نکلی کہ انہیں معلوم تھا کہ میں اعلان کر کے تو وزیر وخلیفہ نہیں بن سکتا۔ اس لئے کہ اُدھر اس کی گنجائش ہی نہیں ہے۔ میری وزارت اور خلافت کے لئے قومی سطح پر تعاون وبصیرت کی احتیاج ہے۔ جس کے نتیجے میں یہ وزارت وخلافت مقدر ہے۔ یہ مشیائے الٰہی ہے رضائے الٰہی نہیں ہے۔ جس طرح یہ طے شدہ قضا ومشیائے الٰہی ہے کہ میدان کربلا میں خانوادہ حسینؑ قتل کر دیا جائے۔ یہ بھی طے شدہ ہے کہ فلاں فلاں لوگ حاکم بنیں۔ جیسے فرعون ونمرود کے لئے قضائے الٰہی تھی۔ مگر ان کو

رضائے خدا حاصل نہ تھی۔ یہ رضا اور قضا کا فرق تھا۔ ابلیس کے لئے جو کچھ طے کیا گیا اور جو جو کامیابیاں اس نے اپنے نظام میں حاصل کیں وہ قضائے الٰہی کے ماتحت تھیں۔ ابلیس سے اور اس کے کاروبار اور خود دادہ اختیار سے خدا راضی نہ تھا نہ ہے نہ ہوگا۔ ورنہ وہ جنتی ہوگا۔ لہٰذا مشیت خداوندی کے مطابق کسی چیز کا واقع ہونا، اُس کے برحق ہونے کی دلیل نہیں ہوتی۔ مشیت خداوندی یہ ہے کہ دھار دار چیز جسم کو کاٹ دے گی۔ مگر تلوار سے کسی کو قتل کر ڈالنا اور اُس کا قتل ہو جانا رضائے خداوندی کی دلیل نہیں ہے۔ بلکہ مشیت خداوندی کی دلیل ہے۔ اور ایسے قتل کی اطلاع پہلے سے دے دینا اسی اطلاع کی طرح ہے جو جناب ابوبکر کو وزارت وخلافت کی اطلاع تھی۔

(16/2)۔ مشیت کے مطابق ایک اور مفصل پیشگوئی

جس طرح حضرت ابوبکر کو آنحضرتؐ کی رسالت اور خلافت کی اطلاع دی گئی تھی اُسی طرح جناب عمر خلیفہ دوم کے چچازاد بھائی کو بہت کچھ بتا دیا گیا تھا۔ یہ معاملہ ڈھکا چھپا نہ تھا۔ چنانچہ پہلے اس کی شہرت کے لئے طبری کی دوسطریں ملاحظہ ہوں تاکہ یہ معلوم ہو جائے کہ جو لوگ عقل وسمجھ اور کان رکھتے تھے وہ سب رسالت اور رسولؐ سے مطلع تھے۔ اور یہ کہ حضرت عمر کا مذکورہ بھائی زید بن عمرو بن نوفل کہاں سے واقف ہوا ہوگا۔ طبری نے لکھا ہے کہ:۔

(i) ''ابوجعفر کہتے ہیں کہ دوسری قومیں آپؐ کی بعثت سے واقف تھیں۔ اور اُن کے علماء اُن سے اس بات کو برابر کہتے چلے آتے تھے۔'' (طبری جلد اوّل صفحہ 71)

سوچیئے کہ مکہ والے کیسے لاعلم رہ سکتے تھے۔ خصوصاً حضرت عمر کیسے ناواقف مانے جاسکتے ہیں۔ جب کہ اُن کے بھائی بھی واقف ہوں۔ وہ خود بھی توریت کے پڑھنے والے اور یہودی علما سے رابطہ رکھنے والے ہوں۔ اور خود جناب ابوبکر بھی اُن کے دوست و ہمراز ہوں۔ اور حضرت عمر کا سب سے پہلے جناب ابوبکر کی بیعت بلکہ یہ کہیئے کہ اُن کو خلیفہ اوّل بنانا اس علم ویقین کی غمازی کرتا ہے کہ آپ حکم مشیت سے واقف تھے۔ بلکہ یہ پوری پارٹی یہ جانتی تھی کہ خلافت پر خاندان رسولؐ تلوار نہ اُٹھائے گا۔

(ii) **زید بن عمرو کی پیشینگوئی:** طبری فرماتے ہیں کہ ''عامر بن ربیعہ سے مروی ہے کہ مجھ سے زید بن عمرو بن نفیل کہا کرتا تھا کہ میں اولاد اسماعیلؑ میں ایک نبیؐ کے مبعوث ہونے کا منتظر ہوں۔ اور اُن میں سے بھی اولاد عبدالمطلبؑ میں۔ اپنے لئے میں نہیں سمجھتا کہ اتنا زندہ رہوں گا کہ اُسے پاسکوں، ایمان لاؤں اور اُس کی نبوت کی شہادت دوں اور تصدیق کر سکوں۔ البتہ اگر تم اُس وقت تک زندہ رہو اور اُن کو دیکھو تو اُن کو میرا اسلام کہنا۔ تاکہ اُن کو شناخت کرنے میں کوئی دشواری نہ ہو۔ میں اُن کا حلیہ بتائے دیتا ہوں۔ میں نے کہا کہیے۔ اُس نے کہا کہ وہ نہ کوتاہ قامت ہوں گے نہ دراز قامت ہوں گے۔ نہ اُن کے سر کے بال بہت گھنے ہوں گے اور نہ ہی کم اور دُور دُور اُن کی آنکھوں میں سُرخی ہوگی۔ مُہر نبوت اُن کے شانوں کے درمیان ہوگی۔ نام احمدؐ ہوگا۔ اِسی شہر میں وہ پیدا اور مبعوث ہوں گے۔ پھر اُن کی قوم اُن کو یہاں سے نکال دے گی اور اُن کی تعلیم کو پسند نہ کرے گی۔ پھر وہ یثرب کو ہجرت کر جائیں گے۔ وہاں اُن کی بات بن جائے گی۔ دیکھو تم اُن کے متعلق دھوکے میں نہ آجانا۔ میں دین ابراہیمؑ کی تلاش میں دنیا بھر میں پھرا ہوں۔ جس یہودی یا عیسائی یا مجوسی سے میں نے دین ابراہیمؑ کو پوچھا۔ اُس نے مجھ سے کہا کہ وہ تو تمہارے وطن میں ہے۔ اور انہوں نے ہونے والے نبیؐ کی وہی صفت بیان کی

جو میں نے تم سے کہہ دی ہے۔ لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ اب وہی ایک نبیؐ ہیں جو مبعوث ہوں گے۔'' (طبری جلد اوّل صفحہ 72-71)

(iii) جو کچھ جناب زید نے فرمایا ہے اِس میں بھی کوئی ایسی بات نہیں جو راز میں رکھنے کی ہو یا ڈھکی چھپی چلی آرہی ہو۔ اس صورت میں قارئین کو یہ ماننا ہی پڑے گا کہ جناب زید نے یہ روایت صرف عامر بن ربیعہ ہی سے بیان کی ہوگی۔ اور چونکہ روایت یہ نہیں ہے کہ زید نے عامر کو چھپانے کی تاکید کی تھی۔ لہٰذا عامر نے بھی اور خود زید نے بھی نہ معلوم کتنے لوگوں سے زندگی بھر بیان کیا ہوگا۔ لہٰذا بحیرا وغیرہ کو چھوڑ کر صرف زید ہی کی زبانی، حضرت عمر جو زید ہی کے گھر میں رہتے تھے اور حضرت ابوبکر جو عمر کے دوست تھے۔ اور ابوعبیدہ جراح جو گھر گھر حجامت اور جراحی کے لئے جاتے رہتے تھے۔ اور مکہ کا بچہ بچہ اُس نبیؐ کی بعثت اور مکہ کی باشندہ قوم کا اُن کو نکال دینا اور رسول اللہ کی تعلیم پر عمل نہ کرنا سب کو معلوم تھا۔ لہٰذا مکہ میں کوئی شخص ایسا نہیں مانا جاسکتا جو محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو رسوؐل کی حیثیت سے نہ جانتا ہو۔ اور چونکہ یہ اطلاعات اور تعارف اُنکی پیدائش سے پہلے ہی حاصل تھا۔ اسلئے خانوادہ رسولؐ کے ہر شخص اور ہر بچہ پر نظریں گاڑے رہنا بھی ثابت ہوا۔ اور پھر قرآن کا یہ کہنا کہ تم رسوؐل کو اسی طرح پہچانتے ہو جس طرح خود اپنی اولاد کو جانتے ہو (انعام 6/20)۔ یعنی تم اُن کی پیدائش کے قبل سے لے کر پیدا ہونے اور پلنے بڑھنے اور جوان ہونے تک نظر جمائے اُن کو دیکھتے اور اُن کے نبیؐ ہونے کے چرچے سنتے رہے ہو۔ لہٰذا ہر وہ قصہ بکواس ہے جس میں اس نبوت پر کسی کے تعجب اور ناواقفیت کا بیان ہو۔ اُدھر مشیت ایزدی میں یہ طے شدہ معلوم ہوا کہ مکے والی قوم من حیث القوم ہرگز رسولؐ اللہ پر ایمان نہ لائے گی۔ چونکہ روایت میں یہ ذکر نہیں ہے کہ مکہ سے نکال دینے کے بعد وہ قوم ایمان لے آئے۔ اس لئے یہ ماننا بلا دلیل ہوگا کہ کبھی بھی مکہ والی قوم قومی حیثیت سے ایمان لائی تھی۔ اسی لئے اُن کو مومن و مسلم کہنے کے بجائے طلاق دیئے ہوئے لوگ یا ایک مطلّقہ قوم فرمایا گیا۔ اور قرآن نے اس قوم کو قرآن کی تعلیم کا تاقیامت منکر قرار دیا ہے (یٰرَبِّ اِنَّ قَوۡمِی اتَّخَذُوۡا هٰذَا الۡقُرۡاٰنَ مَهۡجُوۡرًا o الفرقان 25/30)۔ لہٰذا سوائے گنتی کے چند لوگوں کے جو بعد میں قریش کے دشمن ثابت ہوئے، کوئی عاقل شخص اس قوم کو مسلم اور مومن تسلیم نہ کرے گا۔ اس لئے کہ قرآن نے اس کے بعد اُس قوم کو قومی حیثیت سے قرآن کو تسلیم کرنے والا قرار نہیں دیا ہے۔ اور جب تک ہمیں پہلے ایسی آیت نہ ملے ہم کسی مخالف روایت کو قبول نہیں کرتے۔ عامر بن ربیعہ کی مندرجہ بالا روایت کو ہم نے آیات کی تائید کرنے کی وجہ سے قبول کیا ہے۔ ہم جان بوجھ کر قرآن کی مخالف روایات کو کیسے مان سکتے ہیں۔ اور جب کہ قومی تسلط کی بنا پر روایات بنانا اور خود گھڑنا اور پھیلانا ممکن اور خود قبول شدہ موجود ہو۔ یہ دوسری بات ہے کہ ہم انہیں کافر یا منافق نہیں کہتے البتہ قرآن کی رُو سے اُنہیں ایسے مومن ضرور ماننا پڑتا ہے جن کے ایمان میں سے اللہ، رسولؐ، قرآن اور تمام سابقہ کتبہائے خداوندی پر ایمان کی نفی بحکم خدا کر دی گئی ہو (نسآء 4/136)۔ اُس نفی کے بعد جو کچھ باقی رہ جاتا ہے۔ وہ رعایت کے ساتھ اجتہادی ایمان ہے۔ یعنی وہ پہلے مجتہد اور پھر مومن تھے۔ وہ حضرات خدا، رسولؐ، قرآن وغیرہ کی اُس پوزیشن پر ایمان لائے تھے جو اُن کے ذاتی اجتہاد کے بعد قائم ہوتی تھی۔ اور یہ بات خود قرآن کریم نے بتا دی ہے کہ قوم قریش نے قرآن کو مہجور چھوڑ دیا تھا (فرقان 25/30)۔ یعنی انہوں نے قرآن کو اپنے اجتہاد کے ماتحت رکھا تھا۔ تاریخ وحدیث وفقہ وتفسیر کی کتابوں میں یہ حقیقت قبول کر لی گئی ہے اور بڑے شد و مد سے انہیں مجتہد کہا اور لکھا گیا ہے۔ اور اُن کے وہ اجتہادات گنوائے گئے ہیں جن سے قرآن کریم کے احکامات کو معطل کر

دیا گیا تھا۔ مثلاً مولــفۃالقلوب کا حصہ ساقط کر دیا گیا،خمس بند کر دیا گیا وغیرہ۔اِسی طرح اُنہوں نے رسول کی جانشینی کو اُسی اجتہاد سے قائم کیا تھا۔اور یہ بھی اُن ہی کا رائج کردہ مسئلہ ہے کہ اگر مجتہد سے اس کے اجتہاد میں غلطی ہو جائے تو اُس خطائے اجتہادی پر بھی خطا کار مجتہد کو خدا ثواب دیتا ہے۔اُن ہی کا عقیدہ ہے کہ بعض احکام اورضروریات انسانی ایسی رہ گئی ہیں جن کا حل نہ قرآن میں ہے نہ حدیث میں ہے۔یعنی اُن دونوں کے اس نقص کو مجتہد اپنی بصیرت اور محنت سے مکمل کر کے ضروریاتِ انسانی کو پورا کرتا ہے۔

(16/3)۔ اولادِ رسولؐ اور محافظانِ اسلام کی بنیاد جناب فاطمہ زہراء علیھا السلام

اُدھر اعلان نبوت کو جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام کی وزارت وخلافت نے مستحکم کیا ہی تھا کہ اللہ نے جناب خدیجہ علیھا السلام کو نبوت وامامت کے تحفظ میں قیامت تک حصہ دینے کیلئے اُنہیں وہ بچی عطا کی جسکے انتظار میں رسولؐ اللہ نے اپنی پہلی دو اولادیں یعنی حضرت قاسمؑ اور جناب عبدؑ اللہ کو خدا کی نذر کر دیا تھا اور جنکے بعد آپؐ کو اللہ نے قیامت تک زندہ رہنے والی تیسری اولاد عطا کی جو نہ صرف گیارہ معصومؑ سربراہانِ اسلام کی بنیاد بنے گی بلکہ نوع انسانی کی نجات اور اسلام کے تحفظ کا ذمہ بھی لے گی اور رسالت کی نسوانی ضروریات کی تکمیل کا ذریعہ بنے گی۔تاکہ خواتینِ عالم انسانی دنیا میں بہترین نسل کی بقاوترقی کا نمونہ دیں اور اُنکے تربیت یافتہ بچے فلاح انسانی کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہ کریں۔اُنکی ولادت بھی اپنے بزرگوں کی طرح برابر شائع ہوتی چلی آئی تھی۔توریت وانجیل نے بشارتیں دی تھیں۔یہود و نصاریٰ ثانیٔ ھاجرہ وسارہ اور مریم علیھن السلام کا انتظار کر رہے تھے۔یہی وہ فخر دو عالم بی بیؑ ہیں جن کی خدمت میں بادشاہ حبش اپنی عالی جناب دختر بھیجے گا۔اُن ہی کی چادر سے یہود ونصاریٰ اور اُنکی خواتین برکت حاصل کیا کرینگے۔اسی چادر کے سائے میں آیت تطہیر نازل ہوگی۔یہی وہ چادر ہے جو اہل بیت علیھم السلام کے نام کے ساتھ ایک جز ولاینفک بن گئی ہے اور جس نے ہمیں یہ بتایا کہ خانوادۂ رسولؐ کے حقیقی دوست اور ہمدرد کون لوگ تھے۔اس چادر نے تاریخ میں یہ ریکارڈ چھوڑا کہ نام نہاد مسلمان اغنیاء دشمنانِ اہل بیتؑ تھے۔اسلئے ضرورت کے مواقع پر یہ چادر یہود ونصاریٰ کے یہاں رہن رکھی جاتی تھی اور وہاں جا کر اُسے تبرکات انبیا علیھم السلام کی شان سے رکھا جاتا تھا۔اور سوائے کربلا کے اس چادر کو کبھی دشمنانِ خدا اور رسولؐ چھو نہ سکے۔اسی چادر کا بیان حدیث کساء کرتی ہے اور آج بھی یہ چادر اور یہ حدیث مشکلات کو حکمیہ حل کرا کر معجزات دکھا رہی ہے۔ہمیں بڑی مسرت ہے کہ صرف بارہ سال میں حدیثِ کساء ہر جمعرات کو قوم میں پڑھی جانے کا حکم پھیلتا چلا گیا ہے۔اور اب تو بعض سمجھدار صاحبان عزا اپنی مجالس کی ابتدا اُسی سے کرتے ہیں۔

17۔ اعلانِ نبوّت کے بعد رفتہ رفتہ قریش پھر دشمن ہو گئے

قحطانی تاریخ میں بڑے زور شور سے یہ تاثر دیا گیا ہے کہ رسولؐ اللہ کی طرف سے بتوں کی سخت الفاظ میں مذمت کی جاتی تھی۔اِس سے قریش مکہ نے منع کیا آپ نہیں مانے بلکہ اور شدت اختیار کر لی۔ یہاں تک کہ قریش کے لئے ناقابل برداشت ہو گئی تو انہوں نے سربراہ خاندانِ رسولؐ سے مصالحت اور اس مذمت کو روکنے کے لئے کہا۔اور معاذ اللہ جناب ابی طالبؑ کے اقدامات بھی ناکام ہو گئے اور بتوں کی توہین وتضحیک میں برابر اضافہ ہوتا گیا۔ یہاں تک کہ قریش نے اپنی حکومت اپنی جان و مال واولاد کو رسولؐ اللہ کی

خدمت میں پیش کر کے مذکورہ مذمت سے روکنا چاہا۔ مگر ہر اپیل اور ہر درخواست ٹھکرائی جاتی رہی۔ حتّٰی کہ قریش نے قتل کی اسکیم بنائی جس کے بعد ہجرت وقوع میں آئی۔

یہ سارا قصہ اسلامی اور قرآنی تعلیمات کے خلاف ہے۔ تا کہ رسولؐ اللہ کی آڑ میں رفتہ رفتہ جارحیت کو جائز کر کے اسلام پھیلانے کی وہ اسکیم جاری کر لی جائے جو واقعی بعد کی تاریخ میں کل پرسوں تک جاری رہی ہے۔ اور جس کا مشورہ ایک قومی نمائندہ رسوؐل اللہ کو دیا کرتا تھا۔ اور خدا کو شاہد کر کے خدا کی منشا کی جارحانہ تعبیر کرتا تھا۔ اور دنیا کو بازیچۂ افواج بنا دینا چاہتا تھا (بقرہ 2/204-205)۔ دوسرا فائدہ اُن غلط تصورات و روایات سے یہ اُٹھانا چاہا تھا کہ رسولؐ اللہ کی چالیس سالہ زندگی مختلف تھی اور اعلان نبوت کے بعد کی زندگی الگ تھی۔ یعنی اُن دونوں ادوار میں معاذ اللہ کوئی عقل مندانہ ربط بھی نہ تھا، ایک خودرَو آدمی کی طرح آپؐ بھی دن گزارتے رہے۔ معاذ اللہ نہ وہ چالیس سال تک رسولؐ تھے نہ انہیں اپنی رسالت کی خبر تھی۔ اور نہ چالیس سال تک آپ نے نبوت و رسالت کے ماتحت سمجھ بوجھ کر کوئی کار رسالت انجام دیا تھا۔ یعنی قریش نے یہ چاہا کہ اس عظیم الشان رسوؐل کی زندگی کے وہ چالیس سال ضائع کر دیئے جائیں جن میں آپ نے قوم اور ملک میں تخلیقی کام کیا تھا۔ جس میں یہ سبق دیا تھا کہ ایک انتہا درجے کے بگاڑے ہوئے معاشرہ کو کیسے متوجہ کرتے ہیں۔ جہاں کی ہر چیز اُلٹی اور خلاف دین ہو وہاں بگڑے ہوئے عمل درآمد کا رُخ کس طرح اسلامی احکام کی طرف موڑتے ہیں۔ جس طویل زمانہ میں یہ سکھایا تھا کہ دین سے بعید ترین اور خبیث ترین لوگوں کو اسلام کی رُو سے کس طرح رعایات دی جا سکتی ہیں۔ اور کس طرح قوم کی بدنہادگی کو روک کر قدم قدم اسلامی راہ پر لایا جانا چاہیئے۔ جہاں کسی فعل حرام کی تمام خرابیاں اور تمام مذمت ایک دم اور پہلی بار سامنے نہیں لائی جاتیں۔ بلکہ بتدریج اور قسط و تمہیل قائم کی جاتی ہے۔ مثلاً ایک شراب ہی کو دیکھئے۔ اِس سے اُس عادی اور شراب کی عاشق قوم کو باز رکھنا ان کا مقصد تھا۔ یہ روزِ ازل سے اور توریت و انجیل اور ہر شریعت میں حرام تھی۔ لیکن آپؐ نے اس کو نظروں سے گرانے، اس کی عادت چھڑانے، اس پر صرف شدہ روپیہ بچانے اور کاروباری ملکی معاہدوں اور تجارتی پابندیوں کو ڈھیلا کرنے اور اس کی ناپاکی اور خباثت سے قوم کو متنفر کرنے کے لئے چالیس جمع تیرہ (13) اور جمع پانچ سال یعنی اٹھاون سال کی تدریج و تمہیل اور پاکیزہ نمونوں کے ساتھ شراب کی بنیادوں کو اکھیڑ دیا تھا۔ یہاں جناب علامہ مودودی صاحب کی چند سطریں پڑھنا مفید ہوں گی لکھتے ہیں کہ:۔ "لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوۃَ وَاَنْتُمْ سُکٰرٰی (نسآء 4/43)۔ یہ شراب کے متعلق دوسرا حکم ہے۔ پہلا حکم وہ تھا جو سورہ بقرہ (آیت نمبر 219) میں گزرا۔ اس میں صرف یہ ظاہر کر کے چھوڑ دیا گیا تھا کہ شراب بری چیز ہے، اللہ کو پسند نہیں ہے۔ چنانچہ مسلمانوں میں ایک گروہ (ماشاءاللہ) شراب سے پرہیز کرنے لگا تھا۔ مگر بہت سے لوگ اسے بدستور استعمال کرتے رہے تھے حتّٰی کہ بسا اوقات نشے کی حالت میں ہی نماز پڑھنے کھڑے ہو جاتے تھے اور کچھ کا کچھ پڑھ جاتے تھے۔ غالبًا 4ھ کی ابتدا میں یہ دوسرا حکم آیا اور نشے میں نماز پڑھنے کی ممانعت کر دی گئی۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ لوگوں نے اپنے شراب پینے کے اوقات بدل دیئے۔ اور ایسے اوقات میں شراب پینی چھوڑ دی جن میں یہ اندیشہ ہوتا کہ کہیں نشے ہی کی حالت میں نماز کا وقت نہ آ جائے۔ اس کے کچھ مدت بعد شراب کی قطعی حرمت کا وہ حکم آیا۔ جو سورہ مائدہ آیت نمبر 90-91 میں ہے۔" (تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 354 حاشیہ نمبر 65)

یہ تھا اسلامی ،قرآنی اورطریقہ رسولؐ جس سے قلوب واذھان میں دینی جذبات واحساسات کی تخلیق کی جاتی تھی۔رعایت پر رعایت دی جاتی تھی۔مُلاّ کا مارشل ازم وہاں ملعون ومردود تھا۔حالات وعادات وعذرات وضد وبغاوت کا خیال رکھا جاتا تھا۔اورآخر کارلوگوں کو نیک نہاد و پکا عفت مآب بنادیا جاتا تھا۔لفظ حرام وحلال پڑھتے ہی ڈنڈا،دُرہ اورتلوار نہ نکال لی جاتی تھی۔مگر قحطانی پالیسی کو اسلام کی چادروں میں لپیٹنا ضروری تھا۔اس لئے اسلام اوراس کے احکام کو مدینہ کی زندگی سے شروع کیا گیا۔اوراس میں سے بھی نرمی، لطف وکرم اوررعایات اورفطری حالات کو منہا کر کے ایک مارشل ازم تیار کیا گیا۔تا کہ یہ کہنا اسلامی ہوجائے کہ یا تو اسلام کا اقرار کرو ورنہ جنگ قبول کرو۔اورساتھ ہی یہ کہ ہروہ چیز جورسولؐ اللہ نے چھڑادی تھی۔سچ مچ حرام کرادی تھی۔پھر جاری کرلی جائے چنانچہ آج بھی ہمارا اعلیٰ وادنیٰ طبقہ شراب پیتا ہے۔شراب کی محفلیں قائم ہوتی ہیں۔یعنی مُلا جی دراصل شراب کو جائز قراردینے اور باقی رکھنے کے لئے شوراور فتویٰ بازی کرتے ہیں۔بہرحال اس ملعون ومشرک قوم نے چھ سات ہزار سالہ انبیؑا کی محنت کوضائع کرنے کے لئے توریت وزبوروانجیل وغیرہ تمام سابقہ کتابوں کو منسوخ قراردیا۔پھر رسولؐ اللہ کی زندگی کا دوتہائی حصہ غیر اسلامی کہہ کر ختم کیا۔پھر مکہ کے تیرہ (13) سال یوں ضائع کئے کہ اس زمانہ کے احکام کا انہیں بقول اُن کے علم نہ ہوسکا۔گویا اللہ کے تمام رسولوںؑ کی محنت کوضائع کر کے صرف دس سال کا مدنی زمانہ دین اسلام بنادیا۔

اس پالیسی کے ماتحت اگر مشرکین عرب یا اُن کے جانشین پیرولوگ رسوؐل کو(معاذ اللہ)ایک جارح شخص قراردیں تو کوئی تعجب کی بات نہیں ہے۔چونکہ اس جارحیت کے بغیر نہ وہ حکومت کرسکتے تھے۔نہ دنیا میں نظام شرک کو اسلام کا لباس پہنا کرازسرِنو جاری کرسکتے تھے۔اورنہ فریب درفریب اور جبروقوت کے بغیر آج تک موجود رہ سکتے تھے۔نوک نیزہ اورتلوار کی باڑھ پر رکھ کرلوگوں سے صرف کلمہ پڑھوانا،مال ودولت اورخراج لے کرآگے بڑھ جانا،تاریخ،اُن کی اپنی لکھی ہوئی تاریخ میں موجود ہے۔

(17/2)۔ رسولؐ اللہ اورخانوادۂ رسوؐل کا طریقہ تبلیغ اسلام اورقرآن

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تبلیغ کے لئے جوحکم ملا اورجوطریقہ بتایا گیا تھا اُس میں ذرہ برابر تحکّم اورسخت کلامی کا شائبہ تک نہ تھا۔بلکہ اُن سے کہا گیا تھا کہ:(i) اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ۔

''آپؐ اپنے پالنے والے کی راہ کی طرف نہایت حکیمانہ انداز بہترین ومفید نصیحت کے موڈ میں دعوت دو۔اوراُن کے ساتھ ہر بحث ومباحثہ حسین اوردل پسند انداز میں کیا کرو۔'' (سورہ النحل۔16/125)

(ii) رسولؐ اللہ کے خاندان والوں کوحکم دیا گیا کہ:وَلَا تُجَادِلُوْا اَهْلَ الْکِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ۔(29/46)

''آپ لوگ اہل کتاب کے ساتھ بحث ومباحثہ حسین اوردل پسند انداز کے بغیر کیا ہی نہ کرو۔''(العنکبوت 29/46)

(iii) یہ بھی فرمایا کہ: وَ قُلْ لَّهُمْ فِیْ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِیْغًاo(نساء 4/63)

''اُن لوگوں سے تعارض نہ کرواورنصیحت اس انداز سے کروکہ آپ کی باتیں اُن کے قلوب میں اُترتی چلی جائیں۔''

اوریہ بھی فرمادیا تھا کہ:۔قُلْ یٰۤاَهْلَ الْکِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰی کَلِمَةٍ سَوَآءٍ بَیْنَنَا وَبَیْنَکُمْ۔(آل عمران 3/64)

’’آپ اہل کتاب سے یہ کہہ دیں کہ کم از کم ہر اس بات پر تو متفق ہو کر تعاون کرو جو ہم میں اور تم میں برابر کے مسلمات میں سے ہیں۔‘‘

ان آیات کے بعد یہ کہنا کہ رسولؐ اللہ جارحانہ انداز میں تبلیغ کرتے تھے یا سخت کلامی اور سخت گوئی کی کسی کو اجازت دیتے تھے محض مشرکین قریش ہی کو زیبا دے سکتا ہے۔ یہ قحطانی لوگ اُسی منہ سے یہ کہتے ہیں کہ سارا مکہ رسولؐ اللہ کو امین کہتا تھا، پیار کرتا تھا، سر آنکھوں پر بٹھاتا تھا۔ اُن کی نرم روی اور مہذبانہ زندگی کی مدح وثنا کرتے ہیں۔ اور پھر اعلان نبوت کے بعد اُن میں جارحیت کا اثبات کرتے ہیں۔ یعنی معاذ اللہ اُن کو قرآن کے نزول اور نبوت نے سخت گو اور ترش رُو بنا دیا تھا۔ اور وہ چالیس سال کی پکی ہوئی عادتوں کو ایک دم ترک کر کے پیغمبرؐ بن گئے تھے۔ یعنی پیغمبری (معاذ اللہ) ڈنڈے بازی کا دوسرا نام ہے۔ سنو اور غور سے سنو!! کہ اللہ نے رسولؐ اللہ کی قلبی وسعت اور نرم مزاجی کی حد یہ بتائی ہے کہ کفار و منافقین اور تمام دشمنانِ اسلام صرف اُن کی بامروّت زندگی اور پیاری پیاری ہدایات کی وجہ سے ہمیشہ اُن کے ساتھ چپکے رہے اور مشرک منصوبے کو جاری کر سکنے کی آس کبھی نہ ٹوٹی۔ چنانچہ اللہ نے رسولؐ اللہ کی خاندانی فطرت و عادت کا نقشہ یوں کھینچا ہے کہ:۔

فَبِمَا رَحۡمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنۡتَ لَهُمۡ وَلَوۡ كُنۡتَ فَظًّا غَلِيۡظَ الۡقَلۡبِ لَانۡفَضُّوۡا مِنۡ حَوۡلِكَ (آل عمران 3/159)

’’یہ تو چونکہ اللہ کی رحمت ہے کہ تم اُن لوگوں کے ساتھ نہایت ہی نرم سلوک کرتے چلے آتے ہو۔ اگر کہیں تم سخت دل اور تند خو ہوتے تو یہ لوگ کبھی کے تمہارے حلقۂ صحبت سے بھاگ کھڑے ہوئے ہوتے۔‘‘

قارئین! اللہ کے اس بیان سے اگر یہ سمجھ لیں کہ سرکار دو عالم رحمۃ اللہ فی العالمین کی مستقل رحم و کرم کی عادت تھی تو یہ کس طرح مانا جا سکتا ہے کہ آپ کا روّیہ اہل مکہ کے ساتھ انتہائی سخت تھا؟ یاد رکھیں قحطانی منصوبے کی یہ بہت گہری چال ہے جس میں بڑے بڑے سلجھے ہوئے دماغ بھی اُلجھ کر مطمئن ہو گئے ہیں۔ لیکن ہم چونکہ قرآن کو مشرک عینک سے نہیں پڑھتے، اس لئے ہم اُن کی ہر چال، ہر مکر اور ہر فریب کو قرآن ہی سے ثابت کرتے ہیں۔ وہ ہمیں بتاتا ہے کہ رسولؐ اللہ کو، اہل مکہ کو مومن دیکھنے کی اس قدر تمنا تھی کہ اللہ نے آپ کو حریص کہا، رؤف فرمایا اور رحیم قرار دیا ہے۔

لَقَدۡ جَآءَكُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ عَزِيۡزٌ عَلَيۡهِ مَا عَنِتُّمۡ حَرِيۡصٌ عَلَيۡكُمۡ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ رَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌo (9/128)

’’یقیناً تم ہی میں سے تمہارے پاس جو رسولؐ اللہ آیا ہے تمہاری ہر برائی اور تکلیف اُسے بہت ناگوار گزرتی ہے۔ وہ تو تمہاری فلاح اور بہبود کا بڑا لالچی ہے۔ اور ایمان لانے والوں کے لئے رؤف اور رحیم ہے۔‘‘ (التوبۃ 9/128)

دوستو! یہ صورت حال اور یہ خوش خصال انسان ہی تو وہ انسان ہے کہ یتیم بچے انہیں چھوڑ کر اپنے والدین کے ساتھ نہ جاتے تھے۔ یہی دل میں اُتر جانے والا سلوک تو تھا جس نے لوگوں کو ایسا بنا دیا تھا کہ ایک طرف آزاد اور خوشحال زندگی کھڑی انتظار کر رہی ہے، دوسری طرف دو اونٹوں سے بندھا ہوا ایک انسان کھڑا ہے۔ اس سے کہا جا رہا ہے کہ تم رسولؐ اللہ کی مذمت کرو اور اسلام کو ترک کرنے کا اعلان یا مرنے کو تیار ہو جاؤ۔ جواب ملا کہ اگر ستر دفعہ قتل کر کے جلا دیا جاؤں تو ہر دفعہ انکار کروں گا۔ چنانچہ اونٹ دوڑا دیئے گئے۔ سوچیئے کیا ہوا ہوگا؟ جب کہ ایک ایک ٹانگ کو لے کر دونوں اونٹ دو مختلف سمتوں میں دوڑے ہوں گے؟ یہ تھی وہ لافانی محبت جو رسوؐل کا سلوک پیدا کرتا تھا۔ اور

یہ تھی وہ قحطانی سنگ دلی اور شدت انتقام جو سرداران قریش نے اختیار کر لی تھی ۔قریشی مشرکین کہتے ہیں کہ رسولؐ اللہ کے سخت رویہ کے بدلے میں یہ سلوک ہوا۔یعنی نہ آپؐ بتوں اور مشرکین قریش کے بزرگوں کی سخت مذمت کرتے نہ قریش ظلم وستم اور جفاودغا پراُترتے ۔ہم قرآن کی زبان میں کہتے ہیں کہ ہرگز نہیں،انہوں نے بتوں اور مشرک بزرگوں کے لئے جو کچھ کہا وہ تو وہی حقائق تھے جو خود مشرکین کے مسلمات تھے۔یعنی قرآن کی رو سے مشرکین عرب بتوں کو نہیں بلکہ اللہ کو خالق ورازق و مدبر عالم سمجھتے تھے۔وہ یہ مانتے تھے کہ یہ مٹی، پتھر، لکڑی،لوہے یا سونا چاندی کے مجسمے ہیں۔ یہ بھی کہ وہ نہ بول سکتے ہیں نہ اپنے منہ پر سے مکھیاں اُڑا سکتے ہیں۔ یہ بھی کہ انہیں آدمی توڑ سکتا ہے اور وہ گر کر بھی ٹُوٹ سکتے ہیں۔اُن کا بہت سے بہت یہ عقیدہ تھا کہ وہ بت ایسے بزرگانِ قوم کے مجسمے ہیں جن کو خدا پسند کرتا تھا۔جو مقرب بارگاہ خداوندی تھے۔اور اُن کی وجہ سے دعائیں اور مرادیں پوری ہوتی ہیں اور خدا کے تقرب کے لئے وہ لوگ وسیلہ ہیں۔اور اس کا کسی بھی آیت نے انکار نہیں کیا۔ بلکہ اصولاً ایسے انسانوں کا وجود تسلیم کیا جو مقرب خدا ہوتے ہیں اور جن کے واسطے سے دعائیں قبول ہوتی ہیں ۔اور یادگار کی حد تک مجسمہ سازی کا جواز بتایا۔اور اُسی اصولی حیثیت کی بنا پر اُمت میں رسولؐ وآل رسولؐ اور اولیاء اللہ کے وسیلوں سے استفادہ کیا جاتا ہے۔ جناح صاحب وغیرہ کے بڑے بڑے فوٹو دفاتر میں اسی اصول پر لگا لئے گئے ہیں۔اور ہم نے دیکھا ہے کہ بعض لوگ روزانہ ایک تازہ ہار فوٹو پر چڑھاتے ہیں۔ پھولوں کی چادریں اُن کے مزار پر اتنی چڑھ چکی ہیں کہ جن کی قیمت سے ایک ٹیکسٹائل مل کھل جاتا۔مزار پر جو روپیہ اور محنت صرف ہوئے اُس سے پاکستانی مسلمانوں کی محبت اور اپنا پیٹ کاٹ کر قربانی کا ثبوت ملتا ہے۔یہی حال مشرکین قریش اور اہل عرب کی تمام اقوام کا تھا۔اور خدا نے خود اس قومی و مذہبی جذبہ کو قرآن میں جگہ جگہ دُھرایا ہے۔اور اس کا احترام بھی کیا ہے۔اور بتایا ہے کہ ہر مذہب ومکتب فکر کے لوگوں کو اپنے اپنے آباواجداد سے اور مذہب سے پیار ہوتا ہے۔اور خود اللہ ورسولؐ بھی چاہتے ہیں کہ اسلام لانے والے اسلام اور اسلامی بزرگوں سے محبت ومودت رکھیں مگر ناحق تعصب کو منع کرتے ہیں۔

حق کیا ہے اور ناحق کیا ہے؟ یہ علمی گفتگو ہے جو علمی حلقوں کا کام ہے۔عوام اپنے اپنے علمی حلقوں اور علما کی پیروی کرنے پر اکتفا کرتے ہیں۔اب یہ علما کا کام اور ذمہ داری ہے کہ وہ حق سے اِدھر اُدھر نہ ہٹیں۔لہٰذا عرب میں بھی عوام رسولؐ اللہ سے پیار ومحبت کرتے تھے،قدر ومنزلت بجالاتے تھے،بات مانتے تھے۔اپنی صدیوں کی بگڑی ہوئی حالت کو سدھارنا شروع کر دیا تھا۔دانشوران قریش بھی اچھی بات کو اچھا اور بُری کو بُرا سمجھتے تھے اور مجبور تھے کہ ہاں میں ہاں ملائیں،اصلاح کو اصلاح کہیں۔لیکن وہ ان اچھائیوں اور اصلاح کے پس پشت ایک خطرہ دیکھ رہے تھے جو عوام کو نظر نہ آتا تھا۔وہ یہ اندیشہ تھا کہ رسولؐ اللہ کے بعد یہ ایک خاندانی اجارہ داری بن جائیگی۔ جیسا کہ نبطی وغسانی حکومت تین ہزار سال سے چلی آرہی ہے اور جو اسی خاندان کی نبطی حکومت ہے۔پھر وہ حکومت علیؑ و خاندان علیؑ میں موروثی ہو جائیگی۔اور یہ بات کسی طرح مشرکانہ یعنی سب کا مل کر اشتراکی ومشترک نظام قائم کرنے کے تصور میں ہضم نہیں ہوسکتی۔ یہ بات عوام کو موٹے موٹے الفاظ اور دلائل سے سمجھانے کا سامان نہ تھا۔اور جب تک یہ بات عوام کی سمجھ میں راسخ نہ ہو جائے اُس وقت تک اُس اسلامی انقلاب اور عمرانیؑ سیلاب کو روکا نہیں جا سکتا جو سمندر کی طرح مدّ وجذر سے ساری مشرکانہ محنتوں کو اُلٹ پلٹ کر رہا ہے۔ جو بیرون ممالک سے اندرون ملک تک اور اندرون ملک سے بیرونی ممالک تک بڑھتا،امنڈتا اور لہریں مارتا چلا جارہا ہے۔اِسلئے

سرداران قریش کسی جائز اور سمجھ میں آنے والے بہانے کی تلاش میں ہیں کہ اس عمرانی انقلاب کو روکا جا سکے۔ اور اُن راہوں کو سوچ رہے ہیں کہ جن پر چل کر یہ اسلامی اصلاحات قریشی پالیسی کے ہم رنگ بنائی جا سکیں۔ اس فطری، قدرتی، عملی اور واقعی صورت حال کو شاہی تاریخ چھپاتی ہے۔ اور بلا کسی ربط اور فطری و عملی ضرورت کے ایک دم مشرکینِ قریش کو رسولؐ اللہ سے برسرِ پیکار کر دیتی ہے اور اُنکے ظلم و ستم کی صحیح اور غلط داستان اِس زور شور اور شد و مدّ سے سناتی ہے کہ قارئین کو مشرکین سے نفرت ہو جائے اور اس نفرت کے دھارے میں بہتا قاری اس طرف توجہ ہی نہ دے سکے کہ مشرکین سے یہ نفرت اسلئے پیدا کی جا رہی ہے کہ مومنین سے ہمدردی پیدا ہو جائے اور پھر چپکے چپکے مکہ کے مشرکین کو مومنین کی ہمدردی کی آڑ میں اُدھر سے اِدھر پہنچا دیا جائے۔ یعنی مشرکین سے نفرت کو ایک کروٹ دے کر مشرکین سے محبت میں تبدیل کر دیا جائے اور یہ پتہ نہ لگنے پائے کہ وہ سارے مشرکین جن سے نفرت پیدا کی گئی تھی، اُدھر سے اِدھر آ چکے ہیں۔ صرف نام بدل گئے ہیں۔ اور اب نظامِ شرک اسلام کی عبا قبا اور عمامہ میں ملبوس ہو چکا ہے۔ یہ ہے وہ راز اور منصوبہ جسے شاہی تاریخ چھپاتی ہے۔

(17/3)۔ اسلام اور رسولِؐ اسلام سے قریش اور مشرکین کی دشمنی کی قابل فہم وجہ لازم ہے

ہم سے کہا جاتا ہے کہ مکہ کے سرمایہ دار یہود اور قریش اپنے نظام سرمایہ داری اور سود کے ختم ہو جانے کی بنا پر آنحضرتؐ کے دشمن ہو گئے، مان لیا۔ لیکن عوام جو مقروض اور سرمایہ دارانہ نظام سے تنگ تھے، اُنہوں نے اپنے ہمدرد رسولؐ کے خلاف اپنے خون چوسنے والے دشمن کا دل و جان سے کیوں ساتھ دیا؟ کیوں ہزاروں کی تعداد میں میدان جنگ میں کام آئے؟ کہا جاتا ہے کہ عوام سرمایہ داروں کے پنجے میں پھنسے ہوئے مجبور تھے، مان لیا۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ مکی سرمایہ دارانِ قریش اور یہود کے پاس کوئی فوج نہیں ہے۔ ہوتی بھی تو وہ بھی اُن ہی غربا اور مظلوموں پر مشتمل ہوتی۔ سوال یہ ہے کہ مکہ سے نکل بھاگنے کی ساری راہیں کھلی ہیں۔ کسی کو زنجیروں میں جکڑ کر گھوڑے پر باندھ کر میدان جنگ میں نہیں لایا گیا۔ ایسا ہوتا تو وہ کیسے لڑتا؟ لہٰذا سرمایہ داروں کا زور اور جبر و اثر دل میں جب تک جا کر نہ بیٹھ جائے، اُس وقت تک کوئی شخص میدان جنگ میں آزادانہ سفر اور پھر جنگ نہیں کر سکتا۔ لہٰذا یہ کیسے ممکن ہوا کہ تمام متنفر عوام، تمام مظلوم لوگ لڑنے کے لئے تلواریں اور گھوڑے، اونٹ، راشن لے کر حملہ آور ہوتے رہے؟ اگر کوئی جادو، چھو منتر اور معجزہ تھا بھی تو وہ مشرکین قریش کے پاس نہ تھا کہ وہ عوام کو دل کی رضا مندیوں سے اُن مظالم پر آمادہ کر کے انہیں جنگ کا ایندھن بنا دیتے۔ کہا جاتا ہے کہ قبائلی تعصب اور عزیز و اقربا کی محبت کی بنا پر جدھر ایک شخص جاتا سارا قبیلہ اُدھر چل کھڑا ہوتا۔ درست ہے مان لیا۔ مگر جب یہ مخالفت تاریخ کے پردہ پر دکھائی گئی ہے اُس وقت تک کم از کم چالیس سال گزر چکے تھے۔ اس چالیس سال میں تقریباً ہر قبیلے میں رسولؐ کا مشن پہنچ چکا تھا۔ اعلان سے قبل ہی دنیائے عرب انہیں صادق و امین اور قابل تقلید سمجھ چکی تھی۔ لہٰذا عربی قبیلوں کا تعصب اور محبت تو رسولؐ اللہ کے ساتھ ہونا چاہیئے نہ کہ سرمایہ داروں اور خون چوسنے والوں کے ساتھ جم کر دل و جان سے ایسے رحیم و کریم و ہمدرد و غم گسار رسولؐ کی مخالفت کرنا جو اُن کی فلاح و بہبود کے سوا اور کچھ چاہتا ہی نہیں ہے۔ جس چالیس سالہ دَورِ تخلیق و اصلاح کو شاھانہ تاریخ حرفِ غلط کی طرح مٹا کر اُسے عہد رسالت سے خارج کرنا چاہتی ہے، قرآن اُس زمانہ کو بطور دلیل و حجت پیش کرتا ہے اور کار رسالت کو مسلسل قرار دیتا ہے۔ سُنیئے اللہ نے رسولؐ سے اعلان کرایا کہ:۔ قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُم بِهٖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ o (10/16)

''ان سے کہہ دو کہ میں نے تمہارے درمیان ساری عمر گزار کر جو کچھ تمہارے لئے بہتر سمجھا ہے ۔ اُس کے عین مطابق وہ عمل درآمد اور تعلیمات ہیں جو میں پیش کررہا ہوں ۔ اگر یہ سب کچھ من جانب اللہ اور اُس کا پسندیدہ نہ ہوتا تو میں نہ تو ساری عمر قرآن کی تمہارے روبرو تلاوت کرتا نہ تمہیں دلیل و برہان کے ساتھ اُس کی حقیقت سازی پر مطلع کرتا ۔ کیا تم لوگ اپنی اپنی عقل و تجربہ سے اِس (چالیس سالہ طرز عمل) پر عقل سے غور نہیں کرتے ہو ۔'' (یونس 10/16)

لہٰذا ضروری ہے کہ کوئی ایسی حقیقی وجہ بیان کی جائے جو آج بھی ہر آدمی کی سمجھ میں آئے ۔ جو رسول اللہ کی چالیس سالہ خدمات و تبلیغ کو دل سے نکال کر ہر شخص کو اُن سے پہلے متنفر کرے ۔ پھر ہر شخص اپنے مستقبل کو خطرہ میں ہونے کا یقین کرے اور اپنے اپنے بچوں اور ناموس اور قبیلے اور اپنی قوم و ملک کو رسول اللہ سے محفوظ کرنے کیلئے سردھڑ کی بازی لگادے ۔

(17/4)۔ رسول اللہ نے سردارانِ قریش کے تمام سیاسی حربے بیکار کرر کھے تھے

آنحضرتؐ کی اسلامی تعلیم میں برابر چالیس سال سے انسانی نفسیات و جذبات کا لحاظ رکھا تھا ۔ آپ نے دیکھا کہ شراب، جوا، سود اور سینکڑوں بنیادی اور قدیم ترین مہذب کہلانے والی تمام خرابیوں کو کس خوبصورتی اور حُسنِ تدریج اور مہلت کے ساتھ بلا کسی اشتعال کے دلوں سے نکال دیا تھا ۔ کیسے ممکن ہوسکتا تھا کہ آنحضرتؐ اپنے خلاف اشتعال مزاجی کو بہانہ بننے کا موقعہ خود فراہم کردیتے ؟ وہ تو جہاں سے اصلاح کا الف شروع کرتے تھے، وہاں کسی مزاج اور مذہب کو مخالفت کا تصور تک بھی نہیں ہوسکتا تھا ۔ اور الف کے بعد اصلاح کیلئے ہر آنے والا حرف، مخالف تصورات کو دور تر کرتا اور لوگوں کو اصلاح کی (ے) آخری منزل تک لے آتا اور پتہ بھی نہ ہونے دیتا کہ یہ انقلاب ہوا ہے ۔ رسول اللہ تو حقیقی احکام کی ایسی قسطیں بناتے تھے کہ کافر و منکر و مخالف کو یہ معلوم ہوتا تھا کہ آنجنابؐ تو وہی چیز پیش کررہے ہیں جس کی خود اُنہیں فطری ضرورت ہے ۔ اس تدریج کی انتہا یہ ہے کہ اللہ کو یہ کہنا پڑا کہ :۔

فَلَعَلَّکَ تَارِکٌ بَعْضَ مَا یُوْحَی اِلَیْکَ وَضَآئِقٌ بِہٖ صَدْرُکَ ۔ (ھود 11/12)

''کہیں ایسا عمل درآمد تو نہیں کررہے ہو جس سے یہ محسوس کیا جاسکے کہ آپ نے فلاں وقت حکمِ خداوندی کے فلاں جز کو نظر انداز کردیا تھا ۔ اور اصلاح حال کے لئے اپنی قلبی کیفیت کے خلاف دب کر حکم دیا تھا؟''

جگہ جگہ رسول اللہ کی نرمی اور اصلاحی تدریج کے دوران یہ حالت ہوتی تھی کہ عام عقل کا آدمی یہ سمجھنے لگے کہ رسول اللہ تو گویا کافروں اور غیر مسلموں یا منافقوں کی اطاعت کرنے لگے ہیں ۔ ایسی سینکڑوں آیات ہیں جن میں کھل کر کہا گیا کہ :۔

وَلَا تُطِعِ الْکٰفِرِیْنَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ وَدَعْ اَذٰیھُمْ وَتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیْلًا٥ (الاحزاب 33/48)

''تم کافروں اور منافقوں کی اذیت کو مدنظر رکھ کر اُن کی اطاعت کی حد تک نہ بڑھ جانا ۔ جہاں ایسا ہو وہاں اُن کی مستقبل کی ایذارسانی سے لاپرواہ ہو کر خدا پر توکل کرنا اور اللہ تمہارے لئے وکالت کرنے کے لئے کافی ہے ۔''

یعنی وہ یہ ثابت کرکے چھوڑیگا کہ تم نے ہر ممکن رعایت اور تدریج سے کام لیا اور تبلیغ اسلام میں کوئی انسانی جذبہ یا قرآنی اصول نظرانداز نہیں کیا ۔ رعایت کی یہ حد ہے کہ آپ اپنے اعمال میں کافروں کے مطیع و فرماں بردار نظر آنے لگیں ۔ بتایئے ایسا شخص کس طرح اور کیوں

اشتعال انگیزی اور بہانہ سازی کا موقع دے سکتا ہے۔جس کا یہ حال ہو کہ وہ نوع انسانی کے غم میں اور اُنکی اصلاح حال کی فکر میں اپنی راحت وصحت کی پرواہ نہ کرتا ہو۔اور جس کو خدا یہ کہے کہ: لَعَلَّکَ بَاخِعٌ نَّفۡسَکَ اَ لَّا یَکُوۡنُوۡا مُؤۡمِنِیۡنَo (شعراء 26/3)

''اے رسوؐل تم تو شاید اس غم میں اپنی جان گنوادو گے کہ یہ لوگ مومن کیوں نہیں ہوجاتے۔''

کیا یہ غم خواریاں، راتوں کے اندھیروں میں نوع انسان کے لئے دعائیں اور شب بیداریاں عربوں کے دلوں میں اثر انداز نہ ہو رہی ہوں گی؟ قحطانی چاہتے ہیں کہ چالیس سال کی یہ ریاضت، یہ کدّ وکاوش اور محنت اُن کی گھڑی ہوئی کہانیوں کی آڑ میں چھپ جائے۔قحطانی معاشرہ میں چونکہ ہر برائی کو مجتہدانہ تدریج وتاویل سے نیکی اور اچھائی بنا کر دکھایا گیا تھا۔چنانچہ وہ برائی کو چھوڑتے ہوئے اس الجھن میں پڑ جاتے تھے کہ یہ بات تو قحطانی راہنماؤں نے صدیوں سے نیکی بنا رکھی ہے۔نیک اعمال کو کیسے ترک کریں لوگ کیا کہیں گے۔ایسے حالات میں اللہ کا فیصلہ اور رسولؐ اللہ کا حال قرآن سے سنئے فرمایا گیا کہ:۔

اَفَمَنۡ زُیِّنَ لَهٗ سُوۡٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا فَاِنَّ اللّٰهَ یُضِلُّ مَنۡ یَّشَآءُ وَیَهۡدِیۡ مَنۡ یَّشَآءُ فَلَا تَذۡهَبۡ نَفۡسُکَ عَلَیۡهِمۡ حَسَرٰتٍ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیۡمٌۢ بِمَا یَصۡنَعُوۡنَo (فاطر 35/8) ''بھلا بتایئے اُس شخص کا برائی کو ترک کرنا کتنا مشکل ہوجاتا ہوگا جس کو راہنمایان قوم نے غلط اعمال کو نیکیوں کا لباس پہنا کر دکھایا ہو اور جو بری بات میں اچھائیاں ہی دیکھتا ہو؟ اَے رسولؐ بات یہ ہے کہ گمراہی اور ہدایت یافتگی دونوں ہماری مشیت کے ماتحت وقوع میں آتی ہیں۔چنانچہ اُن کے جلدی ہدایت یافتہ ہوجانے کی حسرت میں آپ اپنی جان نہ دے بیٹھنا۔یقیناً اللہ اُن کے قحطانی راہنماؤں کی ہنر مندی کا پورا علم رکھتا ہے۔''

ایسے فداکار وجاں نثار رسولؐ کے خلاف نہ تلوار اٹھنا چاہئے تھی، نہ زبان کھلنا ممکن تھا۔عوام وخواص کا یوں بے دریغ تیغ بکف نکل آنا اور پورے آٹھ سال تک اسلام اور رسولؐ اسلام ایسے غمخوار کے خلاف دن رات تن من دھن سے نبرد آزما رہنا کہانیوں اور بے تکی باتوں پر منحصر نہیں ہوسکتا۔اس کے لئے کوئی ایسی خطرناک وجہ بتانا پڑے گی جو سچ مچ غربا اور محنت کشوں کے مستقبل کو تباہ کرنے والی ہو، جو اسلام لانے کے بعد بھی مستقلاً قائم رہنے والی ہو۔جس کا دفیعہ اور تدارک صرف رسوؐل کی مخالفت اور اُن کی شکست ہی سے ہوسکتا ہو اور کوئی دوسری راہ باقی نہ رہتی ہو۔اور ایسی حتمی وجہ صرف ہم بیان کرتے ہیں۔دوسروں سے اس کا بیان اس لئے ناممکن ہے کہ اُن کی اپنی مصلحتیں وہی ہیں، پالیسی ومذہب وہی ہے جو دانشوران شرک نے اختیار کیا تھا۔اور جسے منہ پر لانے اور قبول کرنے سے سینکڑوں پگڑیاں سروں سے گر پڑتی ہیں۔سارے بُت ٹوٹ جاتے ہیں اور صدیوں کی محنت ضائع ہوتی نظر آتی ہے۔

(17/5)۔ آنحضرتؐ تبلیغ میں نرمی اور تدریج کے ساتھ ساتھ عملی تجربہ پر زور دیتے تھے

مُلّا ازم کی طرح رسوؐل اللہ ایک دم مسلمان ہوجانے کا تقاضہ نہ کرتے تھے۔جس حال میں کوئی ہوتا تھا اُسے اُسی حال میں رکھتے ہوئے ایسی بات بتاتے تھے جو خود بخود اس کی زندگی میں مفید انقلاب پیدا کر کے اُسے دوسری ہدایت طلب کرنے پر آمادہ کرے۔اور وہ یہ بھی تو نہ کہتے تھے کہ کوئی ضرور ہی اُن کی ہدایت پر عمل کرے۔خدا نے فرمایا کہ:۔

مَنۡ یُّطِعِ الرَّسُوۡلَ فَقَدۡ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنۡ تَوَلّٰی فَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰکَ عَلَیۡهِمۡ حَفِیۡظًاo (نساء 4/80) ''جو کوئی رسوؐل کی اطاعت کرے

یہ سمجھ لے کہ وہ خدا کی اطاعت کررہاہے اور جو کوئی رسولؐ کے علاوہ کسی اور ولایت سے وابستہ ہو یا ہونا چاہے اور رسوؐل کی اطاعت نہ کرے تو ایسے لوگوں پر اَے رسولؐ ہم نے تمہیں ٹھیکیدار اور محافظ نہیں بنایا ہے۔لہٰذا اُن سے تعارض کی ضرورت نہیں۔''

کتنا سیدھا سیدھا معاملہ ہے۔نہ کوئی طنز ہے، نہ طعنہ ہے، نہ کسی کو چڑایا جارہا ہے۔پُرامن فضا ہے کسی طرف ابھی تک کوئی ناگواری، کوئی گرانی ظاہر کرنے کا موقعہ نہیں ہے۔اللہ بتارہا ہے کہ:۔

فَاِنْ حَآجُّوْکَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِیَ لِلّٰہِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ وَقُلْ لِّلَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ وَالْاُمِّیّٖنَ ءَ اَسْلَمْتُمْ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَ وْا وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَیْکَ الْبَلٰغُ.....(عمران 3/20) ''اگراہل کتاب میں سے یا اہل مکہ میں سے کوئی تم سے حجت کرے تو اُن سے کہہ دو کہ میں نے اپنی توجہات کو اسلام کے حوالے کردیا اور میری پیروی کرنے والوں نے بھی یہی کیا ہے۔کیا تم بھی اسلام قبول کر چکے ہو؟ چنانچہ اگر وہ بھی اسلام لے آئیں تو یقیناً ہدایت یافتہ ہوں جائیں گے۔لیکن اگر وہ اسلام کے بجائے کوئی اور ولایت اختیار کرنا چاہیں تو آپ کی ذمہ داری تو صرف اسی قدر ہے کہ اصل بات اُن تک پہنچادی گئی ہے یا نہیں۔''

یہ آیات ایسا زمانہ بتارہی ہیں جس میں عوام کوئی پرخاش نہیں رکھتے۔بات سنتے ہیں، سمجھتے ہیں جو بات اُن حالات میں فِٹ اور قابل عمل ہوتی ہے اس پر عمل بھی کررہے ہیں۔بعض لوگ مکمل طور پر اسلام لاچکے ہیں بعض اسلام کی طرف قدم قدم بڑھ رہے ہیں۔کثرت الناس متوجہ ہے۔قوم کے سردار، لیڈر اور سرمایہ دار و دانشوران قوم اِس صورت حال سے واقف ہیں، حالات کا مطالعہ کررہے ہیں۔اور اپنے ماہرین کو مذکورہ منشور کے مطابق ہدایات فراہم کررہے ہیں۔

(17/6)۔ مخالفت کی تمام حقیقی، فطری اور قابل فہم وجوہات وتفصیلات

ہم نے تفصیل سے لکھا اور قارئین کرام کبھی نہ بھلاسکیں گے کہ اللہ نے روز ازل سے ایک ذریت طاہرہ کی بِنا ڈالی۔اُن کو نبوت وحکومت ورسالت وامامت سپرد کی۔اُن ہی میں انبیاؤرُسل وآئمہ علیھم السلام مبعوث ہوتے رہے۔جنہیں ہمیشہ ہر حال میں خدا کی جانشینی حاصل رہی۔انہوں نے بنی نوع انسان کو ترقی دے کر بلند سے بلندتر کرنا جاری رکھا۔اُدھر ابلیس نے روز ازل سے اُس ذریت سے مقابلہ اور اُن کے پروگرام میں رکاوٹ ڈالنے کا اعلان اور عمل جاری رکھا۔خداداد اختیارات سے اُس نے جنوں اور انسانوں میں سے اپنا مخصوص حصہ الگ کیا۔جس طرح اللہ کی پوری قوت مذکورہ ذریت کی قابلیت کو درجہ کمال تک پہنچانے پر صرف ہوتی چلی آئی، اُسی طرح ابلیس کا نظام اور اس کے تیار کردہ انسانوں کی نسلیں بھی انبیؑا کے مقابلہ کے لئے اپنے درجہ کمال کی طرف بڑھتی رہیں۔حضرت ابراہیمؑ کے بعد جناب اسماعیلؑ پیغمبر ہوئے اور اُن سے امامت و نیابت وحکومت جناب نابت علیہ السلام کو ملی اور اُن کی اولاد میں مسلسل حکومت خداوندی چلی آئی۔ یہاں تک کہ نور محمدؐی اُن میں منتقل ہوتے ہوتے ظہور محمدؐی ہوگیا۔اُس وقت بھی خاندان نابت علیہ السلام کا ایک غسانی بادشاہ عرب میں حکومت کررہا تھا۔جس نے سورہ روم کی پیشگوئی کے مطابق رومیوں کی مدد کرکے اُن کے مفتوحہ علاقے واپس دلائے تھے۔اِدھر جناب ابوطالب علیہ السلام اُسی نبطی خاندان کے آخری اور دینی راہنما تھے۔جنہوں نے آنحضرتؐ کو پال پوس کر آخری نبوت ورسالت وامامت وحکومت خداوندی کے لئے تیار کیا تھا۔چونکہ نبوت محمدؐ یہ تمام دنیا کے علما و مذاہب میں مشہور ومعروف ومعلوم تھی،

اِس لئے اب قارئین کرام اُس کہانی کو مضحکہ خیز سمجھنے پر مجبور ہیں کہ عربوں نے یہ کہا تھا کہ (معاذ اللہ) بنی ہاشم نے اپنا اقتدار دوبارہ قائم کرنے کے لئے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا۔ یہ گھڑنت اب نہیں چلتی اس لئے کہ بحیرا راہب اور دیگر ذرائع سے یہ نبوت اچانک وجود میں نہ آ گئی تھی۔ بلکہ اس کا مسلسل اعلان واشتہار وبشارت وانتظار جاری رہتا چلا آ رہا تھا۔

قحطانی قریش اپنے صدیوں کے تجربے سے جانتے تھے کہ ہر نبیؑ ایک اصول پر تبلیغ کرتا ہے۔ جو ایک کہتا ہے وہی دوسرا کہتا ہوا آتا ہے۔ وہ وحی خداوندی کے سامنے انسانی عقل اور رائے کو کوئی مقام نہیں دیتے۔ وہ جانشین وخلیفہ خداوندی ہونے کی بنا پر اپنے حکم کو حکم خدا اور اپنی اطاعت ومخالفت کو خدا کی اطاعت اور مخالفت سمجھتے ہیں۔ اور کسی شخص کو اپنے یا خدا کے احکام میں دخل انداز ہونے نہیں دیتے۔ یہاں تک تو وہی صورت حال تھی جس کا صدیوں پرانا تجربہ موجود تھا۔ اس کے بعد سوال یہ تھا کہ نظام اجتہاد اور مشرک تمدن کو اِس نبیؑ سے محفوظ رکھنے کے لئے کیا اقدامات ضروری ہیں؟ اس سوال کا جواب عنوان نمبر 13 کے چھ نکات میں از سر نو مطالعہ کے بعد سامنے لے آئیں۔ اور پھر یہ یاد فرمائیں کہ جناب محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعلان نبوت میں مسلّمہ طور پر، اپنی زندگی اور انتقال کے بعد جناب علی مرتضٰی علیہ السلام کو اپنا وزیر وخلیفہ بنا دیا تھا۔ بس بات یہاں سے بگڑتی ہے۔ یعنی یہ واضح ہو گیا کہ ایک دفعہ حکومت پھر اُسی نبطی شاخ میں جا پہنچے گی جس کے آخری جانشین جناب عمران (ابو طالب) علیہ السلام تھے۔ اور جن کے ماتحت اب تک حجر میں جبلہ نام کا غسانی بادشاہ حکومت کر رہا تھا اور جس سے بادشاہان حمیر اور حیرہ کی ہمیشہ سے خاندانی عداوت اور جنگ جاری رہتی چلی آنا عرب وعراق و شام میں مشہور تھا۔ قارئین دیکھ چکے ہیں کہ حضرت عمر کی تصدیق کے ساتھ تمام علمائے انساب نبطیوں کو غیر ملکی لوگ مشہور کر چکے تھے۔ لہٰذا یہ پہلا حربہ تھا جو ضرورت کے وقت، خاندانِ ابو طالبؑ کی آنے والی حکومتِ علویہؑ کے خلاف استعمال کیا جا سکتا تھا۔ یعنی یہ کہ علیؑ خود کو کوثی نبطی قرار دیتے ہیں۔ غسانی حکومت بھی نبطی اور غیر ملکیوں کی حکومت ہے۔ لہٰذا کہیں علیؑ جبلہ یا اسکے بعد والے بادشاہ سے مل کر ملک وقوم کو اُسکے پنجہ میں نہ پھنسا دے۔ چونکہ عرب کا ذہن غیر ملکیوں یعنی عجمیوں کی حکومت اور اقتدار کسی صورت میں برداشت نہیں کرتا۔ لہٰذا یہ ایک بمب (Bomb) تھا جو اسٹور میں رکھا گیا۔ یعنی علیؑ سے خوفزدہ کرنے یا متنفر کرنے کا جب وقت آئیگا تو دھماکہ کر دیا جائے گا۔

دوسرا حربہ یہ تھا کہ جب تک نبیؐ زندہ ہے اُس پر وحی اُترتی رہے گی۔ اور اگر اُسے ابو طالبؑ اور علیؑ و دیگر خاندان بنی ہاشمؑ کی جنبہ داری سے محفوظ رکھا جائے تو اُس کی طرف سے کوئی خطرہ نہیں ہے۔ وہ ہر حکم، حکم خدا کے مطابق دے گا۔ لیکن اُس کے بعد نبوت اور وحی کا دروازہ بند ہو جائے گا۔ لہٰذا پھر اگر علیؑ کی شخصی حکومت قائم ہو گئی تو وحی کے بغیر اُس کی تنہا بصیرت پر پوری قوم وملک کا انحصار تباہ کن ہوگا۔ وہ خاندانی عصبیت اور روایات پر پلٹ سکتا ہے، قرآنی احکام کی جو چاہے تعبیر کر سکتا ہے اور رسوؐل کا قائم کیا ہوا پورا نظام بدل سکتا ہے۔ جس سے یہ موجودہ امید افزا تمام حالات خواب خرگوش بن کر رہ جاتے ہیں۔

ان دونوں صورتوں کا وقوع میں آنا قطعاً ممکن ہے۔ لہٰذا یہ بات ہر عام وخاص اور عقل مند شخص کو تسلیم کرنا ہی پڑے گی کہ جب تک علیؑ وخاندان علیؑ کو رسولؐ اللہ سے الگ نہیں کیا جاتا، قوم وملک کا ہر شخص غیر محفوظ اور خطرہ میں ہے۔ موجودہ اصلاحات محض ایک فریب ہے۔ جس کے پیچھے پیچھے نہایت خاموشی سے عمرانی سیلاب امنڈتا آ رہا ہے۔ جو کہ استحکام نبوت کے بعد تمام قدیم تہذیب وتمدن، تمام

روایاتِ سلفِ صالحین اور قومی عزت و وقار کو نبطی سمندر میں بہالے جائے گا۔ اور تمام عوام وخواص سوچنے کا موقعہ بھی نہ پا سکیں گے۔ لہٰذا ہر شخص پر فرض ہے کہ وہ علیؑ و خاندان علیؑ کو رسولؐ اللہ سے الگ کرنے اور اُن کی حکومت اور ممکنہ اقتدار سے بچنے کی ہر اسکیم اور جدوجہد میں ہمہ قسمی تعاون کرے۔ اور ساتھ ہی علیؑ و ابوطالبؑ اور اُن کے خاندان کے دوسرے افراد کو چوکنا ہو جانے کا موقعہ نہ دے۔

(17/7)۔ نبوت اور امامت میں تفریق کے لئے قریشی مؤقف

وحی اور عصمت کو الگ کرکے جو مشرکین عرب نے سوچا اور طے کیا اُس میں عقل و تجربہ کی روشنی میں کوئی خامی نہیں ہے۔ یہ سوچنے کی بات تھی اور قطعی طور پر ممکن تھی۔ ساری دنیا کو اس کا تجربہ تھا کہ جب حکومت کسی ایک خاندان میں موروثی ہو جاتی ہے تو پبلک پر ہر قسم کا جبر و تشدد ہوتا ہے۔ حاکم خاندان تمام رعایا کا ہر رنگ میں استحصال کرتا ہے۔ اپنی حکومت کو برقرار رکھنے اور مستحکم کرنے کے لئے لڑاؤ اور حکومت کرو کی پالیسی پر چلتا ہے۔ طرح طرح کے مددگار طبقات کو جنم دیتا ہے۔ اپنے ناجائز احکام کو تقدس کا جامہ پہنانے کے لئے مولوی اور علامہ قسم کی مخلوق کو آگے بڑھاتا ہے۔ لہٰذا قارئین سے خود ہم بھی سفارش کرتے ہیں کہ اس مؤقف میں قحطانی دانشوروں کو حق بجانب سمجھ کر بلا تعصب اُن کی پالیسیوں پر نظر ڈالیں اور بلا دلیل اور بلا سوچے سمجھے اُنہیں قصوروار قرار نہ دیں۔ اس لئے کہ ابھی علیؑ کے متعلق کوئی عقلی و یقینی گارنٹی موجود نہیں ہے۔ یعنی ابھی علیؑ کی پوزیشن واضح نہیں ہے۔ ابھی یقین اور انسانی اطمینان کے ساتھ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ علیؑ ہرگز کسی کا استحصال نہ کریں گے۔ ہرگز اللہ کے حکم کے خلاف کوئی قدم نہ اٹھائیں گے۔ ہرگز کوئی غلط کام نہ کریں گے۔ لالچ اور دنیاوی طمع اُن پر ہرگز اثر انداز نہ ہوں گے۔ خاندانی جنبہ داری، قبیلہ پروری اور اولاد کی ناجائز طرف داری ہرگز اُن پر غالب نہ ہوگی۔ شیطانی قوتیں اور ابلیسی حربے اُن کے افکار و اعمال پر تسلط نہ پا سکیں گے۔ لہٰذا ابھی علیؑ کو یہ مقام ثابت کرکے دکھانا ہے اور ابھی تو وہ وقت ہے کہ بلا کسی مادی استحقاق کے صرف اُن کو وزیر و خلیفہ بنانے کا حکم آنا مانا جا سکتا ہے۔ اور اُس حکم پر یہ شک وارد کرنے کے مادی و عقلی قرآئن موجود ہیں کہ شاید نبیؐ نے خاندانی دباؤ سے یہ حکم دے دیا ہو۔ پھر ابھی تو اس حکم کی مادی اور قابلِ فہم حقانیت بھی ثابت ہونا باقی ہے۔ لہٰذا قریش کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ نبوت و امامت کے لازم و ملزوم ہونے کا یقین حاصل کریں۔ اس سلسلے میں ہر تحقیق و تنقید کریں، آزمائیں، تجربہ کریں۔ اثباتِ حق کے بعد نبوت کے ساتھ امامت پر بھی ایمان لائیں اور بلا چوں و چرا اطاعت کریں۔ اور بصورتِ دیگر ہر وہ انتظام کریں جو اُنہیں اُن کے ناموس و آزادی ضمیر کو محفوظ کر دے۔

(17/8)۔ قریش کے عقائد اور اقدامات اور نبوّت میں اصلاحات

حالات کا بہاؤ بتاتا ہے کہ قریش نے عوام الناس کو اسلام کے عقائد و اعمال اختیار کرنے سے ابھی نہیں روکا۔ اس لئے کہ ابھی نبوّت میں اصلاحات کی اُمید باقی ہے۔ علاوہ ازیں جب تک عوام کے سامنے علیؑ ایک خطرہ بن کر نہ آ جائے، اُنہیں رسوؐل کی مخالفت پر آمادہ نہیں کیا جا سکتا۔ عرب کی کثرت اور خود مشرکین قریش اللہ پر ایمان رکھتے تھے، قیامت کو مانتے تھے۔ یہ بھی مانتے تھے کہ اللہ کی طرف سے انسانوں کی ہدایت کے لئے احکام اور ہدایات ملتی ہیں۔ اس لئے انہوں نے نبوت کو بھی مان ہی لیا تھا۔ یعنی اسلام کے اصول میں اتنا

اعتقاد ضرور رکھتے تھے جتنا آج کل کے مسلمان رکھتے ہیں۔ آج بھی اصول دین، شیعہ مجتہدین اور اہل سنت علما کے نزدیک وہی تین ہیں۔ اوّل توحید، دوسرے نبوّت، تیسرے قیامت۔ رہ گئے عدل اور امامت؟ یہ تو میری قسم کے شیعہ علما و عوام کی زبردستی ہے۔ ورنہ ایک قادر مطلق اللہ کا عدل کے ماتحت رکھنا اور نبوت کے ساتھ کسی شخص یا اشخاص کو اُمت پر سوار کر دینا، مسلمانوں کے یہاں اسی طرح غلط ہے، جس طرح مشرکین قریش کے یہاں باطل تھا۔ قریش نے طے کیا کہ ان تین اصولوں کو برقرار رکھنے کے لئے ہر کوشش جائز ہوگی۔ اور اگر نبیؑ خود بھی اس کے خلاف کچھ کہے وہ نا قابل قبول ہوگا۔ اور اپنے بعد حکومت کو علیؑ کو دینے پر اصرار کرے وہ بھی نہ مانا جائے گا۔ اور یہ نافرمانی اس لئے گناہ نہ ہوگی کہ ہم تحفظِ اصول دین کرنا لازم سمجھتے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ یہ اجتہادی غلطی ہوگی جو نیک نیتی کی بنا پر مستحق ثواب ہوتی ہے۔ (معاذ اللہ) اگر نبیؐ ان وسیع ترین دینی اصولوں کے خلاف ضد کرے تو وہ اللہ کی طرف سے نہیں ہوسکتا۔ نبیؐ کی ذاتی رائے اور اجتہاد ہوسکتا ہے۔ اور ہمارے دانشوروں کا فرض ہے کہ وہ نبیؐ کو غلط احکام اور غلط اجتہاد سے جس طرح بھی ممکن ہو روک دیں۔ تاکہ خدا کے احکام کے خلاف مفاد عامہ مجروح نہ کیا جاسکے۔ اسلام کی قدیم سنت پر زد نہ پڑے۔ اور رسولؐ کے ذاتی خیالات وتصورات سے دین اسلام ملوث نہ ہو۔ لہٰذا تحفظ اصول مذہب کے لئے نبیؐ کی مستقل جانچ اور نگہداشت فوراً شروع کر دینا چاہیئے۔ تاکہ ساتھ کے ساتھ وحی کے خالص احکام واضح طور پر الگ اور حدیث کے احکام جُدا ہوتے چلے جائیں۔

(17/9)۔ کیا نبیؐ مافوق البشر ہے؟ کیا اُس کا ہر حکم واجب الاطاعت ہے؟

قریش نے سب سے پہلی اور بنیادی بات یہ چاہی کہ رسولؐ اللہ کی دو حیثیتیں بنادی جائیں۔ تاکہ اُن کے دیئے ہوئے احکام کی بھی خود بخود دو اقسام ہوجائیں۔ یعنی کچھ وہ احکام جو آپ نے نبیؐ کی حیثیت سے دیئے اور دوسرے وہ احکام جو محمدؐ بن عبدؑ اللہ کی حیثیت سے دیئے تھے۔ تاکہ یہ بات واضح ہوجائے کہ نبیؐ کا ہر حکم اور ہر بات واجب الاطاعت نہیں ہوتی۔ اور پھر ہر اُس حکم یا بات کو نظر انداز کر دیا جائے جو قریشی اسکیم کے خلاف ہو۔ قارئین یہاں یہ نوٹ کرلیں کہ مشرکین کی یہ پالیسی اور نبوت سے متعلق مشرکانہ عقیدہ بعینہ آج تک مسلمانوں میں دینی حیثیت سے چلا آرہا ہے۔ اور نبیؐ کے متعلق جو عقائد اُس وقت کے مشرکین نے طے کر دیئے تھے وہ جوں کے توں علمائے اہل سنت نے ہمیشہ تسلیم کیے، اپنی کتابوں میں لکھے اور آج تک مسلمات کی حیثیت سے اُن کی کتابوں میں موجود ہیں (علامہ مودودی کی تفہیمات، پرویز کی مقام حدیث سے اطمینان کرلیں)۔

چنانچہ مشرکین کے اعتراضات اور قرآن کے جوابات سے یہ سمجھا گیا کہ رسولؐ اللہ مافوق البشر نہیں تھے۔ اور قرآن کے جوابات سے دانشورانِ قریش نے عوام الناس میں وہی عقائد پھیلانا اور منوانا شروع کر دئے جو آج تک صوفیائے کرام کو چھوڑ کر تمام علمائے اہل سنت میں رہتے چلے آئے ہیں یعنی۔

(الف) نبیؐ وحی کی تلاوت میں کوئی غلطی نہیں کرتا۔ مگر؛

(ب) وحی کی تشریح، توضیح اور تنفیذ میں نبیؐ سے اجتہادی غلطی ہوسکتی ہے۔ اور ایسی غلطی کی اصلاح کے لئے اللہ وحی نازل کر کے غلطی واضح کر دیتا ہے۔ چنانچہ انہوں نے قرآن میں سے اُن تمام آیات کو نوٹ کرانا شروع کیا جہاں جہاں انہیں یہ احتمال ہوا کہ

یہاں (معاذاللہ) نبیؐ کی غلطی بیان ہوئی ہے۔مطلب یہ کہ؛

(ج) انہوں نے یہ یقین پیدا کیا کہ (معاذاللہ) نبیؐ کے احکام میں نہ صرف غلطی کا امکان ہی تھا بلکہ نبیؐ سے ساری زندگی برابر اجتہادی غلطیاں سرزد ہوئیں۔جو غلطیاں وحی کے سمجھنے میں کیں وہ قرآن میں موجود ہیں۔اور جو عام احکام میں غلطیاں کیں وہ احادیث میں موجود ہیں یا صحابہ کی روایات میں بیان ہوگئی ہیں۔

(د) اللہ نے قرآن میں نبیؐ کو حکم دیا ہے کہ ماہرین سے مشورہ کے بعد حکم دیا کرو۔لہٰذا نبیؐ پر لازم ہے کہ وہ جو حکم بھی دے اُس میں دانشورانِ قوم کی اجتماعی رائے سے انحراف نہ کرے۔

(ہ) نبیؐ کے بعض احکام وقتی مصالح کے ماتحت ہوتے ہیں جو اُن حالات کے بدل جانے پر خودبخود ساقط ہوجاتے ہیں۔یعنی وہ ابدی تعمیل لازم نہیں کرتے۔بلکہ یہ بتاتے ہیں کہ نبیؐ کے بعد بھی دانشورانِ قوم مصالح اور ضروریات وتقاضائے زمانہ کی روشنی میں اُسی قسم کے عارضی احکام نافذ کرسکتے ہیں۔اور نبیؐ کے مصلحتی احکام کو ساقط کرسکتے ہیں۔

(و) اُنہوں نے یہ بتایا کہ اطاعت صرف اللہ کی ہوتی ہے اور قرآن میں جہاں جہاں نبیؐ کی اطاعت کا حکم ہے وہاں بھی خدا ہی کی اطاعت کا حکم ہے۔یعنی نبیؐ کے صرف اُس حکم کی اطاعت واجب ہے جو حکم خدا نے قرآن میں دیا ہو۔لہٰذا نبیؐ کے کسی ایسے حکم کی اطاعت ہرگز واجب نہیں جو قرآن میں خدا کا حکم نہ ہو۔لہٰذا نبیؐ کے ہر حکم پر یہ سوال کیا جانا چاہئے کہ آیا یہ خدا کا حکم ہے یا آپؐ کا اپنا حکم ہے؟ پھر اگر وہ کہیں کہ یہ خدا کا حکم ہے تو اُن سے کہا جائے کہ وہ آیت پڑھ کر سنائیں جس میں یہ حکم دیا گیا ہے۔ تاکہ خدا اور رسولؐ کے احکام الگ الگ رہیں اور رسولؐ کے ہر حکم میں ایمان لانے والے اطاعت پر مجبور نہ ہوں۔

(17/10)۔ مشرکین کی مندرجہ پالیسی کو حقیقی کفروسازش کہہ کر فاش کردیا

(i) اب قارئین کرام یہ دیکھیں کہ جن مندرجہ چھ عقائد پر بنیاد رکھ کر رسول اللہؐ کے خلاف مہم کا آغاز ہونا تھا اور اس طرح نبوت سے امامت کو الگ کرنا تھا اور جو عقائد مسلمان علما میں برابر برسرِ کار رہے اُن کو اللہ نے حقیقی کفر قرار دیا ہے۔قرآن نے فرمایا کہ:۔

"۔ اِنَّ الَّذِیْنَ یَکْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَیُرِیْدُوْنَ اَنْ یُّفَرِّقُوْا بَیْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَیَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ وَّ یُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّتَّخِذُوْا بَیْنَ ذٰلِكَ سَبِیْلًاo اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابًا مُّهِیْنًا o وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ یُفَرِّقُوْا بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ یُؤْتِیْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًاo
(سورہ النسآء 152-4/150)

''یہ ایک حقیقت ہے کہ جو لوگ اللہ اور اُس کے رسولوںؑ کے متعلق کفر اختیار کرینگے۔اور جو اس غرض کیلئے یہ ارادہ رکھتے ہیں کہ اللہ اور اسکے رسولوںؑ کے احکام میں تفریق پیدا کردیں اور کہتے یہ ہیں کہ ہم خدا اور رسولؐ کے بعض احکام اور فیصلے تو مان لیں گے۔لیکن بعض احکام اور فیصلے ناقابل قبول ہوں گے۔اس پالیسی کو اختیار کرنے والوں کا ارادہ درحقیقت نہ کفر کا ہے نہ ہی پوری طرح ایمان لانے کا ہے۔بلکہ وہ گروہ کفر وایمان یا اللہ اور رسولؐ کے احکام کو اختیار کرنے میں ایک درمیانی راستہ اختیار کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔وہی لوگ وہ ہیں جو قطعی

طور پر حقیقی کافر ہیں۔اور کافروں کے لئے ہم نے بڑی ہی توہین کرڈالنے والا عذاب تیار کررکھا ہے۔اور جولوگ اللہ اوراس کے رسولوںؑ پر ایمان لائے ہیں اور اللہ و رسولؐ میں سے کسی ایک کو دوسرے سے جدانہیں کرتے۔اُن ہی کو عنقریب اُنکے ایمان اور اتحادِ احکامِ خدا و رسوؐل کیلئے اجر دیا جانے والا ہے۔اور اللہ تو مغفرت اور رحم والا ہے ہی۔‘‘

قرآن کریم کا یہ اعلان پہلے نمبر پر مشرک محاذ کو یہ بتا تا ہے کہ تمہارے ارادے ہماری اطلاع اور علم سے باہر نہیں ہیں۔تمہاری اسکیم ہماری نظراور دائرہ عمل کے سامنے ہے۔دوسرے یہ کہ تمہارے مندرجہ بالا چھ عقائد اسلام نہیں بلکہ خالص کفر ہیں۔اللہ کا حکم رسولؐ ہی کا حکم ہوتا ہےاور رسوؐل کا حکم اللہ ہی کا حکم ہوتا ہے۔یہ قریشی قحطانی اور مشرکانہ تفریق کافرانہ سازش ہے۔

(ii)۔ <u>پھر اللہ نے یہ بھی بتا دیا کہ یہ منصوبہ ساز راتوں کو مشورے کرتے رہتے ہیں</u>

یَّسۡتَخۡفُوۡنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا یَسۡتَخۡفُوۡنَ مِنَ اللّٰہِ وَھُوَ مَعَھُمۡ اِذۡ یُبَیِّتُوۡنَ مَا لَا یَرۡضٰی مِنَ الۡقَوۡلِ وَکَانَ اللّٰہُ بِمَا یَعۡمَلُوۡنَ مُحِیۡطًاo (النسآء 4/108)

’’لیکن اُن کے یہ سازشی مشورے صرف انسانوں سے مخفی رہ سکتے ہیں۔مگر رات کے اندھیروں میں پوشیدہ رہ کر معاہدات کرنا اللہ سے مخفی نہیں رہتا۔وہ تو اُن کے ساتھ ہر حال میں ہوتا ہے۔اس کی پرواہ نہیں کرتا کہ وہ اللہ کے خلاف بات طے کر رہے ہیں۔یہ سمجھ لو کہ جو کچھ بھی تم کرتے ہو وہ سب اللہ کے گھیرے اور احاطہ سے باہر نہیں نکل سکتا۔‘‘

سورہ نساء کی اس آیت میں یہ بھی بتا دیا گیا کہ تمہارا ہر منصوبہ اور ہر اسکیم غیر محفوظ ہے۔تم رات میں پلان بناؤ یا دن میں تم پر مکمل نگران انتظام موجود ہے۔اس کے علاوہ یہاں یہ بات غور طلب ہے کہ اگر واقعی اللہ نے صحیح فرمایا ہے کہ اللہ اور رسولوںؑ میں تفریق کرنا غلط،کفراور حقیقت کے خلاف ہے تو قارئین بلا تکلف مان لیں کہ انسانوں کا کوئی عمل رسولؐ اللہ اور اُن کے انتظام سے پوشیدہ نہیں رہ سکتا اور جہاں بھی کوئی آدمی ہو ہر حال میں رسولؐ اللہ اس کو دیکھ سکتے ہیں۔اور اُسی خدائی انتظام کی بنا پر آنحضرؐت کو ساری اُمتوں پر قیامت میں گواہ کی حیثیت سے لایا جائے گا۔اور جو حضرؒات اس وقت آپؐ کے مُمِد و معاونؓ ہیں وہ بھی پوری نوع انسان کے چشم دید گواہ ہوں گے۔ (النحل 16/89)،(بقرہ 2/143)

(iii)۔ <u>قریشی اسکیموں پر نظر ہی نہیں ہے، بلکہ اُن کا ریکارڈ بھی مرتب کیا جارہا ہے</u>

اللہ نے کھول کر واضح کر دیا کہ: مَنۡ یُّطِعِ الرَّسُوۡلَ فَقَدۡ اَطَاعَ اللّٰہَ وَمَنۡ تَوَلّٰی فَمَآ اَرۡسَلۡنٰکَ عَلَیۡھِمۡ حَفِیۡظًاo وَیَقُوۡلُوۡنَ طَاعَۃٌ فَاِذَا بَرَزُوۡا مِنۡ عِنۡدِکَ بَیَّتَ طَآئِفَۃٌ مِّنۡھُمۡ غَیۡرَ الَّذِیۡ تَقُوۡلُ وَاللّٰہُ یَکۡتُبُ مَا یُبَیِّتُوۡنَ فَاَعۡرِضۡ عَنۡھُمۡ وَ تَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیۡلًا o (نسآء 81-4/80)

’’جو کوئی رسولؐ اللہ کی اطاعت کرتا ہے یا کرے گا وہی اطاعت اللہ کی اطاعت ہوگی یعنی اس کی مشرک ساز اقسام کفر ہیں۔اور جولوگ رسوؐل کے خلاف کسی اور کو اپنا حاکم بنائیں تو اُن کے لئے ہم نے تمہیں محافظ بنا کر بھیجا ہی نہیں ہے کہ اُن کو خدا اور رسولؐ کے خلاف حکومت بنانے سے روک دو۔وہ زبانی طور پر تمہاری حکومت کی اطاعت مانتے ہیں۔لیکن جب وہ تمہارے حضور سے اُٹھ کر چلے جاتے ہیں۔تو

اُن کا راہنما طبقہ تمہاری حکومت کے خلاف راتوں کو حکومت بنانے کا منصوبہ بناتا رہتا ہے۔اور اللہ نے تو اُن کے تمام پلانوں (Plans) کا ریکارڈ مرتب کرانا شروع کر دیا ہے۔ چنانچہ اُن سے تعارض ہی نہ کریں اللہ پر توکل رکھیں اور اپنی حکومت کے لئے اللہ کی وکالت کو کافی سمجھیں۔''

یہاں قارئین یہ نوٹ کریں کہ جہاں مشرکانہ منصوبہ سازی کے پردے چاک ہو رہے ہیں وہیں یہ بھی بتایا جارہا ہے کہ اللہ اُن کی ہر اسکیم کی اسلامی حیثیت کو باطل کر رہا ہے۔ اُس حکومت اور دینی تصور کو کافرانہ مذہب وحکومت قرار دے رہا ہے اور رسولؐ کا صرف یہ کام ہے کہ مشرکوں کی ہر سازش کو اعلانیہ اسلام سے خارج کرتے رہیں تاکہ جو مشرک راہ پر چلے وہ کافر قرار پائے۔

(iv)۔ مشرکانہ حکومت کی پیشگوئی قرآن کی زبانی بھی کردی گئی تھی

قارئین یہاں ایک بات ہماری بھی سُن لیں۔ہم اس کتاب میں مشرکین قریش کی ہر پالیسی بیان کرنے اور بحث کو اختیار کرنے کا وقت نہ پائیں گے۔اس لئے گزارش کر چکے ہیں کہ ہمارا طرزِ تصنیف نہ مجتہدانہ ہے نہ مقلدانہ ہے۔ہم اُن سب سے ہٹ کر حقائق کو پیش کرنا اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں۔اس لئے ضروری ہے کہ ہمارے قلم سے نکلی ہوئی تصنیفات جس قدر زیادہ سامنے ہوں گی اسی قدر آسانی سے ہماری بات سمجھ میں آئے گی۔صدیوں کی جمائی ہوئی باتیں اور طرز تحریر آدمی کو چپکائے رہتا ہے۔اور ہم اس کو جھٹک کر الگ پھینک دینا چاہتے ہیں۔ہم قرآن کے معنی کرنے میں اُس مشرکانہ آزادی اور دستور کو استعمال نہیں کرتے جس کا صدیوں سے دستور ہے اور جس سے کان اور آنکھیں مانوس ہیں۔ہم ہر لفظ کے مادّہ اور مصدر کے معنی اختیار کرتے ہیں۔سابقہ تراجم میں تولّوا۔ تولّی وغیرہ الفاظ کے معنی ہم نے سرسری طور پر حکومت کئے ہیں۔اسلئے کہ اُن الفاظ کے بنیادی معنی یہی ہیں۔اُنکا مادہ و۔ل۔ی۔ ہے۔مصدر ولایۃ ہے۔جس سے والی ومولا، ولی اور اولیاء ہوتے ہیں۔اسکے ثبوت کیلئے وہ آیت آپ کو دکھاتے ہیں جس میں اُزدی عالم کی بیان کردہ وہ پیش گوئی ہے جو انہوں نے جناب ابوبکر کو سنائی تھی۔اور ہم اس کا ترجمہ بھی جناب رفیع الدین اعلی اللہ مقامہ کے قلم سے دکھاتے ہیں تاکہ ہمارے ترجمہ کی تصدیق ہوجائے۔ہم وَلّوا اور تولّوا۔ تولّی وغیرہ کے بھی معنی وہی کریں گے جو مصدری معنی ہیں۔لہٰذا پہلے علامہ مودودی کا ترجمہ سنئے:۔

''طَاعَةٌ وَّ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْo فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْا اَرْحَامَكُمْo اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ..... (محمدؐ 47/21-23)

''(اُن کی زبان پر ہے) اطاعت کا اقرار اور اچھی اچھی باتیں۔مگر جب قطعی حکم دے دیا گیا اُس وقت وہ اللہ سے اپنے عہد میں سچے نکلتے تو ان ہی کے لئے اچھا تھا۔ (47/21 تفہیم القرآن جلد 5 صفحہ 26)

''پس کیا ہو تم نزدیک اس بات کے کہ اگر والی ہو تم حکم کے یہ کہ فساد کرو بیچ زمین کے اور کاٹو قرابتیں اپنی۔ یہ لوگ ہیں جن کو لعنت کی ہے ان کو اللہ نے.....'' (47/22-23۔ ترجمہ رفیع الدین مرحوم اعلی اللہ مقامہ)

یہ ہے مشیت خداوندی کا وہ نتیجہ جو قریشی اسکیم سے مرتب ہونا علم الٰہی میں موجود تھا۔اور جس کی خبر خانوادہ رسولؐ کے ازدی عالم

نے اس قائم ہونے والی حکومت کے پہلے حاکم کو دے دی تھی ۔اور جس کے حصول میں تمام دانشوران قریش نے دن رات منصوبے بنائے ۔ راتوں کو مشورے کئے ۔ دن کی روشنی میں اطاعت خدا و رسولؐ کے اعلانات جاری رکھے ۔اور جن کی اسکیم کے چھ نکات اور چھ عقائد آپ کے سامنے آچکے ہیں ۔اور جو برابر چودہ سو سال سے مسلمانوں کے عقائد ثابت ہوتے رہے ہیں ۔ بہر حال اندر ہی اندر مشرک منصوبہ تیار ہوتا رہا۔قرآن اُس کا ہر پہلو بیان کرتا رہا۔آنحضرؐت کی پیدا کردہ مقبولیت میں اضافہ ہوتا رہا۔اسلامی تصورات مقبول اور دل نشین ہوتے رہے ۔اُدھر قریش کے ماہرین سیاسیات و مذہبیات اپنے منشور کے مطابق رسولؐ اللہ کے ساتھ لگے رہے ۔اور ایمان کی آڑ میں اسلام کا لباس پہن کر مسلمانوں کو مندرجہ بالا حکومت کی طرف لے جانے کے لئے مذکورہ چھ نکات اور عقائد پر ڈھالتے رہے ۔اور اُدھر طاغوتی مرکز اس فکر میں رہتا رہا کہ مناسب موقعہ پر حزب اختلاف کا کام شروع کرے اور رسولؐ اللہ کی زبان سے ایسے بیانات لوگوں کو سنوائے جن سے دستوری خطرہ اور علیؑ کی جانشینی سامنے آکر عوام الناس کو مشرک منصوبے کا ہمنوا بنا دے ۔اللہ و رسولؐ اس تمام صورت حال کو اصولی طور پر مسلمانوں میں اس طرح شائع کر رہے تھے کہ مشرک تصادم سے پہلے ہی ہر تصادم کو کفر و نفاق بنا کر رکھ دیا جائے ۔ یوں مشرک محاذ دبتا اور اسلام اُبھرتا چلا جا رہا تھا۔سردارانِ قریش دیکھ رہے تھے کہ روزانہ وقت ہاتھ سے نکلتا جا رہا ہے ۔اپنے عزیز و اقارب کے دلوں میں ابو طالبؑ و محمدؐ و علیؑ آباد ہوتے جا رہے ہیں ۔مشرک بزرگوں اور بتوں کی عظمت گھٹتی جا رہی ہے ۔اگر محمدؐ اِسی کامیابی سے ولایت و عصمت علویہؑ کا تعارف کراتے رہے تو حکومت الٰہیہ کا قیام اور نظام اجتہاد کی تباہی ناگزیر ہو جائے گی ۔کوئی بہت واضح بہانہ کوئی عوام فہم سہارا ایسا مل جائے کہ جس سے عوام کا اسلام کی طرف بڑھنا سست پڑ جائے ۔جس سے انہیں متبادل صورت حال کا سمجھانا آسان ہو جائے ۔اور یہ امید کی جا سکے کہ عوام اسلامی محاذ کے خلاف بات سن لینا برداشت کر لیں گے ۔اور مزید محنت و کوشش کے بعد کثرت ہمارے ساتھ ہو جائے گی ۔اسی فکر و کوشش میں اعلان نبوت کے بعد پانچ سال اور گزر گئے اور مخالفت کا کوئی موقعہ نہ ملا۔

(17/11)۔ سورہ والنجم کا نزول ہمہ گیر سجدہ کے بعد قریشی مخالفت کا اصول

قبل اسکے آپ ہمارا بیان سنیں پہلے علامہ مودودی کو سن لیں ۔وہ مشہور کردہ تصورات کے ماتحت سورۃ و النجم کا شان نزول بتاتے ہیں کہ:

''**زمانۂ نزول**: بخاری، مسلم، ابوداؤد اور نسائی میں حضرت عبداللہ بن مسعود کی روایت ہے کہ ''اَوَّلُ سُوْرَ ۃٍ اُنْزِلَتْ فیھا سجدۃٌ النّجْمُ ' (پہلی سورۃ جس میں آیتِ سجدہ نازل ہوئی النجم ہے)اس حدیث کے جو اجزاء اَسود بن یزید، ابو اسحاق اور زُہیر بن معاویہ کی روایات میں حضرت ابن مسعود سے منقول ہوئے ہیں اُن سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قرآن مجید کی وہ پہلی سورۃ ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے ایک مجمع عام میں (اور ابن مَردُوْیَہ کی روایت کے مطابق حرم میں) سُنایا تھا۔مجمع میں کافر و مومن سب موجود تھے ۔آخر میں جب آپؐ نے آیتِ سجدہ پڑھ کر سجدہ فرمایا تو تمام حاضرین آپؐ کے ساتھ سجدہ میں گر گئے اور مشرکین کے وہ بڑے بڑے سردار تک، جو مخالفت میں پیش پیش تھے، سجدہ کئے بغیر نہ رہ سکے ۔ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے کفار میں سے صرف ایک شخص اُمیہ بن خلف کو دیکھا کہ اُس نے سجدہ کرنے کے بجائے کچھ مٹی اٹھا کر پیشانی سے لگا لی ۔اور کہا کہ بس میرے لئے یہی کافی ہے ۔ بعد میں میری آنکھوں نے دیکھا کہ وہ کفر کی حالت میں قتل ہوا۔''

''اس واقعہ کے دوسرے عینی شاہد حضرت مُطّلِب بن ابی رواعہ ہیں جو اُس وقت تک مسلمان نہ ہوئے تھے۔نسائی اور مُسند احمد میں اُن کا اپنا بیان یہ نقل ہوا ہے کہ جب حضورؐ نے سورۂ والنجم پڑھ کر سجدہ فرمایا اور سب حاضرین آپ کے ساتھ سجدے میں گر گئے تو میں نے سجدہ نہ کیا اور اُسی کی تلافی اب میں اس طرح کرتا ہوں کہ اس سورے کی تلاوت کے وقت سجدہ کبھی نہیں چھوڑتا۔''

''ابن سعد کا بیان ہے کہ اس سے پہلے رجب 5ھ نبوی میں صحابۂ کرام کی ایک مختصر سی جماعت حبش کی طرف ھجرت کر چکی تھی۔ پھر جب اُسی سال رمضان میں یہ واقعہ پیش آیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے مجمعِ عام میں سورۂ النجم کی تلاوت فرمائی اور کافر و مومن سب آپکے ساتھ سجدہ میں گر گئے تو حبش کے مہاجروں تک یہ قصہ اس شکل میں پہنچا کہ کفارِ مکہ مسلمان ہو گئے ہیں۔اس خبر کو سن کر اُن میں سے کچھ لوگ شوال 5ھ نبوی میں مکہ واپس آ گئے مگر یہاں آ کر معلوم ہوا کہ ظلم کی چکی اُسی طرح چل رہی ہے جس طرح پہلے چل رہی تھی۔آخر کار دوسری ہجرتِ حبشہ واقع ہوئی جس میں پہلی ہجرت سے بھی زیادہ لوگ مکہ چھوڑ کر چلے گئے۔اس طرح یہ بات قریب قریب یقینی طور پر معلوم ہو جاتی ہے کہ یہ سورۃ رمضان 5ھ نبوی میں نازل ہوئی ہے''(مسلسل لکھا کہ)

تاریخی پس منظر: ''زمانہ نزول کی اس تفصیل سے معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ کیا حالات تھے جن میں یہ سورۃ نازل ہوئی۔ابتدائے بعثت سے پانچ سال بعد تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صرف نجی صحبتوں اور مخصوص مجلسوں ہی میں اللہ کا کلام سنا سنا کر دین کی طرف دعوت دیتے رہے تھے۔اس پوری مدت میں آپؐ کو کبھی کسی مجمع عام میں قرآن سنانے کا موقع نہ مل سکا تھا۔ کیونکہ کفار کی سخت مزاحمت اس میں مانع تھی۔اُن کو اس امر کا خوب اندازہ تھا کہ آپؐ کی شخصیت اور آپؐ کی تبلیغ میں کس بلا کی کشش اور قرآن مجید کی آیات میں کس غضب کی تاثیر ہے۔اس لئے وہ کوشش کرتے تھے کہ اس کلام کو نہ خود سنیں، نہ کسی کو سننے دیں۔اور آپ کے خلاف طرح طرح کی غلط فہمیاں پھیلا کر محض اپنے جھوٹے پروپیگنڈے کے زور سے آپ کی دعوت کو دبا دیں۔اس غرض کے لئے ایک طرف تو وہ جگہ جگہ یہ مشہور کرتے پھر رہے تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم بہک گئے ہیں۔اور لوگوں کو گمراہ کرنے کے درپے ہیں۔ دوسری طرف اُن کا یہ مستقل طریق کار تھا کہ جہاں بھی آپؐ قرآن سنانے کی کوشش کریں وہاں شور مچا دیا جائے تا کہ لوگ یہ جان ہی نہ سکیں کہ وہ بات کیا ہے جس کی بنا پر آپ کو گمراہ اور بہکا ہوا آدمی قرار دیا جا رہا ہے۔ان حالات میں ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حرم پاک میں، جہاں قریش کے لوگوں کا ایک بڑا مجمع موجود تھا، یکا یک تقریر کرنے کھڑے ہو گئے اور اُس وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپؐ کی زبانِ مبارک پر یہ خطبہ جاری ہوا۔ جو سورۂ نجم کی صورت میں ہمارے سامنے ہے۔اس کلام کی شدت تاثیر کا حال یہ تھا کہ جب آپ نے اسے سنانا شروع کیا تو مخالفین کو اس پر شور مچانے کا ہوش ہی نہ رہا اور خاتمے پر جب آپؐ نے سجدہ فرمایا تو وہ بھی سجدے میں گر گئے۔'' (تفہیم القرآن۔جلد 5 صفحہ 189-188)

(i)۔ علامہ اور شانِ نزول پر تعمیر شدہ تمام عمارتیں کھوکھلی اور غلط ہیں

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں قارئین کو بتا دیا جائے کہ شان نزول کو یاروں نے جس انداز سے اپنایا ہے وہ مشرکانہ منصوبوں کی سو فیصد تائید کی ایک نہایت خطرناک صورت ہے۔اس آڑ میں اُن کا بنیادی تصور یہ ہے کہ معاذ اللہ رسولؐ اللہ کسی زمانہ میں بھی پورے

قرآن کا علم نہ رکھتے تھے۔اوراس کا نتیجہ خود بخود یہ نکلتا ہے کہ آپؐ کا کوئی حکم بھی پورے قرآن کو سامنے رکھ کر یا مکمل اسلام کی روشنی میں نہ ہوتا تھا۔یعنی ہر حکم (معاذ اللہ) ناقص و نامکمل تھا۔حتّٰی کہ آیت اکملت لکم دینکم نازل ہوئی۔مطلب یہ کہ معاذ اللہ آپؐ چالیس سال کی عمر تک تو نہ نبیؐ تھے، نہ اُن کو خبر تھی کہ وہ نبیؐ بن جانے والے ہیں۔لہٰذا چالیس سال تو یوں ضائع ہوئے۔اُس کے بعد اچانک چند آیات اور جبرائیل اُترے اور آپ کافی مدت کے بعد عیسایوں وغیرہ کی گواہیوں سے مطمئن ہوئے کہ وہ حضرت نبیؑ ہیں۔اس کے بعد جب اللہ کو کوئی ضرورت ہوئی اس نے چند آیات نازل کر دیں جو سابقہ آیات کے ساتھ جمع ہو گئیں۔اور اُن ہی چند آیات میں جو کوئی حکم ملا آپ نے سنا دیا۔اور جو کچھ سابقہ چند آیات سے سمجھ میں آیا اُتنی سمجھ سے تازہ آیات کی وضاحت کر دی جسے انہوں نے اجتہاد قرار دیا۔اس اجتہاد میں بڑی غلطی ہوئی تو پھر کسی تازہ آیت نے آ کر بات ٹھکانے لگا دی۔چھوٹی موٹی غلطی کو نظر انداز کر دیا۔اور یوں ہی نبوت کی گاڑی چلتی رہی، آیتوں کی تعداد بڑھتی رہی، اجتہاد کی وسعت میں اضافہ ہوتا رہا۔تیئیس (23) سال میں یوں قرآن نازل ہوتے ہوتے مکمل ہو گیا۔وہ مکمل ہوا تو آپؐ کا انتقال ہو گیا۔اور ساری عمر میں ایک حکم یا ایک فیصلہ بھی ایسا کرنے کا موقع نہ ملا جس میں پورا قرآن آپ کے روبرو مستحضر یا موجود ہوتا۔اس اسکیم سے فائدہ یہ ہوا کہ نبی کا ہر حکم قابل تحقیق و تنقید ہو گیا۔جو احکام محض اجتہادی تھے انہیں تو دلیل ماننے کی ضرورت ہی نہ رہی۔اسلئے کہ اب سارا قرآن سامنے ہے تنگ بندی کی ضرورت نہیں ہے۔پھر جن احکام میں رسولؐ اللہ نے آیات کا خیال یا حکم ملحوظ رکھا تھا اُنکو اس طرح رد کیا جا سکا کہ فلاں فلاں آیات اور اُن کا سیاق و سباق یہ کہتا ہے۔لہٰذا یہ نبوی اجتہاد وقتی تھا جس کی ابدی تعمیل کا حکم نہیں ہے۔یہ ہے وہ مذہب جو رسولؐ اللہ کے اپنے زمانہ میں اندر ہی اندر تیار ہو رہا تھا۔اور اُنؐ کے انتقال کے بعد آج تک مجتہدین کا مذہب ہے۔البتہ بعض مجتہدین نے کہیں کہیں اُس مذہب سے اختلاف کیا اور نئے فرقے پیدا ہوئے۔مگر بنیادی حیثیت اور اجتہاد سب نے باقی رکھا۔البتہ اس قدر اضافہ ضرور ہوا کہ ہر اختلاف کیلئے کسی صحابی کے نام سے ایک شان نزول بیان کر کے بات کو پختہ تر کر دینے کا رواج ہو گیا۔یعنی حسبِ ضرورت ایک کہانی گھڑ کر وہ نظارہ کھینچ دیا اور آیت کا ایک موزوں مطلب فٹ کر کے مسئلہ تیار کر دیا۔یہ ہے اُس اسلام کی کہانی جس کے ماتحت قارئین کرام نے جنم لیا اور آج جوان ہو کر ہمارے ان اکھیڑ پچھاڑ کے مضامین کو پڑھ رہے ہیں۔اور جگہ جگہ گھبرا کر اِدھر اُدھر دیکھنے لگتے ہیں۔اور سمجھ میں نہیں آتا کہ زیدی صاحب کہاں سے بات کر رہے ہیں۔

(ii)۔ قرآن اور رسولؐ اور شانِ نزول پر قرآنی اور اسلامی مؤقف اور عقیدہ

قرآن کریم کی عام فہم اور سادہ الفاظ والی دو آیتوں (الحدید۔ 57/25 اور البقرۃ۔2/213) سے یہ ثابت ہے کہ کوئی نبیؑ ہو یا رسولؐ ہو۔ ہر ایک کے ساتھ کتاب نازل ہوتی ہے۔اور یہ نزول یوں نہیں ہوتا کہ نبیؐ چالیس سال کی عمر کو پہنچے تو پہلی آیت اور انتقال کے قریب پہنچے تو آخری آیت اُترے۔بلکہ یہ اُسی طرح ہر نبیؑ و رسولؐ کے ساتھ ہوتی ہے جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ گہوارہ اور گود میں بھی تھی (مریم 30-19/29، مائدہ 5/110، آل عمران 3/46)۔لوگوں کو نظر نہیں آتی تو لوگ جائیں بھاڑ میں، لوگوں کی سمجھ میں نہیں آتا تو وہ اور اُنکی سمجھ جائے جہنم میں۔واقعہ یہی ہے، حقیقت یہی ہے اور دین کی نیز قرآن کی ضرورت بھی یہی ہے کہ کتاب اور صاحبِ کتاب ایک لمحہ کیلئے بھی نہ تو الگ الگ ہوں نہ ایسا سمجھا جائے۔طاغوتی گروہ کے پاس کوئی آیت نہیں ہے۔چند الفاظ کو انہوں

نے سہارا بنایا ہے۔ انزلنا، نازل، تنزیلا، علٰی مکثٍ وغیرہ کوانہوں نے آڑ بنایا ہے۔ آپ نے اگر وہ الفاظ سُنے ہیں یعنی قرآن صامت اور قرآن ناطق تو بات واضح ہے۔ خاموش قرآن وہی ہے جو جزدانوں میں لپٹا ہوا آپکے گھروں، مسجدوں، کتب خانوں، دکانوں میں موجود ہے۔ قرآن ناطق بولتا چالتا قرآن خود محمدؐ ہیں علیؑ ہیں فاطمہؑ ہیں اور حسنؑ و حسینؑ اور اُنکے بعد کے نو امام علیھم السلام ہیں۔ جس طرح ہر جگہ قرآن موجود ہے بالکل اُسی طرح ہر گھر اور ہر محفل اور ہر تنہائی میں اللہ کے انتظام سے آج بھی اور قیامت تک جناب قائم آل محمدؐ، بن حسن عسکری علیھم السلام موجود ہیں آپکی توجہ کے منتظر ہیں۔ پھر وہی سوال ہوگا کہ نظر نہیں آتے، کیسے زندہ ہیں؟ سمجھ میں نہیں آتا؟ پہلا جواب تو وہی بھاڑ اور جہنم ہے۔ دوسرا یہ ہے کہ کیا جو کچھ آپ کو نظر نہیں آتا اور جو کچھ آپکی سمجھ میں نہیں آتا، کیا وہ موجود بھی نہیں ہے۔ یہ تو آپکے اندھا اور جاہل ہونیکی دلیل ہے۔ آپکو ریڈیو اور ٹیلی وژن نظر آتے ہیں۔ کیا وہ انتظام بھی نظر آتا ہے جو ریگولیٹر کو گھمانے اور سوئی کو فلاں میٹر پر لانے کے بعد آواز اور تصویر آپکے سامنے لارہا ہے؟ آپ واقعی سچ مچ کے اندھے ہیں۔ اندھے ہم بھی ہیں مگر ٹٹولنے کی سمجھ باقی ہے۔ جاہل ہم بھی ہیں مگر عالمؑ کا وجود مان کر اُس سے علم کی بھیک مانگنے میں کسرِ شان نہیں سمجھتے۔ اسلئے آنکھیں اور عقل دونوں ملی ہیں۔ اور ہم اُنؑ کے صدقہ میں دیکھتے بھی ہیں، سمجھتے بھی ہیں۔ بہرحال، رسولؐ اللہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے بہتر اور بزرگ تر ماحول کی گود میں پیدا ہوئے۔ وہاں کئی ایک کتبہائے خداوندی کی بولتی چالتی ہستیاں موجود تھیں۔ تمام کتابیں اور صحیفے تلاوت ہوتے تھے ان میں قرآنِ ناطق کا اضافہ ہوگیا۔ ہم قرآن کی رو سے نبیؐ اور امامؑ اُسکو مانتے ہیں جو ماں کے پیٹ میں بھی عالم ہو، قرآن پڑھے، پیدا ہو تو قرآن پڑھتا ہوا پیدا ہو اور جو حکم دے وہ القرآن العظیم کی پوری روشنی میں دے۔ جس میں نہ تبدیلی کی گنجائش ہو نہ منسوخی کی بکواس ہو۔ ہر حکم آخری، ہر فیصلہ ناطق اور یہ سب کچھ منشا و رضائے خداوندی کے عین مطابق ہو۔ یہ دوسری بات ہے کہ رسولؐ کس آیت کو کب تلاوت کرے؟

(iii)۔ علامہ کے بیان پر پہلی نظر، نزول وحی پر جو حالت طاری ہوتی تھی وہ کہاں گئی

مشہور ہے کہ دروغ گورا حافظہ نہ باشد۔ یعنی جھوٹا آدمی یہ بھول جایا کرتا ہے کہ اُس نے پہلے کیا کہا تھا اور اب کیا کہہ رہا ہے۔ کوئی علامہ اینڈ کمپنی سے معلوم کرے کہ رسولؐ اللہ کیسے کوئی آیت یا سورت کسی مجمع میں سنا سکتے ہیں؟ ارے حضرات پہلے تو معاذ اللہ اُن پر ایک ایسا دورہ پڑنا چاہیئے جسے مکہ کا ہر آدمی پہچان لے کہ ذرا دیر بعد وحی سنانے والے ہیں۔ چہرے کا سرخ ہوتے جانا، غشی کا طاری ہونا، ہاتھوں پیروں کا جواب دے دینا، جسم میں سردی سے لرزہ اور رعشہ پیدا ہونا، چادر اوڑھنا، ڈرنا وغیرہ۔ اتنی فرصت کا ملنا اور اُن تمام حالات کا نمبر وار گزر جانا اور پھر وحی کا آنا۔ اسکے بعد ہوش و حواس کا دوبارہ ملنا۔ بتایئے یہ سب کچھ کہاں گیا؟ لوگوں کو شور مچانے کی کیا ضرورت تھی؟ یہ حال دیکھا، بات سمجھے اور چل دیئے۔ مجمع کو یہ کہہ کر ڈرا دینا کافی ہوتا کہ یہ دورہ تم پر بھی پڑنے لگے گا۔ بھاگو تنہا چھوڑ کے چلدو۔ یہی وجہ ہے کہ بخاری میں آنحضرتؐ پر جادو کا اثر ہونا لکھا گیا ہے۔ قارئین سنیں کہ یہ تمام اتہامات ہیں، بکواس ہے۔ آنحضرتؐ روز ازل سے حامل قرآن ہیں۔ جب چاہیں، جہاں سے چاہیں، جتنا چاہیں تلاوت کرسکتے ہیں اور کرتے ہیں۔ اُن کا بچہ بچہ تلاوت قرآن کرتا تھا۔ اُنکے سینوں کے اندر قرآن اُس سے کہیں زیادہ محفوظ اور موثر تھا جو آج کا رٹنے والا حافظ دعویٰ کرسکتا ہے۔ ذرا سوچیئے کہ آج تو ہر دُھنا جُلاہا حتّٰی کہ ہندو اور عیسائی قرآن کو حفظ کر لیتا ہے۔ لیکن اُس وقت اللہ کے پاس یہ طاقت نہیں مانتے کہ وہ رسولؐ اللہ کے سینے میں پورا

قرآن محفوظ کردے۔ دراصل جیسا رسولؐ یہ لوگ چاہتے تھے اُنہوں نے وہی ڈھانچہ اپنے گھروں میں بیٹھ کر تیار کیا اور پبلک میں پبلیسٹی کرتے چلے آئے اور دین کی یہ دُرگت بنا کر رکھ دی۔ آپؐ کا بلا کسی توقف کے قرآن سنانا ثابت ہے۔ خود قرآن اس کا گواہ ہے۔ اور وہ بکواس جو نزولِ وحی کے آثار کے طور پر لکھی گئی ہے اس کا کہیں قرآن میں ذکر نہیں ہے۔ قرآن میں غلط بات کا گزر کہاں ہوسکتا ہے؟

(iv)۔ قرآن پڑھنے سے روکنے، شور کرنے کا طریقہ تجربے کے بعد ہونا چاہئے

چونکہ قریش کا قرآن پڑھنے سے روکنا اور تلاوت کے وقت شور و غوغا مچانا قرآن میں مذکور ہے۔ اس لئے یہ تو صحیح ہے کہ مشرک محاذ قرآن سننے سے لوگوں کو روکتا تھا۔ اور یہ بھی صحیح ہے کہ آنحضرتؐ اور اُن کے تمام بزرگوں کی شخصیت بے پناہ طور پر قلوب کو کھینچتی تھی۔ اور قرآن کریم کی تاثیر بھی کافروں اور مومنوں میں تسلیم شدہ ہے۔ لیکن اِن حقائق کو جہاں دل چاہے اپنے الف لیلیٰ کے قصوں میں فٹ کر دینا تو حقیقت نہیں ہے۔ پہلے یہ بتانا پڑے گا کہ فلاں موقعہ پر یعنی سورہ والنجم کی تلاوت سے پہلے، رسول اللہؐ نے قرآن کو مجمع میں پڑھ دیا تھا جس کی تاثیر سے سارا مجمع یا مجمع کی کثرت کفر چھوڑ کر اسلام لے آئی تھی۔ یا فلاں حادثہ ہوا تھا جو مشرک محاذ کے خلاف تھا اُس کے بعد مشرکین نے حضورؐ پر نظر رکھنا شروع کی اور جہاں آپ جاتے یہ محاذ ساتھ ساتھ جاتا۔ اور جیسے ہی تلاوت کے لئے منہ کھولتے وہ تالیاں بجانا اور ڈھوھا اور شور و غوغا مچا دیتے اور لوگ کچھ نہ سن پاتے۔ اگر اس قسم کا کوئی تجربہ پہلے ہو چکا تھا جس کو قحطانی تاریخ نے نہیں لکھا تو آج حرم میں محمدؐ کو دیکھتے ہی فوراً باہر نکال دینا چاہئے تھا یا جب وہ تلاوت کر رہے تھے تو سب کو مل کر شور کرنا چاہئے تھا اس لئے کہ تجربہ تو پہلے ہو چکا تھا۔ قارئین ہر جھوٹے کو بتا دو کہ سورہ والنجم کی تلاوت ہی وہ پہلا موقع تھا جہاں یہ تجربہ ہوا کہ عوام ہی نہیں تمام دانش ور اور بڑے بڑے گھاگ اور گرگ باراں دیدہ سجدے میں گر گئے۔ اور تجربہ ہوا کہ محمدؐ اور قرآن ایک بے پناہ معجزہ ہے۔ لہٰذا اگر اُس سے بچنا اور بچانا ہے تو بس محمدؐ جدھر جائے ایک غول ساتھ ساتھ رہے، تالیاں بجاتا جائے، بھنگڑا ناچ ناچتا جائے، ھاھو، ھُو خا، غوغا، نعرۂ ہبل، قریش زندہ باد وغیرہ کے ہنگامے میں گھیر کر تماشا بنا دو۔ ضرورت پڑے دیوانہ کہو، پتھر مارو، مرگی کا مریض کہو، سحر زدہ قرار دو، لڑنے پر آمادہ کرو، غصہ دلاؤ۔ قحطانی علما کو بتاؤ کہ عقلمندوں کے نزدیک آپ کا تانا بانا اور سارا قصہ غلط ہے، بے بنیاد ہے۔ سورہ والنجم تک کوئی تصادم اور مزاحمت فرض کرنا بچگانہ کوشش ہے جو آئندہ نہیں چلے گی۔ اور ہم ذرا دیر بعد دکھائیں گے کہ علامہ ہجرت سے ایک سال پہلے تک مزاحمت نہیں مانتے۔ شاہی تاریخ کی یہ بے سروپا کہانیاں نہ ناول کی طرح دلچسپ ہیں، نہ علمی حیثیت سے سنجیدہ ہیں۔ اُن کو سمجھنے کے لئے لازم ہے کہ پہلے عقل و سمجھ سے ہاتھ دھو لئے جائیں۔ منطقی ربط و نقد و نظر کو خیر باد کہہ دیا جائے۔ یعنی افیون کھا کر جب ترنگ آجائے تب یہ قصے پڑھے جائیں تو خوب مزا آئے گا۔ ابن عباس، ابن مسعود اور ابن داؤد وغیرہ چند نام انہوں نے تختۂ مشق کے طور پر رٹ رکھے ہیں۔ اور جو جس کا دل چاہتا ہے اُن ناموں کے سہارے لکھتا چلا جاتا ہے۔

(v)۔ علامہ کے بیان پر دوسری نظر، سجدہ کے دوران ابن مسعودؓ کی نظروں کا کمال

ناظرین اپنے تصور میں اُس مجمع پر نظر ڈالیں جو سورہ والنجم کی تلاوت کے وقت حرم میں موجود تھا اور سوچیں کہ وہ مجمع اور مجمع کا ہر فرد کس حال میں ہوگا؟ ظاہر ہے کہ یہ مجمع مذکورہ بیان میں مدعو شدہ مجمع نہیں ہے نہ اُس مجمع کے جمع ہونے کا کوئی مقصد بیان کیا گیا ہے۔ یعنی

کچھ خوش خورے بے کار لوگ ایک ایک دو دو کر کے پھرتے پھراتے حرم میں چلے آئے ہوں گے۔ کوئی بیٹھا ہوگا تو کوئی کھڑا ہوگا۔ کسی کا منہ شمال کی طرف ہوگا تو کوئی جنوب کی طرف منہ کئے کھڑا ہوگا۔ خوش غپیاں، شعروسخن، گھریلو باتیں اور قصے کہانیاں لبوں پہ ہوں گی۔ رسولؐ اللہ وہاں آتے ہیں۔ کب؟ مجمع جمع ہوجانے کے بعد؟ یا پہلے؟ یا کچھ لوگوں کے بعد اور کچھ سے پہلے؟ والنجم پڑھنے کے وقت آپ مجمع کے کسی کنارے پر ہیں؟ یا کہیں بیچ میں ہیں؟ بیٹھے ہیں یا کھڑے ہیں؟ منہ کدھر کو ہے؟ اُن کی پشت کے پیچھے بھی کچھ لوگ ہیں یا سب سامنے ہیں؟ آپ کسی بلندی پر کھڑے ہیں یا مجمع میں اُسی طرح غائب ہیں جیسے سمندر میں قطرہ؟ ذرا دیکھو کہ راوی صاحب کہاں؟ کب سے ہیں؟ کیا عمر ہے؟ بالغ ہیں کہ نابالغ؟ معلوم ہوتا ہے کہ رسولؐ اللہ پر کوئی نگران نہیں ہے، کوئی مزاحمت کا انتظام نہیں ہے۔ شور مچانے والی پارٹی بھی ابھی پیدا نہیں ہوئی ہے۔ اچانک وَالنَّجمِ اِذَا ھَوٰیo مَا ضَلَّ صَاحِبُکُمۡ وَمَا غَوٰی o کی قرات کانوں تک پہنچی سب نے پلٹ کر دیکھا، دلوں میں رعب طاری ہوا، سر جھومنے لگے، وجد آنے لگا۔ یہاں تک کہ قلب وذہن اور اعضاء و جوارح تمام رسولؐ کے حضور مسخر ہوگئے۔ اور سورہ کی آخری آیت میں سجدہ کا حکم سنتے ہی سجدے میں گر گئے۔ اب ذرا یہ دیکھیں کہ راوی کہاں ہے؟ سجدہ میں اُس کا منہ کدھر ہے؟ زمین کی طرف یا آسمان کی طرف؟ اور یہ بھی تلاش کریں کہ وہ سجدہ نہ کرنے والا آدمی امیہ بن خلف کہاں ہے؟ اور عبداللہ ابن مسعود سجدہ میں ہونے کے باجود اس کو کس ترکیب سے دیکھ رہے ہیں؟ اور مٹی کا اٹھانا اور اُس کا یہ کہنا کہ مجھے اسی قدر کافی ہے کیسے سُن رہے ہیں یا پھر ذرا دوسرے راوی کو بھی تلاش کرو وہ بھی تو عینی شاہد ہے؟ یہیں کہیں ہوگا۔ کیا یہ عینی شاہد آنکھیں بند کئے ہوئے ہے؟ کہ اُسے امیہ بن خلف نظر نہیں آتا۔ اور یہ کیا بات ہے کہ یہ غریب امیہ بن خلف کا جملہ بھی نہیں سنتا۔ شاید کہیں بہت دور کھڑا یا لیٹا ہوا ہوگا۔ پھر دریافت طلب یہ ہے کہ جس نے سجدہ کا احترام کیا تھا یعنی بہرحال اپنی پیشانی گرد آلود کردی تھی وہ تو قتل ہوگیا۔ مگر جس نے قطعاً سجدہ نہیں کیا اس کو بخار تک نہ ہوا۔ یہ ہے قحطانی روایات اور خود ساختہ شان نزول کا حال۔ اور یہ ہے ہمارا بال کی کھال کھینچ کر باطل کی جڑیں نکال ڈالنا۔ علامہ اینڈ کمپنی کو بتائیں کہ موقعہ ملے تو اُن کتابوں کو دریا بُرد کر کے دوبارہ کچھ شاندار اور عقل مندوں کو فریب دینے کے قابل روایات تیار کریں۔ ارے بھول گئے تھے۔ یہاں یہ بھی تو سوال ہے کہ یہ مجمع حقیقتاً حرم میں تھا یا کہیں اور جمع ہوا تھا اور کیا وہ دونوں عینی شاہد کھلی آنکھوں یہ نہ دیکھ سکے تھے کہ وہ کہاں ہیں؟ حرم میں کہ کہیں باہر کسی......خانہ میں؟ اور ہم یہ کہنا بھی بھول گئے کہ دوسرے عینی شاہد یا راوی کا یہ کہنا کہ میں اس سجدہ کی تلافی کے لئے اب والنجم پڑھنے میں سجدہ کبھی نہیں چھوڑتا۔ کیا باقی صحابہ سجدہ چھوڑ دیا کرتے تھے؟ یعنی کیا وہ آیت میں مذکورہ حکم کی پرواہ نہ کرتے تھے؟ اگر نہیں تو یہ راوی پر واجب تھا ہی۔ تلافی تو جب ہوتی جب کوئی اور سجدہ واجب کرلیا ہوتا۔

(vi)۔ علامہ کے بیان پر تیسری نظر، سورہ نجم کی جگہ سورہ رحمٰن کیوں نہ پڑھی

علامہ اینڈ کمپنی یعنی تمام علما سے یہ بات دریافت کرنا چاہیئے کہ کیا رسولؐ کو اس سے پہلے حرم میں ایسا مجمع کبھی نہ ملا تھا؟ اگر ملا تھا تو کیوں کوئی اور سورہ اُسی طرح نہ سنائی؟ اور کیوں نہ آج سے پہلے ہی مشرکوں سے سجدہ کرالیا۔ پھر سوال یہ ہے کہ آج سورہ والنجم ہی کیوں سنائی؟ کیوں نہ اس سے زیادہ طرب و دَرد و رقت انگیز کوئی سورہ سنایا۔ سورہ رحمٰن موجود تھی وہ کیوں نہ سنائی؟ اس میں سجدہ خداوندی کی تمہید اور وجہ وضرورت بھی بیان ہوئی ہے۔ یعنی یہ کہا گیا ہے کہ اَلشَّمۡسُ وَالۡقَمَرُ بِحُسۡبَانٍ o وَّالنَّجۡمُ وَالشَّجَرُ یَسۡجُدٰنِ o

چاند اور سورج ایک حساب کے پابند ہیں۔اور ستارے اور درخت سب سجدہ کرتے ہیں۔یعنی والنجم کا بھی یہاں ذکر تھا۔اور آیات و بدیہاتِ خداوندی کو جھٹلانے پر بار بار اور کئی بار تاکید اور سوالیہ تنبیہہ تھی۔کیوں والنجم ہی کو اختیار کیا گیا؟ اس سوال کا جواب ہی وہ بات ہے جو مشرکانہ منصوبہ کی موت ہے۔علامہ کی کتاب تفہیم القرآن میں سورہ والنجم کا ترجمہ پڑھئے اور وہ تفسیری نوٹ اور بکواس دیکھئے تو معلوم ہوگا کہ معاذ اللہ رسول اللہ زمین پر بیٹھے ہیں اور آسمان میں جناب جبرئیل علیہ السلام اپنا کرتب دکھا رہے ہیں۔کبھی لمبے ہو جاتے ہیں، کبھی سکڑ جاتے ہیں، کبھی ساری فضاؤں میں پھیل جاتے ہیں، چھوٹے بڑے ہاتھ اور بازو دکھا رہے ہیں۔کبھی نیچے کو اترتے ہیں کبھی قلابازی کھا کر آسمان میں معلق ہو جاتے ہیں۔کبھی آسمان کے ایک کنارے پر کھڑے ہوئے نظر آتے ہیں۔کبھی جُھلا رالے کرا تنا قریب آتے ہیں، دو چار ہاتھ لب بام رہ جاتا ہے۔کبھی پھر اُچھلتے ہیں سدرۃ المنتہیٰ پر جا کھڑے ہوتے ہیں۔یعنی معراج مصطفویٰ کی وہ مذاق اُڑائی ہے کہ رسول اللہ زمین پر ہی بیٹھے اسکرین پر ایک شو دیکھتے ہیں اور پھر کمال یہ ہے کہ یہ لوگ مشرکین کو بُرا بھی کہتے جاتے ہیں۔

(17/12)۔ سورہ والنجم ایک فیصلہ کن منزل ہے جہاں معیارِ حکومت الٰہیہ متعین ہوا

مشرکین قریش کے قلوب واذہان میں گزرنے والے خطرات اور خفیہ واعلانیہ منصوبے اور معاہدات، جناب عمران علیہ السلام کی آنے والی حکومت کو روکنے کے انتظامات کی پول کھولنے کے لئے برابر وحی والہامات وآیات اپنا کام کرتی رہیں۔اور آپ نہایت حسن و خوبی سے تبلیغ فرماتے رہے یہاں تک کہ نبوت ورسالت تسلیم کرلی گئی۔مگر ابلیسی مرکز میں خاموش مخالفت جاری رہی۔

اُدھر سے نظام اجتہاد کے تصورات کی انگیخت جاری تھی۔آپ کے بعد جانشینی کی فکر میں ایک مومن محاذ قائم کر دیا گیا تھا۔جو اندر ہی اندر عقائد کو کھوکھلا کر رہا تھا۔ہر ایمان لانے والے کو چھ نکات کی تبلیغ اور چھ عقائد کی تنفیذ پر حسب موقع متوجہ کیا جا رہا تھا۔اسلام لانے والے جہاں رسول اور خانوادہ رسول سے خوش اور مطمئن تھے۔وہاں انہیں قریش کی طرف سے عدم مخالفت کی بنا پر کوئی پر خاش نہ تھی۔بزرگان قریش کی خاموش پالیسی اور ٹھنڈا سلوک بھی لوگوں کے دلوں میں گنجائش پیدا کر رہا تھا۔اللہ نے چاہا کہ قریشی اپنی اصلی صورت میں سامنے آجائیں تاکہ حقیقی مومنین اور جاسوس مومنین کا پتہ عوام کی نظروں میں آجائے اور دلوں میں پوشیدہ منصوبے اُبل کر لوگوں کو صحیح صورت حال پر مطلع کر دیں۔چنانچہ بتدریج وزارت وخلافتِ مرتضویٰ کے خدائی فیصلے کا اعلان کر دیا گیا اور ایک مقررہ دن کا انتظار ہونے لگا۔کہہ دیا گیا کہ میرے بعد جو شخص میرا جانشین ہوگا اُس کے دروازے پر ایک ستارہ نازل ہوگا۔جن لوگوں نے دیکھنا ہو وہ سب حرم کعبہ میں جمع ہو جائیں۔میں سورہ والنجم پڑھوں گا۔اپنی معراج پر گواہی دینے والے ملائکہ اور شمس وقمر ونجوم کو دعوت دوں گا۔ساری کائنات سجدہ خداوندی بجالائے گی۔اور ہم سب اہل حرم بھی سجدہ کریں گے۔یہ تھا وہ مجمع جو سر شام سے حرم میں جمع ہونا شروع ہوا اور رفتہ رفتہ مکہ کے گلی کوچے بھر گئے۔تمام گردونواح کے لوگ سمٹ سمٹ کر گوش برآواز وچشم براہ تھے۔قدرت کی طرف سے ایسے ہولناک آثار دکھائی دے رہے تھے جیسے زمین پھٹ جانے کو ہے۔دل سہمے ہوئے لرزہ براندام لوگ دم بخود منتظر تھے کہ خانوادہ رسول کے بزرگ جناب عمران ابوطالبؑ آگے آگے اور جناب محمد مصطفیٰ درمیان میں اور جناب علی مرتضٰی علیہ السلام پیچھے پیچھے بیت النبی سے باہر نکلے۔نور محمدی پھیلتا گیا، راہیں منور ہوتی گئیں، حرم میں تشریف لائے، عبادت شروع کی یہاں تک کہ صبح کا ستارا نمودار ہوا۔سرکار رسالت مآب اپنے موقف پر آئے۔سب کو

باادب کھڑے ہونے کا حکم دیا جو جہاں تھا کھڑا ہو گیا۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o وَالنَّجۡمِ اِذَا ھَوٰی o کی تلاوت فضاؤں میں پہنچی، سناٹا چھا گیا۔ اب کچھ ہُوا، اب کوئی حرکت ہوئی کا سہارا لئے ہوئے ہر قلب رکا ہوا اور ہر آنکھ جمی ہوئی تھی۔ آخر حضورؐ نے اشارہ فرمایا ستارا چلا۔ اُترتے اُترتے بارگاہ مرتضوؑی کی دہلیز پر سجدہ ریز ہوا۔ آیت میں سجدہ کا حکم آیا۔ تمام لوگ سجدہ کریں اور عبادت بجالائیں۔ اب کوئی شخص کھڑا نہ رہ سکا۔ تمام پیشانیاں زمین پر تھیں، دل کانپ کر سینوں میں بیٹھے جارہے تھے۔ بعض کو غش آچکا تھا، بے جان مردہ کی طرح پڑے ہوئے تھے۔ بعض کے کانوں میں ہولناک صدائیں آرہی تھیں۔ بعض لات ومنات وعزّی کی دُھائی دے رہے تھے۔ بعض سرکشی سے توبہ کررہے تھے۔ بعض جناب رحــــمةً للعالمین کے قدموں سے لپٹے ہوئے تھے۔ جو مشرک دانشور ہوش میں تھے، وہ اپنی شرمناک شکست پر غم وغصہ میں پیچ وتاب کھارہے تھے۔ جو اب بھی سرکشی کی ہمت اور گنجائش رکھتے تھے حرم سے باہر جارہے تھے اور فوراً تدارک مافات پر نظر ثانی کرنا چاہتے تھے۔

(17/13)۔ انکارِنبوت؛ کھلی مزاحمت؛ مالی و معاشی مقاطع اور عوامی دباؤ

ابوجہل وابوسفیان وابولھب سنجیدگی اور لمبی امیدوں کو چھوڑ کر اور ابوالغضب اور ابوالانتقام بن کر اور تختِ بادشاہت یا تختۂ موت کے معاہدہ پر متفق ہو کر مکہ میں اعلان کرتے ہیں کہ ہم محمدؐ کی نبوت پر خدا سے براہ راست فیصلہ چاہتے ہیں۔ جو لوگ حق و باطل کا فیصلہ چاہتے ہیں وہ حرم میں جمع ہو جائیں۔ اور خدا جس کے حق میں فیصلہ کرے اس کا ساتھ دے کر اپنے قدیم بزرگوں کے مذہب کا تحفظ کرے۔ چنانچہ سجدہ والا واقعہ تازہ تھا، مقدس اور مذہبی جذبات ابھی بیدار تھے لوگ جمع ہو گئے۔ ابولھب جو آنحضرتؐ کا (معاذ اللہ) چچا مشہور تھا اُس نے لوگوں کو مخاطب کیا۔ آپ لوگ، دروغ برگردن راوی، جانتے ہیں کہ میں خانوادہ بنی ہاشم کا بزرگ ہوں اور قبیلہ وارانہ رقابتوں میں کسی کا ساتھ نہیں دیتا۔ میں ابوطالبؑ اور اُن کے خاندان کی داخلی اور خارجی تمام پالیسیوں سے واقف ہوں۔ جناب ہاشمؑ کے بعد اِس گھر میں زوال شروع ہوا۔ مالی کمزوریوں کو دُور کرنے کی کوششوں کے بجائے انہوں نے اپنے سابقہ خاندانی وقار وشہرت کو اپنا حربہ بنانے کے لئے قدیم روایات اور تحریروں کو اختیار کرلیا۔ چند پیشین گوئیوں اور مشہور اور سنی سنائی روایتوں کا تانا بانا بُن کر نبوت اور رسالت کو قائم کرنے کے لئے یہ آخری کوشش کی ہے جو آپکے سامنے ہے۔ اور صحیح بات یہ ہے کہ محمدؐ اور ابوطالبؑ کی یہ کامیابی ہمارے خاموش تعاون کا نتیجہ ہے۔ ہم نے اُن اصلاحات کو عوام کیلئے مفید سمجھ کر تمام سابقہ تنازعات بھی ختم کردئے تاکہ محمدؐ اطمینان کے ساتھ عوامی فلاح و بہبود کی اسکیمیں روبہ کار لاسکے۔ نبوت ورسالت کے ناموں سے گھبرا کر اصلاحات میں رکاوٹ ڈالنا وسیع النظری کے خلاف تھا۔ اور بات بھی صحیح ہے کہ ہر نیکی اور ہر اصلاح اللہ اور اُسکے رسولوںؑ ہی کی طرف سے ملی ہے۔ لہٰذا محمدؐ کو کھلی آزادی اور تعاون ملتا چلا گیا۔ آخر اُسکے اعلان نبوت پر یہ معلوم ہو گیا کہ اُسکے ذہن کو خاندانی اقتدار کی طرف موڑا جارہا ہے۔ ہم نے چاہا کہ خاندانی تاثیرات کا زہر فلاح عامہ کی اسکیم کو زہریلا نہ کرے اور خاندان کے افراد سے وہ متاثر نہ ہو۔ لیکن فی الحال ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ابوطالبؑ کا رعب اور اثر اسکی اور ہماری راہ میں رکاوٹ ہے۔ ہم کو اپنی قوم وملک کے عوام کی اصلاح کس حد تک منظور تھی وہ آپ دیکھ چکے۔ اور ابھی کس حد تک اس سلسلے میں کوشاں رہیں گے یہ تم مستقبل میں دیکھو گے۔ ہم محمدؐ کو اپنا بچہ، اپنا مصلح، اپنا ہمدرد وبہی خواہ سمجھتے ہیں اور سمجھتے رہیں گے۔ لیکن جو چیز کسی

طرح منظور نہیں ہے، وہ بیرونی اقوام اور غیر ملکی حکومتوں سے ساز باز ہے۔ نبوت و رسالت کا تصور غیر ملکی نبطی اور یہود و نصاریٰ کی حکومتوں نے دیا ہے۔ بحیرا راہب غیر ملکی اور نصرانی راہب تھا یہ اقوام عربوں کی دشمن ہیں۔ دشمنوں کو زیر کرنے کیلئے انہوں نے ہمارے چراغ سے ہمارے گھر میں آگ لگا دینے کی سازش کی ہے۔ عوام محمدؐ کی اخلاق و غم خوارانہ رویہ ہی پر مطلع ہیں۔ اُن خطرات تک اُن کو رسائی نہیں ہے جو دانشوران قوم کے سامنے کھڑے ہیں۔ رومی اور غسانی نبطی بادشاہ ہم پر نظر جمائے ہوئے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ محمدؐ نبوت و رسالت کا دعویٰ واپس لے کر قوم کی راہنمائی کرتا رہے۔ ہم برابر تعاون کرتے رہیں گے۔ رہ گیا جادو اور نظر بندی کے ذریعے کام نکالنا، تو اس راہ سے صرف عوام اور جہلا عارضی طور پر مرعوب ہو سکتے ہیں۔ لیکن وہ جہاندیدہ اور علوم حاضرہ کے ماہر دانشوران قوم جو دنیا کے تمام نشیب و فراز سے آگاہ ہیں، ستارہ وغیرہ کی نظر بندیوں میں الجھنے والے نہیں ہیں۔ ہم با مذہب لوگ ہیں ہمارے متعلق یہ طے شدہ حقیقت ہے۔

وَ اَقۡسَمُوۡا بِاللّٰہِ جَہۡدَ اَیۡمَانِہِمۡ لَئِنۡ جَآءَہُمۡ نَذِیۡرٌ لَّیَکُوۡنُنَّ اَہۡدٰی مِنۡ اِحۡدَی الۡاُمَمِ...... (فاطر 35/42)

اور ہم آج بھی اس حقیقت پر قسمیہ عہد کرتے ہیں کہ اگر واقعی خدا کی طرف سے کوئی نذیر آ جائے تو ہم دوسری تمام امتوں سے زیادہ ہدایت یافتہ ثابت ہوتے، ہم خدا کے حرم میں کھڑے ہو کر اللہ سے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ہمارے اور محمدؐ کے درمیان یہ فیصلہ کرے۔

وَ اِذَا تُتۡلٰی عَلَیۡہِمۡ اٰیٰتُنَا قَالُوۡا قَدۡ سَمِعۡنَا لَوۡ نَشَآءُ لَقُلۡنَا مِثۡلَ ہٰذَاۤ ۙ اِنۡ ہٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِیۡرُ الۡاَوَّلِیۡنَ○ وَ اِذۡ قَالُوا اللّٰہُمَّ اِنۡ کَانَ ہٰذَا ہُوَ الۡحَقَّ مِنۡ عِنۡدِکَ فَاَمۡطِرۡ عَلَیۡنَا حِجَارَۃً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائۡتِنَا بِعَذَابٍ اَلِیۡمٍ○ (انفال 32-8/31)

ہم کہتے ہیں کہ جو کچھ وہ تیری آیات کے نام پر سنا رہا ہے وہ تو وہی تمام لکھی ہوئی سطریں ہیں جو اُن سے پہلے والوں نے لکھی تھیں۔ ہم بھی اگر چاہیں تو جو ہم نے سنا ہے اُن کو سنا دیں۔ لیکن اگر واقعی محمدؐ کے بعد ملکی و قومی حکومت کی منظوری بھی تیری ہی طرف سے دی گئی ہے اور ہم اُسے تسلیم نہیں کرتے۔ تو ایسا کر کہ ہمیں ایسی حکومت کے انکار پر کوئی معجزہ دکھا۔ مثلاً ہم پر آسمان سے پتھروں کی بارش کر دے یا کوئی اور دردناک عذاب ہم پر بھیج دے۔ اگر ایسا نہ ہوا تو ثابت ہو جائے گا کہ علیؑ و اولادِ علیؑ کی حکومت کا اعلان تیری طرف سے نہ تھا۔ بلکہ خاندانی دباؤ کی بنا پر یہ اعلان کیا گیا تھا۔

اُدھر یہ دعا ہو رہی تھی اِدھر آسمان کی طرف نظریں لگی ہوئی تھیں۔ نہ کوئی پتھر برسا نہ کوئی فضاؤں میں تحریک ہوئی۔ اسکیم کے مطابق لات و منات زندہ باد کے نعرے مارتے ہوئے سرداران قریش باہر نکلے۔ اور اعلان کر دیا کہ ایک مناسب مدت تک خدا کے فیصلے کے انتظار کے بعد ہم ابو طالبؑ کو مدعو کریں گے تاکہ اِصلاحِ حال کی اگر کوئی صورت نکلتی ہے تو اُس پر عمل کریں اور کسی کو یہ کہنے کا موقعہ نہ ملے کہ ہم نے جارحانہ رویہ اختیار کیا ہے۔ اس دوران یہ فیصلہ بھی صاف ہو جائیگا کہ خدا کس کی طرف ہے۔

(ii)۔ آنحضرتؐ نے بھی قرآن سنا کر مشرکین کی اس چال کا قانونی پہلو واضح کر دیا

دانشوران قریش کا مندرجہ بالا چیلنج بڑا دُور رس تھا۔ اُس سے اسلام کی طرف بڑھتے ہوئے قدم رُکے۔ لوگوں نے غور کرنا شروع کیا۔ سرمایہ دار طبقہ کے نوکروں اور خادموں میں اپنے تحفظ کی فکر پیدا ہوگئی۔ جو مسلمان ہو چکے تھے وہ آج کل میں سختی شروع ہونے کی امید کرنے لگے۔ مقروض و ماتحت لوگوں نے آپس میں مشورے کئے۔ اب عورتیں، بچے اور گھر بار کا غیر محفوظ ہونا سامنے آ کھڑا ہوا۔ مخالفت

کی صورت میں کیا ہوگا؟ ابوطالبؑ کیا کیا کر سکیں گے؟ اُن کے پاس مادی طاقت کہاں ہے؟ مظالم کے خلاف پناہ کہاں ملے گی؟ رسولؐ اللہ نے بھی حرم میں ایک اجتماع کو دعوت دی اور انہیں بتایا کہ قریش نے دراصل فریب دیا تھا۔ خدا نے اُن کی پوری کاروائی کو وحی کی صورت میں بیان کر دیا ہے۔

وَ مَا کَانَ اللّٰہُ لِیُعَذِّ بَھُمۡ وَ اَنۡتَ فِیۡھِمۡ وَ مَا کَانَ اللّٰہُ مُعَذِّ بَھُمۡ وَ ھُمۡ یَسۡتَغۡفِرُوۡنَ o (الانفال 8/33)

اور کہا ہے کہ اللہ اُس وقت تک اُن پر عذاب نازل نہیں کر سکتا جب تک کہ تم خود بھی ان میں موجود رہو۔ اور جب تک کہ وہ اپنے تحفظ کے لئے خدا سے متوجہ رہیں اُن پر اللہ عذاب کرنے والا نہیں ہے۔ یعنی یہ لوگ اللہ کی سنت پر مطلع ہیں کہ وہ کسی بستی یا قوم پر اس وقت تک عذاب نہیں کرتا جب تک اس شہر یا قوم میں ایک آدمی بھی حق کا طالب اور حق پرست موجود ہو۔ اور جب تک نبیؐ مایوس ہو کر وہاں سے نکل یا نکالا نہ جائے۔ لہٰذا یہ ایک فریب ہے۔

لَا تَحۡزَ نۡ عَلَیۡھِمۡ وَ اخۡفِضۡ جَنَا حَکَ لِلۡمُؤۡ مِنِیۡنَ o۔ (الحجر 15/88)

چنانچہ تم رنجیدہ نہ رہو اور مومنین کو اپنی پناہ میں لینے کا بندوبست کرو۔

فَوَ رَ بِّکَ لَنَسۡئَلَنَّھُمۡ اَ جۡمَعِیۡنَ o عَمَّا کَا نُوۡ ا یَعۡمَلُوۡنَ o فَا صۡدَ عۡ بِمَا تُؤۡ مَرُ وَ اَ عۡرِ ضۡ عَنِ الۡمُشۡرِ کِیۡنَ o اِنَّا کَفَیۡنٰکَ الۡمُسۡتَھۡزِءِ یۡنَ o (الحجر 95-15/92)

اور اے محمدؐ تیرے رب نے قسمیہ فیصلہ کیا ہے کہ اُن کی تمام کاروائیوں پر مواخذہ کر کے چھوڑے گا۔ لہٰذا مشرکین کی طرف سے توجہ ہٹا لو۔ ہم اُن مسخروں کے مقابلہ میں تمہاری نصرت کے لئے کافی ہیں۔

وَ قُلۡ لِّلَّذِ یۡنَ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ اعۡمَلُوۡا عَلٰی مَکَا نَتِکُمۡ اِ نَّا عٰمِلُوۡنَ o وَ انۡتَظِرُوۡا اِنَّا مُنۡتَظِرُوۡنَ o وَ لِلّٰہِ غَیۡبُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡ ضِ وَ اِ لَیۡہِ یُرۡجَعُ الۡاَ مۡرُ کُلُّہٗ فَاعۡبُدۡہُ وَ تَوَ کَّلۡ عَلَیۡہِ وَمَارَ بُّکَ بِغَا فِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ o (123-11/121)

اور جو لوگ ایمان نہیں لاتے اُن کو بتا دو کہ تم اطمینان سے اپنے تصورات کے مطابق جو صحیح سمجھتے ہو عمل کرو۔ ہم بھی اپنے مقام پر عمل کر رہے ہیں۔ لہٰذا نتیجہ کس کے حق میں نکلتا ہے تم بھی انتظار کرو اور ہم بھی منتظر ہیں۔ رہ گیا آسمانوں اور زمینوں کا غیبی فیصلہ وہ اللہ کے ہاتھ ہے اور ہر معاملہ اُسی کے اختیار میں ہے۔ لہٰذا اے محمدؐ تم اللہ کی عبادت کرو اور اسی پر بھروسہ رکھو اور یہ سمجھ لو کہ تمہارا پروردگار تمہارے مصلحانہ اعمال سے غافل نہیں رہتا ہے۔ (ھود 123-11/121)

18۔ قریش کی ایک ایسی پیش کش جس نے علیؑ و اولادِ علیؑ کو غیر مسلح کر دیا

(18/1) آپ نے وہ تمام پہلو ملاحظہ کر لئے جن کے بعد مشرک محاذ نے نبوت و رسالت کے خلاف طاقت استعمال کرنے کا جواز پیدا کیا اور عوام الناس کو اسلام کی طرف بے تحاشہ اور سہولت کے ساتھ بڑھنے سے روک دیا۔ چونکہ سرداران مکہ یہ جانتے تھے کہ جب تک محمدؐ کے خلاف عزت و غیرت و حمیت کے جذبات کو نہ بھڑکا دیا جائے، عوام کی قلبی مخالفت حاصل نہ ہو سکے گی۔ لہٰذا اُن ابلیسی دانشوروں نے مخالفت کا وہ پہلو اختیار کیا جس میں مشرک محاذ کی وسعت قلب اور فراخدلی ہر دل میں اُتر جائے، جو اُنکی محبت اور خلوص کا نشان بن کر ہر

ذہن میں بیٹھ جائے، جوقومی وملکی ہمدردی وغمخواری کا لازوال ثبوت فراہم کردے۔اور یہ سب کچھ پوری قوم وملک کے ہرفرد کی ہمدردیاں اورتعاون قریش سے وابستہ کردے۔اوراگر محمدؐ اس عظیم پیش کش کوٹھکرادے تو اُنکی ساری مقبولیت خاک میں مل جائے اورساری قوم کا بچہ بچہ اُنکا دشمن بن جائے۔ چنانچہ دوسرے اجتماع کا اعلان اور منادی کردی گئی کہ ہروہ شخص جو اپنے خاندان یا قبیلے کا ذمہ دار ہو، جوقوم وملک سے وفاداری کا ابدی ثبوت دینا چاہے، جو یہ چاہتا ہو کہ محمدؐ کومکمل اختیار دے کر اصلاح قوم وملک کی باگ ڈورسونپ دی جائے، جوقوم و ملک سے ہر دشمنی اور ہر تنازعہ مٹا دینا چاہتا ہواور جوقوم وملک سے ہرمصیبت وافلاس وخرابی کودور کرنا چاہتا ہو، وہ تمام ذمہ داران قبائل و قوم حرم میں جمع ہوجائیں۔ہم محمدؐ اورابوطالبؑ کے سامنے ایک اہم ترین فیصلہ رکھنے والے ہیں اور یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ انہیں قوم وملک اوراصلاح سے کس قدر لگن ہے۔قوم وملک کی اُنکے دل میں کس قدر قیمت ہے۔اوروہ فلاح قوم وملک کے لئے کتنی قربانی کرسکتے ہیں؟

(18/2)۔ رسالت وامامت کے سامنے قریش نے دودھاری تلواررکھ دی

سرداران قریش،دانشوران قبائل اورزعمائے قوم وملت سلیقے کے ساتھ اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھ چکے تو خاندان ابوطالبؑ کو بلایا گیا انہیں نمایاں جگہ پر بٹھایا گیا۔جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوصدر نشین بنایا گیا۔ابوسفیان نے جلسہ کا افتتاح کرتے ہوئے کہا:۔

حاضرین جلسہ! آپ دنیا کے معزز ترین ملک کے باشندے ہو۔تمہیں یہ فخر حاصل ہے کہ جب سے دنیا آباد ہوئی تمہارے یہاں اللہ نے بزرگ ترین راہنمایان قوم کو پیدا کیا۔حضرت ابراہیمؑ واسماعیلؑ ہم ہی میں گزرے۔وہ دیکھواُن کی روحیں اور مجسمے تمہیں دیکھ رہے ہیں۔ملک کے نجات دہندہ بزرگ لات ومنات وھبل وعزیٰ تم سے فلاح قوم کے لئے بڑی بڑی قربانیوں کی امید لگائے تمہارے آج کے فیصلے کو سننے کے لئے گوش برآواز ہیں۔ مجھے اجازت اوراختیار دیجئے کہ میں محمدؐ کی پوری صلاحیتوں، بضاعتوں اوراُسکی محبت وتوجہات حاصل کرنے کیلئے وہ سب کچھ اُسکے قدموں پررکھ دوں جو میرے اورآپکے قبضے میں ہے۔

اختیار ہے...اجازت ہے... کی صداؤں سے حرم گونج اٹھا۔مکہ کے پہاڑوں سے اختیار ہےاوراجازت ہے کی صدائے بازگشت ہر کان نے سُنی۔ابوسفیان نے کہا کہ:۔

جونہیں جانتا وہ جان لے اور جونہیں پہچانتا وہ پہچان لے کہ یہ محمدؐ بن عبداللہ بن عبدالمطلب ہے۔اسے قوم نے بڑے لاڈ سے بڑے پیار سے اور بڑی امنگوں اورامیدوں کے ساتھ بچپن سے لے کر جوان ہونے تک دیکھا۔آج ہر دل ودماغ اس سے محبت کرتا ہے۔ لوگ اس کی راہ میں اپنی آنکھیں بچھاتے ہیں۔اُس کے اخلاق وکردار نے سب کے دل جیت لئے ہیں۔اس کے ایک اشارے پرلوگ اپنا سرکاٹ کر پیش کرنے کو تیار ہیں۔میں اُن سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ جو اصلاحات کرنا چاہتے ہیں سارا ملک آپ سے تعاون کے لئے حاضر ہے۔جوآپ کہیں اُس پراپنی جان تک دینے کو تیار ہے۔کیالفظ نبوت کومنہ سے نکالے بغیر وہ اصلاح نہیں ہوسکتی جوہم اورآپ دونوں چاہتے ہیں؟ آپ توالفاظ کے حدود سے بہت بلندوبالا ہیں۔ظاہر پسندی اور ریا سے کوسوں دُور ہیں۔لفظی نعروں اورنمائشی لیبل کی احتیاج سے ماوریٰ ہیں۔سنئے کہ میں آج آپ کوسارے ملک کا بادشاہ اورمطلق العنان حاکم تسلیم کرتا ہوں۔یہ تمام ذمہ داران قوم مجھے اختیار دے چکے،میں وہ اختیار تمہیں دے چکا۔پھرمیرے پاس اور پورے ملک کے ہرشخص کے پاس جس قدردولت وسرمایہ ووسائل و

زمین و باغات ومحلات ومکانات ہیں وہ سب تمہارے سپرد کرتا ہوں۔تمہاری ملکیت میں دیتا ہوں اورآخری چیز جو عرب کا غیور باشندہ اور سر بلند مرد کبھی اپنے منہ سے نہیں کہتا وہ بھی کہے دیتا ہوں۔سُنو !اور دل پر ہاتھ رکھ کراور ہم سب کی عزت وغیرت کواپنی نسلی شرافت وعزت وناموس سمجھ کر سُنو کہ ہماری بیویاں ، بیٹیاں ، بہنیں اور مائیں فلاح قوم وملت اورتمہاری خوشنودی کے لئے تمہارے سامنے پیش کرتا ہوں۔ ہمیں دامادی قبول ہے،تمہاری حکومت قبول ہے،ہم غلاموں کی طرح کمائیں گےاور جہاں آپ کہیں گے وہاں صرف کریں گے۔ہماری اس حالت پر رحم کھا کر دعوائے نبوت کے دو الفاظ واپس لےلو۔جواب کا انتظار کئے بغیر مجمع کی طرف ڈبڈبائی آنکھوں سے دیکھااور رُندھی ہوئی آواز سے کہا۔میرے معزز حاضرین کیااس کے سوا بھی اب ہمارے پاس کچھ اور باقی ہے جو ہم نے محمدؐ سے عزیز تر رکھا ہو؟....نہیں نہیں ہر گز نہیں۔آخری سوال ؛کیا میرا یہ مطالبہ کسی بھی حیثیت سے ناجائز ہے؟ پھر....نہیں....نہیں ہر گز نہیں ؛

تمام قائدین ملت سنیں کہ ہمیں فوری جواب کی ضرورت نہیں ہے۔جواب سوچ سمجھ کر دیا جانا چاہئے۔کیوں کہ اِس جواب پر قوم وملک کی فلاح و بہبود،عزت وذلت کا انحصار ہے۔محمدؐاور خانوادہ ابوطالبؑ کوسوچ سمجھ کر جواب دینے کا موقعہ دیا جاتا ہے۔یہ سمجھ لینا چاہئے کہ اگر جواب اثبات میں ہوا تو ہم ، ہماری قوم اور ہمارا ملک بڑا خوش نصیب ہے۔اور اگر جواب نفی میں ملتا ہے تو ابوطالبؑ اوراُس کی اولاد بڑے بدنصیب ہیں۔اس صورت میں کوئی غیور و بہادر انسان محمدؐ کا ساتھ نہ دے گا۔جو شخص ہماری حکومت ، ہماری دولت اور ہماری بیٹیوں کی عزت کوٹھکرادے اُس سے دوستی اور ہمدردی کرنے والا مجمع میں کوئی ہو تو کھڑا ہو جائے۔اور سن رکھے کہ ہم محمدؐ وابوطالبؑ اوراُن کے ہر طرف دار کے خون کے پیاسے اور گوشت کے بھوکے دشمن رہنا طے کرلیں گے۔والسلام

ایسا معلوم ہوتا تھا کہ لوگوں کو زمین نے پکڑ لیا ہے، جو بیٹھے تھے اٹھنا مشکل تھا۔جو کھڑے تھے چلنا محال تھا۔ہر دل چاہتا تھا کہ ذراسی بات ہے ابھی قبول کر لینے کا اعلان کر دیا ہوتا۔

(18/3)۔ ہنگامے؛ہجرتیں؛ظلم وتشدد؛قیدوبند اور فاقے

آنحضرتؐ کا تاریخی جواب سب کومعلوم ہے۔نہ قریش چاند اور سورج رسولؐ اللہ کے سامنے پیش کر سکتے تھے۔نہ سرورؐ دوعالم دعوائے نبوت واپس لے سکتے تھے۔سیاسی زبان میں رسولؐ اللہ کا انکار بہت بڑی اور سنگین غلطی تھی۔اگر کوئی سیاسی لیڈر ہوتا تو لفظ نبوت و امامت ہی نہیں جو بھی کہا جاتا حکومت و دولت و زر و زمین اور زن کے مقابلہ میں واپس لے لیتا۔بھیّا کچھ واپس لینا ہی تو تھا؟ دینا تو کچھ نہ تھا؟ بتاؤ اُسے کیا کہو گے جو نہ تو حکومت لے، نہ دولت لے، نہ قریش کی بیٹیاں لے، نہ نبوت وامامت واپس لے؟ سنو!!اسی کا نام ہے ہماری زبان میں نبیؐ اورامامؑ۔یہی تو سورہ والنجم میں کہا کہ: وَمَا يَنۡطِقُ عَنِ الۡهَوٰىؕ o اِنۡ هُوَ اِلَّا وَحۡىٌ يُّوۡحٰىۙ o (نجم 4-53/3)

وہ منہ سے کچھ کہتا ہی نہیں ہے۔وہ اپنے میلان طبع سے بات ہی نہیں کرتا ہے۔جو کچھ بھی کہتا ہے۔

وہ تو وہی وحی ہوتی ہے جو اللہ کی طرف سے بھیجی گئی ہے۔

وَلَوۡ تَقَوَّلَ عَلَيۡنَا بَعۡضَ الۡاَقَاوِيۡلِ o لَاَخَذۡنَا مِنۡهُ بِالۡيَمِيۡنِ o ثُمَّ لَقَطَعۡنَا مِنۡهُ الۡوَتِيۡنَ o

فَمَا مِنۡكُمۡ مِّنۡ اَحَدٍ عَنۡهُ حٰجِزِيۡنَ o (الحاقّة 47-69/44)

اُسے تو اللہ نے پہلے ہی یہ بتا رکھا ہے کہ تیری ہر بات رب العالمین کی طرف سے نازل شدہ ہے اور اگر وہ اپنی طرف سے کسی قسم کی کوئی بات ہمارے نام پر کہہ دے تو ہم اُس کا داہنا ہاتھ پکڑ کر اس کی شہ رگ کاٹ ڈالیں۔ اور اپنی طرف سے بات کہنے سے روک دینے والا انتظام اُن سے غائب نہ تھا۔

عٰلِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ اَحَدًا o اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ یَسْلُکُ مِنْ بَیْنِ یَدَیْهِ وَ مِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا o (الجن 27-72/26)

اُنہیں معلوم تھا۔ اللہ غیب کا عالم ہے۔ اور وہ اپنا علم غیب کسی پر ظاہر نہیں کرتا ہے۔ سوائے اُس رسولؑ کے جسے وہ علم غیب عطا کرنے کیلئے مرتضٰی بنا دے اور پھر اُس مرتضٰی رسولؑ کے آگے اور پیچھے رصدگاہ متعین کر دیتے ہیں۔ تا کہ اخبار سماوی و غیبی پر نگرانی اور حفاظت قائم رہے۔ اور کوئی خبر اللہ کی رضامندی کے بغیر اِدھر اُدھر نہ ہو جائے۔

ذرا سوچیئے کہ مصطفیٰؐ و مرتضیٰؑ کے لئے اپنی طرف سے بات کرنے پر کتنا بڑا خدائی پہرہ اور انتظام ہے؟ وہ کیسے اپنے کہے ہوئے الفاظ واپس لے سکتے ہیں۔ بہر حال عوام الناس ابھی اِن چیزوں سے واقف نہ تھے۔ اُدھر قریش اور تمام سرداران عرب نے مسلمانوں پر عرصہ حیات تنگ کرنا شروع کیا۔ اِس کے بعد تاریخ میں مذکورہ تمام مصائب و آلام اور مظالم شروع ہوتے ہیں حبشہ کی ہجرت ہوتی ہے۔ بادشاہ حبش ابوسفیان کی قیادت کو ناکام کر دیتا ہے۔ مسلمانوں کو وہ تمام حقوق ملتے ہیں جو جناب ہاشم علیہ السلام نے عربوں کے لئے تمام حکومتوں سے منظور کرائے تھے۔ علاوہ ازیں بادشاہ حبش نے آنحضرتؐ کی ہر مدد کا پیغام بھیجا۔ جو مومنین مکہ میں بے یار و مددگار تھے، وہ سب ایک ایک دو دو کر کے مکہ سے حبش، یمن، شام و عراق چلے گئے۔ اور جناب جعفر علیہ السلام کی طرح ہر علاقہ میں ایک ایک مبلغ اسلام بھی بھیجا گیا۔ تا کہ مشرکین قریش کے سلوک، پلان اور اسلام سے باقاعدہ تعارف کرائے۔ اُدھر اسلامی لباس میں قریش کے جاسوس بھی ہر جگہ سے طاغوتی مرکز کو مسلمانوں کے حالات سے مطلع کر رہے ہیں۔ یہ یاد رکھنے کی بات ہے کہ چھ سال کے بعد اِسی قسم کے مسلمان جاسوس تھے جو طاغوتی اقتدار کی بارگاہ میں مقرب تھے۔ اور اسی زمانہ کی دبی ہوئی نفرت تھی جس نے تمام قبائل کو مخالفت اور حکومت سے بغاوت کے لئے کھڑا کر دیا تھا۔ اور یہی زمانہ تھا جب قریشی سرمایہ دار اور تجارت کے اجارہ دار، تمام تاجروں اور سود خور یہودی و نصرانی عرب قبائل سے معاہدات کر رہے تھے تا کہ ضرورت پڑنے پر مسلح مزاحمت کی جاسکے۔

یہی وہ زمانہ ہے جب آپ کے قرآن پڑھنے اور نقل و حرکت پر پہرے ہیں۔ خاندان ابوطالبؑ کا ہر فرد آنحضرتؐ کی حفاظت و صیانت کے لئے اپنی اپنی مقررہ ڈیوٹی انجام دے رہا ہے۔ آپ کو ستانے کے لئے قریش نے کئی قسم کی ٹولیاں مقرر کر رکھی ہیں۔ غلاظت پھینکنے والی ٹولی، شور مچانے والی ٹولی، لوگوں کے مجمع کو منتشر کر کے آپؐ سے دُور بھگانے والی ٹولی۔ کئی ایک نوخیز نوجوان جو اسلام کے شیدائی بن چکے تھے قریش کی قید میں تھے۔ اور خود والدین اُنکو مرتد کرنے کیلئے بھوک، پیاس اور تعزیری تکالیف پہنچاتے رہتے تھے۔

(18/4)۔ آنحضرتؐ پر قریشی اتہامات اور قرآن کے جوابات

(i) جیسا کہ عرض کیا گیا کہ قحطانی روایات میں رسوؐل اللہ کی تبلیغ میں سخت کلامی اور جارحانہ رویہ کا بڑا شور مچایا گیا ہے۔ تا کہ ہر زمانہ

کے مُلا کی سخت گوئی، طعن وطنز اور ڈنڈے بازی کو اسلام سے جواز ملتا چلا جائے۔ لیکن قرآن کریم اس شیطانی ذہنیت کی تردید وابطال کرتا چلا آیا ہے۔ ہم بتا چکے ہیں کہ حضور فطری و پیدائشی حیثیت سے نرم خُو، دل کش انداز گفتگو اور خلق عظیم پر فائز تھے۔ لہٰذا پیدائش سے لے کر پینتالیس (45) سال تک بلا مزاحمت اور کسی کی دل شکنی کے بغیر تمام ملک کے دلوں پر حکومت کرتے رہے۔ اب جب کہ قریشی سیاست نے عربوں کے جذبات میں بڑی بے دردی اور کمینگی سے آگ لگا دی۔ اور چاروں طرف تشدد اور توہین آمیز مزاحمت شروع ہوگئی۔ تب بھی آنحضرتؐ نے اپنا نرم اور قابل فہم رویہ تبدیل نہ کیا تھا۔ تاکہ قریش کی ہر مخالفت، ہر مزاحمت اور ہر سلوک خالص ظلم وستم اور جبر واستبداد کے عنوانات کے ماتحت لکھا جائے۔ اور مقننین عالم آنے والی تاریخ میں قریش کو غلط فہمی، اشتعال طبع اور جذباتیت کے قانونی عذر سے معاف کرنے کی کوشش نہ کریں۔ اِس سے یہ بات سمجھ میں آسکتی ہے کہ قریشی تاریخ میں کیوں رسُولؐ کو (معاذ اللہ) ایک جارح مبلغ کی حیثیت دینے کی کوشش کی ہے۔ انہیں معلوم تھا کہ وہ سب کے سب اُن کے اپنے بزرگ تھے۔ اور چند سال کے بعد اُن میں سے ایک کثرت کو رضی اللہ عنہ بنانا پڑے گا۔ اور اُن کے دامن سے سارے داغ دھونا پڑیں گے۔ پھر چند سال کے بعد اُن کی ایک اور قلت کو بتدریج بزرگ دکھانا ہوگا۔ اور چند صدیوں کے بعد بچے کھچے لوگوں کو بزرگ اور رضی اللہ عنہ بنانے کی بحثیں ہوں گی اور چودھویں صدی، جو قحطانیوں کے نزدیک اسلام کی آخری صدی ہے، تک یزید ایسے ملعونوں کو رسولؐ اللہ کے برابر لا کر اس پر سلام لکھنا پڑے گا۔ اِس تدریجی اسکیم کے ماتحت قرآن وحدیث کا رخ موڑا گیا۔ اور آخر وہ سب کچھ کرلیا گیا جس کیلئے اللہ نے ابلیس کو مہلت دی تھی۔

(ii)۔ قریش اینڈ کمپنی کو لفظ کافر سے کیوں مخاطب کیا گیا؟ کافر کے معنی؟

قحطانی اہل قلم نے کافر کو ایک گالی بنا دیا ہے اور اس کے معنی انکار کرنے والا بنا کر پھیلا دئے ہیں۔ حالانکہ عربی میں لفظ انکار، منکر خود موجود ہیں۔ اور کافر کے معنی ہرگز منکر نہیں ہیں۔ کفر کے معنی وہ جذبہ ہیں جس کے ماتحت کوئی شخص اپنے مفاد کے لئے کسی حقیقت یا چیز کو چھپا دینا مفید سمجھتا ہو۔ چنانچہ یہ بڑا دلکش ادبی لفظ ہے جس میں شعریت اور بانکپن پایا جاتا ہے۔ اللہ نے کاشتکاروں کو اسی اصول پر کُفّار فرمایا ہے:...... کَمَثَلِ غَیۡثٍ اَعۡجَبَ الۡکُفَّارَ نَبَاتُهٗ۔ (الحدید 57/19-20)

یہ دونوں آیات دیکھیں اُنکا ترجمہ اپنے اپنے قرآن میں پڑھیں۔ اسی خاندان کا لفظ کَفّارہ ہے جسکے معنی کسی نقصان کو بے اثر کرنے یعنی جرائم کی فہرست سے چھپانے اور ہٹانے کیلئے تلافی مافات کر دینا۔ اِسی قاعدے پر اللہ نے فرمایا ہے کہ ہم تمہاری برائیوں کو چھپا دیتے ہیں۔ وَیُکَفِّرُ عَنۡکُمۡ مِّنۡ سَیِّاٰتِکُمۡ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِیۡرٌo (بقرہ 2/271) اسی لئے نعمتوں کا شکریہ ادا نہ کرنے والوں کو کافر فرمایا گیا (اِمَّا شَاکِرًا وَّاِمَّا کَفُوۡرًا)۔ اب سوچیئے کہ کیا اُن ابلیسی علما نے کفر وکافر کے معنی چھپا کر خود کو کافر نہیں بنالیا ہے؟

رسولؐ اللہ نے انہیں کافر پھر بھی نہیں فرمایا۔ حتّٰی کہ انہوں نے خود اپنا نام فخریہ طور پر کافر رکھ لیا اور کہہ دیا کہ ہم اُس سے کفر کرتے ہیں جو تمہارے ساتھ ارسال کیا گیا ہے (اِنَّا بِمَآ اُرۡسِلۡتُمۡ بِهٖ کٰفِرُوۡنَ o سبا 34/34) اور انہوں نے کہا کہ جو کچھ تمہارے ہمراہ ارسال کیا گیا ہے ہم اس کا کفر کرتے ہیں (اِنَّا کَفَرۡنَا بِمَآ اُرۡسِلۡتُم بِهٖ۔ ابراھیم 14/9) اُن کے ایسے سینکڑوں اعلانات کے بعد انہیں کافر کہنا ہرگز اشتعال انگیزی نہیں ہے۔ اُن کو قطعاً آزاد کیا گیا۔ اُن سے لَا اِکۡرَاهَ فِی الدِّیۡنِ کہا گیا۔ اُن سے کہا گیا کہ تمہارے

لئے تمہارا دین ہے تم اس پر عمل کرو۔ ہمارے لئے ہمارا دین ہے ہمیں اس پر عمل کرنے دو۔ مسلمانوں کو حکم دیا گیا کہ بھلائیوں اور خیر کے کاموں میں اُن سے تعاون کرو۔ کافر والدین سے محبت، ان کی خدمت اور عزت میں کوئی فرق نہ کیا گیا۔ بتوں کے لئے حکم دیا گیا کہ ہرگز اُن کو بُرا نہ کہو۔ (انعام 6/108)

ہے کوئی صاحب ضمیر شخص جو اس صورت حال کو جارحانہ قرار دے؟ لیکن قریشی مذہب نے چونکہ ہر اُس شخص کو قتل کر دینے کا حکم دینا تھا جو اسلام قبول نہ کرے یا قبول کر کے چھوڑ دے۔ ہر اس گروہ کو ذلیل وخوار کرنا تھا جو اُن کے دین کے خلاف ایک لفظ بھی نکالیں۔ انہوں نے تو ان مسلمانوں، نمازیوں، تہجد گزاروں کو بھی تہہ تیغ کرنا تھا جو اُن کے طریقے پر نماز نہ پڑھیں، اذان نہ دیں۔ انہوں نے تو خاندان رسولؐ کا بھی قتل عام کرنا تھا۔ اس لئے کہ انہوں نے مشرک بزرگوں کی حکومت سے اختلاف کیا۔ انہوں نے ہر پُر امن قوم کو اس لئے تباہ کرنا تھا کہ وہ مسلمان کیوں نہیں ہے؟ اس لئے ضروری تھا کہ (معاذ اللہ) رسولؐ اللہ کو ایک مارشل بنایا جائے اور اسلام کو انقلابی تحریک قرار دیا جائے جو دنیا کی ہر اس چیز کو منقلب اور تباہ کر دے جو قحطانی پسند کے خلاف ہو۔ کوئی اور مسلح ہو کر حملہ آور ہوں تو ان کو لٹیرے اور ڈاکو کہا جائے۔ یہ لوگ وہی کام کریں، ہر شرمناک حرکت کریں، مال و زر ہی نہیں عصمتیں لوٹ لیں، عبادت خانوں کو مسمار کر دیں، عورتوں بچوں کو لونڈی غلام بنا کر منڈیوں میں بیچ ڈالیں اور قتل عام کریں تو یہ غازی ومجاہد کہلائیں۔

(18/5)۔ رسولؐ اور خانوادہ رسولؐ موت کے حوالے کر دیا گیا

قریش نے چاروں طرف سے مایوس ہو کر یہ طے کیا کہ ایک ہمہ گیر معاہدہ کر کے حضرت ابوطالبؑ کو مجبور کیا جائے کہ محمدؐ کو اُن کے حوالے کر دیں ورنہ معہ خاندان و متعلقین کے بھوک پیاس سے تڑپ تڑپ کر مرنے کے لئے تیار ہو جائیں۔ ہم اس معاہدہ کا قصہ علامہ شبلی اور پرویز کے قلم سے سناتے ہیں۔ اُس دردناک واقعہ کو سنتے ہوئے ذرا اُن موٹے موٹے ناموں کو تلاش کرتے رہیں۔ جو رسالت کی پوری کمائی پر قبضہ کے وقت قوم کے سب سے بڑے ہمدرد بہی خواہ نظر آتے ہیں۔ گو چند صحابہ ہمراہ موجود ہیں مگر اُن کا نام کہیں نہیں ہے۔ بہت بعد میں جن کے اسلام لانے کا ذکر ہے اُن میں سے چند لوگ خاندان رسولؐ کے ساتھ موت سے دوچار ہیں۔ لیکن اوّلین السابقین صرف قیام حکومت اور تاج پوشی کے دن نمایاں ہوتے ہیں، سنئے شبلی کو:۔

''**شعب ابوطالبؑ میں محصور ہونا:** قریش دیکھتے تھے کہ اس روک ٹوک پر بھی اسلام کا دائرہ پھیلتا جاتا ہے۔ عمرؓ اور حمزہؓ جیسے لوگ ایمان لا چکے تھے۔ نجاشی نے مسلمانوں کو پناہ دی۔ سفراء بے نیل ومرام واپس آئے۔ مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جاتا ہے اس لئے اب یہ تدبیر سوچی کہ آنحضرتؐ اور آپؐ کے خاندان کو محصور کر کے تباہ کر دیا جائے۔ چنانچہ تمام قبائل نے ایک معاہدہ مرتب کیا کہ کوئی شخص نہ خاندان بنی ہاشمؑ سے قرابت کرے گا نہ اُن کے ہاتھ خرید وفروخت کرے گا۔ نہ اُن سے ملے گا نہ انکے پاس کھانے پینے کا سامان جانے دے گا۔ جب تک وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کے لئے حوالہ نہ کر دیں۔ یہ معاہدہ منصور بن عکرمہ نے لکھا اور درِ کعبہ پر آویزاں کیا گیا۔ ابوطالبؑ مجبور ہو کر تمام خاندان ہاشم کے ساتھ شعب ابی طالبؑ میں پناہ گزیں ہوئے۔ تین سال تک بنو ہاشم نے اس حصار میں بسر کی۔ یہ زمانہ ایسا سخت گزرا کہ طلح کے پتے کھا کر گزر کرتے تھے۔ حدیثوں میں جو صحابہؓ کی زبان سے مذکور ہے کہ ہم طلح کی پتیاں کھا کھا کر بسر

کرتے تھے یہ اسی زمانہ کا واقعہ ہے۔ چنانچہ سہیلی نے روض الانف میں تصریح کی ہے۔ حضرت سعد وقاص کا بیان ہے کہ ایک دفعہ رات کو سوکھا ہوا چمڑا ہاتھ آ گیا۔ میں نے اُس کو پانی سے دھویا پھر آگ پر بھونا اور پانی میں ملا کر کھایا۔ ابن سعد نے روایت کی ہے کہ بچے جب بھوک سے روتے تھے تو باہر آواز آتی تھی۔ قریش سُن سن کر خوش ہوتے تھے۔ لیکن بعض رحم دلوں کو ترس بھی آتا تھا۔ ایک دن حکیم بن حزام نے جو حضرت خدیجہؓ کا بھتیجا تھا، تھوڑے سے گیہوں اپنے غلام کے ہاتھ حضرت خدیجہؓ کے پاس بھیجے۔ راہ میں ابوجہل نے دیکھ لیا اور چھین لینا چاہا۔ اتفاق سے ابوالبختری کہیں سے آ گیا۔ وہ اگرچہ کافر تھا (قریش نہ تھا) لیکن اس کو رحم آیا اور کہا کہ ایک شخص اپنی پھوپھی کو کچھ کھانے کے لئے بھیجتا ہے۔ تو تُو کیوں روکتا ہے؟ مسلسل تین برس تک آنحضرتؐ اور آل ہاشمؑ نے یہ مصیبتیں جھیلیں۔ بالآخر دشمنوں ہی کو رحم آیا اور خود ان ہی کی طرف سے اس معاہدہ کے توڑنے کی تحریک ہوئی۔ ہشام عامری خاندان بنی ہاشمؑ کا قریبی رشتہ دار اور اپنے قبیلے میں ممتاز تھا۔ وہ چوری چھپے بنی ہاشمؑ کو غلہ وغیرہ بھیجتا رہتا تھا۔ ایک دفعہ وہ زہیر کے پاس جو عبدالمطلبؓ کے نواسے تھے گیا اور کہا کیوں زہیر؟ تم کو یہ پسند ہے کہ تم کھاؤ پیئو، ہر قسم کا لطف اٹھاؤ اور تمہارے ماموں کو ایک دانہ تک نصیب نہ ہو؟ زہیر نے کہا کیا کروں تنہا ہوں۔ ایک شخص بھی میرا ساتھ دے تو میں اس ظالمانہ معاہدے کو پھاڑ کر پھینک دوں۔ ہشام نے کہا کہ میں موجود ہوں۔ دونوں مل کر مطعم بن عدی کے پاس گئے۔ ابوالبختری، ابن ہشام، زمعہ بن الاسود نے بھی ساتھ دیا۔ دوسرے دن سب مل کر حرم میں گئے۔ زہیر نے سب لوگوں کو مخاطب کر کے کہا اے اہل مکہ! یہ کیا انصاف ہے۔ ہم لوگ آرام سے بسر کریں اور بنو ہاشم کو آب و دانہ نصیب نہ ہو۔ خدا کی قسم جب تک یہ ظالمانہ معاہدہ چاک نہ کر دیا جائے گا میں باز نہ آؤں گا۔ ابوجہل برابر سے بولا ہرگز اس معاہدہ کو کوئی ہاتھ نہیں لگا سکتا۔ زمعہ نے کہا تو جھوٹ کہتا ہے جب یہ لکھا گیا تھا اس وقت بھی ہم راضی نہ تھے۔ غرض مطعم نے ہاتھ بڑھا کر دستاویز چاک کر دی۔ مطعم بن عدی، عدی بن قیس، زمعہ بن الاسود، ابوالبختری، زہیر سب ہتھیار باندھ باندھ کر بنو ہاشم کے پاس گئے۔ اور اُن کو درہ سے نکال لائے۔ بقول ابن سعد یہ 10 نبوی کا واقعہ ہے۔ اُسی زمانہ میں معراج واقع ہوئی۔" (سیرۃ النبیؐ۔ جلد اوّل صفحہ 247-245)

(ii)۔ پرویز صاحب اور آنحضرتؐ کے خاندان کی محصوری

"**بنو ہاشم کا مقاطعہ ومحاصرہ:** قریش کے غم وغصہ کی اب انتہا نہ تھی۔ حبش سے اُن کی سفارت بے نیل ومرام واپس آ گئی۔ ابوطالبؑ نے یہ جواب دیا (کہ میں اپنی آخری سانس تک تحفظ کروں گا) اُن کی مسلسل مخالفانہ مساعی کے باوجود یہ تحریک انقلاب بڑھتی چلی جا رہی تھی۔ انہوں نے مجلس مشاورت میں بیٹھ کر ابوطالبؑ کے اس جواب پر غور کیا اور بالآخر یہ فیصلہ کیا کہ آپؐ کو اور آپؐ کے خاندان کو محصور کر کے برباد کر دیا جائے۔ چنانچہ انہوں نے بالاتفاق ایک معاہدہ مرتب کیا کہ کوئی شخص خاندان بنو ہاشم سے نہ رشتہ ناتہ کرے، نہ خرید و فروخت، نہ اُن سے ملے جلے، نہ انہیں کوئی کھانے پینے کا کوئی سامان دے۔ اور اس طرح اُن کا مکمل مقاطعہ (بائیکاٹ) کیا جائے۔ یہ معاہدہ لکھ کر در کعبہ پر لٹکا دیا گیا۔ اب ابوطالبؑ مجبور ہو گئے کہ اپنے افرادِ خاندان کو لیکر پہاڑ کے ایک درّہ (شعب ابوطالبؑ) میں محبوسانہ زندگی بسر کریں۔ یہ 7 نبوی کا واقعہ ہے۔ تین برس تک نبیؐ اکرم اور اُن کے ساتھ تمام خاندان بنو ہاشم قیدیوں کی سی حالت میں رہے۔ چونکہ قریش نے اشیائے خورد ونوش کا جانا بھی روک دیا تھا اسلئے یہ محصور خاندان درختوں کی پتیاں کھا کھا کر گزران کرتا تھا۔ انکے

بچے بھوک سے بلک بلک کر روتے تو رؤسائے قریش سن سن کر خوش ہوتے تھے۔ تین برس تک اس قید و بند کا سلسلہ جاری رہا۔ حتّٰی کہ خود قریش میں بعض نیک فطرت لوگوں کو بنی ہاشم کی اس کرب وصعب کی زندگی پر رحم آیا اور انہوں نے رفتہ رفتہ اپنے ہم خیال پیدا کر کے در کعبہ پر لٹکی ہوئی اس دستاویز کو چاک کر دیا اور خود جا کر خاندان بنی ہاشم کو اس پہاڑ کے درے سے نکال کر ان کے گھروں میں واپس لائے۔'' (معارف القرآن۔ جلد چہارم صفحہ 246)

(iii)۔ طبری کے مطابق دونوں علامہ خائن اور جھوٹے ہیں

اِن دونوں بیانات میں وہ چیز چھپالی گئی جس کا چھپانا قریش کو بہت پسند تھا۔ یعنی یہ دونوں حضرات قریش کے مشرکانہ مظالم پر پردہ ڈالنے میں شریک ہیں سنیئے:۔

''اسی اثنا میں ایک دن ابوجہل کی حکیم بن حزام بن خویلد بن اسد سے مڈبھیڑ ہوگئی۔ اُسکے ہمراہ ایک غلام تھا جس پر گیہوں لدے ہوئے تھے۔ یہ اُسے اپنی پھوپھی خدیجہؑ بنت خویلد کے پاس جو رسولؐ اللہ کے ساتھ ابوطالبؑ کی گھاٹی (شعب) میں تھیں لے جا رہا تھا۔ ابوجہل نے اسے پکڑ لیا اور کہا کہ تم بنی ہاشم کے لئے کھانا لے جا رہے ہو۔ بخدا تم اسے لے کر یہاں سے آگے نہیں بڑھ سکتے۔ ورنہ میں تمام مکہ میں تم کو رسوا کر دوں گا۔ اتنے میں ابوالبختر ی بن ہشام بن الحارث بن اسد وہاں آ گیا۔ اُس نے کہا کیا ہے؟ ابوجہل نے کہا یہ دیکھو یہ بنی ہاشم کے لئے خوراک لے جا رہا ہے۔ ابوالبختر ی کہنے لگا یہ تو اپنی پھوپھی کیلئے جو محمدؐ کے ساتھ ہے یہ خوراک لے کر جا رہا ہے اور اُس نے آدمی بھیج کر اُس سے منگوائی ہے۔ تم کیوں روکتے ہو جانے دو۔ مگر ابوجہل نہ مانا۔ اس پر اُن میں سخت کلامی ہوئی۔ ابوالبختر ی نے اونٹ کا ڈھانٹا اُٹھایا اور اس سے ابوجہل کو ایسی ضرب لگائی کہ وہ لہولہان اور بے دم ہو گیا۔ حمزہ بن عبدالمطلبؑ کہیں پاس ہی تھے اور یہ تماشہ دیکھ رہے تھے۔ قریش اس بات کو پسند نہیں کرتے تھے کہ اس واقعہ کی اطلاع رسولؐ اللہ اور اُن کے صحابہ کو ہو اور اُن کو خوش ہونے کا موقع ملے۔'' (طبری۔ جلد اوّل صفحہ 102)

(18/6)۔ مستقل قید اور جان لیوا مقاطع کے باوجود ابوطالبؑ نے زندہ رہنا سکھایا

قارئین کرام ان تینوں بیانات کے انتہائی ناقص ہونے کے باوجود چند حقائق آپ کے سامنے آ گئے ہیں۔ ہمارے نزدیک اُن میں سب سے اہم چیز وہ قریشی بصیرت ہے جو ابلیس کی تعلیم کا پورا سرمایہ ہے۔ جس نے قریشی ماحول اور تمام متعلقہ علاقوں میں یکسر انقلاب پیدا کر کے ہر فرد کو ابوطالبؑ اور رسولؐ اللہ کا دشمن بنا دیا۔ دوسری حقیقت یہ کہ عربوں نے دیکھا کہ اُن کی وہ تمام بصیرت، قساوت قلبی اور ظالمانہ متفقہ ظلم وستم اسلام کی ترقی کو نہ روک سکے۔ بلکہ اسلام تیزی سے پھیلنے لگا۔ یہاں یہ سوال ہے کہ اسلام تیزی سے یا سستی سے پھیل کہاں رہا تھا؟ ظاہر ہے کہ مکہ اور گردونواحِ مکہ طائف وغیرہ علاقوں میں تو تمام خون کے پیاسے مشرک آباد تھے۔ اور تین سال کسی قبیلے میں اتنی بھی ہمت نہ ہوئی کہ اس قاتلانہ مقاطع کے خلاف لب کشائی کر سکتا۔ چہ جائیکہ اس قسم کے معاشرہ میں کسی کا اسلام اختیار کرنے کا اعلان کرنا۔ لہٰذا قارئین سنیں کہ جناب ابوطالبؑ کا بیرونی انتظام تھا جس کی تبلیغ سے عرب کے دور دراز علاقوں اور بیرونی ممالک میں اسلام کی تیز رفتاری، نظام شرکت کے سامنے خوفناک مستقبل پیش کر رہی تھی۔ بھیانک خیالات وتصورات آ رہے تھے۔ دن رات

جاسوس بُری بُری خبریں پہنچا رہے تھے۔ اِس صورت حال کو سامنے رکھ کر شبلی و پرویز کی باقی باتوں پر ایک نظر ڈالیں۔ کہا گیا ہے کہ حمزہ و عمر ایمان لا چکے تھے۔ مان لیا کہ جس کا کفر ثابت تھا وہ ضرور ایمان لایا ہوگا۔ لیکن جس کا کفر ثابت ہی نہیں جو کفر سے اباً و جداً تعلق ہی نہیں رکھتا وہ اگر ایمان لایا بھی تھا اُس کے ایمان لانے کا مطلب یہ نہیں ہوسکتا کہ وہ کفر سے توبہ کر کے اسلام پر ایمان لایا تھا۔ بلکہ یہ ماننا ہوگا کہ وہ اسلام کی کسی نئی حقیقت پر ایمان لایا تھا۔ چونکہ اسلام میں روزانہ ایمان سے ترقی ایمان کی طرف بڑھتے جانے کا غیر منقطع سلسلہ جاری رہتا ہے۔ لیکن اصل اور موقعہ کا سوال یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اُس وقت مکہ میں موجود ہے اور رسولؐ اللہ کے ساتھ شعب ابی طالبؑ کی تکلیفوں میں اُن کے ساتھ نہیں ہے تو اُس کا ایمان ماشاء اللہ ابوجہل و ابولھب سے کچھ بڑھ کر ہی ہے۔ ہمیں تو یہاں تک تسلیم کرنا ممکن نہیں ہے کہ مومن تو مومن ہوتا ہے کوئی بھی ایسا شخص مکہ میں موجود تھا جو خانوادہ رسولؐ سے کسی قسم کا رشتہ یا عزیز داری رکھتا تھا، اُن کے عزیز و اقربا اور ہمدرد و ہم نوا اور اسلام کے چاہنے والے سب اُس قید کے اندر تھے یا مکہ اور گرد و نواح مکہ سے باہر تھے۔ رہ گئی وہ کہانیاں جن کو گھڑنے کی بعد میں ضرورت پیش آئی تھی وہ ہمیں درکار نہیں ہیں۔ اُنہیں وہ لوگ قبول کریں گے جو مشرک محاذ کے بہی خواہ ہوں۔ ابو طالبؑ کے لئے مخالف محاذ کا یہ کہنا بڑی بے حیائی ہے کہ وہ شعب ابی طالبؑ میں پناہ گزیں ہوئے۔ یہاں یہ سوچیئے کہ پناہ گزیں ہونے اور مورچہ بند ہونے میں کوئی فرق ہے یا نہیں ہے۔ دشمن کی یلغار کو روکنے کے لئے جب قلع بندی کی جاتی ہے تو وہ پناہ گزینی نہیں ہوتی بلکہ ڈٹ کر آخری سانس تک مقابلہ کرنے کی مہم ہوتی ہے۔ یہ ابو طالب علیہ السلام کی اُس جوابی بصیرت کا کمال ہے جس نے مشرک محاذ کی اُس خوفناک اور بے پناہ اسکیم کو خاک میں ملا کر رکھ دیا تھا۔ اگر وہ شعب میں نہ آتے تو تمام خانوادہ شہر کے مختلف حصوں میں آباد ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے سے نہ مل سکتا تھا، نہ تعاون کرسکتا تھا، نہ ایک دوسرے کے لئے باعث ہمت بن سکتا تھا۔ گھر میں موجود خوراک اور دولت و وسائل کو اجتماعی پروگرام کے ماتحت استعمال کرنے سے قاصر رہتے۔ اور سب سے خطرناک بات یہ تھی کہ مکانات ایک جگہ نہ ہونے کی بنا پر قریش جس خاندان کو چاہتے رات کی خاموشی میں تہہ تیغ کر دیتے اور باقی خاندان کو خبر تک نہ ہوتی۔ حتّٰی کہ آخری خاندان بھی ختم کر دیا جاتا اس لئے جناب عمران علیہ السلام نے اپنی عسکری بصیرت سے ایک ایسا درہ اختیار کیا جہاں تین طرف سے پہاڑوں نے قدرتی حفاظت کرنا تھی۔ صرف ایک سمت میں دیوار یا باڑھ بنانا تھی۔ پھر یہاں سارے افراد خاندان کو مہلک اور خطرناک حالات سے مقابلہ کرنے کی تعلیم آسان اور وقت کی ضرورت تھی۔ ایک زبردست شیطانی اور بے رحم قوت سے تحفظ کا جذبہ آپس کی ہمدردی کو معراج کمال پر لانا تھا۔ راتوں کو پہرہ دینا، رسوؐل کی جگہ اپنے جوان بچوں کو سلانا اور اُن پر اور اُن کے مشن پر قربان ہوجانا کھلی آنکھوں سے دکھانا تھا۔ عورتوں بچوں اور نوجوانوں کو بھوک پیاس اور گرمی و سردی برداشت کرنے کی عادت ڈالنا ضروری تھا، کربلا اُن کے سامنے تھی اُس کی تمہید قائم کرنا تھی۔ آنے والے محافظین اسلام فاطمہؑ اور علیؑ کو مخصوص صبر و ضبط و نظم سے مطلع کرنا تھا۔ اور سب سے بڑی بات یہ کہ دشمنانِ خدا و رسولؐ اور دوست دارانِ خدا و رسولؐ میں ایک امتیازی خط کھینچنا تھا۔ تاکہ کل خواہ مخواہ کچھ لوگ رسولؐ اللہ کے دوست ہمدرد اور عزیز و اقارب اور اہلبیتؑ بننے کی کوشش کریں تو پہچان لئے جائیں۔ اگر آپ مکہ ہی میں اپنے مکانات میں قید رہے ہوتے تو ہر خبیث کے لئے یہ موقعہ رہتا کہ جناب میں تو خود معہ خاندان مقاطعہ کا شکار رہا ہوں۔ میں رسولؐ اللہ کا صحابی، دوست اور فدا کار تھا، راتوں کو کھانا لے کر جاتا تھا۔ نعمت

خانہ ڈھکنا ایک دن نہ ملا تو میں نے اپنی نئی ٹوپی کو ڈھکنے کی جگہ فٹ کر دیا تھا۔ ایک دن نعمت خانہ نہ ملا تو میری زوجہ نے اپنے دوپٹہ میں کھانا باندھ کر بھیج دیا تھا اسی رات سے اس کا نام ڈبل دوپٹہ پڑ گیا تھا۔ شعب ابی طالبؑ نے کفر و اسلام کے درمیان ایک ایسا امتیاز قائم کر دیا کہ شاہی تاریخ کی مسلسل خیانت کے باوجود دشمنانِ اسلام نقاب پوش نہ رہ سکے۔

یہاں یہ سوال بھی ابھرتا ہے کہ آیا جناب ابو طالبؑ نے قریش سے درخواست کی تھی یا نہیں کہ ہمیں مکہ سے باہر کہیں جلاوطن ہونے کی اجازت دے دو؟ بہر حال تاریخی حیثیت اور وقتی ضرورت کا تقاضہ تھا کہ وہ مدینہ کو نہ بھولیں۔ ابھی کل ہی کی بات تو ہے جب ایک قریش نوفل نامی شخص نے اُنکے والد کی جائیدا پر قبضہ کر لیا تھا۔ وہ کیسے بھول سکتے تھے کہ اُس وقت بھی قریش نے اُن کے پورے خانوادے کے خلاف ایک معاہدہ کیا تھا۔ یہ بھلا دینے کی بات نہ تھی کہ مدینہ سے انکے نانا جان مسلح دستہ کے ساتھ آئے تھے۔ انہیں اپنی ننہیال کا تجربہ تھا۔ مدینہ والوں نے نوک شمشیر سے جائیداد واپس کرائی تھی۔ خاندانی روایات میں جناب قصی علیہ السلام کا اپنے خاندان بنی قضاعہ سے مسلح مدد لینا بھی سب کو یاد تھا۔ اِس وقت بھی یہ دونوں خانوادے مدینے اور ملک شام میں موجود تھے۔ قریش اُن کے سامنے ایک حقیر و کمزور قلت تھے۔ یہاں دو باتوں میں سے ایک ضرور ہوئی ہوگی۔ یا تو قریش نے جلاوطنی کی اجازت نہیں دی یا پھر یہ کہ اب جناب عمرانؑ مختار نہیں ہیں بلکہ وحی کا حکم چاہتے ہیں۔ اور یہ سکھانا چاہتے ہیں کہ مادی نصرت کی جگہ خالصتاً اللہ کے انتظام پر سو فیصد توکل کیا جائے تاکہ لوگ یہ دیکھ سکیں کہ یہ خانوادہ کسی شخص کے آگے ہاتھ پھیلائے بغیر، تمام مادی سامان حتّٰی کہ خوراک کے فقدان کی حالت میں بھی زندہ، تندرست اور زیادہ قوی رہ سکتا ہے۔ یہی تو وہ صورت حال تھی جس میں اللہ کی طرف سے نزول مائدہ کی یقینی امید تھی۔ یہی تو اللہ کی راہ میں وہ قربانی تھی جو بنی اسرائیل سے کہیں زیادہ من وسلویٰ کا حق دار بناتی تھی۔ دوسروں کے سامنے ہاتھ پھیلا کر خانوادہ نبوت و رسالت کیسے اپنی اور اللہ کی شان پر حرف لا سکتا تھا۔ درختوں کی پتیاں کھانا ایک بکواس ہے۔ وہاں اُن چٹانوں پر درخت کہاں؟ ادھر ادھر چند جھاڑیاں تھیں جن کو جڑوں سمیت کھا جانے سے بھی تین روز نہ گزرتے۔ ارے بے رحم لوگو، بھلا دودھ پیتے بچے پتوں کو کس طرح کھا سکتے تھے۔ اور وہ چمڑا کھانے کا قصہ بھی بکواس ہے۔ سوکھے ہوئے چمڑے کو بھوننے کے معنی جلا کر راکھ کرنا ہوتے ہیں۔ اور راکھ کے بجائے اگر یہ خانوادہ مٹی بھی کھاتا تو تین سال میں وہاں غار بن گئے ہوتے۔ خدا تمہیں عقل وایمان عطا کرے تو سمجھو کہ دنیا میں یہ ایک عمرانی معجزہ تھا۔ یہیں تو جنت سے کپڑے منگانا اور پھلوں کے طشت اتروانا سکھا گیا تھا۔ یہیں تو عبادت خداوندی کی وہ مشق کی گئی تھی۔ یہاں ہی تو اس قدر فرصت ملی تھی کہ خاندان کا ہر چھوٹا بڑا افرد اللہ کے نظام کو اپنے روبرو بے حجابانہ دیکھے۔ یہی تو سو فیصد وہ زمانہ تھا جب ساری دنیا سے انقطاع اور وصل باری تعالیٰ کا موقعہ ملا تھا۔ یہیں تو وہ چکھی اور عبادت کی چاٹ لگی تھی جو ساری عمر ترقی ہی کرتی گئی۔ بچہ کنویں میں گر جائے پرواہ نہ ہو، سجدہ میں رات گزر جائے پتہ نہ چلے، سرتن سے جدا ہو جائے موت نہ آئے، قوت گویائی نہ جائے، تلواروں اور تیروں کی بارش میں مصلیٰ بچھا دیا جائے۔ باقی تمام باتیں بعد میں بنائی گئی ہیں اور قریش کی عزت برقرار رکھنے کے لئے یہ کہا گیا ہے کہ کچھ لوگوں کو تین سال بعد رحم آیا اور معاہدہ پھاڑا گیا۔ اُن کو بتا دو کہ اُس کاغذ کو دیمک چاٹ گئی تھی۔ اس کی اطلاع بھی رسولؐ اللہ نے دی تھی۔ لیکن معاہدہ کے کاغذ کے پھٹ جانے، کیڑے یا دیمک کے کھا جانے اور معاہدہ کے ختم ہو جانے میں کوئی مادی، روحانی یا قانونی ربط

نہیں ہے۔نہ کسی کو رحم آیا اور آیا تو اُس خبیث کو تین سال بعد رحم کیسے آیا۔نہ قریش نے دو چار آدمیوں کی مدد کی مخالفت سے معاہدہ کو ختم کیا۔وہ چیز جس نے قریش کے چھکے چھڑا دیئے، جس نے راتوں کی نیند حرام کر دی، وہ قدرتِ خدا کا وہ انتقام تھا جو معاہدہ ختم نہ کرنے کی صورت میں تاریخ کا رخ ہی موڑ دیتا، جو قریش کا قتل عام کرا دیتا۔وہ تھا خانوادۂ رسولؐ کے خاندان کا نبطی بادشاہ جبلہ، جس نے بنی ہاشم کی قید کی خبر سن کر لام بندی اور فوج کشی کی تیاریاں شروع کر دی تھیں اور اندرونِ عرب شریف قبائل مسلح مزاحمت کی تیاریاں کر رہے تھے۔اور عرب کے سب سے بڑے ایکسپورٹر اور امپورٹر نے چھ ماہ کیلئے گندم بزور باز و شعب ابی طالبؑ میں پہنچا دی تھی اور کہہ دیا تھا کہ آئندہ مکہ کو گندم کا ایک دانہ دیکھنا نصیب نہ ہونے دونگا۔اس لئے قریش مجبور ہوئے اور ہوا خیزی کو روکنے کے لئے معاہدہ کے کاغذ کی ڈاٹ لگا کر خود بنفس نفیس ابوطالبؑ کے پاؤں پر گرے اور انہیں اُن کے مکانوں میں واپس آنے پر رضا مند کیا اور اس میں بھی آنحضرتؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چچا سے قریش کی سفارش کی اور خانہ کعبہ میں آ کر نماز پڑھی۔یوں قریش کی جان و مال و اہل وعیال کو بچا لیا گیا۔اور پھر ایک دفعہ قریش ذلت وخواری کی اس چوٹ سے دلوں میں پیچ و تاب کھاتے رہ گئے۔لیکن اب مخالفت کیلئے کسی جدید بہانے کی ضرورت تھی۔معاہدے کے حلیفوں یعنی دوسرے فریقوں میں پھوٹ پڑ چکی تھی۔تین سال کی یہ ریاضت ایک دفعہ پھر عوام کی توجہ کا سبب بن گئی تھی۔جسے توڑنے کیلئے قریش میں دن رات مشورے ہو رہے تھے اور فی الحال فوری طور پر کوئی چال سمجھ میں نہیں آ رہی تھی۔

19۔ دُنیا میں محمدؐ وآل محمدؐ کے لئے غم والم کا ابتدائی سال ''عَامُ الحزن''

شعب ابی طالبؑ سے رہائی کے بعد جناب عمران علیہ السلام نے پورے خاندان کو وہ دن یاد دلایا جب اُن کے والد بزرگوار جناب عبدالمطلب علیہ السلام نے وصیت کے لئے خاندان کو جمع کیا تھا۔آپ مغموم نظر آ رہے تھے۔معلوم ہوتا تھا کہ آواز اُن کا ساتھ دینا نہیں چاہتی، سنبھل سنبھل کر الفاظ ادا فرما رہے تھے۔دیکھو مجھے میرے والدؑ نے محمدؐ کا ہاتھ پکڑا کر کہا تھا کہ تم اُس کی پرورش، تعلیم وتربیت اور خوشنودی مزاج کے ذمہ دار ہو۔دیکھو کبھی ایسا نہ ہونے پائے کہ اُسے میرے مرنے اور اپنی یتیمی کا خیال آ سکے۔آج کے بعد میں نہیں چاہتا کہ اُس کی آنکھوں میں آنسو آئیں اور تم زندہ رہو۔اِسے گود میں اُٹھاؤ پیار کرو اور ثابت کر کے دکھاؤ کہ اس دُنیا میں اُس سے بڑھ کر کوئی چیز نہ عزیز ہے نہ محبوب ہے، تمہاری زندگی کا مقصد ہی محمدؐ ہے۔اسی کے لئے جیؤ گے اور اُسی کے لئے مرو گے۔خدا کا شکر ہے اور میرے بزرگوںؑ کی دُعا کا نتیجہ ہے کہ میں کامیاب ہو چکا ہوں۔خدا نے میری خدمت کو قبول فرما لیا ہے، میرا کام مکمل ہو چکا ہے۔رسالتِ خداوندی اپنے پاؤں پر جم کر کھڑی ہو چکی ہے۔وزارت وخلافتِ خداوندی عالم شباب کو پہنچ چکی ہے۔آج میں محمدؐ کو یعنی اپنے بزرگوں کی امانت تمہارے حوالے کرتا ہوں اور تم سب سے عموماً اور علیؑ سے خصوصاً وصیت کرتا اور یہ چاہتا ہوں کہ تم اور وہ، محمدؐ کی اطاعت ومحبت ومودۃ کو اپنا دین وایمان سمجھو۔میں تم سب کو آج سے محمدؐ کی غلامی میں دیتا ہوں۔وہ تمہاری جانوں اور مال واولاد کا مالک ہے۔اس کے بعد جناب علی مرتضٰی علیہ السلام سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ میں امید کرتا ہوں کہ تم اپنی اولاد اس طرح پالو گے جس طرح میں نے تمہیں پرورش کیا اور انہیں اس قابل بنا دو گے کہ وہ محمدؐ اور اُس کے دین پر اپنی جانیں قربان کرتے رہنا اپنا شعار بنالیں۔سارا خاندان سمجھ گیا تھا کہ یہ اُن

کے اس عظیم الشان بزرگ اور سرپرست کے آخری ایام ہیں۔ ہر چہرہ اُترا ہوا ہر آنکھ بھیگی ہوئی اور ہر قلب جذبہ محبت واحسان شناسی اور اطاعت سے لبریز تھا۔ مجمع رخصت کر دیا گیا صرف نبوت وامامت کو موجود رہنے کا حکم ملا۔ اس کے بعد کیا ہوا کیا باتیں ہوئیں؟ وہ اَوْحٰی مَا اَوْحٰی کی طرح کا راز تھا۔ جب محمد وعلی علیہما السلام باہر نکلے تو عام اعلان کر دیا کہ جو لوگ جناب عمران علیہ السلام سے ملنا چاہتے ہیں یا کچھ کہنا چاہتے ہیں وہ ملاقات کر سکتے ہیں۔ جن لوگوں کی امانتیں موجود ہیں آ کر امانت لے جا سکتے ہیں۔ ورنہ اُن کی واپسی کا ذمہ دار محمد بن عبداللہ صلی اللہ علیہما وآل ھما ہوں گے۔

قارئین سمجھ گئے ہوں گے کہ اس کے بعد کیا ہوا ہوگا؟ خانوادۂ رسولؐ اور خود علیؑ ورسولؐ یتیم ہو گئے۔ اللہ نے اپنے بنائے ہوئے ملجا وماویٰ کو اپنے حضور بلا لیا۔ اُنؑ کے انتقال پر اپنے تو اپنے تھے دشمن بھی روئے، سارے شہر میں سناٹا چھا گیا۔ ہر طرف سے رک رک کر رونے کی آواز سناٹے کو توڑ رہی تھی۔ لوگ پُرسے کو آرہے تھے، محمدؐ وعلیؑ نے غسل وکفن دیا۔ نماز جنازہ پڑھ کر دفن کی رسومات ادا کیں۔ تیسرے روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سرکار ابوطالب علیہ السلام کی جانشینی حضرت علی علیہ السلام کو عطا کرنا تھی۔ جو پورے خاندان کی موجودگی میں اُن کو سونپی گئی۔ اس طرح جناب مولائے کائنات رسولؐ اللہ کے محافظ بھی قرار پائے اور وزیر بھی۔ حضرت ابی طالبؑ کی وفات کے صدمہ سے جناب خدیجہ علیہا السلام بیمار پڑ گئیں۔ اب سارا خاندان اُن کی تیمارداری میں مصروف ہو گیا۔

(19/2) جناب علامہ شبلی کے لئے دعائے خیر اور مغفرت کا سبب پیدا ہو گیا

ہم کسی کے ساتھ اُس وقت تک رعایت نہیں کرتے جب تک ہمیں یہ معلوم نہ ہو جائے کہ اُس نے ابوطالبؑ اور خانوادہ رسوؐل کے ساتھ رعایت کی ہے۔ علامہ شبلی نے اپنا حق جس طرح اور جس قدر پیدا کیا وہ اُن ہی کے قلم سے دیکھیں۔

(i) ''ابن اسحاق کی روایت ہے کہ مرتے وقت ابوطالب کے ہونٹ ہل رہے تھے۔ حضرت عباس نے جو اس وقت تک کافر تھے، کان لگا کر سنا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ تم نے جس کلمہ کے لئے کہا تھا۔ ابوطالب وہی کہہ رہے ہیں۔ اس بنا پر ابوطالب کے اسلام کے متعلق اختلاف ہے۔ لیکن چونکہ بخاری کی روایت عموماً صحیح تر سمجھی جاتی ہے اس لئے محدثین زیادہ تر اُن کے کفر ہی کے قائل ہیں۔ لیکن محدثانہ حیثیت سے بخاری کی یہ (کفر والی) روایت چنداں قابل حجت نہیں ہے کہ آخری راوی مسیّب جو فتح مکہ میں اسلام لائے۔ اور ابوطالب کی وفات کے وقت موجود نہ تھے۔ اسی بنا پر علامہ عینی نے اس حدیث کی شرح میں لکھا ہے کہ یہ روایت مرسل ہے۔

(سیرۃ النبیؐ۔ جلد اوّل صفحہ 248) اگلے صفحہ پر لکھا ہے کہ:۔

(ii) ''ابوطالب نے آنحضرؐت کے لئے جو جان نثاریاں کیں اُس کا کون انکار کرسکتا ہے۔ وہ اپنے جگر گوشوں تک کو آپؐ پر نثار کرتے تھے۔ آپؐ کی محبت میں سارے عرب کو اپنا دشمن بنا لیا۔ آپؐ کی خاطر محصور ہوئے، فاقے اُٹھائے، شہر سے نکالے گئے۔ تین تین برس تک آب ودانہ بند رہا۔ کیا یہ محبت، یہ جوش، یہ جان نثاریاں سب ضائع جائیں گی؟ ابوطالب آنحضرؐت سے پینتیس (35) برس عمر میں بڑے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اُن سے بہت محبت تھی۔ ایک دفعہ وہ بیمار پڑے آنحضرؐت اُن کی عیادت کے لئے گئے۔ تو اُنہوں نے کہا بھتیجے جس خدا نے تجھے پیغمبر بنا کر بھیجا ہے۔ اُس سے دعا نہیں مانگتا کہ مجھ کو اچھا کر دے۔ آپؐ نے دُعا کی اور وہ اچھے ہو گئے۔

آنحضرتؐ سے کہا کہ خدا تیرا کہنا مانتا ہے......ابوطالب کی وفات کے چند ہی روز بعد حضرت خدیجہؓ نے بھی وفات پائی۔بعض روایات میں ہے کہ انہوں نے ابوطالب سے پہلے انتقال کیا۔اب آپؐ کے مددگار وغم گسار دونوں اُٹھ گئے۔صحابہ خود اپنی حالت میں مبتلا تھے۔ یہی زمانہ ہے جو اسلام کا سخت ترین زمانہ ہے۔اورخود آنحضرتؐ اس سال کو عام الحزن (سالِ غم) فرمایا کرتے تھے۔حضرت خدیجہؓ نے رمضان 10 نبوی میں وفات کی۔اُن کی عمر پینسٹھ(65) برس کی تھی۔مقام حجون میں دفن کی گئیں۔آنحضرتؐ خود اُن کی قبر میں اُترے۔ اس وقت تک نماز جنازہ مشروع نہیں ہوئی تھی۔ابوطالب اور حضرت خدیجہؓ کے اُٹھ جانے کے بعد قریش کو کس کا پاس تھا۔اب وہ نہایت بےرحمی اور بے باکی سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ستاتے تھے۔'' (سیرۃ النبیؐ۔جلد اوّل صفحہ 250-249)

(19/3)۔ خانوادۂ رسولؐ کا دوسرا سرپرست بھی داغ جدائی دے گیا

حضرت ابوطالب علیہ السلام کو خدا نے اُٹھا لیا تو خاندان کی ہمت اور قوت کو زبردست صدمہ پہنچا۔یہ انتقال اُدھر قریش کے ابلیسی ارادوں میں نئی زندگی اور امنگوں کا باعث بنا۔اِدھر جناب خدیجہ علیہا السلام کی علالت کا باعث بن گیا۔اسلام کے تحفظ اور جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کامیابی کیلئے اللہ نے یہی دو بازو دیئے تھے۔ایک نے مَردوں کے سامنے تائید رسالت کے وہ بےمثل کردار اور منصوبے پیش کئے جو تا قیام قیامت ایک بولتا چالتا نمونہ رہیں گے۔دوسرے نے طبقۂ نسواں کیلئے نسوانی راہِ عمل پیش کی اور بتایا کہ عورتیں اسلامی دنیا میں کس قدر اہم کردار ادا کرسکتی ہیں۔اور اپنے خاندان کے مردوں کو عائلی زندگی کی طرف سے بےفکری فراہم کرکے کس طرح اُن کی ہمت افزائی کرسکتی ہیں۔دُنیا کے مصائب وآلام سے برسرِ پیکار رکھنے اور کامیابی سے دشمنوں کا مقابلہ کرنے میں مددگار ہوسکتی ہیں۔حضرت ابوطالب علیہ السلام نے اپنی عدم موجودگی میں رسولؐ اللہ کی تمام ذمہ داریاں سنبھالنے کے لئے علیؑ ایسا جان نثار بیٹا چھوڑا۔اور جناب خدیجہ علیہا السلام نے اُمت کی نجات کے لئے اپنے پہلے دو بیٹوں کو اللہ کے حوالے کرکے صبر کیا۔پھر آنحضرتؐ اور اسلام کے استحکام اور بقا کے لئے فاطمہؑ ایسی بےمثل و بےنظیر بیٹی چھوڑی جس سے نسل رسولؐ ساری دنیا میں پھیلنا تھی۔جس کی اولاد سے اسلام پر قربان ہوجانے والے، ذبح عظیم بن جانے والے، نجات نوع انسان کی ذمہ داری لینے والے اور ساری دنیا کو ابدی ہدایت و راہنمائی وکامرانی فراہم کرنے والے گیارہ امام علیھم السلام پیدا ہونا تھے۔جس کے بچوں کو سرداران جنت بننا تھا۔جسے خاتون جنت سیدۃ النساء العالمینؑ کا لقب ملنا تھا۔حضرت خدیجہؓ ہی وہ ذات پاک ہیں جن کی وجہ سے اللہ نے فرمایا کہ اَے محمدؐ ہم نے تمہیں نادار پایا تو ہر قسم کی احتیاج سے مستغنی کردیا (وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی o الضحٰی 93/8)۔حضرت خدیجہؓ نے اسلام کی اشاعت اور مسلمانوں کی حمایت اور پرورش پر اپنی بےانتہا دولت صرف کی۔دن رات آپؑ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کی۔کبھی اُن کے چہرے پر کبیدہ خاطری، غصہ اور ملال نہ پایا گیا۔انہوں نے آنحضرتؐ کی اُن تمام تمناؤں کو پورا اور مکمل کردیا جو ایک عظیم رسولؐ کو اپنی رفیقہ حیات سے ہو سکتی تھیں۔حضورؐ نے جناب خدیجہ علیہا السلام کے انتقال پر جن الفاظ میں اظہار غم والم کیا ہے وہ بڑے درد انگیز ہیں۔اظہار غم والم آپ نے تا حیات جاری رکھا۔گو دینی ضرورت اور دشمنان دین کا منہ بند کرنے کے لئے آپؐ نے مدینہ میں آکر اور نکاح بھی کئے۔مگر آپ کو جناب خدیجہؓ کے بعد اسلام کی نصرت کے لئے کوئی زوجہ نہ ملی۔اور آپؐ نے امت کو نمونہ دینے کے لئے نہایت ناگفتہ بہ حالات میں گھریلو

زندگی گزارنے اورعمومی حالات میں صبر وتحمل کرنے کا اعلیٰ معیار پیش کیا۔اورسورہ تحریم کی رُو سے اپنے خلاف اپنے ہی گھر میں ایک نسوانی محاذ سے عہدہ برآ ہونے کا مظاہرہ کیا۔ بہرحال جناب خدیجہ اور جناب ابو طالب علیھما السلام یکے بعد دیگرے اللہ کو پیارے ہوگئے اور رسولؐ اللہ اور خانوادۂ رسولؐ کو خدا کے سہارے چھوڑ گئے ۔حضرت فاطمہؑ کے لئے یہ موت سب سے زیادہ صدمہ کا باعث تھی ۔مگرانہوں نے اپنی والدہ معظّمہ سے جو سبق لیا تھا اُس پر عمل کرنے کی تیاری میں مصروف ہوگئیں۔

20۔ قریش کی نئی پالیسیاں؛ قرآن پر عمل کرنے کی شرائط وغیرہ

تاریخ نے حضرت ابو طالبؑ اور جناب خدیجہؑ کے انتقال کے بعد قریش کے مظالم اور تشدد کے حالات تو لکھے ہیں۔لیکن یہ سب کچھ اسی حد تک کیا ہے جو بعد کی حکومت کو ممکنہ زد سے بچالے جائے ۔قریش نے ہمیشہ ایک مضبوط بہانہ اور مقصد اپنے سامنے رکھا ہے۔تاکہ اُن کا ہر عمل درآمد عقلی جواز حاصل کرسکے۔اب جو مظالم یا زیادتیاں شروع ہوتی ہیں اُن میں اُن کے عذرات میں سے ایک عذر یہ تھا کہ اُن کے بزرگوں اور بتوں کو برسرعام بُرا کہا جارہا ہے۔چنانچہ ہم نے قرآن کی آیت کا نمبر (انعام 6/108) لکھا تھا جس میں مسلمانوں سے کہا گیا تھا کہ تم اُن لوگوں کو گالیاں نہ دیا کرو جن کو یہ لوگ اللہ کے علاوہ بھی مدد کے قابل سمجھتے ہیں وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ....الخ ۔ظاہر ہے کہ جن لوگوں کو اللہ نے منع کیا ہے وہ مسلمانوں میں سے کچھ لوگ تھے۔اور یہ بھی ظاہر ہے کہ سچ مچ کے مسلمان تو جو کام بھی کریں گے وہ اللہ ورسولؐ کی اجازت کے بغیر نہ کریں گے۔لہٰذا جو مسلمان یہ کام کررہے تھے وہ دراصل مسلمان لباس میں قریش کے آدمی تھے۔ورنہ ایسے خطرناک ماحول میں جہاں چاروں طرف مخالف ہی مخالف ہوں اور قوت واقتدار بھی اُن ہی کے ہاتھوں میں ہو کوئی مسلمان اشتعال انگیزی کی جرأت نہ کرسکتا تھا۔اور اسلام تو قوت واقتدار کا مالک ہوکر بھی بدامنی اور اشتعال اور نفرت انگیزی کی اجازت نہیں دیتا۔لہٰذا اللہ نے دو باتیں بتادی ہیں ۔اوّل یہ کہ کفار کو اشتعال دلایا جارہا ہے لہٰذا کافروں کا عذر صحیح ہے۔اور دوسری یہ کہ خود کافروں ہی نے اس اشتعال کو پیدا کرنے اور بہانہ بنانے کیلئے مسلمانوں میں اپنے آدمی ملادیئے ہیں ۔لہٰذا یہ ہی وہ جماعت ہے جسے ہم نے مسلمان جاسوس قرار دیا ہے۔ان کو تاریخ اور قرآن میں منافق کہا گیا ہے۔فرق یہ ہے کہ ہم اس گروہ کو قریش کے ماہر اور متعین کردہ افراد قرار دیتے ہیں جو طاغوتی مرکز کے مقاصد کیلئے اپنا اپنا متعلقہ فریضہ ادا کرتے تھے۔اس جماعت کی تفصیلات ہماری دیگر تصنیفات میں پھیلی پڑی ہیں ۔یہاں اُن کے ابتدائی مقصد کا ذکر ضروری ہے۔تاریخ میں اصل منصوبے کو بدل کر بڑے بھدّے اور ایک عامیانہ انداز میں لکھا گیا ہے۔مثلاً قریش نے آنحضرتؐ سے اس شرط پر مصالحت کرنا چاہی کہ ایک سال تک ہم تمہارے ساتھ اللہ کی عبادت کریں پھر ایک سال تم ہمارے بتوں کی عبادت کرو۔ پھر جس سال کا نتیجہ اچھا رہے اس پر دونوں کاربند ہوجائیں ۔یعنی یا ہم کلیۃً اسلام اختیار کرلیں یا تم اپنے اسلام کو چھوڑ کر ہمارے مذہب پر عمل کرنے لگو۔یعنی تاریخ اس قدر مانتی ہے کہ قریش نے تھک کر مصالحانہ رویہ اختیار کرنے کا پھر ارادہ کیا تھا۔اور ہم یہ دکھاتے آئے ہیں کہ قریش کا کبھی بھی محمدؐ مصطفیٰ کے خلاف ظالمانہ رویہ اختیار کرنے کا ارادہ نہ تھا۔وہ یہ چاہتے رہے اور اب بھی چاہتے ہیں کہ یہ نبوت اُن سے ہم آہنگ ہوکر کام کرے اور ابو طالبؑ اور علیؑ کی حکومت کا خیال چھوڑ

دے۔شخصی حکومت واقتدار کو مذموم سمجھے اور مل بانٹ کر قومی بصیرت کے ماتحت اصلاح کرے۔جمہور اور دانشوران قوم، بزرگان سلف کی بصیرت اور تجربے سے مستفید ہو۔اپنی ذاتی رائے پر کوئی فیصلہ نہ کرے۔اِن مقاصد ہی کو نافذ کرنے کیلئے گزشتہ طویل تصادم ہوئے۔اور اب اُن ہی مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے ایک نئی راہ نکالی گئی جسے قرآن کی اعجاز آفرین زبان میں سنئے:۔

(20/2)۔ تعلیمات قرآن پر سمجھوتے کی قریشی پیش کش یا نظام اجتہاد

حضرت ابو طالبؑ کے انتقال پر تمام قریش نے اُن کے سوگ اور تعزیت کی آڑ میں رسولؐ اللہ سے ایک دفعہ پھر ہمدردی اور غم خواری کا اظہار اور پچھلی زیادتیوں اور غلط فہمیوں پر افسوس شروع کیا۔آپ نے نہایت خندہ پیشانی اور بھولے پن کے انداز میں قبول فرمایا اور اپنی مستقل محبت اور اصلاحی خدمت کا یقین دلایا۔چنانچہ موقعہ سے فائدہ اٹھانے کے لئے قریشی ماہرین نے مصالحت کی دو صورتیں پیش کر دیں۔جس میں بنیادی دو باتوں کو بلا تکلف تسلیم کر لیا گیا۔

قَالَ الَّذِيْنَ لَايَرْجُوْنَ لِقَآءَ نَاائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّ لْهُ..... (یونس 10/15)

یعنی یہ کہ اللہ کے فرمان پر عمل کرنا اور اللہ کی طرف سے وحی کا نزول محمدؐ پر منظور ہے۔مگر اب تک کے تصادم اور اختلافات کو دور کر کے پوری قوم کو ایک مرکز پر لانے کے لئے یا تو جو قرآن آیا ہے اس کو نظر انداز کر دیا جائے اور اس کی جگہ ایسا قرآن خدا سے مانگا جائے جو ملک کی پوری بصیرت سے ہم آہنگ ہو اور صدیوں قدیم تہذیب وتمدن پر ضرب نہ لگائے۔اور اگر خدا کو ایسا منظور نہ ہو اور یہی نازل شدہ قرآن باقی رکھنا ضروری ہو تو اس میں عملی تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے اجتہادی تبدیلی کو اختیار کر لیا جائے۔یعنی اجتہاد کی زبان میں انہوں نے یہ کہا کہ منطوق کو برقرار رکھا جائے مگر مفاہیم کو ضرورت وقت اور تقاضائے زمانہ اور مفاد عامہ کی روشنی میں متعین کر لیا جایا کرے۔خدا نے اس تجویز کا کیا جواب دیا؟ اُسے فی الحال روک کر یہ یقین فرمالیں کہ قریش کی اسی تجویز کے مطابق آنحضرؐت کے انتقال کے بعد سے آج تک عمل کیا گیا ہے۔اور اس کی مثالیں ہماری تصنیفات میں بھری پڑی ہیں۔اور یہاں بھی مؤلفۃ القلوب وغیرہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔شیعہ سنی دونوں کے مجتہدین میں کھل کر یہ کہہ دیا جاتا ہے کہ ہاں ہاں قرآن میں منطوق تو یہی ہے یعنی اللہ نے کہا تو یہی ہے الفاظ بھی یہی ہیں، مگر اس کا مطلب یہ نہیں بلکہ یہ لینا ہوگا۔یعنی قریش کی تجویز کے مطابق قرآن کو اور اس کے الفاظ کو برقرار رکھ کر معنی ومفاہیم کو کسی مصلحت کے لئے بدل لینا جائز ہے۔مگر اُس وقت اللہ نے اس تجویز کو یہ کہہ کر ٹھکرا دیا تھا کہ:۔

قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْ اَنْ اُبَدِّ لَهٗ مِنْ تِلْقَآئِيْ نَفْسِيْ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰى اِلَيَّ اِنِّيْ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍo قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَo (یونس 16-10/15)

ان کو بتا دو کہ میرے لئے یہ ممکن ہی نہیں ہے کہ میں اپنی ذاتی بصیرت اور تجربہ سے قرآن میں کوئی تبدیلی کروں۔میں تو اپنے اوپر اترنے والی وحی کی لفظ بلفظ اتباع کے علاوہ اور کسی تجربے یا ذاتی تحقیق کی پیروی کرتا ہی نہیں ہوں۔اور ایسا کرنے کو اللہ کا ایسا گناہ سمجھتا ہوں جس پر مواخذہ کے روز عذاب ہوگا۔اور اگر خدا نے یہ چاہا ہوتا کہ میں اپنی رائے، تجربہ اور تحقیق کے مطابق عمل کر لیا کروں تو میں نہ تو قرآن کو تمہارے سامنے تلاوت کرتا نہ ہی یہ درایتی جواب پیش کرتا۔میرا اپنی بصیرت اور تجربے نیز ذاتی رائے کی اتباع نہ کرنا اور خدا کے الہام اور

وحی پر منحصر رہنا پچاس سال سے پہلے ہی تمہارے روبرو رہتا چلا آیا ہے۔ کیا تمہارے عقلی اطمینان کے لئے یہ طویل زمانہ کافی نہیں ہے؟

یہاں یہ بات خاص طور پر نوٹ کرنے کی ہے کہ جس وقت ماہرین نے یہ تجویز پیش کی تو انہوں نے یہ تسلیم کیا کہ پورا قرآن رسولؐ اللہ کے پاس موجود ہے۔ ورنہ وہ دوسرا قرآن لانے یا اس موجودہ قرآن میں تبدیلی کرتے رہنے کی بات نہ کرتے۔ بلکہ یہ کہتے کہ جو آیات نازل ہو چکی ہیں اُن کو نظرانداز کردو اور جو آیات اب نازل ہوتی رہیں اُن میں مفاہیم کے ردوبدل کے اصول کو مان لو۔ اس کے برعکس تمام مسلمانوں کا عقیدہ یہ رہا کہ قرآن سارا ایک دم سے نہیں اترا تھا۔ چونکہ قریش کے اِس سمجھوتے کا بنیادی مطلب صرف اس قدر ہے کہ قرآن اور رسوؐل کو مشرک محاذ کی اجتماعی بصیرت کے ماتحت لے آیا جائے۔ تاکہ رسولؐ اللہ قرآن کی آڑ میں من مانی نہ کر سکیں۔ اور اللہ نے قرآن میں اس سمجھوتے کی مجتہدانہ شرط کو کلّیۃً رد کر دیا تھا۔ اور کہہ دیا تھا کہ دانشورانِ قوم ہی نہیں بلکہ خود رسولؐ اللہ کو بھی اُسی وحی کی لفظ بلفظ اتباع کرنا پڑے گی جو قرآن میں موجود ہے۔ اِس جواب سے اجتہاد کی امید منقطع ہو گئی اور یہ یقین ہو گیا کہ رسول اللہ کسی طرح بھی وحی کے الفاظ میں معنوی تبدیلی نہیں کر سکتے۔ اور قرآن کے منطوق یا الفاظ کے مصدری معنی پر عمل کرانا لازم سمجھیں گے۔ لہٰذا انہوں نے دوسری راہیں سوچنا شروع کیں۔

(20/3)۔ <u>پُورا قرآن مکمل صورت میں قوم کے حوالے کر دو تاکہ مجموعی تعلیم پر اطمینان ہو سکے</u>

ہمارے زمانہ کے قارئین چونکہ سیاسی جوڑ توڑ اور تدریجی سودا بازی روزانہ اخباروں اور ریڈیو سے بھی سنتے رہتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ قریشی اسکیم اور مشرک دانشوروں کی پالیسی سمجھ رہے ہوں گے اور انہیں اُس تدریج پر داد دیں گے۔ اور اُن کی ہمت کی تعریف کریں گے کہ ہر طرح کے صاف اور قطعی جواب سن کر بھی مایوس نہیں ہوتے اور نئے انداز و جدید الفاظ میں اس طرح سامنے لاتے ہیں کہ اگر اُدھر وحی خداوندی اور نورِ مصطفوؐی کی بصیرت نہ ہوتی تو اب تک مشرک یا اشترا کی بصیرت کئی دفعہ اور ہر مرتبہ پچھاڑ چکی ہوتی۔ چند روز کے بعد اب یہ مطالبہ کیا گیا کہ یہ ایک ایک دو دو آیات کی تلاوت یا نزول ہمیں یہ موقعہ نہیں دیتا کہ ہم قرآن کی مجموعی تعلیم کو یکجا دیکھ کر اُس کے انتہائی نتیجے اور پروگرام کی افادیت پر فیصلہ صادر کر سکیں۔ لہٰذا آپ برائے مہربانی یہ خیال فرمائیں کہ ہمارا آپ سے متفق ہو جانا یہ چاہتا ہے کہ قوم کے کسی دانشور کو کوئی اعتراض نہ رہے اور سب مل کر آپ سے تعاون کریں۔ لہٰذا اگر آپ مکمل قرآن قوم کے سامنے ایک دم رکھ دیں تو ہمارے بعض مفکرین کا یہ اعتراض اور مطالبہ رفع ہو جائے گا کہ یہ کیا بات ہے کہ محمدؐ جب چاہتے ہیں ایک دو آیات سنا کر کہہ دیتے ہیں کہ خدا نے ایسا اور ایسا فرمایا ہے۔ کیوں نہ اُس نے پورا قرآن پیش کر دیا؟ تاکہ ہم آخری نتیجے پر پہنچ جاتے؟

وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَوۡلَا نُزِّلَ عَلَيۡهِ الۡقُرۡاٰنُ جُمۡلَةً وَّاحِدَةً۔ (الفرقان۔ 25/32)

یہ تھا وہ معنی خیز مطالبہ جو قبل از وقت ہی اپنے متعلق ساری تفصیلات اور اسلامی منصوبہ کو سامنے رکھ کر اسکیم بنانے اور رسولؐ کی ہر گوٹ کو بروقت پیٹتے چلے جانے کی ترکیب تھی۔ لیکن اللہ نے اُسی مندرجہ بالا آیت میں یہ راز کھول دیا اور فرمایا کہ بات وہ ٹھیک کہتے ہیں۔

كَذٰلِكَ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَرَتَّلۡنٰهُ تَرۡتِيۡلًا۝ وَلَا يَاۡتُوۡنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئۡنٰكَ بِالۡحَقِّ وَاَحۡسَنَ تَفۡسِيۡرًا۝

(الفرقان 25/32-33)

واقعی ہم نے سارا قرآن اُن کے سامنے پیش نہ کرنا طے کر رکھا ہے۔اور ہماری غرض یہ ہے کہ اس ترکیب سے دوہرا مقصد حاصل کریں۔ اوّل یہ کہ آپ کی ہر بات عملی نتیجہ مرتبہ کرے تاکہ آپ کی طبیعت کو اطمینان ہوتا چلا جائے۔اس لئے ہم نے قرآن کو سابقہ تمام انتظامات سے زیادہ منظّم صورت اور نرالی ترتیب سے امت کے روبرو پیش کرنا طے کرلیا ہے۔دوسرا مقصد یہ ہے کہ یہ حضرات تمہارے سامنے کوئی ایسی مثالی چال پیش ہی نہ کرسکیں جس کے ہر خطرناک پہلو کی وضاحت اور تفسیر ہم نے پہلے ہی سے تمہیں نہ پہنچا رکھی ہو۔قرآن کا یہ جواب نہ صرف اُن کی چالوں کی پیش از وقت پردہ دری کرتا تھا بلکہ سارا قرآن ایک دم حوالے کردینے کا صاف جواب بھی تھا۔اور ایک چیلنج بھی تھا کہ تم خوب غور وخوض اور قریشی دانشوروں کی اجتماعی بصیرت سے کوئی ایسی بات طے کرو، کوئی ایسی تہہ در تہہ چال چلو، کوئی بہت دُور رس اسکیم بنا کرلاؤ اور آزما دیکھو کہ یہاں اللہ کی طرف سے اُس کا کیسا پردہ چاک کیا جاتا ہے۔اور کتنا سنجیدہ اور مفید جواب دیا جاتا ہے۔

(20/4)۔ دانشورانِ قوم معجزہ طلبی کا دباؤ دے کر پورے قرآن کا نیا مطالبہ کرتے ہیں

قریش کو ایک قدیم ترکیب کرنا پڑی۔انہوں نے کہا کہ جناب ہمارے عوام کا مطالبہ یہ ہے کہ:

ہم اُس وقت ایمان لاسکتے ہیں جب کہ 1: آپ اُن کیلئے زمین سے کوئی چشمہ جاری کرادیں۔2: یا ایک ایسی جنت پیش کردیں جو پھلوں سے لدی ہوئی اور نہروں سے سیراب ہورہی ہو۔3: یا نبوت کے دعویٰ کے مطابق آسمان کو ٹکڑے ٹکڑے ہوکر گرتا ہوا دکھادو۔4: یا اللہ اور ملائکہ کو ہمارے روبرو لاکر کھڑا کردو۔5: یا اپنے قیام کیلئے ایک سنہری محل تعمیر کراکے دکھادو۔6: یا ہمیں ہماری آنکھوں سے اپنا آسمان میں بلند ہوتے چلے جانا دکھادو۔(بنی اسرئیل 93-17/90)

اس تمام معاملہ کو ہم رفع دفع کرسکتے ہیں۔اگر آپ صرف یہ انتظام کردیں کہ خدا کی طرف ترقی کر جانے کا ثبوت یہ ہو کہ آپ ہم پر ایک کتاب الگ سے نازل کرادیں تاکہ جو آیت آپ ہمیں سناتے جائیں ہم اس کتاب سے اس کی تصدیق کرتے اور آپ کا بیان اس کتاب میں پڑھتے جائیں۔ لَنۡ نُّؤۡمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيۡنَا كِتٰبًا نَّقۡرَؤُهٗ۔ (بنی اسرئیل 17/93)

اور اگر پوری کتاب کا دینا مناسب نہیں ہے اور ہمیں اس سے لاعلم رکھنا بھی ضروری ہے تو یہ کیوں ممکن نہیں ہے کہ خدا ہم سے کلام کرلے یا ہم پر بھی وہ آیت بھیج دی جایا کرے جو آپ سنا رہے ہوں۔وَقَالَ الَّذِيۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ لَوۡلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوۡ تَاۡتِيۡنَاۤ اٰيَةٌ ۔ (بقرہ 2/118) تاکہ عوام شبہ ہی نہ کرسکیں کہ آپ اپنی طرف سے گھڑ کر سنا رہے ہوں گے۔اِن سوالات اور شرائط کا جواب مذکورہ بالا آیات ہی میں دے دیا گیا ہے اور بتایا گیا کہ اُن سے یہ کہہ دو کہ بھائیو میں ایک بشر ہی تو ہوں جسکی ذمہ داری یہ ہے کہ اللہ جو حکم دے اُسے واضح کردوں۔میں نے خدا ہونے کا دعویٰ نہیں کیا ہے کہ جو چاہوں وہ کرکے دکھادوں اور جب چاہوں دکھادوں۔اور یہ کہ یہ سب باتیں بڑی پرانی ہیں۔جنکے معقول اور تاریخی جوابات ریکارڈ میں موجود ہیں۔اب تو حسب چیلنج کوئی نئی بات کرو، نئی چال چلو جسکا جواب نہ ہوسکے۔

(20/5)۔ قرآن ابوطالبؑ یا کسی عجمی عالم کی تعلیم کا مجموعہ ہے؛ قرآن کی عنوان وار ترتیب

قریشی دانشوروں کا یہ خیال بھی تھا اور اب انہوں نے کھل کر ظاہر بھی کردیا تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قرآنی

اطلاعات عجمی زبان سے اخذ کی گئی ہیں۔یعنی یا تو خود ابو طالبؑ اُن کو تعلیم دے رہے ہیں یا کوئی اور عجمی عالم رکھا ہوا ہے جو یہ سب کچھ پڑھاتا رہتا ہے۔کوئی ان کو بتائے کہ جس کی طرف اپنے الحاد کو منسوب کر رہے ہیں۔اُس کی زبان تو عجمی ہے اور قرآن جس عربی میں پیش کیا جار ہا ہے وہ اپنا جواب نہیں رکھتی ہے۔

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ لِسَانُ الَّذِی يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِیٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِیٌّ مُّبِيْنٌo (النحل 16/103)

اوراس کی جانچ وشناخت تو نہایت آسان ہے۔اُن میں بڑے بڑے پھنے خان فصیح و بلیغ عربی زبان کے ماہرین موجود ہیں۔ادھر توریت وانجیل وزبور وصحیفہ لقمان وغیرہ کتابیں بھی موجود ہیں۔لہٰذا اُنہیں چاہئے کہ وہ ایسا کریں کہ تمام عجمی تعلیمات اور علما کو ساتھ ملالیں اور پھر اُسی قرآنی انداز میں ایسی ہی صرف دس سورتیں تیار کرلیں۔یعنی قرآن گھڑنے کے لئے تو عربی زبان کا نمونہ بھی کوئی موجود نہیں ہے۔مگر تمہارے سامنے قرآن بطور نمونہ موجود ہے۔لہٰذا ہمت کرو اور جس جس کو چاہو تم اپنی مدد کے لئے دعوت دو دعائیں کرو۔اور؛

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَo فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَo (هود 14-11/13)

قرآن کی مانند صرف دس سورتیں بنالو۔اور اگر تم ناکام ونامراد ہوجاؤ تو پھر یہ جان اور مان لو کہ یقیناً قرآن کا نزول اللہ کے علم کی مدد سے ہوا ہے اور یہ کہ اُس کے سوا کوئی اور معبود نہیں ہوسکتا۔اور یہ کہ کیا تم اس حقیقت کو دیکھ کر اسلام لانے کو تیار ہو؟ اور اُن کو یہ بھی بتادو کہ قرآن کریم صرف بے مثل وبے نظیر زبان ہی میں نہیں ہے بلکہ اس کا کمال یہ ہے کہ خدا کی طرف سے نازل ہونے کا ثبوت یہ بھی ہے کہ باوجود کوشش کے:۔ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍo مَا يُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِيْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍo وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ءَاَعْجَمِیٌّ وَّعَرَبِیٌّ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِیْ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى اُولٰٓئِكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍo وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِیَ بَيْنَهُمْ وَاِنَّهُمْ لَفِیْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍo

(حٰمٓ السّجدة 45-41/42)۔

اس قرآن میں نہ آگے سے باطل داخل ہوسکتا ہے نہ پیچھے سے باطل کو دخل مل سکتا ہے۔تیرے بارے میں جو کچھ کہا جار ہا ہے وہ کوئی نئی بات نہیں ہے یہی پہلے رسولوںؑ کیلئے بھی کہا جاچکا ہے۔اگر ہم نے قرآن کو حسب سابق عجمی زبان میں بھیجا ہوتا تو پھر اعتراض یہ ہوتا کہ کتاب تو عجمی زبان میں بھیج دی اور مخاطب لوگوں کی زبان عربی تھی۔ایسا کیوں نہ ہوا کہ اللہ کی آیات کو عربی تفصیل کے ساتھ بھیجا جاتا۔تم ان سے کہو کہ یہ قرآن ایمان لانے والوں کے لئے ہدایت بھی ہے اور شفا بھی ہے۔مگر جو لوگ ایمان نہیں لاتے اُن کے کانوں کے لئے یہ ایک ڈاٹ ہے اور آنکھوں کے لئے اندھا کرنے والی پٹی ہے۔اُن کا حال تو ویسا ہی ہے جیسے کسی کو بہت دور سے پکارا جار ہا ہو اور آواز کانوں تک نہ پہنچ رہی ہو۔یقیناً اس سے پہلے عجمی زبان میں موسیٰ کو کتاب دی گئی تھی۔اس پر بھی اختلاف کا شور مچا تھا۔بات یہ ہے کہ اگر تیرے پروردگار نے پہلے ہی سے ایک بات طے نہ کررکھی ہوتی تو اختلاف کرنے والوں کا جھگڑا ہی ختم کردیا جاتا۔یہ لوگ دراصل شک اور

شش وپنج میں الجھے ہوئے ہیں۔ ھیرا پھیری ختم کر لینے دو۔

(ii)۔ قرآن اُن کو پورا کا پورا دینے کا انتظام بھی جاری ہے، مگر ایمان شرط ہے

قارئین کرام سنیں اور یاد رکھیں کہ خانوادہ نبوت میں وہ تمام الہامی ذخیرہ موجود اور نقل درنقل ہوتا چلا آ رہا تھا جو انبیائے ماسبق کو عطا ہوتا رہا تھا۔ یہ ذکر شجرہ کے بیان میں ہو چکا ہے اور ہم جگہ جگہ یہ کہتے چلے آ رہے ہیں کہ خاندان رسولؐ کے مخصوص حضرات تمام کتبہائے خداوندی کی تلاوت کرنے میں ماہر و عالم تھے۔ اور یہ کہ رسولؐ اللہ اعلان نبوت سے ہی نہیں بلکہ روز ازل سے قرآن ناطق تھے۔ اور اس گھر میں علیؑ و فاطمہؑ بھی مجسمۂ قرآن تھے۔ اور اُن دونوں کے لئے رسولؐ اللہ قرآن کریم کو مختلف عنوانات کے ساتھ جمع کرا رہے تھے۔ یعنی اس گھر میں قرآن اپنی مختلف عملی صورتوں میں مرتب کیا جا رہا تھا۔ مثلاً صورت تنزیلی الگ، لوح محفوظ والی شکل میں الگ، پھر احکام القرآن الگ، علوم کائنات الگ وغیرہ وغیرہ۔ یہ جو قرآن کریم پر برابر تحقیق (Research) ہوتی چلی آئی ہے۔ یہ اُسی بیت النبوۃ سے لوگوں کو ملی ہے جو حضرات یہ کام کرتے تھے وہ خود قرآن ناطق تھے اُن کو ہی اہل بیتؑ فرمایا گیا ہے۔ یہاں قریش کے معترضین سے ایک عنوان کی بات کہی جا رہی ہے وہ پڑھیں اور دیکھیں کہ اُن کو ایسی بات کہی گئی کہ وہ پھر کبھی سارا قرآن نہ مانگیں اور یہ حربہ ہمیشہ کے لئے موت کی نیند سو جائے، فرمایا گیا کہ:۔

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ٥ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ٥ وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ٥ اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ٥ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ٥ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ٥ وَمَآ اَدْرٰكَ مَا سِجِّيْنٌ ٥ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ٥ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ٥ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ٥ وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ٥ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ٥ (المطفّفین 83/1-13)

اُن لوگوں کے لئے تباہی ہے جنہوں نے پہاڑ کے درہ میں مجبور و مقید کیا تھا۔ یہ وہی لوگ تھے کہ جو دوسروں سے وصول کرتے وقت پیمائش اور وزن پورا کراتے ہیں۔ اور جب دوسروں کو دینا پڑتا ہے تو کم ناپتے ہیں اور کم وزن تولتے ہیں۔ کیا اُن لوگوں کو ابھی یہ گمان بھی نہیں ہوا کہ انہیں ایک عظیم الشان دن میں روک کر کھڑا کیا جانے والا ہے۔ جس دن تمام نوع انسان رب العالمین کے روبرو مواخذہ کے لئے کھڑی کی جائے گی۔ یقیناً انہیں ہرگز یہ یقین نہیں ہوا ہے کہ وہ تاجر لوگ جنہوں نے خانوادہ رسولؐ کو پہاڑوں کے درہ میں قید کر دیا تھا، بھی حساب کے لئے ماخوذ ہوں گے۔ یقیناً اُن بے لگام لوگوں کے مواخذہ والی کتاب اُن کی اُسی جیل یا قید خانہ میں مرتب ہونا شروع ہو گئی تھی اور اے محمدؐ آپ سمجھے بھی کہ درایتی صورت میں وہ قید خانہ کیا ہے؟ وہ تو وہی نتیجہ ہے جو رقم شدہ کتاب کی صورت میں موجود ہے جس میں قرآن و رسولؐ کی تکذیب کرنے والوں کی تباہی کے حالات مرقوم ہوئے ہیں۔ اور یہ کہ یہ وہی لوگ ہیں جو آخری فیصلے کے دن کو جھوٹا کہتے ہیں۔ اور اُس دن کو حد سے گزر جانے والوں اور بدکاروں کے علاوہ کوئی نہیں جھٹلاتا۔ اور جب ایسے شخص کے سامنے ہماری آیات پڑھی جاتی ہیں تو کہہ دیا جاتا ہے کہ یہ تو وہی سطور ہیں جو پہلے لوگوں نے لکھی تھیں۔ یعنی سابقہ تعلیمات کی نقل کر کے قرآن نام رکھ دیا ہے۔

(iii)۔ قرآن کو لکھنا جرم نہیں ہے؛ عظیم الشان کام ہے

قرآن میں کئی مقامات پر اللہ نے بتایا ہے کہ مشرک محاذ قرآن کو اساطیر الاوّلین کہہ کر نا قابل قبول قرار دیتا رہا ہے۔ اور اُن کے قدم بقدم وہ لوگ چلے ہیں جنہوں نے سابقہ کتابوں کو لفظ منسوخ کے غلط معنی کر کے ردّی کی ٹوکری میں ڈالنے کی کوشش کی ہے۔ حالانکہ آپ جانتے ہیں کہ نسخہ آج تک بھی اس تحریر کو کہا جاتا ہے جو ایک حکیم کسی مرض کے علاج کے لئے لکھتا ہے۔ ناسخ اور منسوخ کے مصدری معنی لکھنے والا اور لکھا ہوا ہیں۔ قرآن کریم نے کہیں سابقہ کتابوں کو بے کار نہیں فرمایا بلکہ یہ کہا کہ قرآن ان تمام کتابوں کی تصدیق کرتا ہے جو رسولؐ اللہ کے زمانہ میں موجود تھیں۔

وَاَنْزَلْنَآ اِلَیْکَ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ مِنَ الْکِتٰبِ وَمُهَیْمِنًا عَلَیْهِ ...الخ (المآئدة 5/48)

اس پر علامہ مودودی کا بیان سنیں:۔ ''78؎ یہاں ایک اہم حقیقت کی طرف اشارہ فرمایا گیا ہے۔ اگرچہ اس مضمون کو یوں بھی ادا کیا جا سکتا تھا کہ '' پچھلی کتابوں'' میں سے جو کچھ اپنی صحیح اور اصلی صورت پر باقی ہے، قرآن اُس کی تصدیق کرتا ہے، لیکن اللہ تعالیٰ نے '' پچھلی کتابوں'' کے بجائے ''الکتاب'' کا لفظ استعمال فرمایا۔ اس سے یہ راز منکشف ہوتا ہے کہ قرآن اور تمام وہ کتابیں جو مختلف زمانوں اور مختلف زبانوں میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوئیں، سب کی سب فی الاصل ایک ہی کتاب ہیں۔ ایک ہی اُن کا مصنف ہے، ایک ہی اُن کا مدعا اور مقصد ہے، ایک ہی اُن کی تعلیم ہے، اور ایک ہی علم ہے جو اُن کے ذریعہ سے نوع انسانی کو عطا کیا گیا۔ فرق اگر ہے تو عبارات کا ہے جو ایک ہی مقصد کے لئے مختلف مخاطبوں کے لحاظ سے مختلف طریقوں سے اختیار کی گئیں۔ پس حقیقت صرف اتنی ہی نہیں ہے کہ یہ کتابیں ایک دوسرے کی مخالف نہیں، مویّد ہیں، تردید کرنے والی نہیں، تصدیق کرنے والی ہیں۔ بلکہ اصل حقیقت اس سے کچھ بڑھ کر ہے اور وہ یہ ہے کہ یہ سب ایک ہی ''الکتاب'' کے مختلف ایڈیشن ہیں۔'' (تفہیم القرآن۔ جلد اوّل صفحہ 477-476)

قرآن نے یہ بھی فرمایا کہ محمدؐ اللہ کی طرف سے رسولؐ ہیں جو پاکیزہ صحیفوں کی تلاوت کرتے ہیں اور اُس تلاوت میں قائم رہنے والی تمام کتابیں شامل ہیں۔ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ یَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً o فِیْهَا کُتُبٌ قَیِّمَةٌ o (بیّنة 98/2-3)

یہاں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اساطیر الاوّلین اور سابقہ لوگوں کی مرتب کی ہوئی، سطروں میں لکھی ہوئی کتابیں ہرگز نا قابل قبول نہیں۔ مگر مشرکوں کی اتباع میں کھل کر توریت، زبور و انجیل اور صحف ابراہیمؑ کو نا قابل عمل اور نا قابل قبول اور کنڈم قرار دیا گیا۔ اور جب عیسائیوں نے یہ اعتراض کیا کہ قرآن میں توریت وغیرہ کی تعلیم موجود ہے تو اقرار کرنے میں ہزاروں بہانے اور مناظرے کئے گئے۔ اور کوشش کی گئی کہ قرآن کو ایک بالکل جداگانہ نئی کتاب نیا دین بنا کر دکھایا جائے۔ اور یہ صرف اسلئے کہ یہود و نصاریٰ دین کا ریکارڈ رکھتے تھے۔ عربوں کے تمام کچے پکے حالات اور مکروھات و معائب سے واقف تھے۔ اور اس لئے کہ خانوادہ نبوّت ہمیشہ یہود و نصاریٰ کا ہمدرد و بہی خواہ رہتا چلا آیا اور آج بھی حبش کے عیسائی بادشاہ نے رسولؐ اللہ پر ایمان لانے والوں کو پناہ دے رکھی ہے۔ اور اس لئے کہ نبطی حکومتیں عیسائی و یہودی حکومتوں کی طرفدار رہی تھیں۔ اور خود سورہ روم نے نازل ہو کر عیسائیوں کے لئے پیشگوئی کی تھی۔ اور اس وقت بھی عرب لوگ رومیوں یعنی عیسائیوں کی شکست پر خوش ہوئے تھے اور رسولؐ اللہ اور حقیقی مومنین کو رنج ہوا تھا۔ اور جب حضرت ابی طالبؑ اور

رسولؐ اللہ کو معہ خاندان قید کر دیا تھا تب بھی قریش کو عیسائی حکومتوں کی مداخلت کا خوف تھا۔ اور اسلیئے کہ رسولؐ اللہ کی نبوت کا اعلان و تصدیق کرنے والے بحیرا راہب وغیرہ اہل کتاب ہی تھے اور اُن ہی میں اسلام تیزی اور قوت سے پھیل رہا تھا۔ اور وہ اہل کتاب ہی کی حکومتیں اور راہب اور علما تھے جنہوں نے عرب کی صحیح تاریخ عرب ہی کے گرجاؤں میں بیٹھ کر مرتب کی تھی جو ہمارے سامنے ہے۔ وہ اہل کتاب ہی تھے جنکی طرف سے خاندان رسولؐ کو ہر مشکل میں مدد دی گئی۔ وہ یہود و نصاریٰ ہی تھے جو چادر تطہیر کو رہن کے بہانے منگا لیا کرتے تھے۔ جسے مسلمانوں کو کبھی چھونے کا موقعہ بھی نہ ملا تھا۔ وہ اہل کتاب ہی تھے جن کی وجہ سے خاندان رسولؐ کے پاس ہمیشہ کا غذ اور نوشت و خواند کا ہر سامان پہنچتا رہا۔ اور ہر زمانہ میں مکمل ریکارڈ یہاں پر مرتب ہوتا رہا۔ سنیئے اور غور کیجئے کہ اللہ کیا فرمارہا ہے۔

(iv)۔ خانوادۂ رسولؐ کے اہل قلم کی قسم کھائی گئی ہے؛ دن رات چلنے والے قلم

قرآن فہمی چونکہ اُن لوگوں سے اختیار کی گئی ہے جو جاہل تھے۔ جنہیں خود اقبال ہے کہ مدینہ کی عورتیں زیادہ عالم ہیں۔ جنہوں نے گن کر بتایا کہ ہمیں قرآن کے فلاں فلاں الفاظ کے معنی نہیں آتے۔ جہاں علامہ مودودی جیسے لوگ قرآن کے مفسر ہوں، جو ترجمان کے بغیر عربوں کی زبان نہ سمجھتے ہوں، جنہوں نے یہ فیصلہ کیا ہو کہ رسولؐ اللہ نے قرآن کو مرتب صورت میں چھوڑا ہی نہ تھا۔ وہ کیسے مانیں گے کہ قرآن ساتھ کے ساتھ خانوادہ رسولؐ میں مرتب و مدون کیا جارہا تھا۔ اور یہ تدوین برابر جاری رہی۔ مگر قرآن نے اعلان کیا کہ:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o نٓ وَالۡقَلَمِ وَمَا یَسۡطُرُوۡنَ o مَآ اَنۡتَ بِنِعۡمَۃِ رَبِّکَ بِمَجۡنُوۡنٍ o وَاِنَّ لَکَ لَاَجۡرًا غَیۡرَ مَمۡنُوۡنٍ o وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیۡمٍ o فَسَتُبۡصِرُ وَیُبۡصِرُوۡنَ o بِاَیِّکُمُ الۡمَفۡتُوۡنُ o اِنَّ رَبَّکَ ھُوَ اَعۡلَمُ بِمَنۡ ضَلَّ عَنۡ سَبِیۡلِہٖ وَھُوَ اَعۡلَمُ بِالۡمُھۡتَدِیۡنَ o فَلَا تُطِعِ الۡمُکَذِّبِیۡنَ o وَدُّوۡا لَوۡ تُدۡھِنُ فَیُدۡھِنُوۡنَ o وَلَا تُطِعۡ کُلَّ حَلَّافٍ مَّھِیۡنٍ o ھَمَّازٍ مَّشَّآءٍ بِنَمِیۡمٍ o مَّنَّاعٍ لِّلۡخَیۡرِ مُعۡتَدٍ اَثِیۡمٍ o عُتُلٍّ بَعۡدَ ذٰلِکَ زَنِیۡمٍ o اَنۡ کَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِیۡنَ o اِذَا تُتۡلٰی عَلَیۡہِ اٰیٰتُنَا قَالَ اَسَاطِیۡرُ الۡاَوَّلِیۡنَ o سَنَسِمُہٗ عَلَی الۡخُرۡطُوۡمِ o (القلم 16-68/1)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o **قسم ہے پچاس اہل قلم کی اور اُن سطور کی جو وہ لکھتے رہے ہیں۔** اور یہ کہ آپ بفضل پروردگار دیوانہ نہیں ہیں اور یہ کہ تیرے اوپر تیرا اجر کبھی رکنے والا نہیں ہے۔ اور تم اخلاق عظیم کے انتہائی مقام پر فائز ہو۔ چنانچہ بہت جلد آپ خود دیکھ لیں گے اور اُن کو بھی دیکھنا پڑے گا کہ دونوں فریق میں سے وہ شخص متعین ہو جائے جو فتنہ میں مبتلا ہو۔ یقیناً آپ کا پروردگار اُسے بھی سب سے زیادہ جانتا ہے جو اُس کی راہ سے ہٹ گیا ہے اور اُسے بھی جو ہدایت یافتہ ہے۔ چنانچہ آپ جھٹلانے والوں کی ہمنوائی اختیار نہ کرنا۔ انہیں یہ بات بہت ہی پیاری معلوم ہوتی ہے کہ اگر تم اپنے موقف میں ڈھیلے پڑ جاؤ تو پھر وہ بھی ڈھیلے ہو جانے کا بہانہ ڈھونڈ رہے ہیں۔ لہٰذا اب تم ان گھٹیا قسم کے حلف اُٹھانے والوں کی ہرگز اطاعت نہ کرو۔ جو دھوکہ دے کر، مسکہ لگا کر آگے بڑھانے والے، چغلیاں کھانے والے، غیبت کرنے والے، بھلائی کی راہیں روکنے والے، ظلم و زیادتی میں حد سے گزر جانے والے، سخت بداعمال اور جفا پیشہ اور ان سب عیوب کے ساتھ ساتھ حرامی و حرام کاری کی بنا پر بہت سی اولاد والے اور مال دار ہیں۔ اور ہماری آیات کو سنتے ہیں تو کہہ دیتے ہیں کہ یہ تو پہلے والے لوگوں کی لکھی ہوئی سطریں ہیں۔ عنقریب

ہم اُنکی اونچی اور لمبی ناکوں پر داغ لگانے والے ہیں۔یعنی اُنکی مصنوعی عزت کو خاک میں ملانے والے ہیں۔

یہ آیات بڑی وضاحت سے بتاتی ہیں کہ بیت النبوۃ میں کتبہائے خداوندی اور قرآنی تفاصیل سطر در سطر برابر لکھی جا رہی تھیں جنہیں اساطیر الاوّلین کہہ کر مشرکین قریش ماننے سے انکار اور بہانے کر رہے تھے۔اِن مندرجہ بالا آیات نے اُن کے عیوب گنوا دیئے جن کی قرآن اصلاح کرنا چاہتا ہے۔خصوصاً جنسی اشتراک اور غربا کے استحصال اور دولت و دھڑا بندی توڑنے کے لئے کہتا ہے اور وعدہ کرتا ہے کہ بہت جلد قریش کی ناک کاٹ دی جائے گی۔

(v)۔ اہل بیتؑ رسولؐ برابر قرآن لکھتے اور اُس کی ترتیب وتدوین میں مصروف رہے

مشرکین خانوادۂ رسولؐ کے تحریری کارناموں کو اساطیر الاوّلین کہتے رہے۔مگر وہ حضرات برابر کار تحریر سے امت کے لئے قرآنی ریکارڈ مرتب فرماتے رہے۔تاکہ جیسے ہی عملی تلاوت ممکن ہو فوراً مکمل مصدق قرآن پیش کر دیا جائے۔قرآن نے اس حقیقت کو یوں بھی ظاہر فرمایا ہے کہ:۔

تَبٰرَکَ الَّذِیۡ نَزَّلَ الۡفُرۡقَانَ عَلٰی عَبۡدِہٖ لِیَکُوۡنَ لِلۡعٰلَمِیۡنَ نَذِیۡرًاۨ ﴿۱﴾ (فرقان 25/1)

قابل صد تبریک اور مبارک ہے وہ ہستی جس نے اپنے بندہ پر فرقان نازل کیا تاکہ وہ تمام عالمین یا پوری کائنات کے لئے تنبیہہ کرنے والا واقع ہو جائے۔(فرقان 25/1)

اِن شاندار الفاظ سے قرآن اور رسوؐل کا مقام بلند بیان کیا گیا۔یہاں سوچیئے کہ جو فرقان تمام عالمین کے لئے ہو اُس میں کوئی عنوان ایسا رہ سکتا ہے جو ساری کائنات پر حاوی نہ ہو؟ جیسا کہ علامہ کے بیان سے بھی معلوم ہوا کہ جو کتاب روزِ ازل سے دست بدست مزید وسعتوں کے ساتھ ایک نبیؑ سے دوسرے نبیؑ کو ملتی چلی آرہی تھی اسکی جمع وتدوین وتبویب وتفصیل کے لئے کس قدر مسلسل ومربوط ادارہ کی ضرورت تھی۔خصوصاً جب کہ ابلیس کا نظامِ اجتہاد ہمیشہ انبیاؑ کے خلاف ساتھ ساتھ چلتا چلا آیا اور ہر کتاب کو تحریف وتبدیل کرتا رہا۔چنانچہ قرآن سے پہلے کی تمام کتابوں میں خود اُن امتوں کے مجتہدین نے اپنے اجتہاد کو جاری رکھنے کے لئے اضافے بھی کئے، کمی بھی کی اور ردوبدل سے بھی کام لیا۔ایسی صورت میں اگر کسی لمحہ کے لئے بھی خدا کی صحیح تعلیم کا وجود ختم مان لیا جائے تو ابلیسی نظام کی فتح بھی ماننا ہوگی۔چنانچہ ہر زمانہ میں کم از کم ایک ہادیؑ بطور حجت خداوندی ماننا لازم وثابت ہے۔اور اُس ھادیؑ کا اسٹاف ہی وہ ادارہ ہے جو بقائے تعلیماتِ خداوندی کا ضامن رہتا چلا آیا ہے۔اُسی ادارہ کو ہم نے ذریت طاہرہؑ، خانوادہ نبوتؐ ورسالت کہا ہے۔یہ تو ہوا ہے کہ ایک نبیؑ کے بعد دوسرا نبیؑ چھ سو سال بعد آئے (عیسیٰؑ ومحمدؐ) مگر یہ ایک لمحہ کے لئے نہیں ہوا کہ ابلیس اور اس کی تعلیم تو موجود ہو اور حجتؑ خدا اور تعلیمات خداوندی موجود نہ رہے ہوں۔یہی ادارہ اور اُس کا راہنماؑ حجت خداوندی وتعلیمات خداوندی کا حامل رہا ہے۔اسی ادارہ کی تحریروں کو اساطیر الاوّلین کہا جاتا رہا اور اس کے وجود سے مشرکین تک انکار نہ کر سکے۔اسی ادارہ کے پچاس سربراہوں کی نگارشات اور قلموں کی قسم کھائی جاتی رہی۔یہی وہ معصوم قلم اور اہل قلم ہیں جو اپنے اپنے زمانہ میں وحی خداوندی کا من وعن ریکارڈ رکھتے چلے آئے۔اُن ہی کی دیانت وامانت سورہ فرقان میں اللہ نے یوں بیان کی کہ؛

قَالَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡۤا اِنۡ ھٰذَاۤ اِلَّاۤ اِفۡکُ افۡتَرٰہُ وَ اَعَانَہٗ عَلَیۡہِ قَوۡمٌ اٰخَرُوۡنَ فَقَدۡ جَآءُوۡ ظُلۡمًا وَّ زُوۡرًا o وَ قَالُوۡۤا اَسَاطِیۡرُ الۡاَوَّلِیۡنَ اکۡتَتَبَہَا فَہِیَ تُمۡلٰی عَلَیۡہِ بُکۡرَۃً وَّ اَصِیۡلًاo قُلۡ اَنۡزَلَہُ الَّذِیۡ یَعۡلَمُ السِّرَّ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ اِنَّہٗ کَانَ غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًاo (فرقان 25/4-6)۔جن مشرکین قریش نے حقائق قرآنی کو چھپانے پر کمر باندھی ہے وہ کہتے ہیں کہ قرآن خدا کی طرف سے نہیں ہے بلکہ خدا پر اتہام اور خانہ ساز سامان ہے جس کی تیاری میں دوسری قوم مدد کر رہی ہے۔اُنہوں نے خانہ ساز قرار دینے میں بڑا ظلم اور آنکھوں دیکھی حقیقت کو جھٹلانے کا کام کیا ہے۔وہ برابر کہتے رہے ہیں کہ یہ تو وہی پہلے لوگوں کی پرانی سطریں ہیں۔جنہیں رسولؐ اِملا (Dictation) کراتا رہتا ہے۔اور خانوادہ رسولؐ کے اہلِ قلم اُن کو لکھتے رہتے ہیں۔چنانچہ یہ کام صبح سے شام تک اور شام سے صبح تک ہوتا چلا جارہا ہے۔ان کو بتاؤ کہ فرقان کو اُس ہستی نے نازل کیا ہے جو تمہارے ہی نہیں بلکہ آسمانوں اور زمینوں کے ہر بھید سے اور ہر راز سے واقف ہے۔تمہاری خیریت اسلئے ہے کہ وہ غفور ورحیم ہے۔

ان آیات میں بیت النبوۃؑ کے اندر وحی خداوندی کے نئے اور پرانے ریکارڈ کا مرتب اور قلمبند ہوتے رہنا،آنحضرتؐ کا خود بھی لکھنا اور لکھوانا ثابت ہے۔فرق یہ ہے کہ کافر لوگ اس کو خانہ ساز ریکارڈ قرار دیتے ہیں اور اسی لئے الگ سے کتاب مانگتے ہیں۔تا کہ وہ مقابلہ کر کے تصدیق کر سکیں۔اللہ اُن کو ہی نہیں بلکہ مومنین کو بھی حسب ضرورت قرآن کے احکام دینا چاہتا ہے۔پوری کتاب دینا اس لئے خطرناک ہے کہ اُس میں اور مرکزی ریکارڈ میں مشرکین اختلاف پیدا کر سکتے ہیں۔اور کہہ سکتے ہیں کہ جو ہمارے پاس ہے اُس میں یوں نہیں بلکہ یوں ہے یہ تفصیل بعد میں آنے والی ہے۔چونکہ مسٹر پرویز اپنے مقلد علما کی طرح قرآن کو حضرت عثمان کے زمانہ تک غیر مرتب غیر مدوّن نہیں سمجھتے،اس لئے انہوں نے اپنے تمام علما کے خلاف مندرجہ بالا آیات کی جو تشریح کی ہے وہ بھی سُن لیں۔وہ چونکہ مذہب اجتہاد سے متعلق بلکہ خود اوّلین صدی کے مجتہدوں کے پیرو ہیں۔اس لئے اُن کے بیان سے وہ الفاظ منہا کر دیں جو اجتہادی ہوں۔

(vi)۔ خانوادہ رسولؐ میں جمع وتدوین قرآن کا ثبوت دشمن تشیّع کے قلم سے

پرویز فرماتے ہیں:۔ ''قرآن اتنا ہی نہیں کہتا بلکہ وہ یہاں تک کہتا ہے کہ وحی نازل ہونے کے بعد اوّل آپ(ؐ) قلم بند فرما لیا کرتے تھے۔اور اس کے بعد دوسرے صحابہ کو لکھوا دیا کرتے تھے۔اور ایسا عموماً بالالتزام ہوتا رہتا تھا۔ملاحظہ ہو۔

وَقَالُوۡۤا اَسَاطِیۡرُ الۡاَوَّلِیۡنَ اکۡتَتَبَہَا فَہِیَ تُمۡلٰی عَلَیۡہِ بُکۡرَۃً وَّ اَصِیۡلًاo (فرقان 25/5)

''مشرکین کہتے ہیں کہ(قرآن اسکے سوا کیا ہے کہ) پچھلے لوگوں کی کہانیاں ہیں جو اس(محمدؐ) نے خود لکھ لی ہیں اور وہی اس کے سامنے صبح شام لکھوائی جاتی رہتی ہیں۔'' اکتتب کے معنی ہیں انسان خود لکھے بلکہ یہ بھی کہ کوئی دوسرا بول رہا ہو اور یہ خود لکھ رہا ہو۔اور اکتتب الکتاب کے معنی یہ ہیں کہ اس نے کتاب کو خود لکھا۔اور دوسرے سے اِملا کرانے کی خواہش کی۔تملی کے معنی Dictate کرانے کے ہیں یعنی ایک بولتا جائے اور دوسرا لکھتا جائے۔تملی علیه سے پہلے اکتتب کے معنی بجز اس کے کچھ اور ہو ہی نہیں سکتے کہ پہلے آپ(ؐ) خود لکھ لیتے تھے۔''(مقام حدیث حصہ دوم صفحہ 253-252)

پرویز نے رسولؐ اللہ کا لکھنا بھی مان لیا اور بیت النبوۃؑ میں وحی خداوندی کا املا کے ساتھ مرتب ہونے کا اقرار بھی کر لیا۔وہ محمد مصطفیٰؐ کو بلا

صاد آپ لکھتے رہے۔ہم نے بریکٹ میں (ؐ) بنادیا ہے۔

(vii)۔ قرآن کریم اوردوسری کتابیں کس چیز پرلکھی جاتی تھیں۔پرویز سے سنئے

''قرآن کریم رقّ منشور میں لکھا ہوا ہے۔'' ''دوسری جگہ قرآن کریم یہ بھی بتاتا ہے کہ وہ محفوظ کتاب جس کا اوپر ذکر آچکا ہے۔ کس چیز پرلکھی ہوئی ہے؟ آیا کھجور کے پتوں پرلکھی ہوئی ہے؟ ھڈی کےٹکڑوں پرلکھی ہوئی ہے؟ یا کسی کاغذ پرلکھی ہوئی ہے؟ آخرکس چیز پرلکھی ہوئی ہے؟ قرآن کہتا ہے کہ وہ ان میں سے کسی چیز پرلکھی ہوئی نہیں ہے۔بلکہ وہ رقّ منشور پرلکھی ہوئی ہے۔یعنی ھرن کی جھلّی کے بڑے بڑے کاغذوں Parchment پرلکھی ہوئی ہے۔ملاحظہ فرمائیے۔

والطور۔وکتاب مسطور فی رقٍ منشور۔ والبیت المعموروالسقف المرفوعِ۔ والبحر المسجور۔ ان عذاب ربک لواقع ۔(طور 52/1-7) (پرویز صاحب کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیے۔)

''متعین ومعلوم پہاڑ (حرا) اور یہ کتاب (قرآن) جولکھی ہوئی ہے۔بڑے بڑے کشادہ جھلّی کے کاغذوں۔اور بیت معمور (کعبہ) اور بلند چھت (آسمان) اور پرجوش سمندر اس حقیقت پرشاہد ہیں کہ تیرے رب کا عذاب ضرور واقع ہونے والا ہے۔''(مقام حدیث جلد2 صفحہ 263-264)

پرویز صاحب آخر خاطی گروہ کے پیرو ہیں۔اس لئے غار (حرا) کو پہاڑ اور وہ بھی کوہ طور بنالیں تو قابل معافی ہیں۔پرویز قسمیں کھانا بری بات سمجھتے ہیں۔اس لئے یہ نہ کہا کہ طور کی بزرگی یعنی مؤسیٰ کی بزرگی کی قسم اور سطروں میں لکھی ہوئی کتاب اور لکھنے والوں کی قسم اور ہمیشہ سے آباد چلے آنے والے بیت الرسالت کی قسم۔اور نہ یہ بتایا کہ یہاں عذاب کے واقع ہونے کا کیا تُک ہے؟ یہ عذاب مشرکین قریش کے لئے ہے جوتدوین وترتیب وتحریر وحی اور خانوادہ نبوت کی عظمت کے منکر ہیں۔بہرحال پرویز قابل داد ہیں کہ وہ اپنے تمام بزرگوں کے خلاف ایک حقیقت کوتسلیم کرتے جارہے ہیں۔گوانداز صحابیوں جیسا ہے تحریر اشترا کی اور مشرکانہ ڈھنگ کی ہے۔

(viii)۔ کتبہائے خداوندی کومرتب کرنے اورلکھنے والے افراد کی بزرگی

وہ تمام مقامات جہاں محمدؐ وآل محمدؐ کی ذاتی فضیلت قرآن نے بیان کی ہے اکثر معنوی تحریف کے شکار رہے ہیں۔یہاں بھی ہم علامہ پرویز کوآگے بڑھاتے ہیں تاکہ آدھی بات کا مان لینا ثابت ہوجائے اور باقی آدھی بات قارئین خود طے کرسکیں۔فرماتے ہیں کہ:۔

''اب صرف ایک چیز باقی رہ گئی کہ لکھنے والے کون تھے؟ اور وہ کیسے لوگ تھے؟'' قرآن کریم کہتا ہے:۔

كَلَّا اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۔فَمَن شَاءَ ذَكَرَهُ ۔فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۔مَّرْفُوعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۔بِاَيْدِىْ سَفَرَةٍ ۔كِرَامٍ بَرَرَةٍ ۔

(عبس 80/11-16)

''یوں نہیں یہ تو ایک نصیحت ہے۔پھر جوکوئی چاہے اُس کو پڑھے۔لکھا ہوا ہے عزت کے ورقوں (صحیفوں) میں اونچے رکھے ہوئے۔نہایت ستھرے ہاتھوں میں لکھنے والوں کے جو بڑے درجے والے نیکوکار ہیں۔''

''یہ ترجمہ ہم نے حضرت شیخ الھند رحمۃ اللہ علیہ کا نقل کردیا ہے۔اگرچہ اس ترجمہ کے بعض الفاظ سے ہمیں اختلاف ہے مگر

ہمیں دکھانا یہ ہے کہ سفرۃ کے معنی لکھنے والوں کے ہیں۔اور یہ سافِرٌ کی جمع ہے۔جس کے معنی خوش نویس اور ماہر کتابت کے آتے ہیں۔نہ کہ سفیر کی جمع۔جیسا کہ بعض دوسرے مفسرین نے امام بخاری سمیت ظاہر کیا ہے۔اس کے حاشیہ پر مولانا بشیر احمد عثمانی رقمطراز ہیں۔ ''یعنی وہاں فرشتے لکھتے ہیں اسی کے موافق وحی اترتی ہے۔اور یہاں بھی اوراق میں لکھنے والے اور جمع کرنے والے دنیا کے بزرگ ترین پاکباز نیکوکار اور فرشتہ خصلت بندے ہیں۔جنہوں نے ہر قسم کی کمی بیشی اور تحریف وتبدیل سے اس کو پاک رکھا ہے۔'' جیسا کہ قرآنی شہادت سے ہم اس سے پہلے آپ کو بتا چکے ہیں۔حضور اکرم صلعم کی عادت شریفہ یہ تھی کہ وحی نازل ہونے کے بعد اوّل آپ اُسے خود قلمبند فرمالیا کرتے تھے۔اور اس کے بعد کاتبین وحی صحابہ کو لکھوا دیا کرتے تھے۔اور یہ سلسلہ التزاماً صبح وشام جاری رہتا تھا۔آیت مندرجہ بالا میں قرآن کریم نے ان تمام لکھنے والوں کی پاکبازی ودیانت وبزرگی کی شہادت دی ہے۔''(مقام حدیث جلد 2 صفحہ 265-264)

آپ نے اس بیان میں دیکھا کہ پرویز اپنے تمام مفسرین حتّٰی کہ امام بخاری کی بات بھی نہیں مانتے اور چونکہ وہ حدیث و روایات کو اُس بصیرت کے ماتحت رکھتے ہیں جو اُنکو حاصل ہے اسلئے قرآن قرآن پکارا کرتے ہیں۔اُنکی آزاد خیالی ہمارے حق میں مفید ہے۔ہر وہ عالم جو سلف صالحین کے چنگل سے نکل جائے اور ذرا آزادانہ فکر اختیار کرلے اُسے کسی نہ کسی مرحلہ پر ہمارے مذہبی عقائد اور اصول اختیار کرنا پڑتے ہیں۔لیکن پرویز بہرحال مشرک محاذ کے پیرو ہیں۔اسلئے وہ یہاں یہ نہیں کہتے کہ یہ تذکرہ اُن لوگوں کا ہے جو ازلی وابدی طور پر طیب وطاہر وملائکہ کے مسجود ومعصوم وعلمائے کتبہائے خداوندی ہیں۔وہ یہاں اُن لوگوں کو مراد لیتے ہیں جنکے اندر ابھی شرک کا گوشت پوست اور ہڈیاں موجود ہیں۔جنہیں کوئی غسل،کوئی جلاب مادی وروحانی طور پر طیب وطاہر ومطہر نہیں کرسکتا۔جنکا حال ذرا دیر بعد سامنے آنیوالا ہے۔قرآن نے اُن میں سے ہر ایک کی پوزیشن بیان کرکے خاندان رسولؐ وآل رسولؐ کو الگ کردیا ہے۔بہرحال یہ ثابت ہوا کہ بیت النبوّۃ میں ہمیشہ کتبہائے خداوندی کی نوشت وخواند جاری رہتی تھی اور ان لوگوں میں نہ صحابہ شریک تھے نہ ازواج رسولؐ شامل تھیں اسلئے کہ اللہ نے اگر گھر میں رہنے والی رسولؐ کی بیبیوں کو اُس مطہر گروہ میں شمار کیا ہوتا تو یہ حکم نہ دیا جاتا (پرویز سے سنئے) کہ:۔

''حضور اکرم صلعم کی ازواج مطہرات کے متعلق قرآن کریم میں یہ صریح حکم موجود ہے۔وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِىْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ۔(احزاب 33/34)'' ''اور اے ازواج نبیؐ جو خدا کی آیتیں اور حکمت کی باتیں تمہارے گھروں میں تلاوت کی جاتی رہتی ہیں اُن کو پیش نظر رکھا کرو۔'' (مقام حدیث جلد 2 صفحہ 271)

پرویز صاحب نے شرما کر (33/32) کا آدھا ذکر غائب کردیا جہاں اللہ نے یہ کہا تھا کہ ''اے ازواج نبیؐ تم اپنے گھر کی چاردیواری میں رہا کرو اور گھر سے باہر زمانہ جاہلیت کی نمائش نہ کرتی پھرا کرو۔'' بہرحال یہی کافی ہے کہ اُن کے آجانے کے بعد یعنی مدینہ میں بھی خانوادہ رسولؐ کے وہ بزرگ افراد کارِ تحریر وتدوین کرتے رہتے تھے۔اور ازواج رسولؐ کو حکمیہ اُن کی طرف متوجہ ہونے اور اُن حضرات کا ذکر خیر کرنے کے لئے کہا گیا۔قرآن میں یہ تصدیق کہیں نہیں کہ جو عورتیں یہاں مخاطب ہیں انہوں نے اس حکم پر عمل کیا تھا یا نہیں۔

آپ نے دیکھا کہ گو پرویز صاحب کو شیخ الہند صاحب کے ترجمے سے اختلاف ہے۔لیکن لفظ سفرۃ کے معنی لکھنے والے ثابت کرنے کے لئے غریب کو شیخ الھند کا سہارا لینا پڑا۔اگر اُنہوں نے سورۃ جمعہ کبھی پڑھی ہوتی تو شیخی سہارے کی جگہ قرآن سے معنی بیان کئے

ہوتے۔ جہاں اللہ نے بتایا ہے کہ:۔

مَثَلُ الَّذِیْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ یَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ یَحْمِلُ أَسْفَارًا....الخ (جمعہ 62/5)

جن لوگوں کو توریت کا حامل کہا جاتا ہے۔ حالانکہ انہوں نے توریت کا بار اٹھایا ہی نہیں ہے۔ سوائے اس طرح کے جس طرح گدھے پر کتابیں لدی ہوئی ہوں۔''

یعنی یہ مولانا حضرات کی طرح کے لوگ تھے۔ یہاں اسفار کتابیں اور وہاں سفرہ کتابیں لکھنے اور تیار کرنے والے ثابت ہیں۔ قرآن کی موجودگی میں لغات حجاز کے حافظ کی احتیاج نہیں رہتی۔ بشرطیکہ قرآن سے سابقہ رہتا ہو۔

(ix)۔ جس کتاب کا تذکرہ ہے، وہ قرآنِ صامت نہیں قرآنِ ناطقؑ ہے

تمام قارئین کی اطلاع کیلئے یہ عرض کرنا ہے کہ قرآن کریم کو مس کرنے یعنی چھونے کے لئے جسم کا بظاہر پاک ہونا کافی ہے۔ یعنی وہ شخص جو غسل کے واجب ہونے کی حالت میں ہے یا ماہواری کے دوران خواتین ہوں وہ قرآن کو چھو بھی سکتے ہیں اور آہستہ آواز سے پڑھ بھی سکتے ہیں۔ مثلاً جن ہاتھوں سے وہ کھانا کھاتے ہیں یا روٹی پکاتے ہیں اور آٹا گوندھتے ہیں وہ پاک ہیں اور قرآن اٹھانا جائز ہے۔ مگر جس قرآن کا اب ذکر آ رہا ہے اُسے صرف وہی لوگ چھو سکتے ہیں جو قرآن ہی کی سند سے آیت تطہیر کی سند سے مطہر ہوں۔ یعنی خود مطلقاً پاک ہوں اور جس کو چاہیں ظاہراً و باطناً پاک کر سکتے ہوں۔ یہاں بھی ہم مصلحتاً علامہ پرویز کو آگے بڑھاتے ہیں۔ غور سے سنئے اور اُن کے تصورات وجذبات دیکھتے چلئے۔

''قرآن کریم ایک محفوظ کتاب میں لکھا ہوا موجود تھا۔'' اس کے بعد قرآن کریم ہمیں نہایت زوردار الفاظ میں بتاتا ہے کہ وہ ایک بہت ہی محفوظ کتاب میں لکھا جا رہا ہے۔ ملاحظہ ہو۔ فَلَا أُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ۔ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ۔ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِیْمٌ۔ فِیْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ۔ لَّا یَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ۔ تَنْزِیْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ (واقعہ 56/75-80)

ستاروں کے مواقع اس حقیقت پر شاہد ہیں اور اگر تم سمجھو تو یہ شہادت ایک بہت بڑی شہادت ہے کہ یقیناً یہ قرآن بڑی تعظیم وتکریم کا مستحق ہے۔ جو ایک محفوظ کتاب میں لکھا ہوا ہے۔ جسے ان لوگوں کے سوا جو پاک وصاف ہوں۔ کوئی نہیں چھوتا۔ یہ کتاب تمام جہانوں کے پروردگار کی طرف سے اتاری گئی ہے۔'' ملاحظہ فرمایئے کہ کس قدر تاکید اور شہادتوں کے ساتھ قرآن کریم اپنے متعلق یہ دعویٰ کر رہا ہے کہ وہ ایک محفوظ کتاب میں لکھا ہوا ہے۔ جسے وہی لوگ ہاتھ لگاتے ہیں جو ہر طرح پاک وصاف ہوتے ہیں۔ اس کتاب کے محفوظ ہونے کی سب سے بڑی ضمانت یہ ہے کہ خود رسول صلعم کی حفاظت میں رہتی ہے۔ جس پر خدا، اُس کے فرشتوں اور اُس کے بندوں تک کو پورا پورا اعتماد ہے۔'' (مقام حدیث جلد 2 صفحہ 261-260)

پرویز صاحب کی صحیح پوزیشن اور اُنکی قرآن فہمی ہم نے اپنی کتاب مواخذہ میں تفصیل سے پیش کی ہے۔ اُن کے خیال میں اللہ کے بندے رسوؐل اللہ پر پورا پورا اعتماد رکھتے تھے۔ حالانکہ مندرجہ بالا تمام آیات بندوں کی بداعتمادی کو واضح کرنے کیلئے آئی ہیں۔ اور یہ کہ کوئی اور اعتماد کرتا ہو یا نہ کرتا ہو مگر پرویز صاحب کو رسولؐ اللہ کی ذات پر کبھی ایک لمحہ کیلئے بھی اعتماد نہیں ہوا۔ حد یہ ہے کہ وہ رسولؐ اللہ کی ذاتی

اطاعت کرنا بھی گمراہی سمجھتے ہیں۔اور یہی عقیدہ اوّلین مشرک راہنماؤں کا تھا۔ پرویزی جدوجہد صرف اسلئے تھی کہ مسلمانوں میں ایک بار پھر پہلی صدی ہجری کے عقائد کو اسی مشرکانہ انداز میں پھیلادیں۔مگر ہماری کتاب **''مواخذہ''** کے سامنے اُن کا سارا زور ٹوٹ کر رہ گیا۔

مندرجہ بالا آیات میں یہ واضح ہو گیا کہ قرآن کریم جس کتاب مکنون (لوح محفوظ) میں ہے۔اُس کو چھونا صرف مطہرؑ گروہ کا حق ہے۔ بتایئے اُمت میں کون صحابی یہ دعویٰ کر سکے گا کہ وہ لوح محفوظ تک رسائی اور اس کا علم رکھتا ہے۔ یہ ہے قرآن میں رسولؐ اور خانوادۂ رسولؐ کا مقام اور یہ ہیں وہ لوگ جن کو قرآن کا علم اُس وقت سے حاصل ہے جب سے لوح محفوظ کا وجود مانا جائے، جو نہ نزول کے محتاج رکھے گئے نہ تلاوت وولادت کی شرط کے۔ ہر لمحہ ہر آن عالمانِ قرآن بلکہ قرآنِ ناطق علیھم السلام۔(العنکبوت 29/49)

یہ تھے وہ حضراتؑ جنہوں نے دنیا کو ایک قادر مطلق، حکیم وعلیم اللہ کے وجود کا عینی ثبوت دیا۔جنہوں نے اُس کی یگانگت اور تنہائی پر اس قدر بھروسہ کر دکھایا کہ جتنا یہاں کے تمام وسائل پر قدرت ہونے کے باوجود کوئی شخص نہیں دکھا سکتا۔موت کے آثار دیکھ کر، شکست اور ناکامی کا امکان سامنے آتے ہی بڑے بڑے شجاع اور فرعون صفت انسانوں کی ہمتیں ٹوٹ جانا ثابت ہے۔اور تاریخ نے اُن بے پناہ لوگوں کا ریکارڈ رکھا ہے جو موت کو سامنے دیکھ کر ہر ناگوار و ناپسند شرائط کے سامنے جھکنے کو تیار ہو جاتے رہے۔لیکن ساری دنیا کی قدیم اقوام میں خانوادہ نبوّت و رسالتؐ ہی ایک ایسا مشہور و معروف خاندان تھا جسکا اعتماد کبھی متزلزل ہوتے یا ڈگمگاتے نہیں دیکھا گیا۔ ابھی کل ہی کی تو بات ہے، وہ رسوؐل اللہ ہی کا داداؑ تو تھا جو ابرھہ کی ساٹھ ہزار ہاتھی گھوڑوں اور پیادوں کی قہار فوج میں تنِ تنہا چلا گیا۔ جسے دیکھ کر ابرھہ ایسا بادشاہ تخت سے اُتر کر قدموں میں آبیٹھنے پر مجبور ہوا تھا۔جس نے اللہ کی قدرت کو کھل کر دیکھنے کا غیر مشروط اور بے لاگ موقع دیا تھا۔اور ایک اشارہ پر ساٹھ ہزار فوج کا بھُوسہ بنا دیا تھا۔ بتایئے قریش کے پاس کیا ہے۔ یہ تو پھٹیچر لوگ ہیں جنکی غیرت اور حمیت کو جنسی اشتراک نے چاٹ لیا ہے، جن کی بہادری وشجاعت شراب کی بدمست نالیوں میں بہہ چکی ہے، جن کی دولت وسرمایہ جُوئے کی بھٹی میں جل چکا ہے۔سوچیئے کہ ایسی مکار و دغا باز وکمینہ خصلت قوم سے آنحضرتؐ اور اُن کا خاندان کیسے خوفزدہ ہو سکتے تھے۔ یہ لوگ تو اس قابل بھی نہ تھے کہ انہیں اُس زمانہ کے مہذب بادشاہ اپنے مشیروں کے خادموں میں رکھ لیں۔ ہاں بزدلی اور کمینگی نے انہیں روباہ صفت بنا دیا تھا۔ دھوکہ دینے اور فریب و مکر کرنے میں انہیں کمال حاصل ہو چکا تھا۔اُنہیں اُن کے علم نے بزدل اور مکار بنا دیا تھا۔وہ رسولؐ اللہ کی خاندانی شرافت، کریمانہ عادات اور انتہائی رحمدلی سے واقف تھے۔بس اُن کے رحم و کرم اور شرافت کے یقین پر اُنکے ساتھ ہر ظلم کر گزرنے کی عادت تھی۔خطرہ دیکھا معافی مانگ لی، بھائی بن گئے، دوستی کا اعلان کر دیا۔ورنہ ہمیشہ دشمنی، مخالفت، مکر و فریب، دغابازی، دشنام طرازی، روایت سازی جاری رکھتے تھے۔ابلیس نے انہیں بتا رکھا تھا کہ یہ گھرانہ ہر ظلم اور جبر وتعدی کو بھُلاتا رہے گا۔خطرناک سے خطرناک جرائم کے باوجود نوع انسان کی مغفرت اور فلاح کی امید رکھے گا۔اور اُس کیلئے اللہ سے دعا کرتا رہے گا۔سجدہ میں سر کٹ رہا ہو گا دعائے مغفرت ہو رہی ہو گی۔اس یقین پر یہ خبیث لوگ اپنے محسنوں سے احسان کشی کرتے چلے آئے تھے۔ورنہ اُنکی مالی و مادی قوت کی قرآن کریم نے طرح طرح پول کھولی ہے۔اُن کو بتایا ہے کہ تم سابقہ سرکش اقوام کے مقابلہ میں کچھ بھی تو نہیں ہو۔

(20/6)۔ قریش اینڈ کمپنی کو بتدریج اپنی اوران کی پوزیشن بتا کر چیلنج کر دیا گیا

قریش کی تمام کوششوں کا مقصد صرف اس قدر تھا کہ تعلیماتِ خداوندی کو تعلیمات خانوادۂ رسولؐ ثابت کر دیا جائے اور اس طرح پبلک کو وہی پُرانا ھوّا دکھایا جائے کہ بنی ہاشم اقتدار کا ڈھونگ رچا رہے ہیں۔ اور رسولؐ اللہ پہلے اپنی اور اپنے بعد علیؑ کی شخصی آمریت عربوں پر مسلط کرنا چاہتے ہیں۔ لہٰذا اُٹھو اور محمدؐ کو ہموار کرو، نہ مانے تو اُس کی راہیں روک دو۔ کچھ ماہرین اُس کے مشن میں اُس کے ہمنوا بن جائیں جو قریشی اقتدار و مقاصد کی داخلی حفاظت کریں۔ کچھ برابر برسرِ پیکار رہیں تا کہ داخلی محاذ مسلمانوں میں اپنا اعتماد اور کام کا معیار قائم کر سکے۔ لیکن اُن کی ہر پالیسی کو وحی پہلے ہی بتاتی رہی۔ عقلی اور انسانی معیار پر اُن کی ہر چال کا توڑ ہوتا رہا، انہیں مایوسی پر مایوسی ہوتی رہی، حق واضح ہوتا رہا، اُن کے عذرات کی بے مائیگی عوام کے سامنے آتی رہی۔ وہ ہر دفعہ ذرا سی شدت کا اضافہ کرتے رہے۔ یہاں تک کہ اللہ کے جوابات میں بھی نرمی و رعایات کم ہوتی گئیں۔ رسولؐ اللہ نے اپنی نرم روی کا امکان بھر ثبوت دیا۔ اُن سے یہ بھی کہہ دیا کہ:۔

(i)۔ تم یہی سمجھ لو کہ ہم نے یہ قرآن خود گھڑ لیا ہے، اپنا پروگرام آگے بڑھا کر دیکھو

قارئین قرآن کی زبان میں سنیں۔ اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰٮهُؕ قُلۡ اِنِ افۡتَرَيۡتُهٗ فَعَلَىَّ اِجۡرَامِىۡ وَاَنَا بَرِىۡٓءٌ مِّمَّا تُجۡرِمُوۡنَo (ھود 11/35)

اللہ نے فرمایا کہ اگر یہ لوگ یہ ہی کہتے ہیں کہ قرآن کو تم نے گھڑ لیا ہے تو اُن کو بتا دو کہ اگر قرآن کو میں نے خود ہی تصنیف کر لیا ہے تو تمہیں یہ سمجھ لینا چاہئے کہ میں نے ایک جرم کیا ہے اور اُس کی ذمہ داری بھی مجھ ہی پر عائد ہوتی ہے اور جو جرائم تم کرتے چلے آرہے ہو میں بہرحال اُن سے بری الذمہ ہوں۔

مطلب یہ ہے کہ تم اپنی فکر کرو۔ اور چیلنج کے مطابق نہ بنا سکنے کا کوئی معقول بہانہ اپنی قوم کیلئے سوچو اور اپنی جان چھڑانے کی فکر کرو۔

وَاِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لِلۡحَقِّ لَـمَّا جَآءَ هُمۡ هٰذَا سِحۡرٌ مُّبِيۡنٌo اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰٮهُ ؕ قُلۡ اِنِ افۡتَرَيۡتُهٗ فَلَا تَمۡلِكُوۡنَ لِىۡ مِنَ اللّٰهِ شَيۡـئًا ؕ هُوَ اَعۡلَمُ بِمَا تُفِيۡضُوۡنَ فِيۡهِ ؕ كَفٰى بِهٖ شَهِيۡدًا ۢ بَيۡنِىۡ وَبَيۡنَكُمۡ ؕ وَهُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِيۡمُo قُلۡ مَا كُنۡتُ بِدۡعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَاۤ اَدۡرِىۡ مَا يُفۡعَلُ بِىۡ وَلَا بِكُمۡ ؕ اِنۡ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوۡحٰٓى اِلَىَّ وَمَاۤ اَنَا اِلَّا نَذِيۡرٌ مُّبِيۡنٌo قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ اِنۡ كَانَ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ وَكَفَرۡتُمۡ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنۡۢ بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ عَلٰى مِثۡلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسۡتَكۡبَرۡتُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَo (الاحقاف 46/7-10)

مگر یہ تو پبلک کے سامنے ثابت ہو چکا ہے کہ خدا کی جو آیات تمہیں سنائی جا چکی ہیں۔ اُن میں جن حقائق کو تمہارے سامنے رکھا گیا ہے۔ اُن کا تم سے انکار نہ ہو سکا۔ کسی چیز کو سر پر چڑھ کر بولنے والا جادو کہہ دینا تو دراصل اپنی قدرت اور بصیرت کا انکار ہے۔ اور اپنی عاجزی کا اقرار ہوتا ہے۔ اگر وہی رٹ لگاؤ کہ قرآن تم نے خود گھڑ لیا ہے تو اس پر اللہ کہتا ہے کہ اگر میں نے تصنیف کر لیا ہے تو تم مجھے اللہ کی گرفت سے بچانے کے لئے نہ آنا۔ تمہارے ان آنوں بہانوں کو خدا خوب جانتا ہے۔ اور سنو! تم نے کبھی یہ بھی خیال کیا ہے کہ اگر یہ ہمارا خانہ ساز قصہ ہے تب تو تمہیں کوئی خطرہ ہے ہی نہیں۔ لیکن اگر صورت حال الٹ گئی اور ثابت یہ ہوا کہ؛ قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ اِنۡ كَانَ مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ وَكَفَرۡتُمۡ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنۡۢ بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ عَلٰى مِثۡلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسۡتَكۡبَرۡتُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَo (46/10)

قرآن اور میرے تمام احکامات خدا کی جانب سے تھے۔ اور اُن کے من جانب خدا ہونے پر بنی اسرائیل کی شہادت بھی ہو چکی ہے۔ پھر بتاؤ کہ تمہارا تکبر کرنا اور اُس شہادت کی بھی پرواہ نہ کرنا اور ایمان نہ لانا تمہارے لئے کتنی بڑی خرابیوں کا باعث ہو سکتا ہے؟ بات صحیح یہی ہے کہ قریش ایسی ظالم قوم کو اللہ ہرگز ہدایت نہیں دیا کرتا۔

(ii)۔ قوت وکثرت ساتھ ہے تو کھل کر اپنی اسکیم کا اعلان کرو

قارئین! رسولؐ اللہ اور خانوادۂ ابوطالبؑ کا انتظام اور اتمام حُجت اُس مقام پر جا پہنچا ہے کہ قرآن دانشوران قریش کو اُس لب و لہجہ میں مخاطب کرتا ہے جو جھوٹوں اور جرائم پیشہ لوگوں کیلئے مخصوص ہے۔ رسولؐ کو بتاتا ہے کہ خدا کے فضل وکرم سے یہ ثابت ہو چکا ہے

فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ o اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ o قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ o اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ o اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ o فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ o (طور 34-52/29)

کہ تم نہ تو پاگل ہو نہ کاہن ہو۔ اور اگر اب یہ تھک کر شاعر کہنے لگے ہیں تو بات بالکل آسان ہے کہ اُن سے ایسے ہی اشعار بنانے کے لئے کہہ دو۔ رہ گئی گردش ایام تو تم بھی اس کا انتظار کرو اور میں بھی دیکھتا ہوں کہ کون اس میں مبتلا ہوتا ہے۔ ذرا یہ تو پوچھو کہ تم یہ باتیں اپنے عقلی ذخیرہ سے کرتے ہو یا گھاس کھا گئے ہو؟ اس لئے جانوروں کی طرح خود اپنی عقل کے پیچھے لٹھ لئے پھرتے ہو؟ اور اگر یہ بدہضمی ہوئی ہے کہ قرآن وغیرہ ساری باتیں تم نے خود ہی کہہ ڈالی ہیں اور اس لئے وہ اُن باتوں پر ایمان لانا غلط سمجھتے ہیں۔ اور دل کی گہرائی سے یہ بات طے کرلی ہے تو ان سے کہو کہ ارے عقلمندو تم بھی ایسی چند باتیں کہہ کر پبلک کو مطمئن کر دو۔''

ذرا یہ تو بتاؤ کہ کیا ہم تم سے کوئی مزدوری مانگ رہے ہیں کہ جس سے بچنے کے لئے قدم چلنے سے جواب دے رہے ہیں؟ اور یہ تو بتاؤ کہ جو بکواس تم کئے چلے جارہے ہو اُس کا ماخذ کیا ہے؟ کیا تمہارے اوپر علم غیب کے دروازے کھل جانا مانا جاسکتا ہے۔ جہاں سے تم یہ باتیں لکھ لیتے ہو؟ کیا وہ پبلک ان باتوں کو مان لے گی جس کو تم قرآن ایسی مستحکم چیز کے ماننے سے روکنا چاہتے ہو؟ کیا وہ اس قدر بے وقوف پبلک ہے کہ تمہاری مکاری اور فریب کی یہ چالیں وہ نہ سمجھیں گے۔ سنو تمہاری ہر چال پلٹ کر تمہاری جڑیں نکال دے گی۔ کیا انہیں بچانے کے لئے اللہ کے علاوہ کوئی اور اللہ بھی ہے؟ یہ تو اس قدر دھاندلی پر اتر آئے ہیں کہ اگر اُن پر آسمان کے ٹکڑے برسنے لگیں تو کوشش کریں گے کہ انہیں بادل کے ٹکڑے کہہ کر لوگوں کو فریب دیں۔ اَے محمدؐ ان کو اُن کے حال پر چھوڑ دو۔ یہاں تک کہ اُن پر ذوالفقار کی بجلیاں برسنے کا دن آجائے۔ اُس دن نہ تو اُن کا کوئی حیلہ کام دے گا نہ کوئی جان بچانے والا ہوگا۔ (طور 45-52/40)

(iii)۔ غپ شپ بند کردو ہمارے فیصلوں کو سنجیدگی سے سنو اور تیار ہو جاؤ

اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ o وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ o اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا o وَّاَكِيْدُ كَيْدًا o فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا o (طارق 17-86/13)

اُن کو خبردار کردو کہ تمہاری تمام چالیں اور گٹھ جوڑ واضح کر دیئے گئے ہیں اور اب ہم نے بھی تمہارے ساتھ نہایت سنجیدہ چالیں چلنے کا ارادہ کرلیا ہے۔ اُنکو بتادو کہ ہمارا یہ فیصلہ تمہاری طرح کی بکواس نہیں

ہے بلکہ ایک آخری اور انتہائی بات ہے۔ چنانچہ اے رسولؐ ان کافروں کو مہلت دیدو اتنی مہلت کہ یہ لوگ ذرا سمجھ کر تیاری کا موقعہ پالیں۔

(iv)۔ آپؐ کسی طرح کی تشویش نہ کریں ہم سارا انتظام کردیں گے

لَا تَحۡزَنۡ عَلَيۡهِمۡ وَلَا تَکُ فِىۡ ضَيۡقٍ مِّمَّا يَمۡكُرُوۡنَ ○ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيۡنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيۡنَ هُمۡ مُّحۡسِنُوۡنَ○ (النحل 128-16/127)

اے رسولؐ مستقبل میں ان لوگوں کے مکر و دغا کے بدلے میں جو کچھ ہم اُن کے ساتھ کرنے والے ہیں اُس سے اِن خبیثوں کے لئے رنجیدہ نہ رہو۔ اور نہ ہی اپنے دل میں از راہ ہمدردی کوئی تنگی محسوس کر۔ سنو اللہ کے لئے لازم ہے کہ وہ صاحبانِ تقویٰ اور احسان پیشہ لوگوں کے ساتھ برابر تعاون کرتا رہے۔

(v)۔ قریش دل میں خوفزدہ ہیں آپؐ اُن پر ترس نہ کھائیں

وَلَا تَحۡزَنۡ عَلَيۡهِمۡ وَلَا تَكُنۡ فِىۡ ضَيۡقٍ مِّمَّا يَمۡكُرُوۡنَ ○ وَيَقُوۡلُوۡنَ مَتٰى هٰذَا الۡوَعۡدُ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ○ قُلۡ عَسٰٓى اَنۡ يَّكُوۡنَ رَدِفَ لَـكُمۡ بَعۡضُ الَّذِىۡ تَسۡتَعۡجِلُوۡنَ ○ وَاِنَّ رَبَّكَ لَـذُوۡ فَضۡلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰـكِنَّ اَكۡثَرَهُمۡ لَا يَشۡكُرُوۡنَ○ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعۡلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوۡرُهُمۡ وَمَا يُعۡلِنُوۡنَ ○ وَمَا مِنۡ غَآئِبَةٍ فِى السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ اِلَّا فِىۡ كِتٰبٍ مُّبِيۡنٍ ○ (النمل 75-27/70)

آپؐ اُن لوگوں کو قابل رحم سمجھ کر ان پر غمگین نہ ہوں نہ اپنا دل بھاری کریں۔ یہ تو اوپرے دل سے یہ کہتے ہیں کہ وہ وعدہ کب آنے والا ہے۔ ذرا اُسے سچا کر کے تو دکھاؤ۔ اللہ خوب جانتا ہے جو دہشت اُنکے دلوں میں بیٹھی ہوئی ہے اور جو کچھ وہ دل سنبھال کر اعلان کرتے ہیں۔ اُنکو بتادو کہ جس وعدے کی تم مصنوعی جلدی کر رہے ہو۔ ہوسکتا ہے کہ وہ تمہارے سروں پر منڈلا رہا ہو۔ قرآن میں ہر اس چیز کا حال موجود ہے جو آسمانوں اور زمینوں میں ہو یا غائب ہو یا اُنکے دلوں میں مکروفریب کی صورت میں پوشیدہ ہو۔

(vi)۔ قرآن کی تاثیر سے خوفزدہ ہو کر شور مچانے والی پارٹی تعینات کردی

قریش اب یہ چاہتے تھے کہ جس طرح ہو سکے قرآنی تعلیمات کو عوام کے دلوں تک نہ پہنچنے دیا جائے۔ لہٰذا اعلان کر دیا گیا کہ کوئی

وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَا تَسۡمَعُوۡا لِهٰذَا الۡقُرۡاٰنِ وَالۡغَوۡا فِيۡهِ لَعَلَّكُمۡ تَغۡلِبُوۡنَ○ (حٰمٓ السَّجۡدَة 41/26)

وَاِذَا عَلِمَ مِنۡ اٰيٰتِنَا شَيۡـئَا اتَّخَذَ هَا هُزُوًا۔ (جاثیہ 45/9)

شخص اُس قرآن کو نہ سنے اور جب قرآن پڑھا جائے تو فوراً شور وغوغا مچا دیا جائے تا کہ کوئی دوسرا بھی نہ سن سکے۔ اور اگر تھوڑا بہت قرآن سُن لیا جائے تو اُس کو مذاق بنا کر بے اثر کر دیا جاتا رہے۔ مگر یہ انتظام صرف ایک قاری کو بے اثر کرسکتا تھا اور وہ بھی جب کفار کو پروگرام کا علم ہو جائے۔ مکہ میں تو ابتدا ہی سے اندرون خانہ تبلیغ کی جارہی تھی۔ اور لوگوں کو ایمان لا کر خاموش رہنے کی تاکید کردی جاتی تھی۔ اور ہجرت یا وقت آنے پر اعمال کو منحصر کر دیا جاتا تھا۔ لہٰذا قریش کو یہ پتہ نہ چلتا تھا کہ اُن کے پاس بیٹھا ہوا آدمی مسلمان ہے یا کافر ہے۔ جس طرح قریش اپنا داخلی نظام منافقوں کے ذریعہ سے چلا رہے تھے اسی طرح اسلام تقویٰ اور تقیہ کے اسلحہ سے مسلح تھا۔ آخر وہ وقت قریب آگیا جب قریش کی طرف سے مزید امید نہ رہی اور اللہ نے تمام صورت حال اپنے ذمہ لے لی۔

(20/7)۔ تمام ذمہ داری اللہ نے سنبھال لی، مومنین کا انتظام کرو، قریش کو ہمارے حوالے کردو

رسولؐ اللہ کو بتایا گیا کہ اب جو لوگ مکہ میں باقی ہیں اُن کو تبلیغ اور نصیحت کرنا بے کار ہے وہ ایمان لانے والے لوگ نہیں ہیں۔ اُن کو تنذیر کرنا اور نہ کرنا برابر ہے۔تم تو اُسی کو تنبیہہ کر سکتے ہو جو نصیحت کو اختیار کرنے اور بلا دیکھے رحمٰن کی خلاف ورزی سے ڈرنے پر آمادہ ہو۔ چنانچہ آپؐ ایسے لوگوں کو مغفرت اور منافع

> وَسَوَآءٌ عَلَيۡهِمۡ ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ اَمۡ لَمۡ تُنۡذِرۡهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ o اِنَّمَا تُنۡذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكۡرَ وَخَشِيَ الرَّحۡمٰنَ بِالۡغَيۡبِ فَبَشِّرۡهُ بِمَغۡفِرَةٍ وَّاَجۡرٍ كَرِيۡمٍo(یٰسٓ 11-36/10)

بخش اجر کی بشارت دیتے رہو۔ اور قریش اینڈ کمپنی کو ہمارے حوالے کردو۔ میں اُن کے جھٹلاتے رہنے سے نمٹ لوں گا۔ اس قرآنی حدیث کو غلط قرار دینے پر ہم انہیں بتدریج تباہی کی طرف بڑھائیں گے۔ ہماری چال بڑی ہی سنجیدہ اور خفیہ ہوگی۔ کیا تم نے اُن سے کوئی مالی معاوضہ طلب کر لیا جو اُن کے سر پر بھاری وزن بن کر چلنا مشکل ہو گیا ہے؟ یا ان کے اوپر غیب

> فَذَرۡنِيۡ وَمَنۡ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الۡحَدِيۡثِ سَنَسۡتَدۡرِجُهُمۡ مِّنۡ حَيۡثُ لَا يَعۡلَمُوۡنَ o وَاُمۡلِيۡ لَهُمۡ اِنَّ كَيۡدِيۡ مَتِيۡنٌ o اَمۡ تَسۡـَٔلُهُمۡ اَجۡرًا فَهُمۡ مِّنۡ مَّغۡرَمٍ مُّثۡقَلُوۡنَ o اَمۡ عِنۡدَهُمُ الۡغَيۡبُ فَهُمۡ يَكۡتُبُوۡنَ oفَاصۡبِرۡ لِحُكۡمِ رَبِّكَ .... (القلم 48-68/44)

کے دروازے کھلے ہوئے ہیں جسے دیکھ کر یہ لوگ تمہارے خلاف فیصلے لکھ لیتے ہیں؟ اُن کی حالت یہ ہے کہ؛ اگر تم اُن سے دریافت کرو کہ تمہیں کس نے پیدا کیا ہے تو پکا جواب دیتے ہیں کہ ہمیں اللہ نے پیدا کیا ہے۔ خالق کو ماننے کے بعد بھی یہ لوگ اتہامات میں کس قدر بڑھتے جارہے ہیں۔

> وَلَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَهُمۡ لَيَقُوۡلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤۡفَكُوۡنَ o وَقِيۡلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوۡمٌ لَّا يُؤۡمِنُوۡنَ o فَاصۡفَحۡ عَنۡهُمۡ وَقُلۡ سَلٰمٌ فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ o(الزخرف 89-43/87)

اور جیسا کہ نبیؐ کا قول ہے کہ اے میرے پروردگار یقیناً یہ قوم ایمان لانے والی نہیں ہے۔ اچھا آپؐ اُن سے سلام رخصت کہہ کر الگ ہو جائیں۔ اِس کا خمیازہ بہت جلد اُن کے علم میں آجائے گا۔

رسولؐ اللہ یہ بھی کہہ چکے ہیں کہ اے میرے پالنے والے یقیناً میری قوم نے اس قرآن کو چھوڑ کر اپنے لئے ایک اور ہی ٹھکانہ بنالیا ہے۔ اللہ نے فرمایا کہ واقعی آپؐ کی قوم نے آپؐ کی اور قرآن کی کھل کر تکذیب کردی ہے۔ آپؐ اُن سے کہہ دو کہ میں تم پر وکیل نہیں ہوں۔ البتہ ہر اطلاع کے لئے ٹھکانہ مقرر ہے۔ ہوسکتا ہے کہ تم پر آفات سماوی یا ارضی کی سزا نازل ہو یا تمہیں تحریک تشیّع کے حوالے کردیا جائے کہ آپس کی سختیاں جھیلو۔ اس میں شبہ نہ کرو کہ تکذیب حق کی سزا تمہیں بہت جلد معلوم ہو جائے گی۔

> وَقَالَ الرَّسُوۡلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوۡمِي اتَّخَذُوۡا هٰذَا الۡقُرۡاٰنَ مَهۡجُوۡرًاo (الفرقان 25/30)
>
> قُلۡ هُوَ الۡقَادِرُ عَلٰۤى اَنۡ يَّبۡعَثَ عَلَيۡكُمۡ عَذَابًا مِّنۡ فَوۡقِكُمۡ اَوۡ مِنۡ تَحۡتِ اَرۡجُلِكُمۡ اَوۡ يَلۡبِسَكُمۡ شِيَعًا وَّيُذِيۡقَ بَعۡضَكُمۡ بَاۡسَ بَعۡضٍ اُنۡظُرۡ كَيۡفَ نُصَرِّفُ الۡاٰيٰتِ لَعَلَّهُمۡ يَفۡقَهُوۡنَo وَكَذَّبَ بِهٖ قَوۡمُكَ وَهُوَ الۡحَقُّ قُلۡ لَّسۡتُ عَلَيۡكُمۡ بِوَكِيۡلٍo لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسۡتَقَرٌّ وَّسَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَo (الانعام 67-6/65)

وہ دن آرہا ہے جب اُن کی تمام چالیں پٹ جائیں گی اور کوئی ایک مکر اُن کے کام نہ آئے گا۔اور کوئی مددگار بھی نہ ملے گا۔ یقیناً ظلم کرنے والوں کے لئے اس کے علاوہ بھی عذاب ہے۔لیکن اکثریت جانتی نہیں ہے۔اپنے پروردگار کے فیصلے پر صبر سے رہو۔ ہم تمہاری حفاظت اور کامیابی پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔تم تو بےفکری سے اپنے رب کی حمد و ثنا کرتے رہو۔جب بھی اٹھو اور جب رات ہو جائے اور جب ستارے پلٹنے لگیں تم حمد و ثنا میں مصروف رہتے چلے جاؤ۔

> يَوْمَ لَا يُغْنِى عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا وَّلَاهُمْ يُنْصَرُوْنَ o وَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَايَعْلَمُوْنَ o وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ o وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ o
> (الطور 49-52/46)

اورسنو کہ اگر یہ گروہ باز نہ آیا تو ہم اُن کے سر کے بال پکڑ کر انہیں گھسیٹیں گے۔اس پیشانی کے بال جس میں جھوٹ اور غلط کاریاں بھری ہوئی ہیں۔اُس وقت اگر ان کے طرفداروں کو بلایا گیا تو ہم بھی سزا دینے والوں کو بلالیں گے۔ ہرگز اُن کی بات نہ مان۔سجدہ کرتا رہ اور قربت حاصل کر۔

> لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ لَنَسْفَعًابِالنَّاصِيَةِ o نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ o فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ o سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ o كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ o
> (العلق 19-96/15)

یقیناً یہ بات ہمارے رسولوںؑ کے لئے پہلے سے طے شدہ ہے کہ فتح اُن ہی کی ہوگی۔اور بے شک ہماری افواج ہی غلبہ پایا کرتی ہیں۔ چنانچہ آپؐ اُن کی مرضی کے خلاف ولایت قائم کرو اور ذرا دیر انہیں اُن کے حال پر چھوڑ دو۔اور نتیجہ پر تم بھی نظر رکھو اور وہ بھی جلد دیکھ لیں گے۔یہ لوگ ہماری سزا جلدی سے نافذ کرانا چاہتے ہیں؟ جب ہمارا عذاب اُن کے گھر میں آکر اترے گا تو وہ صبح اُن لوگوں کے لئے بڑی تباہ کن ہوگی جن کو ہم نے تمہارے ذریعہ سے بار بار تنبیہہ کرادی ہے۔پھر سنو کہ تم اُن کے خلاف ولایت قائم کرنے میں لگ جاؤ اور ذرا سی دیر نتیجے کو آتے دیکھو تاکہ وہ بھی دیکھیں۔اللہ ان کے تصورات سے بہت بلند اور پاک ہے۔ہمارے رسولوںؑ پر ہمارا سلام کہو۔اور بتادو کہ اللہ ہی عزت کا رب ہے۔الغرض تمام ستائش تمام عالمین کے پروردگار کے لئے ہے۔

> وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ o اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ o وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ o فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ o وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ o اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ o فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ o وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ o وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ o سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ o وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ o وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ o (الصّٰفّٰت 182-37/171)

21۔ قیام ولایت اور نبطی قبیلوں کی طرف ہجرت کی تیاریاں

اعلان نبوت کے بعد مکہ میں تیرہواں سال شروع ہو چکا ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر کا ترپین واں سال جارہا ہے۔اگر اس طویل زمانے کا حساب مولویانہ طریقہ پر لگایا جائے تو نتیجہ بڑا ہی مایوس کن ہے۔یعنی اگر ان لوگوں کو اس تبلیغ کا نتیجہ سمجھ لیا جائے جو مکہ کے قیام میں مسلمان ہوئے تو یہ تعداد کسی طرح بھی ایک سو سے اوپر نہیں جاتی۔اور اس تعداد میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو کبھی

کافر تھے ہی نہیں۔ وہ حضرات بھی شامل ہیں جو مکہ سے ہجرت کر کے حبشہ چلے گئے یا جہاں جگہ ملی پناہ لے لی۔ اس تعداد میں وہ نام بھی شامل ہیں جن کو عرف عام میں منافق کہا جاتا ہے اور جن کو ہم نظام اجتہاد کے ماہرین کہتے ہیں۔ لیکن ہم چونکہ نبوت کو روز اوّل سے نافذ سمجھتے ہیں۔ یعنی ظاہری نبوت روز پیدائش سے عملاً شروع ہوگئی تھی۔ لہٰذا حضرت ابوطالب علیہ السلام کا وہ زمانہ جو پیدائش رسالتمآبؐ سے لے کر اعلان نبوت تک گزرا ہے وہ دور نبوت محمدؐی ہی ہے۔ چنانچہ حضور کی پرورش اور تربیت تعلیمات محمدؐیہ ہی کے مطابق کی گئی اور اس تربیت میں نہ صرف الہام خداوندی مدد ومعاون رہے بلکہ ملائکہ والروح و جبرائیل و میکائیل و اسرافیل علیھم السلام بھی دوش بدوش شامل حال رہے۔ چنانچہ اس ترپین سالہ دور میں تمام سابقہ شرائع اور تمہیدات اسلام پر عمل کیا گیا۔ نوع انسان کے اس بدترین اور الجھے ہوئے معاشرہ میں اسلام کے جو اسباق دیئے گئے وہ ہر زمانہ میں پہلے نمبر پر رکھنا ضروری ہیں۔ یعنی شریعت وطریقت یا اسلام کی تعلیمات کا دو تہائی حصہ اُسی زمانہ میں پورا کیا گیا تھا۔ اور وہ باقی ایک تہائی ہرگز قابل عمل نہ ہوتی اگر آنے والے زمانے کی تعلیمات کی بنیاد ان ترپین سالہ مسائل پر نہ رکھی جاتی۔ یعنی مدینہ کی زندگی میں آنے والا ہر مسئلہ اپنی بنیاد میں ترپین (53) قسطیں یا تدریجی مراحل رکھتا ہے۔ تب جا کر وہ حکم دیا گیا ہے۔ جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے کہ مسلمانوں کے علما نے مذکورہ ترپین سالہ اقساط وتدریج کو نظرانداز کر کے تبلیغ شروع کی ہے۔ اس لئے اُن میں عوام تو عوام ہیں خود علما اسلامی اخلاق سے کورے اور صرف معلومات کے بولتے چالتے بنڈل ہوتے ہیں۔ وعظ میں سچ بولنے کا تقاضہ اور خدا سے ڈرنے کی تلقین مگر وزرا کے دروازے پر لائسنس یا وفد میں جانے کے لئے درخواست لے کر حاضر۔ دنیا کے تمام عیوب اگر ایک جگہ ایک انسان میں دیکھنا ہوں تو ایک حقیقی معنی میں مجتہد کی اسٹڈی (Study) کریں۔ انشاء اللہ معائب کی فہرست مکمل ہو جائے گی۔ مکہ کا زمانہ ہی وہ زمانہ تھا جب رسولؐ اللہ نے ابلیس کو مسلمان کر دیا تھا۔ یعنی نظام اجتہاد نے اسلام اختیار کر کے اسلام میں اپنی طرز فکر جاری کر دی تھی۔ مطلب یہ کہ ابلیس کو اسلام کی مخالفت کے لئے مسلمان ہو جانے کے علاوہ تمام راہیں بند ملی تھیں۔ مکہ کی زندگی میں تمام وہ تاریخ مرتب ہوئی جس کو بعد والوں نے لاعلمی کا شکار کرنا تھا۔ یہیں پر قرآن کریم کی وہ ترتیب عمل میں آئی جو تحریف سے قرآن کو محفوظ رکھنے کے لئے ضروری تھی۔ مدینہ کے زمانہ میں تو بہت سے لوگوں کے نام حفاظ قرآن کی فہرست میں لکھ دئے گئے۔ مگر مکہ کے زمانہ کے کسی حافظ کا نام نہیں لکھا گیا۔ بات وہی ہے کہ ''پیا بھئے کتوال اب ڈر کا ہے کا''۔ اپنا راج، اپنی قوم، اپنا ملک اور اپنی عزت جس کو چاہا شہسوار بنا دیا خواہ سواری کے لئے کبھی گدھا بھی نصیب نہ ہوا ہو۔ اور الف کے نام لٹھ بھی نہ آتا ہو۔ بہر حال بیت الرسالت میں قرآن کریم اور قریش وعرب وعجم کی عملی تاریخ وجغرافیہ مرتب ہو رہا تھا۔ تاکہ اس خاندان کے بچے عالمی وقومی وملکی حالات کی باقاعدہ معلومات حاصل کر سکیں اور خاندانی روایات اور دشمنوں کی روزمرہ کی کیفیات پر مطلع ہو سکیں۔

سابقہ عنوان کے قرآنی بیانات میں یہ بتا دیا ہے کہ مکہ کا قیام اب فضول قرار دیا گیا تھا۔ آپؐ قریش سے مایوس کر دیئے گئے تھے۔ گرد ونواح کے قبائل اور دیہات وبستیاں قبول اسلام میں خطرہ دیکھ رہی تھیں۔ حج کے زمانوں کے دوران آپ مختلف قبائل سے بات کر چکے تھے۔ قریش کی طرح دوسرے قبائل بھی یہ چاہتے تھے کہ آپؐ کے بعد تمام کاروبار رسالت وحکومت اُن کو سونپ دیا جائے۔ اس سلسلے میں اختصار کی غرض سے ایک قبیلہ کا ذکر طبری سے سن کر باقی کا فیصلہ خود کر لیں۔

(21/2)۔ حکومت وخلافت حاصل کرنے کے لئے نبوتؐ سے تعاون کرنے پر سب تیار تھے

علامہ طبری بیان کرتے ہیں کہ:۔''محمد بن مسلم بن شہاب زہری سے مروی ہے۔آپ بنی عامر میں صعصعہ کے پاس گئے اور اُن کواللہ کی طرف بلایااوراپنے آپ کو پیش کیا۔اُن کے ایک شخص بیجرہ بن فراس نے کہا کہ اگر میں قریش کے اس جوان مرد کو ساتھ لےلوں تو سارے عرب کوہضم کرلوں گا۔پھراس نے رسولؐ اللہ سے کہا کہ اچھا اگر ہم تمہاری دعوت میں تمہارے ساتھ ہوجائیں اوراللہ تمہارے مخالفین پر تم کو غالب کردے تو کیا تمہارے بعداس دعوت کے ہم مالک بن سکیں گے؟ آپؐ نے فرمایا یہ معاملہ اللہ کے قبضے میں ہے وہ جسے چاہے دے۔اُس نے کہا کہ اس کے معنی یہ ہوئے کہ تمہاری حمایت میں ہم اپنے سینوں کو عربوں کا نشانہ بنائیں اور جب تم کو غلبہ حاصل ہوتو یہ اقتدارہمارے علاوہ دوسروں کو مل جائے۔اس شکل میں ہمیں کوئی ضرورت نہیں کہ تمہارے شریک ہوں۔اوراب انہوں نے بھی آپ کی دعوت رد کردی۔'' (طبری جلداوّل صفحہ 113)

اس روایت میں جہاں یہ بات واضح ہوگئی کہ عربوں کا ہر قبیلہ پورے عرب کو ہضم کرجانے کی راہیں تلاش کررہا تھا۔ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے عربوں کی عسکری اور اجتماعی طاقت اس قدر کمزور تھی کہ کوئی ایک قبیلہ بھی ذراسی منظّم قوت سے اُنہیں پامال کرسکتا تھا۔جولوگ قحطانی تاریخ کی جھوٹی پھُوں پھاں سے مرعوب ہیں، یہ روایت اُن کیلئے زیادہ غورطلب ہے۔ایک حقیر وخانہ بدوش منتشر بدوؤں کا یہ ملک سوائے اسکے کہ یہاں ضروریات زندگی کیلئے بے دریغ قتل عام کرڈالنے والے اور جنسی اشتراک میں باکمال وبے لگام لوگ رہتے تھے، یہاں اور کیا تھا؟ اگر ہم یمن وشام وعراق وغیرہ ممالک کوالگ کردیں تو یہاں کیارہ جاتا ہے۔یہاں صرف قحطانی یا جرھمی قبائل تھے جنہیں دنیا کا حال معلوم تھا جوخانوادہ رسولؐ کے ساتھ لگے رہتے تھے اوراُنکو زیر کرنے کیلئے تہذیب وتمدن کے نمائشی سوانگ رچائے جاتے رہتے تھے۔اگر مکہ میں کعبہ نہ ہوتا اور اگر کعبہ اسلام کا مرکزی مقام نہ ہوتا تو یہ سمجھ لیں کہ نہ یہاں حضرت اسماعیل علیہ السلام آباد ہوتے نہ جناب نابت علیہ السلام کی مرکزی شاخ یہاں قیام کرتی۔چنانچہ یہ علاقہ گیدڑوں اور بھیڑیوں کے رہنے کی جگہ ہوتی۔یہ سبب ہے کہ یہ قحطانی نسل اقتدار کی بھوکی ہے اور ہر شخص نبوت کو اسلئے تسلیم کررہا ہے کہ کسی تکڑم کے ساتھ اُسے نبیؐ اور خانوادہ رسولؐ کی ساری کمائی پر قبضہ کرلینے کا موقعہ ملے۔لہٰذا آئندہ جو چیز ہر قاری کیلئے زیر غور وفکر رہنا چاہئے وہ یہ کہ مسلمان گروہ میں وہ کون لوگ ہیں جو اسلام کی خدمت ونصرت کیلئے سابقہ دین وایمان، جان ومال، اولاد واملاک قربان کرنے میں ذرہ برابر بھی دریغ نہیں کرتے۔رسولؐ اللہ کے کسی حکم میں چوں وچرا اور اصلاح وترمیم وتنسیخ نہیں کرتے۔اور وہ لوگ جو کسی حکم کو بلا چوں وچرا نہیں مانتے، ہر معاملہ میں اپنی جان کی حفاظت کرتے ہیں، کسی ایسی خدمت کو اختیار نہیں کرتے جس میں تلوار کا براہ راست سامنا کرنا اور زخم کھانا پڑے۔جو مالی مدد بھی تاجرانہ اصول ''کچھ لواور کچھ دو'' کے ماتحت دیا کرتے تھے۔جنہوں نے اپنے سابقہ دین اور قومی وملکی روایات کو باقی رکھا اور اسلام کے ہر مسئلے کو اپنی سابقہ زندگی کے تحفظ کی طرف جھکایا۔یہ دوگروہ ہیں جو اسلام کی نبوی اسٹیج پر اپنا اپنا پارٹ ادا کرتے ہوئے ملیں گے۔اُن دونوں کو الگ الگ کرتے چلنا ہر قاری کا فرض ہوگا۔یہاں تک کہ میدان کربلا اُن دونوں گروہوں میں ایک خط فاصل بن جائے اور جناب امام حسین علیہ السلام اُن دونوں گروہوں کی پیشانی پر مہر لگاکر طیب وطاہر گروہ کو خبیث وناپاک گروہ سے متمیز کردیں۔(آل عمران 3/179)

(21/3)۔ خاندان عبدالمطلبؑ کی ابدی وازلی صداقت اور دعویٰ نبوت کی حقانیت

مندرجہ بالا روایت کے بعد طبری نے قبیلہ بنی عامر کے ایک طویل العمر بزرگ شیخ کا ذکر کیا ہے کہ جب بنی عامر حج سے واپس جاتے تو حج کے مخصوص واقعات اس پیر مرد کو سنایا کرتے تھے۔ اِس دفعہ بیجرہ نے رسولؐ اللہ کی نصرت طلبی کا واقعہ سنایا تو:۔

''شیخ نے بیجرہ کے سر پر ہاتھ رکھا اور کہا کہ اے بنی عامر کیا کوئی صورت اب بھی ایسی ممکن ہے کہ تمہارے اس انکار اور تردید کی تلافی ہو سکے؟ اور تم لوگ پھر نصرت میں شریک ہو سکو؟ اُس ذات کی قسم جسکے قبضے میں میری جان ہے کسی اسماعیلی نے نبوت کا دعویٰ نہیں کیا مگر وہ ہمیشہ حق ہوا ہے۔ تم کو کیا ہوا تھا کہ تم نے اس کی تردید کردی۔'' (طبری جلد اوّل صفحہ 113)

اس عنوان میں دراصل علامہ طبری یہ دکھا رہے ہیں کہ رسولؐ اللہ تمام قبائل پر اتمام حجت فرما رہے ہیں۔ کسی کے ایمان لانے نہ لانے کی پرواہ کئے بغیر سب کو بتا رہے ہیں کہ میری نصرت تم پر واجب ہے، میں بری الذمہ ہوں، تمہیں اطلاع ہو چکی ہے۔ یہاں دوبارہ معلوم ہوا کہ بنی عامر اُس بزرگ کی نصیحت کے باوجود اسلئے تلافی کو نہ آئے کہ رسولؐ نے حکومت دینے کا انکار کر دیا تھا۔ یعنی سوال یہ نہ تھا کہ محمدؐ کا دعویٰ برحق ہو تب نصرت کرینگے۔ یہ بات بھی بعد میں گھڑی گئی ہے کہ عرب بتوں کی پرستش نہ چھوڑنا چاہتے تھے اس لئے مخالفت کر رہے تھے یا یہ کہ نماز و روزہ یا حج زکاۃ اور شراب وجوئے کا حرام ہونا کوئی نئی باتیں تھیں یا توحید کا جھگڑا تھا۔ یہ سب بعد کے گھڑے ہوئے بہانے ہیں۔ عرب میں توحید پرستی، نماز، روزہ، حج وزکاۃ کے پابند لوگ موجود تھے، اُن کو پسند بھی کیا جاتا تھا۔ اصل بنائے مخاصمت صرف حکومت واقتدار تھا۔ وہ خانوادہ رسوؐل کی حکومت رسولؐ کے بعد نہ چاہتے تھے، اور بس۔ چنانچہ اسی قحطانی تاریخ میں اپنی حکومت مستحکم کر لینے کے بعد قریش نے اُن لوگوں کو گنوایا ہے، جو موحد تھے، نماز پڑھتے تھے، شراب نہ پیتے تھے۔ مگر خانوادہ رسولؐ سے باہر ایسے لوگوں کو مانا ہے تاکہ آل رسوؐل کی کوئی خصوصیت نہ رہے۔ اِن میں سب کو کافر قرار دیا ہے تاکہ اپنے کافروں کی عزت بحال رہے۔ اور اُسی حکومت کا پتہ دیتی ہے وہ بات کہ نہ کوئی وحی آئی تھی نہ کوئی فرشتہ نازل ہوا تھا۔ یہ تو بنی ہاشم نے حکومت کا ڈھونگ رچایا تھا۔ یہ الزام قطعاً صحیح ہے۔ یعنی اُن کے تجربہ میں خانوادہ رسوؐل کی حکومت قائم کرنے والی وحی اتری نہ فرشتہ اترا۔ محمدؐ نے اپنے خاندان کی حکومت کے لئے اپنی رائے ظاہر کی۔ اس پر تاحیات قائم رہے۔ اسلئے جھگڑا ہوا اور اب دوشاہزادوں میں جنگ ہوئی۔ ایک شاہزادے نے اپنی حکومت برقرار رکھنے اور آل رسوؐل کو محروم کرنے کیلئے دوسرے شاہزادے اور اس کے اہل وعیال وانصار کا قتل عام کر دیا۔ گویا نبوت وقیامت اور توحید کے وہ دونوں قائل تھے۔ فرق یہ تھا کہ ایک توحید کے ساتھ عدل اور نبوت کے ساتھ امامت کو لازم سمجھتا تھا۔ اور امامت وحکومت کو اپنے خاندان کا حق کہتا تھا۔ یہی آج ہمارا عقیدہ ہے اور یہی اُن دونوں گروہوں کے عقائد کا فرق ہے۔ ہم علیؑ وآل علیؑ کی حکومت کے سوا اسلام میں ہر حکومت کو باطل اور باغی اور طاغی قرار دے کر اُن سے باغی ہیں۔ اُسی باطل حکومت کے تحفظ کیلئے انہوں نے قرآن کے احکام کو اجتہادی سانچوں میں ڈھالا، قرآن کو ایک عام کتاب بنایا، معجزات کا انکار کیا۔ نبیؐ کی تین چار حیثیتیں بنائیں۔ اجماع اور اجتماعی رائے کو دین کا درجہ دیا۔ یہ تو تحریک تشیّع کی کاوش وجدوجہد کا نتیجہ ہے کہ اُس نے صوفیائے کرام کو آگے بڑھایا اور مخالف گروہ سے سب کچھ منوا کر چھوڑا۔

(21/4)۔ رسولؐ اللہ کا مدنی نبطی خاندان انجان بن کر سامنے لایا گیا

ہم نے بڑے شدّ و مد اور اہتمام و دلائل کے ساتھ ثابت کیا ہے کہ خاندان رسولؐ جناب نابت علیھم السلام کی اولاد سے ہے۔ جناب علی مرتضٰی علیہ السلام نے خود کو عراق کے نبطی خاندان کا فرد فرمایا۔ اور یہ کہ اوس و خزرج بھی جناب نابت علیہ السلام کی اولاد سے نبطی تھے اور یہ کہ آنحضرتؐ کے بزرگوں کی برابر بنی خزرج سے رشتہ داریاں رہتی تھیں۔ اور جناب عبداللہ و عبدالمطلب علیھم السلام کا خزرج سے خاص اور کھلا تعلق تھا۔ وہ خزرج ہی تھے جنھوں نے مسلح حمایت کی تھی اور جناب عبدالمطلبؑ کو قریش سے اُن کی غصب شدہ جائیداد بنوک شمشیر دلوائی تھی۔ اور وہ خزرج کا ہی سردار سعد بن عبادہ تھا جو جناب علی مرتضٰی علیہ السلام کو حکومت دلانے کے لئے تیغ بکف تھا۔ لیکن جناب علیؑ نے قریش کو تجربہ کا موقع دینے اور امن و امان کی غرض سے سعد بن عبادہ کو بیٹھ رہنے کا حکم دیا تھا۔ حکم کے ماتحت خزرج کا وہ سردار علیحدہ تو ہو گیا لیکن زندگی بھر اعلان حق کرنے کے لئے مدینہ سے نکل گیا اور سارے عرب کو مطلع کر دیا۔ اُسی کا قبیلہ ہے جسے اللہ نے قرآن میں انصار رسولؐ اور جنتی قرار دیا ہے۔ جنھوں نے قریشی طاغوت کی کمر توڑ کر رکھ دی تھی۔ اُن کا تذکرہ قحطانی تاریخ نے انجان بن کر اور واقعات سے نظر چرا کر کیا ہے تاکہ ہجرت ایک اچانک واقعہ بن جائے، اتفاقی حادثہ کہلائے۔ حالانکہ نبوت محمدؐیہ کی ہر بات مسلسل و مربوط اور خدائی احکام کے مطابق ہے۔ نہ یہاں وحی کا نزول اچانک اور محدود ہے، نہ نبوت اور اس کا اعلان نیا اور اچانک ہے۔ نہ پہلی ہجرتیں اچانک ہیں نہ ہجرت مدینہ اچانک ہے۔ یہ ایک خدائی خاندان ہے اس کا ذکر شجرہ طیبہ کی حیثیت سے مسلسل ہے۔ اس کی تیاری پر خدا نے اور انسانی بصیرت نے ہزارہا سال صرف کئے۔ یہ ایک ہمہ گیر اسکیم ہے۔ اُس کی ہر بات و پروگرام خدائی منصوبے کے مطابق ہر سابقہ نبیؑ کی محنت و بصیرت پر مبنی رہتی آئی تھی۔ یہاں ہر خیال، ہر حکم، ہر عمل اور ہر اقدام مَا یَنۡطِقُ عَنِ الۡھَوٰی o اِنۡ ھُوَ اِلَّا وَحۡیٌ یُّوۡحٰی o (53/3-4) " اِنۡ اَتَّبِعُ اِلَّا مَایُوۡحٰی اِلَیَّ (6/50) " کے مطابق تھا۔ اس خاندان کی مناکحت حکم خداوندی کے ماتحت، اولاد کی پیدائش اللہ کی مرضی و اطلاع کے مطابق، گھر میں آنے والی دلھن کا نام و پتہ پہلے سے معلوم، پیدا ہونے والی اولاد، اُن کے نام و کام و صفات معلوم و مشہور۔ ہر شخص نوع انسان کی فلاح و بہبود کے لئے اپنی جان و اولاد قربان کرنے کے لئے آمادہ۔ امن و عافیت کے لئے اپنا حق چھوڑ دینے کو تیار اور اِن عادات سے ہر زمانہ کے لوگ مطلع و آگاہ۔ ہائے افسوس کہ ان عادات سے واقفیت اور تجربہ رکھنے والا ابلیسی گروہ پھر بھی ان سے عیاری و مکاری، دغا اور فریب کرتا رہا۔ ساری دنیا کو فریب میں مبتلا کیا۔ تاریخ و تفسیر و احادیث تک کو اپنے فریب پر پردہ ڈالنے کے لئے استعمال کیا اور آج تک حق قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہے۔ اُن سے حق اگلوانے کے لئے بڑی محنت کی گئی ہے۔ لیکن ابھی بھی سینکڑوں حقائق اُن کے تاریخی پیروں کے نیچے دبے ہوئے ہیں۔ جب تک اُن کے پیر اُکھڑ نہ جائیں، جب تک انہیں دھکیل کر آگے نہ کھسکا دیا جائے، گوشۂ حق آزاد نہیں ہوتا۔ کائنات صرف اس لئے مصروف حرکت ہے کہ ابلیسی نظام کو یہاں تمکّن اور سکون نہ مل سکے اور اُس کے قدم ڈگمگاتے رہیں اور حق اُبھر کر انہیں مٹاتا رہے۔

(i)۔ قریش نے مدینہ کی ہجرت روکنے کا انتظام کیا، مگر ناکام رہے

جاہلیت کی تاریخ بات یوں شروع کرتی ہے کہ:۔ "ابو الحیسر انس بن رافع بنی عبد الاشھل کے چند اور جوانوں کے ہمراہ

جن میں ایاس بن معاذ بھی تھا۔اپنی قوم بنی خزرج کے خلاف قریش سے معاہدہ کرنے کے لئے مکہ آیا۔رسولؐ اللہ کواُن کی آمد کی اطلاع ہوئی۔آپ اُن کے پاس آئے اور وہاں تشریف فرما ہو کر اُن سے کہا کہ جس غرض سے تم آئے ہو اگر اس سے بہتر بات میں بتاؤں تو تم قبول کروگے؟انہوں نے پوچھا وہ کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا میں اللہ کا رسوؐل ہوں،اللہ نے مجھے اپنے بندوں کے پاس بھیجا ہے تا کہ میں اُن کو اللہ کی طرف بلاؤں اور وہ صرف اُسی کی پرستش کریں۔اس کے ساتھ کسی کو بھی شریک نہ کریں۔اللہ نے مجھ پر ایک کتاب نازل فرمائی ہے۔اس کے بعد آپؐ نے اسلام کے ارکان اُن کو بتائے اور قرآن پڑھ کر سنایا۔ایاس بن معاذ نے جس کا بالکل شباب تھا کہا کہ اے دوستو!بے شک یہ بات اُس سے بہتر ہے جس کے لئے تم یہاں آئے ہو۔**ابو الحیسر** انس بن رافع نے مٹھی بھر کنکریاں اُٹھا کر ایاس بن معاذ کے منہ پر ماریں اور کہا تم ہم سے علیحدہ ہو جاؤ ہم اس کے علاوہ دوسرے کام کے لئے آئے ہیں،ایاس چپ ہو گیا،رسول اللہ صلعم اُن کے پاس سے اُٹھ آئے،یہ جماعت مدینہ واپس چلی گئی۔اس کے بعد اوس وخزرج کے درمیان جنگ بعاث ہوئی۔اس کے کچھ ہی عرصے کے بعد ایاس ہلاک ہو گیا۔وہ لوگ جو موت کے وقت اس کے پاس موجود تھے بیان کرتے ہیں کہ وہ برابر اُسے تحلیل اور تکبیر اور اللہ کی حمد وتسبیح کرتے ہوئے سنا کرتے۔اسی طرح وہ جان بحق والتسلیم ہو گیا۔اُن لوگوں کو اس کے مسلمان ہونے میں کوئی شبہ نہ تھا۔اُس نے مکہ میں رسول اللہ صلعم سے جو باتیں سنیں تھیں اُن کی وجہ سے وہ اسلام کا قائل ہو چکا تھا۔''(طبری جلد اوّل صفحہ 114)

(ii)۔ <u>قریش جانتے تھے کہ مدینہ میں خاندان رسالت آباد ہے جو مجسم بصیرت ہیں</u>

تاریخ یہ نہیں بتاتی کہ قریش نے کب اوسی قبیلے سے ساز باز کی۔مگر یہ معلوم ہو گیا کہ ہجرت سے پہلے ہی قریش نے اوس وخزرج میں پھوٹ ڈال کر اوس کو اپنے ساتھ ملا لیا تھا۔چونکہ جناب ہاشم اور عبدالمطلب علیہما السلام کی شادیاں خزرجی خاندان میں ہوئیں تھیں اور جناب محمدؐ مصطفیٰ کی ننہیال خزرج میں تھی۔اسلئے اوسیوں کو یہ فریب دینا آسان تھا کہ رسولؐ اللہ کی حکومت میں تمہیں کوئی حصہ نہ ملے گا۔اور اُنکے بعد بھی خزرج ہی کا اقتدار رہوگا۔اسلئے تم ہماری اسکیم میں ہماری مدد کرو اور پیشگوئی کے مطابق ہماری ہی حکومت قائم ہونا ہے۔لہٰذا ہماری نصرت کر کے اُدھر کے بجائے اِدھر اپنی جگہ بناؤ۔یہی سبب ہے کہ جب خلافت کا جھگڑا شروع ہوا تو اوس کے نمائندے **بشیر بن سعد** نے قریش کا ساتھ دیا تھا۔یہ اتفاق یا حادثاتی طور پر وقوع میں نہیں آیا بلکہ یہ بھی قریشی پلان کا گیارہ سال کے بعد متوقع نتیجہ تھا۔

یہ بھی اتفاقی بات نہ تھی کہ اُدھر قبیلہ اوس کا وفد قریش سے معاہدہ کرنے کے لئے آتا ہے اور اِدھر آنحضرتؐ اُن سے ملاقات کے لئے پہنچ جاتے ہیں۔اور یہ اعلان کر دیتے ہیں کہ وہ معاہدہ جو ابھی قریش اور اوسی وفد کے دل میں پوشیدہ تھا،گھٹیا مقصد رکھتا تھا۔اور نصرت رسولؐ ہر طرح قریش کی نصرت کے مقابلے میں بہتر اور پسندیدہ خداوندی تھی۔جس سے اُدھر ایک ہی خاندان کے دو بھائی قبیلوں میں پرخاش رک جاتی دوسرے رسوؐل کی نصرت میں دوہرا اجر تھا۔ایک یہ کہ اپنے خاندان کی مدد ہوتی دوسرے یہ کہ خدا کی نبوت ورسالت کی فتح میں حصہ ملتا۔اور ایاسؓ بن معاذ نے اسکی تصدیق بھی کر دی تھی۔ظاہر ہے کہ اُس خفیہ معاہدہ کی اطلاع وحی کے علاوہ کسی اور ذریعہ سے نہیں ہو سکتی تھی۔

یہ بھی غور طلب ہے کہ جب رسولؐ اللہ نے یہ فرمایا کہ جس غرض کے لئے تم آئے ہو میں اس سے بہتر مقصد بتا دوں تو کیا تم

میری بات مان لوگے؟ ظاہر ہے کہ رسولؐ کواَوسی وفد کے آنے کی غرض معلوم تھی۔اب سوال یہ ہے کہ وفد کے لیڈر نے یہ کیوں نہ پوچھا کہ بتاؤ ہمارے آنے کی غرض کیا ہے؟ آپؐ کو وہ غرض کیسے معلوم ہوئی؟ معلوم ہوا کہ قریش نے یا کسی اور نے یہ بتا رکھا تھا کہ محمدؐ کو غیب کی اطلاع خدا کی طرف سے ہو جاتی ہے۔ پھر یہ بھی ممکن تھا کہ اگر وہ غرض معلوم کرنے کا سوال کر دیتا تو یقیناً رسولؐ اللہ بلا تکلف بلا کم و کاست بتاتے کہ تم قریش کے ساتھ سازباز اور خزرجیوں کے خلاف معاہدہ کرنے کے لئے آئے ہو۔ ہوسکتا ہے کہ وفد کے نمائندہ کو یہ خطرہ پیدا ہوا ہو کہ رسولؐ کے بیان سے خفیہ بات قبل از وقت سب کو معلوم ہو جائے گی لہٰذا اُس نے غرض معلوم نہ کی۔ دوسری غور طلب بات یہ ہے کہ جب ہماری غرض سے بہتر بات بتانے کا وعدہ اور شرط کی جارہی ہے تو فوراً یہ کیوں نہ کہا کہ اگر واقعی ہماری آمد کی غرض سے بڑھ کر زیادہ مفید بات ہوگی تو ہم ضرور عمل کریں گے؟ یہاں ظاہر ہے کہ وہ وعدہ نہیں کرتا اور ڈرتا ہے کہ کہیں وہ بڑھیا بات کو بھی اختیار نہ کر سکے لہٰذا اُس نے سوال پر سوال کر دیا۔ یعنی یہ کہ پہلے وہ بہتر بات بتا دو اور جب بتا دی گئی تو نہ اس نے یہ کہا کہ یہ بہتر نہیں ہے، نہ یہ کہا کہ یہ بہتر ہے۔ لہٰذا یقیناً لیڈر کو معلوم تھا کہ قریش سے معاہدہ کے بعد رسولؐ اللہ کی حمایت و نصرت نہ کرنا لازم ہوگا۔ یعنی معاہدہ اس بات پر تھا کہ اگر آنحضرتؐ کے ماموں رسولؐ اللہ کو لے جائیں تو قبیلہ اَوس، خزرج کا نہیں قریش کا ساتھ دیگا۔

قارئین یہ بھی نوٹ کرلیں کہ رسولؐ اللہ یہ نہیں فرماتے کہ مجھ پر قرآن نازل ہو رہا ہے اور کافی مقدار میں نازل ہو چکا ہے۔ بلکہ یہ فرماتے ہیں کہ ''<u>اللہ نے مجھ پر ایک کتاب نازل کی ہے۔</u>'' اسکے بعد یہ عقیدہ رکھنا کہ پوری کتاب نازل نہیں ہوئی۔ بلکہ تیئیس (23) سال میں رک رک کر اترتی رہی۔ کس قدر مضحکہ خیز اور خود قرآن کے خلاف بات ہے۔ اور آخری بات یہ مان لیجئے کہ مدینہ میں ہجرت سے بہت پہلے اسلام داخل ہو چکا تھا۔ تکبیر و تحلیل و تسبیح و حمد خداوندی وہاں نئی بات نہ تھی، نہ ارکان اسلام نئی چیز تھے، نہ تلاوت قرآن جدید تھی بلکہ قبیلہ خزرج ہر سال حج کو آتا تھا۔ یہ رسولؐ اللہ اور اُنکے باپ و دادا کی سسرال و ننہیال تھی۔ یہ قدیم ناصران اسلام تھے، خانوادہ رسولؐ کے افراد تھے، وہ اسماعیلی اور وہ بھی نبطی شاخ کے اسماعیلی تھے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا کے مطابق ''**امة مسلمة لک**'' اللہ کی مسلمان امت تھے۔ مگر قحطانی تاریخ ہر ربط کو توڑ کر، تمام سلسلے اور تعلق و رشتے منقطع کر کے ہر چیز کو ایک حادثہ اور ایک اتفاق بنا کر دکھانے کی عادی ہے۔ وہ بظاہر واقع تو اسی ترتیب سے ہوئی ہے لیکن اس کی پشت پر حادثہ و اتفاق نہیں بلکہ اسلامی یا خدائی اسکیم ہے۔

(21/5)۔ <u>قبیلہ خزرج سے تعارف قحطانی تاریخ پر علامہ سید سلیمان ندوی کا محاکمہ</u>

وہ قارئین جن کو ہمارے تیز رو علمانے تیز گام بنا دیا ہے سوچ رہے ہوں گے کہ امام حسین علیہ السلام کا تذکرہ کب شروع ہوگا؟ یہ اِدھر اُدھر کی باتوں پر اس قدر وقت کیوں صرف کیا جارہا ہے؟ اُن کی خدمت میں یہ گزارش کی جاتی ہے کہ وہ جن باتوں کو فضول سمجھتے ہوں، چھوڑتے چلے جائیں۔ لیکن ہمارے نزدیک یہ تمام تذکرہ اور اس کا ہر جملہ ذِکرِ حسینؑ ہے۔ یہی وہ حالات ہیں جنہیں وہ خاص طور سے نوٹ کریں گے۔ یہی وہ خاندانی و تاریخی آثار ہیں جو اُن میں مادی طور پر وہ جرأت پیدا کریں گے جو اُن سے ظہور میں آئی۔ یہی وہ تاریخی الجھاؤ ہیں جن سے وہ بچ کر نکلیں گے۔ یہی وہ تطہیر ہے جس پر وہ سفر سے لے کر کربلا تک عمل کریں گے۔ یہ تو نہایت مختصر انداز میں اُس داستان کا خلاصہ ہے جو خانوادہ رسولؐ میں دن رات مرتب ہو رہی تھی۔ انسانی حیثیت سے مرتب کی ہوئی یہی تو وہ کہانی ہے جو حسینؑ

کی والدہ گرامی بچپن میں انہیں سنا سنا کر اسلام اور نوع انسان کے تحفظ کی تمہید قائم کریں گی۔ یہی تو مادی وفطری راہ ہوگی جو اُن کے روبرو از آدم تا محمدؐ کھلی ہوئی نظر آئے گی اور اُن سے اُسی راہ پر گامزن ہونے کا تقاضہ کرے گی۔ یہی ازلی وابدی معیار تو سامنے ہوگا جس پر وہ اپنے نانا اور اپنے والدین اور بڑے بھائی علیہم السلام کا عمل درآمد جانچیں گے۔اگر یہ سب کچھ مرتب نہ کیا گیا ہوتا، (معاذ اللہ) اگر اچانک وحی نے اتر کر رسولؐ اللہ کو ڈرا دیا ہوتا، اگر وہ فرشتے کے سامنے سے بھاگ کھڑے ہوئے ہوتے، اگر وہ اپنی تصدیق میں ورقہ بن نوفل کے محتاج ہوتے، اگر قریش کو وہ اپنا خاندان سمجھتے، اگر وہ حکومت کے حق و ناحق کو نہ جانتے ہوتے تو سنو! اُن سے وہی کچھ ظہور میں آتا جو عبداللہ ابن زبیر، عبداللہ ابن عمر اور سارے اللہ کے بندوں سے ظہور میں آیا تھا۔ دیکھنا تو یہ ہے کہ وہ کیسے ایک بے مثل کردار ادا کرتے ہیں۔ کیوں اُن کے صحابہ کربلا سے بھاگ نہیں جاتے؟ کیوں ہر سن وسال کے ساتھیوں میں اختلاف پیدا نہیں ہوتا؟ کیوں یہاں شوریٰ اور مشورہ اور جمہوریت سامنے نہیں آتی؟ کیوں اسلام کے دئے ہوئے حقوق استعمال نہیں کرتے؟ کیوں جان ومال واولاد وانصار کا تحفظ نہیں کرتے؟ جن ناظرین کو رقص منبری اور ذاکری کا چسکا لگا ہوا ہے، وہ کوئی بھی کتاب اٹھالیں اور شہادت پڑھ کر دو آنسو بہالیں اور اپنے دھندوں میں لگ جائیں۔ہم وہ ماحول دکھانا ضروری سمجھتے ہیں جو حسینؑ کو پیدا ہونے کی دعوت دے، جو اُن کے ظہور کے شایان شان ہو، جس کو تیار کرنے میں سلسلہ نبوتؐ ورسالتؐ وامامتؑ نے ہی نہیں بلکہ ابلیس اور اس کی جماعت نے بھی ہزاروں سال محنت کی تھی۔ تب جا کر حسین علیہ السلام کے پیدا کئے جانے کی ضرورت اور حق پیدا ہوا تھا۔ یہ پیدائش کوئی قحطانی حادثہ یا اتفاق نہ تھا۔ یہ کائنات اور خالق کائنات کا ازلی (Pre-planned) منصوبہ تھا۔ بہرحال ہم تو خود خوف طوالت سے گھبرائے ہوئے ہیں۔ اگر قارئین بھی گھبرا گئے تو پھر ہمارا خدا ہی حافظ ہے۔ ہم تو قارئین کیلئے محنت کر رہے ہیں اپنے لئے نہیں۔ (ارض القرآن سے ایک اقتباس ملاحظہ فرمائیں)

(21/6) ''اَوس وخزرج''

''نابت بن اسماعیلؑ کی ایک اور شاخ''

''انصار''

(الف) اَوس وخزرج عرب کے دو مشہور قبیلوں کے نام ہیں جو اسلام کے پہلے سے مدینہ میں سکونت پذیر تھے۔ اسلام آیا تو وہ اُس کے پُر زور دست وبازو تھے۔ اور انصار اُن کا خطاب تھا۔ عام طور سے انہیں بھی قحطانی الاصل اور کہلان کے خاندان سے قرار دیا گیا ہے۔ لیکن ہمارے نزدیک یہ رائے بھی صحت سے تہی مایہ ہے۔ زبان، مذہب اور قومی اخلاق کے علاوہ احادیث سے بھی اُن کے اسماعیلی ہونے پر مستحکم دلائل قائم ہیں۔

(i) بخاری میں روایت ہے کہ ابوہریرہؓ نے انصار کے ایک مجمع کو مخاطب کر کے حضرت ہاجرہؑ کا قصہ سنایا اور آخر میں کہا:۔

تِلکَ اُمکم یا بنی ماء السماء۔ اے پاک نسبو یہ تھیں تمہاری ماں ھاجرہؑ۔ محدثین کو اس حدیث کی تاویل میں بہت دقتیں تھیں لیکن آج جدید تحقیق نے تاویل واشتباہ کا پردہ چاک کر دیا ہے۔

(ii) تمام علمائے انساب اس بات پر متفق ہیں کہ اَوس وخزرج، غسان کے ہم نسب ہیں اور خود اَوس وخزرج کا بھی یہی دعویٰ ہے۔ اس بنا پر اگر ہمارے دلائل غسان کے نابتی الاصل ہونے پر صحیح ہیں؟ تو وہی بعینہ اوس وخزرج کے نا تبی ہونے پر بھی ثبوت ہیں۔

(iii) اَوس وخزرج کے اسماعیلی ہونے پر ایک اور دلیل یہ ہے کہ قریش سے اُن کے رشتے ناتے ہوتے تھے۔ وہ ہر سال حج کے لئے پابندی سے آتے تھے۔

(iv) منذر بن حزام (حضرت حسان بن ثابت کا دادا) جو زمانہ جاہلیت میں خزرج کے قبیلے سے تھا۔ اپنا نسب نابتؑ بن اسماعیلؑ تک پہنچاتا ہے۔ اور اس پر فخر کرتا ہے۔

ورثنا من البهلول عمرو بن عامر وحارثة الغطريف مجدا موئثلا

موارث من ابناء نبت بن مالک و نبتؑ بن اسماعیلؑ مَا اَن تحولا

عمرو بن عامر اور حارثہ دونوں غسانی اور اَوس وخزرج کے پدر اعلیٰ تھے۔ غسان نے شام کا رخ کیا اور اَوس وخزرج نے حجاز کے شہر یثرب (مدینہ) میں سکونت اختیار کی۔ یثرب نہایت قدیم شہر تھا۔ یونانیوں نے اس کا اثرپا کے نام سے ذکر کیا ہے۔ اسلام آیا تو طیبہ اور مدینۃ النبیؐ (پیغمبر کا شہر) نام قرار پایا۔ اور مختصر ہو کر صرف مدینہ رہ گیا۔ پہلے یہاں عرب سامیہ اولیٰ آباد تھے۔ اُن کے بعد یہاں یہود آئے۔ اور آخر میں اَوس وخزرج کے قبیلے آ کر بسے۔

(ب) **"اَوس وخزرج کی شاخیں"**:۔ توالد اور مرور زمانہ سے یہ دو قبیلے متعدد فروع اور شاخوں میں تقسیم ہو گئے تھے۔

(i) **"اَوس"**:۔ اوس کی صرف ایک اولاد تھی مالک، جس کی اولادوں کی حسب ذیل شاخیں ہیں؛

عمرو بن مالک، نبیت، عبدالاشہل، بنو ظفر (کعب بن خزرج بن مالک بن اَوس) عوف بن مالک، بنوعمرو بن عوف (اھل قبا)، بنوجحجبی، مرہ بن مالک؛ (جعاردہ اور اَوس اللہ بھی اسی کا نام ہے) سالم بن مالک؛ (بنوواقف) سالم بن مالک قبیلہ سعد بن خثیمہ، عبداللہ بن مالک بنوخطمہ۔

(ii) **خزرج:**

جشم بن خزرج؛ بنوتزید؛ بنوسلمہ؛ بنوبیاضہ؛ **عوف بن خزرج:** بنوالحبلٰی (قبیلہ عبداللہ بن ابی سلول راس المنافقین) بنوقوافل، بنو سالم؛ **حارث بن خزرج ۔ عمرو بن خزرج:** بنونجار (آنحضرتؐ کے ننھیالی لوگ)۔ **کعب بن خزرج:** بنوساعدہ (جن کا سقیفہ مشہور ہے یہی سعد بن عبادہ کا قبیلہ ہے۔ جو سقیفہ میں قیام خلافت ثلاثہ کے بعد ہمیشہ اُن کا اعلانیہ دشمن اور باغی رہا)۔

(ج) **اَوس وخزرج کی تاریخ**

اَوس وخزرج کی تاریخ اُنکے ہم وطن یہودیوں کے ساتھ مخلوط ہے۔ یہ مختلف فیہ مسئلہ ہے کہ مدینہ اور اطراف مدینہ کے یہود اصلاً بنی اسرائیل تھے یا یہودی المذہب عرب تھے؟ تاہم شمالی عرب میں کثرت سے اصل یہود آباد تھے۔ مدینہ کے اطراف میں بنو قریظہ، بنونضیر اور بنوقینقاع پُرزور قبائل آباد تھے۔ تجارت، زرگری، مہاجنی، لین دین، قرض دینا، رہن رکھنا، سود پر روپیہ لگانا۔

یہ اُن یہودیوں کے پیشے تھے۔ بدوی عربوں سے حفاظت اور ملک میں رعب پیدا کرنے کے لئے ہر تجارتی گودام پورا جنگی قلعہ ہوتا تھا۔ جنوب میں مدینہ اُن کی آخری سرحد تھی۔ مدینہ سے لے کر حدودِ شام تک خیبر، فدک، تبوک، تیما، مدین، وادی القرای، حجر میں اُن کے قلعے اور برابر آبادیاں تھیں۔ (یہ تمام علاقے اسماعیلی نبطیوں کی حکومت میں تھے اور اسی لئے یہاں یہود و نصاریٰ کو کھلے دل سے آباد ہونے اور پھلنے پھولنے کی آزادی تھی۔ حضرت عیسو کی اولاد اور مذہب کے لوگ ان علاقوں میں رہتے تھے...احسن)۔ مدینہ میں بنو قریظہ اور بنو نضیر کے مضبوط و مستحکم قلعے تھے۔ اسلام آیا تو یہی ان کا مایہ غرور تھا۔ قرآن نے اُن ہی قلعوں کی نسبت کہا ہے۔ خدا نے ان یہودیوں کو جنھوں نے کفار قریش کی مدد کی تھی ان کے قلعوں سے اتارا۔ وَاَنۡـزَلَ الَّـذِيۡـنَ ظَـاهَــرُوۡهُـمۡ مِّـنۡ اَهۡلِ الۡـكِتٰـبِ مِنۡ صَيَاصِيۡهِمۡ... (احزاب 33/26) اے مسلمانو! یہ لوگ تم سے صرف قلعہ دار شہروں یا فصیلوں کے پیچھے سے لڑیں گے۔ لَا يُقَاتِلُوۡنَكُمۡ جَمِيۡعًا اِلَّا فِىۡ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوۡ مِنۡ وَّرَآءِ جُدُرٍ... (حشر 59/14) ان کے جنگی اور ان کے مالی کاروبار کا جو جال تمام ملک میں پھیلا ہوا تھا، زنجیریں تھیں جو تمام باشندوں کے پاؤں میں انہوں نے ڈال رکھی تھیں۔ غرض یہ اسباب تھے کہ اوس وخزرج یہاں آ کر ابھی ٹکے بھی نہ تھے کہ وہ اُن کے ہاتھ میں گرفتار ہو گئے، اَوس وخزرج گو بدویانہ زور وقوت میں اُن سے زیادہ تھے۔ لیکن سامان، دولت، ہنر اور دیگر قوائے معنوی میں اُن سے فروتر تھے۔ اس بنا پر وہ یہودیوں سے نہایت متاثر ہوئے۔ یہاں تک کہ اس کا مذہبی اثر بھی پیدا ہونے لگا..... بالآخر اَوس وخزرج نے تنگ آ کر غسان سے جو اُن کے ہم نسب تھے، مدد کے طالب ہوئے، غسانیوں نے یہودیوں کا زور توڑا۔ تاہم مالی تعلقات ایسی چیزیں نہیں جنہیں تلوار سے کاٹ دیا جا سکے۔ یہودی حقیقت میں جن اسلحہ سے لڑتے تھے انکا جواب (غسانی) فوجوں سے نہیں ہو سکتا تھا۔ اس لئے ظہورِ اسلام تک اُن کی زبردستی قائم رہی۔ پھر بھی انصار پہلے سے اچھی حالت میں تھے۔ ادھر یہودیوں سے کسی قدر فراغت ہوئی تو آپس میں لڑنا شروع کر دیا، جس کا سلسلہ ایک مدت تک قائم رہا، اُن کی مشہور لڑائیوں کے نام یہ ہیں۔ یوم الربیع، یوم البقیع، حرب قارع، یوم بعاث۔ اس متواتر جنگ میں اَوس وخزرج کے اکثر اہل ادعا کام آئے۔ آخر فریقین نے تھک کر مصالحت کر لی اور قبیلہ عوف بن خزرج کے سردار عبداللہ بن ابی بن سلول کو متفقاً اپنا بادشاہ اور یثرب کا تاجدار تسلیم کر لینا چاہا کہ اس اثنا میں خورشید اسلام طلوع ہوا۔ اوس وخزرج کے بارہ آدمیوں نے موسم حج میں داعی اسلام کا وعظ سُنا اور ایمان و بیعت سے مالا مال ہو کر گھر واپس آئے۔ دوسرے سال اسی موسم میں ستر آدمی اور فروغ اسلام سے منور ہو گئے۔ اور آخر نبوت کے تیرہویں سال (622 عیسوی) میں رحمتؐ عالم کو یثرب کی شہنشاہی کے لئے لے آئے۔ سرورؐ عالم نے مدینہ آ کر سب سے پہلے یہودیوں سے چند شروط پر مصالحت کی۔ اَوس وخزرج کے باہمی فتنوں کو سرد کیا۔ عبداللہ ابن ابی جو بادشاہی کا دعویدار تھا ڈر کر خاموش تھا، تاہم فتنہ پردازیوں سے باز نہ آتا تھا۔ اُس کے ساتھ چند کمزور دل کے (مسلمان) افراد بھی شامل تھے، یہی لوگ منافقین تھے۔ اور عبداللہ اُن کا سردار اور راس المنافقین تھا۔ اَوس وخزرج نے انصار کے نام سے اسلام میں زندگی جاوید پائی، دنیا کے ہر گوشے میں جہاں قرآن کا کوئی صفحہ اور مسلمانوں کا کوئی گھرانا ہے انصار کا نام زندہ ہے۔ اور جن لوگوں نے اسلام کو پناہ دی اور نصرت کی وہی سچے مومن ہیں۔ اُن کے لئے مغفرت اور

اچھارزق ہے۔''

(ارض القرآن جلد دوم صفحہ 85 تا89)

وَالَّذِينَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌo (انفال 8/74)

(د) محاکمہ کا نتیجہ

قارئین نے دوبارہ دیکھا کہ اَوس وخزرج آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہم نسب اور ہم خاندان اور ننہیال تھے۔اور وہ مکہ سے ہجرت کر کے غیر قبائل سے اپنے خاندان کی نصرت میں آرہے تھے۔اور ظاہر ہے کہ جناب ابو طالبؑ اور خدیجہؑ کے انتقال کے بعد نصرت مدینہ ہی سے مل سکتی تھی۔یہ بھی معلوم ہوا کہ یہودیوں کا سرمایہ سارے ملک میں لگا ہوا تھا۔اور انہیں اپنے سرمایہ کے تحفظ کے لئے قریش کی مدد کی ضرورت تھی۔یہ بھی معلوم ہو گیا کہ اَوس وخزرج میں قدیم دشمنی تھی۔اور اَوس بہر حال کمزور تھے ورنہ خزرجی خاندان کے عبداللہ بن ابی کی بادشاہت پر رضامند نہ ہوتے۔اسی کمزوری کی بنا پر وہ قریش سے معاہدہ کر آئے تھے۔لہٰذا اسلام لانے کے بعد بھی اُن پر نظر رکھنا ضروری ہوگی۔یہی لوگ ہوں گے جن میں سے بعض کمزوردل کے نہیں بلکہ صاحبان ادعا عبداللہ بن ابی اور قریش سے آنحضرت اور خزرجیوں کے خلاف ساز باز کرنے کی کوشش کریں گے۔یہ بھی نوٹ کرلیں کہ غسانی حکومت کی افواج ہر وقت مدد کے لئے آسکتی ہیں جو خاندان رسوؐل کی اپنی حکومت ہے۔اور جو ایک دفعہ اَوس وخزرج کی مدد کے لئے یہودیوں کا زور توڑ چکی ہیں۔اور جن کا مرکز حجر اور وادی قریٰ میں موجود ہے۔ان چیزوں کو سامنے رکھ کر ہجرت کی تیاریاں ملاحظہ کرتے چلیں۔

(21/7) خانوادہ رسوؐل کی مدنی شاخ خزرج کی نصرت پر آمادگی کی تدریج

قارئین جہاں جہاں بنوخزرج کے اسلام لانے کا تذکرہ ملے وہاں یہ سمجھنا چاہئے کہ قریش کے خلاف بنوخزرج کے عوام وخواص کو کس عمومی انداز میں آمادہ کیا جا رہا تھا۔یعنی اُن کے اسلام میں تو اس لئے کوئی شبہ نہیں ہوسکتا کہ یہ خاندان رسولؐ کے افراد ہیں اور ابو طالبؑ کے زمانہ ہی سے اسلام میں داخل ہیں۔مگر قریش کا منہ بند رکھنے اور اُن کی چالوں کو بے اثر کرنے کے لئے مصلحتاً اکثر لوگوں کو اعلان نہ کرنے کی مصلحت بتا دی جاتی تھی۔یہ روز اوّل سے مکہ وگردونواحِ مکہ میں بھی جاری تھی اور قحطانی تاریخ نے اس کو تسلیم بھی کیا ہے۔مگر طرزِ عمل سے صاف ظاہر ہو جاتا ہے کہ کون نومسلم ہے اور کون قدیم مسلمان ہے۔چنانچہ خزرجی مسلمانوں کا حال طبری سے سُنیں۔

(i) طبری کے مطابق قبیلہ خزرج کو اتفاقی دعوت اسلام

''جب اللہ نے ارادہ کر ہی لیا کہ وہ اپنے دین کو غالب کرے اپنے نبیؐ کو معزز بنائے اور جو وعدہ اس نے رسولؐ اللہ سے کیا تھا اُسے ایفا کر دے تو اب اس حج کا موقعہ آیا جس میں رسولؐ اللہ کی ملاقات انصار سے ہوئی۔اِس سال بھی آپؐ نے حسب دستور قبائل عرب سے ملاقات کی اور اپنے آپ کو اُن کے سامنے پیش کیا۔اسی حالت میں عقبہ کے قریب خزرج کی ایک جماعت سے،جس کے ساتھ اللہ کو بھلائی منظور تھی آپ کی ملاقات ہوئی۔آپ نے اُن سے پوچھا تم کون ہو؟ انہوں نے کہا ہم خزرج کی ایک جماعت ہیں۔رسولؐ اللہ نے پوچھا کہ کیا تم یہودیوں کے موالی ہو؟ انہوں نے کہا ہاں ہم یہودیوں کے موالی ہیں۔آپؐ نے فرمایا ذرا دیر بیٹھتے نہیں کہ تم سے کچھ باتیں

کروں؟ انہوں نے کہا بہتر ہے ہم بیٹھے جاتے ہیں۔ چنانچہ آپؐ کے پاس بیٹھ گئے۔ آپؐ نے اُن کو اللہ کی دعوت دی، اسلام پیش کیا اور قرآن سنایا۔ اللہ نے پہلے ہی اُن کو اسلام کے لئے اس طرح آمادہ کرر کھا تھا کہ یہودی جو اُن کے علاقوں میں آباد تھے چونکہ وہ اہل کتاب اور عالم تھے اور یہ لوگ مشرک اور بت پرست تھے۔ اور یہودیوں نے اُن کے علاقہ پر قبضہ کرر کھا تھا۔ جب کبھی اُن میں کوئی تنازعہ ہوتا تھا تو یہودی اُن سے کہتے تھے ذرا ٹھہر جاؤ بہت جلد ایک نبی مبعوث ہونے والا ہے۔ اس کا زمانہ بالکل قریب آ گیا ہے۔ ہم اُس کے ساتھ ہو کر تمہارا اس طرح قلع قمع کریں گے جس طرح قوم عاد اور ارم ملیا میٹ کردی گئی تھیں۔ اس لئے جب رسولؐ اللہ نے اُن سے باتیں کیں اور اُن کو اللہ کی طرف دعوت دی۔ اُن میں سے ایک نے دوسرے سے کہا کہ جانتے ہو بخدا یہی وہ نبیؐ ہیں جن کے مبعوث ہونے سے یہود تم کو ڈراتے تھے۔ اب یہ نہ ہو کہ وہ تم سے پہلے ان کے پاس پہنچ جائیں۔ اور اُن کی دعوت کو قبول کر کے ان کی تصدیق کریں اور اسلام لے آئیں۔ اس خیال سے اُنہوں نے رسولؐ اللہ سے کہا کہ ہم نے اپنی قوم کو چھوڑا اور واقعہ یہ ہے کہ باہمی عداوت ورقابت کی وجہ سے ہم میں کوئی قومیت ہی نہیں ہے۔ ممکن ہے آپ کی وجہ سے اللہ پھر اُن کی بات بنادے، ہم اُن کے پاس جاتے ہیں اُن کو آپ کی دعوت پہنچاتے ہیں اور یہ دین جو ہم نے قبول کرلیا ہے پیش کرتے ہیں۔ اگر اللہ نے اُن سب کو اس بات پر متحد کردیا تو آپ سے زیادہ ہماری نظر میں اور کوئی معزز نہ ہوگا۔ اس گفتگو کے بعد یہ لوگ ایمان لاکر اور آپ کی نبوت کی تصدیق کر کے اپنے اپنے وطن چلے گئے، یہ قبیلہ خزرج کے چھ اشخاص تھے۔ ان میں اس قبیلے کے خاندان بنوالنجار میں سے (یہ ہی تیم اللہ ہیں)۔ بنی مالک بن النجار بن ثعلبہ بن عمرو بن الخزرج بن حارثہ بن ثعلبہ بن عمرو بن عامر کی اولاد میں سے اسعد بن زرارہ بن عُدس بن عبید بن ثعلبہ بن غنم بن مالک بن النجار تھا (یہ ہی ابوامامہ ہے)۔ اور عوف بن الحارث بن رفاعہ بن سواد بن مالک بن غنم بن مالک بن النجار تھا (اور یہی ابن عقراء ہے)۔ اور بنی زریق بن عامر بن عبد حارثہ بن مالک بن عضب بن الجشم بن الخزرج بن حارثہ بن ثعلبہ بن عمرو بن عامر میں سے رافع بن مالک بن العجلان بن عمرو بن عامر بن زریق تھا۔ اور بنی سلمہ بن سعد بنی علی بن اسد بن ساردۃ بن تزید بن جشم بن الخزرج بن حارثہ بن ثعلبہ بن عمرو بن عامر اور پھر بنی سواد میں سے قطبہ بن عامر بن حدیدہ بن عمرو بن سواد بن غنم بن کعب بن سلمہ تھا۔ اور بنی حرام بن کعب بن سلمہ میں سے عقبہ بن عامر بن تابی بن زید بن حرام تھا۔ اور بنی عبید بن عدی بن غنم بن کعب بن سلمہ میں سے جابر بن عبداللہ بن رباب بن النعمان بن سنان بن عبید تھا۔ مدینہ واپس آکر انہوں نے اپنی قوم سے رسولؐ اللہ کا ذکر کیا اور ان کو اسلام کی دعوت دی۔ جو ان میں بہت مقبول ہوئی۔ انصار کا کوئی گھر ایسا نہ رہا۔ جہاں رسولؐ اللہ کا ذکر نہ ہوتا ہو۔ دوسرے سال حج میں انصار کے بارہ آدمی مکہ آئے اور انہوں نے عقبہ میں رسولؐ اللہ سے ملاقات کی۔ یہی پہلا عقبہ ہے۔'' (طبری جلداول صفحہ 116-115)

(ii) خانوادہ رسولؐ کی مدنی شاخ انصار نے ایک پیغام پر اعلان اسلام کردیا

اس بیان میں قحطانی تاریخ یہ مانتی ہے کہ انصار کو خدا نے پہلے سے اسلام کے لئے آمادہ کرر کھا تھا۔ مگر اس کے باوجود وہ جو اتفاقی اور ناگہانی اور بے جوڑ قصہ جوڑتی ہے وہ حق کو پوشیدہ کرنے کے لئے ضروری ہوگیا تھا۔ ہمارا پہلا اعتراض یہ ہے کہ کیا اللہ کو اچانک اپنا وعدہ یاد آ گیا تھا؟ یہ وعدہ تو روزِ اوّل سے تھا۔ لہٰذا روزِ اوّل سے ہی انصار کو اسلام عطا کرر کھا تھا۔ اعلان اور قریش کے لئے دھا کہ روک

رکھا تھا۔ پھر یہ کہ اگر خزرج پہلے سے مسلمان نہ ہوتے تو وہ بھی اُن عربوں کی طرح اقتدار میں حصہ مانگتے۔ اُن کا فوراً بلا شرط متفق ہو جانا بتاتا ہے کہ وہ ایک ہی خاندان کے افراد تھے۔ اللہ، رسولؐ اور علیؑ کا اقتدار و حکومت اُن کی اپنی حکومت اور اقتدار تھا۔ پھر انہوں نے مدینہ جا کر چٹکی بجانے میں سارے مدینہ کو مسلمان کر دیا اور کسی نے اختلاف کیا نہ تصدیق کی ضرورت محسوس کی۔ اگر اہل مدینہ ابو طالبؑ کے زمانہ سے ہی مسلمان نہ ہوتے تو صرف چھ آدمیوں کے کہنے سے یہ کایا پلٹ کیسے ہو سکتی تھی؟ مکہ میں تیرہ سال کے اندر خود رسولؐ اللہ اور خاندان رسولؐ کی ذاتی تبلیغ سے سو آدمی بھی مسلمان نہ ہو سکے۔ رہ گیا یہودیوں کی پیشگوئی اور انصار کو ڈرانا، یہ اس لئے غلط ہے کہ یہودی غالب تھے۔ مغلوب کو ڈرانے کی ضرورت ہی نہیں ہوتی۔ پھر یہودیوں کا یہ قول تازہ نہ تھا۔ چنانچہ انصار پابندی سے حج کو مکہ میں آتے تھے۔ اگر انہیں سچ مچ ڈرایا گیا ہوتا تو بہت پہلے سے اُن کو نبیؐ کی تلاش رہنا چاہئے تھی۔ انہوں نے کبھی تلاش نہیں کیا لہٰذا خوف نہ تھا۔ پھر نبوت محمدؐیہ کی شہرت چار دانگ عالم میں پھیلی ہوئی تھی۔ یہ ناممکن تھا کہ خود محمدؐ کے نانا اور ماموؤں کو معلوم نہ ہوا ہو۔ لہٰذا ماننا پڑے گا کہ قبیلہ اَوس و خزرج اپنے خاندانی نبیؐ پر روزِ اوّل سے ایمان رکھتے تھے اور نصرت و اعلان کا حکمیہ انتظار کر رہے تھے۔

(21/8) مدینہ میں بارہ نقیبوں کا تقرر؛ معاہدہ تحفظ کی شرطیں

قارئین یہ دیکھ چکے کہ مدینہ میں گھر گھر اسلام جا پہنچا تھا۔ رسولؐ اللہ مدینہ کی طرف ہجرت کیلئے مدینہ میں اپنے خانوادہ کو ہدایات پہنچا رہے تھے۔ یہ سب کچھ زیر پردہ قریش سے پوشیدہ کیا جا رہا تھا۔ چنانچہ آپؐ مدینہ کے وفود سے وادیٔ عقبہ میں پہاڑ کے درّوں کے اندر راتوں کو ملاقات کیا کرتے تھے۔ بیعت عقبہ ثانیہ میں آپؐ نے انصارؓ کو ان شرائط سے مطلع کیا جو اسلام اور رسولؐ اللہ کے تحفظ کیلئے ضروری تھیں۔ رات کے اندھیرے میں خانوادہ رسولؐ کے ستر (70) مدنی مرد اور دو خواتین رسولؐ اللہ کے مخاطب ہیں۔ وضاحت طلبی کیلئے وہ لوگ چاہتے ہیں کہ رسولؐ اللہ اپنے متعلق انتہائی بات کہہ دیں، چنانچہ یہ قصہ تاریخ طبری سے سنئے:۔

''رسولؐ اللہ نے گفتگو شروع کی پھر قرآن پڑھ کر سنایا، اللہ کی دعوت دی اور اسلام قبول کرنے کی ترغیب دی۔ پھر فرمایا میں اس شرط پر تم سے بیعت لیتا ہوں کہ تم میری اس طرح حفاظت کرو گے جس طرح تم اپنی بیوی بچوں کی حفاظت کرتے ہو۔ اس پر براء نے آپؐ کا ہاتھ پکڑا اور کہا قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو بجا طور پر نبیؐ مبعوث فرمایا ہے۔ ہم آپؐ کی اس طرح حفاظت کریں گے جس طرح کہ ہم اپنی ازاروں کی حفاظت کرتے ہیں۔ اس شرط پر ہم نے رسول اللہ صلعم کی بیعت کی۔ بخدا ہم اہل حرب اور اہل جماعت ہیں اور یہ فخر ہم کو وراثتاً اپنے بزرگوں سے ملتا رہا ہے۔

بارہ نقیب: براء ابھی گفتگو کر ہی رہے تھے کہ اُن کی بات کاٹ کر ابوالہیثم بن تیہان بنی عبدالاشہل کے حلیف نے کہا اے رسولؐ اللہ ہمارے اور یہودیوں کے درمیان جو رشتہ اور تعلق ہے ہم اُسے قطع کر دینے کے لئے آمادہ ہیں۔ اگر ہم نے ایسا کر دیا اور اللہ نے آپؐ کو غلبہ عطا فرمایا تو کیا آپ ہمیں چھوڑ کر اپنی قوم کے پاس چلے آئیں گے۔ رسولؐ اللہ نے تبسم فرمایا۔ پھر کہا خون، خون، بربادی، بربادی، میں تم سے اور تم مجھ سے ہو۔ جس سے تم لڑو گے میں لڑوں گا، جس سے تم صلح کرو گے میں صلح کروں گا۔ پھر آپؐ نے فرمایا تم اپنے میں سے بارہ (12) نقیب مجھے دو کہ میں اُن کو اُن کی قوم کی نگرانی اور سیاست کے لئے مقرر کروں۔ چنانچہ انہوں نے بارہ نقیب جن میں نو خزرج اور

تین اَوس کے تھے انتخاب کر دیئے۔رسول اللہ صلعم نے اُن نقیبوں سے فرمایا تم اپنی قوم کے وعدوں کے اُسی طرح کفیل ہو جس طرح حواری عیسیٰ کے کفیل تھے اور اپنی قوم کا میں کفیل ہوں۔انہوں نے کہا اچھی بات ہے۔ہم اسے قبول کرتے ہیں۔

بیعت عقبہ ثانیہ: عاصم بن عمر بن قتادہ سے مروی ہے کہ جب یہ سب جماعت رسولؐ اللہ کی بیعت کیلئے آمادہ ہوئی عباس بن عبادہ بن نضلۃ الانصاری نے جو بنی سالم بن عوف کا رشتہ دار تھا سب کو مخاطب کر کے کہا تم ان ذمہ داریوں کو اچھی طرح سمجھ گئے ہو جو انکے ہاتھ پر بیعت کرنے کی وجہ سے تم پر عائد ہونگی، انہوں نے کہا ہاں سمجھ گئے۔اس نے کہا اس بیعت کے یہ معنی ہیں کہ تم کو تمام دنیا سے لڑنا پڑیگا۔سب تمہارے دشمن ہو جائینگے تو اگر انکی حمایت میں کسی مصیبت کی وجہ سے تمہاری تمام دولت برباد ہو جائے اور تمہارے تمام اشراف مارے جائیں اور پھر تم ان کا ساتھ چھوڑ دو تو اس وقت ایسا کرنے سے یہ بہتر ہے کہ اب ہی انکار کر دو۔کیونکہ اقرار کے بعد عدم ایفا کی صورت میں دین و دنیا کی رسوائی ہے اور اگر تم ان تمام مصائب کے پیش آنے کے بعد بھی ایفائے عہد کیلئے آمادہ ہو تو بے شک ان کو اپنے ساتھ لو، اس میں دین و دنیا دونوں کی بھلائی ہے۔اس پر سب حاضرین نے کہا ہم مال و جان کی مصیبت کو برداشت کر کے آپ کو لیتے ہیں۔رسولؐ اللہ آپ فرمائیں اگر ہم نے آپ کے ساتھ وفا کی ہمیں اس کا کیا اجر ملے گا۔آپ نے فرمایا جنت۔سب نے کہا ہاتھ پھیلایئے۔آپ نے ہاتھ بڑھایا اور سب نے آپ کی بیعت کی۔

راوی کا خیال ہے کہ عباس بن عبادہ بن نضلۃ الانصاری نے یہ تقریر صرف اس لئے کی تھی کہ رسولؐ اللہ کی حمایت اور مدافعت کا عہد زیادہ پختگی سے ان کے ذمہ عائد ہو، مگر عبداللہ بن ابی بکر کا خیال ہے کہ عباس نے یہ تقریر اس لئے کی تھی کہ اس رات کو وہ لوگ آپ کی بیعت نہ کریں۔وہ چاہتے تھے کہ عبداللہ بن ابی بن سلول بھی اس عہد میں شریک ہو تو اس جماعت کی بات زیادہ قوی ہو جائے گی۔مگر اللہ ہی ان کی نیت سے زیادہ واقف ہے کہ کیا تھی۔بنی النجار مدعی ہیں کہ سب سے پہلے ابوامامہ اسعد بن زرارہؓ نے رسولؐ اللہ کے ہاتھ پر بیعت کے لئے ہاتھ رکھا۔اور بنی عبدالاشہل کہتے ہیں کہ سب سے پہلے ابوالہیثم بن تیہان نے بیعت کی۔کعب بن مالک سے مروی ہے کہ سب سے پہلے اس موقعہ پر براء بن معرور نے رسولؐ اللہ کے ہاتھ میں ہاتھ رکھا اور بیعت کی، اس کے بعد تمام جماعت نے متواتر بیعت کی۔جب ہم بیعت کر چکے تو میں نے ایسی بلند اور صاف آواز میں جو میں نے کبھی نہ سنی تھی گھاٹی کی چوٹی پر سے شیطان کو یہ کہتے سنا۔اے اہل جبل تم کو اس شخص کے ساتھ معاہدہ کرنے اور تبدیل مذہب سے کیا فائدہ ہوگا۔ہوشیار ہو جاؤ قریش نے تم سے لڑنے کیلئے تصفیہ کر لیا ہے۔رسولؐ اللہ نے فرمایا یہ دشمن خدا کیا بک رہا ہے، یہ اس گھاٹی کا بھوت ہے، یہ شیطان ہے۔اے خدا کے دشمن سُن لے میں بہت جلد اس کام سے فارغ ہو کر تیری خبر لیتا ہوں۔پھر آپ نے انصار سے کہا اب تم اپنی قیام گاہوں کو جاؤ، اس موقع پر عباس بن عبادہ بن نضلۃ نے کہا قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو واقعی نبی مبعوث فرمایا ہے حکم ہو تو ہم کل صبح ان لوگوں پر جو منیٰ میں ہیں تلواروں سے حملہ کئے دیتے ہیں۔آپ نے فرمایا ہمیں اس کا ابھی حکم نہیں دیا گیا ہے اس وقت تو تم اپنی قیام گاہوں کو چلے جاؤ۔ہم اپنی خوابگاہوں کو واپس آ کر سو گئے۔صبح کو قریش کے بیشتر اصحاب ہمارے پاس آئے اور انہوں نے کہا اے گروہ خزرج ہمیں خبر ملی ہے کہ تم ہمارے اس شخص کے پاس گئے تھے اور تم اسے ہمارے خلافِ مرضی یہاں سے لے جانا چاہتے ہو اور تم نے ہم سے لڑنے کے لئے اس کی بیعت کی

ہے۔حالانکہ بخدا تمام قبائل عرب میں اس بات کے لئے کہ وہ ہم میں اور اُن میں جنگ کرا دے تم سے زیادہ کوئی ہمارے نزدیک مبغوض نہیں۔اس پر ہماری قوم کے جومشرک ہمارے ساتھ آئے تھے چونک پڑے اورانہوں نے خدا کی قسم کھا کر کہا کہ ایسا ہرگزنہیں ہوا ہے اور ہم اس سے بالکل بے خبر ہیں اوران کی بات ٹھیک بھی تھی کیونکہ واقعی ان کو کچھ معلوم نہ تھا۔خود ہم میں سے ایک نے دوسرے کو دیکھنا شروع کیا، اتنے میں قریش اٹھ کھڑے ہوئے۔ان میں حارث بن ہشام بن المغیرۃ المخزومی بھی تھا وہ نئے جوتے پہنے ہوئے تھا۔میں نے اپنی قوم کی کہی ہوئی بات میں شرکت کے لئے یہ بات کہی کہ اے ابو جابر تم بھی ہمارے سردار ہو، کیا تم اس قریشی کے ایسے جوتے نہیں خرید سکتے۔حارث نے یہ بات سن پائی اس نے وہ جوتے پاؤں سے نکال کر میری طرف پھینکے اور کہا کہ بخدا اب تم کو یہ پہننا پڑیں گے۔ابو جابر نے مجھ سے کہا ذرا خاموش رہو تم نے اسے ناراض کر دیا۔اس کے جوتے واپس دے دو۔میں نے کہا ہرگز نہیں، یہ تو ہمارے لئے اچھی فال ہے اگر یہ پوری ہوئی تو دیکھنا کہ قتل کے بعد میں اس کے لباس اور اسلحہ کو اتاروں گا۔

عقبہ کے متعلق یہ مذکورہ بالا بیان کعب بن مالک کا ہے۔ابوجعفر کہتے ہیں اور ابن اسحٰق کے علاوہ دوسروں نے بھی یہ بیان کیا ہے کہ انصاری ذی الحجہ میں بیعت کے لئے رسولؐ اللہ کی خدمت میں آئے ان کے جانے کے بعد اس سال کے ذی الحجہ کا بقیہ زمانہ محرم اور صفر رسوؐل اللہ مکہ میں رہے۔ربیع الاوّل میں آپ ہجرت کر کے مدینہ روانہ ہوئے اور دوشنبہ کے دن 12 ربیع الاوّل کو آپ مدینہ پہنچے۔''

(طبری۔جلداوّل صفحہ 124-122)

(21/9) ہجرت کا معاہدہ حق اور باطل کے درمیان خطِ فاصل

اس معاہدہ پر نظر ڈالنے سے پہلے ذرا یہ دیکھیں کہ اس رات کے اندھیرے میں وہ لوگ کہاں ہیں؟ جو بعد میں بڑے گہرے دوست اور ہمراز و دمساز بنا کر دکھائے گئے۔آج اُن پر رازداری و وفاداری کا اعتماد کیوں نہیں ہے؟ قطانی بصیرت کی یہ کتنی بڑی خامی ہے کہ صدیوں کا موقعہ و اختیار ملنے کے باوجود اس وقت اُن میں سے کسی ایک کا نام بھی نہ لکھا۔خیال ہی نہ آنے پایا کہ کل کا مؤرخ یہ دریافت کرے گا کہ اس اہم ترین موقعہ پر وہ کہاں ہیں؟ اور آج تک کے واقعات میں اُن کا کوئی حصہ کیوں نہیں ہے؟ شعب ابوطالبؑ سے وہ غائب تھے، تین سال کے مصائب میں انھوں نے کوئی حصہ نہ لیا، حکومت کی پیشین گوئی کے باوجود دُور دُور کیوں رہتے چلے آرہے ہیں؟ کیا وہ قریش کی کسی خاص نگرانی یا ٹریننگ پر متعین ہیں؟ قارئین نوٹ کریں کہ یہی وہ معاہدہ ہے جس نے انہیں جھنجوڑ کر یہ سکھایا کہ آئندہ راتوں میں رسولؐ پر باقاعدہ نگرانی رہنا چاہئے۔تاکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کے اندھیروں میں بھی کوئی ایسا اقدام آئندہ نہ کر سکیں جس سے قریشی آنکھ غافل رہ جائے۔آئندہ انہیں رسولؐ کے گھر میں بھی پہرہ لگانا ہوگا، ہر بات غور سے سننا ہوگی، لفظ دن اور رات پر کان دینا ہونگے کہ کہیں رات میں کسی اقدام کا اشارہ تو نہیں کیا گیا ہے۔یہی رات تھی، یہی ناکامی تھی، یہی وہ نیند اڑا دینے والا حادثہ تھا جسکی وجہ سے بعض لوگوں نے رات کا سونا چھوڑ دیا، آپس میں جاگتے رہنے پر ڈیوٹیاں مقرر کر لیں۔یہ معاہدہ رات میں ہوا ہے اسلئے یہ سمجھنا نہایت آسان تھا کہ رسوؐل اللہ جب بھی مکہ سے مدینہ جائیں گے ضرور رات ہی میں جائیں گے۔لہٰذا درِ دولت پر ہی نہیں بلکہ آپؐ کی مکان کی چھتوں اور چاردیواری پر بھی نظر رہنا چاہئے۔ایسا نہ ہو کہ دیوار پھلانگ کر نکل جائیں۔جو کچھ ہم لکھتے ہیں یا لکھ رہے

ہیں وہ فطری واقعات ونفسیات کا تجزیہ ہوتا ہے۔اس میں سو فیصد صحیح عوامل وعواقب ونتائج کا سامنے آ کھڑا ہونا ضروری ہوتا ہے۔ چنانچہ وہ دیکھئے ایک سایہ آڑ میں سے نکلا اور رسولؐ اللہ کے پیچھے پیچھے چلا جا رہا ہے۔ یہ بیعت عقبہ ثانیہ میں جو ہجرت ونصرت کا معاہدہ اور بیعت ہوئی ، ابلیس کی آنکھوں سے پوشیدہ نہیں رہی۔ وادی عقبہ میں بھی بھُوتوں کے کچھ سائے اِدھر اُدھر منڈلا رہے تھے۔ ابلیس نے اِدھر آنحضرتؐ اوراُنکے جان نثاروں کو بتا دیا کہ میں تمہیں نظر میں رکھے ہوئے ہوں۔اُدھر اپنے قریشی نمائندوں کو نظامِ وحی (6/121) سے خبر دار کر دیا اور بتا دیا کہ تم سے مادی انتظام میں بڑی مہلک غلطی ہوگئی ہے۔ جاگو اور جاگتے رہو اور جس طرح ہو سکے رسوؐل کی تنہائیوں میں، رات کے اندھیروں میں دو چار نگران آنکھیں پہنچا دو۔ جو اُنکی رات بھر کی نقل وحرکت، سونا جاگنا، وضو اور عبادت، مراقبہ ومکاشفہ پر نگرانی کریں اور بروقت رپورٹ دیں تلافی وتدارک کریں۔ اُنکی تنہائیوں میں مونس وغمخوار بن جاؤ۔ ابو طالبؑ اور خدیجہؑ راتوں ہی میں تو جاں نثاری وحفاظت کرتے تھے۔ راتوں ہی میں تو اُنکی یاد زیادہ آتی ہوگی۔ آگے بڑھو، شرم کو بالائے طاق رکھو، موقعہ سے فائدہ اُٹھاؤ، اپنی بصیرت، تجربہ اور اجتہاد سے اسکیم بناؤ۔اس موقعہ پر چاندی، سونا اور رات کا سونا سب قربان کر دو، یہ قربانی کل کام آئے گی۔

(ii) یہ معاہدہ قتل وغارت اور تباہی پر آمادگی تھا

قارئین کو قحطانی تاریخ میں یہ مغالطہ بھی ملے گا کہ اُس رات کے معاہدہ میں قریش کے ایک کافر عباس نامی کو موجود دکھایا جائے جو سابقہ واقعات کے ربط ونظم کے خلاف غیر فطری ہے۔ دوسرے یہ مغالطہ جناب عباس بن عبادہ خزرجی کے نام پر دیا گیا ہے۔اور اُسی قسم کی تقریر قریشی عباس کے منہ سے اُگلوائی ہے۔جیسی عباس بن عبادہ نے انصار کو مستقبل کے خطرات پر آمادہ کرنے کیلئے کی تھی۔ بہر حال اُس رات اُس معاہدہ میں کوئی قریش موجود نہ تھا۔عباس بن عبادہ نے انصار کو یہ کیوں نہ کہا کہ تمہیں قریش سے لڑنا پڑے گا؟ اور یہ کیوں کہا کہ ساری دنیا سے جنگ کرنا پڑے گی؟ مطلب واضح ہے کہ انصار خانوادہ رسولؐ کے افراد ہیں۔ جب تک محمدؐ اوراُن کا مشن دنیا میں موجود ہے۔اُس خاندان پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ کوئی اور نصرت کرے یا نہ کرے مگر انصار کو سچ مچ ابو طالبؑ کی طرح ناصر بننے کے لئے تا قیامت اسلام کی نصرت میں دنیا کی ہر مخالف جماعت سے جنگ کرنا ہوگی۔ وہ غالباً جانتے تھے کہ دنیا سے ان کا مطلب قحطانی تصورات، قحطانی مذہب، اور قحطانی نسلیں اور حکومتیں تھا جو مسلسل حقیقی اسلام کے خلاف محاذ آرا رہتی چلی جائیں گی۔ان کے سامنے رسوؐل اللہ کے چار لفظ اُبھر کر اور پھیل کر آ گئے تھے؛

''خون، خون۔ بربادی، بربادی''

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جب حضوؐر نے ''خون، خون'' فرمایا تو کہیں سامنے فضاؤں میں قتل وغارت کے وہ تمام سین (Scenes) دیکھے جا سکتے تھے۔ جو 11 ھجری سے شروع ہو کر زوالِ حکومت دہلی تک پیش آنے والے تھے۔اور جب ''بربادی، بربادی'' فرمایا تو وہ تمام شکست وریخت، لوٹ مار، تباہیاں، منجنیق اور گولہ باریاں۔عبادت خانوں، قلعوں، شہروں، مکانوں کا مسمار کیے جانا، کعبہ کو جلا ڈالنا، مدینہ میں تین روز تک اسلام کے نام پر جان ومال وعصمتیں مباح کر دینا۔عورتوں، بچوں اور بیکس لوگوں کو لُوٹ لینا، سامنے پھر گیا ہوگا۔الغرض

عباس بن عبادہ نے حضورؐ کے مدنی خاندان کواُس مہم سے مطلع کر دیا جس کے لئے ابو طالبؑ نے اپنی اولاد کو تیار کیا تھا اور انتقال کے وقت وصیت کی تھی۔ اُنہیں احساس دلایا کہ تم آج تک نصرت سے دُور رہے ہو۔ یہ زمانہ، یہ ترپن سال کا دور قحطانیوں یعنی قریشیوں پر اتمام حجت کا زمانہ تھا۔ وہ بہر حال غیر لوگ تھے انہوں نے جو کچھ کیا، اُس کی صورت ہی اور ہے۔ تم خانوادہ اسماعیلؑ کی مرکزی شاخ سے ہو، تم رسولؐ کے اپنے اقربا ہو، تم ابو طالبؑ کی جگہ نصرت کا ذمہ لے رہے ہو۔ تمہاری عورتوں پر حضرت خدیجہؑ کی ذمہ داریاں عائد ہو رہی ہیں۔ اس وقت سوچ لو، سمجھ لو کہ تمہاری اولاد اور بزرگ مقتل پر قتل ہوئے پڑے ہیں، مال و دولت لٹ چکا ہے، بچے اور خواتین کے قیدی بننے کا وقت آ لگا ہے کیا یہ سب تمہیں منظور ہے؟ شاباش سب کو محمدؐ پر قربان کر دو۔ اسلام کو دنیا میں روشناس اور سرخرو کرنے کے لئے آگے بڑھو اور محمدؐ کا ہاتھ پکڑ کر جنت اور خدا کی رحمت میں داخل ہو جاؤ۔ حوّارئین حضرت عیسیؑ کی طرح سب کچھ تیاگ دو، قربان کر دو اور محمدؐ کو لے لو۔

(iii) قریش اور اہل مکہ پر رحم کیا گیا ورنہ تہہ تیغ کر دیئے جاتے

عباس بن عبادہ کا دلایا ہوا جوش اور مستقبل میں قتل و غارت اور تباہی کی اطلاع نے نوجوانان اسماعیلؑ کو حفظ ماتقدم کا خیال دلایا۔ انہوں نے بگڑ کر کہا کہ کیوں نہ کل منیٰ میں قریش کا صفایا کر دیا جائے؟ افسوس کہ رسولؐ اللہ اور خانوادہ رسولؐ ہماری طرح آزاد نہ تھا اور شریعت کا جواز بھی اپنے تحفظ میں استعمال نہ کر سکتا تھا۔ ورنہ کیا پدّی کیا پدّی کا شوربا۔ ایک نہایت حقیر گروہ، نہایت بُزدل روباہ صفت جماعت، آناً فاناً اُنکا قلع قمع کیا جا سکتا تھا۔ ارے حضور وہ اُنہی سواروں کی مسلح جماعت ہی تو تھی، وہ اُسی مدینہ کے شمشیر زن تو تھے، وہ خانوادہ رسولؐ ہی کے بہادر تو تھے جنہوں نے مکہ میں آ کر قریش کے سردار نوفل کا سلام ٹھکرا دیا تھا اور صرف ایک ہی تلوار تو میان سے نکل کر چمکی تھی کہ قریش ہاتھ جوڑ کر جناب عبدالمطلب علیہ السلام کی جائیداد واپس کرنے پر آمادہ ہو گئے تھے۔ یہ تو رسولؐ اللہ اور اُنکے بزرگوں کی انسان دوستی اور مستقل امن پسندی کی پالیسی تھی کہ قریش اور اُنکی محسن کش پالیسیاں کامیاب ہوتی چلی گئیں۔ قسم بخدا اگر ہم موجود ہوتے تو قریش کو جنم ہی نہ لینے دیتے۔ اُنکا بیج ناس کر دیتے۔ اور جو کچھ انہوں نے خاندان رسولؐ کے ساتھ کیا وہ سب کچھ اُنکو برداشت کرنا پڑتا۔ راویوں میں وہ شخص جس نے جناب عباسؓ بن عبادہ پر شک ظاہر کیا ہے وہ یقیناً مخالف محاذ کا آدمی تھا جو دوسروں کو اپنی قسم کا سمجھتا تھا۔

(iv) بیعت عقبہ اپنے پرائے، دوست اور دشمن کا آخری فیصلہ ہے

طبری کے اس بیان میں یہ بات فیصلہ کن ہے کہ خانوادہ رسولؐ کا مدنی گروپ یہ نہیں چاہتا کہ غلبہ حاصل ہو جانے کے بعد رسولؐ اللہ مکہ میں آ کر قحطانی قوم میں سکونت اختیار کر لیں۔ وہ جانتے ہیں کہ کعبہ انبیا علیھم السلام کا مرکز رہا ہے۔ اور کعبہ و مکہ میں رہنے کے لئے اُن کے بزرگوں نے بڑی بڑی دقتیں اور مصائب جھیلے ہیں۔ لہٰذا اُن کے نزدیک ضروری تھا کہ رسولؐ اللہ واپس آ جائیں۔ مگر اب دل نہ چاہتا تھا کہ اُن کا یہ مقدس خاندان مدینہ سے واپس جائے۔ رسولؐ اللہ نے اپنے دور نبوت میں مدنی خاندان کی وجہ سے مرکز کو مدینہ میں تبدیل کر لینا پسند فرمالیا اور یہ بتانے کے لئے کہ قریش میرا خاندان نہیں ہے اور نہ مجھے اُن سے کوئی لگاؤ ہے فرمایا کہ تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں۔ میری ہر اُس شخص سے صلح اور دوستی رہے گی جس سے تم صلح و دوستی رکھو گے۔ میں ہر اُس شخص یا قوم سے جنگ کروں گا جس سے تمہاری جنگ ہوگی۔ اس کے بعد یہ کہنا کہ قریش رسولؐ اللہ کے خاندان سے ہیں، دراصل واقعات اور حقائق کو منہ چڑانا ہے جس کا ثبوت

خانہ ساز کہانیوں کے سوا اور کہیں نہیں ملتا۔

قرآن کریم نے دشمن اور مخالف قوموں کو نبیوںؑ کی قومیں یعنی امتیں فرمایا ہے۔اس کے یہ معنی نہیں کہ وہ قوم نبیؐ کی رشتہ دار ہی تھی۔ یہ بھی نوٹ کرنے کی بات ہے کہ جس شخص نے بیعت کی ابتدا کی اور پہلے بیعت کی وہ خاندان کا نزدیک ترین فرد تھا۔ یہ ایسا فخر تھا کہ بعد میں اسکو بانٹنے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہ بات خاص طور پر نوٹ کریں کہ تبلیغ کیلئے بارہ نقیب مقرر کیا جانا اس خاندان کی بڑی قدیم مذہبی روایت ہے۔بارہ کی تعداد آئمہؑ حق اور خلفاؑئے خداوندی کی اہم شناخت ہے۔پھر اُن نقیبوں کو حواریانِ عیسیٰؑ والی ذمہ داریاں دیا جانا خاص اسلامی مقام ہے۔جس کو بہترین مسلمان کے انتخاب کا معیار بتایا جاتا ہے اور جو مسلمان حواریین عیسیٰؑ کے معیار سے گرے ہوئے تھے وہ دراصل تیسرے درجے کے مسلمان تھے۔ جو اگر نیک نہاد اور کوشش کرنیوالے ہوں تو حقیقی مسلمانوں کے درجے تک پہنچ سکتے تھے۔

(21/10)۔ ہجرت کا ماحول، ہجرت کے متعلق تاریخی فریب و فراڈ

ہجرت اور اُس کے بعد کے حالات میں قریش نے وہ تمام بنیادیں استوار کی ہیں جس سے مدینہ میں مکیوں کی اسلامی پوزیشن مضبوط کی جائے اور آئندہ آنے والے مکروفریب کو اسلامی جامہ پہنایا جاسکے۔اس لئے ضروری ہے کہ قارئین کے روبرو وہ ماحول رہتا چلا جائے جو ہجرت کے وقت تک مکیوں اور مدنیوں کا فرق واضح کردے۔اور جہاں اُنہیں تاریخی بے ربطی سامنے آئے وہ اُسے نظرِ حقارت سے ٹھکرادیں۔مکہ کا اسلامی ماحول یہ تھا کہ اللہ نے کفار قریش کی مزید تبلیغ قطعاً منع کردی۔یعنی اُن میں کوئی ایسا شخص باقی نہ رہا تھا جس پر کسی تبلیغ وتنذیر کا اثر ہوسکے۔اُن سے قطعاً قطع تعلق کرکے مستقبل میں قیام ولایت حکومت کے احکام نازل ہوچکے تھے۔اس پر رسولؐ اللہ نے اپنے مدنی خانوادہ کو مخاطب کرلیا تھا۔اور مدینہ کے لوگوں نے باقاعدہ اعلان اسلام اور نصرت اسلام کی دھوم مچادی تھی۔رسولؐ اللہ کی عدم موجودگی میں جس تیزی کے ساتھ چند روز میں سارا مدینہ مسلمان ہوگیا وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ جناب ابوطالبؑ ہی کے زمانہ سے مدنی خاندانِ رسالت، تصدیقِ رسالت کرتا چلا آرہا تھا۔یعنی رسولؐ اللہ کا مدنی خانوادہ، مکی خانوادہ کی طرح روزِ اوّل سے مسلمان تھا۔اس حقیقت کو پوشیدہ کرنے کے لئے شاہی تاریخ نے چند مکی مبلغین گھڑ کر اُن کا مدینہ میں تبلیغ کرنا بھی لکھ مارا ہے۔مگر ہمیں ہجرت سے پہلے اُن ناموں کا اسلامی فہرست میں کہیں نام ونشان نہیں ملتا۔پھر مبلغ کے درجے پر فائز ماننے کیلئے تو باقاعدہ اس کی تعلیم و مذہبی مہارت پر رسوؐل کی سند درکار ہے۔یوں نہیں مانا جائیگا کہ؛

''الف نے جیم سے کہا کہ ب مدینہ میں تبلیغ کے فرائض انجام دے رہا تھا اور فلاں فلاں شخص کو مسلمان کردیا تھا۔''

ہمیں اُس جیم کا رسوؐل کی صحبت میں باقاعدہ رہنا، تبلیغ پر لیکچر لینا اور اس قدر فرصت کا ملنا دکھانا پڑیگا۔ورنہ یہ قال قال ایک فراڈی بکواس کا ڈھیر ہوگا۔ہم دیکھتے ہیں کہ ہجرت کے وقت جو دو ایک نام کے مسلمان مکہ میں دکھائے گئے ہیں۔اُن کی گزشتہ ترپن سال کی موجودگی اور کارکردگی صفر کے برابر نا قابل توجہ ہے۔لہٰذا ہم آئندہ دس سال کے زمانہ میں بھی ان کو نا قابل توجہ سمجھتے رہنے میں حق بجانب ہونگے۔ جن لوگوں نے شعبِ ابی طالبؑ کے مصائب میں کبھی حصہ نہ لیا، کہیں نصرت کے وقت نظر نہ آئے، کسی راز اور اہم معاملہ میں مذکور نہیں وہ سب مصنوعی ہیرو ہیں۔آپ یہ سمجھ کر آگے بڑھیں کہ ہجرت کے وقت خانوادہ رسولؐ کے چند افراد کے علاوہ کوئی مسلمان مکہ میں موجود نہیں

ہے اور اگر کوئی ہے؟ اور اُسے کافر ستاتے نہیں ہیں؟ تو وہ مسلمان لباس میں کفار قریش کے آدمی ہیں جو دونوں طرف سے اپنا پارٹ ادا کررہے ہیں۔ اور نہ کسی مکی باشندہ کا آئندہ ایمان لانا تسلیم کیا جاسکتا ہے۔ اسلئے کہ خدا نے اُنکے ایمان لا سکنے کی نفی کر دی ہے۔ لہٰذا ہم تاریخ کے بیانات کو قرآن کے خلاف اور مشرکین قریش کے حق میں ماننے کو تیار نہیں۔ البتہ یہ ضرور مانیں گے کہ ہجرت کے بعد مشرکین قریش میں سے کچھ لوگوں نے جاسوسی اور قریشی مقاصد کیلیئے اسلام کا روپ دھار لیا تھا۔ یہ بات پرویز کی زبان سے سُن لیں پھر ہم آگے بڑھیں گے، فرماتے ہیں کہ:۔

''دعوت وتبلیغ اور نصیحت وتلقین کا وہ سلسلہ جس کا ذکر گذشتہ اوراق میں ہو چکا ہے، برابر جاری رہا اور وہ فولادی ذرات جو اس ریت کے ڈھیر میں پوشیدہ تھے، اس طرح اُڑ اُڑ کر اس مقناطیس حق وصداقت سے آ کر ملتے رہے جس طرح حضرت ابراہیمؑ کے تمثیلی واقعہ میں پرندے آپ کی آواز پر لبیک لبیک !! کہتے ہوئے دوڑے آئے تھے۔ حتیٰ کہ یہ تمام فولادی ذرات جن میں محض فطری کشش سے اس مرکز ہدایت ورشادت کے گرد جمع ہونے کی صلاحیت باقی تھی، جامد پتھر کے ذرّوں سے الگ ہو گئے۔ تحریک انقلاب آسمانی کا یہ پہلا دور اُسی عمل تلخیص وتنقیح اور اپنی جماعت کی تعمیر وتطہیر کے لئے تھا۔''

وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ o(آلِ عمران 3/141)

تا کہ جو لوگ ایمان رکھنے والے ہیں انہیں پاک کردے، اور جو منکرین حق ہیں انہیں یک قلم نیست ونابود کردے۔'' اب وہی لوگ باقی رہ گئے جو قوت ودولت کے نشہ میں بدمست، محض بر بنائے بغض وعداوت، مخالفت کئے جارہے تھے۔ تمرد وسرکشی نے اُن سے عقل وبصیرت اور دانش وعبرت کی تمام صلاحیتیں سلب کر لی تھیں۔ تعصب وجہالت نے اُنکی آنکھوں پر پردے ڈال رکھے تھے اور انکار وجمود نے ان کے دلوں پر مہریں لگا رکھی تھیں۔ چنانچہ اُن کی حالت یہ ہو چکی تھی کہ (اے پیغمبر) تم اُنہیں (انکار حق کے نتائج سے) ڈراؤ یا نہ ڈراؤ۔ وہ (کبھی) ماننے والے نہیں۔ (اُنہوں نے

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَايُؤْمِنُوْنَ o خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ o(بقرہ 2/6-7)

روشنی کی طرف سے آنکھیں بند کر لی ہیں، اور اللہ کا قانون یہ ہے کہ جو آنکھیں بند کر لیتا ہے اس کے لئے تاریکی ہی ہوتی ہے۔ پس اس صورت حال کا نتیجہ یہ ہے کہ) اُن کے دلوں اور کانوں پر اللہ نے مہر لگا دی ہے، اور ان کی آنکھوں پر پردہ پڑ گیا ہے (کوئی بات کتنی ہی سچی ہو، سمجھ نہیں سکتے، کوئی آواز کتنی ہی اونچی ہو سُن نہیں سکتے، کوئی چیز کتنی ہی روشن ہو، دیکھ نہیں سکتے) سو (جن لوگوں نے اپنا یہ حال بنالیا ہے، وہ کبھی ہدایت نہیں پاسکتے۔ کامیابی کی جگہ) اُن کے لئے عذاب جانکاہ ہے! یہ وہ لوگ تھے جن کے دل میں نہ حُسنِ عمل کے جزا کی تبشیر وترغیب کچھ ذوق سعادت اور ولولہ انابت پیدا کرسکتی تھی۔ اور نہ ہی ان کی سرکشی وغوایت کے انجام وعواقب کی تنذیر وترہیب اُن میں جذبۂ تضرع وخشیت کی نمود کرسکتی تھی۔ لہٰذا اُن کے متعلق نبیؐ اکرم سے کہہ دیا گیا کہ اُن کے پیچھے سر کھپانے کی کوئی ضرورت نہیں۔ اگر یہ نہیں سنتے تو اُن سے اعراض برتیئے۔

یہ اسی سلوک کے قابل ہیں۔ ''تو (اے پیغمبر) تم بھی ان لوگوں سے اعراض برتو جو ہمارے ذکر سے گردن موڑ کر چل دیتے ہیں اور جو دنیوی زندگی کے سوا کسی اور بات کا ارادہ ہی نہیں کرتے۔'' (معارف القرآن. جلد چہارم صفحہ 341-340)

فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰی عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ (نجم 53/29)

ہمارے لئے علامہ پرویز کا یہ بیان نہ کوئی سند ہے نہ کوئی دلیل ہے۔ اس لئے کہ ہم یہ سب کچھ قرآن کے خالص بیانات سے دکھا چکے ہیں۔ یہ بیان صرف اس لئے لایا گیا ہے کہ مسٹر پرویز مشرکین قریش، قحطانی ہیروز کے سب سے بڑے طرفدار اور قریش کے بولتے چالتے بتوں کے اندھے پرستار ہیں اور اُن کا بیان قریش کے خلاف ضرور قابل توجہ ہے۔ اُن کی دھاندلی اور فریب دہی کا کمال یہ ہے کہ قرآن کی زبان اور اپنے قلم سے یہ دکھا کر کہ ہجرت کے وقت قریش میں سے کوئی ایمان لانے کی صلاحیت نہ رکھتا تھا۔ پھر بھی یہ علامہ صاحب قریش میں سے کچھ لوگوں کا ایمان لے آنا اور اسلام کے ہیرو بن جانا مانتے ہیں۔ لیکن ہم قارئین کو یہ بتا کر اور یقین دلا کر آگے بڑھانا چاہتے ہیں کہ وہ ہجرت کے بعد اگر کسی قریشی کا ایمان لانا اور ہیرو بن جانا مانیں گے تو وہ قرآن، پرویز اور ہمارے بیانات اور خود اپنی عقل کے خلاف ایک غلط فیصلہ کریں گے۔ لہٰذا ہم قرآن کی روشنی میں آئندہ کسی قریشی کو قلبی حیثیت سے حقیقی مسلمان نہ سمجھیں گے۔

یہ بھی سمجھ لینا چاہئے کہ ہجرت کی وہ صورت جو قحطانی تاریخ میں پیش کی گئی ہے ہمیں قبول نہیں۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ جن لوگوں کے بھروسے اور وعدہ پر ہجرت کی جا رہی ہے اُن کا تعلق و ربط برابر قائم رہے۔ یعنی اُن کو روانگی کا دن اور وقت معلوم ہو، وہ اس سلسلے میں انتظام کریں، رسولؐ اللہ کو محفوظ طریقے پر جائے مقررہ سے مدینہ لے کر جائیں۔ وقت کا تقاضہ یہ نہیں ہے کہ رسولؐ اللہ بغیر کسی دانشورانہ پروگرام کے خود کو مادی خطرات میں جان بوجھ کر ڈال دیں۔ اور ایک آدھ لنگڑے لُولے، ناکارہ، بے بصیرت آدمی کو ساتھ لے کر نکل پڑیں اور کسی طرح مدینہ جا پہنچیں۔ جہاں ہر بات وحی اور مدنی پروگرام کے ماتحت ہو رہی ہو، وہاں یہ اناڑی کی زقند کیسے قابل قبول ہو سکتی ہے۔ عقبہ ثانیہ کے معاہدے میں پورا پروگرام طے ہو گیا تھا۔ قارئین طبری سے سن چکے ہیں کہ حج کے بعد ماہ محرم وصفر دو ماہ مکہ میں قیام طے ہو گیا تھا۔ تاکہ رسولؐ اللہ متعلقہ انتظام کر سکیں اور سفر کے لئے تیار ہو جائیں اور ماہ ربیع الاول میں روانگی ہو جائے۔ چونکہ عقبہ ثانیہ کا پروگرام ابلیس نے اپنے قریشی گروہ کو بتا دیا تھا۔ اس لئے کچھ ایسا زمانہ بھی درکار تھا جس میں دشمن اپنا انتظام کر لے۔ مثلاً مدینہ میں اپنا اثر و رسوخ اور دباؤ بر سر کار لا کر ہجرت کو روکنے اور انصار میں پھوٹ ڈالنے کی کوشش کر دیکھے۔ اور کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ رسولؐ اللہ نے کوئی خفیہ سازش کر کے قریش کو مجبور کر دیا تھا اور نہ وہ اسلام کی کامیابیاں روک سکتے تھے۔ چنانچہ جب قریش کو ابلیس نے عقبہ ثانیہ کے پروگرام سے مطلع کر دیا تو پہلا قدم یہ اٹھایا کہ مدینہ والوں کے کیمپ میں آئے اُنہیں اپنی مخالفت سے مرعوب کیا۔ پھر مدینہ میں اپنا وفد بھیجا اور عبداللہ ابن اُبی کو ایک خط پہنچایا جس میں رسولؐ اللہ کے خلاف محاذ قائم کرنے کا پروگرام اور اپنی مدد کا وعدہ تھا۔ اپنے نمائندوں کو اسلامی اور غیر اسلامی لباس میں مدینہ میں تعینات کیا۔ ادھر یہودیوں کو مخالفت کے لئے تیار کیا، تاجرانہ روابط اور سرمایہ کے ضبط ہو جانے کی دھمکی دی۔ یعنی قریشی ٹولہ جو کر سکتا تھا، اُسے پورا موقعہ دیا گیا۔ اور اگر قریش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اجتماعی قتل کا منصوبہ نہ بنایا ہوتا اور نگرانی کا پورا انتظام نہ کر لیا ہوتا تو آپؐ ہرگز رات کو سفر نہ کرتے سب سے مل کر روانہ ہوتے۔ اللہ و رسولؐ کی اس پالیسی کو ہر وقت سامنے رکھنا چاہئے کہ

وہ ابلیس اور اُس کے گروہ کو بے بس نہیں کرتے ،انہیں تمام مادی مواقع فراہم کرتے ہیں دھوکہ نہیں دیتے۔تا کہ ابلیس اور اس کا گروہ اپنی پوری قوت وبصیرت استعمال کرنے کے بعد نا کام ہو۔

(21/11)۔ آنحضرتؐ کو قتل کرنے کی اجتماعی اسکیم؛ نجدی شیخ یعنی ابلیس

یہ بڑی معنی خیز بات ہے کہ قریش کی ہدایت کاری کے لئے ابلیس نجد کا باشندہ اور بزرگ بن کر آیا کرتا تھا۔اور مجلس مشاورت کی صدارت اور راہنمائی میں مصروف رہا کرتا تھا۔علامہ طبری نے لکھا ہے:۔

''کفار کی مجلس مشاورت'': ''قریش نے جب دیکھا کہ اُنکے ملک کے علاوہ دوسرے ملک میں رسولؐ اللہ کے بہت سے پیرو اور ساتھی پیدا ہو گئے ہیں اور مہاجرین اُنکے پاس چلے جا رہے ہیں۔اُنکو محسوس ہوا کہ مسلمانوں کو اچھی پناہ گاہ مل گئی ہے جہاں اُنکا قابو نہیں چل سکتا۔اب اُنکو خود رسولؐ اللہ کے مکہ سے چلے جانے کا خوف دامن گیر ہوا اور یہ بات بھی اُنکو معلوم ہوگئی کہ آپؐ نے مدینہ جا کر قریش سے لڑائی کا تہیّہ کر لیا ہے۔قریش اس صورت حال پر غور کرنے کیلیئے اپنی مجلس میں جو قصیؑ بن کلاب کا گھر تھا اور جہاں مشورہ کیئے بغیر وہ کوئی معاملہ طے نہیں کرتے تھے،جمع ہوئے تا کہ رسولؐ اللہ کے معاملے میں باہم مشورہ کریں۔اِسکے متعلق ابن عباس سے مروی ہے کہ جب قریش نے رسولؐ کے معاملے میں اپنی قومی مجلس میں جمع ہو کر مشورہ اور تصفیہ کا فیصلہ کر لیا،وہ مقررہ دن میں جو زحمہ تھا صبح کو وہاں جمع ہوئے۔ابلیس ایک بڑے بزرگ شیخ کی صورت میں سر پر ایک پرانا کپڑا ڈالے سامنے آیا اور مجلس کے دروازے پر کھڑا ہو گیا۔قریش نے اُسے دروازے پر کھڑا دیکھ کر پوچھا تم کون ہو؟ اُس نے کہا میں نجد کا ایک شیخ ہوں،جس کام کیلیئے تم جمع ہوئے ہو مجھے بھی اسکی اطلاع ہوئی تو آ گیا ہوں کہ تمہاری گفتگو سنوں اور شاید میں بھی کوئی عمدہ مشورہ اور نصیحت کی صلاح دے سکوں۔قریش نے کہا بہتر ہے آیئے۔وہ بھی اُنکے ساتھ مجلس میں آیا۔وہاں قریش کے تمام اشراف بلا استثناء جمع تھے اُنکے ہر قبیلے کے عمائد موجود تھے۔''(مسلسل دوسرا عنوان لکھا کہ)

''حضرت محمدؐ کے خلاف منصوبے'': ''بنی عبدالشّمس میں سے ربیعہ کے بیٹے شیبہ اور عتبہ تھے اور ابوسفیان بن حرب تھا۔بنی نوفل میں سے طعیمہ بن عدی،جبیر بن مطعم اور حارث بن عامر بن نوفل تھے۔بنی عبدالدار میں سے النضر بن حارث بن کلدہ تھا۔بنی اسد بن عبدالعزیٰ میں سے ابو البُختری بن ہشام،زمعہ بن الاسود اور حکیم بن حرام تھے۔بنی مخزوم میں ابوجہل بن ہشام۔بنی سہم میں سے حجاج کے بیٹے بنیہہ اور مبنھ۔بنی جمح میں سے امیہ بن خلف تھا۔ان کے علاوہ اور بہت سے بے شمار قریش اور دوسرے لوگ جمع تھے۔اب گفتگو شروع ہوئی کسی نے کہا کہ اُس شخص کی حالت سے تم سب ہی واقف ہو ہمیں اس بات کا بھی خطرہ ہو گیا ہے کہ کہیں یہ اچانک ہمارے اغیار کو لے کر، جو اُس کے پیرو ہیں ہم پر حملہ نہ کر دے۔لہٰذا اب کیا ہونا چاہیئے؟ اس کا تصفیہ کیجیئے۔اس پر مشورہ ہونے لگا۔کسی نے کہا کہ اُسے بیڑیاں پہنا کر قید کر دو اور اوپر سے دروازے کو مستحکم طور پر بند کر دو اور اسی حالت میں اس کے لئے موت کا انتظار کرو۔آخر اُس جیسے دوسرے شعراء زہیر اور نابغہ وغیرہ کو موت آئی اُسے بھی آئے گی۔شیخ نجدی نے کہا بخدا میری رائے یہ نہیں ہے،اگر اس طرح تم اُسے قید کر دو گے۔اس کی اطلاع ضرور اس کے دوستوں اور پیرووں کو ہو جائے گی،وہ تم پر حملہ کر کے اُسے چھڑا لیں گے اور پھر اس طرح تم پر امنڈ آئیں گے کہ تمہارے یہ منصوبے خاک میں مل جائیں گے۔یہ رائے مناسب نہیں کوئی اور بات سوچو۔اب پھر مشاورت ہونے لگی۔ایک نے کہا ہم

اسے یہاں سے نکال کر خارج البلد کئے دیتے ہیں۔ جب وہ ہمارے یہاں سے چلا جائے گا پھر ہمیں اس کی فکر نہیں کہ کہاں جاتا ہے اور کیا کرتا ہے ہمیں۔ اس کی اذیت سے فراغت اور اُس کی طرف سے اطمینان ہو جائے گا۔ اور ہماری بات پھر حسب سابق بن آئے گی۔ شیخ نجدی نے کہا بخدا یہ ہرگز تمہارے لئے مفید مشورہ نہیں ہے۔ کیا تم اُس کی شیریں گفتاری، سحر بیانی اور قلوب کو موہ لینے کی قوتِ تسخیر سے واقف نہیں ہو۔ اگر تم نے اس رائے پر عمل کیا تو مجھے اندیشہ ہے کہ وہ عرب کے کسی بڑے قبیلے کے پاس جائے گا اور اپنی سحر بیانی اور شیریں کلامی سے اُن کو مسخر کرے گا۔ وہ تمہارے مقابلہ پر اُس کے ساتھ ہو جائیں گے، پھر اُن کو ساتھ لے کر تم پر چڑھ آئے گا۔ تم کو پامال کر دے گا۔ تمہاری حکومت چھین لے گا اور پھر جو چاہے گا تم سے سلوک کرے گا۔ اس معاملے پر پھر مشورہ کرو۔ اور کوئی دوسری تجویز سوچو۔'' (مسلسل عنوان لکھا کہ)

''ابوجہل کی تجویز'' : ''ابوجہل بن ہشام نے کہا کہ ایک تجویز ایسی میری سمجھ میں آئی ہے جس پر اب تک تم میں سے کسی کا خیال نہیں گیا۔ حاضرین مجلس نے کہا اے ابوالحکم بیان کرو کیا بات ہے؟ اُس نے کہا کہ میری رائے یہ ہے کہ تم ہر ایک قبیلے میں سے ایک ایک دلیر، نجیب اور شریف جوان مرد کا انتخاب کر لو۔ پھر ہم اُن جوان مردوں میں سے ہر ایک کو ایک ایک شمشیر بُرّاں دیں۔ یہ جماعت اس کے پاس جائے اور سب مل کر ایک وار میں اس کا کام تمام کر دیں۔ اس طرح ہم کو اُس کی طرف سے ہمیشہ کے لئے چین نصیب ہو جائے گا۔ چونکہ ایک جماعت بیک وقت اسے قتل کرے گی اسلئے اس کا قصاص تمام قبائل کے ذمے ہو گا کسی ایک کے ذمہ نہ رہے گا۔ اور بنو عبد مناف میں پھر یہ قدرت نہ ہو گی کہ اس کے لئے سب قبیلوں سے لڑیں، لامحالہ دیت قبول کرنے پر مجبور ہوں گے۔ ہم خوشی سے اُس کا خون بہا سب کی طرف سے ادا کر دیں گے۔ شیخ نجدی نے کہا بے شک یہ شخص صائب الرائے ہے۔ اس کی رائے قابل عمل ہے۔ اس کے علاوہ تمہارے لئے کوئی بات مفید نہیں۔ اس تصفیہ پر مجلس برخاست اور منتشر ہو گئی۔'' (طبری۔ جلد اوّل صفحہ 129-128)

(21/12)۔ نظامِ مشاورت واجتہاد ابلیس کا نظام ہے

ہم نے یہ طویل بیان اس لئے لکھا ہے کہ قارئین یہ نوٹ کر سکیں کہ اگر کل مدینہ میں یا پرسوں کہیں اور مسلمانوں میں نظام مشاورت، شوریٰ، اجتہاد جاری کیا جائے تو ذہن میں یہ بات موجود ہو کہ یہ طرز فکر اسلام کی نہیں ہے۔ بلکہ یہ جناب شیخ نجدی کی قیادت میں مشرکین قریش کا طرزِ فیصلہ ہے جسے ابلیس نے اپنے پیروؤں کی مدد سے مسلمانوں میں داخل کیا تھا۔ اور اس فکر کے پھیلانے والے قاتلان محمدؐ و آل محمدؐ ہیں۔ دوسری بات یہ سامنے رہنا چاہئے کہ اس جماعت شوریٰ کا وہ فیصلہ جس کی تائید شیخ نجدی یعنی شیطان نے کی تھی۔ اس میں یہ بات قطعی طور پر واضح ہے کہ اُس ملعون مجلس میں کوئی شخص اولاد عبد مناف میں سے موجود نہ تھا۔ یہ پورا مجمع قحطانی النسل قریش جس نے عبد مناف کے خاندان کو مجبور کرنے کے لئے اور خون بہا دینے کے لئے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قتل کرنے کے لئے یہ ترکیب نکالی تھی کہ جتنے قبائل مکہ میں موجود تھے اُن میں سے ایک ایک جوانمرد حضورؐ کو قتل کر دے۔ لہٰذا عبد مناف کا سارا قبیلہ مل کر بھی تمام قبائل سے انتقام نہ لے سکے گا۔ <u>سوچیئے اور دل پر ہاتھ رکھ کر سوچیئے کیا اس مشاورت میں مذکور ملعونوں میں سے کوئی ایک شخص عبد مناف کی اولاد ہو سکتا ہے؟ یہ اور سینکڑوں دیگر اسباب اور وجوہات ہیں کہ ہم قریش تو قریش ہیں کئی ایک دیگر لوگوں کو خانوادہ رسولؐ میں شمار کرنے</u>

سے قاصر اور مبرا رہے ہیں۔جن لوگوں میں نہ غیرت ہو، نہ شرم وحیا ہو، نہ شرافت و دیانت ہو، نہ جذبہ ہمدردی ہو، نہ انصاف ہو، وہ ہرگز عبدمناف کی اولاد نہیں ہو سکتے۔قریش میں ہم اُن تمام قبائل کی کھچڑی کو داخل سمجھتے ہیں جن کو جناب قصی علیہ السلام نے بنوخزاعہ کو مکہ سے نکالنے کے بعد مکہ میں آباد کر دیا تھا۔اُن میں بہت سے قبائل تھے سب کو قریش کہا جائے گا۔یہ بات بہت بعد کی ہے، یہ لوگ خود ساختہ شجرہ بنا کر خانوادہ فہر و نضر و قصی علیہم السلام میں شامل دکھائے اور مشہور کئے گئے۔ورنہ حقیقت وہی ہے جو ہم نے اور فطری حالات نے ثابت کی ہے۔لہٰذا ہجرت سے پہلے مکہ کے اندر جناب علیؑ بن ابی طالبؑ کے سوا اور کوئی خاندان رسولؐ کا مرد موجود نہ تھا۔اس خاندان کے افراد حبشہ اور دیگر ممالک میں تبلیغ کر رہے تھے جو آنحضرتؐ کے مدینہ پہنچتے ہی مدینہ میں جمع ہو جائیں گے۔

یہاں آخری بار پھر نوٹ فرمالیں کہ قریش سے بڑے قبائل عرب میں موجود تھے اور ابلیس نے یہ بتا دیا تھا کہ صرف ایک بڑا قبیلہ، قریش کا سارا زور توڑ کر انہیں پامال کر سکتا تھا۔لہٰذا وہ لوگ جو قریش یا اہل مکہ کو کوئی بڑی طاقت سمجھتے ہوں، کم از کم شیخ نجدی کی بات مان کر انہیں ایک حقیر سا گروہ تسلیم کر لیں۔اور سمجھ لیں کہ ان کا اتنے طویل زمانے تک رسولؐ اللہ پر ظلم و زیادتیاں کرنا، بار بار مدینہ پر حملہ آور ہونا اُن کی طاقت کا ثبوت نہیں بلکہ آنحضرت صلوٰۃ اللہ علیہ کے رحم دلانہ اور عادلانہ سلوک کا ثبوت ہے۔اُن کی امن پروری اور دعوت اصلاح کی دلیل ہے ورنہ اگر کہیں وہ بھی قریش کے ساتھ وہی سلوک روا کر لیتے جو قریش نے اختیار کیا تھا۔یا جس کا اختیار اللہ نے دیا تھا تو قریش ایک حملہ کی تاب بھی نہ لا سکتے تھے۔یہ تو حضورؐ کے خاص لطف و کرم نے اُن کی ہمتیں بڑھا دی تھیں۔اور یہ بے رحمی و قساوت قلبی اور احسان ناشناسی قریش ہی کا ابلیسی حصہ تھا۔کوئی اور قوم ہوتی تو اُس سے یہ کمینہ سلوک ہرگز سرزد نہ ہوا ہوتا۔یہ تو دنیا کی ایک مثالی قوم تھی اُن کی یہ صفات اور اخلاق اُن کے مخلوط النسل ہونے کا ثبوت تھا۔اُنکے اجسام میں شریف خون کا ایک بھی قطرہ نہ تھا۔وہ خالص ابلیسی نظام کی پیداوار تھے جن کے نطفوں میں، خون میں ابلیسی شرکت تھی۔جن کی عورتیں سرِراہ طرح دار جوانوں سے جنسی تعلق کی بھیک مانگنے کے لئے آزاد تھیں۔اس لئے اُن کا سلوک خانوادۂ رسولؐ سے کمینگی و دنایت کی انتہا تک پہنچا ہوا تھا۔اِدھر خانوادہ رسوؐل سے رحم ہوتا تھا تو اُدھر ابلیسی نظام قریش سے ستم ہوتا تھا، یہ کرم کرتے وہ ظلم کرتے تھے، یہ درگزر اور معاف کرتے تھے وہ ہر معافی کو اپنی ذلت سمجھ کر سخت تر انتقامی کاروائی کرتے تھے۔یہ ایک بدکار و ناہنجار و مکار و ستمگار قوم اور ایک رحیم و کریمؐ خاندان کی آپ بیتی ہے جو ہم سنا رہے ہیں۔

22۔ ہجرت کا حکم اور کفار کا منصوبہ قبل از وقت تدارک

اُدھر کفار نے مجلس مشاورت شروع کی اِدھر آنحضرتؐ نے خانوادہ نبوت کو اللہ کا حکم نوٹ کرایا کہ اللہ نے فرمایا ہے کہ:۔

وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ o(انفال 8/30)

کفار اور قریش تمہارے خلاف جب یہ چال چل رہے تھے کہ کوئی کہتا تھا کہ تمہیں موت تک کے لئے مضبوط قید میں رکھ دیں۔کسی کا ارادہ اور تجویز یہ تھی کہ تمہیں جلاوطن کر دیں اور آخری فیصلہ یہ کیا کہ تمہیں ایک نہایت خطرناک منصوبے کے ماتحت قتل کرا دیں۔اُدھر وہ یہ چالیں سوچ رہے تھے اِدھر ہم تمہیں محفوظ کرنے کی چال چل رہے تھے۔اللہ تو تمام چال چلنے

وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّکَ عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا o وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًاo وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ کَانَ زَهُوْقًاo (بنی اسرائیل 17/79-81)

والوں سے چال چلنے میں بڑھ کر ہے۔اور سنو تم رات کے سونے کے اوقات میں تلاوتِ قرآن کا ایک فاضل وقت مقرر کرلو۔عنقریب تمہارا پالنے والا تمہیں نہایت قابل حمد وثنا کے مقام پر مبعوث کرنے والا ہےاور آج سے دعا یوں شروع کردو کہ اے میرے پروردگار مجھے جہاں بھی داخل کر صداقت کے مقام میں داخلہ ہو۔اور جہاں سے مجھے نکالے وہاں سے نکلنا بھی صداقت کے لئے ہو۔اور اے اللہ تو میرے لئے اپنا پسندیدہ مددگار سلطان تجویز کردے۔اور یہ بھی کہتے جاؤ کہ حق غالب آ گیا ہےاور باطل کے چھکے چھوٹ گئے ہیں۔یقیناً باطل کا پسپا ہونا تو ایک طے شدہ حقیقت ہے۔

(22/2)۔ قریش کی بدبختی؛ مقامِ محمودؐ میں حضورؐ کی بعثت ثانیہ

قارئین نے دیکھ لیا کہ رسولؐ کو قریش کی مشاورت کی تینوں تجاویز کا علم ہوگیا۔اور اللہ نے فرمادیا کہ اُن کی ہر چال پیٹ دی گئی ہے۔اور وہ اس طرح سے کہ آپ رات کو قرآن کی تلاوت اور تہجد شروع کردیں اور اپنی اُس بعثت ثانیہ کو اختیار کرلیں جو مقام محمود میں طے ہو چکی ہے۔یعنی رات کو بیدار رہیئے اور آج کی شب اپنے لئے اُس سلطان کو اپنی جگہ تعینات کردیجئے جو تمہاری موجودگی اور عدم موجودگی میں تمہاری اور اسلام کی نیز مسلمانوں کی نصرت کے لئے تیار کیا گیا ہے۔اُس مددگار سلطان کے تقرر کے بعد کا زمانہ اور مقام، مقامِ محمود ہو گا۔اور بعثت ثانیہ تمہارے مدنی قبیلے میں ہوگی اور سلطان اور وہ نبطی قبیلہ حق کو قائم کرنے اور باطل کو بھگا دینے کا کردار ادا کریں گے۔
یہاں ذرا ٹھہر کر علامہ مودودی کا وہ بیان سُن لیں جو انہوں نے سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا کی تفسیر میں لکھا ہے۔

(22/3)۔ مددگار سلطان علامہ مودودی کی نظر میں

چونکہ لوگوں کو علیؑ و اولادِ علیؑ کے نام سے بخار چڑھتا ہے اور نہیں چاہتے کہ قرآن کریم سے حکومت الٰہیّہ کا قائم ہوجانا ثابت ہو۔ اس لئے اُن پر لازم ہوجاتا ہے کہ وہ قرآن کی واضح آیات میں بھی کتر بیونت اور ہیر پھیر کریں اور علیؑ کے راستے میں اپنے اجتہاد کی ٹانگ اڑا دیں۔چنانچہ اس صاف اور واضح سلطانؑ کے معنی یوں کئے گئے ہیں کہ اس میں علیؑ کی خوشبو تک نہ رہے ملاحظہ ہو:۔

''اور اپنی طرف سے ایک اقتدار کو میرا مددگار بنادے (واجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُ نْکَ سُلْطٰنًا نَصِیْرًا)100'' (17/80)

100 یعنی یا تو مجھے خود اقتدار عطا کر، یا کسی حکومت کو میرا مددگار بنادے تا کہ اُس کی طاقت سے میں دنیا کے اس بگاڑ کو درست کر سکوں، فواحش اور معاصی کے اس سیلاب کو روک سکوں، اور تیرے قانونِ عدل کو جاری کرسکوں۔یہی تفسیر ہے اس آیت کی جو حسن بصری اور قتادہ نے کی ہے، اور اسی کو ابن جریر اور ابن کثیر جیسے جلیل القدر مفسرین نے اختیار کیا ہے، اور اسی کی تائید نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث کرتی ہے کہ اِنَّ اللّٰہَ لَیَزَعُ بِالسُّلْطَانِ مَا لَا یَزَعُ بِالْقُرْاٰنِ ،یعنی ''اللہ تعالیٰ حکومت کی طاقت سے اُن چیزوں کا سدباب کر دیتا ہے جن کا سدباب قرآن سے نہیں کرتا۔'' اس سے ثابت ہوا کہ اسلام دنیا میں جو اصلاح چاہتا ہے وہ

صرف وعظ وتذکیر سے نہیں ہوسکتی بلکہ اُس کو عمل میں لانے کے لئے سیاسی طاقت بھی درکار ہے۔ پھر جب کہ یہ دعا اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیؐ کو خود سکھائی ہے تو اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ اقامتِ دین اور نفاذ شریعت واجرائے حدود اللہ کے لئے حکومت چاہنا اور اُس کے حصول کی کوشش کرنا نہ صرف جائز بلکہ مطلوب ومندوب ہے اور وہ لوگ غلطی پر ہیں جو اُسے دنیا پرستی یا دنیا طلبی سے تعبیر کرتے ہیں۔ دنیا پرستی اگر ہے تو یہ کہ کوئی شخص اپنے لئے حکومت کا طالب ہو۔ رہا خدا کے دین کے لئے حکومت کا طالب ہونا؟ تو یہ دنیا پرستی نہیں بلکہ خدا پرستی ہی کا عین تقاضہ ہے۔ اگر جہاد کے لئے تلوار کا طالب ہونا گناہ نہیں ہے؟ تو اجرائے احکام شریعت کے لئے سیاستی اقتدار کا طالب ہونا آخر کیسے گناہ ہوجائے گا؟'' (تفہیم القرآن۔ جلد دوم صفحہ 638)

(22/4)۔ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا کو حکومت، سیاسی قوت اور اقتدار بنادیا گیا

علامہ نے قرآن کے دو الفاظ سے اپنا سارا گھروندا تیار کرلیا اور ہر آدمی کو اجازت دیدی کہ اجرائے احکام دین کے بہانے اقتدار، سیاسی قوت وحکومت کے لئے کوشاں ہو۔ اور اس سلسلے میں جس قدر جنگ وجدل اور لوٹ مار ہو وہ سب جہاد کہلائے اور دنیا، دین کے نام پر لٹیروں کی دنیا بن جائے۔ اِدھر جماعت اسلامی سیاسی اقتدار چاہے، اُدھر جماعت علمائے اسلام، اللہ ورسولؐ کے نام پر محاذ آرائی کرے یہ سب جائز ہوگیا۔ یہ نہیں سوچا گیا کہ رسولؐ کو دعا کے لئے کہنا اور خدا سے حکومت مانگنا اور خدا کا حکومت دینا کہاں؟ اور علامہ کا جواز نکالنا، بنی نوع انسان پر فوج کشی کرنا کہاں۔ اِن دونوں باتوں میں کیا تعلق ہے۔ اگر اپنے گھر سے باہر نہ نکلیں، کوئی پارٹی بازی نہ کریں، محض خدا سے دعا کرکے حکومت مانگیں تو یہ بھی جائز نہیں۔ اس لئے کہ وہ رسولؐ اللہ نہیں ہیں۔ یہ دعا رسولؐ کو تعلیم دی گئی ہے نہ کہ مولانا اینڈ کمپنی کے اٹھائی گیروں کو۔ اللہ جانتا ہے کہ رسولؐ منشائے باری تعالیٰ سے ذرہ برابر انحراف نہیں کرسکتا۔ لہٰذا حکومت ملنے پر، اقتدار حاصل ہوجانے پر بھی خدا کے احکام کے ماتحت عدل وانصاف کرے گا۔ لیکن علامہ کے ایرے غیرے نتھو خیرے تو خاطی، غیر نبیؐ اور مجتہد ٹائپ کے لوگ ہوں گے۔ اُن کو کیسے رسولؐ کے زمرہ میں داخل کیا جائے گا؟ لہٰذا یہ بکواس ہے۔ حکومت صرف وہی شخص طلب کرنے کا مجاز ہوگا جسے خدا خود حکم دے کہ تم ہم سے حکومت مانگو اور پھر خدا سے حکومت مانگنا اور خدا کا حکومت دینا اور بات ہے۔ اور جوڑ توڑ، پارٹی بندی، کثرت رائے وغیرہ سے حکومت کا حاصل کرنا اور حکومت کا مل جانا شیطانی حکومت ہوگا۔ اس کو خداداد حکومت کہنا محض باطل پرستوں، کفارِ قریش، مجتہدین اور مودودی ہی کا کام ہوسکتا ہے اور یہ اللہ ورسولؐ اور دین اسلام کے خلاف ہے۔ یہ تو وہ صورت تھی جو علامہ نے قرآن سے خیانت اور بددیانتی کرکے اپنے اجتہاد سے قائم کی تھی۔ جس کا مندرجہ بالا آیت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اب آپ یہ سوچئے کہ علامہ اپنے بیان میں یہ کہہ گئے ہیں کہ یا تو خود رسولؐ اللہ کو اقتدار وحکومت مل جائے یا کوئی دوسری حکومت اُن کی مدد کردے۔ گویا اللہ کو ابھی یہ بھی پتہ نہیں ہے کہ حقیقتاً مستقبل میں کیا ہوگا؟ بہرحال علامہ اس کے قائل ہوئے ہیں کہ اس دعا میں رسولؐ کے علاوہ کسی اور کی حکومت واقتدار بھی شامل ہے۔ اور مندرجہ بالا تمام بکواس میں اتنی ہی سی بات اُنکے قلم سے صحیح نکل گئی ہے۔ مگر طول طویل بیان میں دب کر رہ گئی تھی ہم اُسے ابھار کر سامنے لائے ہیں۔ اب آیت کے الفاظ اور مفہوم پر غور کرنا ہوگا۔ اللہ نے وہاں ایک سلطٰنًا نصیرًا کا طلب کرنا بتایا ہے۔ دیکھنا یہ ہے کہ سلطٰنًا نصیرًا کا جملہ تو جُملہ توصیفی ہے۔ اُس میں سلطٰنًا ایک سلطان موصوف ہے۔ اُس کی صفت

نصیرًا ہے۔یعنی اے اللہ میرے لئے ایک مدد کرنیوالا سلطان مقرر کردے۔آیت میں اس کا کہیں ذکر نہیں کہ اے اللہ مجھے خود کو سلطٰنًا نصیرًا مقرر کردے یا بنا ڈال۔وہاں تو واجعَل لِّی۔بنادے مقرر کردے میری خاطر، میرے لئے، ایک مددگار سلطان۔یعنی جو مقرر ہوگا یا بنایا جائے گا وہ رسولؐ اللہ سے الگ ہوگا۔علامہ نے سلطٰنًا کا ترجمہ اقتدار وحکومت وسیاسی قوت کرلیا۔حالانکہ اقتدار وحکومت وغیرہ تو خود عربی کے الفاظ تھے۔اور غالبًا خدا کو معلوم بھی تھے۔مولانا کا مطلب یہ ہے کہ اللہ نے یہ کہنے کے بجائے کہ واجعل لی اقتدارًا، یا واجعل لی حکومتًا کے بجائے (معاذ اللہ) غلطی سے واجعل لی سلطٰنًا نصیرًا فرمادیا۔لہٰذا مودودی صاحب نے نصیرا کو ترک کرنے کے بعد بھی سلطاناً کے معنی غلط کئے۔اور اس کے معنی یا ترجمہ کرنے کی ضرورت ہی نہ تھی۔اسلئے کہ اردو میں سلطان استعمال ہوتا ہے اور سلطان ہرگز بے جان چیز کے لئے اردو میں نہیں ہوتا بلکہ ایک بولتا چالتا بادشاہ سمجھا جاتا ہے۔اور مودودی اینڈ کمپنی ہرگز نہیں چاہتی کہ قرآن سے یہ ثابت ہوجائے کہ رسوؐل کو ایک بادشاہ مقرر کرانے کی دعا سکھائی گئی تھی۔اس لئے کہ پھر مودودی کی مذہبی حکومت قائم نہیں ہوتی بلکہ اس کا غاصب ہونا ثابت ہوجاتا ہے۔لہٰذا سلطانا نصیرا، ایک مددگار بادشاہ کا طلب کرنا ایک انسان کا طلب کرنا ہے۔جس میں اللہ کی طرف سے فطری جذبہ قربانی ونصرت موجود ہو۔جو کسی بھی حال میں اسلام کی نصرت اور اللہ کی راہ میں قربانی سے دریغ نہ کرسکتا ہو۔اور یہ دعا اپنی ذاتی حکومت کیلئے اس وجہ سے بھی نہیں ہے کہ ذاتی حکومت رسولؐ اللہ کی ذات تک ختم ہوجائیگی اور اسلام قیامت تک رہے گا۔اجرائے حدود بقول مودودی اور نفاذ اسلام کا انتظام قیامت تک مطلوب ہونا چاہئے جو سلطاناً نصیرا کہہ کر پورا ہوجاتا ہے۔ایسا مددگار سلطان جو اسلام کی نصرت کا قیامت تک ذمہ لے اور اُس پر آنچ نہ آنے دے۔اگر اُس دعا کا یہ مطلب نہیں ہے؟ کہ ایسا مددگار سلطان عطا کر جو قیامت تک نصرت دین کرے تو یہ بڑی گھٹیا دعا ہے۔اور نظام اجتہاد کو ہم صرف اسلئے ابلیسی نظام کہتے ہیں کہ وہ قرآن کی ترجمانی وتفسیر میں اللہ ورسولؐ اور قرآن کو گھٹیا درجہ کی چیزیں بنا کر پیش کرتا ہے۔تاریخیں، مؤرخین اور خود ابلیس اور اس کا نظام جناب ابوطالبؑ کی نصرت دین سے واقف ہیں اور یہ سب جانتے ہیں کہ اُن کی وصیت کیا تھی۔انہیں پتہ ہے کہ علیؑ آج رات سے اُس رات تک جو کوفہ کی مسجد میں آئی تھی، سر ہتھیلی پر رکھے پھرتے رہے۔پھر اُن کی اولاد کے دس امامؑ یکے بعد دیگرے نصرت اسلام میں سرگرم رہے۔کربلا کی قربانی اُسی نصرت کا معراج کمال ہے۔پھر آج بارھواں امام علیہ السلام اُسی نصرت میں سرگرم ہے۔لہٰذا کون خبیث ہے جو حضرت علی علیہ السلام کے سلطاناً نصیرا ہونے کا انکار کرکے کوئی دوسرا ناصر پیش کرے جو قرآن کے معیار کے مطابق اور قرآن کریم سے زیادہ اثر انگیز ہو۔اور جو کچھ قرآن نہ کرسکتا ہو تنہا کرکے دکھادے۔

لہٰذا یہ ماننا ہی پڑیگا کہ جسکو اعلان عام کے روز وزیر اور خلیفہ بنایا تھا، وہی ذات پاک ہے جسکو شب ہجرت رسولؐ اللہ کی جانشینی اور اسلام کی سلطانی کیلئے نامزد کیا گیا۔جب کہ وہاں یعنی مکہ میں صرف منافقین موجود تھے۔یا کفار کے گھروں میں کچھ مستضعفین قید وبند میں بیڑیاں پہنے ہوئے اور جو مدت دراز سے اپنے طور پر بھی دعا مانگ رہے تھے۔پہلے علامہ مودودی کا ترجمہ ملاحظہ فرمالیں۔

''آخر کیا وجہ ہے کہ تم اللہ کی راہ میں اُن بے بس مردوں، عورتوں اور بچوں کی خاطر نہ لڑو جو کمزور پا کر دبا لئے گئے ہیں؟ اور فریاد کر رہے ہیں کہ خدایا ہم کو اس بستی سے نکال جس کے باشندے ظالم ہیں، اور اپنی طرف سے ہمارا کوئی حامی و مددگار پیدا کر دے۔''

وَالۡمُسۡتَضۡعَفِيۡنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالۡوِلۡدَانِ الَّذِيۡنَ يَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَآ اَخۡرِجۡنَا مِنۡ هٰذِهِ الۡقَرۡيَةِ الظَّالِمِ اَهۡلُهَا وَاجۡعَلۡ لَّنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ وَلِيًّا وَّاجۡعَلۡ لَّنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ نَصِيۡرًا o (نسآء 4/75)

(تفہیم القرآن۔ جلد اوّل صفحہ 372) اس پر علامہ کا حاشیہ:۔

''104۔ اشارہ ہے ان بچوں، مردوں اور عورتوں کی طرف جو مکہ میں اور عرب کے دوسرے قبائل میں اسلام قبول کر چکے تھے مگر نہ ہجرت پر قادر تھے اور نہ اپنے آپ کو ظلم سے بچا سکتے تھے۔ یہ غریب طرح طرح سے تختۂ مشقِ ستم بنائے جا رہے تھے اور دعائیں مانگتے تھے کہ کوئی انہیں اس ظلم سے بچائے۔'' (تفہیم القرآن۔ جلد اوّل صفحہ 373-372)

یہاں پہلی بات یہ نوٹ کر لیں کہ مکہ میں جو عورتیں اور کمسن و نوجوان بچے مسلمان موجود ہیں وہ گھر سے باہر نکل کر چلنے پھرنے کے لئے اگر آزاد ہوتے تو مکہ سے بھاگ کر کہیں چھپ جاتے، پناہ لیتے اور مظالم سے بچ نکلتے۔ مگر یہ وہ لوگ ہیں جن کے سرپرست سنگدل اور بے رحم کافر ہیں جنہوں نے اُن کو قید و بند میں رکھا ہوا ہے۔ لہٰذا؛ مکہ میں کوئی آزاد شخص مسلمان نہیں ہے۔ محض وہی لوگ ہیں جو کفار کے جاسوس تھے۔ اور اب چند روز میں مکہ سے ہجرت کر کے آئندہ وہ مہاجرین کہلانے لگیں گے۔ لیکن قرآن کی رُو سے مکہ میں مذکورہ مظلوموں کے علاوہ کوئی مسلمان موجود نہیں ہے۔ دوسری بات وہی ہے کہ جو دعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سکھائی گئی ہے وہی دعا مکہ کے قیدی اور مظلوم مسلمان مانگ رہے ہیں۔ فرق اس قدر ہے کہ مظلوموں کو صرف سلطان یعنی بادشاہ درکار نہیں ہے بلکہ اُنکو ایک ہمدرد، سرپرست رحیم و کریم سلطان درکار ہے جسے ''ولی'' کہتے ہیں۔ لہٰذا اُنکو ولیًّا نصیرًا درکار ہے۔ اور پیغمبر کو سلطٰنًا نصیرًا کی ضرورت ہے۔ اور یہی جناب علی مرتضٰی علیہ السلام ہیں۔ مولانا اس معاملے میں جھوٹے ہیں کہ دیگر قبائل عرب میں مکہ سے باہر بھی کچھ لوگ مظلوم تھے۔

23۔ عالمی، ابدی اور دائمی نصرت یعنی علی ابن ابی طالب علیہما السلام

یہاں تک جناب علی ابن ابی طالب علیہما السلام کا تذکرہ نہ ہونے کے برابر ہوا۔ اور ہم اُن الجھنوں کو سلجھانے میں لگے رہے جو سرکاری تاریخ و روایات نے صدیوں کی محنت سے پیدا کی تھیں۔ اور جن کی وجہ سے تصویر کا رُخ کفارِ قریش کی طرف پھرا رہتا ہے۔ یہاں سے ہم یہ دکھانا چاہتے ہیں کہ جناب ابو طالب علیہ السلام کے بعد جناب علی مرتضٰی علیہ السلام نے کس طرح اپنے والدؑ بزرگوار کی جانشینی کی اور نصرت محمدؐ مصطفٰی اور استحکام اسلام و مسلمین میں کیا کردار ادا کیا۔ نہایت مختصر عبارت میں یہ کہہ دینا سو فیصد کافی اور حق ہے کہ جو کچھ جناب محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تریسٹھ (63) سال کی جدوجہد کے دوران ظہور میں آیا وہ جناب ابو طالب علیہ السلام کی تمنا اور تربیت کا نتیجہ تھا۔ اور جو کچھ جناب علی مرتضٰی علیہ السلام سے اُن کی پوری زندگی میں ظہور پذیر ہوا وہ جناب محمدؐ مصطفٰی کی تمنا اور

تربیت کا نتیجہ تھا۔ساری دنیا جانتی ہے اور آسمان اُس حقیقت پر گواہ ہے کہ جناب ابو طالبؑ حضرت محمدؐ کی جگہ روزانہ اپنے بچوںؑ کو لٹاتے رہتے تھے تاکہ اگر دشمن موقعہ پا کر سوتے ہوئے حملہ کرنے میں کامیاب ہو جائے تو بجائے حضرتؐ کے، ابو طالبؑ کے کسی بیٹے کو قتل کر کے اپنی کوشش میں ناکام ہو جائے۔یعنی علیؑ اُن بیٹوںؑ میں سے ایک تھے جو رسولؐ اللہ کی جگہ بے فکری سے لیٹ کر سو جانے کے عادی تھے۔ ہجرت کی شب رسولؐ اللہ کی جگہ سو جانا نئی بات اس لئے ہوگئی کہ سرکارؐ دو عالم گھر سے چلے گئے اور پھر اس گھر کو کبھی اپنا گھر نہ بنایا۔پھر ایک نئی بات یہ تھی کہ اُس شب میں قریشی کمینے بہادر پہلے سے قتل کی اسکیم بنائے ہوئے حملہ کرنے کی تیاری میں مصروف تھے۔ایک نئی بات یہ تھی کہ رسولؐ کی جگہ سونے کا یہ آخری موقع تھا۔یعنی حضرت ابو طالبؑ کی شب بیداریوں کا ثمرہ دینے کے لئے اللہ تعالیٰ جبرائیلؑ و میکائیلؑ کو خدمتِ جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام میں بھیجنے کا اہتمام کر رہا ہے۔قرآن واقعہ نگاری میں سرگرم ہے اور علی علیہ السلام کی سلطانیٔ اسلام کا اعلان کر رہا ہے، اُن کی ازلی و ابدی اور دائمی نصرت کی دستاویز لکھ رہا ہے، آج علیؑ اپنی زندگی دے کر مرضات اللہ خرید رہا ہے، آج انہیں ولایت اسلام کا تاج پہنایا جانے والا ہے۔یہ قصہ غیروں کی غیر دلچسپ زبان سے پیش کرتا ہوں۔

(23/2)۔ شب ہجرت علی علیہ السلام پر نزول جبرائیلؑ و میکائیلؑ

آج خانوادہ رسولؐ میں رسولؐ کی روانگی ہر قلب کو متاثر کئے ہوئے ہے۔ ہر چہرہ اُترا ہوا، ہر دل اُمنڈا ہوا، ہر آنکھ ڈبڈباتی ہوئی ہے۔ ہر لب پر دعائیں ہیں۔شیعہ جذبات جاننا چاہتے ہیں کہ رسولؐ اللہ کے بازوؤں پر کوئی امام ضامن کی قسم کی کوئی چیز باندھی گئی تھی یا نہیں؟ رخصت، مسافرت اور پُر خطر مسافرت میں تو یہ بات اور بھی ضروری تھی۔مسافر کے خیریت سے پلٹنے اور بخیر و خوبی رہنے کی دعائیں تو ہر ماں، ہر باپ اور ہر بھائی بہن اور ہر بیٹی نے مانگی ہیں۔صدقہ دینا کوئی جدید رسم نہیں ہے۔اسکی ابتدا تو اس روز سے ہونا چاہئے جس دن سے جذباتِ محبت نے جنم لیا تھا۔رسولؐ اللہ جن لوگوں کو بیت النبوؐۃ میں چھوڑے جا رہے ہیں اُن میں جناب فاطمۃ الزہراء علیہا السلام بھی تو ہیں۔اب وہ تیرہ سال کی عمر سے آگے بڑھ چکی ہیں۔ ماںؑ کا داغ ابھی مندمل نہیں ہوا ہے کہ والدؐ کے قتل کی اسکیم بن چکی ہے، تلواروں کی چھاؤں میں سے آج باپ نے گزرنا ہے طویل سفر درپیش ہے۔کل اُنکے جانے کے بعد قریش کی پوری قوت، ساری تلواریں اور تمام غیظ و غضب اور غصہ علیؑ کی طرف منعطف ہونے والا ہے۔قریش کی کمینہ خصلتیں تیرہ سال سے معلوم ہیں۔ بہر حال علامہ ابن اثیر سے ہجرت کا قصہ سنیئے:۔

''پیغمبرؐ نے جب ہجرت کا ارادہ کیا تو علیؑ ابن ابی طالبؑ کو مکہ ہی میں چھوڑ گئے۔تاکہ آپؐ کے قرضوں کو ادا کر دیں۔اور لوگوں کی جو امانتیں آپ نے پاس رکھی ہوئی تھیں اُن امانتوں کو واپس کر دیں۔جس شب میں آپ روانہ ہوئے مشرکین گھر کا احاطہ کئے ہوئے تھے۔آپؐ نے علیؑ کو حکم دیا کہ میرے بستر پر میری حضرمی چادر اوڑھ کر سو رہو۔خدا چاہیگا تو تمہارا بال بیکا نہ ہوگا۔علیؑ بستر پیغمبرؐ پر لیٹ رہے۔خداوند عالم نے جبرائیل و میکائیل پر وحی فرمائی کہ میں نے تم دونوں کو ایک دوسرے کا بھائی بنایا ہے اور تم میں سے ایک کی عمر دوسرے سے زیادہ مقرر کی ہے۔تم میں سے کون ایسا ہے جو اپنی فاضل مدت حیات دوسرے کو دیدے؟ دونوں نے اپنی زندگی کو عزیز سمجھا اور کوئی بھی اس ایثار پر آمادہ نہ ہوا۔اس وقت خداوند عالم نے ددنوں پر وحی نازل فرمائی کہ تم دونوں علیؑ جیسے کیوں نہ

ہوئے؟ دیکھو میں نے علیؑ اور اپنے نبیؐ کے درمیان بھی بھائی چارہ قائم کیا ہے۔ دونوں کو بھائی بھائی بنایا۔ علیؑ آج محمدؐ کے بستر پر سو کر محمدؐ پر اپنی جان نثار کر رہے ہیں۔ اور اُنکی زندگی کو اپنی زندگی پر مقدم سمجھ رہے ہیں۔ تم دونوں فوراً زمین پر جاؤ اور اُنکو اُن کے دشمنوں سے بچاؤ۔ دونوں فرشتے زمین پر آئے۔ جبرائیل سرہانے کھڑے ہوئے میکائیل پائنتی۔ جبرائیل پکار کر کہہ رہے تھے مبارک ہو مبارک ہو آپؑ کو۔ کون تمہاری مثل ہوسکتا ہے؟ اے نورِ چشم ابوطالبؑ، خداوند عالم آپکے ذریعہ ملائکہ پر فخر ومباہات کر رہا ہے۔ اِس موقع پر خداوند عالم نے، جبکہ آپؐ مدینہ کی طرف جا رہے تھے، پیغمبر پر یہ آیت حضرت علیؑ کی شان میں نازل فرمائی۔ لوگوں میں ایک شخص ایسا بھی ہے جو خدا کی خوشنودی کیلئے اپنی جان بیچ ڈالتا ہے۔'' (اسد الغابہ۔ جلد 4 صفحہ 25)

(23/3)۔ شب ہجرت کے بعد اللہ کی رضامندیاں علی علیہ السلام کی ملکیت ہیں

سنو اور غور سے سنو کہ مندرجہ بالا بیان میں کیا کہہ دیا گیا ہے۔ یعنی یہ کہ اللہ نے فرمایا ہے کہ:۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِىْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِo (بقرہ 2/207)

''انسانوں میں سے ایک انسان ایسا بھی ہے جو اللہ کی رضامندیاں خریدنے کے لئے اپنی جان بیچ ڈالتا ہے۔''

آپ جانتے ہیں کہ جس نے اپنی جان کو فروخت کر کے اللہ کی رضامندی خرید لی ہو، اُس کو آئندہ اُن رضامندیوں کا مالک ماننا پڑیگا۔ یعنی اگر کسی کو رضی اللہ عنہ کہا جاسکتا ہے تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ علیؑ اس سے راضی ہو۔ لہٰذا جو شخص علیؑ کے مخالف کو رضی اللہ عنہ کہتا ہے وہ جھوٹا ہے بلکہ وہ قرآن کریم کو جھٹلانے والا ہے۔ علیؑ و اولادِ علیؑ آئندہ خدا کی وہ ملکیت ہیں جن کو اُس نے خوش ہو کر حاصل کیا تھا اور اپنی رضامندیوں کا انہیں مالک بنا دیا تھا۔ اسلئے کہ علیؑ نے اُن قربانیوں کی ابتدا کی تھی جو اولادِ علیؑ نے تحفظ اسلام اور نوع انسان کیلئے قیامت تک پیش کرنا تھیں۔ بہرحال یہ ماننا پڑیگا کہ محمدؐ وآلِ محمدؐ کی رضامندیاں ہی اللہ کی رضامندی ہے۔

(23/4)۔ حضرت علیؑ شبِ ہجرت امام غزالی کی نظر میں

سوائے چند قحطانی ٹائپ کے علما کے باقی تمام علمائے صالحین حضرت علی علیہ السلام کے مقام بلند کے قائل ہیں۔ اور قحطانیوں اور ابلیسی گروہ کا جو حال ہم نے بنایا ہے وہ بھی اپنی مثال آپ ہے۔ ہم اکیلے شخص ہیں جو قحطانی و ابلیسی فریب کو ہر مقام پر واضح کرتے آئے ہیں۔ شب ہجرت کے سلسلے میں جناب امام غزالی کا بیان بھی پڑھنے کے لائق ہے وہ فرماتے ہیں کہ:۔

''علیؑ بستر رسولؐ پر رات کو سو رہے، اُس وقت خداوند عالم نے جبرائیلؑ و میکائیلؑ پر وحی نازل فرمائی کہ میں نے تم دونوں کو بھائی بھائی بنایا اور تم میں سے ایک کی عمر دوسرے کی عمر سے زیادہ کی ہے۔ تم میں سے کون ایسا ہے جو اپنی فاضل زندگی اپنے بھائی کو دے دے؟ دونوں کو اپنی زندگی پیاری معلوم ہوئی۔ اُس وقت خداوند عالم نے دونوں پر وحی نازل فرمائی کہ تم دونوں کیوں نہ ہو گئے علیؑ ابن ابی طالبؑ جیسے؟ کہ میں نے اُسے محمدؐ کا بھائی بنایا اور وہ محمدؐ کے بستر پر سو کر اپنی جان فدا کر رہا ہے اور اُسکی زندگی کو اپنی زندگی پر ترجیح دے رہا ہے۔ تم دونوں ابھی زمین پر جاؤ اور علیؑ کو دشمنوں سے بچاؤ۔ چنانچہ دونوں علیؑ کے پاس آئے جبرائیلؑ سرہانے کھڑے ہوئے اور میکائیلؑ پائنتی اور جبرائیل کہتے جاتے تھے مبارک ہو مبارک ہو۔ کون تمہارے مثل ہوسکتا ہے۔ اے فرزند ابوطالبؑ

خداوند عالم تمہاری وجہ سے ملائکہ پر فخر ومباہات کر رہا ہے۔ اُسی موقعہ پر خداوند عالم نے یہ آیت نازل فرمائی (ومن الناس من یشری۔ الخ)۔ لوگوں میں کچھ ایسے بھی ہیں جو خدا کی خوشنودی کیلئے اپنی جان بیچ ڈالتے ہیں۔'' (احیاء العلوم باب الایثار)

(23/5)۔ آنحضرتؐ کی روانگی غارِ ثور میں قیام وانتظامِ سفر

جب اللہ کا مقرر کردہ وقت آ گیا، آنحضرتؐ تمام اہل بیتؑ سے رخصت ہو کر در دولت سے برآمد ہوئے۔ مٹی کی ایک مٹھی محاصرہ کرنے والوں پر پھینکی اور نہایت اطمینان سے غارِ ثور کی طرف روانہ ہو گئے۔ تین شب اور دو روز سفر کے انتظام میں قیام فرمایا۔ تیسرے دن اہل مدینہ کے ساتھ حسب قرارداد مدینہ کے سفر پر روانہ ہو گئے۔ اِن دو دنوں میں حضرت علی علیہ السلام کو امانتوں کے ادا کرنے کی تفصیل، روانگی کی ہدایات بہم پہنچا کر فارغ ہوئے۔ اُدھر جناب علی مرتضٰی علیہ السلام شب ہجرت جس قدر اطمینان سے سوئے اُس کا ساری عمر تذکرہ فرماتے رہے۔ اور اُس وقت آنکھ کھلی جب قریشی نامرد دیواروں پر سے کود کر مکان میں داخل ہو گئے اور چاہتے تھے کہ کمرہ کے اندر جناب علی مرتضٰی علیہ السلام کو محمدؐ مصطفٰی سمجھ کر گھیر لیں۔ آپؑ نے بستر سے کود کر خالد بن ولید سے تلوار چھین کر اس گروہ کو للکارا۔ اُن لوگوں کو یہ دیکھ کر حیرانی بھی ہوئی اور موت بھی سامنے نظر آنے لگی۔ گھبرا کر کہا کہ ہم محمدؐ کو قتل کرنے آئے ہیں۔ آپ سے ہمیں کوئی تعارض نہیں ہے یہ بتاؤ کہ وہ کہاں گئے۔ آپؑ نے فرمایا کہ تم لوگ میرے حوالے کر کے نہیں گئے تھے اس لئے یہ سوال ہی غلط ہے۔ قریشی کھنچی ہوئی تلوار سے جان بچا کر دست تاسف ملتے ہوئے واپس چلے گئے اور حضرت علی علیہ السلام کے کسی پروگرام میں دخل انداز نہ ہوئے۔ حتّٰی کہ آپؑ خانوادہ رسولؐ کے حرم کو لے کر روانگی کے لئے تمام تیاریاں علی الاعلان کرتے رہے۔ امانتیں واپس کرنے کا اعلان اور منادی کرادی، تمام ذمہ داریاں پوری کیں۔ اور بحکم رسولؐ یہ بھی اعلان کرادیا کہ جو لوگ مسلمان ہوں اور اخراجات کی بنا پر روانہ نہ ہو سکتے ہوں وہ بھی ہمارے ساتھ چلنے کے لئے تیار ہو جائیں اور ہم سے پروگرام معلوم کر لیں۔ جو لوگ اپنی روانگی خفیہ رکھنا چاہتے ہوں وہ ہماری روانگی کے بعد راہ میں ملیں۔ اور وہ مقام بتادیا جہاں رک کر سب کا انتظار کیا جائے گا۔

(23/6)۔ ہجرت کی راہ میں کانٹے اور خانہ ساز کہانیاں

ہم بار بار عرض کرتے رہے ہیں کہ سرکاری تاریخ نے اپنے ہیرو ہر اُس مقام پر آگے بڑھائے ہیں جہاں مشرکوں کا شرک چھپانے اور کافروں کو مومن دکھانے کا موقع نظر آیا۔ لیکن بڑی قدیم مثال ہے کہ: ''دروغ گورا حافظہ نہ باشد۔''

اس سلسلے میں ہم اگر کسی سنجیدہ بحث میں الجھ جائیں تو یقیناً اس بحث کو نہایت حُسن وخوبی سے انجام تک پہنچا سکتے ہیں۔ لیکن بنظر اختصار چند بنیادی باتوں اور مسلّمات کو سامنے رکھ کر یہ کہہ دینا چاہتے ہیں کہ ہماری بیان کردہ صورتحال کے خلاف جو کچھ بھی کہا یا لکھا گیا ہے وہ بہتان وافترا وا کاذیب کا مجموعہ ہے۔ ساری دنیا متفق ہے کہ رسولؐ اللہ نے رات کو کسی وقت اپنے گھر سے قدم نکالا یعنی ہجرت کی اور رات ہی کو غارِ ثور میں پہنچے۔ اب جو روایت، کہانی یا بیان یہ کہے کہ آنحضرتؐ نے دوپہر کو ہجرت کی تھی، وہ سراسر جھوٹ کا احمقانہ بنڈل ہے خواہ بنڈل کا باندھنے والا محمد اسماعیل بخاری کو بنایا جائے یا کسی اور مفسر ومحدث عالم کے کاندھے پر رکھ کر یہ بنڈل چلایا جائے۔ دوسری

بنیادی اور مسلمہ بات جو پہلی ہی بات سے تعلق رکھتی ہے وہ یہ ہے کہ آنحضرتؐ نے اپنی جگہ رات ہی کو حضرت علیؑ کو سلایا تھا اور مشرکین مکہ نے رات ہی کو حضورؐ کے گھر کا محاصرہ کیا تھا۔ لہٰذا اب یہ بات غلط ہے جس میں یہ کہا جائے کہ فلاں شخص محاصرہ ہو جانے کے بعد حضرت علیؑ کے پاس آیا، دریافت حال کیا اور حضرت علیؑ نے اُس سے باقاعدہ گفتگو کی اور بتایا کہ آنحضرتؐ گھر سے کوہ ثور کی طرف تشریف لے جا چکے ہیں اگر چاہو تو وہاں چلے جاؤ۔ یہ سُن کر وہ شخص جس طرح محاصرہ شدہ مکان میں آیا تھا اُسی طرح محاصرین کے سامنے سے بلا کسی منتر جنتر کے چلا گیا۔ اور یہی دو ایسی صورتیں ہیں جو سرکاری تاریخ کی خانہ ساز کہانیوں کی نقاب کشائی کر دیتی ہیں۔ چنانچہ ہم سب سے پہلے، سب سے پہلی اور سب سے معتبر کتاب اور سب سے بلند ترین راوی کو پیش کرتے ہیں اور دکھاتے ہیں کہ کس طرح سیدھے سادے مسلمانوں کی آنکھوں میں دھول جھونکی گئی ہے۔ اور ساری دنیا کو بڑے بڑے نام اور موٹے موٹے لیبل دکھا کر احمق بنایا گیا ہے۔ اور وہ بات منوانا چاہی ہے جو تمام مؤرخین و محدثین اور مفسرین کے مسلّمات اور امت کے مشہور تصور اور متواترات کے اتنا ہی خلاف ہے جتنا کہ دن رات کے خلاف ہوتا ہے۔ حضرت امام محمد اسماعیل بخاری اور جناب حضرت عائشہ صدیقہؓ کی آڑ میں ایک سرکاری کاذب کا بیان سنئے۔

(i)۔ بخاری کا بیان۔ ہجرت دن میں ہوئی

فرماتے ہیں کہ: قالت عائشہ فبینما نحن یومًا جُلوسٌ فی بیت ابی بکر فی نحر الظھیرۃ قال قائل لا بی بکر ھٰذا رسولُ اللّٰہُ صلی اللّٰہ علیہ وسلم مُتَقَنِّعًافی ساعۃٍ لم یکن یا تینا فیھا۔ فقال ابو بکر فداءٌ لہٗ ابی و امی، واللّٰہِ ماجآءَ بہٖ فی ھٰذہ الساعۃ الاامرٌ قالت: فجآءَ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فاستاذن، فأُذن لہٗ، فدخل۔ فقال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم لا بی بکر اخرج من عندک فقال ابو بکر انما ھم اھلک بابی انت یا رسوؐل اللّٰہ، قال فانی قد اُذِنَ لی فی الخروج۔ فقال ابوبکر: الصحابۃ بابی انت یا رسوؐل اللّٰہ ۔ قال رسوؐل اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نعم قال ابو بکر فخذ بابی انت یا رسوؐل اللّٰہ اِحدٰی رَاحِلَتَیَّ ھاتین ۔ قال رسوؐل اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم بالثمن قالت عائشہ فجھّزنا ھما احث الجھاز وصَنَعنا لھما سفرۃً فی جراب فقطعَتْ اَسمآء بنتُ ابی بکر قِطْعَۃً من نِطاقِھا فر بَطَتْ بہٖ علٰی فم الجِراب فبذٰلک سمیت ذات النطاق قالت ثم لحق رسوؐل اللّٰہ و ابوبکر بغارٍ فی جَبَل ثورٍ۔ (صحیح بخاری پارہ 15 صفحہ 553 باب ہجرۃ النبیؐ)

''حضرت عائشہ کہتی تھیں کہ ایک دن دوپہر کے وقت ہم لوگ ابوبکر کے گھر بیٹھے تھے کہ دفعتاً ایک شخص نے ابوبکر سے کہا کہ یہ رسولؐ اللہ اپنا منہ چھپائے ہوئے ایسے وقت آرہے ہیں جب کبھی نہیں آتے تھے۔ یہ سُن کر حضرت ابوبکر نے کہا میری ماں اور باپ اُن پر فدا ہوں خدا کی قسم وہ اس وقت کسی خاص ضرورت سے آئے ہیں۔ اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ صلعم پہنچ گئے اور اجازت لے کر مکان میں داخل ہوئے تو ابوبکر سے فرمایا تمہارے پاس جو لوگ ہیں سب کو باہر کر دو۔ حضرت ابوبکر نے کہا یا رسولؐ اللہ آپ کی بیوی کے سوا اور کون ہے۔ حضرتؐ نے کہا مجھے ہجرت کا حکم ہو گیا۔ حضرت ابوبکر نے کہا تو اے رسولؐ اللہ ہم بھی ساتھ چلیں۔ رسولؐ اللہ نے فرمایا ہاں چلو۔ حضرت ابوبکر نے کہا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں اے رسولؐ خدا میری ان دو سواریوں میں سے ایک آپ لے لیں۔ حضرتؐ نے فرمایا قیمت پر لوں گا۔ حضرت عائشہ کہتی تھیں کہ فوراً ہم لوگوں نے دونوں آدمیوں کا سامان سفر درست کر دیا

اور ایک ناشتہ دان میں ان کیلئے کھانا تیار کر دیا اور اسماء بنت ابی بکر نے اپنا نطاق پھاڑ کر اُس سے اس ناشتہ دان کا منہ بند کر دیا اسی سے وہ ذات النطاق کہی جانے لگیں۔ پھر رسولؐ اللہ اور حضرت ابوبکر ثور پہاڑ کی ایک غار کی طرف چلے گئے۔'' (صحیح بخاری)

قارئین نوٹ کر لیں کہ بخاری کی اس تحریر کے مطابق ہجرت ظہر وعصر کے دوران وقوع میں آئی لہٰذا یہ روایت اور روایت سے متعلقہ پورا قصہ غلط ہے۔ اب دوسری بات تاریخ طبری سے سنئے۔

(ii)۔ ناممکن الوقوع واقعہ

مندرجہ بالا بیان وقوع میں آنا ناممکن تھا کیونکہ جس رات میں ہجرت ہوئی اُس سے پہلے دن بیت النبوۃ پر نہ کوئی پہرہ تھا نہ محاصرہ۔ اس لئے رسولؐ اللہ بلا روک ٹوک جس کے گھر اور جہاں جانا چاہتے جا سکتے تھے۔ مگر یہ واقعہ غلط گھڑا گیا ہے۔ اس لئے کہ ہجرت رات میں ہوئی اور طبری سے آنے والی روایت بھی آپ کو رات ہی کا قصہ سناتی ہے سنئے:۔

ان ابا بکراتے علیاً فساله عن نبی اللّٰہ فاخبره انه لحق بالغار من ثور وقال ان کان لکَ فیه حاجة فالحقه فخرج ابو بکر مسرعا فلحق نبیَّ اللّٰه فی الطریق فسمع رسولً اللّٰه جرس ابی بکر فی ظلمة اللیل فحسبه من المشرکین فاسرع رسوّل اللّٰه المشے فانقطع۔ قبال نعله ففلق الهامة حجر فکثرو مهاوا سرع السعی فخلاف ابوبکر ان یشق علے رسوّ ل اللّٰہ فرفع صوته وتکلم فعرفه رسولً اللّٰه فقام حتی اتاه فانطلقا۔ (تاریخ طبری)

''حضرت ابوبکر حضرت علیؑ کے پاس آئے اور پوچھا کہ حضرت رسولؐ خدا کہاں ہیں۔ حضرت علیؑ نے ان سے کہا کہ ثور کے ایک غار کی طرف تشریف لے گئے ہیں اگر تم کو کچھ ضرورت ہو تو اُدھر ہی جاؤ۔ یہ سُن کر حضرت ابوبکر دوڑے اور جا کر راہ میں حضرت رسولؐ خدا سے مل گئے۔ رات اندھیری تھی۔ اس میں آنحضرتؐ صلعم نے ابوبکر کی چال کی آواز سُنی تو گمان ہوا کہ مشرکین قریش میں سے کوئی آرہا ہے۔ اس پر آنحضرتؐ اور تیز آگے بڑھنے لگے جس کی وجہ سے آنحضرتؐ کی جوتی کا تسمہ ٹوٹ گیا اس سے انگوٹھا زخمی ہوا۔ اور کثرت سے خون بہنے لگا۔ مگر آنحضرتؐ اب اور بھی تیز چلنے لگے جس سے ابوبکر ڈرے کہ آنحضرت پر مشقت ہو گی اور آپ چلا کر آنحضرتؐ سے بات کرنے لگے۔ اُس وقت آنحضرتؐ نے آپکو پہچانا اور کھڑے ہو گئے اور یہاں سے دونوں منزل کی طرف چلے۔'' (طبری جلد دوم صفحہ 244)

(iii)۔ طبری کی روایت پر سرسری نظر

اس روایت میں جو چیز پہلے نمبر پر کہنے کی ہے وہ یہ ہے کہ بخاری کی روایت سراسر جھوٹ کا پلندہ تھی۔ اور ہجرت دن میں نہیں بلکہ رات کو ہوئی تھی۔ دوسری چیز یہ ہے کہ ابوبکر کا تعاقب کرنا خلافِ توقع تھا۔ یعنی پہلے سے کوئی ایسا پروگرام یا گفتگو حتّٰی کہ خیال تک آنحضرتؐ کے ذہن میں موجود نہ تھا۔ ورنہ آنحضرتؐ چاروں طرف متلاشی نظروں سے دیکھتے ہوئے اور گوش برآہٹ وآواز سفر کرتے اور اپنے تعاقب کرنے والے کو مشرک نہ سمجھتے۔ یہ دوسری بات ہے کہ اُس کا نام ابوبکر تھا۔ ابوبکر کے اس تعاقب کو اس لئے بھی غیر متوقع اور خلاف امید سمجھنا پڑے گا کہ اس روایت کی رُو سے حضرت علی علیہ السلام نے کسی سابقہ پروگرام سے لاعلمی کا اظہار کیا ہے۔ اور کہا ہے کہ اگر تمہیں اُن سے کوئی کام ہے تو...... چلے جاؤ۔ ورنہ وہ کہتے کہ آنحضرتؐ تو روانگی کے وقت حضور کو یاد فرما رہے تھے اور مجھ سے یہ پیغام

دینے کو کہہ گئے تھے۔ ہمارے اس اعتراض سے ایک اور روایت غلط ہوگئی۔ یعنی یہ کہ طبری نے لکھا کہ:۔

"بعض راویوں نے یہ بات بھی بیان کی ہے کہ رسولؐ اللہ نے علیؑ ابن ابی طالبؑ سے یہ بھی کہا کہ اگر ابن ابی قحافہ تمہارے پاس آئے تو اس سے کہہ دینا کہ میں جبل ثور جاتا ہوں تم میرے پاس آجاؤ تم مجھے کھانا بھی بھیجنا۔ کرایہ کا ایک راہنما بھیجنا جو مدینہ کے راستہ لیجائے اور ایک اونٹنی بھی میرے لئے خرید لینا یہ ہدایت دے کر رسولؐ اللہ چلے گئے۔" (تاریخ طبری جلد اوّل صفحہ 130)

قارئین ملاحظہ فرمائیں کہ سرکاری تاریخ نے حضرت ابوبکر کی رسولؐ اللہ کی نظر میں کیسی شاندار پوزیشن بنانے کی جھوٹی کوششیں کی ہیں۔ لیکن افسوس انکی قسمت پر کہ ہمارا قلم گینتی پھاوڑا بن کر اس باطل تعمیر کو دھڑا دھڑ مسمار کرتا جا رہا ہے۔ یہاں یہ مان لیجئے کہ حضرت علیؑ نے معاذ اللہ جھوٹ بولا اور حضرت ابوبکر کو نہ صحیح بات بتائی اور نہ پورا پیغام دیا۔ لیکن اسکو کیا کریں کہ رسولؐ اللہ کو جس شخص سے ایسی توقعات ہوں کہ وہ کھانے کا انتظام کرے گا، راہنما بھیجے گا، سواری پہنچائیگا، زادِ راہ فراہم کریگا، اُسکا تصور تک ذہن میں نہیں ہے اور اُسکی آہٹ کو کسی مشرک کا تعاقب سمجھ رہے ہیں۔ بے تحاشہ دوڑ رہے ہیں، ٹھوکروں پر ٹھوکریں کھا رہے ہیں، بھاگے چلے جا رہے ہیں اور یہ وہم تک نہیں ہوتا کہ میرے خُسر میری محبت میں بے چین ہو کر میرے دیئے ہوئے پیغام کی بنا پر میرے پیچھے نہ آرہے ہوں۔ ایک اور بات جو ہمیں اس روایت میں ہضم کرنا مشکل ہو رہا ہے۔ وہ یہ ہے کہ یہ داماد اور خسر کی ریس (Race) مکہ کی گلیوں میں نہیں بلکہ بیرون مکہ بیابان میں لگ رہی ہے۔ ورنہ آنحضرتؐ ڈاج (Dodge) دیکر کسی بھی گلی میں مُڑ جاتے اور جناب ابوبکر رات کے اندھیرے میں سیدھے دوڑتے چلے جاتے۔ لہٰذا اب سوال یہ ہے کہ کیا رسولؐ اللہ اتنے کمزور اور معاذ اللہ بُزدل تھے کہ دوڑنے، ٹھوکریں کھانے اور جنگل کی جھاڑیوں میں الجھنے کے بجائے کھڑے ہو جاتے۔ آخر ایک ہی آدمی کے پاؤں کی آہٹ تو تھی کوئی گروہ تو تعاقب نہیں کر رہا تھا۔ اور ڈانٹ کر کہتے او مشرک! دشمن خدا خبردار اگر آگے قدم بڑھایا۔ یہ بھی سوال ہے کہ ابھی ابھی ذرا دیر پہلے سورۃ یٰسین کی وہ آیات جن سے مشرکین کو اندھا کر دیا تھا، وہ کیوں بھول گئے؟ اس مشرک پر پڑھ کر اِسے اندھا کیوں نہ کر دیا۔ یہ بات بھی خلاف مصلحت ہے کہ حضرت ابوبکر یہ دوڑ دھوپ کیوں کر رہے ہیں؟ ارے حضور منزل کا پتہ ہے غار ثور پہنچنا ہے، نہ خود دوڑو نہ رسولؐ اللہ کو دوڑنے پر مجبور کرو، آرام آرام سے چلتے رہو، دس پانچ منٹ کے وقفہ سے پہنچ کر یا رسولؐ اللہ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہو جائیں آپؐ کے حکم کے مطابق غلام حاضر ہے۔ قارئین جلد سمجھ کر جواب دیں؟ کہ اگر آپ خدانہ کرے حضرت ابوبکر کی جگہ ہوتے تو کیا ہمارا یہ عقلی مشورہ ٹھکرا کر آپ بھی بے تحاشا دوڑتے چلے جاتے؟ ہمارا مفتش دماغ یہ بھی سمجھنا چاہتا ہے کہ جس اندھیری رات میں جناب ابوبکر یہ پہچان سکتے ہیں کہ وہ شخص رسولؐ اللہ ہیں، وہاں رسولؐ اللہ اسی اندھیری رات میں یہ کیوں نہیں پہچان سکتے کہ جسے وہ اپنی خداداد الہامی اور نبوتی بصیرت سے مشرک سمجھے ہیں وہ تو ابوبکر ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ رسولؐ اللہ نے یہ طے کر لیا تھا کہ پیچھے پلٹ کر ہرگز نہیں دیکھوں گا یا خوف کی وجہ سے (معاذ اللہ) آپؐ کی بینائی پر بُرا اثر پڑ چکا تھا۔ یہ بات بھی خلاف مصلحت ہے کہ جناب ابوبکر ایسا دانشمند شخص ایسے خطرناک ماحول میں چلاّ کر بات کرے جو گُونج کر میلوں نکل جائے اور راز نہ بھی کھلتا ہو تو ظاہر ہو جائے۔ ایک اور بات بھی ذہن میں آتی ہے کہ کیا ترپین (53) سال کی عمر تک حضرت ابوبکر کو مکہ سے مدینہ تک کا راستہ معلوم نہ تھا؟ جنکی ساری عمر قحطانی تاریخ کی روشنی میں تجارتی سفر کرتے ہوئے گزری تھی۔ یہ بھی نا قابل قبول اور حالات

وواقعات وعقلی تقاضوں کے خلاف ہے کہ کوئی ایسی بات تسلیم کی جائے جس میں روزانہ لواحقین کا مکہ سے غارِ ثور میں آنا جانا، کھانا پہنچانا، اونٹ لئے پھرنا، بکریوں کا دودھ دوھ کر پلانا بیان کیا گیا ہو۔ جب کہ سرکاری تاریخ کہتی ہے کہ قریش چاروں طرف تلاش اور سراغ رسانی کا جال بچھائے ہوئے ہیں طرح طرح کی باز پُرس ہو رہی ہے۔ اور ابوبکر کی فیملی پر خاص متجسسانہ نگاہیں جمی ہوئی ہیں اور اُنکی مستورات کے منہ پر طمانچے بھی لگا دیئے گئے ہیں۔ اسی بنا پر ہم، اور تو اور، جناب علی مرتضٰی علیہ السلام کا غارِ ثور میں آنا یا بلائے جانا بھی نہیں مانتے۔ مکہ کا، خصوصاً رسولؐ اللہ سے تعلق رکھنے والوں کا کوئی فرد بھی کئی روز تک غار ثور تو غار ثور رہے، نواحِ مکہ میں کسی جانب بھی اگر جائیگا تو قریشی نگاہیں اُسکا پیچھا کریں گی۔ لہٰذا ہم کوئی ایسی بات تسلیم کرنے کیلئے تیار نہیں ہیں جو ہجرت کی خدائی، نبوی اور مدنی اسکیم اور اسکے مقاصد کے خلاف پڑتی ہو۔ ہم یہ مانتے ہیں کہ جناب ابوبکر نے کسی جگہ رات کو چھپ کر یہ پتہ لگا لیا تھا کہ رسولؐ اللہ روانہ ہو چکے ہیں اور یہ بھی کہ انہوں نے تعاقب کیا تھا۔ اور یہ بھی عقلی تقاضہ کے عین مطابق ہے کہ رسولؐ اللہ نے خلاف توقع اُنکو موجود پا کر اپنی نگرانی میں لے لیا ہو۔ اسلئے کہ انکا اصلی مقصد کے خلاف ثانوی حیثیت سے غار میں موجود ہونا اور رسولؐ اللہ کے مددگاروں کی فہرست سے باہر ہونا ثابت ہے۔

(iv)۔ حضرت ابوبکر اور مکی مسلمانوں پر قرآنی نظر

ع مقطعہ میں آپڑی ہے سخن گستری کی بات۔

صورت حال نے ہم سے قبل از وقت یہ لکھوالیا اور پھر بھی لکھیں گے کہ مکہ سے جو مسلمان مدینہ میں پہنچ چکے تھے۔ اُنہوں نے مدینہ کی فضا کو اپنی دس (10) سالہ مجتہدانہ کوششوں سے اِس حال کو پہنچا دیا تھا جو سورہ توبہ کی پیش کردہ آیت (9/40) میں اللہ نے دکھائی ہے۔ یعنی اللہ یہ فرما رہا ہے کہ:۔ اِلَّا تَنۡصُرُوۡهُ فَقَدۡ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذۡ اَخۡرَجَهُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا ثَانِىَ اثۡنَيۡنِ اِذۡ هُمَا فِى الۡغَارِ اِذۡ يَقُوۡلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحۡزَنۡ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا فَاَنۡزَلَ اللّٰهُ سَكِيۡنَـتَهٗ عَلَيۡهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوۡدٍ لَّمۡ تَرَوۡهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوا السُّفۡلٰى وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِىَ الۡعُلۡيَا وَاللّٰهُ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ۔ (توبہ 9/40)

اے مسلمانو! اگر تم نے رسولؐ اللہ کی نصرت اور تائید نہ کرنے کا پکا ارادہ کرلیا ہے تو ہمیں کچھ پرواہ نہیں۔ اس لئے کہ ہم نے تو اپنے رسولؐ کی اس حال میں بھی مدد کی تھی جب کہ تم میں سے کوئی بھی اُس کی مدد کرنے کو تیار نہ تھا۔ حتّٰی کہ غار کے اندر وہ دو میں کا دوسرا تھا اور اپنے دوسرے ساتھی سے مدد کا امیدوار اور طالب ہونے کے بجائے الٹا اس سے کہہ رہا تھا کہ ارے بھائی گھبرائے کیوں جاتے ہو۔ اوّل تو نبیؐ کا ساتھ ہونا ہی تحفظ کی ضمانت ہے۔ اگر یہ بات تمہارے سمجھنے سے رہ گئی ہے تو کیا تمہیں اب تک یہ بھی یقین نہیں آیا کہ حق پر ہونے کی وجہ سے اللہ ضرور ہمارا ساتھ دے گا۔ چنانچہ اللہ نے اپنے رسولؐ کو سچا ثابت کرنے کے لئے آنحضرتؐ پر اپنا سکینہ نازل کیا۔ اور اُس کی ایسے لشکروں سے تائید و مدد کی جنہیں تم لوگ اپنی ان آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتے اور کافروں کی بات کو نیچا کر دیا اور اللہ کی بات تو ہمیشہ اونچی رہتی ہی ہے۔ اور اللہ تو ہر حال میں اپنی حکمتوں سے غالب رہا ہے۔''

(v)۔ آیت کا یہ مفہوم کیسے اخذ کیا گیا ہے؟

پہلا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ آیت 9 ہجری میں یا اُس کے بعد نازل ہوئی ہے۔ یعنی آنحضرتؐ اور اسلام کو مدینہ میں آئے

ہوئے نو سال گزر چکے ہیں۔ بڑی بڑی اور خطرناک جنگوں میں کامیابیاں سامنے آچکی ہیں، ہر قدم کامیابی کی طرف اٹھتا اور بڑھتا چلا آیا ہے۔حقیقی مسلمانوں نے وفاداری اور جانثاری کا ریکارڈ قائم کر دیا ہے، ہر قسم کی مشکل میں سے گزر چکے ہیں، ہر طرح کی آزمائش میں کامیاب ہو چکے ہیں۔اب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیادہ سے زیادہ دو سال کی زندگی باقی ہے۔قرآن کی تنفیذ تقریباً مکمل ہو چکی ہے۔اب کوئی خاص پروگرام یا تاریخی اہمیت کا کام باقی نہیں ہے۔ایسی حالت میں اس آیت (توبہ 9/40) کا مندرجہ بالا الفاظ میں نازل ہونا یا تلاوت کئے جانا انتہائی توہین، مکمل بے دینی، کمال درجہ کی سرد مہری کا کھلا ثبوت ہے۔ یہ سورہ توبہ ہے، نہایت غیظ وغضب کے عالم میں نازل ہوئی ہے۔اس کو بلا بسم اللہ اس لئے تلاوت کیا گیا ہے کہ خدا کے رحم وکرم کی ہر اُمید منقطع کر لی گئی ہے۔تمام مسلمان علما متفق ہیں کہ یہ مشرکین مکہ کو تنبیہ اور تعذیب کے لئے نازل ہوئی ہے۔لیکن اس سورۃ کی ایک سو انتیس آیتوں میں سے آدھی سے زیادہ مسلمانوں کو مخاطب کرتی ہیں اور اُن پر بڑے بڑے جرائم عائد کر کے انہیں عذاب کی بشارت دیتی ہیں۔اُس مصیبت کو سر سے ٹالنے کے لئے یہ کہہ دیا جاتا ہے کہ جہاں جہاں پر مسلمانوں سے خطاب ہے وہ دراصل منافقوں کو ڈانٹنے کا قصہ ہے۔مگر صرف یہ کہہ دینا ہمارے نزدیک کافی نہیں ہے۔اور جب کہ کہنے والا خود مسلمان ہو اور اپنی صفائی میں بلا قرآنی دلیل کے بلا ثبوت بچ نکلنے کی راہ نکال رہا ہو۔مجرم یا ملزم کا عذر اس کے حق میں بلا ثبوت قبول کر لینا قوانین حق وعدل کے خلاف ہے۔اس جواب سے اعتراض رفع ہونے کے بجائے دوہرا جرم قائم ہوتا ہے۔یعنی مخاطب تو تھے چند منافقین لیکن کہا یہ گیا کہ:۔یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَا لَکُمْ اِذَا قِیْلَ لَکُمُ انْفِرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَی الْاَرْضِ اَرَضِیْتُمْ بِالْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مِنَ الْاٰخِرَۃِ ...(توبہ 9/38)

اے لوگو جو ایمان لائے ہو تمہیں کیا ہو گیا کہ جب تم سے اللہ کی راہ میں نکلنے کے لئے کہا گیا تو تم زمین سے چمٹ کر رہ گئے؟ کیا تم نے آخرت کے مقابلہ میں دنیا کی زندگی کو پسند کر لیا ہے؟ (تفہیم القرآن۔علامہ مودودی)

سوچ کر بتایئے کہ اگر اُن مومنین کو منافق قرار دیا جائے تو ترجمہ کے قوانین، الفاظ کے معنی اور عربی زبان کے اصولوں پر کتنا ظلم ہو گا۔خدا کے سامنے وہ کون سی دقت تھی کہ یہاں:۔ یا ایھا المنافقون کی جگہ یا ایھا الذین امنوا کہنا پڑا۔پھر اگر منافق تھوڑے سے لوگ تھے اور اُس وقت حقیقی مسلمانوں کی کثرت تھی تو اصول تخاطب کی بنا پر بھی یہاں منافقوں کا تعین کرنا ضروری تھا۔یہ کیا گڑ بڑ ہے کہ مخاطب تو ہے قلت یا تھوڑی سی تعداد اور الزام عائد کر دیا کثرت پر۔پھر آیت کے الفاظ میں اُن کے ایمان کی نفی نہیں بلکہ اثبات ہے، عقائد کی کسی خامی کا ذکر نہیں۔اللہ، رسولؐ، قیامت، نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ وغیرہ کسی چیز پر اعتراض نہیں یعنی وہ لوگ سب پر عمل کر رہے ہیں۔اعتراض صرف یہ ہے کہ یہ عظیم الشان کثرت آخرت کو نظر انداز کر کے دنیا اور سامان دنیا اور یہاں کی زندگی کو اختیار کئے ہوئے ہے۔یعنی اب انہیں وہ تمام راحتیں میسر آچکی ہیں، جن کے بعد اب رسولؐ اللہ یا اسلام کی مزید نصرت کی ضرورت نہیں سمجھتے۔ہم مومنین کی کثرت پر آگے چل کر باقاعدہ قرآن سے محاکمہ قائم کریں گے۔ یہاں تو یہ بتانا ہے کہ مذکورہ آیت میں قلت نہیں بلکہ کثرت مخاطب ہے۔منافق نہیں بلکہ مومنین کی کثرت سے کہا جا رہا ہے کہ اب تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ یعنی پہلے یہ دورہ نہیں پڑا تھا۔یہ کوئی نئی بیماری ہے جو مومنین کی کثرت کو لگ گئی ہے۔اس کے بعد اُن ہی مومنین سے فرمایا گیا کہ:۔

اِلَّا تَنۡفِرُوۡا يُعَذِّبۡكُمۡ عَذَابًا اَلِيۡمًا وَّيَسۡتَبۡدِلۡ قَوۡمًا غَيۡرَكُمۡ وَلَا تَضُرُّوۡهُ شَيۡـًٔا... (توبہ 9/39)''تم نہ اٹھو گے تو خدا تمہیں دردناک عذاب دے گا اور تمہاری جگہ کسی اور قوم کو تمہارے بدلے میں نصرت پر لگا دے گا اور تم اس قوم کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے۔''

قارئین غور فرمائیں کہ پچھلی آیت میں قلت نہیں بلکہ ایک پوری قوم مخاطب ہے۔اس لئے کہ چند آدمیوں کے بدلے میں ایک پوری قوم کا بدل لینا بالکل بے معنی بات ہے۔علاوہ ازیں چند منافقوں کا نصرت کرنا یا نہ کرنا اتنا اہم نہیں کہ ساری قوم کو بدل ڈالا جائے۔نہیں مدد کرتے جائیں جہنم میں۔دو دو جوتے مار کر کسی کمرے یا اندھے کنویں میں بند کر دو۔جھگڑا ختم ہوا۔ناظرین یہ قلت نہیں ہے، نہ یہ لوگ منافق ہیں یہ ایک فریب ہے جو قحطانی علما نے دیا ہے یہ تمام لوگ قوم قریش کے مومنین ہیں۔اُن کا وہی مذہب ہے کہ اللہ وقرآن اور وحی کو الگ کرکے نبیؑ کو قومی بصیرت کے ماتحت رکھا جائے۔اللہ ورسولؐ میں تفریق کرکے ایک درمیانی مذہب تیار ہو چکا ہے۔9 ہجری اور بعد کی کثرت اُسی مذہب کی مومن ہے۔یہی حضرات مخاطب ہیں۔اُن ہی سے کہا گیا کہ تم نے کبھی بھی رسولؐ اللہ کی نصرت نہیں کی (توبہ 9/40)۔ ترپن اور نو یعنی باسٹھ (62=9+53) سال تک تم صرف مخالف رہے، ناصر نہ بنے۔اُسی نصرت کی نفی کو اُس وقت بھی بحال رکھا جب رسولؐ غار میں تھے۔یعنی وہاں بھی کوئی ناصر و مددگار نہ تھا اور خدا کو مدد کرنا پڑی تھی۔ہم یہ چاہتے تھے کہ اللہ نے یہ کہا ہوتا کہ دیکھو جب رسولؐ غار کے اندر تھے، اُس وقت بھی اُنکی نصرت کو ایک مددگار، ایک دوست، ایک رفیق، ایک ناصر موجود تھا۔یہ بے تعلقی اور بے رُخی اور وہ بھی باسٹھویں سال کیوں ضروری تھی کہ جب ہمارا رسولؐ ''دو میں کا دوسرا تھا'' ۔ ''ثَانِيَ اثۡنَيۡنِ''۔یعنی اور باتیں تو کہاں؟ یہ بھی نہ کہا کہ قریشی قسم کا ہی سہی، مومن تھا، نمازی تھا، مقصدِ ہجرت میں ہم خیال و ہم آہنگ تھا، کچھ نہیں۔صاف ہری جھنڈی۔ایکڑے پہ بِندی دو۔گِنے گِنائے پورے سو (100) دو میں کا دوسرا۔یعنی صرف گنتی میں دو عدد تھے اُس میں سے بھی دوسرے کو نکال لیا۔اور پہلے کی بات کی تو اس قدر کہ مددگار و ناصر و غمخوار تو کیا ہوتا، خود اُسے گھبراہٹ، پریشانی اور ناکامی کا ملال گھیرے ہوئے تھا۔اسے یہ بھی بتانا پڑا کہ اللہ ہر جگہ اور ہر کسی کے ساتھ ساتھ ہوتا ہے۔لہٰذا نصرت کی وہ نفی برابر برقرار رہی۔یعنی نہ غار سے پہلے تم اُسؐ کے ناصر و مددگار تھے نہ غار میں اُسکا کوئی مددگار تھا۔حتّٰی کہ ہم نے حسب سابق وہاں غار میں بھی ایسی فوجوں سے مدد کی جنکو تم نے نہیں دیکھا۔یہ وہ فوجیں تھیں جو آنحضرتؐ کی ہجرت اور سفر میں برابر ہمراہ رہیں۔باقی سب خود ساختہ قصے.... اونٹ.. راہنما..... مددگار، محض گرمی محفل کی بکواس ہے۔یہ تھا وہ پس منظر جسکے مطابق ہم نے آیت (9/40) کا مفہوم نہایت مختصر الفاظ میں لکھا ہے۔قرآن کریم کے الفاظ کو بدل کر یا مصدری معنی کی جگہ اپنی ضرورت کے معنی لاکر، عقل وقرآنی ماحول کے خلاف تصور پیدا کرکے قرآن کا کوئی مفہوم ہمیں ہرگز قبول نہیں ہے۔ہم کسی کثرت وقلت کے رعب سے، کسی قومی یا ملکی لاج اور عزت کے قائل نہیں۔جو قرآن کہے مانتے ہیں، جس کی مذمت کرے اس کی زور وشور سے مذمت کرتے ہیں۔مصنوعی ناک کسی چہرے پر لگانا یا لگی رہنے دینا قرآنی مذہب کے خلاف ہے۔جن مومنین کا قرآن نے اوپر ذکر کیا ہے اور جنکی کثرت ہمیشہ موجود رہی ہے اُن کا حال سورۃ نساء کی تین چار آیتوں (نسآء 137-4/135) میں بیان کیا گیا ہے۔اُنکو ہمیشہ اپنے سامنے رکھیں اور خود کو بھی اُن آیات پر جانچتے رہیں جن کا مرکزی نقطہ وہی لوگ ہیں جن کو اے مومنین کہہ کر پکارا جاتا رہا ہے۔اور جو نہ تو اللہ پر قرآن کا بتایا ہوا ایمان رکھتے تھے، نہ رسولؐ پر، نہ قرآن کو اُس طرح کی کتاب مانتے تھے جیسا کہ

قرآن نے بار بار دعویٰ کیا ہے۔ اور نہ ہی سابقہ کتابوں پر اُن کا عملی ایمان تھا؛

یٰۤاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اٰمِنُوۡا بِاللّٰہِ وَرَسُوۡلِہٖ وَالۡکِتٰبِ الَّذِیۡ نَزَّلَ عَلٰی رَسُوۡلِہٖ وَالۡکِتٰبِ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ مِنۡ قَبۡلُ...الخ (نسآء 4/136)

اس کے علاوہ وہ پکے مومن تھے۔ یعنی وہ اُن سب چیزوں پر ایمان تو رکھتے تھے مگر اُن کا ایمان اجتہادی اور مجتہدین کا طے کیا ہوا ایمان تھا۔ مثلاً وہ اللہ کو عادل ماننا غلط سمجھتے تھے، وہ رسولؐ کی کئی ایک حیثیات قائم کر کے رسوؐل کی ذاتی اطاعت اور ذاتی حکم میں غلطی کا امکان مانتے تھے۔ وہ قرآن میں ہر چیز کی تفصیل موجود ہونے کا انکار کرتے تھے۔ وہ تمام سابقہ کتابوں کو منسوخ اور نا قابل قبول و نا قابل عمل کہتے تھے اور اس تمام عقیدے کا نام اجتہاد ہے۔ وہ قرآن اور رسوؐل کی اس بات کو مانتے تھے جسے قریش کے ماہرین کی اجتماعی بصیرت سے اختلاف نہ ہو۔ اور اختلاف کی صورت میں وہ قرآن کی آیت اور رسولؐ کے حکم کے معنی بدل کر ایسا مفہوم اخذ کرنا واجب سمجھتے تھے جو قریش کی اجتماعی بصیرت سے ہم آہنگ ہو۔ اسی مذہب کو اختیار کرنے کے لئے انہوں نے ابتدا میں دوسرا قرآن لانے یا اُسی قرآن کو اجتہاد کے ماتحت بدل لینے کی تجویز پیش کی تھی (یونس 10/15)۔ لہٰذا 9 ہجری تک قریش نے اسلام کی ہر تعلیم کو اجتہاد کے سانچوں میں ڈھال لیا تھا۔ اور وہ لوگ اسی اجتہادی اسلام کے مومنین تھے، اُن ہی کی کثرت تھی۔ اُن ہی کے بزرگ لیڈر جنہوں نے ازدی عالم اور بحیرا سے ہجرت کی رات آنے سے، تیس چالیس سال پہلے ہی اپنی مجتہدانہ حکومت قائم ہو سکنے کی پیشگوئی سُن رکھی تھی۔ اجتہادی اسلام کی اس کامیابی کے لئے دوڑتے اور چلاتے ہوئے ساتھ آئے تھے۔ اُنہیں اسی بات کا حزن و ملال تھا کہ اگر خوانخواستہ رسول اللہؐ اُسی غار میں قتل ہو گئے تو اسلامی حکومت کیسے بنے گی؟ شریعت کے احکام کس طرح نافذ ہوں گے؟ اُن کو اپنی جان کی نہ کبھی پہلے فکر تھی نہ آج کوئی خطرہ تھا۔ وہ قریش میں جیسے بھی ہو عزت واحترام کا مقام رکھتے تھے۔ اُن کو کافروں کی طرف سے کبھی گزند نہیں پہنچا تھا سارے دن اپنا کاروبار کرتے تھے۔ حتّٰی کہ محاصرہ کے وقت بلا دھڑک خانہ رسولؐ میں جانا اور علیؑ سے پیغام لے کر واپس آنا اور کسی پہرہ دار کا چوں و چرانہ کرنا ذرا دیر پہلے گزر چکا ہے۔ فکر اُن کو رسول اللہؐ کی یوں اچانک موت کی تھی۔ مگر فطری طور پر نرم طبیعت، بے ضرر اور حلیم الطبع واقع ہوئے تھے لڑنا بھڑنا وغیرہ پسند نہ تھا۔ اس لئے سوائے اس کے کہ مخزون و مغموم ہوں اور کیا کر سکتے تھے؟ آئندہ زندگی میں بھی حتّٰی کہ عہد خلافت میں بھی لوگ انہیں ڈانٹ دیا کرتے تھے اور جو چاہتے تھے اُن سے کرا لیتے تھے۔ لہٰذا جو کچھ غار میں یا غار سے پہلے اور بعد میں اُن سے ظہور میں آیا اُس سے زیادہ اُن سے امید کرنا حماقت ہے۔ سرکاری تاریخوں اور کتب احادیث میں کئی ایک ایسے مواقع لکھے ہیں جہاں کفار، رسول اللہؐ کو مار پیٹ رہے ہیں اور جناب ابوبکر الگ کھڑے رو رہے ہیں۔ (تاریخ کامل جلد 2 صفحہ 19، طبری جلد 2 صفحہ 223، ازالۃ الخفا شاہ ولی اللہ دہلوی مقصد دوم صفحہ 110) بخاری میں جو کچھ لکھا ہے وہ سن لیں کافی ہوگا۔

وَقَامَ ابـو بـكـر دُونهٖ وهُوَ يَبْكى فقال أَ تَقْتَلُوْنَ رَجُلًا يقُوْلَ رَبِّیَ اللّٰه فانصرفوا (بخاری معہ شرح فتح الباری پارہ نمبر 15 صفحہ 437 مطبوعہ دھلی)۔ ''ابوبکر الگ کھڑے کھڑے رو رہے تھے اور کہتے جاتے تھے کیا تم ایسے ایک آدمی کو قتل کر ڈالو گے جو یہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے۔ یہاں تک کہ وہ مارنے والے لوگ چلے گئے۔''

قارئین بتائیں کہ یہاں بھی ثانی اثنین والی بات صادق ہے۔ دو مرد ہیں۔ دو میں کا دوسرا قریب القتل ہے۔ اور ایک غریب کمزور آدمی رو

روکرفریادکررہاہےاورکفار سے بچنے کیلئے یہ بھی نہیں کہتا کہ کیاتم خدا کے رسوؐل کوقتل کرڈالوگے بلکہ صرف رجلاً کہہ کرفریادکررہے ہیں۔ بتایئے کہ خدانے غاروالی آیت میں یہی نظارہ نہیں پیش کردیا۔روئے چلے جارہے ہیں، بین کررہے ہیں اور یہ بھی بھول گئے ہیں کہ رونے میں آواز بھی نکل جاتی ہے۔ بہرحال یہ ہیں جناب ابوبکرصدیق جواتنے امن پسند ہیں کہ خطرناک مواقع پر محمدؐ کورسولؐ بھی نہیں کہتے بلکہ ایک مرد(رجلاً) کہہ کرجھگڑے سے بچ جاتے ہیں۔اُن سے اسکے علاوہ کوئی اورتوقع رکھنایا اُنکے متعلق کوئی اورغپ شپ مارنا اہل عقل کو،تاریخ وحدیث کےعلما کوکیسے قبول ہوسکتا ہے؟ایک دوسراموقعہ بھی دیکھ لیں:۔

عن انس قال لقد ضربوا رسوؐل اللّٰہ حتّٰی غشی علیہ فقام ابو بکر فجعل ینادی ویقول ویلکم اتقتلون رجلا ان یقول ربی اللّٰہ قالوا من ھذا ؟ قالوا ھذا ابن ابی قحافہ المجنون۔(ازالۃ الخفا مقصد دوم صفحہ 110)

’’انس نے روایت کیا ہے کہ رسولؐ اللہ کواس قدر مارا پیٹا گیا کہ حضوؐر بے ہوش ہوکرگرپڑے تواس کے بعدابوبکراٹھےاورمنادی کرنا شروع کردی اورکہتے تھے کہ ہائے افسوس ہےتم لوگوں پرکیاتم ایسے ایک آدمی کوقتل کرناچاہتے ہوجو یہ کہتا ہے کہ میرارب اللہ ہے۔ یہ سن کرلوگوں نے پوچھا کہ یہ منادی کرنے والا کون ہےتوانہیں بتایا گیا کہ یہ ابوقحافہ کاپاگل بیٹاابوبکرہے۔‘‘

آپ نے بردباری ملاحظہ کی کہ آپؐ کے بے ہوش ہونے تک برابرتشریف فرمارہے۔جب حضوؐرکوغش آگیا تب آپ نے واویلاشروع کیا۔ یہ معلوم نہ ہوسکا کہ اُنکواُنکی قوم نے پاگل کیوں کہا۔شایداسلئے کہ غش آجانے کے بعدانہیں خطرہ محسوس ہوا۔اس سے پہلے محض وہ تفریحی پروگرام سمجھ کرشو(Show) دیکھ رہے تھے۔اوراب بہت دیربعدسمجھے کہ یہ ایکٹنگ(Acting) نہ تھی سچ مچ کی مارپٹائی ہورہی تھی۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔ یہ ہیں ثانی اثنین کے یارغاروصدیق اکبرکہ اب بھی رسولؐ اللہ نہیں کہا بلکہ وہی رجلاً فرمایا گیا۔

(vi)۔ آنحضرؐت کے ساتھ رہنے کی مادی وجہ اورمحبت کاثبوت

یہی جگہ ہے جہاں پرحضرت ابوبکرکی وہ بےمثال محبت سامنے رکھ لیناچاہئے جس کی بناپرآپ نے عائشہؓ کارشتۂ ازدواج قائم کیا تھااورپورے عرب کےقبائل وخاندانوں کے خلاف تمام رسومات اورقواعدقومی،ملکی وعقلی کوبالائے طاق رکھ دیا تھا۔یعنی جس زمانے میں جناب خدیجہ علیہا السلام کاانتقال ہوا(10نبوی) آپ نے رسوؐل اللہ کاغم ہلکاکرنے اوراُن کادل بہلانے کے لئے اپنی چھ سالہ کم سن بیٹی آپؐ کے حضورمیں پیش کردی تھی۔اب ہجرت کے روزتک اس کوتین سال گزررہے تھے۔لیکن ابھی تک رسولؐ اللہ نے اُن سے زوجیت کاتعلق پیدانہ کیا تھا۔لہٰذاضروری تھا کہ جناب ابوبکراس مادی رشتۂ محبت کوپروان چڑھانے اوربیت النبوۃ کامحرم بننے کے لئے حضوؐرکے ساتھ ساتھ رہیں،تاکہ بدلے ہوئے حالات میں یہ کچارشتہ ہاتھ سے جاتانہ رہے۔چنانچہ آپ کے دل میں آنحضرؐت کی محبت اورہمدردی ثابت ہے۔اس سلسلے میں دوایک بیانات کاسامنے رکھناضروری ہےتاکہ ہجرت اورمدینہ کاقیام روشنی میں آسکے۔

(vii)۔ حضرت عائشہؓ کی ذمہ داریاں اورازدواجی رشتہ میں منسلک ہونا

جناب شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اعلی اللہ مقامہ اپنی تحقیق یوں لکھتے ہیں کہ:۔

وازآں، جملہ آں است کہ چوں حضرت خدیجہؓ متوفے شدصدیق عائشہ رادرعقدآنحضرؐت درآورد و درآں باب ادبے کہ بہترازٰ

آں صورت نہ بندو رعایت نمود۔ (قرۃ العینین صفحہ 111)

حضرت ابوبکر کے فضائل سے یہ بھی ہے کہ جب حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ نے انتقال کیا تو حضرت صدیق نے جناب عائشہ کو آنحضرتؐ کے عقد میں دے دیا اور اس باب میں اس ادب کو ملحوظ رکھا جس سے بہتر ہو ہی نہیں سکتا۔

عن حبیب مولی عروۃ قال لما ماتت خدیجۃؓ حزن علیھا النبیؐ فاتاہ ابوبکر بعائشہ فقال یارسولؐ ھذہ تذھب ببعض حزنک و ان فی ھذہ خلفامن خدیجۃؓ۔ ثم ردّ ھا فکان رسولؐ اللّٰہ یختلف الٰی ابی بکر۔الحدیث اخرجہ الحاکم من طریق محمد بن عمرو ۔(مقصد 2صفحہ 11)

حبیب مولے عروہ بیان کرتے تھے کہ جب حضرت خدیجہؓ نے انتقال کیا تو اُن کی جدائی پر حضرت رسول خدا صلعم کو بڑا صدمہ ہوا۔ یہ دیکھ کر حضرت ابوبکر جناب عائشہ کو رسولؐ کی خدمت میں لائے اور کہا یا رسولؐ اللہ یہ آپ کے صدمہ کو کچھ کم کرے گی۔ اور اِس میں حضرت خدیجہؓ کی قائم مقامی کی صلاحیت ہے۔ پھر حضرت ابوبکر ان کو واپس لے گئے۔ اس کے بعد حضرت رسول خدا صلعم برابر حضرت ابوبکر کے گھر آنے جانے لگے۔ اس حدیث کو امام حاکم نے محمد بن عمرو کی طریق سے روایت کیا ہے۔

ان دونوں بیانات میں جہاں یہ ثابت ہوا کہ حضرت ابوبکر کو یہ فکر لاحق تھی کہ اپنی بیٹی کو حضرت خدیجہؓ کا قائم مقام بنا دیں وہاں یہ بھی ثابت ہو گیا کہ آپ نے اس سلسلہ میں بڑی عجلت سے کام لیا۔ اور حضرت عائشہ کو اس کم سنی میں آپؐ کی زوجہ بنانے کی بنیاد رکھ دی تھی۔ اور جیسا کہ سمجھا گیا ہے کہ کوئی عقد نکاح بلا اعلان عام پڑھا گیا تھا، تو سوال یہ ہوتا ہے کہ نہ تو حضرت ابوبکر حضرت عائشہ کا کوئی انتظام کرتے ہیں نہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی علیہ السلام کو حضرت عائشہ کو ساتھ لانے کا حکم دیتے ہیں۔ جبکہ حضرت علی علیہ السلام کو وہ فہرست بتا دی گئی ہے جن کو لے کر مکہ سے مدینہ کو روانگی ہونے والی ہے۔ اس صورت حال میں یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ حضرت عائشہ کی پوزیشن کیا ہے۔ اگر وہ زوجہ ہیں؟ تو بڑی بے تکلفی سے حضرت علیؑ کے ساتھ روانہ ہو سکتی ہیں۔ بلکہ ان کے بھائی عبداللہ اور والدہ نیز بہن بھی ساتھ جا سکتی ہیں۔ اور جبکہ ہم یہ دیکھ چکے ہیں کہ آنحضرتؐ کو ابوبکر نے حضرت عائشہ کا محرم بنا دیا تھا اور حضرت عائشہ کو رسولؐ اللہ کی حرم بھی کہا کرتے تھے۔ چنانچہ ان دونوں حضرات کی ہجرت کے وقت خاموشی سمجھ میں نہیں آتی۔ کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ اخراجات کی بنا پر دونوں اس معاملہ کو ایک دوسرے پر ٹال رہے ہوں۔ اخراجات کی کمی رسولؐ اللہ کے لئے تو تسلیم کی جا سکتی ہے لیکن حضرت ابوبکر کو اخراجات کی کوئی کمی نہیں ہے۔ چنانچہ وہ مدینہ پہنچنے کے بعد جب اپنے خاندان کو مدینہ میں بلاتے ہیں تو پہلی فرصت میں اپنی جیب سے وہ تمام اخراجات رسولؐ اللہ کو پیش کرتے ہیں جو حضرت عائشہ کو مادی طور پر رسولؐ اللہ کی زوجہ بنانے کے لئے درکار تھے۔ چنانچہ یہ بیان بھی سُن لیجئے کہ حضرت ابوبکر نے اپنے پاس سے چاندی کی ایک بڑی مقدار رسولؐ اللہ کو دی تھی۔

(viii)۔ استحکام تعلق کے لئے حضرت ابوبکر نے اپنی بیٹی اور چاندی دونوں صرف کر دیں

عن عائشہ قالت قد منا المدنتہ فنزلت مع عیال ابی بکر ۔ و نزل الی رسولؐ اللّٰہ وھو یو مئذ یبنی المسجد و ابیا تنا حول المجسد فانزل فیھا اھلہ و مکثنا ایا ما فی منزل ابی بکر ۔ قال ابوبکر یا رسول اللّٰہ ما یمنعک ان تبنی با ھلک

فقال رسوؐل اللّٰہ الصداق فاعطاہ ابوبکر اثنی عشر اوقیة و نشا ۔فبعث رسولؐ اللّٰہ الینا و بنے بی رسولؐ اللّٰہ فی بیتی ھذا الذی انا فیہ۔ (قرۃ العینین صفحہ 111 وازالۃ الخفا مقصد 2 صفحہ 11 واستیعاب جلد نمبر 2 صفحہ 765 ومستدرک جلد 4 صفحہ 5 وغیرہ)

''اور خود عائشہ فرماتی ہیں کہ ہم لوگ مدینہ میں آئے تو حضرت ابوبکر کے عیال کے ساتھ اترے۔اور ہمارے قریب ہی حضرت رسول خدا صلعم بھی ٹھہرے تھے۔حضرتؐ اس وقت مسجد بنواتے تھے۔اور مسجد کے گرد ہمارے گھر تھے۔اُنہی میں حضرؐت نے اپنے عیال کو بھی اتارا اور ہم لوگ کچھ دنوں تک ابوبکر کے گھر میں رہے۔ایک روز حضرت ابوبکر نے کہا اے رسولؐ خدا آپ اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کیوں نہیں کرتے ۔حضرؐت نے فرمایا ابھی مہر کا روپیہ نہیں ہے۔اس پر حضرت ابوبکر ہی نے حضرت رسول خدا صلعم کو ساڑھے بارہ اوقیہ دیا۔تب حضرت رسول خدا صلعم نے ہمارے ہاں بھیجا اور جس گھر میں اس وقت میں ہوں اسی میں حضرت نے میرے ساتھ جماع کیا۔''

(ix)۔ حضرت عائشہؓ سے نکاح کی ایک عجیب صورت نہ خوشی نہ ولیمہ نہ قربانی

جناب طبری حضرت عائشہؓ سے روایت فرماتے ہیں کہ۔''عائشہ کہتی ہیں کہ نکاح کے بعد ہم مدینہ آئے۔ابوبکرؓ سُخ میں خزرج کے خاندان بنی الحارث کے یہاں فروکش ہوئے۔ایک دن رسولؐ اللہ ہمارے گھر آئے کچھ انصار اور اُن کی عورتیں آپ کے پاس آ گئیں۔میری ماں میرے پاس آئیں میں اُس وقت جھولا جھول رہی تھی۔انہوں نے مجھے جھولے سے اتارا بالوں میں کنگھی کی میرا منہ دُھلایا اور پھر مجھے اپنے ساتھ لے چلیں اور کمرے کے دروازے پر پہنچ کر وہ ٹھہر گئیں۔میں ڈری میری ماں نے مجھے اندر کر دیا۔رسول اللہ صلعم کمرے میں پلنگ پر تشریف فرما تھے،میری ماں نے مجھے آپؐ کی گود میں بٹھا دیا اور کہا یہ تمہارے شوہر ہیں،اللہ تم کو اِن کے لئے اور اُن کو تمہارے لئے موجب خیر و برکت کرے۔اس کے بعد تمام لوگ گھر سے چلے گئے۔رسول اللہ صلعم نے میرے گھر میں میرے ساتھ خلوت فرمائی،مگر اس خوشی میں نہ قربانیاں کی گئیں اور نہ بکری میرے لئے ذبح کی گئی۔اس وقت میری عمر (9) سال کی تھی۔پھر سعد بن عبادہ کے یہاں سے حسب معمول رسولؐ اللہ کے لئے کھانا آیا۔(طبری صفحہ 495-494 جلد اوّل)

(x)۔ حضرت عائشہ کی تزویج کے متعلق چند قابل غور باتیں

حضرت عائشہ کو رسولؐ اللہ کی زوجیت میں دیئے جانے پر کتب احادیث و تواریخ اور تفاسیر میں بہت سی عجیب عجیب بحثیں اور روایات پائی جاتی ہیں۔ہم نے ہجرت کے واقعہ کو اسکے اغراض و مقاصد کے ساتھ مکمل کرنے کیلئے یہ چند ضروری روایات لکھ دی ہیں جن سے کئی ایک اہم باتیں ثابت ہوتی ہیں اور چند سوالات بھی اُبھرتے ہیں۔جہاں یہ ثابت ہو چکا کہ حضرت ابوبکر ایک سرمایہ دار اور خوشحال فرد تھے،وہاں یہ بھی ثابت ہو گیا کہ آپ نے بیت النبوت میں اپنا مستقل اثر و رسوخ قائم کرنے کیلئے نہایت دور اندیشی اور فراخ دلی کا ثبوت دیا ہے اور وہ اس میں کامیاب ہوئے۔سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آپ نے آج سے تین سال پہلے،جب کہ حضرت عائشہ کی عمر کل چھ (6) سال تھی،یہ فرمایا تھا کہ عائشہ میں اُس وقت حضرت خدیجہؑ کی قائم مقامی کی صلاحتیں موجود ہیں۔جس کے معنی یہ ہیں اور تھے کہ حضرت عائشہ حقوقِ زوجیت کو کما حقہ ادا کرنے پر قادر ہیں۔یعنی وہ خلاف فطرت چھ سال کی عمر میں عاقلہ بھی ہیں،بالغہ بھی ہیں اور امور خانہ داری کے ساتھ ساتھ کنبہ کی دیکھ بھال پر بھی قادر ہیں۔چونکہ یہ سب کچھ حضرت صدیق نے فرمایا تھا،اس لئے اس بیان پر جھوٹ کا

شبہ تو گناہ ہوگا۔مگر یہ کیا بات ہے کہ حضرت عائشہ کو رسولؐ اللہ کے پاس سے واپس لے آئے اور کیوں تین سال تک متواتر اپنے اس قول کے خلاف کرتے رہے کہ:۔

''یارسوؐل اللہ یہ آپ کے صدمے کو کچھ کم کرے گی اور اس میں حضرت خدیجہؑ کی قائم مقامی کی صلاحیت ہے۔''

کیا آپ کا یہ منشا تھا کہ رسوؐل اللہ اس رشتہ کی بنا پر انکے گھر آنا جانا اور متاثر ہونا شروع کر دیں۔ پھر حضرت عائشہ کی والدہ تین سال گزر جانے کے بعد بھی یہ ثابت کر دکھاتی ہیں کہ ابھی اس لڑکی کو نہ منہ دھونا آتا ہے نہ کنگھی کرنا جانتی ہے۔گویا حضرت خدیجہؑ کی صلاحیت بھی اسی حد تک محدود تھی۔ہمیں اس پر کوئی تعجب نہیں ہے کہ حضرت عائشہ کواُنکی والدہ نے عورتوں اور مردوں کے بھرے مجمع میں لیجا کر گود میں بٹھا دیا۔اسلئے کہ عربوں میں جو معاشرہ قائم تھا اُس میں اس قسم کی باتیں عام تھیں۔یہاں تو دیکھنا یہ ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنی جانشینی کی اسکیم کو کس احتیاط، دور بینی اور حُسنِ تدریج کے ساتھ بر سر کار لا رہے ہیں۔مدینہ میں آکر آپ نے ایک روز بھی رسولؐ اللہ کے ساتھ قیام نہ فرمایا بلکہ خزرج خاندان میں پہلے سے بنائی ہوئی جگہ پر نزولِ اجلال فرمایا۔یعنی مدینہ کے محلّہ سُنح میں ایک عدد شادی کی اور رسولؐ اللہ کے انتقال تک مستقل سکونت اُسی محلّہ میں رکھی۔یہ محلّہ مسجد نبویؐ اور بیت الرسالتؐ سے ایک میل کے فاصلہ پر تھا۔آپ نے اپنے اہل وعیال کو مکہ سے بلانے کے بعد پہلی فرصت میں اپنے ہی مذکورہ گھر کے اندر رسولؐ اللہ اور حضرت عائشہ کو تخلیہ کے مواقع عنایت فرمائے۔غالباً آپ یہ چاہتے تھے کہ رسولؐ اللہ اپنے خاندان کو چھوڑ کر آپکے ساتھ حضرت عائشہ کی وجہ سے مستقل سکونت اختیار کرینگے۔اور اگر ایسا نہ کریں تو آنے جانے کی دقت کی بنا پر حضرت عائشہ کو خانہ نبوتؐ میں رکھیں گے۔یہ نتیجہ محلّہ سُنح میں ایک میل دور رہنے ہی سے مرتب ہوسکتا تھا۔اگر کہیں آپ نے یہ غلطی کی ہوتی کہ شروع دن سے رسولؐ اللہ کے ساتھ سکونت اختیار کی ہوتی اور وہیں اپنے اہل وعیال کو آباد کیا ہوتا تو رسولؐ اللہ حضرت عائشہ کو ساری عمر اُنکے والد ہی کے پاس رکھتے اور ہفتے عشرے میں حضرت عائشہ کیلئے، چند گھنٹوں کے لئے پہنچ جایا کرتے۔اُس میں بھی حضرت علی علیہ السلام، تہجد اور دیگر عبادت اور ملاقاتی حصہ دار بن جاتے۔اس طرح حضرت ابوبکر اور اُنکی جانشینی کی اسکیم کو دوہرا نقصان پہنچتا۔پہلا مالی نقصان کہ بیٹی، داماد اور ملاقاتیوں کے اخراجات تاحیات برداشت کرنا پڑتے۔دوسرا اور سب سے اہم نقصان یہ ہوتا کہ خانہ رسولؐ میں بننے والی ہر اسکیم اور ہر فیصلے سے مکمل لاتعلقی ہو جاتی۔اور جو ذمہ داریاں حضرت عائشہ خانۂ رسالت میں رہ کر انجام دے سکتی تھیں، اُن سے قطعاً محرومی ہو جاتی اور پیشگوئی کے باوجود رسولؐ اللہ کی جانشینی خواب وخیال بن کر رہ جاتی۔یہ تھی وہ دور رَس اسکیم جس کے ماتحت حضرت عائشہ کو ایام طفولیت سے متعلقہ مقصد کیلئے تعلیم وتربیت اور صحبت رسولؐ سے استفادہ کا انتظام کیا گیا۔اور ہجرت کے وقت رسولؐ اللہ کو تنہا نکل جانے سے روکا۔مدینہ آکر دُور قیام کیا اور جلد سے جلد حضرت عائشہ کو متعلقہ ذمہ داریوں پر تعینات کر دیا۔ساتھ ہی تین میل دُور سکونت رکھ کر خود کو مختلف قسم کے مکاتیب فکر سے ملنے اور اپنے عمل درآمد کو نتیجہ خیز بنانے اور مفتش قسم کے لوگوں کی نظروں سے محفوظ رہنے کا اچھا ٹھکانہ بنالیا۔یہی وہ گھر ہوگا جہاں راتوں کو مجلس مشاورت کے برپا ہونے کی خبریں قرآن کریم دے گا۔اور اسی گھر سے آنے والی ایک عورت اور ایک بچہ یہاں کے راز فاش کرتے ہوئے پائے جائیں گے۔(انتظار کیجئے)

(23/7)۔ علی مرتضٰی علیہ السلام اور قریش؛ خانوادۂ رسولؐ کی مدینہ کو روانگی

آنحضرتؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہاتھ سے نکل جانا قریش کی قومی وسیاسی موت کا پیغام تھا۔ اُنہوں نے نزدیک و دُور کے تمام راستوں اور آبادیوں کو چھان مارا۔ ہر طرف مسلح سواروں نے گشت لگائے، تلاشیاں لیں۔ مکہ سے باہر جانے والوں اور اندر آنے والوں پر کڑی نظر رکھی جا رہی تھی، پوچھ گچھ ہو رہی تھی اور ہر آنے والی ساعت محرومی و ناکامی کا پیام لا رہی تھی۔ اُن کے لئے بڑا اچھا موقعہ تھا کہ وہ جناب علی علیہ السلام اور باقی افراد خاندان کو یرغمال بنا لیتے اور یقین کر لیتے کہ اُن کو چھڑانے کے لئے محمدؐ ضرور واپس آئیں گے۔ لیکن یہ معلوم نہ ہو سکا کہ ایسا کرنے میں کیا چیز مانع ہوئی؟ قحطانی تاریخ کی کہانیوں میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کو تھوڑی دیر تک زیرِ نگرانی رکھا اور سخت سلوک کیا گیا لیکن اس کے بعد آزاد کر دیا۔ یہ اس لئے قابل قبول نہیں ہے کہ اِس آزادی کی وجہ نہیں بتائی گئی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جناب علی مرتضٰی علیہ السلام روزِ اوّل سے قریش کو جس شکل میں نظر آتے تھے، وہ ملک الموت سے کچھ زیادہ دہشت ناک تھی۔ ہر وہ شخص جو اسلام کا دشمن ہوتا تھا اُن کے تصور سے بھی خوفزدہ رہتا تھا۔ **حضرت علیؑ اور قریش** کا معاملہ بیان کرنا بہت مشکل ہے۔ ذرا سوچیئے کہ آپ ایک آدمی کو دیکھ رہے ہیں۔ ذرا سی توجہ ہٹی تھی اب جو نظر پڑی تو اُس فرضی آدمی کا سائز (SIZE) دوگنا نظر آیا۔ حیرانی کے ساتھ جائزہ لیا، آدمی تو وہی ہے۔ اتنی دیر میں دوسرا آدمی اس کی جگہ نہیں لے سکتا تھا۔ نظر جما کر دیکھا تو پتہ چلتا ہے کہ وہ آدمی برابر بڑھتا اور پھیلتا چلا جا رہا ہے ذرا دیر میں وہ دیو قامت ہو گیا۔ آپ یقیناً یہاں کھڑے نہیں رہ سکتے کہیں دُور جا کر دم لیا تو دیکھا کہ بہت بھاگے مگر وہ تو بالکل قریب ہی ہے۔ اگر ہاتھ بڑھا دے تو آپ سے آگے نکل جائے اور چاہے تو تمہیں چٹکی سے اُٹھا کر کسی درخت کی چوٹی پر بٹھا دے، مسل کر زمین پر دُھول کی طرح جھاڑ دے جیسے کسی کھٹمل کو مسل دیا جاتا ہے، جس کے خون سے آپ کی انگلیاں بھی نہیں بھیگتیں۔ سوچیئے کہ کیا آپ ایسے آدمی پر تلوار سے حملہ کر کے کامیاب ہونے کی امید کی حماقت کر سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں۔ اُمید تو رہی الگ آپکی کھوپڑی سے خیالات وتصورات سب نکل کر بھاگ جائیں گے۔ صرف خوف ودہشت وحشت گاہ بن کر رہ جائے گی۔ ہمیں یہ علم تو نہیں ہے کہ قریش کے سامنے علیؑ اِسی طرح آیا کرتے تھے لیکن علم ہے کہ علیؑ کا ایک مشہور نام مظہر العجائب ہے۔ ہمیں علم ہے کہ حضور علیہ السلام نے جنات کو شکست دی تھی جو ہر صورت کو اختیار کر سکنے والی مخلوق بیان کی گئی ہے۔ ہمیں یہ معلوم ہے کہ جناب مظہر العجائب نے چالیس اور دو بیالیس مقامات پر بیک وقت دعوت میں اپنی موجودگی کا مادی ثبوت دیا تھا۔ یہ بھی خبر ہے کہ آپ نے زمین پر رہ کر معراج کی سرگزشت سُنا دی تھی۔ یہ بھی سُنا ہے کہ آپؐ کے ساتھ جو گفتگو ہو رہی تھی وہ علی علیہ السلام کی زبان اور لب ولہجہ میں تھی۔ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اقصائے عالم میں ہر فرشتہ علیؑ کو ہر لمحہ اپنے سامنے دیکھتا ہے۔ یہ بھی معلوم ہے کہ اِن باتوں پر بحثیں اور انکار بھی ہوئے ہیں۔ یہ غپ شپ سہی لیکن ہمیں یہ بھی تجربہ ہے کہ زاویائے نظر کے بدل جانے سے تصویر بدل جاتی ہے۔ ایسی تصویریں دیکھی ہیں کہ اِدھر سے دیکھو تو مرد، اُدھر سے دیکھو تو عورت۔ یوں دیکھو تو ضعیف بڈھا اور یوں دیکھو تو قوی ہیکل جوان اور گھما لو تو مادر زاد ننگی تصویر۔ یہ سب کچھ آپ کی کھوپڑی میں آنکھوں کے راستے آنے والا سامان ہے۔ تصویر تو وہی کچھ ہے کہ جو کچھ کہ وہ ہے۔ مگر یہ منکر کھوپڑی کے اپنے کارنامے ہیں یا زاویائے نظر کے کرشمے ہیں۔ ہمارے پاس ایک چند ورقوں کی کتاب ہے ایسی جو تصویروں سے لکھی گئی ہے، الفاظ سے نہیں۔ پہلا ورقہ کھولو ایک تصویر

مکمل خوبصورت تصویر سامنے ہے۔ دوسرا ورقہ پلٹو اُس تصویر نے لباس بدل لیا ہے۔ پھر ورقہ پلٹو تو وہی تصویر ہے۔ ورقے پلٹتے جاؤ نئے چہروں کے ساتھ نئے ملبوسات میں نئے نئے انداز میں ایک ہی تصویر اپنی بوقلمونیاں دکھاتی چلی جائے گی۔ غپ شب کہنے والے لوگ بے خطا اور احمق ہونے کا ثبوت ہوتے ہیں۔ وہی مجسمہ رات کو، دوپہر کو، دُور سے یکساں حالت میں نظر نہیں آتا۔ کیوں؟ بعض نگاہیں دلوں میں انقلاب پیدا کر دیتی ہیں۔ کیوں؟ بعض مسکراہٹیں دیکھتے دیکھتے غلام بنا لیتی ہیں۔ کیوں؟ بعض انتظار سوہان رُوح اور بعض رُوح پرور ہوتے ہیں۔ کیوں؟ آپ کی منکر کھوپڑی میں سے توڑنے کے بعد جو کچھ نکلتا ہے وہ کچھ ایسا ہی ہوتا ہے جیسا بکرے کی سری کے اندر سے نکلتا ہے۔ لیکن جب تک یہ کھوپڑی ہتھوڑے سے محفوظ آپ کی گردن پر سوار ہے، اُس میں اُس سامان کے علاوہ بھی کچھ ہے۔ اُس میں والدہ ہے، والد صاحب ہیں، بھائی بہنیں، دیگر اعزہ، محلے دار دفتر کے سب لوگ، گنو تو ہزاروں، تولو تو ٹنوں۔ پھر اُس میں بڑے بڑے میدان، پہاڑ، نظارے، سینریاں، خواب، قصے، میتھی میٹکس کے فارمولے، بازار، گلیاں، موڑ، موٹریں، جہاز۔ ذرا اُس منکر سے انکار تو کروائیے کہ مندرجہ بالا کیوں کا جواب کیا ہے؟ کیا یہ سب غپ شب ہے۔ چھ سات انچ لمبی چوڑی منکرات سے لبریز کھوپڑی حقائق کا انکار تو کر سکتی ہے لیکن حقائق کے وجود کو سامنے سے ہٹا نہیں سکتی۔ جس نے زمین پر رہ کر ستاروں کو ساری عمر دیکھا ہو، ستاروں کی حقیقت کے متعلق اس کے علم و اقرار و انکار کا کیا وزن ہے؟ جس نے کوئی چیز رات کو اندھیرے میں ایک سرسری طور پر دیکھی تھی، وہ اگر دن کی روشنی میں غور سے دیکھنے پر اُسے نہ پہچانے اور بتانے کے بعد نہ مانے، بتائیے کہ اُس کے انکار کا اُس چیز پر کوئی اثر پڑتا ہے؟ علامہ رومی نے لکھا ہے کہ:۔ تو علیؑ را بتاریکی دیدهٔ ای زاں سبب غیراں برُو بگزیدہ ای

اے منکر شخص در حقیقت تو نے علیؑ کو اُس کھوپڑی سے دیکھا ہے جس میں گھٹا ٹوپ اندھیرا تھا۔ یہ سبب ہے کہ تو نے ایرے غیرے نتھو خیروں کو اُن سے برگزیدہ سمجھ لیا ہے۔ (مثنوی مولانا رومؒ)

اور یہ تو ایک حقیقت ہے کہ جس کے سینے میں ساری کائنات سما جائے، اُس شخص کا سائز کیا ہوگا؟ جو اپنے کفِ دست یعنی ہتھیلی کو پوری کائنات سے بڑا کہے، اُس کے باقی جسم کی لمبائی چوڑائی کہاں پہنچے گی؟ جو نفس اللہ ہو، اُسے کن حدود میں محدود کیا جائے گا؟ جو عین اللہ ہو، جو لسان اللہ ہو، جو ید اللہ ہو بلکہ خدا کے دونوں ہاتھ ہو۔ اُسے کہاں سمایا جائے گا؟ یہ تو خدا کی کاریگری کا کمال تھا کہ وہ حضرتؑ ہمارے ایسے لوگوں کی خوش قسمتی سے ایسے بنا دیئے گئے کہ ہم بھی زیارت کر سکیں، تصور میں لا سکیں اور ٹوٹے پھوٹے کھوکھلے الفاظ میں کچھ بیان کر سکیں۔ علیؑ قریش کو کیسے نظر آتے تھے؟ اس کا صحیح جواب عمرا بن عبدودّ، مرحب اور اُن لوگوں کے پاس ہے جنھوں نے علی علیہ السلام کو سچ مچ دیکھا تھا۔ آپ تو علیؑ کا تصور اُن ہی پیمانوں سے کر سکتے ہیں جو کنویں کے مینڈک نے سمندر کا تصور کنویں کے مقابلہ سے کیا تھا۔ اُس نے کنویں کے تین چکر لگا کر کہا تھا کہ جناب سمندر اس سے بڑا ہو ہی نہیں سکتا۔ اس سے کہا گیا تھا کہ اگر تو ساری عمر کنویں میں گھومتا رہے تب بھی سمندر بہت بڑا ثابت ہوگا۔ بہرحال یہ واقعہ ہے کہ جناب علیؑ دن دھاڑے بلا روک ٹوک علی الاعلان مکہ سے مدینہ کے سفر پر روانہ ہوئے۔ انہیں اب مکہ سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ اُن کا قبلہ اُن کا کعبہ مدینہ کی طرف رواں دواں جا رہا تھا۔ اُن کی دین و دنیا سب محمدؐ میں مرکوز تھی وہیؐ سب کچھ تھے۔ وُہؐ نہیں تو پھر ہر چیز بے معنی۔ بڑی مشکل سے فرائض کی ادائیگی اور حکم کی تعمیل کے سہارے تین دن

گزارے۔ چوتھے روز درِ دولت کے سامنے اونٹ بٹھا دیئے گئے۔عماریوں اور پردے کا انتظام ہوا۔سب سے پہلے اپنی والدہ گرامی جناب فاطمہؑ بنت اسدؑ کو سوار کیا۔اوراُن کے ساتھ جناب فاطمہؑ زہراء خاتون جنت کو بٹھایا۔پھر جناب حمزہ علیہ السلام کی بیٹی فاطمہؑ علیہا السلام کو سوار کیا۔پھر اپنی پھوپھی جناب فاطمہؑ بنتِ عبدالمطلبؑ علیہا السلام کو زحمت سفر پر آمادہ کیا۔یہ چار فاطمائیںؑ خانوادہ رسولؐ کا وہ اثاثہ اوردولت تھیں جن کے لئے جِنّ و مَلَک کے سر جھکے ہوئے تھے۔اُن کے بعد اِذنِ عام ہوا۔وہ تمام جذبات جو غریب الوطنی کے تصور سے پیدا ہوتے ہیں، جو اپنے مولد اور وطن کو چھوڑتے وقت لازم ہیں، پیشوائی اور رخصت کے لیے حاضر تھے۔حضرت ام ایمن کے صاحب زادے ابو واقد لیثی نے قافلہ کی قیادت شروع کی جو رسولؐ اللہ کا خط لے کر آئے تھے جس میں حضورؐ نے اپنی غار ثور سے روانگی اور وہ حکم لکھا تھا جس کے ماتحت خانوادۂ رسول کو گھر چھوڑنا تھا۔مکہ سے دونوں قسم کے مسلمان مرد مدینہ جا چکے تھے۔بعض کے اہل وعیال مکہ میں منتظر تھے۔مگر دعوتِ عام کے باوجود علویؑ قافلہ کے ساتھ مکہ سے کسی نے نہ سفر کیا، نہ رخصت کو آیا، نہ مشایعت کی۔یہی وقت تھا کہ یہ معلوم ہوتا کہ جناب ابوبکر نے بھی رسولؐ اللہ سے ہم آہنگ اسکیم بنائی ہے۔معلوم ہوتا ہے کہ رسولؐ اللہ کے روبرو انہوں نے اپنے خاندان کی روانگی کا ذکر تک نہیں کیا ورنہ حضورؐ از راہِ مروّت حضرت علیؑ کو لکھ بھیجتے کہ حضرت عائشہ اوران کی والدہ وغیرھا کو بھی لیتے آنا۔ھر پھر کر وہی نتیجہ نکلتا ہے کہ حضرت ابوبکر رسولؐ کے ساتھ آباد ہونے میں دو دو اور بڑے عظیم نقصانات دیکھ رہے تھے۔جب خانوادہ رسولؐ مدینہ پہنچ جائے گا تو حضرت ابوبکر رسولؐ سے ایک میل دُور اپنا ٹھکانہ بنا چکیں گے۔پھر خط آئے گا اور اُن کا خاندان اور رفتہ رفتہ وہ تمام خاندان مدینہ کو روانہ ہو جائیں گے جن کا جانا مشرکین قریش کے لئے مفید تھا اور وہ تمام مظلوم مرد عورتیں اور بچے نہ جانے دئے جائیں گے جن کا اسلام قریش کے لئے مُضر اور خطرناک تھا، مکہ سے روانگی کا یہی معیار تھا۔یہ تو اللہ کے مرسلہ وہ فوج تھی جس کی بنا پر رسولؐ اور خانوادہ رسولؐ مکہ سے نکل سکے ورنہ قریش کے ارادے، انتظام اور مقاصد کا تقاضہ اس کے خلاف تھا۔حقیقی مسلمانوں کا مکہ سے نکل جانا انہیں ہرگز گوارا نہ تھا۔رہ گئے اُن کے اپنے مہاجرین اُنہیں تو وہ قومی بیت المال کے خرچ پر خود بھیج رہے تھے۔اور سمجھ چکے تھے کہ اب اسلام کے سیلاب کو روکنے کے لئے داخلی رکاوٹ سے زیادہ موثر دوسرا کوئی ذریعہ نہیں ہے۔

(23/8)۔ خانوادۂ رسولؐ مدینہ کی راہ میں

قافلۂ مرتضویؑ نواح مکہ سے نکلا تو ابو واقد نے اونٹوں کو تیز چلانا شروع کیا۔ذرا دیر بعد حضرت علیؑ نے آہستہ چلنے کے لئے کہا لیکن وہ انسانی حیثیت کے ماتحت یہ چاہتے تھے کہ اُس علاقہ سے جلد نکل جائیں جو قریش کے گشتی شمشیر زنوں، بدوؤں اور نگران جماعتوں کی حدود میں ہے۔اور جناب علی مرتضیٰؑ قوت ید اللّٰہی کے اعتماد پر یہ پسند نہ کرتے تھے کہ خانوادۂ رسولؐ خصوصاً فاطماؤںؑ کو سفر کی تھکان تکلیف پہنچائے۔اس لئے شتر رانی کا کام خود سنبھالا اور ابو واقد رضی اللہ عنہ کو مطمئن کر دیا کہ جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرما دیا ہے کہ تمہیں کوئی گزند نہیں پہنچ سکتا ہے۔لہٰذا اطمینان سے فطری طور پر محتاط سفر جاری ہوا۔روانگی کے بعد جب مقام ضجنان کے قریب سے گزر رہے تھے تو دیکھا کہ ایک گشتی دستہ گھوڑوں پر سوار، ڈھاٹے باندھے، تلواریں ہوا میں لہراتا ہوا سرپٹ چلا آرہا ہے۔آٹھ آدمی ہیں، سب اجنبی چہرے ہیں۔ایک بنی امیہ کا غلام حرب نام ساتھ ہے۔یعنی کم از کم ایک آدمی ہر جماعت میں ایسا رکھا گیا تھا جو حضرت علیؑ

کو شناخت کر سکے۔ابو واقدؓ یہ دیکھ رہے تھے اور سوچ رہے تھے کہ نامعلوم ایسی کتنی جماعتوں سے سابقہ پڑے گا۔چند ثانیوں کے بعد قدرت خدا سامنے آنے والی ہے کہ جناب علی مرتضیٰؑ نے سواریوں کو بٹھانے اور اُن کے پیر باندھنے کا حکم دیا تا کہ وہ ڈر کر بھاگ نہ کھڑے ہوں۔ابو واقدؓ نے یہ خدمت جلد جلد انجام دی اور سرکار علیہ السلام تلوار نکال کر اُس گروہ کی جانب بڑھے اور مناسب فاصلے پر اُن کو روکا اور للکارا کہ خبردار ایک قدم آگے نہ بڑھنے پائے۔ذرا رک کر سوچیئے ایک نوجوان کے رُوبرو آٹھ شمشیرزن، آزمودہ کار اور خون کے پیاسے لٹیرے ہیں، مستورات ساتھ نہ ہوں تو دل زیادہ قوی ہوتے ہیں۔اُدھر وہ بزرگ خواتینؑ جنہیں احترام و اکرام کے سوا کبھی درشت کلامی اور خوف و ہراس سے سابقہ نہ پڑا تھا جنگل بیابان ہے۔دو آدمیوں کا علیؑ کے مقابلہ میں رہنا کافی ہے باقی آدمی اونٹوں اور قافلے کو لوٹ اور تلوار کا نشانہ بنانے کے لئے آجانے میں مختار ہیں۔یہی وہ وقت ہے جب اللہ کی وہ قدرت سامنے آئے گی جس کی دعاؤں میں، تسبیحوں میں، تلاوت قرآن میں محض نظری حیثیت سے تذکیر کرتے رہتے تھے۔ایک نہیں چار فاطمہؑ خدا کے روبرو دست بدعا تھیں۔سب کی نظریں حضرت علی علیہ السلام پر جمی ہوئی تھیں ذرہ برابر گھبراہٹ نہیں۔اُن کا اطمینان اِن کو اطمینان بہم پہنچا رہا تھا۔سواروں نے رفتار کو قابو میں کیا۔حیرانی کے عالم میں قریب پہنچے وہی صورت سامنے تھی۔مگر نہ معلوم کس سائز اور انداز میں تھی۔اس کا عکس تو مخالف گروہ کے حال سے منعکس ہوگا۔اگر وہ ایک دم بھاگ کھڑے ہوتے ہیں تو یقیناً اُن کی پُوری جسامت سے بڑا سائز ہوگا۔ٹھہرتے ہیں تو مساویانہ شکل ہو گی۔وہ رُکے اور کہا کہ تمہارا خیال یہ تھا کہ بلامزاحمت یوں مکہ سے نکل کر چین سے مدینہ جا پہنچو گے۔چپ چاپ سیدھے سیدھے واپس چلو ورنہ سمجھ لو کہ تمہارے اعضاء یہاں بکھرے ہوئے ہوں گے اور ہم قافلے کو واپس مکہ پہنچا دیں گے۔علی علیہ السلام نے نہایت ہی اطمینان سے جواب دیا کہ میں نے اور اس قافلے نے تم لوگوں کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچایا۔میں ان کو لے کر جا رہا ہوں بہتر ہے کہ تم مزاحمت نہ کرو۔لیکن اگر تمہیں اپنی زندگی دوبھر معلوم ہو رہی ہے تو تمہیں اختیار ہے۔جس کا دل پہلے موت سے ملاقات کے لئے بے چین ہو وہ آگے بڑھے تا کہ اُس کی منزل آسان کردوں۔یہ سُن کر جناح نامی ایک شخص آگے بڑھا اور تلوار کا وار کیا۔اُس کا وار خالی گیا ہی تھا کہ وہ حمائل ہو کر گھوڑے سے اس طرح گرا کہ ایک ہاتھ اور کاندھا اور سر، زمین پر پڑا تھا اور باقی گھوڑے پر الجھا ہوا رکھا تھا۔گھوڑا بھی زخمی ہو کر اپنے گروہ کی طرف بے تحاشہ بھاگا اور گروہ بڑی مشکل سے اُسے راستہ دے سکا۔اتنے میں جناب علی مرتضیٰؑ نے نزدیک ترین آدمی کو جو سواریوں کو بھڑکانے کے لئے گھوڑا پھیر رہا تھا، جالیا اور آنکھ جھپکنے میں دو ٹکڑے کر دیئے۔یہ حال دیکھا تو باقی لوگ گھبرا گئے۔علیؑ نے کہا تم اپنی راہ لو ورنہ میں تمہیں یہاں سے نکل کر نہ جانے دوں گا۔اس لئے کہ اب ایک گھوڑا بھی میرے قابو میں ہے۔اُن لوگوں نے واپس جانے ہی میں خیریت سمجھی۔آپؑ نے ابو واقد سے کہا کہ اب اونٹوں کے پیر کھول دو اور ضجنان میں چل کر قیام کرو۔سجدہ شکر کے بعد روانگی ہوئی اور ذرا دیر بعد قیام ہوا۔یہ وہ جگہ تھی جہاں ٹھہر کر آپؑ نے مکہ سے خفیہ روانہ ہونے والوں کو پہنچنے کا نشان بتایا تھا۔اُنہی آنے والوں میں جناب اُم ایمن تھیں۔یہاں رات بسر کرنے کے بعد منزل در منزل سفر جاری رکھا۔سفر میں جوتے ٹوٹ گئے پیر زخمی ہو گئے۔اٹھارہ ربیع الاوّل کو جب آپؑ محلّہ قبا میں پہنچے تو آبلوں پر آبلے پڑ پڑ کر، پھوٹ پھوٹ کر، پیر اس قدر زخمی ہو گئے تھے کہ زمین پر رکھنا محال تھا۔مگر زیارت رسولؐ کا شوق تھا جو کھینچے لئے چلا جا رہا تھا۔آخر یہ قافلہ جناب کلثوم بن ھدم کے مکان کے سامنے پہنچا۔بہت سے لوگ راہ میں

ساتھ ہو گئے تھے۔رسولؐ کو اطلاع ہوئی تو دوڑتے ہوئے تشریف لائے، گلے لگایا، سب زخم محض ہاتھ پھراتے ہی ختم ہو گئے۔تکان سفر کا کہیں نام ونشان تک نہ تھا۔حضورؐ نے عماری سے باری باری تمام خواتین کو اتارا، گھر میں پہنچایا، سب سے ملے، جذبات ومسرت کا اپنا مقام ہے۔رسالت وامامت سے جذبات واحساسات میں جلا پیدا ہوتی ہے۔حضورؐ نے اس دوران مسجد قبا تعمیر کر دی تھی۔بس اپنے خاندان کا یہاں انتظار فرمارہے تھے۔اسد الغابہ میں علامہ ابن اثیر، ابورافع سے روایت کرتے ہیں کہ؛

جب آپؑ مدینہ پہنچے اور آنحضرتؐ کو آپؑ کی آمد کی اطلاع ملی تو فرمایا علیؑ کو ہمارے پاس لاؤ، عرض کیا گیا رسولؐ اللہ وہ حاضر ہونے سے معذور ہیں۔آنحضرتؐ خود تشریف لائے اور بغلگیر ہوئے اور اُنکی حالت دیکھ کر آبدیدہ ہوئے۔متورم پاؤں کو دیکھا خون بہہ رہا تھا۔آنحضرتؐ نے اپنا لعابِ دہن پاؤں پر ملا اور عافیت کی دعا مانگی۔جناب امیرؑ اچھے ہو گئے پھر کبھی شہادت کے وقت تک پاؤں کے درد کی ان کو شکایت نہ ہوئی۔مؤرخین نے لکھا ہے کہ آپؑ کا یہ سفر جون کے مہینے میں ہوا تھا جس میں گرمی شدت سے ہوتی ہے۔ایسے گرم موسم میں کئی سو میل تک پا پیادہ سفر کرنا اور دشمنوں کے ملک کو تنہا عبور کرنا ایسا واقعہ ہے جس کی نظیر زمانہ میں کم تر ملے گی۔اس واقعہ میں آپکے ایمان، صبر، تسلیم وتوکل، جرأت، ہمت، شجاعت، شہامت کا پتہ چلتا ہے۔(جلد 1 صفحہ 62 سیرۃ علویہ حافظ امجد علی حیدر کاکوروی)

(23/9)۔ نبوتؐ وامامتؑ وخانوادۂ رسالت کا قلب مدینہ میں داخلہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے انتظار میں محلّہ قبا میں تمہیدی فرائض انجام دیتے رہے۔یہ محلّہ مدینہ کی گنجان آبادی سے دو میل باہر تھا جس طرح محلّہ سُنح ایک میل مخالف سمت میں تھا۔آپ کے قیام کے دوران مدینہ کے اہل خاندان کو مخصوص حالات میں یہاں آکر ملاقات کے لئے اجازت لینا پڑتی تھی۔اور کہہ دیا گیا تھا کہ حضرت علی علیہ السلام اور باقی ماندہ افراد خاندان کے پہنچ جانے پر باقاعدہ اطلاع دی جائے گی۔اس وقت اہل مدینہ یہ سمجھیں کہ رسولؐ وخاندان رسولؐ آپ کے پاس آرہے ہیں۔اُس وقت تک میں محلّہ قبا میں کچھ ضروری پروگرام مکمل کرنا چاہتا ہوں۔لہٰذا جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علیؑ کا انتظار فرمارہے تھے، اُسی طرح بلکہ زیادہ بے چینی کے ساتھ رسولؐ اللہ کا مدنی خاندان وقبیلہ، دوست ودشمن، دونوں قسم کے مسلمان اور یہود ونصاریٰ الغرض مدینہ کا ہر باشندہ چشم براہ منتظر تھا۔چنانچہ منادی کرادی گئی کہ کل رسولؐ وخاندان رسولؐ مدینہ میں داخل ہو رہے ہیں۔یہاں سے علامہ شبلی کی زبانی سنئے فرماتے ہیں کہ:۔

''لوگوں کو جب تشریف آوری کی خبر معلوم ہوئی تو ہر طرف سے لوگ جوش مسرت سے پیش قدمی کے لئے دوڑے۔آپ کے ننہیالی رشتہ دار بنونجار ہتھیار سج سج کر آئے۔قبا سے مدینہ تک دورویہ جانثاروں کی صفیں تھیں۔راہ میں انصارؓ کے خاندان آتے تھے۔ہر قبیلہ سامنے آکر عرض کرتا ''حضورؐ یہ گھر ہے، یہ مال ہے، یہ جان'' آپ منّت کا اظہار فرماتے اور دعائے خیر دیتے۔شہر قریب آگیا تو جوش کا یہ عالم تھا کہ پردہ نشین خواتین چھتوں پر نکل آئیں اور گانے لگیں:۔

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا ☆ چاند نکل آیا ہے۔ مِنْ ثَنِيَّاتِ الْوَدَاعِ ☆ کوہ وداع کی گھاٹیوں سے۔

وَجَبَ الشُّكْرُ عَلَيْنَا ☆ ہم پر خدا کا شکر واجب ہے۔ مَادَعٰى لِلّٰهِ دَاعِ ☆ جب تک دعا مانگنے والے دعا مانگیں۔

پھر معصوم لڑکیاں دف بجا بجا کر گاتی تھیں:۔

نَحنُ جَوارٍ مِنْ بَنِی النّجَّارِ ☆ ہم خاندان نجار کی لڑکیاں ہیں۔ **یَا حَبَّذَا مُحَمَّدٌ مِنْ جَارٍ** ☆ محمدؐ کیا اچھا ہمسایہ ہے

آپؐ نے اُن لڑکیوں کی طرف خطاب کر کے فرمایا ''کیا تم مجھ کو چاہتی ہو''؟ بولیں ''ہاں'' فرمایا کہ میں بھی تم کو چاہتا ہوں۔''

(سیرۃ النبیؐ جلد اوّل صفحہ 277-278)

(23/10)۔ مدینہ میں مکّی خانوادہ رسوؐل کی سکونت

مدینہ کا نبوی خاندان چونکہ دو بڑے قبیلوں پر وسیع تھا اور ہر شخص یہ چاہتا تھا کہ رسولؐ اُسکے گھر کو قبول کریں اور نزدیک تر رہیں۔ اس مشکل کو حل کرنے اور اُس وسیع خاندان کو مطمئن کرنے کا حل یہی تھا کہ حسب سابق فیصلہ اللہ کے احکام پر چھوڑ دیا جائے۔ چنانچہ آنحضرؐت نے اپنے نزدیک تر رشتہ داروں یعنی ننہیال کے بزرگوں سے ایک وسیع اور غیر آباد زمین خریدنا چاہی جو صدیوں سے بیت الرسالتؐ بننے کے خواب دیکھتی چلی آرہی تھی۔ اُدھر خاندان کے لوگ قیمت لینے پر رضامند نہ تھے۔ بہرحال اُن دونوں یتیم بچوں کی پرورش اور تعلیم و تربیت و کفالت کی ذمہ داری لے لی گئی جو اُس قطعہ زمین کے براہ راست مالک تھے اور قیمت لینے پر رضامند نہ تھے۔ آپؐ نے مدنی خاندان کو خوش کرنے کیلئے انہیں اجازت دیدی کہ جو افراد خاندان علیؑ مرتضٰی علیہ السلام کے ساتھ اب آئے ہیں اُنکے علاوہ پہلے سے بھیجے ہوئے افراد خاندان جہاں رہتے ہیں وہیں رہیں۔ اور جو حضرات بیرونی ممالک سے واپس آتے جائیں، اُنکو آباد کرنے میں بنونجار مختار ہیں۔ حضرت سودہؓ بنت زمعہ جن سے حضرت خدیجہؑ علیہا السلام کے بعد پہلی رفیقہ حیات کی حیثیت سے نکاح کیا تھا اور جو پہلے ہی مدینہ پہنچ چکی تھیں آنحضرؐت کے ساتھ رہیں گی اور بیت النبوۃؐ کی ایک قریبی ممبر کی حیثیت سے مرکز میں قیام فرمائیں گی۔ یوں سکونت کا تصور پورا کیا گیا۔ اور جب تک مسجد نبویؐ اور بیت الرسالتؐ اور بیت الامامۃؑ بن کر تیار ہوں اُس وقت تک جناب علیؑ اور اُنکے ساتھ آنے والے تمام افراد خاندان آپؐ کے ساتھ جناب ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے مکان میں بدستور قیام کریں گے۔

اس پروگرام کے مطابق مسجد نبوی کی تعمیر کی گئی۔ اور خاندان رسولؐ کے مکانات اس طرح بنائے گئے کہ اُن کا عقبی دروازہ مسجد کے صحن میں کھل سکے۔ بالکل وسط میں جناب علی علیہ السلام کا مکان بنایا گیا اور اُس کے ساتھ ملا کر داہنے بائیں بیت الرسالت کے حجرے تیار کئے گئے۔ اور جناب ام المومنین حضرت سودہؓ بنت زمعہ کو ایک حجرہ دیا گیا۔ اور وہ تمام حضرات جو جناب ابوایوبؓ کے یہاں سات ماہ سے مقیم تھے اپنے اپنے حجروں میں منتقل ہوگئے۔ یوں خاندان رسولؐ مدینہ میں آباد ہوا۔

(23/11)۔ بیت الامامۃؑ کی مرکزی حیثیت کا تصور

اگر اس مکان پر غائر نظر ڈالی جائے جو تاریخ میں خانہ فاطمہ زہراؑ کہلائے گا، آپ دیکھیں گے کہ رسولؐ اللہ اس مکان کو اپنا مرکزی نقطہ رکھنا چاہتے ہیں۔ تاریخ بتاتی ہے کہ یہی وہ مکان ہے جس میں آیۂ تطہیر نازل ہونے کے بعد روزانہ ہی رسولؐ اللہ یہ کہہ کر داخل ہوتے تھے کہ سلام ہو تم پر اے اہل بیت رسولؐ۔ لہٰذا اُن بحثوں میں الجھنے کی ضرورت نہیں ہے کہ حضوؐر کے اہل بیت میں ازواج داخل ہیں یا نہیں اسلئے کہ رسولؐ کا اپنا گھر ہی یہی تھا اور ازواج رسولؐ کے الگ الگ حجرے تھے جن میں سے کسی ایک کو رسولؐ کا مکان کہنے سے باقی

کی نفی ہو جاتی۔ اسلئے جب ازواج رسوؐل کو تنبیہ کی گئی تو اُن حجروں کو ازواج رسولؐ کے مکان قرار دیا گیا اور سب سے کہا گیا کہ تم اپنے اپنے مکان میں ٹِک کر بیٹھ، رہا کرو۔ (قَرۡنَ فِيۡ بُيُوۡتِكُنَّ ۔احزاب 33/33) پھر آنحضرؐت کبھی بھی کسی زوجہ کے ساتھ مدینہ میں مستقل قیام نہ کر سکتے تھے۔ اس بنا پران کی باری مقرر تھی۔ ورنہ مستقل قیام گاہ وہی مکان تھا جسے بیت الرسالتؐ کہا تھا۔ اس کی جائے وقوعہ پر قدیم ریکارڈ میں سے ایک بیان سن لیں۔ محمد اسماعیل بخاری نے لکھا ہے کہ:۔

جاء رجل اِلٰی ابن عمر ثم سَاله عن علیؑ ۔فذکر محاسن عمله و قال هو ذاک بیته اوسط بیوت النبیؐ ۔(بخاری پارہ 14 صفحہ 387)''ایک شخص حضرت عمر کے بیٹے کے پاس آیا اور علیؑ کے متعلق سوال کیا تو عبداللہ ابن عمر نے حضرت علیؑ کی عملی زندگی کی خوبیاں بیان کرنے کے بعد کہا وہ دیکھو نبیؐ کے گھروں کے وسط میں علیؑ ہی کا گھر ہے۔''

جناب امام نسائی نے اپنی صحیح نسائی میں اس کی تصدیق کی ہے کہ جناب علی مرتضٰی علیہ السلام کا مکان ازواج رسولؐ کے حجروں کے درمیان میں تھا۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ مسجد نبوی کی تعمیر سے فراغت کے بعد سب سے پہلے وسط میں حقیقی بیت الرسولؐ بنایا گیا اور اُس کے داہنے بائیں ضرورت کے ساتھ حجرے بنتے چلے گئے۔ اور چونکہ وہ زوجہ جن کی زوجیت کے حقوق کی ادائیگی کیلئے عملاً ضرورت تھی اور جو ہجرت کے تین سال پہلے عملاً زوجہ تھیں، اُن کیلئے سب سے پہلے حجرہ بنایا گیا جو حضرت علی علیہ السلام کے مکان سے متصل ہونا چاہئے۔ بہرحال پہلا سال ہجری پورا ہوتے ہوتے آنحضرؐت کا مدنی خاندان مسجد کے ساتھ آباد ہو گیا۔ یہی وہ زمانہ تھا جب حضرت ابوبکر کو یہ فکر لاحق ہوتی ہے کہ رسولؐ سے جو رشتہ چار سال پہلے قائم کیا تھا، اس کا عملی نفاذ کرایا جائے۔ چنانچہ حضرت عائشہ بھی ایک حجرے میں مقیم ہو گئیں۔

(23/12)۔ ازدی عالم اور بحیرا کی پیشگوئی والی جانشینی کے لئے دوسرا اقدم

اب وہ وقت آ گیا کہ جناب ابوبکر وہ اقدام کریں جس کی تمہید چار سال پہلے جناب عائشہ کو ایام طفولیت ہی میں پیش کر کے قائم کی تھی یعنی اب تو مدینہ میں آ چکے۔ رسوؐل کی حکومت تقریباً قائم ہو چکی ہے۔ ازدی عالم اور بحیرا کی پیش گوئی میں صدق کا ثبوت سامنے آ رہا ہے۔ لہٰذا وہ کام کیوں نہ کیا جائے جو جناب قصی علیہ السلام نے حبیؑ سے شادی کے ذریعہ کیا تھا۔ اُدھر خاندان رسولؐ کے معیار کے مطابق جناب فاطمہؑ بھی نکاح کے قابل ہو چکی ہیں۔ میں اپنی بیٹی پہلے سے دے چکا ہوں یہاں تک کہ زفاف کی اُجرت بھی میں اپنے سرمایہ سے دے چکا ہوں۔ میری درخواست ہر ہر حیثیت سے قابل قبول ہوگی اور انکار انتہائی ناانصافی و بے مروتی اور تعصب پر مبنی ہوگا۔ ہم سب اولاد آدمؑ ہیں، طبقہ واریت ہم میں نہیں ہے۔ لہٰذا یہ بڑا اچھا اور ہر صورت میں مفید موقعہ ہے۔ اگر اقرار ہو تو جانشینی پختہ، انکار ہو تو اُن کے خلاف خاندانی عظمت اور اشرف واعلیٰ طبقہ کے برقرار رکھنے اور ہاشمی اقتدار قائم کرنے کا حربہ پیدا ہو جائے گا اور اس طرح عربوں کی کثرت کے کان پھر کھڑے ہو جائیں گے۔ لہٰذا بڑی عجلت سے رسولؐ کے پاس پہنچے اور بلا تکلف اور بڑے مستغنی انداز میں اپنا مقصد پیش کر دیا۔ اور نبوّت و رسالتؐ و بزرگی کا لحاظ کئے بغیر برابر کے عام آدمی کی طرح مخاطب کیا۔ اس قصہ کو تمام اہل قلم نے بڑی استعجاب سے بیان کیا ہے۔ اور بعض کو بہت تکلیف بھی ہوئی ہے اور بعض نے یہ کہہ دیا کہ یہ واقعہ پیش ہی نہیں آیا۔

(i)۔ جناب شبلی کی ناگواری اورانکارمگر واقعہ لکھنا پڑا ہے

علامہ شبلی نے تحریر فرمایا ہے کہ ''ابن سعد نے روایت کی ہے کہ سب سے پہلے حضرت ابوبکر نے آنحضرتؐ سے درخواست کی۔ آپؐ نے فرمایا جوخدا کا حکم ہوگا۔ پھر حضرت عمر نے جرأت کی، اُن کو بھی آپؐ نے کوئی جواب نہ دیا۔ بلکہ وہی الفاظ فرمائے۔ لیکن بظاہر یہ روایت صحیح نہیں معلوم ہوتی۔ حافظ ابن حجر نے اصابہ میں ابن سعد کی اکثر روائیتیں حضرت فاطمہؑ کے حال میں روایت کی ہیں۔ لیکن اس کونظر انداز کردیا ہے۔ (سیرۃ النبیؐ۔جلداوّل صفحہ 366)

(ii)۔ دشمنانِ اہل بیتؑ کا معیارِ حق و باطل وحق دشمنی

علامہ شبلی کے لئے عنوان کے الفاظ ہی کافی ہیں۔ بہرحال قارئین یہ سوچیں کہ تاریخ کی نہایت معتبر اور مفصل کتاب یعنی **''طبقات ابن سعد''** علامہ شبلی کے حافظ ابن حجر سے معتبر تر عالم نے جن روایتوں کولکھا اور تمام موٴرخین ومحدثین نے جن کواختیار کیا، اُن روایات کواس لئے غلط کہنا غلط ہے کہ ابن حجر کوئی صاحبِ الہام ووحی نہیں ہیں۔ غلطی تو ابن حجر کی ہے کہ اُس نے نہ لکھا۔ صرف اُس کا نہ لکھنا کسی روایت کے غلط ہونے کی دلیل کیسے ہوا؟ اگر وہ لکھتا اور روایت میں غلطی ثابت کرتا تو پھر ہم غور کرتے۔ لیکن نہ اُس نے لکھا نہ اپنی کوئی رائے ظاہر کی۔ اس سے تو یہ ثابت ہوا کہ روایت صحیح ہے اور ابن حجر جاہل ہے۔ پھر علامہ کو چاہئے تھا کہ خود ہمت کرکے روایت میں کوئی عیب بتاتے جس بنیاد پر غلط لکھا۔ اس کی دوسری خامی قابل مضحکہ ہے۔ یعنی یہ کہنا کہ فلاں شخص نے فلاں عورت کے حالات فلاں کتاب سے لکھے۔ مگر اُس نے اُس عورت کے حالات میں فلاں مرد کے حالات نہیں لکھے۔ لہٰذا فلاں مرد کے حالات ہی غلط ہیں۔

یعنی شبلی کا اطمینان جب ہوتا جب حضرت فاطمہؑ کے حالات میں ابوبکر کے حالات لکھے جاتے تب وہ روایت صحیح ہوجاتی۔ یہ ہے قحطانی محققین کی دلیل اور معیارحق۔ اُنہیں بتادو کہ یہ روایت ابوبکر وعمر کے حالات میں ہے۔ اُس کو جناب فاطمہؑ کے حالات میں لکھنا دیوانگی اور جہالت ہوتا۔ پھر یہ اُن دونوں کی انتہائی جسارت ہے جس کا چھپانا شبلی کو مطلوب ہے۔ پھر یہ اُن دونوں کی بڑی گہری اسکیم اور ناکامی کا ثبوت ہے۔ اسلئے بھی شبلی نہیں چاہتے کہ وہ روایت صحیح نکلے جو پردہ کھولتی ہو۔ اور چونکہ اُس وقت کے کئی ایک بہتر اور موزوں تر صحابہؓ نے ایسی درخواست کو گستاخی سمجھ کر اور یہ سمجھتے ہوئے ایسی غلط جرأت نہ کی کہ حضورؐ اللہ کے حکم کے بغیر حضرت فاطمہ علیہا السلام کا نکاح بھی کریں گے۔ اور جس سے اللہ حکم دے گا، خود اُسے بلا کر اللہ کا حکم سُنا دیں گے اور وہ شخص بڑی خوشی سے اس سعادت کوقبول کرلے گا۔ چنانچہ تمام مسلمان اس یقین پر قائم اور اس معاملہ میں خاموش ہیں۔ مگر یہ دونوں حضرات دراصل بار بار مذکورہ پیشگوئی کے پورا ہونے یا کسی طرح پورا کرنے کی فکر میں ہر کلیدی مقام پر ساتھ ساتھ رہے ہیں۔ سقیفہ بنی ساعدہ میں آپ دونوں موجود ہیں۔ چنانچہ قارئین نوٹ کرلیں کہ اس درخواست سے یہ دونوں حضرات اس گروہ کے راہنما ثابت ہوگئے جو رسولؐ اللہ کی ہر بات اور ہر عمل کو منجانب خدا اور بذریعہ وحی نہیں مانتے تھے۔ اور یقین رکھتے تھے کہ (معاذ اللہ) رسولؐ کی بعض باتیں منجانب اللہ نہیں ہوتیں۔ اور اس حقیقت کو چھپانے کے لئے علامہ شبلی نے روایت کو بلاوجہ بتائے، بلا کوئی مخالف دلیل قائم کئے غلط قرار دیا ہے۔ مگر ہم دکھائیں گے کہ آنحضرتؐ نے صرف انکار نہیں کیا بلکہ اپنی نفرت کا اظہار بھی کیا ہے۔ اور یہیں سے یہ بات ثابت ہے کہ ارحام رسولؐ تمام اُمت کے افراد پر حرام ہیں۔ چنانچہ اسی گروہ کے

حد سے بڑھنے پر وہ آیات سنائی جائیں گی جن میں ازواج رسولؐ اور اُن سے پیدا ہونے والی بیٹیاں اُمت پر تا قیامت حرام قرار دی جانے والی ہیں (الاحزاب۔ 55-33/53) اور جنکے خلاف رسوؐل کوئی فیصلہ کرہی نہیں سکتا۔ یہ دوسری بات ہے کہ ابھی اُن آیات (النجم 53/3-4) کے تلاوت کرنے کا وقت نہیں آیا ہے۔ رسولؐ اللہ کو علم ہے کہ شراب قطعاً نجس اور حرام ہے، مشرک سے نکاح حرام ہے۔ اسی لئے نہ وہ شراب پیتے ہیں، نہ اُن کا خانوادہ پیتا ہے، نہ وہ مشرک و مشرکہ سے نکاح کرتے ہیں۔ نہ کبھی کسی مشرک کے نکاح میں شریک ہوئے۔ لہٰذا یہ دوسری بات ہے کہ انہوں نے ابھی متعلقہ آیات کی تلاوت نہیں کی ہے۔ یہ بھی یاد رہے کہ بعض لوگوں نے اپنے شرابی بزرگوں کو ہم پلّہ بنانے کیلئے رسولوںؑ پر شراب پینے کی تہمت والی روایتوں کو جاری کیا۔ بعض نے اپنے مشرک راہنماؤں کو رسولؐ کے برابر لانے کیلئے اپنی بیٹیوں کی شادی مشرکوں سے کرنا لکھا اور مانا۔ لیکن یاد رکھو کہ رسولؐ اور خانوادہ رسولؐ نے اعلان نبوت سے پہلے یا بعد ہرگز کوئی ایسا حرام فعل نہیں کیا جو قرآن میں حرام تھا۔ اسلئے کہ اُن کو قرآن کا علم روز ازل سے تھا۔ لہٰذا اب ہم شبلی صاحب کی تواضع کے لئے چند روایات دکھاتے ہیں تا کہ یہ بات چوڑے میدان ثابت ہو جائے۔

(iii)۔ آنحضرتؐ نے درخواست کو نفرت سے ٹھکرادیا

جناب علامہ علی متقی اعلی اللہ مقامہٗ لکھتے ہیں کہ:۔ جاء ابو بکر الی النبیؐ فقعد بین یدیه ۔فقال یا رسولؐ اللّٰہ قد علمت مِنّا صحتی وقد می فی الاسلام وَاِنّی واِنّی ۔قال وَمَا ذا ؟قال تزوجنی فاطمةؑ فسکت عنه اوقال اَعْرَضَ عنه ۔ فرجع ابو بکر الی عمر فقال هلکت واهلکت ۔قال وما ذاک قال خطبت فاطمةؑ الی النبیؐ فَاَعْرَض عَنِی ۔قال مکانک حتّٰی اتی النبیؐ فاطلب مثل الذی طلبت ۔فاتی عمر النبیؐ فقعد بین یدیه فقال یا رسوؐل اللّٰہ علمتَ منا صحتی وقد می فی الاسلام وانی وانی قال وما ذاک ؟قال تزوجنی فاطمه ۔فاعرض عنه فرجع عمر الی ابی بکر ۔(کنز العمال۔ جلد 7 صفحہ 113)

''جناب ابوبکر رسولؐ اللہ کے پاس آئے اور مدمقابل کی طرح منہ کے بالکل سامنے بیٹھ گئے اور کہا کہ یارسولؐ اللہ آپ میری خیر خواہی اور اسلام کی حالت سے واقف ہیں۔ اور میں ایسا اور ایسا اور ویسا ہوں۔ رسولؐ نے بات کاٹ کر کہا پھر کیا؟ ابوبکر نے کہا فاطمہؑ کو میری زوجیت میں دے دیں۔ اسکے جواب میں خاموشی اختیار کر لی یا اُنکی طرف سے منہ پھرا لیا۔ رسولؐ کے اس سلوک پر ابوبکر اٹھ کر عمر کے پاس واپس چلے آئے اور کہا کہ میں ہلاک ہو گیا۔ مجھے مار دیا گیا۔ عمر نے دریافت کیا کہ کیا ہوا کچھ بتاؤ۔ کہنے لگے کہ میں نے رسولؐ سے فاطمہؑ کو زوجیت میں طلب کیا تھا انہوں نے جواب دینے کے بجائے منہ پھرا لیا۔ یہ سن کر عمر اُٹھ کھڑے ہوئے اور کہا کہ ذرا تم یہاں ٹھہرو میں ابھی رسولؐ کے پاس جاتا ہوں اور وہی کچھ طلب کرتا ہوں جو تم نے طلب کیا تھا۔ چنانچہ فٹافٹ حضرت عمر نبیؐ کے پاس پہنچے خم ٹھونک کر بالکل سامنے بیٹھے اور کہا کہ اے رسولؐ اللہ آپ میری خیر خواہی اور اسلام کی حالت سے آگاہ ہیں۔ اور میں یوں ہوں اور یوں۔ بات کاٹ کر رسولؐ اللہ نے دریافت کیا کہ پھر کیا ہو گیا؟ عمر نے کہا کہ فاطمہؑ کو میری زوجیت میں دے دیں۔ یہ سُنا اور رسولؐ اللہ نے عمر کی طرف سے بھی منہ پھرا لیا۔ چنانچہ عمر بھی اٹھ کر ابوبکر کے پاس واپس آ گئے۔'' (انا لِلّٰہ و انا الیه رٰجعون)

(iv)۔ قارئین کے غور کرنے کی باتیں

علامہ شبلی کو تو گوارہ نہ تھا مگر اللہ کے معاملات میں شبلیوں کی کہاں چلتی ہے۔قارئین سوچیں کہ بڑے بڑے صحابہ موجود ہیں۔وہ حضرات موجود ہیں جنہوں نے مکہ کی زندگی میں اسلام اور رسولؐ کے لئے قربانیاں دی ہیں۔ابوبکروعمر سے پہلے ہجرت کرنے والے موجود ہیں۔خوش رُو، نیک نہاد، عبادت گزار، موزوں عمر کے نوجوان و جوان بھی موجود ہیں۔کسی کے دل میں جنسی تعلق کا ہیجان نہیں ہے۔کسی طرف سے ایسی حرکت نہیں کی جارہی ہے۔یہ کیا وجہ ہے کہ یہی دو بڈھے آدمی ایک دوسرے کی پشت پناہی میں ایک ایسی بات کے پیچھے پڑے ہیں جو نہ اس عمر میں موزوں ہے اور نہ رسولؐ کی اطاعت وعظمت کے شایان شان ہے؟ پھر بیٹیاں دینے میں بھی خلاف فطرت۔چھ سال کی عمر میں یہی دونوں آگے۔اور بیٹی لینے کی فکر میں بھی اُنہی دونوں میں گٹھ جوڑ اور اتفاق؟ اور ایک دوسرے کو خلافت کے لئے موزوں (Recommend) کرنے میں بھی وہی آگے۔یزید کے باپ معاویہ کو استقلال اور حکومت دلانے میں بھی وہی دونوں آگے آگے۔ابوسفیان کے بیٹے یزید کو ملک کا فیلڈ مارشل بنانے اور ایک سال تک عرب میں بغاوت کو کچلنے اور قتل عام کرنے کا مختار قرار دینے میں وہی حضرات راہبر۔یہ ہی وہ پلان ہے جس کا بھیانک نتیجہ کربلا ہے۔اور جس کا مظلوم ترین نشانہ مرکز انسانیت یعنی حسین علیہ السلام ہیں۔اور جس کا مقصد طاغوتی حکومت کا قیام اور خلافت الٰہیّہ کا انہدام ہے۔اور اسی واقعہ کی تفصیلات ہم لکھنا چاہتے ہیں۔

(v)۔ خدا کے انتظام کو کہاں تک جھٹلاتے رہو گے؟

علامہ شبلی کا سائز تو اس قدر چھوٹا ہے کہ اللہ کے انتظام کے مقابلہ میں ایک مچھر بھی اُن سے کئی کروڑ گنا بڑا ہے۔اگر ساری دنیا کے اہل قلم اور اہل خلاف جمع ہو جائیں تب بھی اللہ کے نظام کے روبرو وہ سب ملکر اُس مری ہوئی مکھی سے بھی کم ہیں جسے چیونٹیاں گھسیٹے لئے جارہی ہوں۔علامہ سے دس گنا بڑے عالم، حافظ ابن حجر سے کئی گنا بڑے محدث ومؤرخ، ابن اثیر سے سنئے اور دیکھئے شبلیت کہاں ہے؟

> **خطب ابوبکر یعنی فاطمة الی رسولؐ اللّٰہ۔فابی رسولؐ اللّٰہ۔فقال عمر اَنْتَ لَهَا یا علیؑ۔**(اسدالغابہ)
>
> ''جب حضرت ابوبکر نے رسولؐ اللہ سے حضرت فاطمہؑ کے نکاح کی درخواست کی تو رسولؐ اللہ نے نفرت وحقارت سے سر بلند کرلیا۔اس پر عمر نے حضرت علی علیہ السلام سے کہا کہ اے علیؑ فاطمہؑ تو تمہارے ہی لئے طے شدہ ہے۔''

اُنہیں یہاں حق کا بیان مقصود نہیں ہے۔بلکہ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ وحی اور حکم خدا تو ایک آڑ ہے جو جب ضروری ہوتی ہے اختیار کرلی جاتی ہے۔لیکن ہم بلا وحی والہام کے حالات کے مطابق اور وقوع سے یہ پہلے ہی جانتے ہیں کہ رسولؐ اللہ سب کچھ تمہارے ہی لئے کرتے چلے آرہے ہیں مگر ہم بھی غافل نہیں ہیں۔ہماری اسکیم بھی بڑی تاریخ ساز ہے۔

(vi)۔ منکروں کو احادیث کا انبار واشتہار دکھاتے رہو

اس جدید زمانے کے محققین وہ حقائق بھی چھپا لینا چاہتے ہیں جو پہلے ہی قحطانی وقریشی چھلنی میں چھان کر اور اپنی پالیسی کے مطابق بنا کر ذم کے پہلو نکال کر لکھے گئے تھے۔ہمارے زمانہ کے علما چاہتے ہیں کہ کسی طرح وہ لنگڑے لولے بیانات بھی موجود نہ ہوتے تو

اُن کی گاڑی بلا رکاوٹ چلتی۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم عوام کو اُن روایات پر اطلاع دیں اور اپیل کریں کہ نہ سہی پوری بات آدھی تو مانیں۔ نہ سہی ہماری کتابوں سے اپنی کتابیں تو قبول کریں۔ نہ سہی توہین آمیز بیان، وہ بیانات تو سنیں جن کو بگاڑ کر رسولؐ اللہ کے نام سے آپ کے عظیم علما نے لکھا ہے۔ سنئے مانئے یا نہ مانئے۔ علامہ ملا علی قاری نہایت سنوار کر قابل پسند طریقے پر بیان کرتے ہیں کہ:۔

عن انس بن مالک قال خطب ابوبکر الی النبیؐ ابنته فاطمة فقال یا ابی بکر لم ینزل القضاء ثم خطبها عمر مع عدّة من القریش کلّهم یقول له مثل قوله لابی بکر فقیل لعلیؑ لوخطبت الی النبیؐ فاطمةَ عسی ان یزوجکهَا۔قال و کیف و خطبها اشراف قریش فلم یزوجها؟فخطبها فقال صلی اللّٰه علیه و آلهٖ و سلم قد أمرنی ربّی بذلک ۔فقال انس ثم دعا نی النبیؐ بعد ایام۔فقال لی یا انس اخرج وادع لی ابا بکر و عمر بن الخطاب وعثمان بن عفان و عبدالرحمن بن عوف و سعد بن ابی وقاص و طلحه والزبیر وعدة من الانصار ۔قال فدعوتهم۔ فلما اجتمعوا عنده واخذوا مجلسهم وکان علی غائبا فی حاجة النبیؐ۔فقال النبیؐ الحمدللّٰه المحمود بنعمته المعبود و بقدرته المطاع بسلطانه المرهوب من عذابه و سطوته النافذ امره فی السمائه وارضه الذی خلق الخلق بقدرته ومیزهم باحکامة واعزهم بدینه واکرمهم نبیهٗ محمدؐ اِنّ اللّٰه تبارک و تعالٰی اسمه و عظمته جعل المصاهرة سببًا لاحقًا و امرًا مفترضًا اوشج به الارحام والزمه للانام ۔فقال عزّ من قائل وهوالذی خلق من الماء بشرًا فجعله نسبًا وصهرًا وکان ربک قدیرا ۔فامراللّٰه تعالٰی یجری الٰی قضائه و قضائه یجری الٰی قدره ۔ولکل قضاءٍ قدر ۔ولکلّ قدر اجلٍ ۔ولکل اجل کتاب یمحوا اللّٰه ما یشاء و یثبت ما یشاء وعنده ام الکتاب ۔ثم ان اللّٰه تعالٰی امر نی ان ازوج فاطمه بنت خدیجه من علی ابن ابیطالب ۔فاشهدوا انی قد زوجتة علٰی اربعمائة مثقال فِضَّةٍ ان رضی بذلکَ علیؑ ابن ابی طالبؑ۔ثم دعا بطبق من بسر فوضه بین ایدینا ۔ثم قال انهبوا فنهبنا فبینا نحن ننهب اذ دخل علیؑ عَلیَ النبیؐ ۔فتبسم النبیؐ فی وجه ثم قال ان اللّٰه امرنی ان ازوجک فاطمه علٰی اربعمائه مثقال فِضّةٍ اِنْ رضیت بذلک ۔ فقال قد رَضِیْتُ بذلک یا رسوؐل اللّٰه ۔ قال انسؓ فقال النبیؐ جمع اللّٰه شملکما واسعد جد کما وبارک علیکما واخرج منکما کثیرًا طیبًا۔ قال انسؓ فواللّٰه لقد اخرج منهما کثیرًا طیبًا۔

(مرقاۃ شرح مشکوٰۃ مطبوعہ مصر جلد 5 صفحہ 575)

''انس بن مالک بیان کرتے تھے کہ ابوبکر نے رسولؐ اللہ سے درخواست کی کہ جناب فاطمہؑ کا نکاح مجھ سے کر دیجئے۔ تو حضرتؐ نے فرمایا کہ اے ابوبکر خدا نے ایسا نازل نہیں کیا ہے۔ پھر حضرت عمر نے بہت سے قریش اور اپنی طرف سے یہی درخواست کی۔ حضوؐر نے وہی جواب دیا جو ابوبکر کو دیا تھا۔ اس پر علیؑ سے کہا گیا کہ اگر تم درخواست کرو تو قریب ہے کہ تم سے فاطمہؑ کا نکاح منظور کر لیں۔ علیؑ نے کہا یہ کیسے؟ جبکہ تمام اشراف قریش کی درخواست رد کر دی گئی؟ حضرت علیؑ نے دریافت فرمایا تو رسولؐ اللہ نے ارشاد فرمایا کہ خدا نے مجھے اُسی کا تو حکم دے رکھا ہے۔ انس کہتے ہیں پھر چند روز کے بعد رسولؐ اللہ نے مجھے حکم دیا کہ جاؤ اور ابوبکر، عمر بن خطاب، عثمان، عبدالرحمٰن بن عوف، سعد بن ابی وقاص، طلحہ، زبیر اور انصار کو بلا لاؤ۔ انس گئے اور سب کو بلا لائے۔ جب یہ لوگ اکٹھے ہو گئے اور اپنی نشستوں پر بیٹھ گئے، اسوقت حضرت علی علیہ السلام رسولؐ اللہ کے کسی کام سے گئے ہوئے تھے۔ آپؑ کی غیبت ہی میں رسولؐ اللہ نے ایک خطبہ پڑھا۔ جس میں نکاح کی ذیل میں ارشاد فرمایا کہ میں اللہ کی حمد وثنا بجا لاتا ہوں جو اپنی نعمتوں کی وجہ سے محمود قابل تعریف ہے۔ اور قدرتوں کی وجہ سے قابل عبادت ہے۔ اپنی سلطانی کی بنا پر قابل اطاعت ہے۔ اُس کا عذاب اور غلبہ ایسا ہے کہ محتاط زندگی بسر کرانے والا

ہے۔اُس کی زمین اور آسمانوں میں ہر جگہ اُسی کا حکم چل رہا ہے۔وہ ایسی ہستی ہے جس نے مخلوق کو محض اپنی قدرت سے پیدا کیا ہے۔اور اُن کو اپنے احکام کے لئے تمیز عطا کی ہے۔اور اُن کو اپنے دین سے عزت دی ہے اور انہیں محمدؐ ایسا نبیؐ دے کر مفید و بزرگ بنایا ہے۔یقیناً اللہ کا نام اور اس کی عظمت بلند و بابرکت ہے۔جنسی تعلق کو، سسرالی رشتہ کو اس نے ایک لازمی فریضہ اور سبب و ذریعہ بنا کر نطفوں کو بچہ دانیوں میں پہنچانے کا نظام تمام جاندار مخلوق میں قائم کیا اور تخلیقی تسلسل کو لازم قرار دیا۔اور اُس معزز ترین ہستی نے فرمادیا ہے کہ وہی تو اللہ ہے جس نے بشر کو پانی سے بنایا ہے۔چنانچہ بشر کے لئے نسب اور سسرال کو متعین کر دیا ہے۔اور تیرا رب اس تمام کاروبارِ تخلیق پر قادر رہا ہے۔لہٰذا اللہ تعالیٰ کا امر یا حکم اُس کے مقرر کردہ فیصلے یا نتیجے کی طرف بڑھتا ہے۔اور اللہ کی قضا یا نتیجہ اُس کے مقرر کردہ قدرت کے اندر محدود رہتا ہے۔اور ہر نتیجہ یا قضا کے لئے ایک مقررہ قدر یا قانون ہے۔اور ہر مقرر قانون و قدر کے لئے ایک مدت مقرر ہے۔اور ہر مدت مقررہ کے لئے ایک (نتیجہ یا قضا) کتاب ہے۔اللہ کتاب میں جو چاہتا ہے لکھتا اور مٹاتا رہتا ہے۔اور اللہ کے پاس کتاب کی ماں یا بنیاد ہے۔اس خطبے کے بعد فرمایا کہ اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں اپنی بیٹی فاطمہؑ بنت خدیجہؑ کو علیؑ ابن ابی طالبؑ کی زوجیت میں دے دوں۔پس تم سب لوگ گواہ رہو کہ میں نے چار سو (400) مثقال چاندی (ایک مثقال برابر ساڑھے چار ماشہ) کا مہر مقرر کر کے فاطمہؑ کا نکاح علیؑ سے کر دیا ہے۔بشرطیکہ وہ بھی راضی ہو جائے۔پھر حضورؐ نے کھجوروں کا طباق منگوایا اور ہمارے درمیان رکھ کر فرمایا کہ کھاؤ۔ہم سب نے کھانا شروع کیا ہی تھا کہ حضرت علی علیہ السلام بھی آ گئے۔رسولؐ اللہ نے انہیں دیکھا تو مسکرائے۔اور فرمایا کہ اے علیؑ خدا نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہاری رضامندی سے چار سو مثقال چاندی کے مہر پر تم سے فاطمہؑ بنت خدیجہؑ کا نکاح کر دوں۔کیا تم اس پر راضی ہو؟ آپؑ نے فرمایا میں راضی ہوں۔اس پر رسولؐ اللہ نے دعا کی کہ اللہ تم دونوں کے درمیان میل جول قائم رکھے۔تم دونوںؑ پر اپنی برکتیں نازل کرتا رہے۔اور تم دونوںؑ سے اللہ طیبؑ وطاہرؑ اور کثیر نسلؑ جاری کرے۔انس کہتے ہیں کہ قسم بخدا یقیناً اُن دونوں سے بہت پاکیزہ اور کثیر نسل جاری ہوئی۔'' (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ مطبوعہ مصر جلد 5 صفحہ 575)

(vii)۔ منکروں کی آواز روزانہ دبتی اور بے اثر ہوتی جارہی ہے

مشکوٰۃ وہ کتاب ہے جس کے ساتھ محدثین لفظ شریف ضرور لگا کر بولتے ہیں جس طرح بخاری کو صحیح بخاری کہتے ہیں۔اسی طرح مشکوٰۃ کو مشکوٰۃ شریف کہتے اور لکھتے ہیں۔یہ شبلی کے سر سے اونچا پانی ہے یہاں اُن کے پیر نہ ٹکتے تھے۔اس طویل روایت میں بنیادی باتیں تو وہی ہیں۔جو خاص پہلو نوٹ کرنے کے ہیں وہ رسولؐ اللہ کا منہ پھرالینا غائب ہے۔مگر اعراض کی جگہ لفظ ''اَبیٰ'' لایا گیا ہے۔ابلیس نے آدمؑ کو سجدہ کی جگہ '' اَبیٰ وَ اسۡتَکۡبَرَ '' سے جواب دیا تھا۔یعنی اَبیٰ بزرگی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔مطلب ہم نے لکھ دیا ہے۔اَبیٰ منہ پھرانا نہیں ہوتا، منہ چڑانا اور حقارت اور نفرت سے آنکھ ملانا ہوتا ہے۔لہٰذا یہ ثابت ہوا کہ رشتہ کے لئے وہ تمام لوگ بہت گھٹیا درجے کے لوگ تھے۔جن سے اَبیٰ کیا گیا ہے۔منہ پھرانا تو برابر والے درجے کے لوگوں پر بھی بولا جاتا ہے۔لیکن اَبیٰ کا حق جب ہی پیدا ہوتا ہے جب مدِمقابل بہت گھٹیا اور کمینہ ہو۔ورنہ شرعاً اَبیٰ کرنا گناہ کبیرہ ہے۔مدِمقابل میں خبثِ نفس اور قلبی بغض وحسد نہ ہو تو ہرگز اَبیٰ کی اجازت نہیں ہے۔اس روایت میں حضرت عمر کا معہ دیگر قریش کے رشتہ مانگنے کا ذکر ہے۔یعنی ان دونوں نے پورے قبیلہ قریش کو

غصہ دلانے اور اپنی سوشل اسکیم میں تعاون کرنے کے لئے رسولؐ کا یہ طرزِ عمل اور جواب نوٹ کرایا تھا کہ دیکھو ہم سے اُسے کس قدر نفرت ہے۔اور وہؐ ذات پات (Cast & Creed) اور طبقہ واریت کا کتنا حامی ہے؟ یہ پھر ثابت ہوا کہ جناب علی علیہ السلام کے ساتھ رسولؐ اللہ کا سلوک کتنا مخصوص اور جانا بوجھا تھا، کہ تمام قریش کو پہلے سے یقین تھا کہ آنحضرؐت حضرت علیؑ ہی کو داماد اور جانشین بنانے پر تلے ہوئے ہیں اور یہ کہ قریش رسولؐ کے تمام اقوال واعمال کو وحی کے مطابق یا وحی نہ سمجھتے تھے۔

قارئین اُن تمام ناموں کو نوٹ کرلیں جنہیں اس روایت میں نام بنام بلایا گیا ہے۔فی الحال مکّی مسلمانوں میں یہی لوگ ہیں جو مخصوص گروپ کی صورت میں باقی مکی مسلمانوں کے لیڈر ہیں۔اور مدینہ میں مکی وقریشی طرزِ فکر کی اشاعت میں سب سے آگے ہیں۔ آئندہ ہر موڑ پر اُن میں سے کسی نہ کسی کو علیؑ کی راہ میں رکاوٹ بنتے دیکھا جائے گا۔اور اُن کے بھی راہنما اور لیڈر جناب ابوبکر وعمر رہتے چلے جائیں گے۔جتنے بیانات قرآن میں مدّ مقابل لوگوں کے لئے آنے والے ہیں، اُن میں یہی گروہ یا اسی گروہ کے افراد کا ذکر ہوگا۔ چونکہ مدینہ میں مکی مسلمان صورت سے الگ پہچانے جاتے تھے اس لئے اُن کے نام کی اہل مدینہ کو ضرورت نہ ہوتی تھی۔ذکر کے انداز اور اعمال کی تفصیل سے سب الگ الگ پہچان لئے جاتے تھے۔اس لئے کہ اس گروہ کا مرکزی اختلاف سب کو معلوم تھا۔اور یہ حضرات عقائد کے مسائل کو چھپاتے بھی نہ تھے بلکہ اُن کی تبلیغ کرتے تھے۔اور رسولؐ کے علاوہ ہر کسی کو اپنے عقائد کی صحت پر چیلنج کرتے اور مباحثہ جاری رکھتے۔مگر رسولؐ سے محض اُن کے سب سے بڑے لیڈر افہام وتفہیم کے بہانے بحثیں کرتے ہوئے قرآن میں دکھائے جائیں گے۔یہ تمام ماہرین مذہبیات واسرائیلیات وسیاسیات ہیں یا بعض زیر تعلیم حضرات ہیں۔اُن کا مرکز فی الحال مکہ ہے۔مدینہ میں ثانوی مرکز یا ماتحت مرکز کے قیام کی گفتگو ابھی جاری ہے۔یہاں پھر سوچیں کہ خطبہ میں فاطمہؑ بنت خدیجہؑ فرمایا گیا ہے۔اگر خدیجہؑ سے پیدا ہونے والی اپنی کسی اور بیٹی کا رسولؐ اللہ نے (معاذ اللہ) کسی کافر، مشرک یا مسلمان سے نکاح کیا ہوتا تو آج قریش کا یہ سارا مجمع آڑے ہاتھوں لے لیتا کہ جناب فاطمہؑ میں کون سے لعل لگے ہوئے ہیں۔وہ بھی تو خدیجہؑ اور آپ دونوں کی بیٹی ہے۔آپ کس بنا پر قریشی شرفا سے انکار کرسکتے ہیں؟ لیکن کسی فرد بشر کا اس وقت یہ اعتراض نہ کرنا سوائے اس کے اور کس بات کی دلیل ہے کہ نہ آپؐ کی خدیجہؑ سے کوئی اور بیٹی تھی اور نہ ہی آپؐ نے کسی غیر خاندان کے فرد سے اپنی بیٹی کا نکاح کیا تھا۔چنانچہ قحطانی تاریخ کا بعد میں اختیار کیا ہوا ڈرامہ محض ایک ناول ہے اور کچھ نہیں۔اور آخری بات یہ نوٹ کرلیں کہ حضرات ابوبکر وعمر نے منگنی کی درخواست کرتے ہوئے اپنا استحقاق یہ کہہ کر جتایا تھا کہ ''آپ ہماری خیر خواہی اور اسلامی حالت سے واقف ہیں۔''

اس کے بعد ان حضرات کے ساتھ رسولؐ اللہ کی طرف سے جو سلوک کیا گیا، اس سے کس قسم کی فضیلت ثابت ہوتی ہے؟ ہم تو یہ دیکھتے ہیں کہ اُس سلوک سے اِن کی اسلامی خیر خواہی یا اسلامی پوزیشن کی کھلی نفی ہوتی ہے۔ورنہ کم از کم یہ جواب دینا رسولؐ اللہ پر لازم تھا کہ فاطمہؑ کا نکاح اللہ کے حکم سے علیؑ کے ساتھ کیا جارہا ہے۔اس سے تمہارے اسلام اور خیر خواہی پر کوئی ضرب نہیں پڑتی۔تم بڑے اچھے لوگ ہو، اسلام کے ہمدرد ہو، میرے دوست ہو، مصیبت میں میرے کام آتے رہے ہو۔لیکن آپؐ نے یہ جواب نہ دیکر اور مذکورہ بالا سلوک کرکے ہمارے لئے یہ دلیل فراہم کردی کہ یہ لوگ اسلام سے بھی کوئی حقیقی دلچسپی نہ رکھتے تھے۔اور اِن کے متعلق بھی جو کچھ افسانے

شاہی تاریخ میں ملتے ہیں وہ بھی ناول سے کچھ کم نہیں ہیں۔

(viii)۔ انوارِ خداوندی کا سنگم اور نسلِ رسولؐ کی ابتدا کی اصل حقیقت

قارئین نوٹ کریں کہ کسی اور پر ہو یا نہ ہو لیکن حضرت علیؑ پر یہ بہت بڑا اتہام ہے کہ آپؑ نے ازخود یا کسی زید و بکر و عمر کے کہنے سے آنحضرؐت کی خدمت میں حضرت فاطمہؑ زہراء علیہا السلام سے نکاح کی درخواست کی تھی جو قبول کر لی گئی تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ حضرت علی علیہ الصلوٰۃ والسلام وہ ذات پاک ہیں جو رسولؐ اللہ کے پورے مشن، انکی ہستی اور عظمت و بزرگی پر احاطہ رکھتے ہیں۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ اُن کو نور محمدیؐ کا ایک ہمسر جز و ہوتے ہوئے، مکمل قرآن کا علم رکھتے ہوئے اور تخلیق نور سے لے کر قیامت تک کے وحی والہام پر مطلع ہوتے ہوئے، اتنی سی بات معلوم نہ ہو کہ ان کی پہلی زوجہؑ کون ہوگی؟ فاطمہؑ کا نکاح کس سے ہوگا اور سنو! خواہ ناک چڑھا کر سنو یا خندہ پیشانی کے ساتھ ایمان کے کانوں سے سنو کہ علیؑ کو تو یہ بھی معلوم ہے کہ ابوبکر کی نسل کا آخری آدمی کون اور کب پیدا ہوگا اور آدمؑ سے لے کر قیامت تک جنت اور جہنم میں کون کون جائیں گے؟ جس شخص نے ساری عمر یہ دعویٰ کیا ہو کہ میں یہ بتا سکتا ہوں کہ تم اپنے گھروں میں کیا چیز کہاں رکھ کر آئے ہو؟ تمہارا دم کہاں ٹوٹے گا؟ تم کس حال میں اور کہاں مرو گے؟ اور سنو! یہ باقی کتابوں کے علاوہ خود قرآن کریم سے ثابت ہے کہ کچھ مرد معرفت کے اُس مقام پر فائز ہیں کہ وہ تمام جنتیوں اور جہنمیوں کو پہچانتے ہیں اور پہچانیں گے (اعراف 7/48)۔ لہٰذا آپ ہرگز یہ درخواست نہ کر سکتے تھے۔ آپؑ کو علم تھا کہ اللہ نے یہ فیصلہ کیا ہے۔ اس نتیجہ تک لانے کے لئے حضرت آدمؑ سے لے کر حضرت خاتم صلوٰۃ اللہ علیہم السلام تک ذریت طاہرہؑ کا سلسلہ اور انتظام چلتا آیا ہے۔ علیؑ اور فاطمہؑ تو وہ نتیجہ تھے جسے برآمد کرنے کے لئے پوری کائنات کروڑوں سال سرگرداں رکھی گئی تھی۔ یوں بھی شرفا میں پاسِ ادب، شرم و حیا بڑی مشہور چیزیں ہیں۔ شرفا جان دے دیتے ہیں شرم و حیا برقرار رکھتے ہیں۔ پھر جس نے خود پالا، پرورش کیا، تربیت کی، علوم خداوندی کو ابھارا چمکایا ہو، اُس کو خود ہی خیال ہوتا ہے درخواست کرنا اُس کے احساسات کی توہین ہے۔

(ix)۔ آنحضرؐت نے اللہ کے حکم کی تعمیل میں علیؑ و فاطمہؑ کی تزویج کی تھی

اب ایک ایسی روایت سنئے۔ وہی جناب انس بن مالک فرماتے ہیں کہ:۔

عن انس بن مالکؓ قال کنتُ عند النبیؐ فغشیه الوحی فلمّا افاق قال تدری ما جا ء به جبرئیل قلت اللّٰه و رسوله اعلم۔ قال امرنی اَن اتزوج فاطمةً من علیؑ۔ فانطلق وادع لی ابا بکر و عمر و عثمان وعَلیّاً و طلحة و الزبیر وبعدّة من الانصار فلما اقبل علیؑ قال له یا علیؑ اِنَّ اللّٰه امرنی اَن ازوجک فاطمةً وقد زوجتکها علی اربعه مائة مثقال فضة أَرَضِیتَ؟ قال رضیتُ یا رسو لؐ اللّٰه قال ثم قام علیؑ فخر ساجدًا شکرًا۔ قال النبیؐ جعل اللّٰه منکما کثیر الطیب و بارک اللّٰه فیکما قال انس فواللّٰه...

(ریاض النضرۃ جلد 2 صفحہ 184)

"میں آنحضرؐت کے حضور میں موجود تھا کہ آپؐ پر آثار وحی نمودار ہوئے۔ وحی سے فراغت کے بعد خوش ہو کر فرمایا کہ سمجھے بھی خدا نے کیا نازل فرمایا اور جبرئیل کیا خوشخبری لے کر آئے۔ میں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کے رسولؐ ہی بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا کہ مجھے

حکم دیا گیا ہے کہ فاطمہؑ کو علیؑ کی زوجیت میں دے دوں۔ لہٰذا جا کر ابوبکر وعمر وعثمان وعلیؑ وطلحہ وزبیر اور انصار میں سے کچھ لوگوں کو بلالاؤ۔ جب علیؑ آئے تو فرمایا کہ اے علیؑ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں فاطمہؑ کو تمہاری زوجیت میں دیدوں۔ چنانچہ میں نے چار سو مثقال چاندی (ایک مثقال = ساڑے چار ماشہ) (ایک سیر چودہ چھٹانک) پر فاطمہؑ کا نکاح تم سے کر دیا ہے۔ کیا تم خوش ہو؟ عرض کیا میں خوش ہوں یا رسولؐ اللہ۔ انس نے کہا پھر علیؑ اُٹھے اور سجدہ شکر ادا کیا۔ آنحضرتؐ نے دعا دی کہ خدا تمہیں برکتیں دے اور تم سے بہت پاکیزہ نسل عطا کرے۔ انس نے کہا کہ خدا کی قسم واقعی اللہ نے کثیر پاکیزہ نسل عطا کی۔'' (ریاض النضرۃ جلد 2 صفحہ 184)

(x)۔ جناب علیؑ وفاطمہؑ کی تزویج روزِ ازل سے خدا نے مخصوص کر دی تھی

علما نے اس حقیقت کو برابر تسلیم کیا ہے کہ اللہ نے جناب علیؑ مرتضیٰ کو تمام عالمین کی سیدہؑ کی شوہریت کے لئے مخصوص کر رکھا تھا اور وحی سے وہ اطلاع دی جا چکی تھی۔ اور یہ بھی کہ خداوندِ عالم نے اپنے نبیؐ کی ذریت کو حضرت علیؑ کے صلب میں ودیعت کر رکھا تھا۔''

اختصه بتزويج سيدة النساء العالمين واخبر انّ ذلک يوحى من الله تعالىٰ وان الله جعل ذرية نبيه فى صلبه ۔(الرياض المستطابه)

جناب علامہ عبدالحق محدث دہلوی نے لکھا ہے کہ: فرمود یا انس آمد مرا جبرئیلؑ از نزد پروردگار عرش وگفت بدرستی خدائے تعالیٰ امرے کند ترا کہ تزویج کنی فاطمہؑ را با علیؑ (مدارج النبوۃ جلد 2 صفحہ 95)۔ ''رسولؐ اللہ نے انس سے فرمایا کہ خداوند عرش کے پاس سے جبرئیل آئے اور مجھ سے کہا کہ خداوند عالم نے آپ کو حکم دیا ہے کہ فاطمہؑ کو علیؑ کی زوجیت میں دے دو۔''

قارئین تلاش کریں کہ جناب علامہ شبلی کا جذبہ انحراف کدھر گیا؟ اختصار ملحوظ ہے ورنہ علما نے تو حقائق کے انبار لگا رکھے ہیں۔

24۔ مکّی یا قریشی مسلمانوں کی پوزیشن اور کارنامے

جب رسولؐ اور خانوادۂ رسولؐ مدینہ میں باقاعدہ آباد ہو چکے، یہ خاندان مقامِ محمود پر فائز ہو چکا، یہود ونصاریٰ سے تعاون کا معاہدہ ہو گیا اور یہ خبریں مکہ کے قریشی مرکز میں روزانہ پہنچنے سے قریشی قسم کے مسلمان مدینہ میں تیزی سے پہنچنے لگے۔ اور قریش کو یہ یقین ہو گیا کہ اب اُن کی مسلمان جماعت رسولؐ اللہ کے فداکاروں میں داخلی تخریب کے لئے قدم جما چکی ہے تو انہوں نے اپنی جارحانہ کاروائیوں کا آغاز کر دیا۔ مدینہ کے گرد ونواح سے مومنین کے جانور بھیڑ بکریاں اونٹ وغیرہ پر ڈاکے ڈالنا شروع کئے۔ اس کی روک تھام کے لئے آنحضرتؐ نے کئی دفعہ بڑے چھوٹے مسلح گشتی دستے روانہ کئے۔ خود بھی کئی بار سفر اختیار کیا۔ چونکہ مدینہ کی ہر نقل وحرکت اور آنحضرتؐ کا ہر ہر فیصلہ قریشی جاسوس مکہ پہنچانے میں سرگرم رہتے تھے۔ اس لئے خاطر خواہ کامیابی نہ ہو سکی۔ چونکہ قریشی جاسوسوں کا جال مسلمان لباس میں رسولؐ کے گھر سے لے کر باہر تک ہر جگہ پھیلا ہوا تھا۔ اس لئے کسی بات کا پوشیدہ رہنا بہت مشکل تھا۔ اس لئے بھی کہ پرانے مکی مسلمان ہر بات کی تفصیل پہلے معلوم کرتے تھے، سوالات کا انبار لگا دیتے تھے اور عمل سے پہلے ہی قاصد مکہ کو روانہ ہو چکتے تھے۔ اور مکہ والوں نے بھی باقاعدہ خبریں وصول کرنے کے لئے جگہ جگہ اپنی کمین گاہیں اور اسٹیشن بنا لئے تھے۔ جہاں سے لوٹ مار کے لئے مسلح

دستے روانہ کرنے کا انتظام تھا۔مناسب مقام پر یہ انتظام قرآن کریم سے پیش کیا جائے گا۔یہاں تو اس قدر سمجھ لیں کہ مدینہ میں آ کر بھی رسولؐ اللہ اور حقیقی مسلمان چین سے نہیں رہنے دیئے گئے اور اُن کی بے چینی اور تکلیف کا باعث خود قریشی مسلمان ہیں۔جن کی تعداد روزانہ بڑھ رہی ہے۔اور چند ہی روز میں قریشی مسلمانوں کی شہہ پر سلسلہ جدال وقتال شروع ہونے والا ہے۔تاکہ مسلمانوں میں عسکری قوت پیدا ہونے سے پہلے ہی انہیں ختم یا کمزور کر دیا جائے۔اس سلسلے میں رسوؐل کو بہت سی جنگیں پیش آنے والی ہیں۔طرح طرح کے خطرات سے مسلمانوں کو دوچار ہونا ہے۔حقیقی مومنین اور خانوادہ رسولؐ سر ہتھیلی پر رکھ کر دن رات قربانیاں دینے والے ہیں۔لیکن ہم اُن تمام واقعات وتفصیلات سے دامن بچا کر گزریں گے جن کا براہ راست حسینؑ اور کربلا سے تعلق نہ ہوگا۔البتہ اُن واقعات اور اُن افراد کا ذکر ضرور کرتے چلیں گے جو کسی نہ کسی طرح کربلا اور اہلؑ کربلا سے تعلق رکھتے ہیں۔یہاں تک بھی ہم نے بہت سے واقعات کو نظرانداز کیا ہے۔چونکہ ہماری منزل حسینؑ اور کربلا ہے۔چنانچہ مدینہ کی سکونت اور جناب علی مرتضٰی علیہ السلام کی شادی کے بعد اب حسنین علیہما السلام مادی وجود کے ساتھ ظاہر ہوں گے۔اُن کا نانا، والد اور والدہ اور دیگر اقربائے خاندان علیھم السلام اُن دونوں شاہزادوں کو اسلام کا جو ریکارڈ سنائیں گے۔جو اُن کے مادی تصور پر اثر انداز ہوگا۔جس سے وہ قریش اور قریش کے مشرک ومسلم گروہوں سے واقفیت حاصل کریں گے۔دراصل ہمیں وہی ریکارڈ تیار کرنا ہے۔جسے پڑھ کر آج کا آدمی یہ فیصلہ کرے کہ حسین علیہ السلام کو قریشی محاذ کے سامنے وہی کچھ کرنا چاہئے تھا جو انہوں نے کیا۔تاکہ آج کا نوجوان بھی قریشی اسلام سے امت کو بچانے کے لئے وہی کچھ کرے جو ہم اور ہمارے رفقائے کار کرتے چلے آرہے ہیں،تاکہ وہ ویسا اتحاد قائم کریں جو کربلا کے اہل ایمان میں تھا،تاکہ وہ اس ظلم وقوت کا مقابلہ کرنے کی تیاری کریں جو کربلا میں قریشی مسلمانوں سے ظہور میں آیا اور آتا رہتا ہے۔

(i)۔ مکی وقریشی مسلمانوں کی حالت پر علامہ مودودی کا تبصرہ

جیسے ہی آنحضرؐت قریشی فوج کشی سے دفاع میں مصروف ہوں گے قحطانی تاریخ اپنا جوڑ توڑ اور موزوں قصے شروع کردے گی۔ اُن کی اُس غپ شپ کو یہیں سامنے رکھ لیں۔جنگ بدر کے وقوع میں آنے سے پہلے کئی ایک فوجی حیثیت کی نقل وحرکت اور طویل سفر و مہمات پیش آنا شاہی تاریخ میں لکھا ہے۔اس میں نہ حضرت ابوبکر کا کہیں نام ملے گا نہ جناب عمر کہیں نظر آئیں گے نہ کسی اور قریشی مسلمان کو ہیرو بنایا جانا ملے گا۔بس غزوۂ بدر سے شاہی تاریخ کی یہ مہم شروع ہوگی۔اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ جناب علامہ مودودی کے سُدھرے اور سنوارے ہوئے بیانات سے قریش کے مسلم ومشرک دونوں گروہوں کی پوزیشن دیکھ لیں تاکہ کل کی آنے والی غپ شپ پر پانی پڑ جائے۔امید ہے کہ علامہ کے اُن الفاظ اور جملوں کو نوٹ کرتے چلیں گے جن میں آپ کو قریشی طرفداری کی بُو محسوس ہو۔علامہ تاریخی پس منظر دکھاتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:۔

(ii)۔ ’’مدینہ کی زندگی سے قبل کا تاریخی پس منظر‘‘ مکہ کی تیرہ سالہ تبلیغ کا نتیجہ

’’جنگ بدر اور اُس سے تعلق رکھنے والے حالات پر ایک تاریخی نگاہ ڈال لینی چاہئے۔نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت ابتدائی دس بارہ سال میں جبکہ آپ مکہ معظّمہ میں مقیم تھے،اِس حیثیت سے اپنی پختگی واستواری ثابت کر چکی تھی کہ ایک طرف اُس کی پشت پر ایک بلند

سیرت، عالی ظرف اور دانشمند علمبردار موجود تھا جو اپنی شخصیت کا پورا سرمایہ اس کام میں لگا چکا تھا اور اس کے طرزِ عمل سے یہ حقیقت پوری طرح نمایاں ہو چکی تھی کہ وہ اس دعوت کو انتہائی کامیابی کی منزل تک پہنچانے کے لئے اٹل ارادہ رکھتا ہے اور اس مقصد کی راہ میں ہر خطرے کو انگیز کرنے اور ہر مشکل کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہے۔ دوسری طرف اس دعوت میں خود ایسی کشش تھی کہ وہ دلوں اور دماغوں میں سرایت کرتی چلی جارہی تھی اور جہالت و جاہلیت اور تعصّبات کے حصار اُس کی راہ روکنے میں ناکام ثابت ہورہے تھے۔ اسی وجہ سے عرب کے پرانے نظام جاہلی کی حمایت کرنے والے عناصر، جو ابتداءً اس کو استخفاف کی نظر سے دیکھتے تھے، مکی دَور کے آخری زمانے میں اُسے ایک سنجیدہ خطرہ سمجھنے لگے تھے اور اپنا پورا زور اُسے کچل دینے میں صرف کر دینا چاہتے تھے۔ لیکن اُس وقت تک چند حیثیات سے اس دعوت میں بہت کچھ کسر باقی تھی۔'' (مسلسل لکھا کہ:۔)

(iii)۔ مکے کے حقیقی مسلمانوں کی پوزیشن تیرہ سال میں بھی ہیچ و پوچ تھی

''اولاً، یہ بات ابھی پوری طرح ثابت نہ ہوئی تھی کہ اُسکو ایسے پیرووں کی ایک کافی تعداد بہم پہنچ گئی ہے جو صرف اُسکے ماننے والے ہی نہیں ہیں، بلکہ اسکے اصولوں کا سچا عشق بھی رکھتے ہیں، اُسکو غالب و نافذ کرنے کی سعی میں اپنی ساری قوتیں اور اپنا تمام سرمایۂ زندگی کھپا دینے کیلئے تیار ہیں، اور اُسکی خاطر اپنی ہر چیز قربان کردینے کیلئے، دنیا بھر سے لڑ جانے کیلئے، حتیٰ کہ اپنے عزیز ترین رشتوں کو بھی کاٹ پھینکنے کو تیار ہیں۔ اگرچہ مکہ میں پیروانِ اسلام نے قریش کے ظلم وستم برداشت کر کے اپنی صداقتِ ایمانی اور اسلام کے ساتھ اپنے تعلق کی مضبوطی کا اچھا خاصا ثبوت دے دیا تھا، مگر ابھی یہ ثابت ہونے کیلئے بہت سی آزمائشیں باقی تھیں کہ دعوت اسلامی کو جانفروشوں کا وہ گروہ میسر آ گیا ہے جو اپنے نصب العین کے مقابلہ میں کسی چیز کو بھی عزیز تر نہیں رکھتا۔'' (علامہ کا بیان مسلسل جاری)

(iv)۔ حقیقی مسلمان مکہ میں نہیں بلکہ ملک بھر میں پھیلے ہوئے تھے

''ثانیاً، اس دعوت کی آواز اگرچہ سارے ملک میں پھیل گئی تھی، لیکن اسکے اثرات منتشر تھے، اُسکی فراہم کردہ قوت سارے ملک میں پراگندہ تھی، اسکو وہ اجتماعی طاقت بہم نہ پہنچتی تھی جو پرانے جمے ہوئے نظام جاہلیت سے فیصلہ کن مقابلہ کرنے کیلئے ضروری تھی۔

ثالثاً، اس دعوت نے زمین میں کسی جگہ بھی جڑ نہ پکڑی تھی بلکہ ابھی تک یہ دعوت ہوا میں سرایت کر رہی تھی۔ ملک کا کوئی خطہ ایسا نہیں تھا جہاں وہ قدم جما کر اپنے موقف کو مضبوط کرتی اور پھر آگے بڑھنے کی سعی کرتی۔ اُس وقت تک جو مسلمان جہاں بھی تھا اس کی حیثیت نظام کفر وشرک میں بالکل ایسی تھی جیسے خالی معدہ میں کُنین، کہ معدہ ہر وقت اُسے اگل دینے کے لئے زور لگا رہا ہو اور قرار پکڑنے کے لئے اُس کو جگہ ہی نہ ملتی ہو۔'' (مسلسل لکھا کہ)

(v)۔ بقول مودودی رسولؐ اور قرآن تیرہ سال اخلاقی، تمدنی، سیاسی معاشی تعلیم سے خالی رہے

''رابعاً، اُس وقت تک اِس دعوت کو عملی زندگی کے معاملات اپنے ہاتھ میں لے کر چلانے کا موقعہ نہیں ملا تھا۔ نہ یہ اپنا تمدن قائم کر سکی تھی، نہ اس نے اپنا نظام معیشت و معاشرت اور نظام سیاست مرتب کیا تھا اور نہ دوسری طاقتوں سے اسکے معاملاتِ صلح و جنگ پیش

آ ئے تھے۔ اسلئے نہ تو اُن اخلاقی اصولوں کا مظاہرہ ہوسکا تھا جن پر یہ دعوت زندگی کے پورے نظام کو قائم کرنا اور چلانا چاہتی تھی، اور نہ یہی بات آزمائش کی کسوٹی پر اچھی طرح نمایاں ہوئی تھی کہ اس دعوت کا پیغمبرؐ اور اسکے پیروؤں کا گروہ جس چیز کی طرف دنیا کو دعوت دے رہا ہے اس پر عمل کرنے میں وہ خود کس حد تک راستباز ہے۔ بعد کے واقعات نے وہ مواقع پیدا کردیئے جن سے یہ چاروں کمیاں پوری ہوگئیں۔ مکی دور کے آخری تین چار سالوں سے یثرب میں آفتاب اسلام کی شعاعیں مسلسل پہنچ رہی تھیں۔ اور وہاں کے لوگ متعدد وجوہ سے عرب کے دوسرے قبیلوں کی بہ نسبت زیادہ آسانی کے ساتھ اس روشنی کو قبول کرتے جارہے تھے۔ آخر کار نبوت کے بارہویں سال حج کے موقعہ پر پچھتر (75) نفوس کا ایک وفد نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے رات کی تاریکی میں ملا اور اُس نے نہ صرف یہ کہ اسلام قبول کیا بلکہ آپؐ اور آپؐ کے پیروؤں کو اپنے شہر میں جگہ دینے پر بھی آمادگی ظاہر کی۔ یہ اسلام کی تاریخ میں ایک انقلابی موقع تھا جسے خدا نے اپنی عنایت سے فراہم کیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ بڑھا کر پکڑ لیا۔ اہل یثرب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو محض ایک پناہ گزیں کی حیثیت سے نہیں بلکہ خدا کے نائب اور اپنے امام اور فرمانروا کی حیثیت سے بلا رہے تھے۔ اور اسلام کے پیروؤں کو ان کا بلاوا اسلئے نہ تھا کہ وہ ایک اجنبی سرزمین میں محض مہاجر ہونے کی حیثیت سے جگہ پالیں، بلکہ مقصد یہ تھا کہ عرب کے مختلف قبائل اور خطوں میں جو مسلمان منتشر ہیں وہ یثرب میں جمع ہو کر اور یثربی مسلمانوں کے ساتھ مل کر ایک منظّم معاشرہ بنالیں۔ اس طرح یثرب نے دراصل اپنے آپ کو مدینۃ الاسلام کی حیثیت سے پیش کیا اور نبیؐ نے اُسے قبول کر کے عرب میں پہلا دارالاسلام بنالیا۔ اس پیشکش کے معنی جو کچھ تھے اُس سے اہل مدینہ ناواقف نہ تھے۔ اس کے صاف معنی یہ تھے ایک چھوٹا سا قصبہ اپنے آپ کو پورے ملک کی تلواروں اور معاشی وتمدنی بائیکاٹ کے مقابلہ میں پیش کر رہا تھا۔ چنانچہ بیعتِ عَقَبہ کے موقع پر رات کی اُس مجلس میں اسلام کے اُن اوّلین مددگاروں (انصار) نے اس نتیجہ کو خوب اچھی طرح جان بوجھ کر نبیؐ کے ہاتھ میں ہاتھ دیا تھا۔ عین اس وقت جب کہ بیعت ہو رہی تھی، یثربی وفد کے ایک نوجوان رکن اسعد بن زرارہؓ نے، جو پورے وفد میں سب سے کم سن شخص تھے، اُٹھ کر کہا کہ:۔

رویدًا یا اھل یثرب ! انا لم نضرب الیه اکباد الا بل الا و نحن نعلم انه رسول اللّٰه و ان اخراجه الیوم مناوأة **للعرب کافة، وقتل خیارکم ،وتعضکم السیوف ۔فاما انتم قوم تبصرون علٰی ذٰلک فخذ وه واجره علی اللّٰه واما انتم قوم تخافون من انفسکم خیفة فذروه فبینوا ذٰلک فھو اعذر لکم عنداللّٰه۔**

''ٹھہرو اے اہل یثرب! ہم لوگ جو اِن کے پاس آئے ہیں تو یہ سمجھتے ہوئے آئے ہیں کہ یہ اللہ کے رسولؐ ہیں اور آج انہیں یہاں سے نکال کر لے جانا تمام عرب سے دشمنی مول لینا ہے۔ اس کے نتیجے مین تمہارے نونہال قتل ہوں گے اور تلواریں تم پر برسیں گی۔ لہٰذا اگر تم اس کو برداشت کرنے کی طاقت اپنے اندر پاتے ہو تو اِن کا ہاتھ پکڑو اور اس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے۔ اور اگر تمہیں اپنی جانیں عزیز ہیں تو پھر چھوڑ دو اور صاف صاف عذر کردو۔ کیونکہ اس وقت عذر کر دینا خدا کے نزدیک زیادہ قابل قبول ہوسکتا ہے۔'' اسی بات کو وفد کے ایک دوسرے شخص عباس بن عُبادہ بن نَضلَہ نے دہرایا۔

اتعلمون علام تبا یعون ھٰذا الرجل ؟ (قالوا نعم، قال) **انکم تبا یعونه علٰی حرب الاحمر والاسود من الناس ۔فان کنتم ترون انکم**

اذا نهکت اموالکم مصیبة و اشرافکم قتلا اسلمتموه فمن الاٰن فدعوه ،فهو واللّٰه ان فعلتم خزی الدنیاوالاٰخرة -وان کنتم ترون انکم وافون له بما دعوتموه الیه علی نهکة الاموال و قتل الاشراف فخذوه، فهو واللّٰه خیر الدنیا ولاٰخرة۔

”جانتے ہواس شخص سے کس چیز پر بیعت کر رہے ہو۔(آوازیں،ہاں جانتے ہیں)تم اُس کے ہاتھ پر بیعت کر کے دنیا بھر سے لڑائی مول لے رہے ہو۔پس اگرتمہارا خیال یہ ہوکہ جب تمہارے مال تباہی کے اورتمہارے اشراف ہلاکت کے خطرے میں پڑ جائیں توتم اسے دشمنوں کے حوالے کردو گے تو بہتر ہے کہ آج ہی اسے چھوڑ دو۔کیونکہ خدا کی قسم یہ دنیا اورآخرت کی رسوائی ہے۔اور اگرتمہاراارادہ یہ ہے کہ جو بلاواتم اس شخص کو دے رہے ہواس کواپنے اموال کی تباہی اوراپنے اشراف کی ہلاکت کے باوجودنبھاؤ گےتو بے شک اس کا ہاتھ تھام لوکہ خدا کی قسم یہ دنیا اورآخرت کی بھلائی ہے۔“

اس پرتمام وفدنے بالاتفاق کہا۔**فانا ناخذ ہ علٰی مصیبة الاموال وقتل الاشراف۔**

”ہم اسے لے کراپنے اموال کوتباہی اوراپنے اشراف کو ہلاکت کے خطرے میں ڈالنے کے لئے تیار ہیں۔“

تب وہ مشہور بیعت واقع ہوئی جسے تاریخ میں بیعت عَقَبۂ ثانیہ کہتے ہیں۔دوسری طرف اہل مکہ کے لئے یہ معاملہ جومعنی رکھتا تھاوہ بھی کسی سے پوشیدہ نہ تھا۔دراصل اس طرح محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو،جن کی زبردست شخصیت اور غیر معمولی قابلیتوں سے قریش کے لوگ واقف ہو چکے تھے،ایک ٹھکانہ میسر آرہا تھا۔اوران کی قیادت وراہنمائی میں پیروان اسلام،جن کی عزیمت واستقامت اورفدائیت کو بھی قریش ایک حد تک آزما چکے تھے،ایک منظّم جتھے کی صورت میں مجتمع ہوئے جاتے تھے۔یہ پرانے نظام کے لئے موت کا پیغام تھا۔نیز مدینہ جیسے مقام پر مسلمانوں کی اس طاقت کے مجتمع ہونے سے قریش کومزید خطرہ یہ تھا کہ یمن سے شام کی طرف جوتجارتی شاہراہ ساحل بحراحمر کے کنارے کنارے جاتی تھی،جس کے محفوظ رہنے پرقریش اور دوسرے بڑے بڑے مشرک قبائل کی معاشی زندگی کا انحصار تھا،وہ مسلمانوں کی زد میں آجاتی تھی اوراُس شہ رگ پر ہاتھ ڈال کرمسلمان نظام جاہلی کی زندگی دشوار کر سکتے تھے۔صرف اہل مکہ کی وہ تجارت جواُس شاہراہ کے بل پر چل رہی تھی ڈھائی لاکھ اشرفی سالانہ تک پہنچتی تھی۔طائف اوردوسرے مقامات کی تجارت اس کے ماسواتھی۔(علامہ کا بیان مسلسل جاری ہے)

قریش ان نتائج کوخوب سمجھتے تھے۔جس رات بیعتِ عقبہ واقع ہوئی اُسی رات اس معاملے کی بھنک اہل مکہ کے کانوں میں پڑی اور پڑتے ہی کھلبلی مچ گئی۔پہلے توانہوں نے اہل مدینہ کونبی صلی اللہ علیہ وسلم سے توڑنے کی کوشش کی۔پھرجب مسلمان ایک ایک دو دوکر کے مدینہ کی طرف ہجرت کرنے لگے اورقریش کویقین ہوگیا کہ اب محمدؐ بھی وہاں منتقل ہو جائیں گے تو وہ اس خطرے کوروکنے کے لئے آخری چارۂ کاراختیار کرنے پرآمادہ ہوگئے۔ہجرت نبوی سے چند ہی روز پہلے قریش کی مجلس شوریٰ منعقد ہوئی جس میں بڑی ردّو کد کے بعدآخرکار یہ طے پا گیا کہ بنی ہاشم کے سواتمام خانوادہ ہائے قریش کا ایک ایک آدمی چھانٹا جائے اور یہ سب لوگ مل کرمحمد صلی اللہ علیہ وسلم کوقتل کریں تاکہ بنی ہاشم کے لئے تمام خاندانوں سے تنہالڑنا مشکل ہوجائے اوروہ انتقام کی بجائے خون بہا قبول کرنے پر مجبور ہو جائیں۔لیکن خدا کے فضل اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اعتماد علی اللہ اورحسن تدبیر سے اُن کی یہ چال ناکام ہوگئی اورحضورؐ بخیریت مدینہ پہنچ

گئے ۔اس طرح جب قریش کو ہجرت کے روکنے میں ناکامی ہوئی تو انہوں نے مدینہ کے سردار عبداللہ بن ابی کو (جسے ہجرت سے پہلے اہل مدینہ اپنا بادشاہ بنانے کی تیار کر چکے تھے اور جس کی تمناؤں پر حضورؐ کے مدینہ پہنچ جانے اور اَوس وخزرج کی اکثریت کے مسلمان ہوجانے سے پانی پھر چکا تھا)۔خط لکھا کہ ''تم لوگوں نے ہمارے آدمی کو اپنے ہاں پناہ دی ہے، ہم خدا کی قسم کھاتے ہیں کہ یا تو تم خود اُس سے لڑ ویا اُسے نکال دو، ورنہ ہم سب تم پر حملہ آور ہوں گے اور تمہارے مردوں کو قتل اور عورتوں کو لونڈیاں بنالیں گے۔'' عبداللہ بن ابی اس پر کچھ آمادۂ شر ہوا، مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بروقت اسکے شر کی روک تھام کردی۔ پھر سعد بن معاذ رئیس مدینہ عمرے کیلئے مکہ گئے ۔وہاں عین حرم کے دروازے پر ابوجہل نے اُن کو ٹوک کر کہا: اَلا اُراک تطوف بمکة امنًا وقد اویتم الصُباة وزعمتم انکم تنصرو نهم وتعینونهم؟ لو لا انک مع ابی صفوان ما رجعت الی اهلک سالمًا ۔''تم تو ہمارے دین کے مرتدوں کو پناہ دو اور اُن کی امداد و اعانت کا دم بھرو اور ہم تمہیں اطمینان سے مکہ میں طواف کرنے دیں ۔اگر تم امیہ بن خلف کے مہمان نہ ہوتے تو زندہ یہاں سے نہیں جا سکتے تھے۔'' سعد نے جواب میں کہا : واللّٰہ لئن منعتنی هذا لا منعنک ما هو اشد علیک منه، طریقک علی المدینة ۔ ''بخدا اگر تم نے مجھے اس چیز سے روکا تو میں تمہیں اُس چیز سے روک دوں گا جو تمہارے لئے اس سے شدید تر ہے، یعنی مدینہ پر سے تمہاری راہ گذر۔'' یہ گویا اہل مکہ کی طرف سے اس بات کا اعلان تھا کہ زیارت بیت اللہ کی راہ مسلمانوں پر بند ہے۔اور اس کا جواب اہل مدینہ کی طرف سے یہ تھا کہ شام کی تجارت کا راستہ مخالفین اسلام کے لئے پُرخطر ہے۔'' (علامہ کا بیان مسلسل جاری ہے)

(vi)۔ علامہ مودودی نے رسولؐ اللہ کو جارح اور جہاد کو تجارتی جنگیں بنادیا

''اور فی الواقع اُس وقت مسلمانوں کے لئے اس کے سوا کوئی تدبیر بھی نہ تھی کہ اس تجارتی شاہراہ پر اپنی گرفت مضبوط کریں تاکہ قریش اور وہ دوسرے قبائل جن کا مفاد اس راستے سے وابستہ تھا، اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ اپنی معاندانہ اور مزاحمانہ پالیسی پر نظر ثانی کرنے کے لئے مجبور ہوجائیں۔''

(vii)۔ مدینہ پہنچ کر جو انتظامات کئے گئے ان کو دنیادارانہ بنادیا گیا

(بیان مسلسل جاری ہے)''چنانچہ مدینہ پہنچتے ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نوخیز اسلامی سوسائٹی کے ابتدائی نظم ونسق اور اطراف مدینہ کی یہودی آبادیوں کے ساتھ معاملہ طے کرنے کے بعد سب سے پہلے جس چیز پر توجہ منعطف فرمائی وہ اسی شاہراہ کا مسئلہ تھا۔اس مسئلہ میں حضورؐ نے دو اہم تدبیریں اختیار کیں ۔ایک یہ کہ مدینہ اور ساحل بحر احمر کے درمیان اس شاہراہ سے متصل جو قبائل آباد تھے ان کے ساتھ گفت وشنید شروع کی تاکہ وہ حلیفانہ اتحاد یا کم از کم ناطرفداری کے معاہدے کرلیں ۔ چنانچہ اس میں آپ کو پوری کامیابی ہوئی ۔سب سے پہلے جہینہ سے، جو ساحل کے قریب پہاڑی علاقے میں اہم قبیلہ تھا، معاہدۂ ناطرف داری طے ہوا۔ پھر 1 ہجری کے آخر میں بنی ضَمرہ سے جن کا علاقہ ینبع اور ذوالعشیرہ سے متصل تھا دفاعی معاونت (Defensive Alliance) کی قرارداد ہوئی پھر 2 ہجری کے وسط میں بنی مدلج بھی اس قرارداد میں شریک ہوگئے ۔ کیونکہ وہ بنی ضمرہ کے ہمسائے اور حلیف تھے۔مزید براں تبلیغ اسلام نے اُن قبائل میں اسلام کے حامیوں اور پیروؤں کا بھی ایک اچھا خاصا عنصر پیدا کردیا۔ دوسری تدبیر آپ نے یہ اختیار کی کہ

قریش کے قافلوں کو دھمکی دینے کے لئے اس شاہراہ پر پیہم چھوٹے چھوٹے دستے بھیجنے شروع کئے اور بعض دستوں کے ساتھ آپؐ خود بھی تشریف لے گئے ۔ پہلے سال اس طرح کے چار دستے گئے جو مغازی کی کتابوں میں سَرِیَّہ حمزہ، سریۂ عبیدہ بن حارث، سریۂ سعد بن ابی وقاص اور غزوۃ الابواء کے نام سے موسوم ہیں ۔اور دوسرے سال کے ابتدائی مہینوں میں دو مزید تاختیں اسی جانب کی گئیں جن کو اہل مغازی غزوۂ بواط اور غزوہ ذوالعشیر ہ کے نام سے یاد کرتے ہیں ۔ان تمام مہموں کی دو خصوصیات قابل لحاظ ہیں ۔ ایک یہ کہ اُن میں سے کسی میں نہ تو کشت خون ہوا نہ کوئی قافلہ لوٹا گیا جس سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اُن تاختوں کا اصل مقصود قریش کو ہوا کا رخ بتانا تھا۔ دوسرے یہ کہ اُن میں سے کسی تاخت میں بھی حضور نے اہل مدینہ کا کوئی آدمی نہیں لیا۔ بلکہ تمام دستے خالص مکی مہاجرین سے ہی مرتب فرماتے رہے تاکہ حتی الامکان یہ کشمکش قریش کے اپنے ہی گھر والوں تک محدود رہے ۔اور دوسرے قبیلوں کے اس میں الجھنے سے آگ پھیل نہ جائے ۔اُدھر سے اہل مکہ بھی مدینہ کی طرف غارتگر دستے بھیجتے رہے ۔ چنانچہ اُن ہی میں سے ایک دستے نے کُرز بن جابر الفہر ی کی قیادت میں عین مدینہ کے قریب ڈاکہ مارا اور اہل مدینہ کے مویشی لوٹ لئے ۔قریش کی کوشش اس سلسلے میں یہ رہی کہ دوسرے قبیلوں کو بھی اس کشمکش میں الجھا دیں، نیز یہ کہ انہوں نے بات کو محض دھمکی تک محدود نہ رکھا بلکہ لوٹ مار تک نوبت پہنچادی۔ حالات یہاں تک پہنچ چکے تھے کہ شعبان 2 ہجری (فروری یا مارچ 623 عیسوی) میں قریش کا ایک بہت بڑا قافلہ، جس کے ساتھ تقریباً پچاس ہزار (50000) اشرفی کا مال تھا اور تیس چالیس سے زیادہ محافظ نہ تھے، شام سے مکہ کی طرف پلٹتے ہوئے اس علاقہ میں پہنچا جو مدینہ کی زد میں تھا۔ چونکہ مال زیادہ تھا، محافظ کم تھے، اور سابق حالات کی بنا پر خطرہ قوی تھا کہ کہیں مسلمانوں کا کوئی طاقتور دستہ اس پر چھاپہ نہ مار دے، اس لئے سردار قافلہ ابوسفیان نے اُس پُر خطر علاقہ میں پہنچتے ہی ایک آدمی کو مکہ کی طرف دوڑا دیا تاکہ وہاں سے مدد لے آئے ۔اس شخص نے مکہ پہنچتے ہی عرب کے قدیم قاعدے کے مطابق اپنے اونٹ کے کان کاٹے، اُس کی ناک چیر دی، کجاوے کو الٹ کر رکھ دیا اور اپنا قمیص آگے پیچھے سے پھاڑ کر شور مچانا شروع کر دیا کہ:

یا معشر قریش ! اللطیمہ اللطیمہ، اموالکم مع ابی سفیان قد عرض لھا محمد فی اصحابہ، لا اُریٰ ان تُدرکوھا الغوث ،الغوث۔

''قریش والو! اپنے قافلہ تجارت کی خبر لو، تمہارے مال جو ابوسفیان کے ساتھ ہیں، محمدؐ اپنے آدمی لے کر اُن کے درپے ہو گیا ہے، مجھے امید نہیں کہ تم انہیں پا سکو گے ۔ دوڑو دوڑو مدد کے لئے ۔'' اس پر سارے مکہ میں ہیجان برپا ہو گیا۔ قریش کے تمام بڑے بڑے سردار جنگ کے لئے تیار ہو گئے ۔تقریباً ایک ہزار مردان جنگی جن میں سے چھ سو زرہ پوش تھے اور جن میں سو سواروں کا رسالہ بھی شامل تھا، پوری شان وشوکت کے ساتھ لڑنے کیلئے چلے ۔اُنکے پیش نظر صرف یہی کام نہ تھا کہ اپنے قافلے کو بچا لائیں، بلکہ وہ اس ارادے سے نکلے تھے کہ اس آئے دن کے خطرے کو ہمیشہ کیلئے ختم کر دیں، اور مدینہ میں یہ مخالف طاقت جو ابھی نئی نئی مجتمع ہونی شروع ہوئی ہے اُسے کچل ڈالیں، اور اس نواح کے قبائل کو اس حد تک مرعوب کر دیں کہ آئندہ کیلئے یہ تجارتی راستہ بالکل محفوظ ہو جائے ۔اب نبیؐ نے جو حالات سے ہمیشہ باخبر رہتے تھے، محسوس فرمایا کہ فیصلہ کی گھڑی آ پہنچی ہے اور یہ ٹھیک وہ وقت ہے جب کہ ایک جسورانہ اقدام اگر نہ کر ڈالا گیا تو تحریک اسلامی ہمیشہ کیلئے بے جان ہو جائے گی، بلکہ بعید نہیں کہ اس تحریک کے لئے سر اُٹھانے کا پھر کوئی موقع ہی باقی نہ

رہے۔ نئے دارالہجرت میں آئے ابھی پورے دو سال بھی نہیں ہوئے ہیں۔ مہاجرین بے سروسامان، انصار ابھی ناآزمودہ، یہودی قبائل برسرِ مخالفت، خود مدینہ میں منافقین ومشرکین کا ایک اچھا خاصا طاقتور عنصر موجود، اور گردوپیش کے تمام قبائل قریش سے مرعوب بھی اور مذہباً اُن کے ہمدرد بھی۔ ایسے حالات میں اگر قریش مدینہ پر حملہ آور ہو جائیں تو ہو سکتا ہے کہ مسلمانوں کی مٹھی بھر جماعت کا خاتمہ ہو جائے۔ لیکن اگر وہ حملہ نہ کریں اور صرف اپنے زور سے قافلے کو بچا کر ہی نکال لے جائیں اور مسلمان دبکے بیٹھے رہیں تب بھی یک لخت مسلمانوں کی ایسی ہوا اُکھڑے گی کہ عرب کا بچہ بچہ اُن پر دلیر ہو جائے گا اور اُن کے لئے ملک بھر میں پھر کوئی جائے پناہ باقی نہ رہے گی۔ آس پاس کے سارے قبائل قریش کے اشاروں پر کام کرنا شروع کر دیں گے۔ مدینہ کے یہودی اور منافقین و مشرکین علی الاعلان سر اُٹھائیں گے اور دارالہجرت میں جینا مشکل کر دیں گے۔ مسلمانوں کا کوئی رُعب واثر نہ ہوگا کہ اس کی وجہ سے کسی کو اُن کی جان، مال اور آبرو پر ہاتھ ڈالنے میں تامل ہو۔ اس بنا پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عزم فرما لیا کہ جو طاقت بھی اُس وقت میسر ہے اسے لے کر نکلیں اور میدان میں فیصلہ کریں کہ جینے کا بل بوتا کس میں ہے اور کس میں نہیں ہے۔ اس فیصلہ کن اقدام کا ارادہ کر کے آپؐ نے انصار و مہاجرین کو جمع کیا اور ان کے سامنے ساری پوزیشن صاف صاف رکھ دی کہ ایک طرف شمال میں تجارتی قافلہ ہے اور دوسری طرف جنوب میں قریش کا لشکر چلا آ رہا ہے اللہ کا وعدہ ہے کہ ان دونوں میں سے کوئی ایک تمہیں مل جائے گا، بتاؤ تم کس کے مقابلہ پر چلنا چاہتے ہو؟ جواب میں ایک بڑے گروہ کی طرف سے اس خواہش کا اظہار ہوا کہ قافلے پر حملہ کیا جائے۔ لیکن نبیؐ کے پیش نظر کچھ اور تھا۔ اس لئے آپ نے اپنا سوال دہرایا۔ اس پر مہاجرین میں سے مقداد بن عمرو نے اٹھ کر کہا۔

یا رسول اللّٰہ، امض لما امرک اللّٰہ، فانا معک حیثما ا حببت، لا نقول لک کما قا ل بنو اسرائیل لموسٰی ''اذھَبۡ اَنتَ وَرَبُّکَ فَقَاتِلا اِنَّا ھٰھُنَا قٰعِدُون (5/24)'' وَلکن اذھب انت و ربک فقاتلا انا معکما مقاتلون مادا مت عین منا تطرف۔

''یا رسولؐ اللہ، جدھر آپ کا رب آپ کو حکم دے رہا ہے اُسی طرف چلیے، ہم آپ کے ساتھ ہیں جس طرف بھی آپ جائیں۔ ہم بنی اسرئیل کی طرح یہ کہنے والے نہیں ہیں کہ جاؤ تم اور تمہارا خدا دونوں لڑیں، ہم تو یہاں بیٹھے ہیں۔ نہیں ہم کہتے ہیں کہ چلئے آپ اور آپ کا خدا، دونوں لڑیں اور ہم آپ کے ساتھ جانیں لڑائیں گے جب تک ہم میں سے ایک آنکھ بھی گردش کر رہی ہے۔''

مگر لڑائی کا فیصلہ انصار کی رائے معلوم کئے بغیر نہیں کیا جا سکتا تھا، کیونکہ ابھی تک فوجی اقدامات میں اُن سے کوئی مدد نہیں لی گئی تھی اور اُن کیلئے یہ آزمائش کا پہلا موقعہ تھا کہ اسلام کی حمایت کا جو عہد انہوں نے اول روز کیا تھا اُسے وہ کہاں تک نبھانے کے لئے تیار ہیں۔ اسلئے حضورؐ نے براہ راست اُن کو مخاطب کئے بغیر پھر اپنا سوال دہرایا۔ اِس پر سعد بن معاذ اٹھے اور انہوں نے عرض کیا شاید حضور کا روئے سخن ہماری طرف ہے؟ فرمایا ہاں۔ انہوں نے کہا کہ:۔

لقد اٰمنا بک و صدقنا ک وشھدنا ان ماجئت بہ ھو الحق واعطینا ک عھودنا و مواثیقنا علی السّمع والطاعۃ فامض یا رسول اللّٰہ لما اردت ۔فوالذی بعثک بالحق لواستعرضت بناھٰذا البحر فخضتَہٗ لخضناہ معک و ما تخلف منا رجل واحد۔وما نکرہ ان تلقی بنا عد ونا غدًا انا لنصبر عند الحرب صُدُقٌ عند اللقآء و لعل اللّٰہ یریک منا ما نقربہٖ عینک

فسربنا علٰی برکة اللّٰہ۔

''ہم آپؐ پر ایمان لائے ہیں، آپؐ کی تصدیق کر چکے ہیں کہ آپؐ جو کچھ لائے ہیں وہ حق ہے اور آپؐ سے سمع وطاعت کا عہد باندھ چکے ہیں۔ پس اے اللہ کے رسول، جو کچھ آپؐ نے ارادہ فرمالیا ہے اُسے کر گزریں۔ قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے، اگر آپؐ ہمیں لے جا کر سامنے سمندر پر جا پہنچیں اور اُس میں اتر جائیں تو ہم آپؐ کے ساتھ کود یں گے اور ہم میں سے ایک بھی پیچھے نہ رہے گا۔ ہم کو یہ ہرگز ناگوار نہیں ہے کہ آپؐ کل ہمیں لے کر دشمن سے جا بھڑیں۔ ہم جنگ میں ثابت قدم رہیں گے، مقابلہ میں سچی جاںنثاری دکھائیں گے اور بعید نہیں کہ اللہ آپؐ کو ہم سے وہ کچھ دکھوا دے جسے دیکھ کر آپؐ کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں، پس اللہ کی برکت کے بھروسے پر آپؐ ہمیں لے چلیں۔'' (مسلسل)

ان تقریروں کے بعد فیصلہ ہو گیا کہ قافلہ کے بجائے لشکر قریش ہی کے مقابلے پر چلنا چاہئے۔ لیکن یہ فیصلہ کوئی معمولی فیصلہ نہ تھا۔ جو لوگ اُس تنگ وقت میں لڑائی کے لئے اٹھے تھے اُن کی تعداد تین سو سے کچھ زائد تھی۔ چھیاسی (86) مہاجر، اِکسٹھ (61) قبیلۂ اَوس کے اور 170 قبیلۂ خزرج کے۔ جن میں صرف دو تین کے پاس گھوڑے تھے اور باقی آدمیوں کے لئے ستر (70) اونٹوں سے زیادہ نہ تھے جن پر تین تین چار چار اشخاص باری باری سے سوار ہوتے تھے۔ سامان جنگ بھی بالکل ناکافی تھا۔ صرف ساٹھ (60) آدمیوں کے پاس زِرہیں تھیں۔ اسی لئے چند سرفروش فدائیوں کے سوا اکثر آدمی جو اس خطرناک مہم میں شریک تھے دلوں میں سہم رہے تھے اور انہیں ایسا محسوس ہوتا تھا کہ جانتے بوجھتے موت کے منہ میں جا رہے ہیں۔ مصلحت پرست لوگ، جو اگرچہ دائرۂ اسلام میں داخل ہو چکے تھے مگر ایسے ایمان کے قائل نہ تھے جس میں جان و مال کا زیاں ہو، اس مہم کو دیوانگی سے تعبیر کر رہے تھے اور اُن کا خیال تھا کہ دینی جذبے نے اُن لوگوں کو پاگل بنا دیا ہے۔ مگر نبیؐ اور مومنین صادقین یہ سمجھ چکے تھے کہ یہ وقت جان کی بازی ہی لگانے کا ہے۔ اس لئے اللہ کے بھروسے پر وہ نکل کھڑے ہوئے اور انہوں نے سیدھی جنوب مغرب کی راہ لی جدھر سے قریش کا لشکر آ رہا تھا۔ حالانکہ اگر ابتدا میں قافلے کو لوٹنا مقصود ہوتا تو شمال مغرب کی راہ لی جاتی۔ سترہ رمضان کو بدر کے مقام پر فریقین کا مقابلہ ہوا۔ جس وقت دونوں لشکر ایک دوسرے کے مقابل ہوئے اور نبیؐ نے دیکھا کہ تین کافروں کے مقابلے میں ایک مسلمان ہے اور وہ بھی پوری طرح مسلح نہیں ہے، تو خدا کے آگے دعا کے لئے ہاتھ پھیلا دئے اور انتہائی خضوع اور تضرع کے ساتھ عرض کرنا شروع کیا۔

اللھم ھذہٖ قریش قد اتت بخیلا ئھا تحاول ان تکذ ب رسولک، اللھم فنصرک الذی وعد تنی اللھم ان تھلک ھذ ہ العصابة الیوم لا تعبد ۔

''خدایا، یہ ہیں قریش، اپنے سامان غرور کے ساتھ آئے ہیں تا کہ تیرے رسوؐل کو جھوٹا ثابت کریں، خداوندا! بس اب آجائے تیری وہ مدد جس کا تو نے مجھ سے وعدہ کیا تھا، اَے خدا اگر آج یہ مٹھی بھر جماعت ہلاک ہوگئی تو روئے زمین پر پھر تیری عبادت نہ ہوگی۔''

اس معرکہ کارزار میں سب سے زیادہ سخت امتحان مہاجرین مکہ کا تھا جنکے اپنے بھائی بند سامنے صف آرا تھے۔ کسی کا باپ، کسی کا بیٹا، کسی کا چچا، کسی کا ماموں، کسی کا بھائی اسکی اپنی تلوار کی زد میں آ رہا تھا اور اپنے ہاتھوں اپنے جگر کے ٹکڑے کاٹنے پڑ رہے تھے۔ اس کڑی

آزمائش سے صرف وہی لوگ گزر سکتے تھے جنہوں نے پوری سنجیدگی کے ساتھ حق سے رشتہ جوڑا ہو اور جو باطل کے ساتھ سارے رشتے قطع کرڈالنے پرتل گئے ہوں۔اور انصار کا امتحان بھی کچھ کم سخت نہ تھا۔اب تک تو انہوں نے عرب کے طاقتور ترین قبیلے،قریش اور اسکے حلیف قبائل کی دشمنی صرف اس حد تک مول لی تھی کہ انکے علی الرغم مسلمانوں کو اپنے ہاں پناہ دے دی تھی۔لیکن اب تو وہ اسلام کی حمایت میں اُنکے خلاف لڑنے بھی جا رہے تھے جسکے معنی یہ تھے کہ ایک چھوٹی سی بستی جس کی آبادی چند ہزار نفوس سے زیادہ نہیں ہے،سارے ملک عرب سے لڑائی مول لے رہی ہے۔یہ جسارت صرف وہی لوگ کر سکتے تھے جو کسی صداقت پر ایسا ایمان لے آئے ہوں کہ اس کی خاطر اپنے ذاتی مفاد کی انہیں ذرہ برابر پرواہ نہ رہی ہو۔آخر کار اُن لوگوں کی صداقتِ ایمانی خدا کی طرف سے نصرت کا انعام حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئی اور قریش اپنے سارے غرور طاقت کے باوجود اُن بے سروسامان فدائیوں کے ہاتھوں شکست کھا گئے۔اُن کے ستر آدمی مارے گئے،ستر قید ہوئے اور ان کا سروسامان غنیمت میں مسلمانوں کے ہاتھ آیا۔قریش کے بڑے بڑے سردار جو اُنکے گلہائے سرِ سَبَد اور اسلام کی مخالف تحریک کے روح رواں تھے اس معرکہ میں ختم ہوگئے اور اس فیصلہ کن فتح نے عرب میں اسلام کو ایک قابل لحاظ طاقت بنا دیا۔''(تفہیم القرآن۔جلد دوم صفحہ 127-118)

(24/2)۔ علامہ کی قائم کردہ تمام بنیادیں قریشی اسکیم کی مظہر ہیں

قارئین کرام تفہیم القرآن کی تمام جلدیں اور ہر سورہ پر علامہ کا تبصرہ پڑھ جائیں کہیں بھی علامہ کو اس قدر زور نہیں لگانا پڑا جتنا قرآن کی آٹھویں سورۃ انفال پر صرف کیا ہے۔چونکہ اس سورہ میں قریشی قسم کے مسلمانوں کی کچھ زیادہ مذمت ہوئی ہے اس لئے ضروری تھا کہ قرآن پڑھنے والوں کے دماغ کو خودساختہ کہانیوں سے مذمت کی طرف سے ہٹا کر اُن پالیسیوں پر لگا دیا جائے جن پر بعد کی حکومتیں عمل پیرا ہوئیں اور جو قرآنی تعلیمات کے سراسر خلاف ہیں۔چونکہ جنگ بدر رسولؐ اللہ کے خلاف پہلی خطرناک جنگ ہے اور اس جنگ سے نمٹنے کے لئے رسولؐ اللہ نے جو اقدامات کئے تھے،اُن پر آئندہ کی جنگی پالیسی اور جنگی اصول مرتب ہوں گے۔اس لئے لازم تھا کہ قریشی قسم کے مسلمان اپنی اُن مارشل ازم والی پالیسیوں کا جواز نکالنے کی کوشش کریں جن سے انہوں نے دنیا میں قتل وغارت کو جہاد کی آڑ میں جاری رکھا۔اس لئے علامہ نے رسولؐ اللہ کے عملدرآمد کو اُلٹ پلٹ کر اپنی سیاسی راہیں نکالی ہیں۔ہم یہاں مختصر طور پر مذکورہ طویل بیان کے مقاصد دکھائیں گے۔

(24/3)۔ رسولؐ اللہ کے مدافعانہ جہاد اور امن پرستی کو مارشل ازم بنا دیا

اس پورے بیان میں رسوؐل اللہ کو (معاذ اللہ) ایک جارح اور دوسروں کو جنگ پر مجبور کرنے والا شخص بنا کر دکھایا گیا ہے۔اور اس کی بنیاد اُس فرضی مکالمہ پر رکھ دی ہے جو ابوجہل اور سعد بن معاذ میں دکھایا گیا ہے۔یعنی اگر تم ہمیں زیارت بیت اللہ سے روک دو گے تو ہم تمہارے تجارت کے راستے پر قبضہ کر کے تمہارا دیوالہ نکال دیں گے۔اس چیلنج کو بنیاد بنا کر علامہ اور دیگر تمام شاہی مؤرخین نے رسوؐل اللہ کے تمام اقدامات کو اُسی تجارتی راہ پر قبضہ کرنے پر محمول کر دیا ہے۔یعنی آنحضرؐت کی تمام جدوجہد اور مسلمانوں کی ساری قربانیاں ایک دنیاوی مقصد یعنی قریش کی تجارتی شہ رگ کاٹنے کی غرض سے تھیں اور اس صورت حال کو اس طرح ترتیب دیا ہے کہ پہلے

تمام جارحانہ کاروائیاں رسولؐ اللہ نے شروع کیں اور قریش کی راہیں روکنے کیلئے فوجی دستے دھڑا دھڑ ابھیجنا شروع کئے۔اور علامہ نے کھل کر لکھ دیا کہ یہ اسلئے کیا گیا کہ قریش کو ہوا کا رخ دکھایا جائے اور ایک مستقل دھمکی اور تنبیہہ کر دی جائے۔اور رسولؐ اللہ کے تمام فوجی قسم کے اقدامات میں لفظ تاخت بھی استعمال کیا ہے اور آپ جانتے ہیں کہ لفظ تاخت اکیلا نہیں بولا جاتا۔اسکے ساتھ لفظ تاراج لگانا یا سمجھا جانا ضروری ہوتا ہے۔تاخت و تاراج کے معنی مشہور ہیں،لوٹ مار قتل و غارت کر کے تباہ و برباد کر دینے کیلئے۔اس بیان کے پڑھنے والے اس نتیجہ پر پہنچے بغیر نہیں رہ سکتے کہ رسولؐ اللہ نے از خود چھیڑ خوانی شروع کی، مسلح کاروائیاں کیں، مسلح دستوں کی خود بھی قیادت کی، یہاں تک کہ قریش خوفزدہ ہو گئے اور پھر قریش نے اپنے دفاع میں باقی تمام اقدامات اور جنگیں وغیرہ کیں۔لہٰذا علامہ نے رسولؐ اللہ کو اور قریش کو دو سیاسی پارٹیاں بنا کر اللہ اور اسلام کو بیچ سے نکال کر دنیاوی اغراض و اقتدار کیلئے اپنے مادی مقاصد اور مفاد کی حفاظت میں مصروف پیکار دکھا دیا تاکہ بعد کی حکومتیں رسولؐ اللہ کی پیروی کی آڑ میں دنیا کو میدان جنگ بنا کر اقوام عالم پر تاخت کرتی رہیں۔اور اُسے اسلام کہا جاتا رہے۔پھر علامہ نے یہ بھی بڑے واضح اور کھلے الفاظ میں دکھایا ہے کہ رسولؐ نے اُن جارحانہ فوجی تاختوں میں صرف مہاجرین کو استعمال کیا انصار کو اُس سے الگ رکھا۔مطلب یہ کہ آئندہ بھی جارحانہ فوجی تاخت کا اختیار صرف قریشی مہاجرین کو ہوگا۔لہٰذا آنے والے دور میں مدینہ کے باشندوں کو حکومت کے معاملے میں دخل نہ تھا۔انہیں غیر مسلح کر کے محکوم و بے بس رکھا گیا۔کلیدی مقام تو کہاں انصار کو حکومت کے عام عہدوں سے بھی محروم رکھا گیا اور اولاد عبدالمطلبؑ کی طرح نظر بندی اور محاصرے کے عالم میں زندگی گزارنے پر مجبور کیا جاتا رہا۔قارئین خود اس مارشل ازم پر علامہ کا بیان دوبارہ پڑھ لیں اور اپنا اطمینان کر لیں۔

(24/4)۔ مکی یا قریشی قسم کے مسلمانوں کی جامہ تلاشی

علامہ نے اس طویل ترین بیان پر کوئی سند پیش کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی ہے اور یہ سمجھا ہے کہ اُن کے مرید اور معتقد قارئین بلا کسی تاریخی حوالے کے بھی اس بیان کو حق پر مبنی سمجھ کر یقین کر لیں گے کہ جو کچھ علامہ نے لکھا وہ اُسی طرح لفظ بلفظ وقوع میں آیا تھا۔دراصل علامہ نے شہنشاہی تاریخ کے اختلافی اور جھوٹے پلندوں پر نظر ڈال کر اپنی پسند کا خلاصہ جمع کیا اور قریشی پالیسی کے ساتھ موزوں کر کے یہ بیان داغ دیا۔لیکن اس میں بھی قریشی مسلمانوں کی چالاکیوں اور فریب کاریوں کو چھپا سکنے میں ناکام رہے۔اور لکھنا پڑا کہ قریشی مسلمانوں کی کثرت ایسا ایمان رکھتی تھی کہ کلیجے منہ کو آرہے تھے۔رسولؐ اللہ اور مومنین کے ارادے اور اعلان جنگ کو دیوانگی سمجھ رہے تھے۔موت کو اپنے سامنے دیکھ رہے تھے اور موت کے منہ میں جانا نہ چاہتے تھے۔انہیں مصلحت اندیش لکھا اور اپنی مصلحتوں کو اللہ و رسولؐ اور اسلام و مومنین کے مشن پر ترجیح دینے والا بتایا اور پھر کھل کر اقرار کیا کہ مسلمانوں کی ایک قسم وہ تھی جو ایمان تو لے آئی تھی مگر جان و مال کا زیاں نہ چاہتی تھی۔ابتدا میں چار وجوہات کا بیان کرتے ہوئے یہ اعلان کر دیا کہ مکہ کی تیرہ سالہ تبلیغ کے نتیجے میں جو قریشی مسلمان ہوئے وہ قطعاً ناقابل اعتماد تھے۔ان پر کسی خوفناک آزمائش میں کامیاب ہونے کا بھروسہ نہ کیا جا سکتا تھا۔انہیں ابھی ثابت کرنا تھا کہ وہ اسلام کے لئے اپنی ہر چیز، جان و مال و اولاد قربان کر سکتے ہیں یا نہیں؟ کسی شخص کو بھی ایسا نہیں بتایا جو اسلام پر جاں نثار کرنے کا ثبوت دے چکا ہو۔لہٰذا قارئین جنگ بدر سے پہلے کسی قریشی مسلمان کو ہیرو نہ سمجھیں وہ سب معرض امتحان میں ہیں۔اُن میں جو شخص جنگ بدر

اور اُس کے بعد دس سال میں اپنا مال، اپنی جان، اپنی اولاد کو قربان کرتا ہوا نہ ملے گا ہم اُسے ہرگز حقیقی مسلمان نہ مانیں گے۔ جنگ بدر میں کل چھیاسی مہاجرین بتائے گئے ہیں۔ اُن میں خانوادہ رسولؐ کے وہ افراد بھی ہیں جو شعب ابی طالبؑ کی جان لیوا قید کے تین سال میں ہر آزمائش سے گزر چکے ہیں۔ اُن ہی چھیاسی افراد میں حضرات ابوبکر وعمر وعثمان بھی ہیں۔ چھیاسی آدمیوں پر نظر رکھنا اور اُن کے ایمان واخلاص کا پتہ چلانا کچھ بھی مشکل نہیں ہے۔ لہٰذا اُن میں سے جو شخص کبھی کسی کافر کے مقابلے میں تلوار لے کر نہیں آیا، نہ ساری دس سالہ مدنی زندگی میں کسی دشمن اسلام کو جہاد میں قتل کیا نہ خود کبھی کوئی زخم کھایا، نہ کسی خطرے میں رسولؐ اللہ کے ساتھ ملا۔ بتاؤ اُسے ہم کس طرح سے حقیقی مسلمان یا مسلمانوں کا ہیرو مان سکتے ہیں؟ اسلام کی راہ میں مال خرچ کرنے کی تاریخی کہانیاں پہلے تو اس لئے ناقابل قبول ہیں کہ وہ وظیفہ خور اہل قلم نے ناول نگاری کی ہے۔ دوسرے اسلئے کہ قرآن نے منافقوں کے مال خرچ کرنے کا حال قرآن میں بیان کیا ہے۔ یعنی اسلام کی راہ میں مال خرچ کرنا حقیقی اسلام کی دلیل نہیں ہے۔ کافروں، منافقوں اور ریاکاروں نے بھی یہ کام کیا ہے۔ علامہ کے بیان سے یہ بھی ثابت ہے کہ جنگ وجہاد سے دل چرانے اور آنے بہانے کرنے کی جس قدر مذمت قرآن میں ملے گی وہ تمام قریشی مسلمانوں کی مذمت ہوگی۔ اور چونکہ قریشی مہاجرین ہی وہ لوگ تھے جن کے اعزہ کا مکہ میں رہ جانا اور مقابلہ کیلئے میدان میں آنا علامہ نے تسلیم کیا ہے۔ لہٰذا قرآن کی ہر وہ مذمت جس میں اپنے رشتہ داروں کی طرف داری، اُن سے محبت ومودۃ کے تمام اذکار ملیں مہاجرین مخاطب سمجھے جائیں گے نہ کہ انصار۔ اور قرآن بھرا پڑا ہے یہ پول کھولنے میں کہ قریش کے مہاجرین برابر اپنے عزیزوں کی محبت اور ولایت قائم کرنے میں رسولؐ اللہ کے خلاف کوشاں رہے ہیں۔ اور قرآن کے مکمل تلاوت اور نزول تک برابر مہاجرین کی کثرت مکہ اور اہل مکہ کی طرفدار اور رسولؐ واسلام کی مخالف رہی ہے۔ یہ حقیقت وہاں سامنے لانا ہوگی جہاں ہم قریشی مہاجرین کو قرآن سے پیش کر کے انکا ایمان دکھائیں گے۔

(24/5)۔ اہل مدینہ کے عزائم وقربانی، خانوادۂ رسولؐ کا کام

قارئین کے سامنے وہ تمام کوششیں آچکیں ہیں جس سے قریش کو آنحضرتؐ کے شجرہ اور خاندان سے وابستہ کیا گیا تھا۔ لیکن واقعات نے صاف انکار کر دیا کہ قریش ہرگز آنحضرتؐ کے خاندان سے تعلق نہیں رکھتے۔ اور واقعات نے یہ بتا دیا کہ جو لوگ حقیقتاً رسوؐل اللہ کے خاندان اور شجرے سے تھے اُنہوں نے یہ ثابت کر دکھایا کہ مکہ میں قریش اور اُن کے تمام حلیف قبائل کے مقابلہ میں خانوادہ رسوؐل نے اپنی جان ومال واولاد کی ذرہ برابر کوئی پرواہ نہ کی اور تین سال کا وہ مہلک مقاطعہ، بائیکاٹ اور تشدد نہایت ہمت ومحبت واطاعت سے برداشت کیا جو شعب ابی طالبؑ کے دوران پیش آیا تھا۔ اور یہ کہ یہ کردار نہ قوم کے افراد سے ظاہر ہوسکتا ہے نہ بناوٹی رشتہ داری سے، نہ صرف ایمان لانے اور مسلمان ہو جانے والے اتنی بڑی اور مستقل وفا شعاری دکھا سکتے ہیں۔ لہٰذا قریش نہ عزیز وقریب تھے، نہ رشتہ دار، نہ ہم نسب اور ہم قبیلہ تھے ورنہ اُن سے وہی کچھ ظہور میں آتا جو خاندان عبدالمطلبؑ نے کر دکھایا۔ اس کے بعد علامہ نے بیعت عقبہ کے سلسلے میں جن عزائم اور معاہدات کا ذکر کیا ہے اور جو قربانیاں انصار نے بعد میں یا فوراً پیش کی ہیں وہ مولانا کے بقلم خود انصار کو خاندان عبدالمطلبؑ اور خانوادہ رسولؐ کے افراد ثابت کرنے کو کافی ہیں۔ اور تاریخ میں کسی قوم کا محض ایمان لا کر اپنے نبیؐ کے ساتھ ایسا فداکارانہ

سلوک ہرگز نہیں ملتا۔لہٰذا اَوس وخزرج کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نبطی خاندان سے ہونا عملاً بھی ثابت ہوگیا۔اور تاریخ میں.... ہاں اسی شاہی تاریخ میں انصار کی غداری یا بے وفائی کی ایک مثال بھی نہیں ملتی۔لیکن قریشی اسلام کے مہاجرین کی غداریاں اور بے وفائیاں آنحضرتؐ اور اُن کے حقیقی مومنین اور اُن کی اولاد کے ساتھ برابر تاریخ اسی قحطانی تاریخ میں اور قرآن میں بھری پڑی ہیں۔

قارئین سنیں! یقین کریں یا نہ کریں کہ مہاجرین قریش کو اُن کی اپنی حکومتوں نے تین سو سال کی متحدہ سرتوڑ کوشش اور منظّم قتل و غارت اور استبداد سے ہیرو بنایا تھا وہ ہیرو تھے نہیں اور قرآن میں جن مہاجرین کی مدح وثنا کی گئی ہے اور جن کی آڑ میں مشرک قسم کے مسلمان مہاجرین کو چھپایا گیا ہے، وہ خانوادہ رسولؐ کے افراد تھے یا وہ گنتی کے چند حقیقی مسلمان تھے جن کا قریش سے کوئی تعلق نہ تھا۔ہم چیلنج کرتے چلے آئے ہیں اور ہمارا چیلنج چالیس سال سے اہل علم کے سامنے کھڑا ہے کہ لفظ قریش کے ساتھ کسی شخص کے حقیقی مسلمان ہونے کا قرآن سے ثبوت دو۔قریش اور لفظ ایمان قرآن میں ایک جگہ جمع ہونے والے الفاظ نہیں۔البتہ قریش اور کفر دونوں کا چولی دامن کا ساتھ رہا ہے۔

(24/6)۔ علامہ نے مہاجرین کے ساتھ رسولؐ اللہ کو بھی نا قابل اعتماد لکھا

ذرا اس ملعون بیان میں سے علامہ مودودی کا یہ فقرہ سنئے لکھا ہے کہ:۔"اور نہ یہی بات آزمائش کی کسوٹی پر اچھی طرح نمایاں ہوئی تھی کہ اس دعوت کا پیغمبرؐ اور اس کے پیروؤں کا گروہ جس چیز کی طرف دنیا کو دعوت دے رہا ہے اس پر عمل کرنے میں وہ خود کس حد تک راست باز ہے۔" (تفہیم القرآن جلد دوم صفحہ۔ 119،سطر۔17-16)

یعنی چالیس سال رسولؐ اللہ کی عملی زندگی اور تیرہ سال اعلان نبوت کے بعد کی زندگی گزر جانے کے بعد بھی رسولؐ اللہ کی راستبازی ابھی علامہ کے نزدیک ثابت شدہ نہیں ہے۔رسولؐ پر شک وشبہ تو علامہ اور اُن کے مکتب فکر کو مبارک مگر ہم اس سے یہ دلیل ضرور اختیار کرتے ہیں کہ تیرہ سال میں مکہ کے اندر جو قریشی گروہ اسلام کا پیرو کہلاتا تھا وہ حقیقتاً اور واقعتاً نا قابل اعتبار واعتماد تھا۔اور اُس کی جانچ پڑتال کر کے اُن میں سے ہر ہر فرد کی جامہ تلاشی لینا ہر کلمہ گو پر واجب ولازم ہے۔صرف لفظ مہاجر سن کر انہیں یا اُن میں سے کسی فرد یا افراد کو مقدس بزرگ سمجھ لینا نہ صرف قرآن وتاریخ وواقعات کے خلاف حماقت ہوگی بلکہ ایسے افراد بے دین ہوں گے جو بلا مخصوص دلیل اور نام بنام ثبوت کے بغیر کسی بھی مہاجر کو دین دار یا حقیقی مومن سمجھیں گے۔چنانچہ علامہ کی تحریر سے بھی تمام مہاجرین کا ایمان مشکوک، قابل تحقیق اور محتاج ثبوت ثابت ہوگیا ہے۔

(24/7)۔ علامہ نے قریش اور مہاجرین کی جانچ کے لئے اُن کی راہ میں ایک اور مشکل پیدا کر دی

علامہ نے اپنے بیان کی ابتدا میں جو کچھ کہا ہے اس میں رسوؐل کی عالی ظرفی اور بلند سیرتی کو بطور دلیل لکھا ہے۔رسولؐ کے متعلق وہ کیا سمجھتے ہیں اور کیا لکھتے ہیں؟ یہ تو وہ جانیں۔لیکن ہم قریشی مسلمانوں کی جانچ میں اعلیٰ ظرفی اور بلند سیرتی کو بھی معیار بنائیں گے،یعنی عالی ظرفی کے ماتحت یہ دیکھیں گے کہ ایمان لانے سے پہلے اُن کا ظرف کیسا تھا؟ ماں باپ کیسے تھے؟ تھے بھی یا نہیں؟ حلال زادے تھے یا

عربی اصول مناکحت کے ماتحت پیدا ہوئے تھے؟ پھر یہ کہ اُن کی عادات وخصلت کیا تھی، حرام خور تو نہ تھے، بدمعاش تو نہ تھے، سیرت عمومی کا کیا حال تھا؟ یہ وہ ترازو ہے جس سے تولنے کے لئے سارے عرب میں چند لوگوں کے علاوہ ایک بھی ایسا نہیں نکلتا جسے علامہ کے اصول پر اعلیٰ ظرف اور بلند سیرت قرار دیا جائے۔ لہٰذا اچانک اُن لوگوں کو ہیرو بنا دینا تو ممکن ہوسکا ہے لیکن اہل عقل وشرافت سے اُن کو ہیرو منوا لینا ممکن نہیں ہے۔ قرآن کریم نے جس مہاجر کا اعلیٰ ظرف ہونا نہ لکھا ہو، ہم اُسے اعلیٰ ظرف نہ مانیں گے۔ لہٰذا جو شخص چاہتا ہے کہ ہم سے یا ہمارے قارئین سے کسی بھی مہاجر کو اعلیٰ ظرفی اور بلند سیرتی کی سند دلائے وہ پہلے قرآن سے ثبوت لائے اور ہم سے کسی مہاجر کو بزرگ کہلوائے، ہم تیار ہیں۔ آپ کی گھڑی ہوئی کہانیاں اور روایات نہ دلیل ہیں نہ قابل توجہ ہیں۔ وہ تو من ترا حاجی بگویم تو مرا ملا بگو، کے اصول پر تیار ہوئی ہیں جو قریشی مسلمانوں کو مبارک ہوں۔ قرآن وقول معصومؑ سے اُن کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

(الف)۔ <u>چند مختلف حقائق جن کو عموماً نظر انداز کردیا جاتا ہے</u>

علامہ نے اپنے اس بیان میں بعض ایسی باتیں مان لی ہیں جن کا وہ اور اُن کے ہم مکتب انکار کرتے رہے ہیں۔ پہلی بات یہ کہ وہ ہجرت سے پہلے سارے ملک میں اسلام کے اور مسلمانوں کے پھیل جانے کا اقرار کرتے ہیں۔ تاکہ یہ دکھایا جاسکے کہ مسلمانوں کی طاقت بکھری ہوئی تھی۔ ہم کہتے رہے ہیں کہ جناب ابو طالبؑ علیہ السلام کی اسکیم نے تمام بستیوں، تمام قبائل اور اندرون و بیرون ملک اسلام کی اشاعت کردی تھی۔ البتہ مکہ کے قریشی خطے اور زمین میں اسلام کے بیج کو بنجر زمین کی طرح نتیجہ خیزی سے محروم رہنا پڑا تھا۔ قارئین سوچیں کہ جو مسلمان سارے ملک میں منتشر تھے کیا وہ جمع ہوجانے کے بعد صرف چھیاسی (86) کی تعداد میں ہوسکتے ہیں؟ مولانا سے حساب مانگو اور دریافت کرو کہ کیا سارے ملک میں یہی چھیاسی آدمی پھیلے ہوئے تھے؟ یقین کیجئے کہ جناب علامہ جھوٹوں کے پیر اور فریب سازوں کے راہنما ہیں۔ پھر علامہ نے اقرار کیا ہے کہ اسلام کے درخت کو مکہ کی زمین میں اگنے اور اپنی جڑیں قائم کرنے کا موقعہ نہ ملا تھا۔ اُن سے پوچھیئے کہ پھر کس بنا پر وہ یہ چاہتے ہیں کہ ہم اہل مکہ کو اسلام میں کوئی مقام دیں۔ اُن کو اسلام پر کوئی حق حاصل نہیں ہے چہ جائیکہ اسلامی حکومت اور مسلمانوں کی قیادت کا حق۔ یہ حق محض انصار کو ملتا ہے جنہوں نے اسلام کو قائم کیا، پروانہ وار قربانیاں دیں اور خود قریشی مہاجرین کے ناقابل برداشت اور مذموم بوجھ کو اُٹھایا۔ اور ساری دنیا سے جنگ وجدل اور دشمنی عملاً مول لے کر وفا کا ثبوت دیا۔ علامہ نے اپنے باطل مقاصد کو اخذ کرنے کے ہنگامہ میں انصار کے متعلق یہ تسلیم کرلیا کہ وہ آنحضرتؐ کو خدا کا نائب اور اپنا امام سمجھ کر مدینہ میں لائے تھے۔ اب سوال یہ ہے کہ قحطانی تاریخ نے کہیں یہ نہیں لکھا کہ قریش یا قریشی مہاجرین نے کبھی رسولؐ اللہ کو خدا کا نائب سمجھا ہو۔ لہٰذا مدنی ومکی اسلام کے ان دونوں مکاتیب فکر میں وہی فرق مان لیا گیا جو ہم میں اور علامہ کے مکتب فکر میں ہے۔ اگر یہ لوگ رسولؐ کو نائب خدا مان لیتے تو ہرگز وحی وغیر وحی اور ذاتی احکام کی شرطیں لگا کر نبیؐ کو (معاذ اللہ) مجتہد نہ کہتے اور اُن کی جگہ ہڑپ نہ کرلیتے۔ اس لئے کہ اُن کی جگہ تو نائبِ خداوندی کو ہی زیب دیتی تھی نہ کہ مجتہدین کو۔ پھر علامہ سے یہ غلطی بھی ہوئی ہے کہ انہوں نے یہ لکھ دیا کہ رسولؐ اللہ ہر بات سے باخبر رہتے تھے۔ لہٰذا قریشی فوج کی روانگی انہیں پہلے ہی سے معلوم تھی۔ سوال یہ ہے کہ اس باخبری اور اطلاع کا ذریعہ کیا تھا؟ یہ کیوں گول کر گئے؟ اور اگر یہ صحیح ہے تو رسولؐ کو جہلا سے مشورہ کی احتیاج کیسے ہوسکتی تھی؟ پھر اگر یہ باخبری بذریعہ وحی ہوتی تھی تو

قرآن میں وہ اطلاعات کون سی آیات میں ہیں؟ ورنہ یہ بتایا جائے کہ وہ مادی ذریعہ کیا تھا جو آپؐ کو ہر بات سے مطلع رکھتا تھا؟ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ اگر کفار کے تجارتی راستہ پر تاختوں اور فوجی کاروائیوں میں انصار کو شامل کر لیتے تو عرب قبائل میں جنگ کی آگ پھیل جاتی۔ مطلب یہ کہ رسولؐ اللہ معاذ اللہ آگ تو لگا رہے تھے مگر سارے ملک میں آگ لگانا نہ چاہتے تھے۔ صرف قریش کو جنگ کی آگ میں جلانا چاہتے تھے۔ ایک اہم بات یہ نوٹ کر لیں کہ جنگ بدر اور اُس کے بعد قریشی پالیسی یہ دکھائی جائے گی کہ بات بات پر اور ہر بات پر قریشی ٹولہ یہ سوال کیا کرے گا کہ یہ حکم آپؐ نے وحی سے دیا ہے یا یہ آپؐ کی ذاتی رائے ہے۔ تاکہ جہاں وہؐ یہ فرمائیں کہ یہ میری ذاتی رائے ہے تو اس کی تعمیل سے گریز کی راہ کا جواز نکال کر مسئلہ بنالیا جائے۔ مگر جنگ بدر کی روانگی سے پہلے جو نقشہ علامہ نے کھینچا ہے اُس وقت یہ سوال نہیں اٹھایا گیا بلکہ ہر فیصلہ کو رسولؐ کے حوالے کر دیا گیا۔ لہٰذا مستقبل میں یہ سوال ایک جھوٹی داستان ہوگا جو بعد کی اجتہادی ضرورت کے ماتحت گھڑی گئی تھی۔

(24/8)۔ تیرہ سال نازل ہونے والا قرآن اور تعلیمات اسلام بقول علامہ مودودی اخلاقی تمدنی تعلیم سے خالی

علامہ نے بڑے واضح الفاظ میں یہ اعلان کر دیا کہ مکہ کی تیرہ سالہ زندگی ایک بے کار زمانہ کی حیثیت سے گزری۔ تمدنی و معاشی تعلیم تو کیا ملتی اُس زمانے تک کی تعلیمات خداوندی میں اخلاقی تعلیم بھی نہ تھی سنئے علامہ نے فرمایا تھا کہ:۔

''رابعاً۔ اُس وقت تک اِس دعوت کو عملی زندگی کے معاملات اپنے ہاتھ میں لے کر چلانے کا موقعہ نہیں ملا تھا۔ نہ یہ اپنا تمدن قائم کر سکی تھی۔ نہ اُس نے اپنا نظام معیشت و معاشرت اور نظام سیاست مرتب کیا تھا۔ اور نہ دوسری طاقتوں سے اس کے معاملاتِ صلح و جنگ پیش آئے تھے۔ اس لئے نہ تو اُن اخلاقی اصولوں کا مظاہرہ ہو سکا تھا جن پر یہ دعوت زندگی کے پورے نظام کو قائم کرنا اور چلانا چاہتی تھی۔'' (صفحہ 119 جلد دوم)

دیکھا جناب مولانا کے نزدیک ؛قریش سے صلح و جنگ، شعب ابی طالبؑ میں منظّم مظاہرہ اخلاق اور پورے مقاطعہ اور بائیکاٹ کے باوجود نظام معیشت کو برقرار رکھنے اور پورے خانوادہ کو زندہ سلامت تازہ دم کامیاب واپس لانے اور سارے ملک میں گھر گھر اسلام پھیلانے کے باوجود علامہ نے کہہ دیا کہ یہ تیرہ سال کی محنت اور قرآن کے بیانات اور اسلامی تعلیمات سب ایک خیالی کاروبار تھا۔ اصل دین اور تمدن مدینہ میں جا کر شروع ہوا تھا۔ یہ اسلئے تاکہ اسلام کی تعلیمات میں اعلان کے بعد والے تیرہ سال کو یک قلم نظر انداز کر کے آنے والی حکومتوں کی پالیسیاں اور مارشل ازم کی بنیاد مدنی خود ساختہ زندگی پر استوار کی جا سکے۔

(24/9)۔ علامہ کے دو فریب رسولؐ اللہ کو حق پر ثابت کرتے ہیں

علامہ کے اس طویل بیان کو غائر نظر سے پڑھنے والے بھی (معاذ اللہ) رسولؐ اللہ کو جارحانہ اقدامات کا ملزم قرار دیئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ مگر یہ اللہ کا معجزہ اور آنحضرؐت کی اخلاقی بلندی کا ثبوت ہے کہ علامہ کے فریب بھی اُن حضرؐت کی حقانیت اور علامہ کے کذب و افترا کا ثبوت بن جاتے ہیں۔ ہوا یہ کہ علامہ نے جارحانہ اقدامات کے لئے خود ساختہ حالات کا ایک فریب تیار کیا۔ اور پھر قریشی مہاجرین

اور قریشی مسلمانوں کے کمینہ خصلتوں کو چھپانے کے لئے ایک دوسری جھوٹی صورت حال پیش کی۔ اگر ہم اُن دونوں کو ایک جگہ لاکر جمع کر دیں تو اُدھر آنحضرؐت کا دامن جارحیت سے پاک ہو جاتا ہے اِدھر علامہ کا کذب وافترا کھل کر سامنے آجاتا ہے۔ سنئے ہمارے نقل کردہ بیان یا تفہیم کے صفحات سامنے رکھ کر تصدیق کیجئے۔

(i)۔ علامہ کی بیان کردہ پہلی صورتحال جس میں رسولؐ اللہ کو (معاذ اللہ) جارح بنایا گیا

(الف)۔ قریش کی تجارتی شاہراہ مسلمانوں کی زد میں تھی۔ (تفہیم القرآن جلد دوم صفحہ 121، سطر 14-12)

(ب)۔ اس راہ پر قریش اور تمام بڑے بڑے مشرک قبائل کی معاش منحصر تھی۔ (ایضاً صفحہ 121، سطر 13)

(ج)۔ یہ راہ قریش کی شہ رگ تھی۔ ڈھائی لاکھ اشرفی سالانہ کی تجارت اس راہ سے ہوتی تھی۔ طائف وغیرہ کا بھی اس پر انحصار رہا۔ (ایضاً صفحہ 121، سطر 16-14)

(د)۔ فی الواقع اس وقت مسلمانوں کے لئے اس کے سوا کوئی اور تدبیر بھی نہ تھی کہ اس تجارتی شاہراہ پر اپنی گرفت مضبوط کریں تاکہ قریش اور وہ دوسرے قبائل جن کا مفاد اس راستے سے وابستہ تھا اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ اپنی معاندانہ ومزاحمانہ پالیسی پر نظرثانی کرنے کے لئے مجبور ہو جائیں۔ چنانچہ مدینہ پہنچتے ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے... سب سے پہلے جس چیز پر توجہ منعطف فرمائی وہ اسی شاہراہ کا مسئلہ تھا۔ (جلد دوم صفحہ 122)

(ہ)۔ دوسری تدبیر آپ نے یہ اختیار کی کہ قریش کے قافلوں کو دھمکی دینے کے لئے اس شاہراہ پر پیہم چار دستوں کو بھیجا اور خود بھی گئے دوسرے سال دو تاختیں کیں۔ (تفہیم القرآن۔ جلد دوم صفحہ 123-122)

(و)۔ ان تاختوں کا اصل مقصود قریش کو ہوا کا رخ بتانا تھا۔'' (صفحہ 123)

قارئین ان چھ باتوں سے جارحانہ کارروائیوں کے ذریعہ قریش کو دھمکانا، ہوا کا رخ بتانا اور اُن کو پالیسیوں کے بدلنے پر مجبور کرنا قبول کرلیا گیا۔ ظاہر ہے کہ اس مہم کے لئے رسولؐ اللہ کے پاس ایسی قوت کا ہونا لازم ہے جو قریش کے سامنے جم کر کھڑی ہو سکے۔ اب دوسرا پہلو:۔

(ii)۔ علامہ کی بیان کردہ دوسری صورت حال جہاں مسلمانوں کو خصوصاً مہاجرین کو مظلوم دکھانا تھا

(الف)۔ قریش کے تمام بڑے بڑے سردار جنگ کے لئے تیار ہو گئے۔ تقریباً ایک ہزار مردان جنگی جن میں سے چھ سو زرہ پوش تھے اور جن میں سو سواروں کا رسالہ بھی شامل تھا پوری شان وشوکت کے ساتھ لڑنے کے لئے چلے۔'' (ایضاً صفحہ 123)

(ب)۔ ''مہاجرین بے سروسامان، انصار ابھی ناآزمودہ، یہودی قبائل برسرمخالفت، خود مدینہ میں منافقین ومشرکین کا ایک اچھا خاصا طاقتور عنصر موجود، اور گردوپیش کے تمام قبائل قریش سے مرعوب بھی اور مذہباً اُن کے ہمدرد بھی۔ ایسے حالات میں اگر قریش مدینہ پر حملہ آور ہو جائیں تو ہوسکتا ہے کہ مسلمانوں کی مٹھی بھر جماعت کا خاتمہ ہو جائے۔'' (ایضاً صفحہ 124 جلد دوم)

(ج)۔ چند سرفروش فدائیوں کے سوا اکثر آدمی جو اس خطرناک مہم میں شریک تھے دلوں میں سہم رہے تھے۔ اور انہیں ایسا محسوس ہوتا تھا

کہ جانتے بوجھتے موت کے منہ میں جا رہے ہیں۔ مصلحت پرست لوگ، جو اگر چہ دائرۂ اسلام میں داخل ہو چکے تھے مگر ایسے ایمان کے قائل نہ تھے جس میں جان و مال کا زیاں ہو، اس مہم کو دیوانگی سے تعبیر کر رہے تھے اور اُن کا خیال تھا کہ دینی جذبہ نے ان لوگوں کو پاگل بنا دیا ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد دوم صفحہ 126-125)

قارئین کرام یہ ہیں وہ دونوں صورتیں جن میں سے اگر پہلی صورت کو صحیح مان لیا جائے تو دوسری کو غلط قرار دینا ہوگا۔ اسلئے کہ واقعی دوسری صورتحال درپیش تھی اور مسلمان بہادر ایسے ہی بزدل اور منافق اور موقع و مصلحت پرست تھے اور اُنکی تعداد مٹھی بھر تھی تو ہرگز پہلی صورت میں مذکورہ جارحانہ عمل درآمد کی جرأت ہو ہی نہیں سکتی ہے۔ اور یہی صحیح ہے کہ آنحضرتؐ نے کوئی شاہراہ یا شاہ رگ نہیں تاکی تھی۔ انہوں نے کسی قسم کی اور کسی مقدار میں اور کبھی بھی جارحانہ تدبیر یا عمل نہیں کیا۔ اور واقعی مہاجرین کی کثرت ایسے ہی لوگوں کی تھی جو مصلحت کے ماتحت قریشی اشاروں پر ساتھ ہو گئے تھے اور اب اُن کیلئے بڑی مشکل تھی۔ جنگ کیلئے میدان میں نکلیں تو قریش کا اعتماد اور سہارا کھوئیں، جان بلا ایمان لائے مفت میں ضائع کریں، لڑنے کو نہ نکلیں تو حقیقی مسلمان انہیں منافق قرار دیں۔ اعتماد الگ جائے، رسولؐ کی جانشینی کے خواب پریشان ہو جائیں۔ یہی سبب ہے کہ وہ اکثر میدان سے خود بھی بھاگ کھڑے ہوتے تھے اور دوسرے ساتھیوں کو بھی بھاگ نکلنے کا موقع بتاتے ہوئے پائے جائیں گے۔ اور جان بچانے اور دونوں طرف اعتماد بحال رکھنے کیلئے اکثر مشورہ دینے کے بہانے رسولؐ اللہ کے آگے پیچھے چھپے رہا کرتے تھے مگر خطرہ میں اُن کے پاس بھی نہ ٹھہرتے تھے۔ چنانچہ جنگ احد میں اُن کا اُس وقت کہیں پتہ نہیں چلتا جب رسولؐ اللہ زخمی ہوئے اور آپ کے دندان مبارک شہید ہو گئے حتّٰی کہ جناب فاطمہؑ میدان جنگ میں پہنچ گئیں تھیں۔ مگر یہ حضرات کہیں اتنی دُور چلے گئے تھے کہ بعض بعض تین روز کے بعد پلٹ کر آئے تھے بعض پہاڑوں پر دوڑ کر چڑھ گئے تھے۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ علامہ نے محض قحطانی مارشل ازم کو جائز قرار دینے کیلئے ایک نہایت معاندانہ اور فریب کارانہ طویل تبصرہ کیا تھا۔ اصل حقیقت اسکے سراسر خلاف تھی۔ دوسرا مقصد یہ تھا کہ قریشی قسم کے مسلمانوں پر پردہ ڈالا جائے۔ اس بیان کی خاص بات بھی نوٹ کر لیں۔

(24/10)۔ کیا رسولؐ اللہ بھی (معاذ اللہ) قریش تھے؟

قارئین اُس دعا کے اوّلین الفاظ پر بھی نظر ڈالیں جو رسولؐ اللہ نے مدنی اور قریشی افواج کو آمنے سامنے دیکھ کر خدا سے مانگی تھی۔ اُس میں علامہ اور تمام علمائے اسلام کے نزدیک یہ فرمایا تھا کہ:۔

''اللّٰھم ھٰذہٖ قریش قد اتت بخیلا ئھا تحاول ان تکذب رسولک...'' الخ (تفہیم القرآن جلد 2 صفحہ 126)

''خدایا؛ یہ ہیں قریش، اپنے سامانِ غرور کے ساتھ آئے ہیں تاکہ تیرے رسولؐ کو جھوٹا ثابت کریں''؟

ہم عرض کرتے ہیں کہ اگر رسولؐ اللہ بھی خاندان قریش یا قبیلہ قریش یا قوم قریش کے ایک فرد تھے تو یہ دعا یوں زیادہ اپیل کرتی کہ:۔

''خدایا یہ ہیں میرے خاندان، میرے قبیلے کے قریش جو اپنے خاندانی رشتے کا بھی خیال نہیں کرتے اور تیرے رسولؐ کو جھٹلانے کے لئے تیغ بکف مقابلے میں آئے ہیں اور اُن میں ہی کے چند لوگ مجھ پر ایمان لا کر تیرے دین میں داخل ہو چکے ہیں۔ جنہیں فنا کرنے کے لئے یہ لوگ آئے ہیں۔''

قارئین آخری بار سنیں کہ قریش کہتے ہی اس گروہ کو ہیں جو دین خداوندی کا ازلی مخالف ہو۔اور رسولؐ اللہ معاذ اللہ ہرگز قریش نہ تھے۔ یہ سارا بعد کا تیار کیا ہوا افسانہ ہے۔اس میں اتنا بھی صدق نہیں جتنا ایک ناول میں ممکن ہے۔

(24/11)۔ رسولؐ اللہ کا دُعا مانگنا اور قریش کی خدا سے شکایت کرنا بہت ناگوار گزرا

قارئین کی دلچسپی کے لئے یہاں یہ بتانا چاہتے ہیں کہ جب رسولؐ اللہ خدا سے مسلمانوں کی کامیابی کی دُعا مانگ رہے تھے تو جناب ابوبکر نے رسولؐ اللہ کو دعا سے روک دیا تھا۔ چنانچہ ملاحظہ ہو علامہ محبّ طبری اور محمد اسماعیل بخاری نے لکھا ہے کہ:۔

فاخذ ا بوبکر بیدہ وقال حسبک یا رسولؐ اللّٰہ قد الححت علی ربّک ۔''حضرت ابوبکر نے رسولؐ اللہ کے پھیلے ہوئے ہاتھوں کو پکڑ لیا اور کہا کہ یا رسولؐ اللہ بس کریں آپ اللہ کے روبرو کافی گڑگڑا چکے ہیں۔'' (ریاض النضرۃ صفحہ 93 بخاری پارہ نمبر 6 صفحہ 6)۔اس روایت کی تشریح علامہ ابن حجر سے سن لیں فرماتے ہیں کہ:۔

لا یجوز ان یتوھم احدان ابابکر کان اوثق بربّہ من النبیؐ فی تلک الحال ۔''کسی ایک فرد کے لئے بھی یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اس روایت کو دیکھ کر یہ وہم کر بیٹھے کہ رسولؐ سے ابوبکر خدا کے نزدیک زیادہ معتمد تھے۔'' (فتح الباری پارہ 6 صفحہ 6)

اس روایت پر علما میں طرح طرح کی بحثیں ہوئی ہیں اور سب کسی نہ کسی غلط نتیجے پر پہنچے ہیں۔بعض نے ابوبکر کے درجہ کو رسولؐ اللہ کے برابر کرنے کیلئے کہا کہ خود ابوبکر پر الہام ہوا کرتا تھا۔لیکن ہم تو سیدھی سادی پرانی بات جانتے ہیں اور وہ یہ کہ جناب ابوبکر ازدی عالم اور بحیرا راہب کی پیشگوئی کو روبہ عمل آتے ہوئے دیکھ دیکھ کر اتنے پُر یقین ہیں کہ کسی دُعا وغیرہ کو فضول سمجھتے ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ دعاؤں سے اللہ کے فیصلے نہیں بدلتے ، دعا مانگو یا نہ مانگو وہی ہوتا ہے جو خدا نے لکھ رکھا ہے، وہ دعا کے قائل نہیں۔ پھر چونکہ اس دعا میں قریش کی کھلی مذمت ہو رہی تھی جو نا قابل برداشت تھی اس لئے آپ نے اس دعا کو منقطع کر دیا۔اُدھر رسول اللہ دعا کے قائل ہیں، دعا کو واجب قرار دیتے ہیں اور خدا کو یہودی مذہب کی طرح مغلولۃ الید نہیں مانتے۔ پھر اُنہیں تمام مسلمانوں کے دلوں کو خدا کی طرف رجوع کرانا تھا اور بلند آواز سے یہ اعلان کرنا تھا کہ اس جنگ میں ہماری فتح ہمارے صدق کا ثبوت ہوگی اور یہ کہ خدا نے کامیابیوں کا وعدہ کر رکھا ہے۔اور یہ بات قریش کے ایک ہزار افراد کے کان میں دعا کے بغیر نہ جا سکتی تھی۔اور فتح کے بعد باقی ماندہ قریش یہ نہ سمجھ سکتے تھے کہ رسولؐ اللہ نے سر میدان قریش کو جھوٹا ثابت کر دیا ہے۔ پھر رسولؐ اللہ کا فی الحال مشن یہ ہے کہ وہ علم غیب اور مستقبل کا حال بیان نہ کریں بلکہ ظاہری حالات پر احکام و دعا اور پروگرام کا دارومدار رکھیں۔ یہ آگے بڑھ کر یہ کیوں بتاتے کہ رسولؐ اللہ نے ابوبکر کو اس غلط عقیدے اور جسارت پر ڈانٹا اور دعا جاری رکھی یہاں تک کہ مژدہ فتح مادی طور پر دیا گیا۔ جناب ابوبکر کا دعا سے روکنا دراصل ایک فلسفیانہ تصور ہے اور قریش کی مذمت اور خدا سے شکایت نہ کرنے دینا بھی حکمت عملی سے خالی نہیں ہے۔مسلمانوں کے فلاسفروں میں اکثر یہ دونوں عقائد پائے جاتے رہے ہیں۔ اُن کا کہنا ہے کہ خدا نے جو کچھ کرنا تھا وہ طے کر کے فیصلہ کر چکا ہے اور اب ہر کام، ہر فعل اور ہر واقعہ اسی فیصلہ کے ماتحت وجود میں آتا چلا جائے گا۔ دعائیں، کوششیں اور فکر و تدبر بھی اس میں تبدیلی نہیں کر سکتیں۔ پیش آنی ہے وہی جو پیشانی میں ہے۔

بعد میں دو سو سال تک حکومتوں کا یہی مذہب تھا کہ یہاں دنیا میں جو کچھ ہوتا یا کیا جاتا ہے وہ خدا کے حکم و قدرت سے ہوتا ہے۔

انسان مجبور ہے کہ تقدیرات کے ماتحت کام کرے۔ لہٰذا آدمی جو کچھ بھی کرتا ہے وہ خدا کی تعمیل میں کرتا ہے۔ اُسی عقیدہ کی روشنی میں عرب کے مشرک علما کہتے تھے کہ اگر خدا نے نہ چاہا ہوتا تو ہم نے شرک اور فلسفہ اشتراکیت کو اختیار ہی نہ کیا ہوتا۔ تم جسے فحش کہتے ہو۔ اس پر عمل کرنے کا اللہ نے ہمیں حکم دیا ہے (آل عمران 3/26)۔ اسی اصول پر یزید نے کہا تھا کہ فتح وشکست، عزت وذلت خدا عطا کرتا ہے اور اسی نے اس کو فتح وعزت دی ہے اور خدا ہی نے حسین علیہ السلام کو شکست اور اُنکے خاندان کو ذلیل کیا ہے۔ اسکے خلاف نہ کوئی وحی اتری نہ کوئی فرشتہ آیا تھا۔ لہٰذا ہر قاتل خدا کا مطیع ہے، ہر مقتول خدا کے حکم سے قتل کیا جاتا ہے، انسان کے تمام افعال اللہ کے حکم کے تابع ہیں۔ نہ قاتل کو برا کہو نہ قریش کی مذمت کرو، سب خدا کے حکم کے مطابق اپنا اپنا کام کر رہے ہیں۔ اس مذہب کے بانی اسلام میں جناب ابوبکر ہیں اور یہ مذہب آج بھی نصیب، تقدیر اور قسمت کے نام پر ہر گھر میں مذکور ہوتا رہتا ہے، شیعہ سنی کی اس میں قید نہیں ہے۔ مستورات سو فیصد اس عقیدے میں پختہ ہیں۔ مردوں میں اٹھانوے فیصد اُسکو مان لیتے ہیں۔ دو فیصد مردوں میں کچھ مخالف ہیں مگر عمل اُسی پر ہے۔ کچھ قولاً وعملاً دونوں طرح مخالف ہیں اور اصل حقیقت کو جانتے اور بیان کرتے ہیں۔ اور ہمیں ساری عمر ہوگئی ہے کہ ایم اے، ایم ایس سیز (M.A.,M.Sc) تک کو یہ عقیدہ سمجھانا پڑ رہا ہے۔ یعنی اعلیٰ درجہ کے تعلیم یافتہ مسلمانوں میں بھی مسئلہ جبر وقدر سے واقفیت نہیں ہے۔ اہل سنت والجماعت کا نہایت صلح کل اور مفاہمت سے بھرپور یہی مسئلہ ہے جسکی وجہ سے وہ ایک طرف جناب امام حسینؑ علیہ السلام اور خانوادہ رسولؐ کے قتل عام پر اشک ریز ہوتے ہیں، فاتحہ درود خیر خیرات کرتے ہیں۔ دوسری طرف یزید، معاویہ، ابن سعد کی بخشش کے امیدوار ہیں۔ وہ ظالم ومظلوم، لاعن وملعون، قاتل ومقتول اور فاعل ومفعول دونوں کو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ خدا نے ایسا چاہا کہ یزید وشمر وعمر وسنان..... حسین علیہ السلام اور خاندان رسولؐ کے ساتھ ایسا کریں۔ اور امام حسینؑ اور متعلقین سے چاہا کہ وہ صبر دکھائیں اور قتل ہو جائیں۔ یہ عقیدہ عملی حیثیت سے جناب ابوبکر نے اور اُن کے شرکائے کار نے مسلمانوں میں پختہ کیا، اس پر عمل کرایا، اسکی تعلیم کو آگے بڑھایا لیکن اُن سے پہلے بھی یہ عقائد واعمال دنیا میں موجود تھے۔ خصوصاً عرب کے مشرکین یا اشتراکیین کا یہی عقیدہ تھا۔

25۔ جنگ بدر پر قریش اور قریشی مسلمان قرآن کی نظر میں

علامہ کے طویل بیان پر اس قدر اور سُن لیں کہ جب قریش نے مدینہ میں یہود ونصاریٰ اور اَوس وخزرج و دیگر قبائل سے مراسلت کی اور بار بار وفود بھیجے تاکہ آنحضرتؐ اور مہاجرین کو واپس نکال دیا جائے یا نصرت وتعاون کے معاہدوں کو منسوخ کر دیا جائے۔ اور دباؤ ڈالا کہ ہم سیاسی ومعاشی بائیکاٹ کریں گے اور ضرورت ہوگی تو فوج کشی کریں گے اور یہ ہماری تجارت کی شاہراہ ایک عالمی اور بین الملکی ومملکتی شاہراہ ہے جس کے تحفظ کے لئے نہ صرف سارا عرب اٹھ کھڑا ہوگا بلکہ جن جن ملکوں سے ہماری تجارت ہوتی ہے اُن کا مفاد بھی جب ہی محفوظ رہ سکتا ہے جب کہ وہ بھی اُس عالمی شاہراہ کی حفاظت میں ہم سے تعاون کریں۔ لہٰذا محمدؐ کے طرفدار سمجھ لیں کہ وہ ساری دنیا کو للکار رہے ہیں، لہٰذا اپنی خیر مناؤ۔ محمدؐ اور اُسکے ملکی خاندان کے افراد کو واپس کر دو ورنہ تباہی اور بربادی کے لئے تیار ہو جاؤ۔ اس کے ساتھ ہی مکہ کے تاجروں اور سرمایہ داروں اور تجارت میں روپیہ لگانے والوں کو معلوم تھا کہ ابوسفیان عنقریب لاکھوں روپے کا مال تجارت

لے کریمن وشام سے آنے والا ہے اور کل تیس آدمی اُس کے ہمراہ ہیں۔ ایک ہزار اونٹوں کا مال سے لدا ہوا قافلہ مدینہ کے قرب و جوار سے گزرے گا۔ ہوسکتا ہے کہ شر پسند لوگ محمدؐ کے نام پر کوئی پیش قدمی کرگزریں تو مکہ کے یتیموں، بیواؤں، غربا اور مہاجنوں کا لگا ہوا سارا سرمایہ لٹ جائے گا۔ مکہ کا ہر آدمی ایک قلاش فقیر ہو کر رہ جائے گا۔ اس فطری، قومی اور معاشی ضرورت کے ماتحت مکہ کے تمام سرداروں نے مل کر مذکورہ شاہراہ اور خود اہل مدینہ کی نگرانی شروع کی۔ مدینہ کے اندر اپنا خفیہ ہیڈ کوارٹر بنایا۔ خفیہ اس لئے کہ عبداللہ بن ابی جس کو منافقوں کا رئیس مشہور کر کے قریشی مسلمانوں اور حکومتوں نے تمام تخریبی کاروائیوں کا رخ اصلی مرکز سے اُس کی طرف موڑا ہے، جس نے قریش کی کھلم کھلا طرفداری سے انکار کر دیا تھا اور اپنے قبیلہ اَوس کے دباؤ سے ڈرتا تھا۔ البتہ مکہ کے یہود تاجروں میں سے بعض مشترکہ مفاد کی بنا پر قریش کے ساتھی بن گئے تھے۔ مگر وہ اس لئے مجبوراً خاموش اقدام کرتے تھے کہ رسولؐ اللہ نے آتے ہی سب سے پہلے اُن ہی سے معاہدہ کر لیا تھا۔ اُدھر آپؐ کی اخلاقی خوبیاں، پیاری نصیحتیں اور روادارانہ سلوک مدینہ کے تمام افراد کی زبانوں پر تھا۔ کسی کے عقائد سے بحث، چھیڑ چھاڑ، طعن وطنز یہاں ممنوع تھا۔ نیکی میں سب سے تعاون کا حکم، عام غلطیاں کوتاہیاں نظر انداز کرتے رہنے کا مستقل عمل درآمد اپنے پرائے کے دلوں میں اُتر چکا تھا۔ رسوؐل کی طرف کسی سوءظن رکھنے والے کا مدینہ میں منہ نوچ لیا جاتا تھا۔ لہٰذا یہودھوں یا نصاریٰ، مسلم ہوں یا غیر مسلم، کہیں مشرکین مکہ کو بہکانے اور رسولؐ کے خلاف کوئی بری بات کہنے یا اُن سے کسی ناپسندیدہ فعل کے سرزد ہونے یا غلط حکم دینے کو کوئی ماننے کو تیار نہ تھا۔ اس لئے صرف ایک ہی راستہ تھا اور وہ قریشی قسم کے مسلمان گروہ کا سہارا تھا۔ اور یہ گروہ بھی خالصتاً مشرکین کے لئے کام نہیں کر رہا تھا بلکہ اُن کا دوہرا مقصد تھا۔ اوّل یہ کہ رسوؐل کی جانشینی کی پیشگوئی تک پہنچنا اور دوم یہ کہ اس سلسلے میں مکی مرکز سے بوقت ضرورت مالی اور افرادی مدد ومشورہ لینا۔ لہٰذا مشرکین کا یہ مسلمان باز و بھی کھل کر نہ رسولؐ اللہ کی مخالفت کر سکتا تھا نہ کھل کر مکی مرکز کی حمایت کر سکتا تھا۔ لہٰذا قریش مجبور تھے کہ اس خفیہ ہمدردی وطرفداری وسراغرسانی اور مراسلت ہی پر صبر وقناعت کریں۔ البتہ مکے سے آنے والے حضرات اُدھر مسلمانوں میں کھلم کھلا قیام کرتے اور مہمان رہتے تھے۔ اِدھر یہود ونصاریٰ بھی اُن کو منع نہ کرتے۔ قریشی مسلمانوں سے اُن کی رشتہ داریاں تھیں اور اسلامی تعلیم مہمان نوازی پر زور دیتی تھی۔ اعزہ کا اکرام وعزت منع نہ تھا، صاحبان عزت کے احترام کا حکم تھا۔ لہٰذا مکے کے قریش جب چاہیں جتنے چاہیں مدینہ میں خود مسلمانوں کے گھروں میں قیام کر سکتے تھے اور کرتے تھے۔ لہٰذا وہ سب رسولؐ اللہ کے اقدامات اور منصوبوں سے اتنا ہی واقف رہتے تھے جتنا کہ مسلمان۔ مکہ والوں کی اسکیمیں معلوم کرنے کا کوئی مادی ذریعہ نہ تھا۔ خانوادہ رسولؐ کے تمام افراد پہلے ہی مکہ سے باہر تھے اور اب مدینہ میں جمع ہو گئے تھے۔ صرف وحی خداوندی باخبر رہنے کا ذریعہ تھی اور یہی سب سے معتمد اور وسیع ترین ذریعہ تھا۔ ان حالات میں رسولؐ اللہ کے لئے لازم تھا کہ مسلمانوں کو ہر بات علی الاعلان نہ بتائی جائے ورنہ کوئی اسکیم محفوظ نہیں رہ سکتی۔ یہ سبب تھا کہ رسولؐ اللہ نے چند ایسے انتظامات فرمائے جو عوام الناس کی علمی سطح سے بلند رکھنا ضروری تھے تاکہ مسلمانوں کے ذریعہ مشرکین ہر اقدام سے واقف نہ ہوسکیں۔ آپکو معلوم ہو چکا ہے کہ عقبہ اولیٰ ہی کے زمانہ سے مدینہ میں بارہ نقیب برسرکار تھے۔ مدینہ آکر نقابت کے اس نظام کو اور وسیع کر دیا گیا۔ یہاں پر لطف کی بات یہ ہے کہ وہ جماعتیں جن کو مُلا حضرات تاختی جماعت کہتے ہیں، اُن کے اغراض ومقاصد کا نام ''سِـرِّیَّـہ'' یعنی راز سربستہ کہا گیا ہے۔ یعنی مولوی لوگ یہ زبان بولتے اور لکھتے

چلے آئے ہیں کہ رسول اللہ نے اتنے سرّ یے اور اتنے غزوات کئے ہیں۔ علامہ شبلی وغیرہ نے غزوہ اور سِرّیَّہ وغیرہ کے فرق بیان کرنے میں (سیرۃ جلد اوّل صفحہ 587) مولویانہ زور لگایا ہے۔

ہمیں بلا بحث یہ بتانا ہے کہ جہاد کی ذیل میں ہر کوشش آتی ہے۔ قتال میں مسلح کوشش داخل ہے۔ غزوہ اجتماعی مقاصد کے لئے اجتماعی اور اعلانیہ کوشش کو کہتے ہیں جس میں جانی تحفظ کا انتظام ہو۔ ''سِرّیَّہ'' خفیہ مشن کہلاتا ہے جس کی اطلاع عوام کو نہیں دی جاتی۔ اُسی طرف لفظ نقیب اشارہ کرتا ہے۔ آپ نقاب کے معنی جانتے ہیں۔ نقابت وہ کام ہے جو نقیب کرے گا۔ اور جہاں ضروری ہوگا اپنے اقدام کو زیر نقاب کر دے گا۔ نقب لگانے کے معنی بھی آپ جانتے ہیں۔ تقیہ ہمارے یہاں کا بڑا مشہور لفظ ہے اور قاعدہ کے مطابق اس کے معنی بھی مولویانہ دست برد کی نظر ہو گئے ہیں۔ ہر وہ کام جس میں تقویٰ کو ہر حیثیت سے ملحوظ رکھ کر نتیجہ برآمد کرنا لازم ہو۔ توریہ بھی ایک لفظ ہے؛ ایسا کلام کرنا کہ مخاطب مطمئن ہو جائے۔ اُس کو صحیح بات بھی معلوم نہ ہو سکے اور جھوٹ بھی نہ بولا جائے۔ یہ سب کچھ اس لئے لکھا گیا کہ اب وہ وقت آ گیا تھا کہ مسلمانوں کے تحفظ کے لئے اور مشرکین مکہ کے سراغ رساں قریشی مسلمان گروہ سے بچنے کے لئے نقیب و نقابت۔ سِرّیات و توریہ و تقیہ کے اسلحہ استعمال کئے جائیں۔ حتّٰی کہ وحی بھی اس انداز سے تلاوت کی جائے کہ یہ اصول نہ ٹوٹنے پائے۔ جہاں نام ضروری ہوں فلاں یا فلاناً فرما دیا جائے کہ مخالف محاذ سمجھ تو جائے مگر اتفاق رائے حاصل نہ کر سکے اور مشرکین کے مدنی خفیہ محاذ کو ناکام کر دیا جائے۔

(25/2)۔ خفیہ مشن (سِرّیَّہ) سے ایک غلطی جو جنگ بدر کا ثانوی سبب بن گئی

مندرجہ بالا اغراض و مقاصد کے لئے قریش نے نگران دستے چاروں طرف پھیلا دیئے تو مدینہ کے باشندوں کو نقصان بھی پہنچانا شروع کیا تو داخلی و خارجی تحفظ کے لئے رسول اللہ نے بھی خفیہ مشن شروع کر دیا۔ جس سے سراغ رسانی سے لے کر مسلح تحفظ تک کا انتظام کیا گیا اور اس کے بعد قریش کے پھیلے ہوئے نگران دستوں کی جارحانہ کاروائیاں مفلوج ہو گئیں اور اہل مدینہ مزید نقصان سے محفوظ ہو گئے۔ اس خفیہ انتظام کا ہر جگہ بھُوت کی طرح مل جانا قریشی انتظام کو مرعوب کر رہا تھا۔ اُدھر ابوسفیان کا قافلہ ملک میں داخل ہو چکا تھا۔ چونکہ اُس شاہراہ کے داہنے بائیں کے قبائل سے آنحضرتؐ معاہدات کر چکے تھے اس لئے قریش کی دشمنی چاروں طرف مشہور ہو چکی تھی۔ اور بہت ممکن تھا کہ کوئی قبیلہ راہ میں قافلہ کو اس لئے لوٹ لے کہ نام تو مسلمانوں کا ہوگا اور قریش فوراً یقین کر لیں گے کہ یہ کام مسلمانوں ہی نے کیا ہوگا۔ اس لئے رسول اللہ کے لئے تو یہ لازم ہو گیا تھا کہ ابوسفیان کے قافلے کو بلاخوف و خطر محفوظ گزرنے میں مدد دی جائے۔ لہٰذا آپ نے گرد و نواح کے قبائل پر نظر رکھنے اور اس تحفظ کے متعلق انتظام کرنے کی ذمہ داری بھی اُسی خفیہ مشن کے حوالے کر دی۔ ظاہر ہے کہ اُس خفیہ مشن کے تفصیلی حالات نہ عام ہو سکتے تھے نہ تاریخ اُن کو صحیح طور پر جمع کر سکتی تھی۔ نہ اس میں ایسے افراد تعینات کئے جا سکتے تھے جو اس راز کو فاش کریں۔ اس لئے مؤرخین کا یہ کہنا غلط ہے کہ اُس میں انصار کو نہ بھیجا جاتا تھا۔ اُس مشن میں جو لوگ بھی کام کر رہے ہوں اُن کو مخصوص قابلیت و اعتماد کے افراد ہونا لازم تھا۔ اُن میں سے ایک پارٹی پر قریش کے تجارتی قافلہ کو شبہ ہوا۔ یہ اندرون ملک تجارت کے مشن پر تھے۔ انہوں نے مسلمانوں کی اس پارٹی پر رعب ڈالنا شروع کیا اور انہیں تصادم پر مجبور کر دیا۔ آپ جانتے ہیں کہ مسلم افراد کا تحفظ

اُن کا ایمان کرتا ہے۔ وہ قافلہ اِن تین چار مسلمانوں کے ہاتھ سے شکست کھا کر بھاگ کھڑا ہوا۔ اُن کا ایک آدمی عمرو بن الحزرمی مارا گیا۔ دو آدمی عثمان بن عبداللہ اور حکم بن کسان کو گرفتار ہونا پڑا۔ جو سامان وہ چھوڑ گئے تھے، اُسے مسلمان جماعت نے مدینہ پہنچانے کے لئے سفر کیا۔ جناب عبداللہ بن جحش نے وہ سامان رسولؐ اللہ کے حضورؐ پیش کیا اور واقعہ سنا دیا۔ اس حادثہ میں دو تین قانونی پہلو الجھتے تھے۔ اُس کو قرار واقعی طور پر حل فرمانے کے لئے اور بے دین لوگوں تک کو مطمئن کرنے اور انصاف وعدل کا انتہائی معیار واضح کرنے کے لئے پہلے اظہار ناراضگی فرمایا۔ مال لینے سے انکار کر دیا تا کہ آئندہ ذمہ دار لوگ زیادہ سے زیادہ احتیاط مدنظر رکھیں۔ چونکہ قتل اس مہینہ میں ہوا تھا کہ اس میں تلوار اٹھانا منع تھی۔ اور یہ کفار کے یہاں بھی مسلمات میں سے تھا۔ لہٰذا آپ نے خون بہا کی رقم مکہ میں وارثین کو بھجوا دی۔ دونوں قیدیوں کو فدیہ پر آزاد کر دیا اور قانون سنا دیا کہ:۔

يَسْـَٔلُوْنَکَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَo (البقرۃ 2/217)

تم سے یہ سوال کیا جا رہا ہے کہ اسلام میں حرمت والے مہینوں میں قتل اور جنگ کی کیا پوزیشن ہے؟ ان کو بتا دو کہ اُن مہنیوں میں قتل اور جنگ کی وہی پوزیشن ہے اور حرمت بدستور بزرگ ہے۔ مگر خدا کے کھلے راستوں میں رکاوٹ ڈالنا، خدا سے کفر کرنا، بیت اللہ کی زیارت منع کر دینا اور بیت اللہ کے حقیقی اہل کو جلا وطن کر دینا زیادہ بزرگ قوانین کی خلاف ورزی ہے جو حرمت کے مہنیوں میں قتل اور جنگ سے زیادہ بڑے جرائم ہیں۔ اور اللہ کے نزدیک فتنہ وفساد پھیلانا قتل سے بدتر گناہ ہے۔ لہٰذا اُن کے اعتراض کو کیسے خاطر میں لایا جا سکتا ہے۔ جبکہ انہوں نے یہ طے کر لیا ہو کہ جب تک مسلمانوں کو ان کے دین سے مرتد نہ کر دیں گے، ہر حال و ہر ماہ میں جنگ جاری رکھیں گے۔ اور سنو تم میں سے جو کوئی اسلام سے مرتد ہو گا، اس کی موت واقع ہو جائے گی، اسکے اعمال ضائع ہو جائیں گے۔ دنیا و آخرت میں فائدہ نہ ہو گا اور ہمیشہ جہنم میں رہنا ہو گا۔ یہ قانون نافذ کرنے تک عبداللہ بن جحش اور اُس کے ساتھی نظام عدل کو سمجھ چکے تھے۔ سارے شہر میں حتّٰی کہ مکہ تک رسالتؐ کے بے لاگ عملدرآمد کی دھوم پہنچ گئی تھی۔ چنانچہ آیات نے اُس جماعت کا سر بلند کر کے زیادہ ذمہ دار بنا دیا۔

(25/3)۔ قریش کی فوج کشی اور جنگ بدر کا سامان

ابوسفیان رسولؐ اللہ کے انتظامات کی دھوم ہر منزل پر سنتا، بڑھتا اور ڈرتا چلا آ رہا تھا۔ آخر اس نے حفظ ماتقدم کے لئے مکہ سے مدد کی روانگی کے لئے قاصد بھیج دیا اور قاصد نے مکیوں کو گرم کرنے کے لئے پورا ڈرامہ دکھا دیا۔ یہاں پہلے سے تیاری کئے بیٹھے تھے، آناً فاناً روانگی ہوگئی۔ روانگی کی یہ دھوم مدینہ پہنچی تو رسولؐ اللہ نے مسلمانوں کو لے کر مدینہ سے سفر شروع کر دیا۔ تا کہ یہ یقین فراہم ہو جائے کہ تمام مسلمان مدینہ میں موجود تھے اور قافلہ کو لوٹنے کے لئے اِدھر سے کوئی پیش قدمی نہیں کی گئی ہے اور مدینہ سے سفر بھی ایسے رخ میں کیا کہ ہر دیکھنے والا اس سفر کو مکہ کی طرف سفر سمجھے۔ مقام بدر پر آ کر پڑاؤ ڈال دیا۔ یہ موقع فراہم ہونے سے ابوسفیان بہ سہولت قافلہ کو نکال لے

گیا اور قریشی لشکر کو پیام بھیج دیا کہ واپس آجاؤ ہم محفوظ پہنچ رہے ہیں۔ مگر ابوجہل جو سردار لشکر تھا اس نے سوچا کہ جب اتنا سفر کر ہی لیا تو ذرا اہل مدینہ کو کیوں نہ گرم کرتے چلیں۔ لوگوں نے اس سے اختلاف کیا مگر اُس نے خون بہا وصول ہو جانے کے بعد بھی عمرو بن الحزرمی کے قصاص کا ڈھونگ رچوا دیا اور آخر اُسے اس کی موت رسولؐ اللہ کے روبرو کھینچ لائی۔ اور دونوں فوجیں آمنے سامنے قیام پذیر ہو گئیں۔ ایک نے دوسرے کی تعداد کا جائزہ لیا تو مسلمانوں کی مٹھی بھر جماعت ابوجہل کی نگاہ میں ایک حقیر ترین شکار سے زیادہ نہ تھی۔ اس لئے اُسے یقین ہو گیا کہ اب محمدؐ کے دعاوی کو سرمیدان جھوٹا ثابت کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ اور یہ کہ اگر وہ واپس چلا گیا ہوتا تو کیسا سنہری موقع ہاتھ سے نکل گیا ہوتا۔ ہم کہتے ہیں کہ ابوجہل اور بھی خوش ہوا ہوتا اگر اُسے کم از کم اتنا علم اور ہو گیا ہوتا جتنا علامہ مودودی کو ہے۔ کاش اُسے وہ آیت بھی معلوم ہوتی جس میں اللہ نے قریشی قسم کے مسلمانوں کا حال بیان کرنا تھا جو مصلحتاً جنگ کے بعد تلاوت کی جائے گی۔

(25/4)۔ <u>بدر کے روز کس قسم کے مسلمانوں کی کثرت میدان جنگ میں موجود تھی؟</u>

ابوجہل یہ سمجھ رہا ہوگا کہ رسولؐ اللہ کے ساتھ آنے والے لوگ اُسی قسم کے سخت جان اور جان نثار ہوں گے جو تین سال تک شعب ابی طالبؑ میں اپنی وفاؤں کا ثبوت دے چکے تھے۔ لیکن ہم بتا چکے ہیں کہ مدینہ میں قریشی قسم کے مسلمانوں کی کثرت موجود ہے جن میں سے کوئی بھی مرنا تو مرنا ہے دردسر بھی پسند نہیں کرتا۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم قرآن کریم سے قریشی مہاجرین اور ان کے تیار کردہ مسلمانوں کو پیش کریں۔ قرآن کہتا ہے کہ ایک وقت وہ تھا کہ یہ قریشی مومنین اپنا اعتماد قائم کرنے کے لئے اور مشرکین مکہ کے خلاف اپنی مصنوعی دشمنی ظاہر کرنے کے لئے اٹھتے بیٹھتے تقاضہ کیا کرتے تھے کہ؛

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ فَاَوْلٰى لَهُمْ o طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ o <u>فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ</u> اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ o اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ o اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا o اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ وَاَمْلٰى لَهُمْ o ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ o فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ o ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ o اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ o وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ o وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ وَنَبْلُوَا اَخْبَارَكُمْ o اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْئًا وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ o (محمدؐ 47/20-32)

ہمیں مکہ والوں سے جنگ کرنے کی اجازت کیوں نازل نہیں ہوتی۔ اور جب اللہ نے ایک ایسی محکم سورۃ نازل کر دی جس میں جنگ کی اجازت اور تفصیل ہے۔ تو تم ان کو دیکھ رہے ہو جن کے دلوں میں مرض شرک دورہ کر رہا ہے کہ وہ اب تمہیں اپنی پھٹی پھٹی آنکھوں سے ہکابکا ہو کر اس طرح دیکھ رہے ہیں جیسا کہ اُن پر موت نے اپنا تسلط جما کر حالت نزاع طاری کر دی ہو۔ چنانچہ ان پر ایک ولی کو

متعین کر دیا ہے۔ اُنہیں چاہئے تھا کہ اطاعت کرتے اور پسندیدہ طریقہ اختیار کرتے اور جب کسی حکم کو نافذ کر دیا جائے تو اللہ کی تصدیق کرتے تو انکے لئے بہتر تھا۔ پس کیا ہوتم نزدیک اس بات کے کہ اگر والی ہوتم حکم کے یہ کہ فساد کرو بیچ زمین کے اور کاٹو قرابتیں اپنی (علامہ رفیع الدین مرحوم)۔یعنی کیا اگر تم پیشگوئی کے مطابق نبیؐ کی ولایت اور جانشینی پر قابض ہو جاؤ تو دنیا بھر میں فساد مچادو گے اور اپنی تمام ارحام کو یعنی جنسی پابندیوں کو اٹھا لو گے۔ یہ وہی جماعت ہے جن پر اللہ نے لعنت کی ہے جنہیں بہرا کر دیا ہے۔جن کی آنکھوں کو حق بینی سے اندھا کر دیا ہے۔کیا یہ لوگ قرآن میں تدبر نہیں کرتے۔کہیں ایسا تو نہیں کہ اِن کے دلوں پر تالے لگے ہوئے ہوں۔ یقیناً ہدایت کے واضح ہو جانے کے بعد اپنے سابقہ مذہب پر واپس لوٹ جائیں گے۔شیطان نے ان کو جھانسا دے دیا ہے۔اور اُنہیں طویل اسکیم میں مبتلا کر دیا ہے۔اسی لئے اُنہوں نے دین کے ناپسند کرنے والوں سے یہ معاہدہ کر رکھا ہے کہ ہم بعض معاملات میں تمہاری سو فیصد اطاعت کریں گے۔اللہ اُن کے پوشیدہ منصوبوں سے واقف ہے۔اُن کا اس وقت کیا حال ہوگا جب فرشتے اُن کی روحوں کو اُنکے اجسام سے جدا کرتے ہوئے ان کے چہروں پر اور پشت پر ضربیں لگائیں گے۔ یہ اسلئے کیا جائے گا کہ انہوں نے اللہ کے ناپسندیدہ راستہ کو اختیار کیا اور اس کی رضامندی حاصل کرنے کو بُرا سمجھا۔ چنانچہ اللہ نے ان کے آج تک کے نیک اعمال ضائع کر دیئے۔کیا یہ دلوں میں شرک پوشیدہ رکھنے والے لوگ یہ سمجھتے رہے ہیں کہ اللہ ان کے دلی بغض وحسد کو چھپاتا ہی چلا جائے گا۔اگر ہم چاہیں تو ابھی ابھی ان کو تمہارے سامنے اٹھا کر دکھا دیں اور تم ان کا باقاعدہ سب سے تعارف کرا دو۔اور تم سے تو ہم ضرور ہی ان کے لب ولہجہ کا تعارف کرا چکے ہیں اور اللہ تو ان کے اعمال کو جانتا ہی ہے۔سنو کہ ہم تم سب کو ایسی آزمائش میں ڈال رہے ہیں جس سے تم میں کے صبر سے جہاد کرنیوالے سب کے سامنے ظاہر ہو جائیں گے اور پھر تمہاری باقی خبروں کو بھی آزما لیا جائے گا۔ یقیناً جن لوگوں نے حق کو چھپانے اور اللہ کی راہیں روکنے اور رسوؐل اللہ کو مشقتوں میں ڈالنے کا ارادہ کر لیا ہے اور اُن پر ہدایت واضح ہو چکی ہے۔ وہ اللہ کا ذرہ برابر نقصان نہ کر سکیں گے۔اور بہت جلد ہم ان کے اچھے اعمال کو ضائع کر دیں گے۔

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ وَ عَسَىٰٓ اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَّ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَعَسَىٰٓ اَنْ تُحِبُّوْا شَيْئًا وَّ هُوَ شَرٌّ لَّكُمْ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَo(بقرہ 2/216)

انہی لوگوں کا ذکر کیا گیا ہے کہ:تم پر مخالفین اسلام کے ساتھ جنگ کرنا واجب کیا گیا ہے۔اور وہ تمہیں بہت ناگوار گزر رہا ہے۔ عنقریب ایسا ہوتا ہی رہے گا کہ تمہیں ایک حکم دیا جائے گا جسے تم ناپسند کرتے ہوگے۔لیکن اس کا نتیجہ تمہارے لئے حقیقتاً بہتر ہوگا۔اور ایسا بھی ہوگا کہ تمہیں ایک بات بہت محبوب ہو لیکن اس کا نتیجہ تمہارے لئے بہت بھیانک نکلے۔بات دراصل یہ ہے کہ اللہ ہر چیز کا حقیقی علم رکھتا ہے اور تم اُس کے علم سے بے علم ہو۔

(25/5)۔ مدینہ سے نکلنے اور بدر تک پہنچنے کا قریشی نظارہ

جس سورہ پر آپ نے علامہ مودودی کا تھکا دینے والا تبصرہ پڑھا تھا، اب آپ اس سورہ کی قرآنی عبارت پر نظر ڈالیں تو آپ کو وہ بحث ملے گی جس میں پہلے یہ پوچھا جا رہا ہے کہ میدان جنگ میں لوٹ مار جائز ہے یا نہیں۔اور وہ مال جو دشمن سے میدان جنگ میں

حاصل ہو، اُس میں ہمارا کچھ حصہ ہوتا ہے کہ نہیں۔ اس بحث کو اللہ تعالیٰ نے نہایت ترکیب سے کسی اور وقت کے لئے اٹھا رکھا اور یہ کہہ کر بات ختم کردی کہ حقیقی مومن بننے کی کوشش کرو تو تمہیں سب کچھ ہی مل جائے گا۔ اس کے بعد اللہ نے اپنے رسولؐ سے خطاب میں فرمایا کہ؛

كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ o يُجَادِلُوْنَكَ فِى الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ o وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ o لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ o اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّىْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ o وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ o (الانفال 8/5-10)

جب آپؐ کے پروردگار نے آپ کو اس لئے آپ کے گھر سے نکالا کہ آپ حق کی مستحکم بنیاد قائم کردیں تو مومنین میں سے ایک گروہ کو بہت ہی ناگوار گزرا اور اُنہوں نے تمہارے ساتھ اس لئے جھگڑا شروع کردیا کہ آپؐ کیوں قریش پر حق نافذ کرنے جا رہے ہیں؟ حالانکہ اُن کو اُس کی بڑی واضح ضرورت بتائی جا چکی تھی۔ اُن جھگڑا کرنے والے مومنین کا اُس وقت یہ حال تھا کہ گویا تم انہیں گھیر کر موت کے منہ میں ہانک رہے ہو۔ اور وہ سامنے کھڑی ہوئی موت کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہوں۔ یہ خوف و دہشت و بدحواسی اُس حالت میں بھی سوار تھی جب کہ اللہ یہ وعدہ کر چکا تھا کہ قریش کے دونوں گروہوں میں سے ایک گروہ کو تمہارے قابو میں دے دیا جائے گا۔ مگر تم اپنی بزدلی اور لالچ کی بنا پر یہ چاہتے تھے کہ تم کو مال سے لدا ہوا غیر محفوظ اور کمزور قافلہ ہاتھ لگ جائے۔ اور تم اُسے آسانی سے لوٹ لو اور اُدھر قریش مدینہ کو لوٹ کر عورتوں اور بچوں کو تہہ تیغ کر کے تمہیں آگھیرتے اور تم سفید جھنڈی دکھا کر محفوظ ہو جاتے اور رسولؐ معہ حقیقی مومنین کے میدان میں ڈھیر کردئے جائیں اور یوں تم مشرکین مکہ کا حق نمک اور قومی حصہ ادا کرنے میں کامیاب ہو جاؤ اور حق مٹ جائے۔ لیکن اللہ کا ارادہ یہ تھا کہ تمہاری قریشی اسکیم کو ناکام کر کے حق کو مستحکم طور پر قائم کردے اور باطل کو قطعی طور پر واضح کر کے منکرین حق کی جڑیں کھود کر نکال دے تا کہ حق و باطل الگ الگ اپنی حقیقی صورت میں سامنے آ جائیں۔ حالانکہ تم اور تمہارے مرکز کے جرائم پیشہ لوگوں پر ہماری یہ اسکیم کتنی ہی گراں کیوں نہ گزرے۔ اور اے حقیقی مومنین جب تم اللہ سے مدد کی دعا کر رہے تھے تو ہم نے رسولؐ کو جواباً بتا دیا تھا کہ پے در پے تمہاری مدد کے لئے ایک ہزار فرشتہ بھیجنے کا پروگرام بنا ہوا ہے۔ یہ خبر ہم نے اس غرض سے دے دی تھی کہ تمہارے قلب مضبوط اور خوش و مطمئن ہو جائیں۔ اور وہ لرزاں و ترساں قریشی مسلمان ڈر ڈر کر اپنا خون خشک کرتے رہیں۔ یوں تو ہر مدد و نصرت اللہ ہی کی طرف سے ہوتی ہے۔ خواہ پہلے سے خوشخبری دی جائے یا نہ دی جائے۔ (الانفال 8/5-10)۔ اور پھر وہ بات بھی تو نوٹ کرنے کی ہے کہ:۔

''تمہیں اس قدر اطمینان اور بے فکری حاصل ہوگئی کہ میدان جنگ اور سامنے خوفناک دشمن کی کثرت اور تمہیں بستر راحت کی طرح غنودگی آنے لگی تھی۔ پھر اللہ نے آسمان سے دھڑا دھڑ پانی برسانا شروع کیا کہ تم غسل کرلو، پاک صاف ہو جاؤ اور پینے کے لئے پانی کا ذخیرہ جمع کرلو۔ اور شیطان کی طرف سے کوئی جنگی کمزوری تمہارے لئے بہانہ نہ بن سکے۔ اور ریت پانی سے جم جائے تا کہ تم بوقت جنگ قدم جما کر مقابلہ کرو اور دلجمعی سے فتح حاصل کرو۔ اُدھر قریش کی طرف پھسلن ہو جائے اور اُن پر یہ بارش مصیبت بن جائے۔

ساتھ ہی ہم نے فرشتوں کو وحی کردی کہ میں بھی تمہارے ساتھ ہوں ۔ چلو مومنین کے قلوب میں اعتماد وقوت پیدا کرواور کافروں کو خوب مرعوب اور خوفزدہ کردو۔ اُن کی گردنوں اور جوڑ بند پر خوب ضربیں لگاؤ۔ تاکہ اُن کو رسولؐ اللہ کو مشقت میں ڈالنے اور مومنین کی جماعت میں ابتری پھیلانے کی خاطر خواہ سزا ملے۔'' (انفال 13-8/11)

(25/6)۔ جنگ بدر میں قریشی مسلمانوں سے متعلق آیات پر ایک نظر

قارئین کرام یہاں رُک کر یہ غور فرمائیں کہ قرآن کریم نے کس تفصیل اور واضح طریقہ پر جنگ بدر کا ریکارڈ ہم تک پہنچایا ہے۔ اگر ہمیں اختصار کا خیال دامنگیر نہ ہوتا تو آپ دیکھتے کہ سینکڑوں صفحات خالص قرآن کے ریکارڈ سے لبریز ہو جاتے۔ لہٰذا دامن ہمارا تنگ ہے قرآن کے یہاں کمی نہیں ہے۔ دوسری چیز یہ سوچنے کی ہے کہ مذکورہ آیات منافقین کا ذکر نہیں کر رہی ہیں نہ کہیں اب تک لفظ منافق آیا ہے۔ قرآن کھول کر مومنین کی دو قسمیں اور ان دونوں اقسام کے تصورات وعقائد واقوال پیش کر رہا ہے۔ منافقین تو مومن ہوتے ہی نہیں ہیں۔ اُن کو مومن کہا ہی نہیں جاسکتا۔ خصوصاً اللہ تو اُن کو مومن کہہ ہی نہیں سکتا۔ اس لئے کہ وہ دلوں کا حال جانتا ہے۔ البتہ مسلمان غلطی سے روزہ نماز کی بنا پر منافقین کو مومنین کہہ اور سمجھ سکتے ہیں۔ مگر یہاں تو اللہ اور قرآن کی بات ہو رہی ہے۔ یقیناً مسلمانوں میں ایک گروہ بلکہ کثرت ہمیشہ سے ہے جو یہ تو مانتا ہے کہ مسلمانوں میں منافق بھی شامل تھے مگر وہ اس بات کو ہمیشہ سے چھپاتا اور اس بات کا انکار کرتا آیا ہے کہ مسلمانوں کی دو قسمیں تھیں۔ یہ اس لئے کہ وہ گروہ اُس دوسری قسم کے مسلمانوں میں سے اور اُنہی کا جانشین ہوا ہے اور ہرگز نہیں چاہتا کہ عوام کو اُس کا پتہ چلنے پائے مگر اس کو کیا کریں کہ قرآن کریم کافروں کا تذکرہ کافر کہہ کر کرتا ہے، منافقوں کو بلا تکلف وہ منافق کہتا ہے، مومنین کی دو الگ الگ قسمیں بیان کرتا ہے۔ ایک وہ قسم جو جان نثار ہے، بلا چوں و چرا اطاعت شعار ہے۔ دوسری قسم کے مومنین رسولؐ سے دو بدو بحث ومجادلہ کرتے ہیں، مشورہ دے کر رسوؐل کی اصلاح کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔ رسوؐل کی ذاتی رائے ہی میں نہیں بلکہ وحی کے سمجھنے اور اُس پر عمل کرنے کے حکم میں بھی غلطی کا امکان مانتے ہیں۔ انہیں بشری جذبات واحساسات کی ترازو میں تولتے ہیں۔ اُن کی غلطیاں گن کر بتاتے ہیں۔ اور آج تک علامہ مودودی اور اُن کے ہم مذہبوں کا تحریری عقیدہ یہی ہے۔ قارئین اپنے علما سے بات کر کے ہمیں اُن علما کا نام بتائیں جو رسولؐ اللہ سے اجتہادی غلطی کے قائل نہ ہوں، جو اُن کی ہر بات کو حق مانتے ہوں، جو اُن سے ہر غلطی اور لغزش کی نفی کرتے ہوں۔ ایسے عقیدہ کے لوگوں کو ہم پہلی قسم میں داخل کر کے حقیقی مومنین کہتے ہیں اور باقی کو قریشی مومنین یا مجتہدین یا قحطانی مومنین کہتے ہیں۔ یہی وہ جماعتِ مومنین ہے جن سے منافقین ومشرکین اور یہود ونصاریٰ اور کفار رابطہ رکھتے ہیں۔ یہی وہ جماعت ہے جس کے لئے اللہ نے بتایا ہے کہ اُن کے دلوں میں ایمان بیماری کے ساتھ رہتا ہے۔ انہی کا پتہ یہ کہہ کر بتایا کہ انہوں نے غیر مسلم محاذ سے اطاعت کا معاہدہ کر رکھا ہے۔ یہ بھی کہ اُن کے خفیہ منصوبوں سے اللہ واقف ہے۔ اور یہ بھی واضح الفاظ میں بتا دیا کہ وہ رسولؐ اللہ کی جانشینی کی تاک میں ہیں۔ اور ولایت (.........فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ.....سورہ محمدؐ 47/22) حاصل کرتے ہی دُنیا کو فتنہ وفساد کی آماجگاہ بنا ڈالنے والے ہیں اور تاریخ گواہ ہے کہ ایسا ہی ہوا۔ بتائیے اس سے زیادہ وضاحت اور کیا درکار ہے۔ اُن مومنین اور ان کے مکتب فکر ومذہب کی اور کونسی شناخت اور کن الفاظ میں پیش کی جائے۔ یہ معلوم ہو چکا ہے کہ مومنین خود جاسوسی کر رہے ہیں۔ یہی

قریشی مسلمانوں کا وہ داخلی محاذ ہے جو مشرکین کا ممد ومددگار رہے۔ اُن ہی سے یہ اپیل کی گئی کہ تم تو خود جانتے ہو کہ جس مکہ کو تم چھوڑ کر آئے ہو، تمہیں معلوم ہے کہ مکہ میں نظر بند مسلمانوں پر کیسے کیسے مظالم ہو رہے ہیں۔ تم وہی مومنین تو ہو جو برابر تقاضہ کیا کرتے اور کہا کرتے تھے کہ اگر اللہ ہمیں مشرکین سے جنگ کرنے کی اجازت دے دیتا۔ تو ہم دل کھول کر مظلوموں کی مدد کرتے ؛

وَمَا لَكُمْ؟ لَاتُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا o اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا o اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ...(النسآء 77-4/75)

مگر اب تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ جب اللہ نے تمہیں مشرکین مکہ سے جنگ کی اجازت بھی دے دی اور تاکیدی حکم بھی دے دیا تو تم ٹال مٹول کر رہے ہو؟ تمہاری غپ شپ اور دکھاوے کا ایمانی جوش کہاں گیا؟ تمہیں اچھی طرح معلوم ہے کہ مکہ میں بے بس و بے کس مومن مرد اور عورتیں اور بچے دن رات اللہ سے فریاد کر رہے ہیں کہ یا اللہ شہر مکہ کے باشندوں نے مظالم کی انتہا کر دی ہے۔ تو ہمیں مظالم سے بچانے اور یہاں سے محفوظ نکال لے جانے کے لئے اپنی جانب سے ایک حاکم (ولیؒ) تعینات کر دے اور اُس حاکم کو اپنی جانب سے ہمارا ناصر و مددگار بنا دے تاکہ وہ مومنین کی مستقل نصرت اور حفاظت کرتا رہے۔ یہ طے شدہ قاعدہ ہے کہ مومنین اللہ کی راہ میں جنگ کیا کرتے ہیں اور کافر طاغوت (جمہوری نظام حکومت) کے مقاصد کے لئے لڑا کرتے ہیں۔ چنانچہ تم لوگ شیطانی حکمرانوں سے جنگ کرو۔ اور اے نبیؐ تم نے دیکھ لیا اُن لوگوں کو جن سے جب یہ کہا گیا کہ جنگ سے ہاتھ روکے رہو اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دیتے رہو تو اُس وقت جنگ کرنا چاہتے تھے اور جب جنگ کرنا واجب کر دیا گیا تو مومنین کا ایک گروہ مشرکین کے ادب و لحاظ سے اس قدر خوفزدہ ہے جیسا خدا سے ہونا چاہئے۔ بلکہ یہ گروہ اللہ سے زیادہ کفار کا خوف اور ادب کرتا ہے۔ اور اُسی فریق نے یہ کہا ہے کہ اے پروردگار تو نے ہمارے اوپر مشرکوں سے جنگ کیوں واجب کر دی اور کیوں ہمارے لئے اِس جنگ وجدل کو مناسب وقت تک ملتوی نہ کر دیا؟

(25/7)۔ مکہ سے آنے والے مہاجر مسلمانوں کا مخصوص گروہ

سورہ نساء کی مندرجہ بالا آیات نہایت واضح الفاظ میں اُس گروہ کو باقی مہاجرین سے الگ کر کے مُشخّص کر دیتی ہیں جو پیش گوئی کے مطابق رسولؐ اللہ کے بعد حکومت پر قبضہ کرنے کیلئے سایہ کی طرح تعاقب کر رہا تھا۔ جس نے اسلام کی ظاہری زندگی، روزہ، نماز، کلمہ اور سلام ودُعا اسلئے اختیار کی تھی کہ صحابہٴ رسولؐ میں داخلہ مل جائے اور قریب رہ کر قرآنی حکومتِ الٰہیّہ کی جگہ جمہوری تصورِ حکومت اور دین میں آزادیٔ رائے کا خاموش پرچار کیا جائے۔ اِسی بنا پر وہ گروہ حکم جہاد پر اللہ کو مشورہ دے رہا ہے اور بتا رہا ہے کہ قرآن کے احکام کو قومی اور ملکی مصلحتوں کو ملحوظ رکھ کر نازل ہونا چاہئے۔ صرف اللہ و رسوؐل کی ذاتی بصیرت پر عمل کرنا اور ماہرین قوم اور دانشورانِ ملت کی صوابدید کو نظر انداز کر دینا ہرگز مفید نہیں ہوسکتا۔ قومی وملکی حالات طبقاتِ انسانی کی مختلف ضروریات اور انسانی احساسات وجذبات، ماہرین نفسیات اور

سیاسیات ہی بہتر سمجھتے ہیں۔ اُنکے تجربات کو پس پشت ڈال کر محض آمرانہ احکام پر اصرار کرنا عقل اور انسانوں کی اجتماعی بصیرت کے خلاف ہے۔ چنانچہ وہ گروہ لوگوں کو چپکے چپکے یہ بتاتا جاتا تھا کہ خدا تو ہرگز ہمارے اِن اصول کے خلاف نہیں ہوسکتا۔ یہ ناتجربہ کارانہ احکام (معاذ اللہ) محمدؐ اپنی محدود عقل سے دیتے ہیں اور قوم کی اجتماعی عقل وبصیرت کو بالائے طاق رکھ کر قومی نقصان کا باعث بنتے ہیں۔ چنانچہ قرآن اگلی آیت میں انکا یہ تصور یوں پیش کرتا ہے کہ:۔

وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ.. (نساء 4/78)

''جب مسلمانوں کو کوئی فائدہ پہنچتا ہے تو مسلمانوں کا یہ گروہ کہتا ہے کہ یہ فائدہ اللہ کی طرف سے پہنچا ہے۔ اور جب کوئی نقصان ہو جاتا ہے تو یہ مومن گروہ کہتا ہے کہ یہ رسولؐ کی کوتاہ اندیشی سے ہوا ہے۔''

چونکہ اس گروہ کے مشوروں میں ہر آدمی کو رسولؐ پر نکتہ چینی کا حق ملتا تھا اور اپنی اپنی ذاتی مصلحتوں اور نفع ونقصان کو ملحوظ رکھنا ہر شخص کے مفاد میں تھا۔ ہر شخص اپنے عذرات کو قبول کرانا چاہتا تھا۔ لہٰذا مسلمانوں کے اس جمہوری گروہ کو کثرت کی تائید حاصل ہونا قابل تعجب نہیں ہے۔ ہر شخص چاہتا ہے کہ دنیا کا ہر کام اُس کی رائے اور منشا کے ماتحت کیا جائے۔ اور جو بات اُس کی مرضی اور مصلحت کے خلاف ہو ہرگز نہ کی جائے۔ یہ صورتِ حال تھی جو قریشی مُدبرین نے مسلمانوں کے سامنے رکھی اور بتایا کہ کسی ایک شخص کا آمرانہ فیصلہ اور ذاتی حکم ناقابل قبول اور مُضر ہے۔ خواہ وہ شخص رسولؐ ہی کیوں نہ ہو۔ حاکم صرف اللہ ہے۔ اُس کا حکم مفاد عامہ اور مصلحتِ نوع انسان کے خلاف ہرگز نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا رسولؐ کے ہر فیصلے اور تشریحی حکم کو اجتماعی عقل ومصلحت کے ماتحت رہنا چاہئے۔ لہٰذا جہاد کا مندرجہ بالا حکم اُن کی رائے میں فی الحال ملتوی رکھنا ہی مفید تھا۔ مگر رسولؐ اللہ اور حقیقی مومنین نے اُن کے عذرات اور مصلحتوں کو دین وایمان کے خلاف سمجھا۔ اور اُن خطرات کو نظر انداز کر دیا جن سے مدبرین ومفکرین قریش لرزہ براندام تھے۔

(25/8)۔ مسلمانوں کا یہ قریشی گروہ خوفزدہ اور لرزہ براندام کیوں ہے

یہاں قارئین یہ سوال کر سکتے ہیں کہ جن مسلمانوں کا تذکرہ مندرجہ بالا آیات (نساء 77-4/75) میں ہوا ہے۔ اُن کو مکہ سے آنے والے مہاجرین کیوں اور کیسے سمجھا جائے؟ کیوں اُس گروہ سے مدینہ کے انصاری مسلمانوں کو الگ خیال کیا جائے؟ ممکن ہے کہ اُس گروہ میں کچھ مکی مہاجرین ہوں اور کچھ مدینہ کے مسلمان انصار ہوں؟ اس سوال کا جواب پہلے علامہ مودودی سے سُن لیں۔ پھر ہم قرآن کے الفاظ سے ثبوت دیں گے۔

(الف)۔ علامہ مودودی آیت (نساء 4/77) کا مفہوم بتاتے ہیں

''اس آیت (4/77) کے تین مفہوم ہیں اور تینوں اپنی اپنی جگہ صحیح ہیں۔''

''ایک مفہوم یہ ہے کہ پہلے یہ لوگ خود جنگ کے لئے بے تاب تھے۔ بار بار کہتے تھے کہ صاحب ہم پر ظلم کیا جا رہا ہے، ہمیں ستایا جاتا ہے، مارا جاتا ہے، گالیاں دی جاتی ہیں، آخر ہم کب تک صبر کریں، ہمیں مقابلہ کی اجازت دی جائے۔ اُس وقت ان سے کہا جاتا تھا کہ صبر کرو اور نماز وزکوٰۃ سے ابھی اپنے نفس کی اصلاح کرتے رہو، تو یہ صبر وبرداشت کا حکم اُن پر شاق گزرتا تھا۔ مگر اب جو

لڑائی کا حکم دے دیا گیا تو اُن ہی تقاضہ کرنے والوں میں سے ایک گروہ دشمنوں کا ہجوم اور جنگ کے خطرات دیکھ دیکھ کر سہما جا رہا ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 374-373 حاشیہ نمبر 107)

قارئین یہ تو جانتے ہیں کہ مدینہ کے باشندوں پر مشرک مظالم کبھی نہیں ہوئے۔ یہ تو مکہ میں ایمان لانے والے لوگوں کا حال تھا کہ مشرکین قریش اُن کو ستاتے تھے۔ لہٰذا وہ جنگ کا تقاضہ کرنے والا گروہ یقیناً مہاجر مسلمانوں کا گروہ تھا۔ اُن میں ہرگز کوئی بھی مدینہ کا مسلمان شامل نہ تھا۔ مولانا کا دوسرا و تیسرا مفہوم بھی پڑھ لیں۔ تاکہ اُس قریشی مسلمانوں کے گروہ پر ذرا زیادہ روشنی پڑ جائے لکھتے ہیں کہ:۔

''دوسرا مفہوم یہ ہے کہ جب تک معاملہ نماز اور زکوٰۃ اور ایسے ہی بے خطر کاموں کا تھا اور جانیں لڑانے کا کوئی سوال درمیان میں نہ آیا تھا یہ لوگ پکے دیندار تھے۔ مگر اب جو حق کی خاطر جان جوکھوں کا کام شروع ہوا۔ تو اُن پر لرزہ طاری ہونے لگا۔'' (ایضاً)

یہاں قارئین یہ نوٹ کریں کہ آئندہ چل کر جو لوگ حاکم ہوئے وہ مذکورہ گروہ کے بھی حاکم و سرگروہ تھے۔ اور آنحضرتؐ کے دورِ حیات میں اُن لوگوں کو کسی جنگ یا جہاد میں لڑتے ہوئے نہیں پایا گیا۔ نہ اُنہیں اُس دوران تلوار کا زخم لگا نہ اُنہوں نے کسی کو زخمی کیا۔ اُنکے ہاتھ سے تمام قریش محفوظ رہے اور اسی بنا پر تمام قریش نے اُن سے اور اُنکی حکومتوں سے بھرپور تعاون کیا اور یہی وہ حضرات تھے جنہوں نے اسلام کی حکومت سے قریش کے سوا تمام اُن قبائل کو محروم کرنے کا قانون (الائمة من القریش ۔ حاکم قریش ہی سے ہوں گے) بنایا۔ جنہوں نے کفارِ قریش کے خلاف تلوار اُٹھائی تھی۔ خصوصاً قبیلۂ انصار اور اہل بیتؑ کو حکومت سے محروم کیا۔ اور اُن سے قیامت تک کفار مکہ کا انتقام لینا طے کیا اور انتقام لیا۔ خاندان رسولؐ کے ساتھ کیا ہوا؟ اِس کا جواب اسی کتاب میں سامنے آنے والا ہے۔ اور سنیں کہ علامہ قریش اور قریشی قسم کے مسلمانوں کی عادات اور ذہنیت پر روشنی ڈالتے ہیں۔ یہ ذہنیت رسول اللہؐ کے انتقال کے بعد دوبارہ کھل کر سامنے آئی جس سے تاریخ کے صفحات رنگین ہیں ملاحظہ ہو:۔

''تیسرا مفہوم یہ ہے کہ پہلے تو لُوٹ کھسوٹ اور نفسانی لڑائیوں کے لئے اُن کی تلوار ہر وقت نیام سے نکلی پڑتی تھی اور رات دن کا مشغلہ ہی جنگ و پیکار تھا۔ اُس وقت انہیں خونریزی سے ہاتھ روکنے اور نماز و زکوٰۃ سے نفس کی اصلاح کرنے کیلئے کہا گیا تھا۔ اب جو خدا کیلئے تلوار اٹھانے کا حکم دیا گیا تو وہ لوگ جو نفس کی خاطر لڑنے میں شیر دل تھے، خدا کی خاطر لڑنے میں بزدل بنے جاتے ہیں۔ وہ دست شمشیر زن جو نفس اور شیطان کی راہ میں بڑی تیزی دکھاتا تھا اب خدا کی راہ میں شل ہوا جاتا ہے۔'' (ایضاً صفحہ 375-374)

(ب)۔ قرآن کریم کا ایک لفظ اُس گروہ کا تعین کر دیتا ہے

قارئین کرام نے شاید ہماری وہ تصنیفات نہ دیکھی ہوں جن میں ہم نے قحطانی مسلمانوں اور قریشی حکمرانوں کی قرآنی تحریف پر گفتگو کی ہے۔ اس لئے یہاں یہ بتانا ضروری ہے کہ نزول قرآن کے دوران ہی جمہوری مسلمانوں نے قرآن کریم کے الفاظ کی معنوی اَدل بدل یعنی تحریف شروع کر دی تھی۔ یعنی ہر لفظ کے مصدری معنی چھوڑ کر ایک ایک لفظ کے کئی کئی معنی میں اور کئی کئی مختلف المصادر الفاظ کو ایک ہی معنی میں استعمال کرنا شروع کر دیا تھا۔ تاکہ قرآن کا ہر لفظ مشکوک اور بے معنی ہو کر رہ جائے اور جس کا جو دل چاہے وہ معنی کر کے آیات قرآن کو اپنے مصالح کے مطابق ڈھال سکے۔ قرآن کریم نے قریشی مسلمانوں کے اس کاروبار کو خود قرآن میں قلم بند کر دیا ہے۔

(تفہیم القرآن جلداوّل صفحہ 478-477 اورآیات بقرہ 2/75، نسآء 4/46، مائدہ 5/41)۔اوراُس زمانے سے آج تک مسلمانوں کا ہر مترجم اور ہر مفسر برابر تحریف کے اس اصول پر کاربند رہتا چلا گیا ہے۔

چنانچہ آیت (نسآء 4/77) میں لفظ خشية تو دومرتبہ استعمال کیا گیا ہے۔اور تمام مترجمین بلاتکلف لفظ خشية کے معنی ڈرنا، خوفزدہ ہونا یا خوف اور ڈر کر لیتے ہیں۔بالکل اِسی طرح لفظ رَهْبَةً کے معنی وہی کر لئے جو خشية کے معنی تھے یعنی ڈر۔خوف (حشر 59/13)۔حذر الموت کے معنی بھی موت کے ڈر سے کر لئے گئے۔(بقرہ 2/243 تفہیم جلداوّل صفحہ 184)اور پھر وَاتَّقُوا اللّٰهَ کے معنی اللہ سے ڈرو کر لئے۔(بقرہ 2/231)

(1) اَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ۔اللہ سے بڑھ کر تمہارا خوف ہے۔(تفہیم صفحہ 406 جلد5۔حشر 59/13)

(2) يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۔لوگوں سے ایسا ڈر رہے ہیں جیسا خدا سے ڈرنا چاہیئے یا کچھ اس سے بھی بڑھ کر۔(تفہیم القرآن۔جلداوّل صفحہ 373۔نسآء 4/77)۔اسی طرح خِيْفَةً اور لا تخف کے معنی بھی علامہ نے خوف محسوس کرنا اور ''ڈرو نہیں'' کیئے ہیں۔(سورہ ھود 11/70، تفہیم القرآن۔جلد2،صفحہ 353)

ان پانچوں الفاظ (خشيةً۔رهبةً۔حذر ۔ واتقوا۔خيفة) کے معنی ایک ہی کر لئے گئے۔حالانکہ یہ معنی خيفة یاخوف کے ہیں۔اورخوف اردو میں استعمال بھی ہوتا ہے۔باقی چاروں الفاظ کے معنی اور مصادر الگ الگ ہیں۔خشية کے معنی ایسا خوف ہیں جو اپنے بزرگ،سرپرست یا محسن سے ایسی حالت میں ہو جبکہ ہمیں اپنی ذمہ داری کی ادائیگی میں کوتاہی کا احساس ہو۔یہ معنی سمجھ لینے کے بعد اب آیت (نسآء 4/77) پر غور فرمائیں۔اللہ نے ارشاد کیا ہے کہ مسلمانوں کا مذکورہ بالا گروہ انسانوں کی عائد کردہ ذمہ داری کی ادائیگی میں کوتاہی پر اس قدر خوفزدہ ہے جیسا کہ اللہ کے سامنے خشية ہونا چاہیئے۔بلکہ اُس سے بھی کہیں بڑھ کر وہ مسلمان گروہ احساس کوتاہی میں خوفزدہ ہے۔یہاں ظاہر ہے کہ انسانوں سے مراد مکہ کے کفار قریش ہیں۔جن سے یہ گروہ اللہ سے بھی زیادہ ڈرتا ہے۔یہاں بلاکسی الجھن کے آپ دو باتیں سمجھ لیں۔اوّل یہ کہ مسلمانوں کا وہ گروہ قریشی گروہ ہے۔دوم یہ کہ کفار قریش نے اُن مسلمانوں کو کوئی ذمہ داری سونپ رکھی ہے۔جس کو پورا کرنے میں اُن سے قصور اور کوتاہی ہوئی ہے۔اور ہم قرآن کریم سے یہ ثابت کرتے ہیں کہ یہ سب مسلمان جو اس گروہ میں شامل ہیں کفار مکہ کے جاسوس ہیں،یہ سب وظیفہ خوار لوگ ہیں۔یہ وہ لوگ ہیں جن پر مکہ میں رہتے ہوئے بھی کبھی کفار قریش نے دست درازی یا زبان درازی نہیں کی۔بلکہ کفار اُن سے سرپرستانہ سلوک کرتے تھے۔رسولؐ اللہ اور اُن کا خاندان شعب ابوطالبؑ میں تین سال مقید رہے مگر یہ حضرات چین سے اپنے گھروں میں رہتے رہے۔اُن سے کفار قریش نے ہر قسم کا تعاون کیا جس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ گروہ مشرکین قریش کی رضامندی سے اور اُن کے مقاصد کو پورا کرنے کے لئے مسلمان ہوا تھا۔اُنہیں اب خوف اِس بات کا تھا کہ کہیں قریش پر دلوں میں پوشیدہ یہ راز ظاہر نہ ہو جائے کہ جن قریشیوں کو اُنہوں نے رسولؐ اللہ کو ناکام کرنے کیلئے تعینات کیا تھا وہ لوگ تو رسولؐ اللہ کی جانشینی کی فکر میں غلطاں ہیں۔اور شرم وحیا اور لحاظ اس بات کا تھا کہ قریش کا وظیفہ اور تعاون اور ہمہ قسمی مدد برابر لیتے رہے اور اُس کے باوجود اُن کا کام انجام نہ دے سکے۔نہ رسولؐ کو قتل کیا نہ کوئی اور اہم خدمت انجام دی۔اِس کے برعکس خود حکومت حاصل

کرنے کی فکر میں نہایت دب کر ذلیل وخوار زندگی گزار رہے ہیں اور ہرگز نہیں چاہتے کہ اب مشرکین مکہ مسلمانوں کو ختم کر کے اُس حکومت سے محروم کر دیں جس کی آس لگائے ہوئے ہیں۔ ساتھ ہی یہ بھی نہیں چاہتے کہ کفار مکہ کو ناراض کر دیں۔ یا دلی خواہش سے اُن کے خلاف تلوار اُٹھائیں۔ یہ تھا وہ خوف جو قریشی مسلمانوں کے دلوں کو پگھلائے دے رہا تھا۔ بس اُن کے پاس ایک ہی صحیح عذر تھا اور وہ یہ کہ ہم آہستہ آہستہ اسلامی تعلیم کو اس طرح تبدیل کر رہے ہیں کہ رسولؐ کے بعد قریش کی تہذیب اور کفار مکہ کا مذہب از سرنو جاری ہو جائے۔ اور حکومت الہٰیّہ کی جگہ عربوں کی پسندیدہ حکومت قائم ہو جائے اور یہ مقصد رسولؐ کو قتل کرنے سے کہیں زیادہ مقدس ہے لیکن شاید کفار مکہ یہ عذر قبول نہ کریں، بہرحال عذر یہی تھا۔ یہ تھی وہ پوری اسکیم جس کو خطرہ میں دیکھ کر اور جسے محفوظ رکھنے کے لئے قریش کے مسلمانوں کے اُس گروہ کا قلبی نقشہ قرآن کریم نے ایک جملہ میں ایک لفظ خشية سے کھینچ کر رکھ دیا۔ اور بتا دیا کہ مسلمانوں کا یہ گروہ اپنے خداوندانِ نعمت کفارِ مکہ کے سامنے ایسا مودّب، ایسا عاجز اور قاصر و خوفزدہ تھا کہ خشية اللّٰه سے بھی بڑھ گیا تھا۔ لہٰذا قارئین کرام یہاں ہمیشہ کے لئے نوٹ کر لیں کہ ہر وہ شخص قریش کے اُس مسلمان گروہ کا فرد ہوگا؛

(i) جو میدان جنگ سے بھاگ جائے؛

(ii) جو کسی دعوت پر تلوار لے کر کفار کے مقابلے کے لئے نہ نکلے؛

(iii) جو جنگوں میں رسولؐ کے ساتھ شامل تو رہے مگر اس احتیاط کے ساتھ کہ نہ خود زخمی ہو نہ کسی دشمن کو زخمی کرے؛

(iv) جو ہر خطرناک مواقع پر خوف و بزدلی کا ایسا اظہار کرے کہ دیکھنے والے بھی ڈر جائیں؛

(v) جو رسولؐ اللہ کی رسالت یا اُن کے احکام کو صحیح نہ سمجھے یا اُس پر شک کرے؛

(vi) جو رسولؐ اللہ سے غلطی کا قائل ہو اور اُنہیں اس لئے مشورہ دے کہ وہؐ غلطی سے باز رہیں؛

(vii) جو صرف قرآن کو کافی سمجھے اور رسولؐ اللہ کی توضیحات اس لئے قبول نہ کرے کہ قرآن کافی ہے۔ مگر؛

(viii) کبھی فیصلہ کرتے ہوئے نہ قرآن کی آیت سے تعلق رکھے نہ قولِ رسولؐ اور عملِ رسولؐ کو سامنے لائے۔ بلکہ اپنی رائے یا جہلا کے مشوروں سے حکم جاری کرے؛

(ix) جو کبھی قرآن پڑھتا ہوا یا تفسیر قرآن بیان کرتا ہوا نہ دیکھا گیا ہو؛

(x) جس نے اسلام میں جبر و ظلم و قتل و غارت اور لوٹ مار کو اپنی ذاتی یا جماعتی رائے سے اسلام کے نام پر جاری کیا ہو؛

(xi) جس نے کبھی توحید و رسالتؐ اور علمی عنوانات پر کوئی بیان نہ دیا ہو؛

(xii) جس نے سرمایہ داری اور طبقہ واریت پیدا کی ہو؛

(xiii) جو خود اقرار کرے کہ وہ منافق ہے؛

(xiv) جو خدا اور رسولؐ اور قرآن کے حلال کو حرام کرے یا اللہ و رسولؐ اور قرآن کے کسی حکم کو معطل کر دے؛ یہ تمام لوگ وہی مسلمان ہوں گے جو رسولؐ کو خاطی سمجھتے ہیں اور اسلامی حکومت پر کثرت رائے کے ذریعہ قبضہ کرنے کی مہم چلاتے آ رہے ہیں۔

(25الف۔1)۔ جنگ بدر میں گزرنے والے حالات

غزوہ بدر کے متعلق آپ نے قرآن کریم اور علامہ مودودی کے بیانات سے قریشی مشرکین اور اُن کے طرفدار مسلمانوں کے حالات دیکھ لئے۔اب مختصراً دوران جنگ اور جنگ سے فراغت کے بعد کے حالات پر نظر ڈالیں۔تاریخ طبری کی رُو سے جنگ بدر میں جن مسلمانوں نے حصہ لیا، اُن میں سے کل چودہ (14) مسلمان شہید ہوئے تھے۔اور کفار کے مرنے والے کل ستر (70) تھے۔شہدا میں صرف چھ مہاجرین اور آٹھ انصار تھے۔جنگ بدر ہی میں نہیں بلکہ ہر جنگ میں جن لوگوں نے بے دریغ قربانیاں دیں۔اور جنہوں نے کفر کو شکست دی وہ رسولؐ اللہ کا اپنا خانوادہ یعنی اَوس وخزرج کا نبطی قبیلہ تھا۔مکہ سے آنے والے مسلمانوں میں محض چند مخلصین تھے یا خود خاندان رسولؐ کے چند بزرگ حضرات تھے۔اُنکے علاوہ مہاجرین کی کثرت مشرکانہ و مذکورہ اقتدار کی اسکیم ذہن میں رکھتی تھی۔اُن سے نہ کسی فداکاری کی اُمید تھی، نہ ہی اُنہوں نے کوئی قابل قدر خدمت انجام دی۔وہ ہر جگہ قریش کی طرفداری اور اُنکے مقاصد کے حصول میں سرگرم ملیں گے۔اِس کا ثبوت خود اُن سرپرست کی زبانی ملاحظہ ہو جو مدینہ پر دوسرا حملہ کرنے کے وقت قریش مکہ اور اُنکے لشکر میں جوش پیدا کرنے کیلئے یہ بتاتا ہے کہ مدینہ پر حملوں کا سبب اور مقصد محض اَوس وخزرج کو صفحۂ ہستی سے مٹا دینا ہے۔طبری کی زبانی وہ اشعار سنئے جو ابوسفیان نے کہے اور لشکر قریش کو سنائے؛''جب ابوسفیان مکہ سے مدینہ پر چڑھائی کر رہا تھا اس نے یہ چند اشعار قریش کو جنگ پر برانگیختہ کرنے کیلئے کہے تھے۔''

کرّوا علٰی یثرب و جمعھم	یثرب اور وہاں کے تمام لوگوں پر پیش قدمی کرو، میں چاہتا ہوں کہ
فان ما جمعوا لکم نفل	جو کچھ انہوں نے جمع کر رکھا ہے وہ تمہیں بطور فاضل سرمایہ کے مل جائے۔
ان یک یوم القلیب کان لھم	اگر بدر میں اہل یثرب کو کامیابی ہوئی تو
فان ما بعدہ دُوَلُ	اب آئندہ تم کو کامیابی حاصل ہو جائے گی۔
آلیت ان لا اقرب النساء ولا	میں نے قسم کھائی ہے کہ نہ میں عورتوں کے پاس جاؤں گا
یمسُ راسی و خد دی الغسل	اور نہ اس وقت تک سر اور منہ دھوؤں گا نہ غسل کروں گا۔
حتّٰی بتیر و قبائل الاوس و الخزرج	جب تک کہ تم اوس وخزرج کے قبائل کو ملیا میٹ نہ کردو گے۔
ان الفواد مشتعلُ	اس لئے کہ میرا دل آتش انتقام سے شعلوں کی لپٹ میں جل رہا ہے۔

(تاریخ طبری جلد اول صفحہ 211)

یہ اشعار اور ان کے الفاظ کافی ہیں اس ثبوت کیلئے کہ کفار مکہ کو مہاجر قسم کے قریشی مسلمانوں سے کوئی دشمنی نہ تھی۔اس لئے کہ اُن کی کثرت اُن ہی کے اشارے سے مسلمان لباس میں ملبوس ہوئی تھی۔البتہ قریش کو رسولؐ اور اُن کو پناہ دینے والے نبطی خانوادہ کو فنا کر ڈالنے کی تمنا تھی اور یہ کہ بدر کی جنگ میں اَوس وخزرج ہی نے قریش مکہ کو شکست دی تھی۔اُن ہی سے بدلہ لینا تھا۔رہ گئی وہ کہانیاں جو سرکاری وظیفہ خوار حضرات نے بعض مہاجرین کے لئے گھڑی ہیں، وہ محض بے سروپا باتیں ہیں جن کو حالات سے واقف اہل عقل کسی طرح

نہیں مان سکتے۔البتہ حقیقی مہاجرین کے کارناموں پر قرآن خود گواہ ہے۔چنانچہ ابھی اُن حضرات کا تذکرہ ہونے والا ہے۔

(25 الف۔2)۔ وہ حضرات جنہوں نے کفر کی کمر توڑ دی تھی

جنگ بدر کے آغاز میں تین منچلے قریش تیغ بکف آہنی لباس میں ملبوس نکلے اور اپنے مدمقابل انصاری یا نبطی بہادروں کو یہ کہہ کر واپس کر دیا کہ مدینہ کے لوگ ہمارے ہم پلہ نہیں ہیں۔ ہمارے مقابلہ میں ہمارے ہمسر لوگوں کو بھیجو۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب عبیدہ بن الحارث بن مطلبؑ، حمزہ بن عبدالمطلبؑ اور علی بن ابی طالبؑ کو نام بنام حکم دیا کہ جاؤ اور کفر وقریش کے اِن نمائندوں سے جنگ کرو۔ یہ حضرات تلواریں سونت کر سامنے آئے اور اپنے حریف کا انتخاب کیا۔ جناب عبیدہؒ نے شیبہ بن ربیعہ کو، جناب حمزہؒ نے عتبہ بن ربیعہ کو، اور جناب علیؑ نے ولید بن عتبہ کو تلواروں کی باڑھ پر رکھ لیا۔ آناً فاناً ولید بن عتبہ اس طرح زمین پر گرا کہ ایک بازو اور سر وگردن حمائل ہو گئے۔اس کے فوراً بعد جناب علیؑ حضرت حمزہؒ کی مدد کو پہنچے اور عتبہ کو واصل جہنم کیا۔اور ادھر جناب عبیدہؒ اور شیبہ میں پیکار جاری تھی، اتفاق ایسا ہوا کہ دونوں کی تلواریں ایک ساتھ چلیں جس سے شیبہ کی کھوپڑی کی ہڈی ٹوٹی اور جناب عبیدہؒ کی پنڈلی کی ہڈی کٹ گئی۔اور دونوں زمین پر گر پڑے۔ حضرت علیؑ نے تیزی سے پہنچ کر شیبہ کو قتل کر دیا اور جناب عبیدہؒ کو میدان سے اٹھا لائے۔ آپؑ کی پنڈلی کی ہڈی کا گودا بہہ چکا تھا۔موت کے آثار نمایاں تھے۔آپؑ نے دریافت کیا کہ یا رسولؐ اللہ کیا میں شہید ہوں گا؟ حضورؐ نے فرمایا بے شک تم راہِ خدا اور نصرتِ اسلام میں شہادت کے مرتبے پر فائز ہو۔ یہ سن کر جناب عبیدہ علیہ السلام نے عرض کیا کہ کاش اِس وقت جناب ابوطالبؑ علیہ السلام ہوتے اور دیکھتے کہ اُن کے اس شعر کا پہلا مصداق میں ہوں۔

ونسلّمه حتّٰی نصرعُ حوله　　　　ونذهل عن ابنائنا والحلائل

تاوقتیکہ ہم اُس (رسولؐ) کی حمایت میں قتل نہ ہو جائیں اور اپنے اہل وعیال اور بیٹوں کو نظر انداز نہ کر دیں ہم کبھی اُسے بے یار ومددگار نہ چھوڑیں گے۔'' (طبری جلد اوّل صفحہ 180)

آپ نے دیکھ لیا کہ اولادِ عبدالمطلبؑ چونکہ خدا کا عطیہ تھی اور خدا نے جناب عبدالمطلبؑ اور محمدؐ وآل محمدؐ کی نصرت کے لئے مرحمت فرمائی تھی۔اس لئے محمدؐ کی ضرورت کے ہر لمحہ پر تیار رہنا اور بلا پس وپیش نصرت کرنا اپنی زندگی کا مقصد سمجھتی تھی۔اور اِسی یقین اور اطمینان پر آنحضرتؐ اُنہیں ہر خطرے میں کود پڑنے کا حکم دیا کرتے تھے۔چنانچہ خانوادہ رسولؐ نے اپنا شعار بنا لیا تھا کہ جب بھی اسلام خطرے میں ہو، اُمت کے افراد کو محفوظ رکھ کر پہلے خود اپنی جان نثار کرنے میں سبقت کریں۔

(25 الف۔ 3)۔ دست بدست جنگ اور قریش کو شکست

کفار کے اُن تینوں نمائندوں کے قتل پر پھر کسی سورما کو جرأت نہ ہوئی کہ جناب حمزہؒ وعلیؑ علیہما السلام کے مقابلے پر نکلے۔ چنانچہ کفار کے سوار و پیادہ سب طرف سے ٹوٹ پڑے۔ مسلمان بہادروں نے بھی دست بدست جنگ شروع کر دی۔ ظاہر ہے کہ جن لوگوں کے خوف وہراس کا قرآن نے تذکرہ کیا ہے وہ محض تماشائی کی حیثیت سے کہیں رسولؐ اللہ کے ارد گرد دعا کے بہانے دستِ تاسف مَل رہے ہوں

گے۔ بہرحال حقیقی مسلمانوں نے اس بے جگری سے دفاعی حملہ کیا کہ کفار کے پاؤں اُکھڑ گئے اور جو جم کرلڑے جہنم واصل کر دئے گئے۔ کفر کے مضبوط بازو جنگ بدر میں کٹ کر گر گئے۔ابوجہل اور ستر (70) سردارانِ قریش قتل ہوئے۔اوراُن میں سے چھتیس (36) بہادرانِ قریش صرف حضرت علیؑ کے ہاتھ سے قتل ہوئے۔اوراس کا ظاہری سبب یہ ہے کہ قریش کے من چلے بہادر علیؑ کوگھیر نے اور آنحضرتؐ کے جانشین کوختم کر دینے کیلئے اُن پر نرغہ کرتے اورقتل ہوتے جارہے ہوں گے ورنہ بھگدڑ کے عالم میں ایک تلوار سے اِس تعداد کاقتل کرناممکن نہ تھا۔یہی وجہ ہے کہ باقی تمام مسلمان مجاہدین کے ہاتھ سے صرف چونتیس (34) آدمی قتل ہو سکے۔اگر میدان جنگ میں صرف اَوس و خزرج کے مجاہدین ہی موجود ہوں تب بھی اُنکی تعداد بقول طبری دوسو اکتیس (231) تھی۔(طبری جلداوّل صفحہ 204)

بہرحال یہ سرکاری تاریخوں میں مان لیا گیا ہے کہ جناب علی مرتضٰی علیہ السلام دوڈھائی سو انصار کے مقابلے میں بھی بڑے ناصر تھے۔لہٰذا یہ اُنہی کو زیب دیتا ہے کہ اللہ قرآن میں اُن حضرت کو اپنی طرف سے مقرر کردہ اور منتخب حاکم اور مسلمانوں کا ناصر قرار دے۔ جس کا ایک ہاتھ اور ایک تلوار اڑھائی سومومن فدا کاروں سے زیادہ مضبوط اور کامیاب ہو۔(ملاحظہ ہو سورہ نساء کی آیات 77-4/74)

لہٰذا قارئین آئندہ آنے والے غزوات یا جنگوں میں حضرت علیؑ کی بے پناہ طاقت اور حیران کن شجاعت اور کارناموں کو محلِ تعجب نہ سمجھیں۔علاوہ ازیں وہ خلیفۂ خداوندی ہیں اور قرآن کی رو سے خلیفۂ خداوندی کی تخلیق تسویّہ اور تحفظ وتقویت کیلئے خدا کے دونوں ہاتھ مصروف رہتے ہیں۔اور جس کے ساتھ خدا کی پوری طاقت اور قدرت ہو اُس کو کائنات کی ہر چیز پر قدرت تامہ حاصل ہونا ہی چاہیئے۔دوسو پچاس انسان ہی نہیں بلکہ تمام نوعِ انسان بھی اُس کے مقابلے میں ایک چیونٹی سے حقیر ہے۔

الغرض جناب عبیدہؓ بن الحارث بن مطلبؑ بارگاہ خداوندی میں سرفراز ہوئے۔کفار کے ستر (70) سرغنہ گرفتار کر لئے گئے اور باقی ماندہ فوج بدحواسی کے عالم میں ریگستان اور بیابانوں میں منتشر ہوکر، جان بچا کر بھاگ گئی، کفر کا سر جھک گیا، طاغوت کی کمر ٹوٹ گئی، مکہ کے ہر گھر میں کہرام برپا ہوگیا، قدرت خداوندی سے ہر دماغ خوفزدہ تھا۔اسلام کی کامیابی اور قریش کی ناکامی سامنے کھڑی نظر آرہی تھی۔

(25 الف ۔4)۔ اسلامی حکومت پر قبضہ اور کربلا کے مظالم کا سبب اور پس منظر

جب آنحضرتؐ کی حکومت پر قبضہ ہوگیا تو اکثر یہ عُذر کیا جاتا تھا کہ علیؑ کے ہاتھ سے قریش کا ہر خاندان مجروح ہوا، ہر گھر کے ایک دو بہادروں کو انہوں نے قتل کیا۔لہٰذا قریش علیؑ کی حکومت تسلیم نہ کریں گے۔اور کمال یہ ہے کہ جناب ابوبکر خلیفہ اوّل نے بھی اپنے حاکم یا خلیفہ بن جانے اور حضرت علیؑ کی نامزدگی کو نظرانداز کرنے کا سبب بھی یہی بتایا کہ میں نے اسلام کی خیر خواہی کیلئے اور مسلمانوں میں افتراق اور جنگ وجدل کو روکنے کے واسطے جلدی کی اور خلافت کو قبول کرلیا۔ورنہ تمام قریش علیؑ کے خلاف کھڑے ہوجاتے۔اِسلئے کہ علیؑ کے ہاتھ سے کوئی خاندان ایسا نہ بچا تھا جس کے چند بہادر علیؑ نے قتل نہ کئے ہوں۔

قارئین کا مذہبی اور ایمانی فریضہ ہے کہ اگر یہ عذر ہر ہر حیثیت سے تاریخ وحدیث سے ثابت ہوجائے تو وہ یہ مان لیں کہ قریش مسلمان ہوجانے کے بعد بھی علیؑ واولاد علیؑ کے معاملہ میں مسلمان نہ ہوئے تھے۔نمازی اور تہجد گزار ہوتے ہوئے بھی قریش کو جنگ بدر و احد وخندق وغیرہ میں قتل ہوجانے والے کافروں کا صدمہ تھا۔وہ اُن کا انتقام لینے کیلئے بے تاب تھے۔اور اسی انتقام کے لئے انہوں نے

بدر وغیرہ کے صدمات کوتازہ رکھا۔ ہر قریشی اور ہر بدوی عرب کے دل میں علیؑ کے خلاف انتقام کی آگ سلگائے رکھی اور طے کرلیا کہ رسولؐ اللہ کا ہر وہ حکم نہ مانیں گے؛ قرآن کی ہر اُس آیت کے مفہوم کوتبدیل کردیں گے جوعلیؑ واولادعلیؑ کے حق میں ہو۔اور بار بار کی نامزدگیوں اورعملی نمونوں کے باوجودعلیؑ کوخلافت سے محروم کردیں گے۔حکومت پر قبضہ کرکے اولادعلیؑ وطرفداران علیؑ کودنیا سے ختم کرکے اُن کا نام ونشان صفحۂ ہستی سے مٹادینے کا منصوبہ برسرکارلائیں گے۔ یہ بات سمجھ لینے کے بعد قارئین کرام کے لئے نہ صرف کربلا اوراس کے بعد کے مظالم اور سقّا کی کا پس منظر سمجھنا آسان ہوجاتا ہے؛ بلکہ مسلمانوں کی کثرت کے مرکزی مکتب فکر کے عقائد واعمال ومسئلہ خلافت کی بحثوں کوسمجھنا بھی مشکل نہ رہے گا۔ یہ پتہ لگ جائے گا کہ کیوں یہ لوگ رسولؐ کی دوحیثیتیں بتاتے ہیں؟ کیوں اُنؐ سے غلطی کا امکان اورغلطیوں کی فہرست بیان کرتے ہیں؟ کیوں قریشی صحابہ کے اجماع کوواجب الاطاعت مانتے ہیں؟ کیوں تمام صحابہ کویعنی ہر اُس شخص کوجس نے رسولؐ اللہ کی صحبت میں کچھ وقت گزارا عادل قرار دیتے ہیں؟ کیوں صحابہ کے پورے گروہ کوتنقید وتفتیش سے بالاتر قرار دیتے ہیں؟ اور کیوں سرکاری تاریخ میں منافقوں کی تفصیل اورنام بیان نہیں کیئے گئے؟ اور کیوں لاعن (لعنت کرنے والوں) اورملعون، اورقاتل ومقتول دونوں کورضی اللہ عنھم کہتے ہیں؟ اُن کے عقیدے پراُن کے خلیفہ یزید نے یہ کہہ کرمہر کردی تھی کہ نہ کوئی وحی آئی تھی نہ کوئی فرشتہ آیا تھا۔ یہ توبنی ہاشمؑ نے عربوں پرحکومت کرنے کے لئے ایک ڈھونگ رچایا تھا۔کہاں ہیں بدر واحد میں قتل ہوجانے والے قریشی بزرگ اورقریش کے وہ جاں نثاروفداکارجنہوں نے محمدؐ کے مقابلے میں اورعربی نظام وتہذیب کومحفوظ رکھنے کے لئے جان دی تھی۔وہ آئیں اور دیکھیں کہ اُن کے پوتے یزید نے دشمنان قریش سے کیسا انتقام لیا اورکس طرح اُس نبیؐ کے خاندان اوراُن کے طرفداروں کو تباہ وبرباد اورذلیل وخوار کیا کہ رہتی دنیا تک اُس کی مثال نہ ملے گی۔ یہ قریش کے اُس خدا کی فتح ہے جس نے اپنے مخالفوں سے حکومت چھین کراپنے پیروؤں اورقریشی راہنماؤں کوعطا کردی۔اورآج محمدؐ کا خاندان ختم ہوا۔اُس کے پس ماندگان میں چندمستوراتؑ میرے سامنے قیدی بن کرکھڑی ہوئی ہیں۔

اِس کے بعدیہ بھی ماننا پڑے گا کہ عربوں اورخصوصاً قریش کا یہ منصوبہ روزاوّل سے جاری تھا۔اوروہ تمام اقدامات اوروجوہات جوہم نے گزشتہ اوراق میں بیان کی ہیں حرف بحرف صحیح اورنہایت مختصر تجزیہ ہیں۔لہٰذا حقیقت یہ ہے کہ عربوں نے محمدؐ اوراُن کے ساتھ جو کچھ آیا تھا اُس میں سے صرف اُسی قدرتسلیم کیا جواُن کے مسمارشدہ سابقہ مذہب اورتمدن کوبحال کرکے دنیا میں مضبوطی سے جاری رکھ سکے۔اورتمام اقوام اورتمام ممالک کے استیصال اوراستحصال میں مددگارثابت ہو۔

(25 الف۔5)۔ حضرت علیؑ کے ہاتھ سے قتل ہونے والے کافر

وہ سرداران قریش اوراہل مکہ کے چشم وچراغ جنہیں حضرت علیؑ کی تلوار نے موت کی نیندسلا کرایوان ہائے کفرمیں اندھیرا کردیا اورجن کا بدلہ کربلا میں لیا گیا،تعارف اورریکارڈ کے لئے یہاں پیش کیئے جاتے ہیں۔اوراس کی ابتدا میں ہمارے سابقہ عنوان کی تصدیق کے ساتھ ساتھ یہ بھی معلوم ہوجائے گا کہ اُدھر تو دست بدست جنگ ہورہی ہے،سرتن سے گررہے ہیں،مرنے والوں کی چیخ پکار سے میدان جنگ گونج رہا ہے۔مگروہ لوگ جوکفارقریش کے نمائندہ ہیں میدان جنگ میں ٹہلتے اورتماشہ دیکھتے پھررہے ہیں۔مسلمان اُنہیں

مسلمان سمجھ کر قتل نہیں کرتے ۔ قریشی کافر اُنہیں اپنا آدمی سمجھ کر تعارض نہیں کرتے ۔ بلکہ اُن کی خیریت معلوم کرتے ہیں اور یہ صورتحال خود جناب عمر کی زبان سے سنئے :۔

1 ۔ عاص بن سعید بن عاص : یہ شخص فن حرب میں بڑا ماہر اور شجاعانِ عرب میں مشہور زمانہ شخص تھا ۔ حضرت عمر بیان کرتے ہیں کہ ؛ ''عاص کا بیٹا سعید بن عاص جو مسلمان تھا ایک دن مسجد نبوی میں آیا اور خاموشی سے ایک طرف کونے میں بیٹھ گیا ۔ جب میری نظر اُس پر پڑی تو میں نے اُسے مخاطب کیا اور اُس سے دریافت کیا کہ کیا تم اِس غلط فہمی میں مبتلا ہونے کی وجہ سے مجھ سے الگ الگ اور خاموش وکبیدہ خاطر رہتے ہو کہ میں نے تمہارے والد عاص کو قتل کیا ہے ۔ سنو میرے دل میں بڑی تمنا تھی کہ میں اُسے قتل کرتا ۔ اور اگر میں اُس کا قاتل ہوتا تو ایک کافر کو قتل کرنے کی بنا پر مجھے کسی معذرت کی ضرورت بھی نہ ہوتی ۔ لیکن مجھے تو یہ سعادت نصیب ہی نہیں ہوئی ۔ اصل بات یہ ہے کہ جنگ بدر میں میں گزر رہا تھا کہ میری نظر عاص پر پڑی ۔ وہ لڑنے کے لئے اس طرح پیچ وتاب کھا رہا تھا جیسے مستی میں سانڈ بے چین ہو کر دوڑتا پھرتا ہے ۔ میں خوفزدہ ہو کر پہلو بچا کر چل دیا ۔ عاص نے دریافت کیا کہ اے فرزند خطاب کدھر جا رہے ہو؟ اتنے میں علیؑ اس پر حملہ آور ہوئے ۔ خدا کی قسم ابھی میرے پیر اُٹھنے بھی نہ پائے تھے کہ علیؑ نے اُسے قتل کر دیا ۔ یہ سن کر مسجد نبویؐ میں حضرت علیؑ نے عمر سے کہا کہ شرک نیست ونابود ہو چکا ہے؟ اسلام نے پہلی باتوں کو مٹا کر ختم کر دیا ہے؟ اے عمر تم لوگوں کو میرے خلاف کیوں بھڑکاتے رہتے ہو؟ یہ سن کر حضرت عمر خاموش ہو گئے ۔ سعید نے کہا کہ خدا کی قسم اگر علیؑ کے علاوہ میرے باپ کا قاتل کوئی اور ہوتا تو مجھے ذرا بھی خوشی نہ ہوتی ۔ علامہ ابن ابی الحدید نے سعید کا یہ فقرہ بھی اضافہ کیا ہے کہ : ''لَقَدْ قَتَلَهُ کُفُو کریم و هو اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ لقتله من لیس من بنی عبد مناف ۔'' یعنی میرے باپ کو ایک ہمسر اور کریم وعزت دار شخص نے قتل کیا ہے ۔ خدا کی قسم علیؑ کا میرے باپ کو قتل کرنا زیادہ پسند ہے بہ نسبت اس کے بنی ہاشم کے علاوہ کوئی اور قتل کرتا ۔'' (نہج البلاغہ کی شرح ابن ابی الحدید وغیرہ)

2 ۔ ولید بن عتبہ ، 3 ۔ طعیمہ بن عدی بن نوفل

4 ۔ نوفل بن خویلد : یہ آنحضرتؐ کا سخت ترین دشمن تھا ۔ قریش کے یہاں اُس کی بڑی عزت وتکریم تھی ۔ اس کی اطاعت کی جاتی تھی ۔ اُس کو پیشوایان قوم میں سے ایک سمجھا جاتا تھا ۔ پیغمبر نے اُس سے محفوظ رہنے کی دعا کی تھی ۔ اور اُس کے قتل پر تکبیر فرمائی اور کہا کہ اللہ نے میری دعا قبول فرمائی ۔

5 ۔ عامر بن عبداللہ ؛ 6 ۔ نضر بن حارث ؛ 7 ۔ عبداللہ بن منذر ابن ابی رفاعہ ؛ 8 ۔ حاجب بن صائب ؛ 9 ۔ عاص بن منبہ

10 ۔ ابو العاص بن قیس بن عدی سہمی ؛ 11 ۔ اوس بن مغیرہ ؛ 12 ۔ معاویہ بن عامر ؛ 13 ۔ حرملہ بن عمر ؛ 14 ۔ حرملہ بن اسد ؛

15 ۔ مسعود ابن المغیرہ ؛ 16 ۔ ابو القیس بن الفاکھہ ؛ 17 ۔ عقبہ بن ابی المعیط ؛ 18 ۔ عمر ابن عثمان ؛ 19 ۔ عمر ابن قیس ؛

20 ۔ قیس ابن الولید ؛ 21 ۔ ابن المغیرہ ؛ 22 ۔ حنظلہ بن ابو سفیان برادر معاویہ ؛

23 ۔ عتبہ بن ابی ربیعہ بن عبدالشمس ؛ 24 ۔ زمعہ بن اسود ؛ 25 ۔ عقیل بن اسود ؛ 26 ۔ علقمہ بن کلدہ ؛

27 ۔ ابو العاص بن قیس بن عدی ؛ 28 ۔ معاویہ بن المغیرہ بن ابی العاص ؛ 29 ۔ لوزان بن ربیعہ ؛

30۔اوس بن المغیرہ بن لوزان؛ 31۔زید بن ملیص؛ 32۔غانم ابن ابی عوف؛ 33۔سعید بن وہب حلیف بنی العامر؛ 34۔عبداللہ بن جمیل بن زہیر بن الحارث بن اسد؛ 35۔ابوالحکم بن الاخنس؛36۔ہشام بن امیہ بن المغیرہ۔

(سیرۃ علویہ صفحہ 66 حافظ محمد علی حنفی کاکوروی اور اعیان شیعہ جلد 3 صفحہ 340)۔ یہ تھے وہ ملعون کفار قریش کے بزرگ و بہادر جنگی شجاعت شہرہ آفاق تھی۔ جو ایک ہی جنگ میں ڈھیر ہوئے اور جن کے غم میں کفر کا دل پگھل کر رہ گیا۔

(25 الف۔ 6)۔ مکہ کے ہر گھر میں مقتولینِ بدر کی خاموش صف ماتم

قریش مکہ جنگِ بدر کی ہزیمت کے بعد اپنی ناک اونچی رکھنے کے لئے بلند آواز سے رونا بھی نہ چاہتے تھے۔لہٰذا قومی سطح سے حکم عام دے دیا گیا تھا کہ کسی گھر سے رونے کی آواز بلند نہ ہو۔ ورنہ مدینہ میں خوشیاں منائی جائیں گی اور عربوں کے دل سے اُن کا رعب اُٹھ جائے گا۔اس پہلو پر طبری کا بیان سن لیں:۔

''اس لڑائی میں اسود بن عبد یغوث کے تین بیٹے زمعہ بن الاسود، عقیل بن الاسود اور حارث بن الاسود مارے گئے تھے۔ وہ چاہتا تھا کہ دل کھول کر اپنے بیٹوں پر روئے اسی حالت میں اُس کورات کے وقت کسی کے رونے کی آواز سنائی دی، اس کی بصارت جاتی رہی تھی۔ اس لئے اُس نے اپنے غلام سے کہا کہ ذرا دیکھ کر آؤ کہ کیا رونے کی اجازت ہوگئی ہے؟ اور کیا قریش اپنے مقتولوں پر رونے لگے ہیں؟ میں چاہتا ہوں کہ اپنے بیٹے ابوحکیمہ یعنی زمعہ پر خوب روؤں، کیونکہ اس کے غم سے میرا سینہ کھول رہا ہے۔ غلام نے واپس آکر بتایا کہ یہ تو ایک عورت کی آواز ہے جو اپنے گمشدہ اونٹ پر رورہی ہے۔اس پر اُس نے چند اشعار پڑھے۔اُن میں اپنے بیٹوں کا دردناک مرثیہ کہا اور یوں اپنے دل کی بڑھاس نکالی۔''(طبری۔جلد اوّل صفحہ 193)

(25 الف۔7)۔ مالِ غنیمت لوٹنے اور قیدیوں کے متعلق قرآن اور صحابہ

ہم نے بار بار عرض کیا ہے کہ سرکاری تاریخ میں وظیفہ خوارانِ حکومت نے حکومتوں اور دشمنان اسلام کی بڑی قصیدہ خوانی کی ہے۔اور ہر واقعہ کو توڑ موڑ کر ہی نہیں لکھا بلکہ اپنے دماغ سے حکومتوں کے لئے موزوں واقعات بھی گھڑے ہیں۔لیکن یہ ایک معجزہ ہے کہ اُن ہی تواریخ و کتب احادیث میں اُن کے ہاتھ سے حق بھی ٹپکتا رہا ہے۔تفصیلات اور غپ شپ تو خود طبری میں ملاحظہ فرمائیں۔ یہاں مختصراً یہ دیکھ لیں کہ جب جنگ بدر فتح کر لی گئی اور گرفتار شدہ قیدی اور وہ سامان جمع کیا گیا جسے مسلمان فوج نے اپنے قبضہ میں لے لیا تھا۔ اب یہ سوال پیدا ہوا کہ اُن مشرک قیدیوں اور مشرکین کے سامان کا کیا کیا جائے۔ چونکہ یہ سوال اِس صورت میں پہلی دفعہ سامنے آیا تھا۔ اور اب تک یہ بات بار بار سامنے آچکی تھی کہ قریشی مہاجرین کی کثرت رسولؐ اللہ کی بعض تجاویز اور احکام میں دخل انداز ہوتی رہتی ہے اور آنحضرؐت کے تمام احکامات کو بلاچون وچرا دلی رغبت سے تسلیم نہیں کرتی اور مفاد عامہ کی آڑ میں یہ چاہتی ہے کہ ہر فیصلہ اُن کی رائے سے کیا جائے۔لہٰذا رسولؐ اللہ نے اس مشرکانہ اور جمہوری ذہنیت کو واضح طور پر دلوں سے زبانوں پر لانے کے لئے اور اُن لوگوں کو حقیقی مسلمانوں کے روبرو بے نقاب کرنے کے واسطے جو کچھ کیا اُس کا پتہ طبری کے قریشی بیانات سے چلائیں۔اُنہوں نے لکھا ہے کہ:۔

(الف)۔ اسیران بدر کے متعلق صحابہ کی رائے

''عمر بن الخطاب سے مروی ہے بدر کے دن فریقین کا مقابلہ ہوا، اللہ نے مشرکین کو شکست دی۔ اُن کے ستر آدمی مارے گئے اور ستر اسیر کر لئے گئے۔ پھر اُس روز رسولؐ اللہ نے ابوبکر، علیؑ اور مجھ سے مشورہ کیا۔ ابوبکر نے کہا اے اللہ کے نبیؐ یہ آپ کے یک جدّی، خاندان والے اور عزیز ہیں۔ میں مناسب سمجھتا ہوں کہ آپ اُن سے فدیہ لے لیں تاکہ زرفدیہ سے ہماری قوت بڑھے۔ اور پھر شاید اللہ ایسا بھی کرے کہ اُن کو اسلام لے آنے کی توفیق دے دے۔ اور پھر اس طرح یہ ہمارے قوت بازو بن جائیں۔ اس کے بعد آپؐ نے مجھ سے کہا کہ ابن الخطاب تمہاری کیا رائے ہے۔ میں نے کہا جناب والا بخدا میری ہرگز وہ رائے نہیں ہے جو ابوبکر کی رائے ہے۔ میری رائے یہ ہے کہ آپ فلاں شخص کو میرے سپرد کر دیں میں اُس کی گردن مارے دیتا ہوں۔ حمزہؓ کے بھائی اُن کے سپرد ہوں تاکہ وہ اُسے قتل کر دیں۔ عقیل کو علیؑ کے حوالے کیجئے۔ وہ اُس کا کام تمام کر دیں۔ تاکہ اللہ کو معلوم ہو جائے کہ ہمارے قلوب میں کفار کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اور یہی اُن کے بڑے سردار، سرخیل اور پیشوا ہیں۔ مگر رسولؐ اللہ نے ابوبکر کا مشورہ مانا اور میری بات نہ مانی اور فدیہ قبول کیا۔'' (مسلسل لکھا)

زرِفدیہ قبول کرنے پر پشیمانی: ''دوسرے دن میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا، میں نے دیکھا کہ رسولؐ اللہ اور ابوبکر بیٹھے رو رہے ہیں۔ میں نے پوچھا اے اللہ کے رسولؐ مجھے تو بتایئے کہ آپ دونوں کیوں رو رہے ہیں؟ اگر کوئی رونے کی بات ہے تو میں بھی رونے لگوں گا اور اگر کوئی ایسی بات نہ ہوگی تو بھی آپ دونوں کے گریہ کی خاطر خود بھی رووں گا۔ آپ نے فرمایا فدیہ قبول کرنے کی وجہ سے مجھے بتایا گیا ہے کہ تم سب پر بہت ہی قریب عذاب نازل ہوگا اور وہ عذاب اِس قدر قریب ہے جیسے کہ یہ درخت۔ آپؐ نے اشارے سے ایک درخت کو بتایا جو بالکل قریب ہی تھا اِسی موقعہ پر اللہ عزوجل نے یہ آیات نازل فرمائیں۔ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ o لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ o (الانفال 8/67-68)۔ اس کے بعد اللہ نے مسلمانوں کے لئے مالِ غنیمت کو حلال کر دیا۔ چنانچہ دوسرے ہی سال احد میں اُن کو اپنے کئے کی سزا مل گئی۔ ستر صحابہؓ شہید ہوئے اور ستر اسیر ہوئے۔ دشمن نے آپ کی جھونپڑی کو توڑ پھوڑ ڈالا اور آپؐ کے سر کے خود کو ریزہ ریزہ کر دیا کہ آپؐ کے چہرے پر خون بہنے لگا۔ نبی صلعم کے صحابہ میدان سے فرار ہو کر پہاڑ پر چڑھ گئے۔ اُس موقعہ پر اللہ عزوجلّ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ۔ (آل عمران 3/165)

نیز یہ دوسری آیت بھی نازل کی۔ اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓى اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ۔

(آل عمران 3/153)۔ (تاریخ طبری۔ جلد اوّل صفحہ 203-202)

مسلسل دوسری روایت بھی پڑھیں لیں پھر ہم اِن دونوں روایتوں پر آپکی رائے معلوم کریں گے۔ جناب طبری مسلسل لکھتے ہیں کہ:۔

(ب)۔ ''حضرت ابوبکر؛حضرت عمر کی رائے''

''عبداللہ سے مروی ہے کہ بدر کے دن جب قیدی آپ کی خدمت میں پیش کیے گئے۔آپؐ نے صحابہ سے پوچھا کہ اِنکے ساتھ کیا کیا جائے؟ابوبکر نے کہا یہ آپؐ کے ہم قوم اوراہل خاندان ہیں۔آپؐ اُنکی جان بخشی فرمائیں اورمہلت دیں شاید اُن پر اللہ مہربان ہو جائے۔اور یہ اسلام لے آئیں۔عمر نے کہا اے رسول اللہ صلعم انہوں نے آپ کو جھٹلایا ہے اور آپؐ کو آپکے گھر سے نکالا ہے۔آپ ان سب کو قتل کر دیں۔عبداللہ بن رواحہ نے کہا آپ اُن کیلئے ایک ایسی وادی تلاش کریں جہاں ایندھن وافر ہو۔پھر ان سب کو اُس میں ڈال کر آگ لگا دیں۔اِس پر عباس نے کہا کہ تم نے تو بالکل ہی خاتمہ کر دیا۔'' (طبری۔جلد اوّل صفحہ 203)

(ج)۔ طبری اور دیگر سرکاری تواریخ کا اعتبار کیسے کیا جائے؟

قارئین دونوں روایات پر ہمارے ساتھ ساتھ دوبارہ نظر ڈال کر یہ نتائج مرتب کریں کہ:۔

اوّل۔ پہلی روایت میں صرف تین آدمیوں سے مشورہ لینے کا تذکرہ ہوا ہے۔اور یہ تینوں مہاجرین میں داخل ہیں۔یعنی حضرت عمر تاریخ میں یہ تاثر چھوڑنا چاہتے تھے کہ رسولؐ اللہ دینی امور میں قبیلہ اَوس وخزرج ہی کو نہیں ان تین افراد کے علاوہ تمام مہاجرین کو بھی نظر انداز کر دیا کرتے تھے۔پھر یہ دیکھیں کہ؛

دوم۔ حضرت عمر نام گنواتے وقت جناب علیؑ مرتضٰی کو شامل کرتے ہیں۔مگر مشورہ میں نہ رسولؐ اللہ کا علیؑ سے سوال کرنا دکھاتے ہیں نہ حضرت علیؑ کا دیا ہوا کوئی مشورہ بیان کرتے ہیں۔مطلب یہ ہوا کہ؛

سوم۔ رسولؐ کے نزدیک صاحبان عقل وفہم صرف ابوبکر وعمر ہی تھے اور مسلمان گروہ بے بصیرت تھا جسے کوئی عقل تسلیم نہ کریگی مگر؛

چہارم۔ حضرت عمر یا اُن کے عقیدت مند جانشین یہ چاہتے ہیں کہ صرف اُن کے اور جناب ابوبکر کے علاوہ آنحضرتؐ کی نظر میں دوسرا کوئی شخص قابل قدر نہ دکھایا جائے۔

پنجم۔ یہ بات اس روایت اور ہر روایت سے ثابت ہے کہ جناب علیؑ مشورہ دینے والے اور مشاورت کے قائل گروہ میں ہرگز نہ تھے اور اسی لئے نظام مشاورت کے مخالف تھے۔

ششم۔ دوسری روایت پہلی کے خلاف عام مشورہ کی طرف اشارہ تو کرتی ہے مگر تمام مسلمانوں کو حسب بالا محروم کر کے پھر تین افراد کو بابصیرت اور صاحب الرّائے دکھاتی ہے اور پہلے دونوں حضرات اِس دفعہ بھی موجود ہیں۔یعنی بعد والے لوگوں کے اذہان پر اُن دونوں کو سوار کر دینے کی کوشش بہر حال جاری ہے۔

ہفتم۔ پھر یہ نوٹ کریں کہ پوری گھریلو اور خود ساختہ تاریخ میں یہ تو کہیں نہیں ملتا کہ مندرجہ بالا دونوں حضرات میں سے کسی کو بھی کسی جنگ میں کسی کافر کے ہاتھ سے زخم لگا ہو یا اُنہوں نے کسی کافر کو جہاد میں قتل یا زخمی کیا ہو۔البتہ اُن حضرات کی مستقل سنت اور عمل درآمد یہ رہا ہے کہ؛

ہشتم۔ جناب ابوبکر کفار قریش کے ہمیشہ طرفدار رہے اور یہاں بھی وہ قرآن کریم کے صریحی بیانات جو ہم پہلے ہی لکھ چکے ہیں کے خلاف قریش مکہ کے ایمان لے آنے کا تذکرہ اور اُمید کرتے ہیں۔ تا کہ جب یہ کفار اُن کی حکومت میں تعاون کریں تو مسلمان کہلاسکیں۔

نہم۔ اور حضرت عمر ہمیشہ اُس وقت جوش دکھاتے ہیں، تلوار نکالنے اور قتل کرڈالنے کی بات کرتے ہیں جس وقت کوئی مجبور اور بے بس آدمی سامنے ہو یا جس وقت کسی کو قتل کرنا خلافِ حکمِ خداوندی ہو۔ ایسے تمام مواقع ہم الگ اور مستقل عنوان سے تاریخ سے جمع کر کے دکھائیں گے۔ نیز؛

دہم۔ یہ بھی ثابت ہو گیا کہ قریشی مشرکین ہمیشہ اس کوشش میں مصروف رہے ہیں کہ رسولؐ اللہ کے خاندان کو قریشی مشہور کیا جائے۔ تا کہ اگر اُن کی حکومت قائم ہو جائے، جس کی پیش گوئیاں زمانہ قدیم سے چلی آرہی ہیں تو قریش خاندانِ رسولؐ کے رشتہ سے اُس حکومت کے حقدار بن سکیں۔ چنانچہ دونوں روایات میں بدر کے تمام قیدیوں کو رسوؐل کی قوم، رسولؐ کے خاندان کے افراد اور قریبی رشتہ دار کہہ کر قریشی منصوبے کی تائید کی گئی ہے۔ حالانکہ تمام قیدی نہ قریش ہیں نہ اُن سے رسوؐل کی رشتہ داری ہے۔ چنانچہ قیدیوں کے ناموں کی فہرست پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوگا کہ یہ دعویٰ سراسر باطل ہے۔ جنگ بدر کے وقت رسولؐ کے خاندان کا کوئی فرد کافر نہیں ہے۔ بعض فرضی نام ہیں جیسے عقیل۔ یہ وہ عقیل نہیں جو حضرت علیؑ کے بھائی ہیں۔ بہرحال قریش کی کافرانہ اسکیم ہم شجرہ مقدسہ میں واضح کر چکے ہیں۔

گیارہویں بات۔ از خود ثابت ہے کہ جنگ بدر کے دن تک جناب ابوبکر اور جناب عمر میں اس قدر اختلاف تھا جس قدر موت اور زندگی میں؛ یا ثواب وعذاب میں یا حلال وحرام میں اختلاف ہوتا ہے۔ جسکو ابوبکر زندہ رکھنا چاہتے ہیں، عمر اسے قتل کا مستحق قرار دیتے ہیں۔ ایک کی بات ماننے کے قابل ہے تو دوسرے کی ٹھکرانے کے لائق ہے۔ ایک کفار قریش کو اپنا قوتِ بازو بنانے کی فکر میں تھا۔ اور آخر کار اپنا قوت بازو بنا کر رکھا۔ دوسرا قتل کرنے کی فکر میں تھا اور جب موقع ملا تو قتل عام اور نظر بند کر کے رکھا۔

بارہ۔ حضرت عمر کا یہ کہنا کہ عقیل اور حمزہؓ کے بھائی اور فلاں شخص، جس کو خود قتل کرنا چاہتے تھے؛ کفار مکہ کے بڑے سردار، سرِ خیل اور پیشوا ہیں۔ ایک سفید اور تاریخی جھوٹ ہے۔ عقیل اور حمزہ کے بھائی قیدیوں میں تھے یا نہیں؟ یہ تو تحقیق طلب ہے لیکن یہ تو تحقیق شدہ بات ہے کہ جناب عمر خاندانِ بنی ہاشم کو قتل کر دینا ضروری خیال فرماتے ہیں۔

تیرہ۔ حضرت عمر کے بقول حضرت ابوبکر کا مشورہ خدا کو اس قدر ناپسند آیا کہ عذاب نازل کرنے کی دھمکی ملی اور مشورہ دینے والا اور معاذ اللہ خود رسولؐ اللہ مشورہ پر عمل سے پشیمان ہوئے اور روتے رہے۔

چودہ۔ بقول حضرت عمر آخر جنگ احد میں وہ عذاب تمام مسلمانوں پر نازل ہوا اور خود رسولؐ اللہ کو بھی سزا ملنا بیان کر دیا ہے۔ یعنی وہ نہ صرف رسولؐ اللہ کو خاطی سمجھتے تھے بلکہ یہ بھی کہ معاذ اللہ آنحضرتؐ کو خدا نے انکی غلطی پر سزا بھی دی تھی۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون.

پندرہ۔ سوال یہ ہے کہ غلطی اگر کی تھی تو رسولؐ اللہ اور ابوبکر نے کی تھی۔ یہ کتنی خلافِ عدل وخلافِ عقل بات ہے کہ اللہ، بقول عمر، تمام مسلمانوں پر عذاب اور سزا نافذ کرتا ہے؟ قرآن سے یہ بات جھوٹ ثابت کی جائے گی۔

سولہ۔ مذکورہ بالا آیات کا ترجمہ پڑھنے سے یہ معلوم ہوگا کہ حضرت عمر نے آیت کے نہ معنی سمجھے نہ کسی اور نے اُنکو معنی بتائے، ذرا دیر میں ہم ترجمہ میں دکھائینگے کہ بیانات نمبر 13 و 14 دونوں غلط تعبیرات ہیں اور یہ کہ بڑے بڑے لوگ قرآن میں تحریف کررہے تھے۔

سترہ۔ حضرت عمر کے بیان سے یہ بات تصدیق ہوگئی کہ رسولؐ اور خاندان رسولؐ کے علاوہ باقی مہاجرین میں اور کوئی شخص ایسا نہ تھا جسے کفار قریش نے گھر سے نکالا ہو۔ اور ہم یہ کہتے چلے آئے ہیں کہ مہاجرین کی کثرت قریش مکہ کی اپنی مسلمان جماعت تھی۔ جو داخلی تخریب کے لئے مسلمانوں میں شامل کی گئی تھی۔ جسے قریش نے کبھی نہیں ستایا نہ گھر سے نکالا بلکہ وظائف دیئے۔ اور رسولؐ اللہ کی حکومت پر قبضہ کرانے میں مدد کی اور اُس کے بعد حکومت میں حصہ دار بن گئے۔

(25 الف۔8)۔ قرآن کریم نے مال غنیمت اور اسیران جنگ کے لئے کیا فرمایا

علامہ طبری نے جن آیات کا حوالہ دیا ہے، ہم یہاں اُن کا ترجمہ علامہ مودودی کے قلم سے لکھتے ہیں تا کہ حضرت عمر کی قرآن فہمی اور دینی بصیرت کے خلاف وہ خود حضرت عمر کا ایک زندہ شاگرد اور عالم گواہی دے۔ پہلی آیت کا ترجمہ یوں ہے:۔

(الف)۔ ''کسی نبی کے لئے یہ زیبا نہیں ہے کہ اُس کے پاس قیدی ہوں جب تک کہ وہ زمین میں دشمنوں کو اچھی طرح کچل نہ دے۔ تم لوگ دنیا کے فائدہ چاہتے ہو، حالانکہ اللہ کے پیش نظر آخرت ہے، اور اللہ غالب اور حکیم ہے۔ اگر اللہ کا نوشتہ پہلے نہ لکھا جا چکا ہوتا تو جو کچھ تم لوگوں نے لیا ہے اُسکی پاداش میں تم کو بڑی سزا دی جاتی۔ پس جو کچھ تم نے مال حاصل کیا ہے اُسے کھاؤ کہ وہ حلال اور پاک ہے اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ (و اتّقُوا کے معنی۔ احسن) یقیناً اللہ درگزر کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے۔''
(انفال 69-8/67۔ تفہیم القرآن۔ جلد دوم صفحہ 159-158)

(ب)۔ علامہ کے ترجمہ اور آیت کے منشا پر ایک نظر

قارئین پہلے یہ دیکھیں کہ اللہ نے عذاب یا سزا دینے کی کوئی پیشین گوئی یا ارادہ ظاہر نہیں فرمایا ہے۔ یعنی ہرگز اِن آیات میں یہ نہیں کہا گیا کہ ''تم سب پر بہت ہی قریب عذاب نازل ہوگا'' لہٰذا عذاب نازل ہونے کے متعلق تمام باتیں بے بصیرتی اور قرآن کی غلط تعبیر پر مبنی اور ایک قریشی جسارت کا ثبوت ہیں۔ اس آیت میں جو کچھ کہا گیا ہے وہ یہ ہے کہ؛

(ج)۔ مسلمانوں کے قریشی گروہ کا اسلام دنیا طلبی کے لئے تھا

اللہ نے بڑے واضح الفاظ میں فرمایا ہے کہ اسلام لانے میں تمہارا ارادہ (تُـرِيدُ وْنَ) یہ ہے کہ تم دنیا حاصل کرو۔ اور اللہ کا ارادہ (وَاللّٰهُ يُرِيدُ) یہ ہے کہ اسلام آخرت کو حاصل کرنے کے لئے لایا جائے۔ یہاں ثابت ہوا کہ رسولؐ اللہ کے ساتھ اس لئے شامل ہوئے تھے کہ اُن کی زندگی اور وفات کے بعد کے زمانے میں دنیا بٹوری جائے اور دنیا کو لُوٹنے کے لئے حکومتِ خداوندی پر قبضہ کرلیا جائے تاریخ بھی اِسی کا ثبوت دیتی ہے۔ یہ کون لوگ تھے؟ اگر اس کا نام بنام پتہ لگانا ہو تو حضرت عمر کے قتل کے بعد والے مسلمانوں کا مالی جائزہ لینا ہوگا۔ ہر وہ شخص جو لکھ پتی، کروڑ پتی یا سرمایہ دار ہوا اور ہر وہ شخص جو اُن سرمایہ دار مسلمانوں کا حاشیہ نشین، طرفدار یا ہم خیال یا ہم مکتب و

ہم فکر ہو۔ وہ اُسی قریشی گروہ کا فرد یا افراد تھے جن کا تذکرہ مندرجہ بالا آیت اور دیگر سینکڑوں آیات میں ہوا ہے اور جس گروہ کو ہم مشخص کرتے آئے ہیں۔ اور جس سے جناب امام حسینؑ اور اُن کے برادرؓ و والدؑ کا براہ راست سابقہ پڑنے والا تھا۔ چنانچہ تمام تواریخ نے اُن مسلمانوں کا تذکرہ کیا ہے، اُن کی دولت وملکیت وسرمایہ کے میزان لکھے ہیں۔ چنانچہ جناب خدا بخش صاحب اپنی کتاب پولیٹکس ان اسلام(Politics in Islam) میں لکھتے ہیں۔ (مصنف بانکے پور کے متوطن تھے)

1۔ جناب زبیر نے اپنی وفات پر پانچ کروڑ درہم کی جائیداد چھوڑی تھی۔

2۔ عبدالرحمٰن بن عوف نے ایک ہزار اونٹ اور اتنا روپیہ چھوڑا کہ اُن کی چاروں بیوگان میں سے ہر ایک کو اولاد کا حصہ نکالنے کے بعد اَسّی سے سو ہزار درہم تک ملا۔ (یعنی کل سرمایہ تیس لاکھ تھا)

3۔ سعد ابن ابی وقاص نے مدینہ کے قریب ایک عالیشان محل بنایا تھا۔

4۔ طلحہ نے بائیس لاکھ درھم اور دو لاکھ دینار (اشرفیاں) چھوڑے۔ اُن کی دولت وجائیداد کی کل قیمت تین کروڑ درہم تھی۔'' (صفحہ 151)

یہ ہیں وہ حضرات جو جناب علیؑ کے ساتھ برسرِ پیکار رہے اور تمام عرب کے سردار و پیشوا تھے۔ عربی تاریخیں تمام مہاجر صحابہ کے سرمایہ کی تفصیل سے بھری پڑی ہیں۔ لہٰذا آیہ مبارکہ کی پیش گوئی صاف ثابت ہے اور ساری تاریخیں چھان مارنے کے بعد بھی آپ کو انصاری اور ابوطالبؑ کی اولاد والے صحابۂ رسولؐ میں ایک بھی سرمایہ دار نہ ملے گا۔ ظاہر ہے کہ یہ سارا نبطی خانوادہ تھا جو آخرت کے لئے ایمان لایا اور دنیادارانہ اسلام لانے والوں کے خلاف رہا۔ اُن کے بائیکاٹ اور قتل عام بھی اِسی کا ثبوت ہیں۔

(د)۔ مالِ غنیمت یا دشمنانِ خدا کو لوٹنا بہر حال ناپسندیدہ ہے

آیت زیرِ نظر میں ایک بات نہایت اہم ہے جس پر بحث وگفتگو کرنے کے بجائے اُس پر دامن بچا کر نکل جانے کی پابندی کی گئی ہے۔ وہ بات اللہ کا وہ نوشتہ ہے جس کا آیت (انفال 8/68) میں تذکرہ ہوا ہے۔ اس سلسلہ میں علامہ مودودی نے چاروں طرف ہاتھ پیر مارے ہیں (تفہیم القرآن جلد دوم صفحہ 159، حاشیہ 49 اور جلد پنجم صفحہ 11، حاشیہ 8 تا 10) اور زبردستی یہ منوانے کی کوشش کی ہے کہ وہ نوشتہ جس میں مال واسباب لوٹنے کی اجازت ملی تھی، سورہ محمدؐ آیت نمبر 4 میں موجود ہے حالانکہ اُس آیت میں مالِ غنیمت لینے کا ذکر ہرگز نہیں ہے۔ وہاں تو قید کرنے اور پھر قیدیوں کو احسان کرکے رہا کردینے یا فدیہ و تاوانِ جنگ وصول کرنے کی اجازت ہے۔ اور اگر یہ آیت پہلے نازل ہو چکی تھی تو اس غیض وغضب اور عذاب کی دھمکی کی ضرورت ہی نہ تھی۔ اِس لئے کہ جب اللہ نے خود یہ اجازت دے دی تھی اور اِس اجازت کے بعد مسلمانوں نے یا رسولؐ اللہ نے اس اجازت کے مطابق عمل کیا تو اللہ کو خوش ہونا چاہئے تھا کہ مسلمان تعمیل حکم کر رہے ہیں۔ چہ جائیکہ عذاب کی دھمکی اور عذاب کا سزاوار بتانا۔ لہٰذا ہرگز اُس آیت (محمدؐ 47/4) میں اُس دنیا بٹورنے کی اجازت نہ تھی جس پر دھمکی دی گئی ہے۔ اور آپ خود دیکھ لیں کہ جس چیز کی اجازت ہے وہ دشمنانِ خدا کو گرفتار کرنے، فدیہ لے کر یا احسان کرکے چھوڑ دینے کی اجازت ہے (محمدؐ 47/4)۔ لیکن آیت میں دھمکی ہے۔ وہاں نہ فدیہ کا ذکر ہے نہ احسان کا بلکہ دنیا طلبی کا جرم عائد کیا گیا

ہے۔ اگر فدیہ لینا دنیا طلبی ہوتی تو اجازت نہ دی گئی ہوتی۔ اور اجازت دی گئی تھی تو دھمکی دینا عقل مندی اور انصاف کے خلاف ہوتا۔ لہٰذا دھمکی جس بات پر ہے وہ لوٹ مار ہے۔ جس کا دبی زبان سے علامہ نے بھی اقرار کرلیا ہے۔

''جنگ میں جب قریش کی فوج بھاگ نکلی تو مسلمانوں کا ایک بڑا گروہ غنیمت لوٹنے اور کفار کے آدمیوں کو پکڑ پکڑ کر باندھنے میں لگ گیا۔'' (جلد دوم صفحہ 159 حاشیہ 49 تفہیم القرآن)

ذرا سوچیئے کہ جب فوج ہی بھاگ نکلی تو گرفتاری تعاقب کے بغیر ناممکن تھی۔ لہٰذا علامہ کا یہ فرمانا کہ مسلمانوں نے دشمن کے تعاقب میں کوتاہی کی، سراسر غلط ہے۔ پیدل لوگ جس قدر تعاقب کر سکتے تھے کیا گیا۔ اور دشمن کے پاپیادہ لوگوں میں سے جس قدر لوگوں کو گرفتار کر سکتے تھے، کرلیا گیا۔ علاوہ ازیں قرآن میں کہیں بھی بھاگنے والے اور خوفزدہ لوگوں کا ایسا تعاقب جائز نہیں جو علامہ چاہتے ہیں۔ پھر علامہ نے بار بار لکھا اور ترجمہ میں بھی '' یُثْخِنَ '' کا ترجمہ کچل دینا کیا ہے۔ حالانکہ کچل دینا ایک ایسا مکروہ وقبیح اور سنگدلانہ لفظ اور فعل ہے جسے اسلامی اور شریفانہ ذہنیت ہرگز برداشت نہیں کرسکتی۔ مگر علامہ چونکہ مارشل ازم کو اسلام سمجھتے ہیں، اسلئے جہاں موقع ملتا ہے جبر وظلم وستم کا جواز نکال لیتے ہیں۔ چنانچہ لفظ '' یُثْخِنَ '' کے بنیادی معنی کی جگہ کچل ڈالنا کرکے اپنی خونخوار ذہنیت کی پیاس بجھالی گئی۔ بنیادی معنی ہیں 1۔ موٹا کرنا، 2۔ گاڑھا کرنا، 3۔ سخت کرنا، 4۔ ہتھیار بند آدمی کا خوب خوب جنگ کرنا۔ یہاں چوتھے اور اُس کے بعد تمام معنی اصل لفظ کے معنی نہیں ہیں بلکہ بھرتی کے معنی ہیں جو تحریف کی اسکیم کے ماتحت بھر دیئے گئے ہیں۔ اور صرف اس لئے کہ یہ لفظ یثخن جنگ کے تذکرہ میں آگیا ہے۔ اس لئے عموماً سخت کرنا سے سخت خونریزی اور کچل دینا کرلئے گئے۔ اگر آیت کے یہی معنی ہوں تو یہ کہنا پڑے گا کہ جب پوری زمین پر دشمنوں کو کچل دیا گیا یا قتل کرکے سب کا خون بہا دیا گیا تو قیدی رکھنا کیوں جائز ہوگا۔ کچھ لوگوں کو کچلنے اور اُن کا خون بہانے کے بجائے اُنہیں تندرست وتوانا حالت میں قید رکھنا تو حکم خدا کے خلاف ہوگا۔ لہٰذا یہ معنی ہی غلط ہیں۔ اللہ کا منشا نہ تمام دشمنان اسلام کو کچل کر رکھ دینا ہے، نہ انہیں قتل کرڈالنا ہے۔ بلکہ ایسے مضبوط ومستحکم حالات پیدا کرنا ہے جس سے رخنہ اندازی کی گنجائش ہی نہ رہے۔ اور جب تک ایسے حالات تمام دنیا میں پیدا نہ ہوجائیں، اُس وقت تک کسی کو قید کرنا اور اُس کے اختیار وارادہ کو ختم کردینا جائز نہیں ہے۔ تاکہ اختلاف کنندہ کو موقع ملے کہ وہ ہجرت کرکے دوسری جگہ چلا جائے۔ اور رفتہ رفتہ تجربہ اور تحقیق سے اسلامی نظام کی حقانیت کو سمجھنے کا موقعہ اُسے حاصل رہے۔ لیکن جب ساری دنیا اسلامی نظام میں داخل ہوجائے اور صدق دل سے اس نظام پر ایمان لے آئے، تب یہ جائز ہوگا کہ اب اختلاف کرنے والوں کو خواہ اختلاف برائے تخریب ہو یا اختلاف برائے تحقیق ہو ایسی جگہ قید ونظر بند کردیا جائے کہ تحقیق کا پورا موقعہ ملے اور تخریب کی گنجائش نہ ہو۔ مگر اُس قید خانہ یا جیل میں بھی اُنہیں کچلنے یا قتل کرنے یا جبراً نماز روزہ ادا کرنے کی ممانعت ہے۔ لیکن اسلام پھیلانے کا یہ طریقہ کہ اسلام کا اقرار کرو، ورنہ قتل کے لئے تیار ہوجاؤ، مارشل ازم ہے اسلام نہیں ہے۔ یہی نہیں بلکہ مارشل ازم میں جو نوک شمشیر پر ایمان نہ لائے، اُسے قتل کرکے اُس کا تمام مال اسباب لوٹ لینا، جائیداد پر قبضہ جما لینا، اُس کے بچوں کو غلام بنالینا یا فروخت کردینا اور اُس کی زوجہ سے اُسی دن ہم بستری کرلینا بھی اسلام ہی کے نام پر جائز ہے۔ جو قارئین یہاں گھبرا جائیں اُن سے اس قدر التماس ہے کہ اگر اُنہیں مندرجہ بالا باتیں ناگوار اور غلط معلوم ہوتی ہیں، تو یہ کہہ دیں کہ خدایا اُن لوگوں پر لعنت کر

جنہوں نے مسلمان ہو کر مندرجہ بالا عمل کیا ہو۔ آپ کی شرافت اور ضمیر کی پاکیزگی کافر اور منکر اسلام کے ساتھ بھی یہ سلوک ناپسند اور خلاف اسلام سمجھتی ہے۔ کیا کہیں گے آپ اُن لوگوں کے لئے جنہوں نے یہی سب کچھ مسلمانوں کیساتھ، نمازیوں، تہجد گزاروں کے ساتھ کیا۔ اور لاکھوں مسلمانوں کی عزت وعصمت لوٹی، گھر بار، مال ومتاع لُوٹے قتل عام کیا۔ عورتوں بچوں کو لونڈیاں غلام بنایا، فروخت کیا۔ اُن کے سروں کے چولہے بنا کر اُن پر ہانڈیاں پکائیں؟ یہ تھی وہ ذہنیت جس کی ممانعت کی گئی اور سارے قرآن میں طرح طرح بار بار منع کیا گیا ہے۔ لیکن مولانا مودودی آج بھی مارشل ازم کو اسلام کہہ کر اور اُسی قسم کی اسلامی جماعت بنا کر نافذ کرنے کی فکر میں ہیں۔ خدا اُنہیں ہرگز کامیاب نہ کرے، آمین۔ ورنہ یہ دنیا ایک دفعہ پھر نوع انسان کے لئے جہنم بن جائے گی۔ آج دنیا میں مولویانہ ذہنیت سے بڑا اور کوئی دشمن اسلام نہیں ہے۔

(ہ)۔ علامہ مودودی کے ہم پلہ مُفکّر پرویز صاحب

خالی از دلچسپی نہ ہوگا اگر آپ یہاں ایک انتہائی غالی اہل سنت کا بیان دیکھ لیں۔ جس سے اُن لوگوں کی ذہنیت اور مسلمان ہونے کی وجہ معلوم ہو جائے گی، جن کا ذکر خیر ہم کر رہے ہیں۔ سنئیے تمام عربوں کے لئے ملاحظہ ہو:۔

''عربوں میں جنگ کی سب سے بڑی کشش مال غنیمت تھی۔ اسلام نے چونکہ جنگ اور صلح کے لئے پیمانے ہی مختلف مقرر کئے تھے۔ اس لئے مالِ غنیمت مقصود بالذات نہ تھا۔ اصل مقصد اعلائے کلمة الحق تھا۔ اس میں اگر دشمن شکست کھا کر بھاگ نکلے اور اپنا مال میدان میں چھوڑ جائے تو یہ بے شک حلال اور طیب تھا۔ لیکن اگر جنگ کا محرّک جذبہ مال غنیمت ہو جائے؟ تو یہ جنگ باطل کی جنگ ہوگی حق کی نہ ہوگی۔

مال غنیمت: چونکہ مال غنیمت کے متعلق ابھی تک کوئی احکام نہیں آئے تھے۔ اِس لئے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میدان ہاتھ آنے کے بعد مجاہدین کا مظفر ومنصور لشکر مالِ غنیمت کی طرف لپک پڑا اور بجائے اِس کے کہ یہ مال مرکز میں جمع ہو کر تقسیم کیا جاتا۔ سپاہیوں نے اُسے حسبِ معمول اپنی انفرادی ملکیت سمجھ لیا۔ یہ منشائے خداوندی کے خلاف تھا۔ اس لئے اس پر تادیباً کہا گیا:۔

لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ o (انفال 8/68)۔ اگر اس بارے میں پہلے سے اللہ کا حکم نہ ہو گیا ہوتا تو جو کچھ تم نے جنگ بدر میں مال غنیمت لُوٹا اُس کے لئے ضرور تمہیں بہت بڑا عذاب پہنچتا۔

لیکن چونکہ یہ محض سہو تھا، خرابی نیت نہ تھی اس لئے اس فروگذاشت کو معاف کر دیا گیا۔ فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ o (انفال 8/69)۔ بہر حال جو کچھ تمہیں مال غنیمت میں ہاتھ لگا ہے، اُسے حلال و پاکیزہ سمجھ کر اپنے کام میں لاؤ، اور اللہ سے ڈرتے رہو، بلاشبہ اللہ بخشنے والا رحمت والا ہے۔'' (معارف الاسلام جلد 4 صفحہ 527)

(و)۔ پرویز صاحب نے حق کے ساتھ باطل کو بہر حال ملا ہی دیا

حق تو یہ ہے کہ مودودی صاحب نے آیت میں لفظ غَنِمْتُم ہوتے ہوئے بھی لفظ مال غنیمت نہ لکھا اور اس سے مراد محض قیدی اور فدیہ لئے۔ لیکن پرویز صاحب نے کہیں بھی فدیہ کا ذکر نہ کیا اور مان لیا کہ عذاب کے نزول کی دھمکی مال غنیمت لوٹنے کیلئے تھی اور مال

غنیمت لوٹا گیا تھا۔ یہی نہیں بلکہ عربوں کا کافرانہ قدیم معمول تھا اور وہ جنگ کی غرض لوٹ مار ہی سمجھتے تھے اور یہ چیز جہاد کو دنیاوی باطل جنگ بنا دیتی ہے۔ یہ بھی حق ہے کہ پرویز صاحب نے علامہ مودودی کی طرح مسلمانوں اور قارئین کوفریب دینے کیلئے ایک غیر متعلق آیت لکھنے اور تُک بندی کرنے کے بجائے صاف مان لیا کہ اُس روز تک یعنی جنگ بدر تک مال غنیمت کے سلسلے میں احکام نازل ہی نہ ہوئے تھے۔ یہ بھی حق ہے کہ اُنہوں نے مسلمانوں کےلوٹ مار میں مشغول ہو جانے کو مان لیا ہے۔ مگر اسکے ساتھ ہی ساتھ باطل یہ ہے کہ آیت (8/67) میں لفظ تُـرِیْدُ وْنَ ہوتے ہوئے یہ لکھ دیا کہ لوٹ مار کرنے والوں کی نیت بخیر تھی اور لوٹ مار کرنا ایک سہو تھا۔ اور یہ بھی باطل ہے کہ خدا نے اُس جُرم کو سہو سمجھ کر یا نیت بخیر دیکھ کر غنیمت کو حلال کر دیا۔ صحیح وہ بات ہے جسے نہ علامہ مودودی سمجھے اور نہ مسٹر پرویز کو پتہ لگا۔ معافی کا سبب تو وہی نوشتہ ہے جسے پرویز تو قطعاً نظر انداز کر گئے اور مودودی صاحب نے گھبرا کر اُسے قرآن ہی کی ایک آیت سمجھا اور ماشاءاللہ غلط سمجھا۔ حالانکہ قرآن کے الفاظ بڑے صریح ہیں ''کتــاب'' کے معنی ہر اُردو داں جانتا ہے۔ اگر علما کتاب کے معنی ایک دو چار لفظی نوشتہ یا ایک آیت سمجھ لیں تو اسکو اُلٹی سمجھ کے سوا کیا کہوں۔ اور سَبَـقَ کے معنی معمولی اردو داں بھی سابق سے سمجھ سکتا ہے۔ یعنی خدا نے فرمایا تھا کہ اگر ایک سابق یا پہلے والی کتاب نہ ہوتی، لَوْلَا کِتٰبٌ مِّنَ اللّٰہِ سَبَقَ لَمَسَّکُمْ فِیْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌo(8/68)

''اگر اللہ کی طرف سے وہ کتاب جو گزر چکی نہ ہوتی تو جو کچھ تم نے لے لیا ہے اُس پر تمہیں عذاب عظیم سے دوچار ہونا پڑتا۔''

مطلب یہ ہے کہ توریت کے بیانات پر تم نے اجتہاد کر کے بلاحکم رسولؐ یہ مال غنیمت لوٹا ہے۔ اور چونکہ وہ بھی خدا کی کتاب ہے اس لئے آئندہ خدا سے تقویٰ کرو۔ اب تو معاف کئے جاتے ہو۔ لہٰذا فی الحال اُسے حلال سمجھ لو۔ لیکن ذرا آگے آنے والی دو آیات بھی پڑھ لو اور اُن میں مذکورہ عمل درآمد کے لئے تیار رہو۔

(ز)۔ مالِ فدیہ ہو یا مال غنیمت دونوں عارضی ہیں

جس طرح دشمنانِ اسلام کے ساتھ جنگ محض معصومؑ کی موجودگی میں جہاد کہلائے گی اور دشمنوں کے ہاتھ سے اُس جہاد میں مرنے والا شہید کہلائے گا۔ اُسی طرح قیدیوں سے فدیہ لینا یا بطور احسان بلاکسی تاوان کے آزاد کر دینا اور غنیمت کا حلال ہونا بھی معصومؑ حکم سے ہوگا۔ ورنہ یہ دنیاوی جنگ ہوگی جو جائز بھی ہوسکتی ہے باطل بھی۔ حلال بھی ہوسکتی ہے حرام بھی اور جہاد کی صورت اور نبیؐ کی موجودگی میں بھی غنیمت اور فدیہ میں لیا ہوا مال واپس کرنیکی صورت بھی پیدا ہوسکتی ہے۔ لہٰذا مندرجہ بالا آیات کے بعد مسلسل اللہ نے فرمایا ہے کہ:

'' یٰاَیُّھَا النَّبِیُّ قُلْ لِّمَنْ فِیْٓ اَیْدِیْکُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓی اِنْ یَّعْلَمِ اللّٰہُ فِیْ قُلُوْبِکُمْ خَیْرًا یُّؤْتِکُمْ خَیْرًا مِّمَّآ اُخِذَ مِنْکُمْ...(8/70)

''اے نبیؐ، تم لوگوں کے قبضے میں جو قیدی ہیں اُن سے کہو کہ اگر اللہ کو معلوم ہوا کہ تمہارے دلوں میں کچھ خیر ہے تو وہ تمہیں اُس سے بڑھ چڑھ کر دیگا جو تم سے لیا گیا ہے۔'' (تفہیم القرآن۔ جلد 2 صفحہ 160)

یہاں یہ نوٹ کرلیں کہ جس شخص نے کبھی اور کسی حال میں مقتول کی تلوار کے علاوہ مال غنیمت کو ہاتھ نہیں لگایا۔ اس کا نامِ نامی حضرت علی علیہ السلام ہے۔ اگر کہیں یہ شخص خلفائے ثلاثہ کی طرح مال غنیمت کو جائز رکھتا تو مخالف محاذ کی جڑیں نکال کر رکھ دیتا۔ طلحہ و زبیر و جناب

عائشہ اور معاویہ سب تہہ تیغ کر دیئے جاتے اور تاریخ کا رخ مُڑ جاتا۔لیکن ہم اُس صورت میں حضرت علیؑ کو بھی خلفائے ثلاثہ کی قطار میں کھڑا کر دیتے۔اُن کی بزرگی یہی ہے کہ اُنہوں نے حکم خداوندی کے خلاف عمل تو عمل سانس تک نہیں لیا۔اگر اُنہوں نے کبھی مالِ غنیمت یا مسلمانوں کی لُوٹ میں سے کوئی شئے قبول کی وہ اسی اصول پر کہ اُس سے بہتر چیز بڑھ چڑھ کر واپس حقدار کو دی جائے۔

یہاں ایک خاص بات نوٹ فرمالیں کہ خدا کی طرف سے کسی رعایت کا دیا جانا خود یہ بتاتا ہے کہ جس کو رعایت دی جارہی ہے اُس میں علمی وعملی کمزوریاں موجود ہیں۔پھر یہ بھی سمجھ لیں کہ اگر کسی کی کمزوری کی بنا پر کوئی رعایت دے دی جائے تو یہ لازم نہیں ہوجاتا کہ اُن رعایتوں سے ہمیشہ فائدہ اٹھا کر اپنی کمزوری کو برقرار رکھا جائے اور کبھی بھی علمی یا عملی ترقی نہ کی جائے۔یہ جائز ہے کہ ایک شخص کسی فقیر یا بھوکے انسان کو اس لئے روٹی نہ دے کہ وہ خود بھوکا ہے۔اور اُس کے پاس مثلاً دو ہی روٹیاں ہیں۔لیکن اگر وہ ایک یا دونوں روٹیاں فقیر کو دے دے تو یہ منع تو نہیں ہے؟ بلکہ ثواب اور خوشنودی تو اُسی حالت میں ممکن ہے جب کہ ہم فرائض سے بڑھ کر زیادہ خدمتِ اسلام کریں۔ورنہ واجبات وفرائض کی جبری ادائیگی پر نہ کوئی ثواب ہے نہ خوشنودیٔ خدا حاصل ہوتی ہے۔لہٰذا اگر چند وجوھات کی بنا پر فدیہ لینا یا لُوٹ کا مال حلال کر دیا گیا تھا؟ تو اُس کو بطور پیشہ کیوں اختیار کر لیا جائے؟ چونکہ عربوں کے یہاں تمام خباثتیں دستور کی حیثیت سے جاری تھیں۔اُن میں پھنسے ہوئے لوگوں کو باہر نکالنے کے لئے اگر تدریج اور رعایات ملحوظ رکھی گئیں تو یہ کوئی غلطی نہ تھی؟ کہ ہر چیز کو حلال اور طیب کہہ کر دو چار بہانے اور حیلے گھڑ کر برابر جاری رکھا جائے؟ لیکن کفار قریش تو اسلام لائے ہی اس لئے تھے کہ اسلام کو اجتہاد کی زَد پر رکھ کر اسلام ہی کے نام سے کفر کو از سرِ نو پھیلا دیا جائے۔چنانچہ انتقالِ رسولؐ کے فوراً بعد یہ منصوبہ کھل کر سامنے آیا اور صرف پچیس تیس (25-30) سال کے اندر اندر اسلام کے تمام اصول اور تمام احکام کا رُخ بدل دیا گیا اور آج تک یہ عمل جاری ہے۔حضرت عمر کے بیان میں باقی دونوں آیات کا تذکرہ اس لئے کیا گیا ہے تا کہ وہ یہ بتائیں کہ جنگ احد میں معاذ اللہ رسولؐ اللہ اور مسلمانوں کو وہ عذاب یا سزا ملی جس کا ذکر گزشتہ عنوان اور آیت (انفال 8/68) میں ہوا ہے۔

26۔ جنگ اُحد؛ قریشی مسلمانوں کے حالات، تاریخ اور قرآن سے

''بدر کی شکست کے بعد قریش کے دلوں میں آپ ہی انتقام کی آگ بھڑک رہی تھی کہ اس پر مزید تیل یہودیوں نے چھڑکا۔نتیجہ یہ ہوا کہ ایک ہی سال بعد مکے سے تین ہزار کا لشکر جرار مدینہ پر حملہ آور ہو گیا اور اُحد کے دامن میں وہ لڑائی پیش آئی، جو جنگ اُحد کے نام سے مشہور ہے۔اِس جنگ کیلئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک ہزار آدمی مدینے سے نکلے تھے۔مگر راستے میں سے تین سو منافق یکا یک الگ ہو کر مدینے کی طرف پلٹ گئے۔اور جو سات سو آدمی آپکے ساتھ رہ گئے تھے،اُن میں بھی منافقین کی ایک چھوٹی سی پارٹی شامل رہی،جس نے دوران جنگ میں مسلمانوں کے درمیان فتنہ برپا کرنے کی ہر ممکن کوشش کی۔یہ پہلا موقعہ تھا جب معلوم ہوا کہ مسلمانوں کے اپنے گھر میں اتنے کثیر التعداد مارِ آستین موجود ہیں۔اور وہ اس طرح باہر (یعنی مکہ) کے دشمنوں کے ساتھ مل کر خود اپنے بھائی بندوں کو نقصان پہنچانے پر تلے ہوئے ہیں۔'' (تفہیم القرآن۔جلد 1 صفحہ 230)

(26/2)۔ مدینہ میں منافقوں کا وجود اور مقصد

جناب علامہ مودودی نے مدینہ میں منافقوں کی کثرت تسلیم کرتے ہوئے یہ بھی مان لیا کہ قریش مکہ نے مدینہ میں اُن منافقوں کو داخلی تخریب کے لئے مقرر کر رکھا تھا اور یہ لوگ اسلام کو نقصان پہنچانے کے لئے تُلے ہوئے تھے۔ہم اُن لوگوں کی کثرت کو قریشی مسلمان کہتے ہیں اور اُن کے عقائد بیان کرتے چلے آئے ہیں۔علامہ نے یہ دعویٰ غلط کیا ہے کہ یہ پہلا موقع تھا جب اُن منافقوں کا وجود معلوم ہوا۔چونکہ سرکاری تاریخ اپنی مصلحتوں کے ماتحت منافقوں کے نام بتانا نہیں چاہتی اور نہیں چاہتی کہ اُس متوازی مذہب اور اُس کے بانیوں کا پتا چلے جو بعد میں جاری ہوا۔اس لئے اُس مذہب کا ہر نمائندہ منافقوں کا ذکر تو کرتا ہے مگر نہ تو تفصیل میں جاتا ہے نہ اُن کا پورا اَتا پتا بتاتا ہے۔ بلکہ اُس قریشی گروہ کے حالات اور وجود کو مشکوک کرنے کی کوشش کرتا رہا ہے۔علامہ جنگ اُحد میں جو تین ہجری میں ہوئی،منافقوں کی کثرت تو مان گئے لیکن یہ تاثر دیا کہ جنگ اُحد سے قبل اُس مسلمان گروہ کا کسی کو علم نہ تھا گویا وجود ہی نہ تھا۔حالانکہ علامہ ہجرت سے قبل بھی مسلسل اُس گروہ کا موجود ہونا لکھ چکے ہیں۔ چنانچہ سورہٗ بقرہ کے نزول کا زمانہ ''ہجرت مدینہ کے بعد مدنی زندگی کے بالکل ابتدائی دور'' کو لکھا ہے(تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 48)۔پھر سورہٗ بقرہ کے لئے ایک لمبا چوڑا تاریخی پس منظر لکھا ہے اور اُس کے پس منظر میں یہ بتایا ہے کہ:۔

(26/3)۔ منافقوں کی آڑ میں قریشی مسلمان کب سے تھے؟

''دعوتِ اسلامی کے اِس مرحلہ میں ایک نیا عنصر بھی ظاہر ہونا شروع ہو گیا تھا اور یہ منافقین کا عنصر تھا۔اگر چہ نفاق کے ابتدائی آثارِ مکہ کے آخری زمانہ میں بھی نمایاں ہونے لگے تھے،مگر وہاں صرف اِس قسم کے منافق پائے جاتے تھے(1)جو اسلام کے برحق ہونے کے تو معترف تھے اور ایمان کا اقرار بھی کرتے تھے لیکن اس کیلئے تیار نہ تھے کہ اُس حق کی خاطر اپنے مفاد کی قربانی اور دنیوی تعلقات کا انقطاع اور اُن مصائب وشدائد کو بھی برداشت کر لیں جو اِس مسلکِ حق کو قبول کرنے کے ساتھ ہی نازل ہونے شروع ہو جاتے تھے۔مدینہ پہنچ کر اِس قسم کے منافقین کے علاوہ چند اور قسموں کے منافق بھی اسلامی جماعت میں پائے جانے لگے۔(2)ایک قسم کے منافقین وہ تھے جو قطعاً اسلام کے منکر تھے۔اور محض فتنہ برپا کرنے کیلئے جماعتِ مسلمین میں داخل ہو جاتے تھے۔(3)دوسری قسم کے منافقین وہ تھے جو اسلامی جماعت کے دائرہٗ اقتدار میں گھر جانے کی وجہ سے اپنا مفاد اِسی میں دیکھتے تھے کہ ایک طرف مسلمانوں میں بھی اپنا شمار کرائیں اور دوسری طرف مخالفینِ اسلام سے بھی ربط رکھیں تا کہ دونوں طرف کے فوائد سے مُتمتع ہوں اور دونوں طرف کے خطرات سے محفوظ رہیں۔(4)تیسری قسم اُن لوگوں کی تھی جو اسلام اور جاہلیت کے درمیان متردد تھے۔اُنہیں اسلام کے برحق ہونے پر کامل اطمینان نہ تھا۔مگر چونکہ اُنکے قبیلے یا خاندان کے بیشتر لوگ مسلمان ہو چکے تھے اِسلئے یہ بھی مسلمان ہو گئے تھے۔(5)چوتھی قسم میں وہ لوگ شامل تھے جو امرِ حق ہونے کی حیثیت سے تو اسلام کے قائل ہو چکے تھے مگر جاہلیت کے طریقے اور اوہام اور رسمیں چھوڑنے اور اخلاقی پابندیاں قبول کرنے اور فرائض اور ذمہ داریوں کا بار اُٹھانے سے اُنکا نفس انکار کرتا تھا۔سورۂ بقرہ کے

نزول کے وقت اِن مختلف اقسام کے منافقین کے ظہور کی محض ابتدا تھی اِسلئے اللہ تعالیٰ نے اُنکی طرف صرف اجمالی اشارات فرمائے ہیں۔ بعد میں جتنی جتنی اُنکی صفات اور حرکات نمایاں ہوتی گئیں اُسی قدر تفصیل کے ساتھ بعد کی صورتوں میں ہر قسم کے منافقین کے متعلق اُنکی نوعیت کے لحاظ سے الگ الگ ہدایات بھیجی گئیں۔'' (تفہیم القرآن۔ جلد اوّل صفحہ 48)

(26/4)۔ قریشی قسم کے مسلمان منافقوں سے الگ مشخص ہو گئے

قارئین کرام دیکھ لیں کہ ہمارے تمام بیانات کی یہاں تصدیق ہوگئی اور آئندہ کے لئے نوٹ کر لیں کہ جن لوگوں کو قرآن کریم میں منافق کہا جا تا رہا ہے، وہ وہ لوگ ہیں جن کو ہم نے علامہ صاحب کے اِس بیان میں **نمبر 2** دیا ہے۔ اور جنہیں علامہ نے **پہلی قِسم میں داخل کیا ہے**۔ یعنی وہ لوگ جو دل میں کافر تھے۔ لیکن زبان اور ظاہری اعمال سے مسلمان بنے ہوئے تھے۔ اِسی قِسم میں اُن لوگوں کو بھی داخل کرنا ہوگا۔ **جن کو ہم نے نمبر چار (4) دیا ہے**۔ اور علامہ نے اُن کو تیسری قِسم بنا دیا ہے۔ اس لئے کہ وہ بھی دل میں مسلمان نہ تھے۔ اپنے کنبہ اور قبیلے کی وجہ سے زبان اور ظاہری اعمال سے مسلمان بنے ہوئے تھے۔ اِن کے علاوہ باقی تمام لوگ دل سے مسلمان تھے۔ زبان اور ظاہری اعمال سے اسلام کا اقرار اور رسولؐ اللہ کی تصدیق کرنے والے صدّیق تھے۔ مگر اُن کے عقائد اور طرزِ فکر جُدا گانہ تھی۔ وہ اپنے مفاد، اپنی عربی تہذیب اور سَلف کی رسم و رواج اور سُنت کو رسولؐ اللہ کی ذاتی اور تنہا بصیرت کے فیصلوں پر قربان نہ کرنا چاہتے تھے۔ وہ چاہتے تھے کہ رسولؐ کے فیصلوں میں بشریت اور خاندانی جذبات اور اولادِ ابو طالبؑ کی طرفداری شامل نہ ہونے پائے۔ وہ وحی اور رسوؐل کے زبانی احکامات میں فرق کرتے تھے، رسوؐل کی دو حیثیتیں قرار دیتے تھے۔ بشریت کی بنا پر رسولؐ سے غلطی کا امکان مانتے تھے اور اُن کی غلطی سے اپنے آبا و اَجداد اور سَلفِ صالحین کی سُنت اور قومی و ملکی مفاد کو محفوظ رکھنا چاہتے تھے۔ یہی وہ لوگ تھے جو کفارِ قریش کے داخلی محاذ کی حیثیت سے مسلمانوں میں مل کر کام کر رہے تھے۔ جو اسلام کی فتح کی صورت میں کفارِ قریش کی عسکری شکست کو فتح و کامرانی بنا ڈالنے کیلئے خُفیہ اور زیر پردہ محاذ (Under Ground) چلانے کے ذمہ دار تھے۔ جو قرآن کی عقلی و عربی تعبیرات سے مسلمانوں کی کثرت کو ہم خیال بنانے اور پوری اسلامی تحریک وحکومت پر قبضہ جمانے کا پلان (Plan) چلا رہے تھے۔ جنہیں اعلان نبوت سے بھی کہیں پہلے اُز دی عالم اور بحیرا راہب سے حکومتِ باطل کی پیشگوئی معلوم ہو چکی تھی۔ اِن لوگوں کی مذمت جہاں جہاں قرآن نے کی ہے اور جہاں اُنکے منصوبوں کی پول کھولی ہے، حکومت کے وظیفہ خواروں اور طرفداروں نے کوشش کی ہے کہ اُس قسم کے سارے الزامات اُن منافقین کے ذمہ لگا دیں جو حقیقی منافق تھے یعنی دل سے ایمان نہ لائے تھے۔ اور جو سب کے سب بعد میں اِن مسلمانوں کے معاون و مددگار بنتے چلے گئے تھے۔ اسلئے کہ مقصد دونوں کا تخریب تھا۔ جنگ اُحد میں مسلمانوں کا یہ گروہ واضح انداز میں مُشخّص ہو جاتا ہے۔ قرآن کریم نے اِس قسم کے مسلمانوں کی طرزِ فکر، مذہبی عقائد اور اعمال پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ اور اب ہم جنگ اُحد کے متعلق قرآن کریم سے وہ آیات پیش کرتے ہیں جو قریشی قسم کے مسلمانوں اور مومنین کی شان میں نازل ہوئی ہیں۔ اور جنکو سرکاری علما و اہل قلم چُھپاتے یا حقیقی منافقین کے سر چپکاتے چلے آئے ہیں۔ لیکن قرآن کے الفاظ کو توجہ سے دیکھنے والے صاف سمجھ سکتے ہیں کہ یہ کس قسم کے لوگوں کی بات ہو رہی ہے۔ یہ نوٹ کر لیں کہ قرآن اُن لوگوں کو مومنین کہہ کر پکارتا ہے، اُنہیں بدعقیدگی کا طعنہ دیتا ہے۔ اُنہیں یہ کہتا ہے

کہ قرآن کی فلاں بات کو تم مانتے ہو مگر عمل اُس پر نہیں کرتے ہو۔تم جان و مال کو اللہ و رسولؐ کی اطاعت اور جہاد سے عزیز تر رکھتے ہو۔ یہ اور اِسی قسم کی باتیں کافروں یا حقیقی منافقوں سے نہیں کی جاسکتیں۔ اسلئے کہ وہ تو سرے سے نہ نبیؐ کو مانتے ہیں، نہ وحی کے قائل ہیں، نہ اسلام کے کسی اور حکم پر ایمان رکھتے ہیں۔ لہٰذا اُنہیں اللہ نے بلاتکلف منافق و کافر کہہ کر مخاطب کیا ہے۔جن مسلمانوں کی بات ہو رہی ہے وہ اللہ کو، رسولؐ کو، قرآن کو، قیامت کو مانتے ہیں دل سے مانتے ہیں۔مگر اُن الفاظ اور معنی میں نہیں مانتے جو قرآن میں نازل ہوئے۔ نہ اُن معنی میں جو رسولؐ اللہ بیان کرتے ہیں۔ بلکہ اُنکا ایمان اپنے راہنماؤں کے اجتہاد سے سمجھے ہوئے خدا اور رسولؐ اور قرآن پر ہے، اُن ہی کو کہا گیا کہ:۔

يَآ يُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ........خَبِيْرًا O يَآ يُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِىْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِىْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ....(النسآء 136-4/135)

اے وہ لوگو جو آمنّا آمنّا کہہ کر مومنین کہلا رہے ہو تم اپنے اور اپنے اَبا و اَجداد اور قریبی عزیزوں کے مفاد کی خاطر حق پوشی اور جھوٹی گواہی کے بجائے اعلانِ حق اور سچی شہادت دینے والے بنو۔خواہ تمہارے سامنے کسی رئیس کا معاملہ ہو یا کسی فقیر اور غریب کی بات ہو۔ رُو رعایت چھوڑ کر حق بات کہا کرو عدل وانصاف کا فیصلہ اجتہاد (الھوٰی) سے نہیں ہوتا۔ ذاتی و جماعتی بصیرت یعنی اجتہاد (الھوٰی) کو عدل وانصاف اور اعلان حق کے مقابلہ میں ترک کردو۔اور سنو اگر تم نے رُو رعایت اور لاگ لپیٹ کو اختیار کرنے کا حیلہ کیا تو سمجھ لو کہ اللہ تمہارے سارے عمل درآمد پر نظر رکھتا ہے۔اور اَے اجتہاد پر کاربند مومنین تم اللہ اور اُس کے رسولؐ اور اُس کے رسولؐ پر نازل شدہ کتاب اور پہلی کتابوں پر اجتہاد کو چھوڑ کر ایمان لاؤ۔اس لئے کہ اجتہادی ایمان دراصل کفر ہے اور جو کوئی اللہ، ملائکہ اور خدا کی کتابوں اور رسولوںؑ اور آخرت سے کفر کرتا ہے وہ گمراہی میں ایمان کی سرحد سے بہت دور نکل گیا ہے۔اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًاo (النسآء4/137)

یقیناً وہ لوگ جو ایک دفعہ ایمان لانے کے بعد پھر کافرانہ راہ پر چلیں۔ پھر کبھی اور کسی معاملہ میں ایمان پر برقرار ہو جائیں اور پھر حسب موقعہ کفر کی راہ اختیار کرتے رہیں۔اور پھر اس اعلان ایمان اور کافرانہ عمل کو طول دیتے بڑھتے چلے جائیں تو اُن کیلئے اللہ کو زیب ہی نہیں دیتا کہ اُن کو اس گمراہی سے نکال کر ہدایت کرے یا اُنکی بخشش کردے۔

یہاں آپ ان تینوں آیات (نسآء ۔137-4/135) کو پڑھیں۔ان میں کھل کر اُن لوگوں کو مومنین فرمایا گیا۔اور ثابت کیا کہ وہ عقیدتاً مومنین ہیں لیکن اعمال مجتہدانہ کفر کے ماتحت رکھتے چلے جارہے ہیں۔اسکے بعد مسلسل منافقوں کا ذکر منافق کہہ کر فرمایا گیا ہے کہ:۔

بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًاo الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًاo (نسآء 139-4/138)

”اُن منافقین کو دردناک عذاب کی بشارت دےدو جو اللہ کے مقرر کردہ حاکموں کے مقابلے میں کافرانہ حکومت اور کافر حاکم چاہتے ہیں۔ کیا یہ اُن کافروں کو عزت دار سمجھ کر اُن کے تقرب میں عزت و مرتبہ کے طلب گار ہیں۔ یقیناً عزت تو ہر حیثیت سے اللہ ہی کی ملکیت ہے۔

اس کے بعد مسلسل نمبر وار منافقوں اور قریشی قسم کے مسلمانوں کا تذکرہ تیرہ آیتوں (نسآء 4/152) تک ہوتا چلا گیا ہے۔ اگر ہم صرف علامہ مودودی کا ترجمہ ہی لکھیں تب بھی کئی صفحات درکار ہیں۔ لہٰذا تفصیلات خود ملاحظہ فرمالیں۔ ہم نہایت مختصر لُب لباب لکھے دیتے ہیں۔ قرآن سے تصدیق فرمالیں۔ کافرانہ حکومت وعزت کے طلبگار منافقین کے ذکر کے بعد مذکورہ قسم کے مسلمانوں کو قرآن کے حوالے سے دوبارہ منع کیا کہ:۔

اُن محفلوں میں نہ بیٹھا کرو جہاں دین کی توہین اور مضحکہ ہوتا ہے۔ ورنہ تمہیں بھی اُن ہی کے ساتھ شامل رکھا جائے گا۔ (نسآء 4/140) اور جہنم واصل کیا جائے گا۔ پھر منافقوں کے لئے کہا کہ تمہیں میدان میں فتح ہوجائے گی تو کہیں گے کہ ہم بھی اور ہماری بصیرت بھی ساتھ تھی، اس لئے کامیابی ہوئی ہے۔ شکست کی صورت میں کافروں سے کہیں گے کہ ہم نے تمہارے خلاف تلوار کو ہاتھ تک نہیں لگایا ورنہ تمہیں فتح نہیں ہوتی (نسآء 4/141)۔ پھر فرمایا کہ منافق اپنی اسکیم سے خدا کو دھوکہ دے رہے ہیں۔ لیکن خدائی اسکیم اُن کو فریب میں مبتلا کئے ہوئے ہے۔ اور یہ کہ منافقوں کا روزہ و نماز وغیرہ محض مسلمانوں کو دکھانے کے لئے ریاکارانہ ہے (نسآء 4/142)۔ یہ لوگ اپنے اعمال میں نہ خالص کافر ہیں نہ مومن ہیں۔ بلکہ اِس فکر میں ڈانواں ڈول ہیں کہ کسی طرح اعمال میں ایک درمیانی راہ نکل آتی (نسآء 4/143)۔ پھر مذکورہ قسم کے مومنین کو مخاطب کرکے کہا کہ تم اُن پکے منافقوں کی طرح مقررہ و متعینہ مومنین کی حکومت وحاکمیت کے مقابلے میں کافرانہ حکومت وحاکمیت کے چکر میں نہ پڑو۔ کیا تم اس طرح اللہ کو اپنے خلاف ایک سلطان ٹھونسنے پر آمادہ کرنا چاہتے ہو؟۔ یاد رکھو منافق اِسی طرزِ فکر کی بنا پر جہنم کے بدترین درجہ میں ہوں گے۔ البتہ جو لوگ اس طرزِ فکر کی اصلاح کرلیں اور کافرانہ تصورات سے پلٹ آئیں اور اللہ کے نظام سے اپنی حفاظت طلب کریں اور اپنے اجتہادی دین کو چھوڑ کر خلوص اختیار کرلیں۔ اُن کو مومنینؑ کی حاکم جماعتؑ کے ساتھ شمار کیا جائے گا (نسآء 4/144-146)۔ چند فروعی تنبیہات کے بعد یہ فیصلہ کردیا کہ یہ سب کافرانہ طریقہ ہے اور اللہ و رسولؐ سے کھُلا کفر ہے کہ اللہ اور اُس کے رسولوںؑ کی اطاعت و پوزیشن میں تفریق کی جائے۔ اور یہ طے کیا جائے کہ اللہ کی اطاعت وفرمانبرداری کی جائے گی اور رسولؐ کی اطاعت سے انکار کیا جائے گا۔ اور یہ کہ اللہ کو باقی رکھ کر اور رسولوںؑ کو چھوڑ کر ایک درمیانی یعنی اجتہاد کی راہ نکالی جائے گی (نسآء 4/150)۔ یہ تصورات خواہ حقیقی منافقین کے ہوں یا مسلمانوں میں ہوں، ایسے لوگ حقیقی اور خالص کافر ہیں۔ اِن کے خلاف حقیقی مومنین وہ ہیں جو ایمان واطاعت میں اللہ و رسولؐ کا فرق پیدا نہیں کرتے۔ (نسآء 4/151-152)

قارئین اگر غیر جانبدارانہ انداز میں اِن سولہ آیات (4/137-152) کو توجہ سے اور ٹھہر ٹھہر کر اور آیات کو مسلسل ربط دے کر پڑھیں گے تو انہیں ہرگز شبہ تک نہ رہے گا کہ رسول اللہؐ کے چاروں طرف اُن لوگوں کی کثرت جنگ احد ہی تک جمع ہوگئی تھی جو رسول اللہؐ کی حکومت الٰہیّہ کی جگہ ایک قریشی حکومت قائم کرنے کا منصوبہ چلا رہے تھے اور جن کے تمام عقائد اور طرزِ حکومت آج تک باقی وموجود ہیں۔ یہاں باقی تفصیلات کے ہنگامہ میں ایک بات دب کر رہ جاتی ہے۔ اُسے دوبارہ اُبھرنے کا موقع دیں تو آپ دیکھیں گے کہ جو لوگ مذکورہ قسم کے مسلمانوں کے سردار اور راہنما تھے، اُن کا ذکر اُن کے تاریخی ریکارڈ اور مستقل سُنت کے ساتھ کیا گیا ہے۔ تاکہ ہر شخص

اُنہیں نہایت سہولت سے پہچان کر اُن سے الگ رہے اور گمراہی سے بچے۔

(26/5)۔ قریشی قسم کے مسلمان گروہ کے پیشواؤں کو پہچان لیں

الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا o (نسآء 4/141)

وہ لوگ تمہارے متعلق آخری نتیجہ کا انتظار کر رہے ہیں۔ صورت حال اور اسکیم یہ ہے کہ اگر خدا کی طرف سے کبھی تمہاری فتح ہو جائے تو تم سے یہ کہہ کر اپنا حق قائم کریں کہ جناب ہم اور ہماری بصیرت بھی تو آپ کے ساتھ تھے۔ اور اگر کبھی کافروں کا نصیب جاگ اُٹھے تو اُن سے یہ کہہ کر اپنا حق برقرار رکھیں کہ جناب اگر ہم نے تمہارے خلاف تلوار اُٹھائی ہوتی تو مسلمان تم پر غالب آجاتے۔ لہٰذا تم ہماری ہی پالیسی کی وجہ سے کامیاب ہوئے۔ اگر ہماری پالیسی مانع نہ ہوتی تو تم غالب نہ آسکتے تھے۔ چنانچہ اس کافرانہ جدّ وجہد کا فیصلہ اب قیامت کے دن تک ملتوی ہے۔ اس ہار جیت میں مومنین پر کافروں کی طرف سے کوئی حجۃ قائم نہیں ہوتی۔

قبل اِس کے کہ ہم کچھ عرض کریں، جناب مودودی صاحب کا وہ نوٹ ملاحظہ فرمالیں جو مندرجہ بالا آیت کی وضاحت میں لکھا گیا ہے۔ وہ اپنے اندازِ پردہ پوشی میں فرماتے ہیں کہ:۔

''ہر زمانہ کے منافقین کی یہی خصوصیت ہے کہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے جو فائدے حاصل کئے جاسکتے ہیں اُن کو یہ اپنے زبانی اقرار اور دائرۂ اسلام میں برائے نام شمولیت کے ذریعہ سے حاصل کرتے ہیں۔ اور جو فائدے کافر ہونے کی حیثیت سے حاصل ہونے ممکن ہیں۔ اُن کی خاطر یہ کفار سے جا کر ملتے ہیں اور ہر طریقہ سے اُن کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم کوئی ''متعصب'' مسلمان نہیں ہیں، نام کا تعلق مسلمانوں سے ضرور ہے مگر ہماری دلچسپیاں اور وفاداریاں تمہارے ساتھ ہیں، فکر و تہذیب اور مذاق کے لحاظ سے ہر طرح کی موافقت تمہارے ساتھ ہے۔ اور کفر و اسلام کی کشمکش میں ہمارا وزن جب پڑے گا تمہارے ہی پلڑے میں پڑے گا۔''
(تفہیم القرآن۔ جلد اوّل حاشیہ 171، صفحہ 410-409)

علامہ کا یہ بیان اور قرآن کریم کی مندرجہ بالا آیت کو سامنے رکھ کر اُن لوگوں کی لسٹ (List) بنالیں جو ایمان کا اقرار کرنے اور ظاہری اسلامی اعمال بجالانے میں تو بہت پُرانے بلکہ اوّلین اور سابقین میں شمار کئے جاتے ہوں۔ اور تمام اسلامی جنگوں میں بھی رسوؐل اللہ کے ساتھ بتائے جاتے ہیں۔ لیکن کبھی تیغ بکف ہو کر نہ کسی دشمنِ خدا و رسولؐ کو قتل کیا، نہ کسی کو زخمی کیا، نہ خود کوئی زخم کھایا۔ یہ ہیں وہ لوگ جنھوں نے کبھی کفر کے خلاف میدانِ جنگ میں اپنی تلوار میان سے نہیں نکالی۔ مسلمانوں میں اس لئے بزرگ تھے کہ ہر جنگ میں ساتھ ساتھ رہنے کی تکلیف و زحمت گوارا فرمائی، بروقت خطرات سے مطلع کیا، دو (2) رُخا مفید مشورہ دیا۔ کفار میں اس لئے قابل قدر و بزرگ کہ ہرگز اُن کے خلاف تلوار نہیں نکالی۔ کبھی اُن کے استیصال اور تباہی کا مشورہ نہ دیا۔ اُن ہی کا ذکر خیر ہے مندرجہ بالا آیت (نسآء 4/141) میں۔ اب آپ جنگ اُحد کے تاریخی حالات اور مسلمانوں کے اِس خطرناک سیاسی گروہ کے کمالات دیکھ لیں تاکہ قرآن کریم کے بیانات آسانی سے سمجھ میں آسکیں۔

(26/6)۔ جنگ اُحد تاریخ کی نظر میں

تمام تواریخ متفقہ طور پر کہتی ہیں کہ رسولؐ اللہ کو اُن کی رائے کے خلاف مدینہ سے نکل کر میدان اُحد میں جا کر جنگ کرنے پر مجبور کیا گیا۔ جس کا پہلا نتیجہ تو وہی ہوا جو مولانا مودودی نے بھی لکھا کہ تین سو منافق مسلمان رسولؐ اللہ کو چھوڑ کر واپس مدینہ چلے آئے۔ اِس لئے کہ اُن کی رائے اور تجربہ یہ تھا کہ مدینہ میں رہ کر جنگ کرنا ہمیشہ حملہ آور کو ناکام کرتا رہا ہے اور باہر نکل کر لڑنا مدینہ والوں کو کبھی راس نہیں آتا۔ یہ بھی تمام تواریخ نے بتایا ہے کہ جب رسولؐ نے مدینہ سے نکل کر جنگ کا مشورہ مان لیا اور خود مسلح ہو گئے تو وہ تمام مسلمان شرمندہ اور پشیمان ہوئے جنہوں نے مدینہ سے نکلنے پر اصرار کیا تھا۔ کفار قریش کی تعداد تین ہزار تھی۔ سات سو (700) زرہ پوش تھے۔ دو سو سوار تھے اور پندرہ محملیں عورتوں کی تھیں۔ مسلمان کُل سات سو تھے۔ اُن میں ایک سو زرہ پوش تھے اور صرف دو گھوڑے تھے۔ ایک رسولؐ اللہ کا، دوسرا ابو بزدہ بن نیار الحارثی کا گھوڑا تھا۔ یہ نوٹ کریں کہ مسلمانوں کی کل تعداد کے برابر کفار قریش کے زرہ پوش ہی تھے۔ یعنی کفار قریش کے ساتھ دو تین سو جنگ آزما فاضل تھے۔

میدان جنگ میں پہنچ کر آنحضرتؐ نے اپنی فوج کو ترتیب دی اور پچاس سواروں کو عبداللہ بن جبیر کی ماتحتی میں اپنی فوج کی پشت پر تعینات کیا تاکہ دشمن کی فوج پہاڑ کے پیچھے سے آکر پشت پر حملہ نہ کر سکے۔ اُن سے کہا گیا کہ وہ اپنے مقام سے کسی صورت میں بھی نہ ہٹیں خواہ مسلمانوں کو فتح ہو یا شکست ہو جائے۔ لیکن جس طرح مدینہ میں رہ کر جنگ کرنے کے حکم کو نظر انداز کیا گیا تھا، اُسی طرح عبداللہ بن جبیر کے دستے نے اِس حکم کی پابندی نہ کی۔ عبداللہ بن جبیر شہید ہو گئے۔ اور اس کے دستے کی کثرت مال غنیمت لوٹنے کے لئے دوڑ پڑی۔ اِن دو خلاف ورزیوں کی وجہ سے ہُوا جو کچھ کہ ہُوا۔ ایک سو کے قریب حقیقی جانثار اور رسولؐ اللہ کے فرمانبردار بہادر شہید ہوئے۔ فتح شکست سے بدل گئی۔ رسولؐ اللہ شدید زخمی ہوئے۔ کفار پر تلوار نہ اٹھانے والا مسلمان گروہ جہاں جہاں تھا بھاگتا دوڑتا پہاڑ پر چڑھ گیا تاکہ باقی مسلمان بھی میدان سے فرار کر جائیں۔ رسولؐ کے شہید ہو جانے کی خبر پکار کر سُنا دی گئی۔ میدان میں صرف قریش ہی قریش تھے۔ حتیٰ کہ اُن کی عورتیں میدان میں چہل قدمی کر رہی تھیں اور بڑے اطمینان سے مسلمان شہدا کی لاشوں میں بدر کے بہادروں کی لاشیں تلاش کرتی پھر رہی تھیں۔ اور قریشی قسم کا گروہ پہاڑ پر مسلمانوں کو یہ مشورہ دے رہا تھا کہ ابوسفیان سے امان طلب کی جائے۔

(الف)۔ اُحد کے حالات پر طبری کے مختصر بیانات

(i) ابوسفیان کا پیغام کہ تم رسوؐل اور خاندان رسوؐل سے الگ ہو جاؤ ہمیں تم سے کوئی تعارض نہیں ہے۔ اَوس وخزرج نے ٹھکرا دیا۔ اِس کے بعد جنگ اُحد شروع ہوگئی۔ (طبری۔ جلد اوّل صفحہ 233)

(ii) حضرت علیؑ نے قریش کے تمام علمبرداروں کو باری باری قتل کر دیا۔ تو جدھر قریش کا کوئی دستہ نظر آتا رسولؐ اللہ کے حکم سے حضرت علیؑ وہاں پہنچ کر اسے تہہ تیغ کر دیتے تھے۔ بار بار ایسا کرنے پر جبرئیلؑ نے حضرتؐ کی مدح کی تو رسولؐ اللہ نے فرمایا کہ علیؑ مجھ سے ہیں اور میں علیؑ سے ہوں۔ جبرئیلؑ نے فرمایا میں آپؐ دونوں سے ہوں۔ تمام صحابہ نے یہ آواز سنی:

لَا فتیٰ اِلّا علیؑ لا سیف الا ذوالفقار ۔ تلوار صرف ذوالفقار ہے اور جوانمرد صرف علیؑ ہیں۔ (طبری صفحہ 236-235)

(iii) وحشی جس نے ہندز وجہ ابوسفیان سے انعام لینے کیلئے حضرت حمزہ علیہ السلام پر دُور سے نیزہ پھینک کر مارا۔ کہتا ہے کہ جناب حمزہؓ کی صورت ہر وقت میری نظروں میں پھرتی ہے کہ جو سامنے آتا اُسے پاش پاش کرتے بڑھتے جارہے ہیں۔(صفحہ 237)

(iv) جب ابن النضر اس جگہ پہنچے جہاں چند مہاجرین اور انصار اور جناب عمر پناہ لئے بیٹھے تھے۔ تو اِس جماعت سے کہا کہ تم یہاں کیا کر رہے ہو؟ میدان جنگ سے کیوں چلے آئے؟ اُنہوں نے کہا کہ رسولؐ اللہ قتل ہو چکے ہیں۔ یہ سن کر کہا کہ اب زندہ رہ کر کیا کرو گے چلئے اُس دین پر قربان ہو جائیں جس پر رسولؐ اللہ قربان ہوئے مگر کوئی نہ اُٹھا۔ میدان میں آئے، ستر زخم کھا کر شہید ہو گئے۔ حضرت عمر کے ساتھ طلحہ بن عبیداللہ بھی یہاں تشریف فرما تھے۔(طبری۔ جلد اوّل صفحہ 238)

(v) ابن قمیئۃ الحارثی نے رسوؐل اللہ کے قریب آ کر آپؐ پر پتھر پھینکا جس سے آپؐ کی ناک زخمی ہوئی اور نیچے کے چار دانت شہید ہو گئے۔ آپؐ کا چہرہ خون آلودہ ہو گیا۔ اس صدمہ سے آپؐ حرکت نہ کر سکے۔ آپؐ کے صحابہ آپؐ کو چھوڑ کر چلے گئے۔ بعض مدینہ پہنچے اور بعض پہاڑ پر چڑھ گئے اور ایک چٹان پر جا بیٹھے۔ رسولؐ اللہ آوازیں دیتے رہے۔(ایضاً صفحہ 240)

(vi) جب رسوؐل اللہ کے قتل کی خبر پھیلی تو چٹان پر بیٹھے ہوئے صحابہ نے کہا کہ کاش کوئی شخص ایسا ہوتا جو ہماری طرف سے عبداللہ بن ابی سے کہتا کہ وہ ہمارے لئے ابوسفیان سے امان لے لے۔ یہی لوگ تھے جن کو ابن النضر نے حمایت رسولؐ پر اُبھارا مگر وہ ٹس سے مس نہ ہوئے۔(طبری۔ جلد اوّل صفحہ 240)

(vii) رسولؐ اللہ زخمی حالت میں اپنے صحابہ کو آوازیں دیتے اور تلاش کرتے چلے۔ چلتے چلتے چٹان پر بیٹھے ہوئے صحابہ کے پاس پہنچے تو اُن میں سے کسی ایک نے کمان میں تیر لگا کر مارنے کی تیاری کی تو رسولؐ اللہ نے چلا کر کہا کہ میں تو رسولؐ اللہ ہوں۔ جب اُن لوگوں نے رسولؐ اللہ کو زندہ پایا تو بہت خوش ہوئے۔ اور آپ بھی خوش ہوئے کہ چند صحابہ حفاظت کے لئے اب بھی تیار ہو گئے۔ اب بہت سے دوسرے صحابہ بھی یہاں جمع ہو گئے اور شکست پر متاسف ہوئے۔ اِسی مقام پر وہ مکالمہ ہوا تھا۔ جو ابوسفیان اور حضرت عمر میں بتایا جاتا ہے۔(طبری۔ جلد اوّل صفحہ 241)

(viii) بھاگنے والے صحابہ کوہِ اعوض کے دوسری طرف مقام منقّی تک جا پہنچے، عثمان بن عفان (خلیفہ سوم)، عقبہ بن عثمان اور سعد بن عثمان جنگ اُحد سے بھاگ کر کوہ جلعب جو مدینہ سے کافی دور تھا، چلے آئے اور تین روز کے بعد یہاں سے واپس آئے (صفحہ 242)

(ix) تین ہجری کے نصف رمضان میں جناب حسن بن علی علیہما السلام پیدا ہوئے اور اسی سال جناب امام حسین علیہ السلام حمل میں آئے (طبری۔ جلد اوّل صفحہ 253)۔

قارئین کرام نے دیکھ لیا کہ رسولؐ اللہ کے بعد خلیفہ ہونے والے حضرات نے کیا خدمات انجام دیں اور اُس مخصوص گروہ کے مسلمان کس طرح فرار ہو کر رسولؐ اللہ کی مدد کرتے رہے۔

(26/7)۔ کتب حدیث و تواریخ کے ملے جلے بیانات

(i) قریش کے علمدار طلحہ نے صف سے نکل کر پکارا۔ کیوں مسلمانو؟ تم میں کوئی ہے کہ یا تو مجھے جہنم میں پہنچا دے یا میرے ہاتھوں

بہشت میں پہنچ جائے۔حضرت علیؑ مرتضٰی نے صف سے نکل کر کہا کہ میں ہوں۔ یہ کہہ کر تلوار ماری اور طلحہ کی لاش زمین پر تھی۔طلحہ کے بعد اُسکے بھائی عثمان نے علم ہاتھ میں لیا۔حمزہ مقابلہ کو نکلے اور شانہ پر تلوار ماری جو کمر تک اُتر آئی۔اب عام جنگ شروع ہوگئی۔ حضرت علیؑ، حضرت حمزہ اور حضرت ابودجانہ فوجوں کے دل میں گھس گئے اور صفیں کی صفیں صاف کر دیں۔'' (سیرۃ النبیؐ صفحہ 375)

قارئین اس دست بدست جنگ کے دوران آنحضرتؐ پر کفار نے اس لئے حملہ کیا تھا کہ بہادران مدینہ، فوج کفار میں دُور تک اندر جا چکے تھے۔اور چند لوگ جو رسولؐ اللہ کے ساتھ اس لئے رہتے تھے کہ مخصوصین میں شمار ہوں اور جنگ بھی نہ کرنا پڑے اور جان بھی محفوظ رہے۔ جب حملہ ہوا تو یہ موقعہ پرست لوگ رسولؐ اللہ کو چھوڑ کر پہاڑ پر چڑھ گئے تھے۔

(ii) حضرت حمزہؓ دودستی تلوار مارتے جاتے تھے اور جس طرف بڑھتے تھے صفیں کی صفیں صاف ہو جاتی تھیں۔'' (سیرۃ النبیؐ صفحہ 376)

(iii) علمبرداروں کے قتل اور حضرت علیؑ اور حضرت ابودجانہؓ کے بے پناہ حملوں سے کافر فوج کے قدم اکھڑ گئے۔ بہادر نازنین جو رجز سے دلوں کو ابھار رہی تھیں بدحواسی کے ساتھ پیچھے ہٹیں اور مطلع صاف ہوگیا۔لیکن ساتھ ہی مسلمانوں نے لوٹ شروع کر دی۔ یہ دیکھ کر تیر انداز جو پشت پر تھے وہ بھی غنیمت پر جھک پڑے۔عبداللہؓ ابن جبیر نے لاکھ منع کیا، نہ مانے۔ چنانچہ عبداللہ کے ساتھ چند جانباز رہ گئے جن کو خالد بن ولید کے دستہ نے شہید کر دیا اور مسلمانوں پر پشت سے حملہ آور ہوا۔غنیمت لوٹنے والوں نے مڑ کر دیکھا تو تلواریں سروں پر تھیں، بدحواسی چھا گئی۔مسلمان مسلمانوں کے ہاتھ سے قتل ہونے لگے۔اگلی صفیں پچھلی صفوں پر ٹوٹ پڑیں۔ بڑے بڑے دلیروں کے پاؤں اکھڑ گئے۔اس ہلچل میں کثرت نے ہمت چھوڑ دی۔آنحضرتؐ کی کسی کو خبر نہ تھی۔حضرت علیؑ تلوار چلاتے اور دشمنوں کی صفیں الٹتے جاتے تھے مگر رسولؐ اللہ کا پتہ نہ چلتا تھا۔حضرت انس کے چچا ابن نضرؓ لڑتے بھڑتے موقع سے آگے نکل گئے۔ دیکھا تو حضرت عمر نے مایوس ہو کر ہتھیار پھینک دیئے ہیں۔ پوچھا یہاں کیا کرتے ہو؟ بولے اب لڑ کر کیا کریں، رسولؐ نے تو شہادت پائی۔ابن نضر نے کہا اُن کے بعد زندہ رہ کر کیا کریں گے۔ یہ عام ارباب سیر کی روایت ہے۔صحیح بخاری میں یہ واقعہ (یعنی عمر کا فرار۔احسن) درج ہے مگر عمر کا نام نہیں ہے۔'' (سیرۃ النبی جلد اوّل صفحہ 378 شبلی معہ حاشیہ)

(iv) رسولؐ پر حملے کے لئے دَل کا دَل ہجوم کر کے بڑھتا تھا۔لیکن ذوالفقار کی بجلی سے یہ بادل پھٹ پھٹ کر رہ جاتے تھے۔ایک دفعہ ہجوم ہوا تو رسولؐ نے فرمایا کون ہے جو مجھ پر جان فدا کرے؟ زیاد بن سکن پانچ انصار (بخاری) یا سات انصاریوں (صحیح مسلم) کو لے کر بڑھے، لڑے اور سب شہید ہوگئے۔ (سیرۃ النبیؐ شبلی جلد اوّل صفحہ 379)

قارئین دیکھیں کہ شبلی صاحب نے اس سے پہلے صفحہ 378 پر چند مہاجرین کا رسولؐ کے پاس موجود ہونا بخاری سے لکھا ہے۔اُن میں ابوبکر وطلحہ، زبیر، سعد بن ابی وقاص کے نام بھی ہیں۔اگر یہ صحیح ہے تو یہ مہاجر رسولؐ اللہ پر جان فدا کرنے کیوں نہ گئے؟ کیوں ہر قربانی انصار ہی دے رہے ہیں؟ پھر یہ لوگ اُس وقت کہاں تھے جب رسولؐ اللہ کو زخمی کیا گیا؟

(v) ''عبداللہ قمیہ جو قریش کا مشہور بہادر تھا۔صفوں کو چیرتا پھاڑتا آنحضرتؐ کے قریب آ گیا اور چہرہ مبارک پر تلوار ماری۔اس کے صدمہ سے مِغفر کی دو کڑیاں چہرہ مبارک میں چبھ کر رہ گئیں۔چاروں طرف سے جان نثاروں نے آپ کو دائرہ میں لے لیا۔

ابودجانہ جھک کرسپر بن گئے۔'' (سیرۃ النبیؐ۔شبلی جلداوّل صفحہ 380) یہ کہانی آگے تک بڑھتی ہے۔پوری پڑھیں اور دیکھیں کہ حضرت ابوبکر کہاں ہیں؟ کیا کررہے ہیں؟اورافسوس اس پر ہے کہ:۔

(vi) ''حضرت فاطمہؑ مدینہ سے میدان جنگ میں آگئیں اور دیکھا کہ چہرۂ مبارک سے خون جاری ہے۔حضرت علیؑ سپر میں بھر کر پانی لائے۔جناب سیدہ دھوتی تھیں۔لیکن خون نہیں تھمتا تھا۔بالآخرایک ٹکڑا چٹائی کا جلایا اور زخم پر رکھ دیا۔خون فوراً تھم گیا۔'' (سیرۃ النبیؐ شبلی جلداوّل صفحہ 381)

لیکن جناب ابوبکر کہاں ہیں؟ کیا کررہے ہیں؟ چلو خلیفہ دوم وسوم تو پہاڑوں میں ہیں،کم ازکم یہ ہی خدمت کر لیتے ؟

(vii) **علیؑ ابن ابی طالبؑ مع انّه مجروح مکسور الید حمل علی الکفار فهزمهم فجاء جبرئیل و قال یا محمدؐ من ذا الذی بارز الکفار انفًا فانّ اللّٰه باهی به الملا ئکة قال هو علی۔**(مورخ شھیر علامہ دیاربکری)

''حضرت علیؑ بن ابی طالبؑ باوجودیکہ زخمی اور بازوشکستہ تھے،آپؑ نے کفار پرحملہ کرکے اُن سب کوشکست دیدی۔اِس پر جناب جبرئیلؑ آئے اور کہا کہ یا محمدؐ یہ کون تھا جس نے ابھی ابھی کفار سے مقابلہ کیا تھا؟ اُس پر اللہ اپنے ملائکہ سے فخر ومباہات کررہا ہے۔ فرمایا کہ وہ علیؑ تھے۔'' (تاریخ خمیس جلد 1 صفحہ 436)۔

(viii) مدارج النبوۃ سے چند جملے اور سن لیں لکھا ہے کہ:۔

چوں مسلمانان رُوئے بہ ھزیمت آوردند وحضرتِ رسولؐ را تنہا گذاشتند۔حضرت درغضب آمد وعرق از پیشانی ہمایونش متقاطر گشت۔درآں حالت نظر کرد علیؑ ابن ابی طالب کہ بر پہلوئے مبارک ایستادہ است۔فرمود چوں است کہ تو بہ برادران خود ملحق نہ گشتی۔علیؑ گفت آیا کافرشوم بعدازایمان؟ بدرستیکہ مرابتو اقتدااست۔'' (مدارج النبوۃ جلداوّل صفحہ 153)

جب مسلمانوں نے شکست کھائی اور رسولؐ اللہ کو تنہا چھوڑ کر چل دئے۔آنحضرؐت کو غصہ آیا اور پیشانی مبارک سے پسینے کے قطرے ٹپکنے لگے۔مگراس حال میں نظر اُٹھائی تو علیؑ کو پہلو میں کھڑا دیکھا۔دریافت فرمایا کہ تم باقی مسلمانوں کے ساتھ کیوں نہ گئے۔فرمایا کہ مجھےتو آپ کی اقتدا کرنا ہے۔کیا ایمان لانے کے بعد کافر ہو جاتا؟

حضرت علیؑ کے نزدیک رسولؐ اللہ کو نرغہ اعدا میں چھوڑ کر فرار کر جانا کفر تھا۔آپؑ نے اس فتوے سے رجوع نہیں فرمایا۔

(26/8)۔ جنگ اُحداوراقتدارطلب مسلمانوں پرقرآنی بیانات

(1) جنگ اُحد میں جب کفار کی یلغار کی خبریں مدینہ میں پہنچنا شروع ہوئیں تو قریش کے طرفدار اور اقتدار کے طلب گار مسلمانوں نے اہل مدینہ میں خوف و ہراس پھیلانا شروع کیا۔اُدھر یہ معلوم ہو چکا ہے کہ مدینہ میں قریش مکہ کے قاصد برابر عبداللہ بن اُبی سے مراسلت جاری رکھے ہوئے تھے تاکہ وہ مدینہ کے یہودیوں اور اَوس وخزرج سے الحاق رکھنے والے لوگوں کو رسولؐ اللہ کا ساتھ دینے سے روکے بلکہ قریش کے ساتھ مل کر رسولؐ اللہ اور اُن کے مدنی خاندان کے انصار سے جنگ کریں۔اِن حالات میں آنحضرؐت نے اللہ کا یہ حکم سُنایا تھا کہ:۔ یاَ یُّھَا النَّبِیُّ حَرِّضِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ عَلَی الۡقِتَالِ اِنۡ یَّکُنۡ مِّنۡکُمۡ عِشۡرُوۡنَ صٰبِرُوۡنَ یَغۡلِبُوۡا مِائَتَیۡنِ

وَاِنۡ یَّکُنۡ مِّنۡکُمۡ مِّائَۃٌ یَّغۡلِبُوۡۤا اَلۡفًا مِّنَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا بِاَنَّہُمۡ قَوۡمٌ لَّا یَفۡقَہُوۡنَ٥(انفال 8/65)

''اے نبیؐ مومنین میں یہ بتا کر جنگ کی ہمت بڑھاؤ کہ اگر تم میں جم کر لڑنے والے بیس مومن ہونگے تو تمہیں دوسو کافروں پر غلبہ ہوگا اور اگر تم سو(100) مومن ہونگے تو تمہیں ایک ہزار پر غالب رکھا جائیگا۔ وجہ یہ ہے کہ کافر ایمان کی اِس قوت اور فرق کو سمجھنے سے قاصر ہیں۔''

اس فارمولے کی رو سے سات سو(700) مسلمان سات ہزار کافروں پر غالب آنے کے لئے کافی تھے۔ مگر افسوس کہ صرف تین ہزار کافروں نے مسلمانوں کو پہاڑوں اور جنگلوں میں پناہ لینے پر مجبور کر دیا۔ گویا درحقیقت تین سو بھی اُس قسم کے مسلمان موجود نہ تھے۔ جن کا ذکر قرآن نے صابر کہہ کر کیا ہے۔ ورنہ وہ نہایت آسانی سے تین ہزار کافروں پر غالب آ جاتے۔ آپ نے دیکھ لیا ہے کہ صرف حضرات علیؑ وحمزہؓ وابودجانہؓ اور دو تین دیگر مومنین نے کفار کے پیرا کھاڑ دیئے تھے۔ جنگ بدر میں حقیقی مسلمانوں کی تعداد دوسو سے زیادہ نہ تھی۔ باقی سب قریش کے ارسال کردہ مسلمان تھے۔ اب جنگ احد میں اُس قسم کے مسلمانوں کی تعداد چار سو سے اُوپر جا چکی تھی۔ لہٰذا جنگ اُحد میں تمام قسم کے مسلمانوں کو ملا کر دس گنا قوت کی جگہ اب اوسط طاقت محض دوگنا رہ گئی تھی۔ اگلی آیت اس کو واضح کرتی ہے کہ:۔

اَلۡئٰنَ خَفَّفَ اللّٰہُ عَنۡکُمۡ وَعَلِمَ اَنَّ فِیۡکُمۡ ضَعۡفًا فَاِنۡ یَّکُنۡ مِّنۡکُمۡ مِّائَۃٌ صَابِرَۃٌ یَّغۡلِبُوۡا مِائَتَیۡنِ
وَاِنۡ یَّکُنۡ مِّنۡکُمۡ اَلۡفٌ یَّغۡلِبُوۡۤا اَلۡفَیۡنِ بِاِذۡنِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ مَعَ الصّٰبِرِیۡنَ٥(انفال 8/66)

اِس وقت اللہ نے تمہارے اندر کمزوری کا پتہ لگا کر تمہاری اوسط قوت میں تخفیف کر دی ہے۔ چنانچہ اب اگر تم میں ایک سو صبر کرنے والے ہوں گے تو تم دوسو کافروں پر غلبہ پا سکو گے۔ اور اگر تم ایک ہزار ہو گے تو صرف دو ہزار کے اُوپر غالب ہو سکو گے۔ اور یُوں تو اللہ برابر صابرین کا ساتھی ہے۔

قوت کی یہ اَوسط اُن لوگوں کو بھی شامل کرتی ہے جو تلوار تک نکالنا اور اپنے سرپرستوں سے لڑنا پسند نہ کرتے تھے۔ مطلب یہ ہوا کہ اگر صابر مومنین ایک سو ہوں گے اور پانچ سو دوسرے مسلمان ہوں تب بھی مومنین ایک ہزار کافروں سے مقابلہ میں کامیاب ہوں گے۔ یعنی اُن کو شمار کئے بغیر حساب کیا کرو تا کہ وقت پر ناکامی نہ ہو۔ اور اللہ صابروں کے ساتھ ہمیشہ سے رہتا چلا آیا ہے۔۔۔

قَالَ الَّذِیۡنَ یَظُنُّوۡنَ اَنَّہُمۡ مُّلٰقُوا اللّٰہِ کَمۡ مِّنۡ فِئَۃٍ قَلِیۡلَۃٍ غَلَبَتۡ فِئَۃً کَثِیۡرَۃًۢ بِاِذۡنِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ مَعَ الصّٰبِرِیۡنَ٥(بقرہ 2/249)

چنانچہ طالوتؑ کے زمانہ سے مومنین یہ اعلان کرتے آئے ہیں کہ اللہ کا حکم یہ ہے اور اسی بنا پر مومنین کی قلیل تعداد کافروں کی بڑی کثرت پر کامیابی حاصل کرتی رہی ہے۔

(2)۔ آل عمرانؑ قرآن کی صورت میں بھی قریش پر ایک مصیبت ہے

شجروں کے بیان میں عمرانؑ اور آل عمرانؑ کی وضاحت ہو چکی ہے۔ اور جنگ اُحد کے تاریخی بیانات میں بھی آپ آلِ عمران علیہم السلام کے سربراہ جناب علی علیہ السلام کے کارنامے ملاحظہ کر چکے ہیں۔ اب ذرا سورہ آل عمران کو علامہ مودودی کے ریمارکس کے ساتھ سامنے رکھ لیں اور دیکھیں کہ جس طرح علیؑ و اولادِ علیؑ مسلمانوں کی اقتدار پسند جماعت کے سامنے سینہ سپر رہ کر اسلام کے صحیح عقائد واعمال کا تحفظ کرتی ہے۔ بالکل اُنکے والد ماجد علیہ السلام کے نام والی سورہ آل عمران اُن مخصوص مسلمانوں کے تمام باطل عقائد واعمال اور منصوبوں کا

ریکارڈ اُمت مسلمہ تک محفوظ صورت میں پہنچاتی ہے۔علامہ مودودی اِس سورہ آل عمرانؑ کے متعلق (تفہیم القرآن میں) لکھتے ہیں کہ:۔

"**زمانہ نزول اور اجزائے مضمون**: اِس میں چار تقریریں شامل ہیں: **پہلی تقریر** آغاز سورت سے چوتھے رکوع کی ابتدائی دوآیتوں تک ہے۔اور وہ غالباً جنگ بدر کے بعد قریبی زمانہ ہی میں نازل ہوئی ہے۔

دوسری تقریر آیت اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىٓ اٰدَمَ وَ نُوْحًا وَّ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَ اٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ سے شروع ہوتی ہے اور چھٹے رکوع کے اختتام پر ختم ہوتی ہے۔یہ 9ہجری میں وفدِ نجران کی آمد کے موقع پر نازل ہوئی۔

تیسری تقریر ساتویں رکوع کے آغاز سے لے کر بارہویں رکوع کے اختتام تک چلتی ہے۔اوراس کا زمانہ پہلی تقریر سے متصل ہی معلوم ہوتا ہے۔**چوتھی تقریر** تیرھویں رکوع سے ختمِ سورت تک جنگِ اُحد کے بعد نازل ہوئی ہے۔" (تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 228)

سورہ آل عمران کے متعلقات پر علامہ نے تفصیل کے بعد لکھا ہے کہ:۔

"(4) جنگ اُحد میں مسلمانوں کو جو شکست ہوئی، اُس میں اگرچہ منافقین کی تدبیروں کا بڑا حصہ تھا، لیکن اُسکے ساتھ مسلمانوں کی اپنی کمزوریوں کا حصہ بھی کچھ کم نہ تھا اور یہ ایک قدرتی بات تھی کہ ایک خاص طرزِ فکر اور نظامِ اخلاق پر جو جماعت ابھی تازہ تازہ ہی بنی تھی، جس کی اخلاقی تربیت ابھی مکمل نہ ہوسکی تھی، اور جسے اپنے عقیدہ اور مسلک کی حمایت میں لڑنے کا یہ دوسرا موقع پیش آیا تھا، اُسکے کام میں بعض کمزوریوں کا ظہور بھی ہوتا۔اِسلئے یہ ضرورت پیش آئی کہ جنگ کے بعد اس جنگ کی پوری سرگزشت پر ایک مفصل تبصرہ کیا جائے۔اور اس میں اسلامی نقطہ نظر سے جو کمزوریاں مسلمانوں کے اندر پائی گئی تھیں، اُن میں سے ایک ایک کی نشان دہی کر کے اسکی اصلاح کے متعلق ہدایات دی جائیں۔اِس سلسلے میں یہ بات نظر میں رکھنے کے لائق ہے کہ اس جنگ پر قرآن کا تبصرہ اُن تبصروں سے کتنا مختلف ہے، جو دنیوی جنرل اپنی لڑائیوں (کے ہار جانے) کے بعد کیا کرتے ہیں۔" (تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 230)

یہاں یہ نوٹ کرتے چلیں کہ علامہ مسلمانوں کو بالکل نئی جماعت فرض کر کے بات کر رہے ہیں۔حالانکہ اس جماعت کو قائم ہوئے اور اخلاقی تربیت حاصل کرتے ہوئے تیرہ جمع دو = پندرہ سال ہو چکے تھے، جب قرآن نے آنے والا تبصرہ کیا تھا۔پھر یہ سمجھ لیں کہ علامہ مسلمانوں میں کمزوریاں تسلیم کرتے ہیں اور بالواسطہ اُن کمزوریوں اور شکست کو منافقوں کے سر چپکاتے ہیں۔لیکن ہم کہتے ہیں کہ قرآن کا تبصرہ کمزوریوں پر بہت کم مگر سوچے سمجھے منصوبوں اور اجتہادی مسلمانوں کے اجتہاد اور فیصلوں پر زیادہ ہے، لہٰذا کمزور عقیدہ ہونا اور بات ہے۔مگر بات تو اُن مخصوص مسلمانوں کی ہو رہی ہے جو ہر بات اپنی عقل و بصیرت و اجتہاد کے ماتحت کرتے ہیں اور رسولؐ کو (معاذ اللہ) ایک عام بشر کی طرح خطا کار کہہ کر اُن کی رائے اور فرمان کے خلاف عمل کرتے ہیں۔وہ فرماتے ہیں کہ مدینہ میں رہ کر جنگ کرو، یہ کہتے ہیں کہ نہیں میدان میں نکلو۔وہ فرماتے ہیں کہ اپنی جگہ سے نہ ہٹنا، یہ لوٹ مار میں لگ جاتے ہیں اور قرآن کریم ہی کی اجتہادی تعبیرات سے رسولؐ کے خلاف عمل کرتے ہیں۔لہٰذا سورہ آل عمران میں پہلے اُن کی قرآن فہمی پر تبصرہ کیا گیا ہے سنئے:۔

(3)۔ اقتدار پسند مسلمانوں کی قرآن فہمی اور اجتہاد پر تبصرہ

هُوَ الَّذِىٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا

تَشَابَهَ مِنۡهُ ابۡتِغَآءَ الۡفِتۡنَةِ وَابۡتِغَآءَ تَاۡوِيۡلِهٖ وَمَا يَعۡلَمُ تَاۡوِيۡلَهٗۤ اِلَّا اللّٰهُ وَالرّٰسِخُوۡنَ فِى الۡعِلۡمِ ...(آل عمران 3/7)

اللہ بتا رہا ہے کہ ہم وہی تو ہیں جس نے تم پر کتاب نازل کر دی ہے۔اُس مذکر کتاب میں ایک تو محکم آیات ہیں۔وہ مونث محکم آیات اُس مذکر کتاب کی اصل و بنیاد یا ماں ہیں۔دوسری آیات وہ ہیں جو محکم آیات سے مشابہ یا ملتی جلتی ویسی ہی ہیں۔اب ہوتا یہ ہے کہ جن مسلمانوں کے دلوں میں زیغ (اجتہاد کا ٹیڑھا پن) ہے۔وہ اپنا فتنہ پھیلانے اور مسلمانوں کو راسخون فی العلم کے بتائے معنی کے خلاف لیجانے کیلئے اپنے مذکر زیغ سے جو مفہوم مشابہ ہو جائے اُسی کی پیروی شروع کر دیتے ہیں تاکہ اپنے زیغ کو قرآن کی سند سے منوایا جاسکے۔

ہمارا یہ ترجمہ اُن تمام ترجموں کے خلاف معلوم ہوگا جو شیعہ اور سنی مترجمین نے کیا ہے۔افسوس ہے کہ ایسے حضرات بھی مسلمانوں میں مترجم اور مفسر قرآن اور علمائے دین کہلاتے چلے آئے ہیں کہ جن کو عربی زبان کے مذکر و مونث میں تمیز نہ تھی۔ہم قارئین کی معرفت تمام عربی دان حضرات سے اور خود مترجمین سے بصد ادب سوال کرتے ہیں کہ:۔

1۔ کیا عربی زبان میں لفظ کتاب مذکر نہیں ہے؟ اور؛

2۔ کیا لفظ آیت یا آیات اور محکمات و متشابہات عربی میں مونث نہیں ہیں؟ اور کیا؛

3۔ لفظ مِنۡهُ میں ہُ مذکر واحد غائب کی ضمیر نہیں ہے؟

4۔ اور کیا لفظ هُنَّ مونث جمع غائب کی ضمیر نہیں ہے؟

5۔ اور کیا عربی میں مذکر اسم کے لئے مذکر اور مونث اسم کے لئے مونث ضمیریں لازم و معمول نہیں ہیں؟

6۔ اور کیا اس آیتِ زیرِ نظر میں چار دفعہ ہُ ضمیر مذکر واحد غائب نہیں آئی ہے؟ اور کیا؛

7۔ لفظ زیغ مذکر نہیں ہے؟؟؟

اگر قارئین اِس نتیجہ پر پہنچیں کہ ہمارے مقرر کردہ مذکر و مونث صحیح ہیں تو بحث ہو کر فیصلہ ہمارے ترجمہ کی صحت میں ہو گیا۔اور ہمارا عائد کردہ الزام ثابت ہو گیا۔اس لئے کہ ؛ اھلِ زیغ جس چیز کی اتباع کرتے ہیں اُس چیز کو اللہ نے اس آیت میں مذکر کی ضمیر واحد مذکر غائب ''ہُ'' سے ظاہر فرما کر اُس چیز کو مذکر قرار دیا ہے۔اِس صورت حال میں یہ سمجھنا قطعاً قرآن کے الفاظ اور منشا کے خلاف ہے کہ؛

''اہل زیغ متشابہات کی اتباع کرتے ہیں۔'' اسلئے کہ متشابہات مذکر نہیں بلکہ مونث ہیں۔اور متشابہات کی پیروی اگر مطلوب ہوتی تو اس آیت کو یوں ہونا چاہئے تھا کہ؛ فَيَتَّبِعُوۡنَ مَا تَشَابَه مِنۡهُنَّ (یا مِنۡهَا) پس اہل زیغ اتباع کرتے ہیں اُس چیز کی جو متشابہات کے مشابہ ہو۔

لہٰذا **فیتبعون ماتشابه** مِنۡهُ میں واحد مذکر غائب کی ضمیر ''ہُ'' کو اپنے نزدیک ترین مذکر اسم کی طرف پھرنا چاہئے۔اور وہ اسم ''زیغ'' کے علاوہ کوئی اور ہے ہی نہیں۔لہٰذا وہ مسلمان اپنے دل میں پوشیدہ زیغ کو مقصود بنا کر اب قرآن کی ورق گردانی کرتے ہیں۔اور جہاں بھی زیغ کا وہ مقصود پورا ہوتا دیکھتے ہیں، کھٹ سے اُسی آیت کو چسپاں کر دیتے ہیں۔اور اس ترکیب سے قرآن کا رُخ موڑ کر اللہ اور **راسخون فی العلم** کی منشا کے خلاف لیکن عربی ذہنیت اور مقاصد کے مطابق قرآن کے معنی و مفاہیم عوام میں پھیلا کر اُن کا تعاون حاصل کرتے چلے جاتے ہیں۔اور اس طرح اسلام کے مقابلہ میں ایک اجتہادی اسلام بنا کر سارے مسلمانوں کو اپنے گرد جمع کیا

جائے۔ پھر خلافتِ اِلٰہیہ کو اپنی قومی اور مُلکی حکومت میں تبدیل کرلیا جائے۔ چونکہ تیسری صدی ہجری کے اَواخر میں غَیبت امام علیہ السلام واقع ہوگئی۔ لہٰذا اجتہادی مذہب کے اصول وقواعد کو مفاد پرست علمائے شیعہ نے بھی اختیار کرلیا تھا۔ جو غَیبت کی بنا پر خوب کامیاب ہوئے اور پھر اُن ہی تصورات کو شیعہ عوام میں پھیلایا۔ حکومتوں کو ہمیشہ اجتہاد اور مجتہدین کی ضرورت رہتی چلی آئی ہے تاکہ حکومت کی تمام پالیسیاں اسلام کی آڑ میں نافذ ہوتی چلی جائیں۔ لہٰذا شیعہ حکمرانوں نے مذکورہ شیعہ مجتہدین کے وظائف مقرر رکھے، اُن سے خوب کام لیا اور آئندہ دینی مدارس وتعلیمات مجتہدین کے ماتحت رہیں، اِس لئے دونوں طرف قرآن کی معنوی تحریف برابر جاری ہوگئی اور آج تک جاری ہے۔ یہ وجہ ہے کہ ترجمہ خواہ شیعہ کا ہو یا اہل سنت نے کیا ہو، معنوی ادل بدل اور ہیر پھیر دونوں کے یہاں ایک ہی اصول پر ہوتا چلا آیا ہے۔ یہ وجہ ہے کہ ہر ترجمہ میں ایک ہی قسم کی غلطی موجود رہتی آئی ہے۔ ہم پہلے شخص ہیں جس نے قرآن کے الفاظ کے مصدری معنی کرنے پر زور دیا اور ایک ایسا انقلاب پیدا کیا جس سے شیعہ سُنّی تصورات کی جگہ اللہ کی منشا کو مرکزی مقام ملا۔ اور ہماری تصنیفات میں وہ تمام پردے اُٹھا دیئے گئے جو اجتہاد اور مجتہدین نے ڈالے تھے۔ ہم نے زبان وہ استعمال کی جسے کم از کم اَسّی فیصد لوگ سمجھیں اور خود قرآن پر غور کریں اور علما سے پوچھیں کہ جناب یہ کیا تماشہ ہے؟ آپ کیوں مذکر کو مونث کی جگہ استعمال کرتے ہو؟ کیوں ایک ہی لفظ کے جگہ جگہ ادل بدل کر معنی کرتے ہو؟ کیوں ہر لفظ کے ایسے مستقل معنی نہیں کرتے جو ہر جگہ فِٹ اور صحیح ہوں؟ کیوں مختلف المصادر الفاظ کے ایک ہی معنی رگڑتے چلے جاتے ہو؟ متشابہات کے جو معنی فریقین نے کیئے وہ اور بھی قابل افسوس ہیں۔ اُن کا کہنا یہ ہے کہ قرآن میں کچھ تو واضح اور صاف احکام ہیں اور کچھ آیات ایسی ہیں جن کے معنی مشکوک اور مشتبہ ہیں۔ جن سے آدمی کوئی صحیح مطلب نہیں نکال سکتا۔ بعض نے بلکہ کثرت نے تو یہ کہا کہ متشابہات ایسی آیتیں ہیں کہ (معاذ اللہ) رسولؐ اللہ بھی اُن کا صحیح مطلب نہ سمجھتے تھے۔ بعض نے کہا کہ نہیں بلکہ رسولؐ اللہ اور آئمہ معصومین علیہم السلام کے علاوہ متشابہات کے حقیقی معنی کوئی سمجھتا ہی نہیں ہے۔ پھر سب نے مل کر طے کیا کہ چار پانچ سو آیات کے علاوہ باقی سب متشابہات ہیں۔ یعنی ان چار پانچ سو آیات کے علاوہ قرآن کی کم وبیش چھ ہزار آیتیں عوام کیلئے بیکار ہیں۔ مطلب یہ کہ قرآن کو کوئی ہاتھ نہ لگائے بلکہ مجتہدین کے سامنے ہاتھ پھیلائے اور جو کچھ وہ فرمادیں نہایت ادب سے اُن کے فرمان کو خدا اور رسولؐ اور معصومینؑ کا حکم سمجھ کر اُن کی اطاعت کی جائے۔ ہماری تصنیفات میں ثابت کیا گیا ہے کہ قرآن کی ہر آیت محکم، واضح اور بلا گنجلک ہے۔ البتہ رسولؐ اور آئمہؑ کی ہر حال میں احتیاج ہے لیکن اجتہاد ومجتہد کی نہ احتیاج، نہ قرآن واسلام میں اجتہاد جائز ہے۔ اس کے برعکس اجتہاد حرام ہے۔ اور جو شخص اجتہاد کا قائل ہے وہ قرآن کی واضح آیات کا انکار کرتا اور جھٹلاتا ہے۔ یعنی وہ مانتا ہے کہ نہ اللہ نے قرآن میں دین مکمل کیا نہ رسولؐ اللہ کی احادیث میں انسانوں کے تمام مسائل بیان ہوسکے۔ اور اس لئے جو کچھ اللہ ورسوؐل سے رہ گیا اُس کو پورا کرنے کے لئے اجتہاد ومجتہد کا ہونا ضروری ہے۔ اللہ نے فرمایا تھا کہ قرآن میں کسی چیز کی کمی نہیں (انعام 6/59) اور ہر چیز کی تفصیل موجود ہے (یوسف 12/111) جس کا ان آیات پر ایمان ہواُسے کسی خاطی وخطار کار انسان کے من گھڑت مسائل کی ضرورت نہیں ہے۔ (تفصیلات ہماری کتاب اسلام اور علمائے اسلام میں ملاحظہ فرمائیں)

(4)۔ مسلمانوں کے مجتہدانہ گروہ کو اتباعِ رسولؐ کا حکم اور معافی کا وعدہ

لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰةً وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ .....قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ .....قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ ..... قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ o (آل عمران 3/28-32)

اُس مسلمان گروہ سے کہا گیا کہ مومنین کا کام یہ نہیں ہے کہ وہ اللہ کے مقرر کردہ مومنینؑ کے بجائے کافروں کو اپنا حاکم بنائیں اور جو ایسا کرے گا اُس کا اللہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ہاں صرف اُس صورت میں معافی ہے (بقول علامہ) جب کہ ''اپنے بچاؤ کے لئے بدرجۂ مجبوری کبھی کفار کے ساتھ تقیہ کرنا پڑے۔'' (جلد اول صفحہ 244) تو باطل حکومت کا اقرار کرلو مگر یہ سمجھ لو کہ اللہ تمہیں ذاتی طور پر حکومت باطل کو تسلیم کرنے سے بچ کر رہنے کا حکم دے رہا ہے۔اور اللہ ہی کی طرف سب کو پلٹنا ہوگا۔اور اُن اجتہادی مومنین سے یہ بھی کہہ دو کہ اگر مذکورہ حکومت کا تصور تمہارے دلوں کے اندر پوشیدہ رہے یا تم اُسے ظاہر کرو، دونوں صورتوں میں اللہ کو اُس کا علم ہے۔اُسی تصور کا نہیں بلکہ زمین وآسمان کی ہر چیز کا علم ہے۔اور ہر چیز پر اللہ کو قدرت حاصل ہے۔اُس روز جب کہ ہر شخص اپنے اچھے اور برے اعمال کے ساتھ حاضر ہوگا۔تو اُسے یہ تمنا ہوگی کہ کاش وہ دن ابھی اُس سے بہت ہی دور ہوتا۔پھر ایک دفعہ تمہیں اللہ کی پکڑ سے بچنے کا بذاتہ حکم دیا جاتا ہے۔بار بار حکم کی وجہ اللہ کا بندوں پر مہربان ہونا ہے۔لہٰذا آخری بات یہ بتادو کہ اگر تم واقعی اللہ کی اطاعت اور اُس کی محبت کے دعویٰ میں سچے ہو تو یہ دعویٰ اُس صورت میں اللہ کو محبوب ہوگا جب کہ تم میری اتباع کرو۔اور اِس اتباع رسولؐ سے تمہارے وہ گناہ بخش دیئے جائیں گے جو تم اب تک حکومتِ الٰہیہ کے خلاف کرتے رہے ہو۔ورنہ سمجھ لو کہ اللہ حکومتِ الٰہیہ کے کافروں سے محبت نہیں رکھتا۔ اسلئے کہ؛

(5)۔ آلِ ابراہیمؑ وآلِ عمرانؑ کی بزرگی اور حکومت عالمین پر ماننا لازم ہے

اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ o ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ o (آل عمران 3/33-34)۔ حضرت آدمؑ ونوح علیہما السلام سے لے کر حکومتِ الٰہیہ قائم کی گئی اور نسل ابراہیمؑ ونسل عمرانؑ کی برتری پوری کائنات پر قائم کرنے کے لئے الرّسولؐ یعنی رسولؐ کے تمام اجزاء اور اُن کے تمام جانشینوں کی قدم بقدم یعنی اِدھر اُدھر دیکھے بغیر اتباع واطاعت لازم کی گئی ہے۔ آدمؑ ہوں یا نوحؑ، ابراہیمؑ ہوں یا ابوطالبؑ اور اُن کی آلؑ ہوں یہ سب واجب الاتباع اور ایک ہی مسلسل ذریتؑ ہے۔

یہاں قارئین یہ نوٹ کرلیں کہ جہاں جہاں ولی، اولیا، وَلُّوا اور تَوَلَّوا و مولا کے مقابلہ میں لفظ کافر یا کافرین آتا ہے۔وہاں کافر یا کفر کے معنی اللہ کی قرآنی حکومت الٰہیہ کے منکر اور چھپانے والے مقصود ہوتے ہیں نہ کہ عام کافر۔لیکن جرائم دونوں کے یکساں ہیں۔اسی بنا پر وہ لوگ بھی کافر ہیں جو اتباع رسولؐ کے منکر اور اطاعت خدا کے قائل ہوں اور وہ بھی کافر ہیں جو خلافت اِلٰہیہ کے منکر اور اجتہادی خلافت کے قائل ہیں۔دونوں کے لئے خدا کے یہاں جہنم بتایا گیا ہے۔پھر یہ بھی بتادیا گیا ہے کہ وہ مومنین اپنے دل میں یہ منصوبہ چھپائے ہوئے ہیں مگر اللہ جانتا ہے۔ولی کے معنی دوست کرنے والے وہی لوگ ہیں جو ولایتِ خداوندی اور حکومتِ الٰہیہ کے منکر ہیں۔ورنہ دوست کے لئے عربی میں حبیب ومحبوب وصدیق وخلیل و ودود وغیرہ کئی ایک الگ الگ الفاظ ہیں۔مگر ولی کے اوّلین

معنی حاکم، جو دل میں ہمدرد بھی ہو، ہوتے ہیں (دوست اور حاکم)۔

(6)۔ مسلمانوں کا اجتہادی رابطہ عربی یہود و نصاریٰ سے قائم تھا

سورۂ آلِ عمرانؑ میں بڑی تفصیل سے عربی یہود و نصاریٰ کے عقائد اور مقاصد بیان ہوئے ہیں۔ اور یہ بتایا گیا ہے کہ ملکی عصبیت کی بنا پر یہودیوں کی اکثریت کفارِ قریش کے ساتھ شامل رہی اور مسلمانوں کو مٹا ڈالنے میں اُن کی مدد کرتی رہی۔ اور قریش کے انڈر گراؤنڈ محاذ کو اسلام میں داخلی تخریب کیلئے اجتہادی تعلیم دینے میں بڑا ہاتھ تھا۔ اور عربوں نے اپنی حکومت کے دوران برابر ایک نہ ایک عیسائی، یہودی یا کسی مجوسی عالم کو راہنمائی کے لئے دربار میں رکھا۔ اِس پہلو پر قرآن کریم اُن اجتہادی مومنین کو مخاطب کر کے کہتا ہے کہ:۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَo
وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ۔ (آل عمران 101-3/100)
وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَo
وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌo(3/104-105)

اے وہ مومنین اگر تم نے اُن لوگوں کی اطاعت اختیار کر لی جن کو کتاب دی جا چکی ہے تو وہ تمہیں تمہارے ایمان رکھنے کے باوجود کافر بنا دیں گے۔ اور مسلسل آیات سنتے ہوئے اور رسولؐ کی موجودگی میں تم کس طرح کافر بنتے جا رہے ہو؟ حالانکہ تم میں کچھ لوگ تو ایسی اُمت بن جانا ضروری تھا۔ جو لوگوں کو دعوتِ خیر دیتی مُسلّمہ اچھائیوں کا حکم کرتی برائیوں سے روکتی اور وہ فلاح حاصل کر لینے والی ہو جاتی۔ پھر اُن مومنین کو یہ کہہ کر تفرقہ اندازی سے منع کیا گیا کہ دیکھو تم اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے اسلام میں تفرقہ پھیلایا اور ایسی حالت میں بھی اختلاف پیدا کر دئے تھے جب کہ اُن کے پاس بیّنات کی صورت میں احکام آچکے تھے۔ اُن لوگوں کے لئے بڑا سخت عذاب ہے۔

قرآن کریم کے یہ بیانات واضح انداز میں یہ ثابت کر دیتے ہیں کہ مسلمانوں کا یہ گروہ عرب کے اہلِ کتاب سے ایسا تعلق رکھتا تھا جس میں اُنہیں یقین تھا کہ اُنکا ایمان خطرہ میں نہیں ہے لیکن اللہ نے بتایا کہ یہ تعلق اُنہیں ایمان و اسلام سے خارج کر دیگا۔ آیات اور رسولؐ سے اُنکا کوئی رشتہ نہ رہیگا۔ پھر یہ بتایا کہ یہ طرزِ عمل فرقہ واریت اور اختلافِ مذہب کا پیش خیمہ ہوتا ہے اور آیات بیّنات کے باوجود تفرقہ اندازی میں مدد بنتا ہے۔ اور جس طرزِ فکر سے اختلاف پیدا ہوتے ہیں اُسی کا نام آگے چل کر اجتہاد رکھا جانیوالا تھا۔ یعنی دین میں ایسی جدوجہد یا کوشش جس سے ہر شخص اپنی عقل و بصیرت کے مطابق مسائل اور احکام حاصل کر لے اور کسی دوسرے کی عقل و بصیرت کی تقلید نہ کرے۔

(7)۔ کفار اور حقیقی منافقین کا رویہ دونوں قسم کے مسلمانوں کے ساتھ

پہلے مسلمانوں کو مخالفوں سے ولایت وحکومت کے رشتے سے منع کیا گیا۔ اب یہ بتایا جا رہا ہے کہ مسلمانوں کا ایک گروہ کفار اور حقیقی منافقین سے جان بوجھ کر محبت اور رابطہ رکھتا چلا جا رہا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ وَمَا

تُخۡفِیۡ صُدُوۡرُ هُمۡ اَکۡبَرُ قَدۡ بَیَّنَّا لَکُمُ الۡاٰیٰتِ اِنۡ کُنۡتُمۡ تَعۡقِلُوۡنَo هٰۤاَنۡتُمۡ اُوۡلَآءِ تُحِبُّوۡنَهُمۡ وَلَا یُحِبُّوۡنَکُمۡ وَتُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡکِتٰبِ کُلِّهٖ وَاِذَا لَقُوۡکُمۡ قَالُوۡۤا اٰمَنَّا وَاِذَا خَلَوۡا عَضُّوۡا عَلَیۡکُمُ الۡاَنَامِلَ مِنَ الۡغَیۡظِ قُلۡ مُوۡتُوۡا بِغَیۡظِکُمۡ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ o اِنۡ تَمۡسَسۡکُمۡ حَسَنَةٌ تَسُؤۡهُمۡ وَاِنۡ تُصِبۡکُمۡ سَیِّئَةٌ یَّفۡرَحُوۡا بِهَا وَاِنۡ تَصۡبِرُوۡا وَتَتَّقُوۡا لَا یَضُرُّکُمۡ کَیۡدُهُمۡ شَیۡئًا اِنَّ اللّٰهَ بِمَا یَعۡمَلُوۡنَ مُحِیۡطٌo (آل عمران 120-3/118)

اُن کو منع کیا گیا ہے کہ اُن سے راز دارانہ رابطہ نہ رکھو۔ وہ لوگ تمہارے نہیں ہیں۔ وہ تو تمہاری تخریب کے درپے ہیں۔ جس طرح بھی تمہیں نقصان پہنچے وہی طریقہ اختیار کرنا انہیں پسند ہے۔ اُنکی باتوں میں اُن کا بغض ڈھکا چھپا نہیں رہتا۔ اور جو منصوبہ اُنہوں نے اپنے دلوں میں چھپا رکھا ہے وہ تو بہت ہی بڑا ہے۔ اگر تمہاری عقل برسر کار ہو تو ہم نے اپنی آیات میں اُس منصوبہ کو واضح کر دیا ہے۔ یہ عجیب بات ہے کہ اے مومنین تم اُن سے مطیعانہ محبت رکھتے ہو۔ اور وہ تم سے محبت نہیں رکھتے۔ اور تم پوری کتاب پر ایمان بھی رکھتے ہو۔ اصل بات تو یہ ہے کہ وہ تمہارے دکھانے کیلئے مومن بنے رہتے ہیں۔ لیکن تخلیہ میں اُنہیں حقیقی مومنین پر اس قدر غصہ آتا ہے کہ اپنی انگلیاں چبانے لگتے ہیں۔ یقیناً اللہ تو سینوں کے اندر والے حالات سے واقف ہے۔ تمہیں اگر کوئی فائدہ پہنچتا ہے تو اُنکو رنج ہوتا ہے اور نقصان ہوتا ہے تو انہیں خوشی ہوتی ہے۔ اگر تم صبر اور احساس ذمہ داری پر کاربند رہو تو تمہیں اُن کی پُرفریب چالیں نقصان نہ پہنچا سکیں گی۔ لیکن اللہ تو تمہارے تمام اعمال کو اپنے علمی احاطہ میں رکھتا ہے۔

یہاں مسلمانوں کے مذکورہ گروہ کے قلبی تعلقات کی گہرائی اور کافرانہ محاذ سے محبت وخلوص کی انتہا بیان کر دی گئی اور یہ بتا دیا گیا کہ وہ مومنین اِس سب کے باوجود پورے قرآن پر ایمان رکھنے کے مدعی بھی ہیں۔ یہاں سابقہ آیات کی تائید میں وہ منصوبہ بھی ظاہر کر دیا جو اسلام میں داخلی تخریب وافتراق اور اختلاف کا موجب ہونے والا ہے۔ یہ پوزیشن اللہ نے اس لئے بیان کی ہے کہ جنگ اُحد اور بعد میں آنے والے واقعات کی اصل وجہ سمجھ میں آسکے۔ اور یہ معلوم ہو سکے کہ مسلمانوں کا وہ گروہ کیوں میدانِ جنگ میں تلوار نہیں اٹھاتا اور کیوں کفار اُن سے تعارض نہیں کرتے؟ اور کیوں تمام تواریخ میں یہ بیان ہوا ہے کہ ابوسفیان نے جب پہاڑ پر چڑھ کر پہاڑ کی چٹان پر بیٹھے ہوئے مسلمان صحابہ سے دریافت کیا کہ کیا محمدؐ زندہ ہیں یا قتل ہو گئے؟ تو اُس وقت اُس نے اُن ہی مسلمانوں کو نام بنام پکارا تھا جن کا زندہ رہنا یقینی تھا۔ اور جن کے متعلق اُسے معلوم تھا کہ وہ اُس کے اپنے آدمی ہیں اور ہرگز خطرہ مول نہ لیں گے۔ یہاں تک کہ عین وقت پر رسولؐ اللہ کو بھی چھوڑ کر محفوظ اور بتائے ہوئے مقام پر پہنچ جائیں گے۔ چنانچہ جب اُن مسلمانوں نے باآواز بلند اپنے زندہ وسلامت ہونے کا اعلان کر دیا، وہ مطمئن ہو کر "باقی آئندہ" کہہ کر مکہ روانہ ہو گیا۔

(8)۔ جنگ اُحد کی صبح اور مسلمانوں کے دو گروہ اور ملائکہ

یہاں تک وہ بنیادیں بیان ہو گئیں جن پر اجتہادی اسلام اور اُحد کی شکست کی عمارت اُٹھنا تھی۔ اس کے بعد اللہ نے اُس صبح کے ذکر سے بات شروع کی تھی جو میدان اُحد میں آئی تھی اور فرمایا کہ:۔ وَاِذۡ غَدَوۡتَ مِنۡ اَهۡلِکَ تُبَوِّئُ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ مَقَاعِدَ لِلۡقِتَالِ ---- الخ (آل عمران 123-3/121)۔ جب آپ علی الصبح اپنے اہل کو لے کر میدان اُحد میں پہنچے اور مومنین کو جنگ کیلئے مناسب مقامات پر

تعینات کررہے تھے۔اور جس وقت تمہارے ساتھی مسلمانوں کے دوگروہوں نے بزدلی دکھائی تھی۔حالانکہ وہ اللہ کو اپنا حاکم قرار دیتے تھے۔مومنین کا کام تو یہی ہے کہ وہ اللہ پر توکل کریں۔اس کا تجربہ بدر میں اُس وقت ہو چکا تھا جب کہ مسلمان بڑی ذلیل حالت میں تھے۔لہٰذا اللہ کی طرف سے عائد کردہ ذمہ داری پر کاربندرہو شاید کہ تم شکرگزاری کرسکو۔اور بدر کی فتح ونصرت کو سامنے رکھو۔

اِس صورت حال اور تنبیہہ کے بعد یہ بتایا گیا کہ ''مسلمانوں کے دلوں کو مضبوط کرنے اور اُن کی مدد کیلئے تین ہزار اور پانچ ہزار ملائکہ کو نازل کرنے کا وعدہ اِس شرط پر کیا گیا کہ تمام مسلمان صبر اور تقویٰ کا مظاہرہ کریں تو فتح مسلمانوں کی ہوگی۔لیکن مسلمانوں نے جو کچھ صبر کیا وہ چند آیات (آل عمران 3/124-125) کے بعد آنے والا ہے۔یہاں مسلمانوں کے اغنیا اور رؤسا کا حال پہلے بیان فرمایا ہے کہ ؛ یٰۤاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْکُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافاً مُّضٰعَفَۃً وَاتَّقُوْا اللّٰہَ...(آل عمران 3/130)

''اے مومنین تم ڈبل کر کر کے سودخوری چھوڑ دو اور تقویٰ اختیار کرلو۔'' علامہ مودودی اس آیت پر نوٹ لکھتے ہیں کہ:۔

''اُحد کی شکست کا سب سے بڑا سبب یہ تھا کہ مسلمان عین کامیابی کے موقعہ پر مال کی طمع سے مغلوب ہو گئے اور اپنے کام کو تکمیل تک پہنچانے کے بجائے غنیمت لُوٹنے میں لگ گئے۔اِس لئے حکیم مطلق نے اس حالت کی اصلاح کے لئے زر پرستی کے سرچشمے پر بند باندھنا ضروری سمجھا اور حکم دیا کہ سود خواری سے باز آؤ۔''(تفہیم جلد اوّل صفحہ 287)

مطلب واضح ہے کہ سود وہی لے گا جو سرمایہ دار ہوگا۔اور سرمایہ دار ایسی خطرناک حالت میں جہاں جان کا خطرہ سامنے ہو لوٹ میں حصہ نہ لے گا۔لوٹ میں وہی لوگ حصہ لیں گے جن پر قرض اور سود کا اس قدر دباؤ ہو کہ جان خطرہ میں ڈالنا مفید معلوم ہوسکے۔لہٰذا جنگ اُحد میں کوئی سرمایہ دار لُوٹ میں شامل نہ تھا۔بلکہ سود کے مارے ہوئے لوگ سرمایہ داروں کے دباؤ سے لوٹ مار کررہے تھے تاکہ جنگ کا پانسہ پلٹ جائے اور پہاڑ کی بلندی سے ہدایات وصول کررہے تھے تاکہ جان بچائی جاسکے۔یہاں یہ نوٹ کرلیں کہ مسلکِ اجتہاد میں سرمایہ داروں کا تحفظ بھی داخل ہے۔اور اسی وجہ سے چند ہی سال میں مسلمانوں میں کروڑوں پتی سرمایہ دار وجود میں آچکے تھے۔اور آج تک برابر سرمایہ داری کا تحفظ کیا جارہا ہے۔اگلی آیت میں سودخوری کو کفر قرار دے کر جہنم سے ڈرایا ہے۔یعنی ایسا اسلام قابل قبول نہیں۔پھر اپنے رحم کی شرط اطاعتِ رسوؑل کو قرار دیا۔(آل عمران 3/131-132)

(9)۔ انبیاؑئے سابقہ کی اُمتوں سے اُحد کے مفرور مسلمانوں کا تقابل

چند تنبیہات کے بعد جنگ اُحد کے مفرور مسلمانوں کو یہ بتایا گیا کہ تم سے پہلے انبیاؑ کی اُمتوں نے اپنے نبیوںؑ کے سامنے جہاد وقتال کئے۔

فَمَا وَھَنُوْا لِمَآ اَصَابَھُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَکَانُوْا...(آل عمران 3/146)

یٰۤاَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِیْعُوْا الَّذِیْنَ کَفَرُوْا یَرُدُّوْکُمْ عَلٰۤی اَعْقَابِکُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِیْنَo

بَلِ اللّٰہُ مَوْلٰکُمْ وَھُوَ خَیْرُ النّٰصِرِیْنَo(آل عمران 3/149-150)

مگر اُن کے ساتھ جو کچھ بھی پیش آیا وہ نہ اُس پر شکستہ خاطر ہوئے نہ اُنھوں نے کمزوری دکھائی اور نہ باطل کے رُوبرو سر جھکایا۔مگر تم لوگوں نے تو یہ سب کچھ کر دکھایا ہے۔اور اے سپر انداختہ مومنین اگر تم نے کافروں کی اطاعت جاری رکھی تو وہ تمہیں تمہارے پچھلے

مذہب پر واپس لے جائیں گے۔ اور اُس صورت میں اسلامی طور پر تم پر نقصان میں رہنے والا انقلاب آ جائے گا۔ حالانکہ تمہارا حاکم اور خیر خواہ اور سب سے زیادہ ناصر اللہ ہی ہے۔ یعنی تم اللہ کی نصرت، خیر خواہی اور ولایت سے خارج ہو جاؤ گے۔

یہاں پھر واضح ہوا کہ جس منصوبے پر وہ مسلمان چل رہے تھے اُس کفر کی اطاعت کے ساتھ ایام جاہلیت والے سابقہ مذہب کی ولایت بھی لازم تھی اور اللہ سے قطع تعلق تھا۔ اب کچھ ایسی باتیں قرآن سے سنیں جنہیں شاہی تاریخ میں نہیں لکھا گیا۔

(10)۔ کافروں کے مطیع مسلمانوں نے طرز حکومت پر تنازع کھڑا کر دیا تھا۔ نافرمانی کی تھی

رسول اللہ کے ساتھ معاملاتِ حکومت پر مسلمانوں کا جھگڑا کرنا اور طرز حکومت کی نافرمانی کرنا تو اریخ نے نہیں لکھا ہے۔ مگر قرآن مجید اس معاملے میں خاموش نہیں رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس آیت میں مذکورہ لفظ امر کے معنی میں تحریف کر کے صورت حال کی سنگینی کو ہلکا کرنے کی کوشش ہوتی رہی ہے۔ چنانچہ اللہ نے اُحد کی شکست اور مخصوص مسلمانوں کی ذہنیت یوں بیان کی ہے کہ:۔

وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ حَتّٰىٓ اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَo (آل عمران 3/152)

یقیناً اللہ نے اپنا وعدہ نصرت اُس وقت پُورا کر دیا تھا جب خود تم اللہ کی اجازت سے محسوس کر رہے تھے کہ تم غالب آنے والے ہو۔ لیکن جب تم نے معاملاتِ حکومت کا تنازع کھڑا کر دیا۔ اور عقیدہ کی کمزوری عین جنگ کے دوران عام کر دی اور رسول اللہ کی نافرمانی اختیار کر لی۔ اور یہ ایسی حالت میں کر گزرے جب کہ تمہارے سامنے وہ چیز آ گئی جو تمہیں بڑی محبوب ہے۔ چنانچہ تم میں سے کچھ دنیاوی مال و متاع چاہتے تھے، کچھ آخرت کے طلبگار تھے۔ تب تمہارے پیر اُن کے مقابلہ میں اکھڑ گئے تاکہ تمہیں آزما لیا جائے۔ پھر اللہ نے تم کو فضول سمجھ لیا، نظر انداز کر دیا اور قتل ہو جانے سے بچا لیا۔

مودودی صاحب بھی یہاں لَقَدْ عَفَا عَنكُم کا مطلب حاشیہ نمبر 109 میں یہی بتاتے ہیں کہ قتل و غارت ہو جانے سے بچا لیا (تفہیم القرآن۔ جلد اوّل صفحہ 295)۔

یہاں دو باتیں خاص طور پر نوٹ کر لیں۔ اوّل یہ کہ یہ مسلمان گروہ معاملات حکومت میں رسوؐل سے متفق نہیں۔ دوسرے یہ کہ اُن کا مشن صرف دنیا تک محدود تھا آخرت کی اُنہیں پرواہ نہ تھی۔

(11)۔ قرآن کریم نے اُن مسلمانوں کا رسول اللہ کو تنہا چھوڑ کر پہاڑ پر چڑھ جانا بتایا

اُن مسلمانوں نے معاملات حکومت میں تنازع کے بعد جو کمزوری دکھائی تھی وہ یہ تھی کہ رسوؐل اللہ اور دیگر مومنین کو چھوڑ کر چل دیئے تھے قرآن سے سنئے:۔ اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓي اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّۢا بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰي مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَo (آل عمران 3/153)

اور جس وقت تم پہاڑ پر چڑھ گئے اور رسوؐل تمہیں پیچھے پیچھے آوازیں دے کر بلاتا رہ گیا۔ اور تم نے پلٹ کر اُس کی طرف متوجہ ہونا بھی پسند

نہ کیا تھا۔ اِس عمل کے نتیجہ میں تمہیں دُوہراغم حاصل ہوا تا کہ اِس کے بعد تمہیں تجربہ ہو جائے کہ اگر آئندہ تمہاری پوشیدہ اسکیم ناکام ہو جائے یا اُس کی وجہ سے کوئی ناگوارصورت حال تمہیں پیش آ جائے تو تم اُس دُوھرے غم کے مقابلے میں زیادہ رنج محسوس نہ کرو۔یعنی وہ دوھراغم ، یاغم پرغم بطورنمونہ نصیب ہوا۔اوراللہ تو تمہارے کرتوت سے خبردارر ہتاہی ہے۔

ناظرین کے قلوب میں کس قدر رقعت ہوسکتی ہے اُن مسلمانوں کی جو تمام مسلمانوں کو ہی نہیں بلکہ خود آنحضرؐت کو نرغۂ اَعدا میں قتل ہوجانے کے لئے فرار کریں۔اوررسولؐ اللہ اپنی مدد کے لئے پیچھے پیچھے پکارتے رہ جائیں اور یہ لوگ پہاڑ پرآ کر اطمینان سے گزشتہ خامیوں پراورآئندہ شدت پرغور کرنے لگے تا کہ آئندہ اپنے زیرپردہ منصوبہ کوزیادہ کامیاب بنایا جاسکے۔ چنانچہ اللہ نے مسلسل اُس گروہ کی سازش یوں بیان کردی کہ:۔

(12)۔ امرحکومت میں اپنامقام منوانے کے لئے شکست کو بہانہ بنایا تھا

...وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ يُخْفُوْنَ فِيْۤ اَنفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّوْ كُنتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِo (آل عمران 3/154)

مسلمانوں کے اُس گروہ نے اپنے لئے خاص اہمیت ملنے کی خاطر اپنے سابقہ دین کودلیل بنایااورخدا کی پوزیشن کا اُسی انداز میں تعین کیا جو حق کے خلاف تھا۔اور یہ سوال ازسرِ نو اُٹھایا کہ کیا ہم کومعاملات حکومت اوراجرائے احکام میں کوئی مقام دیا گیا ہے؟ جو کہ ہماری تہذیب کی قدیم روایت ہے۔یعنی ہرحکم اور ہرحکومت ملکی وملّی مفاداور بصیرت کے ماتحت رہے۔اوراُنہوں نے یہ اعتراض بھی قائم کیا کہ اگر معاملاتِ حکومت میں ہماری بصیرت کوشامل کرلیا ہوتا تو ہمارااس طرح پراس جنگ میں قتل عام نہ ہوا ہوتا۔یعنی جو کچھ ہواوہ محض رسولؐ اللہ کی ذاتی بصیرت اورآمرانہ پالیسی کی وجہ سے ہوا۔اے رسولؐ اُن کو بتادو کہ معاملاتِ حکومت میں خطا کاروں کی بصیرت اورمشورہ کا معاملاتِ خلافت اِلٰہیہ میں کوئی مقام نہیں ہے۔ یہ حاکمیت محض اللہ کی ہے۔وہ جس حکم کومناسب سمجھتا ہے اپنے بےخطا ذریعہ (معصومؑ) سے نافذ کرتا ہےاور یہ بھی کہ جب اللہ کسی فرد یاافراد کاقتل ہوجانا طے کرلیتا ہےتو خواہ تم اپنے گھروں میں ہوتب بھی قتل ہونے والے خود اپنے ارادے اوراختیار سے چل کراپنی قتل گاہ میں پہنچ جائیں۔اور یہ بھی سمجھا دو کہ حکومت کے متعلق تمہارے دلوں کے اندر جوفکر پوشیدہ ہے،اُس میں بھی اللہ تمہاری آزمائش کرنیوالا ہے تا کہ وہ طرزِحکومت ایک دفعہ تمہارے دلوں کے ساتھ تڑپ کررہ جائے۔اللہ سینوں کے اندر پوشیدہ تصورات کاعلم رکھتا ہے۔

یہاں دوباتیں نوٹ کرلیں اوّل یہ کہ یہ گروہ جس قسم کی حکومت پسند کرتا ہے اُس میں انسانی بصیرت کوشریک کرنالازم ہے۔ اور یہ بھی کہ حکومت کی یہ فکرایام جاہلیت کی طرزفکر پرمبنی اورحق کے خلاف ہے۔دوم یہ کہ وہ پیشگوئی جو جناب ابوبکر نے اُزدی عالم اوربحیرا راہب سے سنی تھی۔وہ اسی باطل حکومت کیلئے تھی اورقرآن نے بھی اِس آیت میں اس کی تائید کی ہے(لِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُم)۔

تاریخ نے اُس طرزِ حکومت کا قائم ہونا کبھی نہ دیکھا۔ آمریت کو قائم رکھنا پڑا۔ اُس طرز حکومت کے دوہرے دوہرے قتل دیکھے گئے۔ اُس کے اعضاء گلیوں میں بکھرے پڑے رہے۔ ہر زمانہ میں اُس گروہ کے جانشینوں کے دل تڑپتے رہے۔ مگر وہ اس طرز حکومت کو قائم نہ کر سکے اور ہمیشہ اپنی ناکامی پر نالاں رہے۔ کرنا کچھ اور چاہتے۔ ہوتا کچھ اور رہتا۔ اور آج وہ خود تھک کر سوشلزم اور کمیونزم کے سائے میں سانس لے رہے ہیں۔ قرآن کی یہ پیشگوئی کہ حکومت کی یہ فکر تمہارے دلوں کے ساتھ تڑپا کر چھوڑی جائے گی (لِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ) ایک مستقل اور مسلسل تاریخی حقیقت ہے۔ اس حکومت کا راستہ صاف کرنے کے لئے لاکھوں مسلمانوں کو قتل کیا گیا۔ حتیٰ کہ خاندان محمد و آل محمد صلی اللہ علیہ وعلیھم کو مٹا دینے کی کوشش جاری رہی۔ کربلا کی وجہ سے آج بھی اُن خبیث دلوں میں آگ بھڑک اُٹھتی ہے اور اپنی ناکامی پر دل تڑپ کر رہ جاتے ہیں۔ اگلی آیت اُن کی اس حسرت کا تذکرہ کرتی ہے۔ اُن کے تصورات کو شیطانی بتاتی ہے سُنئے:۔

(13)۔ ولایت وحکومت کا وہ تصور شیطانی ہے۔ مومنین کو اس کفر سے بچنا چاہئے

چونکہ مترجمین یہاں بڑی بڑی پگڑیاں اچھلتی دیکھتے ہیں۔ اِس لئے آیاتِ قرآن کا رخ موڑنے کے لئے معنی اور مفہوم کو حقیقت سے دور رکھنا لازم سمجھتے ہیں۔ مگر ہمارا فرض ہے کہ ہر لفظ کا پورا تصور پیش کردیں۔ مختصرات کو مفصل طور پر لکھ دیں تاکہ حق سامنے آکر کھڑا ہو جائے۔ اللہ نے مسلسل فرمایا کہ:۔

> اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ o يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا فِي الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ o (آل عمران 156-3/155)

یقیناً تم میں سے جس مسلمان گروہ نے جنگِ اُحد کے دن رسوؐل کی حکومت کے خلاف ولایت بنانے پر تنازع کھڑا کیا اور میدانِ جنگ سے نکل کر پہاڑ پر جا بیٹھے اور اقتدار میں حصہ لینے کی اسکیم پر زور دیا تھا۔ اُن مسلمانوں کا ڈانواڈول ہو جانا اُن کی اپنی اسکیموں کی وجہ سے شیطانی کاروبار تھا۔ اور چونکہ اللہ بردبار اور مغفرت کا حامل ہے اس لئے اُن کو اُس روز قتل ہو جانے سے بچا لیا تھا۔ تاکہ اُن کی آنے والی نسلوں کو محرومی نہ ہو جائے اور وہ مغفرت حاصل کر سکیں۔ اَے مومنین تم اِن کافروں کی طرح نہ ہو جانا۔ اِن کا عقیدہ یہ ہے کہ اگر اُن کی بصیرت اور فیصلے کے بغیر کوئی شخص سفر کرے یا جہاد کے لئے جائے تو ضرور بے موت مرے گا یا قتل ہو جائے گا۔ اور اگر اُن کے فیصلہ کے ماتحت جائے یا جنگ کرے تو ہرگز نہ مرے گا نہ قتل ہوگا۔ یہ رائے قائم کرنے والوں کے دلوں میں حسرت واندوہ باقی رکھنا اللہ کی ذمہ داری ہے۔ کبھی بھی اُنکی بصیرت کامیاب نہ ہوگی۔ اس لئے کہ زندگی دینے والا اور موت سے دوچار کرنے والا اللہ ہی ہے۔ اور اے مومنین یہ سمجھ کر عمل کیا کرو کہ تمہارا ہر عمل اللہ کی نظر میں ہے۔

یہاں ہم نے عَفَا اللّٰه کے وہی معنی کئے ہیں جو مولانا مودودی نے صفحہ 295 کے حاشیہ نمبر 109 میں کئے تھے۔ یعنی اللہ نے اُن کو قتل اور تباہی سے بچا لیا۔ ورنہ عفا، معافی اور عفو کے معنی بخش دینے کے ہرگز نہیں ہوتے۔ یعنی معافی کے معنی مغفرت نہیں ہوتے۔

تحقیق کے لئے آپ (بقرہ 2/219) کا ترجمہ دیکھیں۔ وہاں ہر عالم نے مجبور ہو کر حق سے قریب معنی کئے ہیں (تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 167)۔ یعنی فاضل، فالتو اور جس کی فوراً ضرورت نہ ہو۔ قرآن میں جہاں بھی یہ لفظ آیا ہے اُسکی ہر صورت میں ''عارضی طور پر نظر انداز کر دینا'' معنی کرلیں، کبھی منشائے قرآن کے خلاف نہ ہوگا۔ ورنہ بلا توبہ اور پشیمانی کے اظہار کے شیطان کے چنگل میں پھنسے ہوئے ایسے لوگوں کی بخشش پر ایمان لانا پڑے گا جو رسولؐ اللہ کو قتل ہو جانے کے لئے میدان جنگ میں چھوڑ دیں۔ اور رسولؐ کے حکم پر بھی پلٹ کر نہ آئیں۔ پھر اللہ کا یہ حکم بھی نہ مانیں کہ:۔ یَآ یُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِیْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاکُمْ..(8/24)

جب تم کو رسوؐل اللہ بلائیں تو فوراً تعمیل کرو اور حاضر ہو جاؤ تا کہ تمہیں زندگی بخشی جائے۔ اور کھل کر اور اعلانیہ نافرمانی کریں، جو رسوؐل اللہ کے گرد اسلئے جمع ہوگئے ہوں کہ وہ حضرؐت سیدھے سادے مومن ہیں۔ حلیم الطبع، صاف دل، نرم خو ہیں، زبان میں تاثیر ہے۔ لوگ دل و جان سے اُن پر اور اُنکے احکام پر فدا ہو جانے کو تیار ہیں۔ لاؤ (معاذ اللہ) بے وقوف بنا کر، سیاسی نشیب و فراز سے مرعوب کر کے اپنا اُلّو سیدھا کرلو اور موقعہ ملے تو بنتی ہوئی حکومت میں شریک کار ہو جاؤ یا ایسا مشہور کر دو کہ وہ تو ہر قدم ہماری ہدایات کے ماتحت اُٹھاتے ہیں اور اس طرح ایک دن حکومت پر قبضہ کرلو۔ اِس ساری رام کہانی کو قرآن کریم اِس طرح سناتا ہے کہ ایک بات کہیں کہہ دی، دوسری کہیں اور سُنا دی، تیسری کیلئے اشارہ کر دیا، چوتھی خود لوگوں کے سمجھنے کیلئے چھوڑ دی۔ چنانچہ معاملاتِ حکومت میں شرکت یا حصہ طلب کرنے کا نفی میں صاف انکار کرنے کے بعد اب یہ بتایا جا رہا ہے کہ اُس مسلمان گروہ کے لیڈروں کا جھمگٹا کس غرض کے ماتحت ہے؟

(14)۔ رسولؐ کی نرم روی سے فائدہ اُٹھانے والے مسلمان

اللہ نے اُس مسلمان گروہ کے ساتھ لگے رہنے کا مقصد یہ بتایا کہ:۔

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ وَلَوْ کُنْتَ فَظًّا غَلِیْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِکَ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِی الْاَمْرِ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُتَوَکِّلِیْنَo اِنْ یَّنْصُرْکُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَکُمْ وَاِنْ یَّخْذُلْکُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِیْ یَنْصُرُکُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ وَعَلَی اللّٰهِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَo (آل عمران 160-3/159)

یہ لوگ حق طلبی یا حق جوئی کے لئے تمہارے ساتھ نہیں ہیں بلکہ اللہ کی رحمت کی بنا پر آپؐ اِن لوگوں کے ساتھ فطری نرم روی اور بردباری کا سلوک کرتے رہتے ہو۔ اُس سے فائدہ اٹھانے کے لئے یہ لوگ تمہارے گرد جمع رہتے ہیں۔ اگر کہیں آپؐ درشت مزاج اور تُند خُو ہوتے یا اب ہو جاؤ تو یہ تمہیں چھوڑ کر چل دیتے۔ لہٰذا اپنا نرم رویہ جاری رکھو۔ بلکہ اُن کو فی الحال فالتو لوگ خیال کر کے اُن کو مشروط تحفظ کا یقین دلاؤ اور اُن کی بخشش ہم سے طلب کر کے اُن کو ساتھ لگائے رکھو اور وہ طرزِ عمل اختیار کرو کہ شہد بھی نکل آئے اور مکھیاں ڈنک بھی نہ مارنے پائیں (شَاوِرْهُم کے معنی) یا وہ رویہ اپنا لو جو جانور کو بہلا پھسلا کر سدھانے میں کیا جاتا ہے (شَاوِرْهُم کے دوسرے معنی) یا جس طرح نئے جانور پر سواری کی جاتی ہے (شَاوِرْهُم کے تیسرے معنی) یا وہ رویہ جس سے مجرم بھی شرمندہ ہو جاتا ہے (شاورھم کے چوتھے معنی) یا یہ کہ اُنہیں معاملات حکومت میں مشورہ اور وجہ سے بھی مطلع کر دیا کرو (شَاوِرْهُم کے بھرتی کے معنی نمبر 8)۔ لیکن عزم صمیم رکھتے ہو تو فقط اللہ پر توکل کیا کرو۔ اس لئے کہ مندرجہ بالا تمام صورتوں کے خلاف اللہ صرف توکل کرنے والوں کو محبوب رکھتا ہے۔ اور اُن

کو یہ بھی بتادو کہ اگر اللہ تمہاری نصرت کرے تو تم پر کوئی غالب نہیں ہوسکتا۔اور اگر وہ تمہیں رُسوا اور ذلیل کرنا چاہے تو کوئی ایسا نہیں جو اللہ کے مقابلے میں تمہاری مدد کرسکے۔اور یہ بات پھر سنو کہ جو مومن ہوتے ہیں وہ تو صرف اللہ پر ہی توکل کیا کرتے ہیں۔ یعنی رہ گئے کافر وغیرہ وہ توکل کے خلاف عملدرآمد کی فکر میں اپنی تدبیروں، چالوں اور دست و بازو اور کثرت کا سہارا لیا کرتے ہیں۔

(15)۔ مندرجہ بالا آیات پر ایک نظر

یہاں یہ بتانا ہے کہ مجتہدین حضرات مندرجہ بالا آیات کو اپنے نظام اجتہاد کی بنیاد بنانے میں اپنے اُس زیغ کی اتباع کرتے ہیں جس کا ذکر قرآن نے آیات محکمات اور متشابہات میں کیا ہے۔ جہاں ہم نے مونث و مذکر کی گفتگو کرکے اُن کی پوری عمارت کو مسمار کردیا ہے (ہمارا پیرا نمبر 26/8 کا 3)۔یعنی اُن کے ذہن میں پہلے سے نظام مشاورت موجود ہے۔وہ چاہتے ہیں کہ قرآن سے اِس پر سند حاصل کریں۔لہٰذا شَاوِرْهُمْ کے تمام حقیقی اور مصدری معنی کو چھوڑ کر شاور کے معنی ''مشورہ کر'' بنا دیتے ہیں۔اور شیعہ علمانے بھی کہہ دیا کہ رسول اللہ کو مشورہ کرنے کا (معاذ اللہ) حکم دیا گیا ہے۔یعنی جو کچھ کسی نے کہا اُسے بلا تحقیق عقل وقرآن کے خلاف اختیار کرلیا۔عقل کے خلاف اس لئے کہ مشورہ لینے والا حقیقت سے جاہل ہوتا ہے۔اور وہ اس حقیقت سے بھی جاہل ہوتا ہے کہ زیرِ نظر حقیقت کا صحیح علم کس کو ہے؟ اگر اُسے معلوم ہوتا تو پنچایت بلانے کے بجائے اُس شخص کے پاس پہنچتا، سوال کرتا، حق معلوم کرکے حق پر عمل کرلیتا۔لہٰذا پوری پنچایت اُس کے نزدیک جاہل ہے۔خود بھی پنچایت کے ہر فرد کے علم سے اور زیرِ نظر حق سے جاہل ہے۔ جہلا کے اس مجمع میں زیرِ نظر ضرورت بطور مشکل پیش کرتا ہے اور کہتا ہے کہ بھائیو اس ضرورت کے پورا کرنے پر مجھے مشورہ دو۔ چونکہ سب جاہل ہیں، اس لئے بحث یا بکواس ہوتی ہے۔اُس ضرورت سے ملتی ہوئی جو جو ضرورتیں کسی کو پیش آچکی تھیں اُن کی روشنی میں اُس زیرِ نظر ضرورت پر گفتگو ہوتی ہے۔ اور آخر میں ان جہلا کی کثرت ایک نتیجہ کو اختیار کرلیتی ہے، اُس پر عمل کرلیا جاتا ہے۔خرابی سامنے آتی ہے تو پھر مشورہ سے اصلاح (Amendment) کرلی جاتی ہے۔سوال یہ ہے کہ ہر وقت جبرئیلؑ خدمت میں حاضر، اللہ ہدایت کے لئے موجود، ہر شے کی تفصیل رکھنے والی کتاب پاس۔اِس کے بعد یہ جاہلانہ کام اور طریقہ رسولؐ اللہ کے لئے تجویز کرنا اور اُسے دین کی بنیاد بنالینا کہاں کی عقلمندی ہے؟ یہ تھا وہ کافرانہ مطالبہ جو سورہ آل عمران 3/154 میں مذکور ہوا تھا۔جواب ڈانٹ کر نفی میں ملا تھا۔(ہمارا پیرا نمبر 26/8 کا 12) اور جس طرزِ فکر اور مفکرین کی مسلسل مذمت یہاں تک ہوتی چلی آرہی ہے۔اگر ہم مجتہدین کی بات مان لیں تو اُن کو اُن کے اپنے ترجمہ کی رُو سے یہ ماننا ہوگا کہ جن لوگوں سے مشورہ کا حکم دیا گیا ہے، اُن کو قصوروار و گنہگار کہا گیا ہے۔ابھی اُن کی بخشش رسولؐ کی دعا پر منحصر ہے۔ابھی کہیں بھی اُن کے شرمندہ ہونے یا توبہ طلب کرنے کا ذکر نہیں ہوا۔وہ بدستور گناہ عظیم کے مرتکب اور مجرم ہیں۔لہٰذا اگر ایسے مجرموں اور گناہگاروں سے مشورہ کرنا واجب ہے تو اُسی آیت میں اُن سرکشوں کے لئے مغفرت کی دعا کرنا بھی (امر کے صیغہ سے) واجب ہے۔ اور بلا توبہ و اصلاحِ حال بخش دیا جانا بھی خدا پر واجب ہے۔یہی نہیں بلکہ عزم صمیم اور توکّل علی اللہ اور سورہ آل عمران کی آیات نمبر 3/159-160 کا قرآن سے خارج کرنا یا اُن کا معطل کرنا بھی واجب ہے۔اور یہ دونوں آیات خارج یا معطل ہوگئیں تو مشورہ کو باطل سمجھنا بھی واجب ہے۔ پھر عربی زبان اور لغات کو بے اعتبار سمجھنا بھی واجب ہے۔اور جب عربی زبان ہی مشکوک ہے تو قرآن کو ناقابل

اعتبار کتاب سمجھنا بھی واجب ہے۔انا للّٰہ و انا الیہ رٰجعون۔

یہ ہے مجتہد کا مقصود و منشا کہ میاں چھوڑ و قرآن کو، اس میں کیا دھرا ہے؟ اس میں ناسخ و منسوخ ہے، مطلق و مقید ہے، عام و خاص ہے، یہ مغلق اور مغلق ہے۔آؤ ہم آپ کو مفید ترین مشورہ دیں گے، اپنی اور تمہاری اصلاح کے لئے تیار رہیں گے، رَل مِل کیجئے کاج۔ہارے جیتے آوے نہ لاج۔کثرت کا فیصلہ تھا۔غلط نکلے تو کثرت کو شرمندہ کرنے کے لئے کثرت کہاں سے آئے گی؟ رہ گئی قلت، وہ نا قابل شمار چیز ہے۔

اُن کو بتادو کہ پورا قرآن کثرت کی مذمت سے لبریز ہے۔ایک آیت بلکہ ایک لفظ بھی کثرت کی تعریف میں نہیں ہے۔کثرت خواہ مومنین کی ہو یا کفار کی، قرآن میں مذموم ہے اور ہمیں بقول شخصے قرآن واقعی کافی ہے۔اس لئے کہ جہاں قرآن ہوگا وہیں صاحب قرآن علیہ السلام موجود ملے گا۔آنکھیں اور بصیرت درکار رہے۔یہ دونوں بفضل خدا ہمیں عطا کی گئیں ہیں۔

(16)۔ مسلمانوں کا یہ گروہ ہرگز منافق یا کافر نہ تھا بلکہ مختلف قسم کا مومن تھا

جن مسلمانوں نے جنگ اُحد کے اُن صحابہ کو منافق بنانے یا بتانے کی کوشش کی ہے، جن کا تذکرہ برابر ہو رہا ہے، دراصل وہ خود اُن ہی لوگوں کے مذہب پر گامزن ہیں۔وہی عقائد رکھتے ہیں اور اُن تمام لوگوں کے بخش دیئے جانے کے عذرات اور طرح طرح کے بہانے تلاش کرتے ہیں۔قرآن کے معنی و مفاہیم بدلنے سے بھی نہیں چُوکتے۔آپ کو یاد ہوگا کہ جب جناب انسؓ کے چچا ابن النضر وہاں پہنچے جہاں بہت سے صحابہ چٹان پر بیٹھے کچھ غور فرما رہے تھے تو ابن النضر نے اُن کو چل کر جنگ میں شامل ہونے کی دعوت دی تھی اور آخر وہ خود ستراسّی (80-70) زخم کھا کر شہید ہو گئے تھے۔منصوبہ ساز صحابہ نے جو جواب دیا تھا وہ قرآن سے سنئے فرمایا گیا کہ:۔

وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا وَقِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوِ ادْفَعُوْا قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّاتَّبَعْنٰكُمْ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ٥ اَلَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوْا لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا.....(آل عمران 168-3/167)

اُن صحابہ سے کہا گیا کہ چلو اللہ کی راہ میں جنگ میں شامل ہو جائیں تو انہوں نے کہا تھا کہ اگر ہم کو یہ معلوم ہوتا کہ جنگ مفید ہوگی تو بھی ہم تمہاری اتباع نہ کرتے۔اُس روز یہ صحابہ ایمان کے مقابلہ میں کفر سے زیادہ قریب تھے۔یہ لوگ وہ باتیں نہیں بتاتے جو اُن کے دلوں میں پوشیدہ ہیں۔مگر اللہ وہ سب کچھ جانتا ہے جو وہ چھپائے ہوئے ہیں۔یہ وہی حضرات ہیں جو چٹان پر بیٹھے ہوئے تھے اور جنہوں نے یہ کہا تھا کہ اگر ہماری بصیرت کی اطاعت کی جاتی تو یوں قتل عام نہ ہوتا۔

واضح ہوا کہ یہ اہلِ ایمان لوگ تھے......اور خود بھی اپنے آپ کو مومن سمجھتے تھے۔یہ دوسری بات ہے کہ اللہ اُنکے عقائد اور منصوبے کی بنا پر اُنہیں ایمان کا پورا درجہ نہیں دیتا اور کافر بھی نہیں بتاتا بلکہ کفر سے قریب قریب فرماتا ہے۔اِن ہی مومنین کیلئے ذرا آگے چل کر فرمایا کہ؛

وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْئًا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي الْاٰخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ٥ اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْئًا وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ٥ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اَنَّمَا نُمْلِیْ لَھُمْ خَیْرٌ لِّاَنْفُسِھِمْ اِنَّمَا نُمْلِیْ لَھُمْ لِیَزْدَادُوْٓا اِثْمًا وَلَھُمْ عَذَابٌ مُّھِیْنٌo (آل عمران 178-3/176)

جولوگ کفر کے سلسلے میں تیز گام ہیں وہ اسلام کونقصان نہ پہنچا سکیں گے۔لہٰذا اے نبیؐ آپ اُن کے لئے رنجیدہ نہ ہوا کریں۔اللہ کا ارادہ یہ ہے کہ دنیا کے بعد آخرت میں اُن کا عذاب عظیم کے سوا کوئی اور حصہ نہیں ہے۔جن لوگوں نے ایمان کے بدلے میں کفر کی خریداری شروع کررکھی ہے وہ اللہ کو کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتے البتہ دردناک عذاب کے سزاوار ہیں۔اور ایمان کی قیمت پر کفر خریدنے والے لوگ یہ نہ سمجھ بیٹھیں کہ اُن کو جو ڈھیل دی جارہی ہے وہ اُن کے لئے مستقلاً مفید ہے۔یہ ڈھیل تو اسلئے دی جارہی ہے کہ وہ اپنے گناہوں کو خوب بڑھا سکیں اور پھر اُنہیں ذلیل وخوار کرنے والا عذاب دیا جائے۔

(26/9)۔ وہ مہاجرین اور مسلمان جو واجب التعظیم تھے؛ایک معیار

اِسی سورہ آل عمرانؑ کو ختم کرنے سے پہلے جنگ اُحد میں شامل ہونے والے مہاجرین کی بابت فرمایا کہ:۔

فَالَّذِیْنَ ھَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِھِمْ وَاُوْذُوْا فِیْ سَبِیْلِیْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُکَفِّرَنَّ عَنْھُمْ سَیِّاٰتِھِمْ وَلَاُدْخِلَنَّھُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِن تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ عِنْدَہٗ حُسْنُ الثَّوَابِo (آل عمران 3/195)

وہ مہاجرین جو اپنے شہر سے جبراً نکالے گئے اور میری (اللہ کی) راہ میں ستائے گئے۔میرے لئے لڑے اور قتل ہوئے،ضروری ہے کہ اُن کی برائیوں کو چھپادیا جائے اور لازم ہے کہ ہم اُن کو ایسی جنتوں میں قیام عطا کریں جہاں نہریں رواں دواں ہوں۔ اُن کے لئے اللہ کے یہاں یہ جزا ہے۔اور بہترین ثواب اللہ ہی کے پاس ہے۔

قارئین یہ پہلی اور آخری بار سمجھ لیں کہ مہاجر وہ ہے جو اسلام کے لئے گھر بار چھوڑے،اسلام کے لئے ستایا گیا ہو،نقصان مال برداشت کیا ہو،تمام تعلقات اور سابقہ وسائل اور ذرائع سے اسلام کی وجہ سے محروم ہوا ہو۔یہی نہیں،راہ خدا میں جنگ کرتا رہا ہو،اللہ و رسولؐ کے احکام پر جان نثار کرنے کے لئے ہر وقت آمادہ رہا ہو۔اِن میں وہ شخص شامل نہیں جو اپنی اغراض کے ماتحت مکہ سے مدینہ چلا آیا ہو۔نہ مکہ میں اُسے ستایا گیا ہو بلکہ مکہ میں خود کافر اُس کے محافظ اور مددگار رہوں اور جب مدینہ میں آئے تو اُس کا خزانہ (بیت المال) بھی مدینہ میں آیا ہو۔جن کے اہل وعیال کو مکہ سے نکلنے میں کوئی نہ روکے نہ ستائے بلکہ رخصت کرنے کے لئے آئیں۔پھر وہ کبھی تلوار نہ اُٹھائے،کسی کافر سے نہ لڑے،نہ زخمی ہو،نہ کسی دشمنِ خدا و رسوؐل کو زخمی کرے۔اور جب خطرہ ہو تو رسولؐ اللہ کو قتل ہوجانے کے لئے کافروں کے نرغہ میں چھوڑ کر بھاگ جائے۔رسولؐ اللہ بلاتے رہیں مُڑ کر نہ دیکھیں۔علامہ مودودی مان چکے ہیں کہ مکہ میں ایسے مسلمان موجود تھے؛

’’جو اسلام کے برحق ہونے میں تو معترف تھے اور ایمان کا اقرار بھی کرتے تھے لیکن اس کے لئے تیار نہ تھے کہ اُس حق کی خاطر اپنے مفاد کی قربانی اور اپنے دُنیوی تعلقات کا انقطاع اور اُن مصائب وشدائد کو بھی برداشت کرلیں جو اس مسلک حق کو قبول کرنے کے ساتھ ہی نازل ہونے شروع ہوجاتے تھے۔‘‘(تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 48)

اِس صفحہ کو پورا پڑھنے سے آپ کو علامہ کی ایک اُستادی معلوم ہوگی یعنی بیان تو یہ دیا ہے جو ہم نے یہاں اور اس سے پہلے بھی لکھا۔مگر اِن لوگوں کو منافق قرار دیا ہے۔اور استادی یہ ہے کہ اُنہیں منافق کہہ کر بھی منافقین کی اقسام میں شمار نہیں کیا ہے۔(دیکھو تفہیم صفحہ 48)

اِس لئے کہ جولوگ اسلام کوحق سمجھیں اُس کے حق ہونے کا اعلان واعتراف کریں، ایمان کا اقرار کریں۔وہ یقیناً مسلمان ہیں منافق نہیں۔قربانی دینے اور اپنے مفاد کو مدنظر رکھنے سے وہ کافر یا منافق نہیں ہوجاتے۔ بہت سے بہت آپ انہیں ضعیف الایمان مسلمان کہہ سکتے ہیں اور بس۔خانوادہ رسولؐ اللہ اور چند دیگر مسلمانوں کے علاوہ مکہ میں زیادہ تر ایسے ہی مسلمان تھے۔اور وہ چند دیگر مسلمان رسولؐ کے سامنے خدا کو پیارے ہوچکے تھے۔باقی تمام مکی مسلمان اُسی قسم کے لوگ تھے جواُوپر مذکور ہوئے ہیں۔لہٰذا تمام مہاجر نام کے مسلمانوں کو بلاتحقیق اور قرآنی ثبوت کے ہرگز واجب التعظیم نہیں مانا جاسکتا۔اُن کی کثرت کی صفات یہاں تک سولہ (16) پیروں میں دکھائی جاچکی ہیں۔ یہ تمام قریشی، مکی اور تاریخ سے سابق الاسلام حضرات تھے جو برابر رسولؐ کی تعلیمات کے خلاف اپنا اسلامی منصوبہ چلاتے آرہے تھے۔

(26/10)۔ رسولؐ اللہ سے ایک وعدہ جس کا پورا ہونا تاریخ میں کہیں نہیں

جنگ اُحد کے بعد سورہ آل عمرانؑ کے اِس تبصرے میں بقول مودودی چار قسم کے منافق مسلمانوں میں مخلوط تھے (تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 48)۔اور ہم نے قرآن سے دکھایا ہے کہ وہ لوگ جن کو علامہ منافق قرار دیتے ہیں قریشی یا اجتہادی مسلمان تھے۔ جو مسلسل حکومت اور اسلام کو بدلنے کا پروگرام چلا رہے تھے۔ بہرحال یہ ثابت ہے کہ مسلمانوں میں ایک گروہ مشکوک الایمان تھا۔اللہ نے اُس گروہ کے لئے جو کچھ فرمایا، وہ ایک ایسا وعدہ ہے جو رسولؐ اللہ سے کیا گیا تھا۔اور جس کا پورا ہونا آنحضرتؐ کی حیات میں ثابت نہیں۔نہ بعد کی تاریخوں میں اُس کا پورا ہونا ثابت ہوسکا سنئے اور غور کیجئے فرمایا گیا کہ:۔

مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِىْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَ اِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ٥ (آل عمران 3/179)

اللہ کے لئے یہ شایان شان نہیں ہے کہ وہ مومنین کو اس حالت میں رہنے دے۔جس میں تم لوگ اِس وقت ہو۔ یہاں تک کہ وہ خبیث مسلمانوں کو نیک نہاد مسلمانوں سے الگ کر کے تمیز قائم کردے۔اور اللہ کے لئے یہ بھی شایان شان نہیں ہے کہ وہ تمہیں اپنے اُس پوشیدہ طریق اور وقت پر مطلع کردے۔ بات یہ ہے کہ اِس قسم کی اطلاع اُن رسولوںؑ کو دی جایا کرتی ہے جن کو اس عمل تطہیر کے لئے ضروری اور منتخب کرلیا جاتا ہے۔ چنانچہ اس تطہیر کے معاملے میں اللہ اور رسولوںؑ پر ایمان لاؤ۔اور اگر تم اس عملدرآمد پر ایمان لے آؤ اور متعلقہ ذمہ داریاں پوری کرو تو تمہارے لئے اجر عظیم مقرر ہے۔

اس آیۂ مبارکہ میں یہ وعدہ بالکل واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ مومنوں کی دونوں اقسام کو الگ الگ کر کے ایک دوسرے کو ممیّز و مشخص کرے گا۔مگر کیا آپ ہمیں بتا سکتے ہیں کہ وہ نیک نہاد یا طیب مومنین کون کون تھے؟ اور خبیث مومنین کا گروہ کون سا تھا؟ اور یہ بھی بتائیں کہ دونوں گروہ کب الگ ہوئے اور اُن کو الگ کرنے کا کام کس کے ذریعہ سے اور کیسے کیا گیا تھا؟ ان دونوں سوالات کا جواب تاریخ میں نہیں ملتا۔لیکن ہم نے اپنی کتاب ''**مذہب شیعہ، ایک قدیم تحریک وہمہ گیر قوت**'' میں تفصیل سے دیا ہے۔ یہاں تو صرف یہ واضح کرنا مقصود تھا کہ رسولؐ اللہ اور اسلام پر ایمان لانے والوں کی قسمیں دو تھیں۔دونوں مسلمان تھے، دونوں برابر باقی رہے اور آج تک باقی ہیں۔اور دونوں جنت اور

دوزخ میں جا کر باقی رہیں گے۔اس صورت میں ہم سب کا فرض اور ضرورت یہ ہے کہ ہم پتہ لگائیں کہ ہم کون سے گروہ میں ہیں؟اور دوسری ضرورت اور فرض یہ ہے کہ اگر ہم خبیث گروہ میں ہوں تو فوراً اُس سے الگ ہوکر طیّب یا پاکیزہ گروہ میں شرکت کی کوشش کریں۔

(26/11)۔ طیّب مسلمانوں اور خبیث مسلمانوں کی شناخت کیسے ہو؟

پہلی بات تو یہ ہے کہ جن لوگوں کے ہاتھ میں تاریخ،تفسیر قرآن ،کاغذ اور تعلیم و تعلّم کا نظام تھا وہی لوگ خبیث گروہ کے افراد تھے۔اور خود کو چھپائے رکھنے کے لئے اُنہوں نے منافقوں کے نام چُھپائے اور اُن عقائد کے حاملین پر پردہ ڈالا جن کا ذکر قرآن میں موجود ہے۔اور ہم وہ عملدرآمد لکھتے چلے آرہے ہیں۔یہی گروہ تھا اور اُسی گروہ کے پیرو قرآن کی واضح آیات کے معنی اُلٹ کر اُن تمام خبیث لوگوں کو چھپانے کے لئے اُس خبیث گروہ کی بخشش کا ڈھنڈورا پیٹتے چلے آئے ہیں تاکہ خبیث گروہ کو طیب گروہ میں مخلوط رکھا جا سکے۔آج اُن صاحبان اقتدار کے پھیلائے ہوئے جال اور فریب میں سیدھے سادے عوام کی کثرت الجھی ہوئی ہے۔ذرا سوچئے کہ جس گروہ کے یہاں قاتل اور مقتول دونوں کو رضی اللہ عنہ کہا جائے ، جہاں جائز خلیفہ رسولؐ کے باغیوں کو بھی رضی اللہ عنہ کہا جائے ، جہاں لعنت کرنے والا بھی صحابہ میں داخل ہو اور جس پر وہ لعنت کرنے والا لعنت کرتا ہے وہ بھی رضی اللہ عنہ ہو۔جہاں زانی بھی بہترین مسلمان ہو اور پارسا بھی اُس کے برابر ہے۔وہاں یہ بات خود بخود ثابت ہے کہ ایسا عقیدہ رکھنے والا گروہ ہرگز نہیں چاہتا کہ قرآن کے مذکورہ خبیث گروہ کا پتہ لگے۔اِس کے علاوہ دوسری بات یہ ہے کہ کسی کو طیب و پاکیزہ اُسی وقت کہا جا سکتا ہے، جب کہ وہ ناپاک اور گندی چیزوں سے الگ رہے،حرام وحلال ، جائز و ناجائز کو ملحوظ رکھے۔جس کے اعمال و افکار میں کسی خبیث چیز کی کھپت نہ ہو، جو ظالم و مظلوم کو برابر نہ سمجھے، جو اپنا رشتہ اللہ، رسولؐ اور مسلّمہ پاک وطاہر لوگوں سے قائم کرے۔جس کے دل میں کسی خبیث اور بدکردار شخص کی گنجائش نہ ہو، جو مومنین کو بے قصور قتل کرنے والوں کو جہنمی اور لعنتی سمجھے، جو ناجائز لعنت بھیجنے والوں کو لعنتی قرار دے۔تیسری بات یہ ہے کہ نیک لوگ کم ہوتے ہیں ،قیمتی چیزوں کی قلت ہوتی ہے،مسجدیں کم ہیں مثلاً ہر محلّہ میں ایک یا دو،لیکن بیت الخلا ہر گھر میں ہوتا ہے، عاقل کم جاہل زیادہ ہیں، مسلم کم کافر زیادہ ہیں۔اسی فطری اور قدرتی انتظام کے ماتحت طیب وطاہر لوگ کم تھے اور کم ہیں۔خبیث چیزیں اور خبیث لوگ زیادہ تھے اور زیادہ ہیں۔لہٰذا وہ حضرات جن کو مسلمانوں کا ہر گروہ اور قرآن مکمل طاہر ومطہر مانتا ہے، جو ایک لمحہ کے لئے کفر وخباثت سے ملوث نہیں ہوئے ، جن کا ہر عمل بے داغ اور قابل پیروی تھا، جن کی نسل بھی پاک و پاکیزہ تھی ،جنہوں نے پیدائش سے لے کر تادم زیست نہ شراب کو چھوا نہ کوئی اور حرام چیز استعمال کی ، بلکہ حلال چیزوں میں سے بھی محض مخصوص اشیاء کو استعمال کیا وہ گنتی کے چند لوگؑ تھے۔اور جن لوگوں نے اُن کی پیروی اختیار کی وہ بھی قلیل تعداد میں رہے۔اِس لئے کہ اُن پاکیزہؑ حضرات سے تعلق رکھنے والوں پر حکومتوں نے ہمیشہ مظالم کئے ،اُن کا قتل عام کیا، اُن کا خون جائز رکھا، اُن کو لوٹنا ثواب بتایا۔اور چوتھی بات آخری بات ہے اور اس کتاب میں اُسی نجات دہندہؑ کا تذکرہ ہو رہا ہے۔جس نے قرآن کے وعدہ کو پورا کیا اور دونوں گروہوں کو ایسا مشخص کرا دیا کہ اب کوئی اُس شناخت کو مٹا نہیں سکتا۔ ہر لمحہ، ہر روز ، ہر ماہ اور ہر سال اُن دونوں گروہوں کو شناخت کرنے کا سامان پیش نظر ہے۔گھروں سے لے کر گلیوں ، بازاروں اور سڑکوں پر دن رات اُس خبیث گروہ کو شناخت کرنے کے لئے سامان اور ذرائع کی نمائش ہوتی ہے۔ظالم اور ظالموں کے طرفدار ایک گروہ

ہیں۔مظلوم اور مظلوموں کے طرفدار دوسرا گروہ ہیں۔ظالم اور مظلوم ہرگز دونوں رضی اللہ عنہ نہیں ہو سکتے۔جو اُنہیں ایک ہی قرار دے اُسے بھی خبیث گروہ میں شمار کرلیں۔

(26/12)۔ قرآن کے خبیث مسلمانوں پر ایک اور نظر

مندرجہ بالا آیت (آل عمران 3/179) میں ایک بہت باریک نکتہ ہے۔اُس کو سمجھنے کے لئے دوبارہ آیت پر نظر ڈالیں اور دیکھیں کہ جس وقت یہ آیت تلاوت کی گئی اُس وقت خبیث اور طیب دونوں قسم کے مسلمان مخلوط ہیں۔اُن دونوں گروہوں کو تم (اَنْتُمْ) فرمایا گیا ہے۔لہٰذا قرآن پڑھنے والوں کے لئے لازم ہے کہ قرآن میں جہاں جہاں بھی یَآ یُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا.. یااَنْتُم وغیرہ آیا ہو، وہاں خبیث گروہ کو مدنظر رکھ کر اللہ کی بات پر غور کرنا ہوگا۔اور یہی وہ نقطہ ہے جسے مترجمین ومفسرین اور علما کی کثرت ہمیشہ نظر انداز کرنا چاہتی رہی ہے۔لہٰذا جہاں بھی اللہ نے یہ فرمایا ہے کہ: رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ، یعنی اللہ اُن سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے (مائدہ 5/119 ، توبہ 9/100 ، مجادلہ 58/22)، وہاں اُن خبیث مسلمانوں کو الگ رکھنا ہوگا۔اِس لئے کہ اللہ خبیث مسلمانوں سے ہرگز راضی نہیں ہوسکتا۔اور جو یہ عقیدہ رکھتا ہو کہ اللہ خبیث اور طیب دونوں قسم کے مسلمان کو برابر رکھتا یا دونوں سے راضی ہوتا تھا، وہ خود خبیث گروہ کا طرفدار اور خبیث ہے۔چنانچہ جن لوگوں کا عقیدہ یہ ہو کہ نزول قرآن کے دوران کے تمام صحابہ یا مسلمان قابل عزت واحترام اور برابر ہیں، اُن کو شناخت کرنا ضروری ہے، یہ شیطانی عقیدہ ہے اور اُس گروہ کی بڑی موٹی شناخت ہے۔ اسلئے کہ صحیح بخاری کی رُو سے بھی ایک وہ صحابہ تھے جن کو خود رسولؐ اللہ قیامت میں اپنے صحابہ فرما کر اپیل کریں گے۔لیکن ملائکہ اُنہیں گھیر کر جہنم میں لے جائیں گے اور اُن کے وہ کرتوت یاد دلائیں گے جو ہم لکھتے آرہے ہیں۔پھر یہ بھی دیکھیں کہ مندرجہ بالا تینوں آیتوں میں ایک نہ ایک ایسا لفظ یا شرط موجود ہے جس سے وہ خبیث صحابہ الگ ہو جاتے ہیں مثلاً سورہ مجادلہ کی آیت میں (کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِھِمُ الْاِیْمَانَ وَاَیَّدَھُمْ بِرُوْحٍ مِّنْہُ) اُن لوگوں کے دلوں کے اندر ایمان لکھا ہوا واجب تھا اور اللہ کی ایک رُوح اُن کو عطا کی گئی تھی۔یہ آیت اُن سب کو خارج کر دیتی ہے جو کافر تھے اور پھر ایمان لائے (مجادلہ 58/22)۔پھر سورہ مائدہ کی آیت میں صرف وہ لوگ مقصود ہیں جو زندگی کے کسی لمحہ میں بھی جھوٹ اور کذب سے ملوث نہ ہوئے ہوں (الصّٰدِقِیْنَ) یعنی رُوح خداوندی کی مستقل تائید حاصل رہی ہو (مائدہ 5/119)۔تیسری آیت پوری لکھتے ہیں اس لئے کہ اُس میں مہاجرین اور انصار کا خصوصی ذکر ہے۔

(26/13)۔ مستقل رضائے خدا کن مسلمانوں کو حاصل رہی ہے؟

اِن تینوں آیات میں یہ نہیں کہا گیا کہ کبھی اللہ اُن لوگوں سے راضی ہوا اور کبھی اُن پر ناراض ہوا۔اور نہ یہ مطلب ہے کہ وہ لوگ کبھی کبھی خدا سے راضی ہوتے رہے اور کبھی ناراض رہے یعنی رضائے خداوندی اور اُن لوگوں کا راضی رہنا مستقل اور مسلسل ہے۔ظاہر ہے کہ جو شخص کسی زمانہ میں کافر رہا ہو اُس زمانہ میں اللہ اُس سے راضی نہیں رہ سکتا۔لہٰذا آیت کا مطلوب تینوں مقام پر ہرگز وہ شخص نہیں ہو سکتا جس سے خدا کبھی ناراض رہا ہو۔اور جو شخص اِن آیات میں ایسے لوگوں کو شامل کرنے کی ترکیب یا بہانہ کرے جو مغضوب لوگوں میں

داخل رہے ہوں۔ظاہر ہے کہ وہ رعایت دینے والا اُسی گروہ کا ممبر ہے جو خبیث وطیب کو خلط ملط کرنا اور رکھنا چاہتا ہے۔فیصلہ تو ہو گیا لیکن مہاجرین وانصار والی آیت سُن لیں ،فرمایا گیا کہ:۔

وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ o وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ o(توبہ 100-9/99)

عربوں میں سے وہ لوگ جو اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ خرچ کرتے ہیں ،وہ اللہ کا تقرب حاصل کرنے کی ذیل میں خرچ کرتے ہیں۔اور ساتھ ہی ساتھ اَلرَّسُول (یعنی پورے رسولؐ) کی دُعا اور درود کو تقربِ خداوندی کا ذریعہ بناتے ہیں۔اور سب سن لیں اور سمجھ لیں کہ قربت خداوندی حاصل کرنے کا ضروری ذریعہؐ یہی ہے۔چنانچہ ضروری ہے کہ اللہ ایسے عربوں کو عنقریب اپنی رحمت میں داخل کرلے۔یقیناً اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔اور مہاجرین وانصار میں سے اور جن لوگوں نے مہاجرین اور انصار کی اچھی اتباع کی اُن میں سے جو سبقت رکھنے والے اور اوّلین مسلمان ہیں۔اُن سے اللہ راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے۔اور اللہ نے محض اُن لوگوں کے لئے جن سے اللہ راضی ہے جنتیں تیار کر رکھیں ہیں۔ جن میں نہریں جاری ہیں۔وہ لوگ ہمیشہ کے لئے داخل کئے جائیں گے۔یہ بہت بڑا کامیاب اجر ہے۔

اِن دونوں آیات میں نہ تمام عرب داخل ہیں،نہ تمام انصار شامل ہیں،نہ سارے مہاجرین رحمت وجنت کے حقدار ہیں۔بلکہ صرف وہ مسلمان داخل ہیں جو رسوؐل کی ذات کو وسیلہ بنائیں۔دوسری آیت میں مہاجرین اور انصار میں سے محض اولیّت اور سبقت حاصل کرنے والوں سے مستقل رضائے خداوندی کو وابستہ کیا ہے۔اور پھر متبعین میں سے سبقت اور اولیّت رکھنے والوں کو داخل کیا ہے۔نہ کہ ہر مہاجر وہر انصار اور ہر متبع کو۔اور پھر یاد کرو کہ یہ کفر سے ایمان میں داخل ہونے میں سبقت نہیں ہے۔اس لئے کہ کفر کی حالت میں رضائے خداوندی کی نفی کرنا ہوگی اور یہاں مستقل ومسلسل رضا کا ذکر ہے نہ کہ عارضی اور بدلنے والی رضا کا۔اس لئے کہ اُن ہی لوگوں میں تو وہ لوگ بھی تھے جو ایمان لائے پھر کفر کیا پھر ایمان لائے پھر کفر کیا اور یوں کفر کی طرف بڑھتے گھٹتے رہے۔اب قرآن کریم سے یہ معلوم کریں کہ وہ السّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ کون ہیں؟ چنانچہ ہم پہلے اُن لوگوں کا ذکر کر چکے ہیں جو قرآن کی رُو سے ازلی وابدی مسلمان ہیں۔جن کے قلوب وارواح ،گوشت پوست ،خون اور ہڈیاں اور ہڈیوں کے اندر کا گودا طیب وطاہر ہے۔خباثت اور نجاست ،کفر وشرک وشیطان پاس نہیں پھٹکا ہے۔جنھوں نے نبوتوں اور اماموں کو جنم دیا، پالا پرورش کیا اور نبوت ورسالت کی راہ پر چلنا سکھایا۔سینکڑوں آیات میں سے ایک آیت پھر دوہراتے ہیں۔سنئے اور بچوں کی طرح ہجے کر کے ٹھہر ٹھہر کر پڑھئے ،فرمایا کہ:۔

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ o(آل عمران 3/164)

''یقیناً اللہ نے مومنین پر اُس وقت منّتی احسان کیا تھا جب اُن مومنین کے اندر سے اور اُن ہی مومنین کے نفوس میں سے ایک

نفس کورسولؐ مبعوث کیا تھا۔ جواُن مومنین پر اللہ کی آیات تلاوت کرتا ہے۔ اور اُن مومنین کا تزکیہ مزید کرتا ہے اور اُن مومنین کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے۔ خواہ وہ اِس تعلیم وتزکیہ سے پہلے کھلی ہوئی گمراہی میں ہی کیوں نہ ہوتے۔

دیکھئے واضح الفاظ میں مومنین موجود تھے۔ جن پر ابراہیمؑ کی دُعا اور نویدِ مسیحا کو پورا کر دکھانے کا احسان کیا تھا۔ جنہوں نے رسولؐ کو جنم دیا تھا اور اس مقام تک پہنچایا تھا۔ یہ ہیں وہ لوگ جن سے اللہ کی مستقل رضامندی (رضی اللہ عنھم) وابستہ ہے۔ اور انصار میں بنوخزرج کی عورتیں اور مرد بھی اسی خانوادہ کے افراد ہیں۔ جنہوں نے رسولؐ کے پیدا کرنے میں بڑا حصہ لیا تھا۔ اور از اوّل تا آخر نصرت میں سروتن کی بازی لگائے رہے۔ اور اُسی خانوادہ کے بچے جوان ہو کر اُن کے حقیقی متبعین بنتے چلے آرہے ہیں۔ اُن متبعین میں پہلے حضرات کو اوّلین و سابقین میں شامل کیا ہے۔

(26/14)۔ رسولؐ اللہ کے مخالف مسلمان اور سورۂ نساء وعلامہ مودودی

سورہ آل عمرانؑ نے جنگ اُحد میں مخالف مسلمانوں کے حالات، عقائد اور منصوبوں پر احاطہ کر دیا ہے، اب ہم جنگ احد کے بعد اُن مسلمانوں کے مزید حالات سورہ نساء وعلامہ مودودی کی مدد سے پیش کرتے ہیں پہلے سورہ نساء کے متعلق علامہ کا شان نزول وغیرہ سُن لیں

(1)۔ ''**زمانۂ نزول اوراجزاءِ مضمون**: یہ سورہ (نساء) متعدد خطبوں پر مشتمل ہے جو غالباً 3 ہجری کے اواخر سے لے کر 4 ہجری کے اواخر یا 5 ہجری کے اوائل تک مختلف اوقات میں نازل ہوئے تھے۔'' (تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 316)

(2)۔ **شانِ نزول اور سورہ نساء میں تاریخی واقعات سے بحث**

علامہ مودودی آنحضرتؐ اور اسلام کے مخالفین کے ذیل میں لکھتے ہیں کہ:۔

''مخالفِ اصلاح طاقتوں سے جو کشمکش برپا تھی اُس نے جنگِ اُحد کے بعد زیادہ نازک صورت اختیار کر لی تھی۔ اُحد کی شکست نے اطراف ونواح کے مشرک قبائل، یہودی ہمسایوں، اور گھر کے منافقوں کی ہمتیں بڑھادی تھیں۔ اور مسلمان ہر طرف سے خطرات میں گھر گئے تھے۔ ان حالات میں اللہ نے (سورہ نساء میں) ایک طرف پرجوش خطبوں کے ذریعہ سے مسلمانوں کو مقابلہ کے لئے اُبھارا، اور دوسری طرف جنگی حالات میں کام کرنے کے لئے اُنہیں مختلف ضروری ہدایات دیں۔ مدینہ میں منافق اور ضعیف الایمان لوگ ہر قسم کی خوفناک خبریں اُڑا کر بدحواسی پھیلانے کی کوشش کر رہے تھے۔ حکم دیا گیا کہ ہر ایسی خبر ذمہ دار لوگوں تک پہنچائی جائے اور جب تک وہ کسی خبر کی تحقیق نہ کرلیں اُس کی اشاعت کو روکا جائے۔'' (تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 318-317)

(3)۔ **مسلمانوں کو بھی منافقوں کی آڑ میں چھپایا گیا ہے**

''منافقین کے مختلف گروہ مختلف طرزِ عمل رکھتے تھے اور مسلمانوں کے لئے یہ فیصلہ کرنا مشکل تھا کہ کس قسم کے منافقوں سے کیا معاملہ کریں۔ اُن سب کو الگ الگ طبقوں میں تقسیم کر کے ہر طبقہ کے منافقوں کے متعلق بتادیا گیا کہ اُن کے ساتھ یہ برتاؤ ہونا چاہیئے۔'' (تفہیم القرآن۔ جلد اوّل صفحہ 318)

علامہ کے یہ بیانات جنگِ اُحد کے بعد مخالف مسلمانوں کے رویہ پر روشنی ڈالنے کیلئے کافی ہیں۔ چونکہ علامہ اپنے گروہ کے مسلمانوں کو زیر پردہ رکھنا ضروری خیال فرماتے ہیں۔ اسلئے وہ اسلام کے ہر مخالف کو نفاق کی چادروں میں لپیٹ کر منافق ہی کہتے جائینگے۔ خواہ قرآن میں اُن کیلئے لفظ منافق استعمال ہوا ہو یا نہ ہوا ہو۔ مگر خدا کا شکر ہے کہ اُنکے قلم سے ''ضعیف الایمان لوگ'' کا جملہ ٹپک گیا ہے۔ اور ہمارے لئے اِسی قدر کافی ہے۔ یعنی رسولؐ اللہ کے زمانہ میں مدینہ کے اندر ضعیف الایمان صحابہ بھی کثرت میں موجود تھے۔ ہم اُنکو ضعیف الایمان نہیں کہتے بلکہ اُنکے ایمان کو بڑا مضبوط لکھتے اور کہتے ہیں۔ اور اگر وہ واقعی ضعیف الایمان تھے تو علامہ کو اُنکے عقائد کو ترک کر دینا چاہئے۔

آیئے اب سورہ نساء کے ساتھ ساتھ چلیں اور دیکھیں کہ جہاں جہاں اللہ نے مسلمانوں کے اُس گروہ کا ذکر کیا ہے۔ وہاں اُن کی کیا پوزیشن ہے؟ اور حضرت علامہ وہاں کیا رائے ظاہر فرماتے ہیں؟ یہ سمجھ کر قرآن کے بیانات سنیں کہ جنگ اُحد اور اُس کے بعد تمام مصائب اُسی مسلمان گروہ کی وجہ سے پیش آئے تھے۔

(26/15)۔ مسلمانوں کا وہ گروہ جنسی شہوت عام کرنا چاہتا تھا

وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًاo
يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًاo (نسآء 28-4/27)

چونکہ انسان اپنی پیدائش میں ضعیف ہوتا ہے۔ اس لئے اللہ تو یہ چاہتا ہے کہ تمہاری اصلاح پر متوجہ رہے۔ اور تمہیں طاقتور رکھنے کے لئے جنسی تعلقات میں کمی اور تخفیف کر رہا ہے۔ مگر وہ لوگ جو جنسی نظام میں کھُل کھیلنے والا مذہب و عمل رکھتے ہیں۔ وہ تمہیں جنسیات کی طرف اتنا مائل کر دینا چاہتے ہیں کہ شہوت رانی کی حد ہی ہو جائے۔

قارئین یہاں منافق کی لفظ کہیں نہیں ہے بلکہ اُن لوگوں کا ذکر ہے جنکی پیروی میں سینکڑوں کنیزیں خلفا کے محلات میں رکھی جاتی رہیں اور اسکی پرواہ بھی نہ کی گئی کہ وہ کنیز باپ کی مدخولہ ہے۔ ایسی تعلیم دینے والے مسلمانوں کے خلاف یہ آیت آئی ہے مگر علامہ کہتے ہیں کہ:۔

(i) ''یہ اشارہ ہے منافقین کی طرف اور قدامت پرست جہلاء اور نواحی مدینہ کے یہودیوں کی طرف۔''

بتایئے علامہ کو کس نے وحی کی کہ یہ لوگ منافق تھے؟

(ii) ''مثلاً جو شخص کسی ایسے نکاح سے پیدا ہوا تھا۔ جسے اب اسلامی شریعت حرام قرار دے رہی تھی، اس کو یہ کہہ کہہ کر اشتعال دلایا جاتا تھا کہ لیجئے، آج جو نئے احکام وہاں آئے ہیں اُنکی رُو سے آپ کی ماں اور آپ کے باپ کا تعلق ناجائز ٹھہرا دیا گیا ہے۔''
(تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 344 حاشیہ نمبر 49)

(26/16)۔ مسلمانوں کا وہ گروہ خدا اور رسولؐ کے خلاف جداگانہ مرکز کا مطیع تھا

مسلمانوں کے اُس گروہ کے مرکز کو قرآن کریم نے طاغوت کا نام دیا ہے۔ اور علامہ صاحب نے اِس سلسلے میں بات صاف کر دی ہے وہ فرماتے ہیں کہ:۔

(i)۔ ''یہاں صریح طور پر ''**طاغوت**'' سے مراد وہ حاکم ہے جو قانونِ الٰہی کے سوا کسی دوسرے قانون کے مطابق فیصلہ کرتا ہو؛ اور وہ

نظامِ عدالت ہے جو نہ تو اللہ کے اقتدارِ اعلیٰ کا مطیع ہو اور نہ اللہ کی کتاب کو آخری سند مانتا ہو۔‘‘ (تفہیم جلد اوّل صفحہ 367)

اس سے پہلے فرمایا تھا کہ:۔

(ii)۔ ’’**طاغوت**‘‘ لغت کے اعتبار سے ہر اُس شخص کو کہا جائے گا، جو اپنی جائز حد سے تجاوز کر گیا ہو۔ قرآن کی اصطلاح میں طاغوت سے مراد وہ بندہ ہے جو بندگی کی حد سے تجاوز کر کے خود آقائی و خداوندی کا دم بھرے اور خدا کے بندوں سے اپنی بندگی کرائے۔ خدا کے مقابلے میں ایک بندے کی سرکشی کے تین مرتبے ہیں۔ پہلا مرتبہ یہ ہے کہ بندہ اُصولاً تو اللہ کی فرمانبرداری ہی کو حق مانے، مگر عملاً اُس کے احکام کی خلاف ورزی کرے۔ اس کا نام **فسق** ہے۔ دوسرا مرتبہ یہ ہے کہ وہ اللہ کی فرماں برداری سے اُصولاً منحرف ہو کر یا تو خود مختار بن جائے یا اُس کے سوا کسی اور کی بندگی کرنے لگے۔ یہ **کفر** ہے۔ تیسرا مرتبہ یہ ہے کہ وہ مالک سے باغی ہو کر اُس کے ملک اور اُس کی رعیت میں خود اپنا حکم چلانے لگے۔ اِس آخری مرتبے پر جو بندہ پہنچ جائے، اُسی کا نام **طاغوت** ہے اور کوئی شخص صحیح معنوں میں اللہ کا مومن نہیں ہوسکتا، جب تک کہ وہ اُس طاغوت کا منکر نہ ہو۔‘‘ (تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 196 وصفحہ 197 حاشیہ نمبر 286)

اگلے صفحہ کی تفصیلات میں فرمایا کہ:۔

(iii)۔ ’’اور بے شمار طاغوت باہر کی دُنیا میں پھیلے ہوئے ہیں۔ بیوی اور بچے، اَعزہ و اقربا، برادری اور خاندان، دوست اور آشنا، سوسائٹی اور قوم، پیشوا اور راہنما، حکومت اور حکام، یہ سب اُس کے لئے طاغوت ہی طاغوت ہوتے ہیں، جن میں سے ہر ایک اُس سے اپنی اغراض کی بندگی کراتا ہے۔ اور بے شمار آقاؤں کا یہ غلام ساری عمر اسی چکر میں پھنسا رہتا ہے کہ کس آقا کو خوش کرے اور کس کی ناراضگی سے بچے۔‘‘ (تفہیم القرآن۔ جلد اوّل صفحہ 197 حاشیہ نمبر۔ 288)

(iv)۔ مسلمانوں کا وہ گروہ جو رسوؐل کی تنہا بصیرت کی جگہ قومی فیصلہ چاہتا تھا

علامہ نے اپنے مسلک کا تحفظ کرتے ہوئے طاغوت کی تعریف بیان کی مگر آخری بیان (iii) میں ازواج اور بچوں کو شامل کر کے اپنی سنجیدگی کا ستیاناس کر دیا۔ یعنی طاغوت کیلئے ضروری نہیں ہے کہ وہ خدا کا منکر ہی ہو۔ اور خدا کی کتاب کو آخری سند نہ مانتا ہو۔ اب اُنکا قابل فہم اور قابل قبول مقصد یہ ہے کہ ہر وہ شخص طاغوت ہے جو قومی و ملکی مصالح کو مدنظر رکھ کر فیصلہ کرتا ہو اور اپنے فیصلے کو حق سمجھتا ہو۔ اب قرآن سنیں کہ رسوؐل کو مسلمانوں کے اُس گروہ کا عملدرآمد بتایا جا رہا ہے، فرمایا گیا کہ:۔

اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ یَزْعُمُوْنَ اَنَّھُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ یُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّتَحَاکَمُوْا اِلَی الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْا اَنْ یَّکْفُرُوْا بِہٖ وَیُرِیْدُ الشَّیْطٰنُ اَنْ یُّضِلَّھُمْ ضَلٰلًا بَعِیْدًا o (نسآء 4/60)

اے رسوؐل کیا آپؐ نے اُن لوگوں کا طریقہ نہیں دیکھا جنکا دعویٰ تو یہ ہے کہ وہ یقیناً جو کچھ آپؐ پر نازل ہوا ہے اور جو آپؐ سے پہلے نازل ہوا ہے سب پر ایمان رکھتے ہیں۔ اس کے باوجود دل سے یہ چاہتے ہیں کہ اپنے لئے فیصلے اور احکام طاغوت (جمہوری حاکم) سے حاصل کرتے رہیں۔ حالانکہ یقیناً اُس مسلمان گروہ کو یہ حکم دے دیا گیا ہے کہ وہ طاغوت سے کفر اختیار کر لیں۔ وہ طاغوت سے اسلئے کفر نہیں کرتے کہ شیطان نے یہ طے کر رکھا ہے کہ اُس گروہ کو گمراہ کر کے گمراہی کے پلّے پار نکال لے جائے۔

یہاں آخری آیت یہ بتاتی ہے کہ اُن کو گمراہ کر ڈالنے کے لئے شیطان نے ارادہ کر رکھا ہے۔جس کے معنی یہ ہیں کہ وہ ابتدا میں ھدایت پر تھے۔یعنی مسلمان اور ایماندار تھے اور بدستور ایمان بالقرآن کا اعلان بھی کرتے ہیں۔مگر اُس ایمان میں طاغوتی احکام اور فیصلوں سے کوئی خرابی نہیں مانتے۔یہ ہی وہ دوسری قسم کے مسلمان ہیں جن کو ہم مشخص کرتے آرہے ہیں۔یعنی یہ وہ لوگ ہیں جو رسوؐل کی تعبیرات سے طاغوتی تعبیرات کو مفید اور حق سمجھنے والے مسلمان ہیں۔یہ خدا کو مانتے ہیں، نبوت کے قائل ہیں، کتبہائے خداوندی پر ایمان رکھتے ہیں، فرق صرف رسوؐل کی ذاتی بصیرت نہ ماننے کا ہے اور کچھ نہیں۔

(v)۔ اُس مسلمان گروہ پر منافق گروہ کا اثر زیادہ تھا

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًاo فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًاo (نسآء 62-4/61)

اللہ یہ بھی بتاتا ہے کہ جب اُس مسلمان گروہ کو قرآن اور رسوؐل کی طرف بلایا جاتا ہے تو منافقین کا مستحکم انتظام انہیں رسوؐل کے پاس آنے سے باز رکھتا ہے۔مگر یہ کیسے ہوتا ہے کہ جب اُنکے اپنے عملدرآمد کی غلطی سے اُن پر کوئی مصیبت آجاتی ہے تو پھر تمہارے پاس اپنی مشکلات کے حل کیلئے بلاتکلف آجاتے ہیں۔اور اللہ کے نام پر حلفیہ کہتے ہیں کہ طاغوت سے احکام لینے اور فیصلہ کرانے میں ہم کسی تخریب کو مدّنظر رکھے ہوئے نہیں ہیں۔بلکہ ہمارا ارادہ اس مسئلہ میں یہ ہے کہ اس طریقہ میں زیادہ توفیقات اور لوگوں پر زیادہ احسان مدّنظر ہے۔یعنی طاغوتی فیصلے مفادِ عامہ کو زیادہ ملحوظ رکھتے ہیں۔اور بعض معاملات میں آپ محدود نظریہ پیش کرتے ہیں۔

یہ ہے وہ اسلامی تصور جس پر مسلمانوں کا زیر بحث گروہ عمل کرتا چلا جارہا تھا۔یہاں پھر ثابت ہوا کہ یہ لوگ کافر یا منافق نہیں ہیں۔یہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں، اُس کی قسمیں کھاتے ہیں اور جب ضرورت کا تقاضہ ہوتا ہے تو رسوؐل اللہ سے بھی رجوع کرتے ہیں۔مگر اُن کے سامنے منافق محاذ ایک زیادہ عوامی طریقہ پیش کرتا ہے اس لئے وہ بعض معاملات میں اُس جمہوری مرکز سے رجوع کرتے ہیں تاکہ اُن کے مفاد مجروح ہونے سے محفوظ رہیں۔یہاں علامہ کا نوٹ پڑھنا مفید ہوگا۔

> ''اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ منافقین کی عام رَوش تھی کہ جس مقدمہ میں اُنہیں توقع ہوتی تھی کہ فیصلہ اُن کے حق میں ہوگا اُس کو تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے آتے تھے۔مگر جس مقدمہ میں اندیشہ ہوتا تھا کہ فیصلہ اُن کے خلاف ہوگا اُس کو آپ کے پاس لانے سے انکار کر دیتے تھے۔یہی حال اب بھی بہت سے منافقوں کا ہے کہ اگر شریعت کا فیصلہ اُن کے حق میں ہو تو سرآنکھوں پر ورنہ ہر اُس قانون، ہر اُس رسم ورواج اور ہر اُس عدالت کے دامن میں جا پناہ لیں گے جس سے اُنہیں اپنی منشاء کے مطابق فیصلہ حاصل ہونے کی توقع ہو۔'' (تفہیم القرآن۔جلد اوّل صفحہ 367 حاشیہ 92)

یہاں علامہ نے یہ مان لیا کہ مندرجہ بالا گروہ ہندوستانی مسلمانوں کا ایسا مسلمان تھا۔اور یہ معلوم ہوجاتا ہے کہ جن لوگوں کو وہ پہلے ضعیف الایمان اور فاسق قرار دے چکے ہیں، اُنہیں عہد رسولؐ میں منافق کہے چلے جاتے ہیں۔پھر علامہ نے یہ تو مان لیا کہ قرآن کا وہ مسلمان گروہ رسولؐ اللہ کے پاس اپنے بعض مقدمے نہ لاتا تھا۔مگر یہ نہیں بتایا کہ اُن مقدموں کا فیصلہ کس سے کراتا تھا؟ وہ طاغوت کون تھا؟ اُس

کا نام کیا تھا؟ اس پہلو کو اگر علامہ بیان کر دیں تو اُن کا مذہب اور وہ پوشیدہ طاغوت فنا ہو جائے جس کو حکومت ملنے کے بعد برسوں کی کوشش اور کہانیوں سے اسلام کا مرکز بنایا جائے گا۔ اور اُس کے تمام احکام اور فیصلوں کو خود ساختہ روایات سے قرآن وسنت کے مطابق منوایا جائے گا۔ مگر قارئین دیکھیں کہ جس طریق اور جس مذہب کو قرآن سے کہیں سہارا نہ ملے بلکہ ہر جگہ اُس کی مذمت ہوتی چلی جائے۔ اُس طریق اور اُس مذہب کے جواز پر قول رسولؐ یا سنت رسولؐ ممکن ہی نہیں ہے۔ یہ بھی علامہ کی چالاکی ہے۔ ورنہ مسلمانوں کی تاریخ میں اُن مقدمات کا کہیں تذکرہ نہیں جو علامہ فرض کر کے دھیان بدل رہے ہیں حقیقت یہ ہے کہ:۔

(vi)۔ وہ مسلمان رسولؐ اللہ کی مکمل یعنی ذاتی اطاعت کے قائل نہ تھے

یہ وہ مسلمان گروہ تھا جن کے دِلوں میں یہ عقیدہ تھا کہ رسوؐل کی اطاعت ہر بات میں ضروری نہیں۔ بعض معاملات اُن کی ذاتی رائے سے ہوتے ہیں اور بعض اللہ کی وحی کے ماتحت ہوتے ہیں۔ لہٰذا وہ رسوؐل کی ذاتی رائے کے مقابلے میں اجتماعی مشاورت کا حکم حاصل کرنا مفید سمجھتے تھے۔ مگر اس مطلب کو دل میں پوشیدہ رکھتے ہیں چنانچہ اللہ نے فرمایا کہ جن لوگوں کا تذکرہ ہوتا آرہا ہے؛

أُولَـٰئِكَ الَّذِينَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوبِهِمْ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيْغًا ‌o وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا‌o (نسآء 64-4/63)

یہی تو وہ مسلمان ہیں جن کے دلوں میں پوشیدہ عقیدہ کا پورا علم اللہ کو ہے۔ آپؐ اِن سے اس طرح بے توجہی برتیں کہ اُنہیں وعظ و پند بھی ہوتا معلوم ہو اور بات اُن کے دلوں تک پہنچتی رہے۔ اور اُنہیں یہ معلوم ہو جائے کہ اللہ نے کسی رسوؐل کو بھیجا ہی نہیں سوائے اِس کے کہ ہر رسوؐل کی اطاعت کیا جانا اللہ کے حکم کا مقصود تھا۔ اگر یہ مسلمان گروہ ایسا کرتا کہ جب اُنہوں نے آپؐ کے حکم کے مقابلہ میں قومی حکم اختیار کر کے اپنے اوپر ظلم کیا تھا تو وہ تمہارے پاس آتے، شرمندہ ہوتے، اپنے گناہ کی بخشش چاہتے اور آپ اُن کو بخش دیئے جانے کی سفارش کرتے تو بے شک اللہ کو اصلاح کرنے اور رحم فرمانے والا پاتے۔

یہاں اللہ نے بخشش کو رسوؐل کی سفارش سے مشروط فرمایا اور یہی بات وہ مسلمان نہیں مانتے جو براہ راست اللہ سے تعلق کے قائل ہیں اور وہ رسوؐل کی اطاعت کے بھی قائل نہیں مگر اللہ کی اطاعت کے قائل ہیں۔

(vii)۔ جو کسی بھی صورت میں رسوؐل کو حاکمِ مطلق نہ سمجھیں وہ سب کافر ہیں

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا‌o وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا‌o وَّاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا ‌o وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا‌o وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا‌o (النسآء 69-4/65)

اللہ نے قسم کھا کر اُس گروہ کیلئے فرمایا ہے۔نہیں نہیں تیرے رب کی قسم یہ مسلمان ہمارے معیار کے مومن اُس وقت تک ہرگز نہیں بن سکتے جب تک کہ یہ لوگ اپنے تمام جھگڑوں اور ضرورتوں کیلئے تمہیں حاکم مطلق مان کر آپ کے ہر حکم اور ہر فیصلے کو دل کی گہرائی میں اور عَـلـی الاعلان خوشی خوشی تسلیم نہ کرنے لگیں۔اگر چہ ہم اُن پر خودکشی واجب کردیں یا شہر بدر ہوجانے کا حکم دیں تو سوائے چند ایک کے اُس مسلمان گروہ کی کثرت حکم کی تعمیل نہ کریگی۔لیکن اگر وہ ہر وعظ کے مطابق تعمیل کرنے لگتے تو یہ اُن کیلئے بہتر ہوتا اور انہیں ایمان میں زیادہ ثابت قدمی ملتی۔اور اس صورت میں ہم ضرور اُنکو بڑا اجر دیتے اور ضرور اُنکو صراط مستقیم کی ہدایت کرتے۔اور جو بھی اللہ و رسوؐل کی مذکورہ بالا بلا چوں و چرا اطاعت کرتا ہے۔وہ اُن لوگوں میں شمار ہوتا ہے جن پر اللہ نے انعام کیا ہے جیسا کہ انبیاؑ اور صدیق حضراتؓ اور شہداؑ اور صالحینؒ میں سے اور یہ کیسے اچھے رفیق ہوتے۔

(viii)۔ آخر مولانا نے اُس گروہ کی ذہنیت اور اسلام کا تصور مان لیا

یوں تو مولانا ہر قدم پر اُس گروہ کو منافق کہتے رہے ہیں۔لیکن بار بار کی حاشیہ آرائی میں آخر مان ہی لیا کہ عہد رسولؐ کے مسلمان احکام رسولؐ کے مقابلہ میں اپنی ذاتی خواہشات اور مقاصد کو ملحوظ رکھتے تھے۔اور رسولؐ اللہ کے عمل درآمد کو مستقل سند نہ سمجھتے تھے اور اپنے نقصان اور تکلیف سے محفوظ رہنے کا انتظام کرتے تھے۔رسولؐ کے ذاتی فیصلوں میں مشکوک اور مذبذب اور متردّد رہتے تھے۔اور کبھی اسلام اور کبھی طاغوتی راستے پر چلتے تھے(جلد اول صفحہ 369 تمام حاشیوں کا نتیجہ)۔ علامہ کا ایک پورا جملہ بجنسہٖ ملاحظہ ہو:۔

”یعنی جب وہ شک چھوڑ کر ایمان ویقین کے ساتھ رسوؐل کی اطاعت کا فیصلہ کر لیتے۔“(صفحہ 370 حاشیہ 98)

(ix)۔ مسلمانوں کے اُس گروہ کی مزید تصدیق اور اللہ پر پختہ ایمان

قرآن کریم تو برابر اُس مخصوص عقیدے کے مسلمانوں کی موجودگی اور اُن کی ذہنیت کی تفاصیل بیان کرتا جا رہا ہے۔مگر دیکھنا تو یہ ہے کہ مسلمانوں کی شاہی تاریخ اُن لوگوں کے نام کیوں نہیں بتاتی؟ یہ پردہ داری کیوں ہے؟ ایسے خبیث مسلمانوں کو چھپا کر کیا فائدہ مدِ نظر تھا؟ کیا بعد والی حکومتیں اور حاکم ہی وہ لوگ تھے جن کے لئے اللہ نے کہا کہ؛

وَاِنَّ مِنۡكُمۡ لَمَنۡ لَّيُبَطِّئَنَّ فَاِنۡ اَصَابَتۡكُمۡ مُّصِيۡبَةٌ قَالَ قَدۡ اَنۡعَمَ اللّٰهُ عَلَىَّ اِذۡ لَمۡ اَكُنۡ مَّعَهُمۡ شَهِيۡدًاO(4/72)

یقیناً تم لوگوں میں وہ مسلمان بھی موجود ہیں جو ٹال مٹول کرنے اور ہر کام میں دیر آید درست آید پر عمل کرنے والے ہیں۔ چنانچہ اگر تم پر کوئی مصیبت آجاتی ہے تو وہ گروہ کہتا ہے کہ یہ اللہ کا اُس پر بڑا فضل ہوا کہ وہ رسولؐ اللہ کے ساتھ شامل نہ تھا۔یعنی اُس مصیبت میں رسوؐل کی بصیرت ذمہ دار ہے۔اور اُس گروہ کی شمولیت سے کبھی مصیبت نہیں آسکتی۔

علامہ نے یہ نوٹ لکھا ہے کہ”ایک مفہوم یہ بھی ہے کہ(وہ گروہ) خود تو جی چراتا ہی ہے،دوسروں کی ہمتیں بھی پست کرتا ہے۔اور اُن کو جہاد سے روکنے کے لئے ایسی باتیں کرتا ہے کہ وہ بھی اُس کی طرح بیٹھ رہیں۔“(تفہیم جلد اوّل صفحہ 371 حاشیہ نمبر 102)۔

یعنی وہ گروہ تمام مسلمانوں کو اپنے ساتھ ملا لینے اور اپنے عقائد کو پورے ملک میں پھیلا دینے کا مشن چلاتا جا رہا تھا۔

(x)۔ جن مسلمانوں نے جنگ سے جان بچائی علامہ کا فتویٰ

علامہ کا وہ معیار جس کی بنا پر رضی اللہ عنھم لکھا جا سکتا ہے:۔

''یعنی اللہ کی راہ میں لڑنا دنیا طلب لوگوں کا کام ہے ہی نہیں ۔ یہ تو ایسے لوگوں کا کام ہے: (1) جن کے پیش نظر اللہ کی خوشنودی ہو، (2) جو اللہ اور آخرت پر کامل اعتماد رکھتے ہوں، (3) اور دنیا میں اپنی کامیابی وخوشحالی کے سارے امکانات اور اپنے ہر قسم کے دنیوی مفاد اس اُمید پر قربان کرنے کے لئے تیار ہو جائیں کہ اُن کا رب اُن سے راضی ہوگا، (4) اور اس دنیا میں نہیں تو آخرت میں بہر حال اُن کی قربانیاں ضائع نہ ہوں گی۔'' (تفہیم جلد اوّل صفحہ 372 حاشیہ 103)

قارئین بتائیں کہ جو اللہ کی خوشنودی کو مدنظر ہی نہ رکھیں، جنہیں اللہ وآخرت پر یقین ہی نہ ہو، جو اپنے مفاد اور کامیابی کے ہر ہر امکان کے پیچھے دوڑیں، بلکہ عین میدان جنگ میں رسوؐل کو دشمنوں میں گھرا ہوا چھوڑ جائیں اور آوازیں سن کر بھی رسوؐل کی طرف پلٹ کر نہ دیکھیں۔ کیا ایسے لوگ رضی اللہ عنھم ہو سکتے ہیں؟ اب سوچئے کہ قرآن نے جن لوگوں پر لعنت کی ہو اُنکو رضی اللہ عنھم لکھنے والے کس مذہب کے لوگ ہو سکتے ہیں؟ اور اللہ کے نزدیک اُس مذہب اور اہل مذاہب کی کیا پوزیشن ہو سکتی ہے؟ بات وہی ہے کہ حکومت اور مال وزر اور تلوار کی طاقت سے اُن ہی لوگوں نے ایک خانہ ساز تاریخ تیار کرائی ۔افسانوں اور خود ساختہ کہانیوں کو احادیث کا نام دیا، قرآن میں معنوی تبدیلیاں کیں اور ایام جاہلیت کے مذہب کو اسلام کے نام سے پھیلا دیا۔ ہر مخالف اور حقیقتِ حال سے واقف افراد اور خاندانوں کو تلوار کے گھاٹ اُتار دیا، ہر بولتی زبان گُدّی سے کھنچوا دی گئی، عورتوں، بچوں اور ضعیفوں پر بھی رحم نہ کیا گیا۔ اُن لوگوں کے خلاف جس ہستیؑ نے سب سے بڑا، مستقل اور کبھی ختم نہ ہونے والا محاذ بنایا اور دنیا میں سب سے بڑی قربانی پیش کی، اُسی نجات دہندہؑ کے حالات کی تمہیدات آپکے سامنے ہیں ۔قرآن کریم نے اُنؑ کی قربانی کا نام ذبح عظیم رکھا ہے۔ وہی بزرگوارؑ ہیں جنکے ہاتھوں مومنین کی تطہیر کا وعدہ پورا ہوا تھا۔ جنہوں نے خبیث مسلمان گروہ کی کثرت کو پاک وطیب مومنین کی قلت سے الگ کیا اور الگ باقی رکھا۔اور ایسا فول پروف (Fool Proof) انتظام کیا کہ دوبارہ مخلوط ومشکوک کرنے کی تمام کوششیں رائیگاں ہوتی چلی گئیں ۔ملعون لوگ گن گن کر الگ کر دئے گئے اور رضی اللہ عنھم الگ ہو گئے۔

(xi)۔ مدینہ میں ایک گھر ہے جہاں اسلامی پالیسی کے خلاف خفیہ مشاورت ہوتی ہے

مکہ سے آنے والے لوگ عموماً ایک ہی علاقہ میں آباد ہوئے تھے۔اور جن کو فوراً جگہ نہ ملی تھی وہ وقت گزرنے پر رفتہ رفتہ پاس پاس آباد ہو گئے تھے۔مکی مسلمانوں یا مدنی مسلمانوں میں اگر کوئی ایسا معاملہ ہوتا جس میں چار آدمی کسی مشورہ کے لئے جمع ہوتے تو سارے شہر میں یہ مشاورت پھیل جاتی تھی ۔لیکن ایک گھر ایسا بھی تھا جہاں جمع ہونے والوں کا پتہ نہ چلتا تھا۔ جہاں حسب ضرورت مسلمانوں کا مخالف محاذ جب چاہتا تھا راتوں کو رسولؐ اللہ کی پالیسیوں کے خلاف مشاورت کرتا رہتا تھا یہی طاغوت کا مرکز تھا، یہیں سے اجتہادی احکام جاری ہوتے تھے، یہیں پر کچھ مہاجرین توریت اور بنی اسرائیل کا اجتہاد سیکھتے تھے۔اور رسوؐل اللہ کو برسرعام توریت پڑھ کر اجتہادی

مسائل پر چلانا چاہتے تھے۔ رسولؐ اللہ کی تجہیز وتکفین کے دن تک یہ مرکز وہیں پوشیدہ رہا۔ اِس کے بعد چوری کی ضرورت باقی نہ رہی۔ اُس گھر اور راتوں کو وہاں مشورے ہوتے رہنے کا ذکر بھی قرآن نے محفوظ کر کے ہم تک پہنچا دیا ہے۔ اور اُس مسلمان گروہ کے بنیادی عقیدہ کا ذکر کر کے اُن کا تعین کر دیا ہے، ارشاد ہے کہ؛

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًاo وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِىْ تَقُوْلُ وَاللّٰهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًاo (النسآء 81-4/80)

جو کوئی الرسولؐ کی اطاعت کرتا ہے یقیناً وہی اللہ کی اطاعت کرتا ہے۔ اور جو بھی الرسولؐ کے خلاف حکومت یا ولایت اختیار کرتا ہے۔ تو ایسے مخالفین پر جبر کرنے والا محافظ آپؐ کو نہیں بنایا گیا۔ یہ لوگ الرّسول کی اطاعت کا اقرار تو کرتے ہیں۔ مگر جب آپ کے پاس سے چلے جاتے ہیں یا الگ ہوتے ہیں تو اُن مسلمانوں میں کی ایک جماعت ایک گھر میں رات کو تمہارے اقوال واعمال اور پالیسیوں کے خلاف منصوبہ ومشاورت سے اپنا عملدرآمد تیار کرتی ہے۔ اور اُنہیں خبر نہیں کہ اللہ کا نظام اُن کے تمام مشوروں اور منصوبوں کو ریکارڈ کرتا جاتا ہے۔ آپ اُدھر توجہ نہ دیں اور اللہ کے انتظام پر بھروسہ کریں اور اللہ ہی بھروسہ کے لئے کافی ہے۔

قارئین نوٹ کر لیں کہ رسولؐ اللہ کے خلاف جو صحابہ رات کو خفیہ مشاورت کر رہے ہیں۔ یہ وہی لوگ ہیں جو رسولؐ اللہ کی حکومت اور اقتدار میں حصہ طلب کرنے کا خفیہ منصوبہ رکھتے تھے (آل عمران 3/154)، یہی لوگ ہیں جن کو شَاوِرْهُمْ فِى الْاَمْرِ (3/159) میں نمایاں کیا گیا تھا، یہی مسلمان ہیں جو کفر کی طرف سرعت سے جا رہے تھے (3/176)، جن کو ڈھیل دی جارہی ہے (3/178)۔ یہی وہ خبیث مسلمان ہیں جن کو طیب مومنین سے الگ کرنے کا وعدہ ہوا ہے (3/179) اور یہی وہ لوگ ہیں جو اسلام میں نظام مشاورت قائم کریں گے۔ اور جن کی آزمائش ان کے قلبی تصورات کے ماتحت کی جائیگی (لِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِىْ صُدُوْرِكُم) (3/154) اور آخر اُس گھر کے افراد اللہ کا مرتب کرایا ہوا ریکارڈ لے کر (نسآء 4/81) بَيْتُ الامامت میں چلے آئیں گے۔

(xii)۔ مخالف مرکز میں مجتہدین اور فقیہانِ کفر کی تعلیمات

جس گھر میں مشوروں اور چھُپ چھُپ کر مسلمانوں کے منصوبے بنانے کا ذکر ہوا ہے۔ وہاں مستقبل کے لئے مسائل گھڑنے والے مجتہد اور فقیہ بھی موجود ہیں جو اُس داخلی محاذ کے لئے اپنے قیاس واستنباط سے قرآن کریم اور احادیث رسوؐل کی تعبیرات کو نیا رُخ دیتے جاتے ہیں۔ اُن کے اجتہادی مسائل سے عوام کا رخ رسولؐ اللہ سے پھرتا جا رہا ہے۔ رسولؐ اللہ کو یہ کہہ کر تسلی دی جارہی ہے کہ:

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِى الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ لَمْ يَاْتُوْكَ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا .... (المآئدہ 5/41)

اے رسولؐ اور متعلقینِ رسولؐ تم سب اُن لوگوں کے عملدرآمد پر رنج نہ کرو جو کفر کی طرف لے جانے میں بڑی تیزی سے کام کر رہے ہیں۔ اور جو اُن لوگوں میں سے ہیں جو دل سے ایمان نہیں لائے مگر زبان سے اقراری ہیں اور جن میں کچھ یہودی بھی ہیں۔ یہ ظاہری مومن اور

یہودی مل کرنظام تکذیب کی تائید کے لئے جاسوسی کرر ہے ہیں۔اور جاسوسی ایک ایسی قوم کی خاطر کرر ہے ہیں جو آپؐ کے پاس کبھی نہیں آئی۔اور جس کا کام یہ ہے کہ کلام خدا و رسوؐل کی معنوی تحریف اس انداز میں کرے جس سے اصل مفہوم اُلٹ کر اُن کے حق میں ہو جائے۔اُس قوم یا پارٹی نے اپنے عوام کو یہ حکم دے رکھا ہے کہ اگر رسوؐل اللہ کے احکامات اُن کے تحریف کردہ مفہوم کے مطابق ہوا کریں تو انہیں اختیار کرکے ان پر عمل کرلیا کرو۔اور اگر رسولؐ کے احکام اُن کے خلاف ہوا کریں تو ترکیب سے بچ نکلا کرو۔

ہم نے اُس قوم کو مجتہد اور فقہا قرار دیا ہے جو قرآن وحدیث میں تحریف کرنے کے لئے جاسوسی کرا رہی ہے اور جس کا حکم ماننا مذکورہ مسلمانوں پر واجب ہے۔یعنی مجتہدین کا یہ گروہ رسولؐ اللہ کے مدِ مقابل اور حریف،جس کے احکام مسلمانوں کے اُس گروہ میں اُسی طرح مانے جاتے ہیں جیسے رسولؐ اللہ کے احکام حقیقی مومنین میں واجب التعمیل ہیں۔اب اِس مجتہد اور فقیہ گروہ کا اثر ورسوخ اور رسولؐ اللہ کے مقابلہ میں انتظام اور قرآن کا وہ لفظ ملاحظہ ہو جس کے معنی ہم نے مجتہدین اور فقہا کئے ہیں۔اللہ نے بتایا ہے کہ وہ مسلمان جو مذکورہ بالا قوم (5/41) کے زیر اثر ہیں اور جاسوسی کرتے رہتے ہیں۔

وَاِذَا جَآءَ هُمۡ اَمۡرٌ مِّنَ الۡاَمۡنِ اَوِ الۡخَوۡفِ اَذَاعُوۡا بِهٖ وَلَوۡ رَدُّوۡهُ اِلَى الرَّسُوۡلِ وَاِلٰٓى اُولِى الۡاَمۡرِ مِنۡهُمۡ لَعَلِمَهُ الَّذِيۡنَ يَسۡتَنۡۢبِطُوۡنَهٗ مِنۡهُمۡ وَلَوۡلَا فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَتُهٗ لَاتَّبَعۡتُمُ الشَّيۡطٰنَ اِلَّا قَلِيۡلًا‏o(نسآء 4/83)

جب اُن کو ایسے احکام معلوم ہو جاتے ہیں۔جن میں امن وامان اور جنگ کا ذکر ہوتا ہے۔تو فوراً اُن کو پبلک میں پھیلا دیتے ہیں۔اس لئے کہ اگر وہ اُن احکام کی وضاحت کرانے کے لئے رسوؐل اللہ اور رسوؐل کے مقرر کردہ حاکموں یا صاحبانِ حکم کے پاس آتے تو اُس گروہ کے اُن لوگوں کو اِس خلاف ورزی کا پتہ لگ جاتا جو اُن کے یہاں استنباط اور استدلال یعنی اجتہاد اور فقاہت پر تعینات ہیں۔اور اگر اللہ نے اپنی رحمت اور فضل سے اُس مسلمان گروہ کی روک تھام کا انتظام نہ کر رکھا ہوتا تو اے حقیقی مومنین تم میں سے چند قلیل تعداد لوگوں کے علاوہ سب نے شیطان کی پیروی اختیار کرلی ہوتی۔

قارئین یہ نوٹ کریں کہ سرکاری طرز کے ترجموں میں لَعَلِمَهُ الَّذِيۡنَ يَسۡتَنۡۢبِطُوۡنَهٗ مِنۡهُمۡ سے اولی الامر علیھم السلام کو مراد لیا گیا ہے اور اگر یہ مراد صحیح مان لی جائے تو پھر رسولؐ اللہ کو بھی شامل کرنا لازم ہوگا۔اسلئے کہ جس دلیل سے اولی الامر کو مراد لیا جائے گا۔اُسی دلیل سے رسولؐ اللہ کو داخل کرنا پڑے گا۔اور رسولؐ اللہ ہوں یا اولی الامر ہوں یا دونوں ہوں،اُنکو استنباط اور اجتہاد اور قیاس اور گمان کی نہ احتیاج تھی نہ اُن کیلئے یہ جائز تھا۔اسلئے کہ جہاں وحی خداوندی ہر لحہ موجود ہو،جہاں روح خداوندی تائید کیلئے ساتھ رہتی ہو وہاں اجتہاد ایسی ملعون و مردود چیز سے کوئی تعلق نہیں ہوسکتا۔لہٰذا وہ مجتہدین وفقہا یہودی طرز فکر کو مسلمانوں میں نافذ کرنے کا مشن چلا رہے تھے۔اور مذکورہ گھر اُن ہی کا اڈہ تھا۔یہی لوگ طاغوت تھے جن سے ہر مسلمان کو کفر کرنے کا حکم دیا گیا تھا(بقرہ 2/256 اور نسآء 4/60)۔یہی لوگ تھے جنھوں نے اسلام کے ہر حکم کو تبدیل کرکے اسلام کے نام پر کفر کو دوبارہ جاری کیا تھا۔اور آج تک جاری ہے۔یہی مذہب ہے جس میں رسوؐل کو محض بشر کہا جاتا ہے۔نور کا انکار کیا جاتا ہے۔اُنؐ سے غلطیاں سرزد ہونا مانا جاتا ہے۔اور رسوؐل کے واضح احکام اور قرآن کی واضح آیات کے مقابلہ میں قومی وملکی اور طاغوتی مصلحتوں کو مدنظر رکھ کر فیصلہ کرلیا جاتا ہے اور مثلاً کہہ دیا جاتا ہے کہ:۔

''جب اسلام کمزور تھا اب طاقتور ہے لہٰذا مولفۃ القلوب کا حصہ بند کیا جاتا ہے۔'' (وغیرہ وغیرہ)

لیکن قرآن میں یہ اور اس قسم کے کئی احکام موجود ہیں مگر حکومت نے اُن کو معطل کر دیا ہے۔ بر سرِ عام اُسی مسجد نبوی میں کہا گیا کہ:۔ ''دو متعہ زمانہ رسولؐ اور خلیفہ اوّل کے زمانوں میں حلال تھے۔ میں اُن کو حرام کرتا ہوں۔ جو عورتوں سے متعہ کرے گا میں اُسے سنگسار کروں گا۔''

پھر حکومت کے طرفدار لوگ طرح طرح کی تاویلیں اور فریب سازیاں کر کے کثرت کو ورغلاتے اور دھوکہ دیتے چلے آئے ہیں۔

(xiii)۔ یہی مسلمان گروہ کافروں اور منافقوں کا دوست تھا

چونکہ مسلمانوں کے گروہ کو کفارِ قریش اور یہود و نصاریٰ کے علما کا تعاون حاصل تھا اسلئے یہ مسلمان کفار اور منافقین کے معاملہ میں دوستی اور رواداری لازم سمجھتے تھے۔ اور اُن کے خلاف رسولؐ اللہ سے تعاون نہ کرتے تھے۔ لہٰذا اللہ نے مسلمانوں کی اُن دونوں اقسام کا ذکر کر کے یہ بتا دیا کہ حقیقی مسلمانوں کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کا ایک گروہ منافقین کے ساتھ مل کر اپنا منصوبہ چلا رہا ہے۔ لہٰذا فرمایا گیا کہ؛

فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا o وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا o (نسآء 89-4/88)

تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ منافقین کے معاملہ میں تم دو گروہ بن کر رہ گئے ہو؟ حالانکہ اللہ نے اُن کے مخالفانہ کاروبار کی وجہ سے اُنہیں کفر کی طرف پلٹا دیا ہے۔ کیا تم یہ ارادہ کر رہے ہو کہ جسے اللہ نے گمراہ کر دیا ہو یا جسے اللہ ہدایت نہ کرے، اُسے تم ہدایت کر سکو گے۔ سنو کہ جسے اللہ ہی گمراہ کر دے اُس کو تم راہ راست پر نہیں لگا سکتے۔ کیا تمہیں اُن کی مودّت و محبت اس قدر ہے کہ تم بھی اُن ہی کی طرح کفر اختیار کر لو۔ پھر تو تم بالکل اُن کے مساوی ہو جاؤ گے۔ اگر ہو سکتا ہے تو کم از کم اُنہیں اپنا ہمدرد حاکم تو نہ بناؤ یہاں تک کہ وہ اللہ کی راہ میں ہجرت تو کر دکھائیں۔ لیکن اگر وہ اس کے باوجود ولایت قائم کرنے میں کوشاں ہوں تب تو جہاں بھی اُنہیں پاؤ پکڑ کر قتل کر دیا کرو اور یہ نہیں کر سکتے تو اِسی قدر کر لو کہ اُن میں سے کسی کو بھی اپنا ہمدرد حاکم یا مددگار نہ بنایا کرو۔

جن مسلمانوں کا یہاں ذکر کیا گیا ہے وہ منافق نہیں بتائے گئے۔ بلکہ مسلمانوں کا دوسرا گروہ قرار پائے۔ ہم اُسی گروہ اور اُس کے لیڈروں کا تذکرہ کرتے ہوئے آرہے ہیں۔ یہ لوگ نہ ضعیف الایمان ہیں، نہ کمزور ہیں، نہ کسی فریب میں مبتلا ہیں۔ بلکہ یہ وہ مسلمان ہیں جو ہدایت کاری اور تبلیغ میں اللہ کے انتظام سے بھی زیادہ اچھا انتظام کرنے کی فکر میں ہیں۔ اور بصیرت کی روشنی میں مسلمانوں کے دوسرے گروہ سے خود کو عقلمند سمجھتے ہیں۔ اور سوچ سمجھ کر منافقوں کے ساتھ مودت و محبت اور رابطہ رکھتے ہیں۔ اُن کو اپنے جیسا مسلمان بنا سکنے کا یقین رکھتے ہیں۔ یعنی یہ کہ اسلام اور اُس کے قوانین کو سارے عربوں کے لئے مفید اور قابل قبول بنا دینا، حکومت الٰہیّہ کی جگہ قومی حکومت قائم کر دینا، اور ظاہری دشمنی کو خیر باد کہہ کر محض منصوبے کا بدل لینا اُس مقصد کو بھی حاصل کر لیتا ہے جو کافروں اور منافقوں کا مقصد ہے۔ کوئی ضروری نہیں ہے کہ جنگ وجدل کیا جائے۔ رسوؐل کو خاموشی اور پرامن طریقہ سے شکست ہو جائے تو کیوں دردسر مول لیا جائے؟ یہ

پہلو جس جس منافق اور کافر کی سمجھ میں آتا جاتا ہے وہ بخوشی اُسی قسم کے اسلام میں داخل ہوتا جاتا ہے۔ یہ تھا ہدایت کا وہ طریقہ جو اللہ و رسولؐ کے یہاں نہ تھا اور اس لئے مسلمانوں کا یہ گروہ کافروں اور منافقوں سے زیادہ اُمیدیں رکھتا تھا۔ اور اُن کے تعاون سے قومی وملکی ولایت وحکومت میں تعاون چاہتا تھا۔ اور دن رات اس مسلمان گروہ کا حلقۂ تبلیغ اور اثر ورسوخ بڑی سرعت سے پھیلتا جارہا تھا۔ اسی سرعت اور اثر انگیزی کو یُسَارِعُوْنَ فِی الْکُفْرِ (آلِ عمران 3/176) فرمایا گیا جس سے رسولؐ کو فکر وملال ہوتا ہے۔ یہاں اِس گروہ کے منصوبہ کا لب لباب دو دفعہ یہ کہہ کر بتایا کہ تم منافقوں میں سے اَولیا اور وَلی نہ بنانا۔ یعنی اللہ جس چیز کو سب سے زیادہ بُرا قرار دیتا ہے اور مسلمانوں کا وہ گروہ جس مقصد کو سب سے زیادہ مدنظر رکھتا ہے وہ خدا ورسولؐ کے خلاف ولایت وحکومت کا قیام ہے۔ بتایئے مسلمانوں کے اُس گروہ کے وجود اور اُن کے مقاصد پر اس سے زیادہ اور کونسا ثبوت قرآن سے درکار ہے؟

(xiv)۔ خانۂ طاغوت، خفیہ میٹنگ، رسولؐ اللہ کو اپنا ہم نوا بنانے کی کوشش

جس نظامِ اجتہاد اور طاغوت کے طرفدار مسلمانوں کا تذکرہ ہورہا ہے۔ وہ ظواہر شریعت کی آڑ لے کر اس انداز میں مسائل و معاملات کو پیش کرتے ہیں کہ رسولؐ اللہ کے بیانات سے عام مسلمانوں کو یہ محسوس ہونے لگتا ہے کہ وہ گروہ حق پر ہے۔ حالانکہ آپؐ محض اُس گروہ کے خیالات کو الفاظ کی صورت میں زبان پر جاری کرانے کیلئے ایسا رویہ اختیار کرتے ہیں۔ تاکہ عوام الناس اُن مسلمانوں کی چالاکیوں سے واقف ہو کر اُن سے ہوشیار رہیں۔ اور آیت پڑھ کر اُن لوگوں پر اتمام حجت بھی کردیں۔ اور اُنہیں یہ موقعہ بھی نہ ملے کہ ہمیں تو سرے سے نظر انداز کر رکھا ہے۔ ہماری بات ہی سننا گوارا نہیں ہے۔ چنانچہ آپ اُس گروہ کو بحث واظہار خیال کا پورا موقع دیتے ہیں۔ اور اُنکے موقف کی تائید میں اِس حد تک جاتے ہیں کہ عدالت وانصاف کی حد ہوجائے اور خود اللہ فرمادے کہ آپ نے اس خیانت کار گروہ کی طرف سے کافی وکالت کرلی ہے (نسآء 4/105) اور اس حد تک طرفداری دکھادی ہے کہ آپ کو اُن کیلئے جھگڑا کرنے والا کہا جاسکے (نسآء 4/107)۔ مگر اب اصل حقیقت بتادو کہ؛

> یَّسۡتَخۡفُوۡنَ مِنَ النَّاسِ وَ لَا یَسۡتَخۡفُوۡنَ مِنَ اللّٰہِ وَ ہُوَ مَعَہُمۡ اِذۡ یُبَیِّتُوۡنَ مَا لَا یَرۡضٰی مِنَ الۡقَوۡلِ وَ کَانَ اللّٰہُ بِمَا یَعۡمَلُوۡنَ مُحِیۡطًا o ہٰۤاَنۡتُمۡ ہٰۤـؤُلَآءِ جٰدَلۡتُمۡ عَنۡہُمۡ فِی الۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا فَمَنۡ یُّجَادِلُ اللّٰہَ عَنۡہُمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ اَمۡ مَّنۡ یَّکُوۡنُ عَلَیۡہِمۡ وَکِیۡلًا ۔ (النسآء 109-4/108)

مسلمانوں کا یہ راہنما گروہ انسانوں سے تو اپنا منصوبہ چھپا سکتا ہے مگر اللہ سے تو نہیں چھپا سکتا۔ اِس لئے کہ اللہ تو اُن کے ساتھ اُس گھر میں بھی موجود ہوتا ہے جہاں یہ مسلمان راہنما راتوں کی تاریکی میں اللہ کی مرضی کے خلاف پوشیدہ منصوبہ سازی کرتا ہے۔ اور اللہ تو جو کچھ بھی وہ کرتے ہیں اُس پر احاطہ رکھتا ہے۔ چلو یہاں دنیا میں تو یہ مسلمان گروہ اپنے راہنماؤں کی طرفداری میں جھگڑتا رہے گا۔ مگر یہ تو بتائیں کہ قیامت میں اللہ کے روبرو اُن کی طرفداری میں کون جھگڑے گا یا یہ کہ کون اللہ کے سامنے اُن کا وکیل بنے گا؟

یہاں یہ بات بھی واضح ہوگئی کہ قیامت تک اُن مجتہدین یا اُن طاغوتی راہنماؤں کی طرفداری کرنے والے مسلمان موجود رہیں گے۔ مگر قیامت کے دن وہ سب جہنمی ہوں گے۔ یہاں مسلمان یہ سوچیں کہ مسلمانوں کے کون سے فرقے کے راہنما ایسے لوگ ہیں جن کا ذکر

یہاں ہوا ہے۔ظاہر ہے کہ علیؑ واولادِ علی علیہم السلام والے راہنماؤں کے لئے تو تمام مسلمانوں کا اتفاق ہے کہ وہ خود جنتی ہیں اور اُمت کو جنتی بنانے کا مشن رکھتے تھے۔اُن کے علاوہ کچھ اور لوگ ہیں جو راہنما بن گئے یا بنا لئے گئے۔اُن کا پتہ لگانا اور اُن سے الگ ہو جانا اُمت کے ہر فرد پر واجب ہے۔ورنہ عاقبت بخیر نہیں۔یہ بھی نوٹ کرلیں کہ یہ راہنما، نزولِ قرآن کے دوران والے لوگ ہیں۔یہ بھی واضح رہے کہ ہمارے زیرِ نظر عنوان میں جس قدر آیات کے حوالے دیئے گئے ہیں اُن کا تعلق مصدقہ طور پر مسلمانوں سے ہے۔چنانچہ علامہ مودودی بھی اپنے حاشیہ نمبر 143-140 میں جو کہانی لکھتے ہیں اس میں بھی تصدیق ہو جاتی ہے کہ یہ پورا رکوع مسلمانوں کی شان میں ہے۔
(تفہیم القرآن۔جلد اوّل صفحہ 397-393)

(xv)۔ فضلِ عظیم اور لامحدود علم نے رسولؐ اللہ کو عرب دانشوروں سے بچالیا

قرآن کریم یہ بتاتا ہے کہ؛ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکَ وَرَحْمَتُہٗ لَھَمَّتْ طَّآئِفَۃٌ مِّنْھُمْ اَنْ یُّضِلُّوْکَ وَمَا یُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَھُمْ وَمَا یَضُرُّوْنَکَ مِنْ شَیْءٍ وَاَنْزَلَ اللّٰہُ عَلَیْکَ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَۃَ وَعَلَّمَکَ مَا لَمْ تَکُنْ تَعْلَمُ وَ کَانَ فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکَ عَظِیْمًاo لَا خَیْرَ فِیْ کَثِیْرٍ مِّنْ نَّجْوٰھُمْ.... (النسآء 114-4/113)

اگر اللہ نے رسولؐ اللہ کو اپنے فضلِ عظیم اور ہمہ گیر رحمت کے حصار میں نہ رکھا ہوتا تو دانشورانِ عرب نے آپؐ کو اپنا ہمنوا بنا کر گمراہ کر دیا ہوتا۔لیکن اللہ کا انتظام ہی ایسا ہے کہ وہ رسولؐ اللہ کو گمراہ کرنے اور اُن کی تحریک کو نقصان پہنچانے کے بجائے خود ہی گمراہی اور نقصان میں پھنستے چلے گئے۔پھر یہ بتایا گیا کہ ہم نے تمہارے اوپر اپنی کتاب اور حکمت نازل کی ہے اور تمہیں اُن تمام چیزوں کی تعلیم دی ہے جن کا آپؐ کو علم نہ تھا۔لہٰذا اُن مسلمانوں کی سرگوشیوں میں ذرہ برابر خیر واصلاح نہیں ہے۔

یہاں دو باتیں نوٹ کرنے کی ہیں کہ مجتہدین کا زیرِ نظر گروہ اپنی اسکیم کو حق کے اس قدر قریب لا کر پیش کر رہا تھا کہ مندرجہ بالا خدائی انتظام کے بغیر اُس کو قبول کرنا لازم تھا۔لہٰذا عوام الناس، جو اللہ کے اُس بے پناہ علم وکتاب وحکمت اور فضلِ عظیم کے حصار میں نہیں ہوتے، اُن کا محفوظ رہ جانا ناممکن تھا۔اسلئے مسلمانوں کی کثرت کو مجتہدین کا ہمنوا ماننا پڑیگا۔اور یوں بھی مسلمانوں کی کثرت کو اللہ نے قرآن میں یہی مقام دیا ہے۔اِسی اصول پر یہ بھی سمجھنا ہوگا کہ جو لوگ رسولؐ کے زمانہ میں باطل کو حق بنا کر پیش کرنے میں اِس قدر مشّاق ہوں کہ (معاذ اللہ) رسوؐل کو گمراہ کر سکنے کی امید پیدا کرلیں، وہ یقیناً اپنی آزادی اور اقتدار وحکومت کے زمانہ میں ایسا انتظام ضرور رکھیں گے کہ اُنکے منصوبے کی ہر بات قرآن وحدیث سے ثبوت حاصل کر سکے۔لہٰذا وہ تمام کہانیاں اور وہ سب روایات جو رسولؐ اللہ کے نام سے بیان کی گئی تھیں اور جو قرآن کے خلاف اور اُس گروہ کے حق میں ہوں ناقابلِ قبول ہیں۔جو زندگی میں (معاذ اللہ) رسوؐل کو گمراہ کرنا چاہتے ہوں وہ انتقال کے بعد بھی آنحضرتؐ کو (معاذ اللہ) گمراہ بنا کر پیش کریں تو کیا تعجب ہے؟ لہٰذا ہر حدیث کا اُس طرزِ فکر کی روشنی میں جانچنا لازم ہے۔مثلاً اُس گروہ کا مسلمانوں میں موجود ہونا اور آخر تک موجود رہنا ثابت ہے۔لہٰذا ہر وہ قول غلط اور اُس گروہ کی تائید میں ہوگا جس قول کا مطلب یہ ہو کہ رسوؐل کی وفات کے وقت کے تمام لوگ عادل یا قابلِ عزت تھے۔اس لئے کہ ایسا کہنے والا قرآن کی تکذیب کرتا اور گمراہ ہے۔مطلب یہ ہے کہ مسلمانوں کے مذکورہ گروہ کے یہاں اُن احادیث کا موجود ہونا لازم ہے جن سے یہ ثابت ہو

جائے کہ (معاذ اللہ) رسولؐ اللہ گمراہ تھے۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ گروہ برسرعام رسولؐ اللہ کی موجودگی میں سرگوشیاں کرتا رہتا تھا۔ اللہ نے بتایا کہ اُس گروہ کے افراد کی سرگوشیوں میں کسی مقدار میں بھی خیر اور نیکی نہیں ہوتی۔ یعنی یہ خفیہ نظام محض شر و فساد کا حامل ہے۔ اس گروہ کیلئے علامہ مودودی کے ترجمہ کے ساتھ ایک اور آیت ملاحظہ ہو جس سے اُن سرگوشیوں اور دُزدیدہ نگاہوں کا مقصد معلوم ہوگا۔

وَاِذَا مَآ اُنزِلَتْ سُورَۃٌ نَّظَرَ بَعْضُھُمْ اِلٰی بَعْضٍ ھَلْ یَرٰ ىكُم مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ
انْصَرَفُوْا صَرَفَ اللّٰہُ قُلُوبَھُمْ بِاَنَّھُمْ قَوْمٌ لَّا یَفْقَھُوْنَo (توبہ 9/127)

”جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو یہ لوگ آنکھوں ہی آنکھوں میں ایک دوسرے سے باتیں کرتے ہیں کہ کہیں کوئی تم کو دیکھ تو نہیں رہا ہے۔ پھر چپکے سے نکل بھاگتے (کھسک جاتے) ہیں۔ اللہ نے اُن کے دل پھیر دئے ہیں کیونکہ یہ ناسمجھ لوگ ہیں۔“ (تفہیم القرآن۔ جلد دوم صفحہ 254)

سرگوشی اور آنکھ مٹکا کرنے والوں کو چھوڑ کر آپ اُس گروہ کے علامہ کا حال دیکھیں کہ آیت میں انصَرَفُوا۔ اور صَرَفَ ایک ہی مصدر سے آنے والے الفاظ ہیں۔ مگر اردو میں بالکل غلط مصدروں کا ترجمہ رگڑ دیا۔ بتایئے؟ نکلنا، بھاگنا، اور پھیرنا کا آپس میں کیا معنوی رشتہ ہے۔ اس قدر محتاط لوگوں کا مجمعِ عام سے گھبرا کر نکلنا اور بھاگنا ممکن ہی نہیں ورنہ راز داری کہاں رہے گی۔ کہنا یہ چاہئے تھا کہ ”چپکے سے کھسک جاتے ہیں، اللہ نے اُنکے قلوب کو کھسکا رکھا ہے، وہ اللہ کے اِس انتظام کو سمجھ سکنے والی قوم نہیں ہے۔“

مگر علامہ عربوں کو بے وقوف اور جاہل ثابت کرنے میں اپنے مذہب کا تحفظ سمجھتے ہیں۔ جو لوگ نظروں ہی نظروں میں پوری اسکیم ایک دوسرے کو ٹھیک ٹھیک پہنچا دیں، وہ لوگ علامہ کے نزدیک ناسمجھ لوگ ہوتے ہیں، اللہ مولانا کو عقل عطا کرے۔

(xvi)۔ رسولؐ اللہ کو اجتہاد پر آمادہ کرنا، قرآن سے ہٹانا، دستورِ جاہلیت پر چلانا

قرآن بار بار دانشورانِ عرب کی اُن کوششوں کا تذکرہ کرتا ہے جن سے اجتہادی علما رسولؐ اللہ کو بھی اجتہاد پر آمادہ کرنا چاہتے تھے تاکہ وہ حضرتؐ کسی طرح قرآن کے بعض احکام سے ہٹ کر اُن مسلمانوں کے آباؤ اجداد کے طریقہ کو بھی شامل کرلیں؛

وَاَنِ احْکُمْ بَیْنَھُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ وَلَا تَتَّبِعْ اَھْوَآءَ ھُمْ وَاحْذَرْھُمْ اَنْ یَّفْتِنُوْکَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ
اِلَیْکَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ اَنْ یُّصِیْبَھُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِھِمْ وَاِنَّ کَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَo
اَفَحُکْمَ الْجَاھِلِیَّۃِ یَبْغُوْنَ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰہِ حُکْمًا لِّقَوْمٍ یُّوْقِنُوْنَo (مائدہ 5/49-50)

چنانچہ فرمایا کہ آپؐ کو چاہئے کہ مسلمانوں کے درمیان اللہ کے نازل کردہ احکام سے احکام جاری کریں اور مسلمانوں کی مصلحتوں اور خواہشوں کی پیروی نہ کیا کریں۔ اور مسلمانوں سے بچ کر رہیں۔ ایسا نہ ہو کہ وہ تمہیں چکر دے کر اللہ کے بعض نازل کردہ احکام سے موڑ لے جائیں۔ اِس پابندی کے باوجود بھی اگر وہ اپنا تصورِ ولایت برقرار رکھیں تو یہ جان لو کہ اُن کے بعض گناہوں کی پاداش میں اللہ نے ارادہ کرہی لیا ہے کہ اُن کو نتائج کی مصیبت سے دوچار کردے۔ اور یقیناً اِن مسلمان لوگوں کی کثرت فاسق یعنی بے لگام ہے۔ کیا یہ مسلمان ہو کر جاہلیت کا دستور و قانون نافذ کرانا چاہتے ہیں۔ حالانکہ اللہ کے احکام سے

اچھے احکام دینا کسی کے بس کی بات نہیں۔مگر یہ بات تو صاحب یقین وایمان قوم کے لئے ہے۔

معلوم ہوا کہ مذکورہ قسم کے مسلمان دانشور قرآن کے بعض احکام میں اصلاح کی کوشش جاری رکھے ہوئے تھے تاکہ عرب تمدن وتہذیب محفوظ رہے اور قرآن کو ملکی وقومی تحفظ کا آلۂ کار بنالیا جائے۔اگر بعد والوں کے مذہب میں استحسان اوراستصحاب اور تمام مصالح ملکی وقومی اور مفاد عامہ کو بنیاد بنا کر کسوٹی کے طور پر استعمال کیا گیا ہو تو ہم نہایت اطمینان سے سابقین وآخرین کے مذہب کو قرآن کے خلاف قرار دینے میں حق بجانب ہیں۔اور یہ بھی صحیح ہے کہ جن لوگوں کا تذکرہ ہورہا ہے وہ منافق نہ تھے بلکہ اُسی قسم کے مسلمان تھے جو بعد میں برابر اُن ہی کے مذہب پر چلتے رہے ہیں۔قارئین نوٹ کرلیں کہ جنگ اُحد کے بعد اور جنگ خندق سے پہلے پہلے مجتہدین کے ساتھ مسلمانوں کی کثرت شامل ہوچکی تھی۔اب سوچئے کہ مجتہدین کی روزافزوں کوشش نے چار(4)ہجری سے گیارہ(11)ہجری تک سات سال میں کس قدر غلبہ حاصل کرلیا ہوگا؟

(xvii)۔ اُن صحابہؓ کو منافق کہنا سازش ہے وہ مسلمان تھے

دراصل ہر وہ شخص خود منافق ہے جو نزول قرآن کے دوران والے مسلمانوں کو منافق کہتا ہے۔قرآن کریم بار باراور باصرار وتکرار اُن صحابہ کو مسلمان کہتا چلا آرہا ہے جو اپنے دلوں میں اجتہاد کو تنفیذ قرآن کا بہترین ذریعہ سمجھتے تھے،وہ وہی عقیدہ رکھتے تھے جس پر بعد کی حکومتیں اور آج کے مذہب کی کثرت عمل پیرا رہی ہیں۔جو رسولؐ کی بشری غلطیوں سے احکام خداوندی کو محفوظ رکھنا چاہتے تھے۔وہ چاہتے تھے اور آج تک یہی چاہا جاتا رہا ہے کہ رسولؐ اللہ ہر آیت مسلمان دانشوروں کے سامنے تلاوت کردیں۔اور پھر اُس آیت کے منشا اور مراد کے تعین اور عملی تنفیذ کے لئے اُن صحابہ سے مشورہ کریں اوراجتماعی بصیرت کے فیصلے کو نافذ کرتے رہیں۔آج کسی کی مجال نہیں ہے کہ وہ یہ کہہ سکے کہ اُن صحابہ کا یہ مقصد نہ تھا۔یا یہ کہ یہ طریقہ باطل ہے۔آج تو ماشاءاللہ مسلمانوں کی کثرت کے یہاں رسولؐ کی دو حیثیتوں پر اتفاق ہے۔ذاتی حیثیت،(معاذاللہ)جس میں نہ صرف غلطی کا امکان تھا بلکہ غلطیوں کا سرزد ہونا اور غلطیوں کی فہرست پر بھی سب متفق ہیں۔بس وہ صحابہ دینی ہمدردی کے ماتحت رسولؐ کے ہر ہر فیصلہ کو قبول کرنا نہ چاہتے تھے۔جب تک یہ یقین نہ ہوجائے کہ وہ فیصلہ وحی کے حکم سے کیا گیا ہے یا ذاتی حکم سے۔یعنی وہ رسولؐ کی ذاتی اطاعت وتعمیل واتباع کے قائل نہ تھے۔لہٰذا قرآن نے اُس ذہنیت کی مسلسل مذمت کی ہے۔مذمت سے گھبرا کر یہ سازش کی گئی کہ ہر مذمت کو منافق اور کفارو یہود کے سر چپکا دیا جائے۔اور قرآن کے اُن مسلمان صحابہ کو جن کی مسلسل اور مستقل مذمت ہوئی ہے،الگ کرلیا جائے یا مشکوک کردیا جائے مگر عمل اُن ہی کے مذہب پر کیا جائے۔لیکن قرآن کریم اُن دونوں،یعنی لیڈروں اور پیروؤں کو باطل پرست کہتا ہے۔اُس سازشی گروہ کو چیلنج کردیں کہ اب لکھی جانے والی آیات سے خود کو یا اُن مسلمانوں کو بچانے کی کوشش کریں۔یہاں بات ہی اَے مومنین کہہ کر شروع کی جارہی ہے۔اور وہ تمام صفات بیان ہورہی ہیں جو آج کی کثرت کو پسند ہیں۔

(xviii)۔ مومنین یہود ونصاریٰ والی ولایت کے قیام سے الگ رہیں

سنئے ارشاد ہے کہ:۔ يَـٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَآءَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ

مِنۡهُمۡ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهۡدِی الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِیۡنَ o فَتَرَی الَّذِیۡنَ فِیۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ یُّسَارِعُوۡنَ فِیۡهِمۡ یَقُوۡلُوۡنَ نَخۡشٰۤی اَنۡ تُصِیۡبَنَادَآئِرَةٌ فَعَسَی اللّٰهُ اَنۡ یَّاۡتِیَ بِالۡفَتۡحِ اَوۡ اَمۡرٍ مِّنۡ عِنۡدِهٖ فَیُصۡبِحُوۡا عَلٰی مَاۤ اَسَرُّوۡا فِیۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ نٰدِمِیۡنَ o وَیَقُوۡلُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَهٰۤؤُلَآءِ الَّذِیۡنَ اَقۡسَمُوۡا بِاللّٰهِ جَهۡدَ اَیۡمَانِهِمۡ اِنَّهُمۡ لَمَعَکُمۡ حَبِطَتۡ اَعۡمَالُهُمۡ فَاَصۡبَحُوۡا خٰسِرِیۡنَo(المآئدة 53-5/51)

اے وہ لوگو جو ایمان لا چکے ہو۔تم یہود و نصاریٰ والی حکومت قائم نہ کرنا۔اِس لئے کہ اُن کا طرز حکومت و ولایت اُن ہی کے لئے ہوسکتا ہے۔اور تم میں سے جو اُنہیں یا اُن کی طرز حکومت کو اپنائے گا وہ یقیناً یہود و نصاریٰ ہی کے ساتھ شمار ہوگا۔یقیناً اللہ اُس قوم کو ہدایت نہیں کرتا جو ظالمین کی ولایت و امامت کی قائل ہو۔چنانچہ آپؐ اُن مومنین کو برابر دیکھ رہے ہیں جن کے دلوں میں ظالمین کی ولایت و امامت بیماری بن کر رہتی ہے کہ وہ اُسی مذمومہ ولایت میں کوشاں ہیں۔اور کہتے ہیں کہ ہم اُس تصور کی خلاف ورزی سے اس لئے خشیة میں مبتلا رہتے ہیں کہ ولایت و امامت کے بارہ (12) موعودہ چکروں اور بھنور میں نہ پھنس جائیں۔اَے نبیؐ ہمارا حکم اور کامل فتح جس روز ظہور کریں گے تو یہ لوگ جس طرز حکومت اور مذہب کو اپنے اندر بطور راز محفوظ رکھے ہوئے تھے۔اُس کے قائم کرنے پر نادم ہو کر صبح کریں گے۔اور اُس روز تمام مومنین بیک زبان پکار اٹھیں گے کہ کیا یہ وہی عہد رسولؐ والے مسلمان ہیں جو بڑے زور شور سے یہ عہد کیا کرتے تھے کہ وہ حقیقتاً ہمارے ساتھی مومن ہیں؟ اُس روز اُنکے تمام اعمال تباہ ہو کر انہیں خسارہ کی مبارکباد ملے گی۔(بات مسلسل جاری ہے)

(xix)۔ ولایت وخلافت الٰہیہ کا منکر مرتد ہے۔وہ قوم جس کا ہر فرد محبوبِ خدا ہے

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا مَنۡ یَّرۡتَدَّ مِنۡکُمۡ عَنۡ دِیۡنِهٖ فَسَوۡفَ یَاۡتِی اللّٰهُ بِقَوۡمٍ یُّحِبُّهُمۡ وَیُحِبُّوۡنَهٗۤ اَذِلَّةٍ عَلَی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ اَعِزَّةٍ عَلَی الۡکٰفِرِیۡنَ یُجَاهِدُوۡنَ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰهِ وَلَا یَخَافُوۡنَ لَوۡمَةَ لَآئِمٍ ذٰلِکَ فَضۡلُ اللّٰهِ یُؤۡتِیۡهِ مَنۡ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ oاِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰهُ وَرَسُوۡلُهٗ وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوا الَّذِیۡنَ یُقِیۡمُوۡنَ الصَّلٰوةَ وَیُؤۡتُوۡنَ الزَّکٰوةَ وَهُمۡ رٰکِعُوۡنَ o وَمَنۡ یَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا فَاِنَّ حِزۡبَ اللّٰهِ هُمُ الۡغٰلِبُوۡنَ o یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِیۡنَ اتَّخَذُوۡا دِیۡنَکُمۡ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡکِتٰبَ مِنۡ قَبۡلِکُمۡ وَالۡکُفَّارَ اَوۡلِیَآءَ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنۡ کُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِیۡنَo(المآئدة 57-5/54)

اے مخصوص عقیدے والے مسلمانوں،تم میں سے جو کوئی ولایت خداوندی سے مذہباً مرتد ہو جائے تو سمجھ لے کہ عنقریب اللہ ایک ایسی قوم کو سامنے لانے والا ہے کہ جسے اللہ محبوب رکھتا ہے اور وہ قوم اللہ کو محبوب رکھتی ہے۔جو مومنین کے لئے خود کو ذلتوں میں ڈال دے اور کافروں پر عزت کی دھاک بٹھا دے۔جو کسی کی ملامت سے نہ ڈرے اللہ کی راہ میں کامیاب جنگ کرے۔یہ صفات اور مرتبہ جو اُس قوم کا ہے اللہ کا فضل ہے، جو اُن ہی کو ملتا ہے جو مشیت خداوندی میں روز ازل سے اُس کے لئے مقرر ہو۔اور سنو کہ اللہ و رسولؐ اور مذکورہ مومنینؑ کے علاوہ تمہارا کوئی ولی و حاکم نہیں ہوسکتا۔وہ مومنین وہ حضراتؑ ہیں جو نماز کو قیام بخشتے ہیں اور حالتِ فقر و فاقہ اور ناداری میں زکوٰۃ دیتے ہیں۔یا اپنی پاکیزگی کو برقرار رکھنے کی مسلسل کوشش میں نادار و بے سرمایہ رہتے ہیں۔اور سنو کہ جو کوئی اُن مومنین کو اپنا ولی و والی و حاکم بنائے جن کی ولایت، ولایتِ خدا اور رسولؐ ہوتی ہے، وہی گروہ اللہ کا گروہ ہوتا ہے۔اور گروہ خداوندی ہمیشہ غالب رہتا ہے۔چنانچہ اے مومنین اِس صورت حال کو سمجھ لینے کے بعد اب تم کفار یا سابقہ اہل کتاب میں سے اُن لوگوں کو ولی و حاکم نہ بنا لینا جو تمہارے مذکورہ بالا

دین کو مذاق اور تفریح کہتے ہوں۔ اور اگر تم واقعی مومنین ہو تو تم اُن کی حکومت کو تقویٰ اور پارسائی کے خلاف سمجھنا۔

یہاں رک کر تمام علما سے دریافت کریں کہ:۔

(i) 3 ہجری یا 4 ہجری کے بعد وہ کون سی قوم تھی جو 3و4 ہجری کے وقت تک موجود نہ تھی اور جس کا ہر فرد محبوب خدا تھا؟

(ii) جس کا جہاد مسلسل جاری رہا اور جس کا ہر فرد مومنین کی عزت بحال رکھنے کے لئے اپنی ذلت کی پرواہ نہ کرتا تھا؟

(iii) جو کافروں کے مقابلے میں ہمیشہ عزت واحترام کا حقدار رہتا رہا اور جس کو پابندی دین کے لئے ملامت کی جاتی رہی۔ لیکن اُس نے ملامت کرنے والوں کی پرواہ کئے بغیر اپنے دین کی اطاعت جاری رکھی؟

(iv) پھر وہ کون لوگ تھے جنھوں نے حاکم بن کر اسلام کو مذاق بنادیا؟

(v) وہ کون سا گروہ ہے جس کا دین ہمیشہ غالب رہا؟ اور اُن کو ساری دنیا کے عقلا اور باضمیر انسان ہمیشہ حزب اللہ سمجھتے رہے اور اُن کے تمام مخالفوں کو ساری دنیا نے غلط کار اور شیطانی گروہ قرار دیا؟

سنو اور یاد رکھو کہ میدان کربلا کے علاوہ کبھی ایسی قوم صفحہ ہستی پر نظر نہیں آئی جس میں مندرجہ بالا صفات بحیثیت مجموعی موجود ہوں۔ یہ بھی نوٹ کیا ہوگا کہ ہم نے یہاں راکعون کے مصدری معنی کئے ہیں۔ اور یہ ہمارا مستقل طریقہ اور اصرار ہے کہ مصدری معنی کئے جائیں۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ جو لوگ نماز قائم کرتے ہوں وہ رکوع ضرور کریں گے۔ لہٰذا الگ سے صرف رکوع کا ذکر کرنا اور اُس رکوع کو والیانِ اسلام کی شناخت بتانا ایک تکلف ہے جس کی ضرورت ہی نہیں۔ اس سے بہتر صورت تو یہ تھی کہ فرمایا جاتا کہ:۔

1۔ والذین آمنوا الذین یُوتون الزکوٰۃ فی الصلوۃ۔

وہ صاحبان ایمان لوگ جو لوگ کہ نماز کے دوران زکاۃ دیتے ہیں۔ یا

2۔ والذین آمنوا الذین یُوتون الزکوٰۃ و ھم یصلُّون۔

وہ صاحب ایمان لوگ جو لوگ کہ نماز پڑھتے ہوئے زکاۃ دیتے ہیں۔

لیکن ہمارے ترجمہ سے کسی تبدیلی، تحریف اور تکلف کے بغیر وہ تمام راستے خود بخود بند ہو جاتے ہیں جو ولایت معصومینؑ کے مخالف گروہ نے اس آیت کے ترجمہ و تاویل میں اختیار کئے ہیں۔ اور جو معنی ہم نے کئے ہیں، اُدھر وہ لغت اور قواعد کی رو سے سو فیصد صحیح ہیں۔ اِدھر تاریخ اور حالاتِ آئمہ معصومین علیھم السلام کے عین مطابق ہیں۔ یعنی جو زکوٰۃ کی خاطر سال کے سال نادار رہتے ہیں، نہ کہ سال بھر حقداروں کو محروم رکھ کر مال جمع کر کے سال کے بعد زکوٰۃ نکالنے والے لوگ۔ ہمارے والے علما سن لیں کہ ہمارے طریقہ سے جناب علی مرتضٰی علیہ السلام کے ساتھ ساتھ دوازدہ آئمہؑ کی حاکمیت ثابت ہوتی ہے اور الذین امنوا کی جمع اور واحد کی بحث بھی مر جاتی ہے۔ اس لئے ہم نے کوئی کمال تحقیق یا ریسرچ نہیں دکھائی ہے۔ بلکہ سادہ سی بات کہ ہر لفظ کے مصدری معنی اختیار کرنے کو پہلا نمبر دیں۔

یہاں علامہ مودودی سے یہ سن لیں کہ عہد رسولؐ کے جن مسلمانوں کا تذکرہ ہو رہا تھا۔ وہ تمام نمازی، پرہیزگار اور راہ خدا میں جہاد کرنے والے لوگ تھے۔ مگر تصور ولایت کے خلاف عقیدہ نے اُن کے تمام اعمال ضائع کر دیئے۔

''یعنی جو کچھ اُنہوں نے اسلام کی پیروی میں کیا ،نمازیں پڑھیں ،روزے رکھے ،زکوٰۃ دی ، جہاد میں شریک ہوئے ،قوانین اسلام کی اطاعت کی ، یہ سب کچھ اس بنا پر ضائع ہوگیا کہ اُن کے دلوں میں اسلام کیلئے خلوص نہ تھا۔''
(تفہیم القرآن۔جلداوّل صفحہ 481،حاشیہ 86)

اب کوئی یہ نہ کہے کہ فلاں فلاں نے یوں خدمت اسلام انجام دی اور یوں مال خرچ کیا اور یوں توپ ماری۔ ہر دعویدار کو پہلے قرآن کی آیت سے خلوص ثابت کر کے بتانا ہوگا کہ فلاں اور فلاں قرآن کی رُو سے مخلص لوگ تھے۔مخلص کی بات ہوگی تو سن لیں کہ اللہ کے مخلص بندوں پر شیطان کا تسلط نہیں ہوتا (حجر 15/42) اور جن لوگوں نے خود اعلان کیا ہو کہ اُن پر مستقل طور پر شیطان حاوی رہتا رہا ہے۔اور جنہیں یہ بھی معلوم نہ تھا کہ وہ کون سا وقت ہوتا ہے کہ شیطان غلبہ کرلے گا۔وہ لوگ تو بہرحال نہ اسلام کے مخلص تھے نہ اُن کے اعمال کی جزا قیامت میں ملنا ہے۔وہ مستقل خسارہ میں رہنے والے لوگ تھے۔

27۔ جنگِ احزاب تاریخ اور قرآن سے

جنگ اُحد کے دوران اور اُس کے بعد قریشی مذہب کے مسلمانوں کی جدوجہد اور کارنامے سامنے آچکے۔اُن کے عقائد و اعمال پر تاریخی و قرآنی اسناد ملاحظہ کرلی گئیں۔اب ہم جنگ احزاب کو، جسے جنگ خندق بھی کہا جاتا ہے؛ مختصر طور پر سامنے لاتے ہیں اور صرف وہ حالات لکھنا چاہتے ہیں جس میں خانوادۂ رسولؐ اور اُن کی حکومت کے مخالفین کا عمل درآمد معلوم ہوسکے یا حقیقی مومنین کے چند مخصوص اور متعلقہ حالات معلوم ہوجائیں۔

جنگ احزاب ماہ شوال 5 ہجری میں واقع ہوئی۔اُس وقت جنگ اُحد کو پورے دو سال گزر چکے تھے۔یعنی ماہِ شوال 3 ہجری کے بعد بہت سے واقعات پیش آچکے تھے جن کی تفصیل میں جانا اس کتاب کا مقصد نہیں ہے۔ہمارا مقصد صرف اس قدر دکھانا ہے کہ وہ مسلمان جو انتقالِ رسولؐ کے بعد سریر آرائے حکومت ہوئے۔اُن کا اور اُن کے حلقہ احباب کا اِس جنگ اور دیگر مہمات میں کس قدر حصہ تھا؟ اور اُن کا ہم خیال طبقہ کیا کچھ کرتا رہا تھا؟ اور جو حکومت اُن کے بعد چلتی رہی، اُس سے محمدؐ اور خانوادہ محمدؐ کا کیا اور کیسا تعلق تھا۔تاکہ یہ معلوم ہوسکے کہ وہ کون سے بنیادی اختلافات تھے جن کی وجہ سے کربلا کا میدان سامنے آیا؟ اور کس وجہ سے حسین علیہ السلام کے مخالف لاالٰہ الا اللّٰہ کے دشمن بنادئے گئے۔اور یہ کہ حسین علیہ السلام کے مخالفین اور اُن کی حکومت کا مذہب کیا تھا؟ اُن میں اور اوّلین خلفا کے تصورِ اسلام میں اگر کوئی فرق و اختلاف تھا تو کیا تھا؟

(27/2)۔ جنگ احزاب تواریخ اور محدثین کی نظر میں

متفقہ طور پر مانا گیا ہے کہ جنگ میں بہت سے قبیلے اور گروہ شامل ہوئے تھے۔اِسی لئے اس جنگ کا نام جنگِ احزاب رکھا گیا ہے۔ بدر و اُحد کے تجربہ کے بعد قریش نے اسلام کو مٹانے کی یہ آخری کوشش کی تھی اور وہ چاہتے تھے کہ اس جنگ میں سارے عرب کو جھونک دیں۔ یہ بھی مسلّمات میں سے ہے کہ ابوسفیان کے ساتھ دس ہزار جنگ آزما بہادروں نے حملہ کیا تھا۔مسلمانوں کی طرف سے کل تعداد تین ہزار تھی

چونکہ اس جنگ میں ایک بہت لمبی اور گہری خندق کھودی گئی تھی اس لئے اس جنگ کو جنگ خندق بھی کہا جاتا ہے۔خندق کی کھدائی نہایت محنت اور جانفشانی کا کام تھا۔لیکن تمام تاریخیں کہیں بھی یہ ذکر نہیں کرتیں کہ جناب ابوبکر وعمر وعثمان اور ابوعبیدہ جراح وغیرہ بعد کے ہیرو حضرات نے اس مہم میں کوئی خدمت انجام دی ہو۔نہ اس جنگ میں کہیں ان حضرات سے مشورہ کا تذکرہ کیا گیا۔البتہ جناب سعد بن عبادہ اور سعد بن معاذ پیش پیش ملتے ہیں۔

(ii)۔ خطرات میں بھی رسولؐ اللہ کی مدد سے جی چرانا اور جواب تک نہ دینا

علامہ شبلی نے لکھا ہے کہ:۔ ''محاصرہ اس قدر شدید اور پُرخطر ہو گیا تھا کہ ایک دفعہ آنحضرتؐ نے لوگوں سے خطاب کر کے فرمایا کہ ''کوئی ہے جو باہر نکل کر محاصرین کی خبر لائے؟'' حضرت زبیر کے سوا اور کوئی صدا نہیں آئی۔آنحضرتؐ نے اسی موقع پر حضرت زبیر کو حواری کا لقب دیا تھا۔'' (سیرۃ النبیؐ جلداوّل صفحہ 424)

(iii)۔ محدثین کی سازش، بعض لوگوں کو ہیرو بنانے کی کوشش

چونکہ مندرجہ بالا صورت حال میں صحابہ نے کوتاہی اور کم ہمتی کا ثبوت دیا تھا۔اس لئے شبلی نے صحابہ سے خطاب نہیں لکھا بلکہ صحابہ کو عام لوگ بنا کر ''لوگوں سے خطاب کیا'' لکھا ہے۔حالانکہ اس زمانہ کا ہر شخص اور خصوصاً جنگ میں شریک تو لازماً صحابی رسولؐ کہلاتا ہے۔پھر اپنے بیان اور زبیر کے حواری بنانے کے ثبوت میں حاشیہ لکھا ہے:۔

''نمبر۲ صحیح بخاری، ذکر غزوہ احزاب وصحیح مسلم کتاب الفضائل۔لیکن ابن ہشام نے اس موقع پر حضرت حذیفہ بن یمان کا نام لکھا ہے۔اس لئے محدثین میں اِن دونوں ناموں کے واقعوں کی تطبیق میں اختلاف ہے۔حافظ ابن حجر اور زرقانی نے بدلائل یہ ثابت کیا ہے کہ محاصرین میں سے قریش کی تحقیق حال کیلئے حضرت حذیفہؓ اور بنوقریظہ کی تحقیق خبر کیلئے حضرت زبیر گئے تھے۔یہ تفصیل واقدی اور نسائی نے اپنی روایتوں میں کی ہے۔'' (فتح الباری جلد7 صفحہ 312، زرقانی جلد2 صفحہ 138) (سیرۃ النبیؐ جلداوّل صفحہ 425 حاشیہ)

محدثین کی دوڑ دھوپ کے باوجود اس قدر غلطی ہوگئی کہ اچھا موقع تھا کہ یہ بھی لکھ دیا جاتا کہ جناب ابوبکر قبیلہ غطفان کی اور جناب عمر قبیلہ بنو اسد کی اور حضرت عثمان قبیلہ سلیم کی خبریں لینے گئے تھے۔اس طرح غزل کا مطلع ومقطع دونوں چست ہو جاتے اور جعلسازی میں خامی بھی نہ رہتی۔یہ ہے محدثیں کا کہانیاں گھڑ گھڑ کر اپنے راہنماؤں کو ہیرو بنانے کی کوشش۔

(iv)۔ جاسوسی کے سلسلے میں زبیر و دیگر صحابہ کی تفصیل

جناب حذیفہ یمانی بیان کرتے ہیں کہ خدا کی قسم اُس رات کو بھوک اور سردی نے ہمیں ایسا ستایا تھا کہ خدا ہی کو اس کی خبر ہے۔کچھ رات گزرے آنحضرتؐ بیدار ہوئے اور چند رکعت نماز ادا کر کے بعض صحابہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کون ہے کہ اس وقت جائے اور دشمنوں کی خبر میرے پاس لائے؟ جسکے عوض خدا تعالیٰ اسکو بہشت میں میرا رفیق بنائے۔حذیفہ کا بیان ہے کہ ہم میں سے کسی نے بھی خوف، بھوک اور سردی کے سبب جواب نہیں دیا تو حضرتؐ پھر نماز میں مشغول ہوگئے۔اس سے فارغ ہو کر دوبارہ فرمایا کہ کوئی ہے جو اس

قوم کی خبر ہمیں لا دے۔ جسکے عوض خدا اُسکو بہشت میں میرا رفیق بنا دیگا؟ مگر اب بھی کسی نے جواب نہیں دیا۔ جب تین مرتبہ فرما چکے اور کوئی صاحب آمادہ نہ ہوئے تو آنحضرؐت نے صحابہ کرام سے تین چار صاحبوں کا نام لیکر فرمایا کہ جا کر خبر لا دو مگر ہر شخص پہلو تہی کرتا رہا۔

(v)۔ ابوبکر خود نہیں جاتے بلکہ جناب حذیفہ کا نام تجویز فرماتے ہیں

مورخین و محدثین نے لکھا ہے کہ:۔

لمّا کَرَّرَ قَوْلَہٗ اَلاء رجل یا تینی بخبر القوم یکون معٔی یوم القیامة ولم یجبه احد قال ابو بکر یا رسوؐل اللّٰہ حذیفه (سیرۃ حلبیہ جلد 2 صفحہ 327)۔ ''جب حضرت نے کئی بار صحابہ سے کہا کہ کیا کوئی ایسا مرد ہے جو جا کر مجھے اُس دشمن قوم کی خبر لا دے اور قیامت میں میرا رفیق بن جائے؟ حضرت ابوبکر نے کہا کہ اے رسوؐل اللہ حذیفہ کو بھیج دیں۔''

علامہ علی متقی نے لکھا ہے کہ حضرت ابوبکر نے کہا کہ ''**یا رسوؐل اللّٰہ ابعث حذیفه** اے رسولؐ اللہ حذیفہ کو بھیج دیں۔'' (کنز العمال جلد 5 صفحہ 279)

(vi)۔ جنت میں رسولؐ اللہ کا رفیق بننے سے ابوبکرؓ و عمر کا انکار

علامہ سیوطی نے لکھا ہے کہ ''حذیفہ بیان کرتے تھے کہ جب کسی صحابی نے حضرؐت کی فرمائش پوری کرنے پر رضامندی نہ کی تو فرمایا کہ اے ابوبکر تم جاؤ۔ ابوبکر نے جواب دیا کہ میں اللہ اور رسولؐ سے معافی چاہتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا کہ تم اگر چاہتے تو جا سکتے تھے۔ پھر حضرؐت نے عمر سے کہا۔ انہوں نے بھی کہا کہ میں اللہ اور رسولؐ سے معافی چاہتا ہوں۔ تب حضرؐت نے فرمایا کہ اے حذیفہ تم جاؤ۔ میں نے عرض کیا کہ میں حاضر ہوں۔ چنانچہ اُٹھا اور جا کر خبر لا دی۔'' (تفسیر در منثور جلد 5 صفحہ 185)

کسی جنگ میں حضرات شیخین کا تلوار بکف جنگ کرنا تو بڑی بات تھی، وہ غریب تو دشمن کی خبر لینے اور رسولؐ کا جنتی ساتھی بننے سے بھی محروم رہے۔ حالانکہ اِس کام میں کسی بہادری کا ظاہر کرنا ضروری نہ تھا۔ چھپتے چھپاتے رات کے اندھیرے میں جانا تھا۔ دُور دُور رہ کر اندازہ کرنا تھا کہ دشمن شب خون مارنے کی تیاری تو نہیں کر رہا ہے۔ مگر افسوس کہ جان ہی نہ رہی تو جانشینی کیسے ممکن ہوگی؟

(vii)۔ آخر اللہ اور علیؑ نے جنگ خندق فتح کرادی۔ ہیرو چھپے رہے

بعد والے ہیرو زمانہ رسولؐ میں نہ ہیرو تھے نہ اُن کا کوئی قابل شمار اسلام کے لئے خدمت یا کارنامہ تھا۔ یہ تو تین سو سال اُس حلقہ فکر میں حکومت کے رہنے کا کرشمہ تھا کہ وہ لوگ اسلام کے ہیرو بنائے جا سکے جنہیں ماشاءاللہ علوم قرآن سے ذرہ برابر حصہ نہ ملا تھا۔ اور عہد رسولؐ میں کوشش کے باوجود اُن کے حق میں ایک کہانی بھی ایسی نہ گھڑی جا سکی جس کی تصدیق ہو کر اُن کے اسلام اور اسلام سے ہمدردی کا پتہ لگ سکتا۔ البتہ اسلام کے خلاف ایسے اعمال و اقوال اس گھریلو اور خود ساختہ تاریخ میں بھی مل جاتے ہیں جو اُن کی ذہنیت اور اسلام میں داخل ہونے کی وجہ اور مقصد کی پول کھول دیتے ہیں۔ اور قرآن کریم تو اُن کے سارے گروہ اور پوری قوم کو خدا و رسولؐ کے مخالف قرار دینے میں ذرہ برابر تکلف نہیں کرتا۔ اب ذرا اللہ و رسولؐ اور قرآن و تاریخ کے حقیقی ہیرو کا حال جناب شبلی سے سن لیں:۔

''چونکہ اس طریقہ میں کامیابی نہیں ہوئی اِسلئے قرار پایا کہ اب عام حملہ کیا جائے۔تمام فوجیں یکجا ہوئیں۔قبائل کے تمام سردار آ گے آ گے تھے۔خندق ایک جگہ سے اتفاقاً کم عریض تھی۔یہ موقع حملہ کیلئے انتخاب کیا گیا۔عرب کے مشہور بہادروں یعنی ضرار، جبیرہ، نوفل، عمرو بن عبدِ ودّ نے خندق کے اُس کنارے سے گھوڑوں کو مہمیز کیا تو اِس پار تھے۔اُن میں سب سے زیادہ مشہور بہادر عمرو بن عبدِ وَدّ تھا۔وہ ایک ہزار سواروں کے برابر مانا جاتا تھا۔جنگ بدر میں زخمی ہوکر واپس چلا گیا تھا۔اور قسم کھائی تھی کہ جب تک انتقام نہ لوں گا، بالوں میں تیل نہ ڈالوں گا۔تاہم سب سے پہلے وہی آگے بڑھا۔اور عرب کے دستور کے مطابق پکارا کہ مقابلہ کو کون آتا ہے۔حضرت علیؑ نے کہا کہ ''میں''، لیکن آنحضرتؐ نے روکا کہ یہ عمرو بن عبدود ہے۔حضرت علیؑ بیٹھ گئے۔لیکن عمرو کی آواز کا اور کسی طرف سے جواب نہ آتا تھا۔عمرو نے دوبارہ پکارا۔اور پھر وہی ایک صدا جواب میں تھی۔تیسری دفعہ جب آنحضرتؐ نے فرمایا کہ یہ عمرو ہے تو حضرت علیؑ نے عرض کی ہاں میں جانتا ہوں کہ یہ عمرو ہے۔غرض آپؐ نے اجازت دی۔خود دست مبارک سے تلوار عنایت کی۔سر پر عمامہ باندھا۔عمرو کا قول تھا کہ کوئی شخص دنیا میں اگر مجھ سے تین باتوں کی درخواست کریگا تو ایک ضرور قبول کروں گا۔حضرت علیؑ نے عمرو سے پوچھا کہ کیا واقعی تیرا یہ قول ہے؟ پھر حسب ذیل گفتگو ہوئی:۔

حضرت علی: میں درخواست کرتا ہوں کہ تو اسلام لے آ۔

عمرو: یہ نہیں ہوسکتا۔

حضرت علی: لڑائی سے واپس چلا جا۔

عمرو: میں خاتونانِ قریش کا طعنہ نہیں سن سکتا۔

حضرت علی: مجھ سے معرکہ آرا ہو۔

عمرو ہنسا، اور کہا کہ مجھ کو اُمید نہ تھی کہ آسمان کے نیچے یہ درخواست بھی میرے سامنے پیش کی جائے گی۔حضرت علیؑ پیادہ تھے، عمرو کی غیرت نے یہ گوارا نہ کیا، گھوڑے سے اتر آیا اور پہلی تلوار گھوڑے کے پاؤں پر ماری کہ کونچیں کٹ گئیں۔پھر پوچھا کہ تم کون ہو؟ آپ نے نام بتایا۔اُس نے کہا میں تم سے لڑنا نہیں چاہتا۔آپ نے فرمایا، ہاں، لیکن میں لڑنا چاہتا ہوں۔عمرو اب غصہ سے بیتاب تھا۔پر تلے سے تلوار نکالی۔اور آگے بڑھ کر وار کیا۔حضرت علیؑ نے سپر پر روکا لیکن سپر میں ڈوب کر نکل آئی۔اور پیشانی پر لگی۔گو زخم کاری نہ تھا۔تاہم یہ طغریٰ آپ کی پیشانی پر یادگار رہ گیا۔قاموس میں لکھا ہے کہ حضرت علیؑ کو ذوالقرنین بھی کہتے تھے۔جس کی وجہ یہ تھی کہ آپ کی پیشانی پر دو زخموں کے نشان تھے۔ایک عمرو کے ہاتھ کا۔اور ایک ابن ملجم کا۔دشمن کا وار ہو چکا تو حضرت علیؑ نے وار کیا۔اُن کی تلوار شانہ کاٹ کر نیچے اُتر آئی۔ساتھ ہی حضرت علیؑ نے تکبیر کا نعرہ مارا اور فتح کا اعلان ہوگیا۔عمرو کے بعد ضرار اور جبیرہ نے حملہ کیا۔لیکن جب ذوالفقار کا ہاتھ بڑھا تو پیچھے ہٹنا پڑا۔حضرت عمر فاروق نے (بھاگتے ہوئے) ضرار کا تعاقب کیا۔ضرار نے مُڑ کر برچھے کا وار کرنا چاہا لیکن (کچھ سوچ کر) روک لیا۔اور کہا عمر! اس احسان کو یاد رکھنا۔نوفل بھاگتے ہوئے خندق میں گر پڑا صحابہ نے تیر مارنے شروع کیے اُس نے کہا مسلمانو! (کمینوں ایسا کام نہ کرو) میں شریفانہ موت چاہتا ہوں۔حضرت علیؑ نے درخواست منظور کر لی اور خندق میں اتر کر

تلوار سے مارا کہ شریفوں کے شایان شان تھا۔'' (شبلی سیرۃ النبیؐ جلد اوّل صفحہ 428-427)۔ حاشیہ میں لکھتے ہیں کہ:۔

''یہ حالات اگرچہ اجمالاً تمام کتابوں میں ہیں لیکن ہم نے جو تفصیل لکھی ہے وہ طبقات ابن سعد اور تاریخ الخمیس سے ماخوذ ہے۔''

(viii)۔ تفصیل کے باوجود مولانا شبلی نے بہت سے حقائق کو جان بوجھ کر چھپایا

سب سے پہلے علامہ نے وہ قصہ چھپالیا جو جناب عمر نے عمرو بن عبدِ وَدّ کے چیلنج پر مسلمانوں کو سنا کر اُن کی ہمتیں توڑنے کا انتظام کیا تھا۔ پھر عمرو بن عبدود نے جنت وجہنم کے طعنے دے کر مسلمانوں کو جوش دلایا وہ چھپا گئے۔ وہ کہتا رہا کہ اے محمدؐ تمہارے صحابہ میں کوئی ایسا نہیں جو میرے ہاتھ سے جنت میں جانا چاہتا ہو؟ اُنہوں نے یہ بھی نہ لکھا کہ حضرت علیؑ کی روانگی پر رسولؐ اللہ نے کیا دعا کی؟ اُن کو کُلِ کُفر کے مقابلہ میں کُلِّ ایمان فرمایا۔ یہ بھی چھپالیا کہ فتح کے بعد علیؑ کی ایک ضرب کو ثقلین کی ساری عبادت سے افضل قرار دیا گیا۔ یہ بھی نہ بتایا کہ عمرو بن عبدود کی بہن نے علیؑ کی مدح کی تھی۔ یہ بھی نہ لکھا کہ خندق کے پار آنے والے چھ کافر بہادر تھے۔ جو سب ذوالفقار سے واصل جہنم ہوئے۔ طرفدارِ کفر میں عمرو بن عبدود کی غیرت کو گھوڑے سے اُترنے اور کونچیں کاٹنے کا سبب قرار دیا۔ حالانکہ تیسری بات ہی یہ تھی کہ پیدل ہو کر مجھ سے جنگ کر ایسا نہ ہو کہ تو گھوڑا دوڑا کر بھاگ جائے۔ اس لئے وہ اُترا اور گھوڑے کی ٹانگیں اپنے جم کر لڑنے کے ثبوت میں کاٹ دیں۔ پھر ذوالقرنین کے لقب کی غلط تعبیر کرنے کے لئے پیشانی زخمی ہونے کو مان لیا۔ اور دوسرا زخم ابن ملجم کا شمار کرلیا جو دو دن سے زیادہ کسی نے نہ دیکھا تھا۔ تاثر یہ دیا کہ بعد وفات ذوالقرنین مشہور ہوئے۔ کوئی پوچھے کہ پیشانی یا گالوں پر زخم کا ذوالقرنین یا سینگوں سے کیا تعلق؟ یہ اور بہت کچھ اور مولانا کو معلوم تھا۔

(ix)۔ جو کچھ ضرار نے کہا وہ بڑا معنی خیز ہے اور اُس کا عمل عبرت انگیز ہے

علامہ کے بیان میں آپ نے دیکھ لیا کہ جب عمرو بن عبدود قتل ہوگیا تو خندق کے پار آجانے والے بہادر بے تحاشہ جان بچا کر بھاگے۔ یہی وہ وقت تھا جب کہ حضرت عمر کی تلوار میں کھجلی ہوا کرتی تھی۔ جناب عمر ضرار کے پیچھے دوڑے، غالبًا یہ خیال آگیا ہوگا کہ اب ضرار پلٹ کر نہ دیکھے گا۔ مگر افسوس کہ ضرار نے جب سرکار فاروق کو دیکھا تو پلٹا نیزہ اٹھایا لیکن خوفزدہ چہرہ دیکھا یا نہ معلوم کیا خیال آگیا کہ حضرت عمر کو معاف کر دیا اور کہا کہ اے عمر اس احسان کو بھلانا نہیں۔ انّا لِلّٰہ و انا الیہ راجعون۔ کیا نورانی چہرہ تھا جس پر شکست خوردہ کافر بھی احسان کر رہا ہے؟

(x)۔ حضرت عمر نے تمام مسلمانوں کو خوفزدہ کر دیا

اُدھر عمرو بن عبدود اپنے مقابلہ کی دعوت دے رہا ہے۔ طعن وطنز سے آنحضرتؐ کا دل دُکھا رہا ہے۔ اِدھر جناب عمر مسلمانوں کو بتا رہے ہیں کہ عمرو بن عبدود نے ایک ہزار ڈاکوؤں سے مقابلہ کر کے اُن کے قافلہ کو بچالیا تھا اور ڈھال کی جگہ عمرو نے اونٹ کا بچہ بائیں ہاتھ میں اٹھا رکھا تھا۔ (معارج النبوۃ رکن 4 صفحہ 161)

(xi)۔ علی علیہ السلام مکمل ایمان تھے اور عمرو بن عبدود مکمل کفر کا نمائندہ تھا

اُدھر حضرت عمر نے تمام صحابہ کو یہ بتایا کہ عمرو بن عبدود کے مقابلہ پر جو جائے گا فٹ بال بنا لیا جائے گا۔ لہٰذا چپ چاپ استغفر اللہ و رسولــہ کا وِرد کرتے رہو۔ اِدھر جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام کے صبر کا پیالہ چھلک گیا۔ لہٰذا اس دفعہ آپؑ نہ بیٹھے اور جب رسولؐ اللہ نے فرمایا کہ وہ عمرو بن عبدود ہے تو عرض کیا کہ میں علیؑ بن ابی طالبؑ ہوں۔ یہ سن کر رسولؐ اللہ نے نائب و جانشین کے سر پر عمامہ باندھا، دامن سمیٹا، تلوار مرحمت فرمائی اور رخصت کیا۔ اور خدا کے رُوبرو دعا کیلئے ہاتھ پھیلا کر فرمایا:۔

اِلٰھِی اخذت عبیدہ منّی یوم بدر و حمزۃ یوم احد و ھذا علی اخی و ابن عمی فلا تذرنی فردًا و انت خیر الــوارثیــن ۔ خداوندا تو نے بدر کے روز عبیدہؓ کو مجھ سے لے لیا اور حمزہؓ کو اُحد کے روز لے لیا۔ اور یہ میرا بھائی اور چچا کا بیٹا ہے۔ خدایا تو مجھے تنہا نہ چھوڑنا۔ اس کی حفاظت کرنا، کامیاب واپس لانا اور تو تمام وارثوں سے بہتر وارث ہے۔

(منتخب کنز العمال بر حاشیہ مسند امام احمد جلد 4 صفحہ 125)

جناب شبلی اور اُن کے ہم خیال بہت سے لوگوں نے بڑے بڑے اہم واقعات کو اختصار کے پردے میں چھپا دیا ہے۔ مگر وہ مورخین بھی حق کے دباؤ میں کچھ نہ کچھ لکھنے پر مجبور ہوئے ہیں جو فضائل محمدؐ و آل محمدؐ کو کلیتاً چھپا جانا چاہتے تھے۔ چنانچہ یہ بھی لکھ ہی دیا گیا کہ جب حضرت علیؑ مقابلہ کے لئے چلے تو رسولؐ اللہ نے فرمایا کہ: **لبــرز الایمــان الی الشــرک کله۔** پورا ایمان پورے کفر کے مقابلہ میں جا رہا ہے۔ (حیٰوۃ الحیوان جلد 1 صفحہ 238) اور (سیرۃ محمدیہ جلد 2 صفحہ 102)

یہ بیان اُس وقت کے تمام مومنین کی پوزیشن واضح کرتا ہے۔

(xii)۔ عمرو ابن عبدود کو موت نظر آرہی تھی اس لئے لڑنا نہ چاہتا تھا

لکھا بھی جا چکا اور یہ ایک حقیقت ثابتہ ہے کہ عمرو بن عبدود جنگ بدر میں شامل ہوا تھا۔ اور یہ بھی کہ وہ زخمی ہو کر گیا تھا۔ مگر تاریخ نے یہ چھپا لیا کہ وہ زخمی کس کے ہاتھ سے ہوا تھا؟ اور جو تین بہادر کا فرسب سے پہلے میدان سے نکلے عمرو اُن میں کیوں نہ تھا؟ اور یہ بھی معلوم ہے کہ قریش کا بچہ بچہ عمرو کو جانتا تھا۔ لہٰذا بڑے تعجب کی بات ہے کہ عمرو بدر میں نمایاں ہو کر سامنے کیوں نہ آیا؟ بہر حال جب عمرو کو حضرت علی نے اپنا نام بتایا تو بدر اُسے یاد آ گیا ہوگا۔ علیؑ کی تلوار کی کاٹ آنکھوں میں پھر گئی ہوگی۔ اس لئے عمرو نے یہ تو نہ کہا کہ میں موت سے ڈرتا ہوں۔ مگر یہ کہا کہ تمہارے والد میرے دوست تھے۔ مجھے تمہارا خون بہانا گوارا نہیں ہے۔ لیکن جواب ملا کہ مجھے تمہارا خون بہانا بہت پسند ہے۔ چنانچہ علامہ ابن ابی الحدید شرح نہج البلاغہ میں لکھتے ہیں کہ:۔

''ہمارے اوستاد بیان کرتے تھے کہ خدا کی قسم عمرو بن عبدود نے جو علیؑ کو واپس جانے کے لئے کہا تھا وہ اُن پر ترس کھا کر نہیں کہا تھا۔ بلکہ اُن سے خوفزدہ ہو کر اُس نے یہ بات کہی تھی۔ اُسے معلوم تھا کہ علیؑ نے بدر میں کتنی تباہی مچائی۔ قریش کے کتنے نمودار و سر برآوردہ جوانوں کو تلوار کے گھاٹ اُتارا تھا۔ جانتا تھا کہ اگر میں نے مقابلہ کر لیا تو جان سے ہاتھ دھونا ہوں گے۔ شرم کے مارے کمزوری تو دکھا نہ سکتا تھا۔ لہٰذا خیر خواہی اور رحم دلی کی آڑ لینا چاہتا تھا۔ اور وہ قطعی جھوٹا تھا۔'' (شرح نہج البلاغہ)

(xiii)۔ حضرت علیؑ نے داؤدؑ کی مثل بن کر دکھایا۔تلاوت قرآن

حضرت جابرؓ نے کہا تھا کہ علیؑ کا عمرو بن عبدود کو قتل کرنا بالکل حضرت داؤدؑ اور طالوتؑ کے قصے سے مشابہ ہے۔(مستدرک جلد 3 صفحہ 33) جن کا ذکر خداوند عالم نے یوں کیا ہے: **فھزموھم باذن اللّٰہ وقتل داؤد جالوت** ۔یعنی طالوت کے ہمراہیوں نے جالوت کی فوج کو شکست دی اور داؤد نے جالوت کو قتل کر ڈالا۔عبداللہ ابن مسعود آیت **و کفی باللّٰہ المومنین القتال و کان اللّٰہ قویّا عزیزًا** کو اس طرح پڑھا کرتے تھے۔**وکفی اللّٰہ المومنین القتال بعلیؑ و کان اللّٰہ قویّا عزیزًا** ۔اللہ نے لڑائی میں علیؑ کی وجہ سے مومنین کو کفایت کی اور اللہ غالب اور قوی ہے۔(ارجح المطالب صفحہ 75 ینابیع المودۃ صفحہ 77 تفسیر درمنثور)

(xiv) حضرت علیؑ یا کُلِّ ایمان کی وہ ضرب جس سے کُل الشرک قتل ہو گیا تھا

اگر رسولؐ کو صادق القول سمجھ لیا جائے تو واقعی حضرت علیؑ کی وہ ضرب جس سے عمرو فی النار ہوا تھا، ساری کائنات اور جن وانس کی عبادت سے افضل ہے۔یعنی ہر عبادت کرنے والا کُلّ ایمان کا کوئی جزا پنے اندر رکھتا ہے۔لہٰذا تمام عابدوں کی عبادت جزوی ہو گی اور تمام جزوی عبادت ملا کر اُس شخص کی عبادت سے کم ہو گی۔اور وہ ایک ضرب جو پورے شرک کی موت بن جائے اور جس کی بنا پر آئندہ قیامت تک عبادت جاری رہے وہ یقیناً ساری کائنات کی عبادت سے افضل ہے۔اور ہم تو یہ بھی جانتے ہیں کہ ساری کائنات اور جن وانس جن کی وجہ سے اور جن کے لئے پیدا ہوئے۔اور جنہوں نے ہر مخلوق کو عبادت وتسبیح ،ایمان واسلام اور اللہ سے متعارف کرایا، اُن کی عبادت کے ساتھ کیسے مقابلہ وموازنہ کیا جا سکتا ہے۔ایک ضرب کو ثقلین یا اُمت کی عبادت سے افضل کہنا محض متوجہ کرنا ہے، اُس مقام بلند کی طرف جو ولایت وامامت محمدی رکھتا ہے۔ورنہ یہ حقیقتِ حال نہیں۔اس لئے کہ حقیقت محمدؐیہ وعلویہؑ الفاظ میں محدود نہیں کی جا سکتی۔

جناب شاہ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ:۔

> ”از علیؑ مرتضٰی درغزوۂ خندق مبارزھا ومقاتلھا واقع شداز حدِّ قیاس وعقل بیروں چنانکہ دراخبار واقع شدہ است لمبارزۃ علی بن ابی طالب یوم الخندق افضل من اعمال اُمتی اِلٰی یوم القیامۃ۔وآنحضرتؐ دعاھا کرد درحقِ علیؑ مرتضٰی وشمشیر خود را کہ ذوالفقار نام داشت بوے عطا نمود۔“(مدارج النبوۃ جلد 2 صفحہ 213)

حضرت علی علیہ السلام سے جنگ خندق میں جو بہادری اور شجاعت اور جو جو کارنامے ظہور پذیر ہوئے وہ حدود عقل اور قیاس عقلیہ کی حدود میں نہیں سما سکتے۔چنانچہ احادیث میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وارد ہوا ہے کہ آپؐ نے فرمایا ہے کہ حضرت علیؑ کا جہاد میری اُمت کے اُن تمام اعمال سے افضل ہے جو وہ قیامت تک بجا لاتی رہے گی۔نیز جناب رسالتمآبؐ نے حضرت علیؑ کیلئے اللہ سے دعائیں فرمائیں اور اپنی ذوالفقار نام کی تلوار آپ کو مرحمت فرمائی تھی۔“(مدارج النبوۃ جلد 2 صفحہ 213)

(xv)۔ علیؑ کی شرافت اور بزرگی بہتے ہوئے آنسو روک دیتی ہے

حضرت علیؑ کے سینکڑوں کارنامے ایسے ہیں جن کی نظیر ساری دنیا میں نہیں ملتی۔تمام مسلمان جانتے ہیں کہ ملکِ عرب

لٹیروں، ڈاکوؤں اورخونخوار وحشیوں سے آباد تھا۔ یہاں قتل وغارت اورلوٹ مار بچوں کی گھٹی میں پڑتی تھی ۔ یہ عادات اسلام اختیار کرنے کے بعد بھی عربوں میں کئی سوسال تک برقرار رہیں ۔لیکن خانوادہ رسوؐل کا پہلا بزرگ حضرت اسماعیل علیہ السلام جس دن سے سرزمین عرب پرآباد ہوا اُسی روز سے عربوں کی اصلاح کیلئے اپنا مشن شروع کر دیا۔اس خانوادے کے افراد ہر ہرزمانے میں بےنظیرو بےمثال رہتے چلے آئے ۔حضرت علیؑ اُن ہی بزرگوں کی اولاداور ورثہ تھے ۔اُن پراُنکے سابقہ وآئندہ بزرگ فخر کرنے میں حق بجانب ہیں ۔ یہ وہ پہلے انسان ہیں کہ جائز چیزوں میں سے بھی وہ چیزیں اختیار کرتے تھے جوزیادہ سے زیادہ پسندیدۂ خدا ہوں ۔ جائز انتقام کی جگہ احسان پیشہ، جائز حق کو لینے کے بجائے فلاح انسانیت پر اپنا حق قربان کرنے پرآمادہ، اُنکے نزدیک مالِ غنیمت کا لوٹنا عین قرآنی معیار پر ناپسندیدہ تھا۔ اِس مستقل عادت کے ہزاروں اخلاق سازنتائج میں سے ایک بےمثال نتیجہ ملاحظہ ہو۔علامہ دیار بکری نے تاریخ الخمیس میں اور دیگر مورخین نے بلا اختلاف اپنی اپنی تواریخ میں لکھا ہے کہ:۔

''جب حضرت علیؑ نے عمروابن عبدودکوقتل کر دیا تو عرب کے دستور کے خلاف عمرو بن عبدود کے سامان کو ہاتھ تک نہ لگایا۔ جب عمرو کی بہن بھائی کی لاش پرآئی اور دیکھا کہ قاتل نے عمرو کا کوئی سامان نہیں لیا بلکہ اُسی طرح اس کے بدن پر چھوڑ دیا ہے تو کہنے لگی ۔مَا قَتَلَهُ اِلَّا كُفُؤٌ كريم یعنی میرے بھائی کوقتل کرنے والا یقیناً کوئی اُس کا ہمسراورکریم ورحیم شخص ہے۔ پھراُس نے قاتل کا نام معلوم کیا۔لوگوں نے بتایا کہ عمروکوجناب علیؑ بن ابی طالبؑ نےقتل کیا ہے۔ یہ سن کرعمرو کی بہن نے یہ اشعار کہے۔

لَوْ كَانَ قاتل عمرو غير قاتله   لَكُنْتُ اَبْكى عَلَيْهِ آخر الابد

لكن قاتله من لا يعاب به   من كان يدعى قديمًا بيضة البلد

اگرعمرو کا قاتل علیؑ کے سوا کوئی اور ہوتا تو میں اپنے بھائی کے غم میں ابدالاباد تک روتی رہتی ۔مگر میرے بھائی کا قاتل تو وہ بزرگ ہے جس میں کسی قسم کا عیب نہیں نکل سکتا۔اور جسے قدیم الایام سے تمام آبادیوں کی اصل پکارتے اور کہتے چلے آئے ہیں ۔

(تاریخ الخمیس جلد اوّل صفحہ 548)

(xvi)۔ علیؑ اورعمروبن عبدود شعرا کی نظر میں؛ قحطانی مغالطہ انصار کا نسب

چونکہ خندق پار بڑھ کرآنے والے تیغ آزما، ضربت حیدری سے واصل جہنم ہو گئے تھے ۔اور یہ تماشہ جتھا بند فوج نے اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا۔ اِس لئے ہر بہادر کا دل سینہ میں بیٹھ گیا، ہرتلوار اپنے آپ سے محروم ہوگئی، ہر تیر اُلٹا ہوگیا، جنگ بدر پھر یاد آ گئی۔ مخالف فوج کا ہرفرد اور مختلف حملہ آور قبائل کا ہر قبیلہ کسی طرح ذوالفقار سے بچ نکلنے کی فکر میں مبتلا ہوگیا۔اب جنگ کرنا موت کے منہ میں کودنے کے مترادف تھا۔ اُدھر اللہ نے ایک تاریخ ساز اندھیری چلا دی ۔آنکھوں کے سامنے پہلے ہی غم کا اندھیرا اور مایوسی کے بادل تھے۔اُس آندھی نے رہے سہے حواس گم کر دیئے۔ پھر جو دشمن کی فوج میں سراسیمگی اور بھگدڑ پھیلی ہے وہ دیدنی تھی ۔ یہ شکست قریش کے تمام عزائم اور جنگی امیدوں کی شکست بن کر رہ گئی ۔اور پھر قریش کوفوج کشی کی ہمت نہ ہوسکی ۔ گوشعرا اور مستورات اُنہیں غیرت دلا کر ابھارنے میں کوشاں رہے۔مگر مدبرین اوردانشوران قریش اپنا نوشتہ تقدیر پڑھ چکے تھے۔عمرو کی موت پر مسلمانوں نے اطمینان کا سانس

لیا، اُن کی مسرت کی کوئی حد نہ تھی۔ اُدھر قریش کی ہر آنکھ سے اس موت پر ہمیشہ آنسو بہتے رہے۔ ان کے شعرانے عمرو کے کئی ایک مرثیے لکھے۔ جہاں اُن مرثیوں میں عمرو کی غیر معمولی شجاعت وسخاوت کا ذکر کیا گیا تھا، وہیں حضرت علی علیہ السلام کی محیر العقول جوانمردی و دلیری کا بھی اعتراف کیا گیا تھا۔ مرثیہ لکھنے کی یہ چھیڑ چھاڑ جناب حسان بن ثابت کی وجہ سے شروع ہوئی۔ حضرت حسان نے اپنے ایک قصیدے میں عمرو بن عبدود کے قتل کو انصار سے منسوب کیا۔ اس لئے کہ انصار حقیقتاً خانوادہ رسولؐ کے افراد تھے دونوں نبطی الاصل تھے۔ رسولؐ اللہ کی والدہؑ اور اُن کی دادیؑ یعنی باپؑ عبداللہ کی والدہؑ بھی خزرجی تھیں۔ مگر قحطانی گروہ نے جہاں اور شجروں کو مخلوط رکھا تھا وہاں آنحضرتؐ کے نسب کو بھی مشکوک کر کے قریش بنا دیا تھا۔ اور یہ بات تو قطعاً پوشیدہ کر دی گئی تھی کہ انصار اور رسولؐ اللہ کا نسب ایک ہے، یہ ایک خاندان کے افراد ہیں۔ اور کافرانہ چیرہ دستیوں کو بے اثر کرنے کے لئے خاندان رسولؐ اور خود رسولؐ نے ایسا رویہ اختیار کیا تھا کہ خزرج یا انصار ایک غیر قبیلہ معلوم ہوتے رہے۔ تاکہ یہ نہ کہا جائے کہ انصار کی نصرت نسبی عصبیت کی بنا پر تھی۔ یہ ایک ہی خاندان تھا۔ اگر نصرت وجانثاری دکھائی تو کیا ہوا اپنے گھر کی نبوت وحکومت تھی۔ اُسے پروان چڑھانے کے لئے سردھڑ کی بازی لگادی۔ اِس الزام سے بچنے کے لئے بڑی بڑی قربانیاں دی گئیں۔ حضرت علیؑ کی ثابت شدہ اور مضبوط حکومت سے برابر دست برداری، انصار کی مطلق خاموشی، واقعہ کربلا، یہ سب اس لئے تھا کہ کسی طرح خاندانی نبوت وحکومت کا حربہ ناکام کر دیا جائے۔ ورنہ قریش اور اُن کی جمعیت اور طاقت تو تباہ کر دئے گئے تھے۔ وہ مُٹھی بھر لوگ چُوں بھی نہ کر سکتے تھے۔ اُنہیں مکھی، مچھر اور چیونٹی کی طرح مسل کر پھینکا جا سکتا تھا۔ اُن کا بیج ناس، ستیاناس اور قطع نسل کوئی مشکل نہ تھا۔ مگر ہائے افسوس کہ حکومت اور وہ بھی خاندانی حکومت ہی تو قائم کرنا مقصود نہ تھا۔ یہ تو نبوت وامامت کی مجبوریاں تھیں۔ جن کی بنا پر ہر آدمی کو آزاد رکھنا ضروری تھا۔ جبر وظلم واستبداد سے پاک رہنا تھا۔ دشمن کی عیاری، چالاکی، فریب اور غداری سے واقف ہوتے ہوئے جواباً بھی جبر اور فریب نہ کیا جا سکتا تھا۔ فتح مکہ کے دن تمام قریش قانونِ عام اور قرآن کی رو سے واجب القتل تھے۔ اُن کے لئے تو قرآن کا فتویٰ یہ تھا کہ یہ لوگ جہاں ملیں، جس حال میں ملیں اُنہیں قتل کر ڈالو۔ لیکن انہیں قتل کیوں نہ کیا گیا؟ اور اُلٹا کیوں سینے سے لگا لیا گیا؟ کیوں اپنے جائز حقوق چھوڑ دئے گئے؟ صرف اس لئے کہ یہ حکومت کا ڈھونگ نہ تھا، یہ اقتدار کی اسکیم نہ تھی۔ یہ تو ساری نوع انسانی کے فلاح و بہبود کا نبوی وازلی منصوبہ تھا۔ اس لئے اس کے علمبرداروں نے ظلم سہے اور دعائیں دیں۔ جو خبیث گروہ دریا پر اس لئے قبضہ کرے کہ اپنے مخالف کو پیاسا مار دیا جائے، اُس کی سزا یہ تھی کہ اُسے ایک ایک بوند پانی کے لئے تڑپا تڑپا کر مارا جائے۔ اس کے خلاف اُن سے دریا چھین کر اُن پر پانی بند نہ کرنا، اُس قوم وگروہ پر رحم کرنا ہی تو تھا۔ مگر اُس قوم نے کیا کیا؟ دودھ پیتے شیر خوار بچوں تک کو پانی نہ دیا۔ جس نے اپنے رحیمانہ وکریمانہ عمل سے ایک بہن کے غم کو بہادرانہ وشریفانہ صبر میں بدلا تھا، اُس کی اولاد کے ساتھ کیا کیا گیا؟ اس خاندان کی ایک بہن جب اپنے بھائی کی لاش کے پاس آئی تھی تو اُس پر کیا گزری تھی؟ کیا اُسے اپنے باپ کا عمل درآمد اور عمرو بن عبدود کی بہن یاد نہ آئے ہوں گے۔ ارے یہ وہ ملعون ومردود وخبیث لوگ تھے جو اسلام لا کر کافروں ہی سے نہیں بلکہ طاغوت وشیطان سے بھی بدتر وخبیث تر ہو گئے تھے۔ اُنہوں نے جو خود ساختہ اسلام اختیار کیا وہ محض اس لئے تھا کہ علیؑ و اولادِ علیؑ کا صفحۂ ہستی سے نام مٹا دیں۔ یہ قحطانی وشیطانی سنت تھی کہ احسان کا بدلہ ظلم وستم سے دیا جائے۔ بہرحال اُنہوں نے غلط شجرہ نسب مشہور کیا۔ اور اپنی

حاکمانہ قوت سے اس قدر ڈھنڈورا پیٹا، ایسا لگاتار پروپیگنڈا جاری رکھا کہ بڑے بڑے محققین تک مغالطوں اور فریب میں مبتلا ہو کر رہ گئے۔ اُس فریب کا حال دیکھنے کے لئے حسان بن ثابت کا فخریہ کلام اور اُس کا مخالف سمت کے شاعر سے جواب سنئے:۔

(xvii)۔ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کا فخریہ قصیدہ۔عمرو کے قاتل انصار

حضرت حسان بن ثابت خود بھی انصاری اور نبطی ہیں۔اور حقیقتاً ہر وہ شخص انصار میں داخل ہے اور قیامت تک انصار میں داخل ہوتا چلا جائیگا جو نبوت و رسالت اور امامت کی نصرت کرے۔لہٰذا حقیقتاً عمرو کا قتل سب سے بڑی نصرتِ اسلام تھی۔ اُسکا قاتل اسلام کا سب سے بڑا ناصرؑ تھا، نبطیؑ تھا۔لہٰذا اسؑ پر ہر ناصرِ اسلام اور انصار کو فخر کا حق ہے اور حسان بن ثابت اور مدینہ کے انصار کو یہ حق پہلے نمبر پر پہنچتا ہے۔ چنانچہ یہ فخر سو فیصد بلاتبدیلی الفاظ، حق اور حق بجانب ہے۔حضرت حسان نے فرمایا کہ:۔

امسی الفتٰی عمر وبن عبد یبتغی	اے قریش تم نے یہ نہیں دیکھا کہ تمہارا عمرو بن عبدود ایسا بہادر جوان
بجنوب یثرب غارة لم تنظر	یثرب کے جنوب میں اُس نشیب میں پڑا رہ گیا جہاں وہ چاہتا تھا۔
ولـقـد وجـدت سیوفـنـا مشهـور ةً	پھر تم نے ہمیشہ ہماری تلواروں کو کھنچا ہوا اور جنگ کے لئے تیار پایا ہوگا۔
ولقد وجدتَ جیادنا لم تقصر	اور ہمارے گھوڑوں کو بھی دیکھا ہوگا جو میدان جنگ و سفر میں کوتاہی نہیں کرتے۔
ولقد رَأیت غداة بدر عصبة	ابھی کل تم نے جنگ بدر میں اُن لوگوں کو بھی دیکھا ہوگا
ضربوک ضربًا غیر ضرب الخسر	جو تمہیں ایسی مار دے رہے تھے جو تمہاری طرح تھکے ہارے لوگوں کی مار نہ تھی۔
اصبحت لا تدعی لیوم عظیمة	اے عمرو تمہیں وہاں پہنچا دیا گیا جہاں سے تمہیں خطرات اور عظیم مصیبت کے وقت بھی
یا عمرو او الجسیم امر مُنکر	یہ قریش اب بُلا نہیں سکتے۔

(xviii)۔ قریش کے شاعر کا جواب انصار کی مذمت اور علیؑ کی مدح

مذکورہ بالا قحطانی مغالطہ کی بنا پر قریشی شاعر یہ تو مانتا ہے کہ قریش کی شکست علیؑ کے ہاتھ سے ہوتی رہی۔مگر انصار کو وہ خانوادہ رسولؐ سے الگ سمجھ کر اُن کو مذکورہ بالا فخر کا حقدار نہیں سمجھتا، وہ کہتا ہے کہ:۔

کذّبتم و بیت اللّٰہ لا تقتلوننا	خانہ کعبہ کی قسم تم نے جھوٹ بولا ہے تم ہمیں کب قتل کر سکتے تھے
ولکن بسیف الهاشمین فافخروا	البتہ ہاشمیوں کی تلوار پر جس قدر دل چاہے تم فخر کیا کرو۔
بسَیفِ ابن عبداللّٰہ احمدً فی الوِغا	یہ تو یوں ہوا کہ احمدؐ بن عبداللہ کی تلوار اور
بِکَفِّ علیؑ نَلْتُمْ ذاک فاقصروا	علیؑ کے ہاتھوں تمہیں یہ عزت نصیب ہوگئی لہٰذا تم ڈینگیں مارنے میں کمی کر دو۔
ولَمْ تقتلوا عمر وبن عبد بِبَا سکم	تم نے اپنی قوت سے عمرو بن عبدود کو قتل نہیں کیا۔
وَ لکِنّه الکفؤا لهزبر الغضنفر	البتہ ایک ہمسر شریف صف شکن شیر نے عمرو کو قتل کیا تھا۔

وہ علیؑ تھا جس کے فخر وفضیلت کی عمارت بہت بلند ہے۔
لہٰذا ہمارے سامنے اپنے دعویٰ کو واپس لو اور خود کو حقیر و ذلیل سمجھو۔
رہ گیا بدر کے روز تمہارا مقابلہ کیلئے نکلنا وغیرہ۔ اس میں تو جب تمہارے افراد سامنے آئے
تو بزرگان قریش نے اُنہیں حقارت سے جھڑک کر واپس کر دیا تھا۔ اور اُن سے
مقابلہ کرنے میں اپنی بے عزتی خیال کی تھی۔

علیٌّ الذی فی الفخر طال بناءٗ
فلا تکثروا الدعوٰی علینا فتحقروا
ببدر خرجتم للبراز فردکم
شیوخ قریش جهرة و تاخروا

ہاں جب حمزہ اور عبیدہ اور جناب علیؑ ہندی تلواریں لے کر پہنچے تو بزرگان قریش نے کہا کہ
اب بات ٹھیک ہوئی کہ ہمارے ہم سر مقابل آئے۔
اس کے بعد قریشی بہادر بڑی تیزی سے حملہ آور ہو گئے۔
اس لئے کہ وہ تو پہلے سے سرکش باغی اور جابر تھے ہی۔
پھر یہ ہوا کہ علیؑ نے تلوار کا ہاشمی کرتب دکھا کر انہیں تباہ و برباد کر دیا
اس لئے کہ اُن لوگوں نے خودسری اور تکبر کا رویہ اختیار کر رکھا تھا۔
لہٰذا تمہیں اُس وقت تک فخر وعزت حاصل نہیں ہوسکتی۔ جب تک کہ تم اُس فخر وعزت میں
ہمارے علیؑ کو شامل نہ کرو۔ یعنی علیؑ ہمارے قبیلہ قریش سے ہے۔ اس بنیاد پر
تمہارے فخر کا باعث ہم ہی ہیں۔ اور یاد رکھو کہ ہمارے بغیر اب آئندہ بھی تمہیں کوئی فخر وعزت حاصل نہ ہوگی۔

فَلَمَّا اتاهم حمزة و عبیدة
وَجَاءَ علیٌّ بالمهند یخطر
فقالوا نعم اکفاء صدق فاقبلوا
الیهم سراعا اذبغوا و تجبروا
فجال علیٌّ جولة هَاشمیة
فدمرهم لماعتوا و تکبروا
فلیس لکم فخر علینا بغیرنا
وَلیس لکم فخر بعد فیذکروا

یہ تھا صدیوں سے پھیلایا ہوا وہ مغالطہ جس میں محدثین ومورخین اور شعرائے عرب وعجم کی کثرت مبتلا چلی آئی ہے۔ اور جس کے خلاف آثار واحادیث موجود ہوتے ہوئے غلط تاویل وتعبیر اور پروپیگنڈے سے آج تک سیدوں کو قیداری اور قریشی بنایا جا تا رہا ہے۔ جس کو ہم نے خانوادہ رسولؐ کا شجرہ بیان کرتے ہوئے نصوص وآثار قطعیہ سے باطل قرار دیا ہے۔

(27/3)۔ <u>جنگِ خندق اور قریشی قسم کے مسلمانوں پر قرآنی ریکارڈ</u>

چونکہ جنگ خندق کے حملہ آور مختلف قبائل واقوام سے تعلق رکھتے تھے۔ اِس لئے اس جنگ کو جنگِ احزاب کا نام قرآن نے عطا کیا ہے اور اسکے ریکارڈ کیلئے سورہ احزاب خاص طور پر اُتاری ہے۔ علامہ مودودی سے بھی تصدیق کرالیں وہ زمانہ نزول یوں لکھتے ہیں:۔

''<u>زمانۂ نزول</u>:۔ اس سورۃ کے مضامین تین اہم واقعات سے بحث کرتے ہیں۔ ایک، غزوۂ احزاب جو شوال 5 ہجری میں پیش آیا۔ دوسرے غزوۂ بنی قریظہ جو ذی القعدہ 5 ہجری میں پیش آیا۔ تیسرے حضرت زینبؓ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح جو اسی سال ذی القعدہ میں ہوا۔'' (تفہیم القرآن۔ جلد 4، صفحہ 54)

(ii) علامہ نے جنگِ خندق کا تقریباً پورا واقعہ سورہ احزاب کے تاریخی پس منظر کے نام سے لکھا۔ مگر اپنے بزرگوں کا پردہ رکھنے کے

لئے خندق کے اِس پار آنے والوں حتّٰی کہ عمرو بن عبدود کی جنگ کا حال بالکل غائب کر گئے اور لکھ دیا کہ طویل محاصرہ اور سردی اور آندھی سے تنگ آ کر قریش واپس چلے گئے اور بس ۔ یہ بڑا احسان کیا کہ اپنے بزرگوں کی سازش کو منافق محاذ کے ذمہ لگا کر ظاہر فرما دیا۔ وہ اُن کے قلم سے پڑھ لیں۔ علامہ یہ بتاتے ہیں کہ جب مدینہ کا قبیلہ بنوقریظہ قریش کے ساتھ مل گیا اور رسولؐ سے کیا ہوا عہد توڑ دیا تب:۔

(iii) ''یہ خبر بہت جلدی مدینہ کے مسلمانوں میں پھیل گئی اور اُن کے اندر اس (خبر) سے سخت اضطراب پیدا ہو گیا۔ کیونکہ اب وہ دونوں طرف سے گھیرے میں آ گئے تھے ۔اور اُن کے شہر کا وہ حصہ خطرے میں پڑ گیا تھا جدھر دفاع کا بھی کوئی انتظام نہ تھا۔اور سب کے بال بچے بھی اُسی جانب تھے ۔اس پر منافقین کی سرگرمیاں اور تیز ہو گئیں ۔اور اُنہوں نے اہل ایمان (جو اوپر مذکور ہو چکے) کے حوصلے پست کرنے کے لئے طرح طرح کے نفسیاتی حملے شروع کر دیئے۔کسی نے کہا کہ ''ہم سے وعدے تو قیصر و کسریٰ کے ملک فتح ہو جانے کے کئے جا رہے تھے، اور حال یہ ہے کہ ہم رفع حاجت کے لئے بھی نہیں نکل سکتے ۔کسی نے یہ کہہ کر خندق کے محاذ سے رخصت مانگی کہ اب تو ہمارے گھر ہی خطرہ میں ہیں ہمیں جا کر اُن کی حفاظت کرنی ہے۔کسی نے یہاں تک خفیہ پروپیگنڈا شروع کر دیا کہ (قریش) حملہ آوروں سے اپنا معاملہ درست کر لو اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اُن کے حوالے کر دو۔ یہ ایسی شدید آزمائش کا وقت تھا کہ جس میں ہر اُس شخص کا پردہ فاش ہو گیا جس کے دل میں ذرہ برابر بھی نفاق موجود تھا۔صرف صادق و مخلص اہل ایمان ہی تھے جو اس کڑے وقت میں بھی فدا کاری کے عزم پر ثابت قدم رہے۔'' (تفہیم القرآن ۔جلد 4 صفحہ 60)

(iv)۔ **منافقین کے پردہ میں مجتہد مسلمان جنہوں نے اسلام کے احکام کو تبدیل کر کے سر کے بل کھڑا کر دیا**

اس بیان سے معلوم ہوا کہ جنگ خندق کے بعد ہر منافق کو سارے حقیقی مسلمان پہچان چکے تھے ۔اور کوئی مشرک اب ڈھکا چھپا نہ رہا تھا۔مگر علامہ نے بہرحال منافقین کی فہرست پیش نہیں کی، نہ تاریخ نے یہ کام کیا، نہ قرآن کے حکم کے مطابق اس منافق گروہ سے جنگ کی گئی۔لہٰذا ثابت ہوا کہ علامہ نے سفید جھوٹ بولا ہے اور اپنے بزرگوں کی پردہ داری کی ہے۔اِس لئے کہ صادق اور مخلص مسلمان تو وہ ہو سکتے ہیں جو کسی خبر سے ہراساں اور مضطرب نہ ہوں، نہ گھر کی فکر کریں نہ انہیں اولاد و ازواج کا دکھ ستائے۔لہٰذا اگر منافق تھے بھی تو وہ تمام مسلمان منافق تھے جن کے گھبرانے کا اوّلین تین سطروں میں ذکر کیا ہے۔ یہ واقعی سچ ہے کہ وہ تمام لوگ مومنین و صادقین اور مخلصین تھے جو جنگ خندق میں اپنی جان خطرہ میں ڈال کر اسلام کی فتح کا باعث ہوئے۔اور وہ سب بقول علامہ منافق تھے جو جنت میں رسولؐ خدا کے رفیق بننے کی دعوت پر بھی معافی مانگیں ۔جن پر کفار نیزہ نہ مار کر احسان کریں۔لیکن ہم انہیں منافق ماننا بڑی سازش کا شکار ہو جانے کے برابر سمجھتے ہیں۔ وہ تمام مجتہد مسلمان تھے۔جنہوں نے رسولؐ کی حیات اور بعد ممات ہمیشہ اجتہاد کیا اور اسلام کے احکام کو تبدیل کر کے سر کے بل کھڑا کر دیا۔یہی وہ لیڈر تھے جن کے اعمال کو منافقین کی حرکات کہہ کر چھپانے کی کوشش کی جاتی رہی ۔اُدھر منافقوں کے نام چھپائے جاتے رہے اور آخر میں منافقوں کو اس لئے غائب کر دیا گیا کہ یہ لیڈر حضرات نفاق کا پردہ ہٹا کر اوّلین و سابقین صحابہ بنا کر سامنے لائے جا سکیں ۔اور پھر اُن کو مسلمانوں کی ہدایت و سربراہی کے منصب پر فٹ کیا جا سکے۔مگر اس کو کیا کیا جائے کہ اُن لوگوں کے اقوال و اعمال اور عقائد و احکام بجنسہٖ وہی تھے جو قرآن کریم، کفار و مشرکین اور منافقین کے بیان کرتا رہا ہے۔اور وہی عملدرآمد اُن سب

مسلمانوں کا بتایا گیا جن کو منافق نہیں بلکہ مومن کہہ کر قرآن نے بار بار پکارا اور اُن کے مذموم اقوال و اعمال و عقائد پر مسلسل طعنہ زنی، تنبیہات اور سزائیں سنائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ تمام مخالفینِ اسلام مختلف محاذوں پر، طاغوتی راہنمائی کے ماتحت اپنا اپنا کام انجام دے رہے تھے؛

ایک گروہ تیغ بکف کھل کر ہر ممکن مخالفت کر رہا تھا اُن کو قرآن نے کھلا کافر اور دشمن قرار دیا۔ اُس کا مقصد آنحضرتؐ اور اسلام و مسلمانوں کو قطعاً ختم کر دینا تھا۔

دوسرا گروہ پہلے گروہ کے لئے جاسوسی کرنے اور مسلمانوں میں بد دلی پھیلانے اور پھوٹ ڈالنے کے لئے اسلام کا عارضی لباس پہنتا اور اُتارتا رہتا تھا۔ اس گروہ کو قرآن نے منافق کہہ کر پکارا ہے۔

تیسرا گروہ اس لئے تعینات کیا گیا تھا کہ اگر پہلے اور دوسرے گروہ کو کسی طرح شکست ہو جائے تو یہ تیسرا گروہ روزِ اوّل سے اعلانیہ مسلمان ہونے کی وجہ سے مسلمانوں میں اعتماد پھیلانے اور اسلامی احکام اور مسائل کو اجتہادی سانچوں میں ڈھالنے کے لئے کام کرتا رہے۔ تاکہ پہلے گروہ کی شکست کے بعد اسلام ایک قومی و ملکی مذہب بن جائے اور پورا ملک اور مندرجہ دونوں گروہ اسلام کا اعلان کر کے اپنے تیسرے گروہ کے دست و بازو بن جائیں۔ اور پھر یہ کثرت اجتہادی اسلام کو ایک قومی و ملکی حکومت بنانے میں استعمال کر سکے۔ اور اس طرح جو مقصد تلوار اور کھلی مخالفت سے حاصل نہ ہو سکے اُسے تیسرا مسلمان گروہ پُر امن رہ کر حاصل کر لے۔

یہ کہانی ہے جو قرآن کے بیانات میں طرح طرح سنائی جاتی رہی ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ رفتہ رفتہ مخالفین کے سارے گروہ مسلمانوں میں غائب ہو کر رہ گئے۔ اور تین چار ناموں کے سوا کسی منافق کا پتہ نہ چلا کہ وہ کون تھا؟ اور کہاں چلا گیا؟

(v)۔ علیؑ و اولادِ علیؑ کے خلاف عربوں کا محاذ

انتقالِ رسولؐ تک اُس تیسرے گروہ کے ساتھ کئی لاکھ مسلمان شامل ہو چکے تھے۔ مگر مخالفین کی پوری اسکیم سے واقفیت محض قریشی مسلمانوں تک محدود تھی۔ البتہ قومی و ملکی حکومت کا تصور سارے عرب میں پھیلا دیا گیا تھا۔ رسوؐل کا (معاذ اللہ) مجتہد ہونا اور اجتہاد میں غلطیاں کر جانا سارے ملک میں مشہور کر دیا گیا تھا۔ خاندانِ ہاشمؑ و ابیطالبؑ کی نسلی حکومت کے نقصانات اور خطرات کو عام کر دیا گیا تھا۔ علیؑ اور اولادِ علیؑ کی طرف پیغمبرؐ کا جھکاؤ مذموم کر کے رکھ دیا گیا تھا۔ اُن تمام کے تمام خاندانوں کو علیؑ کے خلاف متحد و مضبوط کر دیا گیا تھا جنکے جنگ جو، سورماؤں کو علیؑ نے قتل کیا تھا۔ اُنہیں اور دیگر ملکی قبائل کو خاص طور پر علیؑ کی حکومت سے خوفزدہ کر دیا گیا تھا۔ انہیں علیؑ اور اُنکے حامیوں سے مطلع کر کے تنبیہہ کر دی گئی تھی کہ یہ گروہ ہمارے اور تمہارے حالات سے کما حقہٗ واقف ہے۔ اور اگر علیؑ کی حکومت قائم ہو گئی تو وہ تمہیں خبیث مسلمان (آل عمران 3/179) قرار دے کر پاکیزہ مسلمانوں کی تطہیر کیلئے قتل و غارت کرنے میں تم پر وہ تمام جرائم عائد کریں گے جو آج تک پوشیدہ چلے آ رہے ہیں۔ لیکن اگر ہماری قومی و ملکی حکومت قائم ہو جاتی ہے تو ہم ہرگز ایسی تطہیر نہیں کر سکتے جس میں خود ہمارا اپنا قتل واجب ہے۔ ہم ہر پردہ پڑا رہنے دیں گے، سارے مسلمانوں کو مخلوط رہنے دیں گے، منافق و غیر منافق کا سوال ختم کر دیں گے اور جو تطہیر پر زور دے گا اُسے تلوار کے گھاٹ اُتار دیں گے۔ تفرقہ اندازی اور مفسدہ پردازی کا مجرم قرار دیں گے۔ اور ہم سب مل کر

آپس کی مشاورت سے حکومت کریں گے۔ایک دوسرے کی کوتاہیاں چھپائیں گے۔لیکن علیؑ واولادعلیؑ اور اُنکے حامی مسلمان ہرگز رُو رعایت نہ کریں گے اور قرآن کے احکام کی بلفظہٖ تعمیل کریں گے۔ جہاں لکھا ہے کہ ''اُن لوگوں کو جہاں پاؤ گرفتار کرو اور قتل کر دو'' (بقرہ 2/191) اور تمہیں اپنی جان بچانے کیلئے قرآن سے کوئی سہارا اور آیت نہ ملے گی۔یہ تھی وہ اسکیم جو عرب میں آگ کی طرح پھیلتی چلی گئی۔یہ تھی وہ دہشت اور نفرت جس نے علیؑ واولادعلیؑ کے خلاف عربوں کی کثرت کو متحد و متفق و منظّم کر دیا۔اور جسکی وجہ سے علی و اولادعلی علیہم السلام کی نسل کو منقطع کرنے پر روز افزوں تعاون ملتا چلا گیا۔اور آخر اس سارے منصوبے کا بھانڈا خلیفۃ المسلمین یزید نے بھرے دربار میں پھوڑ دیا۔اور اُس منصوبے پر جان دینے والے اپنے بزرگان قریش کو یاد کیا۔مبارکباد کی درخواست کی اور کہہ دیا کہ رسولؐ کے بعد ہم نے علیؑ واولادعلیؑ کی حکومت کا ڈھونگ ناکام کر کے رکھ دیا اور یہ کہ اِس کوشش میں خدا کا فضل اُن قریشی بزرگواروں کے ساتھ رہا۔

(27/4)۔ صرف حملہ آوروں کو دیکھ کر آنکھیں پتھرانے اور بدعقیدگی پھیلانے والے مومنین

قارئین پردہ پوشی کرنے والے علما سے دریافت کریں کہ جن لوگوں کو قرآن مومنین کہہ کر پکارے۔اور جن کو اپنے انعامات یاد دلا کر اپیل کرے تم اُن کو کس دلیل سے منافق بنا سکتے ہو؟ سنو کہ وہ تمہارے ہی ایسے بدعقیدہ لوگ تھے جو مسلمانوں کو بددل کرنے اور اُن میں بدعقیدگی پھیلانے کے لئے وہ ڈھونگ رچا کرتے تھے جو قرآن سنا رہا ہے کہ:۔

يَآ يُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا اذۡكُرُوۡا نِعۡمَةَ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ اِذۡ جَآءَ تۡكُمۡ جُنُوۡدٌ فَاَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ رِيۡحًا وَّجُنُوۡدًا لَّمۡ تَرَوۡهَا وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرًا o اِذۡ جَآءُوۡكُمۡ مِّنۡ فَوۡقِكُمۡ وَمِنۡ اَسۡفَلَ مِنۡكُمۡ وَاِذۡ زَاغَتِ الۡاَبۡصَارُ وَبَلَغَتِ الۡقُلُوۡبُ الۡحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوۡنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوۡنَا o هُنَالِكَ ابۡتُلِىَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ وَزُلۡزِلُوۡا زِلۡزَالًا شَدِيۡدًا o وَاِذۡ يَقُوۡلُ الۡمُنٰفِقُوۡنَ وَالَّذِيۡنَ فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوۡلُهٗۤ اِلَّا غُرُوۡرًا o وَاِذۡ قَالَتۡ طَّآئِفَةٌ مِّنۡهُمۡ يٰۤاَهۡلَ يَثۡرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمۡ فَارۡجِعُوۡا وَيَسۡتَاۡذِنُ فَرِيۡقٌ مِّنۡهُمُ النَّبِىَّ يَقُوۡلُوۡنَ اِنَّ بُيُوۡتَنَا عَوۡرَةٌ وَمَا هِىَ بِعَوۡرَةٍ اِنۡ يُّرِيۡدُوۡنَ اِلَّا فِرَارًا o وَلَوۡ دُخِلَتۡ عَلَيۡهِمۡ مِّنۡ اَقۡطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الۡفِتۡنَةَ لَاٰتَوۡهَا وَمَا تَلَبَّثُوۡا بِهَاۤ اِلَّا يَسِيۡرًا o وَلَقَدۡ كَانُوۡا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنۡ قَبۡلُ لَا يُوَلُّوۡنَ الۡاَدۡبَارَ وَكَانَ عَهۡدُ اللّٰهِ مَسۡئُوۡلًا o

(احزاب 33/9-15)

اے مومنین اُس وقت اور اُس صورت حال کو یاد کرو جس وقت کہ تم پر چاروں طرف سے فوجوں کی آمد کا حال کھلا تو تمہاری آنکھیں پھٹی رہ گئیں اور تمہارے کلیجے دھڑک دھڑک کر منہ کو آنے لگے۔اور تم نے اللہ کے انتظام کے خلاف اپنی بدعقیدگی اور قیاس آرائیاں شروع کر دیں۔تو مومنین کیلئے یہ وقت بڑی ہی سخت جھنجوڑ ڈالنے والی آزمائش کا تھا۔جب کہ منافق گروہ کے ساتھ وہ مومنین بھی یک زبان ہو گئے جنکے دلوں میں اجتہاد کی بیماری ہے۔اور اعلان کر دیا کہ رسولؐ نے اللہ کی طرف سے جو وعدہ کیا تھا وہ ایک فریب سازی نکلا۔اور منافقوں اور مومنین کے ایک مخلوط گروہ نے پکار کر کہہ دیا کہ اے مدینہ سے آنے والے لوگو اب تمہارا کوئی ٹھکانہ نہیں ہے۔لہٰذا واپس مدینہ چل دو۔چنانچہ مومنین کے ایک فریق نے اُس اعلان کی تعمیل اور مدینہ کو واپسی کیلئے نبیؐ سے یہ کہہ کر اجازت طلب کی کہ اُنکے گھر خطرہ میں ہیں اُنہیں واپس جا کر اپنے اہل وعیال کی حفاظت کرنا ہے۔حالانکہ اُنکے گھر اور اہل وعیال کسی خطرہ میں نہ تھے۔حقیقتاً جنگ سے بچ کر بھاگ

جانے کے سوا اُنکا اور کوئی مقصد نہ تھا۔ البتہ اگر وہ یہ موقع پاتے کہ دشمن مدینہ کے اطراف سے داخل ہو جاتا اور اُن مومنین کو اپنے ساتھ شامل ہو کر لڑنے کی دعوت دیتا تو یہ فوراً آمادہ ہو کر فتنہ و فساد پھیلانے میں کوئی توقف نہ کرتے ۔ یہ اُن ہی مومنین کا حال تھا جنہوں نے جنگ اُحد میں فرار کیا تھا اور پھر یہ عہد کیا تھا کہ ہم آئندہ اپنی پچھلی قدیم ولایت کے قیام کی خاطر ہرگز نہ بھاگیں گے ۔ اس بدعہدی پر بہر حال اُن سے مواخذہ ضرور ہوگا۔ گو اُنہیں اس کا موقعہ نہ ملا، اسلئے کہ اللہ نے اُن پر ایسی فوجیں بھیج دیں جو مومنین کو نظر نہ آئیں اور ایک آندھی مسلّط کر کے اُن کو مذکورہ دشمن کی فوج سے بچنے کی نعمت عطا کر دی اور اللہ اُن کے کرتوت اور کردار کو برابر دیکھتا جا رہا ہے۔

قارئین نے دیکھا کہ منافق لوگوں کے ساتھ مل کر کام کرنے والا گروہ قرآن کے واضح الفاظ میں وہی مومن گروہ ہے جس کے دل میں قومی وملکی حکومت کا منصوبہ برسر کار ہے ۔ یہی وہ دانشوران اسلام ہیں جنہیں چھپانے کے لئے آج تک زور لگایا جا رہا ہے اور قرآن اُن ہی کو مشخص کرانے کی مہم چلاتا آیا ہے ۔ یہی وہ لوگ ہیں جو جنگ احد میں فرار ہوئے تھے۔ اور پہاڑ پر چڑھ کر آئندہ کیلئے منصوبہ تیار کر رہے تھے ۔ یہی لوگ تھے جو رسولؐ اللہ کے پکارنے کے باوجود نکل بھاگے تھے ۔ اور آنحضرؐت کو قتل ہو جانے کیلئے تنہا چھوڑ دیا تھا۔ تاریخ نے اُن میں سے چند بزرگوں کے نام بتا دیئے ہیں ۔ آپ وہ نام پڑھیں اور پھر اُن لوگوں کے دوستوں، عزیزوں اور ہم خیال لوگوں کو اُس فہرست میں شامل کر لیں ۔ یوں مسلمانوں کا وہ گروہ نام بنام تاریخ سے مشخص ہوتا چلا جائے گا۔ پھر اُن کے عقائد وتصوراتِ مذہبی جہاں جہاں، جس جس طبقہ اور گروہ میں ملیں، اُن سب کو مسلمانوں کی اُس قسم میں داخل کر لیں تو تعداد لاکھوں اور پھر کروڑوں تک جا پہنچے گی ۔ یعنی سرکاری تاریخ اور یہ سرکاری مذہب کی فریب سازی اہل عقل کے سامنے حائل نہیں رہ سکتی ۔ البتہ سیدھے سادے عوام دھوکہ کھاتے رہے ہیں لیکن وہ مجرم نہیں ہیں ۔ مجرم وہ لوگ ہیں جو تحقیق کرنے سے جی چرائیں یا جان بوجھ کر اُس مذہب کو حق قرار دیں ۔ اور باطل کو حق ثابت کرنے کیلئے قرآن کریم کے الفاظ کے حقیقی معنی کو بدل ڈالیں، خواہ مخواہ مومنین کو منافق قرار دیں ۔

(27/5)۔ علامہ مودودی کا اضطراب اور کوشش

علامہ مودودی یہ مان کر چلے ہیں کہ مذکورہ بالا آیات (احزاب 33/9-15) میں مومنین مخاطب ہیں اور برابر اُن لوگوں کو مومنین مانا جنکی آنکھیں پتھرا گئی تھیں اور کلیجے منہ کو آرہے تھے۔ لیکن (احزاب 33/11) جب دوبارہ **هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ** آیا تو حاشیہ میں یہ فرمایا کہ ''ایمان لانے والوں سے مراد یہاں وہ سب لوگ ہیں جنہوں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کا رسولؐ مان کر اپنے آپ کو حضوؐر کے پیروؤں میں شامل کیا تھا جن میں سچے اہل ایمان بھی شامل تھے اور منافقین بھی ۔ اس پیراگراف میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے گروہ کا مجموعی ذکر کیا ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد 4 صفحہ 77-76 حاشیہ 21)

علامہ کی چالاکی یہ ہے کہ '' المومنون '' کے معنی اس آیت (احزاب 33/11) میں ''ایمان لانے والے'' کر کے گویا آیت میں ''الذین '' کا اضافہ کر دیا ہے۔ اسلئے کہ ایمان لانے والے یا ایمان لانے والوں کی عربی ''الذین امنوا '' ہے نہ کہ ''المومنون'' جس کا ترجمہ ''مومن'' یا مومنین یا خاص مومنین کرنا لازم ہے۔ علاوہ ازیں یہ بھی ایک کھلی بے دینی اور قرآن میں خیانت ہے کہ اللہ جنہیں المومنون فرمائے اُس عقیدہ کا علامہ مومنین میں منافقین بھی شامل کر دے۔

(ii) **علامہ کی بددیانتی اور خیانت دس قدم بھی نہ چلی**

قرآن کریم کا معجزہ یہ ہے کہ علامہ صرف دس آیتوں کے ہی بعد خائن اور بددیانت ثابت ہوگئے۔ اس لئے کہ بائیسویں آیت (احزاب 33/22) میں پھر ''المومنون'' فرمادیا گیا اور اب علامہ مجبور ہوئے کہ المومنون کا صحیح ترجمہ کریں اور پھر یہاں بھی ایک لفظ کا اضافہ تو قرآن کے الفاظ میں کریں اور ایک عدد بریکٹ کا اضافہ اپنے ترجمہ میں کردیں۔ چنانچہ قرآن کے الفاظ اور ترجمہ دیکھیں:۔ ''وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ۔ اور سچے مومنوں (کا حال اُس وقت یہ تھا کہ) جب اُنہوں نے حملہ آور لشکروں کو دیکھا'' یہاں علامہ نے لفظ سچے کو بلا بریکٹ کے لکھا ہے حالانکہ اس مطلب کے لئے آیت کو یوں ہونا چاہئے تھا:۔

'' وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُونَ الصَّادقونَ الْاَحْزَاب ''

علامہ اور اُنکے تمام طرفداروں کو چیلنج کردیں کہ یہاں ہماری غلطی دکھائیں ورنہ علامہ کی خیانت تسلیم کرلیں۔ ہم یہ مانتے ہیں کہ اگر قرینہ موجود ہو تو مفاہیم کی وضاحت میں ایسا ترجمہ قبول کرنا پڑے گا۔ چنانچہ ہم علامہ کو اس شرط پر یہاں معاف کرسکتے ہیں کہ وہ احزاب 33/11 میں اپنے منافق اور نفاق کے تاثر کو نکال کر وہاں بھی ''مومنون'' ترجمہ کریں۔ اس لئے کہ لفظ دونوں جگہ ایک ہی ہے۔ یہ ناقابل قبول ہے کہ المومنون کا ترجمہ کہیں کچھ اور، کہیں کچھ اور کیا جائے۔ سیدھی سی بات یہ ہے کہ دونوں جگہ مخصوص مومنوں کا ذکر ہو رہا ہے۔ البتہ دونوں کے ایمان میں خاص فرق ہے جو ہم واضح کرتے آرہے ہیں۔ ایک وہ مومن گروہ ہے جس کا ذکر الاحزاب 33/9 سے لے کر الاحزاب 33/21 تک ہوا ہے جو حملہ آوروں کو دیکھ کر خوف و ہراس پھیلانے کے لئے ہاتھ پیر ڈھیلے چھوڑ کر آنکھیں ادل بدل اور اوپر چڑھا کر دل کے دورے پڑنے کا بہانہ کرتے ہیں۔ دوسرے گروہ والے مسلمان وہ ہیں جو حملہ آوروں کو دیکھ کر اظہارِ مسرت واطمینان اور تصدیق رسالتؐ وایمان کرتے ہیں۔ ذرہ برابر نہ گھبراتے ہیں نہ خطرہ محسوس کرتے ہیں نہ گھروں اور بچوں کو خطرہ میں سمجھتے ہیں نہ بھاگنے کا پلان (Plan) بناتے ہیں۔ علامہ ہی اگر اس گروہ کو سچے مومن قرار دیں تو ہمیں اعتراض نہیں۔ بشرطیکہ دوسرے گروہ کو جھوٹے مومن لکھیں۔ یا ایک کو حقیقی مومنین کا گروہ مانیں اور دوسرا مجتہد مومنین کا گروہ تسلیم کریں۔ اور جب تک اور جسے اللہ خود منافق نہ کہے، اُس وقت تک کسی مومن کو منافق اور نفاق کی چادر نہ اڑھائیں۔ صاف الفاظ میں مان لیں کہ مسلمان دو قسم کے تھے۔ ایک وہ جو ہر حال میں اللہ و رسولؐ پر اعتماد کرتے تھے۔ دوسرے وہ جو مشاورت کو اور اپنی بصیرت کو دخل دیتے تھے۔ اور رسولؐ کی ہر ہر بات نہ مانتے تھے۔ بلکہ وحی اور ذاتی رائے کی تفریق کرتے تھے۔ یا ایک دفعہ یہ لکھ دیں کہ رسولؐ سے کسی حال اور کسی موقع پر اور کسی مقدار میں غلطی وکوتاہی کا امکان نہ تھا۔ جو ایسا خیال کرے وہ منافق ہے۔ ہم مطمئن ہو جائیں گے۔ مگر افسوس کہ علامہ نے اُنہی عقائد کو اختیار کیا ہے جو اُن کے الفاظ میں منافقین کے عقائد تھے۔ اور ہمارے الفاظ میں مجتہد مسلمانوں کے عقائد تھے۔ اگر علامہ اُن کو منافق کہتے ہیں تو علامہ اُن کے عقائد کی پیروی کی بنا پر منافق ہیں۔ ورنہ وہ بھی مجتہد مومن تھے اور علامہ بھی اُن مجتہدین کی پیروی میں مجتہد مسلمان ومومن ہیں۔ مانو کس بات کو مانتے ہو؟

(iii) قارئین نے دیکھ لیا کہ مندرجہ بالا آیات (احزاب 33/9-15) میں اللہ نے مذکورہ مومنین کو ایمان کے اُس کنارہ پر دکھایا ہے جہاں وہ اس انتظار میں بیٹھے تھے کہ اگر پچھلی طرف سے مخالف فوجیں آجائیں تو وہ مخالف فوج کے ساتھ شامل ہو جائیں گے۔ اسی لئے تو

ہم نے عرض کیا ہے کہ مخالفین کا تیغ بکف محاذ ہو یا جاسوس منافق گروہ ہو یا وہ المومنون ہوں، یہ تینوں ایک ہی مقصد پر اپنی قوت وبصیرت کو مرکوز کئے ہوئے تھے۔ یہ سب ایک دوسرے کے دست وباز و تھے۔ البتہ محاذ کی ظاہری حیثیت سے اُنکے نام کافر، منافق اور مومن الگ الگ رکھے گئے ہیں۔ نتیجے میں تینوں جہنمی تھے۔ یعنی جہنمی کافر، جہنمی منافق اور جہنمی مومن یعنی ایمان ونماز سمیت جہنم۔

(27/6)۔ اسلامی تحریک میں کمزوری، بخیلی اور بزدلی کے ڈھونگ سے رکاوٹ ڈالنے والے

یہ بات نوٹ کریں کہ مسلمانوں کا وہ گروہ جو قریشی اسکیم کو اسلامی رنگ دینے پر تعینات تھا۔ سچ مچ نہ بزدل تھا، نہ بخیل تھا، نہ جنگ وجدل میں کمزور تھا۔ اس لئے کہ یہ سب حضرات خاندانِ قریش ہی کے سپوت اور جانباز لوگ تھے۔ یہ کہیں باہر سے امپورٹ نہیں کئے گئے تھے۔ یہ سب نڈر، جنگ آزما بہادر لوگ تھے۔ مگر چونکہ اُنہوں نے طاغوت کے خلاف زور آزمائی نہ کرنا طے کرلیا تھا، اِس لئے یہ حضرات کمزوری، بزدلی اور تنگدستی کا ڈھونگ رچائے رہتے تھے۔ کہیں رسولؐ اللہ کے ساتھ ساتھ اور آگے پیچھے رہ کر مسلمانوں کو یہ دکھاتے تھے کہ بھائیو ہم اہم معاملات میں رسولؐ کی راہنمائی سے فرصت ہی نہیں پاتے۔ تلوار کس وقت اٹھائیں؟ نام لے کر پکارے جاتے تو استغفر اللّٰہ ورسُولہ کا ورد کرنے لگتے۔ اور جب خطرہ رسوؐل کی ذات تک آپہنچتا تو کمزوری کے عذر سے جان بچا کر بھاگ جاتے۔ میدان میں نکلتے بھی تو ایسے خوفناک تصورات اور قصے سناتے اور عبرت خیز ماحول پیدا کردیتے تھے کہ جس سے بڑے بڑے منچلے بہادروں کی ہمت بھی پست ہو جائے۔ عمرو بن عبدود کے تقاضوں، طعن اور توہین آمیز کلمات سنتے رہے اور تمام صحابہ کو خوفزدہ کرنے کے لئے عمرو کے مہیب کارنامے سناتے رہے۔ یہاں یہ بھی یاد دلانا ہے کہ قرآن کریم اِس پوشیدہ سمجھوتے کو ظاہر کر دیتا ہے کہ اگر حملہ آور مسلمانوں تک پہنچ جائیں یا اُن پر قابو پالیں تو زیرِ بحث مومنین کو کوئی خطرہ نہیں، اِس لئے کہ وہ حملہ آوروں کے ہمنوا ہونے میں توقف و تامل نہیں کرتے (احزاب 33/14)۔ اِسی سمجھوتے کے ماتحت ضرار نے حضرت عمر کو نیزہ نہ مارا تھا اور یہ کہہ کر معاف کر دیا تھا کہ جاؤ اِس احسان کو بھول نہ جانا۔ (علامہ شبلی سیرۃ النبیؐ۔ جلد اوّل صفحہ 428 پہلی سطر)

(27/6۔الف)۔ مومنین کو پسپا کرانے اور اسلامی تحریک میں رکاوٹ ڈالنے والے مسلمان

قرآن کریم مسلسل اُن مسلمانوں کا تذکرہ کرتا ہوا اُن کے عقائد پر تنقید ومذمت کرتے ہوئے بتاتا ہے کہ ''اگر تم موت سے بچ بھی نکلو تو چندروز ہی تو مفادِ دُنیا سے مستفید ہوسکو گے، ہمیشہ تو زندہ نہ رہ سکو گے؟ پھر اگر اللہ تمہیں نقصان یا فائدہ پہنچانا چاہے تو کیا تم میں سے کوئی ایسا ہے جو اللہ کے انتظام سے تمہیں بچاتا رہے؟ تمہیں اپنے انتظام پر غلط بھروسہ ہے۔ اصلی ہمدرد حاکم اور ناصر اللہ کے سوا کوئی اور ہے ہی نہیں'' (احزاب 17-33/16)۔ پھر فرمایا کہ؛

قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا o اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِىْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا o يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِى الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْبَآئِكُمْ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا o لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِىْ

رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًاo وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّا اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًاo(الاحزاب 33/18-22)

اللہ اُن لوگوں کو جانتا ہے جو جنگی اور دیگر اسلامی تحریکوں میں رکاوٹ پیدا کرتے رہتے ہیں۔ اور تم میں شامل رہتے ہیں اور باقی اپنے مسلمان بھائیوں کو اپنے مسلک کی طرف دعوت دیتے رہتے ہیں۔ اور ہر قسم کی سختیوں اور دقتوں میں برائے نام حصہ لیتے ہیں تا کہ تمہیں اسلام کی کامیابی پر خرچ کرنے اور مشقت برداشت کرنے میں بخیل بنادیں۔ جب خوف و دہشت کا موقعہ آتا ہے تو آپؐ کو دکھا کر آنکھیں اور سر اسطرح گھمانے لگتے ہیں جیسے موت کی حالت میں غش اور چکر آرہا ہو۔ تا کہ تم اُس حال کو واقعی سمجھ کر اُنہیں جنگ کا حکم نہ دے سکو۔ اور جب خطرہ ٹل جاتا ہے تو یہ نہایت چرب زبانی اور لسانی طرّاری سے تمہارا سامنا کرتے ہیں اور خیر وصلاح کے حصول میں بدستور بخیل رہتے ہیں۔ یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے اسلامی پالیسی کو بجنسہٖ تسلیم نہیں کیا ہے۔ اُن کے ایسے ایمان کی بنا پر اُن کے تمام نیک اعمال اللہ نے برباد کردیئے ہیں۔ اور ایسے اعمال کو تباہ کر دینا اللہ کیلئے بڑا آسان اور معمول بہ ہے۔ اُنکے حساب سے ابھی جتھا بند افواج موجود ہیں۔ اُنہیں اُن افواج کا آجانا اُس صورت میں پسند آتا جب کہ وہ مسلمانوں کی فوج سے کہیں دُور کے عربوں میں ہیڈ کوارٹر بنا کر وہاں سے مسلمانوں کی خبریں حاصل کرنے کا انتظام کر سکے ہوتے۔ اب اس صورت میں تو یہی ممکن ہے کہ اگر وہ جنگ میں حصہ لیں تو بہت ہی کم شرکت کریں۔ مطلب یہ ہے کہ کفار نے اِن داخلی محاذ کے لوگوں کے پروگرام کی تکمیل سے قبل حملہ ظاہر کردیا۔ مسلمانوں کے لئے تو رسولؐ اللہ کے اعمال وافکار واحکام میں ہی راہنمائی منحصر ہے۔ یعنی جو لوگ اللہ اور آخرت میں یقین اور اُمید رکھتے ہیں اور کثرت سے ذکر خدا کرتے ہیں، وہ رسوؐل کی مطلق اطاعت کرتے ہیں۔ اور جب اُن مومنین نے جتھا بند افواج کو دیکھا تھا تو اُن کے ایمان اور سپردگی میں اِس لئے اضافہ ہوا تھا کہ اللہ ورسوؐل نے قبل از وقت اُن افواج کی آمد اور دیگر حالات کی اطلاع دے رکھی تھی۔ چنانچہ اُنؐ کے فرمان کے مطابق افواج کی خبر صحیح نکلی، لہٰذا فتح کی پیشگوئی صحیح نکلنا لازم ہے۔ چنانچہ وہ مومن نہ خوفزدہ ہوئے نہ کوئی خطرہ محسوس کیا بلکہ پیش از وقت خود کو فاتح اور کامیاب وکامران ہونے پر خوش ہوگئے۔ ایمان وتسلیم میں اضافہ واستحکام اُسی کا نتیجہ تھا۔

(27/7)۔ جنگ احزاب اور بنوقریظہ پر فتح، شہدائے سابقہ وآئندہ پر ریمارکس

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًاo لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًاo وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا o وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا o وَاَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًاo(الاحزاب 33/23-27)

مسلسل یہ بتایا گیا کہ مومنین میں وہ لوگ جنہوں نے اللہ سے جو معاہدہ کیا تھا پورا کر دکھایا ہے۔ اُن میں سے بعض وہ ہیں جو اپنی شرائط پوری کر چکے ہیں اور بعض شرائط کے پورا کرنے میں بلا کم وکاست مشغول اور منتظر ہیں اور اُن شرائط میں کسی طرح کی ردوبدل نہیں کی ہے تا کہ

اُن کی تصدیقات کی وجہ سے سچوں کواُن کی سچائی کی جزا ملتی چلی جائے۔ رہ گئے منافق وہ اگر توبہ کرلیں تو اللہ مختار ہے کہ اُن کی توبہ قبول کر لے ورنہ اگر چاہے تو اُن کو عذاب سے دوچار کردے۔ البتہ اللہ بخشنے والا اور رحیم ہے۔ اللہ نے کفار کی جتھا بند افواج کو اُن کے غیظ وغضب میں لپٹا ہوا واپس جانے پر مجبور کر دیا۔ اور اُن کو ذرہ برابر اچھائی نصیب نہ ہونے دی۔ اور یوں جنگ فتح کرانے میں اللہ نے مومنین کو کافی مدد دی۔ اور اللہ تو قوی اور ہر حال میں غالب رہنے والا ہے ہی۔ اِسکے بعد جن یہودیوں نے قریش کی جتھا بند افواج کی پشت پناہی کی تھی۔ آخر وہ اہل کتاب بھی اپنے قلعوں سے نیچے اُتر آئے کیونکہ اُنکے دلوں میں قریشی شکست سے رُعب اور دبدبہ قائم ہو گیا تھا۔ لہٰذا اُنکے ایک فریق کو تم قتل کر رہے تھے اور ایک فریق کو گرفتار کر رہے تھے۔ اس طرح اللہ نے تمہیں اُن کی زمینوں، شہروں اور اموال کا وارث بنا دیا۔ اور ایسی زمین تمہیں دی جہاں تمہارے قدم بھی نہ پہنچے تھے اور اللہ بہر حال ہر چیز پر قادر ہے۔

(27/8)۔ <u>حضرتِ عائشہؓ وہاں جاپہنچیں جہاں حضرت عمر وطلحہؓ چھپے ہوئے تھے</u>

جناب علامہ طبری حضرت عائشہ کی زبانی لکھتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ:۔

''میں ایک باغ میں گھس گئی جہاں چند مسلمان بیٹھے تھے۔ اُن میں عمر بن الخطاب بھی تھے۔ اور ان میں ایک اور شخص تھا جس نے خَود کو پوری طرح پہن رکھا تھا کہ اُس میں سے صرف آنکھیں نظر آتی تھیں۔ عمر نے مجھ سے کہا تم بڑی دلیر ہو یہاں کیوں آئیں؟ ممکن ہے کہ بھاگنا پڑے یا کسی اور مصیبت میں پڑ جاؤ۔ اب وہ اس طرح ملامت کرنے میں میرے پیچھے پڑ گئے کہ میں چاہتی تھی کہ زمین شق ہو جائے اور میں اُس میں دھنس جاؤں۔ اتنے میں خود والے نے اپنا چہرہ ظاہر کیا وہ طلحہؓ تھے۔ اُنہوں نے عمر سے کہا کہ بہت کچھ کہہ چکے۔ فرار اور پسپائی اب صرف خدا ہی کی طرف تو ہے۔'' (تاریخ طبری۔ جلد اوّل صفحہ 288)

قارئین یہ بات تو پردۂ تاریخ میں چھپ گئی کہ حضرت عائشہ اس طرح کیوں پھر رہی تھیں؟ اور اُنہیں حضرت عمر نے ملامت میں کیا کیا کہا؟ کیوں کہا؟ اُنکو کیا اندیشے تھے؟ مگر یہ بات پھر نوٹ کر لیں کہ جنگ اُحد میں جس طرح عمر وطلحہ پہاڑ کی چٹان پر جا بیٹھے تھے، اُسی طرح یہ حضرات یہاں بھی ایک باغ میں پوشیدہ بیٹھے ہوئے پائے گئے۔ اور جناب عائشہ پر یہ پوزیشن ظاہر ہو جانے کی وجہ سے سخت ناراض ہوئے اور صاف کہہ دیا کہ اگر فرار کرنے کی صورت پیدا ہوگئی تو ہم مرد تو بھاگ جائیں گے تم کیسے بھاگو گی؟ اور گرفتاری کی صورت میں ناقابلِ بیان مصیبت سے دوچار ہو جاؤ گی۔ یہ ہیں اسلام کے عظیم الشان اور بے نظیر ہیرو۔ جناب طلحہ نے حضرت عائشہ کو ملامت سے نجات دلائی۔ یہی جناب جنگ جمل تک زندہ تھے اور جناب عائشہ کی کمانڈ میں اپنی شجاعت دکھا رہے تھے۔ حضرت عائشہ کا باقی ازواج سے الگ ہو کر قلعہ سے نکلنا اور یوں افواج اور پناہ گاہوں کا دورہ کرنا اور جنگی حالات پر مطلع رہنا ہی تو وہ قابلیت تھی جس کی بنا پر جناب زبیر اور حضرت طلحہ نے اُن کی ماتحتی میں اپنے مخالف سے نبرد آزمائی کی اور ثابت کر دیا کہ وہ دونوں حضرات معاملات وشدائد جنگ اور فوج کشی سے بے تعلق رہتے رہے تھے۔ یہ نوٹ کر کے جنگ خندق کی تفصیل کو ختم کر دیں کہ جناب طلحہ حضرت عمر کو یہ یاد دلاتے ہیں کہ بھاگنا بھی تو اب اللہ ہی کی طرف سے ہوگا۔ اللہ سے بچ کر کہاں بھاگ سکتے ہیں؟

28۔ غزوہ حدیبیہ یا صلح حدیبیہ کے تاریخی وقرآنی حالات

6 ہجری میں آنحضرتؐ نے حج کے ارادے سے مکہ کا سفر کیا۔اور بڑھتے ہوئے مکہ سے ایک منزل قریب ایک حدیبیہ نام کے کنویں کے پاس مقیم ہوئے۔اِس سفر کی اطلاع ملتے ہی قریش نے اِدھر اُدھر کے قبائل کو ساتھ ملا کر جنگی تیاریاں شروع کر دی تھیں۔لیکن اُن کے دلوں کی گہرائی میں خوف وہراس اور ناکامی کی لہریں موجزن تھیں۔وہ دل سے یہ نہیں چاہتے تھے کہ پھر جنگ اور ہزیمت نصیب ہو۔مگر یہ کہہ کر کہ ہم کمزور ہیں، اپنا رعب وداب اور عزت بھی گنوانا نہ چاہتے تھے۔اُدھر رسولؐ اللہ اِس طرح آئے تھے کہ اگر قریش مسلح مزاحمت کریں تو جم کر جنگ کی جاسکے ورنہ حج کعبہ کے بعد وہ واپس تشریف لے آئیں گے اور از خود دعوت جنگ نہ دیں گے۔چنانچہ دونوں طرف سے آخر صلح پر رضامندی ہوگئی اُسی صلح کا نام صلح حدیبیہ ہے۔اِس صلح میں ہیرو حضرات کے چند واقعات وحالات موجود ہیں جن سے اُن کے منصوبے پر کافی روشنی پڑتی ہے۔

(28/2)۔ اسلامی ہیرو قریش کے اشارے پر بھاگ جانے میں مشہور ومعروف تھے

جنگی تیاری تو کر لی گئی مگر قریش لڑنا نہیں چاہتے اور چاہتے تھے کہ کسی طرح مسلمانوں کو مرعوب کر کے واپس جانے پر آمادہ کر لیا جائے۔چنانچہ غیر رسمی گفتگو کے لئے اُنہوں نے عروہ بن مسعود الثقفی کو بھیجا۔اُس نے رسولؐ اللہ کو صورت حال سے مطلع کرتے ہوئے جو اہم اطلاع دی وہ طبری سے سُنیئے:۔

''مجھے جو مختلف صورتیں تمہارؐے ساتھ نظر آرہی ہیں۔اُن میں ایسے ہی لوگ ہیں جن کی فطرت یہ ہے کہ وہ بھاگ جائیں اور تمؐ کو دشمن کے نرغہ میں چھوڑ دیں۔''(طبری۔جلد اوّل صفحہ 330)

قارئین سوچیں کہ عروہ نے کسی کا نام نہیں لیا ایک عام بات کہی تھی۔ہر فوج میں کمزور دل ودماغ کے چند لوگ ممکن ہیں اور رسولؐ اللہ کی ساری فوج کا جنگِ اُحد میں بھاگ جانا سارے عرب میں مشہور ہو چکا تھا۔بڑے بڑے ہیروز رسولؐ اللہ کو چھوڑ کر بھاگے اور پہاڑ پر جا بیٹھے تھے۔اِسی لئے رسولؐ اللہ عروہ بن مسعود کی تردید نہیں کرتے بلکہ خاموشی سے اُس کی نصیحت وباتیں سن رہے تھے۔مگر جناب ابوبکر جھنجلا کر بے قابو ہوگئے اور عروہ سے فرمایا کہ:۔

''تُو لات کی شرمگاہ کو چُوس۔کیا ہم بھاگ جائیں گے اور اِنؐ کو چھوڑ دیں گے؟''(طبری جلد اوّل صفحہ 330)

علامہ شبلی نے بات کو سنوار کر یوں لکھا کہ:۔ ''حضرت ابوبکر کو اس بدگمانی پر اس قدر غصہ آیا کہ گالی دے کر کہا کہ کیا ہم محمدؐ کو چھوڑ کر بھاگ جائیں گے؟''(سیرۃ النبیؐ۔جلد اوّل صفحہ 451)

ہمیں گالی اور فحش گوئی پر کوئی تعجب نہیں ہے یہ تو اُن حضرات کا عام اخلاق تھا۔تعجب تو اس پر ہے کہ صرف حضرت ابوبکر ہی کو کیوں غصہ آیا؟ یہاں تو اور بھی کئی ایک بھگوڑے تھے۔اُن میں سے کوئی اور کیوں نہ بولا؟ اس بات کو عروہ کے جواب نے ظاہر کر دیا ہے۔اور وہ جواب شبلی وطبری اور تمام مؤرخین نے لکھا ہے۔حقیقت یہ تھی اور جناب ابوبکر کا غصہ سے بے تاب ہو جانا اور رسولؐ اللہ کے ادب ولحاظ کو نظر انداز کر

دینا بھی اس لئے فطری تھا کہ عروہ پر جناب ابوبکر کا کوئی احسان تھا۔ اور اُس احسان کے باوجود وہ رازداری کے خلاف بھاگ جانے کی شرمناک تشہیر کر رہا تھا اور سامنے موجود ہوتے ہوئے بھی عروہ کی آنکھ میں مروت ولحاظ نہ تھا۔ اور اگر حضرت ابوبکر گالی دے کر اُس کی بات نہ کاٹ دیتے تو نہ معلوم وہ اور کیا کیا کہہ ڈالتا۔ اِس لئے اُس کا منہ بند کرنا ضروری ہوگیا تھا۔ یہ بات اپنے موقع پر صحیح تھی اور خود حضرت ابوبکر نے بیان کیا ہے کہ:۔ لما کان یوم احد انصرف الناس کُلّھم عن رسولؐ اللّٰہ فکنت اوّل من فاء۔ (تاریخ الخمیس جلد 1 صفحہ 485) ''جب اُحد کے روز تمام صحابہ رسولؐ کو چھوڑ کر بھاگ گئے تو واپس رسولؐ کے پاس آنے والا میں پہلا شخص تھا۔''

رسولؐ اللہ کے انتقال کے بعد اس کا اقرار بہت خطرناک نہ تھا۔ چنانچہ حضرت عائشہ نے بھی اعلانیہ فرمایا کہ:۔

عن عائشۃ قالت کان ابوبکر اذا ذکر یوم احد بکی ثُمَّ قال ذاک کان کُلّہ یوم طلحۃ۔
ثم انشاء یحدث قال کُنْتُ اوّل من فاء یوم احد۔ (کنز العمال۔ جلد اوّل صفحہ 275)

''ابوبکرؓ کی یہ حالت تھی کہ جب اُحد کے دن کا ذکر ہوتا تو وہ رونے لگتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ اُحد کے دن کی ساری ذمہ داری طلحہ کے سر ہے۔ پھر بیان کرتے کہ میں وہ پہلا آدمی تھا جو اُحد کے روز واپس آیا تھا۔''

لہٰذا معلوم ہوا کہ غصہ صرف اس بات پر آیا کہ عروہ احسان فراموشی کر رہا تھا۔ ورنہ وہاں حضرت عمر بھی موجود تھے۔ انہیں عروہ پر غصہ نہیں آیا اسلئے کہ عروہ پر اُنکا کوئی احسان نہ تھا۔ رہا جنگ سے بھاگ جانا؟ یہ مشہور اور ناقابل اخفا تھا۔ چنانچہ خود ہی اعلان کرتے رہے کہ:۔

خطب عمر یوم الجمعۃ فَقَرأ آل عمران و کان یعجبہ اذا خطب ان یقرأھا فلما انتھی اِلٰی قولہ اِن الذین تولّوا منکم۔ قال لما کان یوم احد فھزمنا ففررت حتی صعدتُ الجبل فلقد رائیتنی انزدہ کاننی اروی ۔
(تفسیر درمنثور جلد نمبر 2 صفحہ 88، تفسیر طبری جلد 4 صفحہ 90 و کنز العمال جلد اوّل صفحہ 238)

حضرت عمر نے جمعہ کے روز خطبہ دیا اور سورہ آل عمران پڑھتے اور تعجب کرتے جاتے تھے۔ جب اُس آیت پر پہنچے جس میں فرمایا گیا ہے کہ یقیناً تم میں سے بھاگنے والے بھاگ گئے تھے تو کہا کہ اُحد کے روز جب ہمیں شکست ہوگئی تو میں بھاگا یہاں تک کہ پہاڑ پر چڑھ گیا۔ وہاں میں نے اپنا یہ حال نوٹ کیا کہ گویا میں جنگلی بکروں کی طرح کودنے میں مشاق ہوں۔''

عروہ نے یقیناً اِن حضرات پر طعن کیا تھا ورنہ غصہ وگالی کی بات نہ تھی۔

(ii)۔ حضرت عمرؓ نے رسولؐ اللہ کا حکم تسلیم نہیں کیا

آنحضرتؐ نے عمر بن الخطاب سے فرمایا کہ تم مکہ جاؤ اور اشراف مکہ کو میرے آنے کی غرض سے مطلع کرو۔ اُنھوں نے آپؐ سے عرض کیا کہ مجھے وہاں جانے میں اپنی جان کا خوف ہے۔۔۔۔۔ میں آپ کو ایسا شخص بتاتا ہوں جس کی مکہ میں مجھ سے زیادہ عزت واثر ہے اور وہ عثمان بن عفان ہیں۔ (طبری جلد اوّل صفحہ 334)

ناظرین نوٹ کرلیں کہ جن لوگوں کو اللہ و رسول کے احکام کی تعمیل سے اپنی جان زیادہ پیاری تھی وہی میدان جنگ سے بھاگ جانے میں حق بجانب تھے۔ وہی لوگ جنت میں رسولؐ کے ساتھی بننے میں معافی چاہتے تھے کہ زندگی بڑی عزیز تھی۔ اور جانشینی بلا زندگی کے قطعی طور

پرنا ممکن تھی۔لہٰذا ضروری تھا کہ جس طرح ممکن ہو زندہ رہو۔

(iii)۔ رسولؐ اللہ پر ایمان کی دو قسمیں؛ اُن کے ذاتی فیصلے نا قابل قبول تھے

علامہ طبری نے لکھا ہے کہ:۔''طویل گفتگو کے بعد صلح طے پائی۔زبانی شرائط کا تصفیہ ہو چکا تھا۔اور اب صرف عہد نامہ کا لکھنا باقی تھا۔عمر بن الخطاب نے اُن شرائط کو ناپسند کیا۔'' (طبری جلد اوّل صفحہ 336)

اسکے بعد علامہ طبری نے وہ بحث لکھی ہے جو حضرت عمر نے ابوبکر سے کی تھی جس پر حضرت عمر نے فرمایا کہ یہ سب باتیں صحیح ہیں تو پھر:۔

''کیوں ہم اپنے دین کے معاملے میں ایسی بات مانیں جس سے کمزوری ظاہر ہوتی ہو؟ ابوبکر نے کہا۔عمر چوں و چرا نہ کرو۔بس تم فی الحال اُن کے ساتھ رہو۔میں شہادت دیتا ہوں کہ وہ اللہ کے رسولؐ ہیں۔عمر نے کہا کہ اور میں بھی شہادت دیتا ہوں کہ وہ اللہ کے رسولؐ ہیں۔'' (طبری جلد اول صفحہ 336)

عہدِ خلافت میں ثابت ہو گیا کہ حضرت عمر کو جناب ابوبکر نے عارضی خاموشی اختیار کرنے کے لئے کہا تھا۔مطلب یہ تھا کہ اِس وقت شور مچانا مصلحت کے خلاف ہوگا۔جب وقت آئے گا تو ایسے تمام احکام اور فیصلے تبدیل کر لئے جائیں گے جن میں رسولؐ اللہ نے (معاذ اللہ) بشری کمزوری دکھائی ہوگی۔چنانچہ حضرت عمر نے اپنے زمانہ میں مولفة القلوب وغیرہ قسم کے احکام کو یہی کہہ کر بدل دیا تھا کہ اُس وقت اسلام کمزور تھا، اب طاقتور ہے۔رسولؐ اللہ دب گئے تھے اب دب کر کیوں رہیں؟ یہاں یہ ماننا پڑے گا کہ یہ دونوں حضرات آپؐ کو رسولؐ تو مانتے تھے مگر بشری تقاضوں کی بنا پر اُن کا ہر حکم ماننا ضروری نہ سمجھتے تھے۔

(iv)۔ علامہ شبلی حضرت عمر کی گستاخانہ بحث کا اقرار کرتے ہیں

''حضرت عمر کو اپنی اُن گستاخانہ معروضات کا، جو بے اختیاری میں اُن سے سرزد ہوئیں تمام عمر سخت رنج رہا۔'' (سیرۃ جلد اول صفحہ 457)

وہ طرز فکر جو بعد وفاتِ رسولؐ جاری رہی شبلی کی تکذیب کرتی ہے۔اور یقین ہو جاتا ہے کہ وہ تمام گستاخانہ بحث دل کی گہرائی اور پوری بصیرت کے ماتحت کی گئی تھی۔ورنہ سینکڑوں احکامِ رسولؐ منسوخ نہ کر دیئے جاتے جن کی تفصیل اپنے مقام پر آنے والی ہے۔

(v)۔ تمام مسلمانوں کا گمراہی کے قریب پہنچ جانا۔تاریخ طبری

''مسلمانوں کو فتح کا یقین تھا اور وہ آپؐ کے ساتھ عمرہ کرنے مدینہ سے نکلے تھے۔مگر اب جب اُنہوں نے دیکھا کہ اس نہج پر صلح ہو رہی ہے اور ہم بے نیل ومرام واپس جائیں گے۔اور خود رسولؐ اللہ نے قریش کی بات مان کر اُن کی منشا کے مطابق صلح کی ہے۔مسلمانوں کے دلوں میں اس کا اسقدر سخت رنج وتعب پیدا ہوا کہ قریب تھا وہ سب دینی طور پر ہلاک ہو جائیں۔'' (طبری جلد اوّل صفحہ 337)

معلوم ہوا کہ رسولؐ اللہ کا دب کر صلح کرنا کسی بھی قریشی قسم کے مسلمان کو پسند نہ آیا تھا۔اور یہ بھی کہ صلح حدیبیہ کے زمانہ تک اُسی قسم کے مسلمانوں کی کثرت تھی جو رسولؐ اللہ پر چھائی رہتی تھی۔ایک اور نظارہ ملاحظہ ہو کہ رسولؐ اللہ نے بار بار حکم دیا کہ تمام مسلمان قربانی کریں اور سر منڈوائیں لیکن کوئی تیار نہ ہوا۔شبلی سے سنئے اور اُن کی پردہ داری بھی دیکھئے، لکھتے ہیں کہ:۔

''آنحضرتؐ نے حکم دیا کہ لوگ یہیں قربانی کریں لیکن لوگ اس قدر دل شکستہ تھے کہ ایک شخص بھی نہ اٹھا یہاں تک کہ جیسا کہ بخاری کتاب الشروط میں ہے کہ تین دفعہ بار بار کہنے پر بھی ایک شخص آمادہ نہ ہوا۔'' (سیرۃ النبیؐ جلد اوّل صفحہ 458)

یہاں یہ بات نوٹ کریں کہ صحابہ کو لوگ اور شخص کہہ کر بات کی شدت کو ہلکا کیا گیا ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ تمام صحابہؓ نے رسولؐ کے احکام کی مکمل خلاف ورزی کی تھی اور کثرت اُن صحابہ کی تھی جو رسولؐ کے احکام کی نافرمانی کیا کرتے تھے اور محض وہ حکم مانتے تھے جو اُنکے مرکز کے حکم کے مطابق ہو (مائدہ۔ 5/41) ورنہ اب صاف انکار کر دیتے تھے۔ یہ بھی پردہ داری ہے کہ کوئی بھی حکم ماننے کو تیار نہ ہوا تاکہ حقیقی مومنین کو بھی قریشی مومنین کے ساتھ شمار کر کے برابر کر دیا جائے۔ لیکن خدا نے اُنکے کذب وافترا کو اُن ہی کے قلم سے ثابت کیا سنئے:۔

''اُس روز بعضوں نے تعمیل میں سر منڈایا اور بعض نے بال کٹوائے رسولؐ اللہ نے فرمایا کہ اللہ سر منڈانے والوں پر اپنا رحم فرمائے، صحابہ نے کہا یا رسولؐ اللہ اور بال کٹوانے والوں پر؟ آپ نے پھر سر منڈوانے پر رحم کی دعا کی۔'' (طبری جلد 1 صفحہ 339)

(vi)۔ بیعت رضوان مذکورہ نافرمان صحابہ کا پردہ فاش کرتی ہے

مشرکین قریش سے جنگ کی صورت میں ضروری تھا کہ جنگ اُحد واحزاب کے بھگوڑے لوگوں کو ایک دفعہ پھر معاہدہ کے ذریعہ پابند کیا جائے اس لئے تمام مسلمانوں سے از سر نو بیعت لی گئی۔ اس بیعت کا نام بیعت رضوان ہے۔ اور یہیں سے رضی اللہ عنہم کا قصہ شروع ہوتا ہے۔ مگر آیت کے الفاظ پر لا تقربوا الصلوٰۃ کی طرح نظر ڈالی جاتی ہے، وانتم سکاریٰ کو چھوڑ دیا جاتا ہے۔ اللہ نے فرمایا تھا کہ؛ لَقَدْ رَضِیَ اللّٰہُ عَنِ الْمُؤْمِنِیْنَ اِذْ یُبَایِعُوْنَکَ تَحْتَ الشَّجَرَۃِ فَعَلِمَ مَا فِیْ قُلُوْبِھِمْ فَاَنْزَلَ السَّکِیْنَۃَ عَلَیْھِمْ وَ اَثَابَھُمْ فَتْحًا قَرِیْبًا o وَّمَغَانِمَ کَثِیْرَۃً یَّاْخُذُوْنَھَا وَکَانَ اللّٰہُ عَزِیْزًا حَکِیْمًا o (فتح 19-48/18)

یقیناً اللہ مومنین سے اُس وقت راضی ہوا جب کہ وہ درخت کے نیچے خود کو تمہارے ہاتھ فروخت کر رہے تھے۔ چنانچہ جو جو کچھ اُن کے قلوب کے اندر تھا اس سے بھی اللہ لاعلم نہ تھا۔ اِسی بنا پر اللہ نے اُن کو پُرسکون رکھنے کا انتظام کیا اور اِس خاموشی کے بالعوض مستقبل میں فتح پانے اور کثیر مالِ غنیمت حاصل کرنے کا بدلا مقرر کیا۔ یعنی جو کچھ دلوں میں تھا اور بعض زبانوں تک آیا بھی، اُس کو فتنہ وفساد بنا دینے سے روک دیا۔ یہی شناخت ہے اللہ کی حکمت اور ہر حالت میں غلبہ کی۔ یہاں دونوں قسم کے مومنین کی صورتیں صاف نظر آ رہی ہیں۔ یعنی ایک وہ جو مال غنیمت اور فتح کی غرض سے شامل تھے۔ دوسرے وہ جو دل کے اندر اور باہر اللہ ورسولؐ کے مطیع تھے۔

(vii)۔ تمام ہیرو اللہ ورسولؐ کے خلاف فتح کو شکست سمجھتے رہے

علامہ مودودی کی زبان سے پڑھیں ارشاد ہوتا ہے کہ:۔

''صلح حدیبیہ کے بعد جب فتح کا یہ مژدہ سنایا گیا تو لوگ (یعنی صحابہ) حیران تھے کہ آخر اس صلح کو فتح کیسے کہا جا سکتا ہے؟ ایمان کی بنا پر اللہ تعالیٰ کے ارشاد کو (زبردستی) مان لینے کی بات تو دوسری تھی۔ مگر اُس کے فتح ہونے کا پہلو کسی کی سمجھ میں نہ آ رہا تھا۔ حضرت عمرؓ نے یہ آیت سن کر پوچھا۔ یا رسوؐل اللہ، کیا یہ فتح ہے؟ حضورؐ نے فرمایا ہاں (ابن جریر طبری)۔ ایک اور صحابی (نام بتاؤ) حاضر ہوئے اور اُنہوں نے بھی یہی سوال کیا۔ آپؐ نے فرمایا ای وَالَّذِی نَفْسُ محمدٍ بیدہٖ اِنَّهُ الفتح ۔ ''قسم ہے اُس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے

یقیناًیہ فتح ہے‘‘(مسند احمد اور مسند ابو داوٗد)۔مدینہ پہنچ کر ایک اور صاحب (کون؟) نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ ’’یہ کیسی فتح ہے؟ ہم بیت اللہ جانے سے روک دیئے گئے، ہماری قربانی کے اونٹ بھی آگے نہ جا سکے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حدیبیہ ہی میں رک جانا پڑا، اور اس صلح کی بدولت ہمارے دو مظلوم بھائیوں (ابو جندل اور ابو بصیر) کو ظالموں کے حوالے کر دیا گیا۔‘‘ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک یہ بات پہنچی تو آپؐ نے فرمایا کہ ’’بڑی غلط بات کہی گئی ہے یہ۔حقیقت میں تو یہ بہت بڑی فتح ہے....‘‘(تفہیم جلد 5 صفحہ 43 حاشیہ نمبر 1)

پہلی بات تو یہ ہے کہ بیعت رضوان کے وقت اللہ کے علم میں حضرت عمر اور اُن کی پارٹی کے دوسرے مندرجہ بالا لیڈر اور اُن کی قلبی حالت تھی۔یعنی بیعت کی رضامندی میں پُر خلوص لوگ داخل ہیں نہ کہ ٹوٹل۔اس لئے کہ ٹوٹل کی کثرت نے قربانی اور سر منڈانے میں نافرمانی کی تھی اور مدینہ تک اپنے شکوک وشبہات پھیلاتے چلے آئے تھے۔اور اللہ ورسولؐ کے فیصلے کے بعد دل تنگ رہنا مومن کا کام نہیں ہے۔(نساء۔4/65) دوسری بات یہ ہے کہ مشکوک اور شک کی بنا پر نافرمان مومنین یا صحابہ کے راہنما کو خاص طور پر رسولؐ اللہ نے بلا کر قرآن کی آیت سنائی۔شبلی صاحب سے سُنیے:۔

’’تمام مسلمان جس چیز کو شکست سمجھتے تھے خدا نے اُس کو فتح کہا۔آنحضرتؐ نے حضرت عمر کو بلا کر فرمایا کہ یہ آیت نازل ہوئی ہے۔اُنہوں نے تعجب سے پوچھا کہ کیا یہ فتح ہے؟ ارشاد ہوا کہ ہاں۔‘‘(سیرۃ جلد اول صفحہ 458) اس واقعہ کو صلح حدیبیہ کے بعد مدینہ کی راہ میں لکھا ہے۔یعنی ابھی تک سردار وراہنما حضرات مشکوک چلے جارہے تھے مگر اس کے باوجود مومنین تھے۔

(28/3)۔ حضرت علیؑ اور دیگر ہیروز کا اسلام وکفر سے رشتہ وتعلق

شاہ ولی اللہ نیز ترمذی و نسائی نے ریکارڈ کیا ہے کہ:۔**قال حدثنا علیؑ ابن طالب بالرحبة فقال لَمّا کان یوم الحد یبیة خرج الینا اُنا س من المشرکین فیهم سهیل بن عمرو و انا س من رؤساء المشرکین ۔فقالوا یا رسوّل اللّٰه خَرَجَ الیک اُناس مِن ابنائنا و اخواننا و ارفائنا ۔ ولیس لهم فقه فی الدّین وانما خرجوا فرارًا من اموالنا وفیاعنا فارددهم الینا فان لم یکن لهم فقه فی الدین سنفقههم فقال النبیؐ یا معشر القریش لتنتهن اَو لیبعثن اللّٰه علیکم من یضرب رقابکم بالسّیف علی الدّین قد امتهن اللّٰه قلوبه علی الایمان قالوا من هُوَ یا رسوّل اللّٰه ؟ فقال له ابوبکر من هُوَ یا رسوّل اللّٰه ؟فقال عمر من هو یا رسوّل اللّٰه ؟قال هو خَاصِفُ النّعل وکان اعطی نعله علیّاً یخصفها۔ثم التفت الینا علیؑ فان رسوّل اللّٰه قال من کذب عَلیَّ معتمدًا فلیتبوء مقعده من النار**۔(ریاض النضرۃ جلد صفحہ 191، ازالۃ الخفاء جلد صفحہ 256، جامع ترمذی صفحہ 460، اسد الغابہ جلد 4 صفحہ 26، مستدرک جلد 2 صفحہ 138)

حضرت علیؑ نے کوفہ کے میدان رحبہ میں بسلسلہ تقریر فرمایا کہ غزوۂ حدیبیہ کے موقع پر ہمارے پاس مشرکین کے چند آدمی آئے۔اُن میں سہیل بن عمرو اور قریشی سرداروں میں سے کچھ لوگ تھے۔انہوں نے رسولؐ اللہ سے کہا کہ آپ کے پاس ہمارے بیٹوں بھائیوں اور غلاموں میں سے کچھ ایسے لوگ آ گئے ہیں جو دین میں فقاہت کا درجہ نہیں رکھتے۔اُن کے آنے کا حقیقی سبب یہ ہے کہ ہمارے اموال اور جائیداد کے انتظام کی ذمہ داریوں سے جان بچا کر بھاگے ہیں۔آپؐ اُن لوگوں کو ہمارے حوالے کر دیں۔اگر اُن کو فقاہت نہ آتی ہوگی تو

ہم اُن کو دینی فقاہت سکھا کر فقیہ اور مجتہد بنا دیں گے۔ نبیؐ نے فرمایا کہ اے گروہ قریش اگر تم اپنی فقیہانہ چال بازیوں سے باز نہ آؤ گے تو یاد رکھو کہ اللہ تمہارے اوپر ایک ایسے شخص کو مبعوث کر دے گا جو تلوار سے تمہاری گردنیں مارے گا۔ لوگوں نے رسولؐ سے دریافت کیا حضورؐ وہ کون ہوگا۔ خصوصاً ابوبکر و عمر نے پوچھا کہ وہ کون ہوگا۔ آپ نے فرمایا کہ وہ شخص جس کے قلب کو اللہ نے آزما لیا ہے۔ وہ ہے جو اِس وقت جوتی کی مرمت کر رہا ہے۔ رسولؐ اللہ نے علیؑ کو اپنی جوتی مرمت کے لئے دے رکھی تھی اور علیؑ مرمت کر رہے تھے۔ اس کے بعد علیؑ نے یاد دلایا کہ رسولؐ اللہ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی اُن پر جان بوجھ کر جھوٹ بولے اللہ اسے منہ کے بل جہنم میں داخل کرے گا۔ مطلب یہ کہ میں نے یہ واقعہ غلط بیان نہیں کیا۔

(28/4)۔ شیخین مستقل طور پر قریش کے غیر مشروط بہی خواہ تھے

امام نسائی نے مندرجہ بالا حدیث کو ذرا سے فرق سے لکھا ہے:۔

جاء النبیؐ اُناس من قریش فقالوا یا محمدؐ انا جیرانک و حلفاء ک واِنّ مِنْ عَبِیْدنا قد آتو ک لیس لھم رغبة فی الدّین ولا رغبة فی الفقه انما فرّوا من ضیا عنا و اموالنا فارددھم الینا ۔قال لِا بوبکر ما تقول؟ قال صدقوا انھم لجیرانک و خلفاء ک فتغیّر وجه النبیؐ ثم قال لِعُمر ما تقول؟ قال صدقوا انّھم لجیرانک وخلفاء ک فتغیر وجه النبیؐ ثم قال یا معشر القریش.....الخ۔

قریش میں سے چند لوگ نبیؐ کے پاس آئے اور کہا کہ اَے محمدؐ ہم آپ کے ہمسایہ پڑوسی ہیں اور حلیف ہیں۔ ہمارے کچھ غلام آپ کے پاس بھاگ آئے ہیں۔ اُن کو نہ دین سے کوئی رغبت ہے اور فقیہ بن جانے میں بھی دلچسپی نہیں رکھتے ہیں۔ وہ ہماری جائیداد اور املاک کو چھوڑ چھاڑ کر بھاگے ہیں۔ آپ اُن لوگوں کو ہمیں واپس کر دیں۔ آنحضرتؐ نے ابوبکر سے دریافت کیا تم اس معاملے میں کیا کہتے ہو؟ اُنہوں نے کہا کہ قریش سچ کہتے ہیں۔ یہ آپ کے پڑوسی بھی ہیں اور حلیف بھی ہو گئے ہیں۔ یہ جواب سن کر آپ کا چہرہ غصہ سے تبدیل ہو گیا۔ پھر عمر سے پوچھا کہ تم کیا کہنا چاہتے ہو؟ اُنہوں نے بھی یہی کہا کہ قریش آپ کے ہمسایہ ہیں اور اب حلیف بھی ہیں اور اپنے قول میں صادق ہیں۔ یہ سن کر پھر آپ کا چہرہ غصہ میں بدل گیا۔ اور کہا کہ اے گروہ قریش تم اپنی مجتہدانہ چالاکیوں سے باز نہ آؤ گے تو تم پر اللہ ایسے شخص کو تعینات کرے گا جس کے ایمان کا اللہ نے امتحان کر لیا ہے۔ وہ تمہاری گردنیں جدا کرے گا۔ پوچھا گیا کہ وہ کون ہوگا۔ فرمایا کہ جوتے کی مرمت کرنے والا وغیرہ۔'' (خصائص نسائی صفحہ 8,14)

(28/5)۔ رسولؐ اللہ قریش کے ہمسایہ اور حلیف بھی نہ تھے۔ چہ جائیکہ ہم نسب؟

یہاں قارئین نوٹ کر لیں کہ قریش سے حضورؐ کا کوئی رشتہ اور تعلق نہ تھا۔ صلح حدیبیہ کی بات صرف تحریری معاہدہ پر تھی نہ کہ حلف پر۔ حلیف ہونے سے انکار کا مطلب یہ ہے کہ قریش اور خانوادۂ رسولؐ میں کوئی سابقہ زمانہ کا تعلق نہیں ہے۔ یعنی دعویٰ نبوت سے پہلے یا بعد قریش کو خاندان رسولؐ نے کبھی اپنا خاندانی حلیف تک نہیں بنایا تھا۔ اُدھر اُس وقت تک قریش بھی ہم نسب ہونے کا دعویٰ نہ رکھتے تھے۔ ورنہ یہ کمزور اپیل نہ کرتے۔ اہلِ خاندان اور ہم نسبی کی جگہ پڑوسی نہ بنتے۔ لہٰذا جہاں جہاں نسب ایک لکھا ہوا ملے اُسے بعد کی خود ساختہ تاریخ سمجھنا لازم ہے۔

(28/6)۔ اجتہادی مسلمان اور صلح حُدَیْبِیَّہ قرآن کی نظر میں

صلح حدیبیہ کا تذکرہ سورہ فتح میں ہوا ہے۔اور سورہ فتح کا نزول 6 ہجری میں تسلیم شدہ ہے۔اس صلح میں کل چودہ سو مسلمانوں کا مکہ میں آنا اور بیعت رضوان میں شریک ہونا بھی مسلمانوں کے مسلّمات میں سے ہے۔پھر اُن لوگوں نے جو خبیث اور طیب مسلمانوں کو مخلوط رکھ کر اپنے لیڈروں پر پردہ ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں، یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ بیعت رضوان میں شامل ہونے والے اِن چودہ سو صحابہ میں ہر شخص پُر خلوص، فدا کار اور حقیقی قسم کا مومن تھا۔اُن میں سے نہ کوئی منافق تھا نہ کمزور عقیدہ کا مسلمان تھا۔حالانکہ سابقہ بیانات میں ثابت ہو چکا ہے کہ سوائے چند صحابہ کے باقی سب نے رسولؐ اللہ کی نافرمانی کی تھی۔اور لیڈر قسم کے لوگوں نے نبوّت پر شک کیا تھا۔جن میں حضرت عمر پیش پیش تھے۔بہر حال سورہ فتح میں بیعت رضوان پر ایک آیت (48/**18**-19) پیرا نمبر 28/2 (vi) میں پہلے آ چکی ہے۔جہاں اُس گروپ کے مسلمانوں کی قلبی کیفیات کے تذکرہ نے باطل گھروندے کو گرا دیا ہے۔اب ابتدا سے سورہ فتح ملاحظہ ہو اور حدیبیہ میں شامل ہونے والے مسلمانوں کا حال دیکھیں۔

(ii)۔ اجتہادی مسلمانوں پر اتمام حجت لامحدود رعایات

سورۃُ الفتح کی دوسری آیت، جو صاحبانِ زَیغ حضرات کو گمراہ رہنے میں سہارا دیا کرتی ہے۔اسلئے کہ اس آیت میں ایک لفظ ''**ذَنب**'' آ گیا ہے۔اور اجتہادی گروپ چونکہ انبیّاؑ اور رسلؑ کو (معاذ اللہ) خطا کار اور مجتہد قرار دیتا ہے۔اسلئے ذنب کے معنی اُنہوں نے گناہ اور قصور کر لئے تاکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے گناہ کا سرزد ہونا ثابت کر کے اُنکی جانشینی اور خلافت کو گناہگاروں اور خبیث الباطن لوگوں کیلئے جائز کر کے یزید و معاویہ کی خلافتوں اور حکومتوں کو خلافت الٰہیّہ قرار دیا جا سکے۔یہی مقصد تھا جس کو حاصل کرنے کیلئے اجتہادی دانشوروں نے وہ سب کچھ کیا جو ہم لکھتے آ رہے ہیں۔اور اس مقصد میں اُنہیں ناکام کرنے کیلئے وہ تمام قربانیاں دی گئی تھیں جن کا منتہیٰ امام حسین علیہ السلام ہیں۔اور آیت زیر نظر (فتح 48/2) کی تلاوت بھی اُسی ناہنجار مقصد کو باطل ثابت کرنے کیلئے کی گئی ہے۔قرآن میں تحریف، عربی زبان کا ستیاناس، کروڑوں بے گناہوں کا قتل و غارت اور ساری دنیا کو فتنہ و فساد کی راہ پر گامزن کرنا یہ سب کچھ اسلئے کیا گیا کہ تعلیمات خداوندی کو اجتہاد کے ماتحت لایا جا سکے۔لیکن خدا کا شکر ہے کہ اُن لوگوں کو اس مقصد میں کبھی بھی اُس معیار پر کامیابی ممکن نہ ہوئی جو اس کے اوّلین منصوبہ سازوں نے مقرر کیا تھا۔ہر ہر قدم فدا کارانِ اسلام کی لاشوں پر رکھ کر گزرنا پڑا۔اُن کا دامن ہمیشہ بے گناہوں کے خون سے رنگین رہا۔ساری دنیا میں اُن پر نفرت و حقارت کی بوچھاڑ رہی۔دنیا کی تمام اقوام و ممالک نے اُن کو ڈاکو، لٹیرے اور کمینہ خصلت لوگ قرار دیا۔اُنہیں چاروں طرف سے گھیر کر اُن سے اسلحے چھینے، اُنکی قوت و حکومت کو تباہ کر کے انہیں بھکاری بنا دیا اور آج وہ جہاں بھی ہیں، جس حال میں بھی ہیں، چھوٹا بڑا کاسۂ گدائی لئے ہوئے اُن لوگوں سے بھیک مانگتے نظر آتے ہیں جن کو تیرہ سو سال سے کافر کہتے چلے آ رہے ہیں۔مگر قرآن کی معنوی تحریف سے اب تک باز نہیں آئے ہیں۔ہم اُنکے داؤ پیچ سے مسلمانوں کو مطلع رکھنے کیلئے اپنی زندگی وقف کئے ہوئے ہیں۔اور اب آپ کو مذکورہ آیت کے معنی کی طرف متوجہ کرتے ہیں۔

(iii)۔ ذنب کے حقیقی لُغوی معنی کرنے میں نہ کوئی قباحت ہے نہ دِقت

قارئین یہاں آپ زحمت فرما کر عربی سے اُردو اور عربی سے انگریزی زبان کی دو معتبر ترین ڈکشنریوں سے ذنب کے اوّلین معنی پر نظر ڈالیں۔

ذَنَبَ، بِ ذَنْبًا 1: کھوج لگانا، 2: دُم کے پیچھے پیچھے چلنا، 3: پیروی کرنا، 4: آگے والے کا نشان قدم نہ چھوڑنا، 5: دُم کو زمین پر ٹکانا۔

ذَنَّبَ الْعمامۃ: پگڑی کا شملہ لٹکانا، دُم چھلا لگانا، **ذَنَّبَ الکتاب:** کتاب کا دیباچہ لکھنا، کتاب کا تتمہ لکھنا،

ذنب الجراد: مکڑی کا انڈے دینے کے لئے زمین میں دھنسنا، کسی چیز میں دُم لگانا۔

ذَنَبَ oi ذَنْباً To track any one

ذَنَّبَ To become spotted on its stalk (date)

ذَنَبَ ہ To make a tail to a turban, To add an appendix to a book.

تَذَنَّبَ To follow a path ,To make a tail to, To enter the end of a valley.

اگر آپ لغات کو برابر وہاں تک پڑھیں جہاں تک **ذ ن ب** سے بننے والے الفاظ لکھے ہوئے ہیں تو کہیں کہیں آپ کو گناہ اور قصور بھی لکھا ہوا مل جائے گا۔ یعنی بعض لوگوں نے اِس لفظ کو اپنی جہالت یا ادبی رنگین مزاجی سے گناہ یا قصور کی جگہ بھی رگڑ دیا ہے۔ جہالت اس لئے کہ اُنہیں عصیاں و معاصی ؛ اثم و آثم ؛ خطا و خاطی ؛ جُرم و مجرم کا نہ فرق معلوم تھا نہ صحیح استعمال کی خبر تھی۔ شاعرانہ وادیبانہ رنگینی اس لئے کہ یہ لوگ ابرو کو کمان اور شمشیر بنانے، اور نظر کو تیر لکھنے میں لذت محسوس کرتے ہیں۔ اور حقیقی بات یہ ہے کہ تیرہ سو سال سے حکومتوں کے خزانے قرآن کو اور عربی زبان کو متزلزل و مشکوک کرنے پر صرف ہوتے رہے ہیں اور ہم یہ تفصیلات جگہ جگہ لکھتے چلے آئے ہیں۔ لہٰذا قصور و قاصر اور قصر خود عربی زبان کا لفظ ہے۔ جس کے معنی کمی کرنے کے ہوتے ہیں۔ یہ بھی ذنب کے ترجمہ میں لکھ دیا جاتا ہے۔ لہٰذا یہ سب بکواس سے زیادہ کچھ نہیں ہے۔ چونکہ رسولؐ اللہ پر لازم تھا کہ اللہ کی اُن تمام تعلیمات کو مدنظر رکھ کر عمل کریں اور احکام دیں جو آدمؑ سے لے کر اُن کے زمانہ تک اللہ نے بھیجی تھیں۔ اُن کا مستقل فریضہ تھا کہ وہ ہر وقت اللہ کی تعلیم اور مطلوبہ نتیجہ کو سامنے رکھیں۔ اور وہاں تک نوع انسانی کو لے جانے کے لئے مختلف طبیعتوں اور حالات کا کھوج لگائیں اور کامیابی کے لئے ایسی تدریج قائم کریں کہ عمل کرنے والوں کا ہر قدم اُس راہ پر پڑے یا اُس راہ کی طرف بتدریج مُڑتا جائے جو انتہائی طور پر مطلوب ہے۔ اِس تمام عملدر آمد کو لفظ'' **ذنب** '' سے ظاہر فرمایا گیا۔ چونکہ کسی چیز کے کھوج لگانے یا کسی کی قدم بہ قدم پیروی کرنے میں غلطی، خطا اور بھول چوک کا امکان ہے اور انبیاء علیہم السلام کو ہر لغزش وخطا، اور بھول چوک اور گناہ یا عصیان سے پیدائشی طور پر منزہ اور معصوم رکھا گیا ہے۔ اِس لئے اللہ کی طرف سے ایسا داخلی و خارجی انتظام لازم ہے جس سے اُن حضراتؑ کا ہر خیال اور ہر عمل اور ہر حکم بلا ناغہ محفوظ و مامون رہے۔ اب اُس آیہ مبارکہ کو دیکھیں۔ وہاں رسوؐل اللہ کے ہر عمل کی گارنٹی دی گئی ہے۔

(iv)۔ آنحضرؐت کی راہنمائی قیامت تک کامیاب اور معصوم رہے گی

اِنَّا فَتَحۡنَا لَکَ فَتۡحًا مُّبِیۡنًاo لِّیَغۡفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّ مَ مِنۡ ذَنۡبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ وَیُتِمَّ نِعۡمَتَہٗ عَلَیۡکَ وَیَہۡدِیَکَ صِرَاطًا مُّسۡتَقِیۡمًاo وَّیَنۡصُرَکَ اللّٰہُ نَصۡرًا عَزِیۡزًاo(فتح 48/1-3)

سورۂ فتح میں فرمایا گیا کہ: یقیناً ہم نے اِس مقصد کے لئے کھلی فتح آپ کو دی ہے تا کہ اللہ تمہاری تحقیق تنفیذِ اسلام کے ماضی حال و مستقبل کو قطعاً محفوظ کر دے اور اپنی نعمتوں کو آپ کے لئے پوری کر دے اور حسبِ سابق حال و مستقبل میں آپ کے نظام کی راہنمائی و ہدایت کاری صراط مستقیم پر قائم رکھے۔ اور اب اور آئندہ تمہیں ہمیشہ غالب رہنے والی نصرت سے نوازتا رہے۔

قارئین ہمارے اس ترجمہ میں سابقہ پیراگراف کی معنوی وضاحت میں اس قدر اور اضافہ کیا گیا ہے کہ **غَفَرَ یَغۡفِرُ مغفرة** کے حقیقی معنی کئے گئے ہیں۔ مِغفَرۡ اُس ٹوپی (Helmet) کو کہتے ہیں جو سر پر اس لئے پہنی جاتی ہے کہ تلوار سے سر میں زخم نہ لگے۔ ہر ڈکشنری ہماری تائید کرے گی۔ گناہوں کی بخشش اس لئے کہا گیا کہ گناہوں سے محفوظ کر دینا، گناہوں پر کنٹوپ چڑھا کر انہیں چھپا دینا مُرادی معنی ہیں۔ حقیقی معنی محفوظ کر دینا، غلاف میں محفوظ کرنا وغیرہ۔ پھر **یغفر** ، **یُتِم**، **یَھدی** اور **یَنصر** مضارع کے صیغے ہیں۔ اُن میں حال اور مستقبل دونوں کے معنی ہوتے ہیں۔ دونوں سے فائدہ اٹھایا گیا ہے۔ کھوج لگا کر پیروی کرنے کو ہم نے ''تحقیق کر کے تنفیذ'' قرار دیا ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ جو لوگ آنحضرؐت کو گناہ گار و خطا کار کہنا چاہتے ہیں اُن کا منہ بند کر کے کالا کر دیا گیا ہے۔

(v)۔ گناہوں کی بخشش کا مسلمہ قانون کیا ہے؟

اِس آیت (فتح 48/2) میں گناہوں کی بخشش کے معنی کرنے والوں کو بتا دو کہ قرآن کریم اور عقل سلیم جرم و گناہ کی بخشش کے لئے پہلے نمبر پر مجرم یا گناہ گار کی شرمندگی اور انفعال ضروری ہے۔ پھر اپنے جرم و گناہ پر توبہ اور طلبِ استغفار لازم ہے۔ یعنی عملاً اُس نقصان کو پورا کرنے میں انہماک اور دل سے خدا کے یا متعلقہ فرد کے رُوبرو مِنّت ولجاجت کے مطلوبہ معیار اور حد پر پہنچنا۔ اِس کے بعد بھی بخشنا یا نہ بخشنا متعلقہ فرد یا خدا کا احسان ہیں۔ اُن پر لازم نہیں کہ وہ ضرور بخش دیں۔ پھر یہاں تو یہ بات ہی اُلٹ جاتی ہے۔ یعنی ایک تو گناہ گار ہے، معافی اور مغفرت طلبی اور شرمندگی کا کہیں ذکر نہیں ہے۔ پھر مجرم کو فتح مبین دی جاتی ہے۔ تا کہ وہ فتح مبین اسکے جرائم یا گناہوں کو بلا طلب دھوڈالے۔ یہی نہیں بلکہ آئندہ بھی جس قدر گناہ یا جرائم کرے وہ سب بخش دیئے جاتے ہیں۔ یہ کھلا ہوا ظلم ہے۔ عقل اس قسم کی بات ماننے سے قاصر ہے۔ اور قرآن کا قانون اس کے خلاف ہے۔ ایک ایسی آیت بتلائی جائے جس میں گناہگار یا مجرم کو بلا طلب اور بلا توبہ بخش دیئے جانے کا وعدہ ہو یا جس میں کسی شخص کو مستقبل میں جرائم اور گناہ کی کھلی چھٹی دی گئی ہو؟ ہے کوئی جو بات کرے؟ یا ہماری وضاحت اور معنی پر غلط ہونے کی دلیل قائم کرے؟ یعنی ہے کوئی مردود جو مسلمان بھی ہو اور رسول ؐاللہ کو (معاذ اللہ) گناہگار کہنے اور ثابت کرنے کیلئے ہم سے دو دو باتیں کرے یا خط و کتابت کرے؟ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ بعض جہلا نے بریکٹ وغیرہ لگا کر ترجموں اور حاشیوں میں لکھا ہے کہ ''اے رسوؐل آپ کی اُمت کے اگلے اور پچھلے تمام گناہ معاف کر دیئے گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون'' مطلب واضح ہے کہ یزید و معاویہ، حجاج اور خود مترجمین کے اور اُن کے تمام بزرگوں کے گناہ قیامت تک معاف ہو گئے۔ لہٰذا ابوسفیان وغیرہ جنتی ہیں۔

(vi)۔ مومنین کی وہ قسم جن کے ایمان میں اضافہ ہوتا رہا

قارئین کو یاد ہوگا کہ مومنین کی ایک قسم وہ تھی جن کے دلوں کے اندر اللہ نے روز ازل سے ایمان لکھا ہوا بھیجا تھا (المجادلہ 58/22)۔ جو ایک لمحہ کے لئے بھی کبھی کفر سے ملوث نہیں ہوئے۔ دوسری قسم کے مومنین کا تذکرہ سورہ فتح میں بھی کیا جارہا ہے۔ یہ وہ ہیں جو ایک دفعہ ایمان لائے پھر کبھی کفر ونفاق سے ملوث نہیں ہوئے بلکہ ہمیشہ ایمان میں اضافہ ہی اضافہ کرتے چلے گئے۔ اُن کیلئے فرمایا کہ:

هُوَ الَّذِیْ اَنْزَلَ السَّکِیْنَةَ فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ لِیَزْدَادُ وْا اِیْمَانًا مَّعَ اِیْمَانِهِمْ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَکَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَکِیْمًا O لِیُدْخِلَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِن تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِ یْنَ فِیْهَا وَیُکَفِّرَ عَنْهُمْ سَیِّاٰتِهِمْ وَکَانَ ذٰلِکَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِیْمًاO (فتح 48/4-5)

جس نے مذکورہ بالا فتح اور گارنٹی عطا کی وہی تو ہے جس نے مومنین کے دلوں میں اس غرض سے سکون نازل کردیا تا کہ وہ اپنے سابقہ ایمان میں زیادتی کرتے چلے جائیں۔ اور آسمانوں وزمینوں کی سب چھوٹی بڑی افواج اللہ کے کنٹرول میں ہیں۔ اور اللہ اس سلسلے کا علم وحکمت رکھنے والا ہے اور یہ علم وحکمت ہی کا تقاضہ ہے کہ مندرجہ بالا مومنین اور مومنات کو نہروں والی جنتوں میں داخل کردے اور اُن کی برائیوں کو چھپادے۔ اور وہ سب انتظام کردینا اللہ کے یہاں بڑے مرتبہ پر فائز ہوجانے کے برابر ہے۔

مطلب واضح ہے کہ جو لوگ آنحضرتؐ کی تحقیقی اور حسب حال تنفیذ پر بلاشک وشبہ ایمان لاتے جائیں گے اور ہر ہر بات کو بلا چُون و چرا قبول کر کے اپنے ایمان میں اضافہ کریں گے۔ اُن میں اگر برائیاں ہوں گی بھی تو اللہ اُن سب برائیوں کو چھپادے گا۔ نامہ اعمال میں محض نیکیاں رہ جائیں گی۔

(vii)۔ مصنوعی منافق اوراشترا کی لوگوں کی پوزیشن

یہاں پسندیدہ مومنین کے بعد اب ایک قابل تعجب بات یہ بتائی جارہی ہے کہ:۔

وَّیُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِیْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِکِیْنَ وَالْمُشْرِکٰتِ الظَّآنِّیْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ عَلَیْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ وَسَآءَ تْ مَصِیْرًاO (فتح 48/6)

جو منافقین اور منافق عورتیں اور جو مشرکین اور مشرک عورتیں اللہ کے متعلق بُرے بُرے قیاسات اور گمان پھیلا رہے ہیں۔ اُن کو عذاب میں مبتلا کیا جائے گا۔ اور اُن کو ایک بُرے دائرے میں گھیرا جا چکا ہے۔ اور اللہ نے اُن پر محروم رہنا اور مغضوب ہونا واجب کردیا ہے اور اُن کے لئے جہنم میں بُرا ٹھکانہ تیار کردیا گیا ہے۔

تعجب کی بات یہ ہے کہ مشرکین اور منافقین تو سر سے پیر تک غلط عقائد رکھتے ہیں۔ اُن سے اللہ کو بدگمانیوں کی اس قدر شکایت کیوں ہے؟ رہ گیا جہنم! وہ تو تیار ہی کافروں اور مشرکوں کے لئے کیا گیا ہے۔ لہٰذا مشرکوں کو جہنم کی دھمکی نئی بات نہیں ہے۔ سوال یہ ہے کہ یہ کس قسم کے مشرک ومنافق ہیں جن پر غصہ، غضب، لعنت اور جہنم صرف بدگمانی کی بنا پر لازم کیا گیا ہے؟ کیا یہ ممکن مان لیا جائے کہ اگر مشرکین و منافقین اپنی بدگمانی ترک کر کے اللہ کے متعلق حسن ظن رکھنے لگیں تو مذکورہ غصہ اور لعنت وسزا ختم ہوجائے گی؟ قارئین نوٹ کرلیں کہ یہ

حقیقی مشرکین اور منافقین کا ذکر نہیں ہے۔ بلکہ یہ مصنوعی بناوٹی مشرک و منافق ہیں مگر دل میں اور باقی ظاہری اعمال میں مسلمان ہیں۔ یہ وہ ہی گروہ ہے جو کافروں اور مشرکوں اور منافق جماعت کو یہ یقین دلانا چاہتا ہے کہ وہ مسلمانوں میں مرحلہ وار کام کر رہے ہیں۔ اور بدستور کافر و مشرک ہیں۔ اُن پر اسلامی تعلیمات کا ذرہ برابر اثر نہیں ہوا ہے وہ دل کی گہرائی میں اپنے سابقہ مذہب پر برقرار ہیں۔ اصل منشا یہ ہے کہ جس طرح مسلمان کہلانے کے لئے ظاہری اعمال میں اشتراک کی بنا پر اُن کو مومنین کہا جاتا ہے، اُسی طرح مخالف سمت میں شمولیت کی وجہ سے انہیں مشرک و منافق کہا گیا ہے۔ مگر اُن لوگوں میں اللہ سے بدگمانی اگر نہ ہو تو عقائد کی درستی ممکن ہے۔ اور یہ بدگمانی دینی حکومت واحکام میں اشتراک کا خیال اور تقاضہ ہے۔

یہ نوٹ کریں کہ جس طرح اللہ نے مومنین کے ایمانی اضافہ کے بعد آسمان و زمین کی افواج کا ذکر کیا تھا۔ اُسی طرح یہاں اُن مخصوص مشرکوں کے تذکرہ کے بعد بھی یہ بات دھرائی گئی ہے۔ (فتح 48/7)

(viii)۔ بیعت رضوان میں وفادار و بے وفا دونوں قسم کے مسلمان تھے

اگر صلح حدیبیہ کی بیعت میں شریک ہونے والے چودہ سو مسلمان سارے کے سارے رسولؐ اللہ سے ہم آہنگ اور وفادار ہوتے اور اُن میں کوئی شخص بھی مقاصد رسولؐ کو اُلٹ ڈالنے والا نہ ہوتا تو یہ آیت نہ آتی کہ؛

اِنَّ الَّذِيۡنَ يُبَايِعُوۡنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوۡنَ اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ فَوۡقَ اَيۡدِيۡهِمۡ فَمَنۡ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنۡكُثُ عَلٰى نَفۡسِهٖ وَمَنۡ اَوۡفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيۡهُ اللّٰهَ فَسَيُؤۡتِيۡهِ اَجۡرًا عَظِيۡمًا o (الفتح 48/10)

یقیناً جن لوگوں نے درخت کے نیچے بیعت کی تھی (48/18) اُنہوں نے آپ کی بیعت کر کے اللہ سے بیعت کی تھی۔ اور اُن کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ تھا۔ اب ایسی صورت کے بعد بیعت کرنے والوں میں سے جو اُس بیعت کے مقصد کو الٹ لے اُس کی ذمہ داری اُسی کی گردن پر ہوگی اور جو کوئی اللہ کے اِس معاہدہ پر وفاداری کا ثبوت دے گا۔ اُسے اللہ عنقریب اجر عظیم عطا کرے گا۔

وہ لوگ مایوس کر دیئے گئے جو وفاداروں اور غداروں اور بدگمانیاں کرنے والوں کو رضی اللہ عنھم میں مخلوط رکھنا چاہتے تھے۔

(ix)۔ عرب کے عام مسلمانوں کو مجتہدین کی تبلیغ نے کیسا بنا دیا تھا؟

آپ نے شاید خیال کیا ہو کہ جب جنگ احزاب میں مسلمانوں کی تعداد تین ہزار تھی تو مکہ کی اس مہم میں صرف چودہ سو کیوں رہ گئی؟ ایک وجہ تو یہ تھی کہ آنحضرتؐ نے اعلان جنگ نہ کیا تھا۔ صرف عمرہ میں ہمراہ چلنے کی دعوت دی تھی۔ لہٰذا مال غنیمت اور لونڈی غلام کے لالچ میں شریک ہونے والے کیوں خواہ مخواہ زحمت برداشت کریں۔ دوسری وجہ یہ تھی کہ آنحضرتؐ کو مکہ والے ہرگز بیت اللہ تک نہ پہنچنے دیں گے بلکہ مکہ سے باہر ہی ختم کر دیں گے۔ اس صورت میں مدینہ کی حکومت پر اُن کا اپنا قابو ہو جائے گا۔ اُدھر آنحضرتؐ کے ہمرکاب جانے والوں میں چونکہ اُن کے بڑے بڑے سرغنہ لیڈر رہیں اور کثرت بھی اُن کی اپنی ہے۔ لہٰذا مکہ والوں سے تعاون اور امداد کا بندوبست اور رابطہ بھی قائم ہو جائے گا۔ چنانچہ قرآن کریم نے اُن تمام عربوں کو جو مدینہ اور نواح مدینہ میں پیچھے رہ گئے تھے، مُخَلَّفُوْن کہا ہے۔ مدینہ پہنچنے سے پہلے ہی سورہ فتح میں پیچھے رہ جانے والے مسلمانوں کے وہ عذرات جو وہ پیش کریں گے اور جو جو باتیں بنائیں گے،

بتا دیئے گئے تھے۔یعنی یہ کہ وہ کہیں گے کہ ہم اپنے اموال واہل عیال کے معاملات میں اُلجھے ہوئے تھے۔ہم آپ سے بخش دیئے جانے کی التجا کرتے ہیں۔مگراُ نکی تمام باتیں دل سے نہیں بلکہ فریب سازی اور آپؐ کو ہموار کرنے کیلئے ہوں گی (فتح 48/11)۔اُنکو یہ گمان بھی تھا کہ اب قیامت تک بھی رسولؐ اللہ اور مومنین کی قلیل تعداد اپنے اہل وعیال کے پاس مدینہ نہ آسکیں گے۔وہ یہ خیال کرکر کے بہت خوش ہورہے تھے (فتح 48/12)۔پھر اللہ نے جنگ خیبر اور غنیمتوں کی طرف توجہ دے کر سورہ فتح میں بتایا کہ وہ زیر بحث عربی مسلمان اُس جنگ میں ہمراہ چلنے کی درخواست کرینگے اور جب آپ انکار کریں گے تو آپؐ کو حاسد قرار دیں گے۔(فتح 48/15)

... فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا o(فتح 48/16)

اُنکو بتا دینا کہ ہم تمہیں ایک زبردست قوت والی قوم سے جنگ کرنے کی دعوت دینگے۔اُس میں اگر تم نے اطاعت کی تو اللہ تمہیں اچھا اجر دیگا اور اگر تم نے اُسی طرح اللہ کے خلاف ولایت اختیار کی جیسا کہ اس سے پہلے کرتے رہے ہو تو تمہیں عذاب الیم سے دوچار کیا جائیگا۔

29۔ جنگ خیبر میں مسلمانوں کی فتوحات وتاریخی حالات

خیبر یہودیوں کا مرکزی مقام تھا۔اسلام کی مقبولیت اور پیش رفت نے اُن تمام یہودیوں کو مایوس کر دیا تھا جو دین موسوی کی جگہ اجتہادی مذہب کے حامی اور راہنما تھے۔چونکہ یہ قریش کی مذہبی راہنمائی کرتے چلے آرہے تھے۔اور اسلام کی مخالفت میں اُنکے معاون اور حلیف تھے۔اسلئے ہر جنگ میں قریش کی ہر ممکن خفیہ واعلانیہ مدد کرتے تھے۔اور جنگ اُحد اور احزاب میں بدعہدی وغداری کے مرتکب بھی ہوئے تھے۔اور مدینہ ونواح مدینہ سے جلاوطن ہوکر خیبر ونواح خیبر کے علاقوں میں جمع ہوگئے تھے۔یہاں اُنکا اجتماع اس غرض سے تھا کہ مسلمانوں پر اجتماعی یُورش کرکے اُنکو تباہ وبرباد کردیا جائے۔جنگ احزاب میں قریش کے ساتھ مل کر ایک ملی جلی کوشش میں ناکام ہو جانے کے بعد اب وہ آخری مقدر آزمائی کی تیاریاں مکمل کر چکے تھے۔تمام عرب میں اپنے نمائندوں کے ذریعہ مسلمانوں کے خلاف نفرت واشتعال پیدا کرکے جنگ پر آمادہ کررہے تھے۔اپنے مقروض قبائل کے سرداروں کو ہموار کر چکے تھے۔اُدھر رسولؐ اللہ یہود کی کوششوں سے تمام مسلمانوں کو مطلع رکھتے تھے اور چاہتے تھے کہ یہودی حملہ کو خود خیبر میں جاکر روک دیا جائے۔تاکہ یہود اور دیگر قبائل کی بے پناہ فوجیں مدینہ کے باغات اور فصلوں کو تباہ نہ کرسکیں۔لہٰذا آپؐ نے اعلان جنگ کر دیا اور تمام مسلمانوں کو حملہ میں شرکت کی دعوت دی۔ساتھ ہی یہ اعلان بھی کردیا کہ ہر مسلمان یہ سمجھ کر ہمراہ چلے کہ وہ خالص فی سبیل اللہ جہاد کیلئے جارہا ہے۔اس اعلان کی وجہ سے کل چودہ یا سولہ سو مسلمان جنگ خیبر کیلئے ہمراہ چلے۔باقی حضرات مذکور ومشہور مقاصد کیلئے مدینہ ونواح مدینہ میں موجود رہے۔شبلی یہ وجہ بتاتے ہیں کہ: ''ایک مدت تک لوگ (یعنی صحابہ رسولؐ) جہاد کو عرب کے قدیم طریقہ کے موافق معاش کا ذریعہ سمجھتے رہے۔

اس لڑائی (خیبر) تک بھی یہ غلط فہمی رہی۔یہ پہلا غزوہ ہے جس میں یہ پردہ اُٹھا دیا گیا اور اسلئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا کہ اس لڑائی میں صرف وہ لوگ (یعنی صحابہ رسولؐ) شریک ہوں جنکا مقصد جہاد اور اعلائے کلمۃ الحق ہو۔'' (سیرۃ النبی جلد اوّل صفحہ 481-480)

یعنی علمانے یہ تاثر دیا ہے کہ صلح حدیبیہ کی طرح اس جنگ میں بھی خالص ومخلص صحابہ شامل ہوئے تھے۔ لیکن ابھی ذرا دیر بعد جنگ سے فرار کرنے والوں کی موجودگی اِن ہی حضرات کے قلم سے آنے والی ہے۔ اور خالص ومخلص صحابہ جان قربان کر دیا کرتے ہیں۔ جنگ میں کافروں کو پیٹھ دکھا کر بھا گا نہیں کرتے۔ وہ حضرات سینہ پر دشمن کا وار سہتے ہیں نہ کہ...... پر۔

(29/2)۔ جنگ خیبر میں اسلام کے ہیروز اور جنگی کارنامے

خیبر کا علاقہ مدینہ سے دوسو میل تھا۔ یہاں پہنچ کر آنحضرتؐ نے یہود کی مختلف آبادیوں اور چھوٹے چھوٹے، چاروں طرف پھیلے ہوئے قلعوں اور مورچوں کو فتح کر کے یہود کے سب سے بڑے قلعہ قموص کے قریب پڑاؤ ڈالا۔ بتایا جاتا ہے کہ حضورؐ کے سر میں دردِ شقیقہ تھا اسلئے آپ اپنے خیمہ میں رہے۔ اور قلعہ پر حملہ کیلئے کوئی حکم یا پروگرام نہیں بتایا۔ لہٰذا یہ اچھا موقع تھا اسلئے جناب ابوبکر نے فوج کی کمانڈ سنبھالی اور فوج کا علم لے کر قلعہ پر فوج کو بڑھایا اور ناکام واپس آئے۔ دوسرے روز جناب عمر نے یہی پروگرام چلایا لیکن ناکام واپس ہوئے۔ اُن دونوں کے حملوں اور ناکامی کی تفصیل مختلف کتابوں سے ملاحظہ فرمائیں۔

(ii)۔ حضرات ابوبکر اور عمر کا ازخود علم وسرداری لینا اور میدان سے فرار کرنا

علامہ ابن حجر نے لکھا کہ: **لَمَّا کَانَ یوم خیبر اخذ ابوبکر اللواء فرجع ولم یفتح له فلما کان الغد اۃ اَخَذَ ہٗ عـمر فرجع ولم یفتح له** ۔(فتح الباری شرح صحیح بخاری پارہ 7 صفحہ 9) ''جب جنگ خیبر شروع ہوئی تو حضرت ابوبکر نے علم لیا اور قلعہ فتح کئے بغیر واپس لوٹے۔ پھر جب اگلا دن ہوا تو عمر نے فوج کا علم لیا اور واپس آئے قلعہ فتح نہ ہوا۔''

حبیب السیَر میں ہے کہ: ''روز اوّل عمر بر حرب اقدام نمود و روز دوم ابوبکر بمقاتلہ پرداخت انہزام یافت۔ مردم اُورا ملامت می کردند۔ روز سوم باز عمر بامر قتال قیام فرمود و منہزم شدہ۔ اولشکریاں بجبن منسوب می داشت ولشکریاں اُوراچوں بہ معسکر خیر البشر رسید وخسر وکواکب مواکب متوجہ دیار مغرب گردید۔ حضرت رسالت علیہ السلام فرمود **لا عـطین الـرا یة رجلا کرّارًا غیر فرّار یحب اللّٰہ و رسولہ ویحبہ اللّٰہ ورسولہ یفتح اللّٰہ علی یدہ**۔''

پہلے دن حضرت عمر نے جنگ کی مگر اُنکو کامیابی نہ ہوئی۔ روزِ دوم ابوبکر نے جنگ کی مگر شکست کھا کر لوٹے۔ ابوبکر کو فوج کے جوان ملامت کرتے رہے۔ تیسرے دن پھر حضرت عمر لڑنے گئے مگر پھر شکست کھا کر پلٹ آئے اور کہا کہ میری فوج نے نامردی کی مگر فوجیوں نے کہا کہ عمر نے نامردی کی ہے۔ جب فوج خیر البشر کے پاس پہنچی اور آفتاب چھپ گیا تو آنحضرتؐ نے فرمایا کہ جو ہوا سو ہُوا۔ کل میں فوج کا علم اور سرداری ایسے مرد کو دوں گا جو جم کر لڑنے والا ہے ہر گز بھاگنے والا نہیں ہے۔ اسلئے کہ اُسے اللہ و رسولؐ سے محبت ہے اور اللہ و رسولؐ اس سے محبت کرتے ہیں اور اس جنگ کو اللہ اسی کے ہاتھ سے فتح کرائے گا۔ (صفحہ 132)

یہاں یہ بات خاص طور پر نوٹ کریں کہ مؤرخین نے شیخین کے فرار کا اقرار بڑے تکلف اور دبی زبان سے کیا ہے۔ مگر سب نے یہ مان لیا ہے کہ رسولؐ اللہ نے آخر فوج کا علم حضرت علیؑ کو دیا اور کرارًا غیر فرارٍ کہہ کر تمام سابقہ حملہ آوروں کا جم کر نہ لڑنا اور خوفِ جان سے فرار کرنا ثابت کر دیا ہے۔ جو لوگ تعصب و طرفداری نہیں رکھتے وہ حقائق کی تہہ تک ضرور پہنچ جاتے ہیں لیکن متعصب لوگ سورج کا بھی

انکار کر دیتے ہیں۔ بہر حال پوری فوج کی شکست اور سرداروں کی وجہ سے فرار ثابت ہے اور یہ ایک معجزہ ہے کہ اللہ نے اُن کا قلم مجبور کر کے لکھوالیا۔

(iii)۔ ہیرو زروزِ اوّل سے اعتماد و تقرب کی تاک میں لگے رہتے تھے

خیبر کے سفر میں جناب علیؑ مرتضٰی بوجہ آشوب چشم ہمراہ نہ آئے تھے۔ خدا کو یہ منظور تھا کہ آنحضرؐت نادِعلیؑ پڑھ کر حاضری کا حکم دیں اور مظہر العجائب ہونے کا ثبوت فراہم ہو جائے۔ چنانچہ جب قلعہ قموص پر مسلمانوں کو پے در پے ناکامی ہوگئی اور لوگوں نے بار بار قسمت آزمائی کرلی تو حضوؐر نے اعلان فرما دیا کہ کل اُس شخص کو علم دیا جائے گا جو جم کر لڑے گا، خیبر کو فتح کرے گا اور سابقہ سردارانِ فوج کی طرح فرار نہ کرے گا۔ کیونکہ حضرت علیؑ موجود ہی نہیں ہیں اور دوسو میل سے رات بھر میں آجانا ناممکن ہے۔ اس لئے تمام مسلمانوں کو یقین ہو گیا کہ وہ خوش نصیب شخص جو خیبر کا فاتح ہوگا، اُن ہی چودہ یا سولہ سو مسلمانوں میں سے کوئی ایک ہے۔ اس لئے ہر دل میں یہ تمنا تھی کہ کاش کسی طرح وہی اس سعادت کا حامل بن جائے۔ صحابہ رات بھر نہیں سوئے، باتیں ہوتی رہیں۔ صبح کو رسولؐ کے سامنے بن ٹھن کر پیش ہونے اور آنحضرؐت کو متوجہ کرنے اور علم حاصل کرنے کی تدبیریں سوچی جاتی رہیں۔ اور تو اور وہ لوگ بھی رات بھر اس تمنا میں غلطاں و پیچاں رہے جو جنگ سے بچ نکلنے اور فرار کر جانے میں مشہور و معروف تھے اور تین دن برابر بھاگتے رہے تھے یہ نظارہ ملاحظہ فرمائیں:۔

> **علامہ شبلی کا بیان:** ''یہ رات نہایت اُمید اور انتظار کی رات تھی۔ صحابہ نے تمام رات اس بے قراری میں کاٹی کہ دیکھئے کہ یہ تاج فخر کس کے ہاتھ آتا ہے۔ حضرت عمر نے قناعت پسندی کی بنا پر کبھی حکومت اور سرداری کی تمنا نہیں کی لیکن جیسا کہ صحیح مسلم باب فضائل علیؑ میں مذکور ہے کہ اُن کو خود اعتراف ہے کہ اس موقع کی تمنا میں اُن کی خودداری بھی قائم نہ رہ سکی۔'' (سیرۃ النبیؐ۔ جلد اوّل صفحہ 487)

جناب علامہ کی خوشامدانہ و متعصّبانہ زبان اور تحریریں ناقابل اعتنا ہیں۔ اس کے باوجود یہ معلوم ہو گیا کہ علامہ کے نزدیک بھی اگلی صبح کو علم حاصل کرنے کی کوشش میں سنجیدگی، خودداری اور باوقار طریقوں سے ہٹ کر بچگانہ روش اختیار کرلی تھی۔ یعنی اس کی قطعاً پرواہ نہ کی تھی کہ بزدل کہنے والے صحابہ کیا کہیں گے، اسلامی فوج کے سامنے کس منہ سے آئیں گے اور علم طلب کرنے کے لئے سینہ تان کر گھٹنوں کے بل کھڑے ہو کر رسولؐ اللہ کو متوجہ کریں گے۔ بہر حال شبلی نے شرما کر باقی واقعات نہیں لکھے اور ناول نویسی کی طرح ایک دم صبح کر دی اور لکھا کہ:۔ ''صبح کو دفعتاً یہ آواز کانوں میں آئی کہ '' علیؑ کہاں ہیں؟ '' یہ بالکل غیر متوقع آواز تھی۔ کیونکہ جناب موصوف کی آنکھوں میں آشوب تھا۔'' (سیرۃ النبیؐ۔ جلد اوّل صفحہ 487)

اگر حضرت علیؑ موجود تھے یعنی باوجود شدید آشوب چشم کے اُن کو ہمراہ لایا گیا تھا۔ تب تو ثابت ہے کہ رسولؐ اللہ پہلے سے جانتے تھے کہ وہ سولہ سو صحابہ بالکل بے کار و ناکام ثابت ہوں گے۔ علیؑ کو ساتھ رکھوں تا کہ آڑے وقت میں کام آئیں۔ اس صورت میں وہ آواز غیر متوقع کیوں ہوگی۔ کیا رسولؐ اللہ کا لعاب دہن آج تک کئی دفعہ آزمودہ نہیں ہے؟ کیا شبلی صاحب اس طرح کرامت کے منکر ہیں۔ غیر متوقع اس لئے ہے کہ علیؑ دوسو میل کے فاصلے پر مدینہ میں ہیں اور ابھی صحابہ کو **نَادِ عَلِیًّا مَظْھَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْہُ عَوْنًا لَکَ فِی**

النوائب کا تجربہ نہیں ہوا ہے۔اس بھروسے پر حضرت عمر و دیگر صحابہ کوشاں اور پُر اُمید ہیں کہ علم اُن ہی میں سے کسی کو ملے گا۔علیؑ موجود ہوتے تو ہر لمحہ ہر بھاگنے والا علیؑ علیؑ کرتا رہتا۔اور ہر دفعہ سوچتا کہ اس ہزیمت کے بعد علیؑ کو بھیجا جائے گا۔علیؑ ہر دل و دماغ پر سوار رہتے تھے۔ مواقع جنگ پر ایک لمحہ کے لئے اُن کی طرف سے لوگوں کا دھیان نہ ہٹتا تھا۔کافر بھی خوفزدہ رہتے تھے اور تمام مجتہدین اور ہیروز بھی چوکنا رہتے تھے۔اور اپنے منصوبوں پر پھُونک پھُونک کر قدم رکھا کرتے تھے۔یہ تو خوابوں میں ڈراتے رہنے والا مجسمہ تھا اور ذرا دیر میں مدینہ سے آنے والا ہے۔

جناب طبری نے لکھا ہے کہ:۔

''علیؑ اُس وقت وہاں موجود نہ تھے۔اس وجہ سے قریش کے ہر فرد کی یہ اُمید تھی کہ شاید اُسی کو علم دیا جائے۔دوسری صبح علیؑ اپنے اونٹ پر سوار رسولؐ اللہ کی فرودگاہ میں آئے اور آپؐ کے خیمہ کے قریب آ کر اُنہوں نے اپنا اونٹ بٹھایا۔اُنکی آنکھیں دُکھ رہی تھیں۔قطری کپڑے کی پٹی آنکھوں پر بندھی تھی۔رسولؐ اللہ نے فرمایا قریب آؤ۔علیؑ آپؐ کے قریب آئے آپؐ نے اُنکی آنکھوں میں اپنا تھوک لگا دیا۔جس سے درد جاتا رہا۔وہ اُس وقت چلے گئے۔پھر آپؐ نے اُنکو اپنا علم دیا۔'' (تاریخ طبری۔جلد اوّل صفحہ 361)

حضرت عمر کا اپنا اعلان

قال عمر ابن الخطاب لقد اعطی علیؑ ابن ابیطالبؑ ثلاث خصال لا ن تکون لِی خصلة مِنها اَحبّ اِلَیَّ مِنْ اَن اعطی حمر النعم ۔قیل وما ھنَّ ؟قال تزوجه فاطمة بنت رسولؐ اللّٰه و سکناه المسجد مع رسولؐ اللّٰه یَحَلّ له فیه ما یحل له و رایة یوم خیبر ۔(مسند امام حاکم صفحہ 26،مستدرک جلد 3 صفحہ 125)

''حضرت عمر کہا کرتے تھے کہ علیؑ ابن ابیطالبؑ کو تین صفات ایسی دی گئیں تھیں کہ اگر مجھے اُن میں سے ایک بھی مل جاتی تو وہ مجھے سرخ اونٹوں کی قطار سے زیادہ محبوب ہوتی۔پوچھا گیا کہ وہ تین خصلتیں کون سی ہیں؟ بتایا کہ فاطمہؑ بنت رسولؐ سے نکاح۔مسجد میں اُن کی سکونت کہ علیؑ کے لئے بھی مسجد میں وہی کچھ جائز تھا جو رسوؐل کو جائز تھا۔اور خیبر کے دن علیؑ کو فوج کی سرداری اور علم کا عطا کیا جانا۔''

(iv)۔ حضرت علیؑ کا حملہ کے لئے روانہ ہونا اور فتح کرنا

شبلی ماشاءاللہ دشمنی اہل بیتؑ میں اس قدر راسخ ہیں کہ ہم عصر بزرگوں سے لیکر اپنے تمام سابقہ بزرگان کی ہر وہ روایت غلط قرار دیتے ہیں جس میں ذرا سی گنجائش نکل آئے اور علیؑ و آل علیؑ کی منقصت کا امکان ہو۔بہرحال افتتاح اُنہی کے قلم سے دیکھیں:۔

علامہ شبلی نے مان لیا کہ:۔''آنحضرؐت نے اُنؑ کی آنکھوں میں اپنا لعابِ دہن لگایا اور دُعا فرمائی۔جب اُنؑ کو علم عنایت ہوا تو اُنہوں نے عرض کی کہ کیا یہود کو لڑ کر مسلمان بنالیں؟ ارشاد ہوا کہ بہ نرمی اُن پر اسلام کو پیش کرو۔''

قارئین اعتماد علویؐ ملاحظہ ہو کہ روانگی سے قبل یقین ہے کہ کامیاب ہوں گا۔اور یہ کہ جبراً، یا لڑ کر کسی کو مسلمان کرنا کافرانہ طریقہ ہے۔ چند سطروں کے بعد لکھا کہ:۔

''لیکن یہود اسلام یا صلح کے قبول کرنے پر راضی نہیں ہو سکتے تھے۔مرحب قلعہ سے رجز پڑھتا ہوا نکلا:۔

خیبر جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں	قد علمت خیبر انی مرحب
دلیر ہوں، تجربہ کار ہوں، مسلح ہوں۔	شاکی السلاح بطل مجرّب

مرحب کے سر پر یمنی زرد رنگ کا مِغفَر اور اُس کے اوپر سنگی خود تھا۔ مرحب کے جواب میں حضرت علیؑ نے یہ رجز پڑھا۔

میں وہ ہوں کہ میری ماں نے میرا نام شیر رکھا تھا۔	اَنَا الّذی سمتنی اُمِّی حَیدرہ
میں شیر نیستان کی طرح مہیب اور جابرانہ ہیئت رکھتا ہوں۔	کلیث غاباتٍ کریہ المنظرہ

مرحب بڑے طمطراق سے آیا۔ لیکن حضرت علیؑ نے اس زور سے تلوار ماری کہ سر کو کاٹتی ہوئی دانتوں تک اُتر آئی۔ اور ضربت کی آواز فوج تک پہنچی۔ اُس پہلوان کا مارا جانا عظیم الشان واقعہ تھا۔ اس لئے عجائب پسندی نے اُس کے متعلق نہایت مبالغہ آمیز افواہیں پھیلا دیں۔''
(سیرۃ النبیؐ۔ جلد اوّل صفحہ 488-487)

مطلب یہ کہ ناصبی دماغ میں درِ خیبر کا اکھاڑ لینا، دروازہ کو ڈھال کی جگہ استعمال کرنا وغیرہ ہضم نہ ہوسکا۔ مگر یہ بھی غنیمت ہے کہ فاتحِ خیبر اور قاتلِ مرحب، محمد بن مسلمہ کو بنانے والوں کو کاذب کہہ کر حضرت علیؑ کے اِس شرف کو غصب نہیں کیا۔ (صفحہ 489)

کوئی دریافت کرے کہ مرحب کا قتل کرنا عظیم الشان واقعہ کیوں؟ وہ بھی ایک آدمی تھا اور اُس کا قتل یا شکست ایک آدمی کا قتل یا شکست کے بجائے عظیم الشان واقعہ کیوں ہے؟ اُن کی روح کو ایصالِ ثواب میں بتادو کہ مرحب ہی تو وہ شخص ہے جس کے سامنے سے تمام ہیروز اور پوری فوج روزمرہ بھاگتی رہی۔ یعنی وہ اکیلا شخص جب گھوڑا دوڑا کر بڑھتا تھا تو مسلمان فوج اور سپہ سالار حضرات اپنے کیمپ میں آکر دم لیتے تھے۔ اور ایک دوسرے کو بزدل اور نامرد کہہ کر اپنی جان بچاتے تھے۔ وہ اکیلا سولہ سو بہادروں کے مقابلہ میں زیادہ تھا۔ اس لئے اُس کا قتل عظیم الشان واقعہ ہے۔ عمرو بن عبدود ایک ہزار بہادروں کے برابر شمار ہوتا تھا تو مرحب کو سولہ سو کے برابر ماننا چاہئے۔

(v)۔ علامہ شبلی اور اُن کے ہم خیال علما کو اُن کے بزرگوں کی طرف سے سنادو

چند اہلسنت بزرگوں نے لکھا: فَنَهَضَ و علیه حُلّه حمراء فاتی خیبر فاشرف علیه رجل من یهود فقال من اَنتَ؟
قال اَنا علیؑ ابن ابی طالبؑ۔ فقال الیهودی غلبتم یا معشر الیهود۔

اور تسلیم کیا کہ جب علیؑ علم لے کر روانہ ہوئے تو اُس وقت آپ سرخ حُلّہ زیب تن کئے ہوئے تھے۔ جب آپ قلعہ کے دروازے کے قریب پہنچے تو قلعہ کے اوپر سے ایک یہودی نے پوچھا تم کون ہو؟ حضرتؑ نے فرمایا کہ میں علیؑ ابن ابی طالبؑ ہوں۔ اس پر یہودی نے پکار کر کہا کہ اے قوم یہود تم مغلوب ہو چکے ہو۔'' (تاریخ کامل جلد 2 صفحہ 83، ازالۃ الخفا شاہ ولی اللہ مقصد دوم صفحہ 256، ریاض النضرۃ جلد 2 صفحہ 187)

شاہ عبدالحق محدث دہلوی نے لکھا کہ:۔

علیؑ علم برگرفتہ رواں شدہ۔ بپائے حصارِ قموص آمد و علم را بر تودۂ از سنگ ریزہ کہ در آنجا بُود بزد۔ یکے از احبار یہود کہ بالائے حصار بود پرسید کہ اے صاحبِ علم تو کیستی و نام تو چیست؟ گفت منم علیؑ ابن ابی طالبؑ۔ پس آن یہودی با قوم خویش گفت سوگند بتوریت کہ شما مغلوب شدید۔ این مرد فتح ناکردہ برنہ خواھد گشت۔ ظاہر آن خبر صفاتِ علیؑ و شجاعت اُو را می دانست

کہ در توریت وصفِ اُو را خواندہ بود۔(مدارج النبوۃ جلد دوم صفحہ 300)

حضرت علیؑ علم لے کر روانہ ہوئے اور قلعہ قموص کی فصیل کے پاس پہنچ کر آپ نے اس علم کو پتھروں کے ایک تودہ پر گاڑ دیا۔ یہ دیکھ کر قلعہ کے اوپر سے ایک یہودی عالم نے پوچھا کہ اے علم والے تو کون اور تیرا نام کیا ہے؟ آپؑ نے کہا میں علیؑ ابن ابی طالبؑ ہوں۔ یہ سنتا تھا کہ اس یہودی عالم نے اپنی قوم کو بتایا کہ توریت کی قسم اب تم مغلوب ہو جاؤ گے۔ کیونکہ یہ شخص وہ ہے جو بغیر قلعہ فتح کئے واپس نہیں جائے گا۔ غالباً وہ یہودی عالم حضرت علیؑ کی صفات اور شجاعت توریت میں پڑھ چکا تھا۔''

دروازہ کو ڈھال بنا کر جنگ کرنا: فضرب بہ رجل من الیھود فطرح ترسہ من یدہ فتناول علیؑ بَابًا کَانَ عند الحصن فتترس بہ عن نفسہ فلم یزل فی یدہ وھو یقاتل حتّٰی فتح اللّٰہ علیہ ثم القاہ مِن یدہ حین فَرَغَ فلقد را یتنی فی نفر سبعۃ اُنا سًامنھم نجھد عَلٰی اَن نقلب ذلک الباب فما نقلبہ۔

''جب جنگ زور سے ہو رہی تھی تو ایک یہودی نے حضرت علیؑ کے دست مبارک پر ایک ضرب لگائی کہ ڈھال ہاتھ سے گر گئی۔ آپؑ نے فصیل کے نزدیک والا دروازہ اکھاڑ کر ڈھال کا کام لینا شروع کر دیا اور جنگ جاری رکھی۔ یہاں تک کہ اللہ نے آپ کو فتح عطا کی۔ جنگ سے فارغ ہونے کے بعد آپ نے اُس دروازہ کو ہاتھ سے ڈال دیا۔ وہ اس قدر وزن دار تھا کہ ہم آٹھ آدمی مل کر بھی اسے اُلٹ پلٹ نہ سکے۔''(تاریخ طبری جلد اوّل اور تاریخ کامل جلد 2 صفحہ 84 وغیرہا)

یہ واقعہ مرحب کے قتل ہو جانے کے بعد کا ہے۔ جب آپ تنہا یہودی فوج سے نبرد آزما تھے۔ جب افواج بھاگ کر قلعہ کے اندر داخل ہو گئیں تو آپ نے اپنی فوج کو خندق کے پار لانے کے لئے قلعہ خیبر کا دروازہ اکھیڑ کر پُل بنا دیا۔ یہ وہ دروازہ تھا جس کا تواریخ میں ستر (70) آدمیوں سے ہِل نہ سکنا لکھا ہے۔ مرحب کے قتل کے بعد یکے بعد دیگرے آپ نے ربیع بن الحقیق اور یاسر اور عنتر وغیرہ چھ بہادروں کو قتل کیا تھا(فواتح میبذی) آخر اہل قلعہ نے امان طلب کی اور حضرت علیؑ جنگ بند کر کے آنحضرتؐ کی اجازت لینے کے لئے حاضر ہوئے تو سرکار دوعالمؐ نے اظہار مسرت فرمایا، مبارکباد اور دعائیں دیں، تفصیل سنئے۔

(vi)۔ فاتح خیبر علیہ السلام کا استقبال اور مبارکباد؛ اللہ و رسولؐ کا ممنون ہونا

صاحب مدارج النبوۃ تحریر فرماتے ہیں کہ: چوں علیؑ مہم کفار قرار دادہ بدرگاہ آنحضرتؐ متوجہ گشت۔ آنحضرتؐ بجہۃ تہنیۃ وے استقبال واستبشار از خیمہ بیروں آمد۔ وے را در کنار گرفت و میان دو چشم وے بوسہ داد و فرمود بلغنی ثناءک المشکو ر و صنیعک المذکور قد رضی اللہ عنہ و رضیت انا عنک۔ پس حضرت امیرؑ گریہ کرد۔ فرمود آنحضرتؐ ایں گریہ شادی است یا گریۂ اندوہ؟ فرمود علیؑ بلکہ گریۂ شادی است و گفت چگونہ شاد باں نباشم کہ تو از من راضی باشی۔ فرمود آنحضرتؐ نہ من تنہا از تو راضیم بلکہ خدا و جبرئیل و میکائیل و جملہ فرشتگان از راضی اند۔''(مدارج النبوۃ جلد دوم صفحہ 302)

حضرت علیؑ کافروں کی مہم سر کر کے آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آنجنابؐ آپؑ کو آتا دیکھ کر خیمہ سے باہر تشریف لائے اور مبارکباد اور بشارت کے لئے بڑھ کر اُن کو سینے سے لگایا، دونوں اَبرؤوں کے درمیان بوسہ دیا۔ اور فرمایا کہ اے علیؑ تمہاری

خدمات اسلام اور کارکردگی اور تمہاری وہ مدح جوشکریہ کی مستحق ہے پہلے ہی مجھے پہنچادی گئی ہے۔اللہ تم سے راضی ہو چکا اور میں بھی بہت ہی خوش ہوں۔جبرئیلؑ ومیکائیلؑ اور تمام ملائکہ آج خوش ہیں۔اِن جُملوں سے حضرت علی علیہ السلام کا خوشی کے مارے دل بھرآیا تھا اور رسوؐل اللہ نے بےچین ہوکر پوچھا تھا کہ یہ رونا خوشی کا ہے یا تمہیں کوئی رنج پہنچا ہے؟...........

(vii)۔ فاتح خیبر کے لئے رجعت الشمّس۔غروب کے بعد سورج دوبارہ نکلا

فتح خیبر کے بعد جب واپسی پرآنحضرؐت نے صہبا کے مقام پر پڑاوٗ ڈالا تو حضوؐر پر نزول وحی شروع ہوا۔آپؐ حضرت علیؑ کے زانو پر سر رکھے ہوئے تھے۔وحی کو اس قدر طول ہوا کہ سورج غروب ہوگیا اور حضرت علیؑ نماز عصر نہ پڑھ سکے۔حضوؐر نے اللہ سے دعا فرمائی سورج دوبارہ نکلا اور سرکارؑ ولایت نے نماز ادا کی۔مؤرخین ومحدثین نے اس واقعہ کوطرح طرح سے بیان کیا ہے کہ:۔

ومن کراماته الباهرة اِنَّ الشَمس ردّت علیه لما کان راس النبیؐ فی حجرة والوحی ینزل علیه وعلیؑ لم یصلی العصر فما سری عنه صلی اللّٰه علیه وسلم الا وقد غربت الشمس فقال النبیؐ اللهم انّه کان فی طاعتک و طاعة رسولک فاردد علیه الشمس فطلعت بعد ما غربت وحدیث روها صححه الطحاوی والقاضی عیاض فی الشفاء ه حسنه شیخ الاسلام ابو زرعه وغیره وردّ و اعلی جمع قالوا انّه موضوع ۔(فتح المبین برحاشیہ سیرۃ نبویہ زینی دحلان جلد 1 صفحہ 182)

آپؑ کی واضح وروشن کرامات میں سے یہ بھی ہے کہ آپؑ کے لئے آفتاب پلٹایا گیا۔پیغمبرؐ آپؑ کی آغوش میں سر رکھے ہوئے تھے۔وحی کا نزول ہورہا تھا۔اورعلیؑ نے عصر کی نماز نہ پڑھی تھی۔وحی کے اختتام تک آفتاب غروب ہو چکا تھا۔آنحضرؐت نے دعا کی کہ یااللہ علیؑ تیری اور تیرے رسوؐل کی اطاعت میں مصروف تھے۔اُن کے لئے سورج کو واپس کردے۔آفتاب غروب ہوجانے کے بعد دوبارہ واپس ہوا۔آفتاب کے دوبارہ پلٹنے کی حدیث کوامام طحاوی نے صحیح قرار دیا ہے اور قاضی عیاض نے بھی شفاء میں اس کی صحت کی تصریح کی ہے۔شیخ الاسلام ابوزرعہ نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے اور اُن سب نے اُن لوگوں کی تردید کی ہے جنہوں نے اُسے گھڑ نت قرار دیا تھا۔تفسیر روح البیان میں ہے کہ:۔

وامّا عود الشمس بعد غروبها فقد وقع لهٗ فی خیبر فعن اسماء بنت عمیس قالت کان یوحی الیهؐ وراسه الشریفه فی حجر علیؑ ولم یسرعنه حتّٰی غربت الشمس وعلیؑ لم یصلی العصر ۔ فقال له رسول اللّٰه أصلّیتَ العصر؟ قال لا ۔فقال الهمّ انّه کان فی طاعتک وطاعة رسولک فاردد علیه الشمس ۔قالت اسماءؓ فرایتها طلعت بعد ما غربت وهو من اجل اعلام النبوة فلیحفظ۔(تفسیر روح البیان جلد2 صفحہ 406)

آفتاب کا غروب ہونے کے بعد پلٹنا غزوہ خیبر کے موقع پر وقوع ہوا۔اسماء بنت عمیس سے روایت ہے کہ آنحضرؐت پر وحی نازل ہونے لگی اور آپؐ کا سر علیؑ کی گود میں تھا۔وحی کا سلسلہ اسوقت تک ختم نہ ہوا جب تک کہ سورج غروب نہ ہوگیا۔اورعلیؑ نماز عصر نہ پڑھ سکے۔پیغمبرؐ نے دریافت کیا کہ تم نے عصر کی نماز پڑھ لی ہے؟ فرمایا نہیں۔آنحضرؐت نے دعا کی خدایا! علیؑ تیری اور تیرے رسوؐل کی اطاعت میں مصروف تھا۔لہٰذا سورج کو اُن کے لئے پلٹا دے۔اسماء کہتی ہیں کہ میں نے دیکھا کہ آفتاب غروب ہو

جانے کے بعد پھر چمکنے لگا۔ آفتاب کا پلٹنا نبوت کی علامات میں سے ہے۔ لہٰذا اُسے یاد رکھنا ضروری ہوا۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے اپنے ریمارکس میں لکھا ہے کہ؛ ''ردّ شمس کی روایت کو علامہ طحاوی نے اپنی کتاب مشکل الاثار اسماء بنت عمیسؓ سے دو طریقوں سے لکھا ہے۔ اور لکھ کر تحریر فرماتے ہیں کہ یہ دونوں حدیثیں مسلّم الثبوت ہیں اور اُن کے راوی سب کے سب ثقہ ہیں۔ قاضی عیاض نے شفاء میں، صاحب بشری اللیث نے اپنی کتاب میں۔ حافظ علاء الدین مغلطائی نے اپنی کتاب الزھر الیاسم میں اُسے نقل کیا ہے۔ ابوالفتح ازدی نے اس حدیث کو صحیح اور ابوزرعہ نے اور ہمارے پیر و مرشد حافظ جلال الدین سیوطی نے الدُرَّ المنتثرہ فی الاحادیث المشتھرہ میں اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے۔ (ازالۃ الخفا مقصد 2 صفحہ 271)

30۔ فتح مکہ اور قریشِ مکہ کی پوزیشن؛ اجتہادی تصورات کی مقبولیت

صلح حدیبیہ کے بعد اسلامی تبلیغ پورے عرب میں آزادی کے ساتھ پھیلتی چلی گئی۔ اور لوگوں نے اسلام کے مبلغین کی تعلیمات کو ٹھنڈے دل سے سننا شروع کیا۔ اور ماضی کے تجربات کی بنا پر یہ یقین کرنا پڑا کہ ایک روز سارے عرب کو اسلام کا حلقہ بگوش ہونا ہی پڑے گا۔ اُدھر اجتہادی تصورات اور قومی و ملکی حکومت کے فوائد بھی یہی تقاضہ کر رہے تھے کہ جتنا جلد ہو سکے اُن دانش وران قوم کے ہاتھ مضبوط کیئے جائیں۔ تاکہ قرآن کی منصوص اور خانوادہ نبوت کی خاندانی حکومت کے خطرات سے حفاظت ہو سکے۔ چنانچہ آپ نے دیکھا تھا کہ صلح حدیبیہ اور جنگ خیبر میں صرف چودہ یا سولہ سو مسلمان شریک ہوئے تھے۔ اور بمشکل کل ظاہری تعداد تین ہزار سے اوپر نہ تھی۔ لیکن صرف دو سال کے بعد جب مکہ کی فتح کے لئے آنحضرتؐ چلے تو اب ہمہ قسمی مسلمانوں کی تعداد دس ہزار سے بڑھ چکی تھی۔ یہاں یہ نوٹ کر لینا چاہئے کہ عربوں کو اسلام کے دائرہ میں داخل ہونے کے لئے کوئی ظاہری ردّ و بدل بھی کرنا نہ پڑتی تھی۔ نام اور ولدیت بدستور وہی باقی رہتی تھی۔ لباس میں کسی تبدیلی کی ضرورت نہ تھی۔ پیشوں اور معاشرت میں کوئی خاص فرق نہ تھا۔ یعنی صورت شکل، لباس، نام اور دیگر تمام ظاہری حالات سے مسلمانوں اور عربوں میں کوئی فرق نہ تھا۔ ہر وہ شخص جو اعلانیہ اسلام کا انکار نہ کرے بلکہ خاموشی سے مسلمانوں میں ملا جُلا رہے، مسلمان ہی سمجھا جاتا تھا۔ لہٰذا اعلانیہ مخالفت ختم ہوتے ہی سب کو مسلمان سمجھ لیا جاتا تھا۔ قبیلے کا ایک شخص آنحضرؐت کے پاس آکر اعلان اسلام کر دیتا تھا۔ اسکے بعد سارے قبیلے کو مسلمان شمار کر لیا جاتا تھا۔ یعنی کفر نے خاموشی سے اسلام میں داخلہ لے لیا تھا۔ یُوں دھڑا دھڑ لوگ گروہ در گروہ، قبیلہ در قبیلہ اور فوج در فوج مسلمانوں میں داخل ہوتے اور تعداد بڑھاتے جارہے تھے۔ تاریخ و کتبِ احادیث سے کوئی ایسا طریقہ معلوم نہیں ہوتا جس سے ہر مسلمان ہونے والے کے متعلق یہ یقین کیا جا سکے کہ وہ تمام عقائدِ اسلام سے واقف اور اُن سب کا اقرار کرتا تھا۔ لہٰذا لوگوں نے زبانِ مخالفت بند کر لی تھی۔ اور اپنا دنیاوی مفاد مسلمان کہلانے میں سمجھ لیا تھا۔ مدینہ سے دور دراز کے علاقوں پر ایسی مکمل نگرانی بھی ناممکن تھی۔ جس سے ہر شخص کے نمازی ہونے کا یقین فراہم ہوتا رہے۔ اور جہاں جہاں ایسی نگرانی تھی بھی، وہاں بھی دل کی گہرائی کا پتہ لگانے کا کوئی انتظام نہ تھا۔ چنانچہ مدینہ کی مسجد نبوی میں نمازیوں کے اندر سب قسم کے لوگ پوشیدہ تھے۔ اُسی طرح جبری مقامات پر پوشیدہ رہ سکتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن نے برابر بلا ناغہ مسلمانوں کی کثرت کو فاسق (لاقانون) و فاجر (خلاف

ورزی کرنے والا) قرار دیا ہے۔سوائے چند ایک کے (الا قلیلا) سب کو شیطان کے راستے پر بھی بتایا ہے۔اور پھر اجتہاد کے سربراہوں نے اعلان کیا ہے کہ شیطان کا تسلط اُن پر اکثر و بیشتر ہوتا رہتا ہے۔اور یہ کہ اگر اجتماعی بصیرت اُن کی بروقت راہنمائی نہ کرے تو اُنکی ذاتی، اسلامی وقرآنی بصیرت اُنکو شیطان سے محفوظ نہیں رکھ سکتی۔

(30/2)۔ فتح مکہ میں جو جس حال میں تھا اُسے اُسی حال میں چھوڑ دیا گیا

تمام مؤرخین ومحدثین نے متفقہ طور پر تسلیم کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے یہ کہہ کر تمام قریش اوراہل مکہ اورنواح مکہ کوآزاد کردیا کہ آج میں تم سے ماضی کے لئے کوئی مواخذہ نہیں کرتا۔ یہاں تک کہ حقیقی مہاجرین بھی تم سے اپنے حقوق طلب نہیں کرتے۔اس اعلان سے خوفزدہ قریش کی جان میں جان آئی۔اس لئے کہ اُن میں سے ننانوے فیصد (99%) سرداران قریش کا قانوناً، اخلاقاً اورشرعاً قتل واجب تھا، اُن کے تمام اموال کی ضبطی فرض تھی۔وہ سب خوش ہوگئے اور بعض نے اعلانِ اسلام کردیا، بعض نے خاموش تعاون شروع کر دیا۔اوراب اُن کا داخلی محاذ اُن سب کی فلاح و بہبود کے لئے خاص طور پر حرکت میں آ گیا۔چنانچہ قدیم ممبران نے اہل مکہ کے اسلام لانے کا ڈھنڈورا پیٹنا شروع کیا اورانتقالِ رسولؐ سے پہلے ہی پہلے تمام اہل مکہ کوفرسٹ کلاس مسلمان بنا کردکھا دیا گیا۔حالانکہ قرآن سے یہ فیصلہ ہو چکا تھا کہ خواہ اُن کی تنذیر کی جائے یا نہ کی جائے، اُن میں اب کوئی اسلام لانے والا نہیں ہے۔لہٰذا قارئین اُن تمام مہاجرین کو الگ سے نوٹ کریں جو فتح مکہ کے بعد مکہ کے لیڈروں کا اسلام ثابت کرنے میں کوشاں نظر آئیں۔ایسی تمام روایات قرآن کے خلاف اور باطل ہیں جو اُس فہرست میں سے کسی ایک یا سب کو مسلم یا مومن قرار دیں جو فتح مکہ کے روز کافر تھے۔سوائے اُن نوجوانوں اور بچوں کے جو فتح مکہ کے روز نابالغ تھے۔یہ کوشش کرنے والا گروہ وہی ہے جو طیب اور خبیث مسلمانوں کو مخلوط رکھ کر رضی اللہ عنھم کہتا چلا آیا ہے۔حالانکہ قریش مکہ نے فتح مکہ کو اپنی انتہائی توہین سمجھا اور کبھی اُنہوں نے اسے فراموش نہیں کیا۔

(30/3)۔ سردارانِ قریش کے دلوں میں فتح مکہ نے آگ سُلگادی

علامہ شبلی اینڈ کمپنی نے اہل مکہ وقریش کے کفر پر اسلام کی چادر اُڑھانے کی پوری کوشش کی ہے۔اورہمیں بھی اس پر اسلئے اعتراض نہیں ہے کہ اب اُنکے اورقریش کیلئے اسکے سوا چارہ کار باقی ہی نہ رہ گیا تھا۔مخالفت وہ کر نہ سکتے تھے، زور ٹوٹ چکا تھا، غیر مسلح ہوکر رہ گئے تھے۔اب تو ضروری تھا کہ جس طرح بھی ہوسکے اپنے قدیم داخلی محاذ کی ماتحتی قبول کریں اوراسلام کی آڑ میں قومی وملکی سلطنت کے قیام کی اُمید پر زندہ رہیں۔لہٰذا سوائے چند جوشیلے دماغوں کے کثرت نے اسلام کی چادراوڑھ لی تھی۔مگر یہ اُسی قسم کے مسلمان تھے جس کا تذکرہ قرآن کرتا آرہا ہے۔جب بلال نے خانہ کعبہ کی چھت پر کھڑے ہوکر اذان دی تو بقول علامہ شبلی: ''وہی سرکش جو ابھی رام ہو چکے تھے۔اُن کی آتشِ غیرت بھی مشتعل تھی۔عتّاب بن اسید نے کہا خدا نے میرے باپ کی عزت رکھ لی کہ اذان کی اس آواز کے سننے سے پہلے ہی اُس کو دنیا سے اُٹھالیا۔ایک اورسردارقریش نے کہا کہ اب جینا بے کار ہے۔'' (سیرۃ النبیؐ جلد اوّل صفحہ 521-520)

ظاہر ہے کہ یہ لوگ خدا کو اور اُس کے عزت رکھنے کو مانتے تھے۔مگر اس طرز اسلام کو نہ مانتے تھے جس نے مکہ فتح کیا تھا۔یہ لوگ

اگر زندہ رہے؟ جیسا کہ زندہ رہنا ثابت ہے تو ہرگز اُن کا سچ مچ اسلام لے آنا اور رسولؐ اللہ کا دل سے مطیع ہوجانا وہی لوگ مانیں گے جن کو اپنے تصور مذہب میں اِن لوگوں کے تعاون کی ضرورت ہوگی۔ ورنہ یہ ناممکن تھا کہ وہ محمدؐ و آل محمدؐ کی اطاعت کرتے۔ اب اگر وہ مطیع نظر آئیں گے تو اپنے قومی و مذہبی تصورات کی اطاعت کرتے پائے جائیں گے۔ چنانچہ مدت دراز تک وہ اپنے داخلی محاذ سے تعاون کی بنا پر بحالت کفر بھی رسولؐ اللہ کے ساتھ مل کر جنگوں میں حصہ لیتے رہے۔ شبلی سے سنئے:۔

''یہ بات بھی اس موقع پر خاص طور پر لحاظ رکھنے کے قابل ہے کہ جن لوگوں کو امن دیا جاتا تھا وہ اسلام پر مجبور نہیں کئے جاتے تھے۔ تمام مورخین اور ارباب سیَر نے تصریح کی ہے کہ حُنین کی لڑائی میں جو فتح مکہ کے فوراً بعد پیش آئی، لشکر اسلام میں مکہ کے بہت سے کفار بھی شامل تھے جو اس وقت تک کافر تھے۔ اور شکست بھی زیادہ تر اسی وجہ سے ہوئی کہ پہلے حملہ میں اُن ہی کافروں کے قدم اُکھڑے اور اس ابتری کی وجہ سے مسلمانوں کے قدم نہ ٹھہر سکے۔'' (سیرۃ النبیؐ۔ جلد اوّل صفحہ 527)

یہاں پہلے تو اُن تمام خلفا اور سلاطین کو اسلام کا مخالف سمجھ لیں جنہوں نے زبردستی اسلام پھیلایا اور جس نے انکار کیا اُسے تہہ تیغ کر دیا۔ بلکہ نمازی، پرہیز گار، سو فیصد مسلمانوں کو اسلئے قتل کر دیا کہ وہ اُن کے تصورات کی تائید نہ کرتے تھے۔

پھر یہ نوٹ کریں کہ جس طرح قریش کے داخلی محاذ کے مومنین رسولؐ اللہ کے ساتھ جنگوں میں شریک ہوتے اور خطرے کے وقت بھاگ جاتے تھے، بالکل اُسی طرح قریش مکہ کفر کی حالت میں شریک ہوئے اور داخلی محاذ کے مسلمانوں کے اشارے پر بھاگ نکلے۔ یہاں یہ بھی واضح ہو گیا کہ مسلمانوں یا کافروں کا گروہ اسلئے فرار کرتا تھا کہ اُنکے بھاگنے سے حقیقی مسلمان بھی بھاگ جائیں اور رسولؐ اللہ میدان میں قتل ہو جائیں۔ لیکن اگر حقیقی مسلمان فرار کرتے رہتے تو کوئی جنگ فتح نہ ہوتی اور مکہ بھی فتح نہ ہوتا۔

بخاری نے مکہ کے قریش کو مولفۃ القلوب لکھا ہے۔ یعنی وہ کافر جن کی دل جوئی کی جاتی تھی تا کہ وہ اپنی مخالفت سے باز رہیں۔

لمّا کان یوم حُنین التقی ھوازن ومع النبی صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم عشرۃ آلاف و الطلقاء۔ (بخاری)

فتح مکہ کے بعد جب جنگِ حنین میں قبیلہ ھوازن سے مقابلہ ہوا تو آنحضرتؐ کے ساتھ دس ہزار لوگ ایک تھے اور طلقاء بھی شامل تھے۔

قارئین نوٹ کریں کہ اب طلقاء اور مولفۃ القلوب کافروں کے دو نئے نام وجود میں آگئے ہیں۔ یعنی فتح مکہ نے کافروں کیلئے دو عدد نرم نام فراہم کر دیئے تھے۔ ابوسفیان اور اُن کا پورا خاندان مولفۃ القلوب میں شمار ہوتے رہے ہیں۔ تاریخ طبری، تاریخ ابوالفدا۔ یہی قول روضۃ الاحباب، تاریخ الامت اور اکمال فی اسماء الرجال میں بھی ہے جو حضرت علامہ محمد ابن عبیداللہ خطیب صاحب مشکوٰۃ کی کتاب ہے۔

کان معاویہ مِن مولفۃ القلوبھم۔ تاریخ طبری، تاریخ ابوالفدا۔ **وکذا فی روضۃ الاحباب و تاریخ الامۃ وفی الاکمال فی اسماء الرجال للعلامۃ** محمد ابن عبیداللہ خطیب صاحب مشکوٰۃ۔

(30/4)۔ طلاق یافتہ کافر لوگ مسلمان نہ تھے۔ انہیں منافق بھی کہا گیا ہے

علامہ نووی صحیح مسلم کی شرح میں فرماتے ہیں کہ:۔

و قال علامۃ نووی فی شرح صحیح المسلم ۔ وھم الذین اسلموا من اھل مکۃ یوم الفتح و سمّوا

بذلک لانّ النبیؐ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم من علیھم واَطلقھم وکان فی اسلامھم ضعف فاعتقدت ام سلیم انھم منافقون وانھم استحقوا القتل۔

طلقاء سے مراد وہ اہل مکہ ہیں جو فتح مکہ کے روز مطیع ہوئے۔اور اُنکو طلقاء اسلئے کہا گیا کہ حضورؐ نے اُنکو گرفتار اور قتل کرنے سے بچا دیا۔اُن لوگوں کی اطاعت میں ضعف اور کمزوری تھی۔اور حضرت ام سلیم کا اعتقاد تو یہ تھا کہ طلقاء منافق ہیں۔اور وہ سب قتل کے مستحق تھے۔

الغرض یہ ثابت شدہ حقیقت ہے کہ فتح مکہ کے دن سے اہل مکہ اور قریشی محاذ تلوار اور جارحانہ مخالفت سے محروم ہو گئے۔اب اُنکی تمام قوت اور تدبیر وتعاون اُن قدیم مسلمانوں کے ساتھ وابستہ ہو گیا جو روزِ اوّل سے اسلام کو مجتہدانہ نظام مشاورت میں تبدیل کرنے پر تعینات تھا۔اِس میں جو بات سرداران قریش اور ابوسفیان کو پسند نہ تھی،وہ یہ تھی کہ انہیں اپنے سے گھٹیا درجہ کے لوگوں کے رحم وکرم پر زندہ رہنا تھا۔اور اب اگر اسلام میں بلند مقام ملنا بھی تھا تو پہلے نمبر پر نہیں ملنا تھا۔اور ممکن تھا کہ وہ مسلمان گروہ اُن سے حسد کرے جسے خود اُن ہی نے اپنا جاسوس اور وظیفہ خوار مقرر کیا تھا۔اور جو اَب مسلمانوں میں اوّلین وسابقین میں شمار ہونے لگا تھا۔اِسلئے اب ابوسفیان اور تمام قریشی سرداروں پر اُدھر رسولؐ اللہ کی خوشامد ضروری تھی کہ اُنہیں مسلمانوں میں کوئی مقام مل سکے۔اِدھر اُن مسلمانوں کے سامنے جھک کر رہنا ہوگا جن کے ساتھ مسلمانوں کے عوام کی کثرت تھی۔اور جو مدت سے اجتماعی بصیرت اور ملکی حکومت کا پروپیگنڈا کرتے کرتے عرب کے ہیرو بن چکے تھے۔یعنی اُدھر حضرت علیؑ کا دامن تھامنا تھا۔اِدھر اُن کے مخالفین کو بھی خفا نہ کرنا تھا۔یہی دو عملی تھی کہ ابوسفیان نے پہلی فرصت میں حضرت علیؑ کی نصرت میں مدینہ کو سوار و پیادہ افواج سے گھیر دینے کی پیش کش کی تھی۔اور اسلامی مصلحت آڑے آ گئی تھی۔مگر ابوسفیان نے جس پر نسبتاً زیادہ اعتماد کیا تھا اور جسے زیادہ صاحب مروّت واحسان سمجھا تھا۔جس سے شرافت وبلند اخلاق کی زیادہ اُمید تھی وہ حضرت علی علیہ السلام ہی تھے۔

(30/5)۔ فتح مکہ اور اہل مکہ وقریش کے ایمان پر قرآن کا حکم ناطق

قارئین کرام یہ نوٹ کرنے کی بات ہے کہ فتح مکہ مسلمانوں کی شناخت اور اُن کی درجہ بندی کے لئے ایک اہم مقام اور سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔فتح مکہ سے پہلے تک اسلام لانے والوں کا درجہ اللہ کے یہاں بلند تر ہے اُن حقیقی مسلمانوں سے جو مکہ کے فتح ہو جانے کے بعد اسلام لائے اور تمام شرائط وخدمات کے پابند رہے۔اس لئے کہ فتح مکہ کے روز کفر کی مسلح قوت تباہ ہو گئی تھی اور اب قریش اور طرفداران قریش کو دب کر رہنا تھا۔اور مسلمانوں کی راہ سے تمام دقتیں اور مشکلات ہٹ گئی تھیں۔

چنانچہ اللہ نے فرمایا دیا کہ:۔ لَا یَسۡتَوِیۡ مِنکُم مَّنۡ اَنۡفَقَ مِنۡ قَبۡلِ الۡفَتۡحِ وَقٰتَلَ اُولٰٓئِکَ اَعۡظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِیۡنَ اَنۡفَقُوۡا مِنۡ بَعۡدُ وَقٰتَلُوۡا وَکُلًّا وَّعَدَ اللّٰہُ الۡحُسۡنٰی وَاللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِیۡرٌo(حدید 57/10)

تم میں سے جو لوگ فتح کے بعد خرچ اور جہاد کریں گے وہ کبھی اُن لوگوں کے برابر نہیں ہو سکتے جنھوں نے فتح سے پہلے اللہ کی راہ میں خرچ اور جہاد کیا تھا۔اُن کا درجہ بعد میں خرچ اور جہاد کرنے والوں سے بڑھ کر ہے۔اگر چہ اللہ نے

دونوں گروہوں ہی سے اچھے وعدے فرمائے ہیں۔ جو کچھ تم کرتے ہو یا کرو گے اللہ اُس سے باخبر ہے۔

یہ درجہ بندی اُن مُسلم طبقات میں کی گئی ہے جو سچ مچ اسلام لائے تھے اور تمام حقوق اللہ وحقوق العباد ادا کرتے رہے۔ اِس میں وہ لوگ جو محض مصلحتاً اسلام لائے، جنگ اور خطرات میں جان بچاتے رہے داخل نہیں ہیں۔ یعنی یہ حقیقی مسلمانوں کے دو طبقات ہیں جن کو فتح مکہ الگ الگ کرتی ہے۔ اب فتح مکہ کے روز اہل مکہ کے اسلام کی پوزیشن قرآن سے ملاحظہ ہو، مسلمانوں سے کہا جاتا ہے کہ:۔

وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَo قُلْ یَوْمَ الْفَتْحِ لَا یَنْفَعُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا اِیْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ یُنْظَرُوْنَo فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَo (السجدة 30-32/28)

اگر تم واقعی اپنے غلبہ پانے کے دعویٰ میں سچے ہو تو بتاؤ وہ تمہاری کامیابی اور فتح کہاں ہے؟ اُن سے کہہ دیجئے کہ فتح کے دن ایمان لانا اُن لوگوں کیلئے ذرہ برابر مفید نہ ہوگا جنہوں نے اُس دن تک کفر اختیار کئے رکھا ہوگا۔ اور پھر اُنکو مزید مہلت بھی نہ ملے گی۔ آپؐ اُن کو اُن کے حال پر چھوڑ کر توجہ ہٹالیں اور فتح کا انتظار کریں اور اُنہیں بھی منتظر رہنے دیں۔

اِس کے بعد مکہ کے مفتوح قریش کے ایمان کا ڈھنڈورا پیٹنے والے لوگوں کو نہایت اطمینان سے اُن ہی کے پٹھو اور گروہ میں شمار کرنا لازم ہے۔ اور ہمارا عملدرآمد سو فیصد قرآن کے احکام اور فیصلوں پر ہے۔ ہم قریشی محاذ کے وظیفہ خوار محدثین ومؤرخین کو ناقابل اعتبار اور قریش کے طرفدار خیال کرنے میں حق بجانب ہیں۔ اور اُنکی ہر اُس بات کو ٹھکرا دیتے ہیں جو قرآن کے خلاف اور اُنکے حق میں ہو۔

31۔ جنگ حنین میں طلقاء اور اُن کے محاذ کے مسلمانوں کا حال

فتح مکہ کی خبر آگ کی طرح سارے عرب میں پھیلتی اور ہمتیں توڑتی چلی گئی۔ عرب قبائل اِسی دن کا انتظار کر رہے تھے۔ اس کے بعد طے کر لیا گیا کہ اب بحیثیت مجموعی اعلان اسلام کر دیا جائے۔ اُدھر قبیلہ ہوازن اور قبیلہ ثقیف جو کثرت مال ومتاع اور جنگی ساز و سامان میں سارے عرب سے بڑے اور طاقتور تھے، رسولؐ اللہ پر مکہ ہی میں حملہ کے لئے تیار ہو گئے۔ آنحضرتؐ نے تحقیق کے بعد مدینہ سے آئی ہوئی دس ہزار فوج اور مکہ کے طلقاء کی دو ہزار فوج سے ہوازن کی فوج کی طرف کوچ کیا جو حنین کے میدان میں خیمہ زن تھی۔ علامہ شبلی نے لکھا ہے کہ:۔

''شوال 8 ہجری مطابق جنوری وفروری 630 عیسوی میں اسلامی فوجیں جن کی تعداد بارہ ہزار تھی اِس سرو سامان سے حنین پر بڑھیں کہ بعض صحابہ کی زبان سے بے اختیار یہ لفظ نکل گیا کہ'' آج ہم پر کون غالب آسکتا ہے؟'' لیکن بارگاہ ایزدی میں یہ نازش پسند نہ تھی'' (سیرۃ النبیؐ۔ جلد اوّل صفحہ 533)

علامہ شبلی نے پردہ داری کا ٹھیکہ لے رکھا تھا۔ لہٰذا یہاں لفظ ''بے اختیار'' اپنی طرف سے بڑھا دیا تاکہ جرم کا وزن ہلکا ہو سکے اور اُن صحابہ کے نام بتانے سے گریز کر کے بعض صحابہ لکھ دیا تاکہ یہ متکبرانہ جملہ اور ذہنیت مخلوط ہو کر بے اثر ہو جائے مگر انہیں نہیں معلوم کہ دنیا میں وہ لوگ بھی ابھی تک آباد ہیں جو تمام پردوں اور نقابوں کو ہٹا کر وہ چہرے دکھا ناطے کئے ہوئے ہیں جو اسلام کی آڑ میں کثرت پرستی کو رائج

کرنا چاہتے تھے۔ چنانچہ تاریخ الخمیس جلد دوم صفحہ 111 میں لکھا ہے کہ جناب ابوبکر نے فرمایا تھا کہ:

''لَنْ نُغْلِب الیوم'' آج ہمیں ہرگز مغلوب نہیں کیا جا سکتا۔''

(31/2)۔ ذرا بیعتِ رضوان والے اور دیگر مسلمانوں کا میدانِ جنگ سے بھاگنا ملاحظہ ہو

علامہ شبلی کا مندرجہ بالا بیان صحابہ کے غرور کا نتیجہ مسلسل بتاتا ہے کہ:۔

''فتح کے بجائے دہلہ اوّل میں مطلع صاف تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نظر اُٹھا کر دیکھا تو رفقائے خاص میں سے بھی کوئی پہلو میں نہ تھا۔ حضرت ابوقتادہ جو شریک جنگ تھے۔ اُن کا بیان ہے کہ جب لوگ (یعنی صحابہ) بھاگ نکلے تو میں نے ایک کافر کو دیکھا کہ وہ ایک مسلمان کے سینہ پر سوار ہے۔ میں نے عقب سے اُس کے شانہ پر تلوار ماری جوزرہ کو کاٹ کر اندر اتر گئی۔ اُس نے مڑ کر مجھ کو اس زور سے دبوچا کہ میری جان پر بن گئی۔ لیکن پھر وہ ٹھنڈا ہو کر گر پڑا۔ اُسی اثناء میں، میں نے حضرت عمر کو دیکھا۔ پوچھا کہ مسلمانوں کا...... حال ہے۔ بولے کہ قضائے الٰہی یہی تھی۔'' (سیرۃ النبیؐ۔ جلد اوّل صفحہ 535-534)

علامہ شبلی نے حسب عادت خیانت کی ہے۔ جناب ابوقتادہ کے الفاظ اور بیان صحیح بخاری سے ملاحظہ فرمالیں:۔

انھزم المسلمون و انھزمتُ مَعَھُمْ فاذا بِعُمر بن الخطاب فی الناس فقلت له مَاشا ن الناس قال امر اللّٰہ ثُمّ تراجع الناس الی رسول اللّٰہ۔ (صحیح بخاری پارہ سترہ، پ17 صفحہ 50 کتاب المغازی)

جنگ حنین میں مسلمان بھاگے تو میں بھی اُن کے ساتھ بھاگا۔ ناگاہ میں نے بھاگتے ہوئے عمر بن الخطاب کو دیکھا تو پوچھا کہ آج مسلمانوں کا یہ کیا حال ہے کہ بھاگے جارہے ہیں حضرت عمر نے کہا کہ یہ اللہ ہی کا حکم تھا۔ اسکے بعد لوگوں نے رسولؐ اللہ کی طرف واپسی شروع کی۔

قارئین یہ عقیدہ نوٹ کرلیں کہ کوئی کام بلاحکم خدا نہیں ہوتا۔ خدا ہی کے حکم سے فتح ہوتی ہے، اُسی کے حکم سے مسلمان بھاگتے ہیں یعنی مسلمانوں نے تو اللہ کے حکم کی تعمیل کی تھی وہ تو مطیع و فرمانبردار تھے۔ اُن کی کیا خطا؟ جب خدا ہی بھگا دینا چاہے تو مسلمان کیا کریں۔ یہی وہ عقیدہ ہے جس کی بنا پر قاتل و مقتول، ظالم و مظلوم دونوں رضی اللہ عنھم بنائے جاتے ہیں۔ مگر اللہ بھاگنے والوں کو ہمیشہ مجرم قرار دیتا رہا ہے۔

(31/3)۔ جن کو بیعت رضوان کی آڑ میں ہیرو بنایا، اُن کا حال قرآن سے

یَآ یُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُ وْا اٰبَآءَ کُمْ وَاِخْوَانَکُمْ اَوْلِیَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوْا الْکُفْرَ عَلَی الْاِیْمَانِ وَمَنْ یَّتَوَلَّھُمْ مِّنکُمْ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الظّٰلِمُوْنَo (توبہ 9/23)

اللہ مومنین سے فرمارہا ہے کہ:۔ اے مومنین تم اپنے آباواجداد اور بھائیوں کو اپنا ولی نہ بناؤ جب کہ وہ ایمان کے مقابلہ میں کفر سے محبت رکھتے ہوں اور تم میں سے جو کوئی اُن کی ولایت اختیار کرے گا وہی ظالم ہوگا۔

بیعت رضوان کے بعد تو نہ معلوم مسلمانوں نے کیا کیا کیا؟ سورۃ توبہ تو 9 ہجری کے اواخر میں جنگ حنین و جنگ تبوک پر تبصرہ کرتی ہے۔ یعنی رسولؐ کے انتقال سے دوسال قبل مسلمانوں میں وہ مومنین موجود تھے جو کفار کی ولایت کے دلدادہ تھے۔ اور چونکہ فتح مکہ کے بعد کہا گیا

ہے کہ مکہ اورنواح مکہ مسلمان ہو چکا تھا۔لہٰذا اب کفار کی ولایت کے معنی وہی ولایت ہے جو کفار کی منشا کے مطابق قومی وملکی حکومت کا تصور تھا اوراب مسلمانوں کو اُسی سے منع کیا جارہا ہے۔اسکے بعد مزید توضیح کی گئی ہےاور بتایا گیا کہ:۔

قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَا اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِىْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِىَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَo (توبہ 9/24)

اگر مومنین کو اُنکے باپ دادا یا اولاد اور بھائی بند اور ازواج اور اہل قبیلہ اور مال ومتاع اور کاروبار تجارت اور اپنے پسندیدہ مکانات اللہ ورسولؐ اور اُنکے ساتھ مل کر جہاد کرنے سے زیادہ محبوب ہیں؟ تو پھر تم اِس عمل کے نتیجہ بد کا انتظار کرو۔ یہاں تک کہ اللہ اپنا اقتدار وتسلط قائم کرلے اور اللہ فاسقین یعنی لاقانون لوگوں کی ہدایت کرتا ہی نہیں ہے۔

دوبارہ معلوم ہوا کہ مومنین کی کثرت 9 ہجری تک فاسق ہے۔جسکے تمام کام اعزہ واقربا اور قوم وقبیلے کے مفاد کو ملحوظ رکھ کر ہورہے ہیں۔اور جن کے نزدیک اللہ ورسولؐ وجہاد تمام ثانوی حیثیت رکھتے ہیں۔اُن ہی کو یہ کہا کہ؛

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِىْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْئًا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَo (توبہ 9/25)

اللہ نے تمہاری اکثر مواقع پر مدد کی ہے۔ذرا حنین ہی کو یاد کرلو جب تمہیں اپنی کثرت پر ناز تھا۔مگر تمہاری وہ کثرت تمہارے کسی کام نہ آئی اور زمین کی وسعتیں تمہارے اوپر تنگ ہوگئیں اور تم اپنی ولایت کے قیام کیلئے پیٹھ پھرا کر بھاگ کھڑے ہوئے تھے۔

قارئین یہ تھے وہ بار باراور لگا تار فرار کرنے والے مومنین جو اپنی ولایت وحکومت کو قائم کرنے کی اُمیدوں اور پیشگوئیوں کے سہارے ہر حال میں زندہ رہنا چاہتے تھے۔اور کوئی ایسا خطرہ مول نہ لینا چاہتے تھے جس میں مرنا تو مرنا ہے زخم بھی لگنے کا امکان ہو۔پھر بھاگنے کو حکمِ خدا قرار دے کر بے قصور بننے کی کوشش کرتے تھے۔

(31/4)۔ شکست وفرار کا سبب؛ بارہ ہزار فوج کو دوبارہ بھگوڑا کہا

علامہ شبلی نے لکھا کہ ''شکست کے مختلف اسباب تھے۔(1) مقدمہ الجیش (فوج کے آگے چلنے والا دستہ) میں، جو حضرت خالد کی افسری میں تھا زیادہ تر فتح مکہ کے جدید الاسلام نوجوان تھے، وہ جوانی کے غرور میں اسلحہ جنگ پہن کر بھی نہیں آئے تھے۔(2) فوج میں دو ہزار طلقاء، یعنی وہ لوگ تھے جو اَب تک اسلام نہیں لائے تھے۔(3) ہوازن قدر اندازی (تیر چلانے) میں تمام عرب میں اپنا جواب نہ رکھتے تھے۔میدان جنگ میں اُنکا ایک تیر بھی خالی نہیں جاتا تھا۔کفار نے معرکہ گاہ میں پہلے پہنچ کر مناسب مقامات پر قبضہ کرلیا تھا۔اور تیر اندازوں کے دستے پہاڑ کی گھاٹیوں، کھوہوں اور درّوں میں جا بجا جما دیئے تھے۔(4) فوج اسلام نے صبح کے وقت جب خوب اُجالا بھی نہیں ہوا تھا حملہ کیا۔(5) میدان جنگ اس قدر نشیب میں تھا کہ پاؤں جم نہیں سکتے تھے۔(6) حملہ آوروں کا بڑھنا تھا کہ سامنے سے ہزاروں فوجیں ٹوٹ پڑیں۔(7) ادھر کمین گاہوں سے قدر اندازوں کے دستے نکل آئے اور تیروں کا مینہ برسا دیا۔مقدمۃ

الجیش (مع خالد) ابتری کے ساتھ بے قابو ہو کر پیچھے ہٹا اور پھر تمام فوج کے پاؤں اکھڑ گئے۔صحیح بخاری میں ہے کہ **فَاَدْبَرُوا عنه حَتّٰی بَقٰی وَحْدَهٗ** ۔یعنی سب لوگ پیٹھ دکھا کر رسولؐ کو تنہا چھوڑ گئے۔ تیروں کا مینہ برس رہا تھا۔ بارہ ہزار فوجیں ہوا ہو گئیں تھیں۔لیکن ایک پیکر مقدس پا بر جا تھا۔ جو تنہا ایک فوج، ایک مُلک ، ایک اَقلیم، ایک عالَم بلکہ مجموعہ کائنات تھا صلی اللہ علیہ وسلم ۔آنحضرؐت نے داھنی جانب دیکھا اور پکارا **معشر الانصار** یعنی اَے گروہ انصار؟ آواز کے ساتھ صدا آئی ہم حاضر ہیں۔ پھر آپ نے بائیں جانب مڑ کر پکارا۔اب بھی وہی (یعنی انصار کی) آواز آئی۔آپ سواری سے اُتر پڑے اور جلال نبوتؐ کے لہجے میں فرمایا میں خدا کا بندہ اور اُسکا پیغمبر ہوں۔ بخاری کی دوسری روایت میں یہ فرمایا تھا کہ؛ **اَنَا النَّبِیُّ لا کذب** ۔میں پیغمبر ہوں یہ جھوٹ نہیں ہے۔**اَنَا ابْنُ عبدالمطلبؓ** ۔میں عبدالمطلبؑ کا بیٹا ہوں۔'' (سیرۃ النبیؐ جلد اوّل صفحہ 539-537)

قارئین نوٹ کر لیں کہ حقیقی مومنین میدان میں حاضر تھے اور وہ انصار تھے، مہاجرین کی جگہ بھی انصار ہی میں تھی۔رہ گئے نام کے مہاجرین! وہ تو وہیں کہیں تھے جہاں حکم خدا انہیں لے گیا ہوگا، جہاں ابوقتادہ سے ملاقات ہونا لکھا ہے۔ وہ ہرگز خطرہ میں جان بوجھ کر نہ پڑتے تھے، جان بچانا فرض سمجھتے تھے، قرآن پر بابصیرت ایمان رکھتے تھے، آتشِ نمرود میں بے خطر کود پڑنا عقل کے خلاف خیال کرتے تھے۔

(31/5)۔ علامہ شبلی سو علامہ شبلی مگر سید سلیمان صاحب سبحان اللہ

یعنی بڑے میاں سو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ۔مطلب یہ کہ جہاں جہاں علامہ شبلی سے کتر بیونت اور پردہ داری میں خامی رہ گئی تھی، سید سلیمان ندوی صاحب نے اپنے استاد کی خامیاں درست کر دی ہیں۔علامہ نے مندرجہ بالا بیان میں طلقاء کو کافر قرار دیا جو سید صاحب کو اس لئے پسند نہ آیا کہ طلقاء میں اُن کے پیر و مرشد لوگ بھی شامل تھے۔لہٰذا حاشیہ میں انتہائی دیدہ دلیری سے اُن کو مسلمان لکھا ہے۔اُدھر بخاری نے اور علامہ شبلی نے تمام فوج کا بھاگ جانا اور حضورؐ کو تنہا چھوڑ دینا لکھ مارا۔مگر سید صاحب نے بے تکے جوڑ توڑ اور پیوند لگا کر یہ دکھانا چاہا ہے کہ ہیرو حضرات نے فرار نہیں کیا تھا اور اگر بھاگے بھی تھے تو سب سے پہلے واپس آ گئے تھے۔لیکن سید صاحب قرآن کی تکذیب تو کر سکتے ہیں مگر واقعات کو دوبارہ وقوع میں نہیں لا سکتے۔اب ہم اُن کی حاشیہ آرائی سے مندرجہ بالا فرار میں جو کمی رہ گئی ہے، اُسے پورا کرتے ہیں۔

(31/6)۔ اجتہادی مسلمانوں کے فرار کی ندویانہ وجوہات اور تفصیلات

جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے۔یعنی چلے تھے مجرموں کی طرف داری کرنے لیکن خدا نے سید صاحب کے قلم سے باقی ماندہ جرائم بھی لکھوا دیئے۔ملاحظہ فرمائیں علامہ السید سلیمان ندوی فرماتے ہیں کہ:۔

(i)۔ مال غنیمت لوٹنے والے مسلمان شکست کا باعث ہوئے

علامہ شبلی نے یہ تذکرہ نہ معلوم کیوں چھوڑ دیا تھا کہ صحابہ مالِ غنیمت لوٹنے میں مشغول ہو گئے تھے۔یعنی جنگ اُحد کو فراموش کر چکے تھے۔ بہرحال سید صاحب بخاری سے لکھتے ہیں کہ:۔

وَانّا لما حملنا علیھم انکشفوا فاکسینا عَلَی الغنائم فاستقبلنا بالسّھام۔ (بخاری غزوہ حنین) ہم نے جب اُن پر حملہ کیا تو وہ شکست کھا کر پیچھے ہٹ گئے۔تو ہم لوگ مال غنیمت پر کود پڑے تو اُنہوں نے ہم کو تیروں پر دھرلیا۔

(صفحہ 534 حاشیہ سیرۃ النبیؐ جلداوّل)

یہاں علامہ نے ترجمہ غلط کیاہے۔ انکشفوا کے معنی شکست کھا کر پیچھے ہٹنا نہیں بلکہ میدان جنگ کو کھول دینا ہے۔یعنی دشمن نے پہلے سے سوچی ہوئی اسکیم کے مطابق اِدھر اُدھر مناسب پوزیشن لے کروہ مال کھلا چھوڑ دیا جس پر عرب ٹوٹ پڑا کرتے ہیں۔اور جب مومنین کی فوج جلدی میں مال پر قبضہ کرنے اوراپنے جیب ودامن بھرنے کے لئے دوڑ پڑی تو تیروں کی بوچھاڑ سے حواس باختہ ہوکر جان بچانے کے لئے جدھر منہ اُٹھا بھاگ گئی۔

(ii)۔ وہی پُرانے قدیم مومنین جو ہر جنگ کو ہرانے میں کوشاں رہتے تھے

اس کے بعد مسلسل لکھا کہ:۔

’’(2)دوسری بات یہ ہے کہ شکست کے ظاہری اسباب میں ایک سبب یہ بھی تھا کہ اس جنگ میں (بھی) کچھ لوگ محض اس غرض سے شریک ہوئے تھے کہ مسلمانوں کو عین جنگ میں دھوکہ دیں۔ چنانچہ صحیح مسلم میں ہے کہ حضرت ام سلیمؓ نے جواس جنگ میں شریک تھیں،حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی کہ یارسولؐ اللہ! اِن طلقا کو قتل کردیجئے اُن ہی کی وجہ سے شکست ہوئی ہے۔الفاظ یہ ہیں : اقتل مِن بعد نا من الطلقاء انھزموا بک ۔ہمارے سوا ان طلقاء کو قتل کردیجئے انہوں نے آپ کوشکست دلوائی۔

یہاں علامہ سید جن طلقاء کو مسلمان کہتے تھے (حاشیہ صفحہ 537) اُن کا قتل واجب قرار دے کرانکو شکست کا سبب بتا رہے ہیں۔ یہاں علامہ سید کو ابن ابی الحدید کا قصیدہ رائیہ تو ضرور یاد آیا ہوگا۔اس نے کہا کہ:۔

ولیس بِنکر فی حُنین فرارہ ففی احد فرّخوفًا و خیبرًا

یعنی حضرت ابوبکر کا جنگ حنین سے فرار کرجانا قابل ملامت نہیں ہے۔اس لئے کہ وہ تو خوف جان سے اُحد وخیبر میں بھی بھاگ چکے تھے۔انّا للّٰہ و انا الیہ رٰجعون۔

حبیب السیئر اورروضۃ الاحباب میں ہے کہ سب سے پہلے خالد بن ولید نے فرار کیا۔اس کے بعد قریش بھاگے۔ بعدازاں باقی اصحاب مہاجر وانصار نے راہ فرار اختیار کی اور حضرت ابوبکر وعمر بھی نہ ٹھہر سکے۔تہذیب المتین میں لکھا ہے کہ جب حضرت عمر نسیبہ عورت کے سامنے سے گزر رہے تھے۔اُس نے پکارا کہ اے عمر یہ کیا کام کررہے ہو؟ عمر نے کہا خدا کا حکم یہی ہے۔صحیح بخاری میں یہ بھی ہے کہ ایک شخص نے برّاء بن عازب سے پوچھا کہ کیا تم لوگ رسولؐ خدا کے پاس سے بروز حُنین بھاگ گئے تھے؟ برّاء نے کہا مگر رسولؐ خدا نے تو فرار نہیں کیا۔سبحان اللہ کیا جواب ہے۔

(iii)۔ قریش کی ذہنیت۔’’قریشی دشمن،غیر قریشی دوست سے بہتر ہے‘‘

یہ بات سمجھنے کے لئے کہ علیؑ واوالادِ علیؑ کی نہایت ہمدردانہ وخیر اندیشانہ اوراُمت کے لئے قربان ہوجانے والی عملی زندگی کی قدر

کیوں نہ کی اور اُن کے دشمنوں کے ساتھ عربوں نے کیوں تعاون کیا؟ اپنے قاتلوں کو معاف کر دینے والے لوگوں پر کیوں مظالم کئے؟ اس قسم کے تمام سوالات کا جواب جنگ حنین کے ایک قریشی سے سنئے:۔

''جب اُن سرکش اہلِ مکہ نے جو رسولؐ اللہ کے ساتھ تھے، مسلمانوں کو اس طرح شکست کھا کر بھاگتے ہوئے دیکھا۔ تو اُن میں سے بعض نے اپنی پوشیدہ خباثت کو ظاہر کر دیا۔ ابوسفیان بن حرب کہنے لگا کہ اب مسلمان سمندر سے اِدھر نہ رُکیں گے۔ اُس کے پاس ترکش میں تیر بھرے ہوئے تھے۔ کلدہ بن الحنبل جو اپنے اخیافی بھائی صفوان بن اُمیہ بن خلف کے پاس موجود تھا پکار کر بولا کہ کیا آج محمدؐ کا جادو ختم ہو گیا ہے؟ صفوان نے اُس سے کہا کہ چپ رہ خدا تیری زبان قطع کر دے۔ بخدا میں اس بات کو زیادہ پسند کرتا ہوں کہ قریش کا کوئی شخص میری سرپرستی کرے، بجائے اس کے کہ ہوازن کا کوئی میری سرپرستی کرے۔'' (تاریخ طبری جلد اوّل صفحہ 414)

یہ تھا وہ جذبہ جس کے ماتحت اُن لوگوں کو اہل بیتؑ کی نہ حکومت پسند تھی، نہ اُن کے احسانات و سرپرستی پسند تھی، نہ اُن کا فداکارانہ سلوک اُن میں جذبۂ محبت پیدا کرتا تھا۔ جتنا بڑا احسان اُن پر کیا جاتا تھا، وہ اُسے اُسی قدر بڑا ننگ و عار خیال کرتے تھے۔ اِس لئے اُن خبیثوں کو جب موقعہ ملا غداری کی، بے وفائی کو لازم سمجھا، بے رحمی کو قومی خدمت قرار دیا۔ اُن کے قتلِ عام کو اپنے مذہب کی خدمت اور ثواب خیال کیا۔ بعض قلوب وا ذھان میں وہ ذہنیت آج بھی موجود ہے۔

(31/7)۔ وہ انصار اللہ جنہوں نے ہر حال میں نصرت کی، قرآن جن کی مدح و ثنا کرتا ہے

اِس کتاب کو پڑھنے والے اور تواریخ و احادیث میں سے گزرنے والے قارئین سے یہ حقیقت پوشیدہ نہیں رہ سکتی کہ جن لوگوں کو بعض مجبوریوں کی بنا پر ہیرو بنانا پڑا، درحقیقت وہ اسلام پر فداکاری و جانثاری میں ہیرو نہ تھے۔ اُنہیں گھسیٹ گھسیٹ کر فداکاروں اور جانثاروں کی صف میں کھڑا کیا جاتا ہے۔ لیکن وہ غریب اِس صف سے دُور رہنے کے لئے ہمیشہ کوشاں پائے جاتے ہیں۔ بھاگ جاتے ہیں، پہاڑوں پر چڑھ جاتے ہیں۔ مگر مرید کہتے ہیں کہ نہیں وہ یہاں تھے، وہ وہاں تھے، صف کے پیچھے تھے، ذرا آڑ میں تھے، وہ دیکھئے واپس آنے والوں میں آگے آگے ہیں۔ کبھی کہا جاتا ہے کہ وہی تھوڑے بھاگے تھے، ساری فوج بھاگ گئی تھی۔ یعنی رسولؐ اللہ تنہا رہ گئے تھے۔ دوسرے الفاظ میں یہ کہ علیؑ بھی بھاگ گئے تھے۔ مطلب یہ کہ ''ہم تو ڈوبیں ہیں صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے۔'' کم از کم حضرت علی علیہ السلام کے لئے ایسا کہنا تکذیبِ قرآن اور رسولؐ ہے۔ اُن کو کَرَّارًا غیر فَرَّار فرمایا گیا۔ یہ ارشاد جہاں کافروں کا منہ بند کرتا ہے وہاں لشکرِ اسلام میں بھگوڑوں کا ثبوت بھی فراہم کرتا ہے۔ علاوہ ازیں ساری فوج کا بھاگ جانا لکھنے والے لوگ قرآن کی تکذیب کرتے ہیں۔ وہاں تو ایک ایسی جماعت سے اللہ کی مستقل محبت کا اعلان ہے جو اللہ کی راہ میں ہمیشہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند جم کر صَف بصَف جنگ کرتے رہے۔ اور جو علیؑ

> اِنَّ اللّٰـهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَ نَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ o (الصّف 61/4)

وعلیؑ کی اُس قوم (نبطیوں) میں داخل تھے۔ جس کے لئے جنگ خیبر میں علم دینے سے پہلے فرمایا تھا کہ اللہ جلد ہی اُس قوم کو لانے والا ہے جو اللہ کو محبوب ہے اور جو اللہ کو محبوب رکھتے ہیں۔ اور اگلی آیت میں ایک معصومؑ سلسلہ ولایت و امامت کا تشخص کیا تھا۔ جن کی ناداری فلاح انسانیت کے لئے ہے۔ جو اُمت کے فقرا و

> فَسَوْفَ يَاْتِى اللّٰـهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ۔۔۔(مائدہ 5/54)

مساکین کی مالی سطح کو بلند کرنے کے لئے غربت وافلاس اور فقر کو اپنانے والے ہیں۔اور جن کی اتباع سے صرف ایک دن میں مساوات قائم ہوسکتی تھی اور ہوسکتی ہے۔مگر اُن کی اتباع کو علما و رؤسا نے اس لئے پسند نہ کیا کہ اُن کی اتباع اُن کے نزدیک غیر فطری تھی۔اُن کے نظریہ میں امیر وغریب، ادنیٰ واعلیٰ طبقات کا برقرار رکھنا خدا کی اطاعت ہے۔(مائدہ 5/55) انا للّٰہ و انا الیہ راجعون ۔

پھر تاریخ واحادیث اور عقل سے ثابت ہے کہ اگر رسولؐ اللہ کے ساتھ مندرجہ و مذکورہ بالا جاں نثار وفدا کار قوم نہ ہوتی تو آخری فتح اور ہر جنگ میں آخری فتح کیسے ہوسکتی تھی؟ پُورا عرب گھٹنوں کے بل کیسے جھکایا جاسکتا تھا؟ بھاگ جانے والی فوج خواہ ہزار آدمیوں کی ہو یا بارہ ہزار کی، اگر فرار کے بعد واپس آ بھی جائے تب بھی ندامت اور خوف وہراس کئی کئی گھنٹوں تک دلوں میں رہنا لازم تھا۔اور کئی کئی مہینے ایک دوسرے کو منہ دکھاتے ہوئے جی چرانا بھی حیادار لوگوں کا طریقہ تھا۔اگر یہ سب کچھ ممکن مان لیا جائے تو یہ بھگوڑی فوج اُس فوج پر کس منتر سے غالب آسکتی تھی۔جس کے حوصلے بڑھے ہوئے ہوں، جس نے ابھی ابھی اُنہیں بھاگنے پر مجبور کیا تھا۔قارئین نوٹ کریں کہ یہ بھگوڑے کبھی کبھی واپس آتو جاتے تھے مگر اس لئے نہیں کہ اب وہ منتر سیکھ کر آئے ہیں اور دشمن سے لڑ کر اُنہیں شکست دیں گے۔ بلکہ وہ اس لئے واپس آتے تھے کہ جب مذکورہ بالا جان نثار قوم فتح کرلے گی تو یہ بھگوڑے لوٹ مار میں حصہ سے محروم نہ رہ جائیں۔

(ii)۔ محبوب قوم پر نظر رسالتؐ اور باقی مسلمانوں کا حال

یہ گفتگو ہوچکی ہے کہ جب آنحضرتؐ قریش پر اتمامِ حجت کرچکے اور مدینہ میں ہجرت کا فیصلہ فرمالیا اور مدینہ کے نمائندوں سے اس مقصد پر گفتگو کی گئی تو اہل مدینہ نے یہ اعلان کیا تھا کہ ہم اپنی اولاد وازواج اور بزرگوں کا قتل ہوجانا برداشت کرلیں گے لیکن حضورؐ کی نصرت میں کوتاہی برداشت نہ کرینگے۔چنانچہ مدینہ کے اِس نسبی خاندان اور خانوادہ رسوؐل کی اِس شاخ نے ہرگز کوئی کوتاہی نہیں کی۔جن مؤرخین ومحدثین نے انصار کے بھاگ جانے کا ذکر کیا ہے وہ یا تو فریب خوردہ تھے یا فریب ساز تھے۔پھر اُسی گفتگو میں انصار نے یہ سوال کیا تھا کہ جب ہم اپنی جان ومال کی قربانی سے آپ کو غلبہ حاصل کردینگے تو کیا آپ واپس اپنی قوم میں چلے جائینگے؟ چونکہ دینی واسلامی مصلحت اسی میں تھی کہ آنحضرتؐ اور آپ کے قریبی اجداد یعنی عبدالمطلب و ہاشم علیھم السلام اس معاملے میں خاموش رہیں اور قحطانی شہرت کو چار قدم اور چلنے دیں۔اور یہ اعلان نہ کریں کہ انصار خانوادہ رسوؐل کی نسبی شاخ ہیں۔اسلئے عام شہرت کے ماتحت انصار کے عوام یہی سمجھتے تھے کہ سرکار دو عالمؐ سے اُن کا کوئی نسبی رشتہ نہیں ہے۔اور یہ غلط بات بھی تسلیم کی جارہی تھی کہ حضوؐر خود قریشی ہیں۔لیکن انصار کا قلب وروح اب یہ نہیں چاہتا تھا کہ رسولؐ اللہ واپس مکہ والی قوم میں جائیں اور اہل مدینہ کو وجود نبوت سے محروم کردیں۔اسلئے رسولؐ اللہ نے اعلان کیا تھا کہ میں اب تم سے ہرگز جدا نہ ہوں گا۔چنانچہ آپ مکہ نہیں گئے بلکہ اپنی لاتعلقی کا طرح طرح اعلان کرتے رہے۔اور بلا کسی استثنا کے قریش کی مطلق مذمت سے یہ ثابت کرتے رہے کہ آنحضرتؐ کا قریش سے کوئی رشتہ نہیں ہے۔اب جنگ حُنین میں پھر وہ وقت آیا کہ آنحضرتؐ نے غیروں کو یعنی قریش ومہاجرین کو تالیف قلب کیلئے بڑے بڑے حصے دیئے۔ مال غنیمت کا خمس بھی نہ لیا یعنی اپنوں کو اُس مال سے محروم رکھا۔پھر وہی سوال اُٹھا مگر اس مرتبہ یہ سوال موت کی نیند سونے کیلئے اُٹھا تھا۔یعنی حقیقتِ نسبی اور اپنے دینی مقام کی بلندی سے ناواقف انصار نے یہ خیال کیا کہ رسولؐ اللہ نے اپنوں کو یعنی قریش کو سوسو (100) اونٹ فی کس اور مال وزر دیا ہے۔

اور ہم چونکہ غیر ہیں یعنی نہ قریشی ہیں نہ مکی ہیں، اسلئے ہمیں محروم کر دیا۔ یہ چرچا بڑھ کر پورے انصار میں پھیلا۔ آخر جناب سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے حضورؐ کو اس صورتحال سے مطلع کیا اور آخری وضاحت کی درخواست کی۔ آپؐ نے تمام انصار و مہاجرین کو جمع ہونے کا حکم دیا اور مجمع عام میں یہ یادگار خطبہ دیا جو تمام تواریخ نے ریکارڈ کیا۔ اُس میں قریش خواہ مہاجر ہوں یا غیر مہاجر ہوں۔ اور انصار کی پوزیشن ایسی واضح کی کہ اس کے بعد کسی دوسری وضاحت کی نہ ضرورت رہی نہ وضاحت کی گئی۔ آپ نے جو کچھ فرمایا اُس میں تمام مسلمانوں کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا۔ ایک حصہ انصار اور دوسرا حصہ باقی تمام مسلمان مہاجر و قریش و غیر قریش سب کو داخل کیا۔ اور کہا کہ انصار خاص طور پر سنیں کہ مکہ میں قریش نے میری تکذیب کی، مجھے ستایا، میرے قتل کے پلان بنائے، مجھے گھر سے بے گھر اور وطن سے جلاوطن کیا، اور مجھے اور میرے حامیوں کو تباہ و برباد کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کی۔ یہ تھا قریش کا کارنامہ۔ اور انصار نے میری تصدیق کی، میرے لئے دکھ اٹھائے، مصائب جھیلے، مجھے مع میرے اہل وعیال کے پناہ دی، میرے اور میرے دین کے لئے جانیں دیں مال قربان کیا۔ میں نے قریش کو غیر سمجھا وہ حقیقتاً غیر تھے اور غیر ہی رہیں گے۔ میں نے چاہا کہ انہیں اُن کے پسندیدہ مال و دولت سے رام کروں تاکہ وہ اسلام کی طرف مائل ہوں یا کم ازکم اسلام دشمنی چھوڑ دیں۔ چنانچہ میں نے اُنہیں اپنا اور انصار کا حصہ بھی دے دیا کہ انصار خود میرے حصے میں ہیں، میرے اپنے تھے، اپنے ہیں اور ہمیشہ اپنے رہیں گے۔ کیا تمہیں یہ عملدرآمد پسند نہیں کہ مال دنیا باقی سارے مسلمانوں کے حصے میں آئے اور وہ مال و دولت لے کر جائیں اور میں انصار کے حصے میں آؤں اور وہ مال دولت کی جگہ مجھے لے کر جائیں؟ اس تقریر سے جہاں انصار پھوٹ پھوٹ کر روئے وہیں قرآن کی رُو سے اَھلُ الذکرؐ میں سے ثابت ہوگئے۔ دنیا اور قارئین بتائیں کہ قریش اور ہیرو حضرات کدھر ہیں؟ معیّت رسولؐ اُن کو کیسے حاصل ہوگی؟ رہ گئے عبدالمطلبؑ کی اولاد کے لوگ، وہ تو سب انصار ہیں، سب کے سب نبطی الاصل ہیں۔ تمام خانوادۂ رسولؐ کے افراد ہیں اور معیّت رسولؐ اُن کے سوا کسی کو حاصل نہیں ہے۔ ہاں ابھی ایک موقع ہے۔ اگر وہ علیؑ سے وفادارانہ پیش آئے تو علیؑ اور اولادِ علیؑ کی معیّت سے معیّت رسولؐ حاصل کرسکیں گے۔ ورنہ جنگ حُنین کا یہ مسلمہ خطبہ خانوادہ رسولؐ کے سوا سب کو معیّت رسولؐ سے محروم کرتا ہے۔ اس کے بعد رسولؐ نے یہ تو کہا ہے کہ "میرے پاس سے دُور یا دفع ہو جاؤ" لیکن معیت کے فیصلے میں تبدیلی نہیں کی ہے۔ ہاں وہ افراد بھی ہیں جن کا نام لے کر اُنہیں اہل بیتؑ کے ساتھ شمار کیا ہے۔ مثلاً حضرت سلمان رضی اللہ عنہ۔ مگر ہیروز اس زُمرہ سے خارج تھے اور خارج رہے۔ اِسی خطبہ کے بعد یہ کوشش شروع ہوئی کہ ہیروز کو کسی طرح چپکایا جائے۔ کبھی کہا گیا کہ ساری امت یا امت کے تمام صالح افراد رسولؐ کے اہل بیتؑ ہیں۔ اگر واقعی ایسا ہو بھی تو ہیروز کی صالحیت ثابت کرنا پڑے گی۔ ورنہ بے چارے پھر محروم رہیں۔ لیکن کہا تو یہ گیا ہے کہ؛ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا o (الاحزاب 33/56)

اَے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو رسولؐ پر درود بھیجو اور اس طرح اطاعت کرو جو تسلیم کرنے کا حق ہے۔ اگر ساری اُمت اہلبیت ہے تو درود کا حکم کس کو دیا گیا ہے؟ وہ مومنین کون ہیں جو درود و سلام بھیجیں گے اور اطاعت کریں گے؟ اور اگر امت کے تمام صالحین آل رسولؐ ہیں تو یقیناً تمام صالحین کو ایمان لانے والوں کے زمرہ سے نکال کر یا تو اُن کو کافر ماننا پڑے گا یا یہ اعتقاد رکھنا ہوگا کہ امت کے صالحین وہ لوگ ہیں جو ایک لمحہ کے لئے کفر و شرک سے کسی طرح ملوث نہیں ہوئے۔ اور **الحمد لِلّٰہ** کہ آل محمدؐ وہی حضرات ہیں۔ اسی لئے اُن کا شجرہ نسب

بھی شجرہ طیبہ ہے یعنی اُن کی نسل بھی پاک ہے۔ رہ گئے ہیروز وہ بے چارے اس کوشش میں بھی محروم رہے۔ اُن کا کفر وشرک اباً وجداً ثابت ہے ایمان کی خبر خدا کو ہے۔

32۔ جنگ تبوک اور مسلمانوں کے مختلف حالات و کیفیات

تبوک مدینہ اور دمشق کے درمیان ایک مشہور مقام ہے۔ 9ہجری کے وسط میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تبوک کے سفر پر تیس ہزار فوج کے ساتھ روانہ ہونا تھا۔ اس سفر کے اسباب میں تاریخ مغالطات اور افواہوں سے لبریز ہے۔ قارئین سابقہ اوّلین عنوانات میں ملاحظہ کر چکے ہیں کہ عرب کے شمال مشرقی خطّہ پر خانوادۂ رسولؐ کے نبطی ،غسانی بادشاہ حکومت کرتے تھے۔ اور یہ حکومت خلافت دوم کے زمانہ تک مسلسل موجود تھی۔ یہی وہ حکومت تھی جس کی افواج نے مدینہ میں آکر اپنے ہم نسب قبیلوں اَوس وخزرج کو مدینہ کے یہود سے نجات دلائی تھی۔ یہی وہی حکومت تھی جس کے حملہ کا ہر لمحہ عربوں کو اندیشہ رہتا تھا۔ اُسی حکومت کے خوف سے بنی ہاشم کو شعب ابی طالبؑ سے رہائی دی گئی تھی۔ یہی حکومت جس کا ہوّا دکھا کر خاندان مصطفوی کی خاندانی حکومت کے خلاف عربوں میں قومی وملکی حکومت کا تصور پھیلایا جارہا تھا۔ اب عربوں نے چاہا کہ رسولؐ اللہ کو اُن کے خانوادے کی قدیم حکومت سے لڑا دیا جائے تاکہ اُس حکومت کی طرف سے یہ خطرہ مٹ جائے کہ وہ عرب کی قومی وملکی حکومت کے خلاف حضرت علیؑ کی طرفداری میں فوج کشی کرے گی۔ افواہیں یہ کہہ کر پھیلائی گئیں کہ روم کی عیسائی حکومت غسانیوں کی مدد سے ایک بے پناہ حملہ کرنے والی ہے، جنگ بندی ہورہی ہے، لاکھوں فوجی تیار کھڑے ہیں اور حکم ملتے ہی دھاوا بولنے والے ہیں۔ افواہوں اور پروپیگنڈے کے لئے باقاعدہ وہ اجتہادی نظام برسرکار تھا جو روز اوّل سے بڑھتے بڑھتے اب ایک بہت بڑی قوت بن چکا تھا۔ اور تقریباً سارے ملک میں اپنی شاخیں اور ادارے قائم کئے ہوئے تھا۔ خبر مشرق سے چلتی یا مغرب میں ایجاد ہوتی، ہوا کی طرح مکہ ومدینہ پر سے گزرتی ہوئی چاروں طرف پھیل جاتی۔ عوام چونکہ اصلی راز نہ جانتے تھے۔ اِس لئے مسلمانوں میں سچ مچ کا خوف وہراس پھیلتا اور روز مرّہ بڑھتا اور ہر دل میں اُترتا جارہا تھا۔ اُدھر شدید گرمی کا موسم تھا۔ سفر طویل اور غیر علاقہ میں تھا۔ بھاگ جانے کے عادی لوگ چاہتے تھے کہ جنگ پر تو خوب اکسایا جائے لیکن ہمراہ چلنے سے بچنے کی ترکیب بھی نکالی جائے۔ اور کسی غیر متوقع صورتِ حال میں مدینہ کی اسلامی حکومت سنبھالنے کا انتظام بھی کیا جائے۔ اس جنگ کے لئے روانگی سے قبل حضرت علی علیہ السلام کو مدینہ کا حاکم بنانا بھی اجتہادی اسکیم کی گہرائی کا پتہ دیتا ہے۔ اسی موقع پر حدیث منزلة اور حضرت موسیٰ وھارون علیہما السلام کا قرآنی مقام حضرت علیؑ کے لئے تجویز ہوا تھا۔ قصہ مختصر یہ ہے کہ جیسے کیسے تیس ہزار کی فوج روانہ ہوئی، تبوک پہنچی، تمام افواہیں غلط نکلیں۔ پورے علاقے کے یہود وعیسائی اور دیگر اقوام نے معاہدے کئے، حضورؐ کو تحفے دیئے، بعض نے اسلام اختیار کیا۔ بعض نے تحفظ کے واجبات ادا کرنا (جزیہ) منظور کیا اور حضورؐ بخیر وخوبی واپس تشریف لائے۔ اور عملاً ثابت کردکھایا کہ غسانی اور رومی حکومت کے خلاف سازش کی گئی تھی تاکہ آئندہ یہ جماعت ایسی جرأت نہ کرے۔

(32/2)۔ تبوک سے واپسی پر آنحضرتؐ کو قتل کرنے کی سازش ناکام ہوگئی

چونکہ اِس سفر نے عرب کے باقی ماندہ علاقوں پر بھی عملاً رسولؐ اللہ کی حکومت قائم کر دی تھی۔ اب اس بات کی ضرورت تھی کہ رسوؐل اللہ کو راستے سے ہٹا کر قومی حکومت قائم کی جائے۔ قریش کے تمام رؤسا و اُمرا اب مسلمانوں میں گھل مل گئے تھے اور اُنہیں نظم و نسق مملکت پر کافی تجربہ تھا۔ لہٰذا یہ طے کیا گیا کہ جب آنحضرتؐ وادی عقبہ سے گزریں تو دونوں طرف کی پہاڑیوں پر سے پتھر لڑھکا کر آپؐ کو ختم کر دیا جائے۔ چنانچہ موزوں قسم کے لوگ رات کو مُتعینہ جگہوں پر پہنچے اور انتظام مکمل کر لیا۔ حالانکہ آپؐ نے منادی کرا دی تھی کہ جب تک عقبہ کی گھاٹی سے رسولؐ اللہ نہ گزر جائیں اُس طرف کوئی مسلمان نہ جائے۔ آخر رسولؐ اللہ کی سواری اس طرح چلی کہ جناب حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ اونٹ کی مہار پکڑے ہوئے تھے۔ اور جناب عمار یاسر رضی اللہ عنہ اُونٹ کے پیچھے تھے۔ حذیفہ کہتے ہیں کہ جب ہم مذکورہ مقام پر پہنچے تو بجلی چمکی اور روشنی پھیل گئی۔ میں نے دیکھا کہ بارہ یا چودہ نقاب پوش ہماری طرف رواں دواں متوجہ ہیں۔ غالباً اس لئے کہ اونٹ کو بھڑکا دیں۔ میں نے حضورؐ کو مطلع کیا۔ سرکارؐ نے اُن کو ڈانٹ پلائی۔ عمار کی رُو سے انہوں نے آگے بڑھ کر اُن لوگوں کے اونٹوں کے منہ پر مارا تو وہ بھاگ کھڑے ہوئے تاکہ پہچان نہ لئے جائیں۔ آنحضرتؐ نے پوچھا کہ تم نے اُن لوگوں کو پہچانا کہ وہ کون کون تھے؟ کہا نہیں یا رسولؐ اللہ اُن کے منہ پوشیدہ تھے اور اندھیرا بھی تھا۔ آپؐ نے بتایا کہ اُن کا ارادہ اونٹ کو بھڑکا کر مجھے گرانے اور ہلاک کرنے کا تھا۔ حذیفہ نے کہا کہ حضورؐ آپ کیوں حکم نہیں دیتے کہ ہم لوگ اُن سب کے سر قلم کر دیں۔ آپؐ نے فرمایا کہ لوگ تو یہ مشہور کریں گے جن لوگوں کی مدد سے اپنے دشمنوں کو مغلوب کیا اُن ہی کو اب قتل کرا رہے ہیں۔ بعد ازاں حذیفہ کو اُن سب کے معہ ولدیت نام بتائے اور پوشیدہ رکھنے کا حکم دیا۔ (درالمنثور۔ روضۃ الاحباب، معارج النبوۃ، شواہد النبوۃ، تفسیر جلالین)

(ii)۔ وادی عقبہ پر سازشین کے گروہ کا مزید اَتا پتا

روضۃ الاحباب میں مسلم سے ایک روایت یہ بھی ہے کہ اہل عقبہ میں سے ایک شخص نے حذیفہ سے قسم دے کر پوچھا کہ اصحاب عقبہ کتنے آدمی تھے۔ حاضرین نے حذیفہ سے کہا کہ قسم دی ہے لہٰذا بتا دو۔ حذیفہ نے جواب دیا کہ وہ چودہ آدمی تھے اور تجھ سمیت پندرہ تھے۔ خدا کی قسم اُن میں کے بارہ دین و دنیا میں دشمنانِ خدا اور رسولؐ ہیں اور تین نے عذر کر لیا تھا کہ اُن کو منادی کی اطلاع نہ ہوئی تھی اسلئے وہ اتفاقاً وہاں جا پہنچے تھے اور انہیں سازش کی خبر بھی نہ تھی۔

(iii)۔ کیا منافق بھی صحابہ تھے۔ رسولؐ اللہ کا جواب سنئے

انسان العیون میں ہے کہ لیلۃ العقبہ کی صبح کو اُسید بن حضیر کو رسولؐ اللہ سے اُن منافقین کا حال معلوم ہوا۔ تو اُسید نے اجازت مانگی کہ اُن تمام لوگوں کو خواہ وہ کسی قبیلے سے ہوں گرفتار کیا جائے اور پھر قتل کر دیا جائے۔ حضرتؐ نے فرمایا میں اس سے کراہت کرتا ہوں کہ کل لوگ یہ الزام عائد کریں کہ جن کی بدولت کفار سے جنگ کی اور غلبہ پایا اب اُن ہی کو قتل کرتے ہیں۔ اسید نے کہا کہ وہ لوگ آپ کے اصحاب نہیں ہوسکتے۔ آپؐ نے فرمایا کیا وہ اظہار شہادتین نہیں کرتے۔''

(iv)۔ عقبہ کی سازش میں نامی گرامی لوگ شامل تھے

روضۃ الاحباب میں ہے کہ نام نہ لینے کی یہی وجہ تھی کہ اصحاب عقبہ اکابر صحابہ میں سے تھے ۔کیونکہ عوام میں سے جو منافق گزرے ہیں اُن کی تشہیر اور ملامت میں اہلسنت نے درگزر نہیں کی ہے ۔اور اُن کی مالداری اور قوم میں رسوخ ہی کی وجہ تھی کہ رسولؐ اللہ نے حذیفہ اور عمار کو اُن کے نام ظاہر کرنے کی ممانعت فرمائی تھی ۔کبھی عام منافقین کے متعلق آپؐ نے ایسا نہیں فرمایا۔اسی بنا پر اُس فریق کے عالم ابن بابویــــہ نے حذیفہ بن الیمان کی زبانی اہل سنت کے جلیل القدر صحابیوں کے نام لکھے ہیں ۔مگر ہم ترک ادب سمجھ کر اعراض کرتے ہیں۔'' میزان الاعتدال میں ہے کہ حضرت عمر کے سوال پر جب حذیفہ نے بار بار راز ظاہر نہ کیا تو حضرت عمر نے فرمایا کہ،

باللّٰہ یاحذ یفہ انا من المنافقین ۔اے حذیفہ خدا کی قسم میں منافقین میں سے تھا۔

(v)۔ مسجد ضرار کا مقصد اور انہدام

مسجد ضرار اور اس کے بنانے والوں کا حال بھی قرآن میں موجود ہے ۔اور ہر تاریخ نے اُس کا تذکرہ کیا ہے ۔ہمیں صرف اس قدر کہنا ہے کہ اجتہادی گروہ مسجد نبوی کے مقابلہ پر اپنے لئے ایک کمین گاہ چاہتا تھا ۔جہاں اُن کی جماعت اپنے والے اسلام کا با قاعدہ پرچار اور تبلیغ کر سکے ۔یعنی اب اس جماعت کی نمائندگی کرنے والے دانشوروں کی تعداد اس قدر بڑھ گئی تھی کہ وہ قدیم مکان جو ہجرت کے بعد پہلے دن سے راتوں کو مشاورت کے کام آتا تھا اب نا کافی ہو گیا تھا ۔اور ضرورت تھی کہ مسجد ایسے مقدس مقام کے نام پر اہل حل و عقد کے فیصلوں کو نافذ کیا جائے ۔اور اگر پہلی مسجد والے اختلاف کریں تو یہاں سے قومی حکومت کے قیام کا متفقہ و متحدہ اعلان کر دیا جائے اور اختلاف کرنے والوں کو منافق اور فتنہ پرور کہہ کر اُن کا صفایا کر دیا جائے۔ چنانچہ اُن مومنین نے تبوک کے سفر کی تیاریوں کے دوران یہ مسجد بنالی تھی ۔اور چاہتے تھے کہ پہلی نماز کا افتتاح رسولؐ اللہ کی قیادت میں کرا کر دلیل و حجت بنا دیں مگر تبوک کے سفر سے واپسی پر اللہ نے یہ قانون بنا دیا کہ ہر اُس مسجد کو مسمار کر دینا لازم ہے جو مومنین میں تفرقہ پیدا کرے۔

33۔ میدان جنگ سے آخری فرار۔جنگِ وادی الرمل

وادی الرمل مدینہ سے پانچ روز کی راہ پر واقع ہے ۔اس جنگ کو جنگ سلاسل بھی کہا گیا ہے ۔اور ہم اُسے آخری جنگ قرار دیتے ہیں ۔اس کے بعد عہد رسولؐ میں آنحضرتؐ کے حکم یا اجازت سے کوئی جنگ نہیں ہوئی ہے ۔حضورؐ کو اطلاع ملی کہ وادی الرمل میں عرب کا ایک گروہ لوگوں کو اس لئے جمع کر رہا ہے کہ مدینہ پر شبخون ماریں ۔آنحضرتؐ نے تمام صحابہ کو جمع کر کے دعوت عام دی ۔اصحاب صفہ میں سے ایک جماعت تیار ہوئی اور جناب ابوبکر کی سپہ سالاری میں وادی الرمل روانہ ہوگئی ۔اُس وادی میں درختوں اور پتھروں کی بہتات تھی ۔دشمن پہلے سے تاک میں تھا ۔اچانک حملہ ہوا، کئی ایک مسلمان قتل ہوئے ۔باقی پسپا ہو کر فرار کر گئے ۔مدینہ پہنچے تو حضرت عمر کو سردار بنا کر بھیجا گیا ۔اُن کے ساتھ بھی وہی صورت پیش آئی اور شکست وفرار کے بعد مدینہ آئے ۔اب جناب عمرو بن العاص نے سالاری طلب کی اور باوجود اعلیٰ درجے کے تجربہ کے وہ بھی حسب سابق نا کام ہوئے ۔آخر مشکل کشا علی علیہ السلام کا نمبر آیا اور سابقہ تینوں سردار

بھی دشمن کی طرف روانہ ہوئے۔آنحضرتؐ نے دعائے فتح فرمائی۔ جناب امیرؑ نے نیا راستہ اختیار کیا۔راتوں کو سفر، دن میں قیام کرتے ہوئے اس طرح بڑھے کہ بے خبری میں دشمن کو گھیرے میں لیا جا سکے۔ جب وادی الرمل قریب آرہی تھی تو آپ نے فوج کو حکم دیا کہ اب فوج نہایت آہستہ چلے اور آپ تنہا آگے روانہ ہو گئے۔آپؑ کی رفتار اور رویہ سے عمرو بن العاص کو یقین ہو گیا کہ علیؑ ضرور کامیاب ہو جائیں گے۔اور میری بڑی بے عزتی ہو گی لہٰذا ایک دوسری اسکیم فوج کے سامنے رکھ دی۔یعنی وادی الرمل کی بلندی کی طرف سے چلیں اور رات کو شب خون ماردیں۔فوج نے تعمیل سے انکار کر دیا۔اسلئے کہ فوج کو بھی اندازہ ہو چکا تھا کہ علوی اقدامات اور پیش رفت صحیح ہے۔مگر جناب ابوبکر وعمر نے ہمت کر کے حضرت علیؑ کو عمرو بن العاص کی اسکیم پر چلنے کا مشورہ دیا۔لیکن آپ اس سازش کو سمجھ گئے اور پیش قدمی جاری رکھی اور صبح ہوتے ہوتے دشمنوں کے سر پر جا پہنچے اور دشمن کو سخت شکست دی۔صاحب حبیب السیئر لکھتے ہیں کہ وہ قوم انوار ذوالفقار سے اس طرح بھاگی جس طرح سورج کی شعاؤں سے چمگادڑ بھاگتے ہیں۔مؤلف کشفُ الغمّہ نے لکھا ہے کہ سورہ والعادیات اسی بارے میں نازل ہوئی اور آنحضرتؐ نے اصحاب کو فتح کی بشارت دی۔

جب حضرت علیؑ واپس مدینہ کے قریب پہنچے تو آنحضرتؐ نے تمام صحابہ سمیت استقبال کے لئے پیش قدمی فرمائی۔حضرت علیؑ آپؐ کو دیکھتے ہی گھوڑے سے اُترے تو حضورؐ نے فرمایا اے علیؑ سوار ہو جاؤ کہ خدا اور اس کا رسولؐ تجھ سے خوش ہیں۔اے علیؑ اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ اس اُمت میں تیرے لئے وہی کچھ نہ کہا جائے جو نصاریٰ نے حضرت عیسیٰ کے لئے کہا ہے۔تو میں تیری مدح میں ایسی بات کہتا کہ جس گروہ کے پاس سے تم گزرتے وہ تمہارے دونوں قدموں کے نیچے کی مٹی اُٹھا کر برکت طلب کرتے۔اس کے بعد صاحب حبیب السیئر نے یہ اشعار لکھے ہیں:۔

چنیں گفت آں روز خیرالانام   کہ اندیشہ دارم ز بعضے مہام

اُس روز تمام ذی حیات سے افضل رسولؐ نے یہ فرمایا کہ اگر مجھے بعض اہم امور کا اندیشہ نہ ہوتا۔

وگرنہ حدیثے ز قدر علیؑ   ہمیں گفتم از غایت یک دلی

تو میں علیؑ کی قدر و منزلت پر دل کی گہرائی سے ایسی باتیں بتا دیتا۔

کہ برہرکہ وے ز امت گذر   نہادے بجائے قدمہاش سر

کہ اُمت کے جس گروہ کے پاس سے علیؑ گزرتے تو وہ گروہ جہاں علیؑ کے قدموں کے نشان ہوتے وہاں اپنا سر رکھتے۔

ز خاک قدمہاش برداشتے   ازآن آبروے دگرداشتے۔

اور اُس کی خاک قدم اُٹھا کر محفوظ کرتے اور اُس خاک کے توسط سے آبرومندی طلب کرتے۔

34۔ غزوہ تبوک اور اُس زمانہ میں مجتہدین کے مختلف حالات

یہاں قارئین پہلے یہ نوٹ کریں کہ سورہ توبہ کا جو قرآن کریم کی سورتوں میں نویں نمبر پر ریکارڈ کی گئی ہے، 9 ہجری کے گیارہویں ماہ یعنی ذیعقد میں نازل ہونا مانا گیا ہے۔مطلب یہ ہے کہ سورہ توبہ کی تلاوت کے بعد آنحضرتؐ صرف سولہ مہینے اس ظاہری

دنیا میں رہے۔یعنی یہ سورہ جسے سورہ برأت بھی کہتے ہیں نہ صرف جنگ تبوک کے حالات پر تبصرہ کرتی ہے۔ بلکہ وہ تمام حالات بھی ریکارڈ کرتی ہے جو انتقالِ رسولؐ سے ایک سال چار ماہ پہلے تھے۔یعنی مسلمان جو کچھ بن سکتے تھے وہ بن چکے تھے۔زمانہ رسالت 23 سال اگر مانا جائے تو جولوگ اس طویل دور میں اپنی سابقہ ذہنیت نہ بدل سکے تو اب ایک سال اور چار ماہ میں اُن پر کیا اثر ہوسکتا ہے؟اب علامہ مودودی کی تحقیق بھی سُن لیں تا کہ پھر اطمینان سے ہم عہدرسولؐ کے مخصوص مسلمانوں کا حال قرآن سے دکھاتے چلے جائیں۔

(34/2)۔ سورہ توبہ یا سورہ بَرَأت کا زمانہ نزول و اجزاء سورہ

(علامہ مودودی کا قلم) ''یہ سورہ تین تقریروں پر مشتمل ہے:۔

''پہلی تقریر آغاز سورہ سے پانچویں رکوع کے آخر تک چلتی ہے۔اس کا زمانہ نزول ذیقعد 9 ہجری یا اس کے لگ بھگ ہے۔نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُس سال حضرت ابوبکرؓ کو امیر الحاج مقرر کر کے مکہ روانہ کر چکے تھے کہ یہ تقریر نازل ہوئی اور حضورؐ نے فوراً سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو اُن (ابوبکر) کے پیچھے بھیجا تا کہ حج کے موقعہ پر تمام عرب کے نمائندہ اجتماع میں اُسے سنائیں اور اُس کے مطابق جو طرزِ عمل تجویز کیا گیا تھا اس کا اعلان کر دیں۔''

''دوسری تقریر رکوع چھ (6) کی ابتدا سے رکوع نو (9) کے اختتام تک چلتی ہے اور یہ رجب 9 ہجری یا اس سے کچھ پہلے نازل ہوئی جب کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ تبوک کی تیاری کر رہے تھے۔اِس میں اہل ایمان کو جہاد پر اکسایا گیا ہے اور اُن لوگوں کو سختی کے ساتھ ملامت کی گئی ہے جو نفاق یا ضعف ایمان یا سستی و کاہلی کی وجہ سے راہ خدا میں جان و مال کا زیاں برداشت کرنے سے جی چرا رہے تھے۔''

''تیسری تقریر رکوع دس (10) سے شروع ہو کر سورہ کے ساتھ ختم ہوتی ہے۔اور یہ غزوۂ تبوک سے واپسی پر نازل ہوئی۔اس میں متعدد ٹکڑے ایسے بھی ہیں جو انہی ایام میں مختلف مواقع پر اُترے اور بعد میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارۂ الٰہی سے اُن سب کو یکجا کر کے ایک سلسلۂ تقریر میں منسلک کر دیا۔مگر چونکہ وہ ایک ہی مضمون اور ایک ہی سلسلۂ واقعات سے متعلق ہیں اِس لئے ربط تقریر میں کہیں خلل نہیں پایا جاتا۔اِس میں منافقین کی حرکات پر تنبیہ،غزوۂ تبوک سے پیچھے رہ جانے والوں پر زجر و توبیخ اور اُن صادق الایمان لوگوں پر ملامت کے ساتھ معافی کا اعلان ہے۔جو اپنے ایمان میں سچے تو تھے۔مگر جہاد فی سبیل اللہ میں حصہ لینے سے باز رہے۔''

''نزول ترتیب کے لحاظ سے پہلی تقریر سب سے آخر میں آنا چاہئے تھی۔لیکن مضمون کی اہمیت کے لحاظ سے وہی سب سے مقدم تھی۔'' (تفہیم القرآن جلد دوم صفحہ 167-166)

(ii)۔ آخر یہ مان لیا کہ جن مسلمانوں کی مذمت ہوتی رہی ہے وہ سب منافق نہ تھے

ہمیں علامہ کے اس طویل بیان سے تعارض کی اس لئے ضرورت نہیں ہے کہ یہ ہمارے زیر نظر عنوان کے خلاف نہیں بلکہ تائید کرتا ہے۔اور دو تین نہایت اہم حقیقتوں کو ثابت کرتا ہے۔پہلی بات تو وہی ہے کہ سُورہ توبہ انتقالِ رسولؐ سے صرف سولہ ماہ پہلے نازل ہوئی

ہے اور یہ کہ اُس میں نہ صرف منافقوں کی مذمت ہے بلکہ مسلمانوں کی دوسری قسم کی بھی نقاب کشائی ہوئی ہے۔ جن کو علامہ بلاوجہ ضعیف الایمان یا سُست اور کاہل کہہ کر جان چھڑالینا چاہتے ہیں۔ اس لئے کہ سُستی کاہلی اور جان پیاری سمجھنے والے اگر واقعی ضعیف الایمان ہوتے ہیں تو اُن تمام صحابہ کو اِس زُمرہ میں داخل کرنا ہوگا جو جنگ سے جان بچا کر بھاگ جانے کا ریکارڈ قائم کر چکے تھے اور رسولؐ کی جان کو خطرے میں چھوڑ دینا، حکم نہ ماننا، پلٹ کر نہ دیکھنا جن کی عادت تھی۔ ورنہ ہماری طرح یہ ماننا ہوگا کہ وہ اندھی عقیدت والے مسلمان نہ تھے۔ وہ جان وہاں دینا مفید اور ثواب سمجھتے تھے جہاں قرآن کے احکام کی تنفیذ میں اُن کی اجتماعی بصیرت کو شامل کر کے صلح یا جنگ کا فیصلہ کیا گیا ہو۔ رہ گئی رسولؐ کی ذاتی بصیرت، اُس کا اُن کے یہاں غلطی سے پاک ہونا ناممکن تھا۔ لہٰذا وہ اُن تمام مواقع پر جان دینا خودکشی کے برابر سمجھتے تھے جہاں اُن سے مشورہ نہ لیا گیا ہو۔ اور رسولؐ کی تنہا، ذاتی اور بشری بصیرت سے مہلک صورت حال پیدا ہوئی ہو۔ حضرت عمر کا جنگ سے بھاگتے ہوئے ملامت کرنے والوں کو یہ کہنا کہ ''بھاگنا اللہ کے حکم سے ہوا ہے'' اُسی عقیدہ کا اعلان ہے۔ یعنی جہاں خطرات خود اپنی رائے کا نتیجہ ہوں، وہاں جان کی حفاظت واجب ہے۔ خواہ بھاگ کر ہو یا کسی اور طرح سے ممکن ہو۔ بہرحال وہاں خدا کا حکم یہ ہے کہ: لَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّھْلُکَۃِ.... (بقرہ 2/195) اپنی جان کو جان بوجھ کر ہلاکت میں نہ ڈالو۔ لہٰذا ہم مسلمانوں کی دو اقسام قران کریم سے مسلسل دکھاتے اور اُن کے عقائد کا قرآنی فرق واضح کرتے چلے آئے ہیں۔ دوسری قسم کے مسلمانوں کو منافق یا کمزور عقیدہ مسلمان قرار دینے والے دراصل فریب ساز ہیں۔

(iii)۔ سورۂ برأت کو سنانے کا حق امیر الحاج حضرت ابوبکر کو کیوں نہ تھا؟

ظاہر ہے کہ حضرت ابوبکر جناب علی مرتضٰی علیہ السلام سے عمر میں اتنے ہی بڑے تھے۔ جتنے کہ رسولؐ اللہ تھے۔ یعنی عمر کے حساب سے ابوبکر بزرگ تھے۔ پھر اُن کو سابق الایمان مانا گیا ہے۔ وہ بھی عرب کے باشندے تھے اور عربی زبان جانتے تھے۔ اکیس سال سے قرآن بھی پڑھتے رہے ہوں گے۔ پھر اُن کو پہلے سے امیر الحاج، حاجیوں کا حاکم بنا کر روانہ کیا گیا تھا۔ اگر علامہ مودودی سچے ہیں؟ یعنی واقعی سورہ توبہ حضرت ابوبکر کی مکہ روانگی کے بعد نازل ہوئی تو؟ تو ہونا یہ چاہئے تھا کہ سورہ توبہ کا نازل شدہ حصہ یا تقریر کسی بھی صحابی کے ہاتھ بھیج دیا جاتا اور حج کا انچارج اُس تقریر کو وہاں پڑھ کر سنا دیتا۔ یعنی علیؑ کو خاص طور پر بھیجنے کی ضرورت ہی نہ تھی۔ یہ کیوں ضروری تھا کہ سورہ توبہ علیؑ ہی پڑھ کر سنائیں؟

(34/3)۔ سورۂ توبہ کا اعلان سربراہِ اسلام ہی کر سکتا تھا

وہ تمام فریب سازیاں اور ہتھکنڈے جو آنحضرتؐ کی قرآنی حکومت کو قومی حکومت بنانے کے لئے استعمال کئے گئے اُن میں سے ایک وہ کوشش بھی ہے جو سورہ توبہ کی تلاوت پر برابر جاری رہی ہے۔ اور جس میں جناب مودودی صاحب نے تمام علما کے خلاف راہ اختیار کی ہے اور لکھ دیا کہ سورہ توبہ حضرت ابوبکر کے مکہ روانہ ہو جانے کے بعد نازل ہوئی تھی تا کہ حضرت ابوبکر کی معزولی کو چھپایا جا سکے۔ علامہ شبلی نے حقائق کو منہ چڑاتے ہوئے تمام سابقہ ریکارڈ پر پانی چھڑکتے ہوئے یہ لکھا تھا کہ مدینہ سے روانگی ہی اِس طرح ہوئی تھی کہ

حضرت ابوبکر امیر حج اور قوانین کے مبلغ بنائے گئے۔ حضرت علیؑ کو سورۂ برأت کی تلاوت سونپی گئی۔ اور سعد بن وقاص وغیرہ کو باقی کام بتائے گئے یوں مدینہ سے روانگی ہوئی۔ مطلب یہ کہ ابوبکر معزول نہیں ہوئے۔ سب نے اپنا اپنا کام کیا اور چھٹی ہوگئی۔ مگر شبلی نے یہ جرأت نہ کی کہ سورہ توبہ کو مکہ کی روانگی کے بعد نازل کراتے اور پھر علیؑ کے ہاتھ مکہ بھیجتے۔ بہر حال یہ نئے علامہ حضرات نہ پکے مجتہد ہیں نہ خالص مُقلِّد ہیں۔ آپ بڑے علما سے اور قدیم ریکارڈ میں تین باتیں نوٹ کریں گے۔ اول: سورہ توبہ دیکر ابوبکر کو مکہ روانہ کیا گیا تھا تاکہ وہ حج میں اعلان و تلاوت کریں۔ یعنی علامہ مودودی نے غلط کہا کہ سورہ توبہ بعد میں نازل ہوئی تھی۔ دوم: ابوبکر کو معزول کر کے علیؑ کو تعینات کیا گیا تھا۔ جنہوں نے ابوبکر سے سورہ توبہ لے لی اور ابوبکر واپس لوٹے۔ سوم: ابوبکر کی معزولی کی وجہ یہ بتائی گئی کہ اللہ نے سورہ توبہ کی تلاوت سربراہِ اسلام کی ذمہ داری قرار دی ہے۔ لہٰذا محمدؐ تلاوت کریں یا علیؑ یہ کام سرانجام دیں۔ اِن حقائق کو قبول کرتے ہوئے وہ تکلفات اور لفظی تحفظات ملاحظہ ہوں جو قدیم ریکارڈ مرتب کرنے والوں نے اختیار فرمائے تھے۔

(ii)۔ سورۂ بَرأت یا توبہ کس کو ملی؟ کون معزول ہوا؟ کس نے اور کیوں تلاوت کی؟

سب سے قدیم اور سب سے مستند کتاب اور مستند علما مل کر فرماتے ہیں کہ:۔

اِنّ ابـا هريره قال بعثنى ابوبكر فى تلك الحجّة فى مؤذنين بعثهم يوم النحر يؤذنون اَن لا يحج بعد العام مشرک ولا يطوف بالبيت عريان ـقال حميد بن عبدالرحمان ثم اردف رسولؐ الله بعلیؑ بن ابى طالبؑ وامره اَن يوذن ببرأة ـقال ابو هريره فاذن معنا علیؑ۔

صحیح بخاری میں ہے۔ یقیناً ابوہریرہ نے کہا کہ اُس حج میں ابوبکر نے مجھے اور کئی ایک ایسے اعلان کرنے والوں کے ساتھ تعینات کیا جو قربانی کے دن یہ اعلان کرنے پر مامور تھے کہ اِس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کرے گا۔ اور نہ کوئی ننگا ہو کر طواف کر سکے گا۔ حمید بن عبدالرحمٰن نے بتایا کہ پھر رسولؐ اللہ نے علیؑ بن ابی طالبؑ کو یہ حکم دے کر بھیجا کہ وہ سورہ برأۃ (توبہ) کا اعلان کریں۔ ابوہریرہؓ نے کہا کہ حضرت علیؑ نے ہمارے ساتھ سورہ برأۃ کا اعلان کیا۔

(1) صحیح بخاری میں یہ روایت مختلف الفاظ میں تین جگہ مذکور ہے اور اصل مقصد ہر جگہ واضح ہے۔ علامہ ابن حجر نے حدیث کی شرح میں یہ وضاحت کی ہے کہ؛ **عن علیؑ قال بعث رسوؐل الله ابابكر بِبَرَأةٍ اِلٰى اهل مكة وبعثه على الموسم ثُمَّ بعثنى فى اثره فادركته فَاَخز تها منه فقال ابوبكر مَالِیْ؟ قال خير اَنت صاحبى فى الغار وصاحبى عَلَى الحوض غير اَنَّهٗ لا يبلغ عنّى غيرى اَوْرَجُل مِنّى ۔**

''حضرت علیؑ نے کہا کہ رسوؐل اللہ نے ابوبکر کو سورہ برأۃ کے ساتھ موسم حج میں اہل مکہ کی طرف بھیجا۔ پھر مجھے اُنکے پیچھے روانہ کیا۔ چنانچہ میں نے اُنکو جا لیا۔ اور سورۃ برأۃ اُن سے لے لی۔ ابوبکر نے واپس آ کر رسوؐل اللہ سے دریافت کیا کہ مجھ میں کیا خرابی تھی؟ آپ نے فرمایا بہتر یہی تھا۔ رہ گئے تم تو تم میرے غار کے ساتھی ہیں اور حوض کے ساتھی ہو۔ بات یہ ہے کہ یہ اعلان ایسا ہے۔ جو یا تو خود مجھے کرنا چاہئے یا ایسے شخص کو کرنا چاہئے جو مجھ سے ہو۔ اِسکے بعد علامہ ابن حجر نے لکھا کہ:۔

عـنـد الطبـرانـى من حديث ابى رافع نحوهُ لكن قال اَتَاه جبرائيلؑ فقال انه لن يؤديها عنک اِلّا انت

اَوُرَجُلٌ منک ۔عن حدیث انس قال بَعَثَ النبیؐ برأۃ مع ابی بکر ۔ثم دعا علیًّا فاعطاھا ایاہ وقال لا ینبغی لِاَحدٍ اَن یبلغ ھذا الا رجل من اھلی۔(فتح الباری شرح صحیح بخاری پارہ(19)صفحہ 194)

’’طبرانی نے بھی یہی لکھا ہے لیکن یہ بھی ہے کہ ابی رافع کی روایت کی رُو سے آنحضرتؐ کے پاس جبرائیلؑ آئے اور کہا کہ تمہاری طرف سے یہ ذمہ داری جب ہی ادا ہوسکتی ہے جب کہ آپ خود یہ اعلان کریں یا ایسا شخص اعلان کرے جو آپ سے ہو۔اورانس نے یہ روایت کی ہے کہ نبیؐ نے ابوبکر کو برأۃ کے ساتھ بھیجا تھا۔پھرعلیؑ کو بلایا اور یہ ذمہ داری علیؑ کوسونپ دی اور فرمایا کہ کسی کوبھی یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ اس اعلان کی تبلیغ کرے سوائے میرے اپنے اہل کے۔‘‘

یہاں تک سُورہ کا پہلے سے نازل شدہ ہونا اورابوبکر کوتعینات کرنے کے بعد بحکم خدا معزول کردینا ثابت ہوگیا۔حدیث میں غاراورحوض کا ساتھی قراردیاجانا قابل اعتراض نہیں ہے۔غار میں واقعی ساتھی تھے۔اورجیسے ساتھی تھے قرآن نے بیان کردیا ہے۔حوض کا ساتھی دراصل حدیثِ حوض کے ساتھیوں کی حالت بیان کرتا ہے۔جنہیں ملائکہ حوض سے واپس لے کرکہیں اور پہنچائیں گے۔پھراُن محدثین اورراویوں کاعقیدہ یہ نہیں ہے کہ رسولؐ سے ہرگز غلطی نہیں ہوتی تھی۔لہٰذا یہ الفاظ اُن کو فائدہ نہیں پہنچاتے۔اِس لئے کہ وہ اکثر رسولؐ اللہ کے اقوال کوذاتی رائے کہہ کررد کردیا کرتے ہیں۔لہٰذا حوض کا ساتھی فرمادینا اُن کے لئے کس دلیل سے صحیح ہوسکتا ہے؟ سوائے اس کے کہ وہ رسولؐ کے ہرقول وفعل کومنجانب اللہ مانیں۔اور یہ مانتے ہی اُن کے اجتہادی مذہب کی عمارت منہدم ہوجاتی ہے اورانہیں ہمارا مذہب اختیار کرنا پڑتا ہے۔امام نسائی نے یہ لکھا ہے کہ:۔

(2) اِنَّ رسولؐ اللّٰہ بَعَثَ برأۃ اِلٰی اھل مکۃ مع ابی بکر ثم اتبعہ بِعلیؑ فقال لہ خذ ھٰذا الکتاب فامض بہ اِلٰی اھل مکۃ ۔قال فلحقتُہُ واخذ تُ الکتاب منہ فانصرف ابوبکر وھو کئیب ۔قال یا رسوؐل اللّٰہ انزل فی شئ؟ قال لا ۔اِلَّا انی امرت ان ابلغہ اَنَا اَوُ من اھل بیتی ۔(خصائص نسائی،ص63)’’رسولؐ اللہ نے ابوبکر کے ساتھ سورہ برأت مکہ والوں کی طرف روانہ کی۔اِسکے بعد علیؑ کوابوبکر کے پیچھے بھیجا اوراُن سے یہ کہا کہ ابوبکر سے وہ کتاب لے لواور اہل مکہ کے پاس لے کر جاؤ۔حضرت علیؑ نے بیان کیا کہ میں ابوبکر تک جا پہنچا اوراُن سے وہ کتاب لے لی۔اسکے بعد ابوبکر دل گرفتہ ورنجیدہ واپس ہوگئے اوررسولؐ اللہ سے سوال کیا کہ کیا میرے بارے میں کچھ نازل ہوگیا ہے۔فرمایا تمہارے بارے میں نہیں۔ہاں مجھے حکم دیا گیا ہے کہ یا تو میں سورہ برأۃ کی تبلیغ کروں یا میری اہلؑ بیت میں سے کوئی تبلیغ کرے۔‘‘

کہا جاتا ہے کہ سورہ برأۃ کی دس یا چالیس آیات اھل مکہ کوسنائی گئی تھیں۔اورجدید علامہ مودودی نے پانچ رکوع یعنی سینتیس(37) آیات بتائی ہیں۔اورساتھ ہی شیعہ وسُنی دونوں کے علمانے یہ بھی تسلیم کرلیا ہے کہ عربوں کا حافظہ مخصوص طریقہ پر تیارکیا گیا تھا۔لیکن حدیث نمبر 2 میں معلوم ہوا کہ جو کچھ مکہ میں سنانا تھا وہ ایک کتاب تھی۔یعنی لکھا ہوا سامان تھا۔لہٰذا یہ ماننا لازم ہے کہ اگر واقعی چالیس(40) آیات یا کم تعداد تھی تو نہ تو حافظہ والی بات صحیح ہے نہ حافظان والی روایات صحیح ہیں۔اور یا یہ کہنا ہوگا کہ پوری سُورہ پڑھنے کے لئے دی گئی تھی،یہی ہمارا موقف ہے۔ہم نہ عربوں کی کھوپڑی میں کوئی خاص قسم کا دماغ مانتے ہیں،نہ حافظانِ قرآن کی اُس تعداد اور بھیڑ بھاڑ کو مانتے ہیں۔اس

لئے کہ اُن لوگوں کو اتنی فرصت کہاں تھی؟ حقیقت یہ ہے کہ خود آنحضرتؐ کا مرکزی ریکارڈ تیار تھا۔ اُس میں سے جس قدر تلاوت فرما دیا جاتا تھا بعض لوگ جو لکھے پڑھے تھے، لکھ لیتے ہوں گے۔ مگر اُن کا بھی ہر وقت پاس رہنا ثابت کرنا ناممکن ہے۔ یہ لوگ جب تدوین قرآن کا ذکر شروع کرتے ہیں تو باقی حالات اور ضروریات کو سِرے سے بُھلا کر یہ تاثر دیتے ہیں کہ بس ہر وقت لوگ قلم لئے بیٹھے رہتے تھے۔ اور تلاوت کے ساتھ ساتھ ٹیپ ریکارڈر کی طرح لکھ اور رٹ لیتے تھے۔ ذرہ برابر غلطی ممکن نہ تھی۔ نہ جملہ دُہرانے اور دوبارہ سُننے کی ضرورت تھی، نہ س، ث اور ص میں گڑبڑ کا امکان تھا۔ یہ سب باتیں شیخ چلی سے کم نہیں۔

(3) شاہ ولی اللہ ایسی حدیث لائے ہیں جس میں حضرت عمر بھی شامل ہیں اور دونوں حضرات نہ رسولؐ کے اہل میں ہیں نہ اہلبیت میں نہ رسولؐ والوں میں داخل ہیں۔

عن عبداللّٰہ بن عمر انّ رسوّل اللّٰہ بعث ابابکر وعمر بِبَرَأۃ الی اھل مکۃ۔ فانطلقا فاذاھما بِرَاکب۔ فقال من ھذا؟ قال انا علیؑ ۔قال و اللّٰہ ماعلمت اِلّا خیرًا فاخذعلیؑ الکتاب فذھب بہ ورجع ابوبکر وعمر الی المدینہ ۔فقالا مالنا یا رسوّل اللّٰہ؟ فقال ما لکما الا خیرًا و لکن قِیل لِی اَنَّہُ لا یبلغ عنک اِلَّا اَنۡتَ او رجل منک۔ اخرجہ الحاکم(قرۃ العینین صفحہ 234)

''عبداللہ حضرت عمر کے بیٹے نے کہا کہ رسولؐ اللہ نے ابوبکر اور عمر کو اہل مکہ پر سورہ براۃ کے اعلان کے لئے بھیجا۔ اور جب وہ جا چکے مگر ابھی راستے ہی میں تھے کہ اُن کو ایک سوار ملا۔ اُنہوں نے پوچھا تم کون ہو؟ جواب ملا میں علیؑ ہوں۔ ابوبکر بولے کہ میں نے اس سوال میں بھلائی ملحوظ رکھی تھی۔ حضرت علیؑ نے وہ کتاب اُن سے لے لی اور اُسے لے کر روانہ ہو گئے۔ اِدھر حضرت ابوبکر وعمر مدینہ لوٹ کر آئے۔ اور دونوں نے رسولؐ اللہ سے دریافت کیا کہ ہم دونوں میں کیا نقص نکل آیا؟ فرمایا خیریت ہے۔ لیکن مجھ سے کہا گیا ہے کہ آپ کی طرف سے یہ ذمہ داری صرف اس صورت میں پوری ہوسکتی ہے کہ یا تو تم خود جا کر اس اعلان وسورہ کی تبلیغ کرو یا ایسا آدمی کرے جو تجھ سے ہو۔ یہ روایت امام حاکم نے لکھی ہے۔''

یہاں تک وہ تمام تحریریں باطل ہیں جن میں کہا گیا کہ اُس سال حضرت ابوبکر بدستور حج کے حاکم یا امیر الحاج رہے تھے۔ ہر دفعہ ہر حدیث میں اُن کا مدینہ پلٹ آنا مذکور ہوتا رہا ہے۔

(4) حضرت ابوبکر بیان فرماتے ہیں کہ:۔

اِنّ النبیؐ بِبَرَاء ۃ لاھل مکۃ لایحج بعد العام مشرک ولا یطوف بالبیت عریان ولا ید خل الجنۃ الا نفس مسلمۃ۔ومَن کان بینہ وبین رسوّل اللّٰہ مدۃ فاجلۃ الٰی مدتہ و اللّٰہ بَرِیّ من المشر کین ۔ورسوّلہ ۔ قال فسرت بھا ثلاثا ۔ثم قال رسوّل اللّٰہ لعلی ۔ الحق ابابکر فردّ ہ اِلَیَّ وبلغھا انت ۔فَفَعَلَ علیؑ ذلک ورَجَعۡتُ اِلَی المدینۃ فلما قدمت عَلَی النبیؐ بکیتُ وقُلۡتُ یا رسوّل اللّٰہ حدث فِیَّ شیء ؟ قال ماحدث فیک الا خیر والکِنی امرتُ ان لا یبلغھا منی۔(مسند امام حاکم جلد 1 صفحہ 2)

نبیؐ نے مجھے اہل مکہ کی طرف سورہ برأت دے کر روانہ کیا تا کہ میں یہ اعلان کردوں کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کرے گا۔ اور کوئی شخص ننگا ہوکر کعبہ کا طواف نہ کیا کرے گا۔ اور اگر کسی کے ساتھ رسولؐ اللہ کا کوئی معاہدہ ہے وہ وقت مقررہ تک قائم رہیگا۔ اور آج سے رسولؐ اللہ مشرکوں سے بری الذمہ ہیں۔ ابوبکر نے بیان کیا کہ میں تین دن سفر کر چکا تو رسولؐ اللہ نے علیؑ سے کہا کہ تم جا کر ابوبکر سے ملو اور اُس کو میرے پاس واپس کردو اور خود جا کر سورہ برأت کی تبلیغ کرو۔ چنانچہ علیؑ نے اس حکم پر عمل کیا اور میں مدینہ واپس چلا آیا۔ جب میں خدمت رسولؐ میں پہنچا تو میں نے رورو کر عرض کیا کہ حضورؐ کیا کوئی نئی بات میرے حق میں نازل ہوئی ہے۔ فرمایا کوئی نئی بات نہیں جو ہوا اچھا ہی ہوا ہے۔ لیکن یہ ضرور ہوا کہ مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ اُس سورہ کی تبلیغ میری ذات یا میرے اہل پر لازم ہے۔

(5) حبیب السیر سے مزید خامیاں دُور ہو جاتی ہیں وہ لکھتے ہیں کہ:۔

''چوں امیر المومنین ابوبکر بملازمت حضرت رسول صلی اللہ علیہ الصلوۃ والسلام رسید۔ از آنحضرت پُرسید کہ یا رسوؐل اللہ از مَن چہ صادر شد کہ از قرأتِ سورۂ برأت ممنوع گشتم۔ رسوؐل اللہ فرمود کہ ہیچ منقصتے بحال تو راہ نیافتہ۔ **ولكن الامين هبط اِلَيَّ من اللّٰه عزّ وجلّ بانّه لا يؤدی عنک الا انت اورجل منک وعَلِیٌّ مِنّی وهو اَخِیّ ووَصِیّ ووارثی و خليفتی فی اهل بيتی و اُمّتی بعدی يقض دينی ينجر وعدی ولا يؤدی عنّی الا علیؑ۔''**

جب امیر المومنین ابوبکر راستہ سے واپس ہوکر رسولؐ اللہ سے ملے تو آنحضرتؐ سے سوال کیا کہ مجھ سے کیا قصور ہوا؟ کہ سورۂ برأت کی تبلیغ سے منع کر دیا گیا؟ رسولؐ خدا نے فرمایا کہ تمہاری کوئی توہین نہیں کی گئی ہے۔ لیکن جبرائیلؑ امین خدا کی طرف سے اُترے۔ میرے پاس یہ پیغام لائے کہ یقیناً برأت کی ذمہ داری تمہاری طرف سے جب ہی ادا ہوسکتی ہے جبکہ تم خود یہ اعلان کرو یا کوئی تمہارا اپنا مرد یہ اعلان کرے۔ سنو علیؑ مجھ سے ہے اور وہ میرا بھائی ہے۔ میرا وصی ہے۔ میرا وارث ہے۔ اور میرے اہلبیتؑ اور میری امت پر میرے بعد بھی میرا خلیفہ ہے۔ جو میرا قرض ادا کرنے، میرے کئے ہوئے وعدوں کو پورا کرنے کا ذمہ دار ہے۔ لہٰذا سورہ برأت والا اعلان میری طرف سے علیؑ کے سوا کوئی اور نہیں کرسکتا تھا۔'' (تفسیر درمنثور جلد 3 صفحہ 310)

(iii)۔ سُورۂ برَأت خلافتِ بلافصل پر حجۃ اور قومی حکومت پر مصیبت ہے

ہم احادیث کے انبار کو از راہ اختصار ترک کرتے ہیں اور قارئین کو دو باتیں بتاتے ہیں۔ پہلی یہ کہ راویانِ حدیث اور محدثین عمدہ سے عمدہ اور مفصل بیانات کو کسی طرح مختصر اور بے معنی کر کے بیان کرتے اور لکھتے آئے ہیں۔ یہ بات ہماری لکھی ہوئی پہلی حدیث سے پانچویں تک واضح ہو جاتی ہے۔ دوسری بات یہ کہ ان تمام احادیث میں ابوبکر وعمر کا اُس عہدہ سے معزول ہونا اور اس معزولی پر رنجیدہ وکبیدہ خاطر ہونا اور رورو کر وجہ دریافت کرنا مسلسل موجود ہے۔ یہاں یہ کہہ کر دلجوئی کی جاتی ہے کہ ہر دفعہ رسولؐ اللہ نے خیر فرمایا ہے۔ یہ بھی کہا ہے کہ کوئی نئی بات نازل نہیں ہوئی ہے۔ گویا اس عزل ونصب میں کسی کو معزول کر دینا ہی اُس کی عاقبت بخیر ہونے کے لئے ضروری تھا۔ اور ابوبکر کو اس منصب پر برقرار رکھنا خیر کے بجائے شر وفساد تھا۔ اور چونکہ ابوبکر کی یہ منزلت نہ تھی کہ وہ اس منصب سے معزول ہو جانا اپنی توہین یا کسر شان سمجھیں، اس لئے یہ کہا جاتا رہا ہے کہ جو کیا گیا وہ درست ہی درست ہے۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ اُن کا امت پر خلیفہ

بنا دیا جانا اللہ ورسولؐ کے نزدیک خیر نہ تھا بلکہ شر تھا۔ اور غالباً حضرت عمر نے جو یہ فرمایا تھا کہ ابوبکر کی خلافت کے شر سے ہم لوگ محفوظ رہ گئے، اِسی طرف اشارہ تھا۔

پھر جب یہ طے ہوگیا کہ آنحضرتؐ کی ذمہ داریاں علیؑ کے سوا کوئی دوسرا فردِ امت ادا کر ہی نہیں سکتا تو رسولؐ اللہ کی جانشینی اور رسالت ونبوت کی تمام ذمہ داریاں قیامت تک کے لئے کس طرح امت کے خاطی افراد کی سپردگی میں دی جاسکتی تھیں؟ اگر ایک سورہ یا ایک سورہ کی چالیس میں سے دس آیات تک مجمع عام میں سنانا ابوبکر وعمر کے لئے منجانب خدا جائز نہ تھا تو سارے قرآن کی تبلیغ کیسے اُن کو سونپی جاسکتی تھی؟ خصوصاً جبکہ قرآن کائنات کی تمام تفصیلات کا حامل ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اُدھر رسولؐ اللہ کو (معاذ اللہ) خطا کار بنانا ضروری تھا۔ اِدھر قرآن کو چند گِنے چُنے احکام اور متشابہات ومجملات کا مجموعہ قرار دینا تھا۔ تاکہ ہر جاہل اجتہاد کی آڑ میں قرآن کے نام پر سربراہ اسلام اور محی الدین بن جائے۔ اور "مَن تُرا حاجی بگویم تُو مَرا مُلاّ بگو" کے مَن سمجھوتے سے اسلامی نظام چلانے کا دعویٰ کر دیا جائے۔ اور جو بات سمجھ میں نہ آئے غیر مسلم حکومت اور حکمرانوں کے فیصلوں کو سامنے رکھ کر سمجھ لی جائے۔ چنانچہ ہمیشہ غیر مسلم دانشوروں کا سہارا لیا جاتا رہا ہے۔ غیر مسلم نظامہائے حیات کے ساتھ لفظ اسلام یا اسلامی لگا کر اُنہیں مسلمان نقاب پہنایا جاتا رہا ہے۔ قوانین مصر وبابل اور رومۃ الکبریٰ اور پھر برٹش لا کو چند لفظ اِدھر اُدھر کرکے اختیار کیا جاتا رہا ہے اور آج تو کمیونزم وسوشلزم بھی بڑے دھڑلے سے اسلامی بن کر یا بنا کر سامنے لایا جارہا ہے۔

(34/4)۔ سُورۂ برأت کے اعلان کی جھلکیاں اور عظمت

سُورۂ برأت کا اعلان قیامت تک پیدا ہونے والے تمام سرکش جابروں، سبعیت وبربریت کے سب نمائندوں اور تمام طاغوتی اداروں کو مخاطب کرتا ہے۔ یہ اعلان چاہتا ہے کہ تمام اسلام دشمن اور انسان کُش قوتیں لرز کر رہ جائیں۔ ہر وہ دل سینہ میں بیٹھ کر رہ جائے جس میں تخریب کے جذبات موجزن رہتے ہوں۔ ہر وہ بازو شَل ہوکر رہ جائے جو تیر اندازی اور تیغ زنی میں نامور ہے۔ وہ تمام سیاسی منصوبہ ساز جماعتیں آج وجہُ اللّٰہ، لِسانُ اللّٰہ، عَینُ اللّٰہ، یَدُ اللّٰہ اور قوتِ پروردگار کا لب ولہجہ سنیں۔ اُسؑ کی غیر متزلزل اور بے پناہ اسکیم سے متعارف ہوں۔ اُن کے سامنے آج اُن کی تمام کوششیں، تمام زور آزمائیاں، تمام محاربات، تمام تجربات یکجا طور پر دم توڑتے نظر آجائیں۔ اُن کے کانوں میں مرحب وعنتر وعبدود کی آخری چیخیں گونجنے لگیں۔ اُن کی آنکھوں کے سامنے ذوالفقار کی چمک اور شجاعانِ کفر کے سروں کی بارش کا نظارہ پھر جائے۔ وہ اُن کو بتادے کہ آج تک تمہاری ساری تگ ودَو؛ تمہارے تمام مادی وسائل اور تمہاری ہر دماغی وعقلی کاوش بچوں کی اُس کوشش کے برابر بھی نہ ہوئی جو وہ جگنو کی چمک دمک کو سمجھنے اور پھونک مار کر بجھا دینے کیلئے کیا کرتے ہیں۔ اس قدر حقیر وکمزور سامان کی مدد سے اللہ کے پھیلتے چلے آنے والے نورؑ کو اپنے ہونٹوں اور لسانی بکواس سے اندھیرے میں بدل دینا چاہتے ہیں۔ جبکہ اللہ نے یہ ٹھان رکھا ہے کہ وہ اپنے نورؑ کے تمام پروگرام مکمل طور پر نافذ کرکے چھوڑے گا خواہ نظام اشتراک کو ناگوار ہی کیوں نہ ہو۔ یہ اُسی بے پناہ

> یُرِیۡدُوۡنَ اَنۡ یُّطۡفِـُٔوۡا نُوۡرَ اللّٰہِ بِاَفۡوَاہِہِمۡ وَیَاۡبَی اللّٰہُ اِلَّاۤ اَنۡ یُّتِمَّ نُوۡرَہٗ وَلَوۡ کَرِہَ الۡکٰفِرُوۡنَ o ھُوَ الَّذِیۡۤ اَرۡسَلَ رَسُوۡلَہٗ بِالۡہُدٰی وَدِیۡنِ الۡحَقِّ لِیُظۡہِرَہٗ عَلَی الدِّیۡنِ کُلِّہٖ وَلَوۡ کَرِہَ الۡمُشۡرِکُوۡنَ o (توبہ 9/32-33)

ہستی کی کرشمہ سازیاں تو تمہارے سامنے ہیں جس نے اُس رسولؐ کو ہدایات بہم پہنچائیں اور دینِ حقیقی دے کر بھیجا۔ جس کے جانشین و نائب کی حیثیت سے میں یہ اعلان کر رہا ہوں کہ یہ دینِ حق تمام نظامہائے باطل پر غالب آ کر رہے گا۔ چاہے نظامِ اشتراک کے ممبران پر گراں ہی کیوں نہ گزرے۔ اس پروگرام کو آگے بڑھانے کے لئے یہ طے کر لیا گیا ہے کہ اب شُرکاءِ نظامِ شرک کی جان و مال کی ذمہ داری اللہ و رسولؐ پر نہیں ہے۔ لہٰذا اللہ و رسولؐ کی جانب سے تمام انسانوں کے لئے اس حجِ اکبر میں اعلان کیا جاتا ہے کہ تمام مخالف گروہ توبہ کر لیں تو بہتر ہے۔ ورنہ اگر اُنہوں نے ولایت بازی جاری رکھی تو سن لیں کہ اللہ و رسولؐ اُن سے بری الذمہ ہیں۔ وہ ہرگز اللہ کو عاجز نہ کر سکیں گے۔ ایسے لوگوں کو

وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖۤ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِىْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَرَسُوْلُهٗ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍo (توبہ 9/3)

دردناک عذاب کی خوشخبری دیتا ہوں۔ آج سے چار ماہ تک کی مہلت دی جاتی ہے (توبہ 9/2) اس میں اپنا جیسا چاہیں انتظام کر لیں۔ لیکن چار ماہ کے بعد مشرکین جہاں ملیں گے اُن کو پکڑا جائے گا۔ اُن کی تاک میں بیٹھا جائے گا۔ انہیں چاروں طرف سے گھیر لیا جائے گا۔ اور جرائم سے باز نہ آنے والوں کو قتل کر دیا جائے گا (توبہ 9/5)۔ حق پوشی کرنے والوں کو ذلیل و خوار کیا جائے گا (توبہ 9/2)۔ معاہدہ شکن اور غداری کرنے والوں سے کوئی رعایت نہ کی جائے گی (توبہ 9/7)۔ اس لئے کہ وہ اپنے غلبہ اور اقتدار کی حالت میں تمام اخلاق اور ذمہ داریوں سے سبکدوش ہو جاتے ہیں (توبہ 9/8)۔ قرابت داری اور احساسِ فرض کی جگہ ظلم و جبر میں سبقت لے جاتے ہیں (توبہ 9/10)۔ اب آئندہ ہر معاہدہ شکن اور مسلمانوں کو دینی طعنہ دینے والوں کے ساتھ درگزر کی جگہ تلوار سے کام لیا جائے گا۔ اور ہر اُس آدمی کو قتل کر دیا جائے گا جو کفر کی امامت کرے گا (توبہ 19/12)۔ وہ تمام مشرکین جو اپنے عملی اقدام سے کفر کی شہادت دیتے ہیں۔ اُنہیں بیت اللہ کی تعمیر اور مرمت کی اجازت بھی نہ ہوگی۔ اُن کی تمام دینی خدمات برباد اور اُن پر جہنم واجب ہو چکا ہے (توبہ 9/17)۔ تعمیرِ مسجدِ حرام اور حاجیوں کو آب رسانی وغیرہ کی وجہ سے وہ صاحبانِ ایمان کے برابر نہیں لائے جا سکتے (توبہ 9/19)۔ اب کافروں کو یہ موقع نہ ملے گا کہ مقدس مہینوں میں جنگ کو حلال کر سکیں اور بداعمالی کو حسین لبادہ پہنا سکیں (توبہ 9/37)۔ اب انتہٰی یہ ہے کہ مشرک کے لئے مغفرت کے دروازے بند ہیں۔ حتّٰی کہ رسولؐ کی سفارش بھی بے اثر رہے گی۔ (توبہ 9/113)

(ii)۔ اعلان برأت کا مخاطبہ اُس مومن گروہ کی طرف جو مشترک قومی حکومت چاہتا ہے

قارئین سورۂ برأت میں کافروں اور مشرکوں سے جو کچھ کہا گیا وہ آپ نے دیکھ لیا ہے اور یہ سب کچھ چند آیات میں سما گیا ہے۔ لیکن وہ مسلمان گروہ جس کا ہم تذکرہ کرتے رہے ہیں؛ اور جس کا معاملہ علیؑ اور اولادِ علیؑ سے پیش آنے والا ہے۔ اور جنہوں نے نہایت سرد جنگ جاری رکھی ہے۔ اور اُن تمام مقاصد کو اسلام کا لباس پہنا دیا ہے جو کفار کا تیغ بکف محاذ چاہتا تھا۔ اب سورۂ برأت میں اُن کا حصہ، اُن کے مقاصد، اُن کی کارکردگی اور خفیہ و اعلانیہ عمل درآمد ملاحظہ فرمائیں۔ حضرت علی علیہ السلام، لسان اللہ سے فرما رہے ہیں کہ مومنین کا وہ گروہ جواب دے کہ کیا تم کفار و مشرکین کو چیلنج مل جانے کے بعد بھی اُن سے جنگ نہ کرو گے؟ جنہوں نے معاہدوں کو برابر نظر انداز کیا اور خلاف ورزیاں کیں اور رسولؐ اللہ کو نکال کر شہر بدر کرنے کی ہمت کی اور جنہوں نے پہلے ہی نمبر پر تم کو اپنا آلۂ کار بنانے سے ابتدا کی

تھی۔ کیا تم اُن بدعہدوں سے اب بھی مؤدبانہ تعظیمی خوف محسوس کرتے ہو؟ سوچو کہ اگر تم واقعی

اَ لَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ اَتَخْشَوْنَهُمْ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ o (توبہ 9/13)

مومنین ہو تو اللہ تعظیمی خوف کا زیادہ حقدار ہے۔

لہٰذا تمہیں اُنکے بجائے اللہ کو مدنظر رکھنا چاہئے۔ اب تم سب ہوشیار ہو جاؤ، کہ تمہیں حکم دیا جاتا ہے کہ تم چیلنج شدہ بدعہد قوم سے جنگ کرو گے تو یقیناً اللہ اُس قوم کو تمہارے ہاتھ سے عذاب میں مبتلا کریگا اور اس صورت میں تمہاری نصرت بھی کریگا۔ اور اُنہیں ذلیل و خوار کر دیگا۔ اور ایمان لانے کی کوشش کرنے والی قوم کے دلوں کی بیماری کو شفا دے گا۔ اور اسلام کے خلاف بیماری نے جو غیظ نومسلموں کے دلوں میں باقی رکھا ہے۔ اُسے اللہ ٹھنڈا کر کے الگ کر دے گا۔ اور جو جو نومسلم چاہیں گے اللہ اُن کی توبہ بھی قبول کرلے گا۔ چنانچہ اللہ علیم بھی اور حکیم بھی ہے۔ یعنی مذکورہ بیماری سے آگاہ بھی ہے اور اُس کو شفا دے سکنے والا حکیم بھی ہے (توبہ 15-9/14)۔ لہٰذا تمہیں پھر تاکید کی جاتی ہے کہ تم اُن لوگوں سے جنگ کرو گے جو نہ تو ایمان ہی لاتے ہیں نہ اُن چیزوں کو حرام قرار دیتے ہیں جو اللہ و رسولؐ نے حرام کر دی ہیں۔ اور نہ مسلّمہ دینِ حق پر کاربند ہوتے ہیں۔ حالانکہ اہلِ کتاب میں شمار ہیں۔ اس صورت میں اگر وہ اپنا تحفظ چاہتے ہیں تو انہیں اپنی جان و مال کی حفاظت کی جزا دینا ہوگی اور ایک گھٹیا مذہب کا اعلان کرنا ہوگا تو تعارض نہ کیا جائے گا (توبہ 9/29)۔ اُن کا یہ عقیدہ کہ مسیحؑ اللہ کا بیٹا ہے۔ کفار کی تقلید میں ہے، جھوٹ ہے، تہمت ہے۔ اور یہ اس لئے رائج ہوا ہے کہ اُنہوں نے احکامِ خداوندی کی جگہ اپنے مقدس بزرگوں اور علما کو واجب الاتباع اور خدا کی جگہ سمجھ لیا ہے۔ اُنہیں بتایا گیا تھا کہ اللہ ہی معبود ہے نہ کہ مسیح وغیرھم (توبہ 31-9/30)۔ یہ مقدس بزرگ اور اُن کے علما لوگوں کا مال ناجائز طور پر کھاتے ہیں۔ اور اللہ کی راہ میں رکاوٹ ڈالتے ہیں۔ اور یہ وہ لوگ ہیں جو راہِ خدا میں خرچ کرنے کے بجائے مال و دولت کا ذخیرہ بڑھاتے ہیں۔ ایک دن آنے والا ہے۔ جب اُن چاندی سونے کے سکوں سے اُن کا سارا جسم داغا جائے گا۔ اُنہیں سونا چاندی ذخیرہ کرنے پر عذابِ الیم کی بشارت دیدو۔ (توبہ 35-9/34)

پھر سنو کہ کیا تمہاری مجتہدانہ بصیرت کے حساب سے یہ بات صحیح ہے کہ تمہیں بلا یہ ثابت کئے نجات دے دی جائے گی کہ تم میں سے کون کون جہاد سے جان چُراتا رہا؟ اور کس کس نے اللہ و رسولؐ اور فطری مومنینؑ کے علاوہ غلط مرکز کو دل میں جگہ دی؟ حالانکہ اللہ تمہارے تمام اقدامات و تصورات سے خبردار ہے (توبہ 9/16)۔ چنانچہ سُنو اور یاد رکھو کہ جو لوگ ایمان پر کفر کو ترجیح دیں، خواہ تمہارے باپ بھائی ہوں، اُن کو ولی یا حاکم نہیں بنایا جا سکتا۔ اور جو ایسی ولایت و اقتدار کو اختیار کرلے وہ ظالم ہے۔ مختصر یہ کہ اگر تم لوگوں کو اللہ و رسولؐ اور اُن کے حکم سے جہاد کرنے سے کوئی اور چیز عزیز تر ہے تو تمہیں برے نتائج سے دوچار ہونے کا انتظار کرنا چاہئے۔ اور اس قسم کی قوم نہ ہدایت پا سکتی ہے نہ قانون کی فرماں بردار بن سکتی ہے خواہ ایسی قوم کثیر تعداد رکھتی ہو۔ چنانچہ جنگِ حنین میں تمہاری کثرت تھی اور تمہیں اپنی کثرت پر ناز بھی تھا۔ مگر ہوا یہ کہ وہ کثرت تمہارے کسی کام نہ آئی اور ہم نے جس طرح بہت سے مواقع پر تمہاری مدد کی، جنگ حنین میں بھی تمہیں بچالیا۔ حالانکہ تمہارے لئے زمین کی وسعتیں تنگ ہوگئی تھیں اور تم رسولؐ اللہ کو چھوڑ کر اپنی زیرِ بحث ولایت کا سہارا لینے کے لئے بھاگ کھڑے ہوئے تھے (توبہ 25-9/23)۔ لہٰذا اے مومنین اس سال کے بعد مشرکین کو مسجدِ حرام کے پاس آنے سے روکنا

ہے اس لئے کہ وہ ایک ناپاک گروہ ہے۔ اور اپنی تنگدستی اور لالچ کی بنا پر اُن کی رعایت نہ کرنا۔ اگر اللہ نے چاہا تو تمہیں جلد ہی دولتمند بنا دے گا۔ وہ بہر حال حالات کا جاننے والا اور تدارک کر دینے والا حکیم ہے۔ (توبہ 9/28)

یاد رکھنا کہ اللہ نے نبیؐ کو کافروں اور منافقوں کے ساتھ سختی سے پیش آنے اور جہاد کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ لہٰذا اُن کا اور اُن کے طرفداروں کا ٹھکانہ جہنم تجویز ہو چکا ہے (توبہ 9/73)۔ اس لئے تم پر لازم ہے کہ مشرکین کو کُلیّتہً واجب القتل سمجھو جیسا کہ وہ مومنین کو مجموعی حیثیت سے قتل کرنا چاہتے ہیں۔ (توبہ 9/36)

(iii)۔ اعلانِ سورۂ برأت کے ساتھ ساتھ قریش کے داخلی محاذ کے مسلمانوں کا تشخص اور تعارف بھی کرا دیا گیا

اب وہ مومنین بتائیں کہ اُن کے اِس عمل در آمد کا کیا مطلب ہے؟ کہ جب بھی اُن سے اللہ کی راہ میں جہاد کے لئے کہا جائے تو وہ سب زمین گیر ہو جائیں اور ایک قدم بڑھانا بھی انہیں پسند نہ آئے؟ معلوم ہوتا ہے کہ تم دنیا ہی کی زندگی کو اختیار کرنا طے کر چکے ہو اور تمہیں آخرت کی پرواہ نہیں ہے۔ حالانکہ سامانِ آخرت دنیاوی مال و متاع سے کہیں زیادہ مفید ہے (توبہ 9/38)۔ بہر حال اب اگر تم جنگ کے لئے نہ نکلو گے تو تمہیں دردناک عذاب میں مبتلا کیا جائے گا۔ اور تمہاری جگہ ایک ایسی قوم تبدیل کر لی جائے گی جو تمہاری قسم کی مسلمان نہ ہوگی اور اللہ کے ہر حکم کی تعمیل کے لئے آمادہ رہے گی اور تم اس تبادلہ کے بعد بھی اللہ کو ضرر نہ پہنچا سکو گے۔ یہ نہ سمجھنا کہ تمہاری جگہ دوسری قوم کا لے آنا اللہ کی قوت و قدرت سے باہر ہے۔ وہ جب چاہے ایسا کر سکتا ہے (توبہ 9/39)۔ اگر تم رسولؐ اللہ کی مدد نہ بھی کرو تب بھی اللہ تو یقیناً اُنؐ کی مدد کرتا چلا آیا ہے۔ تم نے تو نبیؐ کی اُس وقت بھی مدد نہ کی تھی جب کافروں نے اُن کو مکہ سے نکال دیا تھا اور جب وہؐ غار کے اندر دو(2) ہوتے ہوئے بھی ثانوی پوزیشن میں تنہا ہی تھا۔ اور اُس کا ساتھی اُس کی مدد اور دل جوئی کرنے کے بجائے بے قرار ہوا جا رہا تھا۔ اور رسولؐ اُس سے کہہ رہے تھے کہ اللہ ہمارے ساتھ یہاں بھی ہے۔ اُس کی مدد پر یقین کرو اور حزن و ملال سے باز رہو۔ اُس وقت بھی اللہ نے اپنے بے یار و مددگار نبیؐ کی مدد ایسی فوجوں سے کی تھی جو تمہیں نظر نہیں آتیں۔ اور اِس طرح سکون و اطمینان فراہم کر دیا تھا۔ اور کافروں کے چیلنج کو بے حقیقت اور اپنے چیلنج کی عظمت کو بلند کر دیا تھا۔ اور اللہ تو ایسی حکمت کا مالک ہے جو ہر حال میں غالب ہی رہتی ہے (توبہ 9/40)۔ لہٰذا تمام مسلمانوں کو حکم دیا جاتا ہے کہ احکامات کی تعمیل میں ساز و سامان کے ساتھ ہو یا بے سر و سامانی کا عالم ہو، فوراً نکل پڑا کرو اور باقی مصروفیات سے نفرت اختیار کر لیا کرو۔ اگر تم کو علم ہے تو تمہارے لئے تعمیل ہی میں خیریت ہے۔ اللہ نے نبیؐ کو یہ بتا رکھا ہے کہ اگر غزوۂ تبوک کے بجائے کوئی قریب کا سفر ہوتا اور اُس میں فائدہ بھی قریب اور ممکن الحصول دکھائی دیتا تو تم لوگ ضرور نبیؐ کی اتباع کرتے۔ لیکن تمہاری اجتہادی بصیرت نے اُس اتباع کو مشقت ہی مشقت بنا کر دکھایا۔ لہٰذا اپنے ذاتی فیصلے کے ماتحت تم نے نبیؐ کی اتباع نہ کی تھی۔ اور نبیؐ کو تمہارے متعلق یہ بھی بتا دیا تھا کہ جب تم غزوہ تبوک سے بخیر و خوبی واپس آ جاؤ گے تو مومنین کا وہ گروہ جو اپنی بصیرت و مصلحت کی اتباع کرتا ہے، حلفیہ طور پر بیان دے گا کہ ہم واقعی بہت مصروف تھے۔ اگر ممکن ہوسکتا تو ہم ضرور آپ کے ساتھ ہی روانہ ہو جاتے۔ لہٰذا اے گروہ مومنین تم اپنی جانوں کو ہلاکت میں ڈال رہے ہو اور یقیناً تم سب ایمانداری کے ساتھ کاذب اور دروغ باف ہو۔ (توبہ 9/40) اور (9/41-42)

اللہ نے نبیؐ سے یہ بھی کہہ دیا تھا کہ آپؐ مسلمانوں کے اُس گروہ کو جھوٹے سچے کا الگ الگ تشخص کرائے بغیر اجازت دے دینا اور اِس طرح اُن کو غزوۂ تبوک سے باز رکھنا ہماری پسند کے مطابق تھا۔ اسلئے نتیجہ کا خیال کر کے اُسے اُس وقت نظر انداز کر دیا تھا۔ اس لئے کہ اگر مومنین کا پیچھے رہ جانے والا گروہ دل سے یہ ارادہ کر چکا ہوتا تو اُس نے سفر کی تیاری کی ہوتی۔ مگر اللہ کو اُن کا اٹھنا اور تبوک میں شامل ہونا ناپسند تھا۔ اس لئے اللہ نے اُن کو اپنے انتظام سے باز رکھا۔ اور اُن کی ذہنیت سے کہہ دیا کہ تم مدد سے ہاتھ کھینچ کر بیٹھنے والوں کے ساتھ ہی رہو۔ اور اَے نبیؐ اگر وہ تمہارے ہمراہ چلتے تو مسلمانوں کے اندر تخریب کے سوا کسی مفید چیز کا اضافہ نہ کرتے۔ اور عوام مومنین میں فتنہ انگیزی کے لئے دوڑ دھوپ میں مصروف رہتے۔ اس لئے کہ تمہارے عام مومنین میں وہ لوگ کافی تعداد میں ہیں جو اُن کی پالیسیوں اور مفید نظر بیانات کو بڑی دلچسپی سے سنتے ہیں۔ اور اللہ اُن توجہ دینے والے ناعاقبت اندیش مومنین سے واقف ہے۔ یقیناً زیرِ نظر مسلمانوں کا گروہ ہمیشہ سے تمہارے احکام میں فتنہ انگیز انقلاب لانا چاہتا رہا ہے۔ یہاں تک کہ حق قائم ہو گیا اور اللہ کے احکام ظاہر اور غالب ہو گئے اور اُنہیں برابر ناگوار گزرتا رہا۔ جنگ تبوک سے بچنے کے لئے اجازت مانگنے والے مسلمانوں میں اِس ذہنیت کے لوگ بھی تھے جو جنگ کو فتنہ قرار دیتے ہیں۔ اُن کو بتا دینا کہ حقیقت یہ ہے کہ تائید رسولؐ نہ کرنا اور جنگ سے باز رہنا ہی فتنہ ہے۔ اور اس قسم کے ایماندار کافروں کو جہنم نے گھیرے میں لے رکھا ہے۔ اُن سے کہہ دو کہ جو لوگ جنگ کا حکم ملنے کے بعد جنگ سے بچنے کی اجازت مانگتے ہیں، وہ یقیناً ایسے مومن ہوتے ہیں کہ وہ نہ تو اللہ پر ایمان رکھتے ہیں نہ آخرت پر بھروسہ کرتے ہیں۔ اس لئے کہ اُن کا ایمان اُن کے دلوں میں شش و پنج پیدا کرتا رہتا ہے اور وہ ہمیشہ متردد رہتے ہیں۔ یعنی بعض احکام کو قبول کرنے اور پھر بعض احکام کو رد کرنے کی اجتہادی مشق میں مصروف رہا کرتے ہیں۔ چنانچہ جب تمہیں کوئی اچھا نتیجہ اور فائدہ ملتا ہے تو اُنہیں اپنے اجتہاد کی غلطی پر ملال ہوتا ہے۔ اور تمہیں کوئی نقصان ہوتا ہے تو بڑی مسرت اور اطمینان سے اعلان کرتے ہیں کہ جناب ہم نے اپنی مرکزی ولایت کے ماتحت اپنا اجتہادی فتویٰ پہلے ہی نافذ کر دیا تھا۔ اس لئے ہمارے فیصلے کے خلاف عمل کرنے سے نقصان تو ہونا ہی تھا۔ اُن کو بتا دو کہ ہمارے لئے جو کچھ اللہ نے لکھ دیا ہے وہی ہمیں پیش آیا کرتا ہے۔ اور یہ بھی کہہ دو کہ تم ہمارے متعلق دو باتوں کے علاوہ کچھ اور سوچ بھی نہیں سکتے۔ اور اُن دونوں میں سے جو بھی ہمیں پیش آئے وہ ہمارے لئے بھلائی اور مفید ہی ہے۔ لہٰذا تم اپنی سوچ اور انتظار میں گھاٹے میں ہو۔ اور ہم تو تمہارے لئے صرف ایک بات سوچ چکے ہیں اور اسی کے انتظار میں ہیں کہ یا تو اللہ تمہیں ہمارے ہاتھوں عذاب میں مبتلا کرے گا یا خود عذاب دیگا۔ لہٰذا عذاب کا انتظار تم بھی کرو اور ہم بھی کر رہے ہیں۔ (توبہ 9/43-52)

لہٰذا اَے مومنین اب صورت حال یہ ہے کہ تم اب خواہ بخوشی یا ناگواری کے ساتھ خدا کی راہ میں مال صرف کرو، اللہ اب تمہارا مال خرچ کرنا قبول نہ کریگا۔ اسلئے کہ تم مومن ہوتے ہوئے ایک بے لگام اور لاقانون قوم ہو۔ تم سے مالی مدد قبول نہ کئے جانے کا اسکے سوا اور کوئی سبب نہیں ہے کہ نہ تو تم اللہ و رسولؐ پر جس طرح چاہئے تھا ویسا ایمان لائے ہو، نہ تم نے نماز کو نماز کی غرض سے اختیار کر رکھا ہے، نہ تمہارے مال خرچ کرنے کا وہ مقصد ہے جو خدا اور رسولؐ چاہتے ہیں۔ تم نے اللہ و رسولؐ پر ایمان اس طرح اختیار کیا کہ وہ کفر بن کر رہ گیا ہے۔ تم نے نماز کو ڈھیلا کر کے اختیار کیا ہوا ہے۔ مال خرچ کرنے میں تم اپنے لئے خطرہ اور ناسازگاری محسوس کرتے ہو (توبہ۔

9/53-54)رسولؐ اللہ سے کہد یا گیا تھا کہ مومنین کے اموال واولاد کو دلیل حق نہیں سمجھنا چاہئے اور نہ متعجب ہونا چاہئے۔اسلئے کہ یہ اموال واولاد تو وہ انتظام ہے جسکے سبب سے اللہ اُنکو دنیا میں ہی عذاب دے کر دم توڑ دینے والے بنانا طے کر چکا ہے۔(توبہ 9/55)

تمہارا یہ راز بھی معلوم ہو چکا ہے کہ تم مسلمانوں کو اپنے مسلمان ہونے کا حلفیہ یقین بھی دلاتے رہتے ہو،نمازیں بھی پڑھتے ہو، انفاق بھی کرتے ہو۔اس کے باوجود حقیقی مسلمانوں کو بتایا جا چکا ہے کہ وہ تم ایسے مسلمان نہیں ہیں۔بلکہ یہ وہ مسلمان ہیں جو ایک نیا فرقہ بناتے چلے آئے ہیں اور بناتے رہیں گے۔اور اگر مسلمانوں کے اس فرقہ کو مسلمانوں میں کوئی ایسا سرپرستی کرنے والا مل گیا جو بڑی احتیاط سے اُنہیں اجتہادی گہرائی تک لے جائے اور پہلے ہی سے اِس نظام میں دخل رکھتا ہو تو یہ اسلامی نظام کو چھوڑ کر اُسی کی ولایت وحکومت کی طرف دوڑ پڑیں گے۔(توبہ 57۔9/56)

اَے تفرقہ انداز مومنین تمہاری ایک شناخت یہ بھی ہے کہ تم اللہ ورسوؐل کی رضا جوئی کو چھوڑ کر مسلمانوں کی عوامی کثرت کو رضامند کر کے اپنے ہاتھ مضبوط کرنا چاہتے ہو۔اور اسی مقصد کو حاصل کرنے کے لئے تم نے حلفیہ بیانات کا حربہ استعمال کیا ہے (توبہ 9/62)۔لیکن مومنین سارے مل کر بھی اگر تم سے راضی ہو جائیں اور تمہارے حلفیہ بیانات سے دھوکہ کھا جائیں تب بھی اللہ تم سے رضامند نہ ہوگا۔اس لئے کہ فاسق ایک ہو یا پوری قوم ہو اللہ اسکی پرواہ نہیں کیا کرتا ہے۔(توبہ 9/96)

مومنین کا وہ گروہ جو دُنیا ہی کو ملحوظ رکھتا ہے اور جنگ کا حکم ملنے پر جو زمین گیر ہو جاتا ہے (توبہ 9/38)۔جو نمازیں بھی پڑھتا ہے (توبہ 9/54) اور مسلمان ہونے پر بار بار قسمیں کھاتا ہے (توبہ 9/56)۔اُس وقت بہت خوش ہوا تھا جب وہ رسولؐ کے ساتھ جنگ تبوک میں جانے سے باز رہا اور اپنی جان ومال کو جہاد میں خرچ کرنا بُرا سمجھا۔اور لوگوں کو یہ کہہ کر جنگ کے سفر سے روکا کہ حددرجہ کی گرمی میں نہ جاؤ (توبہ 9/81)۔اس گروہ کی کسی پارٹی سے ملاقات پر اور آئندہ جنگ میں شمولیت کی درخواست پر رسولؐ اللہ کو حکم دیا گیا تھا کہ مسلمانوں کی اس جماعت کو صاف جواب دے دینا اور کہہ دینا کہ اب تم قیامت تک میرے ساتھ جنگ پر نہ لے جائے جاؤ گے اور نہ کسی دشمن سے میری معیت میں لڑنے کی اجازت پاؤ گے۔یہ صرف اس بات کی سزا ہے کہ جنگ تبوک کے موقع پر ایک دفعہ پہلے تم الگ ہو کر بیٹھ رہے تھے۔لہٰذا اب تم بھی باقی بیٹھنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو (توبہ 9/83)۔اُن کا تو طریقہ ہی یہ ہے کہ جب بھی ایمان کے ثبوت میں جنگ کرنے کا حکم کسی سورۃ میں نازل ہوا۔اُن میں کے صاحبانِ اثر اور دولتمند لوگ آپ سے چھٹی مانگنے اور پیچھے چھوڑ دیئے جانے کی اجازت لینے آجاتے ہیں۔اور اُن کو پسند ہی یہ ہے کہ عورتوں کے ساتھ گھروں میں رہا کریں۔اُن کے دلوں پر ایک مہر لگی ہوئی ہے اس لئے وہ حقیقی تفقّہ سے الگ رہتے ہیں (توبہ 87-9/86)۔اُن ہی مومنین کی دیکھا دیکھی گردونواح کے عرب بھی عذرات کے بنڈل لے کر آتے رہے تاکہ انہیں بھی جنگ سے چھٹی دیدی جائے اور وہ جھوٹے وعدے کرنے والے لوگوں کے ساتھ جنگ تبوک میں نہ گئے۔اِن لوگوں میں سے جس جس نے کھلا کفر کیا تھا۔اُن کو عذاب الیم دیا جانے والا ہے (توبہ 9/90)۔اُن سب مومنین پر مواخذہ ہوگا جو غنی اور سرمایہ دار اور جنگ کے لئے فٹ ہوتے ہوئے بھی آپؐ سے اجازت مانگتے ہیں (توبہ 9/93)۔یہ لوگ جنگ سے واپسی کے بعد عذرات ومعذرت کے ساتھ تمہارے پاس آئیں گے۔اُس وقت اُن سے کہنا کہ معذرت کی ضرورت ہی نہیں ہے۔اس لئے کہ اللہ

نے تمہاری پوشیدہ کاروائیوں کی خبر دیدی ہے ہم تمہاری معذرت کو نہیں مانتے ۔ مستقبل قریب میں اللہ اور اُس کا رسولؐ تمہارے ظاہری وباطنی اعمال پر نظر رکھیں گے ۔ پھر جب تم سب کچھ کر چکو گے تو تمہیں اللہ عالم الغیب والشہادۃ کے سامنے لوٹا یا جائے گا اور وہ تمہارے تمام کارناموں پر مطلع کر دے گا (توبہ 9/94) ۔عنقریب جب تم اُن کی طرف واپس پلٹو گے تو حلفیہ بیانات سے نظر اندازی اور رفع گذشت چاہیں گے تم بھی صَرف نظر کر لینا ۔ کیونکہ یہ گروہ ناپاک کاروبار کر رہا ہے اور اس کی سزا جہنم میں دیا جانا طے کر لیا گیا ہے (توبہ 9/95) ۔ عام عربوں کی بھی دو قسمیں ہیں ایک وہ جو کفر ونفاق میں حد بھر بڑھے ہوئے ہیں اور اللہ کی حدود واحکام سے ناواقف رہنا اُن کے لئے بہت زیادہ ممکن ہے ۔ یہ لوگ دین کے واجبات کو جرمانہ اور ٹیکس سمجھتے ہیں ۔ اور ہر اُس موقع سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں جس میں مسلمانوں کو ایک چکر میں ڈالا جا سکے (توبہ 98 ۔ 9/97) ۔ دوسرا گروہ عرب کے عوام کا وہ ہے جو اللہ ورسولؐ پر ایمان بھی لایا ہے اور اُس کا ایمان یہ بھی ہے کہ اسلامی واجبات کی ادائیگی قربت خداوندی اور رسوؐل کی صلوٰۃ کا حقدار بناتی ہے (توبہ 9/99) ۔لہٰذا مدینہ کے باشندہ مسلمانوں کو مدینہ کے گرد ونواح کے عرب مسلمانوں کو تو ہرگز یہ زیبا نہیں دیتا کہ وہ رسولؐ اللہ کو چھوڑ کر اپنے نفس کی رغبت پر عمل کرتے ۔ اُن کی ہر وہ خدمت جو دین کے لئے ہو اور ہر قسم کی زحمت وتکلیف جو وہ اس سلسلے میں اٹھائیں قابل جزا ہے ۔ اُن کے تمام اعمال اور ہر چھوٹا بڑا خرچ بہترین جزا کا حقدار ہے ۔ (توبہ 121 ۔ 9/120)

ہر سورۂ کے نزول پر مسلمانوں کے ایک گروہ کے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے ۔ لیکن دوسرے گروہ کے درمیان یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آیا وہ سورۃ اُن کے مقاصد کے جواز پر کچھ لائی ہے یا نہیں ۔ چنانچہ مومنین کے اس گروہ کے دل میں مرض اجتہاد کی بنا پر خباثت اور ناپاکی کا اضافہ ہوتا جاتا ہے ۔ یہ لوگ اس کو مدنظر نہیں رکھتے کہ ہر سال اُن کو ایک یا دو دفعہ فتنہ سے دوچار ہونا پڑتا ہے ۔ پھر بھی نہ یہ توبہ کرتے ہیں نہ سبق لیتے ہیں ۔ اسی حالت میں اُن کو موت آتی جائے گی اور خاتمہ کفر پر ہوگا (توبہ 126 ۔ 9/124) ۔ چنانچہ جب بھی کوئی سورہ نازل ہوتی ہے تو تلاوت کے دوران یہ ایک دوسرے کی طرف دیکھتے رہتے ہیں اور یہ بھی دیکھتے جاتے ہیں کہ اُن کے اِن اشاروں کنایوں کو کوئی دوسرا تو نہیں دیکھ رہا ہے ۔ اور اگر ایسا ہو تو وہاں سے کھسک جاتے ہیں اور نہیں سمجھتے کہ اللہ نے اُن کے قلوب ہی کو کھسکانے کا انتظام کر رکھا ہے اور وہ نظام خداوندی کو سمجھنے سے قاصر قوم بن کر رہ گئے ہیں (توبہ 9/127) ۔ اُن کو اس کا بھی احساس نہیں کہ رسولؐ اُن کی ہر تکلیف کو ناپسند کرتا ہے ۔ اُن کی فلاح وبہبود کے لئے بڑا حریص اور اُن پر رؤف اور رحیم ہے ۔ مسلمانوں کے اُسی گروہ میں وہ لوگ بھی ہیں جو رسولؐ اللہ کو مال کی تقسیم پر ملزم اور خطا کار قرار دیتے ہیں ۔ اُن کا حال یہ ہے کہ اگر اُن کو حصہ دیا جائے تو راضی رہتے ہیں ورنہ ناراض ہو جاتے ہیں (توبہ 9/58) ۔ حالانکہ اُس مال میں فقرا اور مساکین وغیرہ کے علاوہ کسی کا حق نہیں ہوتا ۔ اُن ہی مسلمانوں میں وہ لوگ بھی ہیں جو نبیؐ کو کانوں کا کچا کہہ کر اذیت دیتے ہیں ۔ اُن کو معلوم ہو کہ نبیؐ کے کان مومنین کی بھلائی پر مرکوز رہتے ہیں ۔ اور وہؐ اللہ کی اور اُن مومنین کی بات سُنتے ہیں جن پر وہ ایمان لائے ہیں اور جن کی باتوں پر عمل کرنے سے خیر ہی خیر مطلوب ہے ۔ لہٰذا نبیؐ مومنین کے لئے مجسمۂ رحمت ہیں ۔ اُن کو اذیت دینے والے مومنین کے لئے دردناک عذاب مقرر ہے ۔ (توبہ 61-9/58)

(iv)۔ سورہ برأت میں مشرکین کا وہ گروہ جو دل میں کافر مگر بظاہر مسلمان ہے

مدینہ کے گردونواح میں منافقوں نے اپنا ٹھکانا بنا رکھا ہے اور مدینہ شہر کے لوگوں میں سے بھی کچھ ایک گروہ کو نرم کرلیا ہے۔ یہ گروہ صرف اللہ کو معلوم ہے۔ عنقریب اُن کو ڈبل عذاب دیا جائیگا۔ پھر ایک عظیم عذاب پر وارد کیا جائے گا (توبہ 9/101)۔ منافقوں کے مرد و عورتیں بعض پروگراموں میں متحد ہیں۔ مثلاً وہ سب بُرے بُرے اقدامات کی ترغیب دیتے ہیں اور مسلّمہ اچھائیوں کو جاری ہونے سے روکتے ہیں اور دست درازی یا جارحیت سے باز رہ کر تمام پروگرام چلاتے ہیں اور تمام منافق لاقانونیت کے حامی ہیں۔ اور اللہ نے بھی منافق مردوں عورتوں اور کافروں کے لئے اُن کے مختلف پروگراموں کی سزا میں جہنم اور لعنت کا وعدہ کیا ہے۔ سابقہ ادوار میں بھی منافق گزرے ہیں جو زیادہ طاقت و مال و دولت اور افرادی قوت رکھتے تھے۔ انہوں نے بھی دنیا میں اپنے حصہ کا فائدہ اٹھایا تھا اور اب یہ منافق بھی فائدہ اُٹھالیں۔ اُنہوں نے بھی اسلام میں غور و خوض کی راہ نکالی تھی، یہ منافق بھی اجتہادی فکر جاری کرلیں۔ مگر وہ اور یہ دونوں اپنے اچھے اعمال ضائع کر چکے ہیں۔ اور اب نقصان ہی نقصان اُنکا حصہ ہے (توبہ 69۔9/67)۔ منافقین ہر لمحہ اس اندیشہ میں مبتلا رہتے ہیں کہ کہیں قرآن کی کسی سورۃ میں اُن کے قلبی منصوبوں کی قلعی نہ کھول دی جائے اور اسی بنا پر بڑا پیچ کر محتاط پروگرام چلاتے ہیں۔ اور اپنی سنجیدہ بحثوں کو ہنسی اور دل لگی کی چادر میں لپیٹ دیتے ہیں۔ اور کہہ دیتے کہ ہم تو تفریحاً بحث و تنقید کررہے تھے۔ اُن کو بتادو کہ تمہاری معذرت بے کار ہے۔ یقیناً اِن بحثوں اور تنقید میں تم نے حق کی آڑ میں باطل اور کفر کیا ہے حالانکہ تم ایمان لا چکے تھے۔ ہوسکتا ہے کہ ہم بعض بے قصوروں کو تم میں سے معاف کردیں لیکن جو مجرم گروہ ہے اُسے بلاشبہ عذاب دیں گے (توبہ 66۔9/64)۔ نبیؐ کو اجازت دی گئی ہے کہ وہ کافروں کی طرح اب منافقوں سے بھی سختی سے پیش آئیں اور اُن سے بھی جہاد کریں۔ یہ لوگ اسلام اختیار کر چکنے کے بعد اسلام کو کفر میں بدلنے کی تعلیم دیتے جاتے ہیں اور قسمیہ و حلفیہ بیانات دے کر کفر کی تعلیم کو اسلام ثابت کررہے ہیں۔ اور ایسے نتیجہ کی آس لگائے بیٹھے ہیں جو ابھی تک حاصل نہیں کرسکے ہیں۔ اور یہ احسان فراموشی اس لئے کررہے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولؐ نے اپنے فضل و کرم کو عام کرکے انہیں بھی غنی اور سرمایہ دار بن جانے کا موقع دیا ہے۔ اگر یہ لوگ توبہ کرلیں تو انکی خیریت ہے۔ اور اگر رولایت بازی کریں تو عذاب ہی عذاب ہے۔ اُن میں وہ لوگ بھی ہیں جنہوں نے اللہ سے معاہدہ کیا تھا کہ اگر اُن کو استطاعت دی گئی تو وہ اسلام پر ضرور خرچ کیا کریں گے اور صالح افراد بن جائیں گے۔ چنانچہ جب اللہ نے اپنے فضل سے اُن کو مال دار بنادیا تو بخیل بن کر نئی ولایت اختیار کرلی۔ اس کی سزا میں اللہ نے اُن کو منافقوں میں شمار کرلیا۔ کیا انہیں اتنا بھی پتہ نہیں کہ اللہ اُن کے خفیہ منصوبوں اور سرگوشیوں پر مطلع ہے؟ حالانکہ اللہ تو غیوب کی تعلیم دیتا ہے۔ یہی لوگ ہیں جو اُن مومنین کا مذاق اڑاتے ہیں اور اُن پر الزام تراشیاں کرتے ہیں جو اُن کے مشوروں کو نظر انداز کرکے اپنا سب کچھ خدا اور رسوؐل کو سپرد کئے ہوتے ہیں۔ (توبہ 79۔9/73)

(34/5)۔ سورۂ برأت پر ایک اور نظر و تجزیہ

سورۂ برأت کو کتاب کی صورت میں لکھ کر پہلے سے تیار کرنا تاریخ میں کہیں مذکور نہیں ہے۔ اور کیوں مذکور ہو؟ مسلمانوں کو اللہ کا

شکر کرنا چاہئے کہ اِس سورہ کو آپ تک پہنچانے کا انتظام کیا۔ یہی تو وہ سُورہ ہے جو بحیثیت مجموعی دُشمنانِ اسلام کو رُوشناس کراتی ہے جو دشمنوں کے داخلی اور خارجی تمام محاذوں پر روشنی ڈالتی ہے۔ جو اُن کے تمام منصوبوں اور خفیہ واعلانیہ اقدامات کی نقاب کشائی کرتی ہے اور جس سے آئندہ چلنے والی تمام حکومتوں اور فرقوں کی بُنیادوں اور مقاصد پر اطلاع ملتی ہے۔ جو یہ ثابت کر دیتی ہے کہ سربراہِ اسلام کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟ اور اُن ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی صلاحیت کس میں تھی؟ اور وہ کون شخص تھا؟ جو کفار ومشرکین ومنافقین اور مسلمانوں کے تمام گروہوں کو مخاطب کر کے ایسی زجر توبیخ کرسکتا تھا جس میں خود مجرم وملوث نہ ہو۔ جس میں شرک وکفر ونفاق کا ایک لمحہ کے لئے بھی شائبہ نہ ہو۔ جس کے اَباواجداد میں سے کوئی کافر ومشرک ومنافق نہ ہو، تاکہ سورہ برأت کے ہر چیلنج پر بلادغدغہ عمل کرسکے اور کسی زندہ یا مردہ کافر ومشرک اور منافق کی طرف داری اور رُورعایت کا شبہ تک نہ ہوسکے۔ اگر وہ خود یا اُس کے اَباواجداد اور اَعزہ کبھی کافر ومشرک ومنافق رہے ہوں؟ اُس پر کفر وشرک ونفاق کی طرفداری کا فطری الزام لگ سکتا تھا۔ چنانچہ وہ لوگ جو کسی طرح بھی اور کسی مقدار میں بھی کافروں، مشرکوں اور منافقوں سے رورعایت کرتے رہے وہ یقیناً کبھی خود کافر ومشرک ومنافق تھے یا اُن کے آباواجداد وغیرہ بھی کافر ومشرک ومنافق رہے تھے۔ لہٰذا ایسا شخص نہ رسولؐ ہوسکتا تھا نہ رسوؐل کی جگہ اعلان بَرأت اور جانشینی کے لئے موزوں ہوسکتا تھا۔ اس لئے سورہ برأت کا اعلان جس ذات پاک سے کرایا گیا، وہ ایسی مکمل ہستی تھی جس کے قدوقامت سے کفر ونفاق وشرک کے تمام ادارے اور سب ممبران بخوبی مطلع تھے۔ وہ مکمل ایمان تھا، مجسمۂ اسلام تھا۔ اس لئے اُسے یہ بات زیب دیتی تھی کہ وہ حضرتؑ، ایمان کے ابتدائی درجہ سے لے کر انتہائی درجہ کے مومنین کو مخاطب کریں۔ اُنہیں اُن کے نقائص اور کوتاہیوں پر تنبیہہ فرمائیں اور غلط کاروں کو مواخذہ اور سزا کی دھمکی دیں۔ اُنہیں کسی بھی درجے کا مومن پلٹ کر جواب نہ دے سکتا تھا۔ اس لئے کہ اسلام وایمان میں اُن کا وہی مقام تھا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ابدی وازلی مقام ہے۔ وہ سازشیں کرنے والوں کو ڈانٹ سکتے تھے۔ اسلئے کہ رسولؐ کے علاوہ وہ کسی پارٹی اور گروپ سے تعلق نہ رکھتے تھے۔ اُن کا رشتۂ اخوت بھی رسولؐ سے تھا۔ وہ اسلامی جنگوں میں کمزوری دکھانے والوں اور بار بار یا ایک بار بھاگ جانے والوں کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اور قبضہ شمشیر پر ہاتھ رکھ کر یہ بتا سکتے تھے کہ ہے کوئی اس مجمع میں یا باہر کہیں عرب میں جو سامنے آنے کی جرأت کرے اور زندہ رہ سکے؟ کسی بھگوڑے کو اعلان برأت نہ سونپنا اس لئے اُس کے لئے خیر وبہتر تھا کہ مجمع میں سے کئی آدمی اُٹھ کر اُس کو ڈانٹ سکتے تھے اور کہہ سکتے تھے کہ تم تو کل ہمارے سامنے سے بھاگے تھے یا بھاگنے والوں میں ہمارے ساتھ تھے۔ اور ممکن تھا کہ وہ خوف کے مارے اعلان برأت چھوڑ کر پھر بھاگ جاتا یا غش کھا کر گر پڑتا۔ لیکن علیؑ کے سامنے کسی کی آواز تو بلند ہونا ایک طرف، کوئی اُن سے نظر نہ ملا سکتا تھا۔ البتہ دل میں علیؑ واولادِ علیؑ کے خلاف آگ سلگا سکتا تھا۔ اور یہ پلان بنا سکتا تھا کہ علیؑ اور اُس کی اولاد کی حکومت قائم نہ ہونے کی جان توڑ کوشش کرے گا۔ ورنہ واقعی وہ سورہ برأت کے اعلان کے مطابق نظامِ کفر ونفاق وشرک سے ملوث ہر شخص سے انتقام لیں گے، عذاب میں مبتلا کریں گے۔ یعنی اِدھر علیؑ، لسان اللہ سے سورہ برأت کا اعلان کر رہے تھے اُدھر مخالف محاذ علیؑ و اولادِ علیؑ سے خوفزدہ ہوکر اُن کے خلاف قومی حکومت کے مبلغین کے ہاتھ مضبوط کرنے کا تہیہ کر رہا تھا۔ ہر شخص کے سامنے سے اُس کی کرتوت گزر رہی تھی۔ اور وہ علیؑ کے ہاتھوں کیفر کردار کو پہنچنے کا تصّور کر رہا تھا اور ہر تصور سے لرز اُٹھتا تھا۔ اور اپنی خلاصی، محض دشمنی علیؑ و

اولادِ علیؑ میں دیکھ رہا تھا۔قومی حکومت کا تصور دینے والوں کو دل میں داد دے رہا تھا اور طے کر رہا تھا کہ اپنی پہلی فرصت میں مومنین کے اُس مرکز سے وابستہ ہوجائے گا جس کی تنبیہہ کے لئے سورہٴ برأت تلاوت کی گئی ہے۔قارئین نے غور کیا ہوگا کہ کفار ومشرکین کے لئے سورہ ٴبرأت کا دسواں (1/10) حصہ متعلق ہے۔اور منافقین کو بھی کل تیرہ آیات یعنی سُورہ کے دسویں (1/10) حصہ میں مخاطب کیا گیا ہے۔لیکن قریش کے مومن محاذ کے لئے تریسٹھ (63) سے زیادہ آیات موجود ہیں۔اور حقیقی مومنین کے لئے چند آیات بطور نمونہ وتذکرہ آئی ہیں۔لہٰذا ہم کہہ سکتے ہیں کہ سُورہٴ برأت کا مقصد محض اُس دوسری قسم کے مسلمانوں کی نصیحت وتعارف تھا۔یہ بات اس لئے بھی سو فیصد صحیح ہے کہ تاریخ نے فتح مکہ کے دن تمام کفار مکہ کو مسلمان مان لیا ہے۔لہٰذا سورہٴ برأت کا مخاطب گروہ تاریخی حیثیت سے مسلمان تھا مگر قرآن نہیں مانتا۔وہ کافروں،منافقوں اور مشرکوں کا وجود مسلسل بتاتا ہے۔اس لئے ہم تاریخ کے ہر اُس بیان کو مردود سمجھتے ہیں جو کفار ومشرکین ومنافقین اور دوسری قسم کے مومنین کو غائب کر دینا چاہتا ہے۔یا کافروں کو ایکدم مسلمان کر کے یا منافقوں کو مسلمانوں میں مخلوط کر دیتا ہے۔اور یہ تاثر دیتا ہے کہ انتقالِ رسولؐ تک رفتہ رفتہ سب گروہ حقیقی مسلمان صحابہ بن چکے تھے۔حالانکہ جوں جوں وقت انتقال قریب آتا گیا اسلام دشمنی بڑھتی اور دلوں کی گہرائی تک اُترتی گئی اور اسلامی وقرآنی تعلیمات کے خلاف ایک قومی وملکی حکومت بنانے کا تصور اور علیؑ واولادِ علیؑ کی مخالفت سارے ملک میں پھیل گئی اور قریش کی کثرت اس پر متفق اور ہم آہنگ ہوگئی۔اور رفتہ رفتہ کھل کر اپنے خیالات اور ارادوں کا اظہار واعلان وتبلیغ شروع کر دی۔خود سورہ برأت میں اُسی گروہ کی کثرت مخاطب ہے۔کفار ومشرکین اُس مسلمان گروہ کے سرپرست یا ولی یا اولیاء یا حاکم تھے۔منافق بیچ کی کڑی تھے جو کفار ومشرکین اور اُن مسلمانوں میں رابطہ قائم رکھتے اور مرکزی ہدایات پہنچاتے تھے۔اور آنحضرتؐ اور حقیقی مومنین کے تصورات واقدامات کی کافر ومشرک مرکز میں اطلاع دیتے تھے۔

(34/6)۔ انتقالِ رسولؐ تک سورہٴ برأت والے مومنین ایمان کے کس درجہ پر تھے

چونکہ مسلمانوں کو یہ یقین اور تجربہ ہو چکا تھا کہ آنحضرتؐ کسی بھی کلمہ گو کو اُس وقت تک قتل نہ کریں گے جب تک کہ وہ خود ایسا جرم نہ کر گزرے جس کی سزا قرآن میں قتل ہی ہو۔وہ یہ بھی دیکھ چکے تھے کہ رسول اللہؐ کسی غیر مسلم گروہ سے بھی اُس وقت تک جنگ نہیں کرتے جب تک پوری جماعت پر قرآن سے جنگ واجب نہ ہوجائے۔وہ دیکھ چکے تھے کہ کفار قریش کے انتہائی مظالم کے باوجود نہ انہیں قتل کیا، نہ کوئی اور جبر کیا، بلکہ اُلٹا انہیں معاف کر دیا۔اور تالیف قلب کے لئے اُنہیں مال ومتاع اور فی کس سو(100) سو(100) اونٹ بھی دیئے اور اُن کیلئے مولفة القلوب کے نام سے ایک مستقل فنڈ قائم کر دیا۔اُنہوں نے یہ بھی دیکھا تھا کہ جنگ حنین اور دیگر روزمرہ کے واقعات میں وہ اپنے مخصوص مومنین اور جانثاروں کو مال ومتاع سے محروم کر کے غیروں کو پہلا نمبر دے دیا کرتے تھے۔اور انہیں یہ بھی تجربہ ہو چکا تھا کہ علیؑ واولادِ علیؑ اور دیگر حقیقی پیروان اسلام کا قلبی ارادہ اور عمل یہ ہے کہ وہ بھی مندرجہ بالا حالت میں رسول اللہؐ کے قدم بقدم چلیں گے۔ بس یہ وہ یقینیات تھے،جن کی بنیادوں پر مسلمانوں کے اُس گروہ نے حیاتِ رسولؐ میں اور بعد انتقالِ رسولؐ کلمہ گوئی کے دائرہ میں رہ کر ہر وہ کام کیا جو کافر بھی نہ کرتے اور جو کچھ کیا اُسے اسلام کی اجتہادی تعبیرات کے ماتحت کیا اور خود کو حق پر سمجھا۔اور بعد والوں نے بھی اسی مسلک کو اختیار کیا اور جہاں کہیں بعد والوں سے تاویل نہ ہوسکی وہاں اجتہادی غلطی کا پردہ ڈال کر اُس مسلمان گروہ کو بچالیا۔

(ii)۔ سورۂ حجرات کی رُو سے سورۂ برأت والے سرکش مجتہد صحابہ

سورۂ حجرات مدینہ کے آخری دَور میں رسولؐ اور مومنین کے حالات یُوں سناتی ہے کہ؛ اَے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ و رسُول کی موجودگی میں اور اُنکے سامنے ہی ۔اُن پر سبقت لے جانے اور پیش قدمی کرنے سے تو باز رہا کرو۔ اور اَے وہ لوگو جو

یٰاَ یُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تُقَدِّمُوۡا بَیۡنَ یَدَیِ اللّٰہِ وَرَسُوۡلِہٖ وَاتَّقُوا اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ o یٰاَ یُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَرۡفَعُوۡا اَصۡوَاتَکُمۡ فَوۡقَ صَوۡتِ النَّبِیِّ وَلَا تَجۡھَرُوۡا لَہٗ بِالۡقَوۡلِ کَجَھۡرِ بَعۡضِکُمۡ لِبَعۡضٍ اَنۡ تَحۡبَطَ اَعۡمَالُکُمۡ وَاَنۡتُمۡ لَا تَشۡعُرُوۡنَ o (حجرات 2-49/1)

ایمان لائے ہو تم لوگ رسُول کی بات کا جواب جھڑک کر اور اتنی بلند ڈانٹ کے ساتھ نہ دیا کرو، جیسے تم آپس میں ایک دوسرے کی آواز پر چھا جانے اور دوسروں کی بات کو چیخ چیخ کر دبا دیا کرتے ہو۔ تمہیں تقویٰ کو ملحوظ رکھنا چاہئے ایسا نہ ہو کہ تمہارے تمام اعمال ضائع ہو جائیں اور تمہیں اُنکے ضائع ہو جانے کا شعور تک بھی نہ ہونے پائے۔ یاد رکھو کہ اللہ نہ صرف سنتا ہے بلکہ تمہارے اقوال و اعمال کا علم بھی رکھتا ہے۔

غور فرمائیں کہ دونوں آیات یکے بعد دیگرے نازل ہوئیں اور لکھی ہوئی موجود ہیں۔ یہاں اگر دوبارہ یٰاَیُّھاالذین آمنوا نہ لایا جاتا بلکہ پہلی آیت کو ''وَلا ترفعوا'' سے ملا دیا جاتا تو کیا فرق پیدا ہو جاتا؟ مومنین کو مسلسل خطاب تھا۔ کسی اور کا تذکرہ بیچ میں نہ آیا تھا جو دوبارہ یٰا یھاالّذین آمنوا کہنا لازم ہو جاتا۔ یہ تکرار بتاتی ہے کہ کچھ لوگ اُن مومنین کو بعد میں منافق کہہ کر اُن کا دامن پاک کرنا چاہیں گے۔ اسلئے بار بار یہ کہا گیا کہ وہ ایسے ایمان لانے والے لوگ تھے جو نہ اللہ کے کلام کی پرواہ کرتے تھے نہ رسولؐ کے احکام کی فکر کرتے تھے بلکہ اپنی اسلامی سوجھ بوجھ سے خود ہی فیصلے صادر کر لیا کرتے تھے۔ علامہ مودودی بھی مانتے ہیں کہ:

> ''جو شخص اللہ کو اپنا رب اور اللہ کے رسُول کو اپنا ہادی اور رہبر مانتا ہو، وہ اگر اپنے اس عقیدے میں سچا ہے تو اُس کا یہ رویہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ اپنی رائے اور خیال کو اللہ و رسولؐ کے فیصلے پر مقدم رکھے یا معاملات میں آزادانہ رائے قائم کرے۔ اور اُن کے فیصلے بطور خود کر ڈالے۔'' دو یا تین سطروں کے بعد لکھا کہ:۔
>
> ''یہ ارشاد اپنے حکم میں سورۂ احزاب کی آیت 36 سے ایک قدم آگے ہے۔ وہاں فرمایا گیا تھا کہ جس معاملے کا فیصلہ اللہ اور اُسکے رسولؐ نے کر دیا ہو اُسکے بارے میں کسی مومن کو خود کوئی الگ فیصلہ کرنے کا اختیار باقی نہیں رہتا اور یہاں فرمایا گیا ہے کہ اہل ایمان کو اپنے معاملات میں پیش قدمی کر کے بطور خود فیصلے نہیں کر لینے چاہیں۔'' (تفہیم 5 صفحہ 70)

اب بتایئے قارئین کی کیا رائے ہے۔ کیا ڈبل ڈبل ایسے اہل ایمان کا وجود ثابت نہیں ہو گیا جو محض اپنی ذاتی رائے سے اللہ و رسولؐ کے خلاف فیصلے کرنے اور ڈانٹ ڈپٹ کر رسُول کو خاموش کرنے کی برابر کوشش کرتے رہے۔ اور جنھوں نے اللہ و رسولؐ کے احکامات اور اسلامی ضروریات کو بالکل نظر انداز کر کے اپنی مصلحتوں کے ماتحت قومی و ملکی حکومت بنانے کا فیصلہ کر رکھا تھا؟ یہ ہے قرآن اور یہ ہیں وہ ڈبل مومنین جن کے لئے سورہ برأت کا اعلان ہوا تھا۔ مگر یہ رحم و کرم کے آڑ میں اپنا کام برابر کرتے رہے۔ اور قرآن کی رُو سے اُن کے تمام اعمال ضائع ہو گئے اور نہ انہیں اور نہ آپ کو پتہ چلا کہ وہ خالص مخلص جہنمی بن گئے تھے۔ یہی تو صحابہ کا وہ گروہ تھا جو حوض کوثر پر رسولؐ کا ساتھی تھا۔ لیکن ملائکہ اُس گروہ کو ھانک کر لے گئے اور رسولؐ اللہ الصحابی الصحابی کہتے رہ گئے۔ (صحیح بخاری)

(iii)۔ وہ مومنین جو رسولؐ اللہ سے اپنی اسلامی تعبیرات کی اطاعت چاہتے تھے

عوام مومنین سے فرمایا گیا کہ جن لوگوں کو ہم نے بار بار اور طرح طرح سے فاسق، یعنی اللہ و رسولؐ کے احکام میں اجتہاد کرنے والے کہا ہے، جب وہ کوئی ایسی خبر لائیں جو اُس وقت تک معلوم نہ تھی تو اس پر یقین یا عمل کرنے سے پہلے اس کی تحقیق کرلیا کرو۔ ایسا نہ ہو کہ تم کسی پوری قوم کو مصیبت میں ڈال دو۔ اور پھر ندامت کا شکار ہو جاؤ۔ (حجرات 49/6)

اب اگلی آیت میں دوبارہ یاَیھاالّذ ین آمنوا کہے بغیر مومنین سے کہا گیا کہ:

وَاعۡلَمُوۡا اَنَّ فِيۡكُمۡ رَسُوۡلَ اللّٰهِ لَوۡ يُطِيۡعُكُمۡ فِىۡ كَثِيۡرٍ مِّنَ الۡاَمۡرِ لَعَنِتُّمۡ وَلٰـكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيۡكُمُ الۡاِيۡمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِىۡ قُلُوۡبِكُمۡ وَكَرَّهَ اِلَيۡكُمُ الۡكُفۡرَ وَالۡفُسُوۡقَ وَالۡعِصۡيَانَ ؕ اُولٰٓـئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوۡنَ‏ o (حجرات 49/7)

چنانچہ یہ جان رکھو کہ تمہارے اندر رسولؐ اللہ موجود ہیں۔ اگر دین کے احکام کی کثرت میں تمہاری اطاعت کرنے لگیں تو تم دشواریوں میں الجھ جاؤ۔ اس لئے رسوؐل تمہاری اطاعت نہیں کرتا کہ تمہیں ایمان محبوب ہو سکے۔ تم ایمان سے اپنے دلوں کو مزیّن کر سکو۔ اور تمہیں کُفر سے، لاقانونیت سے اور نافرمانیوں سے نفرت ہو جائے۔ جو ایسا کریں کہ رسولؐ سے اپنی اطاعت کا جنوں چھوڑ دیں، ایمان کو اپنالیں، کفر و فسق و عصیان سے نفرت کریں وہی راشد لوگ ہوتے ہیں۔

(iv)۔ مومنین میں دو ایسے گروہ موجود رہے جن میں جنگ ممکن تھی اور جنگ ہوئی

مسلمانوں کا مسلمانوں سے جنگ اور قتل عام کرنا مستقل طور پر جاری رہا۔ مگر قرآن نے اس حقیقت کا پہلے سے اعلان کر دیا تھا کہ مسلمانوں کا ایک گروہ جارحانہ تصورات رکھتا چلا جائے گا۔ اور کلمہ گو لوگوں پر تلوار سے مسلّط ہو جانا جائز سمجھے گا (حجرات 49/9) اُن میں بغاوت بھی جاری رہے گی۔

(v)۔ یاَیُّھاا لّذین آمنوا عہد رسولؐ میں کیا کیا کر رہے تھے۔ دو الگ الگ گروہ

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو دوسرے مسلمان گروہ سے مسخرہ پن نہ کرو، نہ مرد مردوں سے مذاق کریں، نہ عورتیں عورتوں کا مذاق اڑائیں۔ نہ بُرے بُرے القاب تراشیں۔ ایمان لانے کے بعد یہ عملدرآمد فسق کہلاتا ہے۔ (حجرات 49/11)

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو، ظن اور گمان سے بچتے رہو۔ جاسوسیاں نہ کرتے پھرو اور غیبت چھوڑ دو۔ یہ مردہ بھائی کے گوشت کھانے کے برابر ہے۔ اللہ کا تقویٰ اختیار کرلو (حجرات 49/12)

(vi)۔ عربوں کی زبان پر تیئیسویں (23) سال تک بھی ایمان تھا مگر دل خالی تھے

عرب زبان سے تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لا چکے ہیں۔ مگر اُن کو بتا دو کہ اُن کے دل ایمان سے خالی ہیں۔ چنانچہ انہیں اسلام لانے کی دعوت دو اور اللہ و رسولؐ کی اطاعت کرنے سے اعمال کی مقبولیت بتا دو (حجرات 49/14)۔ مومن صرف وہ لوگ ہیں جو اللہ و رسولؐ پر ایمان لانے کے بعد کسی دوسری الجھن میں نہ اُلجھے ہوں۔ اور جنہوں نے جان و مال دونوں سے جہاد کیا ہو، وہی صدیق بھی ہیں

(حجرات 49/15)۔ظاہر ہے کہ ایمان کی اِن کم از کم شرائط میں سے اگر ایک بھی رہ جائے تو وہ نہ صدیق ہوسکتا ہے۔نہ وہ مومن حقیقی کہلاسکتا ہے۔

(vii)۔ مسلمانوں کا وہ گروہ جو اللہ کو دین کی تعلیم دیتا تھا اور رسولؐ پر اسلام لانے کا احسان جتاتا تھا

جس گروہ کو سورۂ برأت نے مخاطب کیا اور جس کے تعارف پر ہم زور دے رہے ہیں اور جو رسولؐ اللہ کی تعبیرات اور قران فہمی میں غلطی کا امکان اور غلطیاں مانتا تھا اور یہ دعویٰ کرتا تھا کہ وہ اپنی اجتماعی یا اجماعی بصیرت سے قرآن کو نافذ کرنے میں سو فیصد اللہ کی منشا پر عمل کرسکتا ہے۔وہ رفتہ رفتہ قرآن اور دین فہمی میں اُس انتہائی مقام پر جا پہنچا تھا کہ آخر اللہ کو یہ کہنا پڑا کہ؛

قُلۡ اَتُعَلِّمُوۡنَ اللّٰهَ بِدِيۡنِكُمۡ وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌo يَمُنُّوۡنَ عَلَيۡكَ اَنۡ اَسۡلَمُوۡا قُلْ لَّا تَمُنُّوۡا عَلَىَّ اِسۡلَامَكُمۡ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيۡكُمۡ اَنۡ هَدٰٮكُمۡ لِلۡاِيۡمَانِ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ o (حجرات 49/16-17)

اِن مومنین سے دریافت کرو کیا تم اللہ کو اپنے اختیار کردہ دین کی تعلیم دینا چاہتے ہو؟ اُس اللہ کو جو آسمانوں اور زمینوں میں جو کچھ بھی ہے سب کا عالم ہے۔اور اے رسولؐ وہی مومنین تم پر اسلام اختیار کر لینے کا منّتی احسان جتلاتے ہیں کہ اُنہوں نے اسلام کو اپنا مذہب بنالیا ہے۔اُن سے کہدو کہ تم اپنے اختیار کردہ اسلام کا کوئی احسان مجھ پر نہ رکھو۔ بلکہ اللہ ہی تم پر یہ احسان رکھتا ہے کہ اُس نے ہی تو تمہیں ایمان کی طرف راہنمائی کی تھی۔تم احسان مانتے اگر تم سچے ہوتے۔

یہاں شاید قارئین پہلی آیت (حجرات 49/16) کے متعلق یہ سوچیں کہ ''اللہ کو تعلیم دینا'' کوئی استعارہ، اشارہ یا کنایہ ہوگا ایسا نہیں ہے۔یہ آج تک بدستور ہورہا ہے اور اللہ کو برابر تعلیم دی جاتی رہی ہے۔اسکی مثال علامہ مودودی کے یہاں ہزاروں جگہ ملیگی۔مثلاً سورہ یوسف کی آیت کا ترجمہ ملاحظہ ہو:۔''بلکہ جو کتابیں اِس سے پہلے آئی ہوئی ہیں اُن ہی کی تصدیق ہے اور ہر چیز کی تفصیل اور ایمان لانے والوں کیلئے ہدایت ورحمت'' (تفہیم القرآن جلد 2 صفحہ 438)۔

..وَلٰـكِنۡ تَصۡدِيۡقَ الَّذِىۡ بَيۡنَ يَدَيۡهِ وَتَفۡصِيۡلَ كُلِّ شَىۡءٍ وَّهُدًى وَّرَحۡمَةً لِّقَوۡمٍ يُّؤۡمِنُوۡنَo (یوسف 12/111)

پہلی مثال تو یہ ہے کہ اللہ نے آیت میں لفظ ''قوم'' فرمایا ہے۔مگر علامہ کے نزدیک یہاں قوم نہیں بلکہ **الذین** ہونا چاہئے۔یعنی لِقَوۡمٍ يُّؤۡمِنُوۡن کی جگہ لِلّذین یُؤمنون ہونا صحیح تھا۔دوسری مثال یہ کہ آیت میں اللہ نے یہ بتایا ہے کہ قرآن میں ہر ایک چیز کی تفصیل موجود ہے (تَفۡصِيۡلَ كُلِّ شَىۡءٍ) اور علامہ نے ترجمہ میں یہ مطلب لکھا ہے مگر حاشیہ میں یہ بتایا کہ:۔

''بعض لوگ ''**ہر چیز کی تفصیل**'' سے مراد خواہ مخواہ دنیا بھر کی چیزوں کی تفصیل لے لیتے ہیں۔'' (تفہیم ایضا حاشیہ 80)

مطلب یہ کہ اللہ نے کہنے کو تو ہر شے کی تفصیل کہہ دیا ہے مگر حقیقتاً قرآن میں ہر شے کی تفصیل ہے نہیں۔مطلب یہ کہ اللہ نے ''تفصیل کل شیءٍ'' کی جگہ ''تَفۡصِيۡلَ كُلِّ شَىۡءٍ مّایھدِی الۡاِنسان'' کہنا چاہئے تھا۔

یہ ہے وہ تعلیم جو اللہ کو دی جارہی ہے۔آنحضرتؐ کے زمانہ کے صحابہ نے اُس کی ابتدا کی تھی۔وہ کھل کر کہتے تھے کہ فلاں آیت میں اللہ کا یہ مطلب نہیں بلکہ یہ مطلب ہے۔کبھی کہا جاتا تھا کہ بے شک الفاظ تو یہی ہیں۔یعنی منطوق تو یہی ہے۔مگر اُن الفاظ کا یا اُس منطوق کا مفہوم یہ نہیں بلکہ یہ ہے۔اور کمال یہ ہے کہ علامہ ہوں یا کوئی اور ہو۔وہ یہ باتیں بلا وحی کی مدد کے بتا دیتے ہیں۔یعنی اُن کو اپنی

اجتہادی بصیرت کے سامنے نہ وحی کی احتیاج ہے نہ نبیؐ کی ضرورت ہے۔

قارئین نے مندرجہ بالا آیات (حجرات 17۔49/16) میں یہ نوٹ کرلیا ہوگا کہ یہ اللہ کو تعلیم دینے اور رسولؐ پر احسان رکھنے والے وہ لوگ تھے جن کو اللہ نے ایمان کی طرف راہنمائی کی تھی۔یعنی یہ منافق نہیں بلکہ مومنین تھے۔

سورۃ الحجرات (49) کے حوالے اس لئے لائے گئے ہیں کہ اس سورہ کے ''بعض احکام مدینہ طیبہ کے آخری دور میں نازل ہوئے'' (مودودی) یعنی انتقالِ رسولؐ تک، پیرا نمبر 34/6 میں مذکور مسلمان موجود تھے۔

(viii)۔ آنحضرتؐ کی زندگی کے بالکل آخری زمانہ میں سودخور مومنین

سورۂ بقرہ کے نزول پر علامہ نے لکھا کہ:۔

''سود کی ممانعت کے سلسلہ میں جو آیات نازل ہوئی ہیں وہ بھی اِس میں شامل ہیں۔حالانکہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے بالکل آخری زمانہ میں اُتری تھیں۔'' (تفہیم جلد 1 صفحہ 46)۔اب قرآن سنئے:۔

يٰٓاَ يُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰٓوا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ o فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ o (بقرہ 279-2/278)

علامہ کا ترجمہ: ''اے لوگو جو ایمان لائے ہو خدا سے ڈرو اور جو کچھ تمہارا سود لوگوں پر باقی رہ گیا ہے، اُسے چھوڑ دو، اگر واقعی تم ایمان لائے ہو۔لیکن اگر تم نے ایسا نہ کیا، تو آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ اور اُس کے رسوؐل کی طرف سے تمہارے خلاف اعلانِ جنگ ہے۔اب بھی توبہ کرلو (اور سود چھوڑ دو) تو اپنا اصل سرمایہ لینے کے تم حق دار ہو۔نہ تم ظلم کرو، نہ تم پر ظلم کیا جائے گا۔'' (تفہیم جلد اوّل صفحہ 217 وصفحہ 218)

یہاں لطیفہ یہ ہے کہ وہ لوگ فرسٹ کلاس مومنین کہلاتے ہیں۔نماز، روزہ، حج زکوٰۃ، تہجد سب بجالاتے ہیں۔اُن مومنین سے کہا گیا کہ:۔''اگر تم مومن ہو تو باقی سُود چھوڑ دو؟ یعنی یہ عبادت گزار مومن؛ نہ متقی ہیں، نہ مومن ہیں بلکہ ظالم ہیں، سُود خور ہیں۔اُن کے ساتھ جنگ کرنا واجب ہے۔لیکن پھر بھی ہیں وہ مومن ہی۔

(ix)۔ جنگ اُحد 3 ہجری سے 11 ہجری تک مومنین حکم خدا کے خلاف سُود لیتے رہے

ذرا سوچیئے کہ وہ کیسے مسلمان صحابہ تھے؟ جن کو جنگ اُحد کے بعد حکم دیا گیا تھا کہ تم سُود در سُود لینا بند کردو۔لیکن وہ اِس قسم کے مومن تھے کہ برابر آٹھ سال تک یعنی انتقالِ رسوؐل تک سُود لیتے رہے۔اُن ہی کو مخاطب کر کے جنگ کی دھمکی دی گئی تھی۔اور چونکہ وحی رسالت آنحضرتؐ پر ختم ہوگئی لہٰذا قرآن کریم سے ہمیں پتہ نہیں چلتا کہ مذکورہ دھمکی کے بعد بھی اُنہوں نے سُود لینا بند کیا تھا یا نہیں؟ آٹھ سال پہلے کا حکم ملاحظہ فرمائیں۔اللہ نے کہا تھا کہ:۔

يٰٓاَ يُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰٓوا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ o وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ o (آل عمران 131-3/130)

''اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو یہ ہر لحمہ بڑھتا اور دوہرا چوہرا ہوتے جانے والا سود کھانا بند کردو اور اللہ

کے سامنے جا کر بُرے نتائج بھگتنے سے بچتے رہو۔شاید تم فلاح پا سکو گے۔اور اللہ کی اُس آگ میں جلنے سے بچو جو اللہ نے کافروں کے لئے تیار کر رکھی ہے۔‘‘

علامہ صاحب نے اِن آیات پر حاشیہ نمبر 98 میں مان لیا ہے کہ یہ حکم جنگ اُحد کی شکست کے بعد اور آئندہ شکست سے بچانے کے لئے دیا گیا تھا۔چنانچہ یہ ثابت ہو گیا کہ آنحضرتؐ کے انتقال کے وقت تک مسلمانوں کی کثرت ایسی بڑی بڑی نافرمانیاں کر رہی تھی کہ اللہ و رسولؐ نے اُس کثرت پر فوجکشی اور جنگ کو جائز رکھا ہے۔یہ وہ مسلمان ہیں جن کو کفار قریش نے اسلام کے اعلان کے ساتھ ہی رسولؐ اللہ کے حلقہ احباب میں داخل کر دیا تھا۔اور پھر ضرورت پڑنے پر درمیانی رابطہ کے لئے وہ گروہ تعینات کیا تھا جو دونوں طرف شامل رہتا تھا۔جسے عموماً قرآن نے منافق کہا ہے۔اِس لئے کہ وہ پہلے گروہ کی طرح مُستقلاً مسلمان نہ رہ سکتا تھا۔اور حالتِ امن اور جنگ میں جاسوسی و دیگر خدمات انجام دیتا تھا۔کفار قریش نے اپنے اِن دونوں،مسلمان اور منافق،گروہوں کی ہر ذمہ داری قبول کی تھی اور قرآن کی زبان میں یہ عہد کر لیا تھا کہ:۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ o وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ وَلَيُسْئَلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ o (عنکبوت 13-29/12)

کفر پر قائم لوگوں نے ایمان اختیار کرنے والے لوگوں سے کہا تھا کہ دیکھو تم ہماری پالیسی کے مطابق عمل کرتے چلے جانا ہم تمہاری ہر خطا اور لغزش برداشت کریں گے۔اللہ نے بتایا کہ وہ جھوٹے ہیں۔قیامت میں کوئی بھی کسی دوسرے کی خطاؤں کی سزا نہ پائے گا بلکہ اپنی اپنی خطاؤں کی پاداش ہر خطا کار کو خود بھگتنا پڑے گی۔یہ بات صحیح ہے کہ اُن کافروں کو دوہری سزا دی جائے گی۔یعنی غلط کاری کرانے اور غلط کام کرنے کا دوہرا بوجھ اُٹھائیں گے۔اور یقیناً بروز مواخذہ ہم اُن کی تمام ایجادوں اور فریب سازیوں پر جواب طلب کریں گے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ o (عنکبوت 29/52)

’’اور جو لوگ اُس باطل پالیسی کو مان گئے اور اِس نئے ایمان سے اللہ کے دوبارہ کافر ہو گئے وہ لوگ ہی خسارہ میں رہنے والے ہیں۔

یہ بات سمجھنے اور یقین کرنے کے لئے کہ کفار قریش نے بالکل ابتدا ہی میں مندرجہ بالا گروہ تعینات کئے اور ذمہ داری اپنے سر لی تھی۔آپکو سورہ عنکبوت کا شانِ نزول (صفحہ 672 جلد 3) دیکھنا ہوگا اور یہ دیکھیں کہ:۔

(34/7)۔ علامہ مودودی،کفارِ قریش کی سازش میں مسلمانوں کو ابتدا ہی سے شامل جانتے ہیں

یہ نہایت اہم اور فیصلہ کن عنوان ہے جس کی تحقیق نہ صرف واجب ہے بلکہ عہدِ رسولؐ کے مسلمانوں کی اقسام اور انتقالِ رسوؐل کے بعد والے ہیروز کی تئیس (23) سالہ اسلامی زندگی اور اسلام اختیار کرنے کے مقاصد بھی اس عنوان سے واضح ہو جاتے ہیں۔مگر آپ کو علما کے ماہرانہ بیانات میں سے چھان کر حقیقت نکالنا پڑے گی۔اور اُن کے محتاط جُملوں میں سے وہ سامان الگ کرنا ہوگا جو احتیاط کے باوجود بے احتیاطی سے یا غلط اعتماد کی وجہ سے کہیں کہیں ٹپک پڑا کرتا ہے۔

(ii)۔ مکہ میں ابتدائی مومن اور منافق جماعت کا فرق؛ مومن ہی منافق تھے

سورۂ عنکبوت کے زمانۂ نزول کے بیان میں لپٹ کر ایک بڑی حقیقت چپکے سے باہر نکل آئی ہے اُس پر نظر ڈالیں فرمایا گیا کہ:۔

''**زمانۂ نزول**: آیات 56 تا 60 سے صاف مترشح ہوتا ہے کہ یہ سورۃ ہجرتِ حبشہ سے کچھ پہلے نازل ہوئی تھی ۔۔۔۔بعض مفسرین نے صرف اس دلیل کی بنا پر کہ اس میں منافقین کا ذکر آیا ہے اور نفاق کا ظہور مدینہ میں ہوا ہے، یہ قیاس قائم کرلیا ہے کہ اس سُورہ کی ابتدائی دس آیات مدنی ہیں اور باقی سورۃ مکّی ہے ۔حالانکہ یہاں جن لوگوں کے نفاق کا ذکر ہے وہ وہ لوگ ہیں جو کفار کے ظلم وستم اور شدید جسمانی اذیتوں کے ڈر سے منافقانہ روش اختیار کررہے تھے اور ظاہر ہے کہ اس نوعیت کا نفاق مکہ ہی میں ہوسکتا تھا۔'' (تفہیم جلد 3 صفحہ 672)

قارئین کو اس قدر کافی ہے کہ مکہ ہی کے دور میں وہ جماعت پیدا ہوگئی تھی جو دل سے اسلام پر ایمان رکھتی تھی۔مگر اُن سے بعض ایسے اعمال سرزد ہوتے تھے جو فدا کار مومنین کے شایانِ شان نہ ہوتے تھے۔ یہ خیال مولانا کا ہے کہ وہ ظلم وستم کی بنا پر ایسے اعمال کے مرتکب ہوتے تھے۔اور ہمارا خیال وہ ہے جو قرآن کے سابقہ عنوان اور آیات (عنکبوت 13-29/12) سے تصدیق شدہ ہے۔یعنی کفارِ قریش نے اُن کو مسلمان رہ کر اُن کے مقاصد کی تائید کرتے رہنے کی سازش میں شریک کیا تھا۔یہ بھی ممکن ہے کہ بعض مومنین دل سے ایمان لائے ہوں اور خوف کی بنا پر اُس سازش میں شریک ہوئے ہوں ۔کسی طرح بھی ہو۔ایسی مومن جماعت ثابت ہوگئی جو ایمان رکھتے ہوئے قریش کے مقاصد میں مددگار تھی۔فرق یہ ہے کہ ہم اُن کو منافق نہیں کہتے اور اُن کا وجود آخر تک مانتے ہیں۔اور باقی علما اُن کو منافق کہہ کر، اُن کی مذمت کرکے، اُن کو غائب کرکے، تمام مسلمانوں کی بھیڑ میں چھپا دینا چاہتے ہیں۔کبھی اُن پر ضعیف الایمان ہونے کا غلاف چڑھاتے ہیں۔

(iii)۔ الفاظ کا ہیر پھیر حقیقت کو چھپا نہیں سکتا، دل سے ایمان والی دوسری جماعت

علامہ کا دوسرا بیان ملاحظہ ہو۔ جہاں زیرِ نظر مومن جماعت کو نوجوانی ،ضعیف الایمانی ،نومُسلمی اور خوفِ جان کی چادر اُڑھائی جارہی ہے سنئے اور چوکنا رہ کر غور کیجئے:۔

(اوّل) ''سورۃ کو پڑھتے ہوئے محسوس ہوتا ہے کہ اُسکے نزول کا زمانہ مکہ معظّمہ میں مسلمانوں پر بڑے مصائب وشدائد کا زمانہ تھا۔ کفار کی طرف سے اسلام کی مخالفت پورے زور شور سے ہورہی تھی اور ایمان لانے والوں پر سخت ظلم وستم توڑے جارہے تھے۔

(دوم) اِن حالات میں اللہ تعالیٰ نے یہ سورۃ (عنکبوت) ایک طرف صادق الایمان لوگوں میں عزم وہمت اور استقامت پیدا کرنے کے لئے ،اور دوسری طرف ضعیف الایمان لوگوں کو شرم دلانے کے لئے نازل فرمائی۔''

قارئین اس سورہ میں کل اُنہتر (69) آیات ہیں ۔کہیں ڈھونڈے سے آپ کو نہ مصائب وشدائد ملیں گے نہ مخالفت کا زور شور نظر آئے گا نہ کہیں مسلمانوں پر ظلم وستم کا ذکر پایا جائے گا۔یعنی علامہ کے بیان کا (اوّل) حصہ اُنکے اپنے تصورات ہیں جو اُنکے ذہن کے علاوہ اُس سورہ میں کہیں نہیں ہیں۔اور اللہ نے یہ کہہ کر کہ اَے مسلمانو اہل کتاب سے مجادلہ وبحث ذرا اچھے اور پسندیدہ طریقہ سے کیا کرو، ہاں البتہ

اندھیر مچانے والوں سے اکھڑ طریقہ اختیار کر سکتے ہو (عنکبوت 29/46)۔علامہ کے ظلم وستم کا پردہ چاک کر دیا ہے۔اسلئے کہ جن پر علامہ والے مظالم ہو رہے ہوں وہ بحث تو کہاں جواب تک نہ دینگے۔البتہ ایک لفظ ''اُوْذِیَ'' ضرور استعمال ہوا ہے (عنکبوت 29/10) مگر یہاں کسی خاص، شدید اور اجتماعی اذیت کا ذکر نہیں ہے اور ہم اس آیت (عنکبوت 29/10) پر الگ سے بات کرنیوالے ہیں۔ علامہ کے بیان (دوم) میں ایک مومن جماعت کا وجود مانا ہے مگر اُنکو ضعیف الایمان کہنا فریب ہے ہم اس فریب کو واضح کریں گے۔

(سوم) ''اس سلسلے میں اُن سوالات کا جواب بھی دیا گیا ہے جو (علامہ کے نزدیک) بعض نوجوانوں کو اُس وقت پیش آرہے تھے۔

مثلاً اُن کے والدین اُن پر زور ڈالتے تھے کہ تم محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ساتھ چھوڑ دو۔اور ہمارے دین پر قائم رہو۔جس قرآن پر تم ایمان لائے ہو اُس میں بھی تو یہی لکھا ہے کہ ماں باپ کا حق سب سے زیادہ ہے۔تو ہم جو کہتے ہیں اُسے مانو ورنہ تم خود اپنے ہی ایمان کے خلاف کرو گے۔'' (تفہیم القرآن۔جلد 3 صفحہ 672/673)

مولانا جو چاہتے تھے اُسے حاصل کرنے کی کوشش میں یہ بھول گئے کہ وہ لاشعوری میں یہ بتا رہے ہیں کہ کفار قریش مسلمانوں کو قرآن کی تاویل کرنا اور مسلمان رہتے ہوئے مقاصد کفر کی تائید سکھا کر اپنے نوجوان گروہ کو مسلمانوں میں بھیج رہے تھے۔مطلب یہ تھا کہ ماں باپ کی اطاعت قرآن کی آڑ لے کر کرتے رہو تا کہ ہمارے مقاصد مجروح نہ ہوں۔بہرحال جو کچھ بھی ہو مسلمان نوجوانوں کی ایک ایسی جماعت موجود تھی جو کفار ماں باپ کے زیر تعلیم تھی اور اُس جماعت کو قرآن کے لیول (level) پر تیار کیا جا رہا تھا۔

(چہارم) ''اسی طرح بعض نو مسلموں سے اُنکے قبیلے کے لوگ کہتے تھے۔عذاب ثواب ہماری گردن پر، تم ہمارا کہا مانو۔'' (ایضاً)

یہاں نو مسلم کہہ کر مسلمانوں کی زیر بحث جماعت کو تسلیم کر لیا جو ہمارے لئے کافی ہے۔یہی وہ جماعت ہے جو اللہ و رسولؐ کو شاگردوں کی طرح دین کی تعلیم دینے اور رسولؐ سے اپنی اطاعت کرانے میں کوشاں رہی۔ایسی جماعت کو ضعیف الاعتقاد، نو مسلم اور نوجوان کہہ کر بات ٹالنا بڑی چالاکی اور پُرکاری ہے۔آگے بڑھنے سے پہلے یہ سُن لیں کہ علامہ نے جو دیباچہ سورۂ عنکبوت پر لکھا ہے اُسکے بعض جملوں کو چھوڑ کر، جملوں کی کثرت کا ثبوت سورہ مذکورہ میں کہیں نہ ملے گا مقابلہ کر کے تصدیق فرمالیں۔

(iv)۔ قریش کس قسم کے لوگوں کو مسلمانوں میں شامل رکھ کر کام لینا چاہتے تھے؟

علامہ سے جوش میں ایک بہت بڑی غلطی ہوگئی ہے وہ لکھتے ہیں کہ ''روایات میں متعدد سرداران قریش کے متعلق یہ مذکور ہے کہ ابتداءً جو لوگ اسلام قبول کرتے تھے، اُن سے مل کر یہ لوگ اسی طرح کی باتیں کیا کرتے تھے۔چنانچہ حضرت عمرؓ کے متعلق بیان کیا گیا ہے کہ جب وہ ایمان لائے تو ابوسفیان اور حرب بن اُمیہ بن خلف نے اُن سے مل کر بھی یہی کہا تھا'' کہ:۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰيٰكُمْ o (عنکبوت 29/12)	کافروں نے مومنین سے کہا کہ تم ہمارے بتائے ہوئے عمل درآمد کی پیروی کرو ہم تمہاری خطاؤں کی ذمہ داری لیتے ہیں۔(ایضاً جلد 3 صفحہ 682/683)

(v)۔ قریش کے طرفدار مسلمانوں کی پالیسی غلبۂ اسلام تک؛ ڈبل فائدہ

یہ دیکھ لیا گیا کہ سُورۂ عنکبوت ہجرتِ حبشہ سے کہیں پہلے نازل ہونے والی سورتوں میں بتائی گئی ہے۔اور جن داخلی شہادتوں کی بنا

پر یہ طے کیا گیا ہے، اُن ہی شہادتوں کی وجہ سے ہم اس سورہ کی تلاوت اُس وقت مانیں گے جب کہ مذکورہ بالا سازش کفار تیار کر چکے ہوں اور ایک مسلمان گروہ کو اپنے ساتھ ملا کر اپنے مقاصد کی تعلیم دے چکے ہوں۔ اور اسلام کے مسائل کی اس انداز سے تاویل کرنا بتا چکے ہوں کہ وہ مسائل مقاصد قریش کا تحفظ بھی کریں اور اسلامی بھی رہیں۔ جب یہ سب کچھ ہو چکے تب سورہ عنکبوت کی تلاوت کی جانا چاہئے۔ تا کہ مسلمانوں کو اُن کے عمل درآمد کی غلطی یا صحت کا موازنہ کرنے اور آئندہ ہوشیار رہنے کا موقع ملے اور مسلمانوں کو بتایا جائے کہ؛

مسلمانوں میں ایسے مومن بھی ہیں جن کی پالیسی یہ ہے کہ وہ اللہ پر ایمان کا نعرہ لگاتے رہیں اور ہر حال میں خود کو محفوظ رکھ کر مسلمانوں کے ساتھ ساتھ لگے رہیں تا کہ کبھی اُن پر غیر حاضری کا الزام نہ لگایا جا سکے۔ اور

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ وَلَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ.....الخ (عنکبوت 29/10)

جب اللہ کے معاملے میں وہ کسی نقصان یا تکلیف سے دوچار ہو جائیں تو انسانوں کے پیدا کردہ فتنوں کو اللہ کی طرف منسوب کر کے اُس نقصان یا تکلیف کا آنا منجانب اللہ قرار دیا کریں۔ (مثلاً میرا اور تمام مسلمانوں کا رسولؐ کو تنہا چھوڑ کر بھاگ جانا منجانب اللہ تھا) اور جب کبھی اللہ کی طرف سے نصرت میسر آئے تو فوراً اپنے ہمیشہ ساتھ ساتھ رہنے اور ناصر و مددگار ہونے کا اعلان کر دیا کریں۔

اسی پالیسی پر اللہ نے اسی آیت میں یہ ریمارک دیا کہ پالیسی میکرز (Makers) کے نزدیک گویا اللہ وہ سب کچھ نہیں جانتا جو تمام عالمین کے باشندوں کے دلوں میں پوشیدہ ہے۔ یعنی

اَوَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَo (عنکبوت 29/10)

کافروں نے اللہ کو زبانی باتوں سے دھوکا دے رکھا ہے۔

اس آیت کی مرمت کیلئے علامہ نے کئی ایک نوٹ دیئے اور حاشیہ آرائی کی ہے مگر حق پھر بھی ظاہر ہو کر رہا ہے اور نہ صرف ہمارے لکھے ہوئے مفہوم کی تصدیق ہو گئی ہے۔ بلکہ مومنین کی زیر نظر جماعت کا مقصد اور حیات رسولؐ میں اُن مومنین کا عمل درآمد بلکہ انتقال کے بعد کی کاروائی پر بھی روشنی پڑ گئی ہے۔ سنئے علامہ فرماتے ہیں کہ:۔

(vi)۔ بُزدل محتاط بھگوڑے مومنین، کیسے بہادر جان نثار ہیروز بن جاتے ہیں

> ''اگر چہ کہنے والا ایک شخص ہے، مگر ''میں ایمان لایا'' کہنے کے بجائے کہہ رہا ہے''ہم ایمان لائے۔'' امام رازی نے اِس میں ایک لطیف نکتے کی نشان دہی کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ منافق اپنے آپ کو ہمیشہ زُمرۂ اہل ایمان میں شامل کرنے کی کوشش کرتا ہے (یعنی غیر حاضری منظور نہیں) اور اپنے ایمان کا ذکر اس طرح کرتا ہے کہ گویا وہ بھی ویسا ہی مومن ہے جیسے دوسرے ہیں۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک بزدل اگر کسی فوج کے ساتھ گیا ہے اور اس فوج کے بہادر سپاہیوں نے لڑ کر دشمنوں کو مار بھگایا ہے، تو چاہے اُس نے خود کوئی کارنامہ انجام نہ دیا ہو، مگر وہ آ کر یوں کہے گا کہ ہم گئے اور ہم خوب لڑے اور ہم نے دشمن کو شکست فاش دے دی۔ گویا آپ بھی اُن ہی بہادروں میں سے ہیں جنہوں نے دادِ شجاعت دی ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد 3، صفحہ 681، حاشیہ 13)

اِس بیان میں قرآن کریم کی بتائی ہوئی پالیسی کی تصدیق ہوگئی کہ یہ گروہ مومن ہے، اعلان ایمان کرتا رہتا ہے۔ کوئی مسلمان یہ نہیں کہہ سکتا کہ وہ اُن ہی میں کا مسلمان نہیں ہے۔ بلکہ وہ گروہ مسلمانوں کی کثرت کی طرف سے بات کرتا ہے اور اُن کا نمائندہ بن جانے کی قابلیت رکھتا ہے۔ علامہ صاحب مانتے ہیں کہ اُس گروہ کے مومنین اسلام کے نام پر نکسیر کا پھوٹنا بھی پسند نہیں کرتے مگر وقت آنے پر سبقت لے جاتے ہیں۔ ''جب اِس دین کی خاطر سر دھڑ کی بازی لگادینے والوں کو اللہ تعالیٰ فتح و کامرانی بخشے گا تو یہ شخص (گروہ) فتح کے

ثمرات میں حصہ بٹانے کے لئے آموجود ہوگا۔'' (تفہیم القرآن جلد 3 صفحہ 681 حاشیہ 15)

یہ پالیسی آنحضرتؐ کی زندگی بھر جاری رہی اور رسالت کی فتح اور کامرانی کا ثمرہ بانٹنے والوں نے مکمل قبضہ کرلیا۔ اور نہ کسی نے دیکھا نہ کسی نے لکھا کہ اُس گروہ نے کبھی بھی اسلام کے لئے سر کی یا دھڑ کی بازی لگائی ہو۔ جنہوں نے ساری زندگی سر دھڑ کی بازی لگائے رکھی، جنہوں نے ہاری اور ہرائی ہوئی تمام بازیاں جیت کر دیں، اُن کا کام ہمیشہ قربانی دینے کا تھا، وہ اسلام کے لئے برابر قربان ہوتے رہے اور ہم اُسی قسم کے مومنین کو خبیث گروہ سے الگ کرتے چلے آرہے ہیں۔ اور چاہتے ہیں کہ مومنین کے خبیث گروہ کے افراد و عادات اُمت کے ہر طبقہ پر واضح ہو جائیں اور اُن کی شناخت میں وہ گنجلک نہ رہے جو علامہ اینڈ کمپنی نے بڑی محنت سے پیدا کی ہے۔

(vii)۔ دِل سے ایمان لانے اور مومن رہنے والے بھی کفار کے طرفدار ہو سکتے ہیں؟

قارئین اس سلسلے کا یہ آخری عنوان ہے۔ اِس کے بعد ہم پھر خانوادۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے در دولت پر حاضر ہوں گے۔ یہاں علامہ کا ایک اور بیان سُن لیں جس میں وہ ہر بُزدل اور قریش کے طرفداروں کے لئے شرع کی آڑ فراہم کر کے ہر اُس مومن کو معاف کرتے ہیں جو مذکورہ بالا ''آمنّا'' کی پالیسی پر عمل کرتے ہوئے کفر کی اعانت کرے یا کفر کا اعلان کرے یا اسلام کی مخالفت کرے، جنگ سے جان بچانے کے لئے بھاگ جائے، رسولؐ اللہ کو قتل ہونے کے لئے تنہا دشمنوں کے نرغہ میں چھوڑ جائے۔ یعنی جو کوئی ایسا موقع ہی نہ آنے دے کہ وہ راہِ خدا میں شہید کر دیا جائے۔ بالکل پکا مومن ہے بشرطیکہ دل سے ایمان لایا ہو۔ یعنی دل میں ایمان اُبال کھا رہا ہو اور وہ بگٹٹ بھاگا چلا جارہا ہو۔ رسولؐ اللہ مدد کے لئے پکار رہے ہوں اور وہ ایمان بھرے کانوں سے سنتا دوڑتا چلا جارہا ہو۔ وہ اللہ کے یہاں جناب علامہ مودودی کے فتویٰ کو دکھا کر معاف کر دیا جائے گا۔ سُنئے علامہ کی ایک نازک بحث کان لگا کر سنئے ارشاد ہے:۔

(اول) ''یہاں اتنی بات اور سمجھ لینی چاہئے کہ ناقابل برداشت اذیت یا نقصان، یا شدید خوف کی حالت میں کسی شخص کا کلمۂ کفر کہہ کر اپنے آپ کو بچالینا شرعاً جائز ہے۔ بشرطیکہ آدمی سچے دل سے ایمان پر ثابت قدم رہے۔'' (مسلسل لکھا کہ)

(دوم) ''لیکن بہت بڑا فرق ہے اُس مخلص مسلمان میں جو بحالت مجبوری جان بچانے کے لئے کفر کا اظہار کرے، اور اُس مصلحت پرست انسان میں جو نظریہ کے اعتبار سے اسلام ہی کو حق جانتا اور مانتا ہو۔ مگر ایمانی زندگی کے خطرات و مہالک دیکھ کر کفار سے جا ملے۔''

(سوم) ''بظاہر اُن دونوں کی حالت ایک دوسرے سے کچھ زیادہ مختلف نظر نہیں آتی۔ (مسلسل لکھ رہے ہیں کہ)

(چہارم) ''مگر درحقیقت جو چیز اُن کے درمیان زمین و آسمان کا فرق کر دیتی ہے۔ وہ یہ ہے کہ:۔''

(1) ''مجبوراً کفر ظاہر کرنے والا مخلص مسلمان نہ صرف عقیدے کے اعتبار سے اسلام کا گرویدہ رہتا ہے، بلکہ عملاً بھی اُس کی دلی

ہمدردیاں دین واہلِ دین کے ساتھ رہتی ہیں۔اُن کی کامیابی سے وہ خوش اوراُن کوزک پہنچنے سے وہ بے چین ہو جاتا ہے۔مجبوری کی حالت میں بھی وہ مسلمانوں کا ساتھ دینے کے ہر موقع سے فائدہ اُٹھاتا ہے،اوراس تاک میں رہتا ہے کہ جب بھی اس پر سے اعدائے دین کی گرفت ڈھیلی ہو وہ اپنے اہلِ دین کے ساتھ جاملے۔اس کے برعکس'' (مسلسل)

(2) ''مصلحت پرست آدمی جب دین کی راہ کٹھن دیکھتا ہے، اور خوب ناپ تول کر دیکھ لیتا ہے کہ دینِ حق کا ساتھ دینے کے نقصانات کفار کے ساتھ جاملنے کےفوائد سے زیادہ ہیں،تو وہ خالص عافیت اور منفعت کی خاطر دین اوراہل دین سے مُنہ موڑ لیتا ہے۔کافروں سے رشتۂ دوستی استوارکرتاہےاوراپنے مفادکی خاطراُن کی کوئی ایسی خدمت بجالانے سے بھی بازنہیں رہتاہے جودین کے سخت خلاف اوراہلِ دین کے لئے نہایت نقصان دہ ہو۔'' (مسلسل لکھا کہ)

(پنجم) ''لیکن اس کے ساتھ وہ اس امکان سے بھی آنکھیں بندنہیں کرلیتا کہ شاید کسی وقت دینِ حق ہی کا بول بالا ہو جائے۔اس لئے جب کبھی اُسے مسلمانوں سے بات کرنے کا موقع ملتاہے،وہ اُن کے نظریے کوحق ماننے اوراُن کے سامنے اپنے ایمان کا اقرار کرنے اورراہ حق میں اُن کی قربانیوں کوخراج تحسین ادا کرنے میں ذرّہ برابربخل نہیں کرتا،تا کہ یہ زبانی اعترافات سند رہیں اور بوقتِ ضرورت کام آئیں۔'' (تفہیم القرآن جلد3 صفحہ 682-681 حاشیہ 15)

(viii)۔ علامہ کےاُستادانہ بیان پرطالبعلمانہ نظرڈالیں اوراستادیاں نوٹ کریں

علامہ نےتسلیم کیا ہے کہ(1)۔ یہ دونوں قسم کے آدمی دل سے اسلام کوحق مانتے ہیں۔(2)اور یہ دونوں آدمی کفار کی گرفت میں رہتے ہیں۔یہ دونوں باتیں،جہاں تک زبان سے ایمان کے اقرار کاتعلق ہےاور کفار کے ہاتھوں میں گرفتاری کا معاملہ ہے،ہر آدمی کو معلوم ہوسکتی ہیں۔اسلئے کہ ایمان کا اقرار کانوں سے سُنا جا سکتا ہےاورقید و بندآنکھوں سے دیکھا جا سکتا ہے۔لیکن یہ جاننا کہ وہ دونوں آزاد ہوتے تو کیا کرتے؟ اُسی وقت معلوم ہوسکتا ہے جب قید و بند سے آزاد ہوکرمسلمانوں میں آجائیں اور وہ کام کریں جوعلامہ پسند یا ناپسند کرتے ہیں۔اورتمام مسلمان دیکھ لیں کہ وہ عملاً کیا کررہے ہیں؟ تب اُنکے عمل کی وجہ سے اُنہیں مندرجہ دواقسام میں سے کسی میں داخل کیا جائیگا۔ ورنہ وہ تمام باتیں فرضی اورعلم غیب پرمبنی ہونگی جنکو بڑی تفصیل سے علامہ نے لکھااورآپ نے پڑھنے کی زحمت اُٹھائی ہے۔گویاعملاً یہ فرق محض فرضی ہے یا خدا سے دریافت کرنے کا ہے۔اورعلامہ نے اپنے بیان(سوم) میں استادی کی ہے یعنی بجائے یہ لکھنے کے کہ:۔''بظاہراُن دونوں کی حالت میں ذرہ برابراختلاف نہیں ہے۔'' یہ لکھا کہ ''دونوں کی حالت کچھ زیادہ مختلف نہیں ہے۔''

پھرعلامہ نے وہ فارمولانہیں بتایا جس سے ہر آدمی یہ جان سکتا کہ وہ اذیت،نقصان یا خوف واقعی نا قابلِ برداشت تھا یانہیں؟ اگرمحض اُن کے کہنے سے یہ مان لیاجائے کہ واقعی نا قابلِ برداشت تھا تو اُس کا کوئی قرآنی معیاراور جانچ کا انسانی وعملی طریقہ بھی نہیں بتایا۔ ہم کہتے ہیں کہ اگر وہ دونوں حقیقتاًاور تجرباتاً قید و بند میں تھےتو ہمیں اُن کی ہر بات کوصحیح ماننا ہوگا۔لیکن اگر وہ وہاں آزادانہ چل پھر سکتے تھے،ہتھکڑی اور بیڑی نہ تھی تو قرآن اُن کوہجرت اور بھاگ کرآجانے کا حکم دیتا ہے اور وہ دونوں خلاف ورزی کے مجرم اور قابلِ سزا ہیں،مگر ہوں گے مسلمان ہی۔ پھر علامہ نے اُن دوقسم کے فرضی مسلمانوں کے فرضی فرق کو بیان کرنے میں دیانت سے کام نہیں لیا

ہے۔صاف دکھائی دیتا ہے کہ علامہ یہ طے کر کے بیٹھے تھے کہ ایک کی فرضی حمایت ،فرضی طرفداری کی انتہا کر دیں گے اور دوسرے کی فرضی مذمت میں فرضی عیوب پیدا کریں گے۔اور الفاظ بھی دونوں کے لئے الگ الگ ایجاد کریں گے۔یعنی ایک کو فرضی طور پر مخلص اور دوسرے کو مصلحت پرست قرار دیا۔ایک کو محض کفر کا اظہار کرنے والا کہا تو دوسرے کو کفار سے خود جا کر مل جانے والا بنا کر دکھا دیا۔علامہ نے ایک کو اسلام کا ہر حال میں گرویدہ بتایا دوسرے کو عافیت اور منفعت طلبی کا مجرم بنا دیا۔الغرض علامہ کا پورا بیان دو چار مجرموں کو محفوظ کرنے کے بہانوں سے لبریز ہے۔مگر افسوس کہ ہم جن لوگوں کا تذکرہ قرآن سے لکھتے چلے آئے ہیں ،وہ کبھی دشمن کے کیمپ میں قید نہ تھے۔روز اوّل سے اسلامی کیمپ میں رہے ،ہر جگہ ساتھ ساتھ نظر آتے ہیں مگر خطرات میں اللہ کے حکم کا بہانہ کر کے بھاگ جاتے ہیں۔کبھی دشمن پر تلوار نہیں اُٹھاتے ،کبھی خطرے میں باہر نہیں نکلتے۔نام لے کر بُلانے پر ،نہ جانے کے لئے معافی طلب کر لیتے ہیں۔دنیا میں خیریت اور منفعت کے لئے رہنے کو ترجیح دیتے ہیں ،جنت میں رسولؐ اللہ کے ساتھی بننے سے توبہ اور استغفار کرتے ہیں۔پھر سورہ عنکبوت جس ’’آمنـا بـاللّٰـه‘‘ والی پالیسی کا ذکر کرتی ہے۔اُس کے مطابق لفظ بلفظ عمل کرتے ہیں۔جہاں موقعہ ملتا ہے کفار قریش کی طرفداری کر کے رسولؐ اللہ کو ناراض کرتے ہیں۔قریش کی رضامندیاں حاصل کرنے میں عمر گزارتے ہیں۔راتوں کو رسولؐ اللہ کی جاسوسی کرتے ہیں۔راتوں کو مشورے اور منصوبہ سازیاں کرتے ہیں۔رسولؐ کے فیصلوں پر کھل کر اعتراضات اور شکوک کا اعلان کرتے ہیں۔اُنہیںؐ قتل ہو جانے کے لئے تنہا چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں۔موقعہ ملتا ہے تو رات کو اُنہیں قتل کرنے کی سازش کرتے ہیں۔یہ وہ مسلمان ہیں جن کے لئے قرآن نے فرمایا کہ اگر تم کو حکومت مل گئی تو تم ساری دنیا کو فتنہ وفساد سے بھر دو گے۔اور ناتے رشتے کے جھگڑوں کو ختم کر کے آزاد جنسی نظام قائم کر لو گے (محمدؐ 47/22)۔اور اُس مومن جماعت کے سربراہ کی شناخت یہ کہہ کر بیان کی ہے کہ جب وہ اقتدار حکومت سنبھالے گا تو نہ صرف ساری دُنیا کو فساد سے بھر دے گا بلکہ تمام کھیتیاں تباہ کرے گا اور ایک خاص نسلؐ کے ھلاک کرنے کا انتظام بھی کرے گا (بقرہ 2/205)۔یہ تھا وہ انتہائی نتیجہ جو قریش کی ’’آمـنّـا بِـا للّٰه‘‘ والی پالیسی پر مرتب ہونا تھا۔اور جسے قرآن کریم نے نہایت تفصیل مگر حکمتِ تَرتیل وتمہیل کے ساتھ ترتیب دے دیا تھا۔

35۔ بَیتُ الرِّسَالتؐ و اِمامۃؑ کے متعلقات اور حالات

عنوان نمبر 20 کے بعد قریش کے منصوبوں اور اقدامات پر گفتگو ہوتی رہی۔اُن کے تینوں محاذوں کا تعارف اور پالیسیاں بیان کی گئیں۔اُن کے ہیروز کا تعین وتشخص ہوا۔اُن کے تیغ بکف محاذ کی شکست اور فتح مکہ سامنے آئی۔خانہ کعبہ اور گردونواح سے بتوں کی اعلانیہ عبادت اور حکومت ختم ہوگئی۔سورہ برأت کے دباؤ سے تمام عوام اور سردارانِ قریش خاموشی کے ساتھ اپنے مسلمان محاذ میں شامل ہو گئے۔اور توحید ونبوت کو اجتہادی شرائط کے ساتھ مان لیا گیا۔مگر امامت وحکومت کو خاندانِ نبوت سے نکالنے اور ایک قومی وملکی حکومت بنانے پر اتفاق کر لیا گیا۔اور یہ طے کر لیا گیا کہ اب اسلام ہی کے نام پر قومی ومُلکی مفاد کا تحفظ کیا جا سکتا ہے۔لہٰذا اُن تمام تصورات اور بیانات ورجحانات کو شرک قرار دے کر مسترد کر دینا طے پا گیا جن سے خاندانی ،موروثی یا شخصی حکومت کی بُو آتی ہو۔یا جن میں کسی انسان کو

اللہ اور انسانوں کے درمیان وسیلہ یا واسطہ بنانے کا تقاضہ ہوتا ہو۔ یا کسی انسان کو دوسرے انسانوں پر مسلط کرنا مقصود ہو۔ یا کسی کی ایسی فضیلت بیان کی جائے جو عام انسانوں کی عقلی سطح سے بلند ہو۔ اگر بتوں کی عزت واحترام اس لئے شرک تھا کہ اُنہیں تقرب خداوندی کا ذریعہ سمجھا جاتا تھا تو پھر ہر وہ ذریعہ اختیار کرنا شرک قرار دے دو جو کسی بھی انسان کو تقرب کا ذریعہ، واسطہ یا وسیلہ قرار دے۔ چنانچہ خود رسولؐ کی پوزیشن ایک انسان سے زیادہ ماننا بھی شرک بنا دو۔ یہاں تک کہ کسی انسان کو لفظ ''یا'' کہہ کر پکارنا بھی شرک ہے۔ ایسا خالص بے شرک اسلام اور توحید پھیلانے پر تمام سرداران قریش متفق ہو گئے۔ اور رسولؐ اور جانشینانؑ رسول کو شرک کے نام پر اللہ اور انسانوں کے درمیان سے ہٹانے کا پروگرام جاری ہو گیا۔ یہ سب کچھ دس ہجری سے پہلے پہلے ظہور میں آ چکا تھا۔

(35/2)۔ بیت الرّسالۃ کی شاخ ازواج رسولؐ

آپ کو معلوم ہے کہ جناب خدیجہ سلام اللہ علیہا کا انتقال مکہ ہی میں ہو گیا تھا۔ اور مشیتِ خداوندی کے ماتحت اُن سے پیدا ہونے والی اولاد میں سے جناب فاطمہ علیہا السلام کے سوا کوئی باقی نہ بچا تھا۔ یہی نہیں بلکہ یہ بھی طے شدہ امر خداوندی تھا کہ خدیجۃؑ الکبرٰی کے بعد بھی کسی زوجہ کی اولاد زندہ نہ رہے۔ چنانچہ حضورؐ نے اُن کے بعد مختلف سِن وسال کی عورتوں سے رشتۂ زوجیت قائم کیا۔ اُن میں کنواری عورتیں بھی تھیں، بیوائیں بھی تھیں، لیکن کسی کے مقدر میں یہ نہ تھا کہ اُن سے اولاد پیدا ہو یا زندہ رہے۔ اور قحطانی تاریخ نے جن جن لڑکیوں کو اولاد رسولؐ میں داخل کیا، اُن کی نسل بھی منقطع ہو گئی تا کہ آئندہ نسل رسولؐ حضرت فاطمہؑ سے جاری ہو اور کسی قسم کا شک وریب الٓم ذلک الکتاب میں نہ رہے۔ اور کوئی آگے بڑھ کر یہ نہ کہہ سکے کہ میں بھی فلاں ترکیب سے اولاد یا نسلِ رسولؐ میں سے ہوں۔ یہ قہری انتظام تھا جس نے اُن تمام لوگوں کے مُنہ بند کر دیئے اور اُن کی تمام اُمیدوں پر پانی پھرا دیا جو نسل رسولؐ کو بگاڑنے کے لئے ہر ممکن کوشش کرتے چلے آ رہے تھے۔ اور جانشینی رسولؐ کے لئے نواسوں یا رسولؐ کے بیٹوں کے سرپرست بن جانے کے خواب دیکھتے اور دعائیں مانگتے چلے آ رہے تھے۔ جنھوں نے رسولؐ کے کئی ایک چچا اور بھتیجے گھڑ رکھے تھے۔ بہرحال حضرت خدیجہؑ کے انتقال کے بعد حضورؐ کے سامنے جناب ابوبکر نے اپنی پانچ چھ سالہ بیٹی کو زوجیت کے لئے پیش کیا اور چاہا کہ حضورؐ اس طرح اپنا غم غلط کرتے رہیں۔ لیکن کم سنی کی بنا پر اُنہیں واپس کر دیا گیا۔ اور جناب سودہ بنت زمعہ علیہا السلام کو اپنی زوجیت میں لے لیا۔ اِس محترم خاتون نے جناب فاطمۃ الزہراء علیہا السلام کے ساتھ ایک پیاری ماں کی طرح سلوک کیا۔ اور مدینہ کی ہجرت سے تین سال قبل ہی سے خانوادۂ رسولؐ کی خدمات انجام دینا شروع کر دیں۔

(ii)۔ مدینہ میں بیت الرسالۃؐ کے ساتھ حضرت سودہؑ کا حجرہ اور قیام

یہ بیان کیا جا چکا ہے کہ مسجد نبوی کے تیار ہو جانے کے بعد مسجد کی دیوار کے ساتھ ساتھ خانوادہ رسولؐ کے مکانات بنائے گئے تھے۔ وسط میں بیت الرسالۃ تھا۔ اُس کے اِدھر اُدھر دونوں طرف اُن حضرات کے حجرے اور مکانات تھے جو جناب علیؑ مرتضٰی کے ساتھ ہجرت کر کے آئے تھے۔ اُن ہی حجروں میں حضورؐ کی زوجہ جناب سودہؑ کا حجرہ تھا۔ اور بعد میں آنے والی ازواج رسولؐ کے لئے اُن

ہی حجروں سے مُلحق حجرے تعمیر ہوتے اور بیت الرسالۃ سے دُور تر بنتے گئے ۔ یہ بھی معلوم ہے کہ حضرت ابوبکر پہلے ہی روز رسولؐ اللہ کو محلہ قبا میں چھوڑ کر محلّہ سُخ پہنچ گئے تھے ۔اور وہاں ایک نئی شادی کر لی تھی ۔اور جب اپنے اہل وعیال کو مکہ سے بلایا تو انہیں بھی محلّہ سخ میں آباد کیا تھا۔جب آپ نے دیکھا کہ رسولؐ اللہ اپنی مصروفیات کی بنا پر اُس دور دراز محلّہ میں اُن کے گھر نہیں آتے تو آپ نے حضرت عائشہ کا تین سالہ پُرانا نکاح یاد دلایا اور چاہا کہ آنحضرتؐ بھی محلّہ سخ کو اپنا دارالقرار بنالیں ۔ چنانچہ حضرت عائشہ کو عملاً زوجہ بنالینے کی بات کی ۔ جواب میں مالی عذر پیش کیا گیا تو اپنے پاس سے ضروری اخراجات کا انتظام کر دیا اور ایک دن جناب عائشہ کی والدہ نے حضرت عائشہ کو بہت سے مردوں اور عورتوں کے روبرو آنحضرت کی گود میں جا بٹھایا۔آپ کی عمر اُس وقت بھی صرف نو سال کی تھی ۔ بہرحال لکھا گیا ہے کہ اُسی روز وہیں حضرت ابوبکر کے گھر میں عملاً اُن کو زوجہ بنالیا گیا۔لیکن کوئی ولیمہ یا خوشی نہیں منائی گئی۔حتّٰی کہ کھانا بھی حسب معمول جناب سعد بن عبادہ کے گھر سے آیا جسے بقول تاریخ وکتب احادیث دونوں نے بیٹھ کر کھالیا۔لیکن اس کے بعد بھی رسولؐ اللہ نے ابوبکر کے گھر میں مستقل قیام نہ کیا۔ادھر سے مایوس ہو کر آخر حضرت ابوبکر نے اپنی بیٹی کو رخصت کر دیا۔اور اب جناب عائشہ کے لئے بھی ایک حُجرہ بنادیا گیا۔اس سلسلے میں علامہ شبلی کا ایک غیر محتاط بیان سُن لیں ۔

(iii)۔ ازواج رسولؐ کے حجروں کی تعمیر اور مقام وقوع

’’مسجد نبوی جب تعمیر ہو چکی تو مسجد سے متصل ہی آپ نے ازواج مطہراتؓ کے لئے مکان بنوائے اُس وقت تک حضرت سودہؓ اور حضرت عائشہؓ عقد نکاح میں آ چکی تھیں ۔اس لئے دو ہی حجرے بنے ۔ جب اور ازواجؓ آتی گئیں تو اور مکانات بنتے گئے ۔ یہ مکان کچی اینٹوں کے تھے ۔اُن میں سے پانچ کھجور کی ٹٹیوں سے بنے تھے ۔ جو حجرے اینٹوں کے تھے اُن کے اندرونی حجرے بھی ٹٹیوں کے تھے ۔ ترتیب یہ تھی کہ حضرت ام سلمہؓ، حضرت ام حبیبہؓ، حضرت زینبؓ، حضرت جویریہؓ، حضرت میمونہؓ، حضرت زینبؓ بنت جحش کے مکانات شامی جانب تھے ۔اور حضرت عائشہؓ، حضرت صفیہؓ اور حضرت سودہؓ مقابل جانب تھیں ۔۔۔۔۔۔ یہ مکانات چھ چھ یا سات سات ہاتھ چوڑے اور دس دس ہاتھ لانبے تھے ۔چھت اتنی اونچی تھی کہ آدمی کھڑا ہو کر چھت کو چُھو لیتا تھا ۔‘‘ (سیرۃ النبی جلد اوّل صفحہ 281/282)

ہمیں نہیں معلوم کہ علامہ نے حضرت حفصہ بنت حضرت عمر کو کیوں نظر انداز کر دیا حالانکہ وہ کافی سینئر ازواج میں شامل تھیں ۔

(iv)۔ آنحضرت کی دیگر ازواج کا بیت الرسالۃ سے متعلق ہونا

حضرت حفصہ بنت حضرت عمر کا جب دوسرا یا تیسرا شوہر بھی مر گیا تو حضرت عمر نے حضرت ابوبکر اور عثمان سے درخواست کی وہ حفصہ سے نکاح کر لیں ۔ دونوں کے انکار پر رسولؐ اللہ سے شکایت اس انداز میں کی گئی کہ حضورؐ نے حضرت حفصہ کو 3 ہجری میں زوجہ بنا لیا۔اس کے کچھ ماہ بعد حضورؐ نے حضرت زینب بنت خزیمہ سے نکاح کیا جو بیوہ تھیں ۔اور آٹھ ماہ بعد انتقال فرما گئیں ۔ 4 ہجری میں حضورؐ نے اپنی پھوپھی زاد بیوہ بہن ہند عرف حضرت اُم سلمہؓ سے نکاح کیا۔ جو واقعہ کربلا کے بعد 62 ہجری میں وفات کو پہنچیں ۔ 5 ہجری میں زید بن حارثہ کے طلاق اور عدت کے بعد آپؐ نے جناب زینبؓ بنت جحش کو زوجیت میں لیا۔ 6 ہجری میں جناب برہ عرف جویریہؓ اور جناب ریحانہ بنت زید بن عمرو سے نکاح فرمایا۔ جناب جویریہؓ اُسی سال انتقال فرما گئیں ۔ پھر 7 ہجری میں حضرت میمونہؓ بنت

حارث اور جناب رملہ عرف ام حبیبہؓ زوجیت میں آئیں۔اور جنگ خیبر کے بعد 7 ہجری میں جناب صفیہؓ بنت حیٔ بن اخطب سے نکاح کیا۔آپکی ایک اور زوجہ جمیلہؓ نام کی تھیں۔ 8 ہجری میں بادشاہ اسکندریہ نے جناب ماریہ قبطیہ کو آپؐ کے نکاح میں دیا جن سے حضرت ابراہیمؑ پیدا ہوئے اور پندرہ ماہ کی عمر میں خدا کو پیارے ہو گئے۔

یہ تمام ازواج اپنے اپنے حجروں میں رہتی تھیں۔اللہ نے اُن حجروں کو اُن ہی کی طرف منسوب کیا ہے اور اُن سے کہا ہے کہ:۔

وَقَرْنَ فِىْ بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى...(احزاب 33/33)

''تم جاہلیت کے اوّلین دور کی طرح اپنی سج دھج اور بناؤ سنگھار کی نمائش کے لئے گھروں سے نہ نکلا کرو بلکہ تم سب اپنے اپنے گھروں میں پابندی سے موجود رہا کرو۔ اور چونکہ یہ مکانات رسولؐ اللہ نے بنا کر دیئے تھے اِس لئے اُن گھروں کی ملکیت آنحضرتؐ سے منسوب کر کے فرمایا گیا کہ:۔

يَآ يُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ......(احزاب 33/53)

اے وہ لوگو جو ایمان لا چکے ہو جب تک تمہیں اجازت نہ مل جائے نبیؐ کے گھروں میں نہ داخل ہوا کرو۔ لہٰذا اُن گھروں میں رہنے والیاں صرف ازواج النبی کہلاتی تھیں یعنی **اھل بیوت النبیؐ**۔لیکن **بیت الرسالۃ** میں رہنے والے حضرات **اھل بیت یا اھل بیت الرسالۃ** کہلاتے تھے۔چونکہ نبیؐ کا مستقل قیام کسی بھی زوجہ کے یہاں نہ رہتا تھا، نہ رہ سکتا تھا، نہ تمام مسلمانوں کو یہ بتانا آسان اور ممکن تھا کہ کس رات کو کس زوجہ کی باری ہے اور یہ کہ باری منسوخ نہیں ہوئی ہے لہٰذا سرکار دوعالمؐ کا مستقل قیام جس گھر میں رہتا تھا اور جہاں سے مستقلاً ہدایات واحکامات کا اجرا ہوتا تھا۔اور جہاں ضرورت مند لوگ پورے یقین واطمینان سے حاضر ہوتے تھے اُس گھر کا نام ''**بیت الرسالۃ**'' تھا اور **بیت الرسالۃ** میں مستقل رہنے والے حضرات کو اہلبیتؑ کہا جاتا تھا۔لہٰذا عارضی رشتہ کے لوگوں کو اہلبیتؑ سمجھنا یا کہنا قرآن کے خلاف ایک سازش ہے۔اُسی طرح جس طرح کسی زوجہ کی شان میں رِجس وناپاکی سے طہارت کا مخصوص حکم یا احکام نازل ہوئے بغیر تمام ازواج کے ساتھ لفظ مطہرات کا اضافہ کر دینا ایک سازش ہے۔ازواج رسوؐل کی پوزیشن قرآن کریم میں واضح ہے اور جو قرآن کریم نے اُنکے متعلق فرما دیا ہے اُس سے کم یا زیادہ کہنے والے یقیناً تکذیب قرآن کرنے کے مجرم ہیں۔رہ گیا یہ فرضی اصول کہ نبیؐ کی ہر زوجہ کو بھی نبیؐ یا نبوتؐ کا ہم پلہ ہونا چاہیے، قرآن کی واضح آیات کے مخالف ہے اور حضرت نوحؑ اور لوطؑ علیہما السلام کی ازواج کا جہنمی ہونا قرآن کی اُسی سورہ میں واضح ہے (تحریم 66/10) جس میں آنحضرؐت کی دو ازواج کے محاذ کا تذکرہ کیا گیا ہے۔اور ہم مناسب مقام پر سورۂ تحریم کو پیش کریں گے۔البتہ جن ازواج سے نسل نبوؐت ورسالت جاری ہوتی ہے اُن کا مقام وانتظام مخصوص طریقے پر خدا کے ذمہ ہے۔دنیا کی زندگی میں عورتوں کیلئے اس سے بڑی سزا اور تکلیف کوئی نہیں کہ اُن کو مقطوع النسل یا بانجھ رکھا جائے۔ بہر حال ازواج رسوؐل تو اپنے مقام پر ہیں۔بعض خبیثوں نے ساری اُمت کو اہلبیتؑ اور **آلؑ محمدؐ** میں داخل کرنے کی اسکیم چلائی۔مقصد یہ تھا کہ آل محمدؐ کے مقام بلند کو گھٹایا جائے یا ساری دنیا کو اُس مقام بلند میں داخل کر کے اُس کی بلندی وعظمت کو خاک میں ملا دیا جائے۔

(۷)۔ نجات دہندۂ عالم اپنے باپؑ اسمٰعیلؑ کی جگہ ذبح عظیم اور نانا حضرت محمدؐ مصطفٰی کو مرتبہ شہادت پر فائز کرنے والا حسینؑ

4 ہجری میں حضرت ام سلمہ علیہا السلام نے نبیؐ کے گھر میں قدم رکھا اُس وقت جناب امام حسن علیہ السلام کی عمر ایک سال کے

قریب پہنچی تھی کہ 15 شعبان 4 ہجری کو جناب امام حسین علیہ السلام نے بیت الرسالۃ کے توسط سے ساری دنیا کو پیام نجات دیا۔ سرکارؐ دو عالم نے خاندانی سُنت کے مطابق کانوں میں اذان واقامت کے ساتھ تحفظ اسلام کا پیغام سنایا۔ سر کے بالوں کے برابر چاندی تصدق کی گئی ساتویں روز عقیقہ کیا گیا۔ اس مولود مسعود کی پیدائش پر مافوق الفطرت وعادت واقعات میں اس قدر اور اضافہ تھا کہ خانوادہ رسولؐ میں مسرت کے ساتھ گریہ وبکا کا سامان بھی تھا، ملائکہ تہنیت کے ساتھ ساتھ واقعہ کربلا پر متاسف وگریاں بھی تھے۔ حضرت اُم سلمہ علیہا السلام کو خاک کربلا آج ہی دی گئی تھی جو شہادت کی اطلاع کیلئے خون بن جانے والی تھی۔ یہی دن تھا جس روز عزاداران حسین علیہ السلام کیلئے وعدۂ جنت کیا گیا تھا۔ یہی وہ مبارک وجود تھا جس نے پنجتنؑ پاک کی تعداد کو پورا کیا۔ یہی ذات والاصفات تھی جس سے نو (9) سربراہانِ اسلام نے وجود حاصل کرنا اور تا قیام قیامت کائناتی راہنمائی کی ذمہ داری اختیار کرنا تھی۔ اور تمام بنی نوع انسان کو علوم خداوندی سے مالا مال کرنا تھا، جنہوں نے تسخیر کائنات وموجودات کا لامحدود سبق دینا تھا۔ جہاں سرکاری تاریخ ہر ہر واقعہ کو مشکوک کرنے میں اپنا جواب نہیں رکھتی، وہیں حضرت امام حسین علیہ السلام کی پیدائش کا واقعہ بھی اختلاف کا شکار ہوا ہے۔ بعض نے لکھا کہ امام حسنؑ کی پیدائش کے چھ ماہ بعد پیدا ہوئے، بعض نے لکھا کہ ایک سال دس ماہ بعد پیدا ہوئے، بعض نے 3 شعبان اور بعض نے 5 شعبان تاریخ پیدائش بتائی۔ یہ سب کچھ اسلئے کیا جاتا رہا کہ پبلک اور اہل قلم کو غلط باتیں سُننے کی عادت پڑ جائے اور غلط در غلط میں اُلجھ کر لوگ گمراہ ہو جائیں۔

(35/3)۔ امام حسین علیہ اسلام کی روحانی، جسمانی اور ذہنی وفکری تربیت

جس طرح ہم نے حضرت علیؑ وفاطمہؑ وحسنؑ کے فضائل میں کچھ نہیں لکھا اُسی طرح ہم امام حسین علیہ السلام کے فضائل ودرجات بیان نہ کریں گے۔ اِس کا سبب یہ ہے کہ ان حضراتؑ کے فضائل سے کتابیں بھری پڑی ہیں۔ ہم تو اُن کے متعلق وہی کچھ لکھنا چاہتے ہیں جو نوع انسان کی نجات کا ذریعہ بن سکے اور جس پر ہر متلاشی حق عمل پیرا ہو سکے۔ چنانچہ امامؑ کی روحانی تربیت کے لئے اس قدر کہہ دینا کافی ہے کہ اُن کو پالنے والے محمدؐ، علیؑ اور فاطمہؑ تھے۔ جہاں ہر لحہ جبرائیلؑ ومیکائیلؑ واسرافیلؑ وعزرائیلؑ حاضر رہتے ہوں، جہاں سے نعماتِ خداوندی ساری کائنات وموجودات میں تقسیم ہوتی ہوں، جو علوم خداوندی کا مرکزی مقام ہو، جو گھر اَنوارِ خداوندی سے لبریز رہتا ہو، وہاں تربیت کا کونسا پہلو ہے جس میں کسی خامی کا وہم کیا جا سکے۔ اور پھر جب زیر تربیت بچہ کا ابتدائی مقام ہی عقول انسانی کی رسائی سے باہر ہو تو یہ کن الفاظ اور کس عبارت میں سمجھایا جا سکے گا کہ تربیت کے بعد وہ بچہ کہاں اور کس مرتبہ پر پہنچا؟

(ii)۔ خانوادۂ رسالت کے آئمہ علیھم السلام کا مقام بوقتِ ولادت

شکم مادر میں کلام سننا اور قرآن کی آیات تلاوت کرنا۔ اپنی ماں کو خدا کے روبرو سجدہ کرنے پر مجبور کرنا۔ نہ آسانی سے سمجھ میں آنے کی بات ہے نہ ماننے کی بات ہے۔ لیکن مسلمانوں کی کتب احادیث ایسی تفاصیل سے بھری پڑی ہیں۔ چنانچہ اصول کافی کتاب **الحجة** باب موالید الأئمہ کی پہلی ہی حدیث بتاتی ہے کہ آئمہؑ پیدا ہوتے ہی زمین پر اس طرح تشریف فرما ہوتے ہیں کہ دونوں ہاتھ زمین پر ٹِکے ہوئے اور سر آسمان کی طرف بلند۔ زمین پر ہاتھ اس لئے کہ اللہ کے جس قدر علوم آسمان سے زمین پر نازل ہوئے اُن کو قبضہ میں کر لیں۔ آسمان کی طرف متوجہ اس لئے کہ وہاں سے ایک منادی ندا کرتا ہے کہ اب فلاں بن فلاں مضبوطی اختیار کر۔ کیونکہ تیری تخلیق اللہ کے

یہاں ایک عظیم الشان منزلت رکھتی ہے۔تُو تمام کائنات میں برگزیدہ ہستی ہے۔اور میرے تمام رازوں کا محرمِ راز ہے۔تُو میرے علوم کا گنجینہ ہے۔تُو میری وحی کا امین ہے۔زمین میں میرا خلیفہ ہے۔میں نے تجھ پر اور جو تیری ولایت وحکومت کو اختیار کرے اُس پر رحمت نازل کرتے رہنا واجب کرلیا ہے۔اور تمہیں جنت کا عطا کیا جانا طے کر دیا ہے۔اور تم سب کو اپنے قربت و پڑوس میں جگہ دیدی ہے۔اور اپنی عزت وجلال کی قسم جو تم سے عداوت رکھے اس کے لئے سخت عذاب مقرر کر دیا ہے۔

قارئین اگر ہم خانوادہ رسولؐ کے فضائل ومناقب کو حدیث کی صورت میں لکھنا شروع کر دیں تو ایک لاکھ صفحات بھی کافی نہ ہوں گے۔اِسلئے ہم قارئین کو روزمرہ کی زبان میں وہ حالات وواقعات سُنا رہے ہیں جو ساتھ کے ساتھ سمجھ میں آتے جائیں اور خود اُن کی اپنی زندگی پر اثر انداز ہوتے ہوں۔یہ دوسری بات ہے کہ جن بزرگوارو ںؑ کے حالات زیر بحث ہیں، محیرالعقول مقام رکھتے ہیں۔جن کو بُنیادِ لا اللہ مانا گیا ہو، جو خود مجسمہ دین ودین پناہ ہوں۔جن کے لئے سرور کائناتؐ فرمائیں کہ حسینؑ مجھ سے ہے اور میں حسینؑ سے ہوں۔

(35/4)۔ بچپن کی سُنی ہوئی لوریاں قلب وذہن میں پیوست ہو کر رہ جاتی ہیں

آج بھی بچوں کو سلانے کے لئے لوریاں دینے کا طریقہ دیکھنے میں آتا ہے۔لوری دینے والا جانتا ہو یا نہ جانتا ہو۔مگر بچہ کا لاشعور اُس لوری کے مفید ومضر اجزاء کو ترتیب دے کر خواب کی صورت میں سامنے لاتا ہے۔اور کام کی چیز ذہن میں اُبھر کر نقش ہوتی چلی جاتی ہیں۔اور اگر لوری دینے والا نفسیات انسانی سے واقف ہو تو بچہ کو جیسے چاہے بنا سکتا ہے۔اور اگر لوری دینے والا باعثِ تخلیق کائنات ہو، کائنات کے ہر ہر ذرہ کا ہادی وراہنما ہو جس کے روبرو ملائکہ اور ساری کائنات کو وجود بخشا گیا ہو، جو خود ہی لوح وقلم وعرش وکرسی ہو تو لوری کی ابتدا اور انتہا کا کیا ٹھکانا ہوگا؟ اور لوری سُننے والا اگر حسینؑ ہو تو مادی وجود اُس یادداشت کے سامنے غائب ہو جائے گا۔اُس کے سامنے تخلیق کے سارے مناظر گزرتے جائیں گے۔یہ مادی وجود آدمؑ وابلیس کی دِقتوں کو سمجھنے میں مدد دے گا۔تمام انبیاؑ اور اُنکی محنتیں قابل فہم بن کر راہ عمل کا سبق دیں گی۔اب نورانی کیفیات مادی ساز وسامان میں چمک دمک پیدا کر دیں گی۔اب مجرّد الفاظ اپنے محسوس معنی کے ساتھ ذوق فکر ونظر کو لذات سے روشناس کریں گے۔عالم نور کے مشاہدات، مادی ظہور کی میزان پر اپنی اثر انگیزی کو دوبالا کرلیں گے۔ یوں مادی وجود مدد ومعاون بنتا چلا جائے گا۔پھر لوری کبھی محبوّب کبریا دیں گے، کبھی مشکل کشائے دوجہاں توجہ فرمائیں گے۔کبھی لختِ جگر رسوؐل یعنی فاطمہؑ لوری دیں گی۔کبھی جبرائیلؑ امین جھولا جھلا کر لوری دیں گے۔لوری کبھی نظم میں ہوگی کبھی نثر میں۔لوری دینے والے کا چہرہ ہشاش وبشاش ہوگا تو لوری سُننے والا لذت انبساط حاصل کرے گا۔کسی غم انگیز واقعہ کو لوری میں سناتے ہوئے آنکھوں سے بہنے والے آنسو دیکھ کر لوری سُننے والا ایک فولادی اور مصمم جذبہ سے دوچار ہوگا۔اور پہاڑوں اور طوفانوں سے ٹکر لینے کی تیاریاں کرے گا۔پھر لوری کبھی اپنی زبان میں ہوگی کبھی کسی ماسبق بزرگ کے الفاظ میں ہوگی۔لوری میں کبھی پاک باطنی کا ذکر ہوگا۔کبھی شجاعت کے کارنامے سامنے لائے جائیں گے، کبھی رحم وکرم وصبر ورضا کا سبق اور نمونہ ہوگا، کبھی فداکاری وجان نثاری کا تذکرہ ہوگا۔کبھی فخر ومباہات وفضائل اور مناقب کا بیان اور معیار ہوگا۔کبھی بے خوفی وحُرّیت وآزادی ضمیر کا سبق دیا جائے گا۔کبھی غارتگرانِ دین ودنیا کے مظالم پر نفرین کی جائے گی۔کبھی غربا اور مظلوموں کی داستان سنائی جائے گی۔

(35/5)۔ خانوادۂ رسولؐ کی کہانی معصوم زبان میں لوریاں

(1) یہ سنتے ہوئے سو جاؤ اور خوابوں کی دنیا سے گزر کر وہاں پہنچو جہاں جہاں اللہ نے تمہیں اور تمہارے ماں باپ کو اپنی معرفت کا وسیلہ بنایا تھا۔ جہاں پوری کائنات کی تخلیق کو تمہارے تصدق میں پیدا کرنے کا وعدہ فرمایا تھا۔ جب ہم سب نے ملائکہ کو تسبیح وسجدہ کرنا سکھایا تھا۔اور جو چیز زیورِ وجود پہنتی جاتی تھی ہم اُس کو خالق کائنات کی معرفت وہدایت بہم پہنچاتے جاتے تھے۔ جب یہ کہا گیا کہ اگر تمہیں پیدا نہ کرنا ہوتا تو یہ کائنات پیدا نہ کی جاتی ۔کائنات کی ہر چیز تمہارے لئے ہے ۔تم نے ساری مخلوق سے پہلے اقرارِ ربوبیتِ خداوندی کیا تھا۔ساری کائنات کی فلاح اور بہبود کے تم ہی ذمہ دار ہو۔تم ہی سب کی طرف سے جوابدہ ہو۔وہ دیکھو کہ کائنات اس منزل تک آ پہنچی کہ حضرت آدمؑ کو وجود بخشا گیا۔تمہارا نور اُن کی پیشانی میں پہنچا تو اُنہیں کائنات کے تمام اسما سے تعارف حاصل ہو گیا۔وہ دیکھو کہ عزازیل نے کائنات اور ملائکہ کے ساتھ مل کر حضرت آدمؑ کو سجدہ نہیں کیا۔اس لئے کہ غیرِ خدا کو سجدہ کرنے کا حکم خداوند عالم کی حقیقی منشا نہیں ہوسکتی ۔ یہاں اُس نے حکم کے الفاظ کو محلِ نظر سمجھا۔اُس کے اجتہاد میں خدا کے الفاظ کی لفظ بلفظ اطاعت ضروری نہ تھی ۔ بلکہ الفاظ پر عقل وبصیرت ،موقع ومحل اور اصول ومبانی کی روشنی میں عمل کرنا ضروری تھا۔ پھر جو سامان حضرت آدمؑ کی تخلیق میں استعمال ہوتے ہوئے دیکھا تھا وہ ابلیس کے نزدیک گھٹیا تھا۔اور اُن کی سجدہ کی حد تک تعظیم کے منافی تھا۔وہ پوری نوع انسان کا ابوالآبا اور نمائندہ تھا۔ اُس کو سجدہ کے معنی ابلیس نے ساری نوع انسان کو سجدہ سمجھا۔اور وہ عہد **الست بر بکم** کے وقت اولادِ آدمؑ میں بہت سے خبیثوں کو بھی دیکھ چکا تھا۔الغرض اُس نے سجدہ نہ کیا۔معتوب ہونے پر اُسے یقین آ گیا کہ اللہ اپنے الفاظ کی بلا تاویل اطاعت چاہتا تھا۔اُس نے اللہ پر الزام عائد کیا کہ تو نے مجھے میری عقل وساخت کے ذریعہ مغالطہ میں ڈال کر اغوا کر دیا ہے۔اور اگر ایسے انتظام کے بعد اغوا ہو جانا واقعی لعنتی ،جہنمی اور شقی بنا دیتا ہے تو سُن کہ میں اُسی اصول کے ماتحت تمام ذریت آدمؑ کو اغوا کر دونگا۔اور جن چند مخصوص لوگوں پر کامیاب نہ ہوں گا ۔اُن کی تعداد قلیل ہونے کی بنا پر نا قابل اعتنا ہوگی ۔لہٰذا مجھے ایک مدت تجربہ عطا کر دے تا کہ میں اپنے دعویٰ کو عملی طور پر آزما کر ثابت کر سکوں۔

(2) خدا نے اپنی قدرت اور قوت کو بے پناہ اور لامحدود ثابت کرنے کیلئے ابلیس کو حکم عدولی اور نافرمانی اور چیلنج کی سزا نہیں دی بلکہ طویل ترین عمر ومہلت واختیار عطا کیا۔ وہ تمام سامان، وسائل اور مواقع فراہم کئے جس سے وہ نوع انسان کو اغوا کر سکے اور تنگی داماں کا شکوہ نہ کرے ۔ یہ عدل کا تقاضا تھا کہ صاحبِ عقل وارادہ مخلوق کو مجبور کر کے احکام کی اطاعت نہ کرائی جائے ۔ بلکہ اُسے مکمل آزادی دی جائے ،عقل وبصیرت واجتہاد ومشاورت کے تمام مواقع فراہم کئے جائیں ،فریب دہی اور فریب خوردنی سے بے خوف رہ کر حق کو ثابت کرنے میں ہر بہانہ اور عذر ختم کر دیا جائے ۔ ہر پہلو پر اتمام حُجت کر کے فرار کی تمام راہیں بند کر دی جائیں تا کہ ہر شخص خود اپنی عقل وبصیرت کے معیار پر اپنا مجرم ہونا مان لے اور قلب کی گہرائی کے ساتھ اقرار کرے کہ اُسے تمام رعایات اور مواقع اور سہولتیں فراہم کی گئیں مہلت ومواقع دئے گئے ۔لیکن اُس نے ہر مرتبہ غلط رویہ اختیار کیا اور اب وہ ہر سزا کا مستحق ہے۔

(3) نورِ چشم زہرؑاء سُنو اور غور کرو کہ اگر ابلیس کو وہیں ملائکہ اور آپؐ حضرات یعنی ''**عالین**'' کے سامنے حکم عدولی، نافرمانی، سرکشی اور

چیلنج کی سزا دے کر جہنم واصل کر دیا جاتا تو دنیا میں گمراہی کا نام ونشان تک نہ ہوتا۔ وہ مسلسل قتل عام نہ جاری رہا ہوتا جس میں اقوام وقبائل اور نسلیں تباہ و برباد ہوتے رہے۔ معصوم بچے قتل ہوتے رہے، بے گناہ اور نیک انسانوں کے خون کے دریا بہتے رہے۔ نہ کوئی لوٹ مار ہوتی نہ بدکاری و بدمعاشی ہوتی، نہ قوانین اور انبیاؑ کی ضرورت ہوتی، نہ نافرمانی اور اطاعت شعاری کا جھگڑا ہوتا۔ یہ دُنیا دیگر حیوانات کی طرح انسانوں کے لئے بھی یکساں ہوتی۔ نہ مکانات ومحل اور جھونپڑیاں ہوتیں، نہ ترقی ہوتی نہ کسی ترقی اور عروج کا تصور ہوتا۔ یہ سمندر، یہ دریا، یہ پہاڑ، یہ شمس وقمر اور ستارے انسانوں کے لئے بھی کوئی اہمیت نہ رکھتے۔ نہ اُن کا علم ہوتا نہ اُن سے فائدہ اٹھایا جاتا، نہ کھیتی ہوتی نہ زمین کے دفینوں اور خزانوں کا علم ہوتا، نہ اُن سے استفادہ کی راہ نکلتی، نہ یہ روٹیاں اور کھانے ہوتے، نہ یہ لباس وآرائش کا سامان ہوتا۔ سردی گرمی اور بارشوں اور طوفانوں کی بھرمار سے انسانوں کی صورت بدل کر رہ جاتی۔ یہ بھی اُسی طرح کی شکل رکھتے جو بندروں اور بن مانسوں کی ہوتی ہے۔ ساری کائنات کی تمام مخلوقات وموجودات کو یہ معلوم ہی نہ ہوتا کہ اُن کا کوئی خالق ہے؟ وہ خالق کیسا ہے؟ اُس کی قدرت وقوت کیا ہے؟ کیسی ہے اور کتنی ہے؟

(4) محبوبؐ خدا کے لاڈلے یہ دُنیا جس میں تم نے قدم رکھا ہے بڑی حسین مصلحتوں کے ماتحت اس قدر خوبصورت اور خوبرُو بنائی گئی ہے۔ اِس کو اُس کی حقیقی صورت عطا کرنے کے لئے تمہیں یہ مادی لباس پہنایا ہے۔ تمہارے نانا کی ذمہ داری تمہارے ہاتھوں پُوری کرنا مقصودِ خداوندی ہے۔ اللہ کی وہ صفات جن کا تعارف ابھی تک نامکمل ہے وہ تمہاری صفات سے ظہور پذیر ہوں گی۔ آپ ہی خدا کے تعارف کا آخری وسیلہ اور مُنتہائے کمال ہیں۔ اِسی تعارف کے لئے آپ حضراتؑ کو وجود بخشا گیا۔ اِسی تعارف کی غرض سے ملائکہ وجنات اور دیگر تمام مخلوقات کو پیدا کیا گیا۔ اور صاحبانِ عقل وارادہ مخلوق کو بلندترین درجات اور لامحدود قدرت واختیارات دینے کے لئے تمہیں واسطہ وذریعہ بنایا گیا۔ ابلیس کو اس لئے وجود ومہلت اور قدرت دی گئی کہ وہ نوع انسان کو آپؐ حضرات کی تعلیمات کے مقابلہ میں اپنی سرکشی اور بصیرت سے متبادل راہیں دکھائے۔ اور صراط مستقیم سے بہتر راہ پر گامزن کرنے کا لالچ دے۔ اور انسان اپنی عقل واختیار سے دونوں راہوں میں ایک راہ کا آزادانہ انتخاب کریں۔ تاکہ ہدایت وگمراہی کا حصول **عَلٰی وجہ البصیرت** قائم ہو۔ نہ کوئی اتفاقیہ گمراہ ہو سکے نہ ہدایت پا سکے۔ تاکہ ہر شخص کا عمل خالص اس کا اپنا سوچا سمجھا عمل ہو اور اُس کو اُس عمل کی صحیح جزا ملے۔

(5) ابھی کل ہی کی بات ہے کہ تمہارے نانا اور اُنؐ کے تمام خاندان کو بھوکا پیاسا مر جانے کے لئے تین سال تک قید رکھا گیا تھا۔ اُن پر آب ودانہ بند کر دیا گیا تھا۔ ایسا مکمل بائیکاٹ کیا گیا تھا کہ شادی، بیاہ اور اُن سے ملنا جلنا، اُن کا قید سے باہر نکلنا تین سال تک بند رکھا گیا۔ اُن کی خطا یہ تھی کہ تمہارے نانا عربوں کو زمین سے اُٹھا کر ترقی کے آسمان تک پہنچانا چاہتے تھے۔ مگر اُنہیں یہ منظور نہ تھا کہ یہ کام حضرت محمد مصطفےٰؐ تنہا کریں۔ وہ چاہتے تھے اور آج بھی چاہتے ہیں کہ اللہ کے تمام احکامات پر اُن کے مشورے اور تجربے سے استفادہ کیا جائے اور جس حکم کو اُن کی اجتماعی بصیرت جس طرح مفید سمجھے اُس طرح نافذ کیا جائے۔ اُن کا آج تک یہ یقین ہے کہ رسولؐ بشری تقاضوں سے متاثر ہو کر منشائے خداوندی کے خلاف حکم دے سکتا ہے۔ پھر اُن کو یہ خوف بھی دامن گیر رہا کہ آپؐ کے خاندان کی موروثی حکومت کو اس نبوت سے مزید استحکام ملے گا اور عربوں کو قیامت تک اُس ابراہیمیؑ حکومت وامامت کے ماتحت رہنا پڑے گا۔ اور یہ شخصی

حکومت اُن پر جبر وستم کرتی چلی جائے گی۔اِس سے بچنے کے لئے اُنہوں نے حکومت قائم کرنے کا ارادہ کیا۔اور آپؑ کے نانا کے سامنے پورے ملک کی جان و مال اور حکومت پیش کر دی۔تا کہ یہ اصول عملاً ثابت ہو جائے کہ قریش ہی کسی کو سارے عرب پر حاکم بنانے کا اختیار رکھتے ہیں اور وہی حکومت سے معزول کر سکتے ہیں۔چونکہ یہ حکومت،حکومت اِلٰہیّہ نہ ہوتی بلکہ ایک مشاورتی انسانی حکومت ہوتی،آپؑ کے نانا نے اس حکومت کو لینے سے انکار کر دیا۔اور کہہ دیا کہ انسانوں کے دینے سے ملنے والی چیزوں میں اگر چاند سورج بلکہ ساری کائنات بھی ہو تب بھی اُن حضرتؐ کو منظور نہیں ہے۔اِس لئے کہ حقیقی مالک تو اللہ ہے وہ جو کچھ دیگا اُسے استقلال ہوگا لہٰذا بات ختم ہوگئی۔

قریش اپنی افرادی،مالی اور عقلی قوت کے بل بوتے پر آپؑ کے پورے خاندان کو صفحہ ہستی سے مٹانے پر تل گئے اور آپؑ کے دادا جناب عمرانؑ،اللہ و رسولؐ کے احکام پر قربان ہو جانے پر اَڑ گئے۔اے راحتِ جانِ بتولؑ! آپؑ کے دادؑا نے پورے خاندان کو اپنے ایک پہاڑ کے درّہ میں جمع کر کے جس بصیرت کا اور اعتماد و توکل خداوندی کا ثبوت دیا؛ اُس کی وجہ سے اللہ نے قرآن میں اُنؑ کی مدح وثنا کی ہے،اُنؑ کے نام سے سورہ آل عمران رکھی گئی۔اُنہیںؑ رسولؐ اور اسلام اور مسلمانوں کی پناہ گاہ قرار دیا ہے۔آپؑ کے دادؑا ساری رات آپؑ کے نانا کی حفاظت کرتے تھے۔راتوں کو بار بار اُنؐ کی جگہ آپؑ کے باپؑ کو لٹا دیا کرتے تھے۔اُنہوںؑ نے آپؑ کے والد کو قیامت تک اسلام کی حفاظت کا ذمہ دار بنایا ہے۔اس ذمہ داری کا سب سے بڑا اور سب سے پُرخطر حصہ آپؑ کے حصے میں آیا ہے۔اہل آسمان اور پورے خاندان کی نظریں آپؑ پر جمی ہوئی ہیں۔آپؑ جلدی سے جوان ہو آپؑ کے ماں باپ آپؑ کا سہرا دیکھنے کے آرزومند ہیں۔آپؑ کی خاموشی،آپؑ کی مسکراہٹ اُنہیں آس دلاتی ہے۔وہ دونوںؑ اور سارا خاندن آپؑ کے بولنے،چلنے پھرنے،نشست و برخاست الغرض آپؑ کے ہر عمل اور ہر نقل وحرکت کو اُس ترازو میں تول تول کر دیکھیں گے جو آپؑ کے دادؑا نے نصرت محمدؐ اور اسلام کیلئے تیار کی ہے۔آپؑ کی پیدائش پر ہونٹ مسکرائے تو آنکھوں نے آنسو بھی بہائے ہیں۔

(ii)۔ حضرت عمران علیہ السلام کا اعلان و پیغام ہر محافظ اسلام کے نام

اے رحمۃِ خدا اور رحمۃؐ للعالمین کے پیارے سُن! کہ آپ کے دادؑا فرمایا کرتے تھے کہ:۔

واللّٰہ لَن یصلوا الیک بجمعھم	اللہ کی قسم جب تک میں زندہ ہوں اور مجھے دفن نہ کر دیا جائے۔
حتّٰی اوسد فی التراب دفینا	دشمنانِ رسولؐ اُن کے قریب نہیں آسکتے ہیں۔
اِذْھب بُنیّ فما علیک مخافۃ	بیٹے بلا خوف وخطر دعوت اسلام جاری رکھو اس معاملہ میں،میں تمہیں
والبشربذاک وقرمنک عیونا	بشارت دیتا ہوں اور آپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک میرے ذمہ ہے۔
اَنت النبیّ محمدؐ قَرم اعزّہ سوّد	یقیناً اے محمدؐ تم اللہ کے نبی ہو۔تم صاحب عزت اور روشن سردار ہو۔
لمسودین اکارم طابوا وطاب المولد	تم پاک اور تمہاری نسل بھی بزرگ اور پاکیزہ ہے۔
نعم الارومۃ اصلھا عمرو الحطیم الاوحد	کتنی شاندار ہے وہ نسل ونسب وخاندان جس میں عمرو حطیم یعنی جناب ہاشمؑ ایسے یگانہ روزگار حضرات ہوں۔

هشمه الربيكة فی الجفا ن وعيش مكة انكد — جنہوں نے ناندیں بھر بھر کر شوربے میں چُوری ہوئی روٹیوں سے اُس قحط میں اہل مکہ کی ضیافتیں کیں جس نے اُنہیں بددل اور مکدّر کر دیا تھا۔

فجرت بذلک سُنّة فيها الخبيزة تثرد — اُسی وقت سے یہ سُنت جاری ہوئی ہے کہ؛ روٹی اور شوربے کا ثرید بڑی ناندوں میں پیش کیا جائے۔

ولَنَا السقاية لِلحَجيج بهايمات الغنجد — زیارت کعبہ کیلئے آنے والوں کے واسطے کھانے پینے کا انتظام ہم ہی کرتے ہیں اور پانی میں انگور ملا دیتے ہیں۔

والمازمان وماحوت عرفاتها والمسجد — مکہ ومنیٰ کا علاقہ اور عرفات اور مسجد سب ہماری ملکیت ہے۔

وبطاح مكة لَا يرى فيها بخيع اسود — مکہ کے اردگرد ابھی سیاہ خون والے لوگ جمع نہیں ہوئے ہیں۔

اَنی تضام ولم امت وانا الشجاع العربد — لہٰذا اے رسُولؐ آپؐ پر کوئی کیسے ظلم کر سکتا ہے جب کہ ہم ابھی زندہ وموجود ہیں، اور ہم شجاع و بہادر ہیں۔

وبنوابيک کانهم اسد العرين توقد — اور تمہارے بھائی علیؑ وجعفرؑ وغیرہ شجاعت میں شیروں کے مانند ہیں۔

ولقد عهد تک صديقا فی القول لا تتريد — میں نے آپؐ کو ہر بات میں صادق القول پایا اور آپؐ حق سے ذرہ برابر بھی نہیں بڑھتے

مازلت تنطق بالصواب وانت طفل امرد — آپؐ جب سے برابر سچ بولتے چلے آئے جب آپؐ نہایت چھوٹے سے بچے تھے۔

أَمِنُ تذكرد هر غير مامونٍ — کیا آپؐ زمانہ کے غیر محفوظ ہونے پر رنجیدہ ہو؟

اصبحت مكتبئًا تبكی لمحزو نٍ — یا رنجیدہ ومغموم لوگوں کے رنج وغم پر ملال خاطر ہے؟

أَمِنُ تذكراقوام ذوی سفهً — کیا آپؐ اقوام کی ایسی بے عقلی پر مغموم ہیں جس سے وہ خطرات کی پرواہ کیے بغیر دین

يغشون بالظلم من يدی الی الد ينٍ — کی طرف دعوت دینے والوں کو ظلم وستم سے بچا لیتے ہیں؟

(iii)۔ قریش کے سامنے حضرت عمرانؑ کا قصیدہ لامیہ اور اعلانِ حق

اَے نونہالِؐ خانوادہٗ رسولؐ! اپنے دادا کے وہ جذبات سُن جو وہ قریش کے متعلق رکھتے تھے اور جو کچھ اپنے خاندان سے امید رکھتے تھے اُنہوں نے فرمایا تھا کہ:۔

خليلی ما اذ نی لا ول عاذل بصغواء فی حق ولا عند باطل — اَے دوست میں مُلامت کرنے والے کی بات سُننا پسند نہیں کرتا خواہ ملامت صحیح ہو یا غلط۔

خليلی انّ الرای ليس بشركة ولا نهنه عند الامور البلا بل — اور اَے دوست آدمی کی رائے کے متعلق میں یہ کہتا ہوں کہ رائے، رائے ہی ہوتی ہے۔ وہ بدیہی اور سامنے کی حقیقت نہیں ہوا کرتی اور یہ بھی کہ مشکل مراحل میں رائے کی راہ میں رُکاوٹ بھی نہیں آتی۔

ولَماَّرَ أَيتُ القوم لا ود عند هم	جب میں نے یہ دیکھ لیا کہ اس قوم میں محبت کا نام ونشان نہیں ہے اور اُنہوں نے تمام تعلقات
وقد قطعوا كل العرى والوسائل	اور وسائل منقطع کر دئے ہیں۔
وقد صارحونا با لعد اوة والا ذى	کھلم کھلا دشمنوں سے حلفیہ معاہدے کر کے دشمنی اور اذیت پہنچانے کا انتظام کر لیا ہے۔
وقد طا وعوا امرًا بعد والمزايل	
وقد حالفوا قومًا علينا اظنة	مخالفین کے احکامات ماننا شروع کر دیا ہے۔ وہ مخالفین جو غصہ میں اپنی انگلیاں
يعضونَ غيظًا خلفنا بالانامل	چبایا کرتے تھے۔
صبرت لهم نفسى بسمراء سمحة	لہٰذا میں نے بھی خود کو خون ریز نیزوں اور تلواروں کے سنبھالنے پر آمادہ کر لیا اور جنگی
وابيض غضبٍ من تراث المقاول	سامان تو ہمارے سرداروں کی میراث میں چلا ہی آ رہا ہے۔
واحضرت عندالبيت رهطى واخوتى	اس سلسلے میں میں نے اپنے بھائیوں کے گروہ کو خانہ کعبہ کے پاس مدعو کیا
وامسكت من اثوابه بالوصائل	اور غلاف کعبہ کو تھاما۔
قيامًا مع مستقبلين رتاجه	اور ہم سب کعبہ کے سامنے اُس مقام پر کھڑے ہوئے جہاں ہر عبادت گزار
لدى حيث يقضى خلفه كل نافلٍ	نمازِ نوافل بجالاتا ہے۔
اَعُوذُ برب الناس من كل طَاعِنٍ	وہاں میں نے اعلان کیا کہ میں ہر بدگوئی کرنے والے باطل پرست کے طعن وطنز
علينا بسوء او ملح بباطل	سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں۔
ومن كاشح يسعٰى لنا بمعيبة	عیب جُو دشمن اور عیب جوئی کرنے والوں سے خدا کی پناہ چاہتا ہوں اور اُن لوگوں سے
ومن ملحق فى الدين مالم نحاول	بھی خدا کی پناہ چاہتا ہوں جو دین میں ایسی باتیں ملا دیتے ہیں جن کا ہم نے ارادہ تک بھی نہیں کیا ہے۔
وننصرهؐ حتّٰى نصرع دونه	ہم رسوؐل اللہ کی نصرت اس وقت تک کرتے رہیں گے جب تک کہ ہم اپنی ازواج
ونذ هل عن ابنائِنا والحلا ئل	اور بیٹوں کو نہ بھلا دیں۔
وحتّٰى تَرى ذا الردع يركب رذعه	اور اُس وقت تک نصرت کرینگے جب تک ہم کینہ پروروں کو اُسی طرح نیزہ سے گرا ہوا نہ دیکھ
من الطعن فعل الانكب المتحامل	لیں جس طرح اُونچے کنارے پر چلنے والا گرتا ہے۔
وَانَا وبَيُت اللّٰه من جدجدنا	بیت اللہ کی قسم اب ہماری کوشش یہی ہوگی کہ ہماری تلواریں اب سر برآوردہ
لتلتبسن اسيافنا بالا ماثل	دشمنوں کو قتل کریں۔
بكفى فتٰى مثل الشهاب سميد ع	وہ تلواریں اُن جوانوں کے ہاتھوں میں ہیں جو سردارانِ قوم قابل وثوق اور میدان
اَحى ثقة عند الحفيظة ماسبل	کارزار میں شہاب اور بہادر ہیں۔
وابيض يستسقى الغمام بوجهه	وہ نورانی چہرے والے سردار جن کے چہروں کے واسطہ سے بارش ہوتی ہے۔

ثمال الیتامیٰ عصمة للارامل	جو یتیموں کے فریاد رس اور بیواؤں کے محافظ ہیں۔
یلوذبه الھلاک من آل ھاشم	وہ جن کے سایہ میں بنی ہاشمؑ کے کمزور لوگ پناہ لیتے ہیں۔
فھم عنده من نعمة وفواضل	اور جہاں سے نعمتیں حاصل کرتے ہیں۔
و مَیزان صدق یخبس شعیرة	وہ ذات جو سچائی تولنے کی ترازو اور میزان ہے۔ جو تولنے میں جَو برابر کمی نہیں ہونے دیتا۔
ووزان صدق وزنه غیر غافل	اور معیار کے مطابق صحیح وزن کرنے والا ہے۔
اَلَمْ تعلموا اَنّ اِبننا لا مکذب	کیا تمہیں اب تک یہ معلوم نہیں ہوا کہ ہمارا بیٹا محمدؐ جھوٹا نہیں ہے۔ اور ہم تو
لدینا ولا نعبا بقول الُاَ بَاطل	بکواس کرنے والوں کی پرواہ کرتے نہیں ہیں۔
لعمری لقد کفلت وجدا باحمدٌ	اپنی زندگی کی قسم، میں جان و مال سے زیادہ احمدؐ کو چاہتا ہوں اور اُس حبیب کی طرح
واحببته حب الحبیب المواصل	محبوب رکھتا ہوں جو ہر وقت ساتھ ساتھ رہتا ہو۔
فلا زال فی الدُنیا جمالاً لِا ھلھا	اَے بیٹے تم ساری دنیا کو اپنے جمال سے منور کرنے میں کمی نہ کرو اور ہر محفل کی زینت
وشینا لما عادی وزین المحافل	بنتے رہو۔ مگر عداوت رکھنے والوں کیلئے ایک مصیبت بن جاؤ۔
وایّده رب العباد بِنَصره	خداوندِ بندگان نے اُس کی بھرپور تائید کی ہے۔ اور اپنے دین کو ظاہر کر دیا ہے جو
و اظھر د ینا حقه غیر باطل	خالص حق ہے۔ جس میں باطل کا شائبہ تک نہیں ہے۔

(iv)۔ عربوں کے بائیکاٹ کی اطلاع پر حضرت عمرانؑ نے قریش کی ناکامی کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا

اَلَمْ تعلموا اِنّا وجد نا محمدٌ	کیا تمہیں یہ علم نہیں کہ ہم نے محمدؐ کو اُسی طرح نبیؐ پایا جیسے کہ موسیٰ، جن کی بابت
نبیًّا کموٌسٰی خطّ فی اوّل الکتب	پہلی تمام کتابوں میں صراحت کی گئی ہے۔
واِنّ الذی رقشتم فی کتابکم	اور جو کچھ تم نے بائیکاٹ کے عہد نامہ میں لکھا ہے وہ تمہارے لئے بلائے جان
یکون لکم یومًا کراعیة السقب	بن جائے گا۔
افیقوا افیقوا قبل ان یحضرالثریٰ	ہوش میں آؤ۔ جاگ جاؤ قبل اس کے کہ تم قبر کے کنارے پہنچ جاؤ جبکہ مجرم کے
ویصبح من لم یجن ذنبًا کذی ذنب	ساتھ بے گناہ یعنی گندم کے ساتھ گھن بھی نہ پس جائے۔
وَلَا تبتغوا امرا لغواة و تقطعوا	سُنو گمراہوں اور بہکائے ہوئے لوگوں کی بات مان کر ہماری مودۃ اور قربت
اوامرنا بعد المودة والقرب	حاصل ہو جانے کے بعد ہمارے احکامات سے قطع تعلق نہ کرو۔
ولا تستجیبوا حربًا و رُبّما	اور جنگ کو سہارا نہ دو، اسلئے کہ جنگ مزہ چکھنے والے کا منہ کڑوا کر دیا کرتی ہے۔
امر عَلٰی من ذاقه حلب الحرب	
فَلَسْنَا ورب البیت نسلم احمدًا	رب کعبہ کی قسم ہم سختیوں اور مصائب سے تنگ آ کر محمدؐ کو تمہارے حوالے نہ کرینگے۔
لعزاء من عض الزمان ولا کرب	

ولما تبن منکم ومنّا سوالف
یہ سوچو کہ اس سے پہلے ہم سے تمہاری چمکتی ہوئی تلواروں کی زورآزمائی نہیں ہوئی ہے۔

واید اترت بالقساسة الشھب

بمعترک منک تری قصد القناء
تمھیں کسی ایسے میدان کارزار میں ہم سے پالا ہی نہیں پڑا ہے۔ جہاں نیزہ بازی ہورہی ہو۔

به والضیاع العرج تعکف کالشرب
اورخوف سے بجّو پیاسے اونٹوں کی طرح مردارخوری کا انتظار کررہے ہوں۔

کان محال الخیل فی حجراته
جسے معرکہ جنگ کہتے ہیں وہاں بہادروں کے نعروں اور گھوڑوں کی دوڑ دھوپ کے سوا اور کوئی

وغمغمة الا بطال معرکة الحرب
تفریح نہیں ہوتی۔

اَلَیُسَ اَبُوْنا ھاشمؑ شدّازره
کیا ہمارے باپ جناب ہاشم علیہ السلام ہمیشہ میدان جنگ کے لئے کمر ہمت باندھ کر تیار نہ

واَوصی بنیه بالطعان وبالضرب
رہتے تھے؟ اور کیا اُنہوں نے اپنے بیٹوں اور اولاد میں نیزہ بازی اور تیغ زنی کیلئے تیار رہنے کی وصیت نہیں چھوڑی تھی؟

وَلَیُسَ غل الحرب حتّی نمکنا
ہم جنگوں سے تھکنے والے نہیں ہیں۔

ولا نشتکی ما قد ینوب من النکب
اور نہ کبھی جنگ کا شکوہ زبان پر لاتے ہیں۔

وَلکننا اھل الحقائظ والنھٰی
لیکن ہم اہل عقل وشعور ہیں۔ تحفظ بنی نوع انسان کے لئے جنگ کرتے ہیں۔

اذا طار ارواح الکماة من الرعب
ہمارے رعب سے بہادروں کی روحیں پرواز کرجاتی ہیں۔

وقَالوا لِاحمدؐ انت امر ء
قریش نے رسولؐ سے کہا کہ تم وہ شخص ہو جس کی باتیں سلف کے خلاف اور کمزور دلیل

خلوف الحدیث ضعیف السبب
پر منحصر ہیں۔

وَاِن کان احمدؐ ماجاء ھم
حالانکہ احمدؐ نے جو کچھ قریش کے سامنے پیش کیا وہ قطعاً صحیح اور جھوٹ سے پاک ہے۔

بصدق ولم یاتھم بالکذب

فانا وحج من راکب
ہم اعلان کرتے ہیں کہ اُن لوگوں کی قسم ہے جو حج کے لئے سوار ہوتے ہیں

وکعبة مکة ذات الحجب
اور مکہ اور کعبہ کے احترام کی قسم کہ؛

تنا لون احمدؐ او تصطلوا
وہ لوگ ہرگز محمدؐ کو ہم سے چھین نہیں سکتے جب تک کہ وہ ہماری تلواروں کی گرمی سے

ظیاة الرماح وحدّ القضب
بھُون نہ دیئے جائیں۔

وتعتر فوابین ابیاتکم
تم بہت جلد اپنے گھروں کو طویل نیزوں اور تیز گام گھوڑوں کے محاصرہ میں پاؤ گے۔

صدور العوالی وخیلا شزب

علیھا صنا د ید من ھاشم
جن پر نجیب اور شریف سرداران بنی ہاشمؑ سوار پائے جائیں گے۔

ھم الا نجبون فی المنتجب

فلا تسفحوا احلامکم فی محمدؐ
اے قریش تم محمدؐ کے معاملے میں بیوقوفانہ رویہ اختیار نہ کرو اور گمراہ و بہکائے ہوئے

ولا تبتغوا امرا الغوات الا شائم
لوگوں کی پیروی نہ کرو۔

تمنيتموا ان تقتلوه وانما	تمہاری یہ تمنائیں کہ تم رسولؐ اللہ کو قتل کرڈالو گے، اُس احمق کی عقل کو ظاہر کرتی ہے
اما نيكم هذى كا حلام نائم	جوخواب میں اسکیم بنارہا ہو۔
واِنّكُمْ واللّٰه لا تقتلونه	قسم بخدا تم اُن کو قتل نہیں کرسکتے جب تک کہ جنگ میں تمہارے جبڑے اور کھوپڑیاں
ولما تروا قطف اللحى والجماجم	ٹوٹ نہ جائیں۔
زعمتم بانا مسلمون محمدًا	تم کو یہ وہم ہو گیا ہے کہ ہم تمہارے دباؤ سے محمدؐ کو تمہارے حوالے کردیں گے
ولما نقارف دونه ونزاحم	اور جنگ ومقابلہ کیئے بغیر خاموش بیٹھ رہیں گے۔
من القوم مفضال ابى على العدى	ہماری قوم میں صاحبان فضیلت وہ لوگ ہیں جو دشمنوں کے غلط رویہ کو برداشت نہیں کرتے
تمكن فى الفرعين مِن آل هاشمٍ	اور ہماری قوم وہ ہے جو ماں اور باپ دونوں طرف سے حضرت ہاشمؑ کی اولاد وآل ہیں۔
امين وحبيب فى العباد مسوم	اللہ کے سارے بندوں میں محمدؐ سب سے زیادہ امانت دار امین اور خدا کے حبیب ہیں۔
نجاتم رب قاهر فى الخواتم	پھر وہ خدا کی طرف سے مہر نبوت کی شناخت کے حامل ہیں۔
يرى الناس بُرهانًا عليه و هيبته	دنیا کے لوگ رسولؐ کی ہیبت اور اُن کے برھان ملاحظہ کررہے ہیں۔اور اُن کی قوم کے
وما جاهل فى قومه مثل عالم	جاہل بھی علما کی مثل ہوتے ہیں۔
نبىٌّ اَتَاهُ الوحى مِن عند ربه	پھر یہ وہ نبیؐ ہیں جن پر خدا کی طرف سے وحی نازل ہوتی ہے۔جو شخص اُن کی نبوت کو مان
ومن قال لَا يقرع بها سن نادم	لے گا، ہرگز کبھی نادم نہ ہوگا۔
لا ينتهون عن الفحشاء	جن فحش کاموں سے منع کیا گیا تھا اُن سے باز نہیں آتے۔ حیلے بہانے کرنا اُن کے
ما امروا والعذر فيهم سبيل غير مامونٍ	یہاں مستقل طور پر جائز ہے۔
اَلا يرون اذل اللّٰه جَمعهم	کیا وہ لوگ یہ نہیں دیکھتے کہ؛عثمان بن مظعون پر غضب ناک ہوئے تھے۔
اِنَّا غضبنا لعثمان بن مظعونٍ	
اذ يلطمون ولا يخشون مقلته	تو اُس کے منہ پر طمانچے اس طرح پڑ رہے تھے کہ اُس کی آنکھوں کا لحاظ ہی نہ کیا جارہا
طعناً درّاكا و ضربًا غير موهون	تھا۔دل نشین طعن کئے جارہے تھے اور بھاری مار ماری جارہی تھی۔
فسوف نجزيهم ان لم امت عجلا	اگر میں جلد نہ مر گیا تو قریش کو اُن کی دشمنی کا بدلہ اُسی پیمانہ سے دوں گا جس سے انہوں
كيلا بكيل جزاء غير مغبون	نے سلوک کیا۔اور میں اس میں گھاٹا اُٹھانے والا نہ ہوں گا۔
اَو ينتهون عن الامر الذى وقفوا	یا پھر وہ اپنی کرتوتوں سے باز آجائیں گے۔اور خود کو ہمارے ہاتھوں میں سونپ کر
فيه يرهنون منا بعد بالدون	اطاعت کے لئے سر جھکالیں گے۔
وتمتع الضيم من ينبغى مضاتنا	گو ہم ظلم سے روکتے ہیں۔لیکن اگر کوئی ہم ہی پر ظلم وستم کرنے لگے تو پھر ہم
بكُل مطرو فى الكف مستون	آزمودہ کار تلواروں سے مدافعت کرتے ہیں جن کی دھار تیز اور تازہ ہوتی ہے۔

و مرهفات كان الملح خالطها
يشقى بها الداء من هام المجانينِ

اور جو جنگی جنون رکھنے والوں کی کھوپڑی سے تمام بدہضمی نکال دیتی ہیں۔

حتّٰی تقرر جال لا حلوم لها
بعدالصعوبة بالاسماح و اللينِ

اور وہ وقت آ جاتا ہے کہ جب بڑے بڑے سخت کوش عاجزی اختیار کر لیتے ہیں۔
اور سختیوں سے گھبرا کر عقلمند بن جاتے ہیں۔

اؤ يُؤمِنُوا بكتاب منزل عجب
عَلَى النبیؐ كموسیٰؑ او كذی نونٍ

یہ بھی کہ وہ اللہ کی طرف، اُس انوکھی کتاب کے نزول پر ایمان لے آئیں۔
جو موسیٰ اور ذی نون علیھما السلام جیسا نبیؐ ہے۔

ياتی بامر جلی غیرذی عوج
كما تبيّن فی آيات ياسِينٍ

وہ نبیؐ حق اور واضح دین لے کر آیا ہے جس میں کوئی خامی اور نقص نہیں ہے۔ جیسا
سورہ یٰسین کی آیات میں کافی وضاحت موجود ہے۔

واللّٰه لَن يصلوا اليک بجمعهم
حتی اوسِد فی التّراب رهينا

اور خدا کی قسم اے رسولؐ، قریش جب تک مجھے سُپرد زمین نہ کر دیں وہ سب مل کر بھی
آپ پر دست درازی نہ کر سکیں گے۔

فاصدع بِاَمرک ماعليک غضاضة
والبشر بذاک و قرمنک عيونا

خدا کا جو حکم ملا ہے آپ اُس پر قائم رہیں اور اُس پر میری بشارت سُنیں اور اپنی اور ہماری
آنکھوں کی ٹھنڈک بن جائیں۔

ودعوتنِی و علمت اِنّک صادق
ولقد صد قت و كنتَ ثم اَمِيْنا

آپؐ نے مجھے دعوتِ اسلام دی جب کہ میں پہلے سے آپؐ کو صادق القول جانتا ہوں۔
یقیناً آپؐ نے تصدیق اسلام کی اور پھر آپؐ امین بھی ثابت ہوئے۔

ولقد علمتُ باَنَّ دين محمدٍؐ
من خير اديان البرية دينا

بالتحقیق میں جانتا ہوں کہ جو دین محمدؐ نے پیش کیا ہے وہ سارے عالم کے مذاہب سے
بڑھ کر ہے۔

وقد كان فی امرا لصحيفة عبرة
متی ما يخبر غائب القوم يَعْجب

بائیکاٹ والے صحیفہ میں جو کمینہ پن کیا گیا تھا اگر وہ کسی غیر موجود قوم کے علم میں
آجائے تو اُسے بہت تعجب ہوگا۔

محی اللّٰه عنها كفر هم وعقوقهم
وما نقموا من ناطق الحق معرب

اللہ نے اُنکی کافرانہ اسکیم کو اُس معاہدہ کے کاغذ سمیت مٹا دیا اور وہ سب منصوبہ خاک
میں ملا دیا جو اُنہوں نے ایک حق گو غیر عرب سے انتقام کیلئے بنایا تھا۔

فاصبح ما قالوا من الامر باطلًا
وَمَن يختلق ما ليس بالحق يكذب

قریش کا فیصلہ آخرکار باطل ہوگیا۔ واضح ہو کہ جو کوئی حق کے خلاف جعلسازی کرے گا
وہ جھوٹ کے غار میں گرے گا۔

اذا جمعت يومًا قريش لمفخر
فعند مناف سرهاو صميمها

اگر یہ قریش کبھی میدان مفاخرت میں جمع ہو کر ہماری خاندانی فضیلت کا تقابل کریں
تو جناب مغیرہؑ عرف عبد مناف بے عیب نکلیں گے۔

واِن حصلت انساب عبد منافها
ففی هاشم اشرافها و قديمها

اور اگر جناب عبد منافؑ کے انساب کا مطالعہ کیا جائے گا تو جناب ہاشمؑ کی اولاد
سارے جہاں سے شریف تر نکلے گی۔

و ان فخرت یومًا فان محمدًا	اور اگر آج اس زمانہ میں فخر کا حق دیکھنا ہوتو سارے عرب میں محمدؐ کریم ترین ہیں۔
ھو المطفٰی مِن سرھا و کریمھا	جن پر ہر ایک فخر ختم ہوتا ہے۔
تداعت قریش غثھا و ثمینھا	قریش نے ہمارے خلاف ہر قسم کے دعوے جاری رکھے مگر انہیں اپنے کسی دعوے میں
علینا فلم تظفر و طاشت حلومھا	کامیابی نصیب نہ ہوئی اور آخر کار اُن کی عقلیں ماری گئیں۔
و کنّا قدیمًا لا نقر ظلامة	ہم تو کسی ظلم اور اندھیر کو پہلے ہی برداشت نہیں کرتے۔ چنانچہ جب بھی قریش اکڑ کر
اذا ما ثنوا صعر الحدود نقیمھا	چلے ہم نے اُنہیں سیدھا کر دیا۔
ونحمی حملھا کل یوم کریھة	ہم ہر نا گوار و دشوار حالت میں قریش کی حمایت وحفاظت کرتے چلے آرہے ہیں اور
ونضرب عن احجارھا من یرومھا	اُن کی طرف سے سنگین دفاع کرتے رہے ہیں۔
بِنَا انتعش العود و الذواء وِانّما	ہم وہ لوگ ہیں جن کیلئے خشک درخت ہرے ہو جاتے ہیں۔ اور ہمارے ہی زیر تربیت وہ
بِاَ کنا فنا تندی و تنحی ارومھا	بنیادی چیزیں ہیں جن سے سرسبزی اور پھولنا پھلنا تعلق رکھتا ہے۔ ہم ہی خدا کا وہ سلسلہ ہیں
	جس سے نشو ونما جنم لیتے ہیں۔

(۷)۔ حضرتِ عمرانؑ ختمِ نبوت اور قیامِ امامت کے ذمہ دار تھے

مشکل کشاؑ کے لاڈلے آپؑ نے سُنا کہ آپؑ کے داداؑ کس حد تک اسلام اور رسولؐ اسلام کے تحفظ اور نفاذ میں کوشاں تھے؟ اور انتقال کے بعد تک کی فکر اور انتظام اپنے ذمہ لے رکھا تھا اور کس قدر اطمینان ویقین کے ساتھ قریش کا حال اور مستقبل بیان فرماتے رہتے تھے۔ ابھی چند روز کے بعد آپؑ خود قریش کے چہرے دیکھنا شروع کرو گے۔ وہ چہرے جن پر دشمنی محمدؐ وآل محمدؐ عیاں ہے، وہ چہرے جن پر اسلام کی نقاب پڑی ہوئی ہے، وہ چہرے جن سے اُنکے قلب میں پوشیدہ انتقام کی تپش نکلتی ہے، وہ چہرے جو حضرت ابو طالبؑ کے قصائد و خطبات سن کر جھلس گئے۔ جنھوں نے تمہارےؑ والد کو پہلا نشانہ بنایا ہے۔ جو ابو طالبؑ کی جگہ حضرت علیؑ اور اُن کی اولادؑ سے بدلہ لینے کی اسکیمیں بنا رہے ہیں۔ اِسلئے کہ تمہارے داداؑ نے حفاظتِ محمدؐ اور فروغ اسلام کیلئے علیؑ وجعفرؑ کو ذمہ داری سونپی تھی اور فرمایا تھا کہ:۔

اِنّ عَلِیًّا و جعفرًا ثقتی	یقیناً مصائب اور ناسازگار زمانہ میں میرے دو بیٹے علیؑ وجعفرؑ قابل اعتماد اور ذمہ دار ہیں۔ قسم
عِندَ ملم الزمانِ والنوب	بخدا نہ میں رسولؐ اللہ کو بے یار و مددگار چھوڑوں گا۔ اور نہ ہی میرے یہ دونوں بیٹے خاندانی معیار
واللّٰہ لَا اخذل النبیؐ وَلَا	کے خلاف اُنؐ کی نصرت سے باز رہیں گے۔ لہٰذا میرے اس اعلان کی تصدیق کے لئے اَے
یخذلہ من بنی ذ و حسب	علیؑ وجعفرؑ تم دونوں اپنے چچازاد بھائی رسوؐل کو بے یار و مددگار نہ چھوڑ دینا۔ ہمارے ماں باپ
لا تخذلا و انصرا ابن عم کما	اُس رسولؐ پر قربان ہو جائیں۔ تم دونوں اُن کی نصرت کا مسلسل ذمہ لینا۔
اخی لا می من بینھم وَابی	

اَے جانِ پدر حسینؑ! تمہارا خاندان روزِ اوّل سے نصرت محمدؐ کے لئے تخلیق کیا گیا ہے۔ دین اسلام کو اقصائے عالم میں روشناس

کرانا اور نعماتِ خداوندی سے تمام مخلوقات اور نوع انسان کو مالا مال کرنا آپؐ کی ذمہ داری ہے۔ آپؐ وہ وقت اپنے سامنے لائیں جب ابھی نہ حضرت آدمؑ کو وجود بخشا گیا تھا۔ نہ دیگر انبیاؑ اور اُمتیں وجود میں آئی تھیں۔ اُس وقت اللہ نے تمام نوع انسان اور انبیاؑ کو عالم ذر میں مخاطب کیا تھا۔ اور تمام اُمتوں سے اُن کے انبیاؑ کے معاملہ میں عہد لیا تھا کہ دیکھو؛

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ٥ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ٥ (آل عمران 82-3/81)

جب میں تمہیں پوری کتاب اور حکمت میں سے تمہارے لئے ضروری ہدایات دے چکوں اور پھر تمہارے پاس ایک ایسا رسوؐل پہنچے جو تمہارے پاس پہنچی ہدایت کی تصدیق کرے تو ضروری ہے کہ تم سب اُس پر ایمان لاؤ اور ضروری ہے کہ تم سب اُسکی نصرت کرو۔ کیا تم ایمان لانے اور اُس کی نصرت کرنے کا اقرار کرتے ہو؟ اُس وقت تمام نے اقرار کیا تھا اور یہ ذمہ داری قبول کر کے خدا کو شاہد بنایا تھا اور یہ فیصلہ ہو گیا تھا کہ جو آنحضرؐت پر ایمان نہ لائے گا یا ایمان تو لائے گا مگر نُصرت نہ کریگا تو وہ فاسقوں میں شمار ہوگا۔ اور نتیجتاً جہنمی ہوگا۔

آپؑ نے عالم انوار میں اور پھر اپنے بزرگوں کے ساتھ برابر دیکھا کہ آپ کا خانوادہؑ اور اُنؐ پر ایمان لانے والے مومنین برابر محمدؐ اور اُن کے اسلام کی نصرت میں اپنی جان لڑاتے رہے، سر دھڑ کی بازیاں لگاتے رہے اور معاندین ومخالفین پر اتمام حجت کرتے رہے۔ اُن سب کے ساتھ خداوند عالم کا قہری انتظام بھی قدم قدم پر مددگار تھا۔ اور وہ سب مامور تھے کہ ہر خطرہ میں خدا سے مدد و نصرت طلب کریں۔ بات بات میں اُن کی مدد کی جاتی رہی اُنہیں کبھی دشمنوں کے ہاتھوں میں بے بس نہ رکھا گیا۔ بات بات پر ملائکہ کی افواج مدد کو پہنچتی رہیں۔ اپنے ناناؐ ہی کو دیکھو کہ اِدھر قریش آنحضرؐت کے خلاف مکر وفریب اور قتل و ناکامی کے منصوبے بناتے تھے۔ اُدھر اللہ قریش کو ناکام کرنے کی قہری اور مکر و کید کی کمر توڑ اسکیم بنا کر اُنہیں ناکام کرتا رہا۔

مگر اَے جانِ عالم آنحضرؐت کے تمکن اور غلبہ کے بعد اللہ کی اسکیم بہت مختلف ہے۔ اللہ چاہتا ہے کہ سرکارِؐ رسالت کے بعد علیؑ و اولادِ علیؑ ایک ایسا حیران کن مظاہرہ کرے کہ ابلیس انگشت بدنداں رہ جائے۔ ملائکہ اور انبیاؑئے ماسبق اور خود خاتم النبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دِل تھام کر رہ جائیں۔ اور قدم قدم پر اللہ اکبر، سبحان اللہ اور ماشاء اللہ کہتے ہوئے تم پر ناز کریں۔ اپنی تمام تکلیفیں بھُول جائیں۔ تمہارے صبر واستقلال وسپردگی کو دیکھ کر تمنا کریں کہ اَے کاش ہم بھی حسینؑ کے ساتھ ہوتے اور عملاً اُس صراط مستقیم پر چلتے جس کی ہمیشہ دعائیں مانگیں اور تمنائیں کیں تاکہ ہم بھی اُس عظیم المرتبہ مقام پر فائز ہوتے جو حسینؑ اور اُن کے انصار کے حصہ میں آیا تھا۔ جہاں ملاءِ اعلیٰ پر اور صفحات کائنات پر آنکھیں نم آلود ہیں، وہیں آپ کے کارناموں کو دیکھنے کا انتظار کیا جا رہا ہے۔ تمام انبیاؑ واوصیاؑ تمہاری سلامتی کے لئے دست بدُعا ہیں۔ کاتب تقدیر اور مالک لوح وقلم ہر محو واثبات پر آمادہ ہے، تمہارے جواب کا انتظار ہو رہا ہے، تمہارے ہونٹوں کی طرف نظریں لگی ہوئی ہیں۔ تم ہنستے ہو تو ساری کائنات ہنستی ہے۔ تمہیں خاموش اور رنجیدہ دیکھ کر دل اُمنڈ آتے ہیں۔ ایک ایسا دِل شکن منظر سامنے سے گزر جاتا ہے جسے دیکھنے کے لئے بھی آپ کا دل گردہ درکار ہے۔ ایک جھلک سے آنکھیں بند ہو جاتی ہیں، دل تڑپ کر بیٹھ

جاتا ہے، رُوح پرواز کر جانا چاہتی ہے۔

(vi)۔ سابقہ ادوار میں انبیاؑ اور آئمہؑ معجزات کے سہارے پر تھے

اے نونہالِؑ گلستانِ زہراؑء آپؑ کے دَور سے پہلے اَدوار میں آپؑ کے آبا واَجداد کی تائید میں اکثر و بیشتر معجزات ظہور پذیر ہوکر ثواب میں سے حصہ بانٹ لیتے تھے۔یعنی مشکل مہم میں اللہ شریک ہوکر آپؑ کے بزرگوں کا مرتبہ تو بڑھا دیتا تھا مگر اُنکے ثواب میں وہ زور نہ رہتا تھا جو بلا معجزہ مہم سر کرنے میں ہونا چاہئے تھا۔لہٰذا آپؑ سے پہلا دَور یہ ثابت کرنے کا دَور تھا کہ دیکھو اللہ کی ساری توجہ اور پوری طاقت انبیاؑ و آئمہ علیھم السلام کے ساتھ ہے۔مگر آپؑ کو اپنے دَور میں یہ ثابت کرنا ہوگا کہ اَب خانوادہ رسولؐ اور انبیاؑ کی ذریتِ طاہرہ خارج سے آنے والے معجزات اور غیبی تائیدات سے آگے بڑھ کر خود بذاتہٖ معجزہ بن گئی ہے۔اُن کا مادی انتظام خود معجزہ ساز ہے۔وہ ہر انسان کو ایسا سبق اور نمونہ دیں گے کہ وہ اپنے مادی جسم سے معجزات دکھائے۔اعمال و افعال سے اس مادی جسم کو رشک نور بنانے میں کوشاں ہو۔خدا کی تائیدات و معجزات اس کے انتظار میں رہیں۔ملائکہ پشت پر حکم کا اور اجازت کا اشتیاق لئے ہوئے ساتھ ساتھ چلیں، وہ مدد کے آرزومند ہوں اور یہ قوانین خداوندی کی اطاعت اور فرماں برداری سے ہر مشکل کو حل کرنا سیکھے۔اور اللہ کی تمام قوتوں کو ساتھ لئے ہر مرحلہ میں کامیاب ہوتا اور مبارکباد دیتا چلا جائے۔

لہٰذا اَے دلبند مرتضیٰؑ! پہلے آپ اپنے والد بزرگوارؑ کے اقدامات کو بچشم خود دیکھیں گے۔پھر اپنے برادرِ عزیز علیہ السلام کے زندگی کے واقعات ملاحظہ فرمائیں گے۔اور اُن بزرگوں کے عملدرآمد میں مادی سامان کی داخلی معجزہ سامانیاں آپؑ کے سامنے آئیں گی۔ پھر آپؑ کا مشکل ترین اور بے پناہ محضر شروع ہوگا۔اور تمام اَوّلین و آخرین کے لئے ایک مثال بن جائے گا اور پوری نوع انسان کی راہنمائی کے لئے قیامت تک کفایت کرے گا۔جس پر ہر مذہب و ملت و ہر مکتب فکر کے لوگ بلا تکلف عمل کرسکیں گے۔لوگ خدا اور انبیاؑ کو مانیں یا نہ مانیں لیکن تمہیں ہر شخص مانے گا۔خراجِ عقیدت پیش کرے گا، تمہارے قدموں کو اپنے آنسوؤں سے دھوئے گا، تمہاری یادگاروں کی راہ میں آنکھیں بچھائے گا، تم سے منسوب چیزوں کے رُوبرو سر جھکائے گا، تمہارے کردار کو سامنے رکھ کر ہر طوفان سے ٹکرا جائے گا، تمہاری قربانیوں کو دیکھ کر فروغ انسانیت کے لئے دنیا کی ہر قیمتی چیز نثار کر کے مسکرائے گا۔اَے فرزند رسولؐ! کیا آپؑ کے لئے اللہ کے یہاں کوئی کمی تھی؟ کیا اللہ معاذ اللہ معجزات دکھاتے دکھاتے تھک گیا تھا؟ کیا آپؑ کو وہ دعا تعلیم نہ کی گئی ہوگی؟ جس کو پڑھنے کے بعد رسولؐ اللہ کو کافر نہ دیکھ سکے؟ کیا آپؑ کو منع کر دیا گیا ہے؟ کہ آپؑ سورۂ فیل نہ پڑھنا؟ جس طرح ابرھہ ایسا بادشاہ تخت سے اُتر کر آپؑ کے دادا عبدالمطلبؑ کے قدموں میں آ بیٹھا تھا۔کیا آپؑ کے زمانہ کا بادشاہ ابرھہ کے مقابلہ میں ایک بُزدل اور نامرد نہ تھا؟ مگر یہ عبدالمطلبؑ تھے اور وہ سرکار دو عالمؐ تھے۔مگر آپؑ اُن دونوں کی تمنا، سارے انبیاؑ کا مقصود و منتہٰی؛ آپؑ راکبِ دوش مصطفیٰؐ اور باعثِ نجات دوسرا؟ جہاں نبوتؐ و رسالت کی انتہا ہے وہاں سے آپؑ کی ابتدا، جہاں قد و قامت رسالتؐ کی بلندی پہنچتی ہے وہاں سے آپؑ کی قامت بلند تر ہے۔آپؑ کی خوشنودی کا مقام یہ ہے کہ اللہ اپنی عبادت کو ملتوی کر دے تاکہ آپؑ وہ عبادت سکھا جائیں جو کائنات کے تمام عابدوں کے لئے مثال بن جائے۔اور آپؑ سے محبت و عقیدت اور آپؑ کی اطاعت رفتہ رفتہ سارے انسانوں کو خدا پرست بنا دے۔

(vii)۔ حضرت عبدالمطلبؑ کی گود میں رسالتؐ نے لوریاں سنی تھیں

اے گناہگاروں کے سہارےؑ! اے فاطمہؑ کے راج دُلارےؑ! اے اللہ کے سب سے پیارے حسینؑ ذرا وہ وقت سامنے لاؤ اور اُس نظارے پر نظر ڈالو جب آج سے ستاون (57) سال پہلے آپؑ کے نانا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیدا ہوئے تھے۔ جب تمہارے دادا عبدالمطلبؑ انہیں لوریاں دے کر اپنے سینے پر سُلایا کرتے تھے۔ اُنہیں بتایا کرتے تھے کہ بیٹے تمہارا وقار بڑھانے کے لئے اللہ نے اصحاب فیل کا وہ حال بنایا تھا کہ ساری دنیا کی اقوام میں ایک تاریخی مثال قائم ہو کر رہ جائے۔ ابرھہ بادشاہ ساٹھ ہزار افواج اور خونخوار کوہ صفت ہاتھیوں کے بے پناہ غول کے ساتھ خانہ کعبہ کو مسمار کرنے اور اُس کے ملبہ سے اپنے ملک میں کعبہ تعمیر کرنے کے خیال سے مکہ آیا تھا۔ اُنہوںؑ نے بتایا کہ جب میں نے اُس طوفان بلا کی اطلاع پائی تو اہل مکہ کو شہر خالی کرنے اور اپنی جانیں بچانے کے لئے پہاڑوں اور دُور دراز علاقوں میں پناہ لینے کا مشورہ دیا۔ لوگ پہلے ہی بھاگ رہے تھے۔ اور میرے مشورے کے بعد مکہ خالی ہو گیا۔ صرف میرے خاندان والے اپنے گھروں میں قدرت خداوندی کا تماشہ دیکھنے کے لئے باقی رہ گئے۔ دعائیں ہو رہی تھیں۔ تمہارا واسطہ دے کر خدا سے التجائیں کی جارہی تھیں کہ فوج نے مکہ سے باہر پڑاؤ ڈالا۔ گردونواح سے تمام اونٹ، بکریاں بھیڑیں، گھوڑے الغرض جو کچھ ملا فوجی پکڑ کر لے گئے۔ ابرھہ کا قاصد مجھے بلانے کے لئے آیا۔ میں بادشاہ کے سامنے پہنچا تو وہ تیزی سے تخت سے اُترا اور میرے قدموں میں آ بیٹھا۔ یہ خدا کی شان تھی، یہ آپؐ کی برکت و وجاہت وصولت تھی۔ بادشاہ نے چاہا کہ میں اُسے واپس پلٹ جانے کے لئے کہوں اور وہ مجھے خوش کرنے کے لئے کعبہ سے تعارض نہ کرے اور ہمارے خاندان پر ایک تاریخی احسان چھوڑ جائے۔ میں نے اُسے بتایا کہ دیکھو یہ کعبہ خانۂ خدا ہے اور اُس کی حفاظت اللہ کی ذمہ داری ہے۔ اگر میں تم سے درخواست کر کے کعبہ کو بچالوں تو یہ حقیقت چھپ کر رہ جائے گی کہ کعبہ کو خدا نے اپنی قدرت سے بچایا تھا۔ کہا یہ جائے گا کہ عبدالمطلبؑ نے منت سماجت کر کے، ہاتھ پیر جوڑ کر بادشاہ کو خوش کر لیا تھا اور اُس نے بطور احسان کعبہ کو چھوڑ دیا تھا۔ اَے بادشاہ سُن کہ یہ میری اور میرے اللہ دونوں کی توہین ہے۔ میں ساری دنیا کو اللہ کی قدرت اور اللہ کی نظر میں اپنی عزت دکھانا چاہتا ہوں۔ اگر تم میری فرمائش پر اصرار ہی کرتے ہو تو جو اُونٹ وغیرہ تمہارے فوجی لے آئے ہیں اُنہیں واپس بھجوا دو۔ اِس سے زیادہ میں کوئی فرمائش نہ کروں گا۔ میں بادشاہ کو حیران چھوڑ کر رخصت ہوا اور فوج کو تیاری کا اور کعبہ کی مسماری کا حکم دیا گیا۔ اُدھر فوج نے بڑھنا شروع کیا اِدھر میں نے کعبہ میں دعا اور خاندان نے آمین شروع کی پھر کیا ہوا؟ آسمانوں میں اندھیرا پھیلا، ابابیل پرندوں نے پُوری فوج پر سنگباری شروع کی، بھگدڑ مچ گئی۔ ہر کنکری نہ صرف پیام اجل تھی بلکہ جس کے لگتی تھی اُسے کچل کر رکھ دیتی تھی۔ بیٹے سورۂ فیل وہ نظارہ پیش کرے گی۔ یہ قریش، یہ اہل مکہ جنہیں ہم نے ہمیشہ خطرات سے محفوظ رکھا، بڑے احسان فراموش ہیں۔ یہ تمہارے ساتھ بھی دغا اور غدر سے پیش آئیں گے۔ اُنہوں نے میرے ساتھ میرے بچپن میں، میری یتیمی پر بھی قریش نے رحم نہ کھایا تھا۔ میرے والد ماجد کے دسترخوان پر پلے ہوئے لوگوں نے مجھ پر ظلم کیا تھا۔ جنہیں ہم خاندانی اخلاق اور دستور کے مطابق چچا کہا کرتے تھے۔ وہ ہماری زمینوں اور کنوؤں پر غاصبانہ قبضہ کر لیتے تھے اور ہمیں ڈانٹ کر بھگا دیتے تھے۔ پُورا شہر خاموش رہتا تھا کوئی مدد کو تیار نہ ہوتا تھا۔ آخر بیٹے میں نے مدینہ میں اپنے خاندان کو خط لکھا۔ میرے ماموں مسلح دستہ کے ساتھ پہنچے اور نوفل سے تلوار کی دھار پر مجھے میری

جائیداد واپس دلائی۔ بیٹے تمہارے لئے بھی وہ وقت مقدر ہے۔ جب تمہیں مکہ چھوڑنا پڑے گا۔ تمہارے قتل کے منصوبے بنیں گے۔ تمہارا یہ مکان گھیر لیا جائے گا۔ آخر کار تمہارا مدینہ والا ننھیالی خاندان تمہیں کامیاب کر دے گا۔ اُن کے ہاتھوں یہ قریش بار بار ذلیل وخوار ہوں گے۔ میں نے تمہاری نصرت کا انتظام کر دیا ہے۔ میں نہ ہوں گا مگر میرے بعد امام زمانہ ابوطالبؑ تمہیں اپنے بچوں سے زیادہ پیار سے رکھیں گے۔ تم پر اور تمہاری تحریک پر قربان ہونے والی ایک خاص نسل تیار کر کے دیں گے۔ اپنی زندگی کے آخری سانس تک آپؑ کی تائیدو نصرت کریں گے۔ ہاں اَے فرزندعلیؑ یہ تھی تمہارےؑ ایک دادؑا کی ایک لوری اور کہانی۔

اب یہ بھی سُن لو کہ تمہارے خاندان میں کوئی کام حکم خدا کے بغیر نہیں کیا جاتا۔ حضرت عبدالمطلبؑ کو داماد بنانے کے لئے شاہان روم وشام اور شیوخ ورؤسائے اقوام اپنی درخواستیں بھیجتے تھے۔ اُن کی بیٹیاں اُن کے وفود کے ہمراہ حضرت عبدالمطلبؑ کی خدمت میں حاضر ہوتی تھیں تاکہ آپؑ اپنی ہمسر لڑکی کو انتخاب کر کے زوجیت کی عزت بخشیں۔ معلوم ہے؟ وہ لوگ یہ کوشش کیوں کرتے تھے؟ تاکہ تمہارے نانا اور تم دونوں اُن کی نسل کی خاتون سے جنم لینے کی عزت بخشو اور وہ ننھیالی رشتہ پر فخر کر سکیں۔ مگر تمہارےؑ خاندان کا عملدرآمد وحی کے بغیر جاری نہیں ہوتا۔ چنانچہ یہ فخر آپؑ کے اپنے خاندان میں رہنا تھا۔ اِس لئے حضرت عبدالمطلبؑ کی شادی بھی اپنے ہم نسب قبیلہ خزرج میں ہوئی۔ یعنی حضرت عبداللہؑ کی والدہ گرامی مدینہ کی تھیں۔ پھر جناب عبداللہؑ کی شادی بھی مدینہ ہی میں کی گئی۔ یعنی آپؑ کے نانا کی والدہ بھی آپؑ کے ہم نسب خزرجی تھیں۔ آپؑ کے ننھیالی قبیلہ کی سب سے بڑی آبادی مدینہ میں ہے۔ حضرت عبدالمطلبؑ کی والدہ گرامی بھی اُسی خاندان اور مدینہ ہی کی تھیں۔ اور عبدالمطلبؑ تو پیدا بھی مدینہ ہی میں ہوئے تھے۔ اور جب آٹھ نو سال کے ہو گئے تو جناب مطلب علیہ السلام اُن حضرت کو مکہ لائے تھے۔ جہاں سرداران قریش نے اُن کی جائیداد پر قبضہ کرتے چلے جانے کی مہم چلا رکھی تھی اور اُسی زمانہ میں یہ دعا مانگی تھی کہ یا اللہ مجھے جلد ایسے اطاعت شعار فرزند عطا فرما کہ جو قریش کے مقابلہ میں میری نصرت کریں۔ اِس مَنّت کے پُورا ہو جانے پر ہی تو جناب عبداللہؑ کو قربان کرنے کا مرحلہ پیش آیا تھا۔ اور آپؑ کو ذبح عظیم تک پہنچانے کے لئے عبداللہ علیہ السلام کو بچالیا گیا تھا تاکہ سرورؐ کائنات پیدا ہوں اور آپؐ سے نسل رسوؐل چلانے کے لئے حضرت عبداللہؑ کو جوانی ہی میں اٹھا لیا گیا تھا تاکہ رسوؐل کا اور کوئی بھائی و بہن نہ ہو۔ پھر رسوؐل اللہ سے پیدا ہونے والی کسی اولاد کو دنیا میں رہنے اور نسل چلانے کا موقع نہیں دیا گیا۔ تاکہ اللہ یہ فرما سکے کہ رسوؐل اللہ کا کوئی بیٹا نہیں ہے۔ اس نفی کے بعد پھر آپؑ دونوں بھائیوں کو قرآن میں بیٹے کہہ کر نسل رسوؐل کا جاری رہنا بتایا۔ اور پھر حکومت وامامت وولایت آپ سے مخصوص کرنے کے لئے امام حسنؑ کی اولاد کو مستثنیٰ کر دیا گیا۔ اور یوں تمہیں پالنے کا مطلب ساری نسل رسوؐل کو پالنا اور پرورش کرنا بن گیا۔ اور یہ عزت ہمیں حاصل ہوئی۔ تمہارا جھولا جھلانا، تمہیں لوریاں دے کر سُلانا ہمارے درجات کی بلندی کا سبب ہے۔

(35/6)۔ نبوت ورسالت وخلافت وحکومت اور امامت اور کتاب وحکمۃ کے مالک

آپؑ کو یاد ہے کہ اللہ نے سُورہ آل عمرانؑ (3/81-82) میں تمام اُمتوں اور تمام انبیا ورُسل علیہم السلام کو اس شرط پر حکمت اور کتاب میں سے حصہ دینے کا وعدہ کیا تھا کہ وہ سب آپؑ پر اور آپؑ کے ماںؑ باپؑ اور ناناؑ پر ایمان لائیں گے اور اُن کی نصرت کرینگے۔

گویا وہ تمام نبوتیں اور رسالتیں تمہید تھیں اُس حقیقی نبوت و رسالت و خلافت و حکومت و امامت کی جو آنحضرتؐ اور آپؐ حضرات کو دی گئی تھی اس بات کی وضاحت فرماتے ہوئے اللہ نے قرآن میں کہا کہ:۔

اَمۡ یَحۡسُدُوۡنَ النَّاسَ عَلٰی مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنۡ فَضۡلِهٖ فَقَدۡ اٰتَیۡنَاۤ اٰلَ اِبۡرٰهِیۡمَ الۡكِتٰبَ وَالۡحِكۡمَةَ وَاٰتَیۡنٰهُمۡ مُّلۡكًا عَظِیۡمًاo (نسآء 4/54)

''کیا یہ قریش ان عطیات پر حسد کرتے ہیں جو اللہ نے اپنے فضل سے ابراہیمؑ کی آلؑ کو عطا کیا ہے۔ یقیناً ہم نے آل ابراہیمؑ کو کتاب اور حکمت دی اور انہیں عظیم ترین حکومت کا مالک بنا رکھا ہے۔''

واقعاتِ کربلا

(مرکزِ انسانیت حصہ دوم)

36۔ منتخب احادیث، مناقب ومعجزات حسین علیہ السلام

(36/1)۔ **پہلی حدیث:** عَنِ الْمُنَاقِب لابن شهر آشوب باسناده عن عبدالرّحمن ابن كثير : ''اِنّ قومًا آتُوا الحسين عليه السلام وقالوا حدثنا بفضائلكم ۔قال: لَا تطيقون واتحاذوا عنّى حتّٰى اشير الى بعضكم فان اطاق؟ سَاُحدّثكم فتباعدوا عنه فكان يتكلّم مع احدهم حتّٰى دَهَشَ وَوَلَهَ وَجَعَلَ يَهِيمُ ولا يجيب احدًا وانصرفوا عنه۔(کتاب اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات صفحہ 157)

''علامہ ابن شہر آشوب اپنی سندات کے ساتھ اپنی کتاب المناقب میں عبدالرحمٰن ابن کثیر سے روایت کرتے ہیں کہ ایک قوم امام حسین علیہ السلام کے پاس آئی اور درخواست کی کہ ہمیں اپنے فضائل سے متعلق حدیثیں سنائیں۔ امامؑ نے فرمایا کہ تم میں ہماری فضیلت کی حدیث سُننے اور برداشت کرنے کی طاقت نہیں۔ اسلئے تم ذرا دُور ہٹ کر بیٹھو، یہاں تک کہ میں تم میں سے کسی ایک کو بطور امتحان الگ سے حدیث سناؤنگا۔ اگر اُس میں برداشت کی طاقت ہوئی تو پھر میں سب کو بلا تکلف احادیث سنانا شروع کردونگا یہ سُن کر وہ لوگ دُور جا کر ٹھہر گئے۔ چنانچہ امامؑ اُن میں سے ایک کیساتھ باتیں کرنے لگے۔ یہاں تک کہ وہ شخص خوف ودہشت میں لرزہ براندام ہوگیا اور اپنے ساتھیوں میں سے کسی سے بات کرنے کے قابل نہ رہا۔ پھر وہ لوگ اسے لے کر چلے گئے۔''

دوسری حدیث: وَقَدْ رَوَى الراوندى باسناده عن عبدالرّحمن ابن كثير عن الصادق عليه السلام قال: آتى الحسين عليه السلام اناس فقالوا: يا اباعبد اللّٰهِ حدّ ثنا بفضلِكُم الّذى جعله اللّٰه لكم ؟ فقال: اِنَّكُمْ لَاتحملونه ولَا تطيقونه ۔ قالوا: بلٰى نحتمل۔ فقال: اِنْ كُنْتُمْ صاقِيْنَ فَلْيَتَنَحَّ اثنان وَاحدث واحدًا فَاِن احتمل حد ثتكم ۔فتحى اثنان وحدث واحدًا فقام طائر العقل فارًّاعلٰى وجهه فكَلّمَهُ صاحباهُ فلم يردّ عليهما جوابًا وانصرفوا۔(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات صفحہ 157)

''علامہ راوندی نے اپنی سندات سے روایت کیا ہے کہ عبدالرحمٰن بن کثیر جناب امام جعفر صادق علیہ السلام کی طرف سے بتاتے ہیں کہ اُنہوں نے فرمایا کہ کچھ لوگ امام حسینؑ کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ یا اباعبداللہ ہمیں اپنے خداداد فضائل میں سے کچھ حدیثیں سُنائیں۔ فرمایا کہ تم ہمارے فضائل کو برداشت کرنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ کہنے لگے کیوں نہیں آپ سنائیں ہم برداشت کریں گے۔ فرمایا کہ اگر تم لوگ چوکنا رہو اور اپنے میں سے دو آدمی الگ کھڑے کردو اور خود بھی دُور ٹھہر و تو میں تم میں سے ایک شخص کو حدیث سناؤں گا۔ اگر اُس نے برداشت کرلیا تو پھر تم سب کو حدیثیں سنادوں گا۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ اور آپ نے ایک شخص کو حدیث سنائی تو اُس کی عقل کے طوطے اُڑ گئے۔ دیوانہ وار حرکتیں کرنے لگا۔ چہرہ کا رنگ اُڑ گیا۔ اُن دونوں ساتھیوں نے اُس سے دریافت حال کیا تو وہ اُن کا جواب بھی نہ دے سکا۔ یہ دیکھ کر سب چلے گئے۔''

تیسری حدیث: قال وبهٰذِهِ الاسنادقال:آتى رَجُل الحسينؑ بن على بن ابى طالب عليهما السلام فقال:حدثنى بفضلكم الذى جعل اللّٰه لكم قال:اِنَّكَ لَنْ تطيق حمله ۔قال:بلٰى حدثنى يابن رسولؐ اللّٰه احتمله فحدثهُ الحسينؑ بحديثٍ فما فرغ الحسين عليه السلام مِن حديثه حتى ابيّض راس الرجل ولحيته وَنَسى الحديث فقال الحسينؑ ادركته رحمة اللّٰه حيث نَسى الحديث۔(ایضاً صفحہ 157)

''مذکورہ سندات کیساتھ کہا ہے کہ امام حسینؑ بن علی بن ابی طالب علیہما السلام کے پاس ایک شخص آیا اور کہا کہ مجھے اُن فضائل میں

سے کچھ سنائیں جو اللہ نے آپ حضرات کو دیئے ہیں۔فرمایا کہ تجھ میں برداشت کی طاقت ہرگز نہیں ہے۔اس نے عرض کیا کیوں نہیں؟ جناب بیان فرما کر دیکھ لیں میں برداشت کرونگا۔ چنانچہ آپ نے اُسے ایک حدیث سنانا شروع کی اور ابھی فارغ نہ ہوئے تھے کہ اُس آدمی کا سر اور داڑھی سفید ہوگئی اور جو سُنا تھا بھول گیا۔آپ نے فرمایا کہ کہئیے کیا حال ہے اور تم تو سن کر بھی بھول گئے۔''

اور راوندی نے یہ بھی کہا ہے کہ:۔

چوتھی حدیث: وقال الراوندی وعن الباقرؑعن ابیہؑ قال صار جماعة مِن الناس بعد الحسنؑ اِلَی الحسینؑ فقالوا ماعندک مِن عجائب ابیک الَّتِیْ کان یَرِیْنَاهَا؟ فقال هل تعرفون ابِیْ؟ قُلْنَا کُلُّنَا نعرفه۔ فَرَفَعَ سَتْرًا عَلَی الْبَابِ بَیْتٍ ثُمَّ قَالَ: اُنظروا اِلَی الْبَیْتِ فَنَظَرْنا فَاِذَا امیر المؤمنینؑ۔ فَقُلْنَا نَشْهَدُ اَنّکَ خلیفة اللّٰهِ حَقًّا وَاَنّکَ ولده۔(کتاب اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات صفحہ 158-157)

''راوندی نے امام محمّدؑ باقر سے اور انہوں نے امام زین العابدّینؑ کی طرف سے بیان کیا کہ لوگوں کی ایک جماعت امام حسنؑ کے انتقال کے بعد امام حسین علیہ السلام کے پاس آئی اور کہا کہ آپ کے پاس اپنے والد کے عجائبات میں سے کیا کچھ ہے؟ تاکہ ہم جو آپکے والد سے دیکھا کرتے تھے۔آپ سے بھی دیکھیں اور آپ کو برحق امام سمجھیں؟ حسینؑ نے پوچھا کہ کیا تم علیؑ کو پہچانتے ہو؟ انہوں نے کہا کہ ہم بخوبی پہچانتے ہیں۔آپ نے کمرے کے دروازے کا پردہ اُٹھا کر کہا کہ اب ذرا گھر کے اندر دیکھو۔ہم نے دیکھا کہ حضرت علیؑ موجود ہیں۔تب ہم نے کہا کہ بیشک آپ اللہ کے خلیفہ اور اپنے باپ کے ویسے ہی بیٹے ہیں جیسے وہ تھے۔''

پانچویں حدیث: وَفِیْ خبر الصفّار بِاَسْنَادِهٖ عن الحسن العسکری قال سُئِلَ الحسینؑ بن علیؑ بعد مضی امیر المؤمنین فقال لاصحابه اتعرفون امیرؑ المؤمنین؟ اذارَاَیْتُمُوْهُ ؟ قالوا نَعَمْ ۔ قال: فارفعوا هٰذَا السّتر ،فرفعوه فاذا هم به لَا ینکرون۔ فقال لهم امیر المؤمنین اَنَّهُ یموت مَن مات مِنَّاوَلَیْسَ بمیّتٍ وَّیَبْقَی مَن بقی مِنَّاحُجّة علیکم۔(ایضاً صفحہ 158)

''اور جناب صفّار کی حدیث میں اُن ہی کے سند سے امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا کہ امام حسینؑ سے حضرت علیؑ کے انتقال کے بعد پوچھا گیا تو آپ نے اپنے صحابہ سے کہا کہ اگر تم علیؑ کو اب دیکھو تو کیا پہچان لوگے؟ انہوں نے کہا کہ جی ہاں۔فرمایا کہ ذرا یہ پردہ اٹھا کر دیکھو۔ پردہ ہٹایا تو امیر المومنینؑ اس طرح سامنے تھے کہ انکار کی گنجائش نہ تھی۔حضرت علیؑ نے اُن سے فرمایا کہ ہم میں سے جو بھی مرتا ہے وہ مرتا تو ہے مگر میّت رہتا نہیں۔اور جو باقی رہتا ہے وہ اس لئے کہ تم پر حجّۃ قائم رہے۔''

قارئین یہ سمجھ لیں کہ جو علما اِن احادیث میں بیان شدہ حقائق کو نہیں مانتے وہ شیعوں کے علما نہیں بلکہ تخریب کیلئے شیعوں میں ملے ہوئے ہیں

(36/2)۔ تمام مخلوق آئمہ اہلبیتؑ کی اطاعت کرتی ہے

علامہ کشی رضی اللہ عنہ اپنی سند کے ساتھ لکھتے ہیں کہ:۔

چھٹی حدیث: روی الکشی باسنادهٖ عن حمران ابن اعین انّه قال سمعت الصادق علیه السلام یحدث عن آبائهٖ علیهم السلام اِنَّ رجلًا کَانَ مِن شیعة امیر المؤمنین مریضًا شدیدالحمّی فعاده الحسینؑ بن علیؑ فَلَمّا دخل مِن باب الدار رحلت الحمّی عن الرجل فقال له قدرضیتُ بِمَا اُوتیتم حقًّا حقًّا والحمّی تهرب منکم۔ فقال له: و اللّٰه ما خَلَقَ اللّٰه خَلْقًا اِلَّا وقدامَرَ بالطاعةِ لَنَا۔

''حمران بن اَعیُن نے بیان کیا کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کواپنے آبا کی حدیث بیان کرتے سُنا ہے۔فرماتے تھے کہ ایک شخص علیؑ مرتضٰی کے شیعوں میں سے شدید بخار میں مبتلا تھا۔امام حسین علیہ السلام اس کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے۔ جب گھر کے دروازے میں قدم رکھا تو اس شیعہ کا بخار رخصت ہوگیا۔اُس شخص نے کہا کہ میں آپ حضرات کے مقام بزرگ پر اور جو کچھ اللہ کی طرف سے آپ کو دیا گیا ہے اُس پر صدق دل سے راضی ہوں۔آپ سے بخار بھی ڈر کر بھاگ جاتا ہے۔فرمایا کہ اللہ نے کوئی بھی ایسی چیز پیدا نہیں کی کہ جسے ہماری اطاعت کا حکم نہ دیا ہو۔'' (کتاب اکسیر العبادات فی اسرار الشّھادات صفحہ 158)

(36/3)۔ ماضی و مستقبل کے عالم بعید ترین مقامات کو دکھانے والےؑ

ساتویں حدیث: وَعن کتاب عیون المعجزات المنسوب اِلٰی السید المرتضٰی عن الحسین علیہ السلام فی حدیثٍ اَنَّہٗ قَالَ لِاُم سلمۃؑ اِنّی خارج واِنّی مقتول لَا محالۃ فَاَیْنَ المفرّمِن القدر المقد ورواِنّی لَاَعْرَفُ الیوم وَالساعۃ التی اقتل فیھا والبقعۃ الَّتی ادفن فیھا۔ یااُمّ سلمۃؑ فَاِنْ اَحْبَبَتِ اَنْ اُرِیْکِ مضجعی ومضجع اصحابی ومکانی فَعَلْتُ۔ قالت قد شِئْتُ فتکلّم باسم الاعظم فانخفضتِ الارض حتّٰی اَرَآءَ ھَاالمکان والمضجع ومَدّیَدَہٗ وتناول مِن التربۃ واعطاھا وھٰذا الحدیث فی کتابہ الھدایۃ لبعض الاصحاب عَلٰی نَمَطٍ یقارب مَامرّ حیث ورد فیہ اَنَّ ام سلمۃؑ نَھَتْہُ عَن الخروج اِلَی العراق وخوّفَتْہُ من القتل فقال یاامہ انا اِنْ لم اَذْھَبُ الیوم ذَھَبْتُ غدًا واِن لم اَذْھَبُ غدًا ذَھَبْتُ بعد غدا۔اِنّی لَاَعْرَفُ الیوم الذی اقتل فیہ والساعۃ الَّتی اقتل فیھا والحفرۃ الَّتی اَدْفَنُ فیھا۔فان اَحْبَبْتِ اَنْ اُرِیْکِ مصرعی ومکانی ؟ قَالَتْ قد شِئْتُ فمازاد عَلٰی اَنْ قال بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم فَخَفَضَتْ لہ الارض حتّٰی اَرَاھَامکانہ ومکان اصحابہ ثُمَّ قال انّی مقتول یوم عاشوراء یوم السبت۔'' (ایضاً صفحہ 158)

''کتاب عیون المعجزات میں جو سید مرتضٰی سے منسوب ہے۔لکھا ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے جناب ام سلمہ علیہا السلام سے کہا کہ اللہ کے فیصلوں اور طے شدہ احکام سے بچ نکلنا ناممکن ہے۔یقیناً مجھے مدینہ سے نکلنا ہے، بلا رکاوٹ قتل ہونا ہے۔میں اُس روز اور اُس گھڑی سے کما حقہ واقف ہوں جس میں مجھے قتل ہونا ہے اور میں زمین کے اس ٹکڑے سے واقف ہوں جس میں مجھے دفن ہونا ہے۔اے ام سلمہؓ اگر تم چاہو تو میں تمہیں اپنے اور اپنے صحابہ کے لیٹنے کی جگہ اور اپنا ٹھکانہ دکھا سکتا ہوں۔ام سلمہؓ نے کہا کہ میں دیکھنا چاہتی ہوں دکھا دیں۔ پس آپ نے اسم اعظم پڑھا اور فوراً زمین نے اطاعت کی یہاں تک کہ زمین نے اطاعت کی اور ام سلمہؑ کو وہ مقام اور دفن ہونے وقتل ہونے کی جگہ دکھائی دینے لگیں اور آپؑ نے اپنا ہاتھ بڑھا کر تربت کی جگہ سے مٹی اٹھالی اور ام سلمہؑ کو دیدی اور یہی حدیث اُنکی کتاب ھدایت میں بعض اپنے صحابہ کیلئے قریب قریب اسی طرح لکھی ہے جیسا کہ آپ نے پڑھی۔اُس میں واقعہ یوں بیان ہوا ہے۔کہ ام سلمہؓ نے آپ کو عراق جانے سے روکا تھا اور قتل ہونے سے ڈرانا چاہا تھا۔اُس وقت آپ نے فرمایا تھا کہ اے اماں اگر میں آج نہ گیا تو کل جاؤں گا اور اگر کل نہ گیا تو پرسوں جاؤں گا۔مجھے تو یہ بھی معلوم ہے کہ وہ دن اور وقت کون سا ہے جب میں قتل کیا جاؤں گا۔اور میں اپنے دفن ہونے کے گڑھے پر بھی مطلع ہوں۔اگر تم پسند کرو کہ میں تمہیں اپنی قبر اور مکان دکھا دوں تو میں تیار ہوں۔ام سلمہؓ نے دیکھنے کی خواہش کی تو اتنی دیر بھی نہ گزری تھی۔جتنی دیر میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے ہیں کہ زمین انکے روبرو مطیع ہوگئی اور آپ نے امّ سلمہ کو اپنے اور اپنے صحابہ کے دفن ہونے وغیرہ کے مقامات دکھا دیئے۔پھر فرمایا کہ میں دس محرم کے روز قتل کیا جاؤں گا جو سبت کا دن ہوتا ہے۔''

(36/4)۔ سُوکھے درختوں کا ہَرا بھَرا ہو کر پھلوں سے لد جانا اور سفید بالوں کا سیاہ ہو جانا

آٹھویں حدیث: وَعَنْ کتاب مناقب فاطمة علیها السلام باسناد صاحبه عَنْ محمد الکنانی عن الصادق علیه السلام فی حدیث اِنّ الحسین علیه السلام کان فی سفر فنزل تحت نخلة یابسة فدعا فاخضرّت النخلة وَاورقت وحملت رطبًا فصدوااِلٰی النخلة فاخذوامنها ماکفاهم۔ وَ باسناده عن حبابة الوالبیة عن الحسین علیه السلام فی حدیثٍ اَنَّهَا دَخَلَتُ علیه بعدما اَبیّض شعرراسها فدعا له فاسودّ شعرها۔(ایضاً صفحہ 158)

''کتاب مناقب فاطمہ علیہا السلام میں مصنف نے اپنی سند سے محمد الکنانی کی زبانی بیان کیا کہ امام جعفر صادقؑ کی حدیث ہے کہ حسین علیہ السلام نے ایک سفر میں ایک سوکھی ہوئی کھجور کے نیچے قیام فرمایا۔ اور دعا فرمائی تو درخت سرسبز وشاداب ہوگیا اور پھلوں سے لد گیا۔ لوگوں نے اپنی اپنی ضرورت کے مطابق کھجوریں توڑ لیں۔ انہوں ہی نے اپنی سند سے بیان کیا ہے کہ حبابہ امام حسین علیہ السلام کے پاس اس حال میں حاضر ہوئیں کہ اُن کے سر کے بال سفید ہو چکے تھے۔ اور دعا کے لئے عرض کیا تو اُن کے بال سیاہ ہو گئے۔''

(36/5)۔ گمشدہ اُونٹوں کا مقام بتانا اور محفوظ واپس ملنا

نویں حدیث: الراوندی فی کتابه وعلی بن یونس فی الصراط المستقیم وقد روی السید ولی بن نعمة اللّٰه الرضوی فی کتاب مجمع البحرین فی مناقب السبطین نقلًا عن کتاب البهجة عن ابن عباس ان اعرابیًا قال للحسینؑ یابن رسولؐ اللّٰه فقدت ناقتی و لم یکن عندی غیرها؛وکَانَ اَبُوکَ یرشد الضالة ویبلغ المفقود اِلٰی صاحبه ،فقال له الحسینؑ اذهب الی الموضع الفلانی تجد ناقتک واقفة وفی مواجهها ذئب اسودٌ۔ قال فتوجه الاعرابی اِلی الموضع ثُمَّ رجع فقال للحسینؑ یابن سولؐ اللّٰه وجدتُ ناقتی فی الموضع الفلان۔(اکسیر العبادات فی اسرار الشهادات صفحہ 159)

''ابن عباس نے بیان کیا کہ ایک دیہاتی عرب امام حسینؑ کے پاس آیا اور کہا کہ میری اونٹنی گم ہوگئی ہے۔ اور اسکے علاوہ میرے پاس اور ہے نہیں اور آپکے والد صاحب گم شدہ چیزوں کا پتہ بتا دیا کرتے تھے اور کھوئی ہوئی چیزیں اُنکے مالکوں کو واپس دلا دیا کرتے تھے۔ اُس سے حسین علیہ السلام نے کہا کہ تم فلاں مقام پر جاؤ۔ وہاں تمہیں تمہاری اونٹنی کھڑی ہوئی ملے گی اور ایک کالا بھیڑیا اس کی نگرانی کر رہا ہوگا۔ ابن عباس نے کہا کہ وہ اس مقام پر پہنچا پھر واپس آ کر بیان کیا کہ اے فرزند رسولؐ مجھے میری اونٹنی اُس جگہ سے مل گئی ہے۔''

دسویں حدیث: قدروی بعض اصحابنا فی کتاب اسمه تحفة فی الکلام قال روی عبد اللّٰه بن عباس قال کنتُ جالسًا عند الحسیٔن فَجَاءَ ُه اعرابی وقال ضلَّ بعیری ولیس لی غیره وانت ابن رسولؐ اللّٰه ارشدنی الیه فقال اذهب الٰی موضع کذا وکذا فانه فیه وفی مقابله اَسَدٌ فذهب اِلیٰ ذلک الموضع فوجده کماقال علیه السلام ۔(ایضاً صفحہ 159)

کتاب تحفۃ فی الکلام میں بعض اصحاب نے روایت کی ہے کہ: ''ابن عباس ہی نے یہ بھی بیان کیا کہ میں حسین علیہ السلام کے پاس بیٹھا تھا کہ ایک دیہاتی عرب آ کر اُن سے کہنے لگا کہ میرا اونٹ کھو گیا ہے۔ اور میرے پاس دوسرا نہیں ہے۔ آپ رسولؐ اللہ کے فرزند ہیں۔ مجھے اس کا پتہ بتایئے۔ فرمایا کہ تمہارا اونٹ ایسے اور اس قسم کے مقام پر ملے گا وہاں ایک شیر اس کی حفاظت کر رہا ہے۔ چنانچہ وہ گیا اور جیسا کہ حسینؑ نے بتایا تھا۔ وہیں سے اس کا اُونٹ مل گیا۔''

قارئین نوٹ کریں کہ بھیڑیئے اور شیر کی موجودگی میں اوّل تو جانور کا محفوظ رہنا ممکن نہ تھا۔ پھر کسی آدمی کا اُن کے مقابلہ پر جانا مشکل تھا۔ لہٰذا یہ ماننا پڑے گا کہ امامؑ کے حکم سے اُن گمشدہ اونٹوں کی نگرانی کرائی گئی تھی۔ اس لئے بھیڑیئے اور شیر نے کچھ نہ کہا اور مالکوں کے پہنچنے پر غائب ہو گئے۔ ضروری نہیں کہ روایت میں ہر بات ہجے کر کے بتائی جائے۔ جیسا کہ ہم اپنے مخاطب کے سمجھنے کی ہر بات چھوڑتے چلے جاتے ہیں۔ یہ نہیں کہتے کہ تُو پہلے کھڑا ہو۔ پھر دونوں ٹانگوں سے چل۔ آنکھوں سے دیکھ کر چلنا، کہیں ٹھوکر نہ کھانا، کودتا ہوا نہ چلنا، اپنا منہ یا کوئی اور چیز نہ توڑ لینا، کسی چیز پر نہ چڑھ جانا، فلاں فلاں راستے سے گزر کر صراحی کے پاس جانا۔ گلاس کو صاف کرنا، پانی سے بھرنا، پانی کی صفائی رنگ و بُو دیکھنا اور پانی کا گلاس لے کر واپس آنا اور مجھے دینا۔ اس لئے کہ ہر شخص یہ تمام باتیں سمجھتا اور جانتا ہے۔ بس یہ کہہ دینا کافی ہے کہ ''مجھے پانی پلاؤ''۔ یہ تین الفاظ اتنی لمبی بکواس سے بچا لیتے ہیں۔ بشرطیکہ ہمارا مخاطب ہماری زبان سمجھتا ہو، عاقل و بالغ ہو، پانی کے اور گلاس کے مقام سے واقف ہو۔ جتنی زیادہ جہالت ہوگی اتنی ہی زیادہ وضاحت کرنا پڑے گی۔ اور ایمان و یقین بھی ہماری مدد کرتے ہیں۔ بے ایمان ہر واضح بات کو بھی اُلٹا کر لیا کرتا ہے۔

(36/6)۔ جبرائیلؑ و میکائیلؑ و اسرافیلؑ ماںؑ بیٹےؑ کی خدمت کرتے تھے

گیارہویں حدیث: وَعَنِ المنتخب عن ام ایمن قالت مضیتُ ذات یوم الٰی منزل سَتِّی (یعنی سیّدتی) و مولاتی فاطمةً الزھراء لِاَ زُوْرھا فی منزلھا و کان یومًا حَارًّا مِن ایام الصَّیف فاتیتُ الٰی باب دارھا وِاذَا اَنَا بالباب مغلّق فنظرتُ من شَقوق البابِ فاذابفاطمّةً الزھراء نائِمة عندالرّحی ورایت الرّحی تطحن البرّ وھی تد ور من غیریدٍ تدیرھا؛ والمھد ایضًا اِلٰی جانبھا والحسینً نائم والمھد یھتزّ ولم ارمن یھزّہ ورایتُ کفّ یسبح اللّٰہ قریبا مِن کفّ فاطمةً الزھراء ۔ قالت ام ایمن فَتَعَجّبْتُ مِنْ ذٰلِکَ فترکتھا ومضیتُ اِلٰی سیدی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسَلّمتُ علیہ وقلتُ لَہٗ یارسوؐل اللّٰہ اِنّی رایتُ عجبًا،مارایتُ مثلہ قطّ ابدًا فقال لِی مَارَاَیْتِ یااُمّ ایمن ؟ فقلتُ انّی قصدت منزل سَتّی فاطمةً الزھراء اِلٰی آخرالقصّةِ۔ فقال یا اُمّ اَیمن اَعْلمی اَنَّ فاطمةً الزھراء صائمة وَھِیَ مُتَعبّة جائِعة والزمان قیظ فالقی اللّٰہ علیھا النعاس فنامت فسبحان مَن لَاینام ،فوکّل اللّٰہ ملک یطحن عنھا قوت عیالھا وارسل اللّٰہ مَلَکًا آخر یھزّ مھد الحسین علیہ السلام لِئَلّایزعَجْھَا مِن نومھا، وَوَکَّلَ اللّٰہ مَلَکًاآخر یسبح اللّٰہ تعالٰی قریبًا مِن کَفِّ فاطمةً یکون ثواب تسبیحہ لَھَالِاَنَّ فاطمةً لَمْ تفترعن ذکراللّٰہ تعالٰی ۔ فاذا نامت جعل اللّٰہ ثواب تسبیحہ لفاطمةً فقلتُ یارسوؐل اللّٰہ اخبرنی مَن یکون الطحان ومَن الذی یَھَزُّ مَھْدَ الحسین علیہ السلام ویناغیہ وَمَن المسبّح ؟ فتبسم ضاحکًا وقال اَمَّاالطحان فجبرئیل وامّا الذی یھزّ مھد الحسینً فھو میکائیل وامّا الملک المسبح فھواسرافیل۔''(ایضاً صفحہ 160-159)

''کتاب منتخب میں ام ایمن کہتی ہیں کہ ایک دن میں اپنی سیدہ اور اپنی ملکہ فاطمہؑ زہراء کے گھر گئی تا کہ وہاں اُنکی زیارت کروں گی۔ وہ گرمی کا دن تھا۔ سخت گرمی پڑ رہی تھی۔ جب میں مکان کے دروازے پر پہنچی تو دروازہ بند تھا۔ چنانچہ میں نے دروازہ کی جھریوں میں سے اندر جھانکا۔ دیکھتی کیا ہوں کہ چکی کے پاس فاطمہؑ تو سو رہی ہیں اور چکی آٹا پیس رہی ہے اور وہ بلا کسی ہاتھ کے گھوم رہی ہے اور پہلو میں حسینؑ کا جھولا ہے اور حسینؑ بھی سو رہے ہیں اور جھولا برابر حرکت میں ہے۔ اور جھولا جھلانے والا کوئی دکھائی نہیں دیتا۔ اور دیکھتی کیا ہوں کہ فاطمہؑ کے ہاتھ کے پاس ہی ایک ہاتھ تسبیح کو باقاعدگی سے گھمانے میں مصروف ہے۔ ام ایمن کہتی ہیں کہ مجھے یہ سب کچھ دیکھ کر تعجب ہوا۔ میں

وہاں سے ہٹی اور اپنے سردار مولا رسولؐ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ سلام کر کے میں نے کہا کہ یا رسولؐ اللہ میں نے کچھ ایسی عجیب باتیں دیکھی ہیں کہ آج سے پہلے نہ دیکھی تھیں نہ سُنی تھیں۔ آپؐ نے پوچھا کہ اے ام ایمن تم نے کیا دیکھ لیا ہے؟ میں نے بتایا کہ میرا قصد تھا کہ میں اپنی سیدہ فاطمہؑ زہراء کی زیارت کروں میں وہاں گئی۔ الغرض میں نے سارا قصہ بیان کر دیا۔ فرمایا کہ اے اُم ایمن تمہیں معلوم ہونا چاہئے فاطمہؑ روزہ سے ہے۔ بھوک کا غلبہ اور چکی پیسنے اور خانہ داری کی محنت سے ناتواں اور تھکی ہوئی تھیں۔ اور یہ وقت بھی آسودہ حال لوگوں کے سونے کا ہوتا ہے۔ چنانچہ اللہ نے اُن پر نیند کا غلبہ کر دیا اور وہ چکی پیستے پیستے اُونگھیں اور سو گئیں۔ اسکے ساتھ ہی ساتھ اللہ نے ایک فرشتہ کو تعینات کر دیا کہ وہ فاطمہؑ کے گھر والوں کیلئے آٹا پیسے۔ اور ایک فرشتے کو حسینؑ کا جھولا جھلانے پر لگا دیا تا کہ آرام سے سوتے رہیں اور اپنی والدہ کو بے چین نہ کریں۔ پھر چونکہ فاطمہؑ ذکر خداوندی میں وقفہ نہیں ہونے دیتیں، اسلئے ایک فرشتہ اُن کی جگہ تسبیح پڑھنے پر متعین کر دیا گیا تا کہ جب تک فاطمہؑ سوتی رہیں اُنکی تسبیح کا ثواب برابر ملتا رہے۔ ام ایمن نے عرض کیا کہ حضورؐ مجھے یہ بھی بتا دیں کہ چکّی پیسنے والا کون سا فرشتہ ہے۔ اور جھولا جھلانے اور لوری دینے والا کون ہے اور تسبیح کون سا فرشتہ پڑھتا ہے۔ آپؐ مسکرائے اور ہنس کر فرمایا کہ وہ جو آٹا پیستا ہے وہ جبرائیلؑ ہے۔ حسینؑ کا جھولا جھلانے والا میکائیلؑ ہے۔ اور فاطمہؑ کی جگہ تسبیح پڑھنے والا اسرافیلؑ ہے۔''

بارہویں حدیث: وعَنِ المناقب جآء الحدیث اَنَّ جبرئیل نَزَلَ یَوْمًا فَوَجَدَ الزهرآء نائمة والحسینؑ قلق علٰی عادة الاطفال مع امهاتهم فَقَعَدَ جبرئیل یَلْهِیْه عن البکاءِ حتّٰی استیقظت فاعلمها رسوؐل اللّٰه بذٰلِک۔ (ایضاً صفحہ 160)

''کتاب المناقب میں حدیث ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ جناب جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے تو دیکھا کہ جناب فاطمہ زہراء علیہا السلام سوگئی ہیں اور امام حسین علیہ السلام بچوں کی عادت ظاہر کرنے کے لئے ماں کی توجہ چاہتے ہیں۔ جبرائیلؑ یہ دیکھ کر رک کے اور حسینؑ کو بہلاتے رہے۔ یہاں تک کہ سیدہ سلام اللہ علیہا خود بیدار ہوگئیں۔ اس واقعہ کو بی بیؑ نے رسولؐ اللہ کو سنایا۔''

قارئین یہاں رک کر ایک بات سنیں اور ہمیشہ یاد رکھیں کہ ہر وہ روایت قابل قبول نہیں ہے جس میں سخاوت کی آڑ میں اُن حضرات کے پاس مال و دولت کا موجود ہونا ثابت ہوتا ہو۔ اس لئے کہ دوسری طرف حکومت وقت یہ دکھانا چاہتی ہے کہ اہلبیتؑ کو معاویہ وغیرہ وظیفہ دیتے تھے۔ اس قسم کی روایات حکومت کی مشینری نے گھڑوائیں اور شیعہ مجتہدین نے بلا تکلف شیعہ کتابوں میں لکھیں۔ اہلبیتؑ پر کھُلی تہمت لگانا تو ممکن نہ تھا۔ لیکن سخاوت و شجاعت و صبر و ضبط و خشوع و خضوع میں لپیٹ لپیٹ کر سینکڑوں روایات تیار کرائی گئیں اور ناسمجھ اور بھولے لوگوں کو فریب دیا گیا۔ کتاب اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات ایک زبردست اور حقیقی شیعہ عالم آقا دربندی کی ہے۔ مگر آپ مجتہدین کے ساتھ رہے، اُن ہی کا تیار کیا ہوا نصاب پڑھا اور تحریک تشیّع اور نظام اجتہاد کی پالیسیوں سے ناواقف رہے۔ اس لئے فضائل کی تعداد بڑھانے کے لئے ایسی روایات بھی قبول کر لیں۔ مثلاً ایک شخص نے مدح و ثنا کا قصیدہ پڑھا (معاذ اللہ) حسینؑ بہت خوش ہوئے۔ خادم سے پوچھا کہ حجاز سے آئے ہوئے مال میں سے کتنا باقی ہے؟ اُس نے بتایا کہ چار ہزار دینار موجود ہیں۔ فرمایا کہ لاؤ۔ یہ شخص اس مال کا سب سے بڑا حقدار ہے۔ پھر وہ چار ہزار دینار اُس کو بڑی عاجزی اور معذرت کے ساتھ دے دیئے۔ سوچیئے کہ جس گھر میں فاقہ رہتا ہو، جن کی محبت کی بنا پر لاکھوں شیعوں کو کہیں ملازمت اور روزگار نہ ملتا ہو، جو زندگی سے تنگ کر کے چھوڑ دیئے گئے ہوں۔

جہاں چاروں طرف فقراومساکین کا ہجوم ہو وہاں سخاوت کی آڑ میں یہ اسراف ہضم کرادیا گیا۔اوراسی قسم کی سینکڑوں روایات ہمارے لٹریچر میں پہنچادی گئی ہیں۔مگر یہ سب ہماری قدیم کتابوں میں نہیں ہے۔چوتھی صدی کے بعد شیعہ مجتہدین کے زیرسایہ یہ اسکیم پروان چڑھی۔(تفصیلات ہماری باقی تصنیفات میں دیکھیں)۔اوراُن ہی حکومتوں کے تیار کردہ فضائل کوفضائل سمجھ کر یا نا سمجھی سے اپنی تصنیفات میں جگہ دی۔اورساتھ ہی اُن حقیقی فضائل محمدؐ وآل محمدؐ پرناک بھوں چڑھانا شروع کیا جواُن کی عقلی رسائی سے ارفع واعلیٰ تھے۔اورہماری قدیم اورمستند،اصول کافی ایسی،کتابوں میں برابر چلے آرہے تھے۔یعنی حقیقی فضائل کا انکاراوردشمن محاذ کے نقلی فضائل پراصرار ہوتا چلا آیا۔جن فضائل ومراتب کواورجن اختیارات اورخداداد قدرتوں کودشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ پسند نہیں کرتے اُنکی چندمثالیں ملاحظہ فرمالیں۔

(36/7)۔ امام حسن علیہ السلام کے لاتعداد فضائل ومعجزات پر چند نمونے

قدذکر الشیخ العاملی نقلا عن کتاب صاحب مناقب فا طمةً وولدھا باسنادہ عن الاعمش عن ابراھیم عن منصور قال: رَاَیۡتُ الحسن بن علی بن ابی طالب علیھم السلام وقدخرج مع قومٍ یستسقون، فقال للناس اَیُّماا حب الیکم اَلۡمَطُرُاَمِ الۡبَردَامِ اللُّؤلُؤ؟ فقالُوۡا یابن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ والہٖ مااَحۡبَبۡتَ ۔ فقال عَلٰی اَنۡ لایُؤخذ احد منکم لدینار شیئًا فاتا ھم بالثلث، وَرَاَئۡینَاہ یاخذالکواکب من السمآء ثُمَّ یثبھا فتطیر کاالعصا فیرالی مواضعھا وعنہ عن ابن موسٰی عن قبیصة قال کنت مع الحسنؑ بن علّی وھُوَ صائم ونحن نَسِیۡرُ معہ الی الشام ولیس معہ زاد و لاماء ولا شیء الّا ما ھو علیہ راکبًا ۔ فَلَمَّا اَنۡ غَابَ الشفق وصلّی العشاء فتحت ابواب السمآء وعَلّقت فیہ القنادیل ونزلت الملائکة ومعھم الموآئد والفواکہ وطسوس واباریق ونحن سبعون رَجُلًا فناکل عن کل حاروبارد حتی امتلأنا وامتلأ ثم رفعت علٰی ھیئتھا لم تنقص (الحدیث)۔اکسیرالعبادات واسرارالشھادات۔صفحہ 288)

''جناب الشیخ العاملی نے کتاب مناقب فاطمہؑ سے اپنی سندات کے ساتھ نقل کیا ہے کہ اعمش نے ابراہیم سے اوراُنہوں نے منصور سے روایت کیااورکہا کہ میں نے امام حسن بن علی بن ابی طالب علیہم السلام کو دیکھا کہ وہ بارش طلب کرنے والی ایک قوم کے ساتھ باہر تشریف لائے اورلوگوں سے کہا کہ یہ بتاؤ تمہیں بارش یاسردی یا موتیوں میں سے کون سی ایک چیز پسند ہے؟ تاکہ اللہ سے وہی چیز تمہیں دلوادوں؟ لوگوں نے عرض کیا اے فرزندرسولؐ ہمیں وہی کچھ پسند ہے جوحضور کو پسند ہو۔اس پرفرمایا کہ مجھے یہ پسند ہے کہ تمہاری دنیاوی ضروریات میں سے جوکوئی،کوئی ایک چیز بھی نہیں مانگتا اُسے تینوں چیزیں دی جاتی ہیں۔ہم نے دیکھا کہ امام حسن علیہ السلام آسمان سے ستاروں کو پکڑ رہے تھے اوراُن کودوبارہ اُن کی جگہ پر قائم کررہے تھے اورستارے اپنے مقام سے چڑیوں کی طرح ادھرادھراُڑ رہے تھے۔''

دوسری حدیث۔اورمذکورہ بالا کتاب ہی میں موسیٰ کے بیٹے نے قبیصہ سے روایت کیا ہے۔اُس نے کہا کہ میں امام حسن علیہ السلام کے ساتھ تھا۔جب کہ آپ روزہ سے تھے۔اورہم ملک شام کی طرف چلے جارہے تھے۔امامؑ کے ساتھ کوئی زادراہ نہ تھا،نہ کھانا تھا نہ پانی تھا۔بس سواری کے علاوہ اُن کے پاس اورکوئی چیز نہ تھی۔جب آسمان سے سرخی یعنی شفق غائب ہوگئی اورآپ نے عشا کی نماز پڑھ لی۔توآسمان کے دروازے کھل گئے۔اورروشنی کی قندیلیں لٹکنے لگیں۔ملائکہ کا نزول شروع ہوا۔ بہت سے دسترخواں (مائدہ) اورپھلوں کا نزول ہوا۔پانی کے لبریز برتن اورلوٹے فراہم ہوگئے۔ہم ستر آدمی تھے۔سب نے

ہر چیز کھائی، یہاں تک کہ ہم سیر ہو گئے ۔ اور تمام ٹھنڈی اور گرم چیزوں سے لطف اندوز ہوئے۔ امام حسنؑ نے بھی سیر ہو کر کھایا۔ اُس کے بعد وہ تمام نعمتیں اپنی اسی حالت میں اُوپر اُٹھیں اور چلی گئیں اور اُن میں کوئی کمی واقع نہ ہوئی۔''

یہ ہے محمد و آلِ محمد صلوٰۃ اللہ علیہم کے مالک کون ومکان اور سرور کائنات ہونے کا ثبوت اور یہ ہیں وہ خداداد قدرتیں اور اختیارات جن کی وجہ سے اُمت کی کثرت انہیں اپنی نجات کا وسیلہ اور مشکل کشا سمجھتی ہے اور چند ابلیسی گروہ کے علما امت کو مشرک قرار دیتے ہیں۔ اور سُنئے کتاب مذکور کے حوالہ سے لکھتے ہیں کہ:۔

وقد ذكر صاحب الكتاب المذكور عن سويد الارزق عن سعد بن منقذ قال: رايتُ الحسن بن علی علیهما السلام بمكّة وهويتكلم بكلام وقد رفع البيت اوقال حوله فتعجّبنا منه فكُنّا نحدث ونصدق حتّٰی راييناه فی المسجد الاعظم بالكوفة فحدثناه يابن رسول اللّٰه صلی اللّٰه عليه واله اَلَسْتُ فَعَلْتُ كَذَاوكَذَا ؟ فقال لوشئتُ تحوّلت مسجدكم فی خريقة وهُوَملتقی النهر ين الفرات ونهرالاعلی فقلنا اَفْعَلُ فَفَعَل ذلک ثُمَّ رَدَّهُ فَكُنَّا نَصَدَّقُ بعد ذٰلک بالكوفة بمعجزاته وباسناده عن ابراهيم بن كثير قال رايت الحسن بن علی علیهما السلام و قداستسقی مآءً فابطی ٔعليه فاستخرج من سارية المسجد مآء فشرب منه فسقی اصحابه۔ ثُمَّ قال لوشئتُ يسقيكم لَبُنًاوعسلًا فقلنا فا سقنا لبنًا وعسلًا من سارية المسجد مقابل الروضة لّتی فيها فاطمّة۔

(ایضاً کتاب اکسیر العبادات۔ صفحہ 289-288)

''کتاب مذکور کے مصنف نے سوید الارزق سے اور سعد بن منقذ سے روایت لکھی ہے ۔ اس نے کہا کہ میں نے حسن بن علی علیہما السلام کو دیکھا کہ وہ ایک خاص کلام پڑھ رہے ہیں ۔ مکہ میں اُنہوں نے خانہ کعبہ کو بلند کر دیا (یا یہ کہا کہ خانہ کعبہ کے گردونواح کو بلند کیا) تو ہمیں بہت تعجب ہوا۔ ہم اس واقعہ کو بیان تو کرتے تھے۔ مگر ہمیں یقین نہ آیا تھا۔ یہاں تک کہ ہم نے انہیں کوفہ کی بڑی مسجد میں دیکھا اور یاد دلایا کہ اے فرزند رسولؐ آپ نے ہمارے سامنے ایسا ایسا کر کے نہ دکھایا تھا۔ فرمایا ہاں ہاں اگر میں چاہوں تو تمہاری اس مسجد کو ہواؤں میں پھینک دوں کہ وہ نہر فرات یا بڑی نہر میں گری ہوئی ملے ۔ ہم نے کہا کہ ذرا کر کے دکھایئے۔ آپ نے ویسا ہی کیا اور پھر اُسے اس کے سابقہ مقام پر رکھ دیا۔ اُس روز سے ہم نے حسنؑ بن علیؑ کے معجزات کی تصدیق شروع کی۔'' ...... ''اور اُن ہی کی سندات سے ابراہیم بن کثیر کی روایت لکھی ہے۔ جس نے کہا کہ میں نے حسنؑ بن علیؑ کو دیکھا کہ اُنہوں نے پانی طلب کیا لیکن پانی آنے میں دیر ہو گئی تو آپؑ نے مسجد کے ستون سے پانی جاری کر دیا۔ خود پیا اور اُن کے صحابہؓ نے پیا۔ اور فرمایا کہ اگر میں چاہوں تو تمہیں اسی طرح دُودھ اور شہد جاری کر کے پلا سکتا ہوں ۔ عرض کیا گیا کہ حضورؑ ایسا کر کے دکھائیں ۔ آپ نے شہد اور دودھ جاری کر کے پلا دیا۔ اور یہ وہ ستون تھا جو اُس روضہ کی طرف ہے جس میں فاطمہؑ دفن ہیں۔''

37۔ عزاداری حسین علیہ السلام

(37/1)۔ دُکھی انسانیت کا قبلۂ مُراد

عزاداریٔ محمدؐ (آلؑ ان میں داخل ہے) ایک ایسا مادی یا محسوس قابلِ عمل نظام تھا (اور ہے) کہ جس سے بنی نوع انسان کے قلوب فتح کیے گئے۔ جس نے ظلم واستبداد کی عمارتیں تہ وبالا کرڈالیں۔ آزادیٔ ضمیر وروح کا ایک ایسا انقلاب برپا کیا جو مختلف صورتوں میں ساری دنیا میں پھیل گیا۔ دانشمندانِ بنی نوعِ انسان نے اس نظام کے اصولوں سے طرح طرح کے محاذِ آزادی قائم کیے۔ مختلف مگر مقصد سے مطابق نام رکھے۔ مظلوم کی حمایت، ظالم کی فنا، وقارِ انسانیت کی بلندی، بے مایہ وبے چارے انسانوں کو اقوامِ عالم کے دوش بدوش پہنچانا۔ مستورات کو اُن کا صحیح مقام فراہم کرنا، بچوں کی پرورش پر خاص توجہ دینا، ایسے بوڑھے، ایسے جوان اور مستورات تیار کرنا جیسے معرکۂ کربلا میں پیش کیے گئے تھے۔ الغرض ایک قوم وجود میں لانا جو طاغوتی طاقتوں کے بالمقابل حیثیت سے کامیاب ہو، جو میدانِ کارزار کے لیے اپنا خون چھڑک کر مسکرا سکے جو اپنے حسین اور عزیز جسم کو قیمہ کی صورت میں اس طرح اُچھالے کہ نام نہاد مقدس لوگ لرز اُٹھیں، آنکھیں بند کرلیں اور اپنے لباس وپوشاک بچانے کے لیے ہٹ کر کھڑے ہوں۔

یہ ایک قہری نظام یا تاریخی جبر تھا کہ ہمہ قسمی مخالفت کی گئی۔ دن رات سینکڑوں محبانِ نظام کو صدیوں تک تہہ تیغ کیا گیا، ہاتھ پیر کاٹے گئے۔ سوشل بائیکاٹ ہی نہیں رہا بلکہ صدیوں تک ڈھونڈ ڈھونڈ کراس نظام کے ممبروں کو قتل کیا جاتا رہا۔ باپ اپنے بچوں اوراہلیہ سے اپنا صحیح تعارف کرانے سے ڈرتے تھے۔ اِس سب کے باوجود وہ قوم واقعہ کربلا کی خون آمیز مٹی سے پیدا ہوگئی۔ آسمان کی آنکھوں نے اُن بہادروں کو دیکھا ہے۔ جو مقیّد ومحصُور ہونے کے باوجود سینکڑوں کی تعداد میں کربلا پہنچے۔ اور قبرِ مظلوم کے چاروں طرف حلقہ بنایا۔ تلواریں میان سے کھینچ لیں۔ شدّتِ انفعال، حالتِ مجبوری اس زمین کیلئے مزید خون کی ضرورت اور ایک خاطی نظامِ قربانی کی بنیاد رکھنے کیلئے ہاتھ پوری لمبائی تک بلند ہوئے، جائز وناجائز کی پُراسرار پابندیوں سے اُوپر اُٹھے اور آناً فاناً اپنی اپنی تلواریں اپنے سینوں کے پار ہوگئیں۔ مسلسل ایک محسوس قیامت جاری رہی۔ اور خدا کے فضل سے ایسے دلیر وجانفروش لوگوں کی ایک قوم مسلسل موجود ہے اور یہ عزاداری محمدؐ وآلِ محمدؐ اُن کی فِدا کارانہ محبت وکردار کی وجہ سے زندہ ہے۔ اس قوم کے جذبۂ محبت نے تنکوں کے تعزیوں پر، ایک نقلی علم پر، ایک کرائے کے گھوڑے پر محمدؐ وآلِ محمدؐ اور شہدائےؑ بنی نوع انسان کے ارواح مقدسہ کو تشریف لانے پر آمادہ کیا۔ گھوڑا کسی بے ادبی کی بنا پر بگڑا، ماتم اور زنجیر زنی میں شدت پیدا ہوتے ہی سر جھکالیا، معلوم ہوا کہ سرکار تشریف فرما ہیں۔ بے اولاد، اندھے، محتاج اور طرح طرح کے مصائب میں مبتلا انسان اُنہی کے جذبہ قربانی کے صدقہ میں بامراد ہوتے رہے۔ اِس استفادہ میں مذہب وملت کی شرط نہ تھی۔ یہود واہلِ ہنُود الغرض تمام بامراد لوگوں کیلئے یہ نظامِ عزاداری ایک قبلۂ مراد بن گیا۔ ہندو، انگریز اور مہاراجہ ننگے پیر چلتے تھے، لاکھوں روپیہ ہر سال اس عزاداری پر خرچ کرتے تھے۔ حد ہوگئی کہ تبرک مسلمانوں سے تیار کراتے تھے اور اُن ہی سے مٹھائی وغیرہ تقسیم کراتے تھے۔ جو ساری دنیا کو معہ مسلمانوں کے ناپاک قرار دیتے تھے۔ وہ اس دربار میں اپنا ناپاک ہونا بلاتکلف تسلیم کرتے تھے۔ (اقتباس۔ دکھی انسانیت کا قبلہ مُراد۔ عزاداری شہدآئے کربلا۔ احسن)

(37/2)۔ روایات وحکایات وسامانِ عزا

ذَکَـرَہُ الشیـخ عبدالحسین الاعثم فی قصیدته وَھِیَ اِنَّ رَجُلًا مِن سکّان بعض بلادالھند کان ذا تقویٰ وورع ومُحِبّالآلِ اللّٰہِ وَاھلُ بیـت رسـوٓله وکان ذااموال کثیر ۃ وثرو ۃوفیر ۃ وکـان دَابَـہٗ فـی کُـلِّ عـامٍ مـن شهـرالـمحرم نَصَبَ مجلس عزآء واقامة مأدبّة ذکـرمـصـائـب آلِّ اھـل الـکسَّـآء وکـان یـحضر فی مجلسه القرّآء الرَّثاۃ وکان یبذل لهم اموٓلا کثیرتۃً لاجل ذکرھم المصائب فیـجتـمـع فی مکان وسیع له الخلق کثیروں فیبکون وینخبون ویجزعون علٰی اھلبیت علیهم السلام وکان یبسط الموایدِ ویطعم الـفقرآء والمساکین بل کُلٌّ مَنْ یحضر فی مجلس العزآء الاطعمة الطیبة فی الاوانی النفیسة وکان بفرش فرشًا ثمینة وکان ھذا الاطعـام مـنه فی اللّیل والنّهار وبالجملة کان یصرف خیراموالہ واکثرھا فی اقامة مجلس العزآء۔ فَاِذَا انقضت العشرۃ من شهر مـحـرم کـان یـعـطـی الـفـرش الـمـفـروشة الـفـقـراء والـمساکین وکان فَعَلَ ذٰلکَ عنده فی کُلّ سنةٍ فی شهر المحرم من قبیل الامـورالـمحتومة الَّتِی یحب الوفآء بها ۔وقـد اتـفـق فـی عام مِنَ الا عوام اِنَّ والی ذلک البلد قدعبرمع جمع مِن خدمه وحشمه وجـلاوزتـه عـن السَّـکّة الَّتی کانت دارذلک الرجل فیها وکان ذلک العبور عنها فی یوم مِن ایّامٍ اقامة العزاء۔ وقدسمع ذلک الوالی الاصوات مع ضجّة قد علت وضوضاء قد رجّت بهاالارض رجًّا۔ فقال لِخُدامه اخبرونی ماھذه الصیحة والضجّةِ والبکاء والنیاحة واین ذا وفی بیت من یکون ھذاالاجتما ع الکثیر مِن الخلق ؟ قالوافی ھذاالبیت وھو بیت الرافضی مِنَ الرَّفْضَةِ ودابه فی کُـلّ سـنة اقـامة الـعزا عَلٰی مقتول کربلا فامر باحضاره مکتوفًا فَلَمَّا احضرعنده سبّه وشتمه اَوَّلًا ثُمَّ قال لخدّامه اضربوہ بِالسَّیَاط فهـاجـت السَّیَـاط عـلیه ثُمَّ قال انهبوا الاموال منه وسلبوا ثیابه وھٰکذا البسه وثیاب جمیع عبیده وخدّامه ونسائه واطفاله وجمیع من یاوی الیه۔ ففعلوا ماامروا به فصار ذلک الرجل الصالح مَنْھُوْبًا محقّرًامهانًا حتّٰی اِنَّهٗ لَمْ یبق عنده مایسره ویقیه من الحرّالبرد فـمضت علیه ایام تلک السنة فلما اقبل شهر المحرم فی العام الآتی وتذکرما قدفات منه ومَا مَضَی بدت زفرات قلبه وبکی وَاَنَّ اَنِیْـنًـا کـادَاَنْ یـنـصـد ع عـنه الصفا وکانت عنده زوجة صالحة فقالت له ماھٰذِہ الزفرات والبکاء والاَنین والصَیاح أَ ذٰلِک لِاَجل مـافـاتَ مِـنْـک الاموال والجاہ والجلال والعزّۃ والمنال ؟ فقال لها ماحرّقة قلبی وبکائی اِ لَّا علٰی فوت اقامة عَزَآء سیدُ الشهدآء علیه السلام مِنِّیْ۔فقالت لاتحزن بَلِ اسْتَبْشِر بِاَنَّ لَنَا وَلَدًافَخُذْہُ واذھب به اِلٰی بعض بَلادِ الھِنْد مِن النواحی البعیدة وقُل للناس اَنَّ ھٰذَا عَبْدٌ لِیْ فَبِعْه ھُنَاک فآت بثمنه حَتّٰی نصرفه فی عشرۃ المحرم فجزاھا خیرًا فاستبشر الرجل وسرّوحَمِدَا للّٰه تعالٰی وشَکَرَلَهٗ۔ فَلَمَّا دَخَلَ وَلَدِھُمَا۔ قَصَّالَهُ القِصّة۔ قال افدی نفسی ابن محمدٍّ المصطفٰی وابن علیٍّ مرتضٰی وابن فاطمة الزھرا علیهم السلام ۔ فاخذ ذٰلک الرجل بیده ولده فی صبیحة یوم وسَارَ به قاصدًا بلدًا بعیدًا عن بلده فلما آتی اقرب القری والبلاد من بلده رَاَیٰ فتیً جلیًلا عظیمًا مُهِیْبًا جمیلا وقداضاء نُور جبهته الافاق ۔ فـقال له ذٰلِکَ الفتٰی اَیْنَ مضیّک وَمَا الَّذی ترید بِهٰذَا الغلام ؟ فقال اَبیعه فـقـال بِـکَـمْ تَبِیْعه فقال بِکذا فاعطاہ ذلک الفتی ماذکرہ مِن غیر توقف ومما کسة۔ فَـلَـمَّا اخذ الرجل الثمن رکض واسرع اِلٰی بـلـده فرحًا مسرورًا فلما استقرّ فی منزله کان یتحدث لزوجته بما جری فبینما ھما یتحدثان ویفرحان فاذا بالولد قداَتا ھما فقالا لَهٗ۔ھَل فررت من المشتری ؟ قال لا ۔ فقالا مَا ذاامرک ؟ فقال لابیه ۔اَنَّکَ لَـمّا اَخَذْتَ الثمن وسِرتَ وغَبتَّ عَنْ نظری خنقتنی العبرة۔ فقال لِیْ ذلک الفتی المشتری لماذاتبکی یاغلام ؟ قلتُ لفراق سیدی فانّه کان یربّیْ ویحسن اِلٰی غایة الاحسان ۔ فقال لِیْ مـااَنْـتَ بـعَبْـدٍ لذٰالِکَ البایع بَلْ انت وَلْدُہٗ ؟ فقلت مَن انت یاسیدی؟ فقال انا الذی فَعَلَ ابوک مَافَعَلَ لِا جل اقامة عزآئی انا

الغریب المشرد انا الذی قتلونی عطشانًا من غیرجرمٍ اَقَرّ اللّٰہ عینیک لا تضطرب ولا تخزن اِنّی اَرَدُّکَ فی ھذا لآن فی اسرع الخطی اِلٰی ابویک فاذا حضرت عندھما فقل لھما اَنَّ المال الذی فَاتَ منکم سیرحبہ الوالی الیکم ویزیدکم من البرّوا الاحسان والرفد والعطاء ۔فبینما ھم یتحدثونَ اذطَرَقَ طَارِق الباب قائِلاً لِلرَّجُلِ الصالح اجب الآن والی البلاد فَلَمّا حضرعند الوالی عَظّمَہٗ وبَجَلَّہٗ وقال معتذرًا اجعلنی من حلّ فَاِنّی قداذیتُکَ فاعطاہ جمیع مااخذمنہ وزادلہ برّہ واحسانہ وقال اَیُّھا الرجل الصالح ابذل جدّک وجھدک فی اقامۃ عزاء الامام علیہ السلام فانّی اوصلک بالعطاءِ فی کُلّ عامٍ بعشرۃ الاف دراھم وانّی قداستبصرت وتشیّعت مع اھلی واقربائی وکل من یاوی اِلَیَّ فَاِنَّہٗ قَدْ اَتَانِیَ الامامؑ المظلوم العطشان روحی لہ الفداء وقال لِیْ اَ تُؤذی مَن یقیم عزائی وتھیّئُہ وتاخذ منہ امو الہ وعبیدہ واملاکہ فَرَدَّ کُلّ ذٰلک الیہ والتمس منہ اَنْ یسمح علیک ویعفوعنک و اِلّا امر الارض بان تخسف بِک وباموالک فعَجِّل فی طلب الرجل قبل اَنْ ینزل الیک البلاء ۔ثمَّ قال فھا اَنَا استغفرت اللّٰہ تعالٰی تُبتُ اِلَیْہِ وَاھتدیتُ بھدایت الامام علیہ السلام اِلیٰ صراط المستقیم والحمدللّٰہِ رب العالمین۔ (اکسیرالعبادات صفحہ 336-335)

علامہ الشیخ عبدالحسین اعثم اپنے قصیدہ میں بیان کرتے ہیں کہ ہندوستان کے کسی شہر میں ایک شخص بڑا ہی متقی اور پرہیزگار اورمحبّ آل اللہ ومُحبّ اہلبیتؑ رسوؐل تھا۔ بڑا ہی مالدار اور صاحب دولت وثروت تھا۔ اسکا طریقہ یہ تھا کہ مجالس عزا اور مصائب اہلبیتؑ کی شاندار محفلیں قائم رکھتا تھا۔ اوراُس کی مجالس میں قرآن کے قاری اور ذاکر اور مرثیہ خوان کثرت سے شریک ہوا کرتے تھے۔ اوروہ بڑی کشادہ دلی سے محمدؐ وآل محمدؐ کے فضائل ومصائب بیان کرنے والوں پرروپیہ خرچ کیا کرتا تھا اوراس کے ایک وسیع مکان میں لوگوں کا بہت بڑا اجتماع ہوا کرتا تھا۔ جہاں اہلبیتؑ کے مصائب پرلوگ گریہ وزاری اور آہ ونالہ اور بےقراری سے پرسہ دیتے تھے۔ وہ ضرورتمندوں کی حاجتوں کے پورا کرنے میں ہمیشہ تائید کرتا اورغربا وفقرا اور مساکین کے طعام واکرام میں مصروف رہتا تھا۔ اور جولوگ مجالس عزا میں شرکت کرتے تھے۔ اُن کیلئے بہترین کھانے، عمدہ برتنوں اور قیام کا انتظام رکھتا تھا۔ مجالس کیلئے قیمتی فرش وفروش فراہم رکھتا تھا۔ اوردن رات محبانِ آلِ محمدؐ کی خدمت میں لگا رہتا تھا۔ الغرض اپنے اموال کا بہترین اورزیادہ حصہ قیام عزاداری پرصرف کرتا تھا اور جب محرم کا عشرہ ختم ہوتا تھا تو تمام فرش وفروش اور سامان غربا اور مساکین کو دے دیتا تھا۔ یہ عزاداری کا اہتمام کرنا اس کیلئے اُن ہی لازمی کاموں میں سے تھا جوزندگی کے باقی پروگرام میں ضروری ہوتے ہیں اور جن کو بجالانا اشد ضروری ہوا کرتا ہے۔ چنانچہ وہ وفا شعاری کے ساتھ عزاداری کی رسومات بجالایا کرتا تھا۔ آخرکاراُن ہی برسوں میں سے ایک برس یہ اتفاق ہوا کہ اُس شہر کا حاکم مع اپنے نوکروں، چاکروں، سپاہیوں اورمشیروں کے اُس راہ سے گزرا جس پراُس عزادار کا مکان تھا۔ اور یہ دن اُن ہی ایام میں سے تھا جن میں برابر عزاداری برپا رہا کرتی تھی۔ چنانچہ اُس نے آہ وبکا کی بلند آوازیں سُنیں اور مصائب سن کر محبان محمدؐ وآل محمدؐ کی چیخیں اور فریادیں جوزمین کو ہلا رہی تھیں۔ اُسکے کانوں میں یہ شوروغوغا پہنچا تو اُس نے اپنے خادموں سے کہا کہ مجھے بتاؤ یہ کیا ہورہا ہے؟ یہ کیسی فریادیں ہیں (صَیحہ) یہ شوروغل (ضجّہ) کہاں بلند ہے؟ یہ رونا پیٹنا یہ نوحہ کیوں ہے؟ کس کے گھر میں ہے؟ اُسے بتایا گیا کہ یہاں رافضیوں میں کا ایک رافضی رہتا ہے۔ اُس کا عملدرآمد یہ ہے کہ ہرسال کربلا کے مقتولوںؑ کی عزاداری قائم کرتا ہے۔ حاکم نے حکم دیا کہ اُس رافضی کو حاضر کیا جائے۔ جب اس کی مشکیں باندھ کر پیش کیا گیا۔ تو حاکم نے اُسے گالیاں دِیں، طعن وطنز کیا۔ پھرحکم دیا کہ اُسے کوڑے مارے جائیں۔ اُس کا مال

واسباب چھین لیا جائے ۔ چنانچہ اس عزادار کو کوڑوں سے پیٹا گیا۔لیکن اُس نے عزاداری چھوڑنے کا اقرار نہ کیا تو اس کا مال واسباب ضبط کرلیا گیا، اس کے خادم چھین لئے گئے ۔اُس کے اور اس کے بچوں کے، بیوی کے اور تمام متعلقین کے کپڑے تک لوٹ لئے گئے ۔اُسے بالکل محتاج کردیا گیا۔ چنانچہ وہ نیک شخص بُری طرح ذلیل وخوار کردیا گیا۔ ہر ممکن توہین کی گئی۔اُس کے پاس کوئی ایسی چیز باقی نہ چھوڑی جس سے وہ آرام وراحت پاسکے۔اس کے اور اس کے اہل وعیال کے پاس سردی اور گرمی سے بچنے کا بھی کوئی سامان نہ چھوڑا۔ بڑی مصیبتوں سے یہ عزادار خاندان دن بسر کررہا تھا کہ پھر ماہ محرم قریب آ پہنچا۔ یہ صدمہ اب پوری طرح اُبھرآیا۔آنکھوں کے سامنے عزاداری کے وہ نظارے پھر گئے۔ وہ ماتم کا سماں، وہ عزاداران مظلوم کا ہجوم، وہ دن رات مومنین کی خدمت اور خاطر تواضع، وہ مرثیہ خوانوں اور ذاکروں کا آنا اور دل بھر کے فضائل ومصائب بیان کرنا۔ ہائے افسوس اب میں کیا کروں گا۔دل بھرآیا رونے کی صدا اور چیخیں بلند ہوگئیں ۔مگراس کے پاس ایک بہت بڑی دولت ابھی باقی تھی ۔ برابر کی غمگسار وعزادارِ فاطمۃ الزہراء، سوگوار اور اُس کی غربت میں رفیقہ حیات ۔اس نے رونے کی آواز سُنی دوڑی آئی اور رونے کا سبب پوچھا اور کہا کہ کیا یہ بے قراری اور چیخیں اس لئے ہیں کہ ہمارا مال ودولت وعزت وجاہ وجلال چھن گیا ہے؟ شوہر نے کہا نہیں یہ بات نہیں ۔ بلکہ محرم سر پر آ گیا ہے ہم بے دست وپا اور قلاش ہو چکے ہیں ۔ میرا دل بیٹھا جارہا ہے۔ میں اس لئے بے قرار ہوا جارہا ہوں کہ ہم اس دفعہ عزائے مظلومؑ برپا نہ کرسکیں گے ۔سوگوار زوجہ نے کہا کہ یہ بات ہے تو غم نہ کرو بلکہ خوش ہوجاؤ کہ ہم یہ موقعہ پاسکے کہ حضرت فاطمہؑ اور اُن کے لالؑ کے حضور اپنا بچہ پیش کرسکیں ۔سنو آپ میرے لاڈلے بچہ کو کہیں دور دراز شہر میں لے جاؤ اور اُسے اپنا غلام کہہ کر فروخت کردو۔اُس کی قیمت سے ہم امام مظلوم علیہ السلام کی عزاداری کا انتظام کریں گے۔ مولاؑ ہماری مدد کرنے والے ہیں۔ وہ شخص اپنی زوجہ کی یہ ہمت افزا تقریر سُن کر واقعی خوش ہوگیا۔اسے دعائیں دیں۔ اِسی اثنا میں اُن کا چہیتا بچہ آ گیا۔ دونوں نے صورتِ حال بیان کی ۔ بچہ نے نہایت خندہ پیشانی سے کہا کہ امی جان میں خود کو رسولؐ اللہ اور علیؑ مرتضٰی اور فاطمۃ الزہراء علیھم السلام کے بیٹے امام مظلومؑ کا فدیہ مقرر کرتا ہوں ۔آپ مجھے بخوشی میری خوشی سے بیچ ڈالیں ۔عزاداری کو جاری رکھیں میں جہاں بھی ہوں گا آپ کی اور عزاداری کی بقا اور سلامتی کی دعا کرتا رہوں گا۔اگلے روز دونوں باپ بیٹا سفر پر روانہ ہوگئے اور کسی دُور سے دُور شہر کے ارادے سے چلتے جارہے تھے۔ جب اپنے شہر سے قریب ترین شہر میں داخل ہونے والے تھے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ ایک حَسین وجمیل وعظیم وپُر جلال جوان سامنے ہے ۔جس کی پیشانی کا نور چاروں طرف پھیل رہا ہے۔اُس پُر ہیبت نوجوان نے پوچھا کہ تم نے کہاں جانے کا ارادہ کیا ہے؟ اور اس لڑکے کے لئے تمہارا کیا ارادہ ہے؟ باپ نے جواب دیا کہ میں اُسے فروخت کرنا چاہتا ہوں۔ جوان نے پوچھا کہ تم اُس کی کتنی قیمت چاہتے ہو؟ اُس نے ایک معقول رقم بتائی تو جوان نے بلا قیمت کم کرائے بلا توقف ادا کردی۔اور اس طرح باپ اپنے بیٹے کی محبت قربان کرکے امامؑ کی عزاداری کے لئے تیز گامی سے واپس لوٹا۔مکان پر آکر اپنی زوجہ کو اس قربانی کا قصہ سُنا ہی رہا تھا کہ اُن کا بچہ بھی واپس آ گیا۔اُسے دیکھتے ہی دونوں نے یک زبان ہوکر کہا کہ کیا تم خریدار سے بچ کر بھاگ آئے ہو؟ بچہ نے مسکرا کر کہا کہ ہرگز نہیں ۔ میں بھاگنے والا نہیں تھا۔ بلکہ جب آپ قیمت لے کر چلے میں برابر آپ کو دیکھتا رہا۔ جب آپ میری نگاہوں سے غائب ہوگئے میری آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے ۔میری آواز گلے میں سے گھٹی گھٹی نکلنے لگی

تو بزرگوار جوان نے پوچھا کہ تم اس قدر بے قرار کیوں ہوگئے؟ میں نے سنبھل کر کہا کہ وہ شخص میرے ساتھ بڑی محبت بڑے پیار اور بہت احسان وکرم سے پیش آیا کرتا تھا۔ اُس کی جدائی میں بے چین ہوگیا تھا۔ اُس جوان نے کہا کہ تم یقیناً اُس کے بیٹے ہو غلام نہیں ہو۔ میں نے دریافت کیا حضور آپ کون ہیں؟ فرمایا کہ میں وہی ہوں جس کے لئے تمہارے والد نے وہ کچھ کیا جو ایک باپ سے ممکن نہ تھا۔ میں ہی وہ مظلوم شہید ہوں جسے پیاسا قتل کیا گیا جبکہ میں بے جرم وخطا تھا۔ میرے بچوں کو میرے سامنے ذبح کیا گیا۔ میرے عزیز واقربا کو پیاسا قتل کیا گیا۔ ہماری مستورات کو لوٹا گیا۔ ہمارے خیموں کو آگ لگا دی گئی۔ خیر میں تمہیں جلد تمہارے والدین کے پاس بھیجتا ہوں۔ اُن کے نام اپنا خط دیتا ہوں۔ جب تم اُن کے پاس پہنچو تو اُن سے کہنا کہ تمہارے شہر کا حاکم تمہارا تمام ضبط شدہ مال واپس دے گا اور عمدہ سلوک کرے گا۔ احسان واعزاز وداد ودہش سے پیش آئے گا۔

وہ اس گفتگو میں مصروف ہی تھے کہ کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا اور آواز دے کر کہا کہ تم فوراً حاکم کے پاس پہنچو۔ چنانچہ وہ مومن جب حاکم کے پاس حاضر ہوا اس نے بڑی تعظیم وتکریم کا سلوک کیا اور معذرت خواہ ہوا۔ اور درخواست کی کہ بھائی مجھ سے درگزر کر کے مجھے آزادی عطا کر، میں نے تمہیں بہت تکلیف پہنچائی ہے۔ اسکے بعد جو کچھ ضبط کیا گیا تھا سب واپس دیا۔ اور اُسکے ساتھ بہت احسان اور سلوک سے پیش آیا اور کہا کہ اے نیک انسان تم قیام عزاداری اور اہتمام مہمانداری اور مجالس وجلوس میں پوری پوری آزادی سے جدّ وجہد کرو۔ میں بھی دس ہزار درہم ہر سال اس نیک کام کے لئے تمہیں نذر کیا کروں گا۔ حقیقت یہ ہے کہ میری آنکھیں کھل گئیں۔ اس حادثہ نے مجھے صراط مستقیم پر پہنچا دیا اور میں نے مع اپنے اہل وعیال اور متعلقین کے مذہب حقہ اختیار کرلیا۔ بھائی امام حسین علیہ السلام میرے پاس تشریف لائے تھے۔ اور فرمایا تھا کہ تم نے ایسے مومن کو؛ اذیت دی، اُسے تباہ کر دیا، اس کا تمام اثاثہ چھین لیا، اُسکی تمام املاک وجائیداد ضبط کرلی جو میری عزاداری قائم کرتا تھا۔ جو میرا اور میرے بچوں کا دنیا سے تعارف کراتا تھا۔ جو ہماری بھوک اور پیاس کو یاد دلانے کیلئے غربا ومساکین کی بھوک اور غربت دور کرتا تھا۔ جو ظالموں سے نفرت کرنا اور مظلوم کی حمایت انسانوں کو سکھاتا تھا۔ فوراً اس کا چھینا ہوا سامان واپس کر دو، ورنہ میں زمین کو حکم دیتا ہوں کہ وہ تمہیں اور تمہارے تمام عزیز واقربا اور اولاد وازواج ودولت کو نگل جائے۔ اُس شخص کو بلانے میں عجلت کر، اُس سے معافی مانگ اور اگر وہ معاف کردے تو خیر ورنہ تم پر بلاؤں کا نزول ہوجائے گا۔ پھر کہا کہ بھائی میں تم سے درخواست کرتا ہوں کہ میرے گناہ کیلئے اللہ سے عرض کرو میں بھی استغفار کررہا ہوں، توبہ کرتا ہوں۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس نے مجھے امام مظلومؑ کے ہاتھ سے ہدایت کی اور میں صراط مستقیم پر فائز ہوگیا۔ الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ محمدؐ وآل محمدؐ اجمعین۔

(37/3)۔ ذاکرین حُسینؑ اور عزادَاری

وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ طَرَفَیِ النَّھَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّیۡلِ اِنَّ الۡحَسَنٰتِ یُذۡھِبۡنَ السَّیِّاٰتِ ذٰلِکَ ذِکۡرٰی لِلذّٰکِرِیۡنَo(ھود 11/114)

(1)۔ دَردانگیز صُورتِ حَال

دشمنانِ اِسلام اپنی تمام کوششوں، کاوشوں اور ظلم واستبداد کے باوجود کسی زمانہ میں بھی اِسلام کو پھیلنے سے نہ روک سکے۔ اسلام کا کفر وشرک سے آخری مقابلہ اہل عرب کے ساتھ ہوا۔ اور ساری دُنیا جانتی ہے کہ صدی کا چوتھائی عرصہ بھی نہ گزرنے پایا تھا کہ مشرکین

مکہ اور پورے عرب نے سرِ تسلیم خم کر دیا۔اور سارے ملک میں محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت وحکومت وتعلیمات پر عوام الناس نے ایک اُمت کی حیثیت سے عمل شروع کر دیا۔اور اِسلام کے نام پر اُنھیں جو کچھ بھی بتایا گیا دل وجان سے اسے قبول کرتے اور عمل کرتے آج تک چلے آ رہے ہیں اور قیامت تک عمل کرتے چلے جائیں گے۔یعنی عوام اُمت نے کبھی بھی اللہ ورسوؐل کی تعلیمات کے خلاف نہ سوچا نہ عمل کیا۔ لیکن اُمت میں داخل دانشورانِ قوم وملت نے جو کچھ کیا اور جس طرح کیا اور جن وجوہات کی بنا پر کیا وہ ایک داستانِ الم ہے ۔اور قرآنِ کریم میں لکھی ہوئی محفوظ ہے ۔اگر اسلام میں داخلی تصادم ، خانہ جنگیاں، قتل عام اور تعلیماتِ رسولؐ سے بغاوت نہ کی جاتی تو اُمتِ اسلامیہ صدی کی دُوسری چوتھائی میں معراج اور تسخیر کائنات کی منزل میں ہوتی ۔اور آج کہاں ہوتی ؟ قرآنی پروگرام کی رُو سے آج اُمتِ مُسلمہ کو ترقی کے سدرۃ المنتہیٰ سے گزر کر کہیں عرشِ اعظم کے گرد ونواح میں ہونا چاہیے تھا۔لیکن جس تصور اِسلامی کو دانشورانِ اُمت کی کثرت نے اختیار کیا تھا اور جس پر آج تک عمل ہوتا چلا آ رہا ہے۔جس کے تحفظ میں عوام الناس کی کثرت کو ہر زمانہ میں مصروف ومشغول رکھا گیا ہے اور جس تصور کو قائم رکھنے کے لئے آج بھی ایڑی چوٹی کا زور لگایا جا رہا ہے۔اُس کا نتیجہ زیادہ سے زیادہ کُرہ ارض کی ایک چوتھائی رقبہ پر عارضی حکومت سے آگے نہ بڑھا۔اور اقوامِ عالم سے اور خود ہم مسلک حکومتوں سے تصادم سے ہمیشہ دوچار رہا۔اور آج امت جہاں جہاں اور جن جن ممالک میں ہے دُنیا کی پسماندہ اقوام میں شمار ہے ۔اور ہمارے سربراہانِ حکومت دن رات مُسلمانوں کو دنیا کی ترقی یافتہ غیر مسلم اقوام کے برابر لانے کی کوشش میں مبتلا ہیں ۔اور اُنھیں اس کوشش میں بھی غیر مسلم وبے دین حکومتوں سے مدد مانگنے پر مجبور ہونا پڑ رہا ہے۔غیر مُسلم وبے دین حکومتوں نے زمین وآسمان پر اپنا اقتدار قائم کر لیا ہے۔ یہود ونصاریٰ اور منکرینِ خدا مُسلمانوں کو کائناتی علوم سکھا رہے ہیں۔اُنھیں دنیا میں سہولت وآسائش سے زندگی بسر کرنے کا سامان ایجاد کر کے دے رہے ہیں۔سر سے پیر تک اور گھر سے باہر تک کوئی ایسی چیز نہیں جو مسلمانوں کی ایجاد وتحقیق ہو۔زندگی کے ہر شعبہ میں اُن کی نظریں اُن لوگوں کی طرف لگی رہتی ہیں جنہیں یہ کافر وبے دین وجہنمی وگمراہ کہتے ہیں ۔ہم اور تمام اہلِ عقل اس بدترین نتیجہ سے واقف ہیں ۔اور ہم اور تمام اہل عقل یہ جانتے ہیں کہ مسلمان جب تک اس خود ساختہ قدیم تصور اور اِس خود فہمیدہ ترقی پر قائم ہیں ہرگز ترقی یافتہ غیر مُسلم وبے دین اقوام کے برابر نہیں آ سکتے ۔اس لئے کہ وہ تمہارے انتظار میں ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر نہیں بیٹھ سکتے ۔اور وہ تمہیں کسی صُورت میں وہ سامان اور وہ دماغ نہیں دے سکتے جو تمہیں اُن کے برابر لے آئے ۔تم مذھباً ومَسلکاً اُن کے دشمن رہتے چلے آئے ہو۔وہ اپنے دشمن کو اپنے برابر آ جانے میں جب ہی مدد دے سکتے ہیں جب وہ سب کے سب چند سال کے لئے پاگل ہو جائیں ۔لیکن وہ پاگل بناتے ہیں بنتے نہیں ۔ اُنھیں اپنے کافرانہ نظام پر اور اپنی عقل وبصیرت وقوم وہم آہنگی پر اس قدر بھروسہ اور یقین ہے کہ مسلمانوں کو اپنی غلامی سے آزاد کر کے کوئی خطرہ محسوس نہ ہوا۔مسلمانوں کی آزاد حکومتیں قائم کرانے سے نہ ڈرے ۔مسلمان حکومتوں کو سامانِ جنگ دینے سے نہیں گھبراتے ۔وہ جانتے ہیں کہ تمہارا مذہبی تصوّر اُن کے کافرانہ تصور سے بار بار پٹتا اور شکست کھاتا رہا ہے ۔اور تم اُس تصور کو اپنا دین سمجھنے کی بنا کبھی پر چھوڑنے والے نہیں ۔لہٰذا تم سے کبھی خطرہ محسوس کرنے کی ضرورت نہیں ۔

(2)۔ **وہ تصّور کیا ہے جس سے مُسلمانوں کا یہ حال ہوا؟**

جس تصور پر دانشورانِ اُمت کی کثرت ہمیشہ متفق رہی یہ ہے کہ:۔

(1) آنحضرؐت کی وفات کے بعد دانشورانِ اُمت اپنی ذاتی سُوجھ بُوجھ واسلامی معلومات اورآپس کے مشورہ سے جو فیصلہ کریں گے وہ اللہ کی منشا اور اللہ کا حکم اوراسلامی فیصلہ ہوگا۔ **(2)** اور پوری اُمت بلکہ ساری نوعِ انسان کے لئے واجب التعمیل ہوگا۔ **(3)** اُس کا مخالف اللہ ورسوؐل کا مخالف اور اِسلام سے خارج ہوگا۔ **(4)** مخالفت پرضداورخلاف ورزی کرے تو واجب القتل ہوگا۔ **(5)** اُمت کے کسی فرد یا گروہ کو اس فیصلے کے خلاف فیصلہ یا کوئی اور فیصلہ کرنے کا اختیار نہ ہوگا۔ **(6)** ورنہ ایسا فرد یا گروہ بھی واجب القتل ہوگا۔ **(7)** کوئی شخص جب تک مذکورہ بالا دانشور گروہ سے اِجازہ یا اجتہاد کی سند حاصل نہ کرلے۔قرآن وحدیث سمجھنے کے باوجود فتویٰ، فیصلہ یا حکم صادر نہ کرسکے گا۔ **(8)** اور یہ کہ مذکورہ بالا دانشور گروہ میں یا پوری بنی نوع اِنسان میں کوئی بھی شخص ایسا نہیں ہوسکتا جس سے غلطی سرزد نہ ہو۔حتّٰی کہ خود آنحضرؐت سے بھی (معاذ اللہ) غلطیاں ہوتی رہی ہیں۔ **(9)** اور یہ کہ قرآن اوراحادیث رسولؐ قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کی ضروریات واحتیاجات وتقاضات کا حل پیش نہیں کرتے ۔ **(10)** ایسا حل مندرجہ بالا دانشور گروہ اپنی بصیرت اورمشورہ سے ہر زمانہ میں پیش کرے گا۔اوروہ اللہ ورسولؐ کا واجب التعمیل فیصلہ ہوگا۔اوراس کی مخالفت بھی حسبِ سابق حرام وقابل تعزیر ہوگی (سُبحان اللہ وبحمدہ)۔ **(11)** قرآن وحدیث کی ہر وہ تعبیر وتفسیر وروایت نا قابلِ قبول ومردُود ہوگی جو مندجہ بالاقسم کے دانشوروں کی سند کے بغیر یا اُن کی تعبیر وتفسیر وروایت کے خلاف ہو۔ **(12)** مندرجہ بالا دانشور گروہ پر تنقید وتبصرہ کرنے والا اسلام سے خارج ہوگا۔

(3)۔ **اِسلامی تعلیمات کا ایک قدیم تصّور!**

تمام موجودہ کتبِ خداوندی میں یہ تصور موجود ہےاورقرآنِ کریم نے بڑی تفصیل کے ساتھ اس تصور کی تصدیق فرمائی ہے کہ ہر رسوؐل یا نبیؐ بحکم خدا اپنا جانشین تیارو تجویز کرتا ہے۔اوروہ جانشین اپنے رسولؐ یا نبیؐ کی تمام تعلیمات وصفات کا وارث وحامل ہوتا ہے۔اور اُمت کے سامنے، اُن تمام ذمہ داریوں کے لئے جواب دہ ہوتا ہے جو اس نبیؐ یا رسوؐل کی کتاب میں مذکور ہوتی ہیں۔لہٰذا اُمتِ محمدؐیہ میں چونکہ نبوت ورسالت وسلسلہ وحی ختم ومکمل ہوگیا اِسلئے جانشینِ محمد مصطفٰےصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُمتِ محمدؐیہ کی اُن تمام ضروریات واحتیاجات و تقاضات کا ایسا حل وتدراک پیش کرنے اورتعلیم دینے کا ذمہ دار ہے۔جس میں کسی قسم کی خامی یا غلطی کا امکان نہ ہو۔اور چونکہ قرآن کریم میں اللہ نے یہ شرط لگائی ہے کہ:۔

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَo(المائدہ 5/44)

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَo(المائدہ 5/45)

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَo(المائدہ 5/47)

''ہر معاملہ میں اللہ کا نازل کردہ حُکم دیا جائے گا۔اور جو کوئی اللہ کے نازل کردہ حکم کے ساتھ فیصلہ نہ کرے وہ **کافر وظالم وفاسق ہے**۔''

ظاہر ہے کہ جو حکم قرآن مجید میں نازل شدہ آیت کے الفاظ میں دیا جائیگا۔اس میں نہ کوئی خامی ہوسکتی ہے نہ کسی غلطی کا اِمکان ہوسکتا ہے۔ اوراسی شرط سے یہ حقیقت بھی ثابت ہوجاتی ہے کہ قرآنِ کریم میں تمام اِنسانی ضروریات ومتعلقات موجود ہونا چاہئیں۔یہی وجہ ہے کہ اللہ نے آئندہ نبوت درسالت ووحی کا سِلسلہ ختم ومکمل کردیا ہےاور طرح طرح یہ بتادیا ہے کہ قرآنِ کریم میں ہر چیز کی تفصیل موجود ہےاور یہ کہ:۔مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِىْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَىْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ o (یوسف 12/111)

''یہ قران خودساختہ احادیث کا مجموعہ نہیں بلکہ یہ تو تمام موجودہ تعلیماتِ خداوندی کی تصدیق کرنے والا ہےاور ہر شے کی تفصیل اپنے اندر رکھتا ہے۔اوراس قوم کے لئے ہدایت ورحمۃ ہے جوقرآنی پوزیشن پر ایمان لاتی ہے۔''

یعنی جوقوم یہ مانتی ہی نہیں کہ قرآن کی زیرِقلم آیت میں جو کچھ فرمایا وہ سچ ہے۔تو نہ وہ ہر شے کی تفصیل قرآن میں مانتی ہے۔نہ وہ قرآن میں تلاش کی زحمت گوارا کرے گی اور نہ اُسے قرآن میں ملے گی۔تمام متعلقہ تفصیلات کونظرانداز کرکے یہ عرض کردیں کہ یہ زیرِ نظراِسلامی تصور نہ صرف یہ کہ شخصی حکومت چاہتا تھا۔بلکہ اس کا قدرتی وقرآنی تقاضہ یہ بھی ہے کہ جانشینِ رسولؐ پوری کائنات کی تفصیلات پراُسی طرح مطلع ہوجیسا کہ قرآن کے عالم ومُعلّم ورسوؐل کو ہونا چاہیے۔اِن دوخرابیوں کی بناپر دانشوارانِ اُمت نے اس تصور کواختیار کیا جس پر وہ ایک قومی حکومت قائم کرکے آپس کے مشورہ اور دانشوروں کی کثرت کے فیصلوں سے قرآن کانہیں بلکہ قومی حکومت کا نظام چلا سکیں۔اور شخصی اطاعت اور خاندانی حکومت کی آمریت سے محفوظ رہ سکیں۔حضرت عمرؓ نے عبداللہ ابنِ عباس سے واضح الفاظ میں کہہ دیا تھا کہ:۔''اُن کی زیرِ قیادت قوم کو یہ پسند نہ تھا کہ جس خاندان میں نبوت رہی ہے۔اُسی خاندان میں نبوت کے بعد حکومت بھی رہے۔'' (الفاروق وغیرہ جلداول صفحہ 104-103)۔اس ناپسندیدگی کا علم آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کونزولِ قرآن کے دوران برابر ہوتا رہا۔اورآپؐ نے اس قوم کے اِس ارادہ کی اللہ سے شکایت کی تھی اور فرمایا تھا کہ:۔

وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِى اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا o (فرقان 25/30)

''اے میرے پروردگار میری قوم نے اس قرآن کوچھوڑ کردوسرے ہدایت کار کی طرف ہجرت کرلی ہے۔''

اگلی آیت میں اللہ نے رسوؐل کوتسلّی دیتے ہوئے فرمایا ہے کہ:

''تمہارے ساتھ ہی نہیں بلکہ یہ تو روزِ ازل سے ہر نبیؐ کے ساتھ ساتھ چلنے والا ایک نظام ہے۔جس میں انبیا کے دشمن اپنی مجرمانہ کاروائیاں کرتے چلے آتے ہیں۔لیکن تمہارے نظام کی ہدایت کاری اور نصرت کے لیے تمہارا پروردگار کافی ہے۔'' (فرقان 25/31)

قارئین کرام اگر چاہیں تو اِن دونوں آیات سے پہلی تین آیات (فرقان 29-25/27) میں وہ نظارادیکھ لیں جہاں قیامت کے دن دوگہرے دوست اللہ کے سامنے اپنی اس کارکردگی پر بیان دے رہے ہیں۔جس کے بھروسہ پر قرآن کومہجور کیا تھا۔اورآنحضرؐت کا مقرر کردہ راستہ چھوڑ کرآپس میں طے کردہ تصور وطرزِ حیات اختیار کرلیا تھا۔بہرحال قومی وملکی مصلحت کے ماتحت خاندانِ نبوؐت میں حکومت کا رہنا مفید نہیں سمجھا گیا۔اور چونکہ دانشورانِ قوم کی کثرت یہی چاہتی تھی۔اور خاندانِ نبوؐت ذاتی اقتدار وآمریت کا بھوکا نہ تھا۔اُسے اُمت کی خدمت وہدایت ورہنمائی کرنا تھی۔اس کی اپنی ذاتی غرض تخت وتاج نہ تھی۔اس کا ثبوت دینے کیلئے خاندانِ نبوؐت نے

اس حکومت کو حکومتِ الٰہیّہ کی حیثیت سے نہیں بلکہ قومی حکومت کی حیثیت سے قبول کرلیا۔اور قرآن کی حکمِ عام کی رُو سے یہ طے کرلیا:۔

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِo (مائدہ 5/2)

''ہر نیکی میں تعاون کریں گے۔گناہوں اور بے راہ روی میں ساتھ نہ دیں گے۔اور وہی عمل کریں گے جو رسول اللہ نے کفارِ مکہ کے ساتھ کیا تھا۔کہ خانہ کعبہ میں داخلہ بند کرنے والی قوم سے عداوت اور زیادتی سے پیش نہ آئیں گے۔اللہ کے حضور میں احساسِ فرض قائم رکھیں گے۔جس کے نتیجے میں اللہ سخت تر تعاقب کیا کرتا ہے۔''

چنانچہ حضرت علیؑ نے اختلافِ تصور کو برقرار رکھتے ہوئے بے مثال و بے نظیر صبر و تعاون کیا۔اور ہر اُس مشکل میں بلا تکلف مدد کی جو قرآنی وانسانی قانون کی رُو سے جائز تھی۔حالانکہ وہ بقولِ حضرت عمر تمام اُمت میں سب سے بڑے قاضی تھے (ازالۃالخفا) لیکن باوجود استحقاق کبھی مسئلہ بتانے سے انکار نہ کرتے تھے۔اور یہ دباؤ نہ ڈالتے تھے کہ ہر حکم میری اجازت سے نافذ کیا جائے۔اور فلاں وفلاں احکام کیوں اپنی ذاتی رائے سے جاری کیے ہیں؟ اُنھوں نے کبھی جذبہ انتقام سے کام نہ لیا۔

(4)۔ حضرت علیؑ کے قرآنی تصور کو دُنیا سے ختم کرنے کا نظام!

اس تعاون اور مہلت کے باوجود قومی حکومت نے وہ تمام راہیں بند کردیں جن سے قومی حکومت اور پنچائتی قوانین کی مدت و ابطال ممکن تھا۔چنانچہ صرف اُن احادیث کو بیان کرنے کی اجازت تھی جو پنچائتی قوانین میں مددگار ہوسکیں۔لہٰذا تفسیرِ قرآن، فضائل محمدؐ و آلِ محمدؐ، غزوات اور جہاد میں مسلمانوں یا صحابہ کے کارنامے، منافقین اور سازشی مسلمانوں کے حالات، معراج، علوم القرآن، مکی زندگی اور قبل بعثت کے حالات، عرب کے نظامِ جنسی اور عبادات وغیرہ سے متعلق تمام احادیث کا بیان کرنا بند کردیا گیا۔تمام اہلِ علم صحابہ کو مدینہ میں مُسلسل نظر بند رکھا گیا، مدینہ کی عورتوں کا شہر سے باہر جانا بند کردیا گیا، ازواجِ رسولؐ تک کی زبان بند کردی گئی، سوائے حکومت کے مقرر کردہ لوگوں کے کسی اور کو اجازت نہ تھی کہ کوئی مسئلہ بیان کرے یا حدیثِ رسولؐ سنائے۔اس بلیک آؤٹ کو جاری رکھتے ہوئے حضرت امیر معاویہ نے پنچائتی حکومت اور پنچائتی تصور کی تائید کرنے والی تاریخ اور حدیث کی کتابیں لکھوانا شروع کیں اور اُن تمام صحابہ اور عوام کو تلوار و زہر سے ختم کرنے کے احکام نافذ کیے۔زیاد اور دیگر افسرانِ حکومت کے ہاتھوں روزانہ سینکڑوں محبانِ محمدؐ وآلِ محمدؐ کا قتل ہوتا رہا۔قرآنی تصور کو ختم کرنے کیلئے اور علی و اولادِ علی علیہم السلام سے تمام اُمت کو متنفّر کرنے کے لیے ہر مسجد اور ہر منبر سے لعنت جاری رکھنے کا حکم نافذ کیا۔ایک صدی تک یہ تمام احکامات نافذ العمل رہے۔معاویہ کے بعد قومی حکومت اور تصور کو برقرار رکھنے کے لیے خاندانِ رسولؐ کو کربلا کے میدان میں قتل کردیا گیا۔اور بقیۃ السیف کو قید و بند میں رکھا گیا۔الغرض پنچائتی تصور اور حکومت نے برابر تین سو سال تک سر توڑ کوششیں کیں۔لاکھوں مخالفوں کو دار و رَسن و قتل و غارت کا نشانہ بنایا۔مگر علیؑ کا تصور قرآنی برقرار رہا۔وہ تمام احادیث جو پنچائتی حکومت نے بند کردی تھیں مرتب و مدوّن ہوتی رہیں۔علمائے شیعہ اور نیک نہاد علمائے اہلسنت نے کئی ہزار کتابیں حدیث وتفسیر کی لکھیں اور خطرناک حالات میں بھی اُن کی حفاظت کی اور جتنا ہوسکا پبلک میں پھیلائیں۔واقعات کربلا کے بیان کرنے والوں کی زبانیں کاٹی جاتی

تھیں۔قبر کی زیارت کے لیے آنے والوں کو قتل کی شرط پر زیارت کی اجازت ملتی تھی۔لوگ غول در غول زیارت کر کے شہید ہوتے رہے۔اس جھگڑے کو ختم کرنے کے لیے قبرِ مظلوم کو دریا بُرد کرنے پر عمل کیا گیا لیکن ناکامی ہوئی۔آخر یہ رعایت ملی کہ دو آدمی زیارت کریں اور ایک قتل ہو جائے۔یوں بھی زائرین کی تعداد بڑھتی گئی۔آخر دونوں ہاتھ کٹوانے اور زیارت کر لینے کی رعایت ہوئی۔پھر ایک ہاتھ کاٹا جانے لگا۔اور پنچائتی حکومت کو ان سرفروش وفدا کار ذاکرین ومجاہدین کے سامنے گھٹنے ٹیکنا پڑے جو ہر وقت کفن بردوش واقعاتِ کربلا اور فضائلِ محمدؐ وآلِ محمدؐ کی نشر واشاعت کے لیے سردھڑ کی بازی لگائے مُلک بھر میں اور بیرونِ مُلک ہندوستان وچین وروس تک جا پہنچے تھے(ملاحظہ فرمائیں کتاب، مذہب شیعہ ایک قدیم تحریک)۔آخر شیعوں کو زندہ رہنے کی سہولتیں حاصل ہوئیں۔اور انہوں نے اپنا تبلیغی پروگرام پُر امن حالات کے لیے مرتب کیا۔اور وہ کئی ہزار کتابیں پبلک اور علمائے فریقین کے سامنے آئیں جو اُس دورِ ہلاکت وظلم و جبر میں عام نہ ہو سکتی تھیں۔چنانچہ محدثین کے پاس احادیث وتفاسیر کے انبار جمع ہو گئے۔صرف علامہ محمد اسماعیل بخاری کا ذکر کر دینا کافی ہے۔جنہیں چھ لاکھ احادیث پہنچ چکی تھیں۔شیعہ محدثین کھل کر احادیث وتفاسیر معصومین علیہم السلام کی تدوین وتبلیغ کر رہے تھے۔بغداد میں اور بڑے شہروں میں عاشورۂ محرم وعزاداری ہونے لگی تھی۔اذانوں میں عَلِيٌّ وَلِيُّ اللهِ وَصِيُّ رَسُوْلِ اللهِ کے اعلان کی اجازت مل گئی۔اور اُمت نہایت تیز گامی کے ساتھ حقیقی اسلام میں داخل ہو رہی تھی۔ظاہر ہے کہ یہ حالات حکومتِ وقت کے لیے خوشگوار نہ تھے۔اور اب ظلم وجبر کا وقت ہاتھ سے نکل چکا تھا۔قوت کا توازن شیعوں کے حق میں تھا۔وزرائے حکومت تک ملتِ شیعہ کے افراد تھے۔اس وقت مدبرینِ حکومت نے شیعہ وزرا اور اُمرا کو نہایت خطرناک مگر حَسین مشورہ دیا۔یعنی شیعہ پبلک کے لیے شیعہ شریعت کے احکام دیئے جائیں۔اور اہلِ سنت کی قانونی کتابوں کی طرح شیعہ شریعت،مرتب ومدوّن کر کے مرکزی حیثیت سے حکومت اور عدالتوں کو استعمال کے لیے دی جائے تاکہ اُمت میں جو پسند کرے اپنا مقدمہ شیعہ عدالت میں لے جا سکے۔یہ ہے وہ خطرناک اسکیم جس نے حضرت عمر کے قائم کردہ نظامِ اجتہاد کو شیعہ علما میں رائج کر دیا۔بلا سوچے سمجھے علمی سوجھ بوجھ رکھنے والے شیعہ اور علمائے شیعہ،ملتِ شیعہ کی خدمت کے خیال سے حکومت میں مختلف عہدوں پر فائز ہو گئے۔اور جب تک اہلِ سنت کے اُصولِ فقہ وشریعت کی نقلیں تیار ہوں اور جب تک شیعہ شریعت پر کتابیں سامنے آئیں،بعض شیعہ علما نے اپنے منصبِ حکومت کے مطابق زبانی مسائل سے فیصلے دینا شروع کر دیئے۔اور یہی زمانہ ہے اور یہی سب سے بڑا سبب ہے کہ حضور امام حجت قائم آلِ محمدؐ بن امام حسن عسکری علیہم السلام نے قطعی غیبتِ کبریٰ اختیار فرمائی۔تاکہ علما کے یہ اجتہادی مسائل امامؑ زمانہ کی سند سے محروم رہیں۔اِدھر یہ اجتہاد جاری ہوا اُدھر شریعت کی تصنیف وتالیف کے لیے اُن تمام کتابوں کو حاصل کرنا ضروری ہو گیا جو اِدھر اُدھر خانہ نشین علما یا کتب خانوں میں تھیں۔چنانچہ روپیہ دے کر، جان لے کر، جیسے ہو سکا کتابیں جمع کی گئیں اور آخر تیسری صدی کے اواخر تک ہزاروں کتابوں میں سے صرف ساڑھے تین کتابیں شیعوں کے پاس رہیں۔باقی کو زمین کھا گئی یا سمندر نگل گیا۔

(5)۔ **دُشمنانِ عزاداری سے چند باتیں:** شیعہ وسنی عُلما کی تحریروں سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ صرف احادیث کی چار سو(400) ایسی کتابیں موجود تھیں جو آئمہ علیہم السلام کے حکم سے لکھی گئیں۔جن کی تصدیق آئمہ علیہم السلام نے کی تھی اور اپنی مہریں ثبت کی

تھیں۔اس معصوم شیعہ ریکارڈ کو دشمنوں کی مدد سے تباہ کر دینے کے بعد ہم سے یا ذاکرینِ حسین علیہ السلام سے یہ کہنا کہ تم نے فلاں روایت غلط پڑھی ہے یافلاں واقعہ کسی حدیث کی یا تاریخ کی کتاب میں نہیں ہے۔ بڑی سفاکانہ وظالمانہ جسارت ہے۔

پہلی بات: آپ سے عرض ہے کہ آپکے ذہن میں حقیقتاً کتاب سے سند مانگنا نہیں ہے۔یعنی آپکا منشا اورارادہ نہیں ہے کہ اگر ہماری بیان کردہ روایت یاواقعہ کسی کتاب میں ہوتا تو آپ اُسے ضرور تسلیم کر کے اُس پر عمل کرتے۔لا و اللہ آپکے اعتراض کا یہ مقصد ہرگز نہیں ہے۔ اس لیے کہ سینکڑوں ایسی روایات اور واقعات کتابوں ہی میں نہیں بلکہ قرآن میں لکھے ہوئے موجود ہیں۔مگر آپ اورآپکے بزرگوں نے اُنکو نہ مانا۔مثلاً ہم نے ابھی قرآن کی چند آیات لکھی ہیں (مائدہ 5/44-45,47)۔کیا آپ آج تیار ہیں کہ اِن آیات کے حکم پرعمل کریں اوراجتہاد کو چھوڑ دیں؟ پھر ہم نے سورۃ یُوسف کی آخری آیت (12/111) لکھی ہے۔کیا آپ یہ اعلان کرنے کو تیار ہیں کہ کائنات کی تمام چھوٹی بڑی اشیاء کی تفصیل قرآن میں موجود ہے۔لہٰذا آپ اجتہادی احکام جاری کرنے سے توبہ کرتے ہیں؟ کتابوں میں لکھا ہے کہ اہلِؑ حرم نے سینہ کوبی کی، منہ پرخراشیں اورزخم ہوگئے۔ ماتم میں خون جاری ہوا۔شیعوں کے ایک گروہ نے تلوار سے ماتم کیا اور دورانِ ماتم شہید ہوگیا۔اورآئمہ نے اُس کیلیئے دعائے خیر کی (جماعتِ توابین)۔ہم نے ماتمِ شبیرؑ نام کی کتاب لکھی،مراجع تقلید کے فتاویٰ لکھے،اوراپنے ماخذ کتاب کا نام لکھا۔کیا آپ تیار ہیں کہ مومنین کے ساتھ مل کر زنجیر وقمہ اورتلوار کا ماتم کریں؟ اوراس ماتم کوحرام کہنے والوں کی مذمت کریں؟ نہیں آپ تو ہرگز محمدؐ وآلِ محمدؐ کے شیعہ نہیں ہیں۔آپ ہرگز کسی سنداورکسی کتاب کے ماننے والے نہیں ہیں۔آپ تو دُشمنانِ عزاداری ہیں۔آپکا اورآپکی لکھی ہوئی کتابوں کا نام خواہ ہیرے جواہرات ہوں یا ہفوات الشیطان ہو۔آپکا مقصد عزاداری کو بتدریج بند کرنا اور بند کرانا ہے۔اگرآپ اہلِ سنت کا لیبل لگائے ہوئے ہیں تو آپکومعلوم ہے کہ خالد بن ولید پر ماتم ہوا،آہ وبکا کا کہرام برپا ہوا۔اورخلیفہ ثانی نے پسند کیا۔اورحضرت عائشہ نے اس جھوٹی روایت کی مذمت کی جس میں نوحہ وماتم سے مُردہ پرعذاب کا ذکر کیا گیا ہے۔اور مظلوموں کورونے سے روکنے کیلیئے رسولؐ اللہ پرافترا کیا گیا تھا۔اور یہ بھی اُس کتاب میں لکھا ہوا ہے۔ جسے ایک ولی اللہ نے لکھا ہےاورالہامی کتاب کی حیثیت سے پیش کیا ہے۔اورکتاب کا نام اِزَالَۃُ الْخِفَا عَنْ خِلَا فَۃُ الخلفَا رکھا۔اورتمام قدیم وجدید ہندوستانی مجتہدین اُن کوحکیم الامت کہتے ہیں۔کیا آپ وعدہ کرتے ہیں کہ آئندہ عزاداری کے جلوسوں میں ماتم نہ سہی،روتے ہوئے نکلا کریں گے؟ آپکو ہمارے یہاں کے بعض مجتہدین اپنا بڑا بھائی کہتے ہیں اُمید ہے کہ آپ بھی عزاداری میں شریک ہوجائیں گے تو اُنہیں شرم آئے گی۔ اوروہ نوحہ وماتم کے شروع ہونے سے پہلے ہی مجلس سے نکل بھاگنا بند کر کے جلوسِ عزاداری کے ساتھ چلنے لگیں گے۔

دُوسری بات۔ پھرآپ سے یہ عرض کرنا ہے کہ آپ نے نہ شیعوں کی ساری کتابیں دیکھی ہیں نہ اہلسنت کی تمام کتابیں آپ کی نظر سے گزری ہیں۔شیعوں اورسُنیوں کی تمام کتابیں پڑھنا تو بہت بڑی غپ ہے۔آپ کے گروہ کے کسی عالم نے تمام کتابوں کا بیس ہزارواں (1/20000) حصہ بھی نہیں دیکھا پڑھنا تو بڑی بات ہے۔پڑھنے کے لیے تو آپ کوکم ازکم پانچ زبانوں پرعبور ہونا لازم ہے۔اور آپ کےان بزرگوں کودواڑھائی زبانوں سے زیادہ معلوم نہ تھیں۔اوراُن دواڑھائی زبانوں کا جوحال تھا وہ ہماری تصنیفات میں مثالوں کے ساتھ لکھا ہوا ہے پڑھ کرلطف اندوز ہوں۔

تیسری بات ۔ پھر یہ بھی بتانا ہے کہ جن کتابوں کے سہارے پر آپ اعتراض جڑتے رہتے ہیں وہ کتابیں دو حال سے خالی نہیں ہوتیں ۔ اوّل یہ کہ وہ تمام کتابیں امیر معاویہ اور اُن کے قبل و بعد کی حکومتوں کی سر پرستی میں لکھی گئی ہیں ۔ اُن میں کوئی ایسی روایت یا واقعہ نہیں لکھا جا سکتا تھا جو حکومتوں کے مذہب اور پالیسی کے خلاف ہوتا ۔ ورنہ اُن کے خلاف بغاوت ہو جاتی ۔ دوم یہ کہ وہ کتابیں اجتہاد کی چھلنی میں سے چھان کر حکومت کے پھیلائے ہوئے تصورات و خود ساختہ روایات و حالات سے متاثر ہو کر لکھی گئی ہیں ۔ اور اپنے بڑے بھائیوں کا لحاظ رکھ کر تیار گئی ہیں ۔ مثلاً فلاں بات یا فلاں عقیدہ شرک ہے، لہٰذا چھوٹے بھائیوں نے اُن تمام عقائد سے بچ کر کتابیں لکھیں ہیں ۔ مثلاً حضرت محمد مصطفٰی اور آئمہ معصومین علیہم السلام سے علم غیب کی نفی وغیرہ اپنے بڑے بھائیوں کی خوشنودی کے لئے کی گئی اور تمام متعلقہ آیات و احادیث کا انکار یا تاویل کر لی گئی ۔ لہٰذا وہ کتابیں لیبل کے باوجود مذہبِ شیعہ کی کتابیں نہیں ہیں ۔

چوتھی بات ۔ یہ بھی عرض کرنا ہے کہ ہم ایسی کتاب اور ایسے علما پر ایک دم اعتماد نہیں کر لیتے بلکہ ان پر تحقیق و تنقید کی نظر ڈالتے ہیں ۔ جن میں کوئی ایک بات بھی مذہبِ شیعہ کے خلاف لکھی ہو ۔ مثلاً تین بیٹیوں کا اضافہ کرنا یا کفار و مشرکین کو داماد مان لینا ۔ چنانچہ ہم ایسے علما کی مذمت واجب سمجھتے ہیں اور حق بات دشمن کی کتاب میں ہو یا زبان سے نکلے قبول کر لیتے ہیں ۔ بتایئے ہم یہ کیسے مان لیں کہ آنحضرتؐ سے بھول چوک سرزد ہوئی تھی ۔ ہم ہر اُس شخص کو گمراہ سمجھتے ہیں جو معصومین علیہم السلام سے کسی قسم کی اور کسی مقدار میں غلطی، خطا یا بھول مانتا ہو ۔ عالم ہو تو مذمت زیادہ کی جائے گی ۔ اہلسنت ہو تو دھوکے میں مبتلا سمجھ کر سمجھانا واجب ہوگا ۔ پھر کیا ہم ایسے اشخاص کو شیعہ سمجھیں جو اذان میں علی ولی اللہ کہنے کی نفی کرتے ہوں ۔ یا ولایت علویہ کو اذان و نماز سے خارج کرتے ہوں ۔ حالانکہ علیؑ خود ایک صراطِ مستقیم ہے ۔ ولایت خود مکمل دین ہے، ولایت کے بغیر تمام اعمال باطل ہیں ۔

پانچویں بات ۔ آپ کو یہ بھی بتانا پڑیگا کہ واقعاتِ کربلا کا ہر پہلو نہ صرف دردانگیز ہے بلکہ مولویانہ ذہنیت کے لیے خلافِ شریعت بھی ہے ۔ اور اُس کے مَبلَغ عِلم سے اُتنا ہی بلند ہے جتنا مقامِ محمدؐ و آلِ محمدؐ مادی فکر و اجتہاد سے ارفع و اعلیٰ ہے ۔ چونکہ مولوی کی خود ساختہ اور خود فہمیدہ شریعت میں یہ خودکشی کے مترادف ہے ۔ اور اس بحث میں بڑے بڑے پھنے خان مجتہدین بوکھلائے ہوئے معلوم ہوتے ہیں ۔ اور عزاداری پر اعتراض کرنے والے وہی لوگ ہیں یہ اُن لوگوں کو بھی حق پر مانتے ہیں جو امام حسینؑ کے ساتھ نہیں تھے اور اپنے گھروں میں بیٹھے ہوئے تھے ۔ اور خود کو پکا مومن و مُسلم سمجھ رہے تھے ۔ اُن کے یہاں جان بچانے کے لیے، سرمایہ بچانے کے لیے جھوٹ بولنا جائز ہے لیکن جہاں دین اسلام خطرہ میں ہو وہاں جان دینا جائز نہیں ہے ۔ تلوار اور ڈنڈے کو سجدہ جائز ہے ۔ مالِ حرام یا مالِ مخلوط بالحرام جائز ہے ۔ یعنی دنیا کی ہر شرمناک بات جائز ہے، بردہ فروشی جائز ہے، وقتِ ضرورت ایامِ حیض میں زوجہ کی اُلٹ پلٹ جائز ہے، کنیز بازی جائز ہے، لیکن حضرت علی یا امام حسینؑ یا علی اصغر علیھم السلام کا تابوت بنانا، شبیہ بنانا، جھولا بنانا، ناجائز ہے ۔ اس لیے کہ یہ جھوٹ موٹ کا جنازہ ہے اور مومن کی یہ شان نہیں کہ وہ کوئی جھوٹی بات یا جھوٹا کام کرے ۔ پھر اس جھوٹ موٹ کے تابوت کا وہ احترام کرنا نہ صرف جھوٹ ہے بلکہ شرک ہے ۔ اِس قسم کی مومنانہ ذہنیت کو کربلا اور اس کے متعلقات و حالات و عزاداری کی رسُومات سمجھانا ہے تو مشکل، لیکن ہم اپنے اُس طبقہ کو سمجھانا ضروری سمجھتے ہیں جو ماڈرن تصورات کی بنا پر عزاداری کی بہت سی رسومات کو بیک ورڈ (Backward)

اور پست ذہنیت کی نمائش کہہ کر ماتمی حلقوں کا دُور سے معائنہ فرمایا کرتا ہے۔

پہلے تو یہ سُن لیں کہ آپ کا یہ خادم یونیورسٹی کی انتہائی تعلیم سے مرصع ہے اور اس دنیا کا کوئی ملک کوئی بڑا شہر ایسا نہیں ہے جس سے کماحقہٗ وہاں رہ کر واقفیت نہ حاصل کی ہو۔ اور اس موڈرن زمانہ کی سائنس سے لبریز تین زبانوں پر عبور رکھتا ہے۔ فضاؤں اور آسمانوں سے عملی واقفیت بھی رکھتا ہے۔ مختصراً یوں عرض کر دوں کہ آپکی خدمت اور ملازمت کیلئے ہر طرح موزوں اور فِٹ نوکر ہے۔ ایم ایس سی تک آپ کے بچوں کو پڑھا سکتا ہے۔ سائکالوجی، میتھ پولیٹکس اور لاء کی انتہائی حدود تک آپکی خدمت کر سکتا ہے۔ ڈرافٹس مین ہے، آرٹسٹ بھی ہے، الغرض موسٹ ماڈرن ہو کر ماتمی دستہ میں زنجیر زنی کرنے میں فخر محسوس کرتا ہے۔ دنیا کے تمام مذاہب کا ڈاکٹر ہوتے ہوئے مجلس میں بلامُنہ ڈھانپے دھاڑیں مار کر رونے میں نہیں شرماتا۔ کیوں؟ (جواب اسی کتاب اور اسلام میں جنسی تعلقات میں ملاحظہ ہو)۔

بہر حال سائل معترض کو یہ بتانا ہے کہ ہمارے ذاکرینِ حسینؑ واقعاتِ کربلا کے سلسلے میں وہ سُنت، وہ عملی کیفیات و جذباتِ شہداو اہلِ حرم علیہم السلام پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں جو الفاظ و بیان کے دائروں میں نہیں سماتے۔ اور اسی لیے خود اہلِ حرمؑ سے جو روایاتِ مصدقہ اور مجتہدین کی مسلّمہ ریکارڈ کی گئی ہیں اُن میں بھی چونکہ الفاظ ہی ہیں۔ اس لئے الفاظ اور لغاتِ حجازی کا رَٹہ مارنے والوں کو ان روایات میں بھی اختلاف معلوم ہوتا ہے۔ لیکن ان لکیروں کے پیٹنے والوں نے یہ مان لیا ہے کہ روایات بالمعنی جائز ہے۔ لیکن وہ دشمنی اور سنگدلی ہی کیا جو پسرِ مردہ ماں اور سامنے ذبح ہوتے بھائی کو دیکھنے والی بہن کے لڑکھڑاتے ہوئے الفاظ اور بے قابو دل کا لحاظ کرے؟ اس مردُود نے ادھورا اور دقیانوسی منطق پڑھ کر نفسیات کو منطقی ڈنڈے سے سمجھنے کی کوشش کی اور موجود ہوتے ہوئے آنکھیں بند کر لیں۔ آنکھیں کھُلی ہوتیں تو شاید چہرہ کے اُتار چڑھاؤ سے الفاظ کی بھُول بھلیاں سے نکل کر کچھ سمجھ جاتا۔ لیکن نہ اُس کا باپ اس کے سامنے قتل ہوا نہ بیٹا پیاسا ذبح کیا گیا۔ نہ وہ کبھی بھوکا پیاسا رہا۔ بہر حال ایک اندھے کو جو عقل کا بھی اندھا ہو، سمجھانا بہت مشکل ہے۔ جسے یہ ہی معلوم نہ ہو کہ وہ سنتا کیسے ہے؟ الفاظ کو سننے کے بعد دماغ و دل پر کیا گزرتی ہے؟ اور وہ کیسے سمجھتا ہے؟ سمجھ کر اس کے منہ سے چیخ کیوں نکل جاتی ہے؟ یا دل رونے کیوں لگتا ہے؟ یا قوتِ گویائی عارضی طور پر کیوں مفلوج ہو جاتی ہے؟ کپکپی اور جسم میں رعشہ کیوں پیدا ہو جاتا ہے؟ اور بے تحاشہ قہقہہ کیوں بلند ہو جاتا ہے؟ الفاظ تو وہی تھے۔ جو اُن ہی الف، بے، جیم وغیرہ سے لکھے جاتے ہیں یا بنتے ہیں۔

کوئی اُنہیں سمجھائے کہ حضور اُس حادثۂ جانکاہ کے بعد واقعاتِ کربلا جن جن کانوں تک جن جن الفاظ میں پہنچے وہ تو سب مختلف سِن و سال کے لوگوں نے مختلف الفاظ میں پہنچائے۔ مگر نتیجہ سب کا ایک ہی تھا۔ ظالم سے نفرت اور مظلوم سے محبت، ظالم کی تباہی اور مظلوم کی نجات۔ انقلاب کے گرداب کے سامنے جو آیا اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ اس تجربہ کے بعد طرفدارانِ مسلک یزیدی نے موقع ملتے ہی زبانوں پر پہرے بٹھا دیے۔ حکومت کی ساری مشینری حرکت میں آ گئی۔ اور عزادارانِ حسینؑ اور ذاکرینِ آلِ محمدؐ کو مشکلات اور جان لیوا حالات نے چاروں طرف سے گھیر لیا۔ حضرت عمر کا قائم کردہ پرچہ نویسوں، جاسوسوں اور مخبروں و پولیس کا جال تیزی کے ساتھ پھیلا دیا۔ کون اہلِ حرم سے ملتا ہے؟ کیا باتیں ہوتی ہیں؟ حکومت کے خلاف کون سا جملہ، کون سا لفظ اور کون سا اشارہ نفرت کاری کرتا ہے۔ لوگ دُور دُور سے آتے، اُن میں وہ لوگ بھی ہوتے جو مزاجِ خانوادۂ رسولؐ سے واقف اور معرفتِ اہلبیتؑ و ہمدردی رکھتے

تھے۔ ناواقف لوگ بھی انسانی ہمدردی کے ماتحت آ کر ملتے تھے۔ وہ لوگ بھی ہوتے تھے جو حکومت کی طرف سے تاریخ لکھنے پر تعینات تھے۔ وہ بھی ملتے جو اہلبیتؑ کا مرکزی ریکارڈ تیار کر رہے تھے۔ وہ لوگ بھی آتے جو اپنی ذاتی یا جماعتی وجوہ کی بنا پر حکومت کے دشمن تھے اور پبلک کی ہمدردی و پشت پناہی کیلئے اہلبیتؑ اور دیگر ستائے ہوئے لوگوں کو استعمال کرنا چاہتے تھے۔ اُس صورتِ حال کو سامنے رکھیئے اور ہمیں بتایئے اور سوچ سمجھ کر بتایئے یا کسی روایات کے جانچنے والے ذاکروں پر تنقید کرنے والے علامہ سے دریافت کر کے بتایئے کہ اُن مختلف الحال اور مختلف المقاصد سائلین کو الگ الگ شناخت کرنے اور سب کو اطمینان بخش جواب دینے کا کیا طریقہ ہونا چاہیے؟ تاکہ آئندہ اہل حرم محفوظ بھی رہیں، کوئی بات خلافِ واقعہ بھی نہ کہیں۔ اور تمام مسلمانوں کو حکومت کے مقاصد و مظالم اور محمدؐ اور آلِ محمدؐ کے پروگرام کا علم بھی ہو جائے اور تمام مسلمان ظلم و استبداد کو فنا کرنے کے لیے متحد و متفق بھی ہو جائیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے اس سوال کا جواب تمام انسانوں کی مجموعی قابلیت سے بھی نہ دیا جائے گا۔ اور تمام زبانوں کے تمام الفاظ مل کر بھی یہ ضرورت پُوری نہ کر سکیں گے۔ یہ سبب ہے کہ روایات بیان ہو چکنے اور کتابوں میں لکھی جانے اور موجود ہونے کے باوجود نہ اُن واقعات کی ترجمانی کر سکیں نہ اُن کی کیفیات و جذبات کو پیش کر سکیں جو امام حسین اور دیگر شہدا علیہم السلام کے ساتھ چلی گئیں۔ نہ اہل حرم کے محسوسات و قلبی واردات کو احاطہ کر سکیں اور نہ قیامت تک یہ حقیقت روایات کے قابو میں آ سکتی ہے۔ اور یہی وہ مشکل ہے جس کی وجہ سے بڑے بڑے عُلما واقعاتِ کربلا کو نتیجہ خیز و اثر انگیز انداز میں پیش کرنے سے قاصر رہے ہیں۔ اس کی پہلی وجہ تو یہی تھی کہ وہ حضرات روایات کے کھوکھلے الفاظ سے ترجمانی شہدؑا و اہل حرمؑ کرنا چاہتے رہے ہیں۔ اور دوسری وجہ یہ تھی کہ انہوں نے محض تماشائی اور قصہ گو کی پوزیشن اختیار کئے رکھی ہے۔

لیکن ذاکرینِ حسین علیہ السلام روایات والفاظ کی تہ میں اُتر جاتے ہیں۔ پھر الفاظ و جذبات و محسوسات کے راستے سے میدانِ کربلا پہنچ جاتے ہیں۔ وہ شہیدانِ کربلا اور مُخدراتِ عصمت اور اطفالِ حسینؑ کی کیفیات و محسوسات کو اپنے اوپر طاری کر لیتے ہیں۔ اور پھر مومنین کے سامنے اپنے دل کی گہرائی سے اُبھرنے والے الفاظ میں وہ صورت حال پیش کر دیتے ہیں جو خود اُن پر طاری ہوتی ہے۔ اگر وہ واقعہ خود اُن پر گزرا ہوتا۔ وہ خود کو زیر گفتگو شہید یا فرد کی فطری پوزیشن میں اس طرح رکھ دیتے ہیں کہ دونوں کے فطری محسوسات و قلبی واردات ایک ہو جاتے ہیں۔ اور اُن کے منہ سے نکلنے والا ہر لفظ متعلقہ شہید یا فرد کے جذبات یا کیفیات مومنین کے قلوب تک پہنچاتا ہے اور وہ نتیجہ مرتب کر دیتا ہے جو لوگوں کو حُسینی مشن کا فرد بنانے کے لیے ضروری ہوتا ہے۔ اس لیے ذاکرین کی مجالس کامیاب ہوتی ہیں۔ اور روایت زدہ بڑے بڑے علما ناکامیاب ہوتے ہیں۔ اس لیے کہ روایات کے غلاف نے اُنہیں اس آبِ حیات سے محروم (Water Proof) کر دیا ہے جو محمدؐ و آلِ محمدؐ سے محبت و خلوص کے جذبات و تصورات کے چشمہ سے نکلتا ہے۔ ہم پر جو کیف طاری ہوتا ہے۔ اُس میں تلوار کی نوک کا ہمارے گوشت میں گھُسنا، چھُریوں کا پے در پے سر و سینہ پر برسنا ہمیں سہانا معلوم ہوتا ہے۔ اور ہر دوسرا وار زیادہ زور سے اور جانچ کے کرنے کو دل چاہتا ہے۔ اِن کیفیات اور متعلقہ لذت کو ماتمیوں اور شہدائے کربلا کے علاوہ کوئی نہیں سمجھتا۔ اور یہ کیفیت اور لذت جب تک حاصل نہیں ہو جاتی کوئی کامیاب ذاکر نہیں بن سکتا۔ لیکن یہ کیفیت اور لذت قطعاً فطری اور قابلِ فہم ہے۔ یعنی ہمارے ذاکرین اور ماتمی حضرات اُس عالم میں جا پہنچتے ہیں جسے معنوی کربلا کہا جاتا ہے۔ وہاں امامِ مظلوم علیہ السلام کا قُرب محسوس ہوتا ہے۔

اُنکے چہرے پر قلبی نگاہیں پڑتی ہیں تو اپنا جسم و جان، مال وزر، اولاد اور تمام متعلقات اپنا وجود کھو دیتے ہیں۔ اور جس کا ذکر یا ماتم کر رہے ہوتے ہیں اُسکی طرف سے اُسی کی طرح تمام ذمہ داریاں اختیار کر لیتے ہیں۔ اور یوں امام حسینؑ کے حضور فدا ہو جانے کا جذبہ طاری ہو جاتا ہے۔ لوگ ذاکرین حسینؑ اور ماتمی دستوں کے صرف چہرے دیکھ کر تڑپ جاتے ہیں۔ پھر اُنکے پر خلوص اور درد میں ڈوبے ہوئے الفاظ کربلا کا نظارا دیکھ کر تڑپ جاتے ہیں۔ اور ہر شریک مجلس یا جلوس اپنی فطری آنکھوں سے وہی کچھ دیکھتا ہے جس نے ذاکر یا ماتم کرنے والے کو اُس فداکاری کی حد پر لا کھڑا کیا ہے۔ ہمارے خون کا ہر قطرہ وہی وزن رکھتا ہے جو امام حسین علیہ السلام کے مشن پر فدا ہو جانے والے شہدا کے خون کے قطرات رکھتے ہیں۔ ہمارا خون پاک ہو جاتا ہے۔ ہم خون میں نہائے ہوئے اور خون میں لتھڑے ہوئے لباس سے بلا وضو دورانِ جلوس نماز پڑھتے ہیں۔ نماز میں ولایت مرتضویؑ کی شہادت کا اعلان کرتے ہیں۔ اور سلام میں سرکارِ رجعت علیہ الصلوٰۃ والسلام پر سلام پڑھتے ہیں تو سرکار قائم آلِ محمدؑ کو اپنے سامنے پاتے ہیں۔ یوں اپنے خون، گوشت اور آنسوؤں سے سجا کر اُنکے حضورؑ میں شہدائے کربلا کا پُرسہ و تعزیت پیش کرتے ہیں۔ اُن کی نگاہِ کرم ہمارے زخموں کو مندمل کر دیتی ہے۔ ہمیں زیادہ قربانی کی توفیق عطا کرتی ہے۔ یہ باتیں ملّا ازم کی سمجھ سے بہت بعید ہیں۔

(6)۔ واقعۂ کربلا اور روایات پر ایک واقعاتی نظر!

امام حسین علیہ السلام معہ اپنے اَعِزّہ اور انصار کے چاروں طرف سے فوجوں کے نرغے میں گھرے ہوئے تھے۔ اُس گھیرے کے اندر کیا ہوا؟ کیسے ہوا؟ کوئی نہیں جان سکتا تھا اگر امام حسین علیہ السلام صرف اُن تیغ آزما بہادروں اور فداکاروں کو لائے ہوتے جو کربلا میں شہید ہوئے۔ لیکن حضورؑ یہ چاہتے تھے کہ وہ اپنے مشن اور کربلا کی ایسی لامحدود داستانِ عزا چھوڑ جائیں جو قیامت تک نئے نئے انداز سے بیان ہوتی چلی جائے اور ساری دنیا کو اس مشن کا والا و شیدا اور فریفتہ بنا لے۔ جس میں قوتِ نشو و نما کبھی کم نہ ہونے پائے۔ جو دنیائے اسلام کے ہر واقعہ، ہر حادثہ اور ہر داستان پر چھا جائے۔ جو اپنی فطری قوت سے انسانیت کے جذبات محسوسات و کیفیات کو اپنے اندر جذب کر کے انسانوں کے ہر طبقہ اور ہر مکتبِ فکر کو اپنے چاروں طرف مرکوز کر لے۔ اِس مقصد کے لیے وہ اپنی بہنوں، بیٹیوں اور دوسری مُخَدّرات عِصمت کو اپنے خاندان کے نوخیز اور کم سِن اور شیر خوار بچوں کو بھی ساتھ لائے تھے۔ وہ مدینہ میں بھی ایسی ہستیاں چھوڑ آئے تھے۔ جو دن رات مقاصدِ حسینیؑ اور سفر کی ہولناکیوں کا تذکرہ جاری رکھیں۔ جنہیں فطری رشتہ اور قربت کا لگاؤ چین سے سونے اور کھانے پینے سے باز رکھے۔ جو پُورے مدینہ کی آنکھوں کو کربلا، کوفہ و شام کی طرف لگائے رکھیں۔ جو ہر مسافر سے اور قاصد سے اور ہر راہرو سے کاروانِ حسینیؑ کی نقل و حرکت اور خیریت دریافت کر کے اس سفر اور اُس مقصد کو پورے ملک میں پھیلا دیں۔ جو ہر آنے والے کو خط سونپنے کے لیے سارا سارا دن راہ گزاروں پر بیٹھ کر وقت گزار دیں۔

وہ جانتے تھے کہ جب تک نتائج برآمد نہ ہولیں گے۔ حکومتِ وقت احتیاطی تدبیروں سے غافل رہے گی اور اس غفلت سے فائدہ اٹھانا اُن حضرات کی ذمہ داری ہوگی جو تلواروں کی زد پر نہ رکھے جائیں گے۔ اُن کے سامنے ماضی، حال اور مستقبل کے پردے حائل نہ تھے۔ وہ دیکھ رہے تھے کہ اُن کی شہادت کے بعد اُدھر خلیفۃ المسلمین کی افواج میں شادیانے بجیں گے۔ اور اِدھر اُن کے اہلِ

حرم اور بہن پر مصائب ٹوٹ پڑیں گے۔شامِ غریباں اُن کے سامنے بچپن سے کھڑی رہتی تھی۔اُن کے سامنے ہمیشہ وہ دردناک منظر پھرتے رہتے تھے جو کربلا سے دمشق تک اہلِ حرم کے ساتھ وقوع پذیر ہونا تھے۔بازوؤں کا چومنا اُسی کا تو ثبوت ہے کہ گرفتاری معلوم تھی۔وہ جانتے تھے کہ کوفہ کی گلی گلی پھرایا جائے گا۔تاکہ حضرت علیؑ کے تیار کردہ خاندان کو کربلا کا عملی نتیجہ دکھا کر آئندہ محمدؐ وآلِ محمدؐ کی نصرت کا دروازہ ہمیشہ کے لیے بند کر دیا جائے۔کوفہ کے باشندوں کی تعداد شہدائے کربلاؑ میں سب سے زیادہ تھی۔اُن کے سروں کو باقی شہدائے کربلاؑ کے ساتھ جلوس میں بھیجنا بہت ضروری تھا تاکہ کوفہ کے باشندوں اور شہدا کے خاندانوں کو ہر شہید سے نام بنام متعارف کرایا جائے۔اور بتایا جائے کہ خلیفة المسلمین کے خلاف اُٹھنے والوں کا یہ حشر کیا جائے گا۔خلیفہ کی سو فیصد اطاعت نہ کرنے پر اگر خود خاندانِ رسوؐل اور حسینؑ کے ساتھ رعایت نہیں ہے تو کسی اور کا شمار کہاں ہوگا؟ حکومت کا منشا تو صرف طرفدارانِ رسوؐل اور آلِ رسوؐل کی ہمتوں کو توڑنا تھا۔لیکن اُس کا ردِعمل یہ تھا کہ شہید کے بچے، والدین وازواج واعزّہ، امام زین العابدینؑ اور حضرت زینبؑ سے سوالات کر رہے تھے۔تاکہ اپنے شہیدوں کی بہادری، فداکاری کی داستان سنیں اور خاندان میں مثالی حیثیت سے برقرار رکھیں۔یہی وہ پہلا موقع تھا کہ اہلِ حرمؑ نے داستانِ کربلا اہلِ کوفہ کے قلوب و اذہان میں ودیعت کر دی۔میں نہیں مانتا کہ یہ جلوس اور اس کا گشت ایک دن اور چوبیس گھنٹوں میں ختم ہوگیا تھا۔جس مقصد کے لیے ابن زیاد نے اہلِ حرمؑ اور شہدائے کربلا کا یہ جلوس نکالا تھا وہ ایک دن چند گھنٹوں میں مکمل نہیں ہوسکتا تھا۔کوفہ ایسے گنجان آباد اور عظیم الشان اور وسیع وعریض شہر کی ہر گلی اور گھر کے پاس سے گزرنا اور ہر شہری کو ہمت شکن اطلاعات بہم پہچانا کم ازکم ایک ہفتہ چاہتا ہے۔بہرحال یہ وہ پہلا آزاد موقع تھا کہ خاندانِ رسوؐل نے کربلا کی تمام تفصیلات کھلے بندوں شیعانِ کوفہ تک پہنچا دیں۔لکھنے والوں نے لکھیں، سُننے والوں نے سُنیں۔الغرض وہ تاریخ جو انتقالِ رسوؐل کے بعد حکومت کی پالیسی کے قبرستان میں دفن تھی، لوگوں کے سامنے آ کھڑی ہوئی۔وہ تاریخ جو حکومت لکھوا اور پھیلا رہی تھی آج برہنہ ہو رہی تھی۔یہی جلوس اور یہی گشت اور اہلِ حرمؑ کے یہی بیانات تھے جنہوں نے کوفہ میں وہ مرکز قائم کیا جس نے پنچائتی حکومت کے خلاف اِنقلاب برپا کیے۔مصر وافریقہ وایران و عراق میں شیعہ حکومتوں کی بنیاد رکھی اور ایک دن اُسے تباہ کر کے رکھ دیا۔یہی وہ دشمنی تھی جس کی بنا پر کوفہ کے شیعوں کو حکومت کی تاریخ میں بدنام کرنے کی ہر شرم انگیز کوشش کی گئی۔حضرت زینبؑ و زین العابدین علیہما السلام کے خطبات تھے۔جنہوں نے کوفہ میں کبھی نہ ختم ہونے والی بے چینیاں بھر دیں۔امام حسین علیہ السلام کا نوکِ نیزہ کی بلندی سے قرآن پڑھنا دلوں کو چیرتا چلا جاتا تھا۔یہ وہ معجزہ تھا کہ جس نے آئندہ کے لئے راہِ خدا میں فدا ہو جانا آسان کر دیا۔کوفہ سے فراغت کے بعد اہلِ حرّم کو دربارِ یزید میں کچھ بیان دینے کا موقع ملا۔لیکن یہاں کوفہ ایسی آزادی نہ تھی۔قید خانہ میں بھی زبان آزاد رہی اور ہر ملاقاتی کو بے محابا حالات سنائے گئے۔یہاں تک کہ حقائقِ کربلا خلیفة المسلمین کے حرم تک جا پہنچے۔پھر بڑا اور آزاد موقع وہ تھا جب اہلِ حرم کی درخواست پر ایک جلسہ عام اور مجلسِ عزا کے قیام کی اجازت ملی۔اور قید سے رہائی سے ذرا پہلے تین روز تک مَردوں اور عورتوں کو حضرتِ امامِ زمانہ اور جنابِ زینب علیہما السلام نے ابن زیاد اور عمر سعد اور شمر وغیرہ کے مظالم اور کربلا کے واقعات سے مطلع کیا اور تاریخ کو دہرایا۔اس کے بعد یعنی کامل ایک سال کی قید سے رہائی کے بعد دمشق سے کربلا اور کربلا سے مدینہ تک بالکل آزادی تھی۔

لیکن مدینہ پہنچنے کے چند روز بعد ہی پابندی عائد ہوگئی۔اس لیے کہ ملک میں چاروں طرف بغاوت کے آثار نمودار ہو چکے تھے۔اوراس بغاوت سے بنی اُمیہ کے دشمن فائدہ اُٹھانے کا اعلان کر چکے تھے۔اب وہ زمانہ آ گیا تھا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے۔اب حضرت عمر کا قائم کردہ جاسُوسی، پولیس،اور پرچہ نویسوں کا جال ذرا ٹائٹ کر کے بچھا دیا گیا تھا۔اب ذکرِ حسینؑ جرم بن گیا تھا۔اب اہلِ حرمؑ اوراہل کوفہ وغیرہ کی زبانی وہ روایات تیار کرانے کا وقت آ گیا تھا۔جس سے حکومت کی مخالفت ختم ہو جائے۔اہلِ حرمؑ کو یوں عزت و آرام سے رکھا گیا، یوں چند روز بعد آزاد کر دیا گیا، یوں انہیں خوش کر کے وطن واپس بھیجا گیا،صرف 72 آدمی میدانِ کربلا میں قتل ہوئے،صرف ایک دن پانی بند رہا۔الغرض جن روایات اور جس تاریخ کو معیار بنا کر ذاکرین پر تنقید کی جاتی ہے وہ حکومت کی طرف سے پھیلائی اور مرتب کی ہوئی روایات ہیں۔اور جو روایات ہمارے ذاکرین بیان کرتے ہیں وہ وہی روایات ہیں جو خاندانِ اہل بیت علیہم السلام اور محبانِ آلِ محمدؐ کی زبانوں پر جاری تھیں، جو بچوں نے اپنے بزرگوں سے سنیں، جو دشمنانِ محمدؐ وآلِ محمدؐ سے بچا کر بیان کی جاتی تھیں۔جن کی رُو سے خانوادۂ رسوؐل اور شیعوں میں مختلف رسومات جاری ہوئیں۔اور ایسے خاموش انداز میں سینہ بسینہ اور خانہ بخانہ آگے بڑھیں کہ یزید کے ہم مذہب لوگ بھی رفتہ رفتہ اُنہیں بجالانے لگے اور آج تک بجا لا رہے ہیں۔زبان پر پہرہ ہے لہٰذا وہ خاموشی سے ایک بچہ کو شربت کی چھوٹی سی مشک دے کر محلّہ میں شربت پلانے بھیج دیتے۔جب بچہ عزادارانِ حسینؑ کو شربت پلانے پہنچتا تو سارا مجمع یا گھر کے سارے افراد سر و سینہ پیٹنے لگتے۔اُنکے سامنے سقائے سکینہؑ کے تصورات کو آنے سے کوئی پہرہ نہ روک سکتا تھا۔وہ لوہے کی ایک پتلی سی زنجیر بچوں کو پہنانے کی رسم ادا کرتے تو حضرت زین العابدینؑ کی یاد دلوں کو بَرما کر رکھ دیتی۔وہاں کسی بہن کا شکایتوں سے لبریز خط پڑھنے کی رسم ادا ہوتی تو گریہ اور پیہم نالہ وزاری جاری رہتی۔وہ کسی بچی کے ہاتھ میں کنگنا باندھ دیتے تو حضرت قاسم علیہ السلام کی شادی یاد آنے سے کون روک سکتا تھا۔بےاولادوں اور مصیبت کے ماروں کو کوئی رسم ادا کرنے کی منت منوا دیتے۔اور مُراد برآنے کے بعد متعلقہ لوگ اس رسم کو ایک دوسرے کو بتاتے اور منت بلاتفریقِ قوم وملت چاروں طرف پھیلتی چلی جاتی۔ہر امام زمانہ علیہ السلام اپنے زمانوں میں ایسی منتوں کا ثمرہ فراہم کرتے جاتے تھے۔یوں عزاداری کی اور بہت سی دوسری منتیں مسلمانوں، یہود و نصارا اور ہندوؤں میں پھیلتی گئیں۔اگر اصل باتیں کتابوں میں لکھ دی جاتیں تو وقت کا قاضی،ملّا اور حاکم اُس کو فوراً بند کر کے متعلقین کی گردنیں کٹوا دیتا۔چنانچہ آج سینکڑوں ایسی منتیں موجود ہیں جن کا ذکر کتابوں میں نہیں ہے۔اور جنہیں حکومت کے ہم مذہب علما شرک کہتے ہیں۔لیکن اُمت کی کثرت اُن مشرکوں کے منع کرنے سے اپنا کام نہیں چھوڑتی۔یہاں ہم دونوں قسم کے لیبل لگانے والے علما کو روک کر یہ دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ اے پاکدامن لوگو!! اے دین اسلام کی صحیح تعمیل کرنیوالو!اے خدا کے مقرب بندو! آؤ اور اپنی پسندیدہ وآزمودہ کوئی ایسی عبادت پیش کرو جس سے اُمت کو ایسا یقین پیدا ہو کہ اس عبادت کو اپنی مشکلات کے حل کیلئے بطورِ منت اختیار کیا ہو؟ اوراس سے عام طور پر مرادیں برآئی ہوں؟ ہمیں معلوم ہے کہ تمہاری کوئی عبادت ایسی نہیں ہے۔اِسلئے کہ حقیقی اور خدا کے علم کے مطابق تم نے عبادتوں کو عبادت کی مفتاح (کنجی) کے بغیر اختیا کیا ہے۔تم نے اجرِ رسالت کو غصب کیا ہے۔تم نے ولایتِ علویہ سے کنارا کشی اختیار کی ہے اور اذان ونماز سے اُسے خارج کر کے اپنی عبادتوں کو مہمل اور بےاثر بلکہ اُلٹا مُضر بنالیا ہے۔تمہاری تمام مصیبتیں تمہاری نماز کی وجہ سے تم پر

نازل ہورہی ہیں۔تم عزاداریٔ حسین علیہ السلام کی مخالفت بند کردو، ذاکرین کے خلاف محاذ آرائی بند کردواور ولایتِ محمدؐ یہ اوراجر رسالت کی ادائیگی کو لازم گردان لو، تو تمہیں دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی کامیابی حاصل ہونے کی ضمانت ہم لیتے ہیں۔

(37/4)۔ عزاداریٔ معصومینؑ کواثرانگیز بنانے میں شاعروشعر کی پوزیشن

(1) ایک شعر کا بدلہ جنت ہے:۔ ذکرہ الصدوق (رہ) فی العیون باسنادہ عن عبد اللّٰہ بن الفضل الھاشمی قال

قال ابوعبد اللّٰہ علیہ السلام مَنْ قال فینا بیت شعر بَنَی اللّٰہ تعالٰی بیتًا فی الجنۃ۔

''جناب صدوق نے اپنی کتاب العیون میں عبداللہ بن فضل سے روایت کیا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جس کسی نے ہمارے فضائل ومصائب کو ایک شعر میں ظاہر کیا اس کے لئے اللہ جنت میں ایک مکان تیار رکھے گا۔''

(2)۔ شاعراھلبیتؑ کورُوح القدس کی تائید حاصل رہے گی

ومنھا خبر علی بن سالم بن ابیہ عن ابی عبد اللّٰہ علیہ السلام قال ماقال فینا قائل بیت شعر حتی یوئد بروح القدس۔

''اوراسی کتاب میں علی بن سالم اپنے باپ سے روایت کرتا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ کوئی شخص ہماری شان میں شعر نہیں کہتا جب تک اُسے رُوح القدس کی تائید حاصل نہ ہو جائے۔''

(3)۔ اھلبیتؑ کی شان میں شعر کہنے والے کا شہر زیارت گاہ ملائکہؑ اور انبیاؑ رہے گا

ومنھا خبر الحسن بن الجھم قال سمعت الرضا علیہ السلام یقول ماقال فینا مومن شعرا بمدحنابہ اِلَّا بنی اللّٰہ لہ مدینۃ فی الجنۃ اوسع مِن الدنیا سبع مرّات یزورہ فیھا کُلّ ملک مقرّب و کُل نبیٍّ مرسل۔

ایضاً امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر کوئی مومن ہماری مدح میں شعر کہے تو اللہ اُس کے لئے جنت میں ایک شہر تیار رکھے گا جو اس دنیا سے سات گنا بڑا ہوگا۔اور اللہ کے خاص خاص فرشتے اور رسولؐ اس شہر کی زیارت کیا کریں گے۔

(4)۔ کمیت نامی شاعر کو مدح اھلبیتؑ پر رُوح القدس کی تائید حاصل تھی

ومنھا ماذکرہ الشیخ الاجل محمد بن عبدالعزیز الکشی فی کتاب الرجال باسنادہ الٰی زرارۃ قال دخل الکمیت بن زید علٰی ابی جعفر علیہ السلام وانا عندہ فانشدہ من القلب متیّم مستھام فلما فرغَ قال علیہ السلام للکمیت لاتزال مؤیدًا بروح القدس مادُمتَ تقول فینا۔

ایضاً۔محمد بن عبدالعزیز کشی نے کتاب الرجال میں زرارہ سے روایت کیا کہ انہوں نے کہا کہ میں امام محمد باقر علیہ السلام کے پاس تھا جب کمیت شاعر حاضر ہوا اور اُس نے امامؑ کے روبرو اھلبیتؑ کی مدح میں دل کی گہرائی اور خلوص سے اشعار پڑھے۔جب وہ فارغ ہوا تو امامؑ نے فرمایا کہ جب تک تم ہمارے فضائل میں اشعار کہتے رہو گے تمہیں برابر روح القدس کی تائید حاصل رہے گی۔

(5)۔ مرثیہ ونوحہ لکھنے والوں کو آئمہؑ کی اجازت حاصل ہے

ومنھا خبر عبد اللّٰہ بن الصّلت قال کتبتُ الٰی ابی جعفر ابن علی الرضا علیھما السلام تأذن لی اَن اَرْثَی اباالحسن علیہ السلام اعنی اباہ قال وکتب اِلَیَّ اندبنی واندب ابی۔

ایضاً۔عبداللہ بن صلت نے کہا کہ میں نے امام محمد تقی علیہ السلام کولکھا کہ مجھے اجازت دیجئے کہ میں آپکے والد امام رضا علیہ السلام کا مرثیہ لکھوں۔راوی کہتا ہے کہ امام محمد تقی علیہ السلام نے جواب میں لکھا کہ میرے لئے اور میرے والد دونوں کیلئے نظم میں حالات بیان کردو۔

(6)۔ امام محمد باقر علیہ السلام حالات نظم کرنے کی اجازت دیتے ہیں

ومنها خبر ابی طالب التیمی قال کتبتُ اِلٰی ابی جعفر علیہ السلام بابیاتِ شعرٍ وذکرتُ فیھا اَبَاہُ وسئلتہ اَن یاذن لِیُ فِیُ اَن اَقُول فیہ؛ فقطع الشعر وحبسہ وکتب فی صدر مابقی مِن القرطاس قد احسنتُ جزاک اللّٰہ خیرًا۔

اوراُسی میں ہے کہ ابوطالب تیمی نے کہا کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام کو چند اشعار امام زین العابدینؑ کے حالات میں لکھ کر بھیجے اوراجازت مانگی کہ میں اس سلسلے کواور آگے بڑھاؤں؟ امام محمد باقر علیہ السلام نے کاغذ کا وہ حصہ کاٹ کر اپنے پاس رکھ لیا جس میں اشعار تھے اور باقی ماندہ کاغذ پر یہ لکھ کر مجھے بھیجا کہ مجھے اشعار پسند آئے اسلئے رکھ لئے اللہ تمہیں جزائے خیر دے۔

(7)۔ مرثیہ خوان وقصہ خوان اورنوحہ وپُرسہ پڑھنے والوں کی مدح وثنا

ومنها خبر عبد اللّٰہ بن حماد عن ابی عبد اللّٰہ علیہ السلام وذکر حدیثًا طویلًا فی ثواب زیارۃ الحسین علیہ السلام اِلٰی اَنُ قال بلغنی اَنَّ قومًا یاتونہ مِن نواحی الکوفہ وناسًا غیرھم ونساء یند بنہ وذ لک فی النصف مِن شعبان فمن بین قاری یقرء وقاص یقصّ ونادب یندب وقائِل یقول المراثی فقلت لہ نعم قد شھدتُ ما تصفہ۔فقال الحمد اللّٰہ الذی جعل للناس مَن یعَدواالینا ویمدحنا ویرثی لنا وجعل عدّونا مَن طغر علیھم مِن قرابتنا وغیرھم یھدرونھم ویقبحون مایصنعون۔

عبداللہ بن حماد نے ذکر کیا کہ امام جعفرؑ صادق نے امام حسینؑ کی زیارت کےثواب پرایک تفصیلی حدیث بیان فرماتے ہوئے یہ بھی فرمایا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ کوفہ کے گردونواح سے ایک قوم امامؑ کے مزار پرآتی ہے اوراُسکے علاوہ بھی اورلوگ آتے ہیں اور ماہ شعبان کے درمیانی ایام میں عورتیں اور مرد وہاں امام حسینؑ کا قصہ بیان کرتے ہیں،قاری قرأت کرتے ہیں اورنوحہ ومرثیہ پڑھتے ہیں۔میں نے کہا کہ جی ہاں میں نے ایسا کرنیوالوں کوخود دیکھا ہے۔امامؑ نے فرمایا کہ اللہ کاشکر اورحمد بجالاتا ہوں جس نے انسانوں میں ایسے لوگ تیار کردیئے جو ہمارے دین کی اشاعت میں اور ہماری مدح وثنا میں اور ہمارے مرثیہ میں وقت صرف کرتے ہیں اور ہمارے دشمنوں کوایسا بدبخت بنادیا جو ہمارے مرثیہ خوانوں،مدح خوانوں وغیرہ پرخفا رہتے ہیں،اُنہیں دھمکاتے ہیں اوراُنکی رسوم واعمال کی برائی کرتے ہیں۔

(8)۔ ترنم ودردناک آواز میں گلوکار،ماہر موسیقی کا مرثیہ امامؑ کے حضور میں

دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ وطرفدارانِ قاتلانِ حسینؑ ہراُس عمل کو،ہراُس رسم کو،ہراُس طریقے کوحرام کہتے چلے آرہے ہیں جن سے محبت اہلبیتؑ پیدا ہوتی ہو۔جن سے عزاداریٔ حسین علیہ السلام میں اثر انگیزی وانقلاب خیزی پیدا ہوتی ہو۔جن سے حسینؑ اورشہدائے کربلا علیہم السلام کاغم اوراُن سے ہمدردی اوراُنکے دشمنوں سے نفرت وعداوت دل میں اُترجائے۔واضح احادیث اوررسوؐل کے عمل اورمعصومینؑ کی مسلسل سنت کی موجودگی میں بھی وہ لوگ مرثیہ اورنوحہ کوترنم اوردردناک آواز میں گاکر پڑھنے کوحرام کرتے رہے ہیں۔

حالانکہ انہیں ایک حدیث بھی ایسی نہ مل سکی جس میں امام حسینؑ یا دیگر معصومین علیہم السلام کی خوشی میں گانے کی یا اُن کے غم میں گا کر مرثیہ ونوحہ پڑھنے کی ممانعت یا کراہت یا برائی کی گئی ہو۔اسکے برعکس مدینہ میں رسوؐل اللہ کے استقبال پراور حضرت فاطمۃ الزہراء علیہا السلام کی شادی پر مدینہ کی مسلمان خواتین اورازواج نبیؐ کا مل کر کوٹھوں پراور شارع عام میں گانا مصدقہ ومسلّمہ احادیث وتواریخ کے ریکارڈ میں دونوں طرف موجود ہے ۔ گانے بجانے اور بے حیائی کے کام کرنے کو اللہ اور معصومینؑ نے حرام قرار دیا ہے ۔مگر عزاداریٔ حسینؑ اور میلادالنبیؐ میں کوئی بے حیائی اور گناہ انگیز کام نہیں ہوتا۔لیکن دشمنان اسلام نے رسوؐل اللہ اور آل محمدؐ کواسلئے عام انسانوں کے برابر کھڑا کیا تھا تاکہ جو حکم عوام الناس کیلیئے دیا جائے اُس میں اُن مقدس ہستیوں کو بھی شامل کرلیا جائے۔ٹھیک ہے عام اور فطری اموات پر بے قراری اور سوگ استقلال سے منانا منع ہے۔لیکن مخصوص صورت میں قتل وموت مستثنیٰ ہے اور رسوؐل ومعصومینؑ کے رنج وغم کی صورت سب سے الگ ہے۔ یہاں عام حکم اُسی صورت میں لگ سکتا ہے جب کہ یہ عوام کے برابر اور عوام میں شامل ہوں ۔اس سلسلے میں آپ ہماری کتاب ''<u>غنا حرام ہے مگر منافق جھوٹے ہیں</u>'' ضرور پڑھیں اور دیکھیں کہ ہم نے مسئلہ غنا اور گانے میں بھی اُن کی مذہبی کمر توڑ دی ہے۔ یہاں آپ یہ دیکھیں گے کہ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام ایک ماہر موسیقی اور مشہور گانے والے شخص ابی عمارہ سے ترنم کے ساتھ گا کر مرثیہ سنانے کے لئے فرمائش کرتے ہیں سنئے:۔

روی الصدوقؒ فی الامَالِی وابن قولویه فی الکامل بسند یهما عن ابی عمارة المنشد عن ابی عبد اللّٰه جعفر الصادق علیه السلام قال قال لی یاابا عماره انشدنی فی الحسین بن علی علیهما السلام۔ فانشدتُهُ۔فبکی ثم انشدته فبکی۔ قال فواللّٰه ماذالت انشده فیبکی حتّٰی سمعت البکا من الدار ۔فقال یاابا عمارة مَن انشد فی الحسینؑ بن علیؑ شعرًا فابکی خمسین فله الجنه وَمَنُ انشد فی الحسینؑ شعرًا فابکی ثلاثین فله الجنة ومَن انشد فی الحسین شعرًا فابکی عشرین فله الجنة ومَن انشد فی الحسینؑ شعرًا فابکی عشرة فله الجنة ومَن انشد فی الحسینؑ شعرًافابکی واحدًافله الجنة ومَن انشد فی الحسینؑ شعرًا فبکی فله الجنة ومن انشد فی الحسینؑ شعرًا فتابکی فله الجنة۔ (مجلس التاسع کتاب اقناع اللائم علی اقامۃ الماتم)

''جناب صدوق رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب امالی میں اور ابن قولویہ نے اپنی کتاب الکامل میں ابوعمارہ سے روایت کیا ہے کہ اس نے کہا کہ مجھ سے جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے امام حسینؑ کا مرثیہ ترنم سے گا کر سُنانے کے لئے فرمایا۔ چنانچہ میں نے مرثیہ پڑھا اور آپ روئے۔ میں نے پھر مرثیہ سنایا۔آپ پھر روئے۔راوی کہتا ہے کہ خدا کی قسم وہ برابر روتے رہے اور میں مرثیہ سناتا رہا۔ یہاں تک کہ گھر کے اندر اہل حرم کے رونے کی آوازیں بلند ہوگئیں ۔آخر میں فرمایا کہ اے ابوعمارہ اگر کوئی حسینؑ کا مرثیہ ترنم سے پڑھے اور پچاس آدمیوں کو رُلادے تو اُس کے لئے جنت ہے۔اور اگر مرثیہ پڑھ کر تیس آدمیوں کو رُلادے تو بھی اُس کو جنت ملے گی۔اور اگر بیس آدمیوں کو رُلادے پھر بھی جنت لازم ہے اور اگر امامؑ کے مرثیہ سے دس آدمیوں کو رُلادے پھر بھی جنت کا ملنا لازم ہے اور اگر امام حسینؑ کا مرثیہ پڑھ کر ایک آدمی کو رُلادے تب بھی جنت لازم ہے۔اور اگر تنہا مرثیہ پڑھے اور روئے تب بھی جنت ہے اور اگر مرثیہ پڑھتے ہوئے رونے کا منہ بن جائے تب بھی جنت ملے گی۔

(الف)۔ ایک وضاحت : ایسی احادیث بہت ہیں کہ جن میں رونے اور رُلانے کی تعداد اور جنت کا ذکر ہوا ہے۔اس سلسلے میں یہ سمجھ لینا چاہئے کہ رونے اور رُلانے والوں کے لئے جنت تو ہر حال میں اُن کا حق اور حصہ ہے ۔ دیکھنا یہ ہے کہ مجلس حسین علیہ السلام ہر حال میں قائم کی جائے گی اور جنت ملنا واجب ہوگا۔خواہ ذاکر تنہا ہو،خواہ اتنا کم پڑھا جائے کہ ابھی دل پگھلا نہیں تھا اور صرف آثارِ غم ظاہر ہونے پائیں اور ذکر حسین علیہ السلام ختم کرنا پڑے ۔ یہ صورتِ حال تقاضہ کرتی ہے کہ ہر آدمی ہر روز چند جملے، چند اشعار یا واقعات روزانہ پڑھے یا سُنے تب دنیاوی مصروفیات کو اختیار کرے۔اور اسکی پرواہ نہ کرے کہ فلاں اور فلاں لوازمات واہتمام ہوں تب مجلس حسینؑ قائم کروں گا، ہر گھر میں دو چار یا زیادہ اشخاص ہوتے ہیں۔یعنی ہر گھر میں روزانہ ذکر حسینؑ کم از کم اتنا ضرور اور روزانہ ہو جانا واجب ہے جس سے دل رنجیدہ ہو جائے خواہ آنکھیں بھیگیں یا نہ بھیگیں خواہ آنسو نکلیں یا نہ نکلیں۔ پھر اس قسم کی احادیث سے یہ بھی واجب ہو جاتا ہے کہ ہمیں زیادہ سے زیادہ محبان اہلبیتؑ ومسلمانوں کو جمع کرنا چاہئے اور یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ آئمہ معصومین علیہم السلام کے زمانہ میں پچاس مومنین سے زیادہ ایک جگہ جمع ہو کر عزاداری نہ کر سکتے تھے۔اس لئے کہ حکومت کے جاسوس اور دیگر انتظامات رکاوٹ بنتے تھے اور مومنین کی تعداد بھی ہر جگہ اور ہر وقت اس سے زیادہ آزادی سے جمع نہ ہوسکتی تھی ۔ ہم نے چند مصائب کے جملے یا چند اشعار کے ساتھ چند **''واقعات''** کے الفاظ بھی لکھ دیئے ہیں۔اس کا مطلب یہ ہے کہ سجدہ گاہ اور تسبیح ایک واقعہ ہے۔سجدہ ایک واقعہ ہے۔اگر ایک مومن کو نماز شروع کرتے وقت سجدہ گاہ دیکھ کر سجدہ گاہ پر سجدہ کرنے کا مقصد یاد آ جائے تو اس مٹی کو دیکھ کر وہ پانی سمجھ میں آنا چاہئے جس میں یہ مٹی گھول کر اس صورت میں لائی گئی۔ پھر اس مٹی سے کربلا تک ذہنی رسائی قدرتی ہے۔وہاں اُتنا پانی بھی نہ ملا جو آپ کی سجدہ گاہ بنانے میں صرف ہوا تھا اور جب بھی مومن سجدہ کرے تو اُسے حضرت علیؑ کا سجدہ اور حسینؑ کا سجدہ یقیناً یاد آئے گا۔اُس کے تصور میں وہ تلواریں بھی آئیں گی جو ابن ملجم اور شمر جیسے ملاعین کے ہاتھ میں دی گئی تھیں۔اور جس مومن کے ذہن میں یہ تصورات پیدا ہو جائیں گے اُس کا دل یقیناً رنجیدہ اور چہرہ غمزدہ ہو جائے گا۔لہٰذا وہ واجب ادا ہو جائے گا جو ہر تنہا شخص پر فرض بتایا گیا ہے۔اگر زیارات کو سمجھ کر پڑھ لیا جائے جو آپ روزانہ پڑھتے ہیں تب بھی مُنہ کا بگڑنا تو الگ، بے قرار ہو کر رونا آ جائے گا۔کاش ہماری یہ باتیں مومنین تک پہنچ کر اُن کی سمجھ میں آ جائیں۔آمین۔

(ب)۔ دوسری وضاحت: یہ یاد رکھیں کہ قرأت کرنے،تلاوت کرنے اور انشاد کرنے میں بڑا فرق ہے۔تفصیل تو ہماری کتاب میں ملے گی۔یہاں یہ سمجھ لیں کہ۔نَشَدَ، یَنْشَدُ اور اِنشَاد وتَنْشِیْد کے معنی کسی مفید بات کو کسی اچھے معاملہ کو یا کسی سبق آموز قصے کو بلند آواز میں مفید ترین انداز سے دل کی گہرائی تک اُتار دینا ہیں۔اس میں آواز کو نشیب وفراز سے گزارا جاتا ہے(Elevation of Voice)، آواز میں دردوترنم بھرا جاتا ہے ۔ چہرہ کے اُتار چڑھاؤ سے سننے والوں کو اس بات ؛اُس معاملہ یا سبق سے دوچار کر دیا جاتا ہے اور سُننے والوں کے دل انشاد کرنے والے کی مُٹھی میں چلے جاتے ہیں۔ وہ جہاں بھی چاہے سننے والوں کو ہنستا تا، رُلاتا اور حیران کرتا چلا جاتا ہے۔لیکن مولانا حضرات نے جہاں اور دینی الفاظ کا ستیاناس کیا ہے وہیں اپنے باطل مقاصد کے لئے ان الفاظ کو بھی تباہ کر دیا ہے۔اور جہاں دل چاہا استعمال کر کے حقیقی معنی کو مشکوک کر دیا ہے۔

(9)۔ مرثیہ، تلاوت یا قرأت سے اثر انگیزی کھودیتا ہے

چونکہ یزید اور اُس کی قومی حکومتوں کے مذہب میں بے حیائی اور جنسی انگیخت جائز تھی، وہاں حسین وجمیل عورتیں درباروں اور محافل میں رقص وسرود اور جذبات نوازی کرتی تھیں۔ اس لئے آل محمدؐ نے اپنے پیروؤں کو اُن سے دور رکھنے اور گناہوں سے بچانے کے لئے اُن اعمال وحرکات کو حرام قرار دیا تھا۔ اِس لئے بعض شیعہ خصوصاً وہ شیعہ جو آئمہ علیہم السلام کی صحبت اور تعلیم سے زیادہ بہرہ یاب نہ تھے یہ سمجھنے لگے تھے کہ گانا ہر حال اور ہر معاملے میں حرام ہے۔ اُدھر مخالف محاذ بھی نہیں چاہتا تھا کہ گانا یا انشاد مرثیوں میں شامل ہو کر مخالفین کے خلاف زیادہ کامیاب ہو سکے۔ ایسے تصورات رکھنے والا ایک شاعر جو اعلیٰ درجے کا اثر انگیز گانے والا بھی تھا۔ وہ امام جعفر صادق علیہ السلام کی زیارت کے لئے حاضر ہوتا ہے اور فرمائش پر مرثیہ سناتا ہے۔ مگر مندرجہ غلط واقفیت کی بنا پر از راہِ ادب سادہ لب ولہجہ میں قرأت یا تلاوت شروع کرتا ہے تو امام علیہ السلام اُسے منع فرماتے ہیں کہ مجھے یہ تلاوت وقرأت پسند نہیں بلکہ جیسے تم عام محفلوں میں جلسوں میں بے تکلف گاتے ہو اور لوگوں کی توجہات وجذبات کو مرکوز کر لیتے ہو، اس طرح غم حسینؑ میں مرثیہ سناؤ۔ تب اُس شاعر کی ہمت بلند ہوئی، اصل مسئلہ سمجھا اور پھر مرثیہ سنایا۔ یہ سارا واقعہ اُن ہی کی زبان میں علما نے لکھا ہے کتابوں میں موجود ہے۔ اس کے باوجود سرکاری قسم کے مقدس لوگ منکر ہیں اور نہیں چاہتے کہ مرثیہ اور نوحہ انقلاب پیدا کردے، واقعہ سُنئے:۔

وروی ابن قولویه فی الکامل عن الی هارون المکفوف قال دخلت علٰی ابی عبد اللّٰہ علیه السلام فقال لی اَنشدنی فانشد تُہُ۔فقال لا۔ کماتنشدون و کما تَرثیه عند قبره فانشدتُہُ۔

اَمُرَرُعلٰی جدث الحسینؑ　　　وَاَقُلُ لاعظمه الزکیة

قال فلمابکی امسکتُ انا فقالُ مُرّفَمَرَرُتُ۔ثم قال زدنی۔ فانشدتہُ۔

یامریمؑ قُوُمِیُ وَانُدَبِیُ مَوُلَاکِ　　　وعَلیَ الحسینؑ فاسعدی ببُکاکِ

فبکی وتھائج النسآءُ فلمَّا سکتن قال لِیُ یااباھارون مَن انشد فی الحسینؑ فابکی عشرة فله الجنّة ثُمَّ جَعَلَ یَنُقَصُ واحدًا واحدًاحتیّٰ بلغ الواحد فقال مَن انشد فی الحسینؑ فابکی واحد فله الجنة.ثم قال مَن ذکره فبکی فله الجنة(اقناع اللائم)

اورابن قولویہ نے اپنی کتاب الکامل میں ابوھاروؔن مکفوف سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو مجھ سے فرمایا کہ تم امام حسین علیہ السلام کا مرثیہ پڑھ کر سناؤ۔ چنانچہ میں نے سادہ طریقہ پر پڑھنا شروع کیا تو فرمایا کہ یُوں نہیں۔ مجھے اُس طریقے پر سناؤ جیسا کہ تم اہل فن لوگ عام طور پڑھا کرتے ہو یا جیسے تو امام حسینؑ کی قبر پر میری عدم موجودگی میں آزادی سے پڑھا کرتا ہے۔ اُس طرح پڑھو۔ چنانچہ اسی طریقے سے پڑھا اور جناب سید حمیری کے مرثیہ کا پہلا شعر سُنایا۔

''جب امام مظلومؑ کی قبر پر میرا گزر ہوا تو میں نے اُن کی عظمت وجلال کی بنا پر ایک پیر پر کھڑے ہو کر تعظیم کی۔''

امامؑ پر گریہ طاری ہوا۔ جب حضورؑ بلند آواز سے رونے لگے اور میں نے دیکھا کہ میری آواز نہ سُن سکیں گے تو میں خاموش ہو گیا۔ جب حضورؑ ذرا سنبھلے تو فرمایا کہ مرثیہ میں آگے بڑھو۔ میں نے مرثیہ بڑھایا۔ پھر فرمایا اور زیادہ پڑھو تو میں نے یہ شعر پڑھا کہ:۔

''اے مریمؑ اُٹھواوراپنے آقا ومولاؑ کے مصائب پر بَین کرو۔اورغمِ حسین علیہ السلام پرگریہ وزاری کے لئے مستعد ہوجاؤ۔''
حضورؑ بھی رورہے تھے اوراندراہلِ حرم خواتین میں توبڑی بےقراری اورگریہ وزاری کا ہنگامہ برپا تھا۔جب خواتین کارونا بند ہواتوفرمایاکہ اے ابوہارون جوکوئی حسین علیہ السلام کا مرثیہ اسی انداز میں پڑھے اوردس مومنین کورلادے تواس کے لئے جنت لازم ہوگئی۔پھرآپ نے ایک ایک کی تعداد کم کرکے (2,3,4,5,6,7,8,9) یہی اجر سُنایا۔یہاں تک کہ فرمایاکہ جوکوئی اسی طرح مرثیہ پڑھےاورغم مظلومؑ میں ایک مومن کورلادے اُس پربھی جنت واجب ہوگئی اورجوکوئی امام مظلومؑ کا سادہ طورپرذکرکرےاورروئےتواُس کے لئے بھی جنت ہے۔'' ظاہرہےکہ سادہ ذکرسےاثراورگریہ کم ہونا قدرتی امرہے۔

مومنین نوٹ کریں کہ ابوھارون کے ساتھ ساتھ اصلی شاعرکومرثیہ تیارکرنے کا ثواب بھی ملتارہےگا۔یعنی مرثیہ لکھنا ایک ایسا مستقل اورمستحکم نیک کام ہے کہ اُس سے قیامت تک مومنین جنت کے حق داربنتے چلے جائیں گےاورخودشاعرکوتمام پڑھنے والوں کے ساتھ ساتھ الگ سے جنت اورلاانتہا ثواب ملتارہےگا۔

(10)۔ <u>مرثیہ کوفنی اثرانگیزی سے پڑھنا ملائکہ کومجلس میں اتارلیتاہے</u>

آپ جانتے ہیں کہ جناب داوٗدعلیہ السلام جس لحن وترنّم سے اللہ کی حمدوثنا ونظم کرتے تھے،اُسے سُننے اورحضرت داوٗدؑ کے ساتھ مل کر اللہ کے گیت گانے کے لئے چرندوپرندحتّٰی کہ پہاڑتک اللہ کی طرف سے مامور تھے(انبیاء 21/79،سبا 4/10، صٓ 19-38/18) اورحضرت داوٗدؑ کی زبورمیں بڑاحصہ نظم میں ہے۔حضرت علی علیہ السلام نے حضرت داوٗدعلیہ السلام کو <u>**صاحب المزامیر**</u> (تمام موسیقی کے آلات اورسازوں کے موجد) فرمایاہے۔اورزبورمیں آج تک بھی ایک سوپچاس مزامیریعنی حمدخداوندی کے گیت ہیں (الکتاب المقدس صفحہ 54 تا 164 جلددوم۔ المطبعة الکاثولیکیّة بیروت)۔قدیم وجدیدعربی زبان میں کتاب کو''**سفر**'' بھی کہاجاتاہے۔ اوراسی لئے اُن حضرات علیہم السلام کو سفرۃ بھی کہا گیاہے جوبیتِؑ النبوۃ میں ہروقت قدیم وجدیدالہاماتِ خداوندی کوتحریری کتاب کی صورت میں لکھتے رہتے تھے(فِیۡ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ o مَّرۡفُوۡعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ o بِاَيۡدِىۡ سَفَرَةٍ o كِرَامٍ بَرَرَةٍ o عبس 16-80/13)۔ چنانچہ زبورکاایک معنوی نام''**سفرالمزامیر**'' ہے(گیتوں کی کتاب)۔اس کتاب کے شروع میں کتاب کا مقصدوغیرہ بتاتے ہوئے یہ عبارت لکھی ہے کہ:۔

'' لَاُ بّد لِلصَّلَاةِ ، وَخَاصَّةُ الصَّلَاةِ الْعَمُوْمِيَّة ،اِذَا تُفَتَّحَتْ مِنْ اَنْ تصبح اَحَيا نًاغناء، نَشِيْدًا تَرَافَقَهٗ عِنْدَ الحاجة آلات الموسیقی.....فهذا السفر هو مجموعة اصبحت عاجلًا اواجلًا رسميّة، مجموعة اناشيداقتبلها اسرائيل و كثرا استعمالها فی رتب الهيكل واجتماعات دينية اخرٰی۔'' (ایضاً صفحہ 52)

''اس عبارت کالبّ لباب یہ ہے کہ حضرت داوٗدعلیہ السلام کی اس کتاب کے تمام گیت نمازکے افتتاح میں ضروری ولازمی ہیں۔اوراگر ضروری ہوتوویسے بھی موسیقی کے آلات کی مددسے مجالس ومحافل میں بطورعبادت گائے(نشید،انشاد،اناشید) جاسکتے ہیں۔اوربنی اسرائیل نے دینی اجتماعات میں اِن گیتوں کوکثرت کے ساتھ استعمال کیاہے۔''

ہم نے یہ سب کچھ اسلئے آپ کے سامنے رکھ دیا کہ قدیم الہامی کتابیں اور قرآن کریم نیز نہج البلاغہ کی سند سے مرثیہ اور فضائل اور حمد خداوندی نظم میں ترنم کے ساتھ گائی جاتی رہی ہے۔اور ایسے گانے کو حرام کہنے والوں کے پاس خود ساختہ تصورات کے سوا کوئی قدیم وجدید دلیل نہیں ہے۔آخری بات یہ ہے کہ لفظ زمر کے معنی تمام لغات میں آلات موسیقی میں سے وہ آلہ ملیں گے جس میں پھونک مار کر بجایا جاتا ہے (نفیری، الغوزہ، بین وغیرہ)۔قیامت کے دن صور کو پھونک مار کر بجایا جائے گا (الزمر 73-39/68)۔پہلی آواز یا سُر یا زمر سے مخصوص بندوں کے سوا سب مرجائیں گے، غش کر جائیں گے۔دوسری آواز یا سُر یا زمر سے تمام گزشتہ وموجودہ مخلوق حساب کے لئے زندہ ہوجائے گی۔تمام انبیّا اور اُمتوں کے گواہ علیہم السلام حاضر ہوجائیں گے۔زمین کا مُربی یا رَب حساب کے لئے جلوہ فرما ہوگا تو یہ دنیا نُور سے جگمگا اُٹھے گی۔ساری کائنات کے ریکارڈ کی کتاب سامنے کھل جائے گی۔حساب کے بعد ایک آواز یا سُر والے لوگ جہنم میں اور دوسری سُر والے لوگ جنت میں چلے جائیں گے۔یہ ہے وہ قصہ اور باجا (صور) جس کے سُروں اور تاثیر کی وجہ سے سورۂ الزمر نام رکھا گیا اور یہ ز-م-ر وہ بنیاد ہے جس سے مزمار و مَزَامیر و مزمور اور صاحب مزامیرؑ بنتے ہیں۔اور حضرت علی علیہ السلام بھی حضرت داؤدؑ کو اس لقب سے یاد کرتے ہیں۔لہٰذا حمد خداوندی یا فضائل محمدؐ وآل محمدؐ کے گیت گانا واجب ہے اور خصوصاً جناب سید الشہدا علیہ السلام کے مرثیہ کو ترنم سے پڑھنا مندرجہ بالا حساب کتاب سے بری الذمہ کرکے جنتی بنا دیتا ہے۔اب روایت سنئے اور ملائکہ کی مجلس حسینؑ میں شرکت ملاحظہ فرمایئے۔

وَ روی الکشی فی کتاب الرجال بسنده عن زید الشهام قال کُنّا عند ابی عبدؑاللّٰه ونحن جماعة مِن الکوفیین فدخل جعفر بن عفان علٰی ابی عبد اللّٰه علیه السلام فقرّبه واَدْنَا ه ثم قال یاجعفر؟ قال لبیک جعلنی اللّٰه فداک ـقال بلغنی اَنّک تقول الشعر فی الحسینؑ وتجیّد؟ فقال له نعم جعلنی اللّٰه فداک ـ قال قُل ـ فانشده فبکی ومَن حوله حتی صارت الدموع علٰی وجهه ولحیّته ـثم قال یاجعفر واللّٰه لقد شَهِدَت ملائکة اللّٰه المقرّبون ھٰا ھُنا یسمعون قولک فی الحسینؑ ولقد بکوا کمابکینا واکثر ولقد اوجب اللّٰه تعالٰی لک یا جعفر فی ساعتک الجنة بأسرها وغفراللّٰه لک ـفقال یاجعفراَ لَاازیدک ؟ قال نعم یاسیدی ـ قال ما مِن اَحَدٍ قال فی الحسینؑ شعرًا فبکی وابکی به اِلّا اَوْجب اللّٰه له الجنة وغفرله ـ(ایضاً اقناع اللائم)

’’جناب علامہ کشی رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب الرجال میں زید شہام کی زبانی لکھا ہے کہ وہ کہتا تھا کہ ہم کوفہ کے باشندوں کی ایک جماعت جناب امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس موجود تھی۔جبکہ جعفر بن عفان شاعر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے اُسے بالکل اپنے قریب بلا کر بٹھایا اور کہا کہ اے جعفر۔جعفر نے جلدی سے کہا کہ جی حضور کیا حکم ہے؟ اللہ مجھے آپ پر قربان ہونے کا موقعہ دے۔امامؑ نے فرمایا کہ مجھے تمہارے متعلق یہ خبر پہنچی ہے کہ تم امام حسین علیہ السلام کے فضائل ومصائب کو اشعار میں نظم کرتے اور نئے نئے انداز میں پیش کرتے رہتے ہو؟ جعفر نے کہا کہ یہ بات صحیح ہے۔اللہ مجھے آپ کے اوپر نثار ہونے کا موقعہ دے۔امامؑ نے فرمایا کہ اچھا کچھ سُنا دو۔پھر جعفر نے ترنم کے ساتھ مرثیہ سنایا تو امامؑ بھی اور تمام حاضرین بھی خوب روئے۔یہاں تک کہ امامؑ کے چہرے اور داڑھی کو آنسوؤں نے تر کر دیا۔پھر امامؑ نے فرمایا کہ اَے جعفر قسم بخدا اس مجلس عزا میں اللہ کے مقرب بارگاہ فرشتے بھی حاضر ہوئے

اوراُنہوں نے بھی تمہارا مرثیہ سُنا اوروہ بھی ہماری ہی طرح بے قرار ہوکر روئے ۔اور یقیناً اللہ نے اُسی وقت تیرے لئے جنت کوواجب کردیا اورساتھ ہی تیرے تمام گناہ بخش دیئے۔ پھرفرمایا کہ اَے جعفر کیا میں تجھے اس کے علاوہ جوکچھ زیادہ ہوا وہ نہ سُناؤں؟ جعفر نے عرض کیا کہ اے میرے سیدوسردارضرورسنائیں۔فرمایا کہ دیکھوکوئی بھی ایسا شخص نہیں ہوسکتا جوامام حسین علیہ السلام کے حق میں کوئی شعر کہےاورخودروئے اوردوسروں کورلادےاوراللہ اس کوبخش نہ دےاور جنت اس پرواجب نہ کردے۔''

(11)۔ فضائل ومصائب امام حسینؑ کے گیت اورمرثیہ پردوسری روایت

'' وَ رَوَی الصدوق فی ثواب الاعمال وابن قولویه فی الکامِل بسند یھما عن ابی ھارون المکفوف قال قال لی ابوعبدُ اللّٰه یااباھارون انشد نی فی الحسینؑ فانشدته ۔ فقال لی انشدنی کما تَنُشدون یعنی بالرقّة ۔قال فانشدته: ۔اَمُرَرُعلٰی جدث الحسین (البیت) فبکی ۔ثُمَّ قال ۔ زدنی ۔فانشدته القصیدہ الُاخریٰ فبکی وسمعت البکاءَ مِن خلف الستر ۔فلما فرغت قال یا اباھارون مَن انشد فی الحسینؑ شعرًا فبکی وابکی عشرة کُتِبَتُ لھم الجنة ومن انشدفی الحسینؑ شعرًا وبکی وابکی خمسة کُتِبتُ لھم الجنة ومَن انشد فی الحسینؑ شعرًا فبکی وابکی واحدًا کتبت لھما الجنة ومن ذکرالحسینؑ عندہ فخرج مِن عینیه مِن الدمع مقدار جناح ذباب کان ثوابه علَی اللّٰه عزّوجلّ ولم یرض له بدون الجنة۔ (ایضاً اقناع اللائم)

''اور جناب صدوق رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب ثواب الاعمال میں اورعلامہ ابن قولویہ نے کتاب کامل میں ابوہارون سے روایت کیا ہے کہ اُس نے بتایا کہ مجھ سے جناب امام جعفرصادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اے اَبوہارون مجھے امام حسین علیہ السلام کا مرثیہ سناؤ۔میں نے مرثیہ سادہ لب ولہجہ میں سنانا شروع کیا تو فرمایا کہ مجھے اُسی فنی انداز میں دردانگیز ورِقّت خیزطریقہ پرسُناؤ جیسا کہ تم لوگ عام طورپر پڑھا کرتے ہو۔چنانچہ میں نے یہ شعر پڑھا (یعنی وہی کچھ جوروایت نمبر 9 میں ہے)۔

اَمُرَرُعلٰی جدث الحسینؑ ۔ وَاَقُلُ لاعظمه الزکیة ۔امامؑ نے اس شعرپرگریہ فرمایا۔پھرفرمایا کہ اورزیادہ سے زیادہ پڑھو۔تب میں نے دوسرا قصیدہ سُنایا۔جس پراؑمام بھی روئے اور پردہ کے پیچھے سے اہلؑ حرم کے رونے کی آوازیں بھی آرہی تھیں۔جب میں فارغ ہواتو فرمایا کہ اے ابوہارون جوشخص امام حسین علیہ السلام کی مصیبت پرایک شعراسی انداز میں پڑھےاورخودروئے اوردس مومنین کورُلائے تو اُن سب کے لئے جنت لکھی گئی۔اورجوکوئی اسی طرح ایک شعر پڑھےاورخودروئے اور پانچ اشخاص کورُلائے اُن کے لئے بھی جنت لکھی گئی اورجوکوئی امامؑ مظلوم کی مظلومی پراسی طرح ایک شعر پڑھےاورخودروئے اورایک مومن کورلادےتو اُن دونوں کے لئے بھی جنت لکھی گئی۔اورجس کسی کے سامنے امام حسین علیہ السلام کا تذکرہ کیا جائے اوراُس کی آنکھوں سے مکھی کے پَر کے برابرآنسونکل آئے تو اُسے ثواب دینا اللہ کے ذمہ واجب ہوجاتا ہےاوراللہ اُسے جنت دیئے بغیرراضی نہیں ہوتا۔''

(الف)۔ مصنف اقناع اللائم کی طرف سے مندرجہ بالاحدیث کی تشریح

'' قوله ''بِالرِّقَّةِ'' بکسر الراالمشدّدة ای بالطریقة التی تستعملونھا عند الانشاد التی فیھا الرقّة والطلاوة والّتی توجب التّاثیر فی القلب لامُجَرّد التلاوة وھو المراد فی روایة الاولی (نمبر9) کما تنشدون وکما ترثیه عند قبرہ ۔ ومنھا مَن فَسَرّ الرقة ھنا بالبلدة التی علٰی الفرات التی ھی بفتح الراء۔ ''(ایضاً اقناع اللا ئم)۔

جس کتاب سے ہم یہ حوالے لکھ رہے ہیں۔اس کتاب کا نام''**اقنـاع الـلائم علیٰ اقامة الماتم**'' (**یعنی ماتم پر ملامت کرنے والے کو مطمئن کرنے والی کتاب**)۔اس کتاب کے مصنف جناب علامہ مرحوم السید محسن الامین الحسینی العاملی ہیں جو زبردست مورخ ومحدث اور مجتہداور بیسیوں ضخیم کتابوں کے مصنف اور بزرگ علمائے شیعہ میں سے ہیں، لکھتے ہیں کہ:۔

''روایت میں لفظ''**رِقّت کے ساتھ پڑھنے**'' کے معنی اس طریقے سے پڑھنا یعنی انشاد کرنا ہوئے جس میں دل پگھل جاتا ہے۔ اور روحانی حُسن ولذت پیدا ہوتی ہے اور جو براہ راست قلب پر اثر انداز ہوتا ہے۔سادہ طریقے پر الفاظ کا مُنہ سے ادا کرتے جانا نہیں جیسا کہ اسی شاعر کی پہلی روایت (نمبر9) میں امام جعفر صادقؑ نے یہ کہہ کر واضح کیا تھا کہ''جیسا کہ تم فنی حیثیت سے پڑھا کرتے ہو یا جیسا کہ تو امام حسینؑ کی قبر پر عموماً پڑھتا ہے (**کما تنشد ون وکما ترثیه عند قبره**)۔''

اور ایک ایسا شخص بھی ہے جس نے''**رِقّت**'' سے وہ بستی مراد لے کر جان چھڑالی جو دریائے فرات پر ہے اور جس کا نام رِقّتُ نہیں بلکہ رَقّتُ ہے''(یعنی اُس نے زیر اور زبر کی بھی پرواہ نہیں کی ہے)۔

(ب)۔ ہماری رائے اور تجویز

ہمارے علما کو جو دقت پیش آتی ہے وہ اُن کی اپنی پیدا کردہ ہے۔لہٰذا''خود کردہ را علاج نیست''۔اگر یہ حضرات قاعدے کے مطابق ہر لفظ کے بُنیادی یا مصدری معنی اختیار کرتے اور الفاظ سے بازی گری کو چھوڑ دیتے تو لفظ **انشاد**، **نشید**، **ناشد** کے معنی میں کوئی دقت پیش نہ آتی۔ **ناشد الشعر** کے معنی ہی صاف ہیں۔

> الشعر الذی ینشده القوم۔ بعضهم بعضًا ومایُترَنَّمُ به مِنَ النثر والنظم(المنجد)
>
> ''کسی عمدہ نثر یا نظم کی عبارت کو گانے یا ترنم کے ساتھ پڑھنا۔''

چونکہ یہ سب لوگ اپنے قلوب کے اندر ایک غلط تصور پال کر ترجمہ وتفسیر کرتے ہیں اس لئے قدم قدم پر ٹھوکریں کھاتے ہیں۔امام علیہ السلام جس طرح مرثیہ سُننا پسند کرتے تھے۔وہی طریقہ تو ہماری قوم میں ایک ہزار سال سے چلا آرہا ہے۔سوز وگداز و دردوغم میں بھری ہوئی آواز میں ایک یا کئی آدمیوں کا مل کر پڑھنا جو مجلس کو تڑپا کر رکھ دیتا ہے۔یہ ایک خاص طرز وطریقہ ہے جو صرف مرثیہ کے لئے مخصوص ہے۔اس میں آلاتِ موسیقی کی احتیاج نہیں ہوتی۔دوسرا طریقہ وہ ہے جسے تحت لفظ کہا جاتا ہے۔اور یہی دو طریقے روز اول سے چلے آرہے ہیں۔یہ قومی سنت آئمہ علیہم السلام کے زمانہ سے جاری رہتی چلی آرہی ہے۔اس پر جو شیعہ شخص اعتراض کرتا ہے وہ ہرگز شیعہ نہیں ہوسکتا۔وہ دشمنان اہلبیتؑ کا ایجنٹ ہوتا ہے۔جو ہماری قوم ومذہب میں رہنے اور تخریب کرنے کا وظیفہ پاتا ہے۔ایسے لوگوں کو ہمارے پاس بھیجنا چاہئے تاکہ اُن کی نوکری چھڑا کر اُنہیں پُر خلوص شیعہ بنا دیا جائے۔

(12)۔ مصائب حسینؑ میں شعر کہنے والا شاعر وموسیقار وشرابی آخر دُنیا ہی میں بخشا گیا

مولوی ذہنیت کو انتہائی تکلیف اور اذیّت پہنچتی ہے جب اُس کے سامنے یہ بیان کیا جاتا ہے کہ 1: محمد وآل محمد صلوٰۃ اللہ علیہم کی محبت اور توجہ سے ہر بڑے سے بڑا گنہگار بخشا جائے گا۔2: اور محمدؐ وآل محمدؐ سے بغض ودشمنی رکھنے والا ہر نمازی وتہجد گزار وروزہ دار وحاجی

و پرہیز گار جہنم میں جھونک دیا جائے گا۔ 3: اوّل الذکر کو اُن کے ایمان اور محبت محمدؐ و آل محمدؐ کی موجودگی میں کوئی گناہ نقصان نہ پہنچائے گا۔ 4: اور ثانی الذکر کو محمدؐ و آل محمدؐ سے بغض وعداوت کی موجودگی میں اُن کا ایمان باللہ و ایمان بالرسولؐ اور عبادات کوئی فائدہ نہ پہنچائیں گے۔ حالانکہ یہ چاروں باتیں چار حدیثوں میں ہیں۔ مگر ابلیسی ذہنیت اِن کا انکار کرتی ہے اور یزید، ابن زیاد وعمر سعد اور شمر ایسے دشمنانِ انسانیت اور دشمنانِ خدا اور رسولؐ اور قاتلانِ حسینؑ و آل رسولؐ کو بخشوانے کے لئے محمدؐ و آل محمدؐ کو اللہ سے الگ کرکے اور اللہ کو قادرِ مطلق کا مسکہ لگا کے اُن کیلئے لعنت کے منکر اور دعائے مغفرت کے قائل ہیں۔ یعنی جو لوگ اُنکے خودساختہ مذہب کی تائید میں قتل حسینؑ کا گناہ کرلیں وہ تو قابل معافی ہیں اور جن سے حالات وفطرت کے دباؤ سے گناہ ہوجائیں وہ قابل معافی نہیں ہوسکتے۔ آیئے اُنکی تواضع کے لئے ایک اعلیٰ درجہ کے شرابی شاعر اور گویّے کا حال سُنئے۔ یہ وہی شاعر ہے جس کے دو شعر ہماری روایات (نمبر 9، 11) میں دوسرے لوگ پڑھتے اور بخشے جاتے رہے۔ اُن کا نام السید بن محمد الحمیری تھا۔ اُن کے متعلق علامہ الشیخ ابوعمرو محمد بن عمر بن عبدالعزیز الکشی (قصبۂ کش جرجان) نے لکھا ہے کہ جب جناب زید بن زین العابدین قتل کردیئے گئے تو فضیل الرسان امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ:۔

1۔ ''قُلتُ یاسیدی اَ لَاانشدک شعرا؟ قال امھل۔ ثُمَّ امر بستور فسرلت و بابواب ففتحت ثم قال انشد فانشدته قال سمعت نَحِیًبا مِن وراء السترو قال: من قال ھذا الشعر؟ قلتُ السید بن محمدالحمیری۔ فقال رَحِمَهُ اللّٰه۔ فقلت اِنّی رَأیتُهُ یشرب‌النبیذ۔ فقال رَحِمَهُ اللّٰه۔ قُلْتُ اِنّی رایتُهُ یشرب النبیذ الرستاق۔ قال تَعْنِی الخمر ؟ قُلت نعم۔ قال رَحِمَهُ اللّٰه وماذلک علَی اللّٰه اَنْ یَّغْفِرلِمُحِبّ علیؑ۔''

''حضور اجازت دیں تو میں آل محمدؐ کے مصائب پر چند اشعار ترنم سے سناؤں؟ فرمایا ذرا ٹھہرو۔ یہ کہہ کر آپ نے مستورات کے لئے پردے پھیلانے کا حکم دیا۔ جب پردے پھیل گئے اور زنانہ ڈیوڑھی کے دروازے کھل گئے یعنی خواتین مرثیہ سُننے کے لئے پردہ کے پیچھے آ گئیں تو فرمایا کہ اب تم سوز وترنم سے مرثیہ پڑھو۔ میں نے مرثیہ پڑھا (اور مذکورہ بالا شرابی سید اور شاعر کے بارہ اشعار پڑھے جو ہم نے نہیں لکھے ...احسن)۔ راوی فضیل کہتا ہے کہ میں نے پردہ کے پیچھے سے آنے والی وہ بلند شور، واویلا اور چیخیں سنیں جو امامؑ کے حرم میں بلند تھیں۔ امامؑ نے آخر میں دریافت کیا کہ یہ اشعار کس کے تھے؟ میں نے بتایا کہ یہ السید بن محمد حمیری کے اشعار ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ اللہ اس پر اپنی رحمت نازل کرے۔ میں نے گھبرا کر کہا کہ حضورؑ اُس کے لئے رحمت کی دعا کا کیا فائدہ، میں نے خود اپنی آنکھوں سے نبیذ پیتے دیکھا ہے؟ امامؑ نے دوبارہ رحمت خداوندی کی دعا دی۔ میں نے صاف صاف کہہ دینا مناسب سمجھا اور کہا کہ حضورؑ میں نے ازراہِ ادب الفاظ کو ہلکا کردیا تھا۔ ورنہ بات یہ ہے کہ میں نے تو اُسے مارکیٹ کی بنی ہوئی نبیذ پیتے ہوئے دیکھا ہے۔ امامؑ نے فرمایا کہ تیرا مطلب یہ ہے کہ وہ قرآن کی حرام کردہ شراب پیتا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ جی وہ نشہ میں چکنا چور کردینے والی شراب پینے کا عادی ہے۔ آپ نے تیسری دفعہ پھر رحمت کی دعا کی اور فرمایا کہ اللہ کے لئے کیا بعید ہے کہ وہ دوستداران علیؑ کو بخش دے۔''

2۔ حدثنی ابوسعید محمد بن رشید الھروی قال حدّثنی السید وسماہ وذکر انّه خیر قال سالته عن الخبر

الذی یروی ان السید اَسْوَدّ وجهه عند موته ؟ فقال ذلک الشعر الذی یروی له فی ذلک ماحدثنی ابوالحسین بن ایوب المروزی قال روی اَنّ السیّد بن محمد الشاعر اسوَدّ وجهه عندالموت فقال: ھٰکذا یفعل باَوْلیا ئِکم یاامیرًالمؤمنین؟ قال فابیضّ وجهه کانّه القمر لیلة البدر ۔فانشاء یقول؛

''مجھ سے ابوسعید محمد بن رشید ہروی نے بیان کیا اور کہا کہ اُس سے السید نے بتایا اور اُس نے کہا کہ میں نے اُس خبر کے متعلق پوچھا جس میں یہ روایت ہوا ہے کہ وقت موت سید بن محمد شاعر کا منہ کالا ہو گیا تھا۔ بتایا گیا کہ اس سلسلے میں سید کے چند شعر ہیں جنھیں ابوالحسن بن ایوب مروزی نے روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ روایت یہ ہے کہ السید بن محمد شاعر کا بوقت موت منہ کالا ہو گیا تو اُس نے حضرت علیؑ کو یاد کیا اور بطور شکوہ کہا کہ: ''اَے امیرالمومنینؑ کیا آپ اپنے چاہنے والوں کے ساتھ ایسا ہی سلوک کیا کرتے ہیں۔''

کہا گیا ہے کہ یہ کہتے ہی سید کا چہرہ چودہویں کے چاند کی طرح دمکنے لگا۔ اور اُس نے فوراً حضرت علیؑ کی شان میں یہ اشعار بنا ڈالے؛

اَحَبُّ الَّذیؑ مَن مات مِن اهل ودّه   تِلقَاه بِالبُشریٰ لدی الموت یضحَکُ

میں اُس ذات پاکؑ سے محبت کرتا ہوں کہ جس کے چاہنے والا جب مرتا ہے

تو اُس کو اپنی زیارت کراتے ہیں، بشارت دیتے ہیں اور وہ دوستدارِ علیؑ ہنستا ہے۔

ومَن مات یهوی غیره مِن عدوّه   فلیس له اِلّا اِلَی النار مَسْلَکُ

اور جو کوئی بھی اُنؑ کے دشمنوں کا دلدادہ ہوتا ہے تو مرنے کے وقت

اُس کو اور کچھ نہیں بس جہنم کا راستہ دکھا کر جہنم واصل کر دیا جاتا ہے۔

اباحسنؑ اَفْدیک نفسی واسرتی   ومَالِی وَمَا اَصْبحتُ فی الارض اَمْلَکُ

اَے امام حسنؑ کے والد میں تم پر اپنی جان اور اپنا کنبہ قربان کرتا ہوں۔

اور سب کچھ آپؑ پر نثار کرتا ہوں جو اِس دنیا میں میری ملکیت میں ہے۔

اباحسنؑ اِنّی بفَضْلِکَ عارفٌ   وَاِنّی بحَبل مِن هواک لممسکُ

اے حسنؑ کے والد میں یقیناً آپؑ کے مقام بلند اور فضل و کرم کی معرفت رکھتا ہوں

اور میں تو آپکی پسندیدہ محبت کے سہارے کو تھامے ہُوئے ہوں۔

واَنتَ وصیُّ المصطفیٰؐ وابن عمّهٗ   فانا نعادی مبغضیک ونترکُ

آپؑ اپنے چچازاد بھائی مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصی ہیں اور میں نے آپؑ کے دشمنوں

اور آپؑ سے بغض رکھنے والوں سے دشمنی اور علیحدگی اختیار کی ہوئی ہے۔

موالیک ناجٍ مُؤمِن بین الهدی   وقالیکَ معروف الضلالة مشرک

میں جانتا ہوں کہ آپؑ کے موالی نجات یافتہ اور ہدایت یافتہ ہیں۔

اور آپؑ کو قولی حیثیت سے برائے نام ماننے والے جانے پہچانے گمراہ اور مشرک ہیں۔''

3۔ ”وحدّثنی نصربن الصباح قال حدثنا احمد بن محمد بن عیسٰی عن عبدالرحمٰن بن ابی نجران عن عبد اللّٰہ بن بکیر عن محمد بن النعمان۔قال دخلتُ عَلَی السید بن محمد الحمیری وھولمابہ قداسودّ وجھہ وازرَقّتْ عیناہ وعطش کبدہ وسلب الکلام وھو یومئذٍ یقول لمحمد بن الحنفیة وھومِن حشمہ وکان ممّن یشرب المسکر فجئت وکان قدم ابوعبد اللّٰہ علیہ السلام الکوفة لانّہ کان انصرف مِن عندابی جعفر المنصور فدخلت عَلٰی ابی عبد اللّٰہ علیہ السلام فقلت جعلت فداک اِنِّی فارقت السید بن محمد الحمیری لمابہ قداسودّ وجھہ وازرقت عیناہ وعطش کبدہ وسلب الکلام فانّہ کان یشرب المسکر ۔ فقال ابوعبد اللّٰہ علیہ السلام اسرجوا حِمَاری فَاَسْرَج لہ فرکب ومضی ومضیت معہٗ حتّٰی دخلنا عَلَی السید واَنَّ جَمَاعَةٌ محدقون بہ فجلس ابوعبدٗ اللّٰہ عند راسہ وقال یاسید ؟ ففتح عینہ ینظر الٰی ابی عبد اللّٰہ علیہ السلام ولایمکنہ الکلام وقداسودّ وجھہ فجعل یبکی وعینیہ الٰی ابی عبد اللّٰہ علیہ السلام ولا یمکنہ الکلام ۔وانا لَنَتَبَیّن مِنہ اَنَّہٗ یُرِیدُ الکلام ولایمکنہ فَرَأَینَا اباعبد اللّٰہ علیہ السلام حرّک شفتیہ فنطق السید فقال جعلنی اللّٰہ فداک **اَبِاَ وْلِیَائِکَ یَفْعَلُ ھٰذا** ؟ فقال ابوعبد اللّٰہ علیہ السلام یاسید قُل بالحق یکشف اللّٰہ مآبِک ویرحمک ویدخلک جنة الَّتِی وعداولیائِہ۔فقال فی ذلک **تجعفرت بسم اللّٰہ و اللّٰہ اکبر** واَیقنت اَنّ اللّٰہ یعفوویغفر فلم یبرح ابوعبد اللّٰہ علیہ السلام لقی السید بن محمد الحمیری فقال سمتک اُمّک سیدًا ووفقت فی ذلک وانت سید الشعرا ثم انشد السید فی ذلک۔“

”اور مجھ سے نصر بن صباح نے بیان کیا اور کہا کہ اُن سے احمد بن محمد بن عیسٰی نے اور اُن سے عبدالرحمٰن بن ابی نجران نے اور اُن سے عبداللہ بن بکیر نے اور اُن سے محمد بن النعمان نے کہا کہ میں السید بن محمد الحمیر ی کے پاس گیا اور وہاں دیکھا کہ اس کا مُنہ کالا ہو گیا ہے اور آنکھیں نیلی پڑ گئی ہیں اور اُس کا جگر کباب ہو رہا ہے اور زبان گنگ ہو کر رہ گئی ہے۔اور وہ اس سلسلے میں محمد بن حنفیہ کے حلقے سے تعلق رکھتا تھا اور خوب شراب خواری کیا کرتا تھا۔میں وہاں سے واپس آیا اور اُن ہی دنوں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام میرے پاس ٹھہرے ہوئے تھے اور اُسی وقت خلیفہ عباسی ابوجعفر منصور کے پاس سے ملاقات کے بعد واپس آئے تھے۔میں پہنچا تو میں نے اُنؑ سے بتایا کہ سید بن محمد حمیری کے پاس سے ابھی ابھی آیا ہوں ۔اُس کا منہ اللہ نے کالا کر دیا ہے،اُس کی آنکھیں نیلی ہوگئی ہیں ،اُس کا جگر جل رہا ہے اور اللہ نے اُس کی قوت گویائی چھین لی ہے۔اور یہ شراب خوری کی سزا ہے جو اُسے ملی ہے۔یہ سنتے ہی امام علیہ السلام نے حکم دیا کہ میری سواری پر زین کسو۔میں نے سواری تیار کردی۔آپؑ سوار ہو کر سید کی طرف چلے، میں بھی ہمراہ چلا گیا۔وہاں دیکھا ایک جماعت اُسے گھیرے بیٹھی ہے۔بہرحال جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سید کے سرہانے بیٹھ گئے اور فرمایا کہ اے **سیّد**۔یہ سُن کر سید نے آنکھیں تو کھول لیں اور امامؑ کی طرف دیکھا بھی مگر بولنے کی طاقت نہ تھی۔اور اپنے کالے منہ کے ساتھ رونا شروع کیا اور نظریں امامؑ کے چہرہ پر جمائے رکھیں۔لیکن بات کرنا اور بولنا اُس کے لئے ممکن نہ تھا اور میں بڑے واضح انداز میں یہ سمجھ رہا تھا کہ وہ امامؑ سے کچھ کہنا چاہتا ہے۔ مگر آواز پر قدرت نہیں رکھتا۔ہم سب نے امامؑ کو دیکھا کہ اُن کے ہونٹوں نے حرکت کی تو فوراً سید کے منہ سے نکلا کہ اللہ مجھے آپ پر نثار ہونے کا موقعہ دے یہ فرمایئے کہ کیا آپ حضرات کے چاہنے والوں کے ساتھ ایسا ہی سلوک کیا جاتا ہے؟ امام علیہ السلام نے فرمایا کہ اے سید یہ جملہ منہ سے کہو کہ ”اللہ بحق محمدؐ وآل محمدؐ۔تمہاراخر اب حال درست کرے گا اور تم پر رحم کرے گا اور تمہیں جنت کا حق دار بنائے گا۔

جس جنت کا وعدہ اُس نے اپنے چاہنے والوں کے لئے کیا ہوا ہے''۔سید نے اس سلسلے میں کہا کہ اَے اللہ میں تجھے جعفرؑ کا واسطہ دیتا ہوں اور تیرے ہی نام سے ابتدا کر کے تجھے اللہ اکبر سمجھتا ہوں۔راوی نے کہا کہ اُس وقت مجھے آنکھوں دیکھا یقین آ گیا کہ واقعی اللہ محمدؐ وآل محمدؐ کے لئے درگزر کرتا ہے اور مغفرت فرما دیتا ہے اور ابھی امامؑ روانہ نہ ہوئے تھے کہ سید بن محمد حمیری تندرست وتوانا ہو گیا اور امامؑ نے فرمایا کہ تیری ماں نے تیرا نام بہت ہی درستی سے ''**سیّد**'' رکھا تھا۔لہٰذا تو شاعروں کا سردار (سید الشعرا) ہے۔پھر سید نے ایک اور قصیدہ تیار کیا۔(رجال کشی صفحہ 184 وغیرہ)

(37/5)۔ مصائب محمدؐ وآل محمدؐ میں ہم سوگواروں کا مقام؟

(1)۔ غمگین ہونے اور رونے کی جزا اور ثواب

پہلی حدیث: فی محاسِن البرقی مسندًاعن فضیل بن یسارعن الصادق علیه السلام قال مَن ذکرنا عنده ففاضت عیناه ولو مثل جناح الذباب غفراللّٰه ذنوبه ولوکانت مثل زبد البحر۔

کتاب محاسن برقی میں فضیل بن یسار نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کیا ہے کہ جس کے روبرو ہمارا ذکر کیا جائے اگر اُس کی آنکھوں میں آنسو آ جائیں۔خواہ آنسو مکھی کے پَر کے برابر کیوں نہ ہو۔اللہ اُس کے تمام گناہ بخش دے گا۔خواہ اُس کے گناہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔(یعنی سمندر جتنا جھاگ پیدا کر سکے گا)۔

دوسری حدیث: فی خبر ابی هارون المکفوف عن الصادق علیه السلام فی حدیث ومَن ذکر الحسینؑ عنده فخرج مِن عینیه مِنَ الدَّموع مقدار جناح ذباب کان ثوابه علی اللّٰه ولم یرض له بدون الجنة۔

امام جعفر صادق علیہ السلام ہی نے فرمایا کہ جس کے سامنے حسین علیہ السلام کا ذکر کیا جائے اور اُسکی آنکھوں سے مکھی کے پَر کے برابر آنسو نکل آئے تو اُس کا بدلہ اللہ کے ذمہ ہے۔اور اُس شخص کو جنت دینے کے سوا اللہ خوش نہ ہوگا۔(یعنی کم ثواب نہ دیگا)۔

تیسری حدیث: عن علی بن الحسین علیهماالسلام مَن قطرت عیناهُ او دمعت عیناهُ بوّاهُ اللّٰه بهافی الجنة غرفًا یسکنها احقابًا۔

امام زین العابدینؑ نے فرمایا کہ جسکی آنکھوں سے قطرے ٹپکیں یا آنسو نکلیں اللہ اُسے جنت کے چوبارہ میں ہمیشہ ہمیشہ کیلئے آباد کریگا۔

چوتھی حدیث: عن الصادقؑ فی حدیث طویل یذکرفیه حال الحسینؑ وانّه لَینظر اِلٰی من یبکیه فیستغفرله ویسئل اباه الاستغفار له ویقول له یاایها الباکی لوعَلِمت مااعدّ اللّٰه لک لَفَرِحتَ اکثر مِمَّا حزنت وانّه یستغفرله مِن کُلِّ ذنب وخطئیة۔

امام جعفرؑ صادق نے فرمایا ہے کہ امام حسینؑ کے غم میں جو کوئی روتا ہے تو امام حسینؑ اُسے دیکھتے ہیں اور اُس کیلئے بخشش مانگتے ہیں اور اپنے والدعلیؑ سے بخشش مانگنے کیلئے کہتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اے میرے مصائب اور غم میں رونے والے اگر تجھے یہ علم ہوتا کہ اللہ نے تیرے لئے کیا کیا نعمتیں تیار کر رکھی ہیں؟ تو تُو اپنے غم ورنج کے مقابلہ میں زیادہ مسرت وخوشی حاصل کرتا اور یقیناً وہ اسکی ہر خطا اور غلطی معاف کریگا

پانچویں حدیث: عن الباقر علیه السلام قال اَیُّمَا مومن دَمَعَتْ عیناه لقتل الحسینؑ دمعة حتٰی تسیل علٰی خدّه بوّاهُ اللّٰه بهافی الجّنة غرفًا یسکنها احقابًا۔

محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کوئی بھی مومن جس کی آنکھوں سے شہادتِ حسینؑ پر آنسو نکلیں اور ایک آنسو بھی گال پر بہہ جائے تو اللہ اسے جنت کے چوبارہ میں ہمیشہ کے لئے آباد کرے گا۔

چھٹی حدیث: عن الصادقؑ قال مَن ذکرنا عنده ففاضت عیناه حرّم اللّٰه وجهه علی النار۔

جعفرؑ صادق نے فرمایا کہ جس کے روبرو ہمارا ذکر ہو اور اس کی آنکھیں بھیگ جائیں تو اللہ اسکے اوپر جہنم کو حرام کر دے گا۔

ساتویں حدیث: عن ابی جعفرؑ انّه قال لیس من عبد یذکر عنده اهل البیتؑ فیرق لذکرنا الّا مسحت الملائکة ظهره وغفرله ذنوبه کُلّها اِلّا اَنْ یجئی بذنب یخرجه عن الایمان۔

محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ کوئی ایسا بندہ نہیں جسکے سامنے اہلبیتؑ کا ذکر کیا جائے اور اُس پر رقت طاری ہو جائے تو ملائکہ اُسے شاباش نہ دیں اور اسکے تمام گناہ بخشے نہ جائیں۔ البتہ ایسے بندے کے گناہ نہیں بخشے جائیں گے جو ایسا گناہ بھی لے کر آئے جس نے اُسے ایمان سے خارج کر دیا ہو۔ مثلاً معصومین علیہم السلام سے عداوت یا بغض رکھتا ہو۔ (جیسے یزید وغیرہ کا رونا)۔

آٹھویں حدیث: وقال فی الملهوف وعن آل رسوؐل اِنّهم قالوا مَن بَکٰی واَبْکٰی فینا مِائة فله الجنّة ومَن بکی وابکی خمسین فله الجنّة ومَن بکی وابکی ثلثین فله الجنّة ومَن بکی وابکی عشرة فله الجنّة ومَنْ بکی وابکی واحدًا فله الجنة ومن تباکی فله الجنّة

کتاب ملھوف میں اہلؑ بیت رسوؐل کی روایت ہے کہ انھوں نے فرمایا کہ جو کوئی ہم پر ایک سو (100) مرتبہ روئے اور رُلائے اس کے لئے جنت ہے۔ جو پچاس (50) دفعہ روئے اور رُلائے اور اس کے لئے بھی جنت ہے۔ اور جو تیس (30) بار روئے اور رُلائے اس کے لئے بھی جنت ہے۔ جو دس (10) دفعہ روئے اور رُلائے اُس کے لئے بھی جنت ہے۔ اور جو صرف ایک بار روئے اور رُلائے اس کے لئے بھی جنت ہے۔ اور رونے کی سی صورت بنائے اُس کے لئے بھی جنت ہے۔

نوٹ: یاد رہے کہ جو پیدائشی مومنین ہوتے ہیں اور عمر رسیدہ ہوتے ہیں یا کوئی نیا دنیاوی صدمہ دامن گیر رکھنے والے مومنین ہوتے ہیں، اُنہیں محمد وآل محمد علیہم السلام کے حالات سننے کا زیادہ موقعہ ملا ہوتا ہے۔ اُنکے قلوب غم اہلبیتؑ سے بھرے رہتے ہیں اور ذرا سے اشارے پر آنسو بہنے لگتے ہیں بلکہ وہ محض فضائل سُن کر بے قرار ہو جاتے ہیں۔ اور وہ نو وارد مومنین یا اہلسنت کے صالح حضرات یا نوجوان حضرات جن کو حالات پر کم اطلاع ہوتی ہے اُنکے قلوب پر دیر میں اثر ہوتا ہے۔ اس لئے یہ تعداد فطرت کے مطابق ہے۔ اور جہاں یہ اندیشہ ہو کہ روتا دیکھ کر لوگ مجھے ستائیں گے وہاں رونے ایسا منہ بنانا یا بن جانا بھی خطرہ سے خالی نہ ہوگا۔ خطرہ مول لینے والے کو یقیناً جنت ملنا چاہئے۔

نویں حدیث: وعن المنتخب روی عن الصادق علیه السلام اَنّه کان اذا هَلّ هلال عاشوراء اشتدّ حزنه وعظم بکائه علٰی مصائب جده الحسینؑ والناس یاتون علیه مِن کلّ جانب ومکان یعزّونه به الحسینؑ وینوحون معه علٰی مصاب الحسینؑ فاذا فرغوا مِن البکاء یقول لهم اَیّها الناس اعلموا انّ الحسینؑ حیٌّ عند ربه یرزق حیث یشاء وهو دائمًا ینظر اِلٰی موضع معسکره مصرعه ومَن حلّ فیه مِن الشهداء وینظر الٰی زوّاره والباکین علیه والمقیمین العزأ علیه وهو اعرف بهم وباسمائِهم واسماء آبائِهم وبدرجاتهم ومنازلهم فی الجنة واَنّه لیرامن یبکی علیه فیستغفرله ویسئل جدَّه واباهٗ واُمه واخاهٗ ان یستغفر والِلباکین علی مصابه والمقیمین

عـزائِـه ويـقـول لويعلم زائرى والباكى عَلَىَّ ماله مِن اَجْرٍ عند اللّٰه لكان فرحه اكثر مِنْ جزعه واَنّ زائرى والباكى عَلَىَّ لينقلب الى اهله مسرورًا ومايقوم من مجلسه اِلّا وماعليه ذنب وصار كيوم ولدته امه ۔

کتاب منتخب میں امام جعفرؑ صادق کے متعلق لکھا ہے کہ جیسے ہی محرم کا چاند نظر آتا اُنؑ کا غم والم ومصائب حسینؑ میں حد کو پہنچ جاتے تھے ۔ ہر طرف سے مومنین آتے اور اُن کو امامؑ مظلوم کا پرسہ دیتے اور اُن کے ساتھ مل کر نوحہ پڑھتے اور اُن مظالم پر گریہ وزاری کرتے جو کربلا میں ہوئے ۔ اور جب مجلس ختم ہوتی اور رونا بند ہوجاتا تو امام جعفرؑ صادق تمام عزاداروں کو بتاتے تھے کہ دیکھو حسینؑ اللہ کے نزدیک زندہ ہیں اور جہاں چاہیں رزق پاتے ہیں ۔ اور وہ اپنی قتل گاہ اور خیام کو نظروں میں رکھتے ہیں ۔ اور اُن سب شہدا کو بھی نگاہ سے اوجھل نہیں ہونے دیتے جو کربلا میں شہید ہوئے ۔ اور ہر زیارت کرنیوالے اور رونے والے کو بھی دیکھتے ہیں ۔ اور عزاداری کرنے والوں کو بھی دیکھتے رہتے ہیں ۔ اور وہ اُن سے واقف ہیں ۔ اُنکے اور اُن کے آباواجداد کے نام بھی جانتے ہیں ۔ اور جنت میں جو اُن لوگوں کے درجات اور مکانات ہیں اُن پر بھی مطلع ہیں ۔ اور اپنی زیارت کرنے والوں اور اپنے غم میں رونے والوں کو بھی ہر وقت دیکھتے رہتے ہیں ۔ اور اُن کے لئے بخشش ونجات طلب کرتے ہیں اور اپنے نانا رسولؐ اللہ اور اپنے بابا علیؑ سے اور اپنی والدہ فاطمہؑ زہراء سے اور اپنے بھائی حسنؑ مجتبیٰ سے بھی کہتے ہیں کہ عزاداروں اور زائرین کی مغفرت اللہ سے طلب کریں ۔ اور فرماتے ہیں کہ اگر میرے زائرین اور سوگواروں کو پہلے ہی یہ معلوم ہوجاتا کہ اُن کیلئے کیسے کیسے اجروثواب مقرر ہیں تو انہیں ان کے غم سے زیادہ خوشی ہوا کرتی ۔ اور یہ بھی کہ میرے زائرین اور عزادار قیامت کے روز اپنے اہل وعیال کے پاس مسرور اور ہشاش بشاش پلٹیں گے ۔ اور وہ حضرات ابھی مجلس عزا سے اٹھنے بھی نہیں پاتے کہ اُنکے اوپر کوئی گناہ باقی نہیں رہتا اور وہ ویسے ہی ہوجاتے ہیں جیسے اُس روز تھے جس دن اُن کی ماں نے اُنہیں جنم دیا تھا ۔

دسویں حدیث: **عـن الباقر عليه السلام قال كان علىٌّ بن الحسينؑ يقول اَيُّما مومن دَمَعَتْ عيناه لِقتل الحسينؑ حتّى تسيل علىٰ خدّه بـوّاه الـلّـه بهـا غـرفًـا يسـكنها احقابًا واَيُّمامومن دمعت عيناهُ حتى تسيل علىٰ خدّه فيما مَسَّنَا من الاذى من عدوّنا فى الدنيا بوّاه اللّٰهُمُبَوَّءَ صدق ۔ وَاَيُّـمَـا مومن مَسّه اذىً فَدَمَعَتْ عيناهُ حتى تسيل علىٰ خدّه من مضاضة ماأُوذى فينا صرف اللّٰه عن وجهه الاذى وآمَـنَــه يـوم الـقـيـمة مـن سخطـه والنار ۔** محمدؑ باقر نے فرمایا کہ جناب امام زین العابدین علیہ السلام فرمایا کرتے تھے کہ جس کسی مومن کی آنکھوں سے قتل امامؑ مظلوم پر آنسو نکل کر گالوں پر بہہ جائے اسکو اللہ جنت میں دومنزلے مکان میں بسائے گا ۔ اور جس مومن کی آنکھیں اسلئے آنسو بہائیں کہ ہمیں ہمارے دشمنوں کی طرف سے دنیا میں ایذا وتکلیف پہنچی تو اللہ اُسے حق وصداقت سے لبریز ٹھکانا عطا کرے گا ۔ اور جس کسی مومن کی آنکھیں اس لئے آنسو بہائیں کہ اُسے ہمارے دُکھ درد میں شریک رہنے کی بنا پر ایذا دی جائے یا ہم سے وابستگی کی بنا پر ستایا جاتا ہے تو قیامت کے روز اللہ اُسے ہر تکلیف سے محفوظ اور امن وسلامتی میں داخل کرے گا ۔ اپنے غصہ اور جہنم سے دُور رکھے گا ۔

دس :الف ۔ **قال الرضا عليه السلام مَن تذكر مصابنا فبكى وابكى؛لم تبكى عينه يوم تبكى العيون ۔** الخ

امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ جو کوئی ہم پر گزرنے والے حالات بیان کر کے روئے اور دوسروں کو رُلائے گا اُس کی آنکھیں اُس دن نہ روئیں گی جس روز ہر آنکھ کو رونا پڑے گا ۔

گیارھویں حدیث: عن الرضا علیه السلام انّه قال یابن شبیب اِن کنت باکیًا لِشیئی فابک للحسیؑن ۔ الٰی اَن قال یابن شبیب اِن بکیت علَی الحسینؑ حتّی تصیر دموعک علٰی خدّیک غفر اللّٰه لک کُلّ ذنبٍ اذنبتَهٗ صغیرًا کان اَوْ کبیرًا؛ قلیلًا کان اَوْ کثیرًا؛ یابن شبیب اِنْ سَرّک اَنْ تلقی اللّٰه عزّوجلّ ولاَ ذنب علیک فزرالحسینؑ ۔ یابن شبیب اِنْ سرّک اَن تسکن الغرف المبنیّة فی الجنة مع النبیؐ فَالْعَن قتلة الحسینؑ ۔ یابن شبیب اِنْ سَرّک اَنْ یکون لک مِن الثواب مثل مالِمَن اسْتَشْهَدَ مع الحسین علیه السلام فقل متٰی ذکرتَهٗ: ''یَالَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِیْمًا ۔'' یابَنَ شبیب اِنْ سَرّک اَنْ تکون مَعَنَا فی درجات العلٰی مِنَ الجنان فاحزن لحزننا وَافرح لِفَرحنا وعلیک بالولایتنا فلو اَنّ رُجُلًا اَحبّ حجرًا لحشره اللّٰه معه یوم القیامة۔(صفحہ 40)

''امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ اے شبیب کے بیٹے اگر تجھے کسی چیز پر رونا ہوتو توحسین علیہ السلام کی مظلومی پر رویا کراور اگر تو اُن پر روئے اور آنسو تیرے گالوں پر بہنے لگیں تو اللہ تیرے تمام گناہ بخش دے گا خواہ تو نے چھوٹے گناہ کئے ہوں یا گناہان کبیرہ کا مرتکب ہوا ہو۔خواہ تیرے گناہ کم ہوں یا زیادہ ہوں ۔اور اگر تجھے یہ صورت حال خوش کرتی ہو کہ تو خدا سے اِس حال میں ملے کہ تجھ پر کوئی گناہ نہ ہوتوحسینؑ سے وابستہ ہوجا۔اور اگر تجھے یہ پسند ہو کہ اللہ تجھے اُن چوباروں میں آباد کرے جواُس نے جنت میں بنائے ہیں؟اور یہ کہ تجھے رسولؐ اللہ کے ساتھ رہنا نصیب ہوتو تُو قاتلانِ حسینؑ پر لعنت اپنا معمول بنالے۔اورابن شبیب اگرتو اس میں خوش ہو کہ تجھے وہ ثواب اور درجہ ملے جوحسین علیہ السلام کے ساتھ شہید ہونے والوں کو ملا ہے تو تجھے جب بھی حسینؑ اور واقعات کربلا یاد آئیں تو یہ کہا کر کہ:''اے کاش میں بھی اُن کے ساتھ ہوتا اور وہ تمام تکالیف ومظالم اور بھوک وپیاس برداشت کرتا ہوا شہید ہوتا اور اس طرح اُس عظیم الشان مقام پر فائز ہوجاتا۔'' اور اے شبیب کے فرزند اگر تجھے یہ پسند آتا ہو کہ تُو جنت میں ہمارے ساتھ بلند ترین درجات میں رہے تو ہمارے رنج میں رنجیدہ اور ہماری خوشی میں خوش رہنا لازم کرلے ہماری حکومت قائم کرنے میں مصروف ہوجا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ اگر کوئی شخص پتھر سے بھی محبت کرتا ہے تو قیامت کے روز اُس پتھر کے ساتھ اُسے بھی شمار کیا جائے گا۔''(یعنی بُت پرستوں کے ساتھ محشور ہوں گے)۔

(2)۔ عزاداری اور تذکرۂ اہلبیتؑ کی مجالس اسلام کو زندگی اور استحکام بخشتی ہیں

بارھویں حدیث: وفی قرب الاسنادعن الصادق علیه السلام قال للفضیل تجلسون وتتحدّثون؟ قُلْتُ نعم۔فقال اَنّ تلک المجالس اَحَبُّهَا فَاَحْیُوا اَمْرنا فرحم اللّٰه مَنْ احیاء امرنا یافضیل مَنْ ذَکَرَنَا اَوْذُکِرْنَا عنده ثم ذَکَرَمثله۔(صفحہ 39)

کتاب قرب الاسناد میں ہے کہ جناب صادق علیہ السلام نے پوچھا کہ اے فضیل کیا تم کہیں جمع ہوکر بیٹھ کر اطمینان سے باتیں کیا کرتے ہو۔عرض کیا جی ہاں۔تب فرمایا یقیناً مجھے وہ مجالس بہت محبوب ہیں۔ چنانچہ اُن کے ذریعہ سے ہمارے امر(دین) کو برقرار رکھو جو ہمارا ذکر کرے یا جس کے سامنے ہمارا ذکر ہو،اُنہیں چاہیئے کہ وہ اس کی مثال قائم کریں اور ذکر برابر جاری کرتے جائیں۔اللہ ایسے لوگوں پر اپنی رحمت نازل کرے گا۔

تیرھویں حدیث: قال الرضا علیه السلام من تذکره مَصَابنا فبکی وابکی لم تبک عینه یوم تبکی العیون ومن جلس مجلسًا یحیٰی فیه امرنا لم یَمُتْ قلبه یَوْم تَمُوت القلوب۔

امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ جو ہم پر گزرنے والے حالات کا ذکر کرے اور روئے اور دوسروں کو رلائے تو اُس کی آنکھیں اُس دن نہ

روئیں گی جس دن ہر آنکھ کو رونا پڑے گا۔ اور جو کوئی ایسی مجلس میں بیٹھے جس میں ہمارے دین کو زندہ کیا جار ہا ہو تو اُس کا قلب اُس روز نہ مرے گا جس دن سب قلوب مر جائیں گے۔ (یعنی وہ مسلسل زندہ رہے گا)۔

(3)۔ آئمہؑ کا محرم میں عملدرآمد حسینؑ پر رونا گناہوں کو جھاڑ دیتا ہے

چودھویں حدیث: قال الرضا علیه السلام فی حدیث فِعْلِیُ مثل الحسینؑ فلیبک الباکون فَاِنّ البکاء علیه یحط الذنوب العظام ثم قال کان ابی اذا دخل شهر المحرم لایری ضاحِکًا و کانت الکابة تغلب علیه حتی یمضی عشرة ایام فاذاکان یوم العاشر کان ذلک یوم مُصیبتِهٖ وحُزنه وبکائه۔

امام رضا علیہ السلام نے ایک عملی حدیث میں فرمایا ہے کہ امام حسینؑ کی مثال ایسی ہے کہ اُن پر رونے والوں کو دیکھ کر تُو بھی رونے لگے گا۔ اور جو کوئی اُن پر روئے گا اُس کے گناہان کبیرہ تک جھڑ جاتے ہیں۔ پھر فرمایا کہ میرے والد علیہ السلام محرم کے آتے ہی اتنے غمگین ہو جاتے تھے کہ اُن کو اس مہینے میں کوئی ہنستا ہوا نہ دیکھتا تھا۔ اور اُن پر قلبی بے چینیاں غالب آ جاتی تھیں۔ اور جب دس دن گزر جاتے اور دسواں دن آتا تو یہ دن اُن پر مصیبت و رنج و محن اور گریہ وزاری کا دن ہوا کرتا تھا۔

(4)۔ اہلبیتؑ کے لئے خون ناحق پر اور مومن کی توہین پر رونا

پندرھویں حدیث: عن الصادق علیه السلام قال مَن دمعت عیناه فینا دمعة لِدَم سفک لنا اوحقّ لنا نُقِصناه اوعرض انتهک لنا اولا حد مِن شیعتنا بوّاه اللّٰه تعالٰی بهافی الجنة حقبا۔

جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جس کسی کی آنکھیں ایک دفعہ بھی اُس خون ناحق پر روئیں جو ہماری راہ میں قربانی دے کر بہایا گیا ہو؛ یا اُس نقصان پر روئیں جو ہمارے تحفظ میں ہوا ہو یا اُس توہین پر روئیں جو ہمارے ساتھ وابستگی کی بنا پر ہوئی ہو یا ہمارے شیعوں میں سے کسی کے قتل ونقصان وتوہین پر روئیں۔ تو اللہ تعالیٰ اُس رونے والے کو مستقلاً جنت میں رکھے گا۔

(5)۔ رونے والی آنکھوں کو حوض کوثر نظر کر دیا جائے گا

سولھویں حدیث: ذکر حدیثا طویلا یتضمّن ثوابًا جزیًلا یقول امام جعفرالصادقؑ فیه وما مِن عین بکت لنا اِلّا نعمت بالنظر الَی الکوثر وسقیت مع مَن احبّنا۔

ایک طویل حدیث میں امام جعفر صادق علیہ السلام نے عظیم الشان ثواب اور اجر بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ کوئی ایسی آنکھ جو ہم پر روئی ہوگی ایسی نہ بچے گی جسکے سامنے حوض کوثر پیش نہ کر دیا جائے اور جو ہمارے باقی چاہنے والوں کیساتھ مل کر حوض کوثر سے سیراب نہ کیا جائے

(6)۔ شیعوں کی ذمہ داریاں اور اُن کا مقام

سترھویں حدیث: عن امیر المؤمنین علیه السلام اَنّ اللّٰه اطّلع اِلَی الارض فاختارنا واختار لنا شیعة یَنصُروننا ویفرحون لفرحنا ویحزنون لِحُزننا ویبذلون اموالهم وانفسهم فینا اولئک مِنّا و اِلَینا وقال علیه السلام کل عین یوم القیامة باکیة وکل عین یوم القیامة ساهرة اِلّاعین من اختصه اللّٰه بکرامته وبکی علٰی انتهک مِنَ الحسینؑ وآل محمد صلی اللّٰه علیه وآله۔

جناب علی مرتضٰی علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ذاتی علم سے اُس زمینی مخلوق کی طرف دیکھا جو یہاں گزرنا تھی تو ہمیں مخصوص

ذمہ داریوں کے لئے انتخاب کیا۔ پھر ہمارے ساتھ تائید کرنے والوں اوراشاعت کرنے والے شیعوں کو چُنا۔ جو ہماری نصرت کریں، اور ہماری خوشی میں خوش ہوں اور رنج میں غمگین ہوں اوراپنی جان و مال کو ہمارے مشن پر فراخدلی سے صرف کریں۔ وہی لوگ ہم سے ہیں اور ہم سے متعلق ہیں۔ پھر فرمایا کہ بروز قیامت ہر آنکھ رورہی ہوگی اور ہر آنکھ بے چینی سے کھلی ہوگی۔سوائے اُن آنکھوں کے جن کو اللہ نے اپنے کرم سے خصوصیت بخشی جو حسینؑ اور آل محمدؐ کی ہتک ،حرمت پر روتی رہی ہوں۔ وہ آنکھیں چین و مسرت کی حامل ہوں گی۔

(7)۔ غمگین رہنا تسبیح ہے،عزم صمیم عبادت،رازداری جہاد ہے

اٹھارھویں حدیث: عن الصادق علیه السلام نَفَسُ المهموم لِظلمنا تسبیح وَهَمّهُ لنا عبادة و کتمان سِرّنا جهادفی سبیل اللّٰه ثم قال الصادق یجب اَن یکتب هذا الحدیث بالذهب۔

امام جعفرؑ صادق نے فرمایا کہ ہم پر جو مظالم ہوئے اُن پر غمگین رہنا مسلسل تسبیح پڑھنے کے برابر ہےاور ہمارے نظام کے قیام کیلئے ہمت وارادہ کرنا مسلسل عبادت ہےاور ہماری پالیسی کی حفاظت کرنا اللہ کی راہ میں جہاد ہے۔اور چاہئے کہ اس حدیث کوسونے سے لکھا جائے۔

(8)۔ شیعوں کی شناخت اور مقامِ بلند اور عبد اور مولیٰ کے حقیقی معنی و تعلق

اُنیسویں حدیث: عن الصادق علیه السلام قال رحم اللّٰه شیعتنا انّهم اُوذ وا فینا ولم نؤذ فیهم شیعتنا مِنّا قدخلقوا مِن فاضل طینتناوعجّنوا بنور وِلایتنا۔ رضوا بِنَا آئِمةً ورضینا بهم شیعة یصیبهم مصا بنا ویبکتهم اوصابنا ویحز نهم حُزننا ویَسرّهِم سرورنا ونحن ایضًا نتألّم لتالّمهم وتطلع احوالهم ۔ فهم معنا لایفارقوننا ولا نفارقهم لَاَ نّ مَرْجَعَ العبدالٰی سیّده ومعوّله الٰی مولیه فهم یهاجرون مَن عادانا ویمدح مَن والانا ویباعدون مَن اذانا ۔اللّهمّ احی شیعتنا فی دولتنا وَ ابقهم فی ملکنا و ملکتنا۔ اللّهم‌ان شیعتنا مِنّا ومضافین الینا فمن ذکر مُصابنا وبکی لِاَجلِنَا استحی اللّٰه اَن یعذّبه بالنار۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا اللہ ہمارے شیعوں پر رحمت نازل کرے یقیناً انہیں ہم سے وابستگی پر ستایا جاتا ہے۔اوراُن سے ہمارے شیعوں کوایذا نہیں پہنچتی ہے۔ یقیناً اُنہیں ہماری باقی ماندہ طینت سے پیدا کیا گیا اور ہمارے نورولایت سے اُنکا خمیر اٹھایا گیا۔وہ ہماری امامت پر راضی ہوئے اور ہم اُنکی شیعیت پر خوش ہیں۔اُنکے دلوں پر ہماری مصیبتیں اثر انداز ہوتی ہیں۔اوراُنکو ہمارے رنج سے رنج ہوتا ہے۔اور ہماری خوشی سے خوشی ہوتی ہے۔وہ ہمارے مصائب پر روتے ہیں اور ہمیں بھی اُنکے غم والم سے غم ہوتا ہے۔ ہم اُنکے حالات سے ہروقت مطلع رہتے ہیں۔وہ ہرحال میں ہماری نظروں میں گویا ہمارے ساتھ رہتے ہیں۔وہ ہم سے جدانہیں ہوتے نہ ہم اُن سے الگ رہتے ہیں۔اس لئے کہ بندہ کیلئے اُس کا مالک ہی اُس کا مرجع ہوتا ہےاوراُس کا ٹھکانہ اُس کا مولا ہی ہوتا ہے۔ وہ اُن لوگوں سے جدارہتے ہیں جو ہمارے دشمن ہیں اور ہماری ولایت کے ماننے والوں کی مدح وثنا کرتے ہیں۔ہمیں ستانے والوں کو دُور رکھتے ہیں۔ اَے اللہ ہماری حکومت کے زمانہ میں ہمارے تمام شیعوں کو زندہ کردینا اوراُنہیں ہماری مملکت اور مِلکیت میں برقرار وموجود رکھنا۔ ہمارے شیعوں میں سےاور ہم سے تعلق ظاہر کرنے والوں میں سے جوکوئی بھی ہماری مصیبت پر روئے اور ہمارا ذکر جاری رکھے اُن کو جہنم کا عذاب دینے میں اللہ کو شرم آتی ہے۔

(9)۔ مومنین اور مومنات کی عزاداری اور سوگواری کی اطلاع سے حضرت فاطمہؑ خوش ہوگئیں

بیسویں حدیث: عن المنتخب روی انّه لما اخبر النبیؐ ابنتهٗ بقتل ولدها الحسینؑ ومایجری علیه من المحن۔ بکت فاطمهٗ بکاءً شدیدًا وقالت یاابتاه متٰی یکون ذلک؟ قال فی زمان خالٍ مِنّی ومنکِ ومن علیؑ ومن حسنؑ ۔ فاشتد بکائها ۔وقالت یاابتِ فمن یبکی علیه ؟ ومن یلتزم باقامة العزاء له ؟ قال النبیؐ یافاطمهٗ اِنّ نساء اُمّتِی یبکین علٰی نساء اهل بیتیؑ ورجالهم یبکون علٰی رجال اهل بیتی ویجدّدُون العزاء جیلًا بعد جیلٍ فی کُلِّ سَنَةٍ فاذا کان یوم القیامة تشفعین انت للنسآء وانا اشفع للرجال وکلّ من بکی منهم علٰی مصاب الحسینؑ اخذنا ه بیده وادخلناه الجنة یافاطمهٗ کل عین باکیة یوم القیامة اِلّاعینًا بکت علَی مصاب الحسیؑن فانها ضاحکة مُستبشرة بنعیم الجنة۔

کتاب منتخب میں روایت کیا گیا ہے۔کہ جب رسولؐ اللہ نے حضرت فاطمہؑ کو امام حسینؑ پر گزرنے والے حالات اور قتل کی خبر دی تو آپ بہت شدت سے روئیں اور پوچھا کہ بابا یہ کس زمانہ میں ہونے والا ہے۔فرمایا کہ اُس وقت نہ میں ہوں گا نہ تم نہ علیؑ ہوں گے نہ حسنؑ ہوں گے۔یہ سُن کراُن کی گریہ وزاری میں اور بھی شدت ہوگئی۔پھر آپ نے پوچھا کہ ایسے حال میں حسینؑ کا غم کون منائے گا اور کون عزاداری کرے گا۔فرمایا کہ بیٹی میری اُمت کی عورتیں ہماری عورتوں کا غم وسوگ منائیں گی اور مرد ہمارے مَردوں پر رویا کریں گے۔اور سال بسال اور زمانہ بہ زمانہ عزاداری حسینؑ کی تجدید کرتے ہوئے اِس غم کو بالکل تازہ رکھیں گے ۔اورتم تمام عزادار عورتوں کی اور میں تمام سوگوار مَردوں کی قیامت میں شفاعت کریں گے اور جوکوئی بھی حسینؑ کی مصیبت پر رویا ہوگا،اُن کا ہاتھ پکڑ پکڑ کر جنت میں داخل کریں گے۔اے فاطمہؑ قیامت کے روز ہر آنکھ خوف سے روتی ہوگی لیکن وہ آنکھیں جو حسینؑ کے غم میں روئی ہوں گی خوشخبری سُن سُن کر مسکراتی ہوں گی اور جنت کی نعمتوں پر ہنستی ہوں گی۔

(10)۔ شیعہ محمدؐ وآل محمدؐ کے غم میں برابر کے شریک ہیں

اکیسویں حدیث: عن صادق علیه السلام قال رحم اللّٰه تعالٰی شیعتنا لقد شارکونا فی المصیبة بطول الحزن والحسرة علٰی مصاب الحسینؑ ۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ خدا رحمت نازل کرتا رہے شیعوں پر جو ہماری مصیبت میں اور ہمارے طویل ترین حزن وملال وحسرۃ میں شریک رہتے آرہے ہیں اور مصائب امام حسین علیہ السلام کو دنیا میں پھیلا رہے ہیں۔

(11)۔ امام رضاؑ کے گھر میں مجلس حسینؑ اور عزاداروں کا مقام بلند

بائیسویں حدیث: وعن المنتخب عن دعبل الخزاعی قال دخلت علٰی سیدی ومولای علیؑ بن موسٰیؑ رضافی مثل هذه الایام فَرَأیتُهُ جالسًا جلسة الحزین الکئیب واصحابه مِن حوله کذلک فلما رانی مقبلًا قال لی مرحبًا بک یادعبل مرحبًا بِناصِرُنا بیده و لسانه انّه وسع لِی فی مجلسه واجلسنی الی جانبه ثمَّ قال لی یادعبل احبّ اَن تنشدنی شعرًا فانّ هذه الایام ایام حزن کانت علینا اهل البیتؑ وایام سرور کائت علٰی اعدائنا خصوصًا بنی اُمیّة لعنهم اللّٰه ۔ یادعبل من بکیوابکی علٰی مصابنا و لو واحِدا کان اجره علی اللّٰه ۔ یادعبل من زرفت عیناه علٰی مصابنا وبکی لما اصابنا مِن اعدائنا حشره اللّٰه معنا فی زمرتنا ۔یا دعبل مَن بکی علٰی

مصاب جدّی الحسینؑ غفر اللّٰه له ذنوبه البتة ثُمَّ اَنّه نهض و ضرب سترًا بیننا وبین حرمهٗ واَجْلَسَ اهل البیتهٗ مِن وراء السّتر لیبکوا علٰی مصاب جدهم الحسینؑ ثُمَّ التفت اِلیَّ وقال یادعبل ارث الحسینؑ فانت ناصرو مادحنا مادمتُ حیّاً فلا تقصر عن نصرنا ماستطعت قال دعبل فاستعبرت وسالتُ عبرتی۔

کتاب منتخب میں دعبل خزاعی نے بیان کیا ہے کہ میں اپنے سید و مولا جناب امام علی نقی بن امام رضا علیہما السلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اِن ہی دنوں میں تو میں نے اُن کو نہایت مغموم اور دل شکستہ حال میں بیٹھا دیکھا اور اُن کے صحابہ بھی اُسی طرح مغموم اور غمگین اُن کے چاروں طرف بیٹھے تھے۔ جب مجھے آتا ہوا دیکھا تو مجھ سے فرمایا مرحبا اے دعبل مرحبا کہ تیرے ہاتھوں اور زبان کی قوت سے ہم پھیلتے جارہے ہیں۔ پھر اُنہوں نے میرے لئے اپنے پاس جگہ نکالی اور مجھے اپنے پہلو میں بٹھایا اور فرمایا کہ اے دعبل میں چاہتا ہوں کہ تم ہمیں ہمارے غم بھرے اشعار سناؤ۔ دیکھو یہ دن ہمارے لئے غم والم کے دن ہیں اور ہمارے دشمنوں خصوصاً بنی امیہ کے لئے خوشی کے دن ہیں۔ اے دعبل جو ہماری مصیبتوں پر روئے اور رلائے خواہ ایک ہی دفعہ کیوں نہ ہو اس کا بدلہ اور اجر دینا اللہ پر واجب ہو جاتا ہے۔ اے دعبل دشمنوں کی طرف سے جو مظالم ہم پر ہوئے ہیں اُن کو سُن کر اگر کسی کی آنکھیں بھیگ جائیں اور وہ رونے لگے تو اللہ اسے ہمارے ساتھ محشور کرے گا اور ہمارے زمرہ میں شامل کرے گا۔ اے دعبل جو میرے دادا حسینؑ کے مصائب پر رودے یقیناً اللہ اُس کے تمام گناہ بخش دے گا۔ اس کے بعد اُٹھے اور وہ پردہ پھیلا دیا جو ہم میں اور اُن کے اہل حرمؑ کے درمیان لٹک رہا تھا۔ اور تمام مستورات کو مجلس سُننے اور رونے کے لئے پردے کے پیچھے بٹھا دیا۔ پھر میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ اے دعبل اب تم امام حسین علیہ السلام کا مرثیہ سناؤ۔ تم اس معاملہ میں ہمارے ناصر و مددگار اور ہماری مدح وثنا کرنے والے ہو۔ جب تک تم زندہ ہو عزاداری کے معاملے میں ہماری نصرت میں کمی نہ کرنا اور اپنی قوت بھر اس کام کو جاری رکھنا۔ دعبل کہتا ہے کہ پھر میں نے مرثیہ پڑھ کر مجلس کو عبرت انگیز بنا دیا۔ اور خود بھی رویا اور سب کو رلایا۔ (یہاں تک اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات کے صفحہ 39 سے 45)

(12)۔ غم امام مظلومؑ میں بے قراری و بے صبری اور ہائے واویلا جائز ہے

تیئیسویں حدیث: وفی خبر مسمع عن الصادق علیه السلام فی حدیث قال اَمَا تذکر ماصُنِعَ به یعنی الحسینؑ؟ قلتُ بلٰی۔ قال اتجزع ؟ قلتُ ای واللّٰه استعبر لذلک حتٰی یری اهلی اثر ذلک عَلَیَّ فامتنع مِن الطعام حتّٰی یستبین ذلک فی وجهی۔ فقال رحم اللّٰه دمعتک اما انّک مِن الذین یعدّ ون مِن الجزع لنا والذین یفرحون لفرحنا ویحزنون لحُزننا اماانّک ستری عند موتک حضور آبائی لک ووصیّتَهُمُ ملک الموت بک وما یلقونک به مِن البشارة واَن ملک الموت ارقّ علیک واشدّ رحمة لک مِن الْاُمّ الشَفیقة علٰی ولدها اِلٰی عن قال مابکی اخد رحمة لنا ولما لقینا اِلّا رحمه اللّٰه قبل ان تخرج الدمعة مِن عینه فاذا سال دموعه علٰی خدّه فلو ان قطرة مِن دموعه سقطت جهنّم لَاَطُفَاَتْ حَرَّها حتی لایوجدلها حرّ۔

مسمع رضی اللہ عنہ نے جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کیا کہ حضورؑ نے اُن سے پوچھا کہ کیا تم امام حسین علیہ السلام کی سرگزشت بیان نہیں کیا کرتے۔ میں نے عرض کیا کیوں نہیں حضور میں تو عزادار ہوں۔ پھر پوچھا کہ کیا تم غم حسینؑ میں بے قرار نہیں ہو جاتے؟ میں نے عرض کیا کہ خدا کی قسم میں تو اس قدر بے قراری سے روتا پیٹتا ہوں کہ میرے گھر والے میرے اوپر اُس کا اثر دیکھ سکتے ہیں اور کھانا پینا بند کر

دیتاہوں یہاں تک کہ میرے چہرہ سے ہرکوئی پہچان لیتاہے۔فرمایااللہ تیرے آنسوؤں کی رحیمانہ جزادے۔تُو اُن ہی لوگوں میں سے ہے جوہمارے غم میں حد سے بڑھ جاتے ہیں اور جولوگ ہماری خوشی سے خوش ہوتے ہیں ہمارے غم سے غمگین ہوتے ہیں۔بہت جلدتم اپنی موت کے وقت میرے آباواجدادکواپنے پاس موجود پاؤ گے اور دیکھو گے کہ وہ ملک الموت سے تمہاری سفارش کرینگے اورتمہیں جنت کی بشارت دینگے اور ملک الموت تمہارے ساتھ تمہاری مہربان والدہ سے بھی زیادہ نرم سلوک کریگا۔یہاں تک فرمایا کہ کوئی شخص ہمارے غم میں نہیں روتا کہ اللہ اُسکی آنکھوں سے آنسو نکلنے سے پہلے ہی اس پر اپنی رحمت نازل کردیتاہے اور جب آنسونکل کر اسکی گال پر بہنے لگتے ہیں تو اگر اُن میں سے ایک قطرہ جہنم میں ڈال دیا جائے تو جہنم کی گرمی ختم ہوجائے اور اُس میں آنچ کہیں ڈھونڈھے سے بھی نہ ملے گی۔

(13)۔ ایک آنسوکا دسواں حصہ سمندر کے مقابلہ میں

چوبیسویں حدیث: روی علی بن ابراھیم فی تفسیرہ بسندہ عن الامام جعفر الصادق انّہ قال مَن ذکرنا اَوْذُکرنا عندہ فخرج مِن عینہ دمع مثل جناح بعوضۃ غفراللّٰہ ذنوبہ لو کانت مثل زبد البحر۔

علی بن ابراہیم نے اپنی تفسیر مجمع البیان میں امام جعفرؑ صادق سے روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جوکوئی ہمارا ذکر کرے یا جس کے روبرو ہمارا ذکر کیا جائے اگر اُس کی آنکھ سے مچھر کے ایک پر کے برابر آنسونکل آئے تو اللہ اُس کے تمام گناہ بخش دے گا خواہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔

(14) عاشورہ کے دن مصائب سے متعلق تمام سنتیں قائم کرنا چاہیے

اس بیان میں علامہ شیخ مفید رضی اللہ عنہ کے الفاظ پر غور کریں اور ذرا سوچیں کہ بہت اہم جملہ لکھتے ہیں۔وہ چاہتے ہیں کہ جہاں عاشورہ کے روز تمام لذات اور کھانے پینے سے اجتناب لازم ہے، وہیں مصائب سے متعلق تمام سنتوں کو قائم کرنا بھی اُس روز ضروری ہے۔ جاننے کی بات یہ ہے کہ ''**سُنَنُ الْمَصَائِب**'' کیا ہوتے ہیں۔اس کا جواب وہی شخص دے سکتا ہے جوکم ازکم مصائب کی تمام اقسام اور تمام صورتوں سے واقف ہو۔اس جملے کا مقصد یہ تو ہونہیں سکتا کہ وہ سُنّت قائم کی جائے جس سے لوگوں پر مصیبتیں ٹوٹ پڑیں۔اس کے برخلاف **سُنَن المصائب** کوقائم کرنے کا مقصد اُن تمام طریقوں کو بروئے کار لانا ہوگا۔جن سے مصائب میں مبتلا ہونا بند کیا جاسکے۔ جن جن لوگوں کو مصائب سے دوچار کیا گیا اُن کا تذکرہ اُن سنتوں میں شامل ہوگا۔پھر وہ تمام طریقے اختیار کرنا بھی لازم ہوں گے، جن کو دیکھ کر لوگ مصائب سے خوفزدہ ہوکر مصائب سے بچنے کی وہ راہیں اختیار کریں جو عزاداری کی اُن سنتوں میں بتائی جائیں۔پھر اُن تمام ظالموں کا ذکر کرنا ہوگا جنہوں نے لوگوں کو مصائب میں مبتلا کیا تھا۔اُن کی ذہنیت، اُن کے مذہبی اصول، اُن کی سیاست اور اُن سے تعاون کرانے والے ذرائع اور وسائل پر بھی نظر رکھنا ہوگی اور عوام الناس کو ایسی ذہنیت، ایسے مذہبی اصول اور سیاست اور فریب سازی وپروپیگنڈے سے مطلع کرنا اور متنفر وباز رکھنے کے تمام طریقوں کو بھی بروئے کار لانا ہوگا۔اور یہی وہ سامان ہوگا جس کی طرف سے رسولؐ اللہ نے اشارہ فرمایا کہ ''اُمت کی مستورات اور مردعزاداریٔ حسین علیہ السلام میں ہمیشہ تجدید کرتے چلے جائیں گے''۔(**یَــجِـدُّ وْنَ الْعَزَاجِیْلًا بَعْدَ جِیْلٍ فِیْ کُلِّ سَنَۃٍ**۔حدیث نمبر 20)۔اب شیخ مفید صاحب کا ارشاد سنئے:۔

پچیسویں حدیث: ''وعَنِ المفید فی مسار الشیعه قال وفی العاشر مِن المحرم قتل الحسین علیه السلام وجائت الروایة عن الصادق علیه السلام باجتناب الملاذ فیه واقامته سنن المصائب والامساک عن الطعام والشراب اِلٰی ان تزول الشمس والتغذّی بعد ذلک بما یتغدی به اصحاب المصائب کالالبان وما اشبهها دون اللذیذ من الطعام والشراب۔''

''کتاب مسار الشیعہ میں شیخ مفید نے لکھا ہے کہ دسویں محرم کو امام حسین علیہ السلام کا قتل وقوع میں آیا اور اس سلسلہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان موجود ہے جس میں لذتوں سے دُور رہنے اور مصیبتوں کی سنتوں (یا یہ کہ مصائب کو روکنے) کو قائم کرنے کا تذکرہ ہے اور کھانے پینے سے زوال آفتاب کے بعد تک رُکا رہنا۔ اور اُس کے بعد ایسا کھانا کھانا جو مصیبت زدہ اور غمزدہ لوگ کھایا کرتے ہیں مثلاً دہی یا کھٹے دودھ میں تیار کی ہوئی یا اِسی قسم کی اور چیزیں (جیسے کھچڑ وغیرہ) کھائیں جن میں لذت وذائقہ ملحوظ نہ رکھا گیا ہو۔ خواہ کھانا ہو یا پینے کی چیزیں ہوں سب کی سب سادہ ہونا چاہئیں۔'' یہ بیان ہی وہ بنیاد ہے جس سے ہر وہ رسم جائز وضروری ہو جاتی ہے جس سے عزاداری کی اثر انگیزی اور افادیت میں اضافہ ہوتا ہو۔

(15)۔ عشرہ محرم پر تمام معمولات پر غم حسینؑ غالب رہنا چاہئے

چھبیسویں حدیث: ابن فضال عن الرضا علیه السلام قال من ترک السعی فی حوائجه یوم عاشوراء قضی اللّٰهُ حوائجه الدنیا والاخرة ومَن کان یوم عاشوراء یوم مصیبة و حزنه وبکائه یجعل اللّٰه تعالٰی یوم القیامة یوم فرحه وسروره وقرّت بنا فی الجنان عینه ومَن سمی یوم عاشوراء یوم برکة واَدَّخَرَ لمنزله فیه شیئًا یبارک له فیما اَدَّخَرَ وحشر یوم القیامة مع یزید و عبید اللّٰه بن زیاد وعمر بن سعد اِلٰی اسفل درک مِن النار۔

امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص عاشور محرم کے دن اپنی ضروریات زندگی کو نظر انداز کرے گا اللہ اُسکی دنیاوی اور اُخروی ضروریات کو ازخود پورا کر دے گا۔ اور جو کوئی بھی عاشورے کے دن کو یوم مصیبت اور رونے پیٹنے کا دن بنالے گا تو اللہ قیامت کے دن کو اُس کے لئے خوشیوں اور مسرتوں کا دن بنا دے گا اور جنت میں ہمارے ساتھ رہ کر اُس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی۔ اور جو کوئی دسویں محرم کو برکت کا دن قرار دے اور اپنے گھر میں اُس روز کسی چیز کا ذخیرہ (اسٹاک) جمع کرے گا تو اُس چیز میں برکت نہ ہوگی اور اس کا شمار یزید وعبید اللہ ابن زیاد وعمر ابن سعد کے ساتھ ہوگا اور وہ جہنم کے نچلے طبقہ میں جلائے جائیں گے۔

38۔ قافلہ حسینیؑ کا سفر و منازل، کربلا میں آمد اور افواج یزید

(38/1)۔ مدینہ سے روانگی، اہلِ حرم کا سوار ہونا، سفر کا نظارہ

خانوادہ رسولؐ کی پہلی ہجرت کا انتظام وانصرام جناب علی مرتضیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذمہ داری تھی۔ جسے اُنہوں نے اپنی جان پر کھیل کر انجام دیا تھا۔ اور آپؑ چھوٹی بڑی چار فاطماؤںؑ (فواطمؑ) کو جان ومال وناموس کے دشمنوں کے نرغہ میں سے نکال لائے تھے۔ اُن میں سے ایک فاطمہؑ بنت اسدؑ آپ کی والدہ تھیں۔ دوسری فاطمہؑ بنت عبدالمطلبؑ آپکی پھوپھی تھیں۔ تیسری فاطمہؑ بنت حمزہؑ آپکی چچازاد بہن تھیں اور چوتھی فاطمہؑ بنت محمد صلی اللہ علیہ وعلیہم اجمعین تھیں۔ مدینہ اور اُس کے باشندے رسولؐ اللہ کے حضور میں اپنی جان ومال

واولاد پیش کر کے حضرت علیؑ اورحرم رسولؐ کی آمد کے انتظار میں چشم براہ تھے۔اور جب یہ مقدس خاندان پہنچا تو اُنکے آرام وآسائش کا ہرممکن انتظام کیا، اُن کی حکومت تسلیم کی،اُن کے شہر سے آنے والوں کوبھی مال ودولت ومکانات اورتمام سہولتیں فراہم کیں۔خاندان رسولؐ کے ہرفرد کے لئے اپنی آنکھیں بچھاتے تھے۔اُن کے اشاروں پر چلتے تھے۔لیکن جب ایک عالم گیرحکومت قائم ہوگئی اور بار بار یہ سُنا کہ آنحضرؐت پوری اُمت کوعلیؑ واولادعلیؑ کوسونپ کر جائیں گےتو مکہ سے آئے ہوئے اُن مہاجرین نے جورسولؐ کی قوم کہلاتے تھے، یہ طےکرلیااورعبداللہ بن عباس کو بتادیا تھا کہ:۔

حضرت عمر:’’تمہاری قوم تمہارا سردار ہونا گوارا نہ کرتی تھی۔‘‘

حضرت عمر:’’وہ نہیں پسند کرتے تھے کہ ایک ہی خاندان میں نبوت وخلافت دونوں آجائیں۔‘‘(الفاروق حصہ اوّل صفحہ 103)

اُس قومی فیصلے کوقرآن نے بڑی تفصیل سے بیان کیاہےاورہم نے اپنی تصنیفات میں باقاعدہ یہ اسکیم پیش کی ہے۔چونکہ اللہ نے یہ فیصلہ روزازل سے کررکھا تھااوراپنی ہرکتاب میں ہرنبیؐ سے اسکا اعلان کرایا تھا کہ نبوت وحکومت وکتاب کا نفاذ خاندان نبوؐت ہی میں رہے گا خواہ اقوام عالم انبیاؑ وخاندانِ انبیّا سے حسد ہی کیوں نہ کرتی رہیں۔(نساء4/54،انعام 91-6/90)

چنانچہ حضرت عمر کے بیان کے مطابق خاندان رسولؐ سے حسد کیا گیا۔اورخانوادۂ نبوؐت کے خلاف باقاعدہ مہم چلائی گئی اورقرآن کریم کی اِس اصولی اور بنیادی تعلیم اورحکم کے خلاف پوری قوم نے عہدرسولؐ ہی میں اجماع کرلیااور پورے قرآن کوچھوڑ دینے کامنصوبہ جاری کیااوررسولؐ اللہ نے اللہ سے شکوہ کرتے ہوئے فرمایا کہ:۔وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِى اتَّخَذُوْا هٰذَاالْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًاo ’’اے میرے پروردگار یقیناً میری قوم نے اس قرآن سے ہجرت اور جدائی اختیا کرلی ہے۔‘‘ اور یہ کہ قوم کے دولیڈر دوستوں نے رسوؐل کے خلاف قومی حکومت قائم کرنے کی راہ اختیار کرلی ہےوغیرہ وغیرہ۔(تفصیل فرقان 31-25/27)

بہرحال مدینہ میں ایک دن وہ آیا کہ خاندان رسولؐ کے تیسرے سربراہؑ پر مدینہ کی زمین تنگ ہوگئی اورجن اصول ومبانی پرقومی حکومت چلی تھی اُسکی بے تحاشا تیز رفتاری کے طوفان میں رسوؐل کی دوسری ہی نسل کوکُچل کررکھ دیا گیا۔آج امام حسین علیہ السلام پورے خاندانِ رسوؐل کولیکر مدینہ سے نکل رہے ہیں۔تاکہ وہ تمام امکانی اقدامات کریں جن سے وہ اور خاندانِ رسوؐل قومی حکومت کی تلوار سے محفوظ رہ سکیں۔چنانچہ آیئے اُس دروازے پرچلیں جہاں رسولؐ اللہ کی بیٹیاں اور بیٹے چھوٹے چھوٹے بچے اورناموسِ رسوؐل مکہ کے سفر کیلئے سوار ہونیوالا ہے۔

الفاضل الاديب المقرى فنقلتها عنها فهٰذِهِ الرواية هِىَ ان قدروى عبد اللّٰه بن سنان الكوفى عن ابيه عن جدّه اَنَّهُ قال خرجت بكتاب من اهل الكوفة اِلَى الحسين عليه السلام وهو يومئذٍ بالمدينة فاتيتهُ فقراه فعرف فقال انظرنى الى ثلٰثة ايّام فبقيتُ فى المدينة ثم تبعته اِلٰى اَنْ صارعَزمه بالتوجه اِلَى العراق۔ فقلت فى نفسى اَمْضى وانظراِلٰى مَلَك الحجاز كيف يركب وكيف جلالته وشانه فاتيتُ الٰى باب داره فارايتُ الخيل مسرجة والرجال واقفين والحسين عليه السلام جالسًا علٰى كرسى وبنى هاشم حافين به وهو بينهم كانّهُ البدر ليلة تمامه وكماله ورايت نحوامن اربعين محملًا وقدزيّنت المحامل بملابس الحريروالديباج۔ قال فعندذلك امرالحسين عليه السلام بنى هاشم بِاَن يركبوا محاومهن عَلَى المحامل فبينما انا انظروااذًا بِشَابٍّ قدخرج مِن دارالحسينؑ وهو طويل القامة وعَلٰى خَدّهِ علامة ووجهه كالقمرالطالع وهُوَ يقول تنحواعنى يابنى هاشم ۔واذابامراتين قدخرجا

مِنَ الدّاروهما تجرّان اذیا لھما عَلَی الارض حیًّا مِن الناس وقدحفت بھما اما ئَھُمَا ۔فتقدّمَ ذلک الشابّ اِلٰی محمل من المحامل وجثی علٰی رکبتیه واخذ بعضد یھما فارکبھما المحمل ۔فَسَأَلْتُ بعض الناس عنھما فقیل اما احد یھما فزینبؑ والاخریٰ ام کلثومؑ بنتا امیرالمومنین علیه السلام فقلت ومَنِ الشابّ فقیل لی ھو قمر بنی ھاشم العباسؑ بن امیرالمومنین علیه السلام ۔ ثُمَّ رَاَیْتُ بنتینؑ صغیرتین کان اللّٰه تعالٰی لم یخلق مثلھما فجعل واحدة مع زینبؑ والاخریٰ مع ام کلثومؑ فسالت بعض الناس عنھما فقیل لی ھما سکینة وَفاطمة بنتا الحسینؑ ۔ثُمَّ خَرَجَ غلاَمٌ آخر کانّهُ البدر الطالع ومعه امراةٌ وعلٰی کتفھا طفلٌ صغیرة وقد حَفَّتْ بِھَا امائھا فارکبھا ذلک الغلام المحمل فسالتُ عنھا وعن الغلام ۔فقیل لی ۔اما الغلامؑ فھوعلی اکبر ابن الحسینؑ والامراةٌ ام لیلٰی زوجة الحسینؑ والطفل عبدؑاللّٰه الرضیع ابن الحسینؑ ۔ثُمَّ خرج غلامٌ آخرووجھه کالفلقة القمر ومعه امراةٌ فسالتُ عنھما ؟ فقیل لی الغلام ھو القاسمؑ بن الحسنؑ المجتبٰی و الامراة اُمّهُ ۔قال ثُمَّ خرج شابٌّ آخر وھویقول تنحوّا عَنّی یابنی ھاشم تنحوا عَنْ حرم الغریب ابیؑ عبداً للّٰه ۔فتحیّ عنه بنی ھاشم واذا قد خرجت امراة من الدار وعلیھا آثار الملوک وھی تمشی عَلٰی سَکِینةٍ ووقار وقد حفّت بِھَا امائِھا ۔فسالتُ عنھما ؟ فقیل لی اَمّا الشابُّ فھو زین العابدینؑ بن الامام علیه السلام واَمّا الامراة فھی شاہ زنان بنت الملک اکسریٰ زوجة الامامؑ ۔فاتی بھا وارکبھا علَی المحمل ۔ثُمَّ ارکبوا بقیه الحرم والاطفال عَلَی المحامل ۔فلمّا تکاملوا نادی الامام علیه السلام این اخی این کبش کثیبتی، این قمرؑ بنی ھاشم ؟ فاجابه العبأس ۔ قائِلًا لبّیک لبّیک ۔فقال له الامامؑ قدّم لی یااخی جوادی ۔فاتی العباس بالجوادالیه وقد حفّت به بنوھاشم فاخذ العباس برکاب الفرس حتّی رکب الامام علیه السلام ثم رکب بنوھاشم ورکب العباس وحمل الرَّایة اَمَامَ الْاِمَامِ علیه السلام ۔قال فصاح اھل المدینة صیحة شدیدة ۔ وعلت اصوات بنی ھاشم بالبکاء والنحیب الوداع الوداع الفراق الفراق ۔فقال العباس ای و اللّٰه ھذایوم الفراق وملتقی یوم القیامة۔

(کتاب اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات ۔صفحہ 357-356)

علامہ فاضل الادیب المقری نے لکھا ہے کہ عبداللہ بن سنان کوفی اپنے والد سے اوراُن کا والد اپنے والد سے روایت کرتا ہے کہ میں کوفہ کے باشندوں کا ایک خط لے کر مدینہ میں امام حسینؑ کے پاس پہنچا۔اُنہوں نے خط پڑھااورفرمایا کہ مجھے جواب کے لئے تین روز کی مہلت درکار ہے۔میں مدینہ میں ٹھہرارہایہاں تک کہ اُنہوں نے عراق جانے کا پختہ فیصلہ کرلیا۔ایک دن میں نے دل میں سوچا کہ کیوں نہ امامؑ کے گھر جاؤں اوردیکھوں کہ شہنشاہؑ حجاز کی سواری کس طرح شانداراورپُرجلال طریقے پرنکلتی ہے چنانچہ میں امامؑ کے دروازہ پرحاضرہوا۔وہاں میں نے دیکھا کہ سواریاں بہترین زین ولگام سے آراستہ کھڑی ہیں اور بہت لوگ ادب سے کھڑے ہوئے ہیں اورامامؑ ایک کرسی پرجلوہ افروز ہیں۔اوربنی ہاشم امامؑ کواپنے حلقہ میں لئے ہوئے ہیں۔اوروہ بنی ہاشم کے جُھرمٹ میں بالکل اسی طرح معلوم ہورہے تھے جیسے تاروں میں چودہویں رات کامکمل چاند دکھائی دیا کرتا ہے۔اورقریب ہی حریرودیبا سے مُرصع ومُزین چالیس محملیں اونٹوں پرسجی ہوئی تھیں۔پھراُس نے کہا کہ اس کے بعدامام حسین علیہ السلام نے حکم دیا کہ بنی ہاشم کے متعین حضرات اپنی اپنی خواتین کومحملوں میں سوارکرائیں۔میں یہی سب کچھ دیکھ رہا تھا کہ امامؑ کے گھر میں سے ایک بڑے ڈیل ڈول کا درازقدکڑیل جوان نکلا۔اُس کے گال پرایک نشان تھااورچہرہ نکلتے ہوئے چاند کی طرح روشن تھا۔اُس نے آواز دی کہ بنی ہاشم تخلیہ کرلیں اورسرجھکا کرکھڑے ہوجائیں۔اوراس آواز کے ساتھ ہی گھر میں سے دوخواتین باہرنکلیں۔جوکنیزوں کے جُھرمٹ میں تھیں۔اُن کے پردہ کا یہ عالم تھا کہ

برقعے چادریں زمین بوس تھیں۔ اُن کے باہرتشریف لاتے ہی وہ جوان جلدی سے بڑھا اور اُنہیں ایک محمل کی طرف راہنمائی کی، اپنے زانو پر پیر رکھوایا اور بازو پکڑ کر دونوں کو باری باری ایک محمل میں بڑی تعظیم کے ساتھ سوار کر کے پردہ گرا دیا۔ میں نے بعض لوگوں سے اُن دونوں شہزادیوں کے متعلق دریافت کیا تو بتایا گیا کہ اُن میں سے ایک جناب زینبؑ اور دوسری ام کلثومؑ حضرت علیؑ کی بیٹیاں تھیں۔ میں نے اُس جوان کے متعلق معلوم کیا تو مجھے پتہ لگا کہ وہ جوان قمرؑ بنی ہاشم عباسؑ حضرت علیؑ کے فرزند ہیں۔ پھر میں نے دیکھا دو چھوٹی چھوٹی لڑکیاں چلی آ رہی ہیں۔ شاید ہی اللہ نے اتنی حسین وجمیل بچیاں اور بھی پیدا کی ہوں؟ چنانچہ قمر بنی ہاشمؑ نے دونوں بچیوں کو اس طرح سوار کیا کہ ایک کو حضرت زینبؑ کے ساتھ اور دوسری کو جناب ام کلثومؑ کے ساتھ بٹھا دیا۔ میں نے اِن دونوں کے لئے پوچھا تو لوگوں نے بتایا کہ اُن میں سے ایک حضرت سکینہؑ اور دوسری جناب فاطمہؑ امام حسین علیہ السلام کی بیٹیاں ہیں۔ پھر ایک نوجوان گھر میں سے نکلا جیسے اچانک چاند نکل آئے پیچھے پیچھے ایک خاتون ایک شیر خوار بچے کو گود میں لئے ہوئے سابقہ خواتین کے انداز سے نکلی۔ اُسے بھی کنیزیں حلقے میں لئے ہوئے تھیں۔ اُن خاتون کو اس نوجوان نے حسب سابق ایک محمل میں سوار کیا۔ میں نے اُن کے اور اُس نوجوان کے متعلق دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ وہ خاتون اُمّ لیلیٰ زوجہ حسینؑ تھیں اور نوجوان کا نام علیؑ اکبر بن حسینؑ اور وہ بچہ عبداللہ (علیؑ اصغر) بن الحسینؑ تھے۔ پھر ایک اور نوجوان باہر آیا جس کا چہرہ ماہ پارہ معلوم ہو رہا تھا۔ اور اُن کے ساتھ ساتھ ایک خاتون تھیں۔ میں نے اُن دونوں کے بارے میں معلوم کیا۔ تو مجھے بتایا گیا کہ وہ نوجوان حضرت قاسمؑ، حسنؑ مجتبیٰ کے بیٹے ہیں اور وہ خاتون قاسمؑ کی والدہ ہیں۔ اُن کے بعد ایک اور نوجوان باہر نکلا اور پکارا کہ تخلیہ کیا جائے اور اے بنی ہاشم اپنے سر جھکا کر ادب سے کھڑے ہو جاؤ کہ ابی عبداللہ الحسینؑ کی حرم تشریف لاتی ہیں۔ چنانچہ تمام بنی ہاشم جب سر جھکا کر کھڑے ہو گئے تو ایک خاتون شاہانہ جاہ وجلال کے ساتھ کنیزوں کے حلقے میں پُروقار انداز میں برآمد ہوئیں۔ میں نے اُن دونوں کی بابت معلوم کیا تو بتایا گیا کہ وہ کڑیل جوان حضرت زین العابدینؑ ہیں اور یہ خاتون شہنشاہ ایران کی بیٹی شاہ زناں اور حسینؑ کی زوجہ ہیں۔ چنانچہ زین العابدینؑ آئے اور شاہِ زناں کو محمل میں سوار کیا۔ پھر باقی اہلؑ حرم کو اسی شان سے سوار کیا گیا۔ اور تمام بچوں کو متعلقہ محملوں میں بٹھایا گیا۔ جب تمام متعلقین سوار ہو چکے تو امامؑ نے آواز دی کہاں ہیں ریگستاں میں راہنمائی کرنے والا؟ کہاں ہے میرا بھائی عبّاؑس کہاں ہے بنی ہاشم کا چاند؟ حضرت عباسؑ نے لبیک لبیک سے جواب دیا۔ امامؑ نے فرمایا کہ بھائی میرا گھوڑا لے آؤ۔ جناب عبّاؑس نے گھوڑا پیش کیا۔ امامؑ بنی ہاشم کے حلقہ کے ساتھ مرکب کے پاس کھڑے ہوئے۔ جناب عباسؑ نے رکاب سنبھالی اور اماؑم کو سوار ہونے میں مدد دی۔ اس کے بعد تمام بنی ہاشم گھوڑوں پر سوار ہو گئے تو جناب عباسؑ بھی سوار ہوئے اور علم سنبھال لیا۔ اور بڑھ کر امام علیہ السلام کے آگے کھڑے ہوئے۔ اہل مدینہ اور بنی ہاشم کے رونے کی آوازیں بلند ہو گئیں، فضائیں چیخوں سے گونجنے لگیں، چاروں طرف سے الوداع الوداع اور الفراق الفراق کی صدائیں آنے لگیں۔ حضرت عباسؑ نے جواباً کہا کہ واقعی آج جدائی کا ایسا دن ہے کہ اب ہماری ملاقات قیامت کے روز ہی ہوگی، یہ فرمایا اور سفر شروع کر دیا۔

(38/2) کوفہ کا راستہ چھوڑ کر کربلا کی طرف بڑھنا

امام حسین علیہ السلام نے منزل زبالہ پر حضرت مسلم علیہ السلام کی شہادت کی اطلاع پائی۔ اگلی منزل بطن عقیق میں کی اور یہاں سے کوفہ کا وہ

راستہ ترک کر دیا جو قادسیہ ہو کر کوفہ جاتا تھا۔ منزل ذوحسم میں حُر کا لشکر آ ملا۔ سفر جاری رکھا۔ عذیب سے قادسیہ ہو کر کوفہ جا سکتے تھے۔ لیکن یہ طے ہوا کہ نہ مدینہ کی راہ جائیں نہ کوفہ کی۔

☆ نیچے منازل کا نقشہ ہے ☆

تواریخ کی رُو سے منازل کا نقشہ

یزید کے جواب تک درمیانی راہ چلیں۔قصر مقاتل پر یزید نے حُر کو منع کر دیا کہ آگے نہ بڑھنے دو۔لہٰذا کربلا میں قیام کیا گیا۔اور یہاں سے حر، ابن سعد اور خولی نے ابن زیاد سے خط وکتابت کا سلسلہ جاری کیا۔ جو آٹھویں محرم تک جاری رہا۔اور آخری خط پہنچنے پر جنگ طے ہوگئی۔اور بنی امیہ کی حکومت کا تختہ اُلٹنے کے لئے قربانی کا دور شروع ہوا۔اور وہ بنیاد رکھ دی گئی کہ عربوں کی سازشی حکومت ناکام ہوتی چلی جائے؟ اور ایک روز لفظ خلافت اور بیعۃ دنیا سے حرف غلط کی طرح مٹ کر رہ جائے۔لہٰذا حسینؑ اور اُن کے تمام اقربا وانصار نے جان پر کھیل کر مقصد حسینیؑ کو سو فیصد کامیاب کر دیا۔

(38/3)۔ **تمام تواریخ ومنازل کی رُو سے امام حسینؑ سترہ (17) ذی الحجہ کو کربلا میں پہنچے تھے**

ہماری یہ بات بھی لوگوں کو عجیب معلوم ہوگی۔مگر ہم کوئی عجیب اور حیران کن بات کہتے نہیں ہیں۔فرق یہ ہے کہ ہم نہ ملکی وقومی حکومت کے پروپیگنڈے سے متاثر ہوتے ہیں نہ ہی اُس پروپیگنڈے سے فریب خوردہ علما کی بات بلاغور وخوص وتنقید کے تسلیم کرتے ہیں۔ہمیں سب نے بتایا اور ہم نے تحقیق کے بعد مان لیا کہ امام حسین علیہ السلام آٹھ ذی الحجہ کو مکہ سے روانہ ہوئے اور تیرہ منازل طے کر کے کربلا میں پہنچ گئے۔لہٰذا تیرہ منازل کا سفر تیرہ روز میں ختم ہوگیا۔اور اسی طرح بیس ذی الحجہ کو کربلا میں ورود ہونا چاہئے۔مگر ایک آدھ دن اور کم کرنا پڑے گا۔اس لئے کہ منزلیں گنواتے ہوئے تیرہ مقامات کے نام تو ضرور بتائے گئے ہیں۔مگر امامؑ نے قیام مندرجہ تیرہ منازل سے کم منزلوں پر کیا ہے۔ذرا علما کا بیان سن لیں:۔

اول''(1)**صفاح**=اس منزل پر بقول طبری فرزدق سے ملاقات ہوئی۔دینوری کا بیان بھی اس کے مطابق ہے۔

(الاخبال الطّوال صفحہ 245،شہید انسانیت صفحہ 277)

دوم''(2)**ذات عرق**=ابن طاؤس نے فرزدق سے ملاقات اس منزل پر لکھی ہے۔فرزدق چونکہ حج کے ارادے سے جا رہے تھے۔اور حج کو صرف ایک دن باقی تھا۔اس لئے یقیناً یہ منزل مکہ سے بالکل نزدیک،شاید دو ہی چار گھنٹے کی راہ پر ہوگی۔اور اسی لئے امامؑ کا اس منزل پر قیام کرنا ثابت نہیں ہے۔ بلکہ راستے پر چلتے چلتے ٹھہر کر فرزدق سے بات چیت ہوئی اور پھر آپ آگے بڑھ گئے۔اسی منزل پر عبدؑ اللہ بن جعفرؑ اور یحییٰ بن سعید بن العاص نے امامؑ سے آکر ملاقات کی۔''(ایضاً شہید انسانیت صفحہ 278-277)

لہٰذا معلوم ہوا کہ مکہ سے چل کر منزل ذات عرق تک کل چار یا دو گھنٹے کا سفر کیا تھا کہ فرزدق اور عبدؑ اللہ بن جعفرؑ وغیرہ سے ملاقات کی اور آگے بڑھتے چلے گئے یعنی آپؑ نے آٹھ ذی الحجہ کو منزل حاجر جسے بطن الرمہ بھی کہا جاتا ہے پر قیام کیا اور نو (9) ذی الحجہ کو مقام زرود؛ دس (10) ذی الحجہ کو زبالہ؛ گیارہ (11) ذی الحجہ کو بطن عقیق؛ بارہ (12) ذی الحجہ کو سراۃ؛ تیرہ (13) ذی الحجہ کو شراف؛ چودہ (14) ذی الحجہ کو منزل ذوحسم پر عارضی پڑاؤ؛ چودہ (14) ذی الحجہ کو بیضہ پر قیام؛ پندرہ (15) ذی الحجہ کو عذیب الحجانات؛ سولہ (16) ذی الحجہ کو قصر بنی مقاتل اور سترہ (17) ذی الحجہ کو کربلا کی آخری منزل پر خیمہ زن ہو چکے تھے۔اور اب عاشور تک مختلف انتظامات اور پروگرام کے لئے تیئیس (23) روز باقی تھے۔لہٰذا امامؑ کا دو (2) محرم کو کربلا میں پہنچنا ایک ایسا فریب ہے جو دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ کو ایک دن انکار وقوع واقعہ کربلا کا سامان فراہم کرنے کے لئے دیا گیا تھا۔ چنانچہ مرزا حیرت اور شیخ الشیوخ اور مسٹر عزیز صدیقی وغیرھم کا انکار اسی قسم کے

مغالطوں پہ منحصر ہے۔لیکن ہم نے سیدھا سیدھا اور بچوں تک کے سمجھ لینے کا حساب پیش کیا ہے اور یہ سب خود اُن ہی فریب دھندہ وفریب خوردہ علما کے مسلمات کوسامنے رکھ کر ثابت کیا ہے۔اور انکار کی کوئی گنجائش نہیں چھوڑی ہے۔یہ صحیح ہے کہ کربلا میں پہنچنے سے اگلے روز عمر سعد ملعون معہ چھ ہزار سواروں کے کربلا میں پہنچا اور اُسی دن سے امام حسینؑ،اہل حرمؑ،اور صحابہ علیہم السلام پر پانی بند کردیا۔اس تئیس دن کے عرصہ میں مدفن کی جگہ کا انتخاب وخریداری ہوئی اور یہ عمر سعد کے پہنچنے سے پہلے پہلے ہوئی تھی۔اس لئے کہ عمر سعد نے تمام راہیں بند کر دی تھیں اور آپؑ کربلا کے میدان میں محصور ہو کر رہ گئے تھے۔یہی وہ زمانہ تھا جب آپؑ نے بنی اسد اور آس پاس کے قبائل سے رابطہ قائم کیا اور انہیں شہادت کے بعد کے لئے وصیت کی اور مستورات تک کو آمادہ کردیا کہ وہ خود دفنِ شہدا کا کام انجام دیں۔

(38/4)۔ کربلا میں آخری پانی کب اور کون لایا تھا؟

مومنین کو یادرکھنا چاہیئے کہ محمد وآل محمد صلوٰۃ اللہ علیہم کے فضائل اور مصائب میں کمی یا خامی بیان کرنے والی ہر روایت اور ہر راوی اور ہر وہ عالم جو ایسی روایت کو تسلیم کرتا ہے اور اپنی کتاب میں لکھتا ہے،کم از کم فریب خوردہ ورنہ جھوٹا اور فریب کار ہے۔جب یہ تسلیم کرلیا گیا کہ اُن حضراتؑ میں کوئی عیب،کوئی کمی اور کوئی خامی نہ تھی تو اس ایمان کے بعد ہر اس بات کا انکار کردو جو اُن حضراتؑ میں عیب نکالے،اُن کے مقام بلند میں خامی یا کمی منوانا چاہے۔یہاں ایک روایت سنئے جس سے بعض کوتاہ اندیش لوگوں نے یہ سمجھا ہے کہ نویں محرم کو خیام حسینیؑ میں پانی لایا گیا تھا۔یعنی روایت سے یہ سمجھا گیا کہ شہدائےؑ کربلا مسلسل تین روز پیاسے نہیں رہے۔لہٰذا اگر روایت کا مطلب بھی یہی ہوتا تو بھی ہم اس کا انکار کردیتے۔لیکن یہاں تو روایت صحیح ہے مگر مطلب غلط لیا گیا ہے۔یعنی وہ تمام علما جو اس روایت سے نویں محرم کو پانی آنے کا مطلب نکالتے ہیں وہ،وہ لوگ ہیں جو کوشش کرکے ہمارے مسلمات کو توڑنا چاہتے ہیں سنئے:۔

وفی اَمَالی الصدوؒق ثم اِنَّ الحسینؑ امر بحفیرة فحفرتٍ حول عسکرہ شبه الخندق وامر فحشیت حطبًا وارسل ابنهٗ علیًّا فی ثلثین فارسًا وعشرین راجلًا یستسقوا المآء وهم علٰی وجل شدید ......ثُمَّ قال علیه السلام لاصحابه قومُوْا فاشربوا من الماء یکون **آخرزادکم** وتوضؤا واغتسلوا واغسلوا ثیابکم لتکون اکفانکم۔(اکسیرالعبادات فی اسرارالشہادات صفحہ 248)

''حضرت صدوق رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب امالی میں بیان کیا ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے حکم دیا کہ اُن کے لشکر کے عقب پر خندق کی طرح گڑھے کھودے جائیں اور انہیں لکڑیوں وغیرہ ایندھن سے بھر دیا جائے تاکہ وقت ضرورت آگ جلادی جائے اور پس پشت سے حملہ ناممکن ہو جائے۔اس کے بعد آپ نے حضرت علیؑ اکبر کو تیس سوار (حسب سابق) بیس پیادوں کے ساتھ پانی لانے کے لئے بھیجا اور جب پانی آ گیا تو تمام صحابہ اور متعلقین سے فرمایا کہ اُٹھو پانی پیئو اور یہ سمجھ کر وضو اور غسل کرو اور کپڑے دھولو کہ یہ پانی آخری پانی ہے۔ تاکہ تمہارا لباس تمہارا کفن بن جائے۔''

(38/5)۔ روایت میں کہیں نویں محرم کا نام ونشان تک نہیں ہے

اس روایت میں کسی دن اور تاریخ حتّٰی کہ وقت تک کا بھی تعین نہیں ہے۔مگر جبراً وزبردستی یہ مطلب اخذ کرلیا گیا کہ یہ واقعہ نویں محرم کا ہے۔یہ روایت یہ بتاتی ہے کہ اس کے بعد پانی نہ آسکے گا۔یہ آخری پانی تھا۔جو لشکر حسینیؑ میں لایا گیا۔اور چونکہ پانی کافی مقدار

میں تھا۔اس لئے اب نماز اور عبادت کے لئے تیمّم جائز نہ تھا۔لہٰذا وضواور غسل کرنے کا حکم دیا گیا اور بتایا گیا کہ بوقت شہادت جولباس جسم پر ہوگا وہی کفن قرار پائے گا۔لہٰذا اُسے پاک وپاکیزہ ہونا چاہئے۔لہٰذا یہ ہم خود سمجھ لیں گے کہ یہ پانی کم از کم دو روز کے لئے کافی ہوگا تا کہ سب لوگ اپنے کپڑے دھوسکیں۔اور ہم یہ بھی خود ہی سمجھ لیں گے کہ بیس پیدل بہادروں کے ساتھ بیس اونٹ بھی تھے اور بیس عدد چمڑے کے بڑے ٹینک بھی تھے اور یہ کہ یہ اونٹ نہایت طاقتور اور بہت وزن اٹھانے والے تھے اور یہ بھی کہ پانی شدید جنگ کے بعد لایا گیا تھا۔ اور روایت میں لفظ **حولہ** کے معنی ہم خود پشت کی طرف کرلیں گے۔ورنہ چاروں طرف خندق کھودنا ایک حماقت ہوگا۔اس لئے کہ خود اپنا راستہ عقلمند انسان نہیں روکتا۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ کوئی ذی ہوش شخص خود اپنے خلاف کوئی بیان نہیں دے سکتا۔لہٰذا خاطی انسانوں کی اور خصوصاً دشمن انسانوں کی بیان کردہ روایات کو بلاتنقید اور چھان پھٹک قبول کرنا بہت بڑی غلطی ہے۔اور یہی غلطی اُن علما نے کی ہے جوطرح طرح کی متضاد ومخالفانہ روایات اپنی کتابوں میں بھر کر بیٹھ گئے اور اہل قلم اور مصنفین میں شمار ہونے کے لالچ میں مذہبی پوزیشن کا ستیاناس کرگئے۔درحقیقت وہ دشمنانِ مذہب تھے۔ہم اُن کے بڑے بڑے خودساختہ اور حکومت نواز القابوں کی کوئی قدر وقیمت نہیں رکھتے۔ ہم علما کو مذہب اور آئمہ معصومین علیہم السلام کے قائم کردہ معیار پر جانچ کر حقیقی علما کو دشمنانِ دین سے الگ کرلیتے ہیں۔ اور پروپیگنڈے سے ہرگز متاثر نہیں ہوتے۔

(38/6)۔ **<u>عمر سعد کی افواج کربلا میں انیس (19) روز مصروف رہی تھیں</u>**

ہم یہ روایت علامہ محمد باقر مجلسی رضی اللہ عنہ کی کتاب بحارالانوار مترجمہ علامہ جزائری سے اُن ہی کے الفاظ میں لکھتے ہیں سنئے:۔

''ایک مرد آھن گر (لوہار) باشندہ کوفہ سے روایت کرتا ہے۔اُس نے کہا جب لشکر عمر سعد بداختر امام حسین علیہ السلام سے جنگ کرنے کے لئے شہر کوفہ سے چلا تو میں بھی ہتھیار و اوزار آہنگری لے کر اُن کے ساتھ گیا۔جس وقت یہ لشکر قریب کربلا پہنچا۔تو میں خیموں کی میخیں اور گھوڑوں کی ٹاپیں اور نیزوں کی پیکانیں اُن اشقیا کے لئے بناتا تھا۔اور اگر کوئی نیزہ یا خنجر یا تلوار کج (ٹیڑھی) ہوجاتی تھی۔تو میں اُسے درست کردیتا تھا۔اور چونکہ میں اس فن میں استاد تھا۔اس لئے میں نے بہت بہت روپیہ پیدا کیا۔اور خوب شہرت پائی۔ یہاں تک کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کربلا میں وارد ہوئے۔ہم نے بھی بسرعت تمام نہر علقمہ کے کنارے پر خیمے برپا کئے۔اور لڑائی شروع ہوئی۔ اور امامؑ عالی مقام کومع اصحاب پانی سے محروم رکھا اور سب کو شہید کیا۔ **<u>میں اُنیس (19) دن ان لوگوں کے ساتھ رہا</u>**۔وقت مراجعت مال بسیار لے کر اسیران اہلؑ بیت کے ساتھ اپنے شہر میں آیا۔عبیداللہ ابن زیاد نے اسیران اہلبیتؑ کو قید کرکے یزید کے پاس بھیج دیا۔اور میں اپنے گھر میں رہا۔'' (مترجمہ بحار صفحہ 150 حصہ دوم)

اگر ہم عمر سعد کا کربلا پہنچنا تیسری محرم کو مان لیں تو سازشی علما کو یہ ماننا پڑے گا کہ شہادت امام حسین علیہ السلام بیس (20) محرم کو ہوئی اور اُن کے حساب سے عمر سعد اکیس محرم کو کربلا سے واپس گیا تھا۔اور یہ ماننا ساری دنیا اور واقعات کے خلاف ہوگا۔لہٰذا یہ ماننا ضروری ہے کہ <u>تیرہ محرم کو عمر سعد کربلا سے واپس گیا تھا۔اور گیارہ محرم کو اہلبیتؑ اور سرہائے شہدا اور وہ لوہار کربلا سے گیا اور اس سے پہلے وہ لوہار انیس دن کربلا میں ٹھہرا</u>۔<u>یعنی عمر سعد کی افواج بائیس (22) ذی الحج کو کربلا پہنچی تھیں</u>۔ یہ حقیقت مان کر کربلا کے سانحہ کے تمام

واقعات اپنی اپنی جگہ ٹھیک بیٹھ جاتے ہیں۔

(الف)۔ مندرجہ بالا روایت کتاب المنتخب علامہ طریحی کے قلم سے

اب ہم اِس روایت کو با قاعدہ عربی عبارت سمیت اور روزِ اوّل تا آخر مکمل طور پر لکھتے ہیں تا کہ تین علما کی سند حاصل ہو جائے۔ یہ نوٹ کریں کہ علامہ فخر الدینؒ طریحی ایک نہایت عظیم المرتبت مجتہد، بے نظیر ادیب و علم اللغت کے ماہر نہایت مایۂ ناز کتابوں کے مصنف تھے۔ مذکورہ بالا کتاب المنتخب اُن ہی کی تصنیف ہے اور وہ حضرت قاسم بن امام حسن المجتبیٰ علیہما السلام کی عروسی کے قائل ہیں اور اِسی کتاب میں اس کو ثابت کیا ہے اور ہم نے واقعات کربلا کے سلسلے میں با قاعدہ اس عروسی کا انتہائی مقام تک ثبوت فراہم کیا ہے۔ بہر حال لوہار کی روایت علامہ کے قلم سے بھی سنیئے:۔

وَعَنِ المنتخب حکی مِن رجل کوفی حدّاد قال لمّا خرج العسکر مِن الکوفة لحرب الحسینؑ بن علیؑ جمعتُ وحد یدًا عندی واخذتُ آلَتی وسرتُ معهم ۔فلمّا وصلوا وطنبوا خیمهم بَنَیْتُ خیمة وصرتُ اعمل اوتادًا للخیم وسککًا ومرابط للخیل واسنّة الرماح وما اعوج مِن سنان اوخنجر وسیف کنت بِکُلّ ذلک بصیرًا فصارا رزقی کثیرًا وشاع ذکری بینهم ۔ حتّٰی آتی الحسین علیه السلام مع عسکره ۔ فارتحلنا اِلٰی کربلا و خیمنا علٰی شاطی العلقمی وقام القتال فیما بینهم وحموا الماء علیه وقتلوه وانصاره وبنیه وکان مُدَّةَ اَقَامَتِنَا وَارُتحالنا تسعة عشریومًا ۔فرجعت غنیًّا الٰی منزلی والسبایا معنا فعرضت علٰی عبید اللّٰه فامر اَن یشهر وهم الٰی یزید اِلَی الشام ۔ فَلَبِثْتُ فی منزلی ایامًا قلا ئل واذا انا ذات لیلة راقدٌ علٰی فراشی فرایتُ طیفًا کان القیٰمة قد قَامَتُ والناس یموجون عَلَی الارض کالجراد اذا فقدت دلیلها وکُلّهم دالِعٌ لسانه علٰی صدره مِن شدّة الظمأ وانا اعتقد باَنّ مافیهم اعظم مِنّی عطشًا لانّه کَلّ سمعی وبصری مِن شِدّته ۔هٰذا غیرحرارة الشمس یغلی منها دماغی والارض تغلی کانها القیراذا اشتعل تحته نار فحلتُ انّ رجلی قد تقطّعت قد ماها ۔فوالـلّٰه العظیم اذا انا برجل قدعم الموقف نوره وابتهج الکون بسروره راکبًا علٰی فرس وهو ذوشیبة قد حفّت به الوف مِن کُلِّ نبیٍّ ووصیّ وصدیق وشهید وصالح فمرکانّه ریح اَوُسیر فلک فمّرت ساعة واذا انا بفارس علٰی جواد اعزّله وجه کتمام القمرتحت رکابه الوف ان امرائتمر واَوان زجر انزجروا فاقشعرّت الاجسام من لفتاته وارتعدت الفرائص من خطراته فتا سّفتُ عَلَی الاوّل ماسئلت عنه خیفة من هذا ۔واذا به قدقام فی رکابه واشارالٰی اصحابه وسمعت قوله خذ وه واذا باحدهم قاهر بعضدی کلبة حدید خارجة مِنَ النار فمضی بی الیه فخلت کتفی الایمن قدانقلعت فسئلته الخفّة فزادنی ثقلًا فقلت له سأَلُتک بمن امرک علیّ مَن تکون قال ملک مِن ملائکة الجبّار قلت ومن هذا ؟ قال عَلِیّ الکرّارؑ قلت والذی قبله قال محمدؐ المختار ۔قلت والذین حوله قال النبیّونؑ والصدیقون و الشهداء والصالحون والمومنون ۔ قلتُ اَنَا مافعلت حتّٰی امرک علیؑ قال الیه یرجع الامر وحالک حال هؤلاء فحققت النظر واذا بعمر بن سعد امیرالعسکر وقوم لم اعرفهم واذا بعُنقة سلسلة مِن حدید والنارخارجة مِن عینیه واذنیه فایقنت بالهلاک وباقی القوم منهم مقلدومنهم مقهور بعضده مثلی فبینما نحن نسیرواذا برسوؐل اللّٰه الذی وصفه الملک جالِس علٰی کرسیّ عال یزهوا اظنّه مِن اللؤلؤ ورجلین ذی شیبتین بهیّتین عن یمینه فسالتُ الملک عنهما فقال نوحؑ وابراهیمؑ واذا برسوؐل اللّٰه یقول ما صنعت یاعلیؑ؟ قالَ مَا ترکتُ احدًا من قاتل الحسینؑ اِلَّا واتیتُ به۔

فحمدتُ للّٰه تعالٰی علٰی اَنّی لَمْ اَکُنْ مِنْهُم ۔ وَرَدَّ عقلی اِلَیَّ واذا برسوّل اللّٰه یقول قدّ موهم الیه وَجَعَلَ یسئل ویبکی ویبکی کُلّ مَن فی الموقف لبکائه لانّه یقول للرجل ماصنعت بِطفّ کربلا بولدی الحسینؑ فیجیب یارسوّل اللّٰه انا حمیتُ الماء علیه؛ وهذا یقول اَنا قتلته؛وهذا یقول انا سلبته وهذا یقول انا وطئتُ صدره بفرسی ۔ ومنهم مَن یقول انا ضربت ولده العلیل ۔ فصاحَ رسوّل اللّٰه ۔ واولداه واقِلّة ناصراه واحسیناًه واعلیّاه هکذا جری علیکم بعدی ۔ انظر یااَبِی آدَمْ انظر یااخی نوح کَیْفَ اخلفونی فی ذریّتی فبکوحتّٰی ارتجّ المحشر ۔ فامربهم زبانیة جهنّم یجرّونهم اوّلا فاوّلا الَی النار فاذا بهم قد آتوا برجل فسئله فقال ماصنعت شیئًا فقال اماکنتَ نجّارا قال صدقتَ یاسیّدی لکِنّی ماعَملتُ شیئًاالا عمود الخیمة لحصین بن نمیر لانّه انکسرمِن ریح عاصف فوصلته ۔ فبکی فقال کثرتَ السواد علی ولدی خذوهُ الَی النار فاخذوه وصاحوا لا حکم الّا للّٰه ولرسوّله ووصیّه قال الحدّاد فایقنت بالهلاک فامربی فقد مونی فاستخبرنی فاخبرته فامر بی الَی النار وفما سحبونی اِلّا وانتبهتُ وحکیتُ لِکُلّ مَن لقیته وقد یبس لسانه ومات نصفه وتبرّء منه کُلّ مَن یحبه ومات فقیرًا ۔" (اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔صفحہ 450-449)

کتاب المنتخب میں ایک کوفی شخص سے جولوہار تھا یہ واقعہ بیان کیا گیا ہے کہ اُس نے بتایا کہ جب امام حسین بن علی علیہما السلام کے مقابلہ کے لئے کوفہ سے افواج روانہ ہوئیں تو میں بھی خام لوہا اور لوہاری اوزار لیکر فوج کے ساتھ ساتھ روانہ ہو گیا تھا۔اور جب افواج وہاں پہنچیں اور اُنہوں نے خیمے اور طنبو لگانا شروع کئے تو میں نے اپنا کام شروع کر دیا۔اپنا خیمہ لگایا اور خیموں کی میخیں اور کھونٹے،گھوڑوں کے دہانے،نعل،مہمیزیں۔نیزوں کی اَنیاں،مڑی ہوئی برچھیاں اور خنجر اور تلواریں اور چھریوں کی کند شدہ دھاروں کو درست کرنا شروع کر دیا۔اس لئے کہ میں ان تمام کاموں میں تجربہ ومہارت رکھتا تھا۔مجھے بڑی آمدنی ہوئی اور اُن افواج میں میرا بڑا چرچا رہا۔اس دوران امام حسین علیہ السلام مع اپنی سپاہ کے آ گئے تھے۔چنانچہ ہمارا قیام اب نہر علقمہ کے کنارہ پر تھا۔جنگ شروع ہوگئی تھی اور پانی بند کر دیا گیا تھا۔بہرحال امام حسینؑ اور اُن کے خاندان کے افراد اور تمام اُن کے مددگاروں کو قتل کر دیا گیا۔ **ہمارے قیام کی مدت روانہ ہونے تک صرف انیس (19) روز رہی تھی۔** اس کے بعد میں مالا مال ہو کر قیدیوں کے ساتھ ساتھ اپنے گھر لوٹا۔اسیران اہلبیتؑ،ابن زیاد کے روبرو پیش کئے گئے۔اس نے حکم دیا کہ اُن کی تشہیر کرتے ہوئے شام میں یزید کے پاس لے جاؤ۔اِسکے بعد مجھے اپنے گھر میں رہتے ہوئے تھوڑے دن ہوئے ہوں گے کہ ایک رات میں سونے کیلئے لیٹا ہوا تھا کہ میں نے ہنگامہ دیکھا کہ قیامت برپا ہو چکی ہے۔اور انسانوں کے غول سمندر کی موجوں کی طرح تلاطم مچائے ہوئے ہیں اور ٹڈی دل کی طرح بکھرے ہوئے حیران پھر رہے ہیں۔پیاس کے مارے اُنکی زبانیں سینوں تک لٹکی ہوئی ہیں۔میری پیاس کا یہ حال تھا کہ میں کسی کو اپنے سے زیادہ پیاسا نہ سمجھتا تھا۔پیاس کی شدت نے میرے کان اور آنکھ بے حس کر دیئے تھے۔ادھر سورج کی گرمی نے دماغ کو پگھلا دیا تھا۔زمین اس طرح جل رہی تھی جیسے تارکول کے نیچے آگ جل رہی ہو۔ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ میرے پیر میری ٹانگوں سے کٹ کر الگ ہو گئے ہیں۔اُدھر ایک عظیم الشان شخص گھوڑے پر سوار نمودار ہوا اور میدان حشر منور ہو گیا اور سارے ماحول پر اُسکی مسرت سے ہیجان پیدا ہو گیا اور خوشی چھا گئی۔اس کے جلو میں ہزاروں انبیاؑ،اوصیا، صدیق وشہدا اور صالحین تھے۔اور وہ بادتند کی طرح گزرا چلا گیا۔ذرا دیر بعد ایک اور سوار نظر آیا جو چودھویں رات کے چاند کی طرح روشن تھا اور اسکے ساتھ بھی ہزاروں افراد ہمرکاب تھے۔اُس سوار اور اس کے ساتھیوں نے اس سختی سے دھمکایا کہ جسم کے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔

ہوش وحواس گم ہوگئے اور ہر شخص لرزہ براندام ہوکر رہ گیا۔ مجھے افسوس ہوا کہ میں نے ڈر کے مارے پہلے سوار کا حال نہ پوچھا۔ بہرحال وہ دوسرا شخص اپنی رکاب میں کھڑا ہوا اور اپنے ساتھیوں سے کہا کہ اس شخص کو یعنی مجھے پکڑ کر حاضر کریں۔ چنانچہ ایک شخص نے میرا بازو اس طرح پکڑا کہ گویا اس کا ہاتھ بھٹی سے نکلا اور دھکتا ہوا لوہے کا ہاتھ ہو۔ وہ مجھے گھسیٹ کر لے چلا۔ میں نے نرمی کے لئے کہا تو اُس نے گرفت اور بھی سخت کرلی۔ میں نے اُسے قسم دی اُسی کی جس کا حکم بجالا رہا تھا کہ تو کون ہے؟ اس نے کہا میں اللہ کا ایک فرشتہ ہوں۔ میں نے پوچھا وہ شخص کون ہے کہا وہ علیؑ ہیں۔ دوسرے شخص کے لئے پوچھا تو محمدؐ بتایا۔ اور یہ پوچھا کہ اُن کے ہمراہی کون ہیں۔ اُس نے بتایا کہ وہ انبیاؑ ہیں، صدیقؑ ہیں، شہداؑ ہیں اور صالح مومنینؑ ہیں۔ میں نے کہا کہ مجھ سے کیا خطا ہوئی ہے؟ فرشتے نے کہا کہ مجھے معلوم نہیں۔ ہمیں جیسا حکم ملا اس کی تعمیل کرنا ہے۔ ہاں تیرا حال وہی ہوگا جو اُس قوم کا حال ہے۔ سامنے دیکھا تو عمر سعد سپہ سالار لشکر اور اس کے ساتھ ایک انبوہ ہے جسے میں پہچانتا نہیں تھا۔ عمر سعد کی گردن میں لوہے کی آگ سے دہکتی ہوئی زنجیر ہے۔ اور اس کے دونوں کانوں اور آنکھوں سے آگ کے شعلے نکل رہے ہیں۔ اور اس کے ساتھی بھی طوق وزنجیر میں گرفتار ہیں اور کچھ کو میری طرح گھسیٹے جارہے ہیں۔ اب مجھے اپنی ہلاکت کا یقین ہوگیا۔ اِدھر ہم یوں لائے جارہے تھے۔ اُدھر دیکھا تو رسولؐ اللہ ایک بہت بلند کرسی پر جلوہ افروز ہیں اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ کرسی لُولُو اور موتیوں کی بنی ہوئی ہے۔ اور رسولؐ اللہ کی داھنی جانب دونہایت حسین وجمیل اشخاص کھڑے ہیں۔ میں نے فرشتے سے معلوم کیا تو اس نے بتایا کہ وہ حضرت نوحؑ اور جناب ابراہیمؑ ہیں۔ رسولؐ نے علیؑ سے پوچھا کہ اب تک آپ نے کیا کیا ہے۔ فرمایا کہ میں نے قاتلان حسینؑ میں سے کسی کو نہیں چھوڑا سب کو لے کر حاضر ہوا ہوں۔ لوہار کہتا ہے کہ یہ سُن کر میری جان میں جان آئی میں نے سوچا کہ میں بچ جاؤں گا اس لئے کہ میں قاتلوں میں سے نہیں ہوں۔ میری عقل نے کام شروع کردیا۔ دیکھا تو رسولؐ اللہ نے فرمایا کہ سب کو باری باری آگے لاؤ۔ لوگ لائے جاتے تھے۔ وہ اپنے اپنے مظالم سناتے تھے اور رسولؐ اللہ اور تمام حاضرین سُن سُن کر روتے جاتے تھے۔ اس لئے کہ ہر شخص سے سوال کیا جاتا تھا کہ تو نے کربلا میں کیا کیا تھا؟ کوئی کہتا تھا کہ پانی بند کیا تھا۔ کوئی بتاتا کہ میں نے قتل میں حصہ لیا تھا۔ کوئی کہتا میں نے انہیں لُوٹا تھا۔ کوئی کہتا میں نے اُن پر گھوڑا دوڑایا تھا۔ کسی نے بتایا کہ میں نے حسینؑ کے بیمار فرزند کو مارا تھا۔ آخر رسولؐ اللہ نے چیخ ماری اور فرمایا کہ ہائے میرے بیٹے، ہائے ناصروں کی کمی، ہائے حسینؑ ہائے علیؑ اکبرتم پر یہ تمام مصیبت گزر گئی۔ دیکھو اے بابا آدمؑ دیکھو اے بھائی نوحؑ دیکھو میرے بعد میری اولاد کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا۔ رسولؐ اللہ کا یہ بیان سُن کر سب رونے لگے اور اہل محشر میں کہرام برپا ہوگیا۔ پھر آنحضرتؐ نے جہنم کے فرشتوں کو حکم دیا کہ اُن سب کو باری باری جہنم کے عذاب میں مبتلا کرو۔ اتنے میں ایک اور شخص کو لایا گیا اور پوچھا گیا تو اس نے کہا کہ موٗلا میں نے تو کچھ نہیں کیا۔ اس پر اُسے بتایا گیا کہ تو عمر سعد کی فوج میں بڑھئی تھا۔ اس نے کہا کہ حضورؐ نے سچ فرمایا ہے۔ میں نے اس کے سوا اور کچھ نہیں کیا کہ آندھی میں حصین بن نمیر کے خیمہ کا بانس ٹوٹ گیا تھا میں نے اُس کی مرمت کردی تھی۔ حضورؐ نے فرمایا کہ بہرحال تو میرے بیٹے کی مخالف فوج کی تقویت کا باعث ہوا ہے۔ اور حکم دیا کہ اُسے بھی جہنم واصل کرو۔ ملائکہ نے کہا کہ احکام دینے کا حق صرف اللہ، رسولؐ اور اُس کے وصیؑ کو ہے۔ لوہار کہتا ہے کہ یہ دیکھ کر مجھے اپنی تباہی کا یقین ہوگیا۔ دریافت کرنے پر میں نے بھی حقیقت حال عرض کردی۔ حکم ہوا کہ اُسے بھی دوزخ میں لے جاؤ۔ جب ملائکہ نے

مجھے گھسیٹا تو دہشت سے میری آنکھ کھل گئی۔اور صبح کو میں نے اس خواب کی سرگزشت سب کو سُنا دی۔کہا گیا کہ بعد میں اس شخص کا آدھا جسم بے کار ہوگیا، زبان خشک ہوگئی اور اُسکے تمام شناسا اور دوست اس پر لعنت کرتے تھے۔آخر وہ فقیری ومحتاجی کے عالم میں مرگیا۔''
(اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات۔صفحہ 450-449)

مومنین نوٹ کریں کہ اس روایت کی موجودگی میں کسی اور روایت کی بتائی ہوئی مدت کو ہرگز قبول نہیں کیا جاسکتا۔اس سلسلے کی باقی تمام روایات نامکمل اور ناقابل قبول ہیں۔اس لئے کہ کربلا میں قیام کی مدت کم از کم انیس یا بیس دن ہونا لازم ہے۔اس سے کم مُدت میں واقعات کربلا وقوع میں آ ہی نہیں سکتے تھے۔

(38/7)۔ کربلا میں شہدا کی تعداد؛ سروں کی تقسیم اور قتل میں شریک بڑے قبائل

کربلا میں امام حسین علیہ السلام کے مقابلہ میں آنے والی افواج کو خالص کوفہ کے باشندوں کی فوج بنانے والے حضرات کی غلطی ثابت کرنے کے لئے ہم یہ دکھاتے ہیں کہ میدان جنگ میں عرب کے مشہور ترین قبائل خاص طور پر شامل ہوئے تھے اور وہی قبائل تھے جو محمد وآل محمد صلوٰۃ اللہ علیہم کے دشمن اور پورے عرب میں پھیلے ہوئے تھے اور اُنہیں میدان کربلا میں جمع کیا گیا تھا۔چنانچہ محمد بن ابی طالب لکھتے ہیں کہ:۔

(الف)۔ فاعلم انّ محمد بن ابی طالب قال قدروی اَنّ رَؤُس اصحابٌ الحسینٌ واھلبیتہٗ کانت ثمانیۃ وسبعین راسًا واقتسمتھا القبائل لیقرّبوا بذلک اِلٰی ابن زیاد ویزید ۔ (1) فجائت **کندۃ** بثلاث عشر راسًا وصاحبھم قیس بن الاشعث (2) وجائت **ھوازن** باثنی عشر راسًا وفی روایۃ ابن شھر آشوب بعشرین وصاحبھم الشمر (3) وجائت **تمیم** بسبعۃ عشر راسًا وفی روایۃ ابن شھر آشوب بتسعۃ عشر راسًا (4) وجائت **بنواسد** بسِتۃ عشر راسًا وفی روایۃ ابن شھر آشوب بتسعۃ رؤس (5) وجائت **مذحج** بسبعۃ رَؤس وجاء سائر الناس بثلاثۃ عشر راسًا ۔ وقال ابن شھر آشوب وجاء سائر الجیش بتسعۃ رؤس ولم یذکر مذحج قال فذلک سبعون راسًا ۔(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات صفحہ 470)

''روایت کی گئی ہے کہ امام حسینؑ کے صحابہؓ اور اہلبیتؑ کے کل سَر اُٹھتر (78) تھے۔جنہیں مختلف قبائل میں اس لئے تقسیم کر دیا تھا کہ ابن زیاد اور یزید کی نظر میں اُن قبیلوں کی قدر و منزلت بڑھ جائے۔چنانچہ 1: قبیلہ کندہ کے ساتھ تیرہ (13) سر تھے اور اُن پر قیس بن اشعث نگران تھا۔ 2: قبیلہ ہوازن کے ساتھ بارہ (12) سر تھے۔اور ابن شہرآشوب کے مطابق بیس (20) سر تھے۔اور وہ شمر کی تحویل میں تھے۔ 3: قبیلہ تمیم کو سترہ (17) سر دیئے گئے تھے۔مگر ابن شہرآشوب نے اُنیس (19) سروں کا ہونا لکھا ہے۔ 4: قبیلہ بنواسد کے ساتھ سولہ (16) سر تھے۔ابن شہرآشوب یہاں کل نو (9) سر لکھتا ہے۔5: قبیلہ مذحج کے پاس سات (7) سر تھے۔اور باقی تمام لوگوں کے ہمراہ تیرہ (13) سر تھے۔مگر ابن شہرآشوب نے کہا ہے کہ باقی کل فوج کے پاس صرف (9) سر تھے۔اور اُس نے قبیلہ مذحج کا ذکر ہی نہیں کیا اور کہہ دیا کہ اس طرح شہدائے کربلا کے ستّر (70) سر تھے۔

(ب)۔ ان روایات کی پوزیشن اور ہمارا فیصلہ

قارئین وناظرین یہ سمجھ کر اقدام کریں کہ فوج ابن سعد نے یقیناً نہ تو تمام شہدائے کربلا کے سر کاٹے ہوں گے۔ نہ اُنہیں تمام شہدا کی لاشیں ہی ملی ہوں گی۔ اس لئے کہ حملہ اُولیٰ اور حملۂ ثانیہ میں جو جنگ مغلوبہ ہوئی ہے اُن میں شہید ہونے والوں کی تعداد اور قتل ہوکر گرنے کا مقام معلوم ہونا ممکن ہی نہ تھا۔ جن شہدا کے سر کاٹ کر لائے گئے تھے وہ یقیناً وہ حضرات تھے جن کو سارا عرب پہچانتا تھا۔ اور جن کی لاشوں کو امامؑ نے ساتھ کے ساتھ میدان جنگ سے لالا کر ایک جگہ جمع کیا تھا۔ یہ سوال تو زیر بحث رہا ہے کہ امامؑ کے ساتھ کربلا میں کتنے رفقاء اور فداکار تھے؟ بہرحال جن شہدا کا نام بنام ذکر کیا گیا ہے۔ جنہوں نے میدان جنگ میں چیلنج اور وعظ و پند کے بعد جنگ کی تھی اُن کی تعداد ایک سودس (110) تسلیم شدہ ہے۔ لہٰذا ہم سرہائے شہداعلیہم السلام کی اُس تعداد کو قبول کریں گے جو صحیح تعداد کے قریب ہوگی۔ اور اس اصول سے ہم مندرجہ بالا روایت میں سے زیادہ سے زیادہ مذکورشدہ تعداد کو اختیار کرتے ہیں اور وہ یوں ہے کہ:۔

i۔ قبیلہ کندہ کے ساتھ زیادہ سے زیادہ تعداد 13 ہے۔

ii۔ قبیلہ ھوازن کے ساتھ زیادہ سے زیادہ تعداد 20 ہے۔

iii۔ قبیلہ تمیم کے ساتھ زیادہ سے زیادہ تعداد 19 ہے۔

iv۔ بنواسد کے ساتھ زیادہ سے زیادہ تعداد 16 ہے۔

v۔ قبیلہ مذحج کے ساتھ زیادہ سے زیادہ تعداد 7 ہے۔

vi۔ باقی فوج کے ساتھ زیادہ سے زیادہ تعداد 13 ہے۔

لہٰذا کل سرھائے شہداؑ کی تعداد اٹھاسی (88) صحیح تعداد ہے اب بھی بائیس کم رہتی ہے، ایک سودس (110) ہونے میں۔

(ج)۔ شہدائے بنی ہاشمؑ کی تعداد اور نام مختلف روایات کی تاریکی میں

مومنین اور محبان اہلبیتؑ یہ نوٹ کریں کہ اگر کربلا میں دوچار بنی ہاشمؑ قتل کئے گئے ہوتے تو مخالف قومی حکومت کا جُرم ہلکا اور کم گھناؤنا ہوتا۔ لیکن وہاں تو یہ کوشش کی گئی تھی کہ علیؑ اور اولاد علیؑ کا اور اُن کی طرح سوچنے والے تمام ہم خیال لوگوں کا دنیا سے صفایا کر دیا جائے۔ اس مقصد کے لئے سربراہان حکومت انتظام کرتے، وصیتیں لکھتے اور بتدریج میدان قتال تیار کرتے چلے آئے تھے۔ رجب سے ماہ ذی الحجہ کی آخری تاریخوں تک چھ ماہ کا زمانہ تو وہ آخری زمانہ ہے جس میں سابقہ سربراہِ حکومت کے تیار کردہ پروگرام پر عمل کرنے اور اماؑم کو مدینہ سے نکالنے اور پورے ملک میں ایک سمت کو چھوڑ کر ناکہ بندی کرنے اور افواج کو پھیلانے اور سمیٹنے کا کام انجام دیا گیا۔ تاکہ خانوادہ رسولؐ اور اُس سے ہم آہنگ وہم مسلک لوگ فطری طور پر ایک نقطہ یعنی کوفہ یا کربلا میں جمع ہو جائیں۔ اور وہاں اُن کا قتل عام کر کے قومی حکومت کا راستہ صاف کر دیا جائے۔ لہٰذا جو حضرات کربلا کے میدان میں شہداؑئے کربلا کی تعداد کو کم کر کے پیش کرتے رہے ہیں، وہ یزید اینڈ کمپنی کے جُرم کو ہلکا کرنے میں کوشاں رہے ہیں۔ لیکن ہم چودھویں صدی میں پیدا ہونے کی مجبوری کو کہاں لے

جائیں؟ ہم نظام اجتہاد کی ضائع کردہ ہزارہا قدیم کتابیں کہاں سے لائیں؟

بہرحال آیئے کم از کم یہ دیکھ لیجئے کہ یزید اینڈ کمپنی کی طرفداری میں اہلِ قلم نے کتنا حصہ لیا اور کتنا انصاف کیا؟ علامہ دربندی رضی اللہ عنہ نے لکھا ہے کہ:۔

وامّا عدد المقتولين مِن اهلبيتٌ فهو ممّا اختلف فيه فالا كثرون علىٰ اَنّهم كانوا سبعة وعشرين ۔سبعة من بني عقيل: (1)مسلمٌ المقتول بالكوفة و (2)جعفر و (3)عبدالرحمن ابنا عقيل و (4)محمدٌ بن مسلمٌ و (5)عبدٌ الله بن مسلمٌ و (6)محمدٌ بن ابى سعيد بن عقيل (7)وابى سعيد بن عقيل ۔وزاد ابن شهر آشوب عونًاً ومحمدٌ البنى عقيل۔

وثلاثة مِن ولد جعفرٌ بن ابى طالبٌ (1) محمدٌ بن جعفر (2) عبدٌالله بن جعفرٌ و (3) عونٌ الاكبر ابن عبدٌالله۔

ومن ولد عليٌ بن ابيطالبٌ تسعة (1) الحسينٌ امام (2) والعباسٌ وابنه (3) محمدٌبن العباسٌ و (4) عمرٌبن عليٌ و (5)عثمانٌ بن عليٌ و (6) جعفرٌ بن عليٌ و (7)ابراهيمٌ بن عليٌ و (8)عبدٌالله بن عليٌ و (9)ابوبكر (شك فى قتله)۔

واربعة مِن بني الحسنٌ امام (1) ابوبكرو (2) عبدالله و (3) قاسم وقيل (4) بشروقيل عمرو كان صغيرًا۔

وستّة مِن بني الحسين امام مع اختلاف فيه (1) عليٌ الاكبر و (2)ابراهيمٌ و (3) عبدٌالله و (4) محمدٌ و (5)حمزه و (6)عليٌ وجعفرٌ وعمر وزيد وذبح عبد الله فى حجره ولم يذكر صاحب المناقب الا عليًا وعبد اللهواسقط محمدبن ابى طالب حمزه وابراهيم وزيد وعمر۔

وقال ابن شهر آشوب "ويقال لم يقتل محمدالاصغر بن عليٌ (باقرٌ بن زين العابدينٌ) لمرضه ويقال رماه رجل مِن بنى دارم فماقتله وقال ابو الفرج جميع مَن قتل يوم الطفّ من ولد ابى طالب سوى من يختلف فى امره اثنان وعشرون رجلاً۔

(اکسیرالعبادات فی اسرارالشہادات صفحہ 471-470)

اہلبیتؑ میں سے قتل ہونے والوں کی تعداد میں اختلاف کیا گیا ہے کثرت رائے یہ ہے کہ بنی ہاشم کل ستائیس (27) شہید ہوئے۔

اوّل: اولادِ عقیل میں سے سات (7) شہید ہوئے۔ (1) مسلم علیہ السلام جو کوفہ میں قتل ہوئے اور (2) جعفرؒ و (3) عبدالرحمٰنؒ عقیل کے دونوں بیٹے۔ پھر (4) محمدؒ اور (5) عبدؒاللہ مسلمؑ کے بیٹے اور (6) محمدؒ بن ابی سعید بن عقیل (7) اور ابی سعید بن عقیل اور ابن شہر آشوب نے اولادِ عقیل میں عونؒ اور محمدؒ کا بھی اضافہ کیا ہے۔

دوم: اور حضرت جعفرؒ بن ابیطالبؑ کی اولاد میں سے تین شہید 1 محمدؒ بن جعفرؒ 2. اور عبدؒاللہ بن جعفرؒ 3. اور عونؒ الاکبر بن عبدؒاللہ۔

سوم: اور علی علیہ السلام کے بیٹوں میں سے نو (9) شہید۔ (1) امام حسین علیہ السلام (2) عباس علیہ السلام اور اُن کے بیٹے (3) محمد بن العباسؒ اور (4) عمر بن علیؒ اور (5) عثمان بن علیؒ اور (6) جعفرؒ بن علیؒ اور (7) ابراہیمؒ بن علیؒ (8) عبدؒاللہ بن علیؒ (9) ابوبکرؒ بن علیؒ (اُن کے کربلا میں قتل ہونے پر شک کیا گیا ہے۔

چہارم: اولادِ امام حسن میں سے چار شہید (1) ابوبکرؒ و (2) عبدؒاللہ و (3) قاسمؑ اور کہا گیا ہے کہ (4) یا تو بشرؒ قتل ہوئے یا عمرؒ قتل ہوئے۔ بہرحال یہ کمسن بچے تھے۔

پنجم: اولادِ حسین علیہ السلام میں سے چھ شہید ہوئے (1) علی اکبرؑ و (2) ابراہیمؑ و (3) عبداللہؑ جواُن کی گود میں قتل ہوئے (4) محمدؑ اور (5) حمزہؑ (6) علیؑ و جعفرؑ اور عمرؑ و زیدؑ میں سے کوئی ایک قتل ہوا۔ کتاب مناقب کے مصنف نے علیؑ اکبر اور علیؑ اصغر یعنی عبداللہ کے علاوہ کسی اور کا ذکر ہی نہیں کیا۔ محمد بن ابی طالب نے اپنی فہرست میں حمزہ اور ابراہیم اور زید اور عمر کو نہیں لکھا ہے۔

اور ابن شہر آشوب نے کہا ہے کہ محمد الاصغر یعنی امام محمدؑ باقر اپنے بچپن اور بیماری کی وجہ سے قتل سے محفوظ رہے۔ اور یہ بھی لکھا ہے کہ انہیں قبیلہ بنی دارم کا ایک شخص چھپا کر لے گیا تھا۔ اس طرح قتل سے محفوظ رہے۔ ابوالفرج نے لکھا ہے کہ جن ناموں میں اختلاف کیا گیا ہے۔ اُن کے علاوہ اولادِ ابوطالبؑ میں سے بائیس افراد کا قتل ہونا ثابت ہے۔ (صفحہ 471-470)

لیکن دوستوں نے صرف اٹھارہ (18) کا عدد رٹ رکھا ہے۔ یعنی نو (9) شہدا ترکیب سے کم کر دیئے ہیں یہ دوستی ہے؟

(د)۔ حضرت شہر بانوؑ کا ایک اور بچہ گوشواروں والا شہید

مومنین ایک روایت سُنیں اور امام مظلوم علیہ السلام کے ننھے بچوں کا تلواروں میں بکھر کر اسلام پر قربان ہو جانا دیکھیں۔

وَقَالَ یحیٰی بن الحسن العلوی واصحابنا الطالبسون یذکرون اَنَّ المقتول لِاُم الولد و اَنَّ الذی امه لیلٰی ھو جدّھم ولد فی خلافة عثمان ۔ ثم قَالُوا وخرج غلام من تِلْک الابنیة وَفِیْ اُذُنَیْه دُرَّتَان وَھُوَ مذعور فجعل یلتقت یمینًاو شمالًا وذدتاه یتذبذبان فحمل علیه ھانی ابن بعیث فقتله فصارت شھر بانو تنظر الیه ولا تتکلّم کالمدھونة۔ (ایضاً صفحہ 471)

’’یحیٰی بن حسن علوی کہتا ہے کہ ہمارے محقق صحابہ نے ذکر کیا ہے کہ صاحب اولاد کنیز کا بیٹا جو قتل ہوا اور یہ کہ اس کی والدہ لیلیٰ تھیں اور اُن کا دادا خلافت عثمان کے زمانہ میں پیدا ہوا تھا۔ پھر اُنہوں نے یہ کہا ہے کہ خیام حسینیؑ سے ایک بچہ بڑی تیزی سے نکلا جس کے دونوں کانوں میں موتیوں والے بُندے تھے۔ وہ کسی کی تلاش میں حیران اور گھبرایا ہوا دائیں بائیں دیکھتا جاتا تھا کہ اُس پر ہانی ابن بُعیث نے حملہ کر دیا اور بچہ کو قتل کر دیا۔ عین اُس وقت جناب شہر بانو پہنچیں وہ بچہ کی طرف سرگشتگی کے عالم میں دیکھے چلی جا رہی تھیں۔ مگر منہ سے کچھ نہ بول سکتی تھیں۔‘‘ (اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔ صفحہ 471)

اس معصوم بچہ کا تذکرہ نہ علما کرتے ہیں نہ ذاکروں کو معلوم ہے نہ شہدا کی تعداد میں اُن کا شمار کیا گیا ہے۔

(ہ)۔ حسینی لشکر کی تعداد علامہ مسعودی کی تحقیق

علامہ مسعودی اپنی تاریخ مروج الذہب میں لکھتے ہیں کہ:۔

قال المسعودی فی کتاب مرّوج الذھب فعدل الحسینؑ الٰی کربلا وَھُوَ فی مقدارالف فارسٍ مِن اھلبیتهٗ واصحابه ونحومائة راجل فلم یزل یقاتل حتّٰی قتل وکان الذی تولّی قتله رجل من مذحج وقتل وھو ابن خمس وخمسین سنة وقیل ابن تسع وخمسین سنة وقیل غیرذلک ۔ وَوَجَدَبه یوم قتل ثلاث وثلاثون طعنة واربع وثلثون ضربة ۔وضرب زرعة بن شریک التمیمی کفه الیسری وطعنه سنان بن انس النخعی ثمّ نزل واحتزّراسه وتولّی قتله مِن اھل الکوفة خاصّة لم یحضرھم شامیّ وکان جمیع مَنْ قتل معه سبعًا وثمانین وکان عدة مَن قتل مِن اصحاب عمر بن سعد فی حرب الحسینؑ ثمانیة الاف وثمانین رجلًا ۔‘‘

(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات صفحہ 472)

امام حسین علیہ السلام کربلا میں آئے تو اُن کی فوج میں ایک ہزار سوار اور ایک سو کے قریب قریب پیادہ تھے۔ اور یہ تعداد اُن کے اہلبیّت اور اصحاب کی تھی (یعنی اس میں اغیار شمار نہیں)۔ چنانچہ امامؑ نے برابر جنگ جاری رکھی یہاں تک کہ شہید ہو گئے اور اُن کے قتل کی ذمہ داری قبیلہ مذحج کے ایک فرد نے لی تھی۔ اور شہادت کے وقت اُن کی عمر پچپن (55) سال تھی۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ اُن کی عمر انسٹھ (59) سال وغیرہ تھی اور اُن کے جسم پر تینتیس (33) نیزوں کے گھاؤ تھے اور چونتیس تلوار کے زخم تھے۔ اور اُن کے بائیں ہاتھ پر زرعہ بن شریک نے ضرب لگائی اور سنان بن انس نخعی نے نیزہ کا وار کیا۔ یہ آخری زخم کھا کر آپ زمین پر گرے۔ اور اُن کا سر مبارک کاٹ لیا گیا۔ اور جان لینے کی ذمہ داری خاص طور پر اہل کوفہ کے سر گئی اور اس میں کوئی شامی شریک نہیں ہوا۔ اور جو لوگ امامؑ کے ساتھ قتل کئے گئے اُن کی تعداد ستاسی (87) تھی۔ اور جو لوگ عمر بن سعد کی طرف سے حسینؑ سے جنگ کرنے میں قتل ہوئے اُن کی تعداد آٹھ ہزار اسی (8080) تھی۔'' (اکسیر العبادات صفحہ 472)

(38/8)۔ <u>کربلا میں افواجِ یزید کی تفصیل سرکاری تاریخ کا فریب</u>

وہ مومنین جو نظامِ اجتہاد کے تیرہ سو سالہ پروپیگنڈے اور منظّم سازش سے متاثر ہو کر بات بات میں گھبرا اُٹھتے ہیں۔ اور ذرا سی غیر مانوس اور خلاف پسند بات سن کر روایات کے غلط ہونے کا فتویٰ صادر کر دیا کرتے ہیں۔ اور یہ خیال نہیں کرتے کہ جن کتابوں پر وہ ایمان رکھتے ہیں وہ دشمنانِ اسلام اور دشمنانِ محمدؐ و آل محمدؐ کی حکومتوں کے خانہ ساز علما و محدثین و مؤرخین نے لکھی تھیں اُن میں ایک بات بھی تو ایسی نہیں لکھی جا سکتی تھی جو کسی بھی ملکی اور قومی اور حکومت وقت کی پالیسی کے خلاف ہوتی۔ اُن کتابوں کے لکھنے والے حکومت کے وظیفہ خوار و تنخواہ دار اہل قلم ہوتے تھے۔ حکومت کے خلاف زبان کھولنے والوں کی زبانیں گدّی سے کھینچ لی جاتی تھیں، اُن کا گھر بار لوٹ لیا جاتا تھا، اُن کے عزیز و اقربا اور بچے تہہ تیغ کر دیئے جاتے تھے۔ <u>پھر اُن ہی کے تیار کردہ ذخیرہ سے شیعہ مجتہدین نے استفادہ کیا اور زیادہ تر اُن ہی کے قدم بقدم چلے</u>۔ اُن نام نہاد شیعہ علما نے رسوؐل کی چار بیٹیاں تسلیم کیں اور اپنی تصنیفات میں نام بنام لکھا۔ اُن ملاعین نے ام کلثومؑ بنت فاطمہؑ کی خلیفہ ثانی سے شادی کو تسلیم کیا اور اپنی کتابوں میں لکھا۔ اُن خبیثوں نے دشمنانِ محمدؐ و آل محمدؐ کی ہر سازش میں ہاتھ بٹایا۔ اُنہوں نے یہ مانا اور لکھا کہ میدان کربلا میں امام حسین علیہ السلام کے مقابلہ پر خالص کوفیوں کی فوج تھی۔ دیکھئے ہمارے زمانہ کے نہایت سلجھے ہوئے اور خود ہمارے پسندیدہ مقرر و مصنف جناب علی نقی عرف نقن صاحب لکھتے ہیں کہ:۔

1: ''مگر یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ سرزمین کربلا پر روز عاشورا اہل شام میں سے کسی ایک شخص کی بھی موجودگی ثابت نہیں ہے۔''
(شہید انسانیت صفحہ 335)۔ اگلے صفحہ پر یہ فیصلہ صادر فرما دیا کہ:۔

2: ''جتنی فوج واقعہ کربلا میں حضرت امام حسینؑ کے سامنے موجود تھی۔ وہ تمام تر ''کوفی'' لوگوں کی تھی۔'' (ایضاً صفحہ 336)

آپ نے دیکھ لیا کہ علامہ علی نقی بھی اتنے جہاندیدہ و سنجیدہ ہوتے ہوئے حکومت کی ساختہ پرداختہ تاریخ پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور جس واقعہ پر اُس تاریخ کے بیانات کی کثرت متفق ہوتی ہے اُس کو ایک <u>تاریخی حقیقت</u> قرار دے کر سو فیصد حق و صحیح سمجھتے ہیں۔ حالانکہ حقیقت کا پتہ لگانے اور صحیح حالات کو سرکاری پروپیگنڈے سے الگ کرنے کا اصول یہ ہونا چاہئے تھا کہ ہر اُس بیان کو رد کیا جاتا جو اُس ملکی

وقومی حکومت کی پالیسی کی تائید کرے، جونام نہاد مسلمان سربراہوں کو پسند ہو یا اُن کے خلافِ قرآن عقائد کے مطابق ہو۔اب آپ ہمارا طرزِعمل دیکھیں اور پتہ لگائیں کہ حق بات کیا ہے؟ اور باطل تصور کون سا ہے؟

(2)۔ امام حسینؑ کے مقابلہ میں یزید لعین نے ملک شام سے افواج بھیجی تھیں

ساری دنیا جانتی ہے کہ خلیفہ ثانی کے زمانہ سے تنخواہ دار مستقل افواج اور تمام مملکت میں چھاؤنیاں قائم کی گئی تھیں تاکہ ضرورت پڑتے ہی ایک اشارہ پر جہاں چاہیں فوج کشی کی جاسکے۔اُن کے بعد مسلسل فوجی تعداد اور عسکری قوت میں روزافزوں اضافہ ہوتا چلا گیا۔ یہ زمانہ جب کہ یزید کو خلیفۃ المسلمین تسلیم کیا گیا وہ زمانہ تھا جب اس دنیا کی کسی حکومت کے پاس ایسی عظیم الشان افواج نہ تھیں جیسی عرب کی قومی حکومت کے پاس تھیں۔اس حکومت کو ہرگز یہ احتیاج نہ تھی کہ وہ محلّہ محلّہ اور گاؤں گاؤں ڈھنڈورا پٹوائے کہ لوگو جہاد کے لئے جمع ہو جاؤ اور جس کے پاس جو ہتھیار ہو لیتے آؤ۔ یہ صورت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ختم ہوگئی تھی۔اُنؐ کے بعد ملکی حکومت نے یزید بن ابی سفیان کو فیلڈ مارشل بنا کر عسکری قوت کو بنی امیہ میں مرکوز کر دیا تھا۔ملکی حکومت کے خلاف ہمہ گیر بغاوت کو کچلنے کے بعد بیرونی ممالک پر فوج کشیاں جاری رہیں۔ یزید بن ابوسفیان کے مرنے کے بعد اُن کی جگہ یزید کے والد معاویہ کو افواج کا انتظام سونپا گیا۔اور معاویہ کے زمانہ میں عسکری قوت ساری دنیا پر چھا گئی۔اسی فوجی قوت سے یزید کو خلیفۃ المسلمین بنایا گیا۔حضرت معاویہ نے مدینہ میں آکر تمام صحابہ کو یزید کے سامنے جھکایا تھا۔اور خانوادۂ نبوّت اور اُن سے وابستہ چند صحابہؓ کے علاوہ سب نے بیعت کی اور یزید کو امیر المومنین مان لیا تھا۔ چنانچہ یزید نہیں چاہتا تھا کہ امام حسینؑ اور اُن کے اہل وعیال اس کی خلافت وحکومت اور امیر المومنیت کو تسلیم نہ کریں۔لہٰذا اُس نے امام حسین علیہ السلام کو گھیر کر اپنی اطاعت کرانے کا انتظام کیا۔مکہ اور مدینہ اور کوفہ میں اور اُن تمام شہروں میں جہاں جہاں خانوادۂ نبوّت سے ہمدردی رکھنے والے لوگ رہتے تھے، سیاسی اقدامات کیلئے دانشورانِ قوم کو تعینات کر دیا تھا۔اور محبان اہلبیت علیہم السلام پر نگرانی جاری تھی اور جیسا کہ منصور خلیفہ عباسی کی مثال دے کر لکھا گیا ہے۔ چاروں طرف سے خطوط لکھوانے اور ردِّعمل دیکھنے کا انتظام برسرکار تھا۔افواج حرکت میں آنے کو تیار تھیں۔ ملک بھر میں علیؑ اور اولادِ علیؑ کو پہلے ہی قاتلِ عثمان اور اسلام سے باغی مشہور کر کے ہر محراب ومسجد سے تبرا ولعنت کرائی جارہی تھی۔اور تمام محبانِ عثمان اور دوستداران بنی امیہ اور تمام دانشورانِ قومی حکومت خانوادۂ نبوت کو کچلنے کے لئے تیار بیٹھے تھے۔حکومت نے ملکی وقومی علما اور مفتیوں وقاضیوں سے قتلِ حسینؑ پر فتاویٰ حاصل کر لئے تھے۔پُورے ملک کی اس طرح ناکہ بندی کی جاچکی تھی کہ خانوادۂ رسوؐل کا کوئی شخص بچ کر نکل نہ جائے یا کہیں سے حسینؑ کی مدد ونصرت کے لئے عسکری قوت نہ پہنچ جائے۔اِن تمام حقائق اور انتظامات پر بعد کی تمام حکومتوں نے برابر پردہ ڈالنا مناسب سمجھا اس لئے کہ اُن کا مذہب اور قومی وسرکاری پالیسی اُسی بنیاد پر قائم رہتی چلی گئی جو یزید ومعاویہ کی پالیسی اور مذہب مقرر کر چکا تھا۔

(3)۔ آخر شہدائے کربلا یزید کی قومی حکومت پر غالب آگئے اور راز کھل گئے

کربلا کے میدان میں جب قرآن کورد کرنے والی قرآنی قوم (فرقان 25/30) نے محمدؐ وآلِ محمدؐ سے بھرپور انتقام لے لیا،

امام حسین اوران کے رفقا علیہم السلام کو تہہ تیغ کر دیا گیا، رسولؐ کی بیٹیوں اور تمام اہل حرم کو قید کر کے شہر بشہر پھرایا گیا اور آخر کار دمشق کے قید خانہ میں بند کر دیا گیا تو مملکت میں یزید کے خلاف بغاوت پھیل گئی۔اس پر صرف ایک روایت سن لیں اور دیکھیں کہ کربلا میں پانچ لاکھ کے قریب افواج کہاں سے آئی تھیں؟ اور کس نے بھیجی تھیں؟ ابومخنف نے لکھا ہے کہ:۔

قَالَ قَالَ الراوی انّ اهل الشام كَاَنَّهُمْ يَنَامٌ فانتبهوا فَعَطَّلُوا الْاَسْوَاق وجَدَّدُ وْاالْعَزَاءَ وَاظهروا المصيبة لاهل العباءِ وقالوا و اللّٰه ما علمنا اَنَّهُ راس الحسينؑ وَانّما قِيْلَ راس خارجى خرج بارض العراق ۔فَلَمَّا سمع يزيد(لعنه اللّٰه) ذٰلک اِسْتَعْمَلَ لَهُمُ الْاَجْزَاء فى القرآن وفرقها فى المسجد ۔وكانوا اذاصَلُّوا وَفَرَغُوْا مِن صلا تهم وضعوهابين ايديهم لِيشتغلوا بهاعَن ذكرالحسين بن على عليهماالسلام فلم يشغلهم عَن ذكره شَيْى ءٍ والناس حينئذٍ مالهم حديث اِلَّا حديث الحسين عليه السلام۔حتّٰى انّ الرجل يقول لصاحبه يافلان اَمَّا تَرَى الى مافعل بابنٌ بنتٌ نبيناً ؟ فبلغ ذٰلک يزيد وعرف اَنَّ اهل الشام لايشغلهم عن ذكرالحسينؑ شاغل ۔ فنادى فى الناس اَنْ يحضروا اِلَى الجامع فحضروامن كلّ جانب ومكان فيما تكامل الناس ۔قام فيهم خطيبًا وقال يااهل الشام انتم تقولون اَنِّى قتلتُ الحسينؑ اوامرت بقتله ؟ وانّما قتلهُ ابن مرجانة ۔ثُمَّ قال لَاَقْتُلَنَّ مَنْ قتله ثمّ دعى بالذين حضروا قتل الحسينؑ ۔فحضروابين يديه فالتفت اِلٰى شبث بن ربعى وقال له ۔ياوَيْلَک انت قتلتَ الحسين صلوات اللّٰه عليه اَوْاَنَا اَمَرْتک بقتله ؟ فقال شبث اَنَا واللّٰه ماقتلته ولعن اللّٰه مَن قتله بل قتله مصابر بن الرهيبة فالتفت اِلَيْهِ يزيدو لعن اللّٰه وقال ويلک انت قتلت الحسينؑ ام انا امرتک بقتله؟ قال لاو اللّٰه بل قتله قيس بن الربيع ۔فالتفت اليه ۔قال أ اَنْتَ قتلتَ الحسينؑ اَمْ اَنا امرتک بقتله۔ قال لا ۔ قال يزيد فَمَنْ قتله قال قيس قتله شمر بن ذى الجوشن فالتفت اليه وقال ءَ اَنْتَ قَتَلْتَ الحسينؑ اَم اَنَا اَمَرْتُکَ ؟ قال لا ۔ قال فَمَنْ قتله ؟ قال سنان بن انس النخعى ۔فقال له ءَ انت قتلتَ الحسينؑ اَمْ اَنَا امرتُک؟ قال لا ۔قال فمن قتلهُ ؟ قال قتله خولى بن يزيد الاصبحى ۔فقال له ءَ انت قتلتَ الحسينؑ ام انا امرتک بقتله ؟ قال لا ۔فعندذلک غضب يزيد غضبًا شديدًا ۔ وقال ويلكم يحيل بعضكم الٰى بعض وارى ينظر بعضكم بعضًا . قَالوا قتله قيس بن ربيع ۔قال له ءَ اَنْتَ قتلتَ الحسينؑ ؟ قال ما قتلت قال اَلآ ياويلكم مَن قتله ؟ قَالَ قيس ياامير اَنَا اقول لک مَن قتله وَلِيَا لْاَمَان ؟ قال نَعَمْ۔قَالَ و اللّٰه ماقتل الحسين اِلَّا الَّذِیْ عقدالرايات وفرّق الاموال وبذل العطا يا وصَبَّ المال على الانطاع وسَيَّرَ الجيُوشَ جَيْشًا بعد جَيْشٍ ۔ فقال يزيد وَمَن ذاک ؟ فقال اَنْتَ و اللّٰه ماقتل الحسينؑ غيرک يايزيد۔فغضب مِن قوله وقام فدخل داره فى قصره ۔الخ

(اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات۔صفحہ 543) ابومخنف نے لکھا ہے کہ؛

''راوی نے کہا کہ اہل شام کی یہ حالت ہوئی جیسا کہ وہ اچانک سوتے سوتے جاگ اُٹھے ہوں اور انہیں سخت تنبیہہ ہوگئی ہو۔لہٰذا اُن لوگوں نے اپنے کاروبار اور بازاروں کو اور خرید و فروخت کو بند کر دیا۔اور عزاداری حسینؑ میں منہمک رہنے لگے اور اہل حرم علیہم السلام کے پاس آ آ کر اظہار رنج و غم کرتے تھے۔اور کہتے تھے کہ خدا کی قسم ہمیں یہ پتہ نہ چلنے دیا گیا کہ یہ حسین علیہ السلام کا سر ہے۔ یہاں تو یہ بتایا جاتا رہا کہ یہ ایک باغی خارجی کا سر ہے۔جس نے عراق میں حکومت کے خلاف فوج کشی کی تھی۔ جب یہ ملکی حالات یزید کے کانوں تک پہنچے تو اُس نے پبلک کی توجہ بدلنے کا انتظام کیا۔مثلاً مسجد میں قرآن کے پارے ہر آنے والے کو نماز سے پہلے تقسیم کرانے کا پختہ بندوبست کیا تاکہ جتنی دیر نماز سے پہلے یا بعد نمازی خالی بیٹھیں تو کربلا کی باتوں کے بجائے قرآن پڑھتے رہیں۔لیکن قرآن کے پاروں

سے وہ لوگ اُس دردوغم کے قصہ سے باز نہ رکھے جاسکے۔اور کوئی دوسراانتظام بھی اُنہیں مشغول کرنے اور کربلا کو بھلانے کے لئے کافی نہ ہوا۔اور ہروقت ہرکسی کی زبان پرشہادت حسینؑ اور کربلا کے مظالم ہی کا تذکرہ تھا۔نوبت یہاں تک پہنچی کہ جہاں کہیں بھی دو یا زیادہ آدمی اکٹھا ہوتے تو ایک دوسرے سے پوچھتا: کیا بھائی تمہیں وہ حادثہ معلوم نہیں جو یزید کی طرف سے رسولؐ اللہ کی بیٹی فاطمہؑ کے فرزند حسینؑ پر گزر گیا ہے؟ بس چاروں طرف یہی باتیں تھیں لوگ ایک دوسرے سے پوچھتے اور بتاتے تھے۔آخر کار یزید کو باقاعدہ رپورٹ (Report) دی گئی کہ اگر موثر اقدامات نہ کئے تو ملک اور حکومت تمہارے ہاتھ سے جارہی ہے۔

چنانچہ یزید نے ایک عام اجتماع کا جبری اعلان اور منادی کرادی۔اور یہ جلسہ عام جامع مسجد میں منعقد کیا جانا ہر فرد کو معلوم ہوگیا۔چنانچہ پبلک اور اراکینِ خلافت اور افسران واہلکارانِ حکومت سے مسجد لبریز ہوگئی۔یزید منبر پر گیا اور خطبہ پڑھا اور شکایت کی کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ سارا ملک مجھے حسین علیہ الصلوٰت والسلام کا قاتل کہہ رہا ہے۔حالانکہ انہیں مرجانہ حرامزادی کے بیٹے نے قتل کیا ہے۔اور میں نے طے کرلیا ہے کہ میں اُس شخص کو ضرور قتل کر کے رہوں گا۔پھر اُن تمام لوگوں کو سامنے بلایا جو کربلا میں قتل حسین علیہ السلام کے وقت وہاں موجود تھے۔جب وہ سب حاضر کردیئے گئے تو یزید نے شبث بن ربعی کو مخاطب کر کے کہا کہ افسوس ہے تیرے حال پر کہ تو نے حسین علیہ الصلوٰۃ والسلام کو قتل کرڈالا۔کیا میں نے تجھے اُن کے قتل کا حکم دیا تھا؟ اس نے کہا کہ نہ آپ نے حکم دیا اور نہ میں نے قتل کیا۔میں قسم بخدا اُن کے قاتل پر لعنت کرتا ہوں۔اُنہیں تو غالباً مصابر بن رهیبہ نے قتل کیا تھا۔اب یزید نے مصابر سے کہا کہ تیرا برا ہو تو نے حسینؑ کو قتل کیا تھا یا میں نے تمہیں اُن کے قتل کا حکم دیا تھا؟ اُس نے کہا قسم بخدا میں نے ہرگز اُن کو قتل نہیں کیا۔بلکہ انہیں قیس بن ربیع نے قتل کیا تھا۔اب یزید نے قیس سے کہا کہ تجھ پر اللہ کی ملامت ہو کیا تو نے حسینؑ کو قتل کیا یا میں نے تجھے ان کے قتل کا حکم دیا تھا؟ قیس نے بھی کہہ دیا کہ میں نے قتل نہیں کیا۔یہ سُن کر یزید نے کہا کہ پھر کس نے حسینؑ کو قتل کیا تھا؟ قیس نے کہا کہ انہیں شمر نے قتل کیا تھا۔اب یزید شمر سے مخاطب ہوا کہ خدا تیرا ستیاناس کرے کیا تُو نے حسینؑ کو قتل کیا؟ کیا میں نے تجھے اُن کے قتل کا حکم دیا تھا؟ شمر نے کہا کہ میں نے حسینؑ کو قتل نہیں کیا۔یزید نے جھنجھلا کے پُوچھا پھر کس نے قتل کیا تھا؟ شمر نے سنان بن انس نخعی کا نام لے دیا۔اب یزید نے سنان سے کہا کہ کیا تو نے ہی حسینؑ کو قتل کیا ہے اور کیا میں نے تجھے اُن کو قتل کرڈالنے کا حکم دیا تھا؟ اُس نے انکار کیا تو پھر یزید نے پوچھا کہ آخر اُنکا قاتل کون ہے؟ سنان نے کہا کہ حسینؑ کو خولی بن یزید اصحی نے قتل کیا تھا۔اب یزید نے خولی سے دریافت کیا کہ کیا تو نے حسینؑ کو قتل کیا اور کیا میں نے تجھے قتل کا حکم دیا تھا۔جب خولی نے بھی انکار کردیا تو یزید کو انتہائی شدت کا غصہ آیا اور پُرغضب ہوکر یزید نے کہا کہ تم لوگ بات کو ایک دوسرے پر ٹال رہے ہو اور میں نے دیکھا ہے کہ تم پہلے سے ایک دوسرے کو نظروں ہی نظروں میں بات بنانا سکھا رہے ہو۔اگر میرے غیظ وغضب سے بچنا ہے تو فوراً بتاؤ کہ حسینؑ کا قاتل کون ہے؟ تو سب نے متفقہ طور پر قیس بن ربیع کا دوسری دفعہ نام لیا کہ وہی قاتلِ حسینؑ ہے۔یزید نے پھر قیس سے پوچھا مگر اس دفعہ بھی اُس نے صاف انکار کردیا۔اب یزید آپے سے باہر ہو چکا تھا اور چاہتا تھا کہ کوئی آخری فیصلہ سُنا دے۔لہٰذا پھر کہا کہ خدا تم سب کو غارت کرے آخر حسینؑ کو کس نے قتل کیا ہے؟ اب قیس بن ربیع سمجھا کہ موت تو آنا ہی ہے۔کیوں نہ ترکیب سے حقیقت حال کہہ گزروں؟ چنانچہ اُس نے سنبھل کر کہا کہ اے امیر میں آپ کو حقیقی قاتل کا

نام اس شرط پر بتادوں گا کہ مجھے جان کی امان مل جائے۔ یزید نے امان کا وعدہ کر کے پوچھا بتاؤ حسینؑ کا قاتل کون ہے۔ قیس نے کہا کہ حسینؑ کو اُس شخص کے علاوہ کسی اور نے قتل نہیں کیا جس نے سردارانِ افواج مقرر کر کے اُن کو اُن کی فوجوں کے پرچم عطا کئے۔ جس نے خاندانِ رسوؐل کی تباہی کے لئے خزانوں کے منہ کھول دیئے اور پورے ملک میں روپیہ پانی کی طرح بہادیا۔ جس نے لوگوں کو جائیدادیں اور عطیات دے کر سخاوت کا سلوک کیا۔ جس نے حسینؑ کے خلاف نفرت پھیلانے کے لئے مقرروں اور لکچراروں پر دولت انڈیل دی (انطاع)۔ جس نے افواج کا تانتا باندھ دیا اور ایک لشکر کے بعد دوسرا اور دوسرے کے بعد تیسرا بھیج بھیج کر حسینؑ اور اُن کے خاندان اور صحابہ پر دنیا تنگ کردی۔ یزید نے جلدی سے پوچھا کہ وہ کون شخص تھا؟ قیس نے جم کر کہا کہ وہ شخص خدا کی قسم تیرے سوا کوئی اور نہیں ہے۔ اے یزید وہ تم ہو جس نے حسینؑ کو قتل کیا۔ یزید کو یہ جرأت و جسارت دیکھ کر اس کے سوا کوئی چارہ کار نہ رہا کہ وہ اُٹھا اور محل کے اندر چلا گیا۔'' (اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات صفحہ 543)

ذرا اُن لوگوں سے پوچھیں جو کربلا میں کوفہ کی افواج کی راگنی الاپتے ہیں کہ جناب آپ کے خلیفۃ المسلمین اور آپ کے امیر المومنین یزید ملعون نے کوفہ سے کون سی فوج تیار کر کے بھیجی تھی؟ یہ شیطان زادہ تو کبھی کوفہ گیا نہیں۔ یاد رکھیں کہ افواج میں کسی ایسے شخص یا جماعت یا قوم کو ہرگز بھرتی نہیں کیا جایا کرتا جس کے دل میں، یا جس کی زبان پر یا جس کے مذہب میں دشمن کی محبت اور وفاداری ہو یا جس پر ایسا شبہ ہو۔ یہ تمام لوگ فریب خوردہ ہیں یا خود فریب ساز ہیں جو کربلا میں خانوادہ نبوتؐ سے ہمدردی یا محبت رکھنے والے کوفیوں کی موجودگی مانتے یا کہتے یا لکھتے ہیں۔ البتہ کوفہ سے ایک ایسی منتخب فوج ضرور گئی تھی جو دشمنان محمدؐ و آل محمدؐ اور دوستداران یزید و معاویہ ہونے میں زیادی وسعدی سند رکھتے تھے۔ اور اُس فوج کی تعداد واقعی چند ہزار افراد پر مشتمل تھی۔ اور سرکاری مؤرخین نے اُسی فوج کو کل فوج اور کل تعداد مانا ہے۔ اور ملک شام و مصر و دیگر چھاؤنیوں سے آنے والی افواج کا تذکرہ تک نہیں کیا ہے۔ اور کوفہ خود ایک عظیم الشان عسکری مرکز اور اموی حکومت کی بڑی چھاؤنی تھا۔ جہاں مختلف ممالک کی افواج رہا کرتی تھیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جس دن حضرت علی علیہ السلام نے مدینہ کو چھوڑ کر کوفہ کو اپنا دار الخلافہ بنایا تھا۔ اس روز کے بعد اموی حکومت نے کبھی کوفیوں کو فوج میں بھرتی کے لئے موزوں نہیں سمجھا۔ سوائے چند گنتی کے خاندانوں کے مخالف حکومتوں میں کوفہ کی آبادی کی وفا اور اُن کا خلوص مشکوک رہا۔ یہاں کے علما اور عوام محبت اہلبیتؑ کے لئے ہمیشہ زیرِ عتاب رہتے چلے گئے۔ حضرت ابوحنیفہ امام اعظم کہاں کے باشندے تھے؟ اُن کی وفاداری کس کے ساتھ وابستہ تھی؟ وہ کس کی تائید میں لڑنے کو اسلامی جہاد فرماتے تھے؟ وہ کس کے لئے عطیات اور چندہ جمع کر کے دیتے تھے؟ واقعی کوفی اگر کسی کے وفادار تھے؟ تو خاندان اہلبیت علیہم السلام کے وفادار تھے۔ البتہ امامؑ زمانہ کی اجازت کے بغیر اُٹھنے والوں کو کوفہ والے مشکوک سمجھتے تھے۔ اور جب اُن کا شک یقین میں بدل جاتا تھا تو رُخ پھیرنے اور جان بچانے میں تکلف نہ کرتے تھے۔ اور جن کو اہلبیتؑ کا مخلص سمجھ لیتے تھے اُن پر اور اُن کے حکم پر جان نثار کر دیتے تھے۔ لہٰذا جب آپ کے سامنے اہل کوفہ کی کوئی شکایت آئے تو پہلے احادیث سے یہ پتہ لگائیں کہ وہ شخص امامؑ زمانہ کی طرف سے تعینات تھا یا نہیں؟ ایک بات اور سُن لیں کہ وہ میدان کربلا کو اپنے نمونہ کا آخری میدان سمجھتے تھے۔ وہ صرف قتل ہو جانا پسند نہ کرتے تھے۔ وہ زندہ رہ کر دُشمن کی اینٹ سے اینٹ بجانا چاہتے تھے۔ وہ جب دیکھتے تھے کہ

اب میدان میں صرف موت ہے اور موت سستی ہے۔ تو فرار کر جانا واجب سمجھتے تھے تا کہ دشمن کے ساتھ دشمن والے تمام حربے استعمال کریں، دغا کریں، دھوکہ دیں، موقعہ ملے تو تباہ کریں ورنہ خود محفوظ رہیں۔ اور زندہ رہ کر بہترین مواقع اور موزوں ترین وسائل فراہم کریں اور یوں دشمنان خدا ورسولؐ کے خلاف ایک جیتا جاگتا محاذ مسلسل جاری رکھیں۔ سر پر کفن باندھ کر نکلنا اور میدان میں ڈھیر ہو جانا خودکشی ہے البتہ معصوؑم کی قیادت میں کربلا کی طرح جان سے کھیلنا شہادت ہے۔ غیر معصوم قیادت میں کوفیوں کا عملدرآمد ہی قابل پیروی ہے۔ یعنی جیسے ہی خاطی قائد کی خطا اور ناکام اقدامات کا پتہ لگے اُسے چھوڑ دو۔ مرنے دو قتل ہونے دو۔ کل اُس کی خطاؤں سے تجربہ حاصل کر کے بہتر، درست تر اقدام کرو اور کرتے جاؤ۔ یہ ہے تحریک تشیع جو کوفہ سے شروع ہوئی۔ عرب کی قومی خلافت کے چاروں طرف شیعوں کی حکومتیں بنائیں اور رفتہ رفتہ اُس باطل خلافت کا آخری جنازہ نکال دیا اور یہ لفظ حرف غلط کی طرح سے مٹ کر رہ گیا۔ اور ہر حجام ونائی اور پہلوان خلیفہ بن گیا۔

(4)۔ کوفہ کی چھاؤنی سے جو افواج اور سردار، ابن زیاد لعین نے روانہ کئے

جو لشکر یزید روانہ کر رہا تھا وہ شام سے اور مختلف چھاؤنیوں سے روانہ ہو کر کربلا اور گردونواح میں جمع ہوتے جا رہے تھے اور اُن تمام میدانوں اور راستوں پر چھاتے جا رہے تھے جن سے امامؑ تک نصرت پہنچ سکنے کا ذرا بھی امکان تھا۔ یہاں وہ فہرست ملاحظہ کریں جو ابن زیاد نے کوفہ کی مرکزی چھاؤنی سے ابتدا میں ارسال کی تھی۔ اور جس کے بعد برابر افواج بھیجتا رہا۔ یہاں یہ بھی نوٹ کر لیں کہ امام حسین علیہ السلام کا کربلا میں قیام عموماً دس روز مانا گیا ہے۔ بلکہ زیادہ تر یہ کہا گیا ہے کہ آپ دو محرم کو کربلا میں وارد ہوئے اور دسویں کو شہید ہو گئے یعنی نو (9) دن میں کربلا کا حادثہ مکمل ہو گیا تھا۔ اور مؤرخین کا کمال یہ ہے کہ وہ یہ بھی مانتے اور لکھتے ہیں کہ:۔

اوّل: ''حُر نے کربلا پہنچ کر ابن زیاد کو خط لکھا کہ میں نے امام حسینؑ کو کربلا میں ٹھہرنے پر مجبور کر دیا ہے۔''

دوم: ''تین محرم کو عمر سعد کربلا میں پہنچا اور امامؑ کو پیغام بھیجا اور معلوم کیا کہ وہ کس ارادے سے یہاں آئے ہیں۔ پھر عمر سعد نے ابن زیاد کو اطلاع دی کہ امامؑ پُر اَمن ہیں اور کوئی جھگڑا کرنا نہیں چاہتے۔''

سوم: ''ابن زیاد نے حُر کو خط کا جواب بھیجا کہ حسینؑ کو ہرگز حرکت نہ کرنے دو۔''

چہارم: ''ابن زیاد نے عمر سعد کو خط کا جواب بھیجا اور بیعت کا تقاضہ کیا۔''

پنجم: ''عمر سعد نے امام حسین علیہ السلام سے ذاتی ملاقات کی اور خوش ہو کر ابن زیاد کو امامؑ کی صلح پسندانہ شرطیں لکھیں۔''

ششم: ''ابن زیاد نے شمر کو تعینات کیا عمر سعد کو معزول اور قتل کرنے کا اختیار دیا ورنہ تعمیل حکم لازم طور پر کرنے کا تقاضہ کیا۔''

اس خط وکتابت کو سامنے رکھیں اور سوچیں کہ اگر کربلا سے مکہ والی راہ پر قادسیہ ہوتے ہوئے کوفہ جانا ہوتو یہ اُس زمانہ میں پانچ منزل کا فاصلہ تھا۔ اور اگر ناک کی سیدھ باندھ کر ریت کے ٹیلے پھلانگتے ہوئے سفر کیا جاتا تو تقریباً پچاس میل کا چھوٹے سے چھوٹا راستہ (SHORT-CUT) تھا۔ کربلا سے یکے بعد دیگرے دو خطوط ابن زیاد کو پہنچے اور اگر ابن زیاد خط لانے والے اُن ہی قاصدوں کو جواب دے کر الٹے پاؤں واپس کر دے تو اُن کے دو دفعہ جانے اور دو دفعہ واپس آنے میں کتنے دن لگنا چاہئیں؟ جبکہ تیز ترین سواری گھوڑا

یا اونٹ ہوتے تھے؟ بہرحال سرکاری پروپیگنڈے اور اندھیر گردی یا دھاندلی صاف نظر آتی ہے۔ لہٰذا افواج کی تعداد پر تعجب کئے بغیر سُنیں کہ:۔

(5)۔ کوفہ سے روانہ ہونے والی فوجوں کی ترتیب

(1) قال ابو مخنف ثُمَّ ابن زیاد نادی معاشر العرب من یاتینی براس الحسینؑ وله عندی ولایة الرَّی عشر سِنین فقام الیه عمر بن سعد وقال "اَنَا اَیُّهَا الامیر" فقال له انت امض و ضیّق علیه المسالک وامنعه من شرب الما وایتنی براسه ۔ قال سمعًا وطاعة ۔ ثمّ عقدله رایة علٰی سِتّة الاف فارس وامر بالمسیر الی الحسینؑ فخرج من عند ابن زیاد ۔

"ابو مخنف نے لکھا ہے کہ ابن زیاد نے ملک عرب میں منادی کرادی کہ جو شخص میرے پاس حسینؑ کا سر لائیگا میں اُسے دس سال کیلئے ملک رَے کا حاکم بنادوں گا۔ اس پر عمر سعد نے کہا کہ میں تیار ہوں۔ چنانچہ ابن زیاد نے اُسے چھ ہزار سواروں کا فوجی پرچم دے کر سردار بنایا اور حکم دیا کہ فوراً حسینؑ کی طرف روانہ ہو جاؤ اور **اُن پر تمام راہیں بند کردو، پانی تک نہ پینے دو**۔ چنانچہ عمر سعد فوج لے کر روانہ ہو گیا۔

(2) قال ابو مخنف کان اوّل رایة سارت الی حرب الحسینؑ رایة عمر بن سعد ودَعَا مِن بعده بعُرُوة ابن قیس و ضَمَّ الیه الفین فارسٍ امره بالمسیر ۔ ودعا مِن بعده سنان ابن انس النخعی وعقدله رایة علٰی اربعة الاف فارسٍ ودعی من بعده با لشمر بن ذی الجوشن الضیابی وعقدله رایة علٰی اربعة الاف فارسٍ وعقد رایة سادسة اِلٰی خولی بن یزید الاصبحی وضَمَّ الیه ثلثة الاف فارسٍ وعقدرایة سابعة وسلّمها الی القشعم وضَمَّ الیه ثلثة الاف فارسٍ وعقدرایة ثامنة وسلّمها الی الحصین بن نمیر وضم الیه ثمانیة الاف فارسٍ۔ وعقد رایة تاسعة وسلمها الٰی ابی قدار الباهلی وضمّ الیه تسعة الاف فارسٍ وعقد رایة عاشرة وسلّمها الٰی عامر بن صریمة التمیمی وضم الیه ستة الاف فارسٍ۔ (ایضاً اکسیر صفحہ 236)

ابو مخنف نے لکھا ہے کہ پہلا پرچم عمر سعد کو دے کر روانہ کیا اور اُس کے بعد ابن زیاد نے عروہ بن قیس کو دو ہزار سواروں کا سردار بنا کر روانہ کیا۔ پھر سنان بن انس نخعی کو چار ہزار سواروں پر سردار بنا کر روانہ کیا۔ پھر شمر کو بھی چار ہزار سواروں کا سردار بنا کر بھیجا......اور چھٹا پرچم خولی بن یزید کو دیا اور اُسے تین ہزار سواروں کے ساتھ روانہ کیا۔ ساتواں پرچم قشعم کو دیا اور اسے تین ہزار سواروں کا سردار بنا کر بھیجا۔ آٹھواں جھنڈا حصین بن نمیر کو دیا اور آٹھ ہزار سواروں کے ساتھ بھیجا۔ نواں جھنڈا ابی قدار کو دیا اور نو ہزار سواروں پر سردار بنا کر روانہ کیا اور دسواں پرچم عامر بن صریمہ کو دیا اور چھ ہزار سوار دے کر بھیجا۔" (ایضاً۔ صفحہ 236)

قارئین نوٹ کریں کہ یا تو ابو مخنف نے گننے میں غلطی کی یا علامہ دربندی رضی اللہ عنہ نقل کرنا بھول گئے۔ اس لئے کہ شمر کی سرداری چوتھے نمبر پر مذکور ہے اور پانچواں جھنڈا اور سردار چھوڑ کر ایک دم چھٹے پرچم اور سردار کا نام خولی بن یزید لکھ دیا ہے۔ لہٰذا آپ کم ازکم دو ہزار سوار میزان میں خود اضافہ فرمالیں۔

(1) عمر بن سعد 6000 سوار (2) عروہ بن قیس 2000 سوار (3) سنان بن انس 4000 سوار (4) شمر ذی الجوشن 4000 سوار

(5) بھول گئے 2000 سوار (6) خولی بن یزید 3000 سوار (7) قشعم 3000 سوار (8) حصین بن نمیر 8000 سوار

(9) ابی قدار 9000 سوار (10) عامر بن صریمہ 6000 سوار **کل میزان (47000) سینتالیس ہزار سوار**

مندرجہ بالا تفصیل کے بعد محمد بن ابی طالب کی کتاب سے لکھا ہے کہ: ''ابن زیاد نے شبث بن ربعی کو بلوایا اور کہا کہ میں تمہیں حسینؑ کے مقابلہ میں جنگ پر بھیجنا چاہتا ہوں۔ تو اس نے بیماری کا بہانہ کر کے عذر کیا۔ لیکن آخر کار اُسے حاضر ہونا پڑا اور ابن زیاد نے حکم دیا کہ:

فقال افعل یاایھاالامیر فما زال یرسل الیہ بالعساکر حتی تکامل ثلثون الفاً (صفحہ 237-236)۔

تم حسینؑ کے مقابلہ میں ہماری مدد کرو۔ اس نے مان لیا اور اس وقت تک افواج بھیجتا رہا جب تک اُس نے تیس ہزار (30000) کی تعداد پوری نہ کر دی۔'' اس کے بعد اگلی سطروں میں لکھا ہے کہ:۔

قال ابو مخنف وسار القوم حتّٰی نزلوا علی الحسین علیہ السلام فی خمسین الف فارس ورَاجِلٍ لیس فیھم شامی ولا حجازی وجمیع القوم من اھل الکوفۃ بل فی بعض النسخ لابی مخنف نزلوا عَلَی الحسینؑ وھم فی سبعین الف فارس وراجل ولیس فیھم شامی ولا حجازی ولا بصری وکلّھم من اھل الکوفۃ ومعھم السیوف الھندیۃ والرماح الخطیّۃ والحراب المجلّیۃ ۔
(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔ صفحہ 237)

''اور قوم برابر حسین علیہ السلام کے مقابلہ پر پہنچتی رہی یہاں تک کہ پچاس ہزار کی تعداد پوری ہوگئی جس میں سوار اور پیادہ دونوں قسم کی افواج تھیں۔ اور ان میں کوئی فوجی ملک شام یا حجاز کا نہیں بلکہ وہ سب اہل کوفہ کی اقوام کے تھے اور ابو مخنف نے دوسری تصنیفات میں ستر ہزار فوج لکھی ہے۔ جن میں شامی اور حجازی اور بصرہ کی فوج نہ تھی۔ بلکہ سب کوفہ کے لوگ تھے۔ اور وہ سب ہندوستانی تلواروں اور نقش ونگار والے نیزوں اور صیقل شدہ برچھیوں سے مسلح تھے۔''

یہاں یہ نوٹ کر لیں کہ سامان حرب اور سب کے اسلحہ کی یکسانی اور سب کے پاس ہندوستانی تلواروں کا ہونا اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ ادھر اُدھر سے زبردستی گھیر کر پکڑے ہوئے لوگ نہ تھے۔ بلکہ آزمودہ کار تعلیم یافتہ وتجربہ کار مستقل فوجی تھے۔ جو شاہی خزانہ سے تنخواہیں لیتے تھے۔ لہٰذا یہ میزان ستر ہزار نہیں۔ بلکہ ابن زیاد کے (47000+30000) شبث ربعی سمیت ستتر ہزار تعداد بنتی ہے جو کوفہ کی چھاؤنی سے بھیجی گئی تھی۔

(6)۔ صحیح تعداد معلوم کرنے کے لئے مقتولوں کی گنتی

ہم نے دیگر تصنیفات میں بڑی تفصیل کے ساتھ اور مسلمہ ثبوت دے کر یہ ثابت کیا ہے کہ اسی ہزار سے زیادہ کتابوں کو چوتھی صدی کے اوائل میں ضائع کر دیا گیا تھا۔ اُن میں سے صرف حدیث معصوّمین کی چار سو مصدقہ کتابیں تھیں۔ لہٰذا جو کچھ کسی طرح بچ گیا اور جو کچھ حکومتوں نے باقی رکھنا چاہا اور خود لکھوا کر پھیلایا۔ اُس کو نہ آخری بات قرار دیا جاسکتا ہے نہ اُس سے حتمی اور یقینی اعداد وشمار مل سکتے تھے۔ اور بعد والے تمام علما مجبور ہوئے ہیں کہ اسی باقی ماندہ ریکارڈ سے حوالے پیش کریں۔ اور اُس میں سرکاری ذہنیت رکھنے والے علما وعوام اپنی قیاس آرائی سے؛ یہ غلط ہے، وہ خلاف عقل ہے، اور یہ ناممکن ہے، اور وہ ہم نے پہلے نہیں سنا ہے کہہ کہہ کر شور وغوغا مچاتے چلے آئے ہیں۔ لیکن ہم بہرحال اُسی ریکارڈ سے اپنا مذہب وتصور ثابت کر دیتے ہیں۔ سنیئے کہ یہ کتاب اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات 1319 ہجری میں یعنی آج سے اٹھتر سال پہلے لکھی گئی تھی اور اس میں قدیم ترین کتابوں کی عبارتوں سے واقعات کربلا پر ٹھوس دلائل قائم

کئے ہیں۔اس کے بعد بھی اگر کوئی نہیں مانتا تو اُسے اُن لوگوں میں شمار کرنا پڑے گا جو قرآن کو بھی نہیں مانتے۔ہمارا کام یہ ہے کہ ہم بات کہیں اوراس کا ثبوت فراہم کردیں۔ہمارا کام جبراً منوالینا نہیں ہے۔لہٰذا سنئے کہ علامہ دربندی رضی اللہ عنہ نے لکھا ہے کہ:۔

عَنْ کتاب المقتل للمحدث الحاذق ابن عصفور البحرانی قدقتل من الاعدآء والکفار خمسة وعشرین الفًا منهم فهؤلاء غیر المجروحین بیده (عباسؑ بن علیؑ) وَقد قتل سائرالمستشهدین بین یدی الامام علیه السلام من العترة الهاشمیة خمسة و عشرین الفًا منهم وقد قتل الامام علیه السلام روحی له فداء ثلثمائة الف وثلثین الفًا وکان عدد جمیع عسکر ابن زیاد اربع مائة الف وسِتّین الفًا فلم یبق منهم بعد انقضاء المعرکة اِلّا ثمانُونَ اَلَفًا ۔ ونقلوا ایضًا عن ذلک کتاب اَنَّ بعض اوغاد الطغام لَمّا قَالَ فی مجلس یزید لعنه اللّٰه اَنَّ الحسین علیه السلام جاء فی نفرمِن اصحابه وعترته فهجمنا علیهم وکان یلوذ بعضهم بالبعض فلم تمضی ساعة اِلّا قتلنا هم عن آخرهم قالت الصدّیقه الصغریٰ زینب سلام اللّٰه علیها ثکلتک الثواکل اَیَّهَا الکذّاب اَنَّ سیف اخی الحسین علیه السلام لم یترک فی الکوفة بیتًا اِلّا وفیه بَاکٍ و باکیّة ونائِحٍ ونائِحَة فهٰذا کلّه قدنقله جمع مِن الثقات الاثبات لنا فی هذاالیوم۔(اکسیرالعبادات صفحہ 331)

''محدث حاذق جناب علامہ ابن عصفور بحرانی رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب المقتل میں لکھا ہے کہ جناب ابوفضل العباس علیہ السلام نے تنہا پچیس ہزاد دشمنانِ خدااور رسُولؐ اور منکرین اسلام کو تہہ تیغ کیا تھا۔زخمی ہونے والے تو ناقابل شمار تھے۔اورامام علیہ السلام کے باقی عزیزؑ وں اور صحابہؓ نے مل کر پچیس ہزار دشمنوں کو قتل کیا تھا۔پھر امام حسین علیہ السلام نے اپنے مختلف حملوں میں تین لاکھ تیس ہزار فوجیوں کو واصل جہنم کیا تھا۔اور ابن زیاد کی طرف سے آنے والی تمام افواج کی کل تعداد چار لاکھ ساٹھ ہزار تھی۔جس میں سے جنگ ختم ہونے کے بعد صرف اَسّی ہزار فوجی زندہ بچے تھے۔اور تمام لکھنے والوں نے اِسی کتاب سے یہ بھی لکھا ہے کہ جب یزید کے دربار میں کسی بدنہاد ونا ہنجار شخص نے یہ غپ ماری کہ جناب امام حسینؑ اپنے چند عزیزوںؑ اور صحابہؓ کے ساتھ میدان میں نکلے تو ہم نے انہیں چاروں طرف سے اس طرح گھیر کر حملہ کیا کہ وہ لوگ ایک دوسرے کی آڑ میں چھپتے پھرتے تھے۔ذرا بھی دیر نہ لگی کہ ہم نے اُن سب کو ڈھیر کر کے رکھ دیا۔یہ سُن کر جناب صدیقہ ثانی حضرت زینب علیہا السلام نے ڈانٹ کر فرمایا کہ او کذاب تجھ پر رونے والیوں کا ہجوم رہے۔ارے جھوٹے میرے بھائی کی تلوار نے کوفہ کا کوئی گھر ایسا نہیں چھوڑا جس میں رونے والے مرد وعورتیں نہ ہوں۔جس گھر سے نوحہ وفریاد کی مردانہ وزنانہ آوازیں بلند نہ رہیں۔اس آخری بات کو تمام مؤرخین نے بڑے اطمینان سے مانا اور لکھا ہے اور مندرجہ بالا حقیقت کو ثابت کرنے کے لئے حضرت زینب علیہا السلام کا یہی ایک بیان کافی ہے۔''(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 331)

(7)۔ عقل پرست منکرین کے لئے چند عقلی اور جہالت کشا نصیحتیں

مسلمان تو جہاں معجزات وکرامات کے ماننے والے ہیں وہیں وہ یہ بھی مانتے ہیں کہ ذوالفقار اللہ کی عطا کردہ تلوار تھی۔وہ مومنین یہ بھی مانتے ہیں کہ ذوالفقار صرف اُس شخص کو قتل کرتی تھی جس کی نسل میں کوئی مومن پیدا ہی نہ ہونا تھا۔وہ 1965ء تک یہ مانتے آئے تھے کہ دشمن کی فوج کی قتل وغارت کرنے والے کچھ ایسے لوگ بھی تھے جو صرف دشمنوں کو نظر آتے تھے۔اوراس جنگ میں دشمن کی فوج بظاہر بلاوجہ بھاگتی اور پیچھے ہٹتی چلی گئی تھی۔وہ یہ بھی مانتے ہیں کہ ملائکہ بھی مومنین کی مدد کے لئے دشمن کو شکست دینے میں شامل رہے

ہیں (آل عمران 125-3/124)۔ وہ یہ بھی مانتے ہیں کہ ایک عام مومن جو صابر ہو وہ دس کافروں پر غالب آ جاتا ہے۔ یعنی دس مومن صبر کی استعانت سے سو(100) پر اور سو صابر مومن ایک ہزار پر غلبہ حاصل کر لیتے ہیں (انفال 8/65)۔ یہاں یہ بھی نوٹ کریں کہ اللہ نے مسلمانوں کو طاقت وقوت اور اعانت حاصل کرنے کا ذریعہ دو چیزوں کو بتایا ہے اور اُن میں سے ایک صبر ہے اور دوسری صلوٰۃ ہے (سورہ بقر 2/45)۔ اور قوت وطاقت اور اعانت کے اس ذریعہ کو اسی سورہ میں اللہ نے دوبارہ سامنے رکھا ہے (سورہ بقر 2/153)۔ پھر اس جگہ یہ فیصلہ بھی کر دیا گیا ہے کہ صابرین کو اللہ کی معیت ہر لحہ حاصل رہتی ہے۔ یہ سبب ہوا کسی بھی صابر مومن کا دس دشمنانِ خدا پر غالب آ جانے کا۔ یہاں یہ غلط فہمی نہ ہونے پائے کہ ایک صابر مومن دس کافروں کے برابر ہوتا ہے۔ نہیں وہ دس پر غالب آ جاتا ہے۔ اس کے بعد اپنی قوت نہیں کھو بیٹھتا بلکہ صبر اور قوی ہو جاتا ہے، یقین اور بڑھ جاتا ہے۔ لہٰذا اس کے بعد وہ سو پر غالب آ سکتا ہے۔ **علیٰ هذا القانون** وہ صابر اُدھر صبر میں ترقی کرتا ہے اِدھر ساتھ کے ساتھ اللہ کی معیت توجہ اور نصرت بھی آگے بڑھتی چلی آتی ہے۔ اور یہ سلسلہ ایک عام مومن کو لامحدود قوت وغلبہ عطا کر سکتا ہے شرط وہی ہے کہ صبر وصلوٰۃ سے مدد طلبی میں ترقی جاری رہے۔ یہاں رُک کر اس پر نظر ڈال لیں کہ کیا کوئی ایسا انسان دنیا میں گزرا ہے جو صبر اور صلوٰۃ کے معاملہ میں امام حسین علیہ السلام سے بڑھا ہوا مانا جا سکے؟ کیا تمام انبیا ورُسل علیہم السلام حسینؑ کے زیر بارِ احسان وقربانی نہیں ہیں؟ اگر یہ صحیح ہے تو اُن کو کس قدر قوت وطاقت وغلبہ ملنا چاہئے؟ اور اُنہیں اللہ کی معیت کس قدر حاصل ہونا چاہئے؟ کیا یہ کہنا مبالغہ یا غلط ہوگا کہ کربلا میں حسینؑ سے نہیں اللہ سے جنگ تھی۔ حسینؑ نہیں بلکہ اللہ اپنے دشمنوں سے لڑ رہا تھا؟ اور اللہ نے میدان کربلا میں تین لاکھ تیس ہزار دشمنوں کو تہہ تیغ کیا تھا؟ کیا اب بھی اللہ پر، رسولؐ پر، قرآن پر وحی اور معجزہ پر ایمان رکھنے والا کوئی مومن تعجب کرے گا یا انکار کرے گا؟ اور کرے گا؟ تو کیا وہ اس انکار کے بعد بھی مومن رہے گا؟

پھر یہ سنئے کہ بعض مومن اپنی ترقی کے پہلے ہی قدم پر ایک دو یا دس بیس نہیں بلکہ پوری <u>اُمت</u> کے برابر ہوتے ہیں (نحل 16/120) اور اب اُن کی ترقی کو اگر عام مومن کی طرح ہی مان لیں تو اُن کو اگلے قدم پر دس امتوں پر بھاری ماننا لازم ہوگا۔ رُک جائیں اور سنیں کہ یہ آیت حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شان میں ہے۔ اور آیات واحادیث کے سمندر میں غوطہ لگانے سے آسان یہ ہوگا کہ آپ اقبال کا ایک شعر یاد کریں:۔ ہوئی پہلوئے آمنہؑ سے ہویدا دعائے خلیلؑ و نوید مسیحاؑ

اب سوچیں کہ حسینؑ وہی ہستی ہے نا؟ جس کو اللہ نے ذبح عظیم فرمایا (سورہ صافات 108-37/100) اور جن کی وجہ سے حضرت ابراہیمؑ کی بلا ٹل گئی اور حضرت اسماعیلؑ کی جان بچ گئی اور اُن کی نسل چلی اور جن کی وجہ سے دعائے خلیلؑ اور نوید مسیحاؑ وجود میں آئی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ ظاہری وجوؐد مل سکا؟ کیا رسولؐ اللہ کا یہ فرمانا کہ <u>میں حسینؑ سے ہوں اور حسینؑ مجھ سے ہے</u>۔ (حُسَیْن مِنّی وَاَنَا مِنَ الحسینؑ) ساری امت نے نہیں مانا اور کیا اس کے گھٹیا سے گھٹیا اور مادی معنی یہ نہ ہوئے کہ اگر اسماعیلؑ ذبح ہو جاتے تو میں پیدا ہی نہ ہوا ہوتا اور جب میں پیدا ہی نہ ہوا ہوتا تو فاطمہؑ وعلیؑ وحسنؑ اور حسینؑ کیسے پیدا ہو جاتے؟ یعنی وہ حسینؑ ہی تو ہیں جن کی قربانی نے ایک پوری امت یعنی حضرت ابراہیمؑ کی نسل کو وجود عطا کرنے میں مدد دی۔ جن کے اجر وثواب میں یہ ریگستان کے ذروں کے برابر نسل (توریت) پیدا ہوئی۔ کیا تم حسینؑ کو ایک امت کے برابر بھی ماننے کو تیار نہیں؟ پھر اگر ایک پوری اُمت نے ایک امت کے تین لاکھ تیس ہزار منکرین

کو قتل کردیا تو تمہیں کونسی ذہنیت انکار و تعجب پر مجبور کرتی ہے؟ سر پر لاحول پڑھ کر ہاتھ پھراؤ ایسا نہ ہو کہ کھوپڑی پر شیطان بیٹھا ہو؟ سنو اگر حکم خداوندی نہ مل گیا ہوتا تو امام حسین علیہ السلام تو ایک لامحدود ہستی تھے۔ دنیا کے تمام منکر انسانوں کو تہہ تیغ کرنے کے لئے تو اُن کے بچوں میں سے ہر ایک کافی تھا۔لہٰذا مسلمان رہنا ہے اور عاقبت بخیر رہنا ہے تو ہرگز انکار کی روش اختیار نہ کرنا۔

غیر مسلم جانتے ہیں کہ اگر گھوڑے کی ناک پر ایک مُکّا مار دیا جائے تو گھوڑا پہلے الف ہوگا اور پھر پیچھے گرے گا اور دوسرا گھوڑا اس گھوڑے کی طاقت سے گرے گا اور یہ سلسلہ تمام مل کر کھڑے ہونے والے سواروں اور گھوڑوں میں ایک قیامت برپا کردے گا۔لوگ گھوڑوں کے پیروں سے کچل کر رہ جائیں گے۔کیا تم نے کبھی اینٹوں کی ریل چلتے ہوئے بھی نہیں دیکھی؟ کیا تمہیں جمود (Inertia) اور حرکت (Momentum) اور ضخامت (Mass) اور کشش ثقل (Gravitational Force) وغیرہ سے بھی واقفیت نہیں؟ غیر مسلم یالا مذہب تو عموماً سائنس کی دنیا سے واقف ہوا کرتے تھے؟ کیا تم بھی اہل مذاہب کی طرح اندھی تقلید میں مبتلا ہو؟ ذرا آزما کر دیکھو اور دس اینٹیں پاس پاس لمبائی کے رخ پر کھڑی کر دو اور آگے والی ایک اینٹ کو کسی بچہ کے بائیں ہاتھ کی ایک انگلی سے دھکا دلوا دو۔ پہلی اینٹ جھک کر دوسری پر گرے گی اور دوسری تیزی سے تیسری کو گرائے گی۔اگر پچاس میل تک اینٹیں اسی ترتیب سے کھڑی ہوں اور ایسی پانچ سولائنیں لگی ہوں تو ایک بچہ چند منٹ میں ہر لائن کی پہلی اینٹ کو گرادے گا اور اُس کا اتنا زور بھی خرچ نہ ہوگا جتنا پانچ سیر وزن کو سَر تک بلند کرنے میں ہوتا ہے۔اس کے بعد گرنے اور گرانے کا یہ خودکار سلسلہ اُس وقت تک جاری رہے گا جب تک آخری اینٹ نہ گر جائے اور وہ قوت جو بچہ نے پہلی اینٹ کو سپرد کی تھی زمین میں محفوظ نہ ہو جائے۔

جب ایک ایسی فوج جو سواروں اور پیدل فوجیوں پر مشتمل ہو ہزیمت کھا کر بھاگتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟ یہ بات وہی لوگ سمجھیں گے جو پرانے زمانہ کی افواج سے واقف ہوں۔ جب دست بدست یا جنگ مغلوبہ ہوتی ہے اور کوئی کسی کو شناخت کرنے کا وقت نہیں پاتا ہے اور یہ دیکھتا ہے کہ تلوار پیچھے آگے اور داھنے بائیں کسی طرف سے بھی پڑسکتی ہے تو کیا قیامت برپا ہوتی مولانا لوگ کیا جانیں؟ مگر تمہیں تو معلوم ہونا چاہئے۔ جب گھوڑا موڑنے کی جگہ نہ ہو، جب داہنے بائیں بھاگنے کی راہ نہ ہو اور جان بچانا ضروری ہو اُس وقت عمدہ گھوڑا اور عمدہ سوار اپنے آگے والے سوار یا پیدل پر سے گزرنا چاہے گا۔اور ہوگا کیا؟ دونوں مریں گے۔ دوسروں کی راہ رکے گی وہ بھی گریں اور مریں گے۔ڈھول اُڑنے سے کون روکے گا۔آنکھوں میں خوف اور موت کی تاریکی سے کون سا سرمہ بچائے گا؟ سنو یزید اُسی قوم کا لاڈلا بیٹا تھا جس قوم کی رسولؐ اللہ نے اللہ سے شکایت کی تھی (فرقان 25/30)۔ یزید اُسی قومی حکومت کا جانشین اور خلیفہ تھا جو رسولؐ اللہ اور تمام انبیاؑ اور پوری نوع انسان کی دشمن تھی (فرقان 25/31)۔اور بقول علما جو خاندان نبوت میں حکومت اور خلافت کا جمع ہونا پسند نہ کرتی تھی (الفاروق حصہ اوّل صفحہ 103)۔ یزید اُسی ماں، اُسی باپ اور دادا کا بیٹا تھا جن کے سرپرست اور چشم وقلب ذوالفقار سے قتل ہوئے تھے۔جن کی روح اور بدن پر حسینؑ کے باپؑ کی تلواروں کے زخم آج بھی تازہ تھے۔ یزید کو حکومت سونپنے والے؛ یزید کی تائید کرنیوالے وہی لوگ تھے جو علیؑ کے اور مسلمان بہادروں کے سامنے سے ہمیشہ بھاگتے رہے تھے۔علیؑ کو دیکھ کر جن کی روح پرواز کرنے کو تیار ہو جاتی تھی۔ جنکے دلوں میں آگ، انتقام کی آگ سلگتی رہتی تھی۔ یہ فوج جو حسینؑ کے روبرو تھی جانتی تھی کہ حسینؑ کون ہے؟ عبّاس

کون ہے؟ اور یہ کہ حسینؑ کی خیمہ گاہ میں نہ صرف محمدؐ وعلیؑ وفاطمہؑ اور حسنؑ موجود ہیں، نہ صرف تمام انبیاؑ اور ملائکہ موجود ہیں۔ بلکہ خود اللہ قادر مطلق، جبار وقہار اپنی پوری قوتوں اور قدرتوں کے ساتھ موجود ہے۔ ارے دوستو! جب حسینؑ کسی صحابی کی مدد کو رکاب میں پیر رکھتے تھے تو یہ بزدلوں، کمینوں، نطفہ نا تحقیقوں کی فوج پہلے سے جان بچانے اور بھاگنے کو تیار ہو جاتی تھی اور جب ذوالجناح قہر خداوندی کی طرح ٹوٹ کر جھپٹتا تھا تو اسکے سموں سے نہ معلوم کتنے سواروں کے جسم سر بریدہ رہ جاتے تھے۔ وہ فوج کے اس سمندر کے سروں پر سے گزرتا تھا اور آن کی آن میں کفر کا یہ بادل پھٹ جاتا تھا۔ سرکارؑ گھوڑے سے اُترتے تھے، مقتول سے باتیں کرتے تھے اور آخر کار گھوڑے پر یا پیدل لے کر آتے تھے۔ یہ ہر صحابی اور ہر ناصر کیلئے تشریف لے جانا مشہور ومعروف ومعلوم ومقبول ومسلّمات میں سے ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر فوج میدان سے میلوں نہ بھاگ جائے یا خود کو خطرہ میں، مستقل اور اچانک آ پڑنے والے خطرہ میں محسوس نہ کرے تو حسین علیہ السلام ایک دفعہ بھی فوج کے بیچ میں جا کر واپس نہ آ سکتے تھے۔ یہ میدان کارزار جس کیلئے جو کچھ بھی ہو ہوا کرے؟ حسین علیہ السلام کی طاقت آزمائی کا میدان نہ تھا۔ انہوں نے یہاں اپنی طاقت کا مظاہرہ نہیں کیا۔ ورنہ یہ پانچ لاکھ نہیں پچاس کروڑ بھی ایک انگلی کے اشارہ سے مٹی کا ڈھیر بن جاتے۔ انہوں نے عہد تو یہی کیا تھا کہ وہ اپنی خداداد طاقت کو استعمال نہ کریں گے۔ اور صرف ایسے اقوال واعمال پیش کریں گے جن سے تمام انبیاؑ ورسلؑ اور شرافت کا سر بلند ہو جائے۔ جن سے ابلیس اور اُس کا گروہ ہمیشہ کیلئے سر ندامت جھکا لے۔ جن سے نوع انسان کیلئے دینی ودنیاوی نجات کے راستے چوپٹ کھل جائیں۔ صرف اپنی پیدائش سے روز عاشور تک کئی سو مرتبہ منانے، سمجھانے اور رونے اور رلانے کے باوجود اپنے اُس ارادہ پر برقرار رہے جو روز ازل کیا تھا۔ اللہ نے موقعہ پر موقعہ دیا، نبیؐ سے کہلوایا، جبرئیلؑ نے عرض کیا، لیکن آپ نے نوع انسان کی باعزت نجات اور سر بلندی کی راہ سے ہٹنا پسند نہ کیا۔ ورنہ اللہ تو وہی اللہ تھا جو لوح محفوظ پر لکھی ہوئی جس چیز یا پالیسی کو چاہے مٹا سکتا ہے اور اس کی جگہ جو چاہے لکھ سکتا ہے (سورہ رعد 13/39)۔

بہر حال حسینؑ نے محض وہ مادی اور جسمانی قوت بھی پوری استعمال نہ کی جو معجزاتی قوت وقدرت کے علاوہ تھی۔ دشمن کی فوج کا ہر حملہ پر کوفہ کی دیواروں سے ٹکرانا مشہور ومعلوم ہے۔ یہ پچاس سے سو میل تک کا فاصلہ سامنے والی فوج طے نہ کرتی تھی۔ بلکہ فوج کا ایک پَرا دوسرے پر اور دوسرا پَرا تیسرے پر اینٹوں کی ریل بن کر گرتا تھا۔ حسینیؑ مجاہد فوج کے آخری حصہ تک نہ جاتا تھا نہ ضرورت تھی۔ یہ اسلامی لباس میں قرآن گلے میں ڈالے ہوئے کفر کی کالی بھیڑیں تھیں۔ اسدؑ اللہ کی اولاد کی صورت اُن کے آباواجداد اور اولاد کے لئے پیغام موت تھی۔ یہ فطری اور تاریخی صورت حال تھی۔ یزید نے اسی صورت حال کو یاد دلایا تھا۔ جب اپنے ہم مذہب آباواجداد کو بدر واحد وخندق واحزاب وجمل وصفین کے مقتولوں کو یاد کیا تھا۔ علیؑ سے ٹکرانے کے بعد یہ طے ہو گیا تھا کہ خلیفہ یا سپہ سالار میدان میں نکل کر کبھی نہ لڑے گا ورنہ تاریخ بدل گئی ہوتی۔ سو بار بلانے پر بھی یہ بزدل اور کمینہ لوگ مقابلہ پر نہ آتے تھے۔ سرکاری اور مذکورہ قوم کی خانہ ساز روایات کو شیطان کے یا ابلیس کے چیلوں کے حوالے کر کے یہ سنیں کہ جب تک اُن ملاعین کو یہ یقین نہ ہو گیا کہ حسین علیہ السلام ایفائے عہد کر چکے یہ لاکھوں بھیڑوں کی فوج خیام حسینیؑ سے برابر اتنی دور رہی جتنی دور تیر نہیں جا سکتا تھا۔ تاکہ حسینیؑ لشکر سے نکلنے والے مجاہد کو شناخت کیا جا سکے۔ اور ضرورت پڑنے پر بلا خطرہ مول لئے بھاگنے کی راہیں کھلی رہیں۔ لیکن اُدھر سے آنے والا ہر بہادر کچھ اس طرح

بڑھتا تھا اور گھوڑے کو **کاوا** دیتا تھا کہ لشکرِ عمر سعد کے دماغوں پر چھا جاتا تھا، ہر شخص کو اپنے سامنے نظر آتا تھا۔ مرتا کوئی تھا گرتا کوئی اور تھا کاش منکرین اُدھر کی فوج میں ہوتے تو ہمیں سمجھانے کی ضرورت نہ پڑتی۔ بلکہ وہ ہمیں سمجھاتے جیسا کہ زیادہ تر چشم دید حال اُسی طرف کے لوگوں نے بیان کیا ہے۔ تم نے پڑھا ہے کہ حرؑ صرف دعا مل جانے کے بعد جب میدان میں تشریف لائے تو میمنہ میسرہ پر اور میسرہ میمنہ پر گرتا جاتا تھا۔ یعنی داہنا بازو فوج کا بائیں بازو کی جگہ پناہ لینے کے لئے بھاگتا تھا۔ تو بائیں طرف والی فوج الٹ کر داہنے پر گرتی تھی اور یوں خود اپنی تلواروں اپنے گھوڑوں اور اپنے نیزوں سے جہنم واصل ہونے کے لئے تانتا باندھ لیتی تھی۔ حسین وعباس وعلی اکبر وقاسم علیہم السلام اور دیگر اولادِ علیؑ تو ایک امنڈا ہوا قہر خداوندی تھے۔ اُن کو چھوڑ و تم ضعیف اور بڈھے صحابہ کی جنگ اور تابڑ توڑ حملوں ہی کو دیکھ لو۔ ارے جن مسلمانوں کی بیس ہزار فوج کو چالیس خارجی مار کر ڈھیر کر دیں اور میدان سے فرار پر مجبور کر دیں۔ اُس فوج کا اللہ کے شیرؑوں اور ذوالفقار و ذوالجناح کے سامنے مچھروں، مکھیوں اور کیڑوں سے زیادہ تصور ایک یزیدی تصور ہے۔ اگر تم ایک منٹ میں کروڑوں مچھر مار سکتے ہو تو تین لاکھ تیس ہزار پر تعجب کیوں ہے؟ اور ایک بات یہ بھی ذہن میں رکھ لو کہ عاشور کی رات تو ویسی ہی اور وہی رات تھی جو جیٹھ کے مہینے کی چند گھنٹوں کی رات ہوتی ہے۔ لیکن عاشور کا دن جیٹھ کے دن کے برابر کا نہ تھا۔ یہ دن بہتر (72) گھنٹے کا دن تھا۔ تم پھر حیران ہو جاؤ گے اور تمہارا کفر پھر تمہیں سائنس کی دنیا سے جلاوطن کر دے گا۔ پھر تمہارا بغض تمہاری عقل کو اندھا، بہرا اور گونگا کر دے گا۔ ارے او جان بوجھ کر حقائق کا انکار کرنے والو۔ وہ تم ہی تو ہو جو چودہ دن کی رات اور چودہ دن کا ایک دن مانتے ہو؟ وہ تم ہی تو ہو جو اب ایمان لا چکے کہ اس دنیا میں۔ ہاں ہاں اسی خطہ ارض پر چھ ماہ کا یعنی چار ہزار تین سو بیس گھنٹے کا دن اور اتنی ہی لمبی رات ہوتی ہے۔ تم کہو گے کہ ہم اس لئے مانتے ہیں کہ ہم زمین کی ساخت، گردش اور سورج اور زمین کے محور (Orbit) اور رفتار کو جانتے ہیں۔ سُنو تم جاننے والوں اور ماننے والوں کی تعداد کتنی ہے؟ اور نہ جاننے والوں اور نہ ماننے والوں کی تعداد کتنی ہے؟ یعنی تمہیں دل کی گہرائی اور پورے اطمینان کے ساتھ پاگل کہنے والوں کی تعداد تم سے کئی کروڑ زیادہ نہیں ہے؟ اور اگر وہ تمہارے اتنی تعلیم وتجربہ حاصل کرنے سے پہلے تمہاری بات کو بکواس اور تمہیں سب کو مل کر دیوانہ کہتے رہیں؟ تو کیا تم ان حقائق کو ماننا چھوڑ دو گے؟ اس لئے ہم نے تمہیں عقل کے اندھے کہا کہ تم ہمارے ساتھ وہی سلوک کرتے ہو جو جہلا تمہارے ساتھ کرتے ہیں۔ فرق یہ ہے کہ وہ اپنی جہالت کی بنا پر مجرم نہیں لیکن آئن سٹائن کے دور یا ایٹمی دور کے علمائے عقلیات ہونے کی بنا پر تم مجرم اور گردن زدنی ہو۔ سُنو تم ہماری دینی تعلیم حاصل کرو۔ وہ دینی تعلیم نہیں جو یزیدی مذہب کے راہنماؤں نے اسلامی تعلیم کے نام سے پھیلائی ہے۔ بلکہ وہ تعلیم حاصل کرو جو محمد وآل محمد صلوٰۃ اللہ علیہم نے دی تھی۔ جسے پھیلنے سے روکنے کے لئے کربلا میں اُس خاندان کا قتل عام کیا گیا۔ وہ تعلیم حاصل کرو تاکہ تمہاری سمجھ میں آئے کہ ایک لکڑی کیسے اژدہا بن سکتی ہے؟ دو تین فرلانگ لمبا چوڑا اور دو تین منزل اونچا انگاروں سے دھکتا ہوا ڈھیر کیسے ایک، صرف ایک انسان کے لئے سلامتی کا سامان بن جاتا ہے؟ اور کوئی اور ہاتھ ڈالے تو جل کر خاک سیاہ کر دیتا ہے۔ تم عقل کے دروازے بند کر کے چاہتے ہو کہ عقل ترقی کرے؟ تم غار سے غار میں جا کر چاہتے ہو کہ وہاں سورج چمکے؟ ارے بھائیو تعلیم حاصل کرو یا نہ کرو، مانو یا نہ مانو، اگر اربوں انسان یہ نہیں جانتے کہ چھ ماہ کا دن بھی ہوتا ہے یا یہ نہیں مانتے کہ بہتر گھنٹے کا دن ہو سکتا ہے؟ تو اُن کے نہ جاننے اور ماننے سے حقیقت تو نہیں بدلتی۔ البتہ اُن کی جہالت

وحماقت کا علم ضرور ہوتا ہے۔سنو! جس ہستیؑ کی بات ہورہی ہے وہاں چاندوسورج اورستارے اورزمین وآسمان سب سجدہ ریز ہوتے ہیں۔سب اُن کے مسخراورفرمانبردار ہیں(ابراہیمؑ 33-14/32)۔اُن کیلئے سورج کا واپس پلٹنا یا پلٹانا یا ایک جگہ ٹھہرانا اور پورے نظام شمسی کا اطاعت کرنا مومنین کے لئے قابل تعجب یا ناممکن نہیں ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ مومنین خودعلم کا دامن چھوڑ کر دین کی تحقیق پنڈتوں اور پروھتوں اوراحبارورھبان وخطائے اجتہادی کے قائلین کوسپرد کر چکے ہوں۔قرآن کریم کہتا ہے کہ:۔ اَللّٰہُ الَّذِیْ سَخَّرَ لَکُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِیَ الْفُلْکُ.....الخ ۔ وَسَخَّرَ لَکُمْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مِّنْہُ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَتفکَّرُوْنَ o (سورہ الجاثیہ 13-45/12 و سورہ لقمٰن 31/20وغیرہ)

یہ کائنات اوراس کائنات کی تمام موجودات،سورج وچاندوستارے،ملائکہ اورجنّات،ہوائیں اورحادثات،نباتات وجمادات وحیوانات تمام تمہارے قبضہ اقتدار وتسلط میں دے دی ہیں۔ذرااس معاملہ میں تفکروتعقل سے کام لوکہ اُمت میں وہ کون لوگ تھے؟جن کے لئے امت نے یہ تسلیم کیا کہ یہ قرآن کا بیان اُن پرصادق آتا ہے؟ کیا قومی حکومت وخلافت کا کوئی حاکم اُن میں شمار ہے؟اور ہے تو اس کا نام بتاؤ یا معلوم کرو۔المختصر جانشینانِ رسوؐل تو بہت سے گزرے اور بہت سے آج بھی امامؑ زمانہ اوررسولؐ کے جانشین بنے بیٹھے ہیں اورحسب سابق اُمت کولوٹنے،تباہ کرنے اورفتوے دے دے کرجہنمی بنانے میں مصروف ہیں۔مگر کیا انہیں رسولؐ یا امامؑ سے کائنات پراقتدار وتسلط میں سے بھی کچھ ورثہ یا حصہ میں ملا ہے؟ارے دوستو!جسے یہ گروہ تعلیمات خداوندی کہتا ہے وہ اُن کی خودساختہ ابلیسی تعلیم ہے۔وہ اصول وقواعد دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ نے تیار کئے تھے۔جنہیں آج اسلام کے نام پرپیش کیا جارہا ہے۔یہی سبب ہے کہ آج اُن لوگوں نے امت کو غیرمسلموں سے علم ودولت واستعانت کی بھیک مانگنے پرمجبور کرکے رکھ دیا ہے۔

(8)۔ کربلا میں ساتویں محرم کی صبح سے خیام حسینیؑ میں پانی نہیں پہنچا

یہ گفتگو ہو چکی ہے کہ دو(2) محرم سے نو(9) محرم تک واقعات کربلا کا اختتام پذیر ہونا ممکن نہیں ہے۔اس لئے کہ دو،تین اورچارمحرم کوکربلا سے روانہ ہونے والے خطوط کا جواب ابن زیاد کی طرف سے پہنچنے کے لئے کم ازکم چھ روز درکار ہیں۔اور یہ سب کچھ نو(9)محرم تک ہو چکنا چاہئے۔تاکہ ابن زیاد کا آخری خط ملنے کے بعدنویں محرم کواعلان جنگ ہو۔یعنی عمر بن سعد کا پہلا تیراوراس کی تائید میں ہزاروں تیرعملاً اعلان جنگ کریں۔امامؑ کی طرف سے پھراتمام حجت کیا جائے اورآنے والی رات یعنی شب عاشور کی مہلت لی جاسکے۔پھر یہ بھی مدنظر رکھنا ہوگا کہ جناب امام علیہ السلام نے اپنے اوراپنے اعزہ وانصار کے لئے قبرستان کی زمین بھی خریدی تھی۔اس لئے بھی لازم ہے کہ کربلا میں امامؑ کی آمد ماہ ذی الحجہ کے اواخر میں اورماہِ محرم سے کئی روز پہلے ہونا چاہئے۔ہم یہاں ایک اورخط کا تذکرہ کرتے ہیں جوعمرسعد کی شکایت کے طور پرخولی بن یزید الاصبحی نے لکھا تھا۔اور یہ ملعون اُن دس سرداران افواج میں سے ایک تھا جنہیں ابن زیاد نے خود پرچم اورافواج دیکر کربلا بھیجا تھا۔اوراُس کے جواب میں عمرسعد کو جنگ کا حکم آیا تھا۔وہ خط ملاحظہ فرمائیں:۔

قال ابومخنف ثم اِنّ عمربن سعد عبرالفرات وکان یخرج کُلّ لیلة ویبسط بساطًا ویدعوا بالحسین علیه السلام ویتحدثان جمیعًا حتّٰی یمضی من اللیل شطرہُ وکان خولی مِن اقصی الناس قلبًا علی الحسینؑ فلما نظر الٰی ذلک کتب کتابًا الٰی ابن زیاد

یقول فیہ امابعد یایّھاالامیر انّ عمر بن سعد یخرج کُلّ لیلۃ ویبسط بساطًا ویدعوا بالحسینؑ ویتحدثان حتٰی یمضی من الَّیل شطرہ قد ادرکنہ علیہ الرحمۃ فامرہ ان ینزل علٰی حُکمک اَوْاَنْ یسلّم الامرالی حتّٰی اکفیک امرہ ۔ فَلَمَّا قرأ ابن زیاد کتابہ کتب الٰی عمر بن سعد امّابعد یابن سعد فقد بلغنی انّک تخرج کلّ لیلۃ وتبسط بساطًا وتدعوا بالحسین وتتحدثان عامّۃ من اللَّیل فامرہ اَن ینزل حکمی فان فعل فھو الفرض وِاِن ابٰی فامنعہ من شرب الماء الفرات فقد حرّمتہ علیہ وحللتُہ علی الکلاب والخنازیر فلما قرأابن سعد دعی بحجربن الحرّ وعقدلہ رایۃ علی الفین فارس و امرہ ان ینزل علٰی شرعۃ الماء ویمنع الحسیؑن واصحابہ مِن شرب الماء ودعی شبث بن ربعی وعقدلہ رایۃ علٰی اربعۃ الاف فارس وامرہ ان ینزل علی الشرعۃ ویضیق عَلَی الحسینؑ واصحابہ۔(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔۔صفحہ 239)

''علامہ ابومخنف نے کہاہے کہ یقیناً عمرابن سعد نے جب دریائے فرات کوعبور (پار) کرلیاتو اُس نے یہ معمول بنالیا کہ روزمرہ رات کو مسندوغیرہ کاانتظام کراتااورامام حسین علیہ السلام کوبُلا کر کافی رات گئے تک باتیں کرتا تھا۔خولی جوکہ حسینؑ کے لئے سب سے زیادہ بے رحم تھا۔اُس نے یہ حالات دیکھے تو ابن زیاد کوخط بھیجااور بتایا کہ عمر بن سعد روزانہ راتوں کوحسینؑ کے لئے مسندوفرش وفروش بچھواتا ہے اورکافی کافی رات گزرنے تک اُن سے کچھ باتیں کرتا رہتا ہے۔اورمیں سمجھ چکاہوں کہ وہ حسینؑ کےساتھ نہایت رحمدلانہ سلوک کرنا چاہتاہے۔لہٰذا اُسے حکم دیں کہ یاتو آپ کےحکم کی تعمیل کرے یاافواج کا چارج میرے حوالے کردے تاکہ میں اُس حکم کی تعمیل کروں۔ جب ابن زیاد نے یہ خط پڑھاتو عمرسعد کوخط بھیجااورلکھا کہ مجھے یہ صورت حال معلوم ہوچکی ہے کہ توروزانہ رات رات بھرحسینؑ کو بلاکر اپنے ساتھ مسند پر بٹھاتا ہے۔دونوں خوب باتیں کرتے ہو۔لہٰذا حسینؑ کوحکم دے کہ وہ میرےحکم کی تعمیل کریں جوکہ ایک فریضہ ہے۔ اگرمان لیں تو ٹھیک لیکن اگرسرکشی کریں تودریائے فرات کا پانی اُن پر بند کردو۔اس لئے کہ میں اُن پروہ پانی حرام کررہاہوں اورکتوں اورسوٴروں کے لئے حلال رکھتاہوں۔جب عمرسعد نے یہ خط پڑھاتو حجر بن حُرکوبلاکردوہزارسواروں کانشانِ لشکردیااورحکم دیا کہ فرات کے کنارہ پرفوج لگادواورحسینؑ واصحاب حسینؑ پر پانی بندکردو۔اس کے بعدشبث بن ربعی کوچار ہزارسواروں کی سرداری دے کراُسے بھی حکم دیا کہ جاوٴفرات کوگھیرلواورحسینؑ اوراُن کےساتھیوں کوپانی نہ لینے دو۔''(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 239)

(9)۔ پانی کب بندہوا؟ساتویں محرم کو؟ پھرحضرت عباسؑ کب پانی لائے؟

روایات کے سرکاری وغیرسرکاری ہنگامہ خیزفریب کے باوجود یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ امام حسین علیہ السلام اوراہل حرم اورصحابہ علیھم السلام صبح عاشورتین دن کے پیاسے تھے۔اوریہ بھی مسلمات میں سے ہے کہ خیام حسینیؑ میں ایک دفعہ حضرت عباس علیہ السلام پانی لائے اورافواج سے جنگ کے بعد جبراً قوتِ بازوسے پانی لائے اور سقائے سکینہؑ کا لقب پایا۔اورایک دفعہ حضرت علی اکبر علیہ السلام اُسی طرح لڑکر پانی لائے تھے۔اورظاہرہے کہ پانی کی ممانعت اورافواج کی تعیناتی ابن زیاد کےحکم سے ہوئی تھی۔اورمذکورہ بالاخط عمرسعد کوساتویں محرم سے پہلے پہلے ملنا چاہئے۔تاکہ ساتویں کوفوج دریائے فرات کوگھیرلے۔پھراگرکوفہ تک اُس زمانہ میں جانے اورآنے کے لئے چھ دن کاسفرمان لیاجائے تو ماننا پڑے گا کہ خولی نے یکم محرم کوشکایت کاخط لکھا جوتین محرم کی شام کوابن زیادتک پہنچااور چارمحرم کوابن زیاد نے خط لکھاجو چھ محرم کی شام کوعمرسعد نے پڑھااوررات میں افواج نے دریائے فرات کوگھیرے میں لے لیا۔یہاں یہ

بھی ماننا پڑے گا کہ عمر سعد اور امامؑ کی رات کی ملاقاتیں یکم محرم سے پہلے پہلے وقوع میں آ چکی تھیں۔ یعنی امامؑ کربلا میں یکم محرم کے قبل سے موجود تھے۔ اور یہی کہہ کر ہم چلے تھے۔ پھر اگر یہ مانا جائے کہ ابن زیاد کا ممانعتی خط چھ محرم کو آیا تھا اور ساتویں کو پانی بند ہوا تھا تو خیام حسینیؑ میں حضرت عباسؑ اور حضرت علیؑ اکبر کے پانی لانے کا یا تو انکار کرنا پڑے گا جو مسلّمات کا انکار ہوگا۔ یا یہ ماننا پڑے گا کہ امام حسینؑ اور اُن کے انصار و اہل حرم تین روز سے پیاسے نہیں رہے اور یہ ماننا بھی مسلّمات کے خلاف ہوگا۔ لہٰذا حقیقت اسی قدر ہے کہ امام حسین علیہ السلام محرم شروع ہونے سے قبل کربلا میں موجود تھے۔ اور لڑ کر پانی کا لانا ساتویں محرم سے پہلے پہلے کا واقعہ ہے۔ یہاں یہ بھی یاد کریں کہ ہم نے عنوان نمبر 5 ''**<u>کوفہ سے روانہ ہونے والی فوجوں کی ترتیب</u>**'' میں ابن زیاد کا یہ حکم بھی لکھا ہے کہ:۔

فَقَالَ لَهُ اَنتَ اَمُضِ وضيّق عليه المسالک وامنعه من شرب الماء و ايتنى براسه قال سمعًا وطاعة ۔ثمَّ عقدله راية علىٰ ستة آلاف فارس وامر بالمسير الى الحسينؑ۔ (اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات۔صفحہ 236)

''ابن زیاد نے عمر سعد کو کہا کہ تم روانہ ہو جاؤ اور اُن پر تمام راہیں بند کر دو اور اُن کے لئے پانی پینے کی ممانعت کر دو اور میرے پاس اُن کا سر لے کر حاضر ہو۔ عمر سعد نے کہا کہ میں نے سُنا، سمجھا اور میں اطاعت کرتا ہوں۔ پھر ابن زیاد نے اس کو چھ ہزار سواروں کا علم دیا اور حکم دیا کہ امام حسینؑ کی طرف تعمیل حکم کے لئے روانہ ہو جاؤ۔''

لہٰذا ہم مانتے ہیں کہ <u>جس روز بھی عمر سعد مع لشکر کربلا میں پہنچا، اُسی روز سے امام حسین اور اہل حرم اور انصاران حسین علیہم السلام پر پانی بند کر دیا گیا تھا</u>۔ اور اُس روز کے بعد پانی بزور شمشیر حاصل کیا جاتا رہا۔ لیکن جب چاروں طرف تِل رکھنے کو جگہ نہ رہی اور شامی افواج کربلا میں پہنچ گئیں تو قدرتی طور پر دریا تک پہنچنا ناممکن ہوگیا۔ یہ صورت حال چھٹی (6) محرم تک سامنے آ چکی تھی۔ اس کے بعد بھی پانی لانے کی کوششیں برابر جاری رہیں۔ لیکن ساتویں محرم سے دسویں محرم تک جان نثارانِ حسینؑ نے بچوں کے لئے پانی لانے کی کوشش میں جتنا خون نثار کیا اگر اُس کا آدھا پانی بھی خیام حسینیؑ میں پہنچ جاتا تو تاریخ کا رُخ بدل جاتا۔ بہرحال صرف ایک دفعہ ایک خالی مشک پہنچی جس میں پانی کی نمی تھی اور چاروں طرف بچوں کا ہجوم تھا۔

(10)۔ <u>ساتویں محرم سے پہلے پہلے پانی لانے کی ایک مہم سقائے سکینہ کی سرکردگی میں</u>

جیسا کہ عرض کیا گیا کہ عمر سعد نے روز اوّل ہی سے پانی بند کر دیا تھا اور نا کام تجربوں اور ابن زیاد کی تاکید و تنبیہ کی بنا پر فرات کی نگرانی کیلئے برابر فوجیں بڑھاتا چلا آ رہا تھا۔ لہٰذا امامؑ کی طرف سے بھی ہر دفعہ فدا کاروں کی تعداد میں اضافہ کر کے پانی منگایا جاتا تھا۔ اس سلسلہ کا وہ واقعہ سُنئے جس میں حضرت عباس علمدار علیہ السلام کو حضرت سکینہ علیہا السلام کا سقہ بننے کا موقعہ ملا تھا۔

قال محمد بن ابيطالب وقد ضيّق عمر بن سعد عليهم غاية التَضّيِيُق فلما اشتد العطش بالحسيّن دعى باخيه العباس فضمّ اليه ثلثين فارسًا وعشرين راكبًا وبعث معه عشرين قربة ۔فاقبلوا فى جوف الليل حتى دَنوامن الفرات فقال عمر وبن الحجاج من انتم ؟ فقال رجل من اصحاب الحسيّن يقال له هلال ابن نافع البجلى ابن عم لک جئت اشرب من هذا الماء ۔فقال عمرو اشرب هنيئًا ۔ فقال هلال ويحک كيف تامرنى اَن اشرب والحسيّن بن علّى ومَن معه يموتون عطشًا؟ فقال عمروصدّقتَ

ولٰکن امرنا بامر لابّدانُ ننتهی الیہ ۔ فَصَاحَ ھلال لاصحابہ فدخلوا الفرات فصاح عمرو بن الحجاج بالنَّاسِ وَاقْتُلُوا قِتَالًا شدیدا فکان قوم یقاتلون وقوم یملا ؤن حتّی ملاء وھاولم یقتل من اصحاب الحسیؑن احدٌ ثم رجع القوم الی معسکر ھم فشرب الحسیؑن ومن کان معہ ۔ فلذا سَمّی العباسؑ سقاء ۔ ثُمَّ ارسل الحسین علیہ السلام اِلٰی عمر بن سعد اَنّی اُرِیْدُ اَن اُکَلِّمُکَ فالقنی اللیل بین عسکری وعسکرک ۔فخرج ابن سعد فی عشرین وخرج الحسیؑن فی مثل ذلک ۔فلما التقیا امر الحسیؑن اصحابہ اَن تنحّو عنہ وبقی معہ اخوہ العباسؑ وابنہ علیؑ وامر ابن سعد بمثل ذلک وبقی معہ ابنہ حفض وغلام لہ ۔ فقال علیہ السلام ویلک یابن سعد اما تتقی اللّٰہ الذی الیہ معادک ؟ اتقاتلنی وانا ابن مَنْ عَلِمْتَ ۔ذوھو لاء القوم وکن معی فانہ اقرب لک الَی اللّٰہ ۔فقال عمر بن سعد اخاف ان یھدم داری ۔ فقال علیہ السلام اَبْنِیْھَا لک ۔فقال اخاف ان تؤخذ ضیعتی ۔ فقال الحسیؑن اَنَا اخلف علیک خیرا مِنھا مِن مالی بالحجاز ۔ اقول وفی بعض الاخبار قال اِنّی اَخْلَفُ علیک البغیبغۃ وَھِیَ عین عظیمۃ بالحجاز وکان معاویۃ اَعْطَاہُ فی ثمنھا الف الف دینار من الذھب فلم یبعہ ۔ (صفحہ 240-239)

’’حضرت علامہ محمد بن ابی طالب نے لکھا ہے کہ عمر بن سعد نے جب پانی حاصل کرنے میں بہت تنگی پیدا کردی اور اماؑم کے سامنے پیاس کی شدت حد کو پہنچ گئی تو حضوؑر نے اپنے بھائی عباسؑ کو بلایا اور اُن کے ساتھ تیس جنگجو گھوڑے سوار اور بیس اونٹ سوار جو پانی لاد کر لائیں گے اور بیس (20) پانی بردار چمڑے کے بڑے ٹینک (Tanks) بھیجے اور پانی لانے کا حکم دیا۔ یہ حضرات رات کو دریا کنارے پہنچے جب ڈھلوان پر اُترنے لگے تو سردار فوج جو ڈیوٹی پر تھا اور جس کا نام عمرو بن الحجاج تھا پکارا تم کون ہو۔ادھر سے جواب دیا گیا کہ حسیؑن کے صحابہ میں سے وہ شخص بول رہا ہے جسے ہلال ابن نافع بجلی کہتے ہیں اور تمہارا قومی چچازاد بھائی ہے۔ چاہتا ہوں کہ اس بہتے ہوئے پانی میں سے کچھ پانی پی لوں۔ اُس نے خوش ہو کر کہا نوش جان کرو ضرور پیؤ۔ ہلال نے کہا کہ یہ تو تمہاری بہت بری بات ہے کہ مجھے تو پانی پینے کی اجازت دیتے ہو حالانکہ حسیؑن بن علیؑ مع اپنے چھوٹے چھوٹے بچوں اور مستورات اور صحابہ کے پیاس کی شدت سے قریب المرگ ہیں۔عمرو بن الحجاج نے کہا تم نے صحیح کہا مگر ہم کو حکم دیا گیا ہے کہ اُن پر پانی بند رکھیں۔ یہ سُن کر ہلال ابن نافع نے حسیؑنی بہادروں کو پکارا کہ فوراً پانی بھرلیں۔ اُدھر عمرو بن حجاج نے فوج کو حملہ کرنے کا حکم دیا۔ حسیؑنی بہادروں نے دفاعی جنگ شروع کی، پانی بھرنے والی پارٹی فرات میں داخل ہوگئی۔ اُدھر پانی بھرا جارہا تھا ادھر گھمسان کی جنگ جاری تھی۔ جب پانی بھرلیا گیا۔ تو حسیؑنی جوان پانی لے کر روانہ ہوئے۔ اُن میں کوئی ایک شخص بھی قتل نہیں ہوا حالانکہ دشمن کے مقتولوں کا ڈھیر ہوگیا۔حضرت عباس علیہ السلام نے اہل حرم اور صحابہ میں پانی تقسیم کیا۔امام علیہ السلام نے سب کے ساتھ پانی پیا اور حضرت علمدار علیہ السلام کو سقّائے سکینہ کا لقب دیا۔

پانی سے سیراب ہو چکنے کے بعد امام حسین علیہ السلام نے عمر ابن سعد کو پیغام بھیجا کہ میں تم سے گفتگو کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ چنانچہ آج رات دونوں افواج کے درمیان آکر مجھ سے ملاقات کرے۔ چنانچہ عمر سعد بیس سپاہیوں کے ساتھ مقررہ مقام پر آیا تو امام علیہ السلام بھی بیس بہادروں کی ہمراہی میں پہنچے۔ جب دونوں آمنے سامنے آ گئے تو اماؑم نے اپنے صحابہ کو علیحدہ ٹھہرنے کا حکم دیا اور حضرات عباس وعلی اکبر علیہم السلام کو اپنے پاس رکھا۔ ادھر عمر ابن سعد نے بھی ایسا ہی کیا اور اپنے بیٹے حفض اور ایک غلام کو موجود رکھا۔ اماؑم نے فرمایا کہ تمہارے لئے یہ بہت بری بات ہے کہ تم میرے ساتھ جنگ کرنے پر تیار ہو کر یہاں آ گئے۔ کیا تم اللّٰہ کے سامنے نہ جاؤ گے؟

کیا تمہیں خوف خدا نہیں؟ حالانکہ تم جانتے ہو کہ میں کس کا فرزند ہوں؟ پھر تم اِس قوم کے طرفدار ہو؟ میں چاہتا ہوں کہ تم میرے ساتھ شامل ہو جاؤ۔ عمر سعد نے کہا کہ مجھے یہ ڈر ہے کہ ابن زیاد میرا گھر بار منہدم و برباد کر کے رکھ دے گا۔ امامؑ نے فرمایا کہ میں تمہارے لئے گھر بار تعمیر کر دوں گا۔ اُس نے کہا مجھے یہ خوف بھی ہے کہ وہ میری جائیداد و مال ومنال ضبط کر لے گا۔ امامؑ نے فرمایا کہ میں اپنے مال میں سے اُس سے بہتر حجاز میں فراہم کر دوں گا۔ مصنف کتاب نے کہا کہ بعض دوسری روایات میں یہ ہے کہ امامؑ نے فرمایا کہ میں تمہیں اپنا وہ چشمہ دے دوں گا جسے بعیبغة کہا جاتا ہے۔ اور جس کی افادیت کی بنا پر معاویہ اُسے دس لاکھ سونے کے دیناروں (اشرفیوں) میں خریدنا چاہتا تھا۔ لیکن اُسے فروخت نہیں کیا گیا تھا۔

قال محمد بن ابی طالب فقال عمر بن سعد لی عیال واخاف علیهم ثُمَّ سکت ولم یجبه الٰی شی ء فانصرف عنه الحسیؑن وهویقول مالک ذبحک اللّٰه علٰی فراشک عاجلًا ولا غفرلک یوم حشرک اِنّی لارجوالّا تَاکل برّالعراق الایسیرًا قال ابن سعدفی الشعیر کفایة عن البرّمستهزًا۔ (اکسیر صفحہ 240-239)

مسلسل محمد بن ابی طالب نے لکھا ہے کہ عمر بن سعد نے یہ بھی کہا کہ میرے بال بچے اور اہل وعیال بھی تو ہیں۔ اب حضرت امام حسین علیہ السلام خاموش ہو گئے۔ اور کوئی جواب نہ دیا اور اُسے یہ پیشینگوئی سنادی کہ تم حکومت رَے سے محروم رہو گے۔ اور جلد اپنے پلنگ پر قتل کر دیئے جاؤ گے۔ قیامت میں تمہاری بخشش نہ ہوگی اور مجھے یہ امید ہے کہ تم عراق کے گیہوں بہت کم کھا سکو گے۔ ابن سعد نے مذاق سے کہا کہ نہ ملے گیہوں تو جو کھانا کافی ہے۔

(11)۔ راتوں کو بار بار ملاقاتیں مندرجہ بالا ملاقات کے بعد وقوع میں آئی تھیں

یہ وہ ملاقات تھی جو فوجی تحفظ اور قواعد کی رُو سے تکلفات کے ساتھ وقوع میں آئی تھی۔ لیکن اُن راتوں کی ملاقاتوں میں سپاہیوں کی ہمراہی کا قطعاً ذکر نہیں ہے جن کو سازش سمجھ کر خولی نے شکایتی خط ابن زیاد کو لکھا تھا۔ بہر حال اس ملاقات سے پہلے پانی بند تھا اور قوتِ بازو اور جنگ وجدل سے حاصل کیا جاتا تھا۔ اور اس ملاقات کے بعد سلسلہ نصیحت اور وعظ شروع ہوا۔ زہیر بن قین علیہ السلام اور دیگر سر برآوردہ صحابہ علیہم السلام ابن سعد سے برابر گفت وشنید کرتے رہے اور عمر بن سعد بھی برابر شرمندہ ولا جواب ہوتا رہا۔ آخر وہ وقت آیا کہ عمر سعد کے ارادوں میں لغزش پیدا ہوئی۔ اور اس کے بعد اُس نے ایسی راہ نکالنے کے لئے امام علیہ السلام سے مسلسل کئی روز راتوں کو ملاقات اور صلاح ومشورہ شروع کیا تھا جس پر خولی نے چغلی کھائی۔ اور آخر کار کربلا کی جنگ ٹھن گئی تھی۔

(38/9)۔ امام حسینؑ کے صحابہؑ کا مقام اور فضائل

کربلا میں شہید ہونے والے فدا کارانِ محمد وآل محمد صلوٰۃ اللہ علیہم کے فضائل ومناقب میں یہ کہہ دینا کافی ہے کہ یہ وہ حضراتؑ ہیں جن پر تمام آئمہ معصومین علیہم السلام دن رات اور ہر نماز کے بعد درود وسلام بھیجتے رہے ہیں۔ اور تمام مومنین پر زیارتوں میں اُن پر درود وسلام بھیجنا واجب کیا ہے اور یہ تمنا کی ہے کہ:۔ یالَیْتَنَا کُنّا مَعَکُمْ فَنَفُوْزُ فوزًا عظیمًا۔ (زیارتیں)

کاش ہم تمہارے ساتھ ہوتے اور اُس عظیم المرتبہ مقام پر فائز ہو جاتے جس پر آپ حضراتؑ فائز ہوئے۔

بہرحال چندروایات ملاحظہ فرمائیں:۔

"عن الارشاد فَجَمَعَ الحسینؑ اصحابه عند قرب المسآء قال سید الساجدینؑ فدنوت منه لاسمع مَایقول لهم وَاَنَا اِذٰاک مریض فسمعت ابی یقول لاصحابه...... ۔امابعد فَاِنّی لااعلم اصحابا اَوفٰی ولا خیرامِن اصحابی ولا اهلبیت ابرّولا اوصل من اهلبیتی فجزاکم اللّٰه عنی خَیرًا ۔ اَلَاواِنّی لااظنّ یومًالنَا مِن هٰؤلاء اِلّا غدًا ۔اَلَاواِنّی قداذنتُ لکم فانطلقوا جمیعًا فی حِلّ لَیسَ علیکم مِنّی زمام هذااللیل قدغشیکم فاتخذوا جُملا ۔وفی الملهوف وَلیَاخذکلّ رجل منکم بیدرجل من اهل بیتی وتفرقوا فی سواد اللیل وذرونی وهٰؤلاء القوم فانهم لایریدون غیری۔ فقال له اخوته وابناؤه وابناء عبد اللّٰه بن جعفر ولم نفعل ذلک لنبقی بعدک لا ارانا اللّٰه ذلک بداهم بهذا القول عباسؑ بن امیرالمؤمنین ثُمَّ تابعوه ۔قال ثُمَّ نظرالٰی بنی عقیل فقال حسبکم من القتل بِصاحبکم مسلم اذهبوا فقد اذنتُ لکم وفی الامالی فقام الیه عبد اللّٰه بن مسلم بن عقیل فقال یابن رسوؐل اللّٰه ماذا یقول لنا الناس اَنَّ نحن خذلنا شیخنا کبیرنا وسیدنا ابن سید الاعمام وابن نبیّنا سید الانبیاء لم نضرب معه بسیف ولم تقاتل معه برمح لا واللّٰه ونرد موردک ونجعل اَنُفُسنادون نفسِک ودمائنا دون دمائک فاذانحن فعلنا ذلک فقد قضینا ماعلینا وخرجنا ممالزمنا ۔ وعن الارشاد وقالوا سبحان اللّٰه فما یقول الناس یقولون اِنّا ترکنا شیخنا وسیدنا وبنی عمومتنا خیرالاعمام ولم نرم معهم بسهم ولم نطعن معهم برمح ولم نضرب معهم بسیف ولا ندری ماصنعوا ۔ لاواللّٰه مانفعل ذلک ولکن نفدیک بانفسنا واموالنا واهلینا ونقاتل معک حتی نردموردک فقبح اللّٰه العیش بعدک۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 247-246)

کتاب الارشاد میں ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے اپنے تمام صحابہ کوقریباً شام کے وقت جمع کیا۔امام زین العابدین علیہ السلام فرماتے کہ میں بیماری ہی کے عالم میں اتنا قریب پہنچ گیا کہ امامؑ جوکچھ صحابہ سے فرمائیں میں سن سکوں۔ چنانچہ امامؑ نے خطبہ دیا، حمدوثنا کی اورفرمایا کہ میں نے اپنے صحابہ سے زیادہ وفا پرست اور بلند مرتبہ صحابہ کسی کے نہیں پائے اورنہ کسی کے اہلبیتؑ میرے اہلبیتؑ سے بڑھ کر پارسا اورہم آہنگ تھے۔اللہ تعالیٰ آپ سب کومیری جانب سے بہترین جزا عطا کرے۔غور سے سنوکہ میرے نزدیک صرف آج کا دن ایسا ہے کہ ہم سب زندہ ہیں۔لیکن کل جودن آرہاہے اس میں ہم سب قتل ہوجائیں گے۔میں آپ سب کواجازت دیتاہوں کہ آپ سب حضرات قتل سے محفوظ رہنے کے لئے اس رات کے اندھیرے میں رخصت ہوجائیں میری طرف سے آپ پرکوئی مواخذہ اور پابندی باقی نہیں ہے۔اور میں تمہارا مقام بلنداوراس کی جزا بیان کرچکاہوں۔

کتاب ملھوف میں یوں کہا گیاہے کہ تم سب لوگ میرے اہلبیتؑ میں سے ایک ایک کا ہاتھ پکڑلواور یہاں سے بچا کر نکال لے جاؤ۔اور مجھے اِن لوگوں سے نمٹنے کے لئے تنہا چھوڑ دو۔حقیقت اس قدر ہے کہ انہیں میرے علاوہ کسی اور سے کوئی سروکارنہیں ہے۔ اس پر امؑام کے بھائیوں، بیٹوں اورعبدؑاللہ بن جعفرؑ ومسلمؑ کی اولاد نے کہا کہ ہم ایسا ہرگز نہ کریں گے کہ آپؑ کے بعد زندہ باقی رہیں۔ خداہمیں ایسی صورت حال سے دوچار نہ کرے۔ یہ جواب پہلے حضرت عباسؑ نے دیا۔اُنؑ کے بعد باقی سب نے اُنؑ ہی کی پیروی میں جواب دیا۔اس کے بعد امامؑ نے اولادعقیلؑ کی طرف دیکھا اوراپیل کی کہ دیکھوتمہارے بزرگ، مسلمؑ نے جوقربانی پیش کی ہے وہ تمہارے شایان شان اورمقبول ہے۔لہٰذاتم میری اجازت سے چلے جاؤ۔کتاب امالی میں ہے کہ یہ سُن کرعبدؑاللہ بن مسلمؑ کھڑے ہوئے اورعرض

کیا یارسولؐ اللہ کے فرزند ہمیں لوگ ملامت کرتے ہوئے کہیں گے کہ تم نے اپنے بزرگ اور سن رسیدہ سردار کو، اپنے والدین اور چچاؤں کے سردار کو، اپنے نبیؐ کے بیٹے کو مصائب میں تنہا چھوڑ کر جان بچالی اور اُن کی طرفداری میں تلوار اٹھا کر جنگ نہ کی۔ خدا کی قسم ہم اُسی حالت میں رہنا چاہتے ہیں جو آپ پر گزرنے والی ہے۔ اور اپنی زندگیاں آپ کے اوپر نثار کر دینا چاہتے ہیں۔ اور آپ کے تحفظ میں اپنا خون بہا دینا طے کیا ہوا ہے۔ اور جب ہم ایسا کر چکیں گے تب کہیں وہ فریضہ ادا ہو گا جو ہم پر قائم ہے۔ کتاب الارشاد میں یوں ہے کہ اولاد عقیل نے عرض کیا کہ حضور اگر ہم ایسا کریں تو لوگ ہمیں ملامت کریں گے اور کہیں گے کہ ہم نے بزرگ ترین شخص کو اور اپنے اور چچازادوں کے سردار کو اور اپنے نبیؐ سیدالانبیاءؐ کے بیٹے کو تنہا چھوڑ دیا تھا۔ اور ہم لوگ اُن کے ہمراہ شمشیر بکف جنگ نہ کر سکے۔ اور ہم سینوں پر تیر کھانے اور نیزوں کی مار سے ڈر کر بھاگ آئے تھے۔ اور ہم نہیں سمجھتے اور کیا کیا الزامات عائد ہوں گے۔ واللہ ہم ہرگز یہاں سے نہ ٹلیں گے۔ اور اپنا سب کچھ جان و مال و اولاد و اہل و عیال سب آپ کے اوپر قربان کر دیں گے۔ اور آپ کی حمایت میں اس وقت تک شمشیر زنی کریں گے جب تک اسی حالت میں داخل نہ ہو جائیں جس میں آپ کا داخلہ طے شدہ ہے۔ خدا آپ کے بعد زندہ رہنے والوں کی زندگی کو بدترین زندگی بنا دے۔ (اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔ صفحہ 247-246)

وفی الملهوف ثُمَّ قام مسلم بن عوسجة وقال نحن نخلّیک هٰكذا وننصرف عنک وقداحاط بک هذا العدوّ؟ لا و اللّٰه لایرانی اللّٰه ابدًا حتّٰی اکسر فی صدورهم رمحی واضاربهم بسیفی ماثبت قائمته بیدی ولو لم یکن لی سلاح اقاتلهم به لقذفتهم بالحجارة ولم افارقک واموت معک ۔وعن الارشاد و اللّٰه لانخلّیک حتٰی یعلم اللّٰه اِنَّا قدحفظنا غیبة رسوؐل اللّٰه فیک و اللّٰه لو علمتُ اَنّی اقتل ثم احیٰی ثم احرق ثم احیی ثُمَّ اذرئی یفُعَلُ ذلک بی سبعین مرّة مافارقتک حتی القی حمامی دونک وکیف لا افعل ذلک وانما هی قتلة واحدة ثمّ هِیَ الکرامة الّتی لا انقضاء لهاابدًا. (ایضاً صفحہ 247)

"کتاب ملھوف کی رو سے پھر مسلمؑ بن عوسجہ اُٹھے اور عرض کیا کہ کیا ہم آپ کو اِن دشمنانِ خدا میں گھرا ہوا چھوڑ کر جا سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں۔ قسم بخدا ہرگز نہیں۔ اللہ ہمیں کبھی ایسا دن نہ دکھائے البتہ میں تو باز نہ آؤں گا یہاں تک کہ میں اُن کے سینوں میں اپنے نیزہ کی اَنی کو توڑ دوں اور میں اس وقت تک شمشیر زنی کرتا رہوں گا جب تک میری تلوار کا قبضہ میرے ہاتھ میں رہے گا۔ اور اگر میرے پاس اسلحہ نہ رہیگا تو میں اُن سے پتھر مار مار کر جنگ جاری رکھوں گا۔ اور مرنے سے پہلے آپ سے جُدا نہ ہوں گا۔ آپ کے ساتھ جیوں گا آپ کے ہمراہ مروں گا۔ کتاب ارشاد میں ہے کہ مسلمؑ بن عوسجہ نے یوں کہا تھا کہ خدا کی قسم ہم لوگ ہرگز آپ کو اُس وقت تک نہ چھوڑیں گے جب تک اللہ کو یہ نہ دکھا دیں کہ ہم نے رسولؐ اللہ کی موجودگی آپؑ کے وجود سے ثابت کر دی ہے اور اگر مجھے علم بھی ہو جائے کہ مجھے قتل کیا جائے گا اور پھر زندہ کر کے آگ میں جلا دیا جائے گا۔ اور پھر زندہ کر کے ذرّوں میں تبدیل کیا جائے گا۔ اور یہ کہ میرے ساتھ لاتعداد مرتبہ ایسا کیا جاتا رہے گا۔ تب بھی میں آپ سے جدا نہ ہوں گا۔ یہاں تک کہ میں اپنی زندگی بہترین صورت میں آپ کے اوپر قربان نہ کر دوں اور میں ایسا کیوں نہ کر گزروں جبکہ یہ صرف ایک دفعہ قتل ہو کر ایسی عظیم الشان زندگی مل جانے کا ذریعہ ہے جو کبھی ختم نہ ہو گی؟ (اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔ صفحہ 247)

اور کتاب ملھوف میں باکل یہی بیان جناب سعید بن عبداللہ الحنفی نے دیا تھا۔ اور یہ بھی کہا تھا کہ میں آپؑ کی ذات میں رسولؐ اللہ کی حفاظت کا ثبوت دوں گا (حتّٰی یعلم اللّٰہ انّا قد حفظنا فیک رسوؐل اللّٰہ) اور آپ کے قتل کو رسول اللہ کا قتل ثابت کرونگا۔

ثـمّ قـام زھیر بن القین وقال واللّٰہ یابن رسوؐل اللّٰہ لو ودت اَنّی قتلتُ ثمّ نشرت الف مرّۃ وَاَنّ اللّٰہ تعالیٰ قدرفع عنک القتل وعن ھٰؤُلآء الفتیۃ مِن اخوتک وولدک واھل بیتک۔ قال و تکلّم جماعۃ من اصحابہ بنحو ذلک۔ وقالوا انفسنا لک الفداء نقیک بایدینا ووجوھنا فاذا نحن قتلنا بَیْنَ یدیک تکون قدوفینا لربنا وقضینا ماعلینا۔'' (ایضاً)

اس کے بعد زہیر بن قین اٹھے اور عرض کیا کہ مجھے یہ بہت محبوب ہے کہ مجھے ہزار بار قتل کیا جائے اور اللہ آپ کو اور آپ کے اہلؑ بیت کو اور آپ کے نوخیز و نوجوان وجوان بھائیوں اور بیٹوں کو بچالے۔ اِسی طرح تمام صحابہ نے بیانات دیئے اور کہا کہ ہماری زندگیاں آپ کے اوپر قربان ہوجائیں تو ہم سمجھیں گے کہ ہم نے اپنے پروردگار سے وفاداری کا ثبوت دے دیا اور جوفرض ہم پر عائد تھا اُسے ادا کر دیا ہے۔ (اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔ صفحہ 247)

(2)۔ شہدؑائے کربلا کے بیانات پر اُنہیں وہ آنکھیں عطا کردیں کہ سارا مستقبل سامنے آ گیا

وفـی الخرائج مسندًا عن ابی حمزۃ الثمالی عن علی بن الحسین زین العابدین علیھما السلام کنت مع ابی فی اللیلۃ الّتی قتل فی صبیـحتھـا فـقال لاصحابہ ھذہ اللیلۃ فاتخذوھا جملًا فَاِنّ القوم انما یریدوننی ولو قتلونی لم یلتفتوا الیکم وانتم فی حِلٍ وسعۃ۔ فـقالوا لا واللّٰہ لایکون ھذا ابدًا۔ فـقـال عـلیـہ الـسلام انّکم تقتلون غدًا کُلّکُمْ لایفلت منکم رجل قالوا الحمدللّٰہ الذی شرفنا بالقتل معک۔ ثُـمَّ دعاوقال لَھُمْ ارفعوارؤسکم وانظروا۔ فَـجَـعَـلُوْاینظرون الیٰ مواضعھم ومنازلھم من الجنّۃِ وھُوَّ یقول لَھُمْ ھذا منزلک یافلان وھذا قصرک یافلان وھذہ زوجتکَ یافلان۔ فکان الرجل یستقبل الرماح والسیوف بصدرہ ووجھہ لیصل اِلیٰ مـنـزلـہ مِنَ الجنۃ وعن العلامۃ مسندًا عن عمارۃ عن الصادق علیہ السلام عن اصحاب الحسین واقدامھم علی الموت فقال انّھم کشف لھـم الغطاء حتّٰی راوا منازلھم مِن الجنۃ فکان الرجل منھم یقدم عَلَی القتل لیبادر الیٰ حُوراء یعانقھا والی مکانہ مِن الجنۃ۔ (اکسر العبادات فی اسرار الشھادات۔ صفحہ 247)

کتاب الخرائج میں ابی حمزہ سے روایت ہے کہ جناب امام زینؑ العابدین نے فرمایا کہ اُس رات کو جس کی صبح امام حسین علیہ السلام شہید ہوجائیں گے میں آپ کے ہمراہ تھا۔ جب آپ نے اپنے تمام صحابہؓ کو جمع کیا اور فرمایا کہ آپ لوگ اس رات کے پردہ میں یہاں سے رخصت ہوجاؤ۔ تمہیں میری طرف سے پورا اختیار اور اجازت حاصل ہے۔ اس لئے کہ اِن لوگوں کا مقصد صرف مجھے قتل کر دینا ہے۔ یہ تمہاری راہ میں حارج نہ ہوں گے۔ صحابہؓ نے یہ سن کر کہا کہ خدا کی قسم یہ بات ممکن ہی نہیں ہے کہ ہم آپ کو تنہا چھوڑ کر چل دیں۔ امامؑ نے فرمایا کہ یہ سن لو کہ تم میں سے کل کوئی شخص بھی زندہ نہ بچے گا سب قتل کر دیئے جاؤ گے۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ آپ کے صدقہ میں قتل ہوجانا دنیا کا سب سے بڑا شرف و بزرگی ہے۔ جس پر ہم اللہ کی حمد وثنا اور شکر بجالاتے ہیں۔ امامؑ نے صحابہ کا یہ استقلال اور جذبہ قربانی کی یہ انتہا دیکھ لی تو فرمایا کہ اچھا اب تم سر اُٹھا کر ذرا اپنا اپنا مقام دیکھ لو۔ یہ فرمانا تھا کہ تمام صحابہ کو جنت میں اُن کا مقام بلند اور مکانات اور تمام متعلقات نظر آنے لگے۔ اور امامؑ نام بنام فرماتے اور بتاتے جارہے تھے کہ وہ مکان تمہارا ہے۔ وہ محل تمہارے لئے

ہے۔اور یہ تمہاری زوجہ ہے۔ یہ دیکھ دیکھ کر ہر آدمی چاہتا تھا کہ جلدی سے تلوار یا نیزہ اُس کے سینے سے پار نکل جائے۔تا کہ وہ جنت میں جلدی سے جا پہنچے۔اور علامہ نے عمارہ سے روایت کیا ہے کہ امام جعفرؑ صادق فرماتے تھے کہ امام حسینؑ کے صحابہ کو موت سے بے خوف ہو کر مرنے میں عجلت کرنا اور ایک دوسرے پر سبقت میں کوشاں ہونا اِس لئے بھی تھا کہ اُن کے سامنے سے غیب کے پردے ہٹا دیئے گئے تھے اور انہوں نے جنت میں اپنا اپنا ٹھکانہ دیکھ لیا تھا۔ وہ سامنے کھڑی ہوئی حوروں سے گلے ملنے کے لئے بے چین تھے۔اس لئے انہوں نے نہایت بے جگری اور خوشی خوشی سے خود کو قربان کر دیا تھا۔(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔صفحہ 247)

(3)۔ **نہ بعد کربلا قربانی بند ہوئی نہ امامؑ زمانہ نے انعام بند کیا ہے**

عزاداران وسوگوارانِ حسین علیہ السلام خاص طور پر غور سے سنیں کہ سانحہ کربلا کے بعد آئمہ علیہم السلام نے دشمنانِ اسلام کے مقابلہ میں بنفس نفیس تیغ بکف میدان جنگ میں نہ آنا طے کرلیا تھا۔اس لئے کہ یہ مادی شکست مادی وسائل فراہم نہ کرنے کی بنا پر ہوئی تھی۔ یہ مومنین کا فریضہ تھا کہ وہ تمام مل کر مادی وسائل فراہم کرتے اور خانوادہ رسوؐل اور امام زمانہ حسین علیہ السلام کا مادی تحفظ کرتے۔ جس طرح یزید وابن زیاد نے لاکھوں کی تعداد میں افواج واسلحہ میدان میں بھیجے، راہیں بند کیں اور وہ سب کچھ کیا جس سے خانوادہ رسوؐل دنیا سے مٹ کر رہ جائے۔اُسی طرح جہاں جہاں مومنین موجود تھے اور جہاں جہاں ماہ رجب سے لے کر ماہ ذی الحجہ (چھ ماہ) تک اطلاع پہنچی تھی۔ وہاں وہاں سے مومنین اُسی طرح نکل نکل کر فداکاری کے لئے کربلا میں آتے جس طرح کوفہ سے سینکڑوں شیعہ مومنین آئے اور شہید ہوئے۔ حالانکہ کوفہ کی طرح کہیں اور مارشل لا نافذ نہ تھا۔ بڑے راستے اگر بند تھے تو چھوٹے راستوں سے آتے۔ جماعت کی صورت میں آنا بند تھا تو فرداً فرداً ایک ایک دو دو کر کے پہنچتے۔لیکن کوفہ کے علاوہ تمام واقف کار مسلمان مکہ و مدینہ اور دیگر شہروں میں بیٹھے رہے۔کھاتے پیتے اور عیش مناتے رہے۔نمازیں پڑھتے اور خود کو صحیح دین اسلام پر فائز سمجھتے رہے۔لیکن کربلا کے میدان میں اُن سب کا اہلِ باطل اور اسلام سے خارج ہونا ثابت کر دیا گیا۔اُن کی عبادتیں اور نمازیں ہمیشہ کے لئے ضائع ہو گئیں۔اور حق و باطل یا اسلام و کفر میں ایک بیّن فرق اور تمیز قائم کی گئی۔اور یہ قدرتی اور فطری طور پر طے پا گیا کہ اب ہر امام عصر علیہ السلام خود کو قومی وملکی حکومت کے یزیدی جانشینوں سے محفوظ رکھے اور مومنین میں وہ جذبہ پیدا کرے جو کربلا کے مجاہدین میں موجود تھا اور آئندہ مومنین کو قتل عام سے محفوظ رکھ کر ایسے محفوظ اقدامات کی تعلیم دے جن سے اس مستبد اور غاصب حکومت کو بتدریج ختم کیا جا سکے۔ چنانچہ یہ عرض کیا جا چکا کہ کوفہ ہی سے وہ تحریک اُٹھی تھی۔جس نے نام نہاد اسلامی مملکت کی اینٹ سے اینٹ بجا دی تھی۔اگر یہ سلسلہ اُسی صورت میں چلتا رہتا تو نہ بارہویں امام علیہ السلام کو غیبت کبریٰ کا اعلان کرنا پڑتا نہ مومنین کو بعد کی ذلت وخواری اور خاطی قیادت کی بیڑیاں پہننا پڑتیں۔لیکن دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ نے رفتہ رفتہ نظام اجتہاد کو شیعوں پر مسلط کر کے اُن کا جز و مذہب بنا دیا اور یوں ملت شیعہ سینکڑوں مجتہدین کی تقلید میں ہزاروں ٹکڑوں اور جماعتوں میں بکھر گئی اور مرکزیت کی لفظ تک کو بھول گئی۔ بلکہ اُن کے خاطی اور دشمن اسلام قائدین نے اُن لوگوں اور جماعتوں پر کفر والحاد کے فتاویٰ جڑنا شروع کر دیئے جو حکومتوں سے برسر پیکار تھے۔اور یہی مقصد تھا شیعوں میں نظام اجتہاد قائم کرنے کا کہ دشمن حکومتوں کو داخلی تعاون ملے اور شیعوں کو خود شیعہ لیبل کے علما حکومتوں کے خلاف تیغ آزما رہنے سے روک دیں۔ چنانچہ حکومت مصر جو خالصتاً شیعہ

حکومت تھی کے خلاف بدمذہبی اور بدنسبی کا فتویٰ دیا گیا۔اور تمام علمائے شیعہ نے دستخط کیئے اور یوں مخالف مذہب کے علما کی تائید کی۔ صرف جناب علامہ سید رضی (مرتّب نہج البلاغہ رضی اللہ عنہ) باقی رہ گئے تھے۔اور سُنّی محضر پر دستخط اور تصدیق کرنے سے انکار کردیا تھا۔ اورحکومت وقت سے ٹکر لینے کی بنا پر زہر سے شہید کردیئے گئے تھے۔ بہرحال جب نظام اجتہاد نے شیعوں کو بھی اسی قسم کی زندگی اور اُسی قسم کی عبادتوں اور روزہ نماز میں لگا کر مطمئن کردیا۔جس قسم کی زندگی مخالف علما اور مخالف حکومتوں کے مذہب نے رائج کی تھی۔اور بجائے معصومؑ قیادت واطاعت کے،خطاکاروں کی قیادت وتقلید شیعوں پر مسلط ہوگئی توامام زمانہ علیہ السلام اور اُن کا نظام پردہ غیبت میں چلا گیا اورشیعوں کو مجتہدین کے حوالہ کردیا گیا۔ جہاں مذہبی اسپرٹ اور مذہبی تحقیق اور مذہبی مقاصد کو اندھی تقلید کی چھری سے ذبح کردیا گیا۔ صرف شہادت حسین علیہ السلام اور عزاداری باقی رہ گئی۔جس سے مذہب معصومین علیہ السلام کے آثار وجذبات باقی رہتے چلے آئے۔ لیکن رفتہ رفتہ عزاداری کو بھی تبدیل کردیا گیا۔اور آج جو رسومات عزاداری اور طریق عزا نظر آتا ہے یہ وہ نہیں جو سو سال پہلے تھا۔ بزرگوں سے معلوم کرکے دیکھو اور جو طرزعمل سو سال پہلے تھا وہ وہ نہیں تھا جو اس سے پہلی صدی میں تھا۔یعنی رفتہ رفتہ بدعت وشرک والحاد کا ایسا شوروغوغا مچایا گیا کہ تمام وہ رواسم ختم ہوگئے جن سے قلوب میں انقلاب پیدا ہوتا تھا۔ پھر یہ عزاداری جو ہندوپاکستان میں ہے۔ یہ ایران میں مفقود ہے۔اس لئے کہ وہ مجتہدین کا گڑھ ہے۔ وہاں شیعہ مذہب کا نام اور شور تو ملتا ہے۔لیکن شیعہ مذہب کا کام اور مقصد تبدیل کردیا گیاہے۔حد یہ ہے کہ ہمارے مخالفین مُلاّ حضرات ایران کی مثال دے کر کہتے ہیں کہ یہاں بھی ویسی ہی عزاداری ہونا چاہئے جیسی ایران میں ہوتی ہے۔یعنی نہیں ہوتی ہے۔لہٰذا اس مثال سے وہ یہاں عزاداری کو بند کرانے میں زبانی،تحریری اور عدالتی ہمہ قسمی کوششیں کرتے چلے آرہے ہیں۔اور ہر صوبہ میں ہمارے خلاف مقدمات دائر ہیں۔لیکن مجتہد خوش ہیں۔اُن کا مقصد یہی تھا کہ وہ رفتہ رفتہ ملت شیعہ کو یزیدی حکومت کے مذہب پر لگادیں یا کم ازکم جذبۂ فداکاری اور عاقبت اندیشی اور ذاتی تحقیق وتجسّس اور ترقی کو ختم کردیں تو دیکھ لیں کہ یہ تمام چیزیں ختم ہوگئی ہیں۔نماز روزہ کہیں کہیں باقی ہے۔لیکن ننانویں اعشاریہ نو فیصد نمازی جو کچھ نماز اور زیارتوں میں پڑھتے ہیں وہ طوطے کی طرح رَٹا ہوا ہوتا ہے۔ وہ یہ نہیں سمجھتے کہ ہم کیا پڑھ رہے یا کیا کہہ رہے ہیں؟ تحفۃ العوام سے بھی ننانویں فیصد شیعوں کو واقفیت نہیں ہے۔مسلمانوں میں پوری ملت کا کوئی مقام نہیں ہے۔ مسلمہ حقوق نہیں ہیں۔اُن کے نام نہاد لیڈر دودو تین تین ہزار روپیہ ماہوار پر بِکے ہوئے ہیں (نوٹ: مصنف کی یہ تحریر 1977 عیسوی کی ہے۔ناشر)۔ دوتین ہزار انجمنیں اور ادارے ہیں۔اور آپس میں مذہب اور مساجد اور امام باڑوں کے نام پر لڑتے رہنا اور قتل تک کرگزرنا روزمرہ کا معمول ہے۔غداروں کے ہاتھ بک جانا، پوری قوم کا سودا کرلینا ابھی دوتین ہفتہ کی بات ہے۔ بہرحال کہنا اس قدر تھا کہ اگر آج کوئی مومن اپنی جان ومال واہل وعیال کو امامؑ زمانہ کے مقاصد کی انجام دہی میں لگانے کا تہیہ کرلے تو امام علیہ السلام کی طرف سے اُس کی مدد ونصرت ہرلحہ منتظر ہے۔ وہ امام حسین علیہ السلام کے بعد برابر جاری رہی ہے۔(ملاحظہ فرمائیں کتاب ''اسلام میں نظام ہدایت وتقلید'')

(4)۔ شہدائے کربلا علیھم السلام کا مقام رسولؐ اللہ کی زبانی رسولؐ اللہ کے بھائی

رسولؐ اللہ پر جن حضرات کا غم طاری رہتا تھا، جن سے شوقِ ملاقات کے لئے سرورکائناتؐ بے چین رہتے تھے اور جن کے لئے

مالکؐ دوجہاں تفکّر فرمایا کرتے تھے۔ وہ اصحابِ حسین علیھم السلام تھے۔ چنانچہ جناب علامہ صدوق رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ہے کہ:۔

''ان الصدوق قد روی مرفوعًا الی النبی صلی اللّٰہ علیه وآله وسلم قال ا تدرون ماغمّی وفی ایّ شیءٍ تفکّری والٰی ای شیءٍ اشتاق؟ قال اصحابهُ لا یارسولؐ اللّٰہ ماعلمنا بهذا مِن شیءٍ۔اخبرنا بغمّک وتفکّرک وتشّوقک ۔ قال النبیؐ اخبرکم انشاء اللّٰہ ۔ثمّ تنفس فقال هاه شوقًا الٰی اخوانی من بعدی۔ فقال ابوذر یارسوؐل اللّٰہ لسنا اخوانک قال صلی اللّٰہ علیه وآله لا وانتم اصحابی ۔ واخوانی یجیؤُن مِن بعدی ۔شانهم شان الانبیآء قوم یفرّون من الاباء والامهات ومن الاخوة والاخوات ومِن القراباتِ ۔کُلّهم ابتغاء مرضات اللّٰه یترکون المال لِلّٰہِ ویذلّون انفسهم بالتواضع للّٰہِ لایرغبون فی الشهوات وفضول الدنیا مجتمعون فی بیت مِن بیوت اللّٰہ کاَنَّهم غرباء ۔تریهم محزونین لخوف النار وحُبّ الجنة ۔ فمن یعلم قدرهم عند اللّٰہ ۔ لیس بینهم قرابة ولا مال یعطون بعضهم لبعض اشفق مِن الابن علَی الوالد، والوالد علی الولد، والاخ عَلَی الاخ ۔ هاه شوقًا الیهم ویفرغون انفسهم مِن کدّالدنیا ونعیمها بنجاة انفسهم مِن عذاب الابد و دخول الجنة لمرضات اللّٰہ؛

واعلم یااباذرانّ للواحد منهم اجرسبعین بدریًا یااباذر واحد منهم اکرم علَی اللّٰہ مِن کل شَیُءٍ خلق اللّٰہ علی وجه الارض۔ یااباذر قلوبهم الی اللّٰہ و عملهم للّٰہ ۔لومرض احدهم له فضل عبادة الف سنة صیام نهارها وقیام لیلها واِن شئت حتّی ازیدک یااباذر ؟ قلت نعم یارسوؐل اللّٰہ زدنا ۔ قال لوان احدًا منهم اذا مات فکانّما مات مَن فی الدنیا من فضله عَلَی اللّٰہ۔ وَاِن شِئُتَ ازیدک قلت نعم یارسوؐل اللّٰہ زدنی ۔قال یااباذرلو اَنّ احدهم یؤذیه قمّلة فی ثیابه فله عند اللّٰہ اجراربعین عمرة واربعین حجّة واربعین غزوة وعتق اربعین نسمة مِن ولد اسماعیل ویدخل واحدمنهم اثنی عشرالفًا فی شفاعته ۔فقلت سبحان اللّٰہ مارحمه بخلقه والطفه واکرمه علٰی خلقه ۔فقال النبیؐ أ تعجبون مِن قولی؟ وان شئتم حتّٰی ازیدکم ؟ قال ابو ذرنعم یارسوؐل اللّٰہ زدنا ۔فقال النبیؐ یااباذر لَوُاَنّ احدًا مِنهم اُشتهی شَهوة مِن شهوات الدنیا فیصبرولا یطلبها کان له من الاجر بذکر اهله ثم یغتّم ویتنفس کتب اللّٰه بکل نفس الفی الفی حسنة ومحٰی عنه الفی الفی سیٔة ورفع له الفی الفی درجة ۔وان شئت حتّٰی ازیدک یااباذر؟ قلت جیبی رسوؐل اللّٰہ زدنی ۔ قال لَوُ انّ احدًا منهم یصبر مع اصحابه لایقطعهم و یصبر فی مثل جوعهم و فی مثل غمهم کان له من الاجر کاجر سبعین مِمَّنُ غزا معی غزوة تبوک اِلٰی اَنُ قال ثمّ قال المقصّر منهم افضل عند اللّٰہ مِن الف مجتهد مِن غیرهم، یااباذر ضحکهم عبادة وفرحهم تسبیح ونومهم صدقة وانفا سهم جهادوینظراللّٰہ الیهم فی کل یوم ثلث مرّات ۔ یااباذر اِنّی اِلَیُهِمُ لمشتاق ثُمّ غمّض عَیُنَیُهِ وبکی شوقًا ثُمَّ قال اَللّٰهُمَّ احفظهم وانصرهم علٰی من خالف علیهم ولا تخذلهم واقرّعینی بِهِم یوم القیٰمة اَلآاِنَّ اَوُلِیَاء اللّٰہِ لا خَوُفٌ عَلَیُهِمُ وَلَا هُمُ یَحُزَنُون .''(یونس10/62)(اکسیر العبادات صفحہ 254-253)

''رسولؐ اللہ نے اپنے صحابہ سے دریافت فرمایا کہ کیا تم یہ سمجھے ہو کہ مجھے کس چیز کا غم رہا کرتا ہے؟ میں کس معاملہ میں غور وفکر میں ڈوبا رہتا ہوں اور یہ کہ میں کس چیز کا مشتاق ہوں۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ یارسولؐ اللہ ہمیں ازخود اس کا علم نہیں ہوسکا۔ برائے نوازش آپ ہمیں اپنے غم وفکر وشوق پر مطلع فرمائیے۔ رسولؐ اللہ نے فرمایا کہ انشاءاللہ ابھی بتاتا ہوں۔

اسکے بعد آپؐ نے ایک آہ سرد بھری اور فرمایا کہ مجھے اپنے اُن بھائیوں کا اشتیاق ہے جو میرے بعد ہوں گے۔ اس پر ابوذرؓ نے عرض کیا کہ یارسولؐ اللہ کیا ہم آپ کے بھائی نہیں ہیں۔ فرمایا کہ نہیں تم بھائی نہیں بلکہ میرے صحابی ہو۔ میرے وہ بھائی تو میرے بعد

آنیوالے ہیں۔اُن کی شان وہی ہے جو انبیاؑ کی شان ہوتی ہے۔ وہ ایک ایسی قوم ہے جو اپنے ماں باپ اور بہن بھائیوں اور تمام اعزہ واقربا کو چھوڑ کر اللہ کی رضا جوئی کیلئے بھاگ کھڑے ہوں گے۔ وہ اللہ کے مقابلہ میں مال ودولت ترک کر دینگے۔ اللہ کے دین کی عزت بڑھانے کیلئے اپنے لئے ذلت اختیار کرلیں گے۔ دنیا کی فضول چیز اور لذتوں میں کوئی دلچسپی نہ لیں گے۔ وہ غریب ونادار لوگوں کی طرح تمام مکانات کو چھوڑ کر اللہ کے ایک گھر میں ایک ہی کنبہ کی طرح جمع ہو جائیں گے۔جہنم کے خوف اور جنت کی محبت کے بارے میں وہ لوگ فکر مند رہتے ہیں۔ اللہ کے یہاں اُن کی جو قدر و قیمت ہے اُسے کون جان سکتا ہے۔اُن میں آپس میں کوئی جذباتی رشتہ داری نہیں ہے۔ اسکے باوجود وہ آپس میں ایک دوسرے سے سلوک کرنے میں اُس سے بھی کہیں بڑھ کر ہیں جو ایک باپ یا ایک بھائی اپنے بیٹے اور بھائی سے کرتا ہے یا ایک بیٹا اپنے باپ سے کرتا ہے۔ میرا اشتیاق اسی عمل کی بنا پر ہے کہ اُنہوں نے دنیا کے اُلجھاؤ سے خود کو فارغ کرلیا ہے اور دنیا کی نعمتوں کو اسلئے نظرانداز کردیا ہے کہ وہ جہنم سے محفوظ رہ کر اللہ کی رضامندیاں اور ابدی جنت حاصل کرلیں۔

اور اے ابوذرؓ! یہ جان لو کہ اُن میں کا ہر شخص جنگ بدر کے ستر مومن مجاہدوں کے برابر درجہ رکھتا ہے اور اللہ نے جتنی مخلوق پیدا کی ہے اُس سے اُن میں کا ہر شخص اللہ کو زیادہ پسند ہے۔ اے ابوذر! اُن کے دل اللہ سے وابستہ ہیں۔ اُن کے اعمال صرف اللہ کیلئے مخصوص ہیں۔ اگر اُن میں سے کوئی بیمار ہو جائے تو اُنکو دن میں روزہ اور رات بھر کھڑے ہو کر عبادت کرنے والے کا ایک ہزار سال کا فاضل ثواب دیا جائے گا۔ اور اگر تم چاہو تو اے ابوذر میں کچھ مزید فضیلت بیان کروں۔ میں نے کہا کہ ضرور بتائیں یارسولؐ اللہ۔ فرمایا کہ اگر اُن میں سے کوئی ایک مریگا تو گویا ساری مخلوق کے مرنے کے برابر شمار کیا جاتا ہے۔ اگر کہو تو اور بیان کروں؟ عرض کیا کہ فرمائیے۔ فرمایا کہ اے ابوذرؓ اگر اُن میں سے کسی کو اتنی ایذا بھی پہنچ جائے جتنی ایک جُوں کے کاٹنے سے ہوتی ہے۔ تو اللہ کے یہاں اُس کے بدلے میں چالیس حج اور چالیس عمرے کرنے اور چالیس جہاد کرنے اور حضرت اسماعیلؑ کی اولاد کے چالیس غلاموں کو آزاد کرانے کا اجر ہے۔ اور اُنکو بارہ ہزار انسانوں کی شفاعت کا حق دیا جاتا ہے۔ میں نے کہا سبحان اللہ، اللہ اس قدر تو کسی بھی مخلوق پر مہربان اور کرم ونوازش کرنے والا نہیں جتنا اُن لوگوں پر ہے۔ رسولؐ نے کہا کہ کیا تم میری باتوں پر تعجب کرتے ہو؟ اگر چاہو تو میں ابھی اور فضیلت بیان کروں۔ ابوذرؓ نے کہا یارسولؐ اللہ اور بیان فرمایئے۔ نبیؐ نے فرمایا اے ابوذرؓ اگر اُن میں سے کسی کو دنیا کی چیزوں میں سے کسی لذیذ چیز کی خواہش ہو اور وہ صبر کرے اور اُسے حاصل نہ کرے تو اُسکو ایک تو وہ اجر ملے گا جو اس شخص کو ملے گا جسے وہ چیز حاصل ہو۔ پھر اس کیلئے ہر سانس پر چالیس لاکھ نیکیاں اللہ لکھے گا اور چالیس لاکھ بُرائیاں اس کی مٹاتا رہے گا اور اسی طرح ہر سانس پر چالیس لاکھ درجے بلند کرتا جائے گا۔ اگر کہو تو اور بیان کروں؟ میں نے کہا اے میرے حبیب بیان فرمائیں۔ فرمایا کہ اگر اُن میں سے کوئی ایک اپنے ساتھیوں کے ساتھ صبر میں ہم آہنگ رہے مثلاً بھوک اور غم میں ساتھ دے تو اُسے اُن ستر مجاہدوں کا ثواب ملے گا جو کہ غزوہ تبوک میں میرے ساتھ ثابت قدم رہے تھے۔ یہاں تک کہ یہ بھی فرمایا کہ اُن میں کا وہ شخص جو بالکل کوشش نہ کرے وہ دوسرے مومنین میں سے ایک ہزار کوشش کرنے والوں کے برابر ہوگا۔ اے ابوؓذر اُن کا ہنسنا بھی عبادت ہے۔ اُنکی مسرت مسلسل تسبیح کے مانند ہے۔ اُنکا سونا ہر وقت صدقہ کرنے کے برابر ہے اور ہر روز اللہ اُن پر تین مرتبہ نظر کرم کرتا ہے۔ اے ابوؓذر یقیناً میں ایسے ہی بھائیوں کا مشتاق ہوں پھر اُن کی آنکھیں ڈبڈبا گئیں اور شدت

شوق میں آخرکار رونے لگے اور دُعا کی کہ یا اللہ انہیں اُنکے مخالفوں کے مقابلہ میں تحفظ ونصرت عطا فرمانا، انہیں شرمسار نہ کرنا اور قیامت کے روز انکی زیارت سے میری آنکھیں ٹھنڈی کرنا۔ خبردار اے لوگو اللہ کے ولی نہ خوف زدہ ہوتے ہیں نہ اُن پر کوئی پریشانی حاوی ہوتی ہے (سورہ یونس 10/62)۔'' (اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔ صفحہ 354-353)

قارئین یاد کریں کہ امام حسین علیہ السلام نے آنحضرتؐ کی مندرجہ بالا حدیث کی طرف راہنمائی فرمائی تھی جب کہا تھا کہ میرے صحابہؓ اور اہلبیتؑ سے بڑھ کر کسی کے صحابہؓ اور اہلِ بیتؑ نہیں ہیں۔

(5)۔ شہدائے کربلا کو نیزہ وشمشیر وسنان وتیروں کی بارش کوئی دُکھ نہ پہنچا سکی

مومنین نفسیات کے اُس فطری قانون کو سامنے لائیں جو رنج کو راحت میں، تکلیف کو مسرت میں اور درد کو لذت میں بدل دیتا ہے اور جو اُن حضرات سے تعلق رکھتا ہے جو محبت کی انتہا تک جا پہنچتے ہیں۔ جس کا الف فطری قانون سے شروع ہوتا ہے یعنی؛

رنج سے خوگر ہوا انسان تو مٹ جاتا ہے رنج ؎ مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں

عادت وہ ابتدائی چیز ہے کہ اگر پختہ ہو جائے تو آدمی جس چیز کا عادی یا خوگر ہو جائے تو وہ قوانین اُس پر کارگر اور اثر انداز نہیں ہوتے۔ جو غیر عادی اشخاص پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ مثلاً نشہ کا عادی انسان اپنے ہوش وحواس کو جس حالت میں بحال رکھتا ہے۔ وہاں اُس شخص کے ہوش وحواس ساتھ چھوڑ دیں گے جس نے کبھی نشہ نہ کیا ہو۔ اُسے نشہ آور چیز کی ذرا سی مقدار بدحواس کرسکتی ہے۔ اسی طرح بحران اور ہیجان وہنگاموں سے گزرتے رہنے والا شخص بڑی سے بڑی مشکل میں ڈٹ کر، ہوش وحواس کی درستگی بحال رکھ کر مشکل کے حل کا راستہ نکالتا ہے۔ لیکن ایک عام آدمی جسے آرام وآسودگی کی زندگی سے باہر نکلنے کا موقعہ نہیں ملا وہ ذرا سی خلاف مزاج وخلاف عادت بات کے سامنے بدحواس ہو جاتا ہے۔ پھر جس معاملہ پر ہم لکھ رہے ہیں یہ محمد وآل محمد صلوٰۃ اللہ علیہم کی محبت کا معاملہ ہے۔ پھر یہ محبت خواہ مخواہ یا حادثاتی نہیں۔ بلکہ یہ دیکھ کر خود بخود پیدا ہوتی ہے کہ وہ حضرات نوع انسان پر قربان ہو گئے۔ انسانی فلاح وبہبود کو قائم کرنے کے لئے اُن حضرات نے اپنی جان ومال واولاد واقربا اور گھربار سب نثار کر دیا۔ اُمت کی نجات سے زیادہ کسی اور چیز کو ترجیح نہیں دی۔ اور اُن کو اُن کے مقاصد سے باز رکھنے کے لئے رسولؐ کی قوم نے اُن پر ایسے مظالم اور تشدد جائز رکھے جن کو نہ مومن پسند کرتا ہے نہ کافر جائز سمجھتا ہے۔ یعنی محمدؐ وآل محمدؐ سے محبت دوہری محبت ہے یعنی اُن سے محبت پوری نوع انسان اور خود اپنی ذات کی اعلیٰ صفات سے محبت ہے۔ اور اس محبت میں مظلومی کی بنا پر دشمنانِ انسانیت سے نفرت وبغض وعداوت وانتقام کے شعلے بھی بھڑکنے لگتے ہیں۔ اور اس محبت کو حکمِ خداوندی اور اجرِ خداوندی روز افزوں قوت وشدت عطا کرتا جاتا ہے۔ یہ محبت قلب وذہن اور روح انسانی پر چھا جاتی ہے۔ یہ وجہ ہے کہ محبانِ محمدؐ وآل محمدؐ کسی تکلیف، کسی مصیبت اور کسی حادثہ پر بدحواس نہیں ہوتے۔ اُن کے سامنے محمدؐ وآل محمدؐ اور اُن کے انصار اور چاہنے والوں کی زندگیاں اور کردار رہتا ہے۔ اور اُن پر گزر جانے والے مصائب وشدائد کے سامنے ہر مصیبت ہیچ وحقیر معلوم ہوتی ہے۔ وہ صبر واستقامت وبرداشت اور جرأت میں اُس راہ پر چلنا چاہتے ہیں جو محمدؐ وآل محمدؐ نے چل کر دکھائی تھی۔ ہمارا زنجیر وتلوار وقمہ کا ماتم یہی دیکھنے اور دکھانے اور جانچنے کا ذریعہ ہے کہ آیا ہمارا دماغ ودل اور ہمارا جسم محبت محمدؐ وآل محمدؐ سے لبریز ہے یا نہیں۔ آیا ہمیں زنجیر وتلوار کی ضربیں

راحت پہنچاتی ہیں یا اُن سے ہمیں تکلیف ہوتی ہے اور آیا وہ محبت ہمارے زخموں کو بلا دوا مندمل کرتی ہے یا ہمیں مادی دواؤں کی احتیاج باقی ہے۔ جس منزل پر شہدائے کربلا تھے، ہمیں اُس کی تیاری وامتحان کے لئے یہ ماتم نہایت ضروری اور صحیح معیار ہے۔ اگر تلوار کی کاٹ میں ہمیں لذت ملے؟ اگر خون بہہ جانے کے بعد مادی کمزوری لاحق نہ ہو؟ اگر زخم صبح ہوتے ہی تندرست ہو جائیں تو یہ ثبوت ہے اللہ تعالیٰ کی تائید کا، محبت اہلبیتؑ کا اور ثبوت ہے معجزات اور ہمارے مذہب وعملدرآمد کے سوفیصد صحیح ہونے کا۔ ورنہ ایک پھانس، ایک ذراسی چوٹ کئی روز دکھتی اور پکتی ہے۔ یہ ہے وہ انقلاب جو محبان اہلبیت علیھم السلام میں پیدا ہوتا ہے۔ اور عام قانون فطرت اُن کا مطیع ہو جاتا ہے۔ اس حقیقت کو معصوم حدیث میں ملاحظہ فرمائیں:۔

"وفی الخرائج مسندًا عَن ابی جعفر علیه السلام ،قال الحسینؑ لاصحابه قبل اَن یقتل انّ رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وآله قال یا بُنَیّ انک ستساق اِلَی العراق وَهِیَ ارض قدالتقی بهاالنبیّوٗن واوصیاء النبیّینؑ وهِیَ ارض تدعی **عمورًا** وَانّک تستشهد بها ویستشهد معک جماعة من اصحابک لایجدون الم مسّ الحدید وتلی یانَارُ کونی بردًا وسلامًا علٰی ابراهیمؑ یکون الحرب علیک وعلیهم سلامًا فابشروا فواللّٰه لَئِنْ قتلونا فانّا نردعلٰی نبیّناً۔" (اکسیر صفحہ 248)

"کتاب الخرائج میں ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا تھا کہ امام حسینؑ نے اپنے صحابہ سے قبل شہادت فرمادیا تھا کہ مجھ سے رسوؐل اللہ نے فرمایا تھا کہ اے میرے بیٹے عنقریب تمہیں گھیر کر عراق کی طرف لے جائیں گے اور وہ، وہ زمین ہوگی جہاں نبیوںؑ اور نبیوںؑ کے اوصیاؑ زیارت کرتے رہے ہیں۔ اور اُس سرزمین کو **عموریہ** کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ یقیناً تم اُس زمین پر شہید کئے جاؤ گے اور تمہارے ساتھ تمہارے صحابہ کی ایک جماعت بھی شہید کی جائے گی۔ تمہیں اور اُنہیں لوہے (کی تلواروں، برچھیوں، نیزوں اور تیروں) سے دُکھ نہ پہنچے گا۔ تم یہ پڑھ دینا کہ اَے آگ تو ابراہیمؑ پر ٹھنڈی اور سلامت رکھنے والی بن جا۔ تو وہ جنگ تم پر اور تمہارے صحابہ پر سلامتی کا سبب بن جائے گی۔ لہٰذا تم سب کو میری طرف سے مبارکباد اور بشارت ہو۔ خدا کی قسم ہمارے قتل سے ہم یقیناً اپنے نبیؐ کے ساتھ وارد ہوں گے۔"

یہاں محبان اہلبیتؑ نوٹ کرلیں کہ مادی ترقی اور قانون کی تعمیل کے ساتھ ساتھ اگر مذکورہ آیت (انبیاء 21/69) بھی پڑھ لی جائے تو محبت کی طاقت لامحدود ہو جاتی ہے۔ چنانچہ آپ ماتم سے پہلے یہ آیت ضرور پڑھ لیا کریں تا کہ جذبۂ فداکاری تائید ربانی اور ابراہیمؑ واسماعیلؑ کی دعائیں تمہیں امن وسلامتی کے آغوش میں لے لیں۔ اور حیاتِ ابدی عطا کر دیں۔

39۔ کربلا میں حسینیؑ قربانیاں

قبل اس کے کہ ہم انسانی تاریخ کا وہ آخری کارنامہ پیش کریں۔ جس نے نوعِ انسان کو ہر جبر واستبداد کا کامیاب مقابلہ کرنا سکھایا۔ جس نے راہِ رسم ووفا کی انتہائی معراج سامنے رکھ دی۔ جس نے موت ایسی تلخ حقیقت کو آسان وشیرین بنادیا۔ جس نے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاؑ کی مکمل تعلیم پر عمل کرنے والا ایک مقدس گروہ پیش کیا۔ جس میں ایسے مومنین دیکھے گئے جن کی مثل ونظیر سورج کی آنکھوں نے کبھی نہ دیکھی تھی۔ جس میں دودھ پیتے بچے سے لے کر عمر رسیدہ مرد اور خواتین موجود تھیں۔ مگر ہر سینہ میں صرف ایک دل اور ہر سَر میں صرف ایک دماغ بر سرِ عمل تھا۔ جو اپنے فکر وعمل میں قطعاً ہم آہنگ تھے۔ جنھوںؑ نے اپنی اطاعت ووفا شعاری کو ایسے معیار پر

پیش کیا کہ قوانینِ فطرت حیران وششدر رہ گئے۔ ملائکہؑ اور انبیاؑ انگشت بدنداں تھے۔ خود اُن کا راہنماؑ اُن پر فخر کرتا رہا۔ اللہ نے اُن کی مدح وثنا جاری رکھی اور اُنہیں پوری کائنات میں وہ مقام بلند عطا کیا۔ جو صرف اُن ہی کے شایانِ شان تھا۔ اُن کا صبر وضبط وتحمل واستقلال وجذبۂ فداکاری اپنی مثال آپ ہے۔

(39/2)۔ واقعاتِ کربلا کے متعلق بیانات وروایات کا قرآنی معیار

مومنینِ کرام نوٹ فرمائیں کہ جس حکومت نے خانوادۂ رسولؐ کو مع سربراہِ اسلام بھوکا پیاسا تہہ تیغ کیا ہو؟ جس خلافت میں محمد وآل محمد صلوٰۃ اللہ علیھم کے ننھے ننھے بچوں اور بے بس وبیکس عورتوں پر رحم کرنا حرام ہو؟ جس کے مذہب میں خاندان رسولؐ اور علی مرتضیٰ علیہ السلام پر اُن کی زندگی میں اور بعد وفات بھی تمام مساجد کے منبروں سے تبرا اور لعنت کرنا ضروری ہو؟ جو حکومت عرب وعجم کے تمام ممالک میں اس لعنت کی رسم کو تریسٹھ سال (99ھ) تک جاری رکھے؟ جس حکومت کے عہد میں ایسے علما اور مفتی موجود ہوں جو امام حسین علیہ السلام کے قتل کا فتویٰ صادر کردیں۔ اُس حکومت کے لئے لازم تھا کہ خود کو بے قصور اور مجبور ثابت کرنے کے لئے اُن ہی مذکورہ قسم کے علما اور محدثین اور راویوں سے ایسی روایات تیار کرائے، ایسے قصے کتابوں میں لکھوائے جن سے اُسے آنے والی نسلیں بُرا نہ کہیں، جن میں قصور آلِ رسولؐ کا نکلے، جن سے علی وخاندانِ علی علیھم السلام کے فضائل کی نفی ہوتی ہو۔ لہٰذا ہر وہ روایت غلط اور مردود ہے جس میں مذکورہ خلافت وخلفا کی مدح یا طرفداری کا شبہ بھی پیدا ہوتا ہو۔ جس سے اہلبیت علیھم السلام کے مقام بلند میں کسی بھی قسم کا نقص نکلتا ہو۔ مثلاً ہر وہ روایت باطل ومردود ہے جس میں آئمہ اہلبیت علیھم السلام کو، محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عام انسانی سطح پر اتارنے کا وہم تک بھی موجود ہو۔ یا جس میں محمد وآل محمد علیھم السلام کو کسی بات یا واقعہ سے جاہل وناواقف دکھایا گیا ہو۔ خواہ ایسی روایات اور بیانات شیعہ راویوں یا شیعہ علما کے نام سے بیان کئے گئے ہوں یا خود شیعہ علما نے غلط فہمی کی بنا پر یا حکومت کے عالمگیر پروپیگنڈے سے متاثر ہوکر اپنی کتابوں میں لکھ لیا ہو یا نظامِ اجتہاد کے تیار کردہ شیعہ نما علما نے شیعوں کو فریب دینے کیلئے اپنی مصنوعی کتابوں میں درج کیا ہو۔ پھر وہ تمام روایات بھی مردود اور باطل ہیں۔ جن سے کربلا کے فداکاروں میں یا اہل حرمؑ میں کسی قسم کا اختلافِ رائے ظاہر ہوتا ہو یا جن روایات میں امام حسینؑ، بنی ہاشم یا صحابہ کا عاجزی کرنا ثابت ہوتا ہو۔ یا کسی خاتون اور کسی فداکار کا تکلیف اور پیاس کے سبب بے قرار ہوجانا اور دشمنوں کے روبرو فریاد کرنا ظاہر ہوتا ہو۔ مردوں یا عورتوں کا دشمنوں کے روبرو بے قرار ہوکر رونا بیان کرنے والی تمام روایات باطل ہیں۔ مثلاً علامہ اخوند مُلّا آقا ابن عابد بن رمضان جو اپنے زمانہ میں لفظ **فاضل دربندی** سے مشہور ومعروف تھے۔ اور علما سوء کی نظروں میں کانٹے کی طرح کھٹکتے تھے۔ اور اُن تمام علما کی کھل کر مذمت کرتے تھے جو فضائل محمد وآل محمد صلوٰۃ اللہ علیھم میں کسی قسم کی بھی کمی کرتے تھے۔ ایسے زبردست اور صحیح العقیدہ عالم نے اپنی بے مثل کتاب اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات میں دوتین جگہ ایسی روایات لکھ دی ہیں جس میں حضرت سکینہؑ یا دیگر اہل حرمؑ، امام حسینؑ سے گرفتاری سے بچنے کیلئے مدینہ بھیجنے کا تقاضا کرتے ہیں۔

علامہ رضی اللہ عنہ نے تمام ناپسندیدہ روایات کی بھرپُور اور مدلل تردید وابطال کیا ہے۔ مگر مذکورہ روایت کی نہ تردید کی اور نہ کسی ناگواری کا اظہار کیا۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ علامہ نے اُس کو صحیح سمجھا ہے۔ بہرحال ہم کسی ایسی روایت کو ہرگز تسلیم نہ کرینگے جو مزاج

رسوؐل و اہلبیتِ رسوؐل کے یا قرآن کے متعینہ اصولوں کے خلاف ہو۔ خواہ اُس پر تمام علما متفق ہوں، خواہ اُسے تمام کتابوں میں صحیح مانا گیا ہو۔ ہم مانتے ہیں کہ اہل حرمؑ، صحابہؓ حسینؑ اور خود امام حسین علیہ السلام روئے اور بعض مواقع پر بے قرار ہو کر روئے۔ مگر وہ ایسا موقعہ ہرگز نہ تھا کہ دشمنانِ اہلبیتؑ دیکھیں اور مذاق اڑائیں۔ منظر عام پر صبر وضبط وتحمل و بے پناہ نظم وضبط کا مظاہرہ برقرار رکھا۔ ساتھ ہی دلیل وحجت وحق گوئی اور تبلیغ وہدایت واتمام حجت کو جاری رکھا۔ استغاثہ بار بار فرمایا مگر یہ تصور قائم نہیں ہونے دیا کہ اب حسینؑ ہتھیار ڈال دیں گے۔ بلکہ یہ موقعہ دیا کہ اگر کوئی غیور وجوانمرد مسلمان ہو تو حُرؒ کی طرح باہر نکلے یا کوئی دستہ اپنی نجات کیلئے ظالم حکومت سے بغاوت کرے اور جہاں جہاں تک کائنات میں سربراہِ اسلام امامِ زمانہ کی آواز پہنچے کوئی یہ کہنے والا باقی نہ رہے کہ اگر مجھے علم ہوتا کہ اسلام اور سربرّاہ اسلام کو نصرت کی ضرورت ہے تو میں ضرور مدد کرتا۔ لہٰذا آپؑ نے اہل مکہ ومدینہ پر باقاعدہ اتمام حجت کیا۔ مکہ میں حج کیلئے آنیوالے مختلف ممالک کے لوگوں پر اتمام حجت کیا اور حج کو چھوڑنے کے اسباب اور خلیفۃ المسلمین کے ارادے اور احکامات، اور اپنے سفرِ عراق اور وہاں جا کر تمام اقدامات اور نتائج اور خاندان رسوؐل کا تہہ تیغ کیا جانا تفصیل سے کئی روز بیان کیا۔ تا کہ یہ حادثہ ساری دنیا میں جا پہنچے۔

(2/39۔الف)۔ امامؑ کے صحابہؓ اور خاندانؑ کے بہادروں کا میدان جہاد میں للکارنا

مومنین کے سمجھنے کی بات یہ ہے کہ امام حسین علیہ السلام روزِ اوّل سے اسلام کو ایک واضح حقیقت بنانے کیلئے ذمہ دار قرار دیئے گئے تھے۔ تا کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاؑ اور کتبہائے خداوندی کی تعلیمات کو نظام طاغوتی سے محفوظ کر کے نوع انسان میں قائم وبرقرار رکھیں۔ دورانِ نزولِ قرآن رسولؐ اللہ کی قوم نے تعلیماتِ قرآنی کو نظرانداز کر کے اپنی ملکی وقومی حکومت قائم کرنے کیلئے اسلام کے نام پر جو مذہب ومسلک اختیار کیا اسکا اللہ ورسولؐ اور قرآن سے کوئی تعلق نہ تھا۔ (فرقان 31-25/27)

اسکے بعد قومی حکومت اپنے خود ساختہ اسلام کو اُس حد پر لے آئی کہ اگر حسین علیہ السلام آگے نہ بڑھیں اور اپنی اور حقیقی مسلمانوں کی قربانی اور اتمام حجت ووضاحت مقاصد اسلامی کا ایک ہمہ گیر نظام پیش نہ کرتے تو ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاؑ کی تعلیمات تباہ ہو جاتیں اور اہل مکہ کا نظام شرک اسلامی لباس میں اسلام بن کر دنیا میں بے روک پھیلتا چلا جاتا۔ لیکن یہ کارنامہ انجام دینا اس قدر مشکل وہمت شکن اور ناقابل برداشت مظالم سہنے اور ذلت وتوہین سے گزرنے کا لازمی تقاضہ رکھتا تھا کہ خود اللہ بھی نہیں چاہتا تھا کہ حسینؑ اور اُنکے رفقائے کار علیھم السلام اس امتحان سے گزریں۔ وہ چاہتا تھا؛ اور ابلیس سے روزِ اوّل ہی فرما چکا تھا کہ میں تجھے اور تیری پیروی کرنیوالوں کو بلاتکلف جہنم میں جھونکتے جھونکتے جہنم کو لبریز کردوں گا (صٓ 38/85، اعراف 7/18)۔ قارئین یہ ضرور جانتے ہونگے جہنم کی گنجائش اس قدر ہے کہ تمام جن اور انسان بھی اُسے لبریز نہیں کر سکتے اور بقول محمد اسماعیل بخاری اور کتاب بخاری، تمام جہنمیوں کے داخلہ کے بعد بھی جب جہنم نہ بھرے گا تو جہنم فریاد کریگا کہ یا اللہ اپنا وعدہ پورا کر تو اللہ ایک مخلوق پیدا کر کے جہنم میں ڈالے گا مگر جہنم (ھل من مزید) اور زیادہ اور زیادہ کہے گا جب کئی دفعہ مخلوق پیدا کر کے ڈالی جا چکے گی اور جہنم نہ بھرے گا اور ھَلْ مِنْ مزید پکارتا رہیگا تو آخر اللہ جہنم میں اپنا پیر رکھ دیگا تب جہنم کہے گا کہ میں بھر گیا یعنی اللہ کو مسلمان حکومتوں کے پھیلائے ہوئے مذہب سے گمراہ ہوتے چلے جانے والے لوگوں کو جہنم میں ڈالنے سے کوئی دکھ یا تکلیف یا شکست نہ ہونا تھی۔ مگر اللہ ہی نے ابلیس سے یہ بھی فرمایا تھا کہ تیری تمام کوششوں،

کاوشوں اور قدرت واختیار کا ہمارے مخلص بندوں پر ذرہ برابر اثر نہ ہوگا (حجر 15/42) اور ابلیس نے خود دو مرتبہ اعلان کیا تھا کہ تمام نوع انسان کو گمراہ کر کے چھوڑوں گا البتہ تیرے مخلص بندوں پر ہاتھ نہ ڈال سکوں گا (لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ o اِلَّا عِبَادَکَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ o حجر 40-15/39۔صٓ 83-38/82)۔ چنانچہ اس چیلنج کے بعد ابلیس ہر نبیؑ کے عہد میں ہر اُمت کی کثرت کو گمراہ کرتا چلا آیا۔ یہاں تک کہ خاتم الانبیا والرسل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تو خود ہی یہ اعلان فرمایا کہ ''اے میرے پروردگار یقیناً میری قوم نے اس قرآن سے اور اُس کی تعلیمات سے علیحدگی اور ہجرت اختیار کر لی ہے (فرقان 25/30)۔ پھر اللہ نے اس قوم کو اُس سلسلے کی کڑی اور جرائم پیشہ فرمایا جو ہر نبیؑ کے مقابلے میں گمراہ کرتا چلا آ رہا تھا (25/31 فرقان)۔ علاوہ ازیں شیطان کی کامیاب مہم کا یہ فرما کر ثبوت دیا کہ: ''وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ o'' (سبا 34/20) ''ابلیس نے اُن سے اپنی پیروی کرا کے اپنے دعویٰ کو سچا کر دکھایا۔ مومنین میں سے بھی ایک فریق ہی ابلیس کی پیروی سے بچ سکا باقی سب نے اس کی اطاعت اختیار کر لی تھی۔''

اور یہ بھی اعلان کیا کہ: اُولٰٓئِکَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِیْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنَّهُمْ کَانُوْا خٰسِرِيْنَ o (الاحقاف 46/18) (حم سجدہ 41/25) (بنی اسرائیل 17/16) (قصص 28/63) (یٰسین 36/7) ابلیسی ادارہ اس قول کو سابقہ تمام جنوں اور انسانوں کی امتوں میں بھی سچا ثابت کرتا چلا آیا ہے۔ اور ابلیس کی پیروی کرنے والے ہمیشہ برابر خسارہ میں رہتے آئے ہیں۔ اس لئے کہ ہم بھی اپنی بات کو صحیح اور حق ثابت کرنے پر تُلے ہوئے رہے ہیں۔ یعنی ہم نے جو کچھ ابلیس سے کہا تھا۔ اُسے پورا کرنے میں کوئی خوف لاحق نہیں ہے۔ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا کُلَّ نَفْسٍ هُدَاهَا وَلٰکِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّیْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ o (السجدہ 32/13) اگر ہم چاہتے تو ہر ذی حیات کو گمراہی سے بچا کر ہدایت سے نواز دیتے لیکن ہم تمام جنات اور انسانوں سے جہنم ضرور بالضرور بھر دیں گے۔''

قارئین ہماری دی ہوئی تمام آیات کو نمبر وار قرآن میں دیکھیں کہ اللہ ابلیس اور اس کی پیروی کرنے والوں پر کس قدر غضبناک ہے اور جہنم میں دھکیلنے کیلئے کس قدر مستحکم ارادہ ہے۔ لیکن محمدؐ مصطفیٰ اور اُنکے اہلبیت صلی اللہ علیہ وعلیہم اجمعین رحمۃ للعالمین ہیں۔ وہ نوع انسان کو جہنم سے بچانے، نجات دلانے اور جنت میں پہنچانے کیلئے درمیان میں آ جاتے ہیں۔ اور ایک ایسی قربانیوں کی راہ نکالتے ہیں کہ غضبِ خداوندی رحم وکرم سے بدل جائے۔ امام حسین علیہ السلام اس سلسلے میں نجاتِ بنی نوع انسان کیلئے جو کچھ کر گئے اُس کا تذکرہ قیامت تک نوع انسان کو دوزخ سے ہٹاتا اور جنت کی طرف بڑھاتا رہے گا۔ کربلا میں پہنچنے سے پہلے بھی کئی دفعہ اللہ نے چاہا کہ حسین علیہ السلام نوع انسان کو جہنمی بننے کیلئے آزاد چھوڑ دیں۔ اور یہ بھی چاہا کہ وہ ملائکہ وجنات سے مدد لے کر اُس ہوش ربا اور حرم انگیز قربانی سے باز رہتے قوت واقتدار سے حکومتِ وقت کو تباہ کریں۔ لیکن امام حسین علیہ السلام رضامند نہ ہوئے چنانچہ میدان کربلا میں وہ پیغام اور ملائکہ کی مدد پھر آ پہنچی جس کا ذکر حدیث میں ہوا ہے کہ:۔

اَنَّهُ روی عن الصادق علیہ السلام اَنَّهُ قال سمعتُ ابی یقول لَمَا التقی الحسینؑ وعمر بن سعد(لعین) وقَامَت الحرب اَنْزَلَ اللّٰہ تعالٰی النصر حتّٰی رَفْرَفَ عَلٰی راس الحسینؑ ثُمَّ خَيَّرَ بین النصر عَلٰی اَعْدَائِهٖ وبَيْنَ لقاء اللّٰہ تعالٰی مِنْ غیر اَنْ ینقص مِن اجرہ شیءٍ۔فاختار لقاء اللّٰہ تعالٰی ۔(اکسیر العبادات بحوالہ الملھوف صفحہ 268)

امام جعفرؑ صادق نے امام محمدؑ باقر کی زبانی سنایا کہ جب عمر سعد سے جنگ ٹھن گئی اور اتمام حجت ہو گیا۔ تو اللہ نے ملائکہ کو نازل کیا جو امامؑ کے سر پر پرواز کر رہے تھے۔ اور اللہ نے یہ وعدہ بھی کر لیا کہ اے حسینؑ تم ہماری یہ مدد قبول کر لو ہم تمہیں اختیار دیتے ہیں کہ ملائکہ کی مدد سے دشمنان خدا اور رسوؐل کو تباہ کر کے اپنی حکومت قائم کر لو۔ اِس صورت میں بھی آپ کا اجر وثواب وہی برقرار رہیگا جو تمہاری ہمہ گیر قربانی اور فدا کاری کی صورت میں مقرر کیا جا چکا ہے۔ اور تمہیں یہ بھی اختیار ہے کہ اپنے پسندیدہ اور نجات آفرین پروگرام پر عمل کر لو۔ امام حسین علیہ السلام نے اپنے پروگرام کے وسیلے سے خدا کے حضور حاضر ہونے کو پسند اور اختیار کیا۔

یعنی امت محمدؐیہ کی نجات کو پہلا نمبر دیا۔ اللہ کے مقرر کردہ اسی معیار پر آپ نے اپنے تمام رفقائے کار کو آزادی واختیار دیا تھا کہ اگر وہ چاہیں تو امامؑ کو تنہا چھوڑ کر چلے جائیں اور اس صورت میں بھی اپنا پورا اجر وثواب اللہ سے حاصل کریں۔ لیکن جس طرح اُنکے امامؑ نے بلاحقیقی پروگرام پر عمل کئے اجر وثواب کو قبول نہ کیا اور اُمت کی نجات کو پہلا نمبر دیا تھا بالکل اُسی طرح اور اُسی معیار پر اُن کے ساتھیوں نے راہ خدا میں فدا ہو جانا پسند فرمایا۔ اور میدان جنگ میں جانے میں سبقت لیجانے کی تیاریاں اور تدبیریں کرنے لگے۔

(39/3)۔ جنگ کا آغاز لشکرِ حسینیؑ پر تیروں کی بارش سے کیا گیا

وفی الملهوف ایضاً تقدّم عمر بن سعد لَعَنَهُ اللّٰه علیه فَرَمَی نحو عسکر الحسینؑ بسهمٍ وقَالَ اشهدوا لِیُ عندالامیر انّی اوّل مَنُ رَمَی واقبلت السهام مِنَ القوم کَاَنَّها القطر ۔فقال علیه السلام لاصحابه قوموا رحمکم اللّٰه اِلَی الموت الذی لابدّمنه فَاِنَّ هٰذِهِ السهام رُسُل القوم الیکم۔ (اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔صفحہ 268)

''پھر کتاب ملھوف میں لکھا گیا ہے کہ عمر (لعین) بن سعد فوج سے آگے نکلا اور اُس ملعون نے یہ کہہ کر لشکر حسین علیہ السلام پر تیر چلایا کہ اے لوگو امیر المومنین کے سامنے گواہ رہنا کہ میں نے پہلا تیر چلایا تھا۔ اُسکے تیر چلاتے ہی عمر سعد کے مسلمان فوجیوں نے اپنی اپنی کمانوں سے اس طرح تیر رہا کئے کہ گویا بارش ہو رہی ہے۔ یہ دیکھ کر امامؑ نے فرمایا کہ اَے فدا کارانِ اسلام اللہ تم پر اپنا رحم وکرم کرے آ ؤ اُس موت کو لبیک کہیں جس سے ملاقات لازم ہو چکی ہے۔ یقیناً اُس قوم (سورہ الفرقان 25/30) کے یہ تیر اُسی موت کے پیغامبر ہیں۔

اصحابِ حسین علیھم السلام کی شہادت کے واقعات

(39/4)۔ حضرت حرؑ کی بے قراری انتہا کو پہنچ جاتی ہے

وعن الارشاد فلَمّا رای الحربن یزید اَنَّ القوم قدصَمَّمُوا عَلٰی قتال الحسینؑ قال لعمر بن سعد ای عمر اَمَقَاتل انت هذا الرجل؟ قال ای واللّٰه قتَالًا شدیدًا ایسره اَنُ تسقط الرؤس وتطیح الایدی ۔قال اَفَمَالکم فیماعرّضه علیکم رضًا قال عمر اَمَالوکان الامر اِلَیَّ لَفَعَلْتُ ولکن امیرک قداَبٰی فاقبل الحرّحتی وقف مِنَ الناسِ موقفًا ومعه رجل من قومه یقال له قرّة بن قیس فقال له یاقرة هل سقیت فرسک الیوم؟ قال لا ۔قال فما ترید ان تسقیه ؟ قال قرة فَظَنَنتُ و اللّٰه اَنّه یرید یتنحیّ فلایشهد القتال فکره اَنُ اراه حین یصنع ذلک فَقلتُ له لَمُ اسقه ۔قال وانا منطلق فاسقیه فاعتزل ذٰلک المکان الذی کان فیه۔فو اللّٰه لَوُ اطلعنی عَلَی الذی یرید لخرجتُ معه اِلَی الحسین علیه السلام۔

تیروں کی وساطت سے اعلان جنگ ہوگیا۔صحابہ حسینؑ رضی اللہ عنہم نے بھی جواب میں تیرارسال کئے ۔تیس ہزار سے زیادہ تیراندازوں کے جواب میں دوتین سوتیروں کا چلنا مادی حساب میں صفر کے برابر ہوتا ہے ۔لیکن سردارلشکراور سپاہ پروہ دوتین سوتیر لاکھوں تیروں سے گراں گزرے۔تین روز کے بھوکے پیاسے مردوں،عورتوں اور بچوں کی طرف سے اعلان جنگ کوقبول کرلینا ایک ایسا مظاہرہ تھا۔ جونہ پہلے کبھی دیکھااورسُنا گیا تھا،نہ کسی طرح ممکن تھا۔ ہر دل میں لرزہ تھا،جسم کانپ رہے تھے،وہ جانتے تھے کہ حق کس طرف ہے؟ اللہ کی تمام قوتیں اورقدرتیں کس کا ساتھ دیں گی؟ اگرکوئی ارضی یاسماوی عذاب آیاتووہ کس پر نازل ہوگا؟ اُن کا اجتماع حاکم وقت کے جبر وقہراور لالچ وخوف کی بنیاد پرتھا۔وہ سب کچھ دیکھ اورسُن چکے تھے کہ امام حسین علیہ السلام نے ہروہ شرط پیش کردی تھی جو جابر وظالم بادشاہوں کو بھی قبول کرنا پڑتی ۔مگرابن زیاد نے یہ سمجھا کہ حسینؑ خوفزدہ ہوکر یہ شرائط پیش کررہے ہیں ۔جیسے ہی طبل جنگ بجے گا۔وہ (معاذ اللہ) ہتھیارڈال کراماں کے طالب ہونگے اوریوں یزید کو خلیفۃ اللہ اورامیرالمومنین مان لیں گے۔عمر بن سعد بھی کچھ اسی قسم کی کم وبیش امیدیں رکھتا تھا۔لیکن تیروں کا جواب تیروں سے ملاتواب سوال یہ تھا کہ آیا چاروں طرف سے حملہ کیا جائے؟ بہادرانہ مدمقابل طلب کرکے جنگ آزمائی کیجائے؟ عمرسعد ملعون ابھی تک طریق جنگ کے فیصلے کوتاخیر میں ڈالتا جارہا تھا۔تاکہ سرداران لشکر کا ردعمل دیکھے۔ اُدھر حُر بن یزید نے یہ یقین کرلیا تھا کہ اب یہ سمندر کی طرح ٹھاٹھیں مارتا ہوالشکر سپاہ حسینیؑ پرحملہ کرنیوالا ہے اورحملہ ہوجانے کے بعد میرے لئے تدارک مافات کی راہیں بند ہوجائیں گی۔اُسکے سامنے حق وباطل دونوں آمنے سامنے کھڑے تھے۔عذاب جہنم اور جنت میں حسینؑ اورصحابہؓ حسینؑ کا بلند مقام سامنے تھا۔اُس نے تین دن اوررات غورکیا تھا۔اور ہر دفعہ حسینؑ کے حضورحاضر ہوجانے،معافی طلب کرنے اورشہادت پانے کے فیصلے پر پہنچتا چلا آیا تھا۔اُس نے مزید اتمام حجت کیلئے اورحکومت کے خفیہ ارادوں سے واقفیت کیلئے عمرسعد سے پوچھا کہ کیا تمہارا ارادہ حسینؑ سے جنگ کرنے کے سوا کچھ اورنہیں ہے؟ عمرسعد یہ نہیں کہتا کہ جو کچھ ہونے والا ہے۔اُسے جنگ کہنا تومذاق ہے ارے بھائی آدھے گھنٹے میں یہ بھی پتہ نہ چلے گا کہ حسینؑ نام کا کوئی شخص یہاں آیا اورمقیم رہا تھا۔ بلکہ عمرسعد اپنے منصبی ارادہ کا یوں اظہار کرتا ہے کہ جنگ نہیں بلکہ وہ ایک نہایت خطرناک بڑی مہلک اورشدت وآفت خیز معرکہ ہوگا۔اُس میں سرتنوں سے جداہوکرلڑھکتے پھریں گے۔لاشوں کے انبار لگ جائیں گے۔کٹے ہوئے ہاتھوں کے جوڑے بچھڑکرگم ہوجائینگے۔حُرؓ نے پوچھا کہ تم لوگوں نے حسینؑ کی شرائط پرکیوں عمل نہیں کیا؟ عمرسعد نے کہا کہ اگراختیار مجھ تک محدود ہوتا تومیں ضرورعمل کرتا۔مگرتمہارے امیر نے انکارکردیا ہے۔یہ سُن کرحُرؓ فوج سے آگے بڑھا۔یہاں تک کہ فوجیوں سے بڑھ کرسرداری کی جگہ ٹھہرا۔اُس وقت حُرؓ کے پاس اُس کی قوم کا ایک شخص موجود تھا جسے قرۃ بن قیس کہتے تھے۔حُرؓ نے اُس سے کہا کہ اے قرہ کیا تم نے آج اپنے گھوڑے کو پانی پلالیا ہے۔قرہ نے کہا کہ نہیں میں نے پانی نہیں پلایا۔حُرؓ نے کہا پھرکیا تمہارا ارادہ اُسے پانی پلانے کا نہیں ہے؟ قرہ کہتا ہے کہ میں نے حُرؓ کی باتوں سے اندازہ لگایا کہ وہ میری موجودگی کوناپسند کررہا ہے۔اورتنہائی چاہتا ہے اورشاید جنگ میں شمولیت بھی پسندنہیں کرتا۔میں نے جواب میں کہا کہ میں نے فی الحال پانی نہیں پلایا اورپانی لانے کا بہانہ کرکے میں اُسے تنہا چھوڑکر چلا آیا۔خدا کی قسم اگرمجھے اُس نے اپنے ارادہ سے مطلع کردیا ہوتا تومیں بھی امام حسین علیہ السلام کی نصرت کیلئے اُسکے ساتھ ہی چلا جاتا۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 268 بحوالہ کتاب الارشاد شیخ مفیدؒ)

(39/5)۔ حضرت حُرؑ سرداری فوج اور دنیا کو امامؑ پر قربان کرنے میں مصروف ہیں

حضرت حُرؑ کی نقل وحرکت معمول کے خلاف دیکھ کر لوگوں میں چہ میگوئیاں ہونا ایک قدرتی صورت حال تھی۔ لیکن وہ ہر چیز سے لا پرواہ ہو کر اُن لوگوں کا دل ٹٹولنے میں مصروف تھے۔ جو اُن کی جُرأت وجسارت کے اعتماد پر اُن کے ہمراہ فوج سے نکلنے اور سپاہ حسینیؑ میں جاملنے کی ہمت کر سکیں۔ ابھی ابھی آپ نے دیکھا تھا کہ قرہ بن قیس نے کہا تھا کہ انہیں علم ہوجاتا تو وہ بھی حضرت حرُ کے ساتھ نکل جاتے۔ لیکن قرہ بن قیس کے متعلق ابو مخنف نے یہ لکھا ہے کہ جب حُرؑ نے چلنے کے لئے کہا تو قرہ نے صاف انکار کردیا تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ جناب حُرؑ نے غالباً قرہ سے پہلی گفتگو کے بعد ایسے وقت اپنا ارادہ ظاہر کیا جب قرہ بن قیس کو یہ یقین ہوگیا کہ اب فوج سے نکلنا دشمن کے ہاتھوں میں گرفتار ہوجانے کے مترادف ہوگا اور کوشش ناکام ہوجائے گی۔ بہرحال قرہ بن قیس کا قصہ ابو مخنف سے سنئے:۔

قال ابومخنف فاقبل الحرعلٰی ابن عم له يقال قرّة بن قيس وقال له ياابن العمّ اَلا ترى اِلَى الحسينؑ يستجير فلايجار ويسغيث فلايغاث فهل لک اَن تذهب اليه ونقاتل بين يديه ونفديه بارواحنا فَلَعَلَّنَا نفوز بالشهادة ونكون فى زُمرتِهٖ يوم القيامة ؟ فقال له لاحاجة لى فى ذٰلک؛ قال فاقبل الحرعلٰى ولده وقال له يابُنَىّ لَاصبر لى عَلَى النار ولاعَلٰى غضب الجبّار ولَايكون خصمى غدا محمدٌ المختار يابُنَىّ سِرُبنَااِلَى الحسين عليه السلام نقاتل بين يديه فلعل اللّٰه اَنُ يكتبنا مع الشهداء فنفوز بالشهادة ؟ فقال له لَسُتُ مخالفک يااباه فيماتا مُرنى بِهٖ ۔ وفى الارشاد فاخذ يدنومِنَ الحسيؑن قليًلا قليًلا فقال له المهاجربن اوس ماتريد يابن يزيد۔اَتُريد اَن تحمل فلم يجبه فاخذه مِثل اُلافكل اى الرعدة۔فقال له المهاجراَنّ امرک لمريب و اللّٰه مارَاَيُتُکَ فِى موقف قَطّ مثل هٰذا۔وَلَوُ قِيُلَ لِىُ مَنُ اشجع اهل الكوفة لما عدوتک فما هٰذا الذى اَرَى مِنُکَ فقال له الحُر انى واللّٰه اخيّرنفسى بين الجنة والنار فو اللّٰه لاختار على الجنة شيئًا ولو قطّعتُ وحرّقتُ۔(اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات۔صفحہ 269-268)

''حُرؑ آگے بڑھے اور اپنے چچازاد بھائی قرہ بن قیس کے پاس پہنچے اور اُس سے کہا کہ اے بھائی کیا تم نے اس کا کوئی اثر نہیں لیا کہ حسین علیہ السلام امداد چاہتے ہیں اور کوئی مدد کو تیار نہیں۔ وہ نصرت کے لئے پکارتے ہیں کوئی نصرت پر آمادہ نہیں ہوتا۔ کیا تم میرے ساتھ چلنے اور اُن حضرتؑ کے سامنے اُن کی طرف سے جہاد کرنے اور اپنی جانوں کو اُن پر فدا کرنے کے لئے تیار ہو سکتے ہو؟ تا کہ ہم درجہ شہادت پر فائز ہوجائیں اور اُن کے ساتھیوں میں ہمارا شمار ہوجائے اور بروز قیامت اُن ہی کے درجہ میں مقام بلند مل جائے؟ قرہ نے کہا کہ مجھے اُن کے معاملہ میں کوئی احتیاج نہیں ہے۔''

چونکہ ابو مخنف اُس گفتگو کا کوئی تذکرہ نہیں کرتا جو قرۃ اور جناب حرُ کے درمیان گھوڑے کو پانی پلانے سے متعلق تھی۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ قرہ سے یہ آخری گفتگو بہت بعد میں ہوئی اور اُس وقت قرہ اپنا خیال بدل چکا تھا۔ بہرحال آگے لکھا ہے کہ:۔

''جناب حُرؑ اپنے فرزند کے پاس آئے اور کہا بیٹے مجھ میں واصل جہنم ہونے اور اللہ کے غضب کو برداشت کرنے اور رسولؐ اللہ کا مخالف اور مدمقابل بننے کی ہمت نہیں ہے۔ بیٹے آؤ چلیں امامؑ مظلوم کے سامنے حاضر ہوجائیں اور اُن کی حمایت میں جنگ کرتے کرتے شہید ہوجائیں۔ یقین ہے کہ اللہ ہمیں حسینیؑ شہدا کی فہرست میں لکھ لے گا اور ہم مقام شہادت پر سرفراز ہوجائیں۔ بیٹے نے عرض کیا کہ میں آپ کا مخالف نہیں۔ جو حکم ہے میں اطاعت کے لئے حاضر ہوں۔ کتاب ارشاد بتاتی ہے کہ حُرؑ اور اُن کا بیٹا دونوں آہستہ آہستہ سپاہ حسینیؑ

کی طرف بڑھنے لگے۔ مہاجر بن اُوس نے حُرؑ سے کہا کہ اے حُرؑ تمہارا کیا ارادہ ہے؟ کیا تم حسینیؑ فوج پر حملہ کا ارادہ کر رہے ہو؟ حُرؑ نے کوئی جواب نہ دیا۔ لیکن اس اچانک سوال سے حُرؑ پر بجلی سی گر پڑی جسم میں کپکپی محسوس ہوئی۔ مہاجر نے پھر کہا کہ اے حُرؑ تمہارا حال شش و پنج میں پھنسے آدمی ایسا معلوم ہو رہا ہے۔ میں تو تمہیں اہل کوفہ میں بہادر ترین شخص یقین کرتا ہوں مگر جو حال آج میں دیکھ رہا ہوں ایسا میں نے کبھی نہیں دیکھا۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ حُرؑ نے کہا کہ بھائی میں جنت اور دوزخ کے درمیان کھڑا ہوں اور جہنم کے مقابلہ میں جنت کو اختیار کرنے کی فکر میں مبتلا ہوں۔ اور جنت پر کسی اور چیز کو ترجیح دینے کو تیار نہیں ہوں خواہ مجھے ٹکڑے ٹکڑے کر کے آگ میں جلا دیا جائے۔''

(39/6)۔ حضرت حُرؑ نے گھوڑے کو مہمیز کیا اور حسینیؑ دربار میں باریاب ہو گیا

یہاں یہ نوٹ کرتے چلیں کہ گو ہم اس ذخیرۂ شہادت میں کتاب اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات کے حوالجات پیش کر رہے ہیں۔ مگر یہ تمام بیانات تاریخ طبری اور دیگر تواریخ سے ثابت ہیں۔ اور ہر وہ بات جو قرآن و رسولؐ اور آلِ رسولؐ کے معیار کے مطابق ہوگی اُس کا صحیح اور مصدقہ ہونا بھی لازم ہے۔ بہرحال حضرت حُرؑ کے متعلق کتاب الملھوف کہتی ہے کہ:۔

وفی الملھوف ثُمَّ ضرب فرسهٗ قَاصِدًا اِلَی الحسینؑ ویده عَلٰی راسه وهویقول اَللّٰهُمَّ اِلَیک اَنِبْتُ فَتُبْ عَلَیَّ فقد ارعبت قلوب اولیائِکَ واولاد بنت نَبِیّکَ صلی اللّٰه علیه وآله قال ابومخنف فجعل الحر یقبّل الارض بین یدی الحسینؑ فقال له ارفع راسک یاشیخ فرفع راسه ۔وعن الارشاد فقال له جعلت فداک یابن رسولؐ اللّٰه انا صاحبک الذی حبستکَ عن الرجوع وسایرتک فی الطریق وجعجعتک بک فی هٰذا المکان وماظننت اَنَّ القوم یردّون علیک ما عَرَضْتَ علیهم ولایبلغون منک هذه المنزلة و اللّٰه لَوْ عَلِمْتُ اَنّهم ینتهون بک اِلٰی ماری مارکبتُ مثل الذی رکبت وانا تائِب اِلَی اللّٰه تعالٰی مِمَّا صَنَعْتُ فتری لی من ذٰلک توبة ۔فقال له الحسینؑ نَعَمْ یتوب اللّٰه علیک فَانْزِل ۔قال فانالک فارسًا خیرٌ منی راجلًا قاتلهم علٰی فرسی ساعة والی النزول آخر مایصیر امری۔(ایضاً اکسیر العبادات صفحہ 269)

''اس کے بعد حضرت حُرؑ نے گھوڑے کو ایڑ لگا کر پوری رفتار سے سپاہ حسینیؑ کی طرف بڑھا دیا۔ اور بطور پناہ طلبی اپنا ایک ہاتھ اپنے سر پر رکھا۔ اور بآواز بلند کہتے چلے آ رہے تھے کہ اَے اللہ میں خود کو تری سپردگی میں دیتا ہوں تُو میری توبہ قبول فرما۔ یقیناً میں نے تیرے برگزیدہ حضراتؑ کو اور تیرے نبیؐ کی بیٹیؑ کی اولاد کے دلوں میں خوف وہراس پیدا کیا ہے۔ اور ابومخنف لکھتا ہے کہ حُرؑ امام حسینؑ کے روبرو زمین بوس ہوا، زمین چومتا رہا۔ یہاں تک کہ امامؑ نے فرمایا کہ اَے شیخ اُٹھو سر بلند کرو۔ حُرؑ نے سر اٹھا لیا۔ (کتاب ارشاد کہتی ہے کہ) حُرؑ نے دست بستہ عرض کیا کہ میں وہی بدنصیب شخص ہوں۔ جس نے آپ کو نظر بند کر کے آپ پر تمام راہیں بند کی تھیں۔ میں وہی مجرم ہوں جو آپ کے ساتھ ساتھ سایہ کی طرح لگا رہا اور آپ کو یہاں تک لانے میں کوشاں ہوا۔ اور آخر کار آپؑ کو اس بیابان میں لا کر یوں بے دست و پا محصور کرا دیا۔ اَے فرزند رسولؐ میری زندگی آپ پر قربان ہو قسم بخدا مجھے یہ گمان تک نہ ہوا تھا کہ یہ قوم آپ کی پیش کردہ تمام شرائط کو نامنظور کر کے آپ کو اس موجودہ صورت حال سے دوچار ہونے پر مجبور کر دے گی۔ واللہ اگر مجھے یہ خبر ہوتی کہ میرے اقدامات کا یہ نتیجہ ہوگا جو اس وقت تک میری آنکھوں نے دیکھا ہے۔ تو میرا عملدرآمد وہ نہ ہوتا جو میں نے کیا ہے۔ میں اللہ کے سامنے توبہ کرتا ہوں۔

اپنی ہر حرکت پر نادم وپشیمان ہوں۔ آپ میری حالت اور سابقہ اعمال کو دیکھتے ہیں۔ مجھے معاف فرمادیں اور میری توبہ قبول ہونے میں میری مدد فرمائیں۔ امام علیہ السلام قلوب کا حال جانتے تھے۔ حُرؑ اس سے زیادہ اور کیا کرسکتا تھا؟ امامؑ رحمتِ خداوندی کے فرزند تھے۔ مجسمہ رحم وکرم وشرافت تھے۔ مسکرا کر فرمایا ہاں ہاں اللہ ضرور تمہاری توبہ قبول کرلے گا۔ میں تمہیں معاف کرتا ہوں۔ خدا تمہیں بہترین جزا سے نوازے گا۔ تم ہمارے مہمان ہو۔ ہمارے ساتھ قیام کرو۔ ہمیں کوئی شکوہ وشکایت نہیں ہے۔ یہ تو سب جانتے تھے کہ ایسے عالم میں مہمان کی کیا خدمت کی جاسکتی تھی؟ بہر حال حُرؑ کے دل میں اطمینان وچین پیدا ہوا۔ غالباً امامؑ کے جواب سے دل میں رقت بھی پیدا ہوئی ہوگی۔ خیموں کے اندر بھی مہمان کی آمد نے مختلف رنج وغم اور مسرت کے تاثرات پیدا کیئے ہوں گے۔ حُرؑ نے عرض کیا حضورؑ میرے گناہوں کی یہ معافی تقاضہ کرتی ہے کہ میں آپ سے اجازت مانگوں اور آپ کی طرف سے آپ کے بہادر محافظوں کی صورت میں ذرا اس ملعون قوم سے تھوڑا سا جنگ کرلوں کہ مخالف فوج میں اعلان ہوجائے کہ حُرؑ وہاں پہنچ کر مقبول اور پسندیدہ فدا کار بن گیا جہاں جانے کے لئے اُس کا چہرہ شرمسار تھا۔ رہ گئی مہمانداری وہ تو میں آپؐ کے ساتھ ابدالا باد رہوں گا۔''

تاریخ طبری کہتی ہے کہ'' امامؑ نے یہ بھی فرمایا کہ تیری والدہ نے تیرا نام بجا طور پر حُر رکھا تھا۔ لہٰذا تم دنیا میں بھی حُریت اور آزادی کے نشان ہو اور آخرت میں بھی ہر مواخذہ سے آزاد ہو۔ اور حُرؑ نے کہا تھا کہ حضورؑ میں اب گھوڑے سے اُسی وقت اُتروں گا جب لڑتے لڑتے اور دُشمنانِ خدا کو قتل کرتے کرتے نڈھال اور ناتوان ہوجاؤں گا۔ مجھے اجازت دیجئے۔ امامؑ نے فرمایا تھا کہ اچھا بھائی تم اپنی تمنا پوری کرنے میں آزاد ومختار ہو۔'' (صفحہ 274 جلد 4)

(39/7)۔ **حضرت حُرؑ کو معافی مل چکنے کے بعد طرح طرح پیش کیا گیا ہے**

امام حسینؑ سے حُرؑ کی ملاقات تاریخ طبری سے سنئے:۔'' عرض کی یا بن رسول اللہؐ میں آپ پر فدا ہوجاؤں۔ میں وہی شخص ہوں جس نے آپ کو واپس نہ جانے دیا۔ جو راستہ بھر آپ کے ساتھ ساتھ رہا۔ جس نے آپ کو اسی جگہ ٹھہرنے پر مجبور کیا۔ قسم ہے خداوند وحدہ لاشریک کی میں ہرگز یہ نہ سمجھا تھا کہ جتنی باتیں آپ اُن لوگوں کے سامنے پیش کریں گے وہ اُن میں سے کسی بھی امر کو نہ مانیں گے۔ اور نوبت یہاں تک پہنچ جائے گی۔ میں دل میں یہ سوچے ہوئے تھا کہ بعض باتوں میں اُن لوگوں کی اطاعت کروں تو کیا مضائقہ ہے۔ تاکہ یہ لوگ یہ نہ سمجھیں کہ میں نے اُن کی اطاعت سے انحراف کیا۔ ہوگا یہی کہ حسینؑ جن باتوں کو پیش کریں گے۔ یہ اُن باتوں کو مان لیں گے۔ واللہ اگر میں جانتا کہ آپ کی کوئی بات یہ لوگ قبول نہ کریں گے تو میں اس امر کا مرتکب نہ ہوتا۔ مجھ سے جو قصور ہوگیا ہے۔ میں خدا کے سامنے اُس سے توبہ کرنے اور آپ پر اپنی جان فدا کرنے کو آیا ہوں۔ میں آپ کے سامنے مرنے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ یہ فرمایئے کہ کیا میری یہ توبہ قبول ہوجائے گی؟ فرمایا ہاں ہاں خدا تیری توبہ ضرور قبول کرے گا۔ اور تجھے بخش دے گا۔ تیرا کیا نام ہے؟ عرض کیا میرا نام حُر ہے۔ فرمایا تو آزاد ہے۔ تیری ماں نے جس طرح تیرا نام حُرؑ رکھا ہے۔ انشاء اللہ تو دُنیا وآخرت دونوں جگہ آزاد ہے۔ اب گھوڑے سے اُتر آؤ۔ حُرؑ نے عرض کیا کہ میرا گھوڑے پر رہنا اترنے سے بہتر ہے۔ ایک ساعت اُن لوگوں سے جنگ کروں گا۔ جب میرا آخری وقت ہوگا تب گھوڑے سے اُتروں گا۔ آپؐ نے فرمایا اچھا جو تمہارا دل چاہے کرو اللہ تم پر رحم فرمائے۔'' (ایضاً صفحہ 274 جلد 4)

نہ یہاں یہ بات قابلِ قبول ہے اور نہ صورتِ حال اور مقامِ امامؑ کے شایانِ شان ہے کہ معافی مانگنے کے لئے آنے والا سرتاپا مجسمۂ ندامت حُرؑ گھوڑے پر سوار رہے اور امامؑ زمین پر بیٹھے یا کھڑے رہیں۔ اور حُرؑ اتنا طویل بیان دے، نہ پاس ادب ملحوظ رکھے نہ حکم مانے۔ لہٰذا سابقہ روایت کی رُو سے زمین بوس ہونا صحیح ہے۔ دراصل معافی کے بعد حُرؑ فوراً گھوڑے پر سوار ہوگیا اور ارادہ جنگ ظاہر کیا۔ اس پر آنحضرتؑ نے فرمایا کہ گھوڑے سے اُترو تم تو ہمارے مہمان ہو۔ اس پر حضرت حُرؑ نے یہ دلیل پیش کی کہ میں وہ پہلا شخص ہوں جس نے آپ کو موجودہ صورت حال سے دوچار کیا۔ لہٰذا مجھے یہ حق دیجئے کہ میں اُسی میدان میں قربان ہونے والوں میں پہلا شخص ہو جاؤں اور جنت میں آپ کے پالنے والوںؑ کے حضور میں سب سے پہلے پہنچوں۔ اس پر آپؑ نے خوش ہوکر اجازت دے دی۔

(39/8)۔ <u>حضرت حُرؑ نے اپنے قبیلے کے ساتھ ساتھ پوری فوج اور ابن سعد کو خطاب کیا</u>

''معافی مل جانے اور حقیقی حُرؑ بن جانے کے بعد حضرت حُرؑ اپنے اصحاب کی طرف بڑھے اور اعلان کیا کہ سنو کہ حسینؑ نے جو شرائط پیش کی تھیں۔ اُن میں سے کسی ایک بات کو بھی مان لیا جاتا تو تم کو اُن سے جنگ وجدل کرنے کی نوبت نہ آتی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا امیر عمر بن سعد ہے تم یہ گفتگو اُس سے کرو تو بہتر ہوگا۔ حُرؑ نے عمر سعد سے دوبارہ وہی گفتگو کی جو پہلے کر چکا تھا۔ ابن سعد نے جواب دیا کہ میری خواہش یہی تھی۔ اگر ہوسکتا تو میں یہی کرتا۔ اب حُرؑ نے اہل کوفہ کی طرف خطاب کر کے کہا کہ خدا تم کو ہلاک اور تباہ کرے۔ تم نے اُنہیں بلایا۔ اور جب وہ چلے آئے تو انہیں دشمنوں کے حوالہ کر دیا۔ تم اُن پر جان نثار کرنے کو کہتے تھے اور اب انہیں قتل کرنے کے لئے اُن پر حملہ کر رہے ہو۔ اُن کو تم نے گرفتار کر لیا ہے۔ اُن کا سانس لینا بند کر دیا۔ اُن کو چاروں طرف سے گھیر رکھا ہے۔ اُن کو خدا کی وسیع وعریض دنیا میں کہیں نکل جانے کا موقعہ بھی نہ دیا۔ کہ وہؑ اور اُن کے اہلبیتؑ امن سے زندہ رہ سکتے۔ اب وہ قیدی کی طرح تمہارے ہاتھوں میں ہیں۔ تم نے اُن پر اُن کے رفقا پر اُن کی مستورات اور بچوں پر دریا کے بہتے ہوئے پانی کو بند کر دیا ہے۔ جو یہودیوں اور عیسائیوں کے لئے کھلا ہے۔ جس میں جنگلی جانور اور سُور غوطہ لگاتے ہیں۔ اور اُن کے تمام بچے، جوان اور عورتیں اور بوڑھے پیاس سے قریب ہلاکت پہنچ چکے ہیں۔ محمدؐ رسول اللہ کی ذریت کے ساتھ تم نے اُنؐ کے بعد کتنا بدترین سلوک کیا ہے؟ اگر آج اور اسی وقت تم اپنے ارادوں سے باز نہ آؤ گے اور توبہ نہ کرو گے تو خدا تمہیں محشر کی تشنگی سے نہ بچائے گا۔ یہ سن کر پیادہ فوج نے حُرؑ پر تیر برسانا شروع کر دیئے۔''

(ایضاً صفحہ 275-274)

(39/9)۔ <u>ایک بدترین فریب جس میں عموماً علما اُلجھے اور اُلجھتے چلے آئے ہیں</u>

اس تاریخی اور سرکاری فریب کو سمجھنے کے لئے دو بنیادی حقائق سامنے رکھ لیں۔ **پہلی حقیقت** یہ ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے بار بار ذکر فرمایا ہے کہ کوفہ سے اُن کو بلانے کے لئے اتنے خطوط آئے کہ بوریاں بھر گئیں۔ اور آپ کا کربلا تک آنا بظاہر اُن ہی خطوط کی بنا پر تھا۔ حالانکہ روز ازل سے آپ کی شہادت متعین، مُقرر اور مشہور چلی آ رہی تھی۔ یعنی وہ خطوط محض شرعی حجۃ تھے۔ اور یہ شرعی عذر وحجۃ دو چار ذمہ دار افراد کے ایک ہی خط سے پوری ہو چکی تھی۔ اور ایسے ایک دو یا چند خطوط واقعی کوفہ کے حقیقی شیعوں نے لکھے تھے۔

سوال یہ ہے کہ باقی ہزاروں اور لاتعداد خطوط کس نے لکھے تھے؟ اس سوال کا جواب تاریخ طبری اور تاریخ اُمت کے ایک بیان سے سمجھنے میں مدد ملے گی ۔ سنیئے کہ 145 ھجری میں محمد بن عبداللہ بن حسن بن حضرت امام حسن علیہ السلام نے خلیفہ منصور عباسی کے مقابلہ میں اعلان جنگ کیا اور اہل مدینہ کے ایک جلسہ میں بڑے یقین سے یہ دعویٰ کیا کہ:۔

''میں نے مدینہ کو اس خیال سے اپنا مرکز نہیں بنایا ہے کہ یہاں کے لوگ زیادہ قوت رکھتے ہیں ۔ بلکہ صرف اس وجہ سے کہ میں یہاں کے باشندوں سے محبت رکھتا ہوں ۔ میں تو یہاں اُس وقت آیا ہوں جب کہ دنیائے اسلام کے ہر مقام سے لوگوں نے میری امامت کی بیعت کر لی ہے ۔''

یہ لکھ کر مؤرخ لکھتا ہے کہ:۔ ''اہل مدینہ یہ سُن کر خوش ہو گئے ۔لیکن حقیقت یہ نہیں تھی ۔ بلکہ خلیفہ منصور نے اپنی طرف سے جا بجا ایسے لوگوں کو متعین کر دیا تھا ۔ جو محمد بن عبداللہ بن حسن بن حسنؑ کے پاس خطوط بھیجا کرتے تھے ۔ کہ یہاں کے لوگ آپ کی امامت پر راضی ہیں ۔ اس سے اُن کو یہ غلط فہمی پیدا ہو گئی کہ ہر مقام کے لوگ میری امامت کو تسلیم کر چکے ہیں ۔ اور حمایت کے لئے آمادہ ہیں ۔''
(تاریخ اُمۃ جیراجپوری جلد 4 صفحہ 93-92 اور تاریخ طبری)

اس تاریخی بیان سے یہ حقیقت سمجھ میں آ جانا چاہیئے کہ خلافت امویہ کی پیرو خلافت عباسیہ نے محمد بن عبداللہ الحسنی کے ساتھ وہی سیاسی چال چلی تھی جو کوفہ میں بلانے کے لئے یزید علیہ اللعن کے دانشوروں نے چلی تھی ۔ اور چاروں طرف سے ایسے ہزاروں خطوط لکھوائے تھے جو سب اہل کوفہ کے جعلی ناموں سے منسوب تھے ۔ پھر اُن مخالف حکومتوں نے ہر ہر بیان میں اس پر زور دیا کہ کوفہ کے لوگوں نے غداری کی اور یہ کہ لشکر عمر سعد و ابن زیاد میں تمام لوگ کوفی تھے ۔ یہی رنگ حضرت حُرؓ کے بیان میں بھرا گیا ہے ۔ **دوسری حقیقت** یہ ہے کہ میدان کربلا میں شہید ہونے والوں کی عظیم کثرت کوفہ کے باشندوں کی تھی ۔ اور جن لوگوں نے واقعی امامؑ کو خطوط لکھے تھے وہ سب اُن شہدا میں شریک تھے ۔ اور جو باقی رہے وہ ابن زیاد کی قید میں طوق و زنجیر میں جکڑے ہوئے بندر ہے ۔ اور ایک سال واقعہ کربلا کے بعد سفارشوں سے ایک ایک دو دو کر کے رہا ہوئے یا جیل میں تشدد سے مر گئے ۔

کوفہ وہ شہر تھا جہاں واقعہ کربلا کے بعد تحریک تشیع کا مرکز قائم ہوا، کوفہ ہی وہ شہر تھا جہاں کے شیعہ اور سنی دانشوروں نے عرب کی ملکی خلافت کو چاروں طرف سے گھیر لیا تھا ۔ مصر و دیلم اور افریقہ میں شیعہ حکومتیں قائم کیں اور تیغ بکف رہ کر خلافت ملکی کو تباہ و برباد کیا تھا اس لئے کوفہ کو بدنام کرنا بہت ضروری تھا ۔ تفصیلات ہماری کتاب **''مذہب شیعہ، ایک قدیم تحریک و ہمہ گیر قوت''** میں ملاحظہ ہوں ۔ اہل تحقیق کی نظر میں کوفہ اور کوفی محمد و آل محمد صلوٰۃ اللہ علیہم کے نام و نشان اور تصورات کو دنیا بھر میں پھیلانے میں راہنما رہتے چلے آئے ہیں ۔ اور اُن سے فداکاری و جان سپاری میں کوئی شخص آگے نہیں بڑھنے پایا ہے ۔ البتہ وہ ابتدا میں چند غلطیاں کر گئے انہیں حکومت نے فریب دیا تھا ۔ مگر اُنھوں نے بہت جلد مجتمع ہو کر ایک ہمہ گیر پالیسی بنائی اور رفتہ رفتہ حکومت سے بہتر، منظّم اور موثر اقدامات کا کامیاب سلسلہ شروع کیا اور مرکزی ہدایات حاصل کرنے کا نظام قائم کیا تھا ۔ ابتدائی ایام میں اُن کی محبت و عقیدت و قربانیاں انفرادی تھیں ۔ دشمن کے سیاسی لیڈر اُن کو غلط راہوں پر ڈالنے اور اجتماعی اقدامات سے روکنے میں کامیاب ہو جاتے تھے ۔ یہی حال آج ملت شیعہ کا ہے ۔ جو انہیں

اتحاد کی آڑ میں بدنام اتحاد کی حمایت کی دعوت دیتا ہے وہ خود بکاؤ مال تھا۔ جو انہیں فساد میں ہدایات دے رہا ہے وہ اپنی زبان سے دو ہزار روپیہ ماہانہ وظیفہ حاصل کرنے کا اعلان کرتا رہا ہے (1977 عیسوی)۔ سینکڑوں انجمنیں اور ادارے آکاش بیل کی طرح شیعوں کو لپٹے چلے جارہے ہیں، آپس میں کوئی رابطہ نہیں، اجتماعی منشور نہیں۔ جس کا جدھر دل چاہتا ہے چند فضائل ومصائب پڑھ کر اُنہیں کھینچ کر لے جاتا ہے اور موقعہ ملنے پر اُن کا سیاسی سودا کر کے فروخت کر دیتا ہے۔ کراچی میں مشہور ہو جاتا ہے تو لاہور بھاگ جاتا ہے۔ وہاں کاروبار فیل ہونے لگتا ہے تو پھر نئے ہتھیاروں سے مسلح ہو کر کراچی میں اور ادارہ کھول لیتا ہے۔

حضرت مسلمؑ کی آمد سے پہلے ہی حکومت کے سپاہی، سیاسی لیڈر اور جاسوس مومنین کی صفوں میں داخل ہو چکے تھے۔ خود کوفہ کا وہ گورنر جو ابن زیاد سے پہلے شیعوں کا طرفدار معلوم ہوتا تھا حکومت کے اشاروں پر گامزن تھا۔ مومنین کے ٹھکانوں اور لیڈروں کی فہرستیں بنارہا تھا۔ اُسی نے ابن زیاد کو تمام معلومات فراہم کی تھیں۔ جس سے آن کی آن میں شیعوں کا شیرازہ بکھر گیا تھا۔ اور انہیں انفرادی کوششوں پر مجبور ہونا پڑا تھا۔ جس کو موقعہ ملا کربلا پہنچا ورنہ گرفتار ہو گیا۔ اور کم از کم ایک سال ورنہ امیر مختار کے انقلاب تک قید رہا۔

یہ بات بڑی احمقانہ ہے کہ کوفہ کے تمام شیعہ لشکر عمر سعد میں تھے۔ ابن زیاد و عمر سعد تو دنیا کے زبردست سیاسی لیڈر اور جرنیل تھے۔ کوئی معمولی عقل کا جرنیل بھی کسی باغی شخص کو یا دشمن کے طرفداروں کو اپنی فوج میں بھرتی نہ کرے گا۔ خصوصاً جب کہ جنگ بھی اُسی شخص سے ہو جس کی عقیدت ومحبت بھرتی کئے جانے والوں کے دلوں میں ثابت ہو چکی ہو۔ ایسے موقع پر تو ہر ایسے شخص کو دُور سے دُور رکھا جاتا ہے جس پر یہ شبہ بھی ہو کہ وہ موقعہ ملنے پر بغاوت کریگا۔ یہی وجہ ہے کہ شیعوں کے سربرآوردہ لیڈروں کو قید کیا گیا قتل عام کیا گیا۔ کوفہ میں مارشل لا لگا کر لوگوں کو گھروں کی چاردیواری میں بند رہنے پر مجبور کیا گیا تھا۔ یہ ایک سرکاری فریب ہے جو ہمارے علما اور محدثین کی مدد سے پھیلایا گیا کہ کربلا میں پوری فوج کوفہ کے باشندوں کی تھی۔ عمر سعد کی فوج کی تعداد کے برابر تو پورے کوفہ کے مردوں، عورتوں اور بچوں کو شامل کر کے بھی نہیں بنتی۔ ہمارے ریکارڈ میں امّام کو شکست دینے کیلئے پانچ لاکھ سپاہی مختلف چھاؤنیوں سے جمع کئے گئے تھے اور یہ تعداد اُن اہل علم کیلئے لازم تھی جو یہ جانتے تھے کہ ملک یمن وایران واندرون عرب سینکڑوں زبردست قبائل کے ہلّہ بول دینے کا اندیشہ دامنگیر تھا۔ جو اُس وقت اسلئے نہ ہوا کہ امام مظلومؑ نے مدد ونصرت قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ تاکہ اسلامی خلافت کے اسلام وایمان کا پردہ چاک کر دیا جائے اور ایک دفعہ یہ ثابت کر دیا جائے کہ یہ ملکی حکومت، یہ محمدؐ کی جانشینی کی دعویدار حکومت سَر سے پیر تک اور اندر سے باہر تک کفر وشرک ونفاق والحاد کا ایک انبار ہے۔ اُسکی بنیاد اور اس کے ستون وارکین کافروں، مشرکوں، منافقوں اور ملحدوں سے مرکب ہیں۔ اور یہ کہ اُن میں ہر فرد دشمن محمدؐ وآل محمدؐ ہے۔ یہ وجہ تھی کہ لوگ باہر سے مدد کو نہ آسکے اور جو آئے واپس کر دیئے گئے۔ خود اپنے ساتھیوں اور اولاد واعزہ کو رخصت کرنا چاہتے رہے۔ تاکہ ملکی مذہب کے لوگ کھُل کر اطمینان سے ہر ممکن ظلم کر سکیں اور ثابت ہو جائے کہ کربلا میں حسینؑ اور اُن کے ساتھیوں کے سوا کوئی حقیقی مسلمان نہ تھا۔ سب کا اپنا اپنا خود ساختہ وپسندیدہ مذہب تھا۔

(39/10)۔ حضرت حُرؑ کے چند اور بیانات اور اپنے بیٹے کو نثار کرنا

1) ''ابن نُما کہتے ہیں کہ حضرت حُرؑ نے امام علیہ السلام کو بتایا کہ حضورؑ جب ابن زیاد نے دیکھا کہ میں آپ سے ملنے کے لئے تیر کی

مار کی حد سے نکل گیا تو میرے پیچھے سے مجھے ایک ندا دی گئی کہ ''اے حُرؑ تمہیں **مبارکباد**'' میں نے پلٹ کر آواز دینے والے کو دیکھنا چاہا تو میں نے کسی کو نہ دیکھا۔ میں نے سوچا کہ آپ کے فداکاروں میں شمولیت پر ابن زیاد تو مبارکباد نہ کہہ سکتا تھا۔ امامؑ نے فرمایا کہ بہر طور تم قابل مبارکباد اور بڑے بلند مقام پر فائز ہوگئے ہو۔'' (ایضاً اکسیر العبادات۔ صفحہ 269)

2) وفی الملهوف قال الحرفاذاکُنتُ اوّل من خرج علیک فاذّن لی اَن اکون اول قتیل بین یدیک لَعَلِیّ اکون مِمّن یصافح جدّکؐ فی القیٰمة ۔ ''ملهوف میں لکھا ہے کہ حُرؑ نے کہا کہ چونکہ میں پہلا شخص ہوں جو آپ کے خلاف عمل پیرا ہوا۔ لہٰذا مجھے اجازت جہاد بھی پہلے ملنا چاہیئے کہ میں پہلا جان قربان کرنے والا کہلاؤں اور بروز قیامت آپ کے ناناؐ سے سب سے پہلے مصافحہ کروں۔'' (اکسیر العبادات فی اسرار الشهادات۔ صفحہ 269)

3) قال ابومخنف ثمّ ان الحراقبل علیٰ ولده وقال یابُنیّ احمل علی اعدآء اللّٰه واعدآء رسوؐله فحمل الغلام ولم یزل یقاتل حتّی قتل من القوم اربعة وعشرین رجلًا ثمّ قُتِلَ رحمة اللّٰه علیه فلمّا نظر الیه اباه فرح فرحًاشدیدًا وقال الحمدللّٰه الذی استشهد ولدی بین یدی الحسین ۔ ''ابومخنف نے لکھا کہ اس کے بعد جناب حُرؑ اپنے بیٹے سے مخاطب ہوئے اور کہا کہ بیٹے تم اُن دشمنانِ خدا اور دشمنانِ رسوؐل پر حملہ کرو۔ لڑکے کے حملے سے چوبیس نامور سپاہی واصل جہنم ہوئے اور وہ نوجوان شہید ہوگیا۔ خدا اُس پر اپنی رحمت نازل کرے۔ جب حضرت حُرؑ کو معلوم ہوا کہ اس کا بیٹا امام پر قربان ہوگیا تو اُنہیں جوان بیٹے کی شہادت سے انتہا درجہ کی طمانیت و مسرت حاصل ہوئی اور انہوں نے کہا کہ میں حمد وثنا بجالاتا ہوں اُس اللہ کے حضور میں جس نے میرے بیٹے کو بھی یہ توفیق دی کہ وہ امامؑ کے روبرو شہید ہوسکا۔'' (اکسیر العبادات فی اسرار الشهادات۔ صفحہ 269)

4) فقال علیه السلام اَبرِزُوَقُلُ لاحول ولاقوة الاباللّٰه العلی العظیم فَبَرَزَ نحوالقول وجَالَ وصَالَ واَشْهَرَ نفسه بین الفریقین......وعن الارشاد وفَحَمَلَ علیه رجال یرمون بالنبل.. ۔ثمّ حمل علی القوم ولم یزل حتّٰی قتل من القوم خمسین رَجُلًا۔ قال عمر بن سعدیاویلکم ارشقوهُ بالنبل والسهام ففعلواذلک وجعلوا یرشقون حتی جعلوه کالقنفذ وحملواعلیه حملة رجل واحد... ۔امامؑ نے حُرؑ کو رخصت کرتے وقت فرمایا کہ حملہ کے لئے سبقت کرو اور کہتے جاؤ کہ قوۃ کا سرچشمہ اور ہر چیز کو اطاعت کے دائرہ میں گھیر کر رکھنے کی قدرت اللہ کے سوا کسی اور کے پاس ہرگز نہیں ہے۔ وہی بلندترین اور صاحب عظمت ہستی ہے۔ چنانچہ حضرت حُرؑ نے گھوڑے کو ایڑ لگائی اور موت کی طرح فوج پر گھوڑے کو جولانی دی اُن پر ٹوٹ کر گرے اور دونوں طرف کے لوگوں کو اپنا تشخص کرایا۔ کتاب ارشاد نے کہا کہ اُس قوم نے بھی حُرؑ پر تیروں کا مینہ برسادیا۔ لیکن حضرت حُرؑ نے برابر حملہ جاری رکھا اور اس دفعہ بھی پچاس سور ماؤں کو تہہ تیغ کردیا۔ فوج میں بھگدڑ مچی تو عمر سعد نے پکار کر شرم دلاتے ہوئے کہا کہ تم کم از کم دُور سے تیروں کا جھکڑ چلادو۔ چنانچہ حُرؑ پر اس قدر تیر بارانی کی گئی کہ اُن کو ساہی کی طرح تیروں سے بیندھ دیا گیا۔ مگر حُرؑ برابر امامؑ کی بتائی ہوئی تسبیح **لاحول ولا قوة** ... پڑھ رہے تھے۔ بڑھ بڑھ کر اور جھوم جھوم کر تلواروں پر تلواریں برسا رہے تھے۔ اور عنترہ شاعر کا وہ شعر بھی پڑھتے جارہے تھے کہ میں نے برابر اپنے گھوڑے کو اُن کی فوج پر اس طرح چڑھائے رکھا کہ گھوڑے کی گردن کے نیچے کئی کئی بہادر سپاہی دبے رہتے تھے اور میں اُن کے

سر بکھیرتا چلا جارہا تھا۔ میرے گھوڑے نے اس طرح گویا خون کی ایک چادر اوڑھ رکھی تھی۔حملہ جاری تھا۔فوج پسپا ہورہی تھی۔سرداران فوج دُور سے تماشہ دیکھ رہے تھے۔اور حضرت حُرؑ فوج کے بحرموّاج میں غوطہ لگاتے اور اُبھرتے چلے جارہے تھے۔کہ حصین بن تمیم نے حُرؑ کو دیکھا۔حُرؑ قادسیہ میں اُس کے ماتحت رہ چکا تھا۔حصین نے یزید بن سفیان سے کہا کہ دیکھو وہ حُرؑ تمہارے سامنے ہے۔جسے قتل کرنے کی تمنا تمہارے دل میں ہے۔تم نے کہا تھا کہ اگر مجھے معلوم ہوتا کہ حُرؑ حسینؑ سے جاکر مل جائے گا تو میں ایک نیزہ مار کر اسے قتل کردیتا۔یہ سُن کر یزید بن سفیان حُرؑ کے قریب پہنچا۔مخاطب کیا چیلنج دیا۔حصین بن تمیم کہتا ہے کہ ایسا معلوم ہوا کہ گویا یزید بن سفیان کی موت حُرؑ کی مٹھی میں بند تھی۔اس لئے کہ حُرؑ نے اُس کی للکار پر سپاہیوں کے نرغہ میں سے خود کو نکالا اور یزید کے سامنے آیا اور ایک ہاتھ سے اسے قتل کردیا۔اس ہولناک منظر نے فوج کے دل چھڑا دیئے اور کوئی باہر نہ نکلا تو حُرؑ حسین علیہ السلام کے پاس حاضر ہوگئے۔امام مظلومؑ نے دعائیں دیں۔اہل حرمؑ نے شکریہ ادا کیا۔اِس کا نہ کہیں تذکرہ ہے نہ موقعہ ہی تھا کہ حُرؑ کے زخموں کی مرہم پٹی بھی ہوسکی یا نہیں۔اور ایک تیر نکالنے کے سوا کسی اور کے تیر کا نکالنا بھی مذکور نہیں ہے۔(اکسیر۔صفحہ 270-269)

5) قَالَ وحمل علی القوم وقاتل قِتَالًا شدیدًا اِلٰی اَنْ قتل من القوم مقتلة عظیمة... ۔وقال فبرز الیه عبد اللّٰه بن شقیق فمالبث الٰی اَنْ قتله الحرثمّ برز الیه حریث الباهلی وقال اَنَا علٰی دین الرحمن فقال الحر انت علٰی دین الشیطان فحمل علیه فقتلهٗ۔ فصاح ابن الحجاج بالناس یاحمقاء اتدرون مَن تقاتلون اتقاتلون فرسان اهل المصر؟هؤلاء الناس لایخافون الموت وقداستما تواافَلا یبرز الیهم منکم احدوانهم قلیلون وقلیلٌ مایَبْقون فواللّٰه لوترمونهم بالحجارة لقتلتموهم۔فقال ابن سعد صدقت والرای مابرمت فارسل الی الناس مَن یقسم علیهم اَن لایبارزاحدمنهم احدًا۔(اکسیر۔صفحہ 258)

''حضرت حُرؑ نے پھر اُس قوم پر شدید ترین حملہ کیا اور ایک بہت بڑی تعداد کو ذبح کرڈالا۔اُسی دوران اُن کے مقابلہ پر عبداللہ بن شقیق آیا اور ذرا بھی دیر نہ لگی کہ حضرت حُرؑ نے اُسے قتل کردیا۔فوراً حریث الباہلی حملہ آور ہوا وہ کہتا جاتا تھا کہ میں رحمان کے دین پر ہوں حضرت حُرؑ نے یہ کہا کہ تو شیطان کے دین پر ہے اور ایک ہی وار میں اس کا صفایا کردیا۔یہ حال دیکھ کر حجاج کے بیٹے نے اپنے رسالہ کو للکارا اور کہا کہ او احمق لوگو کیا تمہارا یہ خیال ہے کہ تم مصر کے بہادروں سے لڑرہے ہو؟ ارے جاہلو یہ تو وہ بہادر ہیں جو موت سے بےخوف ہیں۔ہتھیلی پر سر رکھ کر میدان میں نکلے ہیں۔ارے اُن کے مقابلہ میں ایک ایک کرکے نکلنا بند کردو ورنہ یہ تم سب کو ڈھیر کردیں گے۔یہ تو تعداد میں اتنے کم تھے اور کم ہوتے جارہے ہیں کہ اگر تم چاہو تو پتھروں سے اُنہیں ختم کرسکتے ہو۔یہ سُن کر عمر سعد نے کہا کہ تو نے بالکل سچ کہا اور بڑی مستحکم رائے دی ہے چنانچہ پوری فوج کو قسم دینے کا انتظام کیا گیا کہ کوئی بہادر سے بہادر شخص بھی حسینیؑ فوج کے بہادروں کے مقابلہ میں تنہا تنہا مقابلہ پر نہ جائے۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 258)

6) فبرزالحرالیهم ...ثم حمل ولم یزل یقاتل حتّٰی قتل مِنَ القوم مأ تین وثمانین فارسًا فقال عمر بن الحصین وکان والیًا علٰی شرطة ابن زیاد لعنه اللّٰه مَن یخرج الٰی هذا الغادر والناکث فتحاماه الناس ولم یخرج الیه احد مِن عظم باسه وشَدّ مراسه فَلَمَّا رای الناس قدتقاشعوا عنه خرج الیه بنفسه وهوابن الحصین لعنه اللّٰه فحَمَلَ علیه الحرفطعنه فی صدره واخرج السنان مِن ظهره فجدله صریعًا و عجل اللّٰه بروحه اِلَی النار وبئس القرارفکَأَنّ روحه کانت فی یدالحر فحال وصال ونادی هل من مبارز الٰی فتٰی

غیرعاجز ھذا یوم الروع والھزاھز فلم یبرز الیه احد...وعاد اِلَی الحسینؑ؛

وقال یامولای اعلم لماخرجتُ مِنَ الکوفة قَدْعَقَدَ لی ابن زیادرایة الف فارس الذین صحبونی الیک فبینما انا سائِرفی طریقی واذا انا بمناد مِن خلفی البشر یاحُرّبالجنّة فالتفت فلم اَرَاجدًا فقلت فی نفسی ھٰذاالشیطان یھتف بی ویبشرُنی بالجنه وانا سائر اِلٰی حرب الحسینؑ ابن بنت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وآله وسلم وانا احدث نفسی بانّی اصیر الیک فقال له الحسینؑ اَبْشَرُ یاحُرّ بالجنة فاحمداللّٰہ الذی وفّقک فان المنادی کان الخضر فاقبل الحر علٰی ولده بکیر وقال له ودّ ع مولک الحسیؑن فجاء اِلَی الحسیؑن وقال السلام علیک یابن رسولؐ اللّٰہ فانّی مَعَک فی ھذہ الساعة فنسئل اللّٰہ تعالٰی اَن یجمعنابک علی الحق فی جنات النعیم یامولای اَلَیْس قد رضیتَ عنّا؟ فقال نعم اِنّی قد راضٍ عنکم۔ قال فادع لَنَا یامولای۔قال فرفع الحسینؑ یدہ اِلَی السماء وقال اللھم اِنّی اسئلک ان ترضی عنھما فَاِنّی راضٍ عنھما۔

قال وحمل الحر وابنه حملة رجل واحد۔فاقلبا المیمنة علی المیسرة والمیسرة علی المیمنة وضرب فی القلب فقتلافی حملتھما مِأتین فارس ۔ثم عاداووقفا بین یدی الحسینؑ واقبل الحرعلی ولدہ وقال جعلت فداک احمل علٰی اعدآء اللّٰہ ورسوؐله ۔فحملِ البکیرعلی القوم وقتل منھم خمسین مبازًاوھمّ باالرجوع فلقیه الحر وقال اماسمعت قول اللّٰہ عزّوجلّ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا اِذَا لَقِیْتُمُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا زَحْفًا فَلا تُوَلُّوْھُمُ الْاَدْبَار (انفال 8/15)۔ فعاد الغلام راجعًا الی القوم فحمل علیھم وقتل منھم خلقًاکثیرًا ونضّخھم بالجراح فقال لھم ابن سعد حملواعلیه باجمعھم فلما رای ابن الحر ذلک کرّ راجعًا الٰی اصحابه فعطف علیه ابوہ وجماعة من اصحاب الحسینؑ فالتقوہُ وثار الغبار وارتفع القسطل حتّی ماحد یعرف صاحبه قال **فاقتطعواولد الحر** جماعة من اصحاب ابن سعد وحملوہ علٰی اطراف الرماح واشفار والصفاح وھویقول اشھد ان لااله الا اللّٰہ واَنّ محمدًا رسول اللّٰہ ثمَّ قضٰی نحبه فلما رای الحُرّ ولدہ قدقتل فرح واستبشر وقال الحمد اللّٰہ الذی اسْتَشْھَدَکَ بین یدی الحسینؑ ولم تمت جاھلًا فَلَمَّا انجلّت الغبر ة ورجع کلّ منھم الٰی صاحبه واذا فی المعرکة قتلاء لایعلم بھم وبعددھم الا اللّٰہ تعالٰی وقیل عددالقتلٰی فی تلک الساعة اربعة الاف فارس وآتی الحر الی ولدہ وحمله عَلَی الحسین علیھم السلام ورجع اولئک القوم اِلٰی اصحابھم فمن کان له نسیب اوقریب جعل یطلبه مِن بین القتلآء ثُمَّ حمل اصحاب الحسینؑ ومعھم الحرحملة حنق۔ثم حمل علی القوم واقلب المیمنة علی المیسرة وبالعکس ولم یزل یقاتل اربعین فارسًا وقدکلّ ساعدہ فکثرواعلیه القوم والجنود ثم حمل علیھم وضرب فیھم بالسیف ضرب الاعمٰی بعصاہ حتّٰی قتل منھم خلقًا کثیرًا۔فرشقوا بالنبل فعقرت به فرسه فنزل عنھا۔ فضرب فیھم بالسیف حتّٰی تکاثروا علیه وشرک فی قتله رجل اسمه مسرخ فقتلوہ۔(اکسیر۔صفحہ 259-258)

''حضرت حُرؑ نے پھر حملہ کیا اور یہاں تک مسلسل جنگ کی کہ دشمنانِ خدا ورسولؐ کے دوسواسی بہادروں کو واصل جہنم کردیا۔عمر بن الحصین جوابن زیادکا پولیس افسر تھا پکارا کہ ہے کوئی جو اس غدار اور عہد شکن کا کام تمام کرے؟ لیکن فوج حضرت حُرؑ کی شدتِ جنگ اور بے تحاشہ جان بازی کے خوف سے تنگ آ چکی تھی ۔ جب عمر بن حصین نے دیکھا کہ لوگ خوفزدہ ہو چکے ہیں اور سامنے سے بھاگ رہے ہیں تو خود میدان میں نکلا۔اور حضرت حُرؑ نے سامنے آتے ہی ایک نیزہ اس طرح سینے میں مارا کہ کمر سے پار نکل گیا۔گھوڑے سے زمین پر گرا اور اللہ نے اُس کی روح کو جہنم میں جلدی سے روانہ کردیا۔ایسا معلوم ہوا کہ گویا عمر کی موت حضرت حُرؑ کی مٹھی میں بند تھی ۔ پھر وہ دشمن کی فوج پرٹوٹ پڑے کشتوں کے پشتے لگا دیئے اور پکارتے جاتے تھے کہ ہے کوئی جو حسینی مجاہد سے مقابلہ پر آئے۔کوئی ہے جو ایسے جوان سے

مقابلہ پر آئے جسے کوئی سورما عاجز نہیں کر سکا۔ آج موت کی طرف چل چلاؤ کا دن ہے۔ آج جانبازی واکھیڑ پچھاڑ کا موقع ہے۔ جب کوئی باہر نہ نکلا تو آپ ایک دفعہ پھر امام علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے؛

اور عرض کیا کہ حضور جب ابن زیاد نے مجھے ایک ہزار فوجیوں کا سردار بنا کر علَم دیا اور میں چلا اور آپ سے آ کر ملا۔ تو جب میں اپنی راہ چلا آ رہا تھا اچانک پس پشت سے ایک آواز آئی تھی کہ اے حُرّؑ تجھے جنت کی خوشخبری ہو۔ تو میں نے پلٹ کر تلاش کیا تو آواز دینے والے کو میں دیکھ نہ سکا۔ میں نے اپنے دل میں سوچا کہ میں تو امام حسین علیہ السلام سے جنگ کے لئے روانہ کیا گیا ہوں جو کہ رسولؐ اللہ کی بیٹی کے فرزند ہیں۔ مجھے تو جہنم کی بشارت ملنا چاہئے تھی۔ یہ غالباً شیطان ہے جو مجھے جنت کی خوشخبری دے کر جرأت دلا رہا ہے۔ میرے دل میں یہ بات بھی آئی تھی کہ شاید میں آپ کی نصرت ہی کے لئے جا رہا ہوں۔ امام علیہ السلام نے فرمایا کہ اے حُرّؑ واقعی تجھے جنت کی بشارت دی گئی تھی۔ خدا کا شکر کرو جس نے تمہیں یہ توفیق عطا کی، وہ بشارت دینے والا بزرگ جناب خضر علیہ السلام تھے۔ اس کے بعد حُرّؑ اپنے چھوٹے فرزند کے پاس آئے اور کہا بیٹے تم بھی اب اپنے مولا حسینؑ سے وداع ہو لو۔ چنانچہ بکیرؑ بن حُرّؑ حاضر ہوئے اور کہا سلام ہو آپ پر اے فرزند رسولؐ میں یقیناً اِن حالات میں آپؑ کے ساتھ شامل ہوں اور ہم خدا سے امیدوار ہیں کہ وہ ہمیں نعمتوں سے لبریز جنت میں بھی آپ کی خدمت میں اکٹھا کرے گا۔ اے مولاؑ کیا آپ ہم دونوں سے خوش نہیں ہیں؟ فرمایا ہاں ہاں میں تم دونوں سے راضی اور دل شاد ہوں۔ حُرّؑ کے فرزند بکیر نے عرض کیا کہ حضورؑ آپ ہم دونوں کے لئے اللہ سے دعا فرما دیں۔ امامؑ نے آسمان کی طرف دونوں ہاتھ بلند کر کے فرمایا کہ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں کہ تو اِن دونوں سے راضی ہو جا میں بھی اُن سے راضی ہو چکا ہوں؛

کہا گیا ہے کہ پھر حُرّؑ اور اُنکے بیٹے نے مل کر اس ہم آہنگی سے حملہ کیا کہ گویا ایک ہی بہادر حملہ آور ہے۔ چنانچہ انہوں نے فوج کو اسطرح اُلٹ پلٹ دیا کہ فوج کا داھنا حصہ بائیں پر اور بایاں حصہ داہنے حصہ پر گرتا پڑتا مارا مارا پھر رہا تھا۔ اسکے بعد دونوں پھر امامؑ کے سامنے حاضر ہو گئے۔ ذرا دیر بعد حضرت حُرّؑ نے اپنے بیٹے سے کہا کہ میں قربان جاؤں بیٹے اب تم تن تنہا اُن دشمنانِ خدا و رسولؐ پر حملہ کرو۔ چنانچہ بکیرؑ حملہ آور ہوئے اور پچاس بہادروں کو مقابلہ پر بلا کر قتل کر دیا۔ پھر پلٹ کر آئے تو حضرت حُرّؑ نے کہا کہ کیا تم نے اللہ کا یہ فرمان نہیں سُنا کہ جب اے مومنین تم کفار کے حملہ آوروں کا ہجوم دیکھو تو اُنکی طرف پیٹھ نہ کیا کرو۔ یہ سن کر بچہ پھر دشمن کی فوج پر حملہ آور ہو گیا اور اُن میں سے ایک بہت بڑی تعداد کو موت کے گھاٹ اتار دیا اور اُن پر زخموں کی بارش کر دی۔ ابن سعد نے کہا کہ پوری فوج اُس پر اجتماعی حیثیت سے حملہ کرے۔ جب حُرّؑ کے فرزند نے یہ حال دیکھا تو سپاہ حسینیؑ سے رجوع کیا۔ چنانچہ جناب حُرّؑ اور حسینؑ کے صحابہ کی ایک چھوٹی سی جماعت فوج یزید پر ٹوٹ پڑی۔ اور اُسکی مدد پر چاروں طرف بکھر گئی۔ ایسا حملہ کیا کہ گرد و غبار اٹھا، لاشوں پر لاشیں گرنے لگیں، شور و غوغا مر گئے مارے گئے، دوڑ و مدد کرو کی فریادیں بلند ہو گئیں۔ یہ حال ہو گیا کہ کوئی اپنے پرائے کو نہ پہچانتا تھا۔ آپس ہی میں تلوار چل رہی تھی۔ بھاگنے اور جان بچانے کی جگہ نہ ملتی تھی۔ اس افراتفری میں حضرت حُرّؑ کا فرزند کہیں اکیلا گھر گیا اور اُسے نیزوں اور تیروں کی باڑھ پر رکھ لیا گیا۔ وہ کلمہ پڑھتا ہوا شہید ہو گیا۔ جب حُرّؑ کو پتہ چلا کہ بکیر شہید ہو گیا تو خوش ہو کر اللہ کا شکر کیا کہ اُس نے اسکے بیٹے کو حسینؑ پر قربان ہو جانے کا موقعہ دیا اور جہالت کی موت سے بچا کر شہدا میں شامل کیا۔ جب گرد و غبار کم ہوا اور دشمن کی فوج میدان

سے فرار کر گئی اب لوگوں نے ایک دوسرے کو پہچاننا اور اپنے ساتھیوں کی لاشیں اٹھا کر امامؑ کے روبرو لانا شروع کیں۔ اس معرکہ میں قتل ہونے والوں کی صحیح تعداد تو اللہ ہی جانتا ہے لیکن بتایا گیا ہے کہ چار ہزار سپاہی قتل ہوئے تھے۔ چنانچہ حضرت حُرؑ نے اپنے فرزند کی لاش لاکر امامؑ کے سامنے رکھ دی اور دوسرے شہدا کی لاشیں اُٹھا اُٹھا کر لاتے رہے۔ دُشمن نے بھی اپنے مقتولوں کو سمیٹنا شروع کیا۔ پھر جناب حُرؑ نے آخری حملہ کیا اور ایک دفعہ دُشمن کی فوج کو تہہ و بالا کر کے رکھ دیا اور چالیس بہادروں کو مار گرایا اور عام لوگوں میں سے لا تعداد کو ڈھیر کر دیا۔ لیکن اُدھر سے بھی جان لیوا حملہ جاری تھا۔ حضرت حُرؑ کا گھوڑا بیکار ہو گیا تو پاپیادہ دوہتھی تلواریں مارتے ہوئے قلب لشکر میں گھس گئے اور داہنے بائیں سے بے پرواہ ہو کر جو سامنے آتا قتل کرتے جا رہے تھے کہ ایک شخص مسرخ نامی نے برابر سے حملہ کر کے آپ کو شہید کر دیا۔ صحابہ حسینؑ نے پھر حملہ کیا اور حضرت حُرؑ کی لاش اُٹھا لائے۔

فاشترک فی قتله ایوب بن مسرخ ورجل آخر مِن فرسان اهل الکوفة وفی امالی الصدوق فاتاه الحسین ودمه یشخب فقال علیه السلام بخٍ بخٍ یاحُر انت حُر کماسمّیت فی الدنیا والاخرة ۔وفی ملهوف فحمل الحر اِلی الحسین علیه السلام فجعل یمسح التراب عن وجهه ویقول انت الحرّ کماسمّتک اُمک حرًا فی الدنیا والاخرة۔ (اکسیر صفحہ 270)

حضرت حُرؑ کے قاتلوں میں ایک **ایوب بن مسرخ** اور دوسرا کوفہ کے فوجیوں میں سے ایک آدمی شریک تھا۔ حضرت صدوق کی کتاب امالی میں ہے کہ جب حُرؑ کو امامؑ کے سامنے لایا گیا تو خون بہہ رہا تھا۔ آپؑ نے فرمایا مبارک ہوا ے حُرؑ تمہیں مبارک ہو۔ تم اپنے نام کی تصدیق میں دنیا اور آخرت دونوں جگہ آزاد ہو۔ کتاب ملھوف میں لکھا گیا ہے کہ جب حُرؑ کو امامؑ کے پاس اُٹھا کر لایا گیا تو آپ نے حُرؑ کے چہرے سے مٹی صاف کی اور فرماتے جاتے تھے۔ کہ تم واقعی حُرؑ ہو جیسا کہ تمہاری ماں نے تمہارا نام آزاد رکھا تھا۔ تم دنیا اور آخرت میں دونوں جگہ آزاد ہو۔ (اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔ صفحہ 270)

(39/11)۔ حضرت حُرؑ سے تعارف اور امامؑ کی فتح پر دلیل

نام ونسب۔ حُرؑ بن یزید بن ناجیہ بن قعنب بن عتاب بن ھرمی بن ریاح بن یربوع بن حنظلہ بن مالک بن زید مناۃ بن تمیم۔ اسلئے ریاحی، یربوعی اور تمیمی بھی کہلاتے تھے۔ حُرؑ کا دادا عتاب بادشاہ ملک حیرہ نعمان بن منذر کے اعلیٰ درجہ کے درباریوں میں سے تھا۔ علاوہ ازیں جناب حُرؑ کوفہ کے رئیسوں میں سے تھے۔ اور ابن زیاد کی افواج میں بہادر سرداروں اور افسران میں سربر آوردہ تھے۔ اور وہ فوج جو قادسیہ کی ناکہ بندی اور امام حسینؑ کی نقل وحرکت پر نظر رکھنے کے لئے تعینات تھی، حُرؑ اُسی فوج کے سردار تھے۔ اور امام حسین علیہ السلام کو گھیر کر لانے کے خطرناک کام پر تعینات کئے جانے سے وہ اعتماد اور شجاعت میں پُر یقین معلوم ہوتا ہے جو دشمنوں کو حُرؑ پر تھا۔

(الف) حق وحریتِ انسانی کی خطرناک حمایت

یزید اور یزیدی افواج سے وابستہ رہنے میں دنیا کی تمام سہولتیں، نعمتیں، انعام ومُرادمندی، کامیابی کا یقین، آسائش وراحت اور آب وغذا سب کچھ فراہم تھا۔ افسری وسرداری واقتدار حاصل تھا۔ مسلمانوں کی کثرت کی اور مسلمان کثرت کے مذہب کی تائید حاصل تھی۔ لیکن امامؑ کی طرف تمام صورتِ حال ہی ہمت شکن تھی۔ قلتِ تعداد؛ بے کسی وبے بسی، بربادی کا سو فیصد یقین۔ تین روز سے قطعاً

آب ودانہ بند، حکومت کا عتاب جس کے نتیجے میں اپنی اور اپنے بعد تمام اہل وعیال کی تباہی کا خوف۔ لیکن اس سب کے باوجود دنیا کی تاریخ میں یہ بے نظیر مثال قائم ہوگئی کہ امام حسین علیہ السلام کے بچوں اور عزیز واقربا اور صحابہ میں سے کوئی بھی حسینؑ کو چھوڑ کر فوج یزید یا یزید کی پناہ میں نہیں گیا۔ نہ حسینؑ کی حیات میں اور نہ بعد شہادت، کسی ایک کم سن بچے نے بھی حسینیؑ مشن کے خلاف عمل نہ کیا۔ پھر یہی نہیں بلکہ یزیدی فوج کا ایک بہادر سردار ہوتے ہوئے جناب حُرؑ نے حسینی فتح کا اعلان کیا اور یزیدی اقبال واقتدار کی پشت پر ایک لات ماردی۔ اور دنیا میں حرّیتِ انسانی کی قدر وقیمت کا ایک بلند ترین مینار چھوڑ گئے تاکہ دُور دُور سے لوگ دنیاوی راحتوں کو نظر حقارت سے ٹھکرا کر حسینیؑ مشن میں شامل ہونے کے لئے آتے رہیں۔ چنانچہ آج بھی حسینؑ کی طرف آنے والوں کا کثرت کی طرف سے بائیکاٹ کیا جاتا ہے۔ ہر محکمہ اور شعبہ میں اُن پر تعصب کی بجلیاں گرتی رہتی ہیں۔ ترقیوں اور سہولتوں سے محروم رکھنے کی ہر ممکن کوشش کی جاتی ہے۔ چاروں طرف سے انگلیاں اُٹھتی ہیں۔ سرگوشیاں ہوتی ہیں۔ محلوں اور گلیوں اور بازاروں اور تمام سوشل اداروں میں دشمنوں ایسا برتاؤ کیا جاتا ہے۔ غیر مسلم مسلمان سمجھ کر ستاتے ہیں۔ مسلمان حسینیؑ ہونے کا انتقام لیتے ہیں۔ بچپن سے لے کر بڑھاپے تک اور اسکول سے لے کر اختتام تعلیم اور حصول ملازمت تک اُسے حسینیؑ ہونے کا مجرم سمجھا جاتا ہے۔ یقین کیجئے کہ تمام اعمال واخلاق وعبادات سے قطع نظر کسی شخص کا صرف اعلان شیعت کر دینا ہی اتنی بڑی قربانی اور عبادت ہے کہ جس کے مقابلے میں کسی شخص یا جماعت کی ساری عبادتیں بھی نہیں لائی جاسکتیں۔ اور اگر یہ حسینیؑ ہونے کی بنا پر اخلاق وعبادت پر بھی فائز ہو جائے تو یہ اکیلا اس اُمت کی شفاعت کے لئے کافی ہے۔ یہ ہے وہ مقام جسے حاصل کرنے کے لئے حضرت حُر علیہ السلام نے ملکی وقومی حکومت ومذہب واقتدار ووسائل حیات کو ٹھکرا دیا تھا۔ اور یہ ہے وہ قربانی جو ہر شیعہ فرد کرتا ہے۔ اور یہ ہے وہ عبادت جو دن رات اور صبح وشام اور ہر لمحہ اس کے اعمالنامہ میں لکھی جاتی ہے۔ اُس کا ماتم حسینؑ میں اپنا خون بہانا، گوشت کا قیمہ کر کے چھڑکنا، آنکھوں سے آنسوؤں کی بارش کرتے رہنا، دن رات جاگنا، لذات دنیاوی سے کنارہ کشی اختیار کرنا اُس کی ایسی عبادتیں ہیں جن کی کوئی دوسری مثال نہیں ہے۔ پھر خوش اخلاقی، لوگوں سے محبت ووفا، خیرات وخدمت قومی اور حقیقی نماز وروزہ، زیارات وحج بھی اگر ساتھ میں شامل ہیں تو یہ وہ لوگ ہیں جن کا حساب نہیں کیا جاسکے گا۔ اس لئے کہ اگر ایک آنسو جنت واجب کر دیتا ہے تو بتایئے جنتوں سے اُس کا اجر نہ چکایا جاسکے گا۔ اُن کا اجر تو یہ ہوگا کہ اُنہیں محمد وآل محمد صلوٰۃ اللہ علیہم کی براہ راست خدمت سونپی جائے تاکہ جبرائیلؑ ومیکائیلؑ واسرافیلؑ کے ساتھ رہیں۔ **اللّٰھم صلّی علٰی محمدؐ و آل محمدؐ۔**

(39/12)۔ حضرت حُرؑ پر امام علیہ السلام کا مرثیہ اور دعا

جب جناب حُرؑ نے امام علیہ السلام کے چہرہ کو دیکھتے دیکھتے آنکھیں بند کر لیں اور خدمتِ علی وبتول ورسول علیہم السلام میں جا پہنچے تو حضورؑ اُٹھے اور خیمہ میں آکر رونے لگے اور فرماتے جاتے تھے کہ:۔

فنعم الحُرّ حرّ بنی ریاح — **صبورٌ عند مشتبک الرماح**

ونعم الحُرّ اذاواسا حسیناً — **و جاد بنفسه عند الکفاح**

و نعم الحُرّ فی رهج المنایا — **اذا الابطال تخطر بالصفاح**

سیجزی فی المعاد جنان الخلد مع الحور الخرائد و الصیاح

لقد فاز الّذی نصروا حسیناً و خاب الاخسرون بنو السفاح

ثُمَّ انّه علیه السلام بکی و قال اِنَّا للّٰه و انّ الیه راجعون ۔ قَتَلَ و اللّٰهِ اَسَدٌ مِن اساد اللّٰه یذبّ عن حرم رسول ا للّٰه صلّی اللّٰه علیه و آلہٖ ثمّ انّه استغفر له ۔(اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات ۔صفحہ 259)

حُرؑ کتنا اچھا رہا کہ خود بھی اللہ کے یہاں حساب اور بازپُرس سے نجات پا گیا اور اپنے سارے ریاحی قبیلے کو بھی آزاد کرا گیا۔اور نیزوں اور تیروں کو صبر و شکر سے اپنے جسم پر سہتا چلا گیا۔حُرؑ یوں بھی خوب ثابت ہوا کہ جب دُشمن کی افواج سے جنگ کی تو خوشی خوشی اپنی زندگی حسینؑ پر قربان کر گیا۔موت کے طوفانی ہنگامہ میں بھی حُرؑ قابلِ ستائش رہا جہاں بڑے بڑے سُورما خطرہ محسوس کیا کرتے ہیں۔اللہ تعالیٰ فوراً اُسے دائمی جنت کی جزا دے گا۔اور انہیں حَسین اور کنواری حوروں سے تزویج کرے گا۔یقیناً وہ تمام لوگ اعلیٰ درجہ پر فائز ہوگئے جنھوں نے حُسینؑ کی مدد کی اور تباہ و برباد ہوئے اور خسارہ میں رہا وہ قبیلہ جس کی نسل زنا اور بدکاری سے چلی آرہی تھی۔پھر امامؑ نے روتے ہوئے فرمایا کہ یقیناً ہم اللہ کی ملکیت ہیں اور ہمیں اُسی کے حضور پلٹ کر جانا ہے۔اللہ کے شیروں میں سے یہ شیر بھی قتل ہوگیا جو رسولؐ اللہ کے حرم کا تحفظ کرتا تھا۔پھر حُرؑ کے درجات میں اضافہ کی دعا فرمائی۔(ایضاً)

(39/13)۔ میدان کربلا میں آخری اتمام حجت انیسؑ کاہلی کی زبانی اور پہلا حملہ

ودعی بانیس الکاهلی وقال له اذهب الی هؤلآءِ القوم وذکرهم اللّٰه ورسوّله عَسٰی اَن یَّرجعوا عن قتالِی ۔ واَنَا اَعْلَمُ انهم لایَفْعلون ۔ولکن لتکون علیهم الحُجّة الٰی یوم القیٰمة اذا التقینا بین یدی اللّٰه وجدّی رسوّل اللّٰه۔فانطلق انیس الکاهلی اِلٰی عمربن سعد ملعون ودخل علیه ولم یسلّم ۔فقال له مامنعک یااخا کاهل اَن تسلم عَلَیّ اَلَسْتُ انابمسلم فواللّٰه ماکفرتُ بااللّٰه مذعرفتُ اللّٰه ورسوّله ؟ فقال له انیس الکاهلی وکیف عرفت اللّٰه ورسوّله وانت ترید تقتل ابن بنتؐ رسولؐ اللّٰه وَهٰذا الفرات یلوح بصفائه تشرب منه الکلاب والخنازیر ۔وعترة محمدؐ یموتون عطشًا ۔ ثُمَّ انک تقول اَنَامومن باللّٰهِ ورسوّله ؟ کذّبت یاعدواللّٰه ورسوّله ۔فنکس راسه ابن سعد وبیده قضیب فجعل یبحث به الارض فرفع راسه وقال واللّٰه اِنِی اَعْلَمُ اَنَّ قاتّله فی النّار بلاشک ولابدّاَنْ اکتب الٰی ابن زیاد وهو یکتب الٰی یزید اَن یعفونی عَنْ هذا الامر ۔ ثُمَّ بکی وقال یالَیْتَنِی لم اخلق ولیت الموت اخذنی مِن موضعی هٰذا ولم ابتل بهذا الامر ۔ قال ورجع انیس الکاهلی اِلَی الحُسینؑ واخبره بذلک ثُمّ اِنّه یشتدّ الحرب بالحسینؑ واصحابه فصبروا الٰی نصف النهار وهم یقاتلون فی وجه واحد ۔ قال فَلَمَّا رای ذٰلک ابن سعد ارسل رجالا من اصحابه عن یمین الحسینؑ وشماله ومن ورائه ومِن کُلّ جانب وناحیة ۔فصبروا وحَمَلَ اصحاب الحسینؑ علیهم بالنبل وشقا ۔فغضب ابن سعد غضبًا شدیدًا وامرباحراق البیوت فقال الحسینؑ دعوهم فاصبروا علٰی مَایاتیکم منهم فانهم لَمْ یصلواالیکم ولا تقاتلونهم الامن وجه واحد ۔وحمل الشمر وقومه حتّٰی طعنوا فسطاط الحسینؑ فکشفهم الحسینؑ عنه وقال یاویلک یاشمر تَحْرَقُ حرم رسولؐ اللّٰه ؟ فقال شمرنعم یاحسینؑ ۔ قال فرفع الحسینؑ راسه اِلَی السمآء وقال اللهم لایعجزک الشمراَن تحرق دمه فی النار یوم القیٰمة قال فغضب الشمر وکفر وتمرّد وقال احملوا علیهم حملة واحدة فحملوا علیهم مِن کل جانب ومکان فَثَبَّتُ لهم اصحاب الحسینؑ وکان اذا قتل الرجل مِن اصحاب الحسینؑ یبیّن النقص فیهم لِقِلّتِهِمْ واذا قتل جماعة من اصحاب ابن زیاد

لایبیّن فیهم لکثرتهم ۔قال فلمّا رای ذلک ابو ثمامة الصیدادی وقال جعلت فداک یابن رسولؐ اللّٰہ قداختلف علینا القوم مِن کُلِّ جانب ومکانٍ وّنحن مقتولون لامحالة وهذه الصّلٰوة قد حضرت فصَلِّ بنا فانا نریها آخرصلوة نُصَلّیها فَلَعَلَّنَا نلقی اللّٰہ عزّوجلّ علٰی اداء فریضة۔فقال الحسینؑ ذکرتنی بالصّلوة جعلک اللّٰہ مِن المصلّین الذاکرین هذاالعمری اوّل وقتها ثُمَّ اذّن الحسینؑ بنفسه ۔ ثُمَّ قال ویلک یابن سعد انسیت شرائع الاسلام اقصر عن الحرب حَتّٰی نُصَلّی وتَصَلّی باصحابک ونعود الٰی مانحن الیه من الحرب۔ فاستحیی ابن سعد ان یجیبه فنادیه الحصین بن تمیم صَلِّ یاحسینؑ مابدی لک فلک اَن تصلّی فان اللّٰه لایقبل صَلٰوتک فاجابه حبیب بن مظاهر وکان واقفًا بین یدی الحسینؑ ۔ فقال ثکلتک اُمّک وعَدَمَکَ قَوْمُکَ لاتقبل صلوة ابن بنت رسولؐ اللّٰه وتقبل صلوتک یابن الخمّارة۔ قال فغضب الحصین لما ذکر اسم اُمّہٖ۔ (اکسیر صفحہ 260-259)

حضرت امام حسین علیہ السلام نے انیس الکاہلی کو بلوایا اور فرمایا کہ گو میں جانتا ہوں کہ یہ لوگ ماننے والے نہیں ہیں۔لیکن ہم اِن لوگوں کو قیامت تک اور قیامت میں لاجواب کرنے کے لئے ضروری سمجھتے ہیں کہ اُن پر اتمام حجت کردی جائے۔چنانچہ تم اس قوم کے پاس جاؤ اور اُنہیں ایک دفعہ پھر اللہ ورسولؐ سے ڈراؤ ممکن ہے کہ وہ میرے ساتھ جنگ سے باز آ جائیں۔ورنہ جب ہم سب اللہ ورسوؐل کے سامنے جائیں گے تو ہم سُرخرو رہیں گے۔یہ سن کر انیس عمر سعد کے پاس پہنچا اور اُسے سلام نہ کیا تو عمر سعد نے کہا کہ اے کاہلی بھائی تم نے مجھے سلام کیوں نہ کیا؟ کیا میں مسلمان نہیں ہوں؟ قسم بخدا جب سے مجھے اللہ ورسوؐل کی معرفت ہوئی ہے میں نے اللہ اور رسوؐل کا کفر نہیں کیا ہے۔انیس نے کہا کہ تم نے اللہ ورسوؐل کی کس قسم کی معرفت حاصل کی ہے؟ تُو رسولؐ اللہ کی بیٹی کے فرزند کو قتل کرنے کا انتظام کر رہا ہے اور ساتھ ہی اللہ ورسوؐل کی معرفت کا دعویٰ بھی کرتا ہے۔ارے فرات میں کُتے اور سوٗر پانی پیتے اور نہاتے ہیں اور رسولؐ اللہ کی اولاد پیاس سے لبِ دم ہے اور تو پھر بھی اللہ ورسولؐ پر ایمان کا مدعی ہے۔اے دشمن خدا اور رسولؐ تو سراسر جھوٹا ہے۔عمر سعد سر جھکائے بیٹھا تھا اور اپنے ہاتھ میں جو چھڑی لئے ہوئے تھا اُس سے زمین کریدر ہا تھا۔آخر اُس نے اوپر دیکھا اور کہا کہ میں بلاشک وشبہ جانتا ہوں کہ حسینؑ کا قاتل جہنمی ہے یقیناً میں ابن زیاد کو اور وہ یزید کو لکھے گا کہ مجھے اس کام سے معاف کردیں پھر رو کر کہنے لگا کہ کاش میں پیدا نہ ہوا ہوتا اور کاش مجھے یہیں بیٹھے بیٹھے زمین نگل جاتی اور مجھے اس آزمائش سے نجات مل جاتی۔راوی نے بتایا کہ اس گفتگو کے بعد انیس تو امامؑ کے پاس آیا اور اُدھر عمر سعد کی حالت سنائی مگر نتیجہ یہ نکلا کہ حسینؑ اور صحابۂ حسینؑ پر شدید حملہ کردیا گیا۔اور انصاران حسینؑ ایک ہی جانب سے صبر واستقلال سے مدافعانہ جنگ کرتے رہے یہاں تک کہ زوال کا وقت سر پر آ گیا۔راوی نے بتایا کہ جب عمر سعد نے صحابہ حسینؑ کا یہ اطمینان سے لڑنا دیکھا تو اُس نے امامؑ کے صحابہؓ پر داہنے بائیں آگے پیچھے اور ہر طرف سے حملہ کرادیا۔اُدھر انصاران حسینؑ نے بھی نہایت ضبط وتحمل سے تیروں اور ترکشوں اور نیزوں سے دفاع جاری رکھا۔اس استقلال اور جم کر لڑنے اور منتشر نہ ہونے پر عمر سعد کو سخت غصہ آیا۔اُس نے یہ ترکیب بتائی کہ خیام حسینیؑ میں آگ لگادو۔تا کہ حسینیؑ فوج میں انتشار پھیل جائے۔اُدھر امامؑ نے فرمادیا کہ تم توجہ ہی نہ دو اور دیکھتے رہو کہ وہ کیا کر سکتے ہیں وہ اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہوں گے۔تم ایک ہی طرف سے دفاع کرتے رہو۔ چنانچہ شمر اور اس کی فوج نے اس طرح حملہ کیا کہ امامؑ کے خیمہ میں تیروں اور نیزوں سے سوراخ ہوگیا اور امامؑ نے شمر کو دیکھ کر کہا کہ اَے شمر کیا تو رسولؐ اللہ کے حرمؑ کو جلادینا چاہتا ہے۔شمر نے کہا ہاں یہی ارادہ ہے۔راوی کہتا ہے کہ امامؑ نے آسمان کی طرف سر بلند کیا اور کہا کہ

اے اللہ تجھے شمر ایسا عاجز و ناتواں نہیں کرسکتا کہ تو قیامت میں اُس کا خون جہنم کی آگ میں نہ بہاسکے۔ یہ سُن کر شمر نے اور زیادہ کفر و سرکشی پر کمر باندھ لی اور فوج کو حکم دیا کہ حسینؑ سپاہ پر چاروں طرف سے حملہ کرو اور ایک ہی حملہ میں انہیں ختم کردو چنانچہ حملہ کیا گیا۔ ہوتا یہ تھا کہ اگر انصاران حسینؑ میں سے کوئی ایک بھی شہید ہوجاتا تھا تو اُن کی تعداد میں کھلی ہوئی کمی نظر آنے لگتی تھی اور یزیدی فوج میں ایک پورے گروہ کے قتل ہوجانے پر بھی کمی محسوس نہ ہوتی تھی۔ وجہ ظاہر ہے کہ حسینؑ کی طرف تو گنے چنے آدمی تھے اور دوسری طرف ایک لامحدود ولاتعداد ٹڈی دل تھا۔ جس میں ہزاروں کے قتل ہوجانے پر بھی کمی محسوس کرنا مشکل تھا۔ بہرحال صحابہ علیہم السلام نے نہایت پامردی سے اس شدید ترین حملہ کو بھی روکے رکھا اور کامیابی نہ ہونے دی۔ اس خطرناک صورت حال میں جناب ابوثمامہ نے امامؑ سے عرض کیا کہ یاابن رسولؐ اللہ ہمارے اوپر ان لوگوں نے چاروں طرف سے حملہ کررکھا ہے اور ہمیں آخر قتل ہوجانا ہے مگر کیوں نہ ہم اس سر پر کھڑی ہوئی نماز کو آپ کی اقتدا میں بجالے آئیں تاکہ ہم اللہ کے سامنے فرائض کو ادا کرنے والوں کی حیثیت سے پہنچیں۔ امامؑ نے خوش ہوکر فرمایا کہ تم نے مجھے نماز یاد دلائی اللہ تمہیں نمازیوں اور ذاکروں میں قبول فرمائے اور یہ تو نماز کا اوّلین وقت ہے۔ اس کے بعد امامؑ نے بنفس نفیس اذان دی۔ اور پھر عمر سعد سے کہا کہ خدا تجھے غارت کرے تو نے اسلام کے تمام قوانین کو طاقِ نسیان پر رکھ دیا ہے۔ جنگ روکنے کا حکم دے ہم بھی نماز پڑھ لیں تم بھی مع اپنی فوج کے نماز پڑھ لو۔ اس کے بعد فوراً ہم اسی جنگی پوزیشن میں واپس آجائیں جس میں اب ہیں۔ عمر سعد خود تو انہیں جواب دیتے ہوئے شرمایا مگر حصین بن تمیم سے کہلوایا کہ اے حسینؑ جس طرح دل چاہے تم نماز پڑھ لو مگر تمہاری نماز کو اللہ قبول نہیں کرسکتا۔ حبیبؑ ابن مظاہر نے اُس ملعون کو جواب دیا کہ تیرے غم میں تیری ماں روئے اے خمارہ کے بیٹے تیری نماز تو مقبول ہوگی اور رسولؐ کی بیٹی کے فرزند کی نماز قبول نہ ہوگی۔ خدا تیرا اور تیری قوم کا ستیاناس کرے۔ راوی کہتا ہے کہ اپنی ماں کی توہین سے حصین بن تمیم کو بہت غصہ آیا۔ اور؛

(39/14) <u>حصین بن تمیم کا قتل ہوجانا حبیبؑ ابن مظاہر کی جنگ اور شہادت</u>

فقال له یاحبیب ابرز الِیّ تجدنی فی مبارزتک سریعًا ۔قال فسَلّم حبیب بن مظاهر علَی الحسینؑ وودّعه وقال اِنْ فاتتنی الصلوة معک یابن رسولؐ اللّٰه فانِی اُصلّیها فی الجنة واقراء جدک واباک واُمّک واخاک منک السلام ۔ ثُمّ بَرَزَ اِلَی الحصین وانشاء یقول: انا حبیب وابی مظاهرٌ ۔ وفارس والهیجآلیث قسور ۔وفی یمینی صارم وبَأترٌ ۔وانتم ذوعدد و اکثر ۔ ونحن اوفی منکم واصبر ۔ ونحن فی کل الامور اجدر ۔الموت عندی عسلٌ وسکرٌ ۔ مِنَ البقآء بینکم یاخسر ۔ونحن اعلٰی حجة واطهر ۔حقّاوربّی شاهدٌ وحاضرٌ ۔اضربکم ولااخاف المحذر ۔عن الحسینؑ ذوالفخار والاطهر ۔قال ثُمَّ حمل عَلَی الحصین فضربه فوقعت الضربة فی خیشوم فرسه فقطعه فوثبت به فارمته الی الارض فقتلته ثُمَّ اِن حبیب حمل علیهم وقتل منهم ازها علٰی مائة فارس ورجع وفیه خمس جراحات ۔ فشدّها ورکب فرسًا اشقر ثُمّ حمل علیهم وقاتل قتالًا شدیدًا وحمل علٰی رجل من اهل الشام اسمه <u>**برید بن صریم**</u> وضربه علٰی اُمّ راسه فقتله ولم یزل یقاتل حتّٰی قتل مِن القوم مقتلة عظیمة ثم حمل علیهم وانشاء یقول : اِنّی اری یومًا عظیم المنکر ۔یذکر حتی البعث یوم المحشر ۔یاویلکم اماعلمتم انّهٗ سبط الرسولؐ الطاهر المطهر ۔ یاویلکم کا تبتموا امامکم ۔ثمّ غدرتم بئس ذامِن معشر ۔مَن غیره تدعون اذنا دیتموا ۔یاابن البتولؑ الطهر یابن حیدرؑ ۔یاویلکم

کفرتموا بربکم۔حین بدلتم بِیزیدالاخسر۔یاویلکم من النبیؐ المصطفیٰ۔تُبّالکم مَن فَعَلَ ھٰذا المنکر ؟

قال فبینما حبیب بن مظاھر کذلک اذا خرج الاخوص وکان عدولاھل البیتؑ فتلقا ہ حبیب وصاح بہ صیحۃ عظیمۃ وقال لہ تکلّمتَ بشرّک مِن کفرک ثم حمل علیہ وھو یقول اللھم قدبانت عداوۃ ھٰذاالکافر لِوَلِیّکَ وابن بنت نَبِیّکؐ فاعنّی وانصرنی علیہ ثمّ انہ عمدااِلَی الاخوص فانفذ السنان مِن ظھرہ وقال خذھا مِن مولیٰ لعلیؑ بن ابیطالبؑ ۔ ثم حمل علیٰ اصحاب ابن سعد ولم یزل یضرب فیھم بالسیف ثمّ دعی اِلَی البراز فلم یبرز الیہ احد فبرز وفحمل عَلَی المیمنۃ فالجأھا اِلَی المیسرۃ فقتل منھم خلقًا کثیرًا ۔ فالتقاہ جماعۃ من اصحاب ابن سعد مقدارالف فارس قدتعب من کثرۃ القتال ثُمّ ضرب منھم ملعون علیٰ ام راسہ واستشھد امام الحسینؑ۔فلما قتل حبیب بان الانکسارفی وجہ الحسینؑ فقال اِنّاللّٰہ وانّاالیہ راجعون وعند اللّٰہ تعالیٰ نحتسب انفسنا رحمک اللّٰہ یاحبیب لقد کُنتَ فاضِلًا تختم القرآن فی رکعۃ واحدۃ ثُمّ بکی علیہ وبکی الانصار۔

(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات صفحہ۔261-260)

حصین ابن تمیم نے جناب حبیبؑ کو جنگ کا چیلنج کیااوراپنی بہادری کی غپ ماری۔اس پر جناب حبیبؑ نے امؑام کوسلام کیا۔ وداع ہوتے ہوئے کہاکہ سرکار اگر میری یہ نماز فوت ہوگئی تو میں جنت میں آپ کے نؑانا اوروالدؑ ووالدہؑ اور بھؑائی کے ساتھ نماز پڑھوں گا اورآپ کا اُنہیں سلام پہنچاؤں گا۔اس کے بعد یہ اشعار پڑھتے ہوئے چیلنج کرنے والے حصین بن تمیم کی طرف آئے۔ میں حبیب ہوں میرا والدمظاہر ہے۔ میں وحشت ناک میدان جنگ میں لڑنے والا بہادر ہوں۔میرے داہنے ہاتھ میں کاٹنے والی اورجُدائی ڈالنے والی تلوار ہےاورتمہاری افرادی قوت کثرت میں ہے اورہم تمہارے مقابلہ میں بہت باوفا اوربُردبار ہیں۔اور ہر ہر پہلو سے موزوں ترین لوگ ہیں۔میرے نزدیک موت شہد کے مانند ہےجس سے مجھے سرور حاصل ہوگا۔تمہارے اندرفنا اورنقصان ہی نقصان ہے۔اورہم بالکل نمایاں طور پرحق بجانب ہونے کی دلیل ہیں۔حق یہ ہےاوراس کےحق ہونے پر میرا اللہ حاضر رہنے والا گواہ ہے۔ میں تم پر لگا تار ضربیں لگاؤں گااورکسی طرح منہ نہ موڑوں گا۔راوی کہتاہے کہ اس کے ساتھ ہی جناب حبیب نے حصین پرحملہ کر کے تلوار کی ضرب لگائی۔ وارخالی دینے کی وجہ سے حصین تو بچ گیامگرتلوارگھوڑے کی ناک پرلگی اورمُنہ کٹ کررہ گیااس صدمہ سے گھوڑاالف ہوااورزمین پرگرا اورحصین اُس کے نیچے روندا گیا۔اس کے بعد جناب حبیبؑ نے لشکرعمرسعد پرکھلاحملہ کردیااورذرادیر میں ایک سو سے زیادہ ملاعین کوڈھیر کرکے رکھ دیا۔ پھرواپس خیام میں آئے اوراپنے پانچ زخموں کی مرہم پٹی کرکے پھرایک سرکش سرخ رنگ کے گھوڑے پرسوار ہوئے اوردوسرا بہت شدیداورخطرناک حملہ کیا۔اسی دوران بریدبن صریم مقابلہ پرآیااورحبیبؑ کے ہاتھ سے قتل ہوا۔وہ لگا تارقتل کرتے چلے گئے یہاں تک کہ لاتعدادلوگوں کوموت کے گھاٹ اُتاردیا۔اور برابر یہ اشعاربھی پڑھتے جاتے تھےاورتلوار پرتلوار مارتے جاتے تھے۔ میں ایک نہایت ناپسندیدہ دن کواپنے سامنے کھڑادیکھ رہاہوں۔ جوروز قیامت کے ہنگامے کی یاددلاتاہے۔خداتمہیں بربادکرےتم یہ جانتے ہوکہ حسینؑ پاک وپاکیزہ کرنے والے رسوؐل کا نواسہؑ ہے۔تم غارت ہوجاؤتم نے خود ہی اپنے امؑام کوخط لکھ کربُلایا۔پھرتم نے تمام دنیا کی اقوام کے دستور کے خلاف اُن سے دھوکہ کیااورلڑنے کے لئے آگئے۔حسینؑ کے علاوہ وہ کون ہے جسےتم حیدرؑاوربتولؑ کا بیٹا کہہ کر پکاروگے؟ اَے بدکاروتم نے تواپنے رب کے ساتھ کفرکیاہے۔اس لئے کہ تم نے حسینؑ کے بدلے میں اپناامام یزید جیسے دِیوالیے کو

بنالیاہے۔اللہ تمہیں تباہ کرے، نبیؐ مصطفیٰ کی طرف سے ایسا ناہنجار سلوک کسی نے کیا ہے؟

کہا گیا کہ حبیبؑ ابن مظاہر جنگ میں مصروف تھے کہ ایک دشمنِ اہلبیت اَخوَص نامی ملعون میدان میں آیا جو امام حسینؑ پر فتح پانے کی نذر ماننے کا دعویٰ کرر ہا تھا۔حبیبؑ نے اُسے بڑی سختی سے للکارا اور کہا کہ میں تجھے تیرے کافرانہ کلام پرموت کی خبر دیتا ہوں اور یہ کہتے ہوئے اس سے جنگ شروع کی کہ اے اللہ اس ملعون کی آلِ رسوؐل سے عداوت اور تیرے ولیؑ سے اور تیرے نبیؐ کی بیٹی سے دشمنی کھل کر ظاہر ہے۔لہٰذا تُو میری اعانت اور نصرت کرتا کہ میں اُس کو قتل کرسکوں۔اسکے بعد خاص ارادہ کر کے نیزہ مارا کہ نیزہ کی بھال اسکے سینے میں گھس کر رہ گئی اور کہا کہ میرے مولا علی ابن ابیطالب علیھما السلام کی طرف سے یہ انعام لے کر مرجا۔پھر عمر سعد کے مخصوص لشکر پر حملہ کر دیا اور دھڑا دھڑ تلواریں مارتے رہے اور اپنے مقابلہ پر کسی سورما کو بھیجنے کا نعرہ لگاتے رہے لیکن کوئی اکیلا اُنکے مقابلہ پر نہ آیا۔ اِدھر جناب حبیبؑ جنگ کرتے کرتے اور قتل پر قتل کرتے ہوئے تھک چکے تھے۔اُدھر عمر سعد نے ایک ہزار سواروں کی ایک فوج سے اُن پر خصوصی حملہ کرا دیا۔اس ہنگامہ میں کسی ملعون نے پیچھے سے آ کر اُنکے سر پر ایک کاری تلوار ماری۔جس سے آپ امام حسینؑ کے سامنے شہید ہوگئے۔اُنکے قتل ہونے پر اماؑم کا چہرہ اُتر گیا اُداسی اور رقت طاری ہوگئی۔آپ نے انا للّٰہ پڑھا اور اللہ کے روبرو فیصلے کا اعلان فرمایا اور کہا کہ اے حبیبؑ تم صاحب فضل وکمال تھے تم ایک ایک رکعت میں قرآن ختم کر دیا کرتے تھے۔اماؑم اور امامؑ کے تمام انصار نے اُنہیں رو کر رخصت کیا اور رحمت بھیجی۔(ایضاً)

(39/15)۔ انصارانِ حسین علیھم السلام کی شہادت کا پتہ چل جانا خود ایک مُعجزہ ہے

قومی حکومت کے انتظام اور قومی امیر المومنین یزید کی سب سے پہلی شکست یہ تھی کہ واقعات کربلا چھپائے نہ جا سکے اور اُن تمام انتظامات کی آہنی چادروں کو پھاڑ کر باہر نکل گئے جو پچاس سال پہلے تیار کی گئی تھیں اور تین سو سال بعد تک ڈھکی جاتی رہیں۔ذرا سوچئے کہ کربلا اور کوفہ پہنچنے والا ہر راستہ افواج کے سخت پہرہ میں ہے اور کسی شخص یا جماعت کی مجال نہیں کہ یزیدی انتظام سے بچ کر کوفہ یا کربلا میں پہنچ جائے۔اُدھر سرکاری مؤرخین واہل قلم کی رُو سے بھی امام حسینؑ اور اُن کے انصار ایک لق ودق بیابان میں تیس ہزار فوجیوں کے نرغے میں محصور ہیں۔ذرا سوچئے کہ یہاں کے حالات کو تمام دنیا سے مخفی رکھنا کتنا آسان تھا؟ اگر امام حسین علیہ السلام مستوراتؑ اور اہل حرؑم اور بچّوں کو ہمراہ نہ لے جاتے؟ اگر یزید اہلِؑ حرم کو قید کر کے اُن کی تشہیر اور گشت نہ کراتا؟ تو کربلا میں گزرنے والی ایک بات بھی کسی کو معلوم نہ ہوسکتی تھی۔لیکن معصومؑ انتظام اور صبر وضبط نے یزیدی حکومت کو غلط اعتمادی میں مبتلا کر دیا۔اُس نے پچاس سالہ پروپیگنڈے سے یہ سمجھ لیا کہ علیؑ وخاندان علیؑ سے ساری دنیا متنفر ہوچکی ہے۔اُسے اسلام اور مسلمانوں کا دشمن سمجھتی ہے۔اب مسلمانوں میں کوئی شخص اُن کی طرفداری نہ کرے گا۔بہرحال قدرتِ خداوندی نے یزید اور اُس کے دانشورانِ حکومت کو یکے بعد دیگرے اِس طرح اُلجھایا اور اُنہیں ایسی سیاسی تدبیروں میں لگا دیا کہ خود اُن کے دماغوں، ہاتھوں اور زبانوں سے واقعات کربلا ہر دماغ وزبان پر طاری ہوگئے۔اور اُنہیں مجبور کیا کہ وہ خود اپنے محلوں، گھروں اور شہر میں عزاداری حسینؑ اور تاریخ کربلا کا قیام کریں اور ایک دفعہ تمام حالات وواقعات وشہادات اپنی صحیح صورت، مکمل تفصیل اور عملی ترتیب کے ساتھ مدوّن ہوگئے۔اور عزاداری کی صورت میں رسومات وعبادات میں داخل ہوگئے۔

لیکن قومی حکومت کو جب بھی موقعہ ملا اُس نے پوری کوشش کی اور اپنی پوری قوت اور مشینری اس بات پر لگادی کہ قرآن کی حقیقی تعلیم کی طرح واقعاتِ کربلا اور اُن واقعات کے اسباب وعلل اور اُن واقعات کا احیا کرنے والوں کو مٹادیا جائے۔ یا مشکوک کردیا جائے یا فطری ترتیب کو اُلٹ پلٹ دیا جائے۔ چنانچہ تین سو سال تک یہ سب کچھ کیا جاتا رہا۔حکومت نے قدیم ریکارڈ اور کتابوں کو گھروں اور کتب خانوں سے نکلوا کر ضائع بھی کیا اور ایسی کتابیں، ریکارڈ اور روایات بھی تیار کرائیں جن سے پوری تاریخ کو عموماً اور کربلا کی تاریخ کو خصوصاً تبدیل کر کے پیش کیا جاسکے۔ مثلاً کربلا کا کارنامہ انجام دینے کے لئے پانچ چھ لاکھ فوج کو گھٹا کر چند ہزار تک لایا گیا۔اور دُور از کار بحثیں کر کے اُس غلط اور فرضی تعداد کو مسلمہ بنا کر اُمت میں پھیلایا گیا۔مثلاً حسینؑ کی افرادی قوت اتنی قلیل تھی کہ اُس کو فنا کرنے کے لئے تین چار ہزار آدمیوں کی فوج کافی تھی۔ چنانچہ قومی یا یزیدی حکومت کی جانشین حکومتیں اور قومی مذہب سے منسوب حکومتیں آج تک برابر نئی تاریخ تیار کراتی اور پچھلی تاریخ یعنی خود اپنے بزرگوں اور خلفا و بادشاہوں کی لکھی ہوئی تاریخ کو بھی بدلتی چلی آرہی ہیں۔ہمیں قومی مذہب کی حکومتوں اور سرکاری علما سے اتنا شکوہ کبھی نہیں رہا جس قدر شکایت اُن علما سے رہی ہے جو خود کو شیعہ کہلاتے رہے ہیں اور تائید سرکاری تاریخ کی کرتے رہے ہیں۔اور اس تائید کا نام تحقیق وتنقید رکھتے چلے آئے ہیں۔

(الف) شہادتوں کی ترتیب کا کیا ذکر وہاں تو شہدا کی تعداد کو عمداً غلط مشہور کیا جاتا رہا

سرکاری علما اور قومی حکومت کا کمال یہ ہے کہ آج ہر شیعہ سُنی کربلا میں شہید ہونے والے شہدا کی تعداد بَہتّر بتادے گا۔یعنی تیرہ سو سال کی محنت وکوشش سے بَہتّر (72) کی تعداد ہر قلب وزبان پر اطمینان کے ساتھ بٹھادی گئی۔ یہ تو عوام ہیں جنہیں تاریخ اور بحث وتمحیص سے کوئی سروکار نہیں ہوتا۔اُنہیں جو کچھ علما نے مساجد اور منبروں سے چیخ چیخ کر بار بار بتایا اُنہیں یاد ہوگیا اور علما کے اعتماد پر اُسے ہی حق سمجھا۔لیکن ہمیں علما کے قابل اعتماد ہونے یا نہ ہونے سے بحث نہیں ہے۔ بحث اس سے ہے کہ شہدائے کربلا علیہم السلام کی غلط تعداد کیوں لکھی اور بیان کی جاتی ہے؟ خصوصاً جب کہ صحیح تعداد بھی معلوم ہو اور اپنے ہاتھ سے لکھی بھی جائے۔ چنانچہ یہاں ہم اس کی چند مثالیں لکھتے ہیں تاکہ یہ معلوم ہوجائے کہ سرکاری تاریخ سے اخذ کیا ہوا نتیجہ کس طرح علما کے دماغوں پر سوار رہا ہے۔اور کہیں بھی اُسے فراموش نہیں کیا گیا۔اور بار بار بَہتّر (72) بَہتّر (72) کی رٹ جاری رکھی ہے۔

(ب) علامہ علی نقی مجتہد عرف نقن صاحب اور شہدائے کربلا کی تعداد؟

علامہ کے بیانات سنئے اور ہمارے شکوہ کو جائز یا ناجائز قرار دیجئے۔

(اوّل) ''ایک جگہ گھیر لئے جانے کے بعد حفاظت خود اختیاری کے اصول پر بہتر (72) کے ساتھ تیس ہزار (30000) کا مقابلہ کرلینا تو عین شجاعت وہمت اور صحیح طریقہ کار ہے۔'' (شہید انسانیت۔صفحہ 304)

(دوم) ''اکثر مورخین کے بیان کے مطابق یہ تیس (30) سوار اور چالیس پیادے سے زیادہ نہیں تھے۔'' (صفحہ 334)

یہ تعداد علامہ کو صحیح معلوم ہوتی ہے اس کا اعلان سنئے فرماتے ہیں کہ:۔

(سوم) ''رہ گئے اہلِ کوفہ اُن میں سے حضرت امام حسینؑ کے ساتھ روزِ شہادت چالیس آدمی تھے۔اور مجموعاً آپؑ کے سپاہیوں کی تعداد ستر (70) تھی'' (ایضاً صفحہ 342) یہاں علامہ نے بہتر میں سے بھی دو کم کر دیئے ہیں اور دیکھئے:

(چہارم) ''واقعی تاریخ کا ایک یادگار اور حیرت انگیز سانحہ ہے کہ تیس ہزار (30000) فوج کے سامنے بہتّر بھوکے پیاسے ہوں۔'' (شہیدِ انسانیت۔صفحہ 381)

یہ چاروں بیانات اس حقیقت کو ثابت کرتے ہیں کہ علامہ کے سر پر ستر (70) یا بہتّر کی تعداد سوار ہے۔اور جب اطمینان سے کوئی جملہ لکھتے ہیں تو بہتّر کے دائرہ سے باہر نہیں نکلتے۔ لیکن انہیں معلوم ہے کہ ستر یا بہتّر کی تعداد سراسر غلط اور سرکاری بکواس ہے۔اسلئے کہ جب علامہ نے الگ الگ شہدا کا حال اور نام لکھے تو انصارانِ حُسینؑ کی تعداد بانوے (92) لکھی۔(ایضاً صفحہ 431)

اوراس کے بعد مع امامؑ بنی ہاشم کی تعداد اٹھارہ (18) بتائی (ایضاً صفحہ 461) اور یوں کل شہدائے کربلا علیھم السلام کی تعداد مجموعاً (92+18) ایک سودس (110) ہوگئی۔مگر باقی ہر جگہ بہتّر کی رٹ لگائے رکھی۔اور پھر یہ بھی سن لیں کہ:۔

(پنجم) ''دوسرے واقعات سے یہ پتہ چلتا ہے کہ یہ تعداد سو (100) سے زیادہ اور دوسو (200) سے کم تھی۔'' (شہیدِ انسانیت۔صفحہ 334) اور یہ کہ:۔

(ششم) ''یہ شرم کی بات سمجھنا چاہئے کہ ایک ایسی قلیل تعداد پر جو دوسو (200) سے بھی کم ہو حملہ کیا جائے اُس بڑی فوج کی طرف سے جو تیس ہزار (30000) سے کسی طرح کم نہ ہو اور پھر تیروں کے بے پناہ باران سے ابتدا کی جائے۔'' (شہیدِ انسانیت۔صفحہ 361)

ہمارا شکوہ یہی تھا کہ زیادہ تعداد معلوم ہوتے ہوئے؛ اقرار کرتے ہوئے اور بار بار لکھنے کے باوجود قومی وسرکاری تائید کو نہ چھوڑا جائے اور شیعوں اور سُنیوں میں غلط تعداد مشہور کرنے پر سارا زور لگا دیا جائے۔علما کا یہ طریقہ ایک ہزار سال سے جاری چلا آ رہا ہے۔اس طرح پوری اُمت کی زبان پر بہتّر بہتّر چڑھا دیا گیا۔یہی حال اُن حضرات نے ہر حقیقت کو بدلنے اور بدلی ہوئی بات کو شہرت دینے کے لئے جاری رکھا ہوا ہے۔ چنانچہ کربلا میں انصارانِ حُسین علیھم السلام کی شہادت کی ترتیب بھی اُن ہی نے مشہور کی ہے۔ جو دو مرتبہ ایک سو (100) سے زیادہ لکھنے کے بعد بھی آخر میں آخری فیصلہ یہی کرتے ہیں کہ:

''لیکن عالمِ تصور میں اُس منظر کو سامنے لاؤ کہ صرف بہتر (72) آدمیوں کی صف ایستادہ ہے۔'' (شہیدِ انسانیت صفحہ 383) بہرحال یہ وہ مُرغ ہیں جن کی ابتدا سے ایک ہی ٹانگ دیکھی جاتی رہی ہے۔

(39/16) شہدائے کربلا کی جنگی ترتیب اور قدرتی تحفظ اور حسینی انتظام

امام حسین علیہ السلام نے کربلا پہنچ کر ابتدا سے انتہا تک تمام انتظامات کر دیئے تھے۔یعنی اپنے اور اپنے رفقائے کار کے قبرستان کی زمین تک خرید لی تھی۔بنی اسد کی تمام چھوٹی بڑی بستیوں میں مردوں، عورتوں اور بچوں تک کو یہ بتا دیا تھا کہ دشمن کی افواج کے روانہ ہو جانے کے بعد تم شہدائے کربلا کو دفن کرنا۔جب تک مادی طور پر آپ نے فوجوں کا ہجوم نہ دیکھ لیا ایک چاروں طرف سے کھلے

میدان میں قیام رکھا۔لیکن پہلے ہی سے وہ مقام انتخاب کرلیا تھا جہاں سے آپ نے دفاعی جنگ لڑنا تھی۔ چنانچہ جیسے ہی افواج کی بھیڑ شروع ہوئی اور عملاً یہ دیکھ لیا گیا کہ افواج یزید کے قیام کا نقشہ کیا ہوگا؟ آپ نے اپنے خیام اُس آخری مقام پر نصب کرا دیئے جہاں سے تمام قربانیاں پیش کی جائینگی اور جہاں سے اہلبیؑت کو گرفتار کیا جائے گا اور جہاں کا قیام دشمن کی افواج کو شروع سے آخر تک دِقّت اور پریشانی میں مبتلا رکھے گا۔اور کھل کر حسب منشا حملہ سے باز رکھے گا۔اور جو مقام دشمن کی دس کروڑ افواج کو بھی سمیٹ کر تین ہزار کی تعداد تک اُتار لاتا اور **باقی تعداد کو بے اثر اور بے کار کر دیتا**۔ ذرا اس نقشہ پر نظر ڈالیں۔

(خیام حسینؑ کا نقشہ)

آپ یہ ہلالی شکل دیکھتے ہیں۔ یہ پہاڑیوں کا ایک مسلسل غیر منقطع سلسلہ ہے جسے حَیر پہلے اور حائر اب کہا جاتا ہے۔ یہ وہ قدرتی تحفظ تھا

جسے امامؑ نے منتخب کیا تھا۔ اور جس کے اندر قیام فرمانے سے پہلے ہی خندق وغیرہ تیار کرالی گئی تھی اور یہ کام نہایت خاموشی سے کرلیا گیا تھا۔ اس لئے کہ اس شعبِ ابیطالبؑ کے ہم شکل چاند نما دہانہ کو بند کرتے ہوئے باہر میدان میں عارضی قیام رکھا تھا۔ تاکہ افواج کی آمد اور قیام کے طریقے پر اطلاع رہے اور چاند کے اندر ہونے والے انتظام کا دشمن کو پتہ نہ چل سکے۔ چنانچہ چاند کے اندر پہاڑی سلسلہ کے ساتھ ساتھ اندر کی طرف خندق کھدوائی گئی اور جنگل سے جھاڑ جھنکاڑ جو کچھ ملا کٹوا کر خندق میں ڈالا گیا تاکہ اگر ضرورت ہو تو آگ روشن کردی جائے۔ تاکہ اگر کوئی سخت جان پہاڑ پر چڑھ کر اِدھر اُترے تو خندق اور پھر خندق کی آگ اور شعلے اُس کو روک دیں۔ پھر خندق کے ساتھ ساتھ خالی خیموں کی قطار اس طرح آپس میں ایک دوسرے سے ملا کر کھڑی کی گئی تھی کہ داخل ہونے والے کو بہت دشواری کا سامنا کرنا لازم تھا۔ اِس قطار کے ساتھ ساتھ اہل حرمؑ اور بنی ہاشمؑ کے خیمے **شمال** میں اور انصاران اہلبیتؑ کے خیمے **جنوب** میں ملا ملا کر باندھے گئے تھے۔ انتہائی کنارہ پر مغرب میں قنات لگادی گئی تھی جس میں شہیدوں کی لاشیں محفوظ کی جاتی تھیں۔

جس غرض سے ہم نے یہ نقشہ آپکے سامنے رکھا ہے وہ یہ ہے کہ دشمن کی وہی تعداد قابل شمار تھی جو اس چاند یا مورچہ کے دھانہ کے قطعاً سامنے آسکے۔ یعنی وہ تمام افواج عملاً بے کار تھیں جو اس مورچہ کے چاروں طرف بیس بیس میل تک پھیلی ہوئی تھیں۔ اسلئے کہ اُن کے نیزے، تیر اور تلواریں پہاڑوں میں سے گزر کر نہیں پہنچ سکتے تھے۔ اور جو افوج دہانہ کے بالکل سامنے تھیں اُنکے بھی صرف وہ لوگ قابلِ شمار اور نتیجہ خیز ہوسکتے تھے۔ جو آگے والی صف میں ہوں۔ اُنکے پیچھے والے اگر تیر چلاتے تو وہ تیر اُن سے اگلی اپنی صف کو مار ڈالتے۔ لہٰذا دہانہ کے سامنے والی پہلی صف ہی خطرناک ہوسکتی تھی۔ اِسلئے کہ اُسی ایک صف کے تیر فوج حسینیؑ کو گزند پہنچا سکتے تھے۔ صف کی لمبائی اگر دہانہ سے ادھر اور اُدھر نکل جائے یعنی اگلی صف کی چوڑائی سے لمبی ہوجائے تو اُسکے تیر پہاڑوں میں لگیں گے یا ضائع ہوجائینگے یا خود اپنے آدمیوں کو زخمی کرینگے۔ لہٰذا جو فوج امامؑ کی فوج پر حملہ کرنے کیلئے آتی رہی اُسے خود کو اس مورچہ کے سامنے آکر مورچہ کے دہانہ کے سامنے صف آرا ہونا لازم اور مورچہ کو مدنظر رکھ کر اپنی ترتیب اور مطلق العنانی کو خیر باد کہنا اور اپنی مرضی کے خلاف موزوں صورت اختیار کرنا پڑتی تھی۔ اگر وہ اپنے تیر کارگر کرنے کے فاصلے پر آتے تھے تو حسینیؑ لشکر کے تیروں کی زد میں آجاتے تھے۔ دُور سے تیر بارانی کرتے تھے تو خود اپنے تیر ضائع کرتے تھے۔ دست بدست جنگ میں اُنہیں مورچہ کے دھانہ سے دور رہنا لازم تھا۔ اس مورچہ کی صورت کو یاد رکھنے سے آپ بہت سی خود ساختہ سرکاری روایات کو نہایت اطمینان سے غلط قرار دے سکیں گے۔ حسینیؑ لشکر کی یہ پوزیشن دشمن کو من مانی کرنے سے برابر روکتی رہی ورنہ پانچ چھ لاکھ فوج تو پھونک مار کر تین سو افراد کو اُڑا سکتی تھی۔ اس دہانہ کے حرم والی سمت کی ابتدا امامؑ کے خیمے سے ہوتی تھی۔ یہاں بھی ایک قنات کے ذریعہ سے پردہ کا انتظام تھا۔ اور حضرت زینبؑ اور دیگر خواتین امامؑ کے خیمہ تک بے تکلفانہ آجا سکتی تھیں۔ دہانہ کے دوسری جانب حضرت عباسؑ کا خیمہ تھا۔ جہاں سے انتظامی ونگرانی اور گشت کے احکامات جاری ہوتے تھے۔ حسینیؑ لشکر حسب ضرورت دہانے کے سامنے صف آرا ہوتا تھا۔ یہیں سے حملوں کو روکا جاتا تھا اور یہیں سے دشمن کی فوج پر حملہ اور جوابی کاروائی کیلئے انصاران حسینؑ جاتے تھے۔ اس مقام سے وہ نہر علقمہ جس کو دریائے فرات کہا گیا ہے تقریباً ایک میل کے فاصلے پر تھی۔ وہاں سے پانی لینے کیلئے جانے کے معنی دشمن کی ٹڈی دل فوج کا دل چیر کر جانا پڑتا تھا۔ یہ ایک سب سے بڑی مشکل تھی جو اس مورچہ میں اوّل سے

آخرتک برقرار رہی۔اور یہ ذمہ داری نیز کھانا پکوانے، تقسیم کرانے اور اسلحہ کی مرمت وغیرہ حضرت عباس علیہ السلام کی تھی۔

(39/17)۔ **کربلا کی جنگ میں دشمن کے بُزدلانہ اقدامات اور شہدائے کربلا کی تین اقساط**

مومنین جانتے ہیں کہ صبح عاشور اعلان جنگ کے لئے عمر سعد ملعون نے پہلا تیر چلایا اور اُس کی تائید میں ہزاروں تیر اُس میدان میں آکر گرے جو دونوں افواج کے درمیان جنگی تگ ودَو کے لئے خالی چھوڑا گیا تھا۔ تیروں کی اس بارش سے یہ بتانا مقصود تھا کہ انصاران حسینؑ اس ٹڈی دل فوج کا ایک حملہ بھی برداشت نہ کرسکیں گے۔لیکن جو لوگ راہ خدا میں قربان ہوجانا طے کرچکے تھے جو موت کا انتظار کررہے تھے اُن پر ذرہ برابر خوف طاری نہ ہوا۔اور یزیدی فوج کے جواب میں اِدھر سے بھی چند تیر سَر کئے گئے۔اور اس کے بعد دشمن کے شمشیر آزما لوگوں نے میدان میں نکلنا اور حسینیؑ سرفروشوں کے ہاتھوں قتل ہونا شروع کیا۔ یہ سلسلہ جاری تھا کہ جناب حُرؑ حاضر ہوگئے اور اُنہوں نے اور اُن کے فرزند نے باری باری دشمن کو للکار للکار کر مدّ مقابل طلب کئے، قتل کئے اور جب ضرورت ہوئی دشمن کی فوج میں ڈوب کر نکلتے اور سینکڑوں ملاعین کا صفایا کرنے میں شامل رہے۔اسی طریقہ جنگ میں جناب حُرؑ کے فرزند شہید ہوئے۔عمر سعد کو خود بھی یقین ہوگیا اور سرداران فوج نے اُسے مشورہ بھی دیا کہ اس طرح دست بدست جنگ میں کئی روز لگ جائیں گے اور اِس دوران بہت ممکن ہے کہ حسین علیہ السلام کے لئے کمک پہنچ جائے۔اور وہ انتظام ناکام ہوجائے جو کوفہ اور کربلا آنے والے راستوں کی ناکہ بندی کے لئے کیا گیا ہے۔ یا کسی طرف سے آنے والی بڑی فوج ایک نیا محاذ کھول کر ایک نئی مصیبت کھڑی کردے۔وہ جانتے تھے کہ حج سے لَوٹ کر جانے والے لوگوں نے پوری مملکت میں حسینؑ کا حج چھوڑنا اور یزیدی افواج کی نقل وحرکت اور حسینؑ سے جبراً بیعت لینے کی کوشش کی خبروں سے ہیجان پھیلا دیا ہوگا۔وہ جانتے تھے کہ کربلا میں ایرانیوں کی شہزادی اور اُن کی اولاد بھی خطرہ میں تھی۔اور بہت ممکن معلوم ہوتا تھا کہ ایران سے لوگ مدافعت کے لئے روانہ ہوجائیں۔ یا قبیلہ طے کی طرف سے حملہ ہوجائے اور لینے کے دینے پڑ جائیں۔ یہ خوف تمام سرداران یزید کے دل ودماغ پر حاوی تھا۔اُدھر لشکر حسینیؑ سے نکلنے والا بوڑھا و جوان شیروں کی طرح جھپٹتا تھا اور فوج کو تہس نہس کرتا ہوا اِدھر سے اُدھر سے گزر جاتا تھا۔لہٰذا عمر سعد کو یہ طے کرنا پڑا کہ حسینیؑ لشکر پر اجتماعی حملے کئے جائیں۔

(39/18)۔ **شہدائے کربلاؑ کی اقساط اور علامہ در بندی کی ترتیب**

اس فیصلے سے پہلے دست بدست جنگ میں شہید ہونے والے انصار کی تعداد کو ہم پہلی قسط کہتے ہیں۔اور اجتماعی حملوں کے دوران شہید ہونے والے انصار دوسری قسط کہلائیں گے۔ پھر اسکے بعد نماز ظہر تک شہیدوں کی تیسری قسط ہوگی۔اور اُسکے بعد آخری قسط ہے جس میں خود امام حسینؑ بھی داخل ہیں۔ جنگ کی یہ چاروں صورتیں تو معلوم ومشہور ہیں لیکن کس قسط میں کون کون شہید ہوئے؟ اور کون کس سے پہلے یا کس کے بعد شہید ہوا؟ اسکا صحیح تعین کرنے میں اختلاف ہے۔لہٰذا ہم علامہ دربندی کی ترتیب کے ساتھ شہدائے کربلا علیہم السلام کی جنگ اور شہادت کو پہلا نمبر دیں گے۔اور من وعن اُنکی کتاب سے شہادتیں پیش کریں گے اور اسکے بعد جہاں جہاں ضرورت ہوگی وضاحت کرکے گنجلک کو دُور کردیں گے۔انشاءاللہ والامام علیہ السلام

(39/19)۔ انصاران حسینؑ کا میدان جہاد میں نکلنے کا طریقہ

وَفی البحار قالوا وکان کُلٌّ مَنْ اَرَادَالخروج ودّع الحسیؑن وقال السلام علیک یابن رسوؐل اللّٰہ۔ فیجیبہ وعلیک السلام ونحن خلفک ویقرا "فَمِنۡهُمۡ مَّنۡ قَضٰى نَحۡبَهٗ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّنۡتَظِرُ وَمَابَدَّلُوۡا تَبۡدِيۡلًا (احزاب 33/23)۔(اکسیر صفحہ 271)

"علامہ محمد باقر مجلسیؒ نے کتاب بحارالانوار میں لکھا ہے کہ لشکر حسینیؑ سے جو بھی جہاد کے لئے نکلتا تھا۔ سب کا طریقہ یہ تھا کہ وہ پہلے امامؑ سے اجازت لیتا اور وداع ہوتا تھا۔ پھر کہتا تھا کہ سلام ہو آپؑ پر میرا، اے فرزند رسولؐ۔ امامؑ جواب میں فرماتے تھے کہ تم چلو ہم سب تمہارے پیچھے پیچھے آ رہے ہیں۔ پھر ساتھ ہی یہ آیت پڑھتے تھے کہ اُن میں سے وہ لوگ بھی ہیں جنہوں نے اپنی ذمہ داری مکمل کردی ہے اور وہ بھی ہیں جو اپنی ذمہ داری پوری کرنے کی تاک میں منتظر ہیں۔" (سورہ احزاب۔ 33/23)

(39/20)۔ حضرت بُریرؓ بن خضیر الھمد انی علیہ السلام کی جنگ وشہادت

ثُمَّ بَرَزَ بریربن خضیر الھمدانی بعد الحُرّ وکان من عباد اللّٰہ الصالحین۔ فبرزوھویقول: اَنَا بُرَیۡرٌ وَاَبِیۡ خُضَیرٌ۔ لیث یُرَوِّع لاَسَدَ عِنۡدَ الزَئِیر ۔یَعۡرَفُ فِینَا الۡخَیۡرَ اَھۡلُ الۡخَیۡرِ ۔اَضۡرِبُکُمۡ وَ لااَرَی مِنۡ ضَیر ۔کذلک فعل الخیر مِنۡ بُرَیۡرٍ۔ وجعل یحمل عَلَی القوم وھُوَ یقول اقتربوا مِنّی یاقتلة المؤمنین ۔اقتربوامِنّی یاقتلة اولاد البدرئین ۔اقتربوا مِنّی یاقتلة اولاد رسوؐل رب العالمین وذریة الباقین وکان بریر اقرااھل زمانه فلم یزل یقاتل حَتّٰی قتل ثلثین رجلًا فبرز الیه رجل یقال له یزید بن معقل فقال لبریر اَشۡھَدُ اَنَّکَ من المضلّین ۔فقال له بریرھلّم فلند ع اللّٰہ اَنۡ یلعن الکاذب واَن یقتل المحق منا المبطل فتصاولا فضرب یزید لبریر ضربة خفیفه لم تعمل شَیۡئًا وضربه بریر ضربة قدّت المِغفرہ وصلت اِلٰی دماغه فسقط قتیلًا۔ (اکسیرالعبادات صفحہ 271)

(سابقہ روایت مسلسل جاری ہے) پھر جناب بُریر بن خضیر الھمد انی جہاد کیلئے میدان جنگ میں نکلے اور فرما رہے تھے کہ میں ہوں بُریر اور میرا باپ ہے خُضَیر اور میں وہ شیر ہوں کہ جس کی گرج سے تمام شیر خوفزدہ رہتے ہیں۔ ہمارے خاندان کے متعلق تمام نیک کردار لوگ نیکیوں اور بھلائیوں ہی کا ذکر کرتے ہیں۔ میں تمہیں بلاتکلف قتل کروں گا اور خود کو حق بجانب سمجھوں گا۔ اور بُریر سے ہمیشہ اسی قسم کے نیک کام ہوا کرتے ہیں۔ دشمنانِ دین پر برابر حملہ کرتے جاتے تھے اور ہر قتل پر للکارتے تھے کہ آؤ میرے پاس آؤ اے مومنین کے قاتلو۔ آؤ میرے پاس آؤ اے جنگ بدر میں رسولؐ سے جنگ کرنے والوں کی اولاد۔ آؤ میں تمہیں جہنم میں بھیجوں اے دونوں جہانوں کے رسوؐل کی اولاد سے جنگ کرنے والو اور اُن کی باقی ذریت کے قاتلو آؤ۔ اور بُریرؓ اپنے زمانہ کے تمام قاریوں اور حافظان قرآن سے بڑھ کر تھے۔ اُنہوں نے بلا ہاتھ روکے جنگ جاری رکھی اور تیس ملعونوں کو واصل جہنم کر دیا تو ایک شخص یزید بن معقل نامی سامنے آیا اور کہا کہ اے بُریر میں گواہی دیتا ہوں کہ تم گمراہ کرنے والوں میں سے ایک ہو۔ بُریرؓ نے کہا آؤ اللہ سے فیصلہ کروالیں اور کہیں کہ اے اللہ ہم دونوں میں سے جو گمراہ ہو یا دوسروں کو گمراہ کرتا ہو اُس کو حق پرست کے ہاتھ سے قتل کرا دے اور اس پر لعنت بھی کر۔ اُس نے مان لیا اور ایک وار کیا جس سے جناب بُریرؓ پر کوئی آنچ بھی نہ آئی۔ اب جناب بُریرؓ نے ایک تلوار ماری جو لوہے کے خود کو کاٹ کر دماغ میں در آئی اور وہ ملعون مر کر زمین پر گر گیا۔

وفی الملھوف وخرج بُریر بن خضیر وکان زاھدًا عابدًا فخرج الیه یزید بن المعقل فاتفقا عَلَی المباھلة اِلَی اللّٰہ فی

اَن یـقتل المحقّ منهما المبطل وتلافیا ۔فـقتـلـه ولـم یزل یقاتل حتّٰی قتل وفی البحار ایضًا قال فحمل وجل مِن اصحاب ابن زیاد فـقتـل بُرَیرًا قال وکان یقال لقاتله بحیر بن اوس الضبّی فجال فی میدان الحرب ۔ قـال ثُمَّ ذکربعد ذلک اَنَّ بریرًا کان مِن عباد اللّٰـه الـصـالـحیـن وجائه ابن عمّ له وقال ویحک یابحیر قتلت بریر بن خضیر قال بِایّ وجه تلقی ربک غدًا؟ قال فندم الشقی وانشـاء یـقـول فـلـو شـآء رَبّی ماشهدتُ قتالهم ولاجعل النعمآ ء عندابن جائر؟ لقدکان ذاک الیوم عاراوسبّة یعیر بهاالا بنا عند الـمعاشر ۔ فیـالیـت انّـی کـنـت فی الرحم حضة ویوم حسیًن کنتُ ضمن المقابر فیاسو اتـا ه مـاذا اقـول لخالقی وما حُجّتی یوم الحساب القماطری ؟(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات صفحہ 271)

اور کتاب ملھوف میں لکھا ہے کہ بُرَ یؓر ایک عابد وزاہد بزرگ تھے ۔ چنانچہ جب اُن کے مقابلہ پر یزید بن معقل آیا تو دونوں میں یہ بات طے ہوگئی کہ وہ اللہ سے فیصلہ طلب کریں تا کہ حق و باطل کا فیصلہ اللہ اس طرح کردے کہ حق پرست کے ہاتھ سے باطل پرست کو قتل کرادے ۔ چنانچہ دونوں نے لڑنا شروع کیا یہاں تک حضرت بُرَیرؓ نے یزید بن معقل کو قتل کر کے اپنے حق پر ہونے کا ثبوت دے دیا۔ کتاب بحار نے بتایا ہے کہ ابن زیاد کے خاندان کے بحیر نامی ایک شخص نے اچانک حملہ کر کے بُرَیرؓ کو قتل کردیا۔ اور لگا میدان جنگ میں جولانیاں کرنے ۔لوگوں نے اُسے بتایا کہ بُرَیرؓ ایک نہایت صالح شخص تھا اور اس کے چچازاد بھائی نے کہا کہ اے بحیر بن اوس تو بُرَیرؓ کو قتل کر کے کل خدا کو کیسے مُنہ دکھائے گا؟ کہتے ہیں کہ اس پر وہ لعین نادم ہوکر یہ اشعار پڑھنے لگا۔ اگر میرا اللہ نہ چاہتا تو میں اس جنگ میں شامل کیسے ہوسکتا تھا؟ اور اگر یزید ایسا جابر وظالم ہوتا تو اللہ اسے اپنی نعمتوں سے کیسے نوازتا؟ یہ صحیح ہے کہ مجھ سے بہت برا فعل سرزد ہوگیا ہے۔ جس کی وجہ سے آج کے بعد میرے اور میرے خاندان کی مذمت ہوتی رہے گی۔ کاش میری ماں کے پیٹ میں میرا حمل حیض کے خون کے ساتھ نکل گیا ہوتا۔ اور حسینؑ سے جنگ کے دن سے پہلے ہی میں قبرستان میں دفن ہو چکا ہوتا۔ افسوس ہے کہ ایسی حالت میں میں اپنے خالق کو کیا جواب دوں گا۔ اور وہ کون سی حجت ہے جو پیش کرسکوں گا؟ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 271)

(الف)۔ **قومی حکومت اور مذہب تمام انسانی گناہوں کو اللہ کے ذمہ لگاتے ہیں**

مومنین غور فرمائیں کہ راوی نے اس روایت میں یہ سمجھا ہے کہ بحیر ملعون حضرت بریر علیہ السلام کو قتل کر کے نادم ہوگیا تھا۔ حالانکہ ندامت کا تقاضہ یہ تھا کہ اُسی وقت فوج یزید سے نکل گیا ہوتا۔ وہ ہرگز نادم نہیں ہوا بلکہ وہ اپنے قومی عقیدہ کو سمجھنے میں اپنے قصور کا اعلان کرتا ہے اور یہ سمجھنا چاہتا ہے کہ یہ کیا بات ہے کہ اللہ نے یزید کو دنیا کی تمام نعمتیں اور حکومت دے رکھی ہیں۔ حالانکہ وہ جابر وظالم سمجھا جارہا ہے۔ اگر سچ مچ ایسا ہوتا تو خدا ہرگز اُسے یہ انعامات نہ دیتا۔ پھر وہ کہتا ہے کہ اگر اللہ یہ چاہتا کہ میں یزید کی حمایت میں جنگ نہ کروں تو اللہ کے مقابلہ میں میری کیا مجال تھی جو میں یہ جنگ وقتل وغیرہ کرسکتا۔ وہ یہ مانتا ہے کہ یہ قتل مجھے دنیا میں بدنام اور قابل مذمت کرے گا اور اللہ کے سامنے بھی میرے پاس مذکورہ دلیل کے علاوہ کوئی اور دلیل نہ ہوگی۔ یعنی تو نے ایسا چاہا تھا اس لئے میرے ہاتھ سے یہ قتل اور گناہ ہوا۔ لیکن وہ جانتا ہے کہ اس کے قومی مذہب میں اللہ ایسا قادر مطلق ہے کہ (معاذ اللہ) ایک بے گناہ کو جہنم میں اور ایک گناہ گار کو جنت میں داخل کردے۔ یہ ہے وہ الجھاؤ جس سے نکلنے اور جس کو سمجھنے کے لئے وہ خبیث نادم معلوم ہورہا تھا۔ یہی کیفیات یزید وعمر

سعد وغیرہ سے ظاہر ہوتی تھیں ۔مگر وہ حقیقتاً نادم کبھی نہیں ہوتے تھے ۔وہ اعتراض کرنے والوں کو یہ عقیدہ سنا کر خاموش اور حیران کرنے کی ترکیب کیا کرتے تھے ۔تا کہ ہر گناہ اور ہر جُرم اُن سے ہٹ کر قادر مطلق سے جا ٹکرائے ۔

(ب)۔ **حضرت بُرَیرؑ کا تعارف**: بہت سن رسیدہ، عابد وزاہد اور حافظ قرآن تھے ۔حضرت علی علیہ السلام کے پسندیدہ صحابہ میں سے تھے ۔کوفہ کے باشندہ اور قبیلہ ہمدان سے تھے ۔کوفہ کی مسجد میں قرآن کی تعلیم دیا کرتے تھے ۔جب حُرؑ نے امامؑ کا راستہ روکا تھا تو آپ نے حُرؑ اور اس کے لشکر کے سامنے تقریر کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ: ۔''اے فرزند رسولؐ خدا کی قسم یہ تو ہم پر اللہ کا احسان ہوا ہے کہ ہمارے سامنے ایسا موقعہ پیدا کر دیا ہے کہ ہم آپ کی حمایت میں جنگ کریں اور آپ کی نصرت کرتے ہوئے ہمارے بدن کے اعضا کٹ جائیں اور قیامت کے دن آپ کے جدؐ بزرگوار ہم سے خوش ہو کر ہماری سفارش کریں ۔اور وہ لوگ ہر گز نجات نہیں پا سکتے جو اپنے نبیؐ کے نواسے کی بربادی چاہیں اور اُن سے جنگ کریں ۔افسوس ہے ایسے لوگوں پر وہ خدا کو کیا منہ دکھائیں گے اور بہت بُری گزرے گی اُن پر جب وہ جہنم کے عذاب میں نالہ وفریاد کر رہے ہوں گے ۔''

وہ یزید بن معقل جس سے میدان جنگ میں مباہلہ کیا تھا بُرَیرؑ کا بہت پرانا واقف کار تھا۔دونوں میں مذہبی مباحثے ہوتے رہتے تھے ۔کربلا میں جب اُس کا حضرت بُرَیرؑ سے سامنا ہوا تو اُسے خیال آیا کہ لاؤ سپاہ حسینیؑ کی قلت اور بھوک پیاس کی مصیبت کو دلیل بنا کر بُرَیرؑ کو بد مذہب ثابت کر دوں ۔ چنانچہ اُس نے کہا کہ اے بُرَیرؑ دیکھا تمہارے غلط عقائد کی بنا پر خدا نے تمہارے اور تمہارے راہنماؤں کے ساتھ کیا کیا؟ حضرت بُرَیرؑ نے جواب دیا کہ میرے ساتھ تو اللہ نے نہایت مبارک سلوک کیا ہے کہ مجھے حسین علیہ السلام کی نصرت کیلئے قبول فرمالیا ہے البتہ تو بڑا بدنصیب ہے کہ یزید ایسے ملعون کا حمایتی ہے ۔ یزید بن معقل نے کہا کہ کیا تمہیں یاد ہے کہ ایک دن ہم دونوں بنی لوذان کے محلّہ میں سے گزر رہے تھے اور تم نے کہا تھا کہ عثمان گنہگار اور معاویہ خود گمراہ اور دوسروں کا گمراہ کرنے والا ہے ۔ اور سچے امام علیؑ بن ابی طالبؑ ہیں؟ بُرَیرؑ نے کہا مجھے یاد ہی نہیں بلکہ میرا آج بھی یہی ایمان ہے ۔ یزید نے کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ تم گمراہ ہو۔اسکے بعد مباہلہ اور جنگ کا واقعہ آپ نے دیکھ لیا ہے ۔

یہاں یہ اور بتانا ہے کہ جب حضرت بُرَیرؑ یزید بن معقل کے سر میں گھسی ہوئی اور لوہے کے خود میں الجھی ہوئی تلوار نکالنے میں مصروف تھے ۔اُس وقت رضی بن منقذ عبدی نے ان پر حملہ کر دیا ۔اور بُرَیرؑ کو لپٹ گیا اور دونوں میں کشتی ہونے لگی ۔ جناب بُرَیرؑ نے اُسے اُٹھا کر زمین پر پٹخا اور سینہ پر چڑھ بیٹھے ۔اب وہ حرامزادہ چیخنے لگا اور مدد کے لئے پکار رہا تھا۔ اِس حالت میں بحیر نے پشت سے نیزہ مارا تھا۔اور آپ شہید ہو گئے تھے ۔

(39/21)۔ جناب ابو وہبؑ عبداللہ بن خباب الکلبیؑ مع زوجہ شہید ہوئے

وفی البحار ثم بَرَزَ مِن بعده ابو وهب عبد اللّٰه بن خباب الكلبى وقد كانت معه اُمّه وزوجته يومئذٍ. فقالت قُمْ يابُنَيَّى فانصر ابن بنت رسولؐ اللّٰه ۔فقال اَفْعَل يااُمَّاهُ وَلا اقصر فَبَرَزَ وهو يقول: اِنْ تنكرونى فانا ابن الكلبى۔ سوف ترونى وترون ضربى ۔ وحملتى وصولتى فى الحرب ۔ ادرک ثارى بعد ثار صبحى ۔ وادفع الكرب اَمَامَ الكرب ۔ليس جهادى فى الوغا

بـاللّعَب ۔ ثـم حـمـل فـلـم يـزل يقاتل حتّٰی قتل منهم جماعةً فرجع اِلٰی امه وامراته فوقف عليهما ۔فـقـال يااُمَّهاارَضَيُت ؟ فقالت مارضيتُ اَوُتقتل مِنُ بين يدی الحسينؑ۔۔۔ ۔فقاتل بين يدی ابن رسولؐ اللّٰه فيكون غدًا فی القيٰمة شفيعًا لک بين يدی اللّٰه فرجع قائلًا : اِنِّی زَعِيُمٌ لکِ اُمِّ وهب ۔ بالطعن فيهم تارة والضرب ۔ ضرب غلام موقن بالرّب ۔ حتّٰی يذيق القوم مرّالحرب ۔ اِنّی اِمراء ذومرّة وغضب ۔ ولست بالخوّارعند النّكب ۔حسبی اِلٰهی من عليم حسبی ۔ فـلـم يزل يقاتل حتی قتل تسعة عشر فارسًا واثنا عشـر راجلًا ثم قطعت يداه فاخذت امرأ ته عمودًاواقبلت نحوه وهی تقول فداک ابی واُمّی دون الطيبين حرم رسولؐ اللّٰه ۔فاقبل كـی يردّها الَی النساءِ فاخذت بجانب ثوبه فقالت لَنُ اعود اواموت معک ۔ فقال الحسينؑ جزيتم مِن اهلبيتؑ خيرا ۔ارجعی اِلَی النسآء رحمکِ اللّٰه ۔ فانصرفت وجعل يقا تل حتـی قتل رحمه اللّٰه قال فذهبت امرته تمسح الدّم عن وجهه ۔فبصربهاشمر فامر غلا مًا له فضربها بعمود كان معه وشدخها وقتلها وهِیَ اول امراة قُتِلَتُ فی عسكرالحسين عليه السلام. (اکسیر۔صفحہ 272-271)

کتاب بحارالانوار میں ہے کہ: پھر حضرت بُریرؑ کے بعد جناب ابووہب عبداللہ بن خباب الکلبی میدان جہاد میں نکلے۔ ہوا یوں کہ اُن کے ہمراہ اُن کی والدہ اور زوجہ بھی حرم حسینیؑ میں قیام پذیر تھیں۔ والدہ نے اندر سے آواز دے کر کہا کہ بیٹے اب تم بھی اُٹھو اور رسولؐ کی بیٹی کے فرزند کی نصرت کو جاؤ۔ وہب نے کہا کہ امی جان میں امامؑ کی نصرت میں ذرہ برابر کوتاہی نہ کروں گا۔ میدان میں آئے تو للکار کر بتایا کہ اگر تم مجھ سے واقف نہیں ہو تو سنو کہ میں ابووہبؑ عبداللہ قبیلہ کلب سے ہوں اور بہت جلد تم لوگ مجھے بھی اور میری تلوار کی چوٹیں بھی دیکھو گے۔ اور تمہیں میرا دبدبہ اور حملوں کی شدت اس وقت معلوم ہوگی جب میں تم سے انصاران حسینؑ کا بدلہ لوں گا۔ میں جنگ کی تکلیفوں کو جنگ ہی کر کے دُور کر دیا کرتا ہوں، میرا لڑنا بچوں کا کھیل تماشہ نہیں ہوتا۔ یہ کہتے کہتے جو حملہ کیا تو ایک پوری صف کو قتل کر کے رکھ دیا اور پھر والدہ اور زوجہ کے پاس آئے اور ذرا دیر وہاں ٹھہرے۔ اور والدہ سے دریافت کیا کہ اماں آپ میرے جہاد سے خوش ہوئیں۔ ماں نے کہا کہ بیٹے میں تو جب خوش ہوں گی جب تم فرزند رسولؐ پر قربان ہو جاؤ گے۔ چنانچہ دوبارہ جنگ شروع کرو اور واپس جا کر یہاں تک لڑو کہ قربان ہو جاؤ۔ تا کہ کل قیامت میں اللہ کے سامنے حسینؑ تمہاری ضمانت لیں۔ چنانچہ یہ کہتے ہوئے میدان میں آئے کہ اے وہب کی پیاری اماں میں تمہارے ارادوں اور تمناؤں کا ضامن ہوں۔ دشمنانِ حسینؑ پر نیزوں اور تلواروں کی بار بار ضربیں لگاؤں گا۔ اور ایک نوجوان پُر یقین مومن والے حملے کروں گا یہاں تک کہ دشمنوں کو جنگ کا کڑوا ذائقہ حاصل ہو اور اُن کے دانت کھٹے ہو جائیں۔ میں تو ایک غضبناک زبردست مرد ہوں۔ ایسا نہیں کہ خطرات میں کمزوری دکھاؤں۔ مجھے میرا حسب ونسب اور میرا اللہ ہی درکار ہے۔ برابر حملہ کرتے رہے یہاں تک کہ اُنیس (19) سواروں اور بارہ پیدل فوجیوں کو قتل کر دیا۔ اس دوران اُن کے ہاتھ کٹ گئے۔ فوراً اُن کی زوجہ خیمہ کی چوب لے کر پہنچی۔ کہہ رہی تھی تم رسولؐ اللہ کے پاکیزہ حرم کی حفاظت کر رہے تھے میرے ماں اور باپ تم پر قربان ہوں میں بھی لڑوں گی اور تمہارے ساتھ مروں گی۔ وہبؑ نے چاہا کہ اپنی زوجہ کو حرم میں پہنچائے لیکن اُس خاتون نے کہا کہ میں ہرگز واپس نہ جاؤں گی اور پھر وہب کے کپڑوں کو پکڑ کر لپٹ گئی۔ امامؑ نے آواز دی کہ تم دونوں نے اہلبیتِ رسولؐ کا حق خوب ادا کر دیا ہے۔ اب تم حرم میں واپس چلی آؤ۔ امامؑ کے حکم سے واپس چلی گئی۔ اور وہبؑ نے اُسی حالت میں پھر لڑنا شروع کر دیا۔ لیکن اب ہاتھ نہ تھے۔ کسی نے اچانک حملہ کیا اور آپ شہید ہو گئے۔ یہ دیکھ کر اُن کی زوجہ پھر لاش پر پہنچی اور اُن کے چہرے سے خون صاف کرنے

لگی ۔ ادھر شمر نے دیکھ لیا۔ اُس ملعون نے اپنے ایک نوجوان کو حکم دیا وہ چپ چاپ آیا اور چوب خیمہ اُس مومنہ کے سر میں مارا اور قتل کر دیا۔ لشکر حسینؑ سے یہ پہلی خاتون ہے جو یوں قتل کی گئی۔

(الف)۔ ابووہبؑ عبداللہ سے تعارف : ابووہب عبداللہ بن عمیر بن عباس بن عبدقیس بن علیم بن خباب الکلبی کوفہ کے باشندے تھے۔قبیلہ اُن کا ہمدان تھا۔کوفہ سے باہر ایک کنواں تھا جسے سُر جعد کہا جاتا تھا۔وہیں اپنے ذاتی مکان میں رہائش تھی۔یہیں اُن کے اپنے باغات تھے۔آپ کے ساتھ آپ کی زوجہ اور والدہ دونوں وہیں رہتی تھیں۔ یہ بھی علی مرتضی علیہ السلام کے صحابہ میں داخل تھے۔ وہ کوفہ سے دور رہنے کی وجہ سے اُس انقلاب سے قطعاً ناواقف تھے۔ جو کوفہ میں حضرت مسلمؑ کی آمد کے بعد واقع ہوا تھا۔جب عبیداللہ ابن زیاد نے اُن کے باغات کے پاس نخیلہ میں ڈیرہ لگایا اور افواج کی آمد و رفت شروع ہوئی تو وہب متوجہ ہوئے اور تمام صورت حال معلوم ہوگئی۔اپنی والدہ اور زوجہ سے رخصت ہونا چاہا تو اُنہوں نے ضد کی کہ ہم بھی اہل حرؑم کے ساتھ رہیں گے۔ چنانچہ راتوں رات سفر کیا اور آخر اماؑم کی خدمت میں حاضر ہوگئے۔ دراصل ابووہب نے برابر سے ہونے والے ایک اور شخص کے وار کو روکنے کے لئے ہاتھ بڑھا دیا تھا۔جس کی وجہ سے آپ کی اُنگلیاں کٹ گئی تھیں جن کو بعض راویوں نے ہاتھ کا کٹنا قرار دیا ہے۔ بہرحال آپ اس کے بعد ڈھال (سپر) استعمال نہ کر سکے اور اس زخمی اور بلا اُنگلیوں کے ہاتھ کے بعد بھی برابر جنگ کرتے رہے اور والدہ کا حکم بجا لائے۔ اللہ تمام محبانِ محمدؐ و آل محمدؐ کو اُن کے ساتھ شمار کرے آمین۔

(ب)۔ نام کی یکسانی نے دو اشخاص کو ایک ہی بنا دیا

راویوں نے انصاران حسین علیہم السلام میں دو ایسے نام بیان کئے ہیں جن دونوں میں لفظ ''وَہب'' آیا ہے۔اس لئے بعض علما نے دو مختلف آدمیوں کو ایک ہی سمجھ لیا ہے۔جس شہید کا ابھی ابھی تعارف ہوا ہے۔اُس کے نام کو کتاب بحارالانوار میں ''وہب بن عبداللہ بن کلبی'' لکھا گیا ہے۔اور علامہ دربندی نے بھی بجنسہٖ نقل کر لیا ہے۔لیکن جو حالات تحریر فرمائے ہیں وہ وہب بن عبداللہ کے نہیں ہیں۔ بلکہ وہ حالات جناب ''ابووہبؑ عبداللہ بن عمیر بن عباس'' سے متعلق ہیں۔اس لئے ہم نے بحار کی مندرجہ بالا روایت میں وہب بن عبداللہ کی جگہ ابووہب عبداللہ بن عمیر لکھا ہے۔اور تعارف میں بتایا ہے کہ جناب ابووہب عبداللہ بن عمیر حضرت علی علیہ السلام کے صحابہ میں سے تھے۔یعنی کافی عمر کے انسان تھے۔ اور وہب اُن کے بیٹے کا نام تھا۔اور اُن کی کنیت ابووہب اور نام عبداللہ بن عمیر تھا۔ لیکن دوسرے شخص کا نام ہی وہب تھا اور اُس کے والد کا نام عبداللہ تھا۔ یہ ایک نوجوان شخص تھا۔اپنی شادی کے بعد دلہن کو رخصت کرا کے مع بارات واپس آتے ہوئے راہ میں امام حسین علیہ السلام سے ملا تھا۔اُس کے دیگر اعزہ کے ساتھ ساتھ اُس کی والدہ بھی ہمراہ تھی۔جنہوں نے امامؑ کے ساتھ ساتھ سفر کرنا شروع کیا تھا۔راہ میں تمام حالات پر مطلع ہوئے اور وہ ماں، بیٹا اور نوعروس منع کرنے کے باوجود امامؑ کے ساتھ رہنے پر مصر رہے۔ باقی بارات کے لوگوں کو رخصت کر دیا۔میدان کربلا میں وہب شہید ہوا اور اُس کی والدہ اور دلہن اہل حرم کے ساتھ رہیں۔ان دونوں شہیدوں کے حالات کو گڈمڈ کر کے ایک بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔مگر روایات میں فرق بالکل واضح ہے۔ چنانچہ علامہ مجلسی مندرجہ بالا روایت کے بعد دوبارہ اِسی شہادت کو لکھتے ہیں۔مگر یہ نہیں سوچتے کہ پہلی روایت میں مذکورہ شخص

حضرت علیؑ کا صحابی ہے اور دوسری روایت والا وہب امام حسین علیہ السلام کے ہاتھ پر ایمان لایا ہے، ملاحظہ ہو:۔

(39/22)۔ جناب وہبؑ بن عبداللہ کی جنگ اور شہادت

ثم قال فی البحار: " رایتُ حدیثًا اِنَّ وهب هذا کان نصرانیًا فاسلم هو وامه علی یدی الحسینؑ فقتل فی المبارزة اربعة وعشرین رَاجلًا واثنی عشر فارسًا۔ ثم اخذ اسیرًا فاتی به ابن سعد ۔ فقال ماشدّ صولتک ثم فضربت عنقه ورمیٰ براسه الیٰ عسکر الحسین فاخذت امه الراس فقبّلتُ ثمّ رَمَتْ باالراس الیٰ عسکر ابن سعد فَاَصَابَتْ به رجلًا فقتلته ثمَّ شدّت بعمود الفسطاط فَقَتَلَتْ رَجلَیْنِ فقال لها الحسینؑ ارجعی یااُمّ وهب اَنْت وابنک مع رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وآله فانّ الجهاد مرفوع عن النساء فَرَجَعَتْ وهی تقول اِلٰهی لا تقطع رجائی۔ فقال لها الحسین علیه السلام لایقطع اللّٰه رجاءَ کِ یااُمّ وهب۔
(اکسیرالعبادات فی اسرارالشہادات۔صفحہ 272)

پھر علامہ محمد باقر مجلسی نے کتاب بحار میں لکھا ہے کہ: " میں نے ایک اور حدیث دیکھی ہے جس میں وہبؑ کے متعلق بتایا گیا ہے کہ وہ عیسائی تھا۔ وہ اور اُسکی والدہ دونوں امام حسین علیہ السلام کے ہاتھ پر ایمان لائے اور اسلام اختیار کیا۔ اور میدان کربلا میں اماؑم کی طرف سے دست بدست جنگ کرتے ہوئے وہب بن عبداللہ نے لشکر یزید کے چوبیس پیدل فوجیوں اور بارہ سواروں کو قتل کیا پھر گرفتار ہوگیا۔ جب عمر بن سعد کے سامنے پیش کیا گیا تو عمر نے کہا کہ تیرا بہت دبدبہ اور رعب تھا۔ اسکے بعد اُسکا سر کاٹ کر لشکر حسینؑ میں پھینکا گیا۔ جہاں اُسکی والدہ نے وہبؑ کے سر کو بوسے دیئے اور پھر سر کو واپس عمر کی فوج پر بہت زور سے پھینکا جس سے ایک شخص مر گیا۔ پھر چوب خیمہ لے کر حملہ آور ہوئی اور دو ملعونوں کو قتل کیا۔ اب اماؑم نے آواز دی اور کہا کہ اے اُمّ وہب اب تم واپس آجاؤ۔ عورتوں پر جہاد کرنا واجب نہیں ہے۔ تم دونوں سے میں خوش ہوگیا اور تم اور تمہارا بیٹا اب رسولؐ اللہ کے ساتھیوں میں شمار ہوگئے ہو۔ وہبؑ کی والدہ نے اللہ سے دعا کی کہ یا اللہ میری امیدوں کو برقرار رکھنا۔ اماؑم نے تصدیق فرمائی کہ اے امّ وہب اللہ تیری امیدوں اور مرادوں کے خلاف نہ کرے گا۔"

یہ ہے وہ دوسری روایت جس میں شہید ہونے والا **ابووہبؑ** نہیں بلکہ **وہبؑ** ہے۔ اِس کا نام عبداللہ نہیں بلکہ عبداللہ اُس کے باپ کا نام ہے۔ یہ شخص نہ پہلے سے **مسلمان** تھا اور نہ ہی حضرت علی علیہ السلام کا **صحابی** تھا۔ بلکہ ایک نوجوان عیسائی شخص تھا۔ اِس نے **بارہ** نہیں بلکہ **چوبیس** پیدل فوجی قتل کئے تھے۔ **اُنیس** (19) نہیں بلکہ **بارہ** سوار قتل کئے تھے۔ لہٰذا اُسے ابووہب سمجھنا بے سمجھی اور حماقت ہے۔

(39/23)۔ حضرت عمروؑ بن خالد ازدی کی شہادت

وفی البحار ثمَّ بَرَزَ من بعده عمرو بن خالد الازدی وَهُوَ یقول: اِلَیْکَ یَانَفْسِ اِلَی الرَّحْمٰن ۔ فَابْشروا بالرَّوح والرَّیْحَان ۔ اَلْیَوم تَجْزِیْنَ عَلَی الْاِحْسَان ۔ قدکَانَ مِنْکَ غَابِرًا لزّمان ۔ ماخُطَّ فِی اللَّوح لَدَی الدَّیّان ۔ لاتَجْزَعِیْ فَکُلُّ حَیٍّ فان وَالصَّبْر اخطی لکِ بِالْاَمان۔ یامَعْشَرَا لْاُزدِ وَبَنِی قحطان۔ ثُمّ قَاتَلَ حَتّٰی قُتِلَ۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 272)

اور بحار الانوار میں لکھا گیا ہے کہ وہب بن عبداللہ کے بعد جناب عمرو بن خالد ازدی جہاد کیلئے نکلے۔ وہ جنگ کرتے جاتے تھے اور اپنے آپ کو یوں مخاطب کر رہے تھے کہ اے عمرو کے نفس تو رحمان کی راہ پر روانہ ہوجا اور اس سفر کی بنا پر مسرتوں اور مبارکبادوں کا تحفہ

لیتا جا۔ آج ہی تو وہ دن ہے جس روز تو احسان وسلوک کی راہ پر چلا جا رہا ہے۔ گزشتہ ایام میں تجھے اللہ تعالیٰ اُس قربانی کے لئے تیار کرتا رہا تھا جو لوح محفوظ میں تحریر چلی آ رہی تھی۔ تجھے کسی قسم کا ہراس و بے چینی کیوں ہوگی۔ جب کہ تو جانتا ہے کہ زندہ ہستی فنا ہونے والی ہے۔ اے قحطان کی اولاد سُن کہ ازدی قبیلے کے لوگوں کیلئے اَمان طلب کرنے سے باقی تمام راہیں بہتر ہیں۔ برابر جنگ جاری رکھی یہاں تک کہ حسینؑ پر قربان ہوگئے۔ اللہ اُن کو ہماری بخشش واصلاح کا ذریعہ بنائے آمین۔

(39/24)۔ خالدؒ بن عمروؒ بن خالد الازدی کی شہادت

وفی المناقب ثُمَّ تقدّم ابنه خالد بن عمرو وهو يرتجز ويقول :صبرًا عَلَى الموت بنى قحطان ۔كيماتكونوا فى رضى الرحمٰن ۔ذى المجد والعزة والشان۔ وَذِى العلٰى والطَّول والاحسان۔يَااَبَت قدصِرتَ فِى الجنان۔فى قصر ربّ حَسَنِ البيان۔

کتاب مناقب میں لکھا گیا ہے کہ جناب عمرو بن خالد کے بعد اُن کے فرزند جناب خالد بن عمرو نے یہ رجز (چیلنج) پڑھتے ہوئے حملہ کیا کہ اے قحطان کی اولاد موت پر صبر کرنے کا نتیجہ رحمٰن کی رضامندیاں ہوتی ہیں اور رحمٰن ہی تمام بزرگیوں، ساری عزت اور شان کا مالک ہے۔ اور وہی رفعتوں کشایشوں اور احسان کا خالق و مالک ہے۔ اَے میرے پیارے بابا تم تو جنت میں سدھار گئے اپنے رب کے بنائے ہوئے حَسِین اور مستحکم محل میں جا پہنچے لیکن میں بھی فوراً پہنچ رہا ہوں۔ آخر جام شہادت پی لیا۔

(اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات۔ صفحہ 272) (اس روایت کو بحار میں علامہ ابن شہر آشوب سے لیا ہے)

(الف)۔ عمروؒ بن خالد سے تعارف اور تفصیلات میں حضرت عبّاس کا کارنامہ

ان دونوں باپ بیٹوں کے متعلق چند باتیں جاننا ضروری ہیں نام ونسب؛ عمرو بن خالد بن حکیم بن حزام الاسدی الصیداوی الازدی یہ کوفہ کے باشندے اور اشراف میں سے ہیں۔ اہلبیتؑ رسولؐ کے مخلص شیعوں میں سے تھے۔ حضرت مسلم علیہ السلام کی شہادت کے ہنگامہ اور ابن زیاد کی طرف سے گرفتاریوں کے سیلاب سے بچ کر جو لوگ کوفہ سے نکلے اور امامؑ کی نصرت کے لئے وہاں پہنچے اُن میں سے جناب عمرو اور اُن کے بیٹے اور ایک اُن کے غلام سعد بھی تھے۔ چنانچہ جب امامؑ کے قاصد قیس بن مسہر صیداوی کو گرفتار کر لیا گیا اور امامؑ کا خط اُن سے چھین لیا گیا تو اُنہوں نے قتل سے پہلے پہلے امامؑ کا یہ پیغام زبانی پہنچا دیا تھا کہ: امام علیہ السلام مقام حاجر میں آ گئے ہیں۔ جو نصرت کرنا چاہے وہاں پہنچ جائے۔ یہ خبر سُن کر جناب عمرو اپنے مذکورہ بیٹے، غلام اور تین اور ساتھیوں سمیت منزل عذیب الحجانات میں آ کر امامؑ سے ملے، ساتھ ساتھ رہے۔ اور روز عاشور اُن پانچوں حضرات نے ضرورت پڑنے پر دشمن کی فوج پر مل کر حملہ کیا تھا۔ جب یہ حضرات شمشیر زنی کرتے کرتے اُس ٹڈی دل فوج میں ڈوب گئے اور نظروں سے اوجھل ہو گئے تو امامؑ نے اپنے بھائی کو اُن کی تلاش اور مدد اور واپس لانے کے لئے بھیجا۔ جناب عباسؑ نے حملہ کیا دشمن کی فوج کو تہہ وبالا کرنا اور اُن بہادروں کو تلاش کرنا شروع کیا۔ آپ نعرہ مارتے اور پکارتے بڑھتے جاتے تھے۔ دشمن کی فوج نے یہ دیکھ کر کہ جان اِسی صورت میں بچ سکتی ہے کہ اُن پانچوں جوانوں سے الگ ہٹیں اور اُس شیر الٰہی کو اُن کے مقصد میں کامیاب ہونے دیں۔ لہٰذا بادل چھٹنا شروع ہوئے آپ نے اُن حضرات کو آگے آگے رکھا اور دفاع کرتے ہوئے لے کر واپس آئے۔ دشمن کی فوج پھر جمع ہونا شروع ہوئی۔ اپنے کیمپ کے پاس آتے آتے فوج

پھر گھر آئی ۔ان جوانوں سے صبر نہ ہوا پھر پلٹ کر حملہ آور ہو گئے ۔زخموں سے چُور چُور تو پہلے ہی تھے ۔اب جو دوبارہ جنگ شروع کی تو تمام جنگی احتیاط کی راہیں رک گئیں ۔خوب لڑے اور پانچوں حضرات ایک جگہ شہید ہو گئے ۔حضرت عباس علیہ السلام نے واپس آ کر امامؑ کی خدمت میں تمام واقعہ بیان کیا۔امامؑ نے دعائیں دیں اور لاشیں منگوا کر گنج شہیداں میں امانت رکھ دیں۔

(39/25)۔ سعدؒ بن حنظلہ التمیمی (جناب عمرؒو بن خالد کے غلام) کی شہادت

یہ بزرگوار بھی مندرجہ بالا پانچ صحابہ میں سے ہیں اور اپنے آقا کے ساتھ نصرت امامؑ کے لئے عذیب الھجانات کی منزل سے ساتھ ساتھ آئے اور حضرت عباس علیہ السلام کے سامنے شہید ہوئے اُن کے متعلق چند الفاظ سُن لیں ۔کتاب بحارالانوار میں لکھا ہے کہ:۔ قال محمد بن ابیطالب ثُمَّ برز مِنْ بعد خالد بن عمرو سعدبن حنظله التميمي مولٰى عمرو بن خالد وَهُوَ يرتجز ويقول: صبرًا على الاسياف والاسنّة۔صبرًا عليها لدخول الجنة وحورعين ناعمات هنة ۔لِمَن يريد الفوز لا بالظّنة۔يانفس للراحة فاجهد نّه۔وفى طلاب الخير فارغبنّه۔ثمَّ حمل وقاتل قتالا شديدًا ثمَّ قُتِلَ ۔(اکسیر صفحہ 272)

علامہ محمد بن ابیطالب نے کہا کہ پھر جناب عمرو بن خالد کا غلام سعد بن حنظلہ تمیمی یہ چیلنج دیتے ہوئے میدان میں جنگ کرنے لگے کہ: تلواروں اور برچھیوں پر ہم اس لئے ضبط وتحمل دکھا رہے ہیں کہ ہمیں جلدی سے جنت میں داخلہ ملے اور وہاں کی نعمتیں اور حورانِ جنت ہماری ہم نشین ہوں ۔ یہ جزا اُن لوگوں کے لئے مقرر ہے جو ظن وگمان کے بجائے حق الیقین سے قربانی پیش کریں لہٰذا اَے میرے نفس تُو ہمیشہ کی راحت اور ابدی مسرت کے لئے خوب محنت کر لے اور خیر طلبی پر پُورا زور لگا دے۔ خوب لڑے اور شہید و کامیاب ہو گئے ۔(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات ۔صفحہ 272)

(39/26-27)۔ باپ اور بیٹے مجمعؒ بن عبداللہ اور عائذؒ بن مجمع کی شہادت

پورا تعارف: مجمع بن عبداللہ بن مجمع بن مالک بن ایاس بن عبدمناۃ بن سعد العشیرۃ المذحجی العائذی ۔زمانہ نبوت میں پیدا ہوئے تھے۔ اُنکے والد جناب عبداللہ رسوؐل اللہ کے صحابہ میں سے تھے۔اور مجمع جناب علیؑ مرتضٰی کے اصحاب میں داخل تھے۔ جنگ جمل وصفین میں امیرؑ المؤمنین کے ناصر تھے۔جیسا کہ تذکرہ ہو چکا مجمع اور اُنکے فرزند عائذ دونوں عمرو بن خالد (نمبر23) کے ساتھ عذیب الھجانات پر اماؑم کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے اور اُن پانچ شہدا میں شریک تھے۔جنہوں نے مل کر دشمن کا مقابلہ کیا اور جناب عباس علیہ السلام جن کو نرغۂ افواج سے نکال کر لائے اور پھر وہ حضرات جوش ایمانی کی بنا پر دوبارہ حملہ آور ہو گئے تھے۔اور پانچوں حضرات ایک ساتھ ایک مقام پر شہید ہوئے ۔یہ دونوں باپ اور بیٹا بھی کوفہ کے باشندے تھے۔اُن حضرات کے مرتبہ کا کیسے اندازہ کیا جا سکتا ہے۔جن کی نصرت کیلئے حضرت عباس علمبردار علیہ الصلوٰۃ والسلام تعینات کئے جائیں؟

(39/28)۔ جناب عمیرؒ بن عبداللہ المذحجی کی شہادت اور افواجِ شام کی بوکھلاہٹ

وفى البحار وخرج من بعده عمير بن عبد الله المذحجى وهويرتجز ويقول: قدعَلِمَتْ سعد وحىّ مذحج ۔اِنّى لدى

الھیجا لیس مخرج ۔اعلوا بسیفی ھامۃ المذحج ۔ واترک القرن لذی التعرج ۔فریۃ الضبع الازل الاعرج ۔ وَلَمْ یَزل یقاتل حتّٰی قتلہ مسلم الضبابی وعبد اللہ البِجلّی ۔(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات ۔صفحہ 272)

بحارالانوار میں لکھا گیا ہے کہ پھر جناب عمیرؑ بن عبداللہ مذحجی رجز (چیلنج) پڑھتے ہوئے یزیدی افواج پرحملہ آور ہوئے ۔ وہ فرماتے جاتے تھے کہ: قبیلہ سعدوحیّ اور مذحج جانتے ہیں کہ میں جنگ کے دوران ایک وحشی شیر ثابت ہوتا ہوں ۔اورصرف ایک شخص پر تلواراُٹھاتا ہوں جو سامانِ جنگ سے بالکل آراستہ اور بہادرانہ جنگ کا عادی ہو ۔ اورکشتوں کے پشتے اورلاشوں کے ڈھیر لگاتا اور بجّوؤں اور درندوں کی خوراک بنانے میں ماہر ہوں ۔ برابر دودستی تلواریں مارتے اورقتل کرتے جارہے تھے کہ اُن پر مسلم ضبابی اورعبداللہ نے برابر سے اچانک ایک ساتھ حملہ کیا اور وہ شہید ہوگئے ۔انّاللّٰہ وانّاالیہ راجعون ۔

(39/29)۔ جناب نافعؑ بن ھلال کی جنگ اور دشمن فوج کی پسپائی اور نیا فیصلہ

اس وقت تک جنگ کا بہادرانہ طریقہ جاری تھا۔اُدھر سے منچلے لوگ باہر نکلتے ،مدمقابل طلب کرتے اورشمشیر زنی اور بہادری کے جوہر دکھاتے ۔اسی طرح انصاران حسینؑ میدان میں نکلتے اورجذبہ ایمانی کی قوت وقدرت کا مظاہرہ کرتے رہے اورنتیجہ میں دشمن فوج کوشدید نقصان ہوتا رہا۔لیکن فی الحال یزیدی سپہ سالارانِ فوج دست بدست جنگ جاری رکھے ہوئے ہیں اورکسی مناسب موقع کا انتظار کررہے ہیں۔

وفی الارشاد بَرَزَ نافع بن ھلال وھویقول: انا ابن ھلال البِجلّی ۔انا علٰی دین علیؑ ۔فبرز الیہ مزاحم بن حریث فقال انا علٰی دین عثمان ۔فقال لہ نافع انت علٰی دین شیطان وحمل عَلَیْہِ فقتلہ ۔فصاح عمروبن الحجّاج یاحمقآئاَ تَدْرون مَنْ تقا تلون ؟ أَتقاتلون فرسان اھل المصر؟ تقاتلون قومًا مستمیتین۔ لایبرز الیھم منکم احد ۔فانھم قلیل وقل مایبقون ۔واللّٰہ لولم ترموھم الابالحجارۃ لقتلتموھم ۔فقال لہ ابن سعد صد قت الرّای مارایت فارسل فی الناس مَن یعزم علیھم الایبارز رجل منکم رجلًا منھم۔وزادفی البحار... (اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات ۔صفحہ 273-272)

کتاب ارشاد میں ہے کہ اسی عالم میں جناب نافعؑ بن ہلال رجز پڑھتے ہوئے دشمن کی فوج پرٹوٹ کرگرے اوراعلان فرمایا کہ: میں ہلال بجلّی کا بیٹا ہوں اورعلیؑ مرتضٰی کے دین پر ہوں ۔ یہ سُن کر اُن سے لڑنے کیلئے مزاحم بن حریث نکلا اوراعلان کیا کہ میں عثمان کے دین پر ہوں ۔نافع نے یہ کہہ کرحملہ کیا کہ تو یقیناً شیطان کے دین پر ہے اوراُسے آناًفاناً جہنم واصل کردیا۔یہ حال دیکھ کر مدمقابل فوج کے سردار عمروبن الحجاج نے چیخ کر کہا کہ اے احمق لوگو۔کیاتم یہ سمجھتے ہو کہ جن سے تم برسرِ پیکار ہو وہ کون لوگ ہیں؟ کیاتم نے انہیں مصری جوان سمجھ لیا ہے؟ ارےتم اُن سے جنگ کررہے ہوجنہوں نے موت کواپنا اوڑھنا بچھونا بنا رکھا ہے جو جان پرکھیل رہے ہیں ۔ ہرگز ایک ایک دودوکرکے اُن سے لڑنے کو نہ نکلو ورنہ وہ تمہیں ڈھیر کرکے رکھ دیں گے ۔تم اجتماعی حملے کرو یہ تو بہت قلیل تعداد میں ہیں ۔ اوراب جو باقی رہ گئے ہیں وہ اوربھی کم ہوگئے ہیں ۔تم تواگر اُن پر پتھروں ہی سے حملہ جاری رکھوتو اُن سب کوقتل کرسکتے ہو۔عمرسعد نے عمروبن حجاج کی تصدیق کی اورکہا کہ اُن پراجتماعی حملے کا انتظام کرو، یوں دست بدست جنگ میں کامیابی نہ ہوگی ۔کتاب بحارالانوار میں بعض دوسری کتابوں سے یہ بھی نقل کیا گیا ہے کہ عمروبن حجاج نے کہا کہ اگرتم یوں اُنکے مقابلے پر جاتے اورانہیں بلاتے رہوگےتو اُن کا آنا،

مقابلہ کرنا اور غالب رہنا کبھی ختم نہ ہوگا۔ اُس نے لشکر حسینؑ کے پاس ہی سے اپنی فوج کو نصیحت کی کہ دیکھو تم اپنے دین میں اور خلیفہ کی اطاعت میں کمی اور شک وشبہ کو جگہ نہ دو اور جن لوگوں نے دین میں خرابی پیدا کی اور دین سے الگ ہوگئے اُنکو قتل کرنے میں تکلف نہ کرو۔ یہ سُن کر امامؑ نے جواب میں تقریر کی اور یہ بھی کہا کہ اوحجاج کے بیٹے تو لوگوں کو میرے خلاف اُکسانے کی کوشش کررہا ہے۔ ارے کیا ہم دین سے نکل گئے ہیں اور تم دین پر قائم ہو۔ بہت جلد تمہیں یقین آجائیگا کہ ہم دونوں میں سے کون دین سے نکل گیا ہے اور کون جہنم میں داخلہ کا پہلے حقدار بن جاتا ہے۔ کتاب ارشاد کی رُو سے پھر عمرو بن حجاج نے اپنی فوج کا اجتماعی حملہ کیا اور انصاران حسینؑ نے گھمسان کی لڑائی سے دفاع کیا۔

(39/30)۔ مسلمؑ بن عوسجہؑ کا حملہ اور شہادت: عمرو بن حجاج کی فوج کا یہ اجتماعی حملہ نہر فرات کی جانب سے ہوا تو اُدھر جناب نافعؑ بن ھلال اس اجتماعی حملہ میں گھر گئے اور اِدھر جناب حبیبؑ ابن مظاہر اور جناب حُرؑ اور چند دیگر انصار نے بڑھ کر اس پوری فوج پر قہر خداوندی کی طرح ہلہ بول دیا۔ اس حملہ کے وقت مسلمؑ بن عوسجہ کا حال الگ سے بیان کرنا اور جناب نافع بن ہلال اور دیگر شہدا کا الگ الگ حال بیان کرنا ناممکن تھا مگر جو کچھ پتہ چلتا ہے وہ یہ ہے کہ جناب نافع شہید ہوگئے۔

وفی المناقب بعد عمیر بن عبد اللّٰہ ثم برز مسلمؑ بن عوسجة مرتجزًا۔ اِن تسئلو ا عنّی فانی ذو الید ۔ من فرع قوم فی رزی بنی اسد ۔فمن بغانا جائر عن الرشد ۔ وکافر بدین جبّار وصمد ۔ وفی الملھوف بالغ مسلم بن عوسجة فی قتال الاعداء وصبر علٰی اھوال البلاء حتّٰی سقط الَی الارض وبه رمقی فمشی الیه الحسینؑ ومعه حبیب بن مظاھر فقال له الحسینؑ رحمک اللّٰہ یا مسلم: فَمِنۡهُمۡ مَّنۡ قَضٰی نَحۡبَهٗ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ یَّنۡتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوۡا تَبۡدِیۡلًا ۝ (احزاب 33/23) ودنی منه حبیب وقال عزّعلیّ مصرعک یامسلم ابشر بالجنة ۔فقال له مسلم قولًا ضعیفًابشّرک اللّٰہ بخیر ۔ ثُمّ قال له حبیب لو لا اِنّنی اعلم اَنّی فی الاثر لاحببت اَنۡ توصی اِلَیَّ بِکُلّ مااھمّک فقال له مسلم فانی اوصیک بھٰذا واشاراِلٰی الحسینؑ فقاتل د ونه حتّٰی تموت ۔فقال له الحبیب ۔ لانعمنّک عینًا ثم مات رضوان اللّٰہ علیه وعن محمد بن ابیطالب وصاحت جاریة له یاسیداہ یابن عوسجاہُ فنادی اصحاب ابن سعد مستبشرین قتلنا مسلم بن عوسجة فقال شبث بن ربعی لبعض مَن حوله ثکلتکُم امھاتکم اماانّکم تقتلون انفسکم بایدیکم وتذلّون عزّکم اتفرحون بقتل مسلم بن عوسجة اما والذی اسلمت له لربّ موقف له فی المسلمین کریم۔ ((اکسیر العبادات۔صفحہ 273)

کتاب مناقب میں لکھا گیا ہے کہ عمیر بن عبداللہ کی شہادت کے بعد پھر مسلمؑ بن عوسجہ حملے کے دوران فرمارہے تھے کہ اگر تم مجھ سے دریافت کرو کہ میں کون ہوں تو میں بتاؤں گا کہ میں صاحب قوت وقدرت فرد ہوں اور یہ کہ میں بنی اسد کی شاخ پر لگنے والا پھل ہوں۔ جو لوگ ہم سے بغاوت کرتے ہیں وہ ظالم وگمراہ اور دین خداوندی سے خارج وکافر ہوتے ہیں۔ کتاب ملھوف میں ہے کہ جناب مسلمؑ بن عوسجہ میدان جنگ کی گہرائی میں اُتر گئے اور تمام دقتوں اور خطرات کی طرف سے بے پرواہ ہوکر حملہ پر حملہ کرتے چلے گئے یہاں تک کہ زخموں سے نڈھال ہوکر زمین پر گرے اور اُدھر جناب امامؑ اور حبیبؑ ابن مظاہر پہنچے تو ابھی حالت نزع میں تھے۔ امامؑ نے دعائے خیر دی اور آیت پڑھی کہ اُن میں سے وہ بھی ہیں جنھوں نے اپنی ذمہ داری مکمل کردی اور وہ بھی ہیں جو انتظار میں مصروف ہیں۔ اور دونوں نے ذرہ برابر معاہدہ میں ردوبدل نہیں کیا ہے۔ پھر جناب حبیبؑ ابن مظاہر بھی حضرت مسلمؑ کے قریب آئے اور کہا کہ اے مسلمؑ تمہارا اس

حال میں دیکھنا تو مجھے غم ورنج میں مبتلا کرتا ہے۔مگر اس کے نتیجے میں میں تمہیں جنت کی بشارت دیتا ہوں۔مسلمؓ بن عوسجہ نے نہایت کمزور آواز سے کہا کہ خدا تمہیں بھی بشارت دے۔حبیبؓ نے کہا کہ اگر مجھے یہ یقین نہ ہوتا کہ میں بھی فوراً تمہارے پاس پہنچنے والا ہوں تو تم سے درخواست کرتا کہ مجھے کوئی وصیت کرتے جاؤ۔مسلم نے کہا میری اس سے بڑی اور کوئی وصیت نہیں ہے کہ امامؑ کی نصرت میں کمی نہ ہونے دینا اور اپنی جان قربان کر دینا۔اس کے بعد خدمت علی و بتول و رسول علیہم السلام میں حاضر ہو گئے۔مسلمؓ بن عوسجہ کی ایک کنیز نے نعرہ فریاد بلند کیا اور ہائے میرے سردار ہائے مسلمؓ بن عوسجہ کہہ کر رونا شروع کیا تو فوج ابن سعد کے کچھ لوگوں نے خوش ہو کر کہا کہ ہم نے مسلمؓ بن عوسجہ کو قتل کر دیا۔شبث بن ربعی نے اُن کو ڈانٹ کر کہا کہ تمہاری مائیں تمہارے سوگ میں روئیں۔ارے تم تو خود اپنے ہاتھوں خود کو قتل اور اپنی عزت کو ذلّت سے بدل رہے ہو۔تم کتنے ناعاقبت اندیش ہو کہ مسلمؓ بن عوسجہ جیسی ہستی کو قتل کر کے خوش ہو رہے ہو۔حالانکہ مسلمؓ مسلمانوں میں ایک بہت بزرگ مقام رکھتے تھے۔

(الف)۔ **مسلمؓ بن عوسجہ سے تعارف:** اصحاب حسین علیہ السلام میں بہت مخصوص پوزیشن رکھتے تھے۔پُورا نام اور کنیت وغیرہ:۔ ابوحجل مسلم بن عوسجہ بن سعد بن ثعلبہ بن دُودَان بن اسد بن خزیمہ اسدی سعدی۔بہت ممتاز و معزز عربوں میں سے تھے۔رسولؐ اللہ کی زیارت وصحبت سے شرفیاب تھے۔راویان حدیث میں سے ہیں۔کافی سن رسیدہ ہو چکے تھے۔حضرت مسلم بن عقیل علیہ السلام کی آمد سے آخر وقت تک تمام خطرناک خدمات انجام دیں اور ابن زیاد کے انتظام سے بچ کر مع اہل وعیال کربلا میں امامؑ سے آ کر مل گئے۔شب عاشور جب امامؑ نے اپنے عزیزوں اور انصار کو عام اجازت دی تھی تو سب سے پہلے مسلمؓ بن عوسجہ نے اپنا بیان دیا تھا۔اور کہا تھا کہ یہ نہیں ہوسکتا کہ ہم آپؑ کو چھوڑ کر چلے جائیں۔بخدا میں اِن دشمنان دین سے لڑتے لڑتے اپنا نیزہ اُن کے سینے میں توڑ دوں گا۔اور جب تک تلوار کا قبضہ پکڑنے کی طاقت رہے گی تلواریں مارتا چلا جاؤں گا۔اور اگر اسلحہ نہ ہوگا تو میں اُن پر سنگ باری کروں گا مگر آپ سے جدا نہ ہوں گا۔وہ سن وسال کی رُو سے بوڑھے تھے۔لیکن جذبہ ایمانی اور ولولہ قربانی اُن میں جوان تھا۔وہ عمرو بن حجاج کے اجتماعی حملہ کو روکنے والوں کے ساتھ دشمن کی فوج میں گھسے اور دُشمن کو چند انصاران حسینؑ نے بھگا دیا۔اور جب دشمن میدان چھوڑ کر فرار کر گیا تو مسلمؓ بن عوسجہ قربان ہو چکے تھے۔گویا اپنے امامؑ کی زیارت کا انتظار کر رہے تھے کہ حضورؑ نے پہنچ کر رخصت کیا۔بھاگی ہوئی افواج پھر جمع ہو گئیں اور اس دفعہ شمر ملعون کی کمانڈ میں اجتماعی حملہ کیا جانا طے پایا۔اُدھر انصاران حسینؑ انتظار فرما رہے تھے۔

(ب)۔ **شمر ملعون، سپاہ حسینیؑ پر حملہ کرتا ہے**

وَعَنِ الارشاد ثم تراجع القوم اِلَی الحسینؑ فحمل شمر بن ذی الجوشن فی المیسرة فثبتوا له وَطَاعَنُوه وحمل علی الحسینؑ واصحابه مِن کل جانب وقاتلهم اصحاب الحسینؑ قتالًا شدیدًا فاخذت خیلهم تحمل وانّماهم اثنان وثلثون فارسًا فلایحملون علٰی جانب مِن خیل الکوفة الاکشفوهم۔فلما رای ذلک عروة بن قیس وهوعلٰی خیل الکوفة بعث اِلٰی ابن سعد اماتری ماتلقی خیلی منذالیوم مِن هذه العدّة الْیَسِیْرَة ابعث الیهم الرجال والرماة ۔ فبعث الیهم بالرماة وقاتل اصحاب الحسیؑن القوم اشد قتال ۔ وَفِی البحار فدعی عمربن سعد الحصین بن نمیر فی خمس مائة مِنَ الرمّاة فاقتتلوا حتی دنومن الحسیؑن

واصحابه فرشقوهم بالنبل فلم يلبثوأ اَن عقرواخيولهم وقاتلو هم حتّی انتصف النهار واشتدّ القتال ولم يقدروااَن ياتوهم اَلّا من جانب واحد لاجتماع ابنيتهم وتقارب بعضها من بعض فارسل ابن سعدالرجال ليقوضوهاعن ايمانهم وعن شمائلهم ليحيطوابهم واخذالثلثة والاربعة من اصحاب الحسیؑن يتخلّلُون فيشدّونَ علی الرجال يعرض وينهب فيرمونه عن قريب فيصرعونه فيقتلونه ـفقال ابن سعداحرقوها بالنار فاضرموافيها فقال الحسیؑن دعوهم يحرقوها فانهم اذا فعلواذلک لم يجوزواالیکم ـفکان کماقال وقيل اتاه شبث بن ربعی وقال افزعنا للنساءِ ثکلتک اُمّک فاستحیاء فاخذ وا لايقاتلونهم الامِن وجه واحد ـ

وعن الارشاد وجائهم شمر فی اصحابه فحمل عليهم زهير بن قين فی عشرة رجال مِن اصحاب الحسیؑن فکشفوهم عن البيوت وعطف عليهم شمر فقتل مِن القوم جميعًا ورَدّ الباقين الٰی مواضعهم.... وکثرالقتل والجراح فی اصحاب ابی عبد اللّٰه الٰی اَن ذالت الشمس ـوفی البحار فلمّا رای ذلک ابوثمامه الصيداوی قال للحسين عليه السلام يااباعبد اللّٰه نفسی لنفسک الفدآء افتربوا منک هؤُلاء ولاواللّٰه لاتقتل حتی اقتل دونک واحبّ اَن القی اللّٰه تعالٰی ربّی وقد صلّيتُ هذه الصلوة ـ فرفع الحسينؑ راسه اِلَی السمآء وقال ذکرتَ الصلوة جعلکَ اللّٰه مِنَ المصلين ـ نعم هٰذا اوّل وقتها ـثم قال سلوهم اَن يکفّوا حتّٰی نصلی ـقال ابومخنف فاذّن الحسين عليه السلام بنفسهٖ فلما فرغ من الاذان نادی ياويلک ياعمر بن سعد اَنَسَيْتَ شرايع الاسلام الاتقف عن الحرب حتی نصلّی وتصلون ونعود الی الحرب ـفلم يجبه ـفنادی الحسين عليه السلام استحوذ عليه الشيطان ـفنادی <u>الحصين بن نمير</u> ياحسين صَلّ مابدالک فانّ اللّٰه لايقبل صلوتک ـفقال لهٗ حبيبٌ بن مظاهر وکان واقفًا بين يدی الحسیؑن ـثکلتک امک وعدموک قومک وکيف لا تقبل صلوة ابن بنت رسولؐ اللّٰه وتقبل صلوتک يابن الخمارة ؟ فغضب الحصين حين ذکراُمّه وبرز نحوه وعندذلک يقول: دونک ضرب السيف ياحبيب ـوافاک ليثٌ بطلٌ مجيب ـفی کفّه مهند قضيب ـکانه مِن لمعة حليب ـثمَّ نادی ياحبيب ابرزالی ميدان الحرب قال فسلّم حبيب علی الحسينؑ وودّعه وقال واللّٰه يامولٰی اِنّی ارجوااَن لا تقضی صلوتک اِلّا وانا اصلّی فی الجنة واقراجدّک واباک وامک واخاک عنک السلام ـ ثمَّ برز اِلَی الحصين وهويقول: اناحبيب وابی مظاهر ـ وفارس الهيجاء وليث قسور ـوفی يمينی صارم مذکر ـوانتم ذوعدد واکثر ـ ونحن منکم فی الحروب اصبر ـايضًا وانا فی الامور اقدر ـو اللّٰه اعلٰی حجة واظهر ـ منکم وانتم نفرلا تنصروا ـسبط رسولؐ اللّٰه اذا يستنصر ـياشرّقوم بالهدی قدکفروا ـ ثم حمل فی اثر شعره علی الحصين فضربه ضربة فوقعت فی وجه حصانه فقطع خيشومه فوثب الحصان فرماه عن ظهره الی الارض فهم اَن يعلوه بسيفه ضربة اخری فحامی عنه اصحابه واستنقذ وه وفی البحار نقلًا عن مناقب وقاتل قِتَا لًا شديدًا وقال ايضًا ـ اَقْسَمُ لوکنا لکم اعدادا ـ او شطرکم وليتم الاکتا دًا..... وعن محمد بن ابيطالب فقتل اثنين وستين رجًلا ـوعَنِ المناقب ثمّ حمل عليه رجل مِن بنی تميم فطعنه فذهب ليقوم فضربه الحصين بن نمير علٰی راسه بالسيف فوقع ونزل التميمی فاجتزراسه فهدّ مقتلة الحسیؑن فقال عند اللّٰه احتسب نفسی وحماة اصحابی ـوقيل بل قتله رجل يقال له بديل بن صريم واخذراسه فعلّقه فی عنق فرسه فلما دخل مکةّ رَاَه ابن حبيب وهوغلام غير مراهق فوثب اليه فقتله واخذراسه وعن محمد بن ابيطالب قتله <u>الحصين بن نمير</u> وعلق راسه فی عنق فرسه ـ(اکسیرالعبادات ـصفحہ 274-273)

کتاب ارشاد کی رُو سے بھاگی ہوئی افواج پھر جمع ہوگئیں اور شمر نے اُنکو لے کر بائیں طرف سے حملہ کیا اور تیر وتلوار و نیزہ سے امامؑ اور امامؑ کے صحابہ پر ٹوٹ پڑے اور ہر طرف سے گھیرنے کی کوشش شروع کردی۔لیکن حسینیؑ انصار نے زبردست دفاعی جنگ کی

اور بڑھ بڑھ کر حملے جاری رکھے۔ حالانکہ اس حملہ کو روکنے میں حصہ لینے والے بتیس (32) مجاہد تھے۔ اور وہ اہل کوفہ پر حملہ ہی نہ کرتے تھے بلکہ صرف ایک نقطہ پر دفاع کر کے دشمن کو سخت نقصان پہنچانے میں مصروف تھے اور جب اہل کوفہ زد پر آ گئے تو اُنکی دھجیاں اڑا دیں۔ یہ دیکھ کر اُنکے سردارِلشکر عروہ بن قیس نے عمر سعد کو اطلاع بھیجی کہ تم صبح سے میری فوج کی تباہی اور فرار دیکھ رہے ہو۔ لہٰذا میری فوج کو دم لینے کی چھٹی دو اور سپاہ حسینؑ پر نئی فوج تیر اندازوں کی بھیجو۔ چنانچہ تیر اندازوں کا زبردست لشکر آ گیا۔ اُس سے بھی صحابہ حسینؑ نے زبردست ٹکر لی اور چھکّے چھڑا دیئے۔ اور کتاب بحار میں یہ لکھا ہے کہ عمر سعد نے جب اس حملہ کو پسپا ہوتے دیکھا تو اس نے حصین بن نمیر کو پانچ سو تیر اندازوں کے ساتھ مدد کو بھیجا۔ اب جنگ نہایت بے جگری سے بھڑکی اور اندھا دھند تیر بارانی کی جانے لگی۔ اور دشمن لوگ امامؑ اور اصحاب امامؑ کے قریب آ پہنچے۔ لیکن انصار گھوڑوں کے اندر گھس گئے اور گھوڑوں کی ٹانگیں کاٹنا اور اُنکے منہ پر ضربیں لگانا شروع کیا تو گھوڑے اُلٹ اُلٹ کر گرنا شروع ہو گئے۔ گھوڑوں کے سوار گھوڑوں سے دب کر مر رہے تھے۔ یہ ہنگامہ ٹھیک دوپہر تک جاری رہا لیکن فوج کو برابر سے حملہ کرنے کا موقعہ نہ ملا۔ مگر دشمن کے لوگ صحابہ حسینؑ کے بالکل قریب تک پہنچ گئے۔ تو عمر سعد نے اور کمک بھیج دی تا کہ لوگ اِدھر اُدھر سے بچ بچا کر خیموں تک پہنچ جائیں اور چاروں طرف سے گھیر لیں اور خیموں کو گرا دیں مگر خیموں کا یکبارگی گرا دینا ناممکن تھا۔ وہ آپس میں بڑی مضبوطی اور حکمت عملی سے بندھے ہوئے تھے۔ درحقیقت دشمن کے سپاہی خود گھِر کر رہ گئے تھے۔ اُدھر انصار نے تین تین چار چار کی ٹولیاں بنا کر اُن پر حملہ شروع کیا اور اُن اندر آ جانے والے لوگوں کو کاٹ کر رکھ دیا۔ عمر سعد نے یہ قتل عام دیکھ کر کہا کہ خیموں میں آگ لگا دو۔ وہ اس کوشش میں مصروف ہوئے تو امامؑ نے صحابہ کو پھر جمع ہو جانے کا حکم دیا اور فرمایا کہ اُنکو آگ لگانے دو اگر یہ آگ لگا دیں تو اُن کیلئے تمہارے قریب آنا قطعاً ناممکن ہو جائے گا۔ تم صرف سامنے سے دفاع کرو۔ اتنے میں شبث بن ربعی اِدھر آ گیا۔ اور اُس نے عمر سعد کو خیمہ جلانے کے حکم پر برا بھلا کہا تو اسے حیا آ گئی اور جنگ صرف ایک طرف سے جاری رہی۔ شبث بن ربعی نے چونکہ قریب سے محاذ دیکھ لیا تھا اسے یقین ہو گیا کہ آگ لگانا مفید نہ ہوگا۔ اسلئے وہ لوگ باز رہے۔

اُدھر کتاب ارشاد کی رُو سے شمر اور اس کی داخل شدہ فوج پر جناب زہیرؑ بن قین نے دس صحابہ کے ساتھ حملہ کیا اور سوائے چند ایک دشمنوں کے جو بھاگنے میں کامیاب ہو گئے سب کو اُسی جگہ قتل کر دیا البتہ شمر نکل بھاگا۔ بہرحال اُس وقت تک سپاہ حسینؑ میں صحابہ کی کثرت قتل اور زخمی ہو چکی تھی اور دن ڈھل چکا تھا۔ کتاب بحار میں لکھا گیا ہے کہ جب ابوثمامہؒ صیداوی نے دیکھا کہ ظہر کا وقت ہو گیا ہے تو امامؑ سے عرض کیا کہ میں صدقہ ہو جاؤں میں دیکھ رہا ہوں کہ یہ لوگ قریب سے قریب ہوتے جا رہے ہیں۔ اور یہ تو ممکن ہی نہیں کہ جب تک میں قتل نہ ہو جاؤں آپ پر آنچ آئے۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ کے ساتھ یہ نماز ادا کر لوں تا کہ اپنے پروردگار کے رُوبرو نماز ادا کئے ہوئے حاضری دوں۔ امامؑ نے آسمان کی طرف وقت کو دیکھا اور فرمایا کہ تم نے مجھے نماز یاد دلائی ہے اللہ تمہیں نمازیوں کے ساتھ رکھے۔ ٹھیک ہے یہ اوّلین وافضل وقت ہے ان لوگوں سے نماز کی اجازت اور جنگ بند کرنے کے لئے کہو۔ ابومخنف نے لکھا ہے کہ پھر امام حسین علیہ السلام نے بنفس نفیس خود اذان دی اور جب اذان سے فارغ ہوئے تب ابن سعد کو آواز دی کہ اے عمر بن سعد خدا تیرا برا کرے کیا تو نے اسلام کے تمام قوانین کو بھلا دیا ہے۔ کیا تو نماز کا وقفہ دینے کو تیار نہیں کہ ہم بھی نماز پڑھ لیں اور تم لوگ بھی نماز ادا کر لو۔ پھر ہم

جنگ کی موجودہ پوزیشن میں آ جائیں گے۔ مگر عمر سعد نے جواب ہی نہ دیا تو امام حسین علیہ السلام نے فرمایا کہ عمر سعد پر ابلیس نے قابو پا رکھا ہے۔ یہ سن کر حصین بن نمیر نے جواب دیا کہ اے حسینؑ جس طرح چاہو نماز پڑھ لو مگر تمہاری نماز اللہ کے یہاں قبول نہ ہوگی۔ حبیبؑ ابن مظاہر نے جواب میں کہا کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ رسولؐ کے نواسے کی تو نماز قبول نہ ہو اور تمہاری نماز قبول ہو جائے اے خمارہ کے بیٹے تیری ماں تیرے غم میں صف ماتم بچھائے۔ اپنی ماں کی توہین سے حصین کو بہت غصہ آیا اس نے کہا کہ اے حبیبؑ تو میری اس تلوار سے بچ کر نہیں جا سکتا۔ ایک بہادر جنگجو کا سامنا کرنے کے لئے تیاری کر لے اور اُس کے سامنے جس کے ہاتھ میں ہندوستانی فولاد کی ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنے والی تلوار ہے جس میں ہر وقت خون جھلکتا ہوا نظر آتا ہے۔ پھر حبیبؑ کو للکار کر کہا کہ میدان جنگ میں نکل۔ حضرت حبیبؑ نے امامؑ پر سلام بھیجا اور عرض کیا کہ میں ہرگز آپ کی اقتدا میں نماز پڑھنے کو ترک کر دینا پسند نہ کرتا لیکن یہ وقت ایسا ہے کہ غیرت اسلامی کا تقاضہ ہے کہ میں اس ملعون کو جواب دوں۔ اگر میری یہ نماز قضا ہوتی ہے تو میں جنت میں آپؑ کے نانا، والدؑ، والدہؑ اور بھائیؑ کو آپ کا سلام پہنچاؤں گا اور وہیں نماز ادا کروں گا۔ اس کے بعد رخصت ہو کر حصین بن نمیر کے سامنے آئے اور جواب میں بتایا کہ میں حبیبؑ ہوں میرے والد مظاہر تھے۔ میں میدان جنگ میں بہادروں کا منہ موڑ دینے والا بہادر ہوں۔ ہر چند کہ تم تعداد میں زیادہ ہو لیکن جم کر لڑنے اور صبر و تحمل میں ہم زیادہ ہیں۔ میرے ہاتھ میں سر و تن میں جدائی ڈالنے والی تلوار ہے اور ہم تمام اعمال میں تم سے زیادہ قدرت رکھتے ہیں۔ اور ہمارا مسلک اور ہماری دلیل و حجت غالب ہے۔ اور تم وہ لوگ ہو جو سبط رسولؐ کے مخالف ہو اور جب کہ اُسے نصرت کی ضرورت ہے۔ تم نصرت کے بجائے اسکے قتل پر آمادہ ہو۔ تم شریر ترین اور کافر قوم ہو۔ پھر حصین پر حملہ کیا اور ایک زبردست ضرب لگائی جو حصین کے بجائے اُسکے گھوڑے پر پڑ گئی اور گھوڑے کی ناک کٹ گئی۔ گھوڑے نے اُسے زمین پر پٹخ دیا۔ حبیبؑ نے بڑھ کر دوسری ضرب لگانا چاہی تو حصین کے اصحاب نے اُسے جھرمٹ میں لے کر بچا لیا اور لے کر بھاگ گئے۔ اس کے بعد حبیبؑ نے عمر سعد کی فوج پر ایک زبردست حملہ کیا اور کشتوں کے پشتے لگا دیئے۔ اور کہتے جاتے تھے کہ اگر ہماری تعداد تمہارے برابر یا کسی قدر کم ہوتی تو تم ہمارے سامنے بھاگتے پھرتے۔ اے بدترین اور ملعون قوم تم انتہائی کمینہ نسل کے لوگ ہو کر ہمارے مقابلہ پر آئے ہو۔ اور علامہ محمد بن ابیطالب نے لکھا ہے کہ جناب حبیبؑ نے باسٹھ ملاعین کو قتل کیا تھا۔ اور مناقب میں لکھا ہے کہ بنی تمیم میں سے ایک شخص نے پیچھے سے ایک نیزہ مارا۔ حبیبؑ سنبھلنے نہ پائے تھے کہ حصین بن نمیر نے تلوار سر پر ماردی اور آپ زمین پر گر گئے.......(اکسیر۔ صفحہ 274-273)

(39/31)۔ **حضرت حبیبؑ ابن مظاہر کی شہادت لکھی جا چکی (پیرا نمبر 14)**

یہاں جناب حبیبؑ کی جنگ اور شہادت کا بیان سلسلۂ کلام کی بنا پر کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی آپ کے سامنے وہ روایات بھی لانا منظور تھا جن میں جناب حبیبؑ کی شہادت اور اُن کے قاتل کو مشکوک کیا گیا ہے۔ چونکہ بعض اہل قلم نے حصین بن تمیم کی جگہ حصین بن نمیر لکھ دیا اور حصین بن نمیر اہل حرمؑ کی دمشق روانگی تک زندہ ملتا ہے۔ اس لئے انہیں ضرورت پیش آئی کہ گھوڑے سے گرنے کے بعد اُسے زندہ رکھا جائے۔ بہرحال یہ روایات جو ابھی ابھی گزریں تمام ایک غلطی کو نباہنے کے لئے تیار کی گئیں۔ لیکن اُن کے الفاظ اور مقصد خود اُن کی خامی واضح کرتے ہیں۔

(39/32)۔ نماز کو زندگی بخشنے والا امامؑ کا محافظ جس نے کربلا کی نماز کو آفاقی شہرت دی

مولانا و علامہ اور مجتہد حضرات اپنی مردہ نمازوں کو جاری رکھنے اور اُس مصنوعی نماز کے ذریعہ اُمت کا استحصال کرنے کے لئے کربلا کی نماز کا اکثر ذکر کیا کرتے ہیں۔ اور کہا کرتے ہیں کہ دیکھو نماز اتنی ضروری ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے کتنے خطرناک اور جان لیوا حالات میں بھی نماز کو نہ چھوڑا اور تیروں کی بارش میں بھی نماز ادا کی۔ ہمیں یہاں مجتہدین کے اس قول کے متعلق وہی بات کہنا ہے جو اللہ نے منافقوں کے قول کے متعلق سورہ منافقون کی ابتدا میں کہی تھی۔ یعنی تمہارا یہ کہنا کہ: ''ہم شہادت دیتے ہیں کہ آپؐ یقیناً ضرور اللہ کے رسولؐ ہیں'' (نَشْهَدُ اِنَّکَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ) اور اللہ کو علم ہے کہ آپؐ یقیناً اللہ کے رسولؐ ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ منافقوں کی یہ بات صحیح ہے کہ آپ اللہ کے رسولؐ ہیں۔ لہٰذا ہم بھی کہتے ہیں کہ مولانا و علامہ و مجتہد حضرات نے صحیح کہا کہ نماز بہت ہی ضروری چیز ہے اور اُسے تیروں کی بارش میں بھی نہیں چھوڑنا چاہئے۔ یعنی صحیح بات صحیح ہے خواہ اُسے منافق ہی کیوں نہ کہے مگر پھر اللہ نے فرمایا کہ: ''اور اللہ شہادت دیتا ہے کہ منافقین یقیناً ضرور جھوٹے ہیں۔'' وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ o (سورہ منافقون 63/1)۔ یہ اسلئے کہ وہ اس قسم کی صحیح باتوں کی آڑ میں راہ خداوندی میں رکاوٹ ڈالتے ہیں۔'' اِتَّخَذُوْا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (منافقون 63/2)۔ لہٰذا ہم بھی کہتے ہیں کہ وہ لوگ اُسی گروہ کے نقش قدم پر چلتے چلے آئے ہیں جو امام حسین علیہ السلام کا مدمقابل تھا، نمازی تھا، تہجد گزار تھا اور حافظان قرآن بھی اُس میں تھے۔ اور اُن کا اعلان وعقیدہ یہ تھا کہ حسینؑ کی وہ زیر بحث نماز قابل قبول نہ تھی۔ اور آج اُس قسم کے نمازی ہندوؤں، عیسائیوں، یہودیوں، کافروں اور بے دین لوگوں سے مدد کی بھیک مانگتے ہیں۔ دنیا کے ہر شعبہ میں اُن کی ہدایات وراہنمائی کے محتاج ہیں۔ اِس سے ثابت ہے کہ نہ وہ لوگ وہ نماز پڑھتے ہیں جو تیروں کی بارش میں بھی ضروری ہے نہ اللہ اُن کی نماز کو قبول کرتا ہے۔ بلکہ اُنہیں ذلت اور مسکنت کے عذاب میں مستقل طور پر مبتلا کر دیا ہے (آل عمران 3/112) اُن میں مستقل انتشار وافتراق واختلاف اور عداوت پیدا کر دی ہے۔ (قرآن)

ہمیں مولانا و علامہ اور مجتہد حضرات سے یہ شکوہ اس بنا پر ہے کہ یہ لوگ **نماز نماز**۔ اور امام حسینؑ کی **کربلا والی نماز** کے نعرے تو مارتے رہتے ہیں۔ لیکن اُن دو (2) سرفروشوں کا ذکر کبھی بھول کر بھی نہیں کرتے جن کے صدقہ میں یا جن کی قربانی سے وہ نماز ادا کی جاسکی تھی۔ ورنہ نہ نماز بچتی نہ دورانِ نماز امام حسینؑ بچتے نہ یہ شہرت وعظمت نماز کو ملتی۔ جن دو فداکاروں نے نماز کو بچالیا اور نماز کو قیامت تک کے لئے حیات جاوداں بخشی اُنہوں نے چونکہ خود نماز نہ پڑھی تھی، اس لئے مولانا و علامہ اور مجتہد حضرات اُنکا تذکرہ نہیں کرتے تاکہ کہیں اُس قسم کے بے نمازوں یعنی نماز پر جان دینے والوں کی تعداد نہ بڑھ جائے۔ لیکن یہ گروہ جہاں اپنی ہر اسکیم میں ناکام ونامراد رہا، وہیں وہ اس تعداد کو ختم کرنے میں بھی محروم رہا۔ اور آج نماز پر جان دینے والوں کی تعداد لاکھوں پر مشتمل ہے اور یہ وہی لوگ ہیں جو اپنے سروسینہ کو تلواروں، زنجیروں، چھریوں اور قمہ کی تواضع کے لئے پیش کرتے ہیں۔ اور جناب سعید بن عبداللہ حنفی علیہ السلام کے نقش قدم پر چلنا چاہتے ہیں۔ اور جنکو آج بھی محمد حسین ڈھکو جیسے مجتہد شیعیت سے خارج ایک الگ فرقہ قرار دیتے ہیں۔ اور زنجیر وقمہ وتلوار اور چھریوں کے ماتم کو حرام لکھتے ہیں۔ اور یہی وہ گروہ ہے جو اذان ونماز میں سے ذکرِ امامتؑ وخلافتِ بلافصل کو خارج کرتا ہے اور اعلان واعتقاد

ولایت وامامت کے بغیر اذان ونماز کومکمل اورصحیح لکھتا ہے اور ہم اُنہیں ملعون کہتے ہیں ۔اوراُن کی پسندیدہ نماز کوتمام بزرگ، اولیاء اللہ اورصوفیائے کرام ہمیشہ منع کرتے چلے آئے ہیں۔اور ہم بھی اُنکی خودساختہ نماز کی ممانعت کرتے ہیں۔اور مسلمانوں کی کثرت کا مولویانہ نماز کونہ پڑھنا بھی اُنکی نماز کے باطل ہونے کی دلیل ہے۔آیئے حقیقی نماز اور نمازی دیکھئے۔

(الف)۔ **جناب سعیدؓ بن عبداللہ حنفی سے تعارف** آپ کوفہ کے معزز شیعوں میں سے ہیں۔کوفہ سے امام حسین علیہ السلام کو بلانے کا جوآخری خط بھیجا گیا تھا۔اُسے لے کرامامؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے۔اُن کے ساتھ جناب ہانی بن ہانی بھی تھے۔امامؑ نے اپنے جواب میں لکھا کہ:۔ ''ہانی اورسعید میرے پاس تمہارے خطوط لے کرآئے اور یہ دونوں تمہارے آخری نمائندے ہیں جو مجھ تک پہنچے ہیں۔''اور یہ کہ''میں تمہاری جانب اپنے چچازاد بھائی اور معتمدعزیز مسلمؑ بن عقیل کو بھیجتا ہوں۔''

حضرت سعید بن عبداللہ نے جناب مسلمؑ کی خدمت اورتائید میں کوئی کمی نہیں کی تھی۔شب عاشور سعید نے امامؑ کو یہ جواب دیا تھا کہ:

''خدا کی قسم ہم آپ کا ساتھ ہرگز نہ چھوڑیں گے ۔ بخدا اگر میں قتل کیا جاؤں ، پھرزندہ کیا جاؤں ، پھرزندہ آگ میں جلادیا جاؤں ، پھر میری خاک ہوا میں منتشر کی جائے اور یہ سب کچھ میرے ساتھ ستر (70) مرتبہ کیا جائے تو بھی آپ سے اورآپ کے مقصد سے جدانہیں ہوسکتا۔ یہاں تک کہ آخری موت مجھے آپ کے قدموں میں آئے۔''

مومنین اس اعلان کوقلوب کی گہرائی میں اُتارلیں اور پھر یہ دیکھیں کہ جناب سعیدؓ نے محض زبانی دعویٰ نہ کیا تھا۔ بلکہ جوکچھ انہوں نے کہا عملاً کرکے دکھایا۔ وہ وفاداری، محبت اور جان نثاری کی ایک ایسی مثال ہے کہ اِس دنیا میں اِس آسمان کی آنکھوں نے نہ اُس سے پہلے دیکھی اور نہ اُس کے بعداس کی نظیر ملی۔ وہی نماز جس کا شہرہ ہے، وہی نماز جو حسینیؑ نماز بن کر بطورضرب المثل دنیا کی ہرقوم وملت میں قابل صدافتخار بن گئی، وہ عاشور کے دن ظہر کی نماز تھی۔ امامؑ نے جناب سعیدؓ بن عبداللہ حنفی اور جناب زہیرؓ القین کوحکم دیا کہ تم دونوں تیروں کوروکنے کے لئے میرے آگے کھڑے ہوجاؤ تاکہ میں تمام صحابہ اوراہل خاندان کونماز پڑھادوں۔ وہ دونوں حضرات کھڑے ہوئے، اقامت ادھر کہی گئی اوراُدھر دشمن کی فوج کے تیراندازوں نے اپنے تیرکمانوں میں لگائے، شست لی۔ اِدھرنماز شروع ہوئی اُدھر تیرامامؑ پر برسنے لگے۔ جناب سعید امامؑ کے سامنے اس طرح کھڑے تھے کہ ہرتیر سیدھا اُن پرآئے۔ وہاں نماز جاری تھی یہاں سعیدؓ داہنے بائیں جھک جھک کر ہرآنے والے تیرکواپنے جسم پروصول کررہے تھے۔ سینے اور پیٹ میں کھڑکیاں کھل گئی تھیں۔اُدھرنماز مکمل ہوئی اِدھر سعید زمین پرگرے اورامامؑ نے سینہ سے لگالیا۔ چند باتیں ہوئیں، امامؑ نے پیارکیا، شاباش دی اور رسولؐ اللہ اوراپنے والدؑ اور والدؑہ کے حضور پیش کردیا۔

(ب)۔ جناب سعیدؓ بن عبداللہ کی شہادت روایات کے الفاظ میں

آپ کویاد ہے کہ جناب ابوثمامہ نے نماز ظہر ادا کرنے کی تمنا ظاہر کی تھی۔اُس وقت شدت سے جنگ جاری تھی۔ حسینیؑ مجاہد لشکر یزید سے دُوردُور تک مقابلہ پر گئے ہوئے تھے۔امامؑ نے اذان دی تو انصارانِ حسینؑ کونماز کی اطلاع ہوئی۔اُدھرعمرسعد سے جنگ روکنے کی بات شروع تھی کہ جناب حبیبؓ بن مظاہر علیہ السلام کوحصین بن تمیم کے مقابلہ پر جانا پڑ گیا۔ یہ دیکھ کر جومجاہد جہاں تیغ آزما تھا وہیں جم

کرلڑتا رہا۔ چنانچہ جناب زہیرؑ بن قین بھی جنگ میں مصروف تھے اور اشعار پڑھتے اور قتل کرتے جا رہے تھے۔

اَنَا زُهَيْرٌ وَاَنَا ابْنُ الْقَيْن ۔وَفِیْ يَمِيْنِیْ مَرْهَفُ الْحَدّيْن ۔ اَذُبُّ بِالسَّيْفِ عَنِ الحسيْن ۔ ابن عَلِیٍّ الطاهر الجدّين ۔ اضربكم ضرب غلام زين ۔اليوم يقضى الدَّين اهل الدِّين ۔ ونشتفى من قتل اهل الشين ۔بابيض واسمرودينى ۔ ثمَّ حمل على القوم فقتل منهم عشرين رجلًا وَخشى اَن تفوتُه الصلوة فرجع وقال يامَوْلایَ اِنّی خشيت ان تفوتنى الصلوة معک فَصَلّ بِنَا ۔وفى البحار قال الحسينؑ لزهير بن القين وسعيد بن عبد الله الحنفى تقدما اَمَامِی حتّٰى اُصَلیّ الظهر فتقدم اَمَامَه... فاستهدف لهم يرمونه بالنبل كلما اخذالحسينؑ يمينًا وشمالًاقام بين يديه فمازال يرمى به حتٰى سقط الَى الارض وهويقول اللهم العنهم لعن عادوثمود اللهم ابلّغ بنبيّک السلام وابلغه مالَقَيْتُ مِنْ الم الجراح فانّى اَرَدتُ بذلک نصر ة ذريّة نبيّک صلواتک عليه وآله ثم مات رحمة الله ورضوانه عليه فوجد به ثلثه عشرسهمًا سوىٰ مابه من ضرب السيوف وطعن الرماح۔ (اکسیر صفحہ 274، بحار وغیرہ تمام کتب)

میں زہیر ہوں اور میرے والد قین تھے۔ میرے داہنے ہاتھ میں کفر و ایمان کی حد بندی کرنے والی تلوار ہے اور میں حسینؑ کی حفاظت اپنی تلوار سے کر رہا ہوں۔ وہ حسینؑ جو علیؑ کا بیٹا اور نانا و دادا کی طرف سے پاک و پاکیزہ ہے۔ میں تم پر ایک شاندار نوجوان والی ضربیں لگا تا رہوں گا۔ آج وہ دن ہے جس دن دینداروں پر جتنا اگلا پچھلا قرضہ ہوگا سب ادا ہو جائے گا۔ اور ہم بددین و بدباطن لوگوں کو قتل کر کے تمام دینی و دنیاوی جسمانی وروحانی بیماریوں سے شفا حاصل کرلیں گے۔ بدباطن و بدمذہب خواہ سفید رنگ کے ہوں یا بھورا رنگ رکھتے ہوں، غلام ہوں خواہ آزاد ہوں، سب کے ساتھ یکساں سلوک کروں گا۔ برابر حملہ جاری رکھا یہاں تک کہ بیس نام آوروں کو تہ تیغ کر دیا۔ اذان سُن چکے تھے۔ اندیشہ ہوا کہ نماز نہ جاتی رہے۔ پلٹ کر آئے اور عرض کی یا مولاؑ میں نماز کے خوف سے واپس آیا ہوں لہٰذا آیئے ہمیں یہ نماز پڑھا دیجئے۔ کتاب بحار میں ہے کہ امامؑ نے زہیرؑ بن قین اور سعیدؑ بن عبداللہ حنفی سے کہا کہ تم دونوں میرے آگے کھڑے ہو جاؤ یہاں تک کہ میں ظہر کی نماز پڑھا دوں۔ چنانچہ وہ دونوں بڑھ کر آگے جا ڈٹے اور خود کو دشمنوں کے تیروں کا نشانہ بنا دیا۔ جو تیر امامؑ پر آتا تھا۔ سعیدؑ اُسے داہنے بائیں جھک جھک کر اور سینہ بڑھا بڑھا کر اپنے اوپر لیتے جا رہے تھے۔ تیروں کی بارش لگا تار ہوتی رہی، نماز جاری رہی۔ اِدھر نماز ختم ہوئی اُدھر سعیدؑ زمین پر گرے۔ وہ کہہ رہے تھے کہ اے اللہ دشمنان اسلام پر عاد و ثمود والی لعنت کر۔ اور اپنے نبیؐ کو میرا اسلام پہنچا اور بتا دے کہ میں نے اس نیت سے کہ میں حضورؐ کی اولاد کا تحفظ کر رہا ہوں، یہ تمام محنت و کوشش و تکلیف برداشت کی ہے۔ اور اے اللہ محمدؐ اور اُن کی آلؑ پر اپنا درود وسلام جاری رکھ۔ یہ کہا اور فوت ہو گئے۔ اُن پر اللہ کی رحمتیں اور رضامندیاں نازل ہوتی رہیں۔ اُن کے جسم میں سے تیرہ (13) تیر نکالے گئے۔ علاوہ ازیں تلواروں اور نیزوں کے زخم الگ تھے۔''

(39/33)۔ جناب زہیرؑ بن القین کی شہادت اور تعارف

زہیرؑ بن قین بن قیس بجلی۔ عرب کے نامی گرامی لوگوں اور خاندان سے تھے کوفہ میں آباد تھے۔ جنگ جمل وصفین کے بعد مسلمانوں میں معاویہ کے طرفداروں کو عثمانی اور علیؑ کے طرفداروں کو علوی کہا جانے لگا۔ زہیرؑ عثمانی لقب سے مشہور و معروف تھے۔ اہلبیتؑ سے کوئی تعلق نہ رکھتے تھے۔ زہیرؑ نے اپنے بال بچوں سمیت وہ حج (60 ھجری) کیا جسے امامؑ نے چھوڑ دیا تھا۔ حج سے واپسی کے سفر میں وہ دن آ گیا کہ اب ہر منزل امام حسینؑ کے ساتھ ساتھ سفر ہو رہا ہے۔ جہاں امام علیہ السلام کے خیمے لگتے ہیں، اُس جگہ سے دُور

دُور قیام کرتے ہوئے سفر ہورہا ہے۔ زھیرؓ کو امامؑ کے سفر کی غرض وغایت معلوم ہے۔ اور سمجھتے ہیں کہ اس وقت ہر مسلمان پر اُن کی نصرت واجب ہے۔ مگر اِدھر اہل وعیال کا خیال اُدھر یزیدی مملکت اور جابرانہ وقاہرانہ انتظام وفوجی طاقت سے ٹکراور کھلی تباہی کا فیصلہ کرنا آسان کام نہ تھا۔ اس لئے امامؑ کا سامنا نہ کرنا چاہتے تھے۔ اُدھر امام علیہ السلام اپنے انصار کی فہرست کے تمام افراد کو روزازل سے جانتے پہچانتے تھے۔ چنانچہ جب تمام مادی اسباب فراہم ہوگئے تو حضور نے زھیرؓ بن قین کو بلوالیا۔ یہ واقعہ زرود کی منزل پر ظہور میں آیا۔ اوراُس روز کے بعد زھیرؓ نے اپنے اہل وعیال کو رخصت دے دی اور امامؑ کے ساتھ سایہ کی طرح رہنا شروع کردیا۔ اور طے کرلیا کہ وہ حسینؑ پر اپنا خون اور زندگی نچھاور کرنے کا کوئی موقعہ ہاتھ سے نہ جانے دیں گے۔ چنانچہ جب آخری منزل پر حُرؓ سد راہ ہوا تو زہیرؓ نے کہا تھا کہ ہمیں حُرؓ کی فوج سے جنگ کی اجازت دیں۔ ہم اِن کو ذرا دیر میں ٹھکانے لگادیں گے ورنہ پھر افواج کی بھرمار ہوجائے گی۔ مگر امامؑ نے اجازت نہیں دی تھی اور کربلا میں قیام کرلیا تھا۔ پھر نویں محرم کو زھیرؓ نے عزرہ بن قیس کو نصیحت کی تھی کہ دشمن کی فوج سے الگ ہوجاؤ۔ عزرہ نے کہا تھا کہ اے زہیرؓ تم تو عثمانی گروہ سے تھے۔ زہیرؓ نے کہا کہ اب میں حسینؑ کا آدمی ہوں۔ خدا کی قسم میں نے حسینؑ سے کوئی رابطہ نہ رکھا تھا نہ کوئی وعدہ کیا تھا۔ راستہ میں ملاقات ہوگئی تو مجھے رسولؐ اللہ یاد آ گئے۔ اپنے فرائض میں آل رسوؐل کی نصرت سامنے آ گئی۔ اور بس اب میں اِن پر قربان ہوجانے کا انتظار کررہا ہوں۔ شب عاشور جب سب کو آزادی دے دی گئی اور بیعت اٹھالی گئی تو باقی صحابہ کی طرح زہیرؓ بن قین نے بھی اعلان کیا تھا کہ:۔

''بخدا میں پسند کرتا ہوں کہ ایک دفعہ قتل ہوں، پھر زندہ کیا جاؤں، پھر قتل کیا جاؤں،
یوں ہی ہزار دفعہ ہو۔ لیکن آپ اور آپ کے خاندان کے یہ جوان محفوظ رہ جائیں۔''

پھر صبح عاشور جناب زہیرؓ کو امامؑ نے اپنی مختصر سے فوج کے میمنہ (داہنے بازو) کا سردار مقرر فرمایا تھا۔ یہی زہیرؓ تھے جنہوں نے کیمپ میں شمر کی فوج کو داخلہ کے بعد دس جوانوں کی مدد سے نکال کر شکست دی تھی۔ اُن کو دشمن کی فوج کے تمام سردار پہچانتے تھے۔ اور مقابلہ میں آنے کے لئے نام لے کر پکارتے تھے۔ اور ابھی ابھی آپ نے دیکھا کہ سعیدؓ بن عبداللہ کے ساتھ زہیر ہی وہ بہادر ہے جس کو امام علیہ السلام نے تیر روکنے کے لئے اپنے آگے کھڑا کیا تھا۔ اور یہی زہیرؓ تھے جو نماز کے لئے جنگ چھوڑ کر حاضر ہوئے تھے۔ دشمن کی طرف سے آنے والا ہر وہ تیر ونیزہ زہیرؓ کے جسم پر لگتا رہے گا جسے سعیدؓ نہ روک سکیں گے۔ نماز ختم ہونے کے بعد زخمی تو کافی تھے۔ مگر قربانی کا شوق ٹھنڈا نہ ہوا تھا۔ لہٰذا دشمن پر آخری حملہ کردیا۔

''وقال محمد بن ابیطالب فَقَاتَلَ حَتّٰی قَتَلَ مائة وعشرین رجلًا فشدّ علیه کثیر بن عبد اللّٰه الشعبی ومهاجر بن اَوْس تمیمی فقتلا۔ فقال الحسین علیه السلام حین صرع زهیر لایبعد ک اللّٰه یا زهیر۔ ولَعَنْ قاتلک لعن الذین مسخوا قردة وخنازیر۔'' (اکسیر العبادات صفحہ 275)

چنانچہ علامہ محمد بن ابیطالب نے لکھا ہے کہ زہیرؓ نے جنگ جاری رکھی اور ایک سوبیس آدمیوں کو قتل کیا۔ اسی دوران کثیر بن عبداللہ شعبی اور مہاجر بن اوس نے گھات لگا کر بڑی شدت سے حملہ کیا اور انہیں قتل کردیا۔ امام علیہ اسلام نے فرمایا کہ اے زہیرؓ اللہ کبھی

تمہیں ہم سے جدا نہ کرے اور تیرے قاتلوں پر ویسی لعنت کرے جیسی اُن لوگوں پر کی تھی جنہیں سُوّر اور بندر بنا دیا تھا۔

(الف)۔ نماز ظہر کے بعد امام علیہ السلام کا خطاب جنت کا نظارہ کرانا شہدا کا مقام دکھانا

قال ابومخنف فصلی مولانا ابوعبد اللّٰہ الحسین صلوات اللّٰہ علیہ باصحابہ صلوٰۃ الظھر فلمّا فرغ عن الصلوٰۃ حرصھم عَلَی القتال وقال یاکرام ھٰذہ الجنۃ قدفَتَحَتْ ابوابھا واتّصَلَتْ انھارھاواَ یْنَعَتْ ثمارھاوھٰذا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ والشھداء الذِّین قتلوا فی سبیل اللّٰہ یتوقعون قُدُوموکم ویتباشرون بکم ۔فحاموا عن دین اللّٰہ ودین نَبِیِّہٖ وذَبُّوا عن حرم رسولؐ اللّٰہ وحرم ذریّتِہٖ ثم صَاحَ بنسائہ اخرجن ۔فخرجن منشرات الشعور مھتکات الجیوب یبکین ویقلن یامعاشرالمسلمین ویاعصبۃ الموحدین ۔اللّٰہ اللّٰہ فی ذریۃ نبیّکمؐ غاروا علیھم وحاموا عنھم ثم صاح الحسینؑ یاامۃ التنزیل ویاحفظۃ القرآن حاموا عن ھٰؤلاء الحریم ولا تفشلوا عَنْھُمْ ۔فلمَّا سمعوا کلام الحسینؑ بکوابکاءً شدیدًا ثم قالوا یابن رسولؐ اللّٰہ نفوسنا دُون نفسک الفداء ودَمَائِنَا دون دمک الوفآء و اللّٰہ لایصل الیک والیھنَّ سوءٌ وفینا عرق یضرب فقال الامامؑ جزاکم اللّٰہ عنا خیرًا وابشروابالجنۃ والقدوم علٰی جدّی محمدؐ المصطفی وابی علیؑ المرتضی واُمیّ فاطمۃؑ الزھراء واخی الحسنؑ وجعفرؑ الطیار والشھداء الذین قتلوامع جدّی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وعلیھم اجمعین وکلھم مشتاقون الیکم ۔فلما سمع زھیر ھذا من الامامؑ بَرَزَ اِلَی القوم ....وھو یقول مخابًا للحسینؑ۔ الیوم تلقی جدّک النبیّاؐ۔ وحسنًا والمرتضٰی علیّاؑ۔ (اکسیر العبادات صفحہ 275)

علامہ ابومخنف نے لکھا ہے کہ ہمارے مولا ابوعبداللہ الحسین علیہ السلام نے اپنے صحابہ کے ساتھ نماز ظہر ادا کی۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو صحابہ کو جنگ پر ابھارنے کیلئے فرمایا کہ اَے باضمیر دوستو دیکھو یہ جنت ہے اسکے دروازے آپ کیلئے کھلے ہوئے ہیں۔ دیکھو نہریں بہہ رہی ہیں پھل پکے ہوئے ہیں اور یہ دیکھو رسولؐ اللہ اور شہدائے راہِ خدا تمہارے پہنچنے کی راہ دیکھ رہے ہیں۔ اور تمہیں مبارکباد دے رہے ہیں چنانچہ آپ یکسوئی کے ساتھ دین خدا و رسوؐل کی حمایت کریں اور رسولؐ اور رسوؐل کی اولاد کے حرؐم اور خواتین کا تحفظ کریں۔ پھر آپؑ نے اہل حرم اور تمام خواتین کو پروگرام کے مطابق باہر نکل آنے کا حکم دیا تو زینبؑ وکلثومؑ اور تمام مستورات اِس طرح نکلیں کہ آہ وفریاد اور نالہ وبکا کر رہی تھیں اور فرما رہی تھیں کہ اے گروہ مسلمانان اور اے وحدانیت خداوندی کے ذمہ دار لوگو! تمہارے نبیؐ کی ذریت پر یہ کیسی مشکل گھڑی ہے اِن کی حمایت کو اُٹھو ان کی مشکلات میں کام آؤ۔ پھر امام حسین علیہ السلام نے فریاد کی کہ اے وہ لوگو! جن کی مدح وثنا میں قرآن نازل ہوا ہے۔ اے محافظانِ قرآن تم ان رسولؐ زادیوں کے پردہ اور عزت کی حفاظت وحمایت کرو اور اپنے خیالات کو منتشر نہ ہونے دو۔ جب صحابہ نے یہ حال دیکھا اور یہ کلام سنا تو بڑی بے قراری سے روئے اور عرض کیا کہ یا مولاؑ ہماری زندگیاں آپؑ کے اوپر قربان ہوں گی۔ ہمارا خون آپؑ کی حفاظت میں بہے گا۔ جب تک ہماری نبض میں حرکت باقی ہے آپؑ کو اور حرم رسوؐل کو ذرہ برابر ناگواری کا سامنا نہ ہوگا۔ امامؑ نے فرمایا خدا تمہیں ہماری طرف سے بہترین جزا دیگا۔ میں تمہیں جنت کی بشارت دے رہا ہوں۔ مبارک ہو کہ میرے نانا محمدؐ مصطفٰی اور میرے والد علیؑ مرتضٰی اور میری والدہ فاطمہؑ زہراء اور میرے برادر حسنؑ مجتبٰی اور جعفرؑ طیار اور وہ تمام شہدا جو رسولؐ اللہ کے دین پر قربان ہوئے تمہارے مشتاق ہیں، اور تمہارے پہنچنے کا انتظار فرما رہے ہیں۔ یہ باتیں سُن کر ہی تو جناب زہیرؑ زخموں سے چُور چُور ہوتے ہوئے بھی امامؑ سے یہ کہہ کر دشمن پر حملہ آور ہوئے تھے کہ آج آپؑ کے ناناؐ اور والد علیؑ اور حسنؑ سے ملاقات ہوگی۔

(ب)۔ نمازظہر کے متعلق چند گزارشات

یہاں یہ بات بھی نوٹ کرنے کی ہے کہ سرکاری علمانے اس عجیب وغریب نماز کو غائب کرنے کی کوشش کرتے ہوئے یہ مشہور کردیا کہ ''جناب امام حسین علیہ السلام اوراُن کے صحابہ علیہم السلام نے الگ الگ اپنی اپنی نماز اشاروں سے پڑھی تھی۔''

قال ابن نما وقیل صَلّٰی سیدنا الحسین بن علی بن ابیطالب علیهم السلام واصحابه فرادیٰ بالْاِیمآء (اکسیر صفحہ 275)

اس طرح گویا اُن دونوں جانفروشوں کی محیرالعقول قربانی کوضائع کرنے کی کوشش کی گئی اُدھر امام حسینؑ اور تمام صحابہ کی شجاعت اور بے خوفی کوختم کردینا چاہا گیا۔اورعلامہ دربندی نے بھی اس ملعون روایت کونقل کرلیا۔پھر دوسرے علمانے اپنی طرف سے اُس نماز کو نمازخوف بنانے کی کوشش کی ہے۔اور جہاں موقعہ ملا روایت میں لفظ''صلوٰۃ الخوف'' کا خود ہی اضافہ کردیا ہے تاکہ یہ نماز اُن کے فقہی مسائل کے دائرہ میں اوراُن کے ماتحت آجائے۔حالانکہ اس نماز کا طریقہ عہد رسولؐ میں کہیں نہیں ملتا۔ یہ اپنی شان کی خود مثال ہے۔ البتہ آئندہ کے لئے اُس کوراہنما بنایا گیا ہے۔

(39/34)۔ عبدؑالرحمٰن بن عبدؑاللہ الیزنی کی شہادت

وفی البحار بعد شهادت سعید بن عبد اللّٰه ثم قالوا ثم خرج عبدالرحمٰن بن عبد اللّٰه الیزنی وهویقول:اَنَا بْنُ عَبْدِ اللّٰه مِنْ آلِ یَزَنْ ۔دِیْنِی علیٰ دین حُسَینؑ وحسنؑ ۔ اَضْرِبُکُمْ ضَربَ فَتًی مِنَ الیَمَنْ ۔اَرْجُوْا بِذَاکَ الْفَوْزَ عِنْدالمؤ تمن ۔ثم حمل فقاتل حتی قتــــل ۔بحارالانوار میں ہے کہ سعید بن عبداللہ کے بعدانہوں نے کہا ہے کہ جناب عبدالرحمٰنؑ بن عبداللہ یہ چیلنج کرتے ہوئے میدان جنگ میں نکلے کہ میں عبداللہ ہوں اورآل یزن کی طرف سے امامؑ کی نصرت کررہا ہوں ۔اورمیرادین وہی ہے جو جناب حسینؑ اورحسنؑ کا دین ہے۔میں تمہیں وہ ماردوں گا جوجوانان یمن کی شان ہے۔اورتم سے جنگ کرکے میں اللہ سے بہت بڑے مرتبہ کا امیدوارہوں۔آپ نے برابر حملے کئے اوردشمنان دین کوقتل کرتے چلے گئے یہاں تک کہ شہید ہوگئے۔اُن پراللہ کی رحمتیں برستی رہیں۔(اکسیر صفحہ 275)

(39/35)۔ جناب عمرؑو بن قرظہ انصاری کی شہادت

عمرؑو بن قرظہ بن کعب بن عمر بن عائذ بن زید مناۃ بن ثعلبہ بن کعب بن خزرج انصاری۔قرظہ بن کعب رسولؐ اللہ کے صحابی تھے۔جنگ اُحداور بعد کے جہادوں میں شریک رہے۔حضرت علیؑ کے زمانہ میں کوفہ کے حاکم رہے۔جنگ صفین میں امیرؑالمومنین کے ساتھ رہے۔اورہر جنگ میں شریک رہے۔اُن کے دو بیٹے تھے۔جن میں سے عمرو امام حسینؑ کے ناصراورزیرتعارف ہیں۔دوسرا بیٹا ابن سعد کی فوج میں تھا۔اوراُس کا نام علی بن قرظہ تھا۔دونوں ہی کوفہ کے باشندے تھے۔

وفی البحار والملهوف فخرج عمروبن قرظة الانصاری فاستاذن الحسین علیه السلام فاذّن له فقاتل قتال المشتاقین اِلَی الجزاء وبـالغ فی خدمته سلطان السمآء حتی قتل جمعًا کثیرًا مِن حزب ابن زیاد وجمع بین سداد وجهاد وکان لایاتی الحسینؑ سهم اِلّا اتقاهُ بیده ولاسیف الا تلقاه بمهجته فلم یکن یصل اَلَی الحسینؑ سوءٌ حتی اثخن بالجراح وقال یابن رسولؐ اللّٰه اَوْفَیْتُ؟ فقال نعم انت اَمَامِیُ فی الجنة فاقراء رسولؐ اللّٰه منی سلام واعلمه اِنّی فی الاثر ۔فقاتل حتی قُتِلَ رضوان اللّٰه علیه۔(اکسیر صفحہ 275)

اور کتاب بحار وملھوف میں ہے کہ پھر عمرؓو بن قرظہ انصاری نے امامؑ سے اجازت طلب کی تو امامؑ کی اجازت کے بعد اُنہوں نے وہ جنگ کی جو بہترین جزا کے مشتاق لوگوں کو کرنا چاہئے۔اور اللہ بادشاہِ سماوات کی خدمت میں اس طرح پہنچے کہ ایک بہت بڑی دشمن جماعت کو قتل کر چکے تھے اور جہاد اور صلح پسندی دونوں کی شرائط کو ملحوظ رکھا تھا۔امامؑ کی طرف جو تیر آتا تھا اُسے اپنے اوپر لیتے اور تلوار کا جو وار ہوتا تھا خود ڈھال بن جاتے تھے۔ چنانچہ جب تک زخموں سے چُور چُور نہ ہوگئے امامؑ تک کوئی گزند نہ پہنچا۔ جب گرے تو امامؑ سے دریافت کیا کہ حضورؑ آپ میری وفا پر تصدیق فرمادیں ۔حضورؑ نے فرمایا میں خوش ہوگیا مجھ سے پہلے جنت میں پہنچو،رسولؐ اللہ سے میرا سلام کہو اور بتاؤ کہ وہ جلد حاضر ہوتے ہیں۔اِس کے بعد رخصت کر دیا۔خدا کی رحمت اُن پر۔(اکسیر العبادات صفحہ 275)

(39/36)۔ <u>جون علیہ السلام جو کبھی ابوذرؑ غفاری کے غلام تھے</u>

جناب جَون (جونز) بن حوی بن قتادہ بن اَعور بن ساعدہ بن عوف بن کعب بن حوی ۔ اُن کو حضرت علیؑ نے خرید کر آزاد کیا اور جناب ابوذرؓ کے ساتھ رکھا۔ جب قومی حکومت نے حضرت ابوؓذر کو جلاوطن کر کے ربذہ کے ریگستان میں بھیجا تو جونؑ اُن کے ہمراہ رہے۔32 ہجری میں ابوذرؓ کی وفات کے بعد حضرت علیؑ کے پاس مدینہ آ گئے اور امام حسنؑ کے ساتھ رہے۔ یہاں تک کہ امام حسینؑ کے ہمراہ کربلا چلے آئے۔ کربلا میں امامؑ نے بہت چاہا کہ جونؑ کو رخصت کردیں لیکن وہ قدموں سے لپٹ گئے اور عرض کیا کہ حضوؑر مجھے اُس مرتبہ پر فائز ہونے کا موقعہ دیں جو آپؑ کے اوپر قربان ہونے سے ہی مل سکتا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ میں حسب ونسب میں بہت گھٹیا ہوں۔ میرے جسم سے بدبُو آتی ہے۔ میں سیاہ رنگ ونسل کا آدمی ہوں ۔مگر مجھے آپؑ کی محبت سے امید ہے کہ مجھے اُونچے سے اونچے درجہ میں جگہ دلوائے گی۔ میں اس وقت تک جدا نہ ہوں گا جب تک اپنا سیاہ گوشت اور خون آپؑ حضرات کے خون میں نہ ملا دوں ۔اور سُرخ وسفید رُو ہو کر آپؑ کے والدینؑ سے نہ ملوں۔ ذرا دیکھیں تو سہی کہ میں کس بے جگری سے اپنی قربانی پیش کرتا ہوں ۔امامؑ نے صبر کیا اور جونؑ کو درجہ شہادت پر فائز ہونے کا موقعہ دیا۔اور اُسے اللہ ورسولؐ کے سامنے قابل فخر مرتبہ حاصل کرنے میں ہر مدد دی۔خدا ہمیں بھی جون علیہ السلام کے صدقہ میں قبول فرمائے آمین۔

"وفی الملھوف ثمّ بَرَزَجون مولٰی ابی ذر وکان عبدالسود فقال الحسین علیه السلام انت فی اذن مِنّی فانما تبعتنا طلبًا للعافیة فلا تبتل بطریقتنا۔ فقال یابن رسولؐ اللّٰہ اَنَا فی الرخاء الحس قصاعکم وفی الشدة اخذلکم و اللّٰہ اِنّ ریحی لمنتن وانّ حسبی للئیم ولونی لاسود فتنفس علی بالجنة فیطیب ریحی ویشرف حسبی ویبیض وجھی لَا واللّٰہ لاافارقکم حتّٰی یختلط ھذا الدم الاسود مع دمائکم وعن محمد بن ابی طالب ثم بَرَزَ للقتال وھو ینشد ویقول: ۔کیف تری الکفار ضرب الاسود ؟ بالسیف ضربًا عن بنی محمدؐ ۔اذبّ عنھم باللسان والید ۔ ارجوبه الجنة یوم المورد ۔ وعن المناقب کان رجزه ھٰکذا: کیف یری الفجّار ضرب الاسود ؟ بالمشرفی القاطع المھند۔ بالسیف صونًا عن بَنِیُ محمدؐ ۔اذبّ عنھم باللسان وبالید ۔ارجوبذاک الفوز عندالمورد ۔ عَنِ الالٰہ الاحد الموحّد۔ اِذلا شفیع عنده کاحمدؐ ۔ ثم قاتل حتّٰی قتل فوقف علیه الحسینؑ وقال اللھم بیض وجھه وطیّب ریحه واحشره مع الابرار وعرّف بینه وبین محمدؐ وآل محمد صلی اللّٰہ علیه وآله ۔وروی عن الباقرؑ عن علیؑ بن الحسین علیھما السلام انّ الناس کانوایحضرون المعرکة ویدفنون القتلٰی فوجدوا جونًا بعد عشرة ایّام یفوح منه رائحة المسک۔ " (اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔صفحہ 276-275)

کتاب ملھوف اور بحار میں لکھا ہے کہ پھر حضرت جونؑ جو جناب ابوذرؓ کی تحویل میں تھے اور ایک حبشی سیاہ رنگ کے غلام ہوا کرتے تھے۔ میدان جنگ میں نکل آئے۔ اُن سے امامؑ نے کہا تھا کہ تمہیں ہمارے ساتھ سہولت کے دنوں میں کوئی تکلیف نہیں پہنچی۔ میں چاہتا ہوں کہ تمہیں اِن موجودہ مصائب میں مبتلا نہ کروں۔ چنانچہ تمہیں میری طرف سے جانے کی اجازت ہے۔ جونؑ نے عرض کیا کہ حضورؑ میں نے آپؑ کے ساتھ راحت و آرام کی زندگی بسر کرنے کا تمام سامان پایا اب میں تکالیف کی بنا پر جدا ہو کر جانا برداشت نہیں کرسکتا۔ میں جانتا ہوں کہ ایک سیاہ رنگ کی گھٹیا نسل سے ہوں۔ بدبودار پسینہ آتا ہے۔ لوگ پاس بیٹھنا پسند نہیں کرتے۔ مگر مجھے آپ کے فضل وکرم سے امید ہے کہ مجھے جنت میں داخلہ کا موقعہ دیں گے، میری بدبو کو خوشبو سے بدل دیں گے، میرے رنگ کو سفید کردیں گے اور مجھے بلند حسب ونسب میں شمار فرمالیں گے۔ خدا کی قسم میں تو آپؑ کو ہرگز نہ چھوڑوں گا اور اپنا سیاہ خون آپؑ حضرات کے خون میں بہا کر ملادوں گا۔ لہٰذا امامؑ نے اجازت دے دی اور جونؑ یہ پڑھتے ہوئے جنگ کو نکلے کہ کفار کالے ہاتھ کی چوٹوں کا مزا چکھیں۔ اُس تلوار کی ضرب سہیں جو اولادِ محمدؐ کی نصرت میں تم پر گرے گی۔ میں آلِ محمدؐ سے دشمنوں کو اس لئے اپنی زبان اور ہاتھوں سے دور کرونگا کہ مجھے بروزِ حساب جنت میں داخلہ ملے گا۔ کتاب مناقب میں اُن کا چیلنج ذرا سی تبدیلی کے ساتھ یوں لکھا ہے کہ یہ ناہنجار قوم اب کالے ہاتھوں کی مار کھانے کو تیار ہو جائیں۔ اور ہندوستانی ساخت کی تیز دھار تلوار کو برداشت کریں۔ وہ تلوار جو اولادِ محمدؐ کے تحفظ میں اُٹھی ہے۔ اور میں ہاتھوں اور زبان سے اُن کے دشمنوں کو دفع کردوں گا۔ یہ دفاعی جنگ کرنے سے مجھے یقین ہے کہ میں اللہ تعالیٰ واحد و یکتا کے حضور میں اعلیٰ درجہ پاؤں گا۔ اور روزِ حساب سرخرو ہو جاؤں گا۔ اس لئے کہ اللہ کے حضور میں محمدؐ کی طرح کسی اور کو شفاعت کا حق نہیں ہے۔ پھر حضرت جونؑ نے مسلسل جنگ جاری رکھی اور دشمن کی فوج کا قتلِ عام کرتے رہے یہاں تک کہ محمدؐ وآلِ محمدؐ پر قربان ہوگئے۔ امامؑ تشریف لائے اور اللہ سے دعا کی کہ اَے اللہ جونؑ کا رنگ سفید کردے اور اُس کو خوشبو سے معطر کردے۔ پھر اُسے اپنے مخصوص پاکیزہ لوگوں میں شمار فرمالے اور اُسے محمدؐ وآلِ محمدؐ میں صاحبِ معرفت وشہرت کردے۔ امام محمدؑ باقر نے امام زین العابدین علیہ السلام کی زبانی بتایا کہ لوگ میدان کارزار میں مقتولوں کو دفن کرنے کی غرض سے آمدورفت رکھتے تھے۔ دس روز کے بعد جونؑ کو دیکھا تو اُن میں سے مُشک کی خوشبو نکل نکل کر چاروں طرف پھیل رہی تھی۔

(39/37)۔ **جناب عبداللہ بن خالد الصیداوی علیہ السلام**

وفی الملھوف ثمَّ برز عبد اللّٰہ بن خالد الصیداوی فقال للحسینؑ یااباعبد اللّٰہ جعلت فداک قدھممتُ اَنَّ الحق باصحابک وکرھت ان تخلّف فاراک وحیدًا مِن اھلک قتیلًا ۔فقال لہ الحسینؑ تقدّم فانا لاحقون بک عن ساعۃ۔ فتقدّم فقاتل حتی قُتِلَ رضوان اللّٰہ علیہ۔(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات صفحہ 276)

کتاب ملھوف میں ہے کہ پھر جناب عبداللہؓ بن خالد صیداوی میدان جنگ میں آئے تھے۔ اور انہوں نے اجازت یہ کہہ کر لی تھی کہ یا اباعبداللہؑ میں آپ پر قربان ہو جاؤں میں نے یہ فیصلہ کر رکھا ہے کہ حق صرف آپ کے ساتھیوں کے ساتھ ہے۔ اور میں یہ پسند نہیں کرتا کہ آپ کو یہاں یکہ وتنہا قتل ہوتے ہوئے دیکھوں۔ لہٰذا مجھے اجازت عطا فرمائیں کہ میں قربان ہو جاؤں۔ امام علیہ السلام نے اجازت

دی اور فرمایا کہ جاؤ آگے بڑھو یقیناً ہم سب ذرا دیر بعد تمہارے پاس پہنچتے ہیں۔ جناب عبدؑ اللہ نے جان توڑ حملہ کیا اور برابر جنگ میں منہمک رہے یہاں تک کہ اپنی زندگی محمدؐ و آل محمدؐ پر قربان کردی۔ اُن پر ہمارے ہزاروں سلام۔

(39/38)۔ حضرت حنظلہ ابن اسعد شبامی الھملانی علیہ السلام

حنظلہ بن اسعد بن شبام بن عبداللہ بن اسعد بن حاشد بن ہمدان الھمد انی الشبامی۔ شیعانِ کوفہ میں اعلیٰ درجہ رکھتے تھے۔ حافظ قرآن اور عمدہ مُقرر تھے۔ نہایت جرأتمند بہادر تھے۔ عمدہ مُقرّر ہونے کی بنا پر امامؑ نے کئی بار حنظلہ کو عمر ابن سعد کے پاس بھیجا تھا۔ تاکہ اتمام حجت کریں۔ عاشور کے روز جب بہت سے صحابہ شہید ہو چکے تو؛ قال وَجَاءَ حنظلة ابن اسعد الشبامی فوقف بین یدی الحسینؑ یقیه السهام والرماح والسیوف بوجهه ونحره واخذ ینادی یاقوم اِنّی اَخَافُ علیکم مثل یَوْمِ الْاَحْزَابِ ۔ مِثْلَ دَأْبِ قَوْمِ نُوحٍ وعَادٍ وَّثَمُود وَالَّذِیْنَ مِن بَعْدِهِمْ وَمَا اللّٰهُ یُرِیْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ۔وَیٰقَوْمِ اِنِّیٓ اَخَافُ عَلَیْکُمْ یَوْمَ التَّنَاد ۔ یَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِیْنَ مَا لَکُم مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ (سورہ مومن 33-40/30)۔ یاقوم لاتقتلوا حسیناً فیسحتکم اللّٰه بعذاب وقدخاب من افتری۔ وعن المناقب فقال له الحسینؑ یابن اسعد رحمکَ اللّٰه انّهم قداستوجَبُوا العذاب حین ردّ واعلیک مادَعَوتَهُمْ اِلَیهِ مِنَ الحق ونهضوا الیک یشتمونک واصحابک فکیف بهم الآن وقدقتلوا اخوانک الصالحین ۔قال صدّقت جعلت فداک افلا نروح الیٰ رّبنا فنلحق باخواننا ۔فقال له رُح الیٰ ماهو خیرلک مِنَ الدنیا ومافیها والیٰ ملک لایبلیٰ ۔فقال السلام علیک یابن رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیک وعلیٰ اهل بیتک وجمع بیننا وبینک فی الجنة ۔قال آمین آمین وفی الملهوف فتقدّم فقاتل قتال الابطال وصبر علیٰ الاحتمال الاهوال حتیٰ قُتِلَ رضوان اللّٰه علیه۔ (اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات۔ صفحہ 276)

جناب حنظلہؓ امام کے سامنے آکر کھڑے ہوئے تاکہ جو تیر و تلوار و نیزہ امامؑ پر مارا جائے اُسے اپنے اوپر لے لیں اور یزیدی فوج کو خطاب کریں چنانچہ فرمایا کہ:۔ اے قوم یزید مجھے تمہارے متعلق یہ خوف ہے کہ تم پر ویسا ہی دن نہ آجائے جیسا کہ اکثر اقوام پر آتا رہا ہے۔ جیسے قوم عاد و ثمود پر عذاب نازل ہوا تھا۔ یا اُنکے بعد والی اقوام تباہ ہوئی تھیں۔ لیکن اللہ نے اُن کے ساتھ کوئی زیادتی نہیں کی تھی۔ صرف اُن کو اُن کے اعمال کی سزا و جزا دی تھی اور اللہ تو اپنے بندوں پر ظلم کرنے کا ارادہ تک بھی نہیں کیا کرتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ روز محشر جب تم اس دنیا سے پلٹ کر اللہ کے سامنے پیش ہوگے تو تمہیں اللہ کے عذاب سے محفوظ رکھنے والا کوئی بھی نہ ہوگا۔ میں کہتا ہوں کہ تم امام حسینؑ سے جنگ مت کرو ورنہ تم پر قہر خداوندی نازل ہو جائے گا۔ اور یاد رکھو کہ اللہ کے متعلق غلط بات کہنے والوں کا انجام تباہی ہوا کرتا ہے۔ امامؑ نے فرمایا کہ اے اسعد کے بیٹے خدا تم پر رحمت نازل کرے۔ یہ لوگ تو اُسی وقت عذاب کے مستحق ہو گئے جب اُنہوں نے تمہاری حق بات کو قبول نہ کیا۔ اور تم لوگوں کے خلاف جنگ کی تیاری کی تھی۔ اور اب تو یہ لوگ تمہارے بہت سے مقدس ساتھیوں کو قتل کر چکے ہیں۔ حنظلہؓ نے عرض کیا کہ حضورؑ نے بالکل صحیح فرمایا ہے۔ اس کے بعد حنظلہؓ نے کہا کہ حضورؑ اب ہم کیوں نہ اپنے رب کے سامنے حاضر ہو جائیں اور کیوں نہ اپنے فداکار ساتھیوں سے ملیں؟ اور کیوں نہ اُس دنیا میں جا پہنچیں جہاں زوال کا گزر نہیں ہو سکتا؟ پھر کہا کہ درود و سلام ہو آپؑ پر اے فرزند رسولؐ اور درود و سلام ہو آپ کے اہل و عیال پر۔ اور اللہ جلد ہمیں آپ کے ساتھ جنت میں داخل فرمائے۔ امامؑ نے آمین کہی اور جنگ کی اجازت دی۔ چنانچہ جناب حنظلہ نے دشمن پر تابڑتوڑ حملے کئے اور ایک بہادر نوجوان کی طرح

گھمسان کی جنگ جاری رکھی یہاں تک کہ امامؑ پر جان نثار کردی۔ اللہ اُن پر ہمیشہ رحمتوں کی بارش کرتا رہے۔

(39/39)۔ جناب یحیٰیؑ بن سلیم المازنی کی شہادت

عن المناقب فخرج یحیٰی بن سلیم المازنی وھویرتجز ویقول۔ لاضَرِبَنّ القوم ضَرْبًا فَیْصَلًا ۔ ضربًا شدیدًا فی العداۃ معجّلًا۔ لاعاجزًا فیه ولا مُوَلْوَلًا ۔ ولا اخاف الیوم مَوْتًا مقبلًا ۔ لکنّنی کاللّیث احمی اَشبلًا ۔ ثم حمل فقاتل حتی قُتِلَ رضوان اللّٰه علیه۔ (اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔ صفحہ 276)

کتاب مناقب میں لکھا گیا ہے کہ پھر جناب یحیٰیؑ بن سلیم یہ چیلنج دیتے ہوئے میدان جنگ میں مصروف قتال ہوئے کہ آج میں اُس قوم پر یقیناً فیصلہ کن دھاوا بول رہا ہوں۔ اور ایسی ضربیں لگا رہا ہوں جو فرار کرانے میں جلدی کرتی ہیں۔ نہ میں ناتواں ہوں اور نہ میدان چھوڑنے والا ہوں اور نہ سامنے کھڑی ہوئی موت سے ڈرتا ہوں۔ لیکن میں تو شیر کے بہادر بچوں کی حفاظت اور حمایت شیروں کی طرح کر رہا ہوں۔ بچ کر جانے اور اپنی حفاظت کی پرواہ کئے بغیر لڑتے اور لاش پر لاش گراتے گراتے آخر خود بھی زخموں کی تاب نہ لاکر گرے اور جنت میں جا پہنچے۔

(39/40)۔ حضرت قرۃؑ بن ابی قرۃ الغفاری کی رخصت

ثم خرج مِن بعدہ قرّۃ بن ابی قرّۃ الغفاری وھویرتجز ۔ قدعَلِمَتْ حقًّا بنوغفار ۔ وخندف بعد بنی نزار ۔ بِاَنّنِی اللّیث لَدَی الغیار ۔ لاضربنّ معشر الفجّار۔ بکل عضب ذکربتّار ۔ ضربًا وجیعًا عن بنی الاخیار۔ رھط النبیؐ السادۃ الابرار ۔ قال ثم حمل فقاتل حتی قُتِلَ۔ (اکسیرالعبادات۔ صفحہ 276)

اُن کے بعد قرۃؑ بن ابی قرہ غفاری یہ چیلنج کرتے ہوئے فوج پر جا گرے۔ تمام غفاری اور خندف اور نزار کی اولاد کو علم ہے کہ میں دشمن کے مقابلہ میں شیر نر ہوں۔ میں یقیناً اُن بدنہاد و ناہنجار لوگوں پر پے در پے ضربیں لگاؤں گا۔ جو بڑی دردناک ضربیں ہوں گی اور رسولؐ کے گروہ اور پاک اولادؑ اور تمام نیکوں کے سرداروں کی حمایت میں ہوں گی۔ اور جن سے اُن ملاعین کا ذکر فنا ہو جائے گا۔ کہتے ہیں کہ برابر جنگ جاری رکھی یہاں تک کہ شہادت پا گئے۔

(39/41)۔ جناب مالکؑ بن انس مالکی یا انس بن الحارث الکاہلی

وخَرَجَ مِن بعدہ مالک بن انس المالکی وھو یرتجز ویقول: قدعَلِمَتْ مَالِکُوالدُّوْدَان ۔ والْخَنْدَ فُیُوْنَ وقَیْسُ غِیْلَان ۔ بِاَنَّ قَوْمی آفۃ الاقران ۔ لدی الوِغا وسادۃ الفُرسان ۔ مباشروا الموت بطَعْن آن۔ لسنانری العجزعن الطّعان ۔ آل علیؑ شیعۃ الرحمان ۔ آل زیادشیعۃ الشیطان۔ ثُمَّ حمل فقاتل حتی قُتِلَ۔ وعن ابن نما اسمه انس بن الحارث الکاھلی۔

اُن کے بعد جناب مالک بن انس میدان میں آئے اور یہ چیلنج سنا رہے تھے کہ مالکی اور دُودانی اور خندفی، اور قیسی اور غیلانی قبیلوں کے لوگ جانتے ہیں کہ میری قوم اپنے مدّ مقابل کے لئے ایک تباہ کن آفت ہے۔ ہم وہ سردار ہیں جو نیزوں اور تلواروں کے ساتھ موت کا استقبال کرتے ہیں۔ ہم نیزوں کے سامنے عاجزی و ناتوانی ظاہر نہیں کرتے۔ میں اعلان کرتا ہوں کہ اولادِ علیؑ اللہ و رحمان کے شیعہ ہیں اور زیاد کی اولاد شیطان کی شیعہ ہے۔ حملے پر حملہ کرتے رہے یہاں تک کہ اسلام پر قربان ہو گئے۔ علامہ ابن نما نے کہا ہے

کہ اُن کا نام انس بن حارث کاہلی تھا۔

انسؓ بن حارث بن نبیہ بن کاہل بن عمرو بن صعب بن اسد بن خزیمہ اسدی کاہلی۔صحابی رسولؐ تھے۔احادیث کے راوی تھے۔ رسولؐ اللہ سے امام حسین علیہ السلام کی شہادت کی پیش گوئی سُنی تھی اس لئے برابر منتظر رہتے چلے آئے تھے۔کربلا کے زمانہ میں نہایت ضعیف ہو چکے تھے۔حبیبؓ ابن مظاہر سے بھی سِن وسال میں زیادہ تھے۔جہاد کی اجازت دیتے ہوئے امامؑ شرمارہے تھے۔اورانہیں دیکھ دیکھ کررورہے تھے۔انہوں نے اپنی کمر سیدھی رکھنے کے لئے پٹکا بندھوایا تھا۔بھوؤں پر رومال باندھا تھا۔رخصت کے وقت امامؑ نے دعائیں دی تھیں۔لیکن آپ نے جواشعار سُنے اُن میں کہیں کمزوری اور ضعف کا نام ونشان تک بھی نہیں ہے۔دیکھنا یہ ہے کہ اولادرسولؐ پر مصائب کا کتنا ہجوم تھا؟ وہ قومی مسلمان کس قدرخون کے پیاسے تھے؟ کہ اس قدرضعیف العمر لوگ اور بچے تک یہ چاہتے رہے کہ خودقربان ہوجائیں اورآل رسوؐل کو بچالیں۔

(39/42)۔جناب عمرؓ بن مطاع الجعفی کی شہادت

وَعَنِ المناقب ثم خرج مِن بعده عمربن مطاع الجعفی وهویقول: انا ابن جعف وابی مطاع۔ وفی یمینی مرهف قطّاع۔واسمر فی راسه لمّاع ۔ یری له من ضوئه شعاع۔الیوم قدطالب لنا القراع۔ دُون حسینٌ الضرب والسطاع ۔ یرجی بذاک الفوز والدفاع۔عن حرّنارِحین لاانتفاع۔ ثُمَّ حمل فقاتل حتی قتِل۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 276)

کتاب مناقب بتاتی ہے کہ اُن کے بعدعمرؓ بن مطاع یہ کہتے ہوئے حملہ آورہوئے کہ میں قبیلہ جعف کا پروردہ ہوں۔میراباپ ابی مطاع ہےاورمیرے داہنے ہاتھ میں پتلی لچکدار کاٹ ڈالنے والی چیز ہے۔جس کے سر پر دمکنے والا دستہ (Handle) ہے۔جس میں شعاعیں ہنگامہ مچائے رکھتی ہیں۔آج کا دن ہم سے جنگی گردوغبار اور شوروغوغا کا طلب گار رہے۔تاکہ امام حسین علیہ السلام کے دشمنوں کی چیخیں بلند ہوں۔دشمنانِ آل محمدؐ کو تباہ کرنے سے اُس روز فائدہ ہوگا جس دن کوئی چیز کام نہیں آتی اورجہنم سے نجات ملے گی۔اس طرح جوش وخروش سے اُس وقت تک جنگ کی جب تک نڈھال نہ ہوگئے۔آخر جام شہادت پی لیا۔

(39/43)۔ حجاج بن مسروق علیہ السلام کی قربانی

یہ جعف بن سعد العشیرہ کی نسل سے تھے۔کوفہ کے نامور شیعوں میں شمار تھے۔حضرت علی مرتضٰی علیہ السلام کے صحابی تھے۔جب امامؑ مکہ تشریف لائے تو حجاج کوفہ سے مکہ گئے اورامامؑ کی صحبت میں رہنا شروع کردیا۔نماز کے اوقات پراذان دینے کی خدمت انجام دیتے تھے۔امامؑ کے ساتھ ساتھ کربلا آئے۔لشکرِ حُرّؑ کے آنے کے بعد جو پہلی نماز ہوئی تھی سب نے لکھا کہ اذان حجاج نے دی تھی۔

وفی البحار قالوا ثُمّ خرج الحجاج بن مسروق وهومُؤَذِّنُ الحسین علیه السلام وهویقول: اقدم حسینٌ هادیًا مهدیّا ۔الیوم نلقی جدّک النبیاً ۔ثمّ اباک ذالنداء علیّاً ۔ذاک الذی نعرفه وصیًّا ۔ والحسنٌ الخیر الرضی الولیا ۔ وذوالجناحین الفتی الکمیّا۔واسد الله الشهید الحیّا ۔ثم حمل فقاتل حتی قُتِلَ۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 276)

کتاب بحار میں ہے کہ پھر جناب حجاجؓ بن مسروق میدان میں نکلے۔جو کہ امامؑ کے مؤذن بھی تھے اور کہہ رہے تھے کہ اے

حسینؑ آپ ہادی اور مہدی کی حیثیت سے آگے بڑھیئے۔آج میں آپ کے نانا نبیؐ سے ملوں گا۔پھر میں دنیا بھر کے سخی علیؑ سے ملاقات کروں گا۔جن کو میں بحیثیت وصیؐ جانتا ہوں۔اور وہ حُسن مجسم اور خیرِ محض ولیؑ ہیں۔پھر جناب جعفرؑ طیار ایسے بہادر سے ملوں گا اور پھر جناب حمزہؑ اسداللہ زندہ شہیدوں سے ملاقات ہوگی۔یہ کہہ کر جو حملہ کیا تو شہید ہو کر ہی دَم لیا۔

(39/44)۔ جناب ابراہیمؑ بن الحصین کا حملہ وشہادت

قال ابومخنف ثم برزمن بعده ابراهيم بن الحصين فانشاء يقول: اقدم حسينً اليوم نلقى احمدًا ۔ثم اباک الطاهر المسددا ۔والحسنً المسموم ذاک الاسعدا ۔وذالجناحين حليف الشهداء ۔وحمزة الليث الكميّ السيّدا ۔ فی جنة الفردوس فازوا سعدا۔ثم حمل على القوم ولم يزل يقاتل حتى قتل من القوم سبعين رجلًاوقُتِلَ۔(اکسیرالعبادات صفحہ 277)

ابومخنف بیان کرتے ہیں کہ اُن کے بعد جناب ابراہیمؑ بن حصین جنگ کے لئے نکلے اور یہ اعلان کرتے اور دشمن پر حملہ کرتے رہے کہ آج میں حسین علیہ السلام سے آگے چلتا ہوں اور ہمیں احمد صلوٰۃ اللہ علیہ وآلہ سے ملنا ہے۔پھر اے حسینؑ ہمیں آپ کے نیک کردار والدؑ سے اور سب سے سعید ترین، زہر سے شہید حسنؑ سے اور پھر تمام شہیدوں کے ذمہ دار جعفرؑ طیار سے اور جناب حمزہؑ ایسے لاجواب بہادر سید سے جنت میں جا کر ملنا اور سعادتمندی حاصل کرنا ہے۔برابر تیغ زنی کرتے رہے یہاں تک کہ دشمن کی فوج کے ستر بہادروں کو موت کے گھاٹ اُتار کر شہید ہو گئے۔

(39/45)۔ حضرت مُعلاًؑ ابن مُعلاً کی جنگ وشہادت

وقال برز المعلا ابن المعلا وكان معروفًا بالشدّه والباس والصعوبة والمراس وانشاء يقول: انا المعلّی وانا ابن البجلی ۔دینی علٰی دین الحسينً بن علیً ۔ اضربكم بصارم لم يغلل ۔ و اللّٰه ربّی حافظی مِن زللٍ ۔وناصری ثُمّ مزكیّ عملی ۔يوم معادی ربه توكّلی ۔ثم حمل على القوم ولم يزل يقاتل حتى قتل من القوم اربعة وعشرين ۔ثم اخذوه اسيرًا او وقفوابين يدی ابن سعد فقال لِلّٰه درّک من رجل مَااشد نصرتک لصاحبک ثُمَّ ضرب عنقه۔(اکسیرالعبادات صفحہ 277)

اور ابومخنف ہی نے کہا ہے کہ اُن کے بعد مُعلاً ابن مُعلاً جنگ کے لئے نکلا اور اپنی شدید جنگ اور مشکل پسندی اور دشمن کو مصیبت میں ڈالنے کے لئے مشہور تھا۔انہوں نے کہا کہ میں ہی معلّی ہوں۔میں حسینؑ ابن علیؑ کے دین پر ہوں۔میں تمہارے سروں پر بلا خیانت تلواریں ماروں گا۔اور خدا کی قسم ڈگمگانے سے میرا اللہ مجھے محفوظ رکھے گا۔وہ مجھے پاک کرنے والا اور میری نصرت کرنے والا ہے۔اور روز حساب مجھے اپنے اُسی پروردگار پر بھروسہ ہے۔یہ اعلان کرتے کرتے ابن سعد کی فوج کے چوبیس آدمی قتل کر ڈالے۔تھک جانے پر انہیں گرفتار کر کے ابن سعد کے سامنے پیش کیا گیا تو کہا اللہ بچائے ایسے شخص سے جو اپنے مالک کی نصرت میں اتنا سخت ہو۔پھر انہیں قتل کرا دیا گیا۔

(39/46-47)۔ حضرات طرمّاحؑ بن عدی اور معلاًؑ بن حنظلہ الغفاری

قال وبرز الطرماح بن عدی وقاتل قتالًا شديدًا ثُمَّ قُتِلَ رحمه اللّٰه ۔ثُمَّ برز المعلّی بن حنظله الغفاری وجعل يقاتل حتى انكسر رمحه فی يده فانتضی سيفه وجعل يضاربهم حتّٰی كَلَّ ساعده وقتل منهم مقتلة عظيمة فكبّی به جواده فرماه علٰی وجهه اِلَی

الارض فدارو ابه من کُلّ جانب ومکان وقتلوه ضربًا وطعنًا۔ (اکسیر العبادات۔صفحہ 277)

ابو مخنف ہی نے جناب طرماح بن عدی کا میدان جنگ میں نکلنا اور سخت معرکہ لڑائی کے بعد قتل ہو جانے کا قصہ لکھا ہے۔ پھر لکھا کہ اُن کے بعد معلیٰ بن حنظلہ الغفاری میدان میں نکل آئے اور نیزہ کے ٹوٹ جانے تک لڑتے رہے۔ اس کے بعد اپنی تلوار نکال کر اُس وقت تک ہنگامہ خیز حملہ جاری رکھا جب تک اُن کے بازوؤں نے تھک کر جواب نہ دے دیا۔ دشمنان اسلام کی ایک بہت عظیم کثرت کو تہہ تیغ کر دیا۔ پھر اُن کے گھوڑے نے ٹیڑھا ہو کر اُنہیں زمین پر اتار دیا۔ یہ دیکھ کر فوج کے لوگوں نے اُن کو ہر سمت سے گھیر لیا اور نیزہ و تلواروں سے قتل کر دیا۔

(39/48)۔ حضرت جابرؓ بن عروہ غفاری کی شہادت

وکان شیخًا کبیرًا قد شهد مع رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وآله یوم بدرٍ وحنین وجَعَل یشدّ وسطهٗ بالعمامة ودعابعصابة حمراء فعصب بهاحاجبیه ورفعها عن عینیه والحسینؑ ینظر الیه وهویقول شکر اللّٰه لک فعالک یاشیخ ثم حمل علَی القوم وهویقول: قدعلمت حقًا بنوغفاری۔ وخندف ثم بنونزاری ۔بنصرنا لاحمدٌ المختار ۔ یاقوم حاموا عن بنی الاطهار ۔الطیبین السادة الابرار۔ولم یزل یقاتل حتی قتل مِن القوم ستین رجلًا ثمَّ ا ستشهد بین یدی الامامؑ ۔

یہ بھی بہت ضعیف العمر صحابی رسولؐ تھے۔ بدر و حنین میں رسولؐ اللہ کے زمانہ میں جہاد کیا۔ انہوں نے بھی اپنی کمر کو دوپٹہ سے مضبوط باندھا اور ایک کپڑا منگا کر اپنی بھوؤں کو اوپر اُٹھا کر باندھ دیا تاکہ بھوؤں کے بال آنکھوں پر لٹک کر نظر میں رکاوٹ نہ بنیں۔ حضرت جابرؓ یہ کر رہے ہیں اور امام علیہ السلام اس بزرگ کے اہتمام اور انتظام کو بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں۔ آخر امامؑ نے فرمایا کہ اے بزرگ اللہ تمہارے اِن پُرخلوص اعمال کا مشکور ہے۔ اس تیاری کے بعد یہ کہہ کر دشمن پر حملہ کر دیا کہ قبیلہ نزار اور خندف کے تمام لوگ اور تمام غفاری حضرات اس حقیقت سے واقف ہیں کہ ہم لوگ آلِ محمدؐ کی نصرت میں ہمیشہ آگے آگے رہتے آئے ہیں۔ لہٰذا اے لوگو تم سب بھی محمدؐ کی پاک و پاکیزہ اولاد اور سرداروں کی ایک جماعت کی حمایت کرو۔ برابر حملے کرتے اور قتل کا بازار گرم رکھتے رہے اور دشمنوں کے ساٹھ آدمی تہہ تیغ کر دیئے اور امام علیہ السلام کے دیکھتے ہی دیکھتے اُن پر قربان ہو گئے۔

(39/49)۔ حضرت مالکؑ بن داؤد کی جان نثاری

قال وبَرَزَ مِنْ بعده مالک بن داؤد هوینشد ویقول: الیکم مِن بطل ضرغام ۔ ضرب فتی یحمی عن الامام ۔ ارجو ثواب المَلک العلام۔ سبحانه مقدّرالاعوام۔ثُمَّ حمل علَی القوم ولم یزل یقاتل حتی قتل من القوم خمسة رجلا ثم قُتِلَ رحمه اللّٰه۔

(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔صفحہ 277)

اور لکھا ہے کہ اُن کے بعد جناب مالکؑ بن داؤد یہ کہتے ہوئے حملہ آور ہوئے کہ ایک بہادر جوان تم پر شیر کی طرح حملہ کرتا ہے۔ جس نے امامؑ کی حمایت میں تم پر تلواروں کی بارش کرنا ہے۔ اور اس حمایت اور جہاد کا بدلہ اللہ سے لینا ہے۔ کیا ہی بے عیب ہے وہ ہستی جو تمام تقدیریں مقرر فرماتی ہے۔ عمر ابن سعد کی فوج پر مسلسل حملے کئے اور اُس وقت تک ہاتھ نہ روکا جب تک جان میں جان رہی۔ اور پندرہ فوجیوں کو قتل کر کے اللہ کو پیارے ہو گئے۔

(39/50)۔ حضرت جنادہ بن الحارث انصاری کی شہادت

جناب جنادہ بن کعب بن حارث نے مکہ معظّمہ کے قیام کے دوران امام حسین علیہ السلام سے ملاقات کی۔آپ مع اپنی زوجہ اور بیٹے عمرو کے حج کے لئے مکہ آئے ہوئے تھے۔وہاں سے امامؑ کے ساتھ کربلا آئے اور تمام حالات میں شریک رہے۔

وعن المناقب ثُمَّ خَرَجَ جناده بن الحارث الانصاری وهویقول : انا جنادة وانا ابن الحارث لَسْتُ بخوّارو لابنَاکث ۔عَن بیعتی حتّٰی یرثنی وارثی۔الیوم ثاری فی الصعید ماکث۔ ثُمَّ حمل فلم یزل یقاتل حتی قُتِلَ رحمه اللّٰه۔ (اکسیر العبادات صفحہ 277)

کتاب مناقب میں لکھا ہے کہ پھر جناب جنادہ یہ اشعار پڑھتے ہوئے دشمن کی فوج پر ٹوٹ پڑے۔ میں جنادہ ہوں اور کعب بن حارث کا بیٹا ہوں۔نہ تو میں کم ہمت وکمزور ہوں اور نہ ہی میں اپنی بیعت کو مرتے دم تک توڑنے والا ہوں۔میں تو نصرت کے معاہدے کو اپنے وارثوں کے حوالہ کرکے آگے بڑھانے والا ہوں۔آج میں اس طرح دشمنِ آلِ محمدؐ سے بدلہ لوں گا کہ میرے اعضا کٹ کٹ کر زمین پر اپنا ٹھکانہ بنالیں۔ برابر حملہ آور رہے یہاں تک کہ قربان ہو گئے۔

(39/51)۔ جناب عمرو بن جنادہ علیہما السلام دس سال کی عمر میں قربان ہوئے

عمرؑو بن جنادہ ماں باپ کے ساتھ امامؑ کی صحبت میں رہتے چلے آرہے تھے۔اہلبیتؑ کے بچوں کے ساتھ مکہ سے وہ باتیں سُنتے چلے آرہے تھے جو خاندانِ نبوت میں شہادت امام حسین علیہ السلام کے متعلق مشہور ہو چکی تھیں۔شہدائے کربلا کے مدارج اور دین و دنیا میں اُن کا مقام سنتے اور پروردگان اہلبیتؑ کی امنگیں دیکھ رہے تھے۔عاشور کے دن تک یہ طے کرچکے تھے کہ میں بھی اُن بچوں پر اور امامؑ پر قربان ہو جاؤں گا۔ یقیناً یہ ارادہ ماں باپ دونوں کو معلوم تھا۔چنانچہ والدین کی رضا مندی آخر ثابت ہوگئی۔ جناب جنادہ کی جنگ ماں اور بیٹے دونوں نے دیکھی۔اُدھر جنادہ شہید ہوئے ادھر یہ کم سن بچہ جنگی لباس اور چھوٹی سی تلوار سے مسلح خدمتِ امامؑ میں اجازت کے لئے حاضر ہو گیا۔مولا نے بچہ کو سر سے پیر تک دیکھا۔آنکھیں آنسو برسانے لگیں۔ وہ بچے نظر کے سامنے پھر گئے جو ذرا دیر بعد حضرت زینبؑ رخصت کرنے والی ہیں۔گویا یہ بچہ بچوں کی شہادت کی بسم اللہ کررہا ہے۔آپ نے اجازت دینے سے منع کردیا اور فرمایا کہ ابھی ابھی اس بچہ کا باپ شہید اہوا ہے۔ بھلا اس یتیم کی ماں کے دل پر کیا مصیبت گزرجائے گی؟ میں یہ پسند نہیں کرتا کہ اُس مظلومہ پر ساری دنیا کے مصائب ایک دم ٹوٹ پڑیں۔اُس کے لئے شوہر کی قربانی ہی بہت زیادہ ہے۔ بچہ دوڑ کر پیروں سے لپٹ گیا اور عرض کیا حضورؑ مجھے میری ماں نے یہ لباس پہنایا ہے۔ اُسی نے یہ لباس تیار کرکے رکھا ہوا تھا۔اُسی نے مجھے آپ کے پاس بھیجا ہے۔مولاؑ چاہیں تو دریافت فرمالیں۔بچہ کی ہمت، معصومانہ انداز، اور اُدھر والدہ کی درخواست آخر امامؑ نے بچہ کو شہدا کی ہمسری کی اجازت دے دی۔

ثُمَّ خرج مِن بعده عمروبن جنادة وهو یقول۔اَضق الخناق مِن ابنِ هند وارمه ۔مِن عامه بفوارس الانصار ۔ ومهاجرین مخضبین رماحهم ۔تحت العجاجة مِن دم الکفار ۔خضبت علٰی عهدالنبیٍّ محمدً فالیوم تخضب من دم الفجار ۔فالیوم تخضب مِن ماء اراذل ۔رفض القرآن لنصرةالاشرار ۔طلبوا بثارهم ببدراذا آتوا ۔بالمرهفات وبالقنا الخطّار ۔واللّٰه رَبّی لاازال مضاربا ۔ فی الفاسقین بمرهف تَتَّار۔هٰذا علی الاَزدی حقٌ واجب ۔فی کُلّ یوم تعانق و کرّار۔(اکسیر۔صفحہ 277)

بعد میں بچہ؛ عمرؓو بن جنادہ میدان جنگ میں آیا اور اُس ملعون لشکر کو بتایا کہ: میں آج اپنے کردار وقربانی سے ہندہ کے بیٹے یزید کو گلو گرفتہ اور لاجواب کردونگا۔ اورعوام الناس اور انصارانِ محمدؐ وآل محمدؐ کو یزید کے خلاف اُٹھنے کی جرأت دلاؤں گا۔ وہ لوگ عہد نبویؐ میں جہاد کرتے رہے اوراب گھروں میں بٹھا دیئے گئے۔ میں اُن کے نیزوں اورتلواروں کو دشمنانِ اسلام کے خون سے رنگین دیکھ رہا ہوں۔ اِن لوگوں نے فتنہ وفساد پھیلانے والوں اورشر پسند گروہ کا ہمنوا بن کر قرآن کو ترک کردیا ہے (فرقان 25/30) اور یہ کمینہ لوگ بدر واحد میں قتل ہوجانے والے کافروں کا انتقام محمدؐ وآل محمدؐ سے لینے کیلئے امام حسینؑ اور خاندان نبوّت کا قتل عام کرنا چاہتے ہیں۔ میں بھی اُن پر جی توڑ کر حملہ کررہا ہوں۔ اسلئے کہ نصرت امامؑ ازدی قبیلہ پر واجب ہے اور ہمیں جم کر بڑھ بڑھ کر تلواروں کو گلے لگانے کا حق حاصل ہے۔ ہم اُنکے خون سے اپنی تلواروں اور نیزوں کو خضاب کرینگے۔ بچہ جوانوں سے بہتر اور بے باک جنگ کرتے کرتے قتل ہوگیا۔ اُن شیاطین نے بچہ کا سرکاٹ کر لشکر حسینؑ میں پھینک دیا۔ ماں نے سر اُٹھایا، بوسے دیئے اور کہا کہ میرے معصوم لاڈلے تو نے مجھے خوش کردیا میں دختر رسولؐ کے سامنے سرخرو ہوگئی۔ اسکے بعد ایک فولادی گرز لے کر دشمن کی فوج پر ٹوٹ پڑی اور کہتی جاتی تھی کہ:۔

اناعجوزٌ سیدی ضعیفة۔خاویّة بالیّة نحیفة۔اضربکم بضربة عنیفة۔دُون بنی الفاطمةً الشریفة۔ (اکسیر۔صفحہ 277)

میں ایک سِن رسیدہ اور کمزور عورت ہوں۔ مگر میرا اِمام بڑی قوتوں کا مالک ہے۔ تم میری کمزوری، بڑھاپے اور ناتوانی پر نہ جانا میں تمہیں ایسی طاقت ورضربیں لگاؤں گی اوراولادِ فاطمہ کا ایسا دفاع کروں گی جو رہتی دنیا تک یاد کیا جائے گا۔

وَضَرَبَت رَجُلَیْن فَقَتَلَتْهُمَا فامر الحسینؑ بصرفها و دعی لها۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 277)

چنانچہ اس مومنہ نے دو فوجیوں کو قتل کرڈالا۔ یہ دیکھ کر امامؑ نے اُسے واپس بلوالیا اور صبر کی تلقین فرمائی۔

(39/52)۔ عبدالرحمٰن بن عروہ علیہ السلام کی شہادت

قال ثُمَّ خرج عبدالرحمٰن بن عروة فقال: قدعلمت حقًا بنوغفّار ۔وخندف بعد بنی نزار ۔ لنضربنّ معشر الفجّار ۔بکُلّ عضب ذکر بتّار۔ یاقوم ذودّ واعن بنی الاخیار۔بالمشرفی والقنا الخطّار۔ثُمَّ قاتل حتٰی قُتِل ۔(اکسیر۔صفحہ 277)

لکھا گیا ہے کہ پھر جناب عبدؓ الرحمٰن بن عروہ یہ کہتے ہوئے تیغ آزما ہوئے کہ خندف اور بنوغفار اس حقیقت سے آگاہ ہیں اور نزار کی اولاد بھی پُریقین ہے کہ ہم آج بدنہاد ونا ہنجار معاشرہ کو خوب پیٹیں گے۔ اور ہر وہ حربہ استعمال کریں گے جو اُن کو تباہ کرنے میں مفید ہو۔ اے نیک بخت لوگو آگے بڑھو اور مل کر مجسم نیک خاندان کا تحفظ کرو۔ اور تلوار و نیزہ وسِنان اُن سے دور کردو۔ یہ کہتے اور جنگ کرتے رہے یہاں تک کہ جان قربان کردی۔

(39/53)۔ جناب شوذب بن عبداللہ شاکری ہمدانی علیہ السلام

آپ قبیلہ شاکر کی ہمدانی شاخ سے تھے اور عابس بن ابی شبیب شاکری کے غلام تھے۔ کوفہ کے شیعوں میں نہایت نام آور اور مقبول فرد تھے۔ حافظ حدیث اور شہسوار میدان جنگ تھے۔ حضرت علیؑ مرتضٰی سے علوم حاصل کئے تھے۔ اسلئے کوفہ کے لوگوں کے واسطے راہنما کی حیثیت رکھتے تھے۔ لوگوں کو حدیث کی تعلیم دیا کرتے تھے۔ جب حضرت عابس جناب مسلمؑ کا خط لیکر امام حسین علیہ السلام کے

پاس مکہ میں آئے تو جناب شوذب بھی ہمراہ تھے۔ یہاں سے یہ دونوں امامؑ کے ہمرکاب کربلا آئے اور روز عاشور دونوں قربان ہوئے۔

وجآء عابس بن شبیب الشاکری ومعه شوذب مولیٰ شاکر ۔فقال یاشوذب مافی نفسک اَنْ تصنع؟ قال مااصنع اقا تل حتی اُقْتِل ۔قال ذاک الظنّ بک فتقدم بین یدی ابی عبد اللّٰه علیه السلام حتی یحسبک کمااحتسب غیرک فانّ هذا یوم ینبغی لَنَا اَن نطلب فیه الاجر بکل مانقدر علیه فانّه لا عمل بعدالیوم وانما هوالحساب۔ (اکسیر صفحہ 278-277)

حضرت عابس کے ہمراہ جناب شوذب بھی تھے۔ روز عاشور عابس نے شوذب سے معلوم کیا کہ بھائی اب کیا ارادہ ہے؟ شوذب نے کہا کہ میں اسکے سوا اور کوئی ارادہ نہیں رکھتا کہ میدان میں نکلوں اور امامؑ کی نصرت میں جنگ کروں اور اُن پر اپنی زندگی قربان کردوں۔ عابس یہ سن کر بہت خوش ہوئے اور کہا کہ بھائی مجھے تم سے یہی اُمید تھی لہٰذا اجازت کیلئے امامؑ کے حضور میں جاؤ اور اُن کی نظر میں وہ مقام حاصل کرلو جو دوسرے انصار نے حاصل کیا ہے۔ آج وہ دن ہے جس دن ہمیں وہ تمام اجر اور مراتب حاصل کرنے میں اپنی پوری قدرت صرف کردینا لازم ہے۔ جو اس شہادت کے نتیجے میں ملنے والے ہیں۔ اسکے بعد کوئی عمل قابل قدر نہ رہے گا۔ ہمارے لئے یہی یوم حساب ہے۔ اور بس۔ شوذب آگے بڑھے اجازت لی اور جو کہا تھا وہ کر دکھایا۔ اور قیامت کے حساب سے فارغ ہو گئے۔

(39/54)۔ جناب عابس بن شبیب علیہ السلام کی شہادت

عابسؑ بن شبیب بن شاکر بن ربیعہ بن مالک بن صعب بن معویہ بن کثیر بن مالک بن جشم بن حاشد الھمد انی الشاکری۔ بنوشاکر قبیلہ ہمدان کی ایک بڑی شاخ ہیں۔ اور اُنکے متعلق حضرت امیر علیہ السلام نے جنگ صفین میں خوش ہوکر فرمایا تھا کہ اگر میرے رفقا میں اُن لوگوں کی تعداد صرف ایک ہزار بھی ہوجائے تو حق و باطل کے فیصلے جس طرح ہونا چاہئیں ہونے لگیں۔ یہ لوگ عرب میں جنگ آزما بہادر شمار ہوتے تھے۔ اُنکا لقب ہی **فتیان الصباح** (جوانمردان صبح) مشہور تھا۔ عابس کوفہ کے رؤسا میں سے تھے۔ بہت عمدہ مقرر، عابد وزاہد و بہادر تھے۔ آپ نے اور حبیبؑ ابن مظاہر نے جناب مسلمؑ کے ہاتھ پر بیعت کی تھی اور زندگی قربان کردینے کا عہد کیا تھا۔ اور حضرت امام حسینؑ کے پاس خط لے کر گئے تھے۔ اور ایک لمحہ کے لئے جدا نہ ہوئے تھے۔

فتقدم عابس وسلّم علَی الحسینؑ وقال یااباعبد اللّٰه اماواللّٰه ماامسی علیٰ وجه الارض قریب ولابعید اعزّ علیَّ ولا اَحَبّ منک ولو قدرتُ علیٰ اَن ادفع عنک الضیّم اوالقتل بشیء اعزّ علیّ مِن نفسی ودمی لفعلتُ السلام علیک یااباعبد اللّٰه اشهدانّی علیٰ هداک وهدی ابیک ثم مَضی بالسَّیف نحوهم ۔قال ربیع بن تمیم فلما رایته مقبلًا عرفته وقدکنت شاهد ته فی المغازی کان اشجع الناس فقلت ایهاالناس هٰذا اسدالاسود هذا ابن شبیب لایخرجنّ الیه احدمنکم فاخذ ینادی الارجل الارجل فقال ابن سعد ارضخوه بالحجارة مِن کل جانب ۔فلما رای ذلک القی دِرعَهُ ومغفرة ثُمَّ شدّعَلَی الناس فواللّٰه لقدرایته یطرد اکثر من مئیتن من الناس ۔ثم انهم تعطفوا علیه مِن کل جانب فقتل رحمه اللّٰه علیه فرایت راسه فی ایدی رجال ذوی عُدّة هذایقول انا قتلتُه والاخریقول کذلک فقال ابن سعد لاتختصموهذا لم یقتله انسان واحد حتی فرّق بینهم بهذا القول۔ (اکسیر العبادات۔ صفحہ 278)

جب حضرت شوذبؑ قربان ہو چکے تو عابسؑ خدمت امامؑ میں آئے اور عرض کیا کہ حضورؑ میرا سلام ہو آپ پر بخدا اس دنیا میں مجھے آپ سے زیادہ نہ کچھ اور محبوب ہے نہ آپ سے زیادہ میری نظر میں کسی چیز کی عزت و توقیر ہے۔ اگر مجھے یہ قدرت ملتی کہ میں اپنے سر

سے زیادہ قیمتی کوئی چیز آپ پر قربان کروں تو میں دریغ نہ کرتا۔ اب تو میرے پاس یہ میری حقیر سی زندگی ہی ہے۔ مجھے اجازت دیجئے کہ میں آپ پر قربان ہو جاؤں۔ میرا آخری سلام قبول فرمالیں اور میں خدا کے حضور میں گواہی دیتا ہوں کہ میں آپکے اور آپکے والد کے دین پر برقرار رہا ہوں۔ رخصت لی میدان میں تیغ بکف پہنچے تو ایک شخص ربیعہ بن تمیم نے پہچان لیا۔ وہ کہتا ہے کہ جب میں نے عابس کو آتے دیکھا تو پہچان لیا کہ میں نے اس سے پہلے انہیں کئی ایک لڑائیوں میں جنگ کرتے دیکھا تھا۔ اور اُن کی بے جگری اور شجاعت سے واقف تھا۔ میں نے اپنی فوج سے کہا کہ دیکھو ایک زبردست شیر حملہ کیلئے آرہا ہے۔ تم میں سے کوئی تنہا تنہا مقابلہ کو نہ جائے ورنہ مارے جاؤ گے۔ اُدھر عابس نے للکارا کہ ہے کوئی سورما جو میرے مقابلہ پر آئے۔ مگر کوئی باہر نہ نکلا۔ اُدھر عمر سعد نے پکار کر کہا کہ چاروں طرف سے پتھروں کی بارش کردو۔ لہٰذا پتھر برسنا شروع ہوئے تو حضرت عابس نے زرہ بکتر اور خود اتار کر پھینک دیا اور تلوار لے کر اُن پر ٹوٹ پڑے۔ جدھر توجہ کرتے تھے سوسو دو دوسو آدمیوں کے دستے سامنے سے بھاگتے پھرتے تھے۔ آخر بہت کوشش کے بعد انہیں چاروں طرف سے گھیر لیا گیا اور عابس نے حقِ دوستی محمدؐ وآل محمدؐ ادا کردیا۔ ذرا دیر بعد دیکھا گیا کہ ہر شخص یہ دعویٰ کررہا تھا کہ میں نے عابس کو قتل کیا ہے۔ عمر سعد نے فیصلہ کیا کہ کسی اکیلے شخص نے اُن کو قتل نہیں کیا بلکہ تم سب اُن کے قاتل ہو۔ اس طرح لوگوں کا یہ جھگڑا ختم ہوا۔

(39/55-56)۔ **حضرات عبداللہؑ اور عبدالرحمٰنؑ فرزندان عروہ بن حراق**

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قبیلے سے جناب حراق غفاری بھی حضرت علی علیہ السلام کے صحابی تھے۔ اور جمل وصفین ونہروان کی جنگوں میں دادِ شجاعت لیتے رہے تھے۔ اُن کے پوتے جناب عبداللہ اور جناب عبدالرحمٰن بھی کوفہ کے باشندے اور مقبول وپسندیدہ شیعہ تھے۔ یہ دونوں بھائی بھی کربلا کے مجاہدوں میں شامل چلے آرہے تھے۔ نماز ظہر کے بعد جو انصارانِ حسینؑ باقی تھے وہ پروگرام کے مطابق اب جلدی جلدی جام شہادت پینا اور ایک دوسرے پر سبقت لے جانا چاہتے تھے۔ تا کہ نماز عصر تک پروگرام مکمل ہو جائے۔ یہی عجلت تھی کہ جناب عابس نے زرہ وبکتر وخود اتار دیا تھا۔ ورنہ وہ کافی دیر تک دشمن کو روک سکتے تھے۔ ننگے بدن پر پتھر اور تیر وتلوار کھانا بتاتا ہے کہ امامؑ کی طرف سے جلدی کی ہدایت کی گئی تھی۔ یعنی اب جو بھی میدان جنگ میں جارہا تھا وہ شجاعت وفن سپہ گری کو نظر انداز کرکے صرف اپنی جان فدا کرنے کی غرض سے جارہا تھا۔

ثُمَّ جاء الی الحسینؑ عبداللّٰہ وعبدالرحمٰن الغفاریان فقالا یااباعبد اللّٰہ السلام علیک انا جئنا لِنقتل بَیْنَ یدیک وند فع عنک فقال مرحبًا بکما ادنوا منّی فد نیا منہ وھما یبکیان فقال علیہ السلام یا ابنی اَخی ما یبکیکما؟ فواللّٰہ انی لاارجوا ان تکونا بعد ساعۃ قریری العین۔ فقالا جعلنا اللّٰہ فداک یااباعبد اللّٰہ واللّٰہ ماعلٰی انفسنا نبکی و لکن نبکی علیک نریک قد احیط بک ولا نقدر علٰی اَن ننفعک۔ فقال علیہ السلام جزاکما اللّٰہ خیر یاابنی اَخی بوجد کما من ذ لک ومواساتکما ایّای بانفسکما احسن اللّٰہ جزآء المتقین۔ ثم استقد ما وقالا السلام علیک یاابن رسوؐل اللّٰہ فقال علیہ السلام وعلیکما السلام ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہ فقاتلاحتی قُتِلا۔ (اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات صفحہ 278)

چنانچہ حضرت عابسؓ اُدھر شہید ہوئے اِدھر یہ دونوں بھائی امامؑ کے حضور حاضر ہوئے اور سلام کیا۔ پھر کہا کہ سرکارؑ ہم آپ کے

تحفظ اور دفاع میں آپ کے سامنے قتل ہونے کی اجازت چاہتے ہیں۔امامؑ نے شاباش دی اور فرمایا کہ میرے قریب آؤ۔دونوں قریب تو آ گئے مگر امامؑ کے محبت سے لبریز سلوک پر دل بھر آیا اور صدائے گریہ بلند ہوگئی۔امامؑ نے پوچھا کہ اے میرے بھائی کی یادگارو تم کیوں رونے لگے؟ خدا کی قسم میں دیکھ رہا ہوں کہ ایک ذرا دیر میں تم مطمئن ،خندہ زن اور خوش ہو جانے والے ہو۔دونوں نے عرض کیا کہ حضورؑ ہم اپنی کسی تکلیف یا دقت پر نہیں روئے۔ بلکہ ہمیں آپ کی تکلیف رلا رہی ہے۔آپ چاروں طرف سے نرغہ میں ہیں۔انصار ختم ہوتے جارہے ہیں اور آنے والی تکلیف دور کرنے کے لئے ہم موجود نہ ہوں گے۔اور اُن ظالموں کا ہاتھ رسولؐ کے بچوں پر بھی اُٹھے گا یہ تصور ہمارے لئے نا قابل برداشت ہے۔امامؑ نے فرمایا کہ اے میرے بھائی کے جوان بیٹو! خدا تمہیں بہترین جزا دے میں تمہاری قربانی اور تصورات اور فداکاری پر بہت خوش ہوں۔اور چاہتا ہوں کہ اللہ تمہیں متقین والی مقررہ جزا عطا کرے۔اس کے بعد دونوں نے آخری سلام کیا۔میدان میں آئے اور شہید ہو جانے میں کوشاں ہوئے اور آخر قربان ہو گئے۔

(39/57)۔ ترکستان کے ایک خادم سرتاج محبانِ اہلبیتؑ (اُوضَحِیؑ) کی شہادت

ہمیں تلاش بسیار کے بعد اس ہزار سالہ شیعہ سنی ریکارڈ میں اس قابل فخر شہید کا نام نہ ملا۔اور ہر جگہ اُسے **''ترکی غلام''** کہہ کر تعارف کرایا گیا ہے۔اور بتایا گیا ہے کہ وہ امام حسین علیہ السلام کا غلام تھا۔اور یہ کہ وہ حافظ قرآن اور قاری قرآن بھی تھا۔اور یہ کہ امامؑ نے اُسے امام زین العابدین علیہ السلام کو ہبہ کر دیا تھا۔اور جب اُس نے اذن جہاد مانگا تو امامؑ نے فرمایا کہ تم سید سجادؑ سے اجازت لو۔ مومنین سوچیں کہ ایسے مشہور و معروف صحابی کا نام کیوں اور کیسے غائب ہو گیا ہوگا؟ جب کہ عام لوگوں کے غلاموں کے نام معلوم تھے اور لکھے گئے؟ بہر حال ہمارے ریکارڈ میں اُن کا نام اُوضَحِیؑ ہے۔اور اتفاق سے اِس نام (اُوضَحِیؑ) کے معنی بھی خادم ہی ہیں۔وہ لوگ جو ہوٹل میں کھانا کھانے والوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں اور حسب طلب کھانے کی چیزیں لا کر پیش کرتے ہیں اُن کو بھی اوضحی کہا جاتا ہے۔جنہیں انگریزی میں ویٹر (Waiter) منتظر رہنے والا کہا جاتا ہے۔اُن کو ترکستان میں بھی اوضحی کہا جاتا رہا ہے۔ بہر حال اُن کی شہادت بحار الانوار اور علامہ دربندی رضی اللہ عنہ سے سُنیے۔

ثُمَّ خَرَجَ غُلَامُ تُرْکِیّ کان للحسینؑ وکان قاریًا للقرآن فجعل یقاتل یرتجزویقول: اَلْبَحّرمِن طعنی و ضربی و یصطلی ۔والجوّ مِنْ سھمی و نبلی یمتلی ۔اذاً حسامی فی یمینی ینجلی ۔ینشقّ قلب الحاسد المبجلی ۔فقتل جماعۃ ثُمّ سقط صریعًا فجائہُ الحسیؑن فبکی فوضع خدّہ علیٰ خدّہ ففتح عینہ فرای الحسیؑن فتبسم ثُمَّ صار الیٰ ربہ۔ (اکسیر العبادات صفحہ 278)

پھر جناب ترکی خادم میدان میں آئے جو قاری قرآن اور امامؑ کے غلام تھے۔اُنہوں نے حملہ کیا اور کہتے جاتے تھے کہ: میرے نیزہ اور شمشیر کی گرمی سے سمندروں میں آگ بھڑک اٹھتی ہے، میری تیر بارانی فضاؤں کو لبریز کر دیتی ہے۔ جب میرے داہنے ہاتھ میں رہنے والی محروم کرنے والی باہر نکلتی ہے تو حسد کرنیوالوں کے دل اسکی چمک سے پھٹ جاتے ہیں۔مخالف فوج کی بہت بڑی تعداد کو واصل جہنم کیا۔آخر زخموں سے نڈھال ہو کر زمین پر تشریف لائے۔فوراً امام حسین علیہ السلام پہنچے سینے سے لگایا۔اُنکے گالوں پر اپنے گال رکھ دیئے۔اوضحی نے آنکھیں کھولیں امامؑ کو گلے میں باہیں ڈالے دیکھ کر مسکرائے ،اشارے سے سلام کیا اور اپنے رب کے حضور چلے گئے۔

(39/58)۔ یزیدؒ بن زیاد بن الشعشا کی شہادت

قَالَ ثُمَّ رَمَاھم یزید بن زیاد بن الشعشاء بثمانیة اسھم مااخطا منھا بخمسة اسھم و کان کلّمَارمی قال الحسینؑ اللھمّ سدّد رمیته واجعل ثوابه الجنة فحملوا علیه وقتلوہ۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 278)

پھر یہ بتایا گیا کہ یزید بن زیاد بن شعشاء نے میدان جنگ میں آ کر اپنے باقی ماندہ آٹھ تیر دشمن افواج پر چلائے۔جن میں سے بعد کے پانچ تیروں نے خطانہیں کی اوراُن پانچ مخصوص نشانوں پر جا کر لگے جومطلوب تھے۔امامؑ نے بھی دعا کی تھی کہ یااللہ اُس کے تیروں کوٹھیک نشانے پر پہنچااور ہر تیر کے بدلے میں اُسے جنت عطافرما۔آخر کار دشمن کی افواج نے چاروں طرف سے گھیرلیا اورآپ نے امام علیہ السلام کے قدموں پر جان نثار کردی۔

(39/59)۔ ابوعمروشبیب بن عبداللہ نہشلی علیہ السلام

آپ حضرت علی علیہ السلام کے صحابی تھے۔جنگ صفین ونہروان اور جنگ جمل میں شریک تھے۔پھرامام حسین علیہ السلام کے ناصرومددگار رہے۔امام حسین علیہ السلام کے ساتھ مدینہ سے مکہ اور پھر کربلا کے سفر میں سایہ کی طرح رہے۔

وعن ابن نما قال حدث مھران مولیٰ بنی کاھل قال شھدت کربلا مع الحسینؑ فرایت رجلًا یقاتل قتالًا شدیدًا۔لایحمل علیٰ قوم الّاکشفھم ثم رجع اِلَی الحسین علیه السلام ویرتجز ویقول : ابشرھدیت الرُّشد تلقی احمدًاؐ ۔ فی جنّة الفردوس تعلواصعدًا ۔ فقلت مَن ھذا ۔فقال ابوعمروالنھشلی وقیل الخثعمی ۔فاعترضه عامر بن نھشل احد بنی اللات من ثعلبة فقتله واجتزراسه وکان ابوعمر وھٰذا متجھّداکثیرالصلوٰة۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 278)

اُنکی بابت لکھاہے کہ مھران نے روایت کی ہے کہ میں کربلا میں امامؑ کے پاس حاضرتھا۔میں نے ایک شخص کودیکھا کہ بڑی خطرناک جنگ کرتاہے۔اورجس طرف حملہ آورہوتاہے عمرسعد کی فوجیں سامنے سے بھاگتی اورمیدان چھوڑتی چلی جاتی ہیں۔لڑائی کے دوران امامؑ کی خدمت میں واپس آیااوراپنی جنگ پرداداورسندطلب کرنے کیلئے یہ شعرپڑھا کہ: آپ مجھے اپنے نانا احمدؐ سے ملاقات کی خوشخبری سنائیں اورفرمائیں کہ تُو جنت میں بلندمرتبہ پانے والاہے۔میں نے معلوم کیاتوبتایا گیا کہ یہ شخص ابوعمروشبیب نہشلی یا خثعمی ہے۔امامؑ سے کچھ سُنا ہوگا واپس آیاتومیدان جنگ میں ایک شخص عامر بن نھشل نے اُنہیں قتل کرکے سرکاٹ لیا۔یہ ابوعمروتہجدگزاراورکثرت سے نمازیں پڑھنے والے تھے۔رخصت کے بعد جنگ نہ کی اورجلدی سے شہید ہوگئے۔

(39/60)۔ جناب ابوشعثاءؒ یزید بن مہاجر کندی بھدلی کا تعارف اورشہادت

مومنین نے اٹھاون نمبر پر یزید بن زیاد کی شہادت ملاحظہ کی تھی۔اُن کے دادا کا نام شعشاء تھا۔چونکہ وہ بھی تیراندازی میں ماہر تھے اوراُن کے بھی پانچ تیرٹھیک نشانے پر لگے تھے۔اورزیرقلم شہید بھی تیراندازی میں ماہرہے۔اوراِن کے بھی پانچ تیرٹھیک نشانے پر لگے ہیں۔اوراتفاق سے لفظ شعشا بھی دونوں کے تعارف میں آگیاہے۔اس لئے بعض علمانے اُن دونوں کوایک ہی شخص سمجھاہے۔اوریہ خیال نہیں کیا کہ اوّل الذکر(58) کادادا شعشاہےاوردوسراخودہی ابوشعشاہے۔اوریہ کہ اوّل الذکر کے باپ کا نام زیاد ہےاوردوسرے

کے باپ کا نام مہاجر ہے۔بس پانچ تیر گن کر عقل ماری گئی۔ بہرحال زیرِقلم یزید بن مہاجر شیعان کوفہ کے بہادروں،عبادت گزاروں اورشرفا میں نام آور تھے۔جب حُر نے امامؑ کی راہ روکی اس سے پہلے یزید بن مہاجر امامؑ کے ساتھ شامل ہو چکے تھے۔جب کربلا میں ابن زیاد کا قاصد حُرؓ کے پاس آیا اور یہ حکم لایا کہ امامؑ کو حرکت کرنے سے روک دو۔تو یزید بن مہاجر نے اُس قاصد کو پہچان لیا۔اُس کا نام مالک بن نسر بدی تھا۔چونکہ وہ ہم قبیلہ یعنی کندی تھا اس لئے ابوشعشا نے اُسے ایسا خط لانے پر ملامت کی۔اس نے جواب دیا کہ بھائی میں نے تو اپنے امام کی اطاعت کی ہے۔ابوشعشا نے کہا کہ ٹھیک ہے تو نے اپنے امام یزید کی اطاعت کی مگر خدا کی نافرمانی اور گناہ کیا ہے۔اس لئے کہ اللہ نے بتادیا ہے کہ کچھ امام وہ ہیں جو باطل کی طرف راہنمائی کرتے ہیں۔لہٰذا تو نے ایک گمراہ اور گمراہ کرنے والے امام کی اطاعت کی اور اللہ کی مخالفت کر کے اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالیا ہے۔

روز عاشورہ انہوں نے جنگ کی اجازت لی اور امامؑ کے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھ گئے۔پھر اپنی تیراندازی کا کمال پیش کیا۔آٹھ میں سے پانچ تیر اُن اشخاص پر چلائے جن کا مرنا طے کیا ہوا تھا۔اور انہیں قتل کیا۔تین تیروں نے خطا کی۔اس کے بعد تلوار نکال کر دشمن کی فوج میں ڈوب گئے۔باقی تذکرہ علامہ سے سنیئے: ۔وَخَرَجَ یزید بن مهاجر فقتل خمسة مِن اصحاب عمر بالنشاب وصارمع الحسینؑ وهو یقول: انا یزید وابی المهاجر۔کاننی لیث بغیل حادر۔یاربّ اِنّی للحسینؑ ناصر۔ولا بن سعد تارک مهاجر۔وکان یکنی اباالشعشآء مِن بنی بهدلة من کندة۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 278)

''پھر جناب یزیدؓ بن مہاجر میدان میں نکلے۔عمر سعد کے مخصوص صحابہ میں سے پانچ کو تیروں سے قتل کیا اور پھر حسینؑ کے ساتھ چلے اور یہ کہتے جاتے تھے کہ: میرا نام یزید ہے میرے والد مہاجر تھے۔میں جنگل کے شیروں سے زیادہ بہادر ہوں۔اے اللہ گواہ رہنا کہ میں حسینؑ کا مددگار ہوں۔اور ابن سعد کو ترک کرنے اور اُس کو چھوڑ کر ہجرت کرنے والا ہوں۔اور اُن کی کُنیت ابوشعشاء تھی۔فداکارانہ جنگ کی اور دین پر نثار ہو گئے۔

(62 -39/61)۔ **حضرات سیفؓ بن حارث بن سریع و مالکؓ بن عبداللہ بن سریع**

وفی البحار وتقدم سیف بن ابی الحارث بن سریع، ومالک بن عبد اللّٰہ بن سریع الجابریان بطن مِن همدان یقال لهم بنوا جابر امام الحسینؑ ثم التقیا فقال السلام علیک یاابن رسولؐ اللّٰہ۔ فقال علیکما السلام ثم قاتلا حتّٰی قُتِلَا۔
(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 278)

یہ دونوں آپس میں چچازاد بھائی تھے۔مگر دونوں ایک ہی ماں سے تھے۔یعنی ایک بھائی کے انتقال کے بعد دوسرے بھائی نے اپنے بھائی کی بیوہ سے نکاح کر لیا تھا۔جن دنوں عمر سعد سے صلح کی گفتگو ہو رہی تھی۔دونوں بھائی کربلا میں نصرت کے لئے حاضر ہو گئے تھے۔روز عاشور دونوں بھائی اجازت کے لئے حاضر ہوئے سلام کیا۔امامؑ نے سلام کا جواب اور اجازت دی۔فداکارانہ اور عجلت پسندانہ جہاد کیا۔اور امام پر قربان ہو گئے۔

(39/63)۔ **سویدؓ بن عمرو بن ابی المطاع الخثعمی آخری شہید** حضرت سوید بھی نہایت بوڑھے تھے۔اور آپ کو تمام صحابہ کے بعد

جنگ کی اجازت دی گئی تھی ۔ آپ کے بعد اور کوئی صحابی وناصر موجود نہ تھا۔ آپ کے بعد خاندان بنی ہاشم کے افراد کی جنگ وشہادت شروع ہوئی تھی ۔

وفی الملھوف وتقدم سوید بن عمروبن ابی المطاع وکان شریفًا کثیرالصّلٰوۃ فقاتل قتال الاسد الباسل وبالغ بالصبر علی الخطب النازل حتٰی سقط بین القتلی وقداثخن بالجراح فلم یزل کذ لک ولیس بہ حراک حتٰی سمعھم یقولون قُتِلَ الحسیؑن فتحامل واخرج مِن خفّہ سِکّینا وجَعَلَ یقاتلھم بھا حتی قُتِلَ رضوان اللّٰہ علیہ۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 276)

کتاب ملھوف میں لکھا ہے کہ پھر جناب سویدؑ بن عمر واجازت کے لئے آگے بڑھے۔آپ ایک شریف النسل اور کثیر الصلوٰۃ تھے۔آپ نے ایک بپھرے ہوئے شیر کی طرح حملے جاری رکھے اور تلواروں کی بوچھاڑ پر کمال کا صبر دکھایا۔ یہاں تک کہ زخموں سے چُور چُور ہوکر زمین پر گر گئے اور انہیں دوسری لاشوں کے ساتھ مردہ سمجھا گیا۔وہ مسلسل اس بے ہوشی کے عالم میں مُردوں کے اندر پڑے رہے۔ ہوش اُس وقت آیا جب چاروں طرف وہ لوگ امامؑ کے قتل ہوچکنے کا اعلان کررہے تھے۔آپ نے آنکھیں کھول دیں۔اپنے اسلحہ سے محروم ہوچکے تھے۔اس لئے ایک چھُرا نکالا اور نزدیک ترین دشمنوں پر حملہ کیا اور اُس وقت تک وار کرتے رہے جب تک دوبارہ بے ہوش ہوکر زمین پر نہ گر گئے۔اور امامؑ پر آخری قربانی نہ چڑھادی۔اللہ کی رحمتیں شامل رہیں۔

(39/64)۔ **بشیر بن عمرو بن الاحدوث الحضرمی علیہ السلام:** آپ کوفہ کے محلّہ بنی کندہ میں سکونت پذیر تھے۔اسلئے لوگ انہیں قبیلہ کندہ کے فرد سمجھنے لگے تھے۔اور ریکارڈ میں کہیں کہیں آپکو کندی بھی کہا گیا ہے۔کربلا کے قیام میں انہیں اطلاع ملی کہ اُنکا بیٹا عمرو ملک رَے کی سرحد پر گرفتار ہوگیا ہے۔امامؑ نے خاص طور پر رخصت عنایت فرمائی لیکن آپ بیٹے کو آزاد کرانے کیلئے نہیں گئے۔وہ جانتے تھے کہ وہ اس طرح شہادت سے محروم رہ جائیں گے اور یہ محرومی انہیں کسی صورت منظور نہ تھی۔ چنانچہ نماز عصر سے کچھ پہلے محمدوآل محمد علیہم السلام پر قربان ہوگئے۔

(39/65-66-67)۔**یزید بن ثبیط عبدی اور دو بیٹے؛ عبداللہ اور عبید اللہ بن یزید بن ثبیط عبدی علیہم السلام**

یہ تینوں باپ بیٹے بصرہ کے نامی گرامی شیعہ تھے۔ یزید بن ثبیط ابوالاسود دوَلی کے احباب میں سے تھے۔بصرہ میں ابن زیاد کے حکم سے شیعوں کو نظر بند رکھا گیا تھا تا کہ وہ امام علیہ السلام کی نصرت کو نہ نکل سکیں۔لیکن جب یزید بن ثبیط نے مصمم ارادہ کرلیا تو وہ اپنے دونوں بیٹوں سمیت بصرہ سے نکلنے میں کامیاب ہوگئے۔اور اُن کی تقلید میں ایک ایک دودو کر کے کئی ایک محبانِ اہلبیؑت نصرتِ امامؑ کیلئے بصرہ سے نکل آئے۔ جب یہ حضرات ابطح کی منزل میں فروکش ہوئے تو معلوم ہوا کہ کچھ دُور امامؑ کے خیام ہیں۔ وہ سب امامؑ سے ملاقات کیلئے حاضر ہوئے تو معلوم ہوا کہ امام علیہ السلام خود اُن سے ملنے کے لئے تشریف لے جاچکے ہیں۔ چنانچہ اپنے ڈیرہ میں واپس آئے تو سرکارؑ سے ملاقات ہوئی۔اور اس کے بعد امامؑ کے ساتھ ساتھ رہتے کربلا پہنچے اور کربلا میں پروگرام کے مطابق شہید ہوئے۔

(39/68-69)۔ **قعنب بن عمرو نمری اور حجاج بن زید سعدی تمیمی علیھما السلام**

بصرہ کے شیعوں میں سے تھے۔امام حسین علیہ السلام نے مسعود بن عمرو ازدی کو عراق کی روانگی کے متعلق اطلاع دی تھی۔

اُنہوں نے شیعان بصرہ کو نصرت امامؑ پر متوجہ کرنے کے لئے تقریر کی اور امامؑ کی خدمت میں خط لکھا تھا۔ اس خط کو قعنب اور حجاج لے کر کربلا میں آئے اور نصرت امامؑ میں شہید ہوئے۔

(39/70)۔ **عمر بن جندب حضرمی علیہ السلام:** آپ کوفہ کے باشندوں میں سے تھے۔ امیر المومنینؑ کے صحابی تھے۔ جمل وصفین میں شانہ بشانہ جنگ میں شامل رہے۔ جب حکومت بنی امیہ نے شیعوں کا قتل عام کرنا شروع کیا اور بہت سے سرگرم شیعوں کو جناب حجرؑ بن عدی کے ساتھ گرفتار کیا گیا تو عمر بن جندب روپوش ہو گئے اور اُس دن تک پوشیدہ رہے جس دن زیاد حرام زادہ واصل جہنم ہوا۔ پھر برابر تحریک میں کام کرتے رہے۔ حضرت مسلم علیہ السلام کی ماتحتی میں بھی خدمات انجام دیں۔ اُن کی شہادت کے بعد مخفی طور پر کوفہ سے نکلے کربلا میں امامؑ کے ساتھ رہے اور شہید ہوئے۔

(39/71)۔ **سعد بن حارث علیہ السلام:** آپ کو حضرت علی اور امام حسن علیہم السلام کی خدمت کا شرف حاصل تھا۔ امام حسینؑ کے ساتھ مدینہ سے روانہ ہو کر مکہ آئے۔ ہمراہ رہے اور مکہ سے کربلا میں خدمات انجام دیتے ہوئے پہنچے۔ یہاں آ کر تمام مصائب خندہ پیشانی سے برداشت کئے۔ وقت آنے پر شہید ہوئے۔

(39/72)۔ **سلمان بن مضارب بن قَیْس ا لُبجلّی علیہ السلام:** حضرت زہیر بن قین کے چچیرے بھائی تھے۔ اور اُن ہی کے ساتھ حج کر کے وطن واپس آتے ہوئے امام علیہ السلام کا ساتھ جو ہوا تو پھر دامن نہ چھوڑا یہاں تک کہ امامؑ سے پہلے جنت میں پہنچے۔

(39/73)۔ **سالم بن عمرو بن عبداللہ علیہ السلام:** قبیلہ قضاعہ سے تھے۔ کوفہ کے سرگرم شیعوں میں شمار ہوتے تھے۔ حضرت مسلمؑ کے ساتھ دشمنوں سے جنگ کی اور گرفتار کر لئے گئے۔ لیکن جیل سے فرار کیا اور روپوش رہے۔ جب امام حسین علیہ السلام کے کربلا میں پہنچنے کی اطلاع ملی تو قبیلہ کلب کے کئی آدمیوں سمیت امامؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سب نے درجہ شہادت حاصل کیا۔

(39/74)۔ **بکر بن حَیّ تیمی علیہ السلام:** ابن زیاد کی افواج میں شامل ہو کر کربلا پہنچے۔ جنگ شروع ہونے سے دو تین روز قبل خاموشی سے امامؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہاں کے حالات اور مقاصد سمجھ لینے کے بعد واپس نہیں گئے اور نہایت جرأت وجسارت کا مظاہرہ کرتے رہے بار بار دشمن پر حملوں میں حصہ لیا اور جناب حُرؑ سے پہلے جام شہادت پیا۔ یہ اکثر مختلف قسم کی ڈیوٹیاں انجام دینے میں جناب عباس علمدار علیہ السلام کے ساتھ ساتھ رہتے تھے۔ پانی لانے اور پہرہ دینے اور لشکر کیلئے کھانا تیار کرنے میں مصروف رہا کرتے تھے۔

(39/75-76-77)۔ **کردوس، قاسط اور مقسط بن زہیر بن حارث تغلبیان علیھم السلام**

یہ تینوں بھائی حضرت علیؑ اور امام حسنؑ کے صحابہ میں سے ہیں۔ تمام جنگوں میں کارہائے نمایاں انجام دیتے رہے۔ جب امام حسن علیہ السلام کوفہ سے مدینہ تشریف لے گئے تو یہ خاندان کوفہ ہی میں رہتا رہا۔ حضرت مسلمؑ کے ساتھ حد بھر تعاون کیا۔ اور شہادت کے بعد چھپ کر کوفہ سے کربلا پہنچے اور امام علیہ السلام پر قربان ہو گئے۔

(39/78)۔ **عماربن ابی سلامه دالانی علیہ السلام:** حافظ ابن حجر نے لکھا ہے کہ: ''عمار بن ابی سلامہ بن عبداللہ بن عمران بن راس بن دالان ہمدانی نے رسالت مآب کا زمانہ پایا تھا۔ جناب علیؑ مرتضٰی کے ساتھ جمل وصفین ونہروان میں شریک رہے اور کربلا میں امام حسینؑ کے سامنے شہید ہوئے۔'' یہ بزرگ بھی مکہ سے ہمراہ آئے تھے۔

(39/79)۔ **عماربن حسان طائی علیہ السلام:** عمار بن حسان بن شریح بن سعد بن حارثہ بن لام بن عمرو بن ظریف بن عمرو بن ثمامہ بن ذہل بن جذعان بن سعد بن طے۔ محمدؐ وآل محمدؐ کے فدا کار مشہور ومعروف شیعہ تھے۔ نسلی طور پر سخی وبہادر تھے۔ اُن کے والد حسان بن شریح امیر المومنین علیہ السلام کے مشہور صحابہ میں سے تھے۔ اور جنگ صفین میں شہید ہوئے تھے۔ جناب عمار مکہ سے امامؑ کے ساتھ کربلا آئے اور روز عاشورہ اوّلین حملوں میں شہید ہوئے تھے۔

(39/80)۔ **جناب نصر بن ابی نیزر علیہما السلام:** ابونیزر نجاشی بادشاہ کے خاندان سے تھے۔ بچپن ہی سے خاندان رسالت میں آ گئے تھے۔ رسولؐ کی خدمت میں رہے۔ حضورؐ نے اُن کی تربیت وتعلیم اپنے ہاتھ میں رکھی۔ بعد وفات حضرت علیؑ کے ساتھ رہے۔ آپ کے باغوں کی دیکھ بھال اُن کے ذمہ تھی۔ اُن کے بیٹے نصر نے بچپن اور جوانی حضرت علیؑ اور امام حسنؑ کی خدمت میں گزاری۔ جب امام حسین علیہ السلام نے مدینہ چھوڑا تو برابر سفر وحضر میں ہمرکاب رہے۔ کربلا میں اپنی جان قربان کی۔

(39/81-82)۔ **مسعود بن حجاج تیمی اور اُن کے بیٹے عبدالرحمٰن بن مسعود علیہما السلام**

یہ دونوں حضرات بھی کوفہ کے باشندے اور مشہور شیعہ تھے۔ جب کوفہ میں پوری آبادی کو نظر بند کر دیا گیا تو ان دونوں نے امّام تک پہنچنے کے لئے ابن زیاد کی فوج میں داخلہ اختیار کر لیا اور سرکاری افواج کے ساتھ کربلا پہنچ گئے۔ اور یوں امامؑ کے حضور میں آئے اور مقبول بارگاہ امامت ہو کر امامؑ کے صحابہ میں شریک رہے اور عاشور کے دن درجہ شہادت پر فائز ہوئے۔

(39/83)۔ **جناب نعیم بن عجلان انصاری علیہ السلام**

جناب نعیمؑ بن عجلان بن نعمان بن عامر بن زریق قبیلہ انصار کی خزرجی شاخ سے تھے۔ یہ پورا خاندان ہمیشہ آل محمدؐ کا مددگار رہا۔ جب حضرت علیؑ نے کوفہ کو اپنا دارالحکومت بنایا تو بہت سے خاندان کوفہ میں آباد ہو گئے تھے۔ اور برابر وہاں رہ کر نصرتِ اسلام میں سر دھڑ کی بازی لگاتے رہے۔ صاحبِ موصوف کے بڑے بھائی نعمان بن عجلاؓن بحرین پر حضرت علیؑ کے گورنر تھے۔ جناب نعیمؑ بن عجلان مکہ سے کربلا کے سفر کے دوران امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں پہنچے اور برابر ساتھ ساتھ رہے اور اوّلین حملوں میں شہید ہوئے۔

(39/84-85)۔ **حلاس بن عمرو اور اُن کے بھائی نعمان بن عمرو ازدی علیہما السلام**

دونوں بھائی باشندگان کوفہ اور صحابہ امیرؑ المومنین سے تھے۔ جنگ صفین میں نصرت کی تھی۔ کوفہ میں نظر بندی سے بچنے اور کربلا پہنچنے کیلئے ابن زیاد کی فوج میں بھرتی ہو کر کامیاب ہوئے۔ جب افواج کے ساتھ میدان کربلا میں آئے تو امامؑ سے ملے۔ تمام حالات سُنا کر مقبول ہوئے۔ روز عاشور دونوں بھائی اوّلین حملوں میں جان توڑ کر لڑے اور جنت کو سدھارے۔

(39/86)۔ **جناب مسلم بن کثیر صدفی الازدی علیہ السلام:** آپ نے عہد رسالت مآب سے فیض پایا۔ حضرت علی علیہ السلام کے صحابہ میں داخل تھے۔ جمل جیسی جذباتی جنگ میں بڑے جوش وخروش سے حصہ لیا۔ اُسی جنگ میں آپ کی ٹانگ میں تیر کا زخم آیا تھا۔ جس کی وجہ سے ایک ٹانگ ذرا کمزور ہوگئی تھی۔ کوفہ سے خفیہ طور پر نکلے اور کربلا میں پہنچ کر دین و دنیا میں سرخرو ہوگئے۔

(39/87)۔ **عمرو بن ضبیعہ بن قیس بن ثعلبہ تیمی علیہ السلام:** یہ ایک بہادر سپاہی تھے۔ حضرت مسلم علیہ السلام کی آمد تک کوفہ کے جمہور میں شامل تھے۔ اور قومی و حقیقی اسلام کا فرق نہ سمجھتے تھے۔ لیکن حسینیؑ انقلاب نے انہیں جھنجھوڑ کر جگایا۔ حضرت مسلمؑ کی آمد اور شہادت نے نورِ ایمان بخشا۔ ابن زیاد کی افواج میں مل کر کربلا آئے اور امامؑ پر قربان ہوگئے۔

(39/88)۔ **جناب عقبہ بن صلت جہنی علیہ السلام:** مکہ سے روانگی کے وقت اور دورانِ سفر بہت سے لوگ اسلئے امامؑ کے ساتھ شامل ہوگئے کہ آگے چل کر امامؑ کی قربت اور بڑے بڑے عہدے ملیں گے، دولت وعزت ملے گی۔ جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کے ساتھ موقعہ شناس لوگ اوّلین وسابقین میں شریک ہوگئے تھے۔ لیکن جب امام حسین علیہ السلام نے لوگوں کی اس بھیڑ کو برابر بڑھتے دیکھا تو **منزل زبالہ** پر آپ نے ایک تقریر کی، اپنا مقصد بیان فرمایا اور یقین دلایا کہ کربلا میں کوئی ناصر و مددگار زندہ نہ بچے گا۔ مع اُن کے سب قتل ہوجائیں گے۔ یہ وضاحت سُن کر تمام موقعہ پرست لوگ رفتہ رفتہ جدا ہوگئے۔ اور صرف وہ حضرات رہ گئے جنہوں نے یہ طے کرلیا کہ ہمیں جان دینا ہے اور امامؑ کے کسی معاملے میں دخل نہیں دینا ہے۔ ایسا فیصلہ کرنے والوں میں سے ایک خوش قسمت شخص جناب عقبہ بن صلت بھی تھے۔ جو جہینہ کے آوارہ گرد اور خانہ بدوش صحرا نشینوں میں سے تھے۔ وہ پورے سفر میں ساتھ رہے اور ہر روز نہایت استقلال سے صبح کرتے رہے۔ یہاں تک کہ صبح عاشور آگئی اور آپ امامؑ پر قربان ہونے والے اوّلین شہدا میں شریک ہوئے۔

(39/89)۔ **حضرت قارب علیہ السلام:** حضرت قارب بن عبداللہ بن اریقط لیثی دوئیلی۔ یہ خاندان رسالت کے پروردہ اور تربیت یافتہ تھے۔ اور امام حسین علیہ السلام کے مخصوص خادموں میں سے تھے۔ جناب سکینہؑ کی مادر گرامی حضرت رباب علیہا السلام کی ایک خادمہ فکیہہ علیہا السلام تھیں جن سے عبداللہ بن اریقط کی شادی کی گئی تھی۔ اور اُن سے جناب قارب بن عبداللہ پیدا ہوئے تھے۔ یہ خانوادہ رسولؐ کی خدمت کرتے ہوئے جوان ہوئے اور اپنی والدہ کے ساتھ مدینہ سے مکہ اور کربلا تک اہلبیتؑ کے ہر حال میں شریک رہے۔ اور اوّلین حملوں میں برابر دفاع کرتے کرتے جنت الفردوس کو روانہ ہوگئے۔

(39/90)۔ **جناب عبداللہ بن بشر بن ربیعہ خثعمی علیہ السلام**

کوفہ کے نامآور خاندانوں میں اِن کا خاندان سرفہرست تھا۔ کوفہ کا مشہور قلعہ نما احاطہ جو ''جبانہ بن بشر'' کہلاتا ہے اِسی خاندان کی نشست گاہ تھی۔ امام حسینؑ کے کربلا پہنچنے کے حالات ومقاصد پر مطلع ہوئے تو ابن زیاد کی فوج میں مل کر کربلا آئے اور امامؑ کی قدم بوسی کا شرف حاصل کیا۔ روزانہ پند و نصائح سنتے رہے یہاں تک کہ دسویں محرم کو اوّلین شہدا میں شامل ہوگئے۔

(39/91)۔ **عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کدن ارحبی علیہ السلام** جس زمانہ میں کوفہ سے امام حسین علیہ السلام کو بلانے کے خطوط کی

اموی پالیسی زوروں پرتھی اورقومی حکومت امام حسینؑ کوکوفہ کی راہ میں گھیرنے کے انتظامات کررہی تھی توشیعوں کوبھی خطوط لکھنے پر اُکسایا گیا تھا۔ بہرحال اُس زمانہ میں کوفہ سے آنے والے خطوط اوروفود کے ساتھ جناب عبدالرحمٰن بن عبداللہ، قیس بن مسہرصیداوی اورعمارہ بن عبید سلولی آئے تھے۔اوراُن ہی کی ہمراہی میں جناب مسلم علیہ السلام کوکوفہ روانہ کیا گیا تھا۔اس کے بعدکوفہ میں ابن زیاد کے تسلط کے بعدسوال یہ تھا کہ امامؑ کومکہ سےکوفہ آنے کی ممانعت کی جائے اور بتایا جائے کہ کوفہ آنا خطرہ سے خالی نہیں ہے۔ چنانچہ عبدالرحمٰن؛ ابن زیاد کی نگرانی سے بچ کر نکلےاورامام حسین علیہ السلام کوراہ میں ملےاور پھرامامؑ کے اشاروں پر چلتے ہوئے کربلا پہنچے۔ یہاں کے تمام ابتدائی انتظامات میں پیش پیش رہے۔خندق کی کھدائی اوراس میں ڈالی جانے والی لکڑیوں کا انتظام اُن ہی کے سپرد تھا۔روز عاشورہ پہلے حملہ میں تیس انصار کے ساتھ شہید ہوئے تھے۔

(39/92)۔ **جناب عامر بن مسلم عبدی بصری علیہ السلام:** یہ بصرہ کے قدیم باشندے اوراُن شیعوں میں سے تھے جوجناب ماریہ بنت منقد علیہا السلام کے مکان پرجمع ہوکرنصرت امام علیہ السلام کی اسکیم چلایا کرتے تھے۔یہ بھی جناب یزید بن ثبیط (نمبر65) کے ساتھ بصرے سے نکل کرمنزل ابطح میں قدمبوس ہوئے اور انتظامات میں مندرجہ بالا عبدالرحمٰن (نمبر 91) کے دست راست تھے اورساتھ شہید ہونے والوں میں سے ہیں۔ان دونوں کی اولاد برابرتحریک تشیع میں سرگرم رہی۔ یہاں تک کہ قومی حکومت کا تختہ اُلٹ دیا گیا۔اوروہ تمام لوگ تہہ تیغ کردیئے گئے جویزیدومعاویہ کی حکومت میں کلیدی مقام رکھتے تھے۔

(39/93)۔ **مجمع بن زیاد بن عمرو جہنی علیہ السلام:** یہ بھی جناب عقبہ بن صلت (نمبر88) کے ساتھ منزل زبالہ کے لکچر کے بعد ثابت قدم رہے۔اوردونوں ہم قبیلہ تھے۔دونوں ہرکام میں ساتھ ساتھ رہا کرتے تھے۔انصاران حسین علیہ السلام میں سب سے زیادہ جذباتی تھے۔بات بات پرتیغ بکف ہوجاتے تھے۔اورسُستی وکاہلی کوناپسند کرتے تھے۔ ہروقت دشمن پرٹوٹ پڑنے کا بہانہ تلاش کرتے رہتے تھے۔پہلے حملہ میں شہید ہوئے۔

(39/94)۔ **قاسم بن حبیب بن ابی بشرازدی علیہ السلام**

کوفہ کےنہایت جرأت مندشیعوں میں سے تھے۔کوفہ کی نظربندی اورفوجی نگرانی سے بچنے کے لئے ابن زیاد کی فوج میں بھرتی ہوگئے۔چھٹی محرم کوکربلا پہنچےاورفوج سے نکل کرامامؑ کے انصار میں شامل ہوگئے۔دن رات امامؑ کی اورانصاران امامؑ کی خدمت بجالاتے تھے۔دسویں محرم کوتیسرے حملہ میں جام شہادت پیا۔

مندرجہ ذیل چھ حضرات بصرہ سےآنے والی دوسری پارٹی میں شامل تھےاورمنزل نینوامیں امامؑ سے آکر ملے تھے:

(95)۔ جناب حبابؓ بن عامر بن کعب تیمی

(96)۔ جناب منیعؓ بن زیاد بن عبداللہ خثعمی

(97)۔ جناب عمرانؓ بن کعب بن حارث اشجعی

(98)۔ زہیرؓ بن بشر خثعمی ؛اور

(99)۔ حنظلہ بن عمر شیبانی ؛اور

(100)۔ حباب بن حارث طائی علیھم السلام

(39/101)۔ **رافع بن عبداللہ علیہ السلام:** آپ مسلمؑ بن کثیر ازدی (نمبر 86) کے غلام تھے۔ اور اُن ہی کے ساتھ کوفہ سے چھپ کر نکلے اور کربلا میں دشمنانِ اسلام کے مقابلہ پر جم کر امام علیہ السلام کی نصرت کی اور بعد ظہر والے اُن شہدا میں شامل ہوئے جنہیں جلدی جلدی جام شہادت پینے کی تاکید کی گئی تھی تاکہ عصر کے وقت تک پروگرام مکمل کیا جا سکے۔

(39/102)۔ **یزید بن مغفل جعفی علیہ السلام**

آپ حضرت علی علیہ السلام کے سر برآوردہ صحابہ اور سپہ سالاروں میں سے تھے۔ مکہ معظّمہ سے امام حسین علیہ السلام کے ساتھ ملحق ہوئے۔ کربلا تک اہلبیتؑ کے آرام وآسائش کا انتظام اُن کے ذمہ تھا۔ ہر منزل پر سامان رسد اور ضروری اشیاء کی خرید کرتے تھے۔ کربلا میں بھی منتظم کی حیثیت برقرار رہی لیکن جب انصاران حسینؑ کی تعداد قریب الختم تھی تو امامؑ نے بڑی مشکل سے جنگ کی اجازت دی۔ سینکڑوں دشمنوں کو فی النار کر کے جنت کی سند حاصل کی۔ آپ کی لاش پر اہل حرمؑ نے نوحہ کیا تھا۔

(39/103-104)۔ **زیاد بن عریب ہمدانی علیہ السلام اور ان کے بیٹے عامر علیہ السلام**

کنیت ابو عامر تھی۔ آپ کے والد عریب صحابی رسولؐ تھے۔ اس لئے پورا خاندان بڑا پاکباز اور عبادت گزار تھا۔ آپ اپنے بیٹے عامر کے ساتھ حج کے لئے مکہ آئے۔ وہاں امامؑ کی صحبت سے فیضیاب ہوئے۔ حالاتِ حاضرہ اور تقاضائے وقت امامؑ سے سن سن کر یہ فیصلہ کرلیا کہ اب ایک لمحہ کے لئے امامؑ کو غیر محفوظ نہ چھوڑوں گا۔ چنانچہ اپنے فرزند سے اپنا ارادہ ظاہر کیا اور چاہا کہ عامر واپس بصرہ پلٹ جائے۔ لیکن حضرت عامر تو خود یہ طے کر چکے تھے کہ والد صاحب ضعیف ہیں اُنہیں گھر روانہ کر کے میں امامؑ کے ساتھ سفر کروں گا۔ بہر حال دونوں امام علیہ السلام کے ساتھ سایہ کی طرح لگے رہے۔ رات کو باری باری جاگتے اور امام اور اہل حرم علیہم السلام کا پہرہ دیتے تھے۔ سفر کی منزلوں میں اور پھر کربلا کے قیام میں یہی عملدرآمد جاری رکھا۔ امامؑ کو دونوں اس قدر محبوب تھے کہ بار بار اجازت مانگتے مگر اجازت نہ دی جاتی۔ آخر آخری شہدا کی صف میں شمار ہوئے۔ شدید جنگ کی سینکڑوں شامیوں کو واصل جہنم کیا اور السلام علیک یا اباؑ عبداللہ کہتے ہوئے شہید ہو گئے۔

(39/105)۔ **کنانہ بن عتیق تغلبی علیہ السلام**

آپ عابد وزاہد اور حافظ قرآن تھے۔ کوفہ کے باشندوں میں سے ایک بہادر انسان تھے۔ حضرت علی علیہ السلام کی صحبت پائی تھی۔ جب جناب مسلم علیہ السلام کوفہ میں آئے تو کنانہ نواح کوفہ میں اپنے باغات اور کھیتوں پر گئے ہوئے تھے۔ واپس اُس روز آئے جس دن ابن زیاد نے شہر میں داخلہ پر پابندی عائد کر دی تھی۔ آپ نے تمام حالات سے مطلع ہو کر کربلا کی راہ لی اور جنگ شروع ہونے

سے پہلے ہی امام علیہ السلام کی خدمت میں شرفیاب ہوئے اور روز عاشور پہلے حملہ میں شہید ہوگئے۔

(39/106)۔ **عبدالرحمٰن بن عبدرب انصاری الخزرجی علیہ السلام**

آپ صحابہ رسولؐ میں ممتاز حیثیت رکھتے تھے۔ حضرت علی علیہ السلام سے علوم اسلام حاصل کئے تھے۔ آپ نے مکہ میں امام حسین علیہ السلام سے ملاقات کی اور اسکے بعد آپکے ساتھ ساتھ کربلا آئے۔ ہمیشہ اس کوشش میں رہا کرتے تھے کہ امامؑ کو نظروں سے اوجھل نہ ہونے دیں۔ یہاں تک کہ امامؑ ضروریات سے فارغ ہونے کو جاتے تو آپ خیمہ کے دروازہ پر کھڑے رہتے تھے۔ کربلا میں پہنچنے کے بعد انصاران حسینؑ میں وعظ و نصیحت کی ذمہ داری پوری کرتے تھے۔ روز عاشورہ اوّلین شہدا کے ساتھ شامل رہے۔

(39/107)۔ **ضرغامہ بن مالک تغلبی علیہ السلام:** شیعان کوفہ میں ممتاز تھے۔ اہلبیتؑ کے فداکاروں میں مشہور تھے۔ حضرت مسلم علیہ السلام تشریف لائے تو اُن سے بیعت کی، جنگ میں شریک ہوئے۔ شکست کے بعد رُوپوش ہوگئے۔ اور موقعہ ملنے پر یزیدی افواج کے ساتھ کربلا پہنچے۔ امامؑ سے ملے اور روز عاشورہ اوّلین حملوں میں شہید ہوئے۔

(39/108)۔ **سیف بن مالک عبدی بصری علیہ السلام:** شیعان بصرہ میں ذمہ دار پوزیشن رکھتے تھے۔ اور روزانہ حضرت ماریہؑ بنت منقذ کے مکان پر شیعوں کے اجتماع میں شرکت فرماتے تھے۔ اور جب یزید بن ثبیط (نمبر 65) نے بصرہ چھوڑا تو اُن کے ساتھ ہی سفر کیا اور مقام ابطح میں امامؑ سے آکر ملے اور پہلے ہی حملہ میں اپنے بصری ساتھیوں کے ساتھ جنگ کو نکلے اور برابر ہر حملہ میں شریک ہوتے رہے۔ یہاں تک کہ امامؑ کو خوش کردیا اور آخر اپنی زندگی نچھاور کردی۔

(39/109)۔ **جناب سلیم بن عبداللہ علیہ السلام:** آپ یمن کے رہنے والے تھے۔ امام حسن علیہ السلام نے ایک یہودی سے خرید کر آزاد کردیا تھا۔ لیکن وہ ہمیشہ آپ کی خدمت میں رہے۔ اور جب معاویہ سے صلح کے بعد آپؑ نے مدینہ کو مراجعت کی تب بھی جناب سلیم ہمراہ آئے۔ اور انتقالِ حسنؑ کے بعد امام حسین علیہ السلام کی صحبت و خدمت میں رہتے رہے۔ مدینہ سے کربلا تک کے سفر میں ہمراہ تھے۔ روز عاشورہ شہید ہوکر جنت میں بھی ہمراہ رہنے کا انتظام کرلیا۔

(39/110)۔ **جناب سالم علیہ السلام:** آپ حضرت عامر بن مسلم العبدی (نمبر 92) کے غلام تھے۔ اور اپنے آقا کے ساتھ بصرہ سے اسی پہلی پارٹی میں آئے تھے۔ جو یزید بن ثبیط (نمبر 65) کی راہنمائی میں امام علیہ السلام سے مقام ابطح میں آکر ملی تھی۔ اُن کے ساتھ ہی جناب سالم تمام اوّلین حملوں میں شریک ہوئے تھے۔

(39/111)۔ **عباد بن مہاجر بن ابی المہاجر جھنی علیہ السلام**

یہ ذکر ہو چکا ہے کہ امام حسین علیہ السلام کے ساتھ موقعہ پرستوں کا ہجوم برابر بڑھتا ہی چلا گیا اور جب امام کا قافلہ میاہ جھنیہ (جھنیہ قبیلے کے کنوؤں) پر پہنچا تو جھنیہ قبیلے کے بہت سے بھولے بھالے لوگ بھی ساتھ ہوگئے۔ بالاخر حضرت مسلم علیہ السلام کے شہید ہوجانے کی اطلاع کے بعد امامؑ نے منزل زبالہ پر اپنا فیصلہ سنایا کہ میں حصول اقتدار کیلئے نہیں بلکہ وعدہ شہادت پورا کرنے جارہا ہوں

اور میرے ساتھ میرے تمام انصار کو قتل ہونا ہے۔تو سب مغالطہ دُور ہو گیا اور صرف وہی مومنین باقی رہ گئے جو اسلام اور سربراہِ اسلام پر قربان ہو جانا چاہتے تھے۔ چنانچہ جناب عباد بن مہاجر بھی اُن حضرات میں شامل رہے جن پر تمام باضمیر انسان اپنا سلام بھیجتے رہیں گے اور جوامت مسلمہ کی نجات کی ذمہ داری لینے والے ہیں۔ چنانچہ آپ اوّلین شہدائے کربلا میں سے ہیں۔

(39/112)۔ **سوار بن ابی عمیر نہمی علیہ السلام**: سوار بن منعم بن حابس بن ابی عمیر بن نہم الھمد انی کربلا میں ورود کے بعد امامؑ کی خدمت میں پہنچے۔ آپ راویان حدیث میں شمار تھے۔اُن کی موجودگی میں عمر سعد سے صلح اور اتمام حجت کی گفتگو ہوتی تھی۔ جب دسویں محرم کو عمر سعد نے اپنا پہلا فیصلہ کن حملہ کیا تو جناب سوار اس حملہ کو پسپا کرنے والے انصار کے ساتھ دشمن کی افواج پر حملہ آور ہوئے یہ حملہ پسپا کر دیا گیا۔اس میں دُشمن کے ہزاروں بہادر واصل جہنم ہوئے ۔ جب مقتولوں کا حساب لگایا گیا تو سپاہ حسینیؑ کے سو سوار قتل ہو چکے تھے۔اس حملہ میں جناب سوار بن ابی عمیر بھی تھے۔لیکن اُنہیں دشمن کی فوج نے زندہ دیکھ کر گرفتار کر لیا۔اور عمر سعد کے سامنے پیش کیا۔ تو اُن کے قبیلے کے لوگوں نے دباؤ ڈال کر اُن کو رہا کرا لیا۔مگر وہ زخموں سے جان بر نہ ہو سکے۔اور چند روز بعد انتقال فرما گئے۔اور رسولؐ اللہ کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔اسی حملہ کو کتابوں میں **حملہ اولیٰ** کہا گیا ہے۔اس حملہ میں فوجیں اس طرح گڈ مڈ ہو گئی تھیں اور انصاران حسینؑ جنگ کرتے ہوئے دُور دُور نکل گئے تھے کہ اپنے پرائے کی شناخت ناممکن ہو گئی تھی۔ جب یزیدی افواج میدان چھوڑ کر بھاگ گئیں تو جس قدر انصار کی شناخت ہو سکی اُن کے لاشے گنج شہیداں میں لائے گئے اور ساٹھ ستر انصار کا پتہ نہ چل سکا۔لہٰذا وہ تعداد جو ریکارڈ میں آئی ہے اُس میں کم از کم ساٹھ مزید نام شامل ہونا چاہئیں۔مگر اب یہ سب کچھ ناممکن ہے۔

(39/113)۔ **حبشہ بن قیس نہمی علیہ السلام**: آپ کے متعلق حافظ ابن حجر نے لکھا ہے کہ حبشہ بن قیس بن سلمۃ بن طریف بن ابان بن سلمۃ بن حارثہ ہمدانی نہمی کے دادا سلمہ بن طریف صحابہ رسولؐ میں شامل تھے۔اور خود حبشہ بن قیس بھی راوی حدیث تھے۔ روز عاشورہ حسین بن علی علیہما السلام کے ساتھ شہید ہوئے۔

(39/114)۔ **حارث بن نبہان علیہ السلام**: حارث کے والد نبھان جناب حمزہ بن عبدالمطلب علیہما السلام کے خادم تھے۔ اور نہایت بہادر اور شہسوار تھے۔امیر حمزہؑ کی شہادت کے بعد انتقال فرمایا۔ جناب حارث نے حضرت علی علیہ السلام کی صحبت و خدمت اختیار کر لی۔اُن کے بعد امام حسنؑ اور پھر امام حسین علیہ السلام کے ساتھ ساتھ رہے۔ جب امامؑ نے مدینہ چھوڑا تو جناب حارث ساتھ ساتھ چلتے ہوئے کربلا میں وارد ہوئے اور حملہ اولیٰ میں درجہ شہادت پر فائز ہوئے۔

(39/115)۔ **زاھر بن عمرو اسلمی کندی علیہ السلام**: صحابہ رسولؐ میں مخصوص درجہ رکھتے تھے۔صلح حدیبیہ کے بعد اسلام لائے۔ جنگ خیبر کے مجاہد تھے۔نہایت شجاع اور بے خوف انسان تھے۔محبت و مودۃ اہلبیتؑ میں ممتاز تھے۔ جب زیاد حرامزادے نے شیعوں پر مظالم شروع کئے اور عمرو بن الحمق خزاعی نے زیاد کے خلاف محاذ بنایا تو جناب زاھر بن عمرو اُن کے دست راست تھے۔ جب معاویہ نے عمرو کی گرفتاری کا فرمان جاری کیا تو جناب زاھر بھی گرفتاری سے بچنے کے لئے رُوپوش ہو گئے۔ یہاں تک کہ زیاد واصل جہنم ہو گیا۔ 60

ہجری کے حج پر آئے ہوئے تھے کہ امامؑ سے ملاقات ہوگئی اور یہیں سے قسمت نے اس مقام کی طرف بلند کرنا شروع کیا جو انسانی ترقی کا منتہائے کمال ہے۔ آپ امامؑ کے ساتھ ہو لئے اور کربلا کے سفر میں انقلاب زمانہ اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ کربلا میں آنے تک یہ بات درجہ یقین تک پہنچ گئی کہ آج مومن صرف وہی شخص ہے جو امامؑ کی نصرت میں جان و مال سے دریغ نہ کرے۔ بہر حال آپ پہلے حملہ میں شہید ہوئے اور شہدا کی پہلی صف میں جگہ پائی۔

(39/116)۔ **زهیر بن سلیم بن عمرو ازدی علیہ السلام**

آپ باقاعدہ شامی فوج کے شہسوار تھے اور اپنے خیال میں کسی باغی خارجی کے خلاف فوج کشی میں حکومت کی طرف سے جہاد کے ارادے سے آئے تھے۔ مگر تین چار روز میں تمام فریب کھل گیا۔ جنگ خارجی سے نہیں خود رسولؐ اللہ سے، علی و بتول وحسن علیہم السلام سے جنگ تھی۔ صلح کی گفتگو سے ذرا سی اُمید بندھی تھی جو ابن زیاد کے خط سے ٹوٹ گئی۔ لہٰذا شب عاشور نویں محرم کو دشمن کی فوج سے نکلے امامؑ کے سامنے خود کو پیش کیا۔ اگلے روز جام شہادت نوش کر کے ابدی زندگی اور اہلبیتؑ کی قربت حاصل کر لی۔

(39/117)۔ **حجاج بن زید سعدی تیمی علیہ السلام:** آپ بصرہ کے قدیم باشندوں میں سے تھے۔ امامؑ نے مکہ سے روانہ ہوتے وقت بصرہ کے چند رؤسا کو خطوط سے اطلاع دی تھی۔ وہاں سے مسعود بن عمرو ازدی نے جواب میں لکھا تھا کہ میں نے آپ کی نصرت کے لئے مومنین کو مطلع کر دیا ہے۔ یہ خط اُنہوں نے جناب حجاج بن زید کے سپرد کر دیا تھا۔ چنانچہ خط لے کر امامؑ کی خدمت میں آئے اور انصاران سید الشہد اعلیہ السلام میں شریک رہ کر ہمیشہ کی زندگی اور محمدؐ و آل محمدؐ کی قربت حاصل کر لی۔

(39/118)۔ **ادھم بن امیہ عبدی بصری علیہ السلام:** بصرہ کے شیعہ مرکز کا بار بار ذکر ہوا ہے۔ جناب ادھم بھی اُس سے متعلق تھے۔ اور روزانہ حضرت ماریہ بنت منقذ علیہا السلام کے مکان پر اجتماع میں شریک ہوا کرتے تھے۔ چنانچہ جب بصرہ سے پہلی پارٹی روانہ ہوئی تو جناب یزید بن ثبیطؓ کے ساتھ جناب ادھمؓ بھی روانہ ہوئے اور مقام ابطح پر آ کر امامؑ کے انصار میں شمار ہو گئے تھے۔ اور دسویں محرم کے اوّلین حملوں میں داد شجاعت دیتے ہوئے شہید ہوئے تھے۔

(39/119)۔ **جناب حارث بن امراء القیس بن عابس کندی علیہ السلام:** یہ بھی قومی قسم کے مسلمان تھے۔ اور ملکی حکومت کی طرفداری میں بہت سے جنگوں میں نبرد آزمائی کر چکے تھے۔ چنانچہ یہ بھی کسی اسلام سے باغی خارجی سے جہاد کرنے کی نیت سے نکلے تھے۔ ابن زیاد کی افواج میں سردار تھے۔ مگر کربلا میں وہ تمام فریب کھل گیا جو پچاس سال سے پبلک کو دیا جا تا رہا تھا۔ خلافت و امامت کی حقیقی صورت سامنے آ گئی تھی۔ گفتگوئے صلح کے نتائج کا انتظار کر رہے تھے۔ جیسے ہی یہ یقین ہو گا کہ اب جنگ ضرور ہوگی۔ اور امامؑ اسلام پر اپنی اور اولا درسولؐ وانصاران اہلبیتؑ کی جان نثار کر کے رہیں گے۔ آپ نہایت خاموشی سے انصاران حسینؑ میں آ کر شامل ہو گئے۔ دنیا و مافیہا کو امامؑ زمانہ کے سپرد کر کے عاشور کے روز اوّلین حملوں میں شہید ہو گئے۔

(39/120)۔ **جوین بن مالک بن قیس بن ثعلبہ علیہ السلام:** یہ بھی اُن ہی لوگوں میں سے تھے جو معرفت دین و امامت سے

عاری تھے۔ چنانچہ میدان کربلا میں ابن زیاد کے افواج کے ساتھ آئے یہاں آ کر سپاہ شام میں پھیلی ہوئی خبریں سُنیں۔ تحقیق حال شروع کی تو معلوم ہوا کہ جنگ نواسۂ رسولؐ اور فرزند علیؑ و بتولؑ سے ہے تو اپنے احباب کو نصرت امامؑ کے لئے تیار کیا اور گفتگوئے صلح کے نتیجہ تک یزیدی فوج میں ٹھہرے رہے۔ لیکن نویں محرم کی تیراندازی اور اعلان جنگ کے بعد شب عاشور میں بہت سے دوستوں سمیت فوج سے نکلے اور امامؑ کے آگے معذرت کے طالب ہوئے امامؑ نے خوش ہوکر دعائیں دیں۔ صبح عاشور مع اپنے احباب کے جہاد کیا اور حملہ اولیٰ میں سب شہید ہوگئے اور جس طرح دوسرے بہت سے انصار کے نام نہ معلوم ہوئے تھے اُسی طرح اُن کے بیسیوں ساتھی بھی ہمیں نام و پتہ سے محروم کر گئے۔

(39/121)۔ **جبلہ بن علی شیبانی علیہ السلام:** آپ کوفہ کے قدیم باشندے تھے۔ جنگ صفین میں اپنی شجاعت اور ایمان کی دھاک بٹھا چکے تھے۔ حضرت مسلم علیہ السلام کی آمد پر ابتدا سے انتہا تک تمام خدمات میں پیش پیش رہے۔ نصرت میں جنگ کی لیکن ناکامی کے بعد روپوش ہوگئے۔ ابن زیاد کی پولیس اور جاسوسوں کے ہاتھ نہ آئے۔ چھپتے چھپتے مکہ کی راہ پر روانہ ہوئے تاکہ جہاں امامؑ ملیں اُن کا دامن تھام لیں۔ چنانچہ اُن کو خبر ملی کہ امامؑ راستہ بدل کر کربلا کی طرف جارہے ہیں۔ یوں تلاش کرتے ہوئے کربلا پہنچے۔ کوفہ کی تمام سرگزشت امامؑ کو سنائی اور انصاران حسین علیہ السلام میں شامل رہ کر دسویں محرم کو حملہ اولیٰ میں شہید ہوگئے۔

(39/122)۔ **امیہ بن سعد بن زید طائی علیہ السلام:** آپ بھی علی مرتضٰی علیہ السلام کے صحابہ میں بڑے جنگ آزما بہادر تھے۔ جنگ صفین سے جنگوں میں برابر شریک رہے۔ کوفہ میں سکونت اختیار کرلی تھی تاکہ خانوادہ نبوّت کی توجہ حاصل رہے۔ ہر وقت ہر خدمت کے لئے کمر بستہ رہتے تھے۔ حضرت مسلم علیہ السلام کے ساتھ تمام مصائب میں شریک رہے۔ ناکامی کے بعد اُن دنوں کربلا پہنچے جب امامؑ اتمام حجت کی بات کررہے تھے۔ آخر روز عاشورہ شہید ہوکر رسولؐ اللہ کی خدمت میں جا پہنچے۔

(39/123)۔ **جابر بن حجاج تیمی علیہ السلام:** آپ بھی کوفہ کے باشندے اور جنگ آزمودہ شیعہ تھے۔ جناب مسلم علیہ السلام کے رفقائے کار میں شامل رہے۔ حالات کے پلٹا کھا جانے کے بعد وہ بھی دشمنوں کی گرفت سے بچنے اور کربلا پہنچنے کے لئے روپوش ہوگئے۔ جب یہ معلوم ہوگیا کہ امامؑ کربلا میں پہنچ چکے ہیں تو ابن زیاد کی افواج کے ساتھ ساتھ کربلا میں آئے اور خاموشی سے خدمت امامؑ میں باریاب ہوگئے۔ یہ بھی حملہ اولیٰ کے شہدا میں سے ہیں۔

(39/124)۔ **منجح بن سہم علیہ السلام:** منجح کے والد گرامی امام حسین علیہ السلام کے خادم تھے۔ آپ نے اُن کی شادی ایک خاتون حسینیہ نامی سے کی تھی جو پہلے نوفل بن حارث کی کنیز تھیں اور اُن سے امامؑ نے خرید کر آزاد کردیا تھا۔ اُسی حسینیہ سے منجح پیدا ہوئے تھے۔ دونوں ماں بیٹے امامؑ زین العابدین کے ساتھ رہتے تھے۔ مدینہ سے سفر ہوا تو کربلا تک ساتھ آئے اور خانوادہ رسولؐ کے ساتھ ہر مصیبت میں شریک رہے اور جیسے ہی جنگ شروع ہوئی جناب منجح نے اذن جہاد کی درخواست کی اور اجازت لینے میں کامیاب ہوئے اور پہلے حملہ میں جان نثار کردی۔

(39/125)۔ **جنادہ بن حارث سلمانی علیہ السلام:** آپ کوفہ کے قدیم باشندہ تھے۔قبیلہ مراد و مذحج کی شاخ سلمان کے رؤسا میں سے تھے۔عہد رسولؐ میں ہوش سنبھالا تو علی مُرتضٰی علیہ السلام کے دامن سے وابستہ ہو گئے۔جنگ صفین میں اپنی جنگی مہارت کی دھوم مچادی تھی۔حضرت علیؑ کی شہادت کے بعد امام حسن اور پھر امام حسین علیہما السلام سے والہانہ وابستگی برقرار تھی کہ حسینیؑ انقلاب شروع ہوا۔ حضرت مسلم علیہ السلام کی آمد اور شہادت کے دوران ہر ممکن فریضہ ادا کیا۔بگڑے ہوئے حالات میں بھی ہمت نہ ہاری۔روپوش ہو کر ابن زیاد کے چنگل سے نکل گئے اور امام حسین علیہ السلام سے کربلا کے قریب جا کر ملاقات کی اور روز عاشور تک کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ جنگ شروع ہوئی تو اوّلیں حملوں میں دشمن کے سینکڑوں فوجیوں کو قتل کیا اور مقام شہادت پر فائز ہوئے۔

(39/126)۔ **جندب بن حجیر کندی علیہ السلام:** آپ بھی کوفہ کے قدیم باشندوں اور سربرآوردہ شیعوں میں سے تھے۔ امیرؑ المؤمنین کے مخصوص صحابہ میں شمار تھے۔جنگ صفین میں کئی رسالوں کے سردار رہے تھے۔حضرت علی علیہ السلام کی شہادت کے بعد امام حسن علیہ السلام سے وابستہ رہے۔جناب مسلمؑ کی آمد سے قبل آپ کوفہ سے روانہ ہو کر اپنے کاروباری انتظام کے لئے قادسیہ جا چکے تھے۔جب حصین بن نمیر نے قادسیہ پر پڑاؤ ڈالا تو چونکے اور جلدی جلدی سفر کا انتظام کیا اور منزل بطن عقیق پر امامؑ کی خدمت میں پہنچ گئے۔ وہاں سے کربلا تک اور روز عاشور کی صبح تک آپ نے تمام متعلقہ فرائض کو بڑی تندہی اور جذبہ محبت سے انجام دیا۔جنگ کے آغاز میں دست بستہ اجازت طلب کی اور اوّلین حملوں میں سینکڑوں دشمنوں کو قتل کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔

(39/127)۔ **اسحاق بن مالک اشتر علیہ السلام**

حضرت مالک اشتر رضی اللہ عنہ کی شجاعت اور محمدؐ و آل محمدؐ سے محبت و مودۃ سے مسلمانوں کا بچہ بچہ واقف ہے۔حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ تمام جنگوں میں شریک رہے۔اُن کے ایک فرزند ابراہیم بن مالک اشتر نے آگے چل کر حکومت یزید کے مقابلہ میں محاذ بنایا تھا۔دوسرے بیٹے اسحاق علیہ السلام ہیں۔اُن کی کارکردگی اور کربلا میں فدا کاری پر چند جملے ملاحظہ ہوں:۔

فَبَرَزَا الیھم شیخ یقال لہ اسحاق بن مالک الاشتر اخو ابراھیم بن مالک الاشتر۔ وجعل یقصد اصحاب الرایات ویطعن فی صدورھم حتّٰی قتل منھم جماعۃ فوقف یستریح فحرّصہ اصحاب الحسینؑ عَلَی الجھاد وشوّقہ اِلَی الجَنّات۔ فحمل عَلَی القوم واباد الفرسان وقتل الشجعان حتّٰی قتل مِن القوم ازھی علٰی خمس مائۃ فارس وقُتِلَ رحمۃ اللّٰہ علیہ۔ (اکسیر العبادات۔صفحہ 261)

''پھر دشمن کی افواج پر ابراہیم بن مالک اشترؑ کے بھائی حضرت اسحاق بن مالک اشتر حملہ آور ہوئے اور زیادہ تر اُن لوگوں پر حملہ کرتے تھے جو فوجی پرچم لئے ہوئے ہوتے تھے تاکہ پرچم گرتے ہی فوج فرار کرے اور وہ بے تحاشہ قتل عام کریں۔چنانچہ وہ دشمن کے سپاہیوں اور سرداروں کے سینے نیزہ سے چھلنی کرتے رہے۔فوج سامنے سے ہٹی تو ذرا سانس لینے اور حملہ کا رخ جانچنے کیلئے رک گئے۔ اتنے میں انصاران حسینؑ نے داد دینا اور ہمت افزائی کرنا اور جنت کا شوق دلانا شروع کیا۔لہٰذا پھر حملہ آور ہوئے اور افواج کا نام ونشان مٹاتے بہادروں کو تہہ تیغ کرتے چلے گئے یہاں تک کہ اُن میں سے پانچ سو سے زیادہ سواروں کو واصل جہنم کیا۔اور آخر زخموں سے نڈھال ہو گئے اور امامؑ پر اپنی جان قربان کر دی۔اللہ کی رحمت اُن پر نازل ہوتی رہے۔

(39/128)۔ **حریز بن عبد اللہ علیہ السلام**

اِن کو علما نے جناب ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا غلام اور ایسا نوجوان لکھا ہے کہ ابھی نابالغ تھے۔ چنانچہ سنئے ارشاد ہے کہ:۔

وخَرَجَ بعده غلام امرد لابی ذ رالغفاری یقال له حرز ۔ فحمل عَلَی القوم ولم یزل یقاتل حتی قتل مِن القوم ثلثما ئة مبازر واستشهد امام الحسینؑ ۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 263)

اوراُن کے بعد (یعنی ہلال بن نافع کے بعد) حضرت ابوذر غفاری کا ایک نابالغ لڑکا (غلام) میدان میں نکلا جسے حرز کہا جاتا تھا۔اس نے اسلام کی دُشمن قوم پر تابڑتوڑ حملے جاری رکھے یہاں تک کہ اُن میں سے تین سوفوجیوں کو قتل کرکے رکھ دیا۔اورامام حسین علیہ السلام پرقربان ہوکرشہید ہوگئے۔(ممکن ہے کہ یہ غفاری خاندان ہی کا نوجوان ہو)

(39/129)۔ **عمیر بن مطاع الجعفی علیہ السلام**

اِن کے برادرِ بزرگ جناب عمر بن مطاع بھی (نمبر 42) کربلا کے شہدا میں داخل ہیں مندرجہ بالاشہید (حریز) کے بعد آپ کوامامؑ سے اجازت ملی چنانچہ لکھا ہے کہ:۔

ثُمَّ بَرَزَ مِنْ بعده عمیر بن مطاع وحمل عَلَی القوم وهویقول: انا عمیر وابی مطاع ۔وفی یمینی مُرهف قطّاع ۔کَاَنَّهٗ فی ضوئه شعاع ۔ادنوا فقدطاب لنا القراع ۔ دون الحسینؑ الموت والنزاع ۔ فذاک وَاِلیه الفتٰی المطاع ۔قال ثم حمل عَلَی القوم ولم یزل یقاتل حتی قتل من القوم خمسین فارسًا ۔ثُمَّ استشهد اَمَامَ الحسین علیه السلام۔ (اکسیر صفحہ 263)

ابوذر غفاری کے غلام کے بعد عمیر بن مطاع میدان میں نکلے اور یہ کہتے ہوئے دشمنوں پرحملہ کردیا کہ میں عمیر ہوں میرا باپ مطاع ہے۔اورمیرے داہنے ہاتھ میں کاٹ کاٹ کرجدا کرنے والی تلوار ہے۔اورمعلوم ہوتا ہے کہ اس تلوار کی چمک دمک میں شعاعیں خارج ہوتی ہیں۔ذرا میرے سامنے قریب آجاؤ کہ ہمیں لوگوں کوزدوکوب کرنا بہت پسند آتا ہے۔ہم چاہتے ہیں کہ امام حسینؑ کی خاطر موت کواپنے اوپر لے لیں۔اوریہی مطاع کے پروردہ نوجوانوں کا شیوہ ہونا چاہئے۔مسلسل حملوں پرحملہ جاری رکھا یہاں تک کہ یزیدی فوج کے پچاس سواروں کوقتل کرکے امام حسین علیہ السلام پرنثار ہوگئے۔

(39/130)۔ **حضرت عمر ابن الکلبی علیہ السلام:** **ثُمَّ اَنَّ عمر ابن الکلبی قال یا بن بنت رسولؐ اللّٰه اَتَاذن لی بالخروج الیهم وکان رجلًا طَوِیلًا شدید الساعدین بعیدًا مابین المنکبین ۔فقال له الحسین علیه السلام اخرج اِن شئتَ وکان یحسبه مِن الاقران فبرز ۔وامرابن سعداَن یبرز له فارسان مِن عسکر ه لماراه فبرزااِلَیه وقالا له مَنْ اَنْتَ ؟ فانتسب الیهما ۔ فقالا له ،مانعرفکَ فلیخرج الینازهیر بن القین اَوْحبیب بن مظاهر اَوْیزید بن الحصین اَوْبشارة بن مقبل اَوْقدامة بن مسلم ۔فقال لهما الکلبی یاویلکم لایخرج لحربکم احدالًا وهو کُفُوٌ لکم فشدّاعلیه فنودی احفظک نفسک منهما ۔ ثم حمل علیهما فقطع واحدًا مِنهما وضرب الاخر علٰی هامته فَفَلَقَها واقبل یجول علٰی القوم ویصول وهویقول: اِن تنکر ونی فانا ابن الکلبی ۔عبل الذواعین شدید الضرب ۔ اضربکم ضربًا بجدّ العضب ۔ ولست بخوّاف عند الحرب ۔ فلااملّ عند وقع الضرب ۔ اکشف عن مَوْلایَ کل الکرب ۔ اِنّی غلام مومن بربّی ۔ حسبی الٰهی وبهذا حسب ۔ قال ابومخنف وکانت امرئته مع النساء فلمّا نظرت اِلیه وهوبینهم**

یجول اخذت عمودًا من حدید واقبلت لزوجها تساعده فقالت دونک ھؤُ لاء الملاعین وانا مِن ورآء ک فحملت بالعمود علی القوم فاقبل الیها لِیردّھا فبقیت تجاز به فقالت واللّٰہ لاعود حتّی اموت معک فقال لھاالحسینؑ جَزَیْتُمُ من اھلبیتٔ خیرا؛ارجعی یرحمکِ اللّٰہ فانصرفت اِلَی النسآء وقاتل الکلبی قتا لًا شدیدًا ۔ثُمَّ برز الیه رجلان آخران مِن اصحاب الشمر فقتلھما وحمل علیه رجلان آخران بکیر بن خضیر وھانی بن الحضرمی فتلاهُ رحمة اللّٰہ علیه ۔ فخرجت زوجته الیه وجلست عندراسه تمسح التراب عن عینیه وھی تقول ھنیًا لک بالجنّة فقال الشمر لغلامه رستم اضرب راسھا بالعمود یارستم فضربھا فماتت عندزوجھا۔(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔ صفحہ 264-263)

پھرعمرابن کلبی نےعرض کیا کہ اے فرزند دختر رسولؐ کیا مجھے اِن لوگوں سے جنگ کرنے کی اجازت ملیگی ؟ یہ عمر بن کلبی ایک طویل القامت اور چوڑے چکلے شانوں اور مضبوط بازوؤں والے جوان تھے۔امام حسینؑ نے فرمایا کہ اچھا اگر تمہیں یہی پسند ہےتو اجازت ہے۔ بہرحال تمہیں اپنی قربت میں رکھنا بھی مجھے پسند ہے۔ یہ سُن کر حضرت عمرؑ میدان میں آ ئے۔عمرسعد نے انہیں اوراُ نکے ڈِیل ڈول اور تیور دیکھے تو اپنی فوج کو چوکنا کرتے ہوئے کہا کہ اس شخص کے مقابلہ میں دو بہادر سوار نکلیں۔ چنانچہ دوسوار سامنے آ ئے اور پوچھا کہ تُو کون ہے؟ حضرت عمرؑ نے انہیں اپنا نام ونسب بتایا تو کہنے لگے کہ ہم تمہیں کوئی اہمیت نہیں دیتے۔ ہمارے مقابلہ میں زہیرؑ بن قین کو یا حبیبؑ ابن مظاہر کو یا یزیدؑ بن حصین کو یا بشارتؑ بن مقبل یا قدامہؑ بن مسلم کوآ نا چاہیئے۔حضرت عمرؑ نے اُن سے کہا کہ خدا تمہیں غارت کرے یہ کیا نخرہ ہے کہ تمہارے مقابلہ کیلئے بھی ناپ تول کرتمہارا ہمسر بھیجا جائے۔ یہ سن کر اُنہوں نے عمر کلبی پر شدید حملہ کیا اوراحباب نے آ واز دی کہ ذرا ان دونوں سے ہوشیار ہوکرلڑ نا۔ چنانچہ انہوں نے جوجوابی حملہ کیا تو اُن میں سے ایک کو دوٹکڑے کردیا دوسرے کی کھوپڑی پر تلوار مارکر اسے پھاڑ دیا۔اور یوں فارغ ہوکرگھوڑے کی جولانیاں اور کرتب دکھانے لگے۔اور یہ شعر پڑھنے لگے۔ اگر تم مجھے نہیں پہچانتے تو سنو کہ میں کلبی ہوں۔ چیرتی چلے جانے والی آ نکھوں والا زبردست وار کرنے والا ہوں۔ میں تمہیں قطع بُرید کی ہنرمندی والی ضربیں لگاؤں گا۔ میں جنگ وقتل سےخوفزدہ نہیں ہوتا۔اور میراوار بچ نکلنے کا موقعہ نہیں دیا کرتا۔ میں اپنے مالک ومولیٰ سے ہر تکلیف کو دُور رکھنا چاہتا ہوں۔ میں اپنے رب پر ایمان رکھنے والالڑکا ہوں۔یہی میرا حسب ونسب ہےاوراللہ ہی میرا خالق اور درجات بلند کرنے والا ہے۔

علامہ ابومخنف نے لکھا ہے کہ عمر کلبی کی زوجہ حرم حسینیؑ کے ساتھ تھی۔ جب اس نے دیکھا کہ شوہر صاحب لڑنے کے بجائے گھوڑے کے کرتب دکھارہے ہیں تو لوہے کا ایک ڈنڈا لے کر اُسکی مدد کیلئے میدان میں آ گئی۔اور کہا کہ بےفکر ہوکر ان ملاعین پرحملہ کرو میں تمہارے پیچھے سے تحفظ کروں گی۔ یہ کہہ کرفوج پر گرز سے حملہ آ ور ہوگئی۔شوہر نے بڑھ کراُ سے واپس بھیجنا چاہا تو دوڑ کر الگ جا کھڑی ہوئی اور کہا کہ قسم بخدا میں ہرگز واپس نہ جاؤں گی اور یہیں تمہارے ساتھ ساتھ لڑ کر مروں گی۔ یہ دیکھ کر امامؑ نے آ واز دی اور فرمایا کہ تمہیں ہم اہلبیتؑ کی طرف سے بہترین جزا ملنا طے پا گیا۔اب اے خاتون حرم میں واپس آ جا۔امامؑ کے حکم سے واپس پلٹ گئی اور عمر نے شدید جنگ چھیڑ دی۔ اُس طرف رُخ تھا کہ برابر سے سے شمر کے دوآ دمی حملہ آ ور ہوئے۔ پلٹ کر دونوں کوقتل کیا ہی تھا کہ دواور نے حملہ کردیا۔ یہ دونو بکیر بن خضیر اور ہانی بن حضرمی تھے۔ اِنکے اچانک حملہ سے آپ شہید ہوگئے۔ اب پھراُن کی زوجہ خیام سے نکلی اور لاش

پر آ ئی ،شوہر کی آ نکھوں سے مٹی صاف کرتی جاتی تھی اور کہہ رہی تھی کہ تمہیں خوشی خوشی جنت میں جانا مبارک ہو۔ وہ سر کے پاس یوں منہمک بیٹھی تھی کہ شمر ملعون نے اپنے غلام رستم سے کہا کہ اس عورت کو قتل کردو۔ اس لعین نے سر میں گرز مارا تو وہ مومنہ بھی اپنے شوہر کے پاس مرگئی اور یوں دونوں جنت میں بھی رفیق رہے۔

(39/131)۔ **جناب یزید بن الحصین علیہ السلام:** وخرج مِن اصحاب ابن سعد یزید بن مقبل من بنی اسد ۔ فخرج الیه من اصحاب الحسینؑ یزید بن الحصین فقلا قیا وتضاربا فسبقه یزید بن الحصین بضربة فلم تعمل به فضربه ضربة ثانیة فقطع بهامِغْفَرَةُ وفلق هامتّه فخرصریعًا و عجّل اللّٰه بروحه الی النار ثمَّ صال وجال وحمل علَی القوم حملة الاسد الغضبان فقتل منهم جماعة وعاد الٰی موضعه وهویقول: انا یزید مالنا بالفاشل ۔اضربکم عن الحسینؑ بن علیؑ ۔ضرب غلام ارجحی بطل ۔حتّٰی الا تی یوم حشر عملی۔ثمَّ عاد اِلَی البراز فبرز الیه مرّه بن منقذ العبدی فتجاولا ساعةً ثُمَّ تفرقا عن سلامة ثم حمل کلّ واحد منهما علٰی صاحبه فلزم بعضهما بعضًا فتماسکا ثمّ انهما وقعا اِلَی الارض ثم اَنّ یزید بن الحصین وقع علٰی صدره وهَمَّ اَن یذبحه ولزم السیف بیده فنادی یااهل الحمیة ؟ فحمل علیه کعب بن جابر الازدی بالرمح فطعنه بظهر ابن الحصین واما ابن العبدی فقطع انفه وبعض وجهه فقال له مرة قدانعمت عَلیّ یا اخا الازد بنعمه لاانساهالک ۔فرجع کعب الٰی اخته نورة فقالت له ۔لِمَ لانصرت الحسینؑ فقدآتیت بذنبٍ عظیم۔ (اکسیر العبادات۔صفحہ 264)

اور ابن سعد کی فوج سے یزید بن مُقبل نکلا جو قبیلہ اسد سے تھا۔ اُس سے مقابلہ کیلئے حسینیؑ فوج سے جناب یزید بن حصین نکلے۔ کچھ دیر دونوں گھات لگاتے رہے اور ایک دوسرے پر وار کرتے رہے۔ اس ردّوبدل میں یزید بن حصین نے ایک وار بدل لیا اور پلٹ کر جو تلوار لگائی تو لوہے کا خود دوٹکڑے ہوا تلوار کھوپڑی کو توڑتی ہوئی نکل گئی اور یزید بن مقبل زمین پر جا گرا۔ اور اللہ نے اسے جہنم میں پہنچانے میں عجلت سے کام لیا۔ پھر یزید بن حصین نے گھوڑے کو جولانی دی اور دشمن کی فوج کو ڈانتے رہے۔ جب کوئی مقابلہ پر نہ آیا تو فوج پر گھوڑا ڈال دیا اور غضبناک شیر کی طرح یزیدی فوج پر ٹوٹ پڑے۔ گھمسان کے بعد اپنی جگہ لوٹ کر قیام کیا اور یہ اشعار پڑھے۔ میں یزید ہوں اور منتشر الخیال ہونے والوں میں سے نہیں ہوں۔ میں تمہیں حسینؑ ابن علیؑ کی طرف سے مار دے رہا ہوں۔ ایسی مار جو ایک منتخب نوجوان بہادر کے شایانِ شان ہو۔ اور میدان حشر میں میرے سامنے قابل فخر عمل بن کر آئے۔ پھر مدمقابل طلب کرنا شروع کیا۔ چنانچہ مرہ بن منقذ سامنے آیا۔ تھوڑی دیر دونوں گھوڑے کو گردش دے کر موزوں موقعہ تلاش کرتے رہے۔ پھر ذرا دُور دُور ہٹ کر ایک دوسرے پر ٹوٹ پڑے اور اس قدر قریب ہوئے کہ ایک دوسرے سے گتھم گتھا ہو کر زمین پر آ گرے۔ اچانک جناب یزید بن الحصین مرہ کے سینے پر چڑھ بیٹھے تلوار نکال کر ذبح کرنا ہی چاہتے تھے کہ مرہ نے مدد کے لئے اپنی فوج سے فریاد کی۔ لہٰذا کعب بن جابر ازدی نے دُور سے یزید بن حصین کی کمر میں ایک تیر پیوست کر دیا جس سے اُن کی شہادت واقع ہوگئی۔ اس کے بعد اُن بزدل اور بے غیرت دشمنوں میں سے ابن العبدی نے اُن کی ناک کاٹ لی اور چہرے کو ٹکڑے کر دیا۔ اب مرہ بن منقذ کے ہوش ٹھکانے آئے تو اُس نے تیر مارنے والے سے کہا کہ تم نے مجھ پر ایسا احسان کیا ہے جسے میں کبھی نہ بھولوں گا۔ پھر وہ تیر مارنے والا ملعون کعب بن جابر جب اپنی بہن سے ملا تو اسکی بہن نے کہا کہ تو حسین علیہ السلام کی نصرت تو کیا کرتا تو نے اُنکے ناصر کو تیر مار کر ایک عظیم گناہ کمایا ہے۔ اُس کی اُس مومنہ بہن کا نام نُورہ تھا۔

(39/132)۔ جناب عمیر بن الحصین علیہ السلام: قال ابومخنف فخرج من اصحاب الحسینؑ اخوذلک المقتول وکان اسمہ عمیر بن الحصین الانصاری وانشاء یقول ۔قد علموا جماعۃ الانصار ۔اِنّی ساحمی عن نبیؐ المختار ۔ضرب غلام غیر نکس شار ۔دُونَ الحسینؑ مھجتی وداری۔ ثم حمل عَلَی القوم وقتل اناسًا کثیرۃ وانشاء یقول: نحن رجال مِن بنی جربان ۔فان قومی سادۃ الاقران ۔آل علیؑ شیعۃ الرحمٰن ۔وآل حرب شیعۃ الشیطان۔ قال ثم قاتل بین یدی الحسینؑ قتالًا شدیدًا وقتل منھم خلقًا کثیرًا ازھا علی اربعۃ الاف فارس فَقُتِلَ رحمۃ اللّٰہ علیہ۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 264)

یزیدؒ بن حصین کی شہادت کے بعد ابومخنف علیہ الرحمہ نے لکھا ہے کہ یزید کے بھائی عمیر نے میدان میں آ کر یوں تعارف کرایا کہ انصار کی جماعت جانتی ہے کہ میں نبی مختار صلوٰۃ اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حمایت میں جنگ کر رہا ہوں۔ اس لئے میری ہر ضرب مایوسی اور شک وشبہ سے پاک ہوتی ہے۔ میں امام حسین علیہ السلام پر اپنا سب کچھ قربان کر دینے آیا ہوں۔ پھر یزیدی فوج پر ایک زبردست حملہ کیا اور بہت کثرت سے لوگوں کو قتل کیا۔ پھر کہا ہم اولاد جربان کے لوگ ہیں اور تمام گرد وپیش کے لوگوں کے سردار ہیں۔ علیؑ کی آل رحمان کی تبلیغ واشاعت کرتی ہے۔ اور حرب کی اولاد شیطان کا مذہب پھیلانے والی ہے۔ راوی نے کہا ہے کہ پھر امامؑ کے سامنے دشمن پر اس بے جگری سے اور دلیرانہ حملے جاری رکھے کہ دشمن کی افواج کو تہہ وبالا کر دیا۔ اتنی مخلوق ماری گئی کہ جس کا اندازہ چار ہزار سے زیادہ لگایا گیا ہے۔ جنگ کرتے کرتے آخر جام شہادت پیا اور راہی جنت ہو گئے۔

(39/133-134)۔ اولاد حارث میں سے جناب شریف اور جناب مالک علیہما السلام

ثم خرج من بعد ھما اولاد الحارث وھما شریف ومالک فقربا مِن الحسینؑ وھما یبکیان۔ فقال لھما وما یبکیکُما فواللّٰہ اِنّی لارجواَن تکونا قرینین ؟ فقال جعلنا اللّٰہ فداک کیف لانبکی حیث نراک قداحاطت بک الاعدآء ولا نقدرنمنعھم عنک۔فقال لھما الحسینؑ جزاکم اللّٰہ خیرًا فی مواساتکم لنا فقاتلا قتالًا شدیدًا فقتلا من القوم سبعمائۃ فارس وقُتِلا رحمۃ اللّٰہ علیھما۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 265-264)

اِن دونوں بھائیوں کی شہادت عبداللہ اور عبدالرحمٰن (نمبر 56-55) پسران عروہ بن حراق کے بعد لکھی ہے۔ چنانچہ لکھا ہے کہ: اُن دونوں کے بعد اولاد حارث میں سے شریف اور مالک امامؑ کے قریب پہنچے۔ دونوں رو رہے تھے۔ امامؑ نے دریافت کیا کہ تم کس لئے روتے ہو میں تو بڑی امید رکھتا ہوں کہ تم دونوں میرے ساتھ ساتھ رہو۔ دونوں نے عرض کیا کہ اللہ ہمیں آپ پر قربان ہونے کا موقعہ دے ہم کیسے نہ روئیں کہ آپ کو چاروں طرف سے گھیرا جا رہا ہے اور ہم یہ قدرت نہیں رکھتے کہ ان لاکھوں آدمیوں کو آپ سے دور کر دیں۔ امامؑ نے دعا دی اور فرمایا کہ اللہ تمہیں ان فداکارانہ احساسات کی بہترین جزا دے۔ اذن جہاد کے بعد دونوں بھائیوں نے جی توڑ کر بڑی شدید جنگ لڑی اور دشمن کی فوج کو تہہ وبالا کر کے رکھ دیا۔ سات سو ملاعین کو واصل جہنم کر کے شہید ہو گئے۔

(39/135)۔ عبداللہ بن عمر الکندی علیہ السلام

آپ کی شہادت حنظلہ بن سعد کے بعد یوں لکھی گئی ہے کہ:۔

ثُمَّ بَرَزَ مِنْ بعدہ عبد اللّٰہ بن عمرالکندی وقاتل قتالا شدیدًا وتکاثر علیہ الاقوام فحمل علیھم حملۃ رجل واحد

وهويقول : اِنّی مِنْ کندة عالی الاصلی۔ اطعنکم بالرمح قبل النّصل۔ ضرب غلام لم یکن بالفشل ۔ عَنِ الحسینؑ وھو جلیل الاصل۔ ثم انه قاتل قتالًا شدیدًا حتّٰی قتل خمسین مبارزًا واستشھد اَمَامَ الحسینؑ۔(اکسیر صفحہ 265)

''اُن کے بعد جناب عبداللہ بن عمر الکندی میدان میں آئے اور گھمسان کی جنگ کی ۔ یہ اسلئے کہ اُن پر چاروں طرف سے یزیدی افواج ٹوٹ پڑی تھیں ۔لیکن وہ تنہا اس شان اور دبدبہ سے حملہ کر رہے تھے کہ میدان میں اُنکے سوا کوئی جنگ آزما معلوم نہ ہوتا تھا۔ پھر وہ جنگ کے دوران یہ اشعار پڑھتے جاتے تھے کہ: ۔ یقیناً میں قبیلہ کندہ کا بہادر نونہال ہوں۔ میرا خاندان بہت بلند مرتبہ کی بنیاد رکھتا ہے۔ میں تمہیں بچ کر نکلنے سے پہلے ہی برچھی اور نیزہ سے گھائل کروں گا۔اور ایسے نوجوان کی طرح ماروں گا جس کا وار پھسلتا نہیں ہے۔ میں حسینؑ کا دفاع کر رہا ہوں جو تمام بنیادوں کی بنیاد اور تمام بزرگیوں کی حامل نسل سے ہیں۔ اسکے بعد مسلسل شدت سے قتل عام کرتے رہے اور عام لوگوں کے علاوہ پچاس للکارنے والے سُورما تہہ تیغ کئے اور امام حسین علیہ السلام کے سامنے شہید ہوگئے۔'' اللہ اُن پر اپنی رحمتوں اور نوازشوں کی بارش کرتا رہے۔اور تمام محبانِ محمد وآل محمد صلوٰۃ اللہ علیہم کو اُنکے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین۔

(39/136)۔ جناب مبارک بن عبداللہ علیہ السلام

حضرت حجاج بن مسروق شہدائے کربلا میں بہت مشہور ہستی ہیں۔مکہ سے امامؑ کے مؤذن تھے۔حُرؑ کے راستے میں ملنے پر انہوں نے ہی اذان دی تھی۔اُن کے ساتھ اُن کا غلام بھی کربلا میں جنگ کرتا ہوا شہید ہوا تھا۔یہ واقعہ سنئے:۔

قَال وخرج فی اثره مولٰی یقال له مبارک فحملا عَلَی القوم والتقیا بحماعة مِن اصحاب ابن سعد۔ فتفرقوا و جفلوا من بین ایدیھم ثم اجتمعت علیھما الاعداء مِن کل جانب فشد کل واحد منھما علی ظھر صاحبه وجعلا یقاتلان حتی قتلا مِنَ القوم مائة وخمسین رجلًا وقُتِلَا رحمة اللّٰه علیھما۔(اکسیر صفحہ 266)

راوی نے بتایا کہ جناب حجاجؑ بن مسروق کے قدم بقدم، اُنکا غلام، جسے مبارک کہا جاتا تھا، بھی جنگ کیلئے نکلا۔اور دونوں نے ملکر عمر ابن سعد کی افواج پر حملہ کیا۔اور اُدھر ابن سعد کی افواج بھی اُن پر ٹوٹ کر گریں۔مگر اُن دونوں بہادروں نے افواج کو تتّر بتّر کر دیا اور اپنے سامنے سے بھگا دیا۔لیکن پھر افواج کو مجتمع کیا گیا۔اور ہر چہار جانب سے دوبارہ اُن دونوں پر حملہ جاری ہوگیا۔اب دونوں نے ایک دوسرے کا تحفظ اور دیکھ بھال کرتے ہوئے جم کر شدید مقابلہ اور مقاتلہ شروع کیا اور ساتھ ساتھ رہتے ہوئے دفاع اور حملوں کا سلسلہ جاری رکھا۔اور اس طرح تیغ زنی کی کہ عمر سعد کی مختلف حملہ آور افواج میں سے ایک سو پچاس جنگجو بہادروں اور عام فوجیوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔آخر مشیت خداوندی کے سامنے سر جھکا کر امامؑ زمانہ پر قربان ہوگئے۔

(39/137-138)۔ جناب مالک اور رشید علیہما السلام

قال ابو مخنف فبرز فارس یقال له مالک وحمل حملة صادقة فقتل جماعة وقاتل قتالًا شدیدًا فحمل علیه القوم باجمعھم فقتلوهُ وبرز مِن بعده رجلٌ یقال له رشید فحمل علیھم وقتل منھم عشرین فارسًا فقتله القوم عند مقتلة العباسؑ بن امیرؑ المؤمنین فوقع علیھا وفی روایة اخری انھما قتلا جمیعًا ودفنا فی قبر واحد ۔(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات صفحہ 265)

جناب عابس بن لیث شاکری کے بعد جناب علامہ ابومخنف علیہ الرحمہ دو بہادر انصار کا تذکرہ کرتے ہیں کہ: ''اُس کے بعد ایک سوار میدانِ مقابلہ میں نکلا جسے مالک کہا گیا ہے۔جس نے سپاہ عمر سعد پر صحیح معنی میں سخت حملہ کیا۔ایک تباہ کن جنگ لڑی بہت سے دشمنوں کو قتل کیا۔آخر سپاہ شام نے یکجہتی سے مل کر اُن پر چاروں طرف سے حملہ کیا اور وہ شہید ہوگئے ۔اُن کے بعد ایک اور ناصر حسینؑ میدان میں آیا جسے رشید کہا جاتا تھا۔اُس نے بھی زبردست جنگ کی اور بیس تیغ آزما لوگوں کو تہہ تیغ کیا۔لیکن اس پر بھی ساری فوج نے یُورش کی۔چنانچہ جہاں آج کل حضرت عباس بن علی علیہما السلام کا مزار ہے اس جگہ شہید ہو کر گرے۔ایک دوسری روایت میں یہ ہے کہ ان دونوں مالکؓ اور رشیدؓ نے اکٹھا اور مل کر حملہ کیا تھا اور اُن دونوں کو ایک ہی قبر میں دفن کیا گیا تھا۔اُن دونوں پر ہم سب کا سلام۔

(39/139-140)۔ **حضرات عبداللہ بن سلیم اور منذر بن مشمعل علیھما السلام**

یہ دونوں حضرات قبیلہ بنی اسد سے تھے۔یہ امامؑ کے ساتھ مکہ سے روانہ نہ ہوئے تھے۔بلکہ حج سے فارغ ہو کر بڑی تیزی سے منزلیں طے کرتے ہوئے منزل زرود پر امام علیہ السلام سے آملے تھے۔اس منزل پر ایک شخص کوفہ کی سمت سے آتا ہوا دکھائی دیا تو حضرت امام حسین علیہ السلام ٹھہر گئے تاکہ اُس سے کوفہ کے حالات معلوم کریں۔مگر وہ شخص دُور سے یہ دیکھ کر کہ کچھ لوگ اُس سے بات کرنے کے لئے رُکے کھڑے ہیں۔راستہ چھوڑ کر دوسری طرف روانہ ہوگیا۔یہ دیکھ کر امامؑ نے اپنا سفر شروع کر دیا لیکن مندرجہ بالا دونوں اسدی جوان چپکے سے نکلے اور اس شخص کا محتاط تعاقب کیا اور گویا اتفاق سے بلاکسی خاص ارادہ کے اس کے قریب جا پہنچے اور باتوں باتوں میں یہ معلوم کرلیا کہ حضرت مسلم اور ہانی علیہما السلام قتل ہو چکے، اُن کی لاشوں کو بازاروں میں گھسیٹا گیا ہے اور کوفہ کی ناکہ بندی کی گئی ہے۔آمد و رفت بند ہے اور یہ سب کچھ وہ شخص اپنی آنکھوں سے دیکھ کر آیا تھا۔یہ دونوں حضرات مسلمؑ اور امامؑ کے منصوبہ سے واقف تھے۔اور اس بات کو بہت ہی خطرناک سمجھے کہ مسلمؑ وہانیؑ کی شہادت مجمع عام میں امامؑ کو بتائی جائے۔لہٰذا منزل زبالہ پر پہنچ کر دونوں نے امامؑ سے تخلیہ کی درخواست کی تو امامؑ نے فرمایا کہ اِن حاضرین صحابہ سے کوئی راز نہیں رکھا گیا ہے، بلاتکلف بات کرو۔اُنہوں نے مذکورہ شخص کے تعاقب اور تفتیش کا حال ذکر کیا اور جناب مسلم وہانی علیہما السلام کی شہادت کی تفصیل سُنا دی تھی۔اور اپنی رائے دے دی تھی کہ ایسی صورت میں کوفہ جانے کی ضرورت نہیں ہے۔اسی منزل پر امامؑ نے اعلان فرمایا تھا کہ میرے ساتھ وہ لوگ رہیں جو میرے ساتھ قتل ہونے اور شہدا کی فہرست میں نام لکھوانے کے لئے تیار ہوں۔عبداللہ بن سلیم اسدی اور منذر بن مشمعل اسدی برابر امامؑ کے ساتھ ساتھ کربلا پہنچے اور پروانہ وار امامؑ اور اہل حرمؑ کے تحفظ و آسائش میں کوشاں رہے۔یہاں تک کہ دسویں محرم کو تین روز کے بھوکے پیاسے اوّلین حملوں میں باقی انصار کے ساتھ شانہ بشانہ جنگ کرتے ہوئے امام علیہ السلام پر قربان ہوگئے۔

(39/141)۔ **حضرت عمارہ بن عبید سلولی علیہ السلام**

آپ کوفہ کے قدیم باشندوں اور سرگرم جوانانِ شیعہ میں سے تھے۔یہ اُس دوسرے وفد میں امام حسین علیہ السلام کے پاس حاضر ہوئے تھے۔جس میں جناب قیسؓ بن مسہر صیداوی اور عبدالرحمٰنؓ بن عبداللہ اور حنظلہؓ اسدی شریک تھے اور جو کوفہ سے ترپن (53) درخواستیں لے کر چلا تھا۔اس وفد کے پہنچنے پر امامؑ نے جناب مسلم علیہ السلام کو اُن ہی کے ساتھ کوفہ بھیجا تھا۔چنانچہ یہ تمام حضرات، حضرت

مسلمؑ کے آگے پیچھے اور ساتھ ساتھ رہتے رہے۔ ہر مشکل اور ہنگامہ میں ثابت قدم رہے اور وہ جنگ بھی لڑے جس میں حضرت مسلم گرفتار وشہید ہوئے۔ بعدہ ابن زیاد کے انتظام سے بچ کر نکلے اور منزل ذوحسم کی راہ میں عبدالرحمٰن بن عبداللہ سمیت امامؑ کی قدمبوسی حاصل کی۔ کربلا تک آئے تمام معرکوں اور حملوں میں آخری سانس تک ساتھ دیا اور جنگ مغلوبہ میں شہید ہوئے۔

(39/142)۔ **جناب عقبہ بن سمعان علیہ السلام**

آپ امام حسین علیہ السلام کے منشی اور ریکارڈ کیپر (Record Keeper) تھے۔ مکہ میں حضورؑ کی ملازمت اور خدمت میں آئے۔ گردونواح سے آنے والے خطوط کو ترتیب وار رکھنا، امامؑ کو سُنانا اور جواب لکھنا آپ کی مخصوص ذمہ داری تھی۔ جب حُرؑ کے روبرو امامؑ نے اپنے آنے کی وجہ بیان کی اور بتایا کہ تمہارے شہر کے لوگوں نے مجھے بلایا ہے تو جناب عقبہ بن سمعان ہی کو آپؑ نے حکم دیا تھا کہ خطوط کا وہ تھیلا لاکر دکھاؤ جو کوفہ والوں کے خطوط سے بھرا ہوا ہے۔ جب جناب عقبہ نے حُرؑ کے سامنے وہ خطوط رکھے تو حُرؑ حیران رہ گیا اور کہا کہ میں اس تمام عملدرآمد سے ناواقف ہوں اور میرا اُن لوگوں سے کوئی رابطہ اور تعلق نہیں ہے۔

(39/143)۔ **ابوثمامہ عمرو بن عبداللہ بن کعب الصائد علیہ السلام**

آپ ہی نے میدان کارزار کی شدت میں امام علیہ السلام کے ساتھ نماز ظہر پڑھنے کی تمنا کی تھی۔ آپ ہی کی درخواست پر وہ نماز ادا کی گئی تھی جو دنیا میں مثالی اور یادگار نماز بن کر آگے بڑھتی اور ہر نمازی کو اُس کی پوزیشن دکھاتی چلی جارہی ہے۔ آپ ہی کوفہ میں جناب مسلمؑ کے لشکر کی ترتیب اور اسلحہ کی فراہمی اور زر اعانت جمع کرنے کے ذمہ دار تھے۔ آپ کوفہ میں ناکامی کے بعد نافع بن ہلال کے ساتھ چھپ کر نکلے اور امام علیہ السلام سے سفر کے دوران جاملے اور نماز ظہر ادا کرنے کے بعد حبیب ابن مظاہر علیہ السلام کے تحفظ کے لئے تعینات ہوئے اور اُن تک نہ پہنچ سکے بلکہ راستے میں گھیر لئے گئے اور بڑی سنسنی خیز جنگ کرتے اور بڑھتے رہے۔ باسٹھ شامیوں کو قتل کیا اور جب حبیبؑ ابن مظاہر کے قتل ہوجانے کا نعرہ سنا تو جنگی احتیاط ختم کرکے دودستی تلواریں مارتے ہوئے دشمن کی سپاہ میں ڈوب گئے اور بعد میں معلوم ہوا کہ آپ کو آپ ہی کے ایک ہم قبیلہ شخص نے دھوکہ سے قتل کردیا جو دشمن کی فوج میں شریک تھا۔

اناللّٰہ و انا الیہ رٰجعون۔ اللہ تمام محبان محمدؐ وآل محمدؐ کو اُن کے ساتھ شمار فرمائے آمین۔

(الف)۔ **انصاران حسین علیہم السلام کی پوزیشن پر چند اشارات**

اس دنیا کی تاریخ میں جس طرح امام حسین علیہ السلام کا مقام ومرتبہ اپنی مثال اور نظیر نہیں رکھتا۔ اُسی طرح اُن کے انصار کے مقابلہ میں نہ کسی نبیؐ ورسولؐ کے انصار لائے جاسکتے ہیں نہ کسی عالمی یا ملکی وقومی تحریک کے فداکار اُن کے روبرو سر بلند کرسکتے ہیں۔ 61 ہجری کے بعد کے تمام شجاعانِ اقوام عالم اور تمام فداکارانِ نوع انسان انصاران حسین علیہم السلام کے سامنے سرنیاز جھکانا باعث عزت وبرکت سمجھتے رہے ہیں۔ ذرا سوچئے کہ جن حضرات کو امام حسین علیہ السلام نے یہ سند دے دی ہو کہ تم اپنی وفاداری ثابت کرچکے ہو میں تمہیں آزادی دیتا ہوں۔ تم بھی چلے جاؤ اور میرے خاندان کے تمام افراد کو بھی لے جاؤ۔ تمہارے لئے وہ مرتبہ طے پاچکا ہے جو میرے

ساتھ اسلام پر قربان ہوچکنے کے بعد ملنے والا ہے۔تم یہاں سے نکل جاؤ تم سے کوئی مزاحمت نہ کرے گا۔اُن کو صرف میری بیعت یا میرا سَر درکار ہے۔لیکن اس اطمینان بخش بیان اور معصوم امامؑ زمانہ کی سند کے بعد بھی وہ نہیں جاتے اور آخری سانس تک نصرت امامؑ میں لیتے ہیں۔اُن کی آنکھوں کے رُوبرو مسکرا کر داعی اجل کو لبیک کہتے ہیں۔ یہ نظارہ اس آسمان کی آنکھوں نے صرف ایک دن دیکھا تھا۔ پھر یہ سوچئے کہ اگر اُن میں سے کوئی ایک یا سب کے سب چلے جاتے تو کیا اُنہیں وہ مرتبہ نہ ملتا جو شہادت کے بعد ملا؟ یقیناً وہ مرتبہ امامؑ کی سند اور رضامندی پر منحصر تھا اور ضرور ملنا تھا مگر وہ آنکھوں سے اوجھل ہونا پسند نہ کرتے تھے۔وہ نہ چاہتے تھے کہ گھٹیا قسم کے لوگ اُنہیں بزدل کہنے یا زندگی کو زیادہ پیارا سمجھنے والا کہنے کا موقعہ پا سکیں۔جیسا کہ ضحاک بن عبداللہ کے متعلق لوگوں کو موقعہ مل گیا تھا۔

(39/144)۔ **ضحاک بن عبداللہ علیہ السلام سے امام علیہ السلام کا وعدہ**

تاریخ طبری ایک ایسے مجاہد کا ذکر کرتی ہے جس نے امامؑ سے اپنی کسی ایسی ضرورت کا اظہار کیا تھا جو امامؑ اور اُنکے مابین بطور راز رہ گئی۔بہر حال امامؑ نے تو اپنے انصار کو بلا جنگ وجدل کئے ہی جانے کی اجازت دے رکھی تھی۔لہٰذا اُس مجاہد کو اجازت کیوں نہ دیتے جو تین دن سے سب کے ساتھ بھوکا پیاسا رہا ہو اور صبح سے لیکر وقت عصر تک برابر ہر حملہ میں تیغ زنی کرتا رہا ہو؟ طبری سے سنئے لکھا ہے کہ:۔

''ضحاک بن عبداللہ مشرقی نے جب دیکھا کہ انصار حسینؑ کام آگئے اور اب آپؑ اور آپ کے اہلبیتؑ پر دشمنوں کو دسترس حاصل ہوگئی ہے۔اور سوید بن عمرو خثعمی اور بشیر بن عمرو حضرمی کے سوا انصار میں کوئی (سوائے بنی ہاشم) باقی نہ رہا۔تو اُس نے آپؑ سے کہا کہ یا بن رسولؐ اللہ میں نے جو بات آپ سے کہی تھی۔وہ آپ کو معلوم ہے۔میں نے یہی کہا تھا کہ جب تک کسی شخص کو آپ کی طرف سے قتال (جنگ) کرتے ہوئے دیکھوں گا میں بھی قتال کئے جاؤں گا۔جب دیکھوں گا کہ اب کوئی (سوائے بنی ہاشم) لڑنے والا نہیں رہا۔تو میں بھی چلا جاؤں گا۔اس پر آپؑ نے فرمایا تھا کہ اچھا چلے جانا۔آپؑ نے جواب دیا تُو سچ کہتا ہے۔مگر اب کیوں کر جا سکتا ہے؟ اگر جا سکتا ہے تو نکل جا۔یہ سُن کر ضحاک۔۔۔اپنی گھوڑی کے پاس آیا۔اُس نے جب دیکھا کہ انصار حسینؑ کے گھوڑوں کو دشمن پے کر رہے ہیں تو اپنی گھوڑی کو اپنے رفیقوں کے ایک خیمہ میں جو سب کے بیچ میں تھا چھپا دیا تھا۔اور خود پیادہ جنگ میں مشغول تھا۔اُس نے اُس دن دو شخصوں کو قتل کیا تھا اور ایک کا ہاتھ اڑا دیا تھا۔آپؑ نے اُس کے لئے دعا کی تھی کہ تیرا ہاتھ کبھی شل نہ ہو۔خدا تیرے ہاتھ کو قطع نہ کرے۔(مسلسل لکھا ہے کہ)

(الف)۔ **ضحاک کو میدان جنگ سے جانے کی اجازت**

''غرض جب اُسے اجازت مل گئی تو اُس نے خیمہ سے گھوڑی کو نکالا اور اُس کی پیٹھ پر جا بیٹھا۔کوڑا مارا گھوڑی نے سموں پر بوجھ دیا ہی تھا کہ اُس نے گھوڑی کو لوگوں کے انبوہ پر ڈال دیا۔سب نے راستہ دے دیا۔اُن میں سے پندرہ شخصوں نے اس کا تعاقب کیا۔شطّ فرات پر ایک قریہ شقیہ قریب واقع تھا۔وہاں تک یہ جا پہنچا۔یہ لوگ بھی اس کے قریب پہنچ گئے تھے۔اب اُس نے مڑ کر اُن کی طرف دیکھا۔کثیر بن عبداللہ شعبی اور ایوب بن مشرح خیوانی اور قیس بن عبداللہ صائدی نے اُسے پہچان کر کہا کہ یہ تو ضحاک بن عبداللہ ہمارا ابن عم ہے۔خدا کے واسطے اُس پر ہاتھ نہ ڈالو۔اُن لوگوں میں تین شخص بنی تمیم سے تھے۔پکار اُٹھے واللہ ہم تو اپنے بھائیوں اور اپنے ساتھ

والوں کا کہنا کریں گے۔اُن کے ابن عم پر ہاتھ نہ ڈالیں گے۔ جب اُن تینوں تمیمیوں نے اُن تین شخصوں کے ساتھ اتفاق کیا تو اور لوگ بھی اُس کے تعاقب سے باز آئے اس طرح خدا نے اُسے بچالیا۔'' (ترجمہ طبری جلد چہارم صفحہ 290-289)

(ب)۔ انصارانِ حسین علیہم السلام کی دنیاوی وتاریخی پوزیشن

اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کی مسلمانوں کے نزدیک کوئی پوزیشن ہے تو امامؑ پر قربان ہونے والوں میں آٹھ صحابہ رسولؐ بھی تھے۔

(1) مسلمؓ بن عوسجہ (2) زاہرؓ بن عمرو اسلمی کندی (3) شبیبؓ بن عبداللہ مولیٰ ہمدان (4) عبدؓ الرحمٰن بن عبدرب انصاری خزرجی (5) عمارؓ بن ابی سلامہؓ دالانی (6) مسلمؓ بن کثیر صدفی (7) حبیبؓ بن مظاہر (8) انسؓ بن حارث اسدی۔

یہ سب حضرات قومی مذہب اور قومی حکومت کے مخالف اور امام حسینؑ کے مذہب سے ہم آہنگ تھے۔ اور حسینیؑ مشن پر آزادانہ نثار ہوگئے۔ اِسکے برعکس قومی حکومت کے طرفداروں میں بھی اگر صحابہ تھے تو وہ حسینؑ کے دشمن تھے۔ پھر یہ سوچئے کہ انتقال رسولؐ سے لیکر کربلا کے زمانہ تک پچاس سال کا زمانہ گزر چکا تھا۔ اسلئے اِن آٹھ حضرات میں کوئی بھی پچپن یا ساٹھ سال عمر سے کم کا شخص نہیں ہوسکتا۔ اس سے زیادہ عمر کے لوگوں میں انس بن حارث، عبدالرحمٰن بن عبدرب، حبیب بن مظاہر، مسلم بن عوسجہ اور سوید بن عمرو خثعمی بھی تھے۔ لہٰذا ان عمر رسیدہ اور جہاں دیدہ صحابہ کی موجودگی ثابت کرتی ہے کہ یہ جنگ اور یہ قربانیاں کسی غلط فہمی اور دنیاوی جذبات کا نتیجہ نہ تھیں۔

(ج)۔ انصارانِ حسین علیہم السلام میں حضرت علیؑ کے صحابہ علیہم السلام

وہ حضرات جو اسلام کے مرتضویؑ تصور اور خلافت الٰہیہ پر ایمان رکھتے تھے اور قومی حکومت کو دینی حکومت نہ سمجھتے تھے۔ اور جنہوں نے حضرت عائشہ، حضرت طلحہ اور حضرت زبیر اور حضرت معاویہ وعمرو عاص وغیرہ کے مقابلہ میں تلوار اُٹھائی اور اُن کے تصور مذہبی کو باطل ٹھہرا کر اُن کو شکست دی۔

(1) عبدؓ اللہ بن عمیر کلبی (2) مجمعؓ بن عبداللہ مذحجی (3) جنادؓہ بن حارث سلمانی (4) جندبؓ بن حجیر کندی (5) امیہؓ بن سعد طائی (6) جبلہؓ بن علی شیبانی (7) حارثؓ بن نبہان (8) حلاسؓ بن عمرو ازدی (9) شبیبؓ بن عبداللہ نھشلی (10) قاسطؓ بن زہیر تغلبی (11) کردوّسؓ بن زہیر تغلبی (12) مقسطؓ بن زہیر تغلبی (13) نعماؓن بن عمرو ازدی (14) نعیمؓ بن عجلان انصاری (15) ابوثماؓمہ صائدی (16) شوذبؓ بن عبداللہ (17) جونؓ غلام ابوذرؓ غفاری (18) حجاجؓ بن مسروق جعفی (19) سعدؓ بن حارث (20) یزیدؓ بن مغفل جعفی (21) عمرؓ بن جندب حضرمی۔ یہ حضرات علوم آل محمدؐ کے ورثہ دار اور اسلام کے حقیقی فلسفے پر مطلع تھے۔

(د)۔ انصارانِ حسین علیہم السلام میں حافظانِ قرآن کریم

(1) بریر بن خضیر ہمدانی جو سید القراء کے لقب سے مشہور اور معلم قرآن تھے۔ (2) عبدالرحمٰن بن عبدرب انصاری (3) کنانہ بن عتیق تغلبی (4) نافع بن ہلال البجلی (5) حنظلہ بن اسعد شبامی (6) غلام ترکی اُضحی۔

(ہ)۔ انصارانِ حسین علیہم السلام میں راویانِ حدیث

(1) مسلم بن عوسجہ (2) حبشہ بن قیس نہمی (3) زاہر بن عمرو اسلمی (4) سوار بن ابی عمیر نہمی (5) عبدالرحمٰن بن عبدرب انصاری (6) حبیب بن مظاہر اسدی (7) نافع بن ہلال (8) شوذب بن عبداللہ (9) انس بن حارث اسدی

(و)۔ انصارانِ حسین علیہم السلام کی دیگر خصوصیات

اُن میں جذبہ خدا پرستی اور راست کرداری اپنے انتہائی مقام تک پہنچا ہوا تھا۔ وہ سب دین پر دنیا و مافیھا کو قربان کرنے میں نجات سمجھتے تھے۔ وہ سب اپنے امامؑ کو اللہ کا حقیقی نمائندہ اور جانشین سمجھ کر اطاعت کرتے تھے۔ وہ سب حکومت اور حکومت کی مادی قوت قاہرہ کو ہیچ سمجھتے تھے۔ انہیں اپنے حق پر ہونے میں ذرہ برابر شک وشُبہ نہ تھا۔ اُن سب کے قلوب کا اللہ کی طرف سے امتحان ہو چکا تھا۔ وہ سب جنت وجہنم وحقائق کائنات کو بے حجابانہ سامنے دیکھ رہے تھے۔ اُن سب میں حسینیؑ روح کام کر رہی تھی۔ اُن سب کے دل ایک ساتھ دھڑکتے تھے۔ نبضیں مل کر چلتی تھیں۔ وہ سب حسینیؑ مشن کی مشین کے موزوں ترین پرزے تھے۔ اُن سب کو اللہ و امامؑ نے عصمت صغریٰ کے درجہ تک بلند کر دیا تھا۔ اُن سے غلطی اور غلط فہمی کی نفی کر دی گئی تھی۔ تلوار اور نیزہ، برچھیاں اور تیر اُنہیں دکھ پہنچانے سے قاصر تھے۔ وہ سب موت کو دائمی حیات سمجھ کر اُس کو دعوت دے رہے تھے۔ وہ سب موت کے مُتمنی تھے اور موت پر ایک دوسرے کو مبارکباد دیتے تھے۔ وہ سب ایک سیکنڈ زندہ نہ رہنا چاہتے تھے۔ مگر اذنِ امامؑ لازم سمجھتے تھے۔ وہ سب عاشقان خدا اور سولؐ تھے۔ وہ آل رسوؐل کو اپنا نجات دہندہ اور مالک ومختار سمجھتے تھے۔ نزول قرآن کے بعد قرآن کے معیار کے مطابق حقیقی مومن وہی اور صرف وہی تھے۔ (توبہ 9/24) (39/145-146)۔ **حضرات حُرؑ اور حبیبؑ ابن مظاہر کے غلام علیہم السلام**

ہمارے سِن وسال کے حضرات جانتے اور بزرگوں سے سنتے چلے آئے ہیں کہ حبیبؑ ابن مظاہر کے ساتھ بھی اُن کا غلام اور بھائی آئے تھے۔ اِسی طرح جناب حُرؑ کے ساتھ اُن کا غلام بھی کربلا میں شہید ہوا تھا۔ لیکن سرکاری دستِ شفقت برابر شیعہ افراد وآثار پر پھرتا رہا۔ اُدھر اُن کا روپیہ اور سرمایہ گردش میں رہا جس نے بولنے والوں کی زبانوں اور لکھنے والوں کے قلموں کو گردش سے باز رکھا۔ یُوں رفتہ رفتہ مظلوموں کی تعداد اور نام ونشان کو پوشیدہ کر دیا گیا۔ مومنین دیکھ رہے ہیں کہ آج بھی وہ زبانیں اور وہ قلم بِکے ہوئے ہیں جن سے ملت شیعہ کا تحفظ وابستہ ہے۔

40۔ کربلا میں خانوادہ نبوؐت کی شہادت اور قربانیاں

علامہ دربندی رضی اللہ عنہ انصارانِ حسین علیہ السلام کا ذکر ختم کر کے لکھتے ہیں کہ:۔

وفی الملهوف وجعل اصحاب الحسین علیه السلام یسارعون اِلَی القتل بین یدیه وکانوا کماقیل: قَوْمٌ اذانُوْدُوْا الدَّفع مُلِمَّةَ۔والخیل بین مُدَعَس ومکردس۔لَبِسوا القلوب علی الدروح واقبلوا۔یتهافتون اِلٰی ذهاب الانفس۔وفی البحار لما قُتِلَ اصحاب الحسینؑ و لم یبق الّا اهلبیته وهم ولد علیؑ وولد جعفرؑ وولد عقیلؑ وولد الحسنؑ وولده علیهم السلام۔اجتمعوا یودّع بعضهم بعضًا۔(اکسیر العبادات فی اسرار الشهادات صفحہ 278)

کتاب ملھوف میں ہے کہ آخر اصحاب حسین علیہ السلام نے امامؑ کے سامنے جلدی جلدی قتل ہو جانے پر کمر باندھ لی اور وہ صورتحال ہوگئی جیسا کہ کہا گیا ہے کہ: اصحاب حسینؑ کا گروہ ایسی قوم کا معاملہ معلوم ہو رہا تھا جسے کسی منزل کی طرف روانگی کیلئے جلدی جلدی سامان جمع کرنے کا حکم دے دیا گیا ہو اور وہ قوم چاروں طرف سے برچھیوں، نیزوں اور سواروں میں گھری ہوئی ہو۔ جس نے قافلہ سالاؑر کے حکم کی تعمیل میں اپنے قلب وجگر اپنی زِرہوں پر اوڑھ کر جان سپاری کیلئے ایک دوسرے کو دھکیل کر خود بڑھنا شروع کر دیا ہو۔ اور کتاب بحارالانوار میں لکھا گیا ہے کہ جب تمام انصاران حسین علیہم السلام قتل ہو چکے اور اولا دعلیؑ مرتضیٰ و اولا د حسنؑ مجتبیٰ اور اولا د جعفرؑ طیار اور اولا د عقیلؑ اور اولا د حسینؑ کے علاوہ کوئی مددگار نہ رہا تو خانوادہ نبوّت کے یہ تمام چھوٹے بڑے حضرات ایک جگہ جمع ہوئے۔ اور آپس میں ایک دوسرے سے وہ باتیں کیں جو مرنے والے لوگوں کے دلوں کو ہلکا کر دیتی ہیں۔ ایک دوسرے سے بغل گیر ہو کر رخصت ہوئے۔

اہل حرّم کو اپنی اپنی وصیت کی، کوتاہیوں کو نظر انداز کرنے کی التجا کی، مدینہ والوں کو پیغامات دیئے۔ اس موقع پر حضرت صغریٰ علیہا السلام کو کون فراموش کر سکتا تھا؟ کون تھا جو علی اصغر علیہ السلام کو گود میں لینا اور پیار کرنا بھول جاتا؟ حضرت سکینہ علیہا السلام تو خود ہی چلتی پھرتی سوالات کی بولتی چالتی تصویر تھیں۔ اُن کو اطمینان دلا کر خوش کر دینا بڑا مشکل اور نفسیاتی مسئلہ تھا۔ بہر حال سب طرف سے فارغ ہو کر اولا د رسولؐ امامؑ کے سامنے صف بستہ کھڑی ہوگئی۔ امام علیہ السلام نے آنسوؤں سے لبریز نظر ڈالی بارگاہ خداوندی میں سب کو پیش کیا۔

(1)۔ جناب عبداللہ بن مسلم بن عقیل علیہم السلام

آپکی والدہ جناب رقیہؑ بنت علیؑ بن ابی طالبؑ تھیں۔ یعنی عبداللہ امامؑ کے بھانجے بھی تھے اور بھتیجے بھی۔ اُنکے والد مسلمؑ بن عقیلؑ کربلا کے شہدا کی تمہید تھے۔ لہٰذا خاندانی وراثت کی حیثیت سے اولا د ابی طالبؑ میں اب پہلا نمبر حضرت مُسلمؑ کی اولا د کا حق تھا۔

قال ابومخنف وبرز عبد اللّٰہ بن مسلم بن عقیل فوقف بازآء الحسینؑ۔ ثمّ قال یا سیدی ائذن لِی بالبراز؟ فقال علیه السلام کفاک وکفٰی اهلک مِن القتل والثکل وقال مِمَّاهم فیه۔ فقال یاعمَّ بِایِّ وجه القی اللّٰہ سبحانه وقد استلمت سیدی ومولای؟ واللّٰہ لاکان ذلک ابدًا۔ ثُمَّ انشاء ویقول: نحن بنوهاشم الکرام۔ نحمی عن ابن السید الامام۔ نسل علی الاسد الضرغام۔ سبط النبیِّ المصطفٰی التهامی۔ ثُمَّ حمل عَلَی القوم فقتل منهم خلقًا کثیرًا (فقاتل حتی قتل ثمانیة وتسعین رجلًا فی ثلاث حملات علامه محمد بن ابی طالب) فرماه رجل مِن المعاندین بسهم فقتله وعجل اللّٰہ بروحه اِلَی الجنة (فوضع عبد اللّٰہ یده علٰی جبهة یتّقیه فاصاب السهم کفّه ونفذ الی جبهته فسمرها به فلم یستطع تحریکها ثم انتحی برمحه فطعنه فی قلبه فقتله عمروبن صبیح کتاب الارشاد) فَلَمَّا نظر الحسینؑ الٰی ذلک اقبل الیه وکشفهم عنهُ وحملهٗ علٰی جواده واقبل به الَی الخیمة فطرحه فیها ثُمَّ رجع اِلٰی اصحابه و قال یاقوم احملوا بارک اللّٰہ فیکم وبادروا الَی الجنة ودار الامان خیرٌ من دارالهوان۔ (اکسیر صفحہ 279)

چنانچہ جناب عبداللہ آگے بڑھے اور کوئی مانع نہ ہوا۔ امامؑ کے سامنے سر جھکا کر کھڑے ہوگئے۔ اور عرض کیا کہ اے میرے سید و مولاؑ میں حاضر ہوں مجھے میدان و مقابلہ کی اجازت مرحمت فرمائیں؟ امام علیہ السلام نے فرمایا کہ بیٹے تمہیں اور تمہارے گھر والوں کیلئے حضرت مسلمؑ کا قتل اور صدمہ کافی ہے۔ اب تمہیں میدان جنگ میں جانے کی ضرورت نہیں۔ تمہارا مقام بلند ہو چکا ہے۔ حضرت عبدؑاللہ نے عرض کیا کہ حضورؐ میں اللہ کو کیسے مُنہ دکھاؤں گا جب کہ میں اپنے سردار و مولاؑ کو کھنچی ہوئی تلواروں میں چھوڑ دوں۔ قسم بخدا یہ

بات تو ہم سے ہو ہی نہیں سکتی۔ یہ کہہ کر امامؑ کو خوش و رضا مند کیا کہ جناب ہم تو بنی ہاشم کی غیور و معزز اولاد ہیں۔علیؑ جیسے غضبناک شیر کی نسل سے ہیں اور محمدؐ مصطفیٰ کے نواسے کی حمایت اگر اولادِ امامؑ نہ کریگی تو اور کون کریگا۔اسکے بعد ایک تباہ کن حملہ کیا اور لاشوں کے ڈھیر لگا دیئے اسی طرح تین حملے کئے اور اٹھانوے دشمنوں کو تہہ تیغ کیا تھا کہ ماتھے سے پسینہ صاف کرنے کو ہاتھ پھرایا اور اُدھر عمر بن صبیح نے ایک تیر چھوڑا جس سے ہاتھ پیشانی کے ساتھ بندھ کر رہ گیا۔ بہت کوشش کی کہ تیر نکال دیں لیکن ممکن نہ ہوا۔ ساتھ ہی ایک دوسرا تیر سینے پر لگا جو دل کے پار نکل گیا اور اُن کی روح کو جنت میں لیجانے کیلئے اللہ نے بھی عجلت کی۔ امامؑ نے یہ دیکھ کر دشمن کی افواج پر حملہ کیا۔ جب دشمن بھاگ کھڑے ہوئے تو آپؑ نے عبداللہ کی لاش کو اپنے گھوڑے پر اٹھایا اور خیام میں آئے اور لاشہ کو لٹا کر اپنے صحابہؓ سے کہا کہ یہ لو اسے بھی سنبھالو۔ اللہ تمہیں برکت عطا کرے اور جنت میں لے جائے۔ دنیا کے ذلت آمیز گھر سے جنت ایسا پُر اَمن مقام کہیں بہتر ہے۔

(2)۔ محمد بن مسلم علیہما السلام

وفی البحار محمدؑ بن مسلم بن عقیل امّه ام الولد قتله فیما رویناه عن ابی جعفرؑ ابو جرهم الازدی ولقیط بن ایاس الجهنی (اکسیر صفحہ 279)۔ یہ دوسری والدہ سے عبداللہ کے بھائی تھے۔ آپ بھی حضرت عبداللہ علیہ السلام کے قتل ہو کر گرنے پر حملہ آور ہوئے تھے تا کہ بھائی کی لاش اٹھالائیں۔ لیکن چاروں طرف سے تیر بارانی ہوئی اور ابو جرہم ازدی ولقیط بن ایاس جہنی ملاعین کے تیر کارگر ہوئے اور آپ شہید ہو گئے۔ غالباً یہیں سے یہ طے پایا ہو گا کہ لاشوں کو اٹھانے کیلئے امام علیہ السلام خود جائینگے یا خود نام تجویز فرمائیں گے۔

(3)۔ جناب احمد بن مسلم بن عقیل علیہم السلام

فاستاذن من الحسینؑ للبراز فاذن له فبرز وهو یقول: اطلب ثار مسلم مِن جمعکم ۔یاشرّقوم ظالمین فسقة ۔اضربکم بصارم ذی رونق۔ضرب غلام صادق مِن صدقة ۔انثنی عمن لقانی ناکصًا ۔ولم اکُنُ مِمَّن یحب الشفقة۔کم جاحد لمّا التقانی فی الوغا ۔ صیّرته کَاللَّبنة المفلّقة ۔ قال ثم حمل عَلَی القوم ولم یزل یضرب رجلًا بعد رجل حتی قتل خلقًا کثیرًا فبینما هو یقاتل اذ اتاه سهم فاستشهد امام الحسین علیه السلام۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 261)

جناب احمدؑ بن مسلمؑ امام حسینؑ سے اجازت لے کر میدان میں تشریف لائے اور یہ کہتے ہوئے دشمنانِ دین پر حملہ کر دیا کہ میں آج تم سب سے اپنے والد مسلمؑ بن عقیل کا انتقام لوں گا۔اے ظالم و فاسق اور دنیا کی شریر ترین قوم۔ میں تمہیں زیروزبر کرنے والی تلوار کی ضربیں لگاؤں گا۔ وہ ضربیں لگاؤں گا جو حق پسند گروہ کا حق پرور جوان لگایا کرتا ہے۔ مجھے جو بھی عہد شکن ملے گا اُسے کاٹ کر دوہرا کر دوں گا۔ میں ذرہ برابر ایسے لوگوں پر رحم و شفقت نہ کروں گا۔ چنانچہ اگر کوئی ضدی اور سرکش مجھ سے ملاقات کرے گا میں اُسے پھٹے ہوئے دودھ کی طرح بنا کر پھینک دوں گا۔ راوی نے کہا کہ انہوں نے اس طرح حملے کئے کہ آدمی پر آدمی گراتے چلے گئے اور ایک کثیر مخلوق کو قتل کر ڈالا۔ وہ اسی انہماک سے لوگوں کو تہہ تیغ کر رہے تھے کہ اچانک ایک تیر آ کر لگا اور آپ امامؑ کے سامنے شہید ہو گئے۔

(4)۔ عبیداللہ بن مسلم بن عقیل علیہم السلام

وقال صدوقؒ فی امالیه وبرز عبید الله بن مسلم بن عقیل وانشاء یقول: اقسمتُ لَا اقتل الاحُرًا ۔وقد وجدت الموت شیئًا مُرًّا ۔

اکرہ اَن ادعی جیانًا فَرّا۔ان الجبان من عصاوفرّا۔ فقتل منهم ثلثة عشر رجلًا ثم قُتِلَ رحمة اللّٰه علیه ۔(اکسیرالعبادات صفحہ 279)

جناب علامہ صدوق رضی اللہ عنہ نے اپنی امالی میں لکھا ہے کہ پھر جناب عبیداللہ بن مسلم بن عقیل نے یہ کہتے ہوئے حملہ کیا کہ میں قسمیہ کہتا ہوں کہ میں صرف آزاد بہادروں کو قتل کروں گا۔ مجھے موت صرف اُس حالت میں کڑوی اور ناگوار ہے جب کہ میں اُسے بھاگتے ہوئے یا بزدلی کی حالت میں دعوت دوں۔ یقیناً میدان جنگ سے بھاگ جانا یا گناہ کرنا حقیقی بزدلی ہے۔اور یزیدی فوج کے تیرہ آدمی قتل کرڈالے اوراس کے بعد شہید ہوگئے۔اللہ اُن پر رحمت کرے۔

(5)۔ حضرت جعفر بن عقیل علیهما السلام

وفی البحار قال محمد بن ابیطالب وغیرهم ثم خرج مِن بعده جعفر بن عقیل وهو یرتجز ویقول: اناغلام الابطحی الطالبی۔مِن معشر فی هاشم وغالب۔ونحن حقًا سادة الذوائب۔ هذا حسیؑن اطیب الاطائب۔ من عترة البرّ ا لتقی العاقب۔ قال ابومخنف وهو یقول: یامعشر الکهول والشبان ۔اضربکم بالسیف والسنان ۔ارضی بذاک خالق الانسان۔ ثم رسولؐ الملک الدیّان۔ ثُمَّ حمل عَلَی القوم ولم یزل یقاتل حتی قتل من القوم خمسة واربعین رجلًا ۔ ثم قتله بشر بن سوط الهمدانی لعنة اللّٰه علیه۔ (اکسیرالعبادات فی اسرارالشہادات صفحہ 279)

علامہ محمد بن ابیطالب وغیرہ علما نے لکھا ہے کہ پھر جناب جعفرؑ بن عقیل میدان میں نکلے اور یہ بتاتے ہوئے حملہ آور ہوئے کہ میں حضرات ہاشم اور غالب کے خاندان کا جوان ہوں جو بطحٰی ومکہ کے سردار تھے۔اور ہم تمام قبائل واقوام کے سردار ہیں اور یہ حسینؑ تو پاکیزگی میں سب سے ہی بڑھ کر ہیں۔ بقول ابومخنف دشمنان اسلام سے یہ بھی کہا کہ اے عمر رسیدہ اور جوانو! تم دونوں خبردار ہوجاؤ میں تم کو بلاتکلف تلوار اور برچھیوں سے قتل کروں گا تاکہ میں انسانوں کے خالق اور تمام ادیان کے مالک رسولؐ کو خوش کرسکوں۔حملہ کرتے کرتے پینتالیس (45) ملاعین کوواصل جہنم کیا اورانہیں بشر بن سوط ہمدانی ملعون نے دھوکے سے شہید کردیا۔

(6)۔ جناب عبدالرحمٰن بن عقیل علیهما السلام

وفی البحار ثم خرج من بعده اخوه عبدالرحمٰن بن عقیل وهویقول:ابی عقیل فاعرفوا مکانی ۔ مِن هاشم وهاشم اخوانی ۔کهول صدق سادة الاخوانی ۔هذا حسیؑن شامخ البنیان ۔وسید الشیب مع الشبان۔ فقتل سبعته عشر فارسًا ثم قتله عثمان بن خالد الجهنی۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 279)

کتاب بحار میں ہے کہ اُن کے بعد اُن کا بھائی عبدالرحمٰنؑ بن عقیلؑ میدان جنگ میں آئے اوراعلان کیا کہ میرا والد عقیل ہے۔تم میرے مقام بلند سے واقف ہوجاؤ۔ میں ہاشمی ہوں اور میرے ہاشمی بھائی حقیقی سید وسردار ہیں۔اور یہ حسینؑ توعظیم ترین بنیاد ہیں۔اور تمام پیرو جوان کے سردار ہیں۔اتنی مسلسل اورشدید جنگ کی کہ سترہ (17) ملاعین کوقتل کیا۔عثمان بن خالد جہنی نے اچانک تیر مار کرشہید کیا تھا۔

(7)۔حضرات عبدؑاللہ بن عقیلؑ (8)۔عبدؑاللہ اکبر بن عقیلؑ اور (9)۔محمدؑ بن ابی سعید بن عقیلؑ (10)۔جعفرؑ بن محمدؑ بن عقیلؑ۔ (11)۔ علی بن عقیل علیهم السلام

وقال ابوالفرج وعبد اللّٰه بن عقیل بن ابی طالبؑ اُمّه ام الولد قتله عثمان بن خالد الجهنی وقال ابوالفرج وبشر بن

حوط الفایضی فیماذکرہ المدائنی عثمان بن خالد جھنی ورجلٌ من ھمدان ومحمدبن ابی سعید بن عقیل امّہ ام الولد قتلہ لقیط بن یاسر الجھنی رماہ بسھم فیما روینا ہ عن المدائنی عن ابی مخنف عن سلیمان بن ابی راشد عن حمید بن مسلم وذکر محمد بن علی ابن ابی حمزۃ انہ قتل معہ جعفر بن محمد بن عقیل وذکر ا یضًا اِنَّ علی بن عقیل اُمّہ ام الولد قتل یومئذٍ ۔‘‘
(اکسیرالعبادات صفحہ 279)(حالات میں ترجمہ بحار صفحہ 240-239 حصہ اوّل)

’’**ترجمہ جزائری**‘‘: ’’اُنکے بعد عبداللہ پسر عقیل بروایت ابوالفرج ماں اُن کی خادمہ تھیں معرکہ قتال میں آئے اور ایک جماعت کو قتل کیا۔پس بروایت حمید بن مسلم ضربت عثمان بن جھنی اور بشیر ابن حوط فایضی سے شہادت پائی۔ بروایت مدائنی اُن کے بعد عبداللہ اکبر ابن عقیل ابن ابی طالبؑ میدان کارزار میں آئے اُن کی ماں کنیز تھیں۔اور ضربت عثمان بن خالد جھنی اور ایک اور شخص ہمدانی سے شربت شہادت نوش فرمایا۔ پھر بروایت حمید بن مسلم محمدؓ پسر ابی سعید ابن عقیل میدان میں آئے اُن کی ماں بھی ام الولد تھیں اور اعدا میں سے ایک گروہ کو قتل کرنے کے بعد لقیط بن یاسر جھنی کے تیر سے شہید ہوئے۔محمد بن علی بن حمزہ نے روایت کی ہے کہ جعفرؓ بن محمدؓ بن عقیل بھی کربلا میں سعادت شہادت پر فائز ہوئے۔محمد بن علی بن حمزہ نے عقیل بن عبداللہ سے روایت کی ہے کہ علیؓ پسر عقیل بھی صحرائے کربلا میں شہید ہوئے۔اُن کی ماں بھی کنیز تھیں۔

(12)۔ جناب محمد بن عبداللہ بن جعفر طیار علیھم السلام

اِنکی والدہ کا نام **خوصاء** بنت حفصہ بن ثقیف جو قبیلہ بنی بکر بن وائل سے تھیں۔ یہ حضرت اور اُن کے بھائی حضرت عون جو جناب زینب علیہا السلام سے تھے۔دونوں کو جناب عبدؓاللہ بن جعفرؓ طیار نے امام کے ساتھ روانہ کیا تھا۔

وفی البحار ثم قالوا وخرج مِن بعدہ محمدٌ بن عبد اللّٰہ بن جعفر بن ابی طالبٌ وھویقول: نشکو ا لی اللّٰہ مِن العد وان ۔ فقال قوم فی الردّی عمیان ۔قد ترکوامعالم القران ۔ومحکم التّنزیل والتّبیان ۔واظھر واالکفر والطغیان ۔ثم قاتل حتی قتل عشرۃ انفس ثم قتلہ عامر بن نھشل التمیمی۔ (اکسیرالعبادات صفحہ 279)

کتاب بحارالانوار میں ہے کہ پھر جناب محمد بن عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب علیھم السلام یہ کہتے ہوئے میدان میں نکلے کہ ہم ان لوگوں کی زیادتیوں کا شکوہ اللہ کے حضور پیش کرتے ہیں ۔ یقیناً ان لوگوں نے تعلیمات قرآن کو ترک کر دیا ہے (فرقان 25/30) قرآن کے واضح اور بے لچک بیانات کو اور اُن کے مقاصد کی مخالفت اور اللہ و رسوؐل سے سرکشی کی ہے (فرقان 31-25/27) اور جنگ کے دوران دس ملاعین کو قتل کیا۔آخر میں عامر بن نہشل تمیمی کے ہاتھ سے شہادت پائی۔

(13)۔ جناب عون بن عبداللہ جعفر طیار علیھم السلام

آپ کی والدہ گرامی جناب زینب علیہا السلام ہیں ۔ چنانچہ آپ امام علیہ السلام کے بھتیجے بھی تھے اور بھانجے بھی تھے ۔ جناب محمدؓ کو بھی حضرت زینبؑ ہی نے پرورش کیا تھا۔اس لئے انہیں بھی حضرت زینبؑ کا بیٹا کہا جاتا تھا۔دونوں بھائیوں میں محبت و یگانگت بھی مثالی تھی۔

ثم خرج مِن بعدہ عون بن عبدؐ اللّٰہ بن جعفرٌ وھویقول: اِن تنکرونی فانا ابن جعفر۔ شھید صدق فی الجنان اظھر۔ یطیر فیھا بجناح اخضر۔کفٰی بھٰذا شرفًا فی المحشر۔ثم قاتل حتی قتل من القوم ثلثۃ فوارس ثمانیہ عشر راجلًا۔ثم قتلہ عبد اللّٰہ

بن بطة الطائی۔(اکسیرالعبادات صفحہ 280)

پھراُن کے بعد جناب عون بن عبداللہ بن جعفر یہ فرماتے ہوئے میدان جنگ میں نکلے کہ اگر تم مجھے نہیں جانتے تو پہچان لو کہ میں جعفرؑ کا پوتا ہوں جس نے حق پرستی میں شہادت کا درجہ حاصل کیا اور ساری دنیا سے پہلے آج بھی جنت میں سبز پروں سے پرواز کرتے ہیں۔ ہمیں قیامت میں اتنا ہی فخر کافی تھا۔اس کے بعد یہاں تک جنگ کی کہ تین سواروں اور اٹھارہ پیادوں کو واصل جہنم کیا اور عبداللہ ابن بطہ کے ہاتھوں شہید ہوئے۔

(14)۔ جناب عبداللہ ابوبکر بن علی بن ابی طالب علیہم السلام

فاوّل مَنْ خرج مِن ولد علیؑ ابی بکر بن علیؑ واسمه عبید اللّٰه واُمّه لیلٰی بنت مسعود بن خالد بن ربعی التمیمية فتقدم وهو یرتجز : شیخی علیؑ ذوالفخار الاطول۔ من هاشم الصدق الکریم االمفضّل ۔ هذا حسینؑ ابن النبیؐ المرسل۔ عنه نحامی بالحسام المصقل۔ نفدیه نفس من اخ مبجّل ۔ فلم یزل یقاتل حتی قتله زجر بن بحر النخعی وقیل عبد اللّٰه بن عقبه غنوی۔(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 280)

آپ کا نام عبداللہ عرفیت ابوبکر تھی۔مادرگرامی لیلیٰ دختر مسعود بن خالد تمیمی تھیں۔امامؑ سے جہاد کی اجازت لیکر میدان کارزار میں آئے اور یہ کہتے ہوئے فوج اشقیا پر حملہ کردیا: میرے بزرگ علیؑ ہیں۔جن پر فخر کرنے کیلئے لامحدود فضائل ہیں اور وہ خود ہاشمی ہیں جہاں حق وصداقت اور بزرگی جمع ہوکر رہ گئی ہے۔اور یہ حسینؑ نبی مرسلؐ کے بیٹے ہیں۔ہم اُن ہی کا دفاع تلواروں سے کر رہے ہیں۔ہم اپنے اس معزز بھائی پر اپنی جان قربان کرنے پر تُلے ہوئے ہیں۔ یہ اشعار پڑھتے جاتے تھے اور سامنے آنے والے دُشمنانِ اہلبیتؑ کا صفایا کرتے جارہے تھے کہ اچانک زجر بن بحر نخعی نے یا بقول دیگر عبداللہ بن عقبہ غنوی نے حملہ کیا اور آپ جنت کو سدھار گئے۔

(15)۔ جناب عمر بن علی بن ابیطالب علیہم السلام

ثُمَّ بَرَزَ مِن بعده اخوه عمر بن علیؑ و هویقول: اضربکم ولا ارَیٰ فیکم زجر۔ ذاک الشقی بالنبیؐ قدکفر۔یازجر یازجر تدانی مِن عمر۔ لَعلّک الیوم تبوء من سقر۔ شرمکان فی حریق وسعر۔ لانک الجاحد یاشرالبشر۔ ثمَّ حمل علٰی زجر قاتل اخیه فقتله و استقبل القوم وجعل یضرب بسیفه ضربًا منکرًا وهو یقول: خلّوا عداة اللّٰه خلّوامِن عمر ۔خلّوا عن اللیث العبوس المکفهر۔ یضربکم بسیفه ولا یفرّ۔ ولیس فیها کاالجبان المنحجر۔ فلم یزل یقاتل حتّٰی قُتِلَ۔ (اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 280)

آپ جناب عبداللہ کے ماں جائے بھائی تھے۔اپنے بھائی کی شہادت کے بعد میدان میں نکلے اور یہ کہتے ہوئے یزیدی فوج پر حملہ کردیا کہ میں تمہیں اس وقت تک مارتا رہوں گا جب تک میں زجر بن بحر کو نہ دیکھ لوں۔ وہ ایسا بدنصیب ہے کہ اُس نے نبیؐ پر دست درازی کر کے کفر اختیار کرلیا ہے۔اوزجر،اوملعون زجر،تو کہاں ہے ذرا عمر کے پاس آجا کہ تجھے جہنم میں پہنچادوں۔تُو تو بڑا سرکش بنتا ہے اور تمام انسانوں سے بڑھ کر مفسدہ پرداز ہے۔آجا تا کہ تجھے تیرے شایان شان جلا ڈالنے والے مکان میں پہنچا کر چھوڑوں۔ پھر زجر کو ڈھونڈھ کر اپنے بھائی کے انتقام میں قتل کردیا۔اور اس کے بعد افواج عمر سعد پر یکسوئی سے حملہ کیا۔اُس حملہ میں بھی کہتے جاتے تھے کہ اے دشمنان خدا عمر کے سامنے سے ہٹ جاؤ ہٹ جاؤ ایک پھاڑ کھانے والے شیر کے سامنے سے بھاگ جاؤ۔وہ تمہیں اپنی تلوار سے

ٹکڑے ٹکڑے کریگا بھاگے گانہیں۔ اس میں میدان سے بھاگنے والی بزدلی نہیں ہے۔ اسی طرح بدترین مار دیتے دیتے شہید ہو گئے۔

(16)۔ جناب عثمان بن علی حضرت عباس کے ماں جائے بھائی علیہم السلام

ثُمَّ برزمن بعده اخوه عثمان بن علیؑ وامه امّ البنین بنت الخرام بن خالد مِن بنی کلاب وهویقول: اِنّی انا عثمان ذوالمفاخر ۔ شیخی علیؑ ذوالفعال الظاهر۔ وابن عمّ النبیؐ الطاهر۔ اخی حسینؑ خیرة الاخائیر ۔ وسید الکبار والا صاغر ۔بعد الرسوؐل والوصی الناصر۔ فرماه خولی بن یزید الاصبحی علٰی جبینه فسقط عن فرسه۔وقیل قُتِلَ عثمان بن علیؑ وهو ابن احدی وعشرین سنة وعن علیؑ انّما سَمَّیتُهُ باسم عثمان بن مظعون۔(اکسیرالعبادات صفحہ 280)

پھر اپنے بھائی کے بعد جناب عثمان بن علیؑ میدان جنگ میں نکلے۔ اُن کی والدہ کا نام اُم البنین بنت الحزام بن خالد تھا۔ جو بنی کلاب کے بہادر قبیلے سے تھے۔ وہ یہ کہتے ہوئے حملہ آور ہوئے کہ میں عثمان ہوں۔ طرح طرح کے فخر میرے ساتھ وابستہ ہیں۔ میرا بزرگ والد علیؑ ہے جس کے کارنامے سب پر ظاہر ہیں۔ جو رسولؐ اللہ کے چچازاد اور پاکیزہ بھائی ہیں۔ اور میرا بھائی حسینؑ تمام بہترین لوگوں کا مرکز ہیں۔ اور تمام چھوٹے بڑے انسانوں کے سردار ہیں۔ اور رسولؐ کے بعد دین کے مددگار اور وصی ہیں۔ خولی بن یزید نے گھات میں بیٹھ کر ایک تیر اُن کی پیشانی پر مارا جس سے آپ گھوڑے سے زمین پر آ گئے۔ کہا گیا ہے کہ جناب عثمان اکیس سال کی عمر کے جوان تھے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا ہے کہ میں نے اُن کا نام اپنے دوست عثمان بن مظعون کے نام پر رکھا ہے۔

(17)۔ حضرت جعفر بن علی حضرت عباس کے ماں جائے بھائی علیہم السلام

ثُمَّ بَرَزَ مِن بعده اخوه جعفر بن علیؑ وامّه امّ البنینؑ وهویقول: انی انا جعفر ذوالمعالی۔ابن علیؑ الخیرذی النوال ۔حسبی بعمی شرفًا وخالی۔احمی حسینًا ذا الندٰی المفضال۔ ثمّ قاتل فرماه خولی الاصبحی فاصاب شقیقته وعینه رحمة اللّٰه علیه۔(ایضاً)

پھر اُن کے بھائی جناب جعفرؑ بن علیؑ میدان میں آئے۔ اُن کی والدہ بھی ام البنین تھیں۔ یہ کہہ کر لشکر کا صفایا شروع کیا کہ میں بلند مراتب والا جعفرؑ ہوں۔ میرے والد علیؑ مجسمۂ خیر اور سخی ہیں۔ میرے چچا اور خالو تمام صاحبان شرافت وعزت ہیں اور ہم صاحب فضل وبخشش حسینؑ کی حمایت میں تیغ آزما ہیں۔ گھمسان کی جنگ سے چھٹکارا پانے کے لئے پھر خولی ملعون نے تیر چلایا جو کنپٹی اور آنکھ سے پار نکل گیا۔ اُن پر اللہ کی رحمتیں نازل ہوں۔

(18)۔ جناب عبداللہ بن علی حضرت عباس کے ماں جائے بھائی علیہم السلام

ثُمَّ بَرَزَ اَخُوهُ عَبْدُ اللّٰه بِن علیؑ قِیْلَ وَهو ابن خَمُس وعشرین سنة ولا عقب له ۔وَهویقول:اَنَا ابْنُ ذِی النجّدة والافضال ۔ ذاک علی الخیر ذوالفعال۔ سیف رسوؐل اللّٰه ذوالنکال۔فی کل قوم ظاهر الاحوال۔ فقتله هانی بن ثبیت الخضرمی۔(اکسیر صفحہ 280)

اُنکے بعد حضرت عبداللہ بن علی مرتضٰی علیہما السلام میدان کارزار میں نکلے۔ آپ کی عمر پچیس سال تھی۔ آپ نے یہ اشعار پڑھتے ہوئے دشمنانِ اسلام کا قتل عام شروع کیا: میں بزرگیوں اور فضل وکمال والوں کا بیٹا ہوں اور وہ علیؑ مرتضٰی ہیں جنکے قابل فخر کارنامے لوگوں کی زبانوں پر جاری ہیں۔ وہ رسولؐ اللہ کی ایسی تلوار تھے جس نے کفر وشرک کے منصوبوں کو تہہ وبالا کر دیا۔ اور دنیا کی تمام اقوام اُن کی کارکردگی پر مطلع ہیں۔ وہ بڑے انہماک اور موت سے بے فکر تیغ زنی کر رہے تھے کہ ہانی بن ثبیت نے دُور سے تیر مار کر شہید کر دیا۔

(19-20)۔ جناب محمدؑ الاصغر اور جناب ابراہیمؑ بن علی مرتضیٰ علیہم السلام

وعن نصر بن مزاحم اَنّ محمدؑ الاصغر بن علیؑ بن ابی طالبؑ اُمّه امّ الولد وعن المدائنی ان رجل مِن بنی ابان بن دارم قتله، وعن محمد بن علی بن حمزه انّه قتل یومئذٍ ابراهیم بن علیؑ بن ابی طالبؑ وامه ام الولد۔(اکسیر العبادات صفحہ 280)

''اِن کے بعد محمدؑ الاصغر فرزند جناب امیر علیہ السلام لشکر مخالف کے سامنے آئے اور بروایت امام محمدؑ باقر اُن کی والدہ کنیز تھیں۔ آپ ایک ملعون تمیمی جو فرزندان ابان بن دارم سے تھا، کی تلوار سے شہید ہوئے۔ ابوالفرج نے محمد بن علی بن حمزہ سے نقل کیا ہے کہ ابراہیمؑ فرزند جناب امیرؑ المومنین بھی معرکہ کربلا میں شہید ہوئے۔'' (ترجمہ بحار الانوار حصہ اوّل صفحہ 245 علامہ جزائری)

(الف)۔ ہمیں بھی کچھ کہنا ہے

ہم یہ شکوہ کرتے رہے ہیں کہ ملت شیعہ اور محمدؐ وآل محمدؐ کے دشمنوں نے اُس تمام ریکارڈ کو تباہ کیا اور کوشش کی کہ ہر بات کو مشکوک کر دیا جائے۔ اور جہاں تک ہو سکے یزید اور یزید کے سرپرستوں اور ہم مذہبوں کے جرائم چھپا لئے جائیں یا کم از کم کر کے دکھائے جائیں۔ کربلا میں شہدائے کربلا کی تعداد میں کمی کرنا اور مختلف روایات کی ایجاد سے اُس تعداد کو مشکوک اور مشتبہ کرنا اسی پالیسی کا پتہ دیتا ہے۔ چنانچہ وہ علما جو اس تعداد کو کم کر کے دکھانے میں مدد کرتے رہے ہیں ہم نے اُن کی بھی شکایت کی ہے۔ یہاں یہ کہنا ہے کہ سرکاری علما نے شہدائے کربلا کی کل مخلوط تعداد (72) بہتر بہتر بہتر۔ اور شہدائے بنی ہاشمؑ (18) اٹھارہ اٹھارہ اٹھارہ پر اس قدر زور دیا کہ آج ہر شیعہ سُنی کی زبان پر بہتر اور اٹھارہ ہے اب وہ علما جو بہتر اور اٹھارہ کو برقرار رکھنے میں کوشاں نظر آئیں۔ جو ہر اُس روایت کو غلط قرار دیں جس میں یہ تعداد بڑھتی ہوئی نظر آئے یقیناً سرکاری علما میں شمار کئے جائیں گے۔ اس اصول پر مندرجہ بالا دونوں شہدائے بنی ہاشم یعنی محمدؑ اصغر اور ابراہیمؑ پسران علی علیہ السلام کی پوزیشن پر نظر ڈالیں۔ تمام کتابوں میں اُن کو شہدائے کربلا میں شمار کیا اور لکھا۔ اور خود علامہ محمد باقر مجلسی رضی اللہ عنہ نے بھی اُن کو شہدائے کربلا میں شمار کیا اور لکھا مگر ساتھ ہی یہ دُم بھی لگا دی کہ:۔

''ابوالفرج نے محمد بن علی بن حمزہ سے نقل کیا ہے کہ ابراہیم فرزند جناب امیرالمومنین علیہ السلام بھی معرکہ کربلا میں شہید ہوئے مگر یہ ذکر میں نے کسی اور سے نہیں سنا اور نہ کسی انساب میں پایا۔'' (ترجمہ بحار حصہ اوّل صفحہ 245)

اس دُم دار بیان سے پڑھنے والے شخص پر جو اثر ڈالنا چاہا ہے وہ یہ نہیں کہ حضرت ابراہیمؑ بن علیؑ کی شہادت قاری کے دل میں یقین کے ساتھ قائم ہو جائے۔ یعنی علامہ رضی اللہ عنہ بحار الانوار کے پڑھنے والوں کو نہایت اطمینان سے مشکوک کرنے اور شہدائے کربلا کی تعداد کم کرنے والوں میں شامل ہیں۔ پھر یہ سوچیں کہ جس دلیل اور جس بنیاد پر شہدائے کربلا کی تعداد کو کم اور مشکوک کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ:۔

(1)۔ علامہ نے کسی اور سے نہیں سُنا۔ اور (2)۔ علامہ نے کسی سلسلہ نسب کی کتب میں نہیں دیکھا۔

اہل عقل سوچیں کہ یہ دونوں باتیں کیا حیثیت رکھتی ہیں؟ اگر علامہ پیدا ہی نہ ہوئے ہوتے تو گزشتہ زمانہ کی تاریخ اور واقعات وحقائق پر کیا اثر پڑتا؟ اور اگر علامہ نے کوئی بات، کوئی حقیقت یا کوئی واقعہ نہیں سُنا تو کیا یہ مان لیا جائے کہ وہ تمام چیزیں دنیا میں موجود نہیں تھیں

یا موجود نہیں ہوسکتیں جو علامہ نے سُنی یا دیکھی نہ ہوں؟ پھر علامہ رضی اللہ عنہ یہ نہیں کہتے کہ کسی عالم سے نہیں سُنا، کسی محدث یا نساب سے نہیں سُنا۔ وہ یہ بھی نہیں کہتے کہ اُنہوں نے سننا چاہا لیکن کوئی نہ سُنا سکا، انہوں نے پوچھنا چاہا مگر کوئی بتا نہ سکا، بس علامہ نے سُنا نہیں۔ یعنی گلی بازار یا دفتر میں کسی نے بھی کسی سے یہ بات نہیں کہی، کہتا تو علامہ سُن لیتے۔ دوسری بات یہ کہ علامہ نے نسب نامہ کی کتاب میں نہیں پڑھا۔ سوال یہ ہے کہ علامہ آج سے تقریباً چارسو سال پہلے کے آدمی ہیں۔ یعنی زمانہ رسولؐ اللہ سے ایک ہزار سال بعد کے آدمی ہیں۔ اُن ایک ہزار سال میں شیعہ ریکارڈ اور شیعوں کے ساتھ کیا کیا ہوا؟ علامہ کو یقیناً معلوم ہوگا۔ انہیں معلوم ہوگا کہ آئمہ معصومین علیہم السلام کی تصدیق شدہ چارسو کتابیں صرف علم الحدیث کی غائب کرلی گئیں؟ انہیں معلوم ہوگا کہ سید مرتضیٰ علم الھدیٰ کی لائبریری سے اَسّی ہزار کتابیں حکومت بغداد کے رؤسا اور عہدیداروں میں تقسیم ہوکر شیعوں سے غائب کرلی گئیں؟ انہیں معلوم ہوگا کہ یزید کے جانشین خلفا نے چھ سو سال میں شیعوں کے خلاف کتنی مہمیں چلائیں؟ اُنہیں یقیناً معلوم ہوگا کہ تاریخ وحدیث وتفسیر و فقہ ومغازی ومقاتل کی وہ کتابیں جو بلا کسی پابندی کے رائج چلی آئی ہیں وہ کس نے لکھوائیں؟ کن لوگوں نے لکھیں اور ان میں کتنی تبدیلیاں ور دوبدل ہوتی چلی آئی ہے؟ انہیں یقیناً معلوم ہوگا کہ سرکاری احکام سے شجرے اور نسب نامے بدلے گئے۔ غلط ناموں سے تیار کئے گئے خود رسولؐ اللہ کا اپنا شجرہ نسب یا نسب نامہ بدل کر پیش کیا گیا۔ اِن تمام معلوم صورتوں میں علامہ کا یہ کہنا کہ ''نہ کسی کتاب انساب میں پایا'' ستم ظریفی ہے۔ ہمیں یہ حق ہے کہ معلوم کریں کہ علامہ نے نساب پر کون کون سی کتابیں پڑھی تھیں؟ علامہ کی نسب دانی کا کمال اور مذہب شیعہ کی خدمت کا ایک ثبوت یہ ہے کہ علامہ رضی اللہ عنہ حضرت ام کلثوم بنت فاطمہؑ کا نکاح عمر سے مانتے ہیں اور رسول اللہ کی چار بیٹیاں اور تین بیٹیوں کا کافروں اور منافقوں سے نکاح بھی مانتے اور لکھتے ہیں (حیات القلوب)۔ لہٰذا ہم علامہ کی صرف وہ بات تسلیم کرتے ہیں جو مذہب شیعہ اور تعلیمات آئمہ علیھم السلام کے خلاف نہ ہو۔

(21)۔ حضرت عبیداللہ بن علی بن ابی طالب علیھم السلام

حضرت علی علیہ السلام کے فرزند عبیداللہ علیہ السلام کی شہادت کو بھی علامہ محمدؐ باقر رضی اللہ عنہ اور بعض دیگر علما نے محل نزاع بنا کر مشکوک کرنے بلکہ غلط کہنے کی جسارت کی ہے۔ حالانکہ شیعہ آثار وروایات میں سے یہ جملہ خود اُن ہی علما نے لکھا بھی ہے کہ:۔

> وعن عبید اللّٰہ الطلحی اِنّ عبید اللّٰہ بن علیؑ قُتِلَ مع الحسین علیہ السلام۔ قیل وھٰذا خطاء وانما قُتِلَ عبید اللّٰہ بن علیؑ یوم الدار قتلہ اصحاب المختار۔ (اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات۔ صفحہ 280)
>
> ''عبیداللہ طلحی سے روایت کیا گیا ہے کہ عبیداللہ بن علیؑ بن ابیطالبؑ امام حسین علیہ السلام کے ساتھ (کربلا میں) قتل ہوئے تھے۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ بات غلط ہے اس لئے کہ عبیداللہ بن علیؑ بن ابیطالبؑ تو اُس روز قتل ہوئے تھے جس دن امیر مختار کے صحابہ قتل کئے گئے تھے۔'' (اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات۔ صفحہ 280)

یہاں آپ نے دیکھ لیا کہ کربلا میں حضرت عبیداللہ بن علی مرتضی علیہما السلام کی شہادت بیان کرنے والے راوی کا نام لکھا ہے۔ لیکن اس شہادت کو غلط کہنے والے کے نام کی بھی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔ بلکہ اُسے بلا نام ونشان اس لئے غلط مان لیا گیا کہ اس سے شہدائے کربلا کی

تعداد کم ہوتی تھی اور یہی یزیدی سرکاری پالیسی کی تائید ہے۔ہم کہتے ہیں کہ ہر وہ روایت غلط ہے جو شہدائے کربلا کی تعداد گھٹائے یا کسی دشمن اہلبیتؑ کو شہدائے اہلبیتؑ میں داخل کر کے تعداد بڑھائے۔لہٰذا امیر مختار کے ساتھ شہید ہونے کی بات مُنزل مِن اللہ نہیں ہے وہ بھی ایک روایت ہوگی اور روایت قبول کرنے کا معیار یہ ہے کہ دشمنان اسلام کی تائید میں روایت نہ ہو۔اللہ و رسولؐ کے خلاف روایت نہ ہو۔ سرکاری وقومی مذہب کی پالیسی روایت سے صحیح نہ ثابت ہوتی ہو۔

(الف)۔ جھوٹوں کو باہر تلاش کرنے کی ضرورت نہیں اپنے گھر میں کافی ہیں۔

ہمارے دوست ایک بات غور سے سنیں اور یاد رکھیں تا کہ بوقت ضرورت سند رہے اور کام آئے۔

1۔ ثُمَّ بَرَزَمِنْ بَعْدِہٖ اَخُوْہُ جعفرؑ بن علیؑ وَاُمُّہٗ ام البنینؑ ایضًا وَعَنْ ابی الفرج اَنَّہٗ اِبْنُ تسعة عشر سَنَةٍ"۔

(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔صفحہ 280)

ترجمہ: ''پھر اُن کا بھائی جعفرؑ بن علیؑ میدان میں نکلا اور اُن کی ماں بھی ام البنینؑ ہی تھیں اور ابوالفرج نے لکھا ہے کہ اُن کی یعنی جعفرؑ بن علیؑ کی عمر اُنیس (19) سال تھی۔''

2۔ ''اور جعفرؑ بن علیؑ اُنیس (19) برس کے درجہ شہادت پر فائز ہوئے۔''

(علامہ محمد باقر کتاب بحارالانوار ترجمہ جزائری حصہ اوّل صفحہ 245)

اب قارئین وسامعین وناقدین ہماری بات سُنیں کہ حضرت علی مرتضٰی علیہ السلام کی شہادت رمضان 40 ہجری (چالیس ہجری) میں ہوئی تھی۔اور اس پر علامہ محمد باقر ہی نہیں بلکہ ساری دنیا متفق ہے۔اگر یہ مان لیا جائے کہ (معاذ اللہ) شب ضربت آپؐ کا حمل جناب ام البنینؑ کو رہ گیا تھا۔تو زیادہ سے زیادہ ماہ رجب 41 ہجری میں جناب جعفرؑ بن علیؑ کو پیدا ہو جانا چاہئے تھا۔لہٰذا فرض کر لو کہ وہ پیدا ہو گئے تھے۔تب انہیں ماہ رجب 60 ہجری میں اُنیس سال کا ہونا چاہئے تھا لیکن وہ ماہ محرم 61 ہجری میں اُنیس سال کے ہوتے ہیں۔جس کے معنی یہ ہوئے کہ وہ ماہ محرم 42 ہجری میں پیدا ہوئے تھے۔اور اُن کا حمل جناب ام البنین کو ماہ ربیع الآخر 41 ہجری میں رہا تھا۔یعنی اُس وقت جناب علی مرتضٰی علیہ السلام کی شہادت کو سات آٹھ ماہ ہو چکے تھے۔مومنین سوچیں کہ اس سے بڑا جھوٹ اور اس سے بڑی گالی اور کیا ہو سکتی ہے جو یہ تاریخ وجغرافیہ وعلوم کائنات سے جاہل لوگ دیں گے؟ بتایئے 40 ہجری میں انتقال کرنے والے شخص کا بچہ 61 ہجری میں کس علامائی حساب سے اُنیس سال کا ہوگا؟ جن لوگوں کو جمع تفریق اور ضرب تقسیم حتٰی کہ سو تک گنتی نہ آتی ہو، اگر وہ علامہ اور مولانا ہو جائیں تو کیا تعجب ہے؟ اناللّٰہ وانا الیہ رٰجعون۔

یقین کیجئے کہ حکومت کی طاقت اگر حاصل ہو جائے تو اَن پڑھ، جاہلِ مطلق لوگ بادشاہ، سلطان اور خلیفہ بن سکتے ہیں۔اور اُن ہی کے سہارے کورے لٹھ اور احمق لوگ علامہ، مولانا، مرجع الخلائق، ثقۃ الاسلام، شیخ الاسلام اور شیخ الطائفہ بن جاتے ہیں۔اس لئے کہ اصل کام تنخواہ داروں سے لیا جاتا ہے اور نام علامہ اور بادشاہ کا ہوتا ہے۔مومنین یقین فرمائیں کہ یہ لوگ گدی نشین تھے۔جس طرح ایک پیر صاحب کا بیٹا یا ایک بادشاہ کا بیٹا پیر صاحب اور بادشاہ سلامت کے مرنے پر باپ کی گدی پر بیٹھ جاتا ہے اور کوئی مرید یا رعایا کا فرد دَم

نہیں مار سکتا۔ اسی طرح یہ لوگ بادشاہ اور علامہ وغیرہ تھے۔ نہ کوئی اُن کا امتحان لینے والا تھا نہ کوئی اُن پر اعتراض وتنقید کر سکتا تھا۔ حکومت کا ڈنڈا یا علم کا عصا ہاتھ میں تھا۔ سزائے موت کے اختیارات زبان کی نوک پر تھے۔ خزانہ اور مال حرام کے انبار پر تصرف حاصل تھا۔ جس کو چاہتے تھے خرید لیتے تھے۔ یہ خرید وفروخت آج بھی جاری ہے اور ہر زمانہ میں جاری رہی ہے۔ حکومت ہی کی طاقت تو ہے کہ ایک جاہل شخص اعلان کرتا ہے کہ قرآن کا وہ ترجمہ غلط ہوگا جو اُس کی پسند کے خلاف ہو۔ ایسی کتاب ضبط کر لی جائے گی جس میں کسی آیت کا ایسا ترجمہ ہوگا جو اُن کی بارگاہ جہالت کی سند نہ رکھتا ہو، یہی ہے؛

جس کی لاٹھی اُس کی بھینس۔ یعنی ''جس کی حکومت اُس کا قرآن'' اور ہر مولانا وعلامہ کا لاٹھی رکھنا اور لٹھ بندی لازم سمجھنا بھی قابل فہم ہے۔ کیسا کم بخت ہوگا وہ شخص جو رسم علامائی کے لئے لاٹھی لے کر جائے اور پشاور میں لاٹھی بھول کر واپس کراچی آ جائے اور لاٹھی یاد نہ آئے؟ اور لاٹھی پہنچانے کیلئے پشاور سے کسی غریب کو کراچی کا سفر کرنا پڑے۔ یعنی لاٹھی اس کیلئے مصیبت ہے۔ بہرحال ہم اور تمام محبانِ اہلبیت علیہم السلام اُن جہلا اور خلفا وعلما کے محتاج نہیں ہیں۔ ہم اپنے مذہب اور مذہبی ریکارڈ پر فخر کرتے ہیں۔ ہم چٹکی بجاتے ہی حق وباطل الگ الگ کر دیتے ہیں۔ ہمیں یہ سرکاری ریکارڈ اور یہ سرکاری علما فریب نہیں دے سکتے۔

(22)۔ حضرت عباس بن علی بن ابی طالب علیہم السلام

(23)۔ حضرت علی اکبر بن حسین علیہما السلام

(24)۔ حضرت احمد بن حسن علیہما السلام

(25)۔ حضرت قاسم بن حسن علیہما السلام

(26)۔ گوشواروں والا بچہ علیہ السلام

(27)۔ حضرت علی اصغر شیر خوار علیہ السلام

(28)۔ حضرت عبداللہ بن حسن علیہما السلام

(29)۔ حضرت امام حسین علیہ السلام

ان حضرات علیہم السلام کی شہادتیں اپنی خصوصیات اور روح فرسا حالات کی بنا پر الگ الگ لکھی جائیں گی۔

نوٹ: واضح رہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کے چھ فرزندوں میں سے حضرت علی الاعلیٰ عرف زین العابدین علیہ السلام کے علاوہ باقی پانچ صاحبؑ زادے میدان کربلا میں شہید ہوئے تھے۔ اور اس سرکاری ریکارڈ میں صرف حضرات علی اکبر وعلی اصغر علیہما السلام کا ذکر ملتا ہے۔ **باقی تین صاحب زادے:۔**

(30)۔ علی الاوسط عرف محمد علیہ السلام

(31)۔ علی الثالث عرف جعفر علیہ السلام

(32)۔ علی الرابع عرف حسن علیہ السلام

شہید ہونے کے باوجود سرکاری علمانے اپنے اشاروں کنایوں میں چھپالئے۔مثلاً ایک گوشواروں والا بچہ کہہ کرنام غائب کیا۔ایک کی جگہ حضرت قاسم کو چھوٹا بچہ بنا کر دکھا دیا۔حالانکہ وہ عاقل و بالغ وجوان تھے اور ایک کو ابوبکر فرزند حسنؑ بنا دیا۔حالانکہ حضرت امام حسن علیہ السلام کے صرف تین صاحبزادے شہید ہوئے اور عبداللہ بن مسلم علیہ السلام کی با قاعدہ جنگ دکھا کر (ترجمہ بحار صفحہ 238) پھر عبدؑاللہ بن مسلمؑ کو ایک بچہ معصوم بنا کر دوبارہ شہید کر دیا (ایضاً صفحہ 250) یعنی اسطرح تین شہدا کی تعداد کو کم کر دیا گیا۔لہٰذا مومنین میدان کربلا میں اولاد ابوطالب علیہ السلام کے شہدا کی تعداد کو اٹھارہ کے بجائے بتیس (32) سمجھیں اور جھوٹوں پر حسب الحکم لعنت کرتے رہیں۔

موجودہ ریکارڈ سے شہدائے کربلا کی تعداد

شہدائے کربلا کی تعداد پر علمانے بہت کچھ لکھا بڑی تحقیق کی لیکن پبلک تک جو کچھ پہنچا وہ یہ ہے کہ کربلا میں کل بہتّر حضرات کی شہادت ہوئی تھی۔جن میں اٹھارہ بنی ہاشم بھی تھے۔لیکن اُسی لٹے پٹے اور بچے کھُچے ریکارڈ سے کل تعداد (32+126=158) ایک سو اٹھاون نام بنام آپ کے سامنے ہے۔اور اگر حملہ اولیٰ میں شہید ہونے والوں اور غیر معروف شہدا کے نام معلوم ہوسکتے تو یہ تعداد اُتنی ہی ہوجاتی جتنی کہ حقیقی مومنین کی تعداد جنگ بدر میں تھی۔یعنی اگر تین سو تیرہ میں سے وہ منافق نکال دیئے جائیں جو مہاجرین وانصار میں سے ملے جلے موجود تھے (تفہیم جلد اصفحہ 48 مودودی) تو سرفروشان بدر کی تعداد کے برابر شہداء کربلا کی تعداد بنتی ہے۔لیکن تعداد معلوم ہو یا نہ ہو یہ معلوم ہے کہ امام حسینؑ بھی محمدؐ تھے۔اور اُن بارہ محمدؐوں میں اختلاف ناممکن ہے۔لہٰذا تعداد میں بھی اختلاف ناممکن تھا۔

41۔ شہادت حضرت عباس علیہ السلام

(1)۔ **حضرت عباس علیہ السلام سے تعارف:** حضرت عباسؑ کو امام حسین علیہ السلام اپنے لئے ایک علامة اور ذخیرہ فرمایا کرتے تھے۔اس کا سبب یہ تھا کہ جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام نے کربلا کی پیشین گوئی کو پروان چڑھانے کے لئے اپنے حصے کی جو خدمات انجام دی تھیں اُن میں سے ایک یہ تھی کہ وہ انصاران حسینؑ مظلوم میں شامل ہونے کے لئے ایک محسوس و مادی انتظام کر گئے تھے۔یعنی اپنی شہادت کے بعد عباؑس کی صورت میں موجود رہنے کا بندوبست کر دیا تھا تا کہ اہل کربلا حیدر کرارؑ کو ہر وقت اپنے سامنے اور اپنے ساتھ پائیں۔لہٰذا اُنہوں نے عرب کے ایک مشہور ترین بہادر خاندان کو کربلا کے لئے اپنا مددگار بنایا۔حضرت امّ البنین کی صورت میں اُس خاندان کی تمام صفات وشجاعت کو اپنے گھر لائے اور اُنہیں بتایا کہ ہمیں فرزند رسولؐ حسینؑ کے لئے ایک ایسا وفا پرست بہادر خدمتگار فراہم کرنا ہے جیسا کہ حضرت ابوطالبؑ اور فاطمہ بنت اسدؑ نے جناب محمدؐ مصطفیٰ کے لئے تیار کیا تھا۔اس طرح اللہ نے تمام حیدری صفات وشجاعت ووفا وتسلیم ورضا کا ایک مجسمہ حضرت عباسؑ کی صورت میں عطا کیا۔اور پھر اُن کی تائید وتقویت کے لئے حضرت ام البنینؑ کو مسلسل تین بیٹے اور عطا کئے۔یہ تھا وہ ذخیرۂ خداوندی جو علیؑ مرتضیٰ اور حضرت امّ البنینؑ نے جمع کیا تھا اور بروقت امام حسینؑ کو سونپ دیا تھا۔چونکہ یہ ذخیرہ معجزاتی تدبر اور پیش بینی کا ایک چلتا پھرتا ثبوت تھا۔اس لئے اس کو علامة ، نشان اور معجزہ قرار دیا گیا۔اس لئے بھی کہ حضرت علی علیہ السلام نے جو کچھ سوچا تھا اور جو امیدیں قائم کی تھیں وہ تمام حضرت علیؑ کی زندگی ہی میں بے نقاب ہوچکی تھیں۔

حضرت عباس علیہ السلام جناب امامؑ کو اپنا آقا اور مالک سمجھ کر نقل وحرکت کرتے تھے۔ اُن کی زبان سے کبھی کسی نے امامؑ کے لئے لفظ بھائی نہیں سنا تھا۔ اُنہوں نے ہمیشہ سر جھکا کر سامنے آنے کی پابندی کی تھی۔ وہ کبھی امام حسین علیہ السلام کی موجودگی میں بلند آواز سے نہ بولتے تھے۔ جہاں قلب کے ساتھ سر جھکا رہتا تھا وہیں دونوں ہاتھ بندھے رہتے تھے۔ آپ کو امامؑ کے رُوبرو تو کہاں ویسے بھی کبھی ہنستا ہوا نہیں دیکھا گیا تھا۔ آپ اسم با مسمّیٰ تھے۔ سوتے ہوئے بھی چہرے کے رعب وجلال کا یہ عالم ہوتا تھا کہ دیکھنے والے کو اندیشہ رہتا تھا کہ کہیں نگاہ کا بار پڑنے سے جاگ نہ جائیں۔ حُسن وجمال میں آپ نے خدیجۃؑ الکبریٰ سے لے کر فاطمہؑ زہراء تک اور حضرت ہاشمؑ سے لے کر محمدؐ مصطفیٰ، علیؑ مرتضیٰ اور حسنؑ مجتبیٰ تک سب سے منتخب حصہ پایا تھا۔ خانوادۂ نبوتؐ ہی کو نہیں بلکہ ہر دیکھنے والے فرد کو آپ کے چہرہ میں اُمید وتمنا کا پیغام ملتا تھا۔ اُنہیں دیکھ کر ڈھارس بندھتی تھی، ہمت وطاقت ملتی تھی۔ اسی لئے مالک کائنات امام علیہ السلام نے فرمایا تھا کہ بھائی تمہاری جدائی سے میری کمر ٹوٹ گئی، میں بے سہارا رہ گیا۔ بھیا تمہارا موجود ہونا دشمنوں پر دبدبہ اور خوف قائم کئے ہوئے تھا۔ تمہارے بعد وہ مجھے تنہا سمجھ لیں گے اور اُن کی جُرأتیں بڑھ جائیں گی۔

(الف)۔ حضرت امّ البنینؑ کے خاندان کا اثر ورسوخ

اُم البنینؑ کا نام بھی **فاطمہؑ** تھا۔ اُن کے والد حزام بن خالد بن ربیعة بن عامر الوحید بن کلاب تھے۔ اُن اور اُنکے آباواجداد کی عظمت پورے عرب میں تسلیم کی جاتی تھی۔ اپنے زمانہ کا جلیل القدر شاعر لبید بن ربیعہ تھا۔ جس کا ایک قصیدہ اُن سات قصیدوں میں سے تھا۔ جن کو لاجواب سمجھ کر خانہ کعبہ میں آویزاں کیا گیا تھا اور جو آج بھی دنیائے ادب وشاعری کا سلطان ہے۔ بادشاہ حیرہ کے دربار میں اِسی شاعر نے بادشاہ نعمان بن منذر کو مخاطب کر کے اپنے بزرگوں کی فضیلت بیان کرتے ہوئے کہا تھا کہ:۔

نَحنُ بَنُواُمِّ الْبَنِیْنِ الْاَربعة۔ وَنَحْنُ خَیْرُ عَامِرِبن صَعْصَعة۔ اَلضَّارِبُوْنَ الْھَامّ وَسْطَ الْمَجْمَعَة۔

''ہم لوگ **اُم البنین** کے چار بیٹے ہیں۔ اور ہم خاندان عامر بن **صعصعة** کی نسل کے بہترین افراد ہیں۔

وہ افراد جو فوجوں کی بھیڑ میں گھس کر کھوپڑیوں پر ضربیں لگاتے ہیں۔''

نعمان بن منذر ایسے متکبر بادشاہ اور اُس کے اہل دربار نے اس فخریہ بیان پر کوئی اعتراض نہ کر کے اس خاندان کی شجاعت پر سند دیدی۔ اور دیکھئے کہ حضرت علی علیہ السلام کا انتخاب کیسا رہا۔ یعنی اُم البنینؑ نام کی خواتین اس خاندان میں ہمیشہ شجاعت کو جنم دینے اور پال پوس کر پروان چڑھانے میں شہرت عام رکھتی تھیں۔ پھر یہ دیکھئے کہ بادشاہانِ حیرہ پر ہی نہیں بلکہ اُس خاندان کی عزت وعظمت بنی امیہ تک اثر اندازی کرتی چلی آرہی تھی۔ چنانچہ کوفہ میں اُم البنینؑ کے خاندان کا ایک شخص، جسے حضرت اُم البنینؑ کا بھتیجا بھی کہا گیا ہے، رہتا تھا۔ جس کا نام عبداللہ بن ابی المحل بن حزام بن خالد بن ربیعة بن عامر الوحید بتایا گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ شخص معززین اہل کوفہ میں سے سرکاری آدمی تھا۔ جس وقت ابن زیاد نے شمر کو وہ خط دیا تھا جس میں عمر سعد کو معزول کرنے کی دھمکی دی تھی اور امام حسینؑ کو قتل کرنے کا آخری حکم لکھا تھا۔ اُس وقت مذکورہ بالا عبداللہ، ابن زیاد کے پاس بیٹھا تھا۔ اس نے ابن زیاد سے کہا تھا کہ حسینؑ کے ساتھیوں میں میرے خاندان کی لڑکی اُم البنینؑ کے چار بیٹے بھی شامل ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ اُن کو قتل کے حکم سے مستثنیٰ کر دیا جائے۔ چنانچہ ابن زیاد نے ایک

امان نامہ لکھ کر شمر ہی کے ہاتھ ارسال کر دیا تھا۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ امان نامہ عبداللہ نے خود اپنے غلام بنام کزمان کے ہاتھ روانہ کیا تھا۔ اور اتفاق سے یہ شمر ملعون بھی اُسی خاندان سے ہونے کا مدعی تھا اور اُس نے بھی کربلا میں آتے ہی خیام حسینیؑ کے قریب آ کر کہا تھا کہ کہاں ہیں ہماری بہن کے بیٹے عباسؑ اور عبدؑاللہ و جعفرؑ و عثمانؑ؟ یہ سُن کر چاروں بھائی سامنے آئے اور مقصد معلوم کیا۔ شمر نے کہا کہ آپ لوگ امان میں ہیں۔ حضرت عباسؑ نے جواب دیا کہ تمہاری امان پر اور امان دینے والے پر لعنت ہے۔ ہم کو تو امان ہے اور فرزند رسولؐ کو امان نہیں ہے؟ شمر ملعون شرمندہ واپس چلا آیا۔ سنا ہے کہ پھر وہ غلام امان نامہ لے کر پہنچا تو اُسے جواب دیا گیا کہ ہمارے بھائی عبداللہ کا شکریہ ادا کرنا اور کہنا کہ ہمیں اللہ کی امان کافی ہے، ابن زیاد کی امان درکار نہیں ہے۔

(2)۔ **حضرت عباس علیہ السلام کا سِن وسال وتربیت:** آپ 26 ہجری میں پیدا ہوئے اور چودہ سال حضرت علی علیہ السلام کی تعلیم وتربیت میں پورے کئے۔ 40 ہجری میں باپ کا سایہ سر سے اُٹھا تو دس برس اپنے بھائی اور امام زمانہ حضرت حسن علیہ السلام کی توجہ اور صحبت سے فیضیاب ہوئے۔ 50 ہجری میں برادر بزرگ نے شہادت پائی تو اب خالصتاً اپنے آقا و مولا کا دامن تھام لیا۔ کربلا میں آپ اپنی عمر کے چونتیسویں (34) سال کو مکمل کر چکے تھے۔ یہاں مومنین پھر یہ نوٹ فرمالیں کہ کربلا میں امام حسن علیہ السلام کا کوئی بیٹا دس سال سے اور حضرت علی علیہ السلام کا کوئی بیٹا بیس سال سے کم نہیں ہونا چاہئے۔ ہر وہ روایت قلم زد کر دینا چاہئے جس میں اِس حقیقت کے خلاف نظر آئے۔

(3)۔ **حضرت عباس علیہ السلام شہادت سے پہلے:** اگر مدینہ سے روانگی کا نظارہ آنکھوں کے سامنے ہے تو آپ دیکھتے ہیں کہ وہی پہلا دن تھا جب جناب عباس علیہ السلام کو امامؑ نے اپنا عَـلـم سونپا تھا اور آپ اہل حرمؑ کے نمائندہ کی حیثیت سے کاروانِ کربلا کو لے کر چلے تھے۔ وہ حضرت عباسؑ ہی تھے جن کی معرفت ہر ملاقاتی امام علیہ السلام سے ملاقات کرتا تھا۔ اور اگر امام علیہ السلام کسی سے ملاقات کے لئے جاتے تھے تو حضرت عباسؑ اور علی اکبرؑ سایہ کی طرح ساتھ ساتھ رہتے تھے۔ کربلا کے قیام میں پورے کیمپ کا انتظام حضرت عباسؑ کے ذمہ تھا۔ آپ کے ماتحت ہر شعبہ کے فداکار منتظم موجود تھے۔ لیکن امامؑ کے حضور حضرتِ عباسؑ ہی جوابدہ اور ذمہ دار تھے۔ چونکہ نہر فرات کیمپ سے دُور تھی اس لئے پانی کا اسٹاک رکھنا اہم ترین ذمہ داری تھی۔ گرمی کا موسم تھا عورتوں، کم سِن بچوں اور شیر خوار بچوں کا ساتھ تھا۔ اور سب کی مختلف ضروریات فراہم کرنا آپ ہی کے ذمہ تھا۔ اوائل ذی الحجہ سے یکم محرم تک پانی پر کوئی تصادم نہیں ہوا تھا۔ لیکن دو محرم سے چھٹی محرم تک گھمسان کی جنگ کر کے پانی لایا جاتا رہا۔ پانی پر جنگ میں جو انصار شہید ہوئے اُن کے نام بھی شہدا کی فہرست میں نہیں ہیں۔ یہ پانی ہی کی دقت تھی جسے دُور کرنے کے لئے حضرت عباسؑ آخری سانس تک مصروف رہے۔ اُسی پانی کی وجہ سے سقّائے سکینہؑ کا لقب ملا تھا۔ اور پانی ہی تھا جس کی وجہ سے باقی شہدا سے بہت دُور قیام فرمایا۔

وہ عباسؑ ہی تھے کہ اگر دشمنوں کی افواج میں گھر جانے والے بہادروں کو بچا کر واپس لانا منظور ہوتا تھا تو امامؑ انہیں حکم دیتے تھے اور آپ فوج کا سینہ چیر کر، بلا ایک زخم کھائے سب کو بچا کر لے آتے تھے۔ چنانچہ جناب عمر بن خالد صیداوی اور اُن کے ساتھیوں کو

آن کی آن میں فوجوں کو بھگا کر واپس لے آئے تھے۔ اسی قسم کے مواقع ہوتے تھے جہاں حضرت عباسؑ کو کھل کر لڑنے اور حملہ کرنے کی چھوٹ ملتی تھی۔ ورنہ امامؑ کی طرف سے کوئی نہ کوئی پابندی لگی رہتی تھی۔ ذرا سوچئے کہ ایک ہاتھ میں علم ہو تو تلوار چلانا آسان کام نہیں۔ علم کے پھریرے کا لہرانا؛ گھوڑے کو کاوا دینے اور موڑنے میں علم پر ہوا کا دباؤ آزادی اور ہُنر مندی سے تلوار چلانے میں برابر حارج رہنا لازم تھا۔ پھر داہنے ہاتھ سے جیسے کیسے تلوار چلا بھی لی جائے تو دشمن کے وار کو روکنے کا تو کوئی فنی طریقہ نہیں تھا۔ ڈھال یا سپر پر تلوار روکی جاتی ہے۔ اُسی سے نیزے اور برچھی کا وار روکا جاتا ہے۔ وہاں ڈھال کیسے کام دے سکتی تھی۔ پھر نوجوانان بنی ہاشمؑ اور اکثر انصار کے پاس زرہ وبکتر اور خود بھی نہ تھا۔ سادہ کپڑوں سے تیروں، تلواروں اور نیزوں کی بوچھاڑ میں کود پڑتے تھے۔ حقیقت اسکے سوا کچھ نہیں کہ یہ حضرات صرف حصول شہادت کا شرعی بہانہ ڈھونڈنے نکلتے تھے۔ اور جناب عباسؑ کو تو لڑنے اور دل کی بھڑاس نکالنے کا موقع ہی نہ دیا گیا۔ جب بھی کوئی فیصلہ کن حملہ کیا بھائی کی آواز آئی بھیّا یہ لوگ ظالم و بے رحم ہیں لیکن تم تو رحمۃ للعالمین کے بیٹے ہو۔ جسم کا خون گرم بھی نہ ہونے پاتا تھا کہ بلا لئے جاتے تھے۔ فَاِنَّ الْعَبَّاسؑ، علٰی مانقله ثقات واثبات عن کتاب المقتل للمحدث الحاذق ابن عصفور البحرانی، قدقتل مِن الاعدآء والکفار خمسة وعشرین الفًا منهم۔ فهؤلاء غیرالمجروحین بیده ۔وقتل سائر المستشهدین بین یدی الامام علیه السلام مِنَ العترة الها شمیة خمسة وعشرین الفًا منهم وقدقتل الامام علیه السلا م روحی له الفداء ثلثما ئة الف وثلثین الفًا وکان عددجمیع عسکر ابن زیاد اربع مائة الف و سِتّین الفافلم یبق منهم بعد انقضاء المعرکة الّاثمانون الفًا۔
(اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات۔ صفحہ 331)

ایسے اتفاقیہ حملوں میں بھی آپؑ نے بقول جناب علامہ محدث ابن عصفور بحرانی پچیس ہزار (25000) ملاعین کو قتل کیا زخمیوں کا شمار اس سے الگ ہے۔ اور باقی شہدائے بنی ہاشمؑ اور انصار نے مل کر پچیس ہزار (25000) دشمنانِ دین کو واصل جہنم کیا۔ اور تنہا امام حسین علیہ السلام نے تین لاکھ تیس ہزار (3,30,000) شامیوں کو تہہ تیغ کیا۔ جبکہ یزیدی فوج کی کل تعداد چار لاکھ ساٹھ ہزار (4,60,000) تھی۔ جن میں سے معرکہ کربلا کے بعد کل اَسی ہزار افراد باقی بچے تھے۔''

یہاں دو باتیں بالکل واضح ہیں اوّل یہ کہ اگر اُن حضرات کو اپنا وعدہ پورا کرنا منظور نہ ہوتا تو ساری دنیا کے انسان مل کر بھی اُنہیں شکست نہ دے سکتے تھے۔ دوسری بات یہ ہے کہ جس طرح فضائل محمدؐ وآل محمدؐ کو علما نے اپنی عقلی حدود اور گرفت سے باہر دیکھ کر اُن میں کتر بیونت کی ہے اور اُن تمام احادیث کا انکار کر دیا ہے جن میں کوئی ایسی فضیلت تھی جو اُن کے خاطی معیار سے بلند ہو۔ اُسی طرح اِنہوں نے اوّل تو اُن لوگوں کی تعداد لکھی ہی نہیں جو شہدائے کربلاؑ کے ہاتھ سے قتل ہوئے اور اگر کسی نے غلطی سے تعداد لکھ دی تو اُس نے اسی قدر لکھا جتنا خود اُن کے اپنے لئے ممکن تھا۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کو شہادتیں ملیں گی، یہ لکھا ہوا ملے گا کہ فلاں نے بڑی شدید جنگ کی (قَتَلَ قِتَالًا شدیدًا) مگر اُن کے ہاتھ سے کسی ایک کا قتل ہونا بھی نہ ملے گا۔ پلٹ کر وہ بیانات دیکھیں جو ہم نے اُن کے ترجمہ کی صورت میں پیش کئے ہیں اور اب خود حضرت عباسؑ کی شہادت میں دیکھ لیں کہ دشمنوں کے مقتولوں کی تعداد حتی الوسع غائب کرنے کی کوشش صاف معلوم ہوگی۔ آیئے علامہ دربندی کے قلم سے سُنئے۔

(4)۔ برادران حضرت عباسؑ کی شہادت سرکاری علما کا طرز بیان

قال الشیخ المفید فی الارشاد ولمارای العباؐس کثرة القتل فی اھلہ قال لاخوانہ مِن اُمّہ وھم عبد اللّٰہ وجعفر وعثمان،یابنی اُمیّ تقدمُوا حتّی اریکم نصحتم للّٰہِ ولرسوؐلہ فانکم لاولد لکم فتقدم عبدؑ اللّٰہ فقاتل قتالًا شدیدًا۔ فاختلف ھُوَ وھانی بن ثبیت الخضرمی بضر بتین فقتلہ ھانی فتقدم بعدہ جعفرؑ بن علیؑ فقاتل فقتلہ ایضًا ھانی وتعمّد خولی بن یزید الاصبحی عثمانؑ بن علیؑ وقدقام مقام اخوتہ فرماہ فصرعہ وشدعلیہ رجل من بنی دارم فاجتزّ راسہ ۔'' (اکسیر العبادات۔صفحہ 318)

''شیخ مفید نے اپنی کتاب ارشاد میں لکھا ہے کہ جب عباسؑ نے اپنے گروہ کے قتل ہوجانے والے لوگوں کی کثرت کو دیکھا تو اپنے مادرزاد بھائیوں عبداللہؑ ،جعفرؑ اور عثمانؑ سے کہا کہ اب تم جنگ کے لئے آگے بڑھو تاکہ میں تمہیں اللہ اور رسوؐل کے سامنے پیش کرسکوں اور تمہارے پیچھے تو کوئی اولاد بھی نہیں ہے۔ چنانچہ عبدؑاللہ آگے بڑھے اور بہت سخت جنگ کی اِسی دوران اُن میں اور ہانی بن ثبیت حضرمی میں تلوار کی دو چوٹوں کی ردوبدل ہوئی تو ہانی نے عبدؑاللہ کو قتل کردیا۔اُن کے بعد جعفرؑ میدان میں آئے وہ بھی ہانی سے لڑے۔ اُن کو بھی ہانی نے قتل کرڈالا۔ پھر عثمانؑ میدان میں آئے اور جعفرؑ کی جگہ کھڑے ہوئے تو انہیں خولی بن یزید اصبحی نے اُلجھالیا اتنے میں بنی دارم کے ایک شخص نے تیر مارا اور عثمانؑ کا سرکاٹ لیا۔''

(5)۔ کیا ہم نے غلط کہا تھا؟

یہ بیان پڑھنے سے جو تصور قائم ہوتا ہے وہ جناب علامہ دربندی کے الفاظ میں سننے کے قابل ہے۔وہ لکھتے ہیں کہ۔

"فَاِنَّ طَرِیْقَةَ اکثرالرثا ة وذاکری المصائب فِی ذلک الباب غیرمرضیة بل لو فَتَشْتَ کیفیّة قرائتھم وذکرھم المصائب لَوَجَدْ تَھُمْ کَاَنَّھُمْ یَقْرَؤُنَ طروس فتوحات بنی اُمیّة وبنی زیاد لعنھم اللّٰہ اَیَرْضَیُ ابوالفضل العباسؑ ؟'' (اکسیر العبادات صفحہ 332)

''بلاشک وشبہ اکثر ذاکروں اور مرثیہ خوانوں کا اس سلسلے میں بہت ہی ناپسندیدہ طریقہ ہے۔ چنانچہ اگر تم تحقیق وتفتیش کروگے تو تم اُن لوگوں کو ایسے حال میں پاؤ گے کہ گویا وہ بنی امیہ اور ابن زیاد کی اولاد کی فتح اور شجاعت کی داستان کہہ رہے ہیں۔ کیا اس سے ابوالفضل العباسؑ خوش ہوں گے؟''

چنانچہ شیخ مفید کا مندرجہ بالا بیان سو فیصد اس کی مثال ہے۔حضرت عباسؑ کے تین بھائیوں کو دو آدمیوں کے ہاتھ سے قتل کرادینا اور ان دونوں میں سے کسی ایک کے ایک زخم تک نہ آنا کس طرف کا کمال ہے؟ اس بیان سے کون خوش ہوگا؟ بنی امیہ یا اولادِ فاطمہؑ؟ پھر قتالاً شدیداً مصرعہ طرح یہاں بھی موجود ہے۔مگر یہ پتہ نہیں چلتا کہ ایک آدمی نے علیؑ کے دو بیٹوں کو ٹھکانے لگادیا۔اس میں قتالاً شدید کس نے کیا اور قتالًا خفیفًا وقتالًا ذلیلًا کس کے حصہ میں آیا؟ انا للّٰہ وانا الیہ راجعون۔

ہمیں اِن حضرات کی لکھی ہوئی عبارتوں کا ترجمہ پیش کرنا پڑتا ہے۔ہماری مجبوری یہ ہے کہ ہم چودھویں صدی میں پیدا ہوئے۔اور ہمیں جو کچھ ملا وہ اُن حضرات کا پس خوردہ ہے۔اگر کہیں کہیں اور کبھی کبھی بیچ میں حقیقی علمائے شیعہ دخل اندازی نہ کرتے رہتے تو آج واقعی بنی اُمیہ اور اُن کے سرپرستوں کا مذہب ومسلک ہوتا۔

(6)۔ حضرت زہیرؑ بن قین آگ پر تیل ڈالتے ہیں

وفی نقل آخرانّه قیل آتی زهیرالٰی عبد اللّٰه بن جعفر بن عقیل قبل اَن یقتل۔ فقال له یااخی ناولنی الرَّایه فقال له عبد اللّٰه اَوَفِیَّ قصور عن حملها ؟ قال لا ۔ ولکن لی بِهَاحاجة ۔قال فدفعها اِلَیهِ واخذ هازهیرو آتی فجاء ه العباسؑ بن علیؑ وقال یابن امیرالمؤمنینؑ اُرِید اَن احدثکَ بحدیث وعیته فقال حدّث فقد جلا وقت الحدیث ۔حدّث ولا حرج علیک فانّما ۔تروی لنا متواتر الاسناد ؟ فقال له اعلم یااباالفضل اِنَّ اباک امیرالمؤمنین علیه السلام لَمَّا اراداَن یَتَزَوَّج بامک ام البنینؑ بعث اِلٰی اخیه عقیل وکان عارفًا بِاَنساب العرب ۔فقال علیه السلام یااخی اُرِید منک اَنُ تخطب لی امرأ ة مِن ذوی البیوت والحسب والنسب والشجاعة لکی اصیب منها ولدًا یکون شجاعًا وعضدًا ینصر ولدی هٰذا واشارا لَی الحسینؑ لیواسیه فی الطف کربلا وقد اد خّرک ابوک لمثل هذا الیوم فلا تقصر عَنُ حلائل اخیک وعن اخواتک ۔قال فارتعدّ العباس وتمّطی فی رکابه حتی قطعه وقال یازهیر تشجعنی فی مثل هٰذا الیوم و اللّٰه لَاَرِینّک شیئًا مارَاَیْتَه قطّ........(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 318)

حضرت زہیر نے ایک اسکیم بنائی اور وہ عبداللہ بن جعفر بن عقیل کے پاس آئے جو اُس وقت علم اُٹھائے ہوئے تھے اور کہا کہ بھائی جان یہ علم مجھے دیدو۔عبداللہ نے پوچھا کہ کیوں کیا مجھ میں کوئی عیب نظر آ رہا ہے؟ عرض کیا کہ یہ بات نہیں بلکہ مجھے علم سے ایک کام لینا ہے۔ چنانچہ انہیں پرچم مل گیا۔ وہ علمدار کی صورت میں جناب عباسؑ کے پاس آئے اور کہا کہ اے امیرؑالمومنین کے فرزند میں آپ کو ایک حدیث سنانا چاہتا ہوں۔فرمایاہاں ہاں ضرور سناؤ۔حدیث سننے کے لئے یہ بہترین وقت ہے اور تم تو صحیح سند کے ساتھ حدیث سناتے ہو۔لہٰذا کوئی حرج نہیں ہے۔زہیرؑ بن قین نے عرض کیا کہ ایک دن حضرت علیؑ نے اپنے بھائی عقیل کو بلایا اور بتایا کہ مجھے حسینؑ کے لئے ایک ایسے بیٹے کی ضرورت ہے جو بے مثل بہادر ہو۔انتہادرجہ کا اطاعت شعار ہو جو مجسمہ وفاوفدا کاری ہو اور حسینؑ کے لئے کربلا میں خدمات انجام دے اور اُن پر خود کو قربان کر دے۔لہٰذاتم عرب کے کسی عالی حسب ونسب وشجاع خاندان کی لڑکی سے میرا پیغام دو۔اس مرتضویؑ اسکیم کے ماتحت امیرالمومنینؑ نے اُم البنینؑ سے نکاح کیا تھا۔یوں تمہیں اپنی طرف سے ذخیرہ کرکے پال پوس کر جوان کیا تھا، آج وہ دن آ گیا ہے۔اُمید ہے کہ تم امام حسینؑ اپنے بھائی علیہ السلام کی ازواج اور خود اپنی بہنوں اور خاندان رسولؐ کے بچوں کے تحفظ میں کوئی کسر اُٹھانہ رکھو گے۔ یہ سُنا تو حضرت عباسؑ جوش نصرت ومحبت سے لرز گئے۔اور رکاب میں وزن دیکر انگڑائی لی تو دونوں رکابیں ٹوٹ گئیں اور کہا کہ بھائی زہیر تم مجھے شجاعت کا سبق دے رہے ہو۔جزاک اللہ میں انشاءاللہ آپ حضرات کو آج وہ کچھ کر کے دکھاؤں گا جو تم نے کبھی نہ دیکھا ہوگا۔زہیرؑ خوش ہو گئے ہوں گے۔مجمع میں ہمت وجرأت کئی گنا ہوگئی ہوگی۔ یہ خبر امامؑ کو بھی ضرور پہنچی ہوگی۔عبّاس تو علیؑ تھے۔آپ تو زہیرؑ کی فکر وخلوص کی داد دیں۔

(7)۔ حضرت عباسؑ کی رخصت کا ایک نظارہ؛ بھائیوں میں باتیں

وفی بعض التالیفات اصحابنااَنَّ الْعَبَّاس لَمَّا رَای وحدته آتی اخاه وقال یااَخِی هَل مِن رخصته فبکی الحسیؑن بُکَاءً شدیدًاحتی ابتلّت لحیته بالدموع وقال یااخی کُنْتَ العلامة مِن عسکری ومجمع عددنافاذا انتَ غد وت یؤل جمعنا اِلَی الشتات وعمارتنا تنبعث اِلَی الخراب ۔فقال العباس فداک روح اخیک یاسیدی قد ضاق صدری من حیٰوة الدنیا واُرِیُدُ اَنُ اخذ

الثار مِن ھٰؤُلاء المنافقین ۔فقال الحسینؑ اذا غد وت اِلَی الجھاد فاطلب لِھٰؤلاء الاطفال قلیلًا من المآء۔قال فلَمَّا اجاز الحسین علیہ السلام اخاہ العباسؑ للبراز۔برز کالجبل العظیم وقلبہ کالطّود الجسیم لِاَنَّہٗ کان فارسًا ھمامًاو بطلاً ضرغامًا وکان جَسُوْرًاعَلَی الطعن والضرب فی میدان الکفاح والحرب۔ (اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 318)

’’ہمارے بزرگوں کی بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ جب جناب عباس علیہ السلام نے اپنے بھائی کی تنہائی کی شدت محسوس کی تو بھائی کے پاس حاضر ہوئے۔اور ہمت کر کے عرض کیا کہ کیا مجھے جنگ کی رخصت مل سکتی ہے؟ امامؑ پہلے ہی سمجھ چکے تھے۔یہ سُن کر بے تحاشہ آنکھوں سے آنسو بہنے لگے، آواز رک گئی، یہاں تک کہ آنسوؤں سے ریش مبارک تر ہوگئی۔سنبھل سنبھل کر فرمایا۔ بھائی تم تو جانتے ہو کہ میں تمہاری جدائی برداشت کرنے کی طاقت فی الحال نہیں رکھتا۔پھر یہ بھی تو سوچو کہ تم تو میرے لئے اور میری فوج کے لئے ایک خدائی علامت ہو۔تمہیں یہ بھی معلوم ہے کہ تمہارا وجود ہمارے تمام انصار واقربا اور حرم رسولؐ کے لئے باعث طمانیت اور یک جہتی ہے۔جب تم نہ ہوگے ہمارے ساتھیوں کے دلوں میں کمزوری اور انتشار پیدا ہوسکتا ہے۔اور ہماری یگانگت و یکسوئی کی یہ عمارت زمین بوس ہوسکتی ہے۔حضرت عباسؑ امامؑ کے روبرو دوبارہ نہ بولتے تھے۔مگر وقت نے مجبور کیا تو عرض کیا کہ حضوؐر میرا دل اب زندگی سے قطعاً اُکتا چکا ہے۔برداشت کی قوت جواب دے چکی ہے۔اگر اجازت مل جائے تو میں اُن مصنوعی مسلمانوں سے اپنے تمام شہدؑا کا انتقام لے لوں۔مطلب یہ تھا کہ ذرا کھل کر جنگ کرلوں اور دشمن کے کیمپ میں بھی اندھیرا کردوں تو پھر سوچوں کہ زندہ رہوں یا نہ رہوں؟ امامؑ بھائی کا ارادہ سمجھ رہے تھے۔اور جانتے تھے کہ اگر عباسؑ کو غیر مشروط انتقام لینے کی اجازت دے دی تو تاریخ کا دھارا بدل جائے گا۔لہٰذا سوچ کر فرمایا کہ اچھا بھائی دیکھو جب تم میدان جہاد میں پہنچو تو پہلا کام یہ کرنا کہ ان ننھے ننھے بچوں کے لئے اُن لوگوں سے تھوڑا پانی لے لینا۔ حضرت عباسؑ نے اس مشروط اجازت کو بھی غنیمت سمجھا اور وہاں سے اس طرح دشمن کی طرف چلے جیسے کوئی عظیم الشان پہاڑ اپنی جگہ سے چلے اور زمین میں گڑگڑاہٹ اور زلزلہ آجائے اور پہلو میں اس اجازت سے ایک ایسا دل محسوس ہوتا تھا جو کسی بہت بڑی چٹان کی طرح جم کر کھڑا ہوا ہو۔اور آج معلوم ہو رہا تھا کہ دنیا میں صرف وہی ایک عظیم الشان بہادر ہیں، وہی یگانہ روزگار شجاع شیر ہیں۔اور کیوں نہ ہو کہ وہ تلوار اور نیزہ بازی اور میدان حرب وضرب میں سب سے زیادہ جسارت وجرأت کا مجسمہ تھے۔‘‘

یہاں ہمیں وہ نظارہ یاد آرہا ہے جو ایک حقیقی شیعہ مومن اور محبت اہل بیتؑ سے سرشار وسوگوار عظیم الشان شاعر نے کھینچا تھا کیا خوب فرمایا تھا کہ:۔ ؎ **کس شیر کی آمد ہے کہ رَن کانپ رہا ہے رستم کا بدن زیر کفن کانپ رہا ہے**

ہمیں معلوم ہے کہ دشمنان دین میں بدحواسی پھیل جایا کرتی تھی۔ وہ فرار کے لئے اپنے گھوڑوں کی باگیں سنبھال لیا کرتے تھے۔ اُنہوں نے کئے حملوں میں تجربہ کرلیا تھا۔ وہ دیکھ چکے تھے کہ اگر پہلے سے راہِ فرار اور اصولِ فرار(PLANNED RETREAT) طے نہ کیا جائے تو آن کی آن میں ہزاروں فوجی گھوڑوں سے گر کر کچل کر مر جاتے ہیں۔اور چونکہ فوجوں پر فوجیں تعینات تھیں اور کئی میل کا علاقہ چاروں طرف والی افواج سے اَٹا کٹ بھرا ہوا تھا۔اس لئے ایک فوج کا میدان سے ہٹنا یا بھاگنا پیچھے والی تمام افواج کو حرکت میں لائے بغیر ناممکن تھا۔اس لئے بدحواسی اور افراتفری مچ جانا اور موت کا فوجوں کے سروں پر ناچنا ایک فطری

وقدرتی عمل تھا۔لہٰذا وہ تاک لگائے رہتے تھے کہ کب حضرت عباسؑ رکاب میں پیر ڈالتے ہیں۔وہ مزاحمت بھی مجبوراً کرتے تھے۔تاکہ ذرا پیچھے والوں کی ترتیبِ فرار قائم ہولے تو چلیں۔یعنی لفظ عباسؑ وہاں پیغام موت تھا۔

(8)۔ حضرت عباس علیہ السلام اتمام حجت کرتے ہیں

قال فھمّزہ جوادہ نحوالقوم حتی توسّط المیدان فوقف وقال یابن سعد ھٰذا الحسین ابن بنتؑ رسولؐ اللّٰہ یقول انکم قتلتم اصحابہ واخوتہ وبنی عمّہ وبقی فریدًا مع اولادہ وعیالہ وھم عطاش قداحرق الظماء قلوبھم فاسقوھم شربۃ مِن المآء لانّ اطفالہ وعیالہ وھَطُوا الَی الھلاک وھومع ذلک یقول دعونی اخرج الٰی طرف الروم اَوِالھند واخلی لکم الحجاز والعراق واشرط لکم اَنَّ غدًا فی القیٰمۃ لا اخاصمکم عند اللّٰہ ۔ حتّی یفعل اللّٰہ بکم ما یرید۔ فَلَمَّا اوصل العباسؑ الیھم الکلام عن اخیہ فمنھُم مَن سَکَتَ ولم یردّجوابًا ومنھم مَن جلس یبکی۔فخرج الشمر و شبث بن ربعی فجاء انحوالعباس وقالا قل لاخیک لوکان کُلّ وجہ الارض ماء وھو تحت ایدینا مااسقینا کم منہ قطرۃ الّااَنُ تدخلوا فی بیعۃ یزید فتبسم العباس ومضی الی اخیہ الحسیؑن واعرض علیہ ماقالوفطأ فطأ راسہ الی الارض وبکی حتّٰی بلّ ازیاقہ۔ (اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 319-318)

’’بیان کیا گیا ہے کہ حضرت عباسؑ نے گھوڑے کو ایڑ لگائی میدان جنگ کے درمیان آ کر افواج کے سامنے کھڑے ہوئے اور ابن سعد سے کہا کہ امامؑ کا پیغام یہ ہے کہ تم لوگوں نے اُن کے تمام اصحاب وانصار کو قتل کر دیا۔اُن کے بھائیوں اور بھائیوں کی اولاد کو بھی نہ چھوڑا۔چنانچہ اب وہ تنہا رہ گئے صرف اُن کی اپنی اولاد باقی ہے اور مستورات باقی ہیں۔اور یہ سب پیاس کی شدت سے قریب المرگ ہیں۔کیا تم ایسی حالت میں بھی اُن کے لئے اس بہتے ہوئے پانی میں سے صرف ایک دفعہ پینے کا پانی بھی نہیں دے سکتے؟ اور ساتھ ہی وہ پھر یاد دلاتے ہیں کہ اگر تم اب بھی تیار ہو جاؤ تو وہ ملک روم یا ملک ہندوستان میں جلاوطن ہو جائیں اور عراق وحجاز میں تمہیں آزاد چھوڑ دیں۔اور وہ یہ شرط بھی ماننے کو تیار ہیں کہ بروز قیامت وہ تمہارے خلاف اللہ کے سامنے شکوہ اور دعویٰ نہ کریں گے تاکہ اللہ کو جو پسند ہو وہ سلوک تمہارے ساتھ کرے۔جب حضرت عباسؑ نے امامؑ کا یہ پیغام پہنچا دیا تو حالت یہ تھی کہ بعض لوگ بالکل خاموش تھے بعض رو رہے تھے۔پھر شمر ملعون اور شبث بن ربعی آگے بڑھ کر حضرت عباسؑ کے قریب آئے اور کہا کہ سنو اور اپنے بھائی کو جا کر بتاؤ کہ اگر یہ ساری زمین پانی بن جائے اور پھر وہ تمام پانی ہمارے قابو میں ہو تب بھی ہم اُن کو پانی کا ایک قطرہ تک نہ دیں گے۔البتہ یہ دوسری صورت ہے کہ وہ یزید کی بیعت کرلیں۔یہ جواب سن کر جناب عباس علیہ السلام **’’مسکرائے‘‘** اور اپنے بھائی حسین علیہ السلام کے پاس واپس چلے آئے اور اُن ملاعین کا جواب پیش کر دیا۔امام حسینؑ نے اپنا سر زمین کی طرف جھکا لیا اور **اتنا روئے کہ گریبان بھیگ گیا۔**‘‘

یہاں مومنین یہ نوٹ کرلیں کہ ابھی دشمن کی فوج خیام حسینیؑ سے اتنی دُور ہے کہ جناب عباسؑ گھوڑے کو ایڑ لگا کر گھوڑا دوڑاتے ہوئے جاتے ہیں اور جہاں سے اُن ملاعین کو مخاطب کرتے ہیں وہ میدان کا وسط ہے۔یعنی حضرت عباسؑ جس مقام پر ٹھہرے وہاں سے بھی افواج اتنی دُور تھیں کہ اُن تک حضرت عباسؑ کی آواز پہنچ سکتی تھی۔ہم یہ بتانا چاہتے ہیں کہ افواج اتنے فاصلے پر تھیں کہ خیام حسینؑ میں سے کسی کے رونے کی آواز لشکر تک نہیں جا سکتی تھی۔اور یہ کہ امام حسینؑ اور اُن کے انصار واہلبیتؑ میں سے کسی نے یہ پسند نہیں کیا کہ اُن کی بے قراری یا گریہ وزاری کا دشمنانِ خدا ورسولؐ مذاق اڑائیں۔لہٰذا ذاکروں اور منبر کے رکھوالوں کو چاہیئے کہ وہ بھی اس کا خیال رکھیں۔

دیکھئے حضرت عباس علیہ السلام شمر اور شبث کے جواب پر مسکرائے تاکہ اُن کی ہمت ٹوٹ جائے اور یہ خیال پیدا نہ ہونے پائے کہ امامؑ کی ہمت جواب دے چکی ہے۔ لیکن جب حضرت عباسؑ نے امامؑ کو جواب سنایا تو آپ رونے لگے۔ اوّل اس لئے کہ ابھی ابھی حضرت عبّاس کی جدائی ہونے والی ہے۔ دوم اس لئے کہ علیؑ اصغر معصوم اور تین سال سے لے کر دس سال تک کے بچوں کی تکلیف فطری ہے۔ سوم اس لئے کہ لاکھوں ملاعین جہنم سے بچنا نہیں چاہتے۔ اُمت کی تکلیف بھی انبیاؑ و آئمہؑ ہی کو ہوا کرتی ہے۔

(9)۔ حضرت عباس علیہ السلام داغِ جدائی دیتے ہیں

آپ نے دیکھا کہ حضرت عباسؑ کو مشروط اجازت ملی۔ زبردستی سے پہلے، بطور اتمام حجت پانی مانگا تو جواب آپ نے سُن لیا۔ امامؑ صورت حال پر گریاں ہوئے۔

فسمع الحسين عليه السلام اصوات الاطفال وهم ينا دون العطش العطش فلما سمع العباسؑ ذلک رمق بطرفه اِلَى السما وقال الٰهى وسيدى اُريد ان اعتدّ بعدّ تى واملاء لهٰؤُلاء الاطفال قربة من الماء فركب فرسه واخذ رمحه والقربة فى كتفه وقبّل بين عَينيه وودع اخوه وقصد الفرات وسارحتى آتى اِلَى الشريعة واذًا دونها عشرة الاف فارسٌ مدرعة ۔فلمّا يهوّلوه فصاحت به الرجال مِن كُلّ جانب ومكان مَن انت ياغلام ۔ فقال انا العباسؑ بن علىؑ بن ابى طالبؑ ۔ ثمَّ نادى يابنى فلاح انا ابن اختكم اُمّ عاصم الكلابية واناعطشان واهل بيت محمدؐ يزاد ون مِن الماءِ وهى مباح للكلاب والخنازير و نحن منه محرومون واليها بالحسرة ناظرونَ فقال له عمربن الحجاج يعزّعلىّ يا بن الاخت مانزل بک من العطش ولو علمت لارسلت اليک الماء ۔ دونک والفرات يابن الاخت .فسارالعباس حتى نزل الفرات وجعل يملا القربة۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 319) (روایت باقی ہے)

اتنے میں دونوں بھائیوں نے بچوں کے رونے اور پانی مانگنے کی آوازیں سُنیں تو جناب عباسؑ بے چین ہوگئے۔ آسمان کی طرف نگاہِ حسرت اُٹھائی اور کہا کہ یاالٰہی اور اے میرے سید و مولاؑ میں اپنے وعدہ اور مدت کو پورا کر کے گزرنا چاہتا ہوں۔ اوران بچوں کیلئے پانی کی ایک مشک بھر کر لانا چاہتا ہوں۔ یہ کہہ کر اپنے گھوڑے پر سوار ہوئے، اپنا نیزہ لیا، مشک کندھے میں لٹکائی، بڑھ کر بھائی سے وداع ہوئے اُن کی پیشانی پر بوسہ دیا۔ فرات کے ارادہ سے چلے یہاں تک کہ جب نہر کے گھاٹ کے قریب پہنچے تو وہاں دس ہزار مسلح اور زرہ بکتر سے آراستہ فوج کو پہرہ پر پایا۔ اور جیسے ہی فوجیوں نے اُن کو دیکھا چاروں طرف سے اور ہر جگہ سے سوال ہونے لگا کہ تم کون ہو اور کیوں آئے ہو؟ فرمایا کہ عباسؑ بن علیؑ بن ابیطالبؑ ہوں۔ اسکے بعد آواز دی کہ اے فلاحی قبیلے کے لوگو! تمہاری بہن کا، اُم عاصم کلابیہ کا بیٹا ہوں اور میں بھی اور محمدؐ کے اہلبیتؑ بھی پیاسے ہیں۔ ایک ایک بوند پانی کو ترس رہے ہیں۔ حالانکہ سوٗر اور کتے تک پانی سے محروم نہیں کئے گئے اور ہمیں محروم رکھا گیا ہے۔ ہم حسرت و یاس سے دریا کو بہتا ہوا دیکھتے ہیں۔ عمرو بن الحجاج نے کہا کہ اے ہمشیر زادے مجھے تم پر گزرنے والی مصیبت پر بڑا دکھ ہوا۔ تمہیں میری ہمدردیاں حاصل ہیں۔ اگر مجھے علم ہوتا تو میں وہیں تمہارے پاس پانی بھجوا دیتا۔ جاؤ فرات تمہارے لئے کھلی ہے۔ چنانچہ جناب عباس فرات پر آئے اور کئی روز کی سوکھی مشک کو پانی میں ڈال کر نرم کرنا اور بھرنا شروع کیا۔

فبلغ خبره الٰى عمربن سعد فقال علىَّ براس عمرو بن الحجّاج حيث يقوى عليناا عدائنا ۔فبعث اليه عمروبن الحجاج وهو يقول لاتعجل عَلَىَّ انما عملتُ ذلک لاحتال عَلٰى قتله ونهرعليه الرجال وقال دونكم والعباسؑ فقد حصل بايديكم۔فَلَمَّا

راهم العباسؑ وقد تسارعوا اليه وهومکبّ علی الماء وهمّ اَن یشرب فذکر عطش اخیه الحسین علیه السلام فلم یشرب وحطّ القربة عن عاتقه واستقبل القوم ۔ استقبل القوم یضربهم بسیفه وکانه النّار فی الاحطاب وینشد ویقول: ۔اَنَاالَّذِی اعرف عندالزمجرة۔ بابن علیؑ المسمّی حیدرة ۔فاثبتواالیوم لنا یاکفرة۔ لعترة الحمد وآل البقرة۔ ثُمَّ حمل عَلَی القوم وهُوَ یَقْتَلُ فیهم حتّٰی قتل مِن ابطالهم وساداتهم مائة ثُمَّ عَادَ اِلَی الْقَرْبته فاحتملها علٰی عاتقه وهو یقول : لِـلّٰـهِ عَیْن رَأت ماقداحاط بنامن اللئام واولاد الدّعیّات یاحبّداعصبة جادت بانفسها حتّٰی تحل بارض الغاضریات الموت تحت ذباب السیف مکرمة اذکان من بعده سکنی الجَنّات ۔ ثُمَ حمل علی الرّجال وجدّل ابطال حتی قَرُبَ مِن اخیه الحسین علیه السلام وهویقول: یاحسینؑ بن علیؑ ۔اِن یرید القوم فقدکَ۔ لَن ینالوک بسوٓءٍ ۔انّما نالوه جدک ۔ان عندی من مصابی۔مثل ماان هو عندک۔ (مسلسل صفحہ 319)

اُدھر عمر بن سعد کو یہ اطلاع مل گئی تو اُس نے حکم دیا کہ عمرو بن حجاج کا سر کاٹ کر میرے سامنے پیش کرو۔اس لئے کہ وہ ہمارے دشمنوں کو پانی پلا کر قوی کرنا چاہتا ہے ۔ ادھر عمرو بن حجاج پہنچا اور بتایا کہ میں نے اس حیلہ اور فریب سے عباسؑ کو گھیرنے کا موقعہ پیدا کر لیا ہے۔ چنانچہ افواج کو حکم دیا کہ عباسؑ نہایت آسانی سے تمہاری دسترس کے اندر ہے۔ چاروں طرف سے حملہ کرو اور قتل کر ڈالو۔ اُدھر حضرت عباسؑ پانی پر جھکے ہوئے مشک بھرنے میں مصروف تھے۔اضطراری حالت میں ایک چلو پانی پینے کے لئے اُٹھایا تو بھائی حسینؑ اور بچوں کی پیاس یاد آ گئی۔ پانی ہاتھ سے پھینک دیا اور دیکھا کہ چاروں طرف فوجیں گھیرا ڈالتی ہوئی آگے بڑھتی چلی آ رہی ہیں۔ یہ دیکھ کر افواج کے مقابلہ کے لئے آگے بڑھے اور فوج پر حملہ کر دیا۔اور تلوار اُن کو اس طرح جہنم میں پہنچا رہی تھی جیسے سوکھی لکڑیوں میں آگ بھڑکتی اور پھیلتی ہے۔اور ساتھ ہی جوش دلانے کے لئے یہ اشعار پڑھ رہے تھے کہ: میں وہ شخص ہوں جسے فوجوں میں گھر جانے کے بعد ہی ٹھیک ٹھیک پہچانا جاتا ہے۔ میں بیٹا بھی تو اس کا ہوں جسے اژدھا کا جبڑا چیر ڈالنے کی بنا پر گہوارے ہی سے حیدؑر کہا جاتا تھا۔اے گروہ کفار بات جب ہے اگر آج تم عترتِ حمد اور آلِ بقرہ کے سامنے جم کر لڑو۔ برابر حملے کرتے ،فوجوں کو بھگاتے اور لاش پر لاش گراتے رہے۔ یہاں تک سو فوجیوں کو فی النار اور اُن کے سرداروں اور بہادروں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور جب میدان صاف ہو گیا تو واپس فرات پر آئے جہاں مشک چھوڑی تھی۔اُسے کندھے پر لٹکایا اور یہ شعر پڑھے۔اللہ ہی کے پاس وہ آنکھیں ہیں جو یہ دیکھتی ہیں کہ ہمیں کس گروہ نے گھیر رکھا ہے ۔ یہ قابل صد ملامت زنا کے لئے بلانے والیوں کی اولاد ہیں ۔ وہ کیسا قابل فخر گروہ ہے جو اپنی جان قربان کرنے اور سخاوت دکھانے کے لئے خود قربان گاہ میں آ پہنچے۔تلوار کے نیچے مرنا بڑی بزرگی کی بات ہے خصوصاً جب کہ ایسی موت کے بعد جنت میں مستقل سکونت حاصل ہوتی ہو۔ پھر حملہ کیا اور بہادروں وسرکشوں کو ڈھیر کرتے امامؑ کے قریب ہوتے گئے۔اور یوں مخاطب کیا کہ اے بھائی حسینؑ اگر یہ قوم تمہیں فنا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو سنو تمہیں ذرہ برابر گزند نہ پہنچا سکے گی سوائے اس کے کہ تمہارے جد رسوؐل کو گزند پہنچائے۔میرے پاس پہنچنا بھی ویسا ہی ہے جیسا کہ آپ تک پہنچ جانا۔

قال وکان فی عسکر عمر سعد رجل یقال له المارد بن صدیف التغلبی فلمّا نظر مافعله العباسؑ مِن قتل الابطال خرّق اطماره ولطم علٰی وجهه۔ ثُمَّ قال لاصحابه لابارک اللّٰه فیکم اماواللّٰه لواخذکل واحدمنکم ملأ کفه ترابا الطمر تموه ولکنکم تظهرون النصیُحة وانتم تحت الفضیحة ثُمَّ نادی بِاَعْلٰی صوته اقسم علٰی من کان فی رقبته بیعة للأمیر یزید وکان تحت الطاعته

الا اعتزل عن الحرب وامسک عن النزال فانا لھٰذا الغلام الذی قدابا دالرجال وقتل الابطال واردی الشجعان وافناھم بالحسام والسنان ثُمَّ من بعدہ اقتل اخاہ الحسینؑ ومن بقی من اصحابہ معہ۔ فقال الشمر اذقدضمنت انک تکون کفو الناس اجمع ارجع معی الی الامیر عمر بن سعد واطلعہ علیٰ انّک تاتیہ بالقوم اجمعین اذاکان بک غنی عنّا۔فقال لہ المارد یاشمر اماو اللّٰہ مافیکم خیرٌ لانفسکم فکیف تعیّرون غیرکم ؟ فقال لہ الشمرھانحن نرجع الیٰ رایک وامرک وننظر فعالک معہ۔ ثم قال شمر للناس اعتزلوا علی الحرب حتی ننظر مایکون منھما۔(مسلسل ۔اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 319)

راوی نے بتایا کہ عمرسعد کے لشکر میں ایک شخص بنام مارد بن صدیف تھا۔ جب اُس نے حضرت عباسؑ کی مچائی ہوئی تباہی اور بہادروں کی لاشوں کا انبار دیکھا تو اپنا منہ پیٹ لیا۔ اور کپڑے پھاڑ ڈالے پھر اپنی فوج والوں سے کہا کہ خداتمہارے کاموں میں کبھی برکت نہ دے ارے نامردو! تم تو اتنی تعداد میں ہوکہ اگراس پر ایک ایک مٹھی مٹی کی ڈال دوتو وہ دفن ہوکر رہ جائے۔لیکن تم توکسی کی نصیحت کی پرواہ نہیں کرتے اسی لئے تم ذلیل وخوار ہوتے چلے آ رہے ہو۔ پھر بہت بلند آواز سے کہا کہ تم میں جس جس شخص کی گردن میں امیر یزید کی بیعت کی ذمہ داری ہے اور جوشخص اس کی اطاعت لازم سمجھتے ہیں وہ جنگ بند کردیں اور اپنی اپنی جگہ تماشہ دیکھنے کیلئے کھڑے ہوجائیں۔ یہ لڑکا جو ابھی ابھی تمہارے مَردوں کو فنا کے گھاٹ اُتار گیا، جس نے تمہارے پہلوانوں کو تہہ تیغ کر دیا، جس نے تمہارے بہادروں کو ردّی کی ٹوکری میں بھر دیا اور تلوار و نیزہ سے فنا کر ڈالا، میں اُسے قتل کروں گا پھر اس کے بھائی حسینؑ اور اُن کے باقی ماندہ صحابہ کو تہہ تیغ کروں گا۔اس پر شمر نے کہا کہ جب تم یہ ضمانت لے رہے ہو کہ تم تنہا ہماری مجموعی فوج کے ہم پلہ ہوتو آ ؤامیرعمرسعد کے پاس چل کر اسے مطلع کریں کہ تم ساری قوم کی جگہ اکیلے مقابلہ کے لئے کافی ہو۔اور یہ کہ تجھے اِن افواج کی بالکل احتیاج نہیں ہے۔ مارد نے جواب میں کہا کہ تم لوگ حد بھر کمینہ ہوتمہارے اندر سے جو بات نکلے گی اس میں کبھی اچھائی ممکن نہیں ہے۔اسی لئے تم اپنے سوا سب میں کیڑے نکالتے ہو۔شمر نے کہا اچھا بھائی ہم سب تمہاری رائے پرعمل کرتے ہیں اور تمہاری جنگ اور اقدام دیکھتے ہیں۔اس کے بعد شمر نے حکم عام دے دیا کہ جنگ روک دو اور کھڑے ہوکر تماشہ دیکھو کہ ان دونوں کا کیا بنتا ہے۔

فاقبل المارد بن صدیف وافرع علیہ درعین ضیّقین الزردوجعل علیٰ راسہ بیضۃ عادیۃ ورکب فرسًااشقرًا علیٰ مایکون من الخیل واخذ بیدہ رمحًا طویلًا فبرز الَی العباس بن علی علیہ السلام فالتفت العباسؑ فراہ وھوطالب یرعد ویبرق فعلم انّہ فارس القوم فثبت لہ حتی اذاقاربہ صاح بہ المارد یاغلام ارحم نفسک واغمد حسامک واظھرللناس استسلامک۔فالسّلامۃ اَوْلٰی مِنَ الندامۃ۔ فکم من طالب امرحَیْل بینہ وبین ماطلبہ وغافظۃ اجلہ واعلم انّہ لم یجاربک فی ھٰذا الیوم رجل اشدّ قسوۃ مِنّی وقد نزع اللّٰہ الرحمۃ علیک مِن قلبی وقدنصحت اِنْ قَبِلْتَ النصیحۃ ثم انشا یقول: اِنّی نصحتک ان قَبِلْتَ نصیحتی ۔حذرًا علیک من الحسام القاطع ۔ ولقد رحمتک اذرایتک یافعًا۔ولعل مثلی لایقاس بیافع ۔اعط القیاد تعش بخیر معیشۃ ۔اولٰی فدونک من عذاب واقع ۔قال فلما سمع العباسؑ کلامہ وماآتی بہ مِن نظامہ قال لہ ماریک آتیت الابجمیل ولانطقت الا بتفضیل غیر آتی اریٰ جعلک فی مناخ تذدروہ الریاح اوفی الصخر الاطمس لا تقبلہ الانفس وکلامک کالسراب یلوح فاذا قُصِدَ صارارضًا بوارًا والَّذی اصّلتہ ان استسلم الیک فذاک بعید الوصول صعب الحصول وانایا عدواللّٰہ وعدورسولہ فمعود للقاء الابطال والصبر علی البلاء فی النزال ومکافحۃ الفرسان وباللّٰہ المستعان فمن کملت

هذه الاوصاف فيه فلا يخاف ممن برز اليه ۔ويلک اليس لی اتصال برسول اللّٰه صلی اللّٰه عليه وآله وانا غصن متصل بشجرته وتحفة مِن نورجوهره ومن كان مِن هذه الشجرة فلا يدخل تحت الذمام ولا يخاف من ضرب الحسام وانا ابن عليؑ لا اعجز مِن مبارزة الاقران وما اشركتُ باللّٰه لمحة بصرولا خالفتُ رسوؐل اللّٰه فيما امروانا منه والورقة مِن الشجرة وعلی الاصول تثبت الفروع فاصرف عنک ماامّلته فَمَا انا ممن ياسی علی الحيوة ولا يجزع مِن الوفاة فخذ فی الجدّ واصرف عنک الهزل فکم من صبّی صغيرخيرمِن شيخ کبير عنداللّٰه تعالیٰ ثم انشاء يقول: صبرًا علیٰ جورالزمان القاطع ۔ومنية مااَن لها مِن دافع ۔ لاتجز عنّ فکل شی هالک ۔ حاشا لمثلی اَن يکون يجازع ۔فلئن رمانی الدّهرمنه باسهم ۔ وتفرق من بعد شمل جامع ۔ فکم لنا من وقعة شابت لها۔ قمم الاصاغر من ضراب قاطع۔(مسلسل۔اکسیرالعبادات۔صفحہ 320-319)

چنانچہ مارد بن صدیف آگے بڑھااور دوعدد بڑی چست زرہیں پہنیں ۔ سر پر بیضوی خود پہنا اور بادامی رنگ کا گھوڑا منگوا کر سوار ہوا۔ایک لمبا نیزا سنبھالا اور حضرت عباسؑ کے مقابلہ میں نکلا۔ جناب عباسؑ نے توجہ سے دیکھا کہ وہ اُن کو طلب کرتا ہے ۔گرجتا گونتا چلا آ رہا ہےاور ثابت ہوتا ہے کہ اپنی قوم کا سب سے بہادر بےخوف سُورما ہے۔جب وہ قریب آیا تو اُس نے حضرت عباسؑ کو للکار کر کہا کہ اے لڑکے اپنی جان پر رحم کر،تلوار میان میں رکھ اور لوگوں کے سامنے اپنی اطاعت اور عاجزی کا اعلان کر۔ برخوردار سلامتی ندامت اور پشیمانی سے بہر حال بہتر ہوتی ہے۔اور سنو اکثر ایسا ہوتا ہے کہ جو کچھ ہم حاصل کرنا چاہتے ہیں اس میں رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے اور محرومی کے سوا کچھ نہیں ملتا۔اور یہ بھی سمجھ لے کہ آج تک تمہارا مقابلہ مجھ سے زیادہ سخت مزاج بہادر سے نہیں ہوا ہے۔شکر کرو کہ تیرے لئے اللہ نے میرے دل میں رحم ڈال دیا ہے۔ اسی لئے میں تمہیں نصیحت کر رہا ہوں شاید یہ نصیحت تم پر اثر انداز ہو جائے اور تم میری ٹکڑے ٹکڑے کرڈالنے والی تلوار سے بچ نکلو۔ میں تمہیں بھر پور جوانی میں دیکھ رہا ہوں اور کہیں تم مجھے اپنا ایسا نوجوان نہ سمجھ بیٹھنا۔لہٰذا خود کو موت کے عذاب سے بچاؤ۔ زندہ رہنے اور خیر وخوبی حاصل کرنے کیلئے اطاعت شعاری اختیار کرلو۔حضرت عباسؑ نے یہ سب کچھ سنا اور اسے سر سے پیر تک دیکھا تو فرمایا کہ:

باتیں تو تم نے اچھی خاصی کی ہیں لیکن ان کے پیچھے حقیقت نہیں ہے۔تمہاری گفتگو کھوکھلی ہے،تمہارا کلام بے جان و بے مقصد ہے۔سمجھدار لوگوں کے نزدیک اس کی کوئی قیمت نہیں ہے۔اس کھوکھلے پن پر تم اپنی اطاعت کے لئے کہتے ہو جسے کوئی بھلا آدمی قبول نہیں کرے گا۔اے دشمن خدا ورسولؐ تو جانتا ہے کہ کس سے مخاطب ہے۔ارے ہم لوگ وہ ہیں جو بہادروں کے سامنے سے ہٹتے نہیں ہیں۔ اور آفات اور دشواریوں کے روبرو جھکتے نہیں ہیں۔ میدان جنگ میں ڈٹ کر تیغ زنی کرتے ہیں۔خدا تجھے غارت کرے کیا تو یہ نہیں جانتا کہ میں شجر رسالتؐ کی شاخ ہوں۔ کیا تو نہیں جانتا کہ میں براہ راست رسولؐ اللہ سے متصل اور اُسی شجرہ سے ہوں اور رسولؐ اللہ کے نور کے جوہر میں شامل ہوں۔اور جو اس شجرہ سے ہوتے ہیں وہ کسی کے ماتحت نہیں رکھے جا سکتے۔اور تلواروں سے نہیں ڈرتے۔اور میں تو علیؑ کا بیٹا ہوں۔ہم ساری دنیا کے ہم عصر بہادروں سے نہیں جھجکتے۔ہم نے آنکھ جھپکنے کے لمحہ میں بھی شرک نہیں کیا۔کبھی رسوؐل کی مخالفت نہیں کی ہے۔جن لوگوں کی یہ پوزیشن ہو،تُو سمجھتا ہے کہ وہ تیرے ایسے نا ہنجار شخص سے ڈر جائیں گے۔ ہم شجر رسالت کے پھل پھول اور پتے ہیں۔ہم میں سب کچھ اُسی اصل سے آیا ہے۔ بہر حال میں تمہاری غپ کو رسمی سمجھ کر نظر انداز کرتا ہوں۔اور یہ بتاتا ہوں کہ تو اپنی

ساری ہنرمندی اور جنگجوئی کو جمع کر کے میرے ساتھ مقابلہ کر۔ میں نہ زندگی کی فکر کرتا ہوں نہ موت سے ڈرتا ہوں ۔ یہ بھی سُن رکھ کہ اللہ کے نزدیک بہت سے چھوٹے بچے بڑے بڑے شیخوں اور پختہ عمر کے لوگوں سے بہتر ہوتے ہیں ۔اور یہ سب کچھ ابھی ذرا دیر میں معلوم ہوئے جاتا ہے۔ پھر یہ اشعار پڑھ کر سُنائے: جو زمانہ خود قائم نہ رہتا ہو اور خود منقطع ہو جاتا ہو اُس کے سخت کام ہونے پر صبر کچھ مشکل نہیں ہوتا۔اور جو زمانہ کی سختیوں اور دشواریوں کو دفع کر سکتا ہو اُسی سے تعلق رکھنا ضروری ہے۔ کسی حالت میں عاجزی اور بے بسی کا اثر نہ لینا چاہئے اس لئے کہ ہر چیز فانی ہے۔ بخدا مجھ ایسے لوگوں کو فریاد و فغاں پر اس حالت میں بھی مجبور نہیں کیا جا سکتا جبکہ یہ سارا زمانہ تیروں کا انبار بن کر وہ سارے تیر مجھ پر برسادے اور ایسی حالت بھی نہیں جب کہ میری ساری بساط بکھر جائے۔ کوئی واقعہ یا حالت ہم پر ایسی نہیں آ سکتی کہ ہم اُسے اپنی ہمت و جرأت کی ضربیں لگا کر سمیٹ کر نہ رکھ دیں۔

قال فَلَمَّا سمع المارد كلام العباس وماتى به من شعره لم يعط صبرًا دُون اَن حقق عليه بالحملة وبادره بالطعنة وهويظنّ اَن امره هيّن وقد وصل اليه وقد مكنه العباسؑ من نفسه حتى اذاوصل اليه السنان قبض العباسؑ علَى الرمح وجذبه اليه فكاد يقلع المارد من سرجه فخلاله الرمح ورَد يده الى سيفه وقد تخلله الخجل عندماملك منه رمحه قال فشرع العباس الرمح للمارد فصاح به ياعدو اللّٰه اِنّنى ارجومِن اللّٰه تعالٰى اَن اقتلك برُمحك فجال المارد على العباسؑ وقحم عليه فبادره العباسؑ وطعن جواده فى خاصرته فَشَبَّ به الجواد ووثب المارد فاذًا هو على الارض ولم يكن لِلّلعين طاقة على القتال العباسؑ راجلًا لانّه كان عظيم الجثة ثقيل الخطوة ۔فاضطربت الصفوف وتصايحت الالوف وناداه الشمر لاباس عليك ثم قال لاصحابه ويلكم ادركوا صاحبكم قبل ان يقتل۔ قال فخرج اليه غلام له بحجرة يقال لها الطاوية فَلَمَّا نظراليه المارد فرح بها و كفّ خجله وصاح ياغلام عجلّ بالطاوية قبل حلول الداهية فاسرع بهاالغلام اليه ۔فكان العباسؑ اسبق مِن عدو اللّٰه اليها فوثب وثبات مسرعات وصل بها الى الغلام فطعنه بالرمح فى صدره فاخرجه مِن ظهره واحتوى على الحجرة فركبها وعطف علٰى عدو اللّٰه فلماراه تغيّروجهه وحاد فى امره فايقن بالهلاك ۔ ثُمَّ نادى بِاَعلٰى صوته ياقوم ءَ اغلب علٰى جوادى واقتل برمحى يالها من سبّة ومعيرةً ۔(مسلسل۔ اکسیر العبادات۔ صفحہ 320)

کہتے ہیں کہ جب مارد نے یہ کلام سُنا اور یہ تیور دیکھے تو اس کے پاس حملہ کرنے کے علاوہ کوئی اور راستہ نہ رہا۔ چنانچہ اُس نے نہایت معمولی صورت حال سمجھ کر نیزہ سے پہل کر دی۔ حضرت عباسؑ نے اس کی ہمت بڑھائی اور نیزہ کو آنے دیا یعنی اپنی جگہ سے حرکت نہ کی اور جیسے ہی نیزہ کی بھال قریب آئی آپ نے جھپٹ کر نیزہ پکڑ لیا۔ اب مارد بہت پریشان تھا۔ اس کے خواب میں یہ صورت حال نہ آئی تھی ۔ وہ نیزہ چھڑانا چاہتا تھا اور جناب عباسؑ اچانک اُسے گھوڑے سے گرانے کی فکر میں تھے۔ لیکن مارد کے ہاتھ سے نیزہ چھوٹ گیا۔ اُس نے اپنی خجالت مٹانے کیلئے تلوار پر ہاتھ ڈالا۔ ادھر حضرت عباسؑ نے اس کی طرف یہ کہہ کر نیزہ بڑھایا کہ اے دشمن خدا میں اللہ سے چاہتا ہوں کہ تجھے تیرے ہی نیزہ سے قتل کروں ۔ ادھر مارد نے گھوڑے کو کاوا دیا اور حضرت عباسؑ پر وار کرنے کی تاک لگائی لیکن حضرت عباسؑ نے اس کے گھوڑے کو نیزہ مار دیا۔ لہٰذا گھوڑا بے قرار ہو گیا اور مارد کو زمین پر پٹخ دیا۔ اب اس ملعون میں حضرت عباسؑ سے لڑنے کی طاقت نہ تھی اسلئے کہ وہ بہت موٹا بھی تھا اور پیر اور پنڈلیاں بھی بہت بھاری تھیں ۔ یہ تماشہ دیکھ کر افواج کی صفوں میں بے چینی

پھیل گئی لاکھوں آوازیں بلند ہوگئیں ۔شمر نے پکارا کہ تو فکر نہ کر امداد آ رہی ہے ۔اور فوج سے کہا کہ جلدی مدد کو پہنچو ایسا نہ ہو کہ قتل کر دیا جائے ۔راوی کہتا ہے کہ مارد کا غلام ایک گھوڑا لے کر بڑھا جسے طاویہ کہا جاتا تھا ۔مارد نے دیکھا تو خوش ہوا اور چیخا کہ او غلام جلدی سے گھوڑا لا تا کہ میں آفت سے بچ جاؤں ۔غلام نے عجلت کی لیکن حضرت عباسؑ مارد سے قبل غلام کے قریب آئے اور جلدی سے غلام کے سینے میں نیزہ مار کر گرایا اور اُس کے گھوڑے پر خود سوار ہوگئے ۔اور پھر مارد کی طرف آئے ۔مارد نے دیکھا تو خوف سے چہرہ اُتر گیا اور سمجھ گیا کہ اب موت سے بچنا ممکن نہیں ہے ۔چنانچہ چیخ مار کر پکارا ۔ارے دوڑو میرا گھوڑا بھی چھین لیا میرا نیزہ بھی اُچک لیا ۔ہائے میرے لئے اس سے بڑی بے عزتی اور شرمساری اور گالی اور کیا ہوسکتی ہے ۔

قال فحمل شمر واتبعه سنان بن انس وخولی بن یزید الاصبحی واحمد بن مالک وبشر بن سوط وجُملة من الجیش فنفضوا اَلْاَعِنّة وقدّموا الاَسِنّة وجرّدوا السیوف وتصایحت الرجال ومالت نحو العباسؑ فناداه اخوه الحسین علیه السلام ماانتظارک یااخی بعد ؟ واللّٰه فقد غدرالقوم بک ۔ قال ونظر العباسؑ اِلٰی سرعة الخیل ومجیهم کالسّیل فعطف علیه برمحه فنادا ه المارد یابن علیؑ رِفْقًا باسیرک یکون لک شاکرًا ۔فقال له العباسؑ ویلک اَبمثلی یلقی الیه الخدع والمحالّ مااصنع بالاسیر ۔وقد قرب المسیر ۔ ثُمَّ طعنه فی نحره وذبحه مِنَ الاذن الی الاذن ۔فانجدل صریعًا یخورفی دمه ووصلت الخیل والرجال اَلَی العباسؑ فعطف علیهم وهوعلٰی ظهر الطاویة وکانت الخیل تزید عن خمسمائة فارس فلم یکن الّاساعةٍ حتی قتل منهم ثمانین رجلًا واشرف الباقون علی الهرب فعند ها حمل عمربن سعد وزَحَفت فی اثره الاعلام ومالت الیه الخیل فصاح به اخوه الحسینؑ یااخی استند الیَّ لادفع عنک وتدفع عنّی فجعل العباسؑ یقاتل وهو متاخرو قدادرکته الخیل والرماح کأجام القصب وصار یضرب فیهم یمینًا وشمالًا الٰی اَنْ وصل الٰی اخیه الحسینؑ فصاح به الشمر یابن علیؑ اِنْ کنت قد رَجَلْتَ المارد عن الطاویة وقتلته فهی واللّٰه الّتی کانت لا خیک الحسنؑ یوم ساباط المداین فلما وصل العباسؑ الٰی اخیه الحسین علیه السلام ذکرله ماقاله الشمر مِن خبر الطاویة فنظر الحسینؑ وقال هذه و اللّٰه الطاویة الّتی کانت لِمَلَکِ الرّی وانّه لما قتله ابی علیؑ بن ابیطالبؑ وهبها لاخی الحسنؑ وصارت الطاویة تلوذ بمولٰنا الحسینؑ ودخل العباس الٰی خیمة الحرم بالسَّقاء الَّذِی معه فتوا سوابه الاطفال ولم یَرَوُوْا لِاِنه مابقی فیه الا مقدار اربعة آواق ماء لما وقع فیه مِنَ السهام وبقی العباس متفکرًا فی حالهم وما هم فیه ۔
(اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات ۔صفحہ 321-320)

راوی کہتا ہے کہ پھر شمر نے اور اس کے ساتھی سرداروں، سنان بن انس وخولی بن یزید اصبحی واحمد بن مالک وبشر بن سوط نے حملہ کر دیا اور تمام افواج تلوار سونت کر، نیزے بڑھا کر حضرت عباسؑ کی طرف بڑھنے لگیں ۔یہ دیکھ کر جناب امام حسینؑ نے آواز دی کہ بھائی ہوشیار ہو جاؤ افواج کا حملہ ہو رہا ہے اب آپ کیا انتظار کر رہے ہیں؟ یقیناً اس قوم نے آپ کے ساتھ بدمعاملگی کی ہے ۔یعنی دونوں کی جنگ کا فیصلہ ہو جانے تک کسی کو حرکت نہ کرنا تھا ۔اُدھر جناب عباسؑ نے ماحول پر نظر ڈالی چاروں طرف سے فوجیں اور سردار بڑھتے چلے آ رہے تھے ۔جیسا کہ سیلاب اور طوفان کا پانی دوڑتا چلا آیا کرتا ہے ۔یہ دیکھ کر جناب عباسؑ نے مارد کو دیکھا اس پر اس کے نیزہ سے حملہ کرنا چاہا تو مارد نے کہا کہ اے فرزند علیؑ آپ اپنے قیدی پر رحم کریں وہ ہمیشہ آپ کا مشکور رہے گا ۔حضرت عباسؑ نے جواب دیا کہ کہ ارے بدمعاش تو میرے ایسے ماہر جنگ کو بھی جُل دینے کی ہمت کر رہا ہے ۔اور مجھے سکھا رہا ہے کہ قیدی کے ساتھ کیا سلوک کیا جانا چاہئے؟

حالانکہ تیری موت سر پر کھڑی ہے۔اس کے بعد اس کی گردن پر نیزہ مارااور ایک کان سے دوسرے کان میں سے نیزہ پار کر دیا۔تڑپ کر زمین پر گرا اور اپنے خون کے اندر خرانٹے لینے لگا۔ادھر پیدل اور سوار فوجیں حضرت عباسؑ کے قریب آ گئیں۔آپ طاویہ پر سوار نیزہ لے کر بڑھے ادھر افواج کی تعداد بڑھتی جا رہی تھی ادھر حضرت عباسؑ لاشوں کے ڈھیر لگا رہے تھے۔ذرا سی دیر جنگ ہوئی تو فوجیں بھاگ کھڑی ہوئیں اور آپ نے اَسی (80) جوانوں کو قتل کر دیا۔پانچ سو کا رسالہ بھاگ گیا تو عمر سعد اور اس کے بڑے بڑے سرداروں نے زبردست حملہ کیا اور افواج پھر واپس آنے لگیں۔امامؑ نے آواز دی کہ بھائی تم پھر گھیرے میں لئے جا رہے ہو۔تم افواج کو اس طرح دھکیلو کہ تم میرے قریب تک آ جاؤ پھر میں تمہارے تحفظ میں لڑوں اور تم میری پشت پر دفاع کرو۔یہ سن کر حضرت عباسؑ نے فوجوں کو بیچ سے دو حصوں میں کرنا شروع کیا اور لڑتے ہوئے چلے۔داہنے اور بائیں دونوں طرف کی صفوں کو درہم برہم اور قتل کرتے بڑھتے نزدیک آ رہے تھے۔آخر وہ فاصلہ رہ گیا جہاں سے امام علیہ السلام شریک جنگ ہو سکتے تھے۔اتنے میں شمر ملعون نے آواز دی اور کہا کہ اے فرزند علیؑ تم نے مارد کو پا پیادہ کیا پھر اُسے قتل کر ڈالا تو سنو کہ یہ طاویہ نام کا گھوڑا تمہارے بھائی حسنؑ مجتبٰی کا ہے جو مدائن میں رہ گیا تھا۔جب حضرت عباس امامؑ سے ملے تو شمر کی یہ بات آپ کو بتائی۔امام علیہ السلام نے طاویہ کو دیکھا اور فرمایا کہ قسم بخدا یہ وہی گھوڑا ہے جو مُلک رَے کے بادشاہ کے پاس تھا۔جب ہمارے والد علیؑ بن ابی طالبؑ نے اس بادشاہ کو شکست دی اور قتل کر دیا تو یہ گھوڑا اُنہوں نے بھائی حسنؑ کو دے دیا تھا۔ساتھ ہی گھوڑے نے بھی امامؑ کو پہچان لیا اور سر جھکا کر پیار کرانے لگا۔ادھر جناب عباسؑ مشک لے کر بچوں میں چلے گئے۔تمام بچے جمع ہو گئے۔مگر تیروں کے لگنے کی وجہ سے مشک میں چار چھٹانک کے قریب پانی بچا تھا۔بچے سیراب نہ ہو سکے اور عباس علیہ السلام کے منہ کو تکنے لگے۔سقائے سکینہؑ نہایت رنج و فکر میں تھے۔اور دوبارہ پانی لانے کا موقعہ چاہتے تھے۔بچوں کی بے چینی بڑھنا بالکل قدرتی بات تھی۔آج چوتھا دن بلا پانی کے گزر رہا تھا۔اور دشمنوں کا چاروں طرف ہجوم تھا۔

(10)۔ حضرت عباس امام اور اہل حرم علیہم السلام پر قربان ہو گئے

مومنین! جو صورت حال ابھی ابھی بچوں اور اہل حرمؑ کے سامنے آئی وہ بہت صبر آزما تھی۔کسی بچہ یا بڑے نے حضرت عباسؑ سے شکوہ نہیں کیا۔اُنہوں نے بلندی سے وہ کوشش، محنت اور خطرات دیکھے تھے جو حضرت عباسؑ نے پانی لانے کے لئے کی اور بچ کر خیام تک پہنچے۔لیکن شکوہ نہ کرنے سے پیاس کی تکلیف تو کم نہ ہو سکتی تھی۔چنانچہ جیسے ہی حضرت عباسؑ خیام سے نکل کر امامؑ کی خدمت میں آئے بچوں میں پھر شدت تشنگی کا چرچا ہونے لگا۔

وفی بعض الکتب المعتبرۃ انّہ لَمَّا اشتدّالعطش بآلِ بیت الرسوؔل وسمع الحسینؑ الاطفال وھم ینادُ ون اَلعطش العطش سمع العباسؑ فرمق بطرفہ الی السماء وقال الٰھی وسیدی اُرید اعتدّابعدّتی واملا ءِ لِھؤُلاء الاطفال قربۃ من الماء ۔ فرکب فرسہ واخذرمحہ والقربۃ فی کتفہ ۔فلما راوقاصدًا فی الفرات احاطوابہ مِن کُلّ جانب ومکان فقال لھم یاقوم انتم کَفَرۃٌ ام مسلمون ؟ ھل یجوزفی مذھبکم ودینکم اَنْ تمنعوا الحسینؑ وعیالہ شرب المآء ؟ والکلاب والخنازیر یشربون منہ والحسین علیہ السلام مع عیالہ واطفالہ یموتون عطشًا۔ اماتذکرون عطش القیامۃ ؟ فلما سمعوا کلام العباس وقف خمسمائۃ رجل ورموہ

بالنبال والسهام وفی روایة عبد اللّٰه الاهوازی عن جدّہ قال اسحق بن جثوہ لما اقبل العباسؑ والجواد خلفه فثور ناعلیه النبال کالجرادالطائر فصیرنا جلده کالقنفذ ونرجع الیٰ ماکُنّافیه ۔ قال فحمل علیهم العباسؑ فتفرقوا عنه هاربین کمایتفرق عن الذئب الغنم و غاص فی اوساطهم حتّٰی قتل منهم علیٰ مانقل ثمان مائة فارس ۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 322-321 مسلسل)

یہاں تک کہ بچوں کی آوازیں امام حسین علیہ السلام نے سُنیں اور حضرت عباس علیہ السلام نے بچوں کی تکلیف رفع کرنے کا پھرارادہ فرمایا تو پھرآسمان کی طرف دیکھا اوراللہ سے عرض کیا کہ یاالٰہی میں اپنا وعدہ پورا کرنے اور پانی کی مشک بھرنے جاتاہوں ۔ چنانچہ وہ اپنے گھوڑے پرسوارہوئے ، نیزہ لیااور کاندھے پرمشک ڈالی اورروانہ ہوگئے۔ جب یزیدی افواج نے دیکھا کہ حضرت عبّاس نے فرات جانے کاارادہ کیاہے توانہیں چاروں طرف سے گھیرلیا۔حضرت عباسؑ نے اُنکوللکارکرسوال کیاکہ تم لوگ مسلمان ہو یا کافرہو؟ یہ بتاؤ کہ کیاتمہارے مذہب میں یہ جائز ہے کہ امام حسینؑ اوراُن کی مستورات اوربچوں پر پانی بندرکھواور کُتے وسوَر پانی پیتے رہیں؟ اورحسینؑ مع اپنے اہل وعیال اوربچوں کے پیاسے مرجائیں؟ جب یزیدیوں نے حضرت عباسؑ کی یہ باتیں سُنیں توپانچ سوتیراندازوں نے اُن پرتیروں کی بارش برسادی۔ یہ بھی روایت ہے کہ جب حضرت عباسؑ میدان میں آئے تو اُنکا گھوڑا اُن کے پیچھے تھا۔اس وقت تیراندازوں نے اس طرح تیر برسائے جیسے ٹڈی دل سبزہ پراُترتاہے۔یہاں تک کہ حضرت عباسؑ کاجسم ساہی کی طرح تیروں سے بیندھ کررکھ دیا تھا۔لیکن اس حالت میں جب حضرت عباسؑ نے افواج پرحملہ کیا تو اُنکے سامنے سے فوجیں اس طرح بھاگ رہی تھیں جیسے بھیڑیوں کے سامنے سے بھیڑبکریاں بھاگا کرتی ہیں۔اورحضرت عباسؑ حملہ کے دوران افواج میں غوطہ مارتے اور باہر نکلتے رہے یہاں تک کہ انہوں نے آٹھ سوآدمی قتل کرڈالے۔(مسلسل)

(11)۔ پانی پہنچنے کانتیجہ عمربن سعدکی نظرمیں؟

(مسلسل باقی حصہ) ترجع الی روایة عبد اللّٰه الاهوازی عن جدّہ قال اسحق لما اتخذالعباس الی المشرعة وملاء القربة۔

(1) صاح عمرسعد علیهم یاویلکم اِنْ شرب الحسینؑ قطرة ماء صاراکبرکم اصغرکم۔ (اکسیر۔صفحہ 322)

(2) قال یاویلکم ارشقوا القربة بالنبل۔فو اللّٰه اِنْ شَرِبَ الحسینؑ الماء افناکم عن آخرکم اما هوالفارس ابن الفارس والبطل المداعس۔(اکسیرالعبادات فی اسرارالشهادات۔صفحہ 323)

اورجب حضرت عباسؑ فرات کے گھاٹ پر پہنچےاورمشک کو پانی سے بھرلیااورمشک کوکاندھے پرڈال لیا۔اوردریاسے نکل کر چلے توعمر بن سعدنے چلاکرفوج سے کہا:۔

(1)۔ عمربن سعدنے گھبراکرپکاراکہ خداتمہیں غارت کرے اگرحسینؑ نے پانی کاایک قطرہ بھی پی لیاتو وہ تمہارے بڑوں کوچھوٹا یعنی جاہ وجلال رکھنے والوں کو بھیک مانگنے والابنا کرچھوڑےگا۔

(2)۔ عمربن سعدنے فوج سے کہاکہ خداتمہیں غارت کرےاُس کی مشک کوتیروں سے چھلنی کرڈالو۔خداکی قسم اب اگرحسینؑ نے پانی پی لیاتووہ تم سب کواوّل سے لےکرآخری آدمی تک فناکردیں گے۔سُنوکہ وہ ایک جوانمردبہادرہےاور بہادرکابیٹاہے۔وہ ایک بے بدل سورمااورتلوارکےگھاٹ اُتارنے والاہے۔

(12)۔ حضرت عباس علیہ السلام مشک لے کر چلے تو افواج کی آہنی دیوار سامنے تھی

قال ثم صَعَدَ من المشرعة فاخذه النبل مِن کل مکان وھویقا تل و القَربة علٰی کتفه حتی صار درعه کالقنفذ .....ثُمّ حمل علی القوم فقاتلهم قتال شد یدًا وَفرّقهم یمینًا وشما لًاوقتل رجالًا ابطالًا وانشا یقول: لاارھب الموت اذا لموت رقیٰ ۔حتی اواری میّتًا عنداللقا ۔نفسی لنفس الطاھر المطھر وقا ۔وَلا اخاف طارقًا اِنْ طرقا ۔بَل اضرب الحامّ وافری المفرقا ۔اِنّی اَنَا العباسؑ صعب باللقاء ۔لنَفْسِی لنفس الطاھر السِّبط وقا ۔(اکسیر العبادات ۔صفحہ 323-322 مسلسل)

راوی نے بیان کیا کہ جب جناب عباس علیہ السلام گھاٹ سے نکل کر میدان میں آئے تو چاروں طرف سے تیروں کا نشانہ بنا لئے گئے ۔مگر پانی کی مشک بہرحال اُن کے کاندھے پر لٹک رہی تھی ۔اوراُن کا جسم ساہی کی مانند تیروں سے چھنا ہوا تھا اوراُسی حالت میں افواج پر تباہ کن حملہ جاری رکھا ۔انہیں داہنے بائیں بکھیرتے اور بھگاتے بڑھتے چلے آرہے تھے ۔چن چن کر بہادروں کو ٹھکانے لگاتے جاتے تھے اور یہ فخریہ اشعار پڑھ رہے تھے: میں سامنے کھڑی موت سے نہیں گھبراتا ۔اورخواہ میری اپنی لاش بھی مقتولوں میں گرادی جائے ۔میری جان حسینؑ ایسی پاک وپاکیزہ ہستی پر قربان ہے ۔اور میں آفات ومصیبت کو سامنے دیکھتے ہوئے بھی ڈرتا نہیں ہوں ۔بلکہ میں تو تول تول کر سروں پر ضربیں لگا رہا ہوں اور کٹے ہوئے سروں کو بکھیرتا جارہا ہوں ۔یقیناً میں اسم بامسمٰی عباسؑ ہوں جس کی طرف دیکھنا بھی مشکل ہے ۔میں نے اب اپنی زندگی رسولؐ کے پاکیزہ نواسے پر قربان کرنا طے کر رکھا ہے ۔

(13)۔ آخر شہادت کا اشارہ ہوا اور عباسؑ نے حکم قضا کو لبیک کہہ دیا

قال فحملوا علی العباس حملة منکرة فقتل منھم مائة وثمانین فارسًا ثم انشاء یقو ل: اَقْدَمُ حسینًا ھادیًّا مھدیّا ۔اَلْیَوم تلقی جدک النبیّا ۔وحمزة والمرتضٰی علیّا وتلق حقّا فاطم الزکیّا ۔وقال لاخیه حسینؑ اعلم یااخیّ اِنّ الاجال بید اللّٰه تعالٰی وقد تقاربت والسلام علیک ورحمة اللّٰه وبرکاته ۔ ثم حمل فیھم حتّٰی قتل منھم عدّة رجال ۔فحمل علیه ابرص بن شیبان فضربه علٰی یمینه فطارت مع السّیف فاخذ السیف بشماله وانشاء یقول:و اللّٰه لو قطعتموا یمینی ۔لاَحْمِیَنَ مجاھدًا عن دینی ۔ وعن امام صادق الیقین ۔سبط النبیؐ الطاھر الامین ۔نبیؐ صدق جائنا بالدین ۔مصدقًا بالواحد الامین ۔ قال فحمل علی القوم فقتل منھم رجالًا کثیرًا ونکسَّ ابطالًا وَالقربة علی ظھره ۔فضربه عبد اللّٰه بن یزید الشیبانی علٰی شماله فطارت مع سیفه فانکبّ علی السَّیُف بِغَمِهٖ وحمل علی القوم وانشاء یقول: یانفس لَاتخش عن الکفار ۔وابشری برحمة الجبار ۔ مع النبیؐ سید الابرار ۔مع جملة السادات والانصار ۔قدقطعوا ببغیھم یساری ۔فاصلِھِم یارب حرّ نار ۔قال ثمَّ حمل علی القوم ویداہ تنضخار دمًا ۔فحملوا علیه جمیعًافقاتلھم قتالًا شدیدًا ۔فضربه حکیم بن الطفیل مِن وراء نخلة بعمود حدید علٰی راسه الشریف فسقط مخّ راسه علٰی کتفیه فھوی عن متن فرسه وصاح اِلَی اخیه الحسین ۔وقال ادرکنی یااباعبد اللّٰه ۔(اکسیر ۔صفحہ 323-321)

راوی نے بتایا کہ تمام افواج نے مل کر ایک نہایت خطرناک حملہ کیا اور جناب عباسؑ نے اِس آخری حملہ میں بھی ایک سواَسی (180) ملاعین کو قتل کر دیا لیکن ساتھ ہی الوداعی اشعار پڑھنا شروع کر دیئے ۔فرماتے تھے اے میرے ہادی اورمہدی بھائی حسینؑ میں نے تم پر قربان ہوجانے کے ارادے سے پیش قدمی شروع کر دی ہے ۔تا کہ مجھے آج ہی تمہارے نانا نبیؐ کی زیارت ہوجائے ۔

اورحضرات حمزہؑ اورعلی مرتضیٰؑ سے ملاقات کرلوں ۔ اوراپنی نیک سیرۃ والدہ فاطمہؑ سے مل لوں اور بھائی کو آواز دے کر کہا کہ بھیا آپ تو جانتے ہیں کہ وقت اورموت اللہ کے ہاتھ میں ہے اوروہ دونوں مجھ سے بالکل قریب کھڑے ہیں ۔لہٰذا اے بزرگوار بھائی رخصت ہولو۔ میرا اسلام اوراللہ کی رحمت وبرکت قبول کرلینا۔ یہ فرمایا اور پھر بہت بڑی تعداد کوقتل کیا۔اس جذب وشوق کے دوران ایک ملعون ابرص بن شیبان نے پیچھے سے داہنے بازو پرتلوار ماری اورآپ کا ہاتھ لٹک کر رہ گیا۔آپ نے بایاں ہاتھ بڑھا کر داہنے ہاتھ سے تلوار لے لی اورغضبناک ہوکرحملہ کیااور یہ اشعار پڑھے۔حالانکہ تم نے میرا داہنا بازو کاٹ لیالیکن میں تواپنے دین کی حمایت بائیں ہاتھ سے بھی جاری رکھے ہوئے ہوں ۔اوراس ہاتھ سے بھی ایک سچے اورپُر یقین امامؑ کی مدد کررہا ہوں ۔ جوطاہر واَمین رسولؐ کا نواسہ بھی ہے۔اُس رسولؐ کا نواسہ جوامانت کے خالق اوریگانہ خدا کا مصداق ہے۔ یہ پڑھتے ہوئے بھی حملہ جاری رکھا اور کثرت سے لوگوں کوقتل کیااورسورماؤں کے سرزمین پر جھکا دیئے۔اورمشک ابھی تک کاندھے پرلٹک رہی تھی۔ پھرایک ملعون عبداللہ بن یزید شیبانی نے پیچھے سے آکر بائیں بازو پرتلوار ماری اور ہاتھ مع تلوار کے لٹک گیا۔لیکن حضرت عباس تیزی سے جھکےاورتلوار مُنہ میں پکڑ کر پھرحملہ جاری کردیااورفخر یہ اشعار پڑھتے جاتے تھے۔اے عباسؑ کی جان تو کافروں کے سامنے عاجز نہ ہوجانا۔ میں تجھے خداوند جبار کی رحمت کی مبارکباد دیتا ہوں ۔ تجھے مبارک ہوکہ تو نبیؐ سیدالابرار اورتمام سادات اور انصار کے حضور پہنچنے والی ہے۔کوئی پرواہ نہیں اگر تیرا بایاں بازو بھی ان باغیوں نے کاٹ دیا ہے۔میرا اللہ انہیں جہنم کی گرمی کی ماردے گا۔اس دوران حکیم بن طفیل ایک درخت کے پیچھے سے نکلا اوراس ملعون نے آپ کے سر مبارک پرلوہے کا گرز ماردیا۔جس سے سر پھٹ کرکاندھوں پرلٹک گیا۔اورآپ گھوڑے پر نہ رہ سکے۔اب آواز دی کہ اے بھیا حسینؑ آیئے یہاں سے آپ کی امداداوراحتیاج ہے۔

(14)۔ دونوں بھائیوں کی آخری ملاقات اورالوداع

قال اسحاق فاتاہ الحسینؑ کالصقر اذا انحدرعلٰی فریستہٖ ففر قھم یمینًا وشمالًا بعداَن قتل مِن المعروفین سبعین رجلًا فجاء نحوالعباس وھو ینادی وااخاہ واعباساہ اَلآن انکسر ظھری وقلت حیلتی ثُمَّ انحنی علیہ لحملہ اِلَی الخیام ففتح العباس عینیہ فرای اخاہ الحسینؑ یرید اَن یحملہ فقال لہ الِیٰ این ترید بی یااخی ؟ فقال اِلٰی الخیام ۔فقال یااخی بحقّ جدّک رسوؐل اللّٰہ علیک اَن لا تحملنی،دعنی فی مکانی ھذا ۔ فقال علیہ السلام لِمَاذَا ؟ قال لِاَنّی مستح من ابنتک سُکینۃً وقدوعدتھا بالماء ولم اٰتھابہ ۔ فقال الحسینؑ جزیت عن اخیک خیراحیث نصرتنی حیًّا ومیّتًا قال فوضعہ فی مکانہ ورجع الی الخیام وھویکفکف دموعہ بکمّہ فلما راوہ مقبلًا آتت الیہ سکینۃٌ ولزمت عنان جوادہ وقالت یاابتاہ ھل لک علم بعمّی العباسؑ اراہ ابطأ و قداوعدنی بالماء ولیس لہ عادۃ اَن یخلف وعدہ اَھُوَیجاھد الاعداء فعندھا بکی الحسینؑ وقال یابنت اِنّ عمک قتل وبلغت روحہ الجنان فلماسِمِعَتْ زینبٌ صرخت ونادت واخاہ واعباساہ واقلّۃ ناصراہ وضیعتاہ مِن بعدک ۔فقال الحسینؑ ای و اللّٰہ مِن بعدہ واضیعتا والانقطاع ظھراہ فجعلن النساء یبکین ویندبن علیہ وبکی الحسینؑ معھم۔(اکسیر صفحہ 321)

اسحاق نے بتایا کہ حضرت عباسؑ کے بلانے پرامام حسینؑ عباسؑ کے پاس اس طرح پہنچے جیسے ایک باز یا شاہین اپنے شکار پر جھپٹتا ہے اورافواج کو داہنے بائیں بھگادیا اورحضرت عباسؑ کے قاتل اورمشہورلوگوں میں سے ستر آدمی بھی ٹھکانے لگادیئے۔اس کے بعد

حضرت عباسؑ کے پاس پہنچے اور کہا کہ اے بھائی عباسؑ آخر تم نے مجھ سے جدائی اختیار کر لی۔ اور تمہارے جانے سے بھائی میری کمر ٹوٹ گئی۔ میرے پاس کوئی تدبیر باقی نہیں رہی۔ یوں کہتے ہوئے حضرت عباسؑ کی لاش پر جھکے تاکہ اُن کو اُٹھالیں۔ حضرت عباسؑ نے آنکھیں کھول دیں بھائی کو دیکھا۔ پوچھا بھیّا کیا ارادہ ہے۔ مجھے کہاں لے جانا چاہتے ہو؟ امامؑ نے فرمایا کہ باقی شہدا کے پاس خیام میں لے جاؤں گا۔ حضرت عباسؑ نے فرمایا بھائی تمہیں تمہارے نانا رسولؐ اللہ کا واسطہ دیتا ہوں مجھے یہیں رہنے دو اور خیام میں نہ لے جانا۔ امامؑ نے وجہ دریافت کی تو فرمایا کہ بھائی میں نے تمہاری لاڈلی بیٹی سے پانی لانے کا وعدہ کیا تھا۔ اور میں اپنی دونوں کوششوں میں بھی یہ وعدہ پورا نہ کر سکا۔ میں شرمندہ ہوں اور نہیں چاہتا کہ اپنا منہ اُس معصومہ کو دکھاؤں جب کہ وہ بدستور پیاسی بھی ہے اور باقی بچوں سے یہ کہتی رہی ہے کہ میرے چچا پانی ضرور لائیں گے۔ امامؑ نے بھائی کو دعا دی اور کہا کہ میری طرف سے تمہاری جزا میں کوئی کمی اور خامی نہیں رہی ہے آپؑ نے زندگی میں بھی اور موت کے بعد بھی میری برابر نصرت کی ہے۔ آستین سے بہتے ہوئے آنسو روکنے کی کوشش کرتے ہوئے بھائی کو جنت روانہ کیا اور خود خیام میں واپس آئے۔ تمام بچے اور حضرت سکینہؑ نظریں جمائے دیکھ رہے تھے۔ جیسے امامؑ پہنچے حضرت سکینہؑ نے گھوڑے کی لگام پکڑ لی اور کہا کہ بابا جان آپ کو میرے چچا عباسؑ ملے؟ وہ کہاں ہیں؟ مجھ سے پانی کا وعدہ کر گئے تھے۔ کیا وہ ابھی تک دشمنانِ خدا اور رسولؐ سے جنگ میں الجھے ہوئے ہیں؟ یہ وہ صورتِ حال تھی جس سے بچنے کے لئے حضرت عباسؑ نے مقتل شہدا سے ہمیشہ دُور رہنے کی التجا کی تھی اور چاہا تھا کہ اُن کی معصوم بھتیجی اُن کا چہرہ نہ دیکھے۔ لیکن امام حسین علیہ السلام اس صورتِ حال سے کیسے بچ سکتے تھے۔ انہیں تو غم والم و درد و دکھ اور صدمات کا ہر رُخ مکمل کرنا تھا۔ بیٹی کی معصومانہ باتیں اور بالواسطہ شکوہ سُنا صبر کیا اور فرمایا کہ اے میری دُکھیا بیٹی تمہارے چچا قتل ہو کر جنت کو چلے گئے ہیں۔ جب یہ جواب اہل حرمؑ اور حضرت زینب علیہا السلام نے سنا تو ایک کُہرام برپا ہو گیا۔ سب نے نوحہ وزاری شروع کی حضرت زینبؑ فرما رہی تھیں کہ اے بھیا عباسؑ! اپنی دکھیا بہن اور مظلوم بھائی کو تنہا چھوڑنا کیسے برداشت کر لیا؟ بھیا عباسؑ تمہیں معلوم ہے کہ اب بچوں کے سوا امامؑ کا کوئی ناصر نہیں ہے۔ بھائی تمہارے جانے سے ہمیں لامحدود نقصان پہنچا ہے۔ ہم تمہیں دیکھ کر یہ یقین رکھتے تھے کہ جب تک تم موجود ہو ہمیں اور امامؑ کو کوئی گزند نہیں پہنچ سکتا۔ بھیا عباسؑ تمہاری خطا نہیں آخر کہاں تک دُکھ سہتے؟ امامؑ نے پھر فرمایا کہ بھائی تم کیا گئے ہماری قوت و طاقت اور شان و رعب و داب سب چلا گیا۔

42۔ شہادت حضرت علی اکبر علیہ السلام

(1)۔ **حضرت علی اکبر علیہ السلام سے تعارف**: ذہن میں بنیادی حقائق وعقائد اگر پیوست نہ ہوں تو انسانی دماغ میں متضاد ومتخالف تصورات کو قبول کرنے کی عادت پڑ جاتی ہے۔ زیارت ناحیہ میں جناب علی اکبر علیہ السلام کو یوں مخاطب کیا گیا ہے۔

''اَلسَّلامُ عَلٰی اَوَّلِ قَتِیلٍ مِنْ نَسلِ خَیرِ سَلِیلٍ مِنْ سُلالَۃِ اِبْرَاھِیمَ الْخَلِیلِ''

''حضرت ابراہیمؑ خلیل اللہ کے نسلی خلاصہ کے سلسلے کی بہترین کڑی کے پہلے شہید تم پر سلام ہو''

اس جملے سے بعض علما نے یہ سمجھا ہے کہ حضرت علیؑ اکبر اولاد ابوطالب علیہم السلام میں سب سے پہلے شہید ہوئے ہیں۔ جو واقعات فطریہ

حسینیہؑ کے خلاف ہے۔ زیارت کے مندرجہ بالا جملے کی تشریح بہت طول چاہتی ہے۔لیکن چند اشاروں سے بات سمجھا دینا چاہتے ہیں۔
اوّل یہ کہ یہاں نسل ابراہیمؑ نہیں کہا ورنہ ہمارے سوا باقی تمام شیعہ سُنی علما نے ابوسفیان ومعاویہ ویزید کو بھی نسل ابراہیمؑ میں شمار کیا۔لیکن وہ تو وہ ہیں ہم تو تیم وعدی اور پورے قریش کو بھی قحطانی النسل ثابت کرتے ہیں۔ پھر نسل ابراہیمؑ کے خلاصہ یعنی عطر ونچوڑ پر بھی اکتفا نہیں کی بلکہ اس خلاصہ یا نچوڑ کی بھی بہترین اور پہلی شہید ہونے والی کڑی یا فرداوّل فرمایا ہے۔یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تمام پھیلی ہوئی نسل سمٹی ہوئی صورت میں اس نسل کا خلاصہ ہوا۔اور اس بنیادی خلاصہ کا ایک سلسلہ حضرت ابراہیمؑ سے آگے چلا اور کربلا تک پہنچا۔اُس کربلا میں پہنچنے والے خلاصہ کے بہترین اور پہلے شہید فرد حضرت علیؑ اکبر ہیں۔ یہاں یہ اُلجھن پیدا ہوجائے گی کہ کیا حسینؑ کے مقابلہ میں علیؑ اکبر بہترین فرد تھے یا ہوسکتے تھے؟ جواب یہ ہوگا کہ ہرگز نہیں۔
حسینؑ تو حسین علیہ السلام تھے۔علیؑ اکبر تو زین العابدینؑ اور حضرت عباسؑ کے مقابلہ میں بھی کم رتبہ تھے۔ یہ سوال اور جواب دراصل دونوں بے موقعہ اور غلط ہیں۔ بات ہی کچھ اور ہے جس کو نہ سمجھنے سے یہ تضاد واُلجھن پیش آتی ہے اور آتی رہے گی۔ سُنیئے:۔ کسی سلسلہ نسب کی وہ شاخ اُس پورے سلسلہ یا نسل کا خلاصہ ہوتا ہے جو اوپر سے نیچے کو یا نیچے سے اوپر کو جانشینوں کو مسلسل کرتی ہے۔مثلاً حضرت حجۃ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اوپر کو چلیں تو جناب امام حسن عسکری علیہ السلام،علیؑ نقی،محمدؑ تقی،علیؑ رضا،موسیٰؑ کاظم،جعفرؑ صادق،محمدؑ باقر، زینؑ العابدین، امام حسینؑ، امام حسنؑ اور علی علیہ السلام کو ایک سیدھی شاخ مسلسل کرتی ہے اور باقی بھائیوں اور اولاد کو داہنے بائیں چھوڑتی جاتی ہے۔ یہ شاخ سلالہ یا خلاصہ ہے۔ باقی نسل اسی سے نکلتی اور پھیلتی ہے۔لہٰذا حضرت حسن علیہ السلام کے بعد امام حسینؑ اس سلسلے کی بہترین فرد ہیں لیکن وہ قتل ہونے والوں میں اوّل نہیں۔

ابراھیمؑ
اسماعیلؑ
حسینؑ
علیؑ اکبر | زین العابدینؑ | علیؑ اصغر
محمدؑ باقر
جعفرؑ صادق
موسیٰؑ کاظم
علیؑ رضا
محمدؑ تقی
علیؑ نقی
حسنؑ عسکری
حجۃؑ

پھر امامؑ کے دوسرے بھائی اور بھتیجے وغیرہ سب اس خلاصہ سے داہنے بائیں رہ جاتے ہیں۔اس لئے وہ پہلے شہید ہوں یا بعد میں اُن کا ذکر ہی نہیں ہے۔اب امام حسینؑ کے بعد امام زین العابدین علیہ السلام شہادت سے باہر رہے۔لہٰذا اولاد امامؑ میں جو پہلا شہید ہے وہ علیؑ اکبر ہیں۔اور زیارت کا یہی مطلب ہے نہ کہ پوری اولاد ابوطالبؑ میں پہلا شہید۔لہٰذا بات یہ ہوئی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نسل میں جو جانشینی کا سلسلہ چلا اس میں ہر جانشین اور وصی حضرت ابراہیمؑ کی نسل کا خلاصہ، نچوڑ،عطر یا سُلالہ تھا۔ کربلا میں امام حسین علیہ السلام نسل ابراہیمیؑ کا خلاصہ تھے۔ اس خلاصہ کی اولاد میں سے پہلا شہید علی اکبر علیہ السلام ہیں۔ دوسرا، تیسرا، چوتھا نمبر باقی امامؑ زادوں کو ملے گا اور حضرت علی اصغر علیہ السلام کا آخری نمبر ہوگا۔ اور اُن کے بعد زین العابدین علیہ السلام نسل ابراہیمیؑ کا خلاصہ یا سلالہ ہوں گے۔اس

لئے شہادت کی فہرست سے باہر رکھے گئے۔ لہٰذا بنی ہاشم میں پہلا قتل نہیں بلکہ خلاصہ نسل ابراہیمیؑ میں سے پہلا شہید کہہ کر سلام کیا گیا۔

دوم یہ کہ کربلا میں ترتیب شہادت اس اصول پر قائم ہوئی تھی کہ انصاران حسینؑ حقیقی معنی میں انصاران حسینؑ بننا چاہتے تھے۔ یعنی جب تک اُن میں سے کوئی ایک بھی زندہ رہے گا وہ حسینؑ اور خانوادہ حسینؑ کو گزند نہ پہنچنے دینگے۔ یعنی قتل ہونے میں انصار پہلا نمبر لیں گے اور دوسرا نمبر حسین علیہ السلام کو دیں گے۔ جب انصار حقیقی معنی میں انصار بن کر شہید ہو چکے تو اب اولادِ ابوطالبؑ حسینؑ اور حسینؑ کے بچوں کا تحفظ کرے گی اور انہیں گزند نہ پہنچنے دے گی۔ لہٰذا پہلا نمبر نہ حسینؑ کا ہوگا نہ علیؑ اکبر کا اسلئے کہ اس خلاصہ کی نصرت ہی میں شہادت واجر ہے۔ پھر جس طرح انصار نے امام سے اجازت حاصل کرنے کو معیار بنالیا تھا۔ وہی طریقہ اولادِ ابوطالبؑ نے جاری رکھا۔ ورنہ جھگڑا ہوتا اور ہر کوئی پہلا نمبر لینا چاہتا۔ لہٰذا امامؑ جس کو چاہتے تھے اجازت دیتے تھے اور جس کو چاہتے تھے منع کر دیتے تھے۔ انہوں نے اولادِ ابوطالبؑ میں سے پہلا نمبر حضرت مسلمؑ کی اولاد کو اسلئے دیا کہ وہ حضرت مسلمؑ کا داغ اٹھا چکے تھے۔ آپ نے حضرت امام حسن علیہ السلام کی اولاد کو آخری نمبر دیا اور یہ فطری بات تھی۔ اگر امام حسنؑ مجتبیٰ بھی کربلا میں ہوتے تو امام حسینؑ پہلے اپنی اولاد کو قربان کرتے پھر خود قربان ہوتے اور یوں انصارِ حسنؑ میں شمار ہوتے۔

(2)۔ لفظ اکبر کی بنا پر ایک اور مغالطہ

اوّل قتیل کے معنی سمجھ لینے کے بعد اب یہ دیکھیں کہ جناب امام حسین علیہ السلام وہ تاریخی ہستی ہیں جنہوں نے اپنے تمام بیٹوں کے نام علیؑ رکھے تھے۔ یہاں یہ کہنا ہے کہ نام تو سب کے علیؑ رکھے تھے۔ مگر شناخت اور تعین کے لئے ہر فرزند کے نام علیؑ کے ساتھ ایک لقب یا عرفیت بھی رکھ دی تھی تاکہ جس کا ذکر ہو وہی سمجھا جائے اور جسے بلایا جائے وہی آئے۔ لہٰذا شہید ہونے والوں میں سب سے بڑے فرزند علی اکبر علیہ السلام تھے۔ اس لقب **اکبر** کی وجہ سے بعض بڑے علما یہ سمجھے کہ علی اکبر علیہ السلام تمام فرزندان حسینؑ میں سب سے بڑے تھے۔ اور جب بڑے علمانے یہ سمجھ لیا کہ وہ سب سے بڑے تھے تو ضروری ہوا کہ اس سمجھ کو ثابت بھی کیا جائے۔ لہٰذا چٹکلے ملاحظہ فرمائیں۔

امر ششم۔ درسن شریف حضرت علیؑ اکبر (چھٹی بات حضرت علیؑ اکبر کی عمر کیا تھی)

(1) علامہ مجلسی درجلاء از محمد بن ابیطالب نقل فرمودہ کہ آن بزرگوار درواقعۂ طف ہیجدہ سال بود کہ پنج سال از حضرت زین العابدین کوچک تر بود۔ ومیفر ماید اصح ہمیں است (منتخب التواریخ۔ صفحہ 350)

(2) ودرارشاد است میفر ماید نوزدہ سالہ بودہ۔ (ایضاً صفحہ 350)

(3) وشہید در دروس وکفعمی فرمودند کہ بیست وپنجسالہ بودہ کہ دوسال از حضرت زین العابدینؑ بزرگ تر بودہ ومحتمل است کہ این قول اقویٰ باشد: **اولاً** بجہت آنکہ جمھور محدثین ومورخین ''**علیؑ شہید**'' را ''**علیؑ اکبر**'' نوشتہ وحضرت زینؑ العابدین را **علیؑ اصغر** '' **وثانیاً**۔ درمقاتل فرمودہ کہ حضرت زین العابدینؑ درمجلس یزید فرمودہ: ''وکان لی اَخٌ اکبرُ منّی سمی علیاً فقتلوہ'' **وثالثاً**۔ درسرائر ودرمقاتل دراحوالات حضرت علیؑ اکبر فرمودہ اندولد علیؑ بن الحسینؑ فی خلافۃ عثمان وقد روی عن جدہ علیؑ بن ابیطالبؑ وکفعمی وشہید اول دردروس اختیار ہمیں را فرمودہ اند۔'' (منتخب التواریخ۔ صفحہ 350-351)

(1)۔ علامہ محمد باقر مجلسی کتاب جلاء العیون میں محمد بن ابی طالب سے نقل کرتے ہیں کہ اُن بزرگوار کی عمر کربلا میں اٹھارہ سال تھی اور وہ امام زین العابدین سے پانچ سال چھوٹے تھے۔ اور ریمارکس یہ دیئے ہیں کہ یہ عمر سب سے صحیح ہے۔'' (ایضاً 350)

(2)۔ شیخ مفید نے کتاب ارشاد میں لکھا ہے کہ علیؑ اکبر اُنیس سال کے تھے۔ (ایضاً)

(3)۔ اور شہید اوّل محمد مکی نے اپنی کتاب دروس میں اور علامہ کفعمی نے فرمایا ہے کہ حضرت علیؑ اکبر پچیس سال عمر کے تھے یعنی حضرت زین العابدینؑ سے دو سال بڑے تھے۔'' (یہ لکھ کر مورخ کہتا ہے کہ)'' احتمال یہ ہے کہ علی اکبر علیہ السلام کا امامؑ زین العابدین سے بڑی عمر والا قول زیادہ قوی قول ہو۔ اس لئے کہ:۔

اوّل ۔ اس دلیل سے کہ تمام شیعہ سنی محدثین اور مورخین نے کربلا میں شہید ہونے والے علیؑ کو ''**علیؑ اکبر**'' (یعنی بڑا علیؑ) لکھا ہے۔ اور حضرت زین العابدینؑ کو ''**علیؑ اصغر**'' لکھا ہے۔

دوم ۔ اس دلیل سے کہ مقاتل کی کتابوں میں لکھا ہے کہ زین العابدینؑ نے دربار یزید میں یہ کہا تھا کہ مجھ سے بڑا میرا ایک اور بھائی تھا۔ اس کا نام علیؑ تھا۔ جسے کربلا میں قتل کر دیا گیا۔ اور،

سوم ۔ اس لئے کہ کتاب سرائر اور مقاتل کی کتابوں میں علیؑ اکبر کے حالات میں لکھا ہے کہ علیؑ اکبر خلافت عثمان کے زمانہ میں پیدا ہوئے تھے اور روایت بھی علیؑ مرتضٰی نے کی ہے اور اسی لئے کہ شہید اوّل اور کفعمی نے کتاب الدروس میں اسی قول کو اختیار کیا ہے۔''

غلطی کو نباہنے کے لئے حضرت علی اکبر علیہ السلام کو شادی شدہ اور صاحب اولاد بنا دو

مومنین اپنے باپ دادا سے سنتے چلے آئے کہ علی اکبر علیہ السلام اٹھارہ سالہ نوجوان تھے۔ اور جناب فاطمہ صغرا علیہا السلام نے اپنے بیانات اور خط میں یہ بات بھی فرمائی تھی کہ **بھیا مجھے اپنی شادی میں ضرور بلانا**۔ لیکن انہیں کیا خبر تھی کہ ہمارے علما تو اُن کی شادی خفیہ طور پر کرا کے بچوں والا بنائے بیٹھے تھے۔ ادھر کوئی شیعہ اور سنی یہ نہیں جانتا کہ وہ پچیس چھبیس سال کے بال بچوں والے سن رسیدہ آدمی تھے۔ بہر حال آیئے دوسرا چٹکلا اور اس کی دلیل بھی سُن لیں۔

امر ہفتم۔ (ساتویں بات شادی شدہ عیال دار علیؑ اکبر)

(1) بدان کہ از بعضی از اخبار استفادہ میشود کہ حضرت علیؑ اکبر در یوم الطف مزوجہ و صاحب اولاد بودہ (ایضا صفحہ 351)۔ چنانچہ در کافی است کہ راوی از حضرت رضاؑ سوال کرد کہ آیا میشود کہ مردے تزویج نماید زنی راوام ولد پدر آن زن را؟ فرمود بلے۔ پس عرض کرد بما خبر رسیدہ کہ حضرت زین العابدینؑ تزویج فرمود دختر حضرت امام حسن مجتبیٰؑ و کنیز ام ولد حضرت مجتبیٰ را؟ حضرت فرمود چنیں نیست ۔ بلکہ حضرت زین العابدینؑ تزویج فرمود دختر امام حسنؑ و کنیز ام ولد علی اکبر را کہ در کربلا شہید شد۔'' (منتخب التواریخ۔ صفحہ 351)

(2) و در زیارت ماثورہ از ثمالی از حضرت صادقؑ روایت کردہ کہ در زیارت علیؑ بن الحسینؑ المقتول بالطف بگوئید۔ ''صَلّی اللّٰہُ عَلَیکَ وَعَلٰی عِترَتِکَ واھل بَیتِکَ وَآبَائِک وابْنَائِک۔ '' (منتخب التواریخ۔ صفحہ 351)

(1)۔ ''یہ سمجھ لو کہ بعض احادیث سے یہ فائدہ ملتا ہے کہ حضرت علیؑ اکبر واقعہ کربلا میں شادی شدہ اور صاحب اولاد تھے۔ چنانچہ کتاب کافی

میں لکھا ہے کہ راوی نے حضرت امام رضا علیہ السلام سے سوال کیا کہ آیا جائز ہے کہ ایک شخص ایک عورت سے شادی کرے اور اسی عورت کے باپ کی ایسی کنیز کو بھی بیوی بنالے جس سے اولاد ہو چکی ہو؟ امامؑ نے فرمایا کہ ہاں ہاں جائز ہے (لاحول ولا قوۃ)۔ یہ سُن کر راوی نے عرض کیا کہ جناب مجھے معلوم ہوا ہے کہ امام زین العابدینؑ نے امام حسنؑ کی بیٹی سے شادی کی اور پھر امام حسنؑ کی ایک ایسی کنیز کو بھی بیوی بنالیا جس سے امام حسنؑ کے یہاں اولاد ہو چکی تھی؟ آپ نے فرمایا کہ بات یوں نہیں تھی۔ بلکہ امام زین العابدینؑ نے امام حسنؑ کی بیٹی سے شادی کی تھی اور حضرت علیؑ اکبر کی اُس کنیز کو بھی زوجہ بنالیا تھا۔ جس سے علیؑ اکبر کے یہاں اولاد پیدا ہو چکی تھی۔ اور یہ علیؑ اکبر کربلا میں شہید ہو گئے تھے۔

(2)۔ زیارتوں میں ثمالی نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ انہوں نے فرمایا تھا کہ علیؑ بن حسینؑ جو کربلا میں شہید ہوئے اُن کی زیارت پڑھتے ہوئے یہ بھی کہا کرو کہ:۔

''صلوۃ بھیجے اللہ تم پر اور تمہاری عترت پر اور تمہارے اہل بیت پر اور تمہارے آبا واجداد پر اور تمہارے بیٹوں پر۔''

اب اگر ہم ان بیانات کی پول کھولیں تو بہت طوالت میں الجھ جائیں گے۔ اس قدر کہنا کافی ہے کہ یہ تمام بدہضمی کی باتیں ہیں۔ بات وہی صحیح ہے کہ آپ اٹھارہ سالہ نوجوان غیر شادی شدہ تھے اور بس۔

یہ طرز فکر اور یہ اسلامی ریکارڈ مرتب کرنے کا یہ طریقہ سرکاری سرمایہ کے زور سے اختیار کیا گیا تھا۔ رفتہ رفتہ یہی طریقہ عادت بن گیا۔ اسی کو تحقیق وتفتیش کا معیار سمجھا جانے لگا۔ اور اُن لوگوں نے بھی اسے اختیار کرلیا جنکا حکومتوں سے کوئی تعلق نہ تھا۔ بلکہ حکومتوں کے دشمنوں نے بھی اسی طریقے کو مدرسوں میں سیکھا۔ اسی کو سُنتے سُنتے علم کی سند لی اور اُسی کے مطابق عمل کرتے کرتے مرگئے۔ یوں شعوری ولاشعوری حیثیت سے سرکاری مذہب گھر گھر آ پہنچا۔ آج شیعہ علما کی ایک بات بھی ایسی نہیں جو سرکاری طریقہ کے خلاف ہو۔ شیعہ مذہب کا کتابی ڈھانچہ بالکل وہی ہے جو سرکاری مذہب کے علما نے تیار کیا تھا۔ صرف نام بدلے ہوئے ہیں۔ لیبل شیعہ کا لگا ہوا ہے۔ کہیں کہیں دشمنانِ اہلبیتؑ کی مذمت بھی ملتی ہے اسلئے وہ کتابیں شیعوں کی کہلاتی ہیں۔

مومنین سُنیں کہ ہم ہرگز اُن علما کا اعتبار نہیں کرسکتے جو عرب کی قومی اور جرگہ ٹائپ کی حکومتوں کی تائید میں محمدؐ وآل محمدؐ کے خلاف بیانات لکھیں، جو حضرت قاسم علیہ السلام کی شادی کا انکار کریں اور اسی غرض سے انہیں ایک نابالغ بچہ بنا کر دکھائیں۔ جو حضرت فاطمہؑ صغریٰ کے مدینہ میں چھوڑنے کا انکار کریں اور اسی مقصد کیلئے امام حسین علیہ السلام کی چار بیٹیوں میں سے دو کم کر کے دکھائیں۔ اور حضرت سکینہؑ کے زندان شام میں انتقال کا انکار اسلئے کریں کہ انہیں زندہ دکھا کر (معاذ اللہ) ایک شاعرہ، گلوکارہ اور لطیفہ سنج بناڈالیں۔ یہی علما تھے جنہوں نے رسولؐ کی کئی بیٹیاں گھڑیں اور کافروں سے اُنکے نکاح کئے۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے قرآن اور اسلام کو پاژند بنادیا۔

(3)۔ حضرت علیؑ اکبر کی والدہؑ اور ننھیالی پوزیشن

آپ کی والدہ علیہا السلام کا نام حضرت لیلیٰ بنت ابی مرّہ بن عروّہ بن مسعود بن معتب ثقفی تھا۔ حضرت لیلیٰ کے دادا اور علی اکبر علیہ

السلام کے پرنانا کی خاندانی پوزیشن کے علاوہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی اُن کی مدح وثنا کی ہے۔ اور کئی ایک احادیث میں اُن کا نہایت پیارے الفاظ میں تذکرہ فرمایا ہے۔ مثلاً:۔

(1) دراصابہ ابن حجر از حضرت پیغمبرؐ نقل کردہ: قال مثل عروۃ مثل صاحب یٰسین دعی قومه الی اللّٰه فقتلوہُ۔ (منتخب صفحہ 309)

کتاب اصابہ فی تمیز الصحابہ میں ہے کہ عروہ کی مثال صاحب یٰسین کی سی ہے کہ اُنہوں نے اپنی قوم کو خدا کے دین کی طرف دعوت دی اور قوم نے انہیں قتل کر دیا۔

(2) واز جابر از حضرت پیغمبرؐ روایت کردہ کہ فرمود:

عَرَضَ عَلَیَّ الانبیآءِ قال ورَاَیْتُ عیسیٰؑ فاذا اقربَ من رایتُ به شبیھًا عروہ بن مسعود۔ (منتخب التواریخ۔ صفحہ 309)

اور جابرؓ نے رسولؐ اللہ سے روایت کیا کہ فرماتے تھے کہ میرے سامنے تمام انبیؑا کو پیش کیا گیا تھا۔ جب میں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قریب سے دیکھا تو انہیں جناب عروہ کے ہم شکل پایا۔

جناب لیلیٰ کی دَدھیال یعنی علی اکبر علیہ السلام کی ننھیال رسولؐ اللہ کے بیان سے قابل احترام ثابت ہوگئی۔ جس کے معنی یہ ہوئے کہ حضرت علی اکبر علیہ السلام کی پوزیشن اِدھر اپنے والد حسینؑ، دادا علیؑ اور رسولؐ اللہ کی وجہ سے اور اُدھر نانا عروہ بن مسعود کی بنا پر تمام اُمت کے لئے واجب الاحترام ہے۔ اور یہ احترام وعزت اس طرح اور مضبوط ہو جاتی ہے کہ ابوسفیان نے عروہ بن مسعود کے بیٹے کو اپنا داماد بنایا تھا۔ اور اپنی بیٹی میمونہ کی شادی ابی مرہ بن عروہ بن مسعود سے کی تھی۔ اور حضرت علی اکبر علیہ السلام کی والدہ اُسی میمونہ کی بیٹی اور ابوسفیان کی نواسی تھیں اور اِس کا سادہ سا مطلب یہ ہے کہ حضرت علی اکبر علیہ السلام جہاں تمام دنیا اسلام اور مومنین کے لئے واجب التعظیم ہیں وہیں تمام کافروں، مشرکوں اور منافقوں کے لئے بھی علیؑ اکبر واجب التکریم ہیں۔ اس لئے کہ اُن سب کا سردار اور راہنما ابوسفیان تھا۔

اب یہ دیکھئے کہ امیر معاویہ اور یزید پوری مملکت اسلامیہ کے بادشاہ اور خلیفہ تھے۔ لٰہذا وہ تمام مسلمان جو اُنکی خلافت اور امیر المومنیت پر ایمان رکھتے ہیں اُن پر واجب ہے کہ یزید اور معاویہ کا احترام کریں۔ اور ابوسفیان، اُن کی بیٹی میمونہ اور اُن کی نواسی لیلیٰؑ کا بھی احترام کریں۔ یہ احترام یوں بھی واجب ہے کہ جناب میمونہ اور لیلیٰؑ اُنکے خلیفۃ المسلمین اور امیر المومنین کی بہن اور پھوپھی تھیں اور علی اکبر علیہ السلام اُن ہی کے بیٹے تھے۔ اور معاویہ کے نزدیک مسلمانوں کے حقیقی خلیفہ اور امیر المومنین بنائے جانے کے سب سے زیادہ حقدار تھے۔

معاویہ کا یہ اعلان حضرت علیؑ اکبر کو خود معاویہ سے بلند مقام دیتا ہے۔ اور تاریخ میں موجود ہے۔ ذرا اِس خاکہ کو دیکھئے:۔

ابوسفیان
معاویہ — میمونہ
یزید — لیلیٰ
معاویہ — علیؑ اکبر

معاویہ اور میمونہ بہن بھائی ہیں۔ لٰہذا میمونہ خلیفۃ المسلمین کی بہن ہونے کی وجہ سے واجب الاحترام ہیں اور یوں بھی کہ شریفوں کے یہاں بیٹیاں اور بہنیں خاندان کی عزت وعصمت ہوا کرتی ہیں۔ یعنی معاویہ وابوسفیان کی عزت تھیں میمونہ اور لیلیٰ۔ اور اُن کا بیٹا علیؑ اکبر یقیناً خاندان بنی اُمیہ کے لئے واجب الاحترام تھا۔ اور اس کی سند میں خلیفۃ المسلمین معاویہ نے کہا تھا کہ ''علیؑ اکبر اس لئے دنیا میں سب سے زیادہ خلافت کے حقدار ہیں کہ اُن میں بنی

ہاشمؑ کی شجاعت اور بنی ثقیف کی خودداری اور بنی امیہ کی سخاوت مجتمع ہیں۔ پھر مذکورہ خاکہ میں معاویہ اور میمونہ بہن بھائی ہیں۔

اور یزید و حضرت لیلیٰؑ بہن بھائی ہیں۔ اور اس طرح جناب علی اکبر علیہ السلام شہنشاہِ وقت اور مملکت اسلامیہ کے خلیفہ کے خواہر زادے یعنی بھانجے تھے۔ بتایئے اس سے بڑی دنیاوی و دینی عزت اور کیا ہوسکتی ہے جو حضرت علیؑ اکبر کو حاصل نہ تھی؟ وہ نہ صرف اولادرسولؐ تھے بلکہ سو فیصد ہم شکل رسوؐل بھی تھے۔ دیدار رسوؐل کو ترسنے والی آنکھیں انہیں دیکھ کر ٹھنڈی ہو جاتی تھیں۔ عہد رسولؐ کے بعد پیدا ہونے والوں کے لئے وہ رسالت و رسولؐ کا نظارہ پیش کرتے تھے۔ امام حسین علیہ السلام نے بڑی حسرت و یاس سے فرمایا تھا کہ:۔

''اے اللہ جب ہم تیرے رسولؐ کی زیارت کے مشتاق ہوا کرتے تھے۔ تو علیؑ اکبر کو دیکھ کر ہمیں تسلی و تشفی مل جاتی تھی۔ اب اِسے بھی تیری راہ میں قربان کر رہا ہوں۔''

کتنا سنگدل، کتنا کمینہ، کتنا رذیل اور کیسا بے دین تھا یزید کہ اُس نے اپنی بہن کے شوہر حسینؑ اور اپنی بہن کے فرزند علیؑ اکبر کا ذرہ برابر لحاظ نہ کیا؟ اپنی حکومت کو برقرار رکھنے کے لئے اُس نے اللہ و رسولؐ اور شرافت انسانی کو داؤ پر لگا دیا۔

مومنین نوٹ کریں کہ ساری دنیا میں عربوں کی وضعداری اور اقربا و قبیلہ کی حمایت اور مہمان داری وغیرہ کے ڈھول بجائے جاتے ہیں۔ رسولؐ اللہ نے عربوں کے تمام سر برآوردہ قبائل میں شادیاں کیں۔ جناب امام حسنؑ بھی تقریباً سارے عرب کے داماد تھے۔ امام حسینؑ بھی تو معاویہ کے داماد تھے۔ مگر اولادِ علیؑ ہونے کے جرم میں عربوں نے نسل رسوؐل کا قتل عام کرنے میں دین تو الگ خود اپنے رسم و رواج کو بالائے طاق رکھ دیا۔ خدا اور رسولؐ کے احکام تو کہاں؟ اپنی ملکی و قومی شرافت کا منہ کالا کر دیا۔ نسل رسولؐ مٹانے کی کوشش پچاس سال کی گئی (بقرہ 2/205) اور یزید نے اپنے بزرگوں کے منصوبہ کو پروان چڑھا دیا۔ لیکن نتیجہ یہ ہوا کہ نسل رسولؐ توریت و قرآن کی پیشگوئیوں کے مطابق ساری دنیا میں پھیل گئی اور مسلم و غیر مسلم دونوں میں واجب الاحترام رہتی چلی آئی اور کربلا کے شہدا کی یاد اُن کا سوگ اور عزاداری دنیا کے چپہ چپہ پر منائی جانے لگی۔ مسلم و غیر مسلم، امیر و غریب راجا و بادشاہ اور فقیر و گداگر سب مل کر ماتم حسینؑ کرتے ہیں۔ لیکن نسل بنی امیہ دنیا سے مٹ گئی۔ اور یزید کے سرپرستوں کی نسلیں خود یزید نے حرامکاری کی بھینٹ چڑھا دیں اور آگے جس کی نسل چلی وہ یزیدی افواج کے نطفہ سے چلی۔ اور آل محمدؐ پر ظلم کرنے والوں کی نسل یزید کی کوشش سے یقینی طور پر حرامی ہوگئی۔ بارہ ہزار فوجیوں نے تین روز مدینہ کے باشندوں کی مستورات سے دن رات زنا کیا۔ اور تاریخی طور پر سب کے یہاں اس زنا سے اولاد ہوئی اور وہی اولاد آگے چل کر پھر دشمنانِ محمد و آل محمد صلوٰۃ اللہ علیہم رہتی چلی آئی ہے۔ یہ تھی وہ سزا جو حسینؑ کی نصرت سے دل چرانے اور یزید کی تائید کرنے کے سبب سے ملی تھی۔ عرب کے بڑے لوگوں میں کوئی شخص صحیح النسب ہونے کا مادی ثبوت نہیں دے سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ اُن کے یہاں حسب و نسب کو دوسرا نمبر دیا جاتا ہے۔ اور ضرورت کے وقت عمل کی آڑ لے لی جاتی ہے۔ لیکن ہم کہتے ہیں اور علم و تجربہ اس پر شاہد ہے کہ اگر نطفہ حرام ہے؟ اور خوراک حرام ہے؟ اگر مادی و ذہنی ماحول خراب ہے؟ اگر شرافت و اخلاق جمیلہ ورثہ میں نہیں ملے ہیں تو نیک عملی و پارسائی ناممکن ہے۔ بلند خیالی و عالی حوصلگی اور وسعت قلب اور وفا شعاری ہر گز ممکن نہیں ہے۔ لہٰذا دیکھ لو تاریخ میں جھانک کر دیکھ لو کہ

اُن کی نسلوں میں آج تک غداری، فریب اور جعلسازی موجود ہے۔ مسلمانوں سے بڑے مجرم دنیا میں کہیں نہ ملیں گے۔ اور مسلمانوں میں جو شریف و پارسا اور بزرگ تھے یا آج ملیں وہ اُدھر کے نہیں بلکہ محمدؐ و آلِ محمدؐ کے زمرہ کے لوگ ہوتے ہیں۔ وہ دوستداران اہلبیتؑ ہوتے ہیں اور دشمنانِ محمدؐ و آلِ محمدؐ کے دشمن ہوا کرتے ہیں۔ حکومت کے پروپیگنڈا کا مشہور کردہ شخص یا اشخاص قابل تحقیق و تنقید ہوتے ہیں۔ اس پروپیگنڈے نے جہاں نئے نبی گھڑے وہیں کچھ اولیا اور قطب بھی بناڈالے ہیں۔

(4)۔ اموی خاندان اور اموی درباروں کے شعرا کی زبانی علیؑ اکبر کا مقام

ابوعبیدہ اور خلف احمر نے درباری شعرا کا کلام نقل کیا ہے۔ اس کا نمونہ ملاحظہ ہو:۔

> ''اُنکی مثال اس دنیا میں کہیں اور نہیں ملتی۔ اُن کے ضیافت خانہ میں ہر وقت مہمانوں اور بےسہارا غربا و یتامیٰ کیلئے گوشت اور روٹیاں پکتی رہتی ہیں۔ وہاں آگ اس لئے شعلہ وَر رکھی جاتی ہے کہ دن میں بھی اور رات کے اندھیروں میں بھی دُور سے دیکھنے والا سمجھ لے کہ اُسکی مدد کا ٹھکانا وہاں ہے۔ وہ اس دنیا اور دنیاوی سامان کو دین کے مقابلہ میں ہیچ سمجھتے ہیں۔ وہ حق کو باطل کے بدلے میں فروخت نہیں کرتے۔ میری تمام مدح سرائی حضرت لیلیٰ کے فرزند کی شان میں ہے۔ جو سخاوت اور بخشش کا مرکز ہیں جو بڑے حسب ونسب والی خاتون کے لاڈلے ہیں۔''

معاویہ اور درباری شعرا کی یہ قصیدہ خوانیاں حقیقت کی آڑ میں یہ چاہتی تھیں کہ حسینؑ شیرازہ منتشر ہوجائے۔ اولاد میں پھوٹ پڑ جائے۔ مگر معصومؑ انتظام حکومتوں اور شہنشاہیت کے قابو میں نہیں آتا۔ اور دیکھ لو کہ ملکی حکومتوں کی پچاس سالہ کوششیں اور مال ومتاع و سرمایہ رائیگاں گیا اور حسینؑ فتح ہوکر رہی۔

(5)۔ حضرت علیؑ اکبر کی رخصت روایات کے الفاظ میں

قال محمد بن ابی طالب و ابن شهر آشوب فی المناقب اَنّه لَمَّا تقدّم علی بن الحسینؑ و امه لیلیٰؑ بنت ابی مرّ ة بن مسعود الثقفی رفع الحسینؑ سبابته نحو السماءِ وقال اللهم اشهد علٰی هٰؤُلاء القوم فقد برز الیهم غلام اشبه الناس خَلقًا و خُلقًا و منطقًا برسوؐلک کنَّا اذا اشتقنا اِلٰی نبیّکؐ نظرنا اِلٰی وجهه ۔اللهم امنعهم برکات الارض وفرقهم تفریقًا و اجعلهم طرائِق قددًا ولا ترض الولاة عنهم ابدًا۔فانهم دعونا لینصرونا ثم عدوا علینا یقاتلوننا۔ثم صاح الحسینؑ بعمر بن سعد مالک قطع اللّٰه رحمک ولا بارک اللّٰه لک فی امرک وسلّط اللّٰه علیک مَن یذبحک بعدی عَلٰی فراشک کماقطعتَ رحمی ولم تحفظ قرابتی من رسوؐل اللّٰه ثم رفع الحسینؑ صوته وتلی اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓی اٰدَمَ وَنُوحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِیمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَی الْعٰلَمِیْن ۔ذُرِّیَّةً بَعْضُهَا مِن بَعْضٍ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ (عمران 34-3/33) وقال السید وخرج علیؑ بن الحسینؑ وکان من اصبح الناس وجهًا واحسنهم خلقًا فستاذن اباه فی القتال فاذن له ثُمَّ نظر آلیس منه ثُمَّ ارخی عینیه وبکا وقال اللهم اشهد فقد برز الیهم۔......وقال ابوالفرج فی المقاتل باسناده الی سعید بن ثابت قال لمابَرَزَ علیؑ بن الحسینؑ ارخی الحسینؑ عینیه فبکی ثم قال اللهمَّ فکن انت شهید علیهم فقد برزالیهم غلام اشبه الخلق برسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وآله وسلم۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 360-359)

علامہ محمد بن ابی طالب نے اور علامہ ابن شہر آشوب نے اپنی کتاب مناقب میں لکھا ہے کہ جب علیؑ اکبر بن حسینؑ اجازت لے

کر میدان کی طرف چلے اور یہ وہ تھے جن کی والدہ لیلیٰؑ بنت ابی مرہ بن مسعود ثقفی تھیں۔ تو امام علیہ السلام نے آسمان کی طرف اپنی اُنگلی اٹھائی اور فرمایا کہ اے اللہ تو گواہ رہ کہ اب اس قوم کی طرف وہ جوان چلا ہے جو چال ڈھال اور گفتار و رفتار و اخلاق میں اور صورت شکل میں تیرے رسولؐ سے سب سے زیادہ مشابہ ہے۔ ہمیں جب تیرے رسولؐ کی یاد ستاتی تھی اور اُنہیں دیکھنے کا شوق بھڑک اٹھتا تھا تو علیؑ اکبر کو سامنے بٹھا کر اور نظر بچا کر دیکھا کرتے تھے تو دل سیر ہو جایا کرتا تھا۔ اب یہ نعمت بھی مجھ سے چھینی جا رہی ہے اور ایک دفعہ پھر ہمیں رسولؐ اللہ کا داغ سہنا پڑ رہا ہے۔ یا اللہ اس ظالم گروہ پر زمین کی برکت بند کر دے۔ اُن میں انتہائی تفرقہ ڈال دے اور انہیں مختلف راہوں میں منتشر کر دے اور اُن کے سربراہوں سے کبھی راضی نہ ہونا۔ ان لوگوں نے ہمیں بُلایا اور نصرت کا وعدہ کیا۔ ہم آئے تو ہمارے دشمن بن گئے اور ہم سے برسر جنگ ہو گئے۔ پھر عمر بن سعد کو پکار کر کہا کہ خدا تیرے اعزہ و اقربا کو بھی تجھ سے جدا کرے اور کبھی تجھے برکت عطا نہ کرے۔ تیری تمام اسکیموں کو تباہ کر دے۔ اور تجھ پر ایسے شخص کو مسلط کرے جو تجھے تیرے بستر اور تیری مسند پر ذبح کر ڈالے۔ اور تیرے ساتھ اللہ کوئی رعایت نہ کرے جیسا کہ تو نے میرے متعلق رسولؐ اللہ کا حق ادا نہ کیا اور اُس رشتہ کو نظر انداز کر دیا جو میرا رسولؐ اللہ سے ہے اور میرے خاندان کا قتل عام کر دیا۔ اس کے بعد امامؑ نے بلند آواز سے یہ آیت پڑھی کہ یقیناً ہم نے آدمؑ اور نوحؑ کو اور ابراہیمؑ کی آل کو اور آلِ عمرانؑ (ابوطالبؑ) کو تمام عالمین پر فضیلت عطا کی ہے اور وہ سب آپس میں ایک دوسرے کی ذریت ہیں اور اللہ سب کچھ سُننے والا بھی ہے اور یہ سب کچھ دیکھنے والا بھی ہے۔ اور جناب سید ابن طاؤس نے لکھا ہے کہ علیؑ اکبر میدان میں نکلے تو تمام انسانوں سے خوبصورت اور سب سے خوب سیرت تھے۔ اپنے والد سے اجازت مانگی انہوں نے اجازت دے کر نظروں سے علیؑ اکبر کا تعاقب جاری رکھا۔ آنکھیں آنسو بہاتی رہیں اور فرماتے جاتے تھے کہ یا اللہ تو گواہ رہنا کہ علی اُن کی طرف جا رہا ہے۔ دیکھتے رہے اور نگاہ یاس تعاقب کرتی رہی۔ اور علامہ ابوالفرج نے لکھا ہے جب علیؑ اکبر میدان کو چلے تو امامؑ نے علیؑ اکبر پر نگاہ حسرت ڈالی اور فرمایا کہ اے اللہ تو گواہ رہ کہ آخر اُس نوجوان کو بھی تری راہ میں قربانی کے لئے بھیج دیا ہے جو ساری دنیا سے زیادہ رسولؐ اللہ کا ہم شکل تھا۔ علیؑ اکبر جا رہے تھے اور امامؑ کی نظریں ساتھ ساتھ چل رہی تھیں آنسو بہہ رہے تھے۔ یہاں تک کہ میدان جنگ میں پہنچ گئے۔

(6)۔ حضرت علی اکبر علیہ السلام کی جنگ

وقال المفید وابن نما فشدّ علی الناس وجعل یقول: انا علیٌّ بن الحسینؑ بن علیؑ۔ نحن بیت اللّٰہ اَوْلٰی بالنبیؐ ۔تاللّٰہ لایحکم فینا ابن الدّعی ۔اماترونی کیف اَحْمَی عن اَبیؑ ۔ففعل ذلک مرارًا واھل الکوفة یتّقون قتله وفی بعض التالیفات اَنّه لمابرزعلیؑ بن الحسینؑ دعی عمربن سعد بطارق بن کثیر وکان فارسًا مناعا وبطلًا دفاعًا ۔ فقال له انت الّذی تاکل نعمة الامیر وتاخذمنه العطا یافاخرج الٰی ھذاالغلام وجِئنِی براسه ۔فقال یاابن سعد انت تاخذ ملک الرَّی وانا اخرج اِلَیه بل الواجب اَن تخرج انت الیه اَلّا اَنْ تضمّن لِی عندالا میراَن تکون امارة الموصل لی ۔فحینئذٍ اخرج الیه واتیک براسه۔قال فضمن له ذلک فخرج طارق الٰی مبارزة علّیّ بن الحسینؑ وقا تله وجادلة قتالًا شدیدًا فضربه علیؑ بن الحسینؑ ضربةً منکرة فانجدل صریعًا وعجّل اللّٰه بروحه اِلَی النَّار ۔قال فخرج اخواالمقتول فاستقبله علیؑ بن الحسینؑ ولم یزالا فی کَرِّوفَرِّ حتی وصل الیه علیؑ بن الحسینؑ فعطف علیه بضربة وقعت علٰی عینیه فخرّصریعًا ۔ قال فخرج الیه ولد طارق فما کان اَلَّا ھنیّة حتی ارداہ قتیلًا وطلب

البراز فلم یبرزالیه احد ۔فهتف عمربن سعد ببکر بن غانم وندبه فبرز الیه ۔فَلَمَّا بَرَزَ تغیّرلون الحسینؑ ۔فقالت لیلیٰؑ اُمّ عَلِی الاکبر مِمَّاتغیرک یَاسیدی لَعَلّه قداصابه شیئًا؟ قال لاولکن قد برزالیه مَنُ یخاف الیه منه فادعی لولدک علیؑ فانّی قدسمعت مِن جَدّی رسولُ اللّٰه اَنّ دعاءَ الُاُمِ یستجابُ فی حقّ ولدها۔ قال فَجَردت راسها وهی فی الفسطا ط ودعت له الَی اللّٰه عزّ وجلّ بالنصر علیه ۔وقال وجری بینهما حربٌ شدیدٌ حتی انخرق درع بکر بن غانم مِن تحت ابطه فعاجله علیؑ بن الحسینؑ بضربة قسّمه نصفین لارحمه اللّٰه ۔فلم یزل یقاتل حتی ضجّ الناس مِن کثرة مِن قتل منهم ۔انّه قتل علٰی عطشهٖ مائة وعشرین رَجُلًا ۔ ثُمَّ رجع ۔(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات ۔صفحہ 359-360)

علامہ شیخ مفیداورابن نمانے لکھاہے کہ اکبرعلیہ السلام نے افواج پرسخت حملہ کیااور کہتے جاتے تھے کہ میں علیؑ ہوں اورحسینؑ ابن علیؑ کا فرزندہوں ۔اورہم خانہ خداہیں اورنبیؐ کے بعدتمام انسانوں سے افضل ہیں اورسب سے زیادہ نبیؐ سے قریب ہیں۔خدا کی قسم لوگوں کو بلانے والی عورتوں کی اولادہم پرحکم نہیں چلاسکتی ۔اورکیاتم میرے حملوں سے یہ نہیں کہوگے کہ میں اپنے والد کی حمایت میں لاجواب جنگ کررہاہوں؟اسی طرح کئی مرتبہ حملے کئے اوراہل کوفہ اُن سے جنگ کرتے ہوئے جھجکتے تھے۔ہمارے علما کی بعض تصنیفات میں یہ لکھاہے کہ جب حضرت علیؑ اکبرمیدان میں آئے اورمدمقابل طلب کیا توعمر بن سعد نے طارق بن کثیرکو بلایا۔یہ شخص بڑا بہادر اورمن چلا جنگ جُو تھا۔ جب وہ آیا توابن سعد نے کہا کہ امن کے زمانہ میں تم خلیفہ کی طرف سے نعمتیں کھاتے رہتے ہواورتنخواہ اوردوسرے عطیات وصول کرتے رہتے ہو۔اب وقت آیاہے کہ اس نوجوان کے مقابلہ پرجاؤاورمیرے پاس اُس کا سرلے کرآؤ۔ طارق کوعمربن سعدکی باتیں ناگوارگزریں۔اس نے جواب دیا کہ ملک رَے توحاصل کروتم اورمقابلہ کونکلوں میں ۔مقابلہ کونکلنا تودراصل تم پرواجب ہے نہ کہ مجھ پر؟البتہ اگرتم یہ ضمانت دوکہ تم مجھے خلیفہ سے موصل کی حکومت دلادوگےتو میں مقابلہ کوتیارہوں ورنہ نہیں ۔اس پرعمر بن سعد نے ضمانت لے لی۔اب طارق بڑی اکڑفوں اورٹھاٹ دکھاتا ہواچلا۔جب علی اکبرعلیہ السلام کے پاس پہنچا تودونوں میں بڑی خطرناک لڑائی ہوئی ۔آخر جناب علیؑ اکبرنے ایک بڑی مہلک ضرب لگائی جس سے وہ تڑپ کرگرااوراللہ نے جلدی سےاس کی روح کو جہنم میں پہنچادیا۔راوی نے کہا کہ پھرطارق کا بھائی بھی بڑے جوش وخروش سے مقابلہ پرآیا توجناب علیؑ اکبرنے اُسے داؤپررکھااورایک وارکیا جواس کی آنکھوں پرپڑااورآدھی کھوپڑی دورجاگری اوروہ بھی واصل جہنم ہوگیا۔راوی نے بتایا کہ پھرطارق کا بیٹا سامنےآیا توذرا سی دیرمیں وہ بھی ڈھیرہوکرزمین پرگرپڑا۔اِسکے بعدعلی اکبرعلیہ السلام لوگوں کواپنے مقابلہ پربلاتے رہےلیکن خوف کا ماراکوئی باہرنہ نکلتا تھا۔یہ حالت دیکھ کرعمربن سعد نے بکربن غانم کوتعریفی الفاظ کےساتھ پکارااوراُسکی ہمت افزائی کی۔چنانچہ وہ میدان میں آیا اُدھرامام علیہ السلام کے چہرہ کا رنگ بدلا۔اورقنات کے پیچھے کھڑی ہوئی حضرت لیلیٰؑ نے اپنے سرتاج کے چہرہ کا بدلنادیکھ لیا تودل دھک سے ہوکررہ گیا۔وہ توامامؑ کے چہرہ سے بیٹے کی حالت دیکھ رہی تھیں۔دل تھام کربولیں کہ اے میرے آقاخیریت ہے؟ آپکے چہرہ کا رنگ کیوں بدلا تھا۔کیا بچے پرکوئی خطرہ واقع ہونے والا ہے؟تسلی کیلئے فرمایا کہ نہیں نہیں ایسانہیں ہے۔جوآدمی مقابلہ پرآیا ہےعلیؑ اکبرکے متعلق اُس سےخوف معلوم ہوتاہے۔بات سنو!میں نے رسولؐ اللہ سےسُنا ہے کہ ماں کی دعابچوں کےحق میں فوراً قبول ہوتی ہےلہٰذاتم

علیؑ اکبر کے لئے اللہ سے دعا مانگو۔ اللہ تمہارے بچہ کو اُس پر غالب کرے گا۔ یہ سن کر وہ قنات سے ہٹ گئیں اور اُن کا سر نظر آنا بند ہو گیا۔ یہی مطلب تھا کہ وہ کہیں وہ خطرناک جنگ نہ دیکھ لیں جو علیؑ اکبر کو پیش آنے والی تھی۔ وہ تو اُدھر اللہ تعالیٰ سے دعا میں مصروف ہو گئیں ادھر جناب علی اکبر علیہ السلام کو بکر بن غانم سے بڑی خطرناک اور جان لیوا جنگ درپیش تھی۔ وار پر وار ہو رہے تھے اور بکر بن غانم قابو میں نہ آتا تھا کہ اچانک امام زادے نے دیکھا کہ بکر بن غانم کی زرہ بغل کے نیچے سے پھٹ گئی ہے۔ پھر تو جلدی سے ایک تلوار تاک کر اُسی جگہ لگائی اور یوں اُس ملعون کو دوٹکڑوں میں تقسیم کر دیا (اللہ اس پر رحم نہ کرے)۔ پھر عام حملہ ہو گیا اور لیلیٰؑ کے لال نے ذرا دیر میں ایک سوبیس ملاعین کو تہہ تیغ کر کے رکھ دیا اور جنگ جاری رکھی یہاں تک کہ کشتوں کے پشتے لگ گئے۔ لوگوں میں ہائے واویلا کی فریاد بلند ہوگئی۔ میدان صاف دیکھا تو بابا کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔ پیاس تو چار روز سے لگی ہوئی تھی۔ اب شدت انتہا کو پہنچ چکی ہوگی۔

(7)۔ حضرت علیؑ اکبر میدان خالی کر کے بابا کی خدمت میں آتے ہیں

یقیناً یہ خیال بھی رہا ہوگا کہ والدہ کا دل جنگ کے دوران دہلتا رہا ہوگا۔ میں جاؤں گا تو ذرا تسلی ہوگی۔ کچھ دعائیں ساتھ لے آؤں گا۔ رہ گئے بہت سے زخم اور بہتا اور ٹپکتا ہوا خون تو ایسی حالتیں دیکھتے دیکھتے اہل حرؑم کا سارا دن گزرا ہے۔ بہر حال بیٹے کو آتا دیکھ کر باپ اور والدہ نے کیا محسوس کیا ہوگا۔ پھوپھی کس بے چینی سے منتظر ہوں گی۔ بہنیں اور دیگر خواتین اور بچے بھی تو دیکھ رہے ہوں گے۔ اُن سب کے قلوب کی حالت ہر ایک کے الگ الگ تاثرات راویوں کو بیان کرنے کی فرصت کہاں تھی؟ وہ بیان بھی کرتے تو لکھنے والے پھر بھی آزاد تھے لکھتے یا نہ لکھتے۔ تکلیفات نہ راویوں پر گزری تھیں نہ اہل قلم کے دلوں میں وہ درد تھا۔ جو کچھ لکھ دیا اسی کو غنیمت سمجھ کر سُنئے:۔

ثُمَّ رجع الٰی ابیه وقداصابة جراحات کثیرة فقال یاابه العطش قد قتلنی وثقل الحدید اجهدنی فهل اِلٰی شربة مِنَ المآء سبیل اَتَقوی بِهاعَلَی الاعداء ؟ فبکی الحسین علیه السلام وقال یَابُنَیَّ یعزّ علٰی محمدؐ وعلیؑ وعلٰی ابیک اَن تدعوهم فلایجیبک وتستغیث بهم فلا یغیثوک یابُنَیَّ هات لسانک ۔فاخذ لسانه فمصه ودفع الیه خاتمه وقال خذ هذا الخا تم وامسکه فی فیک وارجع الٰی قتال عدوّک فانی ارجوا نّک لا تمسی حتّٰی یسقیک جدّک بکاسه الاوفٰی شربة لاتظما ء بعدها ابدًا فاخذالخاتم فی فیه فرجع الی القتال... (اکسیر العبادات۔ صفحہ 360)

پھر جناب علیؑ اکبر میدان جنگ سے اپنے والدؑ کے پاس چلے آئے اور انہیں بہت کثرت سے زخم لگے ہوئے تھے۔ آتے ہی عرض کیا کہ بابا مجھے تیغ زنی کے ساتھ ساتھ پیاس کی شدت نے قریب المرگ کر دیا ہے۔ کیا کوئی ایسی صورت ہے کہ ایک گھونٹ پانی کا مل جائے تو میں ان دشمنانِ دین سے نمٹنے کی قوت پا سکوں۔ امؑام کا دل بھر آیا اور روتے ہوئے فرمایا کہ بیٹے تیرے باپ کو اور تمہارے دادا علی علیہ السلام کو اور رسولؐ اللہ کو حد بھر صدمہ ہے کہ وہ اپنے معاہدہ کی پابندی کی بنا پر ایسی حالت میں ہیں کہ تم اُن سے فریاد کرتے ہو اور ہم سب تمہاری فریاد کا تدارک نہیں کر سکتے۔ تم مدد کو بلاؤ اور ہم مدد نہ کر سکیں۔ اچھا بیٹے ذرا اپنی زبان آگے بڑھاؤ۔ اس کے بعد علیؑ اکبر کی زبان کو چُوسا اور فرمایا کہ یہ میری انگوٹھی لے لو۔ اسے اپنے منہ میں رکھو اور چوستے ہوئے جنگ کرو۔ مجھے اُمید ہے کہ تمہیں اُس وقت تک پیاس نہ ستائے گی جب تک تمہیں تمہارے داداؐ ایسا شربت نہ پلا دیں کہ جس سے پھر کبھی بھی تمہیں پیاس نہ لگے گی۔ آپ نے انگوٹھی منہ

میں رکھی اور میدان جنگ میں آ گئے ۔

(8)۔ حضرت علی اکبر علیہ السلام دوبارہ میدان جنگ میں

فرجع وهويقول: اَنَا عليٌّ لَااقول كذبا ۔ اتبع جدّى المصطفىٰ المهذّبا ۔ اضربكم بالسَّيْف ضربًا معجبًا ۔ ضربُ غلام لايـريد الهربا ۔ثـم حـمـل عـلـى الـقـوم فقتل واحدًا وثمانين رجُلًا وهويقول: الحرب قدبانت لها الحقائق ۔ وظهـرت مِن بعدها مصادق ۔ واللّٰه رب العرش لانفارق ۔ جموعكم اَوتغمد البوارق ۔ فلم يزل يقاتل حتّٰى قتل تمام المأ تين ۔ثم حمل ولم يزل يقاتل حتـى قتل مِن القوم الفًا وخمسمائة فارسٍ........فـقـرّبـه منقذ بن مرة العبدى فقال عَلَىَّ آثَامُ العرب لَئِن مرّبى هذا الغلام وهويفعل بالناس مافعله لَاَ ثُكِلَنَّهُ اَبَاهُ فَكَمَنَ لَهُ ۔فَمَرَّعليٌّ بن الحسينٌ يشد على الناس كماشد عليهم من قبله، فضربه بالرّمح فى ظهره فخر عـن جـواده اِلَـى الارض ثـمّ استـوى جـالسًـا وهـويـنـادى يااباهُ عليک مِنّى سلام هذا جدّى محمدٌ المصطفٰى و هذا جدّى علٰى الـمـرتـضٰـى وهـذه جـدّتـى خـد يجةٌ الكبرٰى وهذه جدّتى فاطمةٌ الزهرآء وهم اليک مشتاقون ۔ فـاقـبـل الحسينٌ وفرق القوم عنه ۔فتـصـارخـن الـنسآء فقال لهُنّ الحسينٌ اسكتن فانّ البكاء اَمَامَكُنَّ واخذراس ولده ووضعه فى حجره وجعل يمس الدم عن وجهه يـقـول يـابُـنَـىَّ لعن اللّٰه قومًا قتلوک مااشدّ جرأ تهم عَلَى اللّٰه وعلٰى انهاک حرمة الرسولٌ وانهملت عيناه من الدموع ۔ثم قـال على الدنيا بعدک العفا يابُنَىَّ اما انت فقداسترحت من الدنيا وضميمها وقدصرت الى رَوح ريحان وبقى ابوک فما اسرع لـحـوقـه بک ثـم حمله علٰى جواده واقبل به اِلَى الخيمة فطرحه فيها ۔ قـال عـمـارة بن راقد اِنّى نظرتُ اِلٰى امراة قدخرجت مِن فسـطـاط الـحسـيـنٌ كانها البدر الطالع وَهِىَ تنادى واولداه امهجة قلباه ياليتنى كنتُ هذااليوم عميًا اوكنت وسّدت تحت اطباق الثـرى....واجيبـاه وابن اخاه... فانكبت عليه فجائها الحسينٌ فستر وجهها بعبائه حتى ادخلت الخيمة ۔ فقلت لكوفى مَن هٰذه اتعرفهـا؟ قـال نـعـم هـذه زيـنـبٌ اخت الحسينٌ. ثُمَّ امرالحسين عليه السلام فتيانه احملوااخاكم فحملوه حتّٰى وضعوه بين يدى الفسطاط ۔(اکسیرالعبادات فی اسرارالشہادات ۔ 361-360)

ماں کا لاڈلا، پھوپی کا پیارااور ضعیفی میں باپ کا سہارا پھر میدان جنگ میں آیا اور یہ کہتا ہوا یزیدی افواج پر جھپٹا کہ میں علیؑ ہوں اور قطعاً جھوٹ نہیں بولتا ہوں ۔ میں اپنے تہذیب کے بانی دادا مصطفٰیؐ کا پیرو ہوں ۔ میں تمہیں حیران کن تلواروں کی ماردوں گا۔ ایسی مار جو جم کر لڑنے والا نوجوان مارا کرتا ہے۔ پھر ایک شدید حملہ کیا اور اکیاسی (81) فوجیوں کو قتل کر ڈالا اور وہ کہتے جاتے تھے کہ جنگ بہت سے حقائق پر پردہ ڈال دیتی ہے۔مگر جنگ کے بعد تمام ہی حقائق اور سچائیاں اُبھر کر ظاہر ہو جایا کرتی ہیں ۔رب العرش کی قسم ہم تمہاری اس کثیر فوج کے سامنے سے نہ ہٹیں گے۔خواہ تمام روشنیاں پردہ پوش ہو جائیں ۔

برابر جنگ جاری رکھی کہ اس دفعہ بھی دوسو ملاعین کو قتل کر دیا۔ پھر اور تیز تر حملہ کیا اور دھڑ ادھڑ تلوار چلاتے رہے یہاں تک کہ اس حملہ میں ایک ہزار پانچ سو (1500) دشمنوں کو واصل جہنم کیا۔علیؑ اکبر تو بے تحاشہ جنگ میں مصروف تھے کہ اُن کے نزدیک منقذ بن مرہ عبدی آیا اور ساتھیوں سے کہا کہ اگر یہ نوجوان دوبارہ حملہ کرتا ہوا پھر ادھر سے گزرا اور اسی طرح محویت میں قتل عام کیا تو میں اِس کے باپ کو اِس کے غم میں مبتلا نہ کر دوں تو اللہ سارے عرب کے گناہوں میں مجھے ماخوذ کرے ۔ چنانچہ حضرت علیؑ اکبر اُسی شدت اور محویت سے حملہ کرتے اور لوگوں کو قتل کرتے ہوئے آ رہے تھے اور منقذ گھات میں لگا ہوا تھا۔ جب اس ملعون کے پاس سے گزرے تو اُس نے

تول کر نیزہ کمر میں مارا جو پار نکل گیا اور لیلیٰؑ کا بیٹا گھوڑے سے زمین پر گرا۔ جلدی سے سنبھل کر زمین پر بیٹھ گئے اور آواز دی کہ اے بابا میرا آخری سلام قبول کیجئے۔ مجھے لینے کیلئے یہ میرے دادا محمد مصطفیٰؐ اور علیؑ مرتضیٰ اور یہ میری دادی فاطمہؑ زہراء اور خدیجۃؑ الکبریٰ آئے ہیں اور یہ سب آپ کی آمد کے مشتاق ہیں۔ امام حسین علیہ السلام نے افواج پر حملہ کیا اور آن کی آن میں فوجوں کو بھگا کر بیٹے کے پاس پہنچے۔ اُدھر خیام میں اہل حرؑم بے قرار ہوگئے اور خواتین کی چیخیں بلند ہوگئیں۔ امامؑ نے پکارا کہ صبر کرو خاموش ہو جاؤ تمہارے رونے کا وقت آنے والا ہے۔ پھر اپنے بیٹے کا سر اُٹھا کر گود میں رکھا اور چہرہ سے خون صاف کرنا شروع کیا۔ اور کہتے جاتے تھے۔ اے بیٹے اللہ تمہیں قتل کرنے والی قوم پر لعنت کرے۔ اللہ کے خلاف اُن کی جرأتیں کتنی بڑھ گئیں اور اُس کے رسولؐ کی توہین کرنے میں کتنے بے باک ہوگئے۔ امام کی آنکھیں آنسوؤں سے لبریز تھیں۔ پھر فرمایا اَے بیٹے تیرے بعد یہ دنیا ہمارے کس کام کی ہے۔ بیٹے تم تو اس دنیا اور یہاں کی تمام چیزوں کو چھوڑ کر چلے گئے میں بھی اب تمہارے پاس پہنچنے میں دیر نہ کروں گا۔ پھر جوان بیٹے کی لاش کو اٹھا کر اپنے گھوڑے پر رکھا اور خیمہ میں لاکر رکھ دیا۔ عمارہ بن راقد بتاتا ہے کہ میں نے دیکھا ایک خاتون چاند کی طرح طلوع ہوئی وہ کہتی آرہی تھی کہ ہائے میرے لال، ہائے میرا دل صدمہ سے پھٹا جاتا ہے۔ اے کاش میں یہ دن دیکھنے سے پہلے پہلے اندھی ہوگئی ہوتی۔ کاش مجھے آج سے پہلے زمین میں گہرا دفن کر دیا گیا ہوتا۔ ہائے میرے بھائی کے پیارے بچے۔ یہ کہتی ہوئی لاش پر گر پڑی۔ جلدی سے حسینؑ آئے اپنی عبا سے اُن کا منہ ڈھکا اور خیمہ میں داخل کر دیا۔ میں نے ایک کوفی سے معلوم کیا تو اُس نے بتایا کہ وہ خاتون حضرت امام حسینؑ کی بہن جناب زینب علیہا السلام تھیں۔ پھر امامؑ نے نوجوانوں کو حکم دیا کہ اپنے بھائی کی لاش اُٹھاؤ اور اس کے بعد علی اکبر علیہ السلام کی لاش کو قنات کے مقابل رکھوا دیا۔ جہاں باقی شہدؑا کے اجسام موجود تھے۔

(9)۔ ہماری معذرت اور جرأت وجسارت

اس عنوان کے ماتحت ہمیں بہت کچھ کہنا ہے۔ اور اُمید ہے کہ واقعاتِ کربلا کے اختتام کے بعد عرض کرسکوں گا۔ یہاں اس قدر بتانا بہت ضروری ہے کہ علم الحدیث اور روایت سے واقف حضرات جانتے ہیں کہ تیسری صدی ہجری کے اواخر میں اور اُسکے بعد لکھی جانے والی حدیث کی کتابوں میں اُنکے لکھنے والے محدثین نے احادیث کو توڑ توڑ کر بکھیر دیا ہے۔ یعنی جس حدیث میں دو مسائل پر معصومؑ نے بیان دیا تھا محدثین نے اس حدیث کے دو ٹکڑے کر کے دونوں مسئلوں کو الگ الگ کرلیا۔ تین مسائل والی حدیث کے تین ٹکڑے کئے، چار والی کے چار اور دس والی کے دس الگ الگ ٹکڑے کر ڈالے۔ یہ اس لئے کہ اِن لوگوں نے احادیث لکھنے سے پہلے مسائل کی ایک فہرست بنائی پھر اس فہرست سے عنوانات لے کر اب احادیث کے توڑے ہوئے ٹکڑوں میں سے وہ ٹکڑا وہاں لکھ دیا جہاں متعلقہ مسئلہ تھا۔ اس طرح ایک ایک حدیث ٹوٹ ٹوٹ کر اُس کتاب کے مختلف صفحات میں بکھر گئی۔ اور یہ ناممکن ہوگیا کہ معصومؑ زبان سے نکلی ہوئی کوئی حدیث ایک جگہ پوری اور مکمل مل جائے۔ اس صورت حال کی جدید تصدیق علامہ علی نقی عرف نقن اور سید العلما لکھنوی کی کتاب ''**تدوین حدیث**'' میں تفصیل سے موجود ہے۔ ہمیں یہ بتانا ہے کہ یہی سلوک اُن روایات کے ساتھ کیا گیا جو واقعات کربلا بیان کرتی ہیں۔ یعنی یہاں بھی کوئی روایت ایک جگہ مل جانا مشکل ہے۔ ہم جس جرأت اور جسارت پر معذرت خواہ ہیں وہ یہ ہے کہ ہم نے واقعات کربلا لکھنے

میں کسی سابقہ اہل قلم کی تقلید نہیں کی ہے نہ کریں گے۔ اور اُن تمام توڑے ہوئے ٹکڑوں کو ہر جگہ جمع کر دینے میں تکلف نہیں کرتے جو کسی شہیدؑ، مجاہدؑ یا اہل حرمؑ کی پوری شہادت، پوری جنگ یا پوری بات سامنے لانے میں مددگار ہوں۔ اور جنہیں اس لئے توڑا گیا تھا کہ شہادت یا جنگ یا کسی بیان میں اختلاف کے بہانے سے کمزوری اور بے اعتباری پیدا کی جائے۔ ہمارا اصول یہ ہے کہ مثلاً چار پانچ میل میدان جنگ میں لڑتی ہوئی افواج میں سے کوئی شخص بھی سارے میدان کو اور سارے میدان میں گزرنے والے واقعات کو نہیں دیکھ سکتا۔ لہٰذا یہ قدرتی اور فطری بات ہوگی کہ جس راوی نے کسی مجاہد کی جنگ دیکھی اور کہا کہ اُس نے پچاس آدمی قتل کئے تو راوی کا یہ بیان سارے میدان جنگ کا بیان نہیں ہوسکتا بلکہ اُس سمت یا جگہ سے متعلق ہے جہاں وہ راوی تھا۔ دوسرا راوی کہتا ہے کہ اُسی مجاہد نے دوسو آدمی قتل کئے یہ دوسری جگہ اور دوسری سمت کی صورت حال ہے۔ اس لئے کہ اگر دونوں راوی ایک ہی جگہ ہوتے تو دونوں ایک ہی تعداد دیکھتے اور کہتے۔ لہٰذا حضرت علی اکبر علیہ السلام ہوں یا کوئی اور مجاہد ہو اُن کے متعلق مختلف مقتولوں کی تعداد مختلف سمتوں میں جنگ کا نتیجہ ہے۔ اس لئے وہ تمام مختلف بیانات مختلف تو ہیں اور ہونا چاہئے۔ مگر اُن سب کی تعداد کا مجموعہ متعلقہ مجاہد کے مقتولوں کی صحیح تعداد ہے۔ لہٰذا ہم مکھی پر مکھی نہیں ماریں گے اور جہلا یا فریب ساز گروہ کی تقلید نہیں کریں گے۔ اور کسی راوی کو یہ پوزیشن نہیں دیں گے کہ وہ ہیلی کاپٹر ہوائی جہاز میں بیٹھا ہوا پورے میدان جنگ کو دیکھ رہا تھا۔ اور جو کچھ اُس نے کہا وہ آخری اور غلطی سے پاک بیان ہے۔ دراصل ہمارا اصولِ تحریر دشمنانِ اہلبیتؑ کی کمر توڑتا ہے، اُن کی نقاب کشائی کرتا ہے اور مومنین کو صحیح صورت سے قریب تر لاتا ہے۔ اِس لئے لکیر کے فقیر اور سرکاری علما کو نہ ہم پسند آ سکتے ہیں نہ ہمارے بیانات اُن کی سند پا سکتے ہیں۔ اور ہمارا حال یہ ہے کہ ہم سوائے سرکار زمانہ حضرت حجۃ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کسی اور سے نہیں ڈرتے اور اُن کے سوا کسی اور کے سامنے جوابدہ نہیں ہیں۔ اور نہ اُن کے علاوہ کسی اور فرد یا قوم کے محتاج ہیں۔ لہٰذا ہم آزاد ہیں کسی عالم کا ہم پر رعب نہیں کسی سے ذاتی دلچسپی نہیں۔ وہ اور ہم دونوں خاطی ہونے میں برابر ہیں۔ اس لئے وہ بھی اور میں بھی تنقید سے ارفع و اعلیٰ نہیں۔ غلطی کی مذمت، غلطی کا اقرار، غلطی کی اصلاح ہم سب پر واجب ہے اور ہمارا اسی پر عمل ہے۔

43۔ شہادت حضرت قاسم علیہ السلام و دو فرزندان امام حسن علیہ السلام

(1)۔ حضرت احمد (ابوبکر) بن حسن مجتبیٰ علیہم السلام سے تعارف

اولادِ امام حسن علیہ السلام میں سے صرف تین بیٹوں کو کربلا میں ہمراہ لایا گیا تھا۔ حالانکہ اور بھی کئی بیٹے بلکہ ان تینوں سے بڑے بیٹے بھی موجود تھے۔ کربلا میں آنے والے تینوں بھائیوں میں سب سے بڑے بیٹے اور حضرت علی اکبر علیہ السلام کے ہم سِن جناب قاسم بن الحسنؑ تھے۔ اُن سے چھوٹے جناب احمدؑ عرف ابوبکر تھے اور سب سے چھوٹے جناب عبداللہ بن الحسنؑ تھے اور یہ بارہ سال کے قریب عمر رکھتے تھے۔ اور تینوں بھائی امام زمانہ علیہ السلام پر قربان ہوگئے تھے۔ ان تینوں بھائیوں کی شہادتوں اور حالات کو مشکوک کرنے کی کوشش اب پوشیدہ نہیں رہ سکتی۔ مگر آج سے پہلے اُن کے حالات لکھنے میں علما نے بہت سے چکر کھائے اور بہت سے چکر دیئے ہیں۔ کہیں سِن و سال کا چکر، کہیں دوسرے بھائیوں کو کربلا کے شہدا میں شامل کرنے کا چکر۔

(الف)۔ جناب احمدؑ بن حسنؑ کے اجازت طلب کرنے کا سبب

امام حسین علیہ السلام کا عملدرآمد اور انتظام یہ حقیقت واضح کر دیتا ہے کہ آپ اپنے بھائی کی اولاد کو اُس وقت تک اجازت نہ دینا طے کئے ہوئے تھے جب تک تمام عذرات ختم نہ ہو جائیں۔ اور ان تینوں بھائیوں کا خاموشی سے انتظار کرنا اور اجازت کیلئے ضد نہ کرنا یہ بتاتا ہے کہ امام علیہ السلام کا ارادہ تینوں بھائیوں کو معلوم بھی تھا۔ چنانچہ اولادِ ابوطالب علیہم السلام کے کم سن، نوجوان، جوان اور بزرگ حضرات اجازت لیتے جہاد کرتے اور شہادت پر فائز ہوتے رہے۔ یہاں تک کہ وہ وقت آ گیا جب امامؑ نے استغاثہ فرمایا اور اپنی نصرت کے لئے اتمام حجت کیا۔

روی ابو مخنف عن حمید بن مسلم اَنَّ الحسینؑ بعد قتل اصحابه جعل ینادی و اغربتاه؛ واقِلّة ناصراه اَمَامِن مُعِین یعینا ؟ اَمَامِن ناصر ینصرنا ؟اَمَامِن ذابّ یذبُّ عَنّا فخرج الیه غلامان کَانّهُما قمران احدهما احمد و آخر قاسم ابناالحسن علیه السلام وهما یقولان لَبَّیک لَبَّیک مُرنا بامرک صلی اللّٰه علیک۔ فقال لهما ''حامیاعَنْ حرم جدّکمارسولؐ اللّٰه۔''
(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 285-284)

چنانچہ ابومخنف نے حمید بن مسلم سے روایت کیا ہے کہ جب تمام ساتھی قتل ہو گئے تو امامؑ نے یہ ندا دینا شروع فرمائی۔ ہمارا اجنبی ہونا حد کو پہنچ گیا۔ ہمارے مددگار بہت کم تھے وہ بھی ختم ہو گئے۔ کیا کوئی مددگار ہے جو ہماری اعانت کرے؟ کیا کوئی ایسا ناصر نہیں جو ہماری نصرت کرے؟ کیا کوئی ایسا حمایتی نہیں جو ہمارا دفاع کرے؟ اس آواز پر دو چاند ایسے نوجوان باہر نکلے اور کہا کہ اللہ آپ پر درود بھیجے ہم دونوں آپ کے ہر حکم کی تعمیل کو حاضر ہیں۔ فرمایا تم جاؤ اور ''حرم رسولؐ کی حمایت کرنا۔''

یہ روایت خود بتاتی ہے اور استغاثہ کا مطلب بھی یہی ہے کہ جب تک ناصر و مددگار و دفاع کرنے والے موجود ہوں استغاثہ کرنا سعی لا حاصل یا بے معنی بات ہے۔ عملاً یہ ثابت ہوتا ہے کہ حضرت احمد و قاسم علیھما السلام کے علاوہ کوئی ایسا ناصر موجود نہ تھا جو جہاد کے لئے جا سکے۔ یعنی تمام اولادِ ابوطالبؑ درجہ شہادت پر فائز ہو چکی تھی۔ ورنہ وہ بھی استغاثہ پر سامنے آ جاتے۔ یہ بھی ثابت ہوا کہ امامؑ اُن دونوں بھائیوں کو اجازت دینے کا وقت ابھی تک موزوں نہیں سمجھتے تھے۔ اس لئے جواب بھی ایسا دیا ہے جو انہیں مایوس کر دے۔ یعنی اُس جواب کے یہ معنی بھی ہوتے ہیں کہ تمہیں مستورات کے ساتھ رہنا ہوگا اور اُن کی حمایت کرنا ہوگی۔ تم میدان جنگ میں نہیں بھیجے جاؤ گے۔

اس روایت کے علاوہ جناب علامہ صدوق رضی اللہ عنہ کی تحقیق بھی یہی ہے کہ جب امام حسنؑ کے صاحبزادوںؑ نے جنگ کی اجازت مانگی اس وقت تمام ہاشمی افراد قتل ہو چکے تھے۔ لہٰذا وہ ترتیب جسے بہت شہرت دی گئی غلط ہے۔ صحیح یہ ہے کہ اولادِ ابوطالبؑ میں بچوں کے علاوہ صرف یہ دونوں بھائی باقی تھے اور آخری شہید ہیں جو جنگ کر کے شہید ہوئے۔ اِنکے بعد امام علیہ السلام کی اپنی شہادت ہے۔

(ب)۔ حضرت احمد بن حسن علیہ السلام کی شہادت

بڑی کوشش کے بعد یہ معلوم نہ ہو سکا کہ امامؑ کے منع کر دینے کے بعد کس بہانے سے حضرت قاسم دوبارہ تنہا اجازت مانگنے آئے تھے۔ اور انہیں ایک بہت معقول اور پسندیدہ بات کہہ کر دوبارہ پھر منع کر دیا تھا۔ اور وہ الگ تنہائی میں مغموم و محزون بیٹھ گئے تھے۔ اس

دوران جب احمد علیہ السلام نے دیکھا کہ بڑے بھائی نے دوسری دفعہ اجازت طلب کرنے کی جسارت کی ہے تو آپ بھی قسمت آزمائی کے لئے امامؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور خاموش کھڑے رہے۔ چچا نے یہ انداز دیکھ کر پاس بٹھایا۔ باتوں باتوں میں اندازہ ہوا کہ احمدؑ کو زیادہ روکنا اُس کی ہمت پر اثر انداز ہوگا۔لہٰذا اجازت دے دی۔

وفی الـمـلهوف ثم برزوهويقول: اِن تنكرونی فانا ابن حيدرةٍ ـضرغام اجام و ليثُ قَسْوَرَةٍ ـعَلَی الاعادی مثل ريح صرصرةٍ ـاذا اقبل نحوالجيش قال ربيعه الشاكری لابن سعد هذا اسدمن اولاد الحسنؑ بن علیؑ فنادی اصحابک اَن لايخرج اليه احدٌ ـفامرابن سعد اَن احملوا عليه حملة رجل واحد ـفحمل عليهم احمدؑ بن الحسنؑ وغاص فی بحرالجيوش وهو شاهر سيفه يضرب بهم طولًا وعرضًا ويجفلون الناس بين يديه كمايجفل الغنم مِنالذئب وهويفرس فيهم مثل الاسدويقتل يمينًا وشمالًا فقتل منهم اربعمائة فارس فطعنوا عليه بالنبل والرماح فاحتأ شوه من كل جانب فوقع عليه السلام لوجهه وصاح ياعمّاه ادركنی فجلی الحسينؑ كمايجلی الصقر وفرّق الجيوش يمينًا وشمالًا ثمَّ وقف به وقال يعزعلی عَمّک مصرعک لعن اللّٰه قوم قتلوک ثم حمله علیٰ جواده واقبل به اِلَی الخيمة فطرحه فيها۔

کتاب ملھوف میں بیان ہوا ہے کہ پھر احمدؑ بن الحسنؑ میدان جنگ کو یہ کہتے ہوئے چلے کہ اگر تم مجھے نہیں پہچانتے تو جان لو کہ میں حیدّر کا فرزند ہوں ۔مجبور کر دینے والا شیر درندہ اور بہادر ہوں ۔اور دشمنانِ دین کے لئے تباہ کن آندھی کا طوفان ہوں ۔ جب آپؑ فوج کے قریب پہنچے تو ربیعہ شاکری نے ابن سعد سے کہا کہ حسنؑ کی اولاد میں سے یہ ایک شیر ہے۔ اپنی فوج سے کہہ دے کہ اس کے مقابلہ میں کوئی تنہا تنہا نہ جائے ورنہ موت کھا جائے گی ۔عمر بن سعد نے پکار کر کہا کہ تم سب مل کر ایک شخص واحد کی طرح کا حملہ کرو۔ اُدھر جناب احمدؑ نے فوج پر اس طرح حملہ کیا کہ اُن میں ڈوب گئے اور تلوار سے اُن کو ایک سرے سے دوسرے سرے تک اور آگے سے پیچھے تک ضربیں لگاتے ہوئے چلے جاتے تھے۔اور فوجیں اُن کے سامنے سے اِس بدحواسی سے بھاگ رہی تھیں جیسے کہ چیتے اور بھیڑیے کے سامنے بکریاں اور بھیڑیں بھاگتی اور ایک دوسرے پر گرتی ہیں۔ اور وہ ان کے اندر اس طرح گھوڑا دوڑاتے پھرتے تھے۔ جیسے ایک شیر بے روک حملہ کرتا ہے۔ اور داہنے اور بائیں مقتولوں کی لاشیں بکھری نظر آ رہی تھیں ۔ چنانچہ اُن میں سے چار سو سواروں کو موت کے گھاٹ اُتار دیا۔ اُدھر دوسری طرف سے اجتماعی تیر باران کیا گیا، برچھیاں پھینکی گئیں۔ آخر آپ زخموں سے چُور چُور ہو کر گھوڑے سے زمین پر تشریف لائے اور پکارا کہ اے چچا جان مدد کو آیئے۔ اُدھر امام علیہ السلام شاہین کی طرح جھپٹا مار کر پہنچے اور افواج کو چیرتے اور داھنے بائیں بھگاتے ہوئے آئے اور پاس کھڑے ہوئے۔ احمدؑ جنت کو سدھار چکے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ بیٹے تمہارا قتل ہو کر گرنا تمہارے چچا پر بہت شاق ہے۔ خدا اُس قوم پر لعنت کرے جس نے تمہیں قتل کیا ہے۔ اس کے بعد اُن کو اپنے گھوڑے پر اٹھایا اور گنج شہیداں میں لا کر رکھ دیا۔

(2)۔ <u>حضرت قاسم علیہ السلام کو کربلا میں اپنے والدؑ ماجد کا معجزہ ضرور یاد آیا ہوگا</u>

وہ حضرات جو کربلا کی سب سے بڑی آزمائش یعنی حضرت قاسم اور جناب فاطمہ کبریٰ علیہا السلام کی قربانی سے واقف ہیں۔ امام حسن علیہ السلام کا یہ معجزہ پڑھیں اور سوچیں کہ اُن کے والد اور چچا علیہم السلام اُن کے لئے کیا کچھ نہ کر سکتے تھے؟ اور دنیا کی وہ کون سی

چیز ہوسکتی تھی جواُن دونوںؑ کے لئے فراہم نہ کرسکتے تھے؟ اس کے باوجود خانوادۂ نبوّت کے لاڈلے نوجوان دنیا اوراُس کی راحتوں وسہولتوں اورخواہشوں سے بہت بلندوبالا اورارفع واعلیٰ تھے سُنئیے:۔ذکر الشیخ الحر العاملی نقلًا عن مجمع البحرین فی مناقب السبطین للسیّد ولیّ بن نعمة اللّٰه الحسینی فحاصل ماذکرہ اَنَّاالملکًا مِن مُلوک الصّین کان له وزیر ولوزیرہ اِبنٌ فی غایة الحسن والجمال وکان الملک یحبّه محبّة عظیمة ولِلْملک ابنتہٍ فی حسنها وجمالها فائقة فی الافاق وکان الملک یحبّها محبّة عظیمة ۔ثم انّها عشقت ابن الوزیر وابن الوزیر عشقها فلعلم الملک بذلک فامر بقتلهما فقتلا ۔ثمّ ندم ندامة عظیمة لشدّة حُبّه علیهما فاحضر الوزیر والعلمآء و اخبر هم بذلک وسألهم عن التدبیر فی احیائِهما فقالوا هٰذا لایقدر علیه الارجلٌ فی المدینةِ یقال له الحسن بن علی بن ابیطالب علیهم السلام انّه یقدران یدعواللّٰه فیحییهما ۔فقال کم بیننا وبین المدینة ؟ قالوا میسرة سِتة اشهر ۔فاحضر رجلًا وقال اذهب الَی المدینة فی شهروا ئتنی بالحسن بن علی علیهما السلام والّا اقتلکَ، فخرج الرجل مغمومًا فتباعدعن البلد وتوضّاء وصَلّی ودعااللّٰه اَن یفرج عنه و اذا بالحسن علیه السلام قد حَضَرَ عنده فضرب الرجل برجلہٖ وھُوَ ساجدٌ ۔ فقال له قُمْ فقام وقال مَنْ انت ؟ قال انا الحسن بن علی بن ابیطالب علیهم السلام فَرَجَعَ اِلٰی الملک ۔فاخبرہ ففرح فرحًا شدیدًا ثم امربا حضار ابنته وابن الوزیر فاحضر والتمس الملک مِن الحسن علیه السلام اَن یسئل اللّٰه سبحانه فیحییهما ۔فدعااللّٰه عزّوجلّ فاحیا همااللّٰه بدعآئه ثمّ زوّج ابنته الملک بابن الوزیر ۔(اکسیرالعبادات ۔صفحہ 289)

"جناب الشیخ حرعاملی رضی اللہ عنہ مجمع البحرین فی مناقب السبطین سے لکھتے ہیں (یہ کتاب علامہ السید ولیؒ بن نعمۃ اللہ الحسینیؒ کی تصنیف ہے) کہ چین کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ کی بیٹی اپنے حسن وجمال اورعلم وعادات وخصال میں بےنظیرتھی اور بادشاہ اس سے بہت محبت کرتا تھا۔ادھراُس کے وزیر کا بیٹا بھی اپنے اوصاف اورحسن صورت وسیرت میں اپنا ثانی نہ رکھتا تھااور بادشاہ کواُس سے بھی انتہائی محبت تھی۔دونوں میں قربت کی بناپرمحبت ہوگئی اور یہ محبت والہانہ عشق کی حدتک جاپہنچی اورآخر ایک روز بادشاہ کوشاہزادی اوروزیر کے بیٹے کی محبت کاعلم ہوگیا۔تو دونوں کوقتل کرادیا۔اور بعد میں حدبھرنادم وپشیمان وپریشان ہوا۔تمام علما اوردانشوروں کواوراپنے وزیرکو بلایااورکہا کہ کیاکوئی ایسی تدبیر ہے کہ وہ دونوں زندہ ہوجائیں۔اُسے بتایا گیا کہ یہ ناممکن ہے۔البتہ مدینہ میں حسن بن علی بن ابیطالب علیہم السلام ہیں اگروہ اللہ سے دعا کریں تو یہ زندہ ہوسکتے ہیں۔اُس نے مدینہ کی مسافت معلوم کی تو بتایا گیا کہ چھ ماہ کا راستہ ہے۔چنانچہ ایک شخص کوحکم دیا گیا کہ تم ایک ماہ کے اندراندرمدینہ پہنچواورامام حسن علیہ السلام کوساتھ لےکرآؤورنہ میں تمہیں بھی قتل کروں گا۔وہ مومن حواس باختہ رنج وغم اورخوف کاماراروانہ ہوا۔جب شہرسے دُورنکل گیا تو اُس نے وضوکیا نماز پڑھی اوربِلک بِلک کراللہ سے اپنی خلاصی کی دعامانگنا شروع کی۔کیادیکھتا ہے کہ ایک بزرگ ہستی سامنے ہے۔اُن کے پیروں پرگرااورسجدہ کیا۔امامؑ نے حکم دیا کہ کھڑے ہوجاؤ۔وہ اُٹھا تو پوچھا کہ حضورآپ کون ہیں؟ فرمایامیں ہی حسنؑ بن علیؑ ہوں۔وہ بادشاہ کے پاس واپس گیااورواقعہ سے مطلع کیا۔بادشاہ کونا قابل برداشت مسرت ہوئی۔حکم دیا کہ دونوں مُردوں کوحاضرکرو۔اُس کے بعد دونوں کولےکرامام حسن علیہ السلام کی خدمت میں حاضرہوا۔اورالتجا کی کہ حضورؑان کے لئے اللہ سے دعافرمادیں کہ وہ انہیں زندگی عطاکردے۔حضورؑنے دعا کی تو خدانے دونوں کوزندہ کردیا۔اب بادشاہ نے اپنی بیٹی کی شادی وزیرکےلڑکے سے کردی۔"

یہی وہ جگہ ہے جہاں ہمیں امام حسن علیہ السلام کی وصیت اور اُس انتظام کا خیال آنا چاہئے جو حضورؑ نے اپنے دلبند حضرت قاسمؑ کی شہادت کیلئے فرمایا تھا۔ اور جسکی بنا پر واقعہ کربلا کو چار چاند لگ گئے تھے۔ اور واقعہ کربلا ایسے عالم میں بھی دلوں میں دردوغم اور آنکھوں میں عقیدت ومحبتِ اہلبیتؑ کے آنسو بھر دیتا ہے۔ جبکہ امیر وغریب کا گھر مہمانوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا ہوتا ہے۔ چاروں طرف مُسرتیں بکھری ہوئی ہوتی ہیں۔ مبارک وسلامت کی آوازیں بلند ہوتی ہیں۔ عزیز واقربا پچھلے رنج وشکایات بھول جاتے ہیں۔ دولھا اور دلھن کی مائیں اگر بیوہ ہوں تب بھی سہرا دیکھنے کی تمناؤں میں مسرت وخوشیوں کے ہجوم میں ہوتی ہیں۔ گھر سجائے جاتے ہیں خوشی کے ترانے گائے جاتے ہیں۔ خوشی کا یہ ایسا موقعہ ہوتا ہے کہ اس میں رنجیدہ بات کرنا بُرا سمجھا جاتا ہے۔ لیکن محمدؐ وآل محمدؐ سے محبت کرنے والے مومنین اُس مسرت وشادمانی کو اپنے آنسوؤں سے استقلال بخشتے ہیں۔ انہیں وہ شادی یاد آتی رہتی ہے جو میدان کربلا میں ہوئی تھی۔ وہ منگنی سے لے کر عقد نکاح تک ہر ہر قدم پر ہر ہر رسم ادا کرتے وقت اُدھر حضرت قاسم کو اور ادھر فاطمہ کبریٰ کو ڈبڈبائی ہوئی آنکھوں سے یاد کرتے ہیں۔ کنگنا باندھا جاتا ہے تو دلوں میں دعاؤں اور عقیدت کا طوفان برپا رہتا ہے۔ اگر یہ حادثہ نہ گزرا ہوتا اور اگر صبر وضبط وتعمیل حکم ووصیت کا یہ مظاہرہ نہ کیا جاتا؟ تو ہماری زندگی کا ایک گوشہ کربلا کی برکتوں سے محروم رہ جاتا۔ موت ومصائب اور مشکلات میں رنج وغم کے مواقع پر ہی دارومدار رہ جاتا۔ اور ہم مسرت سے لبریز حالات اور نئی زندگی شروع کرنے والے دن ورات میں شہدائے کربلا کو یاد نہ کرسکتے تھے۔ امام حسن علیہ السلام کی وصیت نے ہماری زندگی کے ایک عظیم الشان پُرمسرت موقعہ کو آہوں اور آنسوؤں سے برکت دینے کا انتظام کردیا، نہ صرف یہ بلکہ:۔

(3)۔ اپنے بھائی امام حسینؑ کی قربانی کوانتہائی معیار سے بھی بلند کردیا

محمد وآل محمد صلوٰۃ اللہ علیھم کا ہر فرد صاحب معجزہ تھا۔ انہیں کائنات کی ہر چیز پر حکومت وقدرت حاصل تھی۔ لیکن اُنہوں نے انسانوں کو خاک سے اٹھا کر ترقی کے عرش اعظم تک پہنچانا تھا۔ اس لئے اپنے ہر عملی نمونہ کو انسانی فطرت اور قوانین قدرت کے ایسے فطری مدارج کے ساتھ پیش کیا کہ عورتیں، بچے اور ناقص الخلقت اور محتاج ولنگڑے اور اندھے کانے لوگ بھی ترقی کی راہ پر سہولت سے گامزن ہوسکتے ہیں اور بتدریج عروج کمال تک پہنچ سکتے ہیں۔ پھر اسلام نے حضرت آدمؑ سے لے کر جناب خاتم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک تمام انسانوں کو آزادئ رائے اور حُریتِ ضمیر میں انتہائی حدود تک مختار رکھا۔ حق اور مفید ترین احکام کو بھی جبراً نافذ کرنے سے باز رہے۔ اور یہ اصول طے کردیا کہ انسان حق قبول کریں تو دل کی پوری رضامندی کے ساتھ قبول کریں ورنہ ناحق وکفر پر برقرار رہیں۔ ہمیشہ **"لااکراہ فی الدین"** کو اپنا نصب العین بنا کر ہر نبیؐ نے انسانوں کو اسلام کی دعوت دی اور انہیں قطعاً آزاد رکھا تاکہ ہر شخص کو اُس کے فکر وعمل کی پوری پوری جزا ملے۔ اس اصول کو برقرار رکھنے کی بنا پر انبیا وآئمہ علیھم السلام کو ہر قسم کی تکلیفوں اور مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔ اگر اُن حضرات نے اپنی خداداد قوت کو تبلیغ دین میں استعمال کیا ہوتا تو کفر ونفاق وباطل کا نام ونشان تک ڈھونڈے سے نہ ملتا۔ لوگ کھل کر اور پوشیدہ طور پر فریب کرتے تھے، مومنین کو دھوکہ دیتے تھے، ہر ممکن جبر وتشدد اور قتل وغارت اور لوٹ مار کرتے تھے۔ لیکن انبیا وآئمہ علیھم السلام کی طرف سے جبر وتشدد تو کہاں برابر کے انتقام اور بدلہ لینے کی اجازت بھی بڑی مشکل سے اور مشروط اجازت ملتی تھی۔ جوں جوں

انسانی شعور ترقی کرتا جاتا تھا۔ اسلام کے راہنمًا برابر آزادی وحریت انسانی کو زیادہ سے زیادہ چھوٹ دیتے چلے آتے تھے۔ آنحضرؐت کے زمانہ میں اور بعد کے زمانہ میں بھی اُن لوگوں کو شامل رہنے دیا جاتا تھا جو بظاہر اسلام کو پسند کرتے تھے دلوں میں پورا یقین نہ رکھتے تھے۔ جو شرمے شرمائے عبادات اور جہاد میں شامل رہتے تھے۔ سوائے چند شرم پروف لوگوں کے نہ معلوم مروّت اور قومی غیرت اور اپنے عہد و بیعت کو نباہنے کے لئے کتنے مسلمان شہید ہوئے ہوں گے؟ کہ اگر اُن کو کربلا کے راہنمًا کے معیار پر آزادی ملی ہوتی تو وہ ہرگز اپنی جان نہ دیتے۔ کبھی پہلے یہ نہیں کہا گیا تھا کہ:۔

''جاؤ تم آزاد ہو۔ میں اپنی بیعت اور معاہدہ کی پابندی ہٹاتا ہوں۔ اور چونکہ تم میری اجازت سے میدان چھوڑ کر جاؤ گے۔ اسلئے تم سے وعدہ کرتا ہوں کہ تمہیں ماخوذ نہ کیا جائیگا۔ مجھے میری اجازت سے تنہا چھوڑ جانا تمہیں کسی سزا کا مستحق نہیں بنائے گا میں تمہیں پھر بھی اپنے انصار میں شمار کروں گا۔ اور دیکھو آنکھوں کی مروت اور ایک دوسرے سے شرمانے کا موقعہ بھی ختم کرتا ہوں، ذرا دیر بعد یہ تمام شمعیں اور چراغ بُجھا دیئے جائیں گے۔ رات کے پردہ میں جس کا جدھر دل چاہے چلا جائے۔ دیکھو میرے ساتھ رہنے والوں میں سے صرف ایک بیمار اور ایک بچہ باقی رہے گا۔ ہم سب کو اسی جگہ قتل کر دیا جائے گا صرف یہ رات درمیان میں ہے۔ کل سہ پہر تک یہاں لاشوں اور کٹے ہوئے ہاتھ پیروں کے سوا کچھ باقی نہ رہے گا۔ میرے اہل وعیال لوٹ لئے جائیں گے، خیموں کو جلا دیا جائے گا اور جو عورتیں ہمارے ناموس کے ساتھ ہوں گی وہ بھی اُن کے ساتھ قید کر لی جائیں گی۔ شہر بہ شہر سر برہنہ پھرایا اور قید رکھا جائے گا۔ لہٰذا چراغ گل کر دو اور وداع ہو جاؤ۔ خدا حافظ۔''

آزادی رائے اور رضامندی قلب کا یہ وہ معیار تھا جسے نہ کبھی انبیاؑ ورسلؑ نے پیش کیا نہ کبھی اتنا موقعہ دیا گیا وہاں تو خود آنحضرؐت کو اس بات پر جھڑکا گیا کہ تم نے اُن لوگوں کو عام اجازت کیوں دے دی جو میدان جہاد سے چلے جانے کے عذرات پیش کر رہے ہیں؟ (توبہ 9/43)۔ وہاں تو جہاد سے فرار کرنیوالوں اور جان بچانے کی فکر میں رہنے والوں کی انتہائی مذمت کی گئی ہے۔ انہیں اسلام سے خارج اور عذاب کا حقدار قرار دیا گیا ہے بہرحال یہ حسینیؑ معیار تھا۔ اس معیار کا جواز قائم کرنے کیلئے رسولؐ اللہ نے عام اجازت دی تھی۔ مگر یہ آخری معیار تھا اور ایسا معیار تھا کہ حسین علیہ السلام کے سامنے شہید ہونے والوں پر خود شہادت اور قربانی اور اللہ ورسوؐل فخر کریں۔ اُنکے تمام امتحانات ہو چکے تھے۔ وہ ہر مرحلہ پر کامیاب وکامران شہادت کی تمام منازل سے گزر آئے تھے۔ اب تو یہ دیکھنا باقی تھا کہ امامؑ کے ذہن میں میرا کون سا نمبر ہے۔ چنانچہ ہر دفعہ کئی امیدوار اجازت کیلئے سامنے آ کھڑے ہوتے تھے، ہر ایک نمبر لے جانے کی فکر میں تھا۔ اپنے حقدار ہونے پر دلیل لائی جاتی تھی، اہل حرم کی سفارش پیش کی جاتی تھی گویا جان کی بازی لگی ہوئی تھی۔ ایک دوسرے پر سبقت لیجانے کی کوشش جاری تھی۔ یہ ایک ایسا نظارہ تھا جس کی مثال دنیا میں کہیں نہیں ملتی۔ جان دینا؛ یہ سمجھ کر جان دینا کہ بس جان دینا ہے، بڑا مشکل کام ہے۔ یہ بہت ہی مشکل کام ہے اگر جان بچانے کے تمام مواقع بھی موجود ہوں اور یہ اور بھی مشکل کام ہے اگر جان بچانے والوں کو محض جان بچانے اور حسینؑ کی نصرت سے دستکش ہو جانے پر انعام واکرام بھی ملنے کا یقین ہو۔ چونکہ رفقائے حسینیؑ میں سے ہر ہر فرد مخالف فوج کیلئے عذاب خداوندی کی صورت میں حملہ آور ہوتا تھا اسلئے اُن میں کا ہر شخص لاکھوں دشمنوں پر بھاری تھا اور کسی ایک فدائی کا

میدان سے ہٹ جانا لاکھوں آدمیوں کے ہٹ جانے کے برابر تھا۔ اسلیئے دشمن کی طرف سے ہر ممکن انعام کے وعدے ہو چکے تھے۔ مخالف فوج کے سرداران لشکر اپنی کوششیں کر چکے تھے۔ کوئی ماموں بن کر آتا رہا، کوئی کنیزوں کی طرف سے رشتہ نکال کر لالچ دیتا رہا۔ یہ سب حیلے اور امتحان ختم ہو چکے تھے مگر ابھی ایک پہلو باقی تھا، فطرت اُسے سامنے لا رہی تھی۔ لیکن امام حسین علیہ السلام طرح دے رہے تھے، صورتحال کو چھان چھان کر خالص کر رہے تھے۔ حضرت قاسم علیہ السلام متعدد بار اجازت کی تمنا لئے ہوئے آئے اور موقعہ کسی اور کو دیا جاتا رہا۔ ہر دفعہ نئی تیاری اور نئے انداز سے آتے مگر یہاں تو ایک سے ایک بڑھ کر تھا نمبر پیچھے ہٹتا رہا۔ آیئے ہم ایک اور بات سنائیں۔

(4)۔ **حضرت قاسم علیہ السلام نے امامتِ حسینؑ کی تصدیق اور اولادِ حسنؑ کے دعویٰ کی تکذیب کرنا تھی**

دنیا کی تمام اقوام میں باپ کے مرنے کے بعد بڑے بیٹے کو مرنے والے کا جانشین بنانے کی رسم آج تک جاری ہے۔ خاندان کے لوگ جمع ہوتے ہیں۔ قبیلہ یا خاندان کا کوئی بزرگ بڑے بیٹے کے سر پر اپنے ہاتھ سے پگڑی باندھ کر دستار بندی کی رسم ادا کرتا ہے۔ نصیحتیں کرتا ہے، باپ کے اوصاف اور آئندہ کی ذمہ داریوں کا ذکر کر کے اُسے اُس کے بھائیوں، بہنوں اور والدہ کے لئے ذمہ دار بنایا جاتا ہے۔ بعد میں بھائیوں میں تفرقہ پڑ جائے، دشمنی ہو جائے تو یہ بات اس رسم سے الگ اور آپس کے تعلقات پر منحصر ہے۔ اِس رسم کے استقلال اور قدامت کی وجہ سے بعض لوگوں کو یہ خیال رہا ہے کہ نبوّت اور اؔمامت کی جانشینی بھی بڑے بیٹے کا حق ہوتا ہے۔ لیکن یہ اس لئے غلط ہے کہ خاندانوں اور اقوام کے سربراہ خود مختار ہوتے ہیں۔ مگر نبیؐ اور امامؑ خود مختار نہیں ہوتے۔ وہ اللہ کے احکام کے پابند ہوتے ہیں۔ پھر خاندان یا قوم وقبیلہ یہ ذمہ داری نہیں لیتا کہ جس بڑے بیٹے کو جانشینی دی جائے وہ ضرور ہی پسندیدہ اور ذمہ دارانہ روش پر برقرار رہے گا۔ اس کے برخلاف جسے امامؑ یا نبیؐ مقرر کیا جاتا ہے وہ اللہ کی ذمہ داری کے ماتحت ہر حال میں پسندیدہ اور ذمّہ دارانہ روش پر برقرار رہتا ہے۔ اس کے اعمال وافکار پر عقلائے زمانہ ہمیشہ تحسین وآفرین کہتے رہے ہیں اور اسی مستقل صورتِ حال کو ہم لوگ عصمت کہتے ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ نبوّت اور اؔمامت علم خداوندی میں روز ازل سے طے شدہ ہوتی ہے۔ اور اُسی علم خداوندی کی وجہ سے نبیؐ وامامؑ معزول نہیں کئے جاتے۔ خاندانی اور قومی سربراہ معزول ہوتے رہتے ہیں۔

بہرحال جناب امام حسن علیہ السلام کے بعد اُن کے بڑے بیٹے کو علم خداوندی اور علم نبوتؐ کے ماتحت نہ امام بنایا گیا نہ بنایا جاسکتا تھا۔ مگر قومی اور خاندانی رسم کے ماتحت یہ تصور آگے بڑھا کہ امام حسینؑ کی جگہ جناب امام حسن علیہ السلام کے بڑے بیٹے کو اؔمام بنانا چاہیئے تھا۔ اور یہ کہ امام حسین علیہ السلام نے (معاذ اللہ) اپنے بڑے بھائی کی امامت کو غصب کر کے اولادِ حسنؑ کو محروم کر کے رکھ دیا تھا۔ یہ آواز اپنی پوری بلندی اور بے تکلفی کے ساتھ ساتویں امامؑ کے زمانہ میں تاریخ وحدیث میں ریکارڈ کی گئی۔ اور امام حسن علیہ السلام کے ایک پوتے نے کھل کر جناب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو نہایت گستاخانہ اور آمرانہ انداز میں خط لکھا۔

خط کا خلاصہ: ''تم اپنی امامت کے اظہار کا شوق رکھتے ہو۔ باوجودیکہ خدا نے اپنی مدد کو تم سے روک کر تمہیں ذلیل بنا دیا ہے۔ اور تم نے میری امامت میں رَخنہ اندازی کی ہے اور رضائے خداوندی کے خلاف عمل کیا ہے۔ تم نے اپنے باپ (امام جعفرؑ صادق) کی طرح اندر ہی اندر سازش کر کے اپنی امامتوں کا ڈھونگ رچایا ہے۔ حالانکہ اللہ کے یہاں ہماری امامت ثابت اور حق ہے۔ تم لوگ اپنی

نفسانی خواہشات میں مبتلا ہوکر گمراہ ہوگئے۔'' (اصول کافی۔ترجمہ ظفر حسن امروہی جلد اوّل صفحہ 447)

اس سے پہلے امام حسنؑ کے ایک اور پوتے نے امام موسٰی کاظمؑ سے اپنی امامت پر بیعت کا زبانی تقاضہ کیا تھا۔اُس کو امامؑ نے یہ جواب دیا تھا:۔ ''اے میرے چچازاد بھائی مجھے اس امر کی تکلیف نہ دو جس کی تکلیف تمہارے چچازاد بھائی

محمد بن عبداللہ نے تمہارے چچا امام جعفرؑ صادق کو دی تھی۔'' (ایضاً جلد اوّل صفحہ 446)

امام جعفر صادق علیہ السلام کے ساتھ امام حسن علیہ السلام کی اولاد نے جو تشدد اور مظالم کئے وہ کتاب کافی میں مذکور ہیں۔ہم محمد بن عبداللہ بن حسن بن الحسن علیہ السلام کے چند جملے اور احکام لکھتے ہیں:۔

(1)۔ محمد نے کہا آپ کو میری بیعت کرنا پڑے گی۔تاکہ آپ کی اور آپ کی اولاد کی جان بچ جائے۔آپ کو بیعت کے بغیر نہ چھوڑوں گا۔خواہ بخوشی میری امامت پر بیعت کرو یا بجبر کرو۔حضرتؑ نے سختی سے انکار کر دیا تو محمد نے قید کرنے کا حکم دے دیا۔اور قید پر امامؑ کے احتجاج میں کہا کہ قسم ہے اُس ذات کی جس نے محمدؐ کو نبوت دے کر ہمیں عزت بخشی میں تم کو ضرور قید رکھوں گا۔اور تم پر سختی روا رکھوں گا۔امامؑ کو خاموش رہنے کی تاکید کرتے ہوئے حضرت زید بن زین العابدینؑ کے بیٹے نے کہا کہ۔اگر اب آپ کچھ بولے تو میں آپ کا منہ توڑ دوں گا۔بہرحال حضورؑ کو قید کر کے ہر قسم کی سختی اور تشدد کا حکم دے دیا گیا۔ایک شخص نے آپ کو دھکے مکے دیئے اور قید خانہ میں بند کر دیا۔اور امامؑ کا اور اُن کے خاندان کا تمام اثاثہ لوٹ لیا۔''

(کافی ترجمہ ظفر حسن امروہی جلد اوّل۔صفحہ 440 تا442)

(2)۔ مذکورہ بالا شخص کے باپ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے بحث کے دوران کہا تھا کہ:۔''امرِ امامت میں حسینؑ کو کیوں اولادِ حسنؑ پر ترجیح دی گئی؟ اُس امامت کو بڑے بھائی ہی کی اولاد میں رہنا چاہئے تھا۔'' (ایضاً صفحہ 435)

یہ بحث کرنے والا شخص عبداللہ بن حسن بن امام حسنؑ تھا۔اور یہ شخص چاہتا تھا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام اپنی جگہ اُس کے بیٹے محمد بن عبداللہ کو امام برحق تسلیم کر کے (معاذ اللہ) اپنی اور اپنے والد محمد باقر اور زین العابدین اور امام حسین علیہم السلام کی امامتوں کو باطل ثابت کر دیں۔امام جعفر صادق علیہ السلام نے اُس سے اُس کے بیٹے کے متعلق فرمایا تھا کہ:۔''واللہ میں تمہارے بیٹے کو ایک ایسا بدترین اور گندہ نُطفہ سمجھتا ہوں۔جو مردوں سے نکل کر عورتوں تک پہنچا ہے۔'' (صفحہ 436)

(1) حضرت قاسمؑ اور (2) عبداللہؑ اور (3) احمد، حضرت امام حسن علیہ السلام کے وہ مقدس بیٹے تھے جن کو حضرت امام حسین علیہ السلام اپنے ساتھ مدینہ سے لے کر چلے تھے۔اور اولادِ امام حسنؑ میں سے باقی کسی لڑکے کو نہ لائے تھے۔اِن تینوں صاحبزادگان میں بھی حضرت قاسمؑ کا تقدس اور عظمت اس لئے زیادہ ہے کہ حضرت امام حسن علیہ السلام نے اُن کے لئے اُدھر امام حسین علیہ السلام کو وصیت کی تھی اور اِدھر خود حضرت قاسم علیہ السلام کو تحریری حکم لکھ کر بطور تعویذ پہنا دیا تھا۔اور یہ وہ شرف تھا جو امام حسنؑ کے کسی اور بیٹے کو حاصل نہ تھا۔اسکے باوجود وہ لوگ اپنے دماغوں میں امامت کا خبط رکھتے اور امام حسینؑ اور دیگر آئمہ علیہم السلام کے مدّمقابل حریف اور دشمن رہتے چلے گئے۔اگر اُنہیں یہ موقعہ ملا ہوتا کہ حضرت قاسمؑ زندہ رہ جاتے تو ظاہر بین نظروں میں اُن کی امامت پکی ہوجاتی۔اس لئے امام حسین علیہ السلام

حضرت قاسمؑ کو زندہ رہنے اور قتل سے بچنے اور پھلنے پھولنے کا صبر آزما موقعہ دے رہے ہیں۔ اور سرسری طور پر اذن جہاد نہیں دینا چاہتے۔ اُن کے سامنے قیامت تک کا مستقبل روشن ہے۔ وہ نہیں چاہتے کہ اولادِ حسنؑ اپنی جھوٹی امامت کو یہ کہہ کر مضبوط کر لے کہ:۔

''حضرت قاسمؑ نہایت کم سن تھے۔ آزادیٔ رائے اور حریت ضمیر پر پوری طرح نہ مطلع تھے نہ اس ہنگامی حالت میں اُنہیں سوچنے سمجھنے کا موقعہ دیا گیا، اُنہیں صحیح صورت حال پر اطلاع نہ تھی، چاروں طرف بکھرے ہوئے عقیدتمندانہ جذبات، خاندانی جرأت وشجاعت، شرم وحیا اور مروّت ومحبت کے سیلاب میں بہہ گئے۔ علیؑ اکبر کے مقابلہ میں کم درجہ میں رہنا پسند نہ کیا میدان میں نکلے اور شہید ہو گئے۔''

امام حسین علیہ السلام حضرت قاسم علیہ السلام پر خاص نظر رکھے ہوئے تھے۔ وہ اُن کو ہی نہیں بلکہ خود کو ساتھ ساتھ سخت سے سخت فطری آزمائش میں ڈال کر نکلتا ہوا اور کامیاب ہوتا ہوا دکھانا چاہتے تھے۔ اور مستقبل میں سر اٹھانے والے ہر اعتراض کو کچل کر رکھ دینا چاہتے تھے۔ **الحمد للّٰہ** کہ دونوں چچا بھتیجا کامیاب ہوئے اور امامت اور تصدیق امامت کو اتنا بلند کر کے دکھایا کہ وہ انسانوں کے آسمانِ فطرت وجذبات پر چھا گئی۔ اور مسرت وانبساط کے سورج کی کرنوں میں تڑپا دینے کی تاب وتوانائی بن کر برسنے لگی۔ اور ہر دولہا ودلہن بننے والے جوڑوں کے دلوں میں جا بیٹھی۔

مرنا بڑا مشکل ہے اگر نوجوانی ہو۔ اور تمام ارمان جوان ہوں اور تمنائیں دل کی چار دیواری سے باہر نہ نکلی ہوں۔ مرنا اور بھی مشکل ہو جاتا ہے جب بزرگ، چاہنے والے بزرگ موجود ہوں۔ اور جینے کی دعاؤں کے ساتھ ساتھ ارمان پورے کرنے کا انتظام بھی کر دیں۔ یہ مشکل اور الجھ جاتی ہے اگر ماں اور وہ بھی بیوہ؛ اور بڑھیا ماں موجود ہو اور ساری عمر سہرا دیکھنے کی آس لگائے چلی آرہی ہو۔ اور یہ مشکل آہنی لباس پہن لیتی ہے اگر اللہ یا رسولؐ یا امامؑ زندہ رکھنے کا انتظام کر دیں۔ اسکی گرفت مضبوط تر ہو جاتی ہے اگر دو دو معصومؑ مل کر پروان چڑھانے اور دنیا میں رکھنے کا قدیم وجدید ومتفقہ فیصلہ صادر کر دیں۔ حضرت قاسمؑ کی راہ میں دو اماموںؑ نے، جان سے عزیز رکھنے والے باپ اور چچا نے مشکلات کے پہاڑ کھڑے کر دیئے۔ یہی کافی تھا کہ نصرت سے دستکش ہو جانیوالوں سے مواخذہ نہ ہوگا۔ مگر حسینیؑ معیار اور بلند ہوا اور دستکش ہو جانے کا حکم مان لینے والوں کو اپنے انصار میں شمار کرنے کا وعدہ بھی کر لیا۔ مرنا مشکل اور جینا تو یہیں جائز اور آسان ہو گیا تھا۔ بار بار درخواست پر اجازت نہ دے کر زندہ رکھنے کا میلان ظاہر نہیں کیا تو اور کیا کیا تھا؟ پھر اپنی چہیتی بیٹی سے عقد نکاح کا مطلب یہ کہاں ہوا کہ خواہ مخواہ اُسے بیوہ کرنے اور بیوہ کہلوانے کو پسند کرتے تھے۔ اور داماد کو اپنی آنکھوں کے سامنے ایڑیاں رگڑتے اور زخموں سے چُور چُور دیکھنا کون پسند کر سکتا ہے؟ کیا امامؑ زمانہ کی رضا جوئی اور اُن کی بیٹی کی جوانی پر رحم کھانا۔ اُنکے لئے جینا بُری بات ہوتی؟

اُدھر امام علیہ السلام کے لئے دوگنی دقتیں اور دوہری مصیبت سامنے آکھڑی ہوئی۔ مرحوم بھائی کا، امامؑ اور حاکم بھائی کا وصی اور لاڈلا بچہ، بیوہ ماں کا بیٹا؟ اور ابھی ابھی عملاً خود داماد بنایا ہوا دولہا۔ اجازت دینا؛ مرنے کے لئے جانے دینا آسان ہوا یا مشکل میں اضافہ ہوا؟ یہ تو بڑی جذباتی مشکل پیدا کر لی گئی ہے۔ کیا اب حضرت زینبؑ، ام لیلیٰؑ، شہر بانوؑ اور گھر کی ساری بچیاں اجازت میں جائز طور پر حائل نہ ہو جائیں گے؟ لیکن واہ قاسمؑ، آہ قاسمؑ، مرحبا امامؑ زادے، ہم اور ہمارے تمام بچے اور دولہے تم پر قربان۔ آپ نے باپ کا حکم مانا، چچا کی رضامندی پر سر جھکایا یہ تو سب آسان تھا۔ لیکن آپ نے اپنی چچا زاد بہن اپنی تازہ ترین مظلوم اور دکھیا دلہن سے کیا کہا؟

اُسے کیا کہہ کرتسلی دی ؟ انہیں اُس آنے والی طویل ترین زندگی پر کس طرح رضا مند کیا؟ آپ نے باقی بہنوں، بھائیوں، پھوپھیوں اورناموس حسینیؑ کو کس طرح رضامند کیا؟ اوراس تمام اُلجھاؤ سے، اس تمام دل شکن اورحیرت انگیز امتحان سے نکل کر چچا کے سامنے اجازت کے لئے پھرآ کھڑے ہوئے ؟ یہ کیا تھا ؟فطرت انسانی کو مطمئن کرنے والا وہ کون سا نسخہ تھا کہ پورا ماحول آپ کا طرفدار ہوگیا؟امام حسین علیہ السلام کوشاباش دینا اورمرحبا کہنے کی جرأت کرنا توصرف اللہ اوراُن کے پالنے والوں کےشایانِ شان ہے۔ ہمیں یہ ضرور کہنا ہے۔اے حسینؑ آپ واقعی حلاّل مشکلات تھے۔مگرآپ نے جناب قاسمؑ کی راہ میں مشکلات پیدا کیں۔اور جب حلاّل مشکلات خود ہی مشکلیں پیدا کردے تو پناہ کا ٹھکانہ کہاں ملے گا؟ آپؑ کا دامن صاف تھا اورحضرت قاسمؑ نے اُسے اپنے سہرے سے اورمہکا دیا۔آنے والی نسلوں کو بتادیا کہ میرے سامنے دنیا اوراُس کی ساری مسرتیں،تمام اُمیدیں،کل نشیب وفراز ولذتیں آ کر کھڑی ہوگئی تھیں۔مگر میں نے یہ ثابت کرنا تھا کہ برحق امامؑ کون ہے؟ امام حسینؑ یا اولادِامام حسنؑ؟ رہ گئیں دنیا کی مسرتیں وہ ازرُوئے قرآن ہمارے لئے امامؑ پر قربان ہوجانے کے بعد بھی موجود رہیں گی (آل عمران 3/169،بقرہ 2/154)۔اوررزق میں سب کچھ داخل ہے۔زوجہ بھی اوروالدہ بھی نعمت میں داخل ہیں۔میں حسینؑ پرقربان ہوکرتمام مادی پابندیوں سے آزاداور ہرمادی لذت پرقادر ہوجاؤں گا۔چندساعت کے لئے یہ ازلی وابدی موقعہ کیوں کھودُوں۔شاید دُلہن کو یہی آیات جھکی ہوئی آنکھوں کے ساتھ سنادی ہوں۔بہرحال ہمیں معلوم ہے کہ آنحضرتؐ بعدانتقال اپنی پسندیدہ ازواج سے رابطہ رکھتے رہے ہیں (کافی جلداول صفحہ 559)۔چنانچہ حضرت قاسم علیہ السلام کی محرومی صرف اہلبیت علیھم السلام کے سوگ کھلنے اورقاتلانِ حسینؑ کے انتقام تک محدود رہی۔

(5)۔ حضرت قاسم بن الحسن علیہما السلام

ہم نے حضرت قاسم علیہ السلام کے متعلق تمام متعلقہ تفاصیل قلمبند کرنی ہیں۔یعنی میدان کربلا میں اُنکا اذنِ جہاد مانگنا اورمنع کردیئے جانے پر مایوسی کے عالم میں تنہا جاکر بیٹھنا اوراجازت حاصل کرنے کی تدابیراوروسائل وسفارش کی راہیں سوچنا، والد کی نصیحت کا یادآنا،تعویذ کھولنا، پڑھنا اورامام علیہ السلام کے رُوبروپیش ہونا۔پھرامامؑ کا بھائی کی وصیت سنانا،حضرت فاؑطمہ کبریٰ سے عقدنکاح کرنا، اسکے باوجود جناب قاسمؑ کا جہاد کی اجازت مانگنا پھرامامؑ کا اپنے ہاتھ سے لباس تیارکرکے جہاد کیلئے بھیجنا۔میدان جنگ کا حال،میدان سے واپسی،دوباررخصت ہوکر جنگ کے لئے جانا تفصیل سے لکھیں گے۔چونکہ حضرت قاسمؑ کے حالات میں سرکاری علما بخیلی اورذاتی اجتہاد سے کام لیتے رہے ہیں۔اسلئے ہم اُن کی شہادت تفصیل سے بیان کرینگے۔تاکہ نُورعلی النوربن کر نابینا علما کو بینائی عطاکرے۔

(6)۔ سہرے،سہاگ اورکفن بدوش دولہا ودلہن کی قربانی احادیث کی زبانی

یہاں ہم اُس دِلدوز والم انگیز شہادت کا تذکرہ، مذہب حقہ کے قدیم ریکارڈ سے کرینگے جو ہماری بیاہ اورشادیوں اورمسرت انگیز محفلوں کودوام بخشنے اوردنیاوی غموم وھموم کو ہم سے دُوررکھنے کی ضمانت بنا کر پیش کی گئی تھی اورجسے مومنین کی نظروں سے گرانے اور بھلانے کیلئے دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ نے طرح طرح کے فریب دیئے۔''یہ روایت غلط ہے۔'' یہ عقل ووقت کے تقاضے کے خلاف ہے۔'' یہ

کسی معتبر کتاب میں نہیں ہے'' کوئی اُن سے پوچھے کہ تمہارے یہاں وہ کون سی مشین ہے جو غلط اور صحیح کا فیصلہ کرنے میں معصوم ہو؟ جس سے غلطی ناممکن ہو؟ اور یہ کہ جسے تم عقل کہتے ہو وہ کیا چیز ہے؟ کیا عقل کیلئے مغالطہ ناممکن ہے؟ کیا آلاتِ عقل یعنی حواس خمسہ کبھی کسی حالت میں معطل نہیں ہو سکتے؟ کیا مشاہدہ کی سینکڑوں غلطیاں مسلمات میں داخل نہیں؟ کیا مشاہدہ ہی کی ایک غلطی کا نام ''سراب'' نہیں ہے؟ کیا فیصلہ کرنے میں ایک آدمی کے ''دودل'' ہو جانا اُسکی عقل کی ناکامی کا دوسرا نام نہیں ہے؟ کیا ''مشورہ'' انسانی عقل کے دیوالہ کا اعلان نہیں؟ کیا اونچا سننا؛ بہرہ ہونا؛ کمزوریٔ نظر؛ کوتاہی فہم؛ ذائقہ کا بدلنا وغیرہ آلاتِ عقلیہ کے نقائص نہیں؟ پھر یہ بتاؤ کہ وہ ہزاروں کتابیں کہاں ہیں؟ جو آئمہ علیھم السلام نے تیار کرا کے اُمت میں چھوڑی تھیں؟ وہ حدیث کی چار سو کتابیں کیا ہوئیں کہاں گئیں جو آئمہؑ کی تصدیقات اور آئمہؑ کے صحابہ رضوان اللہ علیھم کی محنت شاقہ کا نتیجہ تھیں؟ کیا وہ اَسّی ہزار کتابیں تم نے پڑھ لی ہیں جو السید مرتضٰی علم الہدیٰ کی لائبریری سے باہر نکلیں اور غائب کر دی گئیں۔ ارے خدا کے بندو! کم از کم یہ کہہ دیا کرو کہ جتنی کتابیں میں نے یا ہم نے پڑھیں اُن میں کہیں یہ روایت یا فلاں روایت مجھے یا ہمیں نہیں ملی۔ اگر آپ یہ بات فرمایا کریں تو دو فائدے ہونگے۔ اوّل یہ کہ تمہیں دروغ بافی کی سزا نہ ملے گی۔ دوسرے یہ کہ اُمت تمہارے محدود مطالعہ اور محدود علم کو سامنے رکھ کر گمراہ ہونے سے محفوظ رہے گی۔ تمام کتابیں تو بہت بڑی بات ہے۔ تم نے تو کسی ایک لائبریری کی بھی ساری کتابیں نہیں پڑھیں۔ یہ بھی ایک بڑی بات ہے۔ تم نے تو کسی چھوٹی سی لائبریری کی تمام کتابوں کے نام بھی نہیں پڑھے۔ تمہیں، تم میں سے کسی کو بھی تین سو مفید کتابوں کے نام بھی نہیں آتے۔ سنو ہم تم سب کو، تمہارے پورے سلسلے کو جانتے ہیں ہمارے سامنے صرف اتنا کہو جتنا سچ مچ جانتے ہو۔ تمہیں اگر آدم پٹمین (Adam Pitman) کی لائبریری دکھانا ہو تو قلب کے ڈاکٹر کو پہلے موجود رکھنا ہوگا۔ تاکہ خدانخواستہ کہیں............اور ایمبولینس وقت پر نہ مل سکے۔ بہرحال جس نے یہ دعویٰ کیا کہ یہ روایت یا فلاں روایت کسی کتاب میں نہیں ہے۔ اُس سے بڑا جھوٹ یزید و شمر و ابن زیاد (ملعون) نے بھی نہیں بولا تھا۔

اور سنو کہ واقعہ کربلا کے بعد آج تک حضرت قاسم علیہ السلام کے بیٹے ثانی یا قاسم مُثنیٰ اور شہزادہ قاسمؑ کا مزار شمرانات کے گاؤں رَے کے علاقہ میں زیارت گاہ عوام وخواص ہے۔ اور ایران وعراق کا بچہ بچہ واقف ہے اور تمام لکھے پڑھے لوگ یہ بتا سکتے ہیں کہ اُنہیں بنی امیہ نے رَے شہر میں شہید کیا تھا۔ اور پھر اُنکو اُنکے والد ماجد جناب قاسم بن الحسن علیہ السلام کے سراقدس کے مزار کے پاس دفن کیا گیا تھا۔ یہ دونوں مزار مسلسل اور مشہور چلے آ رہے ہیں۔ وہاں کے لوگ اُن پر فخر کرتے ہیں۔ ایسی عملی اور مشہور ومشہود وٹھوس اور مادی دلیل اور زیارت گاہ کے موجود ہوتے ہوئے کسی دوسری دلیل وروایت کی کوئی احتیاج نہیں۔ سورج خود اپنے وجود کی دلیل ہے۔ اسی کو درایت کہتے ہیں۔ اسکے سامنے کسی روایت کا ہونا نہ ہونا اسکے وجود پر اثر انداز نہیں ہوتا۔

اَنّ تِلْکَ القضایا مِن الامور المتسامعة المتظافرة عند اهال تلک القری من قری الشمرانات (باغات کا علاقہ) یرویه الخلف عن السّلف فی کل عصر من الاعصار وفی کل قرن مِن القرون روایة علٰی نمط التسامع والتظافر بحیث یفید العلم والیقین بالنسبت الَی المطلب حتّٰی اَنَّ اهل القریة التی فیها المقبرة الشریفة والقبة المبارکة لِهٰذین السیّدَیْن الطیّبین الطاهرَیْنِ الشهیدین یفتخرون فی کُلّ عصر من الاعصار و یباهون فی کل قرن من القرون بِاَنَّ آبائِهِمُ الاوّلین واسلافهم الاقدمین قد

نصروا شهزا ده قاسم بن قاسم بن الحسن علیهم السلام وبذلوا مُهُجَهم دونه فی حروبه و مقاتلاته مع بنی امیة ویعدون ذ لک فی انسابهم واحسابهم شرفًاعظیمًاو مفخرا کبیرًا وبعیبون اهال جملة من القری الشمرانا ت ویذ مُّونَهُمْ بتخلّف ابائهم الاوّلین واسلا فهم الاقد مین عن نُصرة شهزاده قاسم وبحضور هم فی عسکر بنی امیّة فاهال تلک القری بین ساکنین فی هٰذا المقام بقبولهم تطرق العار والخجالة علیهم وبین المنکر عد م نصرة اسلافهم له ولیس فیهم مَن ینکر اصل تلک الوقائع وینفی تلک القضایاومنها انه لَمّا قتل شهزاده قاسمٌ واراد جَمْعٌ دفنه فی موضع شهادته اَوْموضع آخر وجدت صیحة عالیة مِن جانب مد فن **راس القاسم** بن الحسن علیهما السلام مشتملة علیٰ مقالة ادفنوا الطیب الطاهر عندالطیب الطاهر وذلک ایضًا من الامور المتسامعة المتظافرة عنداهل تلک القریة بل عنداهال تلک القری یرویه الخلف عن السلف فی کلّ عصروقرن ۔ومنها وجود الاثارالظاهرة والامارات الواضحة والعلامات الساطعة والشواهد الامعة وذلک مثل ظهور خوارق العادات وقضا الحوائج عندتلک المقبر ۃ الشریفة ثم اِن شئت البیان فی معرفة تلک المقبرة فاعلم انها واقعة فی قریة مسما ۃ بدزالعلیا وهِیَ فی السِّمت الشمالی مِن الطهران وبعد هامن الطهران بما یقرب مِن مسافة فَرْسَخَیْن والحجرة الّتی قد وضع الراسَ الشریف فیها ای مِن حَجرات رَاوتلک الامر ۃ الصالحة الانصاریة قدصارت ببرکات الرّاس الاطهرالانور منبع ماءٍ و تلک الحجرۃ فی السمت الشرقی من المقبرة المطهرة وَالمسافة بینهمابما یقرب مِن مسافة الف قدم ویکون دآئمًا فی ذلک المنبع حیتان صغار فی غایة الکثرة ولا یخرج واحد منها اِلٰی خارج منبع الماء ولا یصیدالناس شیئًا مِن تلک الحیتان احترامًا وتعظیمًا لذلک المکان الشریف ۔واَمَّا مصر ع القاسم الثانی المشتهر بشهزاده قاسم وموضع شهادته فکان فی قریة مسماة بدزالسفلیٰ ویقال لهادز آشوب وذلک هُوَ المشهور عندالناس ولعل تسمّیتها بذلک لاجل وقوع القتال والمعرکة فیها والمسافة بینها وبین المقبر ۃ المبارک بمقدار نصف فرسخ ۔ثم انّ سبب دفن جسد القاسم الثانی عند مدفن راس ابیه دون مصرعه ومشهده هُوَ مااشرنا الیه وقد وضع مِن قدیم الزمانِ اِلَی الآنِ مدفن راس القاسم ومدفن جسد ولده صندوق واحدکمافی سائر المشاهد المقدسة والضرائِح المطهر ۃ وبالجملة فانّ تلک المقبرة الشریفة مطاف ومزار الشیعة من قدیم الزمان اَلَی الآن اَیْ بذلک الوصف وبذلک العنوان بمعنی اَنَّها مدفن راس القاسمٌ بن الحسنٌ الُمجتبیٰ ومدفن جسدولده فهذا النمط مِنَ التسامع والتظافرو السیرة المستمره ممّالا یحتاج اِلی اقامة البینة وشواهد آخرعلیٰ طبقة وامّا مقبرة زوجة القاسمٌ ای بنت سید الشهداء روحی له الفداء وهِیَ المسمّاة عندالناس بزبیدةٌ خواتون فهِیَ واقعة فی محلّة من محلات الرَّی والمسافة بینها وبین مقبر ۃ سید الاجل عبدالعظیم الحسنی المشتهر عندالناس بشهزاده عبدالعظیم بما یقرب من ثلث فرسخ وقد حدثنی جَمْعٌ کثیرٌ بوجود امارات وشواهد کثیرة دالّة علیٰ صدق تلک القضیة اَی علیٰ کون قبر بنت سید الشهدآء اَی زوجة القاسمٌ فی ذلک المکان وقد صرف وانفق فی هٰذِہ الازمنة واحد من التجار الاخیاراموالًا کثیرًا فی تعمیر تلک المقبر ۃ الشریفة وَمَا یتعلق بها من القبة والحجرات والصحن ونحو ذلک۔ (کتاب اکسیرالعبادات فی اسرارالشهادات۔صفحہ 292-291)

لہٰذا یہ صورت حال تو ان فیصلہ شدہ امور میں سے ایک ہے جو آنکھوں سے دیکھے ہوئے اور کانوں سے مسلسل سنتے چلے آنے والے ہوتے ہیں اوران واقعات ومشاہدات کو شمرانات کے علاقہ کے تمام گاؤں اور آبادیوں کے باشندے اپنے بزرگوں سے سنتے اور دیکھتے اور اپنے بعد والوں کو سناتے اوردکھاتے چلے آ رہے ہیں۔اور زمانوں میں سے ہر زمانہ میں اورصدیوں میں سے ہر صدی میں

اس کی حقیقت کا بیان ہوتا چلا آ رہا ہے جو علم الیقین کی حد سے بڑھا ہوا ہے ۔ علاوہ ازیں ان دونوں طیب وطاہر سیدوں اور شہیدوں پر گرد ونواح کے باشندے فخر ومباہات مسلسل اپنے اباواجداد سے سنتے اور کرتے چلے آ رہے ہیں اور انہیں اپنے قدیم اوران اوّلین بزرگوں پر بھی فخر ہے ۔ جنہوں نے شہزادہ قاسم بن قاسم بن الحسن علیہم السلام کی مدد اور نصرت میں بنی امیہ سے جہاد وجنگ لڑی تھی ۔ اوراپنے تمام وسائل کو بہ روئے کارلائے تھے ۔ اوراپنے ان کارناموں پر اپنے خاندانوں اور بزرگوں کی شرافت اور عظیم الشان قدرومنزلت پرفخر کرتے چلے آئے ہیں ۔ اور شمرانات کے ان باشندوں کی مذمت کرتے چلے آئے ہیں جن لوگوں نے اُن کی نصرت کے بجائے بنی امیہ کا ساتھ دیا تھا ۔ اس علاقہ کے دونوں قسم کے باشندے یہ قبول کرنے میں شرمندگی ، بےعزتی اور خجالت محسوس کرتے ہیں کہ ان کے اباواجداد یا قبیلے کے لوگوں نے جناب شہزادہ قاسم کی نصرت نہ کی تھی ۔ یا یہ کہ وہ ان کے دشمنوں کے ساتھ مل کر شہزادہ کے مقابلہ پر آئے تھے ۔ یا دشمن کی مدد کی تھی ۔ پھر یہاں کا کوئی بھی باشندہ ہوان واقعات وحالات سے نہ ہی انکار کرتا ہے اور نہ ہی کوئی ناواقفیت ولاعلمی کا اظہار کرتا ہے ۔

علاوہ ازیں یہ بھی معلوم ومشہور ہے کہ شہزادہ قاسم جب شہید ہوگئے اور ایک جماعت نے اُن کو وہیں دفن کرنا چاہا جہاں وہ قتل ہوئے تھے تو اس جماعت نے ایک بلند آواز سنی جو پکار پکار کر یہ کہہ رہی تھی کہ ''اس پاک ومقدس ہستی کو پاک ومقدس ہستی کے پاس دفن کرو ۔'' یہ پکار بھی اس طرح سنی اور سمجھی ہوئی اور ہر طرف مشہور ومعلوم ہے کہ اُسی زمانہ سے برابر پچھلے لوگ اگلے لوگوں کو بتاتے چلے آ رہے ہیں ۔ اور ایک سے ایک کہتا اور سنتا چلا آ رہا ہے ، نسلوں پر نسلیں اور زمانوں پر زمانے گزرتے اور اُن واقعات کو ساتھ لئے چلے آ رہے ہیں ۔ پھر وہاں ایسے واضح آثار ونمایاں علامات اور مُنہ بولتے نشانات اور اُبھری ہوئی مجسم شہادتیں موجود ہیں ۔ جنکا فراہم ہوجانا عام حالات وعادات میں ناممکن ہوتا ہے ۔ اور وہ تو یوں بھی اُن بزرگوں کے وجود کا ثبوت ہیں کہ وہاں لوگوں کی مرادیں برآتی رہی ہیں ۔ معجزات وکرامات کا ظہور ہوتا چلا آ رہا ہے ۔ یہ مقبرے لوگوں کی دعاؤں اور مشکلات میں مدد دینے کے مرکز مانے جاتے ہیں ۔ اور اس سلسلے میں حکایات وواقعات لوگوں کی زبانوں پر جاری رہتے ہیں ۔ اور اگر آپ یہ چاہتے ہوں کہ اُن مقبروں کا قابل دید تعارف کرایا جائے تو یہ سُنئے کہ جناب شہزادہ قاسم ثانی بن قاسم بن الحسن علیھم السلام کا مقبرہ جس گاؤں میں ہے اُس کا نام بدز العُلیا ہے ۔ اور یہ گاؤں طہران سے شمال کی جانب ہے ۔ اور طہران سے اس گاؤں کا فاصلہ تقریباً چھ میل ہے اور یہی فاصلہ جناب قاسم علیہ السلام کے سر مبارک کے مقبرہ کا ہے ۔ اور یہیں سے ایک انصاری نیک عورت کا مزار نظر آتا ہے ۔ حضرت قاسم علیہ السلام کے سر مبارک کی برکت سے یہاں پانی کا چشمہ برآمد ہوا تھا ۔ جو برابر لوگوں کو فیضیاب کرتا چلا آیا ہے ۔ یہ مقبروں سے مشرق کی سمت میں ہے اور تقریباً ایک ہزار قدم کا فاصلہ ہے ۔ اس چشمہ میں ہمیشہ چھوٹی مچھلیاں بہت کثرت سے پائی جاتی ہیں ۔ اور نہ تو اُن میں سے کوئی مچھلی چشمہ سے باہر نکلتی ہے اور نہ ہی لوگ احترام کی وجہ سے اُنکا شکار کرتے ہیں ۔

جناب شہزادہ قاسم ثانی علیہ السلام کا مقام شہادت اور قتل ہوکر گرنے کا مقام اُس گاؤں میں ہے جسے بدز السفلی کہا جاتا ہے ۔ اُسے دَز آشوب بھی کہتے ہیں ۔ اور شاید اس نام کا لوگوں میں مشہور ہوجانا اس بنا پر ہوا کہ وہاں شدید جنگ وقتال وقوع میں آیا تھا ۔

شہادت کے اس مقام کے اور مقبرہ شہزادہ قاسمؑ کے مابین ایک ڈیڑھ میل کا فاصلہ ہے۔ اور یہ بتایا جاچکا ہے کہ جناب قاسمؑ ثانی کو اُن کی شہادت کے مقام پر کیوں دفن نہ کیا گیا اور کیوں اُن کے والد بزرگوار قاسمؑ بن الحسنؑ کے سر مبارک کے مقبرہ کے پاس دفن کرنا ضروری ہوگیا تھا۔ اور جس طرح باقی مزارات مقدسہ کا طریقہ رہا ہے اُسی طرح شہزادہ قاسم اور اُن کے والد کے سر مبارک کیلئے ایک ہی صندوق رکھا گیا تھا جو قدیم زمانہ سے آج تک برقرار ہے۔ اور زمانہ قدیم سے آج تک یہ دونوں مزار محبانِ محمدؐ و آلِ محمدؐ کے طواف کی اور زیارت کی جگہ رہتے چلے آئے ہیں۔ اور شیعوں کا یہاں جمع ہونا، طواف وزیارت کرنا یہ سمجھتے ہوئے جاری رہا ہے کہ یہ شہزادہ قاسمؑ بن قاسمؑ بن الحسنؑ المجتبیٰ کا مزار ہے۔ اور یہ اُن کے والد قاسم بن الحسن علیہما السلام کے سر مبارک کا مدفن ہے۔ یہ حیثیت مسلسل سینہ بسینہ اور سخن بسخن ایک سے دوسرے انسان کو پہنچتی اور اثر انداز ہوتی چلی آئی ہے۔ یہ ایک قومی وملکی سیرت ہے جس پر مسلسل عملدرآمد برقرار ہے اور اس کو کسی اور ثبوت ودلیل کی ہرگز احتیاج نہیں ہے۔ ایک اور مجسم ثبوت وہاں یہ ہے کہ حضرت قاسم بن الحسن علیہما السلام کی زوجہ یعنی دخترِ جناب سید الشہدا علیہ السلام جناب فاطمہؑ کبریٰ، جن کو اہل فارس زبیدہ خاتون بھی کہتے ہیں۔ اُن کا مقبرہ بھی رَے کے ایک محلّہ میں موجود ہے۔ اور اس مقبرہ کے اور جناب شہزادہ عبدالعظیم الحسنی کے مقبرہ کے مابین ایک میل کا فاصلہ ہے۔ اور مجھ (علامہ دربندی) سے بہت بڑی تعداد نے اس حقیقت کو بیان کیا ہے کہ یہ مزار جناب زوجہ قاسم بنت سید الشہدا علیھم السلام کا ہے۔ اور اُنکے مزار وقبہ اور حجرات وصحن وچار دیواری بنانے پر ایک نیک تاجر نے بہت سی دولت خرچ کی ہے۔ اور اُسکا بہت مال مختلف طریقوں سے صرف ہوتا رہا ہے۔ (اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات۔ صفحہ 292-291)

(7)۔ حضرت قاسمؑ مایوسی میں کامیابی کے لئے راہنمائی حاصل کرتے ہیں

جب منجھلے بھائی نے دیکھا کہ جناب قاسمؑ کو اجازت نہیں ملی تو وہ حاضر ہوئے اور اس مرتبہ انہیں اجازت مل گئی اور یوں جناب احمدؑ بن امام حسن علیہ السلام مقاصد حسینیؑ پر قربان ہوگئے۔

فَجَلَسَ القاسم مهمومًا مغمومًا باكى الْعَيْنَيْنِ حزين القلب وَاجاز الحسين عليه السلام اخوته للبراز ولم يجزه۔ فجلس مُتَألِّمًا ووضع راسه علٰى رجليله وذكرانَّ اَبَاهُ قدربطه عوذة فِي كتِفِهِ الْاَيْمَن وقال له: "اذااصابك اَلَمٌ وَهَمٌّ فعليك بحَلّ العوذة قرأتها وفهم معنها واعمل بِكُلِّ ما تراه مكتوبًا فِيها۔" فقال القاسمُ لنفسه مضى سنين عَلَيَّ ولم يصبنى مثل هذا الالم فَحَلَّ الْعَوْذة وفَضَّهَا و نظر اِلٰى كتابتها واِذَا فيها۔ (اکسیر العبادات۔ صفحہ 286)

اور جناب قاسم علیہ السلام سب سے الگ اور مغموم ومحزون بہتی ہوئی آنکھوں سے کامیابی کی راہ تلاش کررہے تھے۔ دل حزن وملال میں ڈوبا جارہا تھا۔ بھائی کو اجازت مل گئی مجھے اجازت بھی نہ مل سکی۔ آخر میری قسمت میں کون سا انقلاب لکھا ہے؟ بارِ رنج والم سے تھکا ہوا سر گھٹنوں پر رکھے ہوئے امامؑ کے حضور میں سفارش کرسکنے والوں کی فہرست ذہن میں گزر رہی تھی کہ اچانک والدؑ سامنے آ کھڑے ہوئے۔ انہوں نے کہا تھا کہ میں تمہارے داہنے بازو پر یہ تعویز باندھ رہا ہوں جب تمہارے اوپر رنج والم کی گھٹا چھا جائے تو اس تعویذ کو کھول کر پڑھنا۔ اُسکا مقصد اور معنی سمجھنا اور جو اُس میں لکھا ہوا اُس پر مِن وعَن عمل کرگزرنا۔ قاسمؑ نے دل میں فیصلہ کیا کہ مجھ پر آج تک

موجودہ غم واَلم سے بڑا حادثہ نہیں گزرا لہٰذا تعویذ کو کھول لیا مہر توڑ دی نظر ڈالی تو اُس میں لکھا تھا۔

(8)۔ تعویذی وصیت سے پہلے حسینؑ مقصد اور قاسمؑ ذہن سے رابطہ پیدا کیجئے؟

اجازت طلبی پر امامؑ نے قاسمؑ کو دل شکن جواب نہیں دیا تھا۔ بلکہ ایک بہت پیاری دُور رَس مگر غور طلب بات کہی تھی۔

فقال له الحسين عليه السلام "يَابُنَ الْاَخِ اَنْتَ مِنْ اَخِي عَلَامَةٌ وَّاُرِيْدُ تَبْقَىٰ لِيْ لَا تَسَلّٰى بِكَ۔" وَلَمْ يُعْطِهُ الاجازة للبراز۔

(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔صفحہ 286)

فرمایا تھا کہ: "اے میرے بھائی کے بیٹے تم میرے بھائی کی طرف سے ایک "**علامۃ**" ہو۔اور میں یہ ارادہ رکھتا ہوں کہ تم باقی رہو۔ تا کہ میں تم سے تسلی واطمینان حاصل کرسکوں۔" اور جہاد کی ان کو اجازت نہ دی۔"

(9)۔ امامؑ کا مقصد بقائے قاسمؑ ہے، بقا کا انتظام ہونے پر اجازت ملے گی

آپ نے دیکھا تھا کہ حضرت عباس علمبردار علیہ السلام کیلئے لفظ علامۃ استعمال کیا گیا تھا۔وہ حضرت علی علیہ السلام کی جانب سے علامۃ تھے۔مگر امامؑ نے اُنکو باقی رکھنے کی بات نہیں فرمائی نہ اُنکی بقا کا ارادہ کیا۔نہ اُنکو اپنے لئے دائمی تسلّی کا ذریعہ بنایا۔وہ صرف ان معنی میں علامۃ تھے کہ عہد مرتضویؑ سے لیکر کربلا کی شہادت تک عباسؑ کا وجود اور فکر وعمل علیؑ مرتضٰی کے مادی انتظام کی تصدیق کرتا ہوا چلا جائے اور امامتؑ کی ہمہ گیر نظر اور قوت کو تمام مسلمان اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں۔جب یہ ثابت ہو گیا تو اب حضرت عباسؑ کی بقا شہدأ کی صورت میں خود بخود رہے گی۔لیکن وہ بقا جو حضرت قاسمؑ کیلئے درکار ہے شہدأ کی حیات وبقا کے ساتھ ساتھ کچھ زیادہ واضح اور قابل فہم حیات وبقا ہے۔اُس بقا کو فراہم کرنے کا مادی ومحسوس انتظام سامنے آنے کا انتظار ہو رہا تھا۔نظر امامت دیکھ رہی تھی کہ قاسمؑ کربلائی رسم کے مطابق اجازت مانگ رہے ہیں۔اس اجازت میں رنگ بقا بھر کر دینا ہے۔اُس اجازت کے ساتھ مادی ومحسوس تسلی کا دامن باندھنا ہے تاکہ شہادت ،شہید اور شعوری حیات کے عملی معنی واضح ہوجائیں اور اُن سے علاماتِ خداوندی کے سمجھنے میں آسانی ہوجائے (نساء4/41اور سورہ نحل16-16/14)اور ساتھ ہی اس سلسلے میں سلسلۂ نبوتؐ ورسالتؐ وامامتؑ کے سابقہ وصی اور امام علیہ السلام کی ہدایات بھی شامل ہوجائیں۔لہٰذا جناب قاسمؑ کو اس پیارے انکار کی صورت میں ایک جھٹکا دیا گیا۔جس نے قاسمؑ کا رخ حالاتِ حاضرہ سے موڑ کر سابقہ مشکل کشا سے وابستہ کر دیا۔

(10)۔ تعویذی وصیت اور مادی ومحسوس بقا کی طرف پہلا قدم

حضرت قاسم علیہ السلام نے پڑھنا شروع کیا۔لکھا تھا کہ:۔

يـاوَلـدى قـاسـمٌ اُوصيك اَنّك اِذَارَاَيتَ عمل الحسينؑ فى كربلا وقداحاطت به الاعداء فلا تترك البراز والجهاد لِلاَعُـدَاء الـلّٰه واعداء رسولؐ اللّٰه ولا تبخل عـلـيـه بـروحك وكُـلّـمَا نهاك عن البرازعاوده لِياذن لك فى البراز لَتَحُصَن فِى السعادة الابدية۔"(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔صفحہ 286)

"اے میرے بیٹے قاسمؑ میری وصیت یہ ہے کہ جب تم کربلا میں امام حسینؑ کا عملدرآمد اور اقدامات دیکھ لو اور جب انہیں دشمن

احاطہ میں لے لیں۔تو تم دشمنانِ خدا اور رسولؐ سے جہاد کرنے کو نہ چھوڑنا اور اپنی جان قربان کرنے میں بخل وکمزوری نہ دکھانا۔اور اگر حسینؑ تمہیں میدان جنگ میں نکلنے سے منع کر دیں تب بھی اجازت طلبی کا اعادہ کرتے رہنا یعنی نئے نئے انداز سے اجازت مانگتے رہنا۔ یہاں تک کہ امامؑ تمہیں جہاد کی اجازت دے دیں۔اور تم اس طرح سے دائمی سعادت کے حصار یا قلعہ میں محفوظ ہو جاؤ۔''

حضرت قاسمؑ امام حسن علیہ السلام کی اِس تحریر سے اتنا تو یقیناً سمجھ گئے ہوں گے کہ اب مجھے ضرور اجازت مل جائے گی۔ اِسلئے کہ امام حسینؑ پر عام قاعدہ کی رُو سے بھی اُن تمام احکام کی تعمیل واجب تھی جو سابقہ امامؑ نے زبانی یا تحریری صورت میں جاری کئے ہوں۔ اور اِس پر بھی غور لازم تھا کہ جب سابقہ امامؑ کو یہ معلوم تھا کہ امام حسین علیہ السلام قاسمؑ کو اجازت سے منع کر دیں گے تو لازم ہے کہ اُنہیں باقی حالات بھی اُسی طرح معلوم ہوں جس طرح امام حسینؑ کا دشمنوں میں گھر جانا معلوم تھا۔اور یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ انہیں امام حسینؑ کا وہ ارادہ بھی معلوم تھا جس میں قاسمؑ کے لئے باقی شہدا سے کچھ زیادہ واضح اور محسوس و مادی تسلی دینے والی بقا در کار تھی۔ بہر حال حضرت قاسمؑ نے وصیت پڑھی۔دل رنج والم سے ہلکا ہوگیا۔ چچا سے اجازت لینے کا ارادہ پختہ ہوگیا۔

(11)۔ امامؑ کی مشکلات اور آزمائش میں اضافہ مگر قاسمؑ کی بقا کا دوسرا قدم

فقام القاسمؑ مِن ساعته و آتی اِلَی الحسینؑ وعَرَضَ ماکتب الحسنؑ علٰی عَمِّہٖ فَلَمَّا قراء الحسینؑ العوذة بکی بکاءً شد یدً ا ونادی بالویل والثبور وتنفس الصعدآء وقال یابن اخی ھٰذہ الوصیة لک مِن ابیک وعندی وصیة اخری منه لک ولا بُدّ مِن انفاذھا۔(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 286)

حضرت قاسم علیہ السلام جلدی سے اٹھے، چچا کے پاس آئے اور جو کچھ امام حسن علیہ السلام نے لکھا تھا وہ پیش کر دیا۔امامؑ نے دل تھام کر بھائی کی تحریر دیکھی ، ہدایات پڑھیں اور نہ معلوم کیا کیا یاد آ گیا ؟ ماضی ومستقبل میں نظر کہاں کہاں پہنچی کہ بے قرار ہوگئے ۔ پھوٹ پھوٹ کر روئے اور دشمنان دین پر لعنت کر رہے تھے ۔ اُن کے اعمالِ زشت پر ملامت کر رہے تھے ۔ سانس پھول گئی تھی ۔ ذرا سنبھلے تو فرمایا کہ بیٹے یہ وصیت تو تمہارے لئے ہے اور تمہیں اس پر عمل کا اختیار ہے ۔لیکن تمہارے متعلق مجھے بھی بھائی نے اسی قسم کی وصیت کی تھی اور اب وقت آ گیا ہے کہ اُس پر فوراً عمل کر لیا جائے ۔

(12)۔ امامؑ نے اپنی قربانیوں کو انقلاب انگیز اور دھماکہ خیز دوام عطا کر دیا

فَمَسَکَ الحسینؑ علٰی یدالقاسمؑ وادخله الخیمة۔ وقال لِاُمّ القاسمؑ اَلَیْسَ للقاسمؑ ثیاب جدد؟قالت لَا ۔فقال لاخته زینبؑ اِئیتینی بالصندوقِ۔ فاتته به ووضع بین یدیه ۔ففتحه واخرج منه قباء الحسنؑ والبسه القاسمؑ ولَفَّ علٰی راسه عمامة الحسؑن ومسک بِیَدِ ابْنَتِہٖ الَّتی کانت مسماة للقاسمؑ ۔فعقدله عَلَیْھَا ۔وافردلَہٗ خیمةً واخذ بِیَدِ الْبِنْتؑ وَوضعھا بید القاسمؑ وخرج عنھا۔(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 286)

امام حسین علیہ السلام اسی صورت حال کے فطری طور پر ازخود پیدا ہونے کا انتظار فرما رہے تھے۔ چنانچہ انہوں نے حضرت قاسمؑ کا ہاتھ پکڑا اور اپنے ساتھ خیام کے اندر لائے ۔ظاہر ہے کہ تمام رسولؐ زادیاں اور بچے جمع ہو گئے ہوں گے ۔امامؑ نے قاسمؑ کی والدہؑ اپنی

بزرگ بھابھی کو بلایا اور خلاف توقع سوال کیا کہ بھابھی جان کیا قاسمؑ کا کوئی نیا جوڑا کپڑوں کا نہیں ہوگا؟ یہ بڑا ہی دردناک سوال تھا۔لیکن مختصر جواب ملا کہ بھائی نیا جوڑا تو کوئی موجود نہیں ہے۔آپؑ نے اپنی بہن اور کربلا کی مشکلات حل کرنے والی بہن زینبؑ سے کہا کہ ذرا مجھے صندوق لادو جس میں مرحوم بھائی جان امام حسنؑ کا لباس رہتا ہے۔حضرت زینبؑ گئیں اور وہ صندوق لاکر بھائی کے سامنے رکھ دیا۔آپ نے صندوق کھول کر بھائی کی قبا نکالی۔بھیا کی علامۃ قاسمؑ کے زیب تن کی۔پھر بھائی کا عمامہ نکال کر قاسمؑ کے سر پر باندھا۔حضرت قاسمؑ سے منسوب اپنی بیٹی (فاطمہؑ کبریٰ) کا ہاتھ پکڑا اور دونوں کا عقد پڑھ دیا۔پھر قاسمؑ کی مشکلات اور اذن جہاد کی آزمائش کو بڑھانے کے لئے دونوں کو ایک الگ خیمہ میں لائے۔اور یہاں بیٹی کا ہاتھ پکڑ کر قاسم علیہ السلام کی دنیاوی و دینی اور کربلائی ذمہ داریوں کو لامحدود کرنے کی خاطر بیٹی کا ہاتھ قاسمؑ کے ہاتھ میں پکڑا دیا۔اور یہ سمجھ کر خیمہ سے باہر نکل آئے کہ خانوادہ نبوّت کا پروردہ قاسمؑ وہ سب کچھ خود ہی سمجھ لے گا۔جو ایک باپ اپنی بیٹی سپرد کرتے ہوئے رو رو کر کہا کرتا ہے۔کربلا کے حالات سے قطع نظر کر کے یہ موقعہ تو خود ہی رقت انگیز ہوتا ہے۔اُس پر غیر اور لاتعلق لوگوں کی آنکھیں ڈبڈبا جاتی ہیں۔پھر یہاں تو جان لیوا دشمن بالکل قریب تھے۔میدان میں نکلنے کیلئے للکار رہے تھے۔اگر امامؑ باقاعدہ بیٹی کی سفارش کرنے لگتے تو دل تڑپ جاتا اور قلب سے چیخیں بلند ہو جاتیں۔امامؑ نہ چاہتے تھے کہ دشمن اُن کا رونا سنیں اور اس رونے کے غلط معنی کر لیں۔لہٰذا جلدی سے بیٹی کا ہاتھ پکڑاتے ہی باہر نکل آئے۔ہمیں نہیں معلوم اپنے مرکزی مقام پر آئے یا بہن اور بھابھی کو مبارکباد دینے گئے۔ہمیں یہ بھی معلوم نہیں کہ بچوں کے تاثرات کیا تھے؟

(13)۔ حضرت قاسم علیہ السلام نے اپنی ذمہ داریوں کی ترتیب وعمل میں آخر تعاون حاصل کرلیا

آن کی آن میں حضرت قاسمؑ کو ایک ذمہ دار شخص بنا دیا گیا۔اُن کے سامنے دُنیا کی سب سے زیادہ نازک اور واجب الاداذمہ داری آکر کھڑی ہوگئی۔زندہ رہنے کا بڑے سے بڑا دنیاوی مقصد سامنے تھا۔لیکن جہاں مستقبل کی آسائشیں اور آرزوئیں اور امنگیں کانا پھوسی کر رہی تھیں وہیں یزیدی افواج کے نعرے، میدان مقابلہ میں بُلانے کے طعنے اور امامؑ کے میدان میں نکل پڑنے کا اندیشہ پکار رہا تھا۔مگر واہ رے قاسمؑ۔نوجوانان نوع انسان تم پر فخر کرتے رہیں گے۔صبر وضبط وتحمل اور جذبہ فداکاری تمہارے نام کی تسبیح پڑھتے رہیں گے۔تم نے دواماموںؑ کی دوہری آزمائش میں کامیابی کی راہ نکال کر ایسا نمونہ پیش کیا کہ تمام بننے والے دولھا دلہن اور اُن کے ماں باپ اور بہن بھائی ہمیشہ بطور یادگار مناتے چلے جائیں گے۔

فعاد القاسم ینظر ابنة عمّه ویبکی الٰی اَن سمع الاعدآء یقولون هَل مِن مُبَارِزٍ فَرَمَی بیدزوجته وارادالخروج من الخیمة فجذبت ذَیْلَهُ وَمَانَعَتْهُ عَنِ الخروج وهِیَ تقول له مایخطر ببالک ومالَّذی تُرِیْدُ تفعله ؟ قال لها اُرید ملاقاة الاعداء فانهم یطلبون البراز و اِنّی اُرید ملاقاتهم فَلَزَمَتْهُ ابنة عَمّه ۔فقال لها خَلِیّ ذَیْلِی فَاِنَّ عَرَسَنَا اَخَّرْنَا هُ اِلَی الْآخرة ۔فَصَاحَتْ وَنَاحَت وَاَنَّتْ مِن قلب الحزین ودموعها جاریة علٰی خدّیْهَا وهِیَ تقول: یاقاسمؑ انت تقول عَرَسَنَا اَخّرنا هُ اِلَی الْآخرة۔وفی القیامة بِاَیّ شَیْءٍ اَعْرِفُکَ وَفِیْ اَیّ مَکَانٍ اُرِیْکَ ؟فمسک القاسمؑ یدها وضربها علٰی ردنه وَقطعها وقال یاابنة العمّ اَعْرِفینی بهذہٖ الردن المقطوعة۔قال فَاَنفجع اهل البیتؑ بالبکاء لِفِعْل القاسمؑ وبکوا بکاءً شد یدًا ونادوا ابالویل والثبور۔(اکسیر العبادات صفحہ 287-286)

الغرض جناب قاسمؑ نے اللہ وامامؑ زمانہ سے طاقت وہمت طلب کرتے ہوئے قرآنِ ناطق کی بیٹی کی طرف نظر بلند کی اور غالباً چہرہ سے استقلالِ فاطمہؑ کبریٰ کا اندازہ کرنا چاہا ہوگا۔مگر اُس معصومؑ ومظلوم و بے کس چہرہ پر نہ معلوم کیا نظر آیا کہ خود بے قرار ہوکر رونا شروع کیا لیکن ساتھ ہی دشمنوں کی آواز آئی کہ حسینیؑ خیام میں کوئی موجود ہے جو ہمارے مقابلہ پر نکلے۔ یہ سُن کر قاسمؑ نے امامؑ کا پکڑا ہوا ہاتھ چھوڑ دیا اور خیمہ سے میدان جنگ میں جانے کے ارادہ سے باہر نکلنا چاہا تو اُس معصومہؑ نے دامن تھام لیا، خیمہ سے نکلنے میں مانع ہوئیں۔ اورعرض کیا کہ مجھے اپنی قلبی کیفیت بتائیں اور اس تازہ رشتہ کے متعلق مستقبل کا پروگرام سمجھائیں اس لئے کہ امامؑ کا فعل بے معنی نہیں ہوسکتا؟ حضرت قاسمؑ کے سامنے وہ رعایت بھی تھی جو جناب امام حسین علیہ السلام نے شب عاشور عموماً اور عاشور کے دن فرداً فرداً سب کو دی تھی۔اس وقت زندہ رہنے کیلئے امامؑ کی بیٹی اور اہل حرمؑ کی حمایت کا بھی جائز عذر تھا۔لیکن باپؑ کی وصیت میں قطعاً لچک نہ تھی۔ پھر ابدی طور پر محفوظ قلعہ میں داخلہ اور امامؑ کے لئے دائمی تسلی یوں زندہ رہنے سے بے معنی ہوجاتی تھی۔اس لئے جناب قاسمؑ نے بعید ترین معنی کو ذومعنی الفاظ میں سامنے رکھ دیا اور فرمایا کہ فی الحال میرا یہی ارادہ ہے کہ جاؤں اور دشمنانِ اہلبیتؑ سے جنگ کروں۔اور اپنی شادی کے معاملے کو آخرۃ تک تاخیر میں ڈال دوں۔اور ازدواجی زندگی پر موجودہ صورت حال کو ترجیح دے دوں۔لہٰذا تم مجھ سے تعاون کرو خوشی سے میرا دامن چھوڑ دو اور یہ ذمہ داری پورا کر لینے دو۔اس سے اللہ ورسولؐ اور امامؑ زمانہ کی خوشنودی حاصل ہوگی اور ہم دونوں کے لئے وہ خود انتظام کردیں گے۔ یہ سن کے جناب فاطمہؑ کبریٰ نے ایک چیخ ماری اور بڑی دل گداز آواز میں اظہار غم والم کیا۔ دل تڑپ رہا تھا شوہر اور مظلوم باپؑ کی موت سامنے دکھائی دے رہی تھی، رخساروں پر آنسو جاری تھے۔آخر میں سنبھلیں اور لفظ آخرۃ کے مشہور معنی کو سامنے رکھ کر سوال کیا کہ آپ نے یہ تو فرمادیا کہ ہم اپنی شادی اور ازدواجی زندگی کو آخرت تک ملتوی کرتے ہیں۔مگر مجھے یہ تو بتادیں کہ عرصہٴ قیامت میں آپ کی شناخت کیا ہوگی؟ اور میں کس طرح آپ کو پہچانوں گی اور آپ کو کس جگہ تلاش کروں گی؟ غالباً معصومہؑ کے ذہن میں شہدائے کربلا کے سر بُریدہ اور بلا سر محشور ہونے کا خیال ہوگا۔ بہرحال حضرت قاسمؑ نے دوبارہ اُن کا ہاتھ پکڑا اور اُن کے ہاتھ میں اپنی آستین پکڑا کر پھاڑ دی اور فرمایا کہ اے میرے مظلوم چچا کی دکھیا بیٹی! مجھے پھٹی ہوئی آستین سے شناخت کر لینا۔ بتایا گیا ہے کہ اہلبیتؑ ،قاسمؑ وکبریٰؑ کی باتیں سُن رہے تھے۔قیامت میں شناخت کی ترکیب سن کر اہل حرمؑ میں گریہ وزاری کا کہرام برپا ہوگیا۔اور تمام خواتین بے تابانہ ہائے واویلا اور دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ پر نفرین ولعنت کررہی تھیں۔ یہ فریاد شروع ہوتے ہی حضرت قاسم علیہ السلام خیمہ سے باہر نکلے اور امامؑ کے حضور اذن جہاد کے لئے حاضر ہوگئے۔

(14)۔ **حضرت قاسم علیہ السلام کو اجازت دی گئی لباسِ عروسی کفن کی صورت میں بدلا گیا**

یہاں تک قارئین نے جوان وسن رسیدہ صحابہ کی رخصتیں اور شہادتیں دیکھیں۔ پھر ہاشمی کم سن نوجوانوں، جوانوں اور سن رسیدہ بزرگوں کو اجازت مانگتے اور رخصت ہوتے دیکھا۔ ذرادیر پہلے جناب احمدؑ بن امام حسنؑ مجتبیٰ نے اجازت لی تھی۔میدان جنگ کو گئے تھے۔اُن سے بھی پہلے جناب علی اکبر علیہ السلام نے داغ جدائی دیا تھا۔مگر امامؑ نے کسی کو اپنے ہاتھ سے آراستہ نہ کیا تھا۔کسی کو کفن نہ پہنایا تھا۔ یہ خصوصیت جناب قاسمؑ ہی کو حاصل ہوئی۔اس لئے کہ شاہانہ جوڑا یا عروسی کے کپڑے بھی امامؑ نے خود پہنائے تھے۔اور اب

اُن ہی عروسی کے کپڑوں کوکفن کی صورت میں تبدیل کریں گے۔ یہ بات تمام سرکاری غیر سرکاری، اپنے اور پرائے، جدید وقدیم علما نے تسلیم کی ہے۔ انہیں سوچنا چاہیئے تھا کہ امامؑ کے سلوک میں قاسمؑ کے ساتھ یہ خصوصیت کیوں تھی؟ یہاں تو سب اپنے پاؤں چل کر عمداً موت کی طرف گئے تھے۔ یہ کیا بات ہے کہ آپ صرف حضرت قاسم علیہ السلام سے فرماتے ہیں کہ:۔

قال مَن رَوَی فَلَمّا رای الحسین علیه السلام اَنَّ القاسمؑ یرید البراز قال له یاولدی أَ تمشی بِرجلک اِلَی الموت ؟قال و کیف یاعم وانت بین الاعداء وحیدًاغریبًا فریدًا لَم تجد محامیًا و لا صدیقًا ۔روحی لِرُوحک الفداء ونفسی لِنَفسک الوقاء ۔ ثُمَّ اِنَّ الحسینؑ شَقَّ اَزْیَاق القاسمؑ وقطع عمامته نِصْفین ۔ثُمَّ ادلاها عَلٰی وجهه۔ثُمَّ اَلْبَسَ ثیابه بصورة الکفن وشدّ سیفه بوسط القاسمؑ وارسله اِلَی المعرکة۔ (اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔صفحہ 287)

بیٹے کیا تم اپنے پاؤں سے چل کر موت کی طرف جانا چاہتے ہو؟ حضرت قاسمؑ نے جواب دیا کہ میں اپنے پاؤں چل کر موت کی طرف کیسے نہ جاؤں اے چچاؑ جب کہ آپ تنہا رہ گئے۔ حالت مسافرت میں اکیلے رہ گئے اور آپ کو بھی اب اپنا حامی اور دوست نہیں دکھائی دیتا۔ اور صرف اسی قدر تو نہیں ہے کہ آپ بے یارومددگار رہ گئے ہیں بلکہ آپ تو خونخوار درندوں میں گھرے ہوئے ہیں۔ اور حالت یہ ہے کہ اگر میں اپنی زندگی قربان کر کے آپؑ کو بچاسکوں اور یہ لوگ آپ کی جگہ مجھ پر مظالم کرنے اور مجھے قتل کرنے پر رضامند ہوجائیں تو مجھے اس سے زیادہ اور کچھ بھی عزیز نہیں ہے۔ میرے اچھے چچاجان مجھے اجازت دیجئے کہ میں اُدھر آپ کے بزرگ بھائی کی وصیت پوری کردوں اور اِدھر دائمی سعادت کے قلعہ میں داخل ہوجاؤں اور پھر آپ مجھے باقی رکھنے اور اپنی تسلی کا ذریعہ بنانے کے ارادہ کو پورا فرمائیں۔ امامؑ نے قاسمؑ پر انتظار کو سخت پایا۔ قاسمؑ نے دونوں اماموںؑ کی شرطیں پوری کردی تھیں۔ تہہ در تہہ آزمائشوں سے کامیاب گزر چکے تھے۔ عقل وجذبات اور شوہرؑ وزوجہؑ ہم خیال وہم آہنگ ہو چکے تھے۔ امامؑ نے نوخیز دُولھا کو باقی جوانانِ بنی ہاشمؑ سے الگ شناخت کرانے کے لئے اُن کا گریبان چاک کیا، کالر اور کنٹھی پھاڑ دی۔ عمامہ کو پھاڑ کر دو ٹکڑے کیا۔ آدھا عمامہ سر پر باندھا اور دونوں شملے چہرے کے داہنے بائیں سے سینے پر لٹکا دیئے۔ اور آدھے عمامے سے قاسمؑ کے لباس کو کفن کی صورت میں تبدیل کر دیا۔ تلوار مضبوطی سے میان میں لگادی۔ اور چند ہدایات دیں۔ سر سے پیر تک دیکھا۔ آنکھوں سے آنسو برساتے ہوئے میدانِ جنگ میں جانے کی اجازت عطا فرمادی۔

حضرت قاسم علیہ السلام کے سامنے جو میدان جنگ اب آنے والا ہے وہ اُس جہاد سے بہت سہل ہے جس سے آپ ابھی ابھی کامیابی سے فارغ ہوئے ہیں۔ اور اُسی سے کامیابی نے یہ موقعہ فراہم کیا ہے کہ آپ تیغ بکف دشمنانِ اسلام سے لڑنے چلے ہیں۔ وہ جنگ فرائض واصول کے تحفظ میں جذبات کے مقابلہ میں جنگ تھی۔ اُس جنگ کو فتح کرنے کیلئے آنسوؤں، جھکی ہوئی نگاہوں، سعادتمندانہ توجہ اور منت وسماجت وتسلی ودلاسہ کے اسلحہ کے بہترین اور بروقت استعمال کی ضرورت تھی۔ اور یہ پیش پا افتادہ جنگ امامؑ زمانہ اور اسلامی اقدار کے تحفظ میں کی جارہی ہے۔ اس جنگ میں دشمنانِ انسانیت اور پیروان طاغوتیت سے مقابلہ ہے۔ یہاں تبلیغ واتمام حجت کی ٹیکنیک اور تیغ وشمشیر کی مہارت درکار ہے۔ یہاں اپنا خون اور اپنی جان پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ اور یہ سب کچھ خانوادۂ

نبوّت وامامتؑ کے لئے نہایت آسان ہے۔ اللہ ورسولؐ پر قربان ہوتے چلے جانا اولادِ ابوطالبؑ اور آلِ علیؑ کی سنت وعادت ہے۔

(15)۔ کفن پوش حسینیؑ دُولھا خون میں نہا کر کربلا کو سُرخرو کر گیا

حضرت قاسمؑ نے میدان کا رخ کیا تو اہلبیتؑ کی نگاہیں، تمنائیں اور دعائیں سمٹ کر دولہا پر مرتکز ہوگئیں۔ اُدھر یزیدی افواج کی نظریں اُس لباسِ جنگ کی نُدرت پر جم کر رہ گئیں۔ دلوں میں طرح طرح کے سوالات اور خدشات پیدا ہونے لگے۔ یہ مجاہد بالکل انوکھا تھا۔ اپنی چال ڈھال اور مثال آپ تھا۔ اُن کے ساتھ حضرت علی اکبر علیہ السلام کا حُسن و جمال اور سِن وسال بھی چلا آ رہا تھا۔ اُن کے پہلو میں حضرت عباس علیہ السلام کی شان وشوکت وشجاعت ودبدبہ رواں دواں بڑھتا چلا آ رہا تھا۔ یہ کفن پوشی کے ساتھ ساتھ دونوں شملوں کا چہرہ کے سامنے ہچکولے کھانا اور چاند کی طرح بادل سے نکلنا اور چھُپ جانا پہچاننے میں حارج تھا۔ ایک بجلی سی چمکتی اور گرتی معلوم ہورہی تھی۔ حسینیؑ مجاہد کا مقابلہ پر دیر سے آنا اور مرنے سے پہلے ہی کفن پہن لینا قلوب میں دہشت وکمزوری پیدا کر رہا تھا۔ دیر کا سبب یہی خاص تیاری ہے؟ وہ اس بڑھتے چلے آنے والے مجاہد کو خطرات اور آفات کا فرشتہ سمجھ رہے تھے۔ اُس کی رفتار اور سہادینے والی سنجیدگی دلوں میں کپکپی پیدا کر رہی تھی۔ علیؑ اکبر وعباسؑ کی جنگ کے نظارے، فوجوں کا اُلٹ اُلٹ کر گرنا نظروں کے سامنے پھر رہا تھا۔ آخر دولہا آیا عمر بن سعد کو للکارا اور فرمایا کہ:۔

یَاعُمر اَمَاتخاف اللّٰہ ؟ اَمَا تراقب اللّٰہ ؟ یااعمی القلب اَمَاتراعی رسول اللّٰہ ؟ فقال عمر بن سعد: اَمَاکفاکُمُ التجبّر؟ اَمَا تطیعون یزید ؟ فقال القاسمؑ لاجزاک اللّٰہ خیرًا ۔تدعی الاسلام وآل رسوؐل اللّٰہ عطشانًا،ظمانًا قداسودت الدنیا لاعینھم فوقف ھنیئة فمارای احد تقدّم الیہ فرجع اِلَی الخیمةِ ۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 287)

اَے عمر کیا تجھے اللہ کا خوف نہیں ہے؟ کیا تو اللہ کے سامنے اپنے اعمال کا جوابدہ نہیں ہوگا؟ کیا تو رسولؐ اللہ کے احسانات کو قابلِ رعایت نہیں سمجھتا؟ عمر بن سعد نے حیران ہو کر کہا: کیا تمہیں اتنا جبر وتشدد بھی خاموش رکھنے کیلئے کافی نہ ہوا؟ کیا تم اب بھی یزید کی اطاعت پر آمادہ نہیں ہو؟ حضرت قاسمؑ نے جواب دیا کہ اللہ کبھی تجھے جزائے خیر نہ دے۔ اَرے ملعون تو اسلام اور مسلمانی کا دعویٰ کرتا ہے۔ اور جس سے تو نے اسلام حاصل کیا ہے، اُس رسوؐل کی اولاد کو بھوکا پیاسا رکھنا اور قتل کرنا جائز سمجھتا ہے۔ حالانکہ اُن کی نظر میں دنیا ایک تاریک مکان کے مانند ہے۔ اس ڈانٹ ڈپٹ کے بعد کچھ دیر منتظر رہے کہ مقابلہ پر نکلنے کا تقاضہ کرتے رہنے والوں میں سے کوئی مقابلہ پر آئے گا۔ مگر وہاں خوف ودہشت سے ایسی خاموشی چھائی ہوئی تھی جیسے اُن کے سروں پر موت ناچ رہی ہو۔ آخر آپ نے خیام میں واپسی اور اہلِ حرم کو تسلی دینے کا ارادہ کیا۔

(16)۔ ہاشمیؑ دُولہا اِتمامِ حجت کے بعد خیام میں آتا ہے

فرجع الَی الخیام وسمع صوت ابنة عمّہ تبکی ۔ فقال لَھَا ھَااَنَا جِئتُکِ فنھضت قائمة علٰی قَدَمَیْھا وقالَتْ مرحبا بالعزیزالحمد لِلّٰہ الذی ارانی وجھک قبل الموت ۔ فنزل القاسمؑ الخیمة فقال: یابنت العم مَالِی اصطبار اَنْ اَجْلَس مَعَکِ والکفار یطلبون البراز فودّعاھا فخرج ورکب جوادہ وحماہ فی حومة المیدان۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 287)

حضرت قاسمؑ خیام کے قریب پہنچے تو فاطمہؑ کبریٰ کے رونے کی آواز سُنی تو اُن سے فرمایا کہ یہ لو میں آپ کے پاس آ گیا ہوں۔ اب رونے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ معصومہؑ جلدی سے کھڑی ہوئیں اور عرض کیا کہ آپ کا آنا ہم سب کو مبارک ہو۔ اللہ آپ کو غلبہ عطا کرے۔ میں اُس اللہ کی شکر گزار ہوں جس نے مجھے مرنے سے پہلے آپ کی زیارت پھر کرا دی ہے۔ اُدھر لشکر سے مقابلہ پر بلانے کا تقاضہ پھر کیا گیا۔ حضرت قاسمؑ نے کہا کہ اے میرے چچا کی بیٹی میرے پاس اتنا وقت نہیں کہ میں اطمینان سے تمہارے پاس بیٹھوں اور یہ کفار طعن و تشنیع سے میدان میں للکارتے ہیں۔ یہ کہہ کر وداع ہوئے۔ اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر اسے میدان جنگ کی طرف موڑا۔

(17)۔ حضرت قاسم علیہ السلام کی جنگ کا منظر اور کامیاب واپسی

ثم طلب المبارز ة فجاء اليه رجل يعدّ بالف فارس فقتله القاسمؑ وكان له اربعة اولاد فخرجوا الٰى مبارزة القاسمؑ واحدًا بعد واحدٍ فجعلهم مقتولين۔ ثُمَّ ضرب القاسمؑ فرسه بسوط ودعايقتل بالفرسان اِلٰى اَنْ ضَعَفَتُ قوته فَهَمَّ بالرجوع الَى الخيام واذا بالاَزْرَق الشامى قدقطع عليه الطريق وعارضه فضربه القاسمؑ علٰى اُمّ راسه فقتله وسارا القاسمؑ الَى الحسينؑ وقال ياعمّاه العطش العطش ادركنى بشربة مِن المآء فصبّره الحسينؑ واعطاه خاتمه وقال حطّه فى فمک مصّه ۔قال القاسمؑ فَلَمَّا وضعتُه فى فمى كَاَنّه عَيْنٌ ماء فارتويتُ وانقلبت الى الميدان۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 287)

جناب قاسم علیہ السلام نے میدان جنگ کو گرم کرنے کے لئے اپنا گھوڑا میدان جنگ کی طرف موڑا اور دشمنانِ دین کو مقابلہ پر للکارا۔ اُدھر سے ایک ایسا شخص مقابلہ پر آیا جسے ایک ہزار سواروں کے برابر شمار کیا جاتا تھا۔ آپ نے آتے ہی اُسے ڈھیر کر دیا۔ پھر اس کے چار بیٹے باری باری مقابلہ پر آئے اُنہیں بھی ٹھکانے لگا دیا۔ پھر حضرتؑ نے گھوڑے کو چابک لگایا اور گھوڑے کو دشمن کی فوج پر ڈال دیا۔ ذرا ہی دیر میں میدان صاف ہو گیا۔ آپ کو تھکن اور کمزوری محسوس ہو رہی تھی۔ آپؑ نے پھر خیام میں چکر لگانے کا ارادہ کیا اور چلے جا رہے تھے۔ اُدھر ایک شخص بنام ازرق شامی گھات میں لگا ہوا تھا۔ آپ نے دیکھا تو وہ مقابلہ پر آ گیا۔ حضرت قاسم علیہ السلام نے اُس کی کھوپڑی پر ایک ضرب لگائی اور دار الفنا روانہ کر دیا۔ وہاں سے امام علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ننھے بچوں کی طرح عرض کیا کہ چچا پیاس کی انتہا ہو چکی ہے کیا آپ ایک دفعہ پینے کا پانی فراہم کر سکیں گے؟ امامؑ اپنا ریکارڈ کہاں توڑتے۔ اُنہوں نے دلاسا دیا اور فرمایا کہ بیٹے یہ میری انگوٹھی اپنے منہ میں رکھو اور اُسے چوس کر دیکھو۔ حضرت قاسم علیہ السلام نے جوں ہی وہ انگوٹھی اپنے منہ میں رکھی تو معلوم ہوا کہ وہ تو پانی کا ایک چشمہ تھی۔ دولہا سیراب ہو کر پھر میدان جنگ میں پلٹ آیا۔

(18)۔ حضرت قاسم علیہ السلام شہید ہو کر عارضی طور پر جدا ہو گئے

انّه حَمَلَ عَلَى القوم ولم يزل يقاتل حتى قتل من القوم مأتى فارس قال مسلم الخولانى وكان جَانَبِىْ رجل مِنْ اَهْلِ الشام فقال و اللّٰه لافاتنى هذا الغلام فانى اراه قدزادفى تمرّده ۔ فقلت له يا ويلک اَمَاتحفظ قرابته من رسولؐ اللّٰه فلم يعبأ بِكلامى دُوْن اَنْ هجم عليه وهومُوَلٍّ وضربه علٰى راسه فجدله صريعًا فصاح ياعَمَّاه ادركنى فحمل الحسيؑن علَى الرجل وضربه ضربة قطع بهانصف راسه فصاح الرجل الغوث الغوث فحمل عمر بن سعدبجميع الجيش وحمل الحسيؑن حتى فرغ الخيل عنه ثُمَّ وقف به وهو يفحص رِجله والحسينؑ يبكى ويقول اللّٰهم انت تعلم انهم دعونالِينصرونا فخذلونا اللّٰهمَّ احبس عنهم

قطر السمآء واحرمهم بر کا تک اللّٰھمَّ فرّقھم شعبًا واجعلھم طرائِق قدرًا وَلَا ترض عنھم الولاۃ ابدًا اللّٰھمّ اِن کُنتَ حَبَسْتَ عَنّا النصر فاجعلہ لنا ذخرًا عندک ثُمَّ نظراِلَی الغلام وقال بُعدًا لقوم قتلوک ومن خصمھم یوم القیامۃ جدّک وابوک یعزّو اللّٰہ علٰی عمّک اَن تدعوہ فلایجیبک اویجیبک فلاینفعک واللّٰہ ھٰذایوم کثروا ترہ وقلَّ ناصرہ ثم حمل علی صدرہ والقاہ بین القتلٰی من اھلبیتہٗ ۔ (اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات ۔صفحہ 286-285)

حضرت قاسم علیہ السلام خیام سے آتے ہی یزیدی افواج پر حملہ آور ہوئے اور برابر قتل عام جاری رکھا یہاں تک کہ دوسوسواروں کو واصل جہنم کردیا۔ مسلم خولانی بیان کرتا ہے کہ میرے پہلو میں ایک شامی فوجی تھا۔ اس نے کہا کہ اس نوجوان کو میں برابر دیکھتا رہا ہوں یقیناً اُس نے جوانمردی کی حد کردی ہے۔ میں ضرور اُسے قتل کروں گا۔ میں نے اُس سے کہا کہ خدا تجھے غارت کرے کیا تو اُس کی رسولؐ اللہ سے رشتہ داری کا بھی لحاظ نہ کرے گا۔ اُس نے میری بات کی طرف کوئی توجہ نہ دی۔ سوائے اس کے کہ وہ گھات میں لگ گیا۔ اور جیسے ہی اُسے موقعہ ملا اُس نے قاسم علیہ السلام کے سر پر ایسی ضرب لگائی کہ تڑپ کر گرے اور آواز دی کہ اے چچاؑ جان مدد کو آیئے۔ امام حسین علیہ السلام نے تیزی سے حملہ کیا اور اس قاتل کو ایک ایسی تلوار ماری کہ اُس کا آدھا سر کٹ گیا۔ اور مدد کرو مدد کرو، بچاؤ بچاؤ پکارنے لگا تو عمر بن سعد نے پوری فوج سے حملہ کیا۔ اور ادھر امامؑ نے فوج پر حملہ کر کے انہیں اِدھر اُدھر بھگا دیا۔ اور حضرت قاسم علیہ السلام کے پاس کھڑے ہوئے اور آبدیدہ ہو کر فرمایا کہ اے اللہ تُو جانتا ہے کہ ہمیں اِن لوگوں نے بلایا کہ وہ ہماری نصرت کریں گے۔ لیکن اُنہوں نے ہماری مدد نہ کی۔ یا اللہ اُن پر بارش بند کردے۔ اور اپنی برکت اُن پر حرام کردے۔ اُن میں ایسا تفرقہ ڈال دے کہ وہ ایک دوسرے کے جانی دشمن ہو جائیں۔ اور اُن کے کسی حاکم سے راضی نہ ہونا۔ اے اللہ تو نے ہماری نصرت کو روک لیا ہے اُسے ہماری خاطر اپنے پاس ہمارے لئے ذخیرہ رکھ۔ پھر حضرت قاسم علیہ السلام کی طرف دیکھا جو ایڑیاں رگڑ رہے تھے۔ فرمایا کہ اے بیٹے اللہ اُن لوگوں کو فنا کرے جنہوں نے تمہیں قتل کیا ہے۔ تمہارے داداؐ اور والدؑ قیامت میں اس گروہ سے انتقام لیں گے۔ بیٹے تیرے چچا پر یہ صورت حال بڑی شاق گزری ہے کہ تم مدد کو بلاؤ اور میں مدد نہ کر سکا اور مدد کو آیا تو تمہیں اس مدد سے فائدہ نہ پہنچا سکا۔ قسم بخدا یہ ایسا دن تھا جس نے پے در پے مصائب سے دوچار رکھا اور رفتہ رفتہ میرے تمام ناصروں کو ختم کردیا۔ پھر دولہا کو اس طرح اٹھایا کہ اُس کا سینہ اپنے سینہ سے لگا رکھا تھا۔ اور انہیں لا کر اہل بیتؑ کے باقی مقتولوں میں لٹا دیا۔

44۔ شہادت حضرت علی اصغر طفل شیر خوار علیہ السلام

(1)۔ امامِ زمانہ نجات دہندۂ نوعِ انسان قاسم علیہ السلام کی شہادت کے بعد

محبان اہلبیت علیھم السلام سوچیں کہ اگر عمر ابن سعد کو یا کسی اور یزیدی افواج کے سردار کو یہ یقین ہو جاتا کہ اب خیام حسینیؑ میں ایک بیمار و ناتوان جوان اور امام حسینؑ کے علاوہ کوئی اور مرد ایسا نہیں جو بارہ سال سے زیادہ عمر رکھتا ہو۔ تو وہ یقیناً حملہ اولیٰ کی طرح کا حملہ کر دیتے۔ لیکن حملہ اولیٰ کے بعد اُنکو جو تلخ تجربہ ہوا تھا۔ اُسکی وجہ سے پھر تمام دن اُنکو یہ علم نہ ہو سکا کہ لشکر حسینیؑ میں کتنے افراد باقی ہیں اور نہ یہ ہمت ہوئی کہ وہ اجتماعی حملہ کریں۔ ہم نے آپکے سامنے اس دَرہ نما گھاٹی کا نقشہ کھینچ دیا تھا۔ جس میں سپاہ اور حرم حسینیؑ نے پڑاؤ

ڈالا تھا۔حملہ اولیٰ میں جب وہ وقت آیا تھا کہ جب تمام خیموں کو گرانے اور آگ لگانے کیلئے حملہ کی اسکیم بنائی گئی تھی اور اُدھر امامؑ نے تمام انصار کو دو حصوں میں تقسیم کررکھا تھا۔ایک حصے نے میدان جنگ میں تہلکہ مچا رکھا تھا۔دوسرا حصہ خیموں کے اندر دو دو چار چار کرکے بٹھادیا گیا تھا۔اور امامؑ کے علاوہ کوئی شخص حسینیؑ کیمپ میں نظر نہ آتا تھا۔اس خالی کیمپ کو دیکھ کر ہمت بڑھی اور فوج کے سپاہی اندر داخل ہو گئے اور پھر خیموں میں داخل ہوگئے ۔ذرا دیر میں اندر بیٹھے ہوئے انصار نے اُن کی لاشیں خیموں سے باہر پھینک دیں یہ لوگ بہت حیران ہوئے ۔الغرض جو جدھر سے اندر گیا مرکر باہر آیا۔یوں ہزاروں آدمی ضائع کئے اور یہ اندازہ پھر بھی نہ ہوسکا کہ حسینؑ کے انصار کی تعداد کیا ہے؟ اُن کی زبانوں پر بھی منزل زبالہ پر باقی رہ جانے والوں کی وہی تعداد بہتر (72) تھی جو علما میں مشہور چلی آرہی ہے۔لیکن حملہ اولیٰ کی تعداد کے بعد اُنہیں یقین ہوگیا کہ انصاران حسینؑ ہرگز بہتر نہیں تھے۔اور لگا تار اِدھر سے جوانوں کا جاکر جہاد کرنا اور شہید ہونا اُنہیں حیرانی وتعجب کا شکار رکھتا رہا۔وہ دیکھ رہے تھے کہ حملہ اُولیٰ میں اور اس کے بعد بہتر کی تعداد کئی دفعہ ختم ہوچکی ہوتی مگر وہاں تو مجاہدین کا سلسلہ ختم ہی ہونے میں نہیں آتا۔اور امامؑ برابر کرسی نشین نظر آتے ہیں۔وہ یہ بھی بار بار آزما چکے تھے کہ جیسے ہی کوئی حسینیؑ مجاہد حسینؑ کو مدد کے لئے آواز دیتا ہے۔وہ بجلی کی طرح کوند کر شاہین کی طرح جھپٹا مار کر اور شیروں کی طرح فوجی بکریوں کو بھگا کر تن تنہا مجاہد کو اُٹھالے جاتے ہیں اور ہر دفعہ ہزاروں سپاہیوں کو قتل کر جاتے ہیں۔لہٰذا جب وہؑ بالکل اکیلے رہ جائیں گے تو خود میدانِ مقابلہ میں نکلیں گے۔اور یہی شناخت ہوگی اس بات کی کہ اب آپ تنہا رہ گئے ہیں۔اب وہ امامؑ کے استغاثہ کے معنی بھی یہ نہ لیں گے کہ امامؑ بے یار ومددگار رہ گئے ہیں۔اس لئے کہ ابھی ابھی آپ نے استغاثہ کیا تھا اور سب نے دیکھا کہ آپ یکہ وتنہا نہ تھے۔کیوں کہ اس کے ذرا دیر بعد ایک کفن پوش مجاہد میدان میں نکلا اور سینکڑوں سپاہیوں کو تہہ تیغ کر گیا تھا۔یہ تھی وہ صورتِ حال جو امامؑ کے طرزِ عمل اور جنگی اقدامات نے دشمن کے سروں پر سوار کردی تھی۔اور وہ بڑی گومگو اور تشویش میں مبتلا تھے۔اور کسی بڑے دھماکہ کا بے چینی سے انتظار کررہے تھے۔

(2)۔ امام حسینؑ کی تنہائی،استغاثہ اور استغاثہ کا نتیجہ؟

وقد نقله البعض علٰی وجه خاصّ وکانّه قدظفر بالخبر الوارد فیه وذلک حیث قال اَنَّهُ علیه السلام لمارای وحدته وَقتل جمیع انصاره ودغ عیاله واطفاله الصغاروخَرَجَ اِلَی المیدان وبَقَی واقفًا متحیّرًا مُتّکاءً عَلٰی رمحه مَرَّةً ینظر اِلٰی اخوته واولاده وبنی اَخیه وبنی عمّه صرعی مقتولین مجدّ لین ومَرّة ینظر اِلٰی غربته وَوَحْدَتِهٖ وانْفِرَدِهٖ ومَرَّةً ینظراِلَی النسآء وغُرُبَتِهِنَّ وَوَحْدَتِهِنَّ وعَطْشِهِنَّ وَمَایَرْجِعْنَ الیه مِنَ الْاَسُرِ والذِّل وَمَرَّةً ینظر الٰی شماتة الاعداء وتصمیم لِقَتْلِهٖ ثُمَّ نَادَی بِصَوْت عَالٍ حَزِیْنٍ ''اَمَا مِنْ نَّاصِرٍ یَنْصُرُنَا؟ اَمَا مِنْ مُغِیْثٍ یُغِیْثُنَا؟ هَلْ مِنْ مُوَحّدٍ یخاف اللّٰه فِیْنَا ؟اَمَامِنْ ذَابٍّ یَذَبُّ عَنْ حرم رسوْل اللّٰه ؟

(اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات۔صفحہ 396)

اور بعض اہل علم نے اُس خبر کو،خاص وجوہات کی بنا پر،نہایت صحیح سمجھا ہے جس میں یہ بیان ہوا ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے جب اپنی تنہائی کو دیکھا اور اپنے تمام مددگاروں کے قتل ہوچکنے پر نظر ڈالی اور اپنے اہل وعیال کے مصائب پر متوجہ ہوئے اور ننھے بچوں کی مظلومی کو سامنے رکھا اور میدان میں اپنے نیزہ پر سہارا لے کر متحیر اور پریشان ایسی جگہ کھڑے ہوئے جہاں سے کبھی اپنے تڑپتے ہوئے

مقتول بھائیوں کو دیکھ رہے تھے۔ کبھی اپنی اولاد کی لاشوں کو دیکھتے تھے۔ کبھی اپنے بھائیوں اور چچاؤں کی اولاد کے مقتولوں کے خون آلود چہرے دیکھ رہے تھے۔ اور کبھی غریب الوطنی اور پردیس میں تنہائی اور بے یارومددگار رہ جانے پرغور فرما رہے تھے۔ اور اہل حرمؑ اور مستورات کی غریب الوطنی، پردیس میں بے وارث و مددگار رہ جانے کا سماں سامنے کھڑا ہوتا تھا۔ کبھی تصور ہی تصور میں دیکھتے تھے کہ زینبؑ وکلثومؑ وسکینہؑ اور تمام خواتین قید کر کے لے جائی جارہی ہیں۔ اُن کے بھوکے پیاسے بچے بھی قید ہیں۔ دشمنانِ آل محمدؑ انہیں طعنے دے رہے ہیں، اُن کی توہین وتذلیل کر رہے ہیں۔ اور کبھی یہ سوچتے تھے کہ اب اِن لوگوں نے پختہ ارادہ کر لیا ہے کہ مجھے قتل کر کے رہیں گے۔ اب ان میں سے کوئی نصرت کو تیار نہ ہوگا۔ لہٰذا مجھے قتل ہونے سے پہلے ایک دفعہ پھر اتمام حجت کر دینا چاہئے اور یہ اتمام حجت پوری کائنات میں پہنچا دینا چاہئے تا کہ زمین وآسمان کی ساری مخلوق ذمہ دار پوزیشن اختیار کر لے اور کوئی غلط طور پر نجات حاصل نہ کر سکے اور کوئی بلاوجہ گمراہ وجہنمی نہ بن سکے۔ چنانچہ آپ نے نہایت غمگین و دلدوز لب ولہجہ میں بہت بلند آواز میں پکارا کہ:۔

''کیا کوئی ایسا مددگار نہیں ہے جو ہماری نصرت کرے؟ کیا کوئی ایسا فریادرَس نہیں ہے جو ہماری فریادسن کر چلا آئے؟ کیا کوئی بھی توحید کا قائل ایسا نہیں جو اللہ کے خوف سے ہماری مشکلات دور کرے؟ کیا کوئی محافظ ایسا نہیں جو حرم رسولؐ کا دفاع کرے؟''

(3)۔ یہاں ہمیں دو باتیں کہنا ہیں

امامؑ مظلوم پر جو کیفیات اور حال و مستقبل میں وارد ہونے والے واقعات گزر رہے تھے اُن کا بیان الفاظ میں کر دینا ہمارے لئے ناممکنات میں سے ہے۔ البتہ ہم اتنا ضرور کہہ سکتے ہیں کہ امامؑ پر وہ سب کچھ گزرا جسے بیان کرتے ہوئے چودہ سو سال کے قریب زمانہ گزر چکا اور جو ابھی تک پُورا بیان نہیں ہوسکا۔ ہمیں تو یہ بتانا ہے کہ اس روایت میں لفظ ''**میدان**'' سے سرکاری دماغ نے یہ سمجھا ہے کہ امامؑ نے یہ استغاثہ ''**میدان جنگ**'' میں کھڑے ہو کر کیا تھا۔ اِس سمجھ کا پاگل ہونا یا بہت چالاک ہونا کئی مادی ومحسوس دلائل سے ثابت ہے۔ **اوّل**۔ یہ کہ اس روایت میں صرف لفظ ''میدان'' ہے۔ ''مَیْدَ انُ الْحَرب''نہیں ہے اور میدان ہر کشادہ اور زیرآسمان جگہ کو کہتے ہیں۔ **دوم**۔ یہ کہ جہاں بھی امام حسین علیہ السلام کھڑے تھے وہاں سے انصار وخاندان نبوّت کے تمام شہدا کی لاشیں نظر آنا لازم ہے۔ **سوم**۔ یہ کہ امامؑ کو اتنی دیر تک میدان جنگ میں کھڑے رہنے دینا اُدھر ابن سعد اور لشکر یزید کی ثابت شدہ عادت اور عمل کے خلاف ہے۔ جنگ شروع ہو جانے کے بعد امامؑ پر حالت نماز میں تیر بارانی کی گئی تو اب کیا چیز مانع ہے۔ **چہارم**۔ یہ کہ امامؑ کا دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ کے سامنے یوں تصورات وخیالات میں محو کھڑا رہنا اور پھر اُن کے سامنے یہ استغاثہ کرنا نہ صرف امامؑ کی توہین وبے عزتی ہے بلکہ جن لوگوں کو بار بار آزما لیا گیا اُن سے استغاثہ بے معنی اور آزمودہ را آزمودن ہے جو امامؑ ہرگز نہ کریں گے۔ **پنجم**۔ یہ کہ یہ وہی استغاثہ ہے جس کا پوری کائنات میں سُنا جانا سرکاری علما نے بھی مان لیا ہے۔ لہٰذا یہ استغاثہ اُس میدان میں کھڑے ہو کر کیا گیا تھا جو حسینیؑ کیمپ میں خیام کے اندر تھا۔ جہاں سے تمام لاشیں بھی نظر آسکتی تھیں اور دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ کو بھی سنائی دے سکتا تھا۔ **ششم**۔ یہ کہ یہ استغاثہ سُننے کے بعد سے کم سِن شیرخوار نے خود کو جھُولے سے گرا دیا تھا اور ایک چیخ ماری تھی۔ چیخ سن کر ماںؑ، بہنیںؑ اور پھوپھیاں، جوقنات کے پاس امامؑ کا استغاثہ سن رہی تھیں دوڑ کر اندر خیمہ میں گئیں تو صحیح صورت حال سمجھ کر امامؑ کی بے کسی اور بچہ کی کوشش پر آہ وفریاد، نالہ وشیون بلند ہوا۔

اورامامؑ نے دریافت کیا کہ یہ نیا رونا پیٹنا کیسا ہے؟ تو انہیں علی اصغر علیہ السلام کا اقدام سنایا گیا۔ یہاں سوال یہ ہے کہ اگر آپؑ میدان جنگ میں ہوتے تو اہل حرمؑ سے دریافت کرنے کے لئے اُنہیں میدان جنگ سے آنے کے لئے وہ مسافت طے کرنا پڑتی جوخیام سے وہاں تک تھی اوراس کارروایات میں تذکرہ نہیں ہے۔لہٰذا آپ اپنے کیمپ کے اندرونی میدان میں تھے۔اگر آپ میدان جنگ میں ہوتے تو باقی بچوں کومیدان جنگ میں جا کر اپنی نصرت پیش کرنا پڑتی اورروایات کے مطابق جناب محمدؑ باقر اور جناب عبداللہ بن الحسنؑ مجتبیٰ تو کم ازکم ابھی باقی ہیں۔اُن کا میدان جنگ میں آ کر نصرت پیش کرنا بھی روایات میں نہیں ہے۔لہٰذا یہ استغاثہ خیام کے میدان سے کیا گیا تھا۔اس کے علاوہ باقی تمام بیانات ومقامات غلط ہیں۔

(4)۔ استغاثۂ مظلومؑ پر شش ماہہ بچہؑ اپنی تکلیف بھول گیا تھا

علامہ دربندی رضی اللہ عنہ لکھتے ہیں کہ:۔

والامرالاعجب انی لَمَّاوَصَلْتُ فی الکتابة اِلٰی ھذا المقام وَرَجَعْتُ فی ھٰذہ اللَّیْلَة بعد تقبیل العتبة الَی المنزل صادفت فی الطریق ثقة مِنَ الثقات وجرت قضیة شھادة ھٰذا الطّفل الرضیع سلام اللّٰہ علیہ وعلٰی ابیہ ۔فقال انَّ قضیة قَطَعَهُ القماط القائِهِ النفسہ الشریفہ عَلَی الارض مِمَّاذکرہ العالم الفاضل المحدث الحاج مُلّا رضا الاستر آبادی فی کتابہ وحاصل مااخبرنی اَنَّہ اِرْتَفَعَتُ العَجَّة والضجَّة بین النسوانِ فی الخیمة ورفعن الصوت بالبکآء ورجع الامامؑ الٰی نحوالخیام وسَئَلَ الصدیقةً الصغرٰی اعنی زینبؑ عن سبب تلک الحالة فَاَخْبَرَتْهُ بماصنع الطفل بعداستغاثتہ واستنصارہ ۔(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 395)

علامہ دربندی رضی اللہ عنہ لکھتے ہیں کہ:۔عجیب اتفاق ہوا کہ جب میں یہ کتاب لکھتا ہوا یہاں تک پہنچا اوراُسی رات کوحرم میں حاضری دینے کے بعد پلٹا توراہ میں ایک بہت ثقہ بزرگ سے ملاقات ہوئی اورطفل شیرخوارسلام اللہ علیہ کی اوراُن کے والد کی شہادت کا تذکرہ نکلا تو اُنہوں نے فرمایا کہ حضرت علی اصغرؑ کا جھولے کے تسمہ کوتوڑ دینے اورخودکوزمین پر گرادینے کا واقعہ جناب علامہ ومحدث الحاج ملا رضا استر آبادی نے اپنی کتاب میں لکھا ہے۔اس کا نچوڑ یہ ہے کہ جب علی اصغرؑ والے خیمہ میں مستورات کے اندرشوروا ویلا اورچیخوں کا ہنگامہ برپا ہوااوراُن کی آوازیں بلند ہوئیں توامامؑ متوجہ ہوئے اورخیمہ کے پاس آئے۔جناب زینب علیہا السلام سے اس تازہ حالت کا سبب معلوم کیا تو بی بی علیہا السلام نے فرمایا کہ آپ کے استغاثہ پر حضرت علی اصغرؑ نے جھولے کا تسمہ توڑ کر خودکوزمین پر گرادیا تھا۔اس ننھی سی جان کی اس پیشکش اورارادہ نصرت پر ہم لوگ بے قرار ہوگئے تھے۔

(5)۔ استغاثہ حسینیؑ نے عرشِ خداوندی کو ہلا دیا ملائکہ میں فریادوبکا

مومنین یادرکھیں کہ حضرت زینبؑ کا جواب سن کرلازم تھا کہ امام حسین علیہ السلام علیؑ اصغرکواُنکی کوشش پر داددیں، پیار کریں۔ چنانچہ امام علیہ السلام نے فرمایا کہ:۔

فتقدّ م الی باب الخیمة فقال لزینبؑ ناولنی ولدی الرضیع لَاُوَدّعہ فاخذہ واھوی الیہ لیقبلّہ.....

’’میرے نسلی بہادر بچہ کومیرے پاس لاؤ تا کہ میں اُس سے رخصت ہولوں۔چنانچہ جناب زینبؑ بچہؑ کو لائیں تو اُسے گود میں لے لیا اور

پیار کرنے کے لئے جھکے۔''اس صورت حال کو یہیں چھوڑ کراب ذرا بارگاہ خداوندی کو سامنے لاؤ کہ وہاں کیا ہو رہا ہے۔

فَلَمَّا نَادَیٰ ھذا النداء تزلزلت اَرْکَانُ العرش وقوامه وبکت السماوات وضجّة الملائکه واضطربت الارض فقال باجمعهم یارَبَّنَا ھذا حبیبک وقرة عین حبیبک فاذّن لنا لنصره وھُو (صلوات اللّٰه علیه) فی ھذه الحالة اِذًا وقعت صحیفة قدنزلت مِنَ السمآءِ فی یده الشریفة فلما فتحھا وَرای اَنّھاھِیَ العھد الماخوذ علیه بالشھادة قبل خلق الخلق فی ھذه الدنیا فلمانظرعلیه السلام الٰی ظھرتلک الصحیفة فاذاھو مکتوبٌ فیھا بخطّ واضح جلّی یا حسینٌ نحن ماحتمنا الموت وما الزمنا علیک الموت ومماالزمنا علیک الشھادة فلک الخیارولا ینقص حظّک عندنا ۔ فان شِئتَ ان نصرف عنک ھذه البلیّة فاعلم انّاقدجعلنا السماوات والارضین والملائکة والجنّ کلھم فی حکمک فامرفیھم بما ترید من اھلاک ھٰؤُلاء الکفرة الفجرة فاذا بالملائکه قد ملؤابین السَّماء والارض بایدیھم حربة من النار ینتظرون لحکم الحسینٌ وامره فیما یامرھم به مِن اعدام ھٰؤُلآء الفسقة فلما عرف علیه السلام مضمون الکتاب ومافی تلک الصحیفة رفعھاالی السمآء ورمی بھاالیھا ۔وقال وددت اَن اقتل واحیی سبعین مرّة اوسبعین الف مرة فی طاعتک ومحبتک وانی قد سامت الحیوٰة بعد قتل الاحبة سیما اذاکان فی قتلی نصرة دینک واحیاء امرک وحفظ ناموس شرعک ثم اخذعلیه السلام رمحه ولم یاذن للملائکة بشیءٍ وباشرالحرب بنفسه الشریفة۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 396)

وہاں عرش اعظم زلزلہ میں ہے۔عرش کے ستون لرز رہے ہیں۔آسمان رو رہے ہیں۔ملائکہ چیخیں مار رہے ہیں۔زمین میں اضطراب پھیلا ہوا ہے۔اورسب مل کر اللہ سے عرض کرتے ہیں کہ یہ تیرے پیارے رسولؐ کا فرزند ہے اُن کی آنکھوں کی ٹھنڈک اور چین کے ساتھ جو حالت درپیش ہے ہمیں اجازت دے کہ ہم اُن کی نصرت کریں۔اللہ نے اجازت دے دی۔اُدھر امامؑ کے ہاتھ میں آسمانوں سے ایک کتابچہ اُتر آیا۔آپ نے کھول کر دیکھا تو یہ وہی عہد تھا جو امامؑ سے تخلیق کائنات سے قبل لیا گیا تھا۔اور امامؑ اس معاہدہ کے پابند تھے۔اور کربلا کی شہادت وغیرہ اس میں تحریر تھی۔مگر اُس کی پُشت پر لکھا تھا کہ جو بڑا واضح اور بڑے بڑے حروف میں لکھا ہوا تھا۔کہ اے حسینؑ یہ صحیح ہے کہ ہم نے اس معاہدہ میں تمہاری شہادت اور موت کو تم پر لازم قرار دیا ہے۔ لیکن اس کے باوجود ہم تمہیں اختیار دیتے ہیں کہ اگر آپ چاہیں تو ہم اس معاہدہ کو واپس لے لیں اور ساتھ ہی تمہارے اجر اور مرتبہ میں کوئی کمی بھی نہ ہونے پائے۔ لہٰذا ہم اس آزمائش کو ختم کئے دیتے ہیں۔اور ہم یہ انتظام کر چکے ہیں کہ آسمانوں ،زمینوں اور جن وملائکہ کو تمہارے حکم کے ماتحت کر دیا جائے۔ لہٰذا اُن کو جو کچھ تمہارا دل چاہے حکم دو،وہ تعمیل کے لئے زمین وآسمان میں پھیل چکے ہیں اور ہر ایک جہنمی اسلحہ سے مسلح ہے۔تم چاہو تو ان کافروں اور لاقانون لوگوں کو ہلاک کرادو یہ سب آپ کے حکم کے منتظر ہیں۔اگر چاہو تو وہ ان تمام فاسقوں کو ملک عدم پہنچا دینے کو تیار ہیں۔جب امام علیہ السلام نے یہ سب کچھ پڑھ لیا تو اُس کتاب کو آسمان کی طرف بلند کیا اور پھر اوپر کو روانہ کر دیا اور فرمایا کہ اے اللہ اگر میں تیری اطاعت کے لئے اور تیری محبت میں اور تیرے دین کو زندہ کرنے میں اور تیری شریعت کو بحال رکھنے میں ستر مرتبہ یا ستر ہزار مرتبہ زندہ کیا اور پھر قتل کیا جاؤں تب بھی مجھے کوئی گرانی وناگواری نہ ہوگی۔میں نے تیرے دین کے لئے دنیا کی زندگی اور اپنے پیاروں کی زندگیوں کو قربان کر دیا ہے اور اب میں قربان ہوتا ہوں۔یہ فرمایا اور جنگ جاری رکھنے کے لئے اپنا نیزہ اور ہتھیار سنبھال لئے

اور ملائکہ کو کسی قسم کی بھی اجازت نہ دی۔ یعنی سب مایوس چلے گئے۔

(6)۔ **مگر امامؑ نے شِیر خوارؑ کی نصرت قبول فرمالی، میدانِ جنگ اور شِشماہہؑ**

آپ نے دیکھا تھا کہ اولادِ ابوطالب علیہ السلام میں سب سے چھوٹا بچہ مادی اور جسمانی قیود میں پابندی کے باوجود وہ سب کچھ سمجھتا تھا جو امامؑ پر گزر رہا تھا۔ اور کیوں نہ سمجھتا اُس میں علیؑ و فاطمہؑ کا خون تھا۔ اُس میں پنج تنی نور برسرِ کار تھا۔ مدینہ سے روانگی کے وقت وہ جس وعدہ کو سن کر حضرت فاطمہ صغریٰ علیہا السلام کی گود سے اُتر آیا تھا وہ اس وعدہ کو نہ بھولا تھا۔ وہ اپنی معصوم آنکھوں اور کانوں سے وہ سب کچھ سُن رہا تھا جو خیامِ حسینیؑ میں گزر رہا تھا۔ استغاثہ نے اُسے بتادیا کہ اب اس کا نمبر ہے۔ اب وعدہ حسینیؑ سامنے آرہا ہے۔ اس لئے اُس عمر میں جس قدر اختیار میں تھا وہ کر گزرے۔ اگر خانہ نبوّت کی پابندی نہ ہوتی تو وہ اُٹھ کر میدان جہاد میں اپنے پیروں سے چلے جاتے۔ لیکن اس فطری پابندی کا تقاضہ تھا کہ انہیں کوئی اور میدان میں لے کر جائے۔

(7)۔ **حضرت علی اصغر علیہ السلام کی شہادت قومی حکومت کے مُنہ پر طمانچہ**

قال الطبرسی فی الاحتجاج اَنَّهٗ لماقُتِلَ اصحاب الحسینؑ واَقَارِبُهٗ وبقی فریدًا وحیدًا لیس معه احد اِلَّاابنه علی زین العابدینؑ و ابنًا آخر فی الرضاع اسمه عبدؑاللّٰه۔فتقدم الحسین علیه السلام الٰی باب الخیمة فقال نا ولنی ذلک الطفل حتّی اودّعة فناولوه الصبّی فجعل یقبّله وهویقول یابُنّی ویل لهٰؤُلآء القوم اذا کان خصمهم محمدصلی اللّٰه علیه وآله ۔وقال یااُختاه اوصیک بولدی الاصغر فانّه طفل صغیر وله مِن العمر ستّة اشهر ۔ فقالت یاابا عبد اللّٰه ولدک ثلثة ایام ماشرب المآء فاطلب له من الناسِ شربة ماءٍ فاخذه الحسینؑ علی یَدَ یه وقال یاقوم انکم قتلتم شیعتی واهل بیتی وقد بقی هذا الطفل یتلظّی عطشانًا فاسقوه شربة مِنَ الماء فبینما هُوَ یخاطبهم اذرماه رَجل، منهم یقال له حرملة بن کاهل، فی نحره فجعل الامام یتلقی الدّم بیده ویرمی به الی السماء ویقول اللّٰهم انی اشهد ک علٰی هؤُلاء القوم الظالمین آلواعلٰی انفسهم ان لایبقوامِن ذریة محمدؐ احدًا ۔ ثم رجع الی الخیام. وعن الشعبی هُوَاَنَّ الحسینؑ لَمَّا مَضٰی بالطفل نحوالنسآء مخضّبٌ بدمائِه والحسینؑ یبکی فلما سمعت النساء بکائه خرجن الیه فوجدن الطفل علٰی صدره وهو مَیّتٌ فلمّارا ینه علٰی تِلک الحال تصارخن واَعْلنَّ بالبکاء علیه فاخذت امّ کلثومؑ الطفل وضمّنه الٰی صدرهاوجعلت نحره عندنحرهاواسبلت الیه عبرتها ثم نادت وا محمدّاهُ وعلیّاً ه ماذا لقینا بعدکما مِنَ الاعدآء والهفاه علٰی طفل خضّب بدمائه واسفاه علٰی رضیع فطم بسهام الاعدآء واحسرتاه علٰی قریحة الجفن والاحشاء ۔وعن حمید بن مسلم قال کُنتُ فی عسکر ابن زیاد فنظرتُ الی الطفل الذی قُتِلَ علٰی ید الحسینؑ واذا قد خرجت مِنَ الخیمة امراة کسفت الشمس بمحیاها وَهِیَ تعثر فی اذیالها تقع تارة وتقوم اُخرٰی وهی تنادی واولداهُ واقتیلاه وامهجة قلباه فبکت لسجعها بنواُمیّه حتّٰی آتت اِلَی الطفل الذبیح وسقطت علیه تند به طویلًا فخرجت خلفها بناتٌ کاللُّوء لوء المنثور والحسینؑ حینئذٍ یعظ القوم فردًّ مِن خیفه اَلَی تلک الامراة وجعل یسترعنها ویغطّها ویتلطف بِهَا حتّٰی ردها اَلَی الخیمة فقلت لمن حولی مَن هذه فقالوا ام کلثوؐم والبنأت فاطمةؑ الکبرٰی وسکینةؑ ورقیةؑ وزینبؑ فلم املک نفسی مِن کثرة البکآء وخرجت فارّاعلٰی وجهی۔وعن ابی الفتوح وکمال الدین حفرله بسیفه وصلّی علیه ودفنه۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 397)

علامہ طبرسی نے اپنی کتاب احتجاج میں لکھا ہے کہ جب امام حسینؑ کے تمام صحابہ اور اقربا قتل ہو چکے اور وہ تنہا بلامددگار اکیلے رہ

گئے اور سوائے علیؑ زین العابدین اور دوسرے دودھ پیتے بچے کے کوئی باقی نہ رہا تھا جس کا نام عبداللہ تھا۔ چنانچہ امام حسینؑ خیمہ کے دروازہ پر آئے اور فرمایا کہ مجھے علی اصغرؑ کو لا کر دو تا کہ میں اسے الوداع کہہ دوں اور رخصت ہو لوں۔ چنانچہ جب بچہ کو لایا گیا تو آپ نے اسے پیار کرنا شروع کیا اور فرمایا کہ خدا غارت کرے اُس قوم کو جس کے خلاف محمدؐ مصطفیٰ دعویٰ دائر کریں گے اور بہن سے فرمایا کہ اے زینبؑ میں تمہیں اس بچہ کے لئے وصیت وسفارش کرتا ہوں یہ کل چھ مہینے کا بچہ ہے۔ حضرت زینبؑ بولیں کہ بھائی وصیت وسفارش سے پہلے یہ غور فرمائیں کہ یہ بچہ تین روز سے پیاسا ہے۔ اُس کے لئے اِن لوگوں سے ایک دفعہ پینے کا پانی مانگ دیکھو۔ مطلب یہ کہ شاید اس کی کم سنی اور شیر خوارگی پر رحم آ جائے۔ چنانچہ امام حسینؑ نے بچہ کو ہاتھوں پر لیا اور میدان میں آ کر افواج سے کہا کہ تم نے میرے تمام شیعوں کو اور میرے خاندان کے لوگوں کو قتل کر دیا ہے۔ یہ ننھا سا بچہ باقی رہ گیا ہے جو پیاس کی وجہ سے قریب المرگ ہے۔ تم لوگ اس بچہ کو ایک دفعہ پانی پلا دو۔ امامؑ یہ اپیل کر رہے تھے، اتنے میں ایک شخص جسے حرملہ کہا جاتا تھا، نے تاک کر بچہ کی گردن پر تیر مارا اور بچہ امامؑ کے ہاتھوں پر تڑپ کر رہ گیا۔ امامؑ نے بچہ کا خون آسمان کی طرف روانہ کرنا شروع کیا اور اللہ سے کہا کہ اے اللہ میں تجھے گواہ کرتا ہوں کہ ان ظالموں نے محمدؐ کی ذریت کو دنیا سے ختم کر دینے پر کمر باندھ رکھی ہے اور کسی کو باقی چھوڑنا نہیں چاہتے۔ پھر آپ بچہ کی لاش کو لئے ہوئے خیام کی طرف پلٹے۔ شعبی نے وضاحت کی ہے کہ جب امام حسین علیہ السلام بچہ کی لاش کو لئے ہوئے مستورات کے قریب پہنچے تو بچہ خون میں نہایا ہوا تھا اور حسینؑ رو رہے تھے۔ جب اُن کے رونے کی آواز خواتین نے سُنی تو مستورات اُن کی طرف چلیں اور دیکھا کہ وہ علی اصغرؑ کی لاش کو سینہ سے لگائے ہوئے آ رہے ہیں اور بچہ مر چکا ہے۔ جب انہوں نے یہ حال دیکھا تو چیخیں بلند ہو گئیں اور بچے پر بے قرار ہو کر رونا شروع کیا۔ پھر ام کلثومؑ نے بچہ کو لے کر سینے سے لگایا اور زخمی گردن کو اپنی گردن سے لپٹا لیا۔ اور اُس پر درد انگیز بین کرنا شروع کر دیئے۔ فرماتی تھیں ہائے رسولؐ اللہ ہائے محمدؐ اور ہائے علیؑ مرتضیٰ آپ دونوں کے بعد دنیا نے ہمیں کیا کیا دکھایا اور کیسا کیسا ستایا ہے۔ بچہ کو خون میں نہلایا اور تیروں سے اُس کی دودھ بڑھائی کی رسم ادا کی ہے۔ افسوس ہزار افسوس کہ انہوں نے ہماری آنکھوں اور سینے میں زخم ڈال دیئے ہیں۔ حمید بن مسلم کہتا ہے کہ میں ابن سعد کی فوج میں تھا۔ میں نے اس بچہ کو دیکھا ہے جو حسینؑ کے ہاتھوں پر قتل ہوا تھا۔ اور جب وہ خیمہ کے پاس پہنچے تھے تو ایک ایسی خاتون نکلی کہ جس کے باہر آنے سے سورج کی روشنی پھیکی پڑ گئی تھی۔ اپنے طویل دامن میں اُلجھ اُلجھ جاتی تھیں، کبھی بیٹھتی تھیں کبھی کھڑی ہو جاتی تھیں اور فریاد کرتی آ رہی تھیں ہائے میں قربان جاؤں اپنے بیٹے پر ہائے بیٹے تجھے ذبح کر دیا گیا ہائے میرے لال میرا دل پھٹا جا رہا ہے۔ افسوس میری طاقت ختم کر کے جا رہے ہو۔ اُن کے بین سن سن کر بنی امیہ بھی رو رہے تھے۔ اسی حالت میں وہ بچہ کے قریب پہنچ کر اُس پر گر پڑیں اور بہت دل شکن بین کرتی رہیں۔ اُن کے پیچھے پیچھے کچھ لڑکیاں موتیوں کی طرح بکھر گئیں اور فریاد و بُکا کا دردناک منظر فضا پر چھا گیا۔ یہ وہ وقت تھا کہ امام علیہ السلام اس حال میں بھی افواج کو اپنی طرف سے نصیحت و ہدایت کر رہے تھے۔ لیکن اس اندوہناک حالت کو دیکھ کر واپس آئے اور اُس خاتون کو بچہ کی لاش سے دلاسہ دیتے ہوئے جدا کیا۔ اُن کے پردہ کے لئے اُن کے چہرہ کو ڈھک دیا اور بڑی منت و سماجت سے خیمہ کے اندر واپس کیا۔ میں نے اپنے ساتھیوں سے پوچھا تو معلوم ہوا کہ وہ اُم کلثومؑ تھیں اور وہ لڑکیاں فاطمہؑ کبریٰ و سکینہؑ اور رقیہؑ اور زینبؑ وغیرہ تھیں۔ مجھے خود کو سنبھالنے کی طاقت حاصل نہ

تھی کثرت گریہ نے آنکھوں سے فوارے چھوڑ رکھے تھے۔اس کے بعد امام علیہ السلام نے اپنی تلوار سے قبر کھودی اور شکر کی نماز ادا کی۔ پھر بچے کو دفن کر دیا۔اور ہاتھ جھاڑ کر احباب واصحاب اور عزیزوں اور اولاد کی قربانی سے فارغ ہو گئے۔

(8)۔ اؑمام کی اولاد کو اور کربلا کی قربانیوں کو کم کرنے کا ایک اور ثبوت

ہم تو مذہبی طور مخالفین محمدؐ وآل محمدؐ کے مخالف ہیں، دشمن ہیں اور اُن کے مذہب وتصورات کو کسی صورت میں پسند نہیں کرتے۔ اس لئے ہماری بات بلا غیر جانبدار گواہ کی تصدیق یا مسلمہ بین الفریقین دلیل کے ماننا غلط ہے۔اس لئے یہاں ایک مجتہد اور علامہ عصر مفتی سید طیب آغا الموسوی الحسینی الجزائری کا بیان سُن لیں اور امام حسینؑ اور اُن کے بیٹوں علیھم السلام کے ساتھ انصاف کریں اور ہمارے بیانات کی تصدیق فرمائیں لکھتے ہیں:۔

''معلوم ہونا چاہئے کہ واقعہ کربلا میں امام حسین علیہ السلام کے دو شیر خوار بچے پیکان ظلم سے شہید کئے گئے۔ایک کا نام عبداللہ جسکا ذکر مؤلف (محمد باقر مجلسی) علیہ الرحمہ نے فرمایا ہے۔یہ بچہ روز عاشور متولد ہوا تھا۔انکی والدہ ماجدہ ام اسحاق بنت طلحہ بن عبید اللہ تھیں دوسری روایت میں ہے کہ آپ نے اسکے دہن میں اپنی زبان دے رکھی تھی۔جس کو وہ بچہ بوجہ تشنگی چُوس رہا تھا کہ عبداللہ بن عقبہ غنوی نے ایک ایسا تیر مارا کہ وہ بچہ باپ کی آغوش میں درجہ شہادت پر فائز ہو گیا۔(دیکھو فرسان الھیجاء صفحہ 242 تالیف شیخ ذبیح اللہ محلاتی) دوسرا بچہ علیؑ اصغر تھا۔جسکی شہادت کا واقعہ عام طور پر زبان زد ذاکرین ہے۔مؤلف علیہ الرحمہ اور بعض دیگر علما نے صرف عبداللہ کا ذکر اس بنا پر کیا ہے کہ اُنکو خیال گزرا کہ دونوں ایک ہی ہیں۔حالانکہ تحقیق یہ ہے کہ یہ دونوں بچے علیحدہ تھے۔جیسا کہ دونوں کے نام، والدہ، عمر، کیفیت شہادت کے اختلاف سے ظاہر ہے۔حضرت علیؑ اصغر کی شہادت کا واقعہ شیعہ اور سُنّی دونوں مؤرخین نے ذکر کیا ہے۔چنانچہ صاحب ناسخ التواریخ لکھتے ہیں: ''ایک مرتبہ خیمہ سے نالہ وشیون کی آوازیں بلند ہوئیں۔علیؑ اصغر جو ابھی چھ مہینے سے زیادہ عمر نہ رکھتے تھے پیاسے بھوکے رو رہے تھے۔کیونکہ اُن کی ماں کا دودھ شدت عطش سے سوکھ گیا تھا۔امام حسین علیہ السلام نے یہ دیکھ کر فرمایا میرے بچے کو میرے سپرد کرو تا کہ اس کو بھی وداع کروں۔پس آپ نے اُس بچے کا قنداق پکڑ کر اُسے چوما اور فرمایا: وَيْلٌ لِهٰؤُلاءِ القَومِ اذا کان جدّک محمدؐ خصمهم. ہر اسکی حالت پر افسوس ہے جسکے دشمن بروز قیامت تیرے جد محمد مصطفیٰؐ ہونگے۔پھر آپ اُس بچے کو لے کر صف اعدا کے سامنے آئے۔گویا فرما رہے تھے کہ بارِالٰہا اب میری جھولی میں سوائے اِس گوہر کے کچھ باقی نہیں رہا۔اب اس کو بھی تیری بارگاہ میں فدیہ کرنے لایا ہوں۔اُس وقت آپ نے کوفیوں سے خطاب کیا کہ اے شیعان آل ابوسفیان اگر مجھ کو گنہگار جانتے ہو تو اس بچہ کا کیا قصور ہے؟ اس کو تو پانی پلا دو۔کیوں کہ اُسکی ماں کا دودھ شدت عطش سے خشک ہو گیا ہے۔اؑمام کی بات کا کسی نے جواب نہ دیا۔حُرملہ بن کاہل اسدی نے اُس بچہ کی طرف ایک ایسا تیر روانہ کیا۔جو علیؑ اصغر کے گلے پر پڑا اور خون جاری ہوا۔امامؑ نے فرمایا اے پروردگار اس بچہ کے خونِ ناحق کو ناقۂ صالحؑ کے خون سے کمتر نہ قرار دے۔الخ (ناسخ التواریخ جلد 6 صفحہ 225)۔اسی مضمون کے قریب قریب اہلسنت میں سے علامہ سبط ابن جوزی نے بھی اپنی کتاب تذکرہ خواص میں ذکر کیا ہے۔اسکے علاوہ دیگر کتب میں یہ واقعہ ھائلہ اور تفصیل سے مذکور ہے یہاں بخوف طوالت ترک کیا کیوں کہ مقصود صرف ترجمہ ہے۔تحقیق نہیں۔ج۔ز 12'' (ترجمہ بحار الانوار حصہ اوّل۔صفحہ 252 وصفحہ 253 حاشیہ میں)

(9)۔ **مولانا ومفتی ومجتہد جزائری کے لئے چند باتیں**

علامہ نے آخری سطور میں شکایت کا موقعہ فراہم کر دیا۔ شکایت یہ ہے کہ علامہ موصوف بحارالانوار کے حسینیؑ حصہ کا ترجمہ کر کے شیعہ پبلک کو دینا چاہتے تھے۔ اور اُنہوں نے ترجمہ کر دیا۔ جو شائع ہوا اور 1962ء سے دھڑا دھڑ بکتا اور ناشر ومترجم کے بینک بیلنس میں اضافہ کرتا چلا آ رہا ہے۔ اگر علامہ کا مقصد روپیہ کمانے کے علاوہ یہ بھی تھا کہ ملت شیعہ کو امام حسینؑ، خانوادۂ نبوتؐ اور واقعات کربلا کے صحیح حالات معلوم ہوتے تو اُنہوں نے بہت غلط کتاب کا انتخاب کیا اور اس انتخاب کی غلطی کو خود ہی بیان بھی کر دیا یعنی فرمایا کہ:
''یہی وجہ ہے کہ اس میں بہت سی ضعیف وغیر معمول بہ روایات بھی آ گئی ہیں۔ کیونکہ مؤلف کا مقصد تحقیق نہ تھا بلکہ جمع آوری تھا۔''
(حرف آغاز ترجمہ حصہ اوّل صفحہ 7)

یعنی علامہ نے ایسی کتاب کا انتخاب کیا جس میں ''بہت سی ضعیف وغیر معمول بہ روایات'' بھی تھیں۔ اور جس کے مؤلف کا مقصد تحقیق نہیں تھا۔ یعنی علامہ جزائری نے اُدھر ضعیف اور غلط روایات والی کتاب کا ترجمہ کر کے شیعوں میں ضعیف وغلط روایات آگے بڑھانے کا کام کیا اور جس طرح چار سو سال قبل کے عالم نے تحقیق کئے بغیر شیعوں کو غلط اور ضعیف روایات میں اُلجھایا تھا۔ اُسی طرح جزائری صاحب بھی صرف ترجمہ کرنے پر اکتفا کریں گے۔ تحقیق سے اُن کا بھی کوئی سروکار نہیں ہے۔ بات واضح ہوگئی کہ یہ مشہور ومعروف علما شیعوں کو تحقیق سے دُور رکھنا چاہتے رہے ہیں۔ بتایئے اِس سے بُری بات اور کیا ہوسکتی ہے کہ ملتِ شیعہ کے قائدین، علما اور راہنما شیعوں کو یوں گمراہ کرنا اور رکھنا چاہیں۔ اور شیعہ مومنین بلا غور وفکر کئے اُن کے پیچھے دوڑتے چلے جائیں؟ حالانکہ شیعہ مذہب کی بنیاد اس اصول پر قائم ہے کہ معصومؑ کے سوا ہر خاطی کی بات بلا تنقید ہرگز قبول نہ کی جائے۔ بہرحال یہ اندھے اور تحقیق کے دشمن علما ملت شیعہ کو تباہ نہ کریں تو اور کس کو تباہ کریں۔

(10)۔ **امامؑ کے استغاثہ پر حضرت امامؑ زین العابدین کا ردِعمل؟ اعلانِ امامت**

یہ بات قطعاً قدرتی اور قابل فہم ہے کہ استغاثہ کے فوراً بعد حضرت علی اصغر علیہ السلام نے بڑی عجلت اور صبر آزما انداز میں خود کو پیش کر دیا ورنہ قاعدہ کی رُو سے حضرتِ زین العابدین علیہ السلام کو پہلا نمبر لینا چاہیئے تھا۔ اب یا تو یہ کہیئے کہ حضرت علی اصغرؑ جانتے تھے کہ امام زین العابدینؑ شہدا کی فہرست میں شامل نہیں ہیں اور یہ نمبر صرف میرا ہے۔ اس لئے اُنہوں نے بلا وقفہ اور بلا تاخیر خود کو جھولے سے گرا دیا اور جب تک شہید نہ ہوگئے اہل خیام کو لگاتار مصروف رکھا اور اتنا ہوش ہی نہ لینے دیا کہ کوئی اور استغاثہ کے جواب میں خود کو پیش کرے۔ یا یہ کہہ لیں کہ امام زین العابدینؑ اتنے بیمار تھے اور غشی کا یہ عالم تھا کہ استغاثہ نہ سن سکے مگر یہ ناممکن تھا۔ اِس لئے کہ اُس استغاثہ کو اللہ نے ہر مخلوق کو ہر حال میں پہنچایا تھا۔ پھر یہ کہنا پڑے گا کہ سید سجاد علیہ السلام ضعف ونقاہت کی بنا پر جلد حاضر نہ ہوسکے۔ بہرحال میرا ایمان پہلی بات پر ہے۔ کچھ بھی ہو حضرت علی اصغرؑ کی شہادت کے بعد جناب امام زین العابدینؑ کے متعلق علامہ ابوالفرج اصفہانی نے لکھا ہے کہ:۔

فی روایة ابی الفرج ثم التفت سید الشهدآءؑ عن یمینه فلم یرا احدًا مِن الرجال والتفت عن یساره فلم یرا احدًا ۔فخرج

علیٌّ بن الحسینٌ زین العابدین و کان مریضًا لا یقدر اَن یسلّ سیفه و ام کلثومٌ تنادی خلفه یابُنَیَّ ارجع ۔ فقال یاعمّتاه زرینی اقاتل بین یدی ابن رسولؐ اللّٰه ۔ فقال الحسینٌ یاام کلثومٌ خذیه لئَلّا تبقی الارض خالیّة مِن نسل آل محمدؐ ۔وقال یاولدی ماترید تصنع؟ قال یاابه اِنَّ نداءَ ک قدقطع نیاط قلبی وهَیَّج ساکن لُبّی وارید ان افدیک بروحی۔ فقال علیه السلام یاولدی انت مریض لیس علیک جهاد وانت الحجّة والامام علی شیعتی وانت ابو الائمة علیهم السلام وکافل ایتام والمتکفل للارامل وانت الرادّ لحریمی اِلی المدینة وَحاشا لِلّٰهِ ان تبقی الارض بلاحجة مِن نسلی وکانی یراک یاولدی اَسِیرٌ ذلیلٌ مغلولة یداک موثوقة رجلاک ۔فقال علیٌّ بن الحسینٌ اَ تقتل وانا انظر الیک؟لیت الموت اعد منّی الحیوة روحی لروحک الفداء ونفسی لنفسک الوقاء ۔ فقال الحسینٌ یاعلیٌّ انت الخلیفة مِن بعدی والوالی علٰی شیعتی والقائم باوامرالدین والهادی الٰی صراط المستقیم والحافظ لعلوم ابی وجدّی ثُمَّ اعتنقه وبکی بُکاءً شدیدًا ولایخفی علیک اَنَّ علیٌّ بن الحسینٌ المسعودی قدروی فی کتاب اثبات الوصیة فی حدیث اِنّ الحسینٌ فی وقت قتاله بکربلا احضر علیٌّ بن الحسینٌ وکان علیلًا واوصی الیه بالاسم الاعظم ومواریث الانبیآءٌ وعرّفه اَنّه قددفع العلوم والصحف والمصاحف والسلاح الٰی امّ سلمة وامرها اَن تدفع جمیع ذلک اِلَیه۔قال وروی انّه علیه السلام فی ذلک دَعَا ابنتهٖ الکبری فاطمّة فد فع الیها کتابًا ملفوفًا وَاَمَرَهَا اَن یسلّمه الٰی اخیها علیٌّ بن الحسینٌ فسئل العالم ای شیئ کان فی الکتاب فقال فیه و اللّٰه جمیع مایحتاج الیه ولدآدم الٰی فناء الدنیا وقیام الساعة۔

(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 398-397)

شہادت علی اصغر علیہ السلام کے بعد امامؑ نے اپنے داہنے بائیں دیکھا تو کوئی قابل نُصرت مرد موجود نہ تھا۔اُس وقت جناب زین العابدینؑ باہر نکلے تو ام کلثومؑ نے پکارا کہ اے بیٹے واپس آ جاؤ۔اس لئے کہ وہ سخت بیمار تھے اور اتنی طاقت ہی نہ رکھتے تھے کہ تلوار بلند کرسکیں۔لیکن انہوں نے فرمایا کہ پھوپھی اماں مجھے میرے حال پر چھوڑ دو تا کہ میں بھی فرزند رسولؐ کے سامنے جہاد کروں۔اِدھر امامؑ نے فرمایا کہ بہن اُن کو واپس لے جاؤ تا کہ زمین نسل آلِ محمدؐ سے خالی نہ رہ جائے۔اورحضرت سجادؑ سے کہا کہ بیٹے تم کیا کرنے کا ارادہ رکھتے ہو؟ عرض کیا کہ بابا جان آپؑ کے استغاثہ نے میرے قلب کی نالیوں کو کاٹ ڈالا اور میرے غور وفکر کی قوت کو ہیجان میں ڈال دیا ہے۔اور میرا اب یہ ارادہ ہے کہ میں آپ پر اپنی جان فدا کر کے رہوں۔امام علیہ السلام نے فرمایا اَے بیٹے تم بیمار ہو اور بیمار پر جہاد واجب نہیں ہوتا اور تم حجت خداوندی ہو۔ اور ہمارے شیعوں پر امام ہو اور تم بعد میں آنے والے اماموںؑ کے والد ہو۔اور تم یتیموں اور بیواؤں اور لاوارث خواتین کی کفالت کے ذمہ دار ہو اور تم میرے حرم کو مدینہ میں واپس لے کر جانے والے ہو۔اور اللہ کو ہرگز یہ بات پسند نہیں ہے کہ ہماری نسل سے اس زمین پر کوئی بھی حجت خدا موجود نہ رہے۔اور میں تو یہ دیکھ رہا ہوں کہ تم قیدی بنائے گئے ہو، ذلیل کئے جا رہے ہو۔اور اے بیٹے تمہیں طوق و زنجیر پہنایا گیا ہے اور پاؤں اونٹ کے نیچے باندھے گئے ہیں۔یہ سن کر سید سجادؑ نے عرض کیا کہ اے بابا یہ کیسا ہولناک منظر ہوگا کہ آپؑ قتل ہوں اور میں دیکھتا رہوں۔کاش میری یہ زندگی موت سے بدل گئی ہوتی ؟ میری روح آپؑ کی روح پر فدا ہوتی اور میری زندگی آپؑ کے تحفظ میں کام آتی ؟ امامؑ نے فرمایا کہ بیٹے تم میرے بعد خلیفہ خداوندی ہو اور ہمارے شیعوں کے حاکم ہو اور صراط مستقیم کی طرف ہدایت کرنے والے ہو۔اور میرے اور میرے باپ دادا کے علوم کے محافظ ہو۔ پھر حضرت زین العابدؑین کو گلے

لگا کر رخصت ہوگئے اور بہت گریہ کیا۔ یہ بھی مخفی نہ رہے کہ علامہ مسعودی نے اپنی کتاب اثبات الوصیۃ میں لکھا ہے کہ امامؑ نے میدان جنگ میں نکلنے سے پہلے امام زین العابدؑین کو حاضر ہونے کا حکم دیا حالانکہ وہ بیمار تھے۔ اسکے بعد اُنہیں اسم اعظم اور وراثت انبیؑا کی وصیت کی۔ اور انہیں بتایا کہ میں نے حضرت ام سلمہؑ کو قران کریم اور دیگر کتبہائے خداوندی اور اسلحہ اور دیگر علوم خداوندی کی کتابیں سونپ دی تھیں۔ اور انہیں بتادیا تھا کہ جب تم واپس مدینہ پہنچو تو تمام تبرکات وغیرہ تمہیں دے دیں۔ اور یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اپنی بیٹی جناب فاطمہؑ کبریٰ کو ایک لپٹی ہوئی کتاب دی تھی کہ جب مناسب ہو تو اپنے بھائی زین العابدؑین کے حوالے کردینا۔ امامؑ سے معلوم کیا گیا تھا کہ اس کتاب میں کیا مضمون تھا؟ فرمایا کہ قیامت تک جن جن چیزوں کی نوع انسان کو احتیاج ہوگی سب کا ذکر وتدارک اور حصول کا طریقہ اس میں لکھا ہوا تھا۔ یوں سلسلۂ امامتؑ جاری رکھنے کیلئے حضرت زین العابدؑین کو شہادت سے مستثنیٰ کرکے شدید ترین اور ہاشمی مردوں کیلئے ناقابل برداشت مصائب وآلام کا نشانہ بنادیا گیا۔ قید وبند؛ تذلیل وتوہین؛ اہل حرمؑ کے ساتھ ملک بھر میں تشہیر؛ رسولؐ زادیوں کی بے پردگی؛ اُن کی اسیری اور تذلیل وتوہین برداشت کرنا۔ زندان شام کی صعوبتوں سے گزرنا اور مدینہ تک تمام حالات بتادیئے گئے۔

45۔ راہنمائے شہدائے نوع انسان یعنی امام حسین سید الشہداعلیہ السلام

وہ حضرات جو بات بات میں مادیت کو دلیل اور معیار بنایا کرتے ہیں۔ وہ علما اور دانشورانِ انسانیت جو ہر اس بات کو ماننے سے انکار کرتے ہیں جو اُن کے مقرر کردہ حدودِ آدمیت سے باہر نکلتی ہو۔ مثلاً ایک آدمی پہاڑ نہیں اُٹھا سکتا، آدمی یہ نہیں کرسکتا، آدمی سے وہ نہیں ہوسکتا، یہ ممکن ہے وہ ناممکن ہے۔ ایسے علما اور دانشور ہمیں بتائیں کہ اگر اُن کے سامنے اُن کا بچہ قتل کیا جائے تو اُن پر کیا کیا کیفیات طاری ہوں گی؟ اور اگر وہ بچہ شیر خوار ہو تب؟ اگر وہ تین روز کا پیاسا بھی ہو تب؟ اور وہ علما اور دانشور خود بھی تین روز سے بھوکے اور پیاسے ہوں تب؟ اور اگر وہ بچہ اٹھارہ یا اُنیس سال کا کڑیل جوان اور بے نظیر حَسین ہو تب؟ اور اگر پانچ بیٹے قتل کئے جائیں تب؟ پھر اگر اُن کی وجہ سے اور اُن کے لئے تین سو سے زیادہ مردوں، عورتوں اور بچوں کو تین چار روز سے بھوکا پیاسا رکھا اور قتل کیا گیا ہو تب؟ اور قتل ہونے والوں میں نمازی، پرہیز گار و تہجد گزار و حافظانِ قرآن اور علما و دانشور ہوں تب؟ اور اُن میں درجنوں بھائی اور بھتیجے اور بھانجے بھی بھوکے پیاسے آنکھوں کے سامنے قتل کئے گئے ہوں تب؟ اور اگر یہ نو (9) صورتیں پیدا ہونے تک اُن علما و دانشوروں کے جسم سے کئی سیر خون بھی نکل چکا ہو تب؟ اور اگر تیروں اور تلواروں اور نیزوں سے اُن کا اپنا جسم بھی زخموں سے بھرا ہوا ہو تب؟ ہمیں وہ کیفیات الفاظ میں بتائیں اور وہ تمام مادی وجوہ بتائیں جو اُس کا دماغی توازن برقرار رکھیں، جو اُس کو پاگل نہ ہونے دیں؟ جو اُس کی حرکت قلب کو رُکنے نہ دیں؟ جو اُسے نڈھال کرکے گرانہ دیں؟ جو اُسے مخالفین کے سامنے ہاتھ پھیلانے سے روک سکیں؟ جو اُسے برابر سرکشی پر قائم رکھیں؟ اور جو اِن تمام حادثات ومظالم گزر جانے کے بعد بھی اُسے گھنٹوں جنگ کرنے کے قابل رکھیں؟

مادہ پرستوں سے یہ سترہ سوال اس لئے کئے گئے ہیں کہ وہ ہم سے دریافت کیا کرتے ہیں کہ امام حسین علیہ السلام نے اتنے آدمیوں کو کیسے قتل کیا؟ فلاں مجاہد نے اتنے بہادروں کو کیسے شکست دی؟ ہمارا مختصر جواب یہ ہے کہ جس مادی قوت سے امامؑ نے وہ سترہ

سوال حل کیئے اُسی طاقت سے میدان کربلا میں سب کچھ کیا۔اس قدر اور سن لیں کہ وہ سب کچھ اُن کی مادی قوت کی انتہا نہ تھی۔اُنہوں نے اپنی مادی قوت کا ہزارواں حصہ (1/1000) بھی استعمال نہیں کیا۔اُن کی مادی قوت پوری کائنات کو آن کی آن میں مسمار کر کے رکھ سکتی تھی اور یہ کہ مادہ اور مادی قوت ہماری زبان میں اُس تمام سامان کو اور اُس تمام قوت کو کہتے ہیں جو اللہ نے پیدا کیا اور انہیں عطا فرمایا۔ ہمارے یہاں اللہ کے علاوہ باقی سب کچھ مادہ یا مادی ہے۔ ملائکہ ہوں یا ارواح ہوں نُور ہو یا ظلمات ہوں یہ تمام مخلوق و مادہ اور فانی ہیں۔ یہاں صرف دو چیزیں ہیں۔ایک خالق اور دوسری مخلوق۔اور مخلوق میں وہ مخلوق بھی ہے جو تم ایسے علما و دانشوروں کو **كَـا لْاَنْـعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ** (اعراف 7/179) اور **ابوجہل** قرار دیتے ہیں۔اس لئے کہ تم نہ مادہ کو جانتے ہو نہ مادی قوتوں اور وسعتوں سے واقف ہو۔ نہ تمہیں قوت وطاقت معلوم نہ اُن کا فرق معلوم نہ حدود اربعہ معلوم۔ نہ تم دین سے واقف نہ تمہیں دنیاوی علوم سے واسطہ۔تم نے اپنی جہالت کی نمائش کے لئے چند جاہلانہ اصول گھڑے اور پھر اپنے جہل مرکب میں اُلجھ کر رہ گئے۔سُنو! حسینؑ کا رنامے سنو!!

(1)۔ امام حسین علیہ السلام کی رخصت اور میدان جنگ کو روانگی

اِس وقت امام حسینؑ کے قلب وذہن پر جو سب سے زیادہ پریشان کرنے والی فکر وتشویش غالب ہے اور جس چیز نے اُن کو آخری سانس تک نہ یکسوئی سے جنگ کرنے دی اور نہ اُنہیں چین سے جاں بحق ہونے دیا۔وہ یہ تصور تھا کہ میرے میدان میں نکلتے ہی دشمنانِ اہلبیتؑ کو یہ یقین ہو جائے گا کہ اب حسینؑ کیمپ میں کوئی اور مرد باقی نہیں ہے۔اور اس یقین کے بعد ہر لحہ یہ ممکن رہتا چلا جائے گا کہ کوئی فرد یا افراد یا فوجی دستہ اہل حرمؑ پر حملہ کر دے، خیام کو لُوٹ لے یا خیام میں آگ لگا دے۔اب آپ اہل حرمؑ سے یعنی اپنی ازواج سے، اپنی بہنوں، بیٹیوں، بھتیجیوں، بھانجیوں اور شُہدا کی بیواؤں سے اور پسر مردہ ماؤں سے رخصت ہونا چاہتے ہیں۔جنہوں نے اسلام پر اپنی جانیں قربان کر دیں اور اپنی ماؤں اور بیویوں کو اہلِ حرمؑ کے تحفظ میں چھوڑ دیا تھا۔اس رخصت میں ایک بہت دردناک بات سامنے آئے گی۔اور وہ یہ ہے کہ امام علیہ السلام جہاں اپنی شہادت کے بعد اہل حرمؑ کی قید اور لُوٹے جانے کا غم دل میں چھپائے ہوئے ہیں وہیں یہ خیال بھی ہے کہ اُن کے جسم کا لباس بھی لُوٹ لیا جائے گا۔چنانچہ آپ لباس جنگ پہنتے ہوئے سب سے نیچے ایسا لباس پہننا چاہتے ہیں جو بالکل بیکار ہو، جو کسی کے کام نہ آسکے۔اور جب باقی کپڑے اتار لئے جائیں تو اُس بوسیدہ لباس کو چھوڑ دیا جائے۔تاکہ امامتؑ کا پردہ اور شرم برقرار رہ سکے۔ وہ بڑا صبر آزما وقت تھا جب آپ نے اپنی چاہنے والی بہن سے ایسا لباس مانگا اور اُن کے سوالات کے جوابات دیئے اور اصل مقصد ظاہر کیا۔ بہر حال آپ نے اتنا ہی نہیں کیا بلکہ باقی لباس بھی مناسب جگہ سے پھاڑ پھاڑ کر پہنتے جا رہے تھے۔اب آپ روایات میں جھانکئے اور پہلی بات یہ نوٹ کر لیجئے کہ ہم نے علما کی لکھی ہوئی مشہور تعداد اٹھارہ (18) بنی ہاشمؑ کی جگہ بتیس (32) شہدائے اہلبیتؑ اسی ریکارڈ سے نام بنام پیش کیئے اور اب آنے والی روایت میں وہ تعداد جسے تمام شہدائے کربلا کی تعداد بتا کر بہتر (72) ٹوٹل مشہور کیا گیا تھا وہ تعداد صرف شہدائے بنی ہاشمؑ کی تعداد ثابت ہوتی ہے۔اور جب نام بنام ایک سو چھبیس (126) انصار اور حملہ اولیٰ کے غیر معروف سولہ (16) شہدا کی تعداد میں بہتر (72) بنی ہاشمؑ کے شہدا جمع کر دیئے جائیں (214=126+16+72) تو یہ تعداد بڑھ کر دو سو چودہ ہو جاتی ہے۔اور منافقوں کو نکال کر یہ وہی تعداد ہے جو جنگ بدر میں مومنین علیہم السلام کی تھی۔

(2)۔ امام حسین علیہ السلام میدان جنگ کی تیاری کرتے ہیں (روایات کے الفاظ میں)

وفی المنتخب اَنَّ الحسینؑ نظر الیٰ **اِثْنَیْنِ وسَبْعِیْنَ رَجُلًا مِنْ اهل بیته صرعی**،فالتفت اِلَی الخیام ونادی یاسکینة یافاطمة یازینب یاام کلثوم عَلیکنّ مِنّی سلام ۔فنادته فاطمة یاابة أَ تسَلَّمْتَ الموت ؟ فقال علیه السلام کیف لایستسلم مَنْ لَا ناصرله ولا معین؟فتصارخن النسآء فسکتهنّ الحسینؑ وقال اسکتن فَاِنّ البکاءَ اَمَامُکُنَّ ۔ثم قال لاخته یااختاه ایتینی ثبوب عتیق لایرغب فیه احدٌ مِن القوم اجعله تحت ثیابی لَئَلّا اجرّد منه بعدقتلی ۔ثمّ آتوه بتبّان فابیٰ اَن یلبسه وقال هذا اللباس اهل الذمة ثمّ اتوه بشی اوسع منه دُون السراویل وفوق التبان فلبسه فارتفعت اصوات النسآء بالبکاء والنحیب ثم اوتی بثوب فَخرّقه ومَزّقه مِن اطرافه وجعله تحت ثیابه وکان له سروال جدید فخرقه ایضًا لِئَلّا یسلب منه ۔قال فَلمّا لبس الحسینؑ ذلک الثوب المخرّق وَدّ عَ اهله واولادهُ واقبل علیٰ ام کلثوؐم وقال لها اُوصِیْکِ یااخیّة بنفسکِ خَیرًا فَاِنی بارزالیٰ هٰؤُلاء القوم ۔فاقبلت سکینة وهی صارخة وکان یحبّها شدیدًا فَضَمَّهَا اِلیٰ صدره ومسح دموعها بِکمّه وقال سیطول بعدی یاسکینة فاعلمی منکِ البکاء اذالحمام دهانی لا تحرقی قلبی بدمعک حسرة مادام مِنّی الروح فی جثمانی ۔(اکسیر العبادات فی اسرار الشهادات ۔صفحہ 404)

کتاب المنتخب میں لکھا گیا ہے کہ امام علیہ السلام نے خاندان اہلبیتؑ کی بہتر (72) لاشوں پر نظر ڈالی ۔ پھر خیام کی طرف متوجہ ہوئے اور حسرتناک آواز دی اور پکارا کہ اے بیٹی سکینہؑ اور اے فاطمہؑ اور اے بہن ثانی زہرا زینبؑ اور اے اُم کلثوؐم اور تمام اہل حرمؑ تم پر میرا آخری سلام ہے ۔ آؤ مجھے رخصت کردو یہ سن کر تمام خواتین اور بچیاں گرد و پیش جمع ہوگئیں ۔ آخری رخصت کے الفاظ نے سب کا دل ہلا کر رکھ دیا اور اپنی بے چارگی اور دشمنوں کا ظلم اور زیادتیاں آنکھوں کے سامنے پھر گئیں ۔ حضرت فاطمہ کبریٰؑ نے ہمت کر کے سوال کر ہی دیا کہ باباؑ ہمیں کسمپرسی کے عالم میں چھوڑ کر آپ نے مرجانے کو منظور کر لیا ہے؟ آپؑ نے فرمایا کہ بیٹی جس شخص کا کوئی مددگار اور پشت پناہ نہ ہو وہ اس کے سوا اور کیا کر سکتا ہے؟ یہ سُن کر اہل حرمؑ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے اور چیخیں بلند ہوگئیں ۔ امامؑ نے تسلی و دلاسہ دیا اور فرمایا کہ ابھی تو تمہیں آنے والے زمانہ میں بہت رونا ہے ۔ پھر اپنی بہن سے کہا کہ مجھے کوئی اتنا بوسیدہ اور پرانا لباس لا کر دو جو کسی کے کام کا نہ رہا ہو، تاکہ میں اُسکی وجہ سے برہنہ کیا جانے سے بچ سکوں اور جب سب کپڑے اتار لئے جائیں تو اُسے کوئی نہ لے ۔ اس پر انہیں ایک نیکر نما لباس دیا گیا ۔ آپؑ نے اُسے ناپسند کر دیا کہ وہ پناہ گیروں کا لباس تھا ۔ پھر ایسا لباس دیا گیا جو شلوار سے تنگ لیکن نیکر سے کشادہ تھا ۔ جب آپؑ نے اسے پہن لیا تو خواتین پھر بے قرار ہوگئیں ۔ پھر ایک اور کپڑا دیا گیا ۔ آپ نے اسے بھی اِدھر اُدھر مناسب جگہوں سے پھاڑ کر بیکار کیا اور نیچے پہن لیا ۔ ایک نئی شلوار دی گئی اُسے بھی پھاڑ کر پہنا تاکہ لوٹنے سے بچ جائے ۔ جب آپ نے یہ پھٹا پرانا لباس پہن لیا تو اب اپنی ازواج اور اولاد اور متعلقین سے رخصت ہونا شروع کیا ۔ چنانچہ جناب ام کلثوؐم سے فرمایا کہ اے میری صاحب جلال بہن میری وصیت یہ ہے کہ صبر کرنا میں میدان جنگ میں جارہا ہوں ۔تم سے امید ہے کہ خیر و خوبی سے اگلہ مرحلہ طے کرو گی ۔ پھر حضرت سکینہؑ روتی اور بلکتی ہوئی آگے آئیں جن سے امامؑ کو شدید ترین محبت تھی ۔ اُنہیں گود میں لیا اور اپنی آستین سے آنسو پونچھ کر سینہ سے لگالیا اور کہا کہ بیٹی مجھ سے تمہاری ملاقات میں کچھ طول اور دیر ہو جائیگی ۔ دیکھو اس دوران تمہارا رونا اور تمہارے آنسو میرے قلب کو جلاتے رہیں گے اور میں اپنے جسم میں تمہارے لئے بہت بے قرار رہونگا ۔ مطلب یہ تھا کہ اب تم اپنی پھوپی کے سینے پر سو جایا کرنا پھر میں جلد ہی تم سے

ملوں گا تو اپنے سینے پر سُلایا کرونگا۔ میری اچھی بیٹی مجھے جانے دو میں ذرا اُن لوگوں کو سزا دے دوں جنہوں نے تمہارے چچا کو ابھی تک پانی نہیں لانے دیا ہے۔ مومنین یاد کریں کہ زندانِ شام میں یہی وہ وعدہ تھا جو خواب میں پورا کیا گیا تو حضرت سکینہؑ نے ضد کی اور کہا تھا کہ بابا جان کو فوراً بلاؤ وہ پھر اتنے ہی طویل زمانہ تک نہ آئیں گے۔ آخر بچی نے خود پہنچ کر اپنے بابا سے ملاقات کی تھی۔

(3)۔ میدان جنگ میں پبلک اور رسولؐ اللہ کی قوم سے امام حسینؑ کا شکوہ؟

وفی المناقب ثم برز علیہ السلام فقال یااھل الکوفۃ قُبُحًا لکم وتُرحًا و بؤسًا وتعسًا حِین استصرختمونا وِلھین فاتیناکم مرجفین فشحذتم علینا سَیُفًا کان فی ایماننا وحششتم لاعدائکم مِن غیر عدل افشوہ فیکم ولاذنبٍ کان مِنّا الیکم فھلّا لکم الویلات اذکر ھتمونا ترکتمونا والسیف مشیم والجاش طامن والرّای لما یستحصد لکِنّکُمُ اسرعتم اِلٰی بیعتنا کسرع الد باوتھا فتمّ الیھا کتھافت الفرش ثم تقضتموھا سفھًا وضلّۃ وفتکًا لطواغیت الامۃ وبقیّۃ الاحزاب۔(اکسیر العبادات۔ صفحہ 405)

اور کتاب المناقب میں لکھا ہے کہ پھر امام علیہ السلام میدان جنگ میں تشریف لائے اور فرمایا کہ اَے اہل کوفہ تمہارے حق میں تمام خرابیاں، تمام بدنصیبیاں اور تمام تأسف اور تمام تباہیاں اس لئے حق بجانب ہیں کہ تم نے ہمیں بے چین کرڈالنے والی چیخ وفریاد کر کے بلایا تھا۔ اور جب ہم بلا کسی تیاری اور اہتمام کے تمہارے پاس آ گئے تو تم لوگوں نے نہایت چالاکی سے اُن تلواروں کو ہمارے خلاف کھینچ لیا جو ہمارے مددگاروں کے ہاتھ میں تھیں۔ تم دشمن کی اُس پالیسی کی رو میں بہہ گئے جو انہوں نے تمہارے درمیان جاری کر رکھی تھی۔ لہٰذا تم نے دشمن کے ہاتھ مضبوط کرنے میں نہایت کوتاہ اندیشی اور گمراہی کا ثبوت دیا۔ اب ہمارے پاس تمہارے لئے مذمت اور ملامت کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ اس لئے کہ تم نے ہمیں جان لیوا مشکلات میں پھنسا دیا۔ ہمیں بے یارومددگار کر کے دشمن کے ہاتھوں میں دے دیا اور ہمارے خلاف میان سے تلواریں سُونت کر ہمارے مقابلہ پر آ گئے۔ حالانکہ ہم نے تمہارا کوئی قصور نہ کیا تھا۔ تمہارے خلاف کوئی قدم نہ اُٹھایا تھا۔ اس کے باوجود تم نے بڑے اطمینان سے دشمن کے ساتھ مورچہ بندی کر لی۔ حالانکہ تم نے چیونٹیوں کی کثرت کی مانند ہماری بیعت پر ہجوم کیا، بیعت کی، معاہدہ کیا اور ہماری نصرت کے لئے زمین پر فرش کی طرح پھیل کر اطاعت شعاری دکھائی۔ لیکن حماقت اور گمراہی سے اس معاہدہ کو توڑ دیا اور الگ ہو کر اس امت کے طاغوتوں اور اُن کے تیار کردہ گروہوں کے ساتھ شریک ہو گئے۔ اور تعلیمات قرآن کو پس پشت ڈال دیا۔ یہی نہیں بلکہ ہمیں کسمپرسی کے عالم میں چھوڑ کر الگ ہوئے اور پھر ہم سے جنگ کرنے اور ہمیں قتل کرنے کے لئے ہمارے سامنے کھڑے ہو۔ اور ہمارے سینکڑوں انصار اور میرے بچوں اور خاندان نبوت کے تمام افراد کو قتل کر چکے ہو۔ میں دبنے والا نہیں اس لئے آج بھی میں ظالم اور ظالم کی قوم پر اللہ کی لعنت کرتا ہوں۔

(4)۔ دشمنانِ اسلام کو امام حسینؑ کا چیلنج اور قرآنی قوم کا اور اپنا فرق اور فخر

کفروا القوم وقِدُ مًا رَغَبُوا ، عن ثواب اللّٰہ ربّ الثقلین. قَتَلَ الْقَوْمُ عَلِیًّاؑ وَابْنَہُ،حسن الخیر کریم الابوین. حَنَقًا منھم وقَالوا اَجْمَعُوا، احشَروا النّاس الٰی حرب الحسینؑ ۔ یاالقوم مِن اَنامِ رَذُلٍ،جمعوا الجمع لِاَھل حَرَمَیْن ۔ ثُمَّ صاروا وتواصوا کلّھم، بِاجْتِیَاحی لِرَضاَءِ المُلُحَدِین ۔ لم یَخَافُوْا اللّٰہ فی سَفَکِ دَمِی، لِعُبَیْدِ اللّٰہ نَسُلَ الکافِرِیْن ۔ وابن سعد قدرمانی عنوۃ ، بجنود کَوُکُوُفِ الْھَاطِلَیْن. لالِشَیُیءٍ کَانَ مِنّی قبل ذا، غیر فخری بضیاء الفرقدَین ۔ بعلیؑ الخیر مِن بعدالنبیؐ، والنبیؐ الھاشمی

الوالدین ۔ خیرۃ اللّٰہ مِن الخلق ابی،ثمَّ اُمّی فَانَاابْنُ الخیرتین ۔ فِضَّۃ قدخَلُصَت مِن ذھب، فانا الفضّۃ وابن الذَّھبین ۔ ذَھَبٌ فی ذَھَبٍ فی ذَھُبٍ، والُجَیْنٌفی لَجَیْنٍ فی لَجَیْن ۔اُمی الزھرًا ء حقًا وَاَبی، وَارِثُ الْعِلْمِ وَمَوْلَی الثقلین ۔ خصہ اللّٰہ بِعِلْم وتُقٰی فَانَا الازَھر ابن الازھَرَین ۔ وَاَنَا ابن الْعَیْن وَالْاُذن الَّتی،اَذْعَنَ الخلق لَھَا فی الخافقین ثُمَّ جبرئیلٌ بنامفتخر، شَامِخًا یزھوابہ الحسینؑ ۔ شیعۃ المختار طیبوانفسکم، فَغَدًا تسقون مَآءَ اللَّجَیْن ۔ اَفَلا تفتخرون حُبّنا ؟ بابی والجدّ نورالخافقین. کُلّ مَنْ یسمع یعرف فضلنا، ماسوی ماکان زین الولدین. مَن لہ جَدٌّ کجدّی فی الوریٰ،اَوْ کشیخی فانابن العَلَمین.فاطمۃٌ الزھراء اُمّی وَاَبی،قاصم الکفرۃ ببدروحُنَین ۔عَبدَ اللّٰہ غُلامًا یَافِعًا ۔وَقریشٌ یعبدون الوثنین ۔ اَللّاتُ والعُزّیٰ معًا ۔وَعَلیٌّ کان صَلَّی القِبْلَتَیْن ۔ فَاَبِیُ شَمْسٌ وَاُمِّی قَمَرٌ ۔فَانَا الکوکَبُ وابن القَمَرَ ین ۔ وَلَہُ فی یَوْمِ اُحدٍ رِفْعَۃٌ ۔شَفَتِ الْغُلَّ بِفَضِّ المَعَسْکَرَین ۔ ثُمَّ فِی الْاَحْزَاب والفَتْح معًا ۔ کان فیھا حَتْفُ اھل الفَیْلَقَین ۔فی سبیل اللّٰہ ماذا صَنَعَتْ ۔ اُمَّۃُ السُّوءِ معًا بالْعِتْرَتَیْن ۔ عِتْرَۃٌ البرّالنبیؐ المصطفٰی ۔وعلیٌّ الورد یوم الحجفلین ۔(اکسیرالعبادات ۔صفحہ 405اورترجمہ بحاروغیرہ،تمام مقاتل کی کتابیں)

جوقوم پہلے ہی سے دونوں جہانوں کے رب اوراللہ کی طرف سے بدلہ ملنے کی منکر(یونس10/15)اورکفر کی طرف راغب تھی۔ اُس نے آخرکفرکواختیارکرلیا(فرقان25/30)رسولؐ کی اُسی قوم نے علیؑ کواوراُن کے بیٹےحسنؑ کوقتل کرکے راستے سے ہٹایااورجرم یہ تھا کہ وہ والدین کی طرف سے رحیم وکریم لوگوں کی اولاد تھے۔ یہ سب کچھ رسوؐل کی قوم نے کینہ اورحسد کی وجہ سے کیا تھا۔اوراب وہی قوم(فرقان 25/30)ملک بھر میں سےلوگوں کوجمع کرکےانہیں حسینؑ سے جنگ کے لئے میدان میں لائی ہے۔ یہ قوم تمام مخلوق سے زیادہ ذلیل لوگ ہیں۔دارالامان اورحرمین کےنگہبانوں اور مالکوں کوقتل کرنا چاہتے ہیں۔اورنسل رسوؐل کومٹانے کے لئے آپس میں ایک دوسرےکووصیت ونصیحت کرتے ہیں تاکہ دوعددمُلحدوں کی رضامندی حاصل کرلیں۔اُن میں سےایک عبیداللہ ابن زیادہے۔جسےخوش کرنے کے لئے اللہ سےبھی نہیں ڈرتے اورمیراخون بہانا چاہتے ہیں۔دوسراعمرابن سعدبن وقاص ہے۔جوفوجوں کا سیلاب لےکرمجھ سے جنگ کررہاہے۔میرااس کےعلاوہ کوئی قصورنہیں کہ میں ساری کائنات کوروشن کرنے والی دوہستیوں پرعملاً فخرکرتاہوں۔ایک علیؑ ہے جسے میں نبیؐ کے بعدسب سے بہتر کہتاہوں۔ دوسراخود نبیؐ ہے جسے میں عام انسان ماننے کے بجائے ہاشمیوں کی اولادسےایسی ہستی مانتاہوں جواللہ کی تمام مخلوق سے افضل واعلیٰ ہے۔ چنانچہ میراباپؑ بھی ساری مخلوق سےاچھا تھا اورمیری والدہؑ بھی۔لہٰذا میں دومجسم اچھائیوں کا بیٹاہوں۔میں وہ چاندی ہوں جسےاللہ نےسونے میں سےصاف کرکےنکالاہے۔چنانچہ میں دوسونوں کا بیٹا چاندی ہوں۔ سونا بھی ایساسوناہوں کہ جوخودسونادَرسونا تھا۔اورچاندی بھی ایسی چاندی ہوں جوخودچاندی درچاندی برآمدہوتی چلی آئی ہے۔میری ماں حقیقی زہراءؑ ہےاورمیراباپؑ علم خداوندی کاوارث اوردونوں جہان کاحاکم ومولیٰ ہے۔اُسےاللہ نےاپنےعلم اورتقویٰ کے لئےخصوصیت دی ہے۔ چنانچہ میں ایک روشن اوردمکتا ہوا فردہوں اور دو روشنیوں کا بیٹاہوں۔ میں پُوری کائنات کودیکھنے والی آنکھ کا اورہرمخلوق کی بات سُننے والےکان کا بیٹاہوں۔ یہ وہ آنکھ اورکان ہےجس سےمشرق اورمغرب کی ہرچیزاپنے وجودپرسندلیتی ہے۔اوردیکھوجبرئیلؑ کا قدوقامت اورقدرت جن کی وجہ سے برقرارہےاورجن پرخودجبرئیلؑ فخرکرتاہے وہ حسینؑ ہیں۔اےملتِ شیعہ کےافرادتُم پسندیدہ ہستیاں بننے میں مصروف رہو۔تاکہ کل تمہیں نعمتیں اورچاندی ایساشفاف پانی ملے۔تم تومیرے باپ دادا کی محبت پرفخرکرتے ہوجومشرق

اورمغرب کے دوئو رہیں۔اورسنو جوبھی ہمارے فضائل سن لیتاہے وہ ایمان لے آتا ہے۔ہاں وہ لوگ نہیں مانتے جوماں باپ کی طرف سے خالص نہیں۔اس دُنیا میں کوئی ایسا شخص ہے جس کا دادا میرے دادا جیسا ہو یا میرے کسی بھی بزرگ کی برابری کرسکے؟ لہٰذا میں دو سَر بَرآوردہ اورمشہورترین انسانوں کا بیٹا ہوں۔میری ماں فاطمہؑ زہراء ہے تو میرا باپؑ وہ ہے جس نے جنگ بدروحنین میں کافروں کی کمرتوڑ دی تھی۔لہٰذا میں بھی اس کربلا میں وہ نمونہ دکھادوں گا۔چنانچہ میرے والدعلیؑ نے تو بچپن ہی سے اللہ کی عبادت کی تھی۔اورقریش تو ہمیشہ سے آج تک بت پوجا اورلات وعزیٰ کی عبادت کرتے آئے ہیں۔اورعلیؑ وہ ہستی تھا جس نے دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھی ہے۔چنانچہ میرا باپ عبادت گزاروں کا سورج اورمیری ماں ماہتاب تھی اورمیں وہ دوہرے نوروالاستارہ ہوں جوآفتاب اور ماہتاب کا بیٹا ہے۔جنگ احد میں بھی علیؑ کو بلندی اور بالادستی حاصل ہوئی جب کہ اُنہوں نے دشمنوں کی افواج کونچوڑکر دوستوں کی پیاس بجھائی۔ پھر جنگ خندق اورفتح مکہ میں بھی علیؑ ہی نے کئی قسم کی فوجیں لانے والوں کوموت کے گھاٹ اتاراتھا۔مگرسوال یہ ہے کہ اس بدترین امت نے اللہ کی راہ میں دونوں عترتوں کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ محمدؐ مصطفیٰ کی نیک ترین عترت کواُن کی محنت اورقربانیوں کا کیا بدلہ دیا؟

(5)۔ امام حسین علیہ السلام کا پہلا جنگی نمونہ بہادروں کا انتخاب

قال ابوالفرج ثُمّ اَنَّہٗ بَرَزَ ودعی الناس اِلَی البراز وھم یَبْرَزُوْنَ فارسًا بعد فارسٍ فلم یزل یقتل کُلّ مَن دَنَی مِنْہ مِن عیون الرجال حتی قتل مِنھم مقتلةً عظیمةً وھوؑ یقول **اَلْقَتْلُ اَوْلٰی مِنْ رَکُوْبِ الْعَارِ وَالْعَارُ اَوْلٰی مِنْ دُخُولِ النَّارِ**۔ وَجعل عمربن سعد یحصیَ القتلٰی فی ھذہ المبارزة حتّی قتل مِن وجوہ القوم سبع مائة وثمانین فارسًا ولم یزل یقاتل حتی قتل الف وتسع مائة رِجُل وخمسین رَجلًا سوی المجروحین قال عمربن سعد لقومہ اَ تَدْرُوْنَ لِمَن تقاتلون ؟ ھٰذا ابن انزعِ البطین ھٰذا ابن قَتَّال العرب فاحملوا علیہ من کُلّ جانِب فحملوا بالطعن مائة وثمانون واربعة الاف فرموہ بالسھام وحالوا بینہ وبین رحالہ۔

(اکسیرالعبادات۔صفحہ 407-406)

علامہ ابوالفرج اصفہانی اوردیگرعلمانے لکھا ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے تعارف اوراتمام حجت کے بعد چیلنج کیا اور یزیدی افواج کے بہادروں کومقابلہ پرآنے کی دعوت دینا شروع کی اوراُدھر سے یکے بعد دیگرے دعویداران شجاعت آتے رہے۔اورامامؑ ہرقریب آنیوالے کوتہ تیغ کرتے رہے۔یوں چیدہ چیدہ سورماؤں کی ایک بہت بڑی تعداد تلوار کے گھاٹ اتاردی اورآپ ہمت بڑھانے کیلئے یہ جُملہ بھی فرماتے جاتے تھے کہ شرمساری اورندامت سے قتل ہوجانا بہتر ہے اورجہنم میں جانے سے بُزدلی اورننگ وعاراورشرمساری بہتر ہے اس قوت وہُنر کے مظاہرے کی جنگ میں قتل ہونے والوں کی تعداد عمرابن سعد گنتا جارہا تھا۔اُسکی گنتی کے مطابق سات سواسی (780) بہادرقتل ہوئے مگرامامؑ برابرقتل کرتے رہے۔یہاں تک کہ مقتولوں کی تعداد ایک ہزارنوسوپچاس (1950) تک جا پہنچی۔توعمرسعد نے اپنی افواج میں اعلان کرایا کہ تمہارا براہو کیا تمہیں یہ پتہ نہیں کہ تم کس سے برسرِ پیکارہو؟ ارے یہ توسارے عربوں کو دھڑا دھڑقتل کرنیوالا ہے۔یہ تو پیٹ کا اوردل کا پوشیدہ حال باہرنکالنے والا ہے۔اس پرتوچاروں طرف سے اور ہرجانب سے مل کرحملہ کرو۔چنانچہ ایک سوچوراسی ہزاریعنی ایک لاکھ چوراسی ہزارفوجیوں نے نیزہ وشمشیراورتیروں سے حملہ کیااوراُنکے اوراُنکے خیام کے درمیان حائل ہوگئے۔

(6)۔ امامؑ کا دشمن افواج پر پہلا حملہ اور جنگی مہارت وقوت کا دوسرا مظاہرہ

وفی المنتخب ثُمَّ انَّهُ علیه السلام یحمل علیهم ویقاتلهم حتی قتل مِنهم اُلُوُفًا وفی کتاب شهاب الدین حتّٰی قَتَلَ خلقًا کثیرًا وقداثخنوه بالجراح والذی حصل له مِنَ الجراح ثمانون ضربة من الرماح والنبال وقد قتل منهم اربعة الاف فارسًا وثمان مائة راجل انی ان قال وجعل الحسینؑ یحمل علیهم ویقاتلهم حتّٰی قتل منهم زهآء من اربعة وعِشرین الف فارسٍ ولا یُبَیّنَ النقص فیهم لکثرتهم وقداثخنوا بالجراح وذکر انّه وقع فیه ثلثمائة وستونٍ جراحة مابین طعنة ونبلة وقد قتل منهم عشرین الف فارس۔قال ثمّ مضی اِلَی الخیام۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 407)

قارئین نے دیکھا کہ اُوپر والی روایت میں وہ کام ہوگیا جو امامؑ کے لئے سب سے زیادہ تکلیف کا باعث تھا۔یعنی امامؑ سے خیام چھُپ گئے افواج بیچ میں آ گئیں۔اب امامؑ کی پہلی کوشش اس پر صرف ہوگی کہ جس طرح بھی ہوسکے افواج کو خیام کے سامنے سے دُور ہٹائیں۔لہٰذا آپؑ نے حملہ کیا اور لاتعداد لوگوں کو قتل کیا۔حملہ اس قدر شدید تھا کہ تعداد کا شمار اُس وقت تک ممکن نہ تھا جب تک سرداران افواج سے اُن کی فوج کی الگ الگ تعداد کا ٹوٹل اور پھر باقی رہ جانے والوں کی تعداد معلوم نہ ہوجائے۔چنانچہ وہ راوی جو خود بھی جنگ میں مصروف ہو یا سرکاری پرچہ نویس یا جاسوس ہو وہ صحیح تعداد نہیں جان سکتا۔وہ یہی کہے گا کہ لاتعداد آدمی قتل کئے یا یہ کہے گا کہ ہزاروں سینکڑوں اشخاص قتل کئے۔لیکن جو آدمی سرداران فوج پر نظر رکھے اور دیکھے کہ وہ اپنی فوج کی مقتول تعداد کی جگہ مرکز سے کتنے آدمی مانگتے ہیں؟ وہ یقیناً اپنا ٹوٹل پورا رکھنے کے لئے سپہ سالار عمر بن سعد سے مدد طلب کریں گے اور جتنے آدمی وہ مانگیں گے وہ وہی تعداد ہوگی جو مرگئی یا زخمی ہوکر لڑنے کے قابل نہ رہی تھی۔اور جس کی فوج کا کوئی آدمی بھی نہ مرا ہوگا وہ بالکل مرکز سے مزید سپاہی نہ مانگے گا۔لہٰذا جن راویوں نے تعداد بتائی ہے وہ اسی قاعدے کے مطابق بتائی ہے۔اور جنہوں نے باقاعدہ گنتی نہیں کی لاشوں کے ڈھیر دیکھے، وہ لاتعداد یا ہزاروں یا سینکڑوں کہہ کر تعداد بتانا چاہیں گے۔اب یہ سنئے کہ امامؑ نے حملہ کیا تو کُشتوں کے پُشتے لگ گئے۔جو فوج ناقص ہوجاتی رہی وہ سامنے سے ہٹتی رہی۔اُس کی جگہ دوسری فوج لیتی رہی۔ہٹنے والی فوج مقتولوں کی تعداد گن کر مدد مانگتی رہی اور لوگوں کو علم ہوتا رہا کہ کس فوج یا دستے میں کتنے نئے سپاہی آئے۔چنانچہ ایک فوج نے چار ہزار آدمی مانگے یہ تعداد مرنے والوں کی تھی۔پھر دوسری افواج پر حملہ کیا گیا فوجیں ہٹتی اور نئی افواج اُن کی جگہ لیتی رہیں۔کچھ دیر کے بعد مرنے والوں کی نئی تعداد چوبیس ہزار ہوگئی۔حملے برابر جاری رہے۔امامؑ قتل عام کرتے رہے اور حضوؑر کو زخم بھی لگتے اور بڑھتے رہے۔لیکن اس کے باوجود خیموں کے سامنے والی افواج میں کمی اور نقصان محسوس نہ ہوتا تھا۔اس لئے کہ کمی ہوتے ہی دوسری فوج اُس کی جگہ لے لیتی تھی۔یعنی یوں تبدیلی کے وقت پہلی ناقص اور دوسری تازہ دَم فوج کے آنے جانے سے تعداد زیادہ تو معلوم ہونا قدرتی تھا۔لیکن کمی محسوس ہونا اُسی وقت ممکن ہوسکتا تھا جب قتل عام اس شدت سے ہو رہا ہو کہ سرداران فوج کو تبدیلی کا موقعہ نہ رہے۔چنانچہ امام علیہ السلام نے پھر مقتولوں کی دوسری کھیپ بیس ہزار کردی اور اب خیموں کے سامنے کا میدان اس لئے صاف ہوگیا کہ شدید کمی کی بنا پر میدان میں موجود سردار مدد کے آنے کا انتظار نہ کر سکتے تھے۔بہرحال امامؑ نے فوجوں کو دھکیل دیا اور خیریت معلوم کرنے کے لئے خیام کی طرف رُخ کیا۔اب تک حضورؑ کے جسم پر تین سو ساٹھ زخم آ چکے تھے۔جن

میں سب قسم کے ہتھیاروں کے زخم تھے۔ چنانچہ اسی حال میں امامؑ چلے۔

یہ پہلا وقت ہوگا کہ امامؑ کو حضرت زینبؑ وام کلثومؑ وسکینہؑ اور دیگر بہنیںؑ اور بیٹیاںؑ اور ازواجؑ مطہرات دیکھیں گی۔ اور آپ زخموں سے چُور چُور ملیں گے۔ لیکن آج تو وہ دن ہے کہ جو بھی خیام میں واپس آیا وہ زخموں سے چُور چُور تھا۔ اور یہ حسرت دلوں میں رہ گئی کہ اُن سے بات کی جائے۔ اہل حرمؑ تو حضرت علی اکبر وعباس وقاسم علیھم السلام کے محض زندہ واپس آنے پر بھی شکرگزار ہوئے تھے۔ دل تو پھٹ کررہ جائیں گے لیکن امامؑ سے بات تو ہوسکے گی، اُن سے دعائیں تو مل سکیں گی، آڑے وقت اُن کی ہدایات تو کام آئیں گی۔ امامؑ کی رفتار پر نظریں جمی ہوئی تھیں۔ گھوڑے کا بڑھتا ہوا ہر قدم قابل تعظیم تھا۔ یکا یک گھوڑا رکا۔ اور امامؑ نے اُسے چلانے کی کوشش بھی نہ کی۔ کیا امامؑ واپس پلٹ جائیں گے؟ کیا خیام میں زیارت کرانے نہ آئیں گے؟ کئی قسم کے خیالات آسکتے تھے۔ شاید اِس لئے پلٹ جائیں کہ بیٹیاں زخمی حالت میں دیکھ کر بے قرار ہوجائیں گی؟ اہل حرمؑ اُدھر سانس روکے ہوئے منتظر تھیں۔ لیکن امامؑ کی توجہ اللہ کی عنایات نے جذب کرلی تھی۔ صورتِ حال پلٹا کھانا چاہتی تھی۔

(7)۔ اللہ نے پھر چاہا کہ امامؑ ارادۂ شہادت بدل دیں؟

قال ثُمَّ مَضَی اِلَی الْخَیَم فتلقاہ مَلَکٌ قبل اَن یصل الخیام وقال السلام علیک یااباعبد اللّٰہِ مَھْلًا فانّی مَرَرْتُ بالسموات فوجدتُھا مُتغیّرۃ مُظلمۃ و وَجَدتُ جمیع اھلھا یبکون لِمُصیبتکَ وقدارسلنی الیکَ ربّک وَھُو مخیّرک بین الدنیا ونعیم الاخرۃ فان اخْتَرْتَ الدُنیا فمرنی حتّٰی انزل لک الملائکۃ تملاء الدنیا فان اَمَرْتَھم اَن یاکل الدنیا ومافیھا فی طرفۃ عین لَفَعلوا ذلک وَاِن اَردت اللحوق بجدّکَ وابیکَ واُمِّکَ واخیکَ وانت فی یومک ھذا تصیر الیھم۔ فقال الامام علیہ السَّلام اِنّی اُرِیْدُ اللُّحُوق بھم۔ (اکسیر العبادات۔ صفحہ 407)

خیام تک پہنچنے سے پہلے اللہ کا سلام پہنچا اور ایک فرشتے نے کہا کہ سلام ہو آپؑ پر اے شیر خوار کے بابا جان ذرا ٹھہر کر ایک بات سُن لیجئے کہ میں ابھی ابھی آسمانوں میں سے گزرا تو دیکھا کہ ساری کائنات کی حالت دِگرگوں ہے۔ تاریکی غم چھائی ہوئی، سماوات کی تمام ہی مخلوق آپؑ کی مصیبت پر نالہ وفریاد کررہی ہے۔ چنانچہ تمہارے پالنے والے نے مجھے بھیجا ہے اور آپؑ کو دنیا اور نعمات آخرۃ کے معاملہ میں مختار بنادیا گیا ہے۔ اگر آپؑ چاہیں تو اتنی دیر ٹھہر جائیں کہ آسمانوں سے ملائکہ کو اُترنے اور ساری دنیا میں پھیل جانے کے لئے کہہ دوں۔ چنانچہ اگر آپؑ حکم دیں گے تو ملائکہ اس دنیا کو مع اس کے ساز وسامان کے نگل جائیں گے۔ اور پلک جھپکنے میں تمام تکلیفات ختم ہوجائیں گی اور اگر آپؑ اپنے دادا، والد، والدہ اور بھائی علیھم السلام سے ملنا چاہیں تو آج ہی آپؑ کو اُن کے پاس جانے کا بھی اختیار ہے۔ امام علیہ السلام نے فرمایا کہ مجھے دنیا تباہ کرنا منظور نہیں البتہ اپنے دادا، بابا، اماں اور بھائی علیھم السلام کے پاس پہنچنا منظور ہے۔

(8)۔ امام علیہ السلام کی دوسری رخصت اور ہدایات

وفی خبر ابن شھر آشوب ثُمَّ وَدَّعَ حَرَمَہُ مَرَّۃً اُخری وَاَمَرھُمْ بالصّبر وَوَعَدَھُمْ الثواب والاجر وامر ھم بِاَن یَلْبسوا اَزْرَھُمْ ویستعدّوا للبلآء ۔وقال اعلموا اَنّ اللّٰہ حافظکم وحامیکم وسینجیّکم مِن شرّالاعدآء ویجعل عاقبۃ امر کم الٰی خیر ویعذّب اعادیکم بانواع العذاب و یعوّضکم عَن ھٰذہ البلیّۃ انواع النعم والکرامۃ ۔ ولا تشکوا ولا تقولوابالسنتکم ماینقص

قدرکم۔ثمَّ انشاء :علیکم سلام اللّٰہِ یاآل احمدؐ، فانّی ارانی عنکم سوف ارحل۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 408)

فرشتے کو جواب دینے کے بعد خیام میں تشریف لائے ابھی تک اہل حرمؑ کو دشمنوں سے سابقہ نہ پڑا تھا۔امام علیہ السلام نے اس مرتبہ جو باتیں کیں وہ خود بتا رہی ہیں کہ اب امامؑ کا وقت قریب ہے اور اب امامؑ آخری ہدایات دے رہے ہیں۔سب کو صبر کرنے کی تاکید فرمائی اور اطمینان بخش اجر وثواب کا وعدہ فرمایا اور حکم دیا کہ وہ لباس پہن لو جو بےصبری، بےقراری اور غصہ کو روکتا ہے۔اور آنے والے امتحان کے لئے مستعد رہو۔اور یہ جان رکھو کہ یقیناً اللہ تمہاری حفاظت کرے گا۔تمہارا حامی ومددگار ثابت ہوگا۔تمہیں دشمنوں کے شر سے نجات دے گا۔اور تمہارے دشمنوں کو طرح طرح کا عذاب دے گا۔اور تمہیں نعمتوں اور کرامتوں کی تمام اقسام عطا کرے گا۔لہٰذا اپنی زبان پر شکوہ اور ایسے الفاظ کو آنے سے روکنا جو تمہارے معیار سے گرا ہوا ہو اور تمہارے درجات کے خلاف ہو۔پھر آپ نے دوسری دفعہ وداع کیا اور فرمایا کہ اے آل احمدؐ تم پر میرا اسلام ہو مجھے بتایا گیا ہے کہ تم بھی جلد سفر کرو گے۔

(9)۔ امام حسین علیہ السلام دوبارہ میدان جنگ میں آ گئے

ثُمّ توجہ الٰی قتال اعدائہ فطلب عنھم المبارزہ فخرج تمیم بن قحطبۃ وھومِن اُمرآء الشام وقال یابن علیؑ الٰی متٰی الخصومۃ؟ فقد قُتِلَ اولادک واقربآؤک وموالیک۔فانت بعد تضرب بالسیف مع عشیرین الفًا؟ فقال علیہ السلام اَ اناجِئتُ اِلٰی محاربتکم ام انتم جئتم الٰی محاربتی اَ انا منع الطریق عنکم ام انتم منعتموہ عَنی وقد قتلتم اخوانی واولادی وانصاری ولیس بینی وبینکم اِلّا السیف فلا تکثر المقال فتقدّ م اِلَیَّ حتی اَری ماعندک فصاح صیحۃ وسلّ السیف وضرب عنقہ فتبعّد خمسین ذراعًا فخاف العسکر من ضربہ علیہ السلام فَصَاح یزید الابطحی علیھم اَنّکم عجزتم عن رجل واحد وتفرّون عنہ ؟ ثم جاء بین یدی الامامؑ وکان مشھورًا بالشجاعۃ ۔ فلماراہ عسکر عمربن سعد فی قبالہ اظھروا البشارۃ والسرور ولکن خاف اھلً بیت منہ حین رائوہ تجاھہ ۔فصاح علیہ السلام اَ لَا تعرفنی فتجئی فی قبالی کمن لَا خوف لہ فلم یجبہ وسلّ السیف ۔ فسبقہ علیہ السلام وضرب علٰی وسطہ بالسیف فَقَدَّہ نِصُفَیُن ۔فَلَمَّا نظر الشمر (لعین)اِلٰی ذلک قال لعمر بن سعد اَیُّھا الامیر و اللّٰہ لَوُ برز اِلَی الحسینؑ اھل الارض لافناھم عن آخر ھم فَالرَّأی اَن نفرق علیہ فرقتین فرقۃّ بالسَّیُوفِ والرُّماح وفرقۃ بالنَّبل والسھام وفی خبر آخر مِن ابی مخنف علٰی نقل زید فرقۃ ثالثۃ بالاثلوب ففعلوا ذلک وجعلوا یرشّقوہ بالنبل والسھام ویطعنوہ بالرماح ویضربوہ بالسیوف حتّٰی اثخن بالجراح وفی الخبر الاول فجعل الحسینؑ تارۃً یحمل عَلَی المیمنۃ وتارۃ علی المیسرۃ حتی قَتَلَ علٰی مانقل مایَزِیُدُ علٰی عشرۃ الاف فارسٍ ولَا یبیّن النقص فیھم لکثرتھم حتی اثخنوہ بالجراح وعن بعض النُّسخ اِنّہُ قتل فی ھذہ الحملۃ خمسین الفًا وکان الجیش سبعین الفًا غیرسواد الاعظم۔فی الملھوف قال بعض الروّاۃ فو اللّٰہ مارایت مکثورًا قط قدقُتِلَ ولدہ واھل بیتہ واصحابہ اربط جاشًا مِنُہُ واِنُ کانت الرِجّال لَتَشَدّعَلَیہ فلیشد علیھا بسیفہ فتنکشف عنہ انکشساف المعزی اذا شدَّ فیھا الذئب ولقد کان یحمل علیھم وقد تکاملوا ثلثین الفًا فینھزمون بین یدیہ کانّھم الجراد المنتشرثُمَّ یرجع اِلٰی مرکز ہ وھویقول لاحول ولا قوۃ الاباللّٰہ العلی العظیم۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 407-406)

اہل حرمؑ کو سمجھا بجھا کر آنے والے مظالم کو برداشت کرنے کی قوت دے کر میدان جنگ میں آئے اور اپنے مقابلے کے لئے جوانمردوں اور نام آور بہادروں کو دعوت اور چیلنج دیا۔مطلب یہ تھا کہ اب تو میرے جسم سے تقریباً سارا خون بہہ چکا۔جسم کے تمام

اعضا زخمی ہو چکے لہٰذا ایسی حالت میں مجھ سے ڈرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ آ ؤ اور مجھے قتل کر کے ابن زیاد و یزید کو خوش کرنے کی کوشش کر دیکھو۔ اس دعوت پر دشمن فوج کی طرف سے تمیم بن قحطبہ میدان میں آیا۔ یہ شخص ملک شام کے دولتمندوں میں سے تھا۔ اُس نے کہا کہ اے علیؑ کے بیٹے آخر تم کب تک یہ قتل عام جاری رکھنا چاہتے ہو؟ یہ صحیح ہے کہ تمہاری اولاد اور عزیز واقربا اور انصار قتل ہو گئے ہیں۔ لیکن تم نے تو اس کے بعد باقی مقتولوں کے ساتھ ساتھ ابھی ابھی بیس ہزار (20000) انسانوں کو تہہ تیغ کر دیا ہے؟ مطلب یہ تھا کہ پہلے حملے سے اس وقت تک آپ نے دولاکھ چونتیس ہزار سات سوتیس (234730) آدمیوں کو موت کے گھاٹ اُتار دیا۔ جن میں دو ہزار سات سوتیس ایسے جنگ آزمودہ بہادر بھی شامل ہیں جن کا جواب عرب میں موجود نہ تھا۔ آخر یہ دولاکھ چونتیس ہزار سات سوتیس آدمی بھی کسی کے بیٹے، کسی کے بھائی، کسی کے شوہر اور کسی کے باپ تھے۔ کیا لاکھوں انسانوں کو یتیم و بیوہ اور بے اولاد و بے سرپرست کر کے بھی تمہاری اولاد واقربا اور انصار کا بدلہ نہیں ہوا جو تم اب پھر میدان میں آ گئے ہو؟ امامؑ نے جواب دیا کہ کیا میں نے تمہارے خلاف اعلان جنگ کیا تھا؟ کیا میں نے تمہارے ساتھ جنگ کا انتظام کیا تھا؟ کیا میں نے تمہارے مقابلہ میں سارے ملک سے سمیٹ کر لاکھوں فوجی جمع کئے تھے؟ کیا میں نے تمہارے ساتھ جنگ کی ابتدا کی تھی؟ کیا میں نے تم پر پانی بند کیا تھا؟ کیا میں نے تمہاری واپسی کے تمام راستے بند کئے تھے؟ کیا میں نے تمہاری صلح کی درخواست بار بار ٹھکرائی تھی؟ کیا میں نے تمہیں اور تمہاری ازواج اور بہنوں، بھائیوں اور چھوٹے بچوں کو چار روز سے بھوکا پیاسا رکھا ہوا ہے؟ کیا میں نے تمہارے بار بار پانی مانگنے پر پانی نہیں دیا ہے؟ کیا میں نے تمہارے شیر خوار بھوکے پیاسے بچہ کو پانی کی جگہ تیر سے قتل کیا ہے؟ تم نے ہی یہ سب کچھ کیا۔ میرے بچوں کو میری آنکھوں کے سامنے ذبح کر دیا۔ اب میں تنہا باقی ہوں۔ اب میرے اور تمہارے درمیان یہ تلوار ہے۔ میں اس تلوار کو اُس وقت تک چلاتا رہوں گا جب تک اللہ مجھے منع نہ کر دے۔ اب یہی تلوار فیصلہ کرے گی۔ اِس کے بعد تمیم بن قحطبہ سے کہا کہ یہ باتیں کرنے کا وقت نہیں ہے آگے بڑھ کر میرے پاس آ تا کہ میں دیکھوں کہ تیرے پاس شجاعت اور میدان جنگ کے لئے کیا سامان ہے۔ اس کے بعد ایک نعرہ مارا اور تلوار کی ایک ایسی ضرب لگائی کہ تمیم کا سرُ اچھل کر تیس فٹ دُور جا گرا اور دشمن کی افواج اس ضرب سے سہم کر رہ گئیں۔ یہ دیکھ کر یزید ابطحی نے افواج کو للکار کر کہا کہ تمہیں شرم آنا چاہئے تم ایک ضعیف العمر اور زخمی تنہا آدمی کے سامنے بے بسی کا اظہار کر رہے ہو اور اُس کے سامنے سے بھاگ جانا چاہتے ہو۔ اس کے بعد یہ یزید ابطحی امامؑ کے سامنے مقابلہ پر آ گیا۔ چونکہ یہ ایک مشہور بہادر اور تیغ آزما شخص تھا۔ اُسے امامؑ کے سامنے دیکھ کر افواج نے مسرت اور بشارۃ کا نعرہ مارا اور اس خوشی کے نعرہ سے اہل حرمؑ میں خوف پھیل گیا اور سب کی نگاہیں امامؑ پر مرکوز ہو گئیں۔ اس کے بعد امامؑ نے للکار کر کہا کہ غالباً تُو مجھے جانتا نہیں اس لئے بلاخوف میرے سامنے آ کھڑا ہوا ہے۔ اُس نے جواب دینے کے بجائے تلوار بلند کی ہی تھی کہ امام علیہ السلام نے تاک کر اُس کی کمر میں ایک ضرب لگائی تو دو برابر کے ٹکڑے زمین پر تڑپ رہے تھے۔ جب شمر ملعون نے یہ حال دیکھا تو عمر بن سعد سے کہا کہ اے امیر خدا کی قسم اگر یُوں ایک ایک کر کے ساری دنیا کے انسان حسینؑ سے لڑنے جائیں گے تو وہ اُن کے آخری آدمی تک کو فنا کر ڈالیں گے۔ میری رائے یہ ہے کہ ہم فوج کے دو حصے کر دیں اور ایک حصہ تلواروں اور نیزوں والا ہو۔ دوسرا تیروں اور پھینک کر مارنے والی برچھیوں سے مسلح ہو۔ علامہ ابومخنف نے تین حصے لکھے اور تیسرے کے پاس پتھر بتائے ہیں۔ چنانچہ

سامنے لڑنے والی افواج کو اسی ترتیب میں لایا گیا۔ اور اب امامؑ کو زخموں سے چھلنی بناڈالنے کیلئے نیزوں ،تلواروں ، تیروں ، برچھیوں اور پتھروں کی بارش شروع کی گئی۔ پہلی روایت میں ہے کہ امامؑ کبھی داہنے حصہ پرحملہ کرتے کبھی بائیں حصہ پر ٹوٹ پڑتے تھے۔ یہاں تک کہ داہنی اور بائیں طرف والی افواج میں سے دس ہزار آدمیوں کو واصل جہنم کردیا۔ لیکن کثرت افواج کی بنا پر اُن میں کمی معلوم نہ ہوتی تھی۔ اُدھر امامؑ کے جسم پر بہت سے زخم آ چکے تھے۔ دوسرے نسخوں میں لکھا ہے کہ اس حملہ میں امامؑ نے پچاس ہزار فوجیوں کو قتل کیا اور مرکزی فوج (Main Body) کے علاوہ یہاں مقابلہ میں ستر ہزار فوج تھی۔ ایک راوی نے کہا کہ میں نے ایسا مجسمہ جرأت وہمت آدمی ہرگز نہیں دیکھا کہ جس کے بچہ سے لے کر جوان تک ساری اولاد قتل کردی گئی ہو، جس کے سامنے اُس کے تمام انصار اور خاندان کے تمام افراد قتل ہوئے ہوں، وہ اپنے ہوش وحواس کو اس شان سے برقرار رکھے اور اس دبدبہ کے ساتھ میدان جنگ میں حسینؑ کی طرح جنگ کرے۔ اور جب افواج حسینؑ پرحملہ آور ہوتی تھیں تو حسینؑ اُن پر ایسا شدید حملہ کرتے تھے کہ افواج اُن کے سامنے اس طرح بھاگتی تھیں جیسے بکریاں بھیڑیے کے حملے سے بھاگتی ہیں اور اُن کے سامنے تیس ہزار (30000) فوج بھاگتی پھرتی تھی اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ٹڈی دل زمین پر کچلا ہوا پڑا ہے۔ میدان صاف ہوجاتا تھا تو آپ اپنے مرکزی مقام پر پلٹ آتے تھے اور **لاحول ولا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم** پڑھتے تھے۔

(10)۔ حضرت فاطمہؑ صغریٰ کا خط میدان جنگ میں پہنچتا ہے امام علیہ السلام پھر خیام میں آتے ہیں

جب افواج بھاگ جاتی تھیں تو انہیں دوبارہ جمع ہونے اور صحیح ترتیب قائم کرنے میں کافی دیر لگتی تھی۔ اس دوران امام علیہ السلام خیام کا چکر لگا آتے تھے۔ اسی طرح جب حضورؑ فوجوں کے جمع ہونے کا انتظار فرما رہے تھے کہ جناب فاطمہؑ صغریٰ کا قاصد پہنچا۔ پورا قصہ سنئے:۔

وعن بعض کتب المقتل: وکان له بنت تسمّی بفاطمةً وکانت حِین خروجه مِنَ المدینة مریضة۔جعلها عندام سلمةً وکانت کل یَوْم یجئِی خلف الباب لعلّها تجد من کان له اطلاع بحال والدها ۔لما طال زمان الفراق ولم یصل الخبر مِن والدها اشتغلت بالبکاء وتراکمت علیها الاحزان وکَتَبَتُ کتابًا لوالد ها وبیّن فیها حالها فلمّا فرغت مِن کتابتها واشتغلت بالنّوح والبکآء لِفُرُقَة والد ها وغیره فاذا اعرابی سمع بکاؤها فتأثر مِنُ بکائِها ۔فبکی ساعة ثُمَّ عَلِمَ اَنّ الباکیة بنت الامامً وبُکاؤها لفراقه علیه السلام۔فنادی بصوت عالٍ السلام علیک یااهلَ بیتِّ النبوّة ومعدن الرسالة انا رجل مِنَ البادیّة اریدالرواح الٰی کربلا فهل لکم حاجة ؟ فلما سمعت فاطمةً جاء ت خلف الباب وردّت جواب سلامه و قالت یااعرابی انابنت الحسین علیه السلام فانّه لما عزم الٰی کربلا کنت مریضة فسَلّمنی الٰی جَدَّتِی اُمّ سلمةً زوجة رسولً اللّٰه فالآن لم تبق لِی طاقة من هجرانه وکَتبتُ کتابة واُرید مَن یوصلها الیه ۔فاخذها الاعرابی منها ففی یوم العاشوراء وقت المحاربة بلغ الی کربلا وسلّمها الیه علیه السلام فلما فتحهاواطلع علٰی مضمونها بکی بکاءً شدیدًا ثم جاء عند اهل البیتٌ وقرائها لهنّ فبکین بکاءً شدیدًا ولم یظهر حالِ الاعرابی اَنَّهٗ کان مَلکًا اوبشرًا اَوُسارا شهیدًا ام لَا؟ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 406)

کربلا کے حالات میں یہ لکھا گیا ہے کہ امام حسین علیہ السلام کی ایک اور بیٹی تھی جس کا نام فاطمہؑ تھا اور جو مدینہ سے آپکی روانگی کے وقت بیمار تھیں اور جسے امامؑ نے حضرت ام سلمہ علیہا السلام کی سپردگی میں چھوڑا تھا۔ جب خاندان سے جدائی نے بہت طول کھینچا اور کوئی خیر

خبر نہ ملی تو بی بیؑ نے رونے اور دعائیں کرنے میں وقت گزارنا شروع کیا۔ یہاں تک کہ باپ اور خاندان کے غم نے اُنہیں گھلا کر رکھ دیا وہ روزانہ اپنے والد، والدہ اور بھائی بہنوں (علیہم السلام) کو خط لکھا کرتی تھیں۔ اور جب خط لکھ کر فارغ ہو جاتی تھیں تو والدین اور بہن بھائیوں کی جگہ خود ہی خط پڑھ پڑھ کر رویا کرتی تھیں۔ راستے چلتے لوگ یہ نوحہ اور بکا سنتے ہوئے گزر جاتے تھے۔ ایک روز ایک دیہاتی شخص اس گلی سے گزرا اور اُنکے جدائی کے بین اور رونا سُنا تو رک گیا، دل بھر آیا روتا رہا۔ پھر لوگوں سے معلوم کیا کہ یہ رونے والی بچی کون ہے؟ جب معلوم ہوا کہ یہ بچی امام علیہ السلام کی بیٹی ہے اور اپنے ماں باپ اور خاندان کی جدائی میں رویا کرتی ہے۔ پھر اس شخص نے بہت زور سے کہا کہ میرا اسلام ہو تم پر اے خانوادہ نبوتؐ و رسالتؐ! میں بیابانی آدمی ہوں اور کربلا جانے کا ارادہ رکھتا ہوں کیا آپکو کوئی ضرورت ہے اور میں آپکے کام آ سکتا ہوں؟ آواز اتنی بلند تھی کہ حضرت فاطمہؑ صغریٰ نے رونے کے باوجود سُن لی۔ دروازے کے پاس آئیں سلام کا جواب دیا اور بتایا کہ میں حسین علیہ السلام کی بیٹی ہوں۔ جب والدؑ صاحب مدینہ سے جا رہے تھے تو میں بیمار تھی اسلئے مجھے حضرت ام سلمہؑ زوجہ رسولؐ اللہ کے سپرد کر گئے تھے۔ اب مجھ میں اُنکی جدائی کا صدمہ برداشت کرنے کی طاقت نہیں رہی ہے۔ میں نے اُنکے نام ایک خط لکھا ہے اور مجھے ایسے نیک شخص کی ضرورت ہے جو میرا خط میرے والدؑ کو پہنچا دے۔ چنانچہ اُس شخص نے وہ خط اُن سے لے لیا اور عاشور کے روز اُس وقت کربلا میں پہنچا جب کہ امامؑ میدان جنگ میں تھے۔ چنانچہ وہ خط امامؑ کے سپرد کر دیا۔ امامؑ نے خط کا مضمون پڑھا تو بہت بے قرار ہو کر روئے پھر اس خط کو لئے ہوئے خیام میں آئے اور صغریٰؑ کا خط سنایا تو اہل حرمؑ میں فریاد و واویلا اور رونے کا کہرام برپا ہو گیا۔ لیکن اس قاصد کا پتہ نہ چلا کہ وہ کوئی فرشتہ تھا یا آدمی تھا؟ وہ میدان جنگ میں شہید ہو گیا یا زندہ واپس چلا گیا۔''

(11)۔ زعفر جن میدانِ کربلا میں نصرت کے لئے حاضر ہوتا ہے

وعن بعض کتب المقتل عن نور الآئمة علیهم السلام اَنَّهٗ لَمّا ارادَن یحمل علیهم فاذا علٰی غبار وظهر منه شخص مهیبٌ علٰی مرکب عجیبٌ و سلم علی الامامؑ وعلٰی جدّه و ابیهٗ وامهٗ فردّعلیه السلام جواب سلامه وقال مَن اَنْتَ وتسلّم فی هذه الحالة عَلَی المظلوم الغریبٌ ؟ فقال یابن رسولؐ اللّٰه انا زعفر الزاهد سلطان الجن وعسکری فی هٰذه البادیّة ولقد اعطی ابوک حین غزی مع الجن فی بئر العلم السلطنة لابی وبعد وفاته قد انتقلت اِلیَّ فاذّن لنا اَن نحارب مع اعدآئکَ هؤُ لاء ؟ قال علیه السلام لافانکم ترونهم وَلَا یرونکم ۔قال فنحن نتصوّر بصورهم ان قتلنا کُنّا شهدآء فی سبیلک ۔فقال جزاک اللّٰه خیرًا یا زعفر فانیّ سمُتُ مِن الدنیا ورایتُ فی الطفّ انیّ القی اللّٰه فی هذا الیوم شهیدًا مجدّلًا فارجع ولا تتعرّض لِهؤُ لآء القوم فرجع۔
(اکسیر العبادات۔ صفحہ 406)

حالات کربلا کی کتابوں میں لکھا ہے کہ جب امامؑ نے دشمنوں پر پھر حملے کا ارادہ کیا تو کیا دیکھتے ہیں کہ ایک غبار کا بگولا نمودار ہوا اور اُس میں سے ایک بہت خوفناک صورت کا شخص ایک عجیب گھوڑے پر سوار نظر آیا۔ امامؑ پر اور اُن کے داداؐ، والدؑ اور والدہؑ پر سلام بھیجا۔ امامؑ نے اس کے سلام کا جواب دیا اور پوچھا کہ بھائی تم کون ہو جو اس حالت مظلومی اور بے کسی میں بھی مجھے سلام کرتے ہو؟ اُس نے کہا کہ اے فرزندِ رسولؐ میں زعفر زاہد ہوں اور جنوں کا بادشاہ ہوں۔ اور میری افواج یہیں اسی جنگل میں موجود ہیں۔ جس زمانہ میں آپؑ کے والدؑ نے مشہور کنویں پر جنوں سے جنگ کی تھی تو اُن کی حکومت انہوں نے میرے والد کو عطا کی تھی۔ والد کی وفات کے بعد حکومت مجھے مل

گئی ہے۔ ہمیں اجازت دیجئے کہ ہم آپ کی نصرت میں اِن دشمنانِ خدااور رسولؐ سے جنگ کریں۔ اور جو ہم میں سے قتل ہوجائے وہ آپؑ کی راہ میں شہادت کا درجہ حاصل کرلے۔ اماؑم نے فرمایا کہ مشکل یہ ہوگی کہ تم انہیں دیکھ سکتے ہو اور وہ تمہیں دیکھ نہ سکیں گے۔ زعفر نے عرض کیا کہ حضور ہم آدمیوں کی صورت میں تبدیل ہوئے جاتے ہیں پھر تو اُنہیں دقت نہ ہوگی۔ اب آپؑ نے فرمایا کہ بھائی میں دنیا سے بالکل فارغ ہو چکا ہوں اور یہیں اسی میدان میں اور آج ہی اللہ سے ملاقات کرنے والا ہوں۔ لہٰذا تم واپس چلے جاؤ اور اس قوم سے کوئی تعارض نہ کرو۔ زعفر جن سلام کر کے رخصت ہو گیا اماؑم کی دعا ساتھ لے گیا۔

(12)۔ پھر گھمسان کی جنگ اور اتمام حجت اور صحیح جواب

آپ نے دیکھا کہ امام حسین علیہ السلام یزیدی افواج کو کس طرح اُلٹ کر منتشر کر دیتے تھے کہ سردار، فوج کے سپاہیوں کی تلاش کرتے پھرتے تھے اور سپاہی اپنی فوج کے سرداروں کو ڈھونڈھتے رہتے تھے۔ اور یوں سابقہ ترتیب کو دوبارہ حاصل کرنے میں بہت دیر اور دقت پیش آتی تھی۔ اور امام علیہ السلام کا ہر دوسرا حملہ سرداروں کی اس دِقت کو زیادہ سے زیادہ کرتا جارہا تھا۔ چنانچہ گزشتہ حملہ کے بعد فوجوں کے جمع ہونے اور بھاگے ہوئے سپاہیوں کے اپنی اپنی فوج میں پہنچنے اور قتل شدہ تعداد معلوم کرنے اور اُس کمی کو پورا کرنے کی رپورٹ عمر بن سعد کو دینے اور مزید کمک لینے میں جو دیر لگی، اُس کا اندازہ اس سے لگائیں کہ اماؑم نے حضرت فاطمہ صغریٰ علیہا السلام کا خط پڑھا، خیام میں آئے وہاں خط سنایا۔ مجلس گریہ وزاری کے بعد اہلِ حرمؑ کو تسلی دے کر میدان میں آئے اور یہاں زعفر جن سے گفتگو ہوئی، اُسے سمجھا کر جزاک اللہ کہہ کر واپس کیا۔ اس کے کہیں بعد فوجیں کنٹرول میں آئیں اور حملہ آور ہوئیں۔

ثُمَّ توجه اِلٰی قتال اعدائِہٖ فقتل منهم مقتلته عظیمته و جدّل ابطالًا و نکسّ فرسانًا و قتل منهم فی ذلک الیوم الف وثمانیة وخمسین نفرًا ۔ ثُمَّ وقف قبالة القوم وسیفه مُصلت فی یده، آیسًا مِن الحیٰو ة عازمًا عَلیَ الموت وهویقول: اَنَا ابْنُ عَلّیّ الطّهر مِنْ آل هاشمؑ ۔ کَفَانِیْ بِهٰذا مَفْخَرًا حِیْنَ اَفْخَر۔ وَجَدّی رسولؐ اللّٰه اکرم مِن مَن مضی ۔ ونحن سِرَاج اللّٰه فی الارض نَزْهَر۔ وَفَاطِمَّةُ اُمّی مِنْ سُلَالَةِ احمدؐ ۔ وعمّی یُدْعی ذَاالجِناحَین جعفرؑ ۔ وفینا کتابُ اللّٰه اُنزِل صَادقًا۔ وفینا الهدٰی وَالْوَحیِ بِالخیرُ یذکر۔ ونحن اَمَان اللّٰه لِلنَّاس کلّهم۔ نَسِیْر بهٰذا فی الْاَنام ونَجْهَر۔ ونحنُ وُلَّاةُ الحوض نَسْقِیْ ولاتنا۔ بکاس رسولؐ اللّٰه مَالَیْسَ یُنْکَر ۔ وَشِیْعَتُنَا فی النّاسِ اَکْرَمُ شِیْعَةٍ ۔ وَبُغْضُنَا یَوْمَ القیٰمة یَخْسَر ۔ فَطُوْبٰی لِعَبْدٍ زَارَنَا بَعْد مَوْتِنَا۔ بِجَنَّةِ عَدْنٍ صِفُوْهَا لایَکدَر ۔ اَیَّهَاالناس خبّرونی هل تطلبونی بقتل قتلته منکم اوبقصاص مِن جراحة وبمال استملکته منکم اَعَلٰی سُنّة غیّر تها اَمْ عَلٰی شریعة فرض بدّلتها؟ قال فَسَکَتُوْا اَوْلَمْ یَقْبَلُوا هذا القول مِنْهُ وفی خبر ابی مخنف فقالوا نُقَاتِلُک بِغُصّةٍ لِاَبِیْک وَمَافَعَلَ بَاشْیَا خِنَا یوم بدروَّ حُنین۔ (اکسیرالعبادات۔ صفحہ 405,408)

اور امام علیہ السلام نے پھر تلوار بلند کی اور بجلی کی طرح افواج کے طول وعرض اور گہرائی پر چھا گئے۔ بہادرانِ شام اور شجاعانِ عرب تلوار سے سر چھپاتے بے تحاشہ دوڑتے پھرتے تھے لیکن تلوار تھی کہ جرأت وجسارت کی جدھر سے بُو آتی تھی وہاں قیامت برپا کر دیتی تھی۔ چنانچہ اماؑم نے اُسی روز اس حملہ میں ایک ہزار اَٹھاون (1058) فوجی سورما قتل کئے اور فوج کے سامنے اُس لاپرواہی اور اطمینان سے کھڑے ہوئے جو ایک ایسی ہستی کے شایانِ شان ہے جو دُنیا اور متعلقاتِ دنیا سے فارغ اور موت کا متمنی ہو۔ وہ تلوار کو زمین پر ٹکا کر اس

انداز سے فوج کو مخاطب کرتے ہیں کہ اگر حملہ ہو تو فوراً جوابی کاروائی کر سکیں۔ تلوار سے دشمنوں کا خون بہہ کر زمین میں جارہا تھا۔ اور آپ فرمارہے تھے کہ میں علیؑ کا بیٹا ہوں جو ہاشمؑ کی اولاد میں ساری دنیا سے افضل ہیں اور مقامِ مقابلہ میں مجھے یہ فخر بہت کافی ہے۔ اور میرے جدّ رسولؐ اللہ ہیں جو گزشتہ و آئندہ مخلوقات میں سب سے بڑھ کر ہیں۔ اور ہم اللہ کے روشن کئے ہوئے چراغ ہیں جو روئے زمین کو روشن کرتے ہیں۔ اور میری ماں احمد مصطفیٰؐ کی نسل کی بُنیاد اور خلاصہ ہیں۔ میرے چچا وہ ہیں جنہیں دو (2) خداداد پَروں والا جعفر کہا جاتا ہے۔ ہم ہی میں اللہ کی کتاب حق وصداقت لے کر نازل ہوئی ہے۔ اور ہم ہی میں ہدایت اور وحی کو محدود کر کے ذکر خیر کا ذریعہ بنایا گیا ہے۔ ہم ہی تمام نوع انسان کے لئے اللہ کی امان ہیں اور تعلیماتِ خداوندی کی تبلیغ تمام صاحبانِ حیات میں ہم ہی کرتے پھرتے ہیں۔ ہم حوض کوثر کے حاکم ہیں اور ہم ہی رسولؐ اللہ کی طرف سے سب کو پلائیں گے اس کا انکار کوئی نہیں کر سکتا۔ ہمارے شیعہ ہی باقی لوگوں کے شیعوں سے افضل واعلیٰ و برحق ہیں۔ ہمارا بغض قیامت میں لوگوں کو بہت خسارے میں رکھے گا۔ مبارک ہو اس بندے کو جو ہماری موت کے بعد ہماری زیارت کرے۔ یہاں اور جنت عدن میں جہاں کی شفافیت کبھی گدلی نہیں ہوتی۔ اے لوگو مجھے بتاؤ کیا تم اپنے کسی مقتول کے بدلے میں مجھے قتل کرنا چاہتے ہو؟ یا کسی کو زخمی کرنے کا بدلہ لینا چاہتے ہو یا میں نے کسی کا مال چھین لیا ہے جس کی سزا دینا چاہتے ہو؟ یا میں نے رسوؐل کے کسی قانون کو بدل دیا ہے؟ یا میں نے شریعت کے کسی فرض کو تبدیل کر دیا ہے۔ راوی نے کہا کہ یہ سب کچھ یزیدی فوج نے چپ چاپ سُنا لیکن کوئی مفید جواب نہ دیا۔ علامہ ابومخنف کے مطابق جو جواب ملا وہ یہ تھا کہ ہم آپ سے اُس غصہ کی وجہ سے جنگ کر رہے ہیں جو تمہارے والدؑ نے جنگ بدر و حنین میں ہمارے بزرگوں کو قتل کر کے بھر دیا تھا۔

(13)۔ امام حسین علیہ السلام پھر حملہ کرتے ہیں۔ قتل عام میں بھی مومنین کا تحفظ

آخر مخالفین کا مذہب ظاہر ہو گیا وہ مشرک معاشرہ کے طرفدار تھے۔ انہوں نے اسلام کو اس طرح تبدیل کر کے اختیار کیا تھا (یونس 10/15) کہ وہ ابوسفیان اور مشرکین عرب کے منصوبے اور پالیسیوں کی تائید و تنفیذ کر سکیں اور اسی بنا پر جنگ بدر واحد و خندق و حنین کے مشرک مقتولوں کا انتقام علیؑ اور اولاد علیؑ سے لینا ضروری سمجھتے تھے۔ اُن کے اسلام میں ہر وہ عمل جائز تھا جس سے اولاد علیؑ تباہ کی جا سکے۔ لیکن علیؑ اور ان کی اولاد اُن کافروں اور مشرکوں کو بھی قتل نہ کرتے تھے۔ جن کی نسل میں کوئی مومن پیدا ہونے والا تھا۔ یہی طرز عمل امام حسین علیہ السلام نے کربلا میں بھی برقرار رکھا سُنیئے:۔

فی کتاب المجلّی روی اَنّ الحسین علیه السلام کان یَوم الطفّ اذا حمل علٰی لشکر ابن زیاد یقتل بعضًا ویترک آخرین مع تمکنّه مِنْ قَتْلِهِمْ فقیل له ذلک فقال علیه السلام کشف عن بصری فَاَبْصرتُ النّطف الّتِی فی اصلابِهم ۔ فَصَرَفْتُ عمَّن یخرج مِن نطفته مَن هُوَامِن اهل الایمان فترکته عن القتل لاستخلاص تِلْکَ الذُّریّة منه ۔ ورایتُ مَن لم یخرج منه نطفته صالحة فقتلتُه۔فی بعض الکتب اَنّ زین العابدین علیه السلام قال رایت کافرًا قدضرب فی خاصرة ابی برمحه فلم یقتله اَبی فلما انتقلت الامامة اِلیَّ عرفت اَنّ ذلک الکافر کان فی صلبه مَن یُحَبُّنا اهل البیتؑ ۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 407)

’’کتاب مجلّی میں ہے کہ روایت کیا گیا ہے کہ کربلا میں جب امام حسینؑ لشکر ابن زیاد پر حملہ کرتے تھے تو بعض لوگوں کو بے دریغ

قتل کرتے تھے۔اور بعض کو قابو میں ہوتے ہوئے بھی قتل نہ کرتے تھے۔ بتایا گیا کہ امامؑ سے وجہ معلوم کی گئی تو فرمایا کہ میری آنکھوں سے پردے ہٹائے گئے ہیں میں اُن لوگوں کے صُلبوں کو دیکھ سکتا ہوں ۔ چنانچہ جس سے کوئی اہل ایمان پیدا ہونا ہوتا ہے میں اُسے قتل نہیں کرتا ہوں ۔تا کہ اُس سے وہ نطفہ نکل کر آگے بڑھ جائے اور وہ اہل ایمان ذریت وجود میں آ سکے ۔لیکن جس شخص سے قیامت تک کوئی مومن پیدا ہی نہ ہونا ہوا ُسے میں قتل کر دیتا ہوں ۔بعض کتابوں میں ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے ایک کافر کو دیکھا کہ اُس نے میرے والدؑ کی کمر میں نیزہ مارا مگر باباؑ جان نے اُسے قتل نہ کیا جب امامت مجھے ملی تو مجھے معلوم ہو گیا کہ اُس کافر سے مُحِبِ اہلبیتؑ نے پیدا ہونا تھا۔

(14)۔ خیامِ حسینیؑ پر افواج کا ہجوم کرنا اور امامؑ کے للکارنے سے فوجوں کا ہٹ جانا

پھر دوران جنگ ایسا وقت آ گیا کہ یزیدی افواج امام علیہ السلام اور خیموں کے درمیان حائل ہو گئیں اور پھر امامؑ پر لازم ہو گیا کہ فوجوں کو خیام سے ہٹانے کے لئے وہی بے پناہ حملہ کریں جس میں ہزار ہا سپاہیوں کو قتل کرنا ضروری تھا۔

قال ابن ابی طالب وصاحب المناقب والسید ابن طاؤس ۔فصاح علیه السلام بهم ویحکم یاشیعة آل ابوسفیان اِن لم یکن لکم دین وکنتم لاتخافون المعاد فکونوا احرارًا فی دُنیا کم وارجعوا الی احسابکم ان کنتم عربًا؟ فناده شمر فقال ماتقول یا ابن فاطمةؑ ؟ قال اقول انا الذی اقاتلکم وتقاتلونی والنسآء لیس علیهن جناح فامنعوا اعتاتکم عن التعرض لحرمی مادمت حیًّا۔فقال الشمر لَکَ ذلک یاابن فاطمةؑ ثم صاح الشمر الیکم عن حرم الرجل فاقصد وه فی نفسه فلعمری لهو کفو کریم قال فقصد وه القوم۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 407)

علامہ ابن ابیطالب اور صاحب المناقب اور ابن طاؤس نے لکھا ہے کہ پھر امامؑ نے اُن کو للکار کر کہا کہ اگر تمہارا کوئی دین نہیں ہے اور تم قیامت کی باز پرس اور جزا وسزا کے بھی قائل نہیں ہو تو کم از کم شریف عربوں کے طریقہ پر چلو اور حُریتِ ضمیر ہی کو اختیار کر لو تا کہ تم جنگلی نہ کہلا سکو؟ شمر ملعون نے امامؑ سے پوچھا کہ آپ نے یہ کیا طنز کیا ہے؟ فرمایا کہ جنگ مجھ میں اور تجھ میں ہے اور ہم آپس میں برسر قتال ہیں۔ یہ کیا شرافت ہے کہ عورتوں کو پریشان کیا جائے۔اپنے اِن فوجیوں کو کہو کہ اہل حرمؑ کی طرف سے ہٹ جائیں اور مجھ سے لڑیں۔ جب تک میں زندہ ہوں اُدھر کوئی نہ جانے پائے ۔شمر نے کہا کہ مجھے آپ کی یہ بات منظور ہے۔اس کے بعد شمر نے اہل حرمؑ کی سمت والی فوج کو للکارا کہ اُدھر سے سب ہٹ جائیں اور صرف حسینؑ سے سروکار رکھیں۔ کہا گیا ہے کہ یہ سن کر تمام افواج درمیان سے ہٹ گئیں۔اور امام حسین علیہ السلام پر ٹوٹ پڑیں۔

ثُمَّ حَمَلَ کاللَّیث کالمغضب فجعل یضرب فیهم یمینًا وشمالًا ولَا یلحق منهم احد اِلَّا یعجّه بسیفه ویقتله والسهام تاخذه مِن کل ناحیة وهو تیقیها بنحره وصدره ویقول یااُمّة السُّوء بئسما خلفتم محمدًاً فی عترته اماانکم لَنْ تقتلوا بعدی عبدًا مِن عباد اللّٰه فتهابوا قتله بل یهون علیکم عندقتلکم ایای وایم اللّٰه اِنّی لارجوااَن یکرمنی رَبّی بالشهادة بهوانکم ثمّ ینتقم لی منکم مِن حیث لا تشعرون۔ قال فصاح به الحصین بن مالک السکونی فقال یابن فاطمةً بماذا ینتقم لک مِنّا؟ قال یلقی باسکم بینکم ولسیفک دماء کم ثم یصبّ علیکم العذاب الالیم ثُمَّ لم یزل یقاتل حتّٰی اصابته جراحات عظیمة۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 409)

پھر امامؑ ایک غضبناک شیر کی طرح تڑپ کر افواج پر گرے اور داہنے بائیں جو سامنے آتا تھا اُسے تلوار سے ذبح کرتے جاتے تھے۔ساتھ ہی حضورؑ پر ہر جانب سے تیروں کی بارش ہورہی تھی اور آپ کے سینہ وگردن میں تیر پیوست ہوتے جارہے تھے۔اور آپ یہ فرماتے جارہے تھے کہ اے بدترین اُمت تم نے رسولؐ کی اولاد اور عترت کے ساتھ بھی بدترین سلوک کیا۔ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تم لوگ مجھے قتل کر کے پھر کسی بھی بندۂ خدا کو قتل نہ کرو گے۔اور مجھے قتل کرنے کے بعد درحقیقت تم بے گناہوں کی گردنیں مارنے میں زیادہ جری ہوجاؤ گے۔اور میں تو اپنے عہد کے مطابق اللہ سے درجہ شہادت پر فائز ہونے کا امیدوار ہوں۔مگر اللہ تم سے بہت جلد میرا انتقام لے گا۔اور تمہیں اُس انتقام سے بچ نکلنے کا نہ شعور ہوگا نہ پتہ چلے گا۔اس پر حصین بن مالک نے پکارا کہ اے فاطمہؑ کے بیٹے بتاؤ کہ اللہ ہم سے کس طرح تمہارا انتقام لے گا؟ امامؑ نے فرمایا کہ تم آپس میں ایک دوسرے سے برسرِ پیکار ہوجاؤ گے۔اور لڑ کر ایک دوسرے کے ہاتھ سے مارے جاؤ گے اور پھر بھی اللہ تمہیں عذاب دردناک کی مستقل سزا دے گا۔یہ کہہ کر بدستور امامؑ نے حملہ پر حملہ جاری رکھا اور کُشتوں کے پشتے لگا دیئے۔یہاں تک کہ حضورؑ کے جسم پر خطرناک حد تک زخم آگئے اور ضعف طاری ہوگیا۔

(15)۔ **امام مظلومؑ کی آخری رُخصت اور شہادت کے لئے میدان جنگ میں آمد**

مومنین آخر وہ گھڑی آ پہنچی جب فاطمہؑ کے لاڈلے نے تلوار میان میں رکھ لی ہے۔

فبینما هُوَ واقف اذاتاه حجر فوقع فِی جبهته فاخذ الثوب لیمسح الدّم عَن وجهه فا تاه سهم محدّدٌ مسمومٌ له ثلث شعب فوقع السهم فی صدره وفی بعض الروایات فی قلبه فقال الحسینؑ بسم اللّٰه وباللّٰه وعلٰی ملة رسولؐ اللّٰه ورفع راسه الَی السمآء وقال اِلٰهی انک تعلم انّهم یقتلون رجلا لیس علٰی وجه الارض ابن نبیّکؐ غیره ۔ ثم اخذ السهم فاخرجه مِن قفاه فانبعث الدّم کالمیزاب فوضع یده علَی الجرح فلمّا امتلأت رمی به الی السمآء فمارجع مِن ذلک الدّم قطرة ۔ثُمَّ وضع یده ثانیًا فلمّا امتلأت لَطَخ بِهَاراسه ولحیته وقال هٰکذا اَکُوْنُ حتّٰی اَلْقَی جدّی رسولؐ اللّٰه وَاَنَا مخضوب بدمی واقول یارسولؐ اللّٰه فَلَانٌ وَ فَلَانٌ ۔ثمّ ضعف فوقف ۔فکلّما اتاه رجلٌ وانتهی الیه انصرف عنه حتی جائَهُ رجل مِن کندة یقال له مالک بن الیسر فشتم الحسینؑ فضربه بالسیف علٰی راسه وعلیه بُرنس فامتلاء دمًا فقال له الحسینؑ لااکلت بهاوشربت وحشرک مع الظالمین ثُمَّ اَلْقَی البرنس مِن راسه ثُمَّ جآءَ اِلَی الخیام وطلب خرقة فلمّا آتوه بها شدّها علٰی جراحته ولبس فوقها قلنسوة واعتثم علیها ۔ فنادی فی تلک الحالة یازینبؑ یاام کلثوؑم ویاسکینۃؑ یارقیۃؑ یافاطمۃؑ علیکنّ مِنّی السلام ۔فلما سمعته زینبؑ بکت وجری الد موع مِن عینیها ونادت واوحد تاه اقلّة ناصراه واسوء منقلباه وااشوم صباحاه فشقّت ثوبها ونشرت شعرها ولطمت علٰی وجهها ۔فقال الحسین علیه السلام مهلًا لها یابنت مرتضیٰؑ اِنّ البکآء طویل فاراد اَنْ یخرج من الخیمة فلصقت به زینبؑ فقالت مَهْلًا یااخی توقف حتی اُزَوِّدُ مِن نظری و اُوَدِّعکَ وداع مفارق لا تلاق بعده فمهلًا یااَخِی قبل الممات هنیّئة لتبرد لوعة وغلیل فجعلت تقبّل یدیه ورجلیه وَاَحَطْنَ به سائر النسوان ویقبلن یده ورجله ۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 422)

اور اب دشمنوں کے سامنے اس طرح کھڑے ہیں کہ جس کا جہاں دل چاہے تلوار و نیزہ و برچھی مارے۔لیکن دشمنوں پر اس قدر خوف وہراس طاری ہے کہ کوئی نزدیک نہیں آتا۔دُور سے تیروں اور پتھروں کی بوچھاڑ کررہے ہیں۔آپ کھڑے ہوئے تھے اور چاروں

طرف سے تیر آ آ کر جسم کو چھلنی کر رہے تھے کہ کسی نے آپ کی پیشانی پر پتھر مارا اور خون بہہ کر آنکھوں میں بھر گیا تو آپ نے رومال سے چہرہ کو صاف کرنا شروع کیا۔ تو اچانک ایک لوہے کا تین پھلوں والا زہر میں بجھا ہوا تیر آپ کے سینے میں دل پر لگا۔ آپ نے بسم اللہ پڑھی اللہ کو یاد کیا اور ملت رسولؐ پر ہونے کا اعلان فرمایا اور آسمان کی طرف سر بلند کر کے فرمایا کہ اے اللہ تُو جانتا ہے یہ لوگ ایسے شخص کو قتل کر رہے ہیں جو اِس دنیا میں تیرے نبیؐ کا ایک ہی بیٹا ہے۔ پھر آپ نے تیر کو پکڑ کر کمر کی طرف سے کھینچ کر نکال دیا۔ اور خون کا فوارہ پَرنالے کی طرح نکلنا شروع ہوا تو آپ نے زخم کے نیچے ہاتھ رکھ دیا۔ جب خون سے چُلّو بھر گئی تو اُسے آسمان کی طرف پھینک دیا۔ خون کا ایک قطرہ بھی واپس نہ آیا۔ پھر دوبارہ چُلّو بھر کر خون کو اپنے سر اور ریش پر مل لیا۔ اور فرمایا کہ میں اسی حالت میں رہوں گا یہاں تک کہ اپنے دادا رسولؐ اللہ سے اپنے خون سے خضاب کئے ہوئے ملاقات کروں اور بتاؤں کہ مجھ پر فلاں اور فلاں نے مظالم کئے اور یہ خون بہایا۔ پھر آپ کو کمزوری محسوس ہوئی۔ آپ کھڑے تھے کہ ایک شخص قریب آیا مگر وار کرنے کی ہمت نہ ہوئی چلا گیا۔ پھر قبیلہ کندہ کا مالک بن یسر آیا۔ اس ملعون نے آپ کے سر پر تلوار ماردی جس سے سر پھٹ گیا اور ٹوپی خون سے بھر گئی۔ امامؑ نے فرمایا کہ تمہیں ان ہاتھوں سے کھانا پینا نصیب نہ ہو۔ اور اللہ تجھے ظالموں میں شمار کرے۔ پھر آپؑ نے ٹوپی اتار کر پھینک دی اور خیام میں آ کر کوئی کپڑا مانگا۔ اس سے سر کے زخم کو باندھا اور اُوپر سے کنٹوپ پہن لیا۔ اوپر سے پٹی باندھ لی۔ اور اس حالت میں آپؑ نے اہل حرمؑ کو نام بنام آواز دی کہ اۓ بہن زینبؑ وکلثومؑ اے بیٹی سکینہؑ اَے رقیہؑ اے فاطمہؑ کبریٰ تم سب پر میرا آخری سلام ہو۔ اپنے بھائی کا آخری سلام سنتے ہی حضرت زینبؑ تڑپ کر رہ گئیں، آنکھوں سے آنسو برسنے لگے۔ اہلبیتؑ رسولؐ کی تنہائی، پردیس میں بھائی کے بعد بے بَس و بے کس رہ جانا، کسی مددگار و طرفدار کا نہ ہونا اور اِس بدترین انقلاب سے مقابلہ کرنا اور روز عاشورہ کی نامبارک صبح یہ سب حالات نظروں کے سامنے پھر گئے۔ بی بیؑ نے اپنے بال کھول ڈالے۔ اپنا سر وسینہ اور منہ پیٹتی ہوئی بھائی کے پاس آئیں تو امامؑ نے فرمایا اے بہن ذرا سنبھلو آپ کو تو ابھی بہت عرصے تک رونا ہے یوں ایک دم سے بے قرار نہ ہو جاؤ۔ تم تو علیؑ مرتضیٰ ایسے بہادر انسان کی بیٹی ہو۔ تمہیں تو تمام خواتین اور بچوں کو سنبھالنا ہے۔ یہ کہہ کر امامؑ چاہتے تھے کہ خیمہ سے نکل کر میدان میں آ جائیں مگر حضرت زینبؑ لپٹ گئیں اور فرمایا کہ بھیا ذرا ٹھہرو مجھے اتنا موقع دو کہ میں اپنی نظروں کی پیاس بُجھا لوں۔ ذرا آپ کی یہ دردناک تصویر آنکھوں میں بٹھا لوں تا کہ مجھے اپنا دکھ درد فراموش ہو جائے۔ بھیا ذرا ٹھہرو میں آپ کو دل بھر کے وداع کر لوں۔ بھیا آپ کی جدائی بڑی طویل ہوگی۔ اب تو مرنے کے بعد ہی آپ سے ملاقات نصیب ہوگی۔ اس لئے اَے میرے مظلوم بھائی آؤ میں تمہیں مرنے والوں کی تمناؤں کے ساتھ وداع کروں۔ اے بھیا جلدی نہ کرو ذرا اتنی دیر اور ٹھہرو کہ میں اپنے سینے میں بھڑکتی ہوئی آگ کو ٹھنڈا کر لوں۔ اپنے دل میں اُمنڈتے ہوئے طوفانِ غم والم کو سہارا دے لوں۔ پھر دکھیا بہن سامنے بیٹھ گئیں اور امامؑ کے ہاتھوں اور پیروں کو چومنا اور آنکھوں سے ملنا شروع کیا۔ اُدھر تمام اہل حرمؑ، بہنیں، بیٹیاں اور دیگر خواتین نے چاروں طرف سے گھیر لیا اور حضرت زینبؑ کی طرح ہاتھوں اور پیروں کو چومنا شروع کیا۔ آہ و واویلا کا شور تھا۔ امامؑ باری باری سب کو دیکھ رہے تھے۔ یہاں حضرت سکینہؑ کا تذکرہ نہیں کیا گیا۔ غالبًا بابا کے تمام جسم کو زخموں سے چُور چُور دیکھ کر گود میں بیٹھنے اور بابا سے لپٹنے سے مایوس ہو کر کہیں دور کھڑی ہوں گی۔ اور بزرگ عورتوں کو وداعی کا موقعہ دے رہی ہوں گی۔

(16)۔ میدان جنگ میں آخری آمد، دشمنوں کا طنز باطل کرنے کے لئے دریا پر قبضہ

امامؑ مظلوم اپنی بہنوںؑ، بیٹیوںؑ، ازواجؑ اور باقی اہل حرمؑ سے کب اور کس طرح رخصت ہوئے؟ نہ یہ دل شکن صورتِ حال الفاظ کے قابو میں آسکتی تھی نہ لکھی گئی۔ بہرحال ایفائے عہد اور زورِ امامت تھا جو حضورؑ کو پھر میدان میں لے آیا۔ تلوار میان میں رکھے ہوئے آپؑ دشمنانِ خدا اور رسولؐ کی زد پر کھڑے ہوگئے۔ تیر آتے تھے اور سابقہ زخموں میں سے سہولت سے گزر جاتے تھے۔ جو تیر نیا زخم لگاتا تھا آپؑ اُسے کھینچ کر زخم کو اور کشادہ کر دیتے تھے۔ تاکہ دوسرے تیر آسانی سے گزر سکیں۔ ہر نئے تیر کو اسی طرح کھینچ کر نکالتے جاتے تھے۔ یہ وہ صبر آزما اور دردناک نظارہ تھا جو آسمان کی آنکھوں نے اس زمین پر پہلی اور آخری بار دیکھا۔ یہی وہ ہوشرُ باسین تھا جو مومنین اور محبانِ آل محمدؐ کے قلوب پر چھا جاتا ہے تو اُنکے دماغ سے احساس درد و تکلیف محو کر دیتا ہے۔ اِدھر اُس نظارہ کا سایہ جسم پر پڑتا ہے۔ اُدھر تلوار اور چھُریوں کے وار اور زخم ماتم کرنے والوں کو لذت آفرین معلوم ہونے لگتے ہیں۔ جسم سے خون کے فوارے چھوٹنے سے فدا کارانِ اہلبیتؑ کو سکونِ قلب اور قوت ایمانی ملتی ہے۔ امامؑ قومی حکومت کی افواج کو عملاً دکھا رہے تھے کہ ہمیں اسلام اور قرآن کے مقابلہ میں اپنی جان، اپنا گوشت اور خون پیارا نہیں ہے۔ دشمن یہ سمجھ رہے تھے کہ اب تلوار اُٹھانے کی سکت باقی نہیں ہے۔ شاید اب پانی کا لالچ دینے سے حسینؑ یزید کی اطاعت قبول کرلیں۔

وفی البحار قال له رَجُلٌ اَلا تری الفرات یاحسینؑ کانّه بطون الحیّات و اللّٰه لا تذ وقه اوتموت عطشًا..... قال ابوالفرج الاصفهانی جعل الحسینؑ یطلب المآء والشمر یقول و اللّٰه تروه اوتردالنار..... فکلّما حمل بفرسه علَی الفرات حملوا علیه باجمعهم حتّٰی اجلوه عنه قال ابن شهر آشوب روی ابومخنف عَنِ الجلودی اَنّ الحسینؑ حمل عَلَی الاعور سلمٰی وعمر بن الحجاج الزبیدی وکانافی اربعة الاف رجل عَلی الشریعة فهز مهم واقحم الفرس عَلَی الفرات فلما اولغ الفرس براسه لیشرب قال علیه السلام له اَنتَ عطشان وانا عطشان و اللّٰه لاذقت الماء حتٰی تشرب ۔فلما سمع الفرس کلام الحسیؑن رفع راسه ولم یشرب الماء کانّه فهم الکلام ۔فقال الحسین علیه السلام اشرِبُ وَاَنَا اَشرَبُ ۔فمدّ الحسیؑن یده فغرف الماء فقال له فارسٌ یااباعبدَ اللّٰه تتلذّذ بشرب الماء وقدهتک حَرَمُک ۔ فنفض المآء مِن یده وحمل علیه السلام عَلَی القوم فکشفهم فاذا الخیمة سالمة وعرف انّها خدیعة مِنهم لِیَحرموه مِن شُرب الماء۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 407,408,409)

چنانچہ اُنہیں اُن کی پیاس یاد دلانے کے لئے ایک شخص نے کہا: اے حسینؑ کیا تم دریائے فرات کو نہیں دیکھتے کہ وہ صاف وشفاف ہونے میں سانپ کے پیٹ کی طرح چمکتا ہوا بہتا چلا جا رہا ہے۔ مگر سُنو تم اُس میں سے ایک قطرہ بھی نہ چکھ سکوگے اور یُوں ہی پیاسے قتل کر دیئے جاؤ گے۔ علامہ ابوالفرج اصفہانی نے لکھا ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے پانی مانگنا شروع کیا تو شمر ملعون نے کہا (معاذ اللہ) قسم بخدا تمہیں جہنم میں جانے سے پہلے ہرگز پانی سے سیراب ہونا نہ ملے گا۔ یہ تھی وہ گھڑی جب افواج اور سرداران افواج کو یقین ہوگیا کہ اب حسینؑ میں چلنے پھرنے اور اُٹھنے بیٹھنے کی بھی قوت نہیں ہے۔ اب وہ افواج کے محاصرہ کو توڑ کر دریا تک کیسے جاسکتے ہیں۔ یہی وقت تھا جب امامؑ پر لازم ہوگیا کہ ایک دفعہ پھر تلوار نکالیں اور دریا پر قبضہ کر کے دکھائیں کہ ہمیں پانی حاصل کرنے کی اس وقت بھی قدرت ہے۔ چنانچہ آپ نے دریا کی طرف بڑھنا شروع کیا اور گھوڑے پر سوار ہوکر فرات پر تشریف لائے تو نگران فوج نے امامؑ پر حملہ

کر دیا۔ اور برابر اجتماعی حملہ جاری رکھا یہاں تک کہ امامؑ کو دریا سے دُور رکھتے رہے۔ علامہ ابن شہر آشوب نے کہا کہ علامہ ابومخنف نے روایت کیا ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے نگران افواج پر اور افواج کے دونوں سرداروں اعور سلمٰی اور عمر بن حجاج زبیدی پر سخت حملہ کیا اور اُس کنارے پر چار ہزار فوجی تھے اُن کو شکست دے کر دریا پر قبضہ کر لیا اور گھوڑے نے پانی کو دیکھ کر لگام کے دھانہ کو چبانا اور پپولنا شروع کیا تا کہ پانی پیئے۔ امام علیہ السلام نے فرمایا کہ تُو بھی پیاسا ہے اور میں بھی تیرے ساتھ پیاسا رہا ہوں۔ خدا کی قسم جب تک تُو پانی نہ پی چکے گا میں پانی نہ چکھوں گا۔ جب گھوڑے نے امامؑ کی یہ شرط سُنی تو سر بلند کر کے کھڑا ہو گیا اور پانی نہ پیا جیسا کہ اُس نے امامؑ کی بات پوری طرح سمجھ لی تھی۔ اِس پر امامؑ نے فرمایا کہ میری اجازت ہے۔ تم پانی پیئو اور میں بھی پیتا ہوں۔ چنانچہ امامؑ نے پانی کا ایک چُلّو بھرا اور کلّی کی ہی تھی کہ فوج کے ایک سوار نے کہا کہ آپؑ تو پانی سے لطف اندوز ہو رہے ہیں اور آپؑ کے خیام میں اہل حرمؑ کی بے عزتی کی جا رہی ہے۔ آپؑ نے پانی وغیرہ چھوڑا، تیزی سے باہر نکلے اور گھاٹ سے نکلتے ہی عمر سعد کی افواج پر ایسا حملہ کیا کہ فوجیں بھاگیں اور تتّر بتّر ہو گئیں۔ اب جو دیکھتے ہیں خیام بالکل محفوظ اور سلامت تھے۔ دشمنانِ اسلام نے اپنی دانست میں دریا کے گھاٹ سے ہٹانے کے لئے یہ چال چلی تھی کہ حسینؑ کو اہل حرمؑ کا نام لے کر دھوکہ دیا جائے اور اس طرح پانی پینے سے روک دیا جائے۔ مومنین جانتے ہیں کہ خیام اور اہل حرمؑ کا تحفظ ہی تو امامؑ کی شرعی ذمہ داری تھی۔

(17)۔ امام علیہ السلام دوبارہ دریا کے گھاٹ پر قبضہ کرتے ہیں

ہم یہ کہہ کر آگے بڑھے تھے کہ امامؑ مظلوم کو جس فکر نے آخری سانس تک پریشان رکھا وہ اہل حرمؑ کا تحفظ تھا۔ جس طرح تمام انصاران حسین علیھم السلام پر امامؑ اور اہل حرمؑ کا تحفظ واجب تھا اور جب تک اُن میں سے ایک بھی زندہ تھا امامؑ کو یا اولاد ابوطالب علیھم السلام کو گزند نہیں پہنچا۔ اور جس طرح اولاد ابوطالب علیھم السلام پر حسینؑ اور اولادِ حسینؑ کا تحفظ واجب تھا اور جب تک اُن میں سے کوئی بھی باقی تھا امامؑ اور اہل حرمؑ پر آنچ تک نہ آنے دی۔ اور جس طرح اولادِ حسینؑ پر حسینؑ اور اہل حرمؑ کا تحفظ واجب تھا اور جب تک وہ سب شہید نہ ہو گئے امامؑ اور اہل حرمؑ کو اطمینان حاصل رہا۔ اُسی طرح اب امام علیہ السلام پر دختران فاطمہؑ زہراء اور باقی اہل حرمؑ کا تحفظ واجب ہے۔ اور آپ دیکھیں گے کہ جب تک امامؑ مظلوم کے ہاتھ پاؤں چلتے رہے اہل حرمؑ کو گزند نہ پہنچے گا۔ یعنی میدان کربلا میں مقاصد حسینیؑ کو مکمل کرنے اور نتیجہ خیز بنانے کیلئے اہل حرمؑ سب سے قیمتی ذخیرۂ نبوّت و رسالت تھے۔ بہر حال اہل حرمؑ کی توہین نا قابل برداشت بات تھی۔ اس لئے آپ فوراً دریا سے چل دیئے اور ایک دفعہ پھر یہ دکھا دیا کہ افواج کا ٹِڈی دل بادل کس طرح پھٹتا اور بکھرتا چلا جاتا ہے۔ چونکہ آپ کو یہ دکھانا تھا کہ میں جبراً پانی پی سکتا ہوں۔ میں پورے گھاٹ پر قبضہ کر سکتا ہوں۔ میں اور میرے رفقائے کار مجبوراً نہیں بلکہ اپنے اختیار اور رضا مندی سے بھوکے پیاسے رہے ہیں۔ تا کہ وعدہ شہادت اعلیٰ ترین معیارِ خداوندی سے بڑھ کر پورا ہو جائے۔ وہ جانتے تھے کہ اُن کا گھوڑا تک پانی نہ پیئے گا۔ مگر وہ لوگوں کو دکھانے اور دلیل قائم کرنے کے لئے گھوڑے کو لائے تھے اور ہزاروں دشمنوں نے دیکھا کہ دونوں نے اختیار رکھتے ہوئے، دریا پر قبضہ ہوتے ہوئے پانی نہ پیا۔ پانی مُنہ کے اندر تھا۔ صرف نگلنے کی دیر تھی اور ضرورت تھی۔ دشمنوں نے دیکھا کہ امامؑ نے غرارہ کر کے پانی کی کُلّی کر دی۔ وہ ثابت کرنا چاہتے تھے کہ میں جو تم سے بار بار پانی مانگتا اور پانی کے لئے

طرح طرح کی اپیلیں کرتا رہا ہوں، وہ پیاس سے مغلوب ہو کر نہ تھیں۔ وہ اس لئے نہ تھیں کہ تم پانی دیتے تو میں یا میرے اہل خاندان یا صحابہ تمہارا دیا ہوا پانی پی لیتے۔ جس طرح ہمارا گھوڑا پانی میں کھڑا ہو کر پانی نہیں پیتا اُسی طرح ہمارے بچے تمہارا دیا ہوا پانی نہ پیتے۔ یہ سب اپیلیں اتمام حجت کے لئے تھیں۔ وہ سب باتیں تمہاری دشمنی کی انتہا دکھانے اور تمام نوع انسان میں تمہیں ملعون بنانے کے لئے تھیں۔ یہ دیکھو میں پھر دریا پر قبضہ کر کے دکھاتا ہوں تا کہ کوئی یہ نہ کہے کہ اتفاقی طور پر حسینؑ گھاٹ پر پہنچ گئے تھے۔ فوج غافل رہی ہوگی، کوئی پہرہ والا گروپ سو گیا ہوگا، ایسا نہیں ہوا۔

وَفِی بعض الروایات اَنَّهُ مَرَّ ةً اُخریٰ جاء اِلَی الشریعة وغرف غرفة مِنَ الماء واَرَادَ اَنْ یشرب فتذکّر عطش اطفاله ونسائِهٖ فَصَبَّ الماء ولم یشربه۔ وعن ریاض الشهادة فی الخبر اَنَّهُ حِیْنَ خرج مِنَ المآء ووصل الی الخیام قتل اربعمائة رجل منهم۔ (اکسیر العبادات۔ صفحہ 408)

بلکہ یہ بیانات موجود ہیں کہ آپ نے دوبارہ گھاٹ پر حملہ کر کے قبضہ کیا اور چُلّو بھر کر منہ میں ڈالا اور ارادہ کیا کہ پانی پی لیں مگر بچوں اور عورتوں کی پیاس یاد آ گئی اس لئے پانی پھینک دیا اور نہ پیا۔ کتاب ریاض الشہادۃ میں روایت ہے کہ جب آپ دریا سے نکل کر خیام تک آئے تو آپ نے دشمن کی فوج کے چار سو ملاعین کو تہہ تیغ کیا تھا۔‘‘

(18)۔ ہماری دو باتیں نوٹ کر لیں

پہلی بات یہ ہے کہ مندرجہ بالا روایت میں راوی نے اپنے ذاتی خیال کو شامل کر دیا ہے۔ یعنی اُس نے نہ معلوم کس ذریعہ سے امامؑ کے پانی پینے کے ارادہ کا پتہ لگا لیا؟ ارادہ تو ایک قلب و ذہن میں پوشیدہ چیز کا نام ہے۔ اور جب تک امامؑ یا کوئی اور شخص یہ نہ کہے کہ میں نے پانی پینے یا فلاں کام کرنے کا ارادہ کیا تھا، کسی کو کسی کا ارادہ معلوم نہیں ہو سکتا۔ اُس نے یہ بھی کہہ دیا کہ امامؑ کو بچوں اور مستورات کی پیاس یاد آ گئی اس لئے پانی نہ پیا۔ یہ بھی علم غیب کی اطلاع ہے اور راوی عالم الغیب نہ تھا۔ اُس نے قیاس سے کام لیا ہے جو باطل ہے۔ یاد آنا یا بھول جانا بھی ذہنی و قلبی افعال ہیں اور اُن پر بھی بلا بتائے اطلاع ناممکن ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اگر دریا سے خیام تک جانے میں چار سو فوجیوں کو قتل کرنا پڑا تو میدان جنگ سے دو دفعہ دریا کے گھاٹ پر قبضہ کرنے اور فوجوں کو بھگانے میں بھی کچھ لوگ مارے جانا چاہئیں؟ مگر ہمارے راوی اور اہل قلم حکومتوں یا فرصت کے اشاروں پر مختصر نویسی کرتے اور واقعات اور تفصیل کو چھپاتے چلے آئے ہیں۔ دریا پر دو دفعہ قبضہ کرنے میں کئی ہزار سپاہیوں کو قتل کئے بغیر چارہ نہیں تھا۔ افواج مکھیاں نہیں ہوتیں کہ پھونک مارنے سے اُڑ جائیں۔ وہاں تو بھاگنے والوں کا کورٹ مارشل ہوتا ہے اور قتل تک کی سزا دی جاتی ہے۔ لہٰذا فوج کے سپاہی بلا جان پر کھیلے بھاگ بھی نہیں سکتے اور جب بطور سزا بھی جان ہی دینا ہوگا تو وہ لڑ کر کیوں نہ مریں؟ اور کیوں بے عزتی مول لیں؟ کیوں نہ میدان جنگ میں جان پر کھیلیں کہ حکومت اُن کے پسماندگان کی کفالت کرے؟

(19)۔ امامؑ مظلوم سے اسلامی جد وجہد اور اسلامی جہاد کا انتقام لے لیا گیا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت سے لے کر شہادت تک رسولؐ کی نام نہاد قوم (فرقان 25/30) کو جو نقصان

پہنچا اُسے دانشورانِ قوم نے فراموش نہیں کیا۔ بلکہ اُس نقصان کو ہردم تازہ رکھنے کے لئے طرح طرح کے انتظامات کئے۔ جولوگ نقصان پہنچانے اور قریشی نظم ونسق وتہذیب ورسوم کے تباہ کرنے میں جان ومال واولاد کی بازی لگائے رہے۔ وہ مدینہ کے نبطی انصاراور علی مرتضٰی علیہم السلام تھے۔ جنہوں نے نظام کفر وشرک کی کمر توڑ کر رکھ دی تھی۔ جن کی اسلامی تلوار نے اسلامی جہاد میں کفر وشرک کے تمام سرکردہ سرغنوں کو تہہ تیغ کیا تھا۔ اور قریش نے مجبور ہوکر اپنے چہرہ پر اسلام کا نقاب ڈال کر **لاالٰہ الّاالله** پڑھ دیا تھا۔ تاکہ تعلیمات قران واسلام کو کفر وشرک کے تباہ شدہ نظام کے احیاء کے لئے تبدیل کرنے میں دقّت نہ ہونے پائے (یونس 10/15) اور رفتہ رفتہ قرآن کی نبوٌی تفہیم کو چھوڑ کر طاغوتی تعلیم وحکومت قائم کرلی جائے (نساء 4/60)۔ چنانچہ رسولؐ اللہ نے قرآن کے ذریعہ سے اپنی نام نہاد قوم قریش کے مندرجہ بالا منصوبہ اور اسکیم کا اعلان کردیا تھا۔ اور یہ بھی بتادیا تھا کہ مسلمان اور مومن صرف وہی لوگ ہوں گے جو علیؑ اور انصار مدینہ کی طرف سے بغض وکینہ نہ رکھیں (بخاری وکافی وغیرہ تمام کتب احادیث) یعنی اُمت کو یہ سکھایا تھا کہ اُن دونوں (علیؑ وانصار) سے بغض وکینہ رکھا جائے گا۔ اُن سے انتقام لیا جائے گا۔ تاریخ اس پر گواہ ہے کہ رسوؐل کی آنکھ بند ہوتے ہی یہ انتقام شروع ہوگیا تھا۔ اور 61 ہجری تک پہنچتے پہنچتے انصار کی کثرت نے سِپر انداختہ ہوکر قریشی یا قومی حکومت کے سامنے سر جھکا دیا تھا۔ لیکن علیؑ مرتضٰی قرآن واسلام کی تعلیم پر قائم اور قریشی یا قومی حکومت کا نشانۂ ظلم وستم بنے رہے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انتقال کو تیس سال بھی نہ گزرے تھے کہ قریشی یا قومی اسلام کی رو سے حضرت علیؑ کو پورے عالَم اسلامی میں (معاذ اللہ) ملعون قرار دے دیا گیا۔ قومی مملکت کی ہر مسجد ومحراب ومنبر سے اُن پر نام لے کر (معاذ اللہ) لعنت کرنا قریشی اسلام میں واجب ہوگیا۔ عرب وعراق وایران ودیلم ومصر وترکستان اوریمن وہندوستان (سندھ) میں یعنی جہاں جہاں کوئی مسجد تھی، جہاں جہاں قریشی قسم کے مسلمان عبادت گزار بستے تھے، وہاں ہر جگہ اپنی عبادات واعمال کو اللہ کے حضور مقبولیت کا درجہ ملنے کے لئے حضرت علیؑ پر (معاذ اللہ) لعنت کی جاتی تھی۔ اور یہ عبادت سو سال کے قریب عمر بن عبدالعزیز (رح) کی بیعت تک جاری رہی۔ اور اُسے حکماً بند کرنے کی وجہ سے خلیفہ عمر بن عبدالعزیز کو زہر دے کر ختم کردیا گیا۔ یعنی قریشی اسلام کی یہ عبادت اور خلیفہ عمر بن عبدالعزیز ایک ساتھ دنیا سے رخصت ہوئے۔ علیؑ کی شہادت کے بعد اولادِ علیؑ میں سے امام حسن اور امام حسین علیہما السلام کو قریشی مذہب وملت وحکومت کا باغی اور دشمن سمجھا گیا اور قریشی حکومت یا قومی یا ملکی حکومت نے اُن کو باری باری ختم کرنے پر پورا زور لگا دیا۔ اس تباہی اور بربادی کو روکنے اور قومی یا قریشی حکومت ومذہب کو تباہ وبرباد کرنے کے لئے امام حسین علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نبوّت ورسالت کے آخری منصوبے اور مہم کو برسرکار لانے کے لئے جو کچھ کیا وہ مومنین کے سامنے آتا جارہا ہے۔ امام علیہ السلام کے ذاتی پروگرام کا آخری مرحلہ اپنی زندگی کو اپنے خالق ومالک کے حضور پیش کرنا تھا جو خانوادہ نبوّت کے لئے نہایت آسان کام تھا۔ لیکن امامؑ اپنی جان قربان کرکے منصوبۂ نبوّت ورسالت کو ختم نہ کرنا چاہتے تھے۔ بلکہ وہ یہ چاہتے تھے کہ اُن کی ہر قربانی، قربانیوں کے تمام دروازے کھول دے اور نوع انسان انسانی حریّت اور آزادئ ضمیر کے تحفظ کے لئے سربکف اور کفن بردوش ہوکر طاغوتی طاقت اور ہر ابلیسی حکومت سے ٹکرانا سیکھ لے۔ اور اپنے خون وگوشت اور اموال واولاد کو قربان کرنے میں دائمی لذت حاصل کرنے کا راز معلوم کرلے۔ چنانچہ امامؑ نے قومی حکومت ومذہب کو بے نقاب کیا۔ اُن کو اس طرح اُبھارا کہ وہ بلاتکلف ایسے اعمال ومظالم کرگزرے جو

شیطان سے بھی ممکن نہ تھے۔ خود معصومؑ نے اعلان کیا اور آپ نے پڑھا ہے کہ:۔

(1) ''اگر اللہ ورسولؐ نے مسلمانوں کو اولادعلیؑ پر ظلم وستم کرنے کا حکم دیا ہوتا؟ تب بھی وہ اس سے زیادہ مظالم نہ کرتے جو کربلا میں کیئے گئے۔'' اور عبداللہ ابن عمر نے کہا تھا کہ:

(2) '' اگر کربلا والی جنگ کافروں، عیسائیوں اور یہودیوں سے ہوئی ہوتی تو وہ ہرگز وہ شرمناک مظالم نہ کرتے جو مسلمانوں نے کیئے۔''

امام علیہ السلام یہ دکھانا چاہتے تھے کہ قومی اسلام کے پیرو جانوروں کو پیاسا رکھنا تو گناہ سمجھتے تھے۔ مگر اولادعلیؑ کو بھوکا پیاسا رکھنا عبادت واطاعت خداوندی جانتے تھے۔ قریشی مسلمان جانور کو ذبح کرنے سے پہلے اسے دانہ اور پانی دینا واجب سمجھتے تھے۔ لیکن اولادعلیؑ کو پیاسا رکھ کر ذبح کرنا قومی دین کی خدمت خیال کرتے تھے۔ الغرض امام حسینؑ انسانیت کو جھنجوڑ کر جگانا چاہتے تھے۔ وہ ظلم وظالم کے خلاف دلوں میں ایسی نفرت وعداوت بھر دینا چاہتے تھے جو قیامت تک ہر انسانی بچہ کو ورثہ میں ملتی اور بڑھتی چلی جائے۔ وہ مظلوم سے ہمدردی ومحبت وجذبہ قربانی کا ایسا سیلاب لانا چاہتے تھے جو تمام ظالموں، جابروں اور غاصبوں کو بہالے جائے، جو ہر فریب ساز وغدار کو ڈبو کر رکھ دے۔ وہ اللہ کی راہ میں انسانی فلاح وبہبود کیلیئے جان دینے والوں کو آنکھوں دیکھا نوک نیزہ پر بولنے والا زندۂ جاوید بنا دینا چاہتے تھے۔ یہ تمام مقاصد حاصل کرنے کیلیئے جان دینا بڑا کٹھن مرحلہ تھا۔ ایسا کٹھن کہ اس قصہ کو صرف کانوں سے سننا اور زبان سے کہنا دلوں کو پگھلا کر آنسوؤں کی راہ سے نکال دیتا ہے۔ حسینیؑ قربانیوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھ کر بھی جو لوگ زندہ رہے وہ یا تو اللہ کی مخصوص برگزیدہؑ ہستیاں تھیں یا پھر وہ ایسے ملعون ومردود اشقیا تھے جن سے فراعنہ ونماریدو طواغیت وشیاطین وھامان وشداد بھی پناہ مانگتے اور شرماتے ہیں۔ ذرا سوچیۓ کہ ایک شخص تنہا ہے جسم چھلنی سے زیادہ زخمی ہے۔ یعنی دُور سے آر پار سُوراخ گنے جاسکتے ہیں۔ وہ زمین پر گرتا ہے تو تیر وپتھر برسائے جاتے ہیں۔ وہ کسی طرح اُٹھ کر بیٹھتا ہے تو تیر وپتھر برسائے جارہے ہیں۔ اُس میں کروٹ تک لینے کی سکت نہیں، وہ بے ہوش ہے، بے بس ہے۔ اب یہ کیوں ضروری ہے کہ اُس کا سر بھی کاٹا جائے؟ وہ لباس جو اُس نے میدان جنگ میں آنے سے پہلے پہنا تھا اب لاکھوں سوراخ رکھتا ہے۔ خون بار بار بہہ کر کپڑوں کے سوراخوں میں بھرا ہوا جما ہوا ہے۔ بھلا اُس لباس کو اُتارنے کی کیا ضرورت ہے؟ وہ کس کام میں آسکتا ہے؟ مگر واہ رے فرقانی (25/30) مسلمانو؟ اُنہوں نے امامؑ کے ایسے لباس کو بھی اُتار لیا۔ اُتار لیا بڑا مہذب لفظ ہے بلکہ یوں کہیئے کہ لُوٹ لیا۔ چھین جھپٹ ہوتی رہی، لباس جسم کے جن اعضا سے نکالنا مشکل ہوا اُن اعضا کو کاٹ کر پھینک دیا گیا۔ صرف اسلیئے کہ عمر بن سعد وابن زیاد ویزید ایسے قریشی مسلمان خلیفہ اور راہنمایان دین کو دکھا کر یہ ثبوت دیں کہ وہ قتل فرزند رسولؐ میں بروقت اور قریب ترین حملہ آوروں میں سے تھے۔ اور اس طرح جائزہ، انعام اور جائیداد زیادہ سے زیادہ مل سکے۔ اگر کربلا میں کافر ہوتے فرقانی مسلمان نہ ہوتے؟ اگر کربلا میں رسُولؐ کی قوم کے مسلمانوں کی جگہ عیسائی ہوتے؟ اگر کربلا میں یہود ومجوس یا ہندو ہوتے تو وہ ایسے زخمی اور بے بس وبے کس دشمن کو قتل نہ کرتے بلکہ اُسے اُٹھا کر اپنے حاکم کے روبرو پیش کرتے۔ اسکا علاج ومعالجہ کرتے۔ تندرست ہو جاتا تو توبہ کراتے یا جیل میں رکھتے۔ مرجاتا تو دفن کرتے۔ مگر واہ واہ حافظان قرآن لوگو۔ واہ رے نمازی وتہجد گزار

مسلمانو۔ واہ رے قرآن کے پاسبانو۔ تم نے ایک نہیں دوسوچودہ (214) مظلوموں کو بلا دفن چھوڑ دیا اور ثواب سمجھا۔ خدا تم پر، تمہارے دین و مذہب پر، تمہارے طرفداروں پر لعنت کرتا رہے۔ تمہیں دنیا وآخرت میں بھکاری بنا کر ملعون ولعنتی بنا کر رکھے۔ تمہیں اقوام عالم کی نظروں میں جرائم پیشہ اور محسن کش بنا کر ذلیل وخوار رکھے۔ تمہیں بار بار وہی سزا دے جو یزید ملعون نے دی تھی۔ جو حضرت امیر مختار علیہ السلام نے دی تھی۔ آمین لاکھوں بار آمین۔

(20)۔ فرقانی مسلمانوں کا آسمانِ نبوّت ورسالت وامامتؑ کو زمین پر گرانا

محبانِ اہل بیتؑ سنیں کہ امام حسین علیہ السلام کی شہادت کو بھی سرکاری یا فرقانی علمانے گڈمڈ کر کے پیش کیا ہے اور جو کچھ لکھا ہے اور جس انداز سے لکھا ہے اُسے پڑھ کر اختلافات وتضادات کا ایک ہنگامہ سامنے کھڑا ہو جاتا ہے۔ اور قاری پر اثر انداز ہونے اور مفید نتیجہ مرتب کرنے کے بجائے اُسے الجھن میں ڈال دیتا ہے۔ اور وہ یہ طے کرنے سے قاصر رہ جاتا ہے کہ کون سی بات کو صحیح اور کس کو غلط قرار دے؟ ہم بھی وہی روایات لکھتے چلے آرہے ہیں جو تیرہ سو سال سے ریکارڈ میں موجود چلی آرہی ہیں۔ لیکن ہم سرکاری چال اور فرقانی قوم کی ترتیب کو جڑ سے اُکھاڑ دیتے ہیں۔ اسلئے اُنکا اختلاف وتضاد مٹ جاتا ہے۔ اور بات صاف ہو کر سامنے آجاتی ہے۔ اب ہم وہ تمام مرحلے پیش کرتے ہیں جن سے گزر کر امامؑ مظلوم نے داعیِ اجل کو لبیک کہا۔ اور اپنے نانًا، والدؑ، والدہؑ اور بھائیؑ سے ملاقات کی تھی۔

فمافی الملهوف لابن طاؤس اَنَّه لَمَّا اثخن الحسينؑ بالجراح وبقى كالقنفذ طعنه صالح بن وهب المرى علٰى خاصرته طعنة فسقط الحسينؑ عَن فرسه اِلَى الارض علٰى خدّه الايمن وهويقول بسم اللّٰه وباللّٰهِ وعلٰى ملتِ رسولؐ اللّٰه ۔ثُمَّ قام امام عليه السلام۔ قال الراوی فَخَرَجَتْ زينبؑ مِن باب الفسطاط وهِىَ تنادى وا اخاه وا سيداه وا اهل بيتاه ليت السمآء اطبقت عَلَى الارض وليت الجبال تدكدكت علَى السهل ؟ قال وصاح الشمر باصحابه ما تنتظرون بالرجل؟ قال وحملوا عليه مِنْ كُلّ جانب۔ (اکسیر العبادات۔ صفحہ 423)

کتاب ملھوف میں ہے کہ جب امام حسین علیہ السلام زخموں سے نڈھال ہو گئے اور ساہی کے مانند اُن کے جسم پر ہر جگہ تیر لگ چکے تو صالح بن وہب ملعون نے امامؑ مظلوم کی کوکھ میں ایک نیزہ مارا۔ جس سے آپ داہنے رخسار کے بل گھوڑے سے زمین پر گرے اور فرمایا اللہ کے اسم گرامی کے سہارے زمین پر گرتا ہوں (بِسْـمِ اللّٰه وبِاللّٰه) اور ملۃ محمدؐ یہ کے تحفظ میں زمین بوس ہو رہا ہوں (وعَلٰى ملة رسولؐ اللّٰـه)۔ راوی بتاتا ہے کہ بھائی کو گھوڑے سے گرتا دیکھ کر صدیقہ صغریٰ حضرت زینبؑ خیمہ کے دروازہ سے باہر نکل آئیں اور آواز دی کہ ہائے بھائی؛ ہائے خلاصۂ اہلبیت رسولؐ؛ ہائے ہمارے سردار و سرپرست، ہائے افسوس ہماری بیکسی کاش آسمان زمین پر گر جاتا اور آپ کو بچالیتا۔ کاش دنیا کے پہاڑ چل کر آتے اور اس میدان و بیابان میں روک بن جاتے کہ اِن ظالموں کے ہاتھ آپ تک نہ پہنچتے۔ اُدھر حضرت زینبؑ اپنا دوسرا اقدام سوچ رہی تھیں اِدھر افواج سکتے کے عالم میں تھیں کہ امام حسین علیہ السلام اُٹھ کر پھر کھڑے ہو گئے۔ اور ایسی خطرناک صورتِ حال پیش کر دی کہ شمر ملعون نے چیخ کر افواج کو چوکنا کرنا ضروری سمجھا اور چاروں طرف سے حملہ کرنے کا حکم دیا۔ لہٰذا اُدھر چاروں طرف سے حملہ ہوا اِدھر حضرت زینبؑ کو بھائی کے پاس پہنچنے کی ضرورت نہ رہی اور جنگ جاری ہو گئی۔

ورنہ ایک شخص پر چاروں طرف سے ہزار ہا انسانوں کے حملہ کی ضرورت نہیں تھی۔ دوچار آدمی جاتے اور قتل کرڈالتے۔ حملہ تو اُس پر کیا جاتا ہے جوخود حملہ کررہا ہو۔ اور ہزاروں آدمی چاروں طرف سے اُس پر حملہ کرتے ہیں جوکئی سوآدمیوں کے قابو میں نہ آسکتا ہو۔ لہٰذا یہ ماننا پڑے گا کہ امام علیہ السلام اُٹھے (قَـامَ) گھوڑے پرسوار ہوکر دشمنوں پر حملہ آور ہوئے۔ اس لئے ضروری ہوا کہ افواج کو چوکنا کیا جائے اور چاروں طرف کی افواج کو حسینؑ حملہ کوروکنے اور قتل کرنے کا حکم دیا جائے۔ ورنہ چاروں طرف سے ایک شخص واحد پر حملہ کرنے کے معنی اپنے ہاتھوں اپنی افواج کو ہلاک وقتل کرانا ہوں گے۔ یعنی اُدھر سے آنے والے تیر اِدھر والوں کو لگیں گے۔ اورسب مارے جائیں گے۔ مطلب واضح ہے کہ حسین علیہ السلام جدھر رُخ کریں اُدھر کی افواج حملہ کوروکیں اور جسے موقعہ ملے وہ امامؑ پرضرب لگائے۔ ہماری باتیں تمام عقلمند پسند کریں گے۔ لکیر کے فقیر بکواس کرتے رہیں گے۔ مختصر بات یہ ہے کہ اچانک امامؑ پرمہلک نیزہ کی ضرب پڑی۔ آپ گرے، اُٹھے، سنبھلے اور دوبارہ حملہ کردیا اور جنگ جاری ہوگئی اور بس۔

(21)۔ امام علیہ السلام پر دوبارہ مہلک وار اور دوسری دفعہ گھوڑے سے گرنا

شمر کے حکم سے جب دوبارہ حملہ کیا گیا اُس وقت کا حال یوں لکھا گیا ہے کہ:۔ وحـمـلـوا مِـن کلّ جانب فضربه زرعة بن شریک علٰی کتفه الیسری وضرب الحسینؑ زرعة فَصَرَعَهُ وضربه آخر علٰی عاتقه المقدّس بالسَّیُفِ ضربةً کَبَّابِهَا لوجهه وکان قد اعیا وَجَعَلَ یَـنوءُ ویکبّ فَطَعَنَهُ سنان بن انس النخعی فی ترقوته ثم انتزع الرمح فطعنه فی بوانی صدره ثم رماه سنان ایضًا بسهم فوقع السهم فی نحره فسقط وجلس قاعدًا فنزع السهم مِن نحره وقرن کفیه جمیعًا فکلما امتلا من دمآء خضب بهما راسه ولحیته وهویقول هٰـکَـذَا اَلْـقَـی الـلّٰـه مُخَضِّبًا بدمی مغصوبًا علیَّ حَقِّی واَمَّا ابومخنف فقال فی کتابه قال الشمر اَیُّها الامیر اِنَّ هذا الرجل یفنینا عن آخـرنـا مبارزة قال کیف نصنع به قال نتفرّق علیه ثلث فرق فرقة بالنبل وَالسهام وفرقة بالسیوف وَالرماح وفرقة بالنّاروالحجارة ونعجل علیه۔ (اکسیرالعبادات۔ صفحہ 423)

یزیدی افواج نے ہر چہار جانب سے امامؑ پر حملہ شروع کیا۔ ظاہر ہے کہ امامؑ ہاتھ پر ہاتھ رکھے سرجھکائے نہ بیٹھے تھے۔ چنانچہ موقعہ ملنے پر زرعہ بن شریک نے جلدی اور گھبراہٹ میں حضورؑ کے داہنے کاندھے پرتلوار ماری۔ اگر حواس ٹھکانے ہوتے تو سر پر مارتا۔ امامؑ نے پلٹ کر تلوار کا ایک وار کیا اور دھوکے سے وار کرنے والے زرعہ کو زمین پر ڈھیر کردیا۔ جنگ برابر جاری رہی اور دشمنوں کے مدمقابل لوگ قتل ہوکر گرتے رہے۔ آخر امامؑ پر ایک ملعون نے گھات لگا کروار کیا جو آپ کے مونڈھے پر پڑا جس سے آپ ایک دفعہ پھر منہ کے بل زمین پر گرے اور سنبھلے اور کھڑے ہونے کی کوشش میں مصروف تھے کہ سنان بن انس نخعی نے دُور سے برچھی پھینک کر ماری جو آپ کی گردن کے نیچے ہنسلی کی ہڈی کے پاس لگی اور امامؑ نے اُسے نکال کر پھینک دیا۔ سنان بن انس نے دوسری برچھی پھینکی جو سینے سے نیچے لگی چنانچہ اُسے بھی نکال کر پھینکا۔ اس کے بعد سنان بن انس ملعون ہی نے ایک تیر پھینکا جوحضورؑ کی گردن میں آرپار ہوگیا۔ امامؑ نے وہ تیر بھی نکال کر پھینک دیا اور زخم سے جوخون بہہ رہا تھا اُسے دونوں ہاتھوں میں جمع کرنا اور سرورِیش پر ملنا شروع کیا اور فرماتے جاتے تھے کہ میں اپنے خون سے خضاب کئے ہوئے اللہ سے ملاقات کروں گا اور بتاؤں گا کہ کس طرح حقوق نبوتؐ ورسالتؐ وامامتؑ غصب

کر کے چھینے گئے ۔ علامہ ابومخنف کہتا ہے کہ شمر نے عمر بن سعد سے کہا کہ اے سپہ سالار یہ شخص چیلنج اور سوچی سمجھی جنگ کی موجودہ صورت میں ہمارے آخری آدمی تک کو فنا کے گھاٹ اُتار دے گا ۔ اُس نے پوچھا پھر کیا کریں کہ فنا ہونے سے محفوظ رہیں اور اُس پر غالب آجائیں؟ اُس نے کہا کہ ہمیں اپنی افواج کو تین صورتوں میں ترتیب دینا چاہئے ۔فوج کا ایک حصہ برچھیوں اور تیروں سے مسلح ہو۔ دوسرا حصہ تلواروں اور نیزوں پر مشتمل ہو اور تیسرے کے پاس آتشباری اور سنگباری کا سامان ہونا چاہئے اور ہمیں تیزی سے حملہ کرنا چاہئے۔

(22)۔ امامؑ کے دوبارہ گرنے والی مندرجہ بالا روایت پر محققانہ نظر ڈالئے۔

یہ روایت ہمارے بڑے بڑے اور بزرگ علما نے اِن ہی الفاظ میں لکھی ہے ۔اور تاثر یہ دیا ہے اور یہی خود سمجھا ہے کہ امام حسین علیہ السلام پر اتنی دُور سے وار کئے جارہے ہیں کہ دشمن نیزہ یعنی بَلّم یا بھالا مار سکے یعنی صرف تین چار فٹ کے فاصلہ پر امامؑ گھوڑے پر سوار یا زمین پر کھڑے ہیں ۔ پھر نیزہ لگنے سے تین چار فٹ کے فاصلہ پر منہ کے بل گرے پڑے ہیں ۔ اور اُسی فاصلہ پر اُٹھنے اور بیٹھنے اور کھڑے ہونے کی کوشش میں بار بار گر گر پڑتے ہیں ۔حملہ چاروں طرف سے ہے ۔مگر وار کرنے والا ایک ہی شخص یعنی سنان بن انس ہے ۔ باقی فوجی کیا کر رہے ہیں ۔ نہ راوی کو پتہ نہ یہ علما ہی جانتے ہیں ۔ پھر سنان دو نیزے مارتا ہے ۔ اِس کے بعد وہ تیر کمان سے تیر چلاتا ہے ۔ جو حلق کے نیچے گردن میں آ کر لگتا ہے ۔سوال یہ ہے کہ جب وہ ایک نیزہ کے فاصلے پر ہے تو تیر چلانے کے لئے تیس چالیس فٹ (کم از کم) پرکیوں چلا جاتا ہے ۔ وہ راوی یا اِن علما کی طرح عقل کا اندھا تو نہیں ہے ۔ وہ تو فنِ جنگ اور جنگی چالوں میں یزیدی فوج کا ماہر ترین ملعون ہے ۔ وہ چار فٹ کے فاصلے سے گردن پر تلوار کیوں نہیں مارتا کہ ایک ہی وار میں شہید کر کے اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے؟

بات یوں ہے کہ امام علیہ السلام حملے کے دَوران جب اس فوج پر حملہ آور ہوتے ہیں جس میں سنان بن انس ہے ۔ تو وہ چھُپ چھُپا کر اور گھات لگا کر برچھی پھینکتا ہے ۔ جو ہنسلی کے پاس لگتی ہے ۔ امامؑ کا مسلسل عملدرآمد یہ ہے کہ وہ جب موقعہ ہوتا ہے تیر وسنان (برچھی) کو نکال کر پھینک دیتے ہیں ۔ چنانچہ برچھی نکال کر پھینک دی ۔ امامؑ کی عادت یہ بھی ہے کہ جب موقعہ ملتا ہے آپ اپنا خون زمین پر گرنے نہیں دیتے ۔لیکن برچھی سے نکلنے والا خون اس لئے نہ روک سکے کہ اُسی جگہ اور اُسی نشانہ سے دوسری برچھی سینہ کے آس پاس آ لگتی ہے ۔ چنانچہ حسب قاعدہ آپ نے اُسے بھی نکالا اور چونکہ اُسی نشانہ اور اُسی جگہ سے ایک تیر آ کر گلے میں لگتا ہے تو آپ کو سینے کا خون سنبھالنے کا موقعہ بھی نہیں ملتا ۔ پھر آپ وہ تیر گردن سے کھینچ کر پھینک دیتے ہیں ۔اور گردن سے نکلنے والے خون کے اُونجلے بھر بھر کر سر وریش مبارک پر ملتے اور اللہ سے ملاقات کا طریقہ بتاتے ہیں یعنی آپ قطعاً ہوش وحواس میں ہیں اور دشمن کی طرف سے بے فکر رہ کر خون کا تقدس برقرار رکھتے ہیں ۔ صاف ظاہر ہے کہ دشمن کی افواج کافی فاصلے پر ہیں ورنہ اگر دشمن ایک نیزہ کے فاصلہ پر ہوتے تو اتنی دیر میں سینکڑوں تلواریں جسم مبارک پہ پڑ جاتیں ۔ اُدھر اگر سنان بن انس نیزہ کے فاصلے پر آ سکتا تھا تو باقی لوگوں کو قریب آنے سے کون روک سکتا تھا؟ اور جس وقت سنان نیزہ کے بعد نیزہ مار رہا تھا ۔ اُسی وقت چاروں طرف سے اور لوگ نیزے اور تلواریں مار سکتے تھے ۔ لہٰذا علما کے یہ بیانات غلط ہیں ۔ دشمن کی فوج تو اُس وقت بھی بہت دور رہے گی جب آپ بے حس وحرکت ہو کر لیٹے ہوئے ہوں گے ۔

(23)۔ امامؑ پرنئی ترتیب سے حملہ اور جوابی حملہ میں حضورؑ کا تیسری دفعہ گرنا

مندرجہ بالا بیان میں آپ نے جو کچھ دیکھا وہ سب کچھ امام علیہ السلام کومغلوب کرنے کے لئے کافی نہیں ہوا۔ بلکہ شمر نے اپنی افواج کے فنا کردیئے جانے کے خطرے سے بچنے کے لئے نئی ترتیب قائم کی اور اُس نئی ترتیب سے پھر حملہ کیا۔لہٰذا امامؑ کا گرنا ایک فطری امر ہے۔آپ ہزاروں زخم کھاچکے ہیں۔جسم کا خون ہر زخم سے بہتا رہا ہے۔لہٰذا بدن خون سے خالی ہوچکا،ایسی حالت میں کسی ضرب سے گرجانا قابل تعجب بات نہیں ہے۔ جو چیز عقلوں کو حیران کرتی اور قابل تعجب ہے، وہ ہے امامؑ کا گرکر اُٹھنا اور ازسرنو دشمن کے لئے مصیبت بن جانا اور انہیں بار بار نئی ترتیب اور نئی طرز جنگ اختیار کرنے پر مجبور کرنا۔اور یہی چیز ہے جسے علما نظرانداز کرتے رہے ہیں۔ لہٰذا سنئے کہ نئی ترتیب سے جو حملہ اب کیا جارہا ہے اُس کا کیا نتیجہ ہوا؟ شمر کہہ رہا ہے کہ:۔

نعجل علیه فجعلوا یرشقونه بالسهام ویطعنونه بالرماح ویضربونه وبالسیوف حتّٰی اثخنوه بالجراح ۔واغرضه خولی بن یزید الاصبحی بسهم فوقع فی لَبَّته فارداه عَنْ ظهرجواده اِلَی الارض صریعًا یخوربد مه وروی اَنَّ السهم رماه ابوقدّامة العامری فجعل ینزع السهم بیده ویتلقی الدّم بکفّیه ویخضّب به لحیته وراسهٖ الشریف ویقول هٰکذا القی ربی اللّٰه والقی جدّی رسولؐ اللّٰه واشکواالیه مانزل بی وخرّصریعًا مغشیًّا علیه فلماافاق من غشیّته وثَب لیقوم للقتال۔

وقال ابومخنف وبقی الحسیؑن مکبوبًا عَلَی الارض ملطّخًا بدمه ثلٰث ساعات مِن النهاررمقابطرفه الٰی السمآء وَهُوَیقول صبرًا علٰی قضائِکَ یارَبّ لااِلٰهَ سِواک یاغیاث المستغثین ۔وامّا المجلسی فقال فی کتابه قال صاحب المناقب ومحمد بن ابی طالب ولَمَّا ضعف نادی شمر الملعون ماوقوفکم وَمَا تنتظرون بالرجل قداثخنته الجراح والسهام حملوا علیه ثکلتکم امها تکم فحملوا علیه مِن کل جانب۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 423)

اُس نئی ترتیب والی افواج امام حسینؑ کو تیروں سے چھلنی بنائیں، نیزوں سے گھائل کریں اور تلواروں کی پیہم ضربیں لگائیں۔ اور یوں انہیں مغلوب اور بےبس کر کے رکھ دیں۔

اس مشورہ کے مطابق حملہ ہوا۔ یہاں امام علیہ السلام اس حملہ کے جواب میں کیا کر رہے ہیں؟ مسٹر ابومخنف یہ نہیں لکھتے۔اس لئے کہ امامؑ ہی کے واقعات تو چھپانا اور کم از کم بیان کرنے کا حکم تھا۔لیکن مومنین خود سمجھ سکتے ہیں کہ ایسے زبردست منظّم اور اجتماعی حملہ کے دوران امامؑ ہاتھ پر ہاتھ رکھ کرنہ بیٹھ سکتے تھے۔اور اگر بیٹھتے تو ایسے حملے کی ضرورت نہ ہوتی۔دو چار آدمی جاتے اور مغلوب کرلیتے۔لہٰذا امامؑ کے متعلق ماننا ہوگا کہ وہ حضرتؑ بھی اپنی اُس جسمانی طاقت سے بھرپور دفاع اور حملہ وقتل عام کر رہے تھے جو اس قدر خون نکل جانے کے بعد اور اس قدر زخمی ہوجانے کے بعد آپؑ کے جسم میں باقی تھی۔ بہرحال دونوں طرف سے جنگ جاری تھی اور ظاہر ہے کہ امامؑ کے سامنے آنے والا ہر شخص قتل ہوکر گرتا جاتا تھا۔اسی دوران چالاک لوگ گھات لگاتے اور وار کرنے کی تاک میں رہتے تھے۔

الغرض خولی بن یزید اصبحی یا ابوقدامہ العامری نے موقعہ پا کر ایک تیر پھینکا جو امامؑ کے سینہ میں لگا جس سے امامؑ گھوڑے سے زمین پر گرے۔خون کی وجہ سے حلق میں سے خرخراہٹ کی آواز نکل رہی تھی لیکن آپؑ نے اُس تیر کو نکال کر پھینک دیا اور خون کو حسب قاعدہ ہاتھوں میں لے کر سر و ریش پر ملتے جاتے تھے اور فرمارہے تھے کہ میں اپنے رب اللہ سے اور اپنے نانا رسولؐ اللہ سے اسی حالت میں

ملوں گا۔اوراُن سے اپنی مظلومیت اورتمہارے مظالم کا شکوہ کروں گا۔

یہاں رک جائیں اوراس جُملہ کو جوکئی باراور بار بارفرمایا گیاہے سمجھنے کی کوشش فرمائیں۔خون میں لتھڑا ہوا چہرہ اورسر کے بال اورداڑھی اللہ ورسولؐ کودکھانے کا کام کب کیاجائے گا؟اگرراسخ العقیدہ یعنی بدعقیدہ لوگوں کا خیال رکھا جائے تو یہ کہنا لازم ہوگا کہ امامؑ کی اللہ ورسولؐ سے ملاقات قیامت میں ہوگی۔یعنی ایک لامحدود ولا انتہی مدت تک یہ ماننا ہوگا کہ وہ خون ہزاروں لاکھوں سال تک سوکھنے جمنے اورجھڑنے اورسڑنے نہ پائے گا بلکہ سروچہرہ اورداڑھی خون میں تر اور گیلی رہے گی۔اور یہ بھی ماننا پڑے گا کہ قبر میں بھی اُس خون، اُس چہرہ اوراُس داڑھی اوراُس سر میں کوئی مادی تغیر نہ ہوگا۔لیکن اتنی دُوردراز مُدت تک کی بات کو کہنے سے اُن ملاعین پرکیا اثر ہوگا؟اثر تو جب ہوگا جب یہ محسوس کرایا جائے کہ ادھر میری روح بظاہر تن سے جدا ہوگی اوراُدھر میں فوراً اُسی تن بدن وسر وچہرہ اورداڑھی وشکل وشمائل سے اللہ ورسولؐ سے ملوں گا۔اورشکوہ کی بِنا پرتم پرعذاب نازل ہوگا۔

پھر یہ سوچیں جہاں صرف دوچارسوگھوڑے سوار ہوں وہاں کان پڑی آواز سنائی نہیں دیتی۔اس لئے کہ سواروں کے نیچے گھوڑے اورخصوصاً تندرست، چاق وچوبند گھوڑے چین سے خاموش کھڑے نہیں رہتے۔کوئی زمین پرپیر مارتا ہے،کوئی ہنہناتا ہے۔ ہرگھوڑا لگام کوڈھیلا کرانے کے لئے بار بارجھٹکے مارتا ہے۔مکھیوں کی وجہ سے سروگردن اورساراجسم جُھرجھری لے کرہلاتا ہے۔یوں اُن کا سازاورزیورجھنکارپیدا کرتا ہے۔ناک صاف رکھنے کے لئے تمام گھوڑے باربارخَرخَر فرفر کرتے اورپھڑکیاں بجاتے ہیں۔غفلت میں سواروں کی مہمیز کی نوک چبھ جانے سے گھوڑے اَلَف ہوجاتے ہیں۔اچھلنے کودنے لگتے ہیں۔الغرض ہزارہا گھوڑے جہاں موجود ہوں وہاں امامؑ کا کلام سُننا اُسی حالت میں ممکن ہے کہ امامؑ کوسنبھلنے اوردوبارہ اُٹھ کرحملہ کرنے کے وقفہ میں نہ صرف سواران افواج بلکہ اُن کے گھوڑے بھی سہمے ہوئے بے حس وحرکت کھڑے ہوں۔اورسابقہ کے بار بار کے تجربوں سے یہ یقین ہوگیا ہو کہ امام حسینؑ اس دفعہ بھی ضروراُٹھیں گے اورپھر قیامت برپا کریں گے۔نہ معلوم کس کس آدمی اورگھوڑے کو دوٹکڑے ہونا ہیں۔جوشخص ہرتیر کوخواہ کہیں لگا ہو، ہر برچھی کوخواہ دل میں پیوست ہو، گلے کی شریان وشاہ رگ میں سے گزری ہو نکال کر پھینکنے کا عادی ہو، جوخون کی ایک بوند زمین پر نہ گرنے دیتا ہواُس سے کون بے فکر ہوسکتا تھا۔چنانچہ آپ شہادت کے اِن ہی مراحل میں عنقریب دیکھیں گے کہ امامؑ بے حس وحرکت لیٹے ہوئے ہیں اورکوئی شخص خوف وہراس کے مارے قریب نہیں آتا۔سرداران افواج دھمکیاں دے رہے ہیں اور بڑے بڑے سرکش ملاعین خوفزدہ ہیں کہ کہیں اچانک اُٹھ کرہماراصفایا کرکے پھرنہ لیٹ جائیں۔چنانچہ ابھی ابھی آپکے سامنے روایت کہتی ہے کہ:

اللہ ورسولؐ سے ملاقات کی بات کہہ کرآپ لیٹ گئے اورخراٹے لینے لگے اورآپکوغش آگیا۔اورابومخنف غشی اور بے ہوشی کی اس مدت کوتین گھنٹے (ثلث ساعات) کہتا ہے۔اورغشی کی حالت میں امؑام کومنہ کے بل خون میں نہایا ہوا دکھاتا ہے۔اورلکھتا ہے کہ اوندھے منہ لیٹے ہوئے امامؑ آسمان کی طرف گوشۂ چشم سے دیکھ کرفرماتے ہیں کہ اے اللہ تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے۔میں نے اپنی ذات کوخوشی اوراطمینان سے تیری رضامندی حاصل کرنے اورتیراحکم بجالانے میں تیرے حوالے کررکھا ہے۔اورتیری ذات وہ ذات ہے جوتمام فریاد کرنے والوں کی فریادرسی کرتی ہے۔

یہاں مومنین پھر سوچیں کہ اِن لوگوں نے اوندھے منہ کیوں کہا، کیوں نہ اُس حالت کو حالت سجدہ سمجھا؟ جب کہ آپ اللہ کو مخاطب بھی کررہے ہیں۔ اُسکی مدح وثنا اور دعا بھی فرمارہے ہیں۔ بہرحال یہ وہی حضرات ہیں جنہوں نے چاہا تھا کہ دربار یزید میں اہل حرمؑ کی صرف ایک پیشی دکھا کر دس بارہ روز میں رہا کردیا جانا ثابت کردیں۔ لیکن ہم نے اُنکی روایات کو جب فطری اور عقلی ترتیب سے لکھا تو پیشیوں کی تعداد اور قید کی مدت ایک سال تک جا پہنچی۔ آیئے پھر مندرجہ بالا روایت دیکھئے لکھا ہے کہ:۔

شمر ملعون نے گُم سُم اور حیران وششدر کھڑی ہوئی افواج کو للکارا اور کہا کہ تمہارے غم میں تمہاری مائیں رویا کریں تم یُوں بے حس وحرکت کھڑے کھڑے کیا انتظار کررہے ہو؟ ارے دیکھو جس شخص کو لاتعداد زخموں نے نڈھال کردیا ہے اُسکی طرف سے مطمئن نہ ہوجاؤ۔ مطلب یہ ہے کہ وہ آیا۔ ہوشیار خبردار حملہ کرو اور چاروں طرف سے حملہ کرو ورنہ تمہاری خیریت نہیں ہے۔

(24)۔ امام علیہ السلام پر پھر حملہ ہوا، چوتھی بار امامؑ کا زمین پر آنا

راوی اور علما اپنی عادت کے مطابق یہ تو لکھتے ہیں کہ شمر ملعون نے فوج کو ڈانٹا بُرا بھلا کہا اور ہر جانب سے حملہ کا حکم دیا اور حملہ کیا گیا۔ لیکن یہ نہیں بتاتے کہ حملہ کیوں کیا گیا؟ اگر امامؑ بے ہوش پڑے تھے تو صرف تین چار آدمی جاتے اور کام تمام کردیتے۔ لاتعداد افواج کا حملہ اور وہ بھی چاروں طرف سے حملہ خود بتاتا ہے کہ یزیدی افواج اور شمر ملعون پر کوئی مصیبت ٹوٹ پڑی ہے جس سے چھٹکارے کے لئے اجتماعی اور چوطرفی حملہ کی ضرورت ہے بہرحال حملہ ہوا۔

فحملوا علیہ مِن کُلِّ جانبٍ فرماہ الحصین بن نمیر فی فِیْہِ وابوایوب الغنوی بسھم فی حَلقہ وطعنہ سنان بن انس النخعی فی صدرہ وطعنہ صالح بن وھب المزنی علٰی خاصرتہ فوقع الَی الارض علٰی خدّہ الایمن ثُمَّ استوی جَالِسًا ونزع السھم من حلقہ۔ ثم دناعمر بن سعدالحسینؑ قال حمید وخرجت زینبؑ بنت علیؑ وقرطا ھایجولان بین اذنیھا وھی تقول لیت السمآء انطبقت علَی الارض یاعمربن سعد اَتقتل ابوعبد اللّٰہ وانت تنظرالیہ ودموع عمر تسیل علٰی خدّ یہ ولحیتہ وھو یصرف وجھہ وعن الارشاد فلم یجبھا عمربشیءٍ فقالت ویحکم امافیکم مسلم فلم یجبھا احد بشیءٍ۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 423)

اور ہر چہار جانب سے حملہ ہوا۔ لڑائی کے دوران موقعہ پا کر حصین بن نمیر نے امامؑ کے مُنہ پر کچھ پھینک کر مارا۔ پھر ابوایوب غنوی کو موقعہ ملا تو اُس نے آپ کے حلق پر ایک تیر ماردیا۔ آپ نے دوسری طرف رخ کیا تو سنان بن انس نے سینہ پر ایک برچھی پھینکی۔ اور دوسری طرف سے صالح بن وہب نے پھر کوکھ میں برچھی پھینک ماری۔ اس سے آپؑ پھر زمین پر داہنے رخسار کے بل تشریف لائے۔ راوی حمید کہتا ہے کہ امامؑ کو گرتا دیکھ کر جناب زینبؑ خیام سے نکل آئیں۔ آپ اس طرح آرہی تھیں کہ دونوں گوشوارے کانوں میں بیتابی سے متحرک تھے۔ اُدھر عمر بن سعد بھی امامؑ کی طرف ذرا قریب پہنچ گیا تھا۔ حضرت زینبؑ فرمارہی تھیں اے کاش آج آسمان زمین کو ڈھک لیتا اور میرے بھائی بچ جاتے اور یہ لوگ تباہ ہوجاتے۔ اُنہوںؑ نے عمر بن سعد سے کہا کہ امامؑ کو قتل کیا جائے اور تو آنکھوں سے دیکھتا رہے؟ عمر بن سعد کی آنکھوں سے آنسو بہہ کر اُس کے گالوں اور داڑھی پر سے گزر رہے تھے۔ اُس نے حضرت زینبؑ کو جواب دینے کے بجائے شرم سے منہ پھرالیا۔ اور کتاب ارشاد میں ہے کہ عمر بن سعد نے کوئی جواب نہ دیا۔ پھر شہزادی نے فرمایا کہ خدا تمہیں غارت کرے کیا تم

میں کوئی بھی مسلمان نہیں ہے۔اس پر بھی کسی نے اُنہیں جواب نہ دیا۔اسکے بعد امامؑ اُٹھ کر بیٹھ گئے۔یعنی یہ سجدہ حلق میں تیر پیوست کئے ہوئے بجالائے اوراسکے بعد تیر کو نکال کر پھینک دیا۔

یہاں مومنین اتنا سوچیں کہ راوی اور علما عمر بن سعد کو زاروقطار روتا ہوا دکھاتے ہیں۔غالبًا اِن لوگوں کے سینے میں بھی عمر بن سعد ہی کی قسم کا دل ہوگا۔کیونکہ کبھی کبھی یہ لوگ بھی رونے لگتے ہیں۔مگر ہم یہ تو مانتے ہیں کہ ایک وقت یزید بھی رویا تھا۔لیکن یہ نہیں مانتے کہ جنگ شروع ہوجانے کے بعد عمر رویا ہو۔یزید کا رونا بغاوت اور انتقام کے خوف سے تھا۔عمر بن سعد کو ابھی کسی قسم کا خوف نہیں ہے۔

(25)۔ امامؑ مظلوم کا آخری مرحلۂ شہادت اور فرقانی قوم کے مظالم کی انتہا

یہاں محبانِ اہلبیتؑ دلوں کو تھام کر سُنیں کہ مندرجہ بالا روایت میں آپکے نجات دہندہ امام علیہ الصلوٰۃ والسلام جو زمین پر گرے تو پھر اُٹھ نہ سکے یہیں امام علیہ السلام لیٹے ہوئے تھے۔جب حضرت زینبؑ بے قراری میں خیام سے نکل آئی تھیں۔اور عمر بن سعد اور فوج سے مخاطب ہوئی تھیں۔اُنکی آواز سُن کر امامؑ اُٹھ کر بیٹھ گئے تھے تا کہ بہن مطمئن ہو کر پلٹ جائے اور یہ سمجھ لیں کہ اس دفعہ پھر حسب سابق بھائی کھڑے ہوجائیں گے اور فوج پر حملہ کریں گے لیکن جب سیدہؑ کی لاڈلی اور بھائی کی پیاری بہن لوٹ کر چلی گئیں تو امامؑ نے اُٹھنے اور کھڑا ہونے کی کوشش فرمائی تو اُٹھتے ہی گر پڑتے تھے۔روایت مذکورہ کے الفاظ یہ ہیں:۔وَهُوَ يَكُبُّ مَرَّةً وَيَقُوْمُ اُخْرٰی ۔آنجنّاب دونوں ہاتھوں کا سہارا لیکر کبھی اُٹھتے تھے کبھی گر جاتے تھے۔جب امامؑ مظلوم کو یقین ہوگیا کہ اب جسمانی قوت جواب دے چکی ہے تو ماضی اور مستقبل پر نظر ڈالی۔اہل حرمؑ کے مصائب سامنے آئے تو نقاہت پوری طرح دل ودماغ پر چھاگئی۔ماضی کو دیکھا تو تمام شہدؑا کا قتل ہونا آنکھوں کی روشنی پر اثر انداز ہوا۔اپنی طرف دیکھا تو معلوم ہوا کہ اس جسم نے،ان ہاتھوں پیروں نے حد کمال تک ساتھ دیا۔فاطمہؑ کے دودھ کی طاقت تھی جس نے یہ قوت برداشت عطا کی تھی کہ ہزاروں زخم کھا کر بھی یزیدی افواج پر بھاری مصیبت بنے رہے۔ہاتھ پیر سینہ سامنے تھا۔آر پار سوراخوں میں سے سوراخ اور گھاؤ نظر آرہے تھے۔آپ مطمئن ہوگئے کہ اُن کے اعضانے کوتاہی نہیں کی ہے۔

(26)۔ شہید ہوتے ہوتے آخری قربانی بڑے بھائی کی نشانی عبداللہ بن حسن علیہم السلام

یہ وہ صورتِ حال ہے جہاں امام علیہ السلام بے حس وحرکت دکھائی دے رہے ہیں اور سرداران فوج کو بھی یقین آچکا ہے کہ اَب آنجنابؑ اُٹھ نہیں سکتے۔کسی میں یہ جرأت نہیں ہے کہ پاس آکر اطمینان حاصل کرے۔وہ سوچ رہے ہیں کہ نہ معلوم زندہ ہیں یا اللہ کو پیارے ہوچکے(**والقوم فی حَيْرة فی قتله خَوْفًا اَنّه حیٌّ اَمْ مات ؟**)۔فرقانی قوم آنجنابؑ کے قتل کرنے میں حیرت وتعجب اور خوف سے دوچار کھڑی ہے اور سوچ رہی ہے کہ آیا آپؑ زندہ ہیں یا مر چکے ہیں۔مطلب یہ کہ اگر زندہ ہیں تو جو قریب جائے گا وہ مارا جائے گا۔

قال ابومخنف فابتدراليه اربعون رَجُلاً كُلٌّ منهم يُريد ون جَزّ راسه الشريف وعمر بن سعد ملعون يقول ياويلكم عَجّلوا عليه وكان اوّل من ابتدر اليه شبث بن ربعی الملعون وبيده السَّيفُ مَحْدَ وُدَبٌ فدنی منه لِيَتَجَزَّ راسه الشريف فرمقه بطرفه فرمی السَّيف مِن يده و وَلّی هاربًا وهويقول ويحک يابن سعد تريد اَن تكونَ بريّا من قتل الحسينؑ واهراق دمه واكون انا مطالبًا بدمه معاذ اللّٰه اَنْ القی اللّٰه تعالٰی بدمک ياحسيْن۔(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔صفحہ 424)

فخرج عبد اللّٰہ بن الحسن بن علی علیھم السلام وھو غلام لم یراھق من عندالنسآء فَلَحَقَتُہُ زینبؑ بنت علیؑ لِتَحْبسہ فَاَبٰی وامتنع امتناعا شدیدًا فقال لا واللّٰہ لاافارق عَمِّی فجاء حتّٰی وقف اِلٰی جنب الحسیؑن فاھوی بحربن کعب وَقِیْلَ حرملة بن کاھل اِلَی الحسینؑ بالسَّیف فقال لہ الغلام ویلک یاابن الخبیثۃِ اتقتل عَمّی فضربہ بالسّیف فاتقاھاالغلام بیدہ فاطنّھا اِلَی الجلد فاذا ھِیَ معلّقۃ فنادی الغلام یااُمَّاہُ؟ فاخذہ الحسینؑ وضمّہ الیہ وقال یابن اخی اصبر علٰی مانزل بک واحتسب فی ذلک الخیر فانّ اللّٰہَ یلحقک بآبائکؑ الصالحین قال الراوی فرماہ حرملة بن کاھل بسھم فذبحہ وھو فی حجر عمّہ الحسین علیہ السلام.

بہرحال ابومخنف سناتے ہیں کہ آخر چالیس ملاعین کا انتخاب کیا گیا جو امامؑ مظلوم کا سر کاٹنے کو تیار ہوسکیں۔عمر بن سعد نے اُن چالیس حرامزادوں کو بھی خاموش دیکھا تو کہا کہ خداتمہیں غارت کرے جلدی کرو۔مطلب یہ کہ ممکن ہے سنبھل کر اُٹھ بیٹھیں اور پھر ایک دفعہ جنگی مشین کو حرکت میں لانا پڑے۔چنانچہ ایک شخص جس نے سب سے پہلے جرأت دکھائی وہ شبث ابن ربعی تھا۔وہ ایک مخصوص طویل اور خمدار تلوار لئے ہوئے اسلام کو ذبح کرنے کے پختہ ارادے سے امامؑ کے قریب آیا تو حضورؑ نے آہٹ سُن کر گوشہ چشم سے اُس کی طرف دیکھا۔جیسے ہی نظریں ملیں وہ مردود تلوار پھینک کر ہانپتا کانپتا دوڑا اور عمر بن سعد سے کہا کہ خدا تیرا بُرا کرے تُو خود تو قتل حسینؑ اور اُن کا خون بہانے سے بری الذمہ رہنا چاہتا ہے۔اور مجھے اُن کے قتل کا ذمہ دار بنانا چاہتا ہے؟ میں اللہ سے پناہ چاہتا ہوں اے حسینؑ کہ میں آپ کے قاتل کی صورت میں اللہ سے ملاقات کروں۔

مومنین یاد فرمائیں کہ ہم نے جو نقشہ اور مقام خیامِ حسینیؑ کا دکھایا ہے وہ پہاڑوں کی بلندی کی بنا پر بہت اونچا مقام تھا۔وہاں سے میدان جنگ کی طرف کو مسلسل ڈھلوان زمین چلی جاتی تھی۔اور پورا میدان خیام سے نظر آتا تھا۔جب امام علیہ السلام کافی دیر تک گھوڑے پر سوار ہوتے نظر نہ آئے تو تمام اہلؑ حرم کی نگاہیں میدان جنگ پر جم کر رہ گئیں۔فوج کا ایک دائرہ میں اطمینان سے کھڑے رہنا اور صرف تیس چالیس آدمیوں کا اس دائرہ کے بیچ میں جمع ہونا خطرہ سے خالی نہ تھا۔تمام اہل حرمؑ دعا کیلئے ہاتھ بلند کئے ہوئے دیکھ رہے تھے کہ:

اچانک جناب عبداللہ بن الحسن مجتبٰی علیہما السلام عورتوں میں سے بھاگے اور میدان کی طرف نکلے جناب زینبؑ نے دوڑ کر پکڑا تاکہ بھتیجے کو موت کے منہ میں جانے سے باز رکھیں۔مگر بچہ نے سخت مزاحمت کی اور کہا کہ پھوپھی جان میں بخدا کسی طرح بھی اپنے چچا سے دُور نہیں رہوں گا۔چنانچہ عبداللہ علیہ السلام اس خوردسالی کے باوجود دوڑتے ہوئے فوجوں میں سے گزرتے ہوئے امام مظلومؑ کے پاس آکر ٹھہرے۔یہاں بحر بن کعب ملعون نے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ حرملہ نے امام علیہ السلام پر تلوار بلند کی تو بچہ نے کہا کہ او خبیث عورت کے بیٹے کیا تو میرے چچا کو قتل کرنا چاہتا ہے۔اُدھر بحر بن کعب نے تلوار ماری اِدھر بچہ نے تلوار کا وار اپنے بازو پر روکا تو بازو کٹ کر لٹک گیا صرف کھال لگی رہ گئی۔بچہ نے بچوں کی طرح اپنی ماں کو پکارا۔امامؑ نے بچہ کو پکڑ کر اپنی گود میں لے لیا اور فرمایا کہ بیٹے جو کچھ ہوا اُس پر صبر کرو اور اسے اپنے حق میں بہتر سمجھو یقیناً جلد ہی اللہ تمہیں تمہارے باپؑ داداؑ سے ملاقات کرائے گا۔اتنے میں حرملہ بن کاہل نے تاک کر ایک تیر چلایا جس نے بچہ کو ذبح کر کے رکھ دیا اور اُس معصوم نے چچا کی گود میں جان دیدی۔اور یہ آخری قربانی تھی جو امامؑ نے پیش کی۔

(27)۔ شہید ہونے سے پہلے پہلے امام علیہ السلام کے زخموں کی تعداد

وہ آخری زخم جس سے امام علیہ السلام کی شہادت واقع ہوئی تھی گلوئے مبارک پر لگایا گیا تھا۔لیکن مومنین نے دیکھا ہے کہ جہاں تمام بدن زخموں سے چُور چُور تھا۔وہاں گردن میں بھی بار بار اور کئی بار تیر آر پار نکل چکے تھے۔اور تیروں کو کھینچ کر نکالنے سے گردن کا ہر زخم بھی کافی کافی کشادہ ہوتا رہا تھا۔یعنی امامؑ کے لئے گلا کٹانا کوئی مشکل کام نہ تھا۔جو چیز میدان کربلا میں امامؑ کے لئے سب سے مشکل تھی وہ اہل حرمؑ کے مصائب وآلام تھے۔جو کسی لمحہ امامؑ کے سامنے سے نہ ہٹائے جاسکے۔بہرحال آپ امامؑ کے جسم پر زخموں کی تفصیل بھی اِس انداز سے لکھی ہوئی دیکھیں گے جو انداز آدمی کو مطمئن کرنے کے بجائے مشکوک کرتا ہے۔اور علمائے شیعہ زخموں کے معاملہ میں بہت گھبراتے اور طرح طرح کی تاویلیں کرتے ہیں۔بہرحال پہلے علما کا بیان سُن لیں پھر ہم چند فطری حقائق پیش کریں گے۔تاکہ پیدا کردہ اختلاف وتضاد دور ہوکر بات فطری ہوجائے۔

قال صاحب المناقب والسید حتّٰی اصابته اثنان وسبعون جراحة۔ (2) وقال ابن شهر آشوب وقال ابومخنف عن جعفرؑ بن محمّدبن علیؑ قال وجد نابالحسینؑ ثلثا وثلثین طعنة واربعًا وثلثین ضربة ۔ (3) قال البا قرعلیه السلام اصیب الحسیؑن ووجد به ثلثمائة وبضعة وعشرون طعنة برمح و ضربة بسیف ورمیه بسهم۔(4) وروی ثلثمائة وسِتّون جراحة۔(5) وقیل ثلث وثلثون ضربة سوی السهام۔(6) والف وتسعمائة جراحة ۔(7) وعن کتاب عیون الحیا ة اِنَّ فی روایة انّه اصابه اربعة الاف جراحات من السهام ومائة وثمانون مِن السَّیُوف والسِّنان وفی البحار وکانت درعه کالشوک فی جلد القنفذ وروی انها کانت کُلّها فی مقد مة۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 409)

کتاب مناقب کے مصنف اور سید نے کہا ہے کہ اُس وقت تک امامؑ کے جسم پر بہتر (72) زخم آچکے تھے۔(2) اور ابن شہر آشوب اور ابومخنف نے جعفر بن محمد بن علی زین العابدین علیھم السلام سے روایت کی ہے کہ ہم نے تینتیس برچھیوں کے زخم اور چونتیس تلواروں کی چوٹیں امامؑ کے جسم پر پائیں۔(3) امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ امامؑ کے جسم پر تین سوبیس اور کچھ زیادہ زخم آچکے تھے جن میں نیزوں،تلواروں اور تیروں کے زخم بھی شامل تھے۔(4) اور یہ روایت بھی ہے کہ تین سو ساٹھ زخم تھے۔(5) اور تیروں کے زخموں کو چھوڑ کر تینتیس (33) زخم بھی بتائے گئے ہیں۔(6) اور ایک ہزار نوسو زخم آنے کی روایت بھی ہے (7) اور کتاب عیون الحیات میں یہ روایت ہے کہ آپؑ کے جسم مبارک پر تیروں کے چار ہزار زخم اور ایک سواَسی تلواروں اور برچھیوں کے زخم تھے اور کتاب بحار میں یہ لکھا گیا ہے کہ امام حسینؑ کی زرہ ایسی ہوگئی تھی جیسی تکلوں کی وجہ سے ساہی کی کھال ہوتی ہے۔اور روایت یہ ہے کہ زخموں کی یہ صورت امامؑ کے جسم کے آگے کی تھی۔یعنی پس پشت کی گنتی نہیں اور ایک بے وقوف نے یہ بھی لکھا ہے کہ امامؑ کے جسم کے اگلے حصہ پر زخم آئے تھے چونکہ آپ نے دشمن کی طرف پشت نہ کی تھی۔

(28)۔ امامؑ مظلوم کے زخموں کی حقیقی پوزیشن

سب سے پہلے یہ سمجھ لیں کہ یہ ساتوں روایات یا اطلاعات غیبی اطلاعات نہیں۔یعنی کسی امامؑ معصوم نے بطور حصر یہ تعداد نہیں

بتائی ہے جو ہم اُن میں سے کسی ایک اطلاع کو آخری اور صحیح کہہ کر باقی کو ٹھکرا دیں۔ پھر یہ سمجھ لیں کہ اِن میں سے کوئی اطلاع باقاعدہ زخموں کو گن کر جانچ کر نہیں دی گئی ہے اور ابتدائی یا پہلے دوسرے حملے کے سوا زخموں کا صحیح طور پر گن لینا نہ تو ممکن تھا اور نہ کسی نے باقاعدہ گنتی کی تھی۔ اہلبیتؑ کی طرف سے جو اطلاعات (نمبر 2,3) ہیں۔ تو اُن حضرات کو تو امامؑ کی زیارت اور اُن سے بات کرنے ہی کا وقت نہ ملتا تھا انہیں صدمات میں اسکی فرصت کہاں تھی کہ وہ زخم گننے بیٹھ جائیں اور جب تک تمام زخم نہ گن لیں امامؑ کو آنے ہی نہ دیں۔ لہٰذا اُنکی دی ہوئی اطلاعات بھی آخر تک لگنے والے زخموں کی تعداد نہیں ہوسکتی۔ اسلیئے کہ سر میں پٹی باندھنے کے بعد وہ خیام میں گئے تو ہیں مگر نہ اندر تک پہنچے اور نہ وہاں ٹھہرے۔ مثلاً دریا سے ہٹانے کیلیئے جب جھوٹ بولا گیا تو آپ خیام میں چکر لگانے آئے اور دشمن کے حملہ کا اثر نہ پا کر واپس دوبارہ دریا پر قبضہ کرنے چلے گئے۔ اُسکے بعد جو چار مرتبہ سجدہ کیلیئے زمین پر اترے اور اس دوران جو زخم آئے اُن کی اطلاع علم امامتؑ کے علاوہ دوسرے طریقہ سے نہ ہوسکتی تھی۔ بات یہ ہے کہ جس نے سب سے کم تعداد بتائی اُس نے یا ابتدائی حملے کی اطلاع دی کہ جب تک زخم ہی کم آئے تھے اور بتدریج تعداد بڑھتی گئی اور اطلاع دینے والوں نے بھی اُسی حساب سے جتنے زخم نظر آسکے بتا دیئے۔ پھر زخموں کا یہ حال تھا کہ ایک ہی جگہ تیر یا برچھیاں لگ لگ کر ایک بڑا سوراخ ہو جاتا تھا۔ جس نے بڑے بڑے گھاؤ ہی دیکھے اس نے بھی تعداد کم بتانا تھی۔ پھر راوی نے جس جگہ اور جس طرف سے اور جس وقت دیکھا اُس وقت تک جتنے زخم قابل شمار ہوسکے ذکر کر دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ امامؑ مظلوم کے جسم کے ہر انچ میں کئی کئی زخم تھے۔ جن کو اگر گن لینا ممکن ہوتا تو ہزاروں زخم بتائی ہوئی تعداد سے زیادہ پائے جاتے یعنی اُن ساتوں اطلاعات کی میزان (72+67+320+360+33+1900+4180=6932) چھ ہزار نو سو بتیس بھی کُل تعداد سے کم ہے۔ پھر یہ ایک بکواس ہے کہ امامؑ نے جنگ کے دوران کوئی زرہ پہن رکھی تھی۔ اور اگر زرہ پہنی بھی ہوتی تو وہ لوہے کی ہوتی ہے۔ اُس میں تیروں کا گھسنا اور ٹھہرنا چنڈو خانے کی باتیں ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے حملہ سے بچنے کیلیئے دشمن کو پشت نہیں دکھائی۔ مگر یہ بکواس ہے کہ امامؑ کی پشت پر کوئی زخم نہ تھا۔ اسلیئے کہ بار بار چاروں طرف سے حملہ کا ذکر اور حملہ ہوتا رہا ہے۔ لہٰذا آگے پیچھے داہنے بائیں ہر طرف زخم ہی زخم تھے۔ کہیں انگلی رکھنے کی بھی ایسی جگہ نہ تھی جہاں سے انگلی پار نہ نکل جائے۔ امامؑ اس حالت میں ہیں اور چالیس انتخاب شدہ زنا زادے باری باری قتل کرنے کو آ رہے ہیں۔ لیکن قتل وہی کریگا جس کی خبر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دی تھی۔

(29)۔ فرزند رسولؐ اور نجات دہندہ نوع انسان کو کس طرح قتل کیا گیا؟

آپ نے دیکھا تھا کہ شبث بن ربعی نے خوفزدہ ہو کر قتل حسینؑ سے انکار کر دیا تھا۔ مگر وہاں تو چالیس ملاعین واشقیا تھے۔ دو چار کے انکار سے کیا ہوسکتا تھا؟

فاقبل اليه سنان بن انس النخعي فكان كوسجًا قصيرا لوجه ابرص فقال ثكلتك اُمك وعد موك قومك لِمَ رَحَفتَ عَن قتله ؟ فقال ياويلك انّه فتح عينيه في وجهي فشبهتا عيني رسولؐ اللّٰه فاستحييتُ اَن اقتل شبيهًا لرسولؐ اللّٰه فقال له ياويلك هَلُمَّ اِلَيَّ بالسيف فانا اَحَقّ منك بقتله فاخذالسيف وهَمَّ اَن يعلوا راسه فنظر عليه السلام اليه فارتعد السّنان فزعًا منه وسقط السيف من يده وَوَلّٰى هاربًا ۔ فاقبل اليه الشمر الملعون فقال ثكلتك اُمك ما ارجعك عن قتله فقال ياويلك انّه فتح في

وجھی عینیہ فذکرت شجاعة ابیه فذھلت عن قتله ۔فقال الشمر یاویلک انّک لجبان فی الحرب ھَلُمّ اِلیَّ بالسَّیف فو اللّٰہ ماٰاحدٌ احقّ مِنّی بد م الحسینؑ انی لا قتله سواء الشبه المصطفیٰؐ اوعلی المرتضیٰؑ ۔فاخذ السیف من یده ورکب صدرالحسینؑ ۔فنظر الیه فلم یَرْھَبُ منه وقال له لا اظنّ اِنّی کمن اتاک فَلَسْتُ اردّعن قتلک یاحسینؑ فقال له الحسین علیه السلام مَنْ اَنْتَ فلقد اَرْتَقِیْتَ مرتقًا عظیما طال ماقبّله رسولؐ اللّٰہ ؟ فقال اناملعون بن ملعون اَنَاالشمر الضبابی فقال الحسینؑ اَمَا تعرفنی فقال ولد الزنا بلٰی انت الحسین بن علیؑ بن ابی طالبؑ وامّک فاطمةؑ الزھراء وجدّک محمدؐ المصطفیٰ و جدّتک خدیجةؑ الکبریٰ ۔ فقال علیه السلام یاویلک عرفتَنی فلم قتلتنی فقال الملعون المبروص اطلب بقتلک الجائزة عن یزید بن معاویة فقال الحسینؑ اَیُّمَااحبّ الیک شفاعة جدّی رسولؐ اللّٰہ اَوْجائزة یزید الملعون بن الملعون فقال دانق من جائزة یزید احبّ اِلَیَّ منک وَمِن شفاعة جدّک وابیک۔

فقال علیه السلام اذاکان لابدّ مِن قتلی فاسقنی شربة مِن الماء فقال ھیھات ھیھات و اللّٰہ ما تذ وق المآء اَوْتذوق الموت غصّة بعد غصّة وجرعة بعد جرعة فقال یابن ابی تراب اَلَسْتَ تزعم اَن اباک علی الحوض یسقی مَنْ احبّ ؟اصبرحتّٰی یسقیک ابوک ۔فقال علیه السلام سأ لتُک باللّٰہِ الاماکشفت لِی عن لثامک لانظر الیک ؟ قال فکشف له عن لثامه فاذًا ھوابرص اعور له بوز کبوز الکلاب ونقرکنقر الخنزیر ۔فقال له الامام علیه السلام صدق جدّی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وآله۔فقال الشمرالملعون وماقال جدّک ؟قال سمعته یقول لِاَبِی عَلِیًّاؑ یاعلیؑ یقتل ولدک ھذاابرص اعور له بُوز کبوز الکلاب ونقر کنقر الخنزیر ۔فقال الشمرالملعون تشبّھنی بالکلاب و اللّٰہ لاذبحنّک مِن القضآء جزاءً لما شبّھنی جدّک ۔ فضربه برِجْلِهٖ فَاَلْقَاہُ عَلٰی قِفَاہُ ثُمَّ بِلحیته وَھَمَّ بقتله ۔فضحک الحسین علیه السلام وقال اَنْتَ الابقع الذی رائیتُکَ فی منامی بلغ فی دم اھل بیتی۔قال الشمر الملعون اقتل لاابالی فضربه بسیفه اثنتی عشر ضربة وَاحْتَزّ راسه وعَلَاہ علٰی قِنَاةٍ طَوِیْلَةٍ ۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 424 تا426)

بہرحال شبث کے بعد سنان بن انس نخعی آ گے بڑھا جو کہ بکرے کی سی داڑھی رکھتا تھا اورگھنونی صورت والا تھا۔اور بھاگنے والے سے کہا کہ تیری ماں تیرے سوگ میں بیٹھےاور تیری قوم فنا ہوجائے۔بھلا تُو حسینؑ کے قتل سے کیوں باز رہا اور بھاگ آیا؟اس نے کہا کہ خدا تیرا ستیاناس کرے۔ارے جب اُنہوں نے آنکھیں کھول کر مجھے دیکھا تو میری آنکھوں نے گویا رسولؐ اللہ کو دیکھا۔مجھے شرم آئی کہ میں ہم شکل رسولؐ کو قتل کرڈالوں۔سنان بن انس نے کہا تیرا ستیاناس لاتلوار مجھے دے میں ہی تم سے زیادہ حسینؑ کو قتل کرنے کا حقدار ہوں۔چنانچہ اس سے تلوار لے کر چلا اور ہمت کر رہا تھا کہ امامؑ مظلوم کا سرمبارک جدا کردے اتنے میں آنجناب علیہ السلام نے سنان کی طرف دیکھا تو وہ لرزنے لگا۔ہاتھ سے تلوار گر پڑی اور لڑکھڑاتا ہوا بھاگ گیا۔شمر ملعون اُس کے پاس آیا اور ڈانٹ کر پوچھا کہ اوناس گئے بھلا تو کیوں قتل سے باز رہا؟ سنان نے کہا بے شرم جب انہوں نے میرے چہرے کو دیکھا تو مجھے اُن کے والد کی شجاعت یاد آ گئی۔چنانچہ میری ہمت نے جواب دے دیا۔شمر نے کہا خدا تجھے غارت کرے تو میدان جنگ میں ہمیشہ کا بُزدل ہے۔لاؤ تلوار مجھے دو۔خدا کی قسم حسینؑ کو قتل کرنے اور اُن کا خون بہانے میں کوئی بھی مجھ سے زیادہ حقدار نہیں ہے۔میں یقیناً انہیں قتل کردوں گا خواہ اُن میں محمدؐ مصطفیٰ کی شباہت آتی ہو یا وہ علیؑ مرتضٰی کے ہم شکل کیوں نہ ہوں۔چنانچہ سنان کے ہاتھ سے تلوار لی اور امامؑ کے سینہ مقدس پر چڑھ کر

بیٹھ گیا۔ امامؑ نے اُس کی طرف دیکھا مگر شمر ہراساں نہ ہوا اور بولا کہ جو لوگ تمہارے قتل کے لئے مجھ سے پہلے آئے تھے میں ویسا نہیں ہوں۔ اَے حسینؑ میں تمہیں قتل کئے بغیر پلٹنے والا نہیں ہوں۔ امامؑ نے پوچھا تُو کون ہے؟ تُو اُس عظیم الشان جگہ پر چڑھا بیٹھا ہے جسے رسولؐ اللہ بہت بہت دیر تک چومتے رہتے تھے۔ شمر نے کہا میں ملعون ہوں ملعون کا بیٹا شمر ضبابی ہوں۔ امامؑ نے فرمایا کیا تو مجھے نہیں جانتا۔ شمر نے کہا کیوں نہیں میں جانتا ہوں تم حسینؑ بن علیؑ بن ابیطالبؑ ہو۔ تمہاری ماں فاطمہؑ زہراء ہیں۔ تمہارے نانا محمدؐ مصطفیٰ ہیں۔ تمہاری دادی خدیجہؑ الکبریٰ ہیں۔ آنجنابؑ نے فرمایا کہ خدا تجھے سمجھے جب تو یہ سب کچھ جانتا ہے تو پھر مجھے قتل کیوں کرنا چاہتا ہے؟ اس ملعون نے کہا کہ تمہارے قتل کرنے سے مجھے انعام وجاگیر ملے گی۔ اور یزید کی رضامندی حاصل ہوگی۔ امامؑ نے فرمایا کہ تجھے میرے نانا رسولؐ اللہ کی شفاعت زیادہ پیاری ہے یا یزید کا انعام زیادہ محبوب ہے؟ شمر نے کہا کہ مجھے یزید بن معاویہ سے ملا ہوا تھوڑا سا انعام بھی آپ سے اور آپ کے نانا رسولؐ اللہ کی اور آپ کے والدؑ کی شفاعت سے بہت زیادہ پسند ہے۔

امام علیہ السلام نے فرمایا کہ اچھا اگر میرا قتل کرنا ہی تجھے لازماً منظور ہے تو قتل سے پہلے مجھے ایک گھونٹ پانی پلا دے۔ شمر ملعون نے جواب دیا کہ افسوس ہزار افسوس خدا کی قسم تمہیں پانی ہرگز چکھنے کو نہ دیا جائے گا۔ البتہ تمہیں گھونٹ گھونٹ کر کے موت کا ذائقہ غم وغصہ کے ساتھ ساتھ چکھنا پڑے گا۔ پھر طنز کیا کہ اَے حسینؑ کیا تمہارا گمان باطل یہ نہیں ہے کہ تمہارا باپؑ ابوتراب ساقی حوض کوثر ہے اور وہ اپنے پسندیدہ لوگوں کو حوض کوثر کا پانی پلائیں گے۔ لہٰذا تم اس وقت تک صبر کرو جب تک تمہارے والدؑ حوض کوثر سے سیراب کریں۔ امام علیہ السلام نے فرمایا کہ میں تجھے اللہ کی قسم دے کر کہتا ہوں کہ تو مجھے ذرا اپنا یہ گلوبند یا مفلر (Muffler) کھول کر دکھا دے۔ شمر نے سر و گردن سے مفلر کھول کر دکھایا تو کیا دیکھتے ہیں کہ شمر کا دہن کُتے کی تھوتھنی کی مانند ہے اور اُس کی گردن سُوّر کی طرح ہے۔ یہ دیکھ کر امامؑ نے فرمایا کہ سچا ہوگیا وہ قول جو میرے دادا رسولؐ اللہ نے فرمایا تھا۔ شمر نے پوچھا کہ آپ کے داداؐ نے کیا کہا تھا؟ فرمایا میں نے رسولؐ اللہ کو اپنے والد علیؑ سے یہ کہتے ہوئے سُنا تھا کہ اے علیؑ تیرے بیٹے کو ایسا شخص قتل کرے گا جس کا دھانہ کُتے کی تھوتھنی کی طرح ہوگا اور جس کی گردن کوتاہ اور سُوّر کے مانند ہوگی۔ اور وہ برص کے سفید داغ رکھتا ہوگا۔ یہ سُن کر شمر نے غضبناک ہوکر کہا کہ میں تمہیں پس پشت سے ذبح کروں گا اسلئے کہ تم نے مجھے کتے اور سوّر کے مانند قرار دیا اور یہ بدلہ ہوگا اُس قول کا جو تمہارے داداؐ نے میرے لئے بیان کیا۔ یہ کہہ کر اُس ملعون نے ایک ٹھوکر ماری اور آپ کو مُنہ کے بھل اُلٹا لٹا دیا۔ اور کمر پر بیٹھ کر امامؑ مظلوم کی داڑھی پکڑ کر ذبح کرنے کی تیاری کرنے لگا۔ امام علیہ السلام نے ہنس کر فرمایا بلاشبہ تو وہی ابلق کتا ہے جسے میں نے آج رات خواب میں اپنے اہلبیتؑ کا خون چاٹتے ہوئے دیکھا تھا۔ شمر ملعون نے کہا کہ میں تمہیں بلا خدشہ اطمینان سے قتل کر رہا ہوں۔ اِس کے بعد اُس حرامزادے نے اپنی تلوار کی بارہ ضربیں لگا کر حق وحقانیت اور سچائی کی گردن کاٹ ڈالی اور ایک طویل نیزہ پر امام مظلومؑ کے قرآن پڑھتے ہوئے سَر کو بلند کر کے فرقانی حکومت اور نسل کے جہنمی ہونے کا اعلان کر دیا۔ امامؑ باآواز بلند فرما رہے تھے کہ:۔

اَیَاشمر تقتلنی وحیدرۃ اَبِی۔ وجدّی رسولؐ اللّٰہ اکرم مھتدی۔ وفاطمۃ اُمِّی والزکی ابن وَالِدِی۔ وعمّی ھوالطیار فی جنّۃ الخلد۔ اَلَایازینبٌ یاسکینۃٌ۔ اَیَا ولدی من ذایکون لکم بعدی۔ اَلا یا رقیۃٌ یاام کلثومٌ انتم۔ ودیعۃ رَبِّی الیوم قدقرب

الوعدی ۔اَیَاشمر ارحم ذاالعلیلً وبعده ۔حریمًا بلاکفل بَلَی امرهم بعدی سَابکی لکم جدّی واسعد مَن بکی ۔ عَلٰی رزئِکم والفوز فی جنّة الخلد۔ سلام علیکم مَااَمّر فِراقکم۔ فقوموا التودیعی فذا آخر العهدی۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 425)

اَے شمر خبردار رہ کہ تو نے مجھے ہی نہیں بلکہ میرے والد حیدرؑ کو اور میرے نانا رسولؐ اللہ کو اور میری ماں فاطمہؑ کو اور میرے بھائی حسنؑ کو اور میرے چچا جعفرؑ کو بھی قتل کر دیا ہے۔اور یہ قتلِ عام جنت میں رہنے والوں کا کیا گیا۔اَے بہن زینبؑ اور اے بیٹی سکینہؑ اور اے میری اولاد تم پر کیا کیا آفات گزرنے والی ہیں۔اے رقیہؑ اور اے ام کلثومؑ تم سب میرے رب کی طرف سے میرے پاس امانت ہو۔ اور یقیناً اب تم میرے وعدہ کو پورا کر دکھاؤ گے۔اے شمر میرے بیمار وناتواں بیٹے پر اور میرے بے سہارا حرم پر رحم کرنا۔اے میرے اہل حرمؑ تم پر میرے نانا رسولؐ اللہ رو رہے ہیں اور جو تم پر روئے گا اور تمہاری مصیبت میں شریک رہے گا وہ جنت میں بڑے درجات پر فائز ہوگا۔تم پر میرا، بعد قتل بھی سلام جاری ہے۔لہٰذا تم بڑی مضبوطی اور استقلال سے میرے منصوبہ کی تکمیل میں مصروف ہو جاؤ۔میرے عہد اور معاہدہ پر یہ آخری تاکید ہے۔حضرت زینبؑ فرماتی تھیں کہ:۔

(1) بَنَاتُ مُحمدٍ اَضحَتْ سَبَایَا (2) یُسَقْنَ مَعَ الْاُسَاریٰ والنِّهَاب (3) مُغَبَّرَۃَ الذُّیولَ مُکَشَّفَاتٍ (4) کَسَبْیِ الرُّومِ دَامِیَةَ الْکِعَابِ (5) لَئِنْ اُبْرِزْنَ کُرْهًا مِنْ حِجَاب (6) فهن مِن التعفف فی حجاب (7) اَیُبْخَلُ فِی الْفُرَاتِ عَلٰی حُسَیْنٍ (8) وَقَدْاَضْحیٰ مُبَاحًا لِلْکِلَاب (9) فَلِیْ قَلْبٌ عَلَیْهِ ذوالْتِهاب (10) وَلِیْ جَفْنٌ علیه ذوانسکاب۔(بحارالانوار)

ہائے افسوس کہ رسولؐ اللہ کی بیٹیاں گرفتار کر لی گئیں اور اُنہیں لُوٹ کھسوٹ کر قیدیوں کی طرح ہانکا جا رہا ہے۔اُن کے دامن گرد آلود اور چہرے کھلے ہوئے ہیں۔رُوم کے قیدیوں کی طرح اُن کے پیر ننگے اور زخمی ہیں۔اگرچہ ہمیں زبردستی بے پردہ کیا گیا۔لیکن ہمارا چلن اور نبویؐ پارسائی ہمارا پردہ بن گئی ہے۔بہتے ہوئے دریائے فرات کا پانی بند کر کے اِن لوگوں نے حسینؑ اور اُن کے بچوں سے بخیلی اور ظلم کیا حالانکہ جانوروں اور کتوں کے لئے پانی کو آزاد رکھا۔بھیا میرے قلب وجگر میں غم والم کی آگ بھڑک رہی ہے۔اور میری آنکھیں تمہارؑے لئے آنسو بہانے میں مصروف ہیں۔

ہماری اور تمام محبانِ محمدؐ وآل محمدؐ کی طرف سے قاتلانِ حسینؑ اور قاتلانِ اولاد واقربائے حسینؑ اور قاتلانِ انصارانِ حسینؑ پر اور اُن کی قوم ومذہب پر قیامت تک لعنت جاری رہے آمین۔اللہ جلد از جلد ہمارے امام آخرالزمان قائمِ آل محمدؐ ابن حسن عسکری علیہم السلام کی حکومت قائم کرے۔آمین بحق معصومینؑ آمین۔والسلام علٰی صاحب العصر والزمان۔

بقلم خادم المسلمین محمد احسن۔25 جولائی 1977ء

46۔ ذوالجناح کی خدمات اور سرِ قاسم علیہ السلام کا دردناک سفر

(1)۔ حضرت شہربانو اور زوجۂ قاسم علیہم السلام اور ذوالجناح کی نئی زندگی؟

چونکہ علمائے مجتہدین نے دین و دنیا کو سمجھنے اور بیان کرنے کے لئے اپنی ناقص ومحدود عقل کو آخری مرتبہ دے دیا تھا۔ اِس لئے قرآن وحدیث کی جو بات اُن کی سمجھ اور عقل کے دائرہ میں نہ سما سکی اُس کا یا تو انکار کر دیا یا قرآن وحدیث میں بیان شدہ صورت کو مسخ کر کے اور قرآنی حقیقت کو اپنی عقل کے سانچے میں ڈھال کر لوگوں کے سامنے پیش کرتے رہے۔ اُنہوں نے دیکھا کہ کربلا میں جناب قاسم علیہ السلام کا عقدِ نکاح اُن کے عقل کے تقاضے اور ذہنی ماحول پر فِٹ (Fit) نہیں ہوتا۔ توباوجودیکہ واقعہ زبان زدعوام تھا، روایات موجود تھیں۔ ملتِ شیعہ رسوماتِ عزاداری میں حضرت قاسم اور فاطمہ کبریٰ علیہما السلام کو طرح طرح سے یاد کرتی چلی آتی تھی۔ مجتہدین نے اس دردناک اور معجزاتی واقعہ کا کھُلا انکار کرنا طے کر لیا اور اپنے دائرہ اثر ورسوخ میں مسلسل انکار جاری رکھا۔ اِسی طرح ہزاروں روایات موجود ہوتے ہوئے اُن کی عقل نے امام حسن علیہ السلام کے بہت سے نکاح کرنا پسند نہ کیا۔ لہٰذا مسلسل انکار جاری رکھا۔ پھر امام حسنؑ کے متعلق ملت شیعہ کو یہ تصور دیا کہ اُن کی اولاد گویا ختم ہوگئی تھی۔ اُن لوگوں کی لکھی یا لکھوائی ہوئی ساری کتابیں پڑھ جائیں آپ کو دس بارہ افراد سے زیادہ نام نہ ملیں گے جن کا ذکر اُن حضرات نے امام حسن علیہ السلام کی اولاد میں کیا ہے۔ یہ رویہ اور انکار اس لئے اختیار کیا گیا کہ اُن کے پاس اُن اعتراضات وسوالات کا جواب نہ تھا جو امام حسنؑ کی اولاد پر واقع ہوتے ہیں۔ اِس لئے کہ اُن کی کثرت ہمیشہ مخالف حکومتوں کی طرح آئمہ معصومین علیھم السلام کی مخالف اور عملاً ظلم وستم کرتی رہی۔ لہٰذا علمائے مجتہدین اُن سے فارغ ہو کر بیٹھ گئے اور ملت شیعہ کو اس سلسلے میں تاریخ سے جاہل رکھا۔ پھر اُن کی سمجھ میں یہ معمہ بھی نہ آیا کہ حضرت شہربانو علیہا السلام کہاں گئیں؟ اُنہوں نے کہا کہ حضرت شہرؑبانو امام زین العابدؑین کی پیدائش کے چندروز بعد انتقال فرما گئی تھیں۔ لہٰذا نہ کربلا میں آئیں نہ اہل حرمؑ کے ساتھ قید ہوئیں۔ مگر اُنہیں یہ بتانا چاہئے تھا کہ وہ دوسری شہرؑبانو کہاں گئیں جو امام حسن علیہ السلام کے عقد میں آئی تھیں؟ ساری دنیا جانتی ہے، تاریخ اور خود مجتہدین مانتے ہیں کہ دو شہزادیاں ایران سے آئی تھیں۔ اور دونوں نے حسنین علیہما السلام کو اپنی شوہریت کے لئے انتخاب کیا تھا۔ پھر وہ یہ تو مانتے ہیں کہ ذوالجناح بعد شہادت خیمہ میں آیا تھا۔ مگر یہ نہیں بتاتے کہ اس کے بعد وہ ذوالجناح کہاں گیا؟ ہم یہاں یہ دکھاتے ہیں کہ حضرت قاسم، فاطمہ کبریٰ اور شہربانو علیہم السلام کو اس دنیا میں عملاً برقرار رکھنے اور تمام نعمات زندگی سے استفادہ کرنے کے لئے ایک زیادہ واضح زندگی عطا کی گئی تھی۔ اور ذوالجناح اُن کی اس زندگی میں مُمِد ومعاون رہنے کے لئے باقی رکھا گیا تھا۔ تاکہ شہدأ کی لازوال اور مکمل حیات کا نمونہ سامنے آجائے۔

(2)۔ شہادت کے بعد ذوالجناح کی خدمات مسلسل جاری ہیں

مومنین جانتے ہیں کہ ایک روز وہ تھا جب امام حسین علیہ السلام چھوٹے سے بچے تھے اور ذوالجناح نے اُنہیں سوار ہونے میں مدد دی تھی۔ اور ایک روز وہ آیا جس دن ذوالجناح نے سرکار امام علیہ السلام کو اپنی پشت سے زمین پر تشریف لانے اور سجدہ شکر بجالانے

میں مدددی اور جب حالتِ سجدہ میں حضورؑ پر قاتلوں نے ہجوم کیا تو ذوالجناح نے بھی دشمنوں پر برابر حملہ جاری رکھا۔لیکن کثرت از دہام میں امامؑ پر وہ کچھ گزر گیا جو سرکارؑ نے روزازل سے منظور فرمالیا تھا۔

عَنِ المنتخب نقل انّه لماقتل الحسين عليه السلام جعل جواده يصهل ويحمحم ويتخطّى القتلىٰ فى معركة واحدًا بعد واحدٍ فنظر اليه عمر بن سعد لعنه اللّٰه فصاح بالرجال خذوه واتونى به وكان مِن جياد خيل رسولؐ اللّٰه ـقال فتراكضت الفرسان اليه فجَعَلَ يرفس برجليه ويمانع عن نفسه ويكدم بِفَمِهٖ حتّٰى قتل جماعة من الناس ونكّس فرسانا عن خيولهم فلم يقدرواعليه فصاح ابن سعد وَيْلكم تباعدوا عنه ودعوه لننظرمايصنع ـفتباعدوا عنه فلمّا آمَنَ الطّلب جَعَلَ يتخطّى القتلىٰ ويطلب الحسيؑن حتّٰى اذا وصل اِلَيْه جعل يشمّ رايحته و يقبّله بِفمِهٖ ويمرغ ناصيته عليه وهو مع ذلک يصهل ويبكى بُكاء الثكلىٰ حتّٰى اَعْجَبَ كلّ مَن حضر ـ قال عبد اللّٰه بن قيس رَاَيْتُ الجواد رَاكِضًا وقد تفرق الناس عنه وهُوَ راجع نحوالخيم ولم يقدر عليه احد وحمل عليهم وقصد الفرات ووثب وثبة فَاِذا هو فى وسط الفراتِ ثم غاص ولم يعرف له اِلِى الْآن خبر وقد ذكروا انّه يظهرعلىٰ يدالقائم مِن آل محمد صلى اللّٰه عليه وآله وسلم۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 436)

بہرحال جب دشمنانِ خدااوررسولؐ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بناچکے اورنرغہ کم ہوا۔تو ذوالجناح برابرحملہ کرتا ہوا اور ہنہنا کر چنگھاڑتا ہواامام علیہ السلام کولاشوں میں تلاش کرتا ہوا چلا آرہا تھااورسمجھ چکا تھا کہ علیؑ وفاطمہؑ کی یادگاراوررسولؐ کالاڈلاحسینؑ شہید ہو چکا ہے۔عمر کی نگاہ پڑی تو اُس نے لوگوں کو پکارا کہ اس گھوڑے کو پکڑ کر میرے پاس لاؤ۔یہ سُن کر بہت سے فوجیوں نے گھوڑے کوگھیرے میں لے لیا۔ لیکن ذوالجناح نے بھی اگلی اور پچھلی ٹانگوں سے لوگوں کے سروں کواپنے سُموں کی مار سے کچلنااوردانتوں سے چبانا شروع کیااوردشمنوں کی ایک جماعت کو واصل جہنم کردیا۔ یہ حال دیکھ کرعمر بن سعد نے آواز دی کہ اپنی جان بچاؤ اورگھوڑے کو اُس کے حال پر چھوڑ دو اوردُوردُورہٹ کر کھڑے ہوجاؤ اوردیکھو کہ وہ کیا کرتا ہے۔ چنانچہ جب ذوالجناح پرحملہ بند ہوا تو اُس نے حسب سابق بے تحاشہ ہنہنانا اورروتے ہوئے لاشوں میں امامؑ مظلوم کوتلاش کرنا شروع کردیا۔اور جب لاش مبارک کوشناخت کرلیااورسرمبارک کوغائب دیکھا تو بلبلا بلبلا کر بےقراری سے جسم مبارک کوسونگھتا اور چومتا جاتا تھا۔اوراپنی پیشانی خون آلودہ بدن پر ملتا تھا۔اورغمزدہ ماں کی طرح آہ وزاری اوربین کرتا ہوامعلوم ہورہا تھا۔اور جولوگ دیکھ رہے تھے وہ بھی حیران وغمگین ہورہے تھے۔عبداللہ بن قیس کہتا ہے کہ میں نے دیکھا کہ وہ گھوڑاامامؑ سے رخصت ہوکراس تیزی سے اہل حرم کے خیموں کی طرف دوڑا کہ فوج کے بادل چھٹ گئے اورکسی کواُسے روکنے یا پکڑ لینے کی قدرت نہ ہوئی اوراس کے بعد دیکھا گیا کہ گھوڑے نے نہرفرات کا قصد کیا اورراہ میں آنے والی فوج پر بےتحاشہ حملہ کیا۔دریامیں چھلانگ لگادی اورایک دفعہ دریائے فرات کے نصف میں نظرآیا اور پھر ایک غوطہ لگایا۔اُس کے بعد آج تک اس کے متعلق کچھ اورمعلوم نہ ہوسکا۔البتہ یہ ضرور کہا گیا ہے کہ وہ حضرت امام مہدی قائم آل محمد صلوٰۃ اللہ کے ہاتھ پرظاہر ہوگا۔

(3)۔ ذوالجناح کا اہل حرمؑ کے خیموں میں اطلاع دینا

عن الجلودى انّه لَمَّاصرع الحسين عليه السلام جَعَلَ فرسه يحامى عنه فيثب عَلَى الفارس فيخبطه عن سرجه ويدومه حتّٰى قتل الفرس اربعين رَجُلًا ـثُمَّ تمرغ فى دم الحسينؑ وقصد نحوالخيمة وله صهيل عال ويضرب بيده الارض ـ قال

ابومخنف ویقول فی حَمْحَمَتِہٖ الظلیمة الظلیمة من امة قتلت ابن بنت نبیّھاً فتعجّبوا مِن ذلک وصاریطلب الخیم ویصھل صھِیلًا عالیًا وقدمَلَاء البریّة من صھیله حَتّٰی قرب مِن الخیم فَسَمِعَتُ زینبٌ صھیله فَعَرَفَتْهُ ۔فاقبلت علٰی سکینةً وقالت جآء ابوک بالماء فاستقبلیه ۔قال فخرجت سکینةً فَنَظَرَتْ اِلَی الفرس غاربًا والسرج خالیًا وَھُوَ یَصْھَلُ وینعی صاحبه فَلَمَّارَاَتْهُ ھَتکت خمارھا وصاحت وا قتیلاهُ؛ وا حُسینااّهُ؛ وا محمدّا ہ؛ وا علیاہٗ؛ وا فاؕطمتاہٗ؛ وا غربتاہُ؛ وا بعد سفراہُ؛ وا کرباہُ ھٰذَا الحسینؑ بالعراء مسلوب العمامة والردآء؛وا محمدّاہ ھذا الحسینؑ معفّربدمه فی ارض کربلا و جسمه بالعرآء؛ ھذا الحسینؑ بدنه بارض وراسه باخرٰی؛بابی من براسه الی الشام یھدی؛ بابی مِن امسی عسکرہ یوم الاثنین نھبا ۔ثُمَّ اَنّھا وَضَعَتْ ید ھا عَلٰی رَاسِھَا وانشأت مات الفخار ومات الجودوالکرم واغبرت الارض والآفاق والحرم۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 436)

علامہ جلودی علیہ الرحمہ نے لکھا ہے کہ جب امام مظلوم علیہ السلام زمین پر تشریف لائے تو اُن کے گھوڑے نے اُن کا تحفظ شروع کیا۔ وہ آگے بڑھ کر سامنے آنے والے سوار پر اُچھل کر حملہ کرتا۔ اُسے زین سے گھسیٹ کر زمین پر گراتا اور برابر کچلتا جارہا تھا۔حتٰی کہ ذوالجناح نے دشمن کے چالیس افراد کو موت کے گھاٹ اُتار دیا۔اس کے بعد امامؑ کے خون میں خود کو تر کیا اور خیام حسینیؑ میں پہنچا۔ بلند ترین فریاد کرتے ہوئے اگلے پاؤں کو زمین پر مارتا اور ہنہناتا اور چلاتا اور پکارتا تھا۔علامہ ابومخنف نے لکھا ہے کہ ذوالجناح یہ کہہ رہا تھا؛ اور سب لوگ اُس کے ہمہمہ سے یہ سمجھ کر حیران ہورہے تھے کہ بڑی ہی ظالم اور جفاکار ہے یہ اُمت جس نے اپنے نبیؐ کی بیٹی کے فرزند کو تین دن بھوکا پیاسا رکھ کر مع اہل وعیال کے قتل کر دیا ہے۔ وہ چیخیں مارتا ،ہنہناتا اور خیمہ حسینیؑ کو تلاش کرتا پھر رہا تھا۔اُس کی دردناک چنگھاڑ سے فضا گونج رہی تھی۔ جب اُس کی چیخیں خیمہ حسینیؑ میں پہنچنا شروع ہوئیں اور وہ اہلبیتؑ کے خیام کے قریب پہنچا تو حضرت زینب علیہا السلام نے اُس کے ہنہنانے کو پہچان لیا اور باہر آنے سے پہلے جناب سکینہؑ کے پاس گئیں اور کہا کہ غالباً تمہارے باباؑ جان پانی لے کر آئے ہیں گھوڑے کی آوازیں قریب سے آرہی ہیں۔آؤ بیٹی چل کر امامؑ کا استقبال کریں۔ دونوں پھوپھی اور بھتیجی جلدی جلدی خیمہ کے دروازے پر پہنچیں۔ جو نظارہ سامنے تھا اُسے دیکھ کر سکینہؑ نے اوڑھنی سر سے اتار کر پھینک دی۔گھوڑا زخموں سے چُور چُور تھا۔ زین خالی تھی۔ وہ حضرت زینبؑ اور سکینہؑ کو دیکھتے ہی قریب آیا اور سر جھکا کر کھڑا ہوگیا۔ وہ جو کچھ کہنا چاہتا تھا اگر زبان بھی ہوتی تو ناقابل بیان تھا۔ وہ خود اپنی اور امامؑ مظلوم کی بولتی چالتی داستانِ غم واندوہ تھا۔تمام مستورات چاروں طرف جمع ہوگئیں۔ بزرگ خواتین کے پاس اتنا وقت کہاں تھا؟ یہ کسے ہوش تھا کہ ننھی سکینہؑ کو اس روح فرسا حالت سے بچا کر علیحدہ لے جائیں۔ وہ گھوڑے کے گلے میں لپٹ گئیں اور بے قراری میں کہتی جاتی تھیں کہ ہائے میرے مظلوم بابا۔ ہائے بےبسی وبےکسی کے عالم میں قتل ہوجانے والے سرپرست۔ ہائے ناناؐ جان آپ کے پیارے حسینؑ قتل کر دیئے گئے۔افسوس داداؑ جان آپ ہمارے تحفظ میں کچھ نہ کر سکے۔ ہائے نانیؑ جان آپ پر کیا گزری؟ ہائے بابا آپؑ کو ہمیں اس غربت اور بےچارگی کے عالم میں چھوڑ جانے کا کتنا دکھ ہوا ہوگا؟ ہائے افسوس آپ کو ہمارے بارے میں اس دُور دراز سفر و پردیس میں رہ جانے کی کتنی تکلیف سہنا پڑی ہے؟ اے ناناؐ ذرا دیکھئے آپ کا لاڈلا حسینؑ قتل ہوکر زمین پر لیٹا ہوا ہے۔ اے نانا جان کیا آپ حسینؑ کو ایسی حالت میں دیکھنا پسند کریں گے کہ وہ اس گرمی سے دہکتی ہوئی زمین پر بلا آرام دِہ لباس کے خون میں ڈوبے ہوئے پڑے ہوں؟ سر کٹا ہوا ہو، لباس لوٹ لیا گیا ہو، روح جسم سے جدا ہو چکی ہو، نہ عمامہ ہو نہ ردا ہو۔ ناناؐ جان اب یہی تو باقی ہے نا؟ کہ

ہمیں لوٹ کھسوٹ کر قیدی بنالیا جائے اور ہم سب کو باباؑ کے سر کے ساتھ ملک شام لے جایا جائے ۔ ہائے ناناؑ ہم اپنی اس حالت کو آپ کے سوا کس کو سنائیں ۔ سر پیٹ کر فرما رہی تھیں کہ آج دنیا سے رحم وکرم وسخاوت وشرافت کا جنازہ نکل گیا۔ آج زمین وآسمان اور خانہ کعبہ ویران وسنسان ہو کر رہ گئے ۔

فلما سَمِعَتْ زینبٌ وسَمِعْنَ باقی الحریم فجعلن یَلْطَمْنَ الْخُد ود ویشققن الجیوب وینادین وا محمدّاہ،وا علیاًہ، وا فاطمتاہٗ، وا حسناہٗ، وا حسیناہٗ، وا حمزتاہٗ، وا جعفراّہ، وا عباساہٗ، وا اخاہ وا سیدا ہ، الیوم فقد محمدٌ المصطفیٰ، الیوم فقد علیٌ المرتضیٰ، الیوم فقدت فاطمۃٌالزھرآء، الیوم فقدت خدیجۃٌ الکبریٰ، الیوم فقدالحسنٌ والحسینٌ۔
(اکسیرالعبادات۔صفحہ 437)

حضرت زینبؑ اور تمام اہل حرم نے اپنے سر وسینہ اور چہروں پر ماتم کرنا شروع کیا۔اور بلند فریادیں جاری تھیں۔کوئی بی بی کہتی تھی ۔ ہائے محمدؐ رسول اللہ، ہائے علیؑ مرتضیٰ، کوئی فرماتی تھی ، ہائے ہائے فاطمۃؑ الزہراء، ہائے حسنؑ ، ہائے ہائے حسینؑ ۔ کہیں آواز آتی تھی ہائے حمزہؑ تم کہاں ہو؟ ہائے جعفرؑ طیار مدد کو پہنچو۔کوئی حضرت عباسؑ علمدار سے فریاد کر رہی تھی ۔ ہائے بھیا ہائے سیدانیوں کے قافلہ سالار۔ کہیں شور تھا کہ آج محمدؐ کا انتقال ہوا ہے۔ آج ہی علیؑ قتل ہوئے ہیں۔ آج حضرت فاطمہؑ دنیا سے سدھار گئی ہیں۔کوئی کہتی تھی کہ آج حضرت خدیجہؑ کے غم کا دن ہے۔ آج دونوں بھائی حسنؑ اور حسینؑ ایک ساتھ قتل ہوئے ہیں۔اس روایت میں حضرت علی اکبر علیہ السلام کا نام نہیں تو کیا ہم یہ سمجھ لیں کہ انہیں کسی نے یاد نہ کیا ہوگا۔اور کسی نے ہائے اکبرؑ وہائے قاسمؑ کہہ کر اُن بہادر وغیور نوجوانوں کو یاد نہ کیا ہوگا؟ کیا حضرت مسلم بن عوسجہ اور زہیر بن قین اور حضرت حر علیھم السلام یاد نہ آئے ہوں گے؟

وفی البحار وَضَعَتْ ام کلثومٌ یَدَھاعلیٰ راسھا ونادت وا محمدّاہ وا جَدّاہ،وا نَبِیّاَہُ ،وا اباالقاسماہُ،واعلیاہٗ وا جعفراہُ وا حمزتاہ وا حسناہ ھذاحسینٌ بالعرآء صریع بکربلا مجزوز الراس مِن القفاء، مسلوب العمامۃ والرداء ثُمَّ غشی علیھا۔(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 437)

کتاب بحار میں کچھ کمی پوری کی گئی ہے۔لکھا ہے کہ حضرت اُم کلثومؑ نے سر پر ہاتھ رکھے ہوئے دھائی دی کہ ہائے میرے دادا محمدؐ ہائے اس زمانہ کے نبیؐ ہائے ابوالقاسم ذرا ہمارا حال دیکھیں ۔ ہائے باباعلیؑ ہائے چچا جعفرؑ طیار وحمزہؑ تم کہاں ہو۔ ہائے بھائی، بھائی حسنؑ ہمیں سنبھالو۔ یہ دیکھو یہ حسینؑ زمین کربلا پر عمامہ اور چادر لٹ جانے کے بعد سر بریدہ لیٹے ہوئے ہیں۔سجدہ کی حالت میں بھی رحم نہیں کیا گیا۔سجدہ مکمل بھی نہ ہونے دیا گیا اور پس پشت سے اُن کا سر مبارک کاٹ لیا گیا۔لباس لوٹ لیا گیا۔فریاد کرتے کرتے وہ شہزادیؑ بے ہوش ہو گئیں۔

(4)۔ حضرت شہربانوؑ اور فاطمہؑ کبریٰ اور ذوالجناح کا انجام

جناب علامہ دربندی رضی اللہ عنہ ذیلی حالات میں رقمطراز ہیں کہ:۔

تَزْیِیْلٌ۔فیہ اُمُور ،اِعْلَمْ انّ ماعن شھر آشوب فی قضِیّۃ شھرٌبانویہ مِمَّالم اَظْفَرَ بہ فی کلام احد۔فان کان الامر کما ذکر؟ فلابدّ مِن اَنْ تکون ھٰذِہ المرئۃ غیر شاہِ زنان الَّتی ھِیَ بنت الملک یزد جرد ام الامام سید الساجدین علیہ السلام ۔ فَاِنَّ ام الامامؑ

قَدْمَاتَتْ فی النفاس مِن ولادۃ الامامؑ۔وفی بعض کتاب التواریخ المعتبرۃ اَنَّ شھر بانو یۃ الَّتِی کَانَتْ فی کربلا ھِیَ اُمّ فاطمۃ زوجۃ القاسمؑ وقد اَوْصَتْ سید الشھدآء روحی له الفداء بان ترکب جوّادہُ بعد الشھادۃ فھو یوصلھا اِلَی الارض المقدّرۃ لَھَا والامر الذی ماضیۃ الیه فھی علٰی مافی الالسنۃ مشھور غائِبَۃ فی جَبَلٍ مِن جِبَال الرّی فی مکان قریب من مقبرۃ السید الاجلّ الثبّت الثقۃ ذی المناقب المفاخرالسید عبدٌ العظیم الحسنی ۔ وقد شاع وزاع فی الالسنۃ انّ فی قلّۃ الجبل یری شَیْئًا یشبه قطعۃ من خمار المرأۃ اوازارھا ولا یستطیع اَنْ یقرب مِن ذلک المکان انسان ذکر ۔بل المرأۃ الحبلٰی۔اَیْضًا اذا کان مافی بطنھا جَنِیْنًا ذکرًا وفی ذلک الکتاب اَنَّ شھر بانو یۃً لَمَّا رَکَبَتْ جوادالامام علیه السلام وَاَرَادَتْ اَنْ تَمْضَی اِلَی الارض الذی کَانَتْ مَامورۃ به تَمَسَّکَتْ بِھا فاطمۃٌ بنتھا فقالت لَااَفَارقکِ فاردفتھاعَلَی الجواد فَلَمَّا طوی الجواد الارض وَوَصَلَ اِلَی الرَّی فی قریب مِن ساعۃ باذن اللّٰہ تعالٰی ۔فقالت شھرٌ بانو یه لفاطمۃ انزلی ھُنَا فَاِنَّ فی ذلک المکان اخوالالکِ یتکفّلون اُمُوْرَکِ ویراعون شانک ۔ فَانّی ماضیۃ اِلٰی امراوصانی به الامام فلا یجوزلیَ التخلف عنه ۔ولا لاحد الاطلاع علیه وَلَا مشارکۃ فیه ۔ فنزلت فاطمۃٌ عن ظھرالجواد فمضت شھرٌ بانو یه اِلٰی ماکانت مامورۃ بالمضیٔ اِلَیْھَا ۔و اللّٰہ اعلم بذلک وَحُجَجُہُ الطاھرون صلوات اللّٰہ علیھم.

(اکسیرالعبادات۔صفحہ 439)

''ایک ذیلی گفتگو جس میں چند امور کا بیان کیا جاتا ہے جاننا چاہئے کہ حضرت شہر بانو علیہا السلام کے بارے میں جو کچھ ابن شہر آشوب نے لکھا ہے وہ کسی اور کے یہاں مذکورنہیں پایا گیا ہے۔اگر وہ واقعات اُسی طرح سے وقوع میں آئے جیسا کہ اُنہوں نے لکھا ہے تو علامہ دربندی کے نزدیک وہ خاتون جسے شہر آشوب نے شہرؑ بانو قرار دیا ہے۔وہ شہر بانو نہیں ہوسکتیں جو امام زین العابدین علیہ السلام کی والدہ تھیں۔اس لئے کہ وہ تو امامؑ کی پیدائش کے بعد چند روز زندہ رہیں اور نفاس کی مدت پوری ہونے سے بھی پہلے انتقال فرما گئی تھیں۔ لہٰذا اِس شہرباؑنو کو اُس شاہ زنان کے علاوہ ہونا چاہئے۔اس لئے یہ ماننا پڑے گا کہ یہ خاتون بادشاہ یزدجرد کی دوسری بیٹی تھیں۔جو امام حسن علیہ السلام کے عقد میں آئی تھیں اور اُنؑ کے انتقال کے بعد امام حسین علیہ السلام نے اِن سے عقد کیا تھا۔اور اِن ہی سے جناب فاؑطمہ کبریٰ پیدا ہوئی تھیں۔ جو کربلا میں وصیت کے مطابق حضرت قاسم علیہ السلام کی زوجیت میں آئی تھیں۔چنانچہ بعض تواریخ سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ واقعہ کربلا میں وہی شہرؑ بانو موجود تھیں۔اور یہ کہ امام حسین علیہ السلام نے اُن شہرؑ بانو کو یہ وصیت کی تھی کہ تم میری شہادت کے بعد میرے گھوڑے پر سوار ہوجانا وہ تمہیں اس سرزمین پر پہنچادے گا جہاں پہنچنا تمہارے لئے مقدر کیا جاچکا ہے۔ چنانچہ حضرت شہرؑ بانو کی غیبت کی یہ سرگزشت برابر سینہ بسینہ ایک نسل سے دوسری نسل برابر سنتی چلی آرہی ہے کہ وہ جناب کربلا سے آکر ملک رَے کے پہاڑوں میں سے فلاں پہاڑ میں غائب ہوگئی تھیں۔اور وہ مقام سید جلیل القدر شاہ عبدؒ العظیم کے مقبرہ سے قریب ہی تھا۔اور یہ حقیقت بھی اُس علاقہ میں مشہور اور زبان زد خلائق ہے کہ اُس پہاڑی کی چوٹی پر ایک ایسی چیز دکھائی دیتی رہی جو اوڑھنی کے پلّو سے مشابہ تھی۔اور کسی مرد کو وہاں جانے کی جرأت نہ ہوتی تھی۔البتہ حاملہ عورتیں جاسکتی تھیں۔خواہ اُن کے شکم میں نر بچہ ہو یا لڑکی ہو۔اور اُسی کتاب میں یہ بھی لکھا ہے کہ جب حضرت شہرؑ بانو نے مقررہ مقام پر جانے اور وصیت پوری کرنے کا ارادہ کرلیا اور ذوالجناح پر سوار ہوگئیں تو جناب فاطمہؑ کبریٰ نے دامن تھام لیا اور عرض کیا کہ امی جان میں آپ سے جدا نہیں ہوسکتی۔ چنانچہ انہیں بھی اپنے ساتھ سوار کرلیا اور روانہ ہوگئیں۔

اللہ تعالیٰ کے حکم سے ذراسی دیر میں زمین نے سمٹ کر دونوں کو ملک رَے کے علاقہ میں پہنچا دیا۔ یہاں پہنچ کر جناب شہر بانو علیہا السلام نے کہا کہ بیٹی تم یہاں اُتر جاؤ۔ یہی وہ جگہ ہے جہاں تمہارے خالو اور ننھیال کے لوگ رہتے ہیں۔ وہ تمہاری تمام ضروریات کے کفیل ہوں گے اور تمہاری شان برقرار رکھیں گے اور اب مجھے وہاں پہنچنا ہے جہاں تمہارے والد امام علیہ السلام نے حکم دیا تھا۔ جس کی خلاف ورزی جائز نہیں۔ نہ کسی اور کو وہاں ساتھ لے جانے کی اجازت ہے۔ نہ یہ راز بتانا ہے کہ وہ مقام کہاں ہے؟ چنانچہ جناب فاطمہ کبریٰ علیہا السلام گھوڑے سے اُتریں اور ماں کو رخصت کیا اور حضرت شہرؑ بانو وہاں چلی گئیں جہاں جانے کا حکم ملا ہوا تھا۔ یہ راز اللہ اور معصومین علیہم السلام کے علاوہ کوئی نہیں جانتا ہے۔

(5)۔ حضرت شہر بانو علیہا السلام کے متعلق روایات میں اختلاف فریب نظر ہے

یہاں ہمیں چند جملے عرض کرنا ہیں۔ آپ علامہ دربندی رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ ایک مختصر سی روایت اور اُن کے ریمارکس (Remarks) پہلے سُن لیں تو عرض کریں گے۔ انہوں نے مندرجہ بالا روایت سے پہلے لکھا تھا کہ:۔

ویستفاد مِن ابن شهر آشوب عَلٰی مَا نقل عنه فی البحار اَنَّ شهر بانو یۂ لَمْ تسلب ثیابها وذٰلک حیث قال وجاؤا بالحرم اساری اِلّا شهر بانویۂ فَاِنَّها اتلفت نفسها فی الفرات ویمکن اَن یکون ذلک بعد ذلک النهب والعارة۔ (اکسیر صفحہ 438-439)

ثُمَّ عَلَی الْبِنَاء علی الصحة الخبر الدّال علٰی اِلقَآء شهر بانو یۂ نفسها فی الفرات لَاُبدّ مِنْ اَنْ نقول اَنَّ هذَا لَمْ یصدر منها اِلا برخصة من سید الشهدؑآء اَوُاذن منه روحی له الفداء وذلک الحکمة خفیّة عن ادراک عقولنا ایّاها۔

(اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات۔ صفحہ 439)

''ابن شہر آشوب سے جو کچھ کتاب بحار میں لکھا گیا ہے۔ اُس سے یہ استفادہ ہوتا ہے کہ حضرت شہرؑ بانو اس وقت موجود نہ تھیں جب اہل حرم کو لوٹا گیا اور نہ ہی وہ قیدی بنائی جا سکیں اس لئے کہ وہ اس سے پہلے ہی دریائے فرات میں خود کو تلف کر چکی تھیں۔ لیکن یہ بھی ممکن ہے کہ فرات میں ڈوب جانا اُس لوٹ اور توہین کے بعد واقع ہوا ہو۔''

پھر دوسری مذکورہ روایت کے بعد آخر میں لکھا ہے کہ:۔ ''اگر ہم حضرت شہرؑ بانو کے دریائے فرات میں کود جانے والی روایت کو صحیح مان لیں تو بھی یہ تو ماننا پڑے گا کہ وہ جناب سید الشہدؑا کی اجازت اور رضامندی کے بغیر ایسا نہیں کر سکتی تھیں۔ بہرحال یہ ایک راز و اسرار پر مبنی حکمت ہے۔ جسے ہماری عقول سمجھنے سے قاصر ہیں۔

ہم عرض کرتے ہیں کہ حضرت قاسم علیہ السلام کی کربلا میں شادی کی تفصیلات اپنے سامنے رکھیں۔ حضرت امام حسین علیہ السلام کا یہ فرمان یاد کریں کہ تم میرے بھائی کی ایک ایسی علامت ہو جسے میں، باقی رکھنا اور اپنے لئے باعث تسلی و تسکین بنانا چاہتا ہوں۔ پھر شہزادہ حسنؑ بن قاسمؑ اور سر مبارک جناب قاسمؑ اور جناب فاطمہؑ کبریٰ زوجۂ قاسمؑ کے مقبروں کو ذہن میں لائیں (جن کا ذکر عنوان نمبر 43 کے نمبر 6 میں گزر چکا ہے) تو یہ ذوالجناح پر سوار ہو کر جناب شہرؑ بانو اور حضرت فاطمہؑ کبریٰ کا اُسی علاقہ میں آنا ایک مربوط و لازم و ملزوم واقعات ہیں۔ اور مقصد قطعاً واضح ہے کہ جناب امام حسینؑ حضرت قاسمؑ اور فاطمہ کبریٰ علیہا السلام سے تا قیامت تسلی حاصل کرتے

رہیں گے۔اورظاہر ہے کہ اُنکے ساتھ وہ تمام شہدائے کربلا اوراسیران کربلا علیھم السلام اُس تسلی میں برابر کے شریک رہیں گے۔اوراسی انتظام واہتمام کے لئے ضروری تھا کہ جناب شہرؑ بانو اوراُن کی بظاہر بیوہ بیٹی کواس علاقہ میں بھیج دیا جائے جہاں سے شہدائے کربلا واسیرانؑ کربلا کی عزا کا باقاعدہ بندوبست جاری ہوگا۔جوعلاقہ دنیا میں مذہب حقہ کی نصرت کے لئے چُنا گیا تھا۔اللہ ہروہ انتظام کرنے کو تیار تھا جس سے حسینؑ اوررفقائے حسینؑ کی راحت مقصود ہو۔اس لئے جناب فاطمہؑ کبریٰ، جناب شہرؑ بانو اورذوالجناح کووہ حیات ابدی عطا کی گئی جس سے تمام اہلبیتؑ ومحبان اہلبیتؑ مستفید ہوتے رہیں۔

پھر آپ نے یہ پڑھا ہے کہ ذوالجناح نے بھی دریائے فرات میں غوطہ لگایا تھا۔ہم کہتے ہیں کہ اُس وقت دونوں ماں بیٹیاں گھوڑے پرسوارتھیں یا گھوڑا دونوں کا پہلے سے منتظر تھا۔اوردیکھنے والوں نے دھوکہ کھایا۔ذوالجناح نے دونوں کومنزل مقصود پر پہنچادیا۔لہٰذا نہ گھوڑے نے خودکشی کی نہ جناب شہرؑ بانو دریا میں ڈوب گئیں۔بلکہ نظروں کواس سے زیادہ کچھ نظر نہ آیا اوروہ تینوں مسافر صحیح وسلامت وہاں پہنچے جہاں سے کاروان کربلا دنیا کی اقوام میں پیغام عزاداری لے کرروانہ ہونا تھا۔

(6)۔ حضرت قاسم علیہ السلام کے سرمبارک کا دردناک سفراورشمرآن میں دفن کیا جانا

حضرت علامہ دربندی رضی اللہ عنہ لکھتے ہیں کہ میرے پاس فارسی زبان کی ایک کتاب کا ایک حصہ ہے۔اس کا نام **بحرالانساب** ہے۔اوراس میں مصنف نے آئمہ طاہرین علیھم السلام کی اولاداوراُن سے پیدا ہونے والی نسلوں کا پھیلاؤ اورمختلف ملکوں میں جاکرآباد ہونا اوراُن پردشمنوں نے جومظالم کئے اوراُن کے حالات لکھے ہیں۔اُسی کتاب میں مصنف نے حضرت قاسم بن الحسن علیہما السلام کے سر مبارک کے سلسلے میں لکھا ہے۔مصنف نے اُس کتاب میں کہا ہے کہ:۔

قال فی ذلک الکتاب اَنّہٗ لَمَّاادخلت الرؤس المطھرۃ الطیبۃ مِن شھداء کربلا ۔امرابن زیادلعنہ اللّٰہ منادیا بان ینادی الناس اِلَی الاجتماع والنظر اِلیٰ تلک الرؤس والسبایا من حرم رسولؐ اللّٰہ و اظھار السرور والفرح والاشتغال بالملاھی والملاعب واظھار الشماتۃ والاستھزا بالنسبۃ الی اھلبیت الاطھار ۔فلمّا اجتمع الناس فی الْاَرَقّۃِ والسکک والمیادین ونظروا لَی السبایا مِن حرم رسولؐ اللّٰہ والیٰ رؤس مطھرۃ وسرّوفرح بذلک غایۃ الفرح والسرور اتباع آل ابی سفیان وحزن واغتم بذلک غایۃ الغم والحزن اشیاع آل محمدؐ فقصد جمع مِن الشیعۃ اَنْ یخرجوا علیٰ ابن زیاد وتقلّبوا علیہ الامور ویخلّصوا الرؤس المطھرۃ والحرم مِن ایادی الکفّار ۔ فَلَمَّا اطلع ابن زیاد علیٰ قصد ھم ھذا باخبار عن بطانتہ وخواصہ امرالرّؤساء الذین کانوافی یوم الطف بان یسرحواالرؤس المطھرۃ والسبایا مع عسکر عظیم اِلَی الشام وجمع من الرؤسآء وامر عَلَی الکُلّ ابن سعد ۔ ولما فصلت العساکر من الکوفۃ مساحۃ یومین ۔قال واحد من الرؤسآء وھوحصین بن نمیر الکندی وھوالذی کان رئیسًا وامیرًا علیٰ عسکرالعجم فی یوم الطف لومننت عَلَیَّ بالرجوع اِلَی الرّی لکنتَ اَتممتَ احسانک لی ۔فَاِنّی خرجتُ منھامدّۃ ستۃ اشھر ۔فانّ فی رجوعی الیھا نشرحقائق الاحوال والسروروالفرح لمن فی بیعۃ یزید وَمَن ھُم مِن اتباع آل ابی سفیان ۔فاذن لہ ابن سعد بالرجوع اِلَی الرَّی واعطاہ جوائز کثیرۃ مِن ثیاب فاخرۃ وجیاد اصیلۃ ۔فلمّا ارادالسیر الیٰ طرف الرَّی۔ قال اُرید منک راسًا من ھذہ الرؤس فلیکن ذلک الراس من رؤس اولاد ابیؑ تراب فاحملہ اِلَی الرَّی فانَّ ذلک ھدیۃ عظیمۃ وعطیّۃ کثیرۃ بالنسبۃ الیٰ

اھلھا مِن اتباع آل ابی سفیان ومَن فی عنقه بیعة یزید ۔فاعطاہ الراس الطیب الطاھر الشھید الجلیل القاسمؑ بن امام الحسنؑ المجتبٰی روحی لَهُ الفدآء ۔ وکلّما کان یمرّعلٰی قریةٍ اَوْبلد فی مسیرة اِلَی الرَّی یستقبله اھل ذ لک البلداوتلک القریة وکانوا یعظمونه ویبجّلونه غایة التعظیم والتبجیل ویظھرون السرور والفرح ویبذ لون اموالًا کثیرةً واشیآء نفیسة ویزیّنون الدکاکین والاسواق ویشتغلون بالملاھی والملاعب وغیرذلک مِن اسباب الفرح والسرور وینفقون الاموال فی الاطعام وقد افرط فی ذلک اھل ھمدان فانھم قدبذلواله اموال کثیرة ونثر واعلٰی راسه اطباق مِن الدنا نیر والدراھم و ھذالنحوس السلوک مِن اھل البلاد والقری۔اِنّما کان لیقربوابه اِلٰی یزید وابن زیاد وابن سعد و خواصھم لعنھم اللّٰه اجمعین ودھرالد اھرین ابد الابد ین۔

فَلَمَّا ورد الرَّی فرح بوروده وماجآء به مِن قضایا یوم لطفّ وماجری علٰی اھلبیت رسولؐ اللّٰه معاشر المحبین لآل ابی سفیان لعنھم اللّٰه جمیعًا ۔کان جمع من شبّانھم وکھولھم ورجالھم ونسآئِھم یستھزؤن بالراس الشریف ویشتغلون بالملاھی والملاعب والتغنّیات بالطنابیروالمزا میر ونحوھا عنده ۔بل اَنَّ جمعًا منھم کانوا یجعلونه عوض صولجان ویضربون بالعصاوالاخشاب ویدیرونه فی المیادین والمادب ومحتشد مِن الناس فکان شغلھم طول النھار کذلک ویسلّمونه اِلٰی امراۃ وقت الغروب عَلٰی نھج الودیعة لتحفظه فی اللیل ۔ وکانت تلک المراۃ مِن سلالة جابر بن عبداللّٰه الانصاری ۔وکان اسمھا **جاریة** خواتون وماکانت مطلعة علٰی حقیقة الامروکیفیة الحال فی قضیّة الراس الشریف ۔فجری دیدنھم فی مدة مِنَ الزمان علٰی ھذا الشغل من اللعبة بالراس الشریف طول الایام لعبة الصولجان وتسلیمه فی اللّیا لی الٰی تلک المرأة الغافلة عن حقیقة الحال وکان مسکن وتلک المرأ ۃ فی قریة من قری الشمرانات وکان العامل فی الرَّی ۔ فی ذلک الزمان رجل شدید الکفر والعناد من اتباع بنی امیة وکان اسمه **طغرل** وقد بذل اَمْوَال کثیرۃ اتباع بنی امیة حین ورود ابن نمیر الکندی اَلَی الرَّے بالراس المطھرۃ اظھار السرور والاخلاص لیزید وھوالذی کان یحرص الناس علی اللعنة بالراس الشریف وجعله کالصولجان ۔ ثمَّ ان تلک المرأ ۃ العجوزہ الموَمنة الغافله عن حقیقة الامر دخلت ذات لیلة جُمعه القبة الَّتی کان فیھا الراس الاطھر الطیب الانور رَأت الانوار تسطع مِن ذلک الراس الشریف وکان القبة مملؤة بالنّور والضیآء فکادت ان تغمی علیھا مِن کثرۃ الد ھشة وشد ۃ التعجب والحیر ۃ ثمّ دنت منه فعظمه وقبّله وغسله بمآء الورد و المسک وطیّبه وعطّره بانوار مِن الطیب والعطر ۔ فاشعلت شموعًا کافوریة فی اطرافه الاربعة وبکت بکاء شدیدًا وتضرعت وابتھلت اِلَی اللّٰه عزّوجلّ وسألته اظھارامره فمنعت نفسھا عن غلبة النعاس والنوم علیھا حتی مضی نصف اللیل فبینما ھی بین بکآء وتفکّرفاذا قددخلت القبة سِتّ نسو ۃ ذوات انوار باھرۃ ساطعة فحینَئذٍ ارتفع الراس المنّور مِن مکانه مقدارذراع ونطق بقدرۃ اللّٰه وخاطب انورھن نورًا واشد ھن حزنًا واکثرھن بکآءً واعظمھنَّ قدرًا ۔ وقال السلام علیکِ یااُمَّاہَ السلام علیکِ یازھرًاءَ واللّٰه قتل بنی امیّة رجالنا وَ ذبحوا اطفالنا وسبّو ا نسآء نا وفرّقوا بین رَؤُسناواجسادنا وداروا بِنِسائنا ورؤسناعَنِ الْبَلَدِ اِلَی البلد ۔ فَلَمَّاسمعت الزھرآءؑ ھٰذا الکلام مِن الراس ضجّت وَبکت بکاءً شدیدًاوضجّت وَبکت لبُکائھا النسوۃ التی کُنّ معھا ۔ ثُمَّ التفت الیھن وقالت یافاطمةً بنت اسد یااماہ یاخدیجةً یاجدتا ہ یاآمنةً ویامریمؑ ام عیسٰیؑ ویا آسیة اماترین مافعلت اُمّةُ ابی بنااھل البیت ؟ ثمَّ اخذت الراس الشریف وقبّلته وضمته الٰی صدرھا الشریف ثمَّ اخذت تلک النسوۃ الراس الشریف واحد ۃ بعد واحد ۃ فقبّلته وضمّته الٰی صدورھن فبکت الزھرؑآء وصاحت وبکین وصحن صیحة عالیة وبکت وصاحت الملا ئکة والحور العین لِبُکآئھن ۔ثمَّ قالت الزھرؑآء للراس الشریف

یاولدی یاقاسمؑ صبرًا اصبرًا فاعلم انّه اذا قامت الساعة وحشر اللّٰہ الاولین والآخرین اضع علٰی راسی عمامة جدّک امیرؑ المؤمنین المتلطخة من دمآئه الطیبة الطاھرۃ واضع علٰی کتفی الایمن قمیص ابیک الحسنؑ المجتبٰی المتلطخة بالسم واضع علٰی کتفی الایسر قمیص عمّکؑ الممزق بضربات بالسیوف وطعنات الرماح والسّھام وارکبُ ذاالجناح جَوّادِہٖ وَاخذ بقآئمة عرش اللّٰہ ولا ادخل الجنة الامعکم ومع اشیاعکم اِلّا بعد انتقام من اعدائکم وقتلتکم۔

ثُمَّ دَ نَتُ العجوزہ المومنة الجاھلة بالحَال والغافلة عن کیفیة امرالراس الشریف مِن الصدیقة الکبرٰی فاطمة الزھرؑاء علیھا السلام وقالت یاسیدۃَ النسآء ویابنت رسولؐ اللّٰہ اعفینی وتجاوزی عَن ذلتی وخطیئتی ولا تشکی منّی عندابیک سیدؐالمرسلین واَنّی واللّٰہ شیعتکِ واَنِی کنتُ جاھلة بحقیقة الحال فی امرالراس الشریف ۔ فبکت وتضرعت وتمسکت بالاذیال الطاھرۃ من الصدیقة المعصومة المظلومة فقالت الزھرؑا ءِ المعصومة اَیُّتَھَا المرأة الصالحة صدّقتِ فِیمَا قُلتِ فانکِ مِن محبّینا وشیعتنا وَلاباس علیکِ فیما جھلتِ به۔ فَاِنّی لا ادخل الجنه اِلّا وانتِ معنا ثُمَّ اَنَّھا لمارَأت شدۃ خشیة المراۃ وخوفھا مِن اللّٰہ لاجل ماصدر منھا جھالة کتب لھا بخطّھا الشریف کتا ب الامان من النّار فاعطا ھاالکتاب ثمَّ غابت النسوۃ التی کُنّ معھا عن عیں تِلک المرأة الصالحة ۔ ثمّ انھا تلوّت امعائھا علی الکأبة والحزن واسھرت اللیلة اِلٰی آخرھا ۔ فَلَمَّا اصبحت حکت القصة المبدء اِلَی النھا یة لولدھا المسمّی بعبداللّٰہ فقالت له یاعبداللّٰہ یاولدی اِن اردت ترضینی وتراعی حقوقی فلا بدّ اَن تفدی راسک الراس نافلة المصطفٰیؐ والمرتضٰیؑ والزھرؑآ ء وابن الحسنؑ المجتبٰی وصھرالحسینؑ سید الشھدا بکربلا فانّه قدقرب وقت اَن یجیئی الکفار مِنَ الرَّی اِلٰی ھذہ القریة ویطلبوا منّی راس القاسمؑ کعادتھم کُلَّ یوم ۔ قال عبداللّٰہ سَمْعًا وطاعة یااُمّاہ فیالیت اَنْ یکون لِی الف نفس والف راس افدی کُلّ ذلک فی ولایة آل محمدصلی اللّٰہ علیه وآله فافعلی ماترید ین ۔ فذ بحت المرأة بید ھاراس ولدھا عبد اللّٰہ۔ فمامضت ساعتان اوساعة اِلا انّ الکفار فجآؤا مِن الرَّی الٰی تلک القریة فی الشمران فطلبوا مِن المرأ ۃ راس القاسمؑ فاعطتھم راس ولد ھا عبداللّٰہ فاشتبه الامر علی الکفار فجاؤُابراسِ عبداللّٰہ اِلی الرَّیُ ۔فلمّا دخلوا المیدان واجتمع الناس اشتغلوا کسا ئِرالایام بالفسوق والعصیان بالتغنّیات وضرب الطنابیر والمزامیر وتصویت الاطبال والبُوقات وجعل الراس صولجانه وضربه بالعصاء والاخشاب فَلَمَّا ضُرِبَ الراس بالعصا و الاخشاب انکسرت جمجمته وتفرقت اجزآئه وجری مخّه وعلموا حِینَئِذٍ ان ذلک الراس لیس براس القاسمؑ بن الحسنؑ کماکانواقدشاھد وافیه مِن الثبات والقوام والرصانة والمتانة والقوۃ الاصلیة الھاشمیة النورانیة النبویة۔فخرجوا من الرَّی وسارعوااِلٰی قریة تلک الامرأۃ الصالحة لیاخذ وا منھا راس القاسمؑ وکان اسماعیل وھوابن آخرلتلک المرأة الصالحة قائمًا بباب البستان فی تلک القریة ۔فَلَمَّا شاھد مِن بعید مجیئی الکفاراِلَی القریة لطلب راس القاسمؑ مِن اُمّه ۔ سار ع الیھا واخبرھا بالقضیّة۔ فبکت وتضرعت و ابتھلت اَلَی اللّٰہ عزّوجلّ ودعته مستشفعه بمحمدصلی اللّٰہ علیه وآله وعترته المعصومین المظلومین ومتوسلة بھم لان یمیتھا اللّٰہ قبل وصولھم اَلَی القریة حتی لا تری وجوہ الکفار فی مطالبتھم الراس الشریف منھا۔فاجاب اللّٰہ دعوتھا وقضت نحبھا۔

ثُمَّ انّ صاحب ھذاالکتاب الفارسی قال اَنّ شخصًا من نسل عمارؓ بن یاسرکان ساکنًافی ذلک الزمان فی رود بارفلما اطّلع علٰی قضیة الشریف خرج مع جمعٌ مِن خدمه واصحابه فوصلوا الی الشمران وقاتلوا فیھاالکفار وقتلوا جمعًا منھم ثمّ دفنوا الراس الشریف الطیب الطاھر ۔وھٰکذا تلک المراۃ الصالحة وھٰکذا جسد ولدھا فی موضع یسمّی بدربند علیًّاً ۔و ھذا ترجمة ماذکرصاحب الکتاب بالفارسی وقد نقلناعنه ایضًا فی مجلس شھادۃ القاسمؑ بن الحسنؑ المجتبٰی وان شِئتَ بیان ذلک وِاِن

افضی اِلٰی بعض التکرار فاعلم اِنَّهٗ لَمّا نقل ورود شہرؔبانو مع بنتھا زبیدۃ ای عرس القاسمؑ اِلٰی بلدۃ الرَّی کمانقلنا ذلک عنه فی مجلس شہادۃ القاسمؑ ۔قال انه لَمَّاغابت شہرؔبانو فی الغار فی الجبل وبقیت زبیدۃ فی الرَّی وسکنت فیھا سمعت بذلک امراۃ صالحۃ مِن نسل عمارؓ بن یاسر وکانت ساکنۃ حینئِذ فی قلعۃ رودبار فخرجت منھا وجآئت اِلَی الرّی فکانت تخدم زبیدۃ وتشغل بحوائجھا فلمّا ولدت زبیدۃ القاسم المثنٰی جآؤا اِلَیْھَا اخوالھا من نسل یزدجرد فحملوھا وولدھااِلَی الشمران فکانوا یخدمون القاسم المثنٰی غایۃ الخدمت ویشتغلون بتربیّۃ تعظیمه وتبجیله۔

فلمّا آل الامر فی دولۃ بنی اُمیّۃ اِلٰی امارۃ الحجّاج بن یوسف وکان قدانفذالجیوش الوفیرۃ والعساکر الکثیرۃ الٰی بلادعجم لیقتلوا کُلَّ مَن ھو من نسل محمدؐ المصطفٰی وعلیؑ المرتضٰی وکُلّ مَن یعینه فی ای بلد اَوْقریۃ ومکان کانوااَوْرَدَعسکرعظیم مِن تلک العساکر اِلَی الرَّی بَل ذکر اَنّ الحجاج الملعون کان فی ذلک العسکر فاخبرہ شیخ ملعون مِن شیوخ الرَّی وکان یسمی بابی ھریرۃ یکون نافلۃ الحسنؑ المجتبٰی عنداخواله من نسل یزدجرد الملّقبین بملوکان وھم ساکنون مع خدمھم وغلمانھم واتباعھم فی الشمران ۔ فَلَمَّا اطلع الحجاج الملعون فرح فی غایۃ الفرح وسارمع عسکرہ الٰی قلعۃ الشمران فخرج الملوک مع اصحابھم واتباھم فحمی وطیس المحاربۃ وقامت الحرب علٰی ساقھا واشتدّت نیران المجادلۃ والتھب شھب المقاتله بین المسلمین والکفار فصارت الغلبۃ والنصرۃ فی اول الامرللمسلمین حتّٰی انّھم قتلوامِن الکفار مقتلۃ عَظیمۃ وجماعۃ غفیرۃ اِلٰی ان وصل اِلَی الکفار اعوان وانصارکثیرۃ مِن مواضع شتیّٰ فکثرت جنودھم ووفرّت جموعھم فصارت الغلبۃ لھم حتّٰی انّھم قتلوا اجمیعًا مِن طائفۃ ملوک واخذواالقاسم المثنّٰی اسیرًا حیًّا ثم قتلوہ ۔ فلمَّا رجع الحجاج مع عسکرہ مِن المجاد لۃ ارادمَن کانوا باقین مِن معشرالملوکان من اخوال القاسمؑ المثنّی اَن یدفنوہُ فی موضع من مواضع دربند علیًّا فسمعوا صوتًا وکلامًامِن مد فن الرّاس الشریف للقاسمؑ بن الامام الحسنؑ المجتبٰی ایُّھَا الملوکان ادفنوا قرّۃ عینی ونافلۃ اَبیؑ وعمّیؑ عند مد فن راسی ولا تفرقوا بین راسی وبین ولدی۔ فدفنوہ۔ (اکسیرالعبادات واسرارالشہادات صفحہ 472 تا475)

شہدائے کربلا کے سرہائے مبارکہ کوفہ میں داخل ہونے والے تھےتو ابن زیاد نے منادی کرنے کا حکم دے دیا تھا کہ تمام لوگ جمع ہوکراُن قیدیوں اورسروں کو دیکھیں۔اور دشمن پرفتح پانے کی خوشی اورجشن منایا جائے،رنگ رلیاں اورکھیل تماشوں کی محفلیں منعقد کی جائیں اوردشمن قیدیوں کی توہین اور مذاق بنایا جائے ۔ چنانچہ جب لوگ ہجوم درہجوم گلی کوچوں اورمیدانوں اورشہر کے چوکوں میں جمع ہوگئے اوراُنہوں نے خانوادۂ رسولؐ کے اہلؑ حرم کوقیدی دیکھا۔اورسرہائے مبارکہ کونیزوں پرآویزاں پایاتو اُدھر بنی امیہ اورآل سفیان اوراُن کے ہم مذہب لوگوں کوانتہائی مسرت واطمینان حاصل ہوا۔اوراُدھرمحمدوآل محمدصلوٰۃ اللہ علیہم کے ماننے والوں اورچاہنے والے شیعوں کوغم واندوہ اورتباہی کےتصورات نے گھیرلیا۔اورایک جماعت نے ارادہ کیا کہ ابن زیاد کے مقابلہ میں نکلیں اوراس کے نظام کو درہم برہم کردیں اورسروں کوچھین کراہلؑ حرم کوآزاد کرالیں ۔لیکن ابن زیاد کے جاسوسوں اورمخصوص لوگوں نے اس ارادہ کی اطلاع بروقت پہنچادی۔اس کے بعدابن زیاد نے اُن تمام سرداران فوج کوجمع کیاجوکربلا میں شریک جنگ ہوئے تھے۔اورحکم دیا کہ بہت بڑی افواج کے پہرہ میں اہلِ حرؔم اورشہدؔا کے سروں کولے کرملک شام کا سفرکریں۔اُن سب پرعمرابن سعد کوحاکم بنا کرروانہ کردیا۔جب یہ افواج کوفہ سے دوروز کی مسافت طے کرچکیں توایک سردار نے جس کا نام حصین بن نمیرکندی تھا۔ابن سعد سے کہا کہ مجھے اپنے شہررَے

سے نکلے ہوئے چھ مہینے گزر چکے ہیں۔ یہ شخص کربلا میں عجمی افواج کا سردار بھی تھا۔ اور شہر رَے کا ایک امیر وکبیر باشندہ بھی تھا۔ اس نے درخواست کی کہ اگر اُسے گھر جانے کی اجازت دے دی جائے تو وہ نہایت ہی احسان منداور شکر گزار ہوگا۔ اور یہ کہ اُس کے واپس جانے سے پبلک کو حقیقت حال معلوم ہوگی۔ اور جو لوگ یزید کی حکمرانی اور خلافت کو برحق مان کر بیعت کئے ہوئے ہیں اور جو لوگ ابوسفیان کی آل کے وفادار اور ہم مذہب ہیں اُن کو ہماری فتح پر بڑی خوشی اور اطمینان ہوگا۔ ابن سعد نے حصین بن نمیر کو کپڑوں اور اصیل گھوڑوں وغیرہ کا انعام دے کر جانے کی اجازت دے دی۔ چلتے وقت حصین نے کہا کہ مجھے ابوتراب ؑ کی اولاد میں سے ایک سر بھی دے دو جو وہاں کی رعایا کے لئے ایک عظیم الشان تحفہ اور ہدیہ اور اُن کے شایانِ شان عطیہ ہوگا۔ اور ہماری کامیابی کا ثبوت بنے گا۔ اور اس سے یزید کے مطیع اور فرمانبرداروں اور بنی امیہ کے طرفداروں میں اطمینان وخوشی کی لہر دوڑ جائے گی۔ چنانچہ ابن سعد نے حصین کو جناب امام حسن ؑ مجتبیٰ کے صاحب زادے قاسم ؑ کا سر مبارک لے جانے کی اجازت دے دی تاکہ حصین کا بیان کردہ مقصد حاصل ہوجائے۔

چنانچہ وہ سر مبارک لے کر حصین چلا اور جس گاؤں یا جس قصبہ اور شہر سے ملک رَے کی طرف جارہا تھا، اُس شہر یا گاؤں کے لوگ حصین بن نمیر کی بہت تعظیم وتکریم بجالاتے تھے۔ اور اس فتح وکامیابی پر حد بھر مسرت وراحت کا اظہار کرتے تھے۔ اور اُسے کثرت سے مال واسباب اور بہترین چیزوں کے تحفے پیش کرتے تھے۔ اور اپنی دکانوں اور مکانوں اور گلی کوچوں کو سجاتے تھے۔ اور سامان عیش ومسرت اور کھیل کود اور تماشوں کا انتظام کرتے تھے۔ اور غربا میں مال تقسیم کرتے، کھانے پینے کا سامان دیتے اور دعوتیں کرتے تھے۔ اس سلسلہ میں ہمدان کے باشندوں نے تو سب کو مات کردیا تھا۔ اس لئے کہ انہوں نے حصین بن نمیر کے سر پر سے درہم ودینار کے طباق بھر بھر کے نثار کئے اور کثیر دولت اُس کے سامنے پیش کی۔ یہی حال ہر شہر اور ہر قریہ سے گزرتے ہوئے پیش آیا۔ وہ تمام لوگ جو یزید اور ابن زیاد اور عمر بن سعد کی قربت چاہتے تھے، اس منحوس سلوک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ اور اُن کے اہلکاروں کی نظر میں نمایاں ہو جانے کی کوشش کرتے تھے۔ اللہ اُن سب پر ابدالآباد تک اور جب تک زمانہ باقی ہے لعنت کرتا رہے۔

چنانچہ جب حصین بن نمیر رَے میں پہنچا اور وہاں وہ تمام مصائب اور مظالم بیان کئے جو رسول ؐ اللہ کی اولاد پر گزرے تھے اور سر حضرت قاسم علیہ السلام ثبوت میں پیش کیا گیا۔ تو آل ابوسفیان اور اُن سے محبت کرنے والے اور اُن کے ہم مذہب مسلمانوں کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ اُن کے جوان، بوڑھے، بچے اور مرد اور عورتیں جمع ہوکر رنگ رلیاں منانے میں مصروف ہوگئے۔ سر کو درمیان میں رکھ کر مذاق اڑاتے تھے۔ گانا بجانا، طبلے اور طنبورے اور سارنگیاں بجائی جاتی تھیں۔ کھیل کود اور تماشے کئے جاتے تھے۔ یہی نہیں بلکہ بعض لوگ سر مبارک کو گیند کی جگہ استعمال کرتے تھے۔ میدانوں اور جلسوں میں لکڑیوں اور ہاکیوں سے ادھر سے اُدھر مارتے اور گھماتے تھے۔ اور لوگوں کو تماشہ کے لئے مدعو کرتے اور روپیہ صرف کرتے تھے کہ سب دیکھیں۔ تمام دن اُن لوگوں کا یہی مشغلہ تھا۔ رات ہونے پر وہ لوگ اُس سر کو ایک عورت کے پاس حفاظت کے لئے بطور امانت رکھ دیا کرتے تھے۔ اور وہ عورت جناب جابر بن عبداللہ انصاری کی نسل سے تھی۔ اُس کا نام **جاریہ خاتون** تھا۔ اور وہ اُس سر مبارک سے اور متعلقہ حقائق وحالات سے قطعاً ناواقف تھی۔ چنانچہ وہ لوگ حسب عادت سر مبارک سے مدت دراز تک کھیلنے اور تفریح کرنے کے مشغلے میں مصروف رہتے چلے گئے۔ دن بھر کھیلتے اور گیند کی طرح سلوک

کرتے رہے اور رات کو اس عورت کے پاس امانتاً رکھتے رہے۔ یہ عورت ایک ایسے گاؤں میں رہتی تھی جو شمرانات کے گاؤں میں سے ایک گاؤں تھا۔ اس زمانہ میں شمرانات کے علاقہ کا عامل یعنی گورنر ایک بہت سخت دشمن اور کفر وعداوت میں بنی اُمیہ کا پیرو تھا۔ جس کا نام **طغرل** تھا۔ حصین بن نمیر کندی کی آمد کے بعد اس شخص نے یزید کی خوشنودی کے لئے بہت سی دولت خرچ کر دی تھی۔ تا کہ اپنا خلوص اور فتح پر کامیابی کی خوشیاں منانا دکھا کر ترقیاں حاصل کرے۔ یہی آدمی تھا جو لوگوں کو مال و دولت خرچ کرنے پر ابھارتا تھا۔ اور اُسی نے سرمبارک کو گیند کی جگہ استعمال کرنے کی رائے دی تھی۔ اور لوگوں کو سرمبارک پر لعنت کرنے کی ترغیب دیا کرتا تھا۔ پھر وہ حقیقتِ حال سے غافل مومن بڑھیا ایک رات اتفاق سے اُس کمرہ میں چلی گئی جس میں رات کو سرمبارک رکھا جایا کرتا تھا اور وہ شب جُمعہ تھی۔ اُس نے دیکھا کہ سرمبارک سے نور اور روشنی کی شعاعیں بلند ہو رہی ہیں، پورا کمرہ روشن ہو گیا ہے۔ اور اچانک یہ سب کچھ دیکھ کر دہشت اور خوف کی شدت سے اس پر غشی کی سی حالت طاری ہوگئی۔ وہ حیران ہو ہو کر دیکھ رہی تھی۔ پھر وہ سرمبارک کے قریب گئی اور اسے نہایت ادب واحترام کے ساتھ اُٹھایا، بوسہ دیا، مشک وگلاب کے پانی سے دھویا، اس پر خوشبو اور عطر لگایا اور اس کے چاروں طرف کافوری موم بتیاں روشن کر دیں۔ اور اللہ کے حضور میں نہایت شدت سے رو رو کر حقیقت حال جاننے کی درخواست اور دعا کرنے لگی اور نیند وغفلت کو پاس پھٹکنے سے روکتی رہی یہاں تک کہ آدھی رات ہوگئی۔ بڑھیا رونے اور دعائیں کرنے میں مشغول تھی کہ اچانک کیا دیکھتی ہے کہ چھ نورانی خواتین کمرہ میں داخل ہوئیں جن کے چہروں سے نور جگمگا رہا تھا۔ عین اُس وقت وہ سر پُر نور ادب سے ایک گز کے قریب بلند ہوا اور قدرتِ خداوندی سے اُس خاتون سے ہم کلام ہوا جو اُن میں سب سے زیادہ پرنور، سب سے زیادہ غمگین اور سب سے زیادہ گریہ فرما رہی تھیں اور سب سے زیادہ عظیم المرتبہ تھیں۔ اور کہا کہ سلام ہو میرا اے امی جان فاطمہ ؑ زہراء۔ دیکھو خدا کی قسم امی جان بنی اُمیہ نے ہمارے تمام مردوں کو قتل کر دیا اور ہمارے بچوں کو ذبح کر دیا اور ہماری مستورات کو قیدی بنالیا۔ اور ہمارے سروں کو ہمارے بدنوں سے جدا کر دیا اور اس پر بھی اپنا ظلم بند نہیں کیا۔ بلکہ ہماری خواتین کو اور ہمارے سروں کو شہر بہ شہر اور ایک بستی سے دوسری بستی میں تشہیر کرتے پھرے۔ یہ سب کچھ سنتے سنتے فاطمہ ؑ زہراء تڑپ تڑپ کر چیخیں مار مار کر رونے لگیں۔ اور اُن کے رونے اور تڑپنے سے اُنکی ہمراہی خواتین بھی رونے لگیں۔ ذرا افاقہ ہوا تو فاطمہ ؑ زہراء نے اُن خواتین سے کہا کہ اے اماں اے فاطمہ ؑ بنت اسد اور اے امی خدیجہ ؑ اے دادی آمنہ ؑ اور بزرگوار مریم ؑ اور اے آسیہ ؑ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ میرے باپ کی امت نے ہم اہلبیت ؑ کے ساتھ کیا کیا مظالم کئے ہیں؟ پھر سرمبارک کو گود میں لیا پیار کیا اور سینہ سے لپٹا لیا۔ اُن کے بعد تمام خواتین نے سرمبارک کو باری باری یکے بعد دیگرے گود میں لیا اور پیار کیا اور اپنے سینوں سے لگایا۔ حضرت فاطمہ ؑ زہراء رو رو کر فریاد کرتی تھیں اور وہ خواتین بھی ہائے واویلا کی صدائیں بلند کر کے رو رہی تھیں اور اُن سب کے ساتھ ملائکہ اور حوریں بھی گریہ وزاری میں مصروف تھیں۔ اُسی دوران فاطمہ علیہا السلام نے سرمبارک سے کہا کہ بیٹے تم صبر کرو اور سمجھ لو کہ جب قیامت آئے گی اور اللہ تمام اوّلین وآخرین مخلوق کو حساب کے لئے حاضر کرے گا۔ اُس وقت میں تمہارے دادا علی ؑ کا وہ عمامہ سر پر رکھوں گی جو اُن کے خون میں تر بتر ہوا تھا۔ اور اپنے داہنے کندھے پر تمہارے والد حسن ؑ کی وہ قمیص رکھوں گی جو زہر کی قے سے بھیگی تھی۔ اور بائیں کاندھے پر تمہارے چچا حسین ؑ کی وہ قمیص رکھوں گی جو تلواروں اور نیزوں اور تیروں سے چھلنی اور خون میں لتھڑی ہوئی

ہے۔ پھر میں حسینؑ کے گھوڑے ذوالجناح پر سوار ہوکر اللہ کے عرش کے ستون کو پکڑ کر کھڑی ہو جاؤں گی۔ اور جنت میں اُس وقت تک داخل نہ ہوں گی جب تک تم سب اور تمہارے شیعہ داخل نہ ہو جائیں۔ اور میں تمام شہدا کا انتقام حاصل نہ کرلوں اور تمہارے دشمنوں اور قاتلوں کو قرار واقعی سزا نہ دلا دوں۔

پھر وہ بڑھیا مومنہ سر مبارک کی کیفیت سے ناواقف اور مذکورہ تمام ہی حالات سے غافل آگے بڑھی اور حضرت فاطمہؑ زہراء صدیقہ کبریٰ سے عرض کیا کہ اَے تمام عالم کی عورتوں کی سردار، اے رسولؐ سید المرسلین کی بیٹی آپ مجھے معاف کر دیں اور اپنے والد سے میری شکایت نہ کریں۔ بخدا میں پہلے سے تمہارے شیعوں میں سے ہوں۔ مجھے اس سر مبارک کے متعلق کچھ معلوم نہ تھا۔ رو رو کر کہتی تھی کہ مجھے ذلت و رسوائی سے بچالیں۔ سیدہ مظلومہؑ کا دامن پکڑ کر فریاد کرتی تھی، منت و سماجت کر کے اپنی لاعلمی کی خطاؤں سے معافی طلب کرتی تھی۔ حضرت فاطمہؑ نے خوش ہوکر فرمایا کہ اے خاتون تو بالکل سچی ہے۔ تجھے حقیقت حال کا علم نہ تھا۔ بے شک تم اس تمام بیان میں سچی ہو جو تم نے کہا ہے۔ یقیناً تم ہمارے چاہنے والوں اور ہمارے شیعوں میں داخل ہو اور تمہارے ذمہ کوئی مواخذہ اور باز پرس نہیں ہے۔ سنو کہ میں ہرگز جنت میں قدم نہ رکھوں گی سوائے اس کے کہ تم ہمارے ساتھ ہوگی۔ اور جب خاتونؑ قیامت نے اُس عورت کو اللہ کے خوف سے بے حال دیکھا اور اُس کو اُس کی نادانی پر بہت شرمندہ پایا تو اپنے دست مبارک سے اس کے لئے جہنم سے نجات کا پروانہ لکھا اور اُسے دے کر وہ اور تمام ساتھی خواتین اس نیک نہاد عورت کی آنکھوں سے غائب ہو گئیں۔ پھر تو اس عورت کا رنج و غم سے یہ حال ہوا کہ پیٹ میں مذکورہ مصائب سے ہُوک اٹھتی تھی۔ اسی حالت میں باقی رات جاگ کر گزاری۔ صبح ہوئی تو اوّل سے آخر تک سارا واقعہ اپنے بیٹے عبداللہ کو سنایا۔ اور کہا کہ اے عبداللہ اے جان مادر اگر تم یہ چاہتے ہو کہ میرے حقوق ادا کر کے مجھے راضی کرلو تو اپنا سر اس سر مبارک پر قربان کردو۔ جو جناب محمدؐ مصطفیٰ اور مرتضیٰؑ اور فاطمہؑ زہراء کی نسل پر قربان ہو جانے کے برابر ہے اور جو امام حسنؑ کے بیٹے کو اور امام حسینؑ کے داماد کو زندہ کرنے کا اجر دے گا۔ وہ وقت بالکل قریب آ لگا ہے جب وہ حق پوش گروہ حسب معمول رَے سے اس گاؤں میں آنے والا ہے۔ اور مجھ سے حضرت قاسمؑ کا سر مانگے گا جیسا کہ روزانہ اُن کا عملدر آمد ہے۔ اور اب میں نہیں چاہتی کہ اپنے ہاتھ سے یہ اُن کو توہین کے لئے دوں۔ عبداللہ اطاعت شعار اور محمدؐ و آل محمدؐ کا فدا کار تھا۔ اُس نے عرض کیا کہ اے امی جان میں بخوشی اطاعت کے لئے تیار ہوں۔ کاش میرے پاس ایک ہزار جسم ہوتے اور ایک ہزار سر ہوتے تو میں سب کو آل محمدؐ پر نثار کر دیتا۔ لہٰذا جلدی سے کر گزریں جو آپ کو پسند ہے، مجھے پسند ہے۔ ماں نے بیٹے کو ذبح کیا، سر تن سے جدا کر کے الگ رکھا اور اُسے پرانی حالت میں تبدیل کیا۔ ایک دو گھنٹے بھی نہ گزرے تھے کہ وہ لوگ آ گئے اور قاسمؑ کا سر مانگا، ماں نے بیٹے کا سر دے دیا۔ ان لوگوں کو شبہ تک نہ ہوا لے کر چل دیئے۔ اور رَے میں آ کر اس میدان میں داخل ہوئے جہاں پر لوگ حسب معمول جمع تھے اور ڈھول باجے، طنبورے طبلے بجا بجا کر گانے بجانے اور رنگ رلیوں میں مصروف رہا کرتے تھے۔ چنانچہ آج جب اُس سر کو گیند کی طرح استعمال کیا گیا تو وہ چند ہی ضربوں سے شکستہ ہو گیا۔ کھوپڑی الگ ہو گئی اور ٹکڑے اِدھر اُدھر بکھر گئے۔ مغز نکل کر الگ جا پڑا۔ اب وہ لوگ یہ سمجھ گئے کہ یہ سر قاسمؑ بن حسنؑ کا نہیں ہے۔ اس لئے کہ اُس میں نہ وہ قوت ملی نہ مضبوطی پائی گئی اور چند ہی منٹ میں چُورا ہو کر رہ گیا۔ بہر حال یہ بھی غور طلب تھا کہ سر کو دوسرے سر سے تبدیل کر دینا

بھی آسان نہ تھا۔ جب تک کسی اور آدمی کو قتل نہ کر دیا جائے۔ اس پیچیدگی کو حل کرنے کے لئے مذکورہ مومنہ کے گھر آنا ضروری تھا۔ چنانچہ یہ لوگ اُس گاؤں کی طرف روانہ ہوئے۔ بڑھیا کا دوسرا بیٹا اسماعیل اپنے گاؤں کے باغ میں دروازے پر کھڑا تھا۔ جب سر کا حال جاننے کے لئے لوگ باغ کے پاس پہنچے تو اسماعیل نے اُن کو آتے ہوئے دیکھا تو دوڑتا ہوا ماں کے پاس آیا اور اطلاع دی کہ دشمنوں کا گروہ حضرت قاسمؑ کے سر مبارک کو لینے کے لئے آ رہا ہے۔ اس نیک بی بی نے رو رو کر، گڑگڑا، گڑگڑا کر اللہ سے دعائیں اور التجائیں کرنا شروع کیں۔ محمدؐ و آل محمدؐ اور اہلبیت علیھم السلام کی مظلومی کے واسطے دیئے اور عرض کیا کہ مجھے دنیا سے اُٹھالے اور اُس ذلت سے بچالے جو اُن دشمنان اہلبیتؑ کی طرف سے ممکن ہے۔ مجھے اُن خبیثوں کا منہ دیکھنے سے قبل ہی محمدؐ و آل محمدؐ کی خدمت میں بلالے۔ چنانچہ اللہ نے اس کی دعا قبول کر لی اور اس کی منت پوری ہوگئی۔

اس کے بعد فارسی کی اس کتاب کے مصنف نے لکھا ہے کہ قزوین اور گیلان کے درمیان ایک شہر رودبار تھا۔ جہاں حضرت عمارؓ یاسر کی نسل سے ایک مومن رہتا تھا۔ اُس نے اپنے خادموں اور صحابہ کو لے کر حملہ کیا اور تمام دشمنوں کا شمران کے علاقہ سے صفایا کر دیا اور حضرت قاسم کے سر کو اور عبداللہ اور اس کی والدہ کو دربند علیؑ نام کے گاؤں میں دفن کر دیا۔ اور ہم نے اسی فارسی کتاب میں جو کچھ مصنف نے لکھا تھا۔ اسے عربی میں ترجمہ کر کے یہاں نقل کر دیا ہے۔ اور دوبارہ یہ بتانا ہے کہ اگر وہ حالات جو حضرت قاسمؑ بن حسنؑ المجتبیٰ کی شہادت والی مجلس میں بیان کئے ہیں، اس کی مزید تفصیل درکار ہو اور اُسے دُہرانا گراں معلوم نہ ہو تو جاننا چاہیئے کہ حضرت شہرؑ بانو کا اپنی بیٹی زبیدہؑ سمیت، جو حضرت قاسم علیہ السلام کی دلہن تھیں شہر رَے میں پہنچنا نقل کیا ہے۔ اور جیسا کہ ہم نے نقل کیا ہے۔ تو اس میں کہا گیا ہے کہ جب حضرت شہرؑ بانو اُس مذکورہ پہاڑ کی کھوہ میں غائب ہوگئیں اور حضرت زبیدؑہ تنہا رہ گئیں تو ایک نیک عورت جو سابقاً رودبار کے قلعے میں مقیم تھی، وہ وہاں سے شہر رَے میں آ کر جناب زبیدؑہ کے پاس رہنے لگی۔ اور وہی آپ کی خدمت اور دیگر امور خانہ داری وضروریات زندگی کی ذمہ دار رہی۔ جب حضرت قاسمؑ کا بیٹا قاسم ثنیٰ (دوسرا قاسم) زبیدہؑ سے پیدا ہوئے تو یزدجرد کے خاندان والے اُن کے خالو صاحبان وہاں آئے تو وہ حضرت زبیدہ علیہا السلام اور جناب ننھے منے یادگارِ قاسم، قاسم ثانی علیہ السلام کو اپنے ہمراہ شمران لے گئے۔ اور وہاں اُن دونوں کی خدمت اور شہزادہ کی تربیت میں مصروف ہوگئے اور اُن کی خاندانی عظمت وجلالت کو چاروں طرف پھیلا دیا۔

جب بنی اُمیہ کی حکومت میں حجاج بن یوسف ملعون کو اختیارات واقتدار ملا تو اُس نے سارے عجم میں دشمنانِ محمدؐ و آل محمدؐ کی افواج پھیلا دیں اور منشا یہ تھا کہ جہاں جہاں آل محمدؐ اور اُن کے مددگاروں کا پتہ چلے اُنہیں ڈھونڈ ڈھونڈ کر قتل کر دیا جا سکے۔ چنانچہ ہر بستی اور ہر شہر ومکان کا پتہ چلانا شروع کیا گیا۔ اس مقصد کے لئے خود حجاج ملعون ملک رَے پہنچا اور یہاں ایک ملعون شیخ نے جس کا نام ابوھریرہ تھا، حجاج کو بتایا کہ جناب حسنؑ المجتبیٰ کی ایک یادگار یہاں اپنی ننھیال میں موجود ہے جو یزدجرد کی نسل سے ہیں اور اُن کا لقب ملوک (بادشاہان) مشہور ہے۔ اور وہ شمران میں نہایت ٹھاٹھ سے اپنے خادموں، غلاموں اور پیروؤں کے ساتھ سکونت پذیر ہیں۔ چنانچہ جب حجاج ملعون کو یہ اطلاع ملی تو حد بھر خوش ہوا۔ اور اپنی افواج لے کر شمران کی جانب بڑھا۔ جب خاندان ملوک کو پتہ چلا کہ اُن کے قلعہ پر فوج کشی ہو رہی ہے تو وہ سب مع اپنے صحابہ اور خاندان اور پیروؤں کے میدان جنگ میں نکل آئے اور جنگ کی چنگاریاں بھڑکنے لگیں،

لڑائی کا تندور گرم ہو گیا۔ اور حرب وضرب کی آگ شعلہ زن ہو گئی تو میدانِ کارزار و پیکار جم کر کھڑا ہو گیا۔ لاشیں گرنے لگیں سرتن سے رخصت مانگنے لگے۔ اور حقیقی مسلمانوں نے قومی نام نہاد مسلمانوں کو اپنی قوت کا اندازہ کرایا تو دشمن کے پاؤں ڈگمگا گئے۔ لاتعداد لوگ اُن کے قتل ہوئے لیکن ملک میں بکھری ہوئی افواج مدد کو آتی رہیں۔ رفتہ رفتہ یہ شاہی خاندان قتل ہو گیا۔ حضرت قاسمؑ ثانی کو زندہ گرفتار کرلیا گیا اور موقعہ پا کر قتل کر دیا گیا۔ جب جنگ ختم ہوئی اور حجاج نے واپسی اختیار کی تو شاہی خاندان کے وہ افراد جو قاسمؑ ثانی کے خالوؤں میں سے باقی تھے، اُنہوں نے قاسمؑ ثانی کو دربندعلیؑ کے قصبہ میں دفن کرنا چاہا۔ تو انہیں حضرت قاسمؑ بن الحسنؑ کے سرمبارک کے مقبرہ سے آواز آئی اور فرمایا گیا اَے خاندان ملوک میری رونق نظر اور میرے والدؑ اور چچاؑ کی نشانی کو میرے پاس دفن کرو۔ مجھ میں اور میرے بیٹے میں جُدائی اور دُوری پیدانہ کرو۔ اسی ہدایت کے مطابق قاسم ثانی علیہ السلام کو حضرت قاسم علیہ السلام کے سرمبارک کے مقبرہ کے نزدیک دفن کیا گیا تھا۔ (یہ پوری روایت اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات صفحہ 472 تا 475 مکمل ہوئی)

(2)۔ علامہؒ دربندی آخر مجتہدین کے مسلک کی رعایت کرنے پر مجبور ہو گئے

علامہ حضور نے مندرجہ بالا روایت لکھنے کے بعد نظام اجتہاد کا مُنہ بند کرنے کے لئے اس روایت کے مختلف پہلوؤں پر نہایت فاضلانہ نظر ڈالی ہے۔ اور حضرت قاسمؑ اور قاسمؑ ثانی اور حضرت علیؑ اکبر اور حضرت عباسؑ اور شہدائے خاندان ہاشم علیھم السلام کے فضائل یاد دلائے ہیں۔ اُن سب کو عصمت صغریٰ کے درجہ پر فائز ثابت کیا ہے۔ لیکن جب انصاری مومنہ کا تذکرہ کیا تو آپ نے اُس کے بیٹے کے سر کی قربانی کا ذکر کرتے ہوئے بہت معذورانہ گفتگو کی ہے اور اُس خاتون کو احکام شریعت کے بھول جانے یا ازراہِ لاعلمی وجہالت خلاف شریعت فعل کرنے کی خطا کار مان کر پھر اس کے قصور میں اُسے معذور و قابل معافی قرار دیا ہے۔ پہلے علامہ حضور کا بیان سُن لیں تو ہم اپنا مسلک و مذہب بیان کریں گے، فرماتے ہیں کہ:۔

وَاَمَّا قضية ذبح المراۃ الانصاريّة ولدھا؟ فالجواب عنھا اَنَّ فرط المحبت وكثرة الاخلاص والمودة مِنھا بالنسبة الٰى اھلبيتؑ العصمة قدساراسببًا لِنِسْيَانھا الحكم الشرعي مِن كون ذلک محرّمًا بَل مِنَ الكبآئر علٰى انَّ كونھا اَوّلاعالمة بالحكم الشرعي في المسْلة ۔ اَوّل الكلام وبعبارۃاخرى ان ھذه المسئلة في الحقيقة تنحَل الٰى مسئلة معذورية الجاھل وعدمھا في العبادات والتحقيق فيھا ان الجھل يوجب المعذورية ويورث الثواب على الفعل كسائر العبادات الصحيحة لامطلقًا بَل مادام كان المكلّف قاصرًا لامقصرا۔(الخ) (اکسیرالعبادات۔صفحہ 475)

''انصاری خاتون کا اپنے بیٹے کو ذبح کرنے کے معاملہ کا جواب یہ ہے کہ وہ عورت اہلبیتؑ کی محبت کے جوش اور اخلاص کی شدت میں شرعی حکم کو بھول گئی تھی جو فعل حرام تھا بلکہ ایک گناہ کبیرہ تھا۔ اور اگر وہ حکم شرعی سے ناواقف تھی تو معذور تھی لہٰذا جہالت کی بنا پر اُسے اپنے عمل کا ثواب ملے گا۔ جیسا کہ قاعدہ ہے۔''

ہم عرض کرتے ہیں کہ وہ خاتون چونکہ حقیقی معنوں میں شیعہ تھی۔ لہٰذا اُس نے اُس مصنوعی اور خودساختہ شریعت پر عمل نہیں کیا جو رسولؐ اللہ کی قوم نے بنائی تھی (فرقان 30-25/27) اور تمام ادیان اور انبیاؑ کی تعلیمات کو یک قلم ضائع اور منسوخ کر دیا تھا بلکہ خود قران

ورسولؐ کی جاری کردہ شریعت میں سے بھی اہم ترین احکام کو ناسخ ومنسوخ کی چھری سے ذبح کر دیا تھا۔ اُس نے حضرت ابراہیم واسماعیل علیہم السلام کی پیروی واتباع میں یہ قربانی پیش کی تھی (صافات 108-37/102) اور ثبوت دیا کہ آخری رسولؐ کے زمانہ کے افراد برابر اس قربانی کو جاری رکھتے چلے آرہے ہیں۔ اللہ نے **فِي الآخِرِيْن** (37/108) فرما کر آخری اُمت کو اس قربانی کے جاری رکھنے کی تاکید کی ہی ہے۔ اُسی قربانی کو انتہائی بلندی سے پیش کرنے کے لئے حضرت اسماعیلؑ کی جگہ امام حسینؑ کو ذمہ دار بنایا گیا تھا (صافات 108-37/107)۔ اور اللہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی حکم دیا ہے کہ:۔

ثُمَّ اَوحَيْنَآ اِلَيْکَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا (نحل 16/123) وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًاo (نساء 4/125) آپ کو ابراہیمیؑ شریعت پر عمل کرنے کی وحی کی جا چکی ہے اور اُس شخص سے بہتر کس کا دین ہوسکتا ہے جو اللہ کیلئے مُنہ کے بل گردن کٹانے کو اختیار کر لے اور یوں وہ اللہ پر احسان کرنے والا بن جائے۔ لہٰذا اے رسولؐ آپ ابراہیمؑ کی ملت کی پیروی میں اُسی طرح راہ خدا میں اپنا سر پیش کریں اور سمجھ لو کہ ہم نے ابراہیمؑ کو اپنا دوست بنا رکھا ہے۔ اسی آیت (نساء 4/125) کی رُو سے رسولؐ اللہ، امام حسین علیہ السلام کی قربانی پیش کر کے خود بھی شہدا میں شامل ہوئے اور ملت ابراہیمؑ کی عملاً پیروی کی تھی۔ رہ گئے وہ لوگ جو اسلام اور رسولِؐ اسلام اور تمام ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاؑ کی تعلیمات کو منسوخ کرتے ہیں، ایک آیت قرآن سے پیش کر کے دکھائیں جس میں سابقہ شریعتوں کے باطل وبیکار ہو جانے کا تذکرہ موجود ہو۔ قیامت تک اُنکو قرآن سے ثبوت نہ ملے گا۔ لہٰذا حقیقی اسلام آئمہ معصومین علیہم السلام کی اطاعت اور پیروی سے حاصل ہوتا ہے، مجتہدین کی پیروی سے نہیں۔ اسلئے کہ وہ معصومؑ ہیں اور یہ خطا کار وگناہ گار ومجرم (فرقان 25/31) اور دشمنانِ خدا اور رسولؐ ہیں۔ اُن کا خودساختہ اسلام حقیقتاً کفر ہے۔ اور ہم محبان محمدؐ وآل محمدؐ کفر سے بہت دور ہیں۔ ہم اپنے ہاتھ سے اپنا خون اور گوشت محمدؐ وآل محمدؐ کے قدموں پر چھڑکنا اور شہدائے کربلا کے ماتم میں شمشیر وقمہ کا ماتم کرتے ہوئے مرجانا حیاتِ جاوید وشہادت سمجھتے ہیں۔ یہ ہے میرا مذہب اور تمام سوگواران اور عزاداران حسینؑ کا مذہب۔ جس کا دل چاہے ہمیں غلط سمجھے اور اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے مختار ہے۔ (تفصیلات کتاب نظام ہدایت وتقلید میں ملاحظہ ہوں)

47۔ بعد شہادت کربلا کے واقعات

شہادت کے بعد کے واقعات میں سے ہم نے ذوالجناح اور جناب شہر بانوؑ اور اُن کی دختر فاطمہؑ کے حالات حضرت قاسم علیہ السلام کی شادی اور شہادت کے سلسلے میں لکھ دیئے ہیں (عنوان نمبر 43,46)۔

(1)۔ خیامِ حسینیؑ پر یلغار، لوٹ مار اور آتش زنی

اِس عنوان میں ہم تمام متعلقہ روایات وواقعات مِن وعَن لکھنے کے بعد اُن پر تنقید ووضاحت آخر میں پیش کریں گے۔ فی الحال آپ روایات اور اُن کا ترجمہ پڑھتے جائیں۔ (عربی عبارات اکسیر العبادات صفحہ 437 تا 439)

1۔ وفی ملھوف فتسابق القوم علیٰ نھب بیوت آل رسولؐ اللّٰہ وقر عین الزھرؑاء البتول حتّی جعلوا ینزعون

ملحفة المراة عن ظهرھاوخَرَجُنَ بناتِ الرسولؐ وحریمؐہ یتساعد ن عَلَی البکاء ویند بن لِفراق الحماۃ والاحِبّاء۔

کتاب ملھوف میں ہے کہ پھراُس فرقانی قوم (25/30) نے آل رسولؐ کے خیام میں لُوٹ مار کرنے کی بازی لگادی اورایک دوسرے پرچھین جھپٹ میں سبقت کرنے لگے۔حضرت فاطمہؑ زہراء کی آنکھوں میں اُس وقت اندھیرا چھا گیاجب وہ لوگ رسوؐل زادیوں کے دوپٹے اوراوڑھنیاں کھینچ کھینچ کرزبردستی چھین رہے تھے۔اورجب لُٹ چکنے کے بعد،رسولؐ کی بیٹیاں اوراہل حرمؑ خیموں سے باہرنکل کرنالہ وفریاداوربین کرکرکے ایک دوسرے کے رونے میں تسلسل قائم کئے ہوئے تھیں اورباری باری اپنے پیارے بھائیوں بھتیجوں اورطرفداروں پرنوحہ کررہی تھیں۔

2۔ وفی البحار عن صاحب المناقب ومحمد بن ابی طالب فَاَقبَلَ اَعدآء اللّٰہ حتّٰی احدقوا بالخیام ومعھم شمرالملعون فقال ادخلوا فاسلبوا بزینتھن فدخل القوم فاخذ وا ماکان فی الخیام حتّی افضوا الٰی قرط کان فی اُذن اُمّ کلثوم اُخت الحسیؑن فاخذ وہ وحزموا اُذنھا حتّی کانت المرأ ۃ لتنازع ثوبھا علٰی ظھرھا حتّٰی ثعلب علیھا۔واخذ قیس بن الاشعث قطیفۃ الحسیؑن فکان یسمی قیس القطیفۃ واخذ نعلیہ رجلٌ مِن بنی اُود یقال لہ الاسود ثمّ حال الناس عَلَی الورس والحلّی والحلل والابل فانتھبوھا۔

کتاب بحارمیں صاحب مناقب اورمحمد بن ابی طالب سے نقل کیا گیا ہے کہ شمر کے ساتھ دشمنان خداآگے بڑھے اورخیام کو نرغہ میں لے لیا۔شمرملعون نے حکم دیا کہ رسولؐ زادیوں کی تمام فاضل اورآرائش کی چیزیں لُوٹ لو۔اس حکم پرجوکچھ بھی خیام میں موجودتھا سب لُوٹ لیا گیا۔انگوٹھیاں،چھلّے ،ہاتھوں ،پیشانی اورپاؤں کے زیورات تودرکنارکانوں کی بالیاں،جھُمکے کانوں سے کھینچ لئے گئے۔ چنانچہ امام حسین علیہ السلام کی بہن ام کلثومؑ کی بالیاں اورگوشوارے زبردستی کھینچ کرلوٹ لئے اورکانوں سے خون بہتارہا۔مردعورتوں سے اوڑھنیاں چھیننے میں کوشاں تھے۔عورتیں مزاحمت کررہی تھیں۔مگرمردچالاکی سے ڈھیل دے کراطمینان دلاتے اوراچانک چالاکی سے جھٹکامارکرچھین لیتے اورمستورات بھاگتی جان بچاتی چلی جاتیں۔قیس بن اشعث نے امام حسین علیہ السلام کی فلالین کی قمیص اُڑالی۔اِسی لئے اُس کا نام قیس القطیفہ پڑگیا تھا۔قبیلہ اُود کا ایک شخص امامؑ کے جوتے لے اُڑااُسے اَسود کہاجاتا تھا۔پھرتمام لٹیروں نے بھاری اورمقفل سامان اوراسلحہ وغیرہ جمع کرنا شروع کیا۔لباس وزیورات اورخانہ داری کا تمام سامان،اونٹ گھوڑے،بستر،گدے،تکیۓ الغرض جوکچھ ملاسب جمع کیااورلے کرچلے گئے۔

3۔ قال ابومخنف فَلَمَّا ارتفع ضجیج حرم الحسیٔن وکثر بکائِھم صاح عمر بن سعد اکسبوا علیھم الخیم یاویلکم اضرموھا بالنار وقال رجل لاحاجۃ لنافی سَلبھم احرقوا الخیم ومَن فیھا بالنار فقال رجلٌ کان یھوی النبیؐ یاویلکم ماکفاکم مافعلتم بالحسیٔن وباھل بیتہٖ وانصارہٖ حتّی تحرقون النسآء والاطفال مِن آل رسولؐ اللّٰہ لقد ر زعمتم علی اَن لایخسف اللّٰہ بنا الارض ثمّ قال عمر بن سعد انھبوا الخیم۔ قالت زینبؑ بنت علیؑ بن ابی طالبؑ کنت فی ذلک الوقت واقفۃ فی جانب الخیمۃ اذدخل علی رجل اَزْرَق اللَّعین وھو خُولی بن یزید الاصبحی فاخذ جمیع ماکان فیھا ونظرالٰی زین العابدؑین وھو مطروح علٰی نطع مِن الادیم وذلک انّہ کان مریضًا فخذب النطع مِن تختہ ورمی بہ الارض والتفت اِلیَّ فاخذ قناعی من راسی ونظر الٰی

قرطین کانافی اُذنی فجعل یعالجها حتّی زعهما بعد خرم و هو مع ذلک یبکی ۔فقلتُ له لعنک اللّٰه تسلبنی و انتَ تبکی ؟ قال نعم ابکی لما اراہ یحلّ بکم ۔ فَقلتُ له قطع اللّٰه یدیک ورجلیک واحرقک اللّٰه بنارالدنیا قبل نارالاخرۃ لَاتسلبنی ولا تَبکِ قال اخاف اَن یاخذ ھا غیری۔

علامہ ابومخنف نے لکھا ہے کہ جب امامؑ کے حرم سے آہ وزاری اور فریاد وبکا کا شور بلند ہوا تو عمر بن سعد ملعون نے پکار کر کہا کہ اُن کے اوپر اُن کے خیموں کو گرادو۔ خدا تمہارا بُرا کرے خیموں میں آگ لگا کر خاک کر ڈالو۔ ایک شخص نے کہا کہ اب ہمیں لوٹنے کی احتیاج نہیں ہے۔ بس خیموں کو اور جو بھی اندر ہو اُس کو آگ سے جلا ڈالو۔ ایک اور شخص جو رسوؐل کا لحاظ کرتا تھا بولا کہ خدا تمہیں غارت کرے کیا حسینؑ اور اُن کے اہلبیتؑ اور انصار کے ساتھ جو کچھ تم نے کیا اُس کے بعد بھی ظلم سے تمہارا دل نہیں بھرا جو اَب تم آلِ رسوؐل کی عورتوں اور ننھے بچوں کو آگ میں جلانا چاہتے ہو؟ پھر یہ بھی خیال ہے کہ اللہ تمہیں زمین میں نہ دھنسائے گا۔ اس پر عمر بن سعد نے آگ لگانے کے بجائے صرف لوٹنے کا حکم دیا۔ حضرت زینبؑ فرماتی ہیں کہ میں اُس وقت خیام کے داہنی طرف کھڑی تھی کہ جو ایک گربہ چشم (نیلی آنکھوں والا) ملعون داخل ہوا۔ یہ لعین خولی بن یزید تھا۔ اُس نے خیام میں سے تمام سامان اٹھوا لیا۔ پھر مجھ پر اُس کی نظر پڑی تو میری بالیاں اور گوشوارے چھین لئے۔ میری پردہ کی چادر لے لی۔ امام زین العابدؑین کو دیکھا جو بیمار تھے اور ایک مٹی کے چبوترے پر چمڑے کے گدے پر لیٹے تھے۔ اُس ملعون نے وہ گدّا کھینچ لیا اور انہیں زمین پر گرادیا۔ جب خولی میری بالیاں اُتارنے میں مصروف تھا تو روتا بھی جارہا تھا۔ میں نے کہا خدا تجھ پر لعنت کرے تو ہمیں لُوٹ بھی رہا ہے اور روتا بھی ہے۔ کہنے لگا ہاں میں تمہاری مصیبت پر رو رہا ہوں۔ میں نے کہا کہ اللہ تیرے دونوں ہاتھ اور دونوں پیر کاٹے اور تجھے جہنم کی آگ سے پہلے پہلے دنیاوی آگ میں جلنا نصیب کرے۔ تو نہ ہمیں لُوٹ اور نہ ہم پر رو۔ اُس نے کہا کہ مجھے یہ ڈر ہے کہ اگر میں نے نہ لُوٹا تو میرے علاوہ کوئی اور لوٹ کرلے جائے گا۔

4۔ قال ابومخنف و اللّٰہ ما مضت الایّام ولیالی قلائل وظهر المختار بن ابی عبیدہ الثقفی بارض کوفۃ یطالب بدم الحسیؑن والاخذبثارہٖ فَوَقَعَ بخولی بن یزید الاصبحی وھو ذلک الرجل قال فلما اوقف بین یدیه قال ما صنعت بیوم کربلاء ؟ قال ماصنعت شیئًا اِلّا اِنّی اخذت مِن تحت زین العابدینؑ نطعاً کان ناعِجمًا علیه وسَلَبْتُ زینبؑ قناعها واخذتُ القرطین کانافی اُذنیها ۔فقال له یا عد واللّٰه وَاَیُّ شَیْیءٍ یکون اعظم مِن ھذا ؟ واَیُّ شییءٍ سمعتَها تقول ؟ قال قالت قطع اللّٰه یدیکَ ورِجلیک واحرقک اللّٰه بنار الدنیا قبل نار الاخرۃ۔ فقال المختار و اللّٰه لَاُجِیْبَنّ دعوتها۔ثمّ امر بقطع یدیه ورجلیه واحراقه بالنار۔

ابومخنف نے بتایا کہ قسم بخدا ابھی چند ہی روز اور تھوڑی سی ہی راتیں گزرنے پائی تھیں کہ سرزمین کوفہ میں مختار بن ابوعبیدہ ثقفی نے ظہور کیا اور خون حسین علیہ السلام کا بدلہ لیا۔ یہی خولی ملعون پکڑا ہوا آیا اور مختار کے سامنے پیش کیا گیا تو مختار نے دریافت کیا کہ تو نے کربلا میں کیا کارگزاری انجام دی تھی؟ خولی نے کہا کچھ بھی تو نہیں بس اتنی سی بات ہے کہ میں نے وہ گدیلا لے لیا تھا جو زین العابدؑین کے نیچے بچھا ہوا تھا۔ اور یہ کہ میں نے حضرتِ زینبؑ کی چادر اور وہ گوشوارے لے لئے تھے جو اُن کے کانوں میں تھے۔ خولی سے کہا گیا کہ تیرے نزدیک یہ کچھ بھی نہیں۔ ارے ملعون تو اس سے بڑا اور کون سا ظلم کرسکتا تھا؟ اور یہ بتا کہ تُو نے حضرت زینبؑ سے اُنہیں لوٹتے ہوئے کیا سنا تھا؟ خولی نے کہا کہ فرمایا تھا کہ اللہ تیرے دونوں ہاتھ اور دونوں پیر کاٹے اور اللہ تجھے جہنم کی آگ سے پہلے دنیا کی آگ

میں جلائے۔ مختار نے کہا کہ اللہ کی قسم میں ضرور اُن کی دعا کو پوری ہوتے دیکھنا چاہتا ہوں۔ پھر حکم دیا کہ خولی کے دونوں ہاتھ اور دونوں پیر کاٹ کر اُسے آگ میں زندہ جلا دیا جائے۔

5۔ وَعَنِ المنتخب اَنَّ فاطمۃؑ الکبریٰ قالت کُنتُ واقفة بباب الخيمة وَاَنَا انظر اِلٰی ابیؑ واصحابی مجزوزين کالا ضاحی عَلَی الرّمال والخیول علٰی اجسادھم تجول وَاَنَا افکّر فیما یقع علینا بعدابی مِنْ بنی اُمیّة یقتلوننا اویا سروننا فاذا برجل علٰی ظھرجوادہ یسوق النسآء بکعب رُمحه وھُنّ یلذن بعضھن ببعض وقداخذما عَلَیھنّ من اخمرہ واسورۃ وھنّ یصحن وا جدّاہ وابتاہ وا علیّاہ واقلّة ناصراہ واحسناہ اَمَا مِنْ مجیر یجیرنا اَمَامِن ذاید یذ ود عَنّا ۔ قالت فَطَارَ فوادی وارتعدت فرائصی فجعلت اجیل بطرفی یمینًا وشمالًاعلٰی عمتی ام کلثومؑ خشیة منه اَن یاتینی فبینا انا علٰی ھذہ الحالة فاذا به قد قصد نی فَفَررتُ منه منھزمة وانا اظنُّ اِنی اسلم منه فاذًا به قد تبعنی فذ ھلت منه وَاذا بکعب الرمح بین کتفی فسقطت علٰی وجھی فحزم اُذنی واخذ قرطی ومقنعتی ۔وترک الدماء تسیل علٰی خدّی وراسی تصھر الشمس وولیّ راجعًا اِلَی الخیمة وانا مغشیّ عَلَیّ واذا انا بعمّتی عندی تبکی و ھی تقول قُومِیُ نمضی ماعلم ماجری عَلَی البنات وعلٰی اخیک العلیل فقمتُ وقلتُ یاعمّتاہ ھَل مِن خرقة استربھا عَنْ اَعْینِ النظارۃ فقالت یابُنَیّتاہ وعمّتک مِثْلِکِ فرایتُ راسھا مکشوفة ومتنھا قد اسودّ مِنَ الضّرب فھا رجعنا اِلَی الخیمة اِلّا وقد نھبت ومافیھا واخی علیؑ بن الحسینؑ مکبوب علٰی وجھه لا یطیق الجلوس مِن کثرۃ الجوع والعطش والاسقام فجعلنا نبکی علیه ویبکی علینا۔

کتاب منتخب میں بیان ہوا ہے کہ جناب فاطمہ کبریٰ علیہا السلام کہتی تھیں کہ میں خیمہ کے دروازے پر کھڑی اُن حالات پر غم و فکر میں مبتلا تھی جو میرے باباؑ اور انصاؑر پر گزر رہے تھے۔ میں دیکھ رہی تھی کہ وہ سب قربانی کے جانوروں کی طرح سر کٹائے زخمی اور خون میں نہائے پڑے تھے۔ اور اُن پر گھوڑوں کا اڑایا ہوا گرد وغبار اُڑتا پھرتا تھا۔ اور میں برابر اس سوچ میں تھی کہ دیکھو باباؑ کے بعد ہم پر کیا کیا گزر گئی ہے۔ اور بنی امیہ نے کیسے کیسے مظالم توڑے۔ ہمارے سرپرستوں اور انصار کو قتل کر ڈالا۔ ہمیں قیدی بنانا طے کر لیا۔ میں یہی سوچ رہی تھی کہ کیا دیکھتی ہوں کہ ایک شخص گھوڑے پر سوار نیزہ کی بھال سے عورتوں کو ہانکتا پھر رہا ہے۔ اور مستورات ایک دوسری کے پیچھے پناہ کے لئے دوڑتی پھر رہی ہیں۔ اور اُس نے اُن کی چادریں اور زیورات چھین رکھے ہیں۔ اور وہ فریاد کر رہی ہیں ہائے داؐدا جان بچاؤ، ہائے باباؑ مدد کو آؤ، ہائے علیؑ مشکل کشائی کرو، ہائے ہمارے مددگار ختم ہو گئے، ہائے امام حسنؑ ہماری مصیبت دیکھو۔ کیا کوئی پناہ دینے والا ایسا ہے ہی نہیں جو ہماری حفاظت کرے۔ کیا کوئی باہمت شخص نہیں ہے جو اِن ملاعین کو ہم سے دُور کر دے؟ فاطمہؑ کبریٰ کہتی ہیں کہ میرا دل اچھلنے لگا۔ میرے اعضا میں کپکپی پیدا ہو گئی، میں برابر وہ ظلم دیکھتی رہی۔ داہنے بائیں اپنی پھوپھی ام کلثومؑ کو نظروں سے تلاش کرتی رہی اور ڈر رہی تھی کہ کہیں وہ شخص مجھ تک نہ آ جائے، میں اسی حال میں تھی کہ وہ تو آ گیا۔ میں اس سے ڈر کر پیچھے کو بھاگی۔ میرا خیال تھا کہ میں بچ نکلوں گی لیکن اُس نے میرا پیچھا کیا۔ میں نے اُسے دھوکہ دینے کی کوشش کی مگر اتنے میں اُس کے نیزہ کی انی میرے کندھوں کے بیچ میں پشت پر لگی اور میں گر پڑی۔ اُس نے میرے کانوں کو چیرتے ہوئے میرے گوشوارے نکال لئے، میری نقاب چھین لی۔ میرے سر اور کانوں سے خون بہہ کر میرے گالوں پر سے گزر رہا تھا۔ میں اُٹھ کر خیمہ کی طرف واپس آئی اور بے ہوش ہو گئی۔ جب ہوش آیا تو اپنی

پھوپھی کواپنے پاس پایا جومیرے پاس بیٹھی رورہی تھیں۔ مجھے ہوش میں دیکھا تو کہا کہ بیٹی اُٹھو چلو دیکھیں کہ باقی بچیوں اورتمہارے بیمار بھائی پرکیا گزری؟ میں نے کھڑے ہوکر کہا کہ پھوپھی اماں مجھے سرڈھکنے اورنظروں سے بچنے کے لئے کوئی پردے کے لئے کپڑادو۔فرمایا کہ بیٹی تیری پھوپھی بھی تیری طرح سر برہنہ ہے۔اب توجہ سے دیکھا تو واقعی اُن کا سر کھلا تھا۔اور پیشانی پر چوٹ کا نیل بھی پڑا ہوا تھا۔ پھرہم بھائی کے خیمہ میں آئے وہاں سے بھی سب کچھ لُوٹ لیا گیا تھا۔میرے بیمار بھائی منہ کے بل لیٹے ہوئے تھے۔بھوک پیاس اور بیماری کی وجہ سے اُٹھنے بیٹھنے کی قوت نہ تھی۔ہم اُن کی حالت پر اور وہ ہمارے حال پر رورہے تھے۔

6۔عن امالی صدوقؒ مسندا عن عبد اللّٰه عن امه فاطمةؑ بنت الحسینؑ قالت دخل العامّة علینا الفسطاط وانا جاریة صغیر ة فِی رِجلی خلخال مِن ذھب وجعل رجل یفضّ الخلخالین مِن رِجلی وھُوَ یبکی فقلت مایبکیکَ یاعُد و اللّٰه فقال کیف لاابکی وانا اسلب ابنة رسولؐ اللّٰه فقلت لا تسلبنی۔قال اخاف اَن یجیئی غیری فیاخذه قالت وانتھبوا مافی الابنیة حتّی کانوا ینزعون الملاحف عَن ظھورنا۔

جناب صدوق رضی اللہ عنہ نے عبداللہ سے اورانہوں نے اپنی والدہ فاطمہؑ بنت حسینؑ سے روایت کی ہے کہ وہ کہتی تھیں کہ میں چھوٹی سی لڑکی تھی اورمیرے پاؤں میں سونے کی پازیب تھی۔جب ہمارے خیام میں فوجی عوام گُھس آئے توایک شخص نے میرے پاؤں سے پازیب نکالنا شروع کی اور ساتھ ہی رونا بھی شروع کردیا۔میں نے کہا کہ اے دشمن خدا توکس بات پر روتا ہے۔اُس نے جواب دیا کہ کیسے نہ روؤں میں رسولؐ کی بیٹی کولوٹ رہا ہوں۔میں نے کہا کہ پھرتو یہ ظلم نہ کراورمیری پازیب نہ لے۔اُس نے کہا کہ مجھے یہ ڈر ہے کہ کوئی اورشخص آکر اتارلے گا۔پھرفرماتی ہیں کہ اُن لوگوں نے سب ہی کچھ لوٹ لیا یہاں تک کہ ہماری چادریں اور پردہ تک کی ہرچیز چھین لی۔''

7۔وفی الملھوف روی حمید بن مسلم قال رایتُ امراة مِنُ بکر بن وائل کانت مع زوجھا فی اصحاب عمر بن سعد فلمارأت القوم قداحتجموا علٰی نساء الحسینؑ فی فسطاطھنّ وَھُم یسلبونھنّ اخذت سیفًا واقبلت نحوالفسطاط و قالت یاآل بکر بن وائل أَتسلبوابنات رسولؐ اللّٰه ؟لاحکم الّا لِلّٰه بالثارات رسولؐ اللّٰه فاخذھازوجھا وردّھا اِلی رحله۔

کتاب ملھوف میں حمید بن مسلم نے بیان کیا کہ میں نے ایک عورت کو دیکھا جوبکر بن وائل کے قبیلے سے اورفوج میں اپنے شوہر کے ساتھ تھی۔جب اس عورت نے دیکھا کہ عمر بن سعد کی فوج نے خیموں میں جاکر امام حسینؑ کے حرمؑ پرہجوم کرلیا ہے۔اوروہ اہل حرمؑ کولوٹ رہے ہیں تو اس عورت نے تلوار نکالی۔اورخیام حسینیؑ کے قریب آکر پکارا کہ اے بکر بن وائل کی اولاد کیا تم بھی رسولؐ زادیوں کو لوٹ رہے ہو۔اللہ کے سوا اورکوئی بھی حکم دینے والانہیں ہے۔اورآل رسولؐ کا بدلہ لینا واجب ہے۔یہ دیکھ کر اُس کا شوہرآیا اوراسے واپس اپنی قیام گاہ میں لے گیا۔

8۔ وفی البحار اَنَّ شھر بانویه لَم تسلُب ثیابھا وذلک حیث قال وجاؤ بالحرم اساری الا شھر بانویه فانھا اتلفت نفسھا فی الفرات۔ ھذا یمکن ان یکون ذلک بعد ذلک النھب والعارة۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 439-437)

کتاب بحارالانوار میں لکھا ہے کہ حضرت شہر بانو علیہا السلام کے کپڑے نہیں لُوٹے جاسکے۔اس لئے کہ اُنہوں نے فرات میں

ڈوب کر اپنی جان دے دی تھی۔ اور تمام اہل حرؑم کو قیدی بنایا گیا۔ مگر جناب شہرؑ بانو قیدیوں میں نہیں تھیں۔ یہ بھی لکھا ہے کہ ممکن ہے کہ لُوٹ مار کی توہین کی بنا پر شہر بانو دریائے فرات میں ڈوب کر مرگئی ہوں۔'' (اکسیر صفحہ 437 تا 439)

(2)۔ دشمنانِ اسلام کی لُوٹ مار پر چند وضاحتیں

1۔ لوٹ مار کے سلسلے میں پہلی بات یہ سمجھ لیں کہ امام حسین علیہ الصلوٰۃ والسلام کا میدان جنگ اور جسم مبارک سے لوٹا ہوا لباس اس قابل نہ رہ سکتا تھا کہ وہ کسی بھی کام آ سکے۔ اسلئے کہ اُس میں ہزاروں سوراخ تھے اور کئی کئی سوراخ مل کر بڑے بڑے جھراڑ بن گئے تھے۔ یہ خون میں بسا ہوا دھجی دھجی لباس صرف یہ ثابت کرنے کیلئے لُوٹا گیا تھا کہ وہ ملاعین اُن چالیس منتخب آدمیوں میں سے ہیں جنہیں قتل امامؑ کیلئے تعینات کیا گیا تھا تا کہ انہیں سب سے زیادہ انعام مل سکے۔ اسکے علاوہ اُس لباس کا کوئی بھی مصرف نہ تھا۔

2۔ البتہ ایک ٹوپی ایسی ضرور تھی جسے دھونے کے بعد پہنا جاسکتا تھا اور پہنا گیا تھا۔ وہ ٹوپی خون میں لت پت ہو جانے کی بنا پر امام علیہ السلام نے خود پھینک دی تھی جسے مالک بن بشیر نے اٹھا لیا تھا۔ جب وہ کربلا سے فارغ ہو کر اپنے گھر پہنچا تو ٹوپی کو دھوتے دیکھ کر اُس کی زوجہ نے کہا کہ او بے حیا تو فرزند رسوؐل کو لُوٹ کر میرے گھر لایا ہے، نکل میرے گھر سے خدا تیری قبر کو آگ سے بھرا رکھے۔ پھر وہ ملعون بسبب نفرین امامؑ ہمیشہ بدترین حالت میں رہا۔ اُسی نے سر مبارک پر تلوار ماری اور اس ٹوپی کو خون سے بھرا تھا۔ اور امامؑ نے فرمایا تھا کہ تجھے اِن ہاتھوں سے کھانا پینا نصیب نہ ہو۔ گرمیوں میں اُس کے دونوں ہاتھ خشک لکڑیوں کی طرح ہو جاتے تھے اور سردیوں میں اُن سے خون ٹپکتا رہتا تھا۔ (بحار)

3۔ جس لباس کو پہننے سے لوگوں کو اللہ کی طرف سے سزائیں ملیں وہ لباس وہ تھا جو امامؑ نے خیمہ میں اتارا تھا اور اس کی جگہ پرانا لباس پہنا تھا۔

4۔ وہ سامان جو اِدھر اُدھر پڑا ملا یا اہل حرؑم کی مستورات اور لڑکیوں اور بچیوں کے بدن سے لوٹا گیا۔ وہ تمام انفرادی طور پر لوگ لیکر چل دیئے تھے۔ اور سرداران فوج کی تحویل اور ریکارڈ سے باہر رہا۔ یہی فرداً فرداً لوٹا ہوا سامان تھا جسے واپس کرنے اور لُوٹ کے سامان کی فہرست میں شامل کرانے کے خیال سے عمر بن سعد نے کہا تھا کہ لُوٹا ہوا تمام سامان واپس دو اور اکثر علما یہ سمجھے کہ عمر بن سعد ملعون نے وہ سامان اہل حرؑم کو واپس دینے کیلئے کہا تھا۔ جو واپس نہ دیا گیا۔ درحقیقت وہ سامان عمر بن سعد کو بھی نہ مل سکا۔

5۔ لباس میں زیورات کا ذکر پڑھ کر یہ سمجھنا واقعات کے خلاف ہے کہ اہلبیتؑ رسولؐ آسودہ حالی اور فارغ البالی کی زندگی بسر کرتے تھے۔ یہ تمام زیورات اُوپر بزرگوں سے نسلاً بعد نسل چلے آ رہے تھے۔ یعنی تبرکات میں شمار تھے۔

6۔ لُوٹے جانے والے سامان میں ہزار ہا روپیہ کی مالیت کا سامان تھا۔ تمام انصار کا سامان بھی خیام میں موجود تھا۔ لہٰذا وہ تمام سامان جو مقفل تھا یا محفوظ طریقہ پر رکھا ہوا تھا وہ عمر بن سعد کی تحویل میں دیا گیا۔ پھر ابن زیاد کے ملاحظہ سے گزرتا ہوا یزید ملعون تک پہنچا۔ یہی سامان تھا جو بالکل محفوظ رہ سکا اور قلعہ سے باہر والے قید خانہ کے مکان میں منتقلی کے وقت واپس دیا گیا تھا۔

7۔ لُوٹ کے سامان میں غلہ اور باورچی خانہ کے بہت سے برتن تھے۔ اتنے کہ جن میں تین چار سو آدمیوں کے لئے کھانا پک

سکے اور کھلایا و تقسیم کیا جاسکے۔

8۔ اور تین چار روز تک تین سو کے قریب آدمیوں اور اونٹوں اور گھوڑوں کے پینے کا پانی جن برتنوں، ٹنکیوں (Tanks) اور مشکوں میں آسکے وہ سب بھی اس لُوٹ میں شامل تھا۔ یہ بھی واپسی کے وقت اؑمام کا ذاتی مال تھا۔ یزید لعین نے نہ احسان کیا نہ اُس کا احسان سر پر لیا گیا۔

9۔ امام علیہ السلام کے ہمراہ سردی گرمی کیلئے بسترے و پارچہ جات، گدے تکیے توشکیں، ٹینٹ، قناتیں اور طوفانی ہوا اور بارش میں محفوظ رہنے کا تمام سامان۔ خندق کھودنے، دریا پار کرنے، غلہ رکھنے کا بھی تمام محفوظ سامان تھا۔ اسلحہ تھے، زرہیں تھیں، احرام کا تمام ضروری سامان تھا۔ کرسیاں تھیں۔ خط و کتابت کا سامان تھا۔ نقد روپیہ بھی تھا۔ اُسی میں سے مدفن کی زمین خریدی گئی تھی۔

10۔ لوٹے جانے والے سامان میں اونٹ، گھوڑے اور خچر و گدھے بھی تھے۔ عماریاں اور کجاوے بھی تھے نماز کے لئے ایک مسجد سے زیادہ سامان موجود تھا۔

نوٹ: (1) جو شیعہ علما یہ چاہتے اور لکھتے رہے کہ خلیفہ ثانی حضرت علیؑ کے (معاذ اللہ) داماد تھے۔ انہیں یہ پسند نہیں آتا کہ حضرت ام کلثوم علیہا السلام کربلا میں موجود ہوں۔ جو شیعہ علما یہ پسند کرتے اور لکھتے رہے کہ رسولؐ کی ایک نہیں بلکہ چار بیٹیاں تھیں، وہ یہ نہیں چاہتے کہ امام حسین علیہ السلام کو دو سے زیادہ بیٹیاں ہوں۔ وہ یہ بھی نہیں چاہتے کہ حضرت فاطمہؑ صغرا کو مدینہ میں چھوڑا ہوا دکھایا جائے۔ اس لئے جہاں اُن کا دل چاہتا ہے حضرت فاطمہؑ صغرا کو کربلا میں دکھا دیتے ہیں۔ چنانچہ روایت نمبر پانچ میں یہی عمل کیا گیا ہے کہ فاطمہؑ کبریٰ کا نام فاطمہؑ صغریٰ لکھ دیا گیا تھا۔ جسے ہم نے صحیح کر دیا ہے۔ یہ علمائے شیعہ یہ بھی نہیں چاہتے کہ حضرت سکینہؑ کا زندان شام میں انتقال دکھایا جائے یا اُنہیں تین سال کی بچی لکھا جائے۔ وہ اُنہیں جوان دکھاتے ہیں۔ اُن کی جگہ ڈائیلاگ بولتے ہیں۔ اور کربلا کے بعد زندہ دکھا کر ایک شرمناک صورت حال پیدا کرتے ہیں۔ وہ ہی علما ہیں جو حضرت قاسم علیہ السلام کے نکاح اور وصیت کے منکر ہیں۔ لیکن ہم نے یہ تمام مندرجہ بالا حقائق اُن کی مرضی اور پسند کے خلاف دوٹوک طریقہ پر لکھے اور نہایت قوت سے ثابت کئے ہیں اور ہماری غرض ہی یہ تھی کہ واقعات کربلا پر ڈالے ہوئے تمام سرکاری اور قومی پردے اُٹھا کر صحیح حالات مومنین کے سامنے رکھ دیئے جائیں۔ یہ حضرات کربلا کے میدان میں بھولے سے بھی جناب امام محمد باقر علیہ السلام کا تذکرہ نہیں کرتے۔ نہ انہیں قیدیوں میں دکھاتے ہیں، نہ یہ بتاتے ہیں کہ وہ کس طرح زندہ رہے۔ حالانکہ آپ کی عمر شریف دس گیارہ سال سے زیادہ تھی۔

نوٹ: (2) ہم یہ لکھنا بھول گئے کہ دمشق سے رہائی و روانگی کے وقت عماریاں اور کجاوے اور دیگر سفری سامان بھی یزید کا احسان نہ تھا۔ بلکہ یہ وہی سامان تھا جو خیام حسینیؑ سے لُوٹا اور سرکاری اسٹور میں جمع کیا گیا تھا۔ مومنین یہ سمجھ لیں کہ دس بارہ من تو وہ ریگستان میں گاڑے جانے والے اسکریو (Screw) ٹائپ کے کھونٹے تھے جنہیں آج پکٹ (Picket) کہتے ہیں ہمراہ تھے۔ یہ کھونٹے کئی کئی فٹ لمبے اور بوتل کی ڈاٹ نکالنے والے اسکریو (Screw) کی شکل کے ہوتے ہیں۔ جو ریگستانی آندھیوں میں نہیں اُکھڑ سکتے۔ جنہیں دو دو آدمی گھماتے ہیں تاکہ ریت کے نیچے پکی زمین تک پہنچیں اور طوفانی جھکڑوں میں بھی خیموں کو ملنے نہ دیں۔ ذرا سوچئے کہ حُرؑ کی فوج

کے ایک ہزار آدمیوں اور ایک ہزار گھوڑوں نے سیر و سیراب ہو کر پانی پیا تھا۔ یہ بات تمام اہلِ قلم نے مانی اور لکھی ہے۔ سوال یہ ہے کہ یہ پانی کسی منتر کے زور سے نہ آیا تھا بلکہ امامؑ کے ساتھ تھا۔ ذرا حساب لگا کر بتایئے کہ کتنی بالٹیاں درکار ہوں گی ایک ہزار گھوڑوں کو پانی پلانے کے لئے؟ اگر دو چار بالٹیاں ہوتیں تو پانی پلانے میں کتنی دیر لگتی؟ اور یہ کہ کتنی دیر میں سب کو فارغ کیا گیا تھا؟ یہ باتیں علما کے جاننے کی نہیں تھیں۔ یہ سمجھدار و تجربہ کار لوگوں کے سمجھنے کی باتیں ہیں۔ اُس پانی کے خرچ ہو جانے کے بعد پانی ختم نہیں ہو گیا تھا۔ بتایئے وہ سارا پانی کتنے اور کیسے برتنوں میں سمائے گا۔ اُسے اُٹھانے اور ٹھنڈا رکھنے کا کیا انتظام تھا؟ علما کی جانے بلا۔ انہیں تو یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ کہیں اُن کی تنخواہ یا وظیفہ پر تو چوٹ نہیں پڑتی۔ مذہب پٹ جائے بلا سے، رسولؐ اور اسلام کی عزت و وقار خاک میں مل جائے **اعوذ باللّٰہ** سے، کوئی خاندان کوئی قوم یا کوئی ملک تباہ ہو جائے لاحول ولاقوۃ سے۔ مگر مولانا و مقتدانا کی بات پر حرف نہ آئے خواہ قرآن بدل جائے۔ **اناللّٰہ و انا الیہ رٰجعون ۔**

(3)۔ حضرت امام زین العابدینؑ اور محمدؑ باقر کیسے قتل سے محفوظ رہے

آپ اور ساری دنیا جانتی ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام پوری قد و قامت کے انسان ہیں۔ امام محمد باقر علیہ السلام کے والد ہیں۔ اُن کو کسی بھی حیثیت سے بچہ نہیں کہا جا سکتا۔ سوائے پیار کے جب کہ بڈھا باپ یا ماں یا دادا و دادی مخاطب کریں یا ذکر کریں تو وہ البتہ بچہ کہہ سکتے ہیں اور کہتے ہیں۔ یا طنز کرنے والا بڈھا یا میدان جنگ میں کوئی بہت گھسا پٹا گھاگ، گرگ باران دیدہ و جنگ آزمودہ یہ کہہ سکتا ہے کہ تم ابھی بچے ہو، جاؤ تم پر رحم آ رہا ہے۔ لیکن امامؑ زین العابدین جن حالات سے گزر رہے ہیں اُن میں اُن کو بچہ یا لڑکا کہنا قطعاً مناسب نہیں ہے۔ یہ بھی سوچیے کہ جو لوگ ششماہے شیر خوار سے لے کر اٹھارہ سال تک ہر عمر و سن و سال کے بچوں، لڑکوں، نوجوانوں اور جوانوں کو قتل کرتے رہے ہوں وہ کیوں اولادِ حسینؑ کو یہ کہہ کر زندہ چھوڑ دیں گے کہ جانے دو بچہ ہے اسے قتل نہ کرو۔ بہر حال آپ روایات سُنئے اور صحیح بات سمجھنے کے لئے تیاری فرمایئے۔

1۔وقال ابو مخنف واقبلوا علٰی علیؑ بن الحسینؑ لیقتلوۃ فقال بعضھم لبعض یاقوم ھٰذا صِبِیٌّ صغیرُ السِّن لم یبلغ الحُلم فَلا یحلّ لکم قتلہ وجعل بعضھم یمنع بَعْضًا عن قتلہ۔

علامہ ابو مخنف نے لکھا ہے کہ وہ لوگ علیؑ بن الحسینؑ کو قتل کرنے کے لئے بڑھے تو اُن میں سے بعض نے بعض سے کہا کہ اَے قوم کے لوگو یہ تو ایک بچہ ہے بہت ہی کم سِن ہے۔ ابھی سمجھ بوجھ کی حد کو بھی نہیں پہنچا ہے۔ اس کو اس عمر میں قتل کر ڈالنا تمہارے لئے جائز نہیں ہے۔ بہر حال انہوں نے آپس میں ایک دوسرے کو اُن کے قتل سے منع کر دیا۔

2۔ وعن المنتخب واَمَّا علیؑ بن الحسینؑ فانّہ اَقبل اِلَیہ الشمر مع جماعۃ وَّاَرَادُوْاقتلہ فقیل ھو صبّی عَلیل لا یحلّ قتلہ فترک ثمّ اقبل الیھم عمر بن سعد فضجّت النسآء فی وجھہ بالبکاء والنحیب حتٰی زھل اللعین وارتعد ت فرائصہ وقال لھم لا تقربوا ھذا الصبّی ووکّل بعلیؑ بن الحسینؑ وعیالہ مَن حضر وقال لھم احفظو ھم واحذروا مِن اَن یخرج منھم احد فلمّا رأ ت ام کلثوم ماحلّ بھم بکت وانشاء ت۔

کتاب منتخب میں یوں ہے کہ رہ گئے علیؑ بن الحسینؑ تو یہ ایک حقیقت ہے کہ اُن کے قتل کا ارادہ کیا گیا تھا۔ لیکن کہا یہ گیا کہ وہ ایک بیمار کم سن بچہ ہے اُس کا قتل جائز نہیں ہے۔ چنانچہ انہیں چھوڑ دیا گیا۔ پھر اہل حرم کی طرف عمر بن سعد آیا۔ مستورات نے اُس کے بالمواجہ فریاد وبکا اور ایسی چیخیں بلند کیں کہ وہ ملعون دہل کر رہ گیا اور اُس کے اعضا کانپ کر لرزنے لگے۔ اور اس نے اپنی فوج کے لوگوں سے کہا کہ خبردار اس طفل کے قریب بھی نہ جانا۔ اور جو لوگ نگرانی پر تعینات تھے اُن کو علیؑ بن الحسینؑ اور امامؑ کے اھل وعیال کو سونپا اور اُن سے تاکید کی کہ اُن کی حفاظت کرو اور چوکنا رہ کر یہ دیکھو کہ ان میں سے کوئی ایک فرد بھی قید سے باہر نہ نکل جائے۔ یہ انتظام اور مصائب دیکھ کر جناب ام کلثومؑ بہت روئیں۔

3۔ وفی الارشاد قال حمید بن مُسلم فو اللّٰہ لقد کنتُ اری المرأۃ مِن نسائہ وبنا تہ واھلہ تنازع ثوبھا عَن ظھرھا حتی تغلب علیہ فیذھب بہ منھا ثم انتھینا الٰی علی بن الحسینؑ وھو منبسط علٰی فراش وھو شدید المرض ومع شمر جماعۃ مِن الرجالۃ فقالوالہ الا تقتل ھذا العلیل فقلت سبحان اللّٰہ اَیُقتَلُ الصبیان انّماھذا صبّی فلم ازل حتّی دفعتم عنہ ۔وجاء عمر سعد فصاح النسافی وجھہ وبکین فقال لاصحابہ لایدخلنّ احد منکم بیوت ھٰؤلاء النسوۃ ولاتعرضوا لھٰذا الغلام المریض فسالتہ النسو ۃ یسترجع ماا خذ منھن لِتسترنّ بہ فقال من اخذ من متاعھن شیئًا فلیردّ ہ علیھن۔ فو اللّٰہ ماردّ احد منھم شیئًا فوکل بالفسطاط وبیوت النسآء وعلیؑ بن الحسینؑ جماعۃ مِمَّن کانو معہ وقال احفظ ھم لَئَلّا یخرج منھم احدٌ ولا تسؤوا الیھم ثم عاد الی مضربہ۔

اور کتاب ارشاد میں ہے کہ حمید بن مسلم نے روایت کیا ہے کہ واللہ میں حسین علیہ السلام کی ازواج اور بیٹیوں اور دیگر مستورات کو دیکھتا تھا کہ وہ اپنے لباس کی سختی سے حفاظت کر رہی تھیں یہاں تک کہ جب مغلوب ہو جاتی تھیں تو چادر وغیرہ کو چھوڑ دیتی تھیں تو لوگ لے جاتے تھے۔ پھر ہم لوگ علیؑ بن الحسینؑ کے پاس پہنچے تو وہ سخت بیمار تھے اور ایک فرش پر بے ہوش پڑے تھے۔ اور شمر بھی ایک جماعت لے کر آ پہنچا۔ جماعت نے کہا کہ کیوں اَے شمر کیا تم اس بیمار کو قتل نہ کرو گے؟ میں نے کہا کہ سبحان اللہ کیا بچے بھی قتل کئے جاتے ہیں؟ یقیناً یہ تو ایک بچہ ہے۔ بہر حال میں مسلسل علیؑ بن الحسینؑ کا دفاع کرتا رہا۔ پھر عمر بن سعد آ گیا تو تمام خواتین نے اُس کی موجودگی میں رونا اور پکارنا شروع کر دیا تو عمر بن سعد نے اپنے صحابہ سے کہا کہ تم میں کوئی بھی ان خواتین کے رہائشی خیموں میں داخل نہ ہونے پائے اور اس نوجوان (عابد) بیمار سے کوئی تعلق نہ رکھا جائے۔ اُسے بالکل آزاد چھوڑ دو۔ پھر اہل حرمؑ نے عمر بن سعد سے لُوٹا ہوا سامان واپس کرنے کو کہا تا کہ وہ پردے میں رہ سکیں۔ عمر بن سعد نے کہا کہ جس کسی نے اُن کا سامان لیا ہو وہ اُس کو واپس لا کر اِن کو دے دے۔ قسم بخدا اس حکم کے باوجود کسی نے بھی کوئی چیز واپس نہ کی۔ پھر جس جماعت کو ساتھ لایا تھا اُس کو خیام اور عابدؑ بیمار کو سپرد کر کے اُن کو ذمہ دار بنایا۔ اور کہا کہ تم سب سختی سے اِن کی نگرانی اور حفاظت کرنا۔ ان میں سے کوئی یہاں سے نکل کر نہ چل دے اور دیکھو ان لوگوں کے ساتھ کوئی بری بات اور برا سلوک نہ کیا جائے۔ یہ کہہ کر اپنے مرکز میں چلا گیا۔

4۔ وعن اخبار الدَّ ول وَھَمَّ شمر بقتل علیؑ بن الحسینؑ وھو مریض فخرجت الیہ زینبؑ بنت علیؑ بن ابی طالبؑ فوقعت علیہ وقالت واللّٰہ لایقتل حتّی اقتل فکف عنہ۔ (اکسیر صفحہ 437 تا 438)

کتاب اخبارالدول میں ہے کہ شمرملعون نے یہ ہمت وارادہ کرلیا تھا کہ وہ علی بن حسین علیھم السلام کو حالت بیماری ہی میں قتل کرڈالے۔لیکن جناب زینبؑ بنت علیؑ بن ابی طالبؑ باہرنکلیں اور عابد بیمار علیہ السلام پر گر پڑیں اوراعلان کردیا کہ جب تک پہلے مجھے قتل نہ کردیا جائے گا زین العابدین کوقتل نہیں کیا جاسکتا۔اس طرح شمرقتل سے باز رکھا گیا تھا۔

(4)۔ دونوں اماموںؑ کی حفاظت اللہ کی ذمہ داری تھی

چونکہ سلسلۂ امامتؑ کا قیامت تک جاری رہنا اللہ نے روزازل سے طے کررکھا تھااور ہر نبیؑ کواُسی امامت کے قیام کے تمہیدی احکام دیئے تھے۔اُس کی پیشین گوئیاں برابر ہر نبیؑ اور ہرکتاب نے کیں۔لہٰذا اُسی سلسلہؑ کے تحفظ کے لئے حضرت ابراہیم کو آتش نمرود سے بچایا گیا۔اوراُسی نسل کوجاری رکھنے کے لئے حضرت اسماعیلؑ کومحفوظ رکھا گیا۔اورانتظار کیا گیا کہ حضرت اسماعیلؑ سے لے کرامام حسین علیہ السلام تک تمام بزرگ پیدا ہوکرآئندہ چلنے والے سلسلۂ امامت کو جاری رکھنے والے افراد کو تیار کردیں۔چنانچہ امام حسین علیہ السلام نے اپنے بعد کے لئے ایک نہیں دوامامؑ تیار کردینے کے بعد اُس ازلی عہد کومکمل کردیا جوانسانی فلاح ونجات کے لئے درمیان میں آیا تھا۔لہٰذا اب اُن دونوں آئمہ علیھما السلام کومحفوظ رکھنا اللہ کی ذمہ داری تھی۔اوروہ اس ذمہ داری کوانجام دینے کے لئے کہیں زیادہ قوی وقادر ہے۔لیکن اللہ کے کام عموماً محسوس ومشہوداور مادی انتظام کے ساتھ ظہور پذیر ہوا کرتے ہیں۔آپ نے ان روایات میں یہ دیکھا کہ پہلی دونوں روایات میں نام توبے شک امامؑ زین العابدین کا (علیؑ بن حسینؑ) لیا گیا ہے۔لیکن اُن میں آپؑ ہرگز مرادنہیں ہوسکتے۔سوائے اُس قدرت وقوت کے کہ آئمہ علیھم السلام جس صورت وشکل وسائز میں چاہیں ظہور فرماسکتے ہیں۔لیکن یہ عام قانون ہے کہ جب تک حالات عام انسانی قدرت وانتظام سے باہر نہ نکل جائیں معجزاتی قوت وقدرت استعمال نہیں کی جاتی۔چنانچہ کم سنی ایک فطری انتظام تھا۔جو بچہ ہتھیار نہ لگائے میدان جنگ میں بھی نہ آئے اورشدت سے بیمارونحیف بھی ہواُس کا قتل ہرمذہب وملت میں حرام اورقابل شرم رہا ہے۔اوریہ تمام چیزیں جناب امام محمد باقر علیہ السلام میں ثابت تھیں۔وہ کم سِن بھی تھے اورشدید بیمار بھی تھے۔چونکہ جنگ بند ہوچکی تھی اب چندسرداران فوج اورعمرسعد کے علاوہ کوئی کسی کوقتل کرنے کا مجاز نہ تھا۔اورمذکورہ حالات توخصوصی اہمیت وتوجہ چاہتے تھے۔ بہرحال یہ امام پنجم علیہ السلام کے لئے اللہ کا فطری انتظام تھا۔

2۔حضرت امام زینؑ العابدین کے تحفظ کے لئے پہلی چیز اُن کا تلوار نہ اُٹھا سکنا،میدان جنگ میں نہ آنا،اور بیماری سے نحیف وزار ہونا۔دوسرے راوی نے اُن کوبھی بچہ کہہ کرآنے والوں کو مغالطہ دیا۔اورخود بیان کیا کہ میں لوگوں کوآخرتک اُن کے قتل سے باز رکھتارہا۔تیسری اورآخری چیز اہل حرمؑ کی کوشش اور جناب زینب علیھا السلام تھیں جوآخیرتک اُن کومحفوظ رکھنے اورخودقتل ہوجانے پر کمر باندھے رہیں حتٰی کہ یزیدملعون کوبھی اپنے احکام واپس لینا پڑتے رہے تھے۔البتہ امام زین العابدین علیہ السلام کومعجزاتی قوت اس وقت استعمال کرنا ناگزیر ہوگیا تھا جب لاش ہائے شہدا کودفن کرانے کے لئے ابن زیاد کے قیدخانہ سے کربلا آنا پڑا تھا۔باقی تقریباً تمام اعمال فطری انسانی قوت کے اندر رہے۔اب یہ دوسری بات ہے کہ نہ سب انسان برابر ہیں نہ اُن کی قوتیں اورقدرتیں برابر ہیں۔قوت وقدرت،علم واطاعت قوانین خداوندی کے ساتھ بڑھتی چلی جاتی ہے۔جوعمل نیچے کی سطح پر ناممکن ہوتا ہے وہ اوپر جاکرممکن ہوجاتا ہے۔

بعض باتیں بعض کے لئے معجزہ یعنی عاجز کرنے والی ہوتی ہیں۔اور بعض کے لئے معمولی وفطری کام کی ہوتی ہیں۔عام عقل چونکہ اسباب وعلل وانتظام وقوانین کونہیں سمجھتی اس لئے معجزہ کہہ کر بیٹھ جاتی ہے۔لیکن محققین اس سے آگے بڑھتے ہیں، راہنماؤںؑ پر اور نظام کائنات اورخالق کائنات پر ایمان لاتے ہیں خود کواُن کے سپرد کردیتے ہیں ۔ بلااندیشہ وُ غدغہ اطاعت کرتے ہیں، سوالات کرتے ہیں، سیکھتے اور سمجھتے ہیں۔اپنی محدود عقل سے اجتہاد کرکے آخری فیصلہ نہیں کرتے ہیں۔اس لئے ناممکن کوممکن اور کائنات کومسخر کرلیتے ہیں۔

(5)۔ **بعد مغرب بروز عاشورا امامؑ مظلوم کا تمام شہدا علیہم السلام کونعمات جنت کھلانا پلانا**

اِنَّ جملة ماوقع فی یوم العاشورآء فی وقت المغرب ماھومن اعجب الامور واعظمھا وھوما نقل عن کتاب تظلّم الزھرؑآء فناتی ھٰھُنَا بِتمام مانقل عنه ولا انقص معه شیئًا فقال الناقل الثقة وفی کتاب تظلّم الزھرؑآء فی مسند ة سیدة البتول مسندًا عن المفضل بن عمر قال قال ابوعبد اللّٰه لمامنع الحسینؑ واصحابه من المآء نادی الحسین علیه السلام فیھم مَن کان ظمٰانا فلیجیٔ فاتاه رجل بعد رجل فیجعل ابھامه فی راحته فلم یزل یشرب الرجل بعد الرجل حتی ارتودا فقال بعضھم لبعض واللّٰه لقد شربنا شرابًا ماشربه احد مِن العالمین فی دارالدنیا فلمّا قاتلواالحسین علیه السلام وصارماصاروکان فی یوم العاشر عندالمغرب اقعد الحسین علیه السلام رجلًا منھم فیسمیھم باسمائھم واسمآء ابائھم فیجیبه الرجل بعد الرجل فیقعد ون حوله ثم یدعوا بالمائدة فیطعمھم مِن طعام الجنة ویسقیھم مِن شرابھا۔ثم قال ابوعبد اللّٰه علیه السلام و اللّٰه لقد رأھم عدّة مِن الکوفیین ولقدکرّرعلیھم لوعقلوا ۔قال ثم خرجوا لِرسالھم فعاد کُلّ واحد منھم الٰی بلاده ثمّ آتی بجبال الرضوی فما یبقی احد مِن المؤمنین الا اتاه وھوعلٰی سریر من نورٍ قدحفّ به ابراھیمؑ وموسٰیؑ وعیسٰیؑ وجمیع الانبیاءؑ ومن ورائھم المومنون ومن ورائھم الملائکة ینظرون مایقول الحسین علیه السلام ثُمَّ قال فھم بھذه الحالة الٰی ان یقوم القائم فاذا قام القائم علیه السلام وافوا فیما بینھم الحسینؑ حتی یاتی کربلا فلا یبقی سماوی ولا ارضی مِن المؤمنین الاحفّوا بالحسین علیه السلام۔الحدیث۔ھٰکذا نقل ھذاالناقل ولقد رایت فی کتاب غیره ما یغایٔر ھذا بعض الفاظه وذلک حیث نقل وکان فی الیوم الثالث عند المغرب فیکون ذلک الیوم الثالث العاشوراء فیکون ماذکر فی الحدیث واقعا فی الیوم الثانی عشر من المحرم ۔
(اکسیرالعبادات۔صفحہ 440)

عاشور کے دن مغرب کے بعد جوواقعات پیش آئے اُن میں سب سے حیران کن اورسب سے عظیم الشان واقعہ وہ ہے جوکتاب تظلم الزہرؑاء سے نقل کیا گیاہے۔لہٰذا ہم اس واقعہ کواس مستند نقل کرنے والے سے بلاکم وکاست آپ کے سامنے لکھتے ہیں۔ناقل نے لکھاہے کہ کتاب تظلم الزہرؑاء میں جناب سیدہؑ کی سند سے اور پھر مفضل بن عمر کی سند سے جناب امام جعفر صادق علیہ السلام کا بیان ہے کہ فرمایا جب امامؑ پراوراُن کے صحابہ پر پانی بند کیا گیا تھا توامامؑ نے اپنا اختیاردکھانے کے لئے سب کو بلایا اور کہا کہ جوبھی پیاسا ہو یہاں آئے۔چنانچہ ایک کے بعدایک آتا گیااورامامؑ اس کے منہ میں اپنی انگلی دیتے گئے۔یہاں تک کہ تمام انصارکوسیراب کردیا۔صحابہ آپس میں کہتے تھے کہ آج توہم نے ایسی چیزپی ہے کہ کائنات میں کسی نے نہ پی ہوگی۔اس کے بعد جب امامؑ سے جنگ شروع ہوگئی اور جوکچھ گزرنا تھا گزرگیا تومغرب کے قریب امام حسین علیہ السلام اُٹھ کھڑے ہوئے۔اوراپنے مقتول صحابہؓ کا ایک ایک کرکے نام پکارتے

اورآباواجداد بتاتے جاتے تھے اورشہدؑا یکے بعد دیگرآ کر حاضر ہوتے جاتے تھے۔اور لبیک لبیک کہتے ہوئے آتے تھے اورامامؑ کے گردحلقہ بنا کر کھڑے ہوتے جارہے تھے۔ پھرامام علیہ السلام نے دستر خوان بچھانے کا حکم دیا اور جنت کی نعمتیں دستر خوان پر چُن دی گئیں ۔تب آپ نے کھانے پینے کا حکم دیا اورتمام انصاراور(اہل حرمؑ) نے کھانا کھایا اور جنت کا پانی پیا۔امام جعفرصادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اس واقعہ کو بہت سے کوفیوں نے دیکھا۔اور یہ دومرتبہ کیا گیا تا کہ اہل کوفہ کی عقل متوجہ ہو۔ پھرتمام شہدانے اپنی اپنی سواریوں کا رخ کیااورسب اپنے اپنے شہروں اورگھروں کو چلے گئے ۔گھروں سے پھر جبال رضوی پرسب جمع ہوئے اورمومنین میں سے کوئی بھی آنے سے باقی نہ رہا۔اور جناب امام حسین علیہ السلام نور کے منبر پرتشریف فرما ہوگئے ۔اوراُن کے گردتمام انبیاؑ نے حضرت ابراہیم وموسیٰ وعیسیٰ علیھم السلام نے حلقہ بنایا۔اُن کے پیچھے تمام مومنین کھڑے ہوئے اوراُن کے پیچھے ملائکہ نے صف بنائی ۔اورانتظار کرنے لگے کہ دیکھوامامؑ کیا فرماتے ہیں۔فرمایا کہ یہ حالت بدستوراُس وقت تک برقراررہے گی جب تک امامؑ عصروالزمان ظہورنہ فرمالیں ۔ جبؑ وہ ظہورفرمائیں گےتوامام حسین علیہ السلام کی طرف سے سب شہدؑاومومنین کواُن کی وفاداریوں اور جانفروشیوں کا اجر دیا جائے گا۔ پھرکربلا میں آئیں گے۔اُس وقت نہ کوئی آسمانی مخلوق غائب رہے گی نہ کوئی ارضی مخلوق ایسی ہوگی جوامامؑ کے چاروں طرف حلقہ کرکے نہ کھڑی ہواورجس کواس کا اجر نہ ملے۔'' اسی طرح میں نے دوسری کتابوں میں بھی دیکھا ہے۔وہاں چندلفظی تغیرات ہیں۔مثلاً کہیں اس واقعہ کو تیرہویں محرم کوقراردیا گیا ہےاورکہیں بارہ محرم کولکھا ہے۔''(اکسیرالعبادات۔صفحہ 440)

(6)۔ اس روایت پرکسی تعجب اورحیرانی کی ضرورت نہیں ہے

علامہ دربندی ذرادور چل کر گھبرا گئے ہیں۔حالانکہ وہ بڑاقوی اور مستحکم ایمان رکھنے والے بزرگ ہیں۔مگر ماحول کے علما کے اعتراض اوربکواس کا خیال رکھ کرذراڈھیلے پڑ گئے ہیں۔لیکن جولوگ قرآن وحدیث پرسچ مچ ایمان لائے ہیں اُن کوذرہ برابرتعجب نہ ہونا چاہئے۔اس لئے کہ قرآن سے تمام شہدا کی زندگی اور کھانا پینا اورتمام وہ راحتیں وآسائشیں وصول کرنا ثابت ہے جولفظ رزق میں داخل ہیں۔اورقرآن میں کہیں یہ اشارہ بھی نہیں کہ شہدا اپنے اُسی بدن سے نہیں بلکہ کسی اورقسم کے جسم کے ساتھ زندہ رہیں گے۔اس لئے کہ دوسرے اجسام کودنیاوی رزق کی احتیاج ہی نہیں ہوتی ہے۔ یہ خیالی وقیاسی وشیخ چلی کی باتیں قرآن سے ثابت نہیں ہیں۔البتہ مادی عقل کی رسائی سے یہ باتیں بہت بعید ہیں۔اگر یہ مان لیا جائے کہ کوئی اورمثالی جسم دے دیا گیا تھا تب تو بات ہمارے شعور کے اندرآجاتی ہے۔حالانکہ اس سب کوشعور سے بلند وباہرفرمایا گیا ہے۔ لہٰذا ہروہ تاویل باطل ہے جوشعور کومطمئن کرنے کے لئے ہو۔ہم توحضرت قاسم علیہ السلام کے زفاف اوراولادہونے کے واقعہ سے پہلے متعارف کرا چکے ہیں ۔ یہ دوسری بات ہے کہ شہدؑا دوبارہ دنیاداری کی زندگی کواختیار نہ کریں۔ جنت سے کھانے پینے کی اشیا کا آنا حوارئین عیسیٰؑ کے لئے اگر مانا جاتا ہےتو حضرت فاطمہؑ جوخاتون جنت ہیں اورحسنینؑ جوجوانانِ جنت کے سردار ہیں کے لئے منافق کے علاوہ کون انکار کرے گا؟(مائدہ 5/113)۔اگرحضرت عیسیٰؑ کے شاہد بننے اوراطمینان قلب حاصل کرنے کے لئے حضرت عیسیٰؑ کے صحابہ جنتی نعمتیں دنیا میں مانگتے ہیں اور حضرت عیسیٰؑ یہ کہہ کر مانگتے ہیں کہ آسمانی نعمتیں اس لئے کھلا دے کہ ہمارے اوّل کے لئے بھی عید ہوجائے اور ہمارے آخر والے کیلئے بھی عید ہوجائے (تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا

وَاٰخِرِنَا ۔ مائدہ 5/114)۔تو سوچئے کہ حضرت عیسیٰؑ آخر والا کس کو فرماتے ہیں؟ حضرت مریمؑ اور حضرت فاطمہؑ پر یہ نعمتیں طباق بھر بھر کر پہلے سے نازل ہوتی چلی آئی ہیں (آل عمران 3/37)۔اُن کے بچوں کے لئے لباس آتا رہا ہے۔یہیں یہ سمجھ لیں کہ اسیران اہل حرمؑ کو برابر ایک سال تک مسلسل یہی دسترخوان نصیب رہا۔اس لئے کہ وہؑ اُن ملاعین کا احسان نہ لے سکتے تھے۔جنت ہی سے اُن کا لباس آتا رہا جو ملاعین کو نظر نہ آتا تھا۔

یہ بھی سُن لیں کہ جب یہ مانا جاسکتا ہے کہ عبدالقادر جیلانی کی محفل آج تک لگتی ہے تو اس معاملے میں کسی مسلمان کو کیا تکلف ہوسکتا ہے کہ قیامت تک جناب سیدالشہدؑا کی محفل میں انبیاؑ وملائکہ حاضر رہیں گے؟ تمام اولیاء اللہ نے محمدؐ وآل محمدؐ کی محفلوں کا تذکرہ کیا ہے اور اُن کے غلام آج بھی اُن محفلوں میں باریاب ہوسکتے ہیں۔یہ دوسری بات ہے کہ آپ نے محض لیبل پر مومن لکھ کر گلے میں ڈال لیا ہے۔دل کو مومن بنالو اپنی جان و مال واولاد کو پیش کردو تمہارے لئے اُن کے دروازے کھلے ہیں۔مگر تم نے کافروں،عیسائیوں، یہودیوں اور منکرین خداوندی کے دروازے سنبھال رکھے ہیں اُن ہی کو رازق سمجھتے ہو۔وہ ہی تمہارے مشکل کشا ہیں۔تم نے حقیقی مشکل کشا کو (معاذ اللہ) بُت قرار دیا ہے (علامہ عزیر) اور اُن سے مدد مانگنے کو شرک قرار دیا ہے۔ **لعنة الله علی الکاذبین۔**

(7) لاشۂ امام علیہ السلام کے پامال کرنے میں ناکام کردیا گیا تھا

بار بار عرض کیا گیا ہے کہ واقعات کربلا کے بیانات میں کہیں کہیں صحیح واقعات تک رسائی ناممکن رہی ہے۔کہیں کسی واقعہ کو مختلف لوگوں نے جتنا حصہ دیکھا بیان کردیا۔اس طرح ایک ہی واقعہ کئی صورتوں میں ٹوٹ کر بیان ہوا۔کہیں سرکاری پالیسی نے صورت حال کو بدلنے کی کوشش کی تاکہ واقعہ کی سنگینی کو ہلکا یا غائب کردیا جائے۔چنانچہ لاشۂ سیدالشہدؑا اور دیگر شہدا علیہم السلام کی پامالی کی روایت سرکاری عملہ تو ہرگز بیان نہ کرسکتا تھا۔اِس لئے کہ اِس سے اُن کی بے رحمی اور حیوانیت بڑھ کر سامنے آتی تھی جو وہ نہیں چاہتے تھے۔البتہ یہ روایت کسی ایسے راوی نے بیان کی ہے جو شہادت کے بعد اُس گفتگو اور انتظام کو دیکھتا سنتا رہا جو عمر بن سعد نے پامالی کے سلسلے میں کیا تھا۔اُس ملعون نے اپنی فوج کے دس ملاعین کو منتخب کیا اور اُن کی ڈیوٹی لگادی کہ وہ کل صبح یعنی گیارہ محرم کو لاشۂ امام مظلوم علیہ السلام کو پامال کریں گے۔معلوم ہوتا ہے کہ یہ فیصلہ سننے کے بعد راوی اگلے روز کربلا میں موجود نہیں تھا۔چونکہ وہ یہ دیکھتا رہا تھا کہ عمر بن سعد کے تمام احکام پر ضرور عمل کیا جاتا رہا اور امامؑ پر ہمہ قسمی مظالم بڑی کشادہ دلی سے ہوتے رہے۔اس لئے اُسے یقین رہا کہ پامالی کے حکم پر بھی یقیناً عمل ہوا ہوگا۔لہٰذا وہ یہ روایت بیان کرتا رہا کہ لاشۂ امامؑ پامال کیا گیا تھا۔لہٰذا روایت نے شہرت پائی اور وہ زبانوں اور کتابوں میں محفوظ رہتی چلی آئی اور آج تک ہمارے یہاں بیان ہوتی رہتی ہے۔اور اس حیثیت سے بالکل صحیح ہے کہ عمر بن سعد ملعون اپنی طرف سے تو پامال کراچکا تھا۔یہ دوسری بات ہے کہ اللہ کے انتظام نے اُس ملعون کو نامراد کردیا۔پہلے پامالی والی روایت سُن لیں۔

(8)۔ دس ملاعین کا انتخاب اور پامالی والی روایت

وفی الملھوف ثُمَّ نادی عمر بن سعد فی اصحابه من ینتدب للحسین فیوطئ الخیل ظھره وصدره فا نتدب منھم عشرة وھُم (1) اسحٰق بن ھویّة الذی سلب الحسین علیه السلام قمیصه و (2) اخنس بن مرثد و (3) حکیم بن الطفیل السنبی

و(4) عمر و بن الصبیح الصیداوی و (5) رجاء بن منقذ العبدی و(6) سالم بن خثیمة الجعفی و(7) صالح بن وھب الجعفی و(8) داحظ بن ناعم و (9) ھانی بن ثبیث الحضرمی و(10) اسید بن مالک فداسواالحسین علیه السلام بحوافیرخیلھم حتّٰی رَضّوا ظھره وصدره قال وجاؤ ھٰؤُلاء العشرة حتی وقفوا علٰی ابن زیاد فقال اسید بن مالک احدالعشرة نحن رضضنا الصدر بعدالظھر بکل یَعُبوب شد یدالاسرفقال ابن زیاد مَن انتم فقال نحن الذ ین وطئنا بخیولنا ظھر الحسینؑ حتّٰی طحنّا صدر ه قال امر ھم بجائز ة یسیرة قال ابوعمر والزاھد فنظر فی ھٰؤُلاء العشرة فوجدناھم اولاد الزنا ۔ فھؤلاء اخذھم المختار فشدّ اید یھم وارجلھم بسکک الحد ید واوطاء الخیل ظھور ھم حتّٰی ھلکوا۔(بحارصفحہ 268)(اکسیرالعبادات۔صفحہ 441)

کتاب ملھوف میں ہے کہ پھرعمر بن سعد نے اپنے صحابہ کوآ واز دی اور پوچھا کہ تم میں سے کون کون یہ ذ مہ داری لیتا ہے کہ وہ امام حسینؑ کے سینہ اور کمر کو گھوڑوں کے سموں سے پامال کرے؟ مندرجہ ذیل دس اشخاص نے یہ ذمہ داری لی:۔

(1) اسحٰق بن ھویہ جس نے امامؑ کی قمیض لوٹی تھی (2) اخنس بن مرثد (3) حکیم بن طفیل (4) وعمرو بن صبیح صیداوی (5) رجاء بن منقذ (6) سالم بن خثیمہ (7) صالح بن وھب (8) داحظ بن ناعم (9) ہانی بن ثبیت (10) اسید بن مالک ۔ اُن ملاعین نے لاشۂ مظلوم پرگھوڑے دوڑائے اوراُنکی کمراورسینہ کوکچل کر پامال کردیا۔راوی نے یہ بھی کہا کہ یہ دس آ دمی ابن زیاد کے پاس آئے اوراُن دس میں سے اسید بن مالک نے کہا کہ عشرہ کے دن ظہر کے بعد ہم نے بڑے طاقتور گھوڑوں کی ٹاپوں سے حسینؑ کی کمراورسینہ کوریزہ ریزہ کردیا تھا۔ ابن زیاد نے دریافت کیا کہ تم کون ہو؟ انہوں نے کہا کہ ہم وہ لوگ ہیں جنھوں نے امام حسینؑ کی لاش کو پامال کیا تھا۔راوی کہتا ہے کہ ابن زیاد نے انہیں معمولی سا انعام دینے کا حکم دیا۔ ابوعمر وزاہد نے بتایا کہ جب ہم نے غور کیا تو وہ دس آدمی حرامزادے ثابت ہوئے اورامیرمختار نے اُن دس آدمیوں کوزمین پرلٹایا کیلوں سے ٹھونک دیا پھراُنکے اوپرگھوڑے دوڑائے گئے یہاں تک کہ واصل جہنم ہوگئے۔''

(9)۔ پامالی کی روایت پرتنقیدی نظر

علامہ محمد باقر نے بحار میں اِسی روایت کو پُورا لکھا ہے اوراس کولکھ کر یہ بھی لکھ دیا کہ: ''بنابرروایت کتاب کافی کلینی یہ ہے کہ لاش مطہرکو اشقیاء پامال نہ کرسکے تھے۔اوربعض موانع کی وجہ سے اس ارادۂ فاسد سے بازرہے۔''(ترجمہ بحارصفحہ 269)

یہاں پہلے تو یہ نوٹ کرلیں کہ غالباً علامہ یہ لکھنا اور ماننا پسند نہیں کرتے کہ پامالی روکنے کے لئے ایک شیرآیا تھا۔اس لئے اپنی ذاتی رائے سے حقیقت بیان کرنے کے بجائے ''بعض موانع کی وجہ سے بازرہے''اور چونکہ اُنھوں نے شیعوں کی معتبر ترین کتاب کی روایت نہیں لکھی اور پامال نہ ہونے کوترجیح نہیں دی۔لہٰذا معلوم ہوا کہ علامہ کافی کا اعتبار بھی نہیں کرتے ہیں۔اب اس روایت کودیکھئے کہ یہ روایت پامالی کی ذیل میں یہ واقعہ بروز عاشور بتاتی ہے اورواقعات اوروقت کی تنگی،اس کو غلط ثابت کرتی ہے۔ پامالی کے لئے یہ انتخاب اور پامالی کاعمل درآمد اگر وقوع میں آیا ہوتا تو یہ لوگ خود ابن زیاد کے سامنے انعام کے لئے پیش نہ ہوتے۔ بلکہ قاعدہ وقانون کی رُو سے انہیں ابن سعد پیش کرتا اورانعام دلاتا۔ چونکہ واقعہ پیش نہ آسکا اوراُس میں اُن دس آدمیوں کی نہ خطا تھی نہ کوتاہی اس لئے وہ انعام کے لئے عمر بن سعد سے مایوس ہوکر ابن زیاد کے سامنے پیش ہوئے اور بتایا کہ جناب ہم تو تیار تھے اور ہم نے گویا پامالی انجام دے دی۔لہٰذا

ہمیں ہماری جرأت وآمادگی کا انعام ملنا چاہئے۔ پھراُنہیں معمولی سا انعام ملنا بھی اسی کا ثبوت ہے کہ وہ پامالی کے لئے صرف آمادہ ہوئے تھے۔ پامال نہ کرسکے تھے۔ یہ بھی غور کریں کہ روایت میں یہ ہے کہ جب وہ ابن زیاد کے پاس گئے تو یہ شعر پڑھا۔

نحن رضضنا الصد ر بعد الظهر　　　　بِکُلّ یعبوب شد ید الاسر

''عاشور کے روز ہم نے ظہر کے بعد بڑے طاقتور گھوڑوں کی ٹاپوں سے حسینؑ کے سینہ اور کمر کو پامال کیا تھا۔''

ابن زیاد کے سامنے اور ابن زیاد سے جب یہ شعر کہہ دیا گیا تو اب ابن زیاد کو یہ دریافت کرنے کی ضرورت نہ ہوتی کہ تم کون لوگ ہو؟ (مَنْ انتم ؟)اور نہ انہیں دوبارہ یہ کہنے کی ضرورت ہوتی کہ ہم نے لاشۂ حسینؑ پامال کیا تھا۔ معلوم ہوا کہ راوی صاحب دربار میں موجود تھے اور اُن سے اسید بن مالک نے وہ شعر پڑھ کر غپ ماری اور راوی نے یقین کرلیا کہ پامالی سچ مچ ہوئی تھی۔ پھر اس روایت میں غلط مبالغہ موجود ہے جو اس کو غلط ثابت کرتا ہے۔ سینے اور پشت کو پامال کرنا مبالغہ ہے۔ اگر لاش سیدھی پڑی ہو تو پشت وکمر نیچے اور سینہ اوپر ہوگا۔ لہٰذا سینے پر گھوڑوں کے سم پڑیں گے۔ اور اگر لاش الٹی پڑی ہے تو گھوڑوں کے سم پشت پر پڑیں گے۔ سینہ نیچے رہے گا۔ سینہ اور پشت کو الگ الگ پامال کرنے کے لئے لاش کو پلٹنا ضروری ہوگا۔ جس کا روایت میں ذکر نہیں۔ لہٰذا نہ شانے محفوظ رہیں گے نہ ٹانگیں بچیں گی، اس لئے روایت میں پامالی محض خیالی ہے واقعی نہیں ہے۔

(10)۔ وہ صحیح روایات جو پامالی کی تردید کرکے صحیح واقعہ بیان کرتی ہیں

وفی المنتخب لماقتل الحسین علیه السلام ارادالقوم ان یوطئوہُ الخیل فقالت فضة لِزَینبؑ یاسید تی اِنّ سفینة صاحب رسوؐل اللّٰه کان بمرکب فضربته الریح فتکسّر فسبّح فقذفَهُ البحر الٰی جزیرة فاذا هوباسد فد نی منه فخشی سفینة اَن یاکله فقال یااباالحارث انامولی رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وآله وسلم ـ فهمهمه بین ید یه حتی اوقفه علی الطریق فرکبه ونجا سالمًا وادی اسدًا فی خلف مخیمنا فدعینی امضی الیه فاعلمه بماصانعون غدًا فقالت شانک قالت فمضیتُ الیه فقلت یااباالحارث فرفع راسه ثمّ قلتُ اتدری مایرید ون اَن یعملوا غدًا بابی عبد اللّٰه علیه السلام یرید ون اَن یوطّئوا الخیل ظهره قالت فقام الاسد فمشی حتی وضع یده علٰی جسد الحسینؑ وجعل یمرغ وجهه بد م الحسینؑ ویبکی الی الصباح ـ فلما اصبح بنوامیة اقبلت الخیل یقد مهم ابن الاخنس فلمّانظروا الیه قال لهم عمر بن سعد فتنة لا تثیروهاانصرفوا وانصرفوا۔(اکسیر العبادات صفحہ 441)

کتاب منتخب میں ہے کہ جب امام علیہ السلام قتل کرادیئے گئے تو اس ملعون قوم نے ارادہ کیا کہ لاش امامؑ پر گھوڑے دوڑائے جائیں۔ چنانچہ جناب فضہؑ نے حضرت زینب علیہا السلام سے عرض کیا کہ اے میری سردار سفینہ نامی ایک شخص کشتی میں سوار جارہا تھا طوفانی ہوا نے کشتی کو توڑ دیا۔ سفینہ نے تیرنا شروع کیا یہاں تک کہ سمندر نے اُسے کنارہ پر لاگرایا۔ وہاں کیا دیکھتا ہے کہ ایک شیر موجود ہے۔ اور اسکے بالکل پاس آکر کھڑا ہوگیا ہے۔ سفینہ نے نہایت عاجزی سے کہا کہ اے شیر میں رسولؐ اللہ کے خادموں میں سے ہوں تاکہ شیر کہیں اُسے کھا نہ جائے۔ شیر نے عاجزانہ آواز نکالی اور اپنے اوپر سوار ہونے کا اشارہ کیا۔ چنانچہ سفینہ سوار ہوگیا۔ پھر شیر نے اُسے صحیح وسالم اپنی اِس وادی (جنگل) میں لا اُتارا جو ہمارے خیموں کے پیچھے ہے۔ اگر اجازت دیں تو میں جاکر شیر کو کل کے ارادہ پر مطلع کردوں۔ حضرت زینبؑ

نے کہا کہ بہتر ہے جو تمہیں پسند ہو کرو۔ فضہؑ کہتی ہیں کہ میں چل کر شیر کے پاس پہنچی اور اُس سے کہا کہ اے ابا الحارث کیا تجھے معلوم ہے کہ اس نابکار و نا ہنجار قوم کا ارادہ کیا ہے۔ اُن لوگوں نے طے کیا ہے کہ کل لاشۂ امامؑ پر گھوڑے دوڑا کر اُنکو پامال کر دیا جائے۔ فضہؑ کہتی ہیں کہ یہ سن کر شیر اُٹھا اور چلتا رہا یہاں تک کہ لاش امامؑ پر اپنا ہاتھ رکھا اور خون امامؑ سے اپنے چہرہ کو تر کر لیا اور ساری رات صبح تک روتا رہا۔ جب صبح ہوئی تو بنی امیہ مع گھوڑوں کے آئے، آگے آگے اخنس کا بیٹا تھا۔ جب اُن لوگوں نے شیر کو دیکھا تو ابن سعد نے اُن سے کہا کہ یہ تو ایک فتنہ سامنے ہے۔ واپس چلو اُسے نہ چھیڑو۔ لہٰذا وہ گروہ واپس چلا گیا'' دوسری روایت یوں ہے کہ:۔

امر عمر بن سعد الملعون اَنْ تطؤا الخیل علیه غدًا فسمعتْ جاریة الحسین علیه السلام فحکت لزینبؑ اختهٗ۔ فقالت ماالحیلة ؟ قالت زینبؑ اِنّ سفینة عبد رسولؐ اللّٰه نجاه الاسد علٰی ظهره لما قال له اناعبد رسولؐ اللّٰه وسمعت ان فی هٰذه جزیرة اسد فامضی الیه فقولی له اَنّ عسکر ابن سعد یریدون غدًا یطاؤا بخیولهم ابن رسولؐ اللّٰه فهل انت تارکهم ۔فلما مضیت الیه الجاریة وقالت ماقالتها زینبؑ الٰی قولها فهل انت تارکهم ؟ اشار براسه ۔لا۔ فلما کان الغدا قبل الاسد یازّازّا والعسکر واقف فظنّ ابن سعد انّه جاء یاکل مِن لحوم الموتٰی فقال دعوه نری مایصنع فاقبل یدور القتلٰی حتی وقف علٰی جسد الحسینؑ فوضع یده علٰی صدره وجعل یمرغ خدّه بد مه فیبکی فلم یحبسر اَحَدٌ اَن یقربه فقال ابن سعد فتنة فلا تهیّجوها فانصرفواعنه ۔ هٰکذا ذکر مجیٔی الاسد الی المصرع فی کتب جمع مِن اصحاب المقاتل۔(اکسیر العبادات صفحہ 441)

عمر بن سعد نے حکم دیا تھا کہ کل لاشِ حسینؑ پر گھوڑے دوڑائے جائیں۔ امامؑ کی ایک کنیز نے یہ حکم زینب علیہا السلام سے بیان کیا اور پوچھا اس سے بچانے کی کیا ترکیب کی جائے؟ فرمایا کہ رسولؐ اللہ کا ایک غلام سفینہ نامی تھا جسے ایک شیر نے اپنے اوپر سوار کر کے بچا لیا تھا۔ جب اُس نے کہا اے شیر میں غلام رسولؐ ہوں۔ اور میں نے سنا ہے کہ وہ شیر یہیں اسی جزیرہ میں رہتا ہے۔ لہٰذا تم جاؤ اور اس شیر سے کہو کہ عمر بن سعد کی فوج کل حسینؑ کے لاشہ کو پامال کرنے کا فیصلہ کر چکی ہے کیا تو اُنہیں نہ روکے گا۔ جب کنیز شیر کے پاس پہنچی اور حضرت زینبؑ کا پیغام دیتے ہوئے یہ جملہ کہا کہ کیا تو انہیں ایسا کرنے دے گا؟ تو شیر نے سر ہلا کر کہا کہ نہیں۔ جب صبح ہوئی تو شیر دھاڑتا چنگھاڑتا بڑھتا ہوا میدان جنگ میں چلا آیا۔ اور فوج کھڑی ہوئی تھی۔ عمر بن سعد نے خیال کیا کہ شاید یہ شیر مقتولوں کا گوشت کھانے کے لئے آیا ہوگا۔ اس نے فوج سے کہا کہ اُسے آزاد چھوڑ دو۔ دیکھتے ہیں وہ کیا کرتا ہے۔ چنانچہ شیر مقتولوں کو دیکھتا بھالتا چلا گیا یہاں تک کہ لاشۂ امامؑ پر آ کر ٹھہرا اور اُنکے سینہ پر ہاتھ رکھا اور اُن کے خون سے اپنے گالوں کو رنگین کرنے لگا اور روتا جاتا تھا۔ یہ دیکھ کر عمر بن سعد ملعون نے کہا کہ یہ ایک فتنہ ہے اُسے جوش نہ دلانا۔ اس کے بعد وہ سب چل دیئے اور کسی کو جرأت نہ ہوئی کہ قریب جاتا۔''

اسی طرح تمام اہل قلم نے شیر کی مقتل میں آمد لکھی ہے۔

(11)۔ عمر بن سعد (لعین) نے شیر کو فتنہ کیوں کہا؟ اور فوج نے تیروں سے حملہ کیوں نہ کیا؟

عمر بن سعد بقول اپنے بزرگوں اور بقول سرکاری تاریخ کے ایک ایسے صحابی سعد بن وقاص کا بیٹا تھا۔ جس کو (معاذ اللہ) جنت کی بشارت دے دی گئی تھی۔ اس بات سے یہ تو ماننا پڑے گا کہ عمر بن سعد بن وقاص ملعون، محمدؐ مصطفیٰ اور علیؑ مرتضیٰ کی پوزیشن سے خوب

واقف تھا۔ لہٰذا اُس نے اس شیر کو جنگلی جانوروں اور درندوں میں شمار ہونے والا شیر نہیں سمجھا۔ بلکہ اس شیر کے وجود میں خُدائی ہاتھ نظر آیا اور اس صورت حال کو خدا کی طرف سے ایک خطرناک قسم کی آزمائش یقین کیا اور سوچا کہ اب تیر و تلوار کام نہ دے گی؟ لہٰذا اپنے ارادے سے باز رہنے میں خیریت دیکھی اور چل دیا۔ اس لئے بھی کہ ایک جنگلی جانور یہ تمیز نہیں رکھتا کہ وہ ہزاروں لاشوں میں سے امامؑ مظلوم کی لاش کو شناخت کرلے اور پھر اُن کا خون اپنے چہرہ پر ملے اور روتا رہے۔ اُدھر حضرت زینب علیھا السلام کا بڑے اطمینان سے یہ بتانا کہ شیر وہاں ضرور ملے گا۔ اور شیر کا ملنا، شیر کا آدمی کی بات سمجھنا، سر ہلا کر اپنی منشا بتانا اور حسب وعدہ آ کر اپنا فریضہ انجام دینا بتاتا ہے کہ بی بی علیھا السلام کے والدؑ اور والدہؑ یہیں اس بیابان میں موجود ہیں اور اُن کی مدد کی درخواست کے لئے وہ بھی اور اللہ کی پوری کائنات منتظر ہے۔ یہ سب کچھ بی بی کو معلوم تھا۔ لہٰذا اپنے لئے مدد طلب نہیں کی کہ ابھی امتحان کی منزل سے گزرنا تھا۔ مگر اپنے مظلومؑ بھائی کی بے حرمتی منظور نہ تھی۔ اُن کا امتحان مکمل ہو چکا تھا۔ اُن کے لئے مدد مانگنا غلط نہ تھا۔

(12)۔ حضرت علیؑ کا مظہر العجائب ہونا ہر جگہ پہنچنے کی قدرت کا ثبوت اور فضائل

ثُمَّ لَایخفی علیک اَنَّ فی قضیّة الاسد تحقیقًا ذکره بعض المحققین مِن المحدثین فناتی هٰهُنَا بماذکره وذلک حیث قال واَمَّا حقیقة الامیر المؤمنین علیه السلام فهو النُّور الِالٰهی اَوّل الموجودات کماقالهٗ اخوه وابن عمّه صلوات اللّٰه علیه واهلبیته خُلِقْتُ اَنَا وَعَلِّیّ مِنْ نُورٍواحد وکان بِتِلْکَ الحقیقة المفا ض علیها الصورة النورانیة قبل خلق الموجودات وبهاکان معلمًا لِلملائکة جبرئیلَ ومِن دونه وکان ایضًا مع الانبیآء کماقال علیه السلام کنت مع ابراهیمؑ فی نارالنمرود وجعلتها بردًا وسلامًا وکنت مع موسٰیؑ وعلمتُه التورات ومع عیسٰیؑ وعلمته الانجیل ومع سلیمان وسخّرله المتمردة مِن الشیاطین وعَدَّکثیرًا مِنَ الانبیآء وقال جبرئیل للنبیؐ اَنَّ اللّٰهَ بعث علیًّا مع الانبیآء باطِنًا ومعک ظاهرًا ۔ ثُمّ جَرَی التقد یر بتولد ه وخروجه الٰی هذا الْعَالَم المشاهد المخصوص انیض علٰی تلک الحقیقة النورانیة صور ة بشریة متناسبة لهذا العالم غیراِنَّا لا تقصرها علٰی صورة واحدة بل صورة متعددة متناسبة وغیر متناسبة ۔اَمّا الْاُولٰی فیما روی متوا تر مِن انّه یحضرعند کل مومن وکافر وقت الموت وقد یموت فی اللحظة واحدة الاف مِن الناس وغیرهم فحضوره عند جمیعهم یکون بتلک الصورة المتکثرة المفاضة علٰی تلک الحقیقة وکذلک ما روی انّه کان فی لیلة واحدة ضیفًا عنداربعین من الصحابة۔(اکسیر العبادات صفحہ۔442-441)

واَمّا الثانیة فیما روی و ورد فی واقعة الطفوف مِن اَنّ اَسدًا کان یجیٔی عند قرب اللیل الی تلک الابدان العاریات وکان یتخطّاهاحتی یقف علٰی بد ن سیدٌ نا ومولٰانا سیدالشهدآء روحی له الفداء ویجلس عنده ویقبله ویبکی فقال الجنّ الذ ین کانوا ینوحون علی الحسینؑ فی تلک الفلاة هٰذا الاسد هو ابوه امیرُالمؤمنین ۔ ویظهرمِن ذلک التحقیق ایضًا السِرّالوارد فی انّ الائمة علیهم السلام کان الناس یرونهم عَلَی الصوُر المختلفة والحالات المتفرقة ویظهر منه اسرار کثیرة هذا ولَا یخفی علیک اَنَّ ماذکره هذا السید الفاضل والمحدث الحاذق مِمّا یرجع بعد امعان اِلٰی ماحققنا مرارًا مِن ثبوت المقامات النورانیة لامیرالمؤمنین علیه السلام واولاده المعصومین وتصرفات ارواحهم الطیبة الباهرة ونفوسهم القد سیة القاهرة فی ابدان مثالیة کثیر ة وقوالب برزخیة وفیر ة من غیر فرق فی ذلک بین ایام حیٰوتهم وبین ایام مماتهم وکذابین الزمان التی لم یولد واولم یظهروا فیه فی الاجساد الدُّنیویة والنشاة الشهودیة وبین الزمان الذی والدوا وظهروا فیه فی النشاة الدنیویة ۔نعم انَّ هٰهُنا شیئًا

وھُوَا نه یُستفاد مِن ملاحظة مجموع الاخبار والآثارالواردة فی قضیة الاسد بعد امعان النظروالتامّل فیھا اَنّ الاسدالذّی جاء الی المصرع بدعوة فضّة غیرالاسد الذی کان الجن یقولون انه امیرالمؤمنین وکیف کان ؟ فان مانقله ھذا السید الفاضل والمحدث الحاذق ممایوجد نقله ایضًا فی کلام جمع من العلماء وبقی الکلام فی بیان حال السفینة الذی کان عبد رسولؐ اللّٰه۔(ایضاً)

پھر مومنین سے یہ حقیقت بھی مخفی نہ رہے کہ کربلا میں شیر کی آمد کا قصہ محدثین میں سے بعض محققین نے جس حیثیت سے لکھا ہے وہ ہم یہاں بیان کرتے ہیں۔انہوں نے لکھا ہے کہ امیرالمومنین علی علیہ السلام کی حقیقت حقیقتاً نورِالٰہی ہے نہ کہ مادہ اورجسم وجسمانیات، وہ تمام مخلوق سے پہلے وجود ہیں۔جیسا کہ اُنکے بھائی، چچا کے بیٹے محمد صلوات اللہ علیہ واھلبیتہٖ نے فرمایا کہ مجھے اورعلیؑ کوایک ہی نور سے پیدا کیا گیا تھا۔اس نورانی حقیقت کی بنا پراُنہیں تمام موجودات سے قبل ایک نوری صورت تفویض کی گئی تھی۔اوراُسی نورانی صورت اورجسم کی حالت میں علیؑ نے جبرئیلؑ اوردیگرملائکہ کوتعلیم دی تھی۔اوروہ تمام انبیّا کے ساتھ بطورمعلم رہتے چلے آئے تھے۔جیسا کہ خودعلیؑ نے فرمایا ہے کہ میں حضرت ابراہیمؑ کے ساتھ نمرودوالے آتشکدہ میں بھی تھا اور میں نے ہی آگ کوٹھنڈا اورسلامت رکھنے والا بنایا تھا۔اورمیں حضرت مؤسیٰ کے ساتھ بھی تھا۔میں نے ہی اُن کوتوریت کی تعلیم دی تھی۔میں حضرت عیسٰیؑ کے ساتھ بھی تھا اورمیں نے اُنکوانجیل کی تعلیم دی تھی اورمیں حضرت سلیمانؑ کے ساتھ بھی تھا۔جہاں میں نے جنوں کے سرکش گروہ کوسلیمانؑ کے سامنے مطیع کردیا تھا۔اوراسی طرح بہت سے انبیّا کی گنتی کرتے چلے گئے اورفرمایا کہ جبرئیل نے رسولؐ اللہ سے کہا تھا کہ اللہ نے علیؑ کو باقی انبیّا کے ساتھ خفیہ طورپرمبعوث کیا اورآپکے ساتھ ظاہری جسم سے مبعوث کیا۔چنانچہ ایسا کرنے کیلئے تقدیرجاری ہوئی تاکہ وہ پیداہوکراس مشہودومخصوص عالَم میں ظاہرہوں۔اِسلئے اُنکی نورانی حقیقت کویہ ظاہری جسم کا لباس پہنا دیا گیا تاکہ وہ مناسب صورتوں میں ظہورفرمائیں اورمحسوسات کی اِس دنیا میں بشرکی حیثیت سے بھی موجودرہیں۔اورصورت بشری ہی میں قید ہوکرنہ رہ جائیں۔بلکہ اُنہیں بہت سی مختلف ومناسب اورغیرمناسب صورتوں میں ظہورکی قدرت دی گئی تھی۔مثلاً پہلی تو یہی دیکھیں کہ متواترات سے ثابت ہے کہ حضرت علی علیہ السلام ہرمرنے والے مومن وکافرکے پاس تشریف لاتے ہیں اوریہ ظاہر ہے کہ ہرلمحہ لاکھوں آدمی مرتے ہیں۔لہٰذا اُن سب کے پاس آنا اُن ہی مختلف اورمتعدد صورتوں میں ہوتا ہے جوانہیں عطا کی گئی ہیں اوریہ اسی نورانی حقیقت کی قدرت ہے۔اوراسی طرح یہ بھی ثابت ہے کہ آپ بیک وقت چالیس صحابہ کے یہاں مہمان تھے۔(یہاں علامہ دربندی نے یہ چھوڑدیا کہ عین اسی وقت رسولؐ اللہ کے پاس اورعرش اعظم پربھی موجود تھے۔اورکافی کی روسے ملائکہ کے پاس سے بھی غائب نہ ہوئے تھے)

اورجیسا کہ میدان کربلا میں واقع ہوتا رہا کہ ایک شیرروزانہ رات کواُس میدان میں آتا اوربے گوروکفن پڑی ہوئی لاشوں کو پہچانتا اورامامؑ مظلوم تک پہنچتا تھا۔وہاں جا کرپاس بیٹھ جاتا اورگریہ وزاری کرتا رہتا تھا لاش کوچومتا رہتا تھا۔اورکہا گیا ہے کہ اس جنگل میں امامؑ پرجنات نوحہ وگریہ کرتے تھے۔اُنہوں نے کہا ہے کہ وہ شیرامامؑ مظلوم کے والد امیرؑ المومنین تھے اوراس تحقیق سے یہ بھی ظاہر ہوجاتا ہے کہ آئمہ علیھم السلام کوجوانسان مختلف صورتوں اورمختلف حالات میں دیکھتے تھے وہ بھی یہی قدرت وقوت تھی اوراس سے بہت سے رازکھل جاتے ہیں کہ اس سیداورمحدث اورفاضل نے جوتذکرہ کیا ہے اس سے وہ حقائق بھی ثابت ہوجاتے ہیں جوہم نے باربارلکھے

ہیں۔اور جن سے علی واولادِ علی علیھم السلام کی قوتِ تصرف پر روشنی پڑتی ہے کہ اُن حضرات کی ارواح مقدسہ وپاکیزہ اور اُنکے نفوس مقدسہ اور غالب رہنے والے اجسام بہت سے مثالی جسم رکھتے تھے اور بہت سے برزخی قالبوں کے حامل تھے۔اور جس طرح اور جس صورت میں اور جہاں چاہتے تھے اور جب چاہتے تھے ظہور فرمایا کرتے تھے۔تاکہ متعلقہ ذمہ داریاں بروقت پوری کرتے رہیں۔اور یہ بھی سمجھ لیں کہ یہ آزادی اور یہ تصرفات کسی خاص وقت کے پابند نہ تھے بلکہ حیات ظاہری میں بھی اور ظاہری موت کے بعد بھی اور اسی طرح قبلِ پیدائشِ جسمانی اور بعد جسمانی پیدائش کے بھی اور اسی طرح سے دنیاوی جسم کے زمانہ میں بھی اور جسمانی حالت سے قبل بھی اُن حضرات کو یہ قدرت وتصرفات عملاً حاصل تھے۔ ہاں یہاں ایک اور بات بھی ثابت ہے اور وہ یہ ہے کہ اس سلسلے میں وارد ہونے والی تمام روایات وواقعات پر بحیثیتِ مجموعی نظر ڈالنے سے یہ معلوم ہونے لگتا ہے کہ وہ شیر کوئی اور تھا جو حضرت فضہ کے بلانے سے آیا تھا۔اور وہ شیر جداگانہ تھا۔جس کو جنھوں نے امامؑ کا والد بتایا تھا۔جو راتوں کو آیا کرتا تھا۔اور یہ ہو نہیں سکتا۔جیسا کہ محدث حاذق اور عالم فاضل سید نے اور علما کی ایک جماعت نے ذکر کیا ہے۔چنانچہ وہ شیر جس نے سفینہ کو بچایا تھا اُس کا اور سفینہ کا قصہ تو ابھی باقی ہے جو رسولؐ اللہ کا غلام تھا۔

(13)۔ <u>غلام کا نام سفینہ (یعنی کشتی) کیوں پڑ گیا اور اُس کا قصہ سنئے</u>

فاعلم اَنَّ النبیؐ کان له عبد اسود فی سفر فکان کُلّ مَن اعیی القی علیه بعض متاعه حتی حمل شیئًا کثیرًا فَمَرَّ به النبیؐ فقال انت سفینة وهذا العبد سافر بعد النبیؐ فی البحر فانکسرت السفینة باهلها فخرج هذا العبد الٰی جزیرة من جزائر البحر وحده فمشی ساعة فلقی اسدًا فقال له اَنَا سفینة عبدرسولؐ اللّٰه فاقبل نحوه الاسد واشار الیه ارکب الٰی ظهری فرکب علٰی ظهره فاسرع فی المشی حتٰی آتی به بلدة القریبة فراه الناس علٰی ظهرالاسد فنزل ورجع الاسد۔'' (اکسیر العبادات۔صفحہ 442)

یہ سمجھ لو کہ رسولؐ اللہ کے ساتھ ایک حبشی خادم تھا۔آپ کے ساتھیوں کے پاس جو کچھ سامان تھا اُس پر لاد دیا تھا۔اور وہ بڑی آسانی سے اس بہت سارے سامان کو لے کر رسولؐ اللہ کے ہمراہ چلتا رہا۔تب آنحضرتؐ نے خوش ہو کر فرمایا کہ تم تو اچھی خاصی ایک کشتی ہو۔ بہر حال اُس غلام کو بعد انتقالِ نبیؐ سمندری سفر پیش آیا جس میں وہ کشتی اور اس کے ساتھی ضائع ہو گئے۔اور سفینہ ایک جزیرہ میں جانکلا جو سمندر کے اندر واقع تھا۔کچھ دیر تک سفینہ پیدل چلتا رہا۔اتنے میں اُسے ایک شیر مل گیا اور سفینہ کے قریب آ گیا۔سفینہ نے شیر سے کہا کہ میں رسولؐ اللہ کا غلام ہوں۔ یہ سن کر شیر نے اشارہ کیا کہ تم مجھ پر سوار ہو جاؤ۔ چنانچہ وہ سوار ہو گیا۔پھر شیر بڑی تیزی سے اُسے لے کر چلا یہاں تک کہ ایک شہر آ گیا۔یہاں کے لوگ سفینہ کو شیر پر سوار دیکھ کر بہت حیران ہوئے۔ یہاں پہنچا کر شیر واپس چلا گیا۔

مومنین سوچیں کہ کربلا تو ملک عراق میں تھا۔وہاں سفینہ والا شیر کیوں رہتا تھا۔اُسے تو کہیں سمندر میں ہونا چاہئے تھا۔مگر جس شیر کی بات ہو رہی ہے اور جس شیر کے پاس حضرت فضہ کو بھیجا گیا تھا وہ حلال مشکلات تھا۔اُس کے لئے سمندر اور خشکی کسی جگہ کی پابندی نہ تھی۔جہاں مستحق فریاد کرے وہاں موجود ہونا اُن کے فضل وکرم کا تقاضہ تھا۔

(14)۔ <u>روزانہ شب کو آنے والے شیر کا قصہ بھی سُن لیں</u>

ثم لایخفی علیک اَنَّ قضیة الاسد الذی یقولون الجنّ انّه امیر المؤمنین علیه السلام قد نقلها صاحب المنتخب عن

رجل اسدی علٰی نهج مفصّل وذلک انّه قال کنت زارعًا علی نهرالعلقمی بعدارتحال العسکر بنی اُمیة فرا ئیت عجائب لا اقدر احکی الا بعضه منها انه اذا هبّت الریاح تمرّ نفخات کنفخات المسک والعنبر فاذاسکنتُ اَرَی نجومًا تنزل من السمآءِ الی الارض وترقی مِن الارض الَی السّمآء مثلها وانا منفرد مع عیالِی ولا اری احدًا اسئله عَن ذلک وعند غروب الشمس یقبل اسدًا مِن القبله فادلّی عنه الٰی منزلی فاذا اصبح وطلعت الشمس ذهبتُ مِن منزلی اراہ مستقبلا القبلة ذاهبًا فقلت فی نفسی اَنّ هؤُ لاء خوارج قد خرجوا علٰی عبید اللّٰه بن زیاد فامر بقتلهم واری منهم مالم اره مِن سائِر القتلٰی فو اللّٰه هذه اللیلة لابدّ مِن المساهره لابصرهذاالاسد تاکل مِن هذ ه الجثث ام لَا فلما صارعند غروب الشمس فاذًا به قداقبل فحققتهُ فاذا هو هائل المنظر فارتعدتُ منه وخطر ببالی اِن کان مراده لحوم بنی آدم فهو یقصد نی واناا حاکی نفسی بهذا فمثلته وهو یتخطّی القتلی حتی وقف علٰی جسد کانّه الشمس اداطلعت فبرک علیه فقلت یاکل منه واذا یمرغ وجهه علیه وهو یهمهم وید مد م فقلت اللّٰه اکبر ماهذا الاعجوبة فجعلت احرسه حتی اعتکر الظلام واذا بشموع مُعلّقة مَلَاءَ ت الارض واذا ببکآء ونحیب ولطم مفجع نقصدت تلک الاصوات فاذا هی تحت الارض ففهمت مِن نا ع فیهم یقول واحسیناه واماماه فاقشعرّجلدی فقربت مِن الباکی واقسمتُ علیه باللّٰه وبرسوله مَن تکون فقال انا نساء مِن الجنّ فقلت وماشانکُنَّ فقلن فی کل یوم ولیلة هذا عزآئنا علی الحسیؑن الذ بیح العطشان فقلت هذا الحسینؑ الذ ی یجلس عنده الاسد ؟ قلن نعم ـ اَتعرف هذا الاسدُ ؟ قلت لا ـ قلن هذا ابوہ علیؑ بن ابی طالبؑ ـ (اکسیرالعبادات فی اسرارالشهادات ـ صفحہ 442)

کتاب منتخب میں لکھا گیا ہے کہ ایک اسدی قبیلہ کا شخص بیان کرتا تھا کہ میں نہر علقمہ پر ہل چلا رہا تھا اور یہ قصہ جب کا ہے جب بنی امیہ کی افواج جا چکی تھیں۔ میں نے اُس دوران ایسی ایسی عجیب چیزیں دیکھی تھیں کہ مجھ میں بعض بعض کے علاوہ باقی کو بیان کرنے کی طاقت ہی نہیں ہے۔ مثلاً جب ہوا چلتی تھی تو مقتولوں کے میدان سے مشک وعنبر کی خوشبو آتی رہتی تھی۔ جب میں ذرا ٹھہرا تو میں نے دیکھا کہ آسمان سے ستارے اُس قتل گاہ میں اترتے اور قتل گاہ سے آسمان کی طرف بلند ہوتے ہیں۔ میں چونکہ مع اہل وعیال کے وہاں تنہا تھا اور یہ موقعہ نہ تھا کہ یہ ماجرا کسی سے معلوم کروں۔ سورج غروب ہونے کے وقت میں نے دیکھا کہ ایک شیر قبلہ کی سمت سے آرہا ہے۔ اُسے دیکھ کر میں اپنے گھر کو چلا آیا۔ جب صبح ہوئی اور سورج نکل آیا تو میں اپنے گھر سے نکل کر باہر آیا تو میں نے اس شیر کو قبلہ کی طرف مُنہ کئے ہوئے جاتے دیکھا۔ میں نے دل میں کہا کہ خدایا یہ کہا جاتا رہا ہے کہ کچھ خارجی لوگوں نے عبیداللہ ابن زیاد کے خلاف بغاوت کی تھی اور اس نے ان باغیوں کو قتل کرنے کا حکم دیا اور انہیں قتل کردیا گیا ہے۔ اور میں اِن مقتولوں سے ایسے واقعات کا ظہور دیکھ رہا ہوں جو کبھی کسی اور مقتول کے متعلق نہیں دیکھا گیا ہے۔ خدا کی قسم آنے والی رات کو جاگتا رہوں گا۔ تاکہ میں حقیقتِ حال کو کو دیکھوں اور یہ پتہ لگاؤں کہ وہ شیر ان لاشوں کو کھاتا ہے یا نہیں؟ چنانچہ جب شام ہونے کے قریب ہوئی تو ٹھیک وقت پر شیر آ گیا۔ جب میں نے ٹھیک یقین کرلیا تو میں نے تعاقب کیا تو اچانک شیر کا سامنا ہوگیا۔ میں نے جان کا خطرہ محسوس کیا کہ اگر واقعی وہ آدمی کا گوشت کھاتا ہے تو پہلے مجھے لقمہ بنالے گا۔ میں اسی سوچ میں تھا کہ شیر نے لاشوں کو پہچاننا شروع کیا اور چلتے چلتے ایک ایسی لاش پر رک گیا جو نکلتے ہوئے سورج کی طرح روشن تھی۔ میں نے سوچا کہ شاید وہ شیر اس میں سے گوشت کھائے گا۔ مگر عجیب بات ہوئی کہ اس نے اس لاش کے سامنے سجدہ کیا

اور عاجزی سے گڑگڑایا۔ میں نے کہا اللہ اکبر یہ تو نہایت عجیب معاملہ ہے۔ میں برابر اس کی نقل وحرکات پر نظر جمائے رہا۔ یہاں تک کہ جیسے ہی اندھیرا ہوا روشنی کی شمعیں لٹکنے لگیں کہ سارا بیابان جگمگانے لگا۔ اور ساتھ ہی چاروں طرف سے رونے اور پیٹنے کی صدا بلند ہوگئی۔ میں نے اُن آوازوں سے قریب ہونے اور سُننے کی کوشش کی تو معلوم ہوا کہ آوازیں زمین کے نیچے سے آ رہی ہیں۔ اب میں سمجھا کہ اُن کی فریاد کیا تھی۔ وہ آواز کہتی تھی کہ ہائے حسینؑ اور ہائے ہمارے امامؑ۔ یہ سُن کر میرے رونگٹے کھڑے ہوگئے۔ میں رونے والے کے قریب پہنچا اور کہا کہ میں تمہیں اللہ اور اُس کے رسولؐ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ تم کون لوگ ہو؟ جواب ملا کہ ہم جِنّات کی عورتیں ہیں اور ہم دن رات پیاسا ذبح کر دیئے جانے والے حسینؑ کی عزاداری اور سوگ میں مصروف ہیں۔ میں نے پوچھا کہ کیا حسینؑ وہی ہیں جن کے پاس شیر بیٹھا ہوا ہے۔ جواب ملا کہ ہاں وہی حسینؑ ہیں۔ اور کیا تو جانتا ہے یہ شیر کون ہے؟ میں نے انکار کیا تو بتایا کہ یہ شیر حسینؑ کا باپ علیؑ ہے۔ پس میں بے قرار ہوگیا۔ آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے۔ (فوجعت ودموعی تجری علیٰ خدّی) (اکسیر صفحہ 442)

(15)۔ شہادت کے بعد بھی دردناک مظالم اور شہدا علیہم السلام کی زندگی کی ایک مثال

امام حسین علیہ السلام پر وہ تمام غصہ اُتار دیا گیا جو قوم قریش کو جنگ بدر واُحد وحنین وغیرہ کے قومی مقتولوں کے لئے آیا تھا۔ حسینؑ اور اُن کے اہلؑ وعیالؑ سے وہ تمام بدلے اور انتقام لے لئے گئے جو اللہ، محمدؐ اور علیؑ سے نہ لئے جاسکتے تھے۔ لیکن امام حسینؑ نے بھی قوم قریش کی نقاب نوچ کر ہمیشہ کے لئے اس قوم کا حقیقی چہرہ نوع انسان کو دکھا دیا۔ عربوں کی شرافت؛ اُن کی تواضع ومہمانداری؛ مظلوم کی حمایت؛ پناہ مانگنے والے کو پناہ دینا اور پھر اُس کی حفاظت میں خاندانوں اور قبیلوں کا جان ومال واولاد قربان کر دینا؛ سخاوت وفراخدلی وشجاعت؛ مستورات اور بچوں کی غیر مشروط حمایت وغیرہ کی داستانیں بکواس بنا کر رکھ دیں اور ثابت کر دیا کہ وہ شیاطین سے بھی بدتر ہوتے ہیں۔ نہ اُن کی دنیا کا اعتبار کرنا چاہئے نہ اُن کے دین ومذہب کو قابل اعتماد سمجھنا چاہئے۔ وہ نمازی اور تہجد گزار اور حاجی اور روزہ دار ہوتے ہوئے، قرآن کے حافظ ہوتے ہوئے بھی ہامان وشداد ونمرود وفرعون سے کہیں زیادہ بے رحم، کینہ پرور اور ظالم وخبیث ہوسکتے ہیں۔ اُن کی شکل وصورت اور سیرت پر کبھی بھروسہ نہ کرنا چاہئے۔ وہ سب کچھ ہوسکتے ہیں مگر مومن ومخلص نہیں ہوسکتے۔ اُن کی مائیں خونخوار وغدّار ہوتی ہیں۔ وہ ابلیس کی شرکت سے جنم لیتے ہیں۔ اور شرافت وسخاوت وشجاعت وعلم کے دشمن ہوتے ہیں۔ الغرض امام حسینؑ نے اس قوم کو ننگا کر دیا۔ اُن کی ذہنیت کو صبر وضبط سے اُبھار اُبھار کر کھُل کھیلنے اور انتہائی مظالم کر گزرنے پر مجبور کر دیا اور دکھا دیا کہ یہی وہ ملعون نسل ہے جس پر روز ازل سے اللہ وملائکہ وانبیاؑ اور تمام شریف انسانوں کی لعنت واجب ہے۔ ہماری مجالس، ہماری عزاداری اور تمام رسوم اُسی قوم سے اور اُس قوم کے مخالفین اللہ ومحمدؐ وعلیؑ سے تعارف کے لئے وقف ہیں۔ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم اُس قوم سے انسانوں کو ہوشیار رکھیں۔ اور اس قوم کی شناخت یہ ہے کہ وہ ہم پر مظالم کرے، ہماری رسوم وعبادات واقوال وافعال پر پابندی لگائے۔ یہ قوم مُردوں، ملعونوں اور گلے سڑے لوگوں کا تحفظ کرنا چاہتی ہے۔ اور ہم زندۂ جاوید اور درود وسلام کے حقداروں اور نعماتِ خداوندی فراہم کرنے والے حضراتؑ کی پالیسیوں اور مذہب کی اشاعت کرنے پر مامور ہیں۔ اور اللہ کا فضل ہے کہ ہم قتل عام ہوتے رہنے کے باوجود آج دنیا بھر میں پھیلے ہوئے ہیں۔ اور یہ بھی سُن رکھیں کہ جو صفات حسنہ اور اخلاق عالیہ تمام عربوں کے لئے غصب کر کے مشہور کئے ہیں،

وہ بھی وہ مال ہے جو علیؑ و بتولؑ اور اللہ کے رسولؐ کی اولاد اور اُنکے آباواجداد علیھم السلام سے لُوٹا اور غصب کیا گیا تھا۔ ورنہ اُس قرآنی قوم (فرقان 25/30) کی ذہنیت اور کردار کیلیئے اُس قومی قسم کے مسلمان کو دیکھئے جو کعبہ میں کھڑا ہوا تھا۔

(16)۔ایک راسخ العقیدہ، محسن کش اور اللہ، رسولؐ اور کعبہ سے لپٹا ہوا مسلمان

جس طرح یزید اور اُس کے مسلمان بزرگ وراہنماؤں نے خود کو قابلِ بخشش سمجھا اور اپنے پیروؤں کو سکھایا کہ پابندی سے نمازیں پڑھتے رہو، زکوٰۃ دیتے رہو، روزے رکھتے رہو، حج کرتے رہو۔ اس کے بعد جو بھی کروگے اللہ معاف کردے گا۔ قتلِ حسینؑ اور خاندانِ رسولؐ کا قتلِ عام زیادہ سے زیادہ ایک گناہ کبیرہ تھا۔ اور اللہ گناہ کبیرہ کو معاف کرسکتا ہے۔ اس لئے روزہ نماز وغیرہ کے ساتھ ساتھ یزید کی بخشش کی دعا بھی مانگا کرو۔ اُس پر لعنت بھیجنا خود گناہ ہے۔ اور آج تو یزید پر درود وسلام پڑھنے والے لوگ بھی اِسی راسخ العقیدہ گروہ میں پیدا ہوگئے ہیں۔ ہم پوچھتے ہیں کہ (معاذ اللہ) محمدؐ مصطفیٰ کو قتل کرنا بھی ایک گناہ کبیرہ ہی ہے۔ کیا اس قتل کے بعد بھی بخشش کی امید کروگے؟؟ جواب ہونا چاہئے کیوں نہیں ضرور بخشش کی امید ہے۔ خدا قادر مطلق ہے۔ پھر یہ نمازیں یہ روزے یہ عبادتیں کہاں جائیں گی؟ یہ ضرور کام آئیں گی۔ اس (ملعون) عقیدے والے سنیں کہ:۔

عَنِ المنتخب عن سعید بن المسیّب قال لمَّا استشهد سیدی ومولای الحسین علیه السلام وحجّ الناس مَنْ قَابَلَ دخلتُ علٰی علیٍّ بن الحسینؑ فقلت له یامولایَ قدقُرِبَ الحج فماذا تامرنی ؟ فقال امض علٰی نیّتک فحج فَحَجَجْتُ؛فَبَیْنَما اَطُوْفُ بالکعبة واذًا اتابرجل مقطوع الیدین ووجهه کقطع اللیل المظلم وهو متعلق باستار الکعبة وهویقول اللّٰهمّ ربّ هذا البیت الحرام اغفرلی وماَاَحْسَبک تفعل ولو تشفع سکّان سمواتک وارضیک وجمیع ماخلقتَ لِعَظم جُرمی ۔ قال سعید بن المسیّب فشغلت وشغل الناس عن الطواف۔حتّی حَفَّ به الناس واجتمعنا علیه فقلنا یاوَیلک لوکُنْتَ ابلیس ما ینبغی لک اَنْ تئیس مِنْ رحمة اللّٰه۔ فمن اَنْتَ ؟ وما ذنبک ؟ فبکی وقال یاقوم اَنَا اَعْرَفُ بِنَفْسِی و ذنبی وماجنیتُ ...۔

(اکسیرالعبادات۔صفحہ 443 مسلسل)

کتاب منتخب میں سعید بن میسّب نے بیان دیا کہ جب میرے سردار اور مولا امام حسین علیہ السلام شہید کردیئے گئے۔ اور آنے والے حج کی لوگوں نے تیاریاں شروع کردیں تو میں جناب امام زین العابدین علیہ السلام کے حضور میں پہنچا اور پوچھا کہ حضور حج قریب آ گیا ہے۔ اس سلسلے میں مجھے کیا حکم ہے؟ فرمایا ٹھیک ہے تم اپنی نیت کے ساتھ حج کرلو۔ میں نے امامؑ کے حکم کے مطابق حج کیا۔ جب میں کعبہ کا طواف کررہا تھا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک شخص آیا؛ جس کے دونوں ہاتھ کٹے ہوئے تھے اور اس کا چہرہ ایسا کالا تھا جیسا کہ کسی اندھیری رات کا ٹکڑا ہو۔ اس نے خانہ کعبہ کے پردہ کو پکڑا اور یہ کہنا شروع کیا کہ اَے اللہ اس مقدس گھر کے رب تُو مجھے بخش دے۔ حالانکہ میں یہ نہیں سمجھتا کہ تو مجھے بخش سکتا ہے خواہ میری بخشش کے لئے تمام باشندگانِ آسمان وزمین اور تیری ساری مخلوق مل کر میری سفارش کریں۔ اس لئے کہ میرا جُرم معافی وسفارش سے کہیں بڑا ہے۔ سعید بن میسّب نے کہا کہ میں اور سب لوگ یہ سب کچھ سُنتے اور اپنے اپنے طواف میں مشغول رہے۔ رفتہ رفتہ طواف ختم ہوتا گیا اور لوگ اُس کے چاروں طرف جمع ہوگئے تو ہم نے کہا کہ بندۂ خدا اگر تو ابلیس بھی ہوتا تب بھی تجھے اللہ کی رحمت سے مایوسی کا اعلان نہ کرنا چاہیئے تھا۔ بھلا بتا تو سہی تو کون ہے؟ اور تیرا وہ گناہ کیا ہے؟ اس

پر وہ آدمی رونے لگا اور کہا کہ اَے میری قوم کے لوگو میں خود کو سب سے زیادہ جانتا ہوں اور اپنے گناہ اور کردار پر مطلع ہوں۔

یہاں رُک کر یہ سوچیے کہ حاجیوں کی یہ کثرت سمجھتی اور یقین رکھتی ہے کہ اللہ کی رحمت سے کبھی مایوس نہیں ہونا چاہئے۔یعنی اس راسخ العقیدہ گروہ کے نزدیک کوئی ایسا گناہ ممکن ہی نہیں ہے جسے اللہ رحم کھا کر معاف نہ کر سکے حتٰی کہ اُس کے نزدیک اللہ ابلیس کو بھی بخش سکتا ہے۔ پھر اُس شخص کا عقیدہ یہ ہے کہ اللہ ہرگز اُس کے گناہ کو معاف نہیں کرسکتا خواہ تمام ملائکہ، تمام انبیا و رُسل علیھم السلام اور تمام ارواح مقدسہ اور تمام صالح بندے اور تمام مخلوق سفارش و شفاعت کرے۔گو یہ شخص جہنمی ہے مگر اُس کا عقیدہ صحیح ہے۔ایسے سینکڑوں گناہ ہیں جن کو اللہ ہرگز معاف نہیں کرسکتا۔مثلاً شرک اور مشرک کو اللہ ہرگز معاف نہیں کرسکتا۔وہ اپنے فرمان کے خلاف کوئی کام نہیں کرسکتا۔ ایسا قادر مطلق ماننا جو غلط و باطل کام بھی کر سکے سب سے بڑی بے دینی ہے اور یہی لب لباب ہے قومی یا یزیدی مذہب کا۔رہ گیا رحمت سے مایوس نہ ہونا تو اُس آیت میں رحمۃً سے رحمۃً للعالمین مقصود ہیں۔اور مخاطب وہ حضرات ہیں جو رحمۃً للعالمین کے بندے ہوں۔ورنہ مشرکین و کافرین و کمیونسٹ سب کو ہر حال میں قابلِ بخشش ماننا ہوگا جو قرآن کریم کی رو سے باطل ہے۔(زمر 39/53)

(17)۔ اس ملعون و جہنمی شخص نے لاشہ حسینؑ مظلوم کے ساتھ کیا کیا تھا؟

وَقُلنا له تذكره لنا ـفقال اَنَا كُنتُ جَمّالًا لِاَبى عبد اللّٰه الحسين عليه السلام لماخرج مِن المدينة الى العراق وكنت اراه اذا اراد الوضو لِلصّلوة يصنع سراويله عندى فارى تِكّتّه تغشى الابصار بِحُسن اشراقها وكنت اَتمنّا ها تكون لِى ـاِلٰى اَن صرنا بكربلا وقتل الحسينؑ وهى معه ـ فدفنت نفسى فى مكان مِن الارض ـ فَلَمَّا جَنَّ الليل خرجت مِن مكانى فرايت فى تلك المعركة نورًا لاظلمة ونهارًا لا لَيْلًا والقتلٰى مطرحين علٰى وجه الارض فذكرتُ لجيبى وشفاى التكة فقلت وَ اللّٰه لاطلبَنَّ الحسين عليه السلام ـوارجوااَن تكون التكة فى سراويله فاخذ ها ولم ازل انظر فى وُجُوه القتلٰى حتّٰى آتيتُ الحسينؑ فوجد ته مكبوبًا علٰى وجهه ـ (اکسیر العبادات۔صفحہ 443 مسلسل)

ہم نے اُسے اپنا حال سنانے کیلئے کہا تو اُس نے بتایا کہ جب امام حسین علیہ السلام نے مدینہ سے عراق کا سفر کیا تو میں اُن کا شتربان تھا۔ جب آپؑ وضو کرنے کا ارادہ فرمایا کرتے تھے تو آپ اپنی شلوار میرے پاس رکھا کرتے تھے۔ میں نے اُس شلوار کا ازار بند جو دیکھا تو اُسکی خوبصورتی اور جگمگاہٹ سے میری آنکھیں چکا چوند ہوگئیں۔اور میں اس تمنا میں مبتلا ہوگیا کہ وہ کمر بند میرے پاس ہوتا۔ بہرحال ہم کربلا میں آ پہنچے اور امامؑ قتل ہوگئے اور وہ کمر بند اُنکے ساتھ ہی رہا۔میں نے خود کو ایک جگہ پوشیدہ کر دیا۔اور جب رات کا اندھیرا گہرا ہوگیا تو میں باہر نکلا۔میدان جنگ کی طرف دیکھا تو وہاں نُور ہی نُور بکھرا ہوا تھا اور رات کے بجائے وہاں دن کی روشنی تھی۔ اور مقتول زمین پر بکھرے پڑے تھے۔اُس وقت مجھے اُس کمر بند کیلئے تمنائیں اور بے چینیاں یاد آ گئیں اور میں نے طے کیا بخدا مجھے امام علیہ السلام کی تلاش کرنا لازم ہے۔اور میں یہ آرزو کر رہا تھا کہ خدا کرے وہ کمر بند اُنکی شلوار میں ضرور موجود ہو اور میں اُسے حاصل کرنے میں کامیاب بھی ہو جاؤں۔لہٰذا میں بلا وقفہ مقتولوں کے چہروں کو دیکھتا اور امام حسینؑ کو تلاش کرتا رہا۔ یہاں تک کہ آخر میں اُنکی لاشہ پر پہنچا وہ منہ کے بل پڑے ہوئے تھے۔

(الف)۔ بِلا سَر کی لاش میں حس وشعور باقی تھا

وَهُوَ جُثه بـلاراس ونوره مشرق مرمّل بد مآئه والرِّيّاح سافية عليه ـفقلت هذا و اللّٰه الحسينؑ ـ فنظرت الٰى سراويله كماكنتُ اراهُ فد نوتُ فيه وضربت بيدى الى التكة لاخذ ها فاذاهوقدعقدها عقدًا كثيرة فلم ازل احلّها حتّى حللت عُقدة مِنها فَمَدَّ يَـدَهُ الْيُـمْـنٰى فـقبـض عـلٰى التكة فلم اقد ر علٰى اخذها عنها ولا اصل اليها فد عتنى النفس الملعونة اِلٰى اَن اطلب شيئًا اقطع به يده فوجـدت قـطـعة السيف مطروح فاخذتها وانتكيت علٰى يد ه ولم ازل احزّها حتّٰى فصلتها عن زنده ـثم نحيتُها عن التكة ومددت يدى الَى التكة لِاحلّها فَمَدَّ يَدَهُ الْيُسْرٰى فقبض عليها ـفلم اقد رعلٰى اخذها ـفاخذت قطعة السيف فلم ازل احزها حتٰى فصلتُها عن زنـده ومـددت يـدى الَـى التـكة لاخـذ هـا فـاذا الارض ترجف والسمآء تهتزّواذًا بغلبة عظيمة وبكاء وندآء وقائل يقول واابناه وا مـقتـولاه وا ذبيحاه وا حسيناه وا غربتاه يابُنَىَّ قتلوك وماعرفوك ومِن شرب المآء منعوك ـ فلمّا رايت ذلك صَعَقْتُ و رَمَيتُ نفسى بين القتلٰى واذا بثلثة نفروامرأ ة وحولهم خلائق وقوف وقد امتلأ ت الارض بصورالناس واجنحة الملائكة واذا بواحد منهم يقول يااابناه ياحسينؑ فداك ـ(اکسیر ایضاً)

وہ ملعون بتا تا ہے کہ اُن کی لاش بے سر سے نُور بلند ہو رہا تھا اور وہ خون میں نہائے ہوئے تھے۔ اور ہوائیں مٹی کی خوشبو اُن پر برسا رہی تھیں۔ میں نے یقین کرلیا کہ امام حسینؑ کی لاش یہی ہے۔ میں نے اُن کی شلوار کا وہی انداز پایا جو میں دیکھا کرتا تھا۔ چنانچہ میں قریب ہوا اور کمر بند نکالنے کے لئے کمر بند کو کھینچنا چاہا۔ مگر کیا دیکھتا ہوں کہ امامؑ نے کمر بند میں کئی ایک گرہ لگا رکھی تھیں۔ چنانچہ میں گرہ پر گرہ کھولتا جا رہا تھا کہ جب آخری گرہ کھول لی اور کمر بند نکالنا چاہا تو امامؑ نے اپنا داہنا ہاتھ اُٹھا کر آزار بند کو پکڑ لیا۔ میں نے چھڑانے کی لاکھ کوشش کی مگر ناکام رہا۔ میرے ملعون نفس نے مجھے ایسی چیز تلاش کرنے کا مشورہ دیا جس سے امام کا ہاتھ کاٹا جا سکے۔ تلاش کرنے پر ایک ٹوٹی ہوئی تلوار مل گئی جس سے میں نے کلائی پر سے امام کا ہاتھ کاٹ ڈالا اور اُسے کمر بند سے الگ کر دیا۔ اس کے بعد جب میں نے کمر بند نکالنے کیلئے اپنا ہاتھ بڑھایا تو امامؑ نے بایاں ہاتھ اُٹھا کر کمر بند پر رکھ لیا۔ اور باوجود ہر کوشش کے میں اُن کے بائیں ہاتھ کو بھی نہ ہٹا سکا۔ چنانچہ میں نے تلوار کا ٹکڑا اُٹھایا اور بایاں ہاتھ بھی کلائی کے جوڑ سے جدا کر دیا۔ اور اب جو میں نے کمر بند نکالنے کے لئے ہاتھ بڑھایا تو زمین میں زلزلہ آ گیا اور آسمان ہلنے لگے۔ اور بلند آوازوں میں گریہ وبکا کا شور بلند ہو گیا۔ اور کوئی کہہ رہا تھا کہ ہائے میرے بیٹے۔ ہائے قتل کر کے ڈالے جانے والے۔ افسوس تمہیں ذبح کر کے ڈال دیا گیا۔ ہائے اَے حسینؑ تیرے غریب الدیار ہونے کا ملال ہے۔ اے بیٹے تم پر پانی بند رکھا گیا۔ تمہاری قدر و منزلت کو نظر انداز کر دیا گیا۔ پھر تمہیں قتل کر کے یوں بے دفن چھوڑ دیا گیا۔ جب میں نے یہ حالات دیکھے تو میں باقی لاشوں میں گر پڑا۔ اس کے بعد جو دیکھا کہ تین مرد اور ایک عورت ہے اور اُن کے گرد بہت بھیڑ ہے۔ زمین انسانی صورتوں سے اور ملائکہ کے پروں سے کھچا کھچ بھر گئی ہے اور ایک شخص کہہ رہا ہے کہ اے میرے بیٹے حسینؑ تم پر تمہارا نانا رسولؐ قربان ہو جائے۔ اور تیرا باپ علیؑ اور تیری والدہ فاطمہؑ اور تیرا بھائی حسنؑ قربان ہو جائیں۔ (روایت جاری ہے)

(ب)۔ یہاں امام علیہ السلام کے جسم پر اُن کا سر مبارک موجود تھا

جدّکؐ وابوکؑ وامّکؑ واخوکؑ ـواذاباالحسينؑ قـدجلـس وراسه عـلٰى بدنه وهويقول لَبَّيك ياجدّاه يارسولؐ اللّٰه ويابتاهؑ

یـاامیـرَ الـمؤمنین ویااُمّاهُ یافاطمۃً الزھرآء ویااخاً المقتول بِالسَّمِ علیکم مِنّی سلام ۔ثـم انّـہ بکی وقال یاجدّاہ قتلوا و اللّٰہ رجالنا یـاجـدّاہ سلبـوا واللّٰہ نسآء نا یاجدّاہ نھبوا واللّٰہ رحالنا یاجدّاہ ذبحوا واللّٰہ اطفالنا یاجدّاہ یعزّ واللّٰہ علیک اَن تری حالنا ومافعل الـکفار بِنا واذاھم جلسوا یبکون حولہ علٰی مااصابہ وفاطمۃً تقول یااباہُ یارسولً اللّٰہ اَماتری مافعلت اُمّتِک بولدی اتاذن لِی اَن اخذ مِن دم شیبہ واخضب بہ ناصیتی والقی اللّٰہ عزّوجلّ مُخْتَضِبَۃٌ بِدمِ ولدی الحسینً۔

یہ سنتے ہی امام حسین علیہ السلام اُٹھ کر بیٹھ گئے اور اُن کا سر مبارک اُن کے بدن پر موجود تھا۔ اور وہ فرمارہے تھے کہ اے نانا رسولؐ اللہ، اے باباعلیؑ امیرالمومنین، اے اَماں فاطمہؑ زہراء، اے بھائی زہر سے قتل ہونے والے میرا آپ سب پر سلام ہے۔ پھر امام مظلومؑ نے روتے ہوئے فریاد کی کہ اے ناناؐ خدا کی قسم ہمارے تمام مردوں کو قتل کیا گیا۔ اے ناناؐ اللہ کی قسم ہماری مستورات کو لوٹا گیا۔ اَے ناناؐ قسم بخدا ہمارے خیمے اور رہائش گاہوں میں لوٹ مار مچائی گئی اور کچھ نہ چھوڑا گیا۔ اَے ناناؐ واللہ ہمارے بچوں کو ذبح کردیا گیا۔ اَے ناناؐ آپ کے لئے تو ہمارا حال دیکھنا بھی بہت غم انگیز ہے۔ چہ جائیکہ اُن کے اقدامات کا سامنے سے گزرنا۔ وہ سب بیٹھے ہوئے حسینؑ کے چاروں طرف رو رہے تھے۔ اور گزشتہ حالات پر آنسو بہارہے تھے۔ اور فاطمہؑ کہہ رہی تھیں کہ اَے باباؐ دیکھو آپ کی اُمت نے میرے بیٹے اور اولاد کے ساتھ کیا سلوک کیا ہے۔ کیا مجھے اجازت ہے کہ میں اپنے بیٹے کے سروچہرہ کا خون اپنی پیشانی پر مل لوں اور اس حالت میں اللہ سے ملاقات کروں؟ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 443 مسلسل)

(ج)۔ وہ سروچہرہ زخمی وخون آلودہ تھا۔خون سے مسح

یہاں پھر رک جائیں اور غور فرمائیں کہ امام حسین علیہ السلام کا ایک سر کوفہ میں ہے۔ اور دوسرا سر اِس وقت جسم پر ہے۔ یہ کوئی نقلی یا غیر مادی یا مثالی سر نہیں ہے۔ اُس میں وہ تمام زخم موجود ہیں، خون سے لتھڑا ہوا ہے۔ گردن اُسی طرح تیروں سے چھلنی ہے۔ اور پھر رسولؐ اللہ اور اُن کے ہمراہی اُس خون سے مسح کرتے ہیں۔ حضرت فاطمہ علیہا السلام نے اجازت مانگی کہ میں اپنے بیٹے کے سروچہرہ کا خون اپنی پیشانی پر مل لوں اور اس حالت میں اللہ سے ملاقات کروں؟

وقـال لھا خذی وناخذ یافاطمۃً۔فـرایتھـم یاخذون مِن دم شیبۃ الحسین علیہ السلام وتمسح بہ فاطمۃً ناصیّتھا والنبیؐ وعـلیؑ والحسنؑ یمسحون بہ نحورھم وصد ورھم وایدیھم الٰی المرافق وسمعت رسولً اللّٰہ یقول فَدَیْتُک یاحسینً یعزّواللّٰہ اَن اَرَاک مـقـطـوع الـراس مـرمّـل الـجبینین رَامی النحر مکبوبًا وعلٰی قفاک قد کساک الذراری مِن الرمول وانت طریح مقتول مـفـطـوع الـکـفّیـن بابُنَیَّ مَن قطع یدک یمنٰی وثنی بالیسریٰ ؟ فقال یا جدّاہ کان معی جمّال مِنَ المدینۃ وکان یرانی اذ وضعتُ سَـراویـلی للوضوء فیتمنی اَن تکون تِکتی لہ فما منعنی اَن دفعھا الیہ اِلَّا لَعِلْمِیُ انّہ صاحب ھذہ الفعلۃ ۔ فلما قُتِلْتُ خرج یطلبنی بیـن الـقتلٰی فوجدنی جثّۃ بلاراس فتفَقّد سراویلی فرای التکۃ وکنتُ عقدتھا عقدًا کثیرۃ فضرب بیدہ الی التکۃ فحلّ عقدہ منھا فـمـددت یـدی الیُـمـنٰی فقبضت علَی التکۃ فطلب فی المعرکۃ قطعۃ سیف مکسور فقطع بہ یمینی ثم حلّ عقدہ اخریٰ فقبضت عـلـی التکۃ بیدی الیُسریٰ کیلا یحلّھا فتنکشف عورتی فخّرید ی الیُسریٰ فلما اراد حلّ التکۃ حَسَّ بکً فرمی نفسہ بین القتلٰی فلما سمع النبی صلی اللّٰہ علیہ وآلہ کلام الحسینً بکی بکاءً شدیدًا وآتی اِلَیَّ بین القتلٰی اِلٰی اَن وقف نحوی فقال مالی ومالک

یـاجـمّـال تـقـطع یدین طال ما قبلھما جبرئیلؑ وملائکة اللّٰہ السموات اجمعون تبارک بھااھل السماوات والارضین اَمَاکفاک ماصـنـع بـہ الـمـلاعیـن مِـن الـذلّ والھـون اھتکوا نسائہ مِن بعد الخدود وانسلال الستور سوّد اللّٰہ وجھک یاجمال فی الدنیا والاخرۃ وقـطـع الـلّٰـہ یـدیک وجعل فی حزب من سفک دمآئنا وتجرء علی اللّٰہ فما استتم دعائہ حتّٰی شلّت یدی وحَسَّسْتُ بـوجھی کانہ البس قطعًا من اللیل مظلمًا وبقیت علٰی ھذہ الحالة فجئتُ الٰی ھذا البیت استشفع وانا اعلم انّہ لایغفرلی ابدًا۔فلم یبق فی مکة احدٌ الاوسمع حدیثہ وتقرّب الی اللّٰہ بلعنتہ وکلٌّ یقول حَسْبُکَ ماجنیت یالعین۔(اکسیر صفحہ 443 تا 444)

رسولؐ اللہ نے فرمایا کہ بیٹی تم بھی مَلو اور ہم سب بھی حسینؑ کا خون مَل کر جائیں گے۔ چنانچہ وہ ملعون راوی کہتا ہے کہ میں نے دیکھا کہ اُن سب نے امامؑ کے سر و چہرے سے خون لیا۔ اور حضرت فاطمہؑ نے اپنی پیشانی پر مَلا اور نبیؐ و علیؑ و حسنؑ نے اپنی گردنوں اور سینوں پر وہ خون مَلا اور وضو کی جگہ ہاتھوں پر اور کہنیوں تک مَل لیا۔ اور میں نے سُنا کہ رسولؐ اللہ فرمارہے تھے کہ اے بیٹے میں تم پر قربان ہو جاؤں خدا کی قسم مجھ پر بہت شاق گزر رہا ہے۔ تمہارا سر بریدہ ہونا، پیشانی کا خون آلود ہونا، گردن کا تیروں سے زخمی ہونا اور تمہارا پس پشت سے ذبح کیا جانا۔ اور اس طرح دھول میں اَٹے ہوئے ہونا۔ اور تمہیں ہتھیلیاں کاٹ کر قتل کر کے یوں چھوڑ دیا جانا دفن تک نہ کیا گیا۔ بیٹے یہ بتاؤ کہ تمہارے دونوں ہاتھ کس ظالم نے کاٹ ڈالے؟ امام مظلومؑ نے عرض کیا کہ اے نانا مدینہ سے میرے ساتھ ایک ساربان آیا تھا۔ جب میں وضو کے وقت اپنی شلوار اتار کر اس کو دیا کرتا تھا تو وہ اُس کمر بند کو دیکھتا اور اس کی تمنا تھی کہ وہ اُسکے پاس ہوتا۔ جس چیز نے مجھے وہ کمر بند اس کو دینے سے روکا وہ میرا وہ علم تھا جس میں اُس کا یہ فعل نظر آتا تھا۔ جب میں قتل ہو گیا تو یہ مجھے مقتولوں میں تلاش کرتا ہوا آیا اور مجھے سر بریدہ حالت میں بے کس و بے بس سمجھا اور اس نے میری شلوار میں وہ کمر بند موجود پایا۔ اس کو نکالنے میں وہ گرہ رکاوٹ بنیں جو میں نے کئی ایک لگا رکھی تھیں۔ بہر حال اس نے گرہ کھول لی اور جب وہ کمر بند نکالنے لگا تو میں نے داہنے ہاتھ سے اُسے پکڑ لیا۔ اُس نے میدان جنگ سے ایک ٹوٹی ہوئی تلوار تلاش کی اور اس سے میرا داہنا ہاتھ کاٹ ڈالا۔ پھر آخری گرہ کھول کر چاہتا تھا کہ کمر بند نکال لے تو میں نے بائیں ہاتھ سے کمر بند پکڑ لیا تا کہ میں برہنہ نہ ہو جاؤں تو اُس نے میرا بایاں ہاتھ بھی کاٹ دیا اور چاہتا تھا کہ کمر بند نکال لے۔ لیکن اُس نے آپ کی آمد محسوس کر لی اور خود کو مقتولوں میں چھپا دیا۔ جب رسولؐ نے حسینؑ کا یہ بیان سنا تو وہ بہت بے قرار ہو کر روئے اور مقتولوں میں میرے پاس آ کر رک گئے اور کہا کہ یہ میں سن کر آیا ہوں، ارے ملعون تجھے کیا ہو گیا تھا تُو نے اُن دونوں ہاتھوں کو کاٹ دیا جن کو جبرئیلؑ اور آسمانی فرشتے بہت بہت دیر تک چومتے رہتے تھے۔ اور جن کی وجہ سے اہل آسمان اور اہل زمین برکت حاصل کرتے تھے۔ کیا تجھے وہ مظالم کم معلوم ہوئے جو ملاعین پہلے ہی کر چکے تھے۔ ہر قسم کی ذلت پہنچائی، توہین کی اور اہل حرم کی بھی ہتک حرمت کی، اُن کو لوٹا گیا، بے پردہ کیا گیا اس کے باوجود تُو نے بھی رعایت نہ کی۔ ارے ملعون خدا دُنیا و آخرۃ میں تیرا مُنہ کالا کرے۔ تیرے دونوں ہاتھ کاٹ ڈالے اور تجھے اُن لوگوں کے ساتھ شامل کرے جنہوں نے ہمارا خون بہایا۔ ابھی حضورؐ کی دعا ختم بھی نہ ہوئی تھی کہ میرے دونوں ہاتھ شل ہو گئے۔ میرا چہرہ اندھیری رات کی مانند کالا ہو گیا اور میں اِس حالت میں رہتا چلا آ رہا ہوں۔ اَب خانہ کعبہ میں معافی مانگنے آیا ہوں۔ حالانکہ میں جانتا ہوں کہ اللہ مجھے ہرگز معاف نہ کرے گا۔ چنانچہ مکہ میں کوئی ایسا شخص نہ بچا جس نے

اس شخص کا یہ قصہ نہ سُنا ہو اور اُس نے اُس پر لعنت بھیجنے میں اللہ کی خوشی نہ سمجھی ہو۔ اور ہر شخص اُس سے کہتا تھا کہ اے ملعون جیسا کیا ویسا بھگت۔ سچ ہے جیسی کرنی ویسی بھرنی۔

(18)۔ امام حسینؑ کا سر مبارک رسولؐ اللہ نے کوفہ سے کیسے منگایا؟

اسی روایت کو کتاب تاج الملوک میں بھی لکھا گیا ہے وہاں یہ وضاحت بھی ہے کہ:۔ واذا بـالـنّبـی صـلـی اللّٰه علیه و آله قد مَدَّ یده اِلٰی نـحـوالکوفة فمارِدّ ھاالّا وفیھا راس الحسینؑ فرکبه عَلَی الجسد و اجلسه فو اللّٰه الذی لا اِلٰهَ الا ھو لقد خلته کانّه لم یذ بحه الشمر فلمّا رای جدّه نادی السلام علیک یاجدّاه فرَدّ علیه السلام۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 444)

کیا دیکھتا ہوں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ نے اپنا ہاتھ کوفہ کی سمت میں بلند کیا اور اُس وقت تک ہاتھ بلند رکھا جب تک امام حسین علیہ السلام کا سر مبارک ہاتھ میں نہ آ گیا۔ پھر اسے امامؑ کے جسم میں لگا دیا خدا کی قسم جس کے سوا کوئی اور معبود نہیں ایسا معلوم ہوا کہ گویا شمر نے امامؑ کا سر کاٹا ہی نہ تھا۔ پھر رسولؐ اللہ نے امامؑ کو بٹھا دیا۔ جیسے ہی امامؑ نے دیکھا تو کہا السلام علیک یا نانا جان۔ رسولؐ نے سلام کا جواب دیا۔

(19)۔ رسولؐ اللہ و دیگر انبیاؑ لاشؑ مبارک پر بار بار آتے رہے

قـال ابـومـخـنف قـال الـطـرمـاح بـن عدی کنت فی واقعة کربلا وقد وقع فِیَّ ضربات وطعنات فاثخننی بالجراح فلو حـلـفتُ صادقًا اِنّی کنت نآئما اذا رایت عشرة فوارس قداقبلوا وعلیھم ثیاب بیض یفوح منھم روائح المسک فقلت فی نفسی یـکـون ھـٰذا عبید اللّٰه بن زیاد قداقبل لِطِمَّ جسدالحسینؑ فَرَائیتم حتی نزلوا عَلَی القتلٰی ثمّ اَنَّ رجُلًا منھم تقدّم الٰی جسد الحسیؑن فـجـلـس قـریبًـا منه ومَدَّ یَدَهُ الٰی نحو الکوفة فاذًا براس الحسینؑ اقبل من نحوالکوفة فرکبه علی الجسد فعاد کما کان باذن اللّٰه فـاذا ھـو رسـولؐ الـلّٰـه ثم قال یاولدی قتلوک اتراھم ماعرفوک ومِن شرب المآءِ منعوک ثمّ التفت الٰی مَن کان معه وقال یااَبی آدٰم ویـاابـی نـوؑح ویـاابـی ابـراٰھـیـم ویـااخی موسٰی ویاعیسٰیؑ أَ ترونَ ماصَنَعَتْ اُمّتِی بولدی من بعدی لااَنَا لھم اللّٰه شفاعتی یوم القیامة ۔(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔صفحہ 447)

علامہ ابومخنف نے لکھا ہے کہ طرماح بن عدی نے بتایا کہ میں واقعہ کربلا میں موجود تھا۔ اور تلواروں اور نیزوں کے زخموں سے نڈھال پڑا تھا۔ اگر قسم کھانا ضروری ہو تو میں حلفیہ کہتا ہوں کہ میں نیند کے عالم میں تھا کہ کیا دیکھتا ہوں دس آدمی سفید لباس میں گھوڑوں پر سوار چلے آ رہے ہیں۔ میں سمجھا کہ یہ عبیداللہ ابن زیاد کی پارٹی ہوگی شاید امام حسینؑ کو دفن کرنے کیلئے آئے ہوں۔ میں دیکھتا رہا یہاں تک کہ وہ لوگ مقتولوں کے پاس آ کر گھوڑوں سے اُتر پڑے اور اُن میں سے ایک شخص آگے بڑھا اور امامؑ کی لاش کے قریب بیٹھ گیا اور کوفہ کی طرف اپنا ہاتھ بلند کیا۔ میں نے دیکھا کہ کوفہ کی طرف سے امامؑ کا سَر آ گیا اور اُس شخص نے اُسے امامؑ کے جسم سے ملایا تو وہ بحکم خدا ویسا ہی ہو گیا جیسا پہلے تھا۔ یہ بزرگ رسولؐ اللہ تھے انہوں نے فرمایا کہ اے بیٹے تیری قدر نہ کی گئی بلکہ تجھے پیاسا قتل کیا گیا۔ پھر اپنے ساتھیوں سے مخاطب ہُوئے اور فرمایا اے بابا آدمؑ اور اے بابا نوحؑ اور اے بابا ابراؑ ہیم اور اے بھائیو موسٰیؑ وعیسٰیؑ کیا تم نے یہ دیکھ لیا کہ میرے بعد میری اُمت نے میرے فرزند کے ساتھ کیا سلوک کیا ہے؟ اللہ اِن لوگوں کو میری شفاعت سے قیامت میں محروم رکھے گا۔

(20)۔ اس سلسلے میں آخری گزارش

شہادت سیدالشہد اعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد کبوتروں اور دیگر پرندوں کا غم والم منانا۔خون میں نہا کر مختلف مقامات پر جانا، شہادت کی اطلاع دینا،خون مظلومؑ سے معجزات کا نمودار ہونا۔ جنات کے نوحے وغیرہ ہزار ہا ایسے واقعات وحالات ہیں جن کو کسی ایک کتاب میں سمیٹنا ممکن نہیں ہے۔ چونکہ ہم صرف وہ حالات وواقعات لکھنا چاہتے ہیں جن میں سرکاری قسم کے علما نے کتر بیونت کی ہے یا اختلاف پیدا کئے ہیں۔اس لئے شہادت کے بعد وقوع میں آنے والے باقی حالات سے صرف نظر کرتے ہیں اور جو کچھ ہمارے علما نے لکھ دیا ہے اُسی کو کافی سمجھتے ہیں۔ یہ اصول یاد رکھنا لازم ہے کہ ہر وہ بات غلط ہے جس میں معصومین علیھم السلام کی توہین محسوس ہو۔جس میں اُنہیں عام انسانی جذبات سے مغلوب دکھایا جائے۔جس میں اُن سے بھول، چوک (ترک اولیٰ) خطا اور غلطی یا شک وشبہ سے ملوث کیا جائے۔جس میں انہیں سہولت پسندی، سرمایہ داری اور آسودہ حالی میں مبتلا دکھایا جائے۔اگر اِن چیزوں کا شائبہ نہ ہو تو ہر بات قبول کی جاسکتی ہے ورنہ نہیں۔(احسن)

(21)۔ شہدائے کربلا کے دفن پر چند بیانات وشہادات

فـاعْلِمْ اَنَّہٗ ذکر بعض الثقات اَنَّہٗ روی السید نعمۃ اللّٰہ الجزائری فی کتاب مدینۃ العلم عن رجالہ عن عبد اللّٰہ الاسدی انہ قـال وکـان الٰی جـنـب الـعـلـقـمـی حیٌّ من بنی اسد فَتَمَشَّتُ نسآء ذلک الحیّ اِلٰی معرکۃ فَرَاَوَاجُثث اولاد الرسولؐ وافلا ذحشـاشۃ الـزھـرًا ء البتول واولادعلیؑ امیرالمؤمنین فحل الفحول وجُثّث اولاد ھم فی تلک الاصحاروھا تیک لقفار تشحّب الـد مآء مِن جراحا تھم کانّھم قتلوا فی تلک الساعۃ فتد اخل النسآء من ذلک تمام العجب فابتدرن الٰی حَیّھن وقلن لازواجھن مـاشـاھدنہ ثم قلن لھم بماذاتعتذرون مِن رسول اللّٰہ وامیرالمؤمنین وفاطمۃ الزھراء علیھم السلام اذاورد تم علیھم ؟ حیث اَنّکُمْ لَمْ تـنـصـروا اولادہ ولادافعتم عنھم بضربۃ سیف ولا بطعنۃ رمح ولا بحذ فۃ سھم ؟ فقالوا اِنَّا نخاف بنی امیۃ وقد لحقتھم الذلۃ وشملتھم الندامۃ مِن حیث لَا تنفعھم وبقین النسوۃ یجلن حولھم ویقلن لھم اِنْ فاتتکم النصر ۃ تلک العصا بۃ النبوّیۃ والذّب عن ھا تیک الشنشنۃ العلیۃ العلویۃ ۔فـقوموا الان الٰی اجسادھم الزکیۃ فواروھا؛ فانّ لعین ابن سعد قد واری اجسادمَن ارادمواراتہ مِـن قـومـہ فبـادرواالٰـی مـوارات اجسـادآل رسـولؐ الـلّٰـہ وارفعوا عنکم بذ لک العار فماذا تقولون اذقالت العرب لکم انّکم لَنْ تـنـصـروا ابـن بـنـت نبیّکم مع قربہ وحلولہ بنادیکم؟ فقوموا واغسلو ا بعض الدرن منکم ۔قالوانفعل ذلک ۔فـاتوا اِلَی المعرکۃ وصـارت ھـمتھـم اَوّلًا اَنْ یـواروا جثّۃ الـحسیـنؑ ثـم الباقین فجعلوا ینظرون الجثث فی المعرکۃ فلم یعرفوا جُثّۃ الحسینؑ مِنْ بَیْنَ تلک الجثث لانّھا بلارؤس وقد غیّرتھا الشموس ۔ فبیـنا ھم کذ لک واذابفارس مقبلٍ الیھم حتّٰی اذاقاربھم قال مابالکم؟ قالوا انّـا آتیـنـا لنواری جثۃ الحسینؑ وجثث ولدہ وانصارہ ولَمْ نعرف جثۃ الحسینؑ۔ فـلـما سمع ذلک جنَّ وَاَنَّ وجعل ینادی وا ابتاہ واباعبدَ اللّٰہ لیتک حاضرًا وترانی اسیرًا ذلیلًا ثُمَّ قال لھم انا ارشدکم الیہ فنزل عَنْ جوادہ وجعل یتخطی القتلی فوقع نظرہُ علٰی جسـدالـحسیـنؑ فـاحتضنہ وھویبکی ویقول یاابتاہ بقتلک قرّت عیون الشامیون یاابتاہُ بقتلک فرحت بنی اُمیّۃ۔ یاابتاہ بعدک طال حزننا یاابتاہ بعدک طال کربنا۔

قـال ثُـمَّ اَنّـہ مشٰـی قـریبًـا مِـن مـحل جثتہ فاھال یسیرًا من التراب فبان قبر محفورولحد مشقوق فنزّل الجثۃ الشریفۃ

دواراها فی ذلک المرقدالشریف ۔کما هو الآن قال ثمّ انه جعل یقول هذافلان وهذا فلان والاسد یون یوارونه فلما فرغ مِنُهم مشٰی الٰی جثة العباسؑ بن امیرؑالمؤمنین فانحنی علیها وجعل ینتحب ویقول یاعماه لیتک تنظر حال الحرم والبنات وهنّ تنادین وا عطشاه وا غربتاه۔ ثم امربحفرلحده وواراه هناک۔

ثُمَّ عطف علٰی جثث الانصار وحفره حفیرة واحدة وواراهم فیها الاحبیب بن المظاهر حیث ابی بعض بنی عمه ذلک ودفنه ناحیة عن الشهدآء ۔قال فلما فرغ الاسد یون مِن مواراتهم قال لهم هلموا النواری جثة الحُرؑ الریاحی ۔ قال۔ فتمشی وهم خلفه حتّی وقف علیه وقال اماانت فقد قبل اللّٰه توبتک وَذادَ فی سعادتک ببذ لک نفسک امام ابنؑ رسولؐ اللّٰه قال ۔واراداالاسد یون حمله اِلٰی محلّ الشهدآء فقال لَابل فی مکانه فاروه ۔ قال فلما فرغوا مِن موراراته رکب ذلک الفارس جواده فتعلق به الاسد یون فقالوا اله بحق مَن واریتَهٗ من انت ؟ فقال انا حجة اللّٰه علیکم انا علیؑ بن الحسیؑن جئت لاواری جثة ابی ومَن معه مِن اخوانی واعمامی واولاد عمومتی وانصارهم الذین بذلوا مهجهم دُونه والان اناراجع الٰی سبحن ابن زیاد واماانتم فَهَنِیًّا لکم لاتجزعوا اذا تضاموا فینا۔ فودّعهم وانصرف عنهم وامّا الاسد یون فانّهم رجعوا مع نسآء هم الی حیّهم انتهٰی۔
(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 456 تا457)

جاننا چاہئے کہ بعض نہایت معتبر حضرات نے بیانات دیئے ہیں۔ چنانچہ جناب علامہ سید نعمت اللہ جزائری رضی اللہ عنہ نے بھی اپنی کتاب ''مد ینة العلم ''میں اپنے پسندیدہ راویوں سے اورعبداللہ اسدی کی زبانی لکھا ہے کہ وہ کہتا تھا کہ نہر علقمہ کی ایک جانب قبیلہ بنی اسد کی ایک عارضی بستی تھی۔ وہاں سے کچھ عورتیں میدان کربلا کی طرف آنکلیں۔ وہاں اُنہوں نے اولا د رسولؐ کے مقتول لاشے اور فاطمہ زہرؑاء اورعلیؑ مرتضٰی کی اولاد کے تڑپتے ہوئے اعضا اور جوانوں اور بچوں کے ایسے بدن دیکھے جن سے ابھی تک خون رِس رہا تھا۔ گویا وہ ابھی ابھی قتل کئے گئے ہوں۔ یہ حیران کن صورتِ حال دیکھ کر اُن کو بہت تعجب ہوا۔ وہ جلدی جلدی اپنی بستی میں آئیں اور اپنے شوہروں سے جو کچھ دیکھا بیان کیا۔ اور کہا کہ تم رسولؐ اللہ، امیرؑ المومنین اور فاطمۃؑ الزہراء کے سامنے جاوٴ گے تو تم لوگ اُن کے سامنے اس کا کیا عذر کرو گے کہ تم نے اولا د رسوؐل کی مدد کیوں نہ کی؟ کیوں تم نے اُن پر برسنے والی تلواروں اور تیروں کا دفاع نہ کیا، نہ انہیں تیروں کے حملے سے بچایا؟ اُن کے شوہروں نے کہا کہ ہمیں بنی امیہ کی طرف سے تباہی کا خطرہ تھا۔ عورتوں کی طعنہ زنی پر انہیں حد بھر ندامت اور ذلت محسوس ہورہی تھی۔ مگر اُن کے عذرات عورتوں کو مطمئن نہ کر سکے۔ وہ برابر انہیں گھیرے رہیں اور برابر تقاضہ کرتی رہیں کہ چلو مان لیا کہ تم خانوادہ نبوؐت کی نصرت سے قاصر رہے اور تم نے کسی وجہ سے بھی فطرت وظہور علویة کا دفاع نہ کیا مگر اب کیا بہانہ ہے؟ اُٹھو چلو فوراً اُن کے مقدس اجسام واعضا کو زمین میں پوشیدہ کرو۔ عمر بن سعد ملعون نے اپنی قوم کی لاشوں کو تو دفن کر دیا لیکن خاندان رسولؐ کے شہیدوں کو چھوڑ دیا۔ ذرا سوچو کہ عرب کے لوگ تمہیں کیسی ملامت کریں گے کہ تم لوگوں نے قریب ہوتے ہوئے نہ اُن کی نصرت کی نہ رسوؐل کی بیٹی کی اولاد کو غسل وکفن دیا۔ لہٰذا اٹھو اور عمر بھر کی طعنہ زنی سے بچو اور اپنے قصور کی گندگی کو جس قدر ہو سکے دھوڈالو۔

وہ لوگ آمادہ ہو گئے مقتل میں جا پہنچے اور چاہا کہ سب سے پہلے امام حسین علیہ السلام کے جسم مبارک کو دفن کریں اور اُنکے بعد باقی حضرات کو ترتیب وار دفن کریں گے۔ مگر لاشوں میں تلاش کرنے کے باوجود لاشِ حسینؑ کو شناخت نہ کر سکے۔ اور سبب یہ تھا کہ تمام

شہداء کے لاشے بلاسروں کے پڑے تھے۔علاوہ ازیں زخموں اورخون اورمٹی نے لاشہ ہائے مقدسہ کومتغیر کر دیا تھا۔وہ اسی فکروکوشش میں مبتلا تھے کہ انہیں ایک سوار آ تا ہوادکھائی دیا۔ جب وہ قریب آیا تو اُس نے کہا کہ تم لوگ کیا کرر ہے ہو؟ جواب دیا کہ ہم امؑام کودفن کرنا چاہتے ہیں اوراُنکے بعداُنؑ کےعزیزؑوں اورانصاؑرکودفن کرنا ہےمگرہم اُنکو پہچاننے میں قاصر ہیں ۔ یہ سنا تو اُس نوجوان نے پکارناشروع کیا کہ اے بابؑا جان آپؑ کہاں ہو؟ اے علیؑ اصغر کے چاہنے والے آپؑ کدھر ہو؟ کاش آپؑ مجھے دیکھتے کہ میں اسیری اورذلت کی حالت سے یہاں آیا ہوں ۔امام زین العابدینؑ اپنے گھوڑے سے اُترے پھراُن لوگوں سےفرمایا کہ اس معاملہ میں میں تمہاری راہنمائی کرونگا۔ اب اُنؑ کی نظرامام حسینؑ کےجسم پر جاٹکی ، جاکرسینہ سے لپٹ گئے اورروتے جاتے تھے اورکہتے جاتے تھے کہ ہائے بابؑا آپؑ کوقتل کرکے اہل شام کی آنکھیں ٹھنڈی ہوگئیں لیکن ہمارے سروں پرمصائب ٹوٹ پڑے۔ہائے اباجان آپؑ کےقتل سےاُمیہ کی اولادکوبڑی مسرت ہوئی لیکن ہمارےقلوب میں زخم پڑ گئے۔

راوی کہتا ہے کہ پھر امامؑ لاشہ ٔحسینؑ کے قریب ذراسی دُور گئے اورایک جگہ سےتھوڑی سی مٹی ہٹائی تووہاں ایک تیارقبرمعہ لحد کےنکلی۔ چنانچہ حضورؑ کےجسم مبارک کوقبرمیں اتارااورمٹی دے دی ۔ وہ قبرآج تک وہیں ہے ۔ پھرآپ نے ایک ایک لاش کو بتانا شروع کیا اوراسدی لوگ سب کو دفن کرتے گئے ۔جب اُن سے فارغ ہوئے توحضرت عباسؑ کی لاش پر پہنچے اورجھک کرتعظیم کرتے ہوئےفرمایااے چچاجان ! آپ نے اہل حرمؑ اورننھے ننھےبچوں کی وہ فریادیں توسُنی ہوں گی جووہ پیاس کی شدت سے کرر ہے تھے۔دیر تک فریاداورچیخوں کے بعدآپ نےقبرکھودنے کاحکم دیااورچچاعباسؑ کودفن کیا۔

پھرآپ لاشہائے انصارؑ کے پاس آئے اورسب کے لئے ایک بڑی قبرتیارکراکےانہیں ایک حال میں اورایک جگہ دفنایا۔البتہ حبیبؑ ابن مظاہر کے چچازادوں میں سے کچھ لوگ مانع ہوئے توانہیں باقی انصارؑ سے الگ کرلیااورشہدؑا کےقرب ہی میں دفنادیا گیا۔ راوی نے کہا کہ جب اسدی حضرات اُن سب کےدفن سے فارغ ہوچکےتوامامؑ نےفرمایا کہ میرے ساتھ آؤ تا کہ ہم جناب حُرؑ کی لاش کو بھی دفن کردیں ۔ پھرکہتا تھا کہ یہ پوری جماعت مع امامؑ وہاں پہنچی تو امامؑ لاش کے پاس کھڑے ہوگئے اورفرمایا کہ مبارک ہواللہ نے نہ صرف تمہاری توبہ قبول کرلی بلکہ تمہاری سعادتمندی میں بھی بہت اضافہ کردیا۔اس لئے کہ آپ نے امامؑ کے حضور میں اپنی جان بڑی فراخدلی سےقربان کردی۔اسدیوں نے ارادہ کیا کہ حُرؑ کی لاش کواُٹھاکر باقی شہدؑا کے پاس لے چلیں مگرامامؑ نےفرمایا کہ اُن کواِسی جگہ دفن کیاجائے گاجہاں اس وقت وہ ہیں۔ بہرحال انہیں بھی دفن کردیا گیا۔

اس کے بعدامامؑ اپنے گھوڑے پرسوارہوئے اوراسدیوں نےعرض کیا کہ حضورآپ کواُن ہی کی قسم جن کوآپ نے دفن کیا ہے بتایئے آپ کون ہیں؟ فرمایا میں تم پراللہ کی حجت اورعلیؑ بن حسینؑ ہوں ۔اپنے والد، اپنے بھائیوں ، چچاؤں اور چچوں کی اولاداورتمام انصار علیھم السلام کو دفن کرنے کے لئے آیا تھا۔اوراب پھرابن زیاد کی قید میں جارہاہوں ۔تم خوش ہوجاؤ اور چونکہ تم ہم سے وابستہ ہوگئے اس لئے کوئی غم واندیشہ دل میں نہ رکھو۔ پھرامامؑ اُن سے رخصت ہوکرواپس چلے گئے ۔اس کے بعداسدی قبیلہ کے لوگ بھی اپنی مستورات سمیت اپنے گاؤں کوواپس آ گئے ۔

(22)۔ چندوضاحتیں نوٹ فرمالیں۔ذوالجناح؛کربلا سے روانگی

پہلی بات یہ نوٹ کریں کہ وہ تمام روایات غلط ہیں جو یہ بتاتی ہیں کہ عمر بن سعد کی تمام افواج عاشور کے دن یا گیارہ محرم کو کربلا سے روانہ ہوگئی تھیں۔اس لئے کہ امامؑ مظلوم عصر کے بعد شہید ہوئے۔اس کے بعد لاشہائے شھدأ کو پامال کرنے کے لئے عمر بن سعد نے مشورہ کیا۔ بڑی مشکل سے چند ملاعین کی جماعت تیار ہوئی۔لیکن شیر کے آجانے کی وجہ سے یہ اسکیم ناکام ہوگئی۔اور شہادت کے بعد ہی اُن جہنمیوں نے خیام حسینیؑ کو لُوٹا اور جلایا تھا۔پھر یہیں وہ رات آئی تھی جسے شام غریباں کے نام سے ساری دنیا کے عزادار وسوگوارانِ حسینؑ مناتے ہیں۔ پھر مندرجہ بالا روایت اور سینکڑوں دیگر روایات سے یہ حقیقت ثابت اور مسلمہ ہے کہ عمر بن سعد کی فوج اپنے تمام مقتولوں کودفن کرنے کے بعد روانہ ہوئی تھی۔اور یہ کام دوروز سے کم میں نہیں ہوسکتا تھا۔لہٰذا یادرکھیں کہ گیارہ محرم کوسرہائے شہدؑا اوراہل حرمؑ کوروانہ کیا گیا تھا مگر ابن سعد اور باقی افواج تیرہ محرم کوروانہ ہوئی تھیں۔اورعمر بن سعد کے کوفہ پہنچنے سے پہلے پہلے اسیران اہل حرمؑ اور سرہائے شہدؑا کو کوفہ کے بازاروں اور گلیوں میں کئی گشت کرائے جاچکے تھے۔تاکہ کوفہ وگردونواح کا ہرشخص سہم کر رہ جائے اورحکومت کے کسی مخالف کی مدد ونصرت سے باز رہے۔

دوسری بات یہ کہنا ہے کہ امام علیہ السلام نے بنی اسد کے اُن لوگوں پر مواخذہ نہیں کیا بلکہ اُنہیں انصاران حسین علیھم السلام میں شمارکرلیا اوراپنے سے وابستہ (**تضاموا فینا**) قرار دیا جوکفن ودفن میں مُمِد ہوئے۔یہ وہی اصول ہے کہ جولوگ مجبوری میں مدد نہ کرسکیں اورآزادی ملنے پر دل نہ چرائیں وہ عقلاً ومذہباً وقانوناً مجرم نہیں ہوتے۔

تیسری بات یہ کہ بنی اسد کی مستورات کے پہنچنے تک شہدا کے زخموں سے خون جاری تھا۔جواُن کی حیات ابدی کا ثبوت ہے۔ ورنہ روح جسم سے نکلتے ہی خون جمنا شروع ہوجاتا ہے۔اورظاہر ہے کہ وہ مستورات جلد سے جلد تیرہ محرم کوافواج کی روانگی کے بعد ہی قتل گاہ میں آسکتی تھیں۔اوراس وقت تک شہدؑا کے قتل کوبہتر (72) گھنٹوں سے زیادہ گزرچکے تھے۔

چوتھی حقیقت یہ ہے کہ امام زین العابدؑین کا بیک وقت دوجگہ موجود ہونا ثابت ہےاور جولوگ جسم مثالی وغیرہ کی اصطلاحات کی آڑلیا کرتے ہیں اُن کا منہ بند کرنے کے لئے گھوڑے پرسوار ہوکرآنا اور باقی محنت ومشقت میں حصہ لینا کافی ہے۔اور یہ گھوڑا ذوالجناح کے علاوہ دوسرا ہونہیں سکتا ورنہ قید سے نکلنا اورگھوڑا حاصل کرنا بلارازکھولے ممکن نہیں ہے۔اور یہ ثابت ہوچکا ہے کہ ذوالجناح امامؑ زمانہ کی تحویل میں رہے گا تاکہ اپنا فرض ادا کرتا رہے۔

پانچویں بات دوبارہ ثابت ہے کہ امامؑ مظلوم نے تمام شہدؑا کی لاشوں کوایک جگہ جمع کردیا تھا سوائے مخصوص شہدؑا کے۔اورامؑام زمانہ نے سب کووصیت کے مطابق دفن کرایا تھا۔اور یہ کہ سیدالشہدؑا کی قبر کا انتظام خالص اللہ کی طرف سے کیا ہوا پہلے سے موجوداورامؑام کو معلوم تھا۔لیکن ان حقائق کی موجودگی میں بھی جوعلمائے شیعہ ان چیزوں کے منکر ہیں،ان کا مذہب ومسلک یقیناً محمدؐ وآل محمدؐ کے خلاف ہے،اُن سے خبردار رہیں۔

48۔ اہلِ حرم اور سرہائے شہدا علیھم السلام کا کربلا سے کوفہ کا سفر

(1) کربلا سے روانگی، اہلِ حرمؑ کا سوار ہونا مدینہ سے روانگی کی یاد

مومنین مدینہ سے روانگی کا حال سُنتے ہوئے بھی کربلا میں اہلِ حرم کی بے کسی پر بے چین ہوجاتے ہیں۔اوراب مدینہ سے شاہانہ روانگی کی یادازسرنودل میں درد پیدا کرتی چلی جائیگی۔چنانچہ دل سنبھال کر سنئے کہ وہی راوی، عبداللہ بن سنان کوفی بیان کرتا ہے کہ:۔

ثم صاروا قاصد ین الکوفة فَسِرت معهم حتّٰی وصلنا کربلا قال فنزلوا فیها فماکانت الاهنیئة حتّٰی رخصت علیهم الجموع والکتائب واحاطوا بهم مِن کُلّ جانب ومنعوهم الماء اِلٰی اَنْ جری عَلیهم ماجری مِن القتل والنّهب والسبّی فعند ذلک امرابن سعد لعنه اللّٰه بان تحمل النساء عَلَی الاقتاب بلا وطاء وحجاب فقدّ مت النیاق اِلٰی حرم رسولؐ اللّٰه وقد احاط القوم بهنّ وقیل لَهُنَّ تعالین وارکبن فقد امرابن سعد بالرحیل فلمّا نظرت زینب علیها السلام اِلٰی ذلک نادت وقالت سوّد اللّٰه وجهک یابن سعد فی الدنیا وَالاخرة تامرهٰؤُلاء القوم بان یرکبونا ونحن ودائع رسولؐ اللّٰه ۔فقال لهم یتباعد ون عَنَّا حتّٰی یرکب بعضنا بعضًا قال فتنحوّا عنهن فتقدّ مت زینب علیهاالسلام ومعها ام کلثوؐم وجعلت تنادی کلّ واحدة مِن النسآء باسمها وترکبهاعَلَی المحمل حتی لم یبق احد سوی زینب علیها السلام فنظرت یمینًا وشما لًا فَلَمْ تری احد سوی زین العابد ین علیه السلام وهومریض فاتت الیه وقالت قم یابن اخی وارکب الناقة ۔فقال یا عمتاه ارکبی ودعنی انا وَ هٰؤُلاء القوم فرجعت اِلٰی ناقتها لانها لم تقد ر علٰی مخالفة الامامؑ فالتفت یمینًا وشمالًا فلم ترالّا اجسادًا علی الرّمال ورؤسًا عَلَی الاسنة بایدی الرجال فصرخت وقالت وا غربتاهُ وا اخاهُ وا حسیناّهُ وا عباسّاهُ وا رجالا هُ واضیعتاهُ بعدک یاابا عبد اللّٰه۔قال فلما رَاَیْتهم علٰی هذه الحالة ذکرت خروجهم من الحجاز وماکانوا علیه مِن العزّة والرفعة والعظمة والجلالة فبکیت علٰی حالهم وماجری علیهم ۔ ثُمَّ قال فَلَمَّا نظر الامام زین العابد ین علیه السلام الٰی ذلک لم یتما لک علٰی نفسه دون اَن قام وهو یرتعش من الضعف فاخذ عصاه یتوکاء علیها آتی الٰی عمته وثنی رکبتیه وقال ارکبی فلقدکسرت قلبی وزدت کربی فاخذ لیرکبها فارتعش مِنَ الضعف وسقط علی الارض فلما راه الشمر لعنه اللّٰه اتی الیه وبیده سوط فضربه به وهو ینادی وا جدّاه وا محمدؐ اه وا علیاّه وا حسیناّه فبکت زینبؑ وقالت ویلک یاشمر رفقًا بیتیم النبوّة وسلیل الرسالة وحلیف التقی وتاج الخلافة فلم تزل تقول کذاحتی نحتّه عنه ۔ قال واذا بجاریة مسنّه سوداء قداقبلت الٰی زینبؑ فارکبتها فسئلت عنها۔فقالوا هٰذه فضة جاریة فاطمة الزهرآء علیها السلام قال ثُمَّ ارکبوا الامام علیه السلام علٰی بعیر اعجف فلم یتمالک الرکوب من شدة الضعف فاخبروا بذلک ابن سعد فقال قیّد وا رِجلیه من تحت بطن الناقة ففعلوا ذلک وساروا بهم تلک الحالة۔ (اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔صفحہ 357 تا358)

مدینہ سے حسینیؑ قافلہ چلاتو میں ساتھ ساتھ رہا یہاں تک کہ ہم سب کربلا پہنچے۔بہت جلد اُنہیں لشکروں کے ہنگاموں نے چاروں طرف سے گھیرے میں لے لیا۔کوئی سمت محفوظ نہ رہی پھر حسینیؑ جماعت پر پانی بند کردیا گیا۔رفتہ رفتہ خانوادۂ رسول اورصحابہ حسین علیہم السلام پروہ سب کچھ گزرگیا جونا قابل بیان اورنا قابل برداشت تھا۔قتل عام کیا گیا، خیام حسینیؑ کولوٹ لیا گیا، اہلِ حرم اوربچوں کو قیدی بنالیا گیا۔جب یہ سب کچھ ہو چکا توابن سعد ملعون نے حکم دیا کہ رسوؐل کی بیٹیوں اورتمام عورتوں اوربچوں کوننگی کمر والے اونٹوں پربے پردہ سوار کیا جائے۔اس حکم کے ساتھ ہی اونٹ پاس لاکر کھڑے کیئے گئے اورہجوم نے اہلِ حرم کو چاروں طرف سے گھیرا اورکہا جانے

لگا کہ آ ؤ جلدی جلدی سوار ہو جاؤ۔ اُدھر عمر بن سعد ملعون نے روانگی کا حکم بھی دے دیا۔ جب جناب زینب علیھا السلام نے یہ حالت دیکھی تو قہر آلود زبان میں آواز دی کہ او ابن سعد! اللہ دنیا اور آخرت میں تیرا منہ کالا کرے۔ اس نانہجار قوم سے کہہ کہ ہم سے دُور ہو جائے تا کہ ہم آپس میں ایک دوسرے کو سوار کر سکیں۔ ارے خبیث ہم تو رسولؐ اللہ کی امانت ہیں۔ چنانچہ ہجوم کو دُور ہٹا دیا گیا۔ اب جناب زینبؑ آگے بڑھیں اُنکے ساتھ جناب کلثومؑ مدد کر رہی تھیں۔ شہزادی تمام خواتین اور بچوں کو نام بنام پکارتی جاتی تھیں اور دونوں بہنیں مل کر سوار کراتی جارہی تھیں۔ یہاں تک کہ سب کو سوار کرا دیا اور کوئی باقی نہ رہا تو آپ نے داہنے بائیں متلاشی نظروں سے دیکھا تو صرف امام زینؑ العابدین بیماری کے عالم میں موجود تھے۔ آپ قریب گئیں اور فرمایا اے میرے بھائی کی یادگار اُٹھو میں تمہیں اونٹ پر سوار کرا دوں۔ امامؑ نے فرمایا کہ پھوپھی اماں آپ سوار ہو جائیں اور مجھے اور اس قوم کو ہماری حالت پر چھوڑ دیں۔ حضرت زینب علیھا السلام امامؑ زمانہ کا حکم بجالانے کیلئے اپنے اونٹ پر تشریف لائیں۔ اب جو پھر داہنے بائیں نظر ڈالی تو کچھ بھی نظر نہ آیا صرف یہ دیکھا کہ شہدؑا کی لاشیں زمین پر پڑی تھیں اور اُنکے سر نیزوں پر بلند کئے ہوئے لوگ کھڑے تھے۔ اب دل قابو سے باہر ہو گیا چیخ ماری اور کہا اے بھائی تمہارے بعد ہمارا کوئی پرسان حال نہیں۔ اے عباسؑ تم کہاں ہو، اے انصار حسینؑ مدد کو کیوں نہیں آتے۔ ہائے ہماری یہ بے کسی اور بے بسی، ہائے ہمارا تحفظ کرنیوالے سب بے دست و پا ہو گئے۔ جب راوی نے یہ جگر خراش حالت دیکھی تو وہ کہتا ہے کہ مجھے اُس شہزادی اور اُن کے خاندان کی مدینہ سے روانگی یاد آ گئی۔ کہاں وہ جوانانِ بنی ہاشمؑ کا احترام و بزرگی سے سوار کرانا؟ کہاں وہ شان وعظمت کا عالم؟ کہاں یہ مصیبت اور لاچاری کی حالت؟ میں بھی تڑپ تڑپ کر رونے لگا۔ پھر سنا تا ہے کہ جب حضرت امام زینؑ العابدین نے یہ اندازہ کیا کہ اُن میں کھڑے ہونے کی طاقت نہیں ہے اور جسم کانپ رہا ہے تو اپنا عصا سنبھالا اور اُس کے سہارے سے اُٹھے اور پھوپھی کے پاس آئے تا کہ اُنکو سوار ہونے میں مدد دیں۔ اور سوار ہونے کیلئے عرض کیا تو میرا دل پھٹا جاتا تھا اور بے چینی میں اضافہ ہو رہا تھا۔ چنانچہ سوار کرنا چاہا تھا تو طاقت نے جواب دے دیا، بدن میں رعشہ پیدا ہوا اور آپ زمین پر گر گئے۔ شمر ملعون کوڑا لئے ہوئے آیا اور مارنا شروع کیا۔ امامؑ رسولؐ اللہ اور علیؑ کی یاد میں تڑپ اُٹھے حسین علیہ السلام یاد آئے۔ حضرت زینبؑ نے شمر کو ملامت کرتے ہوئے کہا او ملعون یہ سرمایہ نبوؐت کا یتیم ہے۔ ارے خبیث یہ خلاصہ رسالت ہے۔ ارے ظالم یہی تو خلافت کا تاج ہے۔ ارے اِس مجسمۂ پرہیز گاری پر رحم کر۔ وہ یہ فرماتی جارہی تھیں آخر شمر الگ ہٹ گیا۔ اتنے میں ایک کالے رنگ کی بُڑھیا کنیز حضرت زینب علیھا السلام کے پاس پہنچی اور انہیں سوار ہونے میں مدد دی۔ میں نے اس بڑھیا کے متعلق معلوم کیا تو مجھے بتایا گیا کہ یہ حضرت فاطمہ زہراء علیھا السلام کی کنیز فضہؑ ہے۔ راوی نے کہا کہ اس کے بعد فوجیوں نے امؑام کو ننگی پیٹھ والے اونٹ پر سوار کیا تو اُن میں سنبھل کر بیٹھنے کی قوت نہ تھی اور گرنے کا یقین تھا۔ ابن سعد کو اِس کی اطلاع دی گئی تو اُس ملعون نے حکم دیا کہ امامؑ کے دونوں پیر اونٹ کے پیٹ کے نیچے باندھ دیئے جائیں۔ چنانچہ اس پر عمل کیا گیا اور اسی حالت میں وہ لوگ قیدیوں کو لے کر کربلا سے کوفہ روانہ ہو گئے۔ (اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔ صفحہ 357 تا 358)

(2)۔ کوفہ میں اہل حرمؑ اور اہل کوفہ کا رویہ؛ مختلف بیانات

(الف)۔ اِنَّ ابـامخنف قال وروی ابوجد یلة اسدی وفی بعض النسخ حذیفة قال کنت بالکوفة سنة قتل الحسینؑ ۔ فَرَاَیْتُ نسآء

اهل الکوفة مشقّقات الجیوب،ناشرات الشعور لا طمات الخدود مخمشات الوجوه ۔ فاقبلتُ اِلٰی شیخ کبیر فقلتُ ماهذا البکآء والنحیب ؟ فقال هذا لاجل راس الحسینؑ ۔فبینما اناکذ لک واذا العسکر قداقبلوا والسبا یا معهم ۔فرایتُ جاریة علٰی بعیر بغیر وطآء ۔ فسئلتُ عنها فقیل لی هٰذِہٖ ام کلثوم اخت الحسینؑ ۔فدنوت منها فقلتُ لها حد ثنی بماجری علیکم ؟ فقالت مَن انتَ یاشیخ فقلت مِن اهل البصرة فقالت اعلم یاشیخ اِنّی کنت نائمة فی الخیمة اذسمعتُ صهیل الفرس فاخرجتُ راسی واذا بالفرس عارٍ والسرج خالٍ فصرختُ وصرخت النسآءُ معی وسمعتُ فی جانب الخیمة هاتفًا اسمعُ صوته ولا اری شخصه وهویقول..... قتلواابن سید البریة ظلمًا فمایقول الظالمون غدًا اذا نظروا اِلٰی نیران الجحیم قدطاشت بافعالهم العقول واورثواالقلب حسرة لاتزول وفجعوا الرسوؐل بقتلهم اولاد البتول وجعلوالعزیز مهانًا۔ فقلت له بحق معبودک مَن انت فقال انااملک مِن ملوک الجنّ جئتُ اناوقومی لنصرة الحسینؑ فوجد نا ہ قد قتل ثمَّ قال واسفاه علیک یااباعبد اللّٰه ثلاث مرات۔

(ب)۔ قال وصَارَ اهل الکوفة یطعمون الاطفال بمثل ثلاث تمرات وثلاث جوزات فصاحت به ام کلثومؑ وقالت یااهل الکوفة الصدقة علینا حرام وجَعَلَتْ تاخذ ذلک مِن یدالاطفال وافواههم وترمی به اِلَی الارض فضجّت الناس بالبکاء والنحیب ۔فقالت ام کلثومؑ تقتلنا رجالکم وتبکینا نسآء کم لقد تعدّ یتم علینا عدوانا عظیمًا ۔لقد جئتم شیئًا ادًّا تکادالسموات یتفطّرن منه وتنشق الارض و تخرّ الجبال هدًّا ۔فبینما هی فی کلامها واذا بصیحة قدار تفعت واذا برأس الحسینؑ ومعه ثمانیة عشر راسًا من اهلبیته۔ فلما نظّرت ام کلثومؑ الٰی راس اخیها بکت وشقت جیبها۔(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 476 تا477)

(الف)۔ ابومخنف نے لکھا ہے کہ ابوجدیلہ اسدی نے اور دوسری مجلدات میں حذیفہ نے بیان کیا کہ میں شہادت حسین علیہ السلام والے برس کوفہ میں تھا۔ میں نے دیکھا کہ کوفہ کی مستورات گریبان چاک کئے ہوئے، بالوں کو بکھیرے ہوئے اپنا منہ پیٹتی ہوئی گالوں کو نوچتی ہوئی چیخیں مار مار کے بے حال ہوئی جارہی ہیں۔ میں نے ایک بوڑھے شخص سے پوچھا کہ یہ رونا پیٹنا، منہ کھسوٹنا اور فریاد وبکا کس لئے ہے؟ اس نے کہا یہ سب کچھ حسینؑ کے سرمبارک کی وجہ سے ہورہا ہے۔یہی باتیں ہورہی تھیں کہ فوج اور قیدی آ گئے۔ میں نے ایک نوجوان خاتون کو بلا زین کے اونٹ پر دیکھا تو لوگوں سے معلوم ہوا کہ وہ حسینؑ کی بہن ام کلثومؑ ہے۔میں قریب گیا اور پوچھا کہ تم اپنی سرگزشت مجھے سناؤ۔فرمایا کہ تم کون ہو؟ میں نے کہا میں بصرہ کے رہنے والوں میں سے ہوں۔تب انہوں نے کہا کہ اے شیخ سنو کہ میں خیمہ میں حالت نقاہت ونیند کی طرح غفلت میں پڑی تھی کہ اچانک میں نے گھوڑے کی ہنہنانے کی دردناک آواز سُنی تو گھبرا کر خیمہ سے سر نکال کر دیکھا تو گھوڑا بہت بُرے حال میں خالی زین کے ساتھ فریاد کررہا تھا۔ میں یہ دیکھ کر سمجھ گئی کہ میرا بھائی قتل کردیا گیا۔میری چیخیں بلند ہوگئیں تو تمام مستورات میں کہرام برپا ہوگیا۔ساتھ ہی ایک دردانگیز نوحہ کی آواز بالکل خیمہ کے پاس سے بلند ہوئی مگر فریاد کرنے والا نظر نہ آتا تھا۔وہ کہہ رہا تھا کہ اُن ظالموں نے ساری مخلوقات کے سردارؐ کے فرزند کو بےقصور قتل کردیا۔ جب کل کو وہ جہنم کے آگ کے شعلوں کے سامنے جائیں گےتو وہاں کیا عذر پیش کریں گے۔اُن لوگوں کے بدترین اعمال سے عقلیں سرگردان ہوکررہ گئیں، دلوں میں غم وحسرت نے جگہ پکڑ لی۔انہوں نے اولاد بتولؑ کو قتل کرکے رسولؐ کو بےچین کردیا۔اُنہوں نے نہایت بزرگ ہستی کی توہین کی ہے۔میں نے اسے اُس کے معبود کی قسم دے کر معلوم کیا تم کون ہو؟ اس نے کہا کہ میں بادشاہان جنات میں سے ایک بادشاہ ہوں،

میں مع اپنی قوم کے امامؑ کی مدد کے لئے آیا تھا۔مگر یہاں آ کر دیکھا کہ امامؑ مظلوم شہید ہو چکے۔ہائے حسینؑ ہائے اباعبداللہ ہمیں آپ تک بروقت نہ پہنچنے کا انتہائی افسوس اور صدمہ ہے۔یہی افسوس تین مرتبہ بلند آواز سے ظاہر کیا۔

(ب)۔ راوی کہتا ہے کہ میں نے دیکھا کہ کوفہ والے اُن کے بچوں کو تین تین کھجوریں اور اخروٹ کھانے کو دے رہے ہیں۔ یہ دیکھ کر ام کلثومؑ نے چلا کر کہا کہ اے کوفہ والو کیا تم نہیں جانتے کہ ہم اولادِ رسولؐ پر صدقہ حرام ہے۔اور ساتھ ہی بچوں کے ہاتھوں اور مُنہ میں سے نکال نکال کر زمین پر پھینکنا شروع کیا۔ یہ سُن کر اہل کوفہ تڑپ اُٹھے چیخیں اور فریاد کا ہنگامہ برپا ہو گیا۔ یہ دیکھ کر اُم کلثومؑ نے کہا کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟ ارے ظالمو تمہارے مردوں نے ہمارے خاندان کا قتل عام کر دیا اور تمہاری عورتیں ہمارے حال اور ہمارے مقتولوں پر رو پیٹ رہی ہیں؟ تم نے تو ہمارے ساتھ دشمنی کو انتہا تک پہنچا دیا ہے۔تم نے تو وہ کام کیا ہے کہ جس سے آسمان پھٹ پڑتا، زمین دھنس جاتی اور پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتے۔ جناب ام کلثومؑ یہ فرما رہی تھیں کہ آواز گریہ بلند ہوگئی دیکھا تو امام حسینؑ اور اٹھارہ بنی ہاشمؑ کے سر نیزوں پر آ رہے ہیں۔جب حضرت ام کلثومؑ نے دیکھا تو پھر شہزادی بھائی کے سر کو دیکھ کر بے قابو ہو گئیں اور آہ وزاری کرنے لگیں۔

(3)۔ اہل حرمؑ ننگے سر کھلے چہروں سے لائے گئے چادریں اور برقعے بار بار چھینے گئے

دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ نے ہزاروں ایسی روایات گھڑوا کر اپنے علما اور اہل قلم سے کتابوں میں لکھوائیں، ملک بھر میں پھیلائیں جن سے اُدھر یزید اور اس کے ہم مذہب لوگوں کا جرم ہلکا ہو جائے اور اِدھر اختلافات کی آڑ لے کر حقائق کا انکار کر دیا جائے۔اور عربی سازش سے ناواقف علمائے شیعہ نے نظام اجتہاد کی ساختہ پرداختہ روایات کو اس لئے اپنے یہاں لکھ لیا کہ انہیں کربلا کے متعلق زیادہ سے زیادہ حالات وواقعات کا علم ہو سکے۔لیکن یہ اہتمام نہیں کیا کہ کربلا کے واقعات وحالات وبیانات کو محمد وآل محمد صلوٰۃ اللہ علیھم کے مزاج وبیان کردہ اصول کے آئینہ میں دیکھ کر حق وباطل کو جدا کر دیا جائے۔اور نظام اجتہاد کے خودساختہ اصولوں اور معیار کو نظر انداز کر کے روایت یا روایات میں سے وہ پہلو رد کر دیا جائے جو معصومؑ اصولوں اور مسلمات سے ٹکراتا ہو۔ چنانچہ ہم آنے والی روایت میں اس کا نمونہ اور طریقہ پیش کرتے ہیں۔ ہمارے مسلمات میں سے یہ حقیقت سب نے مانی ہے کہ کربلا میں خاندان رسوؐل کو قتل کیا گیا اور رسولؐ زادیوں کو لُوٹا گیا۔ ہر وہ کپڑا لے لیا گیا جو کُرتے اور پاجاموں کے علاوہ تھا۔ پھر حرم رسوؐل کو بلا پردہ اور بلا گدوں کی محملوں میں قیدی بنا کر کوچہ وبازاروں میں پھرایا گیا۔البتہ یہ کئی دفعہ ہوا اور ایسا ہونا فطری تھا کہ صاحبان غیرت وشرافت نے کئی مرتبہ اہل حرمؑ کو سر وسینہ اور چہرہ ڈھکنے کیلئے مستورات نے چادریں وغیرہ دیں اور پھر اُن حرامزادوں نے چھین لیں۔لہٰذا روایات میں اگر کہیں برقعہ اور چادر کا ذکر ملے تو اُس کا یہ مطلب سرکاری ہے کہ لوٹنے والوں نے چادریں اور برقعے چھوڑ دیئے تھے اور سر ومنہ برہنہ قیدی نہیں بنایا گیا تھا۔اور یہ مطلب بھی اموی پالیسی ہے کہ چونکہ روایات میں اختلاف ہے لہٰذا واقعہ ہی غلط ہے۔ چنانچہ مومنین روایات کے اُس بیان کو قبول فرمائیں جو محمدؐ وآل محمد علیھم السلام کی عزت وشرافت واصول کے شایانِ شان ہو۔ یہ بھی نوٹ کر لیں کہ اُونٹوں پر محمل کا مطلب ہر حال میں یہ نہیں ہے کہ وہ پردہ دار سواری تھی۔ ہرگز نہیں محمل تو وہ کجاوہ ہے جو اُونٹ کی بے ڈھنگی کمر پر بیٹھنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔اُس میں چار ڈنڈوں پر ایک چھت سی ہوتی ہے اور اونٹ کی پشت پر فِٹ کر دیا جاتا ہے۔اُس کیلئے ایک چوکور پردہ الگ سے ہوتا ہے۔کجاوہ یا محملیں کہیں بھی رکھی رہتی

ہیں مگر اُنکے غلاف یا پردے اتار کر سنبھال کر رکھے جاتے ہیں۔ لہٰذا وہ محملیں جن پر رسولؐ اللہ کے اہل حرمؑ اور بچے سوار کئے گئے تھے وہ بلا پردہ کجاوے تھے اور امام زین العابدین علیہ السلام کے اونٹ پر یہ بھی نہ تھا ننگی پیٹھ کا اونٹ تھا۔ روایت سنئے اور حق و باطل میں تمیز کیجئے۔

(4)۔ کوفہ تک بے پردہ لانا اور کوفہ میں داخلہ سے قبل پبلک کا چادریں دینا

1۔ امّا کلام السید فی الملهوف فی ذلک المقام فهُوَاَنّ عمر بن سعد بعث براس الحسینؑ فی ذلک الیوم وهویوم عاشورا مع خولی بن یزید الاصبحی وحمید بن مسلم الازدی الٰی ابن زیاد۔

2۔ وامر برؤس الباقین مِن اصحابه واهل بیتهٖ وقطّعت وسرّح بها مع شمر بن ذی الجوشن وقیس بن الاشعث وعمرو بن الحجاج لعنهم اللّٰه فاقبلوا حتّٰی قد موا بها الکوفة۔

3۔ واقام بقیّة یومه والیوم الثانی اِلٰی زوال الشمس ثم رحل بِمَن تَخلّف مِن عیال الحسینؑ وحمل نسآؤه علٰی احلاس اقتاب الجمال بغیروطاء مکشّفات الوجوه بین الاعدآء وهُنَّ ودائع سیدُ الانبیآء وساقوهن کمایساق سبّی التُّرکُ والروم فی اشد المصائب والهموم۔

4۔الٰی اَنْ قال الراوی فلما قاربوا الکوفة اجتمع اهلها لِلنظر اِلَیْهِن فاشرفت امراة مِن الکوفیات فقالت مِن اَیّ الْاُسَارٰی اَنْتُنَّ ؟ فقلن نحن من اساری محمدؐ فنزلت المراَة مِن سطحها فجمعت لَهُنَّ ملاءً وازارًا وَّمقانع فاعطتهن فتغطین۔

5۔ قال الراوی وکان مع النسآء علیؑ بن الحسینؑ نهکته العلة والحسن بن الحسنؑ فکان قد واسی عمه وامامه فی الصبر علی الرماح وانّما ارتث وقد اثخن بالجراح۔ (اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات۔صفحہ 478)

1۔ اُس موقعہ پر سید صاحب نے اپنی کتاب ملھوف میں یہ لکھا ہے کہ عمر بن سعد ملعون نے شہادت کے روز یعنی دسویں محرم کے دن میں خولی بن یزید اور حمید بن مسلم کے ہمراہ ابن زیاد کے پاس روانہ کر دیا تھا۔

2۔ اور ابن زیاد نے امام حسین علیہ السلام کے باقی عزیزوں اور صحابہ کے سر کاٹنے کا حکم دیا اور اُنہیں شمر اور قیس بن اشعث کے ساتھ روانہ کیا جو چلتے ہوئے کوفہ پہنچے۔

3۔ اور عمر بن سعد عاشور کے دن اور دوسرے روز کربلا میں زوال کے وقت تک مقیم رہا پھر امام حسین علیہ السلام کے بچے اور عورتیں جو قید کی گئی تھیں اُنہیں بلا گدّے کے سادہ ٹاٹ کے کجاووں والے اونٹوں پر سوار کر کے کھلے منہ دشمنوں کے انبوہ میں گھیر کر لے چلا حالانکہ وہ سید الانبیا صلوٰۃ اللہ علیہ کی امانت اور اہل حرمؑ تھے۔ اُنہیں اس طرح ہانک کر لے گئے جیسے ترک اور روم کے قیدیوں کو ہانکا کرتے تھے اور یہ بھی خیال نہ کیا گیا کہ یہ بچے اور یہ خواتین کتنی شدید مصیبتوں اور رنج و غم میں مبتلا ہیں اور تقریباً سب ہی بیمار و نڈھال ہیں۔

4۔ آخر راوی نے بتایا کہ جب لشکر اور یہ اہل حرم کوفہ کے قریب پہنچے تو اہل کوفہ اُن قیدی مستورات کو دیکھنے کیلئے جمع ہو گئے۔ چنانچہ کوفی عورتوں میں سے ایک عورت نے بڑھ کر پوچھا کہ تم کون سے قیدی ہو؟ اہلحرمؑ نے جواب دیا کہ خانوادہ محمدؐ کے حرم ہیں۔ اس عورت نے اہل حرمؑ کے لئے چادریں، پاجامے اور برقعے جمع کئے اور رسوؐل کی بیٹیوں کو دیئے اس طرح اُنھوں نے سر اور منہ ڈھکا۔

5۔ راوی کہتا ہے کہ اہل حرم کے ساتھ جناب امام زین العابدین علی بن الحسین علیھما السلام بیماری کی وجہ سے نہایت لاغر و نحیف و

کمزوری کے عالم میں قید تھے۔اورامام حسن علیہ السلام کے بیٹے حسن اپنے چچااورامامؑ کیلئے تسلی کے الفاظ کہہ رہے تھےاورآ گے
آ گے نیزہ پراُن کا سر مبارک تھا جو زخموں سے مغلوب کئے گئے تھے۔

(5)۔ روایت پرتنقیدی نظر۔حق و باطل الگ الگ

اس روایت کے وہ الفاظ جن پر سر ہائے شہدا یا اسیران اہل حرمؑ اور لشکر عمر بن سعد کی روانگی کا ذکر ہے وہ عملی حیثیت سے غلط ہیں اور ہم صحیح پوزیشن بتا چکے ہیں۔ پھر کربلا سے کوفہ پہنچنے کے لئے بھی علما نے یہ نہیں دیکھا کہ اُس زمانہ میں کربلا سے کوفہ جانے کیلئے کون سا راستہ تھا اور کتنا فاصلہ تھا؟ لہٰذا عاشور کے روز کوئی سر یا شخص کربلا سے نہیں گیا۔البتہ گیارہ محرم کو اہل حرمؑ اور سر ہائے شہدا روانہ ہوئے تھے۔اس روایت میں اور کئی اور روایات میں حسن بن امام حسن علیہ السلام کی موجودگی ایک کھلا ہوا فراڈ ہے۔امام حسن علیہ السلام کی اولاد میں سے تین شہزادے ہمراہ آئے تھے اور تینوں کربلا میں شہید ہوئے۔اور باقی اولاد امام حسنؑ چونکہ مسلسل آئمہ معصومین علیہم السلام کی دشمن جان رہی ہے اسلئے سیاست ملکی اُن کے ناموں کو مقدس بنانے کیلئے کوشاں رہی ہے۔البتہ جناب امام محمد باقر علیہ السلام اہل حرمؑ کے ہمراہ تھے اور اس روایت میں اُن ہی کو حسن بن الحسنؑ سمجھا گیا ہے۔

(6)۔ کوفہ میں عید بھی اور ماتم بھی۔رونے والے بھی اور ہنسنے والے بھی

کوفہ کے لوگوں کی حالت پر اگلی روایت روشنی ڈالتی ہے۔مگر ایک بات وہاں نظرانداز کردی گئی ہے۔ وہاں خوشیاں منانے والے تو مشکل سے دو چار مرد اور عورتیں ممکن مانے جاسکتے ہیں۔حالانکہ واقعات وحالات ومعصومؑ بیانات سے ثابت ہے کہ کوفہ کا کوئی گھر اور کوئی خاندان ایسا نہیں تھا۔جس کا کوئی نہ کوئی فرد میدان کربلا میں قتل نہ ہوا ہو۔اور سرکاری بیان کے مطابق تو کربلا میں خالص کوفہ کے باشندوں کی فوج تھی۔لہٰذا یہ ماننا پڑے گا کہ کوفہ کے کسی گھر میں کوئی مرد زندہ بچنا ہی نہ چاہئے اور چونکہ مرد موجود تھے۔اس لئے یہ ماننا پڑے گا کہ کربلا کی افواج میں کوفہ کے چند افراد کے علاوہ باقی تمام بیرونجات کے باشندوں کے فوجی تھے۔لہٰذا ہنسنے والوں کے ساتھ ساتھ رونے والوں کی پوزیشن بھی مشکوک تھی۔یعنی یہ پتہ چلانا کہ رونے والیاں یا رونے والے شہدائے کربلا کے غم میں روتے تھے یا خود اپنے مقتولوں پر رو رہے تھے؟ بہرحال مومنین روایات کو شیعہ ذہن کی چھلنی میں چھان کر سُنا کریں روایت سُنیں:۔

(الف)۔ قَالَ السَّهل الشهر زوری اقبلت فی تلک السَّنة مِن الحج فدخلتُ الکوفة فَرَاَیتُ الاسواق معطّلة والد کاکین مقفلة والناس بین باک وضاحک فدنوتُ الی شیخ منهم فقلت مالی ارا الناس بین باک وضاحک الکُمُ عِیْدٌ لَسْتُ اعرفه ؟ فاخذ بیدی وَعَدَلَ عَن الناس ثمّ بکی الشیخ بکاءً عالِیًا ۔وقال یاسیدی مالنا عیدٌ ولکن بکاؤهم (وضحکهم) و اللّٰه من اجل عسکرین ۔احد هما ظافرٌ والاخر مقتولٌ فقلت ومن هذان العسکران ؟ فقال عسکر الحسینؑ مقتولٌ وعسکر ابن زیاد ملعون ظافر ثمّ بکی بکاءً عالیًا.....

(ب)۔ قال سهل فلمَّا استتمّ کلامه حتّٰی سمعت بوقات تضرب والرایات تخفق واذا با لعسکر قددخل الکوفة وسمعت صیحة عظیمة واذا بِرَأس الحسینؑ یلوح والنور یسطع منه فخنقنی العبرة لمارَاَیتُه ۔ثمَّ اقبلت السبایا مقدمهم علیؑ بن الحسینؑ ثمّ اقبلت مِن بعده ام کلثومؑ وعلیها برقع ارکن وهی تنادی یااهل الکوفة غضّوا ابصارکم عَنَّا اَمَا تستحیون مِنَ اللّٰه ورسوله ان

تنظروا اِلَى حرم رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وآله وهُنَّ عرايا ۔ فوقفوا بباب بنى خذيمة والراس علٰى قناة طويلة وهويقرء سورة الكهف الٰى اَن بلغ اَمۡ حَسِبۡتَ اَنَّ اَصۡحٰبَ الۡكَهۡفِ وَالرَّقِيۡمِ كَانُوۡا مِنۡ اٰيٰتِنَا عَجَبًا (كهف 18/9) قال سهل فبكيت وقلتُ يابن رسولؐ اللّٰه راسک اعجب ثمّ وقعت مغشيًّا عَلَىَّ فلم افق حتّٰى ختم السورة۔انتهٰى كلام ابى مخنف۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 477)

(الف)۔ سہل کہتا ہے کہ میں اُسی سال حج کے بعد کوفہ میں داخل ہوا تو بازاروں کو خالی اور دکانوں کو مقفل دیکھا۔اورلوگوں کا یہ حال تھا کہ کچھ رو رہے تھے اور کچھ ہنس رہے تھے۔بات سمجھنے کے لئے میں اُن میں سے ایک شیخ کے پاس گیا اور پوچھا کہ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آئی کہ یہاں کچھ لوگ تو غم میں مبتلا ہیں اور کچھ لوگ خوشیاں منارہے ہیں۔کیا آپ کے یہاں آج کوئی ایسی عید ہے جسے میں مسلمان ہوتے ہوئے بھی نہیں جانتا؟ اُس شیخ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے لوگوں سے الگ لے گیا اور بلند آواز سے روتے روتے کہا کہ اے معزز شخص آج کوئی عید نہیں ہے۔اُن کا رونا اور ہنسنا دولشکروں کی وجہ سے ہے۔جن میں سے ایک کو فتح حاصل ہوئی ہے۔اور دوسرا قتل ہوگیا ہے۔میں نے پوچھا وہ کون سے لشکر تھے؟ جواب دیا کہ حسینؑ لشکر قتل ہوگیا اور ابن زیاد ملعون کا لشکر کامیاب ہوگیا ہے۔یہ کہہ کر بہت بے قراری سے رویا۔

(ب)۔ پھر سہل کہتا ہے کہ جیسے ہی اُس شیخ کی بات ختم ہوئی تو میں نے فوجی باجوں اور بگل کی آوازیں سُنیں اور ساتھ ہی فوج کے پھریرے اور پرچم لہراتے ہوئے نظر آئے۔لشکر کے داخل ہونے پر میں نے ایک زبردست فریاد سُنی اور ساتھ ہی امام حسین علیہ السلام کا نور برساتا ہوا سَر سامنے آگیا۔جسے دیکھتے ہی عبرت سے میری گھِگّی بندھ گئی آواز گلے میں پھنس کر رہ گئی۔اسکے بعد رسولؐ اللہ کے اہل حرمؑ قید شدہ حالت میں سامنے آگئے۔اُنکے آگے آگے امام زینؑ العابدین تھے اور اُن کے بعد حضرت ام کلثومؑ کی سواری تھی انکا برقعہ آگے جھکا ہوا تھا۔اُنہوں نے ڈانٹ کر للکارا کہ اے اہل کوفہ اپنی آنکھیں جھکالو۔کیا تمہیں رسولؐ اللہ کے حرم پر نظر ڈالتے ہوئے شرم نہیں آتی۔خصوصاً جب کہ وہ پورا لباس بھی پہنے ہوئے نہ ہوں۔اس کے بعد یہ جلوس بنی خذیمہ کے دروازہ پر رک گیا۔سرحسینؑ ایک لمبے نیزہ پر بلند تھا۔اور سورہ کہف کی تلاوت کررہا تھا۔جب تلاوت میں یہ آیت پڑھی کہ کیا اصحاب کہف اور اصحاب رقیم کا واقعہ پڑھ کر تمہیں تعجب ہوتا ہے؟ وہ تو ہمارے بہت سے معجزات میں سے ایک معجزہ تھا(کہف 18/9)۔سہل کہتا ہے کہ مجھ پر گریہ نے اس قدر ہجوم کیا کہ میں یہ کہتا ہوا بے ہوش ہوگیا اے فرزند رسولؐ تمہارا یہ سَر آیت میں مذکورہ تمام معجزات سے بڑھ کر ہے۔اس کے بعد مجھے جب ہی ہوش آیا جب سورہ کہف کی تلاوت ختم فرما چکے تھے۔

(7۔الف)۔ **<u>غمِ حسین علیہ السلام میں جان لیوا ماتم مظلومۂ کربلا کی سنت ہے</u>**

ملت شیعہ کے وہ تمام اعمال ورواسم جو عزاداری امام حسین علیہ السلام کی نشر واشاعت میں مُمِد ہوئے یا آئندہ فروغ عزاداری کے لئے ضروری ہوں،کسی خارجی دلیل وثبوت سے بے نیاز ہیں۔ہم اس سلسلے میں کسی اعتراض کی پرواہ نہیں کرتے۔اور ہر خارجی وداخلی اور اپنے اور پرائے معترض کو بلا تکلف،بلا غور وفکر دشمنانِ اہلبیتؑ میں شمار کرتے ہیں۔اس لئے کہ عزاداری کسی بھی موجود معترض کو کوئی نقصان نہیں پہنچاتی۔وہ اپنے مذہب ومسلک پر عمل کریں ہمیں اُن کے ہر اس عمل ورسم پر کوئی اعتراض نہیں جو اُن کے مذہب کے اوّلین

اور معصوم راہنماؤں کی سُنت ہو۔ اور اگر وہ کسی خطا کار گروہ کی خودساختہ سُنت پر عمل کریں تب بھی ہمیں اعتراض نہ ہوگا بشرطیکہ اُس سے دوسرے انسانوں کو نقصان نہ ہوتا ہو۔

مومنین یہ بھی یاد رکھیں کہ دشمنانِ عزاداری کی طرف سے رسومات وروایات عزاداری کے متعلق طرح طرح ثبوت مانگا جا تا رہا ہے۔ اور ایک ہزار سال سے برابر ثبوت دیا جاتا رہا ہے۔ مگر نہ انہوں نے عزاداری کو جائز سمجھا اور نہ آئندہ کسی ثبوت کے فراہم ہوجانے پر وہ عزاداری کرنے کو تیار ہوں گے۔ گویا یہ اُن کی ایک ترکیب ہے کہ ہماری قوت اور ہمارے وقت کو ثبوت فراہم کرنے میں اُلجھا کر عزاداری پر توجہ دینے سے روکتے اور ٹوکتے چلے جائیں۔ لہٰذا اُن سے کہہ دینا چاہئے کہ جناب آپ عزاداری کو بدعت سمجھیں یا حرام کہیں، ہم پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ ہم آپ سے بات کر کے اپنا قیمتی وقت ضائع کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ لہٰذا آپ اپنی مخالفانہ اسکیم یک طرفہ جاری رکھیں۔ وہ ایک غلطی تھی کہ طرفداران عزاداری تمہیں مخاطب کر کے تم سے ہدایت پاجانے کی امید رکھتے اور محنت کرتے تھے۔ ہم تمہیں آزاد کرتے ہیں، چھٹی دیتے ہیں اور یہی وہ علاج ونسخہ ہے جو تمہیں مع تمہارے مرضِ نفاق کے ختم کردے گا۔ رہ گئے عوام وہ تو محمد وآل محمد علیہم السلام پر اپنی جان ومال قربان کرنے پر آمادہ رہتے ہیں۔ اور ہم عزاداریٔ امام حسینؑ کے ذریعہ سے اُن ہی کو مخاطب کرتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ جس مذہب میں خانوادۂ رسوؐل کا قتل عام جائز ہو، اُسے اختیار کرنا یا اُن لوگوں کی طرفداری کرنا جو شیرخوار بچوں کو پیاسا قتل کرنا جائز سمجھتے ہوں، ہمیں پسند نہیں ہے۔ یہی وہ تعارف ہے جس سے تمام باطل مذاہب سے اور تمام موقعہ پرست لیڈروں سے نفرت پیدا ہوتی ہے اور لوگ دامن اہلبیتؑ سے جوق درجوق وابستہ ہوتے جاتے ہیں۔ اور معترضین ہمیں عزاداری سے روک کر اپنے باطل مذہب اور باطل راہنماؤں کے اعمال پر پردہ ڈالنا چاہتے ہیں۔ لیکن ہم ساری دنیا کو بتاتے ہیں کہ اُن کے بزرگوں نے خانوادۂ رسوؐل کو کس طرح تباہ کیا تھا۔ وہ کیسے مردود وملعون اور قابل نفرت لوگ تھے کہ دنیا کے انسان ہی نہیں بلکہ شیطان وبے رحمی وبے غیرتی بھی اُن کے اعمال پر نفرین کرتے ہیں۔ آیئے کوفہ میں اسیران اہل حرمؑ کی تشہیر کا ایک اور واقعہ سنیں:۔

قال فی البحار "رایت فی بعض الکتب المعتبرة" روی مرسلا عن مسلم الجصّاص قال دعانی ابن زیاد لعنهُ اللّٰه لِاِصلاح دارالامارة بالکوفة فبینما انا اُجَصِّصُ الابواب واذًا انا بالزّعقات قدارتفعت من جنبات الکوفة فاقبلت علٰی خادم کان معنا وقلت مالی اری الکوفة تضجّ ؟ قَال الساعة آتوا براس خارجی خَرَجَ علٰی یزید ـ فقلت من هذاخارجی؟ فقال الحسینؑ بن علیؑ فترکتُ الخادم حتّٰی خَرِجُتُ ولطمتُ وجهی حتّٰی خشَیُتُ علٰی عینی ان تذ هبا وغسلت یدی من الجصّ وخرجتُ مِن ظهر القصر وآتَیتُ الی الکناس فبینما انا واقف والناس یتوقعون وصول السبایا والرؤس اذقداقبلت نحواربعین شقّة تحمل علٰی اربعین جملًا فیها الحرم والنساء واولاد فاطمّة وَاِذًا بعلیؑ بن الحسینؑ علٰی بعیر بغیر وطاء واوداجه تستخب دمًا وهومع ذلک یبکی ویقول یااُمَّة السوء لاسقیا لربعکم الی آخر ماذکر ـ قال وصارٰ اهل الکوفة یناولون الاطفال الذین علی الحامل بعض التمر و الخبز والجوز فصاحت ام کلثوؔم وقالت یااهل الکوفة اِنَّ الصدقة علینا حرام وصارت تاخذ مِن یدی الاطفال وافواههم ترمی به الی الارض ـقال والناس یبکون علٰی مااصابهم ـثُمَّ اِنَّ ام کلثوؔم اَطَّلَعَتُ رأسها مِنَ المحمل وقال لهم صَهٗ یااهل الکوفة تقتلنا رجالکم وتبکینانساؤکم فالحاکم بیننا وبینکم اللّٰه یرم فصل القضآء ـفبینما هِیَ تخاطبهنّ اذا الضجّة قد ارتفعت واذا هم آتوا

بالرؤس یقدّمهم راس الحسینؑ وھو راس زھریّ قمریّ اشبہ الخلق برسولؐ اللّٰہ ولحیّتہ کسوادالشیخ قد اتصّل بھا الخضاب ووجھہ دارۃ قمر طالع والریح تلعب بھا یمینًا وشمالًا ۔فالتفت زینبؑ فرأت راس اخیھا فنطحت جبینھا بمقدّم المحمل حتّٰی رأینا الدم یخرج مِن تحت قناعِھا واومیت الیہ بحرقۃ وجعلت تقول:۔

یاھلا لّا لما استتم کمالًا ۔عالہ خسفہ فابدی غروبًا ۔ماتوھمت یاشقیق فوأدی ۔ کان ھذا مقدّرا مکتوبًا ۔ یااَخی فاطمۃً الصغیرہ کلّمھا ۔فقدکاد قلبھا اَن یذوبا ۔ یااَخی قلبک الشفیق علینا ۔مالہ قد قسی وسارصلیبا ۔ یااَخی لوتری علیّا لدی الاسر؟ مع الیتیم لایطیق وجوبا ۔کلّما اوجعوا بالضرب ناداک ۔ بذلّ یفیض دمعاسکوبا ۔یااَخی ضمّہ الیک وقرّبہ ۔وسکّن فوادہُ المرعوبا ۔ ماااذلّ الیتیم حِین ینادی ۔بابیہِ ولا یراہُ مجیبا ۔(اکسیرالعبادات ۔صفحہ 478-477)

علامہ محمد باقر مجلسی رضی اللہ عنہ اپنی کتاب بحارالانوار میں لکھتے ہیں کہ ’’میں نے بعض معتبر کتابوں میں بالواسطہ روایات دیکھی ہیں ۔‘‘ کہ مسلم نام کا ایک حنفی فقیہہ جو مکانوں کی تعمیر واصلاح اور سجاوٹ کا کام کرنے کی وجہ سے جصّاص کہلاتا تھا ۔ بیان کرتا ہے کہ ابن زیاد نے مجھے کوفہ کے دربار کو سجانے اور اصلاح کرنے کے لئے بلایا ۔ میں دروازوں کی درستی میں مصروف تھا کہ کوفہ کے ایک گوشہ سے چیخیں اور شوروغل اور فریاد ہائے واویلا بلند ہوا ۔ میں نے اپنے ایک مددگار خادم سے معلوم کیا کہ میں یہ کیا سُن رہا ہوں یہ کوفہ میں کیسی فریاد بلند ہے؟ اُس نے بتایا کہ ابھی ابھی ایک باغی کا سَر لایا گیا ہے ۔جس نے یزید کی حکومت سے بغاوت کی تھی ۔ میں نے معلوم کیا کہ وہ باغی کون تھا ۔اس نے کہا کہ حسینؑ بن علیؑ ۔ میں نے خادم کو وہیں چھوڑا اور اپنا منہ اس بے اختیاری سے پیٹتا ہوا چلا کہ مجھے گمان ہوا کہ شاید میری دونوں آنکھیں جاتی رہی ہیں ۔ بہرحال میں نے اپنے ہاتھوں سے پلاسٹر وغیرہ دھویا اور محل کی پشت سے نکل کر گرجوں کے پاس آیا ۔ وہاں لوگ قیدیوں اور سَروں کی آمد کی توقع لئے کھڑے تھے ۔ میں جا کر کھڑا ہوا ہی تھا کہ چالیس بے پردہ کجاوے دکھائی دیئے جو چالیس اونٹوں پر بندھے ہوئے تھے اور اُن میں اولاد فاطمہ اور حرم رسول علیھم السلام اور بچے اور دیگر عورتیں تھیں ۔ اور ساتھ ہی علیؑ بن حسینؑ زین العابدین بے کجاوہ ، بلاکسی سہارا لینے اور پکڑنے والی چیز کے ننگی پیٹھ کے اُونٹ پر نظر آئے ، طوق کی وجہ سے گردن سے خون جاری تھا ۔ فرمارہے تھے کہ اے بدترین امت تجھے کبھی سیراب ہونا نصیب نہ ہو (وغیرہ جو کچھ لکھا گیا ہے) ۔اس کے بعد اہل کوفہ نے سواریوں پر بیٹھے ہوئے بچوں تک پہنچنا شروع کیا اور انہیں کھجوریں ، روٹیاں اور اخروٹ وغیرہ دینا شروع کردیئے ۔ جناب ام کلثومؑ نے ڈانٹ کر کہا کہ اے کوفیو! ہم پر صدقہ کی چیزیں حرام ہیں ۔ اور ساتھ ہی بچوں کے ہاتھوں اور منہ میں سے لے لے کر زمین پر پھینک دیا ۔ جصّاص نے کہا کہ لوگ پیش آمدہ مصیبت پر نالہ وزاری کررہے تھے ۔ ام کلثومؑ نے محمل سے باہر سر نکالا اور ڈانٹ کر کہا کہ خاموش ہو جاوٗ ۔ تمہارے مردوں نے ہمارا قتل عام کردیا اور تمہاری مستورات ہم پر نالہ وزاری کرتی ہیں ۔ ہمارا اور تمہارا فیصلہ اب اللہ ہی کرے گا ۔ ادھر تو ام کلثومؑ عورتوں کو خطاب فرمارہی تھیں اُدھر ایک زبردست کہرام برپا ہوا ۔ ہوا یہ کہ سرہائے شہدًا آ گئے ۔ جن کے آگے آگے امام حسینؑ کا سرمبارک زہرہ اور قمر کی صورت میں دمک رہا تھا ۔ اور بعینہٖ رسولؐ اللہ کے سر کی نمائندگی کررہا تھا ۔ ریش مبارک خضاب آلود اور ہوا سے لہرارہی تھی اور ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے چاند بدلی سے نکل رہا ہو ۔ یہ دردناک منظر جناب زینبؑ نے دیکھا تو آپ نے اپنی پیشانی کو محمل میں اِس اس زور سے مارا کہ پیشانی شق ہوگئی اور خون بہتا ہوا آپ کی نقاب سے نیچے دکھائی دینے لگا ۔ اور سرمبارک کی طرف اشارہ کرتی جاتی

تھیں اور فرما رہی تھیں کہ:۔

(1) اے میرے چاند درجہ کمال پر پہنچتے ہی تمہیں چاند گہن لگ گیا اور تم غروب ہو گئے۔

(2) اے میرے جگر پارے میں تو وہم بھی نہ رکھتی تھی کہ میرے مقدر میں یہ سب کچھ لکھا ہے۔

(3) اے بھیا یہ سکینہؑ ہے اس ننھی سی فاطمہؑ سے بات کرلو۔ بھیا قریب ہے کہ اُس کا دل صدمہ سے بکھر جائے۔

(4) اے بھیا تمہیں کیا ہو گیا تم تو ہم پر بڑے مہربان تھے۔ یہ کیا بات ہے کہ تم نے اپنا دل اتنا سخت کرلیا ہے؟

(5) اے بھائی کیا تم نے عابدؑ بیمار کو اس قید و بند میں نہیں دیکھا ہے؟ اسے یتیمی اور بے کسی کے ساتھ ساتھ بار بار اونٹ سے گرنے اور اٹھنے کی طاقت نہیں ہے۔

(6) پھر یہ بھی تو دیکھو کہ جب اُسے ضربیں لگائی جاتی ہیں تو وہ درد سے تڑپ کر آپ کو پکارتا ہے۔ بہتے ہوئے آنسوؤں سے ناتوانی میں آپ کو یاد کرتا ہے۔

(7) اے بھیا قربان جاؤں ذرا سا قریب ہو کر عابدؑ کو سینہ سے لگا لو تاکہ اُس کے دل کو آپ تسکین دے کر اس کے خوف کو دور کرسکو۔

(8) بھلا کسی یتیم کے لئے اس سے بڑی مصیبت اور دل شکنی اور کیا ہوگی کہ وہ دکھیا اپنے باپ کو آوازیں دے اور اسے باپ کی طرف سے جواب بھی نہ ملے۔

(ب)۔ سابقہ کتابوں میں ثبوت دینا اگر مقبول ہے تو آئندہ منہ بند رکھیں

ہمارے نام نہاد مجتہدین اور مخالفین قرآن کریم اور کتب حدیث کے بیانات کو جس اصول سے مستند سمجھتے ہیں۔ اُسی اصول سے ہمارے بیانات کو مستند اور صحیح سمجھنا اُن پر لازم ہے۔ مثلاً قرآن کریم نے فرمایا کہ:۔

وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَىَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِىْ مِنْ بَعْدِى اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ o۔(الصّف 61/6)

''اور جب عیسیٰؑ بن مریم نے کہا کہ اے اسرائیل کی اولاد میں تمہاری طرف اللہ کا رسولؑ ہوں۔ اور جو کچھ توراۃ میں سے میرے سامنے ہے اُسکی تصدیق کرتا ہوں۔ اور ایک ایسے رسولؐ کی خوشخبری دیتا ہوں جو میرے بعد آنے والا ہے۔ اور جسکا نام احمدؐ ہوگا۔ چنانچہ جب بنی اسرائیل کے پاس حضرت محمدؐ بنام احمدؐ آئے تو اُنہوں نے کہہ دیا یہ تو ایک کھلا ہوا ثابت شدہ جادو ہے۔''

سوال یہ ہے کہ مسلمانوں نے اس آیت کے بیان کو صحیح سمجھا اور اُس پر ایمان لائے۔ حالانکہ جو انجیل موجود چلی آرہی ہے اُس میں حضرت عیسیٰؑ کا یہ بیان نہ آج ہے نہ عہدِ رسولؐ میں موجود تھا۔ مگر قرآن میں حوالہ موجود تھا۔ اسلیئے مان لیا گیا اور یہ ضد نہیں کی گئی کہ ہمیں انجیل میں دکھاؤ تب قرآن کے اس حوالہ یا اقتباس کو مانیں گے۔ مگر عیسائیوں نے انکار کیا اور کہا کہ یہ بیان اس لئے غلط ہے کہ انجیل میں نہیں۔ مسلمانوں نے کہا کہ تم نے یا تمہارے بزرگوں نے انجیل کی عبارتوں کو تبدیل کر دیا ہے۔ اصلی انجیل میں یہ بیان ضرور موجود ہوگا۔

اللہ نے یہ بھی فرمایا کہ: ۔محمدؐ اللہ کا رسولؐ ہے۔ اور جو لوگ اُسکے ساتھ ہیں وہ آپس میں بڑے مہربان ہیں اور کفار پر بہت ہی سخت ہیں ۔تم اے رسولؐ جب بھی انہیں دیکھتے ہو یا دیکھو گے تو انہیں اللہ کی رضامندیاں اور فضل حاصل کرنے کیلئے رکوع اور سجود میں پاؤ گے۔مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ ۔ اُنکی مثال توریت اور انجیل دونوں میں ہے(الفتح 48/29)۔اسی قسم کے سینکڑوں بیانات قرآن میں موجود ہیں اور علمائے اسلام نے توریت وانجیل وزبور میں موجود نہ ہوتے ہوئے بھی قرآن کے بیان کو مستند سمجھا ہے۔

دوسرا پہلو۔ اُدھر صحاح ستہ اور ادھر کتب اربعہ کو اعتبار کا آخری درجہ حاصل ہے۔مگر سوال یہ ہے کہ کیا صحاح ستہ کے مرتب کرنے والوں اور کتب اربعہ جمع کرنے والوں سے تمام راویوں کی ذاتی ملاقات ہوئی تھی؟ تمام اہلسنت اور شیعہ علما کا اتفاق ہے کہ اُن لوگوں سے ہرگز تمام راویوں کی ملاقات نہیں ہوئی۔پھر دوسرا سوال یہ ہے کہ جن کتابوں سے انہوں نے اپنی کتابوں میں حدیثیں نقل کی ہیں کیا اُن کتابوں کے تمام مصنفین سے اُن کی ملاقات ہوئی تھی؟ اِس کا جواب بھی نفی میں ہے۔پھر یہ سوچیں کہ مذکورہ حدیث کے ذخیرہ کی دس کتابوں میں اُن کے مؤلفین نے کہیں کسی سابقہ یا اپنے زمانہ کی کسی کتاب کا حوالہ نہیں دیا۔لیکن شیعہ اور سُنی دونوں قسم کے علما اُن کتابوں کو اور اُن کے مصنفین کے بیانات وتحریرات کو مستند سمجھتے ہیں۔

تیسرا پہلو یہ ہے کہ تمام قدیم کتابوں میں سند بیان کرنے یا حوالہ دینے کی مثالیں اِسی وزن کی ہوتی تھیں۔جیسا کہ مندرجہ بالا روایت میں علامہ محمد باقر مجلسی رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب بحار الانوار میں لکھا ہے کہ: ''رَاَیْتُ فِیْ بَعْضِ الْکُتُبِ المعتبرہ''
''میں نے بعض معتبر کتابوں میں دیکھا ہے''۔سوچئے کہ تمام شیعہ علما محمد باقر مجلسی سے یہ نہیں پوچھتے کہ جناب وہ معتبر کتابیں کون سی تھیں؟ اور اُن کا اعتبار کس بنیاد پر کیا گیا ہے؟ اور جناب نے اُن کے نام تک بتانے کی تکلیف کیوں گوارا نہ کی؟ کہ اگر ہم آج اُن ہی کتابوں سے حوالہ دیں تو عزاداری کے یہ منکر شیعہ علما انکار نہ کریں۔بہرحال ہمیں یہ قرآن اور حدیث اور محمد باقر مجلسی کی مثالیں لکھ کر عزاداران حسین علیہ السلام کو یہ بتانا ہے کہ آپ اُن منافقین کے سوالات اور اعتراضات کے جواب میں یہ فرما دیا کریں کہ تم اپنی راہ لو،نو دو گیارہ ہو جاؤ۔ ہم عزاداری میں جو کچھ کرتے ہیں وہ سب محمدؐ وآل محمدؐ کی سنت ہے۔جس پر دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ بھی گواہ ہیں۔مگر تم ایسے دوستداران اہلبیتؑ ہو کہ تم سے کفار و یہود وعیسائی ومجوسی و ہندو اور بے دین لوگ بھی بہتر ہیں۔ہم اپنا سر پھوڑتے ہیں،سینوں پر زنجیریں،چھریاں اور تلواریں مارتے ہیں۔ یہ سنت صدیقہ صغریٰ جناب زینب علیہا السلام ہے اور تمام صحابہ حسینؑ اور تمام شیعان ماسبق کی سنت ہے۔سُنو دشمنِ شبیرؑ سے ہندو ہر حال میں بہتر ہے۔خدا تم پر لعنت کرتا رہے۔بلاشبہ تم قاتلانِ حسینؑ کی نسل سے ہو۔یقیناً تم وہی لوگ ہو جن کو نیک اہلسنت بھی دشمنانِ اہلبیتؑ کہتے ہیں۔تم ہی وہ لوگ ہو جن کی موجودگی نے حقیقی شیعوں کو بھی طعن وطنز کا نشانہ بنایا ہے۔تم نے ہی یزیدی حکومت اور اس کی جانشین حکومتوں کی پالیسی پر عمل کیا۔اور بلا سند و بلا ثبوت اور بلا دلیل بہت سے فضائل ومصائب محمدؐ وآل محمدؐ کا انکار کیا ہے۔تم ہی ایک سانس میں عزاداری کی روایات کو غلط قرار دیتے ہو۔وہ ملاعین تم ہی ہو جنہوں نے یہود ونصاریٰ کے مجتہدین کی حرف بحرف،لفظ بلفظ اور قدم بقدم پیروی کی۔جس طرح انہوں نے توریت وانجیل سے وہ ثبوت وسند نکال دی جو قرآن نے پیش کی تھی۔تم نے قران کے معنی تبدیل کئے یعنی ایک ایک لفظ کے سینکڑوں معنی مشہور کئے اور پھر جن معنی کا چاہا انکار کر دیا۔اس ایک قرآن کے اتنے ہی

قرآن بنالئے جتنے تم نے فرقے بنائے تھے۔تمہارے ہی گروہ کے لوگ نبوت کو جاری مانتے ہیں۔تم ہی عذاب جہنم کو عارضی مانتے ہو۔ پھر تم نے پچھلی صدی کی کتابوں کی عبارتوں کو تبدیل کیا۔تم ہی نے بحارالانوار اور سینکڑوں شیعہ علما کی کتابوں میں تبدیلیاں کر کے شائع کرایا۔تم ہی نے معتبر کتابوں کو ضائع کیا۔تم ہی معتبر کتابوں کو شائع ہونے سے روکتے ہو۔تم ہی مناظرہ بازی کر کے مسلمانوں کو لڑاتے ہو۔تم ہی شیعوں سے اہلسنت کو متنفر کرتے رہے ہو۔تم ہی تو ہو جو جناب قاسم بن الحسنؑ کی شادی کا انکار کرتے ہو۔سنو ہم تمہیں تمہارے ایک منکر ومنافق بزرگ کا بیان دکھاتے ہیں۔مگر تمہیں اُس کا نام نہیں بتائیں گے۔تاکہ تمہارا دل بے چین رہے۔اور تمہیں تلاش میں سرگرداں رہنا پڑے اور جب بھی ملے تو تمہیں ندامت وخجالت ورسوائی کا سامنا ہو۔مگر ہمارے پاس وہ کتاب موجود ہے،شائع ہوتی ہے اور ملنے کا پتہ بھی ہزارہا انسانوں کو معلوم ہے۔اور وہ کتابیں بھی دنیا میں موجود ومعلوم ہیں جن کا اُس مجتہد نے حوالہ دیا ہے۔مومنین سُنیں اور منافقین ومعترضین کو سنا کر جلائیں۔کتاب فارسی میں ہے۔لہٰذا فارسی عبارت اور ہمارا ترجمہ پیش خدمت ہے:۔

(ج)۔ حضرت قاسمؑ کی عروسی کے منکرین ومنافقین کی زبانی ثبوت

مسئلہ پنجاہ ودویم۔ دامادی حضرت قاسم سلام اللہ علیہ در کتب معتبرہ بنظر انور عالی رسیدہ وخبری درخصوص آن حکایت از آئمہ ھدٰی (س) وارد شدہ یا نہ؟ (صفحہ 348)

سوال نمبر 52۔ حضرت قاسم سلام اللہ علیہ کی دامادی کے متعلق جناب عالی کی نورانی نظر میں معتبر کتابوں سے کیا ثابت ہوتا ہے اور خاص طور پر آئمہ ھدٰی صلوۃ اللہ علیھم کی زبانی کوئی حدیث موجود ہے یا نہیں؟

1۔جواب عرض میکنم سوای حکایتی کہ شیخ فخر الدین الطریحی النجفی رحمہ اللہ در ''منتخب'' در مجلس سابع عشر درلیلۂ تاسع از عشر محرم نقل کردہ است۔ دیگر روایتی ندیدہ ایم۔وبعض محدثین اصحاب مثل سید ہاشم بحرانی در ''مدینۃ المعاجز''وبعض دیگر در کتب مقاتل کہ نقل نمودہ اند از منتخب طریحی نقل کردہ اند۔وسوای آن بنظر نہ رسیدہ است ونسبت باھل بیت نمی دھد۔

''جواب عرض کیا جاتا ہے کہ میں نے شیخ فخر الدین طریح (العالم المحدث الفقیہ الشیخ فخر الدین طریحی مصنف لغت مجمع البحرین،احسن) نجفی کی کتاب منتخب کی سترہویں مجلس میں یہ روایت دیکھی ہے۔ جسے انہوں نے نویں محرم کے سلسلے کے سامنے نقل کیا ہے۔اُس روایت کے علاوہ ہم نے کوئی اور روایت نہیں دیکھی ہے۔اور بعض محدثین حضرات نے مثلاً سید ہاشم بحرانی محدث نے اپنی کتاب'' مدینۃ المعاجز'' میں اور دوسرے محدثین نے واقعہ کربلا کی کتابوں میں علامہ مذکور فخر الدین طریحی کی کتاب ''منتخب'' ہی سے نقل کر لیا ہے۔ لہٰذا اُس روایت کے علاوہ میری نظر سے کوئی اور نہیں گزری۔اور اس روایت کو بھی وہ اہلبیتؑ سے نسبت نہیں دیتے ہیں۔

2۔ اما در ناسخ التواریخ با تتبع تامی کہ داشتہ است در تعداد اولاد حضرت امام حسن علیہ السلام کہ در کربلا بودند مینویسد۔اما حسن بن حسنؑ کہ اُورا حسن مثنّی گویند در خاطر داشت کہ دختر امام حسین علیہ السلام در حبالہ نکاح در آورد۔ چون این خبر را بعرض حسین علیہ السلام رسانید ند اُورا حاضر ساخت وفرمود اینک فاطمہؑ وسکینہؑ دختران منند ہر یک را خواستار باشی با تو کابین خواہم بست؟ حسن شرمناک سر فرو داشت وسخن نہ کرد۔حسینؑ فرمود من دختر خود فاطمہؑ را کہ با مادرم شبیہ تر است با تو کابین خواھم بستم۔ابو نصر بخاری گوید فاطمہؑ (معاذ اللہ ولاحول ولا قوۃ الا باللہ۔احسن) از حسن

سہ پسر آورد نخستین عبداللہ کہ اُورا عبداللہ محض گویند دویم ابراہیم واُورا ابراہیم غمر گویند سیم حسن واُورا حسن مثلث گویند۔ تا آنکہ میگوید وازاین حدیث مکشوف افتاد کہ حدیث دامادی قاسمؑ بن حسنؑ درکربلا وتزویج کردن حسین علیہ السلام فاطمہؑ را با اُوازا کاذیب روّات است وحسین علیہ السلام را دو دختر افزوں نہ بود یکی فاطمہؑ زوجہ حسن مثنّٰی وآن دیگر سکینہ بود۔ بعضی گویند اُورا دختری دیگر بود کہ زینب نام داشت۔ واگر باخبار نا استوار متوسل شوند کہ اورا فاطمہؑ دیگر بُود ماپذیریم خواھیم گفت کہ اُو فاطمہؑ صغریٰ است کہ در مدینہ جای داشت۔ اور انتواں با قاسمؑ بن حسنؑ بست۔

البتہ ناسخ التواریخ میں بڑی چھان بین کے بعد امام حسن علیہ السلام کی اُس اولاد کا ذکر کیا گیا ہے جو کربلا میں موجود تھی۔ اس سلسلے میں وہاں لکھا ہے کہ ''حسن بن حسن علیہ السلام جن کو حسن مثنیٰ (حسن کی کاپی) بھی کہا جاتا ہے۔ اُسکے دل میں تھا کہ وہ امام حسین علیہ السلام کی بیٹی کو اپنے عقد میں لائے۔ جب یہ خبر امام حسینؑ کو دی گئی تو آپ نے اُسے بلایا اور کہا کہ میری یہ دو بیٹیاں فاطمہؑ اور سکینہؑ ہیں اِن میں سے جسکو تم مانگو میں تم سے نکاح کردوں؟ وہ بہت شرمندہ ہوا کوئی جواب نہ دیا اور سر جھکا لیا۔ امام حسینؑ نے فرمایا کہ میں اپنی بیٹی فاطمہؑ کو جو میری والدہ سے بہت مشابہ ہے (معاذ اللہ) تیرے نکاح میں دیتا ہوں۔ ابونصر بخاری (خارجی) کہتا ہے کہ فاطمہؑ کے یہاں سے حسن مثنیٰ سے تین بیٹے پیدا ہوئے تھے۔ چنانچہ اُن میں سے ایک عبداللہ تھا جسے عبداللہ محض کہا گیا ہے۔ دوسرا ابراہیم تھا جسے ابراہیم غمر کہا گیا ہے۔ تیسرا بھی حسن تھا جسے حسن مثلث (تکونا) کہا گیا ہے۔ تا آنکہ میگوید اور اس حدیث سے انکشاف ہوتا ہے کہ دامادی قاسم کا قصہ کربلا میں امام حسین نے فاطمہؑ کبریٰ سے اُنکا نکاح کیا تھا۔ یہ روایت راویوں کے جھوٹ کی دلیل ہے اور امام حسین علیہ السلام کے یہاں صرف دو ہی بیٹیاں تھیں۔ اُن میں سے ایک فاطمہ تھیں جو حسن مثنّٰی کی زوجہ تھیں اور دوسری بیٹی سکینہؑ تھیں۔ بعض علما نے لکھا ہے کہ امام حسینؑ کی ایک اور بیٹی زینب نام کی بھی تھی۔ اگر ہم کمزور قسم کی احادیث کو اختیار کرلیں اور مان لیں کہ امام حسین علیہ السلام کی تیسری بیٹی بھی تھی تو ہم تو یہ کہیں گے کہ وہ تیسری بیٹی وہ فاطمہؑ صغریٰ ہونا چاہئیں۔ جن کو مدینہ میں چھوڑا گیا تھا۔ مگر اُنکی شادی حضرت قاسمؑ سے نہیں کی جاسکتی تھی۔

3۔ عرض میکنم در ''بحار'' روایت نمودہ است۔ روی انّ الحسن بن حسنؑ خطب الیٰ عمہ الحسینؑ احدی ابنتیہ فقال لہ الحسین (ع) اختر یابُنَیّ احبھما الیک فاستحیی الحسن ولم یحر جوابًا فقال لہ الحسینؑ فانی قداخترتُ لک ابنتی فاطمۃً فھی اکثر شبھا لفاطمۃَ اُمّی بنت رسولؐ اللّٰہ وقبض الحسن بن الحسنؑ مجتبیٰ ولہ خمس وثلثون سَنَة واخوہ زید بن الحسنؑ حی۔ فلمامات الحسن بن الحسنؑ ضربت زوجتہ فاطمۃُ بنت الحسینؑ بن علی (ع) علیٰ قبرہ فسطاطًا وکانت تقوم اللیل وتصوم النھار وکانت تشبہ بالحورا لعین لجمالھا۔ فَلَمَّا کانت راس السنۃ قالت لموالیھا اذا اظلم اللیل فقوضوا ھذا الفسطاط۔ فلما اظلم اللیل سَمِعَتْ قائلًا یقول ''ھَل وجد وا مَافقد وا؟'' فاجابہ آخر یقولوا۔ ''بل یَئِسُوا فانقلبوا۔''

میرا کہنا یہ ہے کہ بحارالانوار میں علامہ محمد باقر مجلسی نے روایت لکھی ہے کہ حسن بن حسن علیہ السلام نے اپنے چچا امام حسینؑ سے اُن کی ایک بیٹی سے شادی کرنے کی درخواست کی تو امام حسین علیہ السلام نے حسن مثنیٰ سے کہا کہ اُن دونوں میں سے جو تمہیں زیادہ پسند ہو اُسے اختیار کرلو۔ مگر حسن مثنیٰ نے شرم کی وجہ سے کوئی جواب نہ دیا۔ تب امام حسینؑ نے فرمایا کہ میں تمہارے لئے اپنی بیٹی فاطمہؑ کو تجویز کرتا ہوں اس لئے کہ وہ میری والدہ فاطمہؑ سے بہت مشابہ ہے۔ حسن مثنیٰ نے اُن کو نکاح میں لے لیا۔ اور اُس وقت حسن مثنیٰ کی عمر پینتیس

(35) سال کی تھی۔ اوراُن کا بھائی زید بن امام حسنؑ اس وقت زندہ تھا۔ پھرحسن مثنیٰ نے اپنے بھائی کووصیت کی تھی۔ جب حسن مثنیٰ مرگیا تو اُس کی زوجہ فاطمہؑ بنت حسینؑ بن علیؑ نے حسن مثنیٰ کی قبر پرخیمہ اورقناتیں لگا کر وہیں رہنا اورراتوں کوعبادت کرنا اوردن بھرروزہ سے رہنا شروع کیا اوروہ اپنی خوبصورتی میں حورانِ جنتی کی مانند تھیں۔ جب اسی حالت میں ایک سال پورا ہوگیا تو فاطمہؑ نے اپنے خادموں سے کہا کہ جب رات کا اندھیرا چھاجائے توتم لوگ خیمہ اورقناتیں اکھاڑ لینا۔ چنانچہ جب رات چھا گئی اورخوب اندھیرا ہوگیا تو فاطمہ نے سُنا کہ کوئی کہہ رہا ہے کہ:۔

’’کیا اُنہوں نے وہ چیز حاصل کرلی جواُن کے ہاتھ سے جاتی رہی تھی؟‘‘ دوسرے نے جواب دیا کہ:۔

’’نہیں نہیں بلکہ وہ مایوسی کے عالم میں ناکام ونامرادواپس لوٹ گئے۔‘‘

4۔ ودرتعداد بنات امام حسین علیہ السلام دربحار چندروایات ذکرمیکند ۔ کہ دودختر داشتہ اندسکینہؑ وفاطمہؑ۔ ودربعض روایات دختری مسماۃ بزینب ۔ وروایتی ازکمال الدین بن طلحہ در’’کشف‘‘نقل میکند کہ دہ اولاد داشتہ اند۔ شش پسر وچہار دختر ۔ اما تعداداسماء بنات راسہ اسم بیش نمی کند۔ زینبؑ وسکینہؑ وفاطمہؑ۔ ومیگویداین قول مشہوراست وبعضی دودختر حکایت کردہ اند۔

کتاب بحارالانوار میں امام حسین علیہ السلام کی اولاد کی تعداد کے متعلق کئی روایات موجود ہیں۔ کسی میں دو بیٹیاں سکینہؑ اورفاطمہؑ بتائی ہیں۔ بعض روایات میں ایک بیٹی زینب نامی بھی بتائی ہے۔ اورعلامہ کمال الدین بن طلحہ نے اپنی کتاب ’’کشف‘‘ میں ایک روایت لکھی ہے۔ جس میں امام حسین علیہ السلام کی دس (10) اولادیں تھیں۔ جن میں چھ بیٹے اور چار بیٹیاں تھیں۔ مگرلڑکیوں کے نام گنواتے ہوئے صرف تین نام زینبؑ، سکینہؑ اورفاطمہؑ بتائے ہیں اورلکھا ہے کہ یہ روایت ہی مشہورروایت ہے۔ اوربعض نے دوبیٹیوں کی کہانی کہی ہے۔

5۔ عرض میکنم یااین است کہ درحکایتِ کشف یک اسم سقط شدہ ویا آنکہ تدافعی دارد۔ وعلیٰ ایّ حال حقیقت امر درست معلوم نیست وخدادانا است۔ میں عرض کرتا ہوں کہ مندرجہ بالا ناموں کی تعداد میں یا تو چوتھی بیٹی کا نام لکھنے سے رہ گیا یا لکھنا نہیں چاہا ہے۔ (اوراحسن کہتا ہے کہ یا بعد کے بدمعاشوں نے نام غائب کیا ہے) بات یہ ہے کہ صحیح حقیقت خدا ہی جانتا ہے۔ اِن لوگوں کومعلوم نہ تھی۔

6۔ ودروایت ’’منتخب‘‘ کہ معروف است آنطوردلالت میکند چیزی کہ تائیدصحت آنرا میکند فقرہ ’’وی کودک‘‘ است کہ ازکتب عہد عتیق است ودرمیان یہودونصاریٰ معتبر است وخبرازرسالت خاتم (ص) وشہادت سیدالشہدا (ع) نیز وشہادت اصحاب ویاران آنحضرت وعروسی کہ آنروزواقع میشود ومبدل شدن آن بعزا امیدھد وقرینۂ صدقی است کہ تائیدمیکند صحتِ نوع حکایت را۔ ولی دراخبار ماثورۂ خودمان کہ روایت از معصومین (ع) باشد ذکرآن راندیدہ ایم۔‘‘ (ازصفحہ 348 تا 351)

علامہ فخرالدین طریحی کی کتاب ’’منتخب‘‘ کی روایت جوملت شیعہ میں مشہور ومعروف ہے وہ مندرجہ بالا دس اولادوں والی روایت کے طریقہ پر ہے۔ اورجو چیز اس روایت کی صحت پردلیل بنتی ہے۔ وہ اِس روایت کا ایک فقرہ ہے یعنی ’’وی کودک‘‘ یہ فقرہ عہد عتیق (آنحضرتؐ سے قبل) کی کتابوں میں استعمال ہوا ہے۔ اوریہودی اورعیسائی علماوعوام میں مشہور ومستند ہے۔ اوراس روایت میں

خاتم الانبیاؑ کی نبوت ورسالت اورسید الشہدؑ ا کی شہادت اورامام حسینؑ کے دوستوںؑ اورصحابہؑ کی شہادت کی پیشینگوئی ہے اورساتھ ہی اس عروسی کی تفصیل ہے جوہجوم رنج وغم اورعزاداری میں تبدیل ہوجانے والی تھی۔اوراس روایت کی صحت پر یہ پیشین گوئی قرینہ ٔصدق ہے۔ مگر ہمارے یہاں آئمہ معصومین علیھم السلام کی زبانی جواحادیث موجود ہیں اُن میں میں نےنہیں دیکھا ہے۔''آگے بڑھنے سے پہلے یہ بھی سُن لیں:۔

7۔موافق استنباط بعض ازمحدثین زینبؑ وام کلثومؑ را یکی میشمر دند واختلاف روایات دریں مقام بسیار است۔(آخری رسالہ صفحہ 18)

بعض محدثین کی تحقیق میں زینبؑ اورام کلثومؑ کوایک ہی ہستی شمار کیا گیا ہے۔اس مقام میں روایات بہت مختلف ہیں۔''

(د)۔ دروغ بافوں کوگھر تک پہنچا کر چھوڑنا چاہئے۔روایت پرتنقید

مومنین کے لئے اس پورے اورطویل بیان میں بھی ثابت ہے کہ میدان کربلا میں امام حسین علیہ السلام نے حضرت قاسم اورحضرت فاطمہ علیھما لسلام کی شادی کی تھی اور یہ کہ یہ سب کچھ روزازل سے تمام انبیاؑ کی زبانی بطور پیشین گوئی روایت ہوتا چلا آرہا تھا۔ مگر ہم یہ بتانا چاہتے ہیں کہ ہمارے آباواجداد اوراُن کے آباواجداد مسلسل تیرہ سوسال سے رسومات عزاداری میں اس عروسی کو مانتے اورمناتے چلے آرہے ہیں۔اس لئے ہمیں کسی روایت اورعالم کے بیان اورتصدیق کی ہرگز احتیاج نہیں ہے۔یہ ملت شیعہ کی وہ سنت ہے جوآئمہ علیھم السلام کے زمانہ سے جاری چلی آرہی ہے۔رہ گئی کتابیں اور کتابوں کے لکھنے والے علما اوراُن کی سمجھ اوراُن کے فیصلے اوراُن کا انکار اوراُن کا اقرار؟اِس کے متعلق بہت کچھ کہنا ہے۔

پہلی بات یہ ہے کہ وہ عملی سنت جوآئمہ علیھم السلام کے زمانہ سے اجتماعی طور پر چلی آرہی ہے وہ مسلسل اورغیر منقطع ہے۔یعنی ملت شیعہ کسی ایک لمحہ کے لئے بھی دنیا سے غائب نہیں ہوئی۔ ہروقت ماضی ومستقبل ہم آہنگ رہتے چلے آئے۔یعنی جوشیعان اہلبیتؑ امامؑ زین العابدین کے عہد میں موجود تھے،اُن میں سے چند حضرات مرگئے اور چند بچوں کا اضافہ ہوا توامام محمد باقر علیہ السلام کا زمانہ آگیا۔خودامام محمد باؑقر بھی امامؑ زین العابدین کے زمانہ کے فرد تھے۔اُن کے عہد میں کثرت اُن شیعوں کی تھی جوسابقہ امامؑ کے زمانہ کے لوگ تھے۔پھر چند شیعہ مرگئے چند بچے اور پیدا ہوگئے یہاں تک کہ امام جعفرصادق علیہ السلام کا زمانہ آگیا۔اورامام جعفرؑصادق بھی امام محمدؑ باقر کے زمانہ کے فرد تھے۔اسی طرح ہرامامؑ کے عہد میں سابقہ زمانوں کے حالات ورسوم واحکامات جاننے والی ملت شیعہ مسلسل موجود رہتی چلی آئی اورآج تک موجود ہے۔یعنی اس ملت کے دماغوں میں،اُس کی زبانوں پر،اُس کے اعمال میں،اُن کے رواسم وعبادات میں وہ سب کچھ موجود ہے جوآئمہ معصومین علیھم السلام کے اعمال واقوال وافکار سے برآمد ہوا تھا۔لہٰذا ہمیں اِن کتابوں کی ضرورت بھی ہے اور اِن کا ہونا ہمارے لئے مفید بھی ہے۔لیکن ہمارا اور ہمارے مذہب کا اور ہماری رواسم وعبادات کا وجود اِن کتابوں کامحتاج نہیں ہے۔وہ ہماری زیبائش اورتفصیلات اورتحقیقات کا سامان فراہم کرتی ہیں۔لیکن ہمیں وجود عطانہیں کرتیں۔وہ اگر ہماری ملت کی سنت جاریہ کے خلاف کچھ کہیں تووہ کچھ ٹھکرادیا جائے گا۔وہ ہماری تصدیق میں مدد دیں،ہمارے کردار کو بلند کریں،ہمیں قوت وہمت وعلوم عطا کریں تووہ ہماری ہیں۔اورجوبات ہماری ملت کی تکذیب کرے وہ دشمنوں کی ہے۔ہم اورہماری اسی سُنّت کے لئے فرمایا گیا تھا کہ:

لَاتَـجتَمع اُمَّتِیُ عَلٰی البَاطل ۔میری امت باطل پر مجتمع اور متفق نہ ہوگی ۔ یہ اُس گروہ کا ذکر ہے جسے معصومؑ نے تیار کیا ہواور جو معصومینؑ کے اعمال وافکار وعادات کو سینہ بسینہ اور قدم بقدم عملاً لے کر چلتا ہوا حوض کوثر تک پہنچے۔ہم یہ تو مان سکتے ہیں کہ ایسے زمانے ، ایسے سال اور ایسے مہینے اور ایسے ہفتے اور ایسے دن اور ایسی گھڑیاں آئی ہیں کہ کسی قوم میں یا شیعوں میں ایک بھی عالم یا فقیہ یا محدث موجود نہ ہو۔لیکن ہم یہ نہیں مانتے کہ کوئی ایسا لمحہ گزرا ہے کہ حجتؑ خداوندی موجود نہ رہی ہو۔ یا مذکورہ بالا سنت جاریہ اور ملت شیعہ اس تیرہ سو چھتیس (1336) سال میں یا تیرہ سوستانویں (1397) سال میں موجود نہ رہی ہو۔

دوسری بات علما کے متعلق ہے۔اور علما کا مسلّمہ یہ ہے کہ حقیقی علما صرف آئمہ معصومین اور محمد صلوٰۃ اللہ علیہم تھے (حدیث)۔ اور علما نے یہ بھی مانا ہے کہ یہ علما تمام خاطی ہیں ۔اُن سب سے خطا نہ صرف ممکن تھی بلکہ اُن کی خطاؤں کا انبار کتاب الخلاف اور کتاب المختلف میں دیکھا جا سکتا ہے۔نہج البلاغہ اُن کی نقاب کشائی کے لئے ایک زبردست معصوم ریکارڈ ہے۔اُن کے اپنے اقوال اس کی تصدیق کرتے ہیں۔ پھر اُن علما کی دو قسمیں ہیں ۔ایک اُن ہی میں مخلوط اور ملے جلے وہ علما ہیں جنہیں علمائے سُوء یعنی نا ہنجار و بدکردار علما۔اور اُن ہی میں کچھ اچھے علما بھی ہیں ۔اور اگر ہم نہج البلاغہ کے معیار پر جانچیں تو بہت سے مشہور وموجود عمامہ پوش وعبا قبا بردوش شیوخ ومرجع خلائق قسم کے لوگوں کی کثرت علمائے سُوء کے دائرے میں ملے گی۔

یہ بھی فرمایا گیا ہے کہ اُمت میں بدعملی اور بے دینی جب بھی شروع ہوگی وہ اس لئے ہوگی کہ اس سے پہلے علما اور امرا بدعملی اور بے دینی میں مبتلا ہو چکے ہوں گے (حدیث)۔یعنی گمراہی کی طرف علما کا جانا پہلے ہے۔اور اُمت کا نمبر بعد میں ہے۔لہٰذا جو علما ہر زمانہ میں بادشاہوں ،حکمرانوں کے تنخواہ دار ووظیفہ خوار رہے ہیں۔اور جاگیروں اور کروڑوں روپے کی ملکیت رکھتے تھے وہ سب علمائے سُوء میں داخل ہیں۔اُن کی تصنیفات اور تحریروں میں سے ہر وہ بات نفی کر دی جائے گی جو حکمرانوں کی پالیسی کی تائید اور معصومینؑ اور ملت شیعہ کی مخالفت کرے۔

پھر اُن علما میں وہ لوگ بھی ہیں جو یہ مانتے ہیں کہ حضرت ام کلثومؑ بنت فاطمہؑ وعلیؑ کی شادی خلیفہ دوم کے ساتھ ہوئی تھی۔ وہ علما اور کتابیں بھی ہیں جن میں رسولؐ اللہ کی چار بیٹیاں حضرت خدؑیجہ سے تسلیم کی گئیں اور اُن کا کافروں اور منافقوں سے نکاح ہونا مانا گیا ہے۔ہم ایسے علما کو دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ سمجھتے ہیں اور اُن کی بات بلا تنقید وتحقیق نہیں مانتے۔

پھر علما، اہلبیتؑ کے خلاف سازشوں میں شریک رہے ہیں ۔اور اُنہوں نے خطا کار ہوتے ہوئے اپنی پیروی واطاعت کو واجب قرار دیا ہے جو احکامِ خدا اور فرامینِ معصومینؑ کے خلاف ہے۔لہٰذا علما کا وزن اُسی وقت بنتا ہے، اُن کی قدر وقیمت اُسی حالت میں ثابت ہوتی ہے جب کہ اُن پر کوئی ایسا الزام قائم نہ ہوتا ہو جو آئمہ علیہم السلام نے عائد کیا ہو۔اور اُن کے احکام اور فیصلے اور فتاویٰ قرآن کریم اور احادیث معصومینؑ کے الفاظ میں ہوں ۔ذاتی رائے اور خطا کارانہ بصیرت کو دخل نہ دیا گیا ہو۔ورنہ ہم ایسے علما کی قیمت لگانا اور قدر کرنا تو بڑی بات ہے ہم تو اُن تمام لوگوں کو ملعون ومردود سمجھتے ہیں جو دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ کی پیروی میں فتویٰ دیتے ہوں۔

مندرجہ بالا فارسی زبان کے بیان میں یہ جو کہا گیا ہے کہ انہیں حدیث کی کتابوں میں کوئی حدیث ایسی نہیں ملی جس میں حضرت

قاسم وحضرت فاطمہ کبریٰ علیھما السلام کی عروسی کا تذکرہ ہو۔ یہ جواب جب کسی عالم کی طرف سے دیا جاتا ہے تو مومنین یہ سمجھ لیتے ہیں کہ واقعی ایسی کوئی حدیث موجود نہیں ہے۔لیکن سوال یہ ہے کہ کیا اُس عالم نے حدیث کی تمام کتابوں کو پڑھا ہے؟ اور کیا تمام حدیث کی کتابیں علما کے پاس موجود ہیں؟ پہلے سوال کے متعلق سُنئے کہ آج یا کل یعنی اِس زمانہ میں اور کسی سابقہ زمانہ میں کسی عالم نے حدیث کی تمام کتابیں ہرگز نہ پڑھی ہیں نہ پڑھی تھیں، نہ پڑھی جاسکتی تھیں۔یعنی یہ بات ناممکن تھی اور ناممکن رہتی چلی آئی ہے۔اسلئے کہ چوتھی صدی شروع ہونے کے بعد صرف علم الحدیث کی چارسو کتابیں ضائع کردی گئی تھیں۔جن کو اربعہ مائۃ (400) کہا گیا ہے۔اورسُنی وشیعہ دونوں کے ریکارڈ میں اُن کا موجود ہونا اور آئمہ معصومین علیھم السلام کا مصدقہ ہونا ثابت ہے۔لہٰذا چوتھی صدی کے اور اُسکے بعد کے علما کا اُن ضائع شدہ کتب حدیث کو پڑھنا ناممکن تھا اور ہے۔اب یہ سوچئے کہ جب چارسو حدیث کی کتابیں موجود ہی نہیں ہیں تو یہ بات کیسے صحیح ہوسکتی ہے کہ عروسی حضرت قاسمؑ پر کوئی حدیث موجود ہی نہیں تھی؟ ہم اُن فریب سازوں سے کہیں گے کہ جناب آپکے بزرگوں نے حدیث کے اس عظیم القدر ذخیرہ کو تباہ اور ضائع اسلئے کیا تھا کہ آنے والے مومنین کے سامنے اُن تمام حقائق کا انکار کرسکو جو اُن چارسو حدیث کی کتابوں میں موجود تھے؟ اور دو چار کتابیں پڑھ کر کہہ دو کہ ایسی کوئی بھی حدیث موجود نہیں ہے۔جس سے عروسی قاسمؑ ثابت ہوجائے؟ اسی لئے ہم نے اس عنوان کا نام دَروغ بافوں کو گھر تک پہنچا کر چھوڑنا رکھا ہے۔لہٰذا مومنین ہر منکر کوٹوک کر جھوٹا کہہ دیں اور سُنیں کہ اُن میں کسی کو اپنے کو سچا ثابت کرنے کا سامان نہ ملے گا۔ پھر سوچیے کہ اہلسنت کے ریکارڈ میں ہزاروں کتابیں حدیث پر موجود ہیں۔کیا اُن منکرین نے وہ تمام کتابیں پڑھی ہیں؟ ظاہر ہے کہ نہیں ہرگز نہیں؟ اور پھر اہلسنت کے سینکڑوں محدثین میں سے ایک محدث محمد اسماعیل بخاری کو لے لیں۔اُنکو چھ سات لاکھ حدیثیں ملی تھیں۔ یہ اُنکا مسلمہ بیان ہے۔اب سوچیئے کہ انہوں نے اپنی حدیث کی کتاب بخاری شریف میں کل چھ سات ہزار حدیثیں لکھی ہوئی چھوڑیں۔ باقی پانچ یا چھ لاکھ چورانوے ہزار حدیثیں کہاں گئیں؟ کون کھا گیا؟ کس نے غائب کیں؟ بتایئے وہ احادیث اِن منکرین نے پڑھی ہیں؟ پھر کیسے ہم اُن مردود وملعون منکروں کی بات کو اہمیت دیں؟ اس عنوان پر ہماری کتابیں (نظام ہدایت وتقلید اور اسلام اور علمائے اسلام وغیرہ) ملاحظہ ہوں۔ہم نے منکروں کی جڑیں نکال کر پھینک دی ہیں۔ یہ دوسری بات ہے کہ آپ نے ہماری کوئی کتاب نہ پڑھی ہو یا ہم سے کبھی بات نہ کی ہو۔یا آپکو ہمارا دنیا میں موجود ہونا ہی معلوم نہ ہو۔ بہرحال ملت شیعہ نہ میری محتاج ہے نہ کسی اور عالم کی یا کتابوں کی محتاج ہے۔وہ خود ایک بولتی چالتی حقیقت ہے۔اور اُنکے سرپر اُن کا امامؑ حجت فی العالمین موجود ہے اور بس۔**السلام علیک یاصاحب العصر والزمان۔**

(۵)۔ اولادِ امام حسین علیہ السلام کو کم کرنے والے قاتلانِ حسینؑ سے کم نہیں

نسل رسوؐل کو دنیا سے مٹانے کی کوشش برابر جاری رہتی چلی آئی ہے۔ابتدائی دانشوروں نے اولاد رسوؐل اور خانوادہ رسوؐل کو ختم کرنے کے لئے اُن کے فضائل ومناقب بیان کرنے سے روکا۔اُن کی عظمت کو اُمت کی نئی نسل کے دماغوں سے کم کیا۔اُن کو اقتصادی اور سیاسی مشکلات میں اُلجھا کر اُن کو حقیر و بے دست و پا کیا۔زروجواہر وجاگیریں دے کر لوگوں کا رُخ اُن کی طرف سے ہٹایا۔رفتہ رفتہ اُن کی کسرشان کے لئے حکایات وروایات گھڑوا کر پھیلائیں اور اُن کے مخالفین کی مدح وثنا کو نصاب تعلیم میں داخل کرکے بچوں کو تربیت

دی۔ بتدریج انہیں سازشی مشہور کیا اور رفتہ رفتہ اُن پر لعنت وتبرا جاری کیا۔ اور جب وقت اُن کے ہاتھ آیا تو کربلا میں اُن کا قتل عام کر دیا۔ اور یوں اپنے خودساختہ اسلام کو نافذ کرنے کے لئے اطمینان وفراغت حاصل کر لی۔ لیکن جب کربلا کا خون اُبلا، جب مظالم نے پلٹ کر ظالموں کو پہچانا تو قتل عام کرنے والی نسل دنیا سے مٹ گئی۔ انقلاب نے اس خودساختہ مذہب کا گلا گھونٹ دیا۔ اب ضروری ہوا کہ اولاد رسولؐ پر گزرے ہوئے مظالم کو ہلکا کیا جائے۔ پبلک کے دلوں سے نفرت اور جوشِ انتقامِ مظلوم کو نکالا یا کم کیا جائے۔ تو واقعات کربلا کی روایات وحالت کو ادل بدل کر، رعایات وعنایات کا رنگ دے کر پھیلایا۔ اور یوں تلوار ونیزہ وسنان کی جگہ قلم کی نوک اور زبان کا مٹھاس استعمال کیا گیا۔ وہ لوگ جو نوک قلم سے قاتلان حسینؑ کی طرفداری کرتے رہے ہیں وہی ہیں جنہوں نے کہا کہ:۔

1۔ حضرت زینبؑ ہی کا نام ام کلثومؑ تھا۔ وہ دو بہنیں نہ تھیں۔

2۔ کربلا میں صرف دو بیٹیاں تھیں۔ ایک فاطمہؑ صغرا اور ایک سکینہؑ۔ اور اُنہوں نے یہ بھی لکھا کہ سکینہؑ کربلا سے مدینہ آئیں۔ معاذ اللہ کئی ایک نکاح کئے۔ اور قاتلان حسینؑ کے طرفداروں سے بھی نکاح کئے۔ وہ اپنی بہنوں اور بیٹیوں کی طرح اُن کو ایک عیاش عورت لکھتے ہیں۔ افسوس شیعوں کے اُن علما پر ہے جو دوستی کا نقاب پہن کر برابر دشمنوں کی تائید میں اُن روایات کو لکھتے اور مومنین کو مشکوک کرتے چلے آئے ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ تم نے ایسی روایات کو لکھنا اب تک کیوں نہیں چھوڑا؟ اسی لئے نا کہ شیعوں میں اختلاف رہتا چلا جائے۔ اور ہمارا دشمن تمہارا نام لے کر تمہاری کتاب کا حوالہ دے کر ہمیں ٹوکے اور روک کر کہے کہ جناب شیعہ علما نے مانا اور لکھا ہے کہ:۔

3۔ امام حسینؑ کے صرف تین بیٹے تھے۔ علیؑ بن الحسینؑ، علیؑ اکبر، علیؑ اصغر۔ پھر اُن خبیثوں نے اِن تینوں ناموں کو بھی مشکوک کر دیا ہے۔ وہ ملاعین لوگ جناب امام زین العابدین علیہ السلام کو علی اصغر کہتے ہیں۔ اور سینہ میں برچھی کھانے والے اٹھارہ سالہ نوجوانؑ کو حضرت زین العابدینؑ سے بڑا کہتے ہیں۔ اور ہمارے قدیم ذاکرین کی بیان کردہ روایات کو جب دل چاہتا ہے غلط قرار دیدیتے ہیں۔

(و)۔ امام حسین علیہ السلام کی اولادؑ کی صحیح تعداد اور اسمائے گرامی

جناب علامہ محمد باقر مجلسی رضی اللہ عنہ کی کتاب بحار الانوار سے وہ چند روایات پیش کی جاتی ہیں جن میں مخالف محاذ کا زہریلا اثر نہیں ہے۔

(1) ''کتاب کشف الغمہ میں کمال الدین بن طلحہ سے روایت ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی دس اولادیں تھیں۔

چھ بیٹے اور چار بیٹیاں تھیں۔ (1) علیؑ اکبر (2) علیؑ اوسط (3) علیؑ اصغر اور (4) محمدؑ (5) عبدؑاللہ اور (6) جعفرؑ۔

بیٹیاں (1) زینب (2) فاطمہ (3) سکینہ (4)...'' اسی تعداد کو علامہ مجلسی نے مشہور اور صحیح لکھا ہے۔ (ترجمہ جزائری صفحہ 160)

(2) مندرجہ بالا روایت سے پہلی روایت میں بھی یہی نام لکھے ہیں۔ اور اُس روایت کو کتاب مناقب سے لکھا ہے۔ اور اس کے بعد والی روایت ابن خشاب سے لکھی ہے۔ اُس میں بھی یہی نام مذکور ہیں۔ (ترجمہ جزائری صفحہ 161-160)

اب ہماری دو باتیں یاد رکھیں ۔ اوّل یہ کہ وہ تمام روایات غلط، باطل اور جھوٹی ہیں جن میں تعداد اس سے کم بتائی گئی ہے اور دوم یہ کہ دس اولادیں بتا کر صرف دس ہی نہیں دس اولادوں کی تفصیل میں چھ (6) بیٹے اور چار (4) بیٹیاں لکھ کر ایک نام کا رہ جانا دس کی تعداد کو کم نہیں کرتا بلکہ اِس کو بھول جانا، غلطی کر جانا یا بعد والوں کا حرامزدگی کرنا کہا جائے گا۔ کاتب سے اور نسخہ نویسوں سے بھی سہواً ایسا ممکن ہے۔ لہٰذا بیٹیوں کے نام پورے کرلیں۔

بیٹیوں کے اسمائے گرامی

1۔ جناب فاطمة الکبریٰ علیہا السلام عرف زبیدہؑ منسوبہ ومنکوحہ جناب قاسم علیہ السلام۔

2۔ فاطمة الاوسط علیہا السلام عرف رقیہ وزینبؑ کربلا میں موجود۔

3۔ فاطمة الصغریٰ علیہا السلام کو مدینہ میں رکھا گیا تھا۔

4۔ فاطمة السکینة علیہا السلام زندان شام میں وفات پائی۔

بیٹوں کے اسمائے گرامی

1۔ حضرت علی الاعلیٰ عرف زین العابدین علیہ السلام۔

2۔ حضرت علی الاکبر علیہ السلام مومنین میں مشہور ومحبوب نوجوان۔

3۔ حضرت علی الاوسط عرف محمدؑ کم سن شہید اور بے توجہی کا نشانہ۔

4۔ حضرت علی الثالث عرف جعفر علیہ السلام کم سن شہید اور بے توجہی کا نشانہ۔

5۔ علیؑ الرابع علیہ السلام عرف الحسن علیہ السلام کمسن شہید اور بے توجہی کا نشانہ۔

6۔ علی الاصغر علیہ السلام مشہور شیر خوار عرف عبدؑ اللہ۔ زیارت میں اُن ہی کی وجہ سے امام حسین علیہ السلام کو اَبَاعَبۡدِ اللّٰہ کہا جاتا ہے۔

یاد رکھیں کہ امام حسین علیہ السلام نے اپنے سب بیٹوں کا نام علیؑ اور بیٹیوں کا نام فاطمہؑ رکھا تھا۔ اس پر یزید ملعون نے بھی تعجب کیا تھا۔ اُس خبیث کا مطلب یہ تھا کہ اُس کے آباواجداد اور خاندان میں جن ناموں سے زیادہ نفرت وعداوت تھی وہی نام حسینؑ کو سب سے زیادہ پیارے تھے۔ لعنت وتبرا کی بنا پر جن ناموں کو رکھنا چھوڑ دیا گیا تھا۔ حسینؑ نے وہی نام رکھ کر بھی خود بنی اُمیہ کو چیلنج کر رکھا تھا۔ اور اُن کے بعد اُن کی اولاد میں آئمہ علیھم السلام نے بھی اُن ہی کی سُنّت پر عمل کیا تھا۔

ہم نے جو کچھ لکھا اور لکھتے ہیں وہ مستند ترین ریکارڈ سے لکھتے ہیں اور وہ ریکارڈ دو قسم کا ہے۔ قسم اوّل خاص ریکارڈ ہے۔ وہی ریکارڈ ہے جس سے جو چیز ثابت ہو جاتی ہے وہ باوجود کوشش کے بند نہیں ہوتی، مٹائی نہیں جاسکتی۔ مثلاً زنجیر وشمشیر وقمہ کا ماتم مجتہدین کی کثرت کے نزدیک حرام ہے۔ وہ منع کرتے کرتے فتوے دیتے دیتے تھک گئے مگر مومنین نے اُسے بند کرنا تو کہاں کم بھی نہ کیا۔ ہر سال

اس میں ترقی وشدت ہوتی چلی آتی ہے۔اور یہ برکت امام عصر علیہ السلام کی خوشنودی کا ثبوت ہے۔

دوسرا ریکارڈ عام ہے۔اس کی بھی دو اقسام ہیں۔اوّل وہ جو چوتھی صدی سے پہلے کی چار سو کتابوں میں سے اب تک باقی اور محفوظ ہے۔مگر نظام اجتہاد کے اختیار سے باہر موجود ہے۔دوسرا وہ جو چوتھی صدی کے بعد تیار کیا گیا تھا اور علمائے حکومت کی دستبرد سے بچا ہوا محفوظ ہے۔ ہم اپنے مذہب کا ہر دعویٰ اور ہر مسئلہ ان تمام اقسام کے ریکارڈ سے ثابت کرتے ہیں۔اور یہ سب اقسام ہماری دسترس کے اندر ہیں۔لیکن ہم یہ پوچھتے ہیں کہ جب بارِ ثبوت تمہارے ذمہ ہوتا ہے تو یہ کہنا اور لکھ دینا کافی سمجھتے ہو کہ:۔

(الف)۔''بعض مؤلفات متاخرین میں ہے کہ۔''(ترجمہ بحار جزائری صفحہ 116)

(ب)۔''بعض کتب مناقب معتبرہ میں نقل ہے کہ۔''(ایضاً صفحہ 140)

(ج)۔''بعض مؤلفات علما میں بروایت مرسلہ بعض اصحاب سے اس طرح وارد ہوا ہے کہ۔''(ایضاً صفحہ 144)

(د)۔کتب معتبرہ میں مسلم بصّاص سے روایت ہے۔''(ایضاً صفحہ 18-17)(دیکھو حصہ دوم ترجمہ جزائری)

لہٰذا تمہیں بھی اسی قسم کا ثبوت اگر دیا جائے تو کیا حرج ہے؟اور اگر ہم کوئی بیان لکھ کر اُس کے آگے مثلاً ''آت، لات، کات، یُو، بُو، سُو، جُل، ع، غط، شط، دُھت یا ھِشت وغیرہ لکھ دیں تو تم کیوں قبول نہ کرو گے؟ارے بڑے حضرات صاحبان آپ نے تو اتنے داؤ گھات۔اتنی چالاکیاں اور اتنے مکر استعمال کئے ہیں کہ آپ کے ساتھ کوئی غلط اور بدترین سلوک ناجائز نہیں ہے۔تمہارے ساتھ جو سلوک لازم ہے وہ قرآن میں یوں مذکور ہے:۔

اِنَّھُمْ یَکِیْدُ وْنَ کَیْدًا o وَّاَکِیْدُ کَیْدًا o فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًاo (الطّارق 86/15-17)

''حقیقت یہ ہے کہ وہ حق پوش گروہ چالاکیاں فریب اور دھوکہ دہی کو اصول حیات بنائے ہوئے ہے۔لہٰذا مجھے قیام قیامت تک مہلت دے دو کہ میں بھی اُن کے ساتھ چالاکی فریب اور دھوکہ کو اپنے معیار سے استعمال کروں۔''چنانچہ اسی اصول پر:۔

فَقَاتِلُوْا اَوْلِیَآءَ الشَّیْطٰنِ اِنَّ کَیْدَ الشَّیْطٰنِ کَانَ ضَعِیْفًا o (النساء 4/76)''تم شیطان پرست لوگوں کو جس طرح بھی ممکن ہو قتل کر ڈالو۔ یقیناً ایسا عملدرآمد کیا جائے تو شیطان کی تمام چالاکیاں،فریب اور دھوکہ دہی بڑی کمزور ثابت ہوگی۔''

بھائی جان تمہیں صرف اُن لوگوں کو ستانے میں کمال حاصل ہے جو دنیا میں قاتل کو بھی دعا دیتے تھے،شربت پلاتے تھے۔ تمہاری نجات کے لئے فاقوں کی حالت میں رات رات بھر کھڑے رہ کر دعائیں مانگتے تھے اور کوئی غلط قدم نہ اُٹھا سکتے تھے۔کوئی قول وفعل اپنے معیار سے گرا ہوا نہ کر سکتے تھے۔اس مجبوری سے تم نے خوب خوب فائدہ اٹھایا۔اُن کے حقوق غصب کئے۔اُنہیں اپنی رعیت بنا کر بھی انہیں چین سے نہ رہنے دیا۔اور آخر تم نے چاہا کہ اُن کا نام ونشان تک مٹا دو۔اس لئے ہم آگے بڑھے،ہم خاطی تھے،ہم گناہ گار تھے۔ہم نے چاہا کہ ہم تمہیں تمہارے اصولوں اور ہتھیاروں سے تباہ کریں اور ایسا کرنے میں کسی جرم وگناہ کا خوف نہ کریں اور مٹا کر چھوڑیں۔تو دیکھو تم آج کل کہاں ہو؟وہ خلافت کہاں ہے؟وہ بیعت کدھر ہے۔وہ فری اسٹائل شریعت سازی کدھر گئی؟وہ تاج وتخت کس نے چھین لیا؟اب تم ہو کاسۂ گدائی ہے اور کفار وبے دین لوگوں کے،یعنی تمہارے حقیقی ہم مذہبوں کے،دروازے ہیں اور بھیک مانگنے کی

نئی نئی ادائیں ہیں۔جن کے ٹکڑوں پر پلتے ہواُن ہی کو لوٹتے ہو۔جن ناموں کے واسطے سے بھیک مانگتے ہواُن ہی کو برا بھلا کہتے ہو۔دنیا کی اقوام میں اور خود مسلمانوں میں تمہارے معزز القاب اب گالی بن کر رہ گئے۔تمہیں ہر ملک میں فتنہ انگیز وشر پسند قرار دیا جاتا ہے۔ اورابھی تمہاری سزا کی انتہانہیں ہوئی ہے۔کسی چنگیز،کسی ہلاکواورکسی پاشا یاکسی ناصر خداوندی کا انتظار کرو۔کسی توپ کے دھانہ کا ابھی تیار ہونا باقی ہے تاکہ فضا میں پھر تمہاری دھجیاں اڑتی ہوئی دیکھی جاسکیں۔تمہارے یہاں راہ چلتے لوگوں کو مارڈالنا جائز ہے۔مسافروں کی گاڑیاں جلادینا حلال ہے۔اگر الف پر قابو نہ ہوتو بے سے یے تک تمام انسانوں کا قتل،جلانا اور پیاسوں کے منہ میں پیشاب کرنا؛ہاتھ پیر کاٹ لے جانا اسلام کی خدمت ہے۔تم بے گناہوں کوقتل کرنے اور قتل کرانے؛اقوام وممالک کو مفلوج کرکے رکھ دینے کا نام جہاد رکھتے ہو۔تم شر پسندوں اور مکانوں دکانوں کوجلانے والوں کی حرام موت کوشہادت کہتے ہو۔تم مسلمان نہیں ماشاءاللہ شیطان ہو۔

49۔ کوفہ سے دمشق مختلف منازل ومراحل میں گزرنے والے واقعات وحالات

حرم رسولؐ اور سرہائے شہدأ کوفہ سے دمشق کس طرح پہنچے؟

یہاں ہم وہ روایات جمع کریں گے جن کی مدد سے یہ عنوان تکمیل کو پہنچتا ہے۔مومنین ہر روایت کے ہر لفظ کو مذکورہ بالا اصول تنقید کے ماتحت رکھ کر قبول کریں۔اور جو بات ملت شیعہ کی سُنۃ جاریہ کے خلاف معلوم ہو،جس پر ہمارے سن رسیدہ بزرگ متفق نہ ہوں اُسے بلا سوچے سمجھے اختیار نہ کریں۔چنانچہ آیئے اور علامہ دربندی رضی اللہ عنہ کی محنت سے مستفید ہونے اور اُن کی روح کوخوش کرنے کی تیاری کیجئے۔اور اُن کو اُن کی کوشش اور خدمت سید الشہدا علیہ السلام پر داد اور دعا دیجئے۔

(1)۔ ابن زیاد ملعون کا انتظام اور روانگی کے احکام؛کوفہ سے شام

علامہ مرحوم لکھتے ہیں کہ:۔ **المجلس السابع والعشرون مِن کتاب اکسیرا لعبادات فی اسرارالشهادات فی انفاذ ابن زیاد الاسارٰی والرؤس المطهرة وبیان ماجری من الکیفیات والحالات فی المنازل والمراحل بین الکوفة والشام فنذکر اول فی هذا المجلس مافی الکتاب الصغیر لابی مخنف ۔ فاعلم ۔اَنّہ قال ثُمَّ دعاابن زیاد براس الحسینؑ فاحضر بین ید یه وطیّبه بالمسک والعنبرالهندی ثم دعی بشمر بن ذی الجوشن الضبابی وخولی الاصبحی لعن وضمّ الیهما الفًا وخمس مائة فارس وامرهم اَنْ یسیروا بالحرم وسبایا والروُّس اِلٰی دمشق واَن یشهر وهم فی جمیع البلدان۔قال فلما رایتُ ذلک جمعت رَأیي اِلَی المسیر معهم فجهزّت وسیّرتُ مع القوم فَلَمَّا نزلوا القادسیة انشأت ام کلثوم صلوات اللّٰه علیها تقول ۔ماتت رجالی وافنی الدهر ساداتی وزادنی حسرات بعد لوعات صالوا اللیام علینا بعد ماعلموا انابنات رسولؐ بِالهدی یأ تی یسیرونا عَلٰی الاقتاب عاریة کاننا بینهم بعض الغنیمات یعز علیک یارسولؐ اللّٰه ما صنعوا باهل بیتک بانورا لبریات کفرتم برسولؐ اللّٰه ویلکم اهدیکم من سلوک فی الضلالات۔**

قال ابومخنف وساروا بالرؤس الٰی شرقی الجصاصة ثم عبروا تکریت واخذ وا علٰی طریق البرّثم علی الاعمی ثمَّ علٰی دیرعروة ثمّ علٰی صلتیا ثم علٰی وادی النخلة نزلوا فیها وباتوا ۔ قال وسموا بُکآءَ نسآء الجن علی الحسینؑ ۔قال ثم رحلوا مِن وادی النخلة واخذ وا علٰی الیانا وکانت عامرة بالناس فَخَرجتِ المخد رات والکهول والشبّان ینظرون اِلٰی راس الحسینؑ ویصلُّون علیه

وعلٰی جدّہٗ وابیہٗ ویلعنون مَن قتلہ ویقولون یاقتلۃ اولاد الانبیأء اخرجوا مِن بلدنا ۔

(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات ۔صفحہ 498-497)

کتاب اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات کی ستائیسویں (27) مجلس میں ابن زیاد ملعون کا سرہائے شہدأ اور اسیران اہل حرمؑ کو دمشق بھیجنا اور مختلف منازل ومراحل میں گزرنے والے واقعات وحالات کا ذکر جناب علامہ ابومخنف ؓ کی چھوٹی کتاب سے بیان کیا جاتا ہے ۔ اُنہوں نے فرمایا ہے کہ پھر راوی نے کہا کہ ابن زیاد نے امام حسین علیہ السلام کا سر مبارک طلب کیا جو اُس کے سامنے پیش کیا گیا ۔ اس خبیث نے سر مبارک کو مشک سے معطر کیا ۔ اور ہندوستانی عنبر لگایا ۔ پھر شمر بن ذی الجوشن ضبابی کو اور خولی اصبحی (خدا اُن دونوں پر لعنت کرے) کو بلایا ۔ اور اُن کی ماتحتی میں ایک ہزار پانچ سو رسالہ کے سوار سونپے اور انہیں حکم دیا کہ وہ اہل حرمؑ قیدیوں کو اور سرہائے شہدأ کو دمشق لے جائیں اور راستے میں آنے والے تمام شہروں میں اُن کی رسوائی اور پبلک کو متاثر کرنے کے لئے تشہیر وتعارف کرایا جائے ۔ راوی نے کہا کہ میں نے بھی ساتھ ساتھ چلنے اور حالات کو ریکارڈ کرنے کا فیصلہ کرلیا اور تیاری کر کے چل دیا ۔ جب وہ گروہ قیدیوں وغیرہ کو لئے قادسیہ پہنچا تو جناب ام کلثومؑ نے بطور مرثیہ یہ بین کئے کہ :۔

ہمارے مرد بھی مار دیئے گئے ہمارے سرداروں کو دنیا والوں نے فنا کرنے کی مہم بھی جاری کی ۔ اور انتہائی مظالم کے بعد ہمیں حسرت ویاس میں مبتلا رکھنے کا انتظام بھی کیا گیا ۔ اُن نانہجار لوگوں نے یہ جانتے ہوئے بھی ہمارا قتل عام کر دیا کہ ہم اُس رسوؐل کی بیٹیاںؑ ہیں جو دنیا کی ہدایت کیلئے آیا تھا ۔ ہمیں ننگی پشت اونٹوں پر اس طرح تماشہ بنائے پھرتے ہیں گویا ہم جہاد میں حاصل کی ہوئی مال غنیمت کی چیزیں ہیں جن کو دیکھ کر مسلمان خوش ہوں گے اور ایمان میں ترقی ہوگی ۔ اَے اللہ کے رسولؐ میں آپ کو اُس عملدرآمد پر پُرسہ دیتی ہوں جو آپ کی اُمت نے تمام مخلوق سے بڑھی ہوئی پُرنور اہلبیتؑ کے ساتھ روا رکھا ۔ تم لوگ قابل نفرین ہو اسلئے کہ تم نے اُس رسولؐ کی ایسی تعلیمات کو پس پشت ڈال دیا جو بھٹک جانے والوں کی راہنمائی کرتی ہیں ۔

اس کے بعد ابومخنف رضی اللہ عنہ نے لکھا ہے کہ وہ لوگ اہل حرمؑ اور سرہائے شہدأ کو لئے ہوئے مشرقی جصاصہ کی جانب چلے پھر شہر تکریت کو پار کیا پھر بیابانی راستے سے گزرے اور اَعمٰی ہوتے ہوئے عروۃ کے گرجا پہنچے پھر وہاں سے صلیتا آئے ۔ پھر آگے بڑھ کر وادی نخلہ میں پڑاؤ ڈالا اور وہیں رات گزاری ۔ یہاں رات بھر قوم جِنات کی آہ وزاری اور اُن کی مستورات کے مرثیے اور نوحے سنتے رہے ۔ راوی کہتا ہے کہ صبح کو یہ لشکر وادی نخلہ سے چلے اور موضع اَلیانا میں پہنچے جو بہت گنجان آباد تھا ۔ چنانچہ بہت سی خواتین اور بڑھے اور جوان غول درغول جمع ہوگئے اور امام حسین علیہ السلام کے سر کو دیکھ کر اُنؑ پر اور اُن کے باؐپ دادوںؑ پر درود وسلام بھیجتے تھے ۔ اور جن لوگوں نے امام حسینؑ اور اُن کے فدا کاروں کو قتل کیا تھا اور اہل حرمؑ کی تشہیر اور رُسوائی میں مصروف تھے، اُن سب پر لعنت وملامت کر رہے تھے اور تقاضہ کر رہے تھے اور کہتے تھے کہ اے لوگو تم نے انبیا علیھم السلام کی اولاد کا قتل عام کیا ہے تم ہمارے شہر سے فوراً نکل جاؤ ۔

فاخذوا عَلَی الکحیل وآتوا جھنیّۃ وانفذوا اِلٰی عامل موصل اَن تتلقّانا فِانّ معنا راس الحسینؑ ۔ فلمّا قرء الکتاب امر باعلام والمدینۃ تزیّنت وتداعت الناس مِن کُلّ جانب ومکان وخرج الوالی فتلقّا ھم علٰی ستۃ امیال فقال بعض القوم مالخبر

فقالوا راس الخارجی بارض العراق قتله ابن زیاد وبعث براسه الی یزید ۔ فقال رجل منهم یاقوم هذا راس الحسین صلوات اللّٰه علیه فَلَمَّا تحققّوا ذلک اجتمعوا فی اربعین الف فارس من الاوس والخزرج وتخالفوا اَنْ یقتلوهم ویاخذ وا منهم راس الامامؑ وید فنوه عند هم لیکون فخرًا لَهم اِلٰی یَوْمِ القیامة ۔فَلَمَّا سمعوا ذلک لم یدخلوها واخذ وا عَلٰی تلّ اَعفر ۔ثُمَّ علٰی جبل سنجارفوصلوا الٰی نصیبین فنزلوا بها وشهروا الرؤس والسَّبَایا ۔ قال فلما رأ ت زینب علیها السلام راس اخیها بکت وانشأت تقول ۔ تشهر ونا فی البریة عنوة ووالد نا اوحٰی الیه جلیل ۔کفر تم بربّ العرش ثم نبیہٖ کان لم یجبکم فی الزمان رسولؐ لحاکم اله العرش یاشرَّ اُمة لکم فی لظٰی یوم المعاد عویل۔

قال ابومخنف وجعلوا یسیرون الی عین الورد وآتوا الٰی قریب وکتبوا الٰی صاحب دعوات اَن تلقّانا لِاَنّ معنا راس الحسینؑ ۔ قال فلما قرء الکتاب امربضرب البوقات فخرج فتلقّا هم وشهروا الرؤس وادخلوا مِن باب الاربعین ونصبوه فی الرّحبة من زوال الظهر الی العصرو اهلها طآئفة یبکون وطآئفة یضحکون وینا دون هذا راس الخارجی خرج علٰی یزید بن معاویة ۔قال وتلک الرحبة الَّتی نصب فیها راس الحسینؑ لا یجتاز فیها احد و تقضی حاجته الٰی یوم القیامة۔ وباتواثملین مِن الخمور اَلَی الصباح ۔ قال وآتوا اِلٰی قنسرین وکانت عامرة باهلها فلما بلغهم ذلک اغلقوا الابوب وجعلوا یلعنونهم و یرمونهم بالحجار ۃ ویقولون یافجرة یاقتلة اولاد الانبیآءؑ واللّٰه لادخلتم بلد نا فرحلوا عنهم فبکت ام کلثوم سلام اللّٰه علیها وانشأ ت تقول: کم تنصبون لنا الاقتاب عارّیة کَاَنَّنا مِن بنات الروم فی البلد الیس جدّی رسولؐ اللّٰه ویلکم هو الذی دلّکم قصدًا الی الرشد یااُمّة السوء لاسقیا لربعکم الا عذابا کمااحیی البلد۔

قال وآتوا اِلٰی معرّة النعمان واستقبلوهم فتحوا لهم الابواب وقدّ موا لهم الاکل والشرب بقیة یومهم ورحلوا فیها و نزلوا شِیُرَز وکان فیها شیخ کبیر فقال یاقوم هذا راس الحسین صلوات اللّٰه علیه فتخالفوا اَن لایجوزوا فی بلد هم فلمّا عاینوا ذلک منهم لم یدخلوها وساروا الٰی کفرطاب وکان حصنًا صغیرًا فغلقوا علیهم الابواب ۔ فتقد م الیهم خولی فقال الستم فی طاعتنا فاسقونا المآء ۔فقالوا واللّٰه ۔لانسقیکم قطرة واحدة وانتم منعتم الحسینؑ واصحابه واطفاله المآء ۔فرحلوا منه فاتوا سیبور ۔فانشا علیؑ بن الحسینؑ یقول : ساد العلوج فما ترضی بذاالعرب وصاریقد م رأس الامّة الذ نب یاللرّجال فمایا تی الزمان به مِن العجب الذی مامثله عجب آل رسولؐ علی الاقتاب عاریة وآل مروان یسری تحتهم بُخُبٌ۔

قال ۔ وکان فیها شیخ کبیرٌ وقد شهد عثمان بن عفان مجمع اهل سیبور المشائخ والشبّان فقال یا قوم انّ اللّٰه کره الفتنة وقد مرّهذاالراس فی جمیع البلدان ولم یعارضوه احد فدعوه یجوز فی بلدکم ۔ فقال الشبان واللّٰه لاکان ذلک ابدًا ۔ثم عمد وا اِلَی القنطرة فقطعوها ۔ فخرجواعلیهم شاکین فی السلاح ۔فقال لهم خولی الیکم عنا ۔ فحملوا علیه واصحابه فقاتلوهم قتا لًا شدیدًا ۔فقتلوا مِن اصحاب خولی ستمائة فارس وقُتِلَ مِنَ الشبان خمس فوارس رحمهم اللّٰه ۔فقالت ام کلثوم (سلام اللّٰه علیها)مایقال لِهٰذِهِ المدینة ؟فقالواسیبور فقالت عذب اللّٰه شرابهم وارخص اسعارهم ورفع ایدی الظلمة عنهم ۔ قال ابومخنف فلوانّ الدنیا مملؤة ظلمًا وجورًا لمانالهم اِلَّا قسطًا وعدلًا ۔ ثُمَّ سَارُوا حتّٰی وصلوا حماوا ۃ۔ فغلّقوا الابواب فی وجوههم و رکبواالستور و قالوا و اللّٰه لا تدخلون بلدنا هذا ولواقُتِلْنا من اخرنا ۔ فلما سمعوا ذلک ارتحلوا وساروا الٰی حمص وکتبوااِلٰی صاحبها اَنَّ معناراس الحسینؑ وکان امیرها خالد بن النشیط ۔فلماقرء الکتاب امربالاعلام فنشرت والمدینة تزیّنت وتد عی الناس مِن کل جانبٍ ومکان وخرج و تلقّاهم علٰی حدّ مسیرثلاثة امیال واشهروا الراس وساروا حتی آتوا حمّص فدخلوا الباب

فازدحمت الناس بالباب فرموهم بالحجارة حتی قتل بالباب ستة وعشرون فارسًا۔واغلقوا الباب فی وجوههم فقالوا اکفر بعد ایمان ام ضلال بعد هدٰی؟

فخرجوا ووقفواعند کنیسة قِسّیس وهی دارالخالد بن النشیط فتخالفوااَن یقتلوا خولی ویاخذ وا منه الراس لیکون فخرًا لهم الٰی یوم القیامة فبلغهم ذلک فرحلوا عنهم خآئفین وآتوا بَعَلُبَک وکتبواالٰی صاحبها اَنّ معناراًس الحسینؑ فامر بالجواری وبایدِ یهن الدفوف ونشرت الاعلام و ضربت البوقات واخذ وا الحلوق والسّکر والسویق وباتوا ثملین ۔ فقالت ام کلثومؑ مایقال لهذه البلدة ؟ فقالوا بعلبک فقالت اباد اللّٰه تعالٰی حضراتهم ولا اعذب اللّٰه شرابهم ولا رفع الظلمة عنهم قال لواَن الدنیا مملؤة عدلًا وقسطًا لمانا لهم الا ظلمًا وجورًا۔

وباتوا تلک اللیلة ورحلوا منه وادرکهم المسی عند صومعة راهب۔ فلماجنّ اللیل علیهم دفعواالراس الی جانب الصومعة ۔ فلمّا عسعس اللیل سمع الراهب دَوِیًّا کَدَ ویّ الرعد وتسبیحًا وتقدیسًا واستأنس انوارًا ساطعة فاطلع الراهب راسه من الصومعة فنظرالی الراس فاذا هو یسطع نورًا قد لحق النور بعنان السمآء ونظرالٰی باب قد فتح من السمآء والملا ئکة تنزلون کتائب کتائب و یقولون السلام علیک یااباعبدُ اللّٰه ۔ فجزع الراهب جزعًا شدیدًا فلما اصبحوا هموا بالرحیل فاشرف الراهب علیهم ونادی مَن زعیم القوم ؟ فقالوا خولی بن یزید الاصبحی فقال الراهب له ومالذی معکم ؟ فقالوا راس الخارجی خرج بارض العراق قتله ابن زیاد۔فقال مااسمه؟ فقالوا اسمه الحسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ وامه فاطمةؑ الزهرآء وجدّه محمدؐ المصطفٰی ۔ فقال الراهب تبّالکم ولما جئتم فی طاعته ۔ فقد صدّق الاخبار فی قولهم انّه اذا قتل هذا الرّجل تمطر السمآء دمًا عبیطًا ولا یکون هذا اِلّا فی قتل نبیؑ اَوُوصیّ نبیّ ۔ثُمَّ قال اریداَن تدفعوا الٰی هذا الراس ساعة واحد ة واردّه علیکم فقال خولی ماکنت اکشفه الّا عند یزید بن معاویة واخذ منه الجائزة وقال الراهب کم جائزتک قال بدرة فیها عشرة الاف مثقال۔ فقال الراهب انا اُعطیک البدرة فقال احضر ماذکرتُ ۔فاحضرا الراهب الد راهم ودفعها الیهم فد فعوا الی الراهب الراس وهوعلی القناة فجعل الراهب یقبّله ویبکی ویقول یعزواللّٰه عَلیَّ یااباعبدؑاللّٰه اذالقیت جدّک محمدؐ المصطفٰی فاشهد لی اَنِّی اشهداَن لا اله الّا اللّٰه وحده لا شریک له واشهد انّ محمدًا عبده ورسوؐله وان علیًّا ولی اللّٰه ۔ ودفع الراس الیهم۔فجعل یقسمون الدراهم واذا هِیَ بایدِ هم خزف مکتوب علیها وَسَیَعْلَمُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا أَیَّ مُنقَلَبٍ یَّنقَلِبُوْنَ (شعرا227/ 26) فقال خولی لاصحابه اکتموا هذا الخبر یاویلکم عن الخزی بین الناس قال سهل فهتف هاتف ینشد بهٰذه الابیات ویقول:۔

اترجُوا اُمّة قتلت حسیناً ؟ شفاعة احمدؐ یوم الحساب ۔ وقد غصبوا لِآلِهٖ وخالفوهُ ولم یخشوهُ فی یوم الماب۔ الالعن الا له بنی زیاد واسکنهم جهنم فی العذاب ۔ قال فلما سمعوا ذلک دهشت عقولهم وجدّ وا فی السیر حتی دخلوا دمشق۔(اکسیرالعبادات فی اسرارالشهادات۔صفحہ 498 تا500)

یہ حالات دیکھ کراُنہوں نے چپکے سے کحیل کاراستہ اختیارکیااور جھنیہ میں آ پہنچے۔اوروہاں سے موصل کے شہر کے گورنرکوحکم نامہ بھیجا کہ ہم سرحسینؑ لئے ہوئے آ رہے ہیں۔لہٰذاتم متعلقہ انتظامات کرکے ہمارے استقبال کے لئے پہنچو۔گورنر نے خط پڑھاتوحکم دیا کہ پبلک کومطلع کیاجائے کہ شہرکوسجائیں۔چنانچہ لوگ انبوہ درانبوہ ہرطرف سے نکل کھڑے ہوئے اورگورنرنے چھ میل سے یزیدی فوج کا استقبال کیا۔چنانچہ لوگوں میں سے بعض نے حالات دریافت کئےتوبتایاگیا کہ عراق کے ایک باغی کوابن زیاد نےقتل کیااوراُس کا سرخلیفہ

یزید کو بھیجا ہے ۔مگر ایک شخص نے بتا دیا کہ یہ توحسینؑ کا سر ہے ۔ جب تحقیق سے صحیح ثابت ہو گیا تو قبیلہ اوس وخزرج کے چالیس ہزار بہادروں کو لے کر اہل حرمؑ اور سرہائے شہدأ کو آزاد کرانے کے لئے جنگ کی تیاری شروع کی تا کہ شہدأ کے سروں کو اپنے یہاں دفن کرنے اور اسیران اہل حرمؑ کو آزاد کرانے کا فخر قیامت تک اُن کے حصہ میں آ جائے ۔ چنانچہ جب انہیں اِس بغاوت کا علم ہوا تو شہر موصل میں داخلہ کا خیال چھوڑ کر تل اعفر کی راہ لی اور سنجار کے پہاڑ سے گزرتے ہوئے نصیبین کے قریب پہنچے اور ڈیرہ ڈال کر اہل حرمؑ اور سروں کو شہر میں گھمایا۔اس دوران جناب زینب علیھا السلام نے بھائی کے سر کو دیکھ کر نوحہ پڑھا اور سب کو بتایا کہ تم لوگ اپنی دشمنی کی بنا پر اُن حضرات کو ساری دنیا میں ذلیل کرنا چاہتے ہو جن کے والد پر خداوند جلیل کی طرف سے وحی نازل ہوتی ہے ۔تم نہ صرف رب العرش کے کافر ہو گئے بلکہ تم نے اللہ کے رسولؐ سے بھی روگردانی کر لی ۔تمہیں زمانہ رسولؐ میں بھی ایمان نصیب نہ ہوا تھا۔اے امت کے شریر ترین لوگو تم اللہ کے سامنے حاضری کے دن کائنات کے حاکم کے سامنے عذاب سے بچنے کا کیا بہانہ کرو گے؟

ابومخنفؒ فرماتے ہیں کہ یہ لوگ نصیبین سے چلے تو عین الورد کے قریب پہنچے اور وہاں سے اپنے مبلغ کو لکھا کہ ہمارے ہمراہ سر حسینؑ ہے استقبال کو پہنچو ۔ یہ حکم پڑھ کر اُس نے بگل اور نفیریاں بجانے کا حکم دیا اور استقبال کو نکلا۔ پھر تمام سروں اور اہل حرمؑ کو شہر میں گشت کرانے کے لئے چالیسویں دروازے سے داخل ہوئے اور تشہیر کے بعد چوراہے پر سروں کو نصب کر دیا۔اور دو پہر کے بعد سے شام تک شہر کے باشندے تماشہ دیکھتے رہے۔ کچھ لوگ روتے بھی تھے، کچھ ہنس ہنس کر کہتے تھے کہ یہ ایک باغی کا سر ہے جس نے خلیفہ یزید بن معاویہ سے بغاوت کی تھی ۔ راوی نے کہا کہ جس جگہ امام حسینؑ کا سر لٹکایا گیا تھا وہاں قیامت تک کسی کی حاجت پوری نہ ہو گی نہ وہاں سے گزرنا مفید ہو گا ۔ یہ ملاعین نشۂ شراب سے چُور چُور وہاں رات گزار کر قنسرین میں آئے یہ بہت ہی گنجان آبادی تھی ۔ جب یہ لوگ قریب پہنچے تو انھوں نے شہر کے دروازے بند کر لئے اور اُن پر لعنت اور پتھروں کی بارش کر دی ۔ اور کہتے جاتے تھے کہ اَے بدکردار و ناہنجار لوگو تم نے انبیّا کی اولاد کو قتل کیا ہے۔تم ہمارے شہر میں داخل نہیں ہو سکتے ۔حضرت ام کلثومؑ نے رو رو کر مرثیہ پڑھا کہتی تھیں کہ:۔

تم تو ہمیں اُسی طرح ننگے اونٹوں پر لئے پھر رہے ہو۔ جیسے گویا ہم ملک روم کی بیٹیاں ہوں ۔اے لوگو! کیا میرے جد رسولؐ اللہ نہیں ہے؟ خدا تمہیں غارت کرے، اُنھوں نے ہی تو تمہیں بھلائی کی راہ دکھائی تھی ۔اے ناہنجار امت خدا تمہاری زمینوں کو کبھی سیراب نہ کرے۔ تمہیں ہمیشہ عذاب میں مبتلا رکھے۔ جیسے کہ وہ آبادیوں کو زندہ رکھنے پر قادر ہے تمہیں عذاب دینے پر بھی قدرت رکھتا ہے۔

راوی نے کہا کہ پھر وہ لوگ معرۃ النعمان میں پہنچے تو اُن کا استقبال کیا گیا دروازے کھولے گئے ۔کھانے پینے کا تمام سامان دن بھر دیا جاتا رہا۔ یہاں سے چلے تو مقام شیرز میں ٹھہرنے کے ارادہ سے قریب پہنچے تو وہاں ایک سن رسیدہ شیخ نے بتا دیا کہ یہ تو سر حسینؑ ہے ۔ اِن کی مخالفت کرو اور شہر میں داخل نہ ہونے دو ۔ جب یہ حال دیکھا تو شہر میں داخل نہ ہوئے اور کفر طاب کی طرف چل دیئے یہاں شہر کے چاروں طرف چھوٹی دیوار تھی ۔انہوں نے دروازے بند کر لئے اور اُن کا داخلہ بند کر دیا۔خولی قریب گیا اور کہا کہ کیا تم ہماری رعیت نہیں ہو،ہمیں پانی تو لینے دو ۔ جواب ملا کہ قسم بخدا ہم تمہیں پانی کا ایک قطرہ بھی نہ دیں گے اسلئے کہ تم نے امام حسینؑ اور اُنکے بچوں اور صحابہ پر پانی بند کیا تھا۔ چنانچہ وہ ملاعین وہاں سے چل دیئے اور سیبور میں پہنچے تو امام زین العابدین علیہ السلام نے اعلان کیا کہ:

آخر کار کمینہ اور رذیل لوگ سردار اور سید بن بیٹھے ۔ یہ تو عربوں کو پہلے کبھی پسند نہ آتا تھا۔ اور اُمت کے سروں پر بدکردار لوگ چڑھ بیٹھے ہیں ۔ اے لوگو! یہ تو وہ تعجب انگیز صورت حال ہے کہ اس کی مثال کا ملنا بھی حیران کن بات ہوگی۔ ایسا زمانہ بھی کبھی آنا تھا کہ رسولوںؑ کی اولاد ننگی پیٹھ کے اونٹوں پر لونڈی غلاموں کی طرح سوار کی جائے اور آل مروان اس طرح سفر کرے کہ اُس کے نیچے ریشمی غالیچے اور گدے ہوں اور سروں پر سائبان لگے ہوں۔

راوی کہتا ہے کہ سیبور میں ایک ایسا بوڑھا شخص تھا جس نے عثمان کا زمانہ دیکھا تھا۔ اُس نے شہر کے تمام جوانوں اور بوڑھوں کو جمع کیا اور کہا کہ اللہ کو فتنہ وفساد پسند نہیں ہے۔ دیکھو یہ سر تمام شہروں میں گشت کرایا گیا ہے۔ اور کوئی ایک شخص بھی روکنے والا نہ ہُوا۔ میں چاہتا ہوں کہ تم لوگ اُس کو اپنے شہر میں داخل ہونے سے روک دو۔ جوانانِ قوم نے کہا کہ خدا کی قسم وہ ہرگز اندر داخل نہ ہوسکیں گے۔ چنانچہ وہ رکاوٹوں کو ہٹاتے ہوئے اسلحہ لے کر اُن پر پل پڑے۔ خولی نے اُن سے کہا کہ ہم سے دُور رہو۔ اس پر اُن جوانوں نے خولی اور اس کے لشکر پر زبردست حملہ کر دیا اور جم کر زبردست جنگ کی۔ چنانچہ خولی کی فوج کے چھ سو سوار قتل ہوگئے۔ اور اِن میں سے کل پانچ جوان مقتول ہوئے اللہ اُن پر رحم فرمائے۔ حضرت ام کلثومؑ نے پوچھا کہ اس شہر کا کیا نام ہے؟ انہیں بتایا گیا کہ اُسے سیبور کہتے ہیں تو آپ نے دعا دیتے ہوئے فرمایا کہ اللہ اُن کی پینے کی چیزوں کو خوش ذائقہ رکھے۔ اور اُن کی ضروریات کی چیزوں میں ارزانی اور فراوانی عطا کرے اور ظالموں کے ہاتھوں کو اُن تک رسائی نہ دے۔ ابو مخنفؒ نے کہا ہے کہ اگر ساری دنیا ظلم اور ستم سے لبریز ہو جائے تب بھی یہ لوگ عدل اور رحم کرم سے وابستہ رہیں گے۔ اس کے بعد لشکر ابن زیاد وہاں سے چلا اور حماوات کے پاس پہنچا تو وہاں کے لوگوں نے بھی اُن پر اپنے دروازے بند کر لیے اور پردے گرادیئے اور کہا کہ تم لوگ ہمارے شہر میں داخل نہ ہوسکو گے اگرچہ ہم میں کا آخری آدمی بھی مارا جائے۔ جب اُن ملاعین نے یہ سنا تو وہاں سے چل دیئے اور حمص کی طرف روانہ ہوگئے۔ اور حمص کے گورنر کو حکم بھیجا کہ ہم سر حسینؑ لئے ہوئے آ رہے ہیں۔ وہاں کا گورنر خالد بن نشیط تھا۔ اس نے خط پڑھتے ہی پبلک کو مطلع کیا شہر کو آراستہ کرنے کا حکم دیا اور پبلک ہر چہار طرف سے اُمنڈ آئی۔ وہ تین میل دُور سے استقبال کر کے لایا۔ اور سرہائے شہدؑا اور اسیران اہل حرمؑ کی تشہیر کرتے ہوئے شہر کی طرف بڑھے۔ اور دروازہ شہر میں داخل ہوئے تو چاروں طرف سے لوگوں نے ازدحام کر لیا اور پتھراؤ شروع کر دیا۔ باہر نکال کر دروازے بند کر لئے۔ چھبیس ملعون وہیں مر گئے۔ وہ کہہ رہے تھے کہ کیا ہم ایمان وہدایت کے بعد کافر وگمراہ ہو جائیں۔

یہ ملاعین وہاں سے نکل کر قسیس کے گرجا پر آئے جہاں گورنر کا مکان تھا۔ لوگوں نے اُن کا پیچھا کیا تا کہ خولی کو قتل کر کے اُس سے سر حسینؑ چھین لیں اور اِس طرح اُنہیں قیامت تک فخر حاصل ہو جائے۔ جب یہ پتہ خولی کو چلا تو ڈر کے مارے جلدی سے اپنی فوج لے کر چل دیا۔ اور شہر بعلبک کو روانہ ہو گیا۔ ساتھ ہی وہاں کے گورنر کو لکھا کہ ہم حسینؑ کا سر لئے ہوئے آ رہے ہیں۔ گورنر نے عورتوں کو حکم دیا وہ ڈھول بجاتی ہوئی نکلیں، بگل بجنے لگے اور سارے شہر میں اطلاع ہوگئی۔ ادھر اُن ملاعین نے ٹولیاں بنائیں گول میزوں پر بیٹھے شراب کا دور چلایا، کھایا پیا اور مست ومخمور ہو کر سو رہے۔ حضرت ام کلثومؑ نے اس شہر کا نام معلوم کیا اور بددعا کی کہ خداوندا ان لوگوں کو پھلنے پھولنے سے دور رکھ۔ اُن کے پینے کی چیزوں کو بدمزہ کر دے اور اُن کو مظالم کا نشانہ بنائے رکھ۔ کہا گیا ہے کہ اگر ساری دُنیا عدل وداد سے

لبریز ہو جائے تب بھی اُن لوگوں کو ظلم وستم کے علاوہ کچھ اور نہ ملے گا۔

وہ لوگ رات بھر ٹھہر کر راہب کے گرجا کو روانہ ہوئے اور شام کے قریب وہاں جا پہنچے جب رات ہوگئی تو انہوں نے سروں کو گرجا کے پاس محفوظ کر دیا۔ جب رات گہری ہوگئی تو گرجا کے راہب نے بجلی کے گرجنے کی ایسی آوازیں سُنیں اور سبّوحٌ قدّوسٌ کی آوازیں آنے لگیں۔ اور زمین سے آسمان تک نور کا ایک فوارہ سا چھوٹتا ہوا دکھائی دیا۔ راہب نے گرجا سے باہر سر نکال کر اِدھر اُدھر دیکھا تو نظر آیا کہ ایک نور زمین سے بلند ہو کر آسمان تک پہنچ رہا ہے۔ اور آسمان میں ایک دروازہ کھلا ہوا ہے۔ جس سے ملائکہ گروہ در گروہ نازل ہو رہے ہیں اور سب السلام علیک یا اباعبدؑ اللہ کہتے جاتے ہیں۔ یہ نظارہ دیکھ کر راہب کو حد درجہ کی بے چینی ہوگئی۔ صبح کو ملاعین کا گروہ چلنے کیلئے تیار ہوا تو راہب وہاں حاضر ہوا اور پوچھا کہ سردار لشکر کون ہے۔ معلوم ہوا کہ خولی بن یزید ہے۔ راہب نے کہا کہ تم لوگوں کے ساتھ کیا چیز ہے۔ بتایا گیا کہ ایک خارجی کا سر ہے جس نے عراق میں بغاوت کی تھی اور ابن زیاد نے اُسے قتل کر دیا تھا۔ راہب نے کہا کہ اس کا نام کیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ حسینؑ بن علیؑ بن ابی طاؑلب تھا۔ اسکی والدہ فاطمہؑ زہراء ہیں اسکا نانا محمدؐ مصطفیٰ ہے۔ راہب نے کہا تمہیں اور جسکی تم نے اطاعت کی؛ تم دونوں کو اللہ برباد کرے۔ یقیناً اُنکی باتوں سے سابقہ احادیث واخبار سچے ثابت ہوگئے۔ یقیناً اسی شخص کے قتل پر انسانی خون آسمان سے برساتھا جو کہ کسی نبیؑ یا نبیؑ کے وصیؑ ہی کے قتل پر برسا کرتا ہے۔ پھر راہب نے کہا کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ ایک گھڑی کیلئے مجھے یہ سر دے دیا جائے پھر میں واپس کر دوں گا۔ خولی نے کہا کہ اُسے تو یزید ہی کے سامنے کھولا جائے گا۔ اور وہاں سے مجھے انعام ملے گا۔ راہب نے پوچھا کہ تمہارے انعام کی رقم کتنی ہوگی؟ اُس نے کہا کہ دس ہزار مثقال کی ایک تھیلی ہوگی۔ راہب نے کہا کہ یہ رقم میں دیتا ہوں۔ خولی نے کہا کہ رقم یہاں لے آؤ۔ چنانچہ رقم دے کر اُس نے سر لے لیا۔ اور سر مبارک کو بوسے دیتا جاتا تھا۔ اور رو رو کر کہہ رہا تھا کہ اللہ مجھے عزادار بنائے میرا پرسہ قبول کرے۔ یا اباعبدؑ اللہ اپنے ناؐنا سے ملاقات کے وقت میری طرف سے اُنہیں بتانا کہ میں نے اسلام اختیار کر لیا ہے۔ میں شاہد ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی اور معبود نہیں اور یہ بھی تسلیم کرتا ہوں کہ محمدؐ اللہ کے بندے اور اُسکے رسوؐل ہیں۔ اور یقیناً علیؑ اللہ کے ولی اور آپکے بعد حاکم ہیں۔ اسکے بعد اُس نے سر مبارک واپس دے دیا اور گرجے میں چلا گیا۔ اب انہوں نے راہب کے دیئے ہوئے روپیوں کو آپس میں بانٹنا شروع کیا تو کیا دیکھتے ہیں کہ وہ سب مٹی کی ٹھیکریاں بن گئے ہیں اور اُن پر لکھا ہے کہ بہت جلد ظلم کرنے والے لوگوں کو پتہ چلے گا کہ اُن کے ظلم نے پلٹ کر انہیں انقلاب کے حوالے کر دیا ہے (شعرا۔26/227)۔ اور یہ دیکھ کر خولی نے اپنے سب ساتھیوں سے کہا کہ لوگوں میں ذلت ورسوائی سے بچنے کے لئے بہتر یہ ہے کہ اس واقعہ کو قطعی طور پر پوشیدہ رکھا جائے۔ ادھر ایک غیبی آواز نے مخاطب کیا اور کہا کہ حسینؑ کو قتل کرنے والی اُمت کو کیسے یہ امید ہوسکتی ہے کہ محمدؐ قیامت میں اُن کی شفاعت کریں گے۔ حالانکہ اُس اُمت نے اُنکے حقوق غصب کئے اور ہر طرح اُن کی آل کی مخالفت کی اور محمدؐ سے بالکل لاپرواہ رہے۔ لہٰذا زیاد کی اولاد اور متعلقین کیلئے قیامت میں محمدؐ کی طرف سے لعنت اور عذاب جہنم کے سوا اور کچھ نہ ملے گا۔ راوی کہتا ہے کہ یہ سُن کر اُن لوگوں پر دہشت نے غلبہ کیا اور اُن کی عقل ششدر رہ گئی۔ لہٰذا جلدی جلدی سفر کرتے ہوئے دمشق پہنچ گئے۔

(اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات۔ صفحہ 500-498)

(2)۔ کوفہ سے دمشق تک سفر پر مختلف وضاحتیں اور اختلافات

عزاداروں کے اور علماو ذاکرین کے علم میں یہ بات رہنا چاہئے کہ واقعاتِ کربلا اور متعلقاتِ شہدا وسید الشہدا علیہم السلام کے بیان میں بعض اختلافات ملکی سیاست اور قومی حکومت نے جان بوجھ کر پیدا کئے ہیں۔اور بعض اختلافات فطری وقدرتی طور پر پیدا ہوئے ہیں۔لہٰذا ہمیں ہر وہ بات قبول کرنی چاہئے جو مقصدِ امام حسین علیہ السلام کی تائید کرتی ہو۔اور ہر وہ بات نظر انداز کر دینا چاہئے جو محمدؐ وآلِ محمدؐ کی مخالفت کرتی ہو۔لہٰذا راوی کا یا راویوں کے بیان کا اختلاف ہمیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ہم یا آپ جب کوئی واقعہ الفاظ میں بیان کرتے ہیں تو اُس میں اتنی اثر انگیزی نہیں ہوتی۔جتنی اُسی واقعہ کی تمثیل میں ہوتی ہے۔مثلاً آپ نے سینما میں ایک پکچر دیکھی۔ پھر اُسے اپنی زبانی دوسروں کو سنایا تو اُن سننے والوں پر وہ اثر نہیں ہوتا جو آپ پر ہوا تھا۔ہوسکتا ہے کہ آپ کو پکچر دیکھتے وقت دکھ ہوا ہو اور رونا آ گیا ہو۔مگر آپ سے سننے والوں کو رونا کیوں نہیں آتا؟ پھر اُسی پکچر کا حال اگر دس آدمی سنائیں تو سب کے بیانات بجنسہٖ وبلفظہٖ ایک نہ ہوں گے۔پھر سننے والے جب دوسروں سے اسی واقعہ کا بیان کریں تو مزید اختلاف نظر آئے گا۔یہ اختلاف فطری ہے، ہر دیکھنے والا مختلف قابلیت کے ساتھ دیکھتا اور یاد رکھتا ہے۔قابلیتوں کے اختلاف سے حافظہ اور بیان پر اثر پڑتا ہے۔ایک بچہ بعض چیزوں کو قطعاً غور سے نہیں دیکھتا اور بعض میں بہت دلچسپی لیتا ہے۔اُن دونوں حالتوں کا اثر اس کے بیان پر پڑتا ہے۔عورتیں، پھر شادی شدہ مرد اور عورتیں، پھر پہلے سے دشمنی یا دوستی رکھنے والوں کا دیکھنا اور بیان کرنا الگ الگ وزن کا ہوتا ہے۔یہ تمام فطری صورتیں احادیث بیان کرنے اور سننے اور لکھنے والوں پر بھی اثر انداز ہوتی ہیں۔راوی اور محدث بھی آدمی ہی ہوتے ہیں۔وہ بھی بوڑھے، جوان، بچے اور عورتیں ہی ہوتے ہیں۔اُن کے ساتھ اور اُن کے دیئے ہوئے یا لکھے ہوئے بیانات کے ساتھ بھی وہی سلوک کرنا چاہئے جو آپ باقی آدمیوں کے ساتھ کرتے ہیں۔آپ جانتے ہیں کہ کربلا میں ابن سعد بھی تھا؛ شمر بھی تھا؛ حصین بن نمیر بھی تھا؛ خولی بھی تھا۔اور یہ سب تقریباً ہم پلہ اور قابلیت میں یکساں بھی تھے۔اور اُن میں سے ہر کوئی پوری فوج یا افواج کی سپہ سالاری سنبھال سکتا تھا۔لیکن سپہ سالار عمر بن سعد تھا۔اور یہ لوگ باقی سرداران فوج کی طرح مختلف قسم کی ایک ایک فوج کے ذمہ دار تھے تمام افواج کے نہیں۔لہٰذا اُن سے نہ تو تمام افواج کا اجتماعی حال معلوم کرنا چاہئے نہ وہ مجموعی حالات پر مطلع ہو سکتے تھے۔اور نہ اُن کے بیانات کو اجتماعی حیثیت دینا صحیح ہوگا۔وہ شخص جس سے یہ امید تھی کہ وہ وہاں کی ہر بات کی ذمہ داری لے گا، جس سے ہر سوال دریافت کیا جائے گا، وہ صرف عمر ابن سعد تھا۔باقی سرداران فوج جُزوی حالات کے ذمہ دار تھے۔لہٰذا لازم ہے کہ جب اہل حرمؑ اور سرہائے شہدا علیہم السلام دربار یزید میں جائیں تو وہاں عمر بن سعد موجود ہو۔تاکہ وہ یزید؛ خلیفۂ وقت؛ اُس وقت کے قومی وملکی مسلمانوں (فرقان 25/30) کا امیر المومنین؛ تاجدار عرب وعجم اور عزیزیوں اور محمودیوں کے امام کے ہر سوال کا جواب دے سکے۔اور ہم نے دکھایا ہے اور پھر بھی ذکر کریں گے کہ عمر ابن سعد کی ماتحتی میں اہل حرمؑ اور سرہائے شہداؑ کو بھیجا گیا تھا۔وہاں یہ بھی دکھایا گیا ہے کہ حضرت قاسم علیہ السلام کا سر مبارک حصین بن نمیر کے ساتھ ملک رے لے جایا گیا تھا۔اور حصین نے عمر بن سعد سے اجازت لے کر یہ سفر کیا تھا۔ابھی سابقہ روایت کے طویل سفر میں یہ دیکھا گیا کہ شمر بن ذی الجوشن اور خولی بن یزید کو ایک ہزار پانچ سو سواروں کے ساتھ اہل حرمؑ اور شہداؑ کے سروں کو بھیجا گیا تھا۔ان مواقع کو دیکھ کر بعض لوگوں کو

عموماً اور دشمنانِ آلِ محمدؐ کو خصوصاً یہ کہنے کا موقع ملتا ہے کہ ان روایات میں اختلاف ہے۔ لیکن اگر آپ کے سامنے وہ مقصد ہے جس کو حاصل کرنے کیلئے اہلِ حرمؑ اور سرہائے شہدؑا یزید کے پاس بھیجے گئے تھے تو عقلی تقاضہ بھی ہے اور روایت بھی موجود ہے کہ عمر ابن سعد ایک فوج اور اہلِ حرمؑ اور شہدؑا کے سروں کو لے کر یزید کے دربار میں گیا تھا۔ تاکہ یزید کے ہر سوال اور کربلا کی ہر تفصیل کی وضاحت کر سکے۔ یہ ممکن ہے کہ عمر بن سعد کو چند باتیں معلوم نہ ہوں یعنی وہ چند سوالات کا جواب نہ جانتا ہو۔ لیکن سپہ سالارِ اعظم ہونے کی وجہ سے وہ یہ جانتا ہے کہ وہ چند باتیں کون سے سردار سے متعلق ہیں۔ لہٰذا وہ سردار کو کھڑا ہونے کا حکم دیگا۔ وہ بتائے گا کہ (مثلاً) پانی بند ہو جانے کے بعد کون کون بہادر لشکرِ حسینؑ سے دریا کے کنارے آئے اور پانی لے گئے۔ ظاہر ہے کہ عمر بن سعد دریا کنارے جا کر نہ بیٹھ سکتا تھا۔ لہٰذا لازم ہے کہ عمر بن سعد ہی نہیں بلکہ تمام متعلقہ سرداران افواج دربار یزید میں موجود ہوں۔ خواہ روایات میں سب کا نام ملے یا نہ ملے۔ حصین بن نمیر ملک رے چلا گیا۔ لیکن جب دربار یزید میں اُس کی ضرورت ہو، اُسے اُس سے پہلے چھٹی ختم کر کے پہنچ جانا چاہئے۔ اور یہ چھٹی دینا بھی اس اصول کے ماتحت رہنا چاہئے کہ کوفہ سے دمشق تک کا سفر کتنے روز میں پورا کروں گا۔ کہاں کہاں منزل کی جائے گی۔ کون سے مقام ایسے ہوں گے جہاں آبادیاں زیادہ ہیں۔ لہٰذا ایسی منزلوں پر اس وقت تک قیام رہے گا جب تک گردونواح میں گاؤں گاؤں قیدیوں اور سروں کی تشہیر نہ ہو جائے۔ پھر دمشق پہنچ کر بھی عمر بن سعد کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ کس روز سب کو پیش کرے۔ اور اس کے تعین کے لئے پہلے وہ تنہا دربار میں حاضر ہوگا۔ فوجی مصلحتیں پیش کرے گا۔ درباری رعایت اور حالات کے ماتحت دونوں تاریخ کا تعین کریں گے۔ لہٰذا اُس روز تمام متعلقہ لوگوں کو وہ جہاں بھی ہوں عمر سعد کے ہیڈ کوارٹر میں رپورٹ کر دینا لازم ہوگا۔ یہ معاملہ اس طرح نہ ہوگا کہ ملاجی کا جب دل چاہا اذان دیدی۔ جب دل میں آیا تالا لگا کر بازار میں چلا گیا۔ یہ کام اس زمانہ کی انتہائی ترقی یافتہ حکومت کے پروگرام اور آدابِ مملکت کے ماتحت کیا جائے گا۔ ہوسکتا ہے کہ پہلے دربار میں یزید اور اس کے اسٹاف کے علاوہ کوئی رعایا یا حکومت کا آدمی نہ ہو تاکہ جائزہ لیا جاسکے۔ اور جب عمر بن سعد وہ ردِعمل سنائے گا جو سرہائے شہدؑا اور اہلِ حرمؑ کی تشہیر پر مختلف شہروں میں ہوا تو اُس کو صیغہ راز میں رکھنا چاہئے۔ بہر حال اختلاف اختلاف کا شور مچانے والے بدقسمتی سے نہ اُس زمانہ کی تاریخ سے واقف، نہ سیاسیات وتمدن پر مطلع، نہ مذہبیات اور عمرانیات سے آگاہ، نہ درایت واصولِ تحقیق سے آشنا، نہ جغرافیہ وارتقا کی خبر یعنی کورے علامہ ومفتی ہوتے ہیں۔ یا اجتہاد کے کولھو میں ایک دائرہ میں گھومنے والے بیل یا بھینسے کی طرح ہوتے ہیں۔ بہر حال اُن کو بھی ساتھ لے کر چلنا ہے۔ آدمؑ بلا ابلیس اچھے معلوم نہ ہوتے تھے۔ یہ ہماری جوڑی میں ہیں۔ یہ نہ ہوں تو ہم محنت ہی نہ کریں۔ اُن کی مہربانی ہے کہ ہم طرح طرح کوشش کرتے ہیں اور کھود کھود کر حقائق کو باہر نکالتے ہیں۔

یہ بھی نوٹ کریں کہ افواج میں ہر سردار اور ہر عہدیدار کا ایک نائب (Assistant) سیکنڈ ان کمانڈ (Second In command) ہونا ضروری ہے تاکہ ہر لمحہ حکم جاری رہے۔ لہٰذا ضروری نہیں کہ عمر بن سعد ہر وقت فوج کے ساتھ چپکا رہے۔ راہ میں وہ جہاں مناسب ہوگا آملے گا۔ راہ میں تشہیر اور داخلی انتظام کے علاوہ اور کوئی مہم نہیں ہے۔ ہر نائب اپنا اپنا کام کرتا رہے گا۔ البتہ روانگی کے دن اور دربار میں پیشی کے وقت عمر ابن سعد کا حاضر ہونا لازم ہے۔ وہ تمام سرداروں کو چھٹی دے سکتا ہے، نائب کام کرتے رہیں

گے۔خود کوفہ میں یا راہ میں کسی اور شہر میں زیادہ دن قیام کرسکتا ہے۔اُس کے ساتھ بچے، قیدی اور مستورات نہ ہوں گی۔اس لئے وہ اوراس کا ذاتی اسٹاف تیز چل سکتا ہے۔پھر سر ہائے شہدؑا اوراسیران اہل حرمؑ پرایک ہی شخص تعینات نہ تھا۔کئی شخص الگ سروں اور قیدیوں کے انچارج تھےاورروزانہ بدلتے رہتے تھے۔اسلئے ناموں کا اختلاف کوئی بات ہی نہیں ہے۔جس راوی نے خولی کو دیکھا خولی کا نام لے دیا۔دوسرے نے اسی کام پرکسی اورکوتعینات دیکھااس کا نام لکھ دیا۔پھر ڈیوٹی والوں کی فطری ضروریات بھی ہوتی تھیں۔پیشاب یا بیت الخلاء جانے کے لئے دوسرے شخص کوعارضی چارج دیا گھنٹے بھر بعد خودسنبھال لیا۔لہٰذااختلاف اختلاف پکارنے والوں پرآدمی بننے اور غورکرنے کا تقاضہ کریں۔اور پھر علامہ دربندی رضی اللہ عنہ کا وہ بیان سُنیں جو مذکورہ بالاسفر دمشق کے بعد لکھا ہے۔

انتھٰی کلام ابی مخنف فی ذکر ماجری فی المنازل الّتی بین کوفة ودمشق۔ولکن لایخفی علیک اَنّ نسخ الکتاب مختلفة۔ففی بعض النسخ یوجد شییء زائد علٰی مانقلنا؛

حضرت ابومخنفؒ نے کوفہ سے دمشق تک کے سفراورمختلف منازل میں گزرنے والے حالات پر جو کچھ لکھاوہ یہاں ختم ہوگیا۔لیکن آپ پر یہ بات پوشیدہ نہ رہنا چاہئے کہ ابومخنف کی اس کتاب کے بہت سے حصے ہیں۔چنانچہ بعض نسخوں میں ہمارے تحریرکردہ حالات سے کچھ زیادہ بھی ہے؛

(3)۔ سابقہ بیان کی وضاحت وتفصیل

وھو عند قوله:۔''وساروا بالرؤس الٰی شرقی الجصّاصة ثم عبروا تکریت وھوھٰکذا۔''

وکتبوا الی عاملہ،ای بلد تکریت ،اَن تلقّانا بالزاد والعلوفة فان معنا راس الحسینؑ ۔ فلما قرء الکتاب امربا لاعلام فنشرت والبوقات فضربت والمدینة تزیّنت وتد اعت الناس مِن کل جانب ومکان ۔ ثم خرج الوالی فتلقّاھم وکانوا کل من سالھم یقولون ھٰذاراس خارجی خرج علی یزید بن معاویة ۔قتله ابن زیاد وقدانفذ براسه الٰی یزید بن معاویة ۔فقال لھم رجل نصرانی یاقوم اِنّی کنت بالکوفة وقد قدّ م ھٰذَاالراس ولیس ھو راس خارجی بل ھوراس الحسینؑ ۔ فَلَمَّا سمعوا ذلک عمد وا اِلٰی النواقیس فضربوھا فجمع الرّھبان الیھم مِنْ البِیَعِ اعظاماله وقالوا برئنا مِن قوم قتلوا ابن بنت نبیّھمؐ۔فبلغھم ذلکَ فلم یدخلوھا۔ثم رحلوا مِن تکریت واخذ وا علٰی طریق البر۔'' ''ھذاھو زآئد ۔ثُمَّ الٰی آخر مانقلنا اَوّلًا ۔

(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات۔صفحہ 500)

اوروہ اُس بیان کےقریب ہے جہاں کہا گیا ہے کہ:''وہ لوگ سر ہائے شہدآ کو لے کرمشرقی بصاصہ کی طرف چلےاورانہوں نے تکریت کوعبور کیا۔''وہ اضافہ شدہ عبارت یہ ہے کہ:''اُنہوں نے تکریت کے گورنرکولکھا کہ تم ہمارے لئے سامان سفر،کھانے کی اشیاء اورگھوڑوں اوراونٹوں کےگھاس اوردانہ وغیرہ لےکر ہمارے استقبال کوپہنچو۔ہمارے ساتھ حسینؑ کا سر ہے۔جب گورنرنےحکم نامہ پڑھا توشہروگردونواح میں اس خبرکو پھیلانے،بگل باجے بجانے اورشہرکوسجانےکاحکم دیااورتمام پبلک کو ہرچہار جانب سےتماشہ کیلئے آنے کی دعوت دی اوراسکے بعد حسب ہدایت گورنراستقبال کو پہنچا۔جوکوئی اُن ملاعین سے پوچھتا تھاتووہ جواب میں یہ کہتے تھے کہ یہ ایک ایسے خارجی کا سرہےجس نے یزید بن معاویہ کےخلاف جنگی بغاوت کی تھی۔اورجسے ابن زیاد نے جنگ کرکےقتل کیا۔اُسی کا سر یزید بن

معاویہ کے پاس بھیجا گیا ہے۔ یہ سُن کر ایک عیسائی نے پکار کر کہہ دیا کہ میں اُس روز کوفہ میں تھا جس دن یہ سر لایا گیا تھا۔ یہ کسی خارجی کا سر نہیں ہے، یہ تو حسینؑ بن علیؑ کا سر ہے۔ انہوں نے یہ سنتے ہی ناقوس بجانا شروع کر دیئے اور اس پر گرجے کا بڑا راہب بطور تعظیم باہر نکل آیا۔ اور اُن سب نے کہا کہ ہم ایسے گروہ اور قوم سے بیزار ہیں جس نے اپنے نبیؐ کی بیٹی کے فرزند کو قتل کر دیا ہے۔ جب یہ خبر لشکر مسلمانان میں پہنچی تو وہ تکریت میں داخلہ سے باز رہے۔ اور انہوں نے برّی راستہ اختیار کیا۔ اور چل دیئے۔'' یہ عبارت ہمارے بیان سے زیادہ ہے۔ باقی وہی ہے جو ہم نے لکھا ہے۔''

(4)۔ کوفہ سے دمشق کے سفر پر ایک تشریحی نظر

یزید اور اُس کے ہم مذہب مسلمانوں کے یہاں شہدؑا کی جسمانی حیات ہمیشہ مشکوک رہی ہے۔ یہ وجہ تھی کہ ابن زیاد نے دمشق روانہ کرنے سے پہلے سر اقدس کو خوشبوئیں لگوائیں تھیں۔ یعنی اپنے خیال میں سر مبارک کو گلنے سڑنے سے بچانے کے لئے وہ مسالہ لگایا تھا جو مصری لوگ اپنے مُردوں کو دفن سے پہلے لگاتے تھے۔ اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ ابن زیاد ملعون نے سر مبارک کو مقدس سمجھ کر معطر کیا تھا۔ اگر ایسا ہوتا تو اس خبیث ابن خبیث نے دندان مبارک کے ساتھ بے ادبی نہ کی ہوتی۔ یہاں یہ بھی نوٹ کریں کہ طویل سفر میں جہاں بھی ذکر کیا گیا ہے ایک سر کا ذکر ہوا ہے۔ باقی سروں کا کسی بیان میں ذکر نہیں آتا۔ لہٰذا یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ صرف امام مظلوم علیہ السلام کے سر کو معطر کیا گیا تھا۔ نہیں بلکہ یہ ملاعین گلنے اور سڑنے سے بچانے کے لئے تمام سرہائے شہدؑا کو اُس مسالے سے تر کرتے رہتے تھے۔ اور سمجھتے تھے کہ اُن کی اس ٹیکنیک سے وہ محفوظ رہتے ہیں۔ ورنہ بدبو اُٹھتی اور گل جاتے۔ **(لاحول ولا قوۃ الا باللّٰہ)**

یہ بھی ایک نمایاں حقیقت ہے کہ یزید اور اُس کی قومی حکومت مسلسل علی وخاندان علی علیہم السلام سے ڈرتی اور خطرات سے بچنے کی کوشش کرتی چلی آئی تھی۔ اُن کا روز اوّل سے ہر اقدام اپنی کافرانہ حکومت کو محفوظ رکھنے کے ماتحت رہا۔ وہ انتہائی قدرت وسطوت وفوجی قاہرانہ طاقت رکھتے ہوئے بھی کھل کر یہ نہ کہہ سکی کہ ہم حسینؑ سے جنگ کرنے کیلئے افواج بھیج رہے ہیں۔ یا ہم نے حسینؑ اور اُن کے خاندان کو قتل کیا ہے۔ چنانچہ مندرجہ بالا سفر میں بھی اور دیگر بیانات میں بھی لوگوں کو فریب دینے کیلئے یہ کہا جاتا رہا ہے کہ ایک خارجی نے مسلمانوں کی حکومت کے خلاف بغاوت کی تھی یا کی ہے۔ اُس کی فوج کو شکست دی گئی اور سر کاٹ کر یزید بن معاویہ کے پاس بھیجا جا رہا ہے۔ یا یہ کہ اُس خارجی کے مقابلہ میں افواج بھیجی جا رہی ہیں۔ اور لوگوں کو اس خارجی کے خلاف حکومت سے تعاون کرنا چاہئے۔ خارجی اس لئے کہا گیا کہ وہ لوگ مسلمانوں کو کافر سمجھتے تھے۔ اُن کا قتل جائز قرار دیتے تھے۔ اور جب موقعہ ملتا تھا مسلمانوں کو لُوٹتے اور قتل کر ڈالتے تھے۔ اُن کی عورتوں اور بچوں تک کو تلوار کے گھاٹ اتارنے میں تکلف نہ کرتے تھے۔ اور اس زمانہ کے مسلمان اُن سے حد بھر خوفزدہ اور متنفر رہتے تھے۔ لہٰذا امام حسین علیہ السلام کے خلاف مسلمانوں کی ہمدردی حاصل کرنے کے لئے انہیں خارجی کہنے سے بہتر اور کوئی حربہ نہ تھا۔ یہ سبب تھا کہ یزید وابن زیاد کو زیادہ سے زیادہ تعاون ملا۔ اگر میدان کربلا میں امام حسینؑ، خاندان بنی ہاشمؑ کے دیگر حضرات اور صحابہؓ بار بار اور طرح طرح اپنا تعارف نہ کراتے تو یہ پتہ بھی نہ چلتا کہ خاندان رسولؐ کا قتل عام ہوا تھا۔ پھر اسیرانؑ کربلا میں اگر عورتیں اور بچے نہ ہوتے اور انہیں گاؤں در گاؤں اور شہر بشہر نہ پھرایا گیا ہوتا اور انہوں نے اپنا حسب ونسب وتعارف پیش نہ کیا ہوتا

تو خارجی قرار دینے والا حربہ واقعی کامیاب ہوجاتا اور یہی سمجھا اور تاریخ میں لکھا جاتا کہ ایک باغی وخارجی گروہ کو قتل کیا گیا تھا۔

پھر آپ نے یہ بھی دیکھا ہے کہ کوفہ سے دمشق تک اپنے گورنروں کو تو صحیح مگر ادھوری بات لکھی جاتی تھی۔ یعنی ہمارے ساتھ حسینؑ کا سر ہے۔ اور باقی سروں کا ذکر نہ کیا جاتا تھا۔ تاکہ گورنر تحفظ کا انتظام بھی کرے اور زیادہ سروں سے گھبرائے بھی نہیں۔ اور اگر خط غلط ہاتھوں میں پڑ جائے تو تباہی کا سامنا نہ ہوجائے۔ لیکن عوام کو ہر جگہ خارجی کہہ کر ٹھنڈا رکھنے اور دھوکہ دینے کا عمل جاری رہتا چلا گیا۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ علیؑ وخاندان علیؑ اور حسینؑ کی طرف سے جو خوف دشمنانِ اسلام کے دلوں میں جاگزین تھا، وہ کربلا کے قتل عام کے بعد بھی برقرار اور اُن کے سروں پر سوار رہتا چلا آیا ہے۔ یزید کی حکومت اُس وقت دنیا کی سب سے بڑی، سب سے قوی، سب سے منظّم حکومت تھی۔ اُس حکومت کے پاس پچاس لاکھ سے زیادہ فوج تھی مگر حسینؑ سے خوفزدہ تھی۔ کٹا ہوا سر نیزہ پر تھا مگر رعب کے مارے دشمن کا دل کانپتا تھا۔ حسینؑ کی اُسی قوت نے آخر ایک قہار و جبار اور بے پناہ حکومت کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔ بنی امیہ پر زمین تنگ ہوگئی، چُن چُن کر ڈھونڈ ھ ڈھونڈ ھ کر اُنہیں قتل کیا گیا۔ اُنہیں رونے والا بھی کوئی نہ بچا اور اس طرح وہ نسل منقطع ہوگئی جس نے روز اوّل سے نسل رسوؐل کو فنا کرنے کی سازش کر کے حکومت بنائی تھی (بقرہ 2/204-205) اور ساری دنیا کو غلام بنالینے کا منصوبہ چلایا تھا۔ لوگوں نے وہ نام رکھنا چھوڑ دیئے۔ آج تک یزیدی فرقہ نے بھی اپنے کسی بچہ کا نام ابوسفیان نہیں رکھا ہے۔ یزید وشمر وابن زیاد وعمر سعد گالی بن کر رہ گئے۔ ایک ہندو بھی یزید کہلانا پسند نہیں کرتا۔ دنیا میں صدیوں اموی کہلانا دشمنان اسلام کی شناخت رہا ہے۔

(5)۔ کوفہ سے دمشق تک سفر پر دیگر علما کی وضاحتیں

آپ نے کوفہ سے دمشق تک سفر کا ایک رواں دواں بیان سُن لیا ہے۔ اب چند دیگر علما کی کتابوں سے اُسی سفر کی چند روایات کا اضافہ اس لئے ضروری ہے تاکہ سابقہ بیان میں جہاں جہاں خامی ملے اُسے پورا کرلیا جائے۔ اور واقعات کے دوسرے پہلو بھی سامنے آ جائیں۔ چنانچہ سابقہ سفر کی روایت میں امام زین العابدین علیہ السلام کو طوق وزنجیر پہنانے کا ذکر نہیں ہوا ہے۔ اور صرف قیدی (سبایا) کہنا کافی سمجھا گیا ہے۔ یعنی قیدی کو تو طوق وزنجیر اور ہتھکڑی وغیرہ پہناتے ہی ہیں۔ لہٰذا ذکر کی کیا ضرورت ہے۔ پھر یہ بھی نہیں بتایا گیا کہ جانے والے لشکر کی ترتیب کیا تھی؟ مقدمہ میں یعنی ایڈوانس گارڈ (Advance Guard) میں کون تھا؟ پچھلے حصے کی حفاظت کون کرتا تھا؟ اُنکی تعداد کیا تھی؟ میمنہ اور میسرہ (Flank Guard) پر کون اور کتنے لوگ تھے؟ مستورات کا چارج کس کے پاس تھا؟ سروں کو کون کون اُٹھائے ہوئے تھے؟ اُن کا افسر کون تھا؟ باقاعدہ بیان کی بہت سی چیزیں نہیں ہیں۔ اس لئے علما نے روایات جمع کیں تاکہ کہیں سے کچھ ملے تو کمی پوری ہو۔ بہر حال اب پھر روایات سنئے اور خود اپنی سوجھ بوجھ سے تکمیل کرتے جایئے۔

(1)۔ قال ابن الصباغ فی الفصول المھمۃ انّ ابن زیاد ارسل بالحرم والسبایا وراس الحسینؑ الی الشام الی یزید بن معاویۃ مع شخص یقال لہ زجر بن قیس ومعہ جماعۃ وھو مقد مھم و ارسل بالنسآء والصبیان علٰی اقتاب الجمال ومعھم علیؑ بن الحسینؑ وقد جعل ابن زیاد الغلّ فی یدیہ وفی عنقہ۔

(2)۔ وفی روایۃ السید اَنّ الّذی ساربھم وکان مقدم العسکر بمفخر بن ثعلبہ العائِذی و ذلک حَیُثُ قال

السید و استدعی ابن زیاد بمخفرة بن ثعلبه العائذی فسلّم الیه الراس والاسرٰی والنسآء وساربهم الٰی الشام کمایسار بسبایاالکفار یتصفح وجوهھن اهل الاقطار۔

(3)۔ وَاَمَّا المفید فاقتصر علٰی کلام قلیل فی المقام وهواَنَّ ابن زیاد د فع راس الحسینؑ الٰی زجر بن قیس ودفع الیه رؤس اصحابه وسرحه الٰی یزید بن معاویه وانفذ معه ابا بردة بن عوف الازدی وطارق بن ابی ظبیان فی جماعت مِن اهل کوفة حتی وردوا بها علٰی یزید بد مشق۔ (اکسیرصفحہ 500)

(1) ابن صباغ نے اپنی کتاب فصول المھمہ میں لکھا ہے کہ ابن زیاد نے ایک شخص بنام زجر بن قیس کے ساتھ حرم حسینیؑ کو اور قیدیوں کو اور سرِحسینؑ کو ملک شام یزید بن معاویہ کے پاس بھیجا۔ اس شخص کے ساتھ ایک جماعت مددگاروں کی کردی اور خود اسے اُن کے آگے بطور مقدمہ تجویز کردیا۔ اور عورتوں اور بچوں کو اونٹوں پر سوار کرایا اور طوق وزنجیر گردن میں اور زنجیر ہاتھوں میں پہنا کر امام زین العابدین علیہ السلام کو بھی ساتھ کردیا۔

(2) اور سید ابن طاؤس کی روایت کہتی ہے کہ دمشق جانے والے لشکر کا مقدمہ یعنی آگے چلنے والا محافظ مفخر بن ثعلبہ عائذی تھا۔ چنانچہ اُنکا جملہ یہ ہے: ''ابن زیاد نے مفخر بن ثعلبہ عائذی کو بلایا اور اسے سرِحسینؑ اور قیدی اور عورتیں سپرد کیں اور وہ اُنکولیکر شام کو چل دیا۔ گویا جس طرح کافروں کے قیدیوں کو لے جایا کرتے تھے۔ اور اُن کے چہروں کو لوگ تکتے تھے۔ یعنی بے پردہ روانہ کردیا گیا تھا۔

(3) اور شیخ مفید رضی اللہ عنہ نے تو اختصار اور گول بیان دینے میں حد کردی اور انہوں نے کہا کہ: ''ابن زیاد نے زجر بن قیس کو سرِحسینؑ اور باقی شہدؑا کے سر حوالے کئے اور اسے یزید کی طرف روانہ کردیا۔ اور زجر بن قیس کے ساتھ کوفہ کی ایک جماعت کردی جن میں سے ایک ابو بردہ بن عوف تھا ایک طارق بن ابی ظبیان تھا۔ بہرحال یہ لوگ سب کو لے کر چلے یہاں تک کہ وہ سب شام میں یزید بن معاویہ کے پاس پہنچ گئے۔

(الف)۔ اِن تینوں علما اور روایات کے اختلاف کا حقیقی مقصد

یہ تینوں عُلما اور تینوں روایات اِس سفر کی ابتدائی ترتیب اور صورت پر جو روشنی ڈالتی ہیں اُسے ترتیب وار یوں سمجھنا چاہئے کہ:۔

اوّل۔ اس سفر میں اہلِ حرمؑ قیدیوں کی صورت میں موجود ہیں اور سب نے مانا ہے۔

دوم۔ اس میں تمام سرہائے شہدؑا اور سرِ مبارک امام حسینؑ بھی ہے۔ باقی سروں کا ذکر اکثر نہیں کیا گیا تھا، یہ کمی پوری ہوگئی ہے۔

سوم۔ امام زین العابدین علیہ السلام کے طوق وزنجیر کا اکثر ذکر نہیں ہوتا۔ مگر یہاں باقاعدہ تفصیل موجود ہے۔

چہارم۔ پہلی روایت میں ''**حرم اور قیدی**'' (**بالحرم والسبایا**) اور دوسری روایت میں ''**قیدی اور عورتیں**'' (**والاسرٰی والنسآء**) قیدیوں کی دو قسمیں ہیں۔ یعنی امام حسین علیہ السلام کے خیام سے گرفتار کئے جانے والوں کے علاوہ بھی کچھ قیدی تھے۔ اور یہ وہی لوگ ہوسکتے تھے جنہوں نے کھُل کر لڑنے سے انکار کیا ہو یا کوئی اور ایسا جرم کیا ہو جو سرداران فوج کو مجبور کرے کہ وہ اُسے گرفتار کرلیں اور جنگ کے بعد سزا دلوائیں۔ ورنہ یہ دونوں الفاظ (**سبایا اور اسرٰی**) بے معنی ہوجاتے ہیں۔ جب کہ سب کو معلوم ہے کہ سرِامام حسینؑ اور صحابہؓ

کے سر اور حرمؑ حسینی اور حسینیؑ خاندان کے بچے تفصیل سے بیان ہو چکے۔ اور ہم کسی بات کو بے معنی نہیں مانتے۔ لہٰذا ماننا پڑے گا کہ اہل حرمؑ، اُن کے بچے اور تمام شہداؑ کے سروں کے علاوہ کچھ قیدی اور بھی تھے۔ اور یقیناً وہ قیدی امامؑ کی جانب کے نہ تھے۔

پنجم۔ یہاں پھر معلوم ہوا کہ اہل حرمؑ سے چادریں، برقعے اور وہ تمام لباس پھر چھین لیا گیا تھا جس سے سر و منہ چھپایا یا پردہ کیا جا سکے۔ اور یہ کہ اس سفر میں بھی پردہ دار محملیں نہ تھیں۔ بلکہ **اقتاب الجمال** ایک ذو معنی جملہ ہے۔ اور اسی سے بعض علما نے یہ سمجھا ہے کہ حرم رسولؐ کو بھی ایک دوسرے سے باندھ کر اونٹوں پر سوار کیا گیا تھا۔ یعنی کجاوہ بھی نہ تھا کہ گرنے سے محفوظ رہیں۔

ششم۔ دوسری روایت میں لفظ عسکر آ جانے سے فوجی ترتیب سامنے آ جاتی ہے۔ اور وہ اختلاف رفع ہو جاتا ہے جو مختلف اشخاص کے ناموں کے آ جانے سے پیدا ہوتا ہے۔ لہٰذا مطلب یہ ہوا کہ پہلی روایت اور تیسری روایت میں مذکور زجر بن قیس اور اُن کے ساتھ والی جماعت جو پہلی روایت میں مذکور ہے اور وہ دونوں آدمی، ابو بردہ بن عوف اور طارق بن ابی ظبیان جو تیسری روایت میں مذکور ہیں محض قیدیوں کے آگے بطور مقدمہ رہنے والے لوگ ہیں۔ جو روانگی اور پہلی منزل تک تعینات رہیں گے۔ پھر ڈیوٹی کی صورت بدل جائے گی اور دوسرے لوگ لگا دیئے جائیں گے۔

ہفتم۔ پوری فوج کا حفاظتی مقدمہ یعنی سب سے آگے رہنے والا دستہ مخفر بن ثعلبہ کی تحویل میں تھا۔ اور یوں تینوں روایات ایک دوسری کی تفصیل و تائید اور صورت حال کی تکمیل کرتی ہیں۔

ہشتم۔ علامہ دربندی علیہ الرحمہ نے شیخ مفید رضی اللہ عنہ کے اختصار کی شکایت فرمائی ہے۔ یہ شکایت اس حقیقت کو نظر انداز کرنے سے پیدا ہوئی ہے کہ چوتھی صدی تک واقعات کربلا اپنی پوری تفصیل اور فطری صورت حال کے ساتھ مسلمانوں اور عرب کے عیسائیوں، یہودیوں اور مجوسیوں کے بچہ بچہ کو معلوم و مشہور تھے۔ اس لئے علما موٹی موٹی باتیں لکھ دینا کافی سمجھتے تھے۔ تا کہ اُن کا مذاق نہ اڑایا جائے۔ مثلاً صرف اتنا کہہ دینا کافی سمجھا جاتا ہے کہ فلاں شخص ہم سے ملنے آیا تھا۔ اور سب لوگ سمجھ لیتے ہیں کہ وہ ٹانگوں سے چل کر اور آنکھوں سے دیکھتا ہوا آیا تھا۔ اور مکان کا پتہ بھی جانتا تھا۔ اور ملنے جلنے کے فوائد سے بھی آگاہ تھا۔ اگر یہ باتیں زبان سے کہی بھی جائیں یا قلم سے لکھی بھی جائیں تو سننے والے یقیناً بور بھی ہوں گے اور مضحکہ بھی اڑائیں گے۔ لہٰذا یاد رکھیں کہ عزاداری امام مظلوم علیہ السلام کی ہر بات معلوم و مشہور و پبلک میں معمول تھی۔ لیکن چوتھی صدی کے بعد جب شیعوں میں وہ گروہ در آیا جو دشمن محاذ کا مشن لے کر آیا تھا۔ اُس نے طرح طرح کے اعتراضات شروع کئے اور آج تک اُن کا منہ کھلا ہوا ہے۔ اس کے بعد یہ سوالات اٹھے کہ فلاں بات جو تم کرتے ہو یا کہتے ہو وہ کون سی راویت میں ہے اور وہ روایت کون سی کتاب میں ہے؟ غلطی یہ کی گئی کہ انہیں مُنہ لگایا گیا اور اُن کے اعتراضات کا جواب دیا گیا۔ یوں مناظرہ بازی اور لعن طعن شروع ہو گیا اور یہی اس خبیث گروہ کا مقصد تھا۔ اُن سے کہا جاتا کہ جناب آپ اپنا راستہ ناپیں یہ ہمارے آئمہ اور انبیا علیھم السلام کی عملی سنت ہے۔ ہم اس کو آنکھوں دیکھی سنت سمجھ کر عمل پیرا ہیں۔ اور ادھر سے اُدھر اور ٹس سے مس نہ ہوں گے تو وہ لوگ خاموش ہو جاتے۔ جیسے آپ اپنے ملک میں دیکھیں کہ یہاں عیسائی، یہودی، پارسی، بدھ مت والے،

آغاخانی، بہائی، بوہرے کسی مسلمان مولانا اور مسٹر کو منہ نہیں لگاتے۔ لہٰذا کوئی مسلمان علامہ یا مفتی یا ادارہ اُنکے ساتھ نہیں الجھتا۔ وہ خاموشی سے مسلمانوں کے اُن عوام کو جو سرمایہ دارانہ نظام کے ٹھکرائے ہوئے ہیں اور اُن خواص کو جو تعلیم یافتہ ہونے کی بناپر مولویانہ بداخلاقی، ترش مزاجی اور بے سروپا عقائدواعمال سے بیزار ہیں روزانہ تبلیغ اور عملی فائدہ پہنچا کر اپنے مذاہب میں شامل کرتے اور مسلمانوں کو پانی میں نمک کی طرح گھولتے چلے جارہے ہیں۔ لیکن شیعوں میں علما کا وہ ٹولہ جو باہر سے آ کر شیعہ بنارہا، مخالفانہ اعتراض کو بیان کر کے شیعوں کو مشکوک کرتا رہا۔ مثلاً ہاں بھائی ام کلثوم تو مدت ہوئی مدینہ میں مرگئی تھی۔ خلیفہ دوم سے اس کے یہاں بچے بھی پیدا ہوئے تھے اور وہ معہ بچوں کے ایک ہی دن مر گئے تھے اور اکٹھی ہی نماز جنازہ پڑھی گئی تھی۔ لہٰذا آؤ میں معترض کو دوسرا جواب دوں۔ چنانچہ کتاب لکھی اس میں تندوسخت زبان استعمال کی، کفرونفاق کے الزامات عائد کئے اور دوچار عدد کلثوم بناڈالیں۔ اس طرح کتاب بکی، مولانا کا کاروبار چلا، فریقین میں قلم اور تلوار کی جنگ ہونے لگی۔ وہی لوگ جو تعزیہ دیکھ کر ادب سے جھک جاتے تھے منہ کو آنے لگے بدعت بتانے لگے۔ لہٰذا آپ ہر اس شیعہ عالم سے ہوشیار رہیں جو ہمارے مسلمات کا انکار کرتا ہو۔ تلوار وشمشیر کے ماتم کو حرام کہنے والا ام کلثوم علیہا السلام کا منکر وغیرہ دشمن اہلبیتؑ کے سوا کچھ اور نہیں ہوسکتا۔

نہم۔ ذرا یہ سوچئے کہ ننانوے فیصد روایات میں یہ ذکر نہیں کہ اسیران اہلؑ حرم کو اور اُن کے اطفال کو فوج یزید نے اِس سفر میں یا کسی اور سفر میں کھانا یا پانی دیا تھا۔ یہی نہیں بلکہ یہ ذکر بھی نہیں کہ کربلا میں اور کسی سفر میں یزیدی افواج نے کھانا کھایا تھا۔ یا کھانے کا انتظام کس سردار کے ہاتھ میں تھا۔ اور فوجیوں کو میدان جنگ میں کھانا کیسے اور کون پہنچاتا تھا۔ تو کیا ہم یہ سمجھ لیں کہ یہ سب لوہے کے بنے ہوئے پُتلے تھے۔ نہ پیٹ تھا نہ بھوک لگتی تھی۔ ارے مومنو یہ کامن سنس یا عقل عمومی کی بات ہے۔ اس کے نہ لکھنے کی ضرورت ہے اور نہ ہی اس کی عدم موجودگی سے اصل واقعہ پر اثر پڑتا ہے۔ البتہ قیدیوں اور اہل حرمؑ کے ساتھ دشمنی تھی انہیں ستانا اُن کا مقصد تھا۔ اس لئے علما کو چاہئے تھا کہ اس کا پتہ لگاتے اور بتاتے کہ وہ ننھے ننھے بچے اور وہ رسولؐ زادیاں کہاں سے کھاتی تھیں۔ لیکن اس پر ماشاء اللہ کسی نے توجہ نہیں دی۔ اس بات کو تو خوب اچھالنا چاہئے تھا۔ مگر مگر؟

دہم۔ ہم کہتے ہیں کہ یہ بات ہی غلط ہے کہ ابن زیاد نے فرداً فرداً لوگوں کو اس سفر میں بجالانے والی ڈیوٹیاں تقسیم کی تھیں۔ یہ کام سپہ سالار کا تھا۔ ہاں شاید عمر بن سعد کو مشورہ دے دیا ہو کہ فلاں فلاں ملعون ذرا سخت برتاؤ کرے گا اُسے فلاں جگہ ڈیوٹی پر لگانا۔ اور راوی نے یہ سمجھ لیا کہ ابن زیاد نے راستے بھر کی ڈیوٹیاں خود بتادی تھیں۔ لہٰذا پھر سنو کہ شیعوں کو شیعہ ذہنیت سے حق و باطل کو الگ الگ کر لینا چاہئے اور ملاازم کو انگوٹھا دکھا کر چلتا کر دینا چاہئے۔

(6)۔ کوفہ سے دمشق کو روانگی کی تیاری پر مزید وضاحت

یہ عرض کیا جاچکا ہے کہ دربار یزید میں اسیران اہل حرمؑ کی پیشی کے وقت عمر بن سعد اور تمام سرداران افواج کا حاضر وموجود ہونا لازمی اور فطری تقاضا تھا۔ تاکہ کربلا کی مہم کے متعلق یزید اور اہلکاران حکومت کے ہر سوال پر مکمل جواب دیا جاسکے۔ لہٰذا سابقہ تینوں روایات ہوں یا آئندہ آنے والی روایات ہوں اُنکو پورے انتظام کی جزئیات سمجھنا بھی لازم ہے۔ چنانچہ اب وہ روایت سنیں جو مندرجہ

بالا روایت کی نہ صرف خامی دور کرتی ہے۔ بلکہ اس سفر کا ثانوی اور سیاسی مقصد بھی واضح کرتی ہے۔

(الف)۔ اسیرانؑ کربلا اور سر ہائے شہدؑا کی تشہیر تا کہ پبلک کی جرأت ختم ہو جائے

پچھلی تینوں روایات میں اسیران اہل حرمؑ کی تشہیر کا کہیں ذکر نہیں ہے۔ ظاہر کہ اسیران اہلبیتؑ اور رسولؐ زادیوں کو ہر شہر اور ہر بستی میں پھرانا اور سر ہائے شہدؑا کا مضحکہ اور تماشا بنانا کسی بڑے حکمران کی اجازت کے بغیر ایک خطرناک کام تھا۔ ایسی اجازت دینے کا مجاز پہلے نمبر پر خود یزید تھا، دوسرے نمبر پر ابن زیاد آتا ہے۔ اور ابن زیاد کی اطاعت شعاری اور دیگر دلائل کا تقاضا یہ ہے کہ وہ بھی بلا یزید کی لفظی، زبانی یا تحریری یا معنوی اجازت کے یہ خطرناک کام نہ کرے۔ یاد رکھیں تشہیر ہی تھی؛ جس نے بنی امیہ کی اس جابر و مستحکم حکومت کا تختہ الٹ دیا تھا۔ جگہ جگہ جوابی کاروائی کا اندیشہ تھا۔ لوگوں کا بے قابو ہو جانا ممکن تھا۔ چنانچہ ایسا ہوتا رہا۔ جھڑپیں اور مسلح تصادم بھی ہوئے۔ اس فوج کو جان کے لالے بھی پڑ گئے۔ لہٰذا ہرگز مرکزی اجازت کے بغیر ایسا نہیں کیا جانا چاہئے تھا۔ چنانچہ غور سے سُنئے:۔

عَنِ المنتخب انّ اللعین ابن زیاد دعی بالشمر وخولی وشبث بن ربعی وعمروبن الحجاج وضم الیھم الف فارس وزَوَّدَ ھُمُ وامَرَھُمُ باخذ الرؤس والسبایا اِلٰی دمشق وامرھم اَنْ یَشھروھم فی کل بلدۃ یدخلونھا فساروا عَلَی الفرات واخذ وا اوّل منزل فنزلوا وکان المنزل خرابًا فوضعوا الراس بین اید یھم والسبایا معہ واذا بکفّ خارج من الحائط وقلم یکتب بد م اَترجوا امۃ قتلت حسیناً الٰی آخر الابیات فَفَزَعُوا من ذلک وارتا عوا ورحلوا من ذلک المنزل۔(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔صفحہ 500)

’’علامہ فخر الدین طریحی کی کتاب المنتخب میں لکھا ہے کہ ابن زیاد نے شمر اور خولی اور شبث بن ربعی اور عمرو بن الحجاج اور اُن کے ماتحت ایک ہزار سواروں کا رسالہ مقرر کیا اور راشن اور گھوڑوں کے لئے گھاس اور دانہ فراہم کیا۔ اور حکم دیا کہ تمام سر ہائے شہدؑا اور تمام قیدیوں کو دمشق لے کر جائیں۔ اور انہیں یہ حکم بھی دیا کہ وہ جس آبادی میں بھی داخل ہوں وہاں اُن کا گشت کراتے جائیں۔ چنانچہ وہ کوفہ سے چلے اور پہلی منزل فرات پر کی اور ڈیرہ لگا دیا۔ مگر جہاں ٹھہرے وہ ایک غیر آباد مکان تھا۔ اس لئے انہوں نے سر مبارک کو اور قیدیوں کو اپنے پاس محفوظ کیا۔ جیسے ہی جم کر بیٹھے تو دیوار کے باہر سے ایک ہاتھ قلم لئے ہوئے برآمد ہوا اور دیوار پر لکھا کہ کیا اس اُمت کو نجات کی امید ہو سکتی ہے جو حسینؑ کو قتل کر دے؟ وہ دست غیبی یہ اشعار لکھ رہا تھا۔ اور شمر وغیرہ کی خوف کے مارے روح نکلی جا رہی تھی۔ جلدی جلدی سامان سنبھالا اور وہاں سے بھاگ کھڑے ہوئے۔‘‘

(ب)۔ اس روایت میں کیا ہے؟ اس کا ہم سے کیا تعلق ہے؟

پہلی بات یہ سمجھ لیں کہ یہ چاروں اشخاص جن کو حکم دینا بتایا گیا ہے کربلا میں کئی کئی ہزار سواروں اور پیادوں کے سردار تھے۔ اور یہاں شمر ایسے بڑے سرداروں کو ایک ہزار سوار دیئے گئے۔ جو اکیلے کے لئے بھی توہین انگیز تعداد ہے۔ پھر یہ نہیں بتایا گیا کہ اُن چاروں میں افسر اعلیٰ کون ہوگا۔ لہٰذا یہ احکام آخری احکام نہیں ہیں بلکہ بطور ہدایات سرسری تجویز ہے۔ اور اس سے جو کچھ سمجھا جا سکتا ہے وہ اس قدر ہے کہ یہ چاروں باری باری اسیروں اور سروں کی حفاظت کے لئے تعینات کئے گئے تھے۔ تا کہ خطرہ کے وقت تیغ بکف تحفظ کر سکیں اور اُس وقت تک کامیاب مقابلہ کریں جب تک عمر بن سعد کی طرف سے مرکزی مدد نہ آ جائے۔ یعنی جب گشت کرایا جائے گا

تو یہ ایک ہزار سوار اور اُن چاروں میں سے ڈیوٹی والا شخص ساتھ رہے گا۔ اور فوج کا مرکزی حصہ آرام کر رہا ہوگا۔ جسے آج کل مین باڈی (Main Body) کہا جاتا ہے۔

دوسری بات یہ کہ پہلے کسی روایت میں راشن اور گھوڑوں کی خوراک کا ذکر نہ ہوا تھا۔ یہاں معلوم ہوا کہ یہ چاروں پوری فوج کے کھانے کا انتظام بھی کریں گے اور ابن زیاد نے راشن کسی منتر سے نہ دیا ہوگا۔ بلکہ راشننگ کے محکمہ کو حکم دیا ہوگا اور اس کام میں کئی روز لگے ہوں گے۔ اور ظاہر ہے کہ راشن کو لے جانے کے لئے اونٹ بھی فراہم کئے جانا ضروری ہیں۔ معلوم ہوا کہ ضروری اور فطری چیزوں کا اگر ذکر نہ بھی ہو تو اُن کی نفی نہ کی جائے گی بلکہ تسلیم کیا جائے گا۔ لہٰذا اگر ہر معاملہ میں سپہ سالار یعنی عمر سعد مخاطب نہیں ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ ماتحت افراد یا سردار شمر وغیرہ اسی کے حکم سے حاضر ہوتے ہیں۔ اور وہ سند اور پروانہ حاصل کرتے ہیں جو اُن سے متعلق ہے اور ذاتی طور پر متعلقہ ذمہ داری کے رجسٹر میں دستخط کرتے ہیں۔ تاکہ باز پرس کی ذمہ داری اُن پر قائم رہے۔ اور اس طرح ابن زیاد بھی ذاتی طور پر اُن کو تنبیہہ و تاکید کرتا ہے تاکہ عذر باقی نہ رہے۔

(7)۔ تکریت والی روایت کی مزید تفصیل عیسائیوں کا مذہبی احتجاج اور باقی سفر

یہ روایت اس سے پہلے (نمبر 3 میں) مختصراً گزر چکی ہے۔ یہاں علامہ شعبی کی تحقیق سنئے:۔

(1)۔ فی روایة عن الشعبی انَّ ابن زیاد امران یفوز الراس الشریف واَن یحشی مسگا وکافورًا ثمَّ سیّره مَعَ خولی فی خمس مائة فارس وراجل اِلٰی یزید فساروا علٰی جادة الکبرٰی حتّٰی وصلوا بالقرب مِن تکریت ۔فکتبوا اِلٰی صاحبها ان تتلقّانا فان معنا راس الخارجی خرج علٰی یزید ۔فقال لهم رجلٌ نصرانی مِن اهل تکریت یاقوم راقبوا اللّٰه فی حالکم انا کُنتُ فی الکوفة ۔ذٰلک الیوم حاضرًا ماهوراس خارجیّ بل هوراس الحسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ الویل لکم یاظلمة ۔ ثُمَّ ان النصارٰی حملوا الا نجیل وخرجوا معه بالنواقیس والصلبان وعلوا علٰی صنیعة تعرف بالخضراء فلمّاوصل الراس الشریف الیهم ضربوا النواقیس اعظا مًا لِلّٰه تعالٰی عزّوجلّ وقالوا اِلٰهَنا وسیّدنا اَنَا برآء مِن اُمة قتلت ابن بنت نبیّهاً عطشانا واهله وصحبه وشیعته ومنعوا خولی اَن یدخل بالراس الٰی مد ینتهم ـ فساروافی البریة حتی وصلوا صلیتًافنزلوا علٰی مآءٍ یقال له الخضرون فسمعوا هناک نوح الجن وهَا تفًا یقول: ـبنات الجن اتبکیں بنات الها شمیات ـبنات المصطفٰیؐ احمدؐ یبکیں شجیات ـویلطمن خد ودًا کاالدنا نیرنقیات ـ ثمَّ ساروا الٰی اَن وصلوا الٰی موضع یعرف بالکحیل وساروا الٰی جهنیة ثم نزلوا وکتبوا الٰی صاحب موصل اَن تلقانا فانّ معناراس خارجی ـفامر صاحب الموصل بنشر الرایات فضربت البوقات والطبول وتداعت الناس مِن القبائل ـفقال بعضهم ـمالخبر ؟ قالوا آتی براس خارجی خرج فی العراق علٰی یزید ـ فقال رجل من اهل الایمان یامعشر الاسلام الویل لکم ولما یحلّ بکم هذا راس ابن بنت رسول اللّٰه الحسین بن علی صلوات اللّٰه علیهم اجمعین قتل بکربلا وهم سآئرون به اِلٰی یزید۔

(2)۔ قال ابومخنف حدثنی مَن حضرت ذلک الیوم انّه جرّد بالموصل ثلاثون الف سیف وتحالفوا علٰی قتل خولی وَمَنْ مَّعَهٗ فَبَلَغَهٗ ذٰلِکَ فَلَمْ یَدْخُلُ البلد وَاَخذعلٰی تل عفرًا ـثُمَّ علٰی عین الوردة۔

(3)۔ وعن المنتخب ثُمَّ انّهم لماقاربوابعلبک کتبوا الٰی صاحبها بان تلقانا فانّ معناراس الحسینؑ ـفامر بالرّایات فنشر وخرج الصبیان یتلقّونهم علٰی نحومن ستة امیال فرحًا بهم۔ الخ (اکسیر العبادات۔ صفحہ 501-500)

(1)'' شعبی نے روایت کیا ہے کہ ابن زیاد نے حکم دیا کہ حسینؑ کا سر لایا جائے تا کہ اُسے مشک و کافور کا مسالہ لگایا جائے۔ پھر اُسے خولی کی سپردگی میں دیا اور پانچ سو سوار اور پیادے بھی اسکی ماتحتی میں دیئے تا کہ وہ یزید کی طرف لے جائیں۔ چنانچہ وہ روانہ ہوئے اور شاہراہ سے سفر شروع کیا۔ جب تکریت کے قریب پہنچے تو انہوں نے وہاں کے گورنر کو لکھا کہ ہم سے آ کر ملاقات کرے۔ اس لئے کہ ہمارے ساتھ ایک خارجی کا سر ہے جس نے یزید کے خلاف مسلح بغاوت کی تھی۔ جب یہ بات ایک عیسائی کو معلوم ہوئی تو عیسائی نے اُن سے کہا کہ میں اُس دن کوفہ میں حاضر و موجود تھا جس دن یہ وہاں لایا گیا تھا۔ یہ کسی خارجی کا سر نہیں یہ تو امام حسین بن علی بن ابی طالب علیہم السلام کا سر ہے۔ اے میری قوم کے لوگو تم اپنی حالت پر اللہ سے پناہ چاہو۔ ارے ظالمو خدا تمہیں غارت کرے۔ اُس عیسائی کا بیان سُن کر تمام عیسائیوں نے انجیل کو اُٹھایا اور ناقوس اور صلیبیں لے کر صنیعہ پر چڑھ گئے اور جب سر مبارک اُن سے قریب لایا گیا تو انہوں نے اللہ تعالیٰ کی فرض کردہ تعظیم کیلئے ناقوس بجایا اور اللہ سے التجا کی کہ اے ہمارے معبود اے ہمارے مالک ہم اس قوم سے بے زار ہیں جس نے اپنے نبیؐ کے نواسے کو قتل کر دیا۔ اُسے اور اس کے صحابہ کو، اُن کے شیعوں کو، اُن کی اولاد وآل کو پیاسا ہی قتل کر دیا۔ پھر اُنہوں نے خولی کو منع کر دیا کہ وہ سر حسینؑ لے کر اُن کے شہر میں داخل نہیں ہوسکتا۔ چنانچہ وہ لوگ پلٹ گئے، برّی راستہ سے ہو کر صلیتا پہنچے اور خضرون میں پڑاؤ ڈالا تو وہاں پر انہوں نے جنوں کے نوحے سُنے جن میں کوئی غیبی آواز کہہ رہی تھی کہ:۔

جنوں کی بیٹیاں ہاشمیؑ بیٹیوں کو رو رو کر پرسہ دے رہی ہیں اور اُدھر احمدؐ مصطفیٰ کی

بیٹیاں بے قراری سے رو رہی ہیں اور اپنے منہ کو پیٹ پیٹ کر داغدار بنالیا ہے۔

پھر وہ لوگ یہاں سے چلے اور کحیل نام کے ایک موضع سے ہوتے ہوئے جھنیہ پہنچے اور قیام کیا اور وہاں سے موصل کے گورنر کو لکھا کہ ہم سے ملاقات کرو اس لئے کہ ہمارے ہمراہ ایک خارجی کا سر ہے۔ چنانچہ موصل کے گورنر نے پرچم لہرانے اور جھنڈیاں لگانے اور بگل بجانے اور طبلے بجا کر تمام قبائل کے لوگوں کو مدعو کرنے کا حکم نافذ کیا۔ اِسی دوران لوگ آپس میں ایک دوسرے سے صورت حال کو سمجھنے کا سوال کرنے لگے۔ کسی نے کہا کہ عراق میں ایک خارجی نے حکومت یزید کے خلاف مسلح بغاوت کی تھی اُس کا سر لایا گیا ہے۔ یہ سُن کر ایک مومنِ محمدؐ وآل محمدؐ نے بتا دیا کہ یہ سر کسی خارجی کا نہیں ہے۔ خدا تمہارا بُرا کرے یہ تو رسولؐ اللہ کی بیٹی فاطمہؑ کے فرزند حسینؑ کا سر ہے۔ جسے یہ لوگ یزید کے پاس لے کر جا رہے ہیں۔ حسینؑ کو کربلا میں قتل کیا گیا تھا۔

(2)۔ ابو مخنف لکھتے ہیں کہ مجھے ایک ایسے شخص نے بتایا ہے جو اُس دن موصل میں موجود تھا کہ وہاں پر تیس ہزار کھنچی ہوئی تلواروں میں خولی اور اس کی فوج کو قتل کرنے کا عہد کیا گیا۔ جب اس کارروائی کا علم اُن لوگوں کو ہوا تو وہ موصل میں داخل نہ ہوئے بلکہ وہاں سے بچ کر نکل گئے اور تلِ عفر ہوتے ہوئے عین الوردہ پہنچے۔

(3)۔ علامہ طریحی نے المنتخب میں لکھا ہے کہ پھر بعلبک کے قریب پہنچے تو وہاں کے گورنر کو لکھا کہ ہمارے ساتھ حسینؑ کا سر ہے تم ہم سے آ کر ملو۔ گورنر نے پرچم لہرانے کا حکم دیا اور خوب اس خبر کو پھیلایا اور بچے تک شہر سے نکل نکل کر سات میل دُور تک استقبال کی خوشی میں پہنچ گئے۔

(الف)۔ تینوں روایات پر پھر نظر ڈالیں اور مفید حقائق نوٹ کریں

سب سے پہلے نوٹ کرنے کی بات یہ ہے کہ ان روایات میں پچھلی روایت والے تین سرداروں کا ذکر نہیں ہے۔ مگر یہ خولی اُن میں بھی موجود تھا۔ یعنی خولی بہت اہم شخصیت ہے کہ اس کا ذکر سر حسین علیہ السلام کے ساتھ ضرور ہوتا ہے۔ پھر یہ دیکھیں کہ ان تینوں روایات میں نہ اہل حرمؑ کا ذکر ہے، نہ قیدی ساتھ ہیں، نہ باقی شہدؑا کے سروں کا تذکرہ ہے۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ خولی جناب امامؑ کے سر کی نگرانی اور تشہیر کا خاص طور پر ذمہ دار تھا۔ اور اسے باقی فوج سے ہٹ کر مرکز سے دور تک جانے اور مرکز میں واپس آ جانے کا اختیار ابن زیاد کی طرف سے بھی ملا ہوا تھا۔ اور یہ بھی کہ اُسے مرکزی فوج سے آگے اور پہلے روانہ کر دیا گیا تھا۔ تا کہ دریائے فرات کے گرد و نواح کی بستیوں میں تشہیر کرے اور مرکز میں واپس آ تا رہے۔ یہ بھی یاد رکھیں کہ جن مقامات پر مخالفانہ ردعمل ہوا وہاں کے گورنروں کو اصل حقیقت نہیں بلکہ خارجی کا سر بتایا گیا ہے۔ یعنی ہر گورنر بھی سو فیصد قابل اعتماد نہ رہا تھا۔

یہ خاص طور پر نوٹ کریں کہ یہود و نصاریٰ نے ہمیشہ محمدؐ و آل محمدؐ کی مخالفت کرنے والوں کو دشمن سمجھا۔ چنانچہ اس سفر میں بھی یہی ہمدردی برسر کار رہی ہے۔ جن یہود و نصاریٰ کی اسلام دشمنی قرآن و حدیث میں آئی ہے وہ دراصل عرب کے وہ باشندے تھے اور اُن ہی عربوں کے قبائل سے تھے جو دنیاوی اغراض کے ماتحت تصوراتی طور پر یہودی یا عیسائی مذہب اختیار کئے ہوئے تھے۔ مگر اُن کے دل عربی تھے۔ اُن میں وہی خصائل و عادات تھیں جو مشرکین مکہ میں تھیں۔ وہ اُن ہی کے عزیز و اقربا اور حلیف تھے۔ ورنہ جو نسلاً و مذہباً یہودی اور عیسائی تھے وہ ہمیشہ محمدؐ و آل محمدؐ کے طرف دار رہے اور ہیں۔ آپ کو معلوم ہے کہ چادر فاطمہؑ زہراء مسلمانوں کے یہاں نہ بھیجی جاتی تھی بلکہ یہود و نصاریٰ میں بھیجی جاتی تھی۔ اور یہ ایک ہی ایسی بات ہے جس سے مسلمانوں کی قلبی پوزیشن آشکار ہو جاتی ہے۔ یہی جذبہ تھا کہ محمدؐ و آل محمدؐ کے ہر فرد کے انتقال پر عیسائی حکومتیں اور رعایا سوگ مناتی چلی آئی ہیں۔ حقیقی مومنین اور حقیقی یہود و نصاریٰ دو بھائی بھائی پیغمبروںؑ کی اولاد ہیں۔ دونوں چچازاد بھائی ہیں۔ وہ عربی چچا نہ تھے، نہ عربی ماموں تھے، نہ عربی ذہنیت رکھتے تھے۔ یہ عرب ہی تھے جنہوں نے نہ رسالت کی رعایت کی، نہ دامادی کا لحاظ کیا۔ امام حسن تین سو سے زیادہ عربوں کے داماد تھے۔ مگر وہاں داماد کو بھی قتل کرنا جائز تھا۔ وہاں بیٹی کو رہن رکھنا، فروخت کرنا، اس کی کمائی کھانا ہی جائز نہ تھا بلکہ وہ لوگ دشمن سے انتقام لینے کے لئے بھی بیٹیوں کو استعمال کرتے تھے۔ وہ بیٹی کو اس لئے بھی دے دیتے تھے کہ کل اُس بیٹی اور اُس کے شوہر کی جائیداد اور ورثہ کے مالک بن بیٹھیں گے۔ اس ذہنیت کے لوگ خواہ اسلام کا لیبل لگائیں یا یہودی و عیسائی بن جائیں وہ بدلتے نہیں وہ مذہب کو بدل دیتے ہیں۔ توریت و زبور و انجیل اور قرآن کو بدل دیتے ہیں۔ (فرقان 31-25/27) مگر خود ہرگز نہیں بدلتے۔ بدل جانا اُن کی توہین ہے۔

یہ بھی دیکھتے جائیں کہ کربلا کے حادثہ کے بعد وہ بغاوت جو یزیدی حکومت کا تختہ اُلٹے گی، پھیلنا شروع ہو گئی تھی۔ اور اُسے اُبھارنے اور صحیح رُخ و طریقہ اختیار کرنے میں یہی تشہیرِ اہلبیتؑ مددگار بنی تھی۔ یہی کام صحیح اور حقیقی قِسم کی عزاداری اور جلوسوں سے لیا گیا تھا۔ مگر آج یہ مقصد فوت ہو چکا ہے۔ اب عزاداری کے بڑے گھٹیا مقاصد سامنے رکھ دیئے گئے ہیں۔ مثلاً رونے اور ماتم کرنے کا مقصد نجات اُخروی بتا کر علما نے عزاداری کی روح کو تباہ کر دیا۔ نجات اخروی تو محبت اہلبیتؑ کا لازمی نتیجہ تھا جو تحصیل حاصل ہے۔ بعض نے

کہا کہ عزاداری کا مطلب نمازی بننا ہے۔لیکن تمام قاتلان حسینؑ نمازگزار اور اکثر حافظان قرآن بھی تھے۔ بہرحال عزاداری کا مقصد دنیا سے جبر وظلم وستم واستحصال وغربت وبےبسی وبےکسی کو تباہ کرنا ہے۔ ہر اُس حکومت کو مٹا دینا اس کا مقصد ہے جو نوع انسان پر کسی بھی قسم کا ظلم کرے۔تمام مختلف النسل اور مختلف المذہب انسانوں میں محبت وایثار کا پیدا کرنا اُس کا مقصد ہے۔جس نماز کا مولانا تقاضہ کرتے ہیں وہ دشمنان حسینؑ کی نماز ہے۔اور ایسے نمازی آج لاکھوں بلکہ کروڑوں ہیں اور وہی تمام مصائب کے باعث وذمہ دار ہیں۔

ان روایات سے ایک خاص بات نوٹ کرنا ضروری ہے کہ کوفہ سے دمشق تک کئی مختلف راہیں جاتی تھیں۔اور پہلی روایت میں اس کا ثبوت ہے۔جس میں موجود ہے کہ پھر وہ شاہراہ یا بڑے راستے سے چلے (فَسَارُوْا علٰی جَادَّةِ الْکُبْرٰی)۔اس سے ہمیں یہ سمجھنے کا حق ہے کہ ہم یہ کہیں کہ عمر سعد جو اس پُورے سفر اور تمام افواج اور جماعتوں اور سرداروں اور افراد کا حاکم اعلٰی تھا، اُسی شاہراہ پر رہتا تھا اور تمام ضروری اور بنیادی انتظام کرنے والے اہلکار اُس کے پاس رہتے تھے۔ وہیں راشن وغیرہ کی سپلائی کا انتظام ہوتا تھا۔اور فوج کا بڑا حصہ (Main Body) اُسی مرکز میں رہتا تھا۔اور اسی مرکز کی طرف سب پارٹیوں اور ٹولیوں کی آمد وروانگی ہوتی تھی۔اسی کی تائید میں یہ روایت ملاحظہ ہو جس میں پچاس آدمیوں کی پارٹی تشہیر کو جاتی ہے۔

(ب)۔ تمام پارٹیوں کی آمد اور روانگی مرکز سے ہوتی تھی

زیرِ قلم روایت کو علامہ محمد باقر مجلسی نے بھی کتاب بحارالانوار میں لکھا ہے۔مگر علامہ دربندی اس روایت سے پہلے ایک جُملہ اعتراض کی صورت میں بھی لکھتے ہیں۔

فیما یتعلق بِھٰذہ المقامات فاعلم انّه قدذکرجمع مِن اصحاب المقاتل مایتعلق بالراس الشریف روحی له الفداء مِمَّا وقع فی منزل مِن المنازل فیما بین الکوفة والشام اِلَّا اِنَّھُمْ لَمْ یُعَیِّنُوْا ذٰلکَ الْمَنْزِل وَلَمْ یذکروا اِسْمه ۔وبیان ذلک اِنّھم" قالوا انّه روی ابن لھیعة وغیرہ حدیثا اخذنا منه موضع الحاجةقال کُنْتُ اَطُوْفُ بِالْبَیْتِ فَاِذَا اَنَا برجل یقول اللھم اغفرلی وماارِیک فاعِلًا۔ فقلت له یاعَبْدَ اللّٰہِ اتّق اللّٰہ ولا تقل مثل ھٰذا فانّ ذنوبک لوکانت مثل قطر الا مطارد ورق الاشجار فاستغفرت اللّٰہ غفرھالک فانّه غفور رحیم۔قال فقال لی تعال حتی اخبرک بقصّتی فاتیتهُ فقال:"اعلم اِنَّنا کُنَّا خمسین نفرًا ممن سارا مع راس الحسینؑ اَلی الشام وکُنّا اذا مسینا وضعنا الراس فی التابوت وشربنا الخمر حول التابوت۔فشرب اصحابی لیلة حتّٰی سکروا ولَمْ اَشْرِبُ معھم۔

فلـمَّا جنّ اللَّیْلَ سَمِعْتُ رَعْدًا ورَاَیْتُ بَرْقًا فَاِذاابواب السمآء قدفَتَحَتْ ونزل آدمؑ ونوحؑ وابراھیمؑ واسماعیلؑ واسحاقؑ و نبینا محمد صلی اللّٰہ علیه وآله اجمعین ومعھم جبرؑآئیل وخلق مِنَ الملا ئکة ۔فد نا جبرآئیلؑ مِن التابوت وخرج الراس وضَمَّهُ اِلٰی نفسه وقبّله ثُمَّ کذلک فعل الانبیآء کلھم وبکی النبیؐ علٰی راس الحسینؑ فعزّاہُ الانبیآء فقال له جبرؑآئیل یامحمد صلی اللّٰہ علیک وآلک اِنَّ اللّٰہ تعالٰی امرنی اَن اطیعک فی اُمّتِکَ فَاِنْ امرتنی زلزلتُ بھم الارض وجعلتُ عالیھا سافلھا کمافعلت بقوم لوطؑ فقال الـنبـیؐ لایاجبرائیلؑ فان لھم معی موقفًا بین یدی اللّٰہ یوم القیامة ۔قـال ثـم صلوا علیه ثمّ آتی قوم مِن الملا ئکة وقالوا انّ اللّٰہ تبارک وتعالٰی امرنا بقتل قتلة الحسینؑ ۔فـقال لھم النبیؐ شانکم بھم فجعلوا یضربون بالحربات ثمَّ قصدنی واحدمنھم بحربته لیضر بنی ۔ فقلت الامان الامان یارسوؐل اللّٰہ فقال اذھب فلاغفر اللّٰہ لک۔ فلما اصبحت رایتُ اصحا بی کلھم جاثمین رمادًا۔

ثم قال صاحب المناقب وباسنادی الیٰ ابی عبد اللّٰہ الحدادی عن ابی جعفر الھند وانی باسنادہ فی ھذا الحدیث فیہ زیادۃ عندقولہ لیحملہ الیٰ یزید قال کل مَن قتلہ جفّت یدہ وفیہ اذسمعت صوت برق لَمْ اسمع مثلہ فقیل قداقبل محمدٌ فسمعتُ صوت صھیل الخیل وقعقعۃ السلاح مع جبرائیلؑ ومیکائیلؑ وسرافیلؑ والکرّوبیین والروحانیین والمقربین وفیہ فشکی النبیؐ الَی الملا ئکۃؑ والنبیینؑ قال قتلوا ولدی وقرۃ عینی وکلّھم قبّل الراس وضمہ الیٰ صدرہ والبا قی یقرّب بعضھا من بعض۔"

(اکسیر العبادات صفحہ 501۔ترجمہ جزائری بحار دوسرا حصہ صفحہ 29 تا30)

یعنی: ''یہ بیان اس سلسلہ میں ہے جو اس سفر کے مقامات سے تعلق ظاہر کرے گا۔ جاننا چاہئے کہ مقاتل پر لکھنے والوں یعنی شہادت امام حسینؑ پر کتابیں لکھنے والوں کی ایک جماعت نے سر مبارک کے متعلق ایک واقعہ لکھا ہے جو کوفہ سے شام تک کے سفر کی منزلوں میں سے کسی منزل میں پیش آیا تھا۔'' مگر اُن تمام اہل قلم نے نہ تو اُس منزل کا تعین کیا اور نہ ہی اُس کا نام بتایا۔'' اور اُس واقعہ کا بیان یوں ہے کہ اُن تمام اہل قلم نے لکھا اور کہا ہے کہ ابن لھیعہ وغیرہ نے ایک حدیث بیان کی ہے اور اُس میں سے ہم صرف اُس قدر لکھیں گے کہ جتنی ہمیں ضرورت ہے۔ راوی نے کہا کہ میں خانہ کعبہ کا طواف کر رہا تھا کہ اچانک میں نے ایک شخص کو دیکھا جو کہہ رہا تھا کہ اے اللہ مجھے بخش دے میرے گناہ معاف کر دے لیکن میں جانتا ہوں کہ تو ایسا نہ کرے گا۔ میں نے اُس سے کہا کہ بھائی اے بندہ خدا اللہ کے سامنے غیر ذمہ دارانہ بات نہ کہہ یقیناً اللہ تیرے تمام گناہوں کو معاف کر دے گا۔ خواہ تیرے گناہ بارش کے قطروں کے برابر ہوں یا درختوں کے پتوں کے برابر ہوں۔ وہ یقیناً غفور الرحیم ہے۔ یہ سُن کر اس نے کہا کہ بھائی میرے ساتھ آؤ تاکہ میں تمہیں اپنا وہ قصہ سناؤں جس کی بنا پر میں یوں دعا کرتا ہوں۔ لہٰذا میں قصہ سننے اُس کے ساتھ گیا۔ اُس نے سُنایا کہ بھائی یہ سمجھ لو کہ ہم اُن لوگوں میں سے پچاس آدمی تھے جو سر حسینؑ کو کوفہ سے شام لے جانے پر تعینات تھے۔ اور ہماری پارٹی کا طریقہ یہ تھا کہ جہاں ہمیں شام ہو جاتی تھی تو ہم سر حسینؑ کو تابوت میں بند کر کے اُس کے چاروں طرف موجود رہنے، کھانے پینے اور سونے کا انتظام کرتے تھے۔ اور اُسی حلقہ اور دائرہ میں شراب بھی پیا کرتے تھے۔ چنانچہ ایک رات میں نے شراب نہیں پی۔ میرے ساتھیوں نے اتنی پی لی کہ وہ مست و مدہوش اور نشہ میں چُور چُور ہو کے لیٹے اور سو گئے مگر میں بیدار رہا۔

جب رات خوب گہری ہوگئی تو میں نے گرج کی آواز سُنی اور میں نے بجلی چمکتے دیکھی اور ساتھ ہی دیکھا کہ آسمان کے دروازے کھُل گئے ہیں اور حضرت آدم ونوح وابراہیم واسماعیل واسحاق اور ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیھم وآلھم اجمعین اُتر آئے ہیں۔ اور اُن کے ساتھ حضرت جبرائیل اور ملائکہ علیھم السلام کا گروہ بھی آ گیا ہے۔ اس کے بعد جبرائیلؑ تابوت کے قریب گئے اور امام حسینؑ کا سر مبارک نکالا، اسے بوسہ دیا، سینے سے لگایا۔ پھر تمام انبیاؑ نے یہی عمل کیا۔ آنحضرتؐ نے گریہ فرمایا تو تمام انبیاؑ نے عزاداری کی، حضورؐ کو پُرسہ اور تسلی دی۔ حضرت جبرائیلؑ نے کہا کہ اے محمدؐ مجھے اللہ نے حکم دیا ہے کہ میں آپ کی اُمت کے بارے میں آپ کی اطاعت کروں۔ لہٰذا اگر حضورؐ حکم دیں تو میں اس زمین کو اُن پر اس طرح ہلا دوں کہ اوپر کی چیزیں نیچے دھنس جائیں اور اندر والی چیزیں فضا میں بکھر جائیں جیسا کہ میں نے لُوط کی قوم کے ساتھ کیا تھا۔ حضورؐ نے فرمایا کہ نہیں جبرائیلؑ ایسا نہیں کرنا ہے۔ بات یہ ہے کہ میرا اور اُن کا معاملہ اللہ کے

حضور میں پیش کیا جانا طے پاچکا ہے اور یہ قیامت میں ہوگا۔ راوی کہتا ہے کہ پھر تمام انبیاؑ اور حضورؐ نے سر مبارک پر نماز پڑھی۔ اس کے بعد ملائکہ کا گروہ حاضر ہوا اور حضورؐ سے عرض کیا کہ ہمیں اللہ نے اِن لوگوں کے قتل کا حکم دیا ہے۔ آپ کا کیا حکم ہے؟ حضورؐ نے فرمایا کہ اس معاملہ میں تم آزاد ہو۔ چنانچہ اُنہوں نے اپنے اپنے حربوں سے میرے ساتھیوں کو مارنا شروع کیا اور اُن میں سے ایک نے مجھ پر بھی حملہ کیا تو میں نے فریاد کی کہ یارسولؐ اللہ مجھے امان دیں۔ فرمایا جا امان دی مگر اللہ تجھے معاف نہ کرے گا۔ صبح کو میں نے دیکھا کہ میرے تمام ساتھی راکھ بنے ہوئے اُلٹے پڑے ہیں۔

اس کے بعد کتاب مناقب کے مصنف نے اسی روایت کو ذرا سے اضافہ کے ساتھ نقل کیا ہے۔ جس مقام پر یہ ذکر تھا کہ یزید کے پاس سر مبارک کو لئے جاتے تھے۔ وہاں مذکور ہے کہ جن لوگوں نے امام حسینؑ کو قتل کیا تھا اُن سب کے ہاتھ شل ہو گئے تھے۔ اور جس طرح میں نے اس روز بجلی کی آواز سُنی پہلے کبھی نہ سنی تھی۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ جب محمدؐ مصطفیٰ تشریف لائے اس وقت میں نے ہتھیاروں کی کھنکھناہٹ سُنی اور ساتھ ہی جبرائیلؑ ومیکائیلؑ اور اسرافیلؑ اور کرّ وبیاں اور روحیں اور مقربان بارگاہ خداوندی بھی نازل ہوئے اور یہ بھی لکھا کہ رسولؐ اللہ نے ملائکہ اور انبیاؑ سے شکایت کی کہ دیکھو ان لوگوں نے میرے نُورِ نظر بیٹے کو قتل کر دیا۔ پھر سب نے سر مبارک کو بوسے دیئے اور سینوں سے لگایا۔ اور باقی بیان سابقہ مذکورہ روایت کے قریب قریب ہے۔

(8)۔ تاریخی حقائق میں خیانت کرنے والے گروہ کی تین قسمیں اور ہمارا موٴقف ثابت

یہ روایت اُن لوگوں کی نشاندہی کرتی ہے جو اسلامی ریکارڈ کو تباہ کرنے کی عالمانہ ٹیکنیک استعمال کرتے رہے اور پھر اچھے خاصے نیک اور پرخلوص علما اس تخریب کار گروہ کی پیروی کر کے نادانی اور غیر شعوری طور سے انکی مدد کرتے چلے آئے۔ بہر حال مندرجہ بالا روایت میں بھی ہمارا موقف ثابت ہے۔ ظاہر ہے کہ وہ لوگ جو ہرگز یہ نہیں چاہتے کہ اُنکے امیر المومنین حضرات کا پردہ چاک ہو خواہ اسلام اور اسلامی تاریخ کا ستیاناس ہو جائے۔ وہ بھی یہ نہ مانیں گے کہ کوفہ سے شام کے سفر میں صرف سرِ حسینؑ گیا تھا۔ اور لے جانے والے لوگوں کی تعداد صرف پچاس تھی اور اُن پچاس آدمیوں میں نہ شمر تھا، نہ خولی تھا، نہ کوئی اور مشہور شخص تھا۔ سب پچاس کے پچاس شخص گمنام اور مجہول اور ناقابل تعارف تھے۔ لہٰذا اُنکو ہمارے موقف سے انکار کی گنجائش نہیں ہے۔ اسلئے کہ اس روایت سے ثابت ہے کہ پچاس آدمیوں کی ایک جماعت صرف امام حسین علیہ السلام کا سر لئے ہوئے گردونواح کی آبادیوں میں تشہیر وتعارف وتماشہ کرتی پھر رہی ہے۔ راتیں بھی راہ میں گزارتی ہے۔ اسی طرح بیسیوں پارٹیوں کا مرکزی فوج سے نکل کر مختلف سمتوں میں مختلف سروں کے ساتھ جانا اور حکومت کی پالیسی کا پروپیگنڈا کرنا بھی ممکن اور ثابت ہے۔ پھر اسیران اہل حرمؑ کی تشہیر کیلئے ایک گروہ کا جاتے رہنا بھی ماننا پڑے گا۔ اور یہ بھی ماننا ہوگا کہ جس بڑے راستہ یا شاہراہ پر عمر سعد کا مرکز جارہا ہے اس پر آنے والے بڑے شہروں میں اجتماعی گشت یعنی تمام اہل حرمؑ تمام سرہائے بنی ہاشمؑ، تمام سرہائے انصارؓان اور سر مبارک جناب امام حسینؑ کا اکٹھا جلوس نکالنا بھی ضروری ہے۔ اور ایسے شہروں کے آنے سے پہلے تمام متفرق پارٹیوں کو مرکز میں پلٹ آنا بھی فطری ہے۔ لہٰذا اُن تمام نکتہ چینوں کو بتادو کہ تمہاری نکتہ چینیاں تمہاری جہالت وحماقت اور دشمنیٔ محمدؐ وآلِ محمدؐ کی نمائش کرتی ہیں۔ تم یہی نہیں کہ تاریخ سے جاہل اور محض نکتہ چین ہو بلکہ تم فوجی اور سول انتظام اور طرزِ عمل

ونظام مملکت اور سیاست سے بھی قطعاً جاہل ہو۔تمہارے لئے صرف ایک ہی بات سو فیصد صحیح ہے۔یعنی تم دشمن انسانیت ہو اور کچھ نہیں ہو۔

دوسری بات۔آپ اس روایت میں یہ دیکھتے ہیں کہ ایک وہ زمانہ تھا جب علما کے پاس کسی واقعہ پر ایک مکمل روایت یا حدیث ہوتی تھی مگر وہ علما اُس پوری روایت کو نہ لکھتے تھے۔اور اس مکمل روایت میں سے صرف اتنا حصہ اپنی کتابوں میں نقل کر لیتے تھے، جتنا اُن کے خیال میں اُن کی ضرورت کو پورا کرتا تھا۔اور بڑے بے تکلفانہ انداز میں یہ لکھ دیتے تھے کہ:۔

''ہم اُس روایت میں سے اپنی ضرورت کے مطابق لے رہے ہیں۔(اَخَذْنَا مِنْهُ موضع الحاجة)''

یہاں یہ نہ سوچئے کہ اُن کی اُس وقت کیا حاجت یا ضرورت تھی؟ اور روایت کا باقی حصہ کس بنا پر اُن کیلئے غیر ضروری تھا۔ بلکہ یہ سوچئے کہ وہ کتاب یا کتابیں جن میں وہ مکمل روایت یا روایات تھیں، کسی فطری صورت حال یعنی پرانی ہو کر کیڑوں کی نظر ہو گئیں۔ یا سیلاب آیا اور تباہ ہو گئیں۔ یا کسی سازش کے ماتحت ضائع کر دی گئیں۔تو اس صورت میں اب امت کے پاس وہی کچھ رہ گیا جو اُن علما نے نقل کیا تھا۔اب بتایئے کہ ہم کیا کریں اور اُس مکمل روایت یا روایات کو کہاں سے لائیں اور کس طرح اُن خبیثوں کے سوالات کا جواب دیں جو بات بات میں عزاداری، فضائل محمدؐ و آل محمدؐ اور حقانیت مذہب پر حدیث مانگتے ہیں؟

پھر آپ نے دیکھا کہ اُس مندرجہ بالا روایت کو لکھنے سے پہلے علامہ فاضل دربندیؒ نے بھی لکھا ہے۔اور آپ نے پڑھا ہے کہ ایسے بہت سے علما ہیں اور اُن کی لکھی ہوئی ایسی بہت سی روایات ہیں جن میں کوفہ سے شام تک کے سفر میں کسی واقعہ کا ذکر کیا ہے۔ مگر یہ نہ لکھا کہ وہ واقعہ کہاں پیش آیا؟ یا وہ کون سی منزل تھی؟ اور اس واقعہ کے ہیروز کا نام کیا تھا؟ یعنی ایسے علما نے جہاں سے یا جس روایت سے وہ واقعہ نقل کیا وہاں اس روایت میں وہ مقام بھی تھا اور اس منزل کا نام بھی تھا، جہاں واقعہ پیش آیا تھا۔مگر نقل کرنے والا عالم یا علما صرف واقعہ کا لکھ دینا ضروری اور حاجت کے ماتحت سمجھ کر نقل کر لیتے ہیں۔اور اُس مقام اور ہیروز کا نام اور منزل کا تعین غیر ضروری سمجھ کر چھوڑ دیتے ہیں۔اب سوچئے کہ اُن علما کی سمجھ اور عملدرآمد نے امت کے ساتھ کیا کیا؟ اور اگر اس قسم کے علما کا مقصد اور ضروری و غیر ضروری کا معیار بھی یہی تھا کہ وہ رفتہ رفتہ اپنی اس ٹیکنیک (Technique) سے اسلامی حقائق کے تمام ثبوت برباد اور گم کر کے چھوڑیں گے؟ تو بتایئے کہ ہم اُن کو دشمنانِ انسانیت اور مخالفان محمدؐ و آل محمدؐ کہنے میں کہاں تک خطاوار ہیں؟ پھر اُن کا مقصد یہ تھا یا نہیں؟ اور ہم خطاوار ہیں یا نہیں؟ اس سے وہ ریکارڈ تو واپس نہیں لایا جا سکتا جو، جیسے بھی سمجھئے، ضائع ہو گیا؟

اسی سلسلہ میں اور اُسی مندرجہ بالا روایت میں ایسے علما کا پتہ بھی چلتا ہے اور تحریری ریکارڈ میں موجود ہے جنھوں نے بعض روایات کو قطعاً لکھا ہی نہیں۔ بحار کا یہی حصہ جس کا علامہ جزائری نے ترجمہ رگڑا اور روپیہ کمایا۔اِسی میں علامہ مجلسیؒ نے سینکڑوں روایات کو نہیں لکھا۔حالانکہ اُن کے ہمعصر اور ہم مسلک علما نے بھی اور قبل و بعد کے علما نے بھی اُن روایات کو لکھا ہے۔کیا ایسے علما کو اُس گروہ میں شامل نہ کریں جو بتدریج روایات و ثبوت کو شعوری یا لاشعوری حیثیت سے کم کرتے اور گُم کرتے چلے آئے ہیں؟ بھائی وہ رضی اللہ عنہ سہی، علامہ سہی، جنتی سہی لیکن یہ ہمارے سامنے نقصان کا جو ڈھیر لگا ہوا ہے، یہ جو ہمارے راستے روکنے والا گروہ کھڑا ہے ہم اس سے کیسے محفوظ

رہیں؟ اُن حضرات نے کتابیں پڑھ کر حوالہ دیا لیکن نہ کتاب کا نام لکھا نہ مصنف کا نام بتایا۔ آج اگر ہم وہی حوالہ اپنے ثبوت میں پیش کریں تو اُن حضرات کو کیا جواب دیں جو کتاب اور صاحب کتاب کا نام دریافت کرتے ہیں؟ صفحہ اور سطر کا نمبر تک جاننا چاہتے ہیں؟ اسی سلسلہ کی یہ بات بھی ہے کہ اس روایت میں یہ تو کہنا اور لکھنا ضروری سمجھا گیا کہ ''جبرائیلؑ تابوت کے پاس گئے۔'' (فَدَ نَاجبرَئیل مِنَ التَّابوت) لیکن یہ نہیں کہا کہ پھر ''جبرئیلؑ نے تابوت کا ڈھکنا کھولا'' ایک دم لکھ مارا کہ (وخرج الرّاس) اور سر نکالا۔''

ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ اگر صرف یہ لکھ دیا جاتا کہ ''پھر جبرائیل نے سر حسین علیہ السلام نکالا اُسے بوسے دیئے سینے سے لگایا۔'' تو تمام ذی عقل آدمی خود ہی سمجھ جاتے کہ جبرائیلؑ تابوت کے پاس گئے ہوں گے۔ مقفل تھا تو پہلے تالا کھولا ہوگا۔ پھر ڈھکنا اٹھا کر سر مبارک نکالا ہوگا۔ یا از راہ قوت ملکوتیہ بطور معجزہ سر مبارک نکالا ہوگا۔ لیکن یہ کیا بات ہوئی کہ آدمیوں کی طرح تابوت کے قریب جانا تو لکھا گیا لیکن ڈھکنا کھولنے کا ذکر غیر ضروری سمجھا گیا؟ یہ ہے وہ طرز عمل جو مذہبی بیانات وروایات کو غیر منطقی، غیر مانوس اور بکواس بنا دیتا ہے۔ اسی طرز عمل کا نتیجہ ہے کہ کتابوں کے نام چھوڑ جانا اس لئے کہ واقعہ مشہور ہے۔ مصنف کا ذکر غائب کر لینا اس لئے کہ سب ہی نے واقعہ کو لکھا ہے۔ منزل ومقام نہ لکھنا اس لئے کہ پڑھنے والا جانتا ہے لیکن مصیبت تو ہم پر آئی ہے۔ یہ رضی اللہ عنھم یا یہ خبیث لوگ تو چین سے جنتی یا جہنمی ہو کر فارغ ہو گئے۔ پھندا تو ہمارے گلے میں ہے اور یہ اُن ہی کا بنایا ہوا پھندا ہے۔ ہم روایت لکھتے ہیں، کتاب کا نام لکھتے ہیں، صفحہ اور باب بتاتے ہیں۔ پھر روایت کو اُدھیڑ کر اس میں پوشیدہ تمام حقائق کو برہنہ کر کے سامنے کھڑا کر دیتے ہیں۔ لہٰذا ہماری تصنیفات پڑھنے والوں کی گردن میں کوئی پھندہ نہیں ڈال سکتا۔ بلکہ اُن سے دشمنانِ اسلام چھپے چھپے پھرا کرتے ہیں اور راستہ چھوڑ کر گزرا کرتے ہیں۔

پھر اسی سلسلے میں کیا یہ سوچنا اور سمجھنا غیر ضروری ہے کہ اُن پچاس آدمیوں کا یہ مستقل عمل کہ سر مقدس کو تابوت میں بند کر کے درمیان میں رکھنا اور اُس کے چاروں طرف بیٹھنا اور لیٹنا اس لئے تھا کہ تابوت محفوظ رہے؟ اور رات کو کوئی اُسے چُرا کر نہ لے جائے؟ اور راوی نے جو اس دن شراب نہ پی اور نشہ میں مدہوش نہ ہوا اس لئے تھا کہ روزانہ ایک شخص پہرہ دے اور اپنے ہوش وحواس برقرار رکھے؟ اور ظاہر ہے کہ فوجوں میں ایک آدمی رات بھر جاگنے اور پہرہ دینے پر نہیں لگایا جاتا بلکہ دو گھنٹے سے زیادہ ڈیوٹی بیک وقت دی ہی نہیں جاتی۔ لہٰذا یہ بھی لازم تھا کہ راوی یا عالم تمام ضروریات بیان کرتا اور بتاتا کہ وہ شخص ڈیوٹی پر تھا جس نے انبیاؑ اور ملائکہ علیھم السلام کا تشریف لانا دیکھا تھا۔ اور یہ کہ اُس نے اس حیران کن صورت حال میں گھرے ہوئے ہونے کی وجہ سے اپنے بعد والے شخص کو پہرہ کیلئے نہ جگایا تھا۔ مگر یا تو یہ راوی اور یہ علما اور مصنفین جاہل مطلق تھے یا یہ سازشی گروہ تھا۔ ہم بہر حال ستائے گئے ہیں، ہمارے راستے میں چاروں طرف سے رکاوٹیں ڈالی گئی ہیں۔ مگر یہ امام زمانہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوت ہے کہ حقیقی مومنین کی راہیں بند نہ ہوسکیں۔

تیسری بات۔ جن علما نے مندرجہ بالا روایت کو سرے سے لکھا ہی نہیں اُن کا دشمن اسلام ہونا بلا ثبوت ثابت ہے۔ مگر جن علما نے اس روایت کو پورا نہیں لکھا وہ بھی غالباً انبیا علیھم السلام کا زمین پر آنا اور ملائکہ کا نازل ہونا نہیں مانتے ورنہ نہ لکھنے کا دوسرا سبب یہ ہوسکتا ہے کہ وہ فضائل محمدؐ وآل محمدؐ کے منکر ہیں۔

آخری بات بہت مزے کی ہے اور سمجھنے کیلئے وسعتِ قلب اور فکرِ صحیح کی احتیاج بھی ہے۔ اس بات کو روزمرہ کے حالات اور مسلمانوں کی اخلاقی تاریخ کی مدد سے سمجھئے اور حقائق کو تسلیم کرنے کی ہمت دکھایئے اور سُنئے کہ آج دنیا میں مسلمانوں سے بڑھ کر جرم وگناہ میں کوئی قوم ملوث نہیں ہے۔ اُن میں ہر قسم کا مکروہ سے مکروہ اور گھناؤنا جرم وگناہ ہوتا ہے۔ اخلاق اور پارسائی اُنکے یہاں ایک ثانوی چیز ہے۔ اور اُنکے مقدس اور پارسا کہلانے والے حضرات جب کوئی گناہ کرنے پر آتے ہیں تو وہ غنڈوں اور اوباشوں کو بھی سینکڑوں میل پیچھے چھوڑ جاتے ہیں۔ اور کمال یہ کرتے ہیں کہ پھر فتویٰ دے کر اس جرم وگناہ کو حلال اور شریعت کے مطابق ثابت کرنے کی کوشش بھی کیا کرتے ہیں۔ اگر ہم مثالیں بھی لکھیں تو دس ہزار صفحات کی کتاب تیار ہو جائے گی۔ اسی لئے کہا کہ حق بات تسلیم کرنے کی ہمت دکھائیں۔

پھر یہ حالت مسلمانوں کی آج ہی نہیں ہے بلکہ ہر زمانہ کے مسلمانوں کا یہی حال رہا ہے۔ نزول قرآن کے دوران والے مسلمانوں کی بداعمالی اور بے دینی سے قرآن بھرا پڑا ہے۔ مومن کو جان بوجھ کر قتل کرنا، خود زنا کرنا، عورتوں کو زنا پر مجبور کرنا، اپنی ماؤں سے نکاح کرنا، باپ کی منکوحہ کو زوجہ بنانا، بیٹیوں کی کمائی کھانا، سود کھانا، میدان جنگ سے بھاگ جانا، رسولؐ کے خلاف سازش کرنا، رسوؐل کو نماز میں تنہا کھڑا چھوڑ جانا اس سب بدعملی کا سبب کیا تھا؟ اور کیا ہے؟ اس کا جواب وہی ہے جو اس مندرجہ بالا روایت میں اس طواف کرنے والے حاجی اور مقدس شخص نے دیا ہے یعنی یہ کہ اگر کسی کلمہ گو کے گناہ اور جرائم اور ظلم وستم کی فہرست تمام درختوں کے پتوں اور بارش کے قطروں یا بوندوں کے برابر ہوں تو بھی اللہ غفور الرحیم ہونے کی وجہ سے اُن تمام گناہوں کو بخش دے گا جو اُس نے کئے ہیں۔ لہٰذا یقین کیجئے کہ مسلمانوں کا ہر ڈاکو، ہر زانی، ہر ظالم، ہر غاصب، ہر قاتل، ہر چور اس یقین پر بڑے سے بڑا گناہ بےفکری سے کرتا ہے کہ اللہ غفور الرحیم ہے۔ پھر یزید کا اور اُسکے کافر ومسلم بزرگوں کا عقیدہ صرف غفوری اور رحیمی اور ستاری وغفاری پر ختم نہیں ہو جاتا بلکہ وہ اللہ کو ایسا قادر مطلق مانتے تھے کہ آدمی جو کچھ کہتا یا کرتا ہے وہ سب اللہ کے حکم واجازت سے کرتا ہے۔ ہر فعل اللہ کا فعل ہے اور ساری کائنات اور انسان مجبور ہیں، اللہ کی مرضی کے بغیر کچھ کر ہی نہیں سکتے۔ یہ سبب ہے کہ یزید نے اور اُسکے دونوں قسم کے بزرگوں نے اولا د رسوؐل کو قتل کیا، خانہ رسوؐل کو جلایا، وراثت کو غصب کیا۔ الغرض جتنے گناہ کئے وہ اللہ نے کرائے تھے۔ اسلئے وہ تمام ملاعین بے گناہ رہے۔ اور اگر اُن سے کوئی گناہ ہوا بھی تھا تو اللہ غفور الرّحیم ہے لہٰذا اُسے معاف کرنا پڑے گا یا غفوری ورحیمی سے استعفیٰ دینا ہوگا۔

یہاں یہ حقیقت بھی تسلیم کرنا ہوگی کہ ہمارے شیعہ مومنین بھی اعمال وبدکرداری میں بالکل مندرجہ بالا صورت حال میں برابر کے شریک ہیں۔ وہ بھی ماشاء اللہ کوئی جرم وگناہ کرنے سے نہیں جھجکتے۔ مگر اُن کا عقیدہ یہ نہیں ہے کہ انسان جو کچھ کرتا ہے وہ خدا کراتا ہے۔ وہ خدا کو غفور، رحیم، ستار وغفار وغیرہ ماننے میں بھی شریک ہیں۔ مگر وہ اور تمام نیک اہلسنت ایک اور بات مانتے ہیں جو انہیں گناہوں پر جرأت دلاتی ہے اور وہ ہے شفاعت کا عقیدہ؛ یعنی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ شفاعت کریں گے۔ اور اللہ اُن کی سفارش سے بندوں کے گناہ بخش دے گا۔ شیعہ مومنین اس میں یہ اضافہ کرتے ہیں اور تمام صوفیاء کرام اُن کے ساتھ شامل ہیں کہ رسوؐل کو شفاعت کا یہ بے پناہ حق آل محمدؐ نے عموماً اور امام حسین علیہ السلام اور شہدؑائے کربلا نے خصوصاً دلوایا ہے۔ اور یہ کہ حضرت فاطمہؑ اس شفاعت وسفارش کا عملی مظاہرہ کریں گی اور جن کی سفارش وہ فرمائیں گی اُن کو ہر حال میں بخش دیا جائے گا۔ میں بھی اس سے متفق ہوں۔ مگر مجھے

اور تمام مسلمانوں کو یہ جاننا چاہیئے کہ اللہ کی غفوری ورحیمی اور محمد وآل محمد صلوٰۃ اللہ علیھم کی قربانیاں اور شفاعت کہاں اور کیسے اور کس کے لئے وقوع میں آئیں گی؟ اور شفاعت کا یہ عظیم الشان استحقاق کس صورت میں پیدا ہوتا ہے؟ یادرکھیں کہ یہ جواب بڑی تفصیل چاہتا ہے اور اس کتاب کے دائرہ سے باہر کی چیز ہے۔لیکن عنوان کی خانہ پُری کرنے کے لئے چند مستحکم اور مستقل اشارات کرنا ضروری ہیں سنئے۔

(الف)۔ **وہ مسلمان جن کا ہر گناہ معاف کردیا جائے گا قرآن کریم شاہد ہے**

قُلْ يٰعِبَادِیَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰى اَنفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا

اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُo (سورہ الزمر 39/53)

مومنین ہوں یا کافر ہوں اس آیت کے الفاظ پر غور فرمائیں۔قرآن کے تمام ترجمے دیکھیں اور جو اللہ نے کہا یا کہلوایا ہے اُس کو قرآن کے الفاظ سے سمجھیں مترجمین کی رائے اور سمجھ کو بالائے طاق رکھ دیں۔اور ہمارے ترجمہ اور بیان کو بھی جب قبول کریں جب وہ سو فیصد قرآن کے الفاظ کے ماتحت ہو۔سنئے اللہ نے رسولؐ اللہ سے کہا کہ:۔

''اے رسولؐ یا اے نبیؐ یا اے محمدؐ تم کہہ دو (قُلْ)۔اس **قل** کے بعد جو کچھ آیت میں ہے وہ محمدؐ مصطفیٰ سے کہلوایا گیا ہے اور وہ یہ ہے کہ ''اے میرے (محمدؐ کے) بندو'' یہاں نہیں کہلوایا کہ ''اے اللہ کے بندو'' ورنہ عربی کا جملہ یوں ہوتا کہ **قل یاعِبَاد اللّٰهِ یا قل یٰعِبَاد اللّٰه**۔ لہٰذا اللہ نے فرمایا کہ اے محمدؐ تم اپنے بندوں سے کہہ دو۔پھر ابتدا سے ترجمہ سُنئے:۔

''اے محمدؐ تم کہہ دو کہ اَے میرے (محمدؐ کے) وہ بندو جنہوں نے گناہ اور جرائم کر کر کے اپنی ذات پر زیادتیاں کی ہیں۔

تم رحمۃِ خداوندی سے مایوس نہ ہو جانا۔یقیناً اللہ تمہارے تمام گناہوں کو بخش دے گا یقیناً وہ الرحیم اور الغفور ہے۔''

اس ترجمہ میں جو خامی ہے اُسے اس آیت سے دور کرلیں جس میں اللہ نے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو روزازل سے پوری کائنات کی تمام مخلوقات کے لئے رحمۃ للعالمین (انبیآء 21/107) بنایا تھا۔لہٰذا مکمل ترجمہ یوں ہوگا کہ:۔

(ا) ''اے محمدؐ تم کہہ دو کہ'' ''اے میرے وہ بندو جنہوں نے گناہوں سے اپنی ذات پر زیادتیاں کی ہیں۔تم مجھ سے یا میری شفاعت اور سفارش سے مایوس نہ ہو جانا یقیناً اللہ تمہارے تمام گناہ بخشے گا۔یقیناً وہ غفوری اور رحیمی کے آخری مقام پر ہے۔''

علما کی ایک خاص جماعت نے یہ سمجھا ہے کہ اس آیت میں اللہ نے رسولؐ سے اپنے بندوں کو مخاطب کرایا ہے۔یعنی:۔

(2) ''اے محمدؐ تم کہہ دو کہ اللہ کے وہ بندو جنہوں نے گناہوں سے اپنی ذات پر زیادتیاں کی ہیں۔تم اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو جانا۔یقیناً اللہ تمہارے تمام گناہ بخشے گا یقیناً وہ غفوری اور رحیمی کے آخری مقام پر ہے۔''

بس تمام مسلمان اور تمام علما ان ہی دونوں ترجموں پر تقسیم ہو کر دو گروہ یا دو مذہب بن جاتے ہیں۔اور یقیناً اُن دونوں میں سے کوئی ایک حق پر ہے اور دوسرا باطل پر۔جو حق پر ہے وہی قابل شفاعت وجنتی ہے۔دوسرا شفاعت کا منکر وجہنمی ہے۔اور از خود خوشی سے کوئی جہنمی بننے کے لئے تیار نہ ہوگا۔اس کا فیصلہ بھی قرآن کے مسلّمات سے کرنا ہوگا۔لہٰذا میں پہلے خود کو پیش کر کے کہتا ہوں کہ پہلا ترجمہ میرا ہے۔اور اگر یہ غلط ہے تو میں جہنمی بھی ہوں اور میرا مذہب بھی باطل ہے۔

آ یئے ذرا اس کا فیصلہ ہو جائے۔ ساری دنیا جانتی ہے اور تمام مسلمان اور تمام دیگر مذاہب کے لوگ بھی مانتے ہیں کہ کائنات کی ہر مخلوق عموماً اور تمام ملائکہ و جنات و انسان خصوصاً اللہ کے بندے ہیں۔ خواہ مسلم ہوں یا غیر مسلم ہوں حتیٰ کہ شیطان بھی اللہ کا بندہ ہے۔ تمام مشرکین اور منکرین خداوندی بھی اللہ کے عباد یا بندے ہیں۔ اگر دوسرے ترجمہ کو صحیح مان لیا جائے تو قیامت میں تمام کافر و منکر و مشرکوں کی بخشش کا ہونا لازم ہے۔ اور اس عقیدے کے خلاف قرآن بھرا پڑا ہے۔ اور خود رسولؐ کو اُن کی شفاعت کرنے اور مغفرت کرانے کی ممانعت کردی گئی ہے اور فرما دیا ہے کہ:۔

(1) سَوَآءٌ عَلَيۡهِمۡ اَسۡتَغۡفَرۡتَ لَهُمۡ اَمۡ لَمۡ تَسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ لَنۡ يَّغۡفِرَ اللّٰهُ لَهُمۡ ۔(منافقون 63/6)

''آپ مشرکین کیلئے بخشش طلب کریں یا نہ کریں اُن کیلئے معافی چاہنا اور نہ چاہنا بے سود ہے انہیں اللہ ہرگز نہ بخشے گا۔

(2) اِسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ اَوۡ لَا تَسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ اِنۡ تَسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ سَبۡعِيۡنَ مَرَّةً فَلَنۡ يَّغۡفِرَ اللّٰهُ لَهُمۡ ۔(توبہ 9/80)

اُن کیلئے بخشش چاہو یا نہ چاہو اور اگر آپ مشرکین کیلئے ستر (70) مرتبہ بھی بخشش مانگیں اللہ انہیں ہرگز بخشنے والا نہیں ہے۔''

اسی طرح شیطان بھی اللہ کا بندہ ہے اور اُس کے جہنمی ہونے پر تمام مسلمان علما و عوام اور تمام مذاہب کے لوگ متفق ہیں۔ اور سب یہ بھی مانتے ہیں کہ وہ لوگ بھی اللہ کے بندے ہی ہیں جو کہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔ لہٰذا دوسرا ترجمہ نہ صرف قرآن کریم کی واضح آیات کا مخالف ہے۔ بلکہ تمام انسانیت اور عقل انسانی کے بھی خلاف ہے۔ اور بلا شک و شبہ باطل ہے اور وہ تمام لوگ جو دوسرے ترجمہ پر قائم رہیں منکر قرآن اور جہنمی ہیں۔

ہمارے ترجمہ پر یہ اعتراض ہوسکتا ہے کہ انسان صرف اللہ کے بندے ہیں۔ انسانوں کو کسی انسان کے بندے کہنا شرک ہے۔ ہم اُن کی اس بات سے بھی متفق ہیں۔ یعنی نہ ہم اپنی طرف سے اپنے فیصلے اور رائے سے کسی انسان یا انسانوں کو کسی انسان کا بندہ کہہ سکتے ہیں اور نہ کوئی نبیؐ یا رسولؐ خود کسی کو اپنا بندہ کہنے کا مجاز ہے۔ اور ایسا کہنا یا سمجھنا واقعی شرک ہے اور کہنے یا ایسا سمجھنے والا حقیقتاً مشرک ہے خواہ کوئی نبیؐ ہو یا غیر نبیؐ ہو۔ مگر زیر بحث آیت میں تو اللہ نے حکم دیا ہے کہ محمدؐ کچھ خاص لوگوں کو اپنا نہ صرف بندہ کہیں بلکہ اُن کو اُن کی نجات کی بشارت اور اللہ کا وعدہ بھی سُنا دیں۔ لہٰذا نہ یہاں، نہ کہیں اور محمدؐ نے لوگوں کو اپنا بندہ بنایا اور نہ ہم نے اپنے خیال سے لوگوں کو محمدؐ کا بندہ کہا۔ یہ قرآن کریم کا بیان ہے جس کا ہم نے لفظ بلفظ ترجمہ کرنے کا گناہ ضرور کیا ہے۔ مگر نہ میں مشرک ہوا نہ میرا نبیؐ تمہارے فتویٰ کی زد پر آیا۔ یہ تو ویسی ہی بات ہے کہ کسی انسان کو یا کسی اور مخلوق کو سجدہ کرنا شرک ہے۔ مگر جب اللہ حکم دے کہ فلاں شخص کو سجدہ کرو تو اُس حکم کو ماننے والے اور بے دھڑک سجدہ کرنے والے ملائکہ اور مومنین ہوتے ہیں۔ اور اُسے شرک سمجھ کر سجدہ نہ کرنے والے ابلیس اور کافر و جہنمی ہوتے ہیں (بقرہ 2/34)۔ لہٰذا جو لوگ محمدؐ کے بندے نہ ہوں یا جو علما یا عوام محمدؐ کا بندہ ہونا شرک سمجھیں وہ بھی جہنمی کافر اور ابلیس کی اُمت ہیں۔ یہ فیصلہ بھی قرآن نے کیا ہے۔ اب ایک اور بات سُنیں کہ اللہ نے قرآن میں اُن تمام انسانوں کو انسانوں کا بندہ فرمایا ہے جو زر خرید تھے۔ اور ساری دنیا جانتی ہے کہ نزول قرآن کے زمانہ میں اور آج بھی عرب میں بردہ فروشی ہوتی ہے۔ اور دوسرے ترجمہ کے قائلین اور شیعہ مجتہدین بھی بردہ فروشی کو اسلام میں جائز مانتے ہیں۔ لہٰذا اللہ نے تمام مسلمان عربوں سے کہا کہ:۔

وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ (سورہ نور 24/32)

اپنے اندر اُن تمام لوگوں کا نکاح کردو جو بیوہ یا رنڈوے ہوں اور تمہارے بندوں اور بندیوں میں سے جو صالح ہوں۔

یہاں اللہ نے انسانوں کو انسانوں ہی کا بندہ کہا ہے۔اس پر علما کو اعتراض نہیں ہے۔مگر محمدؐ کا بندہ بننا اور ہونا اور کہلانا ہی ناپسند نہیں ہے بلکہ اگر اللہ حکم دے تب بھی اُسے شرک کہنا اُن کے مذہب میں جائز ہے۔ اور اسی لئے وہ حقیقی مشرک اور جہنمی ہیں خواہ وہ عبادت کریں، حافظانِ قرآن اور تہجد گزار رہوں۔ وہ مع اپنی عبادات اور حج وایمان کے جہنم کے نچلے درجہ میں رہیں گے۔ پھر اللہ نے دوجگہ اور بھی انسانوں کو انسانوں کا بندہ کہا اور تفصیل سے مثال دی ہے سُنئے فرمایا گیا کہ:۔

1۔ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلاً عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَىْءٍ ....(نحل 16/75)

2۔ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلاً رَّجُلَيْنِ اَحَدُ هُمَا اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَىْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰهُ.....(نحل 16/76)

''اللہ ایک ایسے بندے کی مثال دیتا ہے جو کسی دوسرے کا زرخرید ملکیت ہونے کی وجہ سے اُس کا بندہ ہے جسے کسی بھی قسم کا اور کسی بھی چیز پر اختیار نہیں ہے۔''

یہ بندہ کی یا عبد کی تعریف یعنی Definition ہے۔لہٰذا اللہ نے جن کو محمدؐ کا بندہ قرار دیا ہے اور جنہیں دائمی نجات کی خوشخبری سُنائی ہے وہ وہی لوگ ہیں جو اپنے تمام اختیارات محمدؐ کو سونپ دیں۔اور اُن کے حکم اور اشاروں پر کٹھ پتلی کی طرح کام کریں۔دوسری آیت کا ترجمہ یہ ہے کہ:۔

''اللہ دو مَردوں کی مثال بیان کرتا ہے۔اُن میں سے ایک تو گونگا ہے اور کسی قسم کا اور کسی چیز پر اختیار نہیں رکھتا۔اور وہ اپنے مَولا پر دُوبھر بنا ہوا ہے۔'' یعنی اُس کا مالک اس سے تنگ آ چکا ہے۔

یہاں پھر بندہ کی تعریف وہی ہے کہ اُسے خود پر اور کسی اور چیز پر کوئی اختیار نہیں ہے۔آیات کا باقی بیان آپ خود پڑھیں۔ہمیں یہ دکھانا تھا کہ اللہ نے انسانوں کو انسانوں کا بندہ کہا ہے۔اور بندہ کی تعریف اور تشریح کردی ہے۔یہ دوسری بات ہے کہ زرخرید بندہ بنانا حرام ہے اور اللہ کو ناپسند ہے۔اب یہ دیکھ لیں کہ محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ کے سامنے انسانوں کو کیسا بندہ ہونا چاہئے اور اللہ کو کیسے لوگ پسند ہیں؟

سنئے:۔ مَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ۔(احزاب 33/36)

ترجمہ وتشریح علامہ مودودی:۔ ''کسی مومن مرد اور کسی مومن عورت کو یہ حق نہیں ہے کہ جب اللہ اور اُس کا رسُولؐ کسی معاملے کا فیصلہ کردے تو پھر اُسے اپنے اُس معاملے میں خود فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل رہے۔''(تفہیم القرآن جلد 4 صفحہ 97 تا 98)

علامہ کی وضاحت:۔ ''جو حکم اس بیان میں کیا گیا ہے۔وہ اسلامی آئین کا اصل الاصول ہے۔اور اُس کا اطلاق پورے اسلامی نظام زندگی پر ہوتا ہے۔اُس کی رُو سے کسی مسلمان فرد، یا قوم، یا ادارے، یا عدالت، یا پارلیمنٹ، یا ریاست کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ جس معاملہ میں اللہ اور اُس کے رسولؐ کی طرف سے کوئی حکم ثابت ہو اُس میں وہ خود اپنی آزادی رائے استعمال کرے۔مسلمان ہونے کے معنی ہی خدا اور رسولؐ کے آگے اپنے آزادانہ اختیار سے دستبردار ہوجانے کے ہیں۔کسی شخص یا قوم کا مسلمان بھی ہونا اور اپنے لئے اس اختیار کو

محفوظ بھی رکھنا، دونوں ایک دوسرے کی نفی کرتے ہیں۔ کوئی ذی عقل انسان ان دونوں رویوں کو جمع کرنے کا تصور نہیں کرسکتا۔ جسے مسلمان رہنا ہو اُس کو لازماً حکم خدا اور رسُول کے آگے جھک جانا ہوگا۔ اور جسے نہ جھکنا ہو اُس کو سیدھی طرح ماننا پڑے گا کہ وہ مسلمان نہیں ہے۔ نہ مانے گا تو چاہے اپنے مسلمان ہونے کا وہ کتنا ہی ڈھول پیٹے خدا اور خلق دونوں کی نگاہ میں وہ منافق ہی قرار پائے گا۔''
(تفہیم القرآن جلد 4۔صفحہ 98 تا 99)

اللہ کی پوزیشن زیر بحث نہیں ہے بحث یہ ہے کہ رسُول اللہ کے روبرو مسلمانوں کو کس پوزیشن میں رہنا چاہئے اللہ نے فرمایا ہے کہ:

فَلَا وَرَبِّکَ لَا یُؤْمِنُوْنَ حَتّٰی یُحَکِّمُوْکَ فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَھُمْ ثُمَّ لَا یَجِدُوْا فِیْٓ اَنْفُسِھِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَیْتَ وَیُسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا o (نساء 4/65) علامہ کا ترجمہ یوں ہے:۔ ''نہیں، اے محمدؐ تمہارے رب کی قسم یہ کبھی مومن نہیں ہوسکتے جب تک کہ اپنے باہمی اختلافات میں یہ تم کو فیصلہ کرنے والا نہ مان لیں۔ پھر جو کچھ تم فیصلہ کرو اُس پر اپنے دلوں میں بھی کوئی تنگی نہ محسوس کریں، بلکہ سربسر تسلیم کرلیں''۔ (تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 368-369) علامہ کی وضاحت:۔

''اس آیت کا حکم صرف حضورؐ کی زندگی تک محدود نہیں ہے بلکہ قیامت تک کے لئے ہے۔ جو کچھ اللہ کی طرف سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم لائے ہیں اور جس طریقہ پر اللہ کی ہدایت وراہنمائی کے تحت آپؐ نے عمل کیا ہے وہ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے مسلمانوں کے درمیان فیصلہ کن سند ہے۔ اور اس سند کو ماننے یا نہ ماننے ہی پر آدمی کے مومن ہونے اور نہ ہونے کا فیصلہ ہے۔ حدیث میں اسی بات کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اِن الفاظ میں ارشاد فرمایا ہے کہ: لَایُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یَکُوْنَ ھَوَاہُ تَبَعًا لِّمَاجِئْتُ بِہٖ ۔ تم میں سے کوئی شخص مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ اُس کی خواہش نفس اُس طریقہ کی تابع نہ ہوجائے جسے میں لے کر آیا ہوں۔'' (تفہیم القرآن جلد اوّل صفحہ 369)

بس جناب بات واضح ہوگئی کہ مومن صرف وہ شخص ہے جو رسولؐ اللہ کا بندہ بن جائے۔ یعنی خوشی خوشی اپنے تمام اختیارات اور خداداد قدرت کو رسولؐ اللہ کے تابع کردے۔ اِن بندگان رسولؐ کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ یہی نہیں بلکہ اُن کے نامہ اعمال سے گناہوں کو ساقط کرکے اُن گناہوں کے بدلے میں نیکیاں لکھ دی جائیں گی۔ مومنین وہ آیت زبانی یاد کرلیں جو آپ کے گناہوں کو نیکیوں میں تبدیل کرنے کی گارنٹی ہے۔ اللہ نے فرمایا کہ:۔ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِکَ یُبَدِّلُ اللّٰہُ سَیِّاٰتِھِمْ حَسَنٰتٍ وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا o (فرقان 25/70)

''سوائے اُن لوگوں کے جو اصلاح کے لئے واپس پلٹے اور مطمئن ہوگئے اور اصلاحی اعمال اختیار کرلئے وہ وہی ہیں کہ جن کی برائیوں کو اللہ نیکیوں سے بدل ڈالے گا اور اللہ تو ہمیشہ سے غفور اور رحیم رہتا چلا آیا ہے۔''

یہاں اور ہر جگہ لفظ آمَنَ کے معنی پر آٹھ سو پچانوے سال قدیم سند علامہ راغب اصفہانی کے یہاں یہ ہے کہ:۔

''(امن) اَصْلُ الْاَ مَنِ طَمَانِیَۃُ النفس وَزَوَالُ الْخَوْفِ۔'' (مفردات راغب اصفہانی صفحہ 24)

''اَمَنٌ کی اصل حقیقت نفس انسانی کا مطمئن ہوجانا اور خوف کا قطعاً زائل ہوجانا ہوتی ہے۔''

چونکہ قرآن کو تبدیل کرنے کی پالیسی صرف معنوی تبدیلی تک محدود ہوگئی تھی اس لئے زمانہ رُسولؐ سے معنوی تبدیلی جاری ہے اور لغات اور قواعد کی موجودگی میں بھی تحریف جاری رہی ہے (یونس 16-10/15)۔لیکن ہم قرآن وحدیث کے حقیقی معنی پر اصرار کرتے ہیں۔ چنانچہ جن لوگوں کو یہ کہہ دیا گیا ہو کہ تمہارا مایوسی سے کوئی رشتہ وتعلق نہیں اسلیئے کہ تم محمدؐ کے بندے ہو اور تمہارے ہمہ قسمی تمام گناہ اللہ بخشے گا۔اُن سے زیادہ مطمئن کون ہوسکتا ہے۔اُن مطمئن لوگوں ہی سے کہا گیا ہے کہ اُن کی غلطیاں،لغزشیں، خطائیں اور معمولی برائی تک کے بدلے میں نیکیاں عطا کی جائیں گی۔

(ب)۔ بندگانِ محمدؐ کو اللہ کی طرف سے سو فیصد اطمینان حاصل ہے

یہاں آتے آتے مصنوعی تقدس اور خود ساختہ ایمان کو کئی جھٹکے لگے ہوں گے اور نظام اجتہاد کی گود میں پلنے والے مومنین کے قلوب میں بھی کئی ایک سوال پیدا ہوئے ہوں گے۔ بہرحال ہماری ذمہ داری ہے کہ اس سلسلے میں ہر سوال کا جواب دیں اور قرآن وحدیث کے الفاظ میں جواب دیں۔اسلیئے کہ ہم اجتہادی اور استدلالی جواب کے قائل نہیں ہیں۔اور قرآن کی رُو سے اُن لوگوں کو ظالم وفاسق اور کافر سمجھتے ہیں جو کلام اللہ یا کلام معصومؑ سے جواب نہ دے بلکہ اپنا کلام پیش کرے (مائدہ 47-5/44)۔نزول قرآن ہی کے زمانہ میں رسوؐل کی قوم نے قرآن اور رسولؐ دونوں کے خلاف سازش کی۔دو دوستوں نے مل کر رسولؐ اور قرآن کے متعینہ صراط مستقیم کے مقابلہ میں ایک قوم پسند راہ عمل اختیار کی اور قرآن کو چھوڑ دیا (فرقان 31-25/27)۔اُنہوں نے اپنے فیصلے طاغوت سے یا طاغوتی طریقوں سے کرنا اور کرانا شروع کئے۔لیکن بظاہر یہ کہتے رہے کہ ہم قرآن اور سابقہ تمام کتابوں پر ایمان رکھتے ہیں۔لیکن در پردہ طاغوت کے مومن بن گئے (نساء 4/60)۔یہی لوگ تھے جن کو بتایا گیا تھا کہ تم ہرگز مومن ومسلم نہیں ہو جب تک اپنا ہر اختلاف رسوؐل سے حل نہ کراؤ اور دل کی گہرائی میں بھی طمانیت محسوس کرو (نساء 4/65)۔اور ہم گناہگاروں کو یہ آزادی ہے کہ ہر ظالم وجابر وغاصب قوم یا مملکت وحکمران کے تباہ کرنے کی اسکیموں میں ہم سے جو بھی غلطی یا گناہ سرزد ہو جائے وہ نیکیوں سے بدل جائے گا۔اور جس روز ہم محمدؐ کی بندگی اختیار کریں گے اور پھر بندگی سے باہر نہ نکلیں گے اُس دن تک کئے ہوئے تمام سابقہ گناہ خواہ کبیرہ ہوں یا صغیرہ ہوں معاف کر دیئے جائیں گے یعنی نامہ اعمال سے غائب ہو جائیں گے (آل عمران 3/195)۔ہمارے یہاں آل محمدؐ کا ہر امامؑ محمدؐ ہے۔اور چونکہ ہم اُن کے بندے ہیں لہٰذا کوئی اخلاقی یا گھناؤنا گناہ تو دُور کی بات ہے ہم تو ہر اس کام سے بھی پرہیز کریں گے اور کرتے ہیں جو محمدؐ وآل محمدؐ کو ناپسند ہو، جو لذتِ نفس کیلیئے ہو، جو جلب منفعت یعنی ذاتی نفع اندوزی کے لئے ہو، جس سے نوع انسان کی حق تلفی ہوتی ہو، جس سے انسانیت کی حریت وآزادی سلب ہوتی ہو، جس سے مظلوم کو نقصان پہنچتا ہو، جس سے انسانوں میں قربانی وایثار کا جذبہ نہ پیدا ہوتا ہو اور جس کی وجہ سے انہیں ہمیں اپنا بندہ کہتے ہوئے یا سفارش کرتے ہوئے شرمانا پڑے۔ہم مختار علیہ السلام کی طرح کی زندگی جینا چاہتے ہیں۔ہم کربلا کے فدا کاروں کا قتل عام کرنے والوں کی نسل کو منقطع کرنے پر تعینات ہیں۔ہم اُس ذہنیت کو تلاش کر کے اُس کھوپڑی کا چُورا چُورا کر دینے کی فکر میں رہتے ہیں جس میں وہ ذہنیت اور دماغ رہتا ہو۔ہمیں اس اسکیم کی تکمیل کے لئے اپنا گھر، اپنے اہل وعیال، اپنے دوست اور احباب کو چھوڑنا؛ اپنا خون اور گوشت محمدؐ وآل محمدؐ کے نام پر پیش کرنا بہت پیارا ہے۔بہت عزیز ہے اور جو انعامات ہمیں ملنا

ہیں اُن کے سامنے بہت حقیر ہے، بہت قلیل ہے، بہت سستا ہے۔مگر افسوس کہ ہمارے پاس اس خون اور گوشت کے؛ اس زندگی کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے۔ہم اسی پر روتے ہیں کہ کاش ہمارے پاس کچھ اور بھی ہوتا اور ہم اُسے امام حسینؑ اور اُن کی دُکھیا بہنؑ اور اُن کے مظلوم بچوں کے قدموں پر قربان کرتے۔مومنین وہ آیت سُن کر اپنے فداکارانہ جذبہ کو مہمیز کریں فرمایا گیا کہ:۔

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّیْ لَا اُضِیْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنكُم مِّن ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰی بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ فَالَّذِیْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِن دِیَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِیْ سَبِیْلِیْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَیِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِن تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِo (آل عمران 3/195)

''چنانچہ اُن کے پروردگار نے اُن کے لئے فیصلہ کردیا کہ اللہ تم میں سے کسی برسرکار شخص کے کسی بھی عمل کو بے نتیجہ اور ضائع نہ ہونے دے گا۔خواہ وہ برسرکار شخص مرد ہو یا عورت اس لئے تم اس اسکیم میں ایک دوسرے سے وابستہ ہو۔چنانچہ اس سلسلے میں جو لوگ ترک وطن کریں یا اُنہیں گھروں سے نکالا یا جلاوطن کردیا جائے اور اُن پر ایذا اور ظلم کئے جائیں اور اللہ کی راہ میں دشمنان اسلام کو قتل کر ڈالیں یا خود قتل ہو جائیں اُن سب کے گناہوں کو چھپا دیا جائے گا اور اُسی لازمی قانون کی بنا پر انہیں ایسی جنتوں میں داخلہ ملے گا جن میں نہریں جاری رہتی ہیں۔یہ بدلہ ہوگا اللہ کی جانب سے اُن حضرات کے عملدرآمد کا اور اللہ کے پاس ہی بہترین جزا و بدلہ موجود ہے۔''

قابل صد مبارکباد ہیں وہ عزادارانِ حسین علیہ السلام جن کو یہ اطمینان عطا کیا گیا ہے۔

(9)۔ کوفہ سے شام تک سفر وتشہیر عمر بن سعد ملعون کی سرکردگی میں ثابت ہو چکی

ہم نے اِس سفر کے متعلق جو کچھ کہا ہے۔وہ تمام مختلف اور متفرق اور بظاہر متضاد روایات وحالات کو مرکزی نقطہ انتظام سے مربوط وہم آہنگ کرکے تمام اختلافات کو فطری اور انتظامی صورت دینے کے لئے ایک حقیقت ہے۔اور کسی دوست یا دشمن کو اُس سے انکار واختلاف میں اطمینان نصیب نہیں ہوسکتا۔سابقہ روایت میں ابن لھیعہ نے ایک ایسے دشمن اہل بیتؑ کا ذکر کیا ہے جو اپنے اعمال کی بنا پر نجاتِ اُخروی سے مایوس ہو چکا تھا۔لیکن ہم کہتے ہیں کہ حسین علیہ السلام کے مقابلہ پر جو شخص بھی سمجھ بوجھ کر آیا تھا۔وہ ایسا ارادہ کرنے سے پہلے یہ جانتا تھا کہ قیامت کے روز وہ جہنمی ہے اور دنیا میں تاحیات ملعون ہے۔چنانچہ عمر سعد کے اپنے بیانات اس کا ثبوت ہیں۔اب مومنین سفر شام میں عمر بن سعد کی مرکزیت کے ساتھ ساتھ ایک اور مایوس النجات شخص کا حال سُنیں:۔

قد ذكر فی تلک الروایة مانَقَلَهَا فی البحار عن الخرائج مسندًا الٰی سلیمان بن مهران الاعمش قال بینما انا فی الطواف با لموسم اذ رَایتُ رَجُلًا یدعوا وهویقول: "اللّهم اغفرلی وانا اعلم انّک لا تغفرلی۔" قال فارتعدت فرائصی مِن ذلک ودنوتُ وقلتُ یَا هٰذا اَنتَ فی حرم اللّٰه وحرم رسوّله وهٰذا ایام حرم فی شهر عظیم فلم تیأس مِن مغفرة اللّٰه ۔قال یاهٰذا ذنبی عظیم ۔قلتُ اعظم مِن جبل تهامة اویوازن الجبال الرواسی؟ قال نعم فان شِئتَ اخبرتک قلتُ اخبرنی قال اخرج بناعن الحرم فخرجنا منه۔

فقال لی انا احد مَن کان فی العسکر المیشوم عسکر عمر بن سعد حین قتل الحسینؑ وکنت احدالاربعین الّذین حملوا الراس الٰی یزید مِنَ الکوفة ۔فلما حملناه علٰی طریق الشام نزلنا علٰی دیر النصارٰی وکان الراس معنا مرکوز علٰی رمح و معه الاحراس ۔فوضعنا الطعام وجَلَسنَا لِناکل فاذا بکفّ فی حائط الدیر تکتب:۔اَترجوا امة قتلت حسیناً ۔شفاعة جدّه یوم

الحساب؟ قال فجزعنا جزعًا شديدًا واهوی بعضنا لیاخذ ها فغابت ۔ثُمَّ عادا صحابی اِلَی الطعام فاذا الکفّ قدعادت تکتب: ’’فلا واللّٰه لیس لهم شفیع ۔وهم یوم القیامة فی العذاب ۔ فقام اصحابنا اِلَیْها فغابت ۔ ثمّ عادوا الَی الطام فعادت تکتب: وقدقتلوا الحسینؑ بحکم جور ۔ وخالف حکمهم حکم الکتاب ۔

فامتنعت وماهنا ئنی اکله ۔ ثمّ اشرف علینا راهب من الدَّیر فَرَای نورًا ساطعًا مِنْ فوق الراس فاشرف فرای عسکرًا فقال الراهب للحراس مِنْ اَیْنَ جِئتُمْ؟ قالوا مِن العراق حاربنا الحسینؑ ۔فقال الراهب ابن فاطمةؑ بنت نبیّکمؐ وابن عم نبیّکُمؐ ؟ قالوا نعم ۔ قال تبًا لکم ۔ واللّٰه لوکان لِعیسٰیؑ ابن مریمؑ ابن لحملناه علٰی احدا قنا ۔ ولکن لی الیکم حاجة ۔قالوا وماهی؟ قَالَ قولوا لِرئیسکم عندی عشرة الاف درهم ورثتها مِن آبائی یاخذها مِنّی ویعطی الراس یکون عندی الٰی وقت الرحیل ۔فاذا رَحَل رَدَدْ ته اِلَیْهِ ۔ فاخبروا عمر بن سعد بذٰلک ۔ قال خذ وا منه الد نا نیرواعطوه الٰی وقت الرحیل ۔ فجاؤا اِلَی الراهب فقالوا هات المال حتّٰی نعطیک الراس فادلٰی الیهم جرابین فی کل جراب خمسة الاف درهم ۔فدعی عمر بالنا قد والوزّان فانتقد ها ووزنها ودفعها الٰی خازن له ۔وامراَن یعطی الراس ۔ فَاَخَذَ الراهب الراس فغسّله ونظفّه وحشاه بمسک وکافور کان عنده ثم جعل فی حریره ووضعه فی حجره ولم یزل یبکی وینوح حتّٰی نادوه وطلبوا منه الراس ۔ فقال یاراس واللّٰه لا اَمْلَکَ الَّا نفسی فاذاکان غدًا ۔ فاشهد لِیْ عند جدّک محمدصلی اللّٰه علیه وآله اَنّی اشهدُ اَنّ لا اله الّا اللّٰه واَنَّ محمدًا عبده ورسوؐله اسلمت علٰی یَدَیْک وانا موالیک وقال لهم اِنّی احتاج ان اکلّم رئیسکم بکلمة واعطیه الراس فد عا عمربن سعد فقال: سئلتک باللّٰه بحق محمدؐ اَن لَا تعود الٰی ماکنت تفعل بهذاالراس ولَا تخرج هذاالراس من هَذا الصند وق فقال له عمر سعد فافعَلُ ماقلتَ ۔ فاعطاه الراس ونزل من الدیر یلحق ببعض الجبال یعبد اللّٰه ۔

ومَضَی عمر بن سعد ففعل بالراس ماکان یفعل فی الاوّل ۔فلما دنی مِن دمشق قال لاصحابه انزلوا وطلب من خازنه بالجرابین فاحضر بین یدیه فنظرالٰی خاتمه ۔ ثم امر اَن یفتح فاذا لدنا نیرقد تحوّلت خزفة فنظروا فی سکّتها فاذا علی جانبها مکتوب: لا تحسبنّ اللّٰه غافلًا عَمّایعمل الظالمون وعلٰی جانب الاخر مکتوب: وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنقَلَبٍ يَنقَلِبُونَ ۔ فقال انا للّٰه وانا الیه راجعون ۔ خسرت الدنیا والاخرة ثم قال لغلمانه اطرحوها فی النهر فطرحت ورحل الی دمشق من الغد هٰذا ۔ (اکسیرالعبادات ۔صفحہ 503 تا504 ترجمہ بحار جزائری صفحہ 71 تا72)

ہم جزائری کا ترجمہ لکھتے ہیں: ’’قطب راوندی نے خرائج (کتاب کا نام) میں سلیمان بن مہران اعمش سے روایت کی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ ایک سال میں نے اثنائے طوافِ خانہ کعبہ میں ایک شخص کو دیکھا۔ وہ اس طرح دعا کرتا تھا کہ ’’اے خدایا میرے گناہوں کو بخش دے اور میں یہ یقین رکھتا ہوں کہ تو مجھے نہ بخشے گا۔ میں اس کلام کو سن کر لرز گیا۔ اُس کے قریب پہنچا اور اُس سے کہا کہ اے مرد خدا تو اِس وقت حرم خدا اور حرم رسولؐ میں ہے اور یہ ایسے متبرک مہینے کے دن ہیں۔ تمہیں اللہ کی رحمت ومغفرت سے مایوسی کا اظہار نہ کرنا چاہئے۔ اُس نے کہا کہ میرا گناہ بہت ہی بڑا ہے۔ میں نے پوچھا کہ کیا تہامہ کے پہاڑ سے بھی بڑا ہے یا تمام دریاؤں اور پہاڑوں سے بھی بڑا ہے؟ اُس نے کہا کہ ہاں بڑا ہے۔ اور اگر تم چاہو تو میں اپنا حال بیان کردوں؟ میں نے بیان کرنے کے لئے کہا تو اُس نے کہا کہ میرے ساتھ کعبہ سے باہر چل۔ چنانچہ ہم دونوں خانہ کعبہ سے باہر آ گئے۔

اُس نے بتایا کہ میں عمر بن سعد ملعون کے منحوس لشکر میں اس وقت بھی شامل تھا جب امام حسینؑ کو قتل کیا گیا تھا۔اور پھر میں اُن چالیس آدمیوں میں بھی شامل تھا جو سر حسینؑ کو کوفہ سے لے کر یزید کے پاس گئے تھے۔شام جاتے ہوئے ہم راستہ میں ایک عیسائی گرجا کے قریب ٹھہرے تو سر حسینؑ نیزہ پر پہرہ والوں کی نگرانی میں تھا۔ہم نے دسترخوان بچھایا تاکہ کھانا کھائیں کہ اچانک گرجا کی دیوار کے اندر سے ایک ہاتھ نکلا اور گرجا کی دیوار پر لکھا کہ ''کیا حسینؑ کو قتل کرنے والی اُمت قیامت میں حساب کے وقت حسینؑ کے ناناؐ سے شفاعت کی امید بھی کرتی ہے؟'' وہ شخص کہتا ہے کہ ہم اس حالت سے نہایت خوفزدہ ہوگئے۔ہم میں سے بعض نے چاہا کہ اُس ہاتھ کو پکڑ لیں لیکن وہ غائب ہوگیا۔ہم پھر کھانا کھانے کیلئے تیار ہوئے تو وہ ہاتھ پھر نکل آیا اور لکھا کہ قسم بخدا اُن کی شفاعت کوئی نہ کر سکے گا اور وہ قیامت میں عذاب جہنم سے دوچار ہوں گے۔پھر ہمارے چند ساتھی اُس ہاتھ کی طرف بڑھے مگر وہ پھر غائب ہوگیا۔پھر ہم کھانے کی طرف متوجہ ہوئے تو وہ آ گیا اور لکھا: امام کو جبر وظلم کے حکم سے قتل کیا گیا تھا اور اُن کا وہ حکم،قرآن کے احکام کے خلاف تھا۔

چنانچہ اُس حال میں کھانا پسند نہ کیا اور میں دستکش ہوگیا۔اتنے میں ایک راہب دَیر سے نکل کر آیا۔اُس نے دیکھا کہ سر حسینؑ کے اوپر ایک نور بکھرا ہوا ہے۔ساتھ ہی اس نے پوری فوج پر نظر ڈالی اور پہرہ والوں سے پوچھا کہ تم کہاں سے آ رہے ہو؟ انہوں نے کہا ہم عراق سے آ رہے ہیں حسینؑ سے جنگ کرنے گئے تھے۔راہب نے کہا کون سا حسینؑ؟ کیا تمہارے رسولؐ کا نواسا،فرزند فاطمہؑ اور نبیؐ کے چچازادؑ بھائی کا بیٹا حسینؑ؟ اُنہوں نے کہا کہ ہاں اسی حسینؑ سے جنگ ہوئی تھی۔اُس نے کہا تمہارا حال بڑا قابل افسوس ہے۔ارے لوگو اگر کہیں عیسیٰؑ ابن مریمؑ کا کوئی بیٹا ہوتا تو ہم اُسے اپنی آنکھوں اور پلکوں پر اُٹھاتے۔بہر حال مجھے تم سے ایک کام ہے وہ کرادو۔انہوں نے معلوم کیا تو کہا کہ تم اپنے حاکم اعلیٰ کو بتاؤ کہ میرے پاس میرے آباواجداد سے ورثہ میں ملے ہوئے دس ہزار درہم ہیں۔میں وہ رقم دے کر یہ سر اس وقت تک اپنے پاس رکھنا چاہتا ہوں جب تک تم سفر کرو۔جب تم جانے لگو گے میں تمہیں واپس دے دوں گا۔یہ بات عمر بن سعد کو بتائی گئی۔اس نے کہا کہ اس سے وہ رقم لیکر سر عارضی طور پر دیدو۔قاصد راہب کے پاس آئے اور وہ مال طلب کیا۔چنانچہ راہب نے دو تھیلیاں جن میں پانچ پانچ ہزار درہم تھے دیدیں۔عمر بن سعد نے گننے والوں اور تولنے والوں کو بلایا ٹھیک نکلنے پر رقم اپنے خزانچی کو دے دی اور حکم دیا کہ اُسے سرِ حسینؑ دے دیا جائے۔چنانچہ یوں راہب نے سر مبارک حاصل کیا،لیکر گرجا میں آیا سر مبارک کو غسل دیا۔خشک اور صاف کیا اپنے پاس موجود مشک اور کافور سے معطر کیا اور ایک حریری کپڑے میں لپیٹ کر اپنی گود میں رکھ کر نوحہ کرنے اور بے قراری سے رونے میں اس وقت تک مشغول تھا جب تک کہ لوگوں نے آواز دی اور سر مبارک واپس مانگا۔آ کر اُن لوگوں سے کہا کہ میں تمہارے حاکم اعلیٰ سے دو باتیں کرنا چاہتا ہوں پھر اُسی کو سر دوں گا۔اسکے بعد امام حسینؑ کے سر مبارک سے مخاطب ہوکر کہا کہ بخدا میرے قابو میں صرف میری زندگی کے علاوہ کچھ نہیں۔اے مولاؑ کل کو اپنے ناناؐ کے حضور میں میری طرف سے گواہی دینا کہ میں نے حضور کے ہاتھوں پر اسلام اختیار کر لیا تھا۔میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور یہ کہ محمدؐ اللہ کے بندے اور رسولؐ ہیں۔جب عمر بن سعد نے بلایا تو اس سے قسم دے کر کہا کہ جو کچھ تم اس سر کے ساتھ کرتے رہے ہو اب دوبارہ نہ کرنا اور اس صندوق میں سے باہر نہ نکالنا۔عمر سعد نے وعدہ کر لیا کہ آئندہ وہ ایسا ہی کرے گا۔راہب نے سر مبارک واپس دے دیا اور گرجا میں واپس آیا۔

اور تیار ہو کر ہمیشہ کیلئے بعض پہاڑوں میں جا کر رہنے لگا اور عبادت خداوندی میں مصروف ہو گیا۔

اُدھر عمر سعد وہاں سے چلا اور سر مبارک کو حسب سابق اُسی طریقہ سے لے کر چلا۔ جب دمشق کے قریب پہنچا تو پڑاؤ ڈالنے کا حکم دیا اور خزانچی سے وہ دونوں تھیلیاں منگوائیں جن میں راہب کے دیے ہوئے درھم تھے۔ پہلے یہ دیکھا کہ تھیلیوں کی مہریں ٹھیک ہیں۔ پھر مہریں توڑنے اور درھم باہر نکالنے کا حکم دیا تو کیا دیکھتا ہے کہ وہ درھم ٹھیکریوں میں تبدیل ہو گئے ہیں۔ پھر ٹھیکریوں کی تحریر دیکھی تو ایک طرف لکھا تھا کہ "اللہ کو ظالموں کے اعمال سے غافل نہ سمجھو۔" دوسری طرف لکھا تھا کہ عنقریب ظلم کرنے والوں کو معلوم ہوگا کہ اُن کی واپسی کس جگہ ہوتی ہے۔ یہ دیکھ کر عمر سعد نے کہا کہ سچ ہے ہم اللہ کے قابو میں ہیں اور اسی کے سامنے حاضر ہونا پڑے گا۔ ہماری دنیا بھی خراب ہوگئی اور آخرت بھی تباہ ہو چکی ہے۔ پھر اپنے غلاموں کو حکم دیا اُن ٹھیکریوں کو نہر میں پھینک دو۔ چنانچہ غلاموں نے ایسا ہی کیا۔ عمر بن سعد دوسرے روز دمشق میں داخل ہو گیا"۔ (مترجم نے اُسی روز یزید سے ملنا اور سر پیش کرنا اپنے گھر سے لکھ دیا ہے)

(الف)۔ سفرِ شام کا تذکرہ کسی بھی صورت میں ہو عمر بن سعد کی ماتحتی لازم ہے

ہم چاہتے تھے کہ اس روایت کو علامہ جزائری کے ترجمہ کے ساتھ لکھیں لیکن ترجمہ میں مولویانہ کاٹ تراش اور علامائی انداز نے مجبور کیا کہ اس کو عربی عبارت کی پابندی سے اصلاح کے ساتھ لکھیں۔ بہر حال یہ روایت چالیس آدمیوں کی ایک پارٹی کا اُسی طرح سرِ حسینؑ کو ملک شام لے جانا بتاتی ہے جیسا کہ سابقہ روایت میں پچاس آدمی بالکل آزاد معلوم ہو رہے تھے۔ لیکن جب مرکزی ہدایات کی ضرورت پیش آئی تو یہ ثابت ہو گیا کہ وہ پارٹی اور ہر جماعت عمر بن سعد کے مرکز سے وابستہ اور ماتحت رہتی تھی۔ اور ہر پارٹی کا مرکز سے رابطہ قائم رہتا تھا۔ خواہ پارٹی انفرادی طور پر مشرق میں جائے یا مغرب میں تشہیر کرے اُسے مرکز سے رابطہ رکھنا پڑتا تھا۔ اس روایت نے یہ بھی بتا دیا کہ پہرہ دینے والے (**احراس**) ہر پارٹی کے ساتھ رہتے تھے۔ اور یہ انتظامی اور عقلی تقاضہ ہے کہ پہرہ دینے والے بار بار تبدیل ہوتے رہیں تاکہ آرام کریں۔ یہاں راہب کا سر مبارک کو دھونا اور صاف کرنا بھی یہی بتاتا ہے کہ سرہائے شہدؑا کو معطر و صاف نہ رکھا جاتا تھا۔ بلکہ تحفظ کے لئے دوائیں لگائی جاتی تھیں۔ جن کو صاف کرنا عیسائی راہب کے نزدیک لازم تھا۔

(ب)۔ زیرِ قلم روایت میں معجزاتی پہلو نظر انداز نہ کیا جا سکا

یہ ایک چیختی ہوئی حقیقت اور سازشی علما کی عادت ہے کہ محمدؐ و آلِ محمد صلوٰۃ اللہ علیھم کے اثر انگیز حالات و واقعات کو عالمانہ ٹیکنیک اور مختصر نویسی کی مار دے کر کم سے کم اور پھر معدوم کر دیا جائے۔ چنانچہ آپ نے مندرجہ بالا روایت میں صرف اتنا پڑھا کہ وہ راہب سرِ حسینؑ مظلوم کو گود میں رکھ کر روتا رہا اور بس۔ لیکن وہاں جو نہایت اہم اور مومنین کے عقائد کو مستحکم کرنے والا واقعہ تھا وہ چھپا لیا گیا تھا۔ مگر آخر علامہ محمد باقر مجلسی رضی اللہ عنہ نے کتاب خصائص سے اس واقعہ کو دوبارہ نقل کر کے مومنین تک پہنچا دیا۔ سنئے جزائری ترجمہ کرتے ہیں کہ:۔

"کتاب خصائص میں مروی ہے کہ جو ملعون سرِ حضرت امام حسینؑ کے ساتھ تھے۔ ایک منزل میں جسے قنسرین کہتے ہیں اُترے۔ اُس

منزل کے قریب ایک دَیر(گرجا) تھا۔اس وقت راہب نے اپنے صومعہ(گرجا) سے اس قافلہ کا حال دیکھنے کے لئے اپنا سر باہر نکالا۔

دید نورے چو آفتاب عیان　　از سر آن گزین جملہ سران

نور میزد زآن سرِّ والا　　چوں زمہرِ منیر وقت ضحےٰ

دید بر نیزہ آفتابے را　　کرد یا خود قیامتے برپا

الحاصل راہب نے دیکھا کہ ایک نورِ عظیم سر بریدۂ جناب سیدّ الشہدا سے آسمان تک ساطع ہے۔ یہ حال دیکھ کر راہب دس ہزار درہم موکلان سر حضرت امام حسین علیہ السلام کے پاس لایا اور سر مبارک کولیکر اپنے گھر لے گیا۔ جب اپنی جگہ پر لایا تو ایک شخص کی آواز اسکے گوش سعادت نیوش میں غیب سے آئی۔ کہ خوشا حال تیرا اور خوشا حال اس شخص کا جو اس سرانوار کی قدر و منزلت کو پہچانے۔ راہب نے آسمان کی طرف منہ کر کے دعا کی کہ الٰہی بحق عیسیٰ علیہ السلام تو حکم کر کہ یہ سر مجھ سے کلام کرے۔ سر مبارک نے کلام فرمایا کہ یَارَاھِبُ اَیُّ شَیْءٍ تُرِیْدُ۔ اے راہب تو کیا چاہتا ہے۔ راہب نے پوچھا مَنْ اَنْتَ۔ کہ آپ کون ہیں؟ سر اطہر نے جواب دیا کہ اَنَا ابْنُ محمدٌ المصطفٰی و اَنَاابْنِ عَلِیِّ المرتضٰی و اَنَا بْنِ فاطمۃ الزھرآء و انا المقتول بکربلا انامظلوم اناالعطشان۔ یہ فرما کر وہ سر مطہر چپ ہوا۔ راہب نے یہ ماجرا دیکھ کر اپنا منہ حسینؑ کے منہ پر رکھ دیا اور کہا کہ یا حسینؑ میں اپنا منہ نہ اُٹھاؤں گا جب تک کہ آپ نہ فرمائیں گے کہ قیامت کے دن میں تیری شفاعت کرونگا۔ حضرتؑ نے فرمایا کہ میرے جدؐ بزرگوار کے دین میں آ۔ راہب نے بصدق دل کلمہ شہادت زبان پر جاری کیا۔ اس وقت حضرتؑ نے اسکی شفاعت کو قبول کیا۔ جب صبح طالع ہوئی موکلوں نے وہ سر پُرنور راہب سے لیا۔ جب آگے جنگل میں پہنچ کر راہب کے درہموں کو دیکھا تو سب سنگریزے ہو گئے تھے۔'' (بحار مترجمہ جزائری۔ صفحہ 135-136)

50۔ سرہائے شہداؑ اور اسیرانِ اہلِ حرمؑ کا دمشق میں داخلہ اور متعلقات

یہ معلوم ہو چکا ہے کہ ابن زیاد نے یزید کو خط کے ذریعہ کربلا میں گزرے ہوئے حالات سے مطلع کر دیا تھا۔ فتح کی خوشخبری کے ساتھ ہی یزید کو نہ صرف کربلا میں فوجی طاقت کے بے پناہ نقصان کا علم ہو چکا تھا۔ بلکہ وہ دن رات اس خلجان میں بھی مبتلا تھا کہ ایک دن ایسا آنے والا ہے جب لوگوں کو صحیح حالات معلوم ہو جائیں گے اور پورے ملک میں حکومت کے خلاف غم وغصہ پھیل جائے گا اور بہت ممکن ہے کہ اُسے ملکی بغاوت کا سامنا کرنا پڑے۔ اور وہ سب لوگ اُس کے خلاف اُٹھ کھڑے ہوں جو اُس کے والد کی حکومت بھی پسند نہ کرتے تھے اور حکومت کے قہری انتظام کی قوت کے سامنے مجبوراً خاموش رہتے چلے آرہے ہیں۔ وہ جانتا تھا کہ اب خاندان رسولؐ میں کوئی ایسا ہمدرد و جان نثار باقی نہیں ہے جو حکومت کے خلاف اُٹھنے کی جرأت کر سکے۔ جو لوگ حقیقی اسلام اور نبوی طرز حیات پر مُصر ہو سکتے تھے سب تہ تیغ کر دیئے گئے۔ اب وہی لوگ باقی ہیں جنہیں ذاتی عناد تو ہو سکتا ہے لیکن اسلام کی حقیقی تعلیمات کو واپس لانے کے لئے جان لڑانے والا کوئی باقی نہیں ہے۔ اب اُس کے سامنے پہلا مقصد یہ تھا کہ وہ تمام اقدامات کرے جن سے اُس کے خلاف غم وغصہ اور جذبۂ انتقام نہ اُبھرے۔ اور اُس پر قتل حسینؑ و خاندان رسولؐ کے قتل عام کا کھلا الزام بھی قائم نہ ہو سکے۔ اور مناسب مواقع پر ایسے بیانات واقدامات بھی

ضروری ہیں جن سے یہ ثابت ہو کہ نہ میرا منشا قتل عام تھا، نہ میں اِس سے خوش ہوا ہوں۔ مجبوراً مجھے دفاعی اقدامات کا حکم دینا پڑا اور جو اللہ نے تقدیر مقرر کر کے رکھی تھی اُس کی تعمیل ہوگئی ہے۔ میرا اس میں کوئی ایسا قصور نہیں ہے جس کو میں نے ارادتاً اور خوشی سے کیا ہو۔ دوسرا مقصد یہ تھا کہ اگر اہل شام بھی میرے اقدامات میں مجھے گنہگار سمجھیں تو جس طرح ہو سکے اُنہیں راضی کیا جائے۔ حسینؑ کے پس ماندگان کو مال ومتاع دینے اور اچھا سلوک کرنے سے راضی ہوں تو اس پر عمل کیا جائے۔ اور اگر وہ داخلہ اہلِ حرمؑ پر اور اہل حرمؑ کے بیانات کے باوجود میری فتح سے خوش ہوں اور محفل رقص وسرود اور جشن منائیں تو خاندان مرتضویؑ کو ذلیل وخوار کر کے اس یقین کے بعد رہا کر دیا جائے کہ اب بغاوت کا کوئی اندیشہ نہیں ہے۔

یہ وہ پیچیدہ اور خطرناک صورت حال تھی جو شہادت امام حسین علیہ السلام کی اطلاع کے بعد سے یزید کے ذہنی توازن پر اثر انداز ہورہی تھی۔ اور اسی ذہنی کیفیت کی وجہ سے اُس کے آئندہ بیانات واقدامات میں ایک عجیب اضطراری صورت نظر آتی رہے گی۔ مثلاً اسیران اہل حرمؑ اور سرہائے شہدؑا کے دمشق پہنچنے کی خوشخبری لانے والے کو قید کر دینا۔ شمر کو انعام طلب کرنے پر ڈانٹ دینا۔ جب ایک شخص زیادہ سے زیادہ انعام حاصل کرنے کی غرض سے یہ بتاتا ہے کہ اُس نے اور اُس کے ساتھیوں نے حکومت کی اطاعت کی خاطر کتنے بزرگ افراد اور خاندان کا قتل عام کر دیا تو اُسے وہیں قتل کرادینا۔ اور جواب میں کہنا کہ اگر تو اُنہیں بزرگ سمجھتا تھا تو قتل کیوں کیا؟ مطلب یہ کہ برسرعام بزرگ کہہ کر تو نے مجھے مجرم بنادیا۔ کبھی یہ کہنا کہ میں نے ایک باغی کو قتل کر کے ملک وقوم اور دین کی خدمت کی ہے، کبھی کہنا کہ میں نے قتل کا حکم نہیں دیا تھا، حسینؑ کو زندہ لاتے تو اچھا ہوتا، میں انہیں رہا کر دیتا خواہ میری اولاد خطرہ میں پڑ جاتی۔ یہ سب کچھ اُس کے دماغ کی سیاسی اُلجھن اور حرکات مذبوحی کا ثبوت ہوگا۔ اس صورت حال کو سامنے رکھ کر آنے والے واقعات کو سمجھیں اور دیکھیں کہ دنیا کی سب سے بڑی مملکت کا سب سے جابر وظالم وقہار بادشاہ چند سرو پا برہنہ، پابہ زنجیر قیدی خواتین اور ایک بیمار ونحیف وطوق اور بیڑیوں میں جکڑے ہوئے شخص کے ساتھ کیا سلوک کرتا ہے؟ اور غلبہ وشرافت واخلاق میں کس درجہ کا ثابت ہوتا ہے؟

(1)۔ شہر سجایا گیا آج دمشق میں عید کا سماں ہے رسولؐ کی بیٹیاںؑ شہر میں آرہی ہیں

ہم نے عرض کیا کہ لشکر عمر سعد سرہائے شہدؑا اور اسیران اہل حرمؑ کو لے کر کل دمشق پہنچ گیا تھا۔ رات بھر قیدی اور فوج شہر سے باہر ٹھہرے۔ اور آج رسولؐ زادیوںؑ کو شہر میں گشت کرایا جائے گا۔ عمر سعد سلامی کے لئے اپنے امیر المومنین (ملعون) سے مل چکا ہے۔ رات بھر فوج وردی بدلنے اسلحہ کو چمکانے میں مصروف رہی ہے۔ اُدھر شہر کو سجادیا گیا ہے۔ یزید اپنے محل کی بلندی سے قیدیوں کے جلوس کو دیکھنے کے لئے تیار ہوگیا ہے۔ عمر سعد اور اس کی فوج جلوس کی ترتیب اور تیاری سے فارغ اشارے کا انتظار کررہے ہیں۔ پورا دمشق اور گردونواح کے لوگ شاہ راہ پر دورویہ منتظر ہیں کہ:۔

قال فی البحار وروی صاحب المناقب باسناده عن زید عن ابآئه عن سهل بن سعد قال خرجت اِلٰی بیت المقدس حتّی توسّطتُ الشام فاذًا اَنَا بمدینة مطردة الانهار، کثیرة الاشجار قد علّقوا الستور والحجب والدیباج وهم فرحون مستبشرون وعند هم نسآءٌ یلعبن بالدف والطبول ۔ فقلت فی نفسی لا نری لاهل الشام عیدًا لا نعرفه نحن۔ فرایتُ قومًا یتحدثون فقلت

یـاقوم الکم بالشام عیدٌ لانعرفه نحن ۔قـالوا یاشیخ نراک اعرابیًا غریبًا ۔ فـقـلـتُ اناسهل بن سعد قد رایت محمدًاؐ قالوا یا سهل مـااعـجبک السمآء لا تمطر دمًا والارض لاتنخسف باهلها ؟ قلت ولم ذاک ؟ قالوا هٰذ اراس الحسینؑ وعترة محمدؐ یهدی مِن الارض العراق ۔فـقلت واعجبایهدی راس الحسینؑ والناس یفرحُون ۔ قـلـتُ مِن اَیّ بابٍ یدخل ؟ فاشاروا اِلٰی بابٍ یقال له با ب الساعات ۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 510)

ایک شخص جس کا نام سہل بن سعد ہے شہر میں داخل ہوا۔ وہ سنا تا ہے کہ میں بیت المقدس سے ہوتا ہوا ملک شام کے ایک شہر میں پہنچا جہاں نہروں اور باغات کی افراط تھی ۔ پردے اور فرش وفروش سے آ راستہ تھا۔ زرق برق لباس میں ملبوس لوگ خوشیاں منا رہے ہیں۔ عورتوں کے ساتھ رنگ رلیاں منانے اور ڈھول اور طبلے بجانے میں مصروف ہیں۔ میں نے دل میں سوچا کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آج اہل شام کوئی عید مناتے ہیں جسے ہم نہیں جانتے۔ اتنے میں میں نے کچھ لوگوں کو آپس میں باتیں کرتے دیکھا۔ میں نے اُن سے یہی سوال کیا کہ آج تمہارے یہاں کوئی عید ہے؟ انہوں نے کہا کہ شیخ صاحب آپ کوئی دیہاتی مسافر معلوم ہوتے ہیں۔ میں نے کہا کہ بھائیو میں سہل بن سعد رسولؐ اللہ کا صحابی ہوں۔ اُنہوں نے کہا کیا تمہیں اس بات پر تعجب نہیں ہوتا کہ آج آسمان سے خون کیوں نہیں برستا اور زمین کیوں دھنس نہیں جاتی؟ میں نے سبب پوچھا تو کہا کہ عراق سے حسینؑ کا سر اور اولادِ رسولؐ قید ہو کر آ رہے ہیں۔ میں نے حیران ہو کر کہا کہ سرِ حسینؑ لایا جارہا ہے اور اہل شام خوشیاں منا رہے ہیں؟ میں نے پوچھا کس دروازے سے لایا جائے گا؟ جواب ملا کہ اس دروازہ سے جس کو گھنٹہ گھر کا دروازہ کہتے ہیں۔

(2)۔ یزید استقبال کے لئے پرچم بھیجتا ہے خبر لانے والے کو قید کرتا ہے

اِدھر لاکھوں مسلمان تماشہ دیکھنے کے لئے منتظر ہیں۔

فَاَقْبـلَ رَجُـلٌ اِلٰـی یـزید بن معاویه قا ل اقرّاللّٰه عینیک اَیُّهاالخلیفة۔ فـقـال مَاذا؟ فقال براس الحسینؑ۔فـقال له یزید ولـدالزنا لا اقراللّٰه عینیک ۔ ثُـمَّ امـر بـحبسه وَامربمائة وعشرین رایة وامرهم اَنْ یستقبلوا راس الحسینؑ فاقبلت الرَّایات و مِن تحتها التکبیر والتهلیل ۔ واذ مـن تحتها هاتف ینشد ویقول: جـاؤا براسک یابن بنت محمدؐ۔ مترمّلا بد مآئة ترمیًلا ۔ لایوم اعـظم حسرة مِنْ یَوْمه۔واراه رهنًا للمنون قتیلا ۔ فـکانّما هُم یابن بنت محمدؐ ۔ قتـلوا جهارًاعامد ین رَسُوْلًا ۔وَیَکبّرُوْنَ اِذَاقتلتَ وَاِنَّما۔ قتلوا بک التکبیرَ والتهلیًلا۔(ابومخنف سے اکسیرالعبادات۔صفحہ 509)

اُدھر یزید کو رسمی اطلاع دینے کیلئے ایک شخص بھیجا جاتا ہے۔ وہ کہتا ہے اے مسلمانوں کے خلیفہ، اللہ حضور کی آنکھوں کو ٹھنڈا رکھے۔ یزید نے دُعا کا سبب معلوم کیا۔ اُس نے کہا کہ حسینؑ کا سر حاضر کیا جانا کیا خوشی منانے اور مبارکباد دینے کا موقعہ نہیں؟ یزید نے اُسکو قید کرنے کا حکم دیا۔ اُسے جیل خانہ بھیجنے کے بعد ایک سو بیس پرچم، پرچم بلند رکھنے والے اور ہر پرچم کے نیچے باری باری لاالہ الا اللہ اور نعرہ تکبیر مارنے اور پکارنے والے بھیجے اور حکم دیا کہ وہ حسینؑ کے سر کا استقبال کرنے کیلئے پہنچیں۔ چنانچہ وہ تمام جھنڈے لئے ہوئے شہر سے باہر پہنچے اور جلوس کے آگے آگے نعرہ تکبیر بلند کرتے ہوئے چلنے لگے۔ ساتھ ہی محبانِ اہلبیتؑ کے کانوں میں ہاتف غیبی کی جگر خراش آواز آ رہی تھی: اَے رسولؐ کی بیٹیؑ کے لاڈلے یہ لوگ آپؑ کا سر کاٹ کر یہاں تماشے کیلئے لائے ہیں۔ آپؑ کا سر اپنے خون میں

آج بھی تر ہے۔ اِس منحوس دن سے زیادہ کوئی اور دن حسرت واندوہ کا سماں پیش نہیں کرسکتا اور یہ لوگ آپؑ کوقتل کرچکنے پرمسرت وشادمانی منا رہے ہیں۔اے فاطمہؑ کے لال ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُن لوگوں نے تمہارےؑ پردہ میں رسولؐ اللہ کوقتل کردینا طے کررکھا تھا۔ذرا دیکھو تو اُن لوگوں نے تمہیںؑ بھی نعرۂ تکبیر کے شور میں قتل کیا تھا۔اور اُنکا مقصداس کے سوا کچھ اور تھا ہی نہیں کہ اِن مسلمانوں نے تمہارےؑ ساتھ ہی لا الہ الا اللہ اور تکبیر کو بھی قتل کردیا ہے۔

(3)۔ سرِ حسین علیہ السلام اور سرہائے فرزندان رسولؐ کی ترتیب اور رسولؐ زادیوںؑ کا جلوس

قال سهل ودخل الناس من باب الخيزران فدخلتُ في جُملتهم واذاقد اقبل ثمانية عشر راسًاو بالسباياً على المطايا بغير وطاء وراس الحسينؑ بيدالشمر وَهُوَيقول اَنَاصاحب الرمح الطويل اناصاحب الدّين الاصيلِ اناقَتَلْتُ ابن سيد الوصيين وآتيتُ راسه اِلٰى يزيد اميرالمومنين ـ فقالت ام كلثومؑ كَذّ بت ياالعين ابن اللعين اَلالنعة اللّٰه عَلٰى قوم الظالمين ياوَيلک تفتخر عَلٰى يزيد الملعون ابن الملعون بقتل مَن ناغاهُ جبرؑائيل وميكاؑئيل ومن اسمه مكتوب علٰى سرادق العرش رب العالمين و مَن ختم اللّٰه بجدّه سيد المرسلينؐ وقمع بابيه مواد المشركين ـ فمن اين مثل جدّ ى محمد المصطفٰى واَبى على المرتضٰى واُمّى فاطمة الزهرآء صلوات اللّٰه عليهم اجمعين؟ فاقبل عليها خولى الاصبحى تابين السجاعة وانتِ بنت السجاعة۔

واقبل مِن بعده راس العباسؑ يحمله قشعم الجعفى ـ واقبل مِن بعده راس الحرؑ بن يزيد الرياحى واقبل مِن بعده راس العونؑ يحمله سنان بن انس النخعى واقبل الرؤس علٰى اثرهم۔ قال سهل واقبلت جارية علٰى بعير مهزول بغير وطآء وهى تنا د وا محمدّاه وا جدّاه واعليّاهُ واحسناه وا عقيلاه وا عباساهُ وا بُعد سفراه واسؤصباحاه ـ قال سهل فاقبلت اليها فَصَاحَتْ عَلَيَّ فَوَقَعتُ مغشيّا عليه فَلَمَّا اَفَقتُ مِن غشوتى ودنوت منهاوقُلتُ لها ـ يا سيد تى لم تصيحين عَلَيَّ ؟ فقالت اَمَا تستحيى مِن اللّٰه ورسوؐله اَن تنظر الٰى حرم رسولؐ اللّٰه ؟ فقلتُ وَاللّٰه مَانظرتُ اليكم بريته فقالت مَنْ اَنْتَ ؟ فقلتُ اَنَا سهل بن سعد الشهرزورى وانا مِن مواليكم ومُحِبيكُمْ ـ ثُمَّ اَقْبَلْت عَلٰى علىؑ ابن الحسينؑ وقلتُ له يامَوْلَاىَ هَل لک مِن حاجة ؟ فقال لى هَلْ لکَ مِنَ الد راهم شى ءٍ ؟ فقلت الف دنياروالف ورقة ـ قال خذ منها شيئًا وادفع الٰى حامل الراس وامره اَن يُبعّده عَنِ النسآء حَتّٰى يشتغل الناس بالنظر اِلَيْهِ عن النسآءقال سهل ففعلت ذلک ورجعتُ اليه وقلتُ له ياموِلاىَ فَعَلْتُ الذى امرتنى۔ فقال حشرک اللّٰه معنا يوم القيامة۔

(ابومخنف اور اکسیر العبادات۔صفحہ 509 تا 510)

سھل بن سعد صحابی کہتا ہے کہ لوگ خیزران کے دروازے سے داخل ہورہے تھے۔میں بھی اُن میں شامل ہوکر اُس جگہ پہنچا جہاں اٹھارہ سرہائے شہدؑا اور خاندان رسولؐ کے قیدی اور امام حسین علیہ السلام کا سرموجود تھا۔سرِحسینؑ کو نیزے پر بلند کئے ہوئے شمر ملعون اعلان کررہا تھا کہ میں سب سے طویل نیزے کا علمبردار ہوں۔میں ہی اصلی دین ومذہب کا نمائندہ ہوں۔میں نے ہی تمام نبیوں کے وصی کے بیٹے کوقتل کیا ہے اور اُس کا سر کاٹ کر مومنین کے حاکم کے رُوبرو پیش کرنے کولایا ہوں۔حضرت ام کلثوم علیہا السلام نے للکار کر کہا کہ او لعنتی اور لعنتی کے بیٹے تو حقیقی اسلام کے دعویٰ میں جھوٹا ہے۔ارے ملعون تجھ پر اور تیری ظالم قوم پر خدا لعنت کرے۔ اے مردود تو ایک ایسے بزرگ کوقتل کرکے یزید ملعون ابن ملعون پرفخر کررہا ہے ۔ جسے جبرائیلؑ ومیکائیلؑ لوریاں دیا کرتے تھے اور بہلایا کرتے تھے۔جس کا اسم گرامی سَرَاپردۂ عرش کی زینت ہے۔جسکے نانؐا پر اللہ نے سلسلۂ نبوت ورسالت کوختم اور مکمل کیا ہے۔

اور جس کے باپؑ کے ہاتھوں شرک اور نظام شرک کا مادہ تباہ کرا دیا ہے۔ ارے لعین کوئی ہے جو میرے نانا محمد مصطفیٰؐ اور میرے والد علیؑ مرتضیٰ اور میری ماں فاطمہؑ زہراء کے مقابلہ پر لایا جاسکے؟ بات کاٹنے کیلئے خولی آگے بڑھا اور کہا کہ تم بھی شعلہ بیان شاعرہ ہو اور ایک شاعرہ ہی کی بیٹی ہو۔

اسکے بعد حضرت عباسؑ کا سر تھا۔ جسے قشعم اُٹھائے ہوئے تھا۔ پھر جناب حُرؑ کا سر نیزہ پر تھا۔ اور اُن کے بعد جناب عونؑ کا سر سنان بن انس بلند کئے ہوئے تھا اور اُن کے بعد باقی سر نیزوں پر تھے۔ سہل کہتا ہے کہ اس کے بعد ایک خاتون اونٹ کی ننگی پشت پر سوار تھی جو مجمع کو اپنا تعارف کراتے ہوئے جناب محمد مصطفیٰؐ و علی مرتضیٰ و حسن مجتبیٰ و عقیل و عباس علیھم السلام کے موجود نہ ہونے اور موجودہ صورت حال میں مدد نہ کر سکنے کا شکوہ کر رہی تھیں اور اس نقصان اور کمی پر اور اس منحوس صبح پر اظہار افسوس فرما رہی تھیں۔ میں اُنکی مدد کے خیال سے اُن کی طرف بڑھا تو انہوں نے نہایت ہیبت انگیز آواز میں مجھے جھڑکا اور میں بے ہوش ہو گیا۔ ہوش میں آنے کے بعد میں نے ناراضی کا سبب معلوم کیا تو فرمایا کہ تمہیں رسولؐ اللہ کے حرم پر نظر ڈالتے ہوئے شرم نہیں آتی؟ میں نے قسمیہ عرض کیا کہ حضور میں نے آپ حضرات کی طرف ناپسندیدہ ارادہ سے نہیں دیکھا۔ اُنہوں نے میرا نام معلوم کیا۔ میں نے بتایا اور کہا کہ میں آپ حضرات کا موالی اور محبّ ہوں۔ پھر میں نے امام زین العابدین علیہ السلام سے کوئی حاجت معلوم کی تو اُنہوں نے پوچھا کہ تمہارے پاس کچھ درہم ہیں؟ میں نے عرض کیا کہ حضور ایک ہزار اشرفیاں اور ایک ہزار ہُنڈیاں ہیں۔ فرمایا سر امامؑ اُٹھانے والے شخص کو کچھ دے کر خواتین سے دُور رہنے کو کہو، تاکہ لوگ سر کو دیکھنے میں مشغول رہیں اور اہل حرمؑ پر اُن کی نظریں نہ پڑیں۔ سہل کہتے ہیں کہ میں نے اس حکم پر عمل کیا اور آ کر امامؑ کو بتایا کہ حضورؑ آپ کی منشا کے مطابق تعمیل کر دی گئی ہے امامؑ نے دعا دی اور فرمادیا کہ اللہ تجھے بروز قیامت ہمارے ساتھ شمار فرمائے اور ہماری نصرت کا اجر عطا کرے۔

(4)۔ دمشق میں داخلہ سے قبل حضرت ام کلثومؑ نے بھی سرہائے شہدؑا کو دُور رکھنے کے لئے کہا تھا

قال السید فی الملھوف فلماقربوا من الد مشق دنت ام کلثوم سلام اللّٰہ علیھا مِنَ الشمر و کان فی جملتھمفقالت لہ الیک حاجۃ فقال ما حاجتک فقالت اذا دخلت بنا البلد فَاَحۡمَلۡنَا فی درب قلیل النّظارۃِ وتقدم الیھم اَن یخرجوا ھذہ الرؤس بین المحامل وینحوّنا عنھا فقد خزینا مِن کثرت النّظر الینا ونحن فی ھذا الحال ۔ فامر فی جواب سوالھا ان یجعل الرؤس علی الرماح فی اوساطِ المحافل بغیا منہ و کُفرا وسلک بھم بین النظارہ علٰی تلک الصفۃ حتی آتی بھم باب دمشق فوقفوا درج علٰی باب المسجد الجامع حیث یقام السبّی۔ (ملھوف اوراکسیر صفحہ 510)

جب دمشق میں داخلہ کیلئے جلوس ترتیب دیا جانے لگا تو جناب ام کلثوم علیھا السلام نے شمر سے کہا کہ مجھے تم سے کچھ کہنا ہے۔ پوچھنے پر فرمایا کہ اہل حرمؑ سے سرہائے شہدؑا کو علیحدہ رکھا جائے۔ اور جب تم شہر میں داخل ہو تو ہمیں ایسے راستوں سے گزارو جہاں تماشائی کم سے کم ہوں۔ ہمارا لباس بھی پورا نہیں ہے۔ اس حالت میں ہماری بہت ذلت ہوگی۔ مگر شمر ملعون نے اپنی کافرانہ دشمنی کی بنا پر حکم دیا کہ سروں کو زنانہ سواریوں کے درمیان پھیلایا جائے اور نیزہ بردار لوگ ہر سواری کے ساتھ ساتھ رہیں۔ اور ایسی راہوں سے گزارا جائے

جہاں زیادہ سے زیادہ ہجوم ہو۔اس طرح اس جلوس کو دروازہ دمشق پر لائے اور مسجد جامع کے دروازہ کی طرف جانے والے راستہ پر لاکر جلوس کو وہاں کھڑا کر دیا جہاں قیدی کھڑے کئے جاتے تھے۔

(5)۔ اہل حرمؑ بے پردہ علی الصبح دمشق میں داخل ہوئے اور جامع مسجد کی راہ پر ٹھہرایا گیا

وعن امالی الصدوقؒ وقالوا فلما دخلنا دمشق ادخل بالنسآء والسبایا بالنهار ومکشفات الوجوه ۔فقال اهل الشام الجفات مارَاَیْنَا سبایا احسن مِن هٰؤُلآءِ۔ فمن انتم ؟ فقالت سکینة بنت الحسینؑ نحن سبایا آل محمدؐ فاقیموا علٰی درج المسجد حیث یقام السبایا۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 511)

حضرت صدوق رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب امالی میں لکھا ہے کہ رسولؐ زادیاں مُنہ کھلے علی الصبح دمشق میں داخل کی گئیں۔شامی ظالموں نے کہا کہ ہم نے ان قیدیوں سے بہتر قیدی آج تک نہیں دیکھے۔انہوں نے پوچھا کہ تم لوگ کون ہو؟ تو حضرت سکینہ علیہا السلام نے بتایا کہ ہم خاندان رسولؐ کے افراد ہیں۔بہرحال اُن سب کو مسجد جامع کی راہ میں وہاں کھڑا کیا گیا جہاں اکثر قیدی ٹھہرائے جاتے تھے۔

(6)۔ جلوس کی تشہیر کے دوران اہل حرمؑ کو خچروں پر بھی سوار کیا گیا اور ملعون خاندان بھی کہا گیا

اکسیرالعبادات (صفحہ 516) کی وہ روایت جس میں امام زین العابدینؑ نے فرمایا کہ ''ہم میں سے اگر کوئی چلنے میں پیچھے رہ جاتا تھا تو اُسے وہ ملاعین مارتے تھے۔'' یہ صورت حال اس حالت میں پیش آتی تھی جب اہل حرمؑ کو جلوس میں پیدل چلایا جاتا تھا۔اونٹوں پر سوار کیا جانا تو بار بار سامنے آتا رہا ہے۔اب یہ دیکھیں کہ اس تشہیری گشت میں رسولؐ زادیوں کو خچروں پر بھی سوار کیا گیا تھا۔

وقد نقل جمعٌ عن السید فی الا قبال انّه قال رایتُ فی کتاب المصابیح باسناده ابی جعفرؑ بن محمدؑ قال قال لی ابی محمدؑ بن علیؑ سئلتُ ابی علیؑ بن الحسینؑ عن حمل یزید له فقال حملتی علٰی بعیراضلع بلا و طاء وراس الحسین علٰی رمح ونسوتنا خلفی علٰی بغال مکفئة والفارطة خلفنا وحولنا اَن دمعت مِن احدنا قرع راسه بالرمح حتٰی اذا دخلنا دمشق صاح صائحهم یااهل الشام هٰؤُلاء سبایا اهل البیت الملعون۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 511)

............امام زین العابدین علیہ السلام نے بتایا تھا کہ مجھے تو ایک بلا زین کے اونٹ پر اُس کی پسلیوں کے ساتھ ٹانگیں باندھ کر سوار کیا گیا تھا۔اور سر اماممؑ مظلوم کو ایک نیزہ پر بلند کر کے آگے رکھا تھا۔اور ہماری مستورات کو خچروں پر سوار کر کے میرے پیچھے پیچھے رکھا جاتا تھا۔ ہمارے آگے پیچھے چاروں طرف چند خبیث لوگوں کو تعینات رکھا جاتا تھا۔تاکہ اگر ہم میں سے کسی کے آنسو بہنے لگیں تو اُس کے سر کو نیزہ سے تکلیف پہنچائی جائے۔اور جب ہم شہر دمشق میں داخل ہو گئے تو ایک ڈیوٹی دینے والا شخص پکارتا جاتا تھا کہ یہ قیدی اُسی گھرانے کے ہیں جس پر تم لعنت کرتے رہے ہو۔

(7)۔ سہل بن سعد نے کئی مرتبہ اہل حرم علیھم السلام کو ہجوم کی نظروں سے بچانے میں مدد کی تھی

ہم نے دکھایا تھا کہ سہل بن سعد دمشق کی سجاوٹ اور اہل شام کی عید ایسی شادمانیاں دیکھ کر گھنٹہ گھر کے دروازہ پر پہنچا تھا۔

رَایت الرایات یتلوا بَعْضُهَا بَعْضًا فاذانحن بفارس بیده لواء منزوع السنان علیه راس من اشبه الناس وجهًا برسولؐ اللّٰه فاذا مِن ورآئهٖ رائت نِسْوةً علٰی جمال بغیر وطاء فدنوت من اولاهم فقلت یا جاریة مَن انت فقالت انا سکینة (فاطمه الاوسط

زینب) بنت الحسینؑ فقلت لھا الکِ حاجۃ اِلٰی فانا سھل بن سعد ممن رای جدّکِ وسمع حدیثہ قالت یا سھل قل لصاحب ھذاالراس ان یقد م الراس امامنا حتّٰی یشتغل الناس بالنظرالیہ ولا ینظر واالٰی حرم رسولؐ اللّٰہ ۔ قال سھل فدنوت مِن صاحب الراس فقلت لہ ھل لک تقضی حاجتی وتاخذ منّی اربعمائۃ دینار؟ قال ماھِیَ قلت تقد م الراس امام الحرم ففعل ذ لک فد فعت الیہ ماوعد تہ ۔(بحارومناقب اوراکسیرالعبادات ۔صفحہ 510)

وہاں پر جس وقت سرہائے شہدؑااوراہل حرمؑ سامنے آئے تو سہل نے دیکھا کہ بہت سے چمکتے ہوئے پرچم چلے آرہے ہیں اورایک کے بعد دوسرابڑھ رہاہے۔ پھر دیکھا کہ ایک سوارایک جھنڈا لئے ہوئے ہے۔جس میں نیزہ کی بھال نہیں لگی ہے اوراس پر وہ سرہے جورسولؐ اللہ کے چہرہ سے سب سے زیادہ مشابہ ہے اوراس کے پیچھے ننگی پشت اونٹوں پر قیدی مستورات سوار ہیں۔ میں سب سے پہلی صاحبزادی کے پاس گیااورکہا کہ میں سہل بن سعد ہوں میں نے آپ کے نانا کودیکھاہے اورمیں اُن سے احادیث سننے والے صحابہ میں سے ہوں۔کیا آپ کی میں کوئی خدمت بجالاسکتاہوں۔انہوں نے اپنانام سکینہؑ(فاطمہ الاوسط عرف زینب)بنت حسینؑ بتایااورکہا کہ اس سَرکواُٹھانے والے سے کہہ دوکہ وہ ہمارے آگے آگے چلے تاکہ لوگ حرم رسوؐل کودیکھنے کے بجائے سرکودیکھنے میں مشغول ہوجائیں۔ میں نے نیزہ بردار سے کہا کہ اگرتم میراایک کام کردوتو میں تمہیں چارسواشرفیاں دے سکتاہوں۔اس نے کام پوچھا۔میں نے بتایاتووہ فوراً حرم کے آگے آگے چلنے لگا۔اورمیں نے اپناوعدہ پوراکیااوراسے اشرفیاں دے دیں۔

(8)۔ سرہائے شہدؑا کی ترتیب میں تبدیلی اور تعداد میں کمی بیشی کا سبب تشہیر کی مصلحت بھی تھی

کسی چوراہےاوردوراہے پرآنے کے بعد ترتیب اس لئے قائم نہ رہتی تھی کہ مقصدتشہیر حاصل کرنے کے لئے چاروں طرف لوگوں کودکھانے کے لئے سروں کی کچھ تعداد بھیج دی جاتی تھی۔اورآگے بڑھنے کے وقت سب جمع ہوجاتے تھے۔اس طرح واپسی پر یہ پارٹیاں اوراُن کے ساتھ والے سرآگے پیچھے ہوجاتے تھے۔ پھران لوگوں کی ڈیوٹیاں بھی بدلتی رہتی تھیں۔ نئے آنے والے لوگ تمام تاکیدات وہدایات سے واقف نہ ہوتے تھے۔بعض رحم دل لوگ خواتین کے کہنے سے بھی جگہ بدل لیتے تھے۔اور جناب سہل بن سعدؓ جیسے محبان آل محمدؐ بھی اس ترتیب میں تبدیلی کرادیتے تھے۔اس قسم کے حالات تھے جن کی وجہ سے بعض روایات میں سرہائے شہدؑااوراہل حرمؑ کی ترتیب مختلف نظرآتی ہے چنانچہ جلوس کی ایک اورترتیب ملاحظہ ہو۔

(9)۔ سرہائے شہدؑا کی ایک اوردشمن پسند ترتیب۔اورحضرت ام کلثومؑ کا ڈانٹنا

روایۃ الشعبی علٰی مانقلہ البعض ثُمَّ اشرفت تسعۃ عشررایۃ حمراء واشرفت السبایا مھتکات بلا وطاء ولا غطاء ثمّ اقبل راس العباس بن علی علیہ السلام یحملہ ثعلبہ بن مرۃ الکلبی وبیدہ رمح طویل وھو ینشد: انا صاحب الرمح الطویل الذی بہ ۔ اصول علی الاعدآء فی حومۃ الحرب ۔ طَعَنْتُ بہ آل النبی محمدً ۔ لانّ بقلبی منھم اعظم الکربۃ۔

فقالت لہ ام کلثوؑم ویلک اَ تفتخر بقتل اھلبیت محمدً فعلیک لعنۃ اللّٰہ ۔ فھمَّ ان یضربھا بسوط فخشی علٰی نفسہ الخجل مِن الناس ثمَّ اَقبل مِن بعدہ راس جعفرؑ بن علیؑ یحملہ نمیر بن ابی جوشن الضبابی واقبل مِن بعدہ راس محمدؑ بن علیؑ ثم اقبل راس ابوبکرؑ بن علیؑ یحملہ انیس بن الحرث العجی واقبل من بعدہ راس علیؑ بن الحسینؑ یحملہ مرۃ بن قیس الھمدانی

واقبل مِن بعده راس عونؑ بن علیؑ یحمله جابر السعدی واقبل من بعده راس القاسم بن الحسنؑ یحمله محمد بن الاشعث الکندی،واقبل من بعده راس یحییٰؑ بن علیؑ یحمله عمیر بن شجاع الکندی واقبل من بعده راس عبد اللّٰہؑ بن عقیلؑ یحمله قیس بن ابی مرة الخزاعی ثم اقبل من بعده بقیة الرؤس ثم اقبل راس الحسینؑ بن علیؑ وهواشبه الخلق برسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وآله وسلم یحمله حواش بن خولی بن یزید الاصبحی وقیل غیره۔(اکسیر۔صفحہ 511)

علامہ شعبی نے لکھا ہے کہ پھر اُنیس لال رنگ کے پرچم آئے اور بڑی ہی بے عزتی سے بلا زین وعماری کے اور بے پردہ قیدیان اہل حرمؑ لائے گئے پھر جناب عباسؑ علمبردار کا سرآیا جسے ثعلبہ بن مرہ کلبی اُٹھائے ہوئے تھا اور سر کو ایک لمبے نیزہ پر رکھے ہوئے یہ کہہ رہا تھا کہ میں سب سے طویل نیزہ کا علمبردار ہوں۔جس پر اس جنگ میں دشمن کے سب سے جری شخص کا سر ہے۔جسے میں نے موت کے گھاٹ اتارا تھا۔میں نے اسی طویل نیزہ سے نبیؐ کی اولاد پر حملے کئے تھے۔میرے دل میں اُن کی طرف سے بڑی بے چینی تھی۔حضرت ام کلثومؑ نے اُس سے کہا تو اولاد رسولؐ کے قتل کرنے پر فخر کر رہا ہے اللہ تجھ پر لعنت کرے۔یہ سُن کر اس کا ارادہ ہوا کہ وہ کوڑا مارے مگر لوگوں کی وجہ سے ڈرا اور شرمندہ ہو کر رہ گیا۔حضرت عباسؑ کے بعد جناب جعفرؑ بن علیؑ کا سر تھا جسے نمیر بن ابی جوشن نیزے پر اُٹھائے ہوئے تھا۔اُنکے بعد محمدؑ بن علیؑ کا سر تھا۔پھر جناب ابوبکر بن علیؑ کا سر تھا جسے انیس بن حرث نے اٹھا رکھا تھا۔اُنکے بعد حضرت علیؑ اکبر کا سر تھا جسے مرۃ بن قیس ہمدانی اٹھائے ہوئے تھا۔پھر جناب عونؑ کا سر تھا جو جابر سعدی کے نیزہ پر تھا۔پھر جناب قاسمؑ بن حسنؑ مجتبیٰ کا سر محمد بن اشعث اٹھائے ہوئے تھا۔پھر جناب یحیٰؑ بن علیؑ مرتضیٰ کا سر عمیر بن شجاع نے اٹھا رکھا تھا۔اُن کے بعد عبداللہؑ بن عقیل کا سر تھا جسے قیس بن ابی مرۃ خزاعی اٹھائے ہوئے تھا۔اُن کے بعد باقی شہدا کے سر تھے اور آخر میں جناب امام حسین علیہ السلام کا سر جو رسولؐ سے مشابہت میں ساری دنیا سے زیادہ تھا لایا گیا جسے حواش بن خولی نے اٹھا رکھا تھا۔یہ بھی کہا گیا ہے کہ کسی اور نے اٹھا رکھا تھا۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 511)

ہم نے عرض کیا ہے کہ ڈیوٹی بدلتے رہنے کا خیال نہ کرنے والے علما نے یہ بھی نہ سمجھا کہ سروں کو اُٹھانے والے کیوں مختلف لوگ تھے۔حقیقت یہ ہے کہ یہ اہل قلم دنیا کی تمام نیرنگیوں اور تقاضوں سے جاہل مطلق تھے اور بس۔

(10)۔ دمشق میں تشہیر پر چند توجہات

مندرجہ بالا روایات میں آپ کو یاد ہوگا کہ سہل بن سعدؓ کو حقیقت حال پر مطلع کرنے والے ایسے لوگ تھے۔جو یہ چاہتے تھے کہ آسمان سے خون برستا اور قاتلان حسینؑ مع خوشیاں منانے والے لوگوں کے زمین میں دھنس جاتے۔ظاہر ہے کہ یہ لوگ دشمنانِ اہلبیتؑ نہ تھے۔مگر حکومت کے جبر وظلم کی طاقت کے سامنے احتجاج کی جرأت بھی نہ رکھتے تھے۔یعنی دمشق مومنین سے خالی نہ تھا،مومنین موجود تھے اور بے چین تھے اور اس جلوس وتشہیر اہلبیتؑ کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے۔یعنی دمشق میں گزرنے والے حالات کو حقیقی صورت میں ریکارڈ کرنے والے لوگ حکومت کی پالیسی اور غلط سلط پروپیگنڈے سے گمراہ نہیں ہو سکتے تھے۔خود جناب سہل بن سعدؓ اس تشہیر کے ہر پہلو کو نوٹ کر رہے تھے۔اور ہر ہر واقعہ کو دیکھنے اور سمجھنے کی تگ ودو میں لگے ہوئے تھے،بے دریغ روپیہ خرچ کر رہے تھے۔یہ بھی سمجھ لیں کہ بالکل اسی طرح حکومت کے جاسوس پبلک کے ردعمل کی اطلاعات یزید تک پہنچا رہے ہیں۔تاکہ وہ آل رسولؐ کے بقیۃ السیف قیدیوںؑ

کیلئے ایک محفوظ ومفید پروگرام بنا سکے۔آپ نے یہ بھی دیکھا کہ جلوس میں یہ نعرہ بھی لگایا جارہا تھا کہ اِن قیدیوں پر نہ افسوس کی ضرورت ہے نہ اُنکے ساتھ کسی رحم وکرم کے جذبات ظاہر کرنے کی احتیاج ہے۔اسلئے کہ تم لوگ اس خاندان پر پچیس چھبیس سال سے لعنت کرتے چلے آرہے ہو۔اس اعلان میں نام نہیں لیا جاتا بلکہ ''اھل البیت الملعون'' لعنتی گھرانے کے لوگ کہا جاتا ہے۔تاکہ لوگ خود سمجھیں اور فیصلہ کریں کہ وہ کون سا مستقل گھرانہ تھا؟ یہ چال اسلئے چلی گئی تھی کہ اگر ضرورت پڑے تو کہہ دیا جائے کہ ہم نے جھوٹ نہیں بولا تھا۔ پبلک سے راز نہیں رکھا تھا۔جو لوگ مسلمانوں کی کثرت کے نزدیک پچیس سال سے لعنت کے مستحق ہیں اُن کو مسلح بغاوت کے بعد قتل کردینا جُرم نہیں بلکہ جمہور مسلمانوں کی خدمت ہے۔اور اگر اس خدمت میں کوئی کوتاہی یا زیادتی وقوع میں آگئی ہو تو وہ اُسی قسم کی اجتہادی غلطی یا خطائے اجتہادی ہوگی جیسا کہ سابقہ اور تمہارے پسندیدہ خلفا سے ہوتی رہی ہے۔بہر حال قاعدہ کے مطابق اس غلطی یا خطا کا اجر یزید کو بھی ملنا چاہئے۔مثلاً حکومت نے اس باغی کو خارجی کہا تا کہ اُس کے ہمدرد وطرفدار پبلک کو بہکا نہ سکیں۔اور جب وہ مسلمانوں کی کثرت کے تسلیم کردہ خلیفہ اور امیر المومنین کو نہیں مانتا تو وہ اُس کثرت کا بھی مخالف ہوا۔اور اُس کثرت کے ساتھ ہم آہنگ نہ رہنے کی بنا پر وہ اسلام اور اُمت سے خارج یا خارجی بھی ہوا۔لہٰذا اُسے خارجی مشہور کرنا فریب نہ تھا، نہ خطائے اجتہادی تھی بلکہ ایک حق بات تھی۔ اسی اصول پر شمر نام لے کر وصیؑ رسولؐ کا بیٹا کہہ کر قتل حسینؑ پر فخر کرتا ہے۔اور بتاتا ہے کہ وصیؑ کا بیٹا حاکم اسلام کا باغی تھا۔میں اُن کا سر خلیفۃ المسلمین اور امیر المومنین کے روبرو پیش کرنے کو لایا ہوں۔وصیؑ کا بیٹا بہر حال خلیفۃ المسلمین کے برابر نہیں ہوتا۔مگر اس قسم کے اعلان کو یزید پسند نہیں کرتا تھا وہ ٹھنڈی مار دینا چاہتا ہے۔اسلئے وہ اکثر ایسے لوگوں پر خفا ہوا ہے جو یوں اعلان کرتے پھریں۔

اس تمام پروپیگنڈے اور چھبیس سال سے جمے ہوئے نظام حکومت اور پبلک کی عادات میں انقلاب لانے کیلئے اسیران اہل حرمؑ کے بیانات ملک میں کتنے عرصہ میں پھیلتے اگر یوں تشہیر نہ کی جاتی؟ یہ تشہیر درحقیقت حکومت کے گلے میں موت کا پھندا تھا جو خود اُس نے اپنے ہاتھ سے اپنی گردن میں ڈال کر کھینچا تھا۔اسیران اہل حرمؑ کا استقلال اور دبدبہ لوگ اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے۔وہ سمجھتے تھے کہ غلط قسم کے دعویدار ذراسی سختی اور مایوس کن صورت حال سامنے دیکھ کر گھبرا جایا کرتے ہیں۔اور کوئی بیچ کی راہ نکالنے، صلح کرنے، منت سماجت اور معافی مانگنے کیلئے تیار ہو جایا کرتے ہیں۔مگر یہ قیدی ایک بے پناہ سکون قلب اور لازوال عزم وارادہ رکھتے ہیں۔وہی نہیں اُنکے چھوٹے چھوٹے بچے کسی قسم کی بے چینی اور خوف کا اظہار نہیں کرتے۔پورے شہر کے لوگوں کی مخالفانہ روش اُن پر اثر انداز نہیں ہے۔ذرا ذراسی بات پر بڑے سے بڑے افسر کو ڈانٹ دیتے ہیں۔پھر یہ بچے اور مستورات خود دعویدار حکومت یا یزید کو چیلنج کرنیوالے لوگ نہیں ہیں۔دعویدار امامتؑ اور سربراہی اسلام کو مع اُسکے تمام صحابہ کے قتل کردیا گیا اور اب کوئی اُنکی طرف سے حکومت کے خلاف اُٹھنے والا نہیں ہے۔ایسی مایوس کن حالت میں بھی یہ بچے اور یہ خواتین اپنے سرپرستوں کے برحق ہونے پر اس حد تک مطمئن ہیں کہ اُنکے سامنے ہر تکلیف ہر مصیبت حتٰی کہ موت بھی راحت ہے۔اِس جوالا مکھی اور اس شعلۂ حق کو اپنے ہاتھوں گلی گلی پھرایا جارہا تھا۔اور دُور دُور تک یہ خیال موجود نہ تھا کہ باطل کا بھڑک اُٹھنے والا مادہ کہیں چپکے سے آگ نہ پکڑ لے۔بہر حال یہ گشت اِدھر جاری ہے، لوگ خاموشی سے تماشہ دیکھ رہے ہیں، متاثر ہو رہے ہیں، قلوب واذہان میں سوالات کا سیلاب موجزن ہے۔بعض لوگ ملعون سمجھ کر بُرا کہتے ہوئے

آتے ہیں اور کسی نہ کسی سے بات کرتے ہیں۔ اور بات کرتے ہی چھبیس سال کے کافرانہ فریب سے باہر نکل آتے ہیں۔ از سرِنو کلمہ؛ ہاں وہ کلمہ جس میں ولایت محمدؐیہ شامل ہے، پڑھتے ہیں۔ جاسوسوں کی رپورٹ اور مستقبل کے خطرات سے لاپرواہ ہو کر وہیں مجمع عام میں مذہب حقہ کا اعلان کرتے ہیں۔ اور باطل حکومت اور حکومت کے خانہ ساز مذہب کیلئے مصیبت بن جاتے ہیں۔ یہ سلسلہ جاری ہے۔ سارا دن جاری رہے گا۔ رات کو بھی جلوس چلتا رہے گا تاکہ دمشقی مذہب کو رات کے چراغاں میں بھی دیکھ سکے۔ تاکہ بازاروں، گلیوں اور محلوں میں شراب و کباب اور ناچ و رقص و سرود کا دباؤ محسوس کر سکے اور سمجھ لے کہ اب محمدؐ کا پیش کردہ مذہب اسلام چراغ لیکر ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملتا۔ اب قومی و ملکی اسلام کا دَورِ دَورہ ہے۔ اب وہ قومی اور ملکی شجرِ اسلام بارآور ہوا ہے جسے آج سے اٹھاون سال پہلے لگایا گیا تھا اور جس کی آبیاری جمہوری اسلام کی حکومت اور کثرت الناس نے کی تھی۔ اِدھر یزید کے پاس رپورٹر، نمائندگان حکومت اور کربلا کے ہیروز کی باری باری آمدورفت جاری ہے۔ اُدھر کربلا میں گزرنے والے حالات سُنائے جارہے ہیں۔ نتائج اور ردعمل پر گفتگو ہو رہی ہے۔ جلوس سے متاثر ہونے والے لوگوں کی رپورٹیں پیش ہو رہی ہیں۔ اسیران اہل حرمؑ کے استقلال کا چرچا ہو رہا ہے۔

(11)۔ اسیرانِ کربلا کی تشہیر کے دوران یزید کا خفیہ اجلاس جاری ہے

سرکاری علما نے اُمت کو جہاں اور ہزاروں تصورات اور تاثرات غلط دیئے ہیں۔ وہیں اُنہوں نے یہ تصور بھی پھیلایا اور طرفداران حکومت نے اُسے مقبول بھی بنا دیا اور بڑے بڑے علمائے اُمت نے اُسے بلا کسی غور و خوض و تنقید کے مانا اور اپنے ریکارڈ میں لکھ بھی لیا کہ اسیران اہل حرم علیھم السلام کوفہ سے سیدھے دمشق آئے اور آتے ہی یزید کے دربار میں پیش کر دیئے گئے۔ دربار میں یزید نے چند اسلام سوز حرکات اور اقدامات کئے۔ جواب میں بعض عوام اور بعض افراد اہلبیتؑ نے احتجاج کیا اور پھر یزید نے اُن حضرات کو جیل خانہ بھیج دیا اور چند روز بعد آزادی دے دی۔ مجلس عزا قائم کرنے کی اجازت دی اور عزت و احترام سے مدینہ بھیج دیا۔ بس یہ ہے وہ قصہ جسے حادثۂ کربلا کہتے ہیں۔ اور ہم اس تصور کو پیدا کرنے اور پھیلانے والوں پر لعنت بھیجتے ہیں۔ اور کوشش کر رہے ہیں کہ اُن ہی لوگوں کے ریکارڈ سے کچھ ایسا موٹا موٹا سامان امت کے سامنے رکھ دیں جس سے یہ بات ثابت ہو جائے کہ واقعات کربلا اور کربلا والوں کے حالات پر جو کچھ لکھا گیا ہے وہ جوں کا توں مان لینے کے قابل نہیں ہے۔ اس میں بہت سے فریبی نکات ہیں۔ اس میں مخالفین محمدؐ و آل محمدؐ کا ہاتھ برابر داخل رہا ہے۔ اُس کی تائید اور تشہیر کے لئے فریقین کے اہل قلم بکتے رہے ہیں۔ جاگیریں اور وظائف لے کر حقائق کو پیچھے ہٹاتے، گھٹاتے اور مٹاتے چلے آئے ہیں۔ اور سرکاری پالیسی کو الفاظ کے ہیر پھیر سے مسلمانوں میں پھیلاتے آئے ہیں۔ لہٰذا آیئے ہم آپ کو سرکاری چور دروازہ سے خلیفہ وقت یزید ملعون کے خفیہ اجلاس میں لے چلیں۔

فاعلم اِنّ جَمْعًا قد نسبوا الٰی ابی مخنف انّه ذکر انّهُ لما ورد الرسول علٰی یزید اللعین کان معصب الراس ویَدَاهُ ورِجلاهُ فی طشت مِن مآءٍ حار وبین یدیه طبیب یعالجه وعنده جماعة من بنی اُمیّة یحادثون۔ (مسلسل)

جاننا چاہیئے کہ اہل قلم کی ایک جماعت نے جناب علامہ ابومخنف سے یہ بیان منسوب کیا ہے کہ یزید کے پاس جب قاصد پہنچا تو اُس وقت یزید گرم پانی کے تسلے میں دونوں پیر رکھے ہوئے تھا۔ دونوں بازوؤں اور سر کو گرم پانی کی ٹکور کرا رہا تھا۔ اور ڈاکٹر صاحب

علاج میں مصروف تھے۔اور یزید کے پاس بنی اُمیہ کے مخصوص افراد بیٹھے باتیں کررہے تھے۔

(12)۔ یزید پر فالج کی صورت میں عذاب کا حملہ ہوچکا تھا

قال: فسئلتُ عَن تعصیب یزید فقیل اِنّه کان یوم الذی قتل فیه الحسینؑ جالِسًا فی مشرف له وکان تحت مشرف مغنّیات یضربن الد فوف ویرقصن ویَلْعَبْنَ وهو یتفرح علیهن۔فقدکان فی تلک الساعة اَتَاهُ البشیر بقتل الحسینؑ ففرح فرحًاعظیمًا وامر المغنیات اَنْ یرفعن اصوا تهن بالغنآء۔قال بینما هوفی فرحه اذسقط من المشرف علٰی وجهه الٰی الارض فانکسر راسه ویده الیمنی ورجله وسقطت من اضراسه ثمانیة واعابت عینه الیمنی ۔قال فلما جری علیه ذلک انقلب الفرح ترحًا فرفعته العبید الی مجلسه فامر باحضار الطبیب فاتاه وداواه وقال بعض ولفی البعض قال فلما وضع الرسول الکتاب بین یدیه قال البرید یا امیر اقرّاللّٰه عینیک بورود راس الحسینؑ فنظر یزید الیه شزرًا وقال له لا اقرّاللّٰه لک عینیک ثم قال للطبیب اسرع واعمل ما ترید اَن تعمله ۔ قال فاصلح الطبیب جمیع مااراداَن یصلحه۔ ثم اخذ الکتاب وفَضّه وقراء فلماانتهی الٰی آخرة عَضَّ علٰی انامله حتی کادان یقطعها ثُمَّ قال مصیبة عظیمة وربّ الکعبة ود فع الکتاب الی مَن کان حوله من روسآء بنی امیه فلما قراؤالکتاب تکلّموا نحو کلامه اِلَّا مروان بن الحکم فَاَنّه استبشر ضاحکًا، ثُمَّ قَالَ هٰذا ماکُتَسَبَتُ اَیْدِیْکُمْ۔

(اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات صفحہ 512)

راوی کہتا ہے کہ میں نے اُن مخصوص لوگوں سے چپکے سے پوچھا کہ یہ بھَپارہ، سنکائی اورٹکوریوں کی جارہی ہے۔یہ پٹیاں وغیرہ کیوں بندھی ہوئی ہیں؟ مجھے بتایا گیا کہ جس روز امام حسینؑ کے قتل اور فتح کی خبر پہنچی۔اُس دن قومی مومنین کا خلیفہ اورامیر المومنین اپنے بلند تخلیہ گاہ (STAGE) پر چڑھ کر شراب سے لطف اندوز ہورہا تھا۔اور نیچے حسین وجمیل گانے والیاں دلنواز نغمے گارہی تھیں رقص ہورہا تھا۔ساز بج رہے تھے کہ قتل حسینؑ اور فتح کی خوشخبری دینے والا قاصد (بشیر) پہنچا۔اور باریاب ہوکر نوید فتح سنائی۔یزید خوشی کے مارے ناچنے لگا۔گانے والیوں کو بلند آواز سے گانے اور کھُل کھیلنے کا حکم دیا اورداد عیش وعشرت کا تمام سامان فراہم ہوگیا۔وہ اِسی نشۂ غرور ومسرت میں مصروف تھا کہ اچانک تخلیہ گاہ کی مچان سے زمین پر منہ کے بل گرا اور سرٹکرا کر پھٹ گیا، داہنا ہاتھ اورٹانگ ٹوٹ گئے اور سامنے کے آٹھوں دانت جھڑ گئے، داہنی آنکھ پر ایسی چوٹ لگی کہ عیب دار ہوگئی۔اور ذرا دیر میں محفل رقص وسرود اور صورت مسرت وانبساط غم والم وحسرت ویاس میں تبدیل ہوگئی۔خادموں نے اُٹھا کر اُس کی آرامگاہ میں لٹایا۔ڈاکٹر کو حاضر ہونے کا حکم دیا گیا۔معالجہ ہوتا رہا اور بعض نقائص اور تکلیف رفع ہوگئی۔مگر معالجہ جاری تھا اور یہ سب کچھ فالج زدہ اعصاب میں تحریک پیدا کرنے کے لئے کیا جاتا تھا۔جب قاصد نے یزید کے سامنے سرحسین علیہ السلام کے دمشق میں داخلہ کا اطلاعی پیغام رکھا تو ساتھ ہی کہا کہ اے امیر اللہ تیری آنکھوں کو ایسی ہی خوشخبریوں سے ٹھنڈا رکھے۔یزید نے اُس کی طرف کبیدہ خاطری سے دیکھا اور قاصد سے کہا کہ اللہ کبھی تیری آنکھوں کو خوشی دیکھنا نصیب نہ کرے۔ادھر ڈاکٹر سے کہا کہ جوکچھ تمہیں کرنا ہے جلدی جلدی کرکے چلے جاؤ۔ڈاکٹر نے جلدی جلدی پٹیاں وغیرہ باندھیں اور جان بچا کر بھاگا۔ادھر یزید نے خط کھول کر پڑھا۔جب آخری سطریں پڑھ رہا تھا تو اپنی اُنگلیاں چبانا شروع کیں اس طرح کہ گویا اُنگلیوں کو کاٹ کر پھینک دینا چاہتا ہے۔پھر بولا کہ کعبہ کے رب کی قسم یہ سرحسینؑ کا دمشق میں آنا ایک عظیم الشان مصیبت کی آمد

ہے۔ اِس کے بعد وہ خط اُن سیاسی ماہرین اور سرداران بنی اُمیہ کو دیدیا۔ جو وہاں موجود تھے۔ انہوں نے وہ خط پڑھا تو مروان بن الحکم **لعنۃ علیہما** کے علاوہ سب نے یزید ہی کی طرح لرزہ براندام کلام کیا۔ لیکن مروان نے ہنستے ہوئے خوش ہو کر کہا کہ دوستو یہ تو آپ حضرات کی اپنی سوچی سمجھی کمائی اور کوششوں کا نتیجہ ہے۔ (اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔ صفحہ 512)

(الف)۔ اس روایت پر اور اپنے علما کے طرز تحریر پر افسوسناک بیان

مومنین ایک جذباتی صورت حال سامنے لائیں گے تب ہمارا مدعا سمجھ میں آ سکے گا۔ میں دو جملے لکھتا ہوں اُنہیں غور سے پڑھیں اور پھر ہماری بات سنیں جملے یہ ہیں:۔

(1)۔ ''کل چند دشمنانِ اہلبیت علیھم السلام سے ملاقات ہوئی۔''

(2)۔ ''کل چند دشمنانِ اہلبیتؑ سے ملاقات ہوئی۔''

مجھے پہلے جملے میں ''علیھم السلام'' پر اعتراض ہے۔ میں ایسے مواقع پر علیھم السلام یا صلواۃ اللہ علیھم وغیرہ لکھنا اس لئے پسند نہیں کرتا کہ یہاں یہ سلام اور صلواۃ مشکوک ہو جاتا ہے۔ اس لئے کہ اس سلام اور صلواۃ میں دشمنانِ اہلبیتؑ کی طرف بھی رُخ مڑ جاتا ہے۔ پہلے جملے کو خالص اردو میں پھر دیکھیں:۔ ''کل چند دشمنانِ اہلبیت، سلام ہو اُن پر، سے ملاقات ہوئی۔''

میں ایسے مواقع پر مقدس ناموں یا القاب پر صواد (ؐ) یا عین (ؑ) بنایا کرتا ہوں۔ پھر تحریر میں ایسے بیانات بھی آتے ہیں۔ جہاں ہم یا کوئی اور عالم دشمنانِ اہلبیتؑ کے مظالم کا تذکرہ کرتا ہوا بڑھتا ہے۔ اور دشمنوں کے خلاف ایک مسلسل و مربوط نفرت ذہن میں پیدا ہوتی چلی آتی ہے کہ اچانک بیان میں محمدؐ کا نام آ جاتا ہے۔ اور عالم صاحب لفظ محمدؐ کے ساتھ پہلے صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پورا لکھ کر پھر آگے بڑھتے ہیں۔ ایسے مواقع پر درود پڑھوا کر عالم صاحب وہ تمام تعمیر مسمار کر دیتے ہیں جو لفظ محمدؐ سے پہلے آئی ہے۔ لہٰذا ہم ایسے مواقع پر بھی صرف صاد (ؐ) لکھ کر ذہنی تعمیر کو برقرار رکھتے ہیں۔ لہٰذا دوست نما دشمنوں کے درود و سلام کو بھی ذرا سا ہوشیار رہ کر پڑھنا اور سُننا چاہئے۔ اور بے موقعہ درود و سلام کی بھرمار کرنے پر بھی اُن کو ٹوکتے رہنا چاہئے۔ یہ صحیح ہے کہ درود عبادت ہے لیکن یہ بھی صحیح ہے کہ عبادت بے موقعہ و بے محل نہیں کرنا چاہئے۔ یہ مصنوعی مسلمانوں کا طریقہ ہے جہاں اللہ کا نام آئے تو جل جلالہ کی رٹ لگانا ضروری اور جہاں محمدؐ کا نام آئے وہاں صلی اللہ علیہ وسلم کہے بغیر آگے نہ بڑھیں گے خواہ ایک جملہ میں یا ایک سطر میں چار دفعہ نام آ جائے۔ مگر وہ ملاعین ہر دفعہ آل محمدؐ کو چھوڑ کر بولیں اور لکھیں گے۔ ہزاروں صفحات کی کتاب پڑھ جائیں ایک دفعہ بھی کہیں صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نہ ملے گا۔ اور دشمنان خدا اور رسولؐ کی موٹی شناخت یہی ہے کہ آلؑ کو محمدؐ سے الگ رکھا جائے اور جہاں لفظ آل پر بحث ہو وہاں تمام ایرے غیرے نتھو خیرے بلکہ ساری امت کو آل محمدؐ کہہ دیا جائے لیکن اگر واقعی وہ علیؑ و فاطمہؑ حسنؑ و حسینؑ اور باقی آئمہ علیھم السلام کے علاوہ دل سے کسی اور کو بھی آل محمدؐ سمجھتے تو ضرور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم لکھتے۔ نہ لکھنا ثبوت ہے اُن کے منافق ہونے کا۔ ہم نے یہ عنوان اس لئے لکھا کہ مندرجہ بالا روایت لکھتے ہوئے یہ جملہ سامنے آ گیا کہ:۔

''اِلَّا مروان بن الحکم لعین فانّہ استبشر ضاحگا، فَلِذ لک قطع اللّٰہ تعالیٰ حلاوۃ الایمان من قلبہ ثم قال ھذ ا ما کسبت اید یکم۔''

ترجمہ ''سوائے مروان بن حکم کے، لعنت کرے اللہ اُس پر، پس وہ یقیناً خوش ہوا ہنستا ہوا، پس اُسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس کے قلب سے ایمان کا مٹھاس کاٹ دیا۔ پھر کہا کہ یہ تو تمہارے اپنے ہاتھوں کا کیا دھرا ہے۔''

ہم اس قسم کی عبارت کو بکواس کہتے ہیں۔ ارے بھائی سیدھی سی اور مربوط بات یہ ہے اور تھی کہ:۔

''مروان خوش ہوا اور ہنسا اور کہا کہ یہ تمہارا اپنا کیا دھرا ہے'' (چودہ الفاظ میں پورا بیان آ گیا)۔

اتنی سی بات کو لعنت، تعالیٰ وغیرہ کو خواہ مخواہ گھسا کر ایک سادہ سے مطلب کو بکواس بنا دیا۔ اور تماشہ یہ ہے کہ یہ پرخلوص اور جذبات مقدسہ سے بظاہر لبریز عالم، مروان کو اس ہنسنے اور خوش ہونے سے پہلے حلاوت ایمان سے اور پورے اسلام سے بہرہ ور مانتا ہے۔ اور ہم خواہ مخواہ تبرا و لعنت کی بھرمار پر اعتراض کرنے والے یہ مانتے ہیں کہ وہ اسی روز سے مرتد اور واجب القتل ہے جس روز اُس ملعون کو رسولؐ اللہ نے جلا وطن کیا تھا۔ وہ اس وقت بھی مرتد تھا جب عثمان نے اسے واپس بلایا۔ وہ عہد مرتضوی میں بھی مرتد اور دشمن محمدؐ و آل محمدؐ تھا۔ مگر یہ علامہ سرکار اُسے اس روز ہنسنے اور خوش ہونے پر ایمان سے نہیں بلکہ ایمان کے مٹھاس سے محروم کرتے ہیں۔ اور ہم اس قسم کی ڈھیلی تحریروں کو بکواس کہے بغیر نہیں رہ سکتے۔ یعنی یہ لوگ نہ صرف دنیا کی تمام نیرنگیوں، نظامہائے حیات اور سیاسیات اور محکمہ جات وغیرہ سے جاہل تھے، بلکہ انہیں سادہ عبارت بھی لکھنا نہ آتی تھی پس اللہ کے ساتھ تعالیٰ لگا کر مسلمان بنے رہتے تھے۔

پھر ہم نے مندرجہ بالا روایت کا ترجمہ کرتے ہوئے علامہ کی عبارت کے ترجمہ میں لفظ ''مخصوص'' کا اضافہ کیا تا کہ اُس تخلیہ کی نشست کی اہمیت سامنے آ جائے۔ لیکن روایت میں نہایت حقیر و غیر اہم الفاظ ہیں۔ ''**جماعة مِن بنی امیّه یحاد ثون**۔'' بنی امیہ کی ایک جماعت باتیں کر رہی تھی۔ لیکن ہم جانتے ہیں کہ یزید ایسے جاہ و جلال کے اور مطلق العنان بادشاہ کے تخلیہ سے عوام کا کیا تعلق؟ اور اُنہیں وہاں بیٹھ کر آپس میں باتیں کرنے کی مجال کہاں؟ چنانچہ روایت کے آخر میں واضح ہوگیا کہ وہ تمام لوگ بنی امیہ کے امیر و رئیس اور سرداران قوم تھے (**دفع الکتاب اِلٰی مَنْ کان حوله مِنْ روسآء بنی اُمیة**) پھر یزید نے وہ خط اُن لوگوں کو دیا جو اُسکے چاروں طرف روساء بنی امیہ موجود تھے۔ ہم کہتے ہیں کہ روایت کی ابتدا میں ''**جماعة من روسآء بنی اُمیه**'' ہونا چاہئے تھا تا کہ بات جاندار طریقہ پر شروع ہوتی۔ اور اُنکو رؤسائے بنی امیہ کہنا بھی کافی نہیں ہے۔ اسلئے کہ اُن میں سے ایک شخص مروان بن حکم ہے۔ جو خود خلیفہ ہوا اور اُسکے چار بیٹے یزید والی اُسی حکومت کے خلیفہ و بادشاہ ہوئے۔ یعنی یزید کے پاس ایسے لوگ بیٹھے تھے جن کو ارباب حلّ و عقد یا صاحبان بست و کشاد کہتے ہیں۔ جن میں سے ہر ایک یزید کا ہمسر و ہم پلہ تھا۔ اور یہ میٹنگ آئندہ حکومت کی پالیسی اور بقول یزید اُس عظیم الشان مصیبت (سر حسینؑ) سے تحفظ کی تدبیریں سوچنے کیلئے ہو رہی تھی۔ بہرحال یہ اہل قلم روایات کے لکھنے اور راوی کا منشا سمجھنے میں بھی قاصر رہے ہیں۔ تھرڈ کلاس زبان جانتے تھے اور اسی تیسرے درجہ کی زبان میں راوی کا مفہوم رگڑ کر روایت کی جان نکال دیتے تھے۔ یہ وجہ ہے کہ ہمیں کہیں راوی کا منشا واضح کرنے کیلئے، کہیں حالات کا تقاضہ پورا کرنے کیلئے اور کہیں بے ربطی اور گنجلک دُور کرنے کیلئے اپنے الفاظ ترجمہ میں بڑھانا لازم ہو جاتا ہے۔

(13)۔ شاہی تخلیہ میں اورارباب ِحل وعقد کے سامنے تنہا سرِ حسین علیہ السلام اور سرداران فوج

مومنین کو سوائے چند مصائب اور رونے رُلانے کے جُملوں کے علاوہ حادثۂ کربلا اور امام حسین علیہ السلام کے مشن کے متعلق کچھ اور بتانا ضروری نہیں سمجھا گیا ہے۔ نہ اس انقلاب خیز قربانی کی تاریخ لکھی گئی نہ واقعات وحادثات کی کوئی ترتیب بتائی گئی۔ یہ وجہ ہے کہ ہرسال تین ماہ عزاداری مناتے ہوئے تیرہ سوسال میں مومنین کو یہ توفیق نہ ملنے پائی کہ وہ مدینہ سے سفر کے بعد مدینہ میں واپسی تک کے حالات تسلسل اور ربط کے ساتھ کسی کو سُنا سکیں۔ بہرحال ہم نے یہ طے کیا ہے کہ اس جانی بوجھی خامی کو دور کرینگے۔ اور کوشش کرینگے کہ ایک ایسا شیعہ ذہن تیار ہو جس میں یہ عالمگیر انقلاب ٹھیک سے جم کر بیٹھے اور وہ نوع انسان کو یہ انقلابی پیغام انقلاب پیدا کرنے کیلئے دیتا رہے۔ ہم نے عرض کیا ہے کہ اسیران اہل حرم علیھم السلام اور سرہائے شہدا صلوٰۃ اللہ علیھم کا تشہیری گشت جاری ہے، جاری رہیگا۔ یہ جلوس رات بھر چلتا رہے گا اور اس دوران یزید کا تخلیہ اور سربراہان افواج ومملکت اور پالیسی میکرز یزید کے پاس موجود رہیں گے۔ کوئی ایسا شخص اس تخلیہ یا خفیہ اجلاس میں نہ آسکے گا جس پر حکومت اور اہل کاران حکومت کو اعتماد نہ ہو۔ چنانچہ جلوس کے دوران سرِاقدس کو تنہا لایا گیا اور وہ تمام متعلقہ سرداران فوج اور متعلقہ افراد حاضر ہوتے رہے جو کربلا کا حال سنا سکیں، یا پبلک کے ردعمل پر روشنی ڈال کر پالیسی بنانے میں مدد دے سکیں۔ روایت سنئے:۔

فاعلم اِنّ ابامخنف قال واقبلوا بالراس اِلٰی باب الساعات واوقفوا هناک ثلٰث ساعات ثُمَّ آتوا به اِلٰی یزید بن معاویه وکان مروان بن الحکم جالسًا اِلٰی جنبه ۔فسئلهم کیف فعلتم به فقالوا جائنا ثمانیه عشرمن اهلٍ بیته ونیف وخمسین من انصاُره۔فقتلنا هم عن آخرهم وهذارؤسهم والسّبایا علٰی المطایا فجعل مروان بن الحکم هِزّاعطافه وانشد یقول: ۔شفیتَ نفسی مِن دم الحسینٌ اَخذُتَ ثاری وقَضَیُتَ دَیُنِیُ۔ (اکسیر صفحہ 513)

یہ نوٹ کریں کہ ابومخنف نے لکھا ہے کہ متعلقہ ذمہ دار لوگ سرمبارک کو لئے ہوئے باب الساعات پر پہنچے اور وہاں تین گھنٹے توقف کیا پھر سرحسینؑ کو لے کر یزید کے پاس حاضر ہوئے۔ اُس وقت بھی مروان بن الحکم یزید کے پہلو میں بیٹھا ہوا تھا۔ یزید نے اُن لوگوں سے دریافت کیا کہ تم نے یہ کامیابی کس طرح حاصل کی تھی۔ اُنہوں نے کہا کہ مختصراً یوں سمجھ لیجئے کہ حسینؑ اپنے اہلبیتؑ کے اٹھارہ نوجوانوں اور پچاس سے کچھ اوپر انصارؑ کے ساتھ آئے تھے۔ ہم نے اُن سب کو اوّل سے آخر تک قتل کر ڈالا۔ اُن کے سرنیزوں پر اور قیدی اونٹوں پر موجود اور شہر میں گشت میں مصروف ہیں۔ یہ سُن کر مروان بن الحکم جھومنے لگا اور شعر پڑھا کہ اے یزید تو نے حسینؑ کے خون سے میری جان بچادی۔ تو نے میرا انتقام لے لیا اور میرا قرض ادا کردیا۔

مومنین نوٹ فرمائیں کہ حسبِ قاعدہ یعنی بےاصولی کی پابندی کے ماتحت اس روایت میں یہ ذکر نہیں ہے کہ آیا یزید کے پاس مروان کے علاوہ کوئی اور بھی تخلیہ میں تھا یا نہیں؟ لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ یہ وہی خفیہ اور اعلیٰ درجہ کی میٹنگ ہے جس میں بنی امیہ کے اہل حلّ وعقد موجود تھے اور یزید کا معالجہ ہورہا تھا۔ ہماری دلیل یہ ہے کہ کربلا کے حالات سُنانے والے نے یہ کہا ہے کہ: ''قیدی اس وقت اونٹوں پرسوار ہیں۔'' (وَالسَّبَایَا عَلَی المطایا) اور یہ کہ جلوس ابھی باب الساعات پر پہنچا ہے۔ لہٰذا یہ وہی میٹنگ ہے۔ اور یہ میٹنگ بھی آج

پورا دن اور ساری رات جاری رہے گی۔ یہاں تک کہ کل صبح اہل حرم مع جناب امام زین العابدین علیہ السلام کے دربار میں لائے جائیں گے۔اور حضرت زینب علیہا السلام اپنا مشہور و معروف خطبہ دے کر یزید کے دماغ اور حکومت کی چولیں ڈھیلی کریں گی۔ہم اسی میٹنگ کا دوسرا بیان پیش کرتے ہیں۔

(14)۔ مبارکباد میں حسینؑ کی اعلیٰ نسبی کا ذکر واجب القتل جرم ثابت ہوا

فی ذیل خبر سہلؓ بن سعد الذی تقدم صدرہ علٰی نھج الذی رواہ صاحب المناقب ۔ فدخلوا علٰی یزید فَدَخَلْتُ معھم وکان یزید جالسًا علی السریر وعلٰی راسہ تاجٌ مکلّلٌ بالدُرّوالیاقوت وحولہ کثیر من مشائخ القریش ۔ فلمادخل صاحب الراس وھو یقول: اوفر کالِیَ فضّۃ اوذھبًا ۔اِنّا قتلنا السیّد المحجّبا ۔قَتَلْتُ خیر الناس اُمًّا واَبًا ۔ وخیرھم اذینسبون النسبًا ۔قال یزید لَو علمت انّہ خیرالناس لِمَ قتلتَہ ؟ قال رجوت الجآئزۃ منک فامر بضرب عنقہ فجزّ راسہ۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 512)

صاحب مناقب نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کا یہ بیان لکھا ہے کہ جب وہ لوگ یزید کے پاس حاضر ہوئے تو میں بھی اُنکے ساتھ ہی تھا۔اُس وقت یزید جواہرات سے جگمگاتا ہوا تاج پہنے ہوئے تخت خلافت پر بیٹھا تھا۔اور اُسکے چاروں طرف قریشی بزرگ بیٹھے تھے۔ جب وہ شخص سامنے آیا جو سر امام حسینؑ اُٹھائے ہوئے تھا تو اُس نے اپنے قلبی تاثرات اشعار میں پیش کئے:۔

> ''اے ہمارے امیرالمومنین آپ ہماری سواریوں،اونٹوں،خچروں،گھوڑوں اور گدھوں کو سونے چاندی سے لاد کر ہمیں انعام عطا کریں اسلئے کہ ہم تیری خاطر ایک بزرگ ترین سید کو قتل کر کے اُسکا سر لیکر حاضر ہوئے ہیں۔ہم نے جسے قتل کیا ہے وہ ماں باپ سے پیدا ہونے والے تمام انسانوں سے زیادہ عظیم الشان تھا۔اور حسب ونسب کا جب بھی مقابلہ ہوا اُس سے بڑھ کر کوئی نہ ملے گا۔''
>
> یزید نے یہ سُن کر کہا کہ جب تم یہ جانتے تھے کہ وہ تمام انسانوں سے یعنی مجھ سے بھی بزرگ تر اور قابل قدر ہے تو تم نے اُسے قتل کیوں کیا؟ مبارکباد دینے والے نے سہم کر کہا کہ حضور امید یہ تھی سرکار ہم سے خوش ہوں گے اور ہمارے ساتھ اچھا سلوک کریں گے۔یزید نے اُس کو قتل کرنے کا حکم دیا۔اور تعمیل میں فوراً اُس کا سر تن سے جدا کر دیا گیا۔

یہاں یہ نوٹ کر لیں کہ وہی روسائے بنی اُمیہ یہاں مشائخ قریش کہلائے ہیں۔البتہ یہاں یزید کو تاج پہنے ہوئے دکھایا ہے۔لیکن یہ ذکر نہیں کہ وہ پیجامہ اور کرتہ بھی پہنے ہوئے تھا یا نہیں؟ آپ کہیں گے کہ اس کے بتانے کی ضرورت نہ تھی۔آدمی لوگوں کے سامنے ننگے نہیں بیٹھتے۔ٹھیک ہے۔یاد رکھو آدمی یہ بھی جانتے ہیں کہ بادشاہ تاج پہنے یا نہ پہنے وہ بادشاہ ہی ہوتا ہے۔لہٰذا سابقہ روایات میں تاج کا ذکر نہ کرنا یزید کو شاہی سے خارج نہیں کرتا۔اور یہ بھی بتانے کی ضرورت نہ تھی کہ ڈاکٹر کی آمد پر لباس پہنانے والے خادموں نے تاج وغیرہ اُتار لیا تھا۔اور ڈاکٹری کاروائی ختم ہو جانے کے بعد پہنا دیا تھا۔لہٰذا کسی بات کا تذکرہ موجود نہ ہونے کو بہانہ بنا کر کسی روایت یا واقعہ کو مشکوک اور غلط کہہ کر رد کر دینا دشمنوں کا طریقہ ہوتا ہے۔لہٰذا معلوم ہوا کہ جو راوی جس چیز کو زیادہ اہمیت دیتا ہے اُس کا ذکر کر دیتا ہے۔ اور روایت سُننے یا لکھنے والی ہستی کو آدمی بلکہ عقلمند آدمی بلکہ عالم سمجھ کر غیر ضروری چیزوں کا تذکرہ نہیں کرتا۔لیکن اگر علما جانبدار ہوں

اور دیانتدار نہ ہوں تو وہ بہانہ تراشیاں کر کے روایات کو نا قابل اعتماد، مجمل، اور ضعیف قرار دے دیا کرتے ہیں ۔ حالانکہ وہ خود نا قابل اعتبار اور جاہل وحقیر لوگ ہوتے ہیں ۔ اُسی خفیہ میٹنگ میں ایک اور بیان سُنیں جس میں کربلا کے حالات کی تفصیل ہے ۔ مگر کافی جھوٹ بولا گیا ہے اور اُس ہیبت وآفت کا ذکر نہیں کیا گیا جو امام حسین علیہ السلام کے جانباز انصار نے افواج یزید پر مسلط کر دی تھی ۔

(15)۔ زجر بن قیس کا بیان؛ یزید کا چپ ہونا اور قتل حسینؑ پر سیاسی ریمارکس

یہ بیانات سُنتے وقت وہ صورت حال فراموش نہ کر دیں کہ یزید کو لحظہ بہ لحظہ شامی ردعمل کی اطلاعات بھی ملتی جا رہی تھیں ۔ اور یزید کے مزاج اور رویہ میں تندی، سختی اور نرمی اُن ہی اطلاعات پر منحصر ہے ۔ اور وہ اپنے ہر قول اور ہر اقدام کو اِس فکر کے ماتحت رکھتا جا رہا ہے کہ وقت آنے پر اُس کا ہر قول اور ہر فعل ایک منطقی اور سیاسی عذر بن کر یزید کی پالیسی میں مددگار ثابت ہو ۔ نہ تو یزید سے یہ امید کرنا چاہئے کہ وہ بلا سوچے سمجھے بکواس کرتا چلا جائے گا ۔ نہ اُس کے منصب کا دباؤ اور ذمہ داری اپنی گرفت ڈھیلی کر سکتے تھے ۔ ہم یزید کو اور ہر دشمن خدا اور رسولؐ کو عقلمند اور صاحبان فراست لوگ سمجھتے ہوئے اُن کے اقوال واعمال پر نظر ڈالتے ہیں اور علاماؤں کی طرح ساری دنیا کو بے وقوف نہیں سمجھتے ۔ سُنئے :۔ قال المفید وابن نماروی عبداللّٰہ بن ربیعة الحمیری قال کنت عند یزید بد مشق اذاقبل زجر بن قیس حتّٰی دخل علیه ۔ فقال له یزید ماوراک وماعندک ؟ قال ابشر یاامیر بفتح اللّٰہ ونصرہ، ورد علینا الحسینؑ بن علیؑ فی ثمانیة عشرمِن اهلبیته وستّین مِن شیعته فسرنا الیهم فسئلنا هم اَن یستسلموا ۔اَوْ ینزلو علٰی حکم الامیر عبیداللّٰہ ۔او القتال ؟ فاختاروا القتال علی استسلام فغد ونا علیهم مع شروق الشمس فاحطنا بهم من کل ناحیة حتی اذا اخذت السیوف ماخذ ها من هام القوم جعلوا یهربون الٰی غیر وزر ویلوذ ون بالا کام والحفر لواذًا کمایلوذ الحمامة من الصقر ۔ فواللّٰہ یاامیرالمومنین مَا کان اِلا جزر جزورًا و فوقه قایل حتّٰی اتینا اِلٰی آخرهم فها تیک اجسادهم مجرّدة و ثیابهم مرقلة و خد ود هم معفرة تصهرهم الشمس و تسفی علیهم الریح و زوارهم الرخم و العقبان ۔فاطرق یزید هنیة ۔ثم رفع راسه و قال: قد کنت ارضی من طاغیتکم بد ون قتل الحسینؑ اَمَّا لَوْ کنت صاحبه لعفوتُ عنه ۔ (اکسیر العبادات ۔صفحہ 512)

ایک سردار حاضر ہے اُس کی ملاقات کا حال عبداللہ بن ربیعہ سناتا ہے ۔ کہتا ہے کہ میں یزید کی اُس میٹنگ میں موجود تھا جب زجر بن قیس یزید سے ملنے کیلئے آیا تھا ۔ جیسے ہی وہ یزید کے سامنے پہنچا ۔ یزید نے سوال کیا کہ تو نے اپنے پیچھے لوگوں کو کس حال میں چھوڑا اور یہاں کیا بتانے آیا ہے؟ زجر نے کہا کہ جناب میں آپ کو اللہ کی عطا کردہ فتح اور نصرت پر مبارکباد دیتا ہوں ۔ بات یوں ہوئی کہ حسینؑ بن علیؑ اپنے اٹھارہ جوانان اہلبیتؑ اور ساٹھ شیعوں کو لے کر وارد ہوئے تھے ۔ ہم نے اُن سے مذاکرات کئے اور اُن کے روبرو تین چیزیں پیش کیں ۔ اوّل یہ کہ وہ سر تسلیم خم کریں ۔ دوسری یہ کہ وہ ہمارے سربراہ عبیداللہ کے حکم کی اطاعت کریں ۔ سوم یہ کہ جنگ سے فیصلہ کر لیں انہوں نے آخری چیز قبول کی ۔ اور ہم نے اگلی صبح سورج طلوع ہونے کے وقت انہیں چاروں طرف سے محاصرہ میں لے لیا اور تلواریں چلنے لگیں ۔ ہمارے حملوں کی شدت سے وہ لوگ بھاگے پھرتے تھے اور اُنہیں کہیں چھپنے کی جگہ نہ ملتی تھی ۔ وہ سوراخوں اور کسی آڑ میں چھپنے کیلئے اُسی طرح کوشاں تھے جیسے وہ کبوتر پناہ گاہ ڈھونڈھتا ہے جس پر شکرہ یا باز جھپٹتا ہے ۔ بہرحال اے قومی امیر المومنین

خدا کی قسم ہم نے ایک ایک کر کے انہیں ڈھیر کرنا شروع کیا اور آخری شخص کو بھی قتل کر دیا۔ اُن کے جسم ہاتھوں اور سروں سے محروم کٹے ہوئے پڑے ہیں ۔ اُن کے کپڑے خون میں لتھڑے ہوئے ہیں۔ اُنکے پہلو گرد آلود ہیں ۔ تمازتِ آفتاب اُن کو جھلس رہی ہے ۔ آندھیاں اُن پر غبار اُڑا رہی ہیں ۔ اور گدھ اُن پر منڈلا رہے ہیں ۔ یہ سب کچھ یزید نے سُنا ذرا دیر سر جھکائے بیٹھا رہا۔ لوگ خوفزدہ تھے کہ دیکھیں کیا حکم ہوتا ہے مگر خیریت ہوگئی ۔ یزید نے سر اُٹھایا اور کہا کہ ''میں تمہاری اُس سرکشی سے ویسے ہی خوش ہو جاتا جو تمہارے دل میں حسینؑ کی طرف سے تھی ۔ضروری نہ تھا کہ تم انہیں قتل کر کے ہی میری خوشنودی حاصل کرتے ۔ بہرحال اگر میں حسینؑ کے پاس ہوتا تو انہیں معاف کر دیتا۔''

یزید کا یہ آخری جملہ بتا رہا ہے کہ وہ اپنے لئے الفاظ کی پناہ تلاش کر رہا ہے۔ وہ اُس عظیم الشان مصیبت کو سر حسین علیہ السلام کی صورت میں سامنے کھڑی دیکھ رہا ہے جو اُس کے قلبی سکون اور شاہی طاقت کو جھنجھوڑ رہی ہے۔

(16)۔ اسی میٹنگ میں یزید کے مختلف ریمارکس

ملاقاتوں کا سلسلہ اُس وقت تک جاری رہا جب تک یزید کے سامنے اس فوج کشی اور فوجی مہم کے تمام پہلوؤں کی تصدیق نہ ہو گئی۔ اور وہ ہر ملاقاتی سے سیاسی صورت حال کے مطابق موزوں ترین سلوک کرتا گیا۔ اُس نے اس پہلو پر زیادہ زور دیا کہ وہ امام حسین علیہ السلام کو ہر حال میں قتل نہ کرانا چاہتا تھا۔ اس سلسلے کے لئے ہم چند بیانات اور سامنے لاتے ہیں۔

فلما انتهوا الِی باب یزید رفع محضر بن تغلبة صوته فقال هذ ا محضر بن تغلبه آتی امیر المومنین بالفجره اللئام ۔ قال یزید ماوَلدت ام محضرا شدّ واَلیم ۔ قدکنتُ ارضی من طاغیتکم بد ون قتل الحسینؑ امالو کنتُ صاحبه لعفوتُ عنه ولکن قبّح اللّٰه ابن مرجانة۔(شیخ مفیداورابن نما۔اکسیرالعبادات صفحہ 512)

چنانچہ محضر بن تغلبہ ملاقات کے لئے حاضر ہوتا ہے اور دربار کے دروازہ پر آ کر بآواز بلند پکارتا ہے کہ: یہ محضر بن تغلبہ امیر المومنین کے حضور میں ساری دنیا سے زیادہ قابل ملامت اور بدکار شخص کو لے کر حاضر ہے۔ یزید نے کہا کہ محضر بن تغلبہ کی ماں سے زیادہ قابل ملامت اور بدکار شخص کسی اور عورت سے پیدا نہیں ہوا۔ ارے میں تو تمہاری باغیانہ ذہنیت سے حسینؑ کے قتل کے بغیر بھی راضی تھا۔ افسوس اگر میں حسینؑ کے پاس ہوتا تو انہیں معاف کر دیتا۔ لیکن اللہ ابن زیاد کا برا کرے کہ اُس نے معاف نہ کیا۔

یہاں یزید بالواسطہ یہ بھی دکھاتا ہے کہ وہ کسی اور کے منہ سے امام علیہ السلام کی مذمت پسند نہیں کرتا۔ حالانکہ اس سے پہلے وہ اس شخص کو قتل کرا چکا ہے جس نے امام حسین علیہ السلام کی بزرگی اور عالی نسبی کا اعلان کیا تھا۔

(17)۔ مروان کا بھائی اور یزید دونوں اللہ اور ابن زیاد کو الزام دیتے ہیں

یزید کے پالیسی میکروں اور اس اجلاس میں شرکت کرنے والے قریشی ارباب بست وکشاد میں مروان کا بھائی عبدالرحمٰن بن الحکم بھی تمام حالات سُن رہا ہے۔ اس دفعہ اسکی سیاسی رائے بھی سُن لیں۔

قال فی المناقب وکان عبدالرّحمٰن بن الحکم قاعدًا فی مجلس یزید قال ا نشد :۔لھام یجبت الطف ادنی قرابۃ ۔ من ابن زیاد العبد ذی النسب الوغل ۔سمیۃ امسی نسلھا عددالحصٰی ۔ وبنت رسولؐ اللّٰہ لیست بذ ی نسل ۔ قال یزید نعم فلعن اللّٰہ ابن مرجانۃ اذا قدم علیّ مثل الحسینؑ بن فاطمۃؑ لو کنت صاحبہ لماسئلنی خصلۃ اِلّا اعطینتہ اِیَّاھا ولد فعثُ عنہ الحتَف بکل مااستطعت ولو فیہ ھلاک بعض اولادی ولکن قضی اللّٰہ امرًا فلم یکن مردٌّ۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 513-512)

وہ کھڑا ہوااور کہا کہ اگر حسینؑ سے ابن زیاد کی کوئی ذراسی بھی نسبی اور نسلی قرابت یا رشتہ داری ہوتی تو وہ یزید سے دغا کر کے بھی حسینؑ کی رعایت کر لیتا۔افسوس ہے کہ ابن زیاد کی ماں کی نسل تو کنکریوں کی طرح پھیل گئی اور فاطمہؑ بنت رسولؐ کی نسل کا یوں خاتمہ کر دیا گیا۔یزید نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ’’خدا ابن زیاد پر لعنت کرتا رہے اگر وہ حسینؑ کو میرے پاس لاتا یا میں اُس کی طرح حسینؑ کے پاس ہوتا تو میں اُن کی عادت وخصلت پر کوئی شرط نہ لگاتا۔اور جو کچھ بھی وہ مجھ سے طلب کرتے میں اُنہیں دے دیتا خواہ اس طرح میری کچھ اولاد کی ہلاکت ہو جاتی۔لیکن اللہ نے جیسا حکم جاری کیا وہ پورا ہو گیا۔اور اب اللہ کا حکم اور فیصلہ واپس نہیں کیا جاسکتا ہے۔‘‘

یہاں یزید اللہ کے قادر مطلق ہونیکی اور مسئلہ تقدیر کی آڑ لیتا ہے تاکہ مذہبی ملانٹوں کا منہ بند کر سکے۔یہی عقیدہ آج بھی کثرت کا ہے۔

(18)۔ سرمبارک نیزہ سے طشت میں؛ شمر کی پیشی؛ یزید کا سنبھلنا، بزرگوں کی یاد

خفیہ میٹنگ میں حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ دوبارآنے کا انتظام کرتے ہیں اور اس مرتبہ پوری رپورٹ تیار کرتے اور بتاتے ہیں کہ:۔(الف) قال سھل فدخلت مَعَ مَنْ دخل لِاُنظر مایصنع یزید بھم ۔ فامر بحطّ الراس عن الرمح واَن یوضع فی طشت ذھب ویغطیّ بمند یل د یبقیّ ویدخل بہ علیہ۔فلما وضع بین ید یہ سمع غرابًا ینعق فانشد یزید یقول:یاغراب البین ماشِئتَ فَقُلُ۔ انما تندب اَمرًا قد فعل ۔کلّ ملک ونعیم زائل ۔ وبنات الد ھر یلعبن بکلّ۔ لیت اشیاخی ببدرشھد وا ۔ وقعۃ الخزرج مع وقع الاسل ۔لَرَ وَاہُ لاستھلوا فرحًا ۔ ثمَّ قالوا یایزید لَا تشل ۔ لَسُتُ مِن خندف اَنْ لم انتقم ۔مِن بنی احمدً ماکان فعل ۔لعبت ھاشمٌ بالملک ولا ۔ خبرجَاءَ ولا وحیّ نزل ۔ قداخذ نامِن علیٍّ ثَارِنَا ۔وقتلنا الفارس اللیث البطل۔ وقتلنا القوم مِن سادتھم ۔وعدلناہ ببدرفانعدل ۔ فجزینا ھم ببدر مثلھا ۔واقمنا مثل بدر فاعتدل ۔ قال: ثُمَّ سئلھم یزید کیف فعلتم بہ ؟ فقالوا جاء نا فی ثمانیۃ عشرمِن اھلبیتہ ونیّف خمسین مِن اصحابہ وانصارہ فسئلنا ھم اَن ینزلوا علٰی حکم الامیر والقتال ۔فاختاروا القتال فقتلنا ھم عن آخرھم وھذہ رؤسھم واجسادھم بارض کربلا مطروحۃ تصھر ھم الشموس وتذری علیھم الریاح وتزورھم العقبان ۔فاطرق راسہ۔قال کنت ارضی بطاغیتکم بد ون قتل الحسینؑ۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 514)

(الف) میں یزیدی اقدامات دیکھنے کے لئے مخصوصین کے ساتھ پھر اجلاس میں گیا تو یزید نے سرامام علیہ السلام کو نیزہ سے اتار کر سونے کے ایک طشت میں رکھنے اور ایک قیمتی ریشمی رومال سے ڈھک کر پیش کرنے کا حکم دیا۔جب سرمبارک اس کے سامنے رکھا گیا تو ایک کوے نے محل کی دیوار پر شور مچانا شروع کر دیا۔یزید نے کوے کو مخاطب کر کے کہا کہ:۔

اَے کوّے تو جو چاہے سمجھ اور جو پسند آئے وہ کہتا رہ۔ہم دیکھ رہے ہیں کہ تو بھی میرے اقدام پر افسوس کا اظہار کر رہا ہے۔ حادثات وقوع میں آئے ہیں اور دنیا کی نعمتیں چھنتی ہوئی معلوم ہو رہی ہیں۔بدقسمتی نے تباہی کا کھیل کھیلنا شروع کر دیا ہے۔ کاش

میرے بدر میں قتل ہونے والے بزرگ موجود ہوتے اور دیکھتے کہ خزرج کے قبیلے کے ساتھ ہماری تلواروں نے کیا کر دیا ہے۔ وہ دیکھتے تو یقیناً خوشی سے اچھل پڑتے اور دعا دیتے اور کہتے کہ اَے یزید تیرے ہاتھ کبھی بے کار نہ ہوں۔ میں خندف میں سے نہ ہوتا اگر احمدؐ کے خاندان سے اُن کی کارکردگی کا انتقام نہ لیا ہوتا۔ یہ تو بنی ہاشمؑ نے اقتدار حاصل کرنے کا ایک بچگانہ کھیل کھیلا تھا نہ کوئی پیشگوئی تھی نہ کوئی وحی نازل ہوئی تھی۔ یعنی دعویٰ نبوت ہی جھوٹا تھا۔ بہر حال ہم نے علیؑ سے اپنے مقتولوں کا بدلہ لے لیا اور ہم نے بڑے بڑے سورما بہادروں کو تہہ تیغ کر دیا۔ ہم نے اُن کے سرداروں اور سر برآوردہ لوگوں میں سے ایک بڑی جماعت کو موت کے گھاٹ اتار کر بدر کو واپس لا کر اُن کی طرف پلٹا دیا۔ اور بدر کے قتل عام کا بدلہ چکا کر عدل وانصاف قائم کر دیا۔

سہلؓ کہتے ہیں کہ اسکے بعد یزید نے سوال کیا کہ تم نے کس طرح یہ فتح حاصل کی ہے؟ انہوں نے کہا کہ حسینؑ اٹھارہ بنی ہاشمؑ اور دس بارہ اور پچاس صحابہ اور انصار کے ساتھ آئے۔ ہم نے اُنکے سامنے حکم امیر کی اطاعت اور جنگ رکھ دی اُنہوں نے جنگ منظور کر لی۔ چنانچہ ہم نے آخری فرد تک کو قتل کر کے رکھ دیا۔ اور اُن سب کے سر حاضر ہیں۔ اور ہاتھ پیر کٹے ہوئے بدن کربلا کی زمین پر بکھرے پڑے ہیں۔ روزانہ سورج کی گرمی انہیں جھلس رہی ہے۔ ہوائیں اُن پر دھول اڑا رہی ہیں۔ اُن کی زیارت کے لئے گِدھ آ رہے ہیں۔ یہ سن کر یزید نے سر جھکا لیا اور کہا کہ میں تو قتل حسینؑ کے بغیر بھی تمہاری باغیانہ ذہنیت سے خوش تھا۔

(ب)۔ زوجہ یزید اجلاس میں بیتابانہ آ گئی

(ب) فاعلم انّ ابامخنف قدقال بعد نقل کلام من قصّ لیزید فضایا یوم الطف واخبره بها ونقل کلام یزید ''کنت ارضی بطاغیتکم بد ون قتل الحسینؑ '' قال الراوی فَسَمِعَتُهُ بنت عبداللّٰه زوجة یزید وکان یزید مشغوفًا بِهَا۔ قال: فدعت بردآء فتردّت بها ووقفت مِن وراء الستر وقالت لیزید هل عندک مِن احد قال اجلّ۔فامر مَن کان عنده بالانصراف وقال اللعین ادخلی فدخلتُ قال فنظرتُ اِلٰی راس الحسینؑ فصرختُ فقالت ماهذا الراس الذی معک؟ فقال راس الحسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ۔قال فبکت وقالت یعزّواللّٰه علٰی فاطمۃؑ اَن تری راس ولدها بین یدیک۔وانک یایزید لقد فعلت فِعلًا استوجبت به اللعن من اللّٰه ورسولهؐ واللّٰه ماانا لکَ بزوجة ولا انت ببعلی ۔ فقال لها ماانت و فاطمۃؑ ؟ فقالت بابیها وبعلها وبینها هدانا اللّٰه تعالٰی والبسنا هذا القمیص ۔ویلک یایزید بایّ وجه تلقی اللّٰه ورسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وآله۔فقال لها یا هند دعی هذا الکلام فما اخترت قتله۔فخرجت باکیّة ودخل علیه الشمر۔ (اکسیر صفحہ 540)

(ب) مندرجہ بالا جملہ '' کُنتُ ارضی بطاغیتکم بد ون قتل الحسینؑ '' ابھی یزید ختم بھی نہ کرنے پایا تھا کہ اچانک ھند بنت عبداللہ یزید کی زوجہ اور مملکت یزید کی ملکہ پردہ کے پیچھے نمودار ہوئی۔ یزید اس زوجہ سے بہت زیادہ مانوس تھا۔ راوی کہتا ہے کہ ہند نے وہ بیان سُن لیا تھا جو ابھی ابھی کربلا کے متعلق دیا گیا تھا۔ ہند نے یزید سے کہا کہ کیا تمہارے پاس کوئی اور بھی ہے۔ یزید نے جلدی سے جواب دیا کہ ہاں ہاں ٹھہرو میں تخلیہ کرتا ہوں۔ چنانچہ موجودین کو دوسرے کمرے میں جانے کا حکم دیا۔ پھر ہند سے کہا کہ تشریف لائیں۔ وہ آئی اور سر حسینؑ کو دیکھا چلا کر پوچھا کہ تمہارے پاس یہ سر کس کا ہے۔ یزید نے دبے الفاظ میں کہا کہ یہ حسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ کا سر ہے۔ راوی بتاتا ہے کہ ہند بہت بے قرار ہو کر رو رہی تھی اور کہہ رہی تھی کہ اگر جناب فاطمہؑ اپنے

بیٹے کا سر تیرے پاس دیکھ لیں تو بخدا تُو جواب نہ دے سکے گا۔ اے یزید تونے تو ایسا کام کرلیا ہے کہ تجھ پر اللہ اور رسوؐل کی طرف سے لعنت کرنا واجب ہوگیا ہے۔ ارے ملعون آج سے نہ میں تیری زوجہ ہوں اور نہ تو میرا شوہر ہے۔ یزید نے عاجزی سے کہا کہ بھلا آپ کو فاطمہؑ سے کون سا رشتہ ہے کہ اتنا سخت فیصلہ کررہی ہو؟ ہند نے کہا کہ ارے مردود اُسی کے باپ اور شوہر اور بیٹوں کی وجہ سے تو ہم سب کو دین اسلام کی ہدایت ملی اور اُن ہی کی بنائی ہوئی تو حکومت ہے جسے ہم نے پہن لیا ہے۔ ارے بدنہاد تو اللہ اور اللہ کے رسوؐل سے کیا منہ لے کر ملاقات کرے گا؟ یزید نے بڑے انفعال سے کہا کہ اے ہند اب تو ان باتوں کو جانے دو میں نے اپنے اختیار سے اُن کو قتل نہیں کیا ہے۔ بات سمجھو جلدی نہ کرو۔ یہ سُن کر وہ روتی ہوئی وہاں سے چلی گئی۔

(ج)۔ شمر ملعون انعام مانگنے آیا اور قتل سے بچ گیا

ہند کے جاتے ہی شمر کو داخلہ کی اجازت مل گئی۔ اجلاس از سرنو جاری ہوگیا۔ شمر نے ابھی ابھی پیش آئی ہوئی مصیبت سے لاعلمی کی بنا پر بڑے نخرے کے ساتھ قصیدہ فتح پڑھنا شروع کردیا:۔

(ج) دخل علیه الشمر و جعل یقول: املاء رکابی فضة وذهبًا۔ انّی قتلت السید المهذ با۔قتلت خیر الناس اُمًّا وابًا۔ واکرم النّاس جمیعًا حسبًا ۔ سید اهل الحرم والوریٰ ۔ومن عَلَی الخلق معًا منتصبًا ۔طعنته بالرمح حتی انقلبا ۔ ضربته بالسیف کان عجبًا۔ قال فنظر الیه یزید شزرًاوقال لَهٗ اِذَا عَلِمْتَ اَنَّهٗ خیر الناس اُمًّا وَاَ بًا فلم قتلتَه واملاء اللّٰه رکابک نارًا وحطبًا ؟ قال اطلب بذ لک الجآئزة مِن عندک ۔ قال فلکزهٗ یزید بزبال سَیفه وقال لا جائزة لک عندی۔فَوَلّٰی هاربًا۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 514)

میرے ساتھ جتنے اونٹ اور خچر اور گدھے اور گھوڑے ہیں سب کو سونے اور چاندی سے لاد کر مجھے انعام عطا فرمایا جائے۔ اسلئے کہ میں نے آپ کی اطاعت کے ثبوت میں ایک مہذب ترین سردار کو قتل کردیا ہے۔ میں نے ایسے بزرگ کو قتل کیا ہے جو ماں باپ کی طرف سے تمام انسانوں سے زیادہ مرتبہ رکھتا تھا۔ اور حسب ونسب میں پوری انسانیت سے زیادہ محترم تھا۔ اور مکہ ومدینہ اور اُنکے علاوہ پوری کائنات کا سردار تھا۔ اور جو بھی اس کے مقابلہ میں مدعی ہو وہ سب سے اعلیٰ درجہ کا تھا۔ لیکن میں نے اُسے یہاں تک نیزوں سے مارا کہ وہ الٹ کر گرا اور اسے تلوار سے ایسی ضربیں لگائیں جن پر جتنا تعجب کیا جائے کم ہے۔ راوی کہتا ہے کہ یزید نے غضبناک ہوکر اسکی طرف دیکھا اور کہا کہ جب تو اُسے تمام انسانوں سے بزرگ جانتا تھا تو تُو نے اُسے قتل کیوں کیا؟ شمر نے گھبرا کر کہا کہ حضور یہ سب کچھ میں نے آپ سے انعام حاصل کرنے کیلئے رسماً کہہ دیا ہے۔ یزید نے اپنی تلوار کی نوک چبھاتے ہوئے کہا کہ دُور ہوجا تیرے لئے میرے پاس تلوار کے علاوہ کوئی انعام نہیں ہے۔ وہ وحشت زدہ ہوکر واپس چلا گیا۔

(19)۔ یزید کے تصورات وقلبی حالات علامہ دربندی کی زبانی

علامہ دربندی رضی اللہ عنہ یزید کی ظاہری اور باطنی حالت اور انتظام مملکت پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:۔

اَنَّ یزید مافرح وسرّفی عمره بشی ءٍ مثل فرحه وسروره بقتل سیدالشهدٓاء روحی له الفدآء وانّ ما صنعه ابن زیاد انّما کان بامر منه۔نعم اِنّ یزید کان فی اضطراب وتشویش بعد وصول البشیرالیه وبیان ذلک اَنَّهٗ لما ورد البشیر الیه اوّلًا

بقدوم الاسارٰی والرؤس المطھرة اِلٰی قریب مِن دمشق وتخیّل ثوران الفتنة وھجوم الناس علیه ۔ وتوھّم اَنُ ماا سسّه معویة ومَن معه مِن قبله مِن غرسھم فی قلوب اھل الشام واطرافھا بالتزویقات وتسویلات والوسا وس و الاکاذیب والا باطیل والف مِنَ الحیلة والمکیدة شجرة العداو ة لامیرالمومنین وسیدالوصیین واھله وعترته صلوة اللّٰه علیھم اجمعین لایقاوم لما یشاھده اھل الشام باعینھم ۔ ای کون اھل بیت رسولؐ اللّٰه علٰی تلک حالة وکون رؤس رجالھم الرماح و نسائھم و اطفالھم فی ذل الاسر خاف وخشی الناس ۔ ای مِن اثارتھم الفتنة وھجومھم علیه ففعل وافعل من عضّ انامله حتّٰی کادان یقطعھا وقال ماقال من قوله مصیبة عظیمة ورب الکعبة ۔ وتوھّم ھذا التوھم روسآء بنی اُمیّة ایضًا ۔ فلما دخل الحرم والسبایا دمشق وکان یاتیه فی کل حِین وساعة مَن یا تیه باخبار ماوقع مِن فرح اھل الشام وسرورھم ولعبھم ولھو ھم و ضربھم الدفوف والطبول وجعلھم ذلک الیوم کیوم العید ۔ عَلِمَ اَنَّ کفرھم ککفره مِن الامور الثابتة فزال اضطرابه واطمأنّ قلبه وزاد حرصه علٰی اَن یبالغ الناس فی تذ لیل اھل بیت الرسولؐ واستحقارھم واھانتھم والا ستھزآء والشما تة بھم وَلَا یتکلّم احد بما فیه الفضل والمدح والمنقبة لھم فلاجل ذلک امر بقتل الشیخ التائب المذعن بفضائل الرسول صلوات اللّٰه علیھم اجمعین وایضًا بقتل حامل الراس الشریف لاجل ابیا ته الثلا ثة مع کونه مِن اعوانه وانصاره ولعل ذلک الرجل کان حواش بن خولی ویحتمل اَن یکون غیره ۔ ثُمَّ انّ اعوان یزید وروساء جنوده وعساکره لماکانوا عالمیں بمایحبّه ویفرحه بذکره مِن تذ لیل اھل البیت واستحقارھم والشما تة واستھزآء بھم وبما یبغضه مِن اجرآء منقبة وفضیلة لاھل البیتؑ علٰی السنتھم ذکر زجر بن قیس ماذکر مِن نسبة الجبن والھرب الٰی اصحاب سید الشھدٰاء الٰی آخر ماذکره ۔ مع اِنَّ یزید کان عالِمًا قبل ذلک الوقت بان سید الشھدٰآء واصحابه قد افنوا معظّم جنوده واَبَاد وا اکثر عساکره وکان عالمًا ایضًا بانّ ھذا المطلب لم یخفُ علی الناس ۔ (اکسیرالعبادات ۔صفحہ 513)

حقیقت یہ ہے کہ یزید کو اپنی زندگی میں اتنی خوشی اور مسرت کبھی اور کسی بات پر نہیں ہوئی تھی جتنی امام حسین علیہ السلام کے قتل کر دیئے جانے سے ہوئی ۔ وہ جانتا تھا کہ ابن زیاد نے جو کچھ بھی کیا وہ اُسی کے حکم کی تعمیل میں کیا تھا ۔ اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ یزید بڑے اضطراب اور تشویش کے عالم میں بھی تھا ۔ تو جاننا چاہیئے کہ اس کا اضطراب اور تشویش اس روز سے شروع ہوئی تھی جس روز اُسے اسیرانِ اہل حرمؑ اور سرہائے شہدؑا کے دمشق میں پہنچنے کی اطلاع ملی تھی ۔ اس دن سے اُسکے سامنے لوگوں کی چڑھائی اور فتنہ وفساد اور بغاوت کے بھوت ناچنے لگے تھے ۔ اور جو کچھ معاویہ اور اُس کے ساتھیوں نے علیؑ کے خلاف اہل شام اور گردونواح کے لوگوں کو اُبھارنے اور دشمن بنانے اور اُن کا مرکزی مقام ختم کرنے کا انتظام کیا تھا وہ ایک وہم اور کمزور فریب معلوم ہونے لگا تھا ۔ وہ یہ سمجھ رہا تھا کہ جب لوگ قریب سے خاندان علیؑ ومحمدؐ کو دیکھیں گے تو یہ سارا بندوبست یہ تمام ڈھونگ یہ سارا مکر وفریب کا محل زمین پر آ گرے گا ۔ جھوٹا پروپیگنڈا ، فرضی برائیاں اور معاویہ اور اُسکے دوسرے بزرگوں کے خانہ ساز فضائل خاندانِ نبوّت کی تاب نہ لاسکیں گے ۔ اُن کے کٹے ہوئے سر نور برسائیں گے ۔ اُن کی خواتین اور اُنکے بچے لوگوں کے دلوں کو پگھلا دیں گے ۔ اُن کے بیانات ہمارا تانا بانا بکھیر دیں گے ۔ سروں کا نیزوں پر بلند ہونا ، رسولؐ زادیوں اور اُنکے بچوں کا قیدیوں کی رُسوا کن حالت میں دیکھا جانا لوگوں کو مشتعل کر سکتا ہے اور ایک خطرناک ہنگامہ اور فساد برپا ہوسکتا ہے ۔ اسی بنا پر اُسے مسلسل لحہ بہ لحہ جلوس کے متعلق اطلاع ملتے رہنے کا انتظام جاری تھا تا کہ پبلک کا ردّعمل معلوم ہوتا چلا جائے ۔ سرحسینؑ کو ایک عظیم مصیبت اسی خطرہ کو محسوس کر کے کہا گیا تھا ۔ اور یہ خطرہ تمام بنی امیہ اور اُن کے لیڈروں پر چھایا ہوا تھا ۔ جب

یزیدکو یہ معلوم ہوا کہ پبلک کی کثرت کومسرت ہوئی ہے۔ وہ عید منارہے ہیں، گانے بجانے اور ناچ رنگ اور موسیقی میں مصروف ہیں تو اُس کے اس یقین میں ترقی ہونا شروع ہوئی کہ اسکی پبلک کی کثرت بھی اُسی کی طرح کا فروسرکش اور خاندان علیؑ مرتضٰی کی مخالف ہے۔ اِس طرح حمایت ثابت ہوتی دیکھ کراس کا وہ اضطراب دور ہوگیا اور قلب میں مملکتی استحکام پر اطمینان پیدا ہوگیا۔لہٰذا لوگوں کو اہلبیتؑ کی تحقیر وتذلیل اور توہین پر مزید ابھارنے کی حرص پیدا ہوگئی ۔ چنانچہ اُن کا مذاق اڑانے اور اُن پر طعنہ زنی کرانے پر جری ہوگیا۔ اوراہلبیتؑ کی مدح وثنااور فضائل ومناقب بیان کرنے والوں پر تشدد کرنا طے کرلیا۔یہی سبب تھا کہ اس بوڑھے کوقتل کرادیا تھا جو امامؑ زین العابدین کے سمجھانے سے ایمان لایا تھااور دشمنان اہلبیتؑ پر بازاروں میں لعنت کرتا پھرا تھا۔اوراسی لئے اُس شخص کوقتل کرایا تھا جس نے امام حسینؑ کی عالی نسبی پراشعار کہےاور سر مبارک لانے پرانعام مانگا تھا۔شاید وہ حواش بن خولی یااور کوئی دوسرا تھا۔جس کے وہاں انصار ومددگار بھی موجود تھے مگر وہ خاموش رہے تھے۔ پھر یزیدی افواج کے سرداراور اراکین سلطنت جانتے تھے کہ یزید،علیؑ وخاندان علیؑ کی مذمت سے خوش ہوتا ہے اوران کی مدح وثنا وفضائل بیان کرنے پر غضبناک ہوتا ہے۔لہٰذا وہ لوگ امامؑ اور جانثارانِ امامؑ کی جرأت اور بہادری اوراپنی افواج کی بار بار کی ہزیمت بالکل نہ بتاتے تھے۔یہی وجہ تھی کہ جب زجر بن قیس اوردوسرے سرداران افواج نے کربلا کے حالات سنائے تو اپنی افواج کی کسی پسپائی کا اشارہ تک نہ کیا اور سارا زور امام حسین علیہ السلام کے بے بس ہوجانے پر صرف کردیا اور چند گھنٹوں میں صفایا کردینا دکھا کرشو(Show)ختم کردیا۔لیکن یزیداُن بیانات کو سمجھتا تھااور پہلے ہی سے جانتا تھا کہ حسینؑ اورصحابہ حسینؑ علیھم السلام نے اُس کی افواج کی کثرت اور اُسکی قوت کے بڑے حصہ کو برباد ونا پید کر کے رکھ دیا تھا۔اور جو حالت وہ انصاران حسینؑ کی بیان کررہے تھے وہ خوداُن کے فوجی بہادروں کی تھی کہ انہیں کہیں پناہ نہ ملتی تھی۔اوروہ یہ بھی جانتا تھا کہ افواج کی تباہی عوام الناس کو ایک روز ضرور معلوم ہوکررہے گی۔

(20)۔ فوج کی تباہی اور سپاہ حسینیؑ کی شجاعت دمشق میں داخلہ سے پہلے ہی بتادی گئی تھی

علامہ نے مندرجہ بالا بیان میں مسلسل لکھا ہے کہ:۔

وکیف لا ؟ فانّ جنوده لَـمَّا قاربوا دمشق بالسبايا والروس فبينما هم سائيرين اذ عارضهم فارس راكبًا علٰى جواده ۔ فقال لهم ياويلكم قتلتم ابنَّ بنتِّ نبيكمؑ ؟ فقالوا لَهُ اُسكُتْ فوالله لو كُنتَ حاضرًا مَعَنَا لَسَلَلْتَ سيفكَ قبل اسيافنا فقال لماذا ؟ قالوا لانّا وفدنا علٰى فتية كاالاسود الضارية وايديهم علٰى قوائم سيوفهم لَا يرغبون فى مال ولا يرهبون من قتال يحتطمون الفرسان حطمًا۔ فَلَمَّا رأونا فواثبوا علينا كمايثب الاسد علٰى فريسته فوالله ماقاتلنا هم بل رضا الخلاص فما قدرنا الّا بحدِّ سيوفنا وطعن وماجنا ولقد صبروا صبر الكرام ولِلّٰهِ درّهم مِن نصرة وذمام هذا ۔ (اکسیرالعبادات صفحہ 513)

اور کیسے افواجِ یزید کی بربادی پوشیدہ رہ سکتی تھی۔ یہ راز تو اس وقت کھل گیا تھا جب یہ خبیث یزیدی فوج سرہائے شہدؑا اوراہل حرمؑ کو لئے ہوئے دمشق کے قریب پہنچے۔انہیں راہ میں ایک گھوڑ اسوار ملا جس نے کہا کہ خدا تمہیں غارت کرے تم نے تو اپنے نبیؐ کی بیٹیؑ کے فرزندؑ کوقتل کرڈالا۔اُنہوں نے کہا بھیا زبان بندرکھو اگرتم ہمارے ساتھ

ہوتے تو تم ہم سے پہلے تلوار کھینچ لیتے۔ سوار نے پوچھا کہ وہ کیسے؟ انہوں نے کہا کہ بھائی ہم تو ایسے نوجوان کے ہاتھوں میں جا پھنسے تھے جو اُسی طرح پیش آئے جس طرح کوئی شیروں کی وادی میں جا پہنچے اور وہاں دھاڑتے ہوئے شیر تلواریں ہاتھوں میں لئے ہوئے چاروں طرف سے ٹوٹ پڑیں۔ ارے وہ تو ایسے ہیبت ناک لوگ تھے جنہیں نہ مال دنیا کی رغبت تھی نہ جان دینے اور جنگ کرنے سے ڈرتے تھے۔ وہ بہادران فوج کو گھیر کر چکنا چور کر دیتے تھے۔ جب ہمیں انہوں نے دیکھا تو ہم پر اسی طرح جھپٹے جس طرح شیر اپنے شکار پر جھپٹتا ہے۔ بھائی ہم نے اُن سے جنگ نہیں کی بلکہ ہم تو جس طرح ممکن ہوسکتا تھا اپنی جان بچانے میں مصروف رہے۔ پھر بھی انہیں اپنی تلوار اور نیزہ کی لمبائی سے دور نہ رکھ سکے۔ یقیناً اُنہوں نے بڑا ہی بزرگانہ صبر دکھایا اور یہ اُن ہی کی عمداً اور جاں نثارانہ قربانی کا نتیجہ ہے کہ ہم کامیاب ہوسکے۔ ورنہ نصرت خداوندی کی فراوانیاں اُن ہی کے ساتھ تھیں۔

51۔ یزید ملعون کا دربار اور اسیرانِ اہل حرم و سرہائے شہدا علیہم السلام

علما نے اہل حرمؑ کو دربار یزید میں جس طرح دکھایا ہے اُس پر فطری صورت حال ہی نہیں بلکہ سینکڑوں عقلی تقاضے اور ضرورتِ وقت اور نظامِ حکومت وسیاست بھی متفق نہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ خود بھی بوکھلائے ہوئے تھے۔ اُنہوں نے گھبرائے ہوئے اور پریشان حال راویوں کی باتوں کو تسلسل اور ربط دینے کے بجائے خود اپنا دماغی توازن کھودیا تھا۔ اور یہ نہ سوچا کہ انتہائی دردناک حالات سے گزرنے والا شخص ایک پرسکون اور مطمئن شخص کی طرح باتیں نہیں کیا کرتا۔ اُس کے قلب وذہن میں اضطرار ہوتا ہے۔ اُس کے حافظہ پر حادثہ کا دباؤ ہوتا ہے۔ وہ داستانِ غم کو بیان کرتے ہوئے خود متاثر ہوجاتا ہے۔ وہ بار بار رنجیدہ ہونا ناپسند کرتا ہے۔ وہ جلدی جلدی مختصر طور پر بات کہہ کر اپنی جان چھڑانا چاہتا ہے۔ اور اگر واقعات ومصائب خود اُس کے اوپر گزرے ہیں تو عرصہ دراز تک اس قابل نہیں ہونے پاتا کہ ایک غیر متعلق تماشائی کی طرح واقعات بیان کرسکے۔ خود قاتلانِ شہدا ہر کسی کے سامنے صحیح واقعات بیان کرنے سے اس لئے گھبراتے تھے کہ سننے والا انہیں مطعون کرے گا۔ لعنت وملامت کرے گا۔ البتہ اپنے جرم میں شریک اور دشمنانِ اہلبیتؑ کے رُوبرو وہ ہر تفصیل کہہ گزریں گے۔ اِسی طرح اسیرانِ اہل حرمؑ واقعات کربلا کی تفصیلات تو بڑی بات ہے لفظ کربلا سن کر یا کربلا، کوفہ وشام کا خیال آتے ہی تڑپ جاتے تھے۔ وہ کس طرح اُن مظالم کی تفاصیل بیان کرسکتے تھے جو روزِ روشن کو تاریکیٔ شب میں بدل دیتے ہوں۔ جنہیں دیکھ کر سورج اپنا منہ چھپالے۔ جنہیں دوسروں سے سن کر یزید ملعون ایسا شیطان بھی رونے لگے۔ لاشوں اور سرہائے شہداؑ کو دیکھنے والے اہلبیتؑ نے گوشت کھانا بند کردیا تھا۔ وہ تو کسی جانور کے ذبح کرنے کا ذکر بھی نہ سن سکتے تھے۔ بہر حال یہ وہ حادثہ تھا، یہ وہ واقعات وحالات تھے کہ جن پر گزرے وہ حضرات تو صبر وضبط وتحمل کے پہاڑ تھے۔ وہ اس قدر متاثر ہوئے تو راویوں اور تازہ تازہ سننے والوں کا جو حال ہو وہ کم ہے۔ مگر بعد کے علما کو چاہئے تھا کہ وہ اصول فطرت اور عقلی قوانین کی مدد لیتے اور واقعات کو ربط دیتے۔ وہ خلا پورا کرتے جو فطری گھبراہٹ وبوکھلاہٹ سے آج بھی پیدا ہوتا ہے۔ اُس شخص کا بیان بڑی احتیاط چاہتا ہے جو دوڑتا ہوا آئے اور یہ بتانا چاہے کہ ابھی

ابھی چند مسلح اشخاص نے اُس کے والدین، بچوں اور اہلیہ کو قتل کر دیا ہے۔ خون بہہ رہا ہے جلدی چلو میری مدد کرو۔ بہرحال وہ لوگ جن پر کبھی کوئی حادثہ نہیں گزرا، کوئی صدمہ نہیں پہنچا، عیش وعیاشی میں زندگی بسر کی، وہ اگر راوی ہوں یا اہل قلم ہوں تو کیا کہیں گے؟ اور کیا لکھیں گے؟ اور کیا سمجھیں گے اور کیا اثر لیں گے؟ میں نہیں جانتا بس یہ سمجھتا ہوں کہ نہ اُن کی بات قابل اعتبار ہوگی نہ اُن کی تحریر وتصنیف پر اعتماد کیا جاسکتا ہے۔ اُن کے ہر بیان پر تشکیک وتنقید ضروری ہوگی۔ اور جب تک اُن کی بات تمام فطری وعقلی تقاضوں کو پورا نہ کردے ہرگز قابل قبول نہ ہوگی۔ چنانچہ ہمارے سامنے روایات وبیانات کا ایک انبار لگا ہوا ہے۔ اُس میں کوئی ترتیب نہیں، کوئی نظم وضبط وتعین نہیں۔ جس طرح سیمنٹ، بجری اور روڑی کو مکسنگ (Mixing) مشین میں ڈال کر پانی کی مدد سے ملاتے جاتے ہیں۔ اُسی طرح علمانے راوی، روایت اور فطرت کو گڈمڈ کرکے ایک ڈھیر لگا دیا ہے۔ آپ نے یہ واقعات طرح طرح کی کتابوں میں پڑھے، منبر نشین علما سے سُنے، لیکن کیا آپ یا وہ علما اور کتابیں یہ بتاتی ہیں کہ دربار یزید میں اہل حرمؑ کتنی بار لائے گئے؟ اُس انبار اور ڈھیر سے یہ تاثر ضرور پیدا ہوتا ہے کہ یہ سب ایک ہی دن کا قصہ ہے۔ مگر قصہ اتنا بڑا ہے کہ اُسے بیس گھنٹوں میں بھی ختم نہیں کیا جاسکتا۔ بہرحال اس سلسلے میں جناب علامہ دربندی رضی اللہ عنہ کا بیان بھی سن لیں۔ پھر کوشش کریں کہ واقعات ایک فطری تریب میں آ جائیں۔

(الف)۔ دربار یزید میں اہل حرمؑ سے سلوک پر علامہ دربندیؒ کی شکایت

المجلس الثانی والثلثون من اکسیر العبادات فی اسرار الشهادات۔ فی دُخول الحرم والسّبایا علٰی مجلس یزید:۔

فلنقد م هیهنا قبل الخوض فی المطلب مقدّ مة وهی ان کلمة اصحاب المقا تل ای فی مقام ذکرهم دخول الحرم والسّبایا علٰی مجلس یزید وما وقع بعد ذلک فی غائط الخلط وعدم الانتظام وبیان ذ لک انّه لمالم یَکُنُ فی کتبهم عنوانات عد یدة لما وقع بعد دخول الرؤس المطهرة والحرم والسّبایا علٰی مجلس یزید بمعنی اَن یکون لکُلّ مطلب و لِکُلّ ماوقع فی یوم مِن الایام عنوان مستقل علیحدة۔ بل اجروا الکلام فی المقام ککلام ماوقع فی یوم واحد اختلط الامر واشتبه وصارافی عدم الانتظام وانضباط فی منارحتّٰی انّ القاصر فی تتبّع الروایات والغافل عن اخذ مجا معها اذا نظر الٰی تلک الکتب ظنّ اَنّ کُلّ ما وقع فی ایام عد یدة فقد وقع فی یوم واحد و هویوم دخول الحرم والسبایا دمشق۔ بل ظنّ ایضًا اِنّ ماوقع مِن رخصة یزید واذ نه لاهلبیتؑ وغیرهم بان یقیموا مأدبة الماتم والتعزیة والند بة علٰی سیدا لشهدّآء روحی له الفدآء فقد وقع ایضًا فی ذلک الیوم مع اَنَّ الامر لیس کذلک جدّا وکیف لا ؟ فانّ وقوف اهل البیتؑ ومکثهم فی الحرب فی المکان الخراب ممّاقد دَ لّت علیه روایات معتبرة۔

ثُمَّ بعد الاغماض عن کُلّ ذلک اقول انّهم مااجروا الکلام من جهة الترتیب علٰی نهج واحد فَاِنّ ابامخنف (1)۔ذکراوّلًا مانقلنا عنه مِن مقالات یزید حین احضاره الراس الشریف بین یدیه (2)۔ ثُمَّ ذکر دخول بنت عبدالله زوجته علیه (3)۔ ثُمّ ذکر دخول الشمر علیه(4)۔ثم ذکر قضیّة راس الجالوت(5)۔ ثُمَّ ذکر قضیّة جاثلیق نصاریٰ (6)۔ ثمّ ذکر قضیّة خروج جاریة مِن قصر یزید وقولها له قطع الله یدیک ورجلیک(7)۔ ثمَّ بعد کُلّ ذلک قال ثم استد عی یزید بالحرم فوقفوا بین ید یه فنظر الیهن وسئل عنهن الخ (8)۔ ثم ذکر بعد ذلک قضیّة نقل سکینةؑ مارأَتهُ فی منامها (9)۔ثمَّ ذکرقضیّة صعود الامام سیدُ الساجد ین علی المنبر ۔والعجب منه حیث یُستفاد مِن ظاهر کلامه اَنَّ کل ذلک انّما وقع فی یوم واحد (10)۔ بل ماذکر بعد ذلک ایضًا وذ لک قضیة امریزید الناس بقرأته القران بعد صلوة الخمس (11)۔ ومن قضیة اَنّ یزیدًا قام خطیبًا و قال یااهل الشام اِنّی

ماقتلتُ الحسینؑ الخ ۔ الـلّٰهُمّ الّا اَنْ یقال تلک القضایا واِنْ لم تکن واقعه فی یوم واحد الّاانّ مقصود ابی مخنف کان هوالاشارة الٰی محض الترتیب ولم یلاحظ فی ذلک تعیین یوم کُلّ واقعه من الوقائع ولا ذکرالایام علٰی نهج التفصیل۔

فنحن نذکر انشآء اللّٰه الوقائع التی جرت فی د مشق فی مجالس عد یدة فنلا حظ الترتیب ونشیر الیه مهما تمکنت مِن استنباطه مِن مطادی الروایات وکلمات اصحاب المقا تل فهاانا اذکر فی هذا المجلس کیفیّة ورود اهلبیتؑ والحرم الٰی مجلس یزید وهکذ اجملة من الامور المتعلقة بذ لک۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 516-515)

بتیسویں مجلس۔اکسیرالعبادات فی اسرارالشھادات سے اہل حرم اور قیدیوں کے یزید کے دربار میں داخلہ کی بابت:

اصل مطلب پرغوروخوض کرنے سے پہلے ہم بطورتمہید یہ بتاتے ہیں کہ مقاتل پر لکھنے والے حضرات نے داخلہ اہل حرمؑ اور اُس کے بعد واقعات میں بہت گڑ بڑ کی ہے۔اوراس کا سبب یہ ہوا ہے کہ انہوں نے اپنی کتابوں میں نہ تو کوئی ایک الگ عنوانات قائم کئے، نہ واقعات کی ترتیب کا لحاظ کیا، نہ یہ انتظام کیا کہ واقعات کو ایک دوسرے سے جداجدا لکھا اور رکھا جائے۔تا کہ پڑھنے والوں کو یہ معلوم ہوسکتا کہ کون سے واقعات کس کس روز وقوع میں آئے۔ یہ اُسی صورت میں ہوسکتا تھا جب کہ وہ ہر معاملہ کو مستقل عنوان کے ماتحت لکھتے۔اب تو اُن کی تحریر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ سب کچھ ایک ہی دن میں ہوگیا تھا۔اس طرح انہوں نے واقعات کو خلط ملط اور مشکوک کر کے رکھ دیا ہے۔ایسا شخص جس نے تمام روایات کو مسلسل کر کے نہیں دیکھا اور جو غریب روایات میں ربط پیدا کرنے سے ناواقف ہو، وہ توان مختلف ایام میں گزرنے والے واقعات کو ایک ہی دن کی سرگزشت سمجھنے پر مجبور ہوجائے گا۔اور یہ سب اُسی روز کے واقعات سمجھ لے گا جس دن اہل حرمؑ اور قیدی دمشق میں داخل ہوئے تھے۔یہی نہیں بلکہ وہ تو یہ سمجھے گا کہ اس پہلی ہی نشست میں یزید نے اہلبیتؑ کو اور دیگر متعلقین کو امام حسین علیہ السلام کی مجلس عزا اور ماتم برپا کرنے کی بھی اجازت دے دی تھی۔حالانکہ یہ سب واقعات ایک ہی روز وقوع میں نہیں آئے تھے۔اور کیسے ممکن ہوسکتا ہے جب کہ اہلبیتؑ کا جنگی قیدیوں کی حیثیت سے رہنا اور ایک مخصوص بدترین مکان میں ٹھہرایا جانا معتبر روایات سے ثابت ہے۔ورنہ اُسی روز رہائی بھی ہوگئی ہوتی تو اس مکان میں قید ہونے کی بات ہی نہ ہوتی۔

بہرحال اگر ہم اس سے بھی صرفِ نظر کرلیں تو اس کو کیا کریں کہ اُن سب نے جس ترتیب سے واقعات کو ایک ہی طرح لکھا ہے وہ بھی اُن کی چغلی کھاتے ہیں ۔مثلاً ابومخنف نے (1)۔ پہلے یزید کی وہ گفتگو لکھی جو سرحسینؑ کے لائے جانے پر کی تھی ۔ (2)۔پھر اُسکی زوجہ کے آنے کا ذکر لکھا۔(3)۔پھر شمر کا آنا بیان کیا ہے۔(4)۔پھر راس الجالوت والا معاملہ نقل کیا ہے۔ (5)۔اس کے بعد عیسائیوں کے جاثلیق کی تفصیل بیان کی ہے۔(6)۔پھر یزید کے محل سے کنیز کا نکلنا اور یزید کے ہاتھ پاؤں کٹ جانے کی بددعا اُسی کنیز کی زبانی لکھی ہے۔(7)۔ یہ سب کچھ لکھنے کے بعد اب ابومخنف یہ لکھتے ہیں کہ یزید نے اہل حرمؑ کو حاضر کرنے کا حکم دیا۔جب وہ سامنے آگئے تو اُن پر نظر ڈالی اور اُن سے سوالات کئے۔ (8)۔پھر وہ حضرت سکینہؑ کا یزید سے اپنا خواب بیان کرنے کا واقعہ لکھتے ہیں۔(9)۔پھر امامؑ سید الساجدین کا منبر پر جانا بیان کرتے ہیں۔تعجب یہ ہے کہ یہ سب کچھ اس طرح لکھا ہے کہ اُس سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ تمام واقعات پےدرپے ایک ہی دن ہوئے۔(10)۔بلکہ اسکے بعد یزید کا لوگوں پر پانچوں نمازوں کے بعد قرآن پڑھنے کا

تقاضہ بھی شامل کرنا ہوگا۔(11)۔اور یہ بھی اسی روز ماننا ہوگا کہ یزید نے اہل شام کو ایک خطبہ دیا اور کہا کہ اے اہل شام! میں نے حسینؑ کو قتل نہیں کیا ہے۔گویا یہ کہا جاسکتا ہے کہ سب ایک ہی روز وقوع میں آیا مگر ابومخنف کا منشا یہ نہیں ہے۔ بلکہ ابومخنف نے محض واقعات کی ترتیب نقل کی ہے۔اور کسی واقعہ کو کسی دن کے ساتھ ملا کر لکھنے کا لحاظ نہیں رکھا ہے۔صرف واقعات لکھتے چلے گئے ہیں۔

لیکن ہم انشاءاللہ اس کا لحاظ رکھ کر وہ تمام واقعات لکھیں گے اور یہ بتائیں گے کہ دمشق میں داخلہ کے بعد واقعات کس ترتیب سے اور کن ایام میں وقوع پذیر ہوئے۔ یہ کام ہم کئی ایک مجلسوں میں انجام دیں گے۔اور مختلف مصنفین کے بیانات سے اور روایات سے اس طرح استنباط کریں گے کہ مومنین کو اطمینان ہو جائے گا۔چنانچہ لیجئے ہم اسی زیرِ قلم مجلس میں اہلبیتؑ اور اہل حرمؑ کا یزید کی مجلس میں پہلے دن آنا اور اس کے متعلق تمام واقعات کو لکھتے ہیں۔(اکسیرالعبادات صفحہ 516-515)

(ب)۔ اہلبیتؑ رسن بستہ پیش کئے گئے تھے

عن المنتخب عن علی بن الحسین علیهماالسلام انّه قال لَمَّا وَفَدْنَا علٰی یزید بن معویة آتونا بِحِبَال وربّقُوْنَا مثل الاغنام وکان الحبل بعنقی وعنق ام کلثومؑ وبِکتف زینبؑ وسکینةؑ والبنات وساقونا وکلمّا قصرنا عَنِ المشی ضربونا حتّٰی اوقفونا بین یزید وهُوَ علٰی سریر مملکته۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 516)

علامہ فخرالدین طریحی رضی اللہ عنہ نے اپنی کتاب المنتخب میں جناب امام زین العابدین علیہ السلام کی زبانی لکھا ہے کہ فرماتے تھے۔جب ہمیں اجتماعی طور پر یزید ملعون کے سامنے لے جایا گیا تو ہم سب کو چوپاؤں کی طرح ایک رسے میں اس طرح باندھ رکھا تھا کہ اُس رسے کا ایک سِرا میری اور اُم کلثومؑ کی گردن میں بندھا تھا۔پھر اُس کو زینبؑ وسکینہؑ کے کاندھوں میں باندھا تھا۔اور اس طرح مسلسل خاندان رسولؐ کی باقی بیٹیاں باندھی گئی تھیں۔اور ہمیں جانوروں کی طرح ہانکا جارہا تھا۔اگر ہم میں سے کوئی چلنے میں ذرا پیچھے رہ جاتا تھا تو وہ لوگ اُسے مارتے جاتے تھے۔اس طرح ہمیں یزید بن معاویہ ملعون کے روبرو کھڑا کیا گیا۔جب کہ وہ تخت مملکت پر بیٹھا ہوا تھا۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 516)

مومنین خود یہ سمجھ سکتے ہیں کہ اگر اہل حرمؑ کو کسی قسم کی تکلیف اور صدمہ بھی نہ پہنچا ہوتا اور اُن میں سے کوئی بیمار بھی نہ ہوتا تو بھی اس طرح رسوں میں باندھ کر لانے کی ضرورت نہ تھی۔فوجوں کے تیغ بکف پہرے میں گھری ہوئی مستورات اور بچے کہیں بھاگ کر نہ جاسکتے تھے۔مگر بدر کے قیدیوں کا بدلہ اولادِ رسولؐ اور علیؑ وفاطمہؑ کی بیٹیوںؑ سے لینا ضروری تھا۔تاکہ یزید اپنے باپ اور دادوں کی ارواح کو خوش کر سکے۔حالانکہ جنگ بدر کے قیدیوں میں سے کسی کو بھی خاندان رسولؐ کے کسی فرد نے گرفتار نہ کیا تھا۔وہ گرفتار کرنے والے بھی اُسی نسل کے لوگ تھے جس سے یزید تھا۔قحطانی نسل کے لوگوں کے باندھے ہوئے قیدیوں کی رسیاں البتہ رسولؐ اللہ نے ڈھیلی کرادی تھیں۔ بس یہی گناہ تھا کہ اُنہوں نے نبوت کا دعویٰ کر کے یزید کے اباواجداد کی اجارہ داری ختم کردی تھی۔اُن کے خداؤں کو کعبہ سے نکال دیا تھا۔انہیں عام انسانوں کے برابر رکھا جاتا تھا۔آخر دورِ اوّل کی قوم (فرقان 25/30) نے یزید کی صورت میں رسولؐ اللہ اور ان کی بیٹیؑ اور بھائیؑ سے انتقام لے لیا۔

(ج)۔ دربار یزید میں جناب زینب علیہا السلام کے بیانات وجوابات (پہلا دن)

فی بیان جملة ماوقع فی ذلک الیوم ای فی الیوم الاوّل الذی احضرفیه الرؤس المطهرة والحرم والسّبایا فی مجلس یزید فَمِن جملة ماوقع فی ذلک الیوم ما صدرمِن الصدّیقةً الصغریٰ اعنی زینبً بنت امیر المؤمنین وذلک مِن کلما ته الشریفة مِن الخطبة والاحتجاج علی یزید وغیر ذلک فاعلم انّ جمًّا مِن اصحاب مقا تل قد ذکروا وامّا زینبً فانّها لمّا رأت الراس الشریف اهوت الیٰ جیبها فشقّت ثم نادت بصوت حزین تفرغ القلوب یاحسیناهً ؛یاحبیب رسولً اللّٰه یابن مکّة ومنٰی یابن فاطمة الزهرٰٓاء سیده النسآء یابن بنتً المصطفیٰؐ ۔قال فبکت واللّٰه کل من کان فی المجلس ویزید ساکت ثُمَّ جعلت امراة بنی هاشمً فی دار یزید تندب علی الحسینً و تنادی وا حبیباهً وا سید اهل بیتاه یابن محمدً اه یاربیع الارامل والیتامٰی یاقتیل اولاد الادعیاء ۔ فبکت کُلّ مَن سمعها ثم دعی یزید بقضیب خیزران فجعل ینکت به ثنایاالحسینً فاقبل علیه ابوبرزة الاسلمی وقال ویحک یایزید اَتَنْکُتَ بقضیبک ثغرالحسینً بن فاطمةً اشهد لقد رایتُ النبیً یرشف ثنایاه وثنایا اخیه الحسنً ویقول انتما سیداشباب اهل الجنة فقتل اللّٰه قاتلکما ولعنه اَعدّ له جهنّم و سا ئت مصیرًا ۔ قال فغضب یزید وامر باخراجه فاخرج سحبا ۔ قال وجعل یزید یتمثل با بیات ابن زبعری: لیت اشیا خی ببد ر شهد وا ۔ جزع الخزرج مِن وقع الاسَلُ ۔ فاهلوا فاستهلّوا فرحًا ۔ ثم قالوا یایزید ل ا تَشَلُ۔ (وزاد محمد بن ابیطالب) لَسْتُ من خِندِف اِنْ لم انتقم ۔ مِن بنی احمدً ماکان فعَلُ ۔ (وفی المناقب) لَسْتُ مِن عتبة اِنْ لم انتقم ۔ مِن بنی احمدً ماکان فعل۔

پہلے دن جس روز اسیران اہل حرمؑ اور سر ہائے شہدائے کربلاؑ یزید کے سامنے پیش کئے گئے وہاں گزرنے والے تمام حالات اور خصوصاً جناب صدیقہ صغریٰ زینب بنت امیر المومنین علیہما السلام کے وہ تمام کلمات اور بیانات اور متعلقہ احتجاجات پیش کئے جاتے ہیں جوانہوں نے یزید ملعون اور متعلقہ لوگوں پر عائد کئے اور اُن کو جھنجھوڑ کرر کھ دیا تھا۔لہٰذا جاننا چاہئے کہ تمام مقاتل کی کتابیں لکھنے والوں نے متفقہ طور پر لکھا ہے کہ جناب زینب علیہا السلام نے جب اپنے بھائی کا سر مبارک اِس توہین کے ساتھ رکھا ہوا دیکھا تو ایک جگر خراش آواز میں بین کرنا اور کہنا شروع کیا کہ ہائے حسینؑ بھیا۔ ہائے رسولؐ اللہ کے لاڈلے بیٹے ۔ ہائے مکہ اور منیٰ کے وارث ۔ ہائے فاطمہؑ زہراء تمام عالمین کی عورتوں کی سردار کے فرزند۔ ہائے بنت رسولؐ کے دلبند ۔ کہتے ہیں کہ یزید کے تمام درباری اور حاضرین مجلس زاروقطار رو رہے تھے۔اور یزید ملعون خاموش بیٹھا ہوا لوگوں کا حال دیکھ رہا تھا۔لیکن حضرت زینبؑ کی آواز یزید کے محل میں گئی تو وہاں جتنی بنی ہاشمؑ سے تعلق رکھنے والی عورتیں تھیں بےقرار ہوکر نالہ وزاری کرنے لگیں اور پکارتی تھیں کہ ہائے سارے جہاں کے پیارے۔ ہائے رسوؐل کی اہلبیتؑ کے سردار، ہائے محمدؐ کے چشم و چراغ، ہائے یتیموں اور بیواؤں کے پالنے والے، ہائے وہ بزرگ جسے بدکار عورتوں کی اولاد نے قتل کردیا۔اُن کی فریاد وبکا جس نے سُنی وہ بھی رو دیا۔اس کے بعد یزید نے غصہ میں بید کی لکڑی منگائی اور دندان مبارک سے بےادبی کی۔ یہ دیکھ کر ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ نے ٹوکا اور کہا کہ اے یزید تو اِس چھڑی سے حسین علیہ السلام کے دندان مبارک سے گستاخی کررہا ہے۔ یقیناً میں نے خود دیکھا ہے کہ رسولؐ اللہ حسینؑ اور حسنؑ کے دانتوں کو چوسا کرتے تھے۔اور فرمایا کرتے تھے کہ تم دونوں جوانان بہشت کے سردار ہو، اللہ تمہارے قاتلوں کو تباہ کر کے ملعون قرار دے گا۔اور انہیں جہنم ایسی بری جگہ عذاب دیگا۔ کہتے ہیں کہ یہ سُن

کر یزید کوغصہ آیا اور حکم دیا کہ ابو برزہ کو دربار سے نکال دو چنانچہ اسے گھسیٹ کر نکال دیا گیا۔ کہا گیا ہے کہ یزید نے ابن زبعری کے اشعار کو اپنے حسبِ حال بنا کر پڑھا اور کہا کہ:۔

کاش میرے بدر کے زمانہ والے بزرگ دیکھتے کہ آج قبیلہ خزرج کے لوگ تلواروں کی مار سے کیسے بے چین و بے قرار ہیں۔ تم دیکھتے تو خوشی کے مارے مبارکباد کے نعرے مارتے اور دعا دیتے کہ اے یزید تیرے ہاتھ کبھی بے قدرت نہ ہونے پائیں۔ میں بنی خندف اور عتبہ کی اولاد ہوں تو احمدؐ کی اولاد سے ضرور بالضرور تمہارا انتقام پورا پورا لے کر چھوڑوں گا۔

(نوٹ)۔ مومنین عموماً اور سادات عظام خصوصاً نوٹ کریں کہ یزید، اُس کے آباواجداد اور اُس کی قوم (فرقان 25/30) اس حقیقت کو جانتی تھی کہ محمدؐ و علیؑ اور اُنکے آباواجداد علیھم السلام اور بنی خزرج ہی حقیقی اولاد اسماعیل علیھم السلام ہیں اور یہ تمام سفیانی قحطانی نسل کے خودساختہ قریش تھے۔

(د)۔ حضرت زینب علیہا السلام کا یزید لعین کو جواب

قال السيد ابن طاؤس وغيره فقامت زينبؑ بنت اميرؑالمؤمنين فقالت الحمد لِلّٰه رب العالمين وصلى اللّٰه علٰى محمد رسوله وآله اجمعين صدق اللّٰه كذ لك ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيۡنَ اَسَآءُ و ا السُّوۡآى اَنۡ كَذَّبُوا باٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوا بِهَا يَسۡتَهۡزِؤُن(30/10) اَظننت يايزيد ذلك لعظم خطرك عنده فشمخت بانفك ونظرت فى عطفك جذلان مسرورًا حين رايتَ الدنيا لك مستوسعة والامور متسقة وحين صفالك ملكنا وسلطاننا . مهلًا مهلًا انسيت قول اللّٰه تعالٰى: وَلَا يَحۡسَبَنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا اَنَّمَا نُمۡلِىۡ لَهُمۡ خَيۡرٌا لّاَ نۡفُسِهِمۡ إِنَّمَا نُمۡلِىۡ لَهُمۡ لِيَزۡدَادُوۡا إِثۡمًا وَلَهُمۡ عَذَابٌ مُّهِيۡن(عمران 3/178)

اَ مِنَ الۡعَدۡلِ يابن الطلقآء تحذ يرك حرآئرك وامائِك وسوقك بنات رسولؐ اللّٰه سبايا قد هتكت ستورهنّ وابديت وجوههن تحد وبهنّ الاعدآء مِن بلد الٰى بلد و يستشر فهن اهل المناهل والمناقل ويتصفح وجوههن القريب والبعيد و الدُّنِّى والشريف وليس معهن مِن رجالهن ولىّ ولا مِن حماتهن حمىّ وكيف يرتجى مراقبة مَن لَفَظَ فُوهُ اكبادالاذكياء وبنت لحمه بدمآء الشهدۤآء وكيف ولا يستبطى فى بغضنا اهل البيتؑ مَن نظراِلينا بالشنف والشنان والاحن والاضغانِ ثم تقول عير متاتمّ ولا مستعظم واهلّوا واستهلّوا فرحًا۔ ثم قالوا يايزيد لا تشل منتحبا علٰى ثنايا ابى عبداللّٰه سيد شباب اهل الجنة تنكتها بمحضرتك وكيف لا تقول و قد نكأت القرحة واستاصلت الشافة باراقتك دمآء ذرية محمدؐ ونجوم الارض مِن آل عبدؑالمطلب وتهتف باشياخك زعمت انّك تناديهم فلتردنّ وشيگا موردهم ولتودّنّ انّك شللت وبكمت ولم تكن قلتَ ما قلتَ وفعلتَ مافعلتَ۔ اللّٰهم خذ بحقنا وانتقم من ظالمنا واحلل غضبك بِمَن سفك دمائنا وقتل حماتنا ۔فواللّٰه ما فريتَ الا جلدك ولا جززتَ اِلّا لحمك ولَتَردنّ علٰى رسولؐ اللّٰه بما تحملّت مِن سفك دماء ذريّته وانتهكت مِن حرمته فى عترته ولحمته حيث يجمع اللّٰه شملهم ويلّم شعثهم وياخذ بحقهم وَلَا تَحۡسَبَنَّ الَّذِيۡنَ قُتِلُوا فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ اَمۡوَاتًا بَلۡ اَحۡيَآءٌ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ يُرۡزَقُوۡن (عمران 3/169)حسبك باللّٰه حاكمًا و بمحمدؐ خصيمًا وبجبرئيل ظهيرًا وسيعلم سول لك ومكنّك مِن رقاب المسلمين بئس للظالمين بدلا۔ وايّكم شَرّ مكَانًا وَاَضۡعَفُ جُندً ا۔(مريم 19/75)

وَلَئِن جرّت عَلَىَّ الد وا هى مخاطبتك انّى لا ستضغر قد رك واستعظم تقريعك و استكثر توبيخك لكن العيون

عبرًا والصد ورحرًا الّا فالعجب كل العجب لقتل حزب الله النّجبآء بحزب الشيطان الطلقآء فهده الايدی تنطف مِن دمائنا والافواه تتحلب مِن لحومنا وتلک الجثث الطواهر الزواکی تتنا هی العواسل تعقرها امهات الفراعل ولئِن اتخذ تنا مغنمًا لتجدناوشیکا مغرمًا حین لا تجد الّا ماقدّ مت ومَاربک بظّلام للعبید ۔ فَالَی الله لمشتکی والیه المعوّل فَکِدْ کَیْدک وواسع سعیک وناصب جهدک ۔ فوالله لا تمحو ذ کرنا ولا تمیت حیّنا ولا تدرک امد ناولا ترخّص عنک عارها ۔وهل رَأیک الّافند و ایامک الاعدد وجمعک الاید د ویوم ینادی المنادی الا لعنة الله علی الظالمین فالحمد لِله الذی ختم لاوّلنا بالسعادة والعفرة ولا خرنا بالشهادة والرحمة ونسئل الله اَن یکمل لهم الثواب ویوجب لهم المزید ویحسن علینا الخلافة انه رحیم ودودٌ حسبنا الله ونعم الوکیل۔ قال یزید: یاصیحة تحمد من صوائح ماهون الموت علی النوایح ۔

(اکسیرالعبادات فی اسرارالشهادات ۔صفحہ 518 تا519)

جناب السید ابن طاؤسؒ اور دیگر علمانے لکھا ہے کہ یزید کے اشعار سن کر حضرت زینبؑ کھڑی ہوگئیں اور یزید کو مخاطب کر کے فرمایا کہ تمام حمد وثنا عالمین کے پروردگار کے لئے ہے اور درود وسلام محمدؐ رسول اللہ اور اُن کی تمام اولاد کیلئے ہے۔ اللہ نے سچ فرمایا ہے کہ بدکردار اور نا ہنجار لوگوں کی عاقبت اسلئے تباہ کن ہے کہ انہوں نے آیاتِ خداوندی کو جھٹلایا اور اُن کا مذاق اڑاتے رہے (سورہ روم 30/10)۔ اویزید! کیا تیرا یہ گمان ہے کہ تونے جو ہمیں فی الحال بے دست و پا کر کے رکھ دیا ہے یہ اللہ نے تجھے عزت دی ہے اور ہمیں ذلیل کیا ہے؟ اور تیری یہ عارضی کامیابی خدا کے یہاں تیرا کوئی بلند مقام تجویز کرتی ہے؟ کیا تجھے تیرا یہ جاہ وحشم اور یہ مصنوعی اختیار وقدرت اس خبط میں مبتلا کئے ہوئے ہے کہ ہماری غصب کی ہوئی یہ حکومت ہمیشہ تیرے قبضہ میں رہے گی؟ تو ذرا ٹھہر جا تجھے بہت جلد اللہ کا وہ فرمان یاد آنے والا ہے جو اُس نے تیرے ہی ایسے لوگوں کے لئے جاری کیا تھا کہ۔'' کافر لوگ یہ خیال نہ کریں کہ انہیں جو مہلت دی گئی ہے وہ ان کے لئے مفید ہوگی ۔ یہ تو اس لئے دی گئی ہے کہ وہ ذرا کھل کر گناہ کرلیں تا کہ انہیں دردناک عذاب دیا جا سکے اور ذلیل ورسوا کیا جا سکے۔'' (عمران 3/178)

اَے آزاد کردہ غلاموں کے بیٹے! کیا تیرے مذہب میں اسی کو عدل وانصاف کہتے ہیں کہ تیری آزاد بیویاں اور کنیزیں تو خانہ نشین اور پردہ میں رہیں اور رسولؐ اللہ کی بیٹیاں قیدی بنا کر بے پردہ سر ننگے شہروں کے بازاروں میں رُسوا کی جائیں اور نزدیک ودور والے جمع ہوں، شریف ورذیل سب قسم کے لوگ انہیں بے پردہ دیکھیں، اُن کا مذاق اڑائیں ۔ نہ اُن کے ساتھ اُن کے مرد محافظ ہوں نہ اُن کی سرپرستی کرنے والے ہمراہ ہوں ۔ مگر افسوس میں کیا کہہ رہی ہوں ۔ جن کے منہ سے شہدؑا کے کلیجے کھانے کی بُو آتی ہو، جن کا گوشت اور خون ہی شہدؑا کا خون پینے والوں کے نطفہ سے بنا ہو۔ اُس سے رحم وکرم ووفا کی امید ہی غلط ہے ۔ جو آل رسوؐل کو بغض وعناد اور کینہ بھری نظروں سے دیکھتا ہو، اُس سے کسی قسم کا ظلم وستم بعید نہیں ہے ۔ تونے حسینؑ کے دندان مبارک پر چھڑی رکھی ہوئی ہے ۔ تمام مسلمان جانتے ہیں کہ وہ جوانان جنت کے سردار ہیں ۔ تو بڑی بے رحمی سے چھڑی مارتا ہے اور بڑی ہی بے غیرتی سے امید کرتا ہے کہ ترے ملعون بزرگ اس صورت سے خوش ہوتے اور تجھے مزید مظالم کرنے کی دعا دیتے ۔ واقعی اگر وہ زندہ ہوتے تو تجھ سے بہت خوش ہوتے اس لئے کہ تونے آل رسولؐ اور اولاد عبدالمطلبؑ کا قتل عام کیا ہے اور یوں ہمارے دلوں پر گہرا زخم لگایا ہے ۔ تونے زہرؑاء کے چمن کو تاراج

کر دیا ہے۔جنہیں تو نے قتل کیا ہے وہ اس زمین کو روشن رکھنے والے ستارے تھے۔اب تو اپنے کافر بزرگوں کو پکارتا ہے۔کیا وہ تجھے جواب دے سکیں گے؟ ذرا ٹھہر تو بھی اُن ہی کے پاس پہنچنے والا ہے۔وہاں جا کر تجھے حقیقت معلوم ہوگی۔وہاں تو تمنا کرے گا کہ کاش تیرے ہاتھ شل ہو گئے ہوتے تو اہلبیتؑ کا خون نہ بہاتا اور تو گونگا ہو گیا ہوتا تا کہ یہ بکواس نہ بکتا۔ خدایا! تو اس شقی سے ہمارا انتقام لے اس پر عذاب مسلط کر۔اُس سے ہمارا حق چھین لے جس نے ہمارا خون بہایا ہے۔ہمارے سر پرستوں اور حمایت کرنے والوں کو تہہ تیغ کیا ہے۔لیکن قسم بخدا تو نے خود اپنی ہی کھال اتارنے اور خود اپنی بوٹیاں کٹوانے کا انتظام کیا ہے۔تو ضرور رسولؐ اللہ کے سامنے لوٹایا جائے گا اور تجھ سے ذریتِ رسولؐ کا خون بہانے اور اُن کی بے عزتی کرنے کا بدلہ لیا جائے گا۔وہاں ہمارے بزرگ جمع ہوں گے اور تجھ سے اپنا حق غصب کرنے کا انتقام لیں گے۔اور وہ لوگ یہ نہ سمجھ بیٹھیں کہ راہ خدا میں قتل ہونے والے مر گئے بلکہ وہ زندہ ہیں اور اللہ کی طرف سے تمام سامانِ حیات اُن کو حاصل ہے (عمران 3/169)۔لہٰذا وہاں اللہ حاکم ہوگا۔محمدؐ مدعی ہوں گے اور جبرائیلؑ اُن کا مددگار ہوگا۔اُن لوگوں سے بھی مواخذہ ہوگا جنہوں نے تجھے مسلمانوں کی گردنوں پر سوار کیا اور انہیں بدترین بدلہ دیا جائے گا اور پتہ چلے گا کہ کون شریر ترین لوگ تھے اور کس کی فوجیں کمزور تھیں؟ (سورہ مریم 19/75)

گو مجھ پر ظلم وستم اور مصائب کے پہاڑ آ گرے ہیں۔لیکن اس سے میں پست ہمت نہیں ہوں اور تجھے سرزنش اور ملامت کرنے کے لئے کافی ہوں۔میں تجھے اس حال میں بھی حقیر وذلیل وکمزور شخص سمجھتی ہوں جب کہ میری آنکھوں کے آنسو تھمتے نہیں اور جگر پاش پاش ہے۔اس سے زیادہ تعجب اور کس بات پر کیا جائے کہ اللہ کا برگزیدہ گروہ آزاد کردہ شیطانی گروہ کے ہاتھوں قتل ہو جائے۔یہی وہ ہاتھ ہیں جن سے ہمارے خون کے قطرے ٹپک رہے ہیں۔یہی وہ منہ ہیں جن سے ہمارے گوشت کی بو آ رہی ہے۔ہمارے وارثوں کے پاکیزہ سر بریدہ جسم جنگل میں پڑے ہیں۔جو بجوؤں کی دوڑ دھوپ اور مکروہ حرکات کو روکے ہوئے ہیں۔اگر تو نے آج ہمیں مال غنیمت سمجھ لیا ہے تو یہ سمجھ بہت جلد تیرے تباہ کن خسارہ کا تجھے پتہ دے گی۔اس لئے کہ اللہ اپنے بندوں کے لئے ظالم نہیں، عادل ہے۔ہم اُسی سے شکوہ کرتے ہیں اور اُسی پر بھروسہ کرتے ہیں۔اپنی فریب کارانہ اسکیم کو خوب آگے بڑھا، اپنی کوشش حد کو پہنچا دے، اپنی محنت میں خوب اضافہ کر دیکھ۔مگر اللہ کی قسم! یہ تیری قدرت سے باہر ہے کہ تو ہمارا ذکر خیر دنیا سے مٹا سکے یا تو ہماری ابدی حیات کو موت میں بدل سکے یا اپنے اور اپنے آباواجداد کے اور اپنی قوم کے دامن سے بے دینی اور ہمارے قتل عام کا داغ ہٹا سکے۔اور نہ ہمارے غلبہ کو روک سکے گا۔کیا تیرے خیال میں تیری حکومت ہمارے اس جھٹکے کو سہہ جائے گی؟ کیا تیری قوت اور قومی اجتماع اور سازش قائم رہ سکے گی؟ یہ سب اس طرح غائب ہو جائے گا جیسے چقماق سے نکلنے والا شعلہ غائب ہو جاتا ہے۔اور وہ دن آ جائے گا جب ایک منادی یہ آواز لگائے گا کہ اللہ نے ظالموں کو محروم کر دیا ہے۔چنانچہ ہم اسی یقین پر اللہ کی حمد وثنا کرتے ہیں کہ ہمارا اوّلین بزرگ کامیابی اور سعادت پر سرفراز ہو کر گیا اور دوسرا بزرگ شہادت ورحمت کا منبع بن گیا۔ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ اُن دونوں کو بہترین جزا عطا کرے اور اُن کو اُن کے مقاصد میں تکمیل عطا فرمائے اور ہماری خلافت کو حسین طریقہ پر برقرار رکھے۔ یقیناً اللہ ہم سے رحم ومحبت ومودۃ رکھنے والا ہے۔اور اللہ ہی ہمارے لئے بہترین وکالت وفطانت کے لئے ذمہ دار ہے۔یزید نے سر اٹھایا اور کہا کہ:۔

''اَے پھٹکارنے اورڈانٹنے والی خاتون تُو نے سرزنش کوقابل ستائش بنادیا۔
تیرا یہ نوحہ سُننے کے مقابلہ میں مجھے موت زیادہ آسان تھی۔'' (اکسیرالعبادات۔صفحہ 518 تا 519)

(۵)۔ حضرت زینب علیہا السلام کا یہی خطبہ دوسری روایت اور دوسرے عالم کے یہاں

علامہ دربندی رضی اللہ عنہ اِسی احتجاج کو دوسری سند سے لکھتے ہیں۔ہم بھی اُسے بطور ریکارڈ مومنین کے لئے ذخیرہ کریں گے۔لیکن چونکہ دونوں خطبوں میں بہت معمولی سالفظی ومعنوی فرق ہے اِس لئے پورے خطبہ کا ترجمہ ازسرنونہیں کریں گے۔بلکہ صرف مختلف اور نئے جملوں کا ترجمہ پیش کرتے جائیں گے۔لہٰذا علامہ کا بیان مسلسل سنئے۔پہلی روایت کے بعد لکھتے ہیں کہ:۔(ہم نئے الفاظ کے نیچے لکیر ڈالیں گے)

وَلا یخفی عَلَیۡکَ اَنَّ هٰذه المحاجة البالغة قدنقلها الطبرسی فی الاحتجاج ویقرب ماذکره مِمَّا نقلنا عَن السید ابن طاؤس وغیره۔وانّما تفاوت فی جملة مِنَ الالفاظ واِنۡ شِئۡتَ اَنۡ تاخذ بمجامع ماذکره الطبرسی ایضًا۔ فاعلم اَنَّهٗ قَالَ روی شیخ صدوق مِن مشا ئخ بنی هاشم وغیره من الناس انهٗ لمااُدۡخِل علیؑ بن الحسینؑ وحرمه علٰی یزید وجِیٔ براس الحسینؑ ووضع بین یدیه فی طشت فجعل یضرب ثنایاه بمحضرة کانت فی یده وهویقول : لَعِبَتۡ بنی هاشم بالمُلۡکِ فلَا ۔ خَبۡرٌجَآءَ ولا وحیٌ نَزَلَ۔الابیات الخ فقامت زینبؑ بنت امیرالمؤمنین واُمُّهَا فاطمةؑ بنت رسولؐ اللّٰه صلی اللّٰه علیه وآله وصلوات اللّٰه علیهم اجمعین۔وقالت الحمد لِلّٰه رب العالمین وصلی اللّٰه عَلٰی جدّی رسولؐ اللّٰه سید المرسلین صدق اللّٰه سبحانه کذلک یقول کَانَ عَاقِبَةَ الَّذِیۡنَ اَسَآءُ واالسُّوۡٓاٰی اَن کَذَّبُوابِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَکَانُوابِهَا یَسۡتَهۡزِءُ وۡن (روم 30/10) اَظننت یایزید حِیۡنَ اَخَذۡتَ عَلَیۡنَا اقطار الارض وضَیَّقۡتَ علینا آفاق السمآء، واصبحنا لک فی اسار، لساق اِلَیۡک سوق فی قنطار، وانت علینا ذ واقتد ار ۔ ان بنامِنَ اللّٰه هوانًا وعلیک منه کرامة وامتنانًا وَاَنَّ ذلک لِعَظَمِ خطرک وجلالة قد رتک فشمخت بانفک ونظرت فی عطفک تضرب اصدریک فرحًا وتنفض مذ رویک مرحًا حین رایت الد نیا لک مستوثقة والا مورلک متسقة وحین صفی لک ملکنا وخلص سلطاننا فمهلًا مهلًا لاتطش جهلًا اَنَسِیۡتَ قول اللّٰه تعالٰی وَلَا یَحۡسَبَنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا اَنَّمَا نُمۡلِیۡ لَهُمۡ خَیۡرٌ لِّاَ نۡفُسِهِمۡ اِنَّمَا نُمۡلِیۡ لَهُمۡ لِیَزۡدَادُ وۡا اِثۡمًا وَلَهُمۡ عَذَابٌ مُّهِیۡن(عمران3/178) اَمِنَ العدل یابن الطلقاء تحذیرک حرائرک وامآئک وسوقک بنات رسولؐ اللّٰه سبایا قد هتکت ستورهنّ وابد یتَ وجوههن تحد و بهِنّ الاعداء مِن بلد الٰی بلد یستشرفهن اهل المناقل ویبرزن لاهل المناهل ویتصفّح وجوههن القریب والبعید و الشهید والشریف والوضیع والدنی والرفیع لیس معهن مِن رجالهن ولیّ ولا من حماتهن حمیٌّ عُتُوامنک عَلَی اللّٰه وجحودالرسولؐ ودفعًا لماجاء به مِن عنداللّٰه ولا عزومنک ولا عجب مِن فعلک وانّی یرتجی مَن لَفَظَ فُوۡهُ اکباده الشهدآء و بنت لحمه بدماء السعد اء ونصب الحرب لسیدؐ الانبیآء وجمع الاحزاب وهزّاالسیوف فی وجه رسولؐ اللّٰه اشد العرب لِلّٰه حجودًا وانکرهم له رسوؐلًا وَاظهرهم له عُد وانًا واعتاهم علَی الرب کُفرا وطغیانًا الَّا نتیجة خلال الکفر وضب یجرجرفی الصّد ر لقتلٰی یوم بد رفلا یستبطا فی بغضنا اهل البیتؑ من کان نظره الینا شنفًا واشنانًا واحنًا واضغانًا یظهر کفره برسوله ویفصح ذلک بلسانه ومرحًا بقتل ولده وسبّی ذریته غیرمتحوب ولا مستعظم لاهلّوواستهلّو فرحًا ثم قالوا یایزید لا تشل منتحبا علی ثنایا ابی عبداللّٰه وکان مقبل رسولؐ اللّٰه ینکتها بمحضرته قدالتمع

السرور بوجهه لعمری قدنکات القرحة واستاصلت الشافة باراقتک دم سید شباب اهل الجنة وابن یعسوب العرب وشمس آل عبدالمطلبؑ وهتفت باشیاخک وتقرّبت بدمه الی الکفرة مِن اسلافک ثم صرخت بنداء ک والعمری لقدنادیتهم لو شهدوک ووشیگا تشهد هم ولَن یشهدوک ولتوڈیمینک کمازعمت شلت بک عن مرفقها وجذّت واَحُبَبُتَ امّک لم تحملک واباک لم یلدک حین تصیرالی سخط اللّٰہ ومخاصمک رسولؐ اللّٰہ ۔اَللّٰهم خذ بحقّنا وانتقم مِمَّن ظلمنا واحلل غضبک علٰی من سفک دمائنا ونقص ذ مارنا وقتل حماتنا و هتک عنا سد ولنا وفعلت فعلتک الّتی فعلت وما فریت الا جلد تک وما جززت الّا لحمک وسترد علٰی رسولؐ اللّٰہ بماتحملت مِن ذریته وانتهکت مِن حرمته وسفکت مِن دماء عترته ولحمته حیث یجمع به شملهم ویلمّ بهم شعثهم وینتقم مِن ظالمهم ویاخذ بحقهم من اعدائهم فلایستفزنک الفرج بقتله وَلا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْیَآءٌ عِندَ رَبِّهِمْ یُرْزَقُون (عمران3/169) فَرِحِیْنَ بِمَا اٰتٰهُمُ اللّٰہُ مِن فَضْلِه (عمران۔3/170) وحسبک باللّٰہ وَلِیًّاوحاکمًا وبرسولؐ اللّٰہ خصیمًا وبجرّائیل ظهیرا وسیعلم مَنْ بوّاک ومکنّک رقاب المسلمین انّ بئس للظالمین بدلًا وایّکم شَرّ مَّکَانًا (مریم19/75) وماستصغاری قدرک ولا استعظامی تقریعک توهّمًا لانتفاع الخطاب بعدان ترکت عیون المسلمین به عبری و صد ورهم عندذکر ذلک حرّافتلک قلوب القاسیة ونفوس الطاغیة واجسام محشوة بسخط اللّٰہ ولعنة الرسولؐ قد عشعش فیه الشیطان وفرخ ومن هنا لک مثلک مادرج ونهض و العجب کل العجب لقتل الاتقیا واسباط الانبیآء وسلیل الاوصیا بایدی الطلقاء الخبیثه ونسل العهرة الفجرة تَنْطف اکفّهم مِنْ دِمَائِنا وتَتَحلّب افواههم مِن لحومنا وللجثث الزاکیة عَلَی الجیوب الضاحیّه تتناهی بها العواسل وتعقرها الفراعل فلئِن اتخذ تنا مغنما لتجد بنا وشیگا مغرمًا حین لاتجد الا ما قدمت یداک وماللّٰہ بظّلام للعبید فاِلٰی اللّٰہِ المشتکی والمعوّل والیه الملجاء ثُمَّ کدکیدک واجهدجهدک فوالذی شرفنا بالوحی والکتاب والنبوة و الانتجاب لاتدرک امد نا ولا تبلغ غایتنا ولا تمحوذکرنا ویرخص عنک عارنا وهل رأیک الافند و ایامک الا عددوجمعک الا بددیوم یناد المنادی اَلا لعنة اللّٰہ الظالم العادی والحمد لِلّٰہ الذی حکم لاولیائه بالسعادة وختم لاصفیائه ببلوغ الارادة ونقلهم الی الرحمة والرافة والرضوان والمغفرة ولم یشقّ بهم غیرک ولا ابتلی بهم سواک ونسئله اَن یکمل لهم الاجر ویجزل لهم الثواب والزخر ونسئله حُسن الخلافة وجمیل الا نابة انّه رحیمٌ ودودٌ۔ فقال یزید مجیبًا لها۔ یاصیحة تحمد من الصوائح ۔ماهون الموت عَلَی النوایح ۔ثم امرهم بردّهم۔(اکسیرالعبادات صفحہ 520-519)

آپ پر یہ بات مخفی نہ رہنا چاہئے کہ یہ اثر انگیز اور انقلاب خیز احتجاج علامہ طبرسی نے بھی اپنی کتاب احتجاج میں نقل کیا ہے اور وہ قریب قریب وہی ہے جو ہم نے علامہ سید ابن طاؤس کی کتاب سے اوپر لکھا۔ دونوں میں صرف لفظی فرق ہے۔ اگر آپ ذخیرہ اور تکمیل چاہتے ہوں تو ہم اُسے بھی لکھتے ہیں۔ لہٰذا جاننا چاہئے کہ علامہ طبرسی کہتے ہیں کہ جناب صدوق رضی اللہ عنہ نے بزرگان بنی ہاشمؑ اور دوسرے لوگوں سے روایت کیا ہے کہ: جب امامؑ زین العابدین کو اور حرم رسولؐ کو یزید کے دربار میں داخل کیا گیا اور جناب امام حسینؑ کا سر مبارک اُس کے سامنے طشت میں لاکر رکھا گیا۔ تو اُس نے ایک اشارہ کرنے والی لکڑی سے (Pointer) امامؑ کے دانتوں پر مارنا شروع کیا اور وہ مذکورہ اشعار بھی پڑھتا جاتا تھا جو پہلے خطبہ میں لکھے جا چکے مگر یہ نیا شعر بھی پڑھا کہ ''بنی ہاشم نے جھوٹ موٹ حکومت اور اقتدار حاصل کرنے کا ڈھونگ رچایا تھا نہ کوئی وحی نازل ہوئی تھی نہ کہیں کوئی ایسی پیشین گوئی موجود تھی جس سے اُن کی حکومت

اوراقتدار کی سند ملتی۔'' یہ اشعار سُن کر حضرت زینب علیھا السلام نے وہ خطبہ دیا جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہے۔ مگر روایت میں حضرت زینبؑ کے تعارف پر زور دینے اور زیادہ واضح تعارف کرانے کے لئے انہیں یہاں فاطمہؑ کی بیٹی بھی لکھا ہے۔ اور درود پڑھتے ہوئے صدیقہؑ نے فرمایا اللہ میرے نانا رسولؐ پر درود فرما، تاکہ درباری اُن کی پوزیشن سمجھ لیں اور اپنے بیان اور اشعار میں واضح کیا ہے کہ: ''تو نے ہم پر افواج کی بارش کر دی اور ساری زمین کو ہمارے محاصرہ کے لئے بھر دیا اور زمین وآسمان ہم پر تنگ کر کے چند سو قدم زمین میں محصور کر لیا۔ اور آخر کار قتل عام کر کے اگلی صبح ہمیں قیدی بنالیا اور شہر در شہر ہمارا تماشہ دکھانے کے لئے جانوروں کی طرح رسّوں میں بندھوا کر یہاں تک ہانک کر بلوایا ہے اور آج تو اپنے اقتدار کی نمائش کر رہا ہے۔ اور یہ تاثر دے کر مسلمانوں کو فریب دینا چاہتا ہے کہ اس ظلم وستم میں اللہ تیرا مددگار رہا اور تجھے گویا اللہ ہی نے یہ قدرت دے کر تیرے ہاتھوں ہمیں ذلیل کرایا ہے؟ اس لئے تیرا سینہ پر ہاتھ مار مار کر باتیں کرنا اور اترانا گویا حق بجانب ہے۔ پھر اُس ملعون کو قرآن سے اُس کی صحیح پوزیشن بتا کر ظالم و لعنتی اور جہنمی ثابت کر کے اُس کی زبان بندی کی ہے۔ اس کے حسب ونسب پر تنقید کی ہے۔ اُسے اپنے نانا کے آزاد کردہ غلاموں کی اولاد فرمایا اور وہ بر سر دربار چپ رہا۔ اور بتایا کہ اُس کی ہزار درجہ حقیر بیویاں اور بیٹیاں پردہ میں ہیں اور رسوؐل کی بیٹیاں سر برہنہ کھلے منہ رُسوا کی جارہی ہیں۔ اور انہیں نمائش کے لئے تمام انسانوں کے سامنے پیش کیا جارہا ہے۔ یہاں اس پر زور دیا ہے کہ یزید کی یہ تمام جرأت وجسارت حسین علیہ السلام کے مقابلہ پر ہی نہیں بلکہ یہ اللہ ورسولؐ کے سامنے سرکشی اور کفر وانکار اور دین کے ہر پہلو کی مخالفت ہے۔ اور یہ افواج رسولؐ پر چڑھائی کیلئے بھیجی گئی تھیں۔ یہ جنگ یزید نے رسولؐ اللہ سے کی تھی۔ اور یہ کہ یزید نے عرب کے تمام بدمعاشوں، ظالموں، بدکرداروں، باغیوں، سرکشوں، منکروں اور کافروں کو مات کر دیا ہے۔ وہ پبلک تک یہ فیصلہ پہنچارہی تھیں کہ یزید دین سے عمداً خارج ہو گیا ہے۔ اُس نے کھل کر زبانی اور اعلانیہ رسولؐ اللہ کا انکار کیا ہے انہیں قتل کیا ہے۔ اُن کے بچوں کو لُوٹا ہے، اُن کو، اُن کی ماؤں بہنوں اور رسولؐ زادیوں کو قید کیا ہے، اُن کو ذلیل ورُسوا کیا ہے۔ اور اب حسینؑ کے سر کی توہین کر کے انسانیت سے بھی خارج ہو رہا ہے۔ اور یہ بھی ثابت کیا کہ وہ ہی نہیں بلکہ اُس کے آباو اجداد اور تمام متعلقین بھی اسلام سے کوئی تعلق نہ رکھتے تھے۔ وہ سب کافر تھے، منافق اور فریب ساز تھے۔ اور اُن ہی ملاعین کو خوش کرنے اور اُن کا ارادہ اور منصوبہ مکمل کرنے کے لئے یزید نے رسولؐ اللہ کے دین اور اُن کی آلؑ واولاد کا قتل عام کیا اور سرِ حسین علیہ السلام کے ساتھ یہ بے رحمانہ سلوک کر رہا ہے۔ اُسے بتایا کہ عنقریب تو پچھتائے گا اور تمنا کرے گا کہ تیری ماں اور تیرے باپ نے تجھے پیدا کرنے کی غلطی نہ کی ہوتی۔ بہر حال اللہ ورسولؐ تجھ سے زبردست مواخذہ کرنے والے ہیں۔ اور تیرے ساتھ ہی وہ لوگ بھی ماخوذ ہونے والے ہیں جنھوں نے بڑی دُور رس ترکیبوں سے یہ حکومت تجھ تک پہنچائی ہے۔ اور واقعاتی دلائل سے وہ تمام مغالطات باطل کر دیئے جو یزید اور اُس کے بزرگ پبلک کو دیتے اور خاندان رسولؐ کے خلاف آمادہ کرتے آئے تھے۔ اور دربار میں موجود تمام سردارانِ دمشق واہلکارانِ مملکت کے سامنے یزید کو اور اُس تک حکومت پہنچانے والوں کو اللہ ورسولؐ اور اسلام اور پوری نوع انسان کا بے رحم بے حیا دشمن ثابت کر کے یزید کا کھلا ہوا منہ بند کر دیا اور یہ تقریر دمشق اور خانۂ یزید میں بغاوت کا سبب بن گئی۔

یہاں ثانی زہراء علیھا السلام کا وہ خطبہ اور انتباہ ختم ہوا جس نے اُدھر قلوب واذہان میں کبھی ختم نہ ہونے والا دردوغم کا تلاطم

برپا کردیا اور اِدھر ہر جابر وظالم فرد وحکومت کے خلاف تباہ کن طوفانِ بغاوت جاری کر دیا۔اور تمام علماومومنین کو بتایا کہ ہر وہ روایت غلط ہے، ہر وہ بیان باطل ہے، ہر وہ انداز تقریر وتحریر مردود ہے جس سے اسیرانؑ اہل حرم کو کسی ظالم وملعون کے سامنے فریاد کرتے یا عاجزی ومنت سماجت اور درخواست کرتے دکھایا جائے۔ ہر وہ جملہ غلط ہے اور ہر وہ لفظ قابل مذمت ہے جس سے اہل حرم علیھم السلام کی ہتک وتوہین ہوتی ہو۔ جو بھرے دربار میں یزید کو حرامزادہ کہے۔ کافروں، منافقوں اور آوارہ عورتوں کی اولاد قرار دے۔ جو یہ کہہ دے کہ میرے سامنے تیرا سائز بہت حقیر ہے۔ تو اس قابل بھی نہیں کہ شرفا تجھ سے ہم کلام ہوں۔ بتایئے وہ کیسے عمر سعد وشمر وابن زیاد کے روبرو عاجزی کرینگے؟ وہ کیسے اپنی بے بسی وبے کسی کا رونا روکر اُن سے رعایت کرنے کی التجا کرینگے؟ مومنین یاد رکھیں کہ یہ جذبہ، ایسے الفاظ، اور ایسے جملے تمام کے تمام دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ نے رونے رلانے اور مصائب کو بڑھانے کی آڑ لیکر خود ایجاد اور داخل کئے ہیں۔اہل حرمؑ نے کبھی اُن ملاعین سے سیدھے منہ بات بھی نہیں کی۔اُنھوں نے کوئی ایسی پیش کش یا رعایت قبول نہیں کی جس پر کمزوری اور لاچاری اور مجبوری کا الزام عائد ہو سکے۔رحم کھانے والوں کے رحم کو ٹھکرایا، اُن کو ڈانٹا اور اس پورے سانحہ میں؛ کربلا سے رہائی تک، ڈیڑھ سال کے اندر کسی کا احسان نہیں لیا ہمیشہ سر بلند رکھا۔سر برآوردہ اور سرکشوں کے سر جھکائے۔اور نوع انسان کی سر بلندی کے لئے ہمیشہ کیلئے مستحکم انتظام کر دیا۔آج ساری دنیا میں محنت کش عوام اُن ہی اصولوں پر حکومتوں سے نبرد آزما ہیں۔حکومتیں گھٹنے ٹیک رہی ہیں۔

(و)۔ دربار یزید میں پہلی پیشی پر چند فطری اور ضروری باتیں نوٹ کریں

آپ نے بھی بار بار دیکھا اور تاریخ کے متفقہ بیانات بھی اس پر شاہد ہیں کہ امام حسین علیہ السلام کی پوزیشن کو مشکوک کرنے اور مسلمان پبلک کی نفرت اور عتاب سے بچنے کے لئے یزید اور اہلکارانِ یزید امامؑ کا ہر حال میں نام نہ لیتے تھے۔ بلکہ یہ شہرت دے رہے تھے کہ ایک خارجی نے مسلح بغاوت کی، جنگ کے لئے میدان میں آیا، اُسے شکست دی گئی۔قتل کیا گیا اور اُس کے بچوں اور عورتوں کے ساتھ وہی سلوک کیا گیا جو خارجی مذہب کے لوگ مسلمانوں کے ساتھ کرتے چلے آ رہے تھے۔اِن اعلانات وبیانات نے پورے ملک کو یکسُو اور چین سے رکھا اور پبلک نے ہر اُس سلوک کو جائز سمجھا جو یزید اور اُس کی حکومت اُس باغی خارجی سے کرے۔ چنانچہ پورے ملک کی چھاؤنیوں سے افواج خوشی خوشی آ کر جمع ہوئیں۔ یزید اور اس کے اہل کاروں، افسروں اور سرداروں سے تعاون منتہائے کمال تک جا پہنچا۔امام حسین علیہ السلام کا اوّلین اور آخری منصوبہ یہ تھا کہ وہ مملکت کے ہر فرد کو اس فریب اور مغالطہ سے باہر نکال کر اپنا صحیح تعارف کرائیں۔ چنانچہ آپ کے ہر اقدام میں یہ تعارف پہلا مقصد رہتا چلا گیا۔یہی مقصد تھا جسے اپنے بعد قیامت تک جاری رکھنے کے لئے مستورات اور بچوں کو ہمراہ لائے تھے اور جنھوں نے اس مقصد کو عملاً پروان چڑھایا۔اور ابھی ابھی دربار یزید میں اسی مقصد کو پورا کرنے کے لئے صدیقہؑ صغریٰ نے خطبہ دیا۔اسیران اہل حرؑم کے دربار یزید تک پہنچتے پہنچتے کربلا، کوفہ اور گردونواح اور راہ شام میں بہت سے لوگوں کو حقیقت حال پر اطلاع ہو چکی تھی۔اور لوگوں میں بے چینی کے ساتھ ساتھ حکومت کے خلاف سرکشی نفرت اور بغاوت پرورش پا رہی تھی۔مگر دمشق اور اہل شام ابھی سو فیصد فریب اور پروپیگنڈے کے اندھیرے میں تھے۔لہٰذا عقل کا تقاضہ ہے کہ حکومت اپنی دیرینہ پالیسی کے ماتحت کوئی ایسا موقعہ فراہم نہ کرے کہ جس سے وہ گھناؤنا راز کھل جائے جسے باغی خارجی کی آڑ میں چھپایا جاتا رہا تھا۔

اوراچانک مسلمان پبلک آل رسولؐ کا قتل عام اوررسولؐ زادیوں کی رسوائی کا حال معلوم کر کے بھڑک اُٹھے۔اس لئے ضروری تھا کہ پہلے روز سرہائے شہدا اوراسیران اہل حرمؑ کو دربارعام اور ہر قسم کے لوگوں کے سامنے نہ بلایا جائے۔محض مخصوصین اور خاندانی افراد واہلکاران حکومت کی موجودگی میں یہ پیشی ہواور خاندان رسولؐ کے باقیماندہ افراد کا ردعمل اورارادے دیکھے جائیں ۔کربلا کا حال سُنا جائے اورآئندہ کے اقدامات کا پروگرام بنایا جائے۔چنانچہ اگر پہلے روز دربارعام ہوتا اور حضرت زینب علیہا السلام کا وہ خطبہ عوام الناس نے بھی سن لیا ہوتا تو اگلے ہی روز دمشق میں کھلی بغاوت اوروہ حالات سامنے آجاتے جوایک سال میں ظہور پذیر ہوئے۔لہٰذا یہی نہیں ماننا ہوگا کہ پہلی پیشی پر مخصوص درباری موجود تھے، بلکہ یہ بھی کہ دربارعام کبھی ہواہی نہیں تھا۔بلکہ ضروری لوگوں اورمتعلقہ افسران اورسفیراور بلائے ہوئے امراورؤسائے قوم مختلف ایام میں حاضر رہتے تھے۔جن میں ہمیشہ کثرت ان لوگوں کی ہوتی تھی جواصل حقیقت پر مطلع نہ تھے۔ اورانہیں اسیرانِ اہل حرمؑ کے بیانات سے اطلاع ہوتی تھی۔پھروہ باہر کی دنیا میں اپنے متعلقین کو بتاتے تھے۔جس کا ثبوت لوگوں کو آسانی سے نہ ملتا تھا۔اس لئے کہ اسیران حرمؑ جس بُرج میں قید تھے وہ یزید کے اپنے محل اورقلعہ کے اندرتھااوروہاں تک کسی کی رسائی نہ ہوتی تھی۔ اس طرح گاہے ماہے پیشیاں ہوتی رہیں اور ہر دفعہ کچھ نئے افراد کو حقیقت حال معلوم ہوتی چلی گئی ۔ان تمام عقلی وفطری تقاضوں اورحکومت کی پالیسیوں کا لحاظ رکھے بغیر علمانے دھڑا دھڑ روایات کھینچ ماریں ۔اِسی پہلے روز کی پیشی میں علامہ دربندی نے بھی کئی ایک کتابوں سے وہ روایت بھی لکھی ہے جس میں کوئی سرخ رنگ کا شامی کسی رسولؐ زادی کو کنیزی میں طلب کرتا ہے۔جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مخصوص دربارتھا۔لہٰذا ہم اُسے دربارعام نہیں مانتے۔اور جب وہ دربارعام نہ تھا تو کسی گمنام ومجہول شامی کا دربار میں موجود ہونا غلط ہوگا۔اوراگر وہ شامی کوئی امیر کبیر سربرآوردہ فرد تھا، جسے یہ امید تھی کہ یزید اُس کی درخواست پوری کرے گا تو اُس کا نام ونشان ہونا بھی لازم تھا۔پھراُن ہی مختلف روایات میں یہ بھی ہے کہ اسے یزید نے قتل کرادیا تھا۔اور یہ بھی ہے کہ جناب ام کلثومؑ کی بددعا سے اُس پر وہیں دربار میں عذاب نازل ہوا تھا۔یہ دونوں باتیں بھی تقاضہ کرتی ہیں کہ اُس کا نام وپتہ مشہور ومعلوم ہونا چاہئے مگر وہ سب روایات اُسے گمنام اورمجہول آدمی ثابت کرتی ہیں ۔لہٰذا مخصوصین کے دربار میں گمنام شخص کا وجود ممکن نہیں ہے ۔پھر حضرت زینبؑ کے خطبہ کے بعد جب اہلبیتؑ کی پوزیشن واضح ہوگئی تو کسی شہزادی کی بات تو بڑی بات ہے،اب تو اہل حرمؑ کی کنیزوں میں سے بھی کسی کو طلب نہ کیا جاسکتا تھا۔ ایک قیاس یہ بھی کیا گیا ہے کہ خطبہ سے پہلے اُس نے طلب کیا تھا۔بہر حال یہ ثابت ہے کہ اُسے حقیقت حال معلوم نہ تھی اورایک روایت میں موجود ہے کہ:۔**فی روایته السید فی الملهوف فقال الشامی من هذه الجاریة فقال یزیدهذ ہ فاطمةؑ بنت الحسینؑ و تلک زینبؑ بنت علیؑ ۔قال الشامی لعنک اللّٰه یایزید تقتل عترت نبیّکؐ وتسبّی ذرّیته واللّٰه ماتوهّمت الّا اِنّهم سبایا الروم ۔ فقال یزید واللّٰه لالحقناک بهم ثم امربه فضرب عنقه۔** (اکسیر العبادات۔صفحہ 520)

سیدابن طاؤس کی کتاب الملھوف میں روایت ہے کہ اس شامی نے پوچھا کہ یہ لڑکی کون ہے۔یزید نے بتایا یہ فاطمہ حسینؑ کی بیٹی ہے۔اوروہ زینبؑ علیؑ کی بیٹی ہے۔شامی نے کہا کہ خدا تجھ پر لعنت کرے اے یزید تو نے اپنے نبیؐ کی اولاد کو قتل کردیا اور نبیؐ کی ذریت کو قیدی بنا رکھا ہے۔میں نے تو یہ سمجھا کہ یہ رُوم کے قیدی ہیں ۔یزید نے کہا کہ میں تمہیں بھی اُن کے پاس پہنچا کراُن میں شامل

کیئے دیتا ہوں۔ چنانچہ اس کے قتل کا حکم دیا اور اُس کی گردن کاٹ دی گئی۔

اس روایت میں حضرت فاطمہؑ بنت حسینؑ کو مانگنا دکھایا ہے۔ اس سے پہلے ایک روایت میں جناب ام کلثوم علیھا السلام کا نام لیا گیا ہے۔ ایک میں حضرت زینب علیھا السلام کا ڈانٹنا بیان ہوا ہے۔ دوسری میں خود ام کلثومؑ کا شامی کو دھمکانا اور بددعا دینا لکھا ہے۔ یعنی روایت میں نہ شامی کا نام ہے نہ یہ معلوم ہے کہ کسے کنیزی میں مانگا تھا۔ لہٰذا پہلے نمبر پر یہ روایات ناقابل اعتبار ہیں۔ لیکن اگر از راہ جہالت کسی شامی کا یہ قصہ مان لیا جائے تو یہ واقعہ ہرگز پہلے روز پیش نہیں آیا۔ کسی اور نشست میں شاید پیش آیا ہو۔ پہلے روز جناب زینب علیھا السلام کے خطبے سے پہلے پیش نہ آنے کے کئی دلائل میں سے ایک یہ بھی ہے کہ جب شامی نے نام معلوم کیا تو یزید نے نام بتادئے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ خود یزید کو کب اور کس نے یہ نام بتائے تھے؟ لہٰذا واقعہ اُس روز پیش آیا جب یزید تمام اہل حرمؑ سے متعارف ہو چکا تھا۔ یعنی پہلی پیشی کے بعد ہی ممکن ہے۔ اور آخر میں علامہ نے لکھا ہے کہ:۔

ثُمَّ لایخفی علیک انه قد ینسب فی السنته جمع الٰی بعض الکتب اِنَّ قضیة ذلک الرجل الشامی اِنّما وقعت فی شان فاطمةً بنت امیرًالمومنین لا فاطمةً بنت الحسین علیه السلام۔ (اکسیر صفحہ 521)

''تم سے یہ بھی مخفی نہ رہے کہ ایک جماعت نے بعض کتابوں میں اس شامی کے قصہ کو جناب فاطمہؑ بنت علی علیہ السلام کی طرف منسوب کیا ہے۔ فاطمہؑ بنت حسین علیہ السلام سے منسوب نہیں کیا ہے۔''

یعنی کربلا میں جناب امام حسینؑ کی کم ازکم تین بہنیں موجود تھیں۔ حضرت زینب، حضرت ام کلثوم اور حضرت فاطمہ علیھن السلام۔ ان روایات میں زیادہ تر اُن لوگوں نے دل چسپی لی ہے جو عروسی جناب قاسمؑ کے منکر ہیں۔

(ز)۔ پہلی پیشی کے بعد قید خانہ میں بند کیا جانا؛ شاہی باغیوں کا ٹھکانا

جہاں حضرت زینب علیھا السلام کا احتجاجی خطبہ ختم ہوا ہے اور اُس پر یزید نے ایک شعر سے اپنی حالت کی ترجمانی کی ہے وہیں یہ بھی کہا تھا کہ: اس نے حکم دیا کہ ''اِن کو دربار سے واپس لے جاؤ (ثُمَّ اَمَرَهُمْ بِرَدِّهِمْ)۔''

چنانچہ اس حکم کو سمجھنے والوں نے اسیران اہل حرمؑ کو اُس بُرج نما مکان میں لاکر بند کردیا جہاں اُن لوگوں کو رکھا جاتا تھا جن کی سزا قتل ہوتی تھی۔ اور جہاں وہ سرکش باغی قید رکھے جاتے تھے جو حکومت بنی امیہ کے خلاف مسلح بغاوت اور مزاحمت کرتے تھے۔ یہ مکان اسی مقصد کیلئے بنایا گیا تھا۔ یہاں کسی خاص پہرہ اور نگرانی کی ضرورت نہ تھی۔ اسلئے کہ وہاں سے نکل بھاگنا ناممکن تھا۔ یہاں رکھے جانے والے مجرموں کو کھانا اور پانی وغیرہ دینے کا نہ انتظام تھا نہ اسکی ضرورت تھی۔ اسلئے کہ اُنہیں آخر قتل کیا جانا ہے۔ اور چونکہ لمبی مدت کا قیام ہی مقصود نہ تھا اسلئے یہاں بارش اور دھوپ اور سردی سے محفوظ رکھنے کا انتظام بھی مدنظر نہ رکھا گیا تھا۔ اس قید کا اوّلین مقصد ہی یہ تھا کہ جو شخص چند روز یہاں رہ جائے وہ آئندہ بغاوت وعداوت کو ہمیشہ کیلئے الوداع کہہ کر توبہ کرے معافیاں مانگے۔ اور اگر گنجائش ہو تو معافی کے بعد رہا ہو کر جائے اور عمر بھر مخالفت کا خواب تک بھی نہ دیکھے۔ یہ قید خانہ تھا جس میں خانوادۂ رسولؐ کو رکھا گیا تھا۔ اس جگہ اسیران اہل حرمؑ کتنے زمانہ تک رہے؟ یہ سوال بڑی فراخدلی سے طے کردیا گیا ہے۔ بعض علما نے کہا کہ قید خانہ میں رکھا ہی نہیں گیا۔ بعض نے کہا

چار روز رکھا گیا تھا۔ بعض نے صرف دو دن کا قیام تسلیم کیا۔ بعض نے پندرہ روز کم از کم اور بیس روز زیادہ سے زیادہ تسلیم کیا۔ بعض نے فرمایا کہ ماہ صفر میں رہا کر دیئے گئے اور صرف چالیس روز قید خانہ میں رہے۔ لیکن میں اہلبیت علیھم السلام کے گھریلو ریکارڈ اور فطرت کے فراہم کردہ ثبوت کی بنا پر قید خانے کے قیام کو ایک سال مانتا ہوں۔ یعنی 62ھ کے ماہ صفر میں اہل حرمؑ کو سو فیصد رہا کیا گیا تھا۔ سو فیصد اسلئے کہ آخری تین چار ماہ ایک اور مکان میں نظر بند رکھا گیا۔ جہاں سے امامؑ زین العابدین کو باہر نکلنے اور بازار تک جانے کی اجازت تھی اور کھانے پینے کی چیزیں خود بھی لا سکتے تھے اور لوگ بھی ملاقات کیلئے نگرانی میں آ سکتے تھے۔ اُس سے قبل تین ماہ آپؑ کو معہ اہل حرمؑ ایک عام جیل میں رکھا گیا تھا۔ جہاں سایہ اور پردہ کا انتظام تھا۔ مگر عام قیدیوں ایسا سلوک کیا جاتا رہا۔ یعنی پہلے قید خانہ کی مدتِ قیام چھ ماہ ہے۔ یہی وہ مدت ہے جس میں تمام اہل حرمؑ کا رنگ بدل گیا تھا۔ صورتیں تبدیل ہوگئی تھیں۔ یہاں تک کہ خود اپنے عزیز واقربا اور صحابہ نہ پہچانتے تھے۔ اور بتانا پڑتا تھا کہ میں کون ہوں اور لوگ یقین نہ کرتے تھے؟ اور یہی وہ قید خانہ اور قید کی مدت تھی جسے مشکوک کرنے اور چھپانے کی حکومت نے ہمہ گیر کوشش کی اور جو تقریباً کامیاب ہوئی۔ اور اس کامیابی میں خود ہمارے اپنے ہاتھ بھی شامل ہوگئے۔ یہی وہ معاملہ ہے جس پر ڈھونڈنے سے بھی صحیح مدت کی روایات آج دنیا سے ناپید کردی گئی ہیں۔

(ح)۔ **قید نے اہل حرمؑ کی صورتیں اور رنگ بدل دیا تو زمانۂ قید کتنا ہونا چاہیئے؟**

یہاں ہم اس قید خانہ کے متعلق روایات میں سے چند جملے لکھتے ہیں۔ تا کہ اُس دارالمحن اور بیت الموت کے متعلق کچھ تصور قائم ہو سکے اور مومنین کم از کم اتنا تو سمجھ سکیں کہ اُسکے مفصل حالات کا پوشیدہ رکھنا کیوں ضروری تھا اور اس سلسلے میں اہل قلم اور علما نے کیوں فراخدلی سے کام نہ لیا اور کیوں انتہائی مختصر نویسی ضروری سمجھی گئی اور بحارالانوار ایسی بحرِ ذخار کتاب نے بھی اس قید خانہ کو مستقل عنوان نہ بنایا؟

(1)۔ **فی بصائر الدرجات عن محمد الحلبی۔۔ ... جعلوھم فی بیت فقال بعضھم انّما جعلنا فی ھذا البیت لیقع علینا فیقتلنا تراطن الحرس فقالوا انظروا الٰی ھٰؤُ لاء یخافون ان یقع علیھم البیت وانما یخرجون غدًا فیقتلون قال علیؑ بن الحسینؑ لم یکن فینا اَحَد یحسن الرطانة غیری ورطانة عند اھل المدینة الرومیّة۔**

(2)۔ **مارواہ الصدوق فی الامالی عن جیلویہ ... عن الحرث بن کعب عن فاطمةؑ بنت علیؑ قالت ثم انّ یزیدًا امر بنساء الحسینؑ فَجَلَسَ مع علیؑ بن الحسینؑ فی محبس لا یکنھم من حرّولا قرّحتّٰی تقشرت وجوھھم۔**
(اکسیر العبادات۔ صفحہ 525)

(3)۔ **وفی الملھوف... ثُمَّ اَمَرَبھم الٰی منزل لایکنّھم مِن حرّولا برد فاقاموا بہ حَتّٰی تقشّرت وجوھھم وکانوا مدة اقامتھم فی البلد المشار الیہ.........(انوار النعمانیہ) قال (علیؑ بن الحسینؑ) الحبس الذی نحن فیہ لیس لہ سقف والشمس تصھر نابہ ولا تری الھواء.......** (اکسیر العبادات۔ صفحہ 526)

(4)۔ **واما الروایة ثالثة ورابعة فکان مفادھما اَنّ مدّة مکثھم فیہ کانت مدة طویلة لانّ تقشر الوجوہ بالحرّ والبرد۔ لا بتحقق بمکثھم فی السجن فی مدة یومین مع انّ سیاق الروایتین یعطی کثرة المدّة و امتدادھا۔فان فرضنا ھا اقلّ مِن مدّة شھر فلایجوزاَن نفرضھا اقلّ من عشرین اوخمسة عشریومًا ۔**(اکسیر العبادات۔ صفحہ 526)

اوّل۔ بصائرالدرجات میں ہے کہ حکومت کے اراکین نے ہمیں ایک ایسے گھر میں قید کیا کہ قیدیوں نے کہا کہ ہمیں اس مکان میں اس غرض سے رکھا گیا ہے کہ یہ ہم پر گر جائے اور ہمیں مار ڈالے اور نگراں لوگوں نے تو ہمیں مقتول ہی سمجھ لیا۔ وہ اپنی عجمی زبان میں کہتے تھے کہ جن لوگوں کو کل نکال کر قتل کر دیا جائے وہ بھی اس مکان کے گرنے سے ڈر رہے ہیں۔ حضرت سجادؑ نے فرمایا کہ ہم میں میرے سوا کوئی اور ایک بھی ایسی فرد نہ تھی جو رومی باشندوں کی زبان سمجھتی۔

دوم۔ علامہ صدوق نے امالی میں لکھا ہے کہ جناب فاطمہؑ بنت امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ جب یزید نے خاندان حسینیؑ کو قید کر دیا اور قید خانہ میں جا کر بیٹھے اور سید سجادؑ بھی ہمراہ تھے تو اس قید خانہ میں سورج کی تمازت اور سردی سے بچنے کی کوئی صورت ممکن نہ تھی۔ آخر کار میری اور اُن سب کی شکل وصورت اور چہرے جھلس کر رہ گئے گویا ہماری اصلی کھال اتار لی گئی تھی۔

سوم۔ کتاب ملھوف میں ہے کہ پھر یزید نے انہیں ایسی جگہ رکھنے کا حکم دیا۔ جہاں تمازت آفتاب اور سردی سے بچنے کا امکان نہ تھا۔ چنانچہ اسیران حرمؑ نے وہاں قیام کیا یہاں تک کہ اُن کے چہروں کی کھال جھلس کر اتر گئی۔ اور صورت کا بدل جانا ہی اُن کے قیام کی مدت پر اشارہ کرتا ہے۔ کتاب انوار نعمانیہ میں ہے کہ جناب زینؑ العابدین نے فرمایا کہ اس قید خانہ میں جس میں ہم ہیں چھت نہیں ہے۔ نہ وہاں ہوا کا گزر ہے۔ سورج نے ہمیں جھلس کے رکھ دیا ہے۔

چہارم۔ تیسری اور چوتھی روایت سے اُن کے قیام کی مدت بہت طویل معلوم ہوتی ہے۔ اتنی طویل جس میں سردی اور گرمی سے چہرہ کی کھال بدل جائے۔ لہٰذا دو روز کا قیام غلط ثابت ہوجاتا ہے۔ حالانکہ روایات کی ابتدا سے مدت زیادہ ظاہر ہے۔ اگر ہم ایک مہینے سے کم مدت فرض کریں تو پندرہ بیس روز سے کم تو فرض کر ہی نہیں سکتے۔ (اکسیر العبادات صفحہ 526)

یہ ہیں وہ مقامات جو حکومت اور تاریخ کی چغلی کھاتے ہیں۔ اور علامہ دربندی رضی اللہ عنہ نے نہ معلوم کس قاعدہ سے پندرہ سے بیس روز کی مدت فرض کر لینا طے فرمالیا۔ غالباً وہی شہرت اُن کو اغوا کرنے میں کامیاب ہوگئی کہ ایک ماہ سے زیادہ قیام رہا ہی نہیں ہے۔ لیکن ہم کسی تاریخی یا قومی پروپیگنڈے سے گمراہ نہیں کیئے جاسکتے۔ ہم جانتے ہیں کہ کربلا کا حادثہ ماہ جیٹھ میں واقع ہوا۔ لہٰذا تین چار شدید گرمی کے مہینے اس قید خانہ میں گزرے۔ اور گرمیوں کی راتیں ریگستان میں اس قدر سرد نہیں ہوتیں جو کھال کو جھلس دیں۔ البتہ سردیوں کی راتیں اس قدر سرد ہوتی ہیں اور ذکر دونوں کا ہر جگہ ہوا ہے یعنی حرّ وبرد۔ اور۔ حرّ وقرّ۔ چنانچہ گرمی کے بعد تین چار ماہ سردیوں کے اسی قید خانہ میں گزرنا لازم ہے تاکہ رنگ وصورت کا جھلس کر بدل جانا فطری طور پر قابل فہم ہوسکے۔ یہی ہم نے عرض کیا تھا۔ گرمی اور سردی کسی روایت کی محتاج نہیں۔ گرمی اور سردی کا اثر کسی ثبوت کی احتیاج نہیں رکھتا۔ صورتوں کا بدل جانا ایک حقیقت ثابت اور چشم دید ہے۔ لہٰذا ہمیں کسی اور ثبوت اور بیان کی ضرورت نہیں ہے۔ اہل حرمؑ ایک سال قید رہے، ماہ صفر میں رہا کیا گیا۔ دمشق میں ایک ہفتہ عزاداری کی گئی۔ پھر کربلا کو روانگی ہوئی۔ سرہائے شہداؑ دفن کیئے گئے۔ اُس کے بعد مدینہ کا سفر ہوا۔

(2)۔ دربار یزید میں دوسری پیشی شاہی مسجد مجمع عام میں

مومنین نے اندازہ کیا ہوگا کہ حضرت زینب علیھا السلام کے خطبہ نے یزید ملعون کے منصوبے کو خاک میں ملا دیا تھا۔ اُس نے

سوچا تھا کہ یہ قیدی جس مصیبت سے گزر رہے ہیں اور جس شان وشوکت اور طرفدارانِ یزید ومعاویہ کی جس بے پناہ کثرت کو دیکھتے ہوئے آئے ہیں اور اس دربار تک پہنچتے ہوئے جو قاہرانہ انتظامات نظر سے گزرے ہیں۔ اِسکے بعد اُن میں سرکشی اور مزاحمت ہرگز باقی نہیں رہ سکتی۔ اُنکی جرأت وجسارت دم توڑ چکی ہوگی۔ اُن میں قوتِ گویائی فنا ہوچکی ہوگی اور کسی بات کا جواب دینے کی نہ طاقت ہوگی نہ ہمت ہوگی۔ وہ جو کچھ کہے گا خاموشی سے سُنیں گے۔ خوف وناتوانی انہیں چپ رہنے پر مجبور کریگی۔ میں اپنے خاندانی اور قومی مذہب اور تصورِ اسلامی کو جس طرح چاہوں گا بیان کرونگا انہیں مجال انکار نہ ہوگی۔ میں عقیدہ جبر واختیار اور اللہ کے قادرِ مطلق ہونے کو سامنے رکھ کر خلافت وامامت وحکومت کا قومی تصور پیش کرونگا۔ اپنا اور اپنے آباواجداد اور سابقہ حکمرانوں کے برحق ہونے کو اپنی چرب زبانی، شاعری اور شاہانہ شوکت ودبدبہ اور اُنکی خاموشی سے منوالوں گا۔ اور یوں واقعہ کربلا اور تصوراتِ حسینؑ کو اسلام کے خلاف ایک بغاوت ثابت کرکے سبکدوش ہوجاؤنگا اور چند روز کے بعد اُنکو رہا کردونگا۔ کچھ مال ودولت ساتھ کردونگا اس طرح رعایا میں اطمینان پھیل جائے گا۔ اور لوگ یہ کہہ کر اپنے کاروبار میں لگ جائیں گے کہ: ''جو خدا کو منظور تھا وہ ہوا اور وہی صحیح اور بہتر ہوتا ہے جو خدا کو منظور ہوتا ہے۔''

لیکن صدیقہؑ صغریٰ کے خطبہ سے یقین ہوگیا کہ حسینؑ ہی نہیں بلکہ خود علیؑ زندہ ہیں، حسنؑ کہیں آس پاس ہی ہیں۔ زینبؑ نے کہا تو ہے کہ: **''تو ہمارے زندوں کو مار نہیں سکتا (لا تُمِيتَ حَيّنَا)۔''** واقعی جو اندازِ گفتگو اُس خاتونؑ نے اختیار کیا اور جس قوت وجسارت ودبدبہ سے حقائق کو سامنے رکھ دیا اس سے یقین ہوتا ہے کہ اُسے علیؑ ومحمدؐ کہیں سامنے نظر آرہے تھے۔ ورنہ یہ جُملہ ذہن میں آنہیں سکتا تھا۔ غالباً سرِ حسینؑ اُن کی ہمت افزائی کررہا تھا۔ یزید کی ذہنی دنیا میں تہلکہ مچ گیا تھا۔ اُس کا قلبی سکون جھنجھوڑ دیا گیا تھا۔ ''میں تجھے ایک حقیر ترین آدمی سمجھتی ہوں۔'' اُسکے کانوں میں گونجتا ہوا جملہ چھری کی نوک بن کر دل میں اترتا چلا جارہا تھا۔ ''تُو اِس قابل بھی نہیں کہ شریف لوگ تجھ سے بات کریں۔'' ایک بجلی کی طرح کوندتا ہوا جملہ باربار آنکھوں میں چکاچوند پیدا کررہا تھا۔ بہرحال یزید نے سرجون (SIR JOHNSONESE) کو مشکل کشائی کیلئے بُلایا اور طے ہوا کہ زین العابدین علیہ السلام کو تنہا شاہی مسجد میں لایا جائے اور زیرِ منبر بٹھا کر دمشق کا خطیب اعظم علیؑ واولادِ علیؑ کی مذمت میں وہ تمام خانہ ساز وقومی روایات سنائے جن کو سُنتے سنتے ملک شام میں بچے جوان ہوئے اور جن پر وہاں کسی شامی کو کسی قسم کا اعتراض نہیں ہے۔ اُس میں خلیفہ سوم کو پیاسا رکھ کر قتل کروانا بھی شامل کیا جائے اور پبلک کو بتایا جائے کہ اب یہی خاندان ہمارے خلاف اٹھا تھا۔ اور حکومت وخلافت کو بزرگانِ قوم کی بنیاد سے ہٹا کر اپنی وراثت بنانا چاہتا تھا۔ سارے عراق کو اپنی بغاوت اور اسلامی خلافت کا تختہ الٹنے میں شامل کرلیا تھا۔ اور کسی مفاہمت کے لئے تیار نہ ہوا۔ مسلمانوں کی کثرت اور خلیفہ وقت کی اطاعت سے سرتابی سے باز نہ آیا۔ اس لئے ہم نے ازراہ مجبوری جنگ کرکے انہیں مغلوب کیا ہے۔ اب یہ مرد باقی ہے ہم اُسے سمجھانا اور مسلمانوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنا چاہتے ہیں۔ سرجون نے بتایا کہ ایسی تقریر کا سننا اور کسی کا اختلاف نہ کرنا زین العابدین کو ہمیشہ کے لئے خاموش کردے گا اور وہ اپنی پھوپھی کو بھی خاموش اور صبر وسکون سے رہنے کی تلقین کرے گا۔ اور تم کامیاب ہو جاؤ گے۔ یزید نے اپنے والد کے اس عیسائی استاد اور عالم کی رائے پر عمل کیا اور کل ہونے والے اجتماع کا اعلان کرادیا۔

(الف)۔ شاہی مسجد میں امامؑ چہارم کی طلبی اور قومی واموی سازش کا جواب

اگلی صبح جامع امویہ یعنی شاہی مسجد جب کھچا کھچ بھرگئی۔سرداران دمشق،اہلکاران حکومت اورقومی امیرالمومنین یزید اپنی اپنی مسندوں پر بیٹھ چکے تو حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کوطوق وزنجیر سے جکڑ کر سنگین پہرہ کے اندر لایا گیا اورنمایاں جگہ پر کھڑا کیا گیا۔ یہ واقعہ اوراس کی تفصیلات علامہ دربندیؒ اورعلامہ محمد باقر مجلسیؒ سے سنئے۔ چنانچہ عربی عبارت اکسیر العبادات سے اور ترجمہ جزائری کتاب بحارالانوار سے پیش کیا جاتا ہے:۔

وقال ایضًا صاحب المناقب وغیرہ روی اَنَّ یزیدًا امربمنبرو خطیب لِیخبر الناس بمساوّی الحسین وامیرالمومنین صلوات اللّٰہ علیھما ۔فصعد الخطیب المنبرفحمداللّٰہ واثنی علیہ ثمّ اکثرالوقیعۃ فی علیؑ والحسینؑ واطنب فی مدح معویۃ ویزید(لعنھما اللّٰہ) فذکر ھما بکل جمیل ۔قال فصاح علیؑ بن الحسینؑ وَیْلَکَ اَیُّھا الخَاطب اشتریت مرضاۃ المخلوق بسخط الخالق فتبوّء مقعدک مِن النار ثمّ قال علیؑ بن الحسینؑ یایزید ائذن لِیُ حَتّٰی اصعد ھذہ الاعواد فا تکلّم بکلمات لِلّٰہِ فیھا رضآء ولھٰؤُلاء الجلسآء فیھا اجروثواب ؟ فابی یزید علیہ ذلک ۔ فقال الناس یاامیرائذن لہ فلیصعد المنبرفلعلّنا نَسمَعُ مِنُہُ شَیْئًا ۔فقال اِنَّـہُ اَنْ صعد لم ینزل اِلّا بفَضِیُحَتِیُ وبفضیحَۃِ آل ابی سفیان ۔ فقیل لہ یا امیرالمؤمنین ماندری ما یحسن ھٰذا ۔فقال اِنَّہٗ مِن اھلبیتؑ قدزَقُّوُا العلم زقًّا ۔ فلم یزالوا بہ حَتّٰی اذن لہ ۔ فصعد المنبر فحمد اللّٰہ واثنی علیہ ثُمَّ خَطَبَ خطبۃ اَبْکَیُ منھا العیون واوجل منھا القلوب ۔ ثُمَّ قال؛

اَیُّھَاالناس اعطینا سِتًّاوفَضّلُنَا بسبع؛اعطینا العلم و الحلم والسماحۃ والفصاحۃ والشجاعۃ والمحبّۃ فی قلوب المؤمنین ۔ وفَضَّلُنا بِاَنّ مِنّا النَّبیَّ المختار محمدًا صلی اللّٰہ علیہ وآلہ ومِنَّاالصدّیق و مِنَّاالطیّار ومنّا اسداللّٰہ ومنّا اسد الرسول صلی اللّٰہ علیہ وآلہ ومنّاسبطاھذہ الامۃ۔ مَنُ عرفنی فقد عرفنی۔ وَمَنُ لَمُ یعرفنی انبأ تہُ بحسبی ونسبی اَیُّھاالناس؛

انا ابن مکۃ ومنٰی ۔ انا ابن زمزم والصَّفا ۔ انا ابن مَن حمل الزکوۃ باطراف الرِدّا ۔ انا ابن خیر من ائتزر و ارتدیٰ ۔ انا ابن خیر من انتعل واحتفٰی ۔ انا ابن خیرمن طاف وسعٰی ۔ انا ابن خیرمَن حجّ ولَبّٰی ۔ انا ابن مَن حمل علی البراق فی الھوا ۔انا ابن مَن اسری مِن مسجد الحرام اِلٰی مسجد الاقصٰی ۔ وانا ابن مَن بلغ بہ جبرئیل الٰی سدرۃ المنتھٰی ۔انا ابن مَن دنی فتد لّٰی فکان قاب قوسَین اوادنٰی ۔انا ابن من صلّی بملٰئکۃ السَّماء ۔اَنَا ابن مَن اوحی الیہ الجلیل مااوحٰی ۔ اَنَا ابن محمدؐن المصطفٰی ۔ اَنَا ابن علیؑ المرتضٰی ۔ اَنَا ابن من ضرب خراطیم الخلق حتی قالوا لا اِلٰہ الا اللّٰہ ۔ اَنَا ابن مَن ضرب بین ید ی رسوؐل (اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ) بِسَیُفَیُنِ وطعن بِرُمُحَیُنِ ۔ وھاجر ھجرتین وبایع البیعتین وقاتل ببدر وحُنین ولم یکفر باللّٰہ طرفۃ عَین۔ اَنَا ابن صالح المؤمنین ووارث النبیّینؐ وقامع الملحدین ویعسوب المسلمین ونور المجاھد ین وزین العا بد ینؑ وتاج البکّائین واصبر الصا برین وافضل القآئمین مِن آل یٰسین رسولؐ رب العالمین ۔ اَنَا ابن المؤیّد بجبرئیل المنصور بمیکائیل ۔ اَنَا ابن المحامی عن حرم المسلمین وقا تل المارقین والناکثین والقاسطین المجاھد اعد ائہ الناصبین وافخر مَن مشی مِن قریش اجمعین و اوّل مَن اجاب واستجاب للّٰہ ولرسولہؐ مِن المؤمنین واوّل السابقین وقاصم المعتدین ومبیدالمشرکین وسھم من مرامی اللّٰہ علی المنافقین ولسان حکمۃ العا بد ین وناصردین اللّٰہ وولی امراللّٰہ وبستان حکمۃ اللّٰہ وعیبۃ علمہٗ سمح سخیٌّ بھیّ بھلول زکیّ ابطحی رضی مقدام ھمام صابر صوام مھذب قوام قاطع الاصلاب ومفرّق الاحزاب ۔ اربطھم عنانًا واثبتھم جنانًا وامضاھم

عزیمة و اشدّ هم شکیمة اسد باسل یطحنهم فی الحروب اذا ازد لفَتُ الاسنّة وقربَتُ الاعنّة ویذد وهم ذروالریح الهشیم لیث الحجاز وکبش العراق مکیٌّ مدنیّ حنفیّ عقبیّ بدریّ احدیّ شجریّ مهاجری مِن العرب سید ھا ومن الوغا لبثھا و وارث المشعرین وابوالسبطین الحسَن والحسیؑن ذاک جدّی علیٌّ بن ابیطالبٌ ثمَّ قال اَنَاابن فاطمةٌ الزهراء۔ اناابن سیدة النِسآء۔

فلم یزل یقول اَنَا۔اَنَا حَتّٰی ضح الناس البکاء والنّحیب وخشی یزید لعنه اللّٰه اَنْ یکون فتنة فامرالموذّن فقطع علیه الکلام فلما قال الموذّن اللّٰه اکبر اللّٰه اکبر ۔ قال علیٌّ لاشیٔ اکبرمِن اللّٰه۔ فلمّاقال اشهد اَن لا الٰه الّا اللّٰه ۔ قال علیٌّ بن الحسیؑن شهد بها شعری وبشری ولحمی ودمی ۔ فلمّاقال الموذّن اشهد اَنّ محمداً ا رسول اللّٰه ۔ التفت مِن فوق المنبر الٰی یزید فقال محمدٌ هذاجدّی اَمْ جدّک یایزید فان زعمت انه جدّک فقد کَذّ بْتُ وکَفَرْتَ واِن زعمت اَنّهٗ جدّی فَلِمَ قَتَلْتَ عترتهٖ ؟ قال وفرغ الموذ ن مِن الاذان والاقامة وتقدم یزید فصلّی صلوة الظهر۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 522 تا523)

صاحب مناقب وغیرہ نے روایت کی ہے کہ(1) یزید ملعون نے حکم دیا کہ خطیب منبر پر جا کرلوگوں کے سامنے حضرت امیرؑ وامام حسینؑ کے عیوب بیان کرے ۔(2) پس خطیب نے بعد حمد وثنا علیؑ اور حسینؑ کو بہت بُرا کہا اور یزید ومعاویہ کی نہایت تعریف کی اور تمام محامد ومناقب اُن کے لئے ثابت کئے ۔(3) راوی کہتا ہے اُس وقت علی بن الحسین علیہما السلام نے پکار کرفرمایا کہ وائے تجھ پر اے خطیب تو نے رضائے مخلوق کوغضبِ خالق کے بدلے میں اختیار کیا اور اپنا مقام آتش جہنم میں مقرر کیا۔(4) بعدہ،حضرتؑ نے فرمایا اَے یزید مجھ کو اجازت دے کہ اس منبر پر جا کر چند کلمے اس طرح کے ذکر کروں جس سے رب العالمین کی رضا اور خوشنودی اوران حاضرین کے لئے ثواب وبہبودی ہو۔(5) یزید نے قبول نہ کیا۔(6) لوگوں نے درخواست کی کہ اے یزید اُن کو اذن دے شاید کوئی اچھی بات ہم سُنیں ۔(7) یزید نے کہا کہ اگر یہ منبر پر جائے گا تو مجھ کو اور آل ابوسفیان کو رُسوا کرکے اُترے گا۔(8) لوگوں نے کہا، یاامیر اس لڑکے سے کیا ہو سکے گا ۔(9) یزید نے کہا یہ اُس خاندان سے ہے جو عالم طفلی ہی میں آراستہ بعلم وکمال ہوتے ہیں۔ (10) راوی کہتا ہے کہ کافی دیر تک لوگ اصرار کرتے رہے تا اینکہ یزید نے آنخضرتؑ کو اجازت دے دی۔(11) پس حضرتؑ منبر پر تشریف لے گئے اور بعد حمد وثنائے الٰہی ایک خطبہ ایسا دردناک پڑھا جس سے آنکھوں کو گریاں اور دل کو بریاں کردیا۔(12) اس کے بعد فرمایا؛

اَے لوگو!! جناب احدیت نے اہلبیتؑ رسالت کو جو خصلتیں عنایت کی ہیں وہ یہ ہیں: (13) علم وحلم وسخاوت وفصاحت وشجاعت اور مومنین کے دلوں میں ہماری محبت ۔(14) اور فضیلتیں یہ ہیں کہ: (15) ہم میں سے سید ابرار محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ ہیں۔ (16) اور ہم میں سے صدیق اعظم علیؑ المرتضٰی ہیں۔(17) اور ہم میں سے جعفرؑ طیار اور حضرت حمزہؑ شیر خدا اور عم رسولؐ ہیں۔ (18) اور ہم میں سے سبطین اس امة کے حسن وحسین علیہما السلام ہیں ۔(19) جو شخص ہم کو جانتا ہے وہ تو جانتا ہے ۔(20) اور جو نہیں جانتا میں اُس کو اپنے حسب ونسب سے آگاہ کرتا ہوں کہ؛

(21) میں ہوں فرزند مکہ ومنا۔ میں ہوں فرزند زمزم وصفا۔(22) میں ہوں فرزند اُس شخص کا جس نے مقام ابراہیمؑ کو چادر کے کونے سے اُٹھایا۔(23) میں ہوں فرزند اس شخص کا جو بہترین عالم تھا۔(24) میں ہوں فرزند اس شخص کا جو طواف اور سعی کرنے والوں میں

سب سے بہتر ہے۔(25) میں فرزند ہوں اُس کا جو تمام حج کرنے اور لبیک کہنے والوں میں افضل تھا۔(26) میں ہوں فرزند اس شخص کا جس کو اللہ نے ایک شب میں مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک پہنچایا۔(27) میں ہوں فرزند اُس شخص کا جس کو جبرائیل سدرۃ المنتہیٰ تک لے گئے ۔(28) میں ہوں فرزند اُس شخص کا جو مقام قرب الٰہی میں پہنچا یہاں تک کہ قاب قوسین او ادنیٰ کی منزل پر فائز ہوا۔ (29) میں ہوں فرزند اُس کا جس نے ملائکہ کے ساتھ آسمان پر نماز پڑھی ۔(30) میں ہوں فرزند اُس کا جسکی طرف اللہ نے وحی کی ۔ (31) میں ہوں فرزند محمدؐ مصطفیٰ کا ۔(32) میں ہوں فرزند علیؑ مرتضیٰ کا ۔(33) میں ہوں فرزند اس کا جس کی ذوالفقار کی برکت سے لاالٰــہ الا اللّٰــہ کہا گیا۔(34) میں ہوں فرزند اُس کا جس نے رسولؐ اللہ کے سامنے دو شمشیروں اور دو نیزوں سے جہاد کیا۔ (35) جس نے دو ہجرتیں کیں اور دو بیعتیں کیں؛ جس نے بدر و حنین میں جہاد فرمایا اور طرفۃ العین کے لئے منکر خدا نہ ہوا۔(36) میں ہوں فرزند صالح المومنین، وارث نبیینؑ و قلع و قمع کنندہ ملحدین و سردار مسلمین و نور مجاہدین و زین العابدین و سرتاج گریہ کنندگان جو آل رسوؐل رب العالمین صبر کرنے اور نماز پڑھنے میں سب سے افضل ہیں ۔(37) میں ہوں فرزند اُس کا جو جبرائیلؑ و میکائیلؑ کی جانب سے موید و منصور ہوا۔(38) میں ہوں فرزند اُس کا جس نے ناموس مسلمین کی حمایت کی ۔(39) میں ہوں فرزند اُس کا جس نے مارقین و قاسطین و ناکثین کو قتل کیا اور اپنے دشمن ناصبیوں سے جہاد کیا۔(40) جو تمام قریش کا فخر تھا۔(41) جس نے سب سے پہلے اجابت دعوت خدا اور رسوؐل کی ۔(42) جس نے ایمان میں تمام مومنین پر سبقت کی ۔(43) جس نے سرکشوں کی کمر توڑ دی (44) جس نے مشرکوں کو نابود کیا۔(45) جو منافقوں کیلئے اللہ کا تیر، حکمت عباد کا ترجمان، دین خدا کا ناصر، اُس کا ولی امر، حکمت خدا کا بوستان، اس کے علم کا دروازہ، صاحب جُود و عطا، یکتا در حسن و بہا، پاک و پاکیزہ راضی برضا، شجاع سردار، صابر، بکثرت روزے رکھنے والا، صاحب اخلاق پسندیدہ، بڑی نمازیں پڑھنے والا، کافروں کی نسل قطع کرنیوالا، اُنکی جماعت کو پراگندہ کرنیوالا، دل و جگر کے اعتبار سے سب سے زیادہ مضبوط؛ عزم و ارادہ میں سب سے زیادہ پکا؛ خودداری میں سب سے زیادہ اونچا؛ وہ شیر بیشۂ شجاعت، جس نے گتھے ہوئے نیزوں میں سرکشوں کو یُوں پیس کر رکھ دیا جس طرح چکی آٹا پیستی ہے؛ یوں اُڑا دیا جس طرح آندھی بھُوسا اُڑاتی ہے؛ شیر بیشۂ حجاز؛ مرد مردان عراق؛ مکی و مدنی، حنفی عقبی، بدری واحدی، شجری مہاجری، شاہ حرب و ضرب، شیر بیشۂ جنگ و جہاد، وارث مشعرین، والد سبطین یعنی حسنؑ و حسینؑ امیر المومنین علیؑ بن ابی طالبؑ میرے جدّ نامدار ہیں ۔(46) میں ہوں فرزند فاطمہ زہراء۔(47) میں ہوں فرزند سیدۃ النساء۔

(48) غرض اسی طرح فرماتے رہے تا اینکہ حضار مجلس میں شور و شیون عظیم برپا ہوا۔(49) اس وقت یزید خائف ہوا کہ مبادا فساد برپا ہو۔اس لئے مؤذن کو حکم دیا کہ اذان دے ۔(50) پس اُس نے آپ کا قطع کلام کیا۔اور اذان کہی ۔(51) جب موذن نے اللہ اکبر کہا حضرت نے فرمایا کوئی چیز حق تعالیٰ سے برتر نہیں ۔(52) جب اُس نے اشھد ان لا الہ الا اللہ کہا فرمایا میرا گوشت و پوست و خون گواہی دیتا ہے کہ اس کے سوا کوئی اللہ نہیں ۔(53) لیکن جب موذن نے اشھد انّ محمدؐ ارسول اللّٰہ کہا تو حضرت نے یزید کی طرف نگاہ کر کے فرمایا۔(54) اے یزید بتلا یہ محمدؐ میرے جدّ ہیں یا تیرے؟(55) اگر تو اُن کو اپنے جد سمجھتا ہے تو غلط و کفر ہے۔اور اگر میرا جدّ جانتا ہے؟ تو بتلا کہ پھر تو نے کیوں اُن کی عترت کو قتل کیا؟(56) راوی کہتا ہے کہ جب موذن اذان و اقامت سے

فارغ ہوا اُس وقت یزید متوجہ ہوا نماز ظہر کی طرف۔'' (ترجمہ بحار الانوار حصہ دوم صفحہ 41 تا 44)

(ب)۔ امام زین العابدین علیہ السلام کے خطبہ پر ایک مومنانہ نظر

علامہ جزائری نے اس ترجمہ سے کافی روپیہ کمایا۔لیکن مومنین کو دوہرا نقصان ہوا۔روپیہ کا نقصان اور واقعاتِ کربلا میں مزید اختلاف وگنجلک کا نقصان۔علامہ نے بھی وہی طریقہ اختیار کیا جو اُن کے دوسرے بھائی بند اختیار کرتے رہے ہیں۔یعنی اُن کے سامنے نہ حسینی مقاصد ہیں نہ یزید و بنی امیہ کی پالیسی ہے۔وہ گویا ایک گھریلو مجلس میں بیٹھے ہیں اور اناپ شناپ جو دل میں آرہا ہے لکھتے چلے جارہے ہیں۔خطبہ کے الفاظ سامنے ہیں مگر اُن کی پابندی اس لئے نہیں کی جاتی کہ انہیں ذرہ برابر اہل دمشق کی وہ حالت وذہنیت معلوم نہیں جس کو توڑنے اور چونکانے کے لئے امام علیہ السلام اپنے خطبہ کی تدریج قائم فرماتے ہیں۔ذرا سوچئے کہ اس مملکت میں علیؑ اور خاندان علی علیہم السلام کو 35 ہجری سے ہدف ملامت بنانے کی ہر وہ ترکیب وکوشش کی جاتی رہی جو ایک زبردست جابر وقہار حکومت کرسکتی تھی۔جس مملکت میں ہر منبر ومسجد سے لعنت وتبرا کرتے اور سنتے ہوئے چھبیس (26) سال گزر گئے ہوں۔اُس مملکت کے دارالخلافہ کی شاہی مسجد میں پہلی دفعہ خاندان مرتضویؑ کو قیدی کی صورت میں داخلہ ملتا ہے۔بتایئے کیا یہ موزوں ہوگا کہ امامؑ ایک دم یہ کہہ دے کہ میں علیؑ کا بیٹا ہوں یعنی جس پر تم عرصہ دراز سے لعنت کرتے رہے ہو میں اس کا بیٹا ہوں؟ اور سوچئے کہ یہ لعنت وتبرا کے عادی ملاعین اِس کا کیا اثر لیتے؟

میں کہتا ہوں کہ اگر منبر پر بیٹھتے ہی علیؑ کا نام لے دیا جاتا تو اِس کے بعد پبلک پر کسی وعظ وفضیلت کا اثر نہ ہوتا اور شاید کوئی بات سننے کا روادار بھی نہ ہوتا۔بات تو اس امید پر سُنی جارہی ہے کہ اسلامی حکومت کے باغی اور مقتول ومفتوح خاندان کا ایک قیدی فرد؛ منبر پر جانے کی اجازت مانگتا ہے۔اور کچھ ایسی باتیں کہنا چاہتا ہے جو اُدھر رضامندی وخوشنودیٔ خدا کی ضامن ہیں۔اِدھر تمام حاضر مسلمانوں کی فلاح وبہبود کا باعث ہوں گی۔وہ یہ سمجھنا چاہتے ہیں کہ ایک خارجی اس سلسلے میں کیا کہے گا؟ وہ ہمارے نزدیک واجب القتل ہے اور ہم خارجیوں کے نزدیک واجب القتل ہیں۔دیکھیں اس صورت حال میں یہ جوان شخص کیا کہتا ہے؟ یزید نے یہ کہہ کر شوق اور بھی بڑھا دیا ہے کہ اگر یہ منبر پر چلا گیا تو اُس وقت تک منبر سے نہ اُترے گا جب تک مجھے اور ابوسفیان کی اولاد کو ذلیل ورسوا ثابت نہ کردے۔وہ دیکھنا چاہتے تھے کہ خارجی قیدی اور خارجی مذہب کیسے اس حکومت اور خاندان اور اُس کے مذہب کو باطل ثابت کرتا ہے۔اس کے پاس کون سے دلائل ہیں جو اُدھر اللہ کو پسند ہیں اور اِدھر یزید کے خوف وہراس کا باعث ہیں؟ یہ ہے وہ صورتِ حال اور جذبہ جس کے ماتحت پبلک نے اصرار کرکے یہ موقعہ فراہم کیا ہے کہ امام علیہ السلام منبر پر جائیں۔امامؑ ہی نہیں بلکہ ہر ذی ہوش اور حالات حاضرہ سے واقف شخص اپنی گفتگو میں ایک بھی ایسا لفظ نہ کہے گا جس سے اُس پر کوئی شاہی عتاب ہوسکے۔جس سے ملکی قانون کی گرفت میں آجائے یا جس سے منبر پر بیٹھتے ہی پبلک کی نظروں میں گرجائے۔چنانچہ پہلے امام علیہ السلام نے اللہ کی ایسی حمد وثنا کی اور اُس کی ایسی پوزیشن بیان فرمائی کہ تمام حاضرین اپنی حالت پر، اپنے مذہبی عقائد پر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔جن علما واُمرا اور سرداران دمشق نے کہا تھا کہ یہ نوجوان وبیمار ولاچار قیدی خطیب اعظم کے بعد کیا کہہ سکے گا؟ وہ حیران وششدر رہ گئے۔الفاظ کے ہتھوڑے قلب وذہن کے مصنوعی

ماحول کوتوڑ توڑ کر دینی تصورات کو ابھار رہے تھے۔ فطرت کو بیدار کر رہے تھے۔

جب امام علیہ السلام نے دیکھا کہ قلوب آمادہ ہیں تو آپ نے اپنا بالواسطہ تعارف شروع فرمایا۔ یہ نہیں فرمایا کہ میں علیؑ کا بیٹا ہوں بلکہ یہ بتایا کہ انسانی فطرت کو کون سی صفات پسند ہیں۔ اور یہ کہ وہ سب مجھ میں اور میرے جنم دینے والوں میں موجود ہیں اور تم میری صورت سے میرے بیان سے میرے اطمینان قلب سے خود دیکھ سکتے ہو۔ آپ نے نام بنام اُن صفات اور خصلتوں کو شمار کر کے بتایا۔ پھر یہ بتایا کہ یہ صفات خود رَو نہیں ہیں۔ بلکہ اللہ نے بڑے اہتمام وانتظام سے ایک ایسی نسل تیار کی جس میں تعلیماتِ خداوندی فطرت بن کر رہ جائے۔ جس میں نبوّت ورسالت وامامتؑ پرورش پائے۔ جن کے یہاں ملائکہ کا ہر لحہ ورود ہوتا رہے اور رفتہ رفتہ ترقی کے اس سدرۃ المنتہیٰ پر پہنچے کہ اس نسل سے محمدؐ مصطفیٰ مختار کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ پیدا ہوں اور خُلق عظیم اُن کی عادت وفطرت بن جائے۔ اُس کے بعد بھی نہ یہ کہا کہ علیؑ کا بیٹا ہوں نہ یہ کہا کہ میں علیؑ کا پوتا ہوں۔ بلکہ بالواسطہ فرمایا کہ ہماری اُسی نسل سے صداقت اور سچائی کا مجسمہ پیدا ہوا تھا۔ ہم ہی میں وہ ہستی ہے جو انسان ہوتے ہوئے ملائکہ کی طرح پرواز کرتا ہے (جملہ نمبر 15 تا 17)۔ اُسی ہماری نسل سے اللہ کا شیر اور رسوؐل کا شیر وجود میں آیا تھا۔ اور ہماری ہی نسل سے وہ دو ہستیاں ہیں جنہیں اس امت کے نواسے قرار دیا گیا ہے۔ یعنی اگر تم اس اُمت کے افراد ہو تو تمہیں اُن نواسوں کا علم واحترام اور اُن سے محبت وشفقت کا سلوک لازم تھا۔

جب بات یہاں تک آ گئی تو فرمایا کہ جو مجھے پہچان گیا وہ تو پہچان ہی چکا۔ مگر جو اب بھی نہیں سمجھے وہ سُنیں اور سمجھیں کہ میں ہی اُن دونوں مقامات کا بیٹا ہوں جنہیں مکہ اور منیٰ کہتے ہو اور وہاں کی مٹی تک کا احترام کرتے ہو۔ میں ہی خلاصہ ہوں زمزم اور صفا کا۔ میں ہی لاڈلا ہوں اس ہستی کا جو تزکیہ اور تقدس کی گھٹڑیاں تقسیم کیا کرتا تھا (جملہ نمبر 22) میں علوم خداوندی کا پروردہ ہوں۔ میں ہی وہ مقصد ہوں جس کے لئے خانہ کعبہ کا طواف اور دوڑ دھوپ کی جاتی ہے۔ میرے ہی باپ نے حج وطواف کو جاری کیا تھا۔ اور لبیک لبیک کا تقرب انسانوں کے سامنے رکھ دیا تھا۔ میرا ہی باپ معراج پر بلایا گیا تھا۔ ہمارے ہی گھر میں براق آیا تھا (علامہ نے ترجمہ نہیں کیا) وہ میرا ہی والد تھا جو ہواؤں اور فضاؤں میں سنگ میل قائم کرتا ہوا عرش اعظم تک پہنچا۔ جبرائیل جس کا ہمرکاب وخادم تھا۔ جس نے ملائکہ کو نماز پڑھائی۔ جس نے انسانوں کے لئے فضاؤں کو مسخر کیا اور عروج انسانی کی راہ ہموار کر دی۔ اور قربت خداوندی کے اس مقام پر فائز ہوا جہاں جبرائیل کا گزر، ناممکن ہے۔

اب وقت آ گیا تھا۔ اب بتایا کہ میں جن کی تصویرکشی کرتا رہا ہوں وہ محمد وعلی صلوٰۃ اللہ علیہم ہیں اور میں اُن ہی کا بیٹا ہوں۔ میں وحی خداوندی کی گود میں پلا ہوں۔ میں اُن دونوں کی صفات اور قدرت کا ورثہ دار ہوں۔ میں اُن ہی کے قدم بقدم چل رہا ہوں۔ اُنہوں نے ایک قدم وحی کے خلاف نہ اٹھایا۔ حکم ملا تو ظلم سہا اور وحی نے حکم دیا تو میرے ہی والد نے ڈبل نیزے اور دوہری تلواریں کھینچ لیں۔ سرکشوں کو مجبور کیا کہ کلمہ پڑھ کر جان بچائیں، سر جھکائیں۔ میرے ہی والد نے عرب کے سورماؤں کو بدر وحنین واُحد وخندق میں پیٹ کر رکھ دیا تھا۔ وہی تھا جس کو اللہ نے تمام ایمان لانے والوں سے بڑا صالح فرمایا ہے۔ وہ میرا ہی باپ تھا جس نے مشرکین وملحدین کو مسلمانوں میں چھپ جانے پر مجبور کیا۔ اُسی نے کفر وشرک کی جڑیں نکال دی تھیں۔ یعنی ہم سے دشمنی رکھنے والے یقیناً مشرکین کا انتقام

لینے والے ہیں۔ میرا ہی باپ تھا جس کی تائید ونصرت میں جبرائیل ومیکائیل پیش پیش رہتے تھے۔ میں اُسی کا بیٹا ہوں جس نے مسلمانوں کے جان ومال اور ناموس کو کفر وشرک کی یلغار سے محفوظ کیا تھا اور اسلامی حکومت قائم کر کے رسولؐ اللہ کی مدد کی تھی۔ میری یہی خطا ہے کہ میرے باپؑ نے سازش کرنے والوں، جھوٹی بیعت کرنے والوں اور رسولؐ کے خلاف منصوبہ بنانے والوں کو تہہ تیغ کیا تھا۔ میرا ہی باپ سب سے پہلے اللہ کے احکام بجالایا تھا۔ وہ اُدھر اللہ ورسوؐل کا تیر اور تلوار تھا اور اِدھر نہایت صابر تھا۔ میرے والد کی زبان سے حکمت خداوندی بولتی تھی۔ وہ ہی زبان میرے دہن سے بول رہی ہے۔ میں اُن ہی کا بیٹا ہوں جو مجسمہ سخاوت وشجاعت وعلم وحکمت تھے۔ وہ میرا ہی باپ تھا جو مخزن صبر وتحمل تھا۔ نماز وروزہ وعبادت اُن پر فخر کرتی ہیں۔ اُس کے مخالفین کی نسلیں منقطع ہوتی چلی جائیں گی۔ اُن کے دشمنوں میں انتشار وافتراق پھیلتا چلا جائے گا۔ اُن کے سامنے نیزوں اور تلواروں کی دھاریں مڑ جاتی تھیں۔ وہ سرکشوں کا چُورا کر کے رکھ دیتے تھے۔ اُن ہی کی وجہ سے مکی ومدنی وحنفی کہلانا قابل فخر ہوا ہے۔ میں اُن ہی کا بیٹا ہوں اور اُن کی ہر صفت کا نمائندہ ہوں۔ میرے ہی پالنے والے حسنؑ وحسینؑ تھے۔ وہی اس اُمت کے سبطینؑ تھے۔ فاطمہؑ زہراء تمام خواتین عالم کی سردار ہی تو میری والدہ ہیں۔ جنت میں جانے والوں کے سردار میرے ہی والدؑ ہیں۔

امامؑ نئے نئے اور حقیقت انگیز زاویوں سے ثابت کر رہے تھے کہ میں علیؑ ومحمدؐ کا بیٹا ہوں۔ میں فرزند ہوں فرماتے چلے جا رہے تھے اور تمام مجمع ادب واحترام کے ساتھ سُن سُن کر تڑپ تڑپ اُٹھتا تھا۔ یہاں تک کہ حاضرین میں تلاطم اُٹھتا دیکھ کر یزید نے مؤذن کو اشارہ کر دیا۔ اذان شروع ہوگئی۔ امامؑ منبر سے نہیں اُترے اور اذان کو اپنے اور اپنے آباواجداد کی منادی بنا دیا اور بتایا کہ تم اذان دے کر بھی ہماری ہی مدح وثنا کرتے ہو۔ یہ اذانیں یہ نمازیں یہ دین کیا ہے؟ یہ اللہ ومحمدؐ وآل محمدؐ کا پیغام ہے۔ اُن کی مدح وثنا ہے۔ اُن کے توسل سے قرب خداوندی حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔ لیکن یزید کا دین فریب ہے۔ وہ محمدؐ کے نام کی تو منادی کرتا ہے۔ لیکن اُن کی اولاد کو قتل کرتا ہے۔ اُنہیں خارجی کہتا ہے۔ اُن کے حرم کو اور رسولؐ زادیوں کو قید کر رکھا ہے۔ یزید نے نماز کی آڑ لے لی لوگ مصروف ہوگئے۔ فارغ ہوئے تو امامؑ غائب تھے۔

ہم نے علامہ جزائری کا ترجمہ اس لئے ریکارڈ میں لے لیا ہے کہ مومنین کو مومنانہ ذہنیت اور مولویانہ ذہنیت میں تقابل کا موقعہ ملتا چلا جائے اور یہ اندازہ ہوجائے کہ کس طرح رفتہ رفتہ حقائق نظروں سے اوجھل ہوتے چلے گئے۔ عربی عبارت میں یہ جملہ موجود ہے ''اَنَا ابْنُ مَنْ حَملَ عَلَی الْبُرَّاقِ فِی الْھَوَاء '' مگر ترجمہ تو ترجمہ ہے۔ وہاں تو ترجمے میں کہیں لفظ براق آیا ہی نہیں ہے۔ آئندہ جب عربی عبارت والی کتاب غائب ہوجائے گی تو ماشاءاللہ صرف جزائری صاحب رہ جائیں گے۔ پھر وہ کہتے ہیں کہ معراج کا مقصد اللہ کے قریب جانا تھا چنانچہ لکھا کہ ''میں ہوں فرزند اُس کا جو مقام قرب الٰہی میں پہنچا'' (جملہ نمبر 28)۔ یعنی زمین پر رسوؐل اللہ کو قرب الٰہی حاصل نہ تھا گویا اللہ کہیں آسمانوں پر رہتا ہے۔ پھر وہ یہ نہیں کہتے کہ رسوؐل اللہ نے ملائکہ کو نماز پڑھائی۔ بلکہ ملائکہ کے ساتھ نماز پڑھنے کو قابل فخر بتاتے ہیں۔ حالانکہ ملائکہ اس خاندان کی خدمات انجام دیا کرتے تھے۔ اور حسین علیہ السلام کا جھولا جھلایا کرتے تھے۔ یہ ہیں وہ ہاتھ جو رفتہ رفتہ محمدؐ وآل محمدؐ کو اس سطح پر اتار لائے کہ اُنکے جانشین، خطا کار وگنہگار لوگ بن بیٹھیں۔ چنانچہ ہزار سال سے شیعوں میں بھی محمدؐ

وآلِ محمدؐ کے جانشین خاطی انسان ہیں اور اُنکی اطاعت واجب ہے۔ جو اُنکا حکم نہ مانے وہ کہتے ہیں کہ اُسے واصل جہنم کیا جائے گا۔سوچئے کہ اُن میں اور ہمارے مخالف محاذ کے علما میں کیا فرق ہے؟ بس یہی فرق ہے نا، کہ اُنہوں نے فوراً جانشینی اختیار کرلی تھی اور اِنہوں نے تین سو سال کے بعد وہی حقوق غصب کر لئے ۔ ورنہ نظام ایک، طرز فتویٰ واحکام ایک، مبلغ علم وانجام ایک، وہاں بھی اجتہاد یہاں بھی اجتہاد لیبل کا فرق کوئی فرق نہیں۔ یہ لوگ نہ صرف اہلبیتِ محمدؐ کی پوزیشن کو بتدریج تباہ کرتے چلے آئے ہیں بلکہ اپنے حقیقی بزرگوں اور راہنماؤں کے عقائد واعمال پر ہمیشہ پردہ ڈالنے میں کوشاں رہے ہیں۔ چنانچہ مندرجہ احتجاج کی روایت میں بھی یزید اور اُسکو برحق خلیفہ سمجھنے والے ہم مذہب لوگوں کے عقیدے کو چھپایا گیا ہے۔جس طرح قصہ بُرّاق کی آمد کا ذکر نہیں اُسی طرح یزید کو امیر المومنین سمجھنے اور کہنے والوں کو بھی چھپادیا گیا ہے۔آپ علامہ کے ترجمہ کا جملہ (نمبر 8) دیکھیں۔ یہ ترجمہ ''لوگوں نے کہا یا امیر اس لڑکے سے کیا ہو سکے گا'' غلط ہے۔ عربی میں یہ کہا گیا تھا کہ ''فقیل له یاامیر المومنین ماندری مایحسن هذا'' جس کا صحیح ترجمہ یہ کرنا چاہئے تھا کہ: ''یزید سے کہا گیا کہ اَے امیر المومنین ہم نہیں سمجھتے کہ یہ شخص کچھ بہتر بیان دے سکے گا۔'' جزائری صاحب نے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کو ایک لڑکا بنادیا ہے اور اپنے امیر المومنین کے عقیدہ کو چھپادیا ہے۔مومنین کو چاہئے کہ اس گروہ کے بیان کردہ فضائل ومصائب کو غور سے پڑھا کریں۔ یہ لوگ الفاظ کی ادل بدل اور اُلٹ پلٹ سے مثبت کو منفی اور منفی کو مثبت بنادیا کرتے ہیں۔ یہ حضرات بہت سے الفاظ کا ترجمہ نہیں کیا کرتے بلکہ ترجمہ میں اُن الفاظ کو جُوں کا تُوں رکھ کر گزر جاتے ہیں۔ اسلئے کہ ترجمہ کرنے سے ایسی بات مومنین کے سامنے آجائیگی جو اُن لوگوں کے مذہب میں منع اور مومنین میں جائز ہے۔ دیکھئے علامہ نے اِن الفاظ کا ترجمہ نہیں کیا۔حنفی، عقبی، شجری، وارث المشعرین (جملہ نمبر 45)۔شعری (نمبر 52) مارقین، قاسطین، ناکثین (جملہ نمبر 39)۔ یہ ہے مولویانہ دھاندلی بتایئے کتنے فی صد شیعہ یا سُنی اِن الفاظ کو سمجھتے ہیں؟

(3)۔ حرم یزیدلعین میں رسولؐ زادیوںؑ کی پہلی پیشی اور ایک نئی شہادت

تاریخ سے واقف مومنین جانتے ہیں کہ یزید کی دادی اور معاویہ کو جنم دینے والی ہند بنت عتبہ سردارِ قریش ابوسفیان کی زوجہ نے اپنے باپ اور خاندان کے باقی مقتولوں کیلئے صف ماتم بچھائی تھی اور تمام آرائش وآسائش کو اپنے اوپر حرام کرلیا تھا۔زیورات اُتار دیئے تھے۔ چارپائی پر سونا چھوڑ دیا تھا اور حضرت علی علیہ السلام سے انتقام لینے کی خاطر وہ سب کچھ کیا تھا جو شریف عورتیں نہیں کرتیں۔ اُسی نے حضرت حمزہ علیہ السلام کا جگر چبایا تھا۔مگر وہ حضرت علی علیہ السلام کو مقتول نہ دیکھ سکی اور اسی حسرت وسوگ میں مرگئی۔ابوسفیان نے اُس سے بھی زیادہ ذلتیں دیکھیں۔ اسکی سرداری اور اس کا مذہب خاک میں مل گیا۔اُسکے بزرگوں کے بت چُورچُور کرنے والا علیؑ برابر زندہ رہا۔اُن دونوں میاں بیوی نے علیؑ سے انتقام کی وصیت کی اور ناکام مرگئے۔معاویہ اور اُسکے سرپرستوں نے بھی برابر وصیت پر عمل کرنے کی اسکیم جاری رکھی۔آخر کار یزید نے بدر واحد، خیبر میں قتل ہونے والے کفار کا انتقام لے لیا۔اور آج محمد مصطفیٰ وعلی مرتضیٰ صلی اللہ علیہما کی بیٹیاں یزید کے محل میں بھیجی جارہی ہیں۔ جہاں ابوسفیان اور ہند کی بیٹیاں اور دُلہنیں زرق برق لباس میں ملبوس ہیں اور آل اللہ وآل رسولؐ نہایت بوسیدہ وناکافی لباس میں اُنکے سامنے جارہی ہیں۔ہمیں اس وقت بہت سے معجزات یاد آرہے ہیں۔ ہمارا دل چاہتا ہے کہ

وہ، شیطان زادیوں کو اِس بوسیدہ حالت میں نظر نہ آتیں۔ ہمیں نہیں معلوم کہ اللہ کے رحم وکرم کو جوش آیا تھا یا نہیں؟ اور رسولؐ زادیوں کے جسم پر وہ لباس بدل گیا تھا یا نہیں؟ بہرحال یہ بھی صبر وتحمل کا وہ امتحان تھا جہاں کامیابی حاصل کرنا صرف آلِ محمدؐ ہی کے شایان شان تھا۔ چنانچہ علامہ دربندی لکھتے ہیں:۔

قال الشعبی وکان لِیَزِید (لعین) اُختٌ اسمها هند غیرزوجته فَلَمَّا رَأَتهُنّ وثبت قائمة عَلٰی قد میها ثُمَّ قالت اَیّتکُنَّ اُمّ کلثومؑ اُخت الحسینؑ؟ قالت ام کلثوم علیها السلام هَا اَنَا، وَیْلَکِ،ابنة الامامؑ الزکی و الهمام التقی امیرالمؤمنین علیؑ بن ابی طالبؑ ـ مَنْ قَرَنَ اللّٰهُ طاعته بطاعته وعقابه بمعصیّته وَمَنْ اَفْرَضَ اللّٰهُ له الولایة عَلَی البد و والحضر مبیدالاقران والمتوجّ بالنّصر مکسرللّاتِ و العزّی والهبل۔

فاقبلت علیها اخت یزید وقالت یاام کلثومؑ ولا جل ذلک اُخِذْ تُمْ وبمثله طُلِبْتُمْ وهُوِّنتم یابنی عبدالمطلب امثل ربیعة وعتبة وابی جهل واضرابهم تسفک دمائهم انسینا اَبَاکِ یوم بد ر وماقتل مِن رجالنا؟ فقالت ام کلثومؑ یَااُمَّ خبث مَن الْاَولاد وَ یَاابنة اکلة الاکباد لَسْنَا کَنِسا ئِکُمُ المشهورات بالزنا ولا رجالنا کرجالکم العاکفین عَلَی اللّا تِ والعزّی ـ اَلَیْسَ جَدَّکِ ابا سُفیان الذی حزّبَ علی الرسولؐ الاحزاب اَلَیْسَ اُمّکِ هند الباذلة نفسها لوحشی والآکلة کبد حمزة جهرًا ولیس ابوکِ الضارب فی وجه امامه بالسیف اَوْلَیْسَ اخوک القاتل اخی ظلمًا وهوسید شباب اهل الجنّة واهل الکتاب والسنة وابن بنت الرسولؐ المخد وم بجبرائیل ومیکائیل ؟ وکثیر ممّاملکتموه فی الدنیا فانه فی الاخرة قلیل۔

قَالَ الشعبی فلم تجبها هند جوابًا ثُمَّ وَثَبَتْ مِن بعد ها عاتکه ابنة یزید علٰی قد میها ثُمَّ نَادَتْ اَیّتکُنَّ سکینةؑ(فاطمه الاوسط زینب) بنت الحسینؑ؟ فقالت هَااَنَا المطلوبة بثار بد ر وحُنین ـ وَیْلَکِ اَنْتُمْ بِنَامُسْتهزؤن وبما نزل بناشامتونَ فنحن مِن اهلبیتؑ المصائب وابونا علیؑ بن ابیطالبؑ فمن اَنْتِ یاوَیْلَکِ؟ قالت عاتکة بنتِ یزید صاحبة العزّا الشامخ والذکر الباذخ اهل الحقّ والد یا نة ـ فقالت لها سکینةؑ(فاطمةؑ الاوسط زینب) ویلک مَهْلًا اِنَّ اللّٰه تعالٰی جعل الدنیا دار البلوٰی وجعل الاخرة لِمَن ناوی الدنیا ولَسْتُمْ یاوَیْلَکِ مِثْلُنَا اَلَیْسَ اَبُوک المفتخر بقتل آل محمدؐ ظُلْمًا وَاُمّک المعتکفة لِعَبْدِ هَا فَعَلَیْکِ وعَلَیْهَا لعنةُ اللّٰه۔ فَامَّانحن فاهل بیتؑ الاحقاف ورجالنااهل الاعراف والصفوة من آل عبدمناف۔ فلم تجبها۔ وقد القمت حجرًا ـ

قال شعبی ثُمَّ وثبت من بعد ها امراة یزید وقالت ایتکُنَّ شاه زنان ابنة کسرٰی نوشیروان ؟ فقالت هَاانا ابنة الملک ومن جمع لَهَا فخر الد نیا والاخرة فی مملکة درجة وفی الامامة هدیة وانا زوجة ابن بنت رسولؐ اللّٰه المقتول ظلمًا وابن وصّی المرتضٰی ـ مَنْ انْتِ یاویلکِ ـ قالت اَنَاام حبیب زوجة یزید صاحبة العِزّ والفخارومَن خضعت لطاعته جمیع الامصار ـ قال الشعبی فاقبلت علیها زوجة الحسین علیه السلام و نادت واعجباهُ این البعیر مِنَ الفرس واین ضوالشمس مِن الغلس ونحن ملوک الامصار ورجالنا سادة الاطهار وانتم بنی امیة اَخسّ کلاب النار ثُمَّ تَلَتْ وکان الکافر علٰی ربهٖ ظهیرًا (فرقان25/55) وَیْلَکِ افباجداد کم الجاهلیة واولاد کم تفتخرون ام بقهرکم لنا تصولون۔ قال فَسَکَتْ ولَمْ تتکلّم وَکَان لَهَا جاریة کانت نآئمة فَانْتَبَهَتْ مِنْ نومها ولطمت وجهها ومزقّت ماکان علیها ثیاب فاخرة۔ وقالت شَاهَتْ وجوهکم وتعست جد ودکم یااولاد الشجرة الملعونة فی القرآن ونسل الرجس والطغیان یاآل ابی سفیان المتّهمین فی انسابکم والمعروفین بقبائح احسابکم حیث لم یصحّ اسلامکم ولم یثبت عنداللّٰه ایمانکم۔ ویلکم هٰؤُلآء اولاد الیعسوب الزکی والبرالتقی امیرالمؤمنین علیه السلام ثُمَّ انشاء ت:

وجوہٌ نورها یزهر ۔ کَنُور البد ر و الشمس

رسولً اللّٰه و لطهر ۔ خیار الجن و الانس

حسینً السبط مقتول ۔ بسیف الفاسق الرِّجس

قال الشعبی ثُمَّ خرجت الی یزید وهی منشوره الشعر فقالت ویلک یایزید کفِّ عن ولد فاطمة الزهراء علیها السلام فانّی کُنتُ الساعة نائمة فرایتُ فی منامی کان ابواب السمآء قد فتحت وَرَأیتُ اربعة مِن الملائکة قدحاطوابقصرکَ وهم یقولون احرقوا هٰذه الدارفقد سخط علٰی اهلها الملک الجبّار ۔ قال سهل وکانت هذه المرأة زوجة لِیَزِیْد۔ فقال لها وَیْلَکِ وترثین لاولاد فاطمة الزهراء واللّٰه لَاَقْتلنّک اشرقتلة ۔ قَالَتْ له وَمَا ینجینی مِن القتل؟ قال تقومین علٰی قدمیک وتسبّین علیً ابن ابی طالبً وعترته فانّکِ تنجین من القتل۔ قالت نعم افعل ذلک اِذا اَنْتَ اَحْضَرْتَ مَن یَسْمَعُ مقالی فاَمَرَ باحضار الناس ۔ فَلَمَّا اجتمعوا قَامَتْ قائمة عَلٰی قَدْمَیْهَا وقالَتْ یامعشرمَنْ حضراِنَّ هٰذا یزید بن معویة (لعنهما اللّٰه تعالٰی) قدامرنی اَنْ اُسبّ علیً ابن ابی طالبً وعترته۔ الا انصتوا لمااقول اَلا اَنَّ لعنة اللّٰه ولعنة اللّاعنین والملا ئکة والناس اجمعین علٰی یزید وابیه وجدّه ابی سفیان وحزبه واتباعه الٰی یوم الدِّین ۔ قال فلَمَّا سمع الناس کلامها غضب یزید غضبًا شدیدًا وقال من یکفینی امرها فقام الیهارجل مِن اهل الشام فضربها ضربة جدّلها صریعة فانتقلت الی رحمةِ اللّٰه تعالٰی ۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 537 تا538)

شعبی نے کہا کہ ہند نام کی ایک عورت یزید کی بہن بھی تھی۔ جب اُس نے رسولً زادیوں کو دیکھا تو ایک دم اُٹھ کر کھڑی ہوگئی اورسوال کیا کہ تم میں امام حسینً کی بہن ام کلثومؑ کون سی ہے؟ حضرت ام کلثومؑ نے فرمایا کہ میں ہوں ام کلثومؑ۔ یقیناً تو قابل مذمت ہے۔ سن میں اللہ کے پاک کردہ امامؑ کی اورمجسمۂ ذمہ داری بزرگ کی بیٹی ہوں۔ ایسے بزرگ کی بیٹی ہوں جس کی اطاعت کو اللہ نے اپنی اطاعت کے ساتھ ساتھ فرض کردیا اورجس کی نافرمانی پراللہ نے سزااورسرزنش دیا جانا لازم کردیا ہے۔اورجس کو حاکمِ خداوندی ماننا حاضر وغائب دونوں پرفرض کیا ہے۔جس نے اپنے تمام مدِّ مقابل سربلند دشمنوں کو فنا کے گھاٹ اُتارا۔ جسے اللہ نے نصرت کا تاج پہنایا،جس نے تمہارے بزرگوں لات وعزیٰ اورھبل کو چکنا چور کردیا تھا۔

یہ سن کر یزید کی بہن آگے بڑھی اور کہا کہ اے ام کلثومؑ اِسی لئے تم یوں گرفتار وقید کئے گئے اوراسی انتقام میں تمہیں یوں حاضر کیا گیا اورتمہاری توہین کی گئی ہے۔اے عبدالمطلبؑ کی اولاد کیا تم نے یہ سمجھا تھا کہ ہم اپنے بزرگوں ربیعة اور عتبہ اور ابوجھل اوراُن کے ہم پلہ لوگوں اوردیگر جوانوں کا قتل عام اورخون بہایا جانا بھول جائیں گے اورعلیؑ سے بدر کا بدلہ نہ لیں گے؟

جناب ام کلثومؑ نے جواب دیا کہ اے وہ عورت جس سے پیدا ہونے والی اولاد خبیث ہوگی۔اوراَے وہ عورت جو جگرخوارہ کی بیٹی ہے۔ اوملعونہ سن کہ ہم تمہارے خاندان کی عورتوں کے مانند نہیں۔تمہاری عورتیں تو عرب میں زنا کرانے کے لئے مشہور رہی ہیں۔اورتمہارے مرد بھی ہمارے مردوں کی برابری نہیں کرسکتے۔تمہارے مرد تو لات وعزیٰ اور بتوں کے سامنے سجدہ ریز رہتے تھے۔کیا ابوسفیان تیرادادا نہیں جس نے تمام اقوام کو لے کر رسولً اللہ پر حملے کئے۔کیا تیری ماں وہی تیری ہمنام ہند نہیں جو وحشی نام کے غلام سے فراخدلی سے یارانہ رکھتی تھی جس نے حمزہؑ کا جگر چبایا؟ کیا تیرے باپ نے اپنے امامؑ کو قتل نہیں کرایا۔کیا تیرے بھائی نے میرے بھائی کو ناحق قتل نہیں کیا

جو جنت کے جوانوں کا سرداراور دختر رسولؐ کا بیٹا تھا۔اور جبرائیل ومیکائیل جس کے خادم تھے؟اور یہ جو کچھ تمہارے پاس ہے آخرۃ میں حقیر وقلیل ہے۔

علامہ شعبی کہتے ہیں کہ یزید کی بہن کچھ نہ بول سکی، لاجواب ہوکر خاموش ہوگئی۔اس کے بعد یزید کی بیٹی عاتکہ کھڑی ہوئی اور پکارا کہ تم میں حسینؑ کی بیٹی سکینہؑ (فاطمہؑ الاوسط عرف زینبؑ) کون سی ہے؟ حضرت سکینہ(فاطمہ الاوسط عرف زینبؑ)علیھا السلام نے فرمایا کہ کیا میں بھی بدر وحنین میں قتل ہونے والے مشرکین کے انتقام میں مطلوب ہوں۔خدا تجھے غارت کرے تم لوگ جمع ہوکر ہمارا مذاق اڑا رہے ہو۔اور ہمیں اس لئے نشانہ ملامت بنا رہے ہو کہ ہم بے یار و مددگار اور مصائب میں مبتلا گھرانا ہیں؟ یہ تو بڑے بڑے کمینہ لوگ بھی نہیں کرتے۔میں علیؑ کی نورنظر ہوں تو کون ملعونہ ہے، نام تو بتادے؟ اس نے کہا کہ میں یزید کی بیٹی اور صاحب عزت وذکر خیر کی حقدار ہوں اور ہم حق بجانب ودیندار لوگ ہیں۔حضرت سکینہؑ نے فرمایا کہ سنو! یہ دنیا آزمائش کی جگہ بنائی گئی ہے۔اللہ نے آخرت اور اچھا نتیجہ اُن لوگوں کے لئے تجویز کیا ہے جو دنیا کے سامنے نہیں جھکتے۔تم ہرگز ہمارے برابر نہیں ہو۔کیا تیرا ملعون باپ، محمدؐ کی اولاد کا قتل عام کرنے پر ناز نہیں کررہا ہے؟ کیا تیری ماں ایک غلام کی پوُجا میں مصروف نہیں رہتی؟ لہٰذا تیرے اوپر اور تیری ماں پر اللہ کی لعنت۔ ارے ہم تو ریگستان کے باشندوں کی ہدایت کرنے والے خاندان سے ہیں(الاحقاف 46/22)۔ہمارے مرد وہی ہیں جو تمام جہنمیوں اور جنتیوں کو روز ازل سے جانتے اور پہچانتے ہیں(اعراف 7/46)اور ہم ہی تو عبدمناف کی اولاد کے قابل فخر لوگ ہیں۔یہ سن کر یزید کی بیٹی ایسی لاجواب ہوئی جیسا کہ اس کے منہ میں پتھر کی ڈاٹ لگ گئی ہو۔

شعبی لکھتے ہیں کہ اُس کے بعد یزید کی زوجہ کھڑی ہوئی اور پکارا کہ تم میں سے حسینؑ کی وہ زوجہ کون سی ہے جس کو شاہ زناں اور نوشیرواں کی بیٹی کہا جاتا ہے؟ حضرت شہرؑ بانو نے کہا کہ میں ہوں جس کے لئے اللہ نے دنیا وآخرۃ کا فخر جمع کردیا ہے۔میں حکومت میں ایک درجہ رکھتی ہوں اور امامت کے حضور میں ایک تحفہ ہوں۔میں رسولؐ زادی کے اُس بیٹے کی زوجہ ہوں جسے ظلم وستم سے قتل کیا گیا ہے اور جو وصی رسولؐ اور مرتضیٰؑ کے فرزند ہیں۔اوخبیث عورت تو کون ہے نام بتا۔اس نے کہا کہ میں حبیب کی ماں اور یزید کی بیوی ہوں۔عزت اور فخر کے مالک کی زوجہ ہوں۔اُس کی زوجہ ہوں جس کے سامنے تمام شہروں کے باشندوں کی گردنیں جھکتی ہیں۔شعبی لکھتے ہیں کہ یہ غپ سن کر حضرت شہرؑ بانو نے بڑھ کر کہا کہ بڑے تعجب کی بات ہے کہ اونٹوں کو گھوڑوں کے مقابلہ میں لایا جاتا ہے۔ارے کہاں سورج کی چکا چوند کرنے والی روشنی اور کہاں تاریکی؟ ارے او کمینہ عورت سن ہم ہیں جو تمام باشندگان عالم کے بادشاہ ہیں اور ہمارے مرد پاک و پاکیزہ سید وسادات ہیں۔اور تم امیہ کی نسل جہنم کا حقیر ترین ایندھن ہو۔ارے بے ہودہ عورت تو اپنے عہد جاہلیت کے آبا واجداد اور اپنی اس اولاد پر فخر کرتی ہے جنھوں نے ہم پر عارضی غلبہ پالیا ہے۔؟

راوی کہتا ہے کہ اس کے بعد زوجہ یزید چپ ہوگئی اور بول نہ سکی۔مگر اُس کی ایک نوجوان سوکن تھی وہ سو رہی تھی گھبرا کر جاگی اور سارے کپڑے پھاڑ ڈالے منہ پیٹتی ہوئی آئی اور کہا کہ اَے خاندان یزید تمہاری صورتیں بگڑ جائیں اور تمہاری عزت خاک میں مل جائے۔اَے قرآن کے ملعون شجرہ کی اولاد۔اَے گندی ناپاک اور سرکش نسل کے لوگو۔اے ابوسفیان کی اولاد جن کے نسب کی خرابیاں

معلوم ومشہور ہیں ۔جن پر تمام قسم کی تہمتیں ثابت ہیں ۔تمہارا حسب بھی بدترین ہے نسب بھی ناپاک ہے ۔یہی وجہ ہے کہ تمہارا اسلام ناقابل قبول اور تمہارا ایمان اللہ کے یہاں مردود ہے ۔خدا تمہیں غارت کرے یہ تو ایک پاک ونیک سردار امیرالمؤمنین علی علیہ السلام کی اولاد ہیں اور پھر یہ اشعار پڑھے :۔

اُن کے ایسے چہرے ہیں جن سے نور برستا ہے ۔اُسی طرح جس طرح چاند اور سورج
کی روشنی پھیلتی ہے ۔تمام انسانوں اور تمام جنوں سے بڑھ کر پاک کرنے والے رسولؐ
کی اولاد ہیں ۔ایک فاسق وفاجر کی تلوار سے اُسی رسوؐل کا نواسا حسینؑ مقتول ہوا ہے ۔

شعبی کہتے ہیں کہ وہ بال کھولے ہوئے یزید تک پہنچی اور کہا کہ اے یزید تیرا بُرا ہو ۔اولاد فاطمہؑ الزہراء پر دست درازی سے باز آ جا ۔میں ذرا دیر کو سوگئی تھی میں نے خواب میں دیکھا کہ آسمان کے دروازے کھلے ہوئے ہیں ۔اور دیکھا کہ فرشتوں میں سے چار فرشتوں نے تیرا محل گھیر لیا ہے ۔اور کہہ رہے ہیں کہ حقیقی جبار بادشاہ اللہ اس محل میں رہنے والوں پر غضبناک ہو گیا ہے ۔لہٰذا اس محل کو جلا ڈالو ۔سہل نے کہا ہے کہ یہ عورت بھی یزید کی ایک زوجہ تھی ۔یزید نے اُس سے کہا کہ افسوس ہے تجھ پر کہ تو فاطمہؑ زہراء کی اولاد کا مرثیہ پڑھ رہی ہے ۔قسم بخدا میں تجھے بہت ہی بری طرح قتل کروں گا ۔زوجہ نے کہا کہ کیا کوئی ایسی شرط ہے جس سے میں قتل ہونے سے بچ جاؤں ؟ یزید نے کہا کہ ہاں تو کھڑی ہو کر علیؑ بن ابی طالبؑ کو گالیاں دے تو قتل سے بچ سکتی ہے ۔اس نے کہا کہ میں عمل کرنے کو تیار ہوں مگر مجمع عام تو ہو جو میرا کلام سن سکے ۔یزید نے لوگوں کو حاضر کرنے کا حکم دے دیا ۔جب لوگ جمع ہو گئے تو یزید کی زوجہ کھڑی ہوئی اور کہا کہ اے لوگو جو یہاں موجود ہو سنو ! یہ یزید ابن معاویہ ہے ۔اُس نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں علیؑ بن ابی طالبؑ اور اُن کی آل واولاد کو گالیاں دوں اور اُن سے بیزاری کا اعلان کروں ۔خبردار ہو کر میرا بیان سنو ! میں اعلان کرتی ہوں کہ تمام انسانوں کی اور تمام ملائکہ کی اور تمام لعنت کرنے والوں کی اور خود اللہ کی لعنت ہو یزید پر ،اس کے باپ پر اور اُس کے دادا ابوسفیان پر ۔راوی نے بتایا کہ جب لوگوں نے یہ لعنت سن لی تو یزید کو بہت سخت غصہ آیا کہ اس کے ساتھ کیسا فریب کیا گیا اور کیسے مجمع عام میں اُسے اور اس کے آباواجداد کو ملعون کہا گیا ۔اُس نے کہا کہ ہے کوئی شخص جو اس عورت کا کام تمام کر کے میری مدد کرے ۔اس پر ملک شام ہی کا ایک شخص کھڑا ہو گیا اور اُس مومنہ عورت کو ایک نہایت مہلک ضرب لگائی جس سے وہ گری اور رحمت خداوندی سے ملحق ہو گئی ۔'' (اِنَّالِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡن)) (اکسیر العبادات ۔صفحہ 537 تا 538)

(الف) ۔ **اہل حرمؑ کا یزید کی مستورات سے خطاب**

قارئین کرام سوچیں کہ یزید اپنے زمانہ کے بڑے شاعروں اور ادیبوں میں سے ایک تھا ۔یوں بھی وہ ایسے خاندان کا چشم وچراغ تھا جو اُوپر سے خاندان رسوؐل کا مدمقابل رہتا چلا آیا تھا ۔یہ بھی معلوم ہے کہ ابوسفیان خود ایک ماہر نفسیات وسیاسیات شخص تھا ۔اُسے سابقہ بادشاہانِ عرب کے یہاں کرسی ملا کرتی تھی ۔وہ بھی بڑا طلیق اللسان فرد تھا ۔اُس کے خاندان میں ہر پیدا ہونے والا بچہ بنی ہاشمؑ سے مقابلہ کے لئے تیار کیا جاتا تھا ۔اور اب تو وہ ایک عظیم الشان حکومت کے مالک تھے ۔اِن تمام مواقع کے باوجود حضرت زینب

علیہا السلام کے سامنے اُس کا ناطقہ بند ہوا۔امام زین العابدین علیہ السلام نے بھی اُسے اپنے فصیح و بلیغ خطبہ سے رُسوا کیا۔اس کے بعد بھی اُسے یہ امید کیسے ہوئی کہ وہی حضرت زینبؑ اُس کی ازواج اور بیٹیوں کے سامنے ناکام ہو جائیں گی؟ اور وہ عورتیں ہو کر اُنہیں مرعوب کر سکیں گی؟ حقیقت یہ ہے کہ یزید کے خاندان کی عورتیں اُسی سائز کی عورتیں تھیں جیسی لکھنوی طوائفیں مشہور ہیں کہ بڑے بڑے نواب اپنے بچوں کو تمیز و تہذیب و کامیاب انداز گفتگو سکھانے کے لئے اُن کے یہاں بھیجا کرتے تھے۔ یزید کو اُن کی آوارہ مزاجی، نکتہ سنجی اور نخروں پر اس قدر بھروسا تھا کہ اُس نے بڑے یقین واطمینان کے ساتھ حرم رسولؐ کو وہاں بھیج دیا۔لیکن وہاں حضرت زینب علیہا السلام کو مخاطب ہی نہیں کیا گیا۔ یہ بھی غالباً یزید ہی نے مشورہ دیا ہوگا۔ بہرحال جناب ام کلثوم، جناب سکینہ (فاطمہ الاوسط عرف زینبؑ) اور جناب شہر بانو علیھن السلام کی گفتگو آپ کے سامنے ہے۔اُن تینوں شہزادیوں نے اپنے اپنے بیانات میں نہایت مہذب اور شرعی الفاظ میں ایک ایک ایسی بات کہہ دی ہے۔جس نے یزید کی زوجہ اور ماں اور اوپر والی عورتوں کا پردہ کھول دیا۔اور خانوادہ یزید کو یقین ہو گیا کہ رسولؐ زادیوں کے سامنے یہ مصنوعی رعب اور یہ زنانہ داؤ پیچ نہ چلیں گے۔اُنہیں یقین ہو گیا کہ اس مقدس خاندان کی مستورات اور ننھی بچیاں بھی تاریخ اور قرآن پر عبور رکھتی ہیں۔اور ساتھ ہی اُن کے نورانی چہروں کے سامنے انہیں اپنی ملعون صورتیں بھیانک معلوم ہو رہی تھیں۔درحقیقت وہ پہلی نظر کے بعد ہی لب کشائی نہ کرتیں مگر یزید کا حکم بجالانے کے لئے ذلیل وخوار ہو رہی تھیں۔اُدھر خواب میں ایمان لانے والی عورت نے رہی سہی کمی پوری کردی۔خاندانی ملعون عورتوں کو بھی سہما کر رکھ دیا اور پھر یزید کی رسوائی اور ذلت کا ابدی سامان بن گئی۔اور خانوادہ رسولؐ پر قربان ہو کر اپنی عاقبت کو سنوار لیا اور خدمت خاتونؑ جنت میں جا پہنچی۔

(ب)۔ حضرت شہرؑبانو پھر علما کی پریشانی کا باعث بن گئیں

ہمارے بعض علما تو یہ مانتے ہی نہیں کہ حضرت شہر بانو علیہا السلام کربلا میں موجود تھیں۔ہم تسلیم کرتے ہیں کہ موجود تھیں لیکن اسیران اہل حرم کے ساتھ قید ہو کر نہیں گئیں۔ بلکہ اپنی بیٹی فاطمہ کبریٰ عرف زبیدہ علیہا السلام کو ساتھ لے کر ایران کے علاقہ میں چلی گئی تھیں ۔لہٰذا یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ پھر یزید کی مستورات سے کیسے خطاب کیا؟ اس کا جواب وہی ہے کہ جیسے امام زین العابدین علیہ السلام ابن زیاد کی قید میں بھی رہے اور لاشہائے شہدا کو دفن کرنے کے لئے بھی پہنچے۔اُسی طرح حضرت شاہ زناں علیہا السلام بھی جہاں اُن کی ضرورت ہوتی تھی وہاں موجود ملتی تھیں۔وہ نہ قید سے گھبراتی تھیں نہ وہ حضرت زینب علیہا السلام سے افضل تھیں۔البتہ وصیت امام حسینؑ پر عمل لازم تھا۔لہٰذا تعمیل احکام امام علیہ السلام میں رضائے خداوندی حاصل کرنا اپنا فریضہ سمجھتی تھیں۔رہ گئے علما؟ تو وہ علما ہیں۔اپنی عاقبت واقوال کے ذمہ دار ہیں۔مانیں نہ مانیں یہاں مختار ہیں۔

(4)۔ یزید کے دربار میں امام اور اہل حرم علیھم السلام کی دوسری اجتماعی پیشی

آپ نے پہلی پیشی پر وہ خطبہ سنا تھا جو صدیقہ کبریٰ علیہا السلام نے یزید کو اُس کی پوزیشن دکھانے اور اپنا بزرگ ترین مقام سامنے رکھنے کیلئے بڑے جلال کے ساتھ دیا تھا اور جس کے بعد یزید تنہا امام زین العابدین علیہ السلام کو بلاتا رہا۔پھر آپ کو یہ بھی یاد ہوگا کہ یزید نے اہل حرؐم کو اپنی بیگمات کے ٹھاٹ دکھانے اور ذلیل کرانے کے خیال سے محل میں بھیجا تھا۔جس میں جناب ام کلثوم جناب

سکینہ (فاطمہ الاوسط عرف زینبؑ) وحضرت شہر بانو سلام اللہ علیھن نے محل میں نہ صرف خاندان یزید کے رسوا کن اعمال اور اُن کی بدنامِ زمانہ مستورات کا کچا چٹھا کھول کر رکھ دیا تھا بلکہ یزید کی ایک نیک زوجہ نے ہنگامۂ دار وگیر برپا کر کے یزید اور بزرگان یزید کو مجمع عام میں لعنتی ثابت کر کے جام شہادت پی لیا تھا۔ آج پھر یزید ملعون نے اہل حرمؑ کو اپنے مخصوص شیوخ اور سرداران قوم کے سامنے طلب کیا ہے۔

(الف)۔ امام علیہ السلام سے لاجواب ہو کر قتل کا حکم دینا اور خود قتل سے بچنے کے لئے حکم واپس لینا

فی روایة الشعبی ثم امراَن یدخل علیه بعلیؑ بن الحسینؑ فاذا دخل والنِسّوة مِن خلفه فقال یزید مَنْ اَنْتَ یاغلام؟ فقال له یایزید انت اَعْرَفُ بی؛ انا علیؑ بن الحسینؑ بن ابیطاؑلب ۔ قال یزید اَلَیْس قد قُتِلَ علیؑ بن الحسینؑ ۔قال ذاک اخی علیؑ بن الحسینؑ الاوسط ۔قال یزید واِلَی القتل آتی بک یاعلیؑ ؟ ثُمَّ امربقتله فاخرج به ۔ فصا حت زینبؑ اِلٰی اَیْنَ یراد بک ۔ فقال اِلَی القتل ۔ فصاحت اُمّ کلثوؑم وزینبؑ وحسبک یایزید مِن دمائنا تناشدک اللّٰہ اِن قَتَلْتَهُ فَاقْتُلْنَا ۔ فامر بردّہ ثُمَّ قال یاعلیؑ اراد ابوک اَن ید علٰی با میرالمؤمنین فقطع اللّٰہ شافتهُ ومنحنی اعناقکم فاخذت اموالکم وقتلت رجالکم وسَبّیْتُ نساء کم وابطلت احد وثتکم۔ فقال علیؑ بن الحسینؑ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم مَا اَصَابَ مِن مُّصِیْبَةٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِیْ اَنفُسِکُمْ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا اِنَّ ذٰلِکَ عَلَی اللّٰهِ یَسِیْرٌ (حدید۔57/22) فرفع یزید راسه الیه وامربضرب عُنقه فاخرج مِن بین یدیه ۔ فصاحت به ام کلثومؑ اِلٰی اَیْنَ یاحبیبی؟ قال لها اِلَی السَّیف یاعمّة۔ فصاحت واغوثاه باللّٰہ عزّوجلّ والبقیّه مَن لایبقی یاسلالة نبیؐ الھُدٰی یابقیة ابن علیؑ المرتضٰی ۔قال فضجّ الناس بالبکا ۔فقال رجل من القوم یایزید رَدِّ الغلام واِلَّا فَاَنْتَ مقتول ۔فردّہ ثُمَّ اَوقف بین یدیه ۔فقال له علیؑ بن الحسینؑ ویلک یایزید اِن کان لابد مِن قتلی فاحضرلی ثقة حَتّٰی اوصیه وصیة ؟ قال ومالّذی توصی به ؟ فقال اُوصی الیه بردالحرم الٰی مدینة الرسوؐل قال یزید مایردّھُن سِوَاک وَاَرَادَ بذ لک ھَذُوَالنَّاس ۔(اکسیر العبادات ۔صفحہ 517)

علامہ شعبی نے روایت کیا ہے کہ پھر ایک روز یزید نے اہل حرمؑ اور امام زین العابدین علیہ السلام کو لانے کا حکم دیا۔ چنانچہ جب آگے آگے امامؑ اور اُن کے پیچھے رسولؐ زادیاں داخل ہوئیں۔تو یزید نے تحقیق حال کے لئے پوچھا کہ اَے نوجوان تو کون ہے؟ امامؑ نے فرمایا کہ تو مجھ سے ساری دنیا سے زیادہ واقف ہے۔ میں حسینؑ کا بیٹا اور ابو طالبؑ کا پوتا علیؑ ہوں۔ یزید نے کہا کہ میں تو یہ سمجھتا تھا کہ علی بن حسینؑ قتل ہو چکا ہے۔امامؑ نے وضاحت کی کہ وہ میرا درمیانی بھائی تھا۔اس پر یزید نے کہا کہ پھر یہ لوگ تمہارے قتل کا فیصلہ نہ کر سکے اس لئے میرے پاس تمہیں لایا گیا ہے کہ میں حکم دوں چنانچہ ان کو قتل کرنے کا حکم دے دیا۔ جب انہیں قتل کرنے کیلئے لے جانے لگے تو حضرت زینبؑ نے دُور سے لے جاتے ہوئے دیکھا تو چلا کر پوچھا کہ آپ کو کہاں لے جانے کا ارادہ ہے؟ فرمایا قتل کے لئے لے جارہے ہیں ۔اس پر جناب ام کلثومؑ اور حضرت زینبؑ نے پکارا کہ اے یزید تجھے ہمارے گھرانے کا اتنا خون بہانا کافی نہ ہوا؟ خدا تجھے سبق دے۔سُن اگر تو اِن کو قتل کرنا چاہتا ہے تو ہم دونوں کو بھی اُن کے ساتھ قتل کرادے۔ یہ ارادہ سن کر یزید نے امؑام کو واپس لانے کا حکم دیا۔اور پھر امامؑ کو مخاطب کر کے کہا کہ اے علیؑ تمہارے باپ نے چاہا تھا کہ وہ امیر المومنین کہلایا کریں۔اس لئے اللہ نے اُن کی جڑ کاٹ دی اور تمہاری گردنیں ٹیڑھی کر دیں،تمہارا مال ومتاع چھین لیا۔تمہارے مرد قتل ہو گئے تمہاری عورتیں قیدی بن کر رہ گئیں۔اور تمہاری تمام حدیثیں اور من گھڑت فضیلتیں باطل ہو کر رہ گئیں۔امام علیہ السلام نے بسم اللّٰہ کر کے قرآن کی یہ آیت (حدید 57/22) پڑھی:۔

''تم لوگوں کو یا کائنات کی کسی اور مخلوق کو جو چیز بھی پہنچتی ہے۔ وہ ہمارے ریکارڈ میں خوشگوار و مفید بنائے جانے سے بھی پہلے لکھی ہوئی ہوتی ہے۔ اور اُس کا قبل ہی سے لکھا ہوا ہونا اور اُسے خوشگوار و مفید بنا دینا اللہ کے سامنے بہت آسان ہے۔''

یزید کو یہ منہ توڑ قرآنی جواب ملا تو اُس نے سر اٹھا کر غضبناک آواز میں امام زین العابدین علیہ السلام کا سر کاٹنے کا آخری حکم دے دیا۔ چنانچہ جلاد و متعلقہ لوگ اُن کو یزید کے سامنے سے ہٹا کر قتل گاہ کی طرف لے چلے۔ یہ دیکھ کر ام کلثومؑ کو شبہ ہوا اور چلا کر پوچھا اے حبیب کہاں لئے جا رہے ہیں؟ فرمایا اَے پھوپھی مجھے قتل کے لئے لے جا رہے ہیں۔ اس پر ام کلثومؑ نے اللہ سے فریاد کی یا اللہ ہماری مدد فرما؛ میرا بھتیجا اُن حضراتؑ کی تنہا یادگار ہے جن کا نام لیوا کوئی نہ بچا؛ یا اللہ یہ تو تیری ہدایت مآب نبوتؐ کا نچوڑ ہے۔ یہ تو علیؑ المرتضیٰ کے سلسلہ امامت کی تنہا کڑی ہے۔ راوی نے بتایا کہ یہ تصریح سن کر موجودین میں رونے کا ہنگامہ برپا ہو گیا۔ اور سرداران قوم میں سے ایک شخص نے اُٹھ کر کہا کہ یا تو فوراً اس نوجوان کو واپس بلاؤ اور قتل کا حکم واپس لو ورنہ تم خود قتل ہونے اور تڑپنے کیلئے تیار ہو جاؤ۔ یزید نے گھبرا کر واپس لانے کا حکم دیا۔ جب سید سجادؑ سامنے آ کر کھڑے ہوئے تو یزید سے کہا کہ میں سمجھتا ہوں کہ تو کسی نہ کسی بہانے سے میرا قتل کیا جانا ضروری سمجھتا ہے۔ اگر واقعی ایسا ہے؟ تو کسی قابل اعتماد شخص کو یہاں بُلا تا کہ میں اسے وصیت کر دوں۔ یزید نے پوچھا کہ وہ وصیت کیا ہے جو تم کرو گے؟ فرمایا کہ میں اُسے رسولؐ زادیوں کو مدینہ پہنچانے کے متعلق ہدایات دوں گا۔ یزید نے لوگوں کو ٹھنڈا کرنے کے لئے کہا کہ اہل حرمؑ کو تمہارے سوا کوئی اور مدینہ نہ لے جائے گا۔''

مطلب یہ تھا کہ تم اب زندہ رہو گے۔ اور آزاد ہو کر اپنے خاندان کی مستورات اور بچوں کو خود مدینہ لے کر جاؤ گے۔

(ب)۔ مندرجہ بالا آیت نے یزید کو کیوں مشتعل کیا۔ آیت پر دوسری نظر

اس آیت کے جو معنی شیعہ سُنی علما نے اختیار کئے ہیں۔ اُن سے کوئی ایسی خطرناک بات معلوم نہیں ہوتی کہ یزید آیت سنتے ہی معاف شدہ شخص کو دوبارہ قتل کرنے کا حکم دے دے۔ دوبارہ قتل کئے جانے کا حکم تو اُسی حالت میں دیا جانا حق بجانب ہو سکتا ہے جب کہ یزید کو چیلنج کرنے والی کوئی بات آیت میں ہو۔ یا کوئی نہایت اشتعال انگیز گالی یا طعنہ ہو یا کفر و بے دینی وغیرہ کا الزام ہو۔ بہرحال پہلے شیعہ سُنی ترجمہ دیکھیں اور پتہ لگائیں کہ اُس ترجمہ میں کوئی ایسی بات ہے جو یزید کو یا کسی اور شخص کو چراغ پا اور مشتعل کر دے؟

۱۔ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِىْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ o

2۔ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰكُمْ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ o (حدید 57/22-23)

علامہ مودودی کا ترجمہ: ''کوئی مصیبت ایسی نہیں ہے جو زمین یا تمہارے اپنے نفس پر نازل ہوتی ہو اور ہم نے اسکو پیدا کرنے سے پہلے ایک کتاب میں لکھ نہ رکھا ہو۔ ایسا کرنا اللہ کیلئے بہت آسان کام ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد 5 صفحہ 319)

شیعہ مقبول احمد ترجمہ: ''جو مصیبت بھی زمین پر اور تمہاری ذات پر گزرتی ہے قبل اس کے کہ ہم اس کو پیدا کریں وہ ہمارے پاس ایک نوشتہ میں (لکھی ہوئی) موجود ہے۔ بلاشک یہ امر اللہ کے لئے آسان ہے۔''

حاشیہ علامہ مودودی : ''کتاب سے مراد ہے نوشتہ تقدیر۔یعنی اپنی مخلوقات میں سے ایک ایک کی تقدیر پہلے لکھ دینا اللہ کیلئے کوئی مشکل کام نہیں ہے۔'' (تفہیم القرآن جلد 5 صفحہ 320)

دوسری آیت کا مودودی ترجمہ: ''تا کہ جو کچھ بھی نقصان تمہیں ہو اُس پر تم دل شکستہ نہ ہو اور جو کچھ اللہ تمہیں عطا فرمائے اُس پر پھُول نہ جاؤ۔ اللہ ایسے لوگوں کو پسند نہیں کرتا جو اپنے آپ کو بڑی چیز سمجھتے ہیں اور فخر جتاتے ہیں۔'' (ایضاً صفحہ 319-320)

شیعہ مقبول احمد ترجمہ: ''تا کہ جو کچھ تمہارے ہاتھ سے جاتا رہے اُس پر تو تم افسوس نہ کرو اور جو کچھ اُس نے تم کو عطا کیا ہے اس پر آپے سے باہر نہ ہو جاؤ۔ اور اللہ ہر چھچھورے شیخی باز کو دوست نہیں رکھتا۔ (ترجمہ حدید 57/23)

(ج)۔ پہلی اور امام کی تلاوت کردہ آیت پر ہماری گزارشات

ہم اپنی ہر تصنیف میں علما کے فری اسٹائل اور غلط ترجمہ کی شکایت کرتے رہتے ہیں۔ یعنی یہ ہماری عادت ہے اور وہ علما کی عادت بلکہ ایک مسلسل سنت ہے۔ ہم نے یہاں مذکورہ اور زیرِ نظر آیت سے اگلی آیت اور اُس کا ترجمہ بھی لکھ دیا ہے۔ اس سے ہم دو باتیں ظاہر و واضح کرنا چاہتے ہیں۔ پہلی یہ کہ امام زین العابدین علیہ السلام نے اس دوسری آیت کو بھی ایک ملاقات میں یزید کے جواب میں پڑھا تھا اور وہ تفصیل بھی آنے والی ہے۔ دوسرا مقصد یہ ہے کہ لفظ ''**مصیبت**'' کے حقیقی معنی کو قرآن سے اور اُن مترجمین کے قلم سے ثابت کر کے علما کے ترجمہ کو غلط قرار دے دیں۔ لہٰذا پہلی غلطی یہ ہے کہ مصیبت کے معنی آفات و حادثات و رنج و غم و الم و بیماری وغیرہ میں مبتلا ہونا نہیں ہیں۔ یہ دوسری پراپیگنڈہ کی کامیابی ہے کہ علما نے اُردو میں اس کے یہی معنی ہر خورد و کلاں کے دماغ میں جما کر بٹھا دیئے ہیں۔

لفظ مصیبت کا بنیادی مادّہ (ص و ب) صوب ہے اور اس کا اوّلین مصدر صَوْبٌ یا صَوْبًا ہے۔ اور اس کے معنی ہر جگہ (ٹھیک ٹھیک مقام پر) پہنچنا ہیں۔ اسی مصدر سے ایک بڑا مصدر (باب افعال سے) بنایا جاتا ہے۔ اور وہ ہوتا ہے۔ اِصَابَةٌ ۔جس کے معنی پھر پہنچنے اور پہنچانے کے ہوتے ہیں۔ چنانچہ مولانا سید عبدالدائم لکھتے ہیں'' اِصَابَةٌ (باب افعال) ارادہ کرنا۔ ٹھیک ارادہ کرنا۔ اترنا۔ پالینا کسی چیز پر پہنچ جانا۔ صحیح چیز کو پالینا۔ نشانہ پر تیر بیٹھ جانا۔'' (لغات القرآن جلد نمبر 5 صفحہ 401)

اور قرآن نے فرمایا کہ: **اَوَلَمَّآ اَصَا بَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا... الخ** (آل عمران 3/165)

''کیا جس وقت پہنچی تم کو مصیبت تحقیق پہنچایا تھا تم نے دو برابر اُس کے (رفیع الدین)۔

یہاں **اصابتکم** اور **اصبتم** کے معنی پہنچنا اور پہنچانا ثابت ہیں۔ گڑ بڑ اسلئے ہوتی ہے کہ یہ لوگ مصیبت کے معنی کرتے ہی نہیں تا کہ اُنکے گھریلو معنی پکے ہو جائیں۔ اب یہ دیکھئے کہ لفظ مُصیبت کی صورت اور معنی کیا ہیں پھر لغات القرآن اٹھایئے لکھتے ہیں:۔

'' مُصِيْبَةٌ ۔اسم فاعل واحد مونث مرفوع نکرہ۔ اِصَابَةٌ مصدر۔ باب افعال۔ غم۔ تکلیف سختی۔ دکھ پہنچانے والی ہر چیز۔

اصل میں مصیبة صفت کا صیغہ ہے۔ رَمْيَةٌ مُصِيْبَةٌ کہا جاتا ہے ٹھیک نشانے پر لگنے والی تیر اندازی۔ لیکن کثرت استعمال کے سبب موصوف کا استعمال گویا ترک کر دیا گیا اور لفظ مصیبت موصوف سے بے نیاز ہو گیا۔''

(یعنی علما نے جبراً بے نیاز کر دیا اللہ نے نہیں۔) لغات القرآن جلد نمبر 5 صفحہ 400)

ثابت ہوا کہ مصیبت اسم فاعل ہے یعنی ہر وہ چیز جو بلا خطا کئے وہاں پہنچے جہاں اس کا پہنچنا طے شدہ ہے۔لہٰذا مصیبت کے معنی ہوئے ''**پہنچنے والی**'' لہٰذا ابھی ابھی گزری ہوئی آیت کے مصدری اور حقیقی معنی ہوں گے کہ:۔

''کیا جس وقت پہنچی تم کو پہنچنے والی (اَوَلَمَّآ اَصَابَتۡکُمۡ مُّصِیۡبَۃٌ)''

''تم نے اُسی سے مثل دوگنا پہنچائی (قَدۡ اَصَبۡتُمۡ مِّثۡلَیۡھَا)''

دوسرا لفظ جو امامؑ کی تلاوت کردہ آیت (57/22) میں آیا ہے۔وہ ہے **نَبۡرَأَ ھَا** ۔اس لفظ میں حرف نون تو جمع متکلم کو ظاہر کرنے کیلئے آیا ہے اور آخر میں **ھَا** بے جان چیز کی ضمیر ہے۔اصل لفظ زیرِ غور **بَرَاَ** ہے۔یہ وہی بنیادی لفظ ہے۔جس سے الفاظ۔**بَری** ہونا۔یا **تبرّا** کسی سے بیزاری کرنا وغیرہ نکلتے ہیں۔اس کے معنی مترجمین نے ''**پیدا کرنا**'' رگڑ دیئے ہیں۔حالانکہ پیدا کرنے کے لئے عربی میں **خلق** وغیرہ کئی ایک مستقل الفاظ ہیں۔اس کے معنی آج سے نوسوسال قدیم عالم سے سنئے:

''(برا) اَصۡلُ الۡبُرۡءُ وَالۡبَرَاءُ والتَّبرِّی التّفصّی مِمَّایُکۡرَہُ مُجَاوَرَتہُ۔''

''اس لفظ کی کوئی سی صورت ہو اُس کے اصلی یا حقیقی معنی ہیں کسی چیز سے وہ تمام حالتیں دور کر دینا جن سے ناگواری یا ناپسندیدگی کا تعلق ہو۔'' (مفردات القرآن راغب اصفہانی صفحہ 44) اور اُردو کی کتاب سے: بُرۡءٌ ۔ بَرَاءٌ ۔ تَبَرِّیُ سب کا معنی ہے کسی مکروہ چیز سے چھٹکارا پانا۔'' (لغات القرآن۔جلد نمبر 6 صفحہ 17 مولانا عبدالدائم)

آپکو ایک دھوکہ ہوسکتا ہے اسے بھی پہلے ہی صاف کرلیں۔عموماً **بَرِیَّۃٌ** کے معنی مخلوق کر لئے جاتے ہیں۔جیسے قرآن میں ہے کہ: **اُولٰٓئِکَ ھُمۡ شَرُّ الۡبَرِیَّۃِ** (البیّنۃ 98/6) اور **اُولٰٓئِکَ ھُمۡ خَیۡرُ الۡبَرِیَّۃِ** (البیّنۃ 98/7) یعنی وہ لوگ ساری مخلوق سے زیادہ شر پسند ہیں۔یا، وہ لوگ ساری مخلوق سے زیادہ خیر پسند یا بہتر ہیں۔لیکن ذرا سا غور کریں کہ لفظ **بَرِیٌ** کے معنی ہیں کسی بات سے بے تعلق ہونا۔وہ مقدمہ سے بری ہوگیا۔یعنی اُسکا متعلقہ جرم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔پھر یہ سوچیں کہ لفظ **بَرِیٌ** مذکر اسم فاعل ہے۔اِس کا مونث ہوگا **بَرِیَّۃٌ**۔چنانچہ مندرجہ بالا دونوں آیات میں یہی لفظ تو ہے۔اسکے معنی کیوں مخلوق ہو جائیں گے؟ پھر ایک قرانی دلیل دیکھیں اللہ نے فرمایا کہ: **ھُوَ اللّٰہُ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ**..... (حشر 59/24)

وہ اللہ (1) خالق ہے (2) عیبوں کو، مکروہ چیزوں کو اور ناپسندیدگی کو دُور کرنے والا اور (3) صورت بنانے والا ہے۔

معلوم ہوگیا کہ خالق اور صفت ہے۔باری دوسری صفت ہے۔لہٰذا اللہ نے امامؑ کی مذکورہ آیت میں یہ فرمایا تھا کہ:۔

''انسانوں کو اور کائنات کی تمام مخلوقات کو اُن سے متعلق جو چیز بھی پہنچتی ہے؛ خواہ اچھی ہو اور فائدہ پہنچائے خواہ بُری ہو اور نقصان پہنچائے وہ تمام پہنچنے والا سامان ایک کتاب میں لکھا ہوا ہے۔''

یعنی ہر مخلوق اور اُس کی ضروریات و متعلقات اللہ کو معلوم ہی نہیں بلکہ اُن کو باقاعدہ ایک کتاب میں ریکارڈ بھی کر دیا گیا ہے۔تاکہ جسے وہ کتاب دے دی جائے وہ بھی اُن چیزوں اور متعلقہ مخلوق سے واقف و مطلع ہو جائے۔یہاں تک بقول مودودی صاحب اور تمام علما کے یہ نوشتہ تقدیر ہوگیا۔اور لفظ **نَبۡرَاھَا** کو الگ کر کے مسئلہ جبر اور یزید کا مقصد ثابت ہوگیا۔یعنی امام حسین علیہ السلام کے قتل ہونے؛ مال

واسباب لٹنے ؛ اہلِ حرمؑ کے قید ہونے کا سبب مسئلہ تقدیر ہے۔یعنی جو کچھ اللہ نے مذکورہ کتاب یا نوشتہ تقدیر میں لکھ رکھا تھا وہ پورا ہو گیا۔ یزید کی اس میں کیا خطا ہے۔اسی صورت حال کو شیعہ سنی ترجمہ ثابت کرتا ہے۔یعنی اللہ نے لوگوں کے پیدا ہونے سے پہلے ہی؛ اور اُن پر گزرنے والی مصیبت کے آنے سے پہلے اس کتاب میں لکھ رکھا تھا۔مگر ہم نے نبراء کے معنی پیدا کرنا نہیں کئے۔اس لئے کہ اس کے معنی بری کرنے کے ہیں۔ ناگواری ناپسندیدگی یا کراہت اور عیب دُور کرنے کے ہیں۔لہٰذا امامؑ نے بتایا کہ وہ سب کچھ جو ہم پر گزرا یا کسی اور پر جو کچھ گزرتا ہے۔کتاب میں تو ضرور لکھا ہوا ہوتا ہے۔مگر اُس پر گزرنے والی صورت یا حالت کو اللہ نے عیب ونقص وکراہت سے پاک کرنے یا بری کرنے سے پہلے اس کتاب میں لکھا تھا۔لہٰذا کتاب میں لکھا ہوا ہونے کے بعد یہ صورت حال باقی رہ جاتی ہے کہ اللہ اُس پہنچنے والی (مصیبت) کو عیب ونقص وناگواری سے پاک کر کے بھیجے یا اُسی حالت میں بھیج دے جس میں وہ اُس کتاب میں لکھی ہوئی ہے۔دوسرے الفاظ میں امامؑ نے فرمایا تھا کہ:۔

میں اور حسینؑ اور علیؑ اور محمدؐ اُس کتاب کے عالم ہیں۔ہم پر وہ سب کچھ جو گزرا وہ اللہ کی ناپسندیدگی وناگواری کے ماتحت نہیں گزرا بلکہ وہ سب کچھ اِدھر ہمیں پسند تھا۔اُدھر اللہ کو پسند تھا۔اور ہماری آزادی واختیار کے مطابق وقوع میں آیا ہے۔

اور دوسری آیت مسلسل کہتی ہے کہ ایسی صورت میں پہنچنے والی (مصیبت) چیز سے نقصان ہو جائے تو افسوس کرنا غلط ہے۔اور اگر نفع ہو جائے تو اکڑنا اور فخر وغرور کرنا باطل ہے۔لہٰذا اے یزید یہ ہمارے باطل ہونے کی دلیل نہیں ہے۔ بلکہ تو خدا کو ناپسند ہے۔اور تیرا مختال اور فخور ہونا ثابت ہے۔یہ تھی وہ اشتعال انگیز صورت حال جو قرآن ناطق علیہ السلام نے یزید کے سامنے رکھ دی تھی اور اُس کی امیر المومنینی شرمندگی وخجالت سے بھرے دربار میں دب کر رہ گئی تھی۔اور اُس کا اور اُسکے سابقہ بزرگوں کا عقیدۂ جبر وتقدیر پٹ کر رہ گیا تھا۔اور اُس کی فوج کشی سے لے کر آج تک کا ہر اقدام شیطانی اتباع میں سرزد ہوا تھا۔اور یوں وہ لعنتی وجہنمی ثابت ہو گیا تھا۔اس لئے وہ چاہتا تھا کہ جو شخص اُسے یوں قرآن پڑھ کر باطل مذہب کا پیرو ثابت کر دے اُسے قتل کرا کے اُس سے چھٹکارا اور نجات حاصل کر لے۔

مومنین کو یہ بھی سوچنا چاہئے کہ یقیناً راوی نے اُس شخص کا نام معلوم کر کے بتایا ہوگا جس نے یزید کو وہیں دربار میں قتل کرنے کی دھمکی دی اور جس کی دھمکی پر یزید نے یقین کیا اور قتل امامؑ سے باز رہا۔مگر اُس کا نام رفتہ رفتہ رشوت لے کر لکھنا بند کیا گیا۔اور آج کوئی نہیں جانتا کہ وہ کون زبردست شخص تھا۔ جسے بعد میں بھی یزید ماخوذ نہ کرسکا۔ یہاں یہ بھی واضح ہے کہ اس پیشی پر امامؑ، یزید کے قریب اور اہل حرمؑ سے دُور بٹھائے گئے تھے۔اور وہ کسی دوسری پیشی کی بات ہے جس میں حضرت زینب علیہا السلام امامؑ کو بچانے کے لئے اُن سے اس طرح لپٹ گئی تھیں کہ اُن کو قتل کئے بغیر امامؑ کو قتل نہ کیا جاسکتا تھا۔

(5)۔ یزید کے دربار میں تیسری اجتماعی پیشی؛ یزید کے محل میں ماتم؛ یزید کی ندامت

مومنین یہ نوٹ فرمالیں کہ یزید ملعون خواہ مخواہ اہل حرمؑ اور امامؑ کو دربار میں نہ بلاتا تھا۔ بلکہ مملکتی مصلحتوں کے تقاضہ کے بغیر بلانا عقلمندی نہیں تھا۔اس لئے کہ اہلبیت علیہم السلام کی ہر پیشی یزید کی رسوائی میں اضافہ کرتی تھی۔اور کوئی صاحب ہوش شخص اچھا ہو یا بُرا اپنی رسوائی خود اپنے ہاتھوں پسند نہیں کرتا۔سب سے بڑا سبب تو یہ تھا کہ اہل الشام آل محمدؐ سے قطعاً متعارف نہ تھے۔ یہاں آل محمدؐ وخاندان

مرتضویؑ کے متعلق جو بدنام کرنے والے قصے مشہور کر کے پھیلا رکھے تھے۔ اُن قصوں کا تقاضہ بھی تھا کہ تمام وہ لوگ پس ماندگان حسینؑ سے ذاتی طور پر ملاقات کریں جو سیاست و مذہب اسلام کے معلم اور ذمہ دار بنائے گئے تھے۔ اور جن سے وقتاً فوقتاً علیؑ وخاندان علیؑ کے خلاف فتاویٰ اور تعاون طلب کیا جاتا رہا تھا۔ وہ چاہتے تھے کہ اپنے فیصلوں اور تعاون کے حق بجانب ہونے کی خود تصدیق کریں۔ پھر وہ یہ نہیں سمجھتے تھے کہ جس علیؑ کی اتنی فدا کاریاں اور جان نثاریاں مشہور و معلوم ہیں کہ حکومت شام دشمن ہوتے ہوئے بھی اُن کا انکار نہیں کرتی۔ وہ علیؑ ،ایسی قربانیوں اور بے پناہ اطاعت شعاریوں کے بعد اللہ ورسولؐ اور قرآنی تعلیمات سے باغی ہوجائے گا۔ اور اُس طرز حکومت کو پسند نہ کرے گا جو بقول قریش اللہ ورسولؐ اور قرآن نے بتایا ہے۔ وہ جاننا چاہتے تھے کہ خلفائے مابعد کے ساتھ علیؑ و اولاد علیؑ کا متفق نہ ہونا، اُنہیں خائن وغادر وغاصب کہنا کیا وزن رکھتا ہے؟ وہ اس عظیم ترین کثرت سے اختلاف کرنے میں ضرور وزن دار دلائل رکھتے ہوں گے۔ پھر وہ کیسے مادہ سے بنے ہوئے، کیسے خون و گوشت پوست کے بچے اور عورتیں ہیں جو اس قدر مظالم ومصائب وشدت کے باوجود نہ معافی مانگتے ہیں، نہ منت وسماجت کرتے ہیں، نہ خوف ودہشت کا اثر لیتے ہیں نہ اپنی ماؤں اور بہنوں سے شکوہ وشکایت کرتے ہیں۔ پھر چوبیس گھنٹے کا کھلا گشت اُن کے علم وفضل ورعب وجلال کی دھوم مچا چکا تھا۔ جنہوں نے نہ دیکھا تھا وہ دیکھنا چاہتے تھے۔ جنہوں نے بات نہ کی تھی وہ باتیں سننا چاہتے تھے۔ اور مصیبت یہ تھی کہ وہ کسی عام جیل یا کیمپ میں قید نہ تھے ورنہ ملاقاتیوں کا تانتا بندھا رہتا۔ انہیں تو محل کے اندر بھی ایسی جگہ رکھا گیا تھا جہاں سوائے یزید اور خاص خادموں کے کسی کی رسائی نہ تھی۔ پھر دو چار روز میں جب یزید اپنی توہین بھول جاتا تھا تو وہ خود بھی اہلبیتؑ سے کلام نبوّت ورسالت سننا چاہتا تھا۔ خواہ اس کی توہین ہی کیوں نہ ہو۔ یزید کو امام زین العابدین علیہ السلام کے مذہبی تصورات زیادہ سے زیادہ سُننے اور معلوم کرنے کی ضرورت تھی۔ تاکہ وہ اُن کا جواب تیار کرا کے مدرسوں، مسجدوں اور عدالتوں میں پھیلائے۔ وہ ایک ادیب وشاعر بھی تھا۔ اُسے اصول ونہج بلاغت وفصاحت سیکھنے کا اس سے عمدہ موقعہ نہ مل سکتا تھا۔ بہرحال جب یزید کے ذہن پر خارجی یا داخلی دباؤ بڑھ جاتا تھا تو وہ پیشی کا حکم دیتا تھا۔ اور کوشش کرتا تھا کہ سابقہ پیشیوں کی بہ نسبت کم توہین وتذلیل ہو۔ اور ایسے پہلو سوچ کر بیٹھتا تھا کہ اگر ممکن ہو تو گفتگو کا پلہ بھاری رکھ سکے۔ چنانچہ اس پیشی کی اطلاع محل کے اندر بھی دی گئی ہے۔ تاکہ یزید کے بچے اور عورتیں اور قریشی عورتیں دربار کے زنانہ دروازہ کے متصل پس پردہ بیٹھ کر گفتگو سن سکیں۔ چنانچہ ابن صباغ مالکی اپنی کتاب فصول المھمہ میں لکھتے ہیں کہ:۔ **انّہ لما ادخل نسأء الحسینؑ فی مجلس یزید والراس بین یدی یزید فجعلت فاطمةؑ وسکینةؑ(فاطمہ الاوسط زینبؑ) یطاولان لِتنظر اِلَی الرَّاس وجعل یزید یَستَرُ عنھما ۔فلمارایناہ صحن واَعُلَنَّ بالبکاءِ ۔فبکت ببکائِھُنَّ نسآء یزید وبنات معاویة فولولن واعلنَّ الصوت فقالت فاطمة علیھاالسلام بنات رسولؐ اللّٰہ سبایا یایزید اَیسرّک ھذا ؟ فقال واللّٰہ مایسرّنی واَنّی لھذا کَارِہٌ وما اتی علیکُنَّ اعظم مِمَّا اخذ منکنَّ ۔**(اکسیر العبادات۔صفحہ 516)

جب حسین علیہ السلام کے اہل حرمؑ کو یزید کے اجلاس میں داخل کیا گیا تو امام حسینؑ کا سر یزید کے سامنے رکھا تھا۔ چنانچہ سر مظلوم کو دیکھنے کیلئے جناب فاطمہؑ اور جناب سکینہؑ (فاطمہ الاوسط عرف زینبؑ) نے خود کو پنجوں کے بل اُبھر اُبھر کر گردن اُٹھا اٹھا کر کوشش شروع کی تو یزید نے سر کو آڑ میں کرنا شروع کر دیا۔ یہ صورت حال دیکھ کر دونوں بچیوں نے بے قرار ہو کر چیخیں مارنا اور رو کر فریاد کرنا

شروع کر دیا اور اُنکا رونا سن کر یزید کی مستورات بھی برداشت نہ کر سکیں۔ انہوں نے بھی اور معاویہ کی بیٹیوں نے بھی بلند آواز سے رونا اور ولولہ وفریاد شروع کر دی۔ جناب فاطمہ علیھا السلام نے کہا کہ اَےَ یزید یہ کیسی تعجب انگیز بات ہے کہ تو رسوؐل کی بیٹیوں کو قید کر کے اُن کی رسوائی پر مسرور ہے۔ کیا واقعی تجھے اس سے راحت ومسرت حاصل ہوتی ہے؟ یزید کا جواب چونکہ اسکے حرم اور ازواج اور بیٹیوں نے بھی سننا تھا۔ اسلئے کہا کہ قسم بخدا مجھے تمہارے قید کرنے میں کوئی خوشی نہیں ہوئی بلکہ میں تو اس صورت حال کو ناپسند کرتا ہوں۔ سنو جو کچھ تمہارا لوٹ لیا گیا ہے میں تمہیں اُس سے زیادہ قیمتی سامان دیدوں گا۔ کوئی یزید سے پوچھتا کہ تو جو کچھ دے سکتا ہے وہ تو اُن پاکباز وراستباز لوگوں کو درکار ہی نہیں ہے۔ تو گلستان زہرؑاء کو تاراج کر کے اس سے بہتر کیا اور کیسے دے گا؟

مومنین غور فرمائیں کہ یزید کے حرم میں بھی انقلاب آ چکا ہے۔ یہ وہی مستورات تھیں جنہوں نے رسولؐ زادیوں کا مذاق اڑانے اور توہین وتذلیل کی کوشش کی تھی۔ پھر اُن عورتوں میں بنی اُمیہ کے سرداروں اور شیوخ کی خواتین بھی تھیں۔ یعنی یہ حسینؑ کے بچے اور اہل حرؑم ایک بولتا چالتا انقلاب تھے۔ جنہوں نے وہ کام کیا جو امام حسین علیہ السلام کی قربانی کا اصل مقصد تھا۔ یہی اسیران اہل حرؑم ہیں جن کی آواز آج تک زمین وآسمان اور فضاؤں میں گونجتی اور آگے ہی آگے بڑھتی چلی جارہی ہے۔ کتنے کوتاہ اندیش تھے وہ خالی خولی سوکھے ہمدرد لوگ جو بچوں اور عورتوں کو ساتھ لے جانے سے منع کرتے رہے۔ اور کتنی دوررس تھیں وہ نگاہیں جو زندگی میں قبل از وقت ہی اُن اسیران اہل حرؑم کی کارکردگی کو دیکھ رہی تھیں۔ اور طے کر لیا کہ جب تک اُن کا بچہ بچہ اور ہر مددگار شہید نہ ہو جائے اہل حرؑم اسیر نہ کئے جاسکیں گے اور اُن کی اسیری کے بغیر یہ مشن ناکام رہے گا۔ چنانچہ اس قربانی کو چار چاند لگانے اور صحیح انقلاب پیدا کرنے میں حضرت زینبؑ وام کلثومؑ حضرت سجاؑد اور اُن تمام بچوں کا ہاتھ ہے جنہوں نے وہ مصائب برداشت کئے، اُن تکالیف اور اذیتوں سے گزرے جو کوئی اور برداشت نہ کر سکتا تھا۔

(6)۔ امام زین العابدین علیہ السلام تنہا دربار یزید میں پھر حکم قتل اور عقیدہ جبر کی شکست

آج یزید چند آیات پیش کر کے اپنا حق بجانب ہونا ثابت کرے گا اور امامؑ کے مقابلہ پر اللہ کو لا کھڑا کرنے کی اسکیم لے کر بیٹھا ہے۔

فی خبر عن الصادقؑ قال یزید یاعلیؑ بن الحسینؑ الحمد للّٰہ الَّذی قَتَلَ اباک۔ فقال علیؑ بن الحسینؑ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ قتل اَبِیْ ۔قال فغضب یزید وامر بضرب عنقه ۔فقال علیؑ بن الحسینؑ فاذا قَتَلْتَنِیْ فبنات رسولؐ اللّٰہ مَنْ یردّھُنَّ ولَیْسَ لَھُنَّ محرم غیری ۔فقال انت تَرَدّھُنَّ الٰی منازلھن ثُمّ دعی بمبرد فاقبل یَبَردّ الجامعة عن عنقه بیده ۔ثُمّ قال له یاعلیؑ بن الحسینؑ اتد ری مالَّذی ارید بذلک۔ قال بَلٰی ترید اَن لایکون لاحد عَلَیَّ مِنّة غیرک ۔فقال یزید ھٰذا واللّٰہ مااَرَدْتُّ ۔ثم قال یاعلیؑ مااصاب مِن مصیبة فی الارض فبما کَسَبَتْ اید یکم ۔فقال علیؑ بن الحسینؑ کَلّاماھٰذه ۔فِبنَا نَزَلَتْ انّما نَزَلَتْ فینا ۔مَا اَصَابَ مِن مُّصِیْبَةٍ فِیْ الْاَرْضِ وَلَا فِیْ اَنفُسِکُمْ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مِّن قَبْلِ اَن نَّبْرَاَھَا۔فنحن الذ ین لاتاسی علی مافا تنا ولا نفرح بمااَتَانَا منھا۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 517)

چنانچہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے بیان فرمایا ہے کہ یزید نے کہا کہ اے علیؑ بن حسینؑ میں اُس اللہ کی حمد وثنا بجالاتا ہوں جس نے تمہارے والد حسینؑ کو قتل کیا۔ امامؑ نے جواب میں کہا کہ اللہ اُس پر لعنت کرے جس نے میرے باپ حسینؑ کو قتل کیا۔ یہ جواب سُن کر

یزید کا غصہ بھڑک اُٹھا اور اُس نے اپنی سابقہ گفتگو کو نظر انداز کر کے پھر اؑمام کا سر کاٹ دینے کا حکم دے دیا۔ امامؑ نے بطور یاد دہانی کہا کہ اگر تو نے مجھے قتل کر دیا تو میرے سوا کوئی اور رسوؐل کی بیٹیوںؑ کا محرم نہیں بچا ہے۔ اُنہیں کون واپس لے کر جائے گا؟ اب یزید نے کہا کہ تم ہی اُن کو اُن کے گھروں میں لے کر جاؤ گے۔ ریتی (FILE) لانے کا حکم دیا۔ جب ریتی آ گئی تو لوہے کے اس پھندے کو گھس گھس کر الگ کرنے میں بذاتِ خود مصروف ہو گیا جو قتل سے پہلے دربار میں پہنایا جاتا تھا۔ جس سے گردن جھک کر سینے سے ٹھڈی لگ جاتی ہے۔ اُسے گھستے گھستے یزید نے کہا کہ یا علیؑ کیا تم سمجھتے ہو کہ میں کیوں بذاتِ خود اس پھندے کو کھولنا چاہتا ہوں؟ امامؑ نے فرمایا ہاں تمہارا ارادہ یہ ہے کہ میری گردن کو آزاد کرنے میں تیرے سوا مجھ پر کسی اور کا احسان نہ ہو۔ یزید نے کہا کہ خدا کی قسم میرا یہی ارادہ ہے۔ پھر یزید نے یہ آیت پڑھی:۔ مَآ اَصَابَکُمْ مِّنْ مُّصِیْبَۃٍ فَبِمَا کَسَبَتْ اَیْدِیْکُمْ وَیَعْفُوْا عَنْ کَثِیْرٍ۔ (الشورٰی 42/30)

''جو کچھ بھی پہنچنے والی تم کو پہنچتی ہے۔ وہ تمہارے اپنے ہاتھوں کی کمائی ہوتی ہے۔ اللہ بہت کچھ نظر انداز کر دیتا ہے۔''

امامؑ نے فرمایا یہ آیت ہمارے حق میں ہرگز نازل نہیں ہوئی۔ ہمارا معاملہ تو اس آیت میں بیان ہوا ہے کہ ''تم لوگوں کو یا کائنات کی کسی اور مخلوق کو جو چیز بھی پہنچتی ہے وہ ہماری کتاب میں خوشگوار و مفید بنائے جانے سے بھی پہلے لکھی ہوئی ہوتی ہے۔ اور اُس کا پہلے ہی سے لکھ دینا اور خوشگوار و مفید بنانا اللہ کے لئے بہت ہی آسان ہے۔ چنانچہ اگلی آیت تصدیق کرتی کہ ہم اہلبیتؑ وہ لوگ ہیں جو اُن چیزوں پر اس سلسلے میں افسوس و ملال کرتے ہی نہیں جو ہم سے جاتی رہیں اور نہ ہی اُن چیزوں پر اتراتے اور بغلیں بجاتے پھرتے ہیں جو ہمیں اس سلسلے میں عنایت کی جاتی ہیں۔'' (اکسیر العبادات۔ صفحہ 517)

اس روایت میں یہ حقیقت کھل کر نظر آ رہی ہے کہ یزید کی ترش کلامی اور سخت روی کو زلزلہ کا سامنا ہے۔ جب اس کی سلطانی اور مطلق العنانی سامنے آتی ہے تو بے تحاشہ اُس کی زبان پر حسب شاہانہ عادت سخت الفاظ و احکام آ جاتے ہیں۔ لیکن جب مقام اہلبیت اور اپنے جرائم کا نتیجہ جھلک دکھاتا تھا تو عاجزی چھا جاتی تھی۔ اُس کا رویہ اُن مواقع پر بھی سخت ہو جاتا تھا جب اس کے ہم نشینوں میں مروان بن حکم ایسے قوم کے لیڈر رہوتے تھے جو اُسے عاجزی اور نرمی پر طعنہ دے سکیں۔ بہر حال رفتہ رفتہ بادل ناخواستہ وہ ایسے اقدامات کرنے پر مجبور ہو گیا تھا جن سے انسانیت سوز سلوک کا الزام ہٹایا جا سکے۔

سارے دمشق نے اور خود قریشی و اموی خاندانوں اور سرداروں نے علیؑ و محمدؐ کے گھرانے کی مستورات اور بچوں کو جس صبر و سکون سے زنجیروں اور طوق میں جکڑا ہوا دیکھا تھا وہ نہایت نفرت انگیز تھا۔ دنیا کا کوئی ظالم سے ظالم شخص اور جانی دشمن بھی اس بے رحمی کو برداشت نہ کر سکتا تھا۔ یہ ٹھیک ہے کہ خطرناک مجرموں کو طوق و زنجیر بھی پہنایا جاتا ہے۔ طوق و زنجیر کی ایجاد کا مقصد ہی یہ ہے کہ وہ جسے پہنائے جائیں اُنکو ایسی حرکات سے جبراً محروم کر دیا جائے جن سے وہ مزید نقصان کر سکیں۔ اور اگر کسی طرح قید خانہ سے نکل بھی جائیں تو فرار نہ کر سکیں۔ بیڑیاں لمبا قدم اُٹھانے سے روکیں؛ طوق سر و گردن کو جھکائے رکھے اور نظر اپنے قدموں سے آگے نہ جا سکے؛ زنجیروں کی کھنکھناہٹ کا شور چاروں طرف سے لوگوں کو جمع کر کے قیدی کو پکڑوا دے۔ لیکن اگر قیدی بیمار و لاغر و ناتواں ہو، جس میں جلدی سے کھڑا ہونے کی طاقت بھی نہ ہو۔ اُسے طوق و زنجیر اور بیڑیوں میں جکڑا ہوا دیکھ کر سب کو رحم آئے گا، افسوس ہو گا۔ پھر اگر بیماری و ناتوانی

کے ساتھ ہی ساتھ قیدی عورتیں ہوں تو ہر دیکھنے والے کے دل میں قید کرنے والے کے خلاف نفرت پیدا ہوجائے گی۔ اور اگر زنجیروں اور رسوں میں بندھے ہوئے قیدی چھوٹے چھوٹے بچے ہوں تو دیکھنے والوں کے دل تڑپ جائیں گے۔ اور خواہ بچوں کا یا بچوں کے والدین کا جرم کتنا بھی سنگین کیوں نہ ہو۔ لوگ اُنہیں آزاد کرانے اور آسودگی دلانے کیلئے چاروں طرف سے ٹوٹ پڑیں گے۔ اہلِ حرمؑ اور سرہائے شہدؑا چوبیس (24) گھنٹے دمشق کی شاہراہوں، کوچوں، گلیوں، سڑکوں اور بازاروں اور چوراہوں میں پھرائے گئے۔ یہی وہ دوران گشت رات تھی جب کسی بچہ یا خاتون پر نیند کا غلبہ دیکھ کر انہیں نیزہ کی نوک سے جگایا اور ہوشیار رکھا گیا تھا۔ اہلبیتؑ کی شکایات میں سے یہ بھی ایک شکایت ہے کہ ہمیں سونے نہ دیا جاتا تھا۔ پہرہ والے تو سوکر تازہ دم ہوکر ڈیوٹی پر آتے تھے۔ بہر حال یہ دردناک اور نفرت انگیز سلوک جاری رہا۔ یزید و معاویہ کے سخت گیر انتظام کے باوجود اِدھر اُدھر اظہارِ تعجب وافسوس ورنج ونفرت بھی کیا گیا، یزید کو چھوٹے موٹے احتجاجات اور لعنت وملامت وتصادم کی رپورٹیں بھی ملیں۔ لوگوں نے پہرہ داروں کو پیسے دے کر عارضی طور پر بچوں کی زنجیریں بھی کھلوائیں۔ رسیوں کے پھندے ڈھیلے بھی کرائے۔ مگر نئے ڈیوٹی والے پھر باندھ دیتے اور کَس دیتے تھے۔ عورتوں اور بچوں کا تکلیف سے نہ رونا دل کو گہرے زخم لگاتا تھا۔ جلوس کو دیکھ کر واپس جانے والا ہر مرد وعورت ایک مرقع ظلم وستم اور ایک خاموش داستانِ غم اپنے ساتھ لے جاتا تھا۔ ذرا سوچیئے کہ اگر آپ اُس جلوس کو دیکھتے تو کیا گھر واپس آکر آپ اپنے بچوں کو دیکھ کر خاموش رہتے۔ یہی جلوس تو تھا۔ جسے دیکھنے والے بچوں نے والدین پر قیدی بنانے کا تقاضہ کیا، زنجیریں منگوائیں۔ مومنین اپنے ماحول پر نظر ڈالیں گے تو انہیں آج بھی کچھ لوگ ایسے نظر آجائیں گے جو زنجیریں پہنے رہتے ہیں۔ زنجیروں نے اُنکے جسم پر پکے گڑھے، گھٹّے اور نشانات ڈال دیئے ہیں۔ یہ اُسی جلوس کے پَرتَو ہیں جو مختلف صورتوں میں مومنین کے یہاں ملتے ہیں۔

بہر حال رفتہ رفتہ یزید کی اسلام دشمنی اور خاندانِ رسولؐ سے عداوت اور علیؑ واولادِ علیؑ سے بغض وکینہ وعناد پر اُس کی فراست غالب آتی جارہی تھی۔ وہ فضاؤں میں منڈلاتے ہوئے انقلاب سے بچنے کی راہیں تلاش کرنے میں مصروف تھا اور ہر راستہ بند معلوم ہوتا تھا۔ آج اُس نے اپنے دربار میں اپنی قوم کے سرداروں اور شرفا کو بلایا ہے؛ سپہ سالاران افواج موجود ہیں۔ اراکین سلطنت شاہی لباس میں ملبوس اپنی اپنی کرسیوں پر بیٹھے ہیں۔ اور خود تاجِ شہنشاہی پہنے جواہرات میں غرق تختِ خلافت پر بیٹھا ہے۔ حضرت امام حسین علیہ السلام کا سرِ مبارک سونے کے طشت میں قیمتی رومال سے ڈھکا ہوا رکھا ہے۔ وہ سب فرزندِ رسولؐ امام زین العابدین اور دختران فاطمہ زہراء علیہم السلام کی آمد کا انتظار کررہے ہیں۔ سب کی نگاہیں قیدیوں کے آنے والے دروازے پر لگی ہوئی ہیں کہ زنجیروں کی آواز آنے لگی۔ ذرا دیر میں امامؑ زمانہ طوق وزنجیر پہنے سنبھل سنبھل کر قدم اُٹھاتے ہوئے داخل ہوئے۔ پیچھے پیچھے رسن بستہ رسولؐ زادیاں اور اطفال حسینؑ پہرہ والوں کے نرغے میں لائے گئے اور سب کو قیدیوں کے مقام پر کھڑا کردیا گیا۔ حضرت زین العابدین علیہ السلام طوق کی وجہ سے اور رسوؐل کی بیٹیاں شرم وحیا کی بنا پر سروں کو جھکائے ہوئے تھیں۔ البتہ بچے؛ دربار میں بیٹھے ہوئے ہر فرعون اور نمرود کو عظمت وجلال کی معصوم نظروں سے دیکھ رہے تھے۔ ادھر یزید ملعون اور تمام شیاطین اسیران اہلِ حرمؑ کے سکون ووقار کو دیکھ کر سہم رہے تھے۔ اور حیران تھے کہ اُن کے اعضا میں رعشہ کیوں ہے؟ وہ سب یہ سوچ رہے تھے کہ شاید فضا میں کوئی دھماکہ ہونے والا ہے۔ شاید شاہی ایوان کی چھت

سروں پر گرنے والی ہے۔تمام موجودین پر ایک سناٹا چھایا ہوا تھا۔آخر امامؑ نے درباریوں کی حیرانی اور خاموشی کو اپنے کلام سے رفع کیا اور یزید کو موقعہ دیا کہ وہ لب کشائی کرسکے۔آیئے روایت سنئے:۔

(7)۔ اسیران اہل حرم علیہم السلام کی ایک اور اجتماعی پیشی طوق وزنجیر سے رہائی؟

قال السیّد رضی اللّٰہ عنہ: ثُـمَّ دخل ثقل الحسینؑ و نسائہٗ وَمَن تخلّف مِن اھلہ علٰی یزید وھم مُقَرّنُون فی الحبال۔فلمّا وقفوا بین ید یہ وھم علٰی تلک الحال قال لہ علیؑ بن الحسینؑ انشدک اللّٰہ یایزید مَاظنّک بِرَسولؐ اللّٰہ لورَاٰنا علٰی ھذہ الحالۃ ؟ فَاَمَرَ یزید بالحبال، فَقَطَعَتْ ثُمَّ وضع راس الحسینؑ بین ید یہ واجلس النسآءَ خلفہ لِئَلَّا ینظرون الیہ۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 516-517)

جناب السید ابن طاؤس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ: پھر امام حسین علیہ السلام کا جانشین (ثقلین میں سے ایک) جناب امام زین العابدین علیہ السلام دربار میں داخل ہوئے اور اُن کے ساتھ ہی پیچھے پیچھے حسینیؑ خواتین اور حسینؑ کے پس ماندگان اور اطفال لائے گئے۔ وہ سب ایک دوسرے کے ساتھ رَسوں میں بندھے ہوئے تھے۔ جب وہ سب اس قید وبند کے عالم میں سامنے کھڑے کر دیئے گئے تو جناب امامؑ نے کہا کہ اے یزید اللہ تجھے باقاعدگی اور انسانیت کا سبق دے۔تو اس معاملہ میں کیا تصور اور عقیدہ رکھتا ہے کہ اگر اس وقت ہمیں رسولؐ اللہ اسی موجودہ حالت میں دیکھیں تو کیا اثر لیں گے؟ اور کیا اس صورتِ حال کو پسند فرمائیں گے؟ یہ کلام سُن کر یزید نے گھبرا کر جلدی سے حکم دیا اور تمام زنجیریں اور رَسے کاٹ کر الگ کر دیئے گئے۔ساتھ ہی اُس نے سر مبارک کو اپنے سامنے رکھوالیا اور رسولؐ کی بیٹیوںؑ کو اپنی پس پشت بٹھانے کا انتظام کرایا تاکہ مستورات اور اطفال حسینؑ سر مظلومؑ پر نظر نہ ڈال سکیں۔

قال ابن نما: فقال علیؑ بن الحسینؑ فقلت وانا مغلول اَتَاَذن فی الکلام ؟ فَقَالَ قُلْ وَلَا تقل ھجرًا ۔ فقال لقد وقفت مَوْقَفًا لا ینبغی لِمِثْلِی اَنْ یَّقُوْلُ ھجرًا۔ماظنّک بِرسولؐ اللّٰہ لَوْرَاٰنِیْ فِی الغَلِّ ؟ فقال لِمَن حولہ خَلُّوہُ ۔(اکسیرالعبادات صفحہ 517)

علامہ ابن نما نے خود امام زین العابدین علیہ السلام کی زبانی لکھا ہے کہ اُنہوں نے فرمایا کہ: ”میں نے یزید کو مخاطب کرکے کہا کہ اے یزید اگرچہ میں طوق وزنجیر میں اس لئے رکھا گیا ہوں کہ کلام کی ابتدا نہ کروں۔مگر اس کے باوجود میں پوچھتا ہوں کہ کیا تُو مجھے بات کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ یزید نے کہا کہ اچھا کہئے مگر موضوع وحالات سے ہٹ کر کوئی کلام نہ کریں۔ غالبًا مطلب یہ تھا کہ سر دربار اجازت لے کر میری مذمت شروع نہ کر دیں۔امامؑ نے فرمایا کہ میں نے تو ایسی ذمہ دارانہ پوزیشن اختیار کر رکھی ہے کہ جس کا خود یہ تقاضہ ہے کہ میں اور میرے ہم مثل حضرات موضوع وحالات کے اوپر ہی بات کیا کریں۔سُنو! یہ بتاؤ کہ تمہارا اُس معاملہ میں کیا عقیدہ اور تصور ہے کہ اگر مجھے رسولؐ اللہ طوق وزنجیر میں جکڑا ہوا دیکھیں...... جملہ پُورا بھی نہ ہوا تھا کہ یزید نے اپنے پاس موجود متعلقہ لوگوں کو حکم دیا کہ فوراً طوق وزنجیر سے آزاد کر دو۔“

چونکہ اسیران اہل حرمؑ سے لوگوں کی ذاتی ملاقات ناممکن تھی۔اس لئے اس دربار میں آج ایسے کلیدی عہدیدار کافی بلائے گئے تھے جو اپنے اپنے حلقوں میں چشم دید بیان دے کر پبلک کے دلوں میں بھڑکتی ہوئی نفرت کی آگ کو ٹھنڈا کرنے میں کوشاں ہوں۔محل کے اندر کی یہ قید لوگوں میں یہ یقین بار بار پیدا کرتی تھی کہ امام حسین علیہ السلام کے پس ماندگان کو یقیناً قتل کر دیا گیا ہوگا۔یہی وجہ ہے کہ انہیں

عام جیل میں نہیں رکھا گیا کہ اس بے رحمانہ قتل عام کا پتہ نہ چل سکے۔ کوفہ وشام میں اور دمشق کی راہ میں آنے والی آبادیوں میں اور دمشق میں اہلبیتؑ رسولؐ کی تشہیر ایک بہت مہلک غلطی ثابت ہو چکی تھی۔ جاسوسوں کی رپورٹوں اور استحکام مملکت کا تقاضہ تھا کہ لوگوں کو اسیران اہل حرمؑ سے باتیں کر کے جو کچھ دیکھا اور سنا ہے اُس کی تصدیق کا موقعہ ہرگز نہ دیا جائے۔ بلکہ یہ مشہور کیا جائے کہ وہ سب شاہی مہمان ہیں۔ دو شاہزادوں میں اختلاف رائے ہو گیا تھا۔ فوج کشی کے جواب میں فوج کشی کی گئی تھی۔ دُور دراز فاصلوں کی بنا پر بروقت احکام نہ پہنچ سکے۔ سپہ سالار اعظم عبیداللہ ابن زیاد اور فیلڈ مارشل عمر بن سعد نے بعد کے احکام کی تعبیر غلط کر لی اور یوں حادثہ رونما ہو گیا تھا۔ جب پس ماندگانِ حسینؑ نے صحیح حالات بتائے تو یزید نے بڑا ہی بُرا منایا، اُسے بہت صدمہ ہوا۔ وہ اور اس کے اہل حرم اس غم میں سوگوار ہیں۔ حرم حسینیؑ کے ساتھ عزیزوں ایسا سلوک ہو رہا ہے۔ اور کوشش کی جاتی رہی کہ انہیں ہمیشہ کے لئے اپنے خاندانی افراد کی طرح رکھا جائے اور مدینہ نہ بھیجا جائے۔ اس مقصد تک پہنچنے کی ذیل میں مذکورہ بالا تدریجی اقدامات کئے جا رہے تھے۔ طوق وزنجیر، بیڑیوں اور رسّوں سے نجات کے باوجود لوگوں کو بار بار دکھانے کے لئے دربار میں لانے سے پہلے عارضی طور پر پہنا دیئے جانے کا طریقہ بھی رہا تا کہ یزید کی فراخ دلی خوب شہرت پا جائے۔ چنانچہ ایک اور موقعہ پر طوق وزنجیر میں پیش کیا گیا۔ اور درباریوں کے سامنے یہ سب کچھ اُتارا گیا تھا۔ لیکن یزید کی مطلق العنانی کسی کو حقیقت کے سمجھنے کا موقعہ نہ دیتی تھی۔ لوگ یہی سمجھتے رہے کہ کسی بات پر پھر خفا ہو کر دوبارہ سزا میں اضافہ کر دیا ہوگا۔ اور کسی بات سے خوش ہو کر سزا میں تخفیف کر دی ہوگی۔ بادشاہوں کی کوئی بات مستقل نہیں ہوتی۔

(8)۔ امامؑ زین العابدین کو دربار میں تنہا طوق وزنجیر اُتار کر قریب بٹھانا

فی روایت فصول المهمه ابن صباغ مالکی ۔ ثُمَّ امرلِعَلِیُ بن الحسینؑ و ادخل عَلیه مَغْلُولًا ۔ فقال علیؑ بن الحسینؑ یایزید لَوْرَاٰنَا رسولؐ اللّٰه مغلولین لَفَکَّهٗ عَنَّا ۔ و امربفکّهٖ عنه ۔ فقال لَوْرَاٰنَا رسولؐ اللّٰه عَلٰی بُعْدٍ لَاَحَبّ اَنْ یَّقَرّبنَا اِلَیْهِ ۔فامر به فَقَرَّبه منه ثُمَّ قال یزید اَیّه یاعلیؑ بن الحسینؑ ابوک الَّذِی قطع رحمی وجَهِلَ حَقّی وَ نَازَعْنی سلطانِی فنزل به مَارَاَیُت ؟ فقال علیؑ بن الحسینؑ۔مَااصاب مِن مصیبة فی الارض ولا فی انفسکم اِلّا فی کتٰبٍ مِن قبل اَن نبراها اِنَّ ذٰلک عَلَی اللّٰه یسیر۔
(اکسیر العبادات۔صفحہ 517)

علامہ ابن صباغ مالکی نے اپنی کتاب فصول المہمہ میں لکھا ہے کہ یزید نے پھر امام چہارم کو پیش کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ انہیں ہتھکڑی، بیڑی اور طوق وزنجیر میں جکڑا ہوا لایا گیا۔ امامؑ نے آتے ہی یزید سے کہا کہ اگر ہمیں رسولؐ اللہ اس طرح طوق وزنجیر وغیرہ میں جکڑا ہوا دیکھتے تو ضرور ہمیں اس سے نجات دلاتے۔ یزید نے یہ سب کچھ اتارنے کا حکم دے دیا۔ جب آپ آزاد ہو گئے تو فرمایا کہ اگر رسولؐ اللہ یہ دیکھتے کہ مجھے اتنی دور کھڑا کیا جاتا ہے تو وہ حضرتؐ مجھے اپنے سے قریب بلانا پسند کرتے۔ یزید نے انتظام کرنے کا حکم دیا اور امامؑ کو اپنے پاس بٹھالیا۔ اب یزید کو موقعہ ملا تو کہا کہ دیکھو آپ کے والد نے میرے والد کے ساتھ بے رحمی کی تھی، میری اس پوزیشن کا لحاظ نہ کیا تھا۔ اور میری حکومت کے بارے میں تنازعہ کھڑا کر دیا جس کے نتیجہ میں اُن کے ساتھ یہ سب کچھ ہوا ہے جو آپ دیکھ اور بھگت رہے ہیں۔ امام زین العابدینؑ نے بتایا کہ قرآن کریم کی رُو سے ہمیں اللہ نے عظیم ترین مقام عطا کرنے اور پُوری کائنات کی نجات کا

ضامن بنانے کیلئے جو کچھ اپنی کتاب میں لکھا تھا۔ اُسے محمد مصطفیٰ، علی مرتضیٰ اور فاطمہ زہراء علیھم السلام کو بتایا گیا۔ اُنہوں نے امام حسین علیہ السلام کو مطلع کیا اور انہیں اختیار دیا کہ وہ اس شہادت عظمیٰ اور مصیبت کبریٰ کو اختیار کریں یا نہ کریں۔ دونوں صورتوں میں انہیں اور ان کے ماں باپ اور نانا کو مذکورہ مرتبہ ملے گا۔ میرے والد نے امت کی نجات کو اوّلین مقام دیا اور یہ سب کچھ بخوشی قبول کیا جو اے یزید تم نے کیا اور کر رہے ہو۔ بار بار نصرت خداوندی آئی لیکن میرے والد نے نہ چاہا کہ وہ تمہیں اور تمہارے ساتھ لاکھوں فریب خورہ لوگوں کو تباہ و برباد کریں۔ یہ ہے میرے والد کی پوزیشن؛ اللہ کی اور ہماری نظر میں اور یہی وہ بزرگ ترین مقام ہے۔ جس کو زیادہ سے زیادہ کارگر و کامیاب بنانے کے لئے ہمارا بچہ بچہ متفق اور صبر و سکون و یقین کامل سے کوشاں ہے۔

یزید کی سمجھ میں یہ بات نہ آتی تھی کہ علیؑ اور خاندان علیؑ نے اُسکی اور اسکے باپ کی حکومت کیوں برداشت نہ کی جبکہ وہ اس سے پہلے تین خلفا کی حکومت کسی نہ کسی صورت میں برداشت کرتے رہے۔ اُس سے کہا جاتا تھا کہ وہ لوگ بظاہر شریعت کے خلاف کام نہ کرتے تھے۔ وہ کہتا تھا۔ اُن میں سے کوئی ایسا نہ تھا جس نے میری عمر میں شراب و زنا وغیرہ سے اجتناب کیا ہو۔ اور اگر وہ میری عمر میں حکومت پالیتے تو تم انہیں مجھ سے کہیں زیادہ بڑھا چڑھا دیکھتے۔ انہیں حکومت جب ملی جب اُنکے اعضا جواب دے گئے، جب اپنے دماغ پر وہ ایک بوجھ بن گئے، جب قبر سے چند قدم کا فاصلہ رہ گیا۔ لیکن اس کے باوجود جب ضرورت ہوئی اُنہوں نے آخری وقت میں شراب پی۔ اگر زنا بھی اسی آسانی سے ہوسکتا جس آسانی سے پانی پیا جاسکتا ہے تو یقیناً وہ اس میدان میں بہت کچھ کرتے۔ مگر اُن کے اعضا مضمحل ہوگئے تھے۔ لذات جسمانی سے محروم ہو چکے تھے۔

یزید کی بہنیں، بیٹیاں اور ازواج اور دیگر بیگمات یزید کی مصلحتوں پر مطلع نہ تھیں۔ وہ یہ سمجھنے لگی تھیں کہ یزید اہلبیتؑ رسولؐ پر مہربان ہوگیا ہے۔ طوق و زنجیر اور بیڑیاں اتروا دی ہیں۔ بس اب شاید چند روز کے بعد اُن کو قید سے بھی رہا کردے گا۔ وہ چاہتی تھیں کہ حضرت زینبؑ و ام کلثومؑ و شاہ زناں سے اپنی گستاخیوں کی معافی مانگیں۔ اُنہیں اُن کے بھائی اور دیگر جگر پاروں کی شہادت پر پُرسہ دیں۔ گھر میں مجلس عزا برپا کریں اور بتائیں کہ ہم سیاسیات سے قطعاً ناواقف ہیں۔ ہمیں جو کہانیاں اور قصے سُنائے گئے تھے وہ سب گمراہ کن افواہوں سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے۔ آپ حضرات کو دیکھ کر ہمیں آپ کی اور اپنی پوزیشن کا فرق معلوم ہوگیا ہے۔ یہ سب کچھ یزید کو نہ پسند آسکتا تھا نہ اس کا نتیجہ اُس کی حکومت کے حق میں مفید ہوسکتا تھا۔ یہی نہیں بلکہ جب لوگوں کو یہ علم ہوگا کہ یزید کا اپنا خاندان حسینؑ اور پس ماندگانِ حسین علیھم السلام کا طرفدار ہے تو بغاوت کا جواز پیدا ہوجائے گا۔ بغاوت باطل کے خلاف جہاد کی صورت اختیار کرلے گی۔ لہٰذا یزید کو محلاتی دباؤ نے مجبور کردیا کہ وہ رسولؐ زادیوں کو ایک دفعہ پھر محل میں بھیجے مگر ترکیب یہ کی کہ اہلبیتؑ کے پہنچنے سے پہلے سر امام حسینؑ محل کے دروازہ پر لٹکانے کا حکم بھی جاری کردیا۔ تاکہ دیکھنے والے یہ نہ سمجھیں کہ محل میں شاہی بیگمات گریہ و زاری کر رہی ہیں۔ بلکہ یہ سمجھا جائے کہ خانوادہ حسینؑ کی مستورات اور بچے رو رہے ہیں اور خاندان یزید اسیران اہل حرمؑ کی حالت پر مسرور ہو رہا ہے۔ چنانچہ جب سر مبارک آویزاں کردیا گیا تو اسیران اہل حرمؑ کو اُسی بیرونی دروازے سے محل کے زنانہ حصہ میں لے جانے کا حکم دیا جس دروازے پر سر مقدس لٹک رہا تھا۔ اور امام زینؑ العابدین کو مردانہ میں اپنی مجلس میں بلوایا گیا سنئے:۔

(9)۔ اسیرانِ اہل حرمؑ کو قصرِ یزید میں بلا کر بیگمات یزید کا پرسہ اور ماتم حسینؑ

قال صاحب المناقب وذکر ابو مخنف وغیرہ اَنَّ یزید امر بِاَن یصلب الراس علٰی باب د ارہ وامر باھلً بیت الحسینً یدخلوا دارہ ۔فَلَمَّا دَخَلَتِ النسوۃ دار یزید لَمْ یَبْقَ مِن آل معاویۃ ولا ابی سفیان احد اَلَّا اِسْتَقْبَلَتْهُنَّ بالبکآء وَالصراخ والنیا حۃ عَلَی الحسینً والقین ماعلیھن من الثیاب والحلّی واقمن الماتم علیہ ثلا ثۃ ایام وخرجت ھند بنت عبداللّٰہ بن عامر بن کربز امراۃ یزید حتّی شقّت الستر و ھِیَ حاسرۃ فوثبت اِلٰی یزید وھوفی مجلس عام فقالت یایزید اراس ابن فاطمۃً بنت رسولً اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ مصلوب عَلَی فنآء بابی ؟ فوثب اِلَیْهَا یزید فغطّاھا وقال نعم فاعولی علیہ یاھند وابکی علٰی ابن بنت رسوًل اللّٰہ وصریخۃ قریش عجّل علیہ ابن زیاد فقتلہ قتلہ اللّٰہ ۔(اکسیر العبادات صفحہ 541-540)

کتاب مناقب کے مصنف نے کہا کہ ابو مخنف وغیرہ نے تذکرہ کیا ہے کہ یزید ملعون نے امام حسین علیہ السلام کے سر مبارک کو اپنے محل کے دروازے پر لٹکانے کا حکم دیا اور اسکے بعد امام حسینؑ کے اہل بیتؑ کو اپنے محل میں اپنی مستورات کے پاس بھجوایا۔ چنانچہ جب رسوًل کی بیٹیاں اور بچے سر مبارک کو دیکھتے ہوئے یزید کے محل میں داخل ہوئے تو یزید اور معاویہ اور ابوسفیان کی تمام عورتیں اور بچے اہل بیتؑ کے استقبال کے لئے چیخیں مارتے اور روتے فریاد کرتے پہنچے چاروں طرف امام مظلومؑ پر نوحہ اور ماتم ہو رہا تھا۔ مستورات و بیگمات نے اپنے دوپٹے اور قیمتی لباس اُتار کر پھینک دیا تھا۔ تین روز مسلسل مجلس عزا اور ماتم حسین علیہ السلام قائم رکھا گیا۔ یزید کی سب سے چہیتی اور حسین زوجہ ہند بنت عبداللہ بن عامر نے اپنے تمام کپڑے پھاڑ ڈالے اور سر برہنہ محل سے نکل کر اچانک یزید کے بھرے اجلاس میں نالہ وفریاد کرتی ہوئی داخل ہوگئی۔ یزید اور تمام درباری حیران اور ششدر رہ گئے۔ اُس نے یزید سے کہا کہ اے یزید تو نے میرے محل کے دروازہ کی بلندی پر رسولؐ اللہ کی بیٹی کے فرزند حسینؑ کا سر لٹکا رکھا ہے؟ یزید نے دوڑ کر اُس پر پردہ کے لئے چادر ڈالی اور نہایت آزردہ اور پٹی ہوئی آواز میں کہا کہ یہ حسینؑ ہی کا سر ہے۔ تم حسینؑ بن فاطمہؑ بنت رسولؐ اللہ کا دل کھول کر سوگ مناؤ جتنا ہوسکے اُن پر اشک بہاؤ۔ اللہ ابن زیاد کو غارت کرے اُس نے بڑی عجلت سے کام لیا۔ اس خبیث نے فرزند رسوًل کو موقعہ دیئے بغیر قتل کر دیا۔

وَلَا یخفی علیک اِنَّ المستفاد مِن بعض الروایات اَنَّ ذلک الصَّلب کان ثلثۃ ایام و ھذا کما قال فی البحار وذکر غیرھما اَنَّ راسہ صلب بد مشق ثلا ثۃ ایام ھذا وقال ابن شھر آشوب وسمع ایضًا صوت الراس الشریف بد مشق یقول لا قُوَّۃَ اِلَّا باللّٰہِ وسمع ایضًا یقول: اِنَّ اصحاب الکھف والرّقیم کانوا مِن آیاتنا عجباً۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 541)

بحار الانوار میں اور ابن شہر آشوب سے روایت ہے کہ دمشق میں تین روز تک سر امام حسین علیہ السلام محل کے دروازہ پر لٹکا رہا اور سرؑ مبارک سے لا قُوَّۃَ اِلَّا باللّٰہِ اوراِنَّ اصحاب الکھف والرقیم کانوا مِن آیاتنا عجبًا کی آیات سنائی دیتی رہیں۔

مومنین نے غور فرمایا کہ یزید نے اپنی عزیز ترین اور سر چڑھی زوجہ ہند کو اجلاس سے واپس بھیجنے کے لئے ابن زیاد پر قتل کا جرم لگا کر ہند کا غصہ وغضب دوسری طرف موڑ دیا۔ لیکن زیر بحث ہند کا سوال تو یہ تھا کہ تو نے سر مبارک کو میرے محل کے دروازہ پر کیوں لٹکایا ہے؟ یزید نے ہند کا سر و چہرہ ڈھکنے اور واپس محل میں پہنچانے کے جھمیلے میں اصل سوال کا جواب نہیں دیا۔ اور تین روز برابر سر مقدّس کو محل کے دروازے سے نہیں اتارا۔ اس لئے کہ تین روز برابر مجلس عزا قائم رہی تھی۔ وہ ہند کو یہ نہیں بتا سکتا تھا کہ میں حسینؑ کا اور پس ماندگانِ

حسینؑ کا آج بھی دشمن ہوں۔ اور یہ کہ میرے تمام اقوال اور نرم اقدامات از راہ ہمدردی نہیں بلکہ خطرات کو دور رکھنے کی تمہید ہیں۔ اور یہ کہ میرے محل میں میرے خاندان میں شہدائے کربلا کا ماتم اور سوگ برپا ہے۔ لیکن میں پبلک پر یہ ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ میرا خاندان تو خوشیاں منا رہا ہے۔ رونے پیٹنے والوں کا تماشہ دیکھ رہا ہے۔ ورنہ یہ سر دروازہ پر کیوں لٹکایا جاتا۔ اُسے عزت واحترام سے دفن کرنے کا بندوبست کیا جاتا۔ دراصل یزید کو امام حسینؑ اور اُن کے اطفالؑ وحرمؑ نے چاروں طرف سے گھیر کر مجبور کر دیا تھا۔ وہ بچ نکلنے کی تدبیروں میں الجھ کر رہ گیا تھا۔ ہر تدبیر اُلٹی پڑ رہی تھی۔ اگر اس کے لئے ممکن ہوتا تو اگر سب کو نہیں تو کم از کم امامؑ زین العابدین کو ضرور قتل کرا دیتا۔ اور اِسی مقصد تک پہنچنے اور مناسب موقعہ پانے کے لئے اُس نے پورا ایک سال اہل حرمؑ اور امام چہارم علیھم السلام کو قید میں رکھا۔ لیکن اُس کے سامنے ہر روز ایک نئی سیاسی اور مذہبی صورت حال آ کر کھڑی ہو جاتی تھی۔ اور یہ ایسی صورتیں تھیں جن کے حل کرنے کی قابلیت مسٹر جون میں بھی نہ تھی۔

ابتدائی چھ ماہ محل کے دارالموت میں اہل حرمؑ اور امام زین العابدین علیھم السلام کو اس لئے رکھا کہ جب چاہوں گا سب کو ایک دم یا ایک ایک کر کے موت کے گھاٹ اُتار دوں گا۔ چنانچہ اس کی کوشش کرتا رہا لیکن کامیابی نہ ہوئی۔ یہ ایسی خفیہ اور انسانی رسائی سے دُور جگہ تھی کہ اگر یہ کہہ دیا جائے کہ ہم نے اُن سب کو رہا کر کے راتوں رات مدینہ روانہ کر دیا تو کوئی تصدیق وتکذیب نہ کر سکتا تھا۔ مدینہ تک پتہ لگانے کون جاتا؟ شامیوں کو اس کی کیا ضرورت تھی اور اگر راز کھل ہی جاتا تو کہہ دیا جاتا کہ کسی بدو یا ڈاکو قبیلے نے قتل کر دیا ہوگا۔ بہرحال ہم انہیں دمشق سے روانہ کر چکے ہیں۔ یہ جو علما میں مشہور ہے کہ چند روز کے بعد رہا کر دیا گیا تھا یہ اسی قسم کی افواہوں میں سے ہے جس کی تصدیق کے لئے راستے کے قصے، کربلا جانا، جابرؓ سے ملنا وغیرہ گھڑے گئے۔ لیکن اُن جعلی اور جھوٹے قصوں میں فطری ربط مفقود ہے۔ اور علما برابر اُلجھتے اور مَن سمجھوتہ کرتے چلے آئے ہیں۔ چھ ماہ بعد جس جیل میں رکھا گیا اُس کا مقصد یہ تھا کہ ملاقات کے لئے آنے والوں کی فہرست بنائی جائے اور دیکھا جائے کہ ہمدردوں میں کون کون اور کس حیثیت کے لوگ ہیں؟ اور پھر اُن کا تدارک اور دفاع کیا جائے جو بعد میں برابر قتل عام اور جلاء وطنی کی صورت میں جاری رہا۔ پھر آخری دو تین ماہ ذرا کھلی جگہ رکھا گیا تا کہ امامؑ زین العابدین کی نقل وحرکت کا رُخ دیکھا جائے اور پتہ لگایا جائے کہ اُن کے قلب وذہن میں انتقامی کیفیت کا کیا وزن ہے؟ جاسوس لوگ شیعہ اور محبان آل محمدؐ بن کر ملتے تھے، بغاوت کی باتیں کرتے تھے، نصرت کا نیا لالچ دیتے تھے۔ بہرحال اُن کو قتل کرنے اور جرم کی تخلیق کرنے پر بھی کافی محنت وتدبر سے کام لیا گیا۔ مگر ہمارا جواب بڑا مختصر ہے کہ وہ امامؑ تھے ہر شخص کے قلب وذہن میں گزرنے والی واردات تک پر مطلع رہتے تھے۔ بہرنوع امامؑ کو قتل کرنے کی ایک اور کوشش سنئے:۔

(10)۔ یزید اور اس کا بیٹا دونوں بیٹھے ہیں؛ امام علیہ السلام کو بلایا جاتا ہے؛ قتل کی نئی کوشش

قصر یزید میں عزاداری وماتم کی خبریں نوکروں اور خادماؤں کے ذریعہ سے باہر نکل گئیں۔ لوگوں میں مختلف ردعمل لازم تھا۔ کچھ لوگ یہ سُن کر کہ محل میں اہلبیتؑ کو پرسہ دیا گیا ہے اس امید میں مبتلا ہو گئے کہ بس آج کل میں رہائی کی خبر ملے گی۔ مشکوک خیالات رکھنے والوں نے سوچا کہ رہائی ملے گی یا نہ ملے گی اور کب رہائی ملے گی یہ تو ابھی بعد کی اور مشکوک بات ہے۔ مگر یہ تو تحقیق ہو گئی کہ اہلبیتؑ رسولؐ

ابھی زندہ ہیں ۔طرح طرح کی نئی باتیں نکل کر سامنے آنے لگیں ۔ ایسا نہ ہو یزید معافی مانگ کر تخت خلافت سے دستبردار ہوجائے اور اقتدار نکل کر بنی ہاشمؑ تک جا پہنچے ۔مروان اور مروانی وابوسفیانی قسم کے اموی سرداروں کے سروں میں نئی فکر ہے ۔ وہ یزید پر جتنا دباؤ ڈالیں کم ہے ۔ بہر حال چشم بصیرت یزید کے اقدام میں وہ سب کچھ دیکھ رہی تھی جس کے دباؤ سے وہ اقدام کیا جاسکتا تھا۔حضرت امامؑ زین العابدین کولانے کا حکم دیا گیا۔اس سلسلہ میں علامہ دربندی رضی اللہ عنہ کا بیان اور روایت سنئے ، لکھتے ہیں کہ:۔

اَنَّ یَـزِیْد قدعزم مرّات کثیر ة عَـلٰی قتـل الامـام سیـد الساجد ین صلوات اللّٰه علیه واَن اللّٰه عزّوجلّ قد صرف عنه القتل ونحو ذلک مـن جـمـلة مـن الامـور فـاعـلـم انّ لرّوایات الناطقة بانّ یزید کان قدعزم علٰی قتل الامام سیدالساجدینؑ مرّات کثیرة فی غایةالکثرة ۔ وقد نقل عن تاریخ الطبری والبلاذری انّ یزید بن معاویة قال لِعلیؑ بن الحسینؑ اتصارع هذا یعنی خالدًا ابنه قال وما تـصنع بمصارعتی ایاه اعطنی سِکّینًا واعطعه سکّینا ثم اقاتله ۔ فقال یزید شنشنة اَعْرِفُهَا من اخزم هذا من العصی عصیّة ۔ هل تلد الحیة الاالحیة وکتا ب الاحمر قال اشهد انّک ابن علیؑ بن ابیطالبؑ ۔فانشاء السجاد علیه السلام: ۔

لا تَطْمَعُوْاان تُهِیْنُوْافَنُکْرِمُکُمْ　　　وَاَنْ نکف الْاَذٰی عَنْکُمْ وتُوْذُوْنا

واللّٰهُ یَعْلَمُ اَنَّا لا نُحِبُّکُمْ　　　وَلا نَلُوْمُکُمْ اَنْ لا تُحِبُّونا ۔

فـقـال یزید صدّقت یاغلام ولکن اراد ابوک وجدّک اَنْ یکونا امیرین والحمد للّٰه الّذی قتلهما وسفک دما ؤهما ۔ فقال الامام لـونزل النبوة والامرة لابائی واجدادی مِن قبل اَن تولد ۔قـال الـمدائنی لمّاانتسب السجّاد اِلَی النبیؐ قال یزید لجلوازه ادخله فی هـذ االبُستان واقتله وادفنه فیه ۔ فـدخـل بـه الَـی البستان و جعل یحفر و السجّاد یُصلّی فلمّا هَمَّ بقتله ضر بته یدمِنَ الهواء فخرّ لـوجهه وَشهق ودهش فراه خالد بن یزید ولیس لوجهه بقیة فانقلب اِلٰی ابیه وقصّ علیه فامر بدفن الجلواز فی الحفرة واطلاقه ۔ (اکسیرالعبادات صفحہ 529 تا530)

''یزید نے امام زین العابدین علیہ السلام کو قتل کرنے کی بار بار اور بہت دفعہ کوشش کی لیکن اللہ انہیں محفوظ رکھتا رہا۔اس سلسلہ میں بہت سی روایات اُسکے ارادوں کی خبر دیتی ہیں ۔ چنانچہ تاریخ طبری اور بلاذری میں موجود ہے کہ یزید بن معاویہ نے امام زین العابدینؑ سے کہا کہ کیا آپ میرے اس بیٹے خالد سے کشتی کریں گے؟ فرمایا کہ اُس سے کشتی کرانے میں وہ مقصد حاصل نہ ہوگا۔البتہ ایسا کرو کہ ایک چھری مجھے دیجئے اور ایک چھری خالد کو دے دیں تا کہ ہم دونوں ایک دوسرے پر حملہ آور ہوں اور صحیح نتیجہ نکل آئے ۔ یزید نے کہا کہ پھنکارنے سے سانپ کی نسل شناخت کی جاسکتی ہے ۔ جنگ کرنے اور حریف سے انتقام لینے کا یہ صحیح طریقہ ہے ۔ سچ ہے کہ سانپ کا بچہ بھی سانپ ہی ہوسکتا ہے ۔ کتاب الاحمر میں ہے کہ یزید نے یہ بھی کہا کہ تم واقعی علیؑ کے بیٹے ہو ۔ جناب امام سجاد علیہ السلام نے یہ اشعار پڑھے:۔　　''اے یزید اُدھر تم ہماری توہین وذلت کے در پے رہو اور اُدھر ہم سے یہ طمع کرو کہ ہم تمہاری عزت کریں گے ۔

اُدھر ہم تمہیں ایذا پہنچانے سے باز رہیں اور اِدھر تم ہماری ایذا رسانی میں کوئی کمی نہ کرو ۔ اللہ گواہ ہے ہم تم لوگوں کو ہرگز دوست نہیں رکھتے ۔مگر تمہیں اس بات پر ملامت بھی نہیں کرتے کہ تم ہم سے کیوں محبت نہیں کرتے ۔''

یزید نے کہا کہ اے نوجوان تم نے بہت صحیح کہا لیکن یہ تو مانو گے کہ تمہارے باپ اور دادا نے حکومت چاہی تھی تو اُس خدا کی حمد وثنا ہے جس

نے اُنہیں قتل کیا اور اُنکا خون بہایا۔ امامؑ نے فرمایا کہ میرے آباواجداد کیلئے تیری پیدائش سے کہیں پہلے سے نبوّت وحکومت خدا کی طرف سے چلی آ رہی ہے۔ یہ سن کر یزید نے اپنے باڈی گارڈ سے کہا کہ اُن کو سامنے والے باغیچہ میں لیجاؤ، قبر کھودو اور قتل کر کے وہیں دفن کر دو۔ چنانچہ باڈی گارڈ امامؑ کو باغیچہ میں لایا اور قبر کھودنا شروع کی۔ ادھر امامؑ نے نماز پڑھنا شروع کر دی۔ قبر کھود کر جب اس نے امامؑ کے قتل کرنے کا اہتمام کیا تو ہوا میں سے ایک ہاتھ باہر نکلا اور اُسے اس زور سے تھپڑ مارا کہ چکر کاٹ کر گرا، چیخ ماری اور دہشت سے بے ہوش ہو گیا۔ یزید کا بیٹا یہ سب کچھ دیکھ رہا تھا۔ جب دیکھا کہ اسکی روح نکل گئی تو واپس اپنے والد کے پاس پلٹ کر آیا اور پورا قصہ سُنا دیا۔ یزید نے باڈی گارڈ کو مذکورہ قبر میں دفنانے اور امامؑ کو آزاد کرنے کا حکم دے دیا۔''

یہ واقعہ بتاتا ہے کہ یزید کے دل کی گہرائی میں معاویہ اور ابوسفیان کی ذہنیت اور کینہ جم کر بیٹھا ہوا تھا۔ وہ خاندان مرتضویؑ میں سے ہر بچہ کو مرتضٰیؑ اور ملک الموت سمجھتا تھا۔ وہ جانتا تھا کہ یہ نسل اگر باقی رہے گی تو اُس کی نسل فنا ہو جائے گی۔ اور اُس کی تباہی اسی نسل کے ہاتھوں یا اسی نسل کے لئے ہوگی۔ مگر اُس کے ہاتھ اُس انتظام نے باندھ کر رکھ دیئے تھے جو امام حسین علیہ السلام نے کربلا کی مہم کے لئے اپنے بعد چھوڑا تھا۔ اُس کی مطلق العنان زبان پر فالج گر چکا تھا۔ اُس کے باغی دماغ پر اضطراری کیفیت طاری ہو کر رہ گئی تھی۔ اسے اپنے منحوس سایہ سے بھی خطرہ محسوس ہوتا تھا۔ وہ حیران ہو ہو کر سوچتا تھا کہ میرے باپ نے اور اُس کے سرپرستوں نے پورے عرب میں عموماً اور ملک شام میں خصوصاً علیؑ واولادِ علیؑ کے خلاف ساٹھ سال مہم چلائی۔ تعلیمی نصاب میں اُنہیں اللہ ورسوؐل کا باغی اور خلفائے امت کا دشمن اور قاتل دکھایا۔ جسے پڑھتے ہوئے اُمت کے بچے جوان ہوئے۔ جس پر یقین رکھتے ہوئے بڑھے ہوئے۔ جن کی اسلام دشمنی کی بنا پر ہر محراب ومنبر اور مسجد سے صدائے لعنت وملامت بلند ہوتی رہی اور کسی طرف سے شکوک وشبہات واعتراضات نے سر نہ اُٹھایا۔ یہ کیا جادو ہے؟ کہ میرے بزرگوں کی ساٹھ ستر سال کی سرتوڑ محنتیں، کوشش اور انتظامات ان قیدیوں کے سامنے مکڑی کے جالے کی طرح سمٹتے اور غائب ہوتے جا رہے ہیں؟ یہ کیسے ممکن ہو گیا کہ دلوں کی گہرائی میں اتری ہوئی نفرت، نطفوں میں منتقل ہوتی چلی آنے والی عداوت ایک دم ہمدردی اور فرمانبرداری میں بدل جائے؟ اور پلٹ کر خود اپنے بزرگوں کے خلاف صف آرا ہو جائے؟ بہرحال مجھے اِن حالات کا آخری سانس تک مقابلہ اور تدارک کرنا ہے۔ میں نے اُن کے طوق وزنجیر اُتروا دیئے ہیں۔ میں وہ تمام ظاہری اور نمایاں اذیت رساں انتظامات ڈھیلے کرتا جا رہا ہوں جو ایک عام آدمی کو ہمدردی پر متوجہ کر لیتے ہیں۔

(11)۔ امامؑ کو مسجد کی چاردیواری میں عارضی آزادی مگر نظر قید

شاہی اجلاس کے بجائے آج امام زین العابدین علیہ السلام کو مسجد میں بلایا گیا۔ بہت سارے جاسوس اور رپورٹر (REPORTERS) مناسب فاصلوں پر بٹھا دیئے گئے۔ مخصوص مقررین، واعظین اور شاہی مذہب کے نمائندے جگہ جگہ موجود ہیں۔ بعض عوام کو بھی مُنہ دیکھ کر مسجد میں آنے دیا جا رہا ہے۔ یزید اعلیٰ درجہ کے خطیبوں کے جھرمٹ میں بیٹھا ہے۔ خاندان مرتضویؑ کے خلاف سب سے زیادہ دلائل رکھنے والے اور اثر انگیز خطیب کا امتحان وانتخاب ہو چکا ہے۔ امام علیہ السلام کے تشریف لانے کا انتظار ختم ہو چکا ہے۔ کتاب المناقب میں کتاب الاحمر سے نقل کیا گیا ہے کہ:۔

قال یزید لخطیب بَلِیْغٍ خُذْ بید ھٰذا الغلام فأت به المنبر و اخبر الناس بِسوء رأی ابیه وجدّ ہ وفراقھم الحق و بغیھم علینا ۔ قال ففعل الخطیب ماامرہ یزید بفعله فلم یدع شیئًا من المساوی الّاذکرہ فیھم فَلَمَّا نَزَلَ قام علیؑ بن الحسینؑ فحمداللّٰہ بمحامد شریفة وصَلّی عَلَی النبیؐ صلٰوۃ بلیغة مؤجرۃ۔ ثُمَّ قال معاشر الناس مَنْ عرفنی فقد عرفنی ومَنْ لَمْ یعرفنی فانااعرفّه نفسی ۔

انا ابن مکة والـمنٰی ابن المروۃ والصفا ۔ ابـن محمدالمصطفٰی ابن مَن لَا یخفی ۔ابن مَن علا فاستعلٰی ۔ فجاز سدرۃ المنتھٰی وکان مِن ربّه کقاب قوسین اوادنٰی۔ابن مَن صلّی بملائکة السمآء مثنی مثنٰی۔ابن مَن اسری به مِن المسجد الحرام الٰی مسجد الاقصٰی ۔ابـن علیؑ المرتضٰی ۔ ابـن فاطمةؑ الزھرآء۔ ابن خدؑیجة الکبرٰی ۔ابـن مقتول ظلما ۔ ابـن المجزور الراس من القفا ۔ ابن العطشان حتّٰی قضٰی ۔ ابن طریح کربلا ۔ ابن مسلوب العمامة والردآء ۔ابن مَن بکت علیه ملائکة السمآء ۔ابن مَن نـاحـت عـلیـه الـجـن فی الارض والطیر فی الھوآء۔ ابـن مـن راسـه عَـلَی السِّنَان یھدٰی۔ ابـن مَـن حـرمـه مـن العراق الی الشام تسبّٰی۔ایھـاالـناس اِنَّ اللّٰہ تعالٰی وله الحمدابتـلانـا اھل البیتؑ بِبَلَاءٍ حَسَنٍ حیث جعل رایة الھدٰی والعدل والتّقی فِیْنَا وجعل رایة الضلا لة والردافی غیرنا ۔ فضّلنا اھلھبیتؑ بِسِتّ خصال ۔ فـضّـلنا بالعلم والحلم والشجاعة و السماحة والمحبة والمجلة فی قلوب المؤمنین واتانا مالم یؤتِ احدًامِنَ العالمین من قبلنا۔ فینا مختلف الملائکة وتنزیل الکتاب۔

قال فلم یفرغ حتّٰی قال الموذّن اللّٰہ اکبر فقال اشھد بِمَا تشھد به ۔ فلما قال الموذن اشھد اَنّ محمدًّا رسولؐ اللّٰہ ۔قال عـلـیؑ بـن الـحسیـنؑ یایزید ھذا جدّی اَوْجدّک ؟ فان قلت جدّک فقد کذ بت واِن قلت جدّی ؟ فَلِمَ قَتَلْتَ اَبی و سَبَّیْتَ حریمه وسَبَّیْتَـنِـیْ ؟ ثُـمَّ قـال مـعـاشر الناس ھَلْ فیکم مَنْ اَبُوْہُ وجَدَّہُ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وآله ؟ فَعَلَتْ الاصوات بالبکاء۔ فقام الیه الرجل مِن شیعته یقال لَهُ المنھال بن عمر الطائی وفی روایة مکحول صاحب رسولؐ اللّٰہ ۔فقال له کیف اَمْسَیْتَ یابن رسولؐ اللّٰہ ؟ فـقـال ویـحـک کیف اَمْسَیْتُ ؟ امسینـا فیکم کَھَیْئَةِ بنی اسرائیل فی آل فرعون یذ بّحون ابنآئھم ویَسْتَحْیُوْنَ نسآئِھم وَاَمْسَتَ الـعـرب تـفـتـخـرعَلَی العجم بَان محمدًؐ ا منھا اَمْسَتَ القریش تفتخر عَلَی العرب بِاَنَّ محمدًؐ ا منھا ۔وَاَمْسَیْ آل محمدؐ مقھورین فخذ ولین (فی یدی اُمّة محمدؐ ۔ احسن) فَاَلَی اللّٰہ نشکوا کثرۃ عُدوِّنَا وتفرق ذات بَیْنَنَا وتظاھر الاعداء عَلَیْنَا۔

(اکسیرالعبادات۔صفحہ 522-521، ترجمہ بحار حصہ 2صفحہ 63-61)

آپ تشریف لائے تو یزید نے کھڑے ہوکر اُن کا ہاتھ پکڑا اور منتخب خطیب کے ہاتھ میں دیا اور کہا کہ اُن کو منبر کے پاس بطور گواہ بٹھاؤ اور اِن کے والد اور دادا کے دین سے گمراہ ہوجانے، دین کے خلاف تحریک چلانے اور اُن کی مخالفانہ سرگرمیوں کی تفصیل تمام حاضرین کے سامنے پیش کرو۔ چنانچہ خطیب امامؑ کو لے کر منبر پر پہنچا اور اُس نے نہایت آب وتاب کے ساتھ یزید کی منشا کے مطابق ہر وہ برائی اور عیب بیان کیا جو حکومت نے تیار کر رکھا تھا۔اور مذمت میں کوئی چیز بیان کرنے سے نہ چھوڑی۔لیکن جیسے ہی خطیب منبر سے اُترا۔ حضرت سجادؑ نے اُس کی جگہ لے لی اور نہایت اعلیٰ درجہ کی حمد وثنا اللہ کی شان میں بیان کی۔ پھر نبیؐ پر وہ درود وسلام پڑھا جو دلوں میں ایمان کی روشنی پیدا کردے۔ پھر فرمایا کہ جو لوگ مجھ سے واقف ہیں وہ تو واقف ہیں ہی۔ جو لوگ ناواقف ہیں وہ مجھے پہچان لیں اُن کو اپنے تعارف پر متوجہ کرتا ہوں۔سنو کہ؛

میں مکہ اور منیٰ کا بیٹا اور وارث ہوں۔ میں صفا اور مروہ کا فرزند ہوں۔ میں اس کا بیٹا ہوں۔ جو بلند ہوا تو بلند ہی ہوتا چلا گیا۔

جوسدرۃ المنتہیٰ کو پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ گیا۔ اوراپنے رب سے دوقوس کے آس پاس تک گیا۔ میں اسکا بیٹا ہوں جس نے تمام ملائکہ کو دوبارنماز پڑھائی ۔ میں اسکا فرزند ہوں جومسجد حرام سے انتہائی دوروالی مسجد تک سیر کو جاتا رہا۔ میں علیؑ کا بیٹا ہوں میں فاطمہؑ زہراء کا فرزند ہوں ۔ میں خدیجۃؑ الکبریٰ کالال ہوں۔ میں اُسکا بیٹا ہوں جسے ظلم کر کے قتل کیا گیا ہے ۔ میں اُسکا لاڈلا ہوں جسے سجدہ میں قتل کیا اورپس پشت سے سرکاٹا گیا۔ میں اُسکا بیٹا ہوں جسے مرتے دم تک پیاسارکھا گیا۔ میں اسکا فرزند ہوں جسکی لاش بے گوروکفن کربلا میں پڑی ہے ۔ اورجسکا سربطور سوغات لایا گیا۔ میں اُسکا وارث ہوں جسے قتل کر کے اسکی چادر اورعمامہ بھی لُوٹ لیا گیا۔ میں اُنکا بیٹا ہوں جن پر آسمان کے فرشتے رورہے ہیں ۔ میں اسکا فرزند ہوں جن پر زمین پر جنات اورہوامیں پرندے نوحہ کررہے ہیں۔ میں اُسی کالال ہوں جس کا سرنیزہ پر بلند کیا گیا۔ میں اُن ہی کا جانشین ہوں جنکی مستورات اوربچوں کو قید کر کے عراق سے شام لایا گیا ہے۔ اَے لوگو! حقیقت یہ ہے کہ اللہ نے ہمیں بہترین صورت حال اورہدایت وتقویٰ اورعدل وانصاف کا پرچم مستقل طور پر عطا کرنے کیلئے اس آزمائش سے گزرنے پر ہدایت کی۔ اوردیکھ لوکہ ہمارے ہرفرد نے اللہ کی عطا کردہ چھ صفات کے مطابق اس امتحان کوخوشی خوشی پُورا کردیا۔ اس امتحان سے بھی ثابت ہوگیا کہ اللہ نے ہمیں بھرپُور علم دیا۔ یعنی اِس امتحان کا شاندار پروگرام بنایا جوہمیں آپ کے سامنے نتائج کا عالم اورکامیاب ثابت کررہا ہے۔ ہماری سخاوت اس سے ثابت ہے کہ ہم نے اپنی جان ومال اوراولاد پر اُمت کی نجات کو ترجیح دی ہے۔ اورشجاعت یوں ثابت ہے کہ ہمارے بچے تک تکالیف سے بے قرار ہوکر معافی کی التجانہیں کرتے ۔ ہماری محبت ہی آپ کے دلوں میں ہے جو ہمارے دشمن کے پروپیگنڈے کے باوجود ہماری عزت وتکریم پر آپ سب کومتوجہ کررہی ہے ۔ اس آزمائش کے مقابلہ اورنتیجے میں اللہ نے ہمارے مخالف کو ہمیشہ کے لئے گمراہی اورتخریب کاری کا پرچم تھمادیا اورمستقل گمراہی کا ذمہ دارقراردے دیا اورجوکچھ دنیا میں کسی ایک کو بھی نہیں دیا گیا تھا۔ وہ سب اللہ نے ہمیں عطا کیا ہے۔ ہم ہی میں کتاب کا اُترنا اورملائکہ کا ہمیشہ آنا جانا اوراُن کا مرکز ہے۔

راوی نے کہا کہ امامؑ خطبہ سے فارغ نہ ہوئے تھے کہ مؤذن نے اللہ اکبر کہا۔ امامؑ نے فرمایا کہ اے موذن میں اُسی کی شہادت دیتا ہوں جوتونے کہا ہے ۔ اورجب مؤذن نے محمدؐ کے رسولؐ اللہ ہونے کا اعلان کیا توامامؑ نے پوچھا کہ اَے یزید اللہ کا یہ رسوؐل محمدؐ میرانانا ہے یا تیرا؟ اگرتواپنا کہے توتُو جھوٹا ہے ۔ اوراگر میرانانا کہے تو یہ بتا کہ تونے میرے باپ کو کیوں قتل کیا؟ اوراُن کی مستورات اوربچوں کو کیوں قید کیا اورکیوں مجھے قیدی بنا کررکھا ہے ۔ پھرفرمایا کہ سنواَے لوگوکیاتم میں میرے سوا کوئی اور ہے جس کا دادا اللہ کا رسوؐل ہو؟ امامؑ کا بیان سنتے ہوئے آخرصدائے فریادوبکا بلند ہوگئی ۔ لوگ رورہے تھے کہ امامؑ کے ایک شیعہ نے جسے ایک روایت میں مکحول اورصحابی رسولؐ اللہ کہا گیا ہے اوردوسری میں اس کا نام منہال بن عمرطائی بتایا ہے کہا کہ اے فرزندرسولؐ آپ کی رات کیسے گزری؟ فرمایا کہ تجھ پرافسوس ہے کہ ذراسی آزادی اورسہولت دیکھ کر یہ اُمید کرتا ہے کہ میں کسی بہتری کا ذکر کروں گا؟ سن ہم اُسی طرح صبح وشام سے دوچار ہیں جس طرح حضرت اسحاقؑ کی اولاد کا حال قرآن نے سنایا کہ بنی اسرائیل آل فرعون میں یوں گزارا کرتے تھے کہ اُن کے مردوں اوربیٹوں کو ذبح کیا جاتا تھا اوراُن کی عورتوں کو زندہ رہنے دیا جاتا تھا۔ تاکہ نبیؑ کی نسل ختم ہوجائے ۔ ارے بھائی عرب کے باشندے عجم کے باشندوں پر یہ فخر کرتے ہوئے صبح کرتے ہیں کہ محمدؐ ہم میں سے ہے اورہم ساری دنیا سے بزرگ قوم ہیں اورقریش یہ فخر

کرتے ہوئے صبح کرتے ہیں کہ محمدؐ ہم میں سے ہے۔ لہٰذا ہم ساری دنیا سے اور خود عربوں سے زیادہ بہتر قوم ہیں۔ اور محمدؐ کی آل واولاد اس طرح صبح کرتی ہے کہ اُن کو محمدؐ کی اُمت سے ذلیل وخوار کرنے اور ہمہ قسمی مظالم کرنے کی زیادہ امیدیں ہوتی ہیں۔ اُن پر پوری طاقت اور بے رحمی سے ظلم کیا جاتا ہے۔ لہٰذا بھائی ہم تو اپنا گلہ شکوہ صرف اللہ تک محدود رکھتے ہیں۔ اُسی کو بتاتے ہیں کہ چاروں طرف ہمارے دشمنوں کا ہجوم ہے۔ وہ ہم پر مادی غلبہ رکھتے ہیں۔ اور ہمارے کنبے کے افراد بکھرے پڑے ہیں۔ سر یہاں ہیں تو جسم کربلا میں پڑے ہیں۔ اور اس شکوہ سے ہم اپنے درجات کی بلندی کے سوا اور کچھ نہیں چاہتے۔

(12)۔ امام محمد باقر علیہ السلام کا خطبہ قدم بقدم لفظ بلفظ والد کی پیروی

دشمنانِ اہلبیتؑ کے پروپیگنڈے سے ہمارے علما جس حد تک بہکے ہیں اُسکا اندازہ اس بات سے کیا جاسکتا ہے کہ وہ جہاں حضرت علی اکبر علیہ السلام کو لفظ اکبر کے دھوکے میں امام زین العابدینؑ سے بڑا لکھتے رہے ہیں اور امام زین العابدین علیہ السلام کو ایک چھوٹا سا بچہ کہتے رہے ہیں۔ وہیں اُنکا مستقل عملدرآمد یہ بھی رہا ہے کہ کربلا کے قیام کے دوران اُنہوں نے حضرت محمد باقر علیہ السلام کا قطعاً ذکر نہیں کیا۔ پھر کربلا سے روانگی، کوفہ پہنچنا، وہاں کا گشت وتشہیر وقیام کے دوران بھی امامؑ پنجم کو غائب رکھتے ہیں۔ پھر کوفہ سے شام تک کے سفر اور دمشق کے قیام میں بھی اُنکا کہیں تذکرہ نہیں ملتا۔ بہرحال یہاں ہم یہ یاددلانا چاہتے ہیں کہ امام زین العابدین علیہ السلام 38 ہجری میں پیدا ہوئے اور کربلا میں تئیس (23) سال کے جوان تھے اور جناب محمدؑ باقر 57 ہجری میں پیدا ہوئے اور کربلا میں پانچویں سال میں تھے۔ لیکن ہمارا ریکارڈ جناب امام زین العابدین علیہ السلام کو اڑتیس سال کی پختہ عمر سے کم نہیں مانتا اور جناب امام محمد باقر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عمر کربلا میں دس سال کہتا ہے اور یہ اسلئے کہ جناب امام حسین علیہ السلام 3 ہجری میں پیدا ہوئے اور اُنیسویں سال جناب شہر بانو علیہا السلام سے شادی ہوئی اور یہ واقعہ ہے 22 ہجری کے اواخر یا 23 ہجری کے اوائل کا۔ چونکہ حضرت شہرؑ بانو اور اُنکی دوسری بہن جناب شاہ زناں 21 ہجری میں آئی تھیں اور آتے ہی دونوں شاہزادیاں دونوں شاہزادوں، جوانانِ بہشت کے سرداروں حسن اور حسین علیہما السلام کے عقد میں دیدی گئی تھیں۔ لہٰذا یہ کہنا کہ امامؑ زین العابدین 38 ہجری میں پیدا ہوئے، یہی کہنا ہے کہ شادی کے بعد امام حسین علیہ السلام سے سولہ سال تک کوئی اولاد نہیں ہوئی جو ایک احمق بھی تسلیم نہ کریگا۔ بہرحال ہمیں اپنا اور حکومت کا تیار کردہ ریکارڈ بھی صحیح ثابت کرتا ہے۔ لہٰذا آنیوالا خطبہ جس بچہؑ نے دیا تھا وہ علما کی غلط فہمی اور امامؑ چہارم کا نام لکھنے کے باوجود امامؑ محمد باقر کا خطبہ ہے۔ خطبہ سنئے۔

(الف)۔ آج دو امامؑ مسجد دمشق کی تطہیر کریں گے

قال: قَالَ وَاَمَرَ رَجُلًا یصعد المنبر وَیَسُبَّ الحسینؑ فَفَعَلَ ذلک فقال (محمدؑ) بن علیؑ بن الحسینؑ لِلرَّجل باللّٰہ عَلَیْکَ اَلَّا مَا اذنتَ لِیَ اَنْ اصعد المنبرو اتکلم بکلام فیہ رضی اللّٰہ ورسوؐلہ۔ فقال لَہُ اصعد المنبر یاغلام وقُلْ مَابَدَ ءَ لکَ وَاعتد ز الرَّجَلُ اِلَیْہِ۔ قال: فَصَعَدَ علیہ السلام فَجَعَلَ یتکلّم بکلام الانبیآء بعذوبة لسان وفصاحة وبلاغة فاقبل الیہ الناس مِنْ کُلّ مکانٍ۔

وقال اَیُّھا الناس مَنْ عرفنی فقد عرفنی ومَنْ لم یعرفنی افانا اَعَرّفہ بنفسی فانا محمدؑ بن علیؑ بن الحسینؑ بن علیؑ

المرتضٰی صلوات اللّٰہ علیہ وسلامہ علیہم: اَنَا بُنُ مَنُ حَجَّ ولُبّٰی ۔ اَنَابُنُ مَن طَافَ وسعٰی۔ انا بن زمزم والصفا۔
انا ابن فاطمۃً الزھرآء۔ انابن المذ بُوح مِنَ القفا۔ انابن العطشان حتّٰی قضٰی ۔انا بن مَن منعوہ مِن المآء۔واحلّوہُ
علٰی سائیر الورٰی۔ انا بن محمدٍ المصطفٰی ۔ انا بن صریع کربلا ۔ انا بن مَن راحت انصارہ تحت الثرٰی۔
انا بن مَن غدت حریمہ اسرٰی۔ انابن مَنُ ذبحت اطفالہ مِنُ غیرسُوءٍ ۔ انا بن مَن اضرم الاعداء فی خیمۃ لظٰی ۔
انابن مَن اضحٰی صَرِیُعًا بالنقٰی ۔ انابن من لالہ غسل ولاکفن یرٰی ۔اَنَا بُنُ مَنُ رفعوا راسہ علی القنا ۔اَنَا ابُنُ
مَنُ ھُتِک حریمہ بارض کربلا ۔انا بن مَن جسمہ بارض وراسہ باخرٰی ۔انا بن مَن لایُرٰی حولہ غیرالاعداء۔
انابن مَن حریمہ الی الشام یھدٰی۔ انا بن مَن لاناصر لہ ولا حمٰی۔

ثُمَّ قال اَیُّھا الناس قد فضلنا اللّٰہ بخمس خصال فینا واللّٰہ مختلفٌ الملائکۃ ومعدٌن الرسالۃ وفینا نزلت الایات ونحن فدنا العالمین للھُدٰی وفینا الشجاعۃ ۔ فلم نخف بأسًا وفینا البراعۃ والفصاحۃ اذا افتخرالفصحآء وفینا الھدیٰ الٰی سوآء السبیل العلم لمن ارادأن یستفید علمًا والمحبۃ فی قلوب المؤمنین مِنَ الُوَرٰی۔ولَنَا الشان الاعلٰی فی الارض والسمآء وَمَن لَوُلا نامَاخلق اللّٰہ الد نیا وکُلُّ فَخَرٍ دُ وُنَ فَخُرِنَا یھُوٰی ومُحِبُّنَا یُسُقٰی وَبَاغضنا یوم القیامۃ یشقٰی ۔ قال فَلَمَّا سمع یزید ذلک خَشِیَ اَنُ یمیل قلوب الناس اِلَیُہِ فامرالموذن اَنُ یقطع علیہ خطبۃ فصعد المؤذن وقال اللّٰہ اکبر فقال محمد بن علی صلوات اللّٰہ علیہ کبّرتَ کبیرًا وعظّمت عظیمًا وقُلُتَ حقًا ۔ فقال الموذن اشھد ان لا الہ الّا اللّٰہ فقال صلوات اللّٰہ علیہ اشھد بھا مع کل شاھد واَقَرُّبھا مع کل جاحد۔ فقال الموذن اشھد اَنَّ مُحمدًا رسولُ اللّٰہ فبکی محمدٌ بن علیٌ وعلامنہ الصیاح وقال سئلتُک یایزید اَ محمدٌ جدّی ام جدّک؟ فقال یزید جدّک ۔فقال فلم قَتَلُتَ اھل بیتہ وقتلتَ ابن بنت رسولٌ اللّٰہ ایتمنی علٰی صِغُر سِنّی؟ فَلَمُ یردعلیہ جوابًا ودخل دارہ وَقال لا حاجۃ لی بالصلاۃ۔

قال: فقام المنھال اِلٰی محمدٌ بن علیٌ فقال لہ کیف اصبحت یابن بنتِ رسولٌ اللّٰہ ؟ فقال لہ الامام کیف حال مَنُ اصبح وقد قُتِلَ آباہ واعمامہ واخوانہ وانصارہ وینظر الٰی حرم من حولہ اساری قد فقد وا السترو الغطاء واعد موا الکافل والحمٰی فماترانی اِلَّا اسیرًا ذلیًلا قدعد مت الناصر والکفیل قد کسیتُ اَنَا واھل بیتی ثیاب الاسی وقد حرمت علینا جدید العری فان تسئل فھااَنَا کما تری قد شمتت فینا الا عدا ونترقب الموت صَبَاحًا ومَسَاءً ۔قد اَصُبَحَتِ العرب تفتخرعلی العجم لَاَنَّ محمدًا منھم واصبحت قریش تفتخر عَلٰی سائرالناس لَاَنَّ محمدًا منھم ۔ ونحن اھل بیتہ اصبحنا مقتولین مظلومین قد حلت بنا الرزایا نساق سبایا ونجلب ھدایا کَاَنَّ حسبنا من اسقطت الحسب ومنتسبنا من ارذل النسب کَان لم نکن علٰی ھام المجد رقینا وعلٰی بساط جلیل سعینا واصبح الملک لیزید جنودہٗ واصبحت بنوالمصطفٰیؐ مِن ادنٰی عبیدہ۔

قال فَعَلَتُ الاصوات مِن کُلِّ جانبٍ بِالُبُکاء والنحیب لَمَّاآتی بہ مِنَ الکلام الغریب وقد نطق بالحق المصیب ۔ قال: فخشی یزید الملعون الفتنۃ لِاَن جمیع الناس اصغت اِلٰی ماقالہ والغرست مُحَبّتھم لہ فی قلوبھم ۔فقال یزید لِلّذی اصعدہ المنبر لِمَ اَصُعُدتَ ھذاالغلام المنبر اَنّما اَرَدُتَ بصعودہ زوال مُلکی ؟ فقال الموذّن لہ واللّٰہِ ماعَلِمُتُ اَنَّ ھٰذا الغلام یتکلّم بمثل ھٰذاالکلام ۔ فقال یزید اَمَاعلمتَ اِنَّ ھذا مِن اھل بیت النبوّۃ ومعدن الرسالۃ؟ فقال لہ الموذّن فَلِمَ قَتَلُتَ آباہُ وایتمتہ عَلٰی صِغُرِسِنّہٖ ؟ قال فامر یزید المعلون بضرب عنق الموذّن ۔(*اکسیرالعبادات۔صفحہ* 523 *تا*524)

راوی کہتا ہے کہ ایک شخص کومنبر پر جانے اور امام حسینؑ کی مذمت میں خطبہ دینے کے لئے تعینات کر رکھا تھا۔ چنانچہ اس خطیب نے اس حکم پر عمل کیا اور خوب مذمت کی۔ جناب محمد بن علی بن الحسین علیھم السلام نے اس خطیب کو اللہ کی قسم دی کہ بات جب ہے جب تو مجھے بھی منبر سے بولنے کی اجازت دے دے۔ (خطیب نے دیکھا کہ ایک چھوٹا سا بچہ قسم دے رہا ہے۔ دیکھیں وہ کیا بیان کرے گا؟ اُس نے اجازت دے دی۔ اگر کہیں امام زین العابدینؑ اجازت مانگتے تو وہ ہرگز اجازت نہ دیتا۔ اس لئے کہ اُن کا تجربہ ہو چکا تھا۔ اور یزید کی عدم موجودگی میں اُن کو اجازت دینا ویسے بھی جان لیوا جرم تھا)۔ لہٰذا خطیب نے نہ صرف اجازت دی بلکہ نظر انداز کرنے پر معذرت خواہ بھی ہوا اور کہا کہ اے بچے شوق سے منبر پر جاؤ اور جو کچھ رضائے خداوندی میں کہہ سکتے ہو بلا تکلف کہہ ڈالو۔ راوی کہتا ہے کہ اجازت ملنے پر آپ منبر پر تشریف لے گئے (غالباً لوگ ناک بھوں چڑھا رہے ہوں گے کہ اس بچہ کو خواہ مخواہ تضیع اوقات کے لئے منبر پر بھیج دیا وہ غالباً امام زین العابدینؑ کے انتظار میں ہوں گے) اور آپ نے لوگوں کو یوں مخاطب کیا جیسے کہ انبیاؑ بول رہے ہوں۔ زبان کی معصومانہ شیرینی، کائناتی علوم کی فراوانی، فصاحت و بلاغت وخطابت کا ایسا مسحور کرنے والا سماں بندھا کہ لوگ کھنچ کر ہر گوشہ سے قریب ترین جگہ حاصل کرنے دوڑ پڑے۔ آپ نے فرمایا کہ؛

اَے لوگو! جو مجھے پہلے سے جانتے ہوں وہ بھی سنیں اور جو قطعاً ناواقف ہیں وہ بھی مجھے پہچان لیں میں کھول کر اپنا تعارف اور مقام پیش کروں گا۔ سنو! میں محمدؐ ہوں علیؑ کا بیٹا ہوں، حسینؑ کا پوتا ہوں جو علیؑ المرتضیٰ کے بیٹے اور میرے جدامجد تھے۔ خدا اُن سب پر درود وسلام پہنچائے۔ پھر یوں سنو کہ میں اُس کا جایا ہوں جس نے خانہ کعبہ کا طواف اور خدا کے حضور لبیک لبیک کہتے ہوئے پہنچنے کا طریقہ جاری کیا تھا۔ میں اُنکا بیٹا ہوں جنہوں نے کعبہ کے طواف اور حصول رضائے خداوندی کیلئے سعی و کوشش کو کامیاب کر کے دکھایا تھا۔ میں زمزم اور صفا کا وارث ہوں اور فاطمۃؑ الزہراء کا فرزند ہوں۔ میں اُن کا بیٹا ہوں جن کو پس پشت سے ذبح کیا گیا ہے۔ میں اُن کا بیٹا ہوں جن کو مرتے دم تک پیاسا رکھا گیا تھا۔ میں اُس کا بیٹا ہوں جس پر پانی بند رکھا گیا تھا اور اُن کے علاوہ مسلمانوں نے باقی تمام مخلوق پر دریائے فرات کا پانی کھلا رکھا تھا۔ میں محمدؐ مصطفیٰ کا فرزند ہوں۔ میں کربلا میں ٹھکانا بنانے والے کا بیٹا ہوں۔ میں اُن کا بیٹا ہوں جن کے تمام انصار مٹی کے نیچے چلے گئے۔ میں اسکا بیٹا ہوں جسکے اہل حرؑم قیدی بنا لئے گئے ہیں۔ میں اُن کا فرزند ہوں جنکے بچے بے جرم وخطا ذبح کر دیئے گئے۔ میں اس کا بیٹا ہوں جسے قتل کر کے اُنکے اہلؑ حرم کے خیموں میں آگ لگا کر جلا دیا گیا تھا۔ میں اُنکا بیٹا ہوں جنہیں پاکیزگی کی بنا پر قتل کیا گیا۔ میں ان کا فرزند ہوں جنہوں نے نہ کفن پایا نہ انہیں غسل دیا گیا۔ میں اسکا بیٹا ہوں جس کا سر نیزہ پر بلند کیا گیا۔ میں اُسکا بیٹا ہوں جس کی مستورات کو کربلا میں بے عزت کیا گیا۔ میں اسکا بیٹا ہوں جس کا جسم ایک سرزمین پر پڑا ہے اور سر دوسرے خطۂ ارض میں رکھا گیا ہے۔ میں اُسکا بیٹا ہوں جس پر وہ وقت آیا کہ اُسکے چاروں طرف دشمنوں کے علاوہ کوئی اور تھا ہی نہیں۔ میں اُسکا فرزند ہوں جس کی مستورات کو قید کر کے شام میں لایا گیا ہے۔ میں اُنکا فرزند ہوں جن کا نہ کوئی حمایتی ہے نہ مدد کرنے والا ہے؛

پھر فرمایا کہ اے لوگو! اللہ نے ہمارے اندر پانچ خصلتیں ودیعت کر رکھی ہیں۔ ہم ہی میں وہ ہستی ہے جس پر فرشتوں کا نزول وصعود ہوتا رہتا ہے۔ ہم ہی میں نبوت ورسالت کا سرچشمہ ہے۔ ہمارے ہی حق میں آیات نازل ہوتی رہتی ہیں۔ اور ہم ہی پوری کائنات

کو ہدایت کرنے والا وفد ہیں ۔ہم ہی شجاعت کا مرکز ہیں ۔ ہم کسی بَلا اور تشدد سے خوفزدہ نہیں ہوتے ۔ اور ہم میں ہی سرچشمۂ تکمیل انسانیت ہے۔ہم ہی میں وہ فصاحت ہے جس پر اہلِ فصاحت فخر کیا کرتے ہیں ۔ہم ہی میں سیدھے راستے کی طرف ہدایت کرنا ودیعت ہے۔ ہمارے ہی اندر وہ مکمل علم ہے جس سے کوئی علمی فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔اور ہماری ہی محبت ہے جو مومنین کے قلوب میں ودیعت کی ہوئی ہے۔اور زمین وآسمان میں ہمارے لئے ایک مخصوص اور اعلیٰ درجہ کا مقام ہے۔اور اگر ہم نہ ہوتے تو اللہ نے یہ دنیا اور کائنات ہی پیدا نہ کی ہوتی اور یاد رکھو کہ جس فخر میں ہمیں شامل نہ رکھا جائے وہ فخر برباد ہوجاتا ہے۔ ہم سے محبت کرنے والے لوگ نجات یافتہ اور نعماتِ جنت پانے والے ہیں ۔ہم سے بغض رکھنے والوں کو آفات وشدائد سے دوچار ہونا پڑے گا۔ جب یزید نے اس صورت حال کو سنا تو آکر دیکھا اور اُس پر یہ لرزہ براندام کرنے والا خوف غالب آ گیا کہ کہیں لوگوں کے دل اہلبیتؑ کی طرف نہ جھک جائیں ۔اُس نے مؤذن کو حکم دیا کہ محمدؐ (باقر) کے خطبہ کو اذان کے شور سے دبادے۔مؤذن گلدستہ اذان پر چڑھا اور کہا کہ اللہ اکبر۔ باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ تو نے بڑے کی بڑائی کا اعلان کیا اور عظیم الشان ہستی کی عظمت بیان کی ہے اور حق بات کہی۔ پھر مؤذن نے کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی اور معبود نہیں ہے۔امامؑ نے فرمایا کہ میں تمام انکار کرنے والوں کے خلاف اقرار کرتا ہوں اور تمام گواہی دینے والوں کے ساتھ گواہ ہوں ۔ پھر مؤذن نے کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً محمدؐ اللہ کے رسولؐ ہیں ۔ یہ سن کر امامؑ کا دل بھر آیا اور آپ نے بآوازِ بلند یزید سے پوچھا کہ اے یزید یہ محمدؐ میرے نانا ہیں یا تیرے؟ یزید نے کہا کہ محمدؐ آپ کے نانا ہیں ۔امامؑ نے اعتراض کیا کہ پھر تو نے اُن کے خاندان کو کیوں قتل کیا؟ اور اُن کی بیٹی کے فرزند کو کیوں قتل کیا اور مجھے اس کم سنی میں کیوں یتیم کیا۔راوی کہتا ہے کہ یزید سے کوئی جواب نہ دیا جاسکا۔اور یہ کہہ کر محل میں چلا گیا کہ مجھے نماز کی کوئی حاجت نہیں ہے؛

راوی نے بتایا کہ یزید کے چلے جانے پر منہال کھڑا ہوا اور امامؑ کی مزاج پُرسی میں کہا کہ یا مولاؑ آپ نے کس حال میں صبح کی؟ فرمایا کہ اس کا حال کیا پوچھتے ہو جو یوں صبح کرے کہ اُس کے تمام بزرگ قتل کئے پڑے ہوں، والد، چچا اور بھائی مارے جاچکے ہوں ۔ اور اپنے چاروں طرف اپنے خاندان کی عورتوں اور بچوں کو قیدی بنا ہوا دیکھے ۔جن سے تمام پردہ کرنے کے کپڑے چادریں اور برقعے چھین لئے گئے ہوں ۔ جنکے سرپرست اور حمایتی ملک عدم کو جاچکے ہوں ۔اور تم خود ہمیں ذلت کی قید میں دیکھ رہے ہو۔ایسی حالت میں نہ کوئی نصرت کرنے والا ہے نہ کوئی کفالت کرنے کو موجود ہے ۔ میں نے اور میرے اہل خاندان نے غم والم کا لباس پہن لیا ہے۔اور ہمارے اوپر ہر نیا لباس پہننا حرام کر دیا گیا ہے۔ رہ گیا تمہارا سوال تو اُس کا جواب تو عملی صورت میں مَیں تمہارے سامنے ہوں ۔ ہمارے بارے میں یہ دشمنانِ دین ہم پر طعنہ زنی کرتے ہیں اور ہم ہر لمحہ اپنی موت کو قریب دیکھ رہے ہیں ۔اور صبح شام موت کا انتظار ہے۔عرب کے لوگ عجمیوں پر یہ فخر کرتے ہوئے صبح کرتے ہیں کہ محمدؐ عربی تھے۔اور قریش عربوں اور باقی تمام انسانوں پر فخر کرتے ہوئے صبح کرتے ہیں کہ محمدؐ قریشی تھے۔مگر ہم جو محمدؐ کے اہل بیتؑ ہیں یوں صبح کرتے ہیں کہ ہمیں قتل کیا جاتا ہے، ہم پر ظلم کیا جاتا ہے۔ ہمارے ساتھ قیدیوں کا سلوک جاری ہے ۔ہمیں بطور تحفہ اور ہدیہ استعمال کرنا جائز کرلیا ہے اور گویا یہ طے کرلیا ہے کہ ہم مقام بلند سے خارج ہوچکے ہیں اس لئے ہمیں بدترین نسل سمجھا جارہا ہے۔ گویا ہم کبھی عظمت کی بلندی پر تھے ہی نہیں ۔ اور نہ ہم نے بزرگی کی کوشش کی تھی۔حکمرانی

اور فرمانروائی یزید اور اُس کی افواج کے لئے صبح کرتی ہے۔اور اولادِ محمد مصطفیٰ یزید کے گھٹیا غلاموں والی صبح کرتے ہیں؛

راوی کہتا ہے کہ جب امام علیہ السلام اپنے اس آخری انوکھے کلام پر پہنچے تو آپکی دل میں اُتر جانیوالی حقیقتِ حال سن کر لوگ تڑپ اُٹھے، چاروں طرف رونے اور چیخوں کی آوازیں بلند ہوگئیں۔ یہ نوحہ وفریاد کا ہنگامہ سنکر یزید خوفزدہ صورت میں محل سے واپس آیا۔ اسے اندیشہ ہوا کہ کہیں فوراً ہی میرے خلاف ہنگامہ آرائی اور بغاوت نہ ہوجائے۔اسلئے کہ امامؑ کی باتیں لوگوں کو متوجہ کر چکی تھیں اور اُنکی محبت نے قلوب میں گھر کرلیا تھا۔ چنانچہ آتے ہی یزید نے اُس خطیب سے باز پرس کی جس نے محمد باقر علیہ السلام کو منبر سے تقریر کرنے کی اجازت دی تھی اور پوچھا کہ تو نے کیوں اجازت دی۔ یقیناً اِس اجازت سے تیرا مقصد یہ تھا کہ میری حکومت کو زوال وتباہی سے دوچار ہونا پڑے؟ اجازت دینے والے (مؤذن) نے کہا کہ جناب مجھے قطعاً یہ علم واُمید نہ تھی کہ وہ ایسی لاجواب اور زبردست تقریر کریگا۔ یزید نے کہا کہ کیا تو یہ بھی نہیں جانتا یہ بچہ خاندانِ نبوّت ومرکزِ رسالت کا بچہ ہے؟ اب مؤذن نے کہا کہ جناب اگر یہ صحیح ہے تو تم نے اُنکے بزرگوں کو کیوں قتل کردیا اور اُسے اس کم سنی میں یتیم کرکے چھوڑ دیا؟ یزید نے حکم دیا کہ اُس اجازت دینے والے کی گردن ماردی جائے۔''

(ب)۔ علما اور علما کی تحریک کے خلاف ہماری سرکشی

ہم نے مندرجہ بالا خطبہ میں امام زین العابدین علیہ السلام کا نام اور ایسے الفاظ موجود ہوتے ہوئے بھی اس خطبہ کو امام محمد باقر علیہ السلام کا خطبہ لکھا ہے۔اور علما کا لکھا ہوا نام اور متعلقہ الفاظ کو بدل دیا ہے۔اور اس کی وجہ اور دلیل خود خطبہ کے الفاظ میں موجود ہے۔ یعنی امام زین العابدین علیہ السلام ہرگز چھوٹے سے بچے نہ تھے بلکہ پختہ عمر اڑتیس (38) سال کے مُسِن جوان تھے اور دوبچوں کے باپ تھے۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ جناب زینب وام کلثوم سلام اللہ علیھما نے اور جناب سجاد علیہ السلام نے دمشق میں اپنی تقریروں اور خطبات سے دھوم مچا رکھی تھی۔ بچہ بچہ نہ سہی یہ تو ماننا پڑے گا کہ یزید کے اعلیٰ موالی ،اہلکار اور افسران، خطیب وقاضی ومفتی ،سرداران افواج اور خاندان یزید اور بنی اُمیہ کے تمام شیوخ وسردارانِ قوم امام زین العابدین علیہ السلام کو نہ صرف پہچان چکے تھے بلکہ ہروقت پہچان سکتے تھے۔اور اُن کے بےنظیر خطیب ومُقرر ہونے کو جانتے تھے۔لہٰذا خطیب نے یقیناً ایک نہایت کم سن بچہ کو منبر پر جانے کی اجازت دی تھی۔ اور یہ سمجھ کر اجازت دی تھی کہ وہ بچہ کوئی خاص تقریر کرہی نہ سکے گا۔اور بچہ کی کم سنی کی تصدیق خود یزید نے بھی کی ہے۔ ورنہ وہ کہتا کہ تو اڑتیس سال کے آدمی کو بچہ اور ناقابل خطبہ سمجھتا ہے؟ لہٰذا ہم ساری دنیا کے علما کی ایسی غلط بات ماننے کو تیار نہیں ہوسکتے۔ رہ گیا امام محمد باقر علیہ السلام کا خود کو یتیم کہنا وہ کئی حیثیتوں سے صحیح ہے۔اوّل یتیم کا بیٹا بھی یتیم ہوتا ہے۔2: یتیم کے معنی بےسہارا وبےیارومددگار اور بےمثل کے ہیں۔لازم نہیں کہ جسے یتیم کہا جائے اُس کا باپ ضرور مُردہ ہو۔3: نبیؐ اور امامؑ اُمت کا باپ ہوتا ہے یعنی ہمارے والدین کا بھی باپ ہوتا ہے۔4: یہ کہ بہترین موتی کو دُرِّ یتیم کہتے ہیں۔اور اس کے نہ ماں ہوتی ہے نہ باپ ہوتا ہے۔

پھر حضرت سجاد علیہ السلام نے کتنے بھی شاندار خطبات دیئے ہوں اُن میں کہیں یہ مذکور نہیں کہ اچھے خاصے اپنی اپنی جگہ بیٹھے ہوئے لوگ قریب جگہ حاصل کرنے کے لئے دوڑ پڑے ہوں۔ یہ کم سنی میں کمال فصاحت وعلم وزوربیان کی وجہ تھی۔لوگ حیران اس لئے ہوئے کہ خطبہ دینے والا بچہؑ نہایت کم سن ہے جو اُمید اور عام فطرت سے بلند حیران کن مظاہرہ کررہا ہے۔لہٰذا مومنین روایات میں جہاں

بھی امام چہارم کو کم سن پڑھیں خود اپنے قلم سے کاٹ کر وہاں امام محمد باقر علیہ السلام لکھ دیں اور مطمئن ہو جائیں۔ ذرا سوچئے کہ علما یزید کے بیٹے خالد کا ذکر تو کرتے ہیں۔ مگر جو بیٹا یزید کا ولی عہد اور بڑا تھا اُسے غائب رکھتے ہیں۔

(13)۔امام علیہ السلام مجلسِ یزید میں تنہا اور شہنشاہ رُوم کا سفیر حسین علیہ السلام پر قربان

مومنین کو معلوم ہونا چاہئے کہ حقیقی یہود ونصاریٰ کو کبھی بھی محمدؐ و آل محمدؐ سے عداوت نہیں رہی ہے۔ جن یہود ونصاریٰ کو دشمن اسلام کہا گیا ہے۔ وہ دراصل اُسی نسل کے لوگ تھے جس نسل سے یزید ومعاویہ وابوسفیان اور اُن کے ہم مسلک لوگ تھے۔ فرق یہ تھا کہ اُن لوگوں نے اپنا رسوخ اور تجارت وغیرہ بڑھانے کے لئے یہودی وعیسائی مذہب اختیار کر رکھا تھا۔ جب مکہ کے قریش نے آنحضرت کی مخالفت شروع کی تو اُن کی نسل کے وہ یہودی اور عیسائی بھی محمدؐ و آل محمدؐ کے دشمن ہو گئے تھے اور ہمیشہ دشمن رہے۔ ہم یزید ومعاویہ اور اُن کے بزرگوں کی طرح اُن یہودیوں اور عیسائیوں کو بھی لامذہب و بے دین سمجھتے ہیں۔ ان لوگوں کا مذہب دراصل اجتہاد تھا۔ یہ ہر مذہب میں گھس جاتے تھے اور الہامی دین کو اجتہادی مذہب میں تبدیل کر لیتے تھے۔ مگر الہامی دین کا نام نہ بدلتے تھے۔ جس طرح آج الہامی دین کا نام تو وہی اسلام ہے لیکن مذہب اجتہاد نے اسلام میں سینکڑوں مذہب بنائے جن کے داخلی نام الگ ہیں۔ یہ حنفی یہ مالکی یہ شافعی یہ حنبلی وغیرہ تمام مجتہدوں کے اپنے بنائے ہوئے مذاہب ہیں۔ جو ایک دوسرے کو باطل کم از کم اور کافر وملحد وغیرہ زیادہ سے زیادہ کہتے اور لکھتے ہیں۔ بہر حال حقیقی یہود ونصاریٰ ہمارے چچازاد بھائی ہیں۔ ہم حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد ہیں اور وہ حضرت اسحاق علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد ہیں۔ پھر آنحضرت وحضرت علی علیہما الصلوٰۃ والسلام حضرت اسماعیلؑ کے بڑے فرزند حضرت نابت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد میں ہیں۔ جن کی اولاد کی نابتی حکومت آنحضرتؐ کے زمانہ تک مسلسل چلی آئی اور آخری بادشاہ کا نام جبلہ تھا۔ جو خلیفہ ثانی کے متشدِّدانہ رویہ سے خفا ہو کر شہنشاہ روم کے یہاں یعنی اپنے چچازاد بادشاہ کے یہاں چلا گیا اور آخری دم تک وہیں رہا تھا۔ اور دشمنانِ محمدؐ و آل محمدؐ نے مشہور کر دیا تھا کہ جبلہ مرتد ہو کر عیسائی ہو گیا تھا۔ معاویہ و یزید کی جانشین حکومتوں کی لکھوائی ہوئی تاریخ یا اُن کی خلافتوں کی سرپرستی میں تیار کردہ احادیث تمام اجتہادی مذہب کی تائید کے لئے تیار کی گئی تھیں۔ لہٰذا اُن کی وہی بات قابل قبول ہوتی ہے جو محمدؐ و آل محمدؐ کی تائید کرے اور مزاج یزیدی کے خلاف ہو۔ لہٰذا جبلہ کے متعلق تمام کہانیاں بکواس سے زیادہ نہیں ہیں۔ نابتی حکومت کے ہر بادشاہ کی تاج پوشی شہنشاہ رُوم کے دربار میں ہوا کرتی تھی اور شہنشاہ روم اپنے ہاتھ سے تاج پہنایا کرتا تھا۔ نابتی حکومت ہمیشہ عرب کی باقی حکومتوں اور ایرانی حکومتوں کے خلاف رہتی تھی۔ اس لئے کہ وہ لادینی حکومتیں یا اجتہادی حکومتیں ہوتی تھیں۔ اور رومی حکومت سے ہمیشہ دوستی رہتی تھی اس لئے کہ وہ دینی حکومتیں ہوتی تھیں۔ اسی طرح یونان کی حکومتیں بے دین اور نابتی ورومی حکومتوں کی مخالف ہوتی تھیں۔ رومیوں سے یا یوں کہیے کہ حقیقی یہودیوں اور عیسائیوں سے ہمارا خونی واخلاقی رشتہ ہمیشہ سے چلا آیا ہے۔ قرآن کریم میں آج بھی سورہ روم موجود ہے۔ جس میں رومی حکومت کے کچھ علاقوں کے چھن جانے پر افسوس کیا گیا ہے۔ اور پیشین گوئی کی گئی تھی کہ عنقریب وہ علاقے واپس مل جائیں گے۔ اور کہا گیا کہ اُس روز جس دن وہ علاقے واپس لے لئے جائیں گے (وَيَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ) حقیقی مومنین خوشیاں منائیں گے (روم 6-30/1)۔ رومیوں کی نصرت کا وعدہ کیا گیا ہے یہ چھ آیات خود پڑھیں۔ بہر حال یہ بتانا ہے کہ

قرآن میں حقیقی یہود ونصاریٰ کی مدح کی گئی ہے اور ہم یہاں یہ دکھاتے ہیں کہ یزیدی مذہب کے مسلمانوں سے یہود ونصاریٰ ہزار درجہ بہتر ہوتے ہیں۔ وہ وعدہ خلاف اور کاذب وغادر ہوتے ہیں۔ یہ صادق الوعدہ، حق گو، وفا پرست اور لوگوں کو مالی امداد دینے والے ہوتے ہیں۔ اوّل الذکر احسان فراموش ہوتے ہیں۔ جو اُن کی مدد کرے، جو اُن سے تعاون کرے، جو اُن پر احسان کرے، جو اُنہیں مشکلات اور تنگدستی میں وسائل حیات فراہم کرے، یہ لوگ اُسی کے خلاف محاذ بناتے ہیں اور اللہ ورسولؐ کا نام لے لے کر لوگوں کو قتل کرتے ہیں۔ گھر بار جلا دینا اُن کے اسلام میں دین کی خدمت ہے۔ پورے خاندان کا مع بچوں کے قتل عام کر دینا، پانی مانگنے والے پیاسے کے منہ میں پیشاب کر دینا، ہاتھ پیر کاٹ لے جانا یزید کے خاندان کی سنت ہے جو آج بھی اُن میں قابل ثواب سمجھی جارہی ہے۔ اِن یزیدی اعمال واقدامات کے دوران مرجانے والا اُن کے اسلام میں شہید ہوتا ہے۔ آیئے ایک رومی سفیر کو دیکھئے کہ وہ یزید کے اعمال پر اعتراض کرنے اور مظلومؑ کربلا کی بزرگی تسلیم کرنے کے جرم میں قتل کیا جاتا ہے۔ روایت یوں ہے کہ خود جناب امام زین العابدین علیہ السلام دربار یزید میں موجود ہیں۔ یہ وہ زمانہ ہے کہ یزید نے اب امامؑ سے براہ راست چھیڑ چھاڑ بند کر دی ہے۔ البتہ دربار میں حاضر رہنے کی پابندی کرائی جاتی ہے۔ چنانچہ ایک دن امام علیہ السلام کے رُوبرو ایک رومی سفیر حاضر دربار ہوا تھا۔ اس کا قصہ سنانے سے پہلے آپ درباریوں کا نظارہ یوں پیش فرماتے ہیں کہ:۔

وروی عن زین العابدین علیه السلام لمااتی براس الحسینؑ اِلٰی یزید کان یتخذ مجالس الشراب ویاتی براس الحسینؑ ویضعه بین یدیه ویشرب علیه فحضر فی مجلسه ذات یوم رسول مَلَکَ الروم وکان مِن اشراف الروم وعظمائهم۔ فقال یاملکَ العرب هذا راسُ مَنْ ؟ فقال له یزید مَالَکَ وَلِهٰذا الراس؟ فقال اِنّی رجعت اِلٰی مَلِکِنَا یَسْئَلُنِی عَنْ کُلِّ شیءٍ رایتُه فَاَحْبَبْتُ اَن اَخْبره بقصة هٰذا الراس وصاحبه حتّٰی یشارکک فی الفرح والسرور ۔ فقال له یزید هذا راس الحسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ ۔ فقال الرومی ومَن اُمُّهُ ؟ فقال فاطمةؑ بنت رسولؐ اللّٰهِ ۔ فقال النصرانی اُفٌّ لک وَلِدِیْنِک؛ لِی دین احسن من دینکَ اَنَّ اَبِی حوافد داؤد علیه السلام بینی وبینه آباء کثیرة والنصاری یعظمونی ویاخذ ون من تراب قد می تبرکًا بانّی من حوافد داؤدؑ وانتم تقتلون ابن بنت رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وآله وسلم و مابینه وبین نبیّکم اِلَّا اُمٌّ واحدة ۔ فَاَیُّ دِیْنٍ دِیْنُکُمْ ؟ ثُمَّ قال لیزید هَلْ سَمِعْتَ حدیث کنیسة الحافر ؟ فقال له قل حتی اسمع ۔ فقال ؛

بَیْنَ عمّان والصِّین بحرمیسرة سنة لیس فیها عُمْرانَ اِلَّا بلدة واحدة فی وسط المآء ۔ طُولها ثمانون فرسخًا فی ثمانین وما علٰی وجه الا رض بلدة اکبر منها۔ یحمل الکافور والیاقوت،اشجارهم العود والعنبر وهی فی ایدی النصارٰی لاملک لاحد مِن الملوک فیها سواهم وفی تلک البلدة کنائس کثیرة اَعْظمها کنیسة الحافر فی محرابها حقّه ذهب معلّقة فیها حافر ۔ یقولون اَنَّ هٰذا حافرحمار کان یرکبه عیسٰیؑ وقدزیّنُوْاحول الحقّة بالذّهب ودِیْبَاج یقصد هافی کُلِّ عام عالم مِنَ النصارٰی ویطوفون حولها ویقبّلُونها وَیَرفعون حوائجهم اِلَی اللّٰهِ تعالٰی ۔هذا شانهم ودابهم بحافرحمار یزعمون اَنَّهٗ حافِرحمار یرکبه عیسٰی بَیْنهم وانتم تقتلون ابن بنت نبیّکم فلابارک اللّٰه تعالٰی فیکم ولا فی دینکم ۔فقال یزید اقتلواهٰذا النصرانی لَئَلَّا یفضحنی فی بلاده ۔ فَلَمَّا اَحَسَّ النصرانی بذ لک قال له ترید اَن تقتلنی ؟ قال نعم ۔ قال انی رایت بارحة نبیّکُمْؐ فی المنام یقول یانصرانی اَنت مِن اهل الجنة ۔ فَتَعَجَّبْتُ من کلامه۔ وانا اشهد اَن لَا اِلٰهَ اِلّا اللّٰه وَاَنَّ مُحَمَّدً ارسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وآله وسلّم ۔ ثُمَّ وثب الٰی راس

الحسینؑ فَضَمَّہٗ اِلٰی صدرہ وجعل یقبّلہ ویبکی حتّٰی قتل۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 526 تا527) (ترجمہ بحار جزائری حصہ 2 صفحہ 46 تا47)

یزید کا یہ دستور تھا کہ وہ امامؑ مظلوم کے سر کو سامنے رکھتا تھا۔اور اُنکے سامنے ہی شراب بھی پیا کرتا تھا۔چنانچہ اسی طرح دربار لگا ہوا تھا کہ ایک دن ملک روم کا ایک سفیر بھی آ گیا جو مُلک روم کے شریف اور عظیم الشان لوگوں میں سے تھا۔اس نے امامؑ کا سر رکھا ہوا دیکھا تو یزید سے کہا کہ اے بادشاہ عرب یہ بتاؤ کہ یہ سر کس شخص کا ہے؟ یزید کو بُرا معلوم ہوا۔اور جواب میں سفیر سے کہا کہ تم اپنے کام سے کام رکھو تمہیں اس سر سے تعارف کی ضرورت ہی کیا ہے؟ سفیر نے کہا کہ جناب جب میں اپنے بادشاہ کے پاس واپس جایا کرتا ہوں تو وہ میرے مشاہدہ میں آنے والی ہر چیز کی تفصیل معلوم کیا کرتا ہے۔چنانچہ مجھے یہ پسند ہے کہ اُسکو اس سر کا قصہ بھی سناؤں اور اُسے بھی تمہاری کامیابی اور خوشی میں شریک کرلوں۔یزید جواب سے خوش ہوا اور بتایا کہ یہ سر حسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ کا ہے۔سفیر کو شبہ ہوا بات صاف کرنے کیلئے پوچھا کہ حسینؑ کی ماں کا کیا نام ہے؟ یزید نے بلا تکلف کہہ دیا کہ فاطمہؑ بنت رسولؐ اللہ نام تھا۔اُس عیسائی سفیر نے یہ سنا تو آداب شاہی بھول کر کہا کہ تیرے اور تیرے دین پر اللہ کی پھٹکار ہو۔ارے تجھ سے میرا دین ہزار درجے بہتر ہے۔دیکھ میں حضرت داؤدؑ کی نسل میں بہت دُور ایک فرد ہوں مگر تمام عیسائی میری تعظیم کرتے ہیں اور میرے پاؤں کے نیچے کی مٹی بطور تبرک گھروں میں رکھتے ہیں۔صرف اسلئے کہ میں داؤدؑ کی نسل سے ہوں۔اور تم لوگ اپنے رسوؐل کی بیٹی کے فرزند تک کو قتل کرنا جائز سمجھتے ہو۔حالانکہ تمہارے نبیؐ کے اور حسینؑ کے درمیان صرف ایک اُس کی والدہ کا فاصلہ ہے۔یہ بتا کہ تمہارا مذہب کیا ہے؟ پھر سفیر نے یزید سے دریافت کیا کہ تجھے حافر کے گرجا کے متعلق کچھ سُننے کو ملا ہے؟ یزید نے لاعلمی ظاہر کی اور کہا کہ تم سنا دو۔سفیر نے بتایا کہ؛

ملک عمان اور چین کے درمیان ایک سمندر ہے جو یہاں سے تقریباً ایک سال کی مسافت پر واقع ہے۔اس کے اندر ایک جزیرہ ہے۔جہاں ایک شہر کے علاوہ اور کوئی آبادی نہیں ہے۔وہ شہر اَسّی مربع فرسخ (تقریباً 240 مربع میل) میں آباد ہے۔دُنیا میں اس سے بڑا دوسرا کوئی شہر نہیں ہے۔وہاں کی پیداوار میں کافور اور یاقوت مشہور ہیں۔عود وعنبر کے درخت پائے جاتے ہیں اور وہ نصاریٰ کے تسلط میں ہے۔اور وہاں عیسائی بادشاہوں کے علاوہ اور کوئی بادشاہ نہیں ہوا ہے۔وہاں بہت سے گرجا ہیں۔سب سے بڑے گرجا کا نام **نعل کا گرجا** ہے۔اس گرجا کی محراب میں ایک سونے کی قندیل لٹکی ہوئی ہے۔اُس قندیل میں وہ نعل (لوہے کا بنا ہوا نون کی شکل کا استر جو گھوڑے یا گدھے کے سُم کو پھسلنے اور زخمی ہونے سے بچانے کے لئے کیلوں سے لگایا جاتا ہے) رکھا ہوا ہے۔کہتے ہیں کہ وہ نعل اس گدھے کا ہے جس پر حضرت عیسٰیؑ سواری کیا کرتے تھے۔سارے سال وہ لوگ اس قندیل کو سجا کر رکھتے ہیں۔سونا چاندی اور ریشمی کپڑے اُس پر چڑھاتے ہیں۔زیارت کیلئے ہجوم لگا رہتا ہے۔اُسکا طواف کرتے ہیں۔اس نعل کو چومتے ہیں۔اللہ سے اُس نعل کے صدقہ میں اپنی مرادیں طلب کرتے ہیں۔مشکلات کا حل چاہتے ہیں۔یہ تو اُن لوگوں کی حالت اور عقیدت وعمل در آمد ہے۔جنہیں یہ گمان ہو گیا ہے کہ وہ نعل اس گدھے کے سم میں لگا ہوا تھا۔جس پر حضرت عیسٰیؑ سوار ہوتے تھے۔مگر تم لوگ جانتے پہچانتے اپنے نبیؐ کی بیٹی کے فرزند کو قتل کر کے بھی مسلمان ہو۔خدا تمہیں اور تمہارے اس شیطانی دین میں کبھی برکت نہ دے۔یزید اور یزید کے سر پرستوں میں ایسے آدمی کا علاج صرف قتل تھا۔قتل کا حکم دے دیا کہ اس عیسائی مذہب شخص کو قتل کر دو تا کہ یہ اپنے ملک میں ہمارے اس اسلام کی رسوائی

نہ کر سکے۔ جب نصرانی سفیر کوقتل کئے جانے کا یقین ہو گیا تو اُس نے پوچھا کہ کیا واقعی تو مجھے قتل کرے گا؟ یزید نے کہا کہ ہاں تو قتل کیا جائے گا۔تب سفیر نے یہ بھی بتایا کہ میں نے کل تمہارے نبیؐ کو خواب میں دیکھا۔ وہ فرمارہے تھے کہ اے نصرانی تُو جنتیوں میں سے ہے۔ مجھے اُن کی بات پر تعجب ہوا تھا۔مگر اب بات واضح ہوگئی کہ مجھے اُن کے نواسےؑ پر قربان ہو کر درجہ شہادت ملنا تھا۔ چنانچہ میں اعلان کرتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔اور محمدؐ پر اور اُن کی آل پر درود و سلام ہو۔ وہ یقیناً اللہ کے رسوؐل ہیں۔ پھر دوڑ کر سر مظلومؑ کو سینے سے لگالیا۔ بوسے دیتا جاتا تھا اور روتا رہا یہاں تک کہ یزید نے اُسے قتل کرا دیا۔خدا دونوں باپ بیٹوں پر لعنت کرے۔

(الف)۔ **یزید و معاویہ کے پیروؤں کی شناخت اور یزید و معاویہ کا مذہب؟**

یزید و معاویہ جس مذہب کی پیروی کرتے تھے وہ اُن کے بزرگوں کا آبائی مذہب تھا۔جیسا کہ عرض کیا جاتا رہا ہے کہ عربوں نے اسلام کو اپنے اجتہاد سے اس طرح تبدیل کیا تھا کہ اُن کے سابقہ مذہب کی ہر بات کو اسلامی ٹھپہ سے مسلمان کرلیا جائے۔ چنانچہ وہ اُس توحید کے قائل ہوئے جو ابلیس نے اختیار کی تھی۔یعنی اللہ سے انبیاؑ و رسلؑ کو قطعاً الگ رکھا جائے (نساء 4/150) اللہ بھی حکم دے تو بھی نبیؑ کو سجدہ نہ کیا جائے اور نبیؑ کی عزت و عظمت کو شرک قرار دیا جائے (صٓ 38/74)۔ نبیؑ کی موت پر رنج و غم اور رونے کو عبادت کہہ کر ٹھکرا دیا جائے (بخاری وغیرہ) نبیؐ کو (معاذ اللہ) خطا کار اور جذبات سے مغلوب ہو کر غلط حکم و فیصلہ کرنے والا بتایا جائے (معارف الاسلام پرویز)۔ وہ انسان کے ہر فعل اور اقدام کو اللہ کا فعل سمجھتے تھے۔اس لئے کسی کو قتل کرنے میں تکلف نہ کرتے تھے۔اور کہتے تھے کہ اگر اللہ نہ چاہتا تو ہم قتل کر ہی نہ سکتے تھے۔لہٰذا حسینؑ کا قاتل اللہ ہے یزید نہیں ہے۔اُن کے یہاں غیر اللہ کی نہ صرف عبادت حرام ہے۔ بلکہ وہ یا محمدؐ یا علیؑ یا خواجہ کہنا، اُن کے یا کسی اور بزرگ چیز کے واسطے سے دعا کرنا بھی شرک سمجھتے تھے۔اِسلئے نصرانی کا بیان اور نعل سے عقیدت یزیدی مذہب میں خالص شرک تھا۔گدھے کا نعل تو الگ وہ تو خود رسوؐل کی تعظیم کو شرک کہتے تھے۔اور آج تک اس مذہب کے لوگ موجود ہیں۔جن کے یہاں فاتحہ وغیرہ مندرجہ بالا تمام کام شرک ہیں۔لیکن مسلمانوں کی کثرت آج بھی رسوؐل اللہ کے ناخن اور بالوں کی تعظیم کرتی ہے۔اور رسولؐ سے متعلق ہر چیز کی تعظیم و احترام کرتی ہے۔آج بھی سیدوں کی طرف پشت نہیں کی جاتی۔ گنہگار سیدوں کی بھی تعظیم کی جاتی ہے۔لیکن یزیدی مذہب کے لوگ آج بھی یا رسولؐ اللہ کہنا شرک قرار دیتے ہیں۔ پھر یہ یزیدی مذہب یزید کا گھڑا ہوا نہیں ہے۔ بلکہ یزید کے بزرگ رسوؐل کو دھکا دینا، گلا اور گریبان پکڑ کر کھینچ لینا جائز سمجھتے تھے۔ یزید کا وہی مذہب تھا جو پہلے سے چلا آرہا تھا اور یزید اُسی اسلامی قانون پر عمل کرتا رہا جو اس کے مسلمان بزرگوں نے اسلامی کہہ کر تیار کیا تھا۔علامہ مودودی سے یزید، خلافتِ یزید اور یزید کے زمانہ کے لوگوں کے مذہب اور قانون پر چند سطریں دیکھیں فرماتے ہیں:۔

''لوگوں نے اپنا دین نہیں بدل دیا تھا۔حکمرانوں سمیت سب لوگ خدا اور رسوؐل کو اُسی طرح مان رہے تھے۔جس طرح پہلے مانتے تھے۔مملکت کا قانون بھی نہیں بدلا تھا۔عدالتوں میں قرآن اور سنت ہی کے مطابق تمام معاملات کے فیصلے بنی امیہ کی حکومت میں بھی ہو رہے تھے۔ بلکہ قانون میں تغیر تو انیسویں صدی عیسوی سے پہلے دنیا کی مسلم حکومتوں میں کسی کے دَور میں بھی نہیں ہوا۔'' (شہادت امام حسینؑ صفحہ 5)

یہ ہے وہ مذہب جو بقول علامہ مودودی 1900 ویں صدی عیسوی تک بلا کسی تبدیلی کے چلا آیا ہے۔ لہٰذا یزید و معاویہ نے اُسی مذہب پر عمل کیا جو انہیں اپنے مسلمان بزرگوں سے ورثہ میں ملا تھا اور اُسی کی رُو سے کربلا میں خاندان رسالتؐ کا قتل عام کیا گیا اور اہل حرمؑ کو ایک سال قید رکھا گیا تھا۔

(14)۔ ایک اور اجلاس میں یزید کا مذہبی فیصلہ راس جالوت کا قتل

جیسا کہ عرض کیا گیا کہ یزید کا اور اُسکے نام نہاد مسلمان بزرگوں کا اجتہادی اسلام کفر وزندقہ سے بدتر تھا۔ اُسکی ایک مثال یہودی سردار کے سامنے بصورت قتل پیش آنے میں موجود ہے۔ چنانچہ حسب معمول دربار عام لگا ہوا ہے۔ امام زین العابدینؑ اپنی جگہ بیٹھے ہیں۔ سر امام مظلومؑ طشت میں یزید کے سامنے رکھا ہوا ہے۔ امور مملکت پیش ہو رہے ہیں۔ یزید احکام جاری کر رہا ہے۔

وَاَمَّا ماذكره اَبى مخنف فى المقام فهوانّه قال قال ودخل علىٰ يزيد راس الجالوت فراَى رأس الشريف بين يديه فقال اَيُّهَا الخليفة هٰذا راسُ مَن؟ قال هٰذا راس الحسيؑن ـقال فَمَنْ اُمُّهُ ؟ قال فاطمةؑ بنت محمدؐ المصطفٰى ـ قال فبما استوجب القتل؟ قال ان اهل العراق دعوه واراد وا اَن يجعلوهُ خليفة فقتله عاملى عبيداللّٰه بن زياد ـقال راس الجالوت وَمَنْ اَحَقُّ منه بالخلافة وهو ابن بنت نبيّكمؐ فمااكفركم ؟ وقال اعلم يايزيد اَنَّ بينى وبين داؤدؑ مائة وثلثون جَدًّا واليهود يعظّمونى ولا يرون تزويج اِلَّا برضائى ويأخذون التراب من تحت قد مى ويتبرّكون به ـ وانتم بالا مس كان نبيّكم بين اظهركم واليوم وثبتم علىٰ ولده قتلتموه فَتَبًّا لكم ولِدينكم ـ فقال له يزيد لولااَن بلغنى عَن رسوؐل اللّٰه اَنّه مَن قتل معاهدًا كُنتُ خصمه يوم القيامة،لَقَتَلَکَ لتعرّضک لِىُ ـ فقال راس الجالوت يايزيد يكون رسولُؐ اللّٰه خصم مَن قتل معاهدًا ولايكون خصم مَن قتل ولده ـثم قال راس الجالوت يااباعبداللّٰه اشهد لِىُ عند جَدِّکَ رسولؐ اللّٰه فانا اشهد اَن لا اله الا اللّٰه واشهد اَنَّ محمدًاؐ رسول اللّٰه ـ فقال له يزيد اَلْآن خرجت مِن دينک ودخلت فى دين الاسلام فقد برانا مِن دمک ثُمَّ امَرَ بضرب عنقه ـ (اکسیر العبادات۔ صفحہ 528)

ابی مخنف بیان کرتے ہیں کہ ایک یہودی سردار جسے راس جالوت کہا جاتا تھا۔ اپنے کسی کام سے حاضر دربار ہوتا ہے۔ سر مبارک کو دیکھتا ہے۔ یزید سے دریافت کرتا ہے کہ یہ سَر کس کا ہے؟ یزید نے کہا یہ حسینؑ کا سر ہے۔ سردار یہود پوچھتا ہے کہ حسینؑ کی ماں کا نام کیا تھا؟ یزید نے بتایا کہ وہ فاطمہؑ بنت محمدؐ مصطفٰی کا بیٹا تھا۔ جالوت نے پوچھا کہ وہ کیا قصہ تھا جس سے حسینؑ کا قتل کرنا واجب ہو گیا تھا۔ اس نے بتایا کہ باشندگان عراق نے حسینؑ کو بلایا تھا۔ اور اُن کا ارادہ یہ تھا کہ حسینؑ کو میرے مقابلہ پر اپنا خلیفہ بنالیں۔ چنانچہ میرے ایک گورنر عبیداللہ بن زیاد نے حسینؑ کو قتل کر دیا تھا۔ یہودی سردار نے کہا کہ حسینؑ سے زیادہ کون خلافت کا حق دار ہوسکتا تھا۔ جب کہ وہ بقول تمہارے تمہارے نبیؐ کی بیٹی کا فرزند بھی تھا؟ جس کا تم انکار بھی نہیں کر سکتے ہو۔ لہٰذا تم سے بڑا کافر کون ہوسکتا ہے۔ اور مسلسل کہا کہ اَے یزید سن کہ مجھ میں اور حضرت داؤد نبی علیہ السلام میں ایک سو تیس پشتوں کا فاصلہ ہے۔ اس کے باوجود تمام یہودی المذہب لوگ میری تعظیم کرتے ہیں اور اپنی شادی بیاہ وغیرہ میری رضامندی کے خلاف نہیں کرتے ہیں۔ اور میرے پیروں کے نیچے کی مٹی بطور تبرک اٹھا کر گھروں میں رکھتے ہیں۔ اور تمہارا نبیؐ تو کل تمہارے سامنے موجود تھا۔ اور آج تم نے اُس کے بیٹے پر حملہ کر کے اُسے قتل بھی کر ڈالا ہے۔ خدا تمہیں اور تمہارے اِس دین کو غارت کرے جس پر تم عمل کرتے ہو۔ یزید نے یہودی سردار سے کہا کہ اگر مجھے رسولؐ اللہ کا یہ حکم نہ

پہنچا ہوتا کہ جوکوئی کسی معاہدہ والے شخص کوقتل کردے میں اس کا قیامت میں مخالف ہوں گا تو میں یقیناً تجھے قتل کر دیتا۔ یہودی نے کہا کہ چہ خوش معاہدہ کرنے والے کے قتل پر تو محمدؐ مدعی اور مخالف ہوں گے مگر اپنے بیٹے کے قتل پر کچھ نہ کہیں گے؟ پھر یہودی نے کہا کہ یا ابا عبدؑاللہ آپ اپنے نانا رسولؐ اللہ کے سامنے میرے ایمان کی شہادت دینا۔ چنانچہ میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور میں یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔ یہ سن کر یزید نے دلیل پیش کی کہ اب تو اپنے سابقہ دین سے نکل گیا۔ اور اسلام میں داخل ہوگیا۔ لہٰذا اسلام میں داخل ہوتے ہی ہم پر تیرا قتل کرنا جائز ہوگیا۔ چنانچہ یہودی سردار کوقتل کرادیا۔ یہ ہے یزیدیوں کا مذہب جس میں اسلام اختیار کرنے پر مسلمانوں کا خون یا قتل حرام نہیں ہوتا۔ بلکہ جائز ہوجاتا ہے۔ حالانکہ اسلام لاتے ہی پچھلے تمام جرم معاف ہوجانے کا عقیدہ بھی موجود ہے۔

ان تمام مقامات پر یہ نوٹ کرنے کی بات ہے کہ محمدؐ وآل محمدؐ کے ناموں، صفات اور عادات سے تمام عیسائی اور یہودی واقف تھے۔ ورنہ یہودی سردار حسین علیہ السلام کو یَااَبَاعَبْدِاللّٰہِ کیسے کہہ سکتا تھا۔ اگر یہ نہ جانتا کہ آپ کی کنیت علی اصغر علیہ السلام کے نام پر تھی۔ اور یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ یزیدی مذہب کے خلاف جونفرت بیرونی ممالک اور غیر مسلم اقوام میں پھیلی وہ واقعہ کربلا کی بنا پر پھیلی اور آج تک موجود ہے۔ پھر یزید والے مذہب وقانون پر چلنے والی حکومتوں کے خلاف جو ردّعمل اور جنگیں قائم ہوئیں اُن کی اصلی اور لازوال وجہ بھی خاندان رسوؐل کا قتل عام تھا۔ اور جب تک یزیدی تصورات اور مذہب دنیا میں رہے گا ساری اقوام اُس کے خلاف محاذ بنائے رکھیں گی۔ اور رفتہ رفتہ دنیا کو اس مذہب کی آکاش بیل سے نجات دلا کر رہیں گی۔ اسلام کے نام پر ہمیشہ دھوکا نہیں دیا جاسکتا تھا۔

(15)۔ یزید کے ایک دربار میں عیسائی جاثلیق (پادری) کا قتل

یزید کے حالات کا تقاضہ تو یہ تھا کہ قطعاً اجلاس نہ کرے لیکن مملکتی دباؤ اور مجبوریوں سے تنگ آ کر کئی کئی روز ناغہ کر کے آخر دربار لگانا پڑتا تھا۔ اور ہر دفعہ اُسے ایک نئی مصیبت کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ چنانچہ کئی روز کے بعد اجلاس کیا اور سابقہ شہرت یافتہ طریقہ پر سر مقدس کو بھی سامنے رکھنے سے منع نہ کرسکا تاکہ مخصوصین کسی کمزوری کو نہ بھانپ سکیں۔ بہرحال اس اجلاس کا حال دیکھئے:۔

دخل علیہ جاثلیق النصاریٰ وکان شیخًا کبیرًا۔ فنظر الی راس الحسینؑ وقال ماھٰذا اَیُّھَا الخلیفة ؟ فقال ھٰذا راس الحسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ وامه فاطمةؑ الزھرآء بنت رسولؐ اللّٰه ۔ قال فَبِمَا استوجب القتل؟ قال لِاَنّ اھل العراق دعوه لیجلس عَلَی الخلافة فقتله عاملی عبیداللّٰه بن زیاد بعث اِلیَّ براسه ۔ فقال له جاثلیق اعلم اِنِی کنت الساعة فی البیعة واذا قد سمعتُ رجفة شدیدة فنظرتُ واذا بغلام شابّ کانّه الشمس فی وجھه وقد نزل مِن السمآء ومعه رجال فقلت لبعضھم مَن ھٰذا فقال لِیُ ھٰذا رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وآله وسلم والملائکة مِن حوله یعزّونه عَلٰی ولده الحسینؑ ۔ثُمَّ قال له ارفع الراس مِن بین یدیک یاویلک والّا اَھْلَکَ اللّٰه۔ فقال له یزید جئتَنا باحلامک الکاذبة یاغلمان ۔اخرجوه۔فجعلوا یسحبونه ۔ ثم امر بضربه فاوجعوه ضربًا بافنادی یااباعبدؑاللّٰه اشھد لی عند جدّک فانا اشھد اَن لا اله الّا اللّٰه وحده لاشریک له واشھد اَنَّ محمدًاؐ عبده ورسوله ۔فغضب یزید فقال اسلبوه روحه۔ فقال یایزید اِن شئتَ تضرب واِن شِئتَ لا تضرب فھذا رسولؐ اللّٰه واقف بِازائی وبیده قمیص مِن نور وتاج مِن نور وھویقول لِی لیس بَینی وبینک اتوجّک بھذا التاج والبسک ھذا القمیص الا اَن تخرج مِن

الدنیا ثُمَّ انت رفیقی فی الجنة۔ثم قضٰی نحبه رحمه اللّٰه تعالٰی۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 528)

دورانِ اجلاس ایک بہت بڑا عیسائی عالم حاضر دربار ہوا۔اور سرمبارک کو دیکھ کر دل میں کچھ خیالات گزرے اور سوال کر دیا کہ یہ سر کیسا ہے؟ یزید نے حسب دستور ابن زیاد کے سر الزام وجرم ٹالتے ہوئے بےفکری سے پورا اتا پتا بتا دیا۔یعنی یہ حسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ کا سر ہے۔اور یہ فاطمہؑ زہراء رسولؐ کی بیٹی کا فرزند تھا۔عیسائی عالم نے قتل کی وجہ معلوم کی تو وہی بتا دیا کہ حسینؑ کو عراق کے لوگوں نے دعوت دی تھی تاکہ اُسے میری جگہ مسلمانوں پر خلیفہ بنا کر بٹھائیں۔میرے عامل عبیداللہ ابن زیاد کو پتہ چلا تو اُس نے اُنہیں قتل کر کے اُن کا سر میرے پاس بھیج دیا تھا۔جاثلیق نے کہا کہ سنو میں ذرا دیر پہلے گرجا میں تھا۔تو میں نے زلزلہ جیسی آواز سُنی جو ہر دم شدت اختیار کرتی گئی۔اس کے بعد کیا دیکھتا ہوں کہ آسمان سے ایک نوجوان اُتر رہا ہے۔جس کے چہرہ سے سورج کی طرح روشنی پھیلتی جارہی ہے اور اُس کے ہمراہ اور بہت سے لوگ بھی ہیں۔میں نے اُن میں سے ایک شخص سے اُس نوجوان کے متعلق تعارف چاہا تو بتایا گیا کہ وہ محمدؐ رسول اللہ ہیں۔اور اُن کے ساتھی ملائکہ ہیں جو رسولؐ اللہ کو اُن کے فرزند حسینؑ کا پرسہ دے رہے ہیں۔اے یزید اس سر کو اپنے روبرو رکھنا اور اس کی توہین کرنا بند کر دے ورنہ اللہ تجھے تباہ کر دے گا۔ یزید نے جواب دیا کہ او حقیر وذلیل غلام زادے تو اپنی من گھڑت بکواس سُنانے یہاں بھی آ گیا۔حکم دیا کہ اُسے نکال باہر کرو۔ چنانچہ اُسے لوگوں نے گھسیٹنا شروع کر دیا۔پھر اُس کو مارنے پیٹنے کا حکم دیا تو لوگوں نے مار مار کر تکلیف دینا شروع کیا۔عیسائی بزرگ نے آواز دی کہ اے علیؑ اصغر کے والد آپؑ اپنے دادا کے سامنے میری شہادت دینا اور میں اعلان کرتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔اور یقیناً محمدؐ خدا کے بندے اور رسولؐ ہیں۔یہ اعلان سن کر یزید سخت غضبناک ہوا اور اُسے جان سے مار ڈالنے کا حکم دے دیا۔مرنے کا حکم سن کر اُس فدائی عالم نے یزید سے کہا کہ خواہ تو مجھے قتل کرا یا نہ کرا مگر یہ دیکھ میرے سامنے محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ میرے لئے ایک نورانی قمیص اور ایک نور سے بنا ہوا تاج لئے ہوئے کھڑے ہیں۔اور فرما رہے ہیں کہ جیسے ہی تو اس دنیا کو چھوڑے گا میں فوراً تجھے یہ قمیص پہنا دوں گا اور تیری تاج پوشی کروں گا اور جنت میں تو میرے ساتھ ساتھ رہا کرے گا۔یہ کہا اور اپنا وعدہ پورا کر کے خدمت محمدؐ وآل محمدؐ میں شرفیاب ہو گیا۔رضی اللہ عنہ۔

(16)۔ یزید کے اپنے محل میں مسلسل معجزات اور بھرے دربار میں یزید کے خلاف بیانات

جاثلیق کے قتل کے بعد کافی عرصہ تک یزید نے دربار نہ لگایا۔لیکن کہاں تک ٹال سکتا تھا؟ چنانچہ آج پھر اجلاس عام ہے۔اِدھر یزید سر امامؑ مظلوم کو سامنے رکھے اور امامؑ زین العابدین کو پاس بٹھائے لوگوں کے بیانات سُن رہا ہے۔اُدھر یزید کے محل میں ایک کنیز قدرت خداوندی دیکھ کر دوڑتی ہوئی یزید کے دربار میں داخل ہو جاتی ہے۔اور تمام حاضرین کو حیران وششدر کر دیتی ہے۔

اعلم اَنَّ ابامخنف قد ذکرها بعد ذکر قضیة جاثلیق قال سهل وخرجت جاریة مِن قصر یزید فرَاَتهُ ینکت ثنایا الامام علیه السلام فقالت قطع اللّٰه یَدَیکَ ورِجلَیکَ اتنکت ثنایا طال ماقبّلها رسولؐ اللّٰه ؟ اِنّی کنت بین النآئمة والیقظانة اذ نظرت الٰی باب مِن السمآء قد فتح واذا بسلّم مِن نور قد نزل مِن السمآء اِلَی الارض واذا بِغُلَامَیْنِ امردین علیهما ثیاب خضرو هما ینزلان علٰی ذلک السلّم وقد بسط لهما فی ذلک الحال بساط مِن زبرجد الجنة وقد اخذ نورذلک البساط مِن المشرق اِلَی المغرب

واذا برجل رفیع القامة مد وّر الھامة قد اقبل یسعٰی حتی جلس فی وسط ذلک البساط ونادی یاآدمؑ اَبِی اھبط فھبط رجل درّیّ اللون طویل ۔ ثمّ نادی یاابی سامؑ اھبط فھبط ۔ ثمّ نادی یاابی ابراھیمؑ اھبط فھبط ۔ثُمَّ نَادَی یااَبِیُ اسماعیلؑ اھبط فھبط ۔ ثم نادی یااخی موسٰیؑ اھبط فھبط ۔ثم نادی یااخی عیسٰیؑ اھبط فھبط ۔ ثُمَّ رایتُ امراء ۃ واقفة ونشرت شعرھا وھی تنادی یَااُمّی یاحوّاً اھبطی یااُمّی خدیجةً اھبطی یااُمّی ھاجرً اھبطی یااختی سارۃً اھبطی یااختی مریمً اھبطی واذا ھاتف مِنَ الجوّ یقول ھٰذہ فاطمةً ابنة محمدؐ المصطفٰی زوجة علّی المرتضٰی اُمّ سید الشھدآء المقبور بکربلا ۔ ثمّ انھا نادت یاابتاہ اَلَّا تَرَی ماصنعت اُمّتک بولدک الحسیؑن فبکی رسولؐ اللّٰہ وقال یاابی آدمؑ اَلَّا تَرَی اِلٰی مافعلت الطغاۃ بولدی؟ فبکی آدمؑ وبَکٰی کلّ مَن کان حاضرًا حتی بکت الملا ئکة لبکائھم ۔ثمَّ رایت رجالا کثیرًا حول الراس الشریف وقائلًا یقول خذوا صاحب الدار واَحرقوہُ بالنّار فَخَرَجْتَ یایزید مِنَ الدّاروَاَنْتَ تقول النار النار اَیْنَ المفرّمِنَ النّارِ فامر یزید بضرب عنقھا رحمة اللّٰہ علیھا۔ (اکسیر۔صفحہ 539 تا 540)

چنانچہ علامہ ابومخنف نے جاثلیق کے قتل کا واقعہ لکھنے کے بعد لکھا ہے کہ یزید کے محل میں سے ایک کنیز تیزی سے نکل کر دربار یزید میں پہنچی تو دیکھا کہ یزید امام حسین علیہ السلام کے دانتوں کو ایک چھڑی سے ہونٹ اوپر، سر کا سر کا کر دیکھ رہا ہے۔ کنیز نے نہایت سخت آواز سے کہا کہ اَے یزید اللہ تیرے ہاتھوں اور پیروں کو کاٹ دے۔ اَرے تو اُن دانتوں اور ہونٹوں سے گستاخی کرتا ہے جنہیں رسولؐ اللہ بہت بہت دیر تک چومتے رہتے تھے۔ ارے ملعون سن کہ میں ابھی ابھی نیم بیداری کے عالم میں تھی کہ میں نے آسمانوں میں ایک دروازہ کھلا ہوا دیکھا اور دیکھا کہ اُس دروازے میں سے ایک نورانی سیڑھی لٹکائی گئی ہے جو زمین کو چھُو رہی ہے۔ پھر دو بلا داڑھی موچھوں کے نوجوان سبز پوشاک پہنے ہوئے سیڑھی سے اُتر رہے ہیں۔ اور اُن کے لئے زمین پر جنتی زبرجد کا چبوترہ بنا ہوا ہے۔ جس کی چمک مشرق سے مغرب تک پھیلی ہوئی ہے۔ اتنے میں ایک بلند قد وقامت اور بیضوی سر کا شخص آیا اور اُن دونوں نوجوانوں کے درمیان چبوترے پر بیٹھ گیا۔ اور آواز دی کہ اے بابا آدمؑ آپ آسمان سے اُتریں۔ چنانچہ ایک طویل انسان بہت چمکدار رنگ والا اُتر آیا۔ پھر آواز دی کہ اے بابا سامؑ آپ بھی اُتریں چنانچہ وہ بھی اُتر آئے۔ پھر کہا کہ میرے بابا نوحؑ آپ بھی تشریف لائیں۔ وہ بھی اُتر آئے تو آواز دی کہ اے بابا ابراہیمؑ تشریف لایئے وہ بھی اُتر آئے۔ پھر حضرت اسماعیلؑ کو آواز دی وہ بھی نازل ہوگئے۔ پھر کہا اے بھائی موسٰیؑ تم بھی اُترو۔ جب وہ آگئے تو آواز دی کہ اے بھائی عیسٰیؑ تم بھی آجاؤ۔ وہ بھی تشریف لے آئے۔ تب میں نے ایک خاتون کو بال بکھرے کھڑی دیکھا اور اُس نے آواز دی کہ اے ماں حوّاؑ آپ بھی اُتریں۔ اے امی خدیجہؑ تشریف لائیں۔ اے اماں ہاجرہؑ آپ بھی اُتریں۔ اے بہن سارہؑ تم بھی آؤ۔ اے ہمشیرہ مریمؑ آپ بھی اُتریں۔ ادھر آسمان کے درمیان فضاؤں سے پکارنے والے نے کہا کہ یہ خاتون فاطمہؑ محمدؐ کی بیٹی ہے۔ علیؑ کی زوجہ ہے اور سیدالشہدؑا کی والدہ گرامی ہیں جو کربلا میں دفن ہیں۔ پھر جناب فاطمہؑ نے پکارا اے ابا جان کیا آپؐ یہ نہیں دیکھتے کہ آپ کی اُمت نے آپ کے بیٹے کے ساتھ کیا ظلم وستم کیا ہے؟ رسولؐ اللہ رو رہے تھے اور حضرت آدمؑ کو بتا رہے تھے کہ دیکھو آپ کی اولاد کے سرکشوں نے میرے فرزند کے ساتھ کیسا سلوک کیا ہے؟ حضرت آدمؑ بھی روتے رہے اور تمام حاضرین بھی رو رہے تھے۔ یہاں تک کہ ملائکہ بھی رونے لگے۔ پھر میں نے سر مقدس کے چاروں طرف بہت سے لوگوں کو یہ کہتے ہوئے سُنا کہ اس محل کے مالک کو پکڑ کر آگ میں جلا دو۔ اس کے بعد میں نے دیکھا کہ اے یزید تُو محل سے یہ کہتا ہوا نکلا کہ جل گیا جل گیا اس آگ سے پناہ کی کوئی جگہ نہیں

ہے۔ یہ سب کچھ سن کر یزید نے وہی علاج کیا جو اس کے پاس باقی تھا یعنی اس کنیز کو قتل کرادیا۔ اللہ اس پر اپنی رحمت نازل کرے اور جوار محمدؐ وآل محمدؐ میں بلند مقام عطا کرے آمین۔

(الف)۔ چند ضروری گزارشات

پہلی گزارش اسی روایت کے متعلق ہے۔ اس روایت میں جس ترتیب سے آنحضرتؐ نے انبیا علیھم السلام کو بلایا ہے۔ اس میں حضرت نوحؑ کا نام نہ تھا۔ ہم نے خود اضافہ کر دیا ہے۔ یہ کاتب یا راوی کی غلطی تھی۔ پھر اس روایت کو بعض علمانے وہی روایت سمجھا ہے جس میں ایک کنیز لوگوں کو جمع کرا کے یزید و معاویہ پر لعنت کرتی ہے۔ حالانکہ علما کے پاس قیاس باطل کے علاوہ کوئی دلیل نہیں ہے۔ چونکہ واقعہ اور بیان بالکل جداگانہ ہے۔ اس لئے یہ ایک اور کنیز تھی نہ کہ وہی۔

دوسری گزارش یہ ہے کہ علمانے یزید کو اپنی طرح ایک ایسا آدمی فرض کر کے روایات وواقعات لکھ مارے ہیں کہ گویا یزید کے پاس نہ کوئی اور کام ہے نہ اُس پر کوئی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ نہ وہ کھاتا ہے، نہ نہاتا ہے نہ دن میں سوتا ہے۔ بس بیٹھا ہوا لگاتار لوگوں کے بیانات سنتا رہتا ہے۔ لہٰذا علمانے جس طرح واقعات وحالات کو رگڑا ہے اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک دن میں یزید نے کربلا کے تمام حالات سن لئے تھے۔ تمام سردارانِ فوج سے ملاقات کر لی تھی۔ اہل حرمؑ کے تمام خطبات وبیانات سن لئے تھے۔ رومی سفیر، جاثلیق اور راس جالوت اور اپنی زوجہ ہند اور دوسری کنیزوں کا واقعہ اُسی دن گزر گیا تھا۔ اُن کو نہ یہ خیال آیا نہ اِس کی ضرورت محسوس کی کہ دن تاریخ بتائیں۔ بہر حال ہم نے یہاں تک ہر پیشی کو الگ الگ کر دیا ہے۔

(17)۔ چھ سات ماہ بعد دار الموت سے بہتر قید خانہ میں تبدیلی

حکومتوں کی تیار کردہ تاریخ اور دشمنوں کے پروپیگنڈے کے شور میں لکھی ہوئی کتابوں میں اگر کچھ حقائق مل جائیں تو خدا کا شکر کرنا چاہئے۔ بہر حال ہم نے مومنین کیلئے اُسی ریکارڈ میں سے اسیران اہل حرم اور امام زین العابدین علیھم السلام کی اجتماعی اور انفرادی سترہ (17) پیشیاں فراہم کر دی ہیں۔ اِن پیشیوں میں گزرنے والے حالات وبیانات آپ کے سامنے آچکے ہیں۔ یوں تو ان حالات وواقعات کو چند گھنٹوں میں بیان کیا جا سکتا ہے۔ مگر جن حضراتؑ پر یہ حالات وواقعات گزرے اُنہیں وہ زمانہ کس طرح کاٹنا اور گزارنا پڑا، اس کا اندازہ کرنا ناممکن ہے۔ بہر حال زبان سے بات کہنا بہت آسان ہوتا ہے۔ لہٰذا ہم کہے دیتے ہیں کہ یہ واقعات وحالات چھ سات ماہ میں گزرے تھے۔ مظالم سہنے والے بچوں اور عورتوں کا کیا حال ہو گیا تھا؟ اسکا جواب آج بارہ سو سال میں بھی ختم نہیں ہوا ہے۔ مگر ہم پھر نہایت آسانی سے یہ کہہ سکتے ہیں کہ آل رسولؐ اور اولاد علیؑ وبتولؑ کی صورتیں بدل گئی تھیں اور وہ حضرات کبھی اپنی پہلی صورت پر واپس نہ آسکے؟ اسلئے کہ بعض نے چھاؤں میں بیٹھنا ہی بند کر دیا تھا۔ یوں بھی آل رسولؐ آسودہ حالی اور دنیاوی راحتوں کو پسند نہ کرتے تھے۔ اور اب تو کربلا، کوفہ اور شام ہر لحہ سامنے کھڑے رہتے تھے۔ ہنسنا معدوم ہو گیا تھا، اچھی غذا تو کیا ٹھنڈا پانی پینے سے پہلے خون کے آنسو پینا عادت بن گیا تھا۔ کھانا تو الگ گوشت کے دیکھنے اور نام سننے سے گھنٹوں دل میں درد رہتا تھا۔ بہر حال چھ سات ماہ میں اہلبیتؑ پر جو کچھ گزر گیا وہ جن وانس وملائکہ کو تا قیامت رُلاتا رہے گا۔ مگر اُدھر یزید اور اُس کے طرفداروں پر بھی جہنم کے دروازے کھُل چکے

تھے۔حکومت کی پابندیاں، خاندانی خباثت وقساوتِ قلبی ،نطفہائے شیطانی کی بے غیرتی و بے حیائی ،مصنوعی اقتدار کا مصنوعی رعب وداب اوراختیاراتِ شاہی کی مطلق العنانی رفتہ رفتہ زوال وتباہی کا اثر لیتے لیتے بے قابو ہو چکی تھی۔غرور وتکبر کی گردن بار بار جھکنے کا ارادہ کرتی تھی لیکن دماغ میں بسنے والی دشمنی ابھی سر ہلانے پر مجبور کر رہی تھی۔ بہرحال یزید اپنے نفسیاتی جہنم میں خاموشی سے جل رہا تھا۔اُس پر خود اس کی اولاد وازواج کا داخلی دباؤ پڑ رہا تھا۔لہٰذا ایک روز پھر یزید نے اہلبیتؑ کو اپنی ازواج اور بیٹیوں سے ملنے کیلئے بھیجا۔علامہ دربندی لکھتے ہیں کہ:۔ اِنَّ هٰذا المجلس فی ذکر احتجاجات جماعة مِن الحرم والنسوة الطاهرات مع جماعة مِن اهل یزید مِن نسوتهٖ وبناته واخواته وبیان ذلک اَنَّ ابن صباغ المالکی قال ثُمَّ قال یزید ادخلو هنَّ اِلَی الحریم فَلَمَّا اُدْخلوا علٰی حَرُمِهٖ لَمْ تبق امرأة مِن آل یزید اِلَّا اتیتهن واظهرن التوجّع والحزن علٰی مااصابهُنّ وعلٰی مانزل بِهِنَّ واضعفن لَهُنّ جمیع مااَخَذَ لَهُن مِن الحلّی والثیاب بزیادة کثیرة وفی نقل آخر اِنَّهُنَّ لَمْ یقبلن شیئًا مِنْ ذلک۔ (اکسیر العبادات۔صفحہ 537)

اس مجلس میں اُن احتجاجات کا ذکر کیا جائے گا جو خاندان رسوؐل کی مقدس مستورات نے کئے اور جو یزید کی ازواج اور بیٹیوں اور بہنوں نے جاری رکھے۔اس سلسلے میں علامہ ابن صباغ مالکی نے لکھا ہے کہ یزید نے پھر حکم دیا کہ اسیران اہل حرمؑ کو اس کے زنانہ محل میں بھیجو۔ چنانچہ جب اہلبیتِ رسولؐ یزید کی خاندانی عورتوں کے پاس پہنچے۔تو یزید کے متعلقین میں سے کوئی ایک عورت بھی ایسی باقی نہ رہی جو اسیران اہل حرمؑ کے پاس نہ آئی ہو اور اپنے رنج والم وافسوس کا عملاً اظہار نہ کیا ہو۔اوراُن تمام مظالم وآفات پر ہمدردی اور دشمنوں سے اپنی بیزاری سے اہلبیتؑ کو خوش کرنے میں کمی کی ہو۔ پھر اُنہوں نے آل رسوؐل کو وہ تمام کپڑے اور سلی ہوئی پوشاکیں واپس دیں جو اُن سے چھین لی گئی تھیں۔اوراُن کے لٹے ہوئے سامان کے علاوہ بھی بہت زیادہ سامان راحت پیش کیا جسے اسیران اہل حرمؑ نے لینا پسند نہ کیا اور واپس کر دیا۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 537)

یہاں مومنین یہ نوٹ کریں کہ گزشتہ چھ سات ماہ قصر یزید کے بُرج یا دارالموت کے قیام میں سورج کی تمازت کے ساتھ ساتھ وہ آگ جو سوزِ غم والم نے قلب وجگر میں بھڑکا رکھی تھی اسیرانِ اہل حرمؑ کی صورتوں کو تبدیل کرنے میں مصروف تھی۔ اِدھر گرمی اور پسینہ کا اندازہ کیجئے اور پھر یہ دیکھئے کہ نہانے اور کپڑے دھونے کا تو ذکر ہی کیا ہے وہاں تو پینے اور ضروریات سے فارغ ہونے کے لئے بھی کافی پانی نہ ملتا تھا۔ پھر ذرا تصور کیجئے اُس سردی کا جو ریگستان میں پڑتی ہے اور پھر سوچئے کہ وہ لوگ کیسے زندہ بچیں گے جن کے پاس نہ لحاف ہو نہ چادر، بستر ہو نہ تکیہ۔آپ تو شاید یہ بھی نہ سمجھ سکیں کہ ایک ایک کرتے اور پاجامے سے سات ماہ کس طرح گزارے؟ وہاں سوئی دھاگہ نہ تھا۔ پیوند لگانے کے لئے کپڑا کہاں سے آتا؟ آپ نے دیکھا ہوگا کہ بعض غریب لوگ پیوند لگانے کے بجائے کپڑوں میں گرہ لگائے رہتے ہیں۔ یہ تھے خاندان رسولؐ کے افراد جن پر محنت کش اور غربا اپنی جان نثار کرنے کو تیار رہتے ہیں اور بڑے بڑے سرمایہ داروں کے سامنے پھٹا لباس پہنے ہوئے سربلند کر کے بات کرتے ہیں۔بہرحال آج اہلبیتؑ کو اُن کا لٹا ہوا لباس اور کپڑا مل گیا ہے۔ آج لازمی تقاضہ تھا کہ اُنہیں ذرا سہولت کی جگہ پہنچایا جائے جہاں وہ نہا دھو کر اپنا لباس بدل سکیں۔لہٰذا انہیں ایک عام جیل خانے میں تبدیل کیا گیا۔اور داروغہ جیل کا جیل خانہ سے ملحق مکان اُن حضرات کو دے دیا گیا۔ یہاں پانی اور پردہ کا انتظام تھا۔ایک ٹوٹی پھوٹی

ویران مسجد بھی ساتھ ملحق تھی۔ اگر جیل کے اندر کھلنے والا دروازہ بند کر دیا جائے تو جیل کے اندر سے کوئی اس مکان میں نہیں آ سکتا۔ اور اگر باہر سڑک پر کھلنے والے دروازے بند کر دیئے جائیں یا پہرہ لگا دیا جائے تو اسیران اہل حرمؑ قید میں محفوظ رکھے جا سکتے ہیں۔ چنانچہ یہ انتظام کرنا داروغہ جیل کی ذمہ داری تھی۔ یہی وہ جگہ ہے جہاں آنے کو بعض علما نے رہائی سمجھا ہے۔ یہی جگہ ہے جہاں اہلبیتؑ کو رونے اور مجلس عزا قائم کرنے کی آزادی ہوگی۔ یہاں زوجۂ یزید اور دیگر شامی مستورات بھی اہل حرمؑ سے ملنے آ سکیں گی۔ یہاں امامؑ سے بھی لوگ آ کر مل سکیں گے۔ اور اہلبیت علیھم السلام کو یہیں یہ معلوم ہوگا کہ اُنہیں خود اُن کے صحابہ وصحابیات بھی نہیں پہچانتے۔ یوں سمجھ لیجئے کہ آج کے بعد امامؑ اور اہل حرمؑ ایک قسم کے نظر بند قیدی ہیں۔ اور اپنی نقل وحرکت میں آزاد نہیں ہیں۔ اس سلسلے کی روایات کو علما اور حکومت نے بہت بری طرح الجھایا ہے۔ لیکن اُسی الجھاؤ میں اس نئی صورت حال کا پتہ مل جاتا ہے۔ چنانچہ وہ خواب جو حضرت سکینہؑ نے دیکھا اور یزید کو سنایا تھا۔ اور جسے ہم بھی صحیح ترتیب پر لکھیں گے۔ اُس خواب کے متعلق علما یہ فیصلہ نہ کر سکے کہ یہ خواب کب دیکھا اور کب یزید کو سنایا گیا تھا؟ ہم اس سلسلے میں علامہ دربندی کے چند جملے لکھتے ہیں۔ گو وہ جملے ایسے ہیں کہ جنہیں خود علامہ بھی نہیں سمجھے۔ مگر ہم اور آپ اُن جملوں سے یہ سمجھ سکتے ہیں کہ اہل حرمؑ کو اُن کی قید کے زمانہ میں ایک ویران مسجد (مَسْجِدٌ خَرَابٌ) میں بھی رکھا گیا تھا۔ اور یہ کہ وہاں اُن کو مجلس عزا برپا کرنے کی آزادی حاصل تھی۔ اور جہاں یہ آزادی حاصل ہوئی وہ یقیناً دوسرا قید خانہ تھا۔ پہلے قید خانہ میں تو آواز نالہ وفریاد بلند کرنے پر سخت پابندی اور سزا مقرر تھی۔ یہ دوسرا قید خانہ ہی وہ مقام ہے جو مدت دراز سے اہل حرمؑ کا قید خانہ کہہ کر زائرین کو دمشق میں دکھایا جاتا ہے۔ گو اُس کی شکل وصورت اور گنجائش بہت بدلتی آئی ہے۔ مگر زمین بہرحال وہی ہے جس پر اہلبیتؑ نے تین چار ماہ گزارے تھے۔ ہمارے ریکارڈ میں اس دوسرے قید خانے یا مکان کا صحیح حدود اربعہ، نقشہ اور پیائش موجود ہیں۔ اور وہ تمام ریکارڈ موجود ہے جس میں وہ تمام تبدیلیاں مذکور ہیں جو اہلبیت علیھم السلام کی رہائی کے بعد وقوع میں آئیں۔ اس مکان یا قید خانہ میں اور شاہی محل کے درمیان اُسی سڑک کی چوڑائی کا فاصلہ تھا جو آج (21 مئی 1977 عیسوی) تک موجود ہے۔ اور اُسی مکان میں جناب سکینہؑ نے خواب دیکھا تھا۔ اور یہیں اُس مظلومہؑ کا انتقال بھی ہوا تھا۔ لیکن ہمارے نام نہاد شیعہ علما کی کثرت نے جہاں عروسی حضرت قاسم علیہ السلام کا انکار کیا ہے۔ وہیں وہ کثرت حضرت سکینہ علیہا السلام کا زندان شام میں انتقال بھی نہیں مانتی ہے۔ لیکن مومنین متفقہ طور پر روز اوّل سے اپنی تمام رسومات عزاداری میں اِن حقائق پر عمل کرتے آ رہے ہیں۔

(الف)۔ <u>دوسرا قید خانہ جہاں عزاداری وغیرہ کی سہولت وآزادی حاصل تھی</u>

اب علامہ دربندی کے اُلجھے ہوئے جملوں پر نظر ڈالیں ارشاد ہے کہ:۔

ثُمَّ لا یخفی علیک انا قد اشرنا فی صدر المجلس الی اَنّ ذکر سکینةً تِلْکَ الرویا لیزید فی مجلسه انّما کان فی بعض الایام الّتی کان اهلبیتً فیها فی السِّجْنِ والمحبس ۔فان قلت فَلِمَ لا تقول بوقوع هذه القضیة ای ذکر سکینةً رویاها لیزید فی بعض الایام الّتی کان اهلبیّت فیها مُطْلَقِیْنَ عَنِ السِّجْن والمحبس وکانوا فیها <u>مشغولین باقامة الماتم لتعزیة سید الشهدآء روحی له الفداء باذن و الترخیص من یزید</u> فی الدار لّتی افرغت لهم ۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 536)

''پھرتم پر یہ بھی مخفی نہ رہے کہ ہم نے اس مجلس کے اندر یہ اشارہ کر دیا ہے کہ حضرت سکینہؑ نے یزید سے اپنے اُس خواب کا تذکرہ اُن ہی دنوں میں کیا تھا۔جب کہ اہلبیتؑ ابھی تک جیل خانہ میں مقید تھے۔اب اگر تم یہ کہو کہ حضرت سکینہؑ نے اپنے خواب کا ذکر یزید سے اُن دنوں میں کیوں نہ کیا جب کہ اہلبیتؑ جیل خانہ کی قید سے آزاد ہو گئے تھے اور یزید کی دی ہوئی اجازت اور آزادی سے سید الشہدؑا کے ماتم اور تعزیت میں مشغول تھے اور اُس گھر میں رہتے تھے جو خاص طور پر اہلبیتؑ کیلئے فارغ کر دیا گیا تھا؟

اس جملے سے یہ بات سمجھ میں آنا کچھ مشکل نہیں کہ علامہ حضور خواب دیکھنے اور یزید سے اُس خواب کا ذکر کرنے کا وہ زمانہ مانتے ہیں جب کہ اہلبیتؑ ابھی قید ہیں۔ہم متفق ہیں کہ ہاں اہل بیتؑ اس وقت بھی قید میں تھے اور اس کے بعد بھی کئی ماہ قید رہے۔پھر علامہ جس بحث کا جواب دے رہے ہیں اس میں یہ سمجھا گیا ہے کہ خواب کا قصہ قید سے رہائی کے بعد کا ہے۔ہم یہ کہتے ہیں کہ جی ہاں یہ پہلے قید خانہ یعنی دارالموت سے رہائی کے بعد کا واقعہ ہے سو فیصد رہائی کے بعد کا نہیں۔اور سو فیصد رہائی کے بعد اوّل تو یزید سے اس خواب کے بیان کرنے کی ضرورت ہی باقی نہ تھی۔پھر یہ کہ خواب دیکھنے اور بیان کرنے والی سکینہ علیہا السلام سو فیصد آزادی و رہائی سے پہلے ہی انتقال فرما چکی تھیں۔

بہر حال یہاں ایک ایسا مکان تسلیم کیا گیا ہے جس کی چاردیواری میں مجلس عزا اور ماتم برپا کرنے کی اجازت اور رخصت یزید کی طرف سے حاصل تھی۔اور الفاظ (**اِذْنٌ وتَرْخِیْصٌ**) اجازت اور رخصت خود اس بات کی دلیل ہیں کہ اہلبیتؑ سو فیصد آزاد نہ تھے اور یہی دوسرے قید خانہ کی صورت حال ہے کہ وہ نظر بندی اور صرف نقل و حرکت پر پابندی کا زمانہ تھا۔اب ایک اور جملہ سن لیں جہاں ویران مسجد میں قید ہونے کا ذکر بھی ہے۔مذکورہ خواب کا جھگڑا ابھی زیر بحث ہے۔

لِاَنَّ تلک القضیة انّما وقعت فی حریم یزید عند نِسوَته واَهلهٖ وعیاله ۔فَلَوْ کانت تلک القضیة قد وقعت قبل خلاص اهلبیتؑ مِن السجن والحبس سواء اَن وقعت فی الیوم الذی دخلوا فیه دمشق ام بعده لزم اَن یامر یزید ثانیًا باخراج النسوۃ الطاهرات من آل الرسولؐ مِن عند حریمه ومنازل نسوته وادخالهن فی الحبس والسجن فی المسجد الخراب۔

(اکسیر العبادات فی اسرار الشہادات۔صفحہ 539)

''یہ اس لئے کہ یہ معاملہ یقیناً یزید کے زنانخانے میں اُس کے اہل وعیال اور عورتوں کے سامنے پیش آیا تھا۔اور اگر یہ واقعہ جیل خانے کی قید سے آزاد ہونے سے پہلے کا مان لیا جائے تو پھر یہ دونوں باتیں برابر ہو جائیں گی کہ خواہ یہ اُسی روز پیش آ گیا ہو جس دن اہلبیتؑ دمشق میں پہلے روز داخل ہوئے تھے یا بعد میں کبھی بھی وقوع میں آیا ہو۔مگر یہ بات دونوں صورت میں لازم آتی ہے کہ یزید نے اہلؑ حرم کو اپنے زنانخانے میں اپنی مستورات اور حرم میں بھیجنے کا دوبارہ حکم دیا ہو۔اور یہ کہ اس کے بعد اہلؑ حرم کو ویران مسجد میں جیل اور قید کیا گیا ہو۔''(اکسیر العبادات۔صفحہ 539)

آپ اس بحث کو نظر انداز کر دیں کہ وہ واقعہ کیا تھا؟ وہ خواب کب دیکھا اور کب اُس کا تذکرہ کیا گیا تھا۔آپ تو دونوں بیانات سے یہ سیدھی سی بات اخذ کر لیں کہ یزید کے حرم میں اہل حرم علیھم السلام کو دوسری دفعہ یا تیسری دفعہ بھیجا گیا تھا۔یعنی پہلی دفعہ کی بات نہیں

ہے۔ بلکہ بعد کی بات ہے اوراس کے بعد اہل حرمؑ کوایک ویران مسجد اورایک مکان میں رکھا گیا اور وہاں اُن حضرات کومجلس عزاو ماتم شہداعلیھم السلام برپا کرنے کی اجازت وآزادی حاصل تھی۔اوربس باقی جھگڑے سے مومنین کاتعلق نہیں ہے۔اس لئے کہ جھگڑے نہ کئے جائیں تو واقعات کواُلٹ پلٹ اورمشکوک کیسے کیا جائے؟ یہی ایک ہتھیار تو علما کے پاس ہےاور میں اس ہتھیار کواُن کے خلاف بڑی سہولت سے استعمال کیا کرتا ہوں۔اب ایک جملہ اورسن لیں جس سے اُدھر ہمارا فیصلہ تصدیق ہوجاتا ہے۔اِدھر سازشی علما کا پتہ بھی چل جاتا ہےلکھا ہے کہ:۔

فاعلم انّه قد نقل عن صاحب المنتخب انّه قال وروی انه لَمَّاقد م آل اللّٰه و آل رسوؐله علیٰ یزید فی الشام اَفْرَدَ لَهُمْ دَارًا وَکَانُوْا مَشْغُوْلِیْنَ باقامة العزا۔ ’’ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 533)

’’یہ سمجھ لوکہ کتاب المنتخب سے یہ بات نقل کرتے چلے آرہے ہیں کہ اُنہوں نے لکھا ہے کہ جب اللہ کے تیارکردہ اوراُس کے رسولؐ کے اہل البیتؑ دمشق میں یزید کے پاس پہنچے تو یزید نے اُن کے لئے خاص طور پر ایک مکان دے دیا جہاں اہلبیتؑ بالکل آزادی سے عزاداری میں مشغول رہتے تھے۔‘‘

مطلب واضح ہے کہ یزید نے اہل حرمؑ کوایک منٹ کے لئے بھی قیدی بنا کرنہیں رکھا۔ بلکہ پہنچتے ہی پوری آزادی دے دی،ایک مکان بھی ٹھہرنے کے لئے دے دیا۔اورہم ایسا لکھنےاور ماننے والوں اور کہنے والوں پر یزید کے برابرلعنت کرتے ہیں۔اور جولوگ شیعہ ہوکرمحبان آل محمدؐ کہلاکرایسا کہنے والوں اور لکھنے والوں اور ماننے والوں سے راضی ہوں اوراُن پرلعنت نہ کریں ہم اُن پر بھی یزید کے ساتھ ساتھ اتنی ہی لعنت کرتے ہیں۔اس لئے کہ یہ سب لوگ یزیدی پالیسی کے طرفدار اوراُس کی نشرواشاعت کرنے میں کوشاں رہے ہیں۔ بہرحال یہاں تک اُن ہی خبیثوں کے بیانات سے ہماراعنوان مکمل ہوگیا اورثابت ہوگیا کہ اوّلین قیدخانہ سے رہائی کے بعداہلبیتؑ کو ایک اورمکان میں نظر بندرکھا گیا تھا جہاں عزائے شہدؑا کی اجازت اورآزادی تھی۔ اوراُسی مکان کے احاطہ کے اندروہ مسجد تھی جسے مَسْجِدٌ خَرَابٌ ویران مسجد کہا گیا ہے۔چنانچہ علمانے اس مسجد میں قید کئے جانے کا بار باراورطرح طرح سے ذکرکیا ہے۔اوراسی بنا پر علامہ دربندی بھی بھٹکتے اور چکر کاٹتے رہے ہیں۔چنانچہ آپ نے وہ روایت لکھی جس میں یزیداپنے بیٹے خالد سے کُشتی کے لئے کہتا ہے اورامامؑ چھری والی بات فرماتے ہیں روایت کےاختتام پرعلامہ دربندی کے ریمارک سنئے فرمایا کہ:۔

وَاَنْتَ خَبِیْرٌ بِاَنَّ المستفاد من ھٰذہ الروایة اَنَّ اطلاق یزید الحرم والسَّبَایا عَنِ السِّجن والحبس الَّذی کان فی مَسْجِدٍ خَرَابٍ کان فی الیوم امر الامام بان یصارع ابنه خالد۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 530)

’’تم اچھے خاصے خبردارآدمی ہوکہ اس روایت سے یہ فائدہ پہنچتا ہے کہ یزید کا اہل حرمؑ اورقیدیوں کواُس قیدخانہ سے رہا کرنا جو ویران مسجد میں تھا۔اُسی روزکا واقعہ ہے۔جس دن یزید نے امامؑ زین العابدین کواپنے بیٹے خالد سے کُشتی کرنے کاحکم دیا تھا۔‘‘

یہ مغالطہ علامہ سرکارکواسلئے ہوا ہے کہ اُس روزبھی حرم اہلبیتؑ؛ یزید کےمحل میں بلائے گئے تھے۔اور چونکہ پہلے قیدخانہ سے رہائی والے روزبھی یزید کےحرم میں بلایا گیا تھا اسلئے علامہ نے کُشتی والے دن کولاکر ملادیا۔حالانکہ یہ وہ دن ہونا چاہئے جس روز اہل حرمؑ

کواُنکا لباس اور کپڑے واپس دیئے گئے تھے۔ نہ کہ کوئی سی بھی ملاقات کو بلا وجہ مان لیا جائے۔ کپڑے واپس ملنے کا قدرتی مطلب کپڑوں کے پہننے اور بدلنے کا اختیار ملنا ہے۔ اور چھ سات ماہ بعد کپڑے بدلنے کیلئے نہانا دھونا اور ایسی جگہ بھی ضروری ہے جہاں پارچات ولباس وبستر وغیرہ صاف ستھرے رہ سکیں۔ نہ کہ وہ موت کا گھر جہاں نہ چھت تھی نہ زمین کے علاوہ کوئی اور چیز تھی۔ سر پر آسمان تھا اور نیچے زمین اور وہ بھی ریتلی وچٹانی زمین تھی۔ جہاں دھوپ اور دہکتی ہوئی لُو جسم کو جھلستی تھی۔

52۔ حضرت سکینہ علیہا السلام کا انتقال؛ یزید کا زوال اور دمشق میں عزاداری

(1)۔ حضرت سکینہؑ سے تعارف، خواب اور انتقال

اِس عنوان میں ہم اُس مظلومہؑ اور کم سن بچی کا تعارف پیش کریں گے جو ہماری عزاداری کی زندگی رہتی چلی آئی ہے۔ جسے اہل زبان **بالی سکینہؑ** کہہ کر پکارتے ہیں۔ وہ بچی جسے حضرت زینب علیہا السلام کبھی کربلا میں کبھی راہ کوفہ میں تلاش کرتی پھریں۔ کبھی بابا جان کی لاش سے لپٹی ہوئی ملی کبھی کربلا کی طرف دوڑتی ہوئی پائی گئی۔ جسے چھپانے اور نوجوان لڑکی دکھانے کی کوشش بھی کی گئی۔ جسے دشمنانِ دین نے کربلا کے بعد زندہ رکھنے اور (معاذ اللہ) ایک شاعرہ وگلوکارہ وآوارہ عورت دکھانے کی پوری جدوجہد کی۔ جسکی بہت سی شادیوں اور اولادوں کے قصے گھڑے گئے اور جس کے جھوٹے قصوں میں خود ہمارے اپنے علما بھی الجھتے رہے۔ آیئے ایک سیدھی سادی اور مختصر سی روایت سنئے اور تصدیق کیجئے کہ وہی حقیقی سکینہؑ ہے یا نہیں۔

فاعلم اَنَّہٗ قد نقل عَن صاحب المنتخب انّہ قال وروی انّہ لَمَّا قد م آلُ اللّٰہ وآلُ رسولہٗ علٰی یزید فی الشام اَفْرَدَ لھم دَارًا وکانوا مشغولین باقامۃ العزاء ۔ وکان للحسیؑن بنتٌ عمر ھاثلٰث سِنین مِن یوم استشھد الحسینؑ بقیت ماتراہ فَعَظَّمَ ذٰلک علیھا واستوحَشَتُ لابیھًا وکانتُ کُلَّمَا طَلَبَتُ ۔ یقولون لَھَا غدًا یَاتِی ومعہ ماتطلبین اِلٰی اَنُ کانت لیلۃ مِن اللِّیَالی رَأت اباھا بنَوُمِھَا ۔ فلما انتبھت صاحَتُ وبَکَتُ وَ انزعجت ۔ فھجّعوھا وقالوا ماھٰذا البکآء والعویل؟ فقالت آتونی بوالدی وقرۃ عینی ۔ وکُلّما ھَجَّعُوُھَا اذدادت حُزُنًا وبُکَآءً ۔ فَعَظَّمَ ذٰلک عَلٰی اھل البیتؑ فضجّوا بالبکاء وجدّد وا الاحزان ولطموا الخد ود وحثوا علٰی روسھم التراب ونشروا لشعور وقام الصیاح ۔ فسمع یزید ملعون صیحتھم وبکآئھم ۔ فقال ماالخبر ؟ قَالُوا اَنَّ بنت الحسیؑن الصغیرۃ رأت اباھا بنومھا فانتبھَتُ وَھِیَ تطلبہ وتبکی وتصیح۔ فقال الرفعوا اِلَیۡھَاراس ابیھا لِتنظر الیہ وتتسلّی بہ فجاؤا بالراس الشریف الیھا مغطی بمندیل ویبقی فوضع بین یدیھا وکشف الغطا عنہ ۔ فقالت ماھذا الراس؟ قالوا راس اَبِیکِ۔ فرفعتہ مِنَ الطشت حاضنۃ لہ وھی تقول یاابتاہ مَن ذا الّذی خضّبک بدمآئک یاابتاہ مَن للیتیمۃ حَتّٰی تکبر ؟ یاابتاہُ مَن للنسآء الحاسرات ؟ یاابتاہ من لِلَارامل المسبّیات ؟ یاابتاہ مَن للعیون الباکیات ؟ یا ابتاہ مَن للضائِعات الغریبات؟ یاابتاہ مَن للشعور الناشراتَ؟ یاابتاہ مِن بعدک واخیبتاہ؟ یاابتاہ مِن واغربتاہ؟ یاابتاہ لیتنی کنتُ لک الفداء ۔ یاابتاہ لیتنی کنتُ قبل ھذا الیوم عمیا۔ یاابتاہ لیتنی وسدت الثرٰی ولا اری شیبک مُخَضّبًا بالدمآء ۔ ثم انھا وضعت فَمَھَا علٰی فمہ الشریف وبکت بکاءً شد یدًا حتّٰی غَشَی علیھا ۔ فلمّا حرّکوھا فاذا قد فارقت روحھا الدنیا ۔ فلمّا رَای اھل البیتؑ ماجَری علیھا اعلنوا بالبکآء واستجدّد العزآء وکذلک کلّ مَن حضرمِن اھل دمشق فلم یری ذٰلک الیوم اِلَّا باکٍ وباکیّۃً ۔ الالعنۃ اللّٰہ عَلَی القوم الظالمین۔

(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات صفحہ 533)

اس روایت کی ابتدا میں وہی بیان ہے جو ہم نے پہلے لکھ کر بتایا ہے کہ سرکاری پالیسی یہ تھی کہ اہلبیتؑ کو دمشق میں قیدی نہ دکھایا جائے۔ بلکہ پہلے دن ایک الگ مکان میں قیام اور عزاداری کرنے کی آزادی دکھا دی جائے؛

اسکے بعد کتاب المنتخب کہتی ہے کہ امام حسینؑ کی ایک چھوٹی سی بیٹی تھی جو شہادت حسینؑ کے دن صرف تین سال کی عمر رکھتی تھی۔ چونکہ وہ بہت عرصہ سے اپنے باپ کو غائب دیکھتی تھی اور ابھی مرنے اور قتل ہونے کا یہ مطلب نہ سمجھتی تھی کہ اِسکے بعد باپ بیٹی کے پاس نہیں آ سکتا۔ لہٰذا وہ بچی اکثر گھبرا جاتی تھی اور باپ کو بلانے کی ضد کیا کرتی تھی۔ پھوپھی اور دیگر حضرات اُسے طرح طرح بہلا دیا کرتے تھے۔ ابھی آتے ہوں گے، کل کو آ جائیں گے، اپنی لاڈلی کیلئے کھلونے اور بہت سی چیزیں لائیں گے۔ یوں ٹلتے ٹلاتے اور بہلاتے پھسلاتے وہ رات آ ہی گئی جو قیامت تک پھر نہیں آئی اور نہ اُسکے آنے کی ضرورت ہے۔ بچی بے چین ہو کر سوئی تو خواب میں اپنے ابا جان کو دیکھا لیکن خواب تو خواب تھا۔ آخر جب بیدار ہوئی اور پہلو میں بابا کو نہ پایا تو سمجھی کہ بس اب پھر عرصہ دراز کے بعد آئیں گے۔ رونا اور بابا کہہ کر پکارنا، فریاد کرنا اور تلاش کرنا شروع کر دیا۔ آخر تمام اہل حرمؑ جمع ہو گئے۔ صورتِ حال کو سمجھ گئے خود بھی روتے جاتے تھے اور شہزادی کو بہلانے کیلئے تمام نئے پرانے جتن کر رہے تھے۔ بچی اب کہاں تک بہلتی۔ وہ سمجھ گئی تھی کہ یہ لوگ روزانہ یوں ہی کہتے رہتے ہیں۔ بس اُدھر سکینہؑ نے بے قابو ہو کر رونا اور بلکنا شروع کیا اور اِدھر اہل حرمؑ میں نالہ و فریاد اور نوحہ و ماتم اور بین شروع ہو گئے۔ کربلا کا دن واپس چلا آیا، لاشہ ہائے اکبر و عباس و قاسم و علی اصغر علیھم السلام سامنے آ گئے۔ بال کھول دیئے گئے۔ سروں میں خاک ڈالنا سر و سینہ پیٹنا شروع کیا۔ گھر سے باہر لوگ جمع ہو گئے۔ سب لوگ بے قرار ہو کر رو رہے تھے کہ یزید بیدار ہوا۔ معلوم کیا تو پورا محل جاگ رہا تھا۔ اس ملعون کو بتایا گیا کہ حسینؑ مظلوم کی سب سے چھوٹی بچی نے خواب میں باپ کو دیکھا۔ جاگی تو وہ اب اپنے والد کو بلوانے پر بضد ہے رو رو کر بے حال ہو گئی ہے۔ اہلؑ حرمؑ میں فریاد و واویلا مچا ہوا ہے۔ یزید نے کہا کہ حسینؑ کا سر لے جاؤ تاکہ اسکو تسلی ہو جائے، سر لا کر طشت سامنے رکھا گیا۔ بچی چپ چاپ تک رہی تھی۔ ریشمی رومال ہٹایا گیا تو پوچھا یہ کیسا سر ہے؟ کہا گیا کہ تمہارے پیارے والدؑ کا سر ہے۔ سکینہؑ نے جلدی سے سر مقدس کو اُٹھا کر سینہ سے لگا لیا اور چیخ مار کر کہا کہ اے بابا وہ کون تھا جس نے آپ کو آپ کے خون سے خضاب کیا۔ اے بابا اس یتیم بیٹی کے پال کر بڑا کرنے کے خیال نے آپ کا دامن نہ پکڑا؟ اے بابا آپ کو ان مایوس کن حالات کا خیال تو آیا ہو گا جو تمہاری مصیبت زدہ خواتین کو درپیش ہیں۔ اے بابا اِن یتیم و بے سہارا قیدی یتیموں کا کون نگہبان ہے؟ اے بابا جان ان رونے والی آنکھوں کا خیال کرو۔ اے بابا ان غریب اور تباہ حال عورتوں کی طرف دھیان دیجئے۔ اے بابا ان بکھرے ہوئے بالوں کو دیکھئے۔ اے بابا آپ کے بعد ہم تباہ و برباد ہو گئے۔ اے بابا آپ کے بعد ہمارا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ اے بابا کاش میں آپ پر قربان ہو گئی ہوتی۔ اے بابا کاش میں یہ دن دیکھنے سے پہلے اندھی ہو گئی ہوتی۔ اے بابا کاش مجھے پہلے ہی زمین میں دفن کر دیا گیا ہوتا۔ اور میں آپ کی ریش مبارک کو خون میں رنگین نہ دیکھتی۔ پھر اس کے بعد دُکھیا بچی نے اپنا منہ بابا کے منہ پر رکھ دیا اور اس طرح تڑپ کر روئی کہ بے ہوش ہو گئی۔ اور جب اُسے چین سے دیکھا تو شبہ ہوا، ہلا کر دیکھا تو اُس کی روح دنیا سے رخصت ہو چکی تھی۔ یہ دیکھ کر تو اہلبیتؑ نے سر و سینہ پیٹنا اور پچھاڑیں کھانا

شروع کردیا۔ ایک نیا ماتم شروع ہوا ۔ دمشق کے جولوگ موجود تھے۔اُن میں کوئی مرد یا عورت ایسا نہ تھا جو بے قرار ہوکر نہ رویا ہو۔ خدا ظالموں کی قوم پر لعنت کرتا رہے۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 533)

(الف)۔ اس روایت کو سمجھنے کے لئے چند باتیں اور سن لینا ضروری ہیں

ہم نے یہ کہہ کر روایت شروع کی تھی کہ مومنین روایت میں حضرت سکینہ علیہا السلام کی تصدیق فرمائیں کہ یہ روایت اُسی حقیقی سکینہؑ کو پیش کرتی ہے یا نہیں؟ چنانچہ روایت کی ابتدا میں اُن کی عمر صرف تین سال بتائی گئی ہے۔ جو قطعی طور پر صحیح ہے۔ پھر یہ دیکھنا ضروری ہے کہ وہ شہزادی اپنی باتوں سے بھی اپنی چھوٹی سی اور کم سنی کی عمر کو ثابت کرتی ہے یا نہیں؟ چنانچہ خواب بہت کم سنی میں یعنی شیر خواری کی عمر میں بھی آتے ہیں اور کم سِنی کے خواب بھی کم سِن ہوتے ہیں۔ چنانچہ بی بیؑ نے نیند سے بیدار ہوکر اپنے بابا کیلئے دوبارہ بلائے جانے کی ضد کی اور یہی کہا کہ میرے بابا کولاؤ (**آتونی بوالدی**) اور یزید سے بھی یہی کہا گیا کہ بچی اپنے والد کو طلب کرتی ہے(**هِیَ تطلبهُ**) یہ بالکل ایسی سمجھ اور ضد ہے جو ایک تین سال کی بچی پر صادق آتی ہے۔ پھر حضرت سکینہؑ کو بہلانے کیلئے بھی وہی فطری باتیں کہی جاتی تھیں جو ایک سہ سالہ بچی کیلئے اطمینان بخش ہوا کرتی ہیں۔ مثلاً یہ کہ ’’تمہارے بابا جان کل آجائیں گے(**یقولون لها غداً ایاتی ومعه ما تطلبین**)اور جو جو چیز تم پسند کرتی یا مانگتی ہو وہ سب لے کر آئیں گے۔ اِس حد تک روایت اور روایت کے واقعات سو فیصد فطری ہیں۔ لیکن سر مبارک کو دیکھ کر جو بین یا بیانات حضرت سکینہؑ کی زبان سے بیان ہوئے ہیں وہ بہت سنجیدہ وفہمیدہ اور خاندان رسولؐ کی ایک جوان سال عالم عورت کے شایان شان ہیں۔ تین سال کی بچی کیلئے غیر فطری اور نا قابل قبول ہیں۔ یہ بیانات دینے والی ایسی خاتون ہونا چاہئے جو کربلا کی پوری حُسینی پالیسی پر مطلع ہو۔ جس نے ہر ہر واقعہ کو گہری اور نتیجہ خیز نظر سے دیکھا ہو۔ جسے ایک سر پرستِ خاندان کی ذمہ داریوں اور فطرت انسانی کے نازک گوشوں اور جذبات پر عبور ہو۔ جو بزرگوں سے اپیل کرنا جانتی ہو۔ جو مذکورہ الفاظ کے معنی ومفاہیم پر کماحقہ مطلع ہو۔ تین سال کی بچی نہ لفظ اَرامِل سے واقف ہوسکتی ہے نہ ضائعات وحاسرات کا مفہوم سمجھ سکتی ہے۔ بہر حال یہ بین اندر گھر میں کئے گئے اور ضرور کئے گئے مگر جناب سکینہؑ نے نہیں کسی اور خاتونؑ نے کئے۔ مگر باہر کھڑے ہوئے لوگوں نے یہی سمجھا کہ سکینہؑ بین کررہی ہیں۔ ظاہر ہے کہ راوی مرد تھے اور مرد زنانہ میں نہ تو جاسکتے تھے نہ پہرہ داروں کی طرف سے اجازت مل سکتی تھی۔ لوگ آپس میں ایک دوسرے سے واقعہ معلوم کرتے تھے۔ اور یہ سن کر کہ امام حسینؑ کی ایک بیٹی نے خواب دیکھا اور بے چین ہوگئی ہے۔ اُسکے رونے سے سب رورہے ہیں ۔ یوں یہ بین حضرت سکینہ علیہا السلام کے نام پر منسوب ہوگئے ۔ یا یہ کہ سرکاری گروہ کے اہل قلم نے اس روایت میں فطری نقص دکھا کر غلط ثابت کرنے کی غرض سے نام تبدیل کردیا۔ اگر ایسا ہوا ہے تو شک اُن ہی علما پر کیا جائے گا جو حضرت سکینہؑ کی زندانِ شام میں وفات کے قائل نہیں یا جو علما حضرات سکینہؑ کو جوان کہتے ہیں ۔ اور جنہوں نے اس غرض کو حاصل کرنے کیلئے ایک اور خواب کو حضرت سکینہؑ سے منسوب کیا ہے۔ بہر طور وہ بین اور شکوہ حضرت سکینہؑ کا نہیں تھا۔

(ب)۔ علمانے لاشعوری یاشعوری طور پر حضرت سکینہ علیھا السلام کو جوان العمر دکھایا ہے

چونکہ قومی حکومت کی گرفت تین سو سال تک تمام اہلِ قلم کو اپنے تصورات اور پالیسی کی اشاعت میں مصروف رکھنے میں کامیاب رہی۔مسجدوں، منبروں اور مدرسوں سے سرکاری کتابوں کی تعلیم وتدریس عوام الناس میں پھیلائی اور مشہور کی جاتی رہی۔ چاروں طرف خانہ ساز روایات ہر زبان پر جاری رہتی چلی آئیں۔راوی بھی اُسی مشہور طرزِ فکر کے راستے پر چلنے کے لئے مجبور تھے۔حکومتوں کے ساختہ پرداختہ جاسوس اور علما، شیعہ لیبل لگا کر شیعوں میں بھی حکومت کے مذہب اور پالیسی کو مقبول بنانے میں کوشاں رہتے چلے آئے۔اُنہوں نے شیعہ نام سے شیعہ لیبل کی کتابیں لکھیں اور بڑی سادگی اور پُر کاری کے ساتھ بتدریج ایسی روایات کو جگہ دی جو مخالف مذہب اور حکومت کی تائید کریں۔ پھر چوتھی صدی ہجری تک حکومت نے شیعوں میں باقاعدہ نظام اجتہاد قائم کردیا۔اس لئے کہ اس سلسلہ معصومینؑ کی کھلی روک تھام کرنے والی آخری ہستّی نے اپنے نظام ہدایت کو سو فیصد زیرِ زمین پوشیدہ کردیا تاکہ مخالفین کو اُن کے اقدامات پر قبل از وقت اطلاع نہ ملے اور نظام اجتہاد امام معصومؑ سے کٹ کر رہ جائے اور اجتہادی احکام خاطی علما کے احکام سمجھے جائیں۔اور حقیقی شیعہ اُن خاطی علما سے جدا رہیں۔ چوتھی صدی کے اوائل سے لے کر آج تک اجتہادی علمانے برابر حقائق کو تبدیل کرنے اور سرکاری وقومی مذہب کو رائج کرنے کی کوشش کی ہے۔اُن کی کوششوں کو بارآور کرنے میں ہر زمانہ کی حکومتیں مددگار رہی ہیں۔اور حقیقی علمائے شیعہ اُن کی نقاب کشائی میں مصروف رہتے چلے آئے ہیں۔لیکن بعض علما پھر بھی کہیں کہیں اُن کے تصورات کو قبول کرتے ہوئے پائے جاتے ہیں۔ چنانچہ علامہ دربندی مذہب حقہ کے زبردست عالم ہیں اور غلط تصورات کو رد کرنے میں نہایت ہی سخت لیکن حضرت سکینہ علیھا السلام کے معاملہ میں کئی مقامات پر دھوکہ کھا گئے ہیں۔اور ایسی روایات نقل کرلی ہیں جو حضرت سکینہؑ کے نام سے منسوب کی گئی ہیں۔حالانکہ وہ ایک تین سال کی عمر کی بچی کے ساتھ ہرگز منسوب نہ ہونا چاہئیں تھیں۔ہمیں بڑا تعجب ہے کہ علامہ حضور اِدھر جناب سکینہؑ کو ایک سہ سالہ بچی بھی مانتے ہیں۔اور پھر اُن کے نام سے ایسی روایات لکھ دیتے ہیں جو ایک جوان، ذی ہوش اور عالم عورت سے تعلق رکھتی ہیں۔اور پھر کمال یہ ہے کہ اُن روایات پر ایک بھی تنقیدی جملہ نہیں لکھتے۔

(ج)۔ کیا تین سال کی بچی پردہ کرتی ہے؟ کیا تمام اہلِ حرمؑ باپردہ پیش کیے گئے تھے؟

مومنین شیعہ علما کی پسندیدہ روایت سنیں اور پھر ہمیں روایت، راوی اور روایت کو قبول کرنے والے علما کی پوزیشن سمجھائیں یا خود سمجھیں۔ علامہ دربندی لکھتے ہیں کہ:۔

وَعَنْ انوار النّعمانية انّ الحريمؑ لمّا ادخلن فى السبّى علٰى يزيد و كان يطّلع فِيْهِنّ ويَسْئَلُ عن كلّ واحدة بعينها وَهُنّ مربّقات بِحَبْل طويل وزجر بن قيس يجرّهن حتّٰى اقبلت امراة وكانت تستر وجهها بيزيد لانّها لم يكن لها خرقة تستر بها وجهها ۔ فقال مَن هٰذه الّتى ليس لها ستر ؟ قالوا سكينةً بنت الحسينؑ۔ قال اللعين انت سكينة ؟ فسارت دموعها علٰى خدّ ها واختفقت بعبرّها فسكت عنها حتّٰى كادت اَن تطلع رُوحها مِن البكآء۔ فقال لَهَا وما يبكيكِ ۔ قالت كيف لَا تبكى مَن لَيْسَ لَهَا ستر تستر بهٖ وجهها وراسها عنك فبكى يزيد الكافر و اهل مجلسهٖ ثم قال لعن اللّٰه عبيداللّٰه ابن زياد مااقوى قلبه علٰى آل

رسولؐ۔ثم اقبل علیھا وقال ارجعی مع النسوۃ حتّٰی امر بکنّ امری۔ (اکسیر العبادات صفحہ 516)

''اور کتاب انوار نعمانیہ میں لکھا ہے کہ جب یزید کے سامنے اہل حرمؑ کو قیدی بنا کر لائے تو اُن سب کو ایک لمبی رسی میں باندھا ہوا تھا۔ اور زجر بن قیس ملعون اُن کو دھکیلتا کھینچتا اور ہانکتا ہوا لایا تھا۔ اور یزید چاہتا تھا کہ اہل حرمؑ کی تمام مستورات کو بچشم خود دیکھے اور ہر ایک سے ذاتی تعارف حاصل کرے۔ چنانچہ یکے بعد دیگرے قیدی خواتین آتی رہیں اور جب وہ عورت آئی جو یزید سے پردہ کرنا چاہتی تھی لیکن اُس عورت کے پاس ایسا کوئی کپڑا نہ تھا جس سے وہ اپنا مُنہ چھپا سکے۔ تو یزید ملعون نے پوچھا کہ یہ عورت کون ہے جس کے پاس پردہ کرنے کے لئے کوئی کپڑا نہیں ہے؟ تو لوگوں نے بتایا کہ یہ سکینہؑ حسینؑ کی بیٹی ہے۔ اب یزید ملعون نے اُن سے پوچھا کہ کیا تم ہی سکینہؑ ہو؟ یہ سن کر سکینہؑ کے آنسو اُن کے گالوں پر بہنے لگے اور اس طرح سکینہؑ نے یزید کے سوال کا جواب اپنے بہتے ہوئے آنسوؤں سے دیا۔ زبان سے کچھ نہ کہہ سکیں اور اس بے قراری سے روئیں کہ اُن کی روح پرواز کرنے کو تیار تھی۔ یہ حال دیکھ کر یزید نے رونے کا سبب دریافت کیا تو فرمایا کہ وہ عورت کیسے صبر کرے اور کیوں نہ روئے جس کے پاس تجھ سے پردہ کرنے اور سر و چہرہ چھپانے کو کوئی چیز نہ ہو۔ یہ سن کر یزید اور تمام اہل دربار رونے لگے۔ اور یزید نے کہا کہ اللہ عبید اللہ ابن زیاد پر لعنت کرے آل رسولؐ کے لئے اس کا دل کتنا سخت ہو گیا تھا۔ پھر حضرت سکینہؑ سے مخاطب ہو کر کہا کہ تم باقی مستورات کے ساتھ واپس جاؤ اور میرے دوسرے حکم کا انتظار کرو۔''

(د)۔ مومنین اور حقیقی شیعہ اس روایت کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں

اس روایت میں پہلی قابل نفرت اور جھوٹی بات یہ ہے کہ حضرت سکینہؑ کو ایک بچی نہیں بلکہ ایک جوان پوری عمر کی عورت (اِمْرَأَۃٌ) دکھایا گیا ہے۔ دوسری قابل نفرت و ملامت بات یہ ہے کہ اہل حرم کو برقعہ اور چادر میں ملبوس دکھا کر یزید کے جُرم کو ہلکا کیا گیا۔ اور تاریخ و مسلّمات کے خلاف دنیا کا سب سے بڑا جھوٹ بولا گیا ہے۔ تیسری قابل لعنت بات یہ ہے کہ تمام اہل حرمؑ پر یہ الزام عائد کیا گیا ہے کہ انہوں نے حسینؑ کی جوان بیٹی کو بے پردہ رکھنا اور خود برقعے و چادریں لینا منظور کر لیا ہے۔ چوتھی قابل ملامت بات یہ ہے کہ اہل حرمؑ کی کسی کنیز نے بھی اپنا برقعہ یا چادر حضرت سکینہؑ کو دے کر امامؑ پر احسان نہ کیا۔ پانچویں مردود بات یہ ہے کہ سکینہؑ کے رونے پر اہل حرمؑ کو خاموش دکھایا جو غیر فطری اور مزاج اہلبیت علیھم السلام کے خلاف ہے۔ بہر حال روایت میں بین کرنے والی خاتون واقعی جوان العمر اور نہایت قابل خاتونؑ ہے اور وہ بھی امام حسین علیہ السلام کی بیٹیؑ ہے۔

(ہ)۔ بین کرنے والی شہزادی کا نام جناب فاطمۃؑ الاوسط عرف زینبؑ تھا

مومنین یاد رکھیں کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی چار بیٹیاں اور چھ بیٹے ہیں۔ عروسی جناب فاطمہ کبریٰ علیھا السلام کی ذیل میں ہم نے اس کو باقاعدہ بیان کیا ہے۔ یہاں یہ سمجھ لیں کہ امام حسین علیہ السلام کے تمام بیٹوں کا نام علی، علی، علی، علی اور علی علیھم السلام تھا۔ تمام بیٹیوں کا نام فاطمہؑ، فاطمہؑ، فاطمہؑ اور فاطمہؑ تھا۔ اُن کو شناخت کرنے کے لئے اُن کے ساتھ بزرگی اور خُردی ظاہر کرنے والے الفاظ مستقلاً استعمال ہوتے تھے مثلاً:۔

1۔ حضرت علیؑ الاعلیٰ۔ عرف زین العابدینؑ۔ سجادؑ

2۔ حضرت علیؑ الاکبر۔مومنین کا مشہور و محبوب جوانؑ شہید کربلا

3۔ حضرت علیؑ الاوسط۔عرف محمدؑ کم سن شہید کربلا

4۔ حضرت علیؑ الثالث۔عرف جعفر کم سن شہید کربلا

5۔ حضرت علیؑ الرابع۔عرف الحسنؑ کم سن شہید کربلا

6۔ حضرت علیؑ الاصغر۔عرف عبداللہ شیر خوار شہید کربلا

....

1۔ حضرت فاطمہؑ الکبریٰ۔عرف زبیدہ زوجہ قاسمؑ بن امام حسن علیہ السلام

2۔ حضرت فاطمہؑ الاوسط۔عرف زینبؑ (جن کو اکثر سکینہؑ سمجھا گیا ہے)

3۔ حضرت فاطمہؑ الصغریٰ۔عرف صغریٰ (جن کو مدینہ میں رکھا گیا تھا)

4۔ حضرت فاطمہؑ السکینۃ۔عرف سکینہؑ (متوفیہ زندانِ شام)

سرکاری علمانے کہیں تو فاطمہؑ الکبریٰ کو غائب کرنا چاہا ہے۔تاکہ عروسی جناب قاسمؑ بن امام حسنؑ کے انکار کو استحکام دیا جا سکے۔اور کہیں کہیں اُن علمانے حضرت فاطمہؑ صغریٰ کو غائب کرنے اور مدینہ چھوڑنے کا انکار کرنے کیلئے فاطمہؑ عرف زینبؑ کو آگے بڑھایا۔ایسے ناپاک وباطل مقاصد کیلئے یہ لوگ ناموں میں اور اولاد کی تعداد میں گڑ بڑ کرتے چلے آئے ہیں۔یعنی اِن میں بعض ملاعین نے تو یہاں تک لکھ دیا کہ امام حسین علیہ السلام کی صرف اور صرف دو ہی بیٹیاں تھیں اور صرف تین بیٹے تھے۔لہٰذا اُنکی پگڑی اور عمامہ کی لمبائی اور پیچوں میں اُلجھ کر اور اُنکی خود پیدا کردہ شہرت سے متاثر ہو کر انہیں بڑا عالم سمجھ کر چند نیم حکیم قسم کے علمانے اُنکی تائید میں اُنکے تصورات کو بلاشک وشبہ اور بلاتنقید نقل کرلیا اور یوں اس قسم کی بکواس شیعہ کتابوں میں بھی ملنے لگی۔

(و)۔ پیچھے پلٹ کر آپ بھی ناموں کی اصلاح فرمالیں

ہم نے اپنے عنوان 51/5:''یزید کے دربار میں تیسری اجتماعی پیشی؛ یزید کے محل میں ماتم؛ یزید کی ندامت'' میں روایت کو بلا اصلاح لکھ دیا تھا۔تاکہ مناسب وقت پر سرکاری علما کی پوزیشن واضح کر کے سب کو اصلاح کا حق دیا جائے۔اُس روایت میں حضرت سکینہؑ اور حضرت فاطمہ علیہما السلام کو پنجوں کے بل بلند ہو ہو کر سر مبارک کو دیکھنے کی کوشش کرتے ہوئے دکھایا ہے۔ظاہر ہے کہ تین سال کی بچی کا پنجوں کے بل بلند ہونا اُسکی لمبائی اور اونچائی کو اتنا بلند نہ کر سکے گا کہ تین سال کی بچی اس چیز کو دیکھ سکے جو ایک جوان العمر (فاطمہؑ) لڑکی پنجوں پر بلند ہو کر دیکھنا چاہتی تھی۔یعنی جو چیز ایک نوجوان لڑکی کو سیدھا کھڑا ہونے سے نظر نہیں آتی بلکہ اُسے اور اونچا ہونا پڑتا ہے۔وہ تین سال کی بچی کو کیسے نظر آسکتی ہے جس کا قد دو اڑھائی فٹ کے قریب ہو؟ لہٰذا وہاں دونوں بہنیں بڑی والی ہیں اور سکینہؑ نہیں بلکہ فاطمہؑ الاوسط ہیں جنہیں زینبؑ کہا جاتا تھا۔اِسی طرح اُس روایت میں جہاں سہل بن سعد کو سرؑ مقدس کو خواتین سے دُور بھجوانے کیلئے کہا گیا وہاں بھی سکینہؑ نہیں بلکہ وہی زینب علیہا السلام ہیں (ہمارا عنوان 50/7:''سہل بن سعد نے کئی مرتبہ اہل حرمؑ کو ہجوم کی نظروں سے بچانے میں

مدد کی'')۔روایت میں اُن دونوں بہنوں کی کوشش ثابت کرتی ہے کہ دونوں کے قد وقامت میں دوتین انچ کی لمبائی کا فرق ہوگا نہ کہ اڑھائی اور پانچ فٹ کا فرق۔ پنجوں پر بلند ہونے سے اڑھائی فٹ لمبائی نہیں بڑھ سکتی۔ پھرایک تین سال کی بچی کو نہ تو ایسے ہنگامہ میں بولنے کی جرأت ہوگی نہ سہل بن سعد کسی اطمینان بخش جواب کی امید کر سکتے تھے۔اور نہ ہی تین سال کی بچی اونٹ پر تنہا بٹھائی جاسکتی تھی۔ لازم تھا کہ وہ کسی بزرگ خاتون کی گود میں ہو۔ پھر وہ بچی یہ نہ سمجھ سکتی تھی کہ غیر مردوں کے ہجوم کو اہل حرمؑ سے دُور رکھنے کی ترکیب یہ ہے کہ سرامامؑ کو دُور بھجوادیا جائے۔ اسکے بعد اُس روایت میں بھی نام بدل دیں جہاں یزید کے محل میں یزید کی بہن، ام کلثوم علیھا السلام پر اور یزید کی زوجہ، حضرت شہرؑ بانو پر اور یزید کی بیٹی حضرت سکینہؑ پر طعن وطنز کرتی ہوئی دکھائی گئی ہیں۔ وہاں بھی تین سال کی بچی وہ جوابات دینا تو دُور کی بات ہے اُن جوابات کا مطلب بھی نہیں سمجھ سکتی۔خصوصاً تین سال کی بچی کے منہ سے یہ جملہ نکل ہی نہیں سکتا کہ:۔

''وَاُمُّکِ الْمُعْتَکِفَةُ لِعَبْدِهَا فَعَلَیْکِ وَعَلَیْهَا لَعْنَةُ اللّٰه۔''

''اللہ تجھ پر اور تیری ماں پر لعنت کرے تیری ماں ایک غلام کے ساتھ .... اعتکاف میں مصروف ہے۔''

(دیکھیں عنوان:''حرم یزید لعین میں رسولؐ زادیوںؑ کی پہلی پیشی اور ایک نئی شھادت'') یہ ہیں وہ سیاسی دانشوران حکومت جو عبا قبا اور عمامہ پہن کر ادھر آئے اور شیعہ نام سے کتابیں لکھیں اور کوشش کی کہ مومنین کو غلط راہوں پر لے جائیں۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ شیعہ عوام قطعاً اُن کی کوششوں سے متاثر نہیں ہوئے البتہ چند علما ضرور بہک گئے۔ثبوت یہ ہے کہ سو فیصد عوام مانتے ہیں کہ:۔

1: حضرت فاطمہ صغریٰ علیھا السلام کو مدینہ میں چھوڑا گیا تھا اور ان کا خط کربلا میں پہنچا تھا۔

2: حضرت فاطمہ کبریٰ علیھا السلام کی شادی جناب قاسم علیہ السلام سے کربلا میں ہوئی۔

3: حضرت فاطمہ السکینۃؑ نے زندانِ شام میں وفات پائی۔اور یہ سب عزاداری میں عملاً شامل رہتا ہے۔

اس تنقید وتفصیل کے بعد یہ بات خود بخود سمجھ میں آجائے گی کہ وہ خواب بھی تین سال عمر کی بچی سکینہؑ نے نہیں دیکھا تھا نہ یزید سے بیان کیا تھا۔ جسے تمام علما نے متفقہ طور پر حضرت سکینہؑ سے منسوب کیا اور جس میں آسمان کے دروازے کھلنا، ملائکہ اور تمام انبیا علیھم السلام کا نزول فرمانا، حضرت فاطمہؑ اور ازواج انبیاؑ کا نزول اور عزائے امام مظلوم برپا کرنا دکھایا گیا ہے۔اور بہت سی ایسی باتیں اور واقعات ہیں جن کا تصور اُس سِن وسال میں ناممکن ہے۔ وہ خواب بھی جناب فاطمۃؑ الاوسط عرف زینب علیھا السلام نے دیکھا اور سنایا تھا۔اور وہ خواب جناب سکینہ علیھا السلام کے انتقال کے کئی ماہ بعد دیکھا گیا تھا۔مگر حضرت سکینہؑ کو رہائی کے وقت زندہ دکھانے کی ناہنجار غرض سے زینبؑ کی جگہ سکینہؑ سے منسوب کر دیا گیا۔خدا دروغ بافوں پر لعنت کرتا رہے آمین۔

(ز)۔ وہ خواب جو جناب زینبؑ یا ام کلثومؑ نے دیکھا اور سکینہؑ سے منسوب کیا گیا

یہاں یہ ضروری ہے کہ وہ خواب بھی مومنین کے سامنے آجائے جو ہمارے علما نے تین سال کی بچی حضرت سکینہؑ کے نام سے برابر لکھا اور لکھتے چلے آئے اور قدیم وجدید تمام کتابوں میں سکینہؑ کا خواب مشہور ہے۔ چنانچہ ہم اس خواب کی عربی عبارت کے ساتھ ساتھ علامہ محمد باقر مجلسیؒ کی کتاب بحار الانوار کا جزائری ترجمہ بھی لکھیں گے۔اور مومنین یہ فیصلہ کریں گے کہ اُس خواب میں خواب دیکھنے

والی ایک تین سال کی بچی ہونا چاہئے یا ایک نہایت عاقلہ بالغہ اور عالمہ عورت ہونا چاہئے؟ یہ حقیقت ذہن میں رکھئے کہ کسی آدمی کو کوئی ایسی چیز یا حال یا واقعہ خواب میں ہرگز نہیں آسکتا جب تک اُس چیز، اُس حالت یا اُس واقعہ کا تصور پہلے سے ذہن میں نہ ہو۔ مومنین خواب سنیں۔ وفی بعض الروایات المعتبرۃ اَنّ سکینۃً بنت الحسینؑ قالَتْ یایزید رَاَیْتُ البارحۃ رویا اِنْ سمعتھا مِنّی قصصتُھا علیکَ؟ فقال یزید ھا تی ما رَاَیْتِ ۔قالت بینما انا ساھرۃ وقد کَلَلْتُ مِنَ البکآء بعد اَنْ صَلَّیْتُ ودعوتُ اللّٰہ بدعوات فلما رَقَدَتْ عینی رَاَیْتُ ابواب السمآء قد تفتحت واذا انا بنور ساطع مِنَ السمآءِ اِلَی الارض واذًا انا بوصآئِف مِنَ الوصائف الجنّۃ واذا انا بروضۃ الخضرآء فی تلک الروضۃ قصر واذا انا بخمس مشائخ یدخلون الٰی ذلک القصر وعند ھم وصیف فقلتُ یا وصیف اخبرنی لمن ھذا القصر؟ فقال ھذا لِاَبِیْکِ الحسینؑ اعطاہ اللّٰہ تعالٰی ثوابًا بالصبرہ فقلتُ ومَن ھذہ المشائخ؟ فقال اَمَّاالْاُولٰی فآدمؑ ابوالبشر واما الثانی فنوحؑ واَمَّاالثالث فابراھیمؑ خلیل اللّٰہ واماالرابع فموسٰیؑ کلیم اللّٰہ۔ فقلت لہ ومِن الخامس الّذی اَرَاہ قابضًا علٰی لحیّتہ باکیًا حزینًا مِن بینھم؟ فقال یا سکینۃً اَمَا تعرفنیہ؟ فقلت لا ۔فقال ھٰذاجدّک رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ ۔ فقلت لہ اِلٰی این یرید ون؟ فقال اِلٰی ابیکِ الحسینؑ فقلت واللّٰہ لالحقن جدّی واخبرہ بماجری علینا فسبقنی ولم الحقہ ۔فبینما انامتفکرۃ واذا بجدّی علیؑ بن ابی طالبؑ وبیدہ سیف وھوواقف فَنَادَیْتُہُ یاجدّاہُ قتل واللّٰہ اِبْنُکَ مِن بعدک فبکی و ضمّنی الٰی صدرہ وقال یابنیّۃِ صبرًا وباللّٰہ المستعان ثُمَّ اِنَّہُ مَضَی ولم اعلم الٰی این فبقیتُ متعجبۃ کیف لم اعلم بہ فبینما اناکذ لک اذا بباب قد فتح من السمآء واذًا بالملا ئکۃ یصعد ون وینزلون علٰی راسِ ابی قال فَلَمَّا سمع یزید ذلک لطم علٰی وجھہ فبکی فقال مالِی و لقتل الحسینؑ ۔ وفی روایۃ اُخرٰی اَنَّ سکینۃً قالت ثمّ اقبل عَلِیَّ رجل درّی اللّون قمری الوجہ حزین القلب فقلتُ للوصیف مَنْ ھذا فقال جدّکِ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ فد نوتُ وقلتُ لہ یاجدّاہ قتلت واللّٰہ رجالنا وسفکت واللّٰہ دمآئنا وھتکت واللّٰہِ حریمنا وحملنا عَلَی الاقتاب مِن غیر وطآء نساق الٰی یزید فاخذنی الیہ وضمّنی الٰی صدرہ ثُمَّ اقبل الٰی آدمؑ ونوحؑ وابراھیمؑ وموسٰیؑ وعیسٰیؑ ثمّ قال لھم اَمَاترون الٰی ماصنعت امتی بولدی مِن بعدی؟ ثمّ قال الوصیف یاسکینۃً اخفضی صوتکِ فقدابکیتِ رسول صلی اللّٰہ علیہ وآلہ ثم اخذ الوصیف بیدی وادخلنی القصر فاذا بخمس نسو ۃ قد عظّم اللّٰہ تعالٰی خلقھن وزاد فی نورھن وبینھن امراۃ عظیمۃ الخلقۃ ناشرۃ شعرھا وعلیھا ثیاب سود وبید ھا قمیص مضمخ بالد م واذا قامت یقمن معھا واذا جلست یجلسن معھا ۔ فقلتُ للوصیفِ مَن ھؤ لاء النسو ۃ الّتی قدعظّم اللّٰہ خلقھن فقال یا سکینۃً ھذہ حوّاً اُمّ البشر وھٰذہ مریمؑ بنت عمران وھذہ خدیجۃً بنت خویلد وھذہ ھاجرؑ وھذہ سارۃً وھذہ الّتِی بید ھا قمیص مضمخ بالد م واذا قامت یقمن معھا واذا جلست یجلسن معھا ھِیَ جدّتکِ فاطمۃً الزھرآء فد نوت منھا وقلت لھا یاجد تا ھا واللّٰہ قُتِلَ ابی وایتمتُ علٰی صغر سِنی فضمّنی الٰی صد رھا وبکت شدیدًا وبکین النسو ۃ کُلّھنّ وقلن لھایا فاطمۃً یحکم اللّٰہ بینکِ وبین یزید یوم الفصل ثم انّ یزید ترکھا ولم یعبا بقولھا۔'' (اکسیرالعبادات۔صفحہ 535 تا 536)۔ علامہ جزائری ترجمہ شروع فرماتے ہیں کہ:۔

''منقول ہے کہ سکینہؑ دختر امام حسین علیہ السلام نے یزید سے کہا کہ میں نے رات کو ایک خواب دیکھا ہے اگر تو سُنے تو بیان کروں۔ کہا بیان کر۔ سکینہؑ نے کہا کہ شب کو بعد فراغ نماز میں نے دعائیں پڑھیں اور بہت روئی اور خستہ ہوگئی۔ ذرا آنکھ لگی کہ میں نے دیکھا کہ گویا آسمان کے دروازے کھل گئے ہیں۔ اور ایک نور آسمان سے زمین پر پہنچا ہے۔ اور حوران جنت اُتری ہیں۔ اور ایک باغ خرم

وتروتازہ وہاں ہے۔اُس کے درمیان ایک قصر (محل) ہے۔پھر میں نے دیکھا کہ پانچ بزرگوار اس مکان میں داخل ہوئے ہیں۔اُن کے ساتھ ایک خادم ہے۔میں نے پوچھا یہ قصر کس کا ہے؟ اُس نے کہا کہ تیرے باپ حسینؑ کا۔حق تعالیٰ نے اُن کو اُن کے صبر کے عوض میں بے شمار درجات عطا فرمائے ہیں۔میں نے کہا یہ بزرگوار کون ہیں۔کہا اوّل آدمؑ صفی اللہ دوسرے نوحؑ نبی اللہ تیسرے ابراہیمؑ خلیل اللہ چوتھے موسیٰؑ کلیم اللہ۔میں نے پوچھا پانچویں بزرگ کون ہیں۔جو اپنے محاسن ہاتھ میں لئے ہوئے غمگین ومحزون ہیں۔اور گریہ ونالہ کرتے ہیں۔کہا اے سکینہؑ تم اُن کو نہیں جانتی ہو؟ میں نے کہا نہیں۔کہا یہ تمہارے جد (دادا) رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ ہیں۔میں نے کہا یہ سب بزرگوار کہاں جاتے ہیں؟ کہا تمہارے باپ حسینؑ کے پاس جاتے ہیں۔میں نے دل میں کہا کہ جدّ عالی کے پاس جا کر اپنا حال احوال بیان کروں گی۔پس وہ حضرت آگے چلے گئے اور میں نہ پہنچ سکی۔اور متفکر ہوئی۔اسی اثناء میں اپنے جد علیؑ ابن ابی طالبؑ کو میں نے دیکھا کہ ہاتھ میں تلوار لئے ہوئے کھڑے ہیں۔میں نے فریاد کی کہ یاجدّاہ میرے باپؑ آپؑ کے بعد قتل کر ڈالے گئے۔پس حضرت بہت روئے اور مجھ کو سینہ سے لگایا اور کہا اے بیٹی صبر شکیبائی (برداشت) اختیار کر اور مدد واعانت جناب احدیت کی جانب سے ہے۔پھر تشریف لے گئے اور میں نہ جانتی تھی کہ کہاں جاتے ہیں؟ پس میں متعجب کھڑی رہی۔ناگاہ آسمان کے دروازے کھلے اور میں نے دیکھا کہ فرشتے میرے باپ کے سرانور پر اُتر رہے ہیں۔اور اوپر جا رہے ہیں۔راوی کہتا ہے۔یزید پلید نے جب یہ جگر سوز خواب سُنا تو اپنے منہ پر طمانچے مارنے لگا۔ظالم کہتا تھا میں نے حسینؑ کو کیوں قتل کیا۔اور ایک روایت میں یوں وارد ہے کہ سکینہؑ نے کہا بعدہ میرے سامنے ایک بزرگوار آئے جن کا چہرہ چودہویں کے چاند کی طرح چمک رہا تھا۔میں نے خادم سے پوچھا یہ کون ہیں؟ کہا تمہارے جدّ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ ہیں۔میں نے حضرت کے قریب جا کر عرض کیا کہ یاجدّاہ قسم بخدا کہ ہمارے مردوں کو قتل کیا گیا اور ہمارے خون بہائے گئے اور ہماری حرمت (عزت) ضائع کی گئی۔اور شتران بے کجاوہ پر ہم کو سوار کیا گیا اور یزید کے پاس لے گئے۔پس حضرتؐ نے مجھے اُٹھا کر سینے سے لگایا اور آدمؑ ونوحؑ وابراہیمؑ وموسیٰؑ وعیسیٰؑ کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا دیکھتے ہو کہ میری امت نے میرے فرزند کے ساتھ میرے بعد کیا سلوک کیا۔بعد ازاں اس خادم نے کہا اے سکینہؑ فریاد وفغان کم کر کہ تو نے رسولؐ اللہ کو رلایا۔پھر خادم میرا ہاتھ پکڑ کر قصر میں لے گیا۔وہاں میں نے پانچ بیبیاں باوقار وحشمت دیکھیں جن کے چہروں سے نور ساطع تھا۔اُن کے درمیان ایک خاتون بزرگ صاحب شکوہ وتجمل بال پریشان کئے سیاہ کپڑے پہنے تھیں۔اُن کے ہاتھ میں ایک خون بھرا کرتہ تھا۔جس وقت وہ بی بی کھڑی ہوتی تھیں۔سب بیبیاں کھڑی ہو جاتی تھیں۔میں نے خادم سے پوچھا کہ یہ بیبیاں کون ہیں؟ اس نے کہا اے سکینہؑ یہ حوّاؑ ام البشر ہیں۔اور یہ مریمؑ دختر عمران ہیں اور یہ خدیجہؑ دختر خویلد ہیں اور یہ ھاجرہؑ اور یہ سارہؑ ہیں۔اور وہ جو کرتہ خون آلود ہاتھ میں لئے ہیں جن کے بیٹھنے سے سب بیبیاں بیٹھ جاتی ہیں۔اور کھڑے ہونے سے سب کھڑی ہو جاتی ہیں۔وہ تمہاری دادی فاطمہؑ زہرا سیدہ عالم ہیں۔پس میں اُن کے نزدیک گئی اور کہا اے دادی بخدا میرے بابا قتل ہوئے اور میں اس کم سنی میں یتیم ہو گئی۔پس اُنہوں نے مجھے چھاتی سے لگایا اور دھاڑیں مار مار کر روئیں۔اور سب عورتیں روئیں۔اور سب نے کہا اے فاطمہؑ حق تعالیٰ تمہارے اور یزید کے درمیان بَروزِ جزا حکم کرے گا۔لکھا ہے یزید نے اس خواب کی کچھ اعتنا نہ کی۔" (ترجمہ بحار۔حصہ دوم صفحہ 80 تا 82)

(ح)۔ خواب دیکھنے والی خاتون عہد مرتضویؑ میں کم از کم تین چار سال کی ہونا لازم ہے

اس خواب پر کسی خاص تنقید اور چھان پھٹک کی ضرورت نہیں ہے۔ اس کے اندر جہاں بہت سی ایسی باتیں ہیں جن کا ایک تین سال کی بچی سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ مثلاً نمازِ شب بجالانا اور نماز کے بعد تعقیبات یعنی دعائیں اور مناجاتیں پڑھنا اور تنہا مصلّے پر رہنا وغیرہ۔ اِن کے علاوہ اُن کا حضرت علی علیہ السلام کو دیکھتے ہی بلا کسی سے دریافت کئے پہچان لینا۔ سب سے بڑی دلیل ہے کہ وہ خاتون حضرت علی علیہ السلام کے سامنے پیدا ہوئی ہو اور کافی عرصے تک حضورؑ کو دیکھتی رہی ہو۔ اور حضرتؑ کی شہادت (40 ہجری) کے وقت کم از کم تین سال کی ہو۔ بہر حال حضرت سکینہؑ کا نام اہلِ غرض اور موقعہ شناسوں نے گھسا دیا ہے۔ مگر اُن کو چاہئے تھا کہ حضرتؑ کو دیکھتے ہی پہچاننے والا جملہ بھی نکال دیتے تو شاید کچھ بات بن جاتی۔ فی الحال یہ روایت اور یہ خواب حضرت زینبؑ وام کلثومؑ و ازواج امام حسین علیہم السلام کے علاوہ کسی اور عورت سے منسوب نہیں کیا جاسکتا۔ رہ گئیں حضرت سکینہ علیہا السلام اُن کی عمر اور حالت کا تقاضہ تو یہ تھا کہ وہ رات کو اپنی پھوپھی یا کسی اور بزرگ خاتون کی گود یا آغوش میں ہوں۔ اور جب بزرگ خواتین نمازِ شب کے لئے اُٹھیں تو بڑی احتیاط کے ساتھ بی بی سکینہؑ سے جُدا ہوں تاکہ بچی گھبرا کر بیدار نہ ہو جائے۔ اس کم سنی میں یہ تو ہوتا ہے کہ دن کی نمازوں میں بچہ یا بچی بھی بزرگوں کی مدد سے وضو کر کے اُسی مصلّے پر آئیں اور ساتھ ساتھ نماز کی نقل بھی کرتے رہیں اِدھر اُدھر بھی دیکھتے رہیں۔ اور باتیں اور سوالات بھی کرتے جائیں اور سجدہ میں جانے کے بجائے اپنے بزرگ کی پشت پر سوار ہو جائیں اور گلے میں بانہیں ڈال کر گرفت مضبوط کرلیں اور بات یہاں تک بڑھے کہ جبرائیلؑ نازل ہوں اور بچہؑ کی طرفداری کی جائے۔ یہ بچے تو خود مجسم نماز ہوتے تھے اور اُن کی دیکھ بھال کرنا اُن کی ضِد پوری کرنا اور اُن کی خوشی اور رضامندی حاصل کرنا نماز سے کہیں بڑی عبادت تھی۔ اُن بچوں کی ہر نقل و حرکت اٹھنا بیٹھنا کھیلنا اور ہنسنا اور رونا خود عبادت تھی۔ یہ ایک مجتہدانہ حماقت ہے کہ تین سال کی مجسم نماز بچی کو خلافِ قوانین شریعت وفطرت نمازِ شب اور تعقیبات میں لگا دے۔ اس خواب میں کئی ایک ایسے الفاظ ہیں کہ جن کا مفہوم و معنی مجتہد حضرات آج تک خود نہیں سمجھتے۔ مثلاً لفظ نور کے متعلق جو کچھ مجتہدین نے کہا ہے۔ اُسے اگر ایک جگہ جمع کرلیا جائے تو ایسا معلوم ہوگا کہ چنڈو خانے میں چند افیمی نشہ میں بکواس کر رہے ہیں۔ مثلاً اگر سمندر میں آگ لگ جائے تو مچھلیاں کیا کریں گی؟ ارے مقلّد حضرات وہ سب درختوں پر چڑھ جائیں گی۔ مچھلیاں کوئی گائے بھینس تو نہیں ہوتیں کہ وہ سمندر میں آگ لگنے کے بعد درختوں پر چڑھ جائیں؟

مومنین یہ سمجھ لیں کہ حضرت سکینہ علیہا السلام کے رونے اور اہلِ حرمؑ میں کہرام بپا ہو جانے کے بعد نہ صرف پبلک میں ہیجان پیدا ہوا اور لوگ چاروں طرف سے دوڑے چلے آئے اور اس نئے زندان کو چاروں طرف سے گھیر لیا۔ بلکہ قصرِ یزید میں بھی ایک خاموش وخطرناک ہنگامہ تھا۔ جیل کے قیدیوں میں بے چینی پھیل گئی تھی۔ اگر کربلا سے آنے والی افواج اور سرداران لشکر گوش برآواز نہ ہوتے اور فوراً گلی کوچوں میں نہ پھیل جاتے تو آج زندان شام منہدم کر دیا جاتا، تمام نئے پرانے قیدی آزاد کرالئے گئے ہوتے۔ اور ایک ہمہ گیر انقلاب آج ہی اُٹھ کھڑا ہوتا۔ مگر افواج کی اور خصوصاً اُن افواج کی قوت قاہرہ پبلک کی راہ میں حائل تھی جو خود یزید کے جرم کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی مجرم تھیں۔ سرداران فوج جانتے تھے کہ اگر انقلاب آیا تو سب سے پہلے اُن کا تکہ بوٹی اڑا دیا جائے گا۔ اور اُن پر کسی طرح

رحم نہ کیا جائے گا۔اس لئے وہ دس گیارہ ماہ سے دن رات شہر کی ناکہ بندی کئے پڑے تھے۔اور یزید کی سول انتظامیہ کے ساتھ مل کر ہر آواز کو بلند ہونے سے پہلے ہی دبا رہے تھے۔ پبلک کو ٹھنڈا رکھنے کے لئے طرح طرح کے عنوانات اور بہانوں سے روپیہ پانی کی طرح بہایا جارہا تھا۔مگر لوگوں کے چہروں اور حرکات وسکنات سے نفرت کے شعلے نکلتے ہوئے دیکھ رہے تھے۔اور یہ سب حالات واحساسات یزید کے کانوں تک پہنچ کر اُسے دیوانہ کردینے میں مصروف تھے۔ بہرحال ننھی بچی دفن کردی گئی۔اور دمشق میں ایک بے آواز ماتم اِدھر سے اُدھر تک پھیلتا چلا گیا۔ملآ ءاعلیٰ سے لے کر فضائے دنیا تک سوزِ غم کی امواج کا تلاطم برپا تھا۔ملائکہ، جنات اور عالمِ ارواح میں صف ماتم بچھی ہوئی تھی۔اور ہر زبان پر اُس ننھی بچی کا اُس باپ کی پیاری بیٹی کا نام تھا۔حضرت سکینہؑ کے بے زبان احساسات کو ہر زبان اپنے الفاظ میں بیان کررہی تھی۔ ہر طرف بین اور نوحہ خوانی ہورہی تھی۔دمشق میں بغاوت منع تھی۔لیکن ماتم اور نوحہ ابھی جرم نہ تھا۔ماتم تو خود یزید کے محل میں بھی پہنچ چکا تھا۔وہ مسلمان یزید سے بدتر لوگ ہیں جو ماتم ،جلوس ماتم یا عزاداری کو روکنا چاہتے ہیں۔ یزید نے جس دل سے بھی سہی ،اپنی زوجہ سے کہا تھا کہ:۔'' فَاَعْوِلِیْ عَلَیْہِ یَاھِنْد وَ ابْکِیْ عَلٰی ابن بنت رسولؐ اللّٰہ .....''

''اے ہند تم رسولؐ اللہ کی بیٹیؑ کے فرزند کے ماتم اور عزاداری میں جی کھول کے غم مناؤ آہ وفریاد کرو۔خدا ابن زیاد کو تباہ کرے اُس نے قتل حسینؑ میں عجلت سے کام لیا۔'' (اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔صفحہ 540)

(2)۔ **یزید کی قوت جواب دے رہی ہے؛حکومت واقتدار کی بُنیا دہل رہی ہے، ہند سے سُنئے**

آج اسیران اہل حرمؑ کو دمشق میں آئے ہوئے نو دس ماہ گزر چکے ہیں۔ دارالموت سے رہائی کے بعد زندان شام میں رہتے ہوئے بھی تین ماہ کے قریب ہوچکے ہیں۔ یزید کی ہر پالیسی اور ہر تشدد وظلم وستم پلٹ کر یزید کے خلاف حملہ آور ہوچکا ہے۔اور اسے اِس دوران بار بار یہ ماننا پڑا ہے کہ اُسے اور اُس کے بزرگوں کے پچاس سالہ نظامِ حکومت کو حسینؑ کے سامنے شکست فاش ہوئی ہے۔اور وہ تباہی کے دہانہ پر لاکر کھڑا کردیا گیا ہے۔اُس کے شب وروز کیسے گزرتے ہیں؟ اُس کا صحیح پتہ اُس کے خلوت نشینوں یا ازواج ہی سے معلوم ہوسکتا ہے۔سُنئے اُس کی سب سے پیاری ملکہ کی زبانی کل رات کی بات سُنئے :۔

وفی البحار الانوار ونقل عن ھند زوجة یزید قالت کنت اخذت مضجعی فَرَایتُ بَابًا مِن السمآء قد فتحت والملا ئکة ینـزلـون کَتَآ ئِب کتآئِب اِلٰی رَاسِ الحسینؑ وھم یقولون السلام علیک یَا ابَا عَبْدِاللّٰہِ السلام علیک یَابْنَ رسولؐ اللّٰہ ۔ فبینما اَنَّا کـذ لک اذا نظرتُ اِلٰی سحابة قدنزلت من السمآء وفیھا رجال کثیرون وفیھم رجل دریّ اللَّوْن قمری الوجہ فاقبل حتّٰی انکبّ علٰی ثنایا الحسینؑ یقبّلھما وھویقول یاولدی قتلوک وھُم ما عرفوک ومِن شرب المآء منعوک یاولدی اَنَا جدّک رسولؐ اللّٰہ وَھذا ابوک علیؑ المرتضٰی وھذ ااخوک الحسنؑ وھٰذا عمّک جعفرؑ وھذا عقیلؑ وھذا حمزؑة.. ۔ ثم جعل لِعدّداھلؑ بیتہ واحدًا بعد واحدٍ ۔ قالت ھند فانتبھتُ مِن نومی فزعة مرعوبة فاذا بنـورقـد انتشر علٰی راس الحسینؑ فجعلتُ اطلبُ یزید فاذا ھو قد دخل اِلٰی بیت مُظلمٍ وقددار وجھہ اِلَی الحائط وھویقول مَالِیْ ولِقتل الحسینؑ وقد وقعت علیہ الھموم فَقَصَصْتُ علیہ المنام وھو منکسّ الراس ۔ قـال فـلـمـا اصبح استدعی بحرم رسولؐ اللّٰہ فقال لَھُنّ اَیُّمَا احبّ اِلیکُنَّ المقام عندی اَوِالرَّجوع اِلَی المد ینة ؟

(اکسیر العبادات۔صفحہ 541)

علامہ مجلسی نے بھی بحارالانوار میں یزید کی زوجہ ہند کی زبانی لکھا ہے۔ وہ کہتی تھی کہ میں اپنے سونے کے کمرے میں پلنگ پر جا چکی تھی کہ کیا دیکھتی ہوں کہ آسمان کا دروازہ کھلا ہوا ہے اور ملائکہ غول درغول اُتر رہے ہیں اور امام حسینؑ کے سر کے پاس آ کر یوں سلام کر رہے ہیں کہ سلام ہو تم پر اے علیؑ اصغر کے بابا اور سلام ہو تم پر اے رسولؐ خدا کے بیٹے۔ میں یہ سلام دیکھنے میں مصروف تھی کہ اِتنے میں آسمان سے ایک بادل ایسی چیز زمین پر اُتر آئی اور اُس کے اندر بہت سے لوگ تھے۔ اور اُن میں سے ایک شخص تو ازسرتاپا نور مجسم اور چاند ایسے چہرہ والا تھا۔ چنانچہ یہ شخص آگے بڑھا جھکا اور حسینؑ کے دانتوں پر بوسہ دیا اور کہا کہ اے بیٹے اِن لوگوں نے تمہیں اور تمہارے حق کو نہ مانا اور تمہیں قتل کر دیا۔ یہی نہیں بلکہ تم پر پانی بھی بند رکھا گیا۔ سنو بیٹے میں تمہارا نانا ہوں معذرت اور تمہیں خوش کرنے آیا ہوں اور دیکھو میرے ساتھ یہ تمہارے والد علیؑ بھی موجود ہیں۔ یہ دیکھو حسنؑ تمہارے بھائی بھی آئے ہیں۔ یہ تمہارے چچا جعفرؑ اور یہ عقیلؑ اور یہ حمزہؑ بھی آئے ہیں۔ پھر اپنے اہلبیتؑ میں سے ہر ایک کا نام بتاتے رہے۔ ہند کہتی ہے کہ نیند سے ہوشیار ہوئی تو رعب کے مارے بہت بے چین تھی کہ اتنے میں امام حسینؑ کے سر پر ایک نُور چھا گیا۔ میں نے ایسے خوفناک عالم میں یہ چاہا کہ یزید یہاں ہوتا تو ٹھیک ہوتا۔ میں نے یزید کو تلاش کرنا شروع کیا تو دیکھا کہ وہ ایک اندھیرے کمرہ میں دیوار کی طرف منہ کئے بیٹھا ہے اور کہہ رہا ہے کہ بھلا مجھے قتل حسینؑ سے کیا ملا؟ اور اُس کے اوپر رنج وخوف وتاسف کا ہجوم تھا۔ اِسی حالت میں میں نے اسے اپنا خواب سنایا اور وہ سنتا رہا اور سر جھکائے بیٹھا رہا۔ راوی کہتا ہے کہ جب یزید نے صبح کی تو حرم رسولؐ کو بلوایا۔ اور اُن سے کہا کہ تم یہاں میرے پاس رہنے اور مدینہ جانے میں سے جو بات پسند کرو بتا دینا میں تمہاری مرضی کے مطابق عمل کروں گا۔'' (ترجمہ جزائری بحار حصہ دوم صفحہ 82 تا 83)

مومنین دیکھیں کہ امام حسین علیہ السلام اور اُن کے انصار علیہم السلام نے اپنی قربانی سے جو سامان پیش کیا تھا اہل حرمؑ نے اُسے نہایت صبر واستقلال سے استعمال کیا۔ اور دنیا کی سب سے ظالم وجابر وبے رحم وبے غیرت وبے دین خلافت وامارت کی چولیں ہلا دیں۔ کسی کے سامنے نہ ہاتھ پھیلایا نہ خوشامد کی بلکہ یزید اور بزرگان یزید پر شدید ترین تنقید کی۔ اُس کے خاندان، اُس کے اجتہادی مذہب اور اُس کے کافرانہ عقائد کی بھرے درباروں میں، بازاروں میں، چوراہوں پر، ہر جگہ سخت مذمت کی اور آخر اپنا حق پر ہونا اور قومی حکومت کے مذہب کا باطل ہونا ثابت کر دیا۔ اور رفتہ رفتہ یزید کو سر جھکانے پر مجبور کر دیا۔ اُسے اپنی ازواج، بیٹیوں اور بہنوں کے سر کھلے دیکھنے پر مجبور ہونا پڑا۔ دربار میں اُس کی زوجہ برہنہ سر آئی۔ اُس کی مذمت کی، اُس پر لعنت بھیجی، اُس کے باپ دادا کو ملعون قرار دیا۔ ایک دن وہ قتل کراتے کراتے بھی تھک گیا۔ اب اُس کے اپنے سر پر ذوالفقار لٹکتی نظر آ رہی تھی۔ وہ خود کو اور اپنی ازواج اور بیٹیوں اور بہنوں اور بچوں کو قید میں محسوس کر رہا تھا۔ وہ اندازہ لگا رہا تھا کہ اگر انقلاب اُٹھ کھڑا ہوا تو زندوں کو جلا دیا جائے گا۔ اور اس کے باپ دادا کی ہڈیاں نکال کر جلائی جائیں گی۔

(3)۔ دوسرے قید خانہ سے رہائی لیکن دمشق کے اندر اندر نظر بندی

ملک شام میں عموماً اور شہر دمشق میں خصوصاً جو نفرت واشتعال پھیل گیا تھا اُس کو ٹھنڈا کرنے کے لئے یزید نے اسیران اہل حرمؑ کو دوسرے زندان سے بھی آزاد کرنا طے کر لیا۔ چنانچہ جب ہند نے خواب دیکھا اور گھبرا کر یزید کی تلاش کرتی ہوئی اُس اندھیرے کمرہ میں

پہنچی جہاں وہ تنہا بیٹھا ہوا اور پچھتا تا ہوا دیکھا گیا تھا۔ بات درحقیقت یہ تھی کہ اُس نے بھی اُسی رات اور اُسی دوران خواب دیکھا تھا جب اس کی زوجہ خواب میں قدرت پروردگار دیکھ رہی تھی۔ اُس خواب کے بعد غالباً یزید کو مواخذہ کے لئے اُس کمرہ میں بلایا گیا تھا جس میں ہند نے اُس کو دیکھا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مواخذہ اور باز پرس کرنے والی ہستی دیوار کے قریب جلوہ فرما تھی۔ اور یزید اُن کے سامنے جوابدہی کے لئے بیٹھا جواب دینے میں مصروف تھا کہ اوپر سے ہند اس کی زوجہ تلاش کرتی ہوئی آ نکلی اور یزید کو دیوار کی طرف منہ کئے ہوئے بیٹھا پایا۔ اگر وہ مواخذہ کرنے والی ہستیؑ کو دیکھ پاتی تو اُسے تعجب نہ ہوتا۔ اس توجیہہ کے علاوہ یزید کے اس طرح بیٹھنے کے اور کوئی معنی ومقصد نہیں ہوسکتا خصوصاً جب کہ کمرہ میں اندھیرا بھی ہو تو شدتِ انفعال وتاسف یا خوف میں جدھر چاہے منہ کر کے بیٹھے۔ اندھیرا ہے کوئی دیکھنے والا نہیں، پھر رات ہے، دنیا سو رہی ہے۔ پھر یہ تاسف یا جو کچھ بھی تھا وہ اپنے سونے کے کمرہ میں کرسکتا تھا۔ سبب وہی ہے کہ اُس ملعون کو دوسرے کمرہ میں مواخذہ کے لئے حکمیہ گھسیٹ کر پیش کیا گیا۔ اور جب ہند نے اپنا خواب سنا دیا تو سر جھکائے سنتا رہا اور صبح ہونے کا منتظر رہا۔ صبح کا حال علامہ محمد باقر سے سنئے:۔

وقال في البحار بعد ذكر قضيّة رويا هند زوجة يزيد قال الراوی فلمااصبح استدعى بحرم رسولؐ الله فقال لهن ايّما احب اليكن المقام عندی اَوالرّجوع الى المدينة ولكم الجائزة السنيّة قالوا نحبّ اوّلا نَنُوح عَلَى الحسينؑ ۔قال افعلوا مابدالكم ۔ ثُمَّ اُخْلِيَتْ لَهُنَّ الحجر والبيوت فِی دمشق ۔فلم تبق هاشمية ولا قرشية اِلَّا لبست السواد عَلَى الحسينؑ وندبوه علٰى نقل سبعة ايام بلياليها فلماكان اليوم الثامن دعاهن يزيد واعرض عليهن المقام فابَيْنَ واراد وا الرجوع الى المدينة۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 544-543)

کتاب بحارالانوار میں لکھا ہے کہ جب یزید کی زوجہ نے اپنا خواب اور پیش آمدہ حالات سنادیئے اسکے بعد راوی کہتا ہے کہ جب یزید نے مذکورہ حالت میں صبح کی تو رسولؐ اللہ کے اہلبیتؑ کی مستورات وغیرہ کو بلایا اور اُن کے سامنے دونوں صورتیں رکھ دیں۔ خواہ دمشق میں میرے ہم رتبہ لوگوں کی طرح آباد ہو جاؤ اور میں کفالت کروں یا مدینہ واپس چلے جاؤ۔ میں دونوں صورتوں میں راضی ہوں۔ اہل حرمؑ نے جواب دیا کہ ہم چاہتے ہیں کہ سب سے پہلے سید الشہدؑ اور انصاران حسینؑ اور خاندان رسولؐ کے مقتولین کیلئے مجلس نوحہ ومرثیہ قائم کریں۔ یزید نے کہا آپ جس طرح دل چاہے عزاداری حسینؑ قائم کریں اس کے بعد یزید نے دمشق میں بہت سے مکانات اور کمرے خالی کرادیئے اور اہلبیتؑ کو وہاں ٹھہرایا۔ چنانچہ دمشق میں آباد کوئی قریشی عورت اور ہاشمی عورت ایسی باقی نہ رہی جس نے سید الشہدؑ کے سوگ میں کالا لباس نہ پہنا ہو اور عزاداری میں شریک نہ رہی ہو۔ اور غم حسینؑ میں ذاکری، بین اور نوحہ ومرثیہ نہ پڑھا ہو۔ یہی صورت حال سات دن اور رات مسلسل جاری رہی، صف ماتم بچھی رہی اور غم شہدا منایا جاتا رہا۔ یہ بھی نقل کیا گیا ہے کہ آٹھویں روز یزید نے پھر اہلبیتؑ کو بلایا اور دمشق میں آباد ہونے کی درخواست کی مگر اُنہوں نے دمشق میں ٹھہرنے سے انکار کیا اور واپسی ہی کو پسند کیا۔''

(ترجمہ بحار حصہ دوم صفحہ 83 بھی)

(الف)۔ ہمیں بھی کچھ کہنا ہے

ہمیں صرف اس قدر کہنا ہے کہ وہ علما جو دمشق میں قید کے زمانہ کو پندرہ روز زیادہ سے زیادہ (اچھے علما) اور تین چار روز کم سے کم

(ناہنجار علما) مانتے ہوں اُنہوں نے جہاں انہیں کسی روایت میں رہائی کی بُو آئی فوراً اِدھر اُدھر سے کسی روایت کا ایک ٹکڑا اُٹھا کر آخری رہائی ثابت کرنے کی کوشش کرنے میں کمی نہیں کی ۔ حالانکہ یزید محض حالات کو سنوارنے کے لئے رہائی سے متعلق کچھ کہہ دیا کرتا تھا۔ چنانچہ ابتدا ہی میں اُس نے امام زین العابدین علیہ السلام سے یہ کہا تھا کہ کسی کو وصیت کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔تم خود ہی اہلِؑ حرم کو مدینہ لے کر جاؤ گے ۔ یہ جملہ اُس ملعون نے بار بار کہا۔یعنی وہ رہائی کا لالچ دیتا اور درباری لوگوں کو مطمئن ہو کر اُٹھنے اور لوگوں میں یہ پروپیگنڈا کرنے کے لئے کہتا تھا کہ بھائیو یزید وعدہ کر چکا ہے ۔لہٰذا امامؑ کو قتل کا خطرہ نہیں ہے ۔ حالانکہ وہ بات بات میں قتل کا بہانہ تلاش کرتا اور قتل کا حکم دیتا رہا۔اسی طرح وہ اہلِ حرمؑ کے لئے کہتا رہا کہ خواہ آپ مدینہ جائیں یا یہاں قیام کریں میں تیار ہوں ۔لیکن اس کے باوجود اُس نے قید رکھا اور بار بار دربار میں ،اپنے محل میں اور مسجد میں بلاتا اور توہین کرنے کی کوشش کرتا رہا۔لیکن بہکے ہوئے علما یا بہکانے والے علما ایک روایت میں ''قال'' راوی نے کہا یا ''نَقَلَ'' یہ بھی لکھا گیا ہے۔'' کہہ کر رہائی والا جملہ چپکاتے رہے۔مثلاً یزید نے ہندکا خواب سُن کر صبح کو اہلِ حرمؑ سے کہا کہ آپ لوگ یہاں رہیں یا مدینہ جائیں مجھے انکار نہ ہوگا۔اُس کا مطلب صرف اس قدر تھا کہ دمشق میں رہائی کا ارادہ مشہور ہو جائے ۔ ورنہ وہ اُسی وقت روانگی کا انتظام کرتا جیسا کہ ہم انتظام والا موقع آپ کو دکھائیں گے ۔ دراصل یزید اہلِ دمشق کے اشتعال کو ٹھنڈا کرنے کے لئے کہتا تھا۔ وہ دل میں یہ چاہتا ہی نہ تھا کہ امامؑ اور اہلِ حرمؑ دمشق سے مدینہ چلے جائیں ۔اور دور بیٹھ کر کوئی اسکیم بنائیں یا اُن کے نام پر دوسرے موقعہ پرست لوگ اقتدار کی حرص میں مبتلا ہو جائیں ۔دمشق میں رکھنے سے دو فائدے تھے۔ اوّل اُن کی نقل وحرکت اور قول وفعل کی نگرانی میں سہولت اور دوئم اُن کی خدمت وتواضع کر کے ملک میں پھیلے ہوئے باغیانہ خیالات کو مسمار کر دینا۔اور کہنا کہ وہ مجھ سے راضی ہیں دیکھو میں اُن کا کفیل ہوں ۔

چنانچہ یہ آخری روایت جو ہم نے بحارالانوار سے لکھی ہے اسکے آخر میں مدینہ کا ذکر نہیں کیا ہے بلکہ دمشق میں ٹھہرنے کی درخواست کی ہے ۔یعنی پہلی دفعہ محض دل رکھنے ،اور وسعتِ قلبی دکھانے کے لئے مدینہ کا بھی ذکر کیا تھا۔مطلب یہ ہے کہ کسی روایت میں رہائی کا جملہ دیکھ کر یہ سمجھ لینا کہ اُس جملے کے بعد یزید نے رہا کر دیا تھا، یا رہا کر دیا ہوگا ،نہایت بچگانہ یا فریب سازانہ تصور ہے ۔ ہمارے علما نے بھی یہ سمجھنے میں بہت جلدی اور ناعاقبت اندیشی کی ہے کہ اب سات روز ماتم وعزاداری کے بعد جو بلایا ہے اور دمشق میں سکونت کی درخواست کی ہے اور اہلِ حرمؑ نے دمشق کی تجویز کو رد کر دیا ہے تو اس کے معنی یہ ہوئے کہ بس اب اہلِ حرمؑ کو مدینہ روانہ کر دیا ہے، حقیقت یہ نہیں ہے ۔حقیقت وہ ہے جو اُس وقت کے سیاسی حالات وتقاضات اور قانونِ فطرت کے سو فیصد مطابق ہو۔اور وہ یہ ہے کہ جب یزید کا اقبال اور انتظام مستحکم تھا اُس نے اہلبیتؑ رسوؐل کو حد بھر رسوائی کے بعد قلعہ کے دارالموت میں قید کیا۔ وہ اُن سب کو اُسی روز یا اگلے دن قتل کرا دیتا۔مگر وہ چاہتا تھا کہ اہلِ حرمؑ کو گواہ بنا کر کچھ ایسے بیانات دیئے اور لئے جائیں جن سے اُس کا اور اِس کے بزرگوں اور سابقہ قومی حکومتوں کا برحق ہونا ثابت کرنے میں مدد ملے اور خاندان رسولؐ کے قتلِ عام کو ضروری اور حق بجانب ثابت کیا جا سکے ۔اس کوشش کے دوران اِدھر چھ سات مہینے گزر گئے اور اُدھر محل سے لے کر باہر تک مخالفت کی فضا پیدا ہوگئی۔اس لئے کہ امامؑ اور خواتین علیھم السلام کے بیانات نے قومی مذہب وخلافت کی کافرانہ نقاب نوچ کر رکھ دی اور شیطانی چہرہ نظر آنے لگا۔اُس چہرہ کو شرمندہ، منفعل اور متاسف

دکھانے کے لئے اور جرم عبیداللہ بن زیاد پرٹالنے کے لئے دارالموت سے رہا کر کے جیل خانے کے مکان میں منتقل کیا گیا۔اس سے محلاتی خطرہ ٹل گیا اور لوگوں کے تصورات میں تغیر و تبدل شروع ہوا۔لیکن معصومؑ سے مَردوں کی ملاقاتیں اور رسولؐ زادیوںؑ سے بیگمات اور سرداران قوم اور بااثر لوگوں کی عورتیں ملتی رہیں اور جیل خانہ کے بند گھر میں گھریلو ماتم و مجلس ہوتے رہے۔حقیقت کے ساتھ ساتھ قومی حکومت وخلافت و مذہب کی پول بھی کھلتی گئی۔لوگوں کے قلوب یزید اور یزیدی اعمال وافکار سے متنفر و مشتعل بھی ہوتے گئے اور محمدؐ وآل محمدؐ اور حسینیؑ مشن کی عظمت ومحبت دلوں میں گہری ہوگئی۔اِس پرطُرہ یہ ہوا کہ شہزادی سکینہ علیہا السلام کا انتقال ہوگیا۔اور انتقال کا سبب بھی یزید کو ہی کو سمجھا گیا۔جس حرامزادے نے بچی کے باپؑ کا سر بھیج دیا اور سکینہؑ تڑپ کرانتقال گئی۔اِس حادثہ نے یزید کی حکومت وافواج کی گرفت بالکل ڈھیلی کردی۔اُدھر محل میں ہند اور تمام بیگمات واخوات وبنات یزید کی مخالفت پر آمادہ ہوگئیں۔اور یزید براہ راست مواخذہ سے گزر چکا تو اُس نے چاہا کہ اہل حرمؑ کو شہر دمشق کی حدود اربعہ میں آزادی دے دے اور پبلک اور محل میں اُٹھنے والے ابال کو ٹھنڈا ہونے کا ایک چھینٹا دے دے۔اور مشہور کردے کہ میں نے امام زین العابدین علیہ السلام اور اُن کی بزرگ پھوپھیؑ اور تمام اہل حرمؑ کو راضی کرلیا ہے۔وہ یہیں آباد ہوں گے یہیں رہیں گے۔اب ہم کو آپس میں کوئی بھی اختلاف وتنازع نہیں ہے۔میں اُن کا غم دور کرنے، انہیں خوش کرنے اور نقصان اور تلافی مافات کے لئے اپنا پورا زور لگاؤں گا۔اس طرح ہر وہ شخص مجرم اور قابل سزا ہوگا جو اَب بھی کربلا کی آڑ میں حکومت کے خلاف خیالات واقدامات کو پرورش کرتا رہے۔یوں رفتہ رفتہ کربلا اور کربلا کے مظالم نظروں سے اوجھل اور دنیا سے فنا ہوجائیں گے۔

اس اسکیم کو سامنے رکھ کر اُس نے پہلے درجہ میں اہل حرمؑ سے کہا کہ تم بالکل آزاد ہو خواہ یہاں رہو یا مدینہ چلے جاؤ۔مگر یہ نہیں کہا کہ تمہیں مدینہ بھیجنے کا یہ پروگرام ہے۔تمہیں فلاں فلاں افراد لے جانے کیلئے تیار ہیں۔یہ لو تمہارا لوٹا ہوا سامان موجود ہے۔اِس کے علاوہ جو تمہاری تجویز واصلاح وہدایات ہوں وہ بتائیں تاکہ میں اپنے پروگرام کی اصلاح کردوں۔یزید نے یہ سب کچھ نہیں کہا اس لئے کہ اُسے مندرجہ بالا اسکیم کو برسرِ کار لانا تھا۔لہٰذا اہل حرمؑ کو یہ محسوس کرانا تھا کہ تم آج سے آزاد ہو۔مدینہ ودمشق دونوں تمہارے اختیار میں ہیں۔لہٰذا کچھ بولو کچھ کہو۔لیکن اہل حرمؑ، نبوّت وامامتؑ کا قلب وذہن رکھتے ہیں اُنہوں نے نہ مدینہ کو سامنے آنے دیا نہ دمشق کو پیچھے ہٹایا۔بلکہ یہ کہا کہ ہم سب سے پہلے جو اقدام وعمل کرنا پسند کرتے ہیں وہ قیام عزاداری حسین وانصاران حسین علیھم السلام ہے۔تاکہ اہلبیتؑ کی آزاد زندگی کی ابتدا احیاء اسلام اور حسینیؑ مشن کے قیام سے شروع ہو۔یزید کے لئے انکار کا موقعہ نہ تھا۔اُس نے دمشق میں کئی ایک مکانات (بیوت) اور بہت سے کمرے (حجر) اہلبیتؑ اور اہتمام عزاداری کے لئے خالی کرائے اور یوں اہل حرم دمشق کے دوسرے قید خانہ سے آزاد ہوکر اب حدود دمشق تک آزاد ہوگئے۔اُن کی نقل وحرکت پر کوئی پابندی نہ رہی۔تمام شہر میں یہ خبر ہوا کی رفتار سے پھیل گئی۔اور اب اُس ہجوم اور لوگوں کی ملاقاتوں کا اندازہ کرنا ناممکن ہے جو فطری طور پر سامنے آتا تھیں۔بس یہ کہئے کہ ایک موجزن دریا جسے بند باندھ کر روکے رکھا گیا وہ دس ماہ بعد کس رفتار سے بہے گا؟ یہ وہ ایام ہیں کہ منبر ومساجد اہلبیتؑ کے قبضے میں آگئی ہیں۔حضرت زینبؑ وام کلثومؑ ورقیہؑ وام ربابؑ وغیرہ (سلام ہو اُن پر ہمارا) زنانہ مجلس کو اور سرکار امامؑ مردانہ مجالس کو مخاطب فرما رہے ہیں۔کربلا میں گزرنے

والی ہر تفصیل کی تاریخ ہر دماغ میں پیوست ہوتی جارہی ہے۔جب یہ پہلا عشرہ پورا ہونے لگا تو یزید کو اُمید ہوئی کہ دمشقی عوام وخواص کا قیام عزائے مظلوم میں تعاون اور میری فراہم کردہ سہولتیں اور آزادی کا قلوب اہل حرمؑ پر ضرور اثر ہوا ہوگا۔اس لئے اُن کے سامنے اس دفعہ دمشق میں سکونت کی تجویز پیش کی لیکن خواتین نے وہاں کی سکونت کی منظوری نہیں دی۔اب اگر یزید کو مدینہ بھیجنا منظور ہوتا تو بھیجنے کا انتظام کردیتا۔لیکن نہ ابھی یزید کو بھیجنا منظور ہے نہ وہ ابھی مایوس ہوا ہے۔اور نہ اہلبیت علیھم السلام یوں عزاداری کو اُدھڑ میں چھوڑ کر جانا چاہتے ہیں۔وہ تو اب امامؑ اور شہدائے کربلا کا چہلم کرنے کے بعد اِس طرف متوجہ ہوں گے۔پھر اُنہیں دمشق سے مدینہ نہیں بلکہ کربلا جانا ہے اور وہاں پر عزائے حسینی اور دیگر انتظامات کرنا ہیں پھر مدینہ کا سفر ہوگا۔پہلے اُنہیں اپنے دشمنوں کے گڑھ یعنی دمشق اور اہل دمشق کے قلوب سے اپنی دشمنی اور خلافتوں کی مخالفانہ پالیسیوں کی ہر جڑ اکھاڑنا مقصود تھی۔تاکہ پچاس سالہ پروپیگنڈا دم توڑ دے اور پہلے اُسے دمشق کے قبرستان میں دفن کردیں اوراس کے بعد کربلا کے مقدس قبرستان کی طرف روانہ ہوں۔یہ بھی یادرکھنا چاہئے کہ یزید کسی لمحہ کے لئے بھی اپنے مظالم پر دل میں حقیقی طور پر نادم نہیں ہوا۔وہ محض اپنی حکومت اور اپنے بزرگوں کی پالیسی کے زوال سے خوفزدہ ہو ہو کر اہلبیتؑ کے ساتھ نرم برتاؤ کرنے پر مجبور ہورہا تھا۔دل میں وہ روزانہ اپنی دشمنی میں سخت تر ہوتا جارہا تھا۔اور یوں تو بارہا ابن زیاد پر غصہ اور ملامت اور اُسے قتل کرنے کا اظہار کرتا رہا تھا۔لیکن اُس سے آج تک باز پرس نہ کی تھی نہ اُسے حاضر دربار ہونے کا حکم دیا تھا۔اور نہ کسی اور سردارِ فوج پر کوئی تشدد کیا تھا۔حالانکہ وہ پہلے ہی دن شمر پر تلوار سونت کر کھڑا ہوگیا تھا۔یہ سب سیاسی چالیں تھیں۔وہ اقتدار کی شطرنج پر بازی ہار رہا تھا اور گھبرا گھبرا کر اُلٹی سیدھی چال چل رہا تھا۔اب اُس کی ایک اور سیاسی چال ملاحظہ فرمائیں۔

(4)۔ دربارِ عام میں سردارانِ افواج سے باز پُرس اور کربلا کے قتل عام سے بریّت کی کوشش

قیام عزاداری سے دمشق میں یہ ثابت ہوگیا کہ خاندان رسولؐ کا قتل عام یزید کی رضامندی اور حکم سے کیا گیا تھا۔اور یہ ثبوت اُدھر اہلبیتؑ کے مقررین فراہم کررہے تھے اور وہ تمام سرداران افواج جو دمشق میں حاضر رہنے پر مجبور تھے۔خود کو پبلک کے انتقام سے محفوظ رکھنے کیلئے موقعہ بے موقعہ ایسے ہی بیانات دے رہے تھے جن سے نفرت کا رُخ اُنکی طرف سے ہٹ کر یزید کی طرف مُڑتا چلا جارہا تھا۔بہر حال یزید نے دربار عام کا اعلان کرایا۔ظاہر ہے کہ دربار عام کا مقصد کربلا کے متعلق حقیقت حال کی کھلی تفتیش کرانا اور مجرم یا مجرمین کو سزا دینے سے متعلق تھی۔اسلئے آج پبلک کو زیادہ سے زیادہ دربار میں حاضر ہونا چاہئے۔اور بہت بہتر ہے کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کو بھی موجود رکھا جائے۔آیئے دربار کا حال اور کاروائی دیکھئے:۔

فاعلم اَنّ ابامخنف لَمَّا ذکر احتجاج سیدالساجدین علیه السلام وقول یزید: ''اِنَّمَا اَرَدْتُّ بصعوده المنبر زوال مُلکی ۔ اَمَاعلمتَ اِنَّ هٰذَامِن اهل بیت النبوّة ومعدن الرسالة'' وامره بضرب عنق المؤذّن قال : قال الراوی اَنّ اهل الشام کانّهم نیام فانتبهوا فَعَطّلوا الاسواق وجدّد واالعزاواظهرواالمصیبة لاهل العبآء ۔وقالواوالله ماعَلِمْنَا اَنّهٗ راس الحسینؑ وَاَنَّمَا قِیْلَ راس خارجی خرج بارض العراق فَلَمَّا سمع یزید ذٰلک اسْتَعْمَلَ لهم اجزاء فی القرآن وفرّقها فی المسجد وکانوا اذا صَلّوا وفرغوامِن صلٰوتهم وضعوابین ایدیهم لیشتغلوا بها عن ذکرالحسینؑ بن علی علیه السلام ۔ فلم یشغلهم عَن ذکره شیی ءٍ

والناس حينئذٍ مالهم حديث اِلّا حديث الحسينؑ حتّٰی اَنَّ الرجل یقول لصاحبه یافلاں اَماتری اِلٰی مافعل بابنؑ بنتؐ نبیّناً ؟ فبلغ ذلک یزید وعرف اَنَّ اهل الشام لایشغلهم عن ذِکرالحسینؑ شاغل۔فنادی فی الناس اَنْ یَّحضروا اِلَی الجامع فحضروا مِن کُلِّ جانب ومکان۔فَلَمَّا تکامل الناس قام فیهم خَطِیْبًا وقال یااهل الشام اَنتم تقولون اِنّی قتلت الحسینؑ اَوْامرتُ بقتله ؟ وَاَنَّمَا قَتَلَهُابن مرجانة۔ ثُمَّ قال واللّٰهِ لَاُ قتلنّ مَن قتله۔ثُمَّ دعی بالذّین حضروا قتل الحسیؑن فحضربین یدیه۔

فالتفت اِلَی شبث بن ربعی وقال له یاوَیلک انت قتلت الحسین صلوات اللّٰه علیه ؟ وَاَنَا امرتک بقتلهٖ؟ فقال شبث اَنَاواللّٰه ماقتله ۔ولعن اللّٰه مَن قتله ۔بل قتله مصابربن الرهیبة ۔فالتفت الیه یزید وقال ویلک انت وقتلت الحسینؑ اَمْ انا امرتک بقتله ؟ قال لاوَاللّٰهِ بل قتله قیس بن ربیع ۔فالتفت الیه قال أَ اَنْتَ قتلتَ الحسینؑ اَمْ انا امرتک بقتلهٖ ؟ قال لا ۔قال فَمَنْ قتله ؟ قال قتله شمر ذی الجوشن ۔فالتفت الیه وقالءَ انتَ قتلت الحسینؑ ام اناامرتک؟ قال لا ۔ قال فمن قتله ؟ قال سنان بن انس النخعی ۔ فقال له ءَ انت قتلتَ الحسیؑن ام انا امرتک ؟ قال لا ۔قال فمن قتله ؟ قال قتله خُولی بن یزید الاصبحی ۔فقال له ءَ انت قتلت الحسیؑن ام انا امرتک بقتله ؟ قال لا ۔فعند ذ لک غضب یزید غضبًا شدیدًا وقال ویلکم یحیل بعضکم اِلٰی بعضٍ واَرَی ینظر بعضکم بعضًا ؟ قالوا قتله قیس بن ربیع ۔قال له انت قتلت الحسیؑن ۔قال ماقتلتُه ۔قال اَلَآ یاویلکم مَنْ قتله ؟ قال قیس یاامیرانا اقول لک مَنْ قتله ولی الامان ؟ قال نعم ۔قال واللّٰه ماقتل الحسیؑن الاالّذی عقد الرایات وفرّق الاموال وبذل العطا یا وصب المال علٰی انطا ع وَسیّرالجیوش جیشًا بعد جیشٍ ۔فقال یزید و مَن ذاک ؟ فقال انت واللّٰه مَا قتل الحسیؑن غیرک یایزید ۔فغضب مِن قوله و قام فدخل داره فی قصره ووضع الراس الشریف فی طشت وغطّاه بمند یل ویبقیّ ووضعه فی حجره ودخل الٰی بیت مُظلم وجعل یَلطم خدّه وعلٰی امّ راسه وهویقول مالی وقتل الحسینؑ وخرج ودعی بالحرم واعتذر عند هُنّ وقال لهنّ اَیُّمَااَحَبُّ الیکنّ المقام عندی والجائزة السنیّة اَوِالمسیر اِلَی المد ینة ۔ یقلن نحبّ اَنْ ننوح عَلَی الحسینؑ۔

(اکسیرالعبادات۔صفحہ 543)

’’جاننا چاہیئے کہ جہاں علامہ ابومخنف نے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے احتجاجات کا ذکر کیا ہے۔ اور لکھا ہے کہ یزید پروہ وقت بھی آیا تھا جب اُس نے اُس مقرر سے بازپُرس کی جس نے محمد باقر علیہ السلام کوایک چھوٹا سا بچہ سمجھ کر منبر پر تقریر کرنے کی اجازت دی تھی (مؤذن) اور جب اُس نے بچہ ہونے کا عذر کیا تھا تو کہا تھا کہ کیا تجھے یہ بھی علم نہ تھا کہ وہ خانوادہ نبوّت ورسالت کا بچہ ہے؟ اور پھر اُس مؤذن (اجازت دینے والے) کواس جرم میں قتل کرادیا تھا کہ اُس کا منشا یہ تھا کہ اُس بچہ کی تقریر سے یزید کی حکومت میں زوال آجائے۔ اتنا لکھ کر ابومخنف لکھتے ہیں کہ راوی کہتا ہے کہ اہل شام گویا نیند سے اچانک جھنجھوڑ کر بیدار کردیئے گئے ہیں۔ چنانچہ صورتِ حال سمجھ میں آگئی تو انہوں نے اپنے تمام کاروبار بند کردیئے۔ خرید وفروخت بند کردی بازارویران ہوگئے۔ اور سارا دمشق عزائے حسینیؑ میں مصروف ہوگیا۔ اور اہلبیتؑ کے سامنے اپنے اظہارِ غم ومصیبت اورندامت میں کہتے تھے کہ قسم بخدا ہمیں یہ خبر کہاں تھی کہ یہ سرحسینؑ ہے۔ ہمیں تو یہ بتایا جاتا رہا کہ ایک خارجی المذہب آدمی نے عراق میں خلافت کے خلاف مسلح بغاوت اور جنگ کی تھی۔ یہ اسی خارجی کا سر ہے۔ جب یزید کوان حالات کی رپورٹیں ملیں تو اُس نے مساجد میں اوراجتماعات کی جگہوں میں قرآن کے پارے رکھوادیئے تاکہ نماز سے پہلے اور بعد میں فارغ وقت میں قرآن کے پارے ہاتھوں میں لے کر بیٹھیں اور ذکر حسینؑ سے بازرہ کر قرآن پڑھنے میں

خالی وقت گزاریں۔لیکن اس قسم کے انتظام سے وہ ذکر حسینؑ سے باز نہ رہ سکے۔اورلوگوں کا یہ حال تھا کہ اُن کے پاس کربلا اور حسینؑ کی باتوں کے سوااورکوئی کرنے کی بات ہی نہ تھی۔حالت یہ ہوگئی تھی کہ جہاں بھی دوآدمی ہوتے تو آپس میں ایک دوسرے سے یہ کہتے کہ بھائی کیا تمہیں معلوم ہے کہ یزید نے رسولؐ کی بیٹی کے فرزند کے ساتھ کیا کیا؟ جب یہ رپورٹ یزید کو پہنچی کہ اہل شام کو ذکرِ حسینؑ اورعزاداری سے کوئی چیز باز نہیں رکھ سکتی تو اُس نے منادی کرادی کہ تمام وہ لوگ جامع مسجد میں جمع ہو جائیں جو واقعہ کربلا کی حقیقت جاننا چاہتے ہیں۔چنانچہ نزدیک ودُور سے لوگ جامع مسجد میں حاضر ہوگئے۔اور جب بتایا گیا کہ لوگوں کی آمد مکمل ہوگئی تو یزید خطبہ دینے کے لئے اُٹھا۔اور تمام حاضرین کو مخاطب کر کے کہا کہ تم سب مجھ پر قتل حسینؑ کا جرم لگا رہے ہو یا یہ کہہ رہے ہو کہ حسینؑ کو میرے حکم سے قتل کیا گیا ہے۔سنواُن کو ابن مرجانہ (عبیداللہ بن زیاد) نے قتل کیا ہے۔میں نے نہ قتل کیا نہ قتل کرنے کا حکم دیا۔اور سنو کہ قسم بخدا میں تفتیش کے بعد اُن کے قاتل کو ضرور قتل کردوں گا۔مجمع خاموش اور حیران تھا کہ اُس نے حکم دیا کہ اُن تمام سرداران افواج کو پیش کرو جو کربلا میں قتل حسینؑ کے وقت موجود اور چشم دید گواہ ہیں۔چنانچہ اُن سب کو یزید کے سامنے لاکر حاضر کر دیا گیا۔

اب یزید نے شبث ابن ربعی کی طرف منہ کر کے کہا کہ آیا تو نے حسینؑ کو قتل کیا ہے؟ اور کیا میں نے تجھے اُن کے قتل کا حکم دیا تھا؟ اُس نے کہا کہ میں اُن کے قاتل پر اللہ کی لعنت بھیجتا ہوں۔میں نے نہیں انہیں تو مصابر بن رھیبہ نے قتل کیا تھا۔اب یزید نے مصابر سے دریافت کیا کہ کیا تو نے ہی حسینؑ کو قتل کیا ہے اور کیا میرے ہی حکم سے قتل کیا ہے؟ اس نے کہا کہ خدا کی قسم نہ میں نے قتل کیا اور نہ تم نے مجھے اُن کے قتل کا حکم دیا۔بلکہ اُنہیں تو قیس بن ربیع نے قتل کیا تھا۔یزید نے قیس سے پوچھا کہ کیا تو نے ہی حسینؑ کو قتل کیا اور میرے حکم سے قتل کیا تھا؟ اس نے کہا میں نے قتل نہیں کیا۔یزید نے پوچھا کہ پھر کس نے قتل کیا تھا۔اس نے بتایا کہ شمر ذی الجوشن نے قتل کیا ہے۔اب شمر سے کہا کہ کیا تو نے قتل کیا اور میں نے تجھے حکم قتل دیا تھا؟ اُس نے قتل سے انکار کیا تو پوچھا کہ پھر حسینؑ کا قاتل کون ہے؟ اس نے بتایا کہ سنان ابن انس نخعی نے قتل کیا تھا۔اب سنان بن انس سے مخاطب ہوا اور دریافت کیا کہ کیا تو نے حسینؑ کو قتل کیا اور کیا میرے حکم سے قتل کیا؟ اس نے بھی انکار کر دیا تو پوچھا کہ پھر کس نے قتل کیا تھا۔اس نے بتایا کہ خولی بن یزید نے قتل کیا تھا۔اب خولی سے کہا کہ کیا تو حسینؑ کا قاتل ہے؟ اور کیا میں نے تجھے حسینؑ کے قتل کرنے کا حکم دیا تھا؟ جب خولی نے بھی انکار کر دیا تو یزید کو انتہا درجہ کا غصہ آیا۔اور سب کو مخاطب کر کے کہا کہ خدا تم سب کو غارت کرے ارے میں دیکھ رہا ہوں کہ تم آپس میں ایک دوسرے کو آنکھ مار مار کر بات کو ایک دوسرے پر ٹال رہے ہو۔جلدی سے حقیقت بیان کرو۔تو سب نے متفقہ طور پر کہا کہ امام حسینؑ کو دراصل قیس بن ربیع نے قتل کیا تھا۔یزید نے قیس کو دوبارہ مخاطب کیا اور کہا کہ تو نے ہی حسینؑ کو قتل کیا ہے۔قیس نے جواب دیا کہ میں نے قتل نہیں کیا تو پھر سب سے کہا خدا تمہارا بُرا کرے آخر اُنہیں کس نے قتل کر دیا؟ اب قیس بن ربیع نے کہا کہ اگر میری جان بخشی کا وعدہ کرے تو اے امیر میں صحیح قاتل کو روشناس کرائے دیتا ہوں۔یزید نے امان کا وعدہ کر لیا تو کہا کہ جناب قسم بخدا حسینؑ کا قاتل اُس شخص کے سوا کوئی اور نہیں ہے جس نے جنگی پرچم تقسیم کیئے۔جس نے دولت کو چاروں طرف بکھیر دیا۔جس نے حسینؑ کو قتل کرنے کے لئے انعام واکرام میں سخاوت کے دریا بہا دیئے۔اور حقائق کو بدلنے اور باطل کو رائج کرنے پر دولت کو پانی کی طرح بہا دیا۔اور لام بندی کی افواج جمع کیں اور پھر قتل حسینؑ

کے لئے لگا تار افواج پر افواج بھیجیں۔ یزید نے گھبرا کے پوچھا کہ وہ کون شخص ہے۔اس کا نام بتاؤ۔ قیس نے کہا وہ خود آپ ہیں۔خدا کی قسم تیرے سوا حسینؑ کو کسی اور نے قتل نہیں کیا ۔ یہ سن کر یزید بہت سٹپٹایا بڑا غصہ آیا۔مگر بے بس تھا۔اُٹھا اور محل میں داخل ہو گیا۔وہاں پہنچا جہاں امام حسین علیہ السلام کا سر مبارک رومال سے ڈھکا ہوا طشت میں رکھا تھا۔اُسے لے کر اُسی مذکورہ اندھیرے کمرے میں داخل ہو گیا۔سر مبارک کو اپنی گود میں رکھا اور اپنا منہ پیٹنا شروع کیا۔اور اپنے سر پر ہاتھ مارتا جاتا تھا اور کہتا تھا کہ مجھے کیا ہو گیا تھا کہ میں نے حسینؑ کو قتل کرا دیا۔اس کے بعد باہر نکلا اور اہل حرمؑ کو مدعو کیا اور اپنے جرم پر معذرت خواہ ہوا اور اُن سے کہا کہ میں تیار ہوں اِن دونوں صورتوں کے لئے خواہ آپ حضرات یہاں رہیں اور میں آپ کے تمام اخراجات برداشت کروں اور مالی فارغ البالی فراہم کروں یا آپ مدینہ کا سفر اختیار کر لیں۔اہل حرمؑ نے جواب دیا کہ ہم عزاداری حسین علیہ السلام میں مصروفِ نوحہ و ماتم ہیں۔''

(الف)۔ اس روایت کے متعلق بھی چند باتیں نوٹ فرمالیں

ہمارے علما تو ماشاءاللہ اُلٹا سیدھا لکھتے اور ملبہ کا ڈھیر لگاتے چلے گئے حتٰی کہ اُنہوں نے کسی قسم کی کوئی ترتیب مقرر کی نہ سمجھی نہ اِس کی ضرورت ہی محسوس کی کہ کون سا واقعہ پہلے پیش آیا کون سا بعد میں واقع ہوا۔اور کیوں وقوع میں آیا؟ یہ روایت جو ابھی مکمل ہوئی خود بتا رہی ہے کہ اس میں شام کے تمام باشندوں نے تمام دنیاوی سرگرمیاں بند کر دی تھیں۔بازار و کاروبار بند ہو گئے تھے۔اور سب کو یہ موقعہ حاصل تھا کہ اسیران اہلبیتؑ کے پاس آئیں اظہار ہمدردی وغم و رنج کریں،اُنہیں پرسہ دیں اور اپنے سابقہ رویہ اور سلوک کی عذر خواہی کریں اور دن رات عزاداری میں مصروف رہیں۔ بتایئے یہ آزادی قلعہ میں قید کے زمانہ میں اور پھر دوسرے جیل خانہ میں تو ناممکن تھی۔خود اہلبیتؑ کو رونے کی اجازت نہ تھی۔اہلبیتؑ کی مدح و ثنا کرنے اور اظہار ہمدردی پر قتل ہونے کی روایات سامنے آ چکی ہیں۔لہٰذا ماننا پڑے گا کہ یہ دربار عام اہلبیتؑ کو عزاداری کی اجازت ملنے اور قید سے رہائی کے بعد پبلک میں حقائق کے پھیل جانے کے بعد کی بات ہے۔جب پبلک کھل کر ماتم شبیرؑ میں مصروف ہے اور یزید کا جرم ثابت ہو چکا ہے۔یہ بھی نوٹ کریں کہ تمام سرداران افواج اُس روز تک دمشق میں موجود رکھے گئے ہیں۔اور دربار عام میں اُن کی پیشی یقیناً ہتھکڑی اور بیڑی میں جکڑ کر کی گئی ہو گی۔ یزید کے سوالات کا منشائے حقیقی یہ تھا کہ وہ سب یہ کہیں کہ آپ نے قتل کا حکم نہیں دیا تھا۔یہ عبیداللہ ابن زیاد کا قصور ہے۔اُس نے قتل حسینؑ کا جرم کیا ہے لیکن قیس نے اصل حقیقت بیان کر دی۔اور یہ بھی بتا دیا کہ میدان کربلا میں تمام افواج یزید نے دمشق و شام سے بھیجی تھیں۔ لہٰذا وہ علما فریب خوردہ یا فریب ساز ہیں جو یہ مانتے ہیں کہ کربلا میں تمام کوفی افواج تھیں۔اور آخری بات کہ یزید کو جھوٹ بولنے اور قاتلِ حسینؑ پر یعنی خود پر لعنت سننے پر مجبور ہونا پڑا۔ایک وہ وقت تھا کہ یہ کہنے پر کہ ''اللہ میرے والدؑ کے قاتل پر لعنت کرے'' امام زین العابدین علیہ السلام کو قتل کے لئے بھیج دیا تھا۔اور آج بھرے دربار میں شبث بن ربعی ملعون یزید کا ایک نوکر کہتا ہے کہ .... لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ قَتَلَهُ...... اور یزید کو سننا پڑتا ہے۔اور آج وہ خود کہتا ہے کہ میں یقیناً حسینؑ کے قاتل کو گرفتار کروں گا...... واللّٰه لَاُقْتُلَنَّ مَنْ قَتَلَهٗ...... یہ ہے وہ شکست جو یزید اور نظامِ یزیدی کو ہوئی اور یہ ہے وہ انقلاب جو رسن بستہ بے بس و بے کس عورتوںؑ اور بچوںؑ نے پیدا کیا۔اور جسے رفتہ رفتہ شیعہ مجتہدین نے ختم کر دیا۔

(5)۔ اہلبیتؑ کی رہائی کے اسباب، آخری دربارِ عام پر نظر، عزاداری کی اجازت کا ملنا

یہاں ہم علامہ دربندی رضی اللہ عنہ کے احساسات لکھتے ہیں۔ وہ اس تازہ عنوان کے بعض پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہیں ملاحظہ ہو:۔

(الف)۔ یزید نے اہلبیتؑ کو کیوں رہا کیا؟

اِنَّ السبب الواقعی و العلّة التامة لاطلاق یزید آل رسولؐ عَنِ السجن والحبس انّماکان وقوع الخوف والرغب فی قلبه بالنسبة الٰی زوال دولته وانقطاع اجله بسبب مارای وسمع من محادثة اهل الشام بعضهم بعضًا وبکائِهم وضجّتهم وتعطیلهم الاسواق وتجدید هم العزاء لاجل خامسٌ اهلٌ الکسآء نعم انّ ذلک قد اقترن بجملة مِنَ الامور الّتی یتخیّل فی بادی الانظار انّها هِیَ السبب اَوُمِن جملة الاسباب لاطلاق یزید آل الرسولؐ عَنِ السّجن والحبس وذلک مثل قصة رؤیا زوجته ومثل قضیّة رؤیا ہ فی منامه وغیر ذلک مِنَ الامور المشارالیها۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 544)

آلِ رسولؐ کو جیل خانہ کی قید سے رہا کرنے کی حقیقی وجہ اور پکا سبب یہ تھا کہ یزید کے قلب وذہن میں اس کی حکومت کا زوال اور اس کی اپنی زندگی کے منقطع ہوجانے کا یقین سامنے آ کھڑا ہوا تھا۔اور یہ خوف ورعب اسلئے چھا گیا تھا کہ اُس نے اپنی آنکھوں اور کانوں سے باشندگانِ دمشق وشام کی وہ باتیں دیکھی اور سنی تھیں جو وہ آپس میں کررہے تھے۔ پھر اُن کا عزائے حسینؑ پر رونا اور بے قرار ہونا اور کاروبارِ زندگی کے مشاغل کا بند کردینا اور آیہ تطہیر اور چادر تطہیر کے پانچویں معصومؑ کی عزاداری میں کوشاں رہنا بھی یزیدی حکومت کے زوال پذیر ہوجانے کی دلیل تھے۔ ہاں بے شک اِن اسباب کے ساتھ ہی ساتھ وہ تمام واقعات مددگار بن گئے اور زوال وتباہی کا تصور پیدا کرنے میں شریک تھے۔مثلاً اسکی زوجہ کے خواب کا قصہ اور خود اس کے اپنے خواب کا اثر، یہ تمام چیزیں وہ تھیں جن کے دباؤ سے یزید نے آلِ رسولؐ کو دونوں قید خانوں سے رہا کیا اور قیامِ ماتم کا انتظام کیا تھا۔

(ب)۔ یزید کا دمشق سے افواج اور حکم قتل بھیجنا

اَنّ صدور الاحکام الکثیرة والاوامرا الوفیرة مِن یزید اِلٰی ابن زیاد فی باب قتل سید الشهدّاء وانصاره وسبّی حریمه ونسائه وعیاله واطفاله مِن امورالّتی لَایشکّ ولا یرتاب فیه ذودربة بل انّ ذلک قد افاد شیئًا آخر وهوانّ انفاذ یزید جیوشًا غیر محصاة وعساکر غیر مستقصاة انفاذًا وارسالًا مِنَ الشام الی الکوفة لحرب سید الشهدّاء ۔ وحضور تلک الجیوش والعساکر فی کربلا کان ایضًا مِن الامور التی لاینکرها ذوبصیرة و فکرة۔ومِن هنابَان اِنّ الکلمة المشهورة فی السنة۔ مِنُ اَنّه لم یحضر فی یوم الطف لا شامی ولا حجازی من المشهورات الّتی قیل فی شانها رُبَّ شهرة لااصل لها ۔
ولا یخفی علیک اِنّ مانقلنا مِن قول قیس بن الربیع کمایزیف به الکلمة المشهورة فکذا یُؤید ویسدّد به مانقلنا عن جملة مِن الکتب فی بعض مجالس المقاتلات الشهادات مِنُ اَن عدد مَنُ حضر یوم الطف مِن عساکر یزید کان یبلغ ستمائة الف فارس والف الف رجالة کما فی بعض الکتب۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 544)

سید الشہدؑا اور اُن کے انصار کے قتل پر اور آلِ رسولؐ کی خواتین اور اہل وعیال اور بچوں کو قیدی بنانے اور حرمِ رسولؐ کو حاضر کرنے پر یزید کے لاتعداد احکام ابن زیاد کو پہنچے۔ اُن میں نہ شک وشبہ کی گنجائش ہے نہ اس میں شش وپنج کی گنجائش ہے۔ بلکہ اس سے

تو ایک اور اہم نتیجہ سامنے آتا ہے کہ یزید نے لاتعداد افواج دمشق سے ارسال کیں جو کوفہ میں پہنچیں اور وہاں سے کربلا بھیجی گئیں۔ جس کا مقصد یہ تھا کہ وہ تمام افواج امام حسین علیہ السلام کے ساتھ جنگ کریں اور مذکورہ نتیجہ برآمد کریں۔ یعنی حسینؑ مع اپنے انصار کے قتل کر دیئے جائیں اور حرم حسینیؑ قید کر کے دمشق میں یزید کے روبرو حاضر کئے جائیں اور سر حسینؑ مع سرہائے انصار نیزوں پر بلند کر کے حکومت کی فتح کی نمائش کی جائے۔ اور یہ حقیقت بھی ناقابل انکار ہے کہ حسین علیہ السلام کے مقابلہ میں لشکر و افواج کربلا میں موجود تھیں۔ یہاں وہ مشہور بات بھی غلط نکل جاتی ہے جو پروپیگنڈے کے زور سے ہر زبان پر جاری کر دی گئی تھی کہ کربلا کی افواج میں کوفیوں کے علاوہ نہ کوئی شام کا باشندہ تھا نہ حجاز کا رہنے والا تھا۔ یعنی یہ مشہور قول اُن ہی اقوال میں سے ہے جس کے لئے کہا گیا ہے کہ اکثر شہرت یافتہ باتیں ایسی ہوا کرتی ہیں جن کی کوئی اصلیت نہیں ہوتی۔ یعنی جھوٹ ہوتی ہیں۔ قیس بن ربیع کا قول بھی اُس جھوٹی شہرت کو باطل کرتا ہے۔ اُدھر وہ اعداد و شمار صحیح ثابت ہو جاتے ہیں جو ہم نے بعض کتابوں سے اپنی شہادتوں والی مجالس میں نقل کئے ہیں کہ کربلا میں افواج کی تعداد چھ لاکھ (600000) سوار اور دس لاکھ پیادہ تھے۔ جیسا کہ بعض کتابوں میں منقول ہے۔

(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔ صفحہ 544)

(ج)۔ یزید کی قلبی کیفیات

ثُمّ لَا یخفی علیک اَنّ بعض ما تقدّم واِن کَانَ قد یعطی فی بادی الانظار انّ یزید کان فی ذلک یوم ای یوم اطلاق آل رسولؐ عَنِ الحبس والسجن متند مَاعلٰی مافعل وما وقع واِن لم ینفعه التندّم الّا اَنّ الامر لیس کذلک فی الواقع وعند الانظار الدقیقة لِاَنّ ذلک الکافر لم یتندّم اصلًا علٰی ماوقع ومافعل مِن قتل آل رسولؐ وسبی حرّیمه۔ بل انّ اطلاق آل رسولؐ عن السجن والحبس واظهار التندّم عند النسوة الطاهرات لم یصدر منه الا لاجل ماذکرنا من وقوع الخوف والرعب فی قلبه بالنسبة الٰی زوال دولته نظرًا اِلَی مارَای وماسمع مِن احوال اهل الشام ویؤید ذلک بل یکشف عنه اَنّ ذلک الزندیق قد حلف فی ذلک الیوم الذی قام فیه خطیبًا وقال واللّٰه لَاقَتّلنّ من قتل حسینؑ وقد یتقنّ عنده وعلم قطعًا اَنّ هؤُلاء الجماعة الذین ذکرنا اسمائهم الٰی قیس بن الربیع کانوا من روساء یوم الحرب فی الکربلا۔ مع انّه لَمْ یفعل بهم مایسؤهم فضلًا عَن قتلهم واهلاکهم بل ان السؤال والجواب الدائر ین بینه وبینهم بقوله: "ءَانت قتلت الحسینؑ ام انا امرتک بقتله ؟ وقولهم لا بل قتله فلاں" کانا مِمَّا یشبه الهذیانات ولعبة الصبیان۔ وانّما فعل ذلک لما کان فیه من الشیطنة والنکرآء ونظرا اِلٰی انّ اهل الشام یسکن فوراتهم بمثل هٰذا المقدار مِن السوال والجواب لمافیهم مِن الحماقة الجهاله وعدم معرفتهم حق المعرفة بمراتب آل الرسولؐ وشئونهم و درجاتهم عنداللّٰه۔ (اکسیر صفحہ 544)

پھر آپ پر یہ بھی پوشیدہ نہ رہے کہ جو کچھ ہم نے یزید کے اچھے سلوک کے متعلق پہلے لکھ دیا ہے۔ اُس سے سرسری طور پر ایسا اندازہ ہو سکتا ہے کہ آل رسولؐ کی رہائی کے دن یزید اپنے کئے دھرے پر نادم تھا۔ مگر یہ ندامت اُس کے لئے اس بنا پر مفید نہیں کہ حقیقتاً وہ دل کی گہرائی میں کبھی نادم نہیں ہوا۔ بلکہ آل رسولؐ کو قید خانے سے رہا کرنا اور رسولؐ زادیوں کے سامنے اظہار ندامت کرنا صرف اس لئے تھا کہ اُس نے اہل شام کا ردعمل دیکھ کر یہ یقین کر لیا کہ اُس کی حکومت اور اُس کی زندگی خطرے میں ہے۔ ہمارے اس فیصلہ کی تائید

اُس قسمیہ اعلان سے بھی ہوتی ہے جو اُس ملعون نے اپنے خطبے کے دوران کیا تھا کہ: ''جس نے حسینؑ کو قتل کیا ہے میں اُسے ضرور قتل کروں گا'' حالانکہ اُسے خطبہ دیتے وقت یہ علم ویقین حاصل تھا کہ کربلا میں جنگ کے دوران جو لوگ سرداران افواج اور روٴسائے جنگ تھے وہ سب اُس کے سامنے موجود ہیں جن کے نام قیس بن ربیع تک ہم نے بھی لکھ دیئے ہیں۔لیکن اس کے باوجود اُن کو قتل وتباہ کرنا تو الگ اُن کے ساتھ یزید نے کوئی ایسا سلوک بھی نہ کیا جو انہیں بُرا معلوم ہوتا۔رہ گئے اُس کے اور سرداران افواج کے درمیان سوالات وجوابات کی بھرمار کہ''کیا تو نے حسینؑ کو قتل کیا تھا یا میں نے قتل کا حکم دیا تھا؟اور یہ کہ نہیں میں نے قتل نہیں بلکہ فلاں نے قتل کیا۔'' یہ بکواس سے زیادہ کچھ نہیں۔اُن کی پشت پر یہ سیاسی چال تھی کہ اہل شام کا اٹھتا ہوا جوش ٹھنڈا پڑ جائے اور انہیں اُنکی جہالت وحماقت اور آل رسولؐ کی معرفت سے لاعلم ہونے کی بنا پر بچوں کی طرح تفتیش کا کھلونا دے کر بہلا دیا جائے اور اس ردوبدل کے دوران یہ ثابت ہوجائے کہ ان سرداروں میں سے کوئی بھی حسینؑ کا قاتل نہیں ہے۔اور یہ کہ یزید نے ہرگز قتل کا حکم نہ دیا تھا۔گویا عبیداللہ ابن زیاد نے اپنے حکم سے اجتہاد کیا اور اجتہادی غلطی سے قتل واقع ہوگیا۔لہٰذا اگر قیس جلدی میں گھبرا کر راز فاش نہ کردیتا تو فیصلہ یہ ہونا تھا کہ اجتہادی غلطی ہوگئی تھی۔کسی کا قصور نہ تھا۔اور یہی فیصلہ بعد میں یزیدی مذہب میں ہوا بھی کہ یزید پر لعنت نہ کرو بلکہ دعائے مغفرت مانگو۔خدا ایسا عقیدہ رکھنے والوں پر لعنت کرتا ہے اور ہم مع ملائکہ اور تمام انسانوں کے یزید واہل یزید پر اور اس کے طرفداروں پر دن رات لعنت کرتے ہیں۔

(د)۔ قلعہ کے اندر دارالموت سے رہائی تک اہل حرمؑ کو رونے سے جبراً روکا جاتا رہا تھا

ثُمَّ لا یخفی علیک اَنّ جنود ذلک الکافر واشیاعہ قد منعوا منعوھُن عن البکاء والجزع مِن یوم العاشورا اِلٰی اَن صرن ھذہ الطاھرات الطیبات محبوسات فی السجن فی دمشق ثُمَّ قد مَنَعَھُنَّ عن البکاء وعن الجزع یزید فی الایام واللیالی کُنَّ فی السجن والحبس۔ فلما اطلق عن السجن والحبس الترحم والرقة لَھنَّ واذن فی اقامة التعزیة سید شباب اھل الجنة بعد سؤالھن ۔(اکسیر العبادات۔صفحہ -545-544)

علامہ نے فرمایا کہ تم پر یہ بھی مخفی نہ رہے کہ یزید ملعون کی فوج اور یزید کے مذہب کی اشاعت کرنیوالوں نے عاشورمحرم سے لیکر کوفہ تک سفر میں، پھر قیام کوفہ میں، اور کوفہ سے دمشق تک کے سفر میں، پھر قلعہ کے اندر والے قید خانہ کے قیام میں امام زین العابدین اور اہل حرمؑ کو رونے اور بے قراری کے اظہار کی ممانعت تھی اور یزید نے بھی دن یا رات میں کبھی رونے نہیں دیا تھا۔صرف تب اجازت دی تھی جب قید خانہ سے رہا کیا اور اہلبیتؑ نے رونے اور عزاداریٔ سیدالشہدؑ اقائم کرنیکی اجازت مانگی تھی۔''

یہ کھلی اجازت اور قیامِ عزاداری دمشق کی حدود میں نظر بندی کے دوران ملی تھی ۔البتہ اس سے پہلے جیل والے مکان میں چاردیواری کے اندر ممانعت نہ تھی۔اسی بنا پر حضرت سکینہؑ کے انتقال پر گریہ وزاری ہوا تھا۔

(6)۔ کیا روزِ عاشور سے رہائی تک کل بیس (20) دن قیدی رہے؟

ہمارے علما کی کثرت کہتی اور مانتی ہے کہ اہلبیت علیھم السلام بیس صفر 61 ہجری کو کربلا پہنچ گئے تھے۔یعنی اہل حرم یکم صفر 61 ہجری کو دمشق سے رہا ہو کر روانہ ہوئے تھے۔اس لئے کہ دمشق سے کربلا تک کا سفر اُس زمانہ میں بیس روز کا تھا۔اگر علما کی یہ

بات صحیح ہوتو یہ ماننا پڑے گا کہ دس محرم 61 ہجری کے بعد کربلا سے کوفہ تک کا سفر، پھر کوفہ میں قیام اور پھر دمشق تک کا سفر اور دمشق میں قید رہنا سب کچھ بیس روز میں ہو گیا تھا۔اور اگر کوفہ سے دمشق تک کا بیس روز کا سفر الگ کر دیا جائے تو سرکاری علما کا قول صحیح ہو جائے گا کہ ایک روز بھی قید میں نہیں رکھے گئے۔آج تیس (30) محرم کو دمشق پہنچے اور کل (اگلے دن) یکم صفر کو یزید نے آزاد کر کے واپس روانہ کر دیا تھا۔اس میں یہ ایک دقت ہوگی کہ کربلا سے کوفہ تک کا سفر اور کوفہ میں قیام کا یا تو انکار کرنا پڑے گا۔یا کسی جادو یا ہوائی جہاز کی قسم کی چیز بر سر کار لانا پڑے گی پھر بھی کوفہ میں قیام صِفر (0) رہ جائے گا۔

(الف)۔ بیس صفر 61 ھجری کو اہل حرؔم کربلا آئے اور سر ہائے شہدؔا دفن کیئے؟؟

''در حبیب السیر است کہ یزید ملعون سرھای شہدؔاء را تسلیم نمود۔بحضرت زین العابدینؑ و آن بزرگوار ھم سرھا را ملحق با بدان طیبہ نمود در روز بیستم از صفر۔بعد توجہ فرمود بجانب مدینہ طیبہ و این اصح اقوال است۔''(منتخب التواریخ صفحہ 470)

منتخب التواریخ میں لکھا ہے کہ:۔''حبیب السیر میں لکھا ہے کہ یزید ملعون نے حضرت زین العابدین علیہ السلام کو تمام شہدؔا کے سر سپرد کر دیئے اور اُن بزرگوار نے شہدؔا کے سروں کو اُن کے بدن کے ساتھ ملا کر دفن فرمایا اور 20 صفر کے بعد مدینہ طیبہ کے سفر پر متوجہ ہو گئے۔تمام اقوال میں یہی قول اور تاریخ سب سے صحیح ہے۔''

مومنین اس قدر نوٹ فرما لیں کہ اس بیان میں 61 ھجری یا 62 ھجری کچھ نہیں لکھا ہے۔

(7)۔ بیس صفر 61 ہجری تک تو اہل حرم علیھم السلام کوفہ ہی میں تھے

ہمارا طریقہ یہ ہے کہ جھوٹوں کو اُن کے گھر تک پہنچا کر چھوڑنا چاہیے۔گو عموماً اور اکثر کتابوں میں بیس صفر کی تاریخ کے ساتھ کہیں بھی سال 61 ہجری لکھا ہوا نہیں تھا۔لیکن سرکاری علما نے خود ہی 61 ہجری کہہ دیا یا لکھ دیا۔تاکہ آل رسولؐ کے ایام اسیری اور مظالم یزید کو کم کیا جائے۔بہر حال ہم اُن ہی کے ریکارڈ سے دکھاتے ہیں کہ وہ دروغ باف و فریب ساز ہیں۔چنانچہ ساری دنیا جانتی ہے کہ تیرہ یا چودہ محرم 61 ہجری کو اہل حرؔم کوفہ میں تھے اس کے بعد کیا ہوا سنئے:۔

واز لھوف استفادہ می شود کہ اہلبیتؑ اطھار در کوفہ ماندند تا وقتیکہ ابن زیاد کاغذ نوشت بیزید و خبر داد اُورا بقتل حسینؑ و خبر اہلبیتؑ اُورا بیزید داد۔یزید جواب نوشت و امر کرد عبیداللہ ابن زیاد را کہ سر نازنین سید الشہدؑ اء را با سرھای مبارک اصحاب آن بزرگوار با عیالؑ اللہ روانہ بشام نماید۔ولابدّ فرستادن نامہ ابن زیاد بشام و برگشتن جواب از یزید ملعون یکماہ طول میکشد و دراین مدت اہلبیتؑ ظاہراً میان زندان محبوس بودند۔''(منتخب التواریخ صفحہ 467)

''اور کتاب لھوف سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اہلبیتؑ اطہار کوفہ میں اُس وقت تک رہے جب تک کہ ابن زیاد نے اپنے خط کے ذریعہ یزید کو قتل حسینؑ اور گرفتاری اہلبیتؑ اور سر ہائے شہدؔا کی اطلاع دی۔پھر یزید ملعون نے ابن زیاد کو جواب دیا اور لکھا کہ تُو سر حسینؑ اور اُن کے صحابہؓ کے سر اور اُن کے اہلبیتؑ کو اُس کے پاس شام ارسال کر دے۔اور لازم ہے کہ ابن زیاد کا خط شام پہنچنے اور یزید کا جواب کوفہ آنے میں ایک ماہ کامل صرف ہو۔لہٰذا ظاہر ہے کہ اس دوران اہلبیتؑ قید خانہ میں رہے ہوں۔''

اس کتاب سے ثابت ہے کہ اہلبیت رسولؐ کم از کم ایک مہینے یعنی 14 محرم 61 ھجری سے 14 صفر 61 ھجری تک کوفہ میں قید تھے۔

لہٰذا اُن کا بیس صفر کو دمشق ہوتے ہوئے کربلا میں آ کر سر ہائے شہدؑا دفن کرنا مجتہدین کا کمال نہیں تو اور کیا ہے؟ اور سنئیے:۔

(8)۔ سولہ (16) ربیع الاوّل 61 ہجری کو اہلبیتؑ کوفہ سے دمشق پہنچے تھے

اما تاریخ ورود اہلبیتؑ بشام در جای دیدہ نشدہ مگر در کامل بہائی کہ میفرماید روز چھارشنبہ شانزدھم ربیع الاوّل اھلبیتؑ بشام وارد شدند۔''
(منتخب التواریخ صفحہ 467)

''یوں تو شام میں اہلبیتؑ کے وارد ہونے کی تاریخ کہیں نظر نہیں پڑی مگر کتاب کامل بہائی میں علامہ نے فرمایا ہے کہ بروز بدھ سولہ (16) ربیع الاوّل کو اہلبیتؑ شام پہنچے۔''

مومنین اب حساب لگائیں سولہ (16) ربیع الاول سے پہلے کے بیس روز سفر کے نکال دیں تو کوفہ سے روانگی کی تاریخ ستائیس (27) صفر نکلتی ہے۔اور مجتہدین کا اجتہاد یہ ہے کہ اہلبیتؑ بیس صفر کو شہدا علیھم السلام کے سر کربلا میں دفن کررہے تھے۔بتایئے ہم اِن لوگوں کو کیا کہیں؟ پھر یہ سوچئے کہ اہلبیتؑ 13 یا 14 محرم 61 ہجری کو کوفہ میں آئے اور 27 صفر کو کوفہ سے دمشق کے سفر پر روانہ ہوئے تو کوفہ میں اُن کی قید کا زمانہ کم ازکم ڈیڑھ ماہ ثابت ہوگیا۔اور یہی وہ زمانہ ہے جو ابن زیاد کے خط کا جواب آنے اور پھر روانگی کی تیاری پر صرف ہوا۔ ساتھ ہی کوفہ سے دمشق تک وہ حقیقی سفر سامنے لائیں جو ہم نے منزل بمنزل تفصیل سے لکھا ہے۔جس میں ہر آنے والے شہر اور قریہ میں تشہیر اور گشت کرایا جاتا رہا۔تصادم ہوئے،جنگ بھی ہوئی،استقبال بھی ہوئے،چراغاں بھی ہوئے،معجزات بھی ہوئے،عمر بن سعد نے چھٹی بھی منائی۔پھر پلٹ کر مجتہد کا منہ دیکھئے فق تو نہیں؟

(الف)۔ کچھ زندانِ کوفہ کی باتیں اور تعارف اور طوق وزنجیر سے ہمارا رشتہ؟

آپ اپنی مجالس میں کوفہ کی قید اور قید خانہ کا حال نہیں سنتے لہٰذا آج یہ دیکھیں کہ ہمارے جدّ اعلیٰ جناب زین العابدین علیہ السلام کی بیڑیاں اور زنجیریں جو بطور منت بچوں کو پہنائی جاتی ہیں اُن کی تاریخ کیا ہے؟ سنئیے:۔

(1) ودر امالیٔ شیخ صدوقؒ است بعد از بیرون شدن اہلبیتؑ از مجلس ابن زیاد ملعون۔ ثم امر بعلی بن الحسینؑ فغلّ وحمل مع النسوۃ والسبایا اِلَی السّجن فحبسوا فی السجن وضیّق باب السجن عَلَیۡھِم۔ (منتخب التواریخ صفحہ 466)

شیخ صدوقؒ کی کتاب امالی میں ہے کہ جب اہلبیتؑ ابن زیاد کے دربار سے باہر نکلے تو ابن زیاد نے حکم دیا کہ زینؑ العابدین کو طوق وزنجیر پہنا کر اُنکی اہلبیتؑ اور قیدیوں کو جیل خانے میں قید کردو۔چنانچہ اُنکے جیل کا دروازہ بہت سخت پہرے میں رکھا جائے۔''

(2) ودر لھوف است۔ثُمَّ امر ابن زیاد بعلیؑ بن الحسینؑ واھلہ وحملوا اِلی دار اِلی جنب المسجد الاعظم فقالت زینؑب بنت علیؑ لا تدخلن علینا عربیۃ الّام الولد او مملوکۃ فھن سبین کماسبینا۔(منتخب التواریخ۔صفحہ 466)

کتاب لھوف میں ہے کہ ابن زیاد نے حکم دیا کہ زین العابدینؑ کو مع اس کے اہل وعیال کے بڑی مسجد والے قید خانہ میں قید کردو۔ حضرت زینبؑ نے فرمایا کہ ہمارے پاس جو عورت بھی آئی وہ یا تو کوئی صاحب اولاد کنیز تھی یا کسی کی مملوکہ باندی تھی۔وہ بھی ہماری طرح قیدی تھیں۔

(3) وردارشادشیخ مفیداست۔ ولما اصبح ابن زیاد بعث براس الحسینؑ فدیر به فی سکک الکوفة کلها وقبائلها۔(ایضاً)

شیخ مفید رضی اللہ عنہ کی کتاب الارشاد میں ہے کہ اگلی صبح سے ابن زیاد نے سر حسینؑ اوراہل حرمؑ کوکوفہ کی تمام گلیوں،سڑکوں اور بازاروں اورتمام آس پاس کے قبائل میں گشت اورتشہیر کرنے کاحکم دے دیا۔''

مومنین نوٹ کریں کہ ڈیڑھ ماہ قیداورگشت کے بعد دمشق کوروانہ کیا گیا تھا۔

(ب)۔ قیدخانہ میں خبررسانی کاایک طریقہ؟اہلبیتؑ کاسر بندلٹاہوا سامان

چنانچہ ازروایت طبری استفادہ میشود۔ففیه عن هشام عن عوانة بن حکم الکلبی قال لمّا قتل الحسینؑ وجیٔی بالاثقال و الاسارٰی حتّٰی وردوا بهم الکوفةِ اِلٰی عبیداللّٰه بن زیاد فبینما القوم مجتمعون اذ وقع حجرفی السجّن معه کتاب مربوط وفی الکتاب: ''خرج البرید بامرکم فی یَوم کذاوکذا اِلٰی یزید بن معاویة وهو سائر فی کذاوکذا یوماً وراجع فی کذا کذا۔فان سمعتم التکبیر فایقنوا بالقتل واِنْ لم تسمعوا تکبیرًا فهو الامان انشاء اللّٰه۔'' قال فلما کان قبل قدوم البرید بیومین اوثلاثة اذا حجر قد القی فی السجن معه کتاب مربوط فی الکتاب:''اوصواواعهدوا فانّما ینتظر البرید یوم کذاوکذا '' فجاء البرید ولم یسمع التکبیر وجاء کتاب بان سرح الاسارٰی۔ قال فدعی عبیداللّٰه بن زیاد محضربن ثعلبه وشمر بن ذی الجوشن فقال انطلقوا بالثقل والراس الٰی امیرالمومنین یزید بن معاویة قال فخرجوا حتّٰی قدّموا علٰی یزید۔

ازاین روایت استفادہ شدکہ سرہائے نازنین راباۤسراءاہل البیتؑ یک مرتبہ ازکوفہ حرکت دادند (منتخب التواریخ صفحہ 467)

تاریخ طبری سے ثابت ہوتا ہے کہ جب امام حسین علیہ السلام شہید ہوگئے اوراسیران اہل حرمؑ اوراُنکے لوٹے ہوئے سر بند سامان کو لے کرکوفہ میں ابن زیاد کے پاس پہنچےاوراہل حرمؑ کوجیل خانے میں قید کر دیا گیا تو وہاں بہت سے لوگ جمع ہوگئے۔اتنے میں جیل کے اندرایک خط میں لپٹاہواایک پتھرآ کرگرا۔خط کھولا گیا تواس میں لکھا تھا کہ سنوتمہارے فیصلہ کیلئے ابن زیاد کی طرف سے ایک قاصد فلاں روز یزید کے پاس بھیجا گیاہے۔اوروہ فلاں روز یزید کے پاس پہنچے گا اورفلاں دن واپس آئے گا۔اسکے بعداگرتم اللہ اکبرکی تکبریں سنوتوسمجھ لوکہ تمہارے قتل کرڈالنے کاحکم آیاہےاوراگرتکبیر کی آوازیں بلندنہ ہوں توانشاءاللہ قتل سے محفوظ رہوگے۔ راوی نے کہا کہ جب قاصد کے واپس آنے میں دویاتین روز باقی رہ گئےتو پھرحسب سابق پتھر کے ذریعہ خط آیااس میں لکھا تھا کہ قاصد کے فلاں دن آنے کا انتظار ہے۔لہٰذا احتیاطاً تم لوگ وصیت کردواورمعاہدے قائم کردو۔ چنانچہ مقررہ دن قاصد آ گیا اورتکبیر کی آوازیں بلندنہ ہوئیں۔اسلئے کہ خط میں یہ حکم آیا تھا کہ اسیران اہل حرمؑ اوراُنکے لوٹے ہوئے سر بند سامان اورسروں کو میرے پاس دمشق بھیج دو۔ چنانچہ ابن زیاد نے محضر بن ثعلبہ اورشمرکو بلایااورحکم دیا کہ سروں کواورسر بند سامان کو لے کرقومی مسلمانوں کے امیرالمومنین کے پاس روانہ ہوجاؤ۔راوی کہتاہے کہ وہ لوگ حسب الحکم روانہ ہوکر یزید کے پاس پہنچے۔اس روایت سے معلوم ہوتاہے کہ سرہائے شہدؑااوراہل حرمؑ ایک ساتھ کوفہ سے شام کوروانہ کئے گئے تھے۔(صفحہ 467)

مومنین نوٹ فرمالیں کہ یہی وہ لباس اوربستروں وغیرہ کے سر بند صندوق تھے جو پہلے قیدخانہ سے رہائی کے وقت دیئے گئے تھے۔ اوردوسرے قیدخانہ کے مکان میں اورمدینہ پہنچنے تک یہی لباس وسامان کام آیا تھا۔اس میں برتن اوراموخانہ داری کا تمام سامان تھا۔ یہ

یادرہے کہ خاندان کا ریکارڈ اور دیگر تبرکات مدینہ میں محفوظ تھے۔

(9)۔ دمشق میں قید رہنے اور قیام کی مدت کے متعلق چند اور باتیں

علمائے کرام نے اس سلسلے میں کیا کیا کہا اور لکھا اُس کی ایک جھلک دیکھ لینا ضروری ہے۔ تاکہ ہمارے موقف اور حقیقت واقعی پر اُن کی گواہی ہوجائے۔ ہمارے ریکارڈ میں تو دمشق میں پورا ایک سال اور چاروں موسمیں گزری تھیں اور سال 62 ہجری میں جب ماہ محرم آیا تو یزید نے قیام عزاو ماتم کی اجازت دی۔ ماہ محرم وصفر صف ماتم بچھی رہی اور بیس صفر کو امامؑ اور شہدائے کربلا کا چہلم منایا گیا۔ اس کے چند روز بعد روانگی ہوئی۔

(الف)۔ تاریخ وماہ وسال بعد میں گھڑے گئے۔ فریب سازی

جیسا کہ ہم شروع سے شکوہ کرتے آرہے ہیں کہ ریکارڈ تیار کرنے والوں نے نہایت لاپرواہی کا ثبوت دیا ہے۔ اسی سلسلے کا ایک جملہ ملاحظہ فرمائیں:۔ اَمّا توقفشاں درشام معلوم نیست چند مدت بودہ؟

''اہلبیتؑ رسولؐ دمشق میں کتنی مدت رکھے گئے معلوم نہیں ہے۔'' (منتخب التواریخ۔ صفحہ 467)

مومنین غور فرمائیں کہ یہ کتاب منتخب التواریخ 1349 ہجری میں لکھی گئی اور اُس وقت تک یہ فیصلہ نہ ہوسکا تھا کہ دمشق میں اہل حرم کتنی مدت قید رہے؟ اور یہ بات یقین سے کہی جاتی رہی کہ 61 ہجری کے ماہ صفر کی بیس تاریخ کو واپس کربلا پہنچ چکے تھے۔ معلوم ہوا کہ فریب ساز لوگ خود بھی پورا انتظام نہ کرسکے تھے کہ کوئی پکی بات کہہ یا لکھ سکیں جو آگے بڑھے۔ اور مومنین کو غلط یا صحیح یقین فراہم کردے۔ یہ آپ دیکھ چکے ہیں کہ علامہ دربندی ایسے زبردست عالم ومحقق پندرہ روزہ قیام پر مطمئن ہیں۔ لیکن اس قسم کی تمام باتیں غلط تصورات پر مبنی ہیں۔

(ب)۔ حقیقت تک پہنچنے کی ایک ناکام کوشش

ہم بھی یہ لکھ چکے ہیں کہ کم ازکم پہلے قید خانہ کی مدتِ قید اتنی ہونا ضروری ہے کہ اہل حرم کی دھوپ اور تمازت آفتاب سے زمہریری سردی سے صورتیں بدل جائیں۔ اس دلیل کو منتخب نے بھی اختیار کیا ہے۔

درامالی شیخ صدوق است ثم یزید امر بنسآء الحسینؑ فحبس مع علیؑ بن الحسینؑ فی محبس لایمکنهم مِن حرٍّ ولابردٍ حتی تقشّرت وجوهھم۔ (منتخب التواریخ۔ صفحہ 467)

''حضرت صدوق کی کتاب امالی میں ہے کہ یزید نے حکم دیا کہ امام زین العابدین اور حرم حسینی علیھم السلام کو ایسے قید خانہ میں قید کردو جہاں اُن کو تمازت آفتاب اور سردی سے بچنے کا موقعہ نہ ملے۔ چنانچہ اُنہیں ایسی ہی جگہ قید کیا گیا یہاں تک کہ اُن کے چہرے بدل گئے۔''

اسی روایت کو لھوف سے بھی لکھا ہے لیکن کوئی نتیجہ اخذ نہیں کیا ہے۔ ہم یہاں اس سلسلے کی ایک اور روایت لکھتے ہیں تاکہ مومنین کو صورت بدل جانیوالی بات کی ایک نئی وجہ معلوم ہوجائے ساتھ ہی وہ لوگ جو دو قید خانوں کو ایک ہی قید خانہ سمجھے ہیں اُنکی غلطی پکڑی جائے۔

فاعلم اَنَّهٗ ذکر فی المناقب ثُمَّ انّ یزید انزلهم فی داره الخاصّة فما کان یتغذّی ولا یتعشی حتی یحضر علیؑ بن الحسینؑ الٰی اَن قال وقال لعلیؑ بن الحسینؑ اذکر حاجاتک الثلاث اللاتی وعدتک بقضآئِهن۔ (اکسیر صفحہ 545)

''جاننا چاہیئے کہ کتاب مناقب میں لکھا ہے کہ یزید نے امام زین العابدین علیہ السلام اور رسوؐل کی بیٹیوں کو اپنی ذاتی اور خاص جگہ رکھا جہاں غذا ملنے اور زندہ رہنے کا کوئی انتظام نہ ہو۔ یہاں اس دن تک قید رکھا گیا جس دن یزید نے اماؐم سے یہ وعدہ کیا تھا کہ میں تمہاری تین باتوں میں سے ایک یا سب ضرور تسلیم کروں گا۔''

یہ تھا وہ پہلا قید خانہ جہاں کھانے پینے کے لئے کچھ نہ دیا جاتا تھا۔صورت بدل جانا تو ہرگز قابل تعجب بات نہیں ہے۔ حیرانی یہ ہے کہ زندہ کیسے رہے؟ اور جواب وہی ہے جو ہم مناسب مقام پر دیں گے۔

(ج)۔ سرہائے شہدؑا کے لٹکائے جانے کی مدت سے اندازہ لگانا

درکامل بہائی است ۔ ثُمَّ انّ یزید امر براس الحسینؑ وسائر الرؤس مِن اهلبیتهٔ واصحابه اَن یصلب علٰی ابواب البلد: وفیه ایضًا رأسه صلب علٰی منارة جامع دمشق اربعین یومًا وسائر الروس علی ابواب المساجد وابواب البلد ویومًا علٰی باب داریزید۔(منتخب التواریخ صفحہ 468)

''کتاب کامل بہائی میں ہے کہ یزید نے سر حسینؑ اور باقی اہلبیتؑ واصحاب کے سروں کو شہر کے دروازوں پر لٹکانے کا حکم دیا۔اور اُسی میں یہ بھی ہے کہ امام حسینؑ کا سر دمشق کی جامع مسجد کے مینار پر چالیس روز لٹکا رہا اور باقی شہدؑا کے سروں کو دیگر مسجدوں اور شہر کے دروازوں پر لٹکایا گیا تھا۔اور ایک دن تمام سر یزید کے محل کے دروازے پر لٹکائے گئے۔''

یہ روایت لکھ کر اب نتیجہ یوں نکالتے ہیں کہ:۔

وازین روایت ممکنست استفادہ شود کہ وقوفِ اہلبیتؑ در محبس شام زیادہ برچہل روز بودہ۔(منتخب التواریخ صفحہ 468)

''اور اس روایت سے یہ فائدہ اٹھانا ممکن ہے کہ اہلبیتؑ زندانِ شام میں چالیس روز سے زیادہ قید رہے ہوں۔''

اس کے بعد موؔرخ نے اور چند احادیث لکھ کر یہ نتیجہ نکال لیا ہے:۔''الحاصل از مجموع این احادیث وتواریخ معلوم میشود کہ اھلبیتؑ اطہار مسلّماً دوماہ درشام توقفشان طول کشید بعد روانہ مدینہ طیبہ شدند۔''(منتخب التواریخ صفحہ 469)

''ان تمام احادیث اور تاریخوں سے جو کچھ معلوم ہوتا ہے۔اُس کا نچوڑ یہ ہے کہ زندانِ شام میں اہلبیت علیہم السلام یقیناً دوماہ کی مدت تک رہے اور اس کے بعد وہ مدینہ کو روانہ ہوئے تھے۔''

اس نتیجہ کے بعد موؔرخ نے علامہ حاجی نوری کی بحث لکھی ہے اور ثابت کیا ہے کہ بیس صفر کو اہلبیتؑ کی کربلا میں واپسی پر جابر بن عبداللہ انصاری سے ملاقات قطعاً غلط بات ہے۔(ایضاً صفحہ 469)

یہاں تک موؔرخ کی کوشش سے زیادہ سے زیادہ دومہینے دمشق میں قید ثابت ہے۔

(10)۔ تمام بیانات میں سمجھوتہ دمشق میں قید کی مدت پورا ایک سال تھی

موؔرخ نے پانچ بڑے سائز کے صفحات میں دھڑا دھڑ مختلف احادیث لکھیں،علما کی بحثیں سامنے لائے اور اس کے بعد پہلے درجہ میں یہ فرمایا کہ:۔''مخفی نہ نماند کہ بمقتضائی آنچہ درسابق ذکر شد بعید است کہ اہلبیتؑ تا اربعین سال بعد درشام توقف فرمودہ باشند۔وابعد

ازاین آنستکہ بعضی گفتہ اند کہ اہلبیتؑ دراربعین سال اوّل وارد کربلا شدند ودیدند جناب جابر بن عبداللہ را با بعضی از بنی ہاشم بجہت زیارت حضرت سیدالشہدؑاءمشرف شدہ اند۔''(صفحہ 470)

الحاصل جمع بین اخبار معتبرہ وفرمائشات علماءِ ومورخین ممکن نمیشو دمگرآ نکہ گفتہ شودآ ن مخدّرات وقتیکہ ازکوفہ بشام می رفتند روز اربعین وارد کربلا شدند و دیدند جناب جابر برای زیارت مشرف است وروز اربعین سال بعد جابر نیز بزیارت مشرف شدہ بودوحضرت زین العابدینؑ باہل بیتؑ ھُم مشرف شدہ باشند بکربلا وسرنازنین راملحق نمودہ باشند بدن مقدس۔(صفحہ 471-470)

''یہ بات پوشیدہ نہ رہے کہ جواحادیث وروایات اور بحث ہم نے سابقہ صفحات میں لکھی ہے۔اُس کودیکھتے ہوئے یہ بات بہت دُور معلوم ہوتی ہے کہ اہلبیتؑ اگلے سال (62ھجری) کے اربعین تک شام میں قید رہے ہوں اور یہ بات تو اُس سے بھی بہت دور ہے کہ اہلبیتؑ پہلے ہی سال (61ھجری) کے اربعین پر دمشق سے فارغ ہوکر کربلا پہنچے ہوں۔اور جناب جابر بن عبداللہ اور بعض بنی ہاشمؑ سے ملے ہوں جب کہ یہ لوگ سیدالشہدؑاء کی زیارت کی غرض سے آئے ہوئے تھے۔''

یہ لکھ کر دوسرے درجہ میں اب یہ فیصلہ فرمایا ہے کہ:۔

''تمام بحثوں، حدیثوں اور تاریخوں اور علما کے اخذ کردہ نتائج میں ہم آہنگی کی اور کوئی صورت ممکن نہیں سوائے اسکے کہ یہ تسلیم کیا جائے کہ'جب اسیران اہل حرمؑ کو کوفہ سے شام بھیجا گیا تھا تو اُنہیں کربلا کی راہ سے لے گئے ہوں اور اُس وقت جناب جابر بن عبداللہ اور دیگر بنی ہاشمؑ سے اُسی سال (61ہجری) کے اربعین کو ملاقات ہوئی تھی۔اور پھر اگلے سال (62ھ) کی اربعین میں جناب جابر دوبارہ زیارت کو گئے اور اُدھر امام زین العابدین اور اہلبیت علیہم السلام دمشق سے رہا ہوکر مع سرہائے شہدؑا کے کربلا تشریف لائے اور جابر رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی اور امامؑ نے سرہائے مقدسہ کو بدنہائے مطہرہ سے وابستہ کرکے دفن کیا تھا۔''

یہ ہے وہ شیعہ مومنین کا یقین وعقیدہ اور تاریخی حقیقت جسے مشکوک کرنے کے لئے سرکاری علمانے بہت جوڑ توڑ کیئے۔مگر وہ مومنین کے قلوب میں شک وشبہ قائم نہ کرسکے۔

53۔شام میں سال قید کے بعد اہلبیت علیہم السلام کا کربلا سے ہوکر مدینہ پہنچنا

(1)۔ اہل بیت علیہم السلام کی دمشق سے روانگی کی تیاریاں

جیسا کہ عرض کیا گیا کہ یزید کی دلی خواہش اور مقصد یہ تھا کہ وہ جس طرح ہوسکے اہل بیت علیہم السلام کو دمشق میں آباد کرے۔ اور مستقبل میں ایسے انتظامات برسرکار لائے کہ کربلا کو رفتہ رفتہ صفحہ قلب سے مٹایا جاسکے۔اور اہل دمشق اور مملکت کے عوام کو یہ دکھایا جاسکے کہ اب اہلبیتؑ مجھ سے خوش ہیں۔ہم میں کوئی اختلاف وتنازع نہیں ہے۔لہٰذا عوام کو کوئی ایسی تحریک چلانا جس سے اشتعال پیدا ہو خلاف واقعہ ہوگا۔اور حکومت واہل بیتؑ کی منشا کے خلاف جرم ہوگا۔لیکن یزید کو اہلبیتؑ نے اس مقصد میں بھی نامراد کردیا اور روانگی ہی کو اختیار کیا۔چنانچہ عزاداری دمشق میں گھر گھر پہنچا کر اور کربلا کی تاریخ اور حادثہ کربلا کے اسباب وعلل کو دلوں میں اُتار کر یزید سے ملاقات کی روایت سنئے:۔

قال المفید وصاحب المناقب: وروی اَنَّ یزید عَرَضَ عَلَیۡهِمُ المقام بدمشق فابوا ذلک قالوا بل ردّ نا اِلٰی المدینة فانه مهاجر جدّنا ۔ فقال لنعمان بن بشیر صاحب رسولؐ اللّٰه جَهِّز هٰؤلاءِ النّسوۃ بِمَا یُصلحهم وابعث معهم رجلًا مِن اهل الشام امینًا صالحًا وابعث معهم خیلًا واعوانًا ثُمَّ کساهم وحباهم وفرض لهم الارزاق والازال۔

ثُمَّ دعی بعلیؑ بن الحسینؑ فقال له لَعَنَ اللّٰه ابن مرجانة اماواللّٰه لَوۡ کنتُ صاحبه ماسئلنی خصلة ابدًا اِلَّا اَعۡطَیۡتُهُ ایّاها ولدفعت عنه الحتف بکُلِّ ما قدرتُ علیه و لوبهلاک ولدی و لکن قَضَی اللّٰه مَارائیتَ ۔ فکاتبنی مِن المدینة وانّه اِلٰی کلّ حاجة تکون لک وتقدّم بکسوته و کسوۃ اهلَّ بیته وانفذ مَعَهُمۡ فی جُملة النعمان بن بشیر ۔(اکسیرالعبادات ۔صفحہ 545)

شیخ مفید رضی اللہ عنہ اور کتاب المناقب کے مصنف نے لکھا ہے کہ یزید نے اہلبیتؑ کے سامنے دمشق میں ٹھہرنے اور سکونت اختیار کرنے کی درخواست کی ۔مگر اُنہوں نے ناگواری اور ناپسندیدگی کا اظہار فرمایا اور اس دفعہ بھی یہ کہا کہ میں اپنے ناؐنا کی خدمت میں ہجرت کرنا پسند کروں گا ۔ یہ فیصلہ سنا تو یزید نے نعمان بن بشیرؓ صحابیِ رسولؐ سے کہا کہ تم رسولؐ کے اہل حرمؑ کو تمام ضروریات جو اُن کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لئے لازم ہوں پورا کرو۔ اور کسی نہایت دیانت دار اور صالح اور صاحب امانت شامی کو اُن کی واپسی کے لئے مقرر کرو۔ اور اُن کے ساتھ ساتھ سفر کرنے ، پہرہ دینے اور خدمت کرنے کے لئے مردوں عورتوں کا ایک گروہ منتخب کر کے مجھے رپورٹ کرو۔ اس کے بعد یزید نے اہلبیتؑ کے کپڑے لباس اور سفر میں کام آنے والی ہر چیز فراہم کی اُن کے لئے مستقل وظائف وآمدنی کا انتظام کردیا۔

یہ تمام احکامات دینے کے بعد یزید نے امام زین العآبدین کو بلایا (وہی روایت) اور اُن سے کہا کہ اللہ ابن زیاد پر لعنت کرے خدا کی قسم اگر کہیں میں حسینؑ کے پاس ہوتا تو یہ نہ دیکھتا کہ حسینؑ کا رجحان اور خصلت کیا ہے اور جو کچھ وہ چاہتے اُنکو دے دیتا اور انہیں خطرہ سے بچاتا اور اپنی پوری قدرت صرف کردیتا خواہ ایسا کرنے میں خود میری اولاد کو ہلاکت کا سامنا کرنا پڑتا مگر کیا کروں قضائے الٰہی کے بعداب کوئی کچھ نہیں کرسکتا۔ چنانچہ آپ مجھ سے رابطہ رکھیں۔ جب بھی آپکو کوئی ضرورت ہو تو مدینہ سے مجھے خط لکھ دیا کریں میں خدمت بجالاؤں گا۔ اِسکے بعد امامؑ کے لباس وغیرہ کا انتظام کیا اور اُنکے اہلبیتؑ کے لباس بھی تیار کرائے اور دیگر اسٹاف (STAFF) کے ساتھ ساتھ خود نعمان بن بشیر کو ساتھ جانے کیلئے تعینات کیا۔(اکسیر صفحہ 545)

(الف)۔ یزید کے بیانات بڑے دل نشین تھے مگر اہلبیتؑ کی پسند شرط ہے؟

اگر بات سادہ ہوتی یعنی یزید ہی سے شروع ہو کر یزید ہی پر ختم ہوجاتی ؟ اگر سقیفہ بنی ساعدہ سے لے کر یزید تک کے دانشوران قوم کی پالیسی اور عمل درآمد بیچ میں نہ ہوتا ؟ اگر یہ کفر واسلام کا معاملہ ہوتا ؟ اگر یہ کسی خاندانی دشمنی کا حادثہ ہوتا ؟ اگر یہ اچانک بلامنصوبہ سازی کے پیش آ گیا ہوتا تو ہم یزید کو معاف کردیتے ۔لیکن یزید نے تو خود تصدیق کردی کہ کربلا ایک حادثہ نہیں بلکہ پچاس سال سے پروان چڑھتے چلے آنے والی اسکیم اور پالیسی ہے ۔ یہ رسوؐل خدا اور علیؑ مرتضٰی سے انتقام ہے ۔ یہ ساری وحی اور نبوت کا انکار نہیں بلکہ اُس وحی کا انکار ہے جو آج تک کیا جارہا ہے کہ محمدؐ کے بعد علیؑ کی حکومت مِن جانب خدا اور مُنزَّل مِن اللہ نہیں ہے ۔ یہ تو بقول شبلی نعمانی وہ اسکیم

ہے جس میں خاندان نبوت سے حکومت الگ کرنا طے کیا گیا تھا۔ اور وہ منصوبہ ہے جس میں قریش کی قومی حکومت قائم کرنا اور مخالفین کی نسل کو تباہ کرنا طے کیا گیا تھا (فرقان 25/30، بقرہ 2/205)۔ یہ تو اُسی قوم کی پیروی میں کیا گیا ہے جس نے قرآن کو مہجور کر کے نظام اجتہاد کو اپنا راہنما بنایا تھا۔ اس لئے یزید کے یہ بیانات بھی قومی پالیسی کے احیاء کی کوششوں کی ذیل میں آتے ہیں۔ یہ اُس انقلاب کو روکنے کی کوشش ہے جو حکومت کے دروازہ پر دستک دے رہا ہے۔ یہ باتیں یقیناً قلب و ذہن سے نکلی ہیں مگر سیاست کے دباؤ اور خطرے کو دور کرنے کے لئے باہر آئی ہیں۔ قضائے الٰہی کے جو معنی بھی ہوں۔ یہ بحث و مناظرہ میں الجھنے اور الجھانے والی بات ہے۔ قومی خلیفہ یا قریشی مومنین کے امیر المومنین یہ کیوں کہتے ہیں کہ حسینؑ جو مانگتے دے دیتا؟ کیا اُسے ابھی تک یعنی ایک سال خطبات واہلبیتؑ کے بیانات سننے اور لاکھوں شامیوں کو بھینٹ چڑھانے اور خاندان رسولؐ کے قتل عام کر چکنے کے بعد بھی یہ معلوم نہیں ہوا کہ حسینؑ کیا چاہتے تھے؟ حسنؑ کیا چاہتے تھے؟ علیؑ کیا چاہتے تھے؟ محمدؐ کیا چاہتے تھے؟ اور اللہ کیا چاہتا ہے؟ کیا اُسے یہ معلوم نہیں کہ معاویہ نے اور اُس کے سرپرستوں نے جو چاہا اور جو کیا وہ نہ اللہ چاہتا ہے نہ رسولؐ چاہ سکتے تھے؟ وہ کیوں نہیں کہتا کہ: یا ابن رسولؐ اللہ آپ کیا چاہتے ہیں؟ وہ کیوں نہیں کہتا کہ میں خلیفۃ اللہ نہیں ہوں۔ وہ کیوں سربراہی اسلام سے دستکشی کا اعلان نہیں کرتا؟ وہ کیوں امامؑ کی ضروریات یعنی آٹے دال کی فکر کرتا ہے۔ وہ کیوں تاج حکومت امامؑ کے پیروں پر نہیں رکھ دیتا؟ خلیفۃ اللہ، خلیفۃ المسلمین اور امیر المومنین تو خود ہی بنا رہنا چاہتا ہے۔ خط آنے پر امامؑ کی ضروریات فراہم کر کے احسان کی راہ کھلی رکھنا چاہتا ہے۔ لیکن نہ یہ امامؑ کسی کا احسان لے گا نہ اُس کے بزرگوں نے کسی اور کا احسان لیا۔ یہ بوریہ نشین فاقہ مست خاندان ہے۔ یہ اللہ کے سوا کسی کا احسان نہیں لیتا۔ بہرحال یزید کی باتوں سے وہ لوگ بہک سکتے ہیں جو قرآن اور اسلام کے اصولوں سے جاہل ہوں۔ جو ایسے جاہل اور کورے لٹھ ہوں جو نہ لفظ خوشامد اور اس کے مواقع سے واقف ہوں۔ جو نہ لفظ سیاست و فریب پر مطلع ہوں جو یہ بھی نہ جانتے ہوں کہ: ؎ رفع حاجت کو چلے جاتے پیخانہ میں یا واقف تو ہوں مگر یزید کی طرف سے مسلمانوں کو دھوکہ دینے والے ہوں۔

(ب)۔ یزید کے متعلق اہلبیتؑ کے احساسات اور جوابات

یزید، اہلبیت علیھم السلام کی رخصت کا شاہانہ لیول پر انتظام کر رہا ہے۔ تمام اہلکارانِ حکومت اپنی اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہیں۔ اُدھر امامؑ اور رسولؐ کی بیٹیاں بھی تیاری میں مصروف ہیں۔ آج یزید نے اپنا انتظام دکھانے کے لئے اہلبیتؑ رسولؐ کو بلایا ہے۔ شاہی بیگمات بھی موجود ہیں۔ فطرت انسانی کی خواہش ہوا کرتی ہے کہ رخصت کے وقت کچھ تحفے تحائف دیئے جائیں۔ کچھ ہر وقت کام آنے اور سامنے رہنے والی چیزیں دی جائیں تاکہ دینے والوں کی قدر و قیمت اور یاد تازہ ہوتی رہے۔ مگر رخصت کی بہت سی قسمیں ہیں۔ اور اہلبیتؑ جس حال میں رخصت ہو رہے ہیں وہ اُن میں سے کسی بھی قسم میں داخل نہیں کئے جا سکتے۔ اُن پر کیا گزر رہی ہے؟ یہ بیان کرنے کے لئے دس کروڑ صفحات کی کتاب کافی نہیں ہے نہ بیان کرنے کے لئے عمر نوحؑ کفایت کر سکتی ہے۔ ہاں سکینہؑ ساتھ ہوتی تو کھلونوں کی بات کچھ بن جاتی۔ حسینؑ سر پر ہوتے، علیؑ اکبر و عباسؑ ہوتے، قاسمؑ ہوتے، علیؑ اصغر کھیلنے کی عمر کو پہنچ گئے ہوتے تو بات اور ہوتی۔ مگر اب تو مدینہ کا خیال ہی ایک ایسی بھیانک بات ہے کہ تصور سے دل لرز جاتا ہے۔ وہاں والے کیا کیا سوال کریں گے؟ کس کو

کیا جواب مطمئن کرے گا؟ یہ ہے وہ غم واندوہ کا سماں جو اہلبیتؑ کے دل ودماغ پر ہر لحہ طاری ہے۔اس حالت میں تحفہ دینا بھی ظلم ہے۔ یادرکھنے کی درخواست بھی بے معنی ہے۔اُن کے حافظہ میں تو برسوں کوئی بیرونی چیز جگہ نہ پا سکے گی۔اُن کے لئے بہترین تحفہ یہ ہے کہ ماتم حسینؑ کیا جائے۔ہائے حسینؑ ہائے علیؑ اصغر کہہ کر سروسینہ پر ضربیں لگائی جائیں۔اُن کو کربلا والوں کی یاد کے علاوہ کوئی چیز خوش نہیں کرسکتی۔یزید اہلبیتؑ کو شاہی ٹھاٹھ اور مادی وفانی سامان دکھا کر داد لینا اور قلوب اور اجسام پر گہرے زخم لگا کر مرہم سے خوش کرنا چاہتا ہے سنئے:۔

علامہ ابومخنف: قال الراوی فعدل لهن المحامل وفرشها بفرش دیبقیّ والا بریشم وصبّ الاموال عَلَی الانطاع وقال یاام کلثومٌ خذی هذه الاموال عوضًاعن الحسینؑ واحسبی کان قدمات۔فقالت اُم کلثوم یایزیدما اَقْسَی قلبکَ تقتل اخی وتعطینی عوضه مالًا واللّٰه لاکان ذٰلک ابدًا قال فاعطا هم مالًا کثیرًا واخلف علٰی کل واحدٍ منهم ومنهن مااخذ منه وزاد عَلَیْهِ من الحلّی والثیاب و الاثاث۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 545)

''علامہ ابومخنف نے لکھا ہے کہ راوی کا بیان ہے کہ یزید نے آل رسولؐ کے لئے شاندار محملیں تیار کرائیں۔حریردیبا اور ریشمی پردے اور تکیے اور گدے رکھوائے اور مال ودولت کے انبار لگادیئے تو جناب ام کلثومؑ سے کہا کہ یہ سب کچھ میں حسینؑ کے بدلے میں پیش کرتا ہوں اُسے قبول کرلیں اور دل کو یوں سمجھالیں کہ ہمارا بھائی پہلے ہی مرچکا تھا۔ حضرت ام کلثومؑ نے کہا اے یزید تو کتنا بے رحم اور سخت دل ہے کہ میرے بھائی کو قتل کرکے اُن کے عیوض مجھے مال دے کر بہلانا چاہتا ہے۔سُن اُن کا بدلہ قیامت تک بھی نہ دیا جاسکے گا اور ہم ہرگز مال ودولت حاصل نہیں کرتے۔بہرحال راوی نے اس انکار کے باوجود بھی کہہ دیا کہ یزید نے بکثرت مال ودولت دی اور جو سامان اُن میں سے کسی کا بھی لوٹ لیا گیا تھا واپس دیا ورنہ اس کے بدلے میں کچھ دیا۔اوراس کے علاوہ سب کو خلعتیں کپڑے اور پوشاکیں اورضروریات زندگی سے متعلقہ سامان دیا۔''

مومنین نوٹ فرمالیں کہ حضرت ام کلثومؑ ایسا مزاج رکھنے والوں نے کیا قبول کیا ہوگا؟

(2)۔ دمشق سے روانگی اور کربلا میں واپسی

مومنین نے وہ انتظامات دیکھے جو یزید نے اہلبیتؑ کی روانگی کے لئے کئے تھے۔آج اولاد رسولؐ دمشق سے روانہ ہورہی ہے۔ اس روانگی اوراس روانگی کے انتظامات کو اگر اُس نظارہ کے سامنے رکھ دیا جائے جو اہل دمشق کی آنکھوں نے اُس وقت دیکھا تھا جب خاندان رسولؐ کو دمشق میں لایا گیا تھا تو وہ فرق کھل کر سامنے آجائے گا۔جسے برقرار رکھنے کے لئے یزید اوراُس کی سابقہ سرپرست حکومت نے مسلسل پچاس سال کی کوشش کی تھی۔اور جسے پیدا کرنے اور عملی صورت دینے کے لئے یزید نے بقول قیس بن ربیع ،اپنی پوری مالی وفوجی وسیاسی قوت وقدرت صرف کردی تھی۔مگر صرف ایک سال کے اندر اندر یزید کی تمام جابرانہ وقاہرانہ وظالمانہ قوت وقدرت خاندانِ رسولؐ کے سامنے ہاتھ جوڑ کر کھڑی ہوگئی تھی۔اور آج اِس روانگی کے وقت یزید ملعون اوراُس کی ازواج واولاد،اہلبیتؑ کے سامنے غلاموں اور کنیزوں سے زیادہ کوئی مقام نہ رکھتے تھے۔اُنہوں نے شہر سے باہر آکر جہاں تک اُن کی نظر جاسکتی تھی یہ نظارہ دیکھا تھا کہ

لوگ اُن اونٹوں اور عماریوں کے پردوں کو بطور تبرک چھونے اور چومنے کے لئے ایک دوسرے پر گرے پڑتے تھے۔ وہ تمام صندوق جن میں تمام سرہائے شہدؑا تھے عموماً اور وہ صندوق جس میں سرِ حسین علیہ السلام تھا خصوصاً مرکز نگاہ تھے۔ لوگ اُن اونٹوں کا طواف کررہے ہیں جن پر وہ صندوق رکھے ہوئے ہیں۔ لوگ اونٹوں والوں سے رکنے کی درخواست کرتے ہیں تاکہ وہ اپنے مایوس العلاج بیماروں کو شغدف کے نیچے سے گزاریں۔ امامؑ زمانہ کے پاؤں چھونے والوں کی قطاریں لگ جاتی ہیں۔ لوگ پاؤں سے لپٹ لپٹ کر بلک بلک کر روتے تھے۔ یزید نے یہ سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا۔ اُس نے دیکھا تھا کہ اہل دمشق کے قلب وذہن پر اُس کی نہیں بلکہ اہلبیتؑ کی حکومت ہے۔ وہ سوچ رہا تھا کہ خاندان رسولؐ کے چلے جانے کے بعد دراصل وہ اہل دمشق کے رحم وکرم پر رہ جائے گا۔ وہ سمجھتا تھا کہ میری اور میری حکومت کی شکست ہوچکی ہے۔ یہ روزانہ حسینؑ کی فتح کا اعلان لے کر سورج نکلتا اور بلند ہوتا ہے۔ پھر مومنین وہ شان یاد کریں جب امام حسین علیہ السلام مدینہ سے روانہ ہو رہے ہیں۔ کتنا اہتمام ہے؟ بار بار سر جھکانے کی آواز آرہی ہے۔ لوگو! آنکھیں جھکالو حضرت زینبؑ سوار ہورہی ہیں۔ آج بھی مدینہ کا نظارہ سامنے ہے۔ مگر کمی یہ ہے کہ سوار کرانے والوں میں نہ عباسؑ ہیں نہ علی اکبرؑ ہیں اور نہ سامنے امام حسینؑ کرسی نشین ہیں۔ بہرحال وہاں اہل مدینہ رو رہے تھے۔ یہاں اہل دمشق میں رونے کا کہرام برپا ہے۔ آج حضرت زینبؑ وام کلثومؑ اور رسوؐل کی باقی بیٹیاں دمشق کو فتح کرکے واپس جارہی ہیں۔

(الف)۔ **<u>پانچ سو سواروں اور سینکڑوں خادموں اور خادماؤں کے جُھرمٹ میں روانگی</u>**

فقال ابومخنف، ثم دعابالجمّال فابركوها فوطأهالهم باحسن وطاءٍ واجملهٖ فدعى بقوّادمِن قوّاده وضمَّ اِليه خمس مائة فارس وامره باالمسير اِلَى المدينة فسارالقآئد بهم مِن دمشق وكان يقدمهن تارة ويتأخّر هن تار ة و احسن لهُنّ بالصحبة والنصيحة و الخدمة اللائِقة۔قال فعند ذلک قالوا له مرّبنا علٰى كربلا ۔ فمرّبهم علٰى كربلا فوجد فيها يومئِذجابر بن عبدالـلّـه الا نصارى وجماعة معه قدآتوالزيارة الحسينؑ فعند ذلک نزلوا فى كربلا وجدّد وا الاحزان وشقّقوا الجيوب ونشروا الشعور وابد وا ماكان مكتومًا مِنَ الاحزان والمصائب واقاموا عنده ايامًا۔انتهٰى كلامه ۔(اکسیرصفحہ 546)

وقال السيد فى الملهوف قال الراوى ولمّا رجع نساء الحسينؑ وعياله مِنَ الشام وبلغوا العراق قالوا للدليل مُرّبنا علٰى طريق كربلا۔ فوصلوا الٰى موضع المصرع فوجد وا جابربن عبدالله الانصارى وجماعة مِن بنى هاشم ورجالًا مِن آل رسولؐ الله قد ورد والزيارة قبرالحسينؑ فتوافوا فى وقت واحد وتلاقوا بالبكاء والحزن واللطم واقاموا الما تم المقرّحة لِلاكباد واجتمع اليهم نسآء ذلک السواد فاقو علٰى ذلک ايامًا وفى بعض الروايات واقاموا الماتم عند قبرالحسين عليه السلام ثلثة ايام فلما كان يوم الرابع توجّهوا نحوالمدينة۔ (اکسیرالعبادات۔صفحہ 546)

علامہ ابومخنف نے بتایا ہے کہ پھر یزید نے اونٹوں کے ماہرین کو بلایا۔ وہ سب متعلقہ اونٹوں کو لے کر حاضر ہوئے، انہیں بٹھایا، اُن پر کجاوے اور عماریاں بہت دل پذیر انداز سے فٹ (FIT) کیں۔ اور اُنہیں متعلقہ پردوں اور چیزوں سے سجایا اور اونٹ سواری کے لئے تیار ہوگئے۔ پھر گھوڑوں کے ماہر کو بلایا اور اسے پانچ سو بہترین گھوڑوں اور سواروں کو انتخاب کرنے اور مدینہ تک ہمراہ جانے کی ہدایات دیں۔ چنانچہ وہ اہل بیتؑ کو لے کر دمشق سے روانہ ہوا۔ کبھی شہزادیوںؑ کے آگے آگے رہتا تھا ضرورت پڑنے پر پیچھے پیچھے چلتا

تھا۔سوار داہنے بائیں آگے پیچھے دُور دُور رہ کر راستہ صاف رکھتے جاتے تھے۔قافلہ سالار ہر سواری کے ساتھ متعلقہ انتظام پر نظر رکھتا تھا۔ ضروری اطلاعات اور نصیحت اور سفر کا مقام و منزل اور احتیاط بتا تا جا تا تھا۔ ہر خدمت بہترین ادب و تعظیم سے کرا تا ہوا چلتا تھا۔راوی نے کہا کہ اس اطاعت شعاری اور محنت کشی کو دیکھ کر اہلبیتؑ نے کہا کہ ہمیں کربلا کی راہ سے لے کر چلنا۔ چنانچہ وہ لئے ہوئے کربلا پہنچا۔ اور وہاں جابر بن عبداللہ انصاری کو ایک اور جماعت کی معیت میں موجود پایا۔ جو زیارت امام حسین علیہ السلام کے لئے آئے ہوئے تھے۔ چنانچہ اہلبیتؑ نے کربلا میں قیام فرمایا اور ماتم حسینؑ اور عزاداری شہدؑا انجام دینے کے لئے جو باتیں اور اعمال باقی رہ گئے تھے اور فتویٰ نہ ہونے کی بنا پر اُن پر عمل نہ ہوتا تھا وہ بھی مصائب سید الشہدؑ امیں عملاً بجالائے گئے۔ چنانچہ اظہار غم و مصیبت کے لئے بال کھول دیئے گئے اور عزائے سیّد الشہد اکوئی روز تک با قاعدہ جاری رکھا گیا۔ یہاں علامہ ابومخنف کا بیان ختم ہو جا تا ہے۔مگر؛

علامہ سید ابن طاؤس لکھتے ہیں کہ جب امام حسین علیہ السلام کے اہل حرمؑ اور اہل و عیال و اطفال علیھم السلام شام سے روانہ ہو کر عراق کی حدود میں داخل ہو گئے تو انہوں نے قافلہ کے نگران سے کہا کہ ہمیں کربلا کی راہ سے مدینہ لے کر چلنا ہے۔ چنانچہ اُس نے ایسا ہی کیا اور جب اہلبیتؑ مقام دفن کے قریب پہنچے تو جابر بن عبداللہ انصاری کو اور بنی ہاشم میں سے ایک جماعت کو اور آل رسولؐ کے چند لوگوں کو وہاں موجود پایا جو قبر مظلومؑ کی زیارت کے لئے آئے ہوئے تھے۔ چنانچہ سب نے مل کر ساتھ ہی ساتھ قبر مبارک کا طواف کیا اور روتے پیٹتے مُنہ پر طمانچے مارتے ہوئے امامؑ سے ملاقات کی اور ایسا ماتم برپا کیا جس سے کلیجوں میں زخم پڑ کر رہ جائیں۔آس پاس کے دیہات کی خواتین بھی قیام عزا میں کئی روز شریک رہیں۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ صرف تین دن صف ماتم بچھی رہی اور جب چوتھا دن ہوا تو مدینہ کی طرف روانگی کے لئے متوجہ ہوئے۔

(ب)۔ کربلا سے مدینہ کا سفر اور شہدؑا سے جدائی بڑا جگر خراش مرحلہ تھا

قال ابو مخنف فلما کان یوم الرابع توجّھوا نحو المدینة ثم لما اراد وا الرحیل وجاؤا بالجمال لِلنساء صَاحَت رقیّة بنت الحسینؑ بالنساء الاارجعن الٰی قبر ابی لنودّعه فرجعن الیه ودرن حوله فحضنت القبر الشریف و بکت بکاءً شدیدًا حَتّٰی غشی علیها فلمّا افاقت جعلت رحلنا یاابی بالرغم منّا ۔ الاافانظر الٰی ماحل فینا۔الایاکربلا اودعت جسمًا. بلاغسل ولا کفن دفینا۔ اَلا یاکربلا اودعت نورًا ۔لباری الخلق طرّا اجمعینا۔الا یاکربلا اودعت کنزًا وذخر القاصدین الزائرین۔
(اکسیر العبادات۔صفحہ 548-547)

کربلا میں ماتم و عزاداری کی تا قیامت قائم رہنے والی رسومات عملاً قائم کر کے اور زیارات شہدؑائے کربلا کے آداب و طریقے سکھا کر کربلا سے روانہ ہونے کا ارادہ فرمایا اور سواری کے لئے عماریوں والے اونٹ لا کر خیموں کے سامنے بیٹھا دیئے گئے تو جناب رقیہ بنت امام حسین علیہ السلام نے اپنی پھوپھی اور دوسری بزرگ خواتین سے فریاد کی کہ آپ میرے والدؑ سے رخصت کی اجازت لئے بغیر ہی روانہ ہو جانا چاہتی ہیں؟ کیا اُنہیں اس طرح اور اتنا جلدی سے بھلا دینا چاہتی ہیں؟ یہ سن کر نئے انداز سے بیبیوں میں کہرام برپا ہو گیا اور یوں گریہ و زاری کرتی ہوئی تمام خواتین قبر حسین مظلوم علیہ السلام پر آئیں اور قبر کے چاروں طرف کھڑے ہو کر رخصت کے دردناک

بَین کرنا شروع کئے۔ اُدھر جناب رقیہؑ باپ کی قبر مبارک سے لپٹ گئیں اور اس بے قراری سے روئیں کہ تمام خواتین کو اُن کی جان کے لالے پڑ گئے آخر بے ہوش ہوگئیں۔ اور جب ہوش میں آئیں تو یہ مرثیہ پڑھنا شروع کر دیا کہ اے بابا جان ہم مجبوراً آپ سے جدا ہو کر جا رہے ہیں۔ ذرا ہمارا حال، ہماری صورتیں تو دیکھ لیں کہ ہم پر کیا کیا آفات گزر گئیں۔ اے کربلا خبردار رہنا کہ ہم اپنی زندگی سے زیادہ عزیز بزرگوں اور سرپرستوں کو تیرے اندر دفن چھوڑے جا رہے ہیں۔ اے کربلا ہوشیار باش کہ ہم کائنات کی زندگی اور سارے جہان کی روشنی تیرے پاس چھوڑے جا رہے ہیں۔ اے کربلا ہم نے اپنا سارا ذخیرہ اور خزانہ تیری آغوش میں محفوظ کر دیا ہے۔ تاکہ اُن سے زیارت کو آنے والے استفادہ کرتے رہیں۔ جس طرح ہوسکا تمام بزرگوں اور شہدّاء سے رخصت ہونا پڑا۔

(ج)۔ آخر اہلبیت علیہم السلام مدینہ کو روانہ ہو ہی گئے؛ خدمتگاروں کا سلوک قابل ستائش

قال المفيد وصاحب المناقب ثُمَّ اوصى بهم الرسول يسائير هم فيكون امامهم فاذا نزلوا تنحّى عنهم وتفرق هو و اصحابه كهيئة الحرّس ثُمَّ ينزل بهم حيث اراد احدهم الوضوء ويعرض عليهم حوآئجهم ويلطّفهم حتّٰى دخلوا المدينة ولفظ بعض الروايات هكذا وانفذ هم فى جملة النعمان بن بشير رسولا تقدم اليه ان يسير بهم فى الليل ويكون امامه حيث لايفوتون طرفة عين فاذا نزلوا تنحى عنهم وتفرق هو واصحابه حولهم كهيئَة الحرّس لهم وينزل منهم جنبًا حتى اذا اراد انسان مِن جماعتهم وضوء وقضاء حاجته لم يحتشم فسار معهم فى جمله النعمان بن بشير ولم يزل ينازلهم فى الطريق و يرعاهم كما وصاه يزيد ويرفق بهم۔(اکسیر العبادات۔صفحہ 547-546)

بہرحال مدینہ پہنچنا تھا، امامؑ کا حکم تھا، اللہ کا منشا تھا اس لئے دل پر صبر کی سِل رکھی اور اہل حرم سوار ہو گئے۔ اور قافلہ سالار ہدایات کے مطابق اہل حرمؑ کو لے کر روانہ ہوا۔ راہ میں اُس کا طریقہ یہ رہتا تھا کہ دوران سفر وہ عموماً آگے آگے رہتا تھا۔ جہاں منزل آتی تھی تو اہل حرمؑ سے علیحدہ دُور چلا جاتا تھا اور اُس کے ساتھی بھی پہرہ داروں کی طرح دُور دُور پھیل جاتے تھے۔ اور جب اہل حرمؑ میں سے کسی کو کوئی ضرورت ہوتی تھی مثلاً کوئی ایک فرد بھی وضو کرنا چاہتا تھا یا کوئی اور ضرورت ظاہر کرتا تھا تو وہ فوراً مدد کو پہنچ جاتے تھے۔ اور بڑی توجہ، اطاعت شعاری و ہمدردی کا ثبوت دیتے ہوئے مدینہ تک لے گئے۔ اور سابقہ روایات سے یہ بھی معلوم ہو چکا ہے کہ سب سے زیادہ ہمدرد نعمان بن بشیر رسولؐ اللہ کا صحابی بھی اس گروہ میں موجود تھا۔ جب رات کو سفر ہوتا تھا تو وہ سب سے آگے رہتا تھا۔ کوئی ایک بھی کسی لمحہ غافل نہ ہوتا تھا۔ جیسے ہی منزل آتی تھی سب اہلبیتؑ سے دُور دُور چلے جاتے تھے۔ وہ خود بھی اور اسکے ساتھی بھی اِدھر اُدھر مناسب فاصلوں پر نگرانی کیلئے پھیل جاتے تھے۔ اور گوش برآواز رہتے تھے۔ اور پہلو بہ پہلو اس طرح کھڑے ہوتے تھے اگر کسی انسان کو وضو کی یا رفع حاجت کی ضرورت ہوتی تھی تو کوئی خطرہ محسوس کئے بغیر اُن کی حفاظت میں تمام ضروریات پوری کر لیتا تھا۔ اور راہ میں بھی ہر ضرورت کے لئے ہر رعایت دی جاتی تھی۔ اور بڑی ہمدردی کا سلوک کیا جاتا تھا۔ اور یزید کی تاکید پر پورا پورا عمل کیا جاتا تھا۔ یہاں تک کہ شہزادیاں قافلہ سالار سے خوش ہوگئیں۔
(اکسیر العبادات۔صفحہ 547-546)

(د)۔ قافلہ سالار کی اطاعت وخدمت پر اہلبیتؑ کا احسان مند ہونا اور رخصت کرنا

مدینہ پہنچ کر امام زین العابدین علیہ السلام نے شہر سے باہر خیمہ لگوایا اور قناتوں کے اندر زنانہ خیمے ترتیب دیئے گئے۔اب قافلہ سالار جناب نعمان بن بشیر رخصت کیلئے حاضر ہوتا ہے۔اُسکے تمام ساتھی مع پانچ سوسواروں کے دُو رصف بستہ کھڑے ہیں۔شہزادیاں چاہتی ہیں کہ اپنی خاندانی روایات کے مطابق قافلہ سالار کی خدمت کا بدلہ اور اپنی بابرکت رضامندی پیش کریں۔

قال الحرث بن کعب قَالَتْ لِیْ فاطمة بنت علیؑ علیها السلام قُلْتُ لِاُخْتِی زینبؑ قد وجب علینا حقّ هذاالرجل لِحُسن صحبته لنافهل لک اَنْ تصله ؟ قَالَتْ فقالت واللّٰه مالنامانصله به اِلَّا اَنْ نعطیه حِلّینا فاخذتُ سواری ودملجی وسواراختی ودملجها اِلَیْهِ واعتذرنا مِن قِلّتها وقلنا هذابعض جزائک لِحُسن صحبتک اِیَّانا۔فقال لوکانَ الذی صنعتُ للدّنیاکان فی دون هذارضائی ولکن واللّٰه مافعلته اِلّالِلّٰهِ وقرابتکم مِن رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وآله۔(اکسیر صفحہ 547)

چنانچہ حرث بن کعب نے بتایا کہ مجھے جناب فاطمہؑ بنت علیؑ نے سنایا تھا کہ میں نے اپنی بہن زینبؑ سے کہا کہ بہن ہم پر اس شخص کے اچھے سلوک سے واجب ہو گیا ہے کہ ہم بھی اسکے ساتھ سلوک کریں۔کیا آپ کی تحویل میں اتنا کچھ ہے کہ اُسکو صلہ دیا جا سکے؟ انہوں نے قسمیہ فرمایا کہ ہمارے پاس سوائے دو ایک زیورات کے اور کچھ بھی تو نہیں ہے۔لہٰذا میں نے حضرت زینبؑ کا گلوبند اور اپنا گلوبند اور اُنکا کنگن اور اپنا کنگن اسے دیا اور معذرت کی کہ بھائی ہمارا حال تمہیں معلوم ہے۔اور جو خدمت ہم کرنا چاہتے ہیں یہ اس سے بہت کم ہے۔اُس نے کہا کہ بی بی میں نے جو خدمات انجام دیں وہ تمہیں خوش کرنے اور رسولؐ اللہ سے تمہاری قربت کی بنا پر رضائے خداوندی کیلئے انجام دی ہیں۔اور اگر میں دنیاوی مال کیلئے ایسا کرتا تب بھی میری امید سے زیادہ ہے۔لہٰذا آپ میرے لئے دعائے خیر فرمائیں۔میری سفارش کریں کہ اللہ میری عاقبت بخیر کرے۔یہ کہہ کر زیورات واپس کر دیئے۔

(3)۔ امامؑ کا پیغامِ تعزیت اور اہل مدینہ میں حرم رسولؐ کے پہنچنے کی اطلاع

یوں تو اہل مدینہ کو خاندان رسولؐ کے قتل عام کی اطلاع سرکاری اور غیر سرکاری دونوں طریقوں سے سال بھر پہلے مل چکی تھی۔ یہاں یزیدی حکومت کا گورنر یزید کی فتح کا اعلان کر چکا تھا۔اور اس اعلان کے بعد ہی مروان ملعون یزید کو مبارکباد دینے دمشق پہنچا تھا۔ اور اُس روز دمشق میں موجود تھا۔جس دن یزید نے اہل حرمؑ کو گشت میں رکھتے ہوئے سرداران فوج کی میٹنگ بلائی تھی۔اور سر مبارک پہلے روز اُس لعین ابن ملعون کے روبرو بطور تحفہ اور برائے انعام پیش کیا گیا تھا۔مسلمانوں کا دل چاہتا رہا ہے کہ کربلا کے مظالم کی اطلاع پر رسولؐ اللہ کے اس مدینہ میں انقلاب آیا ہوتا۔یہ قدیم مسلمان شہر تلوار بہ کف میدان میں نکل آیا ہوتا۔لیکن اس مدینہ میں بھی کم وبیش خانوادہ رسولؐ کا احترام ملک شام کے برابر ہی تھا۔آدھی صدی میں جو نئی پود پیدا ہو کر پروان چڑھی تھی،اس کی کثرت یزید ومعاویہ کو امیر المومنین کہتی اور سمجھتی تھی۔سوائے چند گنتی کے لوگوں کے سب نے بخوشی یزید کی بیعت کی تھی۔جو چند لوگ ناک بھوں چڑھانے والے تھے۔بیعت اُنہوں نے بھی کر رکھی تھی۔یزید کو وہ بھی امیر المومنین کہتے تھے۔تمام احکامات کی اطاعت کرتے تھے۔وہ اس لئے یزید سے ناخوش تھے کہ وہ خود کو خلافت کا اہل سمجھتے تھے۔وہ اس لئے خفا نہ تھے کہ وہ علی یا حسن وحسین علیھم السلام کو منجانب اللہ سربراہ اسلام سمجھتے تھے۔ہرگز نہیں وہ

جس اصول سے پہلی تین خلافتوں کو حق بجانب سمجھتے تھے۔ اُسی اُصول کے ماتحت وہ حسینؑ کے مقابلہ میں خود کو خلافت کا زیادہ مستحق سمجھتے تھے۔ وہ رسمی طور پر حسینؑ کی عزت کرتے تھے۔ زبانی تعظیم بجالانے سے آگے اُنہیں کوئی دنیاوی برتری نہ دیتے تھے۔ اس لئے وہ اس فکر میں تھے کہ اُن کے علاوہ کوئی اور یزید سے ٹکر لے تو وہ نتیجہ سے فائدہ اُٹھائیں۔ وہ خود یزیدی قوت قاہرہ کے سامنے سر اُٹھانے کے لئے تیار نہ تھے۔ یہی وجہ ہے کہ کربلا میں شہید ہونے والوں میں مدینہ کا کوئی شخص نہیں ملتا۔ البتہ قتل حسینؑ کے بعد اُن میں کھچڑی پک رہی تھی۔ وہ پبلک میں نفرت پھیلنے اور پھیلانے اور پھر یزید کے خلاف کوئی ایسا اقدام کرنے کی فکر میں تھے۔ جس کے نتیجے میں خاندان رسولؐ کی نہیں بلکہ اُن کی اپنی حکومت کی داغ بیل ڈالی جاسکے۔ شہادت امامؑ کے سات آٹھ ماہ بعد تک مدینہ بھی باقی بڑے شہروں کی طرح نظر بندی اور نگرانی اور نقل وحرکت پر پابندی کے دَور تک گزرتا رہا۔ لیکن تین چار ماہ سے یزید نے اپنی گرفت ڈھیلی کردی تھی۔ اب مکہ اور مدینہ کے موقعہ پرست بڑے آدمی ذرا زیادہ سوچ بچار اور صلاح مشوروں سے کام لے رہے تھے۔ اب امامؑ کی واپسی پر کئی ایک لیڈر حضرات امامؑ سے اور خاندان رسولؐ کی تباہی سے ہمدردی کا دم بھرتے نظر آئیں گے اور چاہیں گے کہ خاندان رسولؐ کو آڑ بنا کر اپنے سیاسی مقاصد کو برسر کار لائیں۔ لہٰذا امامؑ کے پیغام کے مدینہ میں پہنچنے کے بعد جو آہ وبکا اور فریاد و نالہ مدینہ میں بلند ہونے والا ہے۔ اس میں عوام کی بے چینی کا وزن وہی ہے جو کسی خاندان کے تمام افراد کے مارے جانے پر عموماً ہوا کرتا ہے۔ لیکن اُن کے قلوب آپ کی طرح بے چین اور بے قرار نہیں ہوئے تھے۔ وہ ایک رسمی تعزیت کے لئے آنا اور اِدھر اُدھر کے چند رَٹے ہوئے تعزیتی جُملے کہنے کو اخلاق وقومی فریضہ سمجھ کر آئیں گے۔ ''صبر کریں''۔ ''قضائے الٰہی میں کوئی چارہ نہیں ہے۔'' ''ہمارے لائق کوئی خدمت ہو تو فرمائیں ہم حاضر ہیں۔'' کہہ کر جائیں گے تو پلٹنے کا نام بھی نہ لیں گے بہرحال امامؑ کا انتظام دیکھیں۔

(الف)۔ <u>بشیر بن جذلم مدینہ میں اعلان کے لئے تعینات کیا گیا تھا</u>

قال السید فی الملهوف قال الراوی ثُمَّ انفصلوا من کربلا طالبین المدینة قال بشیر بن جذلم فلما قربنا مِنَ المدینة نزل علیٌّ بن الحسینؑ فحطّ رحله وضرب فسطاطه وانزل نسآئه وقال یابشیر رحم اللّٰه اباک لقدکان شاعِرًا فهل تقد ر علٰی شئ منه ؟ فقلتُ بلی یابن رسولؐ اللّٰه اِنّی لشاعر ۔قال فادخل المدینة وانع اباعبداللّٰه الحسینؑ ۔ قال بشیر فرکبت فرسی و رکضتُ حتی دخلت المدینة۔فلما بلغتُ مسجد رسولؐ اللّٰه رفعت صوتی بالبکاء وانشأت اقول:

یااهل یثرب لامقام لکم بِهَا قتل الحسینؑ فا د معی مدرارًا الجسم منه بکربلا مضرّج

والراس علی القناة ید ار یااهل یثرب شیخکم وامامکُم هَل فیکم اَحُد علیه یغا ر؟

قال: ثُمَّ قلتُ هٰذاعلیٌّ بن الحسینؑ مع عماته واخواته قد حَلُّوابساحتکم ونزلوا بفنائکم واَنَا رسوله الیکم اَعرّفکم مکانه ۔قال فمابقیت فی المد ینة مخدّرة ولا محجوبة اِلَّا وبَرَزْنَ و خد ودهن مکشوفة، شُعُورهُن مخمشة وجوههن ضاربات خد ودهن یدعون بالویل و الثبور وعظائم الامور ۔فلم اری باکیًا ولا باکیة اکثر مِن ذلک الیوم وَلَا یومًا اَمَرَّعلَی المسلمین منه ۔وسمعتُ جاریة تبکی وتنوح عَلَی الحسینؑ تقول:

نعی سیدی نا ع نعاهُ فاوجعا ۔ اَعینی جودا بالمدامع واسکبا ۔ وجودا بدمّ لعدد معکما معا ۔ علٰی مَن وهِیَ عرش الجلیل

فزعزعا۔ فاصبح انف المجد والدّ ین اجدعا۔ عَلَی ابن نبیِّ اللّٰہ وابن وصیّہٗ۔ واِن کان عنّا شاحط الدار اشسعا۔

ثُمَّ قَالَتْ اَیُّھَا الناعی جَدَدْ تَّ حُزنـنـا بابی عبداللّٰہ علیہ السلام وخدشت مِنّا قروحًا لما تندمل فمن انت یرحمک اللّٰہ فقلت انابشیر بن جذ لم وجھّنی مولای علیؑ بن الحسینؑ وھونازل فی موضع کذاوکذا مع عیال ابی عبداللّٰہ الحسیؑن ونسائہ۔ قال فترکونی مکانی وبادروا ۔ فضربتُ فرسی حتٰی رجعت الیھم فوجدت الناس قداخذ وا الطریق والمواضع فنزلت عن فرسی وتخطّات رقاب الناس حتّٰی قربت مِن باب الفسطاط وکان علیؑ بن الحسینؑ داخلًا فخرج ومعہ خرقۃ یمسح بھا دموعہ وخلفہ خادم ومعہ کرسیٌّ فوضعہ لہ فجلس علیہ وھو لایتمالک مِن العبرۃ فارتفعت اصوات الناس بالبکاء وکثر حنین النسوان والجواریّ واقبل الناس مِنْ کُلّ ناحیّۃ یعزونہ فضجت تلک البقعۃ ضجّۃ شدیدۃ فاوما علی علیہ السلام بیدہ اَن اسکتوا فسکنت فورتھم۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 548)

علامہ سیدابن طاؤس نے اپنی کتاب ملھوف میں راوی کی زبانی لکھا ہے کہ جب اہل حرمؑ مدینہ کے سفر پر کربلا سے روانہ ہوگئے تو بشیر بن جذلم سنا تا ہے کہ جب ہم مدینہ کے قریب پہنچے توامام زین العابدین علیہ السلام نے منزل کرنے کا حکم دیا۔خوداُتر پڑے،سامان اُتروایا،اپنا خیمہ نصب کرایا اوراہل حرمؑ اورتمام خواتین کے خیمے لگوائے۔جب تمام لوگ قیام پذیر ہوگئے تو فرمایا کہ اے بشیر اللہ تمہارے والد پراپنی رحمت نازل کرتا رہے۔وہ ایک صاحب قدرت شاعر تھے کیا تمہیں بھی اُن کی طرح شاعری پر کچھ قدرت ملی ہے؟ میں نے عرض کیا کیوں نہ ملتی اَے فرزند رسولؐ میں خود ویسا ہی شاعر ہوں اور ہر خدمت کے لئے تیار ہوں۔امامؑ نے فرمایا کہ میں چاہتا ہوں کہ تم مدینہ میں جاؤاور میری طرف سے اہل مدینہ کو میرے والدؑ اور تمام شہدؑا کی خبرغم سنادو۔یہ سن کر میں اپنے گھوڑے پرسوار ہوا۔خبرمرگ دینے والوں کی طرح گریبان چاک کیا اورشہر میں داخل ہوگیا۔جب مسجد رسولؐ کے پاس پہنچا تو بےقراری میں اضافہ ہوگیا آوازگریہ وفریاد بلند ہوگئی اورمیرے منہ سے یہ مرثیہ جاری ہوگیا کہ؛

اے مدینہ کے رہنے والوفرزندرسوؐل حسینؑ قتل ہوجائے اورتم رسولؐ کے شہر میں چین سے رہتے رہو۔
اب تم اس قابل نہیں ہوکہ اب بھی مدینہ میں ٹھہرو۔دیکھومیرے آنسو بارش کی طرح برس رہے ہیں۔
اورتم پرذرہ برابراثرنہیں ہے۔ارےتم کیسے اُمتی ہوکہ رسولؐ کے بیٹے کا فاطمہؑ کے لاڈلے کا زخموں سے
چُورجسم کربلا کی گرم ریت پر پڑا ہے۔اوراُنکا سرنیزہ کی نوک پرپھرایا جا تارہا۔مگرتم آرام سے گھروں
میں مقیم ہو۔تمہیں یہ بتانے آیا ہوں کہ تمہارابزرگؑ اورتمہاراامامؑ مع اپنے عزیزواقربا اورصحابہ کے دنیا
سے اُٹھ گیا۔تم میں کوئی بھی ایسانہیں ہے جواس صورت حال کے تدارک اورنتیجہ پرغور ہی کرلے؟

بشیر کہتا ہے کہ پھر میں نے اعلان کیا کہ امام زین العابدینؑ اپنی پھوپھیوں اور بہنوں اور حسینیؑ اطفال کے ساتھ تمہارے قریب ہی آکر ٹھہرے ہیں۔تمہارے مکانوں سے قریب منتظر ہیں تا کہ تمہارا سلوک دیکھیں۔میں اُن کا قاصد ہوں اورتمہیں تمام حالات پر مطلع کرنے کے لئے بھیجا گیا ہوں تا کہ تمہیں اُن کی جائے قیام بتا کر چلا جاؤں۔اس کے بعد بشیر نے بتایا کہ مدینہ کا یہ حال تھا کہ کسی گھر میں کوئی پردہ دارعورت اور برقعہ پوش خاتون ایسی نہ رہی جو کھلے منہ،بال پریشان،سروسینہ اورمُنہ پیٹتی باہر نہ نکل آئی ہو۔سب نے صدائے واویلا اورآہ

وزاری کا ہنگامہ مچا دیا۔ میں نے اپنی ساری زندگی میں اس سے زیادہ رونے والوں اور پیٹنے والیوں کو کبھی نہیں دیکھا تھا۔اور نہ ہی اس کے بعد مسلمانوں کو اس حال میں دیکھا۔اور میں نے ایک لڑکی کو دیکھا کہ وہ امام حسینؑ پر رو رو کر نوحہ کر رہی ہے اور کہتی ہے کہ؛

''اے شریف آدمی جو مجھے خبر مرگ دے رہا ہے مجھے تو اس دل دوز اطلاع نے پہلے ہی سے بے قرار کر رکھا ہے ۔میری آنکھیں آنسو برسا رہی ہیں اور اپنے غم میں آنسو بہا رہی ہوں ۔ میں تمہارے ساتھ ساتھ خون کے آنسوؤں سے مقابلہ کر رہی ہوں ۔ یہ کون ہے جس کے غم میں عرش خداوندی لرز رہا ہے ۔عزت وشرف کو مُنہ کے بل گرا دیا گیا ہے اور دین کی ناک کاٹ لی گئی ہے ۔ نبیؐ کے بیٹے اور وصیؑ کے فرزند کو ہم سے بہت دُور رکھ کر اگر خون میں نہلا دیا گیا تو کیا ہم پر غم کے پہاڑ نہیں آ گرے ۔''

پھر لڑکی نے مجھے کہا کہ خبرِ غم لانے والے تُو نے ہمارے رنج والم کو تازہ کر دیا۔اللہ تجھ پر رحم کرے تُو نے ہمارے بھرتے ہوئے زخموں کو پھر چھیل دیا۔ بھائی یہ تو بتا تُو کون ہے؟ میں نے کہا کہ میں بشیر بن جذلم ہوں حضرت زین العابدین علیہ السلام نے مجھے بھیجا ہے ۔ وہ حضرت مدینہ سے باہر فلاں مقام پر مع امام حسینؑ کے بچوں ،عورتوں اور اہل وعیال کے ٹھہرے ہوئے ہیں ۔

بشیر کہتا ہے کہ اسکے بعد لوگ مجھے چھوڑ کر آگے بڑھ گئے ۔ میں نے بھی اپنے گھوڑے کو ایڑ لگائی اور خیام اہلبیتؑ پر واپس آیا۔ راہ میں لوگوں کا تانتا بندھا ہوا تھا جو خیام کی طرف اُمڈے چلے جا رہے تھے ۔میں اپنے گھوڑے سے اُترا اور لوگوں کی بھیڑ کو چیرتا ہوا اُس خیمہ کے دروازہ تک پہنچا جس میں امامؑ موجود تھے ۔ چنانچہ حضورؑ باہر تشریف لائے ہاتھ میں ایک کپڑا لئے ہوئے تھے جس سے اپنے آنسو پونچھتے جاتے تھے ۔اُنکے پیچھے ایک خادم تھا جو کرسی اٹھائے لا رہا تھا۔ چنانچہ کرسی رکھ دی گئی اور امامؑ اس پر بیٹھ تو گئے مگر حضورؑ پر اس منظر کا اتنا اثر تھا کہ آپ سنبھل کر بیٹھنے کی طاقت نہ رکھتے تھے ۔ یہ حالت دیکھ کر چاروں طرف سے لوگوں میں نالہ وفریاد کی آوازیں بلند ہوئیں ۔ مستورات اور بچیوں میں کہرام برپا ہو گیا ۔ ہر طرف سے لوگ امامؑ کو پرسہ دینے کیلئے بڑھ رہے تھے ۔اور فضا آہ وزاری وفریاد سے گونج رہی تھی ۔چیخوں اور دردناک آہوں میں کان پڑی آواز سُنائی نہ دیتی تھی ۔آخر امام زین العابدین علیہ السلام ذرا سا سنبھلے اور ہاتھ سے صبر کرنے اور خاموش ہو کر بات سننے کا اشارہ فرمایا۔لوگوں نے یہ دیکھ کر کہ امامؑ کچھ کہنا چاہتے ہیں اپنی بلند ہوتی ہوئی آوازوں پر قابو پانے کی کوشش شروع کی ۔ جب بتدریج خاموشی چھا گئی تو امامؑ نے سنبھل سنبھل کر بولنا شروع کیا۔(اکسیر العبادات صفحہ 548)

(4)۔ امام زین العابدین علیہ السلام کا مدینہ سے باہر اہل مدینہ سے خطاب جو دربار یزید تک پہنچا

فقال:الحمد للّٰہ رب العالمین الرحمٰن الرحیم مالک یَوم الدین باری الخلا ئق اجمعین الذی بعد ارتفع عَلَی السماوات العلٰی و قرب فشھد النجوٰی نحمد ہ علٰی عظآ ئم الامور وفجائِع الدّ ھور واَلَم الفجائع ومضاضۃ اللواذ ع وجلیل الرزّ ء وعظیم المصائب القاطعۃ الکاظمۃ الفادحۃ الجائحۃ۔

اَیُّھَا القوم اِنَّ اللّٰہ ولہ الحمدابتلانا بمصائبِ جَلِیْلَۃٍ وثلمۃٍ فی الاسلام عظیمۃٍ ۔قتل ابوعبداللّٰہ وعترتہ وسبّی نسائہ وصبیّہ وادارو ا براسہ فی البلدان فوق عالی السنان فھذہ الرزیّۃ الَّتِیُ لامثلھا رزیۃ ۔ اَیُّھَا الناس فَاَیُّ رجالاتٍ یسروّن مِنکم بعد قتلہ ؟ اَم اَیَّۃُ عینٌ منکم تحبس ومعھا وتضنّ بانّھما لَھَا؟ فلقد بکت السبع الشداد لِقتلہ وبکت البحار باموا جھا والسماوات بارکا نھا والارض بارجائھا ۔والاشجار باغصا نھا وا لحیتان فی لجج البحار والملا ئکۃ المقربون واھل السموات اجمعون ۔اَیُّھَاالناس اَیُّ قلب لا

یتصدع لقتله ام اَیُّ فؤاد لایحنّ الیہ اَمْ ایُّ سمع یسمع ھذہ الثلمة التی ثَلَمَتُ فی الاسلام فلا یرتاع لھا ۔ اَیُّھَا الناس اصبحنا مطردین مشردین مذ وّدین شاسعین عن الامصار کانا اولاد ترک وکابل مِن غیر جرم اجترمناہُ ولا مکروہ ارتکبناہ ولاثلمة فی الاسلام ثلّمنا ھا۔ماسمعنا بھٰذا فی آبائنا الاوّلین۔اِنَّ ھٰذاالااختلاق فھواللّٰہ لو انّ النبی صلی اللّٰہ علیہ وآلہ تقدّم الیھم فی الوصیة بِنَالَمَّازادوا علٰی مافعلوا بنا۔فَاِنَّالِلّٰہ واناالیہ راجعون مِن مصیبة مااعظمھا واوجعھا وافجعھا واکظمھا وافظعھا وامرّھا وافدحھا فعنداللّٰہ نحتسب مااصابنا وبلغ بنااِنّہ عزیز ذوانتقام قال فقام صفوان ابن صعصعة بن صوحان وکان زمنا فاعتذر الیہ مِمَّاعندہ مِن زمانة رجلیہ فاجابہ بقبول معذرتہ وحُسن الظن فیہ وشکر لَہُ وترحّم علٰی ابیہ۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 548)

امام علیہ السلام نے فرمایا:۔تمام حمد وثنااورخوبیاں کائنات کے پیدا کرنے والےاور پالنےوالےاورترقی کا سامان فراہم کرنے والے رحمان ورحیم کے لئے ہیں ۔ جوتمام نتائج برآمد ہونے والے دن کا مالک ہے ۔جس نے تمام مخلوقات کوتخلیقی عیوب سے پاک پیدا کیا ہے ۔ جوآسمانوں سے بھی کہیں زیادہ بلند ہوتے ہوئے ہر چیز پرشاہد اورخفیہ باتوں اورارادوں سے بھی قریب رہتا ہے ۔ہم اُس کے باعظمت احکام ومعاملات پراُس کی حمد وثنا کرتے ہیں اور قابل حمد وستائش سمجھتے ہیں اُس کی اُس بزرگی وعظمت پر جوآفاتِ سماوی وحادثات زمانہ میں پوشیدہ ہے ۔ جودُکھ اُن آفات وحادثات میں پوشیدہ ہوتا ہے ۔اور جو درد وخروش اُن سے برآمد ہوتا ہے ۔اور جو زبردست دَھکا اُن سے لگتا ہے ۔اورہم مدح وثنا کرتے ہیں اللہ کی طرف سے پہنچنے والی اُن چیزوں پر جوتمام توقعات کوٹکڑے ٹکڑے کرنے والی،گلا دبا دینے والی،کچل ڈالنےوالی اورتباہ کن ثابت ہوسکتی ہیں۔

اے میری مخاطب قوم سن کہ یقیناً اللہ نےہمیں عظیم الشان مصائب کےسامنے آزمالیاہے۔اوراسلام میں ایک بہت خطرناک تبدیلی سے ہمارا امتحان لیا ہے۔ چنانچہ اس امتحان سے گزرنے پر کامیابی حاصل کرنے کے لئے چھوٹے بھائی اصغرؑ کے پالنے والے حسینؑ قتل ہوگئے ۔اوراُن کی عترت قربان ہوگئی اوراُن کےساتھ امتحان میں اُن کے رفیق کارمستورات قیدی بنائی گئیں۔اورامتحان میں شامل اُن کے بچوں پربھی رحم نہ کیا گیا انہیں بھی قیدی بنایا گیا۔اور پھراُن سب عورتوں اور بچوں کواس طرح شہر بہ شہراورگلیوں اور بازاروں میں پھرایا گیا کہ امام حسینؑ کا سر بلند نیزہ کی نوک پر ہوتا تھا۔سرہائے شہدؑا جلوس کی شکل میں نیزوں پر بلند ہوتے تھے۔اورہم سب ناموس رسولؐ کوزنجیروں اوررَسّوں میں بندھا ہوا ساتھ ساتھ رکھا جاتا تھا۔ یہ وہ ظلم وستم کا نمونہ اورتحفہ تھا جو یزید کے سامنے پیش کرنے کولے جایا گیا کہ اس کی کوئی اورمثال نہیں ملتی ۔اےلوگو!اب یہ بتاؤ کہ تم میں سے کون کون لوگ ایسی ذہنیت والے ہیں جو ہماری اس سرگزشت پر مسرور ہوئے اوروہ کون سی آنکھیں ہیں جوحسینؑ اورخاندانِ رسولؐ کےقتل ہوجانے سے آنسوؤں کوروکے رکھیں گی؟ اوراس سلسلہ میں بخیلی سے کام لیں گی؟ حالانکہ اس قتل عام پربھیڑیئے بھی روئے ،اورسمندراپنی موجوں میں تلاطم سے روئے ،اورآسمان اپنی بنیادوں کی لرزش سے روئے ،اورزمین اپنی خاموش امیدوں سے روئی ،اوردرخت اپنی شاخوں سے روتے رہے اورمچھلیاں سمندروں کی تہہ میں روئیں اورملائکہ اورآسمانی باشندے تمام مل کرروئے ۔اےلوگو!وہ کون سا دل ہوگا جواُن کےقتل پر پھٹ نہ جائے ۔وہ کون سا جگر ہوگا جو تڑپ نہ جائے ۔وہ کون سا انسان ہوگا جواسلام میں یہ حادثہ سُنے اور بےتاب نہ ہوجائے؟ اےلوگو!ہم ایسی صبح کرتے اورایسے ایام سے

گزرتے رہے کہ گویا ہم لوگ ساری دنیا کے پھٹکارے ہوئے؛ ناکارہ اور ٹھکرائے ہوئے، دیس نکالا دیئے ہوئے لوگ اور اہل کابل اور اہل ترکستان کی اولاد تھے۔ اور یہ سب کچھ ہمارے ساتھ ایسی حالت میں کیا گیا جب کہ ہم کسی جرم کے مجرم نہ تھے۔ جب کہ ہم نے کسی ناپسندیدہ فعل کا ارتکاب نہ کیا تھا۔ جب کہ ہم نے اسلام میں کوئی تبدیلی نہ کر لی تھی۔ ہم نے انسانی نسلوں میں سے اور اپنے بزرگوں میں سے کسی سے ایسی روداد نہ سُنی تھی جو ہم پر گزر گئی ہے۔ یقیناً یہ ایک زبردست سازشی منصوبہ تھا۔ ورنہ اگر خود رسولؐ اللہ یوں ہمیں تباہ و برباد کرنے کی امت کو وصیت کر جاتے تب بھی جو کچھ انہوں نے ہمارے ساتھ کیا اس سے زیادہ کچھ نہ کر سکتے تھے۔ لہٰذا ہم یہ کہتے ہیں کہ ہم سر سے پیر تک اللہ کی ملکیت ہیں۔ اور ہمیں یقیناً اللہ کے روبرو حاضر ہونا ہے۔ ہم پر جو مصائب گزرے نہ اُن سے بڑی کوئی مصیبت ممکن ہے نہ اُس سے زیادہ دردناک صورتِ حال ہو سکتی ہے۔ نہ اُس سے زیادہ تکلیف دہ کوئی تکلیف ممکن ہے۔ نہ اُس سے زیادہ گلا گھونٹنے والی اور کوئی حالت ہو سکتی ہے۔ نہ اُس سے زیادہ کوئی بدترین قسم کا سلوک ممکن ہے۔ نہ کوئی اُس سے بدمزہ اور کڑوی چیز ہو سکتی ہے۔ نہ اُس سے زیادہ کوئی کوفت اور کچلنے والی چیز تصور میں آ سکتی ہے۔ لیکن ہم نے رضائے خداوندی کو سامنے رکھتے ہوئے اُن تمام مصائب کو اعلیٰ درجہ کے صبر و تحمل سے برداشت کیا اور انتقامی جذبات اللہ کے انتقام کے سپرد کئے رکھے۔ بلاشبہ وہ ہر حال میں صاحب عزت و صاحبِ غلبہ ہے اور انتقام پر پُوری قدرت رکھتا ہے۔ راوی نے سنایا کہ پھر صفوان رضی اللہ عنہ اُٹھے اور امام علیہ السلام کے رُوبرو اپنے فالج کی بنا پر شریک کربلا نہ ہو سکنے پر معذرت اور بخشش طلب کی اُن کے دونوں پیر مفلوج تھے۔ امامؑ نے خوشی سے اُس کا عذر قبول فرمایا۔ اُس کے احساسات پر مشکور ہوئے اور اُس کو اور اُسے پیدا کرنے والے باپ صعصع کو دعائیں دیں اور مہربانی فرمائی۔

(5)۔ امام علیہ السلام اور اہل حرمؑ کا مدینہ میں داخلہ اور مختلف حالات

اس خطبہ کے بعد دوسرے روز اہل حرمؑ اور پورے خاندان کو حسب سابق بڑے اہتمام و عزت و وقار کیساتھ اُنکے در دولت پر پہنچا کر دمشقی رسالہ اور افسران واپس دمشق چلے گئے۔ اب امام زین العابدین علیہ السلام نے مدینہ کے اندر آبادی میں جو کچھ دیکھا وہ بھی سن لیں:۔

قال السید ثُمَّ اِنَّ علیًّ بن الحسینؑ دخل الی المدینة باھله وعیاله ونظر الٰی منازل قومه ورجاله فوجد تلک المنازل تنوح بلسان احوالھا وتبوح باعلان الدموع وارسالھا۔ لفقد حما تھا ورجالھا وتندب علیھم ندب الثواکل وتسئل عنھم اھل المناھل وتھیج احزانه علٰی مصارع قتلاۂ وتنادی لاجلھم واثکلاہ وتبکیھم محاریب المساجد وتندبھم میازیب الفواید فلو کنتم ھُناک لشجاکم سماع تلک الواعیة النَّازِلَة وعرفتم تقصیرکم فی ھذہ المصیبة الشاملة۔ ثُمَّ انه قصد الروضة البھیّه فلو نظرتَ الٰی انکسار قلبه وقد تقمص بِقمیص الحزن وثوبه شاکیًّا اِلٰی جدّہ ماعتراہ من النوائب مکفکفاء لفقدابیه بالدموع السواکب لا ترقی له عبرة ولا تبرد له زفرة یانّ من قلب حزین باظھار الشجن والانین لایھداء عن العویل والبکآء لفقد السادة والنجباء لشجاک سماع تلک الواعیة فی تلک المنازل الخالیة۔ ''(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔ صفحہ 549 تا 550)

جناب السید ابن طاوٗس رضی اللہ عنہ لکھتے ہیں کہ جب امامؑ اور اہل حرمؑ مدینہ میں گزر رہے تھے تو آبادی میں ہر ایک گھر کو اُجڑا ہوا پاتے تھے۔ اور جب اپنے لوگوں کے مکانوں کو دیکھا تو وہ اپنی سوگوارانہ حالت میں نوحہ کرتے دکھائی دیتے تھے اور دیکھنے والوں کی

آنکھوں سے آنسو بہا کر اپنے اندر بسنے والوں کی یاد دلاتے تھے۔ اور بتاتے تھے کہ اُن کی دیکھ بھال کرنے والے تمام مرد قتل ہو گئے۔ اُن مکانوں پر پسر مردہ عورتیں بَین کرتی ہیں۔ اور اُن کا حال تشنہ لب مسافر پوچھتے ہیں۔ اُن پر غم والم میں اضافہ کرنے والے وہ مقامات ہیں جہاں اُن کے مکین قتل ہو کر گرے تھے۔ اُن پر مسجدوں کی محرابیں نوحہ کرتی ہیں۔ استفادہ کرنے کے مواقع اُن پر روتے ہیں۔ اگر اے سننے والو تم وہاں ہوتے اور اُن غیر آباد مکانوں کو دیکھتے اور چاروں طرف برستی ہوئی حسرت و یاس کو سُنتے تو تمہاری قوتِ برداشت جواب دے دیتی۔ پھر تمہیں معلوم ہوتا کہ تم نے اس مصیبت میں حصہ نہ لے کر کتنا بڑا قصور کیا ہے؟ پھر امام علیہ السلام نے اپنے نانا کے روضہ مبارک کا قصد کیا۔ اگر تم اُس وقت امامؑ کی قلبی بے چینی اور انکسار کو دیکھ لیتے تو تم نے غم واندوہ کا لباس مستقل طور پہن لیا ہوتا۔ وہ تو اپنے نانا کے پاس شکوہ لے جا رہے تھے۔ انہیں مصائب سہنے اور سُنانے میں کوئی عار نہ تھا۔ اُن کی آنکھوں سے آنسوؤں کا بہنا اُن کو اپنے والد کی یاد آوری میں رکاوٹ نہ بن سکتا تھا۔ نہ انہیں کوئی اور عبرت انگیز بات متوجہ کر سکتی تھی نہ ٹھنڈی سانسیں اور آہیں اُن کی آتش غم کو ٹھنڈا کر سکتی تھیں۔ اور اُن کا اپنے دکھے ہوئے دل سے حزن وملال کا اظہار کرنا رونے اور فریاد کرنے میں کمی کا باعث نہیں بنتا۔ اُن کے معزز ساداتؑ اور بزرگوں کا دنیا سے رخصت ہو جانا اور اُن خالی گھروں کو چھوڑ جانا تمہیں بھی بے قراری میں مبتلا کرنے کے لئے کافی رہتا چلا جائے گا۔''

یہ جو کچھ علامہ نے لکھا یا ہم لکھیں اس صورت حال کی صحیح نمائندگی نہیں کر سکتا جو امام علیہ السلام پر پوری زندگی چھائی رہی۔ یہ تو ایک اصولی بیان ہے جس پر ہمیشہ لکھا جاتا رہے گا۔

(الف)۔ **حضرت زینبؑ کے شوہر کا جواب اور خاندانی خواتین کی بیقراریاں**

جب بشیر بن جذلم نے مدینہ میں اہلبیتؑ رسولؐ کی آمد کا اعلان کیا تو خاندان بنی ہاشمؑ میں جو کیفیت گزری اُس کا مختصر سا حال بشیر یوں سناتا ہے کہ جب میں نے مدینہ میں رسولؐ زادیوں کے آنے کا اعلان کر دیا تو کوئی خاتون مدینہ میں ایسی نہ رہی جس نے سیاہ لباس پہن کر روتے پیٹتے استقبال نہ کیا ہو۔ اور اُس نے یہ بھی بتایا کہ:۔

قال فقام بعض موالی عبدؑالله بن جعفرؑ بن ابی طالبؑ ونعا اِلَیْہ وَلُدَیْہِ وقال ھٰذا مالقینا مِن الحسینؑ فحذفه عبدؑالله بن جعفرؑ بفرده بغله ثُمَّ قال یابن الخنآء ءَ تقول فی الحسیؑن بمثل ھذالکلام واللّٰه لوانی شاھد ته لَاَحببت اَنْ لا اَفَارقه حتی اقتل معه ثم اقبل علٰی جلسائه و قال یعزّ علیؑ بن الحسینؑ واللّٰه اِن لا استشھدتُ معه ولکن قد واساه ولدای ۔ قال وخرجت ام لقماؑن بنت عقیلؑ بن ابی طالبؑ تندب قتلاھا بالطف وترثیھم:

اَیُّھَا القاتلون ظلمًا حسیؑنًا البشروا بالعذاب والتنکیل کُلّ مَن فی السمآء یدعواعلیکم من نبیؑ وشاھد ورسوؐل ولعنتم علٰی لسان داؤدؑ وسلیماؑن وصاحبؑ الانجیل کیف ترجون رحمةِ من ملیک صمد دآئم عظیم جلیل۔

قال سمعت ام لقماؑن صراخ زینبؑ وام کلثومؑ وعاتکة وصفیة ورقیة فخرجت حاسرة الراس ومعھا اترابھا وام ھانی ورملة واسمآء وبنات عقیل بن ابی طالبؑ فَجَعَلن یبکین ویند بن الحسینؑ۔قال وکان دخولھم المدینة یوم الجمعة والخاطب یَخْطَبُ الناس فذکروا الحسینؑ وماجری علیه فتجددت الاحزان واشتملت علیھم المصائب وصاروامابین بَاکٍ وناحت واقبلت اھل المدینة باسرھا وکان اشبه الایام بموت النبیؐ ۔قال واقامت الرجال والنسآء یندبون الحسیؑن فی المدینة خمسة

عشریومًا ۔قال واقبلت ام کلثومؑ الٰی مسجد رسولؐ اللّٰہ باکیۃ العین حزینۃ القلب فقالت السلام علیک یاجدّاہ اِنّی ناعیۃ الیک ولدک الحسیؑن ۔قال فحنَّ القبر حنینًاعالیًا وضجّت الناس بالبکاء والنحیب ثم اقبل علیؑ بن الحسینؑ الٰی قبرجدّہ ومرّغ خدّیہ وبکی ۔قال وامّازینبؑ فانّھا اخذت بعضادۃ مسجد رسولؐ اللّٰہ وقالت یاجدّاہ اَنَا ناعیّۃ الیک اخی الحسینؑ وھی لا تجفّ لھا عبرۃ ولَا تفتر مِن البکآء ودموعھا جاریۃ علٰی خدّیھا۔ (اکسیرصفحہ 549)

حضرت عبدؑاللہ بن جعفرؑ بن ابیطالبؑ کے غلاموں میں سے ایک غلام نے جناب عبدؑاللہ کواُن کے دونوں بیٹوں کا پرسہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ ہے وہ بدلہ جوہمیں حسینؑ کی طرف سے ملا۔عبداللہؑ بن جعفرؑ نے اس غلام کواس غلط خوشامد پراپنا جوتا کھینچ مارااور کہا کہ اے بکواس کے بچے توامام حسین علیہ السلام کی شان میں ایسی گھٹیابات کہتاہے۔خدا کی قسم اگر میں اُن کے ساتھ ہوتا توہرگز جدانہ ہوتا یہاں تک کہ میں بھی جنگ کرتااوراُن پرقربان ہوجاتا۔پھراپنے پاس تمام بیٹھنے والوں سے مخاطب ہوکرکہا کہ جاؤامام زین العابدینؑ کوپرسہ دو۔ قسم بخدااگرچہ میں اُن کے ساتھ نہیں گیالیکن میں نے اپنے دوبیٹوں کواُن پرقربان ہونے کے لئے بھیج دیا تھا۔بشیر کہتاہے کہ پھرحضرت عقیل بن ابی طالبؑ کی بیٹی ام لقمان شہدا کا نوحہ پڑھتی ہوئی نکلیں ۔اے حسینؑ کوظلم وستم سے قتل کرنے والوتمہیں عذاب اور بدترین سزا کی خوشخبری سناتی ہوں ۔تمام آسمانوں کے باشندے،تمام نبیؐ،تمام گواہ اورتمام رسولؑ تمہارے اوپرداؤدؑ وسلیمانؑ اورحضرت عیسیٰؑ کی زبان میں لعنت کرتے ہیں ۔تم کس طرح اللہ کی رحمت کی اُمید کرسکتے ہو؟ راوی نے کہاجب ام لقمان نے حضرت زینبؑ وام کلثومؑ اورعاتکہؑ وصفیہؑ اوررقیہؑ کی فریاداورچیخیں سُنیں تو کھلے سرنکل کھڑی ہوئیں۔اوراُن کے ساتھ ساتھ اُن کی تمام سہیلیاں اورتمام یتیم ہونے اورلاوارث رہ جانے والی خواتین بھی چلیں ۔اور جناب امّ ھانی اوررملہؑ اوراسماءؑاورحضرت عقیلؑ کی بیٹیاں بھی روتی پیٹتی نوحہ کرتی ہوئی پہنچیں ۔راوی کہتاہے کہ اہلبیتؑ رسولؐ مدینہ میں جمعہ کے روز داخل ہوئے تھے۔چنانچہ وہ خطبہ دیتے جاتے تھےاورکربلا کے حالات سناتے جاتے تھے اور یوں غم حسینؑ اورشہدؑا تازہ ہورہاتھا۔اورلوگوں کوخاندان رسولؐ کے مصائب میں شامل ہونے کا موقعہ مل رہاتھا۔نزدیک ودُور کے لوگ مجلسِ عزامیں آکرشریک ہوتے جاتے تھے۔آہ وبکااورنالہ وزاری کا یہ سلسلہ پندرہ روز برابر جاری رہا۔انتقالِ رسولؐ اللہ پرجس طرح سوگ منایا گیا تھایہ بالکل اُن ہی ایام کے مشابہ تھا۔راوی کہتاہے کہ حضرت ام کلثومؑ بہتی ہوئی آنکھوں اورتڑپتے ہوئے دل کے ساتھ مسجد رسوؐل میں آئیں اورکہا کہ سلام ہوآپ پراے اللہ کے رسولؐ میں آپ کوآپ کے بیٹے حسینؑ کا پرسہ دینے حاضرہوئی ہوں ۔یہ سن کر قبرکےاندر بلندآواز سےفریادونالہ وزاری شروع ہوگئی۔چیخوں کی آواز بلندتھی ۔اُدھر جناب سجاؑدناناؐ کی قبر پرگئےتو قبرپراپنے چہرہ کو ملتے جاتے اورروتے جارہے تھے۔حضرت زینبؑ نے مسجد رسولؐ کےستون کا سہارالے کرکہا کہ اے ناناؐ جان میں آپ کے پاس اپنے بھائی حسینؑ کی تعزیت کے لئے آئی ہوں ۔اورشہزادی مسلسل روتی جارہی تھیں ۔آنسو برابرگالوں پرجاری تھےاورکوئی صورت ایسی نہ تھی کہ اُن کی بےقراری میں کمی ہوسکے۔

(ب)۔ **شہدؑائے کربلاکی تعزیت اورپرسہ احاطہ تقریروتحریرسے باہرہے**

یہ وہ چندتاریخی مُسلمات تھےجن کوسلجھا کرایک فطری ترتیب سے پیش کیا گیاہے۔مگرواقعات یہاں نہ توختم ہوتے ہیں نہ مکمل

ہوتے ہیں۔اور حقیقت یہ ہے کہ کربلا کی قربانی کچھ اس انداز سے پیش کی گئی ہے کہ اس کے تمام پہلوؤں پر قیامت تک زبان وقلم احاطہ نہ کرسکیں گے۔ اِن قربانیوں کے ساتھ چونکہ جذبات محبت وشفقت لپٹے ہوئے ہیں اس لئے الفاظ اُن کو بیان کرنے سے قاصر رہ جاتے ہیں۔اور باتیں دل کے اندر تڑپتی رہ جاتی ہیں۔وہ تڑپ باہر آنے کے لئے تڑپ تڑپ کر نئے انداز اور الفاظ فراہم کرتی رہتی ہے۔ اور اہل قلم واہل ذکر پھر اسی واقعہ کو نئے اسلوب سے پیش کرنے پر قادر ہوجاتے ہیں۔لیکن وہ اسلوب بیان پھر خامی محسوس کرتا ہے اور بے قراری باقی رہ جاتی ہے اور اپنا کام جاری رکھتی ہے۔ یوں سلسلہ عزائے حسینؑ دراز تر اور حدود فراموش ہوتا چلا آیا ہے۔ بتایئے ابھی تو جناب زینب علیہا السلام نے اپنے ذی وقار شوہر عبداللہ علیہ السلام سے ملاقات کرنا ہے۔ابھی حضرت عونؑ ومحمدؑ کے جذبات اور شہادت کا واقعہ سنانا ہے۔ابھی حضرت صغریٰ علیہا السلام کا تو ذکر بھی نہیں ہونے پایا ہے۔اُنہیں کیا کیا کہنا ہے.اُنہیں کن الفاظ میں سمجھانا ہے؟ یہ دردناک اور جگر خراش بیانات قلم کے قابو سے باہر ہیں۔ یہ تو آمنے سامنے بیٹھ کر صغریٰؑ وسکینہؑ اور زینبؑ وام کلثومؑ کے جذبات خود پر طاری کرکے سننے اور سنانے کی باتیں ہیں۔

54۔ ترجمہ روایات وتصدیقات برائے معلومات وتقویت مومنین ومومنات

(1)۔ عبداللہ بن عمر کی سفارش سے امیر مختارؓ کی رہائی اور مومنین کا انتظام

ہمارے قارئین نے میری کتاب ''نظامِ ہدایت وتقلید'' میں وہ نظام دیکھا تھا جو آئمہ معصومین علیہم السلام نے غیبت صغریٰ میں قائم رکھا۔اور جس نے شیعان محمدؐ وآل محمدؐ کو مخالف حکومتوں کے ادوار میں محفوظ رکھا اور حکومتوں ہی سے مومنین کی مشکلات حل کرانے میں مدد دی۔ یہاں ہم ایک ایسی روایت پیش کرتے ہیں جس سے اُس نظام کی کارکردگی معلوم ہوگی۔اور کربلا کے قتل عام کے بعد جناب امیر مختار رضی اللہ عنہ کو ابن زیاد کی قید سے رہا کرانے کا پتہ چلے گا۔بات یوں شروع ہوتی ہے کہ مدینہ میں جناب عمر کا فرزند عبداللہ بن عمر ایک ہی شخص تھا جو اپنے والد کی وصیت پر لفظ بلفظ اور قدم بقدم عمل کررہا تھا۔اُنہوں نے حضرت علی علیہ السلام کو خلیفہ تسلیم نہ کیا تھا۔نہ اُن سے بیعت کی تھی۔وہ شروع ہی سے معاویہ کے طرفداروں میں سے سب سے بڑے بزرگ تھے۔اُنہوں نے معاویہ کے ہاتھ پر یزید کی خلافت کیلئے بیعت بھی کی تھی۔اور واقعہ کربلا میں بھی کافی مددگار ثابت ہوئے تھے۔اسلئے وہ اکیلے ایسے شخص تھے جن کی سفارش یزید قبول کرسکتا تھا۔چنانچہ جناب امیر مختار کی رہائی کی سفارش کا خط اُن سے عمیر بن عامر ہمدانی نے حاصل کیا۔اور خط یزید تک پہنچانے کیلئے دارالخلافہ دمشق پہنچا۔مگر اب سوال یہ تھا کہ اس دربار میں رسائی کیسے ہو؟ جو فراعنہ مصر اور نمارید بابل اور قیصر وکسریٰ کے درباروں سے بھی کہیں زیادہ جاہ وجلال وجبروت رکھتا تھا۔اور جسے امیر معاویہ نے منتہائے عروج پر پہنچادیا تھا۔اور جہاں سے گزرتے گزرتے اور تخت خلیفہ تک پہنچتے پہنچتے مسلمانوں کے وفود لرزہ براندام ہوجاتے تھے اور **یارسول اللہ** کہہ کر بے تحاشہ سجدہ میں گرجاتے تھے (تواریخ)۔وہاں عمرو عمیر کی گنجائش کہاں تھی؟ بہرحال عمیر کی راہنمائی ایک ایسے پیش نماز نے کی جو ہمارے نظام اور مخالف نظام سے واقف تھا۔اور دشمنوں کی نقل وحرکت اور منصوبوں پر نظر رکھتا تھا۔حکومت کی طرف سے ایک بڑی مسجد میں تعینات تھا اور تنخواہ اور وظائف حاصل کرتا تھا۔

اور مومنین کی مشکلات میں خفیہ مدد دینے پر امام زمانہ علیہ السلام کی جانب سے مامور تھا۔ یہ قصہ سنئے اور سوچئے کہ آج آپ نے کوئی ایسا انتظام نہیں کیا ہے جو حکومت اور مخالف نظاموں سے کام لے سکے اور مومنین کو اُن کے حقوق دلا سکے۔ آپکے لیڈر قوم فروشی کی تنخواہیں لینے کا خود جلسہ عام میں اعلان کرتے ہیں۔ اور آپ کوئی نوٹس نہیں لیتے۔ وہ غداران ملک کے ساتھ سودا بازی کرتے ہیں، حالانکہ شیعوں کو کافر قرار دلانے اور اُنکی اذان سے علیؑ کا نام نکلوانے اور عزاداری کو چار دیواریوں میں محدود کرانے کیلئے ہر صوبے کی ہائیکورٹ میں مقدمات زیر سماعت ہیں۔ اور وہ شیعہ علما و لیڈر؛ اُن کی تائید میں بیان دیتے ہیں۔ مگر آپ چپ رہتے ہیں۔ ذرا اپنا اور اپنے بزرگوں کے عملدرآمد اور انتظام کا فرق نوٹ کریں اور اس باطل وفتویٰ فروش قیادت سے خبردار رہنا طے کریں روایت سنئے:۔

''آپ کی اطلاع کے لئے عمیر بن عامر ہمدانی کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔ جس نے حضرتِ مختار بن ابو عبیدہ ثقفی رضی اللہ عنہ کی رہائی کیلئے جدوجہد کی تھی۔ اور عبداللہ بن عمر کا سفارشی خط لے کر یزید تک پہنچا تھا۔ جب وہ دمشق پہنچا تو اُسے معلوم ہوا کہ یزید کے دربار میں رسائی ناممکن ہے۔ اسلئے کہ یزید تک پہنچنے کے لئے بہت سے دروازوں اور دہلیزوں سے گزرنا پڑتا ہے۔ اور ہر دروازہ اور دہلیز پر سخت پہرہ رہتا ہے جو حکومت کی سند کے بغیر داخلہ کی اجازت نہیں دیتے۔ اور جہاں صرف افسران مملکت ہی بے روک ٹوک جاسکتے ہیں۔ چنانچہ عمیر کی مدد ایک شیعہ شخص نے کی جو ایک مسجد کا پیش نماز تھا۔ اس نے عمیر کو بتایا کہ کل کو بہترین لباس پہنو خوب عطر وخوشبو لگاؤ اور اس طرح تیاری کرو کہ گویا تم یزید کے اعلیٰ افسروں میں سے ایک افسر ہو۔ سفید عمامہ اور سفید ہی جوتے زیب تن کرو اور بالوں کو ایک دوسرے کپڑے میں لپیٹ لو جو سفید ہی ہو۔ اس طرح وہ تمہیں شناخت نہ کرسکیں گے۔ تم اُن کے پاس سے بلا جھجک گزرتے چلے جانا۔ نہ کہیں رکنا نہ کسی کی طرف التفات کرنا اور نہ کسی کو سلام کرنا ورنہ وہ تمہیں اہلکار حکومت نہ سمجھیں گے اور رعایا کا عام شخص سمجھ کر روک لیں گے اور پھر ناکامی ہوگی۔ جب پہلی دہلیز آئے تو وہاں تمہیں داہنے بائیں چبوترے نظر آئیں گے جن پر سرخ اطلس کا فرش بچھا ہوا ہوگا۔ اور اس پر پانچ سو پہرے دار بیٹھے ہوں گے۔ اور ہر پہرہ دار کو ایک ایک لڑکا پنکھا جھل رہا ہوگا۔ پھر دوسری دہلیز آئے گی وہاں کا فرش سبز رنگ کا ہوگا اور چھ سو پہرہ دار اور پنکھا جھولنے والے ہوں گے۔ تم گزرتے چلے جانا نہ متوجہ ہونا نہ سلام کرنا۔ پھر تیسری دہلیز آئے گی وہاں کے چبوتروں پر پیلے رنگ کی اطلس بچھی ہوگی اور حسب سابق یہاں صرف چار سو پہرہ دار ہوں گے تم چلتے جانا۔ چوتھی دہلیز پر فرش وفروش نقشین اور سبز و زرد رنگ کے ہوں گے اور یہاں بھی پانچ سو جوان پہرہ پر تعینات ملیں گے اور پنکھا جھولنے والے لڑکے خدمات انجام دے رہے ہوں گے۔ تم بڑھتے جانا۔ پانچویں دہلیز کے چبوتروں پر ریشمی سبز و زرد رنگ کا فرش اور چھ سو نگہبان موجود ملیں گے۔ بے خوف گزر جانا ہرگز التفات نہ کرنا۔ پھر چھٹی دہلیز آجائے گی۔ یہاں تم دیکھو گے کہ ہر چبوترے پر صرف چھ چھ اشخاص کھڑے ہیں۔ جن کے ہاتھوں میں چمکدار گرز ہوتے ہیں۔ انہیں شطرنج وغیرہ کھیلنے کے علاوہ کوئی اور کام ہی نہیں ہوتا۔ تم یہاں سے آگے بڑھ جاؤ اب ساتویں دہلیز آئے گی۔ یہاں تمہیں صرف ایک ہی چبوترہ ملے گا۔ اس پر ریشمیں فرش بچھا ہوگا۔ اور یہ وہ فرش ہے جسے دیکھتے رہنے سے آدمی کی عقل وہوش اڑ جاتے ہیں۔ یہاں کوئی شخص نہ ملے گا۔ بلا جھجک وہاں سے گزر جانا۔ اور آٹھویں دہلیز میں داخل ہوجانا۔ یہاں دو چبوترے فرش سے آراستہ ہوں گے۔ اور یہاں صنعت وہنرمند لوگوں کی توجہ جذب ہوکر رہ جاتی ہے۔ یہاں تمہیں صرف تین اشخاص ملیں گے۔ جنہیں

تشلوں والے کہا جاتا ہے۔ اُن ہی لوگوں کی تحویل میں امامؑ کا سر مبارک رہا تھا۔ تم جلدی سے گزر جانا۔ متوجہ نہ ہونا نہ سلام وکلام کرنا۔ اور نویں دہلیز میں داخل ہو جانا۔ یہاں بھی دو ہی چبوترے ہوں گے اور ہر چبوترے پر چار سو افراد قلم دوات اور رجسٹر لئے ہوئے حکومت کی آمدنی اور اخراجات کا حساب کرنے میں مصروف ہوں گے۔ یہیں ایک اور چبوترہ ملے گا۔ اور چار سو بلا ریش نوجوان لڑکے ملیں گے جنکے ہاتھوں میں خوشبو جلانے والی انگیٹھیاں، اگر بتیاں، کافور، گوگل عود وغیرہ خوشبوئیں ہوں گی۔ یہ لوگ یزید کے حمام اور نہانے کے سامان کو معطر اور مہکتا ہوا رکھنے پر تعینات رہتے ہیں۔ اب تم دسویں دہلیز میں داخل ہو جاؤ۔ یہاں تمہیں ایک ایسا حسین وجمیل شخص ملے گا جیسا کہ چاند ہوتا ہے۔ وہ سیاہ دیبا کی قبا، کالا عمامہ اور پاؤں میں کالے چمڑے کا جوتا پہنے ہوئے ملے گا۔ وہ تمہیں دیکھتے ہی خود تمہارے پاس آئے گا۔ تمہارا مزاج پوچھے گا اور وہی تمہاری ضرورت پوری کرائے گا۔ اس لئے کہ وہی محمدؐ و آلِ محمد صلوٰۃ علیہم کا فدائی ہے۔ یہ نوجوان قتل امامؑ مظلوم کے بعد سے سوگوار اور سیاہ لباس میں ملبوس رہتا ہے۔ اسی نے امام حسین علیہ السلام کا سر مبارک ایک لاکھ دینار دے کر یزید سے حاصل کیا اور کربلا بھجوایا تھا۔ قائم اللیل اور صائم النھار یعنی رات بھر کی عبادت اور دن بھر روزہ کی حالت میں رہتا ہے۔ جو کی روٹی سے روزہ افطار کرتا ہے۔ گلے میں پہننے کے زنّار (جنیئو) یا مالا کا کاروبار کرتا ہے۔ اور روزانہ پانچ سو درہم کے زنّار فروخت کرتا ہے۔ تھوڑا خرچ رکھ کر باقی غربا و مساکین پر صرف کرتا ہے۔ اور یزید کے اموال میں سے کچھ اپنے اوپر خرچ نہیں کرتا۔ وہ یزید کا زرخرید غلام نہیں ہے بلکہ یزید اس کا حد بھر مطیع ہے، اُس سے اس قدر محبت رکھتا ہے کہ وہ بھی اس سے جدا نہیں ہونا چاہتا۔ اس لئے بھی کہ وہ وہاں رہ کر ہی مومنین کے کام کرا سکتا ہے۔ یزید کی توجہ کی بنا پر مملکت کے تمام امراء و وزراء اس کے سامنے سر تسلیم خم کرتے ہیں۔ تم دیکھو گے کہ وہ ایک سوتی تولیہ لئے ہوئے ہوگا۔ جب تم اُسے دیکھو تو تیزی سے اس کی طرف بڑھنا اس کے ہاتھوں کو بوسہ دینا اور یہ خط اس کو دے دینا۔ اور کہنا کہ میں امام حسین علیہ السلام کا شیعہ ہوں۔

یہ تمام حالات وہدایات عمیر نے سنیں اور اس پیش نماز سے رخصت ہو کر حسب ہدایت یزید کے محل پر پہنچا اور کھٹا کھٹ ایک دہلیز کے بعد دوسری دہلیز سے گزرتا حیران ہوتا ہوا آخر وہاں پہنچا جہاں مذکورہ مومن جوان سے ملاقات متوقع تھی۔ (عمیر کہتا ہے کہ) میں نے دیکھا کہ واقعی ایک حیران کن جلال وعظمت اور حسن وجمال کا مجسمہ مذکورہ سیاہ لباس میں ملبوس، کاندھے پر ریشمی رومال اور ہاتھ میں تولیہ لئے ہوئے میری طرف بڑھتا اور کہتا آ رہا ہے۔ اے عمیر تم کہاں ہو؟ تم نے اتنی دیر کیوں لگائی؟ سترہ روز تک تم کیا کرتے رہے؟ وہ کیا سبب تھا جس نے تمہیں تاخیر کرنے پر مجبور کیا؟ میں روزانہ تمہارا انتظار کرتا رہا ہوں۔ دن رات شدید تکلیف میں مبتلا رہا ہوں۔ میں نے عرض کیا کہ حضور آپ کو میرا نام کہاں سے معلوم ہوا؟ اور یہ کس نے بتایا کہ میں سترہ روز پہلے دمشق میں داخل ہو چکا تھا؟ حالانکہ ہم دونوں نہ ایک دوسرے سے ملے اور نہ جانتے ہیں۔ نوجوان نے کہا کہ اے عمیر میں نے امامؑ مظلوم کو خواب میں دیکھا تھا۔ آج سے سترہ روز قبل حضورؑ نے مجھے تمہارا آنا اور تمہاری ضرورت بتائی تھی اور تاکید فرمائی تھی کہ تمہارا کام انجام دوں۔ میں نے عرض کیا تھا کہ یا مولاؑ وہ شخص کہاں ہے فرمایا گھبراؤ نہیں وہ تمہارے پاس پہنچے گا۔ مجھے میرے نانا رسولؐ اللہ نے بتا رکھا ہے کہ تم دونوں کو میرے شیعوں کے ساتھ میرے روبرو پیش کیا جائے گا۔ تمہیں ہمارے ساتھ جنت میں مقام بلند ملے گا۔ اور میں اعلان کروں گا کہ یہ ہیں وہ لوگ جنہوں نے یزید

کے مقابلہ پر میری نصرت کی تھی۔ ہم دونوں رو رہے تھے کہ یزید کی آمد کے آثار ظاہر ہوئے۔ چھوٹے خادموں کا ہجوم داخل ہوا یہ تمام چھ سو غلام اطلسی قبائیں پہنے سنہری پیٹیاں باندھے اور ہاتھوں میں جواہرات جڑے ہوئے گرز تھامے ہوئے بڑھتے گزرتے جارہے تھے۔ اور انکے پیچھے پیچھے زرق برق لباس میں ملبوس داخل ہوا۔ جب قریب سے گزرنے لگا تو اس شیعہ مومن نے آگے بڑھ کر یزید سے کہا کہ میری ایک ضرورت ہے اسے پورا کر دیں۔ یہ کہہ کر وہ خط پیش کیا۔ اس نے خط پڑھا اور کہا کہ میں تمہیں اسکے بدلے میں عراق کا پانچ سال کا خراج دینے کو تیار ہوں۔ میں مختار کو رہا کرنا پسند نہیں کرتا۔ مومن نے کہا کہ کیا آپ نے یہ عہد نہیں کیا ہے کہ روزانہ تین درخواستیں منظور کرونگا۔ حالانکہ واقعہ کربلا کے بعد یہ میری پہلی درخواست ہے؟ یزید نے اس دوران مجھے نزدیک کھڑا ہوا دیکھ لیا تھا۔ مجھ سے پوچھا کیا تم حسینؑ کے شیعوں میں سے ہو؟ میں نے کہا کہ مجھے عبداللہ ابن عمر نے اجرت پر یہ خط آپ تک پہنچانے کی ذمہ داری سونپی تھی جو میں نے پوری کر دی ہے۔ اور اس نوجوان نے کہا کہ اس سے کیا تعلق ہے کہ یہ شخص شیعہ ہے یا نہیں۔ آپ مجھے میری درخواست کا جواب دیں۔ یزید نے کہا کہ میں ایک لاکھ دینار دینا زیادہ پسند کرتا ہوں۔ اس سے کہ مختار کو آزاد کروں۔ بہر حال میں منظوری دیتا ہوں۔ چنانچہ کاتب کو حکم دیا کہ مختار بن عبیدہ ثقفی کی رہائی کیلئے ابن زیاد کو حکم لکھو اور بتاؤ کہ وہ مختار کو آزاد کر کے عبداللہ ابن عمر کے پاس نہایت عزت سے پہنچائے اور مختار کو بیس ہزار درہم ادا کرے اور عمیر کو پانچ ہزار درہم دیئے جائیں۔ چنانچہ حکم نامہ لکھوا کر عمیر کو دے دیا گیا۔ اور اس رہائی کے بعد امیر مختار نے حکومت یزید کا تختہ الٹنے میں اور تمام قاتلان شہدؑا سے انتقام لینے کی جو خدمات انجام دیں ان میں اس نوجوان کی کارگزاری بنیاد ہے۔ اور وہ تمام ثواب اور جزا میں برابر کا شریک ہے۔ (اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔ صفحہ 587-583، بحوالہ ابی مخنف)

(2)۔ عربی سازش ایک سربستہ راز جو رفتہ رفتہ پھر چھپا دیا گیا

ہم جو کچھ نظام اجتہاد کے منصوبے کی ذیل میں لکھتے چلے آئے ہیں وہ بذاتِ خود نئی یا انوکھی بات نہیں۔ نہ کوئی ایسا انکشاف ہے جو پہلے کبھی کسی کو معلوم نہ تھا۔ اُسے قرآن کریم نے طرح طرح تفصیل سے ریکارڈ کیا۔ اُدھر قرآن ناطق حضرت علی علیہ السلام نے نہج البلاغہ میں بڑی تفصیل سے اور واضح الفاظ میں بیان فرمایا ہے۔ آج یہ دکھانا ہے کہ علامہ مجلسی نے اس منصوبہ اور سازش کو نقل کیا۔ اس کے باوجود بعد کے شیعہ مجتہدین اسے نظر انداز کرتے رہے۔ اور پبلک میں سو فیصد لوگوں کو اس سے جاہل رکھا گیا۔ چونکہ یہ سربستہ راز خصوصاً شہادت امام حسین علیہ السلام سے متعلق تھا اور ہم چاہتے تھے کہ اس بیان کو امام علیہ السلام ہی کے حالات میں لکھیں گے، اس لئے اب اس روایت کو ملاحظہ فرمائیں۔

(3)۔ عبداللہ ابن عمر کو یزید بن معاویہ نے ایک قدیم وصیت دکھائی

قد نقل العلامة المجلسی فی البحار عن کتاب دلائل الامامة باسناده عن سعید بن المسیّب قال لما قتل الحسین بن علی علیهما السلام وورد نعیه الی المدینة وورد الاخبار بجزّراسه الشریف روحی له الفداء وحمله الٰی یزید لعنه اللّٰه تعالٰی وقتل ثمانیة عشر من اهلبیتهٗ وثلثة وخمسین رجلًا من شیعته وقتل علیؑ ابنه بین یدیه وهو طفل بنشابة وسبی ذراریه اقیمت الماتم عند ازواج النبیؐ فی منزل ام سلمةؑ وفی دور المهاجرین والانصار قال فخرج عبد اللّٰه بن عمر الخطاب صارخًا من داره

لاطمًا وجهه شاقًا جيبه يقول يامعشر بنی هاشم والقريش والمهاجرين والانصار يستحل هذا من رسولؐ اللّٰه فی اهله وذريته وانتم احيآء ترزقون لاقراردون يزيد ۔فخرج من المدينة تحت ليلةٍ لايرد مدينة الا خرج فيها واستفره اهلها علٰی يزيد واخباره يكتب بهاالی يزيد ۔ فلم يمر بملا من الناس الا لعنه وسمع كلامه وقالوا هذا عبداللّٰه بن عمر الخليفه وهوينكر فعل يزيد (لعن اللّٰه) باهلبيئت رسولؐ اللّٰه ويستفز الناس علٰی يزيد (لعين) وان من لم يجبه لادين له ولا اسلام واضطرب الشام بمن فيه وورد دمشق وآتی باب اللعين يزيد فی خلق من الناس يتلونه فدخل آذن يزيد (لعين) واخبره بوروده ويده علٰی امّ راسه والناس يهرعون اليه قدّامه وورائه فقال يزيد (لعين) فورة حاجبه فورآتِ ابی محمد (عبداللّٰه بن عمر) وعن قليل يفيق منها فاذن له وحده فدخل صارخًا يقول لا ادخل يايزيد وقد فعلت باهل بيت محمدؐ مالو تمكنت الروم والترک مااستحلوا مااستحللت ولا فعلوا مافعلت قم عن هذا البساط حتٰی يختار المسلمون من هواحقّ به منک ۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 108)

علامہ محمد باقر مجلسی رضی اللہ عنہ نے کتاب دلائل الامامۃ سے اپنی کتاب بحارالانوار میں نقل کیا ہے کہ سعید بن المسیّب نے روایت کی ہے کہ جب حسین بن علی علیہما السلام کوقتل کر دیا گیااور اُنؑ کے قتل کی خبر مدینہ میں پہنچی اور یہ خبریں وصول ہوئیں کہ حسینؑ کا سرتن سے کاٹ کر یزید کے پاس بھیجا گیا ہے۔اوراٹھارہ افراداہلبیتؑ میں سے تہہ تیغ کر دیئے گئے اور تریپن صحابہ وانصاران حسینؑ کوقتل کر دیا اورایک شیرخوار بچہ کوحسینؑ کے سامنےقتل کر دیا۔حرم اہلبیتؑ کورسن بستہ قید کرلیا ہے۔ان اطلاعات سےازواج نبیؐ کے سامنےام سلمہ علیہا السلام کے گھر میں اورمہاجرین اورانصار کے یہاں صف ماتم بچھی ہوئی ہے۔راوی نے بیان کیا کہ یہ سب کچھ دیکھ کرعبداللہ ابن عمر گھر سے اس طرح نکلے کہ چیخیں مارتے جاتے تھے،سروسینہ پیٹ رہے تھے،گریبان چاک کرلیا تھا۔اور کہتے جاتے تھے کہ اے بنی ہاشم اےقریشیواےمہاجرین وانصار یزید نے اہلبیت رسولؐ کے ساتھ یہ سب کچھ کرلیااورتم سب زندہ ہواورخوب عیش کررہے ہو،کھاپی رہے ہو۔اب تو یزید تک پہنچنے اورانتقام لئے بغیر مجھے قرارنہیں آسکتا۔چنانچہ وہ مدینہ سے چلے جاتے تھے۔اور جہاں بھی لوگوں کے پاس سے گزرتے تھے یزید پرلعنت کرتے جاتے تھے۔کربلا کا دردناک حال بیان کرتے ہوئے گزرتے تھے۔لوگ اُن کی فریادسن کر کہتے تھے کہ یہ خلیفہ عمر کا بیٹا عبداللہ ابن عمر ہے۔اور جب یہ بھی یزید کے اس سلوک پرناخوش ہے اورنفرین وملامت کرتا ہے جو یزید نے حسینؑ اوررسولؐ کے اہلبیت کے ساتھ کیا ہے۔اس پرچاروں طرف سے لوگ بےچین ہوکر یزید سے احتجاج کرنے کے لئے ہجوم درہجوم ساتھ ہوگئے۔اور کہتے جاتے تھے کہ جوایسانہ کرے گا وہ نہ مسلمان ہے اورنہ ہی وہ کسی اوردین کا آدمی ہے۔ملک شام کے تمام علاقوں میں بےچینی اوراضطراب پھیلتا جاتا تھااورلوگ منہ اٹھائے یزید کی طرف روانہ ہورہے تھے۔اس طرح عبداللہ بن عمردمشق پہنچےاور یزیدلعین کے دروازہ پر یہ تمام ہجوم جمع ہوتا گیا اور یزید پرآوازے کسنے لگے۔یہ حال دیکھ کرنگہبان اندرگیا اور یزید کواس صورت حال سے مطلع کیا اور بتایا کہ عبداللہ ابن عمرلوگوں کا ایک غول لئے ہوئے آیا ہے۔اورلوگ سرپیٹ رہے ہیں،وہ دونوں ہاتھوں کو بلند کر کے آہ وزاری کررہاہے اندرداخل ہوناچاہتاہے اوراس کے ساتھ ساتھ وہ تمام ازدحام گھس پڑنے پرآمادہ ہے۔یہ سن کر یزید گھبرایااورنگہبان سے کہا کہ عبداللہ ابن عمرکوجلدی سے اندرلےآؤ۔مگراورکوئی ہمراہ نہ آنے پائے۔چنانچہ پہرہ دارآیا اورتنہا عبداللہ کواندر لے گیا باقی لوگ شور کرتے رہے۔بہرحال عبداللہ چیخیں مارتا روتا پیٹتا داخل ہوا۔اور کہتا جاتا تھا کہ اے یزید تونے اہلبیت محمدؐ کے ساتھ وہ سب کچھ کرڈالا جو

ملک روم اور یونان کے کافر بھی نہ کرتے اور وہ لوگ جو اسلام کے دشمن ہیں۔ اُن میں سے ایک کام بھی نہ کرتے جو تو نے بلاتکلف کرڈالے۔ لہٰذا اب تجھ پر لازم ہے کہ تخت خلافت سے اٹھ جا تو ہر گز مسلمانوں پر حکومت کا اہل نہیں ہے۔ اور مسلمانوں کو موقعہ دے کہ وہ تجھ سے بہتر شخص کو تجویز کریں اور تیری جگہ خلیفہ بنائیں۔

فرحب بہ یزید وتطاول لہ وضمہ الیہ وقال لہ یاابامحمد اسکن من فورتک واعقل وانظر بعینک واسمع باذنک ماتقول فی ابیک عمر بن الخطاب ؟ أکان ھادیًا مھدیًا خلیفۃ وناصر رسولؐ اللّٰہ ومصاحرۃ باختک حفصۃ والذی قال لرسوؐل اللّٰہ اللات والعزّی یعبدن اعلانیہ ویعبد اللّٰہ سرّا وقال عبداللّٰہ ھماکما وَصَفْتَ فایّ شیی ءٍ تقول فیہ قال ابوک قَلَّدَ اَبی امرالشام اَمْ اَبی قَلَّدَ اباکَ خلافۃ رسول اللّٰہ؟ فقال ابی قَلَّدَ اباک الشام۔ قال یاابامحمد افترضی بہ وبعھدہ الٰی ابی اوماترضاہ ؟ قال بل اَرْضَی۔ قال افترضی بابیکَ قال نَعَمْ۔ قال فضرب یزید بیدہ علٰی ید عبداللّٰہ وقال لہ قُمْ یاابا محمد حتّٰی تقراہ۔ فقام معہ حتّٰی وردخزائنہ فدخلھا ودعی بصندوق ففتحہ واستخرج منہ تابوتًا مقفلًا مختومًا فاستخرج منہ طومارًا لطیفًا فی خرقۃ حریر سودآء فاخذ الطومار بیدہ ونشرہ ثم قال یاابامحمد ھذا خط ابیک قال ای واللّٰہ فاخذہ من یدہ فقال لہ اقراء فقرأ ابن عمر فاذا فیہ؛

عبداللہ ابن عمر کا یہ حال دیکھ کر یزید کا دل پسیج گیا۔ قلب میں مذہبی نرمی ورقت پیدا ہوگئی۔ چنانچہ یزید نے خوشامدانہ گفتگو کی، عبداللہ کو ہموار کیا اور مناسب حالت پیدا کر کے کہا کہ جناب اِس وحشت وگھبراہٹ اور جذباتی ہیجان سے باہر نکلئے۔ عقل کو پوری طرح کام کرنے کا موقعہ دیجئے، آنکھوں سے حقیقت پر نظر ڈالئے اور کانوں کو غور سے سننے پر آمادہ کیجئے اور پھر یہ فرمایئے کہ آپ اپنے والد عمر بن الخطاب کے بارے میں کیسا تصور رکھتے ہیں؟ کیا وہ تمہارے نزدیک ایک ہدایت یافتہ، ہدایت کنندہ، رسولؐ اللہ کے خلیفہ اور ناصر نہ تھے؟ کیا انہوں نے اپنی بیٹی اور تمہاری بہن حفصہ کو رسولؐ کے نکاح میں دے کر اُن سے سسرالی رشتہ قائم نہ کیا تھا؟ اور کیا انہوں نے رسوؐل اللہ سے یہ نہ کہا تھا کہ **لات وعزیٰ** کو اعلانیہ پوجا جانے دو اور اللہ کی عبادت رازداری میں رکھی جائے؟ اس پر عبداللہ نے کہا کہ یہ دو باتیں جو تم نے بطور صفات بیان کیں بالکل صحیح ہیں۔ مگر وہ کہو جو تم کہنا چاہتے ہو۔ یزید نے سوال کیا کہ تمہارے باپ نے میرے والد کو ملکِ شام کے انتظام وحکومت کا پٹہ پہنایا؟ یا میرے باپ نے تیرے باپ کو رسولؐ اللہ کی خلافت کی تقلید کا ذمہ دار بنایا؟ عبداللہ نے کہا کہ میرے باپ نے تیرے باپ کو شام کی حکومت سپرد کی تھی۔ یزید نے کہا کہ اے ابومحمد (عبداللہ) کیا تم اُس عہد نامہ کو پسند کرو گے جو تیرے باپ نے میرے باپ کو تحریراً بجالانے کے لئے دیا تھا۔ یا تم اُن کی تحریری حکم کو ناپسند کردو گے؟ عبداللہ نے کہا کہ میں اسے قبول کروں گا۔ یزید نے پھر پوچھا کہ کیا تم اپنے والد کے افکار واعمال وکردار سے کلیتاً اتفاق کرو گے؟ عبداللہ نے اثبات میں جواب دیا تو یزید نے عبداللہ کے ہاتھ پر اپنی فتح اور چیلنج کا ہاتھ مارا اور کہا کہ بات طے ہوگئی۔ لہٰذا اے ابومحمد اُٹھو چلو اور اس تحریری عہد نامہ کو پڑھنے سے پہلے اور کوئی خیال قائم نہ کرو۔ چنانچہ عبداللہ اُس کے ساتھ چلا۔ اور اُس کے خزانہ میں دونوں پہنچے۔ یزید نے ایک مخصوص صندوق منگایا، کھولا اور اُس میں سے ایک مہر شدہ مقفل (تالہ لگا) ڈبہ نکالا۔ ڈبے کو کھولا اور اس میں سے کالی ریشم کے ایک حسین جزدان کو لیا۔ جس کے اندر سے ایک لمبا چوڑا تحریری کاغذ نکلا اسے سیدھا کیا اور پھیلا کر اپنے ہاتھوں پر پھیلایا اور عبداللہ بن عمر سے کہا کیا یہ تمہارے والد کی تحریر نہیں ہے۔ عبداللہ نے کہا واللہ یہ اُن ہی کا لکھا ہوا ہے۔ چنانچہ یزید نے کہا کہ اے عبداللہ ذرا اُسے پڑھ کر دیکھو۔ چنانچہ عبداللہ نے

پڑھنا شروع کیا تو لکھا تھا کہ :۔

"بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم ان الذی اَکْرَهَنَا بالسَّیف علی الاقرار به فاقررنا وصدور وعرٔة والانفس واجفة النیّات والبصائر شائکه مما کانت علیه من حجد ناماد عانا الیه واطعنا ه فیه رفعا یسوفه عنا وتکاثر ه بالحی علینا من الیمن وتعاضد من سمع به مِمّن ترک د ینه وماکان علیه اباؤه فی قریش فَبِهُبِلَ اقسم والاصنام والاوثان واللّات والعزّی ماحجد ها عمر مذعبد ها ولاعبد للکعبة ربًّا ولاصدّق لمحمدٍ قولًا ۔ ولا القی السلمِ الَّا لِلُحِیُلَةِ علیه وایقاع البطش به فانه قداتا نا بسحر عظیم وزاد فی سحره بنی اسرائیل مع موسٰی وهارون وداؤد وسلیمان وابن الامة عیسٰی ولقد اتانابکل مااتوابه من السحر وزاد علیهم مالوانهم شهد وه لَاَ قَرُّواله بِاَنَّهٗ سید السحرة ؛

فخذ یابن ابی سفیان سُنَّةَ قومک واتباع ملتک والوفآء بماکان علیه سلفک من حجد هذا البنیّة الّتی یقولون ان لهاربًّا امر هم با تیانهم والسعی حولها وجعلها لهم قبلة فَاَقَرّوا بالصلٰوة والحج الذی جعلوه رکنا وزعموا اَنَّهٗ للّٰہ اختلفوافکان مِمَّا اعان محمدًا منهم هذا الفارسی الطّمطانی رُوُزِبَهُ وَقَالوا اَنَّهٗ اوحٰی الیه انَّ اوّل بیت وضع للناس للذ ی بِبَکّه مبارکًا وهدًی للعالمین (3/96) وقولهم قد نَرٰی تقلّب وجهک فی السمآء فلنولّیَنّک قِبلةً ترضٰها فول وجهک شطر المسجد الحرام وحیث ماکنتم فولوا وجوهکم (2/144) وجعلوا صلٰوتهم للحجارة ۔فمالذی انکره علینا لولا سحره من عبادتنا للاصنام والاوثان واللات والعزی وهی من الحجارة والخشب والنحاس ولفضة والذهب لا واللات والعزیٰ ماوجدنا سببًا للخروج عما عندنا وان سحروا ومُوّ هُوُا ۔فانظر بعین مبصرةٍ واسمع باذن واعیّة وتامّل بقلبک وعقلک ماهم فیه وَ اشکر اللات والعزی واستخلاف السید الرشید عتیق ابن عبدالعزی علٰی امة محمدٍ وتحکمّه فی اموالهم ودمائِهم وشریعتهم وانفسهم وحلالهم وحرامهم وجبایات الحقوق الّتِی زَعُمُوُا اَنَّهم یجیئونها لربهم لیقیموا بهاانصارهم واعوانهم فعاش سد یدًا رشیدً ا یخضع جهرًا ویشتدّ سرًّا ولا یجد حیلة غیرمعاشرة القوم ۔ولقد وثبت علٰی شهاب بنی هاشم الثاقب وقرنها الزهراء وعلمها الناصر وعدّتها وعددها المسمی بحیدرة المصاهر لمحمدٍ عَلَی مرأ ة التی جعلوها سید ة نسآء العالمین یسمّونها فاطمة حتّٰی آتیت دارعلیّ وفاطمة وابنیهما الحسن والحسین وابنتیهما زینب وام کلثوم وَالْاَمَةِ الموعودَة بفضة ومعی خالد بن ولید و قنفذ مولٰی ابی بکر و صحب من خواصّنا ۔ فقرعتُ الباب قرعًا شد یدً ا ۔ فاجابننی الامة فقلتُ لها قولی لِعلیّ د ع الا باطیل ولا تلج نفسک الی طمع الخلافة فلیس الامرلکَ ۔الا لمن اختاره المسلمون واجتموا ورب اللات والعزّیٰ؛

لوکان الامروالرای لابی بکر لفشل عن الوصول الٰی ماوصل الیه من خلافة ابن ابی کبشة لکنّی ابد یتُ لَهَا صفحتی واظهرت لها بصری وقلت للحیین نزاروقحطان بعداَنُ قلت لهم لیس الخلافة فی قریش فاطیعوهم وماطاعواالله وانما قلت ذلک لما سبق من ابن ابی طالب من وثوبه وَواستیشاره بالدماء الّتی سفکها فی غزوات محمدٍ وقضاء د یونه وهی ثمانون الف درهم وانجازعداته وجمع القران فقضا ها علٰی تلید ه وطارفه وقول المهاجرین والانصار لماقلت اِنّ الامامة فی قریش قالوا هوالا صلع البطین امیر المومنین علی بن ابی طالب علیه السلام الذی اخذرسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وآله وسلم ۔لبیعة علی اهل ملته وسلمنا له بامرة المومنین فی اربعة مواطن فان کنتم نسیتموها معشر قریش فما نسینا ه اولیست البیعة ولا الامامة والخلافة والوصیة الا حقًا مفروضًا وامرًا صحیحًا لاتبرّعًا ولا ادّعاءِ فکذ بناهم ۔ وَاَقِمت اربعین رجلًا شهد واعلٰی محمدٍ اَنَّ الامامة بالاختیار فعند

ذ لک قال الانصار نحن احقّ مِن قریش لِاَنَّا آوینا ونصرنا وھاجر الناس اِلَیْنَا فاذاکان رفع مَن کان الا مرله فلیس ھذا لامرلکم دوننا وقال القوم منا امیرومنکم امیرقلنا لھم قد شھد اربعون رجلًا اَنَّ الائمة من القریش فقبّل قوم انکر آخرون وتنازعوا ۔ فقلت الجمیع یسمعون الاکبر نا سِنًّا واکثر نا لِیْنًا۔ قالو فمن تقول قلت ابوبکر الذی قدمه رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه و آله فی الصلوٰة وجلس معه فی العریش یوم بدریشاوره ویاخذ برایه وکان صاحبه فی الغاروزوج ابنة عائشة الّتی سماھاام المومنین ۔فاقبل بنوھاشم یتمیّزون غیظًا وعاضد ھم الزبیر وسیفه مشھود وقال لا یبایع الا علیّ ولا املک رقبة قائمة سیفی ھٰذ ۔فقلت یازبیر صرختک سکن من بنی ھاشم امک صفیة بنت عبدالمطلب فقال ذلک واللّٰه الشرف البازخ۔والفخر الفاخر یابن حنتمة یابن صھّاک اسکت لاامّ لک فقال قولًا فوثب اربعون رجلًا مِمَّنْ حَضَرَ سقیفة بنی ساعدة عَلَی الزبیر فواللّٰه ماقدرناعلٰی اخذ سیفه من یده حتّٰی وسَّدْنا ہُ الارض ولم ترله علینا ناصرًا فوثبت الٰی ابی بکر فَصَافحته وعاقد ته البیعة وتلانی عثمان بن عفان وسائر من حضر غیرالزبیر وقلنا له بایع اونقتلکَ ثم کففت عند الناس فقلت له امھلوه فما غضب الّانخوة لبنی ھاشم؛

فاخذت ابابکر بیدی قاقمته وھویرتعد قداختلط عقله فازع جته الٰی ممبر محمدؐ ازعاجًا ۔فقال لی یاابا حفص اخاف وثبة عَلِیٍّ ۔ فقلتُ ان علیًّا عنک مشغول و اعاننی علٰی ذلک ابوعبیده ابن الجرّاح کان یمدّه بیده الی المنبر واناأُزْعُجه مِنْ ورائه کَا التّیس (انه کرم) الٰی شفاد الجازرمبھوتًا فقام علیه مد ھو شًا ۔فقلتُ له اخطب فاغلق علیه و تثبّت فدھش وتلجلج وغمضٍ فَعَضَّضْتُ عَلٰی کفی غیظًا وقلتُ له قُلْ ماسخ لک فلم یَاتِ خیرا ولا معروفا؛فاردت ان احطّ عن المنبرواقوم مقامه فکرھت تکذیب الناس لی بماقُلْتُ فیه ۔وقد سئلنی الجمھور منھم کیف قُلْتَ من فضله ماقلت ماالذی سمعته مِن رسولؐ اللّٰه فی ابی بکر ؟ فقلتُ لھم قدسمعت من فضله علٰی لسان رسولؐ اللّٰه مالَوْوَرَدَتُ انی شعرة فی صدره وَلِیَ حکایة ۔فقلت قُلْ والا فانزل فتبیّنھا واللّٰه فی وجھی وعلم انه لو نزل لرقیت وقلت مالا یھتدی الٰی قوله ۔فقال بصوت ضعیف علیل ولیّتکم ولستُ بِخیر کم وعَلِیٌّ فیکم واعلموا انّ لی شیطانا یعترینی وما ارادبه سوای فاذاذَ لَلْتُ فقومونی لا اقع فی شعورکم وابشارکم واستغفرواللّٰه لی ولکم ونزل فاخذت بیده واعین الناس ترمقه وغمزت یده غمزًا ۔ثم اجلسته وقدمت الناس الٰی بیعته وصحبته لارھبته ۔وکلّ من ینکر بیعته ویقول مافعل علی بن ابی طالب ۔ اقول خلعھا من عنقه وجعلھا طاعة المسلمین قلّة خلاف علیھم فی اختیار ھم فصار جلیس بیته فبایعوا وھم کارھون۔فلما فشت بیعته علمنا ان عَلِیًّا یحمل فاطمة والحسن والحسین الٰی د ورالمھاجرین والانصار یذکرھم بیعة علینا فی اربعة مواطن ویستفرّ ھم فیعدونه النصرة لیلًا ویقعدون عنه نھارًا ؛

فآتیت داره مستشیرًا لاخراجه منھا۔ فقامت اْلاَمَة فضّة وقد قلتُ لھا قولی لِعَلِیّ یخرج الی بیعة ابی بکر فقداجتمع علیه المسلمون فقالت انّ امیرالمؤمنین علیًّا مشغول فقلت خلی عنک ھذا وقولی یخرج والّا دخلنا علیه واخرجنا ہ کرھًا ۔ فخرجت فاطمة فوقعت مِن ورآء الباب فقالت اَیُّھا الضالون المکذبون ماذا تقولون وایُّ شی ءٍ تریدون فقلتُ یافاطمة ۔ فقالت فاطمة ماتشآء یاعمر ؟ فقلت ما بال ابن عَمِّک قداوردک للجواب وجلس من ورآء الحجاب ؟فقالت لی طغیانک یاشقی اخرجنی والزمک الحجة وکلّ ضال قوی ۔فقلت دعی عنک الاباطیل واساطیر النّساء وقولی بعلیٍّ یخرج ۔ فقالت فاطمة لاحبّ ولا کرامة اَبحزب الشیطان تخوّفنی یا عمرو کان حزب الشیطان ضعیفًا۔ فقلت اِن لم یخرج جئت بالحطب الجزل واضرمتھا نارًا علٰی اھل ھذا البیت واحرق من فیه اویقادعَلِیّ الی البیعة وضربتُ واخذت سوط قنفذ وقلت لخالد بن ولید انت ورجالنا ھلّموا فی جمع الحطب فقلت انی مضر مھا۔فقالت یاعدواللّٰه وعد و رسوؐله وعدوّ امیرالمؤمنین ۔فضربت فاطمة یدھا

مِن البـاب تـمنعنی من فتحه فرمته فتـصـعـب عـلـیّ فضربت کفیها با لسوط فالمها فسمعتُ لها زفیرًاوبکاءً ۔ فقد ت ان الین وانقلب عن الباب فذکرت احقاد علیّ لوعه فی دماء صنا دید العرب وکید محمدؐ وسحره فرکلت الباب ۔ وقد الصقت احشآئها بـالباب تترسه ۔وقـد صـرخـت صـرخة حسبتهـا قدجعلت اَعْلَی المدینة اسفلها ۔وقـالـت یـا ابتـاه یارسولؐ اللّٰه هکذا کان یفعل بـحبیبتک وابنتک آه یافضة الیک فخذ ینی فقد واللّٰه قتل مافی احشآئی من حمل وسمعتها تمخض وهی مستندة الی الجدار فـدفعت الباب ودخلت واقبلت اِلیّ بوجه اغشی بصری فصفقت صفقة علٰی خدّیها من ظاهر الخمار فانقطع قرطها وتناثرت الی الارض ۔ وخـرج عـلـیؑ فـلما احست به اسرعت الٰی خارج الباب وقلت لخالد وقنفذ و قدجنیت جنایةً عظیمة لاامن علٰی نفسی وهـذا عـلّیؑ قد برز مِنَ البیت وما لِی ولکم جمیعًا به طاقة ۔ فـخـرج علیؑ وقدضَرَبَتْ یدها الی ناصیتها لتکشف عنها وتستغیث بـاللّٰه العظیم مانزل بها ۔ فَـاَسْبَـلَ عـلـیؑ علیها ملا ئتها وقال لها یا بنتؐ رسولؐ اللّٰه اِنَّ اللّٰه بعث اباکِ رحمةً للعالمین وایم اللّٰه لَئِن کشـفـتِ عـن نـاصیّتکِ سـائـلةِ اِلٰی ربکِ لیهلک هذا الخلق حَتّٰی لایبقی علی الارض بشرًا اَلاء انکِ واباکِ اعظم عنداللّٰه تـعـالٰی مـن نـوؑح الـذی غـرق مِن اجله بالطوفان جمیع من فی الارض وتحت السمآء اِلَّا من کان فی السَّفینة واهلک قوم هوؑد بتـکـذ یبهـم واهـلـک عادًابریح صرصروانتِ وابوکِ اعظم قدرًا من هوؑد وعذّب ثمود وهـی اثـناعشرالفًابعقرالناقة والفصیل وکونی یاسید ة الـنسـآء رحـمة عـلٰی هذا الخلق المنکوس ولا تکونی عذابًا واشتدّ بها المخاض ودخلت البیت فاسقطت سقطًا سماهُ علیؑ محسًّنًا ۔ وجمعت جمعًا کثیرًا لا مکاثرة لِعَلِّیؑ لاکن لیشدّ بهم قلبی و جئت وهو محاصرفاستخرجته من داره مکرهًا مـغـصوبًا وسقته الی البیعة سوقا واِنّی لاعلم علمًا یقینًا لاشک فیه لو اجتهدت انا وجمیع من کان علی الارض جمیعًا عَلٰی قهره مـاقهـرنـا هُ ولکن لِهِنَاتٍ فی نفسه اعلمها ولا اقولها ۔فَـلَـمَّـا انتهیـت الٰی سقیفة بنی ساعدة قام ابوبکر ومن بـحضر ته یَسْتَهْزِؤُن بعلیؑ ۔فـقال علیؑ یاعمر اتحبّ اَنْ اَعْجّل لک مااَخَرّتُه مِن سوءٍ عنک ۔ فقلت لَا یَااَمِیْرَ المؤمنینؑ فَسَمِعْنِیْ واللّٰه خالد بن الولید فـاسر ع الٰی ابی بکر فقا ل له ابوبکر مـالی ولعمر ثلثًا والـنـاس یسـمـعون ولما دخل السقیفة جثا ابوبکر الیه فقلت له قد بایعت یاابالحسن وانصرف ۔فَـاَشْهَـدُ مـا بایعه ولا مدّیده الیه وکرهت اَنْ اطالبه بالبیعة لیعجّل لی مااخرّه عنی وودّابوبکر انه لم یَرَعَلِیًّا فی ذلک المکان جزعًا وخوفًا منه ورجع علیؑ من السقیفة ؛

وسـئـلـنـا عـنـه فـقـالوا مضی الٰی قبر محمدؐ فجلس الیه فقمت انا وابوبکر وجئنا نسعی وابوبکر یقول ویلک یاعمر مـاالـذی صـنـعـت بـفـاطمة هذا واللّٰه خسران المبین فقلت انّ اعظم ماعلیک انّهُ مابایعنا واثق بتشاقل المسلمین عنه ۔فقال ما تـصـنـع؟ قـلـت نظهر اَنَّهُ قد بایعک عند قبر محمدؐ فاتیناه وقدجعل القبر امسندًا کفّه علٰی تربته وحوله سلمان وابوذروالمقداد وعـمّار وحذیفه الیمان ۔ فَـجَـلَـسْـنَـا بـازائه واوعزت الٰی ابی بکر ان یضع یده عَلٰی مثل ماوضع علیؑ یده ویقرّبها مِن یده ۔ ففعل ذلک واخـذت بیـدابی بکرلا مسحها علٰی یده واَقُوْلُ قد بایع فقبض علیؑ یده ۔ فـقمت وابوبکر مولیّاوانا اَقُوْلُ ۔جزی اللّٰه علیًاؑ خیـر افانّه لم یمنعک البیعة لما حضرت قبررسولؐ اللّٰه ۔ فوثب مِن دون الجماعة ۔ابوذر جندب ابن جنادة الغفاری ویقول واللّٰه یـاعـد وّاللّٰه ما بایع علیؑ عنیقا ولم نزل ۔کُـلَّـمَـا لـقیـنا قوم واقبلنا علٰی قوم نخبرهم ببیعته وابوذر یکذّبنا،واللّٰه مابایعنا فی خلافة ابوبکر ولا فی خلافتی ولا یبایع لمن بعدی ولا بایع من اصحابه اثنا عشررجًلا لا لِاَ بی بکر ولا لِیْ۔

فَمَنْ فَعَلَ یامعویة، بِعَلِیٍّ واستثاراحقاده السالفة غیری ۔وَاَمَّا آتَتْ اَبُوک ابوسفیان واخوک عتبة فاعرف ماکان منکم

فی تکذیب محمدؐ وکیدہ وادارۃ الدّوائر بمکّۃ وطلبتہ فی جبل حرّی لقتلہ وَتَاَلَّفَ الاحزاب وجمعھم علیہ ورکوب ابیک الجمل و قد قاد الاحزاب وقول محمدؐ وآلہ لَعَنَ اللّٰہُ الراکب و القآئد والسائق ۔وکان ابوک الراکب و اخوک عتبۃ القائد وانت السائق۔ ولم انس امّک ھندا وقد بذ لت لِوحشی مابذ لت تکمن نفسہ لحمزہ الذی دعوہ اسدالرّحمٰن فی ارضہ وطعنہ بالحربۃ ففلق فوأدہ وشق عنہ واخذکبدہ فحملہ اِلٰی اُمِّک ۔ فزعم محمدؐ بسحرہ اَنّہ لما اَدُخَلَتُہُ فاھا لتاکلہ صارجلمودًا ۔فلفظتہ من فیھا فسماھا محمدؐ وآلہ اکلۃ الاکباد وقولھا فی شعرھاالاعداء محمدؐ ومقا تلیہ: ۔ نحن بَنَاتُ طَارِقِ نمشی علی النّمار ق کالدرّ فی المخارق والمسک فی المفارق اَنُ تقبلوا نعانق اوتد بروانفارق فراق غیروامق

ونسوتھا فی الثیاب الصفرالمرسیّۃ مبتدیات وُجُوھھنّ ومعاصمھن ورؤسھنّ یحرصن علٰی قتال محمدؐ۔

انکم لم تسلموا طوعًا وَّاِنَّمَا اسلمتم کرھًا یوم فتح مکّۃ ۔فجعلکم طلقآء وجعل اخی زیدًا وعقیلًا اخاعلی ابن ابی طالب والعباس عمّھم مثلھم وکان من ابیک فی نفسہ،فقال واللّٰہ یابن ابی کبشۃ لاملأ نّھا علیک خیلًا ورجلًا واحول بینک وبین ھذہ الاعدآء۔ فقال محمدؐ ویؤذن للناس انہ علم مافی نفسہ اویکفی اللّٰہ شرک یااباسفیان وھویری الناس ان لا یعلوھا احدغیری وعلیؐ ومن یلیہ من اھلبیتہ فبطل سحرہ وخاب سعیہ وعلاھاابوبکر وعلوتھا بعدہ وارجواَن تکونوا معاشر بنی امیۃ عیدان اطنابھا ۔ فَمِن ذلک قد وَلَّیُتُک وقلّد تک اباحۃ ملکھا وعرفتک فیھا وخالفتُ قولہ فیکم ومااباِ لی من تالیف شعرہ ونثرہ اَنّہ، قال یوحٰی الیَّ منزل مِن ربّی فی قولہ والشجرۃ الملعونۃ فی القرآن فزعم انھا انتم یابنی امیّۃ فبیّن عداوتہ حیث ملک کمالم یزل ھاشم وبَنُوہ اعدآء بنی عبدالشمس وانا مع تذکیری اباک یامعویۃ وشرحی لک ماقد شرحتہ ناصح لک ومشفق علیک من ضیق عَطَنِکَ وحَرَجَ صدرک وقلۃ حلمک ان تعجل فیما وصیّتک بہ ومکنتک منہ من شریعۃ محمدؐ واُمتہ وان تبدی لھم مطالبۃ بطعن وشما تۃ بموت اورداعلیہ فیماآتی بہ اَوُاستصغارًا لما اتی بہ فتکون من الھا لکین فتخفض مارفعتُ وتھد م مابنیت واحذرکلّ الحذرحیث دخلت علٰی محمد صلی اللّٰہ علیہ و آلہ مسجدہ ومنبرہ وصدّق محمدؐا فی کلّ ما آتی؟ بہ و اوردہ ظاھرًا واظھر التحرّزوالواقعۃ فی رعیّتک واوسعھم حلمًا واعمّھم بروایح العطایا وعلیک باقامۃ الحد ودفیھم وترھم انک تدع اللّٰہ حقًا ولا تنقص فرضًا ولا تغیر لمحمدؐ سُنّۃ فتفسد علینا الامۃ بل خذھم من مامنھم واقتلھم بایدیھم وابدّھم لبسیوفھم وتطاولھم وتناجزھم ولن لھم ولا تبخس علیھم فافسح لھم فی مجلسک وشرّفھم فی مقعدک وتوصل اِلٰی قتلھم برئیسھم واظھر البشروا لبشاشۃ بل اکظم غیظک واعف عنھم یحبّوک ویطیعوک فماآمن علینا وَ علیک ثورۃ علیؑ وشبلیہ الحسنؑ و الحسینؑ فان امکنک فی عدۃ من الامامۃ فبادر ولا تقنع بصغار الامور واقصد بعظیمھا واحفظنّ وصیّتی الیک وعھدی واخفہ ولا بتدہ وامتثل امری ونھی وانھض بطاعتی وایّاک والخلاف عَلَیَّ واسلک طریق اسلافک و الطلب بثارک واقتص آثارھم فقد اخرجت الیک بِسِرِّی وجھری وشفعت ھذا بقولی:۔

معاویّ ان القوم جلّت امورھم	بدعوۃ مَن عَمّ البریّۃ بالوتری	صبوت الٰی د ین لھم فارابنی
فابعد بد ین قد قصمت بہ ظھری	وَاِنُ اَنُسَ لَااَنُسی الولید وشیبۃ	وعتبۃ والعاص الصریع لدی بدر
وتحت شغاف القلب لدغ لفقدھم	ابوحکم الضئیل من الفقری	اُولٰئک فاطلب یامعاوی ثارھم
بنصل سیوف الھند و الاسل السمری	وصل برجال الشام فی معشر بھم	ھم الاسد والباقون فی اَکَمِ الوعر
توصّل الی التخلیط فی الملۃ الَّتی	اتا نابہ الماضی المموّہ بالسحر	وطالب باحقاد مضت لک مظھرًا

لعلة د ین عَمَّ کل بنی النضر۔ فلست تنال الثار الابد ینهم فقتّل بسیف القوم جید بنی عمر۔

لهذا وقدولّیتُک الشام راجیًا وانت جد یرٌ ان تؤل الٰی ضخر۔

وقال فلما قرأ عبداللّٰہ بن عمر هذا العهد قام الٰی یزید فقبل راسه ۔وقال اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی قَتْلِکَ الشَّارِیُ وابن الشّارِی واعلم ان والدی عمراخرج الیَّ مِن سِرِّہ بمثل هذاالذی اخرجه اِلٰی ابیک معویة ولا ارى احدًا من رهط محمدٍ وشیعته بعد یومی هذا غیرمنطوٍلهم علٰی خیرابدًا۔فقال یزید فیه شرح الخفا یایا بن عمر۔(اکسیرالعبادات۔صفحہ 108 تا112)

بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم ۔یقیناً جس شخص نے ہمیں بزورشمشیراپنی پوزیشن منوانے اوراقرارکرنے پرمجبورکیا ہم نے بادل ناخواستہ اقرارکرلیا۔حالانکہ ہمارے قلوب کے دروازے بند تھے۔ہماری ضمیریں کراہت ونفرت سے ابتر ہوئی جاتی تھیں۔ہماری نیت اوربصیرت کانٹوں پر گھسیٹی جارہی تھیں۔ہمیں ہروہ چیز ناپسندتھی جس پر وہ شخص ہمارے ساتھ ہٹ دھرمی کرتا چلا جارہا تھا۔اور جو کچھ ہم سے قبول کرانا چاہتا تھااورجن چیزوں میں ہم کواطاعت کاحکم دیتا تھا۔بہرحال ہمیں اس مقصد سے اُس کی اطاعت کرنا پڑی کہ کھینچی ہوئی تلواروں سے ہم اورہماری قوم محفوظ رہ جائے اوراس طرح زندہ رہ کرہماری تعدادوطاقت بڑھے۔یوں اُس کے ہاتھ مضبوط ہوئے اوراُس کے دین کو پھیلنے کا موقعہ ملا جوخوداُس کے قریشی آباواجداد کا بھی دین نہ تھا۔لیکن میں ہبل اورتمام مجسموں اوردینی رسومات اورلات وعزّی کی قسم کھا کرکہتا ہوں کہ میں نے ہرگز کعبہ والے محمدؐ کے رب کی عبادت نہیں کی نہ کبھی محمدؐ کی کسی بات کی قلبی تصدیق کی۔ اورکبھی اس کی سلامتی اورمرکزیت کونہیں مانا۔مگرصرف اس کودھوکہ دینے کے لئے کیا جوکچھ بھی کیا۔اوراس کووسیلہ بناکراپنی قومی طاقت اوردبدبہ بڑھانے کے لئے کرتا چلا گیا۔یقیناً وہ ہمارے مقابلہ پرایک زبردست جادولےکرآیا تھا۔اوراُس نے اپنے ساحرانہ کمال کو مؤسیٰ اورہارؔون کے اُس جادوسے بھی زیادہ طاقت سے پیش کیا جوبنی اسرائیل کے مقابلہ میں پیش کیا گیا تھا۔یہی نہیں بلکہ وہ اپنے جادو میں داؤدؑوسلیمانؑ اورعیسیٰؑ کوبھی پیچھے چھوڑگیااوراگردنیا کےتمام جادوگروں پریکجائی نظرڈالی جائےتووہ سب اس کواپناسرداروبزرگ مانتے ہوئےنظرآئیں گے۔

لہٰذایہ ہے ہمارادین وعقیدہ اےسفیان کےفرزندتوبھی اسےگرہ میں باندھ لے۔اپنی قوم کی اس سُنَّة کواختیارکراوراپنی ملت کی پیروی کراوراُن معاملات واقدامات میں وفاشعاری اختیارکرجوتیرے سابقہ بزرگوں کوپسند تھے۔اوروہ لوگ جواس کوٹھڑی (کعبہ) کا کوئی الگ رب مانتے ہوں اُن پرمحمدؐ نے واجب کردیا کہ وہ سب یہاں حاضرہوا کریں اوراس کے گردونواح میں چکرلگایا کریں۔ اوران لوگوں کے لئے اُس نے اس بنیادکوقبلہ مقررکردیااورنمازوحج کوارکان دین بنادیا۔اوران کا گمان یہ ہے کہ یہ سب کچھ وہ اللہ کے لئے کرتے ہیں۔چنانچہ وہ یہاں ہجوم درہجوم آتے جاتے رہتے ہیں۔یہ ہی وہ وسائل ہیں جن کے ذریعہ محمدؐ نے لوگوں کی توجہ مرکوزکرلی اوراس جعلسازی میں اُس فارس کے باشندے رُوزبہ (سلمان) غلط عربی تلفظ کرنے والے نے محمدؐ کی مدد کی ہے۔اورپتھروں کی عبادت کورنگ بدل کربرقراررکھنے کے لئے انہوں نے کہا کہ اس پریہ وحی آئی ہے کہ یقیناً ہم نے جوگھر انسانوں کی عبادت کے لئے سب سے پہلے بنایا تھاوہ اس بکه (مکہ) میں ہے جوبہت مبارک ہےاورتمام عالمین کیلئے ہدایت کامرکزہے۔ان کا یہ قول بھی ہے کہ ہم نے

تیرے چہرہ یا توجہ کو آسمانوں میں گھومتے ہوئے دیکھا ہے۔ چنانچہ تمہیں ہم تمہارے پسندیدہ قبلہ کی طرف پھیر دیں گے۔ چنانچہ اپنا منہ مسجد الحرام کے شطر کی طرف گھمالو اور تم لوگ جہاں بھی ہوا کرو ادھر ہی رخ کیا کرو۔ اور ان باتوں سے انہوں نے اپنی نماز کو پھر ان پتھروں کی پوجا پاٹ بنالیا۔ پھر وہ کون سی دلیل سے ہماری عبادت کا منکر ہوا۔ سوائے اس کے کہ اس کے سر پر اس کا جادو سوار ہوگیا۔ اور اس نے بزرگوں کے مجسموں اور طریقوں اور لات وعزّی کو گھٹیا سمجھا حالانکہ وہ محض بے جان جمادات نہ تھے۔ ان میں پتھر بھی تھا، لکڑی بھی استعمال ہوئی تھی، تانبہ اور پیتل بھی تھا، چاندی اور سونا تک استعمال ہوا تھا۔ اُن کو نکال باہر کرنے اور راستہ سے ہٹانے کا اور کوئی سبب نظر نہیں آتا سوائے اس کے کہ وہ اپنے جادو اور حیران کن اسکیم میں الجھ گئے تھے۔ تم بھی ذرا بابصیرتی سے اس معاملہ پر نظر ڈالو اور میری باتوں کو گوشِ ہوش سے سنو اور اپنی عقل وقلبی وجدان سے سوچو اور غور کرو کہ اس کے علاوہ ان کے دین میں اور کیا رکھا ہے جو میں نے سمجھا؟ اور میں تو لات وعزیٰ کا شکر گزار ہوں جنہوں نے آخر کار محمدؐ کی حکومت ایک بزرگ ترین اور نیک سردار عبدالعزیٰ کے بیٹے کو دلادی اور محمدؐ کی امت پر اسے مسلط کر دیا کہ آج امت محمدیہ کے اموال میں اور ان کے خون میں اور ان کے حلال وحرام میں اور اُن کی شریعت میں اور ان کے حقوق کی نگہداشت میں ہمیں مختار بنا دیا۔ حالانکہ ان کا گمان باطل یہ تھا کہ یہ سب احکام اللہ نے مقرر کئے ہیں اور وہ یہ سب کچھ اپنے رشتہ داروں اور انصار کو سپرد کرنا چاہتا تھا۔ بہرحال اس نے اچھی خاصی زندگی گزاردی وہ بظاہر بڑا نرم رومگر بباطن بڑا سرگرم اور شدت پسند تھا۔ لیکن اگر قوم ساتھ نہ دے تو کوئی حیلہ مکر اور منصوبہ پروان نہیں چڑھا کرتا۔ آخر میں نے بنی ہاشم کی اس بنیاد پر ضرب لگانے کی ٹھان لی اور اُن کے حقیقی گروہ کو الگ کرلیا۔ ان میں سے ایک تو وہی تھا جسے حیدرؑ کہا جاتا تھا۔ اور اُسے اس عورت کی وجہ سے دامادی میں لے لیا تھا جسے زہراؑ قرار دیا گیا تھا۔ اور تمام عالمین کی عورتوں کی سردار مانا جاتا تھا اور فاطمہؑ نام رکھا گیا تھا۔ مگر یہ ٹھاٹ اس روز ختم ہوگئے جس دن میں علیؑ وفاطمہؑ کے گھر پر پہنچا جہاں ان دونوں کے بیٹے حسنؑ اور حسینؑ اور بیٹیاں زینبؑ اور ام کلثومؑ اور ایک کنیز بھی ہوا کرتی تھی۔ جسے فضہ کہہ کر پکارا جاتا تھا۔ میری ہمراہی میں خالد بن ولید تھا اور ابوبکر کا غلام قنفذ بھی تھا۔ چنانچہ میں نے دروازہ بڑی شدت سے کھڑکایا اس پر ہمیں اندر سے اسی مذکورہ کنیز نے جواب دیا۔ میں نے اس سے کہا کہ جا کر علیؑ سے کہہ دو کہ باطل پرستی چھوڑ دو اور اپنی ذات کو خلافت کی طمع میں مت الجھاؤ۔ تم اس معاملہ میں کوئی حق نہیں رکھتے۔ جس کو مسلمان پسند کریں اور جس پر مسلمان اور لات وعزیٰ کا رب متفق ہو جائیں گے وہی خلیفہ ہوگا۔

یہ بھی سمجھ لو کہ اگر یہ معاملہ ابوبکر کی رائے اور بصیرت پر منحصر ہوتا تو وہ ہرگز ابن ابی کبشہ (کفار رسولؐ کو اسی طرح پکارتے تھے) کی خلافت حاصل نہ کرسکتا وہ اپنی ضمیر کی کمزوری سے ناکام ہوجاتا۔ لیکن میں نے اسکی ابتدا کی اور اپنی جرأت وبصیرت سے اسے کامیاب کر دیا اور اولاد نزار وقحطان سے یہ بھی کہہ دیا تھا کہ قریش میں خلافت کا آنا طے نہیں کیا گیا ہے لہٰذا قریش کو غیروں کی اطاعت وفرمانبرداری اور خدا کی اطاعت کرنا پڑیگی۔ اور ہم نے یہ سب کچھ اس وقت کہا تھا جب علیؑ کی پوزیشن چمک رہی تھی اور علیؑ کے شاندار کردار اور محمدؐ کی طرفداری میں مخالفوں کا خون بہانا اور ان کا قرض ادا کرنا جو اسی ہزار درہم تھا۔ اور انکے وعدوں کا پورا کرنا اور قرآن کا جمع کرنا اور مہاجرین اور انصار سے جب میں نے کہا کہ خلافت وحکومت صرف قریش کیلئے ہے تو انہوں نے کہا کہ ہاں قریش میں سے

امیر المومنین وہ ہی ہے جس کو اصلع البطین اور علیؑ بن ابی طالبؑ کہتے ہیں۔ جس کیلئے رسولؐ اللہ نے پوری ملت اسلامیہ سے بیعت لی تھی۔ اور ہم نے انہیں چار مواقع پر امیر المومنین تسلیم کیا ہے۔ اور ہم سے انہوں نے یہ بھی کہا کہ اگر تم لوگ علیؑ کی بیعت کو بھول گئے تو اے قریش ہم لوگوں نے اس بیعت کو فراموش نہیں کیا ہے۔ الغرض نہ تو بیعت قائم ہوسکتی ہے نہ ہی امامت وخلافت اور وصیت قائم کی جاسکتی ہے سوائے اس کے کہ یہ ایک من جانب خدا فرض کی ہوئی اور مقرر شدہ اور صحیح معاملہ ہے نہ کسی کے دعویٰ کر دینے سے یہ کام ہوسکتا ہے نہ اس میں بزرگی کا مقابلہ ہوسکتا ہے۔ ہم نے ان کے اس پورے بیان کو چالیس جھوٹے گواہ گزار کر جھوٹا ثابت کر دیا اور شہادت دلوادی کہ امامت وخلافت کا اختیار خود امت کو حاصل ہے۔ یہ سن کر انہوں نے کہا کہ یوں بھی انصار سب سے زیادہ حقدار ہیں ہم نے تمام مسلمانوں کو پناہ دی، ان کی مدد کی اور لوگ ہمارے پاس ہجرت کر کے آئے۔ لہٰذا جب اُس ہستی کو الگ کر دیا جس کیلئے خلافت وحکومت کا حق قائم ہے تو اس کے بعد ہمارے سوا کوئی حاکم بننے کا مجاز نہیں ہے۔ یہ سوال بھی اٹھا کہ ایک حاکم تم میں سے ہو اور ایک حاکم ہم میں سے ہوا کرے۔ اس پر ہم نے کہا کہ تم نے چالیس مسلمانوں کی شہادت تسلیم کر لی ہے کہ امام وحاکم صرف قریش میں سے ہوں گے۔ اس پر ان کا ایک گروہ تسلیم کر کے خاموش ہو گیا دوسرا جھگڑتا رہا۔ میں نے کہا کہ دیکھو ہم اپنے میں سے ایسے شخص کو حاکم بنانا چاہتے ہیں جو ہم سب میں بڑی عمر کا اور سب سے زیادہ نرم مزاج ہے۔ وہ بولے کون ہے؟ میں نے کہا وہ ابوبکر ہے۔ جس کو رسولؐ نے نماز میں آگے بڑھایا اور جس کے ساتھ جنگ بدر میں سائبان کے سایہ میں بیٹھے اور مشورہ کر کے انکی رائے پر عمل کرتے رہے۔ غار میں اپنا ساتھی بنایا، جن کی بیٹی انکی زوجہ اور ام المومنین ہے۔ اس پر بات ختم ہوگئی۔ اس کے بعد بنی ہاشم کو غصہ آیا اور ان کی مدد زبیر نے کی۔ ننگی تلوار لے کر نکلا اور کہتا تھا کہ علیؑ کے علاوہ کسی کی بیعت نہ کی جائے گی اور کوئی گردن میری اس تلوار سے نہ بچے گی۔ میں نے کہا کہ اے زبیر تیرا یہ شور وغوغا اسلئے ہے کہ تیری ماں صفیہ عبدالمطلبؑ کی بیٹی تھیں۔ زبیر نے جواب دیا کہ یہ تو بہت نمایاں فضیلت ہے اور نہایت پسندیدہ فخر ہے جو مجھے حاصل ہے۔ اے حنتمہ کے بیٹے اے ضھاک کے لونڈے تو خاموش رہ تیری ماں قابل شمار بھی نہیں۔ اس نے یہ دکھتی ہوئی بات منہ سے نکالی ہی تھی کہ وہ چالیس آدمی جو سقیفہ بنی ساعدہ میں مدد کیلئے موجود تھے زبیر پر ٹوٹ پڑے۔ مگر قسم بخدا ہم چالیس آدمیوں کو بھی اس کے ہاتھ سے تلوار چھین لینے میں کامیابی نہ ہوئی جب تک ہم نے اسے زمین پر نہ گرالیا اور جب تک اس کی یہ آس نہ ٹوٹ گئی کہ ہمارے مقابلہ میں کوئی اس کی مدد کو آجائے گا۔ چنانچہ ہم سب نے اسے گھسیٹ کر ابوبکر کے سامنے پیش کیا۔ اور اس نے زبیر سے ہاتھ ملانے، مصافحہ کرنے کے بہانے بیعت لے لی اور عثمان بن عفان اور زبیر کے علاوہ باقی تمام موجودین نے میری تائید کی اور ہم سب نے زبیر سے کہا کہ تم بیعت باقاعدہ کر لو ورنہ ہم تمہیں قتل کر ڈالیں گے۔ پھر میں نے بپھرے ہوئے لوگوں کو ٹھنڈا کیا اور زبیر کے متعلق کہا کہ اسے فی الحال مہلت دے دو۔ یہ اس کا غم وغصہ نئی بات نہیں ہے۔ یہ تو بنی ہاشم کا ہمیشہ کا غرور اور نخرہ ہے جو زبیر سے بھی ظاہر ہو رہا ہے۔

بہرحال میں نے ابوبکر کا ہاتھ پکڑ کر زبردستی اسے کھڑا کیا تو وہ کانپ رہا تھا۔ اُس کی عقل ماری گئی تھی۔ میں نے اسے ڈانٹتے اور زور وشور سے جھڑکتے ہوئے محمدؐ کے منبر کی طرف بڑھایا تو اس نے کہا کہ اے ابا حفص عمر میں ڈر رہا ہوں کہ کہیں مجھ پر علیؑ نہ جھپٹ پڑیں؟ میں نے کہا یہاں علیؑ کہاں ہے وہ تو اس وقت مشغول ہے تیرا اُسے پتہ بھی نہیں ہے۔ اس معاملہ میں ابوعبیدہ بن الجراح نے میری

مدد کی وہ ابوبکر کو اپنے دونوں ہاتھوں سے منبر پر چڑھنے میں زور سے اٹھا رہا تھا۔ پیچھے سے میں ڈانٹتا ہوا دھکیل رہا تھا۔ اور ابوبکر اس طرح خوفزدہ تھا جیسے قصائی سے بھیڑ۔ اس کے ہوش وحواس غائب تھے۔ منبر پر مبہوت و بدحواسی میں کھڑا ہوا۔ میں نے اس سے کہا کہ ارے خطبہ دے۔ میں غیظ وغضب سے اپنا ہاتھ چبا رہا تھا اور کہہ رہا تھا ارے کچھ تو کہہ ڈال۔ مگر وہ نہ کوئی مفید بات بولا، نہ ہماری اسکیم کو سمجھنے کے باوجود بیان کرسکا۔ میں نے ارادہ کیا کہ اسے گھسیٹ کر منبر سے اتار دوں۔ اور اس کی جگہ خود لے لوں۔ مگر مجھے یہ پسند نہ آیا کہ لوگ خود میری ہی تکذیب کرنے اور مجھے جھٹلانے لگیں۔ چنانچہ مجھ سے یہ سوال کیا گیا تھا کہ تم نے کس بنیاد پر ابوبکر کی فضیلت میں وہ سب کچھ کہا جو کہا؟ اور میں نے جواب دیا تھا کہ یقیناً میں نے رسولؐ اللہ کی زبان سے ابوبکر کے فضائل سنے ہیں کہ اگر وہ اس کی سمجھ میں آ گئے ہوتے تو سینہ تان کر بیٹھتا مگر یہ بھی ایک قصہ ہے میں نے تنگ آ کر ابوبکر سے کہا کہ یا تو کہہ ڈالو ورنہ منبر سے نیچے اتر آ ؤ۔ خدا کی قسم ابوبکر میرے چہرے سے سمجھ گیا کہ اگر وہ منبر سے اترا تو میں اس کی تائید چھوڑ کر اس کی عزت کو خاک میں ملا دوں گا۔ لہٰذا اس نے نہایت کمزور اور بیمار آواز میں کہا کہ مجھے تم پر حاکم بنا دیا گیا ہے۔ حالانکہ علیؑ کی موجودگی میں میں تمہارے لئے مفید نہیں ہوں۔ اور یہ بھی سمجھ لو کہ یقیناً مجھ پر ایک شیطان مسلط ہے جو مجھے میرے ارادوں کے خلاف مجبور کر دیتا ہے۔ لہٰذا جب میں ڈگمگاؤں تو مجھے کھڑا ہونے میں مدد دینا۔ تاکہ میں تمہارے شعور سے تمہاری پسند کے کام کرسکوں بہرحال میں تمہارے لئے اور اپنے لئے بخشش کا طلب گار ہوں۔ یہ کہا اور منبر سے اتر آیا۔ میں نے اس کو ہاتھ سے پکڑا اور آنکھ ماری لوگوں کی نظریں اس پر جمی ہوئی تھیں اس لئے میں نے اسے ہاتھوں ہی ہاتھوں میں رازدارانہ اشارہ کر دیا۔ پھر میں نے ابوبکر کو بیعت لینے کے لئے ایک جگہ بٹھا دیا اور خود اس کو بے خوف رکھنے کے لئے اس کے پاس بیٹھا اور جو لوگ موجود تھے سب نے بیعت کرنا شروع کر دی۔ اور وہ تمام لوگ جو ابوبکر کی بیعت سے انکار کرتے تھے اور کہتے تھے کہ علیؑ کی سابقہ بیعت کا کیا ہوا؟ میں نے کہا کہ وہ بیعت ان کی گردن سے نکال لی گئی اور اب مسلمانوں کی اطاعت پر بیعت کی جانا ہے۔ اور جو قلیل تعداد مخالفت کرے گی وہ ان کے اختیار میں ہے۔ چنانچہ لوگ ناگواری کے ساتھ بیعت کرتے گئے۔ جب میں نے تفتیش کی تو ہمیں معلوم ہوا کہ علیؑ اپنے ساتھ فاطمہؑ حسنؑ اور حسینؑ کو لئے ہوئے مہاجرین اور انصار کے ٹھکانوں میں پھرتے ہیں۔ اور انہیں اپنی چار مرتبہ کی ہوئی بیعت یاد دلاتے ہیں۔ اور انہوں نے لوگوں کو متوجہ کر رکھا ہے۔ چنانچہ رات کو نصرت کا وعدہ کرتے ہیں اور دن میں گھر بیٹھے رہتے ہیں۔

چنانچہ میں علیؑ کے گھر پر آیا تا کہ انہیں باز پرس کے لئے گھر سے باہر نکالوں۔ دروازہ پر کنیز فضہؓ کھڑی تھی میں نے اس سے کہا کہ علیؑ سے کہو کہ ابوبکر کی بیعت کرنے کے لئے نکلیں۔ تمام مسلمان ان کی حکومت پر متفق ہو چکے ہیں۔ فضہؓ نے کہا کہ امیرالمومنین علیؑ تو کام میں مشغول ہیں۔ میں نے اسے ڈانٹ کر کہا کہ جلدی سے دفع ہو اور جا کر کہہ کہ تم نکلتے ہو تو خیر ورنہ ہم جبراً تمہیں باہر نکال لیں گے۔ یہ سن کر فاطمہؑ دروازہ پر آئیں اور پس پردہ کھڑی ہوئیں اور کہا کہ اے جھوٹے اور گمراہ لوگو تم کیا بکتے ہو اور تم نے کیا ارادہ کر رکھا ہے؟ میں نے کہا اے فاطمہؑ۔ آگے بولنے سے پہلے ہی کہا کہ فاطمہؑ کہتی ہے کہ اے عمر کیا چاہتا ہے؟ پھر بھی میں نے یہی کہا کہ تمہارے چچازادے کو کیا ہو گیا ہے کہ خود پردہ میں بیٹھ گیا اور تم سے ہمیں جواب دلوا رہا ہے؟ مجھ سے کہنے لگیں۔ اے نامراد شقی تو بغاوت

میں حد سے بڑھ گیا ہے۔تو ذرا مجھے نکال کہ میں تم پر اور تمہارے ساتھی گمراہوں پر حجت قائم کر کے چھوڑوں۔ میں نے کہا اپنی باطل باتوں اور زنانہ کہانیوں کو چھوڑو اور علیؑ سے جا کر کہو کہ وہ باہر نکلیں ۔ فاطمہؑ نے کہا کہ او محبت واحترام سے محروم شخص کیا تو مجھے شیطانی گروہ سے خوفزدہ کرنا چاہتا ہے۔ حالانکہ شیطانی گروہ نہایت حقیر و کمزور ہوتا ہے۔اب میں نے کہا کہ اگر علیؑ نہیں نکلتا تو میں جلا ڈالنے والا ایندھن لا کر اس گھر کو اور جو بھی اس میں ہوگا ان سب کو جلا ڈالوں گا۔ یا یہ کہ علیؑ آ کر بیعت کر لیں۔ ساتھ ہی میں نے ابوبکر کے غلام کا کوڑا لیکر مارا اور خالد سے کہا کہ تم اور ہمارے تمام لوگ جلدی سے ایندھن جمع کرو میں نے طے کر لیا کہ اس گھر کو جلا کر خاک کر دوں۔ فاطمہؑ نے کہا کہ اے دشمن خدا! اے دشمن رسولؐ اور اے دشمن علیؑ۔ اب تو میں نے فاطمہؑ کے اس ہاتھ پر کوڑے مارنا شروع کر دیئے جس سے وہ دروازہ کھولنے میں رکاوٹ ڈال رہی تھی۔ میں نے دروازہ کھولنا بڑا کٹھن سمجھا بس میں فاطمہؑ کے ہاتھ پر ضربیں لگا تا رہا۔ یہاں تک کہ وہ تکلیف سے بلبلا اٹھی اور میں نے اس کی چیخیں اور رونا بلند کرا دیا۔ اسکے بعد میں نے دھوکہ کھانے اور نرم ہو جانے اور پلٹ جانے کا ارادہ کیا۔ لیکن مجھے ایک دم علیؑ کی کینہ پروری اور محمدؐ کا فریب یاد آ گیا۔ میرے سامنے علیؑ کی وہ تگ و دو پھر گئی جس سے اس نے بہادران عرب کا خون بہایا تھا اور محمدؐ کا جادو اسکی مدد کر رہا تھا۔ لہٰذا میں اپنے ارادہ میں پھر پختہ کار ہو گیا اور میں نے دروازہ کو توڑنا شروع کیا۔ اب دروازے پر مارتے جانے والی تمام ضربیں فاطمہؑ کے پیٹ اور سینہ پر پڑ رہی تھیں اسلیئے کہ وہ دروازہ کو کھلنے اور گرنے سے روکنے کیلیئے چمٹی ہوئی کھڑی تھیں۔ اچانک فاطمہؑ کی چیخیں بلند ہو گئیں اور فریاد کر رہی تھی کہ یا ابا جان ہائے رسولؐ اللہ یہ دیکھو تمہارے پیارے بھائی اور لاڈلی بیٹی کے ساتھ کیا ظلم ہو رہا ہے۔ فاطمہؑ کی یہ فریاد مدینہ کو الٹ دینے کیلیئے کافی تھی۔ پھر اچانک ایک چیخ ماری اور کہا کہ اے فضہ جلدی آؤ قسم بخدا اس ظالم نے میرے حمل میں جو کچھ تھا اسے قتل کر دیا ہے۔ اور میں بچہ کی پیٹ میں تڑپنے کی گڑگڑاہٹ سن رہا تھا۔ اور فاطمہؑ دیوار کا سہارا لئے کھڑی تھی۔ آخر میں نے دروازہ گرا دیا۔ اور گھر میں داخل ہو گیا۔ اس وقت وہ میری طرف اس طرح بڑھی کہ میری آنکھوں میں اندھیرا چھا گیا۔ میں نے بڑھ کر چادر کے اوپر ہی سے اس کے منہ پر ایک زوردار طمانچہ مارا جس سے اسکا کان پھٹ گیا اور بالیاں زمین پر بکھر گئیں۔ اب میں نے محسوس کیا کہ علیؑ آنگن میں نکلنے والے ہیں۔ میں جلدی سے دوڑ کر گھر سے باہر نکل آیا۔ اور خالد وقنفذ جو لوگ ہمارے ساتھ تھے ان سے میں نے کہا کہ یقیناً میں نے ایک نہایت بھیانک گناہ و جرم کر لیا ہے اور میری زندگی باقی رہنا مشکل ہے۔ دیکھو علیؑ گھر سے باہر نکلنے والا ہے اور پھر نہ مجھ میں اور نہ تم سب میں اُس سے مقابلہ کی طاقت ہے۔ لیکن علیؑ جیسے ہی آنگن میں نکلے تو فاطمہؑ نے اپنا ہاتھ چادر پر ڈالا تا کہ پیشانی کھول کر اللہ سے مدد اور استغاثہ کریں اور جو کچھ گزرا اس کا شکوہ کریں۔ لیکن علیؑ نے اُنکی پیشانی ڈھکتے ہوئے اور اُن کو اُن کا مقام یاد دلا کر تسلی دیتے ہوئے کہا کہ اے رسولؐ کی بیٹی اللہ نے آپ کے والد کو تمام کائنات کے لئے رحم کرنے والا اور رحمت بنا کر بھیجا تھا۔ اگر تم نے اپنا سرو پیشانی کھول کر اللہ سے فریاد کر دی تو یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ تمام مخلوق کو ہلاک کر کے رکھ دے گا۔ یہاں تک کہ روئے زمین پر کوئی فرد بشر باقی نہ بچے گا۔ سنو! تم اور تمہارا باپؐ اللہ کے نزدیک اس نوحؑ سے زیادہ صاحبان قدر و قیمت ہیں جن کے لئے طوفان سے وہ تمام مخلوق ماردی گئی تھی جو زمین پر اور آسمان کے نیچے تھی۔ چند کی تعداد بچی تھی جو کشتی میں حضرت نوحؑ کے ساتھ تھی۔ اور اللہ نے حضرت ھودؑ کو جھٹلانے والوں کو طوفان باد سے مار ڈالا تھا۔ تم اور تمہارے والدؐ تو ھودؑ سے کہیں زیادہ عظمت والے ہو۔

اور قوم ثمود کے بارہ ہزار آدمی ناقہ اور اس کے بچہ کو قتل کرنے کی پاداش میں تباہ و برباد کر دیئے گئے تھے۔لہٰذا اے فاطمہؑ اے ساری عورتوں کی سردار خاتون تمہیں چاہیئے کہ تم اس الٹی ذہنیت والی مخلوق کیلئے رحمت بن جاؤ نہ کہ ان پر عذاب نازل کرادو۔اور اب فاطمہؑ کو زیادہ درد ہوا تو آپ حجرہ کے اندر چلی گئیں۔وہاں وہ حمل ساقط ہو گیا جس کا نام خود حضرت علیؑ نے محسن رکھا تھا۔میں نے اپنے طرفداروں کی کافی بڑی جماعت اکٹھی کر لی تھی۔اسلئے نہیں کہ علیؑ ان کے قابو میں آسکتے تھے۔بلکہ خود کو ڈھارس اور ہمت دلانے کے لئے۔بہر حال میں آگے بڑھا اور علیؑ محاصرہ میں آچکے تھے۔میں نے انہیں ان کی مرضی کے خلاف گھر سے نکالا اور انہیں بیعت کے لئے بری طرح ہانک کر لایا۔حالانکہ مجھے علم الیقین کی حد تک معلوم تھا، جس میں کوئی شک نہیں کیا جاسکتا کہ اگر علیؑ نہ چاہتے اور میں اور تمام روئے زمین کے انسان اور باقی سب مخلوق اجتماعی کوشش کرتے کہ ان پر غلبہ پالیں تو ہرگز غالب نہ آسکتے تھے۔لیکن علیؑ کے دل کی نرمی جو اُن کو امت کے ساتھ تھی اور میں اس عادت کا علم رکھتا تھا مگر کسی اور کو نہ بتاتا تھا۔بہر حال جب ہم لوگ اس طرح سقیفہ میں پہنچے تو ابوبکر اور جو لوگ وہاں موجود تھے سب کھڑے ہو گئے۔اور لوگ علیؑ کو اس بے چارگی کی حالت میں دیکھ کر مذاق کرنے لگے تو علیؑ نے کہا کہ اے عمر کیا تجھے یہ پسند ہے کہ جس عذاب اور ذلت کو میں نے تیرے لئے آخرت تک ملتوی کر دیا ہے۔اسے تجھ پر فوراً نازل کر دوں؟

میں نے نہایت عاجزی سے عرض کیا کہ ''نہیں یا امیرالمؤمنین مجھے عذاب سے یہاں محفوظ رکھ لیں۔'' میرے منہ سے یہ حقیقت سنتے ہی خالد بن ولید تیزی سے ابوبکر کے پاس پہنچا۔ولید سے ابوبکر نے تین دفعہ بلند آواز سے کہا کہ میرا اور عمر کا آپس میں کوئی تعلق نہیں ہے۔تمام حاضرین نے ابوبکر کا یہ بیان سنا۔بہر حال جب میں اور علیؑ سقیفہ میں ابوبکر کے پاس پہنچے تو ابوبکر بڑی عاجزی سے علیؑ کے سامنے کھڑے ہو گئے اور حالت یہ تھی کہ ابوبکر ہرگز یہ نہ چاہتا تھا کہ وہ علیؑ کو اس جگہ اس حالت میں دیکھے اس لئے کہ وہ علیؑ سے حد بھر خوفزدہ اور لرزہ براندام تھے۔لہٰذا میں نے علیؑ سے کہہ دیا کہ اے ابوالحسنؑ میں بیعت کر چکا ہوں آپ چلے جائیں۔اور اے معاویہ میں گواہی دیتا ہوں کہ علیؑ نے ابوبکر کی بیعت نہیں کی تھی۔بلکہ ابوبکر کی طرف اپنا ہاتھ بھی نہیں بڑھایا تھا۔چنانچہ علیؑ اس دوران سقیفہ سے چلے گئے۔

جب ہم نے لوگوں سے علیؑ کے متعلق پوچھا تو بتایا گیا کہ وہ قبر رسولؐ کے پاس بیٹھے ہیں۔لہٰذا وہاں جانے کیلئے میں اور ابوبکر اٹھے اور دوڑتے ہوئے چلے اور ابوبکر راستے میں کہتا جاتا تھا کہ اے عمر تم نے جو کچھ فاطمہؑ کے ساتھ کیا ہے تُو اور تیرا عمل قابل صد ملامت ہے۔قسم بخدا یہ ایک بڑا واضح خسارہ و نقصان ہے جو تو نے کیا ہے۔اس پر میں نے اس سے کہا کہ تیرا معاملہ اس سے بھی بڑھ کر ہے۔یقیناً علیؑ نے ہماری نہ تو بیعت کی اور نہ ہی اسکی تصدیق کا وزن پڑے بغیر ہماری اسکیم پروان چڑھ سکتی ہے۔ابوبکر نے کہا پھر تم کیا ترکیب کرنے والے ہو۔میں نے کہا کہ ہم یہ اعلان کریں گے کہ علیؑ نے قبر رسولؐ کے پاس ابوبکر کی بیعت کر لی ہے۔چنانچہ ہم دونوں قبر نبیؐ کے پاس پہنچے تو دور سے یہ دیکھ لیا تھا کہ علیؑ قبر رسولؐ پر اپنی ہتھیلی ٹکائے ہوئے بیٹھے ہیں اور انکے گرد ابوذرؓ و مقدادؓ اور عمارؓ و سلمانؓ اور حذیفہؓ بن یمان بھی ہیں۔ہم نے طے کر لیا کہ انکے سامنے بیٹھیں گے اور یہ کہ ابوبکر بھی علیؑ کی طرح علیؑ کے ہاتھ کے پاس اپنا ہاتھ رکھ کر بیٹھے گا۔چنانچہ ہم آئے اور مقابلہ میں بیٹھ گئے۔ابوبکر نے اسی طرح ہاتھ رکھا تو میں نے ابوبکر کا ہاتھ پکڑ کر علیؑ کے ہاتھ سے چھونے اور یہ کہنے کی ترکیب سوچ لی تھی کہ علیؑ کی بیعت ہو گئی۔لیکن جب میں نے یہ کام کیا تو علیؑ نے ابوبکر کا ہاتھ پکڑ لیا۔بس پھر کیا تھا میں اور ابوبکر واپسی کیلئے اُٹھے

اور چلے اور میں کہتا جاتا تھا کہ اللہ علیؑ کو اچھا بدلہ دے یقیناً انہوں نے ابوبکر کی بیعت سے منع نہیں کیا ہے۔ جب کہ ابوبکر قبر رسولؐ پر علیؑ کے پاس حاضر ہوئے۔ اُدھر علیؑ کے ساتھیوں میں سے ابوذرؓ ہمارے پیچھے لگ گیا اور وہ کہتا جا رہا تھا کہ او دشمن خدا تو جھوٹا ہے۔ علیؑ نے اور ان کی جماعت نے ہرگز بیعت کی تصدیق نہیں کی ہے اور نہ اپنا ارادہ بدلا ہے۔ بہرطور جب ہم قوم سے ملے اور ان کو علیؑ کی بیعت کی خبر دی تو ساتھ ہی ابوذرؓ ہمیں جھٹلاتا رہا۔ خدا کی قسم حقیقت یہی تھی کہ نہ تو علیؑ نے ابوبکر کی خلافت پر بیعت کی نہ میری بیعت اور نہ میرے بعد والوں کے لئے آمادگی ظاہر کی اور نہ ہی ان کی جماعت کے بارہ صحابہ نے ابوبکر کی بیعت کی اور نہ ہی میری بیعت کی تھی۔

اے معاویہ تم اس معاملہ پر اب غور کرو کہ یہ میں اکیلا ہی تو تھا۔ جس نے علیؑ کا راستہ روکا اور اُس کے قدیم کینہ اور کوشش کو کبھی فراموش نہیں کیا اور انتقام لیا۔ علاوہ میرے اب تمہارے والد ابوسفیان اور تمہارے برادر عتبہ کا کردار سامنے آتا ہے۔ جس سے تمہاری واقفیت ضروری ہے۔ اُن دونوں بزرگوں نے محمدؐ کو جھوٹا ثابت کرنے اور اس کے مکر کو توڑنے کے لئے جودھما کہ خیز کوششیں کیں اور جان لڑادی تھی، پہلے جبل حرا (غار حرا) میں محمدؐ کو قتل کرانے کا انتظام کیا۔ پھر انہوں نے مکہ اور گردونواح کی اقوام کو جمع کیا، افواج کو مسلح کیا اور تابڑتوڑ حملے کئے۔ اُدھر تیرے والد کا اونٹ پر سوار ہو کر افواج کی قیادت کرنا اور محمدؐ کا یہ کہنا مشہور ہے کہ اللہ قیادت کرنے والے پر اور سوار ہونے والے پر اور ہانکنے والے پر لعنت کرے اور یہی بات محمدؐ کی اولاد بھی برابر کہتی آ رہی ہے۔ معلوم ہے یہ تین شخص کون تھے جن پر لعنت کی جا رہی تھی؟ تیرا باپ ابوسفیان اونٹ پر سوار تھا۔ دوسرا تیرا بھائی عتبہ قیادت کا مجرم تھا۔ تیسرا تو خود تھا۔ اور میں نے تیری ماں ہندہ کو اور اس کی کوششوں اور قربانیوں کو بھی نہیں بھلایا ہے۔ جس نے وحشی کو انعام میں جو کچھ دیا اور جس سخاوت سے پیش آئی اس لئے کہ وحشی نے کمین گاہ سے اس حمزہؓ پر حملہ کیا اور اُسے قتل کیا جسے رحمٰن کے شیر کا لقب دیا گیا تھا۔ وحشی نے حمزہؓ کا پیٹ اور سینہ چاک کیا اور جگر نکال کر تمہاری والدہ کے سامنے بطور انتقام و انعام پیش کیا تھا۔ مگر محمدؐ نے یہ جھوٹا اعلان کیا کہ اس کے جادو کی قوت سے جب ہندہ نے حمزہ کا جگر کھانا چاہا تو وہ کھا نہ سکی اس لئے کہ وہ جادو سے پتھر بن گیا تھا۔ غور کرو کہ اُدھر تو یہ کہا کہ ہندہ نے جگر نہیں کھایا لیکن اس کے باوجود ادھر ہندہ کا نام مستقل طور پر جگر خوارہ رکھ دیا گیا۔ اور تمہیں جگر خورنی کا بیٹا کہا جاتا رہا ہے۔ اور مجھے تمہاری والدہ کی وہ باتیں بھی یاد ہیں جو اس نے اپنے شعروں میں کہی تھیں۔ اس نے فخریہ کہا تھا کہ؛

> ہم ستاروں کی بیٹیاں ہیں۔ ہم مخملی گدیلوں پر چلنے والیاں ہیں۔ ہم اُن موتیوں کی طرح ہیں جو زینت بنتے ہیں۔ ہم وہ ہیں جنکی مانگ مشک و عنبر سے بھری جاتی ہے۔ اگر تم بڑھ بڑھ کر حملہ کرو تو ہم تمہیں سینے سے لگائیں گی اور اگر تم پیٹھ دکھا کر دشمن کے سامنے سے بھاگ جاؤ گے تو تم سے ہم جدا ہو جائیں گی۔ اور یہ جدائی رشتہ محبت کو منقطع کرنے والی ہوگی۔

ہندہ کی ساتھی مستورات ہسپانیہ کا بنا ہوا سنہری لباس پہنے ہوئے، کھلے چہروں اور سروں کے ساتھ آستینیں الٹے ہوئے محمدؐ کے خلاف جنگ پر جوانوں کو ابھارنے میں کوشاں رہیں۔ مگر ان تمام قربانیوں اور جنگ وجدل اور نقصان جان واموال کے محمدؐ کے مقابلہ میں تمہارے بزرگوں کو کامیابی نہ ہوئی اور آخر کار تم سب کو بادل نخواستہ اسلام قبول کرنا پڑا۔ مگر تم بھی دل سے ایمان نہیں لائے تھے۔ فتح مکہ کے روز تم لوگوں کو تو محمدؐ نے طلقا یعنی آزاد کردہ غلام قرار دیا۔ مگر اپنے اور علیؑ کے بھائیوں، زید اور عقیل اور چچا عباس کو اپنے مانند مسلم اور آزاد

قرار دیا۔ وہ وقت بھی آیا تھا جب تمہارے والد نے ازراہ مجبوری محمدؐ سے کہا تھا کہ میں تمہارے دشمنوں کے مقابلہ میں کھڑا ہوتا ہوں اور سواروں اور پیادوں سے تمہارے سامنے ہر میدان جنگ بھر دوں گا۔ مگر محمدؐ نے منظور نہ کیا اور اُلٹا ابوسفیان کی نیت پر شبہ کیا اور لوگوں میں اعلان بھی کر دیا اور کہہ دیا کہ اللہ ابوسفیان کے شر سے محفوظ رکھنے کیلئے کافی ہے۔ ابوسفیان کی ذاتی رائے یہ تھی کہ کوئی محمدؐ کی حکومت پر قابض نہ ہوگا سوائے میرے یا علیؑ کے اور محمدؐ اور علیؑ کے اہل بیتؑ یہی چاہتے رہے۔ لیکن محمدؐ کا جادو آخر باطل ہو گیا۔ اُس کی کوششیں رائیگاں ہو گئیں اور حکومت پر ابوبکر اور پھر میں قابض ہو گئے۔ اور میری تمنا یہ ہے کہ اب بنی اُمیہ اس ساز و سارنگی کے تار بن جائیں۔ اس مقصد تک پہنچنے کیلئے میں نے تمہیں ملک شام کا حاکم بنایا ہے۔ اور تمہاری گردن میں محمدؐ کی حکومت پر پورا قابو حاصل کرنے کی ذمہ داری ڈالی ہے۔ اور پوری مملکت میں تیرا خوب تعارف کرا دیا ہے۔ اور محمدؐ کی منشا اور مراد کے خلاف اقدامات کئے ہیں۔ اور بنی امیہ کے متعلق اُس کے تمام اقوال کی مخالفت کی ہے۔ اُس نے کہا تھا کہ اس پر اللہ کی طرف سے وحی ہوتی ہے۔ اس نے قرآن میں شجرۂ ملعونہ بنی امیہ کو قرار دیا تھا۔ اس قسم کی تمام چیزوں سے محمدؐ کی کھلی عداوت کا پتہ چلتا ہے۔ اور ہاشم اور اس کے بیٹے بھی مسلسل عبدالشمس کے اور اُس کی اولاد کے دشمن رہے ہیں۔ اور میں ہمیشہ تمہارے والد کو اس سلسلے میں نصیحت کرتا رہا۔ اور اے معاویہ تجھے بھی وہی کچھ بتا رہا ہوں جو اسے بتاتا رہتا تھا اور تجھے بھی اسی طرح نصیحت کر رہا ہوں۔ تمہارے متعلق یہ اندیشہ ضرور ہے کہ کہیں تم حقیقت حال کی گھٹن برداشت نہ کر سکو اور کہیں دل کی تنگی اور تکلیف کے روبرو تمہاری قوت برداشت جواب نہ دے جائے اور میری وصیت پر عجلت کو ترجیح نہ دے دو۔ اور کہیں تُو اس قدرت کو غلط استعمال نہ کر لے جو میں نے تیری سپردگی میں دی ہے۔ اور محمدی شریعت کی خلاف ورزی کر گزرے۔ اور لگے امت محمدؐی کو طعن و تشنیع کرنے یا اُس کے مقرر کردہ قاعدوں کی حقارت کرے یا کوئی اور خلاف ورزی کرے تو تم تباہ ہو جاؤ گے۔ لہٰذا ہوشیار باش اور خبردار رہنا اس طرح وہ ساری محنت تباہ ہو جائے گی جو ہم نے کی ہے۔ تجھے قدم قدم پر یہ تصور دینا ہے کہ تجھ سے زیادہ کوئی محمدؐ کی تصدیق کرنے والا اور شریعت پر عمل کرنے والا نہیں ہے۔ ورنہ جو ہم نے تعمیر کی ہے تو اسے منہدم کر دے گا اور ہماری فراہم کردہ بلندی ذلت سے بدل جائے گی۔ مسجد میں یا منبر پر جائے ہر جگہ محمدؐ کی مکمل تصدیق کر اور بظاہر اس کی مکمل سنت پر قائم رہ البتہ دل میں شریعت کو اپنے حق میں مفید بنانے کا پروگرام رکھ۔ لوگوں سے بڑی محبت، بردباری اور سخاوت سے پیش آ، اُن کو اُن ہی کی تلوار سے قتل کرنے کا انتظام کر، عطیات دے کر انہیں اندھا کر دے، ہرگز یہ تاثر نہ دے کہ تو دین کو نظر انداز کرتا ہے۔ دین کی سختی سے پابندی کو ان کی تباہی کا وسیلہ بنا ڈال۔ انہیں صفحہ ہستی سے مٹانے کے لئے نرم ہو جا اور کنجوسی چھوڑ دے۔ ان میں پھوٹ ڈال مگر بیٹھنے کے لئے اونچا مقام دیتا رہ۔ اور شرفیاب ہونے والوں سے کام لے، بدخواہوں کے لئے خیر خواہوں کو تیار کرتے رہنا۔ جو کچھ بھی کرے اس کو شریعت محمدؐ اور سنت نبیؐ کی شکل دے کر کرنا ورنہ یہ امت ہمارے خلاف فساد برپا کر دے گی۔ کوئی بات شرعی اعتبار سے قابل اعتراض نہ ہونے دینا۔ اُن کا قتل عام جاری رکھنے کے لئے ان کے رئیسوں کو ملا کر رکھنا۔ ہمیشہ خوش روئی اور مبارکباد سے پیش آنا اور بظاہر غصہ کے وقت ضبط کرنا اور معافی دیتے رہنا، وہ تم سے محبت کریں گے اور زیادہ مطیع ہو جائیں گے۔ لیکن یہ نوٹ کر لو کہ وہ شیر نہ ہم سے متفق ہوا نہ تجھ سے دبے گا وہ علیؑ ہے۔ اور اس شیر کے یہ بچے حسنؑ اور حسینؑ بھی ہمارے اور تیرے ساتھ ہم خیال نہ ہوں گے۔ اور اگر تیرے لئے یہ ممکن ہو جائے کہ

تو امت میں سے ایک جماعت کو ان کے خلاف کر کے ملالے تو ضرور اقدام کرنا۔ اور دیکھ چھوٹی موٹی چھیڑ چھاڑ پر قناعت نہ کرنا جو بھی کروا نتہائی اور عظیم درجہ کا قدم اٹھانا۔ اور دیکھ میری اس وصیت کا تحفظ اور اطاعت کرنا، راز میں رکھنا ظاہر نہ کرنا۔ اسکی خلاف ورزی سے ڈرتے رہنا، اپنے آبا و اجداد کی پیروی کرنا اور اُن کا انتقام لینا اور اُن کے دشمنوں کو مٹاتے رہنا۔ میری اس وصیت اور نصیحت پر عمل کرو گے تو میں تمہاری کامیابی کا ذمہ دار ہوں۔ اور سن؛

اے معاویہ!! وہ قوم اُبھر کر چھا جاتی ہے اور اُس کے تمام معاملات درست ہو جاتے ہیں جو ایسی اسکیم لے کر اٹھے جو تمام مخلوق کو بتدریج میری طرح اندھا کر سکے۔ میں نے اُس دین کی طرف بچوں کی طرح قدم بڑھایا جس نے مجھے ہمیشہ مشکوک رکھا اور میں اس سے بہت دور ہوتا جس دین نے میری کمر توڑ دی تھی۔ اور اگر تو بھول جائے تو ولید اور شیبہ اور عتبہ وعاص کو نہ بھلانا جو بدر کے روز عاجز ہو کر گرے تھے۔ اور جن کا نظروں سے غائب ہو جانا میرے دل کی گہرائی میں سانپ کے ڈسنے کی تکلیف رکھتا رہا۔ ادھر ابو حکم ضئیل سے میرا محروم ہو جانا بھی تقاضہ کرتا ہے کہ تم ان کا بدلہ ہندوستانی تلواروں کی دھار اور نیزوں کی بھالوں سے لینا۔ اہل شام سے بہترین سلوک کرنا وہ لوگ شیروں کی مانند ہیں باقی لوگ تو گونگے اور بے فیض ہیں۔ اس دین کو خلط ملط کر دینا جو ہم پر جادو کے زور سے مسلط کیا گیا تھا۔ وہ کینہ پروری تمہیں معلوم ہے جس سے ماضی میں نضر کی ساری اولاد کو اندھا کر دیا گیا تھا۔ تو ہرگز کامیاب نہیں ہوسکتا جب تک انتقام کیلئے اسی دین کو آلہ کار نہ بنائے۔ چنانچہ اس قوم کو اس تلوار سے قتل کرنا جو عمر نے تیار کی ہے۔ یہی مقصد ہے جس کیلئے تجھے ملک شام کی حکومت دی گئی اور یہ تمنا کی گئی ہے کہ تو اس مقصد کیلئے اپنے بزرگ صخر کی وجہ سے بہت ہی مناسب ہے۔''

راوی نے کہا کہ جب عبداللہ بن عمر یہ عہد نامہ پڑھ چکا تو کھڑا ہوا اور یزید کے سر پر بوسہ دیا اور کہا کہ **الحمد لِلّٰہ** تو نے اُس خرید و فروخت کرنے والے اور سودا بازی کرنے والے کے بیٹے کو قتل کر دیا۔ اور یہ بھی سمجھ لے کہ میرے باپ نے مجھے بھی ایسا ہی راز سنایا تھا۔ جیسا کہ تیرے والد کو بتایا ہے۔ آج سے میں پروردگان محمدؐ اور محمدؐ کے شیعوں پر کڑی نگرانی رکھوں گا۔ انہیں دور سے دور رکھوں گا اور اُن کو ہرگز خیر اندیش نہ سمجھوں گا۔ یزید نے کہا کہ اے عبداللہ یہی منشا اور وضاحت ہے اس رازدارانہ اسکیم اور عملدر آمد کی۔

(اکسیر العبادات فی اسرار الشھادات۔ صفحہ 112-108)

55۔ محبانِ محمدؐ و آلِ محمدؐ کی نجات یقینی اور قانونی حیثیت سے طے شدہ ہے

چونکہ نجات دہندۂ نوعِ انسانی کا تذکرہ مکمل ہو رہا ہے۔ اس لئے یہاں ضروری ہے کہ موالیان اہلبیت علیہم السلام کو ایک ایسی حدیث سُنا دی جائے جسے ایک ہزار سال پہلے قدیم شیعہ ریکارڈ میں سے نقل کر کے معتبر ترین کتابوں میں لکھ تو لیا گیا تھا۔ لیکن سرکاری علما کے دباؤ اور طعن و طنز کے خوف سے اور اُن کے خود ساختہ مذہب کی تائید کے لئے زبانوں پر نہیں لایا گیا۔ مگر فطری اور خدائی صورتِ حال اور انتظام کے ماتحت پوری امت کو روحانی طور پر معلوم ہو جاتی ہے۔ اور بزرگان عظام اور شعرائے کرام اپنے اقوال و اشعار میں بھی

مومنین کو بتاتے چلے آتے ہیں۔اور یہ بھی ایک مستقل حقیقت ہے کہ خانہ ساز مذہب کی عائد کردہ غیر فطری اورخلافِ اسلام پابندیوں کی بناپراسی فیصد گناہ ہوتے ہیں۔مثلاً آنخضرتؐ کے زمانہ میں خود آپؐ سےاورصحابہ رضی اللہ عنھم سے مسلمان براہ راست رشتہ مانگتے تھے۔ لیکن اگر آج کوئی جوان مسلمان کسی مولوی یا مفتی یا علامہ یا مجتہد کے پاس جا کر کہے کہ جناب میں آپ کی بیٹی سے نکاح کی درخواست کرتا ہوں تو یہ لوگ ایسی بات کہنے والے کوقتل نہیں توسرِ بازاررُسوا ضرورکرادیں گے۔اسلام نے اجازت دی تھی اوراس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اورصحابہ کرام نے عمل بھی کیا اورتعلیم بھی دی کہ ایک بالغ اورجوان مسلمان ایک بالغ اورآزادوجوان مسلمان لڑکی سے براہ راست خودنکاح کی درخواست کرے۔لیکن آج ایسا کرنے والےلڑکےکو نہ سہی مگرلڑکی کواُس کے ماں باپ ضرور مارڈالیں گے۔ اس قسم کے غیرفطری وغیراسلامی مذہب نے لوگوں کومجبورکیا ہے کہ وہ اپنے حقوق کے لئے اقدامات کریں اورمُلّا ازم اُن کوسزائیں دے کرحکومت کا خزانہ بھرے۔ جہاں جہاں یہ مصنوعی اورخودساختہ مذہب اورمُلّا ازم نہیں ہے وہاں گناہ کم ازکم ہوتے ہیں۔یعنی مُلّا ازم خودگناہوں کی کان ہے جہاں دن رات گناہ جنم لیتے ہیں۔اب آپ حدیث سنیئے۔ جناب علامہ شیخ صدوق رضی اللہ عنہ اپنی کتاب علل الشرائع میں آخری حدیث (نمبر 81)یوں شروع فرماتے ہیں کہ:۔

عن ابی اسحاق اللیثی قال: قلتُ لابی جعفر محمد بن علی الباقر(ع) یابن رسولؐ اللّٰہ اخبرنی عن المؤمن المستبصراذا بلغ فی المعرفۃ وکَمَلَ ھَلْ یزنی؟ قال: اَللّٰھُمَّ لا ۔ قال: قلتُ فیلوطہ ؟ قال: اللھم لا ۔ قلتُ فیسرق ؟قال لا ۔قلتُ فیشرب الخمر ؟ قال: لا۔ قلتُ فیاتی بِکبیرۃ مِن ھٰذہ الکبائر ؟ اَوْفاحشۃ مِنْ ھذہ الفواحش ؟ قال :لا۔ قلت فیذنب ذنبًا؟ قال:نعم۔ ھُوَ مؤ مِنٌ مُذنبٌ مُلم۔ قلت مامعنی ملم ؟ قال: اَلملم بالذنب لا یلزمہ ولا یصیر علیہ ۔ قال: فقلت سبحان اللّٰہ مااعجب ھذ ا لایزنی ولا یلوط ولا یسرق و لا یشرب الخمر ولا یاتی بکیرۃ من الکبائر ولا فاحشۃ۔

فقال:۔ لاعجب مِن امر اللّٰہ؛" اِنَّ اللّٰہَ یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ "(22/18) و،

لَا یُسْئَلُ عَمَّا یَفْعَلُ وَھُمْ یُسْئَلُوْنَ۔(21/23)

فَمِمَّ عَجِبْتَ یاابراھیم ؟ سَلْ ولا تستنکف ولا تستحی فانّ ھذا العلم لَا یتعلمہ مستکبر ولا مستحی۔ قلتُ: یابن رسولؐ اللّٰہ اِنّی اَجِدُ مِن شیعتکم مَن یشرب الخمر ویقطع الطریق ویخیف السبل ویزنی ویلوط ویاکل الربوا ویرتکب الفواحش ویتھاون بالصّلاۃ والصیام والزکاۃ ویقطع الرحم ویاتی الکبائر فکیف ھذا ولِمَ ذاک ۔ فقال یاابراھیم ھَل یختلج فی صدرک شیی ءٍ غیرھذا؟قُلْتُ نعم یَابْنَ رسولؐ اللّٰہ اُخریٰ اعظم مِن ذٰلک ۔فقال: وَماھو یااابااسحاق ؟ قال: فقلتُ یابن رسولؐ اللّٰہ واَجِدُ مِن اعدائِکم ومناصبیکم مَن یکثر مِن الصلاۃ ومِن الصیام ویخرج الزکاۃ ویتابع بین الحج والعمرۃ ویحرص عَلَی الجھاد ویاثر علی البِرّ وعلٰی صلۃ الارحام ویقضی حقوق اخوانہ ویواسیھم مِن مالہ ویتجنب شرب الخمر والزنا واللواط وسائرالفواحش فَمِمَّ ذَاکَ ؟ وَلِمَ ذَاکَ فَسِرّہُ لِیْ یابن رسولؐ اللّٰہ وبرھنہ وبَیّنہ فقد واللّٰہ کثرفکری واسھرلیلی وضاق ذرعی ؟ قال: فتبسم الباقر صلوات اللّٰہ علیہ ثُمَّ قال: یاابراھیم خُذالیک بیانًاشافیًا فیما سألت وعلمًا مکنونًا من خزائن علم اللّٰہ وسِرّہ۔اخبرنی یاابراھیم کیف تَجِد اعتقاد ھما ؟ قلتُ یابن رسولؐ اللّٰہ اجد مُحِبّیکم وشیعتکم علٰی ماھم فیہ مِمّا وصفتہ مِن افعالھم لواعطی احد ھم مابین المشرق والمغرب ذَھَبًا وَّفِضّۃ اَنْ یزول عن ولایتکم ومحبتکم اِلٰی موالاۃ غیرکم والٰی مُحبتھم ما

زال و لو ضربت خیاشیمہ بالسیوف فیکم و لو قتل فیکم ما ارتدع و لا رجع عن محبتکم و ولایتکم۔ واَری الناصب علٰی ماھوعلیہ مِمَّاوصفتہ مِن افعالھم لواعطی احد ھم ما بین المشرق والمغرب ذَھَبًا وفضّۃ اَن یزول عن محبۃ الطواغیت وموالاتھم اِلٰی موالاتکم مافعل ولازال ولو ضربت خیاشیمہ بالسیوف فیھم ولو قتل فیھم ماارتدع ولا رجع واذا سمع احدھم منقبۃ لکم وفضلًا اشمأ زمِن ذٰلک وتغیّر لونہ ورای کراھیّۃ ذلک فی وجھہ بُغضًا لکم ومحبۃ لھم ۔قال: فتبسّم الباقر علیہ السلام ثُمَّ قال: یاابراھیم ھاھنا۔

(1)۔ ’’ھلکت ،العاملۃ النَّاصِبَۃٌ۔ تَصْلٰی نَارًا حَامِیَۃً۔ تُسْقٰی مِنْ عَیْنٍ اٰنِیَۃٍ۔‘‘ (سورہ غاشیہ)ومِن اجل ذلک قال تعالٰی:۔

(2)۔ ’’وَقَدِ مْنَآ اِلٰی مَا عَمِلُوا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰہُ ھَبَآءً مَّنْثُوْرًا۔‘‘ (فرقان 25/23)

ویحک یاابراھیم ا تدری ماالسبب والقصۃ فی ذلک وماالذی قدخفی علَی الناس منہ ؟ قلتُ: یابن رسولؐ اللّٰہ فبیّنہُ لی واشرحہُ وبرھنہُ ۔قال: یاابراھیم اِنّ اللّٰہ تبارک وتعالٰی لم یزل عالِمًا قد یمًا خلق الاشیاء لَا مِنْ شَیْ ءٍ ومَنْ زَعَمَ۔ اَنَّ اللّٰہ تعالٰی خَلَقَ الاشیاء مِن شَیْ ءٍ فقد کَفَرَ ۔لِاَنَّہٗ لوکان ذٰلک الشیء الَّذی خلق منہ الاشیاء قدیمًا معہ فی ازلیّتہ وھو یتہ کان ذلک الشیء ازلیًّا۔ بَلْ خلق اللّٰہ تعالٰی الاشیاء کُلّھا لَا مِن شَیْیءٍ ۔ فکان مِمَّاخلق اللّٰہ تعالٰی ارضًا طیّبۃ ثُمَّ فجرمنھا ماءً عذبًا زلا لًا فعرض علیھا وِلایتنا اھل البیتؑ فقبلتھا ۔ فاجری ذلک الماء علیھا سبعۃ ایام طبقھا وعَمّھا ثمّ انضبّ ذلک الماء عنھا فاخذ مِن صفوۃ ذلک الطین طینًا فجعلہ طِین الا ئمۃ علیھم السلام ۔ ثُمَّ اخذ ثفل ذلک الطین فخلق منھا شیعتنا ولو ترک طینتکم یاابراھیم عَلٰی حالہ کماترک طینتنالَکُنْتُمْ ونحن شَیْئًا واحدًا ۔قلتُ: یابن رسولؐ اللّٰہ فما فعل بطینتنا ؟ قال: اخبرک یاابراھیم خلق اللّٰہ تعالٰی بعد ذلک ارضًا سبخۃً خبیثۃً منتنۃً ثُمَّ فجرمنھا ماءً اُجاجًا آسنًا مالِحًا فعرض علیھا ولایتنا اھلؑ البیت فلم تقبلھا فاجری ذٰلک الماء علیھا سبعۃ ایام حتّٰی طبقھا وعَمَّھا ثُمَّ اَنضَبّ ذلک الماء عنھا ثُمَّ اخذ مِن ذلک الطین فخلق منہ الطغاتہ وآئِمتھم ثُمَّ مزجہ بثفل طینتکم ولوترک طینتھم علٰی حالِھا ولم یمزج بطینتکم لم یشھد واالشھادتین ولا صلّوا ولا صاموا ولازکواولا حجّوا ولَا اَدُّ وا الامانۃ ولا اشبھوکم فی الصور۔ولیس شَیْ ءٍ اکبر عَلَی المؤمِنِ مِنْ اَن یرٰی صورۃ عُدُوّہ مثل صورتہ۔ قلت: یابن رسوؐل اللّٰہ فما صَنَعَ بالطّینتَیْنِ ؟ قال: مزج بینھما بالماء الاوّل والماء الثانی ثُمَّ عرکھا عرک الادیم ثُمَّ اخذ مِن ذلک قبضۃ فقال ھذہ اِلَی الجنّۃ ولا اُبَالی واخذ قبضۃ اُخرٰی وقال: ھٰذہ اِلَی النارولا اُبَالی ۔ ثم خلط بینھما فوقع مِن سنخ المؤمن وطینتہُ علٰی سنخ الکافر وطینتہ ووقع مِن سنخ الکافر وطینتہ علٰی سنخ المؤمن وطِینتہ ۔ فمارا یتَہُ مِن شیعتنا مِن زِنَااَوْلواط اَوْ ترک صلاۃ اَوْصوم اَوْحجّ اَوْجھاد اَوْ خیانۃ اوکبیرۃ مِن ھذہ الکبائر فھو مِن طینۃ الناصب ۔ وعنصرہ الذی قد مزج فیہ لِاَنَّ من سنخ الناصب وعنصرہ وطینتہ اکتساب المآثم والفواحش والکبائر ۔ ومارَاَیْتَ مِن الناصب مِن مواظبۃ عَلَی الصلاۃ والصیام والزکاۃ والحجّ والجھاد وابواب البِرّفھو من طینۃ المؤمن وسنخ الذی قدمزج فیہ لِاَنّ مِنْ سنخ المؤمن وعنصرہ وطینتہ اکتساب الحسنات واستعمال الخیرواجتناب المآثم۔ فاذا عرضت ھذہ الاعمال کُلّھا عَلَی اللّٰہ تعالٰی

قال:۔ اَنَا عَدْلٌ لَااَجُوْرُ ومُنْصِفٌ لَااَظْلَمُ وحکم لَا اَحَیْفُ ولَا اَمِیْلُ ولا اَشْطَطُ اِلْحَقُوْاالاعمال السَّیئَۃ التی اجترحھا المؤمن بسنخ الناصب وطینتہ ۔ والحقوا الاعمال الحسنۃ الَّتِیْ اکتسبھا الناصب بسنخ المؤمن وطینتہ۔رَدُّ وھا کُلَّھَا اِلٰی اصلھا ۔ فَاِنّی اَنَااللّٰہ لا اِلٰہَ اِلَّا اَنَا عَالم السِرّ واخفی وانا المطلع علٰی قلوبِ عبادی لَا اَحیفُ ولا اَظلمُ ولا الزمُ احدًا اِلَّا ما عرفتہ مِنْہُ قبل اَنْ

اخلقه۔ ثُمَّ قال البا قرعلیه السلام اِقراَء یاابراهیم هذه الایت۔ قلت یابن رسولؐ اللّٰه اَیُّةُ ایَةٍ ؟

قال: قوله تعالٰی، قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗ اِنَّا اِذًا لَّظٰلِمُوْن۔(یوسف 12/79)

هُوَ فی الظاهر ماتفهمونه هُوَ واللّٰه فی الباطن هٰذا بعینه یاابراهیم ۔ اِنّ للقرآن ظاهرًا وباطنًا ومُحکَمًا ومتشابهًا وناسخًا ومنسوخًا ۔ ثُمّ قال: اخبرنی یاابراهیم عَنِ الشّمْسِ اذا طلعت وبداشعاعها فی البلدان اَهُوَبابین مِنَ القرس؟ قُلْتُ فی حال طلوعه باین ۔قال: اَلیس اذاغابت الشمس اتصل ذ لک الشعا ع بالقرص حتّٰی یعود اِلَیْه؟ قلت نعم۔ قال: کذلک یَعُود کُلَّ شَیْ ءٍ الٰی سنخه وجوهره واصله ۔فاذا کان یوم القیامة نز ع اللّٰه تعالٰی سنخ الناصب وطینته مع اثقاله واوزاره من المؤمن ۔فیلحقها کُلّها بالناصب وینزع سنخ المؤمن وطینته مع حسناته وابواب برّه واجتهاده مِن الناصب فیلحقها کُلّها بالمومن اَفْتَری هَاهُنا ظلمًا اَوُعد وانًا ؟ قلت لا ۔ یابن رسولؐ اللّٰه قال: هٰذا واللّٰه القضاء الفاصِل والحکم القاطع والعدل البیّن " لَا یُسْئَلُ عَمَّا یَفْعَلُ وَهُمْ یُسْئَلُوْن"(انبیاء 21/23)۔ هٰذ ا یاابراهیم ،

" اَلْحَقُّ مِن رَّبّکَ فَلَا تَکُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِیْن"(بقره 2/147)

هذا مِن حکم الملکوت ۔ قُلْتُ یابن رسولؐ اللّٰه وماحکم الملکوت ؟ قال: حکم اللّٰه حکم انبیائهؐ ۔وقصة الخضر وموسٰی علیهما السلام حین استصحبه۔

" قَالَ اِنَّکَ لَنْ تَسْتَطِیْعَ مَعِیَ صَبْرًا۔ وَکَیْفَ تَصْبِرُ عَلٰی مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا۔"(الکهف 68-18/67)

اِفهم یاابراهیم واَعقل انکر موٰسٰی عَلَی الخضرؑ وَ استفظع افعاله حتّٰی قال لَهُ الخضریا موٰسٰی ،

"وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِیْ ذٰلِکَ تَاوِیْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَیْهِ صَبْرًا"(کهف 18/82)

"اِنّما فَعَلْتُهٗ عَنْ امراللّٰه تعالٰی ۔" مَنْ هٰذا ویحک یاابراهیم ؟ قرآنٌ یتلٰی واخبار تؤثرعن اللّٰه تعالٰی من رَدّ منها حرفًا فقدکَفَرَ واَشْرَک وردّ عَلَی اللّٰه تعالٰی ۔قال اللیثی (ابواسحاق ابراهیم): فَکَاَنّیِ لَمْ اَعْقَلُ الآیات واَنَا اقرأها اربعین سنة اِلَّا ذلک الیوم فقلت یابن رسولؐ اللّٰه مااَعجب هٰذا تؤخذ حسنات اعدائکم فترد عَلٰی شیعتکم وتؤخذ سیئات مُحبّیکم فتردّ علٰی مبغضیکم ؟ قال:ای واللّٰهِ الذی لااِلٰه الّا هُوَ فالق الحبّة وباری النسمة وفاطرالارض والسمآء مااخبرتک اِلَّا بالحقّ وما اَنبئتُک اِلَّا الصدق وَ مَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ، وَمَااللّٰه بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْد وَاَنْ مااخبرتک لموجود فی القرآن کُلّهٗ ۔ قلتُ هٰذا بعینه یوجد فی القرآن ؟ قال: نعم یوجد فی اکثر مِن ثلا ثین موضعًا فی القرآن اتحبّ اَنْ اَقْراء ذلک علیک؟ قلتُ بلٰی یابن رسولؐ اللّٰه ۔ فقال قال اللّٰه تعالٰی:۔

"وَقَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوا سَبِیْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطٰیٰکُمْ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِیْنَ مِنْ خَطٰیٰهُم مِّنْ شَیْءٍ اِنَّهُمْ لَکٰذِبُون۔وَلَیَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَا لًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ۔" (العنکبوت 13-29/12)

ا اَزیدکَ یاابراهیم ؟ قُلْتُ بلٰی یابن رسوؐل اللّٰه قال:

(1)۔ " لِیَحْمِلُوْا اَوْزَارَهُمْ کَامِلَةً یَّوْمَ الْقِیٰمَةِ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِیْنَ یُضِلُّوْنَهُمْ بِغَیْرِ عِلْمٍ ا لَاسَآء مَا یَزِرُوْنَ ۔" (نحل16/25)

ا تحَبّ اَنْ اَزیْدُکَ ؟ قلتُ بلٰی یابن رسول اللّٰه۔ قال:۔

(2)۔ " فَاُوْلٰئِکَ یُبَدِّلُ اللّٰهُ سَیّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ وَکَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَّحِیْمًا۔ "(فرقان 25/70)

یُبَدِّلُ اللّٰهُ سَیئات شیعتنا حسنات و یُبَدِّلُ اللّٰه حسنات اَعْدائِنَا سیئات وجلال اللّٰه اَنَّ هٰذالِمَن عدله وانصافه ۔لارَادَّ لِقَضَائِهٖ وَلَا

مُعَقّبٌ لِحُکْمِهٖ وھوسمیع العلیم۔ اَلَمْ اَبَیِّن لَکَ اَمَرالمزاج والطِّیْنَتَیْنِ مِنَ القرآن ؟ قُلْتُ بَلٰی یاابن رسوؐل اللّٰہ قال: اِقرأ یاابراھیم ۔" اَلَّذِیْنَ یَجْتَنِبُوْنَ کَبٰٓئِرَ الْاِ ثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ اِنَّ رَبَّکَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَۃِ ھُوَ اَعْلَمُ بِکُمْ اِذْ اَنْشَاَکُمْ مِّنَ الْاَرْضِ (یعنی من الارض الطّیبة والارض المنتنة)... فَلَا تُزَکُّوْا اَنْفُسَکُمْ ھُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰی۔(النجم 53/32)

یقول لا یفتخراحدکم بکثرة الصلاتِهٖ وصیامِهٖ وزکاتِهٖ ونُسُکِهٖ لانَّ اللّٰہ تعالٰی اعلم بِمن اتقی منکم فان ذلک مِن قبل اللمم وھوالمزاج۔ازیدک یاابراھیم ؟ قلتُ: بلٰی یابن رسوؐل اللّٰہ۔ قال:

"کَمَا بَدَ اَکُمْ تَعُوْدُوْنَ۔ فَرِیْقًا ھَدٰی وَفَرِیْقًا حَقَّ عَلَیْھِمُ الضَّلٰلَۃُ اِنَّھُمُ اتَّخَذُ وا الشَّیٰطِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِن دُ وْنِ اللّٰہِ۔(یعنی آئمة الجوردُوْنَ آئِمَّةُ الْحَقّ)۔وَیَحْسَبُوْنَ اَنَّھُمْ مُّھْتَدُوْنَ۔"(اعراف 30-7/29)

خُذْاِلَیْکَ یااَبَااسحٰق فَوَاللّٰہِ اَنَّہُ لَمِن غُرَرَ اَحَادِیثنا وباطن سرائرنا ومکنون خَزَائِنَنَا وانصرف ولا تطلع علٰی سِرِّنَا اَحَدًا اِلَّا مؤمنًا مُستبصرا فانّک اِنْ اَذَعْتَ سِرَّنَا بَلَیْتَ فی نَفْسِکَ وَمَالِکَ واَھْلِکَ وَوُلدکَ۔(تم الکتاب علل الشرائع)

جناب ابواسحاق (ابراہیم) لیثیؒ نے کہا کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ آپ مجھے ایسے صاحبِ بصیرت مومن کے متعلق بتائیں جو دینی معرفت میں کامل ہوگیا ہو۔ کیا وہ زنا کرتا ہے؟ فرمایا ہرگز نہیں۔ میں نے پوچھا کہ کیا وہ اغلام بازی کرتا ہے؟ فرمایا ہرگز نہیں۔ میں نے دریافت کیا کہ کیا وہ چوری کرتا ہے؟ فرمایا نہیں۔ میں نے کہا کہ کیا وہ شراب پیتا ہے؟ فرمایا کہ نہیں۔ میں نے عرض کیا کہ کیا وہ اِن کبیرہ گناہوں میں سے کسی گناہ کا مرتکب ہوتا ہے یا اِن فحش باتوں میں سے کوئی بے حیائی کرتا ہے؟ فرمایا کہ نہیں۔ میں نے پوچھا کہ کیا وہ گناہ کرتا ہے؟ فرمایا کہ ہاں وہ گنہگار مومن ہوتا ہے جو حادثہ سے دوچار ہوجاتا ہے۔ میں نے دریافت کیا کہ حادثہ سے دوچار ہوجانے سے آپؑ کا کیا مطلب ہے؟ فرمایا کہ وہ مومن اُس گناہ کو لازمی طور پر نہیں کرتا اور نہ اُس کی تاک میں لگا رہتا ہے۔ راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا سبحان اللہ یہ کیسی عجیب بات ہے کہ وہ زنا بھی نہیں کرتا، اغلام بھی نہیں کرتا، شراب بھی نہیں پیتا اور کبیرہ گناہ بھی نہیں کرتا اور کسی بے حیائی سے بھی ملوث نہیں ہوتا؟ امام محمدؑ باقر نے فرمایا کہ اللہ کے دین اور اُس کے معاملات میں تعجب نہیں کیا جاسکتا۔ اس لئے کہ اللہ نے قرآن کریم میں یہ فرمادیا ہے کہ اللہ تو،

(1)۔ "یقیناً جو چاہتا ہے وہی کرتا ہے۔"(سورہ الحج 22/18)

(2)۔ "اللہ سے اُس کے کاموں اور افعال پر باز پرس نہیں کی جاسکتی البتہ انسانوں سے اُن کے کاموں اور افعال پر باز پرس کی جائے گی۔" (سورہ انبیاء 21/23)

بہرحال اَے ابراہیم یہ بتاؤ کہ تمہیں حقیقتاً کس بات پر تعجب ہوا ہے؟ تحقیق کے معاملہ میں نہ تو شرمانا چاہیئے اور نہ دریافت کرنے سے باز رہنا چاہیئے۔ اِس لئے کہ علمی تکبر اور شرمانے سے علم حاصل نہیں ہوسکتا۔

میں نے عرض کیا کہ حضورؑ میں تو آپ کے شیعوں میں ایسے لوگ پاتا ہوں جو شرابی، زانی، ڈاکو، سُودخور، دہشت پسند، اور اغلام کرنے والے اور بے حیائی میں مبتلا ہیں۔ اور نماز، روزہ اور زکاۃ سے کتراتے ہیں اور حقوق غصب کرتے ہیں اور ہر بڑا گناہ کرتے رہتے ہیں۔ بتایئے آپؑ کے جواب سے اِس کا کیا تعلق ہے؟ امامؑ نے فرمایا کہ اَے ابراہیم کیا تمہارے دل میں اِن کے علاوہ کوئی اور اعتراض

یا سوال بھی ہے؟ میں نے کہا کہ جی ہاں وہ اس سے بھی بڑی بات ہے۔ امامؑ نے پوچھا کہ اے ابواسحاق بتاؤ وہ کیا ہے؟ راوی کہتا ہے کہ میں نے کہا کہ اَے فرزند رسولؐ میں آپ کے دشمنوں میں اور آپ کے منصب کو غصب کر لینے والوں میں ایسے لوگ پاتا ہوں جو نماز و روزہ کثرت سے بجالاتے ہیں؛ زکاۃ نکالتے ہیں؛ حج وعمرہ بار بار کرتے ہیں؛ جہاد پر دلچسپی لیتے ہیں۔ نیکی کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور رشتہ داروں کی مدد کرتے ہیں۔ اور اپنے مسلمان بھائیوں کی ضروریات پُوری کرتے ہیں اور انہیں ترجیح دیتے ہیں۔ اور شراب خوری، زنا، لواطت، اور تمام فحش کاموں سے باز رہتے ہیں۔ بتائیے یہ کیا قصہ ہے اور آخر اس کی وجہ کیا ہے؟ مجھے اس صورت حال کی وضاحت واضح اور بیّن دلائل کے ساتھ سمجھائیں۔ یقین فرمائیں کہ اَے رسولؐ کے بیٹے میری بے چینی اور فکر نے راتوں کی نیند حرام کر دی ہے، میرے ہاتھ رُک گئے ہیں کوئی کام کرنے کو دل نہیں چاہتا۔ راوی نے کہا کہ یہ سب کچھ سُن کر امام محمدؑ باقر مسکرائے۔ پھر فرمایا کہ اے ابراہیم میں جو اطمینان بخش بیان دینے والا ہوں اُسے سمجھنے اور نوٹ کرنے کے لئے تیار ہو جاؤ۔ جو کچھ تم نے دریافت کیا ہے اُس کا تعلق اللہ کے ذاتی علم و اسرار اور غیبی علوم کے خزانہ سے ہے۔ بہرحال اے ابراہیم مجھے اتنا اور بتا دو کہ تم نے اُن دونوں گروہوں یا فرقوں کا عقیدہ کیسا پایا ہے؟ میں نے بتایا کہ اے رسولؐ کے بیٹے میں نے تمہارے چاہنے والوں اور شیعوں کے افعال و اعمال اور اُن کی جو صفات بیان کر دی ہیں اُن کے باوجود اُن کا حال یہ ہے کہ اگر اُن میں سے کسی ایک کو مشرق و مغرب کے درمیان جتنا سونا چاندی اور جو کچھ بھی ہے سب دیا جائے اور اُن سے آپؑ کی محبت اور ولایت کو چھوڑ کر تمہارے غیر کی محبت اور حکومت کو اختیار کرنے کے لئے کہا جائے تو وہ ہرگز ایسا نہ کریں گے خواہ اُن کی ناک کاٹ لی جائے یا تلواروں سے انہیں قتل کر دیا جائے۔ نہ وہ اپنے عقیدے میں ڈگمگائیں گے نہ آپؑ کی محبت اور حکومت کو چھوڑ دیں گے۔ اِسی طرح میں نے آپکے منصب کو غصب کرنے والوں کو دیکھا ہے اور اُن کے جو افعال وصفات بیان کئے ہیں، اُن کے باوجود وہ بھی ساری دنیا کا سونا چاندی مل جانے پر طاغوتوں کی محبت کو چھوڑ کر آپؑ کی محبت وحکومت کو اختیار نہ کریں گے خواہ انہیں تلوار کے گھاٹ اُتار دیا جائے یا اُن کی ناک کاٹ لی جائے۔ اور اُن میں سے جب بھی کوئی شخص آپ حضراتؑ کے فضائل اور مناقب و فضل و کرم کی بات سنتا ہے تو اِس سے وہ بے چین اور غضب ناک ہو جاتا ہے۔ اُن کا رنگ بدل جاتا ہے اور ناگواری اُن کے چہروں سے صاف نظر آنے لگتی ہے اور اِس کا سبب آپؑ سے بغض اور اُن شیاطین سے محبت ہے۔ راوی نے بتایا کہ یہ جواب سن کر بھی امام محمد باقر علیہ السلام مسکرائے۔ پھر فرمایا کہ اے ابراہیم یہی صورت حال تو ہے جو قرآن میں مذکور ہے کہ:۔

(1)۔ ''منصب غصب کر کے اُس پر عمل کرنے والے ہلاگت میں پڑ گئے۔ بھڑکتی آگ میں نماز پڑھیں گے اور کھولتا ہُوا پانی پیا کریں گے'' (غاشیہ 88/3-5)۔ اور اُسی سبب سے اللہ نے یہ بھی فرمایا کہ:۔

(2)۔ ''ہم نے قدیم زمانہ سے اُن کے اعمال میں سے اس عمل کو مدنظر رکھا اور اُن کو اور اُن کے اعمال کو ریت کے ذرات کی طرح بکھیر کر ضائع کر دیا۔'' (فرقان 25/23)

افسوس ہے اے ابراہیم اِن آیات میں صاف الفاظ (العاملة الناصبة) دیکھتے ہوئے بھی کیا تُو اس قدر نہیں سمجھا کہ وہ کون سا سبب ہے جو یہ قصہ عوام الناس کی سمجھ سے پوشیدہ رہ گیا؟ میں نے عرض کیا کہ اے رسولؐ کے بیٹے آپ ذرا کھول کر دلیل و برہان سے اس کی

تفصیل بیان فرمادیں۔فرمایا کہ اے ابراہیم بلا شک وشبہ اللہ ہمیشہ سے مُسلسل اور عالم وعلیم رہتا چلا آیا ہے۔اوراُس نے تمام اشیاء کو بلا کسی چیز کے پیدا کیا ہے۔اور جن کا عقیدہ یہ ہو کہ اللہ نے اِن مخلوقات کو کسی اور چیز سے پیدا کیا تھا وہ کافر ہیں۔اس لئے کہ اگر وہ چیز جس میں سے مخلوقات کو بنایا،اللہ کے ساتھ ہمیشہ سے قدیم ہو تو اُسے بھی اللہ کی قدامت،ازلیّت اور وجود میں شامل سمجھنا پڑے گا۔ایسا نہیں ہے بلکہ اللہ نے تمام چیزوں کو اپنی قدرت وارادہ سے پیدا کیا اُس وقت کوئی اور چیز اللہ کے سوا موجود ہی نہ تھی۔لہٰذا اللہ نے جس قدرت وارادہ سے ایک بنیادی پاکیزہ مٹی پیدا کی، پھر اُس پر میٹھا خالص پانی بہایا اور اُس مُرّکب پر ہماری ولایت کو پیش کیا اور اُس نے ولایت کے اثرات کو قبول کرلیا۔پھر ہماری ولایت کے اثرات کو جذب کرنے کے لئے پانی کو سات دن کا موقعہ دیا کہ ولایت کا اثر اُس کے ہر ذرہ وطبقہ میں سرایت کرجائے۔پھر اُس پانی کو اُس مٹی میں جذب ہونے دیا۔پھر اُس پانی اور مٹی کے مُرّکب سے اُس کا جوہر نکال کر اُس جوہری طینت کو آئمہ علیھم السلام کے اجسام کے لئے بُنیاد بنایا۔پھر آئمہؑ والی جوہری طینت کے مَیل (SEDIMENT) سے ہمارے شیعوں کے اجسام کو بنانے کا انتظام کیا۔اور اگر تمہارے والی طینت کو بھی ہماری طینت کی طرح سابقہ حالت پر چھوڑ دیا جاتا تو ہم تم جسم کے معاملہ میں یکساں ہوتے۔

میں نے کہا کہ اے فرزند رسولؐ پھر ہماری طینت کے ساتھ اللہ نے کیا کیا؟ امامؑ نے فرمایا کہ میں یہی بتارہا ہوں کہ اِس کے بعد اللہ نے ایسی مٹی پیدا کی جو اپنی خاصیت میں نمکین،گندی اور بدبُو دار تھی۔پھر اُس پر کڑوا،کھارا اور سَڑا ہوا پانی بہایا اور اُس پانی میں ہماری ولایتؑ کو ڈالا لیکن اُس پانی نے ہماری ولایت کا اثر قبول نہ کیا۔پھر اُس پانی کو سات روز کا موقعہ دیا کہ وہ کسی طبقہ وذرہ میں ولایت کا اثر جذب کرلے۔پھر اُس پانی کو اُس مٹی میں جذب ہوجانے دیا۔پھر اُس پانی اور مٹی کے مُرّکب میں سے باغیوں اور اُن کے راہنما اماموں کو پیدا کیا۔پھر اُس مرکب میں تمہاری مَیل والی طینت کو ملا دیا۔اور اگر اُس مرکب کو یعنی باغیوں اور طاغیوں کی طینت کو خالص رہنے دیا جاتا اور تمہاری طینت سے نہ ملایا جاتا تو اُس سے پیدا ہونے والے نہ تو توحید ورسالت کی گواہی دیتے،اور نہ نماز پڑھتے،نہ روزہ رکھتے،نہ زکوٰۃ دیتے اور نہ ہی حج کرتے اور نہ کوئی امانت ادا کرتے۔اور نہ صورت وشکل میں تم سے مشابہ ہوتے۔اور ایک مومن پر اس سے زیادہ گراں اور ناگوار گزرنے والی اور کوئی بات نہیں کہ اُس کا دشمن بھی اُسی کے ہم شکل ہو۔یعنی اُس سے بچنے اور اُسے پہچاننے میں وہ سہولت نہیں ہے جو شیر یا سانپ کو دیکھ کر حاصل ہوتی ہے۔میں نے عرض کیا کہ حضور یہ بتایئے کہ پھر اُن دونوں قسم کی طینتوں کا کیا ہوا؟ فرمایا کہ دونوں کو آپس میں ملا کر وہ پہلے والا پانی اور دوسرا پانی بھی اس میں ملا دیا۔اور اُس کو گارے کی طرح گوندھ دیا گیا۔پھر اُس میں سے ایک مُٹّھی بھر کر کہا کہ یہ جنّتی ہے اور میں پرواہ نہیں کرتا اور ایک اور مُٹّھی بھر کر فرمایا یہ جہنمی ہے اور مجھے اُس کے جہنمی ہونے کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔پھر دوبارہ سب کو ملا دیا۔اور اس مرکب سے مومن وکافر تمام انسان پیدا ہوئے۔اس طرح یہ مرکب وہ بنیاد بنا جس پر پوری انسانی نسل کی تعمیر ہوئی۔یوں مومن میں کافر والی طینت اور کافر میں مومن والی طینت شامل ہوگئی۔لہٰذا جب تم کسی مومن کو زنا،لواطت،خیانت، کبیرہ گناہ کرتے ہوئے یا نماز،روزہ،حج وجہاد چھوڑتے ہوئے دیکھتے ہو تو وہ اُس طینت کی بنا پر ہوتا ہے جو ناصبیوں کی یعنی ہمارے مقابلہ میں ولایت وحکومت نصب کرنے والوں کی طینت کی وجہ سے ہوتا ہے جو اُس پورے نسخے میں ملی ہوئی ہے اور جس نے ولایت

کے پانی کا اثر نہیں لیا تھا لہٰذا ناصبی طینت اور اُس کے عناصر گناہوں اور بے حیائی کے کاموں کو جذب کرتے ہیں۔ اور یہ جو تم ناصبوں سے نماز، روزہ، زکاۃ اور حج وجہاد اور دیگر اعمال خیر کی پابندی دیکھتے ہو یہ مومن کی اُس طینت اور عناصر کی وجہ سے ہوتا ہے جس نے ولایت کے آب حیات کا اثر لیا تھا اور جسے پورے نسخے میں ملا دیا گیا تھا۔ لہٰذا نیک کاموں اور اعمال خیر کو جذب کرنا اور برائیوں اور گناہوں سے دُور رہنا مومن کی طینت کا خاصہ ہے۔ اور جب تمام قسم کے اعمال اللہ کے حضور میں پیش ہوں گے تو اللہ کا کہنا ہوگا کہ:۔

میں عادل ہوں ظلم وجور نہیں کرسکتا۔ میں انصاف کرنے والا ہوں بے انصافی اور زیادتی نہیں کرسکتا اور میں اپنے ہر حکم وعمل میں مستحکم ہوں نہ پچھتا تا ہوں نہ گڑ بڑ کرسکتا ہوں۔

لہٰذا وہ تمام بُرے اعمال جو مومن سے سرزد ہوتے ہوئے معلوم ہوئے ہیں ولایت کے مخالفوں کی طینت سے وابستہ ہوجائیں۔ اور وہ تمام نیک اعمال جو منصب غصب کرنے والوں نے کمائے ہیں مومن کی طینت سے مُلحق ہوجائیں۔ اِن دونوں اقسام کے نیک وبداعمال کو اُن کی اصل وبنیاد کی طرف پھیر دو (یعنی محبان محمدؐ وآل محمدؐ کے پاس صرف نیک اعمال کا ڈھیر لگا دو اور دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ کے روبرو تمام گناہوں اور جرائم کا انبار لگا دو)۔ یقیناً میں اللہ ہوں کوئی معبود نہیں ہے سوائے میرے۔ میں تمام مخفی چیزوں اور رازوں کا جاننے والا ہوں۔ میں اپنے تمام بندوں کے قلبی کیفیات وواردات وحالات پر مطلع ہوں۔ میں نہ پچھتا تا ہوں نہ غلط کام کرتا ہوں۔ اور صرف جن کو پیدا کرنے سے پہلے ہی اپنا لیا تھا اور کسی کو اپنے اُوپر لازم نہیں کرتا ہوں۔ پھر امام علیہ السلام نے فرمایا کہ اے ابراہیم ذرا وہ آیت پڑھو۔ میں نے آیت پوچھی تو خود ہی پڑھ دی کہ اللہ نے فرمایا ہے کہ:۔

''اُس نے کہا کہ خدا کی پناہ ہم اُن کو ماخوذ ہی نہیں کرتے جن کے پاس ہم اپنا مال نہ پائیں۔ اگر ہم ایسا کریں تو بس ظالم وغلط کار ہو کر رہ جائیں۔'' (سورہ یوسف 12/79)

یہ آیت ظاہر میں وہی کچھ ہے جو تم سمجھتے ہو لیکن باطن میں مندرجہ بالا بیان کی تصدیق اور قانون تخلیق ہے۔ اے ابراہیم قرآن میں ظاہر بھی ہے باطن بھی؛ محکم بھی متشابہ بھی؛ ناسخ بھی منسوخ بھی۔ پھر فرمایا کہ اَے ابراہیم مجھے آفتاب کے متعلق بتاؤ کہ جس وقت وہ طلوع ہوتا ہے اور اُس کی شعائیں آبادیوں اور زمین میں پھیل جاتی ہیں۔ کیا وہ سورج کے گولے سے الگ ہو کر نہیں جاتیں؟ میں نے کہا کہ طلوع ہوتے وقت تو جُدا ہوتی ہیں۔ امامؑ نے سوال کیا کہ جب سورج غائب ہوجاتا ہے تو کیا اُس کی شعاعیں اُس سے وابستہ نہیں ہوجاتیں؟ اور سورج کی طرف واپس چلی نہیں آتیں؟ میں نے عرض کیا جی ہاں صحیح ہے۔ فرمایا وہی طریقہ اور قاعدہ یہ ہے کہ ہر چیز اپنی بنیاد اور جوہر اور اصل کی طرف عود کرتی ہے۔ چنانچہ جب قیامت کا دن آئے گا تو اللہ منصبِ اہلبیتؑ کے مخالفین کی بنیاد و جوہر اور اصل یا طینت کو مع اُس سے متعلق برائیوں، گناہوں اور جرائم کے مومن سے جدا کر کے دشمنان محمدؐ وآل محمدؐ سے ملحق کردے گا۔ اور مومن والی طینت وجوہر وبنیاد واصلیت کو دشمنانِ محمدؐ وآل محمدؐ سے الگ کر کے اور اُس سے متعلق تمام نیکیوں کو لا کر مومنین ومحبان اہلبیتؑ سے ملحق کردے گا۔ اے ابراہیم کیا اِس قانونِ خداوندی اور علمدرآمد میں تمہیں کوئی غلطی، زیادتی یا ظلم دکھائی دیتا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ بالکل نہیں اے فرزند رسولؐ یہ تو عدل ہے۔ فرمایا کہ قسم بخدا یہ اللہ کا فیصلہ کن حکم ہے۔ اور حکم قطعی ہے اور کھلا ہوا عدل ہے۔ اور اللہ سے اللہ کے افعال پر کوئی باز پُرس نہیں

کی جاسکتی البتہ انسانوں کے اعمال وافکار پر مواخذہ ہوسکتا ہے (سورہ انبیا 21/23)۔اے ابراہیم یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے حق محض ہے لہٰذا تو مشکّکین اور خودساختہ سامان سے تحقیق کرنے والوں میں سے نہ ہوجانا۔(سورہ بقرہ 2/147)

اَے ابراہیم یہ ملکوتی حکم ہے۔میں نے عرض کیا کہ جناب ملکوتی حکم کیا ہوتا ہے؟ فرمایا کہ ملکوتی حکم کے معنی یہ ہیں کہ اللہ کا حکم ہی انبیاؑ کا حکم ہوتا ہے۔ اُن میں فرق نہیں ہوتا ہے۔اور خضرؑ اور موسیٰؑ کے اُس قصہ میں جس میں موسیٰؑ کو خضرؑ کی صحبت ملی تھی تو خضرؑ نے کہا تھا اے موسیٰؑ یقیناً تُو میرے ساتھ رہ کر اور میرے کام دیکھ کر صبر نہ کرسکے گا۔اور ایسا شخص اُن کاموں پر کیسے صبر کرسکتا ہے۔جن کی حقیقت پر اُس کی خبروں نے احاطہ ہی نہ کیا ہو(کھف 68-18/67)۔اَے ابراہیم سمجھنے اور عقل سے کام لینے کی پُوری کوشش کرو اور غور کرو کہ حضرت موسیٰؑ نے صاحب وحی ورسالت ہوتے ہوئے بھی حضرت خضرؑ کے اعمال پر تنقید اور انکار کیا تھا اور اُن کے کاموں کو بے ڈھنگا اور غلط سمجھا تھا۔تب حضرت خضرؑ نے حضرت موسیٰؑ سے کہا تھا کہ اے موسیٰؑ:۔

''میں نے یہ سب کچھ اپنے ذاتی حکم سے نہیں کیا یعنی جو کچھ کیا وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کیا ہے اور اُس کی حقیقت نہ سمجھنے کی بنا پر تم سے صبر نہ ہوسکا تھا۔''(کھف 18/82)

اے ابراہیم ہوش میں آؤ کہ یہ قرآن کی تلاوت اور اللہ کا بیان ہے جو اللہ کی طرف سے بطور اطلاع قرآن میں موجود ہے۔جو کوئی اس کا ایک حرف بھی رد کردے یا انکار کردے تو وہ یقیناً کفر کا مرتکب ہوگا اور مشرک ہوجائے گا اور اللہ کا انکار کرے گا۔

(ابواسحاق ابراہیم) لیثی کہتے ہیں کہ میں چالیس سال سے قرآن پڑھتا چلا آرہا تھا لیکن میں نے اُن آیات سے عقل سے یہ حقیقت نہ سمجھی جو اُس دن سمجھ میں آئی۔ بہرحال میں نے امامؑ سے پھر کہا کہ یہ بڑی ہی عجیب سی بات ہے کہ آپ کے دشمنوں کی تمام نیکیاں لے کر آپ کے شیعوں کو دے دی جائیں اور آپ کے چاہنے والوں کے تمام گناہ لے کر آپ سے بغض رکھنے والوں کے سر تھوپ دیئے جائیں۔امامؑ نے فرمایا کہ خدا کی قسم اور اُسی کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور جس نے بیج اُگائے اور تمام مخلوق کو مقصدِ تخلیق کے مطابق نقائص سے بری کر کے پیدا کیا۔اور جس نے زمین اور آسمان کو تخلیقی فطرت وقدرت عطا کی کہ میں تجھے کوئی ایسی خبر نہیں دے رہا ہوں جو حق محض نہ ہو اور میں نے تجھے کوئی بھی غیب کی ایسی خبر نہیں دی ہے جو صدق محض نہ ہو۔لہٰذا مومنین کے گناہ ہمارے دشمنوں پر لاد کر اللہ نے اُن پر کوئی ظلم نہیں کیا ہے (نحل 16/33) اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اللہ تو اپنے بندوں پر ظلم کرتا ہی نہیں ہے (حم سجدہ 41/46) اور میں جو اطلاعات تمہیں دے رہا ہوں وہ سب کی سب قرآن میں موجود ہیں۔اِس پر میں نے سوال کیا کہ کیا یہ مضمون بعینہ ہُو بہُو لفظ بلفظ قرآن میں ملتا ہے؟ فرمایا کہ تیس (30) مقامات سے زیادہ پر یہ مطلب بیان ہوا ہے۔کیا تمہیں یہ پسند ہے کہ میں خود ہی وہ مقامات پڑھ کر سنادوں؟ میں نے عرض کیا کہ حضورؑ اس سے اچھی بات اور کیا ہوگی۔فرمایا کہ اللہ نے فرمایا ہے کہ:۔

(1) ''کافر ہوجانے والوں نے ایمان لے آنے والوں سے کہا کہ اگر تم ہمارے دین کی پیروی کرو تو ہم یہ ذمہ داری لیتے ہیں کہ اگر ہمارا دین غلط ہوا تو ہم تمہارے غلط عمل اور خطاؤں کو اپنے ذمہ لے لیں گے۔حالانکہ وہ اپنی خوشی واختیار سے اُن کی خطائیں اُٹھانے والے نہیں وہ اس قول میں یقیناً جھوٹے ہیں۔البتہ یہ ضرور ہوگا کہ اُنہیں اپنے گناہوں کے ساتھ ساتھ اپنے گناہوں کے

علاوہ اور گناہ بھی اُٹھانا پڑیں گے (جو مجبوراً اُٹھانا ہوں گے نہ کہ مذکورہ وعدہ کی بنا پر اُٹھائیں گے)۔ (عنکبوت 13-29/12)

پھر فرمایا کہ کیا میں تمہیں اور قرآن سُناؤں؟ میں نے عرض کیا کہ سُنایئے۔فرمایا کہ:۔

(2)۔''قیامت کے روز وہ لوگ اپنے تمام گناہ مکمل طور پر الگ اُٹھائیں گے اور ساتھ ہی وہ اُن لوگوں کے گناہ بھی الگ سے اُٹھائیں گے جو اُنہیں اُن کی راہ سے ہٹانا چاہتے تھے۔اور سُن رکھو کہ یہ بوجھ اٹھانا لاعلمی و جہالت کی بنا پر بہت ہی بُری بات ہے۔''

(سورہ نحل 16/25) (یعنی اہلِ علم کے نزدیک یہ دوہرے گناہ اُٹھانا عدل وانصاف اور بہت اچھی بات ہے)

امامؑ نے پھر پوچھا کہ کیا کچھ اور زیادہ سُننا پسند کرو گے؟ میں نے کہا بڑی عنایت ہوگی ،فرمایا کہ:۔

(3)۔''وہی لوگ ہیں جن کے گناہوں کو اللہ تعالیٰ نیکیوں سے بدل دے گا۔اور وجہ یہ ہے کہ اللہ ہمیشہ سے غفور اور رحیم رہتا چلا آیا ہے۔''(سورہ فرقان 25/70)

یہ ہمارے شیعوں کی شان میں ہے جن کے گناہوں کو اللہ نیکیوں سے بدلے گا اور ہمارے دشمنوں کی نیکیوں کو گناہوں سے بدل دیگا۔اور یہ عملدرآمد اللہ کے عدل وانصاف کی دلیل ہے اور کوئی اُس کے فیصلوں کو ٹال نہیں سکتا اور نہ اُس کے احکام کو پس پُشت ڈال سکتا ہے۔اور اللہ سننے والا علیم ہے۔اور فرمایا کہ کیا میں تمہارے لئے دونوں قسم کی مرکب مٹّی کو ملانے اور دونوں طینتوں پر قرآن کی آیت نہ سنادوں؟ میں نے عرض کیا کیوں نہیں ضرور سنائیں اے فرزند رسولؐ۔فرمایا کہ قرآن کی یہ آیت پڑھنا کہ:۔

> ''وہ لوگ جو گناہان کبیرہ اور بے حیائی تک سے الگ رہتے ہیں سوائے اس کے کہ حالات ہی اُن کو قریب لے آئیں۔یقیناً اُن کیلئے اللہ بڑی وسیع مغفرت والا ہے۔وہ تمہاری اُس حالت سے واقف ہے جب اُس نے تمہیں مٹّی سے نشو ونما دیا تھا۔یعنی تمہیں پسندیدہ اور ناپسندیدہ مٹی سے بنایا تھا۔چنانچہ تم لوگ اپنے آپ کو خالص اور پاکیزہ نہ کہا کرو۔اللہ ہی جانتا ہے کہ تم میں سے کون مقدس اور پارسا ہے۔''(نجم 53/32)

یعنی اللہ نے تمہیں نماز ،روزہ ،زکاۃ اور دیگر عبادات کی کثرت پر فخر کرنے سے منع کیا ہے۔وجہ یہ بتائی ہے کہ تم حقیقت حال سے واقف نہیں ہو،اور یہ گناہ سے قریب ہوجانے سے پہلے کی حقیقت کی بات ہے۔اور وہی دونوں مرکب مٹی کے ڈھیروں کو ملانا تھا اور اُسی کو دونوں مُرکّبوں کا امتزاج یا مزاج کہا گیا تھا۔پھر امام علیہ السلام نے فرمایا کہ اے ابراہیم میں اور بھی بڑھانا چاہتا ہوں۔میں نے عرض کیا بسم اللہ یا فرزند رسولؐ،تب فرمایا کہ:۔

> ''جیسا کہ ہم نے تمہاری تخلیق کی ابتدا کی تھی تم اُسی ابتدا کے حساب سے واپس لوٹو گے؛ اُس وقت تمہارا ایک فریق ہدایت یافتہ ہوگا اور دوسرے فریق پر سو فیصد گمراہی صادق آئے گی۔اس لئے کہ دوسرے فریق نے اللہ کے انتظام کو چھوڑ کر شیاطین سے وابستگی بحال رکھی ہوگی۔مطلب یہ ہے کہ دوسرے فریق نے حقیقی اماموںؑ کو چھوڑ کر غصب کر کے امام بن جانے والوں کو اپنا راہنما و حاکم بنایا۔اور سمجھتے یہ رہے کہ وہ ہدایت حاصل کرنے والے ہیں۔
>
> (سورہ اعراف 30-7/29)

اَے ابواسحاق اِن بیانات کو سمجھ کر مضبوطی سے اختیار کر لے۔ خدا کی قسم جو کوئی ہماری احادیث کو اور ہماری پوشیدہ پالیسیوں کو؛ اور ہمارے مخفی خزانوں کو بے سمجھے اور بے احتیاطی سے استعمال کرے وہ اپنا نقصان کرے گا۔ لہٰذا اے ابواسحاق تم بھی صاحب بصیرت مومن کے علاوہ کسی کو ہمارے راز و پالیسی پر مطلع نہ کرنا۔ اور اگر تم نے خلاف ورزی کی تو تمہیں تمہاری جان و مال و خاندان اور اولاد کی مصیبت پیش آئے گی۔

والسلام علٰی صاحب العصر والزمان

بقلم خادم المسلمین محمد احسن

25 جولائی 1977ء

مصنف کی دیگر مطبوعات

اَحسن التعبیر (ترجمه و تفسیر قرآن مجید)

منهاج الرّسالة (ترجمه نهج البلاغة)

بیان الامامة (تشریحات نهج البلاغة)

اسلام اور علمائے اسلام ☆ نظامِ مصطفیٰؐ اور کائنات ☆ اسلام میں نظام ہدایت وتقلید

عظمتِ رسولؐ قرآن سے ☆ نماز کے احکام ☆ تعارفِ خداوندی

ہزار سالہ جوان سازش ☆ سیدزادیوں کا نکاح ☆ احمدی تحریک ہماری نظر میں

مذہب اور مناکحت ☆ مذہب شیعہ ایک قدیم تحریک ☆ مواخذہ

اسلامی کلمہ اور نماز ☆ والد اِزم ☆ احسن الحدیث (عربی اسباق)

الجمعةُ واجبةٌ ☆ اصلاح وتخریب ☆ معراج الرسولؐ

حقیقی کافر حقیقی مومن ☆ مُسلم ومومن کا متعینہ مقام ☆ سہل القرآن (عربی لغت)

مضامین

اختلاف وتعارض ☆ اجتہاد وتقلید ☆ اصولیین واخباریین

آیاتِ محکمات ومتشابہات ☆ ناسخ منسوخ ☆ معصوم عقائد

اُلٹی گنگا ☆ نمازِ جمعہ ☆ تقیّہ